بسم اللہ الرحمن الرحیم

آسان لفظی اور عام فہم ترجمہ

# القرآن الکریم

## فائق البیان فی معانی کلمات القرآن

پارہ 1 تا 30

پاک کمپنی (رجسٹرڈ)
۱۷- اردو بازار لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ۝

| مُّدَّكِرٍ | مِنْ | فَهَلْ | لِلذِّكْرِ | الْقُرْاٰنَ | يَسَّرْنَا | لَقَدْ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نصیحت پکڑنیوالا ۝ | کوئی | پس کیا ہے | واسطے نصیحت کے | قرآن کو | آسان کیا ہم نے | البتہ تحقیق | اور |

اور ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لیے آسان کر دیا تو کوئی ہے کہ سوچے سمجھے؟ ۝

آسان لفظی اور عام فہم ترجمہ

# القرآن الکریم

## فائق البیان فی معانی کلمات القرآن


لفظی ترجمہ: مولانا شاہ رفیع الدین دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

بامحاورہ سلیس ترجمہ: مولانا فتح محمد خان جالندھری رحمۃ اللہ علیہ



پاک کمپنی (رجسٹرڈ)

۱۷-اردو بازار ۝ لاہور

المنزل ١

# ١ سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ ٥

آیاتها ٧ — رکوعها ١

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے ۝

**اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ۙ مٰلِكِ**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلْحَمْدُ | لِلّٰهِ | رَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | الرَّحْمٰنِ | الرَّحِيْمِ | مٰلِكِ |
| سب تعریفیں | واسطے اللہ کے | پروردگار | عالموں کا | بہت مہربان | نہایت رحم والا | مالک |

سب طرح کی تعریف اللہ ہی کو سزاوار ہے جو تمام مخلوقات کا پروردگار ہے ۝ بڑا مہربان نہایت رحم والا ۝ انصاف کے

**يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ؕ اِهْدِنَا**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَوْمِ | الدِّيْنِ | اِيَّاكَ | نَعْبُدُ | وَ | اِيَّاكَ | نَسْتَعِيْنُ | اِهْدِنَا |
| روزِ | جزا کا | تجھ ہی کو | عبادت کرتے ہیں ہم | اور | تجھ ہی سے | مدد چاہتے ہیں ہم | دکھا ہم کو |

دن کا حاکم ۝ اے پروردگار ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں ۝ ہم کو

**الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ۵**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الصِّرَاطَ | الْمُسْتَقِيْمَ | صِرَاطَ | الَّذِيْنَ | اَنْعَمْتَ | عَلَيْهِمْ |
| راہ | سیدھی | راہ | اُن لوگوں کی کہ | انعام کی ہے تو نے | اوپر ان کے |

سیدھے رستے چلا ۝ ان لوگوں کے رستے جن پر تو اپنا فضل و کرم کرتا رہا

**غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّيْنَ ۝ع**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | غَيْرِ | الْمَغْضُوْبِ | عَلَيْهِمْ | وَ | لَا | الضَّآلِّيْنَ | |
| | سوا ان کے | جو غصہ کیا گیا ہے | اوپر ان کے | اور | نہ | گمراہوں کی | |

نہ اُن کے جن پر غصے ہوتا رہا اور نہ گمراہوں کے ۝

ع

الجزء

# ٢ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ ٨٧

اٰیاتها ٢٨٦ — رکوعاتها ٤٠

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

معانقة

الٓمٓ ﴿١﴾ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛۚ فِيْهِ ۛۚ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٢﴾

| الٓمٓ | ذٰلِكَ | الْكِتٰبُ | لَا | رَيْبَ | فِيْهِ | هُدًى | لِّلْمُتَّقِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الٓمٓ | یہ | کتاب | نہیں | شک | بیچ اس کے | راہ دکھاتی ہے | واسطے پرہیزگاروں کے |

الٓمٓ ﴿١﴾ یہ کتاب (قرآن مجید) اس میں کچھ شک نہیں (کہ کلام اللہ ہے، اللہ سے) ڈرنے والوں کی رہنما ہے ﴿٢﴾

الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

| الَّذِيْنَ | يُؤْمِنُوْنَ | بِالْغَيْبِ | وَ | يُقِيْمُوْنَ | الصَّلٰوةَ | وَ | مِمَّا | رَزَقْنٰهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | ایمان لاتے ہیں | ساتھ غیب کے | اور | قائم رکھتے ہیں | نماز کو | اور | اس چیز سے کہ | دی ہے ہم نے انکو |

جو غیب پر ایمان لاتے اور آداب کے ساتھ نماز پڑھتے اور جو کچھ ہم نے ان کو عطا فرمایا ہے اس میں سے

يُنْفِقُوْنَ ﴿٣﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ

| يُنْفِقُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | يُؤْمِنُوْنَ | بِمَآ | اُنْزِلَ | اِلَيْكَ | وَ | مَآ | اُنْزِلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خرچ کرتے ہیں | اور | جو لوگ کہ | ایمان لاتے ہیں | ساتھ اس چیز کے کہ | اتاری گئی ہے | طرف تیری | اور | جو کچھ | اتاری گئی ہے |

خرچ کرتے ہیں ﴿٣﴾ جو کتاب (اے محمد ﷺ) تم پر نازل ہوئی اور جو کتابیں تم سے پہلے (پیغمبروں) پر نازل ہوئیں

مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿٤﴾

| | مِنْ | قَبْلِكَ | وَ | بِالْاٰخِرَةِ | هُمْ | يُوْقِنُوْنَ | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | سے | پہلے تجھ | اور | ساتھ آخرت کے | وہ | یقین رکھتے ہیں | |

سب پر ایمان لاتے اور آخرت کا یقین رکھتے ہیں ﴿٤﴾

أُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۖ وَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝۵ اِنَّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| أُولٰٓئِكَ | عَلٰى | هُدًى | مِّنْ رَّبِّهِمْ | وَأُولٰٓئِكَ | هُمُ | الْمُفْلِحُوْنَ | اِنَّ |
| یہ لوگ | اوپر | ہدایت کے ہیں | اپنے پروردگار سے | اور یہ لوگ | وہی ہیں | چھٹکارا پانے والے | بے شک |

یہی لوگ اپنے پروردگار (کی طرف) سے ہدایت پر ہیں اور یہی نجات پانے والے ہیں۝۵ جو

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | سَوَآءٌ | عَلَيْهِمْ | ءَاَنْذَرْتَهُمْ | اَمْ | لَمْ | تُنْذِرْهُمْ |
| جو لوگ کہ | کافر ہوئے | برابر ہے | اوپر ان کے | کیا ڈرایا تو نے ان کو | یا | نہ | ڈرایا تو نے ان کو |

لوگ کافر ہیں اُنہیں تم نصیحت کرو یا نہ کرو ان کے لیے برابر ہے

لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۶ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ۭ وَعَلٰٓى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا يُؤْمِنُوْنَ | خَتَمَ | اللّٰهُ | عَلٰى | قُلُوْبِهِمْ | وَ | عَلٰى | سَمْعِهِمْ | وَ | عَلٰٓى |
| نہیں ایمان لائیں گے | مہر لگا دی | اللہ نے | اوپر | ان کے دلوں کے | اور | اوپر | ان کے کانوں کے | اور | اوپر |

وہ ایمان نہیں لانے کے۝۶ اللہ نے ان کے دلوں اور کانوں پر مُہر لگا رکھی ہے۔ اور ان کی آنکھوں پر

اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ۡ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝۷ ع وَمِنَ النَّاسِ مَنْ ع ۱

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَبْصَارِهِمْ | غِشَاوَةٌ | وَّلَهُمْ | عَذَابٌ | عَظِيْمٌ | وَ | مِنَ | النَّاسِ | مَنْ |
| ان کی آنکھوں کے | پردہ ہے | اور واسطے ان کے | عذاب ہے | بڑا | اور | بعضے | لوگوں میں سے وہ ہیں | جو |

پردہ (پڑا ہوا) ہے اور ان کے لیے بڑا عذاب (تیار) ہے۝۷ اور بعض لوگ ایسے ہیں جو

يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝۸ م يُخٰدِعُوْنَ وقف لازم

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّقُوْلُ | اٰمَنَّا | بِاللّٰهِ | وَ | بِالْيَوْمِ | الْاٰخِرِ | وَ | مَا | هُمْ | بِمُؤْمِنِيْنَ | يُخٰدِعُوْنَ |
| کہتے ہیں | ایمان لائے ہم | ساتھ اللہ کے | اور | ساتھ دن | آخرت کے | اور | نہیں | وہ | ایمان لانے والے | فریب دیتے ہیں |

کہتے ہیں کہ ہم اللہ پر اور روزِ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں حالانکہ وہ ایمان نہیں رکھتے۝۸ یہ (اپنے پندار میں)

اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | وَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | مَا | يَخْدَعُوْنَ | اِلَّآ | اَنْفُسَهُمْ | وَ | مَا |
| اللہ کو | اور | ان لوگوں کو کہ | ایمان لائے | اور | نہیں | فریب دیتے | مگر | جانوں اپنی کو | اور | نہیں |

اللہ کو اور مومنوں کو چکما دیتے ہیں مگر (حقیقت میں) اپنے سوا کسی کو چکما نہیں دیتے اور اس سے

يَشْعُرُوْنَ ۝٩ فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ

| يَشْعُرُوْنَ | فِىْ | قُلُوْبِهِمْ | مَّرَضٌ | فَزَادَهُمُ | اللّٰهُ | مَرَضًا | وَ | لَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سمجھتے | بیچ | ان کے دلوں کے | بیماری ہے | پس بڑھائی ان کی | اللہ نے | بیماری | اور | واسطے انکے |

بے خبر ہیں⑨ ان کے دلوں میں (کفر کا) مرض تھا اللہ نے ان کا مرض اورزیادہ کر دیا اوران کے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۢ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۝١٠ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِى

| عَذَابٌ | اَلِيْمٌ | بِمَا | كَانُوْا | يَكْذِبُوْنَ | وَ | اِذَا | قِيْلَ | لَهُمْ | لَا تُفْسِدُوْا | فِى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب ہے | درد دینے والا | بسبب اسکے کہ | تھے | جھوٹ بولتے | اور | جب | کہا جاتا ہے | واسطے انکے | مت فساد کرو | بیچ |

جھوٹ بولنے کے سبب ان کو دکھ دینے والا عذاب ہوگا⑩ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ زمین میں فساد نہ ڈالو

الْاَرْضِ ۙ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ۝١١ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ

| الْاَرْضِ | قَالُوْٓا | اِنَّمَا | نَحْنُ | مُصْلِحُوْنَ | اَلَآ | اِنَّهُمْ | هُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زمین کے | کہتے ہیں | سوائے اسکے نہیں کہ | ہم | سنوارتے ہیں | خبردار ہو | بے شک وہ | وہی ہیں |

تو کہتے ہیں ہم تو اصلاح کرنے والے ہیں⑪ دیکھو یہ بلاشبہ مفسد ہیں

الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝١٢ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ

| الْمُفْسِدُوْنَ | وَ | لٰكِنْ | لَّا | يَشْعُرُوْنَ | وَ | اِذَا | قِيْلَ | لَهُمْ | اٰمِنُوْا | كَمَآ | اٰمَنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فساد کرنے والے | اور | لیکن | نہیں | سمجھتے | اور | جب | کہا جاتا ہے | ان کو | ایمان لاؤ | جیسا | ایمان لائے |

لیکن خبر نہیں رکھتے⑫ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جس طرح اور لوگ ایمان لے آئے تم بھی ایمان

النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ۗ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ

| النَّاسُ | قَالُوْٓا | اَنُؤْمِنُ | كَمَآ | اٰمَنَ | السُّفَهَآءُ | اَلَآ | اِنَّهُمْ | هُمُ | السُّفَهَآءُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لوگ | کہتے ہیں | کیا ایمان لاویں ہم | جیسا | ایمان لائے ہیں | بے وقوف | خبردار ہو | بے شک وہ | وہی ہیں | بے وقوف |

لے آؤ تو کہتے ہیں بھلا جس طرح بیوقوف ایمان لے آئے ہیں اُسی طرح ہم بھی ایمان لے آئیں؟ سن لوکہ یہی بیوقوف ہیں

وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝١٣ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا

| وَ | لٰكِنْ | لَّا | يَعْلَمُوْنَ | وَ | اِذَا | لَقُوا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | قَالُوْٓا | اٰمَنَّا | وَ | اِذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | لیکن | نہیں | جانتے | اور | جب | ملتے ہیں | ان لوگوں سے جو | ایمان لائے ہیں | کہتے ہیں | ایمان لائے ہم | اور | جب |

لیکن نہیں جانتے⑬ اور یہ لوگ جب مومنوں سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے ہیں اور جب

خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَلَوْا | اِلٰى | شَيٰطِيْنِهِمْ | قَالُوْٓا | اِنَّا | مَعَكُمْ | اِنَّمَا | نَحْنُ |
| اکیلے ہوتے ہیں | طرف | اپنے سرداروں کی | کہتے ہیں | بے شک ہم | تمہارے ساتھ ہیں | سوائے اسکے نہیں کہ | ہم |

اپنے شیطانوں میں جاتے ہیں تو (اُن سے) کہتے ہیں کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں اور (پیروانِ محمد ﷺ سے) تو ہم ہنسی

مُسْتَهْزِءُوْنَ ﴿١٤﴾ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُسْتَهْزِءُوْنَ | اَللّٰهُ | يَسْتَهْزِئُ | بِهِمْ | وَ | يَمُدُّهُمْ | فِيْ | طُغْيَانِهِمْ |
| ٹھٹھا کرتے ہیں | اللہ | ٹھٹھا کرتا ہے | ان سے | اور | کھینچتا ہے ان کو | بیچ | ان کی سرکشی کے |

کیا کرتے ہیں ﴿١٤﴾ ان (منافقوں) سے اللہ ہنسی کرتا ہے اور اُنہیں مہلت دیے جاتا ہے کہ شرارت وسرکشی میں پڑے بہک

يَعْمَهُوْنَ ﴿١٥﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى ۠ فَمَا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْمَهُوْنَ | اُولٰٓئِكَ | الَّذِيْنَ | اشْتَرَوُا | الضَّلٰلَةَ | بِالْهُدٰى | فَمَا |
| بھٹکتے ہیں | یہی لوگ ہیں | جنہوں نے | مول لی | گمراہی | بدلے ہدایت کے | پس نہ |

رہے ہیں ﴿١٥﴾ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت چھوڑ کر گمراہی خریدی تو نہ تو ان کی تجارت

رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿١٦﴾ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| رَبِحَتْ | تِّجَارَتُهُمْ | وَمَا كَانُوْا | مُهْتَدِيْنَ | مَثَلُهُمْ | كَمَثَلِ الَّذِي |
| فائدہ پایا | سوداگری ان کی نے | اور نہ ہوئے وہ | ہدایت پانے والے | مثال ان کی | جیسے مثال اس شخص کی ہے جو |

ہی نے کچھ نفع دیا اور نہ وہ ہدایت یاب ہی ہوئے ﴿١٦﴾ اُن کی مثال اُس شخص کی سی ہے

اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ فَلَمَّآ اَضَاۗءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسْتَوْقَدَ | نَارًا | فَلَمَّآ | اَضَاۗءَتْ | مَا | حَوْلَهٗ | ذَهَبَ | اللّٰهُ | بِنُوْرِهِمْ |
| جلاوے | آگ | پس جب | روشن کیا | جو کچھ | گرد اس کے تھا | لے گیا | اللہ | روشنی ان کی |

جس نے (شب تاریک میں) آگ جلائی۔ جب آگ نے اس کے اردگرد کی چیزیں روشن کیں تو اللہ نے ان لوگوں کی روشنی زائل کردی

وَتَرَكَهُمْ فِيْ ظُلُمٰتٍ لَّا يُبْصِرُوْنَ ﴿١٧﴾ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | تَرَكَهُمْ | فِيْ | ظُلُمٰتٍ | لَّا يُبْصِرُوْنَ | صُمٌّ | بُكْمٌ | عُمْيٌ | فَهُمْ |
| اور | چھوڑ دیا اُن کو | بیچ | اندھیروں کے | نہیں دیکھتے | بہرے ہیں | گونگے ہیں | اندھے ہیں | پس وہ |

اور ان کو اندھیروں میں چھوڑ دیا کہ کچھ نہیں دیکھتے ﴿١٧﴾ (یہ) بہرے ہیں گونگے ہیں اندھے ہیں کہ (کسی طرح

## لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿١٨﴾ اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ وَّ رَعْدٌ

| لَا يَرْجِعُوْنَ | اَوْ | كَصَيِّبٍ | مِّنَ | السَّمَآءِ | فِيْهِ | ظُلُمٰتٌ | وَّ | رَعْدٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں پھر آتے | یا | مانند مینہ کی | سے | آسمان | بیچ اس کے | اندھیرے ہیں | اور | گرج ہے |

سیدھے رستے کی طرف) لوٹ ہی نہیں سکتے (۱۸) یا ان کی مثال مینہ کی سی ہے کہ آسمان سے (برس رہا ہو اور) اُس میں اندھیرے

## وَبَرْقٌ ج يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ

| وَّ | بَرْقٌ | يَجْعَلُوْنَ | اَصَابِعَهُمْ | فِيْٓ | اٰذَانِهِمْ | مِّنَ | الصَّوَاعِقِ | حَذَرَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بجلی | کرتے ہیں | انگلیاں اپنی | بیچ | اپنے کانوں کے | سے | کڑک | ڈر |

پر اندھیرا (چھا رہا) ہو اور (بادل) گرج (رہا) ہو اور بجلی (کوند رہی) ہو تو یہ کڑک سے (ڈر کر) موت کے خوف سے کانوں

## الْمَوْتِ ط وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿١٩﴾ يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ

| الْمَوْتِ | وَاللّٰهُ | مُحِيْطٌۢ | بِالْكٰفِرِيْنَ | يَكَادُ | الْبَرْقُ | يَخْطَفُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| موت کے سے | اور اللہ | گھیرنے والا ہے | کافروں کو | نزدیک ہے | بجلی | اچک لے جاوے |

میں اُنگلیاں دے لیں اور اللہ کافروں کو (ہر طرف سے) گھیرے ہوئے ہے (۱۹) قریب ہے کہ بجلی (کی چمک) ان کی آنکھوں

## اَبْصَارَهُمْ ط كُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِيْهِ ق لا وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ

| اَبْصَارَهُمْ | كُلَّمَآ | اَضَآءَ لَهُمْ | مَّشَوْا | فِيْهِ | وَ | اِذَآ | اَظْلَمَ | عَلَيْهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کی آنکھیں | جب | روشنی دیتی ہے ان کو | چلتے ہیں | بیچ اس کے | اور | جب | اندھیرا کرتی ہے | اوپر ان کے |

(کی بصارت) کو اُچک لے جائے جب بجلی (چمکتی اور) اُن پر روشنی ڈالتی ہے تو اس میں چل پڑتے ہیں اور جب اندھیرا ہو جاتا ہے

## قَامُوْا ط وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ط اِنَّ اللّٰهَ

| قَامُوْا | وَلَوْ | شَآءَ | اللّٰهُ | لَذَهَبَ | بِسَمْعِهِمْ | وَاَبْصَارِهِمْ | اِنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کھڑے ہو جاتے ہیں | اور اگر | چاہے | اللہ | لے جاوے | ان کے کان | اور ان کی آنکھیں | بے شک | اللہ |

تو کھڑے کے کھڑے رہ جاتے ہیں اور اگر اللہ چاہتا تو ان کے کانوں (کی شنوائی) اور آنکھوں (کی بینائی دونوں) کو زائل کر دیتا۔ بلاشبہ اللہ

## عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٠﴾ ع يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ ع ۲/۲

| عَلٰى | كُلِّ | شَيْءٍ | قَدِيْرٌ | يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ | اعْبُدُوْا | رَبَّكُمُ | الَّذِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے | اے لوگو | عبادت کرو | اپنے پروردگار کی | جس نے |

ہر چیز پر قادر ہے (۲۰) لوگو! اپنے پروردگار کی عبادت کرو جس نے تم کو اور تم سے

خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۲۱﴾ الَّذِيْ جَعَلَ

| خَلَقَكُمْ | وَالَّذِيْنَ | مِنْ | قَبْلِكُمْ | لَعَلَّكُمْ | تَتَّقُوْنَ | الَّذِيْ | جَعَلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیدا کیا تم کو | اور ان کو جو | سے | تھے پہلے تم | تا کہ تم | بچو | جس نے | کیا |

پہلے لوگوں کو پیدا کیا تاکہ تم (اُس کے عذاب سے) بچو ﴿۲۱﴾ جس نے تمہارے لیے

لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً ۖ وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

| لَكُمُ | الْاَرْضَ | فِرَاشًا | وَّالسَّمَآءَ | بِنَآءً | وَّاَنْزَلَ | مِنَ | السَّمَآءِ | مَآءً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے تمہارے | زمین کو | بچھونا | اور آسمان کو | چھت | اور اتارا | سے | آسمان | پانی |

زمین کو بچھونا اور آسمان کو چھت بنایا اور آسمان سے مینہ برسا کر

فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ

| فَاَخْرَجَ | بِهٖ | مِنَ | الثَّمَرٰتِ | رِزْقًا | لَّكُمْ | فَلَا تَجْعَلُوْا | لِلّٰهِ | اَنْدَادًا | وَّاَنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس نکالا | ساتھ اسکے | سے | پھلوں | رزق | واسطے تمہارے | پس مت مقرر کرو | واسطے اللہ کے | شریک | اور تم |

تمہارے کھانے کے لیے انواع واقسام کے میوے پیدا کیے۔ پس کسی کو اللہ کا ہمسر نہ بناؤ اور تم

تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا

| تَعْلَمُوْنَ | وَ | اِنْ | كُنْتُمْ | فِيْ | رَيْبٍ | مِّمَّا | نَزَّلْنَا | عَلٰى | عَبْدِنَا | فَاْتُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جانتے ہو | اور | اگر | ہوتم | بیچ | شک کے | اس چیز سے | کہ اتاری ہے ہم نے | اوپر | بندے اپنے کے | پس لے آؤ |

جانتے تو ہو ﴿۲۲﴾ اور اگر تم کو اس (کتاب) میں جو ہم نے اپنے بندے (محمد عربی ﷺ) پر نازل فرمائی ہے کچھ شک ہو تو

بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ۠ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ

| بِسُوْرَةٍ | مِّنْ مِّثْلِهٖ | وَادْعُوْا | شُهَدَآءَكُمْ | مِّنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | اِنْ | كُنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک سورت | مانند اس کی | اور پکارو | شاہدوں اپنوں کو | سوائے | اللہ کے | اگر | ہوتم |

اسی طرح کی ایک سورت تم بھی بنا لاؤ اور اللہ کے سوا جو تمہارے مددگار ہوں اُن کو بھی بلالو اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿۲۳﴾ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا

| صٰدِقِيْنَ | فَاِنْ | لَّمْ | تَفْعَلُوْا | وَلَنْ | تَفْعَلُوْا | فَاتَّقُوْا | النَّارَ | الَّتِيْ | وَقُوْدُهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سچے | پس اگر | نہ | کرو گے تم | اور ہرگز نہ | کرو گے تم | پس ڈرو | آگ سے | جو | ایندھن اس کا |

سچے ہو ﴿۲۳﴾ لیکن اگر (ایسا) نہ کرسکو اور ہرگز نہیں کرسکو گے تو اُس آگ سے ڈرو جس کا ایندھن

النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۚ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّاسُ | وَالْحِجَارَةُ | اُعِدَّتْ | لِلْكٰفِرِيْنَ | وَ | بَشِّرِ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
| آدمی ہیں | اور پتھر | تیار کی گئی ہے | واسطے کافروں کے | اور | خوشخبری دو | ان لوگوں کو کہ | ایمان لائے |

آدمی اور پتھر ہوں گے (اور جو) کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے ﴿۲۴﴾ اور جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَعَمِلُوْا | الصّٰلِحٰتِ | اَنَّ | لَهُمْ | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ | مِنْ | تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ |
| اور کام کیے | اچھے | یہ کہ | واسطے ان کے | بہشتیں ہیں | چلتی ہیں | سے | نیچے ان کے | نہریں |

اور نیک عمل کرتے رہے ان کو خوشخبری سنا دو کہ ان کے لیے (نعمت کے) باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں۔

كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا مِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُلَّمَا | رُزِقُوْا | مِنْهَا | مِنْ | ثَمَرَةٍ | رِّزْقًا | قَالُوْا | هٰذَا | الَّذِيْ | رُزِقْنَا | مِنْ |
| جب | دیے جاویں گے | اس میں سے | سے | میووں | رزق | کہیں گے | یہ تو وہی ہے | جو | دیے گئے تھے ہم | اس سے |

جب انہیں ان میں سے کسی قسم کا میوہ کھانے کو دیا جائے گا تو کہیں گے یہ تو وہی ہے جو ہم کو پہلے دیا گیا

قَبْلُ ۙ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ وَلَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۙۗ وَّهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَبْلُ | وَاُتُوْا | بِهٖ | مُتَشَابِهًا | وَلَهُمْ | فِيْهَآ | اَزْوَاجٌ | مُّطَهَّرَةٌ | وَّهُمْ |
| پہلے | اور لائے جاویں گے | ساتھ | ایک دوسرے کے مشابہ | اور واسطے انکے | بیچ اسکے | بی بیاں ہیں | ستھری | اور وہ |

تھا اور ان کو ایک دوسرے کے ہم شکل میوے دیے جائیں گے اور وہاں ان کے لیے پاک بیویاں ہوں گی اور وہ بہشتوں

فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يَسْتَحْيٖٓ | اَنْ | يَّضْرِبَ | مَثَلًا | مَّا |
| بیچ ان کے | ہمیشہ رہنے والے | بے شک | اللہ | نہیں | شرماتا | یہ کہ | بیان کرے | مثال | کوئی سی |

میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۲۵﴾ اللہ اس بات سے عار نہیں کرتا کہ مچھر یا اس سے بڑھ کر کسی

بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا ؕ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعُوْضَةً | فَمَا | فَوْقَهَا | فَاَمَّا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | فَيَعْلَمُوْنَ | اَنَّهُ | الْحَقُّ | مِنْ |
| مچھر کی | پھر جو | اوپر اس کے ہے | پس | جو لوگ کہ | ایمان لائے | پس جانتے ہیں | یہ کہ وہ | سچ ہے | طرف سے |

چیز (مثلاً مکھی مکڑی وغیرہ) کی مثال بیان فرمائے۔ جو مومن ہیں وہ یقین کرتے ہیں کہ وہ ان کے پروردگار کی

رَّبِّهِمْ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَيَقُوْلُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۘ وقف لازم

| رَّبِّهِمْ | وَ | اَمَّا | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | فَيَقُوْلُوْنَ | مَاذَآ | اَرَادَ | اللّٰهُ | بِهٰذَا | مَثَلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انکے پروردگار کی | اور | جو | لوگ کہ | کافر ہوئے | پس کہتے ہیں | کیا | چاہا | اللہ نے | ساتھ اسکے | مثال لانا |

طرف سے سچ ہے اور جو کافر ہیں وہ کہتے ہیں کہ اس مثال سے اللہ کی مراد ہی کیا ہے؟

يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا ۙ وَّيَهْدِيْ بِهٖ كَثِيْرًا ۭ وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا

| يُضِلُّ | بِهٖ | كَثِيْرًا | وَّ | يَهْدِيْ | بِهٖ | كَثِيْرًا | وَ | مَا | يُضِلُّ | بِهٖٓ | اِلَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گمراہ کرتا ہے | ساتھ اسکے | بہتوں کو | اور | راہ دکھاتا ہے | ساتھ اسکے | بہتوں کو | اور | نہیں | گمراہ کرتا | ساتھ اسکے | مگر |

اس سے (اللہ) بہتوں کو گمراہ کرتا ہے اور بہتوں کو ہدایت بخشتا ہے اور گمراہ بھی کرتا ہے تو

الْفٰسِقِيْنَ ۙ﴿۲۶﴾ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۠

| الْفٰسِقِيْنَ | الَّذِيْنَ | يَنْقُضُوْنَ | عَهْدَ | اللّٰهِ | مِنْۢ بَعْدِ | مِيْثَاقِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فاسقوں کو | جولوگ کہ | توڑتے ہیں | قول | اللہ کا | پیچھے | اسکے مضبوطی کے |

نافرمانوں ہی کو (۲۶) جو اللہ کے اقرار کو مضبوط کرنے کے بعد توڑ دیتے ہیں

وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي

| وَ | يَقْطَعُوْنَ | مَآ | اَمَرَ | اللّٰهُ | بِهٖٓ | اَنْ | يُّوْصَلَ | وَيُفْسِدُوْنَ | فِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | کاٹتے ہیں | جو | حکم کیا | اللہ نے | ساتھ اس کے | یہ کہ | ملایا جائے | اور بگاڑ کرتے ہیں | بیچ |

اور جس چیز (یعنی رشتۂ قرابت) کے جوڑے رکھنے کا اللہ نے حکم دیا ہے اس کو قطع کیے ڈالتے ہیں اور زمین میں خرابی

الْاَرْضِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۲۷﴾ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ

| الْاَرْضِ | اُولٰۗىِٕكَ | هُمُ | الْخٰسِرُوْنَ | كَيْفَ | تَكْفُرُوْنَ | بِاللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| زمین کے | یہ لوگ | وہی ہیں | ٹوٹا پانے والے | کیوں کر | کفر کرتے ہو تم | ساتھ اللہ کے |

کرتے ہیں۔ یہی لوگ نقصان اُٹھانے والے ہیں (۲۷) (کافرو) تم اللہ سے کیونکر منکر ہو سکتے ہو

وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ

| وَ | كُنْتُمْ | اَمْوَاتًا | فَاَحْيَاكُمْ | ثُمَّ | يُمِيْتُكُمْ | ثُمَّ | يُحْيِيْكُمْ | ثُمَّ | اِلَيْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | تھے تم | مُردے | پس جلایا تم کو | پھر | مُردہ کرے گا تم کو | پھر | جلاوے گا تم کو | پھر | طرف اسی کے |

جس حال میں کہ تم بے جان تھے تو اس نے تم کو جان بخشی پھر وہی تم کو مارتا ہے پھر وہی تم کو زندہ کرے گا پھر تم اسی کی طرف

تُرْجَعُوْنَ ﴿٢٨﴾ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا ۗ ثُمَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُرْجَعُوْنَ | هُوَ | الَّذِیْ | خَلَقَ | لَكُمْ | مَّا | فِی | الْاَرْضِ | جَمِیْعًا | ثُمَّ |
| پھیرے جاؤ گے تم | وہی ہے | جس نے | پیدا کیا | واسطے تمہارے | جو کچھ | بیچ | زمین کے ہے | سارا | پھر |

لوٹ کر جاؤ گے ﴿٢٨﴾ وہی تو ہے جس نے سب چیزیں جو زمین میں ہیں تمہارے لیے پیدا کیں پھر

اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ شَیْءٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسْتَوٰٓى | اِلَى | السَّمَآءِ | فَسَوّٰىهُنَّ | سَبْعَ | سَمٰوٰتٍ | وَ | هُوَ | بِكُلِّ | شَیْءٍ |
| قصد کیا | طرف | آسمان کے | پس درست کیا ان کو | سات | آسمان | اور | وہ | سب | چیزوں کو |

آسمانوں کی طرف متوجہ ہوا تو ان کو ٹھیک سات آسمان بنا دیا۔ اور وہ ہر چیز سے

ع ٣ ٩ ٣ عَلِیْمٌ ﴿٢٩﴾ وَ اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلِیْمٌ | وَ | اِذْ | قَالَ | رَبُّكَ | لِلْمَلٰٓئِكَةِ | اِنِّیْ | جَاعِلٌ | فِی | الْاَرْضِ |
| جاننے والا ہے | اور | جب | کہا | پروردگار تیرے نے | واسطے فرشتوں کے | بیشک میں | بنانے والا ہوں | بیچ | زمین کے |

خبردار ہے ﴿٢٩﴾ اور (وہ وقت یاد کرنے کے قابل ہے) جب تمہارے پروردگار نے فرشتوں سے فرمایا کہ میں زمین میں

خَلِیْفَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِیْهَا مَنْ یُّفْسِدُ فِیْهَا وَیَسْفِكُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَلِیْفَةً | قَالُوْٓا | اَتَجْعَلُ | فِیْهَا | مَنْ | یُّفْسِدُ | فِیْهَا | وَیَسْفِكُ |
| نائب | کہا انہوں نے | کیا بناتا ہے تو | بیچ اس کے | اس شخص کو کہ | فساد کرے | بیچ اس کے | اور ڈالے گا |

(اپنا) نائب بنانے والا ہوں۔ انہوں نے کہا کیا تو اس میں ایسے شخص کو نائب بنانا چاہتا ہے جو خرابیاں کرے اور کشت وخون

الدِّمَآءَ ۚ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ؕ قَالَ اِنِّیْٓ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الدِّمَآءَ | وَنَحْنُ | نُسَبِّحُ | بِحَمْدِكَ | وَنُقَدِّسُ | لَكَ | قَالَ | اِنِّیْٓ |
| لہو | اور ہم | پاکی بیان کرتے ہیں | ساتھ تیری تعریف کے | اور پاکی بیان کرتے ہیں | واسطے تیرے | کہا | بیشک میں |

کرتا پھرے اور ہم تیری تعریف کے ساتھ تسبیح و تقدیس کرتے رہتے ہیں۔ (اللہ نے) فرمایا

اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٣٠﴾ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَعْلَمُ | مَا لَا تَعْلَمُوْنَ | وَعَلَّمَ | اٰدَمَ | الْاَسْمَآءَ | كُلَّهَا | ثُمَّ | عَرَضَهُمْ |
| جانتا ہوں | جو تم نہیں جانتے | اور سکھائے | آدم کو | نام | سارے | پھر | سامنے کیا ان کو |

میں وہ باتیں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے ﴿٣٠﴾ اور اس نے آدم کو سب (چیزوں کے) نام سکھائے پھر ان کو

عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ ۙ فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِیْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَى | الْمَلٰٓئِكَةِ | فَقَالَ | اَنْۢبِـُٔوْنِیْ | بِاَسْمَآءِ | هٰٓؤُلَآءِ | اِنْ | كُنْتُمْ |
| اوپر | فرشتوں کے | پھر کہا | بتاؤ مجھ کو | نام | ان کے | اگر | ہو تم |

فرشتوں کے سامنے کیا اور فرمایا کہ اگر سچے ہو تو مجھے ان کے نام

صٰدِقِیْنَ ﴿۳۱﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صٰدِقِیْنَ | قَالُوْا | سُبْحٰنَكَ | لَا عِلْمَ | لَنَآ | اِلَّا | مَا | عَلَّمْتَنَا | اِنَّكَ |
| سچے | کہا انہوں نے | پاک ہے تو | نہیں ہے علم | ہم کو | مگر | جو | سکھایا تو نے ہم کو | بیشک تو ہے |

بتاؤ ﴿۳۱﴾ انہوں نے کہا تو پاک ہے جتنا علم تو نے ہمیں بخشا ہے اس کے سوا ہمیں کچھ معلوم نہیں۔ بیشک تو

اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ ﴿۳۲﴾ قَالَ یٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۚ فَلَمَّآ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْتَ | الْعَلِیْمُ | الْحَكِیْمُ | قَالَ | یٰٓاٰدَمُ | اَنْۢبِئْهُمْ | بِاَسْمَآئِهِمْ | فَلَمَّآ |
| تو | جاننے والا | حکمت والا | کہا | اے آدم | بتا دے ان کو | نام ان کے | پس جب |

دانا (اور) حکمت والا ہے ﴿۳۲﴾ (تب) اللہ نے (آدم کو) حکم دیا کہ آدم! تم ان کو ان (چیزوں) کے نام بتاؤ۔ جب

اَنْۢبَاَهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۙ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّیْٓ اَعْلَمُ غَیْبَ السَّمٰوٰتِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْۢبَاَهُمْ | بِاَسْمَآئِهِمْ | قَالَ | اَلَمْ | اَقُلْ | لَّكُمْ | اِنِّیْٓ | اَعْلَمُ | غَیْبَ | السَّمٰوٰتِ |
| بتا دیے ان کو | نام ان کے | کہا | کیا نہیں | کہا تھا میں نے | تم کو | بیشک میں | جانتا ہوں | چھپی چیزیں | آسمانوں |

انہوں نے ان کو ان کے نام بتائے تو (فرشتوں سے) فرمایا کیوں میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ میں آسمانوں

وَالْاَرْضِ ۙ وَاَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَاِذْ قُلْنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْاَرْضِ | وَاَعْلَمُ | مَا | تُبْدُوْنَ | وَ | مَا | كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ | وَاِذْ | قُلْنَا |
| اور زمین کی | اور جانتا ہوں | جو | تم ظاہر کرتے ہو | اور | جو | تم تھے چھپاتے | اور جب | کہا ہم نے |

اور زمین کی (سب) پوشیدہ باتیں جانتا ہوں اور جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو پوشیدہ کرتے ہو (سب) مجھ کو معلوم ہے ﴿۳۳﴾ اور جب ہم

لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِیْسَ ؕ اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ ۗ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلْمَلٰٓئِكَةِ | اسْجُدُوْا | لِاٰدَمَ | فَسَجَدُوْٓا | اِلَّآ | اِبْلِیْسَ | اَبٰى | وَاسْتَكْبَرَ |
| واسطے فرشتوں کے | سجدہ کرو | آدم کو | پس سجدہ کیا انہوں نے | مگر | شیطان نے | انکار کیا | اور تکبر کیا اس نے |

نے فرشتوں کو حکم دیا کہ آدم کے آگے سجدہ کرو تو وہ سب سجدے میں گر پڑے مگر شیطان نے انکار کیا اور غرور

وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۴﴾ وَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ

| وَكَانَ | مِنَ | الْكٰفِرِيْنَ | وَ | قُلْنَا | يٰٓاٰدَمُ | اسْكُنْ | اَنْتَ | وَزَوْجُكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور تھا | سے | کافروں | اور | کہا ہم نے | اے آدم | رہ تو | تو | اور جورو تیری |

میں آکر کافر بن گیا ﴿۳۴﴾ اور ہم نے کہا کہ اے آدم تم اور تمہاری بیوی بہشت

الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا ۠ وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ

| الْجَنَّةَ | وَكُلَا | مِنْهَا | رَغَدًا | حَيْثُ | شِئْتُمَا | وَلَا تَقْرَبَا | هٰذِهِ | الشَّجَرَةَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہشت میں | اور کھاؤ تم دونوں | اس میں سے | بافراغت | جہاں | چاہو تم دونوں | اور مت جاؤ نزدیک | اس | درخت کے |

میں رہو اور جہاں سے چاہو بے روک ٹوک کھاؤ (پیو) لیکن اس درخت کے پاس نہ جانا

فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۵﴾ فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا

| فَتَكُوْنَا | مِنَ | الظّٰلِمِيْنَ | فَاَزَلَّهُمَا | الشَّيْطٰنُ | عَنْهَا | فَاَخْرَجَهُمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پس ہو جاؤ گے تم دونوں | سے | ظالموں | پس ڈگمگایا ان کو | شیطان نے | اس سے | پس نکال دیا ان دونوں کو |

نہیں تو تم ظالموں میں (داخل) ہو جاؤ گے ﴿۳۵﴾ پھر شیطان نے دونوں کو وہاں سے پھسلا دیا اور جس (عیش ونشاط) میں تھے

مِمَّا كَانَا فِيْهِ ۠ وَقُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي

| مِمَّا | كَانَا | فِيْهِ | وَقُلْنَا | اهْبِطُوْا | بَعْضُكُمْ | لِبَعْضٍ | عَدُوٌّ | وَلَكُمْ | فِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس چیز سے کہ | تھے | بیچ اس کے | اور کہا ہم نے | اترو | بعضے تمہارے | واسطے بعض کے | دشمن ہیں | اور تمہارے لیے | بیچ |

اس سے ان کو نکلوا دیا۔ تب ہم نے حکم دیا کہ (بہشت بریں سے) چلے جاؤ تم ایک دوسرے کے دشمن ہو اور تمہارے لیے

الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۳۶﴾ فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ

| الْاَرْضِ | مُسْتَقَرٌّ | وَّمَتَاعٌ | اِلٰى | حِيْنٍ | فَتَلَقّٰٓى | اٰدَمُ | مِنْ رَّبِّهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زمین کے | ٹھکانا ہے | اور فائدہ ہے | تک | ایک وقت | پس سیکھ لیں | آدم نے | پروردگار اپنے سے |

زمین میں ایک وقت تک ٹھکانا اور معاش (مقرر کر دیا گیا) ہے ﴿۳۶﴾ پھر آدم نے اپنے پروردگار سے کچھ کلمات

كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۳۷﴾ قُلْنَا اهْبِطُوْا

| كَلِمٰتٍ | فَتَابَ | عَلَيْهِ | اِنَّهٗ | هُوَ | التَّوَّابُ | الرَّحِيْمُ | قُلْنَا | اهْبِطُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چند باتیں | پس پھر آیا | اوپر اس کے | بیشک وہی ہے | وہ | پھر آنے والا | مہربان | کہا ہم نے | اترو |

سیکھے (اور معافی مانگی) تو اس نے ان کا قصور معاف کر دیا۔ بیشک وہ معاف کرنے والا (اور) صاحب رحم ہے ﴿۳۷﴾ ہم نے فرمایا

مِنۡهَا جَمِيۡعًا ۚ فَاِمَّا يَاۡتِيَنَّكُمۡ مِّنِّىۡ هُدًى فَمَنۡ تَبِعَ هُدَاىَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنۡهَا | جَمِيۡعًا | فَاِمَّا | يَاۡتِيَنَّكُمۡ | مِّنِّىۡ | هُدًى | فَمَنۡ | تَبِعَ | هُدَاىَ |
| اس سے | سب | پس جو | آئے تمہارے پاس | میری طرف سے | ہدایت | پس جو کوئی | پیروی کرے | میری ہدایت کی |

کہ تم سب یہاں سے اتر جاؤ جب تمہارے پاس میری طرف سے ہدایت پہنچے تو (اُس کی پیروی کرنا کہ) جنہوں نے میری طرف سے ہدایت کی پیروی کی

فَلَا خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُوۡنَ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَكَذَّبُوۡا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَا خَوۡفٌ | عَلَيۡهِمۡ | وَلَا | هُمۡ | يَحۡزَنُوۡنَ | وَ | الَّذِيۡنَ | كَفَرُوۡا | وَكَذَّبُوۡا |
| پس نہیں ہے خوف | اوپر ان کے | اور نہ | وہ | غم کھائیں گے | اور | جو لوگ کہ | کافر ہوئے | اور جھٹلایا |

تو اُن کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے ﴿۳۸﴾ اور جنہوں نے (اس کو) قبول نہ کیا اور ہماری

بِاٰيٰتِنَاۤ اُولٰٓئِكَ اَصۡحٰبُ النَّارِ ۚ هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ ﴿۳۹﴾ ع يٰبَنِىۡۤ ع ۴

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاٰيٰتِنَاۤ | اُولٰٓئِكَ | اَصۡحٰبُ النَّارِ | هُمۡ | فِيۡهَا | خٰلِدُوۡنَ | يٰبَنِىۡۤ |
| نشانیوں ہماری کو | یہ لوگ | رہنے والے آگ کے ہیں | وہ | بیچ اس کے | ہمیش رہیں گے | اے بیٹو |

آیتوں کو جھٹلایا وہ دوزخ میں جانے والے ہیں (اور) وہ ہمیشہ اس میں رہیں گے ﴿۳۹﴾ اے

اِسۡرَآءِيۡلَ اذۡكُرُوۡا نِعۡمَتِىَ الَّتِىۡۤ اَنۡعَمۡتُ عَلَيۡكُمۡ وَاَوۡفُوۡا بِعَهۡدِىۡۤ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِسۡرَآءِيۡلَ | اذۡكُرُوۡا | نِعۡمَتِىَ | الَّتِىۡۤ | اَنۡعَمۡتُ | عَلَيۡكُمۡ | وَاَوۡفُوۡا | بِعَهۡدِىۡۤ |
| یعقوب کے | تم یاد کرو | نعمت میری | جو | انعام کی میں نے | اوپر تمہارے | اور پورا کرو | عہد میرا |

آلِ یعقوب! میرے وہ احسان یاد کرو جو میں نے تم پر کیے تھے اور اس اقرار کو پورا کرو جو تم نے مجھ سے کیا تھا

اُوۡفِ بِعَهۡدِكُمۡ ۚ وَاِيَّاىَ فَارۡهَبُوۡنِ ﴿۴۰﴾ وَاٰمِنُوۡا بِمَاۤ اَنۡزَلۡتُ مُصَدِّقًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُوۡفِ | بِعَهۡدِكُمۡ | وَاِيَّاىَ | فَارۡهَبُوۡنِ | وَ | اٰمِنُوۡا | بِمَاۤ | اَنۡزَلۡتُ | مُصَدِّقًا |
| پورا کروں گا | عہد تمہارے کو | اور مجھ سے | پس ڈرو | اور | ایمان لاؤ | ساتھ اس چیز کے جو | اُتاری میں نے | سچا کرنیوالی ہے |

میں اس اقرار کو پورا کروں گا جو میں نے تم سے کیا تھا اور مجھی سے ڈرتے رہو ﴿۴۰﴾ اور جو کتاب میں نے (اپنے رسول محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر) نازل کی ہے جو تمہاری

لِّمَا مَعَكُمۡ وَلَا تَكُوۡنُوۡۤا اَوَّلَ كَافِرٍۢ بِهٖ ۖ وَلَا تَشۡتَرُوۡا بِاٰيٰتِىۡ ثَمَنًا قَلِيۡلًا ۫

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِّمَا | مَعَكُمۡ | وَلَا تَكُوۡنُوۡۤا | اَوَّلَ | كَافِرٍۢ | بِهٖ | وَلَا تَشۡتَرُوۡا | بِاٰيٰتِىۡ | ثَمَنًا | قَلِيۡلًا |
| اس چیز کو | جو ساتھ تمہارے ہے | اور مت ہو | پہلے | کافر | ساتھ اس کے | اور مت مول لو | بدلے میری آیتوں کے | مول | تھوڑا |

کتاب (تورات) کو سچا کہتی ہے اس پر ایمان لاؤ اور اس سے منکرِ اول نہ بنو اور میری آیتوں میں (تحریف کر کے) ان کے بدلے تھوڑی سی قیمت

وَ اِيَّايَ فَاتَّقُوْنِ ﴿۴۱﴾ وَ لَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَ تَكْتُمُوا الْحَقَّ

| وَاِيَّايَ | فَاتَّقُوْنِ | وَلَا | تَلْبِسُوا | الْحَقَّ | بِالْبَاطِلِ | وَ | تَكْتُمُوا | الْحَقَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور مجھ سے | پس ڈرو | اور مت | ملاؤ | سچ کو | ساتھ جھوٹ کے | اور | مت چھپاؤ | حق کو |

(یعنی دنیاوی منفعت) نہ حاصل کرو اور مجھی سے خوف رکھو ﴿۴۱﴾ اور حق کو باطل کے ساتھ نہ ملاؤ اور سچی بات کو

وَ اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَ ارْكَعُوْا مَعَ

| وَ | اَنْتُمْ | تَعْلَمُوْنَ | وَ | اَقِيْمُوا | الصَّلٰوةَ | وَاٰتُوا | الزَّكٰوةَ | وَارْكَعُوْا | مَعَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | تم | جانتے ہو | اور | قائم کرو | نماز کو | اور دو | زکوٰۃ | اور رکوع کرو | ساتھ |

جان بوجھ کر نہ چھپاؤ ﴿۴۲﴾ اور نماز پڑھا کرو اور زکوٰۃ دیا کرو اور (اللہ کے آگے) جھکنے والوں کے

الرّٰكِعِيْنَ ﴿۴۳﴾ اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَ تَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَ اَنْتُمْ

| الرّٰكِعِيْنَ | اَتَاْمُرُوْنَ | النَّاسَ | بِالْبِرِّ | وَ | تَنْسَوْنَ | اَنْفُسَكُمْ | وَ | اَنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رکوع کرنیوالوں کے | کیا حکم کرتے ہو تم | لوگوں کو | ساتھ بھلائی کے | اور | بھولے جاتے ہو | جانوں اپنی کو | اور | تم |

ساتھ جھکا کرو ﴿۴۳﴾ (یہ) کیا (عقل کی بات ہے کہ) تم لوگوں کو نیکی کرنے کو کہتے ہو اور اپنے تئیں فراموش کیے دیتے ہو حالانکہ

تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَ اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَ الصَّلٰوةِ ؕ

| تَتْلُوْنَ | الْكِتٰبَ | اَفَلَا | تَعْقِلُوْنَ | وَاسْتَعِيْنُوْا | بِالصَّبْرِ | وَالصَّلٰوةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پڑھتے ہو | کتاب | کیا پس نہیں | سمجھتے | اور مدد چاہو تم | ساتھ صبر کے | اور نماز کے |

تم کتابِ (اللہ) بھی پڑھتے ہو۔ کیا تم سمجھتے نہیں؟ ﴿۴۴﴾ اور (رنج و تکلیف میں) صبر اور نماز سے مدد لیا کرو

وَ اِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ ﴿۴۵﴾ لا الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا

| وَ | اِنَّهَا | لَكَبِيْرَةٌ | اِلَّا | عَلَى | الْخٰشِعِيْنَ | الَّذِيْنَ | يَظُنُّوْنَ | اَنَّهُمْ | مُّلٰقُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بیشک وہ | البتہ بڑی ہے | مگر | اوپر | عاجزی کرنیوالوں کے | وہ لوگ کہ | جانتے ہیں | یہ کہ وہ | ملنے والے ہیں |

اور بیشک نماز گراں ہے مگر ان لوگوں پر (گراں نہیں) جو عجز کرنے والے ہیں ﴿۴۵﴾ جو یقین کیے ہوئے ہیں کہ وہ اپنے پروردگار

رَبِّهِمْ وَ اَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿۴۶﴾ ع يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ ع ۵/۷ ۴

| رَبِّهِمْ | وَاَنَّهُمْ | اِلَيْهِ | رٰجِعُوْنَ | يٰبَنِيْٓ | اِسْرَآءِيْلَ | اذْكُرُوْا | نِعْمَتِيَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پروردگار اپنے سے | اور یہ کہ وہ | طرف اس کی | پھر جانے والے ہیں | اے بنی | اسرائیل | یاد کرو | نعمت میری |

سے ملنے والے ہیں اور اس کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں ﴿۴۶﴾ اے یعقوب کی اولاد! میرے وہ احسان یاد کرو جو میں

الَّتِیْٓ اَنْعَمْتُ عَلَیْکُمْ وَاَنِّیْ فَضَّلْتُکُمْ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ ﴿٤٧﴾ وَاتَّقُوْا

| الَّتِیْٓ | اَنْعَمْتُ | عَلَیْکُمْ | وَاَنِّیْ | فَضَّلْتُکُمْ | عَلَی | الْعٰلَمِیْنَ | وَ | اتَّقُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | انعام کی میں نے | اوپر تمہارے | اور یہ کہ | میں نے فضیلت دی تم کو | اوپر | عالموں کے | اور | ڈرو |

نے تم پر کیے تھے　اور یہ کہ میں نے تم کو جہان کے لوگوں پر فضیلت بخشی تھی ﴿٤٧﴾ اور اس

یَوْمًا لَّا تَجْزِیْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَیْـًٔا وَّلَا یُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ

| یَوْمًا | لَّا | تَجْزِیْ | نَفْسٌ | عَنْ نَّفْسٍ | شَیْـًٔا | وَّ | لَا | یُقْبَلُ | مِنْهَا | شَفَاعَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس دن سے | کہ نہ | کفایت کرے | کوئی جی | کسی جی سے | کچھ | اور | نہ | قبول کی جاوے گی | اس سے | سفارش |

دن سے ڈرو جب کوئی کسی کے کچھ بھی کام نہ آئے اور نہ کسی کی سفارش منظور کی جائے　اور نہ کسی سے کسی طرح کا بدلہ قبول

وَّلَا یُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا هُمْ یُنْصَرُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَاِذْ نَجَّیْنٰکُمْ مِّنْ اٰلِ

| وَّلَا | یُؤْخَذُ | مِنْهَا | عَدْلٌ | وَّ | لَا | هُمْ یُنْصَرُوْنَ | وَ | اِذْ | نَجَّیْنٰکُمْ | مِّنْ | اٰلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور نہ | لیا جائے گا | اس سے | بدلہ | اور | نہ | وہ مدد دیئے جاویں گے | اور | جب | چھڑایا ہم نے تم کو | سے | قوم |

کیا جائے اور نہ لوگ (کسی اور طرح) مدد حاصل کر سکیں ﴿٤٨﴾ اور (ہمارے ان احسانات کو یاد کرو) جب ہم نے تم کو قوم فرعون سے

فِرْعَوْنَ یَسُوْمُوْنَکُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ یُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَکُمْ

| فِرْعَوْنَ | یَسُوْمُوْنَکُمْ | سُوْٓءَ | الْعَذَابِ | یُذَبِّحُوْنَ | اَبْنَآءَکُمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| فرعون کی | پہنچاتے تھے تم کو | برا | عذاب | ذبح کرتے تھے | بیٹوں تمہاروں کو |

مخلصی بخشی　وہ (لوگ) تم کو بڑا دکھ دیتے تھے تمہارے بیٹوں کو تو قتل کر ڈالتے تھے

وَیَسْتَحْیُوْنَ نِسَآءَکُمْ ؕ وَفِیْ ذٰلِکُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ عَظِیْمٌ ﴿٤٩﴾ وَاِذْ

| وَیَسْتَحْیُوْنَ | نِسَآءَکُمْ | وَ | فِیْ | ذٰلِکُمْ | بَلَآءٌ | مِّنْ | رَّبِّکُمْ | عَظِیْمٌ | وَ | اِذْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور جیتا رکھتے تھے | بیٹیوں تمہاری کو | اور | بیچ | اس کے | آزمائش تھی | سے | تمہارے پروردگار | بڑی | اور | جب |

اور تمہاری بیٹیوں کو زندہ رہنے دیتے تھے اور اس میں تمہارے پروردگار کی طرف سے بڑی (سخت) آزمائش تھی ﴿٤٩﴾ اور

فَرَقْنَا بِکُمُ الْبَحْرَ فَاَنْجَیْنٰکُمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ وَاَنْتُمْ

| فَرَقْنَا | بِکُمُ | الْبَحْرَ | فَاَنْجَیْنٰکُمْ | وَ | اَغْرَقْنَآ | اٰلَ | فِرْعَوْنَ | وَ | اَنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھاڑا ہم نے | واسطے تمہارے | دریا کو | پس چھڑا دیا ہم نے تم کو | اور | ڈبو دیا ہم نے | لوگوں | فرعون کے کو | اور | تم |

جب ہم نے تمہارے لیے دریا کو پھاڑ دیا تو تم کو تو نجات دی　اور فرعون کی قوم کو غرق کر دیا اور تم دیکھ ہی

تَنْظُرُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَ اِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَنْظُرُوْنَ | وَ | اِذْ | وٰعَدْنَا | مُوْسٰٓى | اَرْبَعِيْنَ | لَيْلَةً | ثُمَّ | اتَّخَذْتُمُ |
| دیکھتے تھے | اور | جب | وعدہ دیا ہم نے | موسیٰ کو | چالیس | رات کا | پھر | پکڑا تم نے |

تو رہے تھے ﴿۵۰﴾ اور جب ہم نے موسیٰ سے چالیس رات کا وعدہ کیا تو تم نے ان کے پیچھے بچھڑے کو (معبود)

الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۵۱﴾ ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعِجْلَ | مِنْۢ بَعْدِهٖ | وَاَنْتُمْ | ظٰلِمُوْنَ | ثُمَّ | عَفَوْنَا | عَنْكُمْ | مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ |
| گائے کا بچہ | پیچھے اس کے | اور تم | ظالم تھے | پھر | معاف کیا ہم نے | تم سے | پیچھے اس کے |

مقرر کر لیا اور تم ظلم کر رہے تھے ﴿۵۱﴾ پھر اس کے بعد ہم نے تم کو

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَ اِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَعَلَّكُمْ | تَشْكُرُوْنَ | وَ | اِذْ | اٰتَيْنَا | مُوْسَى | الْكِتٰبَ | وَالْفُرْقَانَ |
| تاکہ تم | شکر کرو | اور | جب | دی ہم نے | موسیٰ کو | کتاب | اور معجزہ |

معاف کر دیا تاکہ تم شکر کرو ﴿۵۲﴾ اور جب ہم نے موسیٰ کو کتاب اور معجزے عنایت کیے

لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۵۳﴾ وَ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَعَلَّكُمْ | تَهْتَدُوْنَ | وَ | اِذْ | قَالَ | مُوْسٰى | لِقَوْمِهٖ | يٰقَوْمِ | اِنَّكُمْ | ظَلَمْتُمْ |
| تاکہ تم | راہ پاؤ | اور | جس وقت | کہا | موسیٰ نے | واسطے قوم اپنی کے | اے میری قوم | بیشک تم نے | ظلم کیا |

تاکہ تم ہدایت حاصل کرو ﴿۵۳﴾ اور جب موسیٰ نے اپنی قوم کے لوگوں سے کہا کہ بھائیو تم نے بچھڑے کو

اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْٓا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْفُسَكُمْ | بِاتِّخَاذِكُمُ | الْعِجْلَ | فَتُوْبُوْٓا | اِلٰى | بَارِئِكُمْ | فَاقْتُلُوْٓا |
| جانوں اپنی کو | ساتھ پکڑنے تمہارے کے | بچھڑے کو | پس توبہ کرو | طرف | پیدا کرنے والے اپنے کے | پس مارو |

(معبود) ٹھیرانے میں (بڑا) ظلم کیا ہے تو اپنے پیدا کرنے والے کے آگے توبہ کرو اور اپنے تئیں ہلاک کر

اَنْفُسَكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ ؕ فَتَابَ عَلَيْكُمْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْفُسَكُمْ | ذٰلِكُمْ | خَيْرٌ | لَّكُمْ | عِنْدَ | بَارِئِكُمْ | فَتَابَ | عَلَيْكُمْ | اِنَّهٗ هُوَ |
| جانوں اپنی کو | یہ | بہتر ہے | تم کو | نزدیک | پیدا کرنیوالے اپنے کے | پس پھر آیا | اوپر تمہارے | بیشک وہ ہے |

ڈالو۔ تمہارے خالق کے نزدیک تمہارے حق میں یہی بہتر ہے۔ پھر اس نے تمہارا قصور معاف کر دیا۔ وہ بیشک

التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿٥٤﴾ وَ اِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| التَّوَّابُ | الرَّحِيْمُ | وَ اِذْ | قُلْتُمْ | يٰمُوْسٰى | لَنْ نُّؤْمِنَ | لَكَ | حَتّٰى | نَرَى |
| پھر آنے والا | مہربان | اور جب | کہا تم نے | اے موسٰی | ہرگز نہ ایمان لاویں گے ہم | واسطے تیرے | یہاں تک کہ | دیکھیں ہم |

معاف کرنے والا (اور) صاحبِ رحم ہے ﴿٥٤﴾ اور جب تم نے (موسٰی سے) کہا کہ موسٰی جب تک ہم اللہ کو سامنے نہ دیکھ

اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَ اَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿٥٥﴾ ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | جَهْرَةً | فَاَخَذَتْكُمُ | الصّٰعِقَةُ | وَ | اَنْتُمْ | تَنْظُرُوْنَ | ثُمَّ | بَعَثْنٰكُمْ |
| اللہ کو | ظاہر | پس پکڑا تم کو | بجلی نے | اور | تم | دیکھتے تھے | پھر | جلایا ہم نے تم کو |

لیں گے تم پر ایمان نہیں لائیں گے تو تم کو بجلی نے آ گھیرا اور تم دیکھ رہے تھے ﴿٥٥﴾ پھر موت آ جانے

مِّنْ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٥٦﴾ وَ ظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ بَعْدِ | مَوْتِكُمْ | لَعَلَّكُمْ | تَشْكُرُوْنَ | وَ | ظَلَّلْنَا | عَلَيْكُمُ | الْغَمَامَ |
| پیچھے | موت تمہاری کے | تا کہ تم | شکر کرو | اور | سایبان کیا ہم نے | اوپر تمہارے | بادل کو |

کے بعد ہم نے تم کو ازسرِ نو زندہ کر دیا تاکہ احسان مانو ﴿٥٦﴾ اور بادل کا تم پر سایہ کیے رکھا اور تمہارے

وَ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَ السَّلْوٰى ؕ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ اَنْزَلْنَا | عَلَيْكُمُ | الْمَنَّ | وَ السَّلْوٰى | كُلُوْا | مِنْ | طَيِّبٰتِ | مَا |
| اور اتارا ہم نے | اوپر تمہارے | من | اور سلوٰی | کھاؤ | سے | اس پاکیزہ چیز | جو کہ |

لیے من و سلوٰی اتارتے رہے کہ جو پاکیزہ چیزیں ہم نے تمہیں عطا فرمائی ہیں ان کو کھاؤ (پیو)۔ (مگر تمہارے بزرگوں

رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَ مَا ظَلَمُوْنَا وَ لٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَ اِذْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَزَقْنٰكُمْ | وَ | مَا | ظَلَمُوْنَا | وَ | لٰكِنْ | كَانُوْٓا | اَنْفُسَهُمْ | يَظْلِمُوْنَ | وَ | اِذْ |
| دیا ہے ہم نے تم کو | اور | نہ | ظلم کیا انہوں نے ہم کو | اور | لیکن | تھے وہ | جانوں اپنی کو | ظلم کرتے | اور | جب |

نے ان نعمتوں کی کچھ قدر نہ جانی) اور وہ ہمارا کچھ نہیں بگاڑتے تھے بلکہ اپنا ہی نقصان کرتے تھے ﴿٥٧﴾ اور جب

قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلْنَا | ادْخُلُوْا | هٰذِهِ | الْقَرْيَةَ | فَكُلُوْا | مِنْهَا | حَيْثُ | شِئْتُمْ | رَغَدًا |
| کہا ہم نے | داخل ہو | اس | گاؤں میں | پس کھاؤ | اس سے | جہاں | چاہو تم | بافراغت |

ہم نے (اُن سے) کہا کہ اس گاؤں میں داخل ہو جاؤ اور اس میں جہاں سے چاہو خوب کھاؤ (پیو)

وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُوْلُوْا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطٰيٰكُمْ ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّادْخُلُوا | الْبَابَ | سُجَّدًا | وَّقُوْلُوْا | حِطَّةٌ | نَّغْفِرْ | لَكُمْ | خَطٰيٰكُمْ |
| اور داخل ہو جاؤ | دروازے میں | سجدہ کرتے ہوئے | اور کہو | بخشش مانگتے ہیں | ہم بخش دیں گے | واسطے تمہارے | خطائیں تمہاری |

اور (دیکھنا) دروازے میں داخل ہونا تو سجدہ کرنا اور حِطَّةٌ کہنا ہم تمہارے گناہ معاف کردیں گے

وَسَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٥٨﴾ فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | سَنَزِيْدُ | الْمُحْسِنِيْنَ | فَبَدَّلَ | الَّذِيْنَ | ظَلَمُوْا | قَوْلًا | غَيْرَ | الَّذِيْ |
| اور | البتہ زیادہ دیں گے ہم | نیکی کرنیوالوں کو | پس بدل ڈالا | ان لوگوں نے جنہوں نے | ظلم کیا تھا | بات کو | سوائے اس کے | جو |

اور نیکی کرنے والوں کو اور زیادہ دیں گے ﴿٥٨﴾ تو جو ظالم تھے اُنہوں نے اس لفظ کو جس کا ان کو حکم دیا تھا بدل

قِيْلَ لَهُمْ فَاَنْزَلْنَا عَلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قِيْلَ | لَهُمْ | فَاَنْزَلْنَا | عَلَى | الَّذِيْنَ | ظَلَمُوْا | رِجْزًا | مِّنَ | السَّمَآءِ | بِمَا | كَانُوْا |
| کہی گئی تھی | واسطے انکے | پس اتارا ہم نے | اوپر | ان لوگوں کے کہ | ظلم کرتے تھے | عذاب | سے | آسمان | بسبب اسکے کہ | تھے وہ |

کر اس کی جگہ اور لفظ کہنا شروع کیا پس ہم نے (اُن) ظالموں پر آسمان سے عذاب نازل کیا کیونکہ نافرمانیاں

يَفْسُقُوْنَ ﴿٥٩﴾ ع وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ ع ٦/١٢ ٦

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يَفْسُقُوْنَ | وَاِذِ | اسْتَسْقٰى | مُوْسٰى | لِقَوْمِهٖ | فَقُلْنَا | اضْرِبْ |
| فسق کرتے | اور جب | پانی مانگا | موسیٰ نے | واسطے اپنی قوم کے | پس کہا ہم نے | مار تو |

کیے جاتے تھے ﴿٥٩﴾ اور جب موسیٰ نے اپنی قوم کے لیے (اللہ سے) پانی مانگا تو ہم نے کہا کہ اپنی لاٹھی

بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِّعَصَاكَ | الْحَجَرَ | فَانْفَجَرَتْ | مِنْهُ | اثْنَتَا عَشْرَةَ | عَيْنًا | قَدْ | عَلِمَ |
| اپنے عصا کیساتھ | پتھر کو | پس پھوٹ نکلے | اس میں سے | بارہ | چشمے | تحقیق | جانا |

پتھر پر مارو (اُنہوں نے لاٹھی ماری) تو اس میں سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے اور تمام لوگوں نے اپنا اپنا

كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُلُّ | اُنَاسٍ | مَّشْرَبَهُمْ | كُلُوْا | وَاشْرَبُوْا | مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ | وَ | لَا | تَعْثَوْا | فِي |
| ہر | آدمی نے | گھاٹ اپنا | کھاؤ | اور پیو | اللہ کے رزق سے | اور | مت | پھرو | بیچ |

گھاٹ معلوم کر (کے پانی پی) لیا (ہم نے حکم دیا کہ) اللہ کی (عطا فرمائی ہوئی) روزی کھاؤ اور پیو مگر زمین میں

الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿٦٠﴾ وَ اِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نَّصْبِرَ عَلٰى طَعَامٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضِ | مُفْسِدِيْنَ | وَ | اِذْ | قُلْتُمْ | يٰمُوْسٰى | لَنْ نَّصْبِرَ | عَلٰى | طَعَامٍ |
| زمین کے | فساد کرتے ہوئے | اور | جب | کہا تم نے | اے موسیٰ | ہرگز نہ صبر کریں گے ہم | اوپر | کھانے |

فساد نہ کرتے پھرنا ﴿٦٠﴾ اور جب تم نے کہا کہ موسیٰ! ہم سے ایک (ہی) کھانے پر

وَّاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ مِنْۢ بَقْلِهَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّاحِدٍ | فَادْعُ | لَنَا | رَبَّكَ | يُخْرِجْ | لَنَا | مِمَّا | تُنْۢبِتُ | الْاَرْضُ | مِنْۢ بَقْلِهَا |
| ایک کے | پس مانگ | واسطے ہمارے | پروردگار اپنے سے | نکالے | واسطے ہمارے | اس چیز سے | کہ اگاتی ہے | زمین | اسکے سے ساگ |

صبر نہیں ہو سکتا تو اپنے پروردگار سے دعا کیجیے کہ ترکاری اور ککڑی اور گیہوں اور مسور اور پیاز (وغیرہ) جو

وَ قِثَّآئِهَا وَ فُوْمِهَا وَ عَدَسِهَا وَ بَصَلِهَا ؕ قَالَ اَتَسْتَبْدِلُوْنَ الَّذِیْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قِثَّآئِهَا | وَ | فُوْمِهَا | وَ | عَدَسِهَا | وَبَصَلِهَا | قَالَ | اَتَسْتَبْدِلُوْنَ | الَّذِیْ |
| اور | ککڑی اس کی سے | اور | گیہوں اسکے سے | اور | مسور اس کے سے | اور پیاز اسکے سے | کہا | بدلتے ہو تم | وہ چیز جو |

نباتات زمین سے اُگتی ہیں ہمارے لیے پیدا کر دے۔ انہوں نے کہا کہ بھلا عمدہ چیزیں چھوڑ

هُوَ اَدْنٰى بِالَّذِیْ هُوَ خَيْرٌ ؕ اِهْبِطُوْا مِصْرًا فَاِنَّ لَكُمْ مَّا سَاَلْتُمْ ؕ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هُوَ | اَدْنٰى | بِالَّذِیْ | هُوَ | خَيْرٌ | اِهْبِطُوْا | مِصْرًا | فَاِنَّ | لَكُمْ | مَّا | سَاَلْتُمْ |
| وہ | ناقص ہے | بدلے اس چیز کے جو | وہ | بہتر ہے | اترو | کسی شہر میں | پس بیشک | واسطے تمہارے ہے | وہ جو | مانگا تم نے |

کر ان کے بدلے ناقص چیزیں کیوں چاہتے ہو (اگر یہی چیزیں مطلوب ہیں) تو کسی شہر میں جا اُترو وہاں جو مانگتے ہو مل جائے گا

وَ ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَ الْمَسْكَنَةُ ۗ وَ بَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | ضُرِبَتْ | عَلَيْهِمُ | الذِّلَّةُ | وَالْمَسْكَنَةُ | وَ | بَآءُوْ | بِغَضَبٍ | مِّنَ | اللّٰهِ |
| اور | ماری گئی | اوپر ان کے | ذلت | اور فقیری | اور | پھر آئے | ساتھ غصے کے | سے | اللہ |

اور (آخر کار) ذلت (ورسوائی) اور محتاجی (وبے نوائی) اُن سے چمٹا دی گئی اور وہ اللہ کے غضب میں گرفتار ہو گئے۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَ يَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمْ | كَانُوْا | يَكْفُرُوْنَ | بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ | وَ | يَقْتُلُوْنَ | النَّبِيّٖنَ | بِغَيْرِ |
| یہ | اس واسطے ہے کہ | تھے | کفر کرتے | ساتھ نشانیوں | اللہ کے | اور | مار ڈالتے تھے | پیغمبروں کو | بغیر |

یہ اس لیے کہ وہ اللہ کی آیتوں سے انکار کرتے تھے اور (اس کے) نبیوں کو ناحق قتل کر دیتے تھے (یعنی)

الْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿٦١﴾ ع اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ع ٧

| الْحَقِّ | ذٰلِكَ بِمَا | عَصَوْا | وَّكَانُوْا | يَعْتَدُوْنَ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حق کے | یہ اس واسطے کہ | نافرمانی کی انہوں نے | اور تھے وہ | حد سے نکل جاتے | بے شک | جو لوگ کہ | ایمان لائے |

یہ اس لیے کہ نافرمانی کیے جاتے اور حد سے بڑھے جاتے تھے ﴿٦١﴾ جو لوگ مسلمان ہیں یا

وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالنَّصٰرٰى وَالصّٰبِـِٕيْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

| وَ | الَّذِيْنَ | هَادُوْا | وَالنَّصٰرٰى | وَ | الصّٰبِـِٕيْنَ | مَنْ | اٰمَنَ | بِاللّٰهِ | وَ | الْيَوْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ لوگ کہ | یہودی ہوئے | اور عیسائی | اور | بے دین | جو کوئی | ایمان لائے | ساتھ اللہ کے | اور | دن |

یہودی یا عیسائی یا ستارہ پرست (یعنی کوئی شخص کسی قوم و مذہب کا ہو) جو اللہ اور روز قیامت پر ایمان لائے

الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ

| الْاٰخِرِ | وَعَمِلَ | صَالِحًا | فَلَهُمْ | اَجْرُهُمْ | عِنْدَ | رَبِّهِمْ | وَلَا | خَوْفٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پچھلے کے | اور کام کرے | اچھے | پس واسطے ان کے | اجر ہے ان کا | نزدیک | ان کے رب کے | اور نہیں | ڈر |

گا اور عمل نیک کرے گا تو ایسے لوگوں کو ان (کے اعمال) کا صلہ اللہ کے ہاں ملے گا اور (قیامت کے دن) اُن کو نہ کسی

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٢﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا

| عَلَيْهِمْ | وَلَا | هُمْ | يَحْزَنُوْنَ | وَاِذْ | اَخَذْنَا | مِيْثَاقَكُمْ | وَ | رَفَعْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر ان کے | اور نہ | وہ | غم کھاویں گے | اور جب | لیا ہم نے | عہد تمہارا | اور | اٹھایا ہم نے |

طرح کا خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے ﴿٦٢﴾ اور جب ہم نے تم سے عہد (کر) لیا اور کوہ طور کو تم پر اُٹھا کھڑا کیا

فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ خُذُوْا مَاۤ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ

| فَوْقَكُمُ | الطُّوْرَ | خُذُوْا | مَاۤ | اٰتَيْنٰكُمْ | بِقُوَّةٍ | وَّ | اذْكُرُوْا | مَا | فِيْهِ | لَعَلَّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر تمہارے | پہاڑ کو | پکڑو | جو کچھ | دیا ہے ہم نے تم کو | زور سے | اور | یاد کرو | جو کچھ | بیچ اسکے ہے | تاکہ تم |

(اور حکم دیا) کہ جو کتاب ہم نے تم کو دی ہے اس کو زور سے پکڑے رہو اور جو اس میں (لکھا) ہے اسے یاد رکھو تا کہ (عذاب

تَتَّقُوْنَ ﴿٦٣﴾ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ ۚ فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

| تَتَّقُوْنَ | ثُمَّ | تَوَلَّيْتُمْ | مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ | فَلَوْ | لَا فَضْلُ | اللّٰهِ | عَلَيْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بچو | پھر | پھر گئے تم | پیچھے اس کے | پس اگر | نہ ہوتا فضل | اللہ کا | اوپر تمہارے |

سے) محفوظ رہو ﴿٦٣﴾ تو تم اس کے بعد (عہد سے) پھر گئے اور اگر تم پر اللہ کا فضل

وَرَحْمَتُهٗ لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٦٤﴾ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِيْنَ اعْتَدَوْا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَرَحْمَتُهٗ | لَكُنْتُمْ | مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ | وَلَقَدْ | عَلِمْتُمُ | الَّذِيْنَ | اعْتَدَوْا |
| اور رحمت اس کی | البتہ ہو جاتے تم | زیاں پانے والوں میں سے | اور البتہ تحقیق | جانتے ہو تم | ان لوگوں کو کہ | حد سے نکل گئے |

اور اس کی مہربانی نہ ہوتی تو تم خسارے میں پڑ گئے ہوتے ﴿٦٤﴾ اور تم ان لوگوں کو خوب جانتے ہو جو تم میں سے ہفتے

مِنْكُمْ فِي السَّبْتِ فَقُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِـِٕيْنَ ﴿٦٥﴾ فَجَعَلْنٰهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْكُمْ | فِي | السَّبْتِ | فَقُلْنَا | لَهُمْ | كُوْنُوْا | قِرَدَةً | خٰسِـِٕيْنَ | فَجَعَلْنٰهَا |
| تم میں سے | بیچ | ہفتے کے دن | پس کہا ہم نے | ان کو | ہو جاؤ | بندر | ذلیل | پس کیا ہم نے اس قصے کو |

کے دن (مچھلی کا شکار کرنے) میں حد سے تجاوز کر گئے تھے تو ہم نے ان سے کہا کہ ذلیل وخوار بندر ہو جاؤ ﴿٦٥﴾ پس اس قصے کو

نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٦٦﴾ وَاِذْ قَالَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَكَالًا | لِّمَا | بَيْنَ يَدَيْهَا | وَمَا | خَلْفَهَا | وَمَوْعِظَةً | لِّلْمُتَّقِيْنَ | وَ | اِذْ | قَالَ |
| بندش | واسطے انکے جو | آگے ان کے تھے | اور جو | ان کے پیچھے تھے | اور نصیحت | واسطے پرہیزگاروں کے | اور | جب | کہا |

اس وقت کے لوگوں کے لیے اور جو ان کے بعد آنے والے تھے عبرت اور پرہیزگاروں کے لیے نصیحت بنا دیا ﴿٦٦﴾ اور جب

مُوْسٰى لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً ۭ قَالُوْٓا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُوْسٰى | لِقَوْمِهٖٓ | اِنَّ | اللّٰهَ | يَاْمُرُكُمْ | اَنْ | تَذْبَحُوْا | بَقَرَةً | قَالُوْٓا |
| موسیٰ نے | واسطے قوم اپنی کے | کہ بیشک | اللہ | حکم کرتا ہے تم کو | یہ کہ | تم ذبح کرو | ایک بیل | کہا انہوں نے |

موسیٰ نے اپنی قوم کے لوگوں سے کہا کہ اللہ تم کو حکم دیتا ہے کہ ایک بیل ذبح کرو۔ وہ بولے کیا تم

اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ۭ قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿٦٧﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَتَتَّخِذُنَا | هُزُوًا | قَالَ | اَعُوْذُ | بِاللّٰهِ | اَنْ | اَكُوْنَ | مِنَ الْجٰهِلِيْنَ |
| کیا پکڑتا ہے تو ہم کو | ٹھٹھا | کہا | پناہ پکڑتا ہوں | ساتھ اللہ کے | یہ کہ | ہوں میں | جاہلوں سے |

ہم سے ہنسی کرتے ہو؟ (موسیٰ نے) کہا کہ میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں کہ نادان بنوں ﴿٦٧﴾

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ۭ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوا | ادْعُ | لَنَا | رَبَّكَ | يُبَيِّنْ | لَّنَا | مَا هِيَ | قَالَ | اِنَّهٗ | يَقُوْلُ | اِنَّهَا | بَقَرَةٌ |
| کہا انہوں نے | دعا کر | واسطے ہمارے | اپنے رب سے | بیان کرے | واسطے ہمارے | کیا ہے وہ بیل | کہا | بے شک وہ | وہ کہتا ہے | بیشک وہ | بیل |

انہوں نے کہا کہ اپنے پروردگار سے التجا کیجیے کہ وہ ہمیں یہ بتائے کہ وہ بیل کس طرح کا ہو۔ (موسیٰ نے) کہا پروردگار فرماتا ہے

لَّا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ ؕ عَوَانٌۢ بَيْنَ ذٰلِكَ ؕ فَافْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْنَ ﴿٦٨﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَّا | فَارِضٌ | وَّلَا | بِكْرٌ | عَوَانٌۢ | بَيْنَ | ذٰلِكَ | فَافْعَلُوْا | مَا | تُؤْمَرُوْنَ |
| نہ | بوڑھا ہے | اور نہ | بچہ جوان ہے | ہے درمیان | میں | اس کے | پس کرو | جو کچھ | حکم کیے جاتے ہو |

کہ وہ بیل نہ تو بوڑھا ہو اور نہ بچھڑا بلکہ ان کے درمیان (یعنی جوان) ہو سو جیسا تم کو حکم دیا گیا ہے ویسا کرو ﴿٦٨﴾

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا لَوْنُهَا ؕ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوا | ادْعُ | لَنَا | رَبَّكَ | يُبَيِّنْ | لَّنَا | مَا | لَوْنُهَا | قَالَ | اِنَّهٗ يَقُوْلُ | اِنَّهَا | بَقَرَةٌ |
| کہا انہوں نے | دعا کر | واسطے ہمارے | رب اپنے | بیان کرے | واسطے ہمارے | کیا ہے | رنگ اس کا | کہا | بیشک وہ کہتا ہے | وہ | بیل ہے |

انہوں نے کہا اپنے پروردگار سے درخواست کیجیے کہ ہم کو یہ بھی بتادے کہ اس کا رنگ کیسا ہو۔ موسیٰ نے کہا پروردگار فرماتا ہے کہ

صَفْرَآءُ ۙ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النّٰظِرِيْنَ ﴿٦٩﴾ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صَفْرَآءُ | فَاقِعٌ | لَّوْنُهَا | تَسُرُّ | النّٰظِرِيْنَ | قَالُوا | ادْعُ | لَنَا | رَبَّكَ | يُبَيِّنْ |
| زرد | ڈہڈہا ہے | رنگ اس کا | خوش کرتا ہے | دیکھنے والوں کو | کہا انہوں نے | دعا کر | واسطے ہمارے | رب اپنے سے | بیان کرے |

اس کا رنگ گہرا زرد ہو کہ دیکھنے والوں (کے دل) کو خوش کر دیتا ہو ﴿٦٩﴾ انہوں نے کہا (اب کے) پروردگار سے پھر درخواست کیجیے

لَّنَا مَا هِيَ ۙ اِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ؕ وَاِنَّآ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَّنَا | مَا | هِيَ | اِنَّ | الْبَقَرَ | تَشٰبَهَ | عَلَيْنَا | وَاِنَّآ | اِنْ | شَآءَ | اللّٰهُ |
| واسطے ہمارے | کیا ہے | وہ | بیشک | وہ بیل | مل گیا | اوپر ہمارے | اور بیشک ہم | اگر | چاہا | اللہ نے |

کہ ہم کو بتادے کہ وہ اور کس کس طرح کا ہو کیونکہ بہت سے بیل ہمیں ایک دوسرے کے مشابہ معلوم ہوتے ہیں۔ (پھر) اللہ نے چاہا

لَمُهْتَدُوْنَ ﴿٧٠﴾ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُوْلٌ تُثِيْرُ الْاَرْضَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَمُهْتَدُوْنَ | قَالَ | اِنَّهٗ | يَقُوْلُ | اِنَّهَا | بَقَرَةٌ | لَّا | ذَلُوْلٌ | تُثِيْرُ | الْاَرْضَ |
| البتہ راہ پانیوالے ہیں | کہا | بیشک وہ | وہ کہتا ہے | بیشک وہ | بیل ہے | نہ | جوتا ہوا | کہ پھاڑے | زمین کو |

تو ہمیں ٹھیک بات معلوم ہو جائے گی ﴿٧٠﴾ موسیٰ نے کہا کہ اللہ فرماتا ہے کہ وہ بیل کام میں لگا ہوا نہ ہو، نہ تو زمین جوتتا ہو

وَلَا تَسْقِي الْحَرْثَ ۚ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا ؕ قَالُوا الْـٰٔنَ جِئْتَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | تَسْقِي | الْحَرْثَ | مُسَلَّمَةٌ | لَّا | شِيَةَ | فِيْهَا | قَالُوا | الْـٰٔنَ | جِئْتَ |
| اور | نہ | پانی پلاتا ہے | کھیتی کو | تندرست ہے | نہیں | داغ | بیچ اس کے | کہا انہوں نے | اب | لایا تو |

اور نہ کھیتی کو پانی دیتا ہو اس میں کسی طرح کا داغ نہ ہو۔ کہنے لگے اب تم نے سب باتیں درست بتا دیں غرض (بڑی مشکل سے)

ع ۸/۸ بِالْحَقِّ ط فَذَبَحُوْهَا وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ (۷۱) ع وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا

| بِالْحَقِّ | فَذَبَحُوْهَا | وَ | مَا | كَادُوْا | يَفْعَلُوْنَ | وَاِذْ | قَتَلْتُمْ | نَفْسًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سچ | پس ذبح کیا انہوں نے اس کو | اور | نہ | نزدیک تھے کہ | کریں | اور جب | مار ڈالا تم نے | ایک جان کو |

انہوں نے اس بیل کو ذبح کیا اور وہ ایسا کرنے والے تھے نہیں (۷۱) اور جب تم نے ایک شخص کو قتل کیا

فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ط وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ (۷۲) ج فَقُلْنَا

| فَادّٰرَءْتُمْ | فِيْهَا | وَ | اللّٰهُ | مُخْرِجٌ | مَّا | كُنْتُمْ | تَكْتُمُوْنَ | فَقُلْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس تم نے اختلاف کیا | بیچ اس کے | اور | اللہ | نکالنے والا ہے | جو | تھے تم | چھپاتے | پس کہا ہم نے |

تو اس میں باہم جھگڑنے لگے لیکن جو بات تم چھپا رہے تھے اللہ اس کو ظاہر کرنے والا تھا (۷۲) تو ہم نے

اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ط كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى لا وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ

| اضْرِبُوْهُ | بِبَعْضِهَا | كَذٰلِكَ | يُحْيِ | اللّٰهُ | الْمَوْتٰى | وَيُرِيْكُمْ | اٰيٰتِهٖ | لَعَلَّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مارو اس کو | ساتھ اسکے ایک ٹکڑے کے | اسی طرح | زندہ کرتا ہے | اللہ | مُردوں کو | اور دکھاتا ہے تم کو | نشانیاں اپنی | تاکہ تم |

کہا کہ اس بیل کا کوئی سا ٹکڑا مقتول کو مارو۔ اس طرح اللہ مُردوں کو زندہ کرتا ہے اور تم کو اپنی (قدرت کی) نشانیاں دکھاتا ہے تاکہ

تَعْقِلُوْنَ (۷۳) ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ

| تَعْقِلُوْنَ | ثُمَّ | قَسَتْ | قُلُوْبُكُمْ | مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ | فَهِيَ | كَالْحِجَارَةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سمجھو | پھر | سخت ہوگئے | تمہارے دل | پیچھے اس کے | پس وہ | مانند پتھروں کے ہیں |

تم سمجھو (۷۳) پھر اس کے بعد تمہارے دل سخت ہوگئے گویا وہ پتھر ہیں

اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ط وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ط

| اَوْ | اَشَدُّ | قَسْوَةً | وَاِنَّ | مِنَ | الْحِجَارَةِ | لَمَا | يَتَفَجَّرُ | مِنْهُ | الْاَنْهٰرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یا | زیادہ | سخت | اور بیشک | بعض | پتھروں میں سے | وہ ہے کہ | پھوٹ نکلتی ہیں | ان میں سے | نہریں |

یا ان سے بھی زیادہ سخت۔ اور پتھر تو بعضے ایسے ہوتے ہیں کہ ان میں سے چشمے پھوٹ نکلتے ہیں

وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ط وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ

| وَاِنَّ | مِنْهَا | لَمَا | يَشَّقَّقُ | فَيَخْرُجُ | مِنْهُ | الْمَآءُ | وَ | اِنَّ | مِنْهَا | لَمَا | يَهْبِطُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور بیشک | ان میں سے | البتہ وہ ہے کہ | پھٹ جاتا ہے | پس نکلتا ہے | اس سے | پانی | اور | بیشک | ان میں سے | وہ ہے کہ | گر پڑتا ہے |

اور بعضے ایسے ہوتے ہیں کہ پھٹ جاتے ہیں اور ان میں سے پانی نکلنے لگتا ہے اور بعضے ایسے ہوتے ہیں کہ اللہ کے خوف

مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿٧٤﴾ اَفَتَطْمَعُوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | خَشْيَةِ | اللّٰهِ | وَ | مَا | اللّٰهُ | بِغَافِلٍ | عَمَّا | تَعْمَلُوْنَ | اَفَتَطْمَعُوْنَ |
| سے | خوف | اللہ کے | اور | نہیں | اللہ | بے خبر | اس چیز سے کہ | تم کرتے ہو | پس کیا طمع رکھتے ہو تم |

سے گر پڑتے ہیں۔ اور اللہ تمہارے عملوں سے بے خبر نہیں ﴿٧٤﴾ (مومنو) کیا تم امید

اَنْ يُّؤْمِنُوْا لَكُمْ وَقَدْ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَسْمَعُوْنَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ | يُّؤْمِنُوْا | لَكُمْ | وَ | قَدْ | كَانَ | فَرِيْقٌ | مِّنْهُمْ | يَسْمَعُوْنَ | كَلٰمَ | اللّٰهِ | ثُمَّ |
| یہ کہ | ایمان لائیں | واسطے تمہارے | اور | تحقیق | تھا | ایک گروہ | ان میں سے | سنتا | کلام | اللہ کا | پھر |

رکھتے ہو کہ یہ لوگ تمہارے (دین کے) قائل ہو جائیں گے (حالانکہ) ان میں سے کچھ لوگ کلام اللہ (یعنی تورات) کو سنتے پھر

يُحَرِّفُوْنَهٗ مِنْۢ بَعْدِ مَا عَقَلُوْهُ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿٧٥﴾ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُحَرِّفُوْنَهٗ | مِنْۢ بَعْدِ مَا | عَقَلُوْهُ | وَ | هُمْ | يَعْلَمُوْنَ | وَ | اِذَا | لَقُوا | الَّذِيْنَ |
| بدل ڈالتے تھے اس کو | پیچھے اس سے کہ | سمجھ لیا تھا اسکو | اور | وہ | جانتے تھے | اور | جب | ملتے ہیں | ان لوگوں سے جو |

اس کے سمجھ لینے کے بعد اس کو جان بوجھ کر بدل دیتے رہے ہیں ﴿٧٥﴾ اور یہ لوگ جب مومنوں سے ملتے

اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚۖ وَاِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ قَالُوْٓا اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمَنُوْا | قَالُوْٓا | اٰمَنَّا | وَ | اِذَا | خَلَا | بَعْضُهُمْ | اِلٰى بَعْضٍ | قَالُوْٓا | اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ |
| ایمان لائے | کہتے ہیں | ایمان لائے ہم | اور | جب | اکیلے ہوتے ہیں | بعضے ان کے | طرف بعضے کے | کہتے ہیں | کیا کہہ دیتے ہو تم ان سے |

ہیں تو کہتے ہیں ہم ایمان لے آئے ہیں۔ اور جس وقت آپس میں ایک دوسرے سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں جو بات اللہ نے تم پر

بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ لِيُحَآجُّوْكُمْ بِهٖ عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ اَفَلَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمَا | فَتَحَ | اللّٰهُ | عَلَيْكُمْ | لِيُحَآجُّوْكُمْ | بِهٖ | عِنْدَ | رَبِّكُمْ | اَفَلَا |
| جو | کھولا ہے | اللہ نے | اوپر تمہارے | تاکہ جھگڑیں تم سے | ساتھ اس کے | نزدیک | رب تمہارے کے | کیا پس نہیں |

ظاہر فرمائی ہے وہ تم انکو اس لیے بتائے دیتے ہو کہ (قیامت کے دن) اسی کے حوالے سے تمہارے پروردگار کے سامنے تم کو الزام دیں۔ کیا

تَعْقِلُوْنَ ﴿٧٦﴾ اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَعْقِلُوْنَ | اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ | اَنَّ | اللّٰهَ | يَعْلَمُ | مَا | يُسِرُّوْنَ | وَ | مَا |
| سمجھتے | کیا نہیں جانتے | یہ کہ | اللہ | جانتا ہے | جو کچھ | چھپاتے ہیں | اور | جو کچھ |

تم سمجھتے نہیں؟ ﴿٧٦﴾ کیا یہ لوگ یہ نہیں جانتے کہ جو کچھ یہ چھپاتے اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں اللہ کو (سب)

يُعْلِنُوْنَ ﴿۷۷﴾ وَمِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ اِلَّآ اَمَانِيَّ وَاِنْ

| يُعْلِنُوْنَ | وَمِنْهُمْ | اُمِّيُّوْنَ | لَا | يَعْلَمُوْنَ | الْكِتٰبَ | اِلَّآ | اَمَانِيَّ | وَ | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظاہر کرتے ہیں | اور بعضے ان میں سے | ان پڑھ ہیں | نہیں | جانتے | کتاب کو | مگر | آرزوئیں | اور | نہیں |

معلوم ہے ﴿۷۷﴾ اور بعض ان میں اَن پڑھ ہیں کہ اپنے خیالاتِ باطن کے سوا (اللہ کی) کتاب سے واقف ہی نہیں اور وہ

هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ﴿۷۸﴾ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ بِاَيْدِيْهِمْ ق ثُمَّ

| هُمْ | اِلَّا | يَظُنُّوْنَ | فَوَيْلٌ | لِّلَّذِيْنَ | يَكْتُبُوْنَ | الْكِتٰبَ | بِاَيْدِيْهِمْ | ثُمَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ | مگر | گمان کرتے ہیں | پس خرابی ہے | ان لوگوں کے واسطے کہ | لکھتے ہیں | کتاب | اپنے ہاتھوں سے | پھر |

صرف ظن سے کام لیتے ہیں ﴿۷۸﴾ تو ان لوگوں پر افسوس ہے جو اپنے ہاتھ سے تو کتاب لکھتے ہیں اور کہتے یہ ہیں کہ یہ اللہ

يَقُوْلُوْنَ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ط فَوَيْلٌ لَّهُمْ

| يَقُوْلُوْنَ | هٰذَا | مِنْ | عِنْدِ | اللّٰهِ | لِيَشْتَرُوْا | بِهٖ | ثَمَنًا | قَلِيْلًا | فَوَيْلٌ | لَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہتے ہیں | یہ ہے | سے | نزدیک | اللہ کے | تا کہ لیویں | بدلے اسکے | مول | تھوڑا | پس خرابی ہے | واسطے انکے |

کے پاس سے (آئی) ہے تاکہ اس کے عوض تھوڑی سی قیمت (یعنی دنیوی منفعت) حاصل کریں۔ ان پر افسوس ہے اس لیے

مِّمَّا كَتَبَتْ اَيْدِيْهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا يَكْسِبُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَقَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا

| مِّمَّا | كَتَبَتْ | اَيْدِيْهِمْ | وَ | وَيْلٌ | لَّهُمْ | مِّمَّا | يَكْسِبُوْنَ | وَ | قَالُوْا | لَنْ تَمَسَّنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہ اس سے | لکھتے ہیں | ہاتھ ان کے | اور | خرابی ہے | ان کو | اس چیز سے کہ | کماتے ہیں | اور | کہتے ہیں | ہرگز نہ لگے گی ہم کو |

کہ (بے اصل باتیں) اپنے ہاتھ سے لکھتے ہیں اور (پھر) ان پر افسوس ہے اس لیے کہ ایسے کام کرتے ہیں ﴿۷۹﴾ اور کہتے ہیں کہ

النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدَةً ط قُلْ اَتَّخَذْتُمْ عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدًا فَلَنْ

| النَّارُ | اِلَّآ | اَيَّامًا | مَّعْدُوْدَةً | قُلْ | اَتَّخَذْتُمْ | عِنْدَ | اللّٰهِ | عَهْدًا | فَلَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آگ | مگر | دن | چند | کہہ | کیا لیا ہے تم نے | نزدیک | اللہ کے | قول | پس ہرگز نہ |

(دوزخ کی) آگ ہمیں چند روز کے سوا چھو ہی نہیں سکے گی۔ ان سے پوچھو کیا تم نے اللہ سے اقرار لے رکھا ہے کہ اللہ اپنے

يُّخْلِفَ اللّٰهُ عَهْدَهٗٓ اَمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۰﴾ بَلٰى

| يُّخْلِفَ | اللّٰهُ | عَهْدَهٗٓ | اَمْ | تَقُوْلُوْنَ | عَلَى | اللّٰهِ | مَا | لَا تَعْلَمُوْنَ | بَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خلاف کرے گا | اللہ | عہد اپنے کو | یا | تم کہتے ہو | اوپر | اللہ کے | جو | تم نہیں جانتے | ہاں |

اقرار کے خلاف نہیں کرے گا (نہیں) بلکہ تم اللہ کے بارے میں ایسی باتیں کہتے ہو جن کا تمہیں مطلق علم نہیں ﴿۸۰﴾ ہاں جو برے

النصف

مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓـَٔتُهٗ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنْ | كَسَبَ | سَيِّئَةً | وَّاَحَاطَتْ | بِهٖ | خَطِيْٓـَٔتُهٗ | فَاُولٰٓئِكَ | اَصْحٰبُ |
| جوکوئی | کمائے | برائی | اور گھیرے | اس کو | خطا اس کی | پس یہ لوگ | رہنے والے ہیں |

کام کرے اور اس کے گناہ (ہر طرف سے) اس کو گھیرلیں تو ایسے لوگ دوزخ (میں جانے) والے ہیں (اور) وہ

النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۸۱﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّارِ | هُمْ | فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَعَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ |
| آگ کے | وہ | بیچ اس کے | ہمیش رہنے والے ہیں | اور | جو لوگ | ایمان لائے | اور کام کیے | اچھے |

ہمیشہ اس میں (جلتے) رہیں گے ﴿۸۱﴾ اور جو ایمان لائیں اور نیک کام کریں

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۸۲﴾ ع وَاِذْ اَخَذْنَا ع ۹ ۱۱

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُولٰٓئِكَ | اَصْحٰبُ | الْجَنَّةِ | هُمْ | فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ | وَاِذْ | اَخَذْنَا |
| یہ لوگ | رہنے والے ہیں | بہشت کے | وہ | بیچ اس کے | ہمیش رہنے والے ہیں | اور جب | لیا ہم نے |

وہ جنت کے مالک ہوں گے (اور) ہمیشہ اس میں (عیش کرتے) رہیں گے ﴿۸۲﴾ اور جب ہم نے

مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ ۣ قف وَبِالْوَالِدَيْنِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِيْثَاقَ | بَنِيْٓ | اِسْرَآءِيْلَ | لَا | تَعْبُدُوْنَ | اِلَّا | اللّٰهَ | وَبِالْوَالِدَيْنِ |
| قول | بنی | اسرائیل کا | نہ | عبادت کرو تم | مگر | اللہ کی | اور ساتھ ماں باپ کے |

بنی اسرائیل سے عہد لیا کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرنا اور ماں باپ

اِحْسَانًا وَّذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِحْسَانًا | وَّ | ذِي الْقُرْبٰى | وَ | الْيَتٰمٰى | وَالْمَسٰكِيْنِ | وَقُوْلُوْا | لِلنَّاسِ |
| احسان کرنا | اور | قرابت والوں سے | اور | یتیموں سے | اور فقیروں سے | اور کہو | واسطے لوگوں کے |

اور رشتہ داروں اور یتیموں اور محتاجوں کے ساتھ بھلائی کرتے رہنا اور لوگوں سے اچھی

حُسْنًا وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۭ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حُسْنًا | وَّاَقِيْمُوا | الصَّلٰوةَ | وَاٰتُوا | الزَّكٰوةَ | ثُمَّ | تَوَلَّيْتُمْ | اِلَّا | قَلِيْلًا | مِّنْكُمْ |
| بھلائی | اور قائم رکھو | نماز کو | اور دو | زکوٰۃ | پھر | پھر گئے تم | مگر | تھوڑے | تم میں سے |

باتیں کہنا اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہنا۔ تو چند شخصوں کے سوا تم سب (اس عہد سے)

وَ اَنۡتُمۡ مُّعۡرِضُوۡنَ ﴿۸۳﴾ وَ اِذۡ اَخَذۡنَا مِیۡثَاقَکُمۡ لَا تَسۡفِکُوۡنَ دِمَآءَکُمۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَنۡتُمۡ | مُّعۡرِضُوۡنَ | وَ | اِذۡ | اَخَذۡنَا | مِیۡثَاقَکُمۡ | لَا | تَسۡفِکُوۡنَ | دِمَآءَکُمۡ |
| اور | تم | منہ پھیرنے والے ہو | اور | جب | لیا ہم نے | عہد تمہارا | نہ | ڈالو تم | لہو تمہارے آپس کے |

منہ پھیر بیٹھے ﴿۸۳﴾ اور جب ہم نے تم سے عہد لیا کہ آپس میں کشت وخون نہ کرنا

وَ لَا تُخۡرِجُوۡنَ اَنۡفُسَکُمۡ مِّنۡ دِیَارِکُمۡ ثُمَّ اَقۡرَرۡتُمۡ وَ اَنۡتُمۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | تُخۡرِجُوۡنَ | اَنۡفُسَکُمۡ | مِّنۡ | دِیَارِکُمۡ | ثُمَّ | اَقۡرَرۡتُمۡ | وَ | اَنۡتُمۡ |
| اور | نہ | نکال دو تم | کسی آپس اپنے کو | سے | گھروں اپنے | پھر | اقرار کیا تم نے | اور | ہو تم |

اور اپنوں کو ان کے وطن سے نہ نکالنا تو تم نے اقرار کر لیا اور تم (اس بات) کے

تَشۡهَدُوۡنَ ﴿۸۴﴾ ثُمَّ اَنۡتُمۡ هٰۤؤُلَآءِ تَقۡتُلُوۡنَ اَنۡفُسَکُمۡ وَ تُخۡرِجُوۡنَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تَشۡهَدُوۡنَ | ثُمَّ | اَنۡتُمۡ | هٰۤؤُلَآءِ | تَقۡتُلُوۡنَ | اَنۡفُسَکُمۡ | وَتُخۡرِجُوۡنَ |
| شاہد | پھر | تم ہو | وہ لوگ کہ | مار ڈالتے ہو | آپس اپنے کو | اور نکال دیتے ہو |

گواہ ہو ﴿۸۴﴾ پھر تم وہی ہو کہ اپنوں کو قتل بھی کر دیتے ہو اور اپنوں میں

فَرِیۡقًا مِّنۡکُمۡ مِّنۡ دِیَارِهِمۡ ۫ تَظٰهَرُوۡنَ عَلَیۡهِمۡ بِالۡاِثۡمِ وَ الۡعُدۡوَانِ ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَرِیۡقًا | مِّنۡکُمۡ | مِّنۡ | دِیَارِهِمۡ | تَظٰهَرُوۡنَ | عَلَیۡهِمۡ | بِالۡاِثۡمِ | وَالۡعُدۡوَانِ |
| ایک فرقے کو | اپنے میں سے | سے | گھروں ان کے | مددگاری کرتے ہو تم | اوپر ان کے | ساتھ گناہ | اور تعدی کے |

سے بعض لوگوں پر گناہ اور ظلم سے چڑھائی کر کے انہیں وطن سے نکال بھی دیتے ہو

وَ اِنۡ یَّاۡتُوۡکُمۡ اُسٰرٰی تُفٰدُوۡهُمۡ وَ هُوَ مُحَرَّمٌ عَلَیۡکُمۡ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاِنۡ | یَّاۡتُوۡکُمۡ | اُسٰرٰی | تُفٰدُوۡهُمۡ | وَهُوَ | مُحَرَّمٌ | عَلَیۡکُمۡ |
| اور اگر | آتے ہیں تمہارے پاس | قیدی ہو کر | بدلے دے چھڑاتے ہو ان کو | اور وہ | حرام ہے | اوپر تمہارے |

اور اگر وہ تمہارے پاس قید ہو کر آئیں تو بدلہ دے کر ان کو چھڑا بھی لیتے ہو حالانکہ ان کا نکال دینا ہی تم

اِخۡرَاجُهُمۡ ؕ اَفَتُؤۡمِنُوۡنَ بِبَعۡضِ الۡکِتٰبِ وَ تَکۡفُرُوۡنَ بِبَعۡضٍ ۚ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اِخۡرَاجُهُمۡ | اَفَتُؤۡمِنُوۡنَ | بِبَعۡضِ | الۡکِتٰبِ | وَ | تَکۡفُرُوۡنَ | بِبَعۡضٍ |
| نکال دینا ان کا | کیا پس ایمان لاتے ہو تم | ساتھ بعض | کتاب کے | اور | کفر کرتے ہو | ساتھ بعضی کے |

کو حرام تھا۔ (یہ) کیا (بات ہے کہ) تم کتابِ (اللہ) کے بعض احکام کو تو مانتے ہو اور بعض سے انکار کیے دیتے ہو

فَمَا جَزَآءُ مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا خِزْيٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَا | جَزَآءُ | مَنْ | يَّفْعَلُ | ذٰلِكَ | مِنْكُمْ | اِلَّا | خِزْيٌ | فِي | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا |
| پس کیا | سزا ہے | اس شخص کی کہ | کرے | یہ کام | تم میں سے | مگر | رسوائی | بیچ | زندگانی | . دنیا کے |

تو جو تم میں سے ایسی حرکت کریں ان کی سزا اس کے سوا اور کیا ہوسکتی ہے کہ دنیا کی زندگی میں تو رسوائی ہو

وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ ۭ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | يُرَدُّوْنَ | اِلٰٓى | اَشَدِّ | الْعَذَابِ | وَ | مَا | اللّٰهُ | بِغَافِلٍ | عَمَّا |
| اور | دن | قیامت کے | پھیرے جاویں گے | طرف | سخت | عذاب کے | اور | نہیں ہے | اللہ | غافل | اس چیز سے جو |

اور قیامت کے دن سخت سے سخت عذاب میں ڈال دیے جائیں اور جو کام تم کرتے ہو اللہ ان سے

تَعْمَلُوْنَ ۝ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ۡ فَلَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَعْمَلُوْنَ | اُولٰۗىِٕكَ | الَّذِيْنَ | اشْتَرَوُا | الْحَيٰوةَ | الدُّنْيَا | بِالْاٰخِرَةِ | فَلَا |
| تم کرتے ہو | یہ لوگ | وہ ہیں کہ | مول لیا انہوں نے | زندگانی | دنیا کی | بدلے آخرت کے | پس نہ |

غافل نہیں ﴿۸۵﴾ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے آخرت کے بدلے دنیا کی زندگی خریدی۔ سو نہ تو ان

يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝ۧ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى ع ١٠

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُخَفَّفُ | عَنْهُمُ | الْعَذَابُ | وَ | لَا | هُمْ | يُنْصَرُوْنَ | وَ | لَقَدْ | اٰتَيْنَا | مُوْسَى |
| ہلکا کیا جائے گا | ان سے | عذاب | اور | نہ | وہ | مدد دیئے جائیں گے | اور | البتہ تحقیق | دی ہم نے | موسیٰ کو |

سے عذاب ہی ہلکا کیا جائے گا اور نہ ان کو (اور طرح کی) مدد ملے گی ﴿۸۶﴾ اور ہم نے موسیٰ کو کتاب

الْكِتٰبَ وَقَفَّيْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ بِالرُّسُلِ ۡ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْكِتٰبَ | وَ | قَفَّيْنَا | مِنْۢ بَعْدِهٖ | بِالرُّسُلِ | وَ | اٰتَيْنَا | عِيْسَى | ابْنَ | مَرْيَمَ |
| کتاب | اور | پچھاڑی لائے ہم | پیچھے اس کے | پیغمبر | اور | دیئے ہم نے | عیسیٰ | بیٹے | مریم کے کو |

عنایت کی اور ان کے پیچھے یکے بعد دیگرے پیغمبر بھیجتے رہے اور عیسیٰ ابن مریم کو کھلے

الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۭ اَفَكُلَّمَا جَاۗءَكُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْبَيِّنٰتِ | وَاَيَّدْنٰهُ | بِرُوْحِ | الْقُدُسِ | اَفَكُلَّمَا | جَاۗءَكُمْ | رَسُوْلٌۢ | بِمَا |
| معجزے ظاہر | اور اسکو قوت دی ہم نے | ساتھ روح | پاک کے | کیا پس جب | آیا تمہارے پاس | پیغمبر | ساتھ اس چیز کے کہ |

نشانات بخشے اور روح القدس (یعنی جبرئیل) سے ان کو مدد دی۔ تو جب کوئی پیغمبر تمہارے پاس ایسی باتیں لے کر آئے

لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ ۚ فَفَرِيْقًا كَذَّبْتُمْ ۫ وَفَرِيْقًا

| لَا | تَهْوٰٓى | اَنْفُسُكُمُ | اسْتَكْبَرْتُمْ | فَفَرِيْقًا | كَذَّبْتُمْ | وَفَرِيْقًا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | چاہتے | جی تمہارے | تکبر کیا تم نے | پس ایک فرقے کو | جھٹلایا تم نے | اور ایک فرقے کو |

جن کو تمہارا جی نہیں چاہتا تھا تو تم سرکش ہو جاتے رہے اور ایک گروہ (انبیاء) کو تو تم جھٹلاتے رہے اور ایک گروہ کو قتل

تَقْتُلُوْنَ ﴿٨٧﴾ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ۭ بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيْلًا

| تَقْتُلُوْنَ | وَ | قَالُوْا | قُلُوْبُنَا | غُلْفٌ | بَلْ | لَّعَنَهُمُ | اللّٰهُ | بِكُفْرِهِمْ | فَقَلِيْلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مار ڈالتے ہو | اور | کہا انہوں نے | دل ہمارے | غلاف میں ہیں | بلکہ | لعنت کی انکو | اللہ نے | بسبب انکے کفر کے | پس تھوڑے سے ہیں |

کرتے رہے ﴿٨٧﴾ اور کہتے ہیں ہمارے دل پردے میں ہیں (نہیں) بلکہ اللہ نے ان کے کفر کے سبب ان پر لعنت کر رکھی ہے

مَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٨٨﴾ وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا

| مَّا يُؤْمِنُوْنَ | وَ | لَمَّا | جَآءَهُمْ | كِتٰبٌ | مِّنْ | عِنْدِ | اللّٰهِ | مُصَدِّقٌ | لِّمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو ایمان لاتے ہیں | اور | جب | آئی ان کے پاس | کتاب | سے | نزدیک | اللہ کے | سچا کرنیوالی | اس چیز کے واسطے کہ |

پس یہ تھوڑے ہی ایمان لاتے ہیں ﴿٨٨﴾ اور جب اللہ کے ہاں سے ان کے پاس کتاب آئی جواُن کی (آسمانی)

مَعَهُمْ ۙ وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَلَمَّا

| مَعَهُمْ | وَكَانُوْا | مِنْ قَبْلُ | يَسْتَفْتِحُوْنَ | عَلَى | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | فَلَمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ انکے ہے | اور تھے وہ | پہلے اس سے | فتح مانگتے | اوپر | ان لوگوں کے کہ | کافر ہوئے | پس جب |

کتاب کی بھی تصدیق کرتی ہے اور وہ پہلے (ہمیشہ) کافروں پر فتح مانگا کرتے تھے۔ تو جس چیز کو

جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ ۡ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٨٩﴾

| جَآءَهُمْ | مَّا | عَرَفُوْا | كَفَرُوْا | بِهٖ | فَلَعْنَةُ | اللّٰهِ | عَلَى | الْكٰفِرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آیا ان کے پاس | جو کچھ | پہچانا تھا | کافر ہوئے | ساتھ اس کے | پس لعنت ہے | اللہ کی | اوپر | کافروں کے |

وہ خوب پہچانتے تھے جب ان کے پاس آ پہنچی تو اس سے کافر ہو گئے پس کافروں پر اللہ کی لعنت ﴿٨٩﴾

بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ اَنْ يَّكْفُرُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْيًا اَنْ يُّنَزِّلَ

| بِئْسَمَا | اشْتَرَوْا | بِهٖٓ | اَنْفُسَهُمْ | اَنْ | يَّكْفُرُوْا | بِمَآ | اَنْزَلَ | اللّٰهُ | بَغْيًا | اَنْ | يُّنَزِّلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| برا ہے | جو کچھ بیچا ہے | بدلے اسکے | جانوں اپنی کو | یہ کہ | کفر کریں | اس چیز کیساتھ کہ | اتاری | اللہ نے | سرکشی سے | اس پر کہ | اتارے |

جس چیز کے بدلے انہوں نے اپنے تئیں بیچ ڈالا وہ بہت بری ہے یعنی اس جلن سے کہ اللہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا

اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۚ فَبَآءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | مِنْ | فَضْلِهٖ | عَلٰى | مَنْ | يَّشَآءُ | مِنْ | عِبَادِهٖ | فَبَآءُوْ | بِغَضَبٍ | عَلٰى |
| اللہ | سے | اپنے فضل | اوپر | جس کسی کے | چاہے | سے | بندوں اپنے | پس پھر آئے | ساتھ غصے کے | اوپر |

ہے اپنی مہربانی سے نازل فرماتا ہے اللہ کی نازل کی ہوئی کتاب سے کفر کرنے لگے تو وہ (اس کے) غضب بالائے غضب میں

غَضَبٍ ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿٩٠﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا بِمَآ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غَضَبٍ | وَلِلْكٰفِرِيْنَ | عَذَابٌ | مُّهِيْنٌ | وَاِذَا | قِيْلَ | لَهُمْ | اٰمِنُوْا | بِمَآ |
| غصے کے | اور واسطے کافروں کے | عذاب ہے | رسوا کرنے والا | اور جب | کہا جاتا ہے | ان کو | ایمان لاؤ | اس چیز پر جو |

مبتلا ہو گئے۔ اور کافروں کے لیے ذلیل کرنے والا عذاب ہے (٩٠) اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جو (کتاب) اللہ نے

اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَيَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَآءَهٗ ۗ وَهُوَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْزَلَ | اللّٰهُ | قَالُوْا | نُؤْمِنُ | بِمَآ | اُنْزِلَ | عَلَيْنَا | وَيَكْفُرُوْنَ | بِمَا | وَرَآءَهٗ | وَهُوَ |
| اتارا ہے | اللہ نے | کہتے ہیں | ایمان لاتے ہیں ہم | اس چیز کے ساتھ کہ | نازل کی گئی | اوپر ہمارے | اور کفر کرتے ہیں | اس چیز کے ساتھ کہ | سوائے اسکے ہے | اور وہ |

(اب) نازل فرمائی ہے اس کو مانو تو کہتے ہیں کہ جو کتاب ہم پر (پہلے) نازل ہو چکی ہے ہم تو اسی کو مانتے ہیں (یعنی) یہ اس کے سوا اور (کتاب) کو

الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ؕ قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُوْنَ اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْحَقُّ | مُصَدِّقًا | لِّمَا | مَعَهُمْ | قُلْ | فَلِمَ | تَقْتُلُوْنَ | اَنْۢبِيَآءَ | اللّٰهِ | مِنْ قَبْلُ |
| سچ ہے | سچا کرنے والا | اس کو | جو ساتھ انکے ہے | کہہ | پس کیوں | مار ڈالتے تھے | پیغمبروں کو | اللہ کے | اس سے پہلے |

نہیں مانتے حالانکہ وہ (سراسر) سچی ہے اور جو ان کی (آسمانی) کتاب ہے اس کی بھی تصدیق کرتی ہے۔ (ان سے) کہہ دو کہ اگر تم صاحبِ ایمان

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٩١﴾ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنْ | كُنْتُمْ | مُّؤْمِنِيْنَ | وَلَقَدْ | جَآءَكُمْ | مُّوْسٰى | بِالْبَيِّنٰتِ | ثُمَّ |
| اگر | ہو تم | ایمان والے | اور البتہ تحقیق | آیا تمہارے پاس | موسیٰ | ساتھ دلیلوں کے | پھر |

ہوتے تو اللہ کے پیغمبروں کو پہلے ہی کیوں قتل کیا کرتے (٩١) اور موسیٰ تمہارے پاس کھلے ہوئے معجزات لے کر آئے

اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿٩٢﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتَّخَذْتُمُ | الْعِجْلَ | مِنْۢ بَعْدِهٖ | وَ | اَنْتُمْ | ظٰلِمُوْنَ | وَ | اِذْ | اَخَذْنَا |
| پکڑا تم نے | بچھڑے کو معبود | پیچھے اس کے | اور | تم | ظلم کرنے والے ہو | اور | جب | لیا ہم نے |

تو تم ان کے (کوہِ طور پر جانے کے) بعد بچھڑے کو معبود بنا بیٹھے اور تم (اپنے ہی حق میں) ظلم کرتے تھے (٩٢) اور جب ہم نے تم

مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ

| مِيْثَاقَكُمْ | وَرَفَعْنَا | فَوْقَكُمُ | الطُّوْرَ | خُذُوْا | مَآ | اٰتَيْنٰكُمْ | بِقُوَّةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عہد تمہارا | اور اٹھایا ہم نے | اوپر تمہارے | پہاڑ کو | پکڑو | جو کچھ | دیا ہے ہم نے تم کو | زور سے |

(لوگوں) سے عہدِ واثق لیا اور کوہ طور کو تم پر اُٹھا کھڑا کیا۔ (اور حکم دیا کہ) جو (کتاب) ہم نے تم کو دی ہے اس کو زور سے پکڑو اور (جو

وَّاسْمَعُوْا ؕ قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا ۗ وَاُشْرِبُوْا فِىْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ

| وَّاسْمَعُوْا | قَالُوْا | سَمِعْنَا | وَ | عَصَيْنَا | وَ | اُشْرِبُوْا | فِىْ | قُلُوْبِهِمُ | الْعِجْلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور سنو | کہا انہوں نے | سنا ہم نے | اور | نہ مانا ہم نے | اور | پلائی گئی | بیچ | انکے دلوں کے | محبت بچھڑے کی |

تمہیں حکم ہوتا ہے اس کو) سنو تو وہ (جو تمہارے بڑے تھے) کہنے لگے کہ ہم نے سن تو لیا لیکن مانتے نہیں اور ان کے کفر کے سبب بچھڑا

بِكُفْرِهِمْ ؕ قُلْ بِئْسَمَا يَاْمُرُكُمْ بِهٖٓ اِيْمَانُكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۹۳﴾

| بِكُفْرِهِمْ | قُلْ | بِئْسَمَا | يَاْمُرُكُمْ | بِهٖٓ | اِيْمَانُكُمْ | اِنْ | كُنْتُمْ | مُّؤْمِنِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بسبب انکے کفر کے | کہہ | برا ہے | جو حکم کرتا ہے تم کو | ساتھ اسکے | ایمان تمہارا | اگر | ہو تم | ایمان والے |

گویا) ان کے دلوں میں رچ گیا تھا۔ (اے پیغمبر ان سے) کہہ دو کہ اگر تم مومن ہو تو تمہارا ایمان تم کو بری بات بتاتا ہے ﴿۹۳﴾

قُلْ اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً مِّنْ دُوْنِ

| قُلْ | اِنْ | كَانَتْ | لَكُمُ | الدَّارُ | الْاٰخِرَةُ | عِنْدَ | اللّٰهِ | خَالِصَةً | مِّنْ دُوْنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہہ | اگر | ہے | واسطے تمہارے | گھر | آخرت کا | نزدیک | اللہ کے | خالص | سوائے |

کہہ دو کہ اگر آخرت کا گھر اَور لوگوں (یعنی مسلمانوں) کے لیے نہیں اور اللہ کے نزدیک تمہارے ہی

النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۹۴﴾ وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًا

| النَّاسِ | فَتَمَنَّوُا | الْمَوْتَ | اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ | وَ | لَنْ | يَّتَمَنَّوْهُ | اَبَدًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لوگوں کے | پس آرزو کرو تم | موت کی | اگر | ہو تم | سچے | اور | ہرگز نہیں | تمنا کریں گے اسکی | کبھی |

لیے مخصوص ہے تو اگر سچے ہو تو موت کی آرزو تو کرو ﴿۹۴﴾ لیکن ان اعمال کی وجہ سے جو اُن

بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۹۵﴾ وَلَتَجِدَنَّهُمْ

| بِمَا | قَدَّمَتْ | اَيْدِيْهِمْ | وَاللّٰهُ | عَلِيْمٌۢ | بِالظّٰلِمِيْنَ | وَلَتَجِدَنَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بسبب اسکے کہ | آگے بھیجا | ہاتھوں نے ان کے | اور اللہ | جانتا ہے | ظالموں کو | اور البتہ پائے گا تو ان کو |

کے ہاتھ آگے بھیج چکے ہیں یہ کبھی اس کی آرزو نہیں کریں گے اور اللہ ظالموں سے (خوب) واقف ہے ﴿۹۵﴾ بلکہ ان کو تم اور

معانقة ٢

اَحۡرَصَ النَّاسِ عَلٰى حَيٰوةٍ ۚ وَمِنَ الَّذِيۡنَ اَشۡرَكُوۡا ۚ يَوَدُّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَحۡرَصَ | النَّاسِ | عَلٰى | حَيٰوةٍ | وَ | مِنَ | الَّذِيۡنَ | اَشۡرَكُوۡا | يَوَدُّ |
| بہت حرص کرنے والا | لوگوں سے | اوپر | زندگی کے | اور | سے | ان لوگوں کہ | شریک لائے ہیں | آرزو کرتا ہے |

لوگوں سے زندگی کے کہیں زیادہ حریص دیکھو گے یہاں تک کہ مشرکوں سے بھی۔ ان میں سے ہر ایک یہی

اَحَدُهُمۡ لَوۡ يُعَمَّرُ اَلۡفَ سَنَةٍ ۚ وَمَا هُوَ بِمُزَحۡزِحِهٖ مِنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَحَدُهُمۡ | لَوۡ | يُعَمَّرُ | اَلۡفَ | سَنَةٍ | وَ | مَا | هُوَ | بِمُزَحۡزِحِهٖ | مِنَ |
| ہر ایک ان کا | کاش کہ | عمر دی جائے | ہزار | برس کی | اور | نہیں | وہ | چھڑانے والا ہے اس کو | سے |

خواہش کرتا ہے کہ کاش وہ ہزار برس جیتا رہے مگر اتنی لمبی عمر اس کو مل بھی جائے تو اسے عذاب سے

ع ١٠/١١

الۡعَذَابِ اَنۡ يُّعَمَّرَ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيۡرٌۢ بِمَا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿۹۶﴾ قُلۡ مَنۡ كَانَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡعَذَابِ | اَنۡ | يُّعَمَّرَ | وَ | اللّٰهُ | بَصِيۡرٌ | بِمَا | يَعۡمَلُوۡنَ | قُلۡ | مَنۡ | كَانَ |
| عذاب | یہ کہ | عمر دی جائے | اور | اللہ | دیکھتا ہے | جو کچھ | وہ کرتے ہیں | کہہ | جو کوئی | ہے |

تو نہیں چھڑا سکتی۔ اور جو کام یہ کرتے ہیں اللہ ان کو دیکھ رہا ہے ﴿۹۶﴾ کہہ دو کہ جو شخص

عَدُوًّا لِّجِبۡرِيۡلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلۡبِكَ بِاِذۡنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيۡنَ يَدَيۡهِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَدُوًّا | لِّجِبۡرِيۡلَ | فَاِنَّهٗ | نَزَّلَهٗ | عَلٰى | قَلۡبِكَ | بِاِذۡنِ | اللّٰهِ | مُصَدِّقًا | لِّمَا | بَيۡنَ يَدَيۡهِ |
| دشمن | جبرئیل کا | پس بیشک اس نے | اتارا ہے اسکو | اوپر | تیرے دل کے | ساتھ حکم | اللہ کے | سچا کرنیوالا ہے | اس چیز کو | کہ آگے اسکے ہے |

جبرئیل کا دشمن ہو (اُس کو غصے میں مر جانا چاہیے) اس نے تو (یہ کتاب) اللہ کے حکم سے تمہارے دل پر نازل کی ہے جو پہلی

وَهُدًى وَّبُشۡرٰى لِلۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۹۷﴾ مَنۡ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هُدًى | وَّبُشۡرٰى | لِلۡمُؤۡمِنِيۡنَ | مَنۡ كَانَ | عَدُوًّا | لِّلّٰهِ |
| اور | ہدایت ہے | اور خوشخبری ہے | واسطے ایمان والوں کے | جو کوئی ہے | دشمن | اللہ کا |

کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور ایمان والوں کے لیے ہدایت اور بشارت ہے ﴿۹۷﴾ جو شخص اللہ کا اور اس

وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجِبۡرِيۡلَ وَمِيۡكٰلَ فَاِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَمَلٰٓئِكَتِهٖ | وَرُسُلِهٖ | وَجِبۡرِيۡلَ | وَمِيۡكٰلَ | فَاِنَّ | اللّٰهَ |
| اور اس کے فرشتوں کا | اور اس کے رسولوں کا | اور جبرئیل کا | اور میکائیل کا | پس بے شک | اللہ تعالیٰ |

کے فرشتوں کا اور اس کے پیغمبروں کا اور جبرئیل اور میکائیل کا دشمن ہو تو ایسے کافروں کا اللہ

عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۹۸﴾ وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۚ وَمَا يَكْفُرُ بِهَآ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَدُوٌّ | لِّلْكٰفِرِيْنَ | وَ | لَقَدْ | اَنْزَلْنَآ | اِلَيْكَ | اٰيٰتٍۭ | بَيِّنٰتٍ | وَ | مَا | يَكْفُرُ بِهَآ |
| دشمن ہے | کافروں کا | اور | البتہ تحقیق | اتاری ہم نے | تیری طرف | نشانیاں | ظاہر | اور | نہیں | کفر کرتے ساتھ اسکے |

دشمن ہے ﴿۹۸﴾ اور ہم نے تمہارے پاس سلجھی ہوئی آیتیں ارسال فرمائی ہیں اور ان سے انکار وہی کرتے ہیں جو

اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ ﴿۹۹﴾ اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا نَّبَذَهٗ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ ؕ بَلْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | الْفٰسِقُوْنَ | اَوَ | كُلَّمَا | عٰهَدُوْا | عَهْدًا | نَّبَذَهٗ | فَرِيْقٌ | مِّنْهُمْ | بَلْ |
| مگر | بدکار | آیا | جب | باندھا انہوں نے | عہد | اسکو پھینک دیتا ہے | ایک فرقہ | ان میں سے | بلکہ |

بدکردار ہیں ﴿۹۹﴾ اُن لوگوں نے جب جب (اللہ سے) عہد واثق کیا تو ان میں سے ایک فریق نے اس کو (کسی چیز کی طرح)

اَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَكْثَرُهُمْ | لَا | يُؤْمِنُوْنَ | وَ | لَمَّا | جَآءَهُمْ | رَسُوْلٌ | مِّنْ | عِنْدِ | اللّٰهِ |
| اکثر ان کے | نہیں | ایمان لاتے | اور | جب | آیا ان کے پاس | پیغمبر | سے | نزدیک | اللہ کے |

پھینک دیا۔ حقیقت یہ ہے کہ ان میں اکثر بے ایمان ہیں ﴿۱۰۰﴾ اور جب ان کے پاس اللہ کی طرف سے پیغمبر (آخر الزماں)

مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيْقٌ مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ ۙ كِتٰبَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُصَدِّقٌ | لِّمَا | مَعَهُمْ | نَبَذَ | فَرِيْقٌ | مِّنَ | الَّذِيْنَ | اُوْتُوا | الْكِتٰبَ | كِتٰبَ |
| سچا کرنیوالا | واسطے انکے جو | ساتھ اسکے ہے | پھینک دی | ایک جماعت نے | سے | ان لوگوں میں جو | دیئے گئے ہیں | کتاب | کتاب |

آئے اور وہ اُن کی (آسمانی) کتاب کی تصدیق بھی کرتے ہیں تو جن لوگوں کو کتاب دی گئی تھی ان میں سے

اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ كَاَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | وَرَآءَ | ظُهُوْرِهِمْ | كَاَنَّهُمْ | لَا | يَعْلَمُوْنَ | وَ | اتَّبَعُوْا | مَا | تَتْلُوا |
| اللہ کی کو | پیچھے | اپنی پیٹھوں کے | گویا کہ وہ | نہیں | جانتے | اور | پیروی کرتے ہیں | اس چیز کی کہ | پڑھتے تھے |

ایک جماعت نے اللہ کی کتاب کو پیٹھ پیچھے پھینک دیا گویا وہ جانتے ہی نہیں ﴿۱۰۱﴾ اور ان (ہزلیات) کے پیچھے

الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الشَّيٰطِيْنُ | عَلٰى | مُلْكِ | سُلَيْمٰنَ | وَ | مَا | كَفَرَ | سُلَيْمٰنُ | وَلٰكِنَّ |
| شیطان | بیچ | وقت بادشاہت | سلیمان کے | اور | نہیں | کفر کیا تھا | سلیمان نے | اور لیکن |

لگ گئے جو سلیمان کے عہدِ سلطنت میں شیاطین پڑھا کرتے تھے اور سلیمان نے مطلق کفر کی بات نہیں کی

الشَّیٰطِیْنَ کَفَرُوْا یُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ق وَمَآ اُنْزِلَ عَلَی

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الشَّیٰطِیْنَ | کَفَرُوْا | یُعَلِّمُوْنَ | النَّاسَ | السِّحْرَ | وَمَآ | اُنْزِلَ | عَلَی |
| شیطانوں نے۔ | کفر کیا تھا | سکھاتے تھے | لوگوں کو | جادو | اور پیروی کی تھی اس چیز کی کہ | اتاری گئی | اوپر |

بلکہ شیطان ہی کفر کرتے تھے کہ لوگوں کو جادو سکھاتے تھے اور اُن باتوں کے بھی (پیچھے لگ گئے)

الْمَلَکَیْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ط وَمَا یُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَلَکَیْنِ | بِبَابِلَ | هَارُوْتَ | وَمَارُوْتَ | وَ | مَا | یُعَلِّمٰنِ | مِنْ اَحَدٍ |
| دو فرشتوں کے | بیچ شہر بابل کے | ھاروت | اور ماروت | اور | نہیں | سکھاتے وہ دونوں | کسی ایک کو |

جو شہر بابل میں دو فرشتوں (یعنی) ہاروت اور ماروت پر اُتری تھیں۔ اور وہ دونوں کسی کو کچھ نہیں سکھاتے تھے

حَتّٰی یَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَکْفُرْ ط فَیَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَتّٰی | یَقُوْلَآ | اِنَّمَا | نَحْنُ | فِتْنَةٌ | فَلَا | تَکْفُرْ | فَیَتَعَلَّمُوْنَ | مِنْهُمَا | مَا |
| یہاں تک کہ | کہتے وہ دونوں | سوائے اسکے نہیں کہ | ہم | آزمائش ہیں | پس مت | کافر ہو تم | پس سیکھتے ہیں | ان دونوں سے | وہ چیز جو |

جب تک یہ نہ کہہ دیتے کہ ہم تو (ذریعۂ) آزمائش ہیں تم کفر میں نہ پڑو۔ غرض لوگ ان سے ایسا (جادو) سیکھتے

یُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَیْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ط وَمَا هُمْ بِضَآرِّیْنَ بِهٖ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یُفَرِّقُوْنَ | بِهٖ | بَیْنَ | الْمَرْءِ | وَزَوْجِهٖ | وَ | مَا | هُمْ | بِضَآرِّیْنَ | بِهٖ |
| جدائی ڈالتی ہے | ساتھ اسکے | درمیان | مرد | اور اسکی بیوی کے | اور | نہیں | وہ | ضرر پہنچانے والے | ساتھ اسکے |

جس سے میاں بیوی میں جدائی ڈال دیں۔ اور اللہ کے حکم کے سوا وہ اس (جادو) سے کسی کا کچھ

مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ط وَیَتَعَلَّمُوْنَ مَا یَضُرُّهُمْ وَلَا یَنْفَعُهُمْ ط

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ اَحَدٍ | اِلَّا | بِاِذْنِ | اللّٰهِ | وَیَتَعَلَّمُوْنَ | مَا | یَضُرُّهُمْ | وَلَا | یَنْفَعُهُمْ |
| کسی ایک کو | مگر | ساتھ حکم | اللہ کے | اور سیکھتے ہیں | وہ چیز کہ | ضرر دیتی ہے ان کو | اور نہ | نفع دیتی ہے انکو |

بھی بگاڑ نہیں سکتے تھے۔ اور کچھ ایسے (منتر) سیکھتے جو ان کو نقصان ہی پہنچاتے اور فائدہ کچھ نہ دیتے۔

وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِی الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ قف وَلَبِئْسَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَقَدْ | عَلِمُوْا | لَمَنِ | اشْتَرٰىهُ | مَا لَهٗ | فِی | الْاٰخِرَةِ | مِنْ | خَلَاقٍ | وَلَبِئْسَ |
| اور تحقیق | جانتے ہیں وہ | جو کوئی | مول لیوے اسکو | نہیں ہے واسطے اسکے | بیچ | آخرت کے | کچھ | حصہ | اور البتہ برا ہے |

اور وہ جانتے تھے کہ جو شخص ایسی چیزوں (یعنی سحر اور منتر وغیرہ) کا خریدار ہوگا اس کا آخرت میں کچھ حصہ نہیں اور جس چیز کے

مَا شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ ۭ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | شَرَوْا | بِهٖٓ | اَنْفُسَهُمْ | لَوْ | كَانُوْا | يَعْلَمُوْنَ | وَلَوْ | اَنَّهُمْ | اٰمَنُوْا | وَاتَّقَوْا |
| جو کچھ | بیچا ہے | بدلے اسکے | جانوں اپنی کو | اگر | ہوتے | جانتے | اور اگر | بیشک وہ | ایمان لاتے | اور پرہیزگاری کرتے |

عوض انہوں نے اپنی جانوں کو بیچ ڈالا وہ بری تھی۔ کاش وہ (اس بات کو) جانتے ﴿۱۰۲﴾ اور اگر وہ ایمان لاتے اور

لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ ۭ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ ۱۲ ع ۱۲

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَمَثُوْبَةٌ | مِّنْ | عِنْدِ | اللّٰهِ | خَيْرٌ | لَوْ | كَانُوْا | يَعْلَمُوْنَ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ |
| البتہ ثواب تھا | سے | نزدیک | اللہ کے | بہتر | اگر | ہوتے | جانتے | اے لوگو | جو |

پرہیزگاری کرتے تو اللہ کے ہاں سے بہت اچھا صلہ ملتا۔ اے کاش وہ اس سے واقف ہوتے ﴿۱۰۳﴾ اے اہل ایمان (گفتگو

اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمَنُوْا | لَا | تَقُوْلُوْا | رَاعِنَا | وَقُوْلُوا | انْظُرْنَا | وَ | اسْمَعُوْا | وَلِلْكٰفِرِيْنَ |
| ایمان لائے ہو | مت | کہو تم | راعنا | اور کہو تم | اُنظرنا | اور | سنو | اور واسطے کافروں کے |

کے وقت پیغمبر اللہ سے) راعنا نہ کہا کرو۔ اُنظرنا کہا کرو اور خوب سن رکھو۔ اور کافروں کے لیے دکھ

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۰۴﴾ مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَذَابٌ | اَلِيْمٌ | مَا | يَوَدُّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | مِنْ | اَهْلِ | الْكِتٰبِ |
| عذاب ہے | دردناک | نہیں | دوست رکھتے | وہ لوگ جو | کافر ہیں | سے | اہل | کتاب |

دینے والا عذاب ہے ﴿۱۰۴﴾ جو لوگ کافر ہیں اہل کتاب یا مشرک وہ اس بات کو پسند نہیں

وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | الْمُشْرِكِيْنَ | اَنْ | يُّنَزَّلَ | عَلَيْكُمْ | مِّنْ | خَيْرٍ | مِّنْ | رَّبِّكُمْ | وَاللّٰهُ |
| اور | نہ | مشرکوں سے | یہ کہ | اتاری جائے | اوپر تمہارے | کچھ | بھلائی | سے | پروردگار تمہارے | اور اللہ |

کرتے کہ تم پر تمہارے پروردگار کی طرف سے خیر (وبرکت) نازل ہو اور اللہ تو

يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۰۵﴾ مَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَخْتَصُّ | بِرَحْمَتِهٖ | مَنْ | يَّشَاۗءُ | وَ | اللّٰهُ | ذُو الْفَضْلِ | الْعَظِيْمِ | مَا |
| خاص کرتا ہے | ساتھ رحمت اپنی کے | جس کو | چاہتا ہے | اور | اللہ تعالیٰ | صاحب فضل | بڑے کا ہے | جو کچھ |

جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ خاص کرلیتا ہے اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے ﴿۱۰۵﴾ ہم جس

نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا ؕ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَنْسَخْ | مِنْ | اٰيَةٍ | اَوْ نُنْسِهَا | نَاْتِ | بِخَيْرٍ مِّنْهَآ | اَوْ مِثْلِهَا | اَلَمْ | تَعْلَمْ | اَنَّ |
| موقوف کرتے ہیں ہم | سے | آیتوں | یا بھلا دیتے ہیں اسکو | ہم لاتے ہیں | بہتر اس سے | یا مانند اسکے | کیا نہیں | جانا تو نے | یہ کہ |

آیت کو منسوخ کردیتے یا اسے فراموش کرا دیتے ہیں تو اُس سے بہتر یا ویسی ہی اور آیت بھیج دیتے ہیں کیا تم نہیں جانتے کہ

اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۱۰۶﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | عَلٰی | كُلِّ | شَیْءٍ | قَدِیْرٌ | اَلَمْ | تَعْلَمْ | اَنَّ | اللّٰهَ | لَهٗ | مُلْكُ | السَّمٰوٰتِ |
| اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے | کیا نہیں | جانا تو نے | یہ کہ | اللہ | واسطے اسکے ہے | بادشاہی | آسمانوں کی |

اللہ ہر بات پر قادر ہے ﴿۱۰۶﴾ کیا تمہیں معلوم نہیں کہ آسمانوں

وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ ﴿۱۰۷﴾ اَمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْاَرْضِ | وَ | مَا | لَكُمْ | مِّنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | مِنْ | وَّلِیٍّ | وَّ | لَا | نَصِیْرٍ | اَمْ |
| اور زمین کی | اور | نہیں | واسطے تمہارے | سوائے | اللہ کے سے | کوئی | دوست | اور | نہ | مددگار | کیا |

اور زمین کی بادشاہت اللہ ہی کی ہے۔ اور اللہ کے سوا تمہارا کوئی دوست اور مددگار نہیں ﴿۱۰۷﴾ کیا تم

تُرِیْدُوْنَ اَنْ تَسْـَٔلُوْا رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُىِٕلَ مُوْسٰی مِنْ قَبْلُ ؕ وَمَنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُرِیْدُوْنَ | اَنْ | تَسْـَٔلُوْا | رَسُوْلَكُمْ | كَمَا | سُىِٕلَ | مُوْسٰی | مِنْ قَبْلُ | وَ | مَنْ |
| ارادہ کرتے ہو تم | یہ کہ | سوال کرو | پیغمبر اپنے سے | جیسا | سوال کیا گیا | موسیٰ سے | اس سے پہلے | اور | جو کوئی |

یہ چاہتے ہو کہ اپنے پیغمبر سے اسی طرح کے سوال کرو جس طرح کے سوال پہلے موسیٰ سے کیے گئے تھے اور جس شخص

یَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالْاِیْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِیْلِ ﴿۱۰۸﴾ وَدَّ كَثِیْرٌ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یَّتَبَدَّلِ | الْكُفْرَ | بِالْاِیْمَانِ | فَقَدْ | ضَلَّ | سَوَآءَ | السَّبِیْلِ | وَدَّ | كَثِیْرٌ |
| بدل ڈالے | کفر کو | بدلے ایمان کے | پس تحقیق | گمراہ ہوا | سیدھی | راہ سے | دوست رکھتے ہیں | بہت |

نے ایمان (چھوڑ کر اُس) کے بدلے کفر لیا وہ سیدھے رستے سے بھٹک گیا ﴿۱۰۸﴾ بہت سے

مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ یَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ اِیْمَانِكُمْ كُفَّارًا ۚۖ حَسَدًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ | اَهْلِ | الْكِتٰبِ | لَوْ | یَرُدُّوْنَكُمْ | مِّنْۢ بَعْدِ | اِیْمَانِكُمْ | كُفَّارًا | حَسَدًا |
| میں سے | اہل | کتاب کے | کاش کہ | پھیر دیویں تم کو | پیچھے | ایمان تمہارے کے | کافر | حسد سے |

اہل کتاب اپنے دل کی جلن سے یہ چاہتے ہیں کہ ایمان لا چکنے کے بعد تم کو پھر کافر بنا دیں۔

مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ۚ فَاعْفُوْا

| مِّنْ | عِنْدِ | اَنْفُسِهِمْ | مِّنْۢ بَعْدِ | مَا | تَبَيَّنَ | لَهُمُ | الْحَقُّ | فَاعْفُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | نزدیک | جی اپنے کے | پیچھے اس کے | جو | ظاہر ہوا | واسطے ان کے | حق | پس معاف کرو |

حالانکہ ان پر حق ظاہر ہو چکا ہے تو تم معاف کر دو

الثلثة

وَاصْفَحُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۰۹﴾

| وَاصْفَحُوْا | حَتّٰى | يَاْتِيَ | اللّٰهُ | بِاَمْرِهٖ | اِنَّ | اللّٰهَ | عَلٰى | كُلِّ | شَيْءٍ | قَدِيْرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور درگزر کرو | یہاں تک کہ | لائے | اللہ | حکم اپنا | بیشک | اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے |

اور درگزر کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا (دوسرا) حکم بھیجے۔ بیشک اللہ ہر بات پر قادر ہے ﴿۱۰۹﴾

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ؕ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ

| وَ | اَقِيْمُوا | الصَّلٰوةَ | وَ | اٰتُوا | الزَّكٰوةَ | وَمَا | تُقَدِّمُوْا | لِاَنْفُسِكُمْ | مِّنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | قائم رکھو | نماز | اور | ادا کرو | زکوٰۃ | اور جو کچھ | آگے بھیجو گے | واسطے اپنی جانوں کے | سے |

اور نماز ادا کرتے رہو اور زکوٰۃ دیتے رہو۔ اور جو بھلائی اپنے لیے آگے بھیج رکھو گے اس کو اللہ

خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۰﴾ وَقَالُوْا لَنْ

| خَيْرٍ | تَجِدُوْهُ | عِنْدَ | اللّٰهِ | اِنَّ | اللّٰهَ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | بَصِيْرٌ | وَ | قَالُوْا | لَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھلائی | تم پاؤ گے | نزدیک | اللہ کے | بیشک | اللہ | اس چیز کے ساتھ کہ | کرتے ہو تم | دیکھنے والا ہے | اور | کہا انہوں نے | ہرگز نہ |

کے ہاں پا لو گے۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ تمہارے سب کاموں کو دیکھ رہا ہے ﴿۱۱۰﴾ اور (یہودی اور عیسائی) کہتے ہیں

يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ كَانَ هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ؕ تِلْكَ اَمَانِيُّهُمْ ؕ

| يَّدْخُلَ | الْجَنَّةَ | اِلَّا | مَنْ | كَانَ | هُوْدًا | اَوْ | نَصٰرٰى | تِلْكَ | اَمَانِيُّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| داخل ہوگا | جنت میں | مگر | جو کوئی | ہوگا | یہودی | یا | عیسائی | یہ ہیں | آرزوئیں ان کی |

کہ یہودیوں اور عیسائیوں کے سوا کوئی بہشت میں نہیں جانے کا۔ یہ ان لوگوں کے خیالات باطل ہیں۔

قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۱﴾ بَلٰى ۚ مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ

| قُلْ | هَاتُوْا | بُرْهَانَكُمْ | اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ | بَلٰى | مَنْ | اَسْلَمَ | وَجْهَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہہ | لاؤ تم | دلیل اپنی | اگر | ہو تم | سچے | بلکہ | جو شخص | سونپ دے | منہ اپنا |

(اے پیغمبر ان سے) کہہ دو کہ اگر سچے ہو تو دلیل پیش کرو ﴿۱۱۱﴾ ہاں جو شخص اللہ کے آگے گردن جھکا دے

لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهٗٓ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۠ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلّٰهِ | وَهُوَ | مُحْسِنٌ | فَلَهٗٓ | اَجْرُهٗ | عِنْدَ | رَبِّهٖ | وَلَا خَوْفٌ | عَلَيْهِمْ |
| واسطے اللہ کے | اور وہ | نیکی کرنے والا ہو | پس ہے واسطے اسکے | ثواب اسکا | نزدیک | اس کے پروردگار کے | اور نہیں ڈر ہے | اوپر ان کے |

| اَنۡدَادًا | يُّحِبُّوۡنَهُمۡ | كَحُبِّ | اللّٰهِ | وَ | الَّذِيۡنَ | اٰمَنُوۡۤا | اَشَدُّ | حُبًّا | لِّلّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شریک | محبت کرتے ہیں ان سے | جیسا کہ محبت | اللہ کی | اور | جو لوگ کہ | ایمان لائے | زیادہ ہیں | محبت میں | اللہ کی |

سے اللہ کی سی محبت کرتے ہیں۔ لیکن جو ایمان والے ہیں وہ تو اللہ ہی کے سب سے زیادہ دوست دار ہیں۔

وَلَوۡ يَرَى الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡۤا اِذۡ يَرَوۡنَ الۡعَذَابَ ۙ اَنَّ الۡقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيۡعًا ۙ

| وَلَوۡ | يَرَى | الَّذِيۡنَ | ظَلَمُوۡۤا | اِذۡ | يَرَوۡنَ | الۡعَذَابَ | اَنَّ | الۡقُوَّةَ | لِلّٰهِ | جَمِيۡعًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور کاش کہ | جانیں | وہ لوگ کہ | ظالم ہیں | جب | دیکھیں گے | عذاب | یہ کہ | قوت واسطے | اللہ کے ہے | ساری |

اور اے کاش ظالم لوگ جو بات عذاب کے وقت دیکھیں گے اب دیکھ لیتے کہ سب طرح کی طاقت اللہ ہی کو ہے

وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيۡدُ الۡعَذَابِ ﴿۱۶۵﴾ اِذۡ تَبَرَّاَ الَّذِيۡنَ اتُّبِعُوۡا مِنَ الَّذِيۡنَ

| وَّ | اَنَّ | اللّٰهَ | شَدِيۡدُ | الۡعَذَابِ | اِذۡ | تَبَرَّاَ | الَّذِيۡنَ | اتُّبِعُوۡا | مِنَ الَّذِيۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | یہ کہ | اللہ | سخت | عذاب کرنیوالا ہے | جس وقت | بیزار ہوئے | وہ لوگ کہ | پیشوا تھے | ان لوگوں سے کہ |

اور یہ کہ اللہ سخت عذاب کرنے والا ہے (۱۶۵) اُس دن (کفر کے) پیشوا اپنے پیروؤں سے بیزاری ظاہر

اتَّبَعُوۡا وَرَاَوُا الۡعَذَابَ وَتَقَطَّعَتۡ بِهِمُ الۡاَسۡبَابُ ﴿۱۶۶﴾ وَقَالَ

| اتَّبَعُوۡا | وَرَاَوُا | الۡعَذَابَ | وَتَقَطَّعَتۡ | بِهِمُ | الۡاَسۡبَابُ | وَقَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پیروی کرتے تھے انکی | اور دیکھیں گے | عذاب کو | اور کٹ جائیں گے | ان کے | علاقے | اور کہیں گے |

کریں گے اور (دونوں) عذاب (الٰہی) دیکھ لیں گے اور ان کے آپس کے تعلقات منقطع ہو جائیں گے (۱۶۶) (یہ حال دیکھ کر)

الَّذِيۡنَ اتَّبَعُوۡا لَوۡ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّاَ مِنۡهُمۡ كَمَا تَبَرَّءُوۡا

| الَّذِيۡنَ | اتَّبَعُوۡا | لَوۡ اَنَّ | لَنَا | كَرَّةً | فَنَتَبَرَّاَ | مِنۡهُمۡ | كَمَا | تَبَرَّءُوۡا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ لوگ کہ | پیروی کرتے تھے | کاش کہ | واسطے ہمارے ہو | پھر جانا طرف دنیا کے | پس بیزاری کریں ہم | ان سے | جیسا | بیزار ہوئے وہ |

پیروی کرنے والے (حسرت سے) کہیں گے کہ اے کاش ہمیں پھر دنیا میں جانا نصیب ہوتا کہ جس طرح یہ ہم سے بیزار ہو رہے ہیں اسی طرح

مِنَّا ۚ كَذٰلِكَ يُرِيْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ عَلَيْهِمْ ۚ وَمَا هُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَّا | كَذٰلِكَ | يُرِيْهِمُ | اللّٰهُ | اَعْمَالَهُمْ | حَسَرٰتٍ | عَلَيْهِمْ | وَ | مَا | هُمْ |
| ہم سے | اسی طرح | دکھلائے ان کو | اللہ | عمل ان کے | واسطے افسوس کے | اوپران کے | اور | نہیں | وہ |

ہم بھی ان سے بیزار ہوں۔ اس طرح اللہ اُن کے اعمال حسرت بنا کر دکھائے گا۔ اور وہ

بِخٰرِجِيْنَ مِنَ النَّارِ ﴿۱۶۷﴾ يٰاَيُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِي الْاَرْضِ ع ۲۰

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِخٰرِجِيْنَ | مِنَ | النَّارِ | يٰاَيُّهَا | النَّاسُ | كُلُوْا | مِمَّا | فِي | الْاَرْضِ |
| نکلنے والے | سے | آگ | اے | لوگو | تم کھاؤ | اس چیز سے کہ | بیچ | زمین کے ہے |

دوزخ سے نکل نہیں سکیں گے ﴿۱۶۷﴾ لوگو جو چیزیں زمین میں

حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَلٰلًا | طَيِّبًا | وَّلَا | تَتَّبِعُوْا | خُطُوٰتِ | الشَّيْطٰنِ | اِنَّهٗ | لَكُمْ | عَدُوٌّ |
| حلال | پاکیزہ | اور مت | پیروی کرو | قدموں | شیطان کی | بے شک وہ | واسطے تمہارے | دشمن ہے |

حلال طیب ہیں وہ کھاؤ اور شیطان کے قدموں پر نہ چلو۔ وہ تمہارا کھلا دشمن

مُّبِيْنٌ ﴿۱۶۸﴾ اِنَّمَا يَاْمُرُكُمْ بِالسُّوْٓءِ وَالْفَحْشَآءِ وَاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّبِيْنٌ | اِنَّمَا | يَاْمُرُكُمْ | بِالسُّوْٓءِ | وَالْفَحْشَآءِ | وَ | اَنْ | تَقُوْلُوْا | عَلَى | اللّٰهِ |
| ظاہر | سوائے اُسکے نہیں کہ | حکم کرتا ہے تم کو | برائی کا | اور بے حیائی کا | اور | یہ کہ | کہو تم | اوپر | اللہ کے |

ہے ﴿۱۶۸﴾ وہ تو تم کو برائی اور بے حیائی ہی کے کام کرنے کو کہتا ہے اور یہ بھی کہ اللہ کی نسبت ایسی باتیں کہو

مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | لَا | تَعْلَمُوْنَ | وَ | اِذَا | قِيْلَ | لَهُمُ | اتَّبِعُوْا | مَآ | اَنْزَلَ | اللّٰهُ | قَالُوْا | بَلْ | نَتَّبِعُ |
| جو کچھ | نہیں | جانتے تم | اور | جب | کہا جاتا ہے | واسطے انکے | پیروی کرو | اس چیز کی کہ | اتارا | اللہ نے | کہتے ہیں | بلکہ | پیروی کرینگے ہم |

جن کا تمہیں (کچھ بھی) علم نہیں ﴿۱۶۹﴾ اور جب ان لوگوں سے کہا جاتا ہے کہ جو (کتاب) اللہ نے نازل فرمائی ہے اس کی پیروی کرو تو کہتے ہیں

مَآ اَلْفَيْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ۚ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ شَيْـًٔا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَآ | اَلْفَيْنَا | عَلَيْهِ | اٰبَآءَنَا | اَوَلَوْ | كَانَ | اٰبَآؤُهُمْ | لَا يَعْقِلُوْنَ | شَيْـًٔا |
| اس چیز کی جو کہ | پایا ہم نے | اوپر اس کے | اپنے باپوں کو | کیا اگرچہ | ہوں | باپ ان کے | نہ سمجھتے | کچھ |

(نہیں) بلکہ ہم تو اسی چیز کی پیروی کریں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا۔ بھلا اگرچہ ان کے باپ دادا نہ کچھ سمجھتے

وَلَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۷۰﴾ وَمَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا كَمَثَلِ الَّذِيْ يَنْعِقُ بِمَا لَا يَسْمَعُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | يَهْتَدُوْنَ | وَمَثَلُ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | كَمَثَلِ | الَّذِيْ | يَنْعِقُ | بِمَا | لَا يَسْمَعُ |
| اور | نہ | راہ پاتے | اور مثال | ان لوگوں کی جو | کافر ہوئے | مانند مثال | اس شخص کے کہ | چلاتا ہے | ساتھ اس چیز کے کہ | نہیں سنتا |

ہوں اور نہ سیدھے رستے پر ہوں (تب بھی انہیں کی تقلید کیے جائیں گے) ﴿۱۷۰﴾ جو لوگ کافر ہیں ان کی مثال اس شخص کی سی ہے جو کسی ایسی چیز کو آواز دے

اِلَّا دُعَآءً وَّنِدَآءً ؕ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۷۱﴾ يٰۤاَيُّهَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | دُعَآءً | وَّنِدَآءً | صُمٌّ | بُكْمٌ | عُمْیٌ | فَهُمْ | لَا | يَعْقِلُوْنَ | يٰۤاَيُّهَا |
| مگر | بلانا | اور پکارنا | بہرے ہیں | گونگے ہیں | اندھے ہیں | پس وہ | نہیں | سمجھتے | اے |

جو پکار اور آواز کے سوا کچھ سن نہ سکے۔ (یہ) بہرے ہیں گونگے ہیں اندھے ہیں کہ (کچھ) سمجھ ہی نہیں سکتے ﴿۱۷۱﴾ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَاشْكُرُوْا لِلّٰهِ اِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | كُلُوْا | مِنْ | طَيِّبٰتِ | مَا | رَزَقْنٰكُمْ | وَ | اشْكُرُوْا | لِلّٰهِ | اِنْ |
| لوگو جو | ایمان لائے ہو | کھاؤ | سے | پاکیزہ | جو کہ | دیا ہم نے تم کو | اور | شکر کرو | واسطے اللہ کے | اگر |

اہلِ ایمان جو پاکیزہ چیزیں ہم نے تم کو عطا فرمائی ہیں ان کو کھاؤ اور اگر اللہ ہی کے بندے ہو تو (اس کی

كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۷۲﴾ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُنْتُمْ | اِيَّاهُ | تَعْبُدُوْنَ | اِنَّمَا | حَرَّمَ | عَلَيْكُمُ | الْمَيْتَةَ | وَ | الدَّمَ | وَ | لَحْمَ |
| ہو تم | اسی کی | عبادت کرتے | نہیں سوائے اسکے کہ | حرام کیا ہے | اوپر تمہارے | مردار | اور | خون | اور | گوشت |

نعمتوں کا) شکر بھی ادا کرو ﴿۱۷۲﴾ اُس نے تم پر مرا ہوا جانور اور لہو اور سؤر کا گوشت اور جس چیز پر اللہ کے سوا

الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْخِنْزِيْرِ | وَمَآ | اُهِلَّ | بِهٖ | لِغَيْرِ اللّٰهِ | فَمَنِ | اضْطُرَّ | غَيْرَ | بَاغٍ | وَّلَا | عَادٍ |
| سؤر کا | اور جو کچھ | پکارا جائے | اوپر اسکے | واسطے غیر اللہ کے | پس جو کوئی | بے بس ہو | نہ | حد سے نکل جانیوالا | اور نہ | زیادتی کرنیوالا |

کسی اور کا نام پکارا جائے حرام کر دیا ہے۔ ہاں جو ناچار ہو جائے (بشرطیکہ) اللہ کی نافرمانی نہ کرے اور حد (ضرورت) سے باہر نہ نکل جائے

فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۷۳﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَآ | اِثْمَ | عَلَيْهِ | اِنَّ | اللّٰهَ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | يَكْتُمُوْنَ |
| پس نہیں | گناہ | اوپر اس کے | بے شک | اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے | بیشک | وہ لوگ کہ | چھپاتے ہیں |

اُس پر کچھ گناہ نہیں۔ بیشک اللہ بخشنے والا (اور) رحم کرنے والا ہے ﴿۱۷۳﴾ جو لوگ (اللہ کی) کتاب سے

مَآ اَنۡزَلَ اللّٰهُ مِنَ الۡكِتٰبِ وَيَشۡتَرُوۡنَ بِهٖ ثَمَنًا قَلِيۡلًا ۙ اُولٰٓـئِكَ مَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَآ | اَنۡزَلَ | اللّٰهُ | مِنَ | الۡكِتٰبِ | وَ | يَشۡتَرُوۡنَ | بِهٖ | ثَمَنًا | قَلِيۡلًا | اُولٰٓـئِكَ | مَا |
| جوکچھ | اتارا ہے | اللہ نے | سے | کتاب | اور | مول لیتے ہیں وہ | بدلے اسکے | مول | تھوڑا | یہ لوگ | نہیں |

اُن (آتیوں اور ہدایتوں) کو جواُس نے نازل فرمائی ہیں چھپاتے اوران کے بدلے تھوڑی سی قیمت (یعنی دنیاوی منفعت) حاصل کرتے ہیں

يَاۡكُلُوۡنَ فِىۡ بُطُوۡنِهِمۡ اِلَّا النَّارَ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَاۡكُلُوۡنَ | فِىۡ | بُطُوۡنِهِمۡ | اِلَّا | النَّارَ | وَ | لَا | يُكَلِّمُهُمُ | اللّٰهُ | يَوۡمَ | الۡقِيٰمَةِ |
| کھاتے | بیچ | اپنے پیٹوں کے | مگر | آگ | اور | نہ | بات کرے گا ان سے | اللہ | دن | قیامت کے |

وہ اپنے پیٹوں میں محض آگ بھرتے ہیں ایسے لوگوں سے اللہ قیامت کے دن نہ کلام کرے گا اور نہ ان کو (گناہوں

وَلَا يُزَكِّيۡهِمۡ ۖۚ وَلَهُمۡ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ﴿۱۷۴﴾ اُولٰٓـئِكَ الَّذِيۡنَ اشۡتَرَوُا الضَّلٰلَةَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | يُزَكِّيۡهِمۡ | وَ | لَهُمۡ | عَذَابٌ | اَلِيۡمٌ | اُولٰٓـئِكَ | الَّذِيۡنَ | اشۡتَرَوُا | الضَّلٰلَةَ |
| اور | نہ | پاک کرے گا ان کو | اور | واسطے انکے | عذاب ہے | دردناک | یہ لوگ وہ ہیں | جنہوں نے | مول لیا | گمراہی کو |

سے) پاک کرے گا اوراُن کے لیے دُکھ دینے والا عذاب ہے ﴿۱۷۴﴾ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت چھوڑ کر

بِالۡهُدٰى وَالۡعَذَابَ بِالۡمَغۡفِرَةِ ۚ فَمَآ اَصۡبَرَهُمۡ عَلَى النَّارِ ﴿۱۷۵﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالۡهُدٰى | وَالۡعَذَابَ | بِالۡمَغۡفِرَةِ | فَمَآ | اَصۡبَرَهُمۡ | عَلَى | النَّارِ |
| بدلے ہدایت کے | اورعذاب کو | بدلے بخشش کے | پس کیا | صبر کرتے ہیں وہ | اوپر | آگ کے |

گمراہی اور بخشش چھوڑ کر عذاب خریدا۔ یہ آتشِ (جہنم) کی کیسی برداشت کرنے والے ہیں ﴿۱۷۵﴾

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ نَزَّلَ الۡكِتٰبَ بِالۡحَـقِّ ؕ وَاِنَّ الَّذِيۡنَ اخۡتَلَفُوۡا فِى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذٰلِكَ | بِاَنَّ | اللّٰهَ | نَزَّلَ | الۡكِتٰبَ | بِالۡحَـقِّ | وَ | اِنَّ | الَّذِيۡنَ | اخۡتَلَفُوۡا | فِى |
| یہ | اس واسطے ہے کہ | اللہ نے | اتارا | کتاب کو | ساتھ حق کے | اور | بے شک | جنہوں نے | اختلاف کیا | بیچ |

یہ اس لیے کہ اللہ نے کتاب سچائی کے ساتھ نازل فرمائی۔ اور جن لوگوں نے اس کتاب میں اختلاف کیا وہ ضد میں

الۡكِتٰبِ لَفِىۡ شِقَاقٍۭ بَعِيۡدٍ ﴿۱۷۶﴾ ع لَيۡسَ الۡبِرَّ اَنۡ تُوَلُّوۡا وُجُوۡهَكُمۡ قِبَلَ ع ۲۱ ۹ ۵

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡكِتٰبِ | لَفِىۡ | شِقَاقٍ | بَعِيۡدٍ | لَيۡسَ | الۡبِرَّ | اَنۡ | تُوَلُّوۡا | وُجُوۡهَكُمۡ | قِبَلَ |
| کتاب کے | البتہ بیچ | خلاف | دور کے ہیں | نہیں ہے | بھلائی | یہ کہ | پھیرو تم | منہ اپنے کو | طرف |

(آکر نیکی سے) دور (ہوگئے) ہیں ﴿۱۷۶﴾ نیکی یہی نہیں کہ تم

الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَشْرِقِ | وَالْمَغْرِبِ | وَلٰكِنَّ | الْبِرَّ | مَنْ | اٰمَنَ | بِاللّٰهِ | وَالْيَوْمِ | الْاٰخِرِ |
| مشرق کے | اور مغرب کے | اور لیکن | بھلائی | اس کو ہے جو | ایمان لایا | ساتھ اللہ کے | اور دن | آخرت کے |

مشرق و مغرب (کو قبلہ سمجھ کر ان) کی طرف منہ کرلو بلکہ نیکی یہ ہے کہ لوگ اللہ پر اور یوم آخرت پر

وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْمَلٰٓئِكَةِ | وَالْكِتٰبِ | وَالنَّبِيّٖنَ | وَ | اٰتَى | الْمَالَ | عَلٰى | حُبِّهٖ | ذَوِي الْقُرْبٰى |
| اور فرشتوں کے | اور کتاب کے | اور پیغمبروں کے | اور | دیا | مال | اوپر | محبت اس کی کے | قرابت والوں کو |

اور فرشتوں پر اور (اللہ کی) کتاب پر اور پیغمبروں پر ایمان لائیں۔ اور مال باوجود عزیز رکھنے کے رشتہ داروں

وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ ۚ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْيَتٰمٰى | وَ | الْمَسٰكِيْنَ | وَ | ابْنَ السَّبِيْلِ | وَالسَّآئِلِيْنَ | وَ | فِي | الرِّقَابِ |
| اور | یتیموں کو | اور | محتاجوں کو | اور | مسافروں کو | اور سوال کرنے والوں کو | اور | بیچ | چھڑانے گردنوں کے |

اور یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں اور مانگنے والوں کو دیں اور گردنوں (کے چھڑانے) میں (خرچ کریں)

وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَقَامَ | الصَّلٰوةَ | وَاٰتَى | الزَّكٰوةَ | وَ | الْمُوْفُوْنَ | بِعَهْدِهِمْ | اِذَا | عٰهَدُوْا |
| اور | قائم کیا | نماز کو | اور دیا | زکوٰۃ کو | اور | پورا کرنے والے | ساتھ عہد اپنے کے | جب | عہد کریں وہ |

اور نماز پڑھیں اور زکوٰۃ دیں اور جب عہد کرلیں تو اس کو پورا کریں

وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ ۗ اُولٰٓئِكَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالصّٰبِرِيْنَ | فِي | الْبَاْسَآءِ | وَالضَّرَّآءِ | وَ | حِيْنَ | الْبَاْسِ | اُولٰٓئِكَ |
| اور صبر کرنے والے | بیچ | فقر کے | اور بیماری کے | اور | وقت | لڑائی کے | یہ لوگ ہیں |

اور سختی اور تکلیف میں اور (معرکۂ) کارزار کے وقت ثابت قدم رہیں۔ یہی لوگ ہیں جو

الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿١٧٧﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | صَدَقُوْا | وَاُولٰٓئِكَ | هُمُ | الْمُتَّقُوْنَ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
| جنہوں نے | سچ کہا | اور یہ لوگ | وہ ہیں | پرہیزگار | اے لوگو | جو | ایمان لائے ہو |

(ایمان میں) سچے ہیں اور یہی ہیں جو (اللہ سے) ڈرنے والے ہیں ﴿١٧٧﴾ مومنو! تم کو مقتولوں کے بارے میں

كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى ط اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ

| كُتِبَ | عَلَيْكُمُ | الْقِصَاصُ | فِي | الْقَتْلٰى | اَلْحُرُّ | بِالْحُرِّ | وَ | الْعَبْدُ | بِالْعَبْدِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لکھا گیا ہے | اوپر تمہارے | برابری کرنا | بیچ | مارے گیوں کے | آزاد | بدلے آزاد کے | اور | غلام | بدلے غلام کے |

قصاص (یعنی خون کے بدلے خون) کا حکم دیا جاتا ہے (اس طرح پر کہ) آزاد کے بدلے آزاد (مارا جائے) اور غلام کے بدلے غلام

وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ط فَمَنْ عُفِيَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌ

| وَالْاُنْثٰى | بِالْاُنْثٰى | فَمَنْ | عُفِيَ | لَهٗ | مِنْ اَخِيْهِ | شَيْءٌ | فَاتِّبَاعٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور عورت | بدلے عورت کے | پس جو کوئی | معاف کیا جائے | واسطے اسکے | بھائی اس کے سے | کچھ | پس پیروی کرنا ہے |

اور عورت کے بدلے عورت۔ اور اگر قاتل کو اس کے (مقتول) بھائی (کے قصاص میں) سے کچھ معاف کر دیا جائے تو (وارث مقتول کو)

بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَآءٌ اِلَيْهِ بِاِحْسَانٍ ط ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

| بِالْمَعْرُوْفِ | وَ | اَدَآءٌ | اِلَيْهِ | بِاِحْسَانٍ | ذٰلِكَ | تَخْفِيْفٌ | مِّنْ | رَّبِّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ اچھی طرح کے | اور | ادا کرنا | طرف اس کے | ساتھ احسان کے | یہ | آسانی ہے | طرف سے | تمہارے پروردگار کی |

پسندیدہ طریق سے (قرارداد کی) پیروی (یعنی مطالبہ خون بہا) کرنا اور (قاتل کو) خوش خوئی کے ساتھ ادا کرنا چاہیے۔ یہ پروردگار کی طرف

وَرَحْمَةٌ ط فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۸﴾ وَلَكُمْ فِي

| وَ | رَحْمَةٌ | فَمَنِ | اعْتَدٰى | بَعْدَ | ذٰلِكَ | فَلَهٗ | عَذَابٌ | اَلِيْمٌ | وَ | لَكُمْ | فِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | رحمت ہے | پس جو کوئی | زیادتی کرے | پیچھے | اس کے | پس واسطے اسکے | عذاب ہے | درد دینے والا | اور | واسطے تمہارے | بیچ |

سے تمہارے لیے آسانی اور مہربانی ہے۔ جو اس کے بعد زیادتی کرے اس کے لیے دکھ کا عذاب ہے (۱۷۸) اور اے اہلِ عقل

الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ يّٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۹﴾ كُتِبَ عَلَيْكُمْ

| الْقِصَاصِ | حَيٰوةٌ | يّٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ | لَعَلَّكُمْ | تَتَّقُوْنَ | كُتِبَ | عَلَيْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| برابری کے | زندگی ہے | اے عقل والو | تاکہ تم | بچو | لکھا گیا ہے | اوپر تمہارے |

(حکم) قصاص میں (تمہاری) زندگانی ہے کہ تم (قتل و خوں ریزی سے) بچو (۱۷۹) تم پر فرض کیا جاتا ہے

اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرًا ۖ الْوَصِيَّةُ

| اِذَا | حَضَرَ | اَحَدَكُمُ | الْمَوْتُ | اِنْ | تَرَكَ | خَيْرًا | الْوَصِيَّةُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جس وقت | حاضر ہو | تمہارے کسی ایک کی | موت | اگر | چھوڑ جائے | مال | وصیت کرنا |

کہ جب تم میں سے کسی کو موت کا وقت آجائے تو اگر وہ کچھ مال چھوڑ جانے والا ہو تو

لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ۝۱۸۰ فَمَنْۢ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلْوَالِدَيْنِ | وَ | الْاَقْرَبِيْنَ | بِالْمَعْرُوْفِ | حَقًّا | عَلَى | الْمُتَّقِيْنَ | فَمَنْۢ |
| واسطے ماں باپ کے | اور | قرابت والوں کے | ساتھ اچھی طرح کے | حق ہوا | اوپر | پرہیزگاروں کے | پس جو کوئی |

ماں باپ اور رشتہ داروں کے لیے دستور کے مطابق وصیت کر جائے۔ (اللہ سے) ڈرنے والوں پر یہ ایک حق ہے ۝۱۸۰ جو شخص

بَدَّلَهٗ بَعْدَ مَا سَمِعَهٗ فَاِنَّمَآ اِثْمُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يُبَدِّلُوْنَهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَدَّلَهٗ | بَعْدَ | مَا | سَمِعَهٗ | فَاِنَّمَآ | اِثْمُهٗ | عَلَى | الَّذِيْنَ | يُبَدِّلُوْنَهٗ | اِنَّ | اللّٰهَ |
| بدل ڈالے اسکو | پیچھے | اس کے کہ | سنا اس کو | پس سوائے اسکے نہیں کہ | گناہ اس کا | اوپر | ان لوگوں کے ہے جو | بدل ڈالتے ہیں | بیشک | اللہ |

وصیت کو سننے کے بعد بدل ڈالے تو اُس (کے بدلنے) کا گناہ انہیں لوگوں پر ہے جو اس کو بدلیں۔ بیشک اللہ

سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝۱۸۱ۭ فَمَنْ خَافَ مِنْ مُّوْصٍ جَنَفًا اَوْ اِثْمًا فَاَصْلَحَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَمِيْعٌ | عَلِيْمٌ | فَمَنْ | خَافَ | مِنْ | مُّوْصٍ | جَنَفًا | اَوْ | اِثْمًا | فَاَصْلَحَ |
| سننے والا | جاننے والا ہے | پس جو کوئی | ڈرے | سے | وصیت کرنے والے | کجی کو | یا | گناہ کو | پس اصلاح کردے |

سنتا جانتا ہے ۝۱۸۱ اگر کسی کو وصیت کرنے والے کی طرف سے (کسی وارث کی) طرفداری یا حق تلفی کا اندیشہ ہو تو اگر وہ (وصیت کو بدل کر)

بَيْنَهُمْ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۱۸۲ؑ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ ع ۲۲/۶

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَيْنَهُمْ | فَلَآ | اِثْمَ | عَلَيْهِ | اِنَّ | اللّٰهَ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ |
| درمیان انکے | پس نہیں | گناہ | اوپر اس کے | بے شک | اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے | اے | لوگو جو |

وارثوں میں صلح کرا دے تو اُس پر کچھ گناہ نہیں۔ بیشک اللہ بخشنے والا (اور) رحم والا ہے ۝۱۸۲ مومنو! تم

اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمَنُوْا | كُتِبَ | عَلَيْكُمُ | الصِّيَامُ | كَمَا | كُتِبَ | عَلَى | الَّذِيْنَ | مِنْ قَبْلِكُمْ |
| ایمان لائے ہو | لکھا گیا | اوپر تمہارے | روزہ | جیسا | لکھا گیا | اوپر | ان لوگوں کے جو | پہلے تم سے تھے |

پر روزے فرض کیے گئے ہیں جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے تھے

لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝۱۸۳ۙ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ۭ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَعَلَّكُمْ | تَتَّقُوْنَ | اَيَّامًا | مَّعْدُوْدٰتٍ | فَمَنْ | كَانَ | مِنْكُمْ | مَّرِيْضًا |
| تا کہ تم | پرہیزگاری کرو | دن | گنتی کے | پس جو کوئی | ہو | تم میں سے | بیمار |

تا کہ تم پرہیزگار بنو ۝۱۸۳ (روزوں کے دن) گنتی کے چند روز ہیں تو جو شخص تم میں سے بیمار ہو

اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْ | عَلٰى | سَفَرٍ | فَعِدَّةٌ | مِّنْ | اَيَّامٍ | اُخَرَ | وَعَلَى | الَّذِيْنَ | يُطِيْقُوْنَهٗ |
| یا | اوپر | سفر کے | پس گنتی ہے | سے | دنوں | اور | اوراوپر | ان لوگوں کے | جوطاقت رکھتے ہیں اسکی |

یا سفر میں ہو تو دوسرے دنوں میں روزوں کا شمار پورا کرلے اور جو لوگ روزہ رکھنے کی طاقت رکھیں (لیکن

فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ ؕ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ ؕ وَاَنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِدْيَةٌ | طَعَامُ | مِسْكِيْنٍ | فَمَنْ | تَطَوَّعَ خَيْرًا | فَهُوَ | خَيْرٌ | لَّهٗ | وَ | اَنْ |
| بدلہ ہے | کھانا | ایک مسکین کا | پس جوکوئی | کرے نیکی زیادہ | پس وہ | بہتر ہے | واسطے اس کے | اور | یہ کہ |

رکھیں نہیں) وہ روزے کے بدلے محتاج کو کھانا کھلادیں اور جوکوئی شوق سے نیکی کرے تو اس کے حق میں زیادہ اچھا ہے

تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ (۱۸۴) شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَصُوْمُوْا | خَيْرٌ | لَّكُمْ | اِنْ | كُنْتُمْ | تَعْلَمُوْنَ | شَهْرُ | رَمَضَانَ | الَّذِيْٓ |
| روزہ رکھوتم | بہتر ہے | واسطے تمہارے | اگر | ہوتم | جانتے | مہینہ | رمضان کا | جو |

اوراگر سمجھوتو روزہ رکھنا ہی تمہارے حق میں بہتر ہے (۱۸۴) (روزوں کا مہینہ) رمضان کا مہینہ (ہے)

اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُنْزِلَ | فِيْهِ | الْقُرْاٰنُ | هُدًى | لِّلنَّاسِ | وَ | بَيِّنٰتٍ | مِّنَ | الْهُدٰى |
| اتارا گیا ہے | بیچ اس کے | قرآن کریم | ہدایت ہے | واسطے لوگوں کے | اور | دلیلیں ہیں | سے | ہدایت کی |

جس میں قرآن (اوّل اوّل) نازل ہوا جو لوگوں کا رہنما ہے اور (جس میں) ہدایت کی کھلی نشانیاں ہیں اور (جو حق و باطل کو)

وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ؕ وَمَنْ كَانَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْفُرْقَانِ | فَمَنْ | شَهِدَ | مِنْكُمُ | الشَّهْرَ | فَلْيَصُمْهُ | وَ | مَنْ | كَانَ |
| اور معجزے | پس جوکوئی | حاضر ہو | تم میں سے | اس مہینے میں | پس چاہیے کہ روزہ رکھے اس کو | اور | جوکوئی | ہو |

الگ الگ کرنے والا ہے۔ تو جوکوئی تم میں سے اس مہینے میں موجود ہو چاہیے کہ پورے مہینے کے روزے رکھے اور جو

مَرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَرِيْضًا | اَوْ | عَلٰى | سَفَرٍ | فَعِدَّةٌ | مِّنْ | اَيَّامٍ | اُخَرَ | يُرِيْدُ | اللّٰهُ | بِكُمُ | الْيُسْرَ |
| مریض | یا | اوپر | سفر کے | پس گنتی ہے | سے | دنوں | اور | چاہتا ہے | اللہ | ساتھ تمہارے | آسانی |

بیمار ہو یا سفر میں ہو تو دوسرے دنوں میں (رکھ کر) ان کا شمار پورا کرلے۔ اللہ تمہارے حق میں آسانی چاہتا ہے

وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ ز وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا

| وَ | لَا | يُرِيْدُ | بِكُمُ | الْعُسْرَ | وَ | لِتُكْمِلُوا | الْعِدَّةَ | وَلِتُكَبِّرُوا | اللّٰهَ | عَلٰى | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہیں | چاہتا | ساتھ تمہارے | دشواری | اور | تاکہ پورا کرو تم | گنتی کو | تاکہ بڑائی کرو | اللہ کی | اوپر | اسکے کہ |

اور سختی نہیں چاہتا اور (یہ آسانی کا حکم) اس لیے (دیا گیا ہے) کہ تم روزوں کا شمار پورا کرلو اور اس احسان کے بدلے کہ اللہ نے تم کو

هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۸۵﴾ وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ

| هَدٰىكُمْ | وَ | لَعَلَّكُمْ | تَشْكُرُوْنَ | وَ | اِذَا | سَاَلَكَ | عِبَادِيْ | عَنِّيْ | فَاِنِّيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہدایت دی تم کو | اور | تاکہ تم | شکر کرو | اور | جب | سوال کریں تجھ کو | بندے میرے | مجھ سے | بیشک میں |

ہدایت بخشی ہے تم اس کو بزرگی سے یاد کرو اور اس کا شکر کرو ﴿۱۸۵﴾ اور (اے پیغمبر) جب تم سے میرے بندے میرے بارے میں دریافت کریں تو

قَرِيْبٌ ط اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ لا فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ

| قَرِيْبٌ | اُجِيْبُ | دَعْوَةَ | الدَّاعِ | اِذَا | دَعَانِ | فَلْيَسْتَجِيْبُوْا | لِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نزدیک ہوں | جواب دیتا ہوں | پکارنے کا | پکارنے والے کو | جب | پکارتا ہے مجھ کو | پس چاہیے کہ قبول کریں | میرے حکم کو |

(کہہ دو کہ) میں تو (تمہارے) پاس ہوں۔ جب کوئی پکارنے والا مجھے پکارتا ہے تو میں اس کی دعا قبول کرتا ہوں تو ان کو چاہیے کہ میرے حکموں کو مانیں

وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ ﴿۱۸۶﴾ اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ

| وَلْيُؤْمِنُوْا | بِيْ | لَعَلَّهُمْ | يَرْشُدُوْنَ | اُحِلَّ | لَكُمْ | لَيْلَةَ | الصِّيَامِ | الرَّفَثُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور ایمان لائیں | ساتھ میرے | تاکہ وہ | بھلائی پائیں | حلال کی گئی | واسطے تمہارے | رات | روزے کی | رغبت کرنا |

اور مجھ پر ایمان لائیں تاکہ نیک رستہ پائیں ﴿۱۸۶﴾ روزوں کی راتوں میں تمہارے لیے اپنی

اِلٰى نِسَآئِكُمْ ط هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ط عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ

| اِلٰى | نِسَآئِكُمْ | هُنَّ | لِبَاسٌ | لَّكُمْ | وَ | اَنْتُمْ | لِبَاسٌ | لَّهُنَّ | عَلِمَ | اللّٰهُ | اَنَّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طرف | بیبیوں اپنی کے | وہ | پردہ ہیں | واسطے تمہارے | اور | تم ہو | پردہ | واسطے ان کے | جان لیا | اللہ نے | یہ کہ تم |

عورتوں کے پاس جانا جائز کر دیا گیا ہے۔ وہ تمہاری پوشاک ہیں اور تم اُن کی پوشاک ہو۔ اللہ کو معلوم ہے کہ

كُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنْكُمْ ج فَالْئٰنَ

| كُنْتُمْ | تَخْتَانُوْنَ | اَنْفُسَكُمْ | فَتَابَ | عَلَيْكُمْ | وَعَفَا | عَنْكُمْ | فَالْئٰنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تھے | خیانت کرتے | جانوں اپنی کو | پس پھر آیا | اوپر تمہارے | اور معاف کیا | تم سے | پس اب |

تم (ان کے پاس جانے سے) اپنے حق میں خیانت کرتے تھے سو اس نے تم پر مہربانی کی اور تمہاری حرکات سے درگزر فرمائی۔ اب

**بَاشِرُوْهُنَّ وَابْتَغُوْا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ ۖ وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى**

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَاشِرُوْهُنَّ | وَابْتَغُوْا | مَا | كَتَبَ | اللّٰهُ | لَكُمْ | وَكُلُوْا | وَ | اشْرَبُوْا | حَتّٰى |
| ملا کرو ان سے | اور تلاش کرو | جو | لکھ دیا ہے | اللہ نے | واسطے تمہارے | اور کھاؤ | اور | پیو | یہاں تک کہ |

(تم کو اختیار ہے کہ) ان سے مباشرت کرو اور اللہ نے جو چیز تمہارے لیے لکھ رکھی ہے (یعنی اولاد) اس کو (اللہ سے) طلب کرو اور کھاؤ اور پیو

**يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ۖ**

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَتَبَيَّنَ | لَكُمُ | الْخَيْطُ | الْاَبْيَضُ | مِنَ | الْخَيْطِ | الْاَسْوَدِ | مِنَ | الْفَجْرِ |
| ظاہر ہو | واسطے تمہارے | تاگا | سفید | سے | تاگے | کالے | سے | فجر |

یہاں تک کہ صبح کی سفید دھاری (رات کی) سیاہ دھاری سے الگ نظر آنے لگے

**ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ ۚ وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَاَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ ۙ فِي**

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | اَتِمُّوا | الصِّيَامَ | اِلَى | الَّيْلِ | وَ | لَا | تُبَاشِرُوْهُنَّ | وَ | اَنْتُمْ | عٰكِفُوْنَ | فِي |
| پھر | پورا کرو | روزہ | تک | رات | اور | مت | ملوان سے | اور | تم | اعتکاف کرنیوالے ہو | بیچ |

پھر روزہ (رکھ کر) رات تک پورا کرو۔ اور جب تم مسجدوں میں اعتکاف بیٹھے ہو تو ان سے

**الْمَسٰجِدِ ؕ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ**

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَسٰجِدِ | تِلْكَ | حُدُوْدُ | اللّٰهِ | فَلَا | تَقْرَبُوْهَا | كَذٰلِكَ | يُبَيِّنُ | اللّٰهُ |
| مسجدوں کے | یہ ہیں | حدیں | اللہ کی | پس مت | نزدیک جاؤ ان کے | اسی طرح | بیان کرتا ہے | اللہ |

مباشرت نہ کرو۔ یہ اللہ کی حدیں ہیں اُن کے پاس نہ جانا۔ اسی طرح اللہ اپنی آیتیں لوگوں کے (سمجھانے کے) لیے کھول

**اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۱۸۷﴾ وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ**

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰيٰتِهٖ | لِلنَّاسِ | لَعَلَّهُمْ | يَتَّقُوْنَ | وَ | لَا | تَاْكُلُوْٓا | اَمْوَالَكُمْ | بَيْنَكُمْ |
| نشانیاں اپنی | واسطے لوگوں کے | تاکہ وہ | بچیں | اور | مت | کھاؤ | مال اپنے | درمیان اپنے |

کھول کر بیان فرماتا ہے تاکہ وہ پرہیزگار بنیں (۱۸۷) اور ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤ

**بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ لِتَاْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ اَمْوَالِ**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْبَاطِلِ | وَتُدْلُوْا بِهَآ | اِلَى | الْحُكَّامِ | لِتَاْكُلُوْا | فَرِيْقًا | مِّنْ | اَمْوَالِ |
| ساتھ ناحق کے | اور مت کھینچ لے جاؤ ان کو | طرف | حاکموں کے | تاکہ کھاؤ | ایک ایک ٹکڑا | سے | مال |

اور نہ اس کو (رشوۃً) حاکموں کے پاس پہنچاؤ تاکہ لوگوں کے مال کا کچھ حصہ ناجائز طور پر

۲۳ ع ۷

اَلنَّاسِ بِالْاِثْمِ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ ع يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ؕ قُلْ هِيَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلنَّاسِ | بِالْاِثْمِ | وَ | اَنْتُمْ | تَعْلَمُوْنَ | يَسْـَٔلُوْنَكَ | عَنِ | الْاَهِلَّةِ | قُلْ | هِيَ |
| لوگوں | ساتھ گناہ کے | اور | تم | جانتے ہو | پوچھتے ہیں تجھ کو | سے | چاندوں | کہہ کہ | وہ |

کھاجاؤ اور (اسے) تم جانتے بھی ہو ﴿۱۸۸﴾ (اے محمد ﷺ) لوگ تم سے نئے چاند کے بارے میں دریافت کرتے ہیں (کہ گھٹتا بڑھتا کیوں ہے) کہہ دو کہ

مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ؕ وَلَيْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَوَاقِيْتُ | لِلنَّاسِ | وَالْحَجِّ | وَ | لَيْسَ | الْبِرُّ | بِاَنْ | تَاْتُوا | الْبُيُوْتَ | مِنْ |
| وقت ہیں | واسطے لوگوں کے | اور حج کے | اور | نہیں | نیکی | بیچ اس کے کہ | آؤ تم | گھروں میں | سے |

وہ لوگوں کے (کاموں کی میعادیں) اور حج کے وقت معلوم ہونے کا ذریعہ ہے۔ اور نیکی اس بات میں نہیں کہ (احرام کی حالت میں) گھروں میں

ظُهُوْرِهَا وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰى ج وَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا ص

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظُهُوْرِهَا | وَ | لٰكِنَّ | الْبِرَّ | مَنِ | اتَّقٰى | وَاْتُوا | الْبُيُوْتَ | مِنْ | اَبْوَابِهَا |
| پچھواڑے انکے | اور | لیکن | نیکی | واسطے اس شخص کے ہے جو | پرہیزگاری کرے | اور آؤ | گھروں میں | سے | دروازوں انکے |

ان کے پچھواڑے کی طرف سے آؤ بلکہ نیکوکار وہ ہے جو پرہیزگار ہو اور گھروں میں ان کے دروازوں سے آیا کرو

وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۸۹﴾ وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاتَّقُوا | اللّٰهَ | لَعَلَّكُمْ | تُفْلِحُوْنَ | وَ | قَاتِلُوْا | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | الَّذِيْنَ |
| اور ڈرو | اللہ سے | تاکہ تم | فلاح پاؤ | اور | لڑو | بیچ | راہ | اللہ کے | جو |

اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ نجات پاؤ ﴿۱۸۹﴾ اور جو لوگ تم سے لڑتے ہیں تم بھی

يُقَاتِلُوْنَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۱۹۰﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُقَاتِلُوْنَكُمْ | وَ | لَا | تَعْتَدُوْا | اِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يُحِبُّ | الْمُعْتَدِيْنَ |
| لڑتے ہیں تم سے | اور | مت | زیادتی کرو | بے شک | اللہ | نہیں | دوست رکھتا | زیادتی کرنیوالوں کو |

اللہ کی راہ میں ان سے لڑو مگر زیادتی نہ کرنا۔ کہ اللہ زیادتی کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا ﴿۱۹۰﴾

وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَاَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ حَيْثُ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَاقْتُلُوْهُمْ | حَيْثُ | ثَقِفْتُمُوْهُمْ | وَاَخْرِجُوْهُمْ | مِّنْ | حَيْثُ |
| اور مار ڈالو تم | جہاں | پاؤ ان کو | اور نکال دو ان کو | سے | جہاں |

اور ان کو جہاں پاؤ قتل کردو اور جہاں سے انہوں نے تم کو نکالا ہے (یعنی مکے سے) وہاں سے تم بھی

اَخۡرَجُوۡكُمۡ وَالۡفِتۡنَةُ اَشَدُّ مِنَ الۡقَتۡلِ ۚ وَلَا تُقٰتِلُوۡهُمۡ عِنۡدَ

| اَخۡرَجُوۡكُمۡ | وَالۡفِتۡنَةُ | اَشَدُّ | مِنَ | الۡقَتۡلِ | وَ | لَا | تُقٰتِلُوۡهُمۡ | عِنۡدَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نکالا تم کو | اور کفر | سخت تر ہے | سے | قتل | اور | مت | لڑو ان سے | نزدیک |

اُن کو نکال دو اور (دین سے گمراہ کرنے کا) فساد قتل وخوں ریزی سے کہیں بڑھ کر ہے۔ اور جب تک وہ تم سے

الۡمَسۡجِدِ الۡحَرَامِ حَتّٰى يُقٰتِلُوۡكُمۡ فِيۡهِ ۚ فَاِنۡ قٰتَلُوۡكُمۡ فَاقۡتُلُوۡهُمۡ ؕ

| الۡمَسۡجِدِ | الۡحَرَامِ | حَتّٰى | يُقٰتِلُوۡكُمۡ | فِيۡهِ | فَاِنۡ | قٰتَلُوۡكُمۡ | فَاقۡتُلُوۡهُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مسجد | حرام کے | یہاں تک کہ | لڑیں وہ تم سے | بیچ اس کے | پس اگر | وہ لڑیں تم سے | پس مارو ان کو |

مسجد محترم (یعنی خانہ کعبہ) کے پاس نہ لڑیں تم بھی وہاں اُن سے نہ لڑنا۔ ہاں اگر وہ تم سے لڑیں تو تم ان کو قتل کر ڈالو۔

كَذٰلِكَ جَزَآءُ الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿۱۹۱﴾ فَاِنِ انۡتَهَوۡا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ

| كَذٰلِكَ | جَزَآءُ | الۡكٰفِرِيۡنَ | فَاِنِ | انۡتَهَوۡا | فَاِنَّ | اللّٰهَ | غَفُوۡرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسی طرح ہے | سزا | کافروں کی | پس اگر | وہ باز رہیں | پس بیشک | اللہ | بخشنے والا |

کافروں کی یہی سزا ہے ﴿۱۹۱﴾ اور اگر وہ باز آجائیں تو اللہ بخشنے والا (اور)

رَّحِيۡمٌ ﴿۱۹۲﴾ وَقٰتِلُوۡهُمۡ حَتّٰى لَا تَكُوۡنَ فِتۡنَةٌ وَّيَكُوۡنَ الدِّيۡنُ لِلّٰهِ ؕ

| رَّحِيۡمٌ | وَ | قٰتِلُوۡهُمۡ | حَتّٰى | لَا | تَكُوۡنَ | فِتۡنَةٌ | وَّيَكُوۡنَ | الدِّيۡنُ | لِلّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مہربان ہے | اور | لڑو ان سے | یہاں تک کہ | نہ | رہے | کفر | اور ہووے | دین | واسطے اللہ کے |

رحم کرنے والا ہے ﴿۱۹۲﴾ اور اُن سے اُس وقت تک لڑتے رہنا کہ فساد نابود ہوجائے اور (ملک میں) اللہ ہی کا دین ہوجائے۔

فَاِنِ انۡتَهَوۡا فَلَا عُدۡوَانَ اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۱۹۳﴾ اَلشَّهۡرُ الۡحَرَامُ

| فَاِنِ | انۡتَهَوۡا | فَلَا | عُدۡوَانَ | اِلَّا | عَلَى | الظّٰلِمِيۡنَ | اَلشَّهۡرُ | الۡحَرَامُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس اگر | باز رہیں | پس نہیں | زیادتی کرنا | مگر | اوپر | ظالموں کے | مہینہ | حرمت والا |

اور اگر وہ (فساد سے) باز آجائیں تو ظالموں کے سوا کسی پر زیادتی نہیں (کرنی چاہیے) ﴿۱۹۳﴾ ادب کا مہینہ

بِالشَّهۡرِ الۡحَرَامِ وَالۡحُرُمٰتُ قِصَاصٌ ؕ فَمَنِ اعۡتَدٰى عَلَيۡكُمۡ

| بِالشَّهۡرِ | الۡحَرَامِ | وَالۡحُرُمٰتُ | قِصَاصٌ | فَمَنِ | اعۡتَدٰى | عَلَيۡكُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بدلے مہینے | حرمت والے کے ہے | اور حرمتوں کا | بدلہ ہے | پس جو کوئی | زیادتی کرے | اوپر تمہارے |

ادب کے مہینے کے مقابل ہے اور ادب کی چیزیں ایک دوسرے کا بدلہ ہیں پس اگر کوئی تم پر زیادتی کرے

فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ۠ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاعْتَدُوْا | عَلَيْهِ | بِمِثْلِ | مَا | اعْتَدٰى | عَلَيْكُمْ | وَاتَّقُوا | اللّٰهَ | وَ | اعْلَمُوْٓا |
| پس زیادتی کرو تم | اوپراس کے | مانند اسکے | کہ جو | زیادتی کی | اوپر تمہارے | اور ڈرو | اللہ سے | اور | جان لو |

تو جیسی زیادتی وہ تم پر کرے ویسی ہی تم اس پر کرو۔ اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ

اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ وَاَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنَّ | اللّٰهَ | مَعَ | الْمُتَّقِيْنَ | وَ | اَنْفِقُوْا | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | وَ | لَا | تُلْقُوْا | بِاَيْدِيْكُمْ |
| یہ کہ | اللہ | ساتھ ہے | پرہیزگاروں کے | اور | خرچ کرو | بیچ | راہ | اللہ کے | اور | مت | ڈالو | ہاتھوں اپنے کو |

اللہ ڈرنے والوں کے ساتھ ہے ﴿۱۹۴﴾ اور اللہ کی راہ میں (مال) خرچ کرو اور اپنے آپ کو ہلاکت

اِلَى التَّهْلُكَةِ ۚۛ وَاَحْسِنُوْا ۚۛ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۹۵﴾ وَاَتِمُّوا ملع

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَى | التَّهْلُكَةِ | وَاَحْسِنُوْا | اِنَّ | اللّٰهَ | يُحِبُّ | الْمُحْسِنِيْنَ | وَ | اَتِمُّوا |
| طرف | ہلاکت کے | اور نیکی کرو | بےشک | اللہ | دوست رکھتا ہے | نیکی کرنے والوں کو | اور | پورا کرو |

میں نہ ڈالو اور نیکی کرو۔ بیشک اللہ نیکی کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے ﴿۱۹۵﴾ اور اللہ (کی

الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ۭ فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْحَجَّ | وَ | الْعُمْرَةَ | لِلّٰهِ | فَاِنْ | اُحْصِرْتُمْ | فَمَا | اسْتَيْسَرَ | مِنَ | الْهَدْيِ |
| حج کو | اور | عمرہ کو | واسطے اللہ کے | پس اگر | گھیرے جاؤ تم | پس جو کچھ | میسر ہو | سے | قربانی |

خوشنودی) کے لیے حج اور عمرے کو پورا کرو۔ اور اگر (رستے میں) روک لیے جاؤ تو جیسی قربانی میسر ہو (کردو)

وَلَا تَحْلِقُوْا رُءُوْسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ ۭ فَمَنْ كَانَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | تَحْلِقُوْا | رُءُوْسَكُمْ | حَتّٰى | يَبْلُغَ | الْهَدْيُ | مَحِلَّهٗ | فَمَنْ | كَانَ |
| اور | مت | منڈواؤ | سروں اپنوں کو | یہاں تک کہ | پہنچے | قربانی | اپنے حلال ہونیکی جگہ | پس جو کوئی | ہو |

اور جب تک قربانی اپنے مقام پر نہ پہنچ جائے سر نہ منڈاؤ۔ اور اگر کوئی تم

مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ بِهٖٓ اَذًى مِّنْ رَّاْسِهٖ فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْكُمْ | مَّرِيْضًا | اَوْ | بِهٖٓ | اَذًى | مِّنْ | رَّاْسِهٖ | فَفِدْيَةٌ | مِّنْ | صِيَامٍ |
| تم میں سے | مریض | یا | اس کو | ایذا ہو | سے | سر اس کے | پس بدلہ ہے | سے | روزوں |

میں بیمار ہو یا اُس کے سر میں کسی طرح کی تکلیف ہو تو اگر وہ سر منڈا لے تو اُس کے بدلے روزے رکھے

اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ ۗ وقفة فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْ | صَدَقَةٍ | اَوْ | نُسُكٍ | فَاِذَآ | اَمِنْتُمْ | فَمَنْ | تَمَتَّعَ | بِالْعُمْرَةِ | اِلَى | الْحَجِّ |
| یا | خیرات سے | یا | ذبح سے | پس جب | امن میں ہو تم | پس جو کوئی | فائدہ اٹھائے | عمرہ سے | ساتھ | حج کے |

یا صدقہ دے یا قربانی کرے۔ پھر جب (تکلیف دور ہوکر) تم مطمئن ہوجاؤ۔ تو جو (تم میں) حج کے وقت تک عمرے سے فائدہ اُٹھانا چاہے

فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ فِي

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَا | اسْتَيْسَرَ | مِنَ | الْهَدْيِ | فَمَنْ | لَّمْ | يَجِدْ | فَصِيَامُ | ثَلٰثَةِ | اَيَّامٍ | فِي |
| پس جو کچھ | میسر ہو | سے | قربانی | پس جو کوئی | نہ | پائے | پس روزے ہیں | تین | دن کے | بیچ |

وہ جیسی قربانی میسر ہو کرے اور جس کو (قربانی) نہ ملے وہ تین روزے ایام حج میں رکھے

الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ اِذَا رَجَعْتُمْ ۗ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ۗ ذٰلِكَ لِمَنْ لَّمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْحَجِّ | وَ | سَبْعَةٍ | اِذَا | رَجَعْتُمْ | تِلْكَ | عَشَرَةٌ | كَامِلَةٌ | ذٰلِكَ | لِمَنْ | لَّمْ |
| حج کے | اور | سات روزے | جب | لوٹ جاؤ تم | یہ | دس ہوئے | پورے | یہ | واسطے اسکے ہے کہ | نہ |

اور سات جب واپس ہو۔ یہ پورے دس ہوئے۔ یہ حکم اُس شخص کے لیے

يَكُنْ اَهْلُهٗ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَكُنْ | اَهْلُهٗ | حَاضِرِي | الْمَسْجِدِ | الْحَرَامِ | وَ | اتَّقُوا | اللّٰهَ | وَ | اعْلَمُوْٓا | اَنَّ |
| ہوں | اہل اس کے | رہنے والے | مسجد | حرام کے | اور | ڈرو | اللہ سے | اور | جانو | بیشک |

ہے جس کے اہل وعیال مکے میں نہ رہتے ہوں اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ اللہ

اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۱۹۶﴾ اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ ۚ فَمَنْ فَرَضَ ع ۲۴ ۸ ۸

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | شَدِيْدُ | الْعِقَابِ | اَلْحَجُّ | اَشْهُرٌ | مَّعْلُوْمٰتٌ | فَمَنْ | فَرَضَ |
| اللہ | سخت | عذاب والا ہے | حج کے | مہینے | معلوم ہیں | پس جو کوئی | مقرر کرے |

سخت عذاب دینے والا ہے (۱۹۶) حج کے مہینے (معین ہیں جو) معلوم ہیں تو جو شخص ان مہینوں میں

فِيْهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ ۙ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ ۗ وَمَا

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهِنَّ | الْحَجَّ | فَلَا | رَفَثَ | وَ | لَا | فُسُوْقَ | وَ | لَا | جِدَالَ | فِي | الْحَجِّ | وَ | مَا |
| بیچ ان کے | حج | پس نہ | رغبت کرنا | اور | نہ | گناہ کرنا | اور | نہ | جھگڑنا | بیچ | حج کے | اور | جو |

حج کی نیت کرلے تو حج (کے دنوں) میں نہ عورتوں سے اختلاط کرے نہ کوئی بُرا کام کرے اور نہ کسی سے جھگڑے۔ اور جو

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

تَفۡعَلُوۡا مِنۡ خَيۡرٍ يَّعۡلَمۡهُ اللّٰهُ ؕ وَتَزَوَّدُوۡا فَاِنَّ خَيۡرَ الزَّادِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَفۡعَلُوۡا | مِنۡ | خَيۡرٍ | يَّعۡلَمۡهُ | اللّٰهُ | وَتَزَوَّدُوۡا | فَاِنَّ | خَيۡرَ الزَّادِ |
| کروگے تم | سے | بھلائی | جانتا ہے اس کو | اللہ | اور خرچ راہ لیا کرو | پس بیشک | بہتر فائدہ زادِ راہ کا |

نیک کام تم کروگے وہ اللہ کو معلوم ہوجائے گا۔ اور زادِراہ (یعنی رستے کا خرچ) ساتھ لے جاؤ کیونکہ بہتر (فائدہ)

التَّقۡوٰى وَاتَّقُوۡنِ يٰۤاُولِى الۡاَلۡبَابِ ﴿۱۹۷﴾ لَيۡسَ عَلَيۡكُمۡ جُنَاحٌ اَنۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| التَّقۡوٰى | وَ | اتَّقُوۡنِ | يٰۤاُولِى | الۡاَلۡبَابِ | لَيۡسَ | عَلَيۡكُمۡ | جُنَاحٌ | اَنۡ |
| بچنا ہے | اور | ڈرو مجھ سے | اے صاحبو | عقل کے | نہیں | اوپر تمہارے | گناہ | یہ کہ |

زادِراہ (کا) پرہیزگاری ہے اور اے اہلِ عقل مجھ سے ڈرتے رہو ﴿۱۹۷﴾ اس کا تمہیں کچھ گناہ نہیں کہ

تَبۡتَغُوۡا فَضۡلًا مِّنۡ رَّبِّكُمۡ ؕ فَاِذَآ اَفَضۡتُمۡ مِّنۡ عَرَفٰتٍ فَاذۡكُرُوا اللّٰهَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَبۡتَغُوۡا | فَضۡلًا | مِّنۡ رَّبِّكُمۡ | فَاِذَآ | اَفَضۡتُمۡ | مِّنۡ | عَرَفٰتٍ | فَاذۡكُرُوا | اللّٰهَ |
| ڈھونڈو | فضل | پروردگار اپنے سے | پس جب | پھرو تم | سے | عرفات | پس یاد کرو | اللہ کو |

(حج کے دنوں میں بذریعۂ تجارت) اپنے پروردگار سے روزی طلب کرو اور جب عرفات سے واپس ہونے لگو

عِنۡدَ الۡمَشۡعَرِ الۡحَرَامِ ۖ وَاذۡكُرُوۡهُ كَمَا هَدٰٮكُمۡ ۚ وَاِنۡ كُنۡتُمۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِنۡدَ | الۡمَشۡعَرِ | الۡحَرَامِ | وَ | اذۡكُرُوۡهُ | كَمَا | هَدٰٮكُمۡ | وَ | اِنۡ | كُنۡتُمۡ |
| نزدیک | مشعر | حرام کے | اور | یاد کرو اس کو | جیسا کہ | ہدایت کیا تم کو | اور | تحقیق | تھے تم |

تو مشعرِ حرام (یعنی مزدلفہ) میں اللہ کا ذکر کرو اور اس طرح ذکر کرو جس طرح اس نے تم کو سکھایا اور اس سے پیشتر تم لوگ

مِّنۡ قَبۡلِهٖ لَمِنَ الضَّآلِّيۡنَ ﴿۱۹۸﴾ ثُمَّ اَفِيۡضُوۡا مِنۡ حَيۡثُ اَفَاضَ النَّاسُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنۡ قَبۡلِهٖ | لَمِنَ | الضَّآلِّيۡنَ | ثُمَّ | اَفِيۡضُوۡا | مِنۡ | حَيۡثُ | اَفَاضَ | النَّاسُ |
| اس سے پہلے | البتہ | گمراہوں سے | پھر | پھرو | سے | جہاں | پھرتے ہیں | لوگ |

(ان طریقوں سے محض) ناواقف تھے ﴿۱۹۸﴾ پھر جہاں سے اور لوگ واپس ہوں وہیں سے تم بھی واپس ہو

وَاسۡتَغۡفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۱۹۹﴾ فَاِذَا قَضَيۡتُمۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اسۡتَغۡفِرُوا | اللّٰهَ | اِنَّ | اللّٰهَ | غَفُوۡرٌ | رَّحِيۡمٌ | فَاِذَا | قَضَيۡتُمۡ |
| اور | بخشش مانگو | اللہ سے | بیشک | اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے | پس جب | کر چکو تم |

اور اللہ سے بخشش مانگو۔ بیشک اللہ بخشنے والا (اور) رحمت کرنے والا ہے ﴿۱۹۹﴾ پھر جب حج کے تمام

مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ اٰبَآءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا ؕ فَمِنَ النَّاسِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّنَاسِكَكُمْ | فَاذْكُرُوا | اللّٰهَ | كَذِكْرِكُمْ | اٰبَآءَكُمْ | اَوْ | اَشَدَّ | ذِكْرًا | فَمِنَ النَّاسِ |
| عبادتیں اپنی | پس یاد کرو | اللہ کو | جیسا کہ یاد کرتے تھے تم | اپنے باپوں کو | یا | زیادہ تر | یاد کرنا | پس بعضے لوگوں میں سے وہ شخص ہے کہ |

ارکان پورے کر چکو تو (منیٰ میں) اللہ کو یاد کرو جس طرح اپنے باپ دادا کو یاد کیا کرتے تھے بلکہ اس سے بھی زیادہ۔ اور بعض لوگ ایسے ہیں

مَنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا وَ مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنْ | يَّقُوْلُ | رَبَّنَآ | اٰتِنَا | فِي | الدُّنْيَا | وَ | مَا | لَهٗ | فِي | الْاٰخِرَةِ | مِنْ |
| جو | کہتا ہے | اے رب ہمارے | دے ہم کو | بیچ | دنیا کے | اور | نہیں ہے | واسطے اسکے | بیچ | آخرت کے | کچھ |

جو (اللہ سے) التجا کرتے ہیں کہ اے پروردگار ہم کو (جو دینا ہے) دنیا ہی میں عنایت کر ایسے لوگوں کا آخرت میں

خَلَاقٍ ﴿۲۰۰﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَلَاقٍ | وَ | مِنْهُمْ | مَّنْ | يَّقُوْلُ | رَبَّنَآ | اٰتِنَا | فِي | الدُّنْيَا | حَسَنَةً | وَّ | فِي |
| حصہ | اور | بعضے ان میں سے | وہ شخص ہے جو | کہتا ہے | اے رب ہمارے | دے ہم کو | بیچ | دنیا کے | نیکی | اور | بیچ |

کچھ حصہ نہیں (۲۰۰) اور بعضے ایسے ہیں کہ دعا کرتے ہیں کہ پروردگار ہم کو دنیا میں بھی نعمت عطا فرما اور آخرت

الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۲۰۱﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّمَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاٰخِرَةِ | حَسَنَةً | وَّ | قِنَا | عَذَابَ | النَّارِ | اُولٰٓئِكَ | لَهُمْ | نَصِيْبٌ | مِّمَّا |
| آخرت کے | نیکی | اور | بچا ہم کو | عذاب | آگ سے | یہ لوگ | واسطے ان کے | حصہ ہے | اس چیز سے جو |

میں بھی نعمت بخشیو اور دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھیو (۲۰۱) یہی لوگ ہیں جن کے لیے ان کے کاموں کا حصہ

النصف

كَسَبُوْا ؕ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۲۰۲﴾ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْٓ اَيَّامٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَسَبُوْا | وَ | اللّٰهُ | سَرِيْعُ | الْحِسَابِ | وَاذْكُرُوا | اللّٰهَ | فِيْٓ | اَيَّامٍ |
| کمایا انہوں نے | اور | اللہ | جلد لینے والا ہے | حساب کا | اور یاد کرو | اللہ کو | بیچ | دنوں |

(یعنی اجر نیک تیار) ہے اور اللہ جلد حساب لینے والا (اور جلد اجر دینے والا) ہے (۲۰۲) اور (قیام منیٰ کے) دنوں میں (جو) گنتی کے

مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۚ وَمَنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّعْدُوْدٰتٍ | فَمَنْ | تَعَجَّلَ | فِيْ | يَوْمَيْنِ | فَلَآ | اِثْمَ | عَلَيْهِ | وَ | مَنْ |
| گنے ہوئے کے | پس جو کوئی | جلدی کرے | بیچ | دو دن کے | پس نہیں | گناہ | اوپر اس کے | اور | جو کوئی |

(دن ہیں) اللہ کو یاد کرو۔ اگر کوئی جلدی کرے (اور) دو ہی دن میں (چل دے) تو اس پر بھی کچھ گناہ نہیں اور جو

تَاَخَّرَ فَلَآ اِثْمَ عَلَیْهِ ۙ لِمَنِ اتَّقٰی ؕ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ وَ اعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ اِلَیْهِ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَاَخَّرَ | فَلَآ | اِثْمَ | عَلَیْهِ | لِمَنِ | اتَّقٰی | وَ | اتَّقُوا | اللّٰهَ | وَ | اعْلَمُوْٓا | اَنَّكُمْ | اِلَیْهِ |
| پیچھے رہے | پس نہیں | گناہ | اوپراس کے | واسطے اسکے جو | پرہیزگاری کرے | اور | ڈرو | اللہ سے | اور | جانو | یہ کہ تم | طرف اسی کے |

بعد تک ٹھہرا رہے اُس پر بھی کچھ گناہ نہیں۔ یہ باتیں اُس شخص کے لیے ہیں جو (اللہ سے) ڈرے۔ اور تم لوگ اللہ سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ تم

تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۰۳﴾ وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ یُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُحْشَرُوْنَ | وَ | مِنَ النَّاسِ | مَنْ | یُّعْجِبُكَ | قَوْلُهٗ | فِی | الْحَیٰوةِ | الدُّنْیَا |
| اکٹھے کیے جاؤ گے | اور | بعض لوگوں میں سے | وہ شخص ہے کہ | خوش لگتی ہے تجھ کو | بات اس کی | بیچ | زندگانی | دنیا کے |

سب اس کے پاس جمع کیے جاؤ گے ﴿۲۰۳﴾ اور کوئی شخص تو ایسا ہے جس کی گفتگو دنیا کی زندگی میں تم کو دلکش معلوم ہوتی ہے

وَ یُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰی مَا فِیْ قَلْبِهٖ ۙ وَ هُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ ﴿۲۰۴﴾ وَ اِذَا تَوَلّٰی

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | یُشْهِدُ | اللّٰهَ | عَلٰی | مَا | فِیْ قَلْبِهٖ | وَ | هُوَ | اَلَدُّ الْخِصَامِ | وَ | اِذَا | تَوَلّٰی |
| اور | گواہ کرتا ہے | اللہ کو | اوپر | اس چیز کے کہ | اسکے دل میں ہے | اور | وہ | بہت جھگڑالو ہے | اور | جب | حاکم ہوتا ہے |

اور وہ اپنے مافی الضمیر پر اللہ کو گواہ بناتا ہے حالانکہ وہ سخت جھگڑالو ہے ﴿۲۰۴﴾ اور جب پیٹھ پھیر کر

سَعٰی فِی الْاَرْضِ لِیُفْسِدَ فِیْهَا وَ یُهْلِكَ الْحَرْثَ وَ النَّسْلَ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَعٰی | فِی | الْاَرْضِ | لِیُفْسِدَ | فِیْهَا | وَیُهْلِكَ | الْحَرْثَ | وَ | النَّسْلَ |
| کوشش کرتا ہے | بیچ | زمین کے | تا کہ فساد کرے | بیچ اس کے | اور ہلاک کرے | کھیتی کو | اور | جانوروں کو |

چلا جاتا ہے تو زمین میں دوڑتا پھرتا ہے تاکہ اُس میں فتنہ انگیزی کرے اور کھیتی کو (برباد) اور (انسانوں اور حیوانوں کی) نسل کو نابود کردے۔

وَ اللّٰهُ لَا یُحِبُّ الْفَسَادَ ﴿۲۰۵﴾ وَ اِذَا قِیْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اللّٰهُ | لَا | یُحِبُّ | الْفَسَادَ | وَاِذَا | قِیْلَ | لَهُ | اتَّقِ | اللّٰهَ | اَخَذَتْهُ | الْعِزَّةُ |
| اور | اللہ | نہیں | دوست رکھتا | فساد کرنا | اور جب | کہا جاتا ہے | اس کو | ڈر | اللہ سے | پکڑتی ہے اس کو | عزت |

اور اللہ فتنہ انگیزی کو پسند نہیں کرتا ﴿۲۰۵﴾ اور جب اس سے کہا جاتا ہے کہ اللہ سے خوف کر تو غرور اس کو گناہ

بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ؕ وَ لَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۲۰۶﴾ وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْاِثْمِ | فَحَسْبُهٗ | جَهَنَّمُ | وَلَبِئْسَ | الْمِهَادُ | وَ | مِنَ النَّاسِ | مَنْ |
| ساتھ گناہ کے | پس کافی ہے اس کو | دوزخ | اور البتہ برا ہے | بچھونا | اور | بعضے لوگوں میں سے | وہ ہے جو |

میں پھنسا دیتا ہے سو ایسے کو جہنم سزاوار ہے۔ اور وہ بہت بُرا ٹھکانا ہے ﴿۲۰۶﴾ اور کوئی شخص ایسا ہے کہ اللہ کی

يَشۡرِيۡ نَفۡسَهُ ابۡتِغَآءَ مَرۡضَاتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ رَءُوۡفٌۢ بِالۡعِبَادِ ﴿۲۰۷﴾

| يَشۡرِيۡ | نَفۡسَهُ | ابۡتِغَآءَ | مَرۡضَاتِ | اللّٰهِ | وَ | اللّٰهُ | رَءُوۡفٌ | بِالۡعِبَادِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیچتا ہے | جان اپنی کو | چاہنے | رضامندی | اللہ کے | اور | اللہ | شفقت کرنیوالا ہے | ساتھ بندوں کے |

خوشنودی حاصل کرنے کے لیے اپنی جان بیچ ڈالتا ہے اور اللہ بندوں پر بہت مہربان ہے ﴿۲۰۷﴾

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا ادۡخُلُوۡا فِى السِّلۡمِ كَآفَّةً ۖ وَلَا تَتَّبِعُوۡا خُطُوٰتِ

| يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيۡنَ | اٰمَنُوۡا | ادۡخُلُوۡا | فِي | السِّلۡمِ | كَآفَّةً | وَ | لَا | تَتَّبِعُوۡا | خُطُوٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | داخل ہو | بیچ | اسلام کے | سارے | اور | مت | پیروی کرو | قدموں |

مومنو! اسلام میں پورے پورے داخل ہو جاؤ اور شیطان کے

الشَّيۡطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمۡ عَدُوٌّ مُّبِيۡنٌ ﴿۲۰۸﴾ فَاِنۡ زَلَلۡتُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ مَا

| الشَّيۡطٰنِ | اِنَّهٗ | لَكُمۡ | عَدُوٌّ | مُّبِيۡنٌ | فَاِنۡ | زَلَلۡتُمۡ | مِّنۡۢ بَعۡدِ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شیطان کی | بیشک وہ | واسطے تمہارے | دشمن ہے | ظاہر | پس اگر | ڈگ جاؤ تم | پیچھے | اسکے کہ |

پیچھے نہ چلو۔ وہ تو تمہارا صریح دشمن ہے ﴿۲۰۸﴾ پھر اگر تم احکام روشن پہنچ جانے کے

جَآءَتۡكُمُ الۡبَيِّنٰتُ فَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ عَزِيۡزٌ حَكِيۡمٌ ﴿۲۰۹﴾ هَلۡ يَنۡظُرُوۡنَ

| جَآءَتۡكُمُ | الۡبَيِّنٰتُ | فَاعۡلَمُوۡۤا | اَنَّ | اللّٰهَ | عَزِيۡزٌ | حَكِيۡمٌ | هَلۡ | يَنۡظُرُوۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آویں تمہارے پاس | دلیلیں | پس جان لو | یہ کہ | اللہ | غالب ہے | حکمت والا ہے | نہیں | انتظار کرتے |

بعد لڑکھڑا جاؤ تو جان رکھو کہ اللہ غالب (اور) حکمت والا ہے ﴿۲۰۹﴾ کیا یہ لوگ اسی بات کے منتظر ہیں

اِلَّاۤ اَنۡ يَّاۡتِيَهُمُ اللّٰهُ فِىۡ ظُلَلٍ مِّنَ الۡغَمَامِ وَالۡمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِىَ

| اِلَّاۤ | اَنۡ | يَّاۡتِيَهُمُ | اللّٰهُ | فِيۡ | ظُلَلٍ | مِّنَ | الۡغَمَامِ | وَ | الۡمَلٰٓئِكَةُ | وَ | قُضِيَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | یہ کہ | آئے ان کے پاس | اللہ | بیچ | سایوں کے | سے | بادلوں | اور | فرشتے | اور | تمام کیا جائے |

کہ ان پر اللہ (کا عذاب) بادل کے سائبانوں میں آنازل ہو اور فرشتے بھی (اُتر آئیں) اور کام تمام کردیا

الۡاَمۡرُ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرۡجَعُ الۡاُمُوۡرُ ﴿۲۱۰﴾ ع سَلۡ بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ كَمۡ ع ۲۵ ۱۴ ۹

| الۡاَمۡرُ | وَاِلَى | اللّٰهِ | تُرۡجَعُ | الۡاُمُوۡرُ | سَلۡ | بَنِيۡۤ | اِسۡرَآءِيۡلَ | كَمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کام | اور طرف | اللہ کے | پھیرے جاتے ہیں | سب کام | سوال کر | بنی | اسرائیل سے | کتنی |

جائے۔ اور سب کاموں کا رجوع اللہ ہی کی طرف ہے ﴿۲۱۰﴾ (اے محمد ﷺ) بنی اسرائیل سے پوچھو کہ ہم

اٰتَیْنٰهُمْ مِّنْ اٰیَةٍۭ بَیِّنَةٍ ؕ وَمَنْ یُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ

| اٰتَیْنٰهُمْ | مِّنْ اٰیَةٍ | بَیِّنَةٍ | وَ | مَنْ | یُّبَدِّلْ | نِعْمَةَ | اللّٰهِ | مِنْۢ بَعْدِ | مَا | جَآءَتْهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیں ہم نے انکو | نشانیاں | ظاہر | اور | جوکوئی | بدل ڈالے | نعمت | اللہ کی | پیچھے اس کے | کہ | آئی اسکے پاس |

نے اُن کو کتنی کھلی نشانیاں دیں اور جو شخص اللہ کی نعمت کو اپنے پاس آنے کے بعد بدل دے

فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۱۱﴾ زُیِّنَ لِلَّذِیْنَ كَفَرُوا الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا

| فَاِنَّ | اللّٰهَ | شَدِیْدُ | الْعِقَابِ | زُیِّنَ | لِلَّذِیْنَ | كَفَرُوْا | الْحَیٰوةُ | الدُّنْیَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس بیشک | اللہ | سخت | عذاب والا ہے | زینت دی گئی | واسطے ان لوگوں کے کہ | کافر ہوئے | زندگانی | دنیا کی |

تو اللہ سخت عذاب کرنے والا ہے ﴿۲۱۱﴾ جو کافر ہیں ان کے لیے دنیا کی زندگی خوشنما کر دی گئی ہے

وقف لازم

وَیَسْخَرُوْنَ مِنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ۘ وَالَّذِیْنَ اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ یَوْمَ

| وَ | یَسْخَرُوْنَ | مِنَ | الَّذِیْنَ | اٰمَنُوْا | وَالَّذِیْنَ | اتَّقَوْا | فَوْقَهُمْ | یَوْمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ٹھٹھا کرتے ہیں | سے | ان لوگوں جو | ایمان لائے | اور جو لوگ کہ | پرہیزگار ہیں | اوپر ان کے ہیں | دن |

اور وہ مومنوں سے تمسخر کرتے ہیں۔ لیکن جو پرہیزگار ہیں وہ قیامت کے دن اُن پر

الْقِیٰمَةِ ؕ وَاللّٰهُ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ﴿۲۱۲﴾ كَانَ النَّاسُ

| الْقِیٰمَةِ | وَ | اللّٰهُ | یَرْزُقُ | مَنْ | یَّشَآءُ | بِغَیْرِ | حِسَابٍ | كَانَ | النَّاسُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قیامت کے | اور | اللہ | رزق دیتا ہے | جس کو | چاہتا ہے | بے | شمار | تھے | لوگ |

غالب ہوں گے۔ اور اللہ جس کو چاہتا ہے بے شمار رزق دیتا ہے ﴿۲۱۲﴾ (پہلے تو سب) لوگوں

اُمَّةً وَّاحِدَةً ۫ قف فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِیّٖنَ مُبَشِّرِیْنَ وَمُنْذِرِیْنَ ۨ ص

| اُمَّةً | وَّاحِدَةً | فَبَعَثَ | اللّٰهُ | النَّبِیّٖنَ | مُبَشِّرِیْنَ | وَ | مُنْذِرِیْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| امت | ایک | پس بھیجا | اللہ نے | پیغمبروں کو | خوش خبری دینے والے | اور | ڈرانے والے |

کا ایک ہی مذہب تھا (لیکن وہ آپس میں اختلاف کرنے لگے) تو اللہ نے (اُن کی طرف) بشارت دینے والے اور ڈر سنانے والے پیغمبر بھیجے

وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِیَحْكُمَ بَیْنَ النَّاسِ فِیْمَا اخْتَلَفُوْا

| وَ | اَنْزَلَ | مَعَهُمُ | الْكِتٰبَ | بِالْحَقِّ | لِیَحْكُمَ | بَیْنَ | النَّاسِ | فِیْمَا | اخْتَلَفُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اتاری | ساتھ ان کے | کتاب | ساتھ حق کے | تا کہ حکم کریں | درمیان | لوگوں کے | بیچ اس چیز کے کہ | اختلاف کرتے ہیں |

اور اُن پر سچائی کے ساتھ کتابیں نازل کیں تا کہ جن امور میں لوگ اختلاف کرتے تھے

## فِيْهِ ط وَمَا اخْتَلَفَ فِيْهِ اِلَّا الَّذِيْنَ اُوْتُوْهُ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهِ | وَمَا | اخْتَلَفَ | فِيْهِ | اِلَّا | الَّذِيْنَ | اُوْتُوْهُ | مِنْۢ بَعْدِ | مَا | جَآءَتْهُمُ |
| بیچ اس کے | اور نہیں | اختلاف کیا | بیچ اس کے | مگر | ان لوگوں نے جو | دیئے گئے تھے | پیچھے | اسکے جو | آئیں انکے پاس |

ان کا ان میں فیصلہ کردے۔ اور اس میں اختلاف بھی انہیں لوگوں نے کیا جن کو کتاب دی گئی تھی باوجودیکہ ان کے

## الْبَيِّنٰتُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ج فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْبَيِّنٰتُ | بَغْيًۢا | بَيْنَهُمْ | فَهَدَى | اللّٰهُ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لِمَا | اخْتَلَفُوْا | فِيْهِ |
| دلیلیں | سرکشی سے | درمیان اپنے | پس ہدایت دی | اللہ نے | ان لوگوں کو جو | ایمان لائے | واسطے اس چیز کے کہ | اختلاف کیا انہوں نے | بیچ اسکے |

پاس کھلے ہوئے احکام آچکے تھے (اور یہ اختلاف انہوں نے صرف) آپس کی ضد سے (کیا) تو جس امر حق میں وہ اختلاف کرتے تھے

## مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِهٖ ط وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ | الْحَقِّ | بِاِذْنِهٖ | وَ | اللّٰهُ | يَهْدِيْ | مَنْ | يَّشَآءُ | اِلٰى | صِرَاطٍ |
| سے | حق | ساتھ حکم اپنے کے | اور | اللہ | ہدایت دیتا ہے | جس کو | چاہے | طرف | راہ |

اللہ نے اپنی مہربانی سے مومنوں کو اس کی راہ دکھا دی اور اللہ جس کو چاہتا ہے سیدھا

## مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۲۱۳﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّسْتَقِيْمٍ | اَمْ | حَسِبْتُمْ | اَنْ | تَدْخُلُوا | الْجَنَّةَ | وَ | لَمَّا | يَاْتِكُمْ | مَّثَلُ |
| سیدھی کے | کیا | گمان کیا تم نے | یہ کہ | تم داخل ہو | بہشت میں | اور | ابھی نہیں | آئی تم کو | حالت |

رستہ دکھا دیتا ہے (۲۱۳) کیا تم یہ خیال کرتے ہو کہ (یوں ہی) بہشت میں داخل ہو جاؤ گے اور ابھی تم کو پہلے

## الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ ط مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | خَلَوْا | مِنْ قَبْلِكُمْ | مَسَّتْهُمُ | الْبَاْسَآءُ | وَ | الضَّرَّآءُ | وَ | زُلْزِلُوْا |
| ان لوگوں کی جو | گزرے | پہلے تم سے | لگی ان کو | فقیری | اور | بیماری | اور | ہلائے گئے |

لوگوں کی سی (مشکلیں) تو پیش آئی ہی نہیں۔ اُن کو (بڑی بڑی) سختیاں اور تکلیفیں پہنچیں اور وہ (صعوبتوں میں) ہلا ہلا دیے گئے

## حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ ط اَلَآ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَتّٰى | يَقُوْلَ | الرَّسُوْلُ | وَالَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | مَعَهٗ | مَتٰى | نَصْرُ | اللّٰهِ | اَلَآ |
| یہاں تک کہ | کہا | پیغمبر نے | اور جو لوگ | ایمان لائے | ساتھ اس کے | کب ہوگی | مدد | اللہ کی | خبردار ہو |

یہاں تک کہ پیغمبر اور مومن لوگ جو ان کے ساتھ تھے سب پکار اُٹھے کہ کب اللہ کی مدد آئے گی۔ دیکھو اللہ کی مدد

اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ﴿۲۱۴﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ۬ قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | نَصْرَ | اللّٰهِ | قَرِيْبٌ | يَسْـَٔلُوْنَكَ | مَاذَا | يُنْفِقُوْنَ | قُلْ | مَآ | اَنْفَقْتُمْ |
| بیشک | مدد | اللہ کی | قریب ہے | سوال کرتے ہیں تجھ کو | کیا | خرچ کریں | کہہ | جو کچھ | خرچ کرو تم |

(عن) قریب (آیا چاہتی) ہے ﴿۲۱۴﴾ (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) لوگ تم سے پوچھتے ہیں کہ (اللہ کی راہ میں) کس طرح کا مال خرچ کریں۔ کہہ دو کہ

مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَ الْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَ الْمَسٰكِيْنِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ | خَيْرٍ | فَلِلْوَالِدَيْنِ | وَ | الْاَقْرَبِيْنَ | وَالْيَتٰمٰى | وَ | الْمَسٰكِيْنِ |
| سے | مال | پس واسطے ماں باپ کے | اور | قرابت والوں کے | اور یتیموں کے | اور | فقیروں کے |

(جو چاہو خرچ کرو لیکن) جو مال خرچ کرنا چاہو وہ (درجہ بدرجہ اہلِ استحقاق یعنی) ماں باپ کو اور قریب کے رشتہ داروں کو اور یتیموں کو اور محتاجوں کو

وَابْنِ السَّبِيْلِ ۭ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۲۱۵﴾ كُتِبَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَابْنِ السَّبِيْلِ | وَ | مَا | تَفْعَلُوْا | مِنْ | خَيْرٍ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | بِهٖ | عَلِيْمٌ | كُتِبَ |
| اور مسافروں کے | اور | جو کچھ | کرو گے تم | سے | بھلائی | پس بیشک | اللہ | ساتھ اسکے | جاننے والا ہے | لکھا گیا |

اور مسافروں کو (سب کو دو) اور جو بھلائی تم کرو گے اللہ اُس کو جانتا ہے ﴿۲۱۵﴾ (مسلمانو)

عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْكُمُ | الْقِتَالُ | وَ | هُوَ | كُرْهٌ | لَّكُمْ | وَعَسٰى | اَنْ | تَكْرَهُوْا | شَيْـًٔا | وَّ | هُوَ |
| اوپر تمہارے | لڑنا | اور | وہ | مکروہ ہے | واسطے تمہارے | اور شاید | یہ کہ | مکروہ سمجھو تم | ایک چیز کو | اور | وہ |

تم پر (اللہ کے رستے میں) لڑنا فرض کر دیا گیا ہے وہ تمہیں ناگوار تو ہوگا مگر عجب نہیں کہ ایک چیز تم کو بُری لگے اور وہ

خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَيْرٌ | لَّكُمْ | وَ | عَسٰى | اَنْ | تُحِبُّوْا | شَيْـًٔا | وَّ | هُوَ | شَرٌّ | لَّكُمْ | وَ | اللّٰهُ | يَعْلَمُ |
| بہتر ہو | واسطے تمہارے | اور | شاید | یہ کہ | دوست رکھو تم | ایک چیز کو | اور | وہ | بری ہو | واسطے تمہارے | اور | اللہ | جانتا ہے |

تمہارے حق میں بھلی ہو۔ اور عجب نہیں کہ ایک چیز تم کو بھلی لگے اور وہ تمہارے لیے مضر ہو اور (ان باتوں کو) اللہ ہی بہتر جانتا ہے

ع ۲۶ ۱۰ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۱۶﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ ۭ قُلْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَنْتُمْ | لَا | تَعْلَمُوْنَ | يَسْـَٔلُوْنَكَ | عَنِ | الشَّهْرِ | الْحَرَامِ | قِتَالٍ | فِيْهِ | قُلْ |
| اور | تم | نہیں | جانتے | سوال کرتے ہیں تجھ کو | سے | مہینے | حرمت والے | لڑنا | بیچ اس کے | کہہ |

اور تم نہیں جانتے ﴿۲۱۶﴾ (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) لوگ تم سے عزت والے مہینوں میں لڑائی کرنے کے بارے میں دریافت کرتے ہیں۔ کہہ دو

قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ؕ وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَكُفْرٌۢ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ

| قِتَالٌ | فِيْهِ | كَبِيْرٌ | وَ | صَدٌّ | عَنْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | وَ | كُفْرٌ | بِهٖ | وَالْمَسْجِدِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لڑنا | بیچ اس کے | بڑا گناہ ہے | اور | بند کرنا | سے | راہ | اللہ کی | اور | کفر کرنا | ساتھ اسکے | اور بند کرنا مسجد |

کہ ان میں لڑنا بڑا (گناہ) ہے۔اور اللہ کی راہ سے روکنا اور اس سے کفر کرنا اور مسجد حرام (یعنی خانہ کعبہ میں جانے) سے (بند کرنا)

الْحَرَامِ ۗ وَاِخْرَاجُ اَهْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ مِنَ

| الْحَرَامِ | وَ | اِخْرَاجُ | اَهْلِهٖ | مِنْهُ | اَكْبَرُ | عِنْدَ | اللّٰهِ | وَ | الْفِتْنَةُ | اَكْبَرُ | مِنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حرام سے | اور | نکال دینا | اسکے لوگوں کا | اس سے | بہت بڑا گناہ ہے | نزدیک | اللہ کے | اور | کفر | بہت بڑا گناہ ہے | سے |

اور اہلِ مسجد کو اس میں سے نکال دینا (جو یہ کفار کرتے ہیں) اللہ کے نزدیک اس سے بھی زیادہ (گناہ) ہے۔ اور فتنہ انگیزی

الْقَتْلِ ؕ وَلَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ

| الْقَتْلِ | وَ | لَا | يَزَالُوْنَ | يُقَاتِلُوْنَكُمْ | حَتّٰى | يَرُدُّوْكُمْ | عَنْ | دِيْنِكُمْ | اِنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قتل | اور | نہ | ٹلیں گے | لڑتے ہی رہیں گے تم سے | یہاں تک کہ | پھیر دیویں تم کو | سے | دین تمہارے | اگر |

خوں ریزی سے بھی بڑھ کر ہے۔ اور یہ لوگ ہمیشہ تم سے لڑتے رہیں گے یہاں تک کہ اگر

اسْتَطَاعُوْا ؕ وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ

| اسْتَطَاعُوْا | وَ | مَنْ | يَّرْتَدِدْ | مِنْكُمْ | عَنْ | دِيْنِهٖ | فَيَمُتْ | وَ | هُوَ | كَافِرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کرسکیں | اور | جو کوئی | پھر جائے | تم میں سے | سے | دین اپنے | پس مرجائے | اور | وہ | کافر ہو |

مقدور رکھیں تو تم کو تمہارے دین سے پھیر دیں۔ اور جو کوئی تم میں سے اپنے دین سے پھر (کر کافر ہو) جائے گا اور کافر ہی مرے گا

فَاُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ

| فَاُولٰٓئِكَ | حَبِطَتْ | اَعْمَالُهُمْ | فِي | الدُّنْيَا | وَ | الْاٰخِرَةِ | وَاُولٰٓئِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس یہ لوگ | کھوئے گئے | عمل ان کے | بیچ | دنیا کے | اور | آخرت کے | اور یہ لوگ ہیں |

تو ایسے لوگوں کے اعمال دنیا اور آخرت دونوں میں برباد ہو جائیں گے اور یہی

اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٢١٧﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| اَصْحٰبُ | النَّارِ | هُمْ | فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رہنے والے | آگ کے | وہ | بیچ اس کے | ہمیشہ رہنے والے ہیں | بیشک | جو لوگ | ایمان لائے |

لوگ دوزخ (میں جانے) والے ہیں جس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿٢١٧﴾ جو لوگ ایمان لائے

وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ اُولٰٓئِكَ يَرْجُوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الَّذِيْنَ | هَاجَرُوْا | وَ | جٰهَدُوْا | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | اُولٰٓئِكَ | يَرْجُوْنَ |
| اور | جن لوگوں نے | وطن چھوڑا | اور | جہاد کیا | بیچ | راہ | اللہ کے | یہ لوگ | امیدوار ہیں |

اور اللہ کے لیے وطن چھوڑ گئے اور (کفار سے) جنگ کرتے رہے وہی اللہ کی رحمت

رَحْمَتَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۱۸﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَحْمَتَ | اللّٰهِ | وَ | اللّٰهُ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | يَسْـَٔلُوْنَكَ | عَنِ | الْخَمْرِ |
| مہربانی | اللہ کی کے | اور | اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے | سوال کرتے ہیں تجھ سے | سے | شراب |

کے امیدوار ہیں۔ اور اللہ بخشنے والا (اور) رحمت کرنے والا ہے ﴿۲۱۸﴾ اے پیغمبر لوگ تم سے شراب اور جوئے کا

وَالْمَيْسِرِ ۭ قُلْ فِيْهِمَآ اِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ ۡ وَاِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْمَيْسِرِ | قُلْ | فِيْهِمَآ | اِثْمٌ | كَبِيْرٌ | وَّ | مَنَافِعُ | لِلنَّاسِ | وَاِثْمُهُمَآ | اَكْبَرُ |
| اور | جوئے سے | کہہ | بیچ ان دونوں کے | گناہ ہے | بڑا | اور | فائدے ہیں | واسطے لوگوں کے | اور گناہ ان دونوں کا | بہت بڑا ہے |

حکم دریافت کرتے ہیں۔ کہہ دو کہ ان میں نقصان بڑے ہیں اور لوگوں کے لیے کچھ فائدے بھی ہیں مگر ان کے نقصان

مِنْ نَّفْعِهِمَا ۭ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ڛ قُلِ الْعَفْوَ ۭ كَذٰلِكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | نَّفْعِهِمَا | وَ | يَسْـَٔلُوْنَكَ | مَاذَا | يُنْفِقُوْنَ | قُلِ | الْعَفْوَ | كَذٰلِكَ |
| سے | ان دونوں کے فائدے | اور | سوال کرتے ہیں تجھ سے | کیا | خرچ کریں | کہہ | زیادہ حاجت سے | اسی طرح |

فائدوں سے کہیں زیادہ ہیں اور یہ بھی تم سے پوچھتے ہیں کہ (اللہ کی راہ میں) کون سا مال خرچ کریں کہہ دو کہ جو ضرورت سے زیادہ ہو۔ اس طرح

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱۹﴾ ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُبَيِّنُ | اللّٰهُ | لَكُمُ | الْاٰيٰتِ | لَعَلَّكُمْ | تَتَفَكَّرُوْنَ | فِيْ | الدُّنْيَا | وَ | الْاٰخِرَةِ |
| بیان کرتا ہے | اللہ | واسطے تمہارے | نشانیاں | تاکہ تم | فکر کرو | بیچ | دنیا کے | اور | آخرت کے |

اللہ تمہارے لیے اپنے احکام کھول کھول کر بیان فرماتا ہے تاکہ تم سوچو ﴿۲۱۹﴾ (یعنی) دنیا اور آخرت (کی

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْيَتٰمٰى ۭ قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ ۭ وَاِنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَيَسْـَٔلُوْنَكَ | عَنِ الْيَتٰمٰى | قُلْ | اِصْلَاحٌ | لَّهُمْ | خَيْرٌ | وَ | اِنْ |
| اور سوال کرتے ہیں تجھ سے | یتیموں کا | کہہ | سنوارنا | واسطے ان کے | بہتر ہے | اور | اگر |

باتوں) میں (غور کرو) اور تم سے یتیموں کے بارے میں بھی دریافت کرتے ہیں۔ کہہ دو کہ ان کی (حالت کی) اصلاح بہت اچھا کام ہے اور اگر تم

تُخَالِطُوْهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ ۚ وَلَوْ

| تُخَالِطُوْهُمْ | فَاِخْوَانُكُمْ | وَاللّٰهُ | يَعْلَمُ | الْمُفْسِدَ | مِنَ | الْمُصْلِحِ | وَ | لَوْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ملالوتم ان کو | پس بھائی ہیں تمہارے | اور اللہ | جانتا ہے | بگاڑنے والے کو | سے | سنوارنے والے | اور | اگر |

ان سے مل جل کر رہنا (یعنی خرچ اکٹھا رکھنا) چاہو تو وہ تمہارے بھائی ہیں اور اللہ خوب جانتا ہے کہ خرابی کرنے والا کون ہے اور اصلاح کرنیوالا کون

شَآءَ اللّٰهُ لَاَعْنَتَكُمْ ۚ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۲۰﴾ وَلَا تَنْكِحُوا

| شَآءَ | اللّٰهُ | لَاَعْنَتَكُمْ | اِنَّ | اللّٰهَ | عَزِيْزٌ | حَكِيْمٌ | وَ | لَا | تَنْكِحُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چاہتا | اللہ | البتہ محنت دیتا تم کو | بیشک | اللہ | غالب ہے | حکمت والا | اور | مت | نکاح کرو |

اور اگر اللہ چاہتا تو تم کو تکلیف میں ڈال دیتا۔ بیشک اللہ غالب (اور) حکمت والا ہے ﴿۲۲۰﴾ اور (مومنو)

الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ ۚ وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ

| الْمُشْرِكٰتِ | حَتّٰى | يُؤْمِنَّ | وَلَاَمَةٌ | مُّؤْمِنَةٌ | خَيْرٌ | مِّنْ | مُّشْرِكَةٍ | وَّ | لَوْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شرک کرنے والیوں کو | یہاں تک کہ | وہ ایمان لائیں | اور البتہ لونڈی | ایمان والی | بہتر ہے | سے | شرک کرنے والی | اور | اگرچہ |

مشرک عورتوں سے جب تک ایمان نہ لائیں نکاح نہ کرنا۔ کیونکہ مشرک عورت خواہ تم کو کیسی ہی بھلی لگے اُس سے مومن

اَعْجَبَتْكُمْ ۚ وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ۚ وَلَعَبْدٌ

| اَعْجَبَتْكُمْ | وَ | لَا | تُنْكِحُوا | الْمُشْرِكِيْنَ | حَتّٰى | يُؤْمِنُوْا | وَ | لَعَبْدٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اچھی لگے تم کو | اور | مت | نکاح کرو | شرک کرنے والوں کو | یہاں تک کہ | وہ ایمان لائیں | اور | البتہ غلام |

لونڈی بہتر ہے۔ اور (اسی طرح) مشرک مرد جب تک ایمان نہ لائیں مومن عورتوں کو اُن کی زوجیت میں نہ دینا۔

مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ ۚ اُولٰٓئِكَ يَدْعُوْنَ اِلَى

| مُّؤْمِنٌ | خَيْرٌ | مِّنْ | مُّشْرِكٍ | وَّ | لَوْ | اَعْجَبَكُمْ | اُولٰٓئِكَ | يَدْعُوْنَ | اِلَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان والا | بہتر ہے | سے | شرک کرنے والے | اور | اگرچہ | اچھا لگے تم کو | یہ لوگ | بلاتے ہیں | طرف |

کیونکہ مشرک (مرد) سے خواہ وہ تم کو کیسا ہی بھلا لگے مومن غلام بہتر ہے۔ یہ (مشرک، لوگوں کو) دوزخ کی طرف بلاتے

النَّارِ ۖ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ ۚ وَيُبَيِّنُ اٰيٰتِهٖ

| النَّارِ | وَ | اللّٰهُ | يَدْعُوْٓا | اِلَى | الْجَنَّةِ | وَ | الْمَغْفِرَةِ | بِاِذْنِهٖ | وَ | يُبَيِّنُ | اٰيٰتِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آگ کے | اور | اللہ | بلاتا ہے | طرف | جنت کے | اور | بخشش کے | ساتھ حکم اپنے سے | اور | بیان کرتا ہے | نشانیاں اپنی |

ہیں اور اللہ اپنی مہربانی سے بہشت اور بخشش کی طرف بلاتا ہے۔ اور اپنے حکم لوگوں سے

لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۲۱﴾ ع وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ۭ قُلْ هُوَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلنَّاسِ | لَعَلَّهُمْ | يَتَذَكَّرُوْنَ | وَ | يَسْـَٔلُوْنَكَ | عَنِ | الْمَحِيْضِ | قُلْ | هُوَ |
| واسطے لوگوں کے | تا کہ وہ | نصیحت پکڑیں | اور | سوال کرتے ہیں تجھ کو | سے | حیض | کہہ | وہ |

کھول کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ نصیحت حاصل کریں ﴿۲۲۱﴾ اور تم سے حیض کے بارے میں دریافت کرتے ہیں۔ کہہ دو وہ تو

اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا النِّسَاۗءَ فِي الْمَحِيْضِ ۙ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَذًى | فَاعْتَزِلُوا | النِّسَاۗءَ | فِي | الْمَحِيْضِ | وَ | لَا | تَقْرَبُوْهُنَّ | حَتّٰى |
| ناپاک ہے | پس کنارہ کرو | عورتوں سے | بیچ | حیض کے | اور | مت | نزدیک جاؤ انکے | یہاں تک کہ |

نجاست ہے سو ایام حیض میں عورتوں سے کنارہ کش رہو اور جب تک پاک نہ ہو جائیں ان سے

يَطْهُرْنَ ۚ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَطْهُرْنَ | فَاِذَا | تَطَهَّرْنَ | فَاْتُوْهُنَّ | مِنْ | حَيْثُ | اَمَرَكُمُ | اللّٰهُ | اِنَّ |
| وہ پاک ہوں | پس جب | نہالیں | پس جاؤ انکے پاس | سے | اس جگہ | کہ حکم کیا تم کو | اللہ نے | بیشک |

مقاربت نہ کرو۔ ہاں جب پاک ہو جائیں تو جس طریق سے اللہ نے تمہیں ارشاد فرمایا ہے ان کے پاس جاؤ۔ کچھ شک نہیں

اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ﴿۲۲۲﴾ نِسَاۗؤُكُمْ حَرْثٌ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | يُحِبُّ | التَّوَّابِيْنَ | وَ | يُحِبُّ | الْمُتَطَهِّرِيْنَ | نِسَاۗؤُكُمْ | حَرْثٌ |
| اللہ | دوست رکھتا ہے | توبہ کرنے والوں کو | اور | دوست رکھتا ہے | پاکی کرنے والوں کو | بیبیاں تمہاری | کھیتیاں ہیں |

کہ اللہ توبہ کرنے والوں اور پاک صاف رہنے والوں کو دوست رکھتا ہے ﴿۲۲۲﴾ تمہاری عورتیں تمہاری کھیتی ہیں

لَّكُمْ ۠ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ ۡ وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَّكُمْ | فَاْتُوْا | حَرْثَكُمْ | اَنّٰى | شِئْتُمْ | وَ | قَدِّمُوْا | لِاَنْفُسِكُمْ | وَ | اتَّقُوا | اللّٰهَ |
| واسطے تمہارے | پس جاؤ | کھیت اپنے میں | جس طرح | چاہو تم | اور | آگے بھیجو | واسطے اپنی جانوں کے | اور | ڈرو | اللہ سے |

تو اپنی کھیتی میں جس طرح چاہو جاؤ۔ اور اپنے لیے (نیک عمل) آگے بھیجو۔ اور اللہ سے ڈرتے رہو

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۲۳﴾ وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اعْلَمُوْٓا | اَنَّكُمْ | مُّلٰقُوْهُ | وَبَشِّرِ | الْمُؤْمِنِيْنَ | وَ | لَاتَجْعَلُوا | اللّٰهَ |
| اور | جانو | یہ کہ تم | ملنے والے ہو اس سے | اور خوشخبری دے | مومنوں کو | اور | مت کرو | اللہ کو |

اور جان رکھو کہ (ایک دن) تمہیں اس کے روبرو حاضر ہونا ہے۔ اور (اے پیغمبر) ایمان والوں کو بشارت سنادو ﴿۲۲۳﴾ اور اللہ (کے نام) کو اس بات کا حیلہ نہ بنانا

عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا وَتُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عُرْضَةً | لِّاَيْمَانِكُمْ | اَنْ | تَبَرُّوْا | وَ | تَتَّقُوْا | وَتُصْلِحُوْا | بَيْنَ | النَّاسِ | وَ | اللّٰهُ |
| نشانہ | واسطے قسموں اپنی کے | یہ کہ | بھلائی نہ کرو | اور | پرہیزگاری | اور صلح کرو | درمیان | لوگوں کے | اور | اللہ |

کہ (اس کی) قسمیں کھا کھا کر سلوک کرنے اور پرہیزگاری کرنے اور لوگوں میں صلح وسازگاری کرانے سے رک جاؤ۔ اور اللہ

سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۲۴﴾ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْۤ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَمِيْعٌ | عَلِيْمٌ | لَا | يُؤَاخِذُكُمُ | اللّٰهُ | بِاللَّغْوِ | فِيْۤ | اَيْمَانِكُمْ | وَ | لٰكِنْ |
| سننے والا | جاننے والا ہے | نہیں | پکڑتا تم کو | اللہ | بے قصد کے | بیچ | قسموں تمہاری کے | اور | لیکن |

سب کچھ سنتا (اور) جانتا ہے ﴿۲۲۴﴾ اللہ تمہاری لغو قسموں پر تم سے مواخذہ نہیں کرے گا لیکن جو قسمیں

يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۲۲۵﴾ لِلَّذِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُّؤَاخِذُكُمْ | بِمَا | كَسَبَتْ | قُلُوْبُكُمْ | وَ | اللّٰهُ | غَفُوْرٌ | حَلِيْمٌ | لِلَّذِيْنَ |
| پکڑتا ہے تم کو | ساتھ اس چیز کے کہ | کماتے ہیں | دل تمہارے | اور | اللہ | بخشنے والا ہے | تحمل والا | واسطے ان لوگوں کے جو |

تم قصدِ دلی سے کھاؤ گے اُن پر مواخذہ کرے گا اور اللہ بخشنے والا بردبار ہے ﴿۲۲۵﴾ جو لوگ

يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ ۚ فَاِنْ فَآءُوْ فَاِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُؤْلُوْنَ | مِنْ | نِّسَآئِهِمْ | تَرَبُّصُ | اَرْبَعَةِ | اَشْهُرٍ | فَاِنْ | فَآءُوْ | فَاِنَّ | اللّٰهَ |
| قسم کھاتے ہیں | سے | عورتوں اپنی | انتظار کرنا ہے | چار | مہینے | پس اگر | پھر آئیں | پس بیشک | اللہ |

اپنی عورتوں کے پاس جانے کی قسم کھالیں اُن کو چار مہینے انتظار کرنا چاہیے اگر (اس عرصے میں قسم سے) رجوع کرلیں تو اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۲۶﴾ وَاِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَاِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۲۷﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | وَ | اِنْ | عَزَمُوا | الطَّلَاقَ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | سَمِيْعٌ | عَلِيْمٌ |
| بخشنے والا | مہربان ہے | اور | اگر | قصد کریں | طلاق کا | پس بیشک | اللہ | سننے والا | جاننے والا ہے |

بخشنے والا مہربان ہے ﴿۲۲۶﴾ اور اگر طلاق کا ارادہ کرلیں تو بھی اللہ سنتا (اور) جانتا ہے ﴿۲۲۷﴾

وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ ؕ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْمُطَلَّقٰتُ | يَتَرَبَّصْنَ | بِاَنْفُسِهِنَّ | ثَلٰثَةَ | قُرُوْٓءٍ | وَ | لَا | يَحِلُّ | لَهُنَّ | اَنْ |
| اور طلاق والیاں | انتظار کریں | ساتھ اپنی جانوں کے | تین | حیض تک | اور | نہیں | حلال | واسطے ان کے | یہ کہ |

اور طلاق والی عورتیں تین حیض تک اپنے تئیں روکے رہیں۔ اور اگر وہ اللہ اور روز قیامت پر

## يَكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْٓ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَكْتُمْنَ | مَا | خَلَقَ | اللّٰهُ | فِيْٓ | اَرْحَامِهِنَّ | اِنْ | كُنَّ | يُؤْمِنَّ | بِاللّٰهِ | وَ | الْيَوْمِ |
| چھپائیں | جو کچھ | پیدا کیا | اللہ نے | بیچ | ان کی رحموں کے | اگر | ہیں | ایمان لائی | ساتھ اللہ کے | اور | دن |

ایمان رکھتی ہیں تو اُن کو جائز نہیں کہ اللہ نے جو کچھ اُن کے شکم میں پیدا کیا ہے اُس کو

## الْاٰخِرِ ط وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِيْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْٓا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاٰخِرِ | وَبُعُوْلَتُهُنَّ | اَحَقُّ | بِرَدِّهِنَّ | فِيْ | ذٰلِكَ | اِنْ | اَرَادُوْٓا |
| آخرت کے | اور خاوندان کے | بہت حقدار ہیں | ان کے پھیر لینے کے | بیچ | اس کے | اگر | چاہیں |

چھپائیں اور اُن کے خاوند اگر پھر موافقت چاہیں تو اس (مدت) میں وہ اُن کو اپنی زوجیت میں لے لینے کے

## اِصْلَاحًا ط وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِيْ عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ص وَلِلرِّجَالِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِصْلَاحًا | وَ | لَهُنَّ | مِثْلُ | الَّذِيْ | عَلَيْهِنَّ | بِالْمَعْرُوْفِ | وَ | لِلرِّجَالِ |
| صلح کرنا | اور | واسطے ان کے | مانند | اس کے جو | اوپر ان کے ہے | ساتھ اچھی طرح | اور | واسطے مردوں کے |

زیادہ حقدار ہیں اور عورتوں کا حق (مردوں پر) ویسا ہی ہے جیسے دستور کے مطابق (مردوں کا حق) عورتوں پر ہے۔ البتہ مردوں کو

## عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ط وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ع ﴿٢٢٨﴾ اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ص ۲۸ ع ۷ ۱۲

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِنَّ | دَرَجَةٌ | وَ | اللّٰهُ | عَزِيْزٌ | حَكِيْمٌ | اَلطَّلَاقُ | مَرَّتٰنِ |
| اوپر ان کے | درجہ ہے | اور | اللہ | غالب ہے | حکمت والا | یہ طلاق | دوبار ہے |

عورتوں پر فضیلت ہے اور اللہ غالب (اور) صاحبِ حکمت ہے ﴿۲۲۸﴾ طلاق (صرف) دوبار ہے (یعنی جب دو دفعہ طلاق دے دی جائے تو)

## فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌۢ بِاِحْسَانٍ ط وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاِمْسَاكٌۢ | بِمَعْرُوْفٍ | اَوْ | تَسْرِيْحٌۢ | بِاِحْسَانٍ | وَلَا | يَحِلُّ | لَكُمْ | اَنْ |
| پس بند رکھنا ہے | ساتھ اچھی طرح کے | یا | نکال دینا ہے | اچھی طرح کے | اور نہیں | حلال | واسطے تمہارے | یہ کہ |

پھر (عورتوں کو) یا تو بطریق شائستہ (نکاح میں) رہنے دینا ہے یا بھلائی کے ساتھ چھوڑ دینا۔ اور یہ جائز نہیں کہ

## تَاْخُذُوْا مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَيْـًٔا اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَاْخُذُوْا | مِمَّآ | اٰتَيْتُمُوْهُنَّ | شَيْـًٔا | اِلَّآ | اَنْ | يَّخَافَآ | اَلَّا | يُقِيْمَا | حُدُوْدَ |
| لے لو | اس چیز سے کہ | دیا تم نے ان کو | کچھ | مگر | یہ کہ | ڈریں دونوں | نہ | قائم رکھیں گے | حدیں |

جو مہر تم ان کو دے چکے ہو اس میں سے کچھ واپس لے لو مگر اس صورت میں کہ دونوں کو اندیشہ ہو کہ وہ اللہ کی حدوں کو

اللّٰهِ ؕ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۙ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | فَاِنْ | خِفْتُمْ | اَلَّا | يُقِيْمَا | حُدُوْدَ | اللّٰهِ | فَلَا | جُنَاحَ | عَلَيْهِمَا | فِيْمَا |
| اللہ کی | پس اگر | ڈرو تم | یہ کہ نہ | قائم رکھیں گے | حدیں | اللہ کی | پس نہیں | گناہ | اوپر ان دونوں کے | بیچ اس چیز کے کہ |

قائم نہیں رکھ سکیں گے۔ ہاں اگر زن و شوہر کو خوف ہو کہ وہ اللہ کی حدوں کو قائم نہیں رکھ سکیں گے تو اگر عورت (خاوند کے ہاتھ سے) رہائی پانے کے

افْتَدَتْ بِهٖ ؕ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا ۚ وَمَنْ يَّتَعَدَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| افْتَدَتْ | بِهٖ | تِلْكَ | حُدُوْدُ | اللّٰهِ | فَلَا | تَعْتَدُوْهَا | وَ | مَنْ | يَّتَعَدَّ |
| بدلہ دے عورت | ساتھ اس کے | یہ ہیں | حدیں | اللہ کی | پس مت | گزرو ان سے | اور | جو کوئی | گزر جائے |

بدلے میں کچھ دے ڈالے تو دونوں پر کچھ گناہ نہیں۔ یہ اللہ کی (مقرر کی ہوئی) حدیں ہیں اُن سے باہر نہ نکلنا۔ اور جو لوگ

حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۲۹﴾ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حُدُوْدَ | اللّٰهِ | فَاُولٰٓئِكَ | هُمُ | الظّٰلِمُوْنَ | فَاِنْ | طَلَّقَهَا | فَلَاتَحِلُّ | لَهٗ |
| حدوں | اللہ کی سے | پس یہ لوگ | وہ ہیں | ظالم | پس اگر | طلاق دی | پس نہیں حلال ہوئی | واسطے اسکے |

اللہ کی حدوں سے باہر نکل جائیں گے وہ گنہگار ہوں گے (۲۲۹) پھر اگر شوہر (دو طلاقوں کے بعد تیسری) طلاق عورت کو دے دے تو اسکے بعد

مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ؕ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى | تَنْكِحَ | زَوْجًا | غَيْرَهٗ | فَاِنْ | طَلَّقَهَا | فَلَا | جُنَاحَ |
| یہاں تک کہ | نکاح کرے | شوہر | اس کے سوا سے | پس اگر | طلاق دے اس کو | پس نہیں | گناہ |

جب تک عورت کسی دوسرے شخص سے نکاح نہ کر لے اس (پہلے شوہر) پر حلال نہ ہو گی۔ ہاں اگر دوسرا خاوند بھی طلاق دے دے

عَلَيْهِمَآ اَنْ يَّتَرَاجَعَآ اِنْ ظَنَّآ اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِمَآ | اَنْ | يَّتَرَاجَعَآ | اِنْ | ظَنَّآ | اَنْ | يُّقِيْمَا | حُدُوْدَ | اللّٰهِ | وَتِلْكَ |
| اوپر ان دونوں کے | یہ کہ | پھر آویں آپس میں | اگر | جانیں | یہ کہ | قائم رکھیں گے | حدیں | اللہ کی | اور یہ ہیں |

اور عورت اور پہلا خاوند پھر ایک دوسرے کی طرف رجوع کر لیں تو ان پر کچھ گناہ نہیں بشرطیکہ دونوں یقین کریں کہ اللہ کی حدوں کو قائم رکھ سکیں گے

حُدُوْدُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۰﴾ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حُدُوْدُ | اللّٰهِ | يُبَيِّنُهَا | لِقَوْمٍ | يَّعْلَمُوْنَ | وَ | اِذَا | طَلَّقْتُمُ | النِّسَآءَ | فَبَلَغْنَ |
| حدیں | اللہ کی | بیان کرتا ہے انکو | واسطے اس قوم کے کہ | جانتے ہیں | اور | جب | طلاق دو تم | عورتوں کو | پس پہنچیں |

اور یہ اللہ کی حدیں ہیں ان کو وہ ان لوگوں کے لیے بیان فرماتا ہے جو دانش رکھتے ہیں (۲۳۰) اور جب تم عورتوں کو (دو دفعہ) طلاق دے چکو

اَجَلَهُنَّ فَاَمۡسِكُوۡهُنَّ بِمَعۡرُوۡفٍ اَوۡ سَرِّحُوۡهُنَّ بِمَعۡرُوۡفٍ ۪

| اَجَلَهُنَّ | فَاَمۡسِكُوۡهُنَّ | بِمَعۡرُوۡفٍ | اَوۡ | سَرِّحُوۡهُنَّ | بِمَعۡرُوۡفٍ |
|---|---|---|---|---|---|
| وقت اپنے کو | پس بند رکھوان کو | ساتھ اچھی طرح کے | یا | نکال دو ان کو | ساتھ اچھی طرح کے |

اور ان کی عدت پوری ہو جائے تو انہیں یا تو حُسنِ سلوک سے نکاح میں رہنے دو یا بطریق شائستہ رخصت کر دو

وَلَا تُمۡسِكُوۡهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعۡتَدُوۡا ۚ وَمَنۡ يَّفۡعَلۡ ذٰلِكَ فَقَدۡ ظَلَمَ

| وَ | لَا | تُمۡسِكُوۡهُنَّ | ضِرَارًا | لِّتَعۡتَدُوۡا | وَ | مَنۡ | يَّفۡعَلۡ | ذٰلِكَ | فَقَدۡ | ظَلَمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | مت | بند رکھوان کو | ایذا دینے کو | تاکہ زیادتی کرو | اور | جو کوئی | کرے گا | یہ | پس تحقیق | ظلم کیا اس نے |

اور اس نیت سے ان کو نکاح میں نہ رہنے دینا چاہیے کہ انہیں تکلیف دو اور ان پر زیادتی کرو۔ اور جو ایسا کرے گا

نَفۡسَهٗ ؕ وَلَا تَتَّخِذُوۡۤا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ز وَّاذۡكُرُوۡا نِعۡمَتَ اللّٰهِ

| نَفۡسَهٗ | وَ | لَا | تَتَّخِذُوۡۤا | اٰيٰتِ | اللّٰهِ | هُزُوًا | وَ | اذۡكُرُوۡا | نِعۡمَتَ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنی جان کو | اور | مت | پکڑو | آیتوں | اللہ کی کو | ٹھٹھا | اور | یاد کرو | نعمت | اللہ کی |

وہ اپنا ہی نقصان کرے گا اور اللہ کے احکام کو ہنسی (اور کھیل) نہ بناؤ اور اللہ نے تم کو جو نعمتیں بخشی ہیں .

عَلَيۡكُمۡ وَمَاۤ اَنۡزَلَ عَلَيۡكُمۡ مِّنَ الۡكِتٰبِ وَالۡحِكۡمَةِ يَعِظُكُمۡ بِهٖ ؕ

| عَلَيۡكُمۡ | وَ | مَاۤ | اَنۡزَلَ | عَلَيۡكُمۡ | مِّنَ | الۡكِتٰبِ | وَ | الۡحِكۡمَةِ | يَعِظُكُمۡ | بِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر تمہارے | اور | جو کچھ | اتارا ہے | اوپر تمہارے | سے | کتاب | اور | حکمت سے | نصیحت کرتا ہے تم کو | ساتھ اسکے |

اور تم پر جو کتاب اور دانائی کی باتیں نازل کی ہیں جن سے وہ تمہیں نصیحت فرماتا ہے اُن کو یاد کرو۔

ع ۲۹ ۱۲ الثلثۃ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ ع (۲۳۱) وَاِذَا طَلَّقۡتُمُ

| وَ | اتَّقُوا | اللّٰهَ | وَ | اعۡلَمُوۡۤا | اَنَّ | اللّٰهَ | بِكُلِّ | شَىۡءٍ | عَلِيۡمٌ | وَ | اِذَا | طَلَّقۡتُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ڈرو | اللہ سے | اور | جان لو | یہ کہ | اللہ | ہر | چیز | جاننے والا ہے | اور | جب | طلاق دو تم |

اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ اللہ ہر چیز سے واقف ہے (۲۳۱) اور جب تم عورتوں کو طلاق

النِّسَآءَ فَبَلَغۡنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعۡضُلُوۡهُنَّ اَنۡ يَّنۡكِحۡنَ اَزۡوَاجَهُنَّ

| النِّسَآءَ | فَبَلَغۡنَ | اَجَلَهُنَّ | فَلَا | تَعۡضُلُوۡهُنَّ | اَنۡ | يَّنۡكِحۡنَ | اَزۡوَاجَهُنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عورتوں کو | پس پہنچ جائیں | اپنی عدت کو | پس مت | منع کروان کو | یہ کہ | نکاح کریں | خاوندوں اپنے سے |

دے چکو اور ان کی عدت پوری ہو جائے تو اُن کو دوسرے شوہروں کے ساتھ جب وہ آپس میں

اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ط ذٰلِكَ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِذَا | تَرَاضَوْا | بَيْنَهُمْ | بِالْمَعْرُوْفِ | ذٰلِكَ | يُوْعَظُ | بِهٖ | مَنْ | كَانَ | مِنْكُمْ |
| جب | راضی ہوں | آپس میں | ساتھ اچھی طرح کے | یہ | نصیحت کیا جاتا ہے | ساتھ اسکے | جوکوئی | ہو | تم میں سے |

جائز طور پر راضی ہو جائیں نکاح کرنے سے مت روکو۔ اس (حکم) سے اس شخص کو نصیحت کی جاتی ہے جو تم میں

يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ط ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَاَطْهَرُ ط وَاللّٰهُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُؤْمِنُ | بِاللّٰهِ | وَ | الْيَوْمِ | الْاٰخِرِ | ذٰلِكُمْ | اَزْكٰى | لَكُمْ | وَ | اَطْهَرُ | وَاللّٰهُ |
| ایمان لائے | ساتھ اللہ کے | اور | دن | آخرت کے | یہ | بہت پاکیزہ ہے | واسطے تمہارے | اور | بہت پاک | اور اللہ |

اللہ اور روزِ آخرت پر یقین رکھتا ہے۔ یہ تمہارے لیے نہایت خوب اور بہت پاکیزگی کی بات ہے۔ اور اللہ

يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ (۲۳۲) وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْلَمُ | وَ | اَنْتُمْ | لَا | تَعْلَمُوْنَ | وَ | الْوَالِدٰتُ | يُرْضِعْنَ | اَوْلَادَهُنَّ |
| جانتا ہے | اور | تم | نہیں | جانتے | اور | بچے والیاں | دودھ پلائیں | اولاد اپنی کو |

جانتا ہے اور تم نہیں جانتے (۲۳۲) اور مائیں اپنے بچوں کو پورے دو سال دودھ پلائیں

حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ط وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَوْلَيْنِ | كَامِلَيْنِ | لِمَنْ | اَرَادَ | اَنْ | يُّتِمَّ | الرَّضَاعَةَ | وَ | عَلَى الْمَوْلُوْدِ | لَهٗ |
| دو برس | پورے | واسطے اسکے جو | ارادہ کرے | یہ کہ | پورا کرے | دودھ پلانا | اور | اوپر اس کے کہ لڑکا ہے | اس کا |

یہ (حکم) اس شخص کے لیے ہے جو پوری مدت تک دودھ پلوانا چاہے اور دودھ پلانے والی

رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ط لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا ج

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رِزْقُهُنَّ | وَ | كِسْوَتُهُنَّ | بِالْمَعْرُوْفِ | لَا | تُكَلَّفُ | نَفْسٌ | اِلَّا | وُسْعَهَا |
| کھلانا ان کا | اور | پہنانا ان کا | ساتھ اچھی طرح کے | نہیں | تکلیف دیا جاتا | کوئی جی | مگر | طاقت اپنی پر |

ماؤں کا کھانا اور کپڑا دستور کے مطابق باپ کے ذمے ہوگا۔ کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دی جاتی

لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌۢ بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ ق وَعَلَى الْوَارِثِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | تُضَآرَّ | وَالِدَةٌ | بِوَلَدِهَا | وَلَا | مَوْلُوْدٌ لَّهٗ | بِوَلَدِهٖ | وَ | عَلَى | الْوَارِثِ |
| نہیں | ضرر دی جائے | ماں | ساتھ بچے اپنے کے | اور نہ | بچے والا | ساتھ بچے اپنے کے | اور | اوپر | وارث کے ہے |

(تو یاد رکھو کہ) نہ تو ماں کو اس کے بچے کے سبب نقصان پہنچایا جائے اور نہ باپ کو اس کی اولاد کی وجہ سے نقصان پہنچایا جائے۔ اور اسی طرح

مِثْلُ ذٰلِكَ ۚ فَاِنْ اَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا

| مِثْلُ | ذٰلِكَ | فَاِنْ | اَرَادَا | فِصَالًا | عَنْ | تَرَاضٍ | مِّنْهُمَا | وَتَشَاوُرٍ | فَلَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مانند | اس کے | پس اگر | ارادہ کریں | دودھ چھڑانے کا | سے | رضامندی | آپس میں | اور مصلحت سے | پس نہیں |

(نان نفقہ) بچے کے وارث کے ذمے ہے۔ اور اگر دونوں (یعنی ماں باپ) آپس کی رضامندی اور صلاح سے بچے کا دودھ چھڑانا چاہیں

جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ۗ وَاِنْ اَرَدْتُّمْ اَنْ تَسْتَرْضِعُوْٓا اَوْلَادَكُمْ فَلَا

| جُنَاحَ | عَلَيْهِمَا | وَ | اِنْ | اَرَدْتُّمْ | اَنْ | تَسْتَرْضِعُوْٓا | اَوْلَادَكُمْ | فَلَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گناہ | اوپر ان دونوں کے | اور | اگر | ارادہ کرو تم | یہ کہ | دودھ پلواؤ تم | اولاد اپنی کو | پس نہیں |

تو ان پر کچھ گناہ نہیں۔ اور اگر تم اپنی اولاد کو دودھ پلوانا چاہو تو تم

جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِذَا سَلَّمْتُمْ مَّآ اٰتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ

| جُنَاحَ | عَلَيْكُمْ | اِذَا | سَلَّمْتُمْ | مَّآ | اٰتَيْتُمْ | بِالْمَعْرُوْفِ | وَ | اتَّقُوا | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گناہ | اوپر تمہارے | جب | سونپ دو تم | جو کچھ | دینا کیا ہے | ساتھ اچھی طرح کے | اور | ڈرو | اللہ سے |

پر کچھ گناہ نہیں بشرطیکہ تم دودھ پلانے والیوں کو دستور کے مطابق اُن کا حق جو تم نے دینا کیا تھا دے دو۔ اور اللہ سے ڈرتے رہو

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۲۳۳﴾ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ

| وَ | اعْلَمُوْٓا | اَنَّ | اللّٰهَ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | بَصِيْرٌ | وَ | الَّذِيْنَ | يُتَوَفَّوْنَ | مِنْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جان لو | یہ کہ | اللہ | ساتھ اس چیز کے کہ | کرتے ہو تم | دیکھنے والا ہے | اور | جو لوگ کہ | مرجاتے ہیں | تم میں سے |

اور جان رکھو کہ جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس کو دیکھ رہا ہے ﴿۲۳۳﴾ اور جو لوگ تم میں سے مرجائیں

وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا ۚ

| وَيَذَرُوْنَ | اَزْوَاجًا | يَّتَرَبَّصْنَ | بِاَنْفُسِهِنَّ | اَرْبَعَةَ | اَشْهُرٍ | وَّعَشْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور چھوڑ جاتے ہیں | بیبیاں | وہ انتظار کریں | جان اپنی کو | چار | مہینے | اور دس دن کا |

اور عورتیں چھوڑ جائیں تو عورتیں چار مہینے اور دس دن اپنے آپ کو روکے رہیں

فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ

| فَاِذَا | بَلَغْنَ | اَجَلَهُنَّ | فَلَا | جُنَاحَ | عَلَيْكُمْ | فِيْمَا | فَعَلْنَ | فِيْٓ | اَنْفُسِهِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس جب | پہنچیں | وعدے اپنے کو | پس نہیں | گناہ | اوپر تمہارے | بیچ اس چیز کے کہ | کرتی ہیں | بیچ | جانوں اپنی کے |

اور جب (یہ) عدت پوری کر چکیں اور اپنے حق میں پسندیدہ کام (یعنی نکاح) کرلیں تو تم پر کچھ

بِالۡمَعۡرُوۡفِ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِيۡرٌ ﴿۲۳۴﴾ وَلَا جُنَاحَ عَلَيۡكُمۡ فِيۡمَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالۡمَعۡرُوۡفِ | وَ | اللّٰهُ | بِمَا | تَعۡمَلُوۡنَ | خَبِيۡرٌ | وَلَا | جُنَاحَ | عَلَيۡكُمۡ | فِيۡمَا |
| ساتھ اچھی طرح کے | اور | اللہ | ساتھ اس چیز کے کہ | تم کرتے ہو | خبردار ہے | اور نہیں | گناہ | اوپر تمہارے | بیچ اس چیز کے کہ |

گناہ نہیں۔ اور اللہ تمہارے سب کاموں سے واقف ہے (۲۳۴) اگر تم کنائے کی باتوں میں

عَرَّضۡتُمۡ بِهٖ مِنۡ خِطۡبَةِ النِّسَآءِ اَوۡ اَكۡنَنۡتُمۡ فِىۡۤ اَنۡفُسِكُمۡ ؕ عَلِمَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَرَّضۡتُمۡ | بِهٖ | مِنۡ | خِطۡبَةِ | النِّسَآءِ | اَوۡ | اَكۡنَنۡتُمۡ | فِىۡۤ | اَنۡفُسِكُمۡ | عَلِمَ |
| پردہ کیا تم نے | ساتھ اس کے | سے | منگنی | عورتوں کے | یا | چھپا رکھا تم نے | بیچ | اپنی جانوں کے | جانتا ہے |

عورتوں کو نکاح کا پیغام بھیجو یا (نکاح کی خواہش کو) اپنے دلوں میں مخفی رکھو تو تم پر کچھ گناہ نہیں۔ اللہ کو

اللّٰهُ اَنَّكُمۡ سَتَذۡكُرُوۡنَهُنَّ وَلٰكِنۡ لَّا تُوَاعِدُوۡهُنَّ سِرًّا اِلَّاۤ اَنۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | اَنَّكُمۡ | سَتَذۡكُرُوۡنَهُنَّ | وَ | لٰكِنۡ | لَّا | تُوَاعِدُوۡهُنَّ | سِرًّا | اِلَّاۤ | اَنۡ |
| اللہ | یہ کہ تم | البتہ ذکر کرو گے ان کا | اور | لیکن | مت | وعدہ دو ان کو | چھپے ہوئے | مگر | یہ کہ |

معلوم ہے کہ تم ان سے (نکاح کا) ذکر کرو گے مگر (ایام عدت میں) اسکے سوا کہ دستور کے مطابق کوئی بات

تَقُوۡلُوۡا قَوۡلًا مَّعۡرُوۡفًا ؕ وَلَا تَعۡزِمُوۡا عُقۡدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى يَبۡلُغَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَقُوۡلُوۡا | قَوۡلًا | مَّعۡرُوۡفًا | وَ | لَا | تَعۡزِمُوۡا | عُقۡدَةَ | النِّكَاحِ | حَتّٰى | يَبۡلُغَ |
| کہو تم ان کو | بات | اچھی | اور | مت | محکم کرو | گرہ | نکاح کی | یہاں تک کہ | پہنچے |

کہہ دو پوشیدہ طور پر ان سے قول و قرار نہ کرنا اور جب تک عدّت پوری نہ ہو لے نکاح

الۡكِتٰبُ اَجَلَهٗ ؕ وَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ يَعۡلَمُ مَا فِىۡۤ اَنۡفُسِكُمۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡكِتٰبُ | اَجَلَهٗ | وَ | اعۡلَمُوۡۤا | اَنَّ | اللّٰهَ | يَعۡلَمُ | مَا | فِىۡۤ | اَنۡفُسِكُمۡ |
| لکھا ہوا | وقت اپنے کو | اور | جانو | یہ کہ بیشک | اللہ | جانتا ہے | جو کچھ | بیچ | جی تمہارے کے ہے |

کا پختہ ارادہ نہ کرنا۔ اور جان رکھو کہ جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اللہ کو سب معلوم ہے

فَاحۡذَرُوۡهُ ۚ وَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ حَلِيۡمٌ ﴿۲۳۵﴾ ع لَا جُنَاحَ عَلَيۡكُمۡ ع ۳۰ ۱۴

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاحۡذَرُوۡهُ | وَ | اعۡلَمُوۡۤا | اَنَّ | اللّٰهَ | غَفُوۡرٌ | حَلِيۡمٌ | لَا | جُنَاحَ | عَلَيۡكُمۡ |
| پس ڈرو اس سے | اور | جانو | یہ کہ بیشک | اللہ | بخشنے والا ہے | تحمل والا | نہیں | گناہ | اوپر تمہارے |

تو اس سے ڈرتے رہو اور جان رکھو کہ اللہ بخشنے والا (اور) حلم والا ہے (۲۳۵) اور اگر تم عورتوں کو

إِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوهُنَّ أَوْ تَفْرِضُوا لَهُنَّ فَرِيضَةً ۚ

| إِنْ | طَلَّقْتُمُ | النِّسَآءَ | مَا | لَمْ تَمَسُّوهُنَّ | أَوْ | تَفْرِضُوا | لَهُنَّ | فَرِيضَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | تم طلاق دو | عورتوں کو | جب تک کہ | نہ ہاتھ لگایا ان کو | یا | نہیں مقرر کیا | واسطے انکے | مقرر کرنا |

ان کے پاس جانے یا ان کا مہر مقرر کرنے سے پہلے طلاق دے دو تو تم پر کچھ گناہ نہیں۔

وَمَتِّعُوهُنَّ ۚ عَلَى الْمُوسِعِ قَدَرُهُ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهُ ۚ مَتَاعًا

| وَ | مَتِّعُوهُنَّ | عَلَى | الْمُوسِعِ | قَدَرُهُ | وَ | عَلَى | الْمُقْتِرِ | قَدَرُهُ | مَتَاعًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | فائدہ دو ان کو | اوپر | کشائش والے کے ہے | قدر اس کی | اور | اوپر | تنگی والے کے ہے | قدر اس کی | فائدہ دینا |

ہاں ان کو دستور کے مطابق کچھ خرچ ضرور دو (یعنی) مقدور والا اپنے مقدور کے مطابق دے اور تنگدست اپنی

بِالْمَعْرُوفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِينَ ﴿٢٣٦﴾ وَإِنْ طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِنْ

| بِالْمَعْرُوفِ | حَقًّا | عَلَى | الْمُحْسِنِينَ | وَإِنْ | طَلَّقْتُمُوهُنَّ | مِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ اچھی طرح کے | حق ہوا | اوپر | نیکی کرنے والوں کے | اور اگر | طلاق دو ان کو | اس سے |

حیثیت کے مطابق۔ نیک لوگوں پر یہ ایک طرح کا حق ہے (۲۳۶) اور اگر تم عورتوں کو ان کے پاس

قَبْلِ أَنْ تَمَسُّوهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيضَةً فَنِصْفُ مَا

| قَبْلِ | أَنْ | تَمَسُّوهُنَّ | وَ | قَدْ | فَرَضْتُمْ | لَهُنَّ | فَرِيضَةً | فَنِصْفُ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہلے | یہ کہ | ہاتھ لگاؤ ان کو | اور | تحقیق | مقرر کرلیا ہے | واسطے ان کے | مقرر کرنا | پس آدھا | اس چیز کا کہ |

جانے سے پہلے طلاق دے دو لیکن مہر مقرر کر چکے ہو تو آدھا مہر دینا ہو گا۔

فَرَضْتُمْ إِلَّآ أَنْ يَعْفُونَ أَوْ يَعْفُوَا الَّذِي بِيَدِهِ عُقْدَةُ النِّكَاحِ ۚ وَأَنْ

| فَرَضْتُمْ | إِلَّآ | أَنْ | يَعْفُونَ | أَوْ | يَعْفُوَا | الَّذِي | بِيَدِهِ | عُقْدَةُ | النِّكَاحِ | وَ | أَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مقرر کیا ہے تم نے | مگر | یہ کہ | معاف کردیں وہ | یا | معاف کرے | وہ شخص کہ | بیچ ہاتھ اسکے ہے | گرہ | نکاح کی | اور | یہ کہ |

ہاں اگر عورتیں مہر بخش دیں یا مرد جن کے ہاتھ میں عقدِ نکاح ہے (اپنا حق) چھوڑ دیں (اور پورا مہر دے دیں تو اُن کو اختیار ہے) اور اگر

تَعْفُوٓا أَقْرَبُ لِلتَّقْوَىٰ ۚ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ بِمَا

| تَعْفُوٓا | أَقْرَبُ | لِلتَّقْوَىٰ | وَ | لَا | تَنْسَوُا | الْفَضْلَ | بَيْنَكُمْ | إِنَّ | اللَّهَ | بِمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| معاف کرو تم | نزدیک تر ہے | واسطے پرہیزگاری کے | اور | مت | بھولو | فضل | درمیان اپنے | بیشک | اللہ | ساتھ اس چیز کے کہ |

تم مرد لوگ ہی اپنا حق چھوڑ دو تو یہ پرہیزگاری کی بات ہے اور آپس میں بھلائی کرنے کو فراموش نہ کرنا۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ

تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرٌ ﴿۲۳۷﴾ حٰفِظُوۡا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَ الصَّلٰوةِ

| تَعۡمَلُوۡنَ | بَصِيۡرٌ | حٰفِظُوۡا | عَلَى | الصَّلَوٰتِ | وَ | الصَّلٰوةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کرتے ہو تم | دیکھنے والا ہے | محافظت کرو | اوپر | سب نمازوں کے | اور | نماز |

تمہارے سب کاموں کو دیکھ رہا ہے ﴿۲۳۷﴾ (مسلمانو!) سب نمازیں خصوصاً بیچ کی نماز (یعنی نمازِ عصر) پورے التزام کے

الۡوُسۡطٰى ق وَ قُوۡمُوۡا لِلّٰهِ قٰنِتِيۡنَ ﴿۲۳۸﴾ فَاِنۡ خِفۡتُمۡ فَرِجَالًا اَوۡ

| الۡوُسۡطٰى | وَ | قُوۡمُوۡا | لِلّٰهِ | قٰنِتِيۡنَ | فَاِنۡ | خِفۡتُمۡ | فَرِجَالًا | اَوۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیچ والی کے | اور | کھڑے ہو | اللہ کے لیے | چپکے | پس اگر | ڈرو تم | پس پیادہ | یا |

ساتھ ادا کرتے رہو اور اللہ کے آگے ادب سے کھڑے رہا کرو ﴿۲۳۸﴾ اگر تم خوف کی حالت میں ہو تو پیادے یا سوار

رُكۡبَانًا ج فَاِذَاۤ اَمِنۡتُمۡ فَاذۡكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمۡ مَّا لَمۡ

| رُكۡبَانًا | فَاِذَاۤ | اَمِنۡتُمۡ | فَاذۡكُرُوا | اللّٰهَ | كَمَا | عَلَّمَكُمۡ | مَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سوار | پس جب | امن میں آؤ | پس تم یاد کرو | اللہ کو | جیسا | سکھایا تم کو | جو |

(جس حال میں ہو نماز پڑھ لو) پھر جب امن (واطمینان) ہو جائے تو جس طریق سے اللہ نے تم کو سکھایا ہے

تَكُوۡنُوۡا تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۲۳۹﴾ وَ الَّذِيۡنَ يُتَوَفَّوۡنَ مِنۡكُمۡ وَيَذَرُوۡنَ

| لَمۡ تَكُوۡنُوۡا | تَعۡلَمُوۡنَ | وَ | الَّذِيۡنَ | يُتَوَفَّوۡنَ | مِنۡكُمۡ | وَيَذَرُوۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں تھے تم | جانتے | اور | وہ لوگ جو کہ | مرجاتے ہیں | تم میں سے | اور چھوڑ جاتے ہیں |

جو تم پہلے نہیں جانتے تھے اللہ کو یاد کرو ﴿۲۳۹﴾ اور جو لوگ تم میں سے مر جائیں اور عورتیں چھوڑ جائیں

اَزۡوَاجًا ۖۚ وَّصِيَّةً لِّاَزۡوَاجِهِمۡ مَّتَاعًا اِلَى الۡحَوۡلِ غَيۡرَ

| اَزۡوَاجًا | وَّصِيَّةً | لِّاَزۡوَاجِهِمۡ | مَّتَاعًا | اِلَى | الۡحَوۡلِ | غَيۡرَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بیبیاں | وصیت کر جائیں | واسطے بی بیوں اپنی کے | فائدہ دینا | تلک | ایک برس | نہ |

وہ اپنی عورتوں کے حق میں وصیت کر جائیں کہ ان کو ایک سال تک خرچ دیا جائے اور گھر سے نہ

اِخۡرَاجٍ ج فَاِنۡ خَرَجۡنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيۡكُمۡ فِىۡ مَا فَعَلۡنَ

| اِخۡرَاجٍ | فَاِنۡ | خَرَجۡنَ | فَلَا | جُنَاحَ | عَلَيۡكُمۡ | فِىۡ | مَا | فَعَلۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نکال دینا | پس اگر | نکل جائیں | پس نہیں | گناہ | اوپر تمہارے | بیچ | اس چیز کے کہ | کیا انہوں نے |

نکالی جائیں۔ ہاں اگر وہ خود گھر سے چلی جائیں اور اپنے حق میں پسندیدہ کام

فِیۡۤ اَنۡفُسِهِنَّ مِنۡ مَّعۡرُوۡفٍ ؕ وَ اللّٰهُ عَزِیۡزٌ حَکِیۡمٌ ﴿۲۳۰﴾

| حَکِیۡمٌ | عَزِیۡزٌ | اللّٰهُ | وَ | مَّعۡرُوۡفٍ | مِنۡ | اَنۡفُسِهِنَّ | فِیۡۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حکمت والا | غالب ہے | اللہ | اور | اچھی طرح | سے | اپنی جانوں کے | بیچ |

(یعنی نکاح) کر لیں تو تم پر کچھ گناہ نہیں اور اللہ زبردست، حکمت والا ہے ﴿۲۳۰﴾

وَ لِلۡمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌۢ بِالۡمَعۡرُوۡفِ ؕ حَقًّا عَلَی الۡمُتَّقِیۡنَ ﴿۲۴۱﴾

| الۡمُتَّقِیۡنَ | عَلَی | حَقًّا | بِالۡمَعۡرُوۡفِ | مَتَاعٌۢ | وَ لِلۡمُطَلَّقٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|
| پرہیزگاروں کے | اوپر | لازم ہوا | ساتھ اچھی طرح کے | فائدہ دینا ہے | اور واسطے طلاق والیوں کے |

اور مطلقہ عورتوں کو بھی دستور کے مطابق نان ونفقہ دینا چاہیے۔ پرہیزگاروں پر (یہ بھی) حق ہے ﴿۲۴۱﴾

ع ۳۱ ۱۵

کَذٰلِکَ یُبَیِّنُ اللّٰهُ لَکُمۡ اٰیٰتِهٖ لَعَلَّکُمۡ تَعۡقِلُوۡنَ ﴿۲۴۲﴾ ع اَلَمۡ تَرَ

| اَلَمۡ تَرَ | تَعۡقِلُوۡنَ | لَعَلَّکُمۡ | اٰیٰتِهٖ | لَکُمۡ | اللّٰهُ | یُبَیِّنُ | کَذٰلِکَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا نہ دیکھا تو نے | سمجھو | تاکہ تم | نشانیاں اپنی | واسطے تمہارے | اللہ | بیان کرتا ہے | اسی طرح |

اسی طرح اللہ اپنے احکام تمہارے لیے بیان فرماتا ہے تاکہ تم سمجھو ﴿۲۴۲﴾ بھلا تم نے

اِلَی الَّذِیۡنَ خَرَجُوۡا مِنۡ دِیَارِهِمۡ وَ هُمۡ اُلُوۡفٌ حَذَرَ

| حَذَرَ | اُلُوۡفٌ | هُمۡ | وَ | دِیَارِهِمۡ | مِنۡ | خَرَجُوۡا | الَّذِیۡنَ | اِلَی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈر | ہزاروں | وہ تھے | اور | گھروں اپنے | سے | نکلے | ان لوگوں کے جو | طرف |

ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو (شمار میں) ہزاروں ہی تھے اور موت کے ڈر سے اپنے گھروں سے نکل

الۡمَوۡتِ ۪ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوۡتُوۡا ۟ ثُمَّ اَحۡیَاهُمۡ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

| اللّٰهَ | اِنَّ | اَحۡیَاهُمۡ | ثُمَّ | مُوۡتُوۡا | اللّٰهُ | لَهُمُ | فَقَالَ | الۡمَوۡتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | بیشک | زندہ کیا ان کو | پھر | مرجاؤ | اللہ نے | واسطے ان کے | پس کہا | موت کے سے |

بھاگے تھے تو اللہ نے اُن کو حکم دیا کہ مرجاؤ۔ پھر اُن کو زندہ بھی کر دیا۔ کچھ شک نہیں

لَذُوۡ فَضۡلٍ عَلَی النَّاسِ وَ لٰکِنَّ اَکۡثَرَ النَّاسِ لَا یَشۡکُرُوۡنَ ﴿۲۴۳﴾

| یَشۡکُرُوۡنَ | لَا | النَّاسِ | اَکۡثَرَ | لٰکِنَّ | وَ | النَّاسِ | عَلَی | لَذُوۡ فَضۡلٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شکر کرتے | نہیں | لوگ | اکثر | لیکن | اور | لوگوں کے | اوپر | البتہ صاحبِ فضل ہے |

کہ اللہ لوگوں پر مہربانی رکھتا ہے لیکن اکثر لوگ شکر نہیں کرتے ﴿۲۴۳﴾

وَ قَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ اعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۴۴﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَاتِلُوْا | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | وَ | اعْلَمُوْٓا | اَنَّ | اللّٰهَ | سَمِيْعٌ | عَلِيْمٌ |
| اور | لڑو | بیچ | راہ | اللہ کے | اور | جان لو | یہ کہ | اللہ | سننے والا ہے | جاننے والا |

اور (مسلمانو!) اللہ کی راہ میں جہاد کرو اور جان رکھو کہ اللہ (سب کچھ) سنتا (اور سب کچھ) جانتا ہے ﴿۲۴۴﴾

مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗٓ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنْ | ذَاالَّذِيْ | يُقْرِضُ | اللّٰهَ | قَرْضًا | حَسَنًا | فَيُضٰعِفَهٗ | لَهٗٓ |
| کون شخص ہے وہ | جو | قرض دے | اللہ کو | قرض | اچھا | پس دوگنا کرے اسکو | واسطے اسکے |

کوئی ہے کہ اللہ کو قرض حسنہ دے کہ وہ اس کے بدلے اس کو

اَضْعَافًا كَثِيْرَةً ؕ وَ اللّٰهُ يَقْبِضُ وَ يَبْصُۜطُ ۠ وَ اِلَيْهِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَضْعَافًا | كَثِيْرَةً | وَ | اللّٰهُ | يَقْبِضُ | وَ | يَبْصُطُ | وَ | اِلَيْهِ |
| دوگنا | بہت | اور | اللہ | بند کرتا ہے | اور | کشادہ کرتا ہے | اور | طرف اسی کے |

کئی حصے زیادہ دے گا۔ اور اللہ ہی روزی کو تنگ کرتا اور (وہی اسے) کشادہ کرتا ہے اور تم اسی کی طرف

تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۴۵﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنْ بَعْدِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُرْجَعُوْنَ | اَلَمْ تَرَ | اِلَى | الْمَلَاِ | مِنْ | بَنِيْٓ | اِسْرَآءِيْلَ | مِنْ بَعْدِ |
| تم لوٹائے جاؤ گے | کیا نہیں دیکھا تو نے | طرف | سرداروں کے | سے | بنی | اسرائیل | پیچھے |

لوٹ کر جاؤ گے ﴿۲۴۵﴾ بھلا تم نے بنی اسرائیل کی ایک جماعت کو نہیں دیکھا جس نے موسیٰ کے بعد

مُوْسٰى ۘ اِذْ قَالُوْا لِنَبِيٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِيْ وقف لازم

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُوْسٰى | اِذْ | قَالُوْا | لِنَبِيٍّ لَّهُمُ | ابْعَثْ | لَنَا | مَلِكًا | نُّقَاتِلْ | فِيْ |
| موسیٰ کے | جب | کہا انہوں نے | واسطے نبی اپنے کے | مقرر کر | ہمارے لیے | بادشاہ | کہ لڑیں ہم | بیچ |

اپنے پیغمبر سے کہا کہ آپ ہمارے لیے ایک بادشاہ مقرر کر دیں تاکہ ہم اللہ کی راہ میں

سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَبِيْلِ | اللّٰهِ | قَالَ | هَلْ | عَسَيْتُمْ | اِنْ | كُتِبَ | عَلَيْكُمُ | الْقِتَالُ | اَلَّا |
| راہ | اللہ کے | کہا | کیا | نزدیک ہو تم | اگر | لکھا جائے | اوپر تمہارے | لڑنا | یہ کہ نہ |

جہاد کریں۔ پیغمبر نے کہا کہ اگر تم کو جہاد کا حکم دیا جائے تو عجب نہیں کہ لڑنے سے

تُقَاتِلُوْا ؕ قَالُوْا وَ مَا لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَ قَدْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُقَاتِلُوْا | قَالُوْا | وَ | مَالَنَآ | اَلَّا | نُقَاتِلَ | فِیْ | سَبِیْلِ | اللّٰہِ | وَ | قَدْ |
| لڑو تم | کہا انہوں نے | اور | کیا ہے ہم کو | یہ کہ نہ | لڑیں ہم | بیچ | راہ | اللہ کے | اور | تحقیق |

پہلو تہی کرو۔ وہ کہنے لگے کہ ہم راہِ اللہ میں کیوں نہ لڑیں گے جب کہ ہم

اُخْرِجْنَا مِنْ دِیَارِنَا وَ اَبْنَآئِنَا ؕ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَیْهِمُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُخْرِجْنَا | مِنْ | دِیَارِنَا | وَ | اَبْنَآئِنَا | فَلَمَّا | كُتِبَ | عَلَیْهِمُ |
| نکالے گئے ہم | سے | گھروں اپنے | اور | اپنے بیٹوں سے | پس جب | لکھا گیا | اوپر ان کے |

وطن سے (خارج) اور بال بچوں سے جدا کر دیے گئے۔ لیکن جب اُن کو جہاد کا حکم دیا گیا

الْقِتَالُ تَوَلَّوْا اِلَّا قَلِیْلًا مِّنْهُمْ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِالظّٰلِمِیْنَ ﴿۲۴۶﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقِتَالُ | تَوَلَّوْا | اِلَّا | قَلِیْلًا | مِّنْهُمْ | وَ | اللّٰهُ | عَلِیْمٌ | بِالظّٰلِمِیْنَ |
| لڑنا | پھر گئے وہ | مگر | تھوڑے | ان میں سے | اور | اللہ | جاننے والا ہے | ظالموں کو |

تو چند اشخاص کے سوا سب پھر گئے۔ اور اللہ ظالموں سے خوب واقف ہے (۲۴۶)

وَ قَالَ لَهُمْ نَبِیُّهُمْ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوْتَ مَلِكًا ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَالَ | لَهُمْ | نَبِیُّهُمْ | اِنَّ | اللّٰهَ | قَدْبَعَثَ | لَكُمْ | طَالُوْتَ | مَلِكًا |
| اور | کہا | واسطے انکے | نبی ان کے نے | بے شک | اللہ نے | مقرر کیا ہے | واسطے تمہارے | طالوت کو | بادشاہ |

اور پیغمبر نے ان سے (یہ بھی) کہا کہ اللہ نے تم پر طالوت کو بادشاہ مقرر فرمایا ہے۔

قَالُوْٓا اَنّٰی یَكُوْنُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَیْنَا وَ نَحْنُ اَحَقُّ بِالْمُلْكِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوْٓا | اَنّٰی | یَكُوْنُ | لَهُ | الْمُلْكُ | عَلَیْنَا | وَ | نَحْنُ | اَحَقُّ | بِالْمُلْكِ |
| کہا انہوں نے | کیوں کر | ہوگی | واسطے اس کے | بادشاہی | اوپر ہمارے | اور | ہم | بہت حقدار ہیں | بادشاہی کے |

وہ بولے کہ اسے ہم پر بادشاہی کا حق کیونکر ہو سکتا ہے بادشاہی کے مستحق تو ہم ہیں

مِنْهُ وَ لَمْ یُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ ؕ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْهُ | وَ | لَمْ | یُؤْتَ | سَعَةً | مِّنَ | الْمَالِ | قَالَ | اِنَّ | اللّٰهَ |
| اس سے | اور | نہ | دیا گیا وہ | کشائش | سے | مال | کہا | بے شک | اللہ نے |

اور اس کے پاس تو بہت سی دولت بھی نہیں۔ پیغمبر نے کہا کہ اللہ نے

اصْطَفٰىهُ عَلَيْكُمْ وَ زَادَهٗ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اصْطَفٰىهُ | عَلَيْكُمْ | وَ | زَادَهٗ | بَسْطَةً | فِي | الْعِلْمِ | وَالْجِسْمِ |
| پسند کیا اس کو | اوپر تمہارے | اور | زیادہ دی اس کو | کشادگی | بیچ | علم کے | اور جسم کے |

اس کو تم پر (فضیلت دی ہے اور بادشاہی کے لیے) منتخب فرمایا ہے اور اس نے اسے علم بھی بہت سا بخشا ہے اور تن و توش بھی (بڑا عطا کیا ہے)

وَاللّٰهُ يُؤْتِيْ مُلْكَهٗ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۴۷﴾ وَقَالَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاللّٰهُ | يُؤْتِيْ | مُلْكَهٗ | مَنْ | يَّشَآءُ | وَ | اللّٰهُ | وَاسِعٌ | عَلِيْمٌ | وَقَالَ |
| اور اللہ | دیتا ہے | ملک اپنا | جس کو | چاہتا ہے | اور | اللہ | کشائش والا | جاننے والا ہے | اور کہا |

اور اللہ (کو اختیار ہے) جسے چاہے بادشاہی بخشے۔ وہ بڑا کشائش والا (اور) دانا ہے ﴿۲۴۷﴾ اور پیغمبر

لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖۤ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ فِيْهِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمْ | نَبِيُّهُمْ | اِنَّ | اٰيَةَ | مُلْكِهٖۤ | اَنْ | يَّاْتِيَكُمُ | التَّابُوْتُ | فِيْهِ |
| واسطے ان کے | نبی ان کے نے | بیشک | نشانی | اس کی بادشاہی کی | یہ کہ | آئے تمہارے پاس | صندوق | بیچ اس کے |

نے اُن سے کہا کہ اُس کی بادشاہی کی نشانی یہ ہے کہ تمہارے پاس ایک صندوق آئے گا جس کو فرشتے اُٹھائے ہوئے ہوں گے

سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ بَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَكِيْنَةٌ | مِّنْ | رَّبِّكُمْ | وَ | بَقِيَّةٌ | مِّمَّا | تَرَكَ | اٰلُ | مُوْسٰى | وَاٰلُ |
| تسکین ہے | سے | پروردگار تمہارے | اور | باقی ہے | اس چیز سے کہ | چھوڑ گئی | قوم | موسیٰ کی | اور قوم |

اس میں تمہارے پروردگار کی طرف سے تسلی (بخشنے والی چیز) ہو گی اور کچھ اور چیزیں بھی ہوں گی جو موسیٰ

هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هٰرُوْنَ | تَحْمِلُهُ | الْمَلٰٓئِكَةُ | اِنَّ | فِيْ | ذٰلِكَ | لَاٰيَةً | لَّكُمْ | اِنْ |
| ہارون کی | اٹھا لائیں گے | فرشتے | بیشک | بیچ | اس کے | البتہ نشانی ہے | واسطے تمہارے | اگر |

اور ہارون چھوڑ گئے تھے۔ اگر تم ایمان رکھتے ہو تو یہ تمہارے لیے ایک بڑی

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۴۸﴾ ع فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوْتُ بِالْجُنُوْدِ ۙ قَالَ ع ۳۲ ۲ ۱۲

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| كُنْتُمْ | مُّؤْمِنِيْنَ | فَلَمَّا | فَصَلَ | طَالُوْتُ | بِالْجُنُوْدِ | قَالَ |
| ہو تم | ایمان والے | پس جب | جدا ہوا | طالوت | ساتھ لشکر کے | کہا |

نشانی ہے ﴿۲۴۸﴾ غرض جب طالوت فوجیں لے کر روانہ ہوا تو اس نے (اُن سے) کہا

إِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيكُم بِنَهَرٍ ۚ فَمَن شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّي ۚ

| إِنَّ | اللّٰهَ | مُبْتَلِيكُم | بِنَهَرٍ | فَمَن | شَرِبَ | مِنْهُ | فَلَيْسَ | مِنِّي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | اللہ | آزمانے والا ہے تم کو | ساتھ نہر کے | پس جو کوئی | پیئے | اس میں سے | پس نہیں ہے | مجھ سے |

کہ اللہ ایک نہر سے تمہاری آزمائش کرنے والا ہے۔ جو شخص اس میں سے پانی پی لے گا (اس کی نسبت تصور کیا جائے گا کہ) وہ میرا نہیں۔

وَمَن لَّمْ يَطْعَمْهُ فَإِنَّهُ مِنِّي إِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةً

| وَ | مَن | لَّمْ | يَطْعَمْهُ | فَإِنَّهُ | مِنِّي | إِلَّا | مَنِ | اغْتَرَفَ | غُرْفَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جو کوئی | نہیں | چکھے گا اس کو | پس بیشک وہ | مجھ سے ہے | مگر | جو کوئی | بھر لے | ایک چلو |

اور جو نہ پیئے گا وہ (سمجھا جائے گا کہ) میرا ہے ہاں اگر کوئی ہاتھ سے

بِيَدِهِ ۚ فَشَرِبُوا مِنْهُ إِلَّا قَلِيلًا مِّنْهُمْ ۚ فَلَمَّا جَاوَزَهُ هُوَ

| بِيَدِهِ | فَشَرِبُوا | مِنْهُ | إِلَّا | قَلِيلًا | مِّنْهُمْ | فَلَمَّا | جَاوَزَهُ | هُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ ہاتھ اپنے کے | پس پی گئے | اس میں سے | مگر | تھوڑے | ان میں سے | پس جب | پار اترا اس سے | وہ |

چلو بھر پانی لے لے (تو خیر جب وہ لوگ نہر پر پہنچے) تو چند شخصوں کے سوا سب نے پانی پی لیا۔ پھر جب طالوت

وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ قَالُوا لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوتَ

| وَ | الَّذِينَ | آمَنُوا | مَعَهُ | قَالُوا | لَا | طَاقَةَ | لَنَا | الْيَوْمَ | بِجَالُوتَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جو لوگ کہ | ایمان لائے | ساتھ اس کے | کہنے لگے | نہیں | طاقت | ہم کو | آج کے دن | ساتھ جالوت کے |

اور مومن لوگ جو اس کے ساتھ تھے نہر کے پار ہو گئے تو کہنے لگے کہ آج ہم میں جالوت اور اس کے لشکر سے

وَجُنُودِهِ ۚ قَالَ الَّذِينَ يَظُنُّونَ أَنَّهُم مُّلَاقُو اللّٰهِ ۙ كَم مِّن

| وَ | جُنُودِهِ | قَالَ | الَّذِينَ | يَظُنُّونَ | أَنَّهُم | مُّلَاقُوا | اللّٰهِ | كَم مِّن |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اس کے لشکر کے | کہا | ان لوگوں نے جو | جانتے تھے | یہ کہ وہ | ملنے والے ہیں | اللہ سے | بہت ہوا ہے کہ |

مقابلہ کرنے کی طاقت نہیں۔ جو لوگ یقین رکھتے تھے کہ ان کو اللہ کے روبرو حاضر ہونا ہے وہ کہنے لگے

فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيرَةً بِإِذْنِ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ مَعَ

| فِئَةٍ | قَلِيلَةٍ | غَلَبَتْ | فِئَةً | كَثِيرَةً | بِإِذْنِ | اللّٰهِ | وَ | اللّٰهُ | مَعَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جماعت | تھوڑی | غالب آئی ہے | جماعت | بہت پر | ساتھ حکم | اللہ کے | اور | اللہ | ساتھ ہے |

کہ بسا اوقات تھوڑی سی جماعت نے اللہ کے حکم سے بڑی جماعت پر فتح حاصل کی ہے۔ اور اللہ استقلال رکھنے

الصّٰبِرِيْنَ ﴿۲۴۹﴾ وَلَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ قَالُوْا رَبَّنَآ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الصّٰبِرِيْنَ | وَلَمَّا | بَرَزُوْا | لِجَالُوْتَ | وَجُنُوْدِهٖ | قَالُوْا | رَبَّنَآ |
| صبر کرنے والوں کے | اور جب | ظاہر ہوئے | واسطے جالوت کے | اور اس کے لشکر کے | کہا انہوں نے | اے پروردگار ہمارے |

والوں کے ساتھ ہے ﴿۲۴۹﴾ اور جب وہ لوگ جالوت اور اس کے لشکر کے مقابل میں آئے تو (اللہ سے) دعا کی کہ اے پروردگار

اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۵۰﴾ ط

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَفْرِغْ | عَلَيْنَا | صَبْرًا | وَّثَبِّتْ | اَقْدَامَنَا | وَانْصُرْنَا | عَلَى | الْقَوْمِ | الْكٰفِرِيْنَ |
| ڈال | اوپر ہمارے | صبر | اور ثابت رکھ | قدم ہمارے | اور مدد دے ہم کو | اوپر | قوم | کافروں کے |

ہم پر صبر کے دہانے کھول دے اور ہمیں (لڑائی میں) ثابت قدم رکھ اور (لشکر) کفار پر فتح یاب کر ﴿۲۵۰﴾

فَهَزَمُوْهُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۙ قف وَقَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ وَاٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَهَزَمُوْهُمْ | بِاِذْنِ | اللّٰهِ | وَقَتَلَ | دَاوٗدُ | جَالُوْتَ | وَ | اٰتٰىهُ | اللّٰهُ | الْمُلْكَ |
| پس شکست دی ان کو | ساتھ حکم | اللہ کے | اور قتل کیا | داؤد نے | جالوت کو | اور | دی اس کو | اللہ نے | بادشاہی |

تو طالوت کی فوج نے اللہ کے حکم سے ان کو ہزیمت دی اور داؤد نے جالوت کو قتل کر ڈالا اور اللہ نے ان کو بادشاہی

وَالْحِكْمَةَ وَ عَلَّمَهٗ مِمَّا يَشَآءُ ط وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْحِكْمَةَ | وَ | عَلَّمَهٗ | مِمَّا | يَشَآءُ | وَ | لَوْ | لَا | دَفْعُ | اللّٰهِ | النَّاسَ | بَعْضَهُمْ |
| اور حکمت | اور | سکھایا اس کو | جو کچھ | چاہا | اور | اگر | نہ ہوتا | دفع کرنا | اللہ کا | لوگوں کو | ان کے بعضے کو |

اور دانائی بخشی اور جو کچھ چاہا سکھایا۔ اور اگر اللہ لوگوں کو ایک دوسرے (پر چڑھائی

بِبَعْضٍ لا لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۵۱﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِبَعْضٍ | لَّفَسَدَتِ | الْاَرْضُ | وَلٰكِنَّ | اللّٰهَ | ذُوْ | فَضْلٍ | عَلَى | الْعٰلَمِيْنَ |
| ساتھ بعض کے | البتہ بگڑ جاتی | زمین | اور لیکن | اللہ | صاحب | فضل ہے | اوپر | جہانوں کے |

اور حملہ کرنے) سے نہ ہٹاتا رہتا تو ملک تباہ ہو جاتا لیکن اللہ اہل عالم پر بڑا مہربان ہے ﴿۲۵۱﴾

تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ط وَ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۵۲﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تِلْكَ | اٰيٰتُ | اللّٰهِ | نَتْلُوْهَا | عَلَيْكَ | بِالْحَقِّ | وَ | اِنَّكَ | لَمِنَ | الْمُرْسَلِيْنَ |
| یہ | نشانیاں ہیں | اللہ کی | ہم پڑھتے ہیں | اوپر تیرے | ساتھ حق کے | اور | بے شک تو | البتہ ہے | پیغمبروں میں سے |

یہ اللہ کی آیتیں ہیں جو ہم تم کو سچائی کے ساتھ پڑھ کر سناتے ہیں۔ اور (اے محمد ﷺ) تم بلا شبہ پیغمبروں میں سے ہو ﴿۲۵۲﴾

الجزء ۳ وقف لازم

# تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تِلْكَ | الرُّسُلُ | فَضَّلْنَا | بَعْضَهُمْ | عَلٰى | بَعْضٍ | مِنْهُمْ | مَّنْ | كَلَّمَ | اللّٰهُ |
| یہ | پیغمبر | بزرگی دی ہم نے | بعضے ان کے کو | اوپر | بعض کے | ان میں سے | وہ ہیں کہ | باتیں کیں | اللہ نے |

یہ پیغمبر (جوہم وقتاً فوقتاً بھیجتے رہے ہیں) ان میں سے ہم نے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے۔ بعض ایسے ہیں جن سے اللہ نے گفتگو کی

## وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ ؕ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَرَفَعَ | بَعْضَهُمْ | دَرَجٰتٍ | وَاٰتَيْنَا | عِيْسَى | ابْنَ | مَرْيَمَ | الْبَيِّنٰتِ |
| اور بلند کیا | بعضے ان کے کو | درجوں میں | اور دی ہم نے | عیسیٰ | بیٹے | مریم کے کو | دلیلیں ظاہر |

اور بعض کے (دوسرے امور میں) مرتبے بلند کیے۔ اور عیسیٰ ابن مریم کو ہم نے کھلی ہوئی نشانیاں عطا کیں

## وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ مِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاَيَّدْنٰهُ | بِرُوْحِ | الْقُدُسِ | وَلَوْ | شَآءَ | اللّٰهُ | مَا | اقْتَتَلَ | الَّذِيْنَ | مِنْ بَعْدِهِمْ |
| اور قوت دی ہم نے اسکو | ساتھ جان | پاک کے | اور اگر | چاہتا | اللہ | نہ | لڑتے | وہ لوگ کہ | پیچھے ان کے تھے |

اور روح القدس سے اُن کو مدد دی۔ اور اگر اللہ چاہتا تو ان سے پچھلے لوگ اپنے پاس کھلی نشانیاں

## بَعْدِهِمْ مِّنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ وَلٰكِنِ اخْتَلَفُوْا فَمِنْهُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ بَعْدِ | مَا | جَآءَتْهُمُ | الْبَيِّنٰتُ | وَلٰكِنِ | اخْتَلَفُوْا | فَمِنْهُمْ |
| پیچھے اس کے | کہ | آئیں ان کے پاس | دلیلیں ظاہر | اور لیکن | اختلاف کیا انہوں نے | پس بعضے ان میں سے |

آنے کے بعد آپس میں نہ لڑتے لیکن انہوں نے اختلاف کیا تو اُن میں سے بعض

## مَّنْ اٰمَنَ وَمِنْهُمْ مَّنْ كَفَرَ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلُوْا ۟ وَلٰكِنَّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّنْ | اٰمَنَ | وَمِنْهُمْ | مَّنْ | كَفَرَ | وَلَوْ | شَآءَ | اللّٰهُ | مَا | اقْتَتَلُوْا | وَلٰكِنَّ |
| وہ شخص ہے جو | ایمان لایا | اور بعض ان میں سے | وہ ہے کہ | کافر ہوا | اور اگر | چاہتا | اللہ | نہ | لڑتے | اور لیکن |

تو ایمان لے آئے اور بعض کافر ہی رہے اور اگر اللہ چاہتا تو یہ لوگ باہم جنگ وقتال نہ کرتے لیکن

ع ۳۳ ۵ ۱

## اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ﴿۲۵۳﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | يَفْعَلُ | مَا | يُرِيْدُ | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْۤا | اَنْفِقُوْا | مِمَّا | رَزَقْنٰكُمْ |
| اللہ | کرتا ہے | جو کچھ کہ | چاہتا ہے | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | خرچ کرو | اس چیز سے کہ | دیا ہے ہم نے تم کو |

اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے ﴿۲۵۳﴾ اے ایمان والو! جو (مال) ہم نے تم کو دیا ہے اس میں سے اس دن

مِّنۡ قَبۡلِ اَنۡ یَّاۡتِیَ یَوۡمٌ لَّا بَیۡعٌ فِیۡهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّ لَا شَفَاعَةٌ ط

| مِّنۡ قَبۡلِ | اَنۡ | یَّاۡتِیَ | یَوۡمٌ | لَّا | بَیۡعٌ | فِیۡهِ | وَلَا | خُلَّةٌ | وَّ | لَا | شَفَاعَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہلے اس سے | کہ | آئے | وہ دن کہ | نہیں | بیچنا | بیچ اس کے | اور نہ | دوستی | اور | نہ | سفارشی |

کے آنے سے پہلے پہلے خرچ کرلو جس میں نہ (اعمال کا) سودا ہو اور نہ دوستی اور سفارش ہو سکے۔

وَالۡكٰفِرُوۡنَ هُمُ الظّٰلِمُوۡنَ ﴿۲۵۴﴾ اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ۵

| وَالۡكٰفِرُوۡنَ | هُمُ | الظّٰلِمُوۡنَ | اَللّٰهُ | لَاۤ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | اَلۡحَیُّ | الۡقَیُّوۡمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور کافر | وہی | ظالم ہیں | اللہ | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہ | زندہ ہے | سب کا تھامنے والا |

اور کفر کرنے والے لوگ ظالم ہیں ﴿۲۵۴﴾ اللہ (وہ معبود برحق ہے کہ) اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ زندہ، ہمیشہ رہنے والا۔

لَا تَاۡخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوۡمٌ ط لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ ط

| لَا | تَاۡخُذُهٗ | سِنَةٌ | وَّ | لَا | نَوۡمٌ | لَهٗ | مَا | فِی | السَّمٰوٰتِ | وَمَا | فِی | الۡاَرۡضِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | پکڑتی اس کو | اونگھ | اور | نہ | نیند | واسطے اسکے ہے | جو کچھ | بیچ | آسمانوں کے | اور جو کچھ | بیچ | زمین کے ہے |

اسے نہ اونگھ آتی ہے نہ نیند۔ جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اُسی کا ہے۔

مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یَشۡفَعُ عِنۡدَهٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِهٖ ط یَعۡلَمُ مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡهِمۡ

| مَنۡ ذَا الَّذِیۡ | یَشۡفَعُ | عِنۡدَهٗۤ | اِلَّا | بِاِذۡنِهٖ | یَعۡلَمُ | مَا | بَیۡنَ اَیۡدِیۡهِمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کون ہے وہ جو | سفارش کرے | نزدیک اس کے | مگر | ساتھ اس کے حکم کے | جانتا ہے | جو کچھ | آگے ان کے ہے |

کون ہے کہ اس کی اجازت کے بغیر اس سے (کسی کی) سفارش کر سکے۔ جو کچھ لوگوں کے روبرو ہو رہا ہے اور جو کچھ ان کے پیچھے ہو چکا ہے

وَمَا خَلۡفَهُمۡ ج وَلَا یُحِیۡطُوۡنَ بِشَیۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ج

| وَمَا | خَلۡفَهُمۡ | وَلَا | یُحِیۡطُوۡنَ | بِشَیۡءٍ | مِّنۡ | عِلۡمِهٖۤ | اِلَّا | بِمَا | شَآءَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور جو کچھ | پیچھے ان کے ہے | اور نہیں | گھیرتے | ساتھ کسی چیز کے | سے | علم اس کے | مگر | ساتھ اس چیز کے | چاہے |

اسے سب معلوم ہے اور وہ اس کی معلومات میں سے کسی چیز پر دسترس حاصل نہیں کر سکتے ہاں جس قدر وہ چاہتا ہے (اسی قدر معلوم کرا دیتا ہے)۔

وَسِعَ كُرۡسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ ج وَلَا یَـُٔوۡدُهٗ حِفۡظُهُمَا ج وَهُوَ

| وَسِعَ | كُرۡسِیُّهُ | السَّمٰوٰتِ | وَالۡاَرۡضَ | وَلَا | یَـُٔوۡدُهٗ | حِفۡظُهُمَا | وَهُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سما لیا ہے | کرسی اس کی نے | آسمانوں کو | اور زمین کو | اور نہیں | تھکاتی اس کو | نگہبانی ان دونوں کی | اور وہ ہے |

اس کی بادشاہی (اور علم) آسمانوں اور زمین سب پر حاوی ہے۔ اور اسے ان کی حفاظت کچھ بھی دشوار نہیں۔ وہ

الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿٢٥٥﴾ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ

| الْعَلِيُّ | الْعَظِيْمُ | لَآ | اِكْرَاهَ | فِي | الدِّيْنِ | قَدْ تَّبَيَّنَ | الرُّشْدُ | مِنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بلند مرتبہ | بڑا | نہیں | زبردستی | بیچ | دین کے | تحقیق ظاہر ہو گیا ہے | راہ پانا | سے |

بڑا عالی رُتبہ (اور) جلیل القدر ہے ﴿۲۵۵﴾ دین (اسلام) میں زبردستی نہیں ہے۔ ہدایت (صاف طور پر ظاہر اور) گمراہی

الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ

| الْغَيِّ | فَمَنْ | يَّكْفُرْ | بِالطَّاغُوْتِ | وَيُؤْمِنْ | بِاللّٰهِ | فَقَدِ | اسْتَمْسَكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گمراہی | پس جو کوئی | کفر کرے | ساتھ شیطان کے | اور ایمان لائے | ساتھ اللہ کے | پس تحقیق | پکڑ رکھا اس نے |

سے الگ ہو چکی ہے۔ تو جو شخص بتوں سے اعتقاد نہ رکھے اور اللہ پر ایمان لائے اس نے ایسی مضبوط رسی

بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۗ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢٥٦﴾ اَللّٰهُ

| بِالْعُرْوَةِ | الْوُثْقٰى | لَا | انْفِصَامَ | لَهَا | وَاللّٰهُ | سَمِيْعٌ | عَلِيْمٌ | اَللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کڑا | مضبوط | نہیں | ٹوٹنا | واسطے اس کے | اور اللہ | سننے والا | جاننے والا ہے | اللہ |

ہاتھ میں پکڑ لی ہے جو کبھی ٹوٹنے والی نہیں اور اللہ (سب کچھ) سنتا (اور سب کچھ) جانتا ہے ﴿۲۵۶﴾ جو لوگ

وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۛ وَالَّذِيْنَ

| وَلِيُّ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | يُخْرِجُهُمْ | مِّنَ | الظُّلُمٰتِ | اِلَى | النُّوْرِ | وَالَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دوستدار ہے | ان لوگوں کا جو | ایمان لائے | نکالتا ہے ان کو | سے | اندھیروں | طرف | روشنی کے | اور جو لوگ کہ |

ایمان لائے ہیں ان کا دوست اللہ ہے کہ اندھیرے سے نکال کر روشنی میں لے جاتا ہے اور جو

كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰۗـــُٔھُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى

| كَفَرُوْٓا | اَوْلِيٰۗـــُٔھُمُ | الطَّاغُوْتُ | يُخْرِجُوْنَهُمْ | مِّنَ | النُّوْرِ | اِلَى |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کافر ہوئے | دوست ان کے | شیطان ہیں | نکالتے ہیں ان کو | سے | روشنی | طرف |

کافر ہیں ان کے دوست شیطان ہیں کہ ان کو روشنی سے نکال کر اندھیرے میں لے

الظُّلُمٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ ھُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٢٥٧﴾ اَلَمْ تَرَ ع ۳۴ ۲

| الظُّلُمٰتِ | اُولٰۗىِٕكَ | اَصْحٰبُ | النَّارِ | ھُمْ | فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ | اَلَمْ تَرَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اندھیروں کے | یہ لوگ ہیں | رہنے والے | آگ کے | وہ | بیچ اسکے | ہمیشہ رہنے والے ہیں | کیا نہیں دیکھا تونے |

جاتے ہیں یہی لوگ اہلِ دوزخ ہیں کہ اس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۲۵۷﴾ بھلا تم نے اس شخص کو نہیں دیکھا

وقف لازم

اِلَى الَّذِيْ حَآجَّ اِبْرٰهٖمَ فِيْ رَبِّهٖٓ اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ ۘ اِذْ قَالَ

| اِلَى | الَّذِيْ | حَآجَّ | اِبْرٰهٖمَ | فِيْ | رَبِّهٖٓ | اَنْ | اٰتٰىهُ | اللّٰهُ | الْمُلْكَ | اِذْ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طرف | اس شخص کی کہ | جھگڑا | ابراہیم سے | بیچ | اسکے پروردگار کے | کہ | دی اس کو | اللہ نے | بادشاہی | جب | کہا |

جو اس (غرور کے) سبب سے کہ اللہ نے اس کو سلطنت بخشی تھی ابراہیم سے پروردگار کے بارے میں جھگڑنے لگا۔ جب ابراہیم نے کہا

اِبْرٰهٖمُ رَبِّيَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۙ قَالَ اَنَا اُحْيٖ وَاُمِيْتُ ۭ قَالَ

| اِبْرٰهٖمُ | رَبِّيَ | الَّذِيْ | يُحْيٖ | وَيُمِيْتُ | قَالَ | اَنَا | اُحْيٖ | وَاُمِيْتُ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ابراہیم نے | پروردگار میرا | وہ ہے جو | زندہ کرتا ہے | اور مارتا ہے | کہا | میں | زندہ کرتا ہوں | اور مارتا ہوں | کہا |

میرا پروردگار تو وہ ہے جو جلاتا ہے اور مارتا ہے وہ بولا کہ جلا اور مار تو میں بھی سکتا ہوں۔

اِبْرٰهٖمُ فَاِنَّ اللّٰهَ يَاْتِيْ بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا مِنَ

| اِبْرٰهٖمُ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | يَاْتِيْ | بِالشَّمْسِ | مِنَ | الْمَشْرِقِ | فَاْتِ | بِهَا | مِنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ابراہیم نے | پس بے شک | اللہ | لاتا ہے | سورج کو | سے | مشرق | پس لے آ تو | اس کو | سے |

ابراہیم نے کہا کہ اللہ تو سورج کو مشرق سے نکالتا ہے آپ اسے مغرب سے نکال دیجیے۔

الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِيْ كَفَرَ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۚ (۲۵۸)

| الْمَغْرِبِ | فَبُهِتَ | الَّذِيْ | كَفَرَ | وَاللّٰهُ | لَا | يَهْدِي | الْقَوْمَ | الظّٰلِمِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مغرب | پس حیران رہ گیا | وہ جو | کافر تھا | اور اللہ | نہیں | راہ دکھاتا | قوم | ظالموں کو |

(یہ سن کر) کافر حیران رہ گیا۔ اور اللہ بے انصافوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا (۲۵۸)

اَوْ كَالَّذِيْ مَرَّ عَلٰي قَرْيَةٍ وَّهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰي عُرُوْشِهَا ۚ قَالَ اَنّٰى

| اَوْ | كَالَّذِيْ | مَرَّ | عَلٰي | قَرْيَةٍ | وَّ | هِيَ | خَاوِيَةٌ | عَلٰي | عُرُوْشِهَا | قَالَ | اَنّٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یا | مانند اس شخص کے کہ | گزرا | اوپر | ایک گاؤں کے | اور | وہ | گرا ہوا تھا | اوپر | چھتوں اپنی کے | کہا | کیوں کر |

یا اسی طرح اس شخص کو (نہیں دیکھا) جسے ایک گاؤں میں جو اپنی چھتوں پر گرا پڑا تھا اتفاقِ گزر ہوا تو اس نے کہا کہ اللہ اس (کے

يُحْيٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ۭ قَالَ

| يُحْيٖ | هٰذِهِ | اللّٰهُ | بَعْدَ | مَوْتِهَا | فَاَمَاتَهُ | اللّٰهُ | مِائَةَ | عَامٍ | ثُمَّ | بَعَثَهٗ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زندہ کریگا | اس کو | اللہ | پیچھے | موت اسکی کے | پس مار ڈالا اسکو | اللہ نے | سو | برس | پھر | زندہ اٹھایا اسکو | کہا |

باشندوں) کو مرنے کے بعد کیونکر زندہ کرے گا۔ تو اللہ نے اس کی روح قبض کر لی (اور) سو برس تک (اس کو مردہ رکھا) پھر اس کو جلا اٹھایا۔ اور پوچھا

كَمْ لَبِثْتَ ؕ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ؕ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ

| كَمْ | لَبِثْتَ | قَالَ | لَبِثْتُ | يَوْمًا | اَوْ | بَعْضَ | يَوْمٍ | قَالَ | بَلْ | لَّبِثْتَ | مِائَةَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کتنی | دیر رہا تو | کہا | رہا میں | ایک دن | یا | تھوڑا | دن سے | کہا | بلکہ | رہا تو | سو |

تم کتنا عرصہ (مرے) رہے ہو۔ اُس نے جواب دیا کہ ایک دن یا اس سے بھی کم۔ اللہ نے فرمایا (نہیں) بلکہ سو

عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰى طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ ج وَانْظُرْ اِلٰى

| عَامٍ | فَانْظُرْ | اِلٰى | طَعَامِكَ | وَشَرَابِكَ | لَمْ | يَتَسَنَّهْ | وَانْظُرْ | اِلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| برس | پس دیکھ | طرف | کھانے اپنے کے | اور پینے اپنے کے | کہ نہیں | سڑا | اور دیکھ | طرف |

برس (مرے) رہے ہو اور اپنے کھانے پینے کی چیزوں کو دیکھو کہ (اتنی مدت میں مطلق سڑی) بُسی نہیں اور اپنے گدھے کو بھی دیکھو (جو مرا پڑا ہے)

حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَانْظُرْ اِلَى الْعِظَامِ كَيْفَ

| حِمَارِكَ | وَلِنَجْعَلَكَ | اٰيَةً | لِّلنَّاسِ | وَانْظُرْ | اِلَى | الْعِظَامِ | كَيْفَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گدھے اپنے کے | اور تا کہ کریں ہم تجھ کو | نشانی | واسطے لوگوں کے | اور دیکھ | طرف | ہڈیوں کے | کہ کیوں کر |

غرض (ان باتوں سے) یہ ہے کہ ہم تم کو لوگوں کے لیے (اپنی قدرت کی) نشانی بنائیں اور (ہاں گدھے کی) ہڈیوں کو دیکھو کہ ہم ان کو کیونکر

نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا ؕ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗ ۙ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى

| نُنْشِزُهَا | ثُمَّ | نَكْسُوْهَا | لَحْمًا | فَلَمَّا | تَبَيَّنَ | لَهٗ | قَالَ | اَعْلَمُ | اَنَّ | اللّٰهَ | عَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چڑھاتے ہیں | پھر | پہناتے ہیں ان کو | گوشت | جب | ظاہر ہوا | واسطے اسکے | کہا | میں جانتا ہوں | بیشک | اللہ | اوپر |

جوڑے دیتے اور اُن پر (کس طرح) گوشت پوست چڑھائے دیتے ہیں جب یہ واقعات اُس کے مشاہدے میں آئے تو بول اُٹھا کہ میں یقین کرتا

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٥٩﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اَرِنِيْ كَيْفَ تُحْيِ

| كُلِّ | شَيْءٍ | قَدِيْرٌ | وَاِذْ | قَالَ | اِبْرٰهٖمُ | رَبِّ | اَرِنِيْ | كَيْفَ | تُحْيِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہر | چیز کے | قادر ہے | اور جب | کہا | ابراہیم نے | اے رب میرے | دکھلا دے مجھ کو | کس طرح | زندہ کرتا ہے تو |

ہوں کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے (٢٥٩) اور جب ابراہیم نے (اللہ سے) کہا کہ اے پروردگار مجھے دکھا کہ تو مُردوں کو کیونکر زندہ کرے گا

الْمَوْتٰى ؕ قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ؕ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِيْ ؕ

| الْمَوْتٰى | قَالَ | اَوَلَمْ | تُؤْمِنْ | قَالَ | بَلٰى | وَلٰكِنْ | لِّيَطْمَئِنَّ | قَلْبِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُردوں کو | کہا | کیا نہیں | ایمان لایا تو | کہا | بلکہ لایا ہوں | اور لیکن | تاکہ اطمینان پکڑے | دل میرا |

اللہ نے فرمایا کیا تم نے (اس بات کو) باور نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کیوں نہیں لیکن (میں دیکھنا) اس لیے (چاہتا ہوں) کہ میرا دل اطمینان کامل حاصل کر لے۔

قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ

| قَالَ | فَخُذْ | اَرْبَعَةً | مِّنَ | الطَّيْرِ | فَصُرْهُنَّ | اِلَيْكَ | ثُمَّ | اجْعَلْ | عَلٰى | كُلِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہا | پس لے | چار | سے | جانوروں | پس صورت پہچان رکھ | طرف اپنے | پھر | کردے | اوپر | ہر |

اللہ نے فرمایا کہ چار جانور پکڑ کر اپنے پاس منگا لو (اور ٹکڑے ٹکڑے کرادو) پھر ان کا ایک ایک ٹکڑا

جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَاْتِيْنَكَ سَعْيًا ؕ وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ

| جَبَلٍ | مِّنْهُنَّ | جُزْءًا | ثُمَّ | ادْعُهُنَّ | يَاْتِيْنَكَ | سَعْيًا | وَاعْلَمْ | اَنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہاڑ کے | ان میں سے | ایک ٹکڑا | پھر | بلاان کو | چلے آئینگے تیرے پاس | دوڑ کر | اور جان لے | یہ کہ | اللہ |

ہر ایک پہاڑ پر رکھ دو پھر ان کو بلاؤ تو وہ تمہارے پاس دوڑتے چلے آئیں گے۔ اور جان رکھو کہ اللہ

عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۶۰﴾ ع مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ٣٥ ع ٣ ٣

| عَزِيْزٌ | حَكِيْمٌ | مَثَلُ | الَّذِيْنَ | يُنْفِقُوْنَ | اَمْوَالَهُمْ | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غالب ہے | حکمت والا | مثال | ان لوگوں کی کہ | خرچ کرتے ہیں | مال اپنے | بیچ | راہ | اللہ کے |

غالب (اور) صاحب حکمت ہے ﴿۲۶۰﴾ جو لوگ اپنا مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں

كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ

| كَمَثَلِ | حَبَّةٍ | اَنْۢبَتَتْ | سَبْعَ | سَنَابِلَ | فِيْ | كُلِّ | سُنْۢبُلَةٍ | مِّائَةُ | حَبَّةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جیسے مثال | ایک دانہ کی کہ | اگاوے | سات | بالیں | بیچ | ہر | بالی کے | سو | دانے |

ان (کے مال) کی مثال اس دانے کی سی ہے جس سے سات بالیں اگیں اور ہر ایک بال میں سو سو دانے ہوں۔

وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۶۱﴾ اَلَّذِيْنَ

| وَاللّٰهُ | يُضٰعِفُ | لِمَنْ | يَّشَآءُ | وَاللّٰهُ | وَاسِعٌ | عَلِيْمٌ | اَلَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور اللہ | دونا کرتا ہے | واسطے جس کے | چاہے | اور اللہ | کشائش والا | جاننے والا ہے | وہ لوگ جو |

اور اللہ جس (کے مال) کو چاہتا ہے زیادہ کرتا ہے۔ اور اللہ بڑی کشائش والا (اور) سب کچھ جاننے والا ہے ﴿۲۶۱﴾ جو لوگ

يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا

| يُنْفِقُوْنَ | اَمْوَالَهُمْ | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | ثُمَّ | لَا | يُتْبِعُوْنَ | مَآ | اَنْفَقُوْا | مَنًّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خرچ کرتے ہیں | مال اپنے | بیچ | راہ | اللہ کے | پھر | نہیں | لاتے پیچھے | اس چیز کے کہ | خرچ کرتے ہیں | احسان |

اپنا مال اللہ کے رستے میں صرف کرتے ہیں پھر اس کے بعد نہ اس خرچ کا (کسی پر) احسان رکھتے ہیں

وَّلَآ اَذًى ۙ لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | لَآ | اَذًى | لَّهُمْ | اَجْرُهُمْ | عِنْدَ | رَبِّهِمْ | وَلَا | خَوْفٌ | عَلَيْهِمْ | وَلَا | هُمْ |
| اور | نہ | ایذا | واسطے انکے ہے | ثواب ان کا | نزدیک | انکے رب کے | اور نہ | خوف ہے | اوپران کے | اور نہ | وہ |

اور نہ (کسی کو) تکلیف دیتے ہیں۔ ان کا صلہ ان کے پروردگار کے پاس (تیار) ہے اور (قیامت کے روز) نہ ان کو کچھ خوف ہوگا اور نہ

يَحْزَنُوْنَ ﴿٢٦٢﴾ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّمَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَحْزَنُوْنَ | قَوْلٌ | مَّعْرُوْفٌ | وَّ | مَغْفِرَةٌ | خَيْرٌ | مِّنْ | صَدَقَةٍ | يَّتْبَعُهَآ |
| غمگین ہوں گے | بات | اچھی | اور | بخش دینا | بہتر ہے | سے | اس خیرات | کہ پیچھے اسکے ہو |

وہ غمگین ہوں گے ﴿٢٦٢﴾ جس خیرات دینے کے بعد (لینے والے کو) ایذا دی جائے اس سے تو نرم بات کہہ دینی اور (اس کی بے ادبی سے) درگزر کرنا

اَذًى ؕ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَلِيْمٌ ﴿٢٦٣﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَذًى | وَاللّٰهُ | غَنِيٌّ | حَلِيْمٌ | يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَا | تُبْطِلُوْا |
| ایذا | اور اللہ | بے پرواہ ہے | تحمل والا | اے لوگو جو | ایمان لائے ہو | مت | باطل کرو |

بہتر ہے اور اللہ بے پروا (اور) بردبار ہے ﴿٢٦٣﴾ مومنو! اپنے صدقات (وخیرات) احسان رکھنے اور ایذا

صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى ۙ كَالَّذِيْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صَدَقٰتِكُمْ | بِالْمَنِّ | وَالْاَذٰى | كَالَّذِيْ | يُنْفِقُ | مَالَهٗ | رِئَآءَ | النَّاسِ |
| خیرات اپنی | ساتھ احسان | اور ایذا کے | مانند اس شخص کے جو | خرچ کرتا ہے | مال اپنے کو | واسطے دکھلانے | لوگوں کے |

دینے سے اُس شخص کی طرح برباد نہ کر دینا جو لوگوں کو دکھاوے کے لیے مال خرچ کرتا ہے

وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَا | يُؤْمِنُ | بِاللّٰهِ | وَالْيَوْمِ | الْاٰخِرِ | فَمَثَلُهٗ | كَمَثَلِ | صَفْوَانٍ | عَلَيْهِ | تُرَابٌ |
| اور نہیں | ایمان لاتا | ساتھ اللہ کے | اور دن | آخرت کے | پس مثال اسکی | جیسے مثال | صاف پتھر کی | اوپر اس کے | مٹی ہو |

اور اللہ اور روزِ آخرت پر ایمان نہیں رکھتا۔ تو اُس (کے مال) کی مثال اُس چٹان کی سی ہے جس پر تھوڑی سی

فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا ؕ لَا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّمَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَصَابَهٗ | وَابِلٌ | فَتَرَكَهٗ | صَلْدًا | لَا | يَقْدِرُوْنَ | عَلٰى | شَيْءٍ | مِّمَّا |
| پس پہنچے اس کو | مینہ | پس چھوڑ دے اس کو | صاف | نہیں | قدرت پاتے | اوپر | کسی چیز کے | اس چیز سے جو |

مٹی پڑی ہو اور اس پر زور کا مینہ برس کر اسے صاف کر ڈالے۔ (اسی طرح) یہ (ریاکار) لوگ اپنے اعمال کا کچھ بھی

كَسَبُوْا ۗ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۶۴﴾ وَمَثَلُ الَّذِيْنَ

| كَسَبُوْا | وَاللّٰهُ | لَا | يَهْدِي | الْقَوْمَ | الْكٰفِرِيْنَ | وَمَثَلُ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کمایا انہوں نے | اور اللہ | نہیں | راہ دکھاتا | قوم | کافروں کو | اور مثال | ان لوگوں کی کہ |

صلہ حاصل نہیں کر سکیں گے۔ اور اللہ ایسے ناشکروں کو ہدایت نہیں دیا کرتا ﴿۲۶۴﴾ اور جو لوگ

يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ

| يُنْفِقُوْنَ | اَمْوَالَهُمُ | ابْتِغَآءَ | مَرْضَاتِ | اللّٰهِ | وَتَثْبِيْتًا | مِّنْ اَنْفُسِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| خرچ کرتے ہیں | مال اپنے | واسطے چاہنے | رضامندی | اللہ کی | اور ثابت کرنے کے | جانوں اپنی سے |

اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے اور خلوص نیت سے اپنا مال خرچ کرتے ہیں

كَمَثَلِ جَنَّةٍۭ بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا وَابِلٌ فَاٰتَتْ اُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ ۚ فَاِنْ لَّمْ

| كَمَثَلِ | جَنَّةٍ | بِرَبْوَةٍ | اَصَابَهَا | وَابِلٌ | فَاٰتَتْ | اُكُلَهَا | ضِعْفَيْنِ | فَاِنْ | لَّمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جیسے مثال | ایک باغ کی | بلندی پر ہو | پہنچا اس کو | مینہ | پس لایا | میوہ اپنا | دوگنا | پس اگر | نہ |

اُن کی مثال ایک باغ کی سی ہے جو اونچی جگہ پر واقع ہو (جب) اس پر مینہ پڑے تو دگنا پھل لائے اور اگر مینہ نہ

يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۲۶۵﴾ اَيَوَدُّ اَحَدُكُمْ

| يُصِبْهَا | وَابِلٌ | فَطَلٌّ | وَاللّٰهُ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | بَصِيْرٌ | اَيَوَدُّ | اَحَدُكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہنچے اس کو | مینہ | پس شبنم کافی ہے | اور اللہ | ساتھ اس چیز کے کہ | کرتے ہو تم | دیکھنے والا ہے | کیا چاہتا ہے | کوئی تم میں سے |

بھی پڑے تو خیر پھوار ہی سہی اور اللہ تمہارے کاموں کو دیکھ رہا ہے ﴿۲۶۵﴾ بھلا تم میں کوئی

اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

| اَنْ | تَكُوْنَ | لَهٗ | جَنَّةٌ | مِّنْ | نَّخِيْلٍ | وَّ | اَعْنَابٍ | تَجْرِيْ | مِنْ تَحْتِهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | ہو | واسطے اسکے | باغ | سے | کھجوروں | اور | انگوروں سے | چلتی ہیں | نیچے اسکے سے |

یہ چاہتا ہے کہ اس کا کھجوروں اور انگوروں کا باغ ہو جس میں نہریں بہ رہی ہوں

الْاَنْهٰرُ ۙ لَهٗ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۙ وَاَصَابَهُ الْكِبَرُ وَلَهٗ ذُرِّيَّةٌ

| الْاَنْهٰرُ | لَهٗ | فِيْهَا | مِنْ | كُلِّ | الثَّمَرٰتِ | وَاَصَابَهُ | الْكِبَرُ | وَلَهٗ | ذُرِّيَّةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہریں | واسطے اسکے ہے | بیچ اسکے | سے | سب | میووں | اور پہنچے اس کو | بڑھاپا | اور واسطے اسکے | اولاد ہے |

اور اس میں اس کے لیے ہر قسم کے میوے موجود ہوں اور اسے بڑھاپا آ پکڑے اور اُس کے ننھے ننھے بچے بھی ہوں تو (ناگہاں)

ضُعَفَآءُ ۖ فَاَصَابَهَآ اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ۗ كَذٰلِكَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ضُعَفَآءُ | فَاَصَابَهَآ | اِعْصَارٌ | فِيْهِ | نَارٌ | فَاحْتَرَقَتْ | كَذٰلِكَ |
| ناتوان | پس پہنچا اس کو | بگولا | بیچ اس کے | آگ تھی | پس جل گیا | اسی طرح |

اُس باغ پر آگ کا بھرا ہوا بگولا چلے اور وہ جل (کر راکھ کا ڈھیر ہو) جائے۔ اس طرح اللہ تم سے

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿٢٦٦﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا ع ٣٦

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُبَيِّنُ | اللّٰهُ | لَكُمُ | الْاٰيٰتِ | لَعَلَّكُمْ | تَتَفَكَّرُوْنَ | يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْۤا |
| بیان کرتا ہے | اللہ | واسطے تمہارے | نشانیاں | تا کہ تم | فکر کرو | اے لوگو جو | ایمان لائے ہو |

اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان فرماتا ہے تاکہ تم سوچو (اور سمجھو) ﴿٢٦٦﴾ مومنو! جو پاکیزہ اور عمدہ مال تم

اَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّآ اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْفِقُوْا | مِنْ | طَيِّبٰتِ | مَا | كَسَبْتُمْ | وَمِمَّآ | اَخْرَجْنَا | لَكُمْ | مِّنَ |
| خرچ کرو | سے | پاکیزہ | جو کچھ | کمایا تم نے | اور اس چیز سے جو کہ | نکالا ہم نے | واسطے تمہارے | سے |

کماتے ہو اور جو چیزیں ہم تمہارے لیے زمین سے نکالتے ہیں ان میں سے (راہِ اللہ میں)

الْاَرْضِ ۖ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ بِاٰخِذِيْهِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضِ | وَلَا | تَيَمَّمُوا | الْخَبِيْثَ | مِنْهُ | تُنْفِقُوْنَ | وَلَسْتُمْ | بِاٰخِذِيْهِ |
| زمین | اور نہ | قصد کرو | خبیث کا | اس میں | کہ خرچ کرو | اور نہیں ہو تم | لینے والے اسکے |

خرچ کرو۔ اور بری اور ناپاک چیزیں دینے کا قصد نہ کرنا کہ (اگر وہ چیزیں تمہیں دی جائیں تو) بجز اس

اِلَّآ اَنْ تُغْمِضُوْا فِيْهِ ۗ وَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿٢٦٧﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّآ | اَنْ | تُغْمِضُوْا | فِيْهِ | وَاعْلَمُوْۤا | اَنَّ | اللّٰهَ | غَنِيٌّ | حَمِيْدٌ |
| مگر | یہ کہ | آنکھ بھینچ لو | بیچ اس کے | اور جان لو | یہ کہ | اللہ | بے پرواہ ہے | تعریف کیا گیا |

کے کہ (لیتے وقت) آنکھیں بند کرلو اُن کو کبھی نہ لو۔ اور جان رکھو کہ اللہ بے پروا (اور) قابلِ ستائش ہے ﴿٢٦٧﴾

اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ ۚ وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلشَّيْطٰنُ | يَعِدُكُمُ | الْفَقْرَ | وَيَاْمُرُكُمْ | بِالْفَحْشَآءِ | وَاللّٰهُ | يَعِدُكُمْ |
| شیطان | وعدہ دیتا ہے تم کو | فقر کا | اور حکم دیتا ہے تم کو | ساتھ بے حیائی کے | اور اللہ | وعدہ دیتا ہے تم کو |

(اور دیکھنا) شیطان (کا کہنا نہ ماننا وہ) تمہیں تنگدستی کا خوف دلاتا اور بے حیائی کے کام کرنے کو کہتا ہے اور اللہ تم سے اپنی

مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا ۗ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢٦٨﴾ يُّؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّغْفِرَةً | مِّنْهُ | وَفَضْلًا | وَاللّٰهُ | وَاسِعٌ | عَلِيْمٌ | يُّؤْتِي | الْحِكْمَةَ | مَنْ |
| بخشش کا | اپنی طرف سے | اور فضل کا | اور اللہ | کشائش والا | جاننے والا ہے | دیتا ہے | حکمت | جس کو |

بخشش اور رحمت کا وعدہ کرتا ہے۔ اور اللہ بڑی کشائش والا (اور) سب کچھ جاننے والا ہے ﴿٢٦٨﴾ وہ جس کو چاہتا ہے

يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا ۗ وَمَا يَذَّكَّرُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّشَآءُ | وَمَنْ | يُّؤْتَ | الْحِكْمَةَ | فَقَدْ | اُوْتِيَ | خَيْرًا | كَثِيْرًا | وَمَا | يَذَّكَّرُ |
| چاہتا ہے | اور جو کوئی | دیا گیا | حکمت | پس تحقیق | دیا گیا | بھلائی | بہت | اور نہیں | نصیحت پکڑتے |

دانائی بخشتا ہے اور جس کو دانائی ملی بے شک اس کو بڑی نعمت ملی۔ اور نصیحت تو وہی

اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿٢٦٩﴾ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّآ | اُولُوا | الْاَلْبَابِ | وَمَآ | اَنْفَقْتُمْ | مِّنْ نَّفَقَةٍ | اَوْ | نَذَرْتُمْ | مِّنْ |
| مگر | صاحب | عقل کے | اور جو | خرچ کرو تم | کچھ خرچ کرنا | یا | منت مانو | کچھ |

لوگ قبول کرتے ہیں جو عقلمند ہیں ﴿٢٦٩﴾ اور تم (اللہ کی راہ میں) جس طرح کا خرچ کرو یا کوئی نذر مانو

نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ۗ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿٢٧٠﴾ اِنْ تُبْدُوا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَّذْرٍ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | يَعْلَمُهٗ | وَمَا | لِلظّٰلِمِيْنَ | مِنْ | اَنْصَارٍ | اِنْ | تُبْدُوا |
| منت سے | پس بے شک | اللہ | جانتا ہے | اور نہیں ہے | واسطے ظالموں کے | کوئی | مدد دینے والا | اگر | ظاہر کرو تم |

اللہ اس کو جانتا ہے اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ﴿٢٧٠﴾ اگر تم خیرات

الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِيَ ۚ وَاِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصَّدَقٰتِ | فَنِعِمَّا | هِيَ | وَاِنْ | تُخْفُوْهَا | وَتُؤْتُوْهَا | الْفُقَرَآءَ | فَهُوَ |
| خیرات کو | پس اچھا ہے | وہ | اور اگر | چھپاؤ تم اس کو | اور دو اس کو | فقیروں کو | پس وہ |

ظاہر دو تو وہ بھی خوب ہے اور اگر پوشیدہ دو اور دو بھی اہلِ حاجت کو

خَيْرٌ لَّكُمْ ۗ وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَيْرٌ | لَّكُمْ | وَيُكَفِّرُ | عَنْكُمْ | مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ | وَاللّٰهُ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ |
| بہتر ہے | واسطے تمہارے | اور دور کرے گا | تم سے | برائیاں تمہاری | اور اللہ | ساتھ اس چیز کے کہ | کرتے ہو تم |

تو وہ خوب تر ہے اور (اس طرح کا دینا) تمہارے گناہوں کو بھی دور کر دے گا۔ اور اللہ کو تمہارے سب کاموں

خَبِيْرٌ ﴿۲۷۱﴾ لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَبِيْرٌ | لَيْسَ | عَلَيْكَ | هُدٰىهُمْ | وَلٰكِنَّ | اللّٰهَ | يَهْدِيْ | مَنْ | يَّشَآءُ |
| خبردار ہے | نہیں | اوپر تیرے | ہدایت کرنا ان کا | اور لیکن | اللہ | ہدایت کرتا ہے | جس کو | چاہتا ہے |

کی خبر ہے ﴿۲۷۱﴾ (اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) تم ان لوگوں کی ہدایت کے ذمہ دار نہیں ہو بلکہ اللہ ہی جس کو چاہتا ہے ہدایت بخشتا ہے۔

وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَآءَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمَا | تُنْفِقُوْا | مِنْ | خَيْرٍ | فَلِاَنْفُسِكُمْ | وَمَا | تُنْفِقُوْنَ | اِلَّا | ابْتِغَآءَ |
| اور جو کچھ | خرچ کرو تم | سے | مال | پس واسطے جان تمہاری کے ہے | اور مت | خرچ کرو تم | مگر | واسطے چاہنے |

اور (مومنو!) تم جو مال خرچ کرو گے تو اُس کا فائدہ تمہیں کو ہے۔ اور تم تو جو خرچ کرو گے اللہ کی

وَجْهِ اللّٰهِ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَجْهِ | اللّٰهِ | وَمَا | تُنْفِقُوْا | مِنْ | خَيْرٍ | يُّوَفَّ | اِلَيْكُمْ | وَاَنْتُمْ |
| رضامندی | اللہ کے | اور جو کچھ | خرچ کرو تم | سے | بھلائی | پورا پہنچا دیا جائے گا | طرف تمہارے | اور تم |

خوشنودی کے لیے کرو گے۔ اور جو مال تم خرچ کرو گے وہ تمہیں پورا پورا دے دیا جائے گا اور تمہارا کچھ

لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۲۷۲﴾ لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | تُظْلَمُوْنَ | لِلْفُقَرَآءِ | الَّذِيْنَ | اُحْصِرُوْا | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ |
| نہیں | ظلم کیے جاؤ گے | واسطے ان فقیروں کے ہے | جو | بند کیے گئے ہیں | بیچ | راہ | اللہ کے |

نقصان نہیں کیا جائے گا ﴿۲۷۲﴾ (اور ہاں تم جو خرچ کرو گے تو) اُن حاجت مندوں کے لیے جو اللہ کی راہ میں رکے بیٹھے ہیں

لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ ز يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَسْتَطِيْعُوْنَ | ضَرْبًا | فِي | الْاَرْضِ | يَحْسَبُهُمُ | الْجَاهِلُ | اَغْنِيَآءَ |
| نہیں | سکتے | چلنا | بیچ | زمین کے | جانتا ہے ان کو | جاہل | دولت مند |

اور ملک میں کسی طرف جانے کی طاقت نہیں رکھتے (اور مانگنے سے عار رکھتے ہیں) یہاں تک کہ نہ مانگنے کی وجہ سے ناواقف

مِنَ التَّعَفُّفِ ج تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ج لَا يَسْــَٔلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ | التَّعَفُّفِ | تَعْرِفُهُمْ | بِسِيْمٰهُمْ | لَا | يَسْــَٔلُوْنَ | النَّاسَ | اِلْحَافًا |
| سے | بے سوالی | تو جانتا ہے ان کو | ساتھ ان کے چہرے کے | نہیں | مانگتے | لوگوں سے | لپٹ کر |

شخص اُن کو غنی خیال کرتا ہے اور تم قیافے سے انکو صاف پہچان لو (کہ حاجت مند ہیں اور شرم کے سبب لوگوں سے منہ پھوڑ کر اور) لپٹ کر نہیں مانگ سکتے

ع ۳۷ ۵ وَمَا تُنْفِقُوا مِنْ خَيْرٍ فَإِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ع (٢٧٣) اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمَا | تُنْفِقُوْا | مِنْ | خَيْرٍ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | بِهٖ | عَلِيْمٌ | اَلَّذِيْنَ | يُنْفِقُوْنَ |
| اور جو کچھ | خرچ کرو تم | سے | مال | پس بیشک | اللہ | ساتھ اس کے | جاننے والا ہے | جو لوگ کہ | خرچ کرتے ہیں |

اور تم جو مال خرچ کرو گے کچھ شک نہیں کہ اللہ اُس کو جانتا ہے (٢٧٣) جو لوگ اپنا مال رات

اَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَمْوَالَهُمْ | بِالَّيْلِ | وَالنَّهَارِ | سِرًّا | وَّعَلَانِيَةً | فَلَهُمْ | اَجْرُهُمْ | عِنْدَ |
| مال اپنے | رات کو | اور دن کو | چھپے | اور ظاہر | پس واسطے انکے ہے | ثواب ان کا | نزدیک |

اور دن اور پوشیدہ اور ظاہر (راہِ اللہ میں) خرچ کرتے رہتے ہیں ان کا صلہ پروردگار کے پاس

وقف منزل رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ (٢٧٤) اَلَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّهِمْ | وَلَا | خَوْفٌ | عَلَيْهِمْ | وَلَا | هُمْ | يَحْزَنُوْنَ | اَلَّذِيْنَ | يَاْكُلُوْنَ |
| انکے پروردگار کے | اور نہ | خوف | اوپر ان کے | اور نہ | وہ | غمگین ہوں گے | جو لوگ کہ | کھاتے ہیں |

ہے اور ان کو (قیامت کے دن) نہ کسی طرح کا خوف ہوگا اور نہ غم (٢٧٤) جو لوگ سُود کھاتے ہیں وہ

الرِّبٰوا لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ مِنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرِّبٰوا | لَا | يَقُوْمُوْنَ | اِلَّا | كَمَا | يَقُوْمُ | الَّذِيْ | يَتَخَبَّطُهُ | الشَّيْطٰنُ | مِنَ |
| سود | نہیں | کھڑے ہوں گے | مگر | جیسا | کھڑا ہوتا ہے | وہ شخص کہ | باؤلا کرتا ہے اس کو | شیطان | سے |

(قبروں سے) اس طرح (حواس باختہ) اُٹھیں گے جیسے کسی کو جن نے لپٹ کر دیوانہ

وقف لازم الْمَسِّ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْٓا اِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ وَاَحَلَّ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَسِّ | ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمْ | قَالُوْٓا | اِنَّمَا | الْبَيْعُ | مِثْلُ | الرِّبٰوا | وَاَحَلَّ | اللّٰهُ |
| آسیب | یہ | اس واسطے ہے کہ | کہا انہوں نے | سوائے اسکے نہیں کہ | بیچنا ہے | مانند | سود کے | اور حلال کیا | اللہ نے |

بنا دیا ہو۔ یہ اس لیے کہ وہ کہتے ہیں کہ سَودا بیچنا بھی تو (نفع کے لحاظ سے) ویسا ہی ہے جیسے سود (لینا)۔ حالانکہ

الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا ؕ فَمَنْ جَآءَهٗ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ فَانْتَهٰى فَلَهٗ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْبَيْعَ | وَحَرَّمَ | الرِّبٰوا | فَمَنْ | جَآءَهٗ | مَوْعِظَةٌ | مِّنْ رَّبِّهٖ | فَانْتَهٰى | فَلَهٗ |
| بیچنا | اور حرام کیا | سود کو | پس جو کوئی | آئے اسکے پاس | نصیحت | اسکے رب سے | پس باز رہا | پس واسطے اسکے ہے |

سودے کو اللہ نے حلال کیا ہے اور سُود کو حرام۔ تو جس شخص کے پاس اللہ کی نصیحت پہنچی اور وہ (سُود لینے سے) باز آ گیا

مَا سَلَفَ ۭ وَاَمْرُهٗٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ وَمَنْ عَادَ فَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | سَلَفَ | وَاَمْرُهٗٓ | اِلَى | اللّٰهِ | وَمَنْ | عَادَ | فَاُولٰۗىِٕكَ | اَصْحٰبُ |
| جو کچھ | پہلے ہو چکا | اور حکم اس کا | طرف | اللہ کے | اور جو کوئی | پھر کرے | پس وہی ہیں | رہنے والے |

تو جو پہلے ہو چکا وہ اس کا۔ اور (قیامت میں) اس کا معاملہ اللہ کے سپرد۔ اور جو پھر لینے لگا تو ایسے لوگ

النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۷۵﴾ يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِي

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّارِ | هُمْ | فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ | يَمْحَقُ | اللّٰهُ | الرِّبٰوا | وَيُرْبِي |
| آگ کے | وہ | بیچ اس کے | ہمیشہ رہنے والے ہیں | مٹاتا ہے | اللہ | سود کو | اور بڑھاتا ہے |

دوزخی ہیں کہ ہمیشہ دوزخ میں (جلتے) رہیں گے ﴿۲۷۵﴾ اللہ سود کو نابود (یعنی بے برکت) کرتا اور خیرات (کی

الصَّدَقٰتِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ اَثِيْمٍ ﴿۲۷۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصَّدَقٰتِ | وَاللّٰهُ | لَا | يُحِبُّ | كُلَّ | كَفَّارٍ | اَثِيْمٍ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
| خیرات کو | اور اللہ | نہیں | دوست رکھتا | ہر ایک | کفر کرنیوالے | گناہ گار کو | بیشک | جو لوگ | ایمان لائے |

برکت) کو بڑھاتا ہے۔ اور اللہ کسی ناشکرے گنہگار کو دوست نہیں رکھتا ﴿۲۷۶﴾ جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَھُمْ اَجْرُھُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَعَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | وَاَقَامُوا | الصَّلٰوةَ | وَاٰتَوُا | الزَّكٰوةَ | لَھُمْ | اَجْرُھُمْ |
| اور کام کیے | اچھے | اور قائم رکھا | نماز کو | اور دیا | زکوۃ کو | واسطے انکے ہے | ثواب ان کا |

اور نیک عمل کرتے اور نماز پڑھتے اور زکوۃ دیتے رہے ان کو ان کے کاموں کا صلہ اللہ کے

عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۷۷﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِنْدَ | رَبِّهِمْ | وَلَا | خَوْفٌ | عَلَيْهِمْ | وَ | لَا | هُمْ | يَحْزَنُوْنَ |
| نزدیک | ان کے پروردگار کے | اور نہیں | ڈر | اوپر ان کے | اور | نہ | وہ | غمگین ہوں گے |

ہاں ملے گا اور (قیامت کے دن) اُن کو نہ کچھ خوف ہو گا اور نہ وہ غمناک ہوں گے ﴿۲۷۷﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰٓوا اِنْ كُنْتُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ | اٰمَنُوا | اتَّقُوا | اللّٰهَ | وَذَرُوْا | مَا | بَقِيَ | مِنَ | الرِّبٰٓوا | اِنْ | كُنْتُمْ |
| اے لوگو جو | ایمان لائے ہو | ڈرو | اللہ سے | اور چھوڑ دو | جو | باقی رہا ہے | سے | سود | اگر | ہو تم |

مومنو! اللہ سے ڈرو اور اگر ایمان رکھتے ہو تو جتنا سود باقی رہ گیا ہے اس کو

مُّؤۡمِنِيۡنَ ﴿٢٧٨﴾ فَاِنۡ لَّمۡ تَفۡعَلُوۡا فَاۡذَنُوۡا بِحَرۡبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ ۚ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّؤۡمِنِيۡنَ | فَاِنۡ | لَّمۡ | تَفۡعَلُوۡا | فَاۡذَنُوۡا | بِحَرۡبٍ | مِّنَ | اللّٰهِ | وَرَسُوۡلِهٖ |
| ایمان والے | پس اگر | نہ | کروتم | پس خبردار ہو جاؤ | ساتھ لڑائی کے | سے | اللہ | اور اسکے رسول سے |

چھوڑ دو ﴿٢٧٨﴾ اگر ایسا نہ کرو گے تو خبردار ہو جاؤ (کہ تم) اللہ اور رسول سے جنگ کرنے کے لیے (تیار ہوتے ہو)

وَاِنۡ تُبۡتُمۡ فَلَكُمۡ رُءُوۡسُ اَمۡوَالِكُمۡ ۚ لَا تَظۡلِمُوۡنَ وَلَا تُظۡلَمُوۡنَ ﴿٢٧٩﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاِنۡ | تُبۡتُمۡ | فَلَكُمۡ | رُءُوۡسُ | اَمۡوَالِكُمۡ | لَا | تَظۡلِمُوۡنَ | وَلَا | تُظۡلَمُوۡنَ |
| اور اگر | توبہ کروتم | پس واسطے تمہارے ہیں | اصل | مال تمہارے | نہ | ظلم کروتم | اور نہ | ظلم کیے جاؤتم |

اور اگر توبہ کر لو گے (اور سود چھوڑ دو گے) تو تم کو اپنی اصلی رقم لینے کا حق ہے جس میں نہ اوروں کا نقصان اور نہ تمہارا نقصان ﴿٢٧٩﴾

وَاِنۡ كَانَ ذُوۡ عُسۡرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيۡسَرَةٍ ؕ وَاَنۡ تَصَدَّقُوۡا خَيۡرٌ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاِنۡ | كَانَ | ذُوۡعُسۡرَةٍ | فَنَظِرَةٌ | اِلٰى | مَيۡسَرَةٍ | وَاَنۡ | تَصَدَّقُوۡا | خَيۡرٌ |
| اور اگر | ہو | تنگی والا | پس ڈھیل دینا ہے | تک | فراغت | اور یہ کہ | خیرات کرو | بہتر ہے |

اور اگر قرض لینے والا تنگ دست ہو تو (اُسے) کشائش (کے حاصل ہونے) تک مہلت (دو)۔ اور اگر (زرِ قرض) بخش دو

لَّكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ﴿٢٨٠﴾ وَاتَّقُوۡا يَوۡمًا تُرۡجَعُوۡنَ فِيۡهِ اِلَى اللّٰهِ ۗ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَّكُمۡ | اِنۡ | كُنۡتُمۡ | تَعۡلَمُوۡنَ | وَاتَّقُوۡا | يَوۡمًا | تُرۡجَعُوۡنَ | فِيۡهِ | اِلَى | اللّٰهِ |
| واسطے تمہارے | اگر | ہوتم | جانتے | اور ڈرو | اس دن سے کہ | پھیرے جاؤ گے تم | بیچ اس کے | طرف | اللہ کے |

تو وہ تمہارے لیے زیادہ اچھا ہے بشرطیکہ سمجھو ﴿٢٨٠﴾ اور اُس دن سے ڈرو جبکہ تم اللہ کے حضور میں لوٹ کر جاؤ گے

ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفۡسٍ مَّا كَسَبَتۡ وَهُمۡ لَا يُظۡلَمُوۡنَ ﴿٢٨١﴾ ع يٰۤاَيُّهَا ٣٨ ع ٨ ٢

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | تُوَفّٰى | كُلُّ | نَفۡسٍ | مَّا | كَسَبَتۡ | وَهُمۡ | لَا | يُظۡلَمُوۡنَ | يٰۤاَيُّهَا |
| پھر | پورا دیا جائے گا | ہر | جی کو | جو کچھ | کمایا ہے | اور وہ | نہیں | ظلم کیے جائیں گے | اے لوگو |

اور ہر شخص اپنے اعمال کا پورا پورا بدلہ پائے گا اور کسی کو کچھ نقصان نہ ہوگا ﴿٢٨١﴾ مومنو! جب

الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِذَا تَدَايَنۡتُمۡ بِدَيۡنٍ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكۡتُبُوۡهُ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيۡنَ | اٰمَنُوۡۤا | اِذَا | تَدَايَنۡتُمۡ | بِدَيۡنٍ | اِلٰٓى | اَجَلٍ | مُّسَمًّى | فَاكۡتُبُوۡهُ |
| جو | ایمان لائے ہو | جب | تم معاملت کرو | ساتھ قرض کے | تک | وقت | مقرر | پس لکھ رکھو اس کو |

تم آپس میں کسی میعاد معین کے لیے قرض کا معاملہ کرنے لگو تو اُس کو لکھ لیا کرو۔

وَلْيَكْتُبْ بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌ بِالْعَدْلِ ۖ وَلَا يَاْبَ كَاتِبٌ اَنْ يَّكْتُبَ كَمَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلْيَكْتُبْ | بَّيْنَكُمْ | كَاتِبٌ | بِالْعَدْلِ | وَلَا | يَاْبَ | كَاتِبٌ | اَنْ | يَّكْتُبَ | كَمَا |
| اور چاہیے کہ لکھے | درمیان تمہارے | لکھنے والا | ساتھ انصاف کے | اور نہ | انکار کرے | لکھنے والا | یہ کہ | لکھے | جیسا کہ |

اور لکھنے والا تم میں کسی کا نقصان نہ کرے بلکہ انصاف سے لکھے نیز لکھنے والا جیسا اللہ نے اُسے سکھایا ہے لکھنے

عَلَّمَهُ اللّٰهُ فَلْيَكْتُبْ ۚ وَلْيُمْلِلِ الَّذِىْ عَلَيْهِ الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَّمَهُ | اللّٰهُ | فَلْيَكْتُبْ | وَلْيُمْلِلِ | الَّذِىْ | عَلَيْهِ | الْحَقُّ | وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ | رَبَّهٗ |
| سکھایا اسکو | اللہ نے | پس چاہیے کہ لکھ دے | اور مطلب کہے | وہ شخص جو کہ | اوپر اسکے ہے | حق | اور ڈرے اللہ سے | جو اسکا رب ہے |

سے انکار بھی نہ کرے اور دستاویز لکھ دے۔ اور جو شخص قرض لے وہی (دستاویز کا) مضمون بول کر لکھوائے اور اللہ سے کہ اسکا مالک ہے خوف کرے

وَلَا يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْـًٔا ۭ فَاِنْ كَانَ الَّذِىْ عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيْهًا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَا | يَبْخَسْ | مِنْهُ | شَيْـًٔا | فَاِنْ | كَانَ | الَّذِىْ | عَلَيْهِ | الْحَقُّ | سَفِيْهًا |
| اور نہ | کم کرے | اس سے | کچھ | پس اگر | ہو | وہ شخص کہ | اوپر اس کے ہے | حق | بے وقوف |

اور زرِ قرض میں سے کچھ کم نہ لکھوائے اور اگر قرض لینے والا بے عقل

اَوْ ضَعِيْفًا اَوْ لَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ يُّمِلَّ هُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهٗ بِالْعَدْلِ ۭ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْ | ضَعِيْفًا | اَوْ | لَا | يَسْتَطِيْعُ | اَنْ | يُّمِلَّ | هُوَ | فَلْيُمْلِلْ | وَلِيُّهٗ | بِالْعَدْلِ |
| یا | ناتوان | یا | نہیں | سکتا | یہ کہ | مطلب کہے | وہ | پس چاہیے کہ مطلب کہے | والی اسکا | ساتھ انصاف کے |

یا ضعیف ہو یا مضمون لکھوانے کی قابلیت نہ رکھتا ہو تو جو اس کا ولی ہو وہ انصاف کے ساتھ مضمون لکھوائے۔

وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُوْنَا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاسْتَشْهِدُوْا | شَهِيْدَيْنِ | مِنْ | رِّجَالِكُمْ | فَاِنْ | لَّمْ | يَكُوْنَا |
| اور شاہد کرلو | دو شاہدوں کو | سے | مردوں میں | پس اگر | نہ | ہوں |

اور اپنے میں سے دو مردوں کو (ایسے معاملے کے) گواہ کرلیا کرو۔ اور اگر دو مرد نہ ہوں تو

رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَّامْرَاَتٰنِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَاۗءِ اَنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَجُلَيْنِ | فَرَجُلٌ | وَّامْرَاَتٰنِ | مِمَّنْ | تَرْضَوْنَ | مِنَ | الشُّهَدَاۗءِ | اَنْ |
| دو مرد | پس ایک مرد | اور دو عورتیں | ان میں سے کہ | پسند کرتے ہو تم | سے | شاہدوں میں | اگر یہ کہ |

ایک مرد اور دو عورتیں جن کو تم گواہ پسند کرو (کافی ہیں) کہ اگر ان میں سے ایک بھول

تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا فَتُذَكِّرَ اِحْدٰىهُمَا الْاُخْرٰى ؕ وَلَا يَاْبَ

| تَضِلَّ | اِحْدٰىهُمَا | فَتُذَكِّرَ | اِحْدٰىهُمَا | الْاُخْرٰى | وَلَا | يَاْبَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بھول جائے | ایک ان میں سے | پس یاد دلا دے | ایک ان دو میں سے | دوسری | اور نہ | انکار کریں |

جائے گی تو دوسری اسے یاد دلا دے گی۔ اور جب گواہ (گواہی کے لیے) طلب کیے

الشُّهَدَآءُ اِذَا مَا دُعُوْا ؕ وَلَا تَسْــَٔمُوْٓا اَنْ تَكْتُبُوْهُ صَغِيْرًا اَوْ كَبِيْرًا

| الشُّهَدَآءُ | اِذَا | مَا دُعُوْا | وَلَا | تَسْــَٔمُوْٓا | اَنْ | تَكْتُبُوْهُ | صَغِيْرًا | اَوْ | كَبِيْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شاہد | جب | بلائے جائیں | اور نہ | کاہلی کرو | یہ کہ | لکھواس کو | چھوٹا | یا | بڑا |

جائیں تو انکار نہ کریں۔ اور قرض تھوڑا ہو یا بہت اس (کی دستاویز) کے لکھنے لکھانے میں

اِلٰٓى اَجَلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ وَاَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ وَاَدْنٰٓى

| اِلٰٓى | اَجَلِهٖ | ذٰلِكُمْ | اَقْسَطُ | عِنْدَ | اللّٰهِ | وَاَقْوَمُ | لِلشَّهَادَةِ | وَاَدْنٰٓى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تک | وقت اس کے | یہ | بہت انصاف ہے | نزدیک | اللہ کے | اور سیدھا کرنیوالا | واسطے شہادت کے | اور بہت نزدیک ہے |

کاہلی نہ کرنا۔ یہ بات اللہ کے نزدیک نہایت قرینِ انصاف ہے اور شہادت کے لیے بھی یہ بہت درست طریقہ ہے اس

اَلَّا تَرْتَابُوْٓا اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ

| اَلَّا | تَرْتَابُوْٓا | اِلَّآ | اَنْ | تَكُوْنَ | تِجَارَةً | حَاضِرَةً | تُدِيْرُوْنَهَا | بَيْنَكُمْ | فَلَيْسَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے کہ نہ | شک میں پڑو | مگر | یہ کہ | ہو | سوداگری | ہاتھوں ہاتھ | پھراتے ہیں اس کو | درمیان اپنے | پس نہیں |

سے تم کو کسی طرح کا شک وشبہ بھی نہیں پڑے گا ہاں اگر سودا دست بدست ہو جو تم آپس میں لیتے دیتے ہو تو اگر (ایسے معاملے

عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَلَّا تَكْتُبُوْهَا ؕ وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ ۠ وَلَا يُضَآرَّ

| عَلَيْكُمْ | جُنَاحٌ | اَلَّا | تَكْتُبُوْهَا | وَاَشْهِدُوْٓا | اِذَا | تَبَايَعْتُمْ | وَلَا | يُضَآرَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر تمہارے | گناہ | اگر نہ | لکھواس کو | اور شاہد کرلو | جب | سودا کرو تم | اور نہ | ایذا پہنچایا جائے |

کی) دستاویز نہ لکھو تو تم پر کچھ گناہ نہیں۔ اور جب خرید وفروخت کیا کرو تو بھی گواہ کرلیا کرو۔ اور کاتب دستاویز اور گواہ (معاملہ

كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ ۬ وَاِنْ تَفْعَلُوْا فَاِنَّهٗ فُسُوْقٌۢ بِكُمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ

| كَاتِبٌ | وَّ | لَا | شَهِيْدٌ | وَاِنْ | تَفْعَلُوْا | فَاِنَّهٗ | فُسُوْقٌۢ | بِكُمْ | وَاتَّقُوا | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لکھنے والا | اور | نہ | گواہ | اور اگر | کروتم | پس بیشک وہ | گنہگاری ہے | ساتھ تمہارے | اور ڈرو | اللہ سے |

کرنے والوں کا) کسی طرح کا نقصان نہ کریں۔ اگر تم (لوگ) ایسا کرو تو یہ تمہارے لیے گناہ کی بات ہے اور اللہ سے ڈرو

وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ۗ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٢٨٢﴾ وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَيُعَلِّمُكُمُ | اللّٰهُ | وَاللّٰهُ | بِكُلِّ | شَيْءٍ | عَلِيْمٌ | وَاِنْ | كُنْتُمْ | عَلٰى | سَفَرٍ |
| اور سکھاتا ہے تم کو | اللہ | اور اللہ | ساتھ ہر | چیز کے | جاننے والا ہے | اور اگر | ہو تم | اوپر | سفر کے |

اور دیکھو کہ وہ تم کو (کیسی مفید باتیں) سکھاتا ہے اور اللہ ہر چیز سے واقف ہے ﴿٢٨٢﴾ اور اگر تم سفر پر ہو اور (دستاویز)

وَّلَمْ تَجِدُوْا كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ ۗ فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّلَمْ | تَجِدُوْا | كَاتِبًا | فَرِهٰنٌ | مَّقْبُوْضَةٌ | فَاِنْ | اَمِنَ | بَعْضُكُمْ | بَعْضًا |
| اور نہ | پاؤ تم | لکھنے والا | پس گرو ہے | قبضہ کی ہوئی | پس اگر | امین جانے | بعضے تمہارے | بعض کو |

لکھنے والا نہ مل سکے تو (کوئی چیز) رہن با قبضہ رکھ کر (قرض لے لو)۔ اور اگر کوئی کسی کو امین سمجھے (یعنی رہن کے

فَلْيُؤَدِّ الَّذِي اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهٗ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ ۗ وَلَا تَكْتُمُوا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلْيُؤَدِّ | الَّذِي | اؤْتُمِنَ | اَمَانَتَهٗ | وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ | رَبَّهٗ | وَلَا | تَكْتُمُوا |
| پس چاہیے کہ ادا کرے | وہ شخص کہ | امین جانا گیا ہے | امانت اس کی کو | اور ڈرے اللہ سے | جو اس کا رب ہے | اور مت | چھپاؤ |

بغیر قرض دے دے) تو امانتدار کو چاہیے کہ صاحب امانت کی امانت ادا کر دے اور اللہ سے جو اس کا پروردگار ہے ڈرے۔

الشَّهَادَةَ ۗ وَمَنْ يَّكْتُمْهَا فَاِنَّهٗٓ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الشَّهَادَةَ | وَمَنْ | يَّكْتُمْهَا | فَاِنَّهٗٓ | اٰثِمٌ | قَلْبُهٗ | وَاللّٰهُ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ |
| گواہی کو | اور جو کوئی | چھپائے گا اس کو | پس بیشک وہ | گنہگار ہے | دل اس کا | اور اللہ | ساتھ اس چیز کے کہ | تم کرتے ہو |

اور (دیکھنا) شہادت کو مت چھپانا جو اس کو چھپائے گا وہ دل کا گنہگار ہوگا۔ اور اللہ تمہارے سب کاموں سے

عَلِيْمٌ ﴿٢٨٣﴾ ع لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۗ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا ٣٩ ع ٢ ٧

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلِيْمٌ | لِلّٰهِ | مَا | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَمَا | فِي | الْاَرْضِ | وَاِنْ | تُبْدُوْا | مَا |
| جاننے والا ہے | واسطے اللہ کے ہے | جو کچھ | بیچ | آسمانوں کے | اور جو کچھ | بیچ | زمین کے ہے | اور اگر | ظاہر کرو | جو کچھ |

واقف ہے ﴿٢٨٣﴾ جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اللہ ہی کا ہے۔ تم اپنے دلوں کی بات کو

فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ۗ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْٓ | اَنْفُسِكُمْ | اَوْ | تُخْفُوْهُ | يُحَاسِبْكُمْ | بِهِ | اللّٰهُ | فَيَغْفِرُ | لِمَنْ | يَّشَآءُ |
| بیچ | تمہارے دلوں کے ہے | یا | چھپاؤ اس کو | حساب لے گا تم سے | ساتھ اسکے | اللہ | پس بخشے گا | جس کو | چاہے |

ظاہر کرو گے تو اور چھپاؤ گے تو اللہ تم سے اس کا حساب لے گا۔ پھر وہ جسے چاہے مغفرت کرے

وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٨٤﴾ اٰمَنَ

| وَيُعَذِّبُ | مَنْ | يَّشَآءُ | وَاللّٰهُ | عَلٰى | كُلِّ | شَىْءٍ | قَدِيْرٌ | اٰمَنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور عذاب کرے گا | جس کو | چاہے | اور اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے | ایمان لایا |

اور جسے چاہے عذاب دے۔ اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے ﴿٢٨٤﴾ رسول اس

الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ

| الرَّسُوْلُ | بِمَآ | اُنْزِلَ | اِلَيْهِ | مِنْ | رَّبِّهٖ | وَالْمُؤْمِنُوْنَ | كُلٌّ | اٰمَنَ | بِاللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیغمبر | ساتھ اس چیز کے کہ | اتاری گئی ہے | طرف اسکے | سے | پروردگار اسکے | اور مومن | ہر ایک | ایمان لایا | ساتھ اللہ کے |

کتاب پر جو اُن کے پروردگار کی طرف سے اُن پر نازل ہوئی ایمان رکھتے ہیں اور مومن بھی۔ سب اللہ پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی

وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۚ قف لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۚ قف

| وَمَلٰٓئِكَتِهٖ | وَكُتُبِهٖ | وَرُسُلِهٖ | لَا | نُفَرِّقُ | بَيْنَ | اَحَدٍ | مِّنْ | رُّسُلِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور اسکے فرشتوں کے | اور اسکی کتابوں کے | اور اسکے پیغمبروں کے | نہیں | ہم جدائی ڈالتے | درمیان | کسی ایک کے | سے | اس کے پیغمبروں |

کتابوں پر اور اُس کے پیغمبروں پر ایمان رکھتے ہیں (اور کہتے ہیں) کہ ہم اُس کے پیغمبروں سے کسی میں کچھ فرق نہیں کرتے اور وہ (اللہ

وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۗ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿٢٨٥﴾

| وَقَالُوْا | سَمِعْنَا | وَ | اَطَعْنَا | غُفْرَانَكَ | رَبَّنَا | وَاِلَيْكَ | الْمَصِيْرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور کہا انہوں نے | سنا ہم نے | اور | مانا ہم نے | ہم بخشش مانگتے ہیں تیری | اے رب ہمارے | اور تیری طرف | پھر آنا ہے |

سے) عرض کرتے ہیں کہ ہم نے (تیرا حکم) سنا اور قبول کیا۔ اے پروردگار ہم تیری بخشش مانگتے ہیں اور تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے ﴿٢٨٥﴾

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا

| لَا | يُكَلِّفُ | اللّٰهُ | نَفْسًا | اِلَّا | وُسْعَهَا | لَهَا | مَا | كَسَبَتْ | وَعَلَيْهَا | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | تکلیف دیتا ہے | اللہ | کسی جی کو | مگر | طاقت اس کی پر | واسطے اسکے ہے | جو | کمایا اس نے | اور اوپر اسکے ہے | جو |

اللہ کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا۔ اگر اچھے کام کرے گا تو اس کو ان کا فائدہ ملے گا بُرے کرے گا

اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا

| اكْتَسَبَتْ | رَبَّنَا | لَا | تُؤَاخِذْنَآ | اِنْ | نَّسِيْنَآ | اَوْ | اَخْطَاْنَا | رَبَّنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کمایا اس نے | اے رب ہمارے | مت | پکڑ ہم کو | اگر | بھول گئے ہم | یا | خطا کی ہم نے | اے رب ہمارے |

تو اسے ان کا نقصان پہنچے گا۔ اے پروردگار اگر ہم سے بھول یا چوک ہوگئی ہو تو ہم سے مواخذہ نہ کیجیو۔ اے پروردگار

وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَا | تَحْمِلْ | عَلَيْنَآ | اِصْرًا | كَمَا | حَمَلْتَهٗ | عَلَى | الَّذِيْنَ | مِنْ قَبْلِنَا |
| اور مت | رکھ | اوپر ہمارے | بوجھ | جیسا کہ | رکھا تو نے | اوپر | ان لوگوں کے کہ | پہلے ہم سے تھے |

ہم پر ایسا بوجھ نہ ڈالیو جیسا تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا۔

رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۥ وقفة وَاغْفِرْ لَنَا ۥ وقفة

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبَّنَا | وَلَا | تُحَمِّلْنَا | مَا | لَا | طَاقَةَ | لَنَا | بِهٖ | وَاعْفُ | عَنَّا | وَاغْفِرْ لَنَا |
| اے رب ہمارے | اور مت | اٹھوا ہم سے | وہ چیز کہ | نہیں | طاقت | واسطے ہمارے | ساتھ اسکے | اور معاف کر | ہم سے | اور بخش ہم کو |

اے پروردگار جتنا بوجھ اُٹھانے کی ہم میں طاقت نہیں اُتنا ہمارے سر پر نہ رکھیو۔ اور (اے پروردگار) ہمارے گناہوں سے درگزر کر۔ اور ہمیں بخش دے

ع ۴۰ ۸

وَارْحَمْنَا ۥ وقفة اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۶﴾ ع

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَارْحَمْنَا | اَنْتَ | مَوْلٰنَا | فَانْصُرْنَا | عَلَى | الْقَوْمِ | الْكٰفِرِيْنَ |
| اور رحم کر ہم پر | تو ہے | دوستدار ہمارا | پس مدد دے ہم کو | اوپر | قوم | کافروں کے |

اور ہم پر رحم فرما۔ تو ہی ہمارا مالک ہے، اور ہم کو کافروں پر غالب کر ﴿۲۸۶﴾

## اٰیاتها ۲۰۰ — ۳ سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ ۸۹ — رکوعاتها ۲۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓمّٓ ﴿۱﴾ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ﴿۲﴾ ۭ نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الٓمّٓ | اللّٰهُ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | الْحَيُّ | الْقَيُّوْمُ | نَزَّلَ | عَلَيْكَ | الْكِتٰبَ |
| الف۔لام۔میم | اللہ | نہیں کوئی | معبود | مگر | وہ | زندہ ہے | سب کا تھامنے والا | اتاری | اوپر تیرے | کتاب |

الٓمّٓ ﴿۱﴾ اللہ (جو معبود برحق ہے) اُس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں زندہ، ہمیشہ رہنے والا ﴿۲﴾ اُس نے (اے محمد ﷺ) تم

بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ﴿۳﴾ ۙ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْحَقِّ | مُصَدِّقًا | لِّمَا | بَيْنَ يَدَيْهِ | وَاَنْزَلَ | التَّوْرٰىةَ | وَالْاِنْجِيْلَ |
| ساتھ حق کے | سچا کرنے والی | واسطے اس چیز کے کہ | آگے اس کے ہے | اور اتاری | توریت | اور انجیل |

پر سچی کتاب نازل کی جو پہلی آسمانی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور اُسی نے تورات اور انجیل نازل کی ﴿۳﴾

مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

| مِنْ | قَبْلُ | هُدًى | لِّلنَّاسِ | وَاَنْزَلَ | الْفُرْقَانَ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے | پہلے | راہ دکھانے والی | واسطے لوگوں کے | اور اتارے | معجزے | بیشک | جو لوگ کہ | کافر ہوئے |

(یعنی) لوگوں کی ہدایت کے لیے (تورات اور انجیل اتاری) اور (پھر قرآن جو حق اور باطل کو) الگ الگ کر دینے والا ہے نازل کیا۔ جو لوگ

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ۝۴ اِنَّ

| بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ | لَهُمْ | عَذَابٌ | شَدِيْدٌ | وَاللّٰهُ | عَزِيْزٌ | ذُو انْتِقَامٍ | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ نشانیوں | اللہ کے | واسطے انکے | عذاب ہے | سخت | اور اللہ | غالب ہے | بدلہ لینے والا | بیشک |

اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں اُن کو سخت عذاب ہو گا۔ اور اللہ زبردست (اور) بدلہ لینے والا ہے ۝۴ اللہ (ایسا

اللّٰهَ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ۝۵ ؕ هُوَ الَّذِيْ

| اللّٰهَ | لَا | يَخْفٰى | عَلَيْهِ | شَيْءٌ | فِي | الْاَرْضِ | وَلَا | فِي | السَّمَآءِ | هُوَ | الَّذِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | نہیں | چھپی | اوپر اس کے | کوئی چیز | بیچ | زمین کے | اور نہ | بیچ | آسمان کے | وہی ہے | جو |

خبیر و بصیر ہے کہ) کوئی چیز اس سے پوشیدہ نہیں نہ زمین میں اور نہ آسمان میں ۝۵ وہی تو ہے جو (ماں

يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ

| يُصَوِّرُكُمْ | فِي | الْاَرْحَامِ | كَيْفَ | يَشَآءُ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | الْعَزِيْزُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صورتیں بناتا ہے تمہاری | بیچ | رِحموں کے | جیسی | چاہے | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہ | غالب ہے |

کے) پیٹ میں جیسی چاہتا ہے تمہاری صورتیں بناتا ہے۔ اُس غالب حکمت والے کے سوا کوئی عبادت

الْحَكِيْمُ ۝۶ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ

| الْحَكِيْمُ | هُوَ | الَّذِيْٓ | اَنْزَلَ | عَلَيْكَ | الْكِتٰبَ | مِنْهُ | اٰيٰتٌ | مُّحْكَمٰتٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حکمت والا | وہی ہے | جس نے | اتاری | اوپر تیرے | کتاب | اس کی بعض | آیتیں | محکم ہیں |

کے لائق نہیں ۝۶ وہی تو ہے جس نے تم پر کتاب نازل کی جس کی بعض آیتیں محکم ہیں (اور)

هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ ؕ فَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ

| هُنَّ | اُمُّ | الْكِتٰبِ | وَاُخَرُ | مُتَشٰبِهٰتٌ | فَاَمَّا | الَّذِيْنَ | فِيْ | قُلُوْبِهِمْ | زَيْغٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ | جڑ ہیں | کتاب کی | اور اور ہیں | متشابہ | پس | وہ لوگ کہ | بیچ | ان کے دلوں کے | کجی ہے |

وہی اصلِ کتاب ہیں اور بعض متشابہ ہیں، تو جن لوگوں کے دلوں میں کجی ہے

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَآءَ تَاْوِيْلِهٖ ج وَمَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَيَتَّبِعُوْنَ | مَا | تَشَابَهَ | مِنْهُ | ابْتِغَآءَ | الْفِتْنَةِ | وَابْتِغَآءَ | تَاْوِيْلِهٖ | وَمَا |
| پس پیروی کرتے ہیں | اس چیز کی کہ | شبہ ڈالتی ہے | اس میں سے | واسطے چاہنے | گمراہی کے | اور واسطے چاہنے | اس کی حقیقت کے | اور نہیں |

وہ متشابہات کا اتباع کرتے ہیں تاکہ فتنہ بپا کریں اور مُراد اصلی کا پتہ لگائیں حالانکہ مُراد اصلی

وقف منزل / وقف لازم

يَعْلَمُ تَاْوِيْلَهٗٓ اِلَّا اللّٰهُ م وَالرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ لا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْلَمُ | تَاْوِيْلَهٗٓ | اِلَّا | اللّٰهُ | وَالرّٰسِخُوْنَ | فِي | الْعِلْمِ | يَقُوْلُوْنَ | اٰمَنَّا | بِهٖ |
| جانتا | حقیقت اس کی | مگر | اللہ | اور مضبوط لوگ | بیچ | علم کے | کہتے ہیں | ایمان لائے ہم | ساتھ اسکے |

اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا اور جو لوگ علم میں دستگاہ کامل رکھتے ہیں وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم ان پر ایمان لائے

كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا ج وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿٧﴾ رَبَّنَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُلٌّ | مِّنْ | عِنْدِ | رَبِّنَا | وَمَا | يَذَّكَّرُ | اِلَّآ | اُولُوا | الْاَلْبَابِ | رَبَّنَا |
| ہر ایک | سے | نزدیک | رب ہمارے کے | اور نہیں | نصیحت پکڑتے | مگر | صاحب | عقل کے | اے رب ہمارے |

یہ سب ہمارے پروردگار کی طرف سے ہیں۔ اور نصیحت تو عقلمند ہی قبول کرتے ہیں ﴿٧﴾ اے پروردگار

لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ج

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | تُزِغْ | قُلُوْبَنَا | بَعْدَ | اِذْ | هَدَيْتَنَا | وَهَبْ | لَنَا | مِنْ | لَّدُنْكَ | رَحْمَةً |
| نہ | کج کر | ہمارے دلوں کو | پیچھے اسکے کہ | جب | راہ دکھائی تو نے ہم کو | اور دے | ہم کو | سے | پاس اپنے | رحمت |

جب تو نے ہمیں ہدایت بخشی ہے تو اس کے بعد ہمارے دلوں میں کجی نہ پیدا کر دیجیو اور ہمیں اپنے ہاں سے نعمت

اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿٨﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّكَ | اَنْتَ | الْوَهَّابُ | رَبَّنَآ | اِنَّكَ | جَامِعُ | النَّاسِ | لِيَوْمٍ | لَّا | رَيْبَ |
| بیشک تو | تو ہی ہے | دے ڈالنے والا | اے رب ہمارے | بیشک تو | اکٹھا کرنیوالا ہے | لوگوں کو | اس دن کہ | نہیں | شک |

عطا فرما تو تو بڑا عطا فرمانے والا ہے ﴿٨﴾ اے پروردگار تو اس روز جس (کے آنے) میں کچھ بھی شک نہیں سب لوگوں کو (اپنے حضور میں) جمع

ع ٩

فِيْهِ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿٩﴾ ع اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهِ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يُخْلِفُ | الْمِيْعَادَ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | لَنْ تُغْنِيَ |
| بیچ اسکے | بے شک | اللہ | نہیں | خلاف کرتا | وعدہ کو | بے شک | جو لوگ کہ | کافر ہوئے | ہرگز نہ کفایت کرینگے |

کرلے گا۔ بیشک اللہ خلافِ وعدہ نہیں کرتا ﴿٩﴾ جو لوگ کافر ہوئے (اُس دن) نہ تو ان کا مال ہی

عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْهُمْ | اَمْوَالُهُمْ | وَلَآ | اَوْلَادُهُمْ | مِّنَ | اللّٰهِ | شَيْـًٔا | وَاُولٰٓئِكَ | هُمْ |
| ان سے | مال ان کے | اور نہ | اولاد ان کی | سے | اللہ | کچھ | اور یہ لوگ | وہی ہیں |

اللہ (کے عذاب) سے اُن کو بچا سکے گا اور نہ ان کی اولاد ہی (کچھ کام آئے گی)۔ اور یہ لوگ آتشِ (جہنم) کا

وَقُوْدُ النَّارِ ﴿۱۰﴾ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَقُوْدُ | النَّارِ | كَدَاْبِ | اٰلِ | فِرْعَوْنَ | وَالَّذِيْنَ | مِنْ | قَبْلِهِمْ |
| ایندھن | آگ کے | جیسی عادت | لوگوں | فرعون کی | اور جو لوگ کہ | سے | تھے پہلے ان |

ایندھن ہوں گے ﴿۱۰﴾ اُن کا حال بھی فرعونیوں اور اُن سے پہلے لوگوں کا سا ہوگا

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ شَدِيْدُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَا | فَاَخَذَهُمُ | اللّٰهُ | بِذُنُوْبِهِمْ | وَاللّٰهُ | شَدِيْدُ |
| جھٹلایا انہوں نے | ہماری نشانیوں کو | پس پکڑا ان کو | اللہ نے | ساتھ ان کے گناہوں کے | اور اللہ | سخت |

جنہوں نے ہماری آیتوں کی تکذیب کی تھی تو اللہ نے اُن کو اُن کے گناہوں کے سبب (عذاب میں) پکڑ لیا تھا اور اللہ سخت عذاب

الْعِقَابِ ﴿۱۱﴾ قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ وَتُحْشَرُوْنَ اِلٰى

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعِقَابِ | قُلْ | لِّلَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | سَتُغْلَبُوْنَ | وَتُحْشَرُوْنَ | اِلٰى |
| عذاب کرنے والا ہے | کہہ | واسطے ان لوگوں کے کہ | کافر ہوئے | جلد ہی مغلوب ہو گے تم | اور اکٹھے کیے جاؤ گے | طرف |

کرنے والا ہے ﴿۱۱﴾ (اے پیغمبر) کافروں سے کہہ دو کہ تم (دنیا میں بھی) عنقریب مغلوب ہو جاؤ گے اور (آخرت میں) جہنم کی طرف

جَهَنَّمَ ؕ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۲﴾ قَدْ كَانَ لَكُمْ اٰيَةٌ فِيْ فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَهَنَّمَ | وَبِئْسَ | الْمِهَادُ | قَدْ | كَانَ | لَكُمْ | اٰيَةٌ | فِيْ | فِئَتَيْنِ | الْتَقَتَا |
| دوزخ کے | اور برا ہے | بچھونا | تحقیق | ہے | واسطے تمہارے | نشانی | بیچ | دو جماعت کے | کہ آپس میں ملیں |

ہانکے جاؤ گے۔ اور وہ بری جگہ ہے ﴿۱۲﴾ تمہارے لیے دو گروہوں میں جو (جنگ بدر کے دن) آپس میں بھڑ گئے (قدرتِ اللہ کی عظیم الشان) نشانی تھی۔

فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاُخْرٰى كَافِرَةٌ يَّرَوْنَهُمْ مِّثْلَيْهِمْ رَاْيَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِئَةٌ | تُقَاتِلُ | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | وَاُخْرٰى | كَافِرَةٌ | يَّرَوْنَهُمْ | مِّثْلَيْهِمْ | رَاْيَ |
| ایک جماعت | لڑتی ہے | بیچ | راہ | اللہ کے | اور دوسری | کافر تھی | دیکھتے تھے وہ کافر انکو | دو برابر اپنے کے | دیکھنا |

ایک گروہ (مسلمانوں کا تھا وہ) اللہ کی راہ میں لڑ رہا تھا۔ اور دوسرا گروہ (کافروں کا تھا وہ) ان کو اپنی آنکھوں سے اپنے سے دوگنا

الْعَيْنِ ۭ وَاللّٰهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعَيْنِ | وَاللّٰهُ | يُؤَيِّدُ | بِنَصْرِهٖ | مَنْ | يَّشَاۗءُ | اِنَّ | فِيْ | ذٰلِكَ | لَعِبْرَةً |
| آنکھ کا | اور اللہ | قوت دیتا ہے | ساتھ مدد اپنی کے | جس کو | چاہے | بیشک | بیچ | اس کے | البتہ نصیحت ہے |

مشاہدہ کر رہا تھا اور اللہ اپنی نصرت سے جس کو چاہتا ہے مدد دیتا ہے۔ جو اہلِ بصارت ہیں ان کے لیے

لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ﴿۱۳﴾ زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَاۗءِ وَالْبَنِيْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِّاُولِي الْاَبْصَارِ | زُيِّنَ | لِلنَّاسِ | حُبُّ | الشَّهَوٰتِ | مِنَ | النِّسَاۗءِ | وَالْبَنِيْنَ |
| واسطے آنکھوں والے کے | زینت دی گئی | واسطے لوگوں کے | محبت | خواہشوں کی | سے | عورتوں | اور بیٹوں |

اس (واقعے) میں بڑی عبرت ہے ﴿۱۳﴾ لوگوں کو ان کی خواہشوں کی چیزیں یعنی عورتیں اور بیٹے

وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْقَنَاطِيْرِ | الْمُقَنْطَرَةِ | مِنَ | الذَّهَبِ | وَالْفِضَّةِ | وَالْخَيْلِ | الْمُسَوَّمَةِ |
| اور خزانے | اکٹھے کیے ہوئے | سے | سونے | اور چاندی | اور گھوڑے | نشان کیے ہوئے |

اور سونے اور چاندی کے بڑے بڑے ڈھیر اور نشان لگے ہوئے گھوڑے

وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ۭ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْاَنْعَامِ | وَالْحَرْثِ | ذٰلِكَ | مَتَاعُ | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | وَاللّٰهُ | عِنْدَهٗ |
| اور چارپائے | اور کھیتی | یہ | فائدہ ہے | زندگی | دنیا کا | اور اللہ | نزدیک اسکے ہے |

اور مویشی اور کھیتی بڑی زینت دار معلوم ہوتی ہے۔ (مگر) یہ سب دنیا ہی کی زندگی کے سامان ہیں۔ اور اللہ کے پاس بہت اچھا

حُسْنُ الْمَاٰبِ ﴿۱۴﴾ قُلْ اَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ ۭ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حُسْنُ | الْمَاٰبِ | قُلْ | اَؤُنَبِّئُكُمْ | بِخَيْرٍ | مِّنْ | ذٰلِكُمْ | لِلَّذِيْنَ | اتَّقَوْا |
| اچھی | جگہ پھر جانے کی | کہہ | کیا خبر دوں میں تم کو | ساتھ بہتر کے | سے | اس | واسطے ان لوگوں کے کہ | پرہیزگاری کرتے ہیں |

ٹھکانا ہے ﴿۱۴﴾ (اے پیغمبر ان سے) کہو کہ بھلا میں تم کو ایسی چیز بتاؤں جو ان چیزوں سے کہیں اچھی ہو۔ (سنو) جو لوگ پرہیزگار ہیں ان کے لیے

عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِنْدَ | رَبِّهِمْ | جَنّٰتٌ | تَجْرِيْ | مِنْ تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا |
| نزدیک | ان کے رب کے | جنتیں ہیں | چلتی ہیں | نیچے جن کے | نہریں | ہمیشہ رہنے والے | بیچ ان کے |

اللہ کے ہاں باغات (بہشت) ہیں جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں ان میں وہ ہمیشہ رہیں گے

وَاَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿١٥﴾ ج

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاَزْوَاجٌ | مُّطَهَّرَةٌ | وَّرِضْوَانٌ | مِّنَ | اللّٰهِ | وَاللّٰهُ | بَصِيْرٌۢ | بِالْعِبَادِ |
| اور بیبیاں ہیں | پاک کی ہوئیں | اور رضامندی | طرف سے | اللہ کی | اور اللہ | دیکھنے والا ہے | ساتھ بندوں کے |

اور پاکیزہ عورتیں ہیں اور (سب سے بڑھ کر) اللہ کی خوشنودی ۔ اور اللہ (اپنے نیک) بندوں کو دیکھ رہا ہے ﴿١٥﴾

اَلَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلَّذِيْنَ | يَقُوْلُوْنَ | رَبَّنَآ | اِنَّنَآ | اٰمَنَّا | فَاغْفِرْ لَنَا | ذُنُوْبَنَا | وَقِنَا | عَذَابَ |
| وہ لوگ جو | کہتے ہیں | اے رب ہمارے | بیشک ہم | ایمان لائے | پس بخش واسطے ہمارے | گناہ ہمارے | اور بچا ہم کو | عذاب |

جو اللہ سے التجا کرتے ہیں کہ اے پروردگار ہم ایمان لے آئے سو ہم کو ہمارے گناہ معاف فرما اور ہمیں دوزخ کے عذاب

النَّارِ ﴿١٦﴾ ج اَلصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْمُنْفِقِيْنَ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| النَّارِ | اَلصّٰبِرِيْنَ | وَالصّٰدِقِيْنَ | وَالْقٰنِتِيْنَ | وَالْمُنْفِقِيْنَ |
| آگ کے سے | وہ جو صبر کرنے والے ہیں | اور سچے | اور فرمانبرداری کرنے والے | اور خرچ کرنے والے |

سے محفوظ رکھ ﴿١٦﴾ یہ وہ لوگ ہیں جو (مشکلات میں) صبر کرتے اور سچ بولتے اور عبادت میں لگے رہتے اور (راہ اللہ میں) خرچ کرتے

وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ بِالْاَسْحَارِ ﴿١٧﴾ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ | بِالْاَسْحَارِ | شَهِدَ | اللّٰهُ | اَنَّهٗ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ |
| اور بخشش مانگنے والے | بیچ پچھلی رات کے | گواہی دی | اللہ نے | یہ کہ | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہ |

اور اوقات سحر میں گناہوں کی معافی مانگا کرتے ہیں ﴿١٧﴾ اللہ تو اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں

وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًاۢ بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْمَلٰٓئِكَةُ | وَاُولُوا الْعِلْمِ | قَآئِمًاۢ | بِالْقِسْطِ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | الْعَزِيْزُ |
| اور گواہی دی فرشتوں نے | اور اہل علم نے | حاکم ہے | ساتھ انصاف کے | نہیں ہے | کوئی معبود | مگر | وہ | غالب ہے |

اور فرشتے اور علم والے لوگ جو انصاف پر قائم ہیں وہ بھی (گواہی دیتے ہیں کہ) اُس غالب حکمت والے کے سوا

الْحَكِيْمُ ﴿١٨﴾ ؕ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۟ قف وَمَا اخْتَلَفَ النصف

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْحَكِيْمُ | اِنَّ | الدِّيْنَ | عِنْدَ | اللّٰهِ | الْاِسْلَامُ | وَمَا | اخْتَلَفَ |
| حکمت والا | بیشک | دین | نزدیک | اللہ کے | اسلام ہے | اور نہیں | اختلاف کیا |

کوئی لائقِ عبادت نہیں ﴿١٨﴾ دین تو اللہ کے نزدیک اسلام ہے۔ اور اہلِ کتاب نے جو (اس

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ؕ

| الَّذِيْنَ | اُوْتُوا | الْكِتٰبَ | اِلَّا | مِنْۢ بَعْدِ | مَا | جَآءَهُمُ | الْعِلْمُ | بَغْيًا | بَيْنَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان لوگوں نے کہ | دیے گئے | کتاب | مگر | پیچھے | اس کے کہ | آیا ان کے پاس | علم | سرکشی سے | درمیان اپنے |

دین سے) اختلاف کیا تو علم حاصل ہونے کے بعد آپس کی ضد سے کیا۔

وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۹﴾ فَاِنْ

| وَمَنْ | يَّكْفُرْ | بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | سَرِيْعُ | الْحِسَابِ | فَاِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور جو کوئی | کفر کرے | ساتھ نشانیوں | اللہ کے | پس بیشک | اللہ | جلد لینے والا ہے | حساب | پس اگر |

اور جو شخص اللہ کی آیتوں کو نہ مانے تو اللہ جلد حساب لینے والا (اور سزا دینے والا) ہے ﴿۱۹﴾ (اے پیغمبر)

حَآجُّوْكَ فَقُلْ اَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّٰهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ ؕ وَقُلْ

| حَآجُّوْكَ | فَقُلْ | اَسْلَمْتُ | وَجْهِيَ | لِلّٰهِ | وَمَنِ | اتَّبَعَنِ | وَقُلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جھگڑیں تجھ سے | پس کہہ | مطیع کیا میں نے | منہ اپنا | واسطے اللہ کے | اور جو کوئی | پیروی کرے میری | اور کہہ |

اگر یہ لوگ تم سے جھگڑنے لگیں تو کہنا کہ میں اور میرے پیرو تو اللہ کے فرمانبردار ہو چکے۔ اور اہل کتاب اور ان پڑھ

لِّلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْاُمِّيّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْ ؕ فَاِنْ اَسْلَمُوْا فَقَدِ

| لِّلَّذِيْنَ | اُوْتُوا | الْكِتٰبَ | وَ | الْاُمِّيّٖنَ | ءَاَسْلَمْتُمْ | فَاِنْ | اَسْلَمُوْا | فَقَدِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے ان لوگوں کے کہ | دی گئی انکو | کتاب | اور | ان پڑھوں کو | کیا تم نے بھی مطیع کیا | پس اگر | مطیع کریں | پس تحقیق |

لوگوں سے کہو کہ کیا تم بھی (اللہ کے فرمانبردار بنتے اور) اسلام لاتے ہو؟ اگر یہ لوگ اسلام لے آئیں تو بیشک

اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۲۰﴾ ع ۲ ۱۱/۱۰

| اهْتَدَوْا | وَاِنْ | تَوَلَّوْا | فَاِنَّمَا | عَلَيْكَ | الْبَلٰغُ | وَاللّٰهُ | بَصِيْرٌ | بِالْعِبَادِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| راہ پاویں | اور اگر | پھر جائیں | پس سوائے اسکے نہیں کہ | اوپر تیرے | پہنچا دینا ہے | اور اللہ | دیکھنے والا ہے | ساتھ بندوں کے |

ہدایت پالیں اور اگر (تمہارا کہا) نہ مانیں تو تمہارا کام صرف اللہ کا پیغام پہنچا دینا ہے اور اللہ (اپنے) بندوں کو دیکھ رہا ہے ﴿۲۰﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ

| اِنَّ | الَّذِيْنَ | يَكْفُرُوْنَ | بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ | وَيَقْتُلُوْنَ | النَّبِيّٖنَ | بِغَيْرِ حَقٍّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | جو لوگ کہ | کافر ہوئے | ساتھ نشانیوں | اللہ کے | اور مار ڈالتے ہیں | پیغمبروں کو | ناحق |

جو لوگ اللہ کی آیتوں کو نہیں مانتے اور انبیاء کو ناحق قتل کرتے رہے ہیں

وَيَقْتُلُوْنَ الَّذِيْنَ يَاْمُرُوْنَ بِالْقِسْطِ مِنَ النَّاسِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يَقْتُلُوْنَ | الَّذِيْنَ | يَاْمُرُوْنَ | بِالْقِسْطِ | مِنَ | النَّاسِ | فَبَشِّرْهُمْ |
| اور | مار ڈالتے ہیں | ان لوگوں کو جو | حکم کرتے ہیں | ساتھ انصاف کے | سے | لوگوں میں | پس خبر دے ان کو |

اور جو انصاف (کرنے) کا حکم دیتے ہیں انہیں بھی مار ڈالتے ہیں اُن کو دکھ دینے والے عذاب کی

بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿٢١﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِعَذَابٍ | اَلِيْمٍ | اُولٰٓئِكَ | الَّذِيْنَ | حَبِطَتْ | اَعْمَالُهُمْ | فِي | الدُّنْيَا |
| ساتھ عذاب | درد دینے والے کے | یہ لوگ | وہ ہیں کہ | ناپید ہوئے | اعمال ان کے | بیچ | دنیا کے |

خوشخبری سنا دو ﴿٢١﴾ یہ ایسے لوگ ہیں جن کے اعمال دُنیا اور آخرت دونوں میں

وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿٢٢﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْاٰخِرَةِ | وَمَا | لَهُمْ | مِّنْ | نّٰصِرِيْنَ | اَلَمْ تَرَ | اِلَى | الَّذِيْنَ | اُوْتُوْا |
| اور آخرت کے | اور نہیں ہے | واسطے ان کے | کوئی | مدد دینے والا | کیا نہیں دیکھا تو نے | طرف | ان لوگوں کے کہ | دیے گئے ہیں |

برباد ہیں اور ان کا کوئی مددگار نہیں (ہوگا) ﴿٢٢﴾ بھلا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو کتاب

نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُدْعَوْنَ اِلٰى كِتٰبِ اللّٰهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَصِيْبًا | مِّنَ | الْكِتٰبِ | يُدْعَوْنَ | اِلٰى | كِتٰبِ | اللّٰهِ | لِيَحْكُمَ | بَيْنَهُمْ | ثُمَّ |
| ایک حصہ | سے | کتاب | بلائے جاتے ہیں | طرف | کتاب | اللہ کے | تا کہ حکم کریں | درمیان ان کے | پھر |

(یعنی تورات) سے بہرہ دیا گیا اور وہ (اس) کتاب اللہ کی طرف بلائے جاتے ہیں تا کہ وہ (اُن کے تنازعات کا) اُن میں فیصلہ کر دے تو

يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ وَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٢٣﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَتَوَلّٰى | فَرِيْقٌ | مِّنْهُمْ | وَهُمْ | مُّعْرِضُوْنَ | ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمْ | قَالُوْا | لَنْ |
| پھر جاتا ہے | ایک فرقہ | ان میں سے | اور وہ | منہ پھیرنے والے ہیں | یہ | اس واسطے ہے کہ | کہا انہوں نے | ہرگز |

ایک فریق اُن میں سے کج ادائی کے ساتھ منہ پھیر لیتا ہے ﴿٢٣﴾ یہ اس لیے کہ یہ اس بات کے قائل ہیں

تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ۪ وَغَرَّهُمْ فِيْ دِيْنِهِمْ مَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَمَسَّنَا | النَّارُ | اِلَّآ | اَيَّامًا | مَّعْدُوْدٰتٍ | وَغَرَّهُمْ | فِيْ | دِيْنِهِمْ | مَّا |
| نہ لگے گی ہم کو | آگ | مگر | دن | گنے ہوئے | اور فریب دیا ہے ان کو | بیچ | ان کے دین کے | کہ جو |

کہ (دوزخ کی) آگ ہمیں چند روز کے سوا چھو ہی نہیں سکے گی۔ اور جو کچھ یہ دین کے بارے میں بہتان باندھتے رہے ہیں اس

كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٢٤﴾ فَكَيْفَ اِذَا جَمَعْنٰهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ قف

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانُوْا | يَفْتَرُوْنَ | فَكَيْفَ | اِذَا | جَمَعْنٰهُمْ | لِيَوْمٍ | لَّا | رَيْبَ | فِيْهِ |
| تھے | باندھ لیتے | پس کیوں کر ہوگا | جب | اکٹھا کریں گے ہم ان کو | اس دن کہ | نہیں | شک | بیچ اس کے |

نے ان کو دھوکے میں ڈال رکھا ہے ﴿٢٤﴾ تو اس وقت کیا حال ہوگا جب ہم ان کو جمع کریں گے (یعنی) اُس روز جس (کے آنے) میں کچھ بھی شک نہیں۔

وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٢٥﴾ قُلِ اللّٰهُمَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَوُفِّيَتْ | كُلُّ | نَفْسٍ | مَّا | كَسَبَتْ | وَهُمْ | لَا | يُظْلَمُوْنَ | قُلِ | اللّٰهُمَّ |
| اور پورا دیا جائیگا | ہر | جی کو | جو کچھ | کمایا ہے | اور وہ | نہ | ظلم کیے جائیں گے | کہہ | یا اللہ |

اور ہر نفس اپنے اعمال کا پورا پورا بدلہ پائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا ﴿٢٥﴾ کہو کہ اے اللہ

مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ز

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مٰلِكَ | الْمُلْكِ | تُؤْتِي | الْمُلْكَ | مَنْ | تَشَآءُ | وَتَنْزِعُ | الْمُلْكَ | مِمَّنْ | تَشَآءُ |
| مالک | ملک کے | دیتا ہے تو | ملک | جس کو | چاہے | اور چھین لیتا ہے | ملک | جس سے | چاہے |

(اے) بادشاہی کے مالک تو جس کو چاہے بادشاہی بخشے اور جس سے چاہے بادشاہی چھین لے

وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ط بِيَدِكَ الْخَيْرُ ط اِنَّكَ عَلٰى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَتُعِزُّ | مَنْ | تَشَآءُ | وَتُذِلُّ | مَنْ | تَشَآءُ | بِيَدِكَ | الْخَيْرُ | اِنَّكَ | عَلٰى |
| اور عزت دیتا ہے | جس کو | چاہے | اور ذلت دیتا ہے | جس کو | چاہے | بیچ ہاتھ تیرے کے ہے | خیر | بیشک تو | اوپر |

اور جس کو چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلیل کرے۔ ہر طرح کی بھلائی تیرے ہی ہاتھ ہے۔ بے شک

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٦﴾ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ز

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُلِّ | شَيْءٍ | قَدِيْرٌ | تُوْلِجُ | الَّيْلَ | فِي | النَّهَارِ | وَتُوْلِجُ | النَّهَارَ | فِي | الَّيْلِ |
| ہر | چیز کے | قادر ہے | داخل کرتا ہے تو | رات کو | بیچ | دن کے | اور داخل کرتا ہے | دن کو | بیچ | رات کے |

تو ہر چیز پر قادر ہے ﴿٢٦﴾ تو ہی رات کو دن میں داخل کرتا اور تو ہی دن کو رات میں داخل کرتا ہے

وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ز وَتَرْزُقُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَتُخْرِجُ | الْحَيَّ | مِنَ | الْمَيِّتِ | وَتُخْرِجُ | الْمَيِّتَ | مِنَ | الْحَيِّ | وَتَرْزُقُ |
| اور نکالتا ہے تو | زندہ کو | سے | مردہ | اور نکالتا ہے تو | مردہ کو | سے | زندہ | اور رزق دیتا ہے تو |

اور تو ہی بے جان سے جاندار پیدا کرتا ہے اور تو ہی جاندار سے بے جان پیدا کرتا ہے اور تو ہی

مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٢٧﴾ لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنْ | تَشَآءُ | بِغَيْرِ حِسَابٍ | لَا | يَتَّخِذِ | الْمُؤْمِنُوْنَ | الْكٰفِرِيْنَ |
| جس کو | چاہے | بے شمار | نہ | پکڑیں | مسلمان | کافروں کو |

جس کو چاہتا ہے بیشمار رزق بخشتا ہے ﴿٢٧﴾ مومنوں کو چاہیے کہ مومنوں کے سوا کافروں

اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْلِيَآءَ | مِنْ دُوْنِ | الْمُؤْمِنِيْنَ | وَمَنْ | يَّفْعَلْ | ذٰلِكَ | فَلَيْسَ | مِنَ |
| دوست | سوائے | مسلمانوں کے | اور جو کوئی | کرے | یہ | پس نہیں | سے |

کو دوست نہ بنائیں۔ اور جو ایسا کرے گا اُس سے اللہ کا کچھ (عہد) نہیں۔

اللّٰهِ فِيْ شَيْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰىةً ۭ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | فِيْ | شَيْءٍ | اِلَّآ | اَنْ | تَتَّقُوْا | مِنْهُمْ | تُقٰىةً | وَيُحَذِّرُكُمُ | اللّٰهُ |
| اللہ | بیچ | کسی چیز کے | مگر | یہ کہ | بچو تم | ان سے | بچنے کر | اور ڈراتا ہے تم کو | اللہ |

ہاں اگر اس طریق سے تم ان (کے شر) سے بچاؤ کی صورت پیدا کرو (تو مضائقہ نہیں)۔ اور اللہ تم کو اپنے (غضب) سے

نَفْسَهٗ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿٢٨﴾ قُلْ اِنْ تُخْفُوْا مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَفْسَهٗ | وَاِلَى | اللّٰهِ | الْمَصِيْرُ | قُلْ | اِنْ | تُخْفُوْا | مَا | فِيْ | صُدُوْرِكُمْ |
| ذات اپنی سے | اور طرف | اللہ کے ہے | پھر جانا | کہہ | اگر | چھپاؤ تم | جو کچھ | بیچ | تمہارے سینوں کے ہے |

ڈراتا ہے۔ اور اللہ ہی کی طرف (تم کو) لوٹ کر جانا ہے ﴿٢٨﴾ (اے پیغمبر لوگوں سے) کہہ دو کہ کوئی بات تم اپنے دلوں میں مخفی رکھو

اَوْ تُبْدُوْهُ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ ۭ وَيَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْ | تُبْدُوْهُ | يَعْلَمْهُ | اللّٰهُ | وَيَعْلَمُ | مَا | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَمَا | فِي | الْاَرْضِ |
| یا | ظاہر کرو اس کو | جانتا ہے اس کو | اللہ | اور جانتا ہے | جو کچھ | بیچ | آسمانوں کے | اور جو کچھ | بیچ | زمین کے ہے |

یا اُسے ظاہر کرو اللہ اُس کو جانتا ہے اور جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے اس کو سب کی خبر ہے

وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٩﴾ يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاللّٰهُ | عَلٰي | كُلِّ | شَيْءٍ | قَدِيْرٌ | يَوْمَ | تَجِدُ | كُلُّ | نَفْسٍ | مَّا | عَمِلَتْ |
| اور اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے | جس دن کہ | پائے گا | ہر | جی | جو کچھ | کیا ہے |

اور وہ ہر چیز پر قادر ہے ﴿٢٩﴾ جس دن ہر شخص اپنے اعمال کی نیکی کو موجود

معانقة ٣

مِنْ خَيْرٍ مُّحْضَرًا ۚ وَمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوْٓءٍ ۚ تَوَدُّ لَوْ اَنَّ بَيْنَهَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | خَيْرٍ | مُّحْضَرًا | وَّ | مَا | عَمِلَتْ | مِنْ | سُوْٓءٍ | تَوَدُّ | لَوْ | اَنَّ | بَيْنَهَا |
| سے | بھلائی | حاضر کیا ہوا | اور | جو کچھ | کیا ہے | سے | برائی | چاہے گا | کاش | یہ کہ | درمیان اس شخص کے |

پالے گا اور ان کی برائی کو بھی (دیکھ لے گا) تو آرزو کرے گا کہ اے کاش اس میں

وَبَيْنَهٗٓ اَمَدًۢا بَعِيْدًا ۭ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ۭ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَبَيْنَهٗٓ | اَمَدًۢا | بَعِيْدًا | وَيُحَذِّرُكُمُ | اللّٰهُ | نَفْسَهٗ | وَاللّٰهُ | رَءُوْفٌۢ |
| اور درمیان اسکی برائی کے | ہو مسافت | دور کی | اور ڈراتا ہے تم کو | اللہ | ذات اپنی سے | اور اللہ | شفقت کرنیوالا ہے |

اور اس برائی میں دور کی مسافت ہو جاتی۔ اور اللہ تم کو اپنے (غضب) سے ڈراتا ہے۔ اور اللہ اپنے بندوں پر نہایت

ع ٦ / ١١

بِالْعِبَادِ ۝٣٠ ع قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْعِبَادِ | قُلْ | اِنْ | كُنْتُمْ | تُحِبُّوْنَ | اللّٰهَ | فَاتَّبِعُوْنِيْ | يُحْبِبْكُمُ | اللّٰهُ |
| ساتھ بندوں کے | کہہ | اگر | ہو تم | چاہتے | اللہ کو | پیروی کرو میری | چاہے تم کو | اللہ |

مہربان ہے (٣٠) (اے پیغمبر لوگوں سے) کہہ دو کہ اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میری پیروی کرو اللہ بھی تمہیں دوست رکھے گا

وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٣١ قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَيَغْفِرْ لَكُمْ | ذُنُوْبَكُمْ | وَاللّٰهُ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | قُلْ | اَطِيْعُوا | اللّٰهَ |
| اور بخشے واسطے تمہارے | گناہ تمہارے | اور اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے | کہہ | اطاعت کرو | اللہ کی |

اور تمہارے گناہ معاف کر دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے (٣١) کہہ دو کہ اللہ

وَالرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ۝٣٢ اِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالرَّسُوْلَ | فَاِنْ | تَوَلَّوْا | فَاِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يُحِبُّ | الْكٰفِرِيْنَ | اِنَّ | اللّٰهَ |
| اور رسول کی | پس اگر | پھر جاؤ | پس بیشک | اللہ | نہیں | دوست رکھتا | کافروں کو | بیشک | اللہ نے |

اور اس کے رسول کا حکم مانو۔ اگر نہ مانیں تو اللہ بھی کافروں کو دوست نہیں رکھتا (٣٢) اللہ نے

اصْطَفٰٓي اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰهِيْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَي

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اصْطَفٰٓي | اٰدَمَ | وَنُوْحًا | وَّ | اٰلَ | اِبْرٰهِيْمَ | وَاٰلَ | عِمْرٰنَ | عَلَي |
| برگزیدہ کیا | آدم کو | اور نوح کو | اور | کنبے | ابراہیم کے کو | اور کنبے | عمران کے کو | اوپر |

آدم اور نوح اور خاندان ابراہیم اور خاندانِ عمران کو تمام جہان کے لوگوں

الْعٰلَمِيْنَ ﴿٣٣﴾ ذُرِّيَّةًۢ بَعْضُهَا مِنْۢ بَعْضٍ ۗ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٣٤﴾ اِذْ

| الْعٰلَمِيْنَ | ذُرِّيَّةً | بَعْضُهَا | مِنْ | بَعْضٍ | وَاللّٰهُ | سَمِيْعٌ | عَلِيْمٌ | اِذْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جہانوں کے | اولاد تھے | بعضے ان کے | سے | بعضوں | اور اللہ | سننے والا | جاننے والا ہے | جس وقت |

میں منتخب فرمایا تھا ﴿٣٣﴾ اُن میں سے بعض، بعض کی اولاد تھے۔ اور اللہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے ﴿٣٤﴾ (وہ وقت یاد کرنے کے لائق ہے) جب

قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّيْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِيْ بَطْنِيْ

| قَالَتِ | امْرَاَتُ | عِمْرٰنَ | رَبِّ | اِنِّيْ | نَذَرْتُ | لَكَ | مَا | فِيْ | بَطْنِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہا | بی بی | عمران کی نے | اے پروردگار میرے | میں نے | نذر کیا | واسطے تیرے | جو کچھ | بیچ | پیٹ میرے کے ہے |

عمران کی بیوی نے کہا کہ اے پروردگار جو (بچہ) میرے پیٹ میں ہے میں اس کو تیری نذر کرتی ہوں

مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٣٥﴾ فَلَمَّا

| مُحَرَّرًا | فَتَقَبَّلْ | مِنِّيْ | اِنَّكَ | اَنْتَ | السَّمِيْعُ | الْعَلِيْمُ | فَلَمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آزاد کیا ہوا | پس قبول کر | مجھ سے | بیشک تو ہے | تو ہی | سننے والا | جاننے والا | پس جب |

اسے دنیا کے کاموں سے آزاد رکھوں گی تو (اُسے) میری طرف سے قبول فرما۔ تو تو سننے والا (اور) جاننے والا ہے ﴿٣٥﴾ جب ان

وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ وَضَعْتُهَآ اُنْثٰى ۗ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا

| وَضَعَتْهَا | قَالَتْ | رَبِّ | اِنِّيْ | وَضَعْتُهَآ | اُنْثٰى | وَاللّٰهُ | اَعْلَمُ | بِمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جنا اس کو | کہا | اے رب میرے | بیشک میں نے | جنا اس کو | لڑکی | اور اللہ | خوب جانتا ہے | جو کچھ |

کے ہاں بچہ پیدا ہوا اور جو کچھ ان کے ہاں پیدا ہوا تھا اللہ کو خوب معلوم تھا۔ تو کہنے لگیں کہ پروردگار! میرے تو لڑکی

وَضَعْتُ ۗ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى ۚ وَاِنِّيْ سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَاِنِّيْٓ

| وَضَعْتُ | وَلَيْسَ | الذَّكَرُ | كَالْاُنْثٰى | وَاِنِّيْ | سَمَّيْتُهَا | مَرْيَمَ | وَاِنِّيْٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جنا | اور نہیں | مرد | مانند عورت کے | اور بیشک میں نے | نام رکھا اس کا | مریم | اور بیشک میں نے |

ہوئی ہے اور (نذر کے لیے) لڑکا (موزوں تھا کہ وہ) لڑکی کی طرح (ناتواں) نہیں ہوتا اور میں نے اس کا نام مریم رکھا ہے اور

اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿٣٦﴾ فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا

| اُعِيْذُهَا بِكَ | وَذُرِّيَّتَهَا | مِنَ | الشَّيْطٰنِ | الرَّجِيْمِ | فَتَقَبَّلَهَا | رَبُّهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پناہ دی اس کو ساتھ تیرے | اور اولاد اس کی کو | سے | شیطان | راندے ہوئے | پس قبول کیا اس کو | رب اسکے نے |

اس کو اور اس کی اولاد کو شیطان مردود سے تیری پناہ میں دیتی ہوں ﴿٣٦﴾ تو پروردگار نے اس کو

بِقَبُولٍ حَسَنٍ وَّاَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا ۙ وَّكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا ۚ كُلَّمَا دَخَلَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِقَبُولٍ | حَسَنٍ | وَّاَنْۢبَتَهَا | نَبَاتًا | حَسَنًا | وَّ | كَفَّلَهَا | زَكَرِيَّا | كُلَّمَا | دَخَلَ |
| ساتھ قبول | اچھے کے | اور اگایا اس کو | اگانا | اچھا | اور | سونپ دی وہ | زکریا کو | جب | جاتا |

پسندیدگی کے ساتھ قبول فرمایا اور اسے اچھی طرح پرورش کیا اور زکریا کو اس کا متکفل بنایا۔ زکریا جب کبھی عبادت گاہ

عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ ۙ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا ۚ قَالَ يٰمَرْيَمُ اَنّٰى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهَا | زَكَرِيَّا | الْمِحْرَابَ | وَجَدَ | عِنْدَهَا | رِزْقًا | قَالَ | يٰمَرْيَمُ | اَنّٰى |
| اوپر اس کے | زکریا | محراب میں | پاتا | نزدیک اس کے | رزق | کہا | اے مریم | کہاں سے آیا |

میں اس کے پاس جاتے تو اس کے پاس کھانا پاتے۔ (یہ کیفیت دیکھ کر ایک دن مریم سے) پوچھنے لگے کہ مریم

لَكِ هٰذَا ۭ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاۗءُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكِ | هٰذَا | قَالَتْ | هُوَ | مِنْ | عِنْدِ | اللّٰهِ | اِنَّ | اللّٰهَ | يَرْزُقُ | مَنْ | يَّشَاۗءُ |
| واسطے تیرے | یہ | کہتی | وہ | سے | نزدیک | اللہ کے | بے شک | اللہ | رزق دیتا ہے | جس کو | چاہتا ہے |

یہ کھانا تمہارے پاس کہاں سے آتا ہے۔ وہ بولیں اللہ کے ہاں سے (آتا ہے)۔ بیشک اللہ جسے چاہتا ہے بیشمار

بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٣٧﴾ هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ ۚ قَالَ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِغَيْرِ حِسَابٍ | هُنَالِكَ | دَعَا | زَكَرِيَّا | رَبَّهٗ | قَالَ | رَبِّ | هَبْ | لِيْ | مِنْ |
| بے شمار | اس جگہ | پکارا | زکریا نے | رب اپنے کو | کہا | اے رب میرے | دے ڈال | واسطے میرے | سے |

رزق دیتا ہے ﴿٣٧﴾ اُس وقت زکریا نے اپنے پروردگار سے دعا کی (اور) کہا کہ پروردگار مجھے اپنی جناب

لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَاۗءِ ﴿٣٨﴾ فَنَادَتْهُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَّدُنْكَ | ذُرِّيَّةً | طَيِّبَةً | اِنَّكَ | سَمِيْعُ | الدُّعَاۗءِ | فَنَادَتْهُ | الْمَلٰۗىِٕكَةُ |
| نزدیک اپنے | اولاد | پاکیزہ | بیشک تو | سننے والا ہے | دعا کا | پس پکارا اس کو | فرشتوں نے |

سے اولاد صالح عطا فرما۔ تو بیشک دعا سننے (اور قبول کرنے) والا ہے ﴿٣٨﴾ وہ ابھی عبادت گاہ میں کھڑے

وَهُوَ قَاۗىِٕمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ ۙ اَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيٰى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَهُوَ | قَاۗىِٕمٌ | يُّصَلِّيْ | فِي | الْمِحْرَابِ | اَنَّ | اللّٰهَ | يُبَشِّرُكَ | بِيَحْيٰى |
| اور وہ | کھڑا | نماز پڑھتا تھا | بیچ | محراب کے | بیشک | اللہ | بشارت دیتا ہے تجھ کو | ساتھ یحیٰی کے |

نماز ہی پڑھ رہے تھے کہ فرشتوں نے آواز دی کہ (زکریا) اللہ تمہیں یحییٰ کی بشارت دیتا ہے جو اللہ کے فیض (یعنی عیسیٰ)

مُصَدِّقًاۢ بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَسَيِّدًا وَّحَصُوْرًا وَّ نَبِيًّا مِّنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُصَدِّقًا | بِكَلِمَةٍ | مِّنَ | اللّٰهِ | وَسَيِّدًا | وَّحَصُوْرًا | وَّ | نَبِيًّا | مِّنَ |
| ماننے والا ہے | ایک بات کو | سے | اللہ | اور سردار ہے | اور بند رہے عورتوں سے | اور | نبی ہے | سے |

کی تصدیق کریں گے اور سردار ہوں گے اور عورتوں سے رغبت نہ رکھنے والے اور (اللہ کے) پیغمبر (یعنی) نیکوکاروں

الصّٰلِحِيْنَ ﴿٣٩﴾ قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِىْ غُلٰمٌ وَّ قَدْ بَلَغَنِىَ الْكِبَرُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصّٰلِحِيْنَ | قَالَ | رَبِّ | اَنّٰى | يَكُوْنُ | لِىْ | غُلٰمٌ | وَّ | قَدْ | بَلَغَنِىَ | الْكِبَرُ |
| صالحوں | کہا | اے رب میرے | کیوں کر | ہوگا | واسطے میرے | لڑکا | اور | تحقیق | پہنچا ہے مجھ کو | بڑھاپا |

میں ہوں گے ﴿٣٩﴾ زکریا نے کہا اے پروردگار میرے ہاں لڑکا کیونکر پیدا ہوگا کہ میں تو بڈھا ہوگیا ہوں

وَامْرَاَتِىْ عَاقِرٌ ؕ قَالَ كَذٰلِكَ اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ﴿٤٠﴾ قَالَ رَبِّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَامْرَاَتِىْ | عَاقِرٌ | قَالَ | كَذٰلِكَ | اللّٰهُ | يَفْعَلُ | مَا | يَشَآءُ | قَالَ | رَبِّ |
| اور بی بی میری | بانجھ ہے | کہا | اسی طرح | اللہ | کرتا ہے | جو | چاہتا ہے | کہا | اے رب میرے |

اور میری بیوی بانجھ ہے۔ اللہ نے فرمایا اسی طرح اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے ﴿٤٠﴾ زکریا نے کہا کہ پروردگار

اجْعَلْ لِّىْۤ اٰيَةً ؕ قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ اِلَّا رَمْزًا ؕ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اجْعَلْ | لِّىْۤ | اٰيَةً | قَالَ | اٰيَتُكَ | اَلَّا | تُكَلِّمَ | النَّاسَ | ثَلٰثَةَ | اَيَّامٍ | اِلَّا | رَمْزًا |
| مقرر کر | واسطے میرے | نشانی | کہا | نشانی تیری | یہ ہے کہ نہ | بول سکے | لوگوں سے | تین | دن | مگر | اشاروں سے |

میرے لیے کوئی نشانی مقرر فرما۔ اللہ نے فرمایا نشانی یہ ہے کہ تم لوگوں سے تین دن اشارے کے سوا بات نہ کرسکو گے۔

وَاذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيْرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِىِّ وَالْاِبْكَارِ ﴿٤١﴾ ع وَاِذْ قَالَتِ ع ١١ ١٢

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاذْكُرْ | رَّبَّكَ | كَثِيْرًا | وَّسَبِّحْ | بِالْعَشِىِّ | وَالْاِبْكَارِ | وَاِذْ | قَالَتِ |
| اور یاد کر | رب اپنے کو | بہت | اور تسبیح کر | صبح کو | اور شام کو | اور جس وقت | کہا |

تو (ان دنوں میں) اپنے پروردگار کی کثرت سے یاد اور صبح وشام اس کی تسبیح کرنا ﴿٤١﴾ اور جب فرشتوں

الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفٰىكِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَلٰٓئِكَةُ | يٰمَرْيَمُ | اِنَّ | اللّٰهَ | اصْطَفٰىكِ | وَطَهَّرَكِ | وَاصْطَفٰىكِ |
| فرشتوں نے | اے مریم | بیشک | اللہ نے | برگزیدہ کیا تجھ کو | اور پاک کیا تجھ کو | اور برگزیدہ کیا تجھ کو |

نے (مریم سے) کہا کہ مریم! اللہ نے تم کو برگزیدہ کیا ہے اور پاک بنایا ہے اور جہان کی

عَلٰی نِسَآءِ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۴۲﴾ یٰمَرْیَمُ اقْنُتِیْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِیْ

| عَلٰی | نِسَآءِ | الْعٰلَمِیْنَ | یٰمَرْیَمُ | اقْنُتِیْ | لِرَبِّكِ | وَاسْجُدِیْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | عورتوں | جہانوں کے | اے مریم | فرمانبرداری کر | واسطے اپنے رب کے | اور سجدہ کیا کر |

عورتوں میں منتخب کیا ہے ﴿۴۲﴾ مریم اپنے پروردگار کی فرمانبرداری کرنا اور سجدہ کرنا

وَارْكَعِیْ مَعَ الرّٰكِعِیْنَ ﴿۴۳﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ نُوْحِیْهِ

| وَارْكَعِیْ | مَعَ | الرّٰكِعِیْنَ | ذٰلِكَ | مِنْ | اَنْۢبَآءِ | الْغَیْبِ | نُوْحِیْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور رکوع کیا کر | ساتھ | رکوع کرنے والوں کے | یہ ہے | سے | خبروں | غیب کی | وحی کرتے ہیں ہم اسکو |

اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرنا ﴿۴۳﴾ (اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) یہ باتیں اخبارِ غیب میں سے ہیں جو ہم تمہارے پاس

اِلَیْكَ ؕ وَمَا كُنْتَ لَدَیْهِمْ اِذْ یُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ اَیُّهُمْ یَكْفُلُ

| اِلَیْكَ | وَمَا | كُنْتَ | لَدَیْهِمْ | اِذْ | یُلْقُوْنَ | اَقْلَامَهُمْ | اَیُّهُمْ | یَكْفُلُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طرف تیری | اور نہ | تھا تو | پاس ان کے | جس وقت | ڈالتے تھے | قلم اپنے | کون ان میں سے | پالے |

بھیجتے ہیں۔ اور جب وہ لوگ اپنے قلم (بطور قرعہ) ڈال رہے تھے کہ مریم کا متکفل کون بنے تو تم ان کے پاس

مَرْیَمَ ۪ وَمَا كُنْتَ لَدَیْهِمْ اِذْ یَخْتَصِمُوْنَ ﴿۴۴﴾ اِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ

| مَرْیَمَ | وَمَا | كُنْتَ | لَدَیْهِمْ | اِذْ | یَخْتَصِمُوْنَ | اِذْ | قَالَتِ | الْمَلٰٓئِكَةُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مریم کو | اور نہ | تھا تو | پاس ان کے | جب | وہ جھگڑتے تھے | جس وقت | کہا | فرشتوں نے |

نہیں تھے۔ اور نہ اس وقت ہی انکے پاس تھے جب وہ آپس میں جھگڑ رہے تھے ﴿۴۴﴾ (وہ وقت بھی یاد کرنے کے لائق ہے) جب فرشتوں نے (مریم سے کہا)

یٰمَرْیَمُ اِنَّ اللّٰهَ یُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ ۖۗ اسْمُهُ الْمَسِیْحُ عِیْسَی

| یٰمَرْیَمُ | اِنَّ | اللّٰهَ | یُبَشِّرُكِ | بِكَلِمَةٍ | مِّنْهُ | اسْمُهُ | الْمَسِیْحُ | عِیْسَی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے مریم | بیشک | اللہ | خوشخبری دیتا ہے تجھ کو | ساتھ ایک بات کے | اپنی طرف سے | نام اس کا ہے | مسیح | عیسیٰ |

کہ مریم اللہ تم کو اپنی طرف سے ایک فیض کی بشارت دیتا ہے جس کا نام مسیح (اور مشہور)

ابْنُ مَرْیَمَ وَجِیْهًا فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِیْنَ ﴿۴۵﴾ وَیُكَلِّمُ

| ابْنُ | مَرْیَمَ | وَجِیْهًا | فِی | الدُّنْیَا | وَالْاٰخِرَةِ | وَمِنَ | الْمُقَرَّبِیْنَ | وَیُكَلِّمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیٹا | مریم کا | آبرو والا | بیچ | دنیا کے | اور آخرت کے | اور سے | نزدیک کیے گیوں | اور باتیں کریگا |

عیسیٰ ابن مریم ہوگا (اور جو) دنیا اور آخرت میں باآبرو اور (اللہ کے) خاصوں میں سے ہوگا ﴿۴۵﴾ اور ماں کی گود

النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا وَّمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٤٦﴾ قَالَتْ رَبِّ اَنّٰى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّاسَ | فِي | الْمَهْدِ | وَكَهْلًا | وَّ | مِنَ | الصّٰلِحِيْنَ | قَالَتْ | رَبِّ | اَنّٰى |
| لوگوں سے | بیچ | جھولے کے | اور ادھیڑ | اور | سے ہے | صالحوں | کہا اس نے | اے رب میرے | کیوں کر |

میں اور بڑی عمر کا ہو کر (دونوں حالتوں میں) لوگوں سے (یکساں) گفتگو کرے گا اور نیکو کاروں میں ہوگا ﴿٤٦﴾ مریم نے کہا۔ پروردگار!

يَكُوْنُ لِيْ وَلَدٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ ؕ قَالَ كَذٰلِكِ اللّٰهُ يَخْلُقُ مَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَكُوْنُ | لِيْ | وَلَدٌ | وَّ | لَمْ | يَمْسَسْنِيْ | بَشَرٌ | قَالَ | كَذٰلِكِ | اللّٰهُ | يَخْلُقُ | مَا |
| ہوگا | واسطے میرے | بچہ | اور | نہیں | ہاتھ لگایا مجھ کو | کسی آدمی نے | کہا | اسی طرح | اللہ | پیدا کرتا ہے | جو |

میرے ہاں بچہ کیونکر ہوگا کہ کسی انسان نے مجھے ہاتھ تک تو لگایا نہیں۔ فرمایا کہ اللہ اسی طرح جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے۔

يَشَآءُ ؕ اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٤٧﴾ وَيُعَلِّمُهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَشَآءُ | اِذَا | قَضٰى | اَمْرًا | فَاِنَّمَا | يَقُوْلُ | لَهٗ | كُنْ | فَيَكُوْنُ | وَيُعَلِّمُهُ |
| چاہتا ہے | جب | مقرر کرتا ہے | کچھ کام | پس سوائے اسکے نہیں کہ | کہتا ہے | اس کو | ہو جا | پس ہو جاتا ہے | اور سکھا دیگا اسکو |

جب وہ کوئی کام کرنا چاہتا ہے تو ارشاد فرما دیتا ہے کہ ہو جا تو وہ ہو جاتا ہے ﴿٤٧﴾ اور وہ انہیں

الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ﴿٤٨﴾ وَرَسُوْلًا اِلٰى بَنِيْٓ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْكِتٰبَ | وَالْحِكْمَةَ | وَالتَّوْرٰىةَ | وَالْاِنْجِيْلَ | وَرَسُوْلًا | اِلٰى | بَنِيْٓ |
| کتاب | اور حکمت | اور توریت | اور انجیل | اور رسول | طرف | بنی |

لکھنا (پڑھنا) اور دانائی اور تورات اور انجیل سکھائے گا ﴿٤٨﴾ اور (عیسیٰ) بنی اسرائیل کی

اِسْرَآءِيْلَ ۙ۬ اَنِّيْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ اَنِّيْٓ اَخْلُقُ لَكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِسْرَآءِيْلَ | اَنِّيْ | قَدْ | جِئْتُكُمْ | بِاٰيَةٍ | مِّنْ | رَّبِّكُمْ | اَنِّيْٓ | اَخْلُقُ | لَكُمْ |
| اسرائیل کے | یہ کہ میں | تحقیق | آیا ہوں تمہارے پاس | ساتھ ایک نشانی کے | سے | پروردگار تمہارے | یہ کہ | بناتا ہوں میں | واسطے تمہارے |

طرف پیغمبر (ہو کر جائیں گے اور کہیں گے) کہ میں تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے نشانی لے کر آیا ہوں وہ یہ کہ تمہارے سامنے

مِّنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ فَاَنْفُخُ فِيْهِ فَيَكُوْنُ طَيْرًاۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنَ | الطِّيْنِ | كَهَيْـَٔةِ | الطَّيْرِ | فَاَنْفُخُ | فِيْهِ | فَيَكُوْنُ | طَيْرًا | بِاِذْنِ | اللّٰهِ |
| سے | مٹی | مانند صورت | جانور کے | پس پھونکتا ہوں | بیچ اسکے | پس ہو جاتا ہے | جانور | ساتھ حکم | اللہ کے |

مٹی کی مورت بشکل پرند بناتا ہوں پھر اس میں پھونک مارتا ہوں تو وہ اللہ کے حکم سے (سچ مچ) جانور ہو جاتا ہے۔

وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْيِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُنَبِّئُكُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاُبْرِئُ | الْاَكْمَهَ | وَالْاَبْرَصَ | وَاُحْيِ | الْمَوْتٰى | بِاِذْنِ | اللّٰهِ | وَاُنَبِّئُكُمْ |
| اور چنگا کرتا ہوں | مادرزاد اندھے کو | اور کوڑھی کو | اور جلاتا ہوں | مُردے کو | ساتھ حکم | اللہ کے | اور خبر دیتا ہوں تم کو |

اور اندھے اور ابرص کو تندرست کر دیتا ہوں۔ اور اللہ کے حکم سے مُردے میں جان ڈال دیتا ہوں اور جو کچھ تم کھا کر

بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَمَا تَدَّخِرُوْنَ ۙ فِيْ بُيُوْتِكُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمَا | تَاْكُلُوْنَ | وَمَا | تَدَّخِرُوْنَ | فِيْ | بُيُوْتِكُمْ | اِنَّ | فِيْ | ذٰلِكَ | لَاٰيَةً | لَّكُمْ |
| ساتھ اس چیز کے کہ | کھاتے ہو تم | اور جو کچھ | ذخیرہ کرتے ہو تم | بیچ | اپنے گھروں کے | بے شک | بیچ | اس کے | البتہ نشانی ہے | واسطے تمہارے |

آتے ہو اور جو اپنے گھروں میں جمع کرر کھتے ہو سب تم کو بتا دیتا ہوں۔ اگر تم صاحبِ ایمان ہو تو ان باتوں میں

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۚ﴿۴۹﴾ وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنْ | كُنْتُمْ | مُّؤْمِنِيْنَ | وَمُصَدِّقًا | لِّمَا | بَيْنَ يَدَيَّ | مِنَ | التَّوْرٰىةِ |
| اگر | ہو تم | ایمان والے | اور سچا کرنے والا | اس چیز کو کہ | آگے میرے ہے | سے | توریت |

تمہارے لیے (قدرتِ اللہ کی) نشانی ہے ﴿۴۹﴾ اور مجھ سے پہلے جو تورات (نازل ہوئی) تھی اس کی تصدیق بھی کرتا ہوں

وَلِاُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ حُرِّمَ عَلَيْكُمْ وَجِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلِاُحِلَّ | لَكُمْ | بَعْضَ | الَّذِيْ | حُرِّمَ | عَلَيْكُمْ | وَجِئْتُكُمْ | بِاٰيَةٍ | مِّنْ |
| اور تاکہ حلال کروں | واسطے تمہارے | بعضے | وہ چیز کہ | حرام کی گئی ہے | اوپر تمہارے | اور میں لایا ہوں پاس تمہارے | نشانی | سے |

اور (میں) اس لیے بھی (آیا ہوں) کہ بعض چیزیں جو تم پر حرام تھیں ان کو تمہارے لیے حلال کر دوں اور میں تو تمہارے پروردگار کی طرف سے نشانی لے کر

رَّبِّكُمْ ۟ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۵۰﴾ اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَّبِّكُمْ | فَاتَّقُوا | اللّٰهَ | وَاَطِيْعُوْنِ | اِنَّ | اللّٰهَ | رَبِّيْ | وَرَبُّكُمْ |
| رب تمہارے | پس ڈرو | اللہ سے | اور کہا مانو میرا | بے شک | اللہ | رب ہے میرا | اور رب ہے تمہارا |

آیا ہوں۔ تو اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو ﴿۵۰﴾ کچھ شک نہیں کہ اللہ ہی میرا اور تمہارا پروردگار ہے۔

فَاعْبُدُوْهُ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۵۱﴾ فَلَمَّآ اَحَسَّ عِيْسٰى

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاعْبُدُوْهُ | هٰذَا | صِرَاطٌ | مُّسْتَقِيْمٌ | فَلَمَّآ | اَحَسَّ | عِيْسٰى |
| پس عبادت کرو اس کی | یہ ہے | راہ | سیدھی | پس جب | دیکھا | عیسیٰ نے |

تو اسی کی عبادت کرو۔ یہی سیدھا رستہ ہے ﴿۵۱﴾ جب عیسیٰ نے ان کی طرف سے نافرمانی

مِنۡهُمُ الۡكُفۡرَ قَالَ مَنۡ اَنۡصَارِىۡۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ قَالَ الۡحَوَارِيُّوۡنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنۡهُمُ | الۡكُفۡرَ | قَالَ | مَنۡ | اَنۡصَارِىۡۤ | اِلَى | اللّٰهِ | قَالَ | الۡحَوَارِيُّوۡنَ |
| ان سے | کفر | کہا | کون ہیں | مدد دینے والے مجھ کو | طرف | اللہ کے | کہا | حواریوں نے |

(اور نیتِ قتل) دیکھی تو کہنے لگے کہ کوئی ہے جو اللہ کا طرف دار اور میرا مددگار ہو۔ حواری بولے

نَحۡنُ اَنۡصَارُ اللّٰهِ ۚ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ ۚ وَاشۡهَدۡ بِاَنَّا مُسۡلِمُوۡنَ ﴿۵۲﴾ رَبَّنَاۤ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَحۡنُ | اَنۡصَارُ | اللّٰهِ | اٰمَنَّا | بِاللّٰهِ | وَاشۡهَدۡ | بِاَنَّا | مُسۡلِمُوۡنَ | رَبَّنَاۤ |
| ہم ہیں | مدد دینے والے | اللہ کے | ایمان لائے ہم | ساتھ اللہ کے | اور تو گواہ رہ | ساتھ اس کے کہ ہم | مطیع ہیں | اے رب ہمارے |

کہ ہم اللہ کے (طرف دار اور آپ کے) مددگار ہیں۔ ہم اللہ پر ایمان لائے اور آپ گواہ رہیں کہ ہم فرمانبردار ہیں ﴿۵۲﴾ اے پروردگار

اٰمَنَّا بِمَاۤ اَنۡزَلۡتَ وَاتَّبَعۡنَا الرَّسُوۡلَ فَاكۡتُبۡنَا مَعَ الشّٰهِدِيۡنَ ﴿۵۳﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمَنَّا | بِمَاۤ | اَنۡزَلۡتَ | وَاتَّبَعۡنَا | الرَّسُوۡلَ | فَاكۡتُبۡنَا | مَعَ | الشّٰهِدِيۡنَ |
| ہم ایمان لائے | ساتھ اس چیز کے کہ | اتاری تو نے | اور پیروی کی ہم نے | رسول کی | پس لکھ دے ہم کو | ساتھ | شاہدوں کے |

جو (کتاب) تو نے نازل فرمائی ہے ہم اس پر ایمان لے آئے اور (تیرے) پیغمبر کے متبع ہو چکے تو ہم کو ماننے والوں میں لکھ رکھ ﴿۵۳﴾

وَمَكَرُوۡا وَمَكَرَ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَيۡرُ الۡمٰكِرِيۡنَ ﴿۵۴﴾ ع اِذۡ قَالَ اللّٰهُ ع ۵ ۱۴ الثلٰثۃ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمَكَرُوۡا | وَمَكَرَ | اللّٰهُ | وَ | اللّٰهُ | خَيۡرُ | الۡمٰكِرِيۡنَ | اِذۡ | قَالَ | اللّٰهُ |
| اور مکر کیا انہوں نے | اور مکر کیا | اللہ نے | اور | اللہ | بہتر ہے | مکر کرنے والوں کا | جس وقت | کہا | اللہ نے |

اور وہ (یعنی یہود قتل عیسٰی کے بارے میں ایک) چال چلے اور اللہ بھی (عیسٰی کو بچانے کیلئے) چال چلا اور اللہ خوب چال چلنے والا ہے ﴿۵۴﴾ اس وقت اللہ

يٰعِيۡسٰۤى اِنِّىۡ مُتَوَفِّيۡكَ وَرَافِعُكَ اِلَىَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيۡنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰعِيۡسٰۤى | اِنِّىۡ | مُتَوَفِّيۡكَ | وَرَافِعُكَ | اِلَىَّ | وَمُطَهِّرُكَ | مِنَ | الَّذِيۡنَ |
| اے عیسٰی | بیشک میں | لینے والا ہوں تجھ کو | اور اٹھانے والا ہوں تجھ کو | طرف اپنی | اور پاک کرنیوالا ہوں تجھ کو | سے | لوگوں جو |

نے فرمایا کہ عیسٰی! میں تمہاری دنیا میں رہنے کی مدت پوری کر کے تم کو اپنی طرف اُٹھا لوں گا اور تمہیں کافروں (کی صحبت) سے پاک

كَفَرُوۡا وَجَاعِلُ الَّذِيۡنَ اتَّبَعُوۡكَ فَوۡقَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡۤا اِلٰى يَوۡمِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَفَرُوۡا | وَجَاعِلُ | الَّذِيۡنَ | اتَّبَعُوۡكَ | فَوۡقَ | الَّذِيۡنَ | كَفَرُوۡۤا | اِلٰى | يَوۡمِ |
| کافر ہوئے | اور کرنے والا ہوں | ان لوگوں کو کہ | پیروی کرینگے تیری | اوپر | ان لوگوں کے کہ | کافر ہوئے | تک | دن |

کر دوں گا۔ اور جو لوگ تمہاری پیروی کریں گے ان کو کافروں پر قیامت تک فائق

الْقِيٰمَةِ ثُمَّ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ

| الْقِيٰمَةِ | ثُمَّ | اِلَيَّ | مَرْجِعُكُمْ | فَاَحْكُمُ | بَيْنَكُمْ | فِيْمَا | كُنْتُمْ | فِيْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قیامت کے | پھر | طرف میری | پھر آنا ہے تمہارا | پھر حکم کروں گا | درمیان تمہارے | بیچ اس چیز کے کہ | تھے تم | بیچ اس کے |

(وغالب) رکھوں گا۔ پھر تم سب میرے پاس لوٹ کر آؤ گے تو جن باتوں میں تم اختلاف کرتے تھے اس دن تم میں ان کا

تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۵۵﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَاُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا فِي

| تَخْتَلِفُوْنَ | فَاَمَّا | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | فَاُعَذِّبُهُمْ | عَذَابًا | شَدِيْدًا | فِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اختلاف کرتے | پس | جو لوگ کہ | کافر ہوئے | پس عذاب کروں گا ان کو | عذاب | سخت | بیچ |

فیصلہ کر دوں گا ﴿۵۵﴾ یعنی جو کافر ہوئے ان کو دنیا اور آخرت (دونوں) میں سخت

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۡ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۵۶﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| الدُّنْيَا | وَالْاٰخِرَةِ | وَمَا | لَهُمْ | مِّنْ | نّٰصِرِيْنَ | وَاَمَّا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دنیا کے | اور آخرت کے | اور نہیں | واسطے ان کے | کوئی | مددگار | اور جو | لوگ کہ | ایمان لائے |

عذاب دوں گا اور ان کا کوئی مددگار نہ ہوگا ﴿۵۶﴾ اور جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ

| وَعَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | فَيُوَفِّيْهِمْ | اُجُوْرَهُمْ | وَاللّٰهُ | لَا | يُحِبُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور کام کیے | نیک | پس پورا دے گا ان کو | ثواب ان کا | اور اللہ | نہیں | دوست رکھتا |

اور عمل نیک کرتے رہے ان کو اللہ پورا پورا صلہ دے گا۔ اور اللہ ظالموں کو دوست

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۷﴾ ذٰلِكَ نَتْلُوْهُ عَلَيْكَ مِنَ الْاٰيٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ﴿۵۸﴾

| الظّٰلِمِيْنَ | ذٰلِكَ | نَتْلُوْهُ | عَلَيْكَ | مِنَ | الْاٰيٰتِ | وَالذِّكْرِ | الْحَكِيْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظالموں کو | یہ | پڑھتے ہیں ہم اسکو | اوپر تیرے | سے | آیتوں | اور نصیحت | حکمت والی سے |

نہیں رکھتا ﴿۵۷﴾ (اے محمد ﷺ) یہ ہم تم کو (اللہ کی) آیتیں اور حکمت بھری نصیحتیں پڑھ پڑھ کر سناتے ہیں ﴿۵۸﴾

اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ؕ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ

| اِنَّ | مَثَلَ | عِيْسٰى | عِنْدَ | اللّٰهِ | كَمَثَلِ | اٰدَمَ | خَلَقَهٗ | مِنْ | تُرَابٍ | ثُمَّ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بے شک | مثال | عیسیٰ کی | نزدیک | اللہ کے | مانند مثال | آدم کے ہے | پیدا کیا اس کو | سے | مٹی | پھر | کہا |

عیسیٰ کا حال اللہ کے نزدیک آدم کا سا ہے کہ اس نے (پہلے) مٹی سے ان کا قالب بنایا پھر فرمایا

لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۵۹﴾ اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿۶۰﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهٗ | كُنْ | فَيَكُوْنُ | اَلْحَقُّ | مِنْ | رَّبِّكَ | فَلَا | تَكُنْ | مِّنَ | الْمُمْتَرِيْنَ |
| اس کو | ہو جا | پس وہ ہو گیا | حق | سے ہے | پروردگار تیرے | پس مت | ہو تو | سے | شک لانے والوں میں |

کہ (انسان) ہو جا تو وہ (انسان) ہو گئے ﴿۵۹﴾ (یہ بات) تمہارے پروردگار کی طرف سے حق ہے تو تم ہرگز شک کرنے والوں میں نہ ہونا ﴿۶۰﴾

فَمَنْ حَآجَّكَ فِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَنْ | حَآجَّكَ | فِيْهِ | مِنْۢ بَعْدِ | مَا | جَآءَكَ | مِنَ | الْعِلْمِ | فَقُلْ | تَعَالَوْا |
| پس جو کوئی | جھگڑے تجھ سے | بیچ اسکے | پیچھے اس کے | کہ | آیا تیرے پاس | سے | علم | پس کہہ | آؤ |

پھر اگر یہ لوگ عیسیٰ کے بارے میں تم سے جھگڑا کریں اور تم کو حقیقت الحال تو معلوم ہو ہی چلی ہے تو ان سے کہنا کہ آؤ

نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَكُمْ ۟ قف

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نَدْعُ | اَبْنَآءَنَا | وَاَبْنَآءَكُمْ | وَنِسَآءَنَا | وَنِسَآءَكُمْ | وَاَنْفُسَنَا | وَاَنْفُسَكُمْ |
| ہم بلائیں | بیٹوں اپنوں کو | اور بیٹوں تمہارے کو | اور بیبیوں اپنی کو | اور بیبیوں تمہاری کو | اور جانوں اپنی کو | اور جانوں تمہاری کو |

ہم اپنے بیٹوں اور عورتوں کو بلائیں تم اپنے بیٹوں اور عورتوں کو بلاؤ اور ہم خود بھی آئیں اور تم خود بھی آؤ۔

ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ ﴿۶۱﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | نَبْتَهِلْ | فَنَجْعَلْ | لَّعْنَتَ | اللّٰهِ | عَلَى | الْكٰذِبِيْنَ | اِنَّ | هٰذَا | لَهُوَ |
| پھر | التجا کریں | پس کریں ہم | لعنت | اللہ کی | اوپر | جھوٹوں کے | بے شک | یہ | البتہ وہ ہے |

پھر دونوں فریق (اللہ سے) دعا و التجا کریں اور جھوٹوں پر اللہ کی لعنت بھیجیں ﴿۶۱﴾ یہ تمام

الْقَصَصُ الْحَقُّ ۚ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقَصَصُ | الْحَقُّ | وَمَا | مِنْ | اِلٰهٍ | اِلَّا | اللّٰهُ | وَاِنَّ | اللّٰهَ | لَهُوَ | الْعَزِيْزُ |
| بیان | سچا | اور نہیں | کوئی | معبود | مگر | اللہ | اور بیشک | اللہ | البتہ وہی ہے | غالب |

بیانات صحیح ہیں۔ اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اور بیشک اللہ غالب (اور)

الْحَكِيْمُ ﴿۶۲﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿۶۳﴾ ع قُلْ يٰٓاَهْلَ ع ۶ ۹ ۱۴

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْحَكِيْمُ | فَاِنْ | تَوَلَّوْا | فَاِنَّ | اللّٰهَ | عَلِيْمٌ | بِالْمُفْسِدِيْنَ | قُلْ | يٰٓاَهْلَ |
| حکمت والا | پس اگر | پھر جاویں | پس بے شک | اللہ | جاننے والا ہے | ساتھ مفسدوں کے | کہہ | اے اہل |

صاحب حکمت ہے ﴿۶۲﴾ تو اگر یہ لوگ پھر جائیں تو اللہ مفسدوں کو خوب جانتا ہے ﴿۶۳﴾ کہہ دو کہ اے

الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۢ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْكِتٰبِ | تَعَالَوْا | اِلٰى | كَلِمَةٍ | سَوَآءٍ | بَيْنَنَا | وَبَيْنَكُمْ | اَلَّا | نَعْبُدَ | اِلَّا | اللّٰهَ |
| کتاب | آؤ | طرف | ایک بات کے کہ | برابر ہے | درمیان ہمارے | اور درمیان تمہارے | یہ کہ نہ | عبادت کریں ہم | مگر | اللہ کی |

اہلِ کتاب جو بات ہمارے اور تمہارے دونوں کے درمیان یکساں (تسلیم کی گئی) ہے اس کی طرف آؤ، وہ یہ کہ اللہ کے سوا ہم کسی کی عبادت نہ کریں

وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْـًٔا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَا | نُشْرِكَ | بِهٖ | شَيْـًٔا | وَّ | لَا | يَتَّخِذَ | بَعْضُنَا | بَعْضًا | اَرْبَابًا | مِّنْ دُوْنِ | اللّٰهِ |
| اور نہ | ہم شریک کریں | ساتھ اسکے | کچھ | اور | نہ | پکڑے | بعض ہمارا | بعض کو | پروردگار | سوائے | اللہ کے |

اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ بنائیں اور ہم میں کوئی کسی کو اللہ کے سوا اپنا کارساز نہ سمجھے

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿۶۴﴾ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاِنْ | تَوَلَّوْا | فَقُوْلُوا | اشْهَدُوْا | بِاَنَّا | مُسْلِمُوْنَ | يٰۤاَهْلَ | الْكِتٰبِ | لِمَ |
| پس اگر | پھر جائیں | پس کہو | گواہ رہو تم | ساتھ اس کے کہ | ہم فرمانبردار ہیں | اے اہل | کتاب | کیوں |

اگر یہ لوگ (اس بات کو) نہ مانیں تو (اُن سے) کہہ دو کہ تم گواہ رہو کہ ہم (اللہ کے) فرمانبردار ہیں ﴿۶۴﴾ اے اہلِ کتاب

تُحَآجُّوْنَ فِيْۤ اِبْرٰهِيْمَ وَمَاۤ اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ وَالْاِنْجِيْلُ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُحَآجُّوْنَ | فِيْۤ | اِبْرٰهِيْمَ | وَمَاۤ | اُنْزِلَتِ | التَّوْرٰىةُ | وَالْاِنْجِيْلُ | اِلَّا | مِنْۢ بَعْدِهٖ |
| جھگڑتے ہو | بیچ | ابراہیم کے | اور نہ | اتاری گئی | توریت | اور انجیل | مگر | پیچھے اس کے |

تم ابراہیم کے بارے میں کیوں جھگڑتے ہو حالانکہ تورات اور انجیل ان کے بعد اتری ہیں (اور وہ پہلے ہو چکے)

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۵﴾ هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَآءِ حَاجَجْتُمْ فِيْمَا لَكُمْ بِهٖ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَفَلَا | تَعْقِلُوْنَ | هٰۤاَنْتُمْ | هٰۤؤُلَآءِ | حَاجَجْتُمْ | فِيْمَا | لَكُمْ | بِهٖ |
| کیا پس نہیں | سمجھتے | ہاں تم | وہ لوگ ہو کہ | جھگڑے تم | بیچ اس چیز کے کہ | تھا واسطے تمہارے | ساتھ اسکے |

تو کیا تم عقل نہیں رکھتے ﴿۶۵﴾ دیکھو ایسی بات میں تو تم نے جھگڑا کیا ہی تھا جس کا تمہیں

عِلْمٌ فَلِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْمَا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِلْمٌ | فَلِمَ | تُحَآجُّوْنَ | فِيْمَا | لَيْسَ | لَكُمْ | بِهٖ | عِلْمٌ | وَاللّٰهُ | يَعْلَمُ | وَاَنْتُمْ |
| علم | پس کیوں | جھگڑتے ہو تم | بیچ اسکے کہ | نہیں | واسطے تمہارے | ساتھ اسکے | علم | اور اللہ | جانتا ہے | اور تم |

کچھ علم تھا بھی۔ مگر ایسی بات میں کیوں جھگڑتے ہو جس کا تم کو کچھ بھی علم نہیں۔ اور اللہ جانتا ہے اور تم

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٦٦﴾ مَا كَانَ اِبْرٰهِيْمُ يَهُوْدِيًّا وَّلَا نَصْرَانِيًّا وَّلٰكِنْ كَانَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | تَعْلَمُوْنَ | مَا | كَانَ | اِبْرٰهِيْمُ | يَهُوْدِيًّا | وَّ | لَا | نَصْرَانِيًّا | وَّلٰكِنْ | كَانَ |
| نہیں | جانتے | نہ | تھا | ابراہیم | یہودی | اور | نہ | نصرانی | اور لیکن | تھا وہ |

نہیں جانتے ﴿٦٦﴾ ابراہیم نہ تو یہودی تھے اور نہ عیسائی بلکہ سب سے بے تعلق ہو کر ایک (اللہ)

حَنِيْفًا مُّسْلِمًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿٦٧﴾ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَنِيْفًا | مُّسْلِمًا | وَمَا | كَانَ | مِنَ | الْمُشْرِكِيْنَ | اِنَّ | اَوْلَى | النَّاسِ |
| حنیف | فرمانبردار | اور نہ | تھا وہ | سے | مشرکوں | بے شک | نزدیک تر | لوگوں کے |

کے ہو رہے تھے اور اسی کے فرمانبردار تھے اور مشرکوں میں نہ تھے ﴿٦٧﴾ ابراہیم سے قرب رکھنے

بِاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَهٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ وَاللّٰهُ وَلِيُّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاِبْرٰهِيْمَ | لَلَّذِيْنَ | اتَّبَعُوْهُ | وَهٰذَا | النَّبِيُّ | وَالَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَاللّٰهُ | وَلِيُّ |
| ساتھ ابراہیم کے | البتہ وہ لوگ ہیں کہ | پیروی کرتے ہیں انکی | اور یہ | نبی | اور وہ لوگ کہ | ایمان لائے | اور اللہ | دوست ہے |

والے تو وہ لوگ ہیں جو ان کی پیروی کرتے ہیں اور یہ پیغمبر (آخر الزماں) اور وہ لوگ جو ایمان لائے ہیں۔ اور اللہ مومنوں

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٨﴾ وَدَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يُضِلُّوْنَكُمْ ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُؤْمِنِيْنَ | وَدَّتْ | طَّآئِفَةٌ | مِّنْ | اَهْلِ | الْكِتٰبِ | لَوْ | يُضِلُّوْنَكُمْ |
| مومنوں کا | دوست رکھتی ہے | ایک جماعت | سے | اہل | کتاب | کاش کہ | گمراہ کریں تم کو |

کا کارساز ہے ﴿٦٨﴾ (اے اہل اسلام) بعضے اہل کتاب اس بات کی خواہش رکھتے ہیں کہ تم کو گمراہ کر دیں۔

وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٦٩﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمَا | يُضِلُّوْنَ | اِلَّآ | اَنْفُسَهُمْ | وَمَا | يَشْعُرُوْنَ | يٰٓاَهْلَ | الْكِتٰبِ | لِمَ |
| اور نہیں | گمراہ کرتے | مگر | جانوں اپنی کو | اور نہیں | سمجھتے | اے اہل | کتاب کے | کیوں |

مگر یہ (تم کو کیا گمراہ کریں گے) اپنے آپ کو ہی گمراہ کر رہے ہیں اور نہیں جانتے ﴿٦٩﴾ اے اہل کتاب تم

تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ﴿٧٠﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَكْفُرُوْنَ | بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ | وَاَنْتُمْ | تَشْهَدُوْنَ | يٰٓاَهْلَ | الْكِتٰبِ | لِمَ |
| کفر کرتے ہو تم | ساتھ نشانیوں | اللہ کے | اور تم | گواہ ہو | اے اہل | کتاب | کیوں |

اللہ کی آیتوں سے کیوں انکار کرتے ہو اور تم (تورات کو) مانتے تو ہو ﴿٧٠﴾ اے اہل کتاب تم سچ کو جھوٹ

ع ۸ ۱۵

تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۷۱﴾ ع

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تَلْبِسُوْنَ | الْحَقَّ | بِالْبَاطِلِ | وَتَكْتُمُوْنَ | الْحَقَّ | وَاَنْتُمْ | تَعْلَمُوْنَ |
| ملاتے ہو | سچ کو | ساتھ جھوٹ کے | اور چھپاتے ہو | حق کو | اور تم | جانتے ہو |

کے ساتھ خلط ملط کیوں کرتے ہو اور حق کو کیوں چھپاتے ہو اور تم جانتے بھی ہو ﴿۷۱﴾

وَقَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اٰمِنُوْا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ عَلَى الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَقَالَتْ | طَّآئِفَةٌ | مِّنْ | اَهْلِ | الْكِتٰبِ | اٰمِنُوْا | بِالَّذِيْٓ | اُنْزِلَ | عَلَى | الَّذِيْنَ |
| اور کہا | ایک جماعت نے | سے | اہل | کتاب | ایمان لاؤ | ساتھ اس چیز کے کہ | اتاری گئی ہے | اوپر | ان لوگوں کے کہ |

اور اہل کتاب ایک دوسرے سے کہتے ہیں کہ جو (کتاب) مومنوں پر نازل ہوئی ہے اُس پر دن کے شروع

اٰمَنُوْا وَجْهَ النَّهَارِ وَاكْفُرُوْٓا اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۷۲﴾ صلے ج

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمَنُوْا | وَجْهَ | النَّهَارِ | وَاكْفُرُوْٓا | اٰخِرَهٗ | لَعَلَّهُمْ | يَرْجِعُوْنَ |
| ایمان والے ہیں | اول | دن کے | اور کافر ہو جاؤ | آخر دن کے | شاید کہ وہ | پھر جائیں |

میں تو ایمان لے آیا کرو اور اس کے آخر میں انکار کر دیا کرو تا کہ وہ (اسلام سے) برگشتہ ہو جائیں ﴿۷۲﴾

وَلَا تُؤْمِنُوْٓا اِلَّا لِمَنْ تَبِعَ دِيْنَكُمْ ط قُلْ اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ لا اَنْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَا | تُؤْمِنُوْٓا | اِلَّا | لِمَنْ | تَبِعَ | دِيْنَكُمْ | قُلْ | اِنَّ | الْهُدٰى | هُدَى | اللّٰهِ | اَنْ |
| اور مت | مانو | مگر | واسطے اس شخص کے کہ | پیروی کرے | دین تمہارے کی | کہہ | بیشک | ہدایت | ہدایت | اللہ کی ہے | یہ کہ |

اور اپنے دین کے پیرو کے سوا کسی اور کے قائل نہ ہونا۔ (اے پیغمبر) کہہ دو کہ ہدایت تو اللہ ہی کی ہدایت ہے (وہ یہ بھی

يُّؤْتٰٓى اَحَدٌ مِّثْلَ مَآ اُوْتِيْتُمْ اَوْ يُحَآجُّوْكُمْ عِنْدَ رَبِّكُمْ ط قُلْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُّؤْتٰٓى | اَحَدٌ | مِّثْلَ | مَآ | اُوْتِيْتُمْ | اَوْ | يُحَآجُّوْكُمْ | عِنْدَ | رَبِّكُمْ | قُلْ |
| دیا جائے | کوئی شخص | جیسا | جو کہ | دیے گئے ہو تم | یا یہ کہ | جھگڑا کریں تم سے | نزدیک | تمہارے رب کے | کہہ |

کہتے ہیں) یہ بھی (نہ ماننا) کہ جو چیز تم کو ملی ہے ویسی کسی اور کو ملے گی یا وہ تمہیں اللہ کے روبرو قائل معقول کر سکیں گے۔ یہ بھی کہہ دو کہ

اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ج يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۷۳﴾ لا ج

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | الْفَضْلَ | بِيَدِ | اللّٰهِ | يُؤْتِيْهِ | مَنْ | يَّشَآءُ | وَاللّٰهُ | وَاسِعٌ | عَلِيْمٌ |
| بیشک | فضل | بیچ ہاتھ | اللہ کے ہے | دیتا ہے وہ | جس کو | چاہے | اور اللہ | کشائش والا | جاننے والا ہے |

بزرگی اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے وہ جسے چاہتا ہے دیتا ہے۔ اور اللہ کشائش والا (اور) علم والا ہے ﴿۷۳﴾

يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۴﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّخْتَصُّ | بِرَحْمَتِهٖ | مَنْ | يَّشَآءُ | وَاللّٰهُ | ذُو | الْفَضْلِ | الْعَظِيْمِ |
| خاص کرتا ہے | ساتھ رحمت اپنی کے | جس کو | چاہے | اور اللہ | صاحب | فضل | بڑے کا ہے |

وہ اپنی رحمت سے جس کو چاہتا ہے خاص کر لیتا ہے۔ اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے ﴿۷۴﴾

وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖٓ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمِنْ | اَهْلِ | الْكِتٰبِ | مَنْ | اِنْ | تَاْمَنْهُ | بِقِنْطَارٍ | يُّؤَدِّهٖٓ |
| اور بعض | اہل | کتاب | وہ ہے جو کہ | اگر | امانت دے اسکو | خزانہ | ادا کردے اس کو |

اور اہل کتاب میں سے کوئی تو ایسا ہے کہ اگر تم اس کے پاس (روپوں کا) ڈھیر امانت

اِلَيْكَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَيْكَ | وَمِنْهُمْ | مَّنْ | اِنْ | تَاْمَنْهُ | بِدِيْنَارٍ | لَّا | يُؤَدِّهٖٓ | اِلَيْكَ |
| طرف تیری | اور بعض ان میں سے | وہ ہے جو کہ | اگر | امانت دے اس کو | ایک دینار | نہ | ادا کرے اس کو | طرف تیری |

رکھ دو تو تم کو (فوراً) واپس دے دے اور کوئی اس طرح کا ہے کہ اگر اس کے پاس ایک دینار بھی امانت

اِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَلَيْنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | مَادُمْتَ | عَلَيْهِ | قَآئِمًا | ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمْ | قَالُوْا | لَيْسَ | عَلَيْنَا |
| مگر | جب تک کہ رہے تو | اوپر اس کے | کھڑا | یہ | اس واسطے کہ | کہا انہوں نے | نہیں | اوپر ہمارے |

رکھو تو جب تک اس کے سر پر ہر وقت کھڑے نہ رہو تمہیں دے ہی نہیں۔ یہ اس لیے کہ وہ کہتے ہیں کہ اُمیوں کے

فِى الْاُمِّيّٖنَ سَبِيْلٌ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِى | الْاُمِّيّٖنَ | سَبِيْلٌ | وَيَقُوْلُوْنَ | عَلَى | اللّٰهِ | الْكَذِبَ | وَهُمْ |
| بیچ | ان پڑھوں کے | کچھ راہ | اور کہتے ہیں | اوپر | اللہ کے | جھوٹ | اور وہ |

بارے میں ہم سے مواخذہ نہیں ہو گا۔ یہ اللہ پر محض جھوٹ بولتے ہیں اور (اس بات کو) جانتے

يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾ بَلٰى مَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ وَاتَّقٰى فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْلَمُوْنَ | بَلٰى | مَنْ | اَوْفٰى | بِعَهْدِهٖ | وَاتَّقٰى | فَاِنَّ | اللّٰهَ | يُحِبُّ |
| جانتے ہیں | نہ بلکہ | جو کوئی | پورا کرے | عہد اپنے کو | اور پرہیزگاری کرے | پس بیشک | اللہ | دوست رکھتا ہے |

بھی ہیں ﴿۷۵﴾ ہاں جو شخص اپنے اقرار کو پورا کرے اور (اللہ سے) ڈرے تو اللہ ڈرنے والوں کو دوست

الْمُتَّقِيْنَ ۝٧٦ اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ

| الْمُتَّقِيْنَ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | يَشْتَرُوْنَ | بِعَهْدِ | اللّٰهِ | وَاَيْمَانِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پرہیزگاروں کو | بے شک | جو لوگ کہ | مول لیتے ہیں | بدلے عہد | اللہ کے | اپنی قسموں کے |

رکھتا ہے۝٧٦ جو لوگ اللہ کے اقراروں اور اپنی قسموں (کو بیچ ڈالتے ہیں اور اُن) کے

ثَمَنًا قَلِيْلًا اُولٰٓئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ

| ثَمَنًا | قَلِيْلًا | اُولٰٓئِكَ | لَا | خَلَاقَ | لَهُمْ | فِي | الْاٰخِرَةِ | وَلَا | يُكَلِّمُهُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مول | تھوڑا | یہ لوگ | نہیں | حصہ | واسطے ان کے | بیچ | آخرت کے | اور نہ | بولے گا ان سے |

عوض تھوڑی سی قیمت حاصل کرتے ہیں اُن کا آخرت میں کچھ حصہ نہیں۔ اُن سے اللہ نہ

اللّٰهُ وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۠ وَلَهُمْ

| اللّٰهُ | وَلَا | يَنْظُرُ | اِلَيْهِمْ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | وَلَا | يُزَكِّيْهِمْ | وَلَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | اور نہ | دیکھے گا | ان کی طرف | دن | قیامت کے | اور نہ | پاک کرے گا ان کو | اور واسطے انکے |

تو کلام کرے گا اور نہ قیامت کے روز ان کی طرف دیکھے گا اور نہ ان کو پاک کرے گا اور ان کو دکھ

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝٧٧ وَاِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيْقًا يَّلْوٗنَ اَلْسِنَتَهُمْ

| عَذَابٌ | اَلِيْمٌ | وَاِنَّ | مِنْهُمْ | لَفَرِيْقًا | يَّلْوٗنَ | اَلْسِنَتَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب ہے | درد دینے والا | اور بے شک | ان میں سے | ایک فرقہ ہے کہ | موڑتے ہیں | زبانوں اپنی کو |

دینے والا عذاب ہو گا۝٧٧ اور ان (اہل کتاب) میں بعض ایسے ہیں کہ کتاب (تورات) کو زبان

بِالْكِتٰبِ لِتَحْسَبُوْهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَمَا هُوَ مِنَ الْكِتٰبِ ۚ

| بِالْكِتٰبِ | لِتَحْسَبُوْهُ | مِنَ | الْكِتٰبِ | وَمَا | هُوَ | مِنَ | الْكِتٰبِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ کتاب کے | تا کہ جانو تم اس کو | سے | کتاب | اور نہیں | وہ | سے | کتاب |

مروڑ مروڑ کر پڑھتے ہیں تاکہ تم سمجھو کہ جو کچھ وہ پڑھتے ہیں کتاب میں سے ہے حالانکہ وہ کتاب میں سے نہیں ہوتا

وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ

| وَيَقُوْلُوْنَ | هُوَ | مِنْ | عِنْدِ | اللّٰهِ | وَمَا | هُوَ | مِنْ | عِنْدِ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور کہتے ہیں | وہ | سے ہے | نزدیک | اللہ کے | اور نہیں | وہ | سے | نزدیک | اللہ کے |

اور کہتے ہیں کہ وہ اللہ کی طرف سے (نازل ہوا) ہے حالانکہ وہ اللہ کی طرف سے نہیں ہوتا

وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿٧٨﴾ مَا كَانَ

| وَيَقُوْلُوْنَ | عَلَى | اللّٰهِ | الْكَذِبَ | وَهُمْ | يَعْلَمُوْنَ | مَا | كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور کہتے ہیں | اوپر | اللہ کے | جھوٹ | اور وہ | جانتے ہیں | نہیں | ہے |

اور اللہ پر جھوٹ بولتے ہیں اور (یہ بات) جانتے بھی ہیں ﴿٧٨﴾ کسی آدمی کو

لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ

| لِبَشَرٍ | اَنْ | يُّؤْتِيَهُ | اللّٰهُ | الْكِتٰبَ | وَالْحُكْمَ | وَالنُّبُوَّةَ | ثُمَّ | يَقُوْلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لائق واسطے کسی بشر کے | یہ کہ | دیوے اس کو | اللہ | کتاب | اور حکمت | اور پیغمبری | پھر | کہے |

شایاں نہیں کہ اللہ تو اسے کتاب اور حکومت اور نبوت عطا فرمائے اور وہ لوگوں سے

لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ كُوْنُوْا

| لِلنَّاسِ | كُوْنُوْا | عِبَادًا | لِّيْ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | وَلٰكِنْ | كُوْنُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے لوگوں کے | ہو جاؤ تم | بندے | واسطے میرے | سوائے | اللہ کے | اور لیکن | ہو جاؤ تم |

کہے کہ اللہ کو چھوڑ کر میرے بندے ہو جاؤ۔ بلکہ (اس کو یہ کہنا سزاوار ہے کہ اے اہلِ کتاب) تم (علمائے) ربانی

رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ وَبِمَا كُنْتُمْ

| رَبّٰنِيّٖنَ | بِمَا | كُنْتُمْ | تُعَلِّمُوْنَ | الْكِتٰبَ | وَبِمَا | كُنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کے لوگ | اس واسطے کہ | ہو تم | سکھاتے | کتاب | اور اس واسطے کہ | ہو تم |

ہو جاؤ کیونکہ تم کتاب (اللہ) پڑھتے پڑھاتے

تَدْرُسُوْنَ ﴿٧٩﴾ وَلَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ

| تَدْرُسُوْنَ | وَلَا | يَاْمُرَكُمْ | اَنْ | تَتَّخِذُوا | الْمَلٰٓئِكَةَ |
|---|---|---|---|---|---|
| پڑھتے | اور نہیں لائق کہ | حکم کرے تم کو | یہ کہ | پکڑو تم | فرشتوں کو |

رہتے ہو ﴿٧٩﴾ اور اس کو یہ بھی نہیں کہنا چاہیے کہ تم فرشتوں

وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا ط اَيَاْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ

| وَالنَّبِيّٖنَ | اَرْبَابًا | اَيَاْمُرُكُمْ | بِالْكُفْرِ | بَعْدَ | اِذْ | اَنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور پیغمبروں کو | پروردگار | کیا حکم کرے گا تم کو | ساتھ کفر کے | پیچھے اس کے کہ | جب کہ | ہو تم |

اور پیغمبروں کو رب بنا لو بھلا جب تم مسلمان ہو چکے تو کیا اسے زیبا ہے کہ تمہیں کافر ہونے

ع ٨ ٩ ١٦

مُّسْلِمُوْنَ ﴿٨٠﴾ وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّسْلِمُوْنَ | وَاِذْ | اَخَذَ | اللّٰهُ | مِيْثَاقَ | النَّبِيّٖنَ | لَمَآ | اٰتَيْتُكُمْ |
| مسلمان | اور جس وقت | لیا | اللہ نے | عہد | پیغمبروں کا | البتہ جو کچھ | میں دوں تم کو |

کو کہے ﴿٨٠﴾ اور جب اللہ نے پیغمبروں سے عہد لیا کہ جب میں تم کو

مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ | كِتٰبٍ | وَّ | حِكْمَةٍ | ثُمَّ | جَآءَكُمْ | رَسُوْلٌ | مُّصَدِّقٌ | لِّمَا |
| سے | کتاب | اور | حکمت | پھر | آئے تمہارے پاس | پیغمبر | سچا کرنے والا | اس چیز کو کہ |

کتاب اور دانائی عطا کروں پھر تمہارے پاس کوئی پیغمبر آئے جو تمہاری کتاب کی تصدیق کرے

مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مَعَكُمْ | لَتُؤْمِنُنَّ | بِهٖ | وَلَتَنْصُرُنَّهٗ | قَالَ | ءَاَقْرَرْتُمْ |
| ساتھ تمہارے ہے | البتہ ایمان لائیو | ساتھ اسکے | اور البتہ مدد دینا اس کو | کہا | کیا اقرار کیا تم نے |

تو تمہیں ضرور اس پر ایمان لانا ہوگا اور ضرور اس کی مدد کرنی ہوگی۔ اور (عہد لینے کے بعد) پوچھا کہ بھلا تم نے اقرار کیا

وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِيْ ؕ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاَخَذْتُمْ | عَلٰى | ذٰلِكُمْ | اِصْرِيْ | قَالُوْٓا | اَقْرَرْنَا | قَالَ |
| اور لیا تم نے | اوپر | اس کے | بھاری عہد میرا | کہا انہوں نے | اقرار کیا ہم نے | کہا |

اور اس اقرار پر میرا ذمہ لیا (یعنی مجھے ضامن ٹھہرایا)۔ انہوں نے کہا (ہاں) ہم نے اقرار کیا۔ (اللہ نے) فرمایا کہ تم (اس عہد وپیمان کے)

فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿٨١﴾ فَمَنْ تَوَلّٰى بَعْدَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاشْهَدُوْا | وَاَنَا | مَعَكُمْ | مِّنَ | الشّٰهِدِيْنَ | فَمَنْ | تَوَلّٰى | بَعْدَ |
| پس شاہد رہو | اور میں ہوں | ساتھ تمہارے | میں سے | شاہدوں | پس جو کوئی | پھر جائے | پیچھے |

گواہ رہو اور میں بھی تمہارے ساتھ گواہ ہوں ﴿٨١﴾ تو جو اس کے بعد پھر جائیں

ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿٨٢﴾ اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذٰلِكَ | فَاُولٰٓئِكَ | هُمُ | الْفٰسِقُوْنَ | اَفَغَيْرَ | دِيْنِ | اللّٰهِ | يَبْغُوْنَ |
| اس کے | پس یہ لوگ | وہی ہیں | بدکار | کیا پس غیر | دین | اللہ کا | وہ چاہتے ہیں |

وہ بدکردار ہیں ﴿٨٢﴾ کیا یہ (کافر) اللہ کے دین کے سوا کسی

وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّ كَرْهًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَهٗٓ | اَسْلَمَ | مَنْ | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ | طَوْعًا | وَّ | كَرْهًا |
| اور واسطے اسکے | مطیع ہوئے ہیں | جو کوئی | بیچ | آسمانوں کے | اور زمین کے ہے | خوشی سے | اور | ناخوشی سے |

اور دین کے طالب ہیں حالانکہ اہلِ آسمان و زمین خوشی یا زبردستی سے اللہ کے فرمانبردار ہیں

وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَمَآ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّاِلَيْهِ | يُرْجَعُوْنَ | قُلْ | اٰمَنَّا | بِاللّٰهِ | وَمَآ | اُنْزِلَ | عَلَيْنَا | وَمَآ |
| اور طرف اسی کے | پھیرے جائیں گے | کہہ | ایمان لائے ہم | ساتھ اللہ کے | اور اس چیز کے کہ | اتاری گئی | اوپر ہمارے | اور وہ جو کہ |

اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں ﴿۸۳﴾ کہو کہ ہم اللہ پر ایمان لائے اور جو کتاب ہم پر نازل ہوئی اور جو

اُنْزِلَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اُنْزِلَ | عَلٰٓى | اِبْرٰهِيْمَ | وَاِسْمٰعِيْلَ | وَاِسْحٰقَ | وَيَعْقُوْبَ |
| اتارا گیا | اوپر | ابراہیم کے | اور اسماعیل کے | اور اسحاق کے | اور یعقوب کے |

صحیفے ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحاق اور یعقوب

وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْاَسْبَاطِ | وَمَآ | اُوْتِيَ | مُوْسٰى | وَعِيْسٰى | وَالنَّبِيُّوْنَ | مِنْ |
| اور اس کی اولاد کے | اور جو | دی گئی | موسٰی کو | اور عیسٰی کو | اور نبیوں کو | سے |

اور ان کی اولاد پر اترے اور جو کتابیں موسٰی اور عیسٰی اور دوسرے انبیاء کو پروردگار کی طرف سے

رَّبِّهِمْ ۖ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۫ وَنَحْنُ لَهٗ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَّبِّهِمْ | لَا | نُفَرِّقُ | بَيْنَ | اَحَدٍ | مِّنْهُمْ | وَنَحْنُ | لَهٗ |
| پروردگار انکے | نہیں | جدائی ڈالتے ہم | درمیان | کسی کے | ان میں سے | اور ہم | واسطے اسکے |

ملیں سب پر ایمان لائے۔ ہم ان پیغمبروں میں سے کسی میں کچھ فرق نہیں کرتے۔ اور ہم اُسی (اللہ واحد)

مُسْلِمُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُسْلِمُوْنَ | وَمَنْ | يَّبْتَغِ | غَيْرَ | الْاِسْلَامِ | دِيْنًا | فَلَنْ | يُّقْبَلَ |
| فرمانبردار ہیں | اور جو کوئی | چاہے | سوائے | اسلام کے | دین | پس ہرگز نہ | قبول کیا جائے گا |

کے فرمانبردار ہیں ﴿۸۴﴾ اور جو شخص اسلام کے سوا کسی اور دین کا طالب ہوگا وہ اس سے ہرگز قبول نہیں کیا

مِنۡهُ ۚ وَهُوَ فِى الۡاٰخِرَةِ مِنَ الۡخٰسِرِيۡنَ ﴿۸۵﴾ كَيۡفَ يَهۡدِى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنۡهُ | وَهُوَ | فِى | الۡاٰخِرَةِ | مِنَ | الۡخٰسِرِيۡنَ | كَيۡفَ | يَهۡدِى |
| اس سے | اور وہ | بیچ | آخرت کے | سے ہے | ٹوٹا پانے والوں میں | کیوں کر | ہدایت کرے |

جائے گا اور ایسا شخص آخرت میں نقصان اُٹھانے والوں میں ہوگا ﴿۸۵﴾ اللہ ایسے لوگوں کو کیونکر

اللّٰهُ قَوۡمًا كَفَرُوۡا بَعۡدَ اِيۡمَانِهِمۡ وَشَهِدُوۡۤا اَنَّ الرَّسُوۡلَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | قَوۡمًا | كَفَرُوۡا | بَعۡدَ | اِيۡمَانِهِمۡ | وَشَهِدُوۡۤا | اَنَّ | الرَّسُوۡلَ |
| اللہ | اس قوم کو کہ | کافر ہوئی | پیچھے | ایمان اپنے کے | اور گواہی دی | یہ کہ | رسول |

ہدایت دے جو ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئے اور (پہلے) اس بات کی گواہی دے چکے کہ یہ پیغمبر

حَقٌّ وَّ جَآءَهُمُ الۡبَيِّنٰتُ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهۡدِى الۡقَوۡمَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَقٌّ | وَّ | جَآءَهُمُ | الۡبَيِّنٰتُ | وَاللّٰهُ | لَا | يَهۡدِى | الۡقَوۡمَ |
| سچ ہے | اور | آئیں ان کے پاس | دلیلیں | اور اللہ | نہیں | ہدایت کرتا | قوم |

برحق ہے اور ان کے پاس دلائل بھی آ گئے اور اللہ بے انصافوں کو ہدایت

الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۸۶﴾ اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمۡ اَنَّ عَلَيۡهِمۡ لَعۡنَةَ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الظّٰلِمِيۡنَ | اُولٰٓئِكَ | جَزَآؤُهُمۡ | اَنَّ | عَلَيۡهِمۡ | لَعۡنَةَ |
| ظالموں کو | یہ لوگ | سزا ان کی | یہ ہے کہ | اوپر ان کے | لعنت ہے |

نہیں دیتا ﴿۸۶﴾ ان لوگوں کی سزا یہ ہے کہ ان پر اللہ کی

اللّٰهِ وَالۡمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجۡمَعِيۡنَ ﴿۸۷﴾ لا خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَا ۚ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | وَالۡمَلٰٓئِكَةِ | وَالنَّاسِ | اَجۡمَعِيۡنَ | خٰلِدِيۡنَ | فِيۡهَا |
| اللہ کی | اور فرشتوں کی | اور لوگوں کی | سب کی | ہمیشہ رہیں گے | بیچ اس کے |

اور فرشتوں کی اور انسانوں کی سب کی لعنت ہو ﴿۸۷﴾ ہمیشہ اس لعنت میں (گرفتار) رہیں گے

لَا يُخَفَّفُ عَنۡهُمُ الۡعَذَابُ وَلَا هُمۡ يُنۡظَرُوۡنَ ﴿۸۸﴾ لا اِلَّا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يُخَفَّفُ | عَنۡهُمُ | الۡعَذَابُ | وَلَا | هُمۡ | يُنۡظَرُوۡنَ | اِلَّا |
| نہ | ہلکا کیا جائے گا | ان سے | عذاب | اور نہ | وہ | ڈھیل دیے جائیں گے | مگر |

ان سے نہ تو عذاب ہلکا کیا جائے گا اور نہ انہیں مہلت دی جائے گی ﴿۸۸﴾ ہاں

الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۫ قف فَاِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | تَابُوْا | مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ | وَاَصْلَحُوْا | فَاِنَّ | اللّٰهَ |
| وہ لوگ جنہوں نے | توبہ کی | پیچھے اس سے | اور نیکی کی | پس بیشک | اللہ |

جنہوں نے اس کے بعد توبہ کی اور اپنی حالت درست کر لی تو اللہ بخشنے والا

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۸۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ ثُمَّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | بَعْدَ | اِيْمَانِهِمْ | ثُمَّ |
| بخشنے والا | مہربان ہے | بے شک | جو لوگ کہ | کافر ہوئے | پیچھے | ایمان اپنے کے | پھر |

مہربان ہے﴿۸۹﴾ جو لوگ ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئے پھر

ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ازْدَادُوْا | كُفْرًا | لَّنْ | تُقْبَلَ | تَوْبَتُهُمْ | وَاُولٰٓئِكَ | هُمُ |
| زیادہ ہوئے | کفر میں | ہرگز نہ | قبول کی جائے گی | توبہ ان کی | اور یہ لوگ | وہی ہیں |

کفر میں بڑھتے گئے ایسوں کی توبہ ہرگز قبول نہیں ہو گی اور یہ لوگ

الضَّآلُّوْنَ ﴿۹۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الضَّآلُّوْنَ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | وَمَاتُوْا | وَهُمْ | كُفَّارٌ | فَلَنْ |
| گمراہ | بے شک | جو لوگ کہ | کافر ہوئے | اور مر گئے | اور وہ | کافر رہے | پس ہرگز نہ |

گمراہ ہیں﴿۹۰﴾ جو لوگ کافر ہوئے اور کفر ہی کی حالت میں مر گئے وہ اگر

يُّقْبَلَ مِنْ اَحَدِهِمْ مِّلْءُ الْاَرْضِ ذَهَبًا وَّلَوِ افْتَدٰى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُّقْبَلَ | مِنْ | اَحَدِهِمْ | مِّلْءُ | الْاَرْضِ | ذَهَبًا | وَّ | لَوِ | افْتَدٰى |
| قبول کیا جائیگا | سے | کسی ان میں | بھر کر | زمین | سونا | اور | اگرچہ | بدلہ دے |

(نجات حاصل کرنی چاہیں اور) بدلے میں زمین بھر کر سونا دیں تو ہرگز قبول نہیں کیا جائے

بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ وَّمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۹۱﴾ ع ع ۹ ۱۱ ۱۷

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهٖ | اُولٰٓئِكَ | لَهُمْ | عَذَابٌ | اَلِيْمٌ | وَّمَا | لَهُمْ | مِّنْ | نّٰصِرِيْنَ |
| ساتھ اسکے | یہ لوگ | واسطے ان کے | عذاب ہے | درد دینے والا | اور نہیں | واسطے ان کے | کوئی | مدد دینے والا |

گا۔ ان لوگوں کو دکھ دینے والا عذاب ہو گا اور ان کی کوئی مدد نہیں کرے گا﴿۹۱﴾

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ؕ۵ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَیْءٍ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَنْ | تَنَالُوا | الْبِرَّ | حَتّٰى | تُنْفِقُوْا | مِمَّا | تُحِبُّوْنَ | وَمَا | تُنْفِقُوْا | مِنْ | شَیْءٍ |
| ہرگز نہ | پہنچو گے تم | نیکی کو | یہاں تک کہ | خرچ کرو تم | اس چیز سے کہ | دوست رکھتے ہو تم | اور جو کچھ | خرچ کرو تم | سے | کسی چیز |

(مومنو!) جب تک تم ان چیزوں میں سے جو تمہیں عزیز ہیں (راہِ اللہ میں) صَرف نہ کرو گے کبھی نیکی حاصل نہ کرسکو گے اور جو چیز تم صَرف کرو گے

فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۹۲﴾ كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِیْٓ اِسْرَآءِيْلَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاِنَّ | اللّٰهَ | بِهٖ | عَلِيْمٌ | كُلُّ | الطَّعَامِ | كَانَ | حِلًّا | لِّبَنِیْٓ | اِسْرَآءِيْلَ |
| پس بیشک | اللہ | ساتھ اسکے | جاننے والا ہے | تمام | کھانا | تھا | حلال | واسطے بنی | اسرائیل کے |

اللہ اس کو جانتا ہے ﴿۹۲﴾ بنی اسرائیل کے لیے تورات کے نازل ہونے سے پہلے کھانے کی تمام چیزیں حلال تھیں

اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِيْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | مَا | حَرَّمَ | اِسْرَآءِيْلُ | عَلٰى | نَفْسِهٖ | مِنْ | قَبْلِ | اَنْ | تُنَزَّلَ | التَّوْرٰىةُ |
| مگر | جو | حرام کیا تھا | یعقوب نے | اوپر | جان اپنی کے | اس سے | پہلے | کہ | اتاری جائے | توریت |

بجز ان کے جو یعقوب نے خود اپنے اوپر حرام کر لی تھیں۔

قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۹۳﴾ فَمَنِ افْتَرٰى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلْ | فَاْتُوْا | بِالتَّوْرٰىةِ | فَاتْلُوْهَآ | اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ | فَمَنِ | افْتَرٰى |
| کہہ | پس لاؤ تم | توریت کو | پس پڑھو اس کو | اگر | ہو تم | سچے | پس جو کوئی | باندھ لیوے |

کہہ دو کہ اگر سچے ہو تو تورات لاؤ اور اسے پڑھو (یعنی دلیل پیش کرو) ﴿۹۳﴾ جو اس کے



عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۹۴﴾ؕ قُلْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَى | اللّٰهِ | الْكَذِبَ | مِنْۢ بَعْدِ | ذٰلِكَ | فَاُولٰٓئِكَ | هُمُ | الظّٰلِمُوْنَ | قُلْ |
| اوپر | اللہ کے | جھوٹ | پیچھے | اس کے | پس یہ لوگ | وہی ہیں | ظالم | کہہ |

بعد بھی اللہ پر جھوٹے افترا کریں تو ایسے لوگ ہی بے انصاف ہیں ﴿۹۴﴾ کہہ دو کہ

صَدَقَ اللّٰهُ ۫ قف فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صَدَقَ | اللّٰهُ | فَاتَّبِعُوْا | مِلَّةَ | اِبْرٰهِيْمَ | حَنِيْفًا | وَمَا | كَانَ | مِنَ |
| سچ کہا | اللہ نے | پس پیروی کرو | دین | ابراہیم | حنیف کی | اور نہ | تھا | سے |

اللہ نے سچ فرمادیا۔ پس دینِ ابراہیم کی پیروی کرو جو سب سے بے تعلق ہو کر ایک (اللہ) کے ہو رہے تھے اور

الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۵﴾ اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا

| الْمُشْرِكِيْنَ | اِنَّ | اَوَّلَ | بَيْتٍ | وُّضِعَ | لِلنَّاسِ | لَلَّذِيْ | بِبَكَّةَ | مُبٰرَكًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مشرکوں | بے شک | پہلا | گھر | مقرر کیا گیا | واسطے لوگوں کے | وہ ہے جو | بیچ مکہ کے ہے | برکت والا |

مشرکوں سے نہ تھے ﴿۹۵﴾ پہلا گھر جو لوگوں (کے عبادت کرنے) کے لیے مقرر کیا گیا تھا وہی ہے جو مکے میں ہے۔ بابرکت

وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۶﴾ فِيْهِ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِيْمَ ۚ۬ وَمَنْ

| وَّ | هُدًى | لِّلْعٰلَمِيْنَ | فِيْهِ | اٰيٰتٌۢ | بَيِّنٰتٌ | مَّقَامُ | اِبْرٰهِيْمَ | وَمَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ہدایت ہے | واسطے عالموں کے | بیچ اس کے | نشانیاں ہیں | ظاہر | مقام | ابراہیم کا | اور جو کوئی |

اور جہان کیلئے موجب ہدایت ﴿۹۶﴾ اس میں کھلی ہوئی نشانیاں ہیں جن میں سے ایک ابراہیم کے کھڑے ہونے کی جگہ ہے۔ جو شخص

دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ؕ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ

| دَخَلَهٗ | كَانَ | اٰمِنًا | وَلِلّٰهِ | عَلَى | النَّاسِ | حِجُّ | الْبَيْتِ | مَنِ | اسْتَطَاعَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| داخل ہوا اس میں | ہوتا ہے | امن میں | اور واسطے اللہ کے | اوپر | لوگوں کے | حج کرنا | اس گھر کا | جو کوئی | پا سکے |

اس (مبارک) گھر میں داخل ہوا اس نے امن پا لیا۔ اور لوگوں پر اللہ کا حق (یعنی فرض) ہے کہ جو اس گھر تک جانے کا

اِلَيْهِ سَبِيْلًا ؕ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۷﴾ قُلْ

| اِلَيْهِ | سَبِيْلًا | وَمَنْ | كَفَرَ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | غَنِيٌّ | عَنِ | الْعٰلَمِيْنَ | قُلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طرف اسکے | راہ | اور جو کوئی | کافر ہو | پس بے شک | اللہ | بے پرواہ ہے | سے | جہانوں | کہہ |

مقدور رکھے وہ اس کا حج کرے۔ اور جو اس حکم کی تعمیل نہ کرے گا تو اللہ بھی اہل عالم سے بے نیاز ہے ﴿۹۷﴾ کہو

يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۖۗ وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا

| يٰۤاَهْلَ | الْكِتٰبِ | لِمَ | تَكْفُرُوْنَ | بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ | وَاللّٰهُ | شَهِيْدٌ | عَلٰى | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے اہل | کتاب | کیوں | تم کفر کرتے ہو | ساتھ نشانیوں | اللہ کے | اور اللہ | گواہ ہے | اوپر | اس چیز کے کہ |

کہ اے اہل کتاب! تم اللہ کی آیتوں سے کیوں کفر کرتے ہو اور اللہ تمہارے سب اعمال سے

تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۸﴾ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ

| تَعْمَلُوْنَ | قُلْ | يٰۤاَهْلَ | الْكِتٰبِ | لِمَ | تَصُدُّوْنَ | عَنْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | مَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کرتے ہو تم | کہہ | اے اہل | کتاب | کیوں | بند کرتے ہو | سے | راہ | اللہ کی | اس شخص کو کہ |

باخبر ہے ﴿۹۸﴾ کہو کہ اے اہل کتاب تم مومنوں کو اللہ کے رستے سے کیوں روکتے

اٰمَنَ تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا وَّ اَنْتُمْ شُهَدَآءُ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمَنَ | تَبْغُوْنَهَا | عِوَجًا | وَّ | اَنْتُمْ | شُهَدَآءُ | وَمَا | اللّٰهُ | بِغَافِلٍ | عَمَّا |
| ایمان لایا | چاہتے ہو واسطے اسکے | کجی | اور | تم | گواہ ہو | اورنہیں | اللہ | غافل | اس چیز سے کہ |

ہو اور باوجودیکہ تم اس سے واقف ہو اس میں کجی نکالتے ہو اور اللہ تمہارے کاموں سے

تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۹﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَعْمَلُوْنَ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا | اِنْ | تُطِيْعُوْا | فَرِيْقًا | مِّنَ | الَّذِيْنَ |
| کرتے ہو تم | اے لوگو | جو | ایمان لائے ہو | اگر | تم اطاعت کرو | ایک فرقے کی | سے | ان لوگوں میں جو |

بے خبر نہیں ﴿۹۹﴾ مومنو! اگر تم اہل کتاب کے کسی فریق کا کہا مان لوگے

اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۰﴾ وَكَيْفَ تَكْفُرُوْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُوْتُوا | الْكِتٰبَ | يَرُدُّوْكُمْ | بَعْدَ | اِيْمَانِكُمْ | كٰفِرِيْنَ | وَكَيْفَ | تَكْفُرُوْنَ |
| دیئے گئے ہیں | کتاب | پھیر دیں گے تم کو | پیچھے | ایمان تمہارے کے | کافر | اور کیوں کر | کفر کروگے تم |

تو وہ تمہیں ایمان لانے کے بعد کافر بنا دیں گے ﴿۱۰۰﴾ اور تم کیونکر کفر کروگے

وَاَنْتُمْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَفِيْكُمْ رَسُوْلُهٗ ؕ وَمَنْ يَّعْتَصِمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاَنْتُمْ | تُتْلٰى | عَلَيْكُمْ | اٰيٰتُ | اللّٰهِ | وَفِيْكُمْ | رَسُوْلُهٗ | وَمَنْ | يَّعْتَصِمْ |
| اور حالانکہ | پڑھی جاتی ہے | اوپر تمہارے | نشانیاں | اللہ کی | اور بیچ تمہارے ہے | پیغمبر اس کا | اور جو کوئی | محکم پکڑے |

جبکہ تم کو اللہ کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سنائی جاتی ہیں اور تم میں اس کے پیغمبر موجود ہیں۔ اور جس نے اللہ (کی ہدایت کی رسی) کو

بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ع ۱۰ ۱

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاللّٰهِ | فَقَدْ | هُدِيَ | اِلٰى | صِرَاطٍ | مُّسْتَقِيْمٍ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوا |
| اللہ کو | پس تحقیق | راہ دکھایا گیا | طرف | راہ | سیدھی کے | اے لوگو | جو | ایمان لائے ہو |

مضبوط پکڑ لیا وہ سیدھے رستے لگ گیا ﴿۱۰۱﴾ مومنو!

اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتَّقُوا | اللّٰهَ | حَقَّ | تُقٰتِهٖ | وَلَا | تَمُوْتُنَّ | اِلَّا | وَاَنْتُمْ | مُّسْلِمُوْنَ |
| ڈرو | اللہ سے | حق | ڈرنے اس کے کا | اور نہ | مروتم | مگر | اور ہو تم | مسلمان |

اللہ سے ڈرو جیسا کہ اس سے ڈرنے کا حق ہے اور مرنا تو مسلمان ہی مرنا ﴿۱۰۲﴾

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا ۠ وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاعْتَصِمُوْا | بِحَبْلِ | اللّٰهِ | جَمِيْعًا | وَّ | لَا | تَفَرَّقُوْا | وَاذْكُرُوْا | نِعْمَتَ | اللّٰهِ |
| اور محکم پکڑو | ساتھ رسی | اللہ کے | اکٹھے | اور | مت | متفرق ہو | اور یاد کرو | نعمت | اللہ کی |

اور سب مل کر اللہ کی (ہدایت کی) رسی کو مضبوط پکڑے رہنا اور متفرق نہ ہونا۔ اور اللہ کی اس مہربانی کو یاد کرو

عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْكُمْ | اِذْ | كُنْتُمْ | اَعْدَآءً | فَاَلَّفَ | بَيْنَ | قُلُوْبِكُمْ | فَاَصْبَحْتُمْ | بِنِعْمَتِهٖٓ |
| اوپر تمہارے | جس وقت | تھے تم | دشمن | پس الفت ڈال دی | درمیان | تمہارے دلوں کے | پس ہو گئے تم | ساتھ اسکی نعمت کے |

جب تم ایک دوسرے کے دشمن تھے تو اس نے تمہارے دلوں میں الفت ڈال دی اور تم اس کی مہربانی سے

اِخْوَانًا ۚ وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ۗ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِخْوَانًا | وَكُنْتُمْ | عَلٰى | شَفَا | حُفْرَةٍ | مِّنَ | النَّارِ | فَاَنْقَذَكُمْ | مِّنْهَا |
| بھائی | اور تھے تم | اوپر | کنارے | گڑھے کے | سے | آگ | پس چھڑایا تم کو | اس سے |

بھائی بھائی ہو گئے اور تم آگ کے گڑھے کے کنارے تک پہنچ چکے تھے تو اللہ نے تم کو اس سے بچا لیا۔

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَذٰلِكَ | يُبَيِّنُ | اللّٰهُ | لَكُمْ | اٰيٰتِهٖ | لَعَلَّكُمْ | تَهْتَدُوْنَ | وَلْتَكُنْ | مِّنْكُمْ |
| اسی طرح | بیان کرتا ہے | اللہ | واسطے تمہارے | نشانیاں اپنی | تا کہ تم | راہ پاؤ | اور چاہئے کہ ہو | تم میں سے |

اس طرح اللہ تم کو اپنی آیتیں کھول کھول کر سناتا ہے تا کہ تم ہدایت پاؤ (۱۰۳) اور تم میں

اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُمَّةٌ | يَّدْعُوْنَ | اِلَى | الْخَيْرِ | وَيَاْمُرُوْنَ | بِالْمَعْرُوْفِ | وَيَنْهَوْنَ | عَنِ |
| ایک جماعت کہ | بلائیں | طرف | بھلائی کے | اور حکم کریں | ساتھ اچھی چیز کے | اور منع کریں | سے |

ایک جماعت ایسی ہونی چاہیے جو لوگوں کو نیکی کی طرف بلائے اور اچھے کام کرنے کا حکم دے اور برے کاموں

الْمُنْكَرِ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُنْكَرِ | وَاُولٰٓئِكَ | هُمُ | الْمُفْلِحُوْنَ | وَلَا | تَكُوْنُوْا | كَالَّذِيْنَ | تَفَرَّقُوْا |
| برائی | اور یہ لوگ | وہی ہیں | چھٹکارا پانے والے | اور نہ | ہوؤ | مانند ان لوگوں کے کہ | متفرق ہو گئے |

سے منع کرے۔ یہی لوگ ہیں جو نجات پانے والے ہیں (۱۰۴) اور ان لوگوں کی طرح نہ ہونا جو متفرق ہو گئے

وَاخۡتَلَفُوۡا مِنۡۢ بَعۡدِ مَا جَآءَهُمُ الۡبَيِّنٰتُ ؕ وَاُولٰٓـئِكَ لَهُمۡ عَذَابٌ

| وَاخۡتَلَفُوۡا | مِنۡۢ | بَعۡدِ | مَا | جَآءَهُمُ | الۡبَيِّنٰتُ | وَاُولٰٓـئِكَ | لَهُمۡ | عَذَابٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور اختلاف کرنے لگے | اس سے | پیچھے | کہ | آئیں ان کے پاس | دلیلیں | اور یہ لوگ | واسطے ان کے | عذاب ہے |

اور احکام بیّن آنے کے بعد ایک دوسرے سے (خلاف و) اختلاف کرنے لگے۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کو (قیامت کے دن)

عَظِيۡمٌ ﴿۱۰۵﴾ يَّوۡمَ تَبۡيَضُّ وُجُوۡهٌ وَّتَسۡوَدُّ وُجُوۡهٌ ۚ فَاَمَّا الَّذِيۡنَ

| عَظِيۡمٌ | يَّوۡمَ | تَبۡيَضُّ | وُجُوۡهٌ | وَّ | تَسۡوَدُّ | وُجُوۡهٌ | فَاَمَّا | الَّذِيۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بڑا | اس دن کہ | سفید ہوں گے | منہ کتنے | اور | سیاہ ہوں گے | منہ کتنے | پس | جو لوگ کہ |

بڑا عذاب ہوگا ﴿۱۰۵﴾ جس دن بہت سے منہ سفید ہوں گے اور بہت سے سیاہ۔ تو جن لوگوں کے منہ

اسۡوَدَّتۡ وُجُوۡهُهُمۡ ۚ اَكَفَرۡتُمۡ بَعۡدَ اِيۡمَانِكُمۡ فَذُوۡقُوا الۡعَذَابَ

| اسۡوَدَّتۡ | وُجُوۡهُهُمۡ | اَكَفَرۡتُمۡ | بَعۡدَ | اِيۡمَانِكُمۡ | فَذُوۡقُوا | الۡعَذَابَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سیاہ ہوئے | منہ ان کے | کیا کافر ہوئے تم | پیچھے | ایمان اپنے کے | پس چکھو | عذاب |

سیاہ ہوں گے (ان سے اللہ فرمائے گا) کیا تم ایمان لا کر کافر ہو گئے تھے؟ سو (اب) اس کفر کے بدلے

بِمَا كُنۡتُمۡ تَكۡفُرُوۡنَ ﴿۱۰۶﴾ وَاَمَّا الَّذِيۡنَ ابۡيَضَّتۡ وُجُوۡهُهُمۡ فَفِىۡ

| بِمَا | كُنۡتُمۡ | تَكۡفُرُوۡنَ | وَاَمَّا | الَّذِيۡنَ | ابۡيَضَّتۡ | وُجُوۡهُهُمۡ | فَفِىۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بسبب اس کے کہ | تھے تم | کفر کرتے | اور یہ کہ | جو لوگ کہ | سفید ہوئے | منہ ان کے | پس بیچ |

عذاب (کے مزے) چکھو ﴿۱۰۶﴾ اور جن لوگوں کے منہ سفید ہوں گے وہ اللہ کی رحمت (کے باغوں) میں

رَحۡمَةِ اللّٰهِ ؕ هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ ﴿۱۰۷﴾ تِلۡكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتۡلُوۡهَا عَلَيۡكَ

| رَحۡمَةِ | اللّٰهِ | هُمۡ | فِيۡهَا | خٰلِدُوۡنَ | تِلۡكَ | اٰيٰتُ | اللّٰهِ | نَتۡلُوۡهَا | عَلَيۡكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رحمت | اللہ کے ہیں | وہ | بیچ اس کے | ہمیشہ رہنے والے ہیں | یہ ہیں | نشانیاں | اللہ کی | پڑھتے ہیں ہم ان کو | اور پر تیرے |

ہوں گے۔ اور ان میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۱۰۷﴾ یہ اللہ کی آیتیں ہیں جو ہم تم کو صحت کے ساتھ پڑھ

بِالۡحَـقِّ ؕ وَمَا اللّٰهُ يُرِيۡدُ ظُلۡمًا لِّلۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۱۰۸﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ

| بِالۡحَـقِّ | وَمَا | اللّٰهُ | يُرِيۡدُ | ظُلۡمًا | لِّلۡعٰلَمِيۡنَ | وَلِلّٰهِ | مَا | فِى | السَّمٰوٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ حق کے | اور نہیں | اللہ | ارادہ کرتا | ظلم کا | واسطے جہانوں کے | اور واسطے اللہ کے ہے | جو کچھ | بیچ | آسمانوں کے ہے |

کر سناتے ہیں۔ اور اللہ اہلِ عالم پر ظلم نہیں کرنا چاہتا ﴿۱۰۸﴾ اور جو کچھ آسمانوں میں

ع ۱۱/۱ ۲

وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ وَإِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ﴿١٠٩﴾ كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمَا | فِي | الْأَرْضِ | وَإِلَى | اللّٰهِ | تُرْجَعُ | الْأُمُورُ | كُنْتُمْ | خَيْرَ | أُمَّةٍ |
| اور جو کچھ | بیچ | زمین کے ہے | اور طرف | اللہ کے | پھیرے جاتے ہیں | سب کام | ہو تم | بہتر | امت جو |

اور جو کچھ زمین میں ہے سب اللہ ہی کا ہے اور سب کاموں کا رجوع (اور انجام) اللہ ہی کی طرف ہے ﴿۱۰۹﴾ (مومنو!) جتنی

أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| أُخْرِجَتْ | لِلنَّاسِ | تَأْمُرُونَ | بِالْمَعْرُوفِ | وَتَنْهَوْنَ | عَنِ | الْمُنْكَرِ |
| نکالی گئی ہے | واسطے لوگوں کے | حکم کرتے ہو | ساتھ بھلائی کے | اور منع کرتے ہو | سے | برائی |

اُمتیں (یعنی قومیں) لوگوں میں پیدا ہوئیں تم ان سب سے بہتر ہو کہ نیک کام کرنے کو کہتے ہو اور برے کاموں سے

وَتُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ ۗ وَلَوْ آمَنَ أَهْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَتُؤْمِنُونَ | بِاللّٰهِ | وَلَوْ | آمَنَ | أَهْلُ | الْكِتٰبِ | لَكَانَ | خَيْرًا | لَّهُمْ |
| اور ایمان لاتے ہو | ساتھ اللہ کے | اور اگر | ایمان لاتے | اہل | کتاب | البتہ ہوتا | بہتر | واسطے ان کے |

منع کرتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو اور اگر اہل کتاب بھی ایمان لے آتے تو ان کے لیے بہت اچھا ہوتا۔

مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُونَ وَأَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُونَ ﴿١١٠﴾ لَنْ يَّضُرُّوكُمْ إِلَّآ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْهُمُ | الْمُؤْمِنُونَ | وَأَكْثَرُهُمُ | الْفٰسِقُونَ | لَنْ | يَّضُرُّوكُمْ | إِلَّآ |
| بعضے ان میں سے | ایمان والے ہیں | اور اکثر ان کے | فاسق ہیں | ہرگز نہ | ضرر پہنچائیں گے تم کو | مگر |

ان میں ایمان لانے والے بھی ہیں (لیکن تھوڑے) اور اکثر نافرمان ہیں ﴿۱۱۰﴾ اور یہ تمہیں خفیف سی تکلیف کے سوا کچھ

أَذًى ۗ وَإِنْ يُّقٰتِلُوكُمْ يُوَلُّوكُمُ الْأَدْبَارَ ۖ قف ثُمَّ لَا يُنْصَرُونَ ﴿١١١﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| أَذًى | وَإِنْ | يُّقٰتِلُوكُمْ | يُوَلُّوكُمُ | الْأَدْبَارَ | ثُمَّ | لَا | يُنْصَرُونَ |
| ایذا تھوڑی | اور اگر | لڑائی کریں گے تم سے | پھیر دیں گے تم کو | پیٹھ | پھر | نہیں | مدد دیئے جائیں گے |

نقصان نہیں پہنچا سکیں گے اور اگر تم سے لڑیں گے تو پیٹھ پھیر کر بھاگ جائیں گے۔ پھر ان کو مدد بھی (کہیں سے) نہیں ملے گی ﴿۱۱۱﴾

ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ أَيْنَ مَا ثُقِفُوْٓا إِلَّا بِحَبْلٍ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ضُرِبَتْ | عَلَيْهِمُ | الذِّلَّةُ | أَيْنَ مَا | ثُقِفُوْٓا | إِلَّا | بِحَبْلٍ |
| ماری گئی | اوپر ان کے | ذلت | جہاں | پائے جائیں | مگر | ساتھ پناہ |

یہ جہاں نظر آئیں گے ذلت (کو دیکھو گے کہ) ان سے چمٹ رہی ہے

مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَضُرِبَتْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنَ اللّٰهِ | وَحَبْلٍ | مِّنَ | النَّاسِ | وَبَآءُوْ | بِغَضَبٍ | مِّنَ | اللّٰهِ | وَضُرِبَتْ |
| اللہ کے | اور پناہ | سے | لوگوں کے | اور پھر آئے | ساتھ غصہ کے | سے | اللہ | اور ماری گئی |

بجز اس کے کہ یہ اللہ اور (مسلمان) لوگوں کی پناہ میں آ جائیں اور یہ لوگ اللہ کے غضب میں گرفتار ہیں اور ناداری

عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِمُ | الْمَسْكَنَةُ | ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمْ | كَانُوْا | يَكْفُرُوْنَ | بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ |
| اوپر ان کے | فقیری | یہ | اس واسطے کہ | تھے وہ | کفر کرتے | ساتھ نشانیوں | اللہ کے |

ان سے لپٹ رہی ہے۔ یہ اس لیے کہ اللہ کی آیتوں سے انکار کرتے تھے

وَيَقْتُلُوْنَ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَيَقْتُلُوْنَ | الْاَنْۢبِيَآءَ | بِغَيْرِ حَقٍّ | ذٰلِكَ | بِمَا | عَصَوْا | وَّ | كَانُوْا |
| اور مار ڈالتے تھے | پیغمبروں کو | ناحق | یہ | بسبب اسکے ہے کہ | نافرمانی کی انہوں نے | اور | تھے |

اور (اس کے) پیغمبروں کو ناحق قتل کر دیتے تھے۔ یہ اس لیے کہ یہ نافرمانی کیے جاتے اور حد سے

يَعْتَدُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ ۚ لَيْسُوْا سَوَآءً ؕ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ قَآئِمَةٌ يَّتْلُوْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْتَدُوْنَ | لَيْسُوْا | سَوَآءً | مِنْ | اَهْلِ | الْكِتٰبِ | اُمَّةٌ | قَآئِمَةٌ | يَّتْلُوْنَ |
| حد سے نکل جاتے | نہیں وہ سب | برابر | سے | اہل | کتاب | ایک جماعت ہے | قائم ہے دین پر | پڑھتے ہیں |

بڑھے جاتے تھے ﴿۱۱۲﴾ یہ بھی سب ایک جیسے نہیں ہیں ان اہلِ کتاب میں کچھ لوگ (حکمِ اللہ پر) قائم بھی ہیں۔ جو

اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَآءَ الَّيْلِ وَهُمْ يَسْجُدُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰيٰتِ | اللّٰهِ | اٰنَآءَ | الَّيْلِ | وَهُمْ | يَسْجُدُوْنَ | يُؤْمِنُوْنَ | بِاللّٰهِ | وَالْيَوْمِ |
| آیتیں | اللہ کی | اوقات | رات کے میں | اور وہ | سجدہ کرتے ہیں | ایمان لاتے ہیں | ساتھ اللہ کے | اور دن |

رات کے وقت اللہ کی آیتیں پڑھتے اور (اس کے آگے) سجدے کرتے ہیں ﴿۱۱۳﴾ (اور) اللہ پر اور روزِ آخرت

الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُسَارِعُوْنَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاٰخِرِ | وَيَاْمُرُوْنَ | بِالْمَعْرُوْفِ | وَيَنْهَوْنَ | عَنِ | الْمُنْكَرِ | وَيُسَارِعُوْنَ |
| آخرت کے | اور حکم کرتے ہیں | ساتھ بھلائی کے | اور منع کرتے ہیں | سے | برائی | اور جلدی کرتے ہیں |

پر ایمان رکھتے اور اچھے کام کرنے کو کہتے اور بری باتوں سے منع کرتے

فِي الْخَيْرٰتِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَمَا يَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ

| فِي | الْخَيْرٰتِ | وَاُولٰٓئِكَ | مِنَ | الصّٰلِحِيْنَ | وَمَا | يَفْعَلُوْا | مِنْ | خَيْرٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیچ | بھلائیوں کے | اور یہ لوگ ہیں | سے | صالحوں | اور جو کچھ | کریں گے | سے | بھلائی |

اور نیکیوں پر لپکتے ہیں۔ اور یہی لوگ نیکوکار ہیں ﴿۱۱۴﴾ اور یہ جس طرح کی نیکی کریں گے

فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ

| فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ | وَاللّٰهُ | عَلِيْمٌ | بِالْمُتَّقِيْنَ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | لَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس ہرگز نہ کی جائیگی ناقدری اسکی | اور اللہ | جاننے والا ہے | پرہیزگاروں کو | بیشک | جو لوگ کہ | کافر ہوئے | ہرگز نہ |

اس کی ناقدری نہیں کی جائے گی۔ اور اللہ پرہیزگاروں کو خوب جانتا ہے ﴿۱۱۵﴾ جو لوگ کافر ہیں

تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ وَاُولٰٓئِكَ

| تُغْنِيَ | عَنْهُمْ | اَمْوَالُهُمْ | وَلَآ | اَوْلَادُهُمْ | مِّنَ | اللّٰهِ | شَيْـًٔا | وَاُولٰٓئِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کفایت کرینگے | ان سے | مال ان کے | اور نہ | اولاد ان کی | سے | اللہ | کچھ | اور یہ لوگ |

اُن کے مال اور اولاد اللہ کے عذاب کو ہرگز نہیں ٹال سکیں گے۔ اور یہ لوگ

اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ مَثَلُ مَا يُنْفِقُوْنَ فِيْ

| اَصْحٰبُ | النَّارِ | هُمْ | فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ | مَثَلُ | مَا | يُنْفِقُوْنَ | فِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رہنے والے ہیں | آگ کے | وہ ہیں | بیچ اس کے | ہمیشہ رہنے والے | مثال | اس کی جو | خرچ کرتے ہیں | بیچ |

اہلِ دوزخ ہیں کہ ہمیشہ اسی میں رہیں گے ﴿۱۱۶﴾ یہ جو مال دنیا کی زندگی

هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيْحٍ فِيْهَا صِرٌّ اَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ

| هٰذِهِ | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | كَمَثَلِ | رِيْحٍ | فِيْهَا | صِرٌّ | اَصَابَتْ | حَرْثَ | قَوْمٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس | زندگانی | دنیا کی | مانند مثال | ایک ہوا کے ہے | بیچ اس کے | پالا | پہنچی | کھیتی کو | ایک قوم کی |

میں خرچ کرتے ہیں اس کی مثال ہوا کی سی ہے جس میں سخت سردی ہو اور وہ ایسے لوگوں کی کھیتی پر جو

ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَاَهْلَكَتْهُ ؕ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ اَنْفُسَهُمْ

| ظَلَمُوْٓا | اَنْفُسَهُمْ | فَاَهْلَكَتْهُ | وَمَا | ظَلَمَهُمُ | اللّٰهُ | وَلٰكِنْ | اَنْفُسَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظلم کیا تھا انہوں نے | اپنی جانوں پر | پس ہلاک کیا اس کو | اور نہیں | ظلم کیا ان کو | اللہ نے | اور لیکن۔ | وہ جانوں اپنی کو |

اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے چلے اور اسے تباہ کردے۔ اور اللہ نے ان پر کچھ ظلم نہیں کیا بلکہ یہ خود اپنے اوپر

يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَظْلِمُوْنَ | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَا | تَتَّخِذُوْا | بِطَانَةً | مِّنْ دُوْنِكُمْ |
| ظلم کرتے تھے | اے لوگو | جو | ایمان لائے ہو | مت | پکڑو | دوست دلی | سوائے اپنے سے |

ظلم کررہے ہیں ﴿۱۱۷﴾ مومنو! کسی غیر (مذہب کے آدمی) کو اپنا رازدار نہ بنانا یہ لوگ تمہاری خرابی (اور فتنہ انگیزی

لَا يَاْلُوْنَكُمْ خَبَالًا ۭ وَدُّوْا مَا عَنِتُّمْ ۚ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَاۗءُ مِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَاْلُوْنَكُمْ | خَبَالًا | وَدُّوْا | مَا | عَنِتُّمْ | قَدْ | بَدَتِ | الْبَغْضَاۗءُ | مِنْ |
| نہیں | کمی کرتے تم سے | تباہ کرنے میں | دوست رکھتے ہیں | یہ کہ | ایذا میں پڑو تم | تحقیق | ظاہر ہوئی | ناخوشی | سے |

کرنے) میں کسی طرح کی کوتاہی نہیں کرتے اور چاہتے ہیں کہ (جس طرح ہو) تمہیں تکلیف پہنچے۔ ان کی زبانوں سے تو

اَفْوَاهِهِمْ ښ وَمَا تُخْفِيْ صُدُوْرُھُمْ اَكْبَرُ ۭ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَفْوَاهِهِمْ | وَمَا | تُخْفِيْ | صُدُوْرُھُمْ | اَكْبَرُ | قَدْ | بَيَّنَّا | لَكُمُ | الْاٰيٰتِ |
| منہ ان کے | اور جو کچھ | چھپاتے ہیں | سینے ان کے | بہت بڑا ہے | تحقیق | بیان کیا ہم نے | واسطے تمہارے | نشانیوں کو |

دشمنی ظاہر ہو ہی چکی ہے اور جو (کینے) ان کے سینوں میں مخفی ہیں وہ کہیں زیادہ ہیں۔ اگر تم عقل رکھتے ہو تو ہم نے تم کو

اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ ھٰٓاَنْتُمْ اُولَاۗءِ تُحِبُّوْنَھُمْ وَلَا يُحِبُّوْنَكُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنْ | كُنْتُمْ | تَعْقِلُوْنَ | ھٰٓاَنْتُمْ | اُولَاۗءِ | تُحِبُّوْنَھُمْ | وَلَا | يُحِبُّوْنَكُمْ |
| اگر | ہو تم | سمجھتے | خبردار ہو تم | وہ لوگ کہ | دوست رکھتے ہو تم ان کو | اور نہیں | دوست رکھتے وہ تم کو |

اپنی آیتیں کھول کھول کر سنادی ہیں ﴿۱۱۸﴾ دیکھو تم ایسے (صاف دل) لوگ ہو کہ ان لوگوں سے دوستی رکھتے ہو حالانکہ وہ تم سے دوستی نہیں رکھتے

وَتُؤْمِنُوْنَ بِالْكِتٰبِ كُلِّهٖ ۚ وَاِذَا لَقُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا ڔ وَاِذَا خَلَوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَتُؤْمِنُوْنَ | بِالْكِتٰبِ | كُلِّهٖ | وَاِذَا | لَقُوْكُمْ | قَالُوْٓا | اٰمَنَّا | وَاِذَا | خَلَوْا |
| اور ایمان لاتے ہو تم | ساتھ کتاب | ساری کے | اور جب | ملاقات کرتے ہیں تم سے | کہتے ہیں | ایمان لائے ہم | اور جب | اکیلے ہوتے ہیں |

اور تم سب کتابوں پر ایمان رکھتے ہو (اور وہ تمہاری کتاب کو نہیں مانتے) اور جب تم سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم ایمان لے آئے ہیں اور جب

عَضُّوْا عَلَيْكُمُ الْاَنَامِلَ مِنَ الْغَيْظِ ۭ قُلْ مُوْتُوْا بِغَيْظِكُمْ ۭ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَضُّوْا | عَلَيْكُمُ | الْاَنَامِلَ | مِنَ | الْغَيْظِ | قُلْ | مُوْتُوْا | بِغَيْظِكُمْ |
| کاٹتے ہیں | اوپر تمہارے | انگلیاں | سے | غصے | کہہ | مرجاؤ | غصے اپنے سے |

الگ ہوتے ہیں تو غصے کے سبب انگلیاں کاٹ کاٹ کھاتے ہیں۔ (ان سے) کہدو کہ (بدبختو) غصے میں مرجاؤ۔

إِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۱۹﴾ إِنْ تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | اللّٰهَ | عَلِيْمٌ | بِذَاتِ الصُّدُوْرِ | اِنْ | تَمْسَسْكُمْ | حَسَنَةٌ |
| بیشک | اللہ | جانتا ہے | سینے والی بات کو | اگر | لگے تم کو | بھلائی |

اللہ تمہارے دلوں کی باتوں سے خوب واقف ہے ﴿۱۱۹﴾ اگر تمہیں آسودگی حاصل ہو

تَسُؤْهُمْ ز وَاِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَّفْرَحُوْا بِهَا ط وَاِنْ تَصْبِرُوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَسُؤْهُمْ | وَاِنْ | تُصِبْكُمْ | سَيِّئَةٌ | يَّفْرَحُوْا | بِهَا | وَاِنْ | تَصْبِرُوْا |
| ناخوش کرتی ہے انکو | اور اگر | پہنچے تم کو | برائی | خوش ہوتے ہیں | ساتھ اس کے | اور اگر | صبر کرو تم |

تو ان کو بری لگتی ہے اور اگر رنج پہنچے تو خوش ہوتے ہیں اور اگر تم تکلیفوں کی برداشت اور (ان سے)

وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا ط اِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۱۲۰﴾ ع ع ۱۲/۱۱/۴

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَتَتَّقُوْا | لَا | يَضُرُّكُمْ | كَيْدُهُمْ | شَيْئًا | اِنَّ | اللّٰهَ | بِمَا | يَعْمَلُوْنَ | مُحِيْطٌ |
| اور پرہیزگاری کرو | نہ | ضرر کرے گا تم کو | مکر ان کا | کچھ | بے شک | اللہ | ساتھ اس چیز کے کہ | وہ کرتے ہیں | گھیرنے والا ہے |

کنارہ کشی کرتے رہو گے تو ان کا فریب تمہیں کچھ بھی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ یہ جو کچھ کرتے ہیں اللہ اس پر احاطہ کیے ہوئے ہے ﴿۱۲۰﴾

وَاِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ ط

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاِذْ | غَدَوْتَ | مِنْ | اَهْلِكَ | تُبَوِّئُ | الْمُؤْمِنِيْنَ | مَقَاعِدَ | لِلْقِتَالِ |
| اور جب | صبح کو نکلا تو | سے | لوگوں اپنے | جگہ دیتا ہے | مسلمانوں کو | بیٹھنے کی | واسطے لڑائی کے |

اور (اُس وقت کو یاد کرو) جب تم صبح کو اپنے گھر سے روانہ ہو کر ایمان والوں کو لڑائی کے لیے مورچوں پر (موقع بموقع) متعین کرنے لگے۔

وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۲۱﴾ لا اِذْ هَمَّتْ طَّآئِفَتٰنِ مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا لا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاللّٰهُ | سَمِيْعٌ | عَلِيْمٌ | اِذْ | هَمَّتْ | طَّآئِفَتٰنِ | مِنْكُمْ | اَنْ | تَفْشَلَا |
| اور اللہ | سننے والا | جاننے والا ہے | جب | قصد کیا تھا | دو فرقوں نے | تم میں سے | یہ کہ | نامردی کریں |

اور اللہ سب کچھ سنتا (اور) جانتا ہے ﴿۱۲۱﴾ اُس وقت تم میں سے دو جماعتوں نے جی چھوڑ دینا چاہا۔ مگر

وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا ط وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاللّٰهُ | وَلِيُّهُمَا | وَ | عَلَى | اللّٰهِ | فَلْيَتَوَكَّلِ | الْمُؤْمِنُوْنَ | وَلَقَدْ | نَصَرَكُمُ |
| اور اللہ | دوستدار تھا ان کا | اور | اوپر | اللہ کے | پس چاہیئے کہ توکل کریں | ایمان والے | اور البتہ تحقیق | مدد دی تم کو |

اللہ اُن کا مددگار تھا۔ اور مومنوں کو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے ﴿۱۲۲﴾ اور اللہ نے جنگ بدر میں

اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّ اَنْتُمْ اَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ تَقُوْلُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | بِبَدْرٍ | وَّ | اَنْتُمْ | اَذِلَّةٌ | فَاتَّقُوا | اللّٰهَ | لَعَلَّكُمْ | تَشْكُرُوْنَ | اِذْ | تَقُوْلُ |
| اللہ نے | بیچ بدر کے | اور | تم تھے | بہت کمزور | پس ڈرو | اللہ سے | تا کہ تم | شکر کرو | جس وقت | کہتا تھا تو |

بھی تمہاری مدد کی تھی اور اُس وقت بھی تم بے سروسامان تھے۔ پس اللہ سے ڈرو (اور ان احسانوں کو یاد کرو) تا کہ شکر کرو ﴿۱۲۳﴾ جب تم

لِلْمُؤْمِنِيْنَ اَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ اَنْ يُّمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلْمُؤْمِنِيْنَ | اَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ | اَنْ | يُّمِدَّكُمْ | رَبُّكُمْ | بِثَلٰثَةِ | اٰلٰفٍ | مِّنَ |
| واسطے مومنوں کے | کیا نہیں کفایت کرے گا تم کو | یہ کہ | مدد کرے تم کو | رب تمہارا | ساتھ تین | ہزار کے | سے |

مومنوں سے یہ کہہ (کران کے دل بڑھا) رہے تھے کہ کیا یہ کافی نہیں کہ پروردگار تین ہزار

الْمَلٰٓئِكَةِ مُنْزَلِيْنَ ﴿۱۲۴﴾ بَلٰٓى ۙ اِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَلٰٓئِكَةِ | مُنْزَلِيْنَ | بَلٰٓى | اِنْ | تَصْبِرُوْا | وَ | تَتَّقُوْا | وَيَاْتُوْكُمْ | مِّنْ |
| فرشتوں | اتارے ہوئے | بلکہ | اگر | صبر کرو تم | اور | پرہیزگاری کرو | اور آئے تم پر | سے |

فرشتے نازل کر کے تمہیں مدد دے ﴿۱۲۴﴾ ہاں اگر تم دل کو مضبوط رکھو اور (اللہ سے) ڈرتے رہو

فَوْرِهِمْ هٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَوْرِهِمْ | هٰذَا | يُمْدِدْكُمْ | رَبُّكُمْ | بِخَمْسَةِ | اٰلٰفٍ | مِّنَ | الْمَلٰٓئِكَةِ |
| جوش اپنے | یہ ہے کہ | مدد کرے گا تم کو | پروردگار تمہارا | ساتھ پانچ | ہزار | سے | فرشتوں |

اور کافر تم پر جوش کے ساتھ دفعتہً حملہ کر دیں تو پروردگار پانچ ہزار فرشتے جن پر نشان ہوں گے تمہاری

مُسَوِّمِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ ربع

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُسَوِّمِيْنَ | وَ | مَا | جَعَلَهُ | اللّٰهُ | اِلَّا | بُشْرٰى | لَكُمْ | وَلِتَطْمَئِنَّ | قُلُوْبُكُمْ |
| نشان زدہ گھوڑوں پر | اور | نہیں | کیا اس کو | اللہ نے | مگر | خوشخبری | واسطے تمہارے | اور تا کہ آرام پکڑیں | دل تمہارے |

مدد کو بھیجے گا ﴿۱۲۵﴾ اور اس مدد کو تو اللہ نے تمہارے لیے (ذریعۂ) بشارت بنایا یعنی اس لیے کہ تمہارے دلوں کو

بِهٖ ۭ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۱۲۶﴾ ۙ لِيَقْطَعَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهٖ | وَ | مَا | النَّصْرُ | اِلَّا | مِنْ | عِنْدِ | اللّٰهِ | الْعَزِيْزِ | الْحَكِيْمِ | لِيَقْطَعَ |
| ساتھ اسکے | اور | نہیں | مدد | مگر | سے | نزدیک | اللہ | غالب | حکمت والے کے | تا کہ کاٹ ڈالے |

اس سے تسلی حاصل ہو۔ ورنہ مدد تو اللہ ہی کی ہے جو غالب (اور) حکمت والا ہے ﴿۱۲۶﴾ (یہ اللہ نے) اس لیے (کیا)

طَرَفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنْقَلِبُوْا خَآئِبِيْنَ ﴿۱۲۷﴾ لَيْسَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طَرَفًا | مِّنَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْٓا | اَوْ | يَكْبِتَهُمْ | فَيَنْقَلِبُوْا | خَآئِبِيْنَ | لَيْسَ |
| ایک ٹکڑا | بعض | ان لوگوں کا کہ | کفر کیا انہوں نے | یا | ذلیل کرے ان کو | پس پھر جائیں | نامراد | نہیں |

کہ کافروں کی ایک جماعت کو ہلاک یا انہیں ذلیل و مغلوب کر دے کہ (جیسے آئے تھے ویسے ہی) ناکام واپس جائیں ﴿۱۲۷﴾ (اے

لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكَ | مِنَ | الْاَمْرِ | شَيْءٌ | اَوْ | يَتُوْبَ | عَلَيْهِمْ | اَوْ | يُعَذِّبَهُمْ | فَاِنَّهُمْ |
| واسطے تیرے | سے | کام | کچھ | یا | پھر آئے | اوپر ان کے | یا | عذاب کرے ان کو | پس بیشک وہ |

پیغمبر) اس کام میں تمہارا کچھ اختیار نہیں (اب دو صورتیں ہیں) یا اللہ ان کے حال پر مہربانی کرے یا انہیں عذاب دے کہ یہ

ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظٰلِمُوْنَ | وَ | لِلّٰهِ | مَا | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَ | مَا | فِي | الْاَرْضِ | يَغْفِرُ | لِمَنْ |
| ظالم ہیں | اور | واسطے اللہ کے ہے | جو کچھ | بیچ | آسمانوں کے | اور | جو کچھ | بیچ | زمین کے ہے | بخشتا ہے | جس کو |

ظالم لوگ ہیں ﴿۱۲۸﴾ اور جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے سب اللہ ہی کا ہے۔ وہ جسے چاہے بخش

يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۹﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ ع ۱۳ ۹ ۴

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّشَآءُ | وَ | يُعَذِّبُ | مَنْ | يَّشَآءُ | وَاللّٰهُ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ |
| چاہے | اور | عذاب دیتا ہے | جس کو | چاہے | اور اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے | اے لوگو | جو |

دے اور جسے چاہے عذاب کرے۔ اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے ﴿۱۲۹﴾ اے ایمان والو!

اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰوٓا اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً ۪ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمَنُوْا | لَا | تَاْكُلُوا | الرِّبٰوٓا | اَضْعَافًا | مُّضٰعَفَةً | وَّاتَّقُوا | اللّٰهَ | لَعَلَّكُمْ |
| ایمان لائے ہو | مت | کھاؤ تم | سود کو | دونا | دوگنا کیے ہوئے | اور ڈرو | اللہ سے | تاکہ تم |

دُگنا چوگنا سود نہ کھاؤ اور اللہ سے ڈرو تاکہ

تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۳۰﴾ ج وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْٓ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۳۱﴾ ج وَاَطِيْعُوا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تُفْلِحُوْنَ | وَاتَّقُوا | النَّارَ | الَّتِيْٓ | اُعِدَّتْ | لِلْكٰفِرِيْنَ | وَاَطِيْعُوا |
| چھٹکارا پاؤ | اور ڈرو | اس آگ سے | جو کہ | تیار کی گئی ہے | واسطے کافروں کے | اور فرمانبرداری کرو |

نجات حاصل کرو ﴿۱۳۰﴾ اور (دوزخ کی) آگ سے بچو جو کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے ﴿۱۳۱﴾ اور اللہ اور اس

اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ وَسَارِعُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | وَالرَّسُوْلَ | لَعَلَّكُمْ | تُرْحَمُوْنَ | وَسَارِعُوْٓا | اِلٰى | مَغْفِرَةٍ | مِّنْ |
| اللہ کی | اور پیغمبر کی | تاکہ تم | رحم کیے جاؤ | اور جلدی کرو | طرف | بخشش کے | سے |

کے رسول کی اطاعت کرو تاکہ تم پر رحمت کی جائے ﴿۱۳۲﴾ اور اپنے پروردگار کی بخشش اور بہشت کی

رَبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ ۙ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ ۙ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّكُمْ | وَ | جَنَّةٍ | عَرْضُهَا | السَّمٰوٰتُ | وَالْاَرْضُ | اُعِدَّتْ | لِلْمُتَّقِيْنَ |
| رب اپنے | اور | جنت کے | کہ چوڑائی اس کی | آسمانوں | اور زمین جتنی ہے | تیار کی گئی ہے | واسطے پرہیزگاروں کے |

طرف لپکو جس کا عرض آسمانوں اور زمین کے برابر ہے اور جو (اللہ سے) ڈرنے والوں کے لیے تیار کی گئی ہے ﴿۱۳۳﴾

اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِى السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلَّذِيْنَ | يُنْفِقُوْنَ | فِى | السَّرَّآءِ | وَ | الضَّرَّآءِ | وَ | الْكٰظِمِيْنَ | الْغَيْظَ |
| جو لوگ کہ | خرچ کرتے ہیں | بیچ | خوشی کے | اور | سختی کے | اور | دبا لینے والے ہیں | غصہ کو |

جو آسودگی اور تنگی میں (اپنا مال اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے ہیں اور غصے کو روکتے

وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳۴﴾ ۚ وَالَّذِيْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْعَافِيْنَ | عَنِ | النَّاسِ | وَ | اللّٰهُ | يُحِبُّ | الْمُحْسِنِيْنَ | وَالَّذِيْنَ |
| اور معاف کرنیوالے | سے | لوگوں | اور | اللہ | دوست رکھتا ہے | احسان کرنے والوں کو | اور وہ لوگ کہ |

اور لوگوں کے قصور معاف کرتے ہیں اور اللہ نیکوکاروں کو دوست رکھتا ہے ﴿۱۳۴﴾ اور وہ

اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِذَا | فَعَلُوْا | فَاحِشَةً | اَوْ | ظَلَمُوْٓا | اَنْفُسَهُمْ | ذَكَرُوا | اللّٰهَ | فَاسْتَغْفَرُوْا |
| جب | کریں | بے حیائی | یا | ظلم کریں | اپنی جانوں کو | یاد کریں | اللہ کو | پس بخشش مانگیں |

کہ جب کوئی کھلا گناہ یا اپنے حق میں کوئی برائی کر بیٹھتے ہیں تو اللہ کو یاد کرتے اور اپنے گناہوں کی

لِذُنُوْبِهِمْ ۠ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۣ۠ وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰى مَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِذُنُوْبِهِمْ | وَمَنْ | يَّغْفِرُ | الذُّنُوْبَ | اِلَّا | اللّٰهُ | وَ | لَمْ | يُصِرُّوْا | عَلٰى | مَا |
| واسطے اپنے گناہوں کے | اور کون | بخشتا ہے | گناہوں کو | مگر | اللہ | اور | نہ | اڑتے ہیں | اوپر | اس چیز کے کہ |

بخشش مانگتے ہیں اور اللہ کے سوا گناہ بخش بھی کون سکتا ہے؟ اور جان بوجھ کر اپنے

فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَعَلُوْا | وَ | هُمْ | يَعْلَمُوْنَ | اُولٰٓئِكَ | جَزَآؤُهُمْ | مَّغْفِرَةٌ | مِّنْ | رَّبِّهِمْ |
| کیا انہوں نے | اور | وہ | جانتے ہیں | یہ لوگ | بدلہ ان کا | بخشش ہے | سے | ان کے رب |

افعال پر اَڑے نہیں رہتے ﴿۱۳۵﴾ ایسے ہی لوگوں کا صلہ پروردگار کی طرف سے بخشش

وَجَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَنِعْمَ اَجْرُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَجَنّٰتٌ | تَجْرِيْ | مِنْ | تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا | وَنِعْمَ | اَجْرُ |
| اور جنتیں | چلتی ہیں | سے | نیچے ان کے | نہریں | ہمیشہ رہنے والے | بیچ اس کے | اور اچھا ہے | ثواب |

اور باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں (اور) وہ اُن میں ہمیشہ بستے رہیں گے۔ اور (اچھے) کام کرنے والوں کا بدلہ

الْعٰمِلِيْنَ ؕ ﴿۱۳۶﴾ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعٰمِلِيْنَ | قَدْ | خَلَتْ | مِنْ | قَبْلِكُمْ | سُنَنٌ | فَسِيْرُوْا | فِي | الْاَرْضِ |
| عمل کرنیوالوں کا | تحقیق | گزری | سے | پہلے تم | راہیں | پس سیر کرو | بیچ | زمین کے |

بہت اچھا ہے ﴿۱۳۶﴾ تم لوگوں سے پہلے بھی بہت سے واقعات گزر چکے ہیں تو تم زمین میں سیر کر کے دیکھ لو

فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۳۷﴾ هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَانْظُرُوْا | كَيْفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ | الْمُكَذِّبِيْنَ | هٰذَا | بَيَانٌ | لِّلنَّاسِ |
| پس دیکھو | کیوں کر | ہوا | آخر کام | جھٹلانے والوں کا | یہ | بیان ہے | واسطے لوگوں کے |

کہ جھٹلانے والوں کا کیسا انجام ہوا ﴿۱۳۷﴾ یہ (قرآن) لوگوں کے لیے بیانِ صریح

وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۸﴾ وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هُدًى | وَّ | مَوْعِظَةٌ | لِّلْمُتَّقِيْنَ | وَ | لَا | تَهِنُوْا | وَ | لَا | تَحْزَنُوْا | وَ | اَنْتُمُ |
| اور | ہدایت ہے | اور | نصیحت ہے | واسطے پرہیزگاروں کے | اور | مت | سستی کرو | اور | مت | غم کھاؤ | اور | تم ہی |

اور اہلِ تقویٰ کے لیے ہدایت اور نصیحت ہے ﴿۱۳۸﴾ اور (دیکھو) بیدل نہ ہونا اور نہ کسی طرح کا غم کرنا اگر

الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۹﴾ اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَعْلَوْنَ | اِنْ | كُنْتُمْ | مُّؤْمِنِيْنَ | اِنْ | يَّمْسَسْكُمْ | قَرْحٌ | فَقَدْ | مَسَّ |
| بلند ہو | اگر | ہو تم | ایمان والے | اگر | لگے تم کو | زخم | پس تحقیق | لگا ہے |

تم مومنِ (صادق) ہو تو تم ہی غالب رہو گے ﴿۱۳۹﴾ اگر تمہیں زخم (شکست) لگا ہے تو ان لوگوں کو

الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ۭ وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَلِيَعْلَمَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقَوْمَ | قَرْحٌ | مِّثْلُهٗ | وَ | تِلْكَ | الْاَيَّامُ | نُدَاوِلُهَا | بَيْنَ | النَّاسِ | وَلِيَعْلَمَ |
| اس قوم کو بھی | زخم | مانند اس کے | اور | یہ | دن | پھیرتے ہیں ہم ان کو | درمیان | لوگوں کے | اور تاکہ ظاہر کرے |

بھی ایسا زخم لگ چکا ہے اور یہ دن ہیں (کہ ہم) ان کو لوگوں میں بدلتے رہتے ہیں۔ اور اس سے

اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَاۗءَ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | يَتَّخِذَ | مِنْكُمْ | شُهَدَاۗءَ | وَاللّٰهُ | لَا | يُحِبُّ |
| اللہ | ان لوگوں کو کہ | ایمان لائے ہیں | اور | پکڑے | تم میں سے | گواہ | اور اللہ | نہیں | دوست رکھتا |

یہ بھی مقصود تھا کہ اللہ ایمان والوں کو متمیز کردے اور تم میں سے گواہ بنائے اور اللہ بے انصافوں کو

الظّٰلِمِيْنَ ۝۱۴۰ۙ وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الظّٰلِمِيْنَ | وَ | لِيُمَحِّصَ | اللّٰهُ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَيَمْحَقَ |
| ظالموں کو | اور | تاکہ خالص کرے | اللہ | ان لوگوں کو کہ | ایمان لائے | اور مٹا ڈالے |

پسند نہیں کرتا ﴿۱۴۰﴾ اور یہ بھی مقصود تھا کہ اللہ ایمان والوں کو خالص (مومن) بنادے اور کافروں کو نابود

الْكٰفِرِيْنَ ۝۱۴۱ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْكٰفِرِيْنَ | اَمْ | حَسِبْتُمْ | اَنْ | تَدْخُلُوا | الْجَنَّةَ | وَ | لَمَّا | يَعْلَمِ | اللّٰهُ |
| کافروں کو | کیا | گمان کیا تم نے | یہ کہ | داخل ہو | جنت میں | اور | ابھی نہیں | ظاہر کیا | اللہ نے |

کردے ﴿۱۴۱﴾ کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ (بے آزمائش) بہشت میں جا داخل ہوگے (حالانکہ) ابھی اللہ نے تم میں سے جہاد

الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ ۝۱۴۲ وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | جٰهَدُوْا | مِنْكُمْ | وَ | يَعْلَمَ | الصّٰبِرِيْنَ | وَ | لَقَدْ | كُنْتُمْ | تَمَنَّوْنَ |
| ان لوگوں کو کہ | جہاد کرتے ہیں | تم میں سے | اور | ابھی ظاہر نہیں کیا | صبر کرنے والوں کو | اور | البتہ تحقیق کہ | تھے تم | آرزو کرتے |

کرنے والوں کو تو اچھی طرح معلوم کیا ہی نہیں اور (یہ بھی مقصود ہے کہ) وہ ثابت قدم رہنے والوں کو معلوم کرے ﴿۱۴۲﴾ اور تم موت

ع ۱۴/۱۴ ۵ الْمَوْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَلْقَوْهُ ۠ فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ۝۱۴۳ۧ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَوْتَ | مِنْ | قَبْلِ | اَنْ | تَلْقَوْهُ | فَقَدْ | رَاَيْتُمُوْهُ | وَاَنْتُمْ | تَنْظُرُوْنَ |
| موت کی | اس سے | پہلے | یہ کہ | ملاقات کرو اس سے | پس تحقیق | دیکھ لیا تم نے اس کو | اور تم | دیکھتے تھے |

(شہادت) کے آنے سے پہلے اس کی تمنا کیا کرتے تھے سو تم نے اُس کو آنکھوں سے دیکھ لیا ﴿۱۴۳﴾

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۗ اَفَاْئِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمَا | مُحَمَّدٌ | اِلَّا | رَسُوْلٌ | قَدْ | خَلَتْ | مِنْ | قَبْلِهِ | الرُّسُلُ | اَفَاْئِنْ |
| اور نہیں | محمد | مگر | پیغمبر | تحقیق | گزرے | سے | پہلے اس | پیغمبر | آیا پس اگر |

اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تو صرف (اللہ کے) پیغمبر ہیں ان سے پہلے بھی بہت سے پیغمبر ہو گزرے ہیں۔

مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ ۗ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّاتَ | اَوْ | قُتِلَ | انْقَلَبْتُمْ | عَلٰٓى | اَعْقَابِكُمْ | وَ | مَنْ | يَّنْقَلِبْ | عَلٰى | عَقِبَيْهِ |
| مرجائے | یا | مارا جائے | کیا پھر جاؤ گے تم | اوپر | ایڑیوں اپنی کے | اور | جو کوئی | پھر جائے | اوپر | ایڑی اپنی کے |

بھلا اگر یہ مر جائیں یا مارے جائیں تو تم الٹے پاؤں پھر جاؤ گے؟ (یعنی مرتد ہو جاؤ گے؟) اور جو الٹے پاؤں پھر جائے

فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْـًٔا ۗ وَسَيَجْزِى اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۴﴾ وَمَا كَانَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَنْ | يَّضُرَّ | اللّٰهَ | شَيْـًٔا | وَ | سَيَجْزِى | اللّٰهُ | الشّٰكِرِيْنَ | وَمَا | كَانَ |
| پس ہرگز نہ | ضرر دے گا | اللہ کو | کچھ | اور | البتہ جزا دے گا | اللہ | شکر کرنے والوں کو | اور نہیں | ہے لائق |

گا تو اللہ کا کچھ نقصان نہیں کر سکے گا اور اللہ شکر گزاروں کو (بڑا) ثواب دے گا (۱۴۴) اور کسی شخص میں

لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ۗ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِنَفْسٍ | اَنْ | تَمُوْتَ | اِلَّا | بِاِذْنِ | اللّٰهِ | كِتٰبًا | مُّؤَجَّلًا | وَ | مَنْ | يُّرِدْ | ثَوَابَ |
| واسطے کسی جان کے | یہ کہ | مرجائے | مگر | ساتھ حکم | اللہ کے | لکھ رکھا ہے | وقت مقرر کر کر | اور | جو کوئی | چاہے | ثواب |

طاقت نہیں کہ اللہ کے حکم کے بغیر مر جائے (اُس نے موت کا) وقت مقرر کر کے لکھ رکھا ہے۔ اور جو شخص دنیا میں (اپنے اعمال

الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۚ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۗ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الدُّنْيَا | نُؤْتِهٖ | مِنْهَا | وَمَنْ | يُّرِدْ | ثَوَابَ | الْاٰخِرَةِ | نُؤْتِهٖ | مِنْهَا |
| دنیا کا | دیں گے ہم اس کو | اس میں سے | اور جو کوئی | چاہے | ثواب | آخرت کا | دیں گے ہم اسکو | اس میں سے |

کا) بدلہ چاہے اس کو ہم یہیں بدلہ دے دیں گے اور جو آخرت میں طالبِ ثواب ہو اُس کو وہاں اجر عطا کریں گے۔

وَسَنَجْزِى الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۵﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ ۙ مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَسَنَجْزِى | الشّٰكِرِيْنَ | وَ | كَاَيِّنْ | مِّنْ | نَّبِيٍّ | قٰتَلَ | مَعَهٗ | رِبِّيُّوْنَ |
| اور جلد جزا دیں گے ہم | شکر کرنے والوں کو | اور | بہت نبی تھے | سے کہ | نبیوں میں | لڑے | ساتھ اس کے ہو کر | اللہ والے |

اور ہم شکر گزاروں کو عنقریب (بہت اچھا) صلہ دیں گے (۱۴۵) اور بہت سے نبی ہوئے ہیں جن کے ساتھ ہو کر اکثر اہل اللہ (اللہ کے

كَثِيْرٌ ج فَمَا وَهَنُوْا لِمَآ اَصَابَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَا ضَعُفُوْا وَمَا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَثِيْرٌ | فَمَا | وَهَنُوْا | لِمَآ | اَصَابَهُمْ | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | وَ | مَا | ضَعُفُوْا | وَ | مَا |
| بہت | پس نہ | سست ہوئے | واسطے اسکے کہ | پہنچا ان کو | بیچ | راہ | اللہ کے | اور | نہ | ناتوانی کی | اور | نہ |

دشمنوں سے ) لڑے ہیں تو جو مصیبتیں اُن پر راہِ اللہ میں واقع ہوئیں ان کے سبب انہوں نے نہ تو ہمت ہاری اور نہ بزدلی کی نہ

اسْتَكَانُوْا ط وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۶﴾ وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ اِلَّآ اَنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسْتَكَانُوْا | وَ | اللّٰهُ | يُحِبُّ | الصّٰبِرِيْنَ | وَ | مَا | كَانَ | قَوْلَهُمْ | اِلَّآ | اَنْ |
| گڑگڑائے | اور | اللہ | دوست رکھتا ہے | صبر کرنے والوں کو | اور | نہ | تھی | بات ان کی | مگر | یہ کہ |

( کافروں سے ) دبے۔ اور اللہ استقلال رکھنے والوں کو دوست رکھتا ہے ﴿۱۴۶﴾ اور (اس حالت میں) اُن کے منہ

قَالُوْا رَبَّنَا اغْفِرْلَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوْا | رَبَّنَا | اغْفِرْلَنَا | ذُنُوْبَنَا | وَاِسْرَافَنَا | فِيْٓ | اَمْرِنَا | وَ | ثَبِّتْ |
| کہا انہوں نے | اے رب ہمارے | بخش واسطے ہمارے | گناہ ہمارے | اور زیادتی ہماری | بیچ | کام ہمارے کے | اور | ثابت رکھ |

سے کوئی بات نکلتی تو یہی کہ اے پروردگار ہمارے گناہ اور زیادتیاں جو ہم اپنے کاموں میں کرتے رہے ہیں معاف فرما اور ہم کو

اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۷﴾ فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَقْدَامَنَا | وَانْصُرْنَا | عَلَى | الْقَوْمِ | الْكٰفِرِيْنَ | فَاٰتٰىهُمُ | اللّٰهُ | ثَوَابَ |
| قدم ہمارے | اور مدد دے ہم کو | اوپر | قوم | کافروں کے | پس دیا ان کو | اللہ نے | ثواب |

ثابت قدم رکھ اور کافروں پر فتح عنایت کر ﴿۱۴۷﴾ تو اللہ نے ان کو دنیا میں بھی

ع ۱۵ ۵ ۲ الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ ط وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۴۸﴾ ع

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الدُّنْيَا | وَ | حُسْنَ | ثَوَابِ | الْاٰخِرَةِ | وَاللّٰهُ | يُحِبُّ | الْمُحْسِنِيْنَ |
| دنیا کا | اور | خوبی | ثواب | آخرت کی | اور اللہ | دوست رکھتا ہے | احسان کرنے والوں کو |

بدلہ دیا اور آخرت میں بھی بہت اچھا بدلہ (دے گا)۔ اور اللہ نیکوکاروں کو دوست رکھتا ہے ﴿۱۴۸﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَرُدُّوْكُمْ عَلٰٓى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا | اِنْ | تُطِيْعُوا | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | يَرُدُّوْكُمْ | عَلٰٓى |
| اے لوگو جو | ایمان لائے ہو | اگر | کہا مانو گے | ان لوگوں کا جو | کافر ہوئے | پھیر دیں گے تم کو | اوپر |

مومنو! اگر تم کافروں کا کہا مان لوگے تو وہ تم کو اُلٹے پاؤں پھیر (کرمرتد کر) دیں گے

اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾ بَلِ اللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ

| اَعْقَابِكُمْ | فَتَنْقَلِبُوْا | خٰسِرِيْنَ | بَلِ | اللّٰهُ | مَوْلٰىكُمْ | وَ | هُوَ | خَيْرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایڑیوں تمہاری کے | پس ہو جاؤ گے تم | زیاں پانے والے | بلکہ | اللہ | کارساز ہے تمہارا | اور | وہ | بہتر ہے |

پھر تم بڑے خسارے میں پڑ جاؤ گے ﴿۱۴۹﴾ (یہ تمہارے مددگار نہیں ہیں) بلکہ اللہ تمہارا مددگار ہے اور

النّٰصِرِيْنَ ﴿۱۵۰﴾ سَنُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَآ

| النّٰصِرِيْنَ | سَنُلْقِيْ | فِيْ | قُلُوْبِ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | الرُّعْبَ | بِمَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مدد دینے والا | جلدی ہم ڈال دیں گے | بیچ | دلوں | ان لوگوں کے کہ | کافر ہوئے | رعب | بسبب اسکے کہ |

وہ سب سے بہتر مددگار ہے ﴿۱۵۰﴾ ہم عنقریب کافروں کے دلوں میں تمہارا رُعب بٹھا دیں گے کیونکہ یہ اللہ کے ساتھ

اَشْرَكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا ۚ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ وَبِئْسَ

| اَشْرَكُوْا | بِاللّٰهِ | مَا | لَمْ | يُنَزِّلْ | بِهٖ | سُلْطٰنًا | وَمَاْوٰىهُمُ | النَّارُ | وَبِئْسَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شریک لائے ہیں | ساتھ اللہ کے | وہ چیز کہ | نہ | اتاری | ساتھ اسکے | دلیل | اور جگہ ان کی | آگ ہے | اور بری ہے |

شرک کرتے ہیں جس کی اس نے کوئی بھی دلیل نازل نہیں کی۔ اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے۔ اور وہ ظالموں کا

مَثْوَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾ وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗٓ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ

| مَثْوَى | الظّٰلِمِيْنَ | وَ | لَقَدْ | صَدَقَكُمُ | اللّٰهُ | وَعْدَهٗٓ | اِذْ | تَحُسُّوْنَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جگہ رہنے | ظالموں کی | اور | البتہ تحقیق | سچا کیا ہے تم سے | اللہ نے | وعدہ اپنا | جس وقت | کاٹتے تھے تم ان کو |

بہت برا ٹھکانا ہے ﴿۱۵۱﴾ اور اللہ نے اپنا وعدہ سچا کر دیا (یعنی) اُس وقت جبکہ تم کافروں کو اس کے حکم

بِاِذْنِهٖ ۚ حَتّٰٓى اِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِي الْاَمْرِ وَعَصَيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ

| بِاِذْنِهٖ | حَتّٰٓى | اِذَا | فَشِلْتُمْ | وَتَنَازَعْتُمْ | فِي | الْاَمْرِ | وَعَصَيْتُمْ | مِّنْۢ بَعْدِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ حکم اسکے کے | یہاں تک کہ | جب | نامردی کی تم نے | اور جھگڑا کیا تم نے | بیچ | کام کے | اور نافرمانی کی تم نے | پیچھے اس سے کہ |

سے قتل کر رہے تھے یہاں تک کہ جو تم چاہتے تھے اللہ نے تم کو دکھا دیا۔ اس کے بعد تم نے ہمت ہار دی اور حکم

مَآ اَرٰىكُمْ مَّا تُحِبُّوْنَ ۭ مِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الدُّنْيَا وَمِنْكُمْ مَّنْ

| مَآ | اَرٰىكُمْ | مَّا | تُحِبُّوْنَ | مِنْكُمْ | مَّنْ | يُّرِيْدُ | الدُّنْيَا | وَ | مِنْكُمْ | مَّنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو | دکھلایا تم کو | جو | چاہتے تھے تم | بعض تم میں سے | وہ تھا جو کہ | ارادہ کرتا تھا | دنیا کا | اور | بعض تم میں سے | وہ تھا جو کہ |

(پیغمبر) میں جھگڑا کرنے لگے اور اس کی نافرمانی کی۔ بعض تو تم میں سے دنیا کے خواستگار تھے اور بعض

يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ۚ ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ ۚ وَلَقَدْ عَفَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُرِيْدُ | الْاٰخِرَةَ | ثُمَّ | صَرَفَكُمْ | عَنْهُمْ | لِيَبْتَلِيَكُمْ | وَ | لَقَدْ | عَفَا |
| ارادہ کرتا تھا | آخرت کا | پھر | پھیر دیا تم کو | ان سے | تا کہ آزمائے تم کو | اور | البتہ تحقیق | معاف کیا |

آخرت کے طالب۔ اس وقت اللہ نے تم کو ان (کے مقابلے) سے پھیر (کر بھگا) دیا تا کہ تمہاری آزمائش کرے اور اس نے تمہارا قصور

عَنْكُمْ ۗ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵۲﴾ اِذْ تُصْعِدُوْنَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْكُمْ | وَاللّٰهُ | ذُوْفَضْلٍ | عَلَى | الْمُؤْمِنِيْنَ | اِذْ | تُصْعِدُوْنَ |
| تم سے | اور اللہ | صاحب فضل کا ہے | اوپر | ایمان والوں کے | جس وقت | چڑھے جاتے تھے تم |

معاف کر دیا۔ اور اللہ مومنوں پر بڑا فضل کرنے والا ہے ﴿۱۵۲﴾ (وہ وقت بھی یاد کرنے کے لائق ہے) جب تم لوگ دور بھاگے جاتے تھے

وَلَا تَلْوٗنَ عَلٰٓى اَحَدٍ وَّالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ فِيْٓ اُخْرٰىكُمْ فَاَثَابَكُمْ غَمًّاۢ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | تَلْوٗنَ | عَلٰٓى | اَحَدٍ | وَّ | الرَّسُوْلُ | يَدْعُوْكُمْ | فِيْٓ | اُخْرٰىكُمْ | فَاَثَابَكُمْ | غَمًّا |
| اور | نہ | مڑ کھڑے ہوتے تھے | اوپر | کسی کے | اور | پیغمبر | پکارتا تھا تم کو | بیچ | پچھاڑی تمہاری کے | پس دوبارہ دیا تم کو | غم |

اور کسی کو پیچھے پھر کر نہیں دیکھتے تھے اور رسول اللہ تم کو تمہارے پیچھے کھڑے بلا رہے تھے تو اللہ نے تم کو غم پر

بِغَمٍّ لِّكَيْلَا تَحْزَنُوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا مَآ اَصَابَكُمْ ۗ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِغَمٍّ | لِّكَيْلَا | تَحْزَنُوْا | عَلٰى | مَا | فَاتَكُمْ | وَلَا | مَآ | اَصَابَكُمْ | وَاللّٰهُ | خَبِيْرٌ |
| ساتھ غم کے | تا کہ نہ | غم کھاؤ تم | اوپر | اس چیز کے کہ | چوک گئی تم سے | اور جو | نہ | پہنچی تم کو | اور اللہ | خبردار ہے |

غم پہنچایا تا کہ جو چیز تمہارے ہاتھ سے جاتی رہی یا جو مصیبت تم پر واقع ہوئی ہے اس سے تم اندوہناک نہ ہو۔ اور اللہ تمہارے

بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵۳﴾ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | ثُمَّ | اَنْزَلَ | عَلَيْكُمْ | مِّنْۢ بَعْدِ | الْغَمِّ | اَمَنَةً | نُّعَاسًا |
| ساتھ اس چیز کے کہ | کرتے ہو تم | پھر | اتارا | اوپر تمہارے | پیچھے | غم کے | امن | جو اونگھ تھی |

سب اعمال سے خبردار ہے ﴿۱۵۳﴾ پھر اللہ نے غم و رنج کے بعد تم پر تسلی نازل فرمائی (یعنی) نیند

يَّغْشٰى طَآىِٕفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآىِٕفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّغْشٰى | طَآىِٕفَةً | مِّنْكُمْ | وَ | طَآىِٕفَةٌ | قَدْ | اَهَمَّتْهُمْ | اَنْفُسُهُمْ | يَظُنُّوْنَ |
| ڈھانکتی تھی | ایک جماعت کو | تم میں سے | اور | ایک جماعت تھی | کہ تحقیق | فکر میں ڈالا تھا ان کو | جانوں ان کی نے | گمان کرتے تھے |

کہ تم میں سے ایک جماعت پر طاری ہو گئی اور کچھ لوگ جن کو جان کے لالے پڑ رہے تھے اللہ کے بارے میں

بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۭ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ

| بِاللّٰهِ | غَيْرَ | الْحَقِّ | ظَنَّ | الْجَاهِلِيَّةِ | يَقُوْلُوْنَ | هَلْ | لَّنَا | مِنَ | الْاَمْرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ اللہ کے | سوائے | حق کے | گمان | جاہلیت کا | کہتے تھے | کیا ہے | ہمارے واسطے | سے | اختیار |

ناحق (ایام) کفر کے سے گمان کرتے تھے اور کہتے تھے بھلا ہمارے اختیار کی کچھ بات ہے؟ تم کہہ دو

مِنْ شَيْءٍ ۭ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ۭ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا

| مِنْ شَيْءٍ | قُلْ | اِنَّ | الْاَمْرَ | كُلَّهٗ | لِلّٰهِ | يُخْفُوْنَ | فِيْٓ | اَنْفُسِهِمْ | مَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کچھ چیز | کہہ | بیشک | اختیار | سب اس کا | واسطے اللہ کے ہے | چھپاتے ہیں | بیچ | اپنے نفسوں کے | وہ چیز کہ |

کہ بے شک سب باتیں اللہ ہی کے اختیار میں ہیں۔ یہ لوگ (بہت سی باتیں) دلوں میں مخفی رکھتے ہیں

لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ۭ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا

| لَا | يُبْدُوْنَ | لَكَ | يَقُوْلُوْنَ | لَوْ | كَانَ | لَنَا | مِنَ | الْاَمْرِ | شَيْءٌ | مَّا | قُتِلْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | ظاہر کرتے | واسطے تیرے | کہتے ہیں | اگر | ہوتا | واسطے ہمارے | سے | اختیار | کچھ | نہ | مارے جاتے ہم |

جو تم پر ظاہر نہیں کرتے تھے۔ کہتے تھے کہ ہمارے بس کی بات ہوتی تو ہم یہاں قتل ہی نہ کیے جاتے۔

هٰهُنَا ۭ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى

| هٰهُنَا | قُلْ | لَّوْ | كُنْتُمْ | فِيْ | بُيُوْتِكُمْ | لَبَرَزَ | الَّذِيْنَ | كُتِبَ | عَلَيْهِمُ | الْقَتْلُ | اِلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہاں | کہہ | اگر | ہوتے تم | بیچ | گھروں اپنے کے | البتہ نکل کھڑے ہوتے | وہ لوگ کہ | لکھا گیا | اوپر ان کے | مارا جانا | طرف |

کہہ دو کہ اگر تم اپنے گھروں میں بھی ہوتے تو جن کی تقدیر میں مارا جانا لکھا تھا وہ اپنی اپنی قتل گاہوں کی طرف

مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا

| مَضَاجِعِهِمْ | وَلِيَبْتَلِيَ | اللّٰهُ | مَا | فِيْ | صُدُوْرِكُمْ | وَ | لِيُمَحِّصَ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جگہ پڑنے اپنے کے | اور تا کہ آزمائے | اللہ | اس چیز کو کہ | بیچ | تمہارے سینوں کے ہے | اور | تا کہ خالص کرے | اس چیز کو کہ |

ضرور نکل آتے۔ اس سے غرض یہ تھی کہ اللہ تمہارے سینوں کی باتوں کو آزمائے اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اس کو

فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۵۴﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا

| فِيْ | قُلُوْبِكُمْ | وَ | اللّٰهُ | عَلِيْمٌ | بِذَاتِ الصُّدُوْرِ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | تَوَلَّوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیچ | تمہارے دلوں کے ہے | اور | اللہ | جاننے والا ہے | سینے والی بات کو | بے شک | جو لوگ کہ | پیٹھ پھیر گئے |

خالص اور صاف کر دے۔ اور اللہ دلوں کی باتوں سے خوب واقف ہے ﴿۱۵۴﴾ جو لوگ تم میں سے (اُحد کے دن)

ع ۱۶/۷

مِنۡكُمۡ يَوۡمَ الۡتَقَى الۡجَمۡعٰنِ ۙ اِنَّمَا اسۡتَزَلَّهُمُ الشَّيۡطٰنُ بِبَعۡضِ مَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنۡكُمۡ | يَوۡمَ | الۡتَقَى | الۡجَمۡعٰنِ | اِنَّمَا | اسۡتَزَلَّهُمُ | الشَّيۡطٰنُ | بِبَعۡضِ | مَا |
| تم میں سے | اس دن کہ | ملیں | دو جماعتیں | سوائے اسکے نہیں کہ | بہکا دیا ان کو | شیطان نے | بعض | اس چیز سے کہ |

جبکہ (مومنوں اور کافروں کی) دو جماعتیں ایک دوسرے سے گُتھ گئیں (جنگ سے) بھاگ گئے تو اُن کے بعض افعال کے سبب شیطان نے

كَسَبُوۡا ۚ وَلَقَدۡ عَفَا اللّٰهُ عَنۡهُمۡ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ حَلِيۡمٌ ﴿۱۵۵﴾ يٰۤاَيُّهَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَسَبُوۡا | وَ | لَقَدۡ | عَفَا | اللّٰهُ | عَنۡهُمۡ | اِنَّ | اللّٰهَ | غَفُوۡرٌ | حَلِيۡمٌ | يٰۤاَيُّهَا |
| کمایا انہوں نے | اور | البتہ تحقیق | معاف کیا | اللہ نے | ان سے | بے شک | اللہ | بخشنے والا | تحمل والا ہے | اے |

اُن کو پھسلا دیا۔ مگر اللہ نے ان کا قصور معاف کر دیا۔ بیشک اللہ بخشنے والا (اور) بردبار ہے ﴿۱۵۵﴾ مومنو! اُن

الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَكُوۡنُوۡا كَالَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَقَالُوۡا لِاِخۡوَانِهِمۡ اِذَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيۡنَ | اٰمَنُوۡا | لَا | تَكُوۡنُوۡا | كَالَّذِيۡنَ | كَفَرُوۡا | وَ | قَالُوۡا | لِاِخۡوَانِهِمۡ | اِذَا |
| لوگو جو | ایمان لائے ہو | مت | ہو | مانند ان لوگوں کے کہ | کافر ہوئے | اور | کہنے لگے | اپنے بھائیوں کو | جس وقت |

لوگوں جیسے نہ ہونا جو کفر کرتے ہیں اور ان کے (مسلمان) بھائی جب (اللہ کی راہ میں) سفر کریں (اور مر جائیں)

ضَرَبُوۡا فِى الۡاَرۡضِ اَوۡ كَانُوۡا غُزًّى لَّوۡ كَانُوۡا عِنۡدَنَا مَا مَاتُوۡا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ضَرَبُوۡا | فِى | الۡاَرۡضِ | اَوۡ | كَانُوۡا | غُزًّى | لَّوۡ | كَانُوۡا | عِنۡدَنَا | مَا | مَاتُوۡا |
| چلتے | بیچ | زمین کے | یا | ہوئے | لڑنے والے | اگر | ہوتے | ہمارے پاس | نہ | مرتے |

یا جہاد کو نکلیں (اور مارے جائیں) تو ان کی نسبت کہتے ہیں کہ اگر وہ ہمارے پاس رہتے تو نہ مرتے

وَمَا قُتِلُوۡا ۚ لِيَجۡعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ حَسۡرَةً فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ ؕ وَاللّٰهُ يُحۡىٖ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | قُتِلُوۡا | لِيَجۡعَلَ | اللّٰهُ | ذٰلِكَ | حَسۡرَةً | فِىۡ | قُلُوۡبِهِمۡ | وَ | اللّٰهُ | يُحۡىٖ |
| اور | نہ | قتل کیے جاتے | تا کہ کرے | اللہ | یہ | پچھتاوا | بیچ | ان کے دلوں کے | اور | اللہ | زندگی دیتا ہے |

اور نہ مارے جاتے۔ ان باتوں سے مقصود یہ ہے کہ اللہ اُن لوگوں کے دلوں میں افسوس پیدا کر دے۔ اور زندگی

وَيُمِيۡتُ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرٌ ﴿۱۵۶﴾ وَلَئِنۡ قُتِلۡتُمۡ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يُمِيۡتُ | وَاللّٰهُ | بِمَا | تَعۡمَلُوۡنَ | بَصِيۡرٌ | وَ | لَئِنۡ | قُتِلۡتُمۡ | فِىۡ | سَبِيۡلِ | اللّٰهِ |
| اور | مارتا ہے | اور اللہ | اس چیز کو کہ | تم کرتے ہو | دیکھنے والا ہے | اور | اگر | مارے جاؤ تم | بیچ | راہ | اللہ کے |

اور موت تو اللہ ہی دیتا ہے۔ اور اللہ تمہارے سب کاموں کو دیکھ رہا ہے ﴿۱۵۶﴾ اور اگر تم اللہ کے رستے میں مارے جاؤ

اَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ وَلَئِنْ

| اَوْ | مُتُّمْ | لَمَغْفِرَةٌ | مِّنَ | اللّٰهِ | وَ | رَحْمَةٌ | خَيْرٌ | مِّمَّا | يَجْمَعُوْنَ | وَ | لَئِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یا | مرجاؤتم | البتہ بخشش | طرف | اللہ کے سے | اور | رحمت | بہتر ہے | اس چیز سے کہ | جمع کرتے ہیں | اور | اگر |

یا مرجاؤ تو جو (مال ومتاع) لوگ جمع کرتے ہیں اس سے اللہ کی بخشش اور رحمت کہیں بہتر ہے ﴿۱۵۷﴾ اور اگر

مُّتُّمْ اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِلَى اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ

| مُّتُّمْ | اَوْ | قُتِلْتُمْ | لَاِلَى | اللّٰهِ | تُحْشَرُوْنَ | فَبِمَا | رَحْمَةٍ | مِّنَ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مرجاؤتم | یا | مارے جاؤتم | البتہ طرف | اللہ کے | اکٹھے کیے جاؤ گے | پس ساتھ | رحمت کے | سے | اللہ کی |

تم مرجاؤ یا مارے جاؤ اللہ کے حضور میں ضرور اکٹھے کیے جاؤ گے ﴿۱۵۸﴾ (اے محمد ﷺ) اللہ کی مہربانی سے تمہاری

لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ ۖ

| لِنْتَ | لَهُمْ | وَ | لَوْ | كُنْتَ | فَظًّا | غَلِيْظَ | الْقَلْبِ | لَانْفَضُّوْا | مِنْ | حَوْلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نرم ہوا تو | واسطے ان کے | اور | اگر | ہوتا تو | سخت خو | سخت | دل | البتہ بھاگ جاتے | سے | گرد تیرے |

اُفتادِ مزاج اُن لوگوں کے لیے نرم واقع ہوئی ہے اور اگر تم بدخو اور سخت دل ہوتے تو یہ تمہارے پاس سے بھاگ کھڑے ہوتے ۔

فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ ۚ فَاِذَا

| فَاعْفُ | عَنْهُمْ | وَ | اسْتَغْفِرْ لَهُمْ | وَ | شَاوِرْهُمْ | فِي | الْاَمْرِ | فَاِذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس معاف کر | ان سے | اور | بخشش مانگ واسطے ان کے | اور | مشورہ کر ان سے | بیچ | کام کے | پس جب |

تو اُن کو معاف کردو اور ان کے لیے (اللہ سے) مغفرت مانگو اور اپنے کاموں میں اُن سے مشورت لیا کرو۔ اور جب

عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ﴿۱۵۹﴾ اِنْ

| عَزَمْتَ | فَتَوَكَّلْ | عَلَى | اللّٰهِ | اِنَّ | اللّٰهَ | يُحِبُّ | الْمُتَوَكِّلِيْنَ | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قصد کرے | پس بھروسہ کر | اوپر | اللہ کے | بے شک | اللہ | دوست رکھتا ہے | توکل کرنے والوں کو | اگر |

(کسی کام کا) عزم مصمم کرلو تو اللہ پر بھروسہ رکھو۔ بیشک اللہ بھروسہ رکھنے والوں کو دوست رکھتا ہے ﴿۱۵۹﴾ اگر

يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ

| يَّنْصُرْكُمُ | اللّٰهُ | فَلَا | غَالِبَ | لَكُمْ | وَاِنْ | يَّخْذُلْكُمْ | فَمَنْ | ذَا الَّذِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مدد کرے تمہاری | اللہ | پس نہیں | غالب کوئی | واسطے تمہارے | اور اگر | چھوڑ دے تم کو | پس کون ہے | وہ جو |

اللہ تمہارا مددگار ہے تو تم پر کوئی غالب نہیں آسکتا اور اگر وہ تمہیں چھوڑ دے تو پھر کون ہے

يَنۡصُرُكُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِهٖ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلۡيَتَوَكَّلِ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۱۶۰﴾ وَمَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَنۡصُرُكُمۡ | مِّنۡۢ بَعۡدِهٖ | وَعَلَى | اللّٰهِ | فَلۡيَتَوَكَّلِ | الۡمُؤۡمِنُوۡنَ | وَ | مَا |
| مدد کرے تمہاری | پیچھے اس کے | اور اوپر | اللہ کے | پس چاہیے کہ توکل کریں | ایمان والے | اور | نہیں لائق |

کہ تمہاری مدد کرے۔ اور مومنوں کو چاہیے کہ اللہ ہی پر بھروسہ رکھیں﴿۱۶۰﴾ اور کبھی

كَانَ لِنَبِيٍّ اَنۡ يَّغُلَّ ؕ وَمَنۡ يَّغۡلُلۡ يَاۡتِ بِمَا غَلَّ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانَ | لِنَبِيٍّ | اَنۡ | يَّغُلَّ | وَ | مَنۡ | يَّغۡلُلۡ | يَاۡتِ | بِمَا | غَلَّ | يَوۡمَ | الۡقِيٰمَةِ | ثُمَّ |
| ہے | کسی نبی کو | یہ کہ | خیانت کرے | اور | جو کوئی | خیانت کریگا | لے آئیگا | اس چیز کو کہ | خیانت کی ہے | دن | قیامت کے | پھر |

نہیں ہوسکتا کہ پیغمبر (اللہ) خیانت کریں۔ اور خیانت کرنے والوں کو قیامت کے دن خیانت کی ہوئی چیز (اللہ کے روبرو) لا حاضر کرنی ہوگی۔ پھر

تُوَفّٰى كُلُّ نَفۡسٍ مَّا كَسَبَتۡ وَهُمۡ لَا يُظۡلَمُوۡنَ ﴿۱۶۱﴾ اَفَمَنِ اتَّبَعَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُوَفّٰى | كُلُّ | نَفۡسٍ | مَّا | كَسَبَتۡ | وَ | هُمۡ | لَا | يُظۡلَمُوۡنَ | اَفَمَنِ | اتَّبَعَ |
| پورا دیا جائیگا | ہر | جی کو | جو | کمایا ہے اس نے | اور | وہ | نہیں | ظلم کیے جائینگے | کیا پس جس نے | پیروی کی |

ہر شخص کو اس کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا اور بے انصافی نہیں کی جائے گی﴿۱۶۱﴾ بھلا جو شخص

رِضۡوَانَ اللّٰهِ كَمَنۡۢ بَآءَ بِسَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاۡوٰٮهُ جَهَنَّمُ ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رِضۡوَانَ | اللّٰهِ | كَمَنۡۢ | بَآءَ | بِسَخَطٍ | مِّنَ | اللّٰهِ | وَ | مَاۡوٰٮهُ | جَهَنَّمُ |
| رضامندی | اللہ کی | ہوگا مانند اس شخص کے کہ | پھر آیا | ساتھ غصے کے | سے | اللہ | اور | جگہ اس کی | دوزخ ہے |

اللہ کی خوشنودی کا تابع ہو وہ اس شخص کی طرح (مرتکب خیانت) ہوسکتا ہے جو اللہ کی ناخوشی میں گرفتار ہو اور جس کا ٹھکانا دوزخ ہے

وَبِئۡسَ الۡمَصِيۡرُ ﴿۱۶۲﴾ هُمۡ دَرَجٰتٌ عِنۡدَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيۡرٌۢ بِمَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | بِئۡسَ | الۡمَصِيۡرُ | هُمۡ | دَرَجٰتٌ | عِنۡدَ | اللّٰهِ | وَاللّٰهُ | بَصِيۡرٌۢ | بِمَا |
| اور | بری ہے | جگہ پھر جانے کی | یہ لوگ | درجوں پر ہیں | نزدیک | اللہ کے | اور اللہ | دیکھنے والا ہے | اس چیز کو کہ |

اور وہ برا ٹھکانا ہے﴿۱۶۲﴾ ان لوگوں کے اللہ کے ہاں (مختلف اور متفاوت) درجے ہیں اور اللہ اُن کے سب

يَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۶۳﴾ لَقَدۡ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الۡمُؤۡمِنِيۡنَ اِذۡ بَعَثَ فِيۡهِمۡ رَسُوۡلًا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعۡمَلُوۡنَ | لَقَدۡ | مَنَّ | اللّٰهُ | عَلَى | الۡمُؤۡمِنِيۡنَ | اِذۡ | بَعَثَ | فِيۡهِمۡ | رَسُوۡلًا |
| کرتے ہیں | البتہ تحقیق | احسان کیا | اللہ نے | اوپر | ایمان والوں کے | جس وقت | بھیجا | بیچ ان کے | پیغمبر |

اعمال کو دیکھ رہا ہے﴿۱۶۳﴾ اللہ نے مومنوں پر بڑا احسان کیا ہے کہ ان میں انہیں میں سے

النصف

مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ

| مِّنْ | اَنْفُسِهِمْ | يَتْلُوْا | عَلَيْهِمْ | اٰيٰتِهٖ | وَيُزَكِّيْهِمْ | وَ | يُعَلِّمُهُمُ | الْكِتٰبَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | آپس میں ان کے | پڑھتا ہے | اوپران کے | آیتیں اس کی | اور پاک کرتا ہے ان کو | اور | سکھاتا ہے ان کو | کتاب |

ایک پیغمبر بھیجے جو اُن کو اللہ کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سُناتے اوراُن کو پاک کرتے اور (اللہ کی) کتاب

وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۶۴﴾ اَوَلَمَّآ

| وَ | الْحِكْمَةَ | وَ | اِنْ | كَانُوْا | مِنْ | قَبْلُ | لَفِيْ | ضَلٰلٍ | مُّبِيْنٍ | اَوَلَمَّآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | حکمت | اور | تحقیق | تھے وہ | اس سے | پہلے | البتہ بیچ | گمراہی | ظاہر کے | کیا جس وقت |

اوردانائی سکھاتے ہیں اور پہلے تو یہ لوگ صریح گمراہی میں تھے (۱۶۴) (بھلا یہ) کیا (بات ہے کہ) جب (اُحد کے دن کفار کے ہاتھ سے)

اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَدْ اَصَبْتُمْ مِّثْلَيْهَا ۙ قُلْتُمْ اَنّٰى هٰذَا ؕ قُلْ هُوَ

| اَصَابَتْكُمْ | مُّصِيْبَةٌ | قَدْ | اَصَبْتُمْ | مِّثْلَيْهَا | قُلْتُمْ | اَنّٰى | هٰذَا | قُلْ | هُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہنچی تم کو | مصیبت | تحقیق | پہنچایا تھا تم نے | دوبرابراس کے | کہا تم نے | کہاں سے ہوا | یہ | کہہ | کہ وہ |

تم پر مصیبت واقع ہوئی حالانکہ (جنگ بدر میں) اس سے دوچند مصیبت تمہارے ہاتھ سے اُن پر پڑ چکی ہے تو تم چلّا اٹھے کہ (ہائے) آفت (ہم پر)

مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۶۵﴾ وَمَآ

| مِنْ | عِنْدِ | اَنْفُسِكُمْ | اِنَّ | اللّٰهَ | عَلٰى | كُلِّ | شَيْءٍ | قَدِيْرٌ | وَ | مَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | نزدیک | جانوں تمہاری | بےشک | اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے | اور | جو کچھ |

کہاں سے آپڑی۔ کہدو کہ یہ تمہاری ہی شامتِ اعمال ہے (کہ تم نے پیغمبر کے حکم کے خلاف کیا)۔ بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے (۱۶۵) اور جو مصیبت تم پر

اَصَابَكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيَعْلَمَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۶۶﴾ ۙ

| اَصَابَكُمْ | يَوْمَ | الْتَقَى | الْجَمْعٰنِ | فَبِاِذْنِ | اللّٰهِ | وَ | لِيَعْلَمَ | الْمُؤْمِنِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہنچا تم کو | اس دن کہ | ملیں | دو جماعتیں | پس ساتھ حکم | اللہ کے تھا | اور | تا کہ ظاہر کرے | ایمان والوں کو |

دونوں جماعتوں کے مقابلے کے دن واقع ہوئی سو اللہ کے حکم سے (واقع ہوئی) اور (اس سے) یہ مقصود تھا کہ اللہ مومنوں کو اچھی طرح معلوم کرلے (۱۶۶)

وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ نَافَقُوْا ۖۚ وَقِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا قَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

| وَلِيَعْلَمَ | الَّذِيْنَ | نَافَقُوْا | وَقِيْلَ | لَهُمْ | تَعَالَوْا | قَاتِلُوْا | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور تا کہ ظاہر کرے | ان لوگوں کو جو کہ | منافق ہوئے | اور کہا گیا | واسطے ان کے | آؤ | لڑو | بیچ | راہ | اللہ کے |

اور منافقوں کو بھی معلوم کر لے اور (جب) اُن سے کہا گیا کہ آؤ اللہ کے رستے میں جنگ کرو یا

اَوِ ادْفَعُوْا ۭ قَالُوْا لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا لَّا اتَّبَعْنٰكُمْ ۭ هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَىِٕذٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوِ | ادْفَعُوْا | قَالُوْا | لَوْ | نَعْلَمُ | قِتَالًا | لَّا اتَّبَعْنٰكُمْ | هُمْ | لِلْكُفْرِ | يَوْمَىِٕذٍ |
| یا | دفاع کرو | کہنے لگے | اگر | جانتے ہم | لڑائی | البتہ ساتھ چلتے تمہارے | یہ لوگ | طرف کفر کے | اس دن |

(کافروں کے) حملوں کو روکو۔ تو کہنے لگے کہ اگر ہم کو لڑائی کی خبر ہوتی تو ہم ضرور تمہارے ساتھ رہتے۔ یہ اُس دن

اَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْاِيْمَانِ ۚ يَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَقْرَبُ | مِنْهُمْ | لِلْاِيْمَانِ | يَقُوْلُوْنَ | بِاَفْوَاهِهِمْ | مَّا | لَيْسَ | فِيْ |
| بہت نزدیک تھے | ان سے | طرف ایمان کی | کہتے ہیں | ساتھ اپنے مونہوں کے | جو کچھ کہ | نہیں | بیچ |

ایمان کی نسبت کفر سے زیادہ قریب تھے۔ منہ سے وہ باتیں کہتے ہیں جو اُن کے دل میں نہیں

قُلُوْبِهِمْ ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُوْنَ ﴿۱٦۷﴾ اَلَّذِيْنَ قَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلُوْبِهِمْ | وَ | اللّٰهُ | اَعْلَمُ | بِمَا | يَكْتُمُوْنَ | اَلَّذِيْنَ | قَالُوْا | لِاِخْوَانِهِمْ |
| ان کے دلوں کے | اور | اللہ | خوب جانتا ہے | جو کچھ کہ | چھپاتے ہیں | جن لوگوں نے | کہا | واسطے اپنے بھائیوں کے |

ہیں۔ اور جو کچھ یہ چھپاتے ہیں اللہ اُس سے خوب واقف ہے ﴿۱٦۷﴾ یہ خود تو (جنگ سے بچ کر) بیٹھ ہی رہے تھے مگر

وَقَعَدُوْا لَوْ اَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا ۭ قُلْ فَادْرَءُوْا عَنْ اَنْفُسِكُمُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَعَدُوْا | لَوْ | اَطَاعُوْنَا | مَا | قُتِلُوْا | قُلْ | فَادْرَءُوْا | عَنْ | اَنْفُسِكُمُ |
| اور | آپ بیٹھ رہے | اگر | کہا مانتے ہمارا | نہ | مارے جاتے | کہہ | پس ہٹا دو تم | سے | جانوں اپنی |

(جنہوں نے راہِ اللہ میں جانیں قربان کر دیں) اپنے (اُن) بھائیوں کے بارے میں بھی کہتے ہیں کہ اگر ہمارا کہا مانتے تو قتل نہ ہوتے۔ کہہ دو کہ

الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱٦۸﴾ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَوْتَ | اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ | وَ | لَا | تَحْسَبَنَّ | الَّذِيْنَ | قُتِلُوْا | فِيْ |
| موت کو | اگر | ہو تم | سچے | اور | مت | گمان کر | ان لوگوں کو کہ | مارے گئے | بیچ |

اگر سچے ہو تو اپنے اوپر سے موت کو ٹال دینا ﴿۱٦۸﴾ جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے

سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ۭ بَلْ اَحْيَاۗءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ﴿۱٦۹﴾ ۱۷

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَبِيْلِ | اللّٰهِ | اَمْوَاتًا | بَلْ | اَحْيَاۗءٌ | عِنْدَ | رَبِّهِمْ | يُرْزَقُوْنَ |
| راہ | اللہ کے | مردے | بلکہ | زندہ ہیں | نزدیک | اپنے رب کے | رزق دیئے جاتے ہیں |

ان کو مرے ہوئے نہ سمجھنا (وہ مرے ہوئے نہیں ہیں)۔ بلکہ اللہ کے نزدیک زندہ ہیں اور اُن کو رزق مل رہا ہے ﴿۱٦۹﴾

فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۙ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَرِحِيْنَ | بِمَآ | اٰتٰهُمُ | اللّٰهُ | مِنْ | فَضْلِهٖ | وَ | يَسْتَبْشِرُوْنَ | بِالَّذِيْنَ | لَمْ |
| خوش ہیں | ساتھ اس چیز کے کہ | دی ہے انکو | اللہ نے | سے | فضل اپنے | اور | خوش خبری لیتے ہیں | ساتھ ان لوگوں کے کہ | نہیں |

جو کچھ اللہ نے ان کو اپنے فضل سے بخش رکھا ہے اس میں خوش ہیں اور جو لوگ ان کے پیچھے رہ گئے اور (شہید ہو کر) ان

يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ ۙ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۷۰﴾ وقف لازم

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَلْحَقُوْا | بِهِمْ | مِّنْ | خَلْفِهِمْ | اَلَّا | خَوْفٌ | عَلَيْهِمْ | وَ | لَا | هُمْ | يَحْزَنُوْنَ |
| ملے وہ | ساتھ انکے | سے | پیچھے ان کے | یہ کہ نہیں | ڈر | اوپر ان کے | اور | نہ | وہ | غمگین ہوں گے |

میں شامل نہیں ہو سکے ان کی نسبت خوشیاں منا رہے ہیں کہ (قیامت کے دن) اُن کو بھی نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے ﴿۱۷۰﴾

يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَسْتَبْشِرُوْنَ | بِنِعْمَةٍ | مِّنَ | اللّٰهِ | وَ | فَضْلٍ | وَّاَنَّ | اللّٰهَ | لَا | يُضِيْعُ |
| خوشخبری لیتے ہیں | ساتھ نعمت کے | طرف سے | اللہ کی | اور | فضل کے | اور بیشک | اللہ | نہیں | ضائع کرتا |

اور اللہ کے انعامات اور فضل سے خوش ہو رہے ہیں اور اس سے کہ اللہ مومنوں کا اجر

اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ ۚۛ اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْ بَعْدِ ع ۱۷ ۱۶ ۸

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَجْرَ | الْمُؤْمِنِيْنَ | اَلَّذِيْنَ | اسْتَجَابُوْا | لِلّٰهِ | وَ | الرَّسُوْلِ | مِنْ بَعْدِ |
| ثواب | ایمان والوں کا | جن لوگوں نے | قبول کیا | واسطے اللہ کے | اور | رسول کے | پیچھے اس کے |

ضائع نہیں کرتا ﴿۱۷۱﴾ جنہوں نے باوجود زخم کھانے کے اللہ اور رسول (کے حکم)

مَآ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ۛؕ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا اَجْرٌ مع

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَآ | اَصَابَهُمُ | الْقَرْحُ | لِلَّذِيْنَ | اَحْسَنُوْا | مِنْهُمْ | وَ | اتَّقَوْا | اَجْرٌ |
| کہ | پہنچے ان کو | زخم | واسطے ان لوگوں کے کہ | نیکی کرتے ہیں | ان میں سے | اور | پرہیزگاری کرتے ہیں | ثواب ہے |

کو قبول کیا۔ جو لوگ ان میں نیکوکار اور پرہیزگار ہیں اُن کے لیے

عَظِيْمٌ ﴿۱۷۲﴾ ۚ اَلَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَظِيْمٌ | اَلَّذِيْنَ | قَالَ | لَهُمُ | النَّاسُ | اِنَّ | النَّاسَ | قَدْ جَمَعُوْا | لَكُمْ |
| بڑا | وہ لوگ کہ | کہا | واسطے ان کے | لوگوں نے | بیشک | لوگ | جمع ہو گئے ہیں | واسطے تمہارے |

بڑا ثواب ہے ﴿۱۷۲﴾ (جب) اُن سے لوگوں نے آ کر بیان کیا کہ کفار نے تمہارے (مقابلے کے) لیے

فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا ۖ وَّ قَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاخْشَوْهُمْ | فَزَادَهُمْ | اِيْمَانًا | وَّ | قَالُوْا | حَسْبُنَا | اللّٰهُ | وَنِعْمَ |
| پس ڈروتم ان سے | پس زیادہ کیاان کو | ایمان | اور | کہاانہوں نے | کافی ہے ہم کو | اللہ | اوراچھا |

(لشکر کثیر) جمع کیا ہے تو اُن سے ڈرو تو اُن کا ایمان اور زیادہ ہو گیا اور کہنے لگے ہم کو اللہ کافی ہے اور وہ بہت اچھا

الْوَكِيْلُ (١٧٣) فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْوَكِيْلُ | فَانْقَلَبُوْا | بِنِعْمَةٍ | مِّنَ | اللّٰهِ | وَ | فَضْلٍ | لَّمْ | يَمْسَسْهُمْ |
| کارساز ہے | پس پھرآئے | ساتھ نعمت کے | طرف سے | اللہ کی | اور | فضل کے | نہ | لگی ان کو |

کارساز ہے (١٧٣) پھر وہ اللہ کی نعمتوں اور اس کے فضل کے ساتھ (خوش وخرم) واپس آئے ان کو کسی طرح کا

سُوْٓءٌ ۙ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ (١٧٤) اِنَّمَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سُوْٓءٌ | وَّ | اتَّبَعُوْا | رِضْوَانَ | اللّٰهِ | وَ | اللّٰهُ | ذُوْ | فَضْلٍ | عَظِيْمٍ | اِنَّمَا |
| برائی | اور | پیروی کی | رضامندی | اللہ کی | اور | اللہ | صاحب | فضل | بڑے کا ہے | سوائے اسکے نہیں کہ |

ضرر نہ پہنچا اور وہ اللہ کی خوشنودی کے تابع رہے۔ اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے (١٧٤) یہ (خوف

ذٰلِكُمُ الشَّيْطٰنُ يُخَوِّفُ اَوْلِيَآءَهٗ ۖ فَلَا تَخَافُوْهُمْ وَخَافُوْنِ اِنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذٰلِكُمُ | الشَّيْطٰنُ | يُخَوِّفُ | اَوْلِيَآءَهٗ | فَلَا | تَخَافُوْهُمْ | وَ | خَافُوْنِ | اِنْ |
| یہ جو ہے | شیطان ہے | کہ ڈراتا ہے | اپنے دوستوں سے | سونہ | ڈروتم ان سے | اور | ڈرومجھ سے | اگر |

دلانے والا) تو شیطان ہے جو اپنے دوستوں سے ڈراتا ہے تو اگر تم مومن ہو تو اُن سے مت ڈرنا اور مجھی سے

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (١٧٥) وَلَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ ۚ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُنْتُمْ | مُّؤْمِنِيْنَ | وَ | لَا | يَحْزُنْكَ | الَّذِيْنَ | يُسَارِعُوْنَ | فِي | الْكُفْرِ |
| ہوتم | ایمان والے | اور | نہ | غمگین کریں تم کو | وہ لوگ کہ | جلدی کرتے ہیں | بیچ | کفر کے |

ڈرتے رہنا (١٧٥) اور جو لوگ کفر میں جلدی کرتے ہیں اُن (کی وجہ) سے غمگین نہ ہونا۔

اِنَّهُمْ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ۗ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِي

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّهُمْ | لَنْ | يَّضُرُّوا | اللّٰهَ | شَيْـًٔا | يُرِيْدُ | اللّٰهُ | اَلَّا | يَجْعَلَ | لَهُمْ | حَظًّا | فِي |
| بیشک وہ | ہرگز نہ | ضرر کریں گے | اللہ کا | کچھ | ارادہ کرتا ہے | اللہ | یہ کہ نہ | کرے | واسطے ان کے | کچھ حصہ | بیچ |

یہ اللہ کا کچھ نقصان نہیں کر سکتے۔ اللہ چاہتا ہے کہ آخرت میں اُن کو کچھ حصہ نہ

الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْكُفْرَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاٰخِرَةِ | وَ | لَهُمْ | عَذَابٌ | عَظِيْمٌ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | اشْتَرَوُا | الْكُفْرَ |
| آخرت کے | اور | واسطے ان کے | عذاب ہے | بڑا | بیشک | جن لوگوں نے | مول لیا | کفر کو |

دے اور اُن کے لیے بڑا عذاب (تیار) ہے ﴿۱۷۶﴾ جن لوگوں نے ایمان کے بدلے

بِالْاِيْمَانِ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۷﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْاِيْمَانِ | لَنْ | يَّضُرُّوا | اللّٰهَ | شَيْـًٔا | وَ | لَهُمْ | عَذَابٌ | اَلِيْمٌ |
| بدلے ایمان کے | ہرگز نہ | ضرر کریں گے | اللہ کو | کچھ | اور | واسطے ان کے | عذاب ہے | درد دینے والا |

کفر خریدا وہ اللہ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے اور ان کو دکھ دینے والا عذاب ہوگا ﴿۱۷۷﴾

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ خَيْرٌ لِّاَنْفُسِهِمْ ۭ اِنَّمَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | يَحْسَبَنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْٓا | اَنَّمَا | نُمْلِيْ | لَهُمْ | خَيْرٌ | لِّاَنْفُسِهِمْ | اِنَّمَا |
| اور | نہ | گمان کریں | وہ لوگ کہ | کافر ہوئے | یہ کہ جو | ڈھیل دیتے ہیں ہم | ان کو | بہتر ہے | واسطے انکی جانوں کے | نہیں سوائے اسکے کہ |

اور کافر لوگ یہ نہ خیال کریں کہ ہم جو اُن کو مہلت دیے جاتے ہیں تو یہ اُن کے حق میں اچھا ہے۔ (نہیں بلکہ)

نُمْلِيْ لَهُمْ لِيَزْدَادُوْٓا اِثْمًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۷۸﴾ مَا كَانَ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نُمْلِيْ | لَهُمْ | لِيَزْدَادُوْٓا | اِثْمًا | وَلَهُمْ | عَذَابٌ | مُّهِيْنٌ | مَا | كَانَ | اللّٰهُ |
| ڈھیل دیتے ہیں ہم | ان کو | تا کہ زیادہ ہو جائیں | گناہوں میں | اور واسطے انکے | عذاب ہے | ذلیل کرنے والا | نہیں | ہے | اللہ |

ہم ان کو اس لیے مہلت دیتے ہیں کہ اور گناہ کر لیں۔ آخر کار اُن کو ذلیل کرنے والا عذاب ہوگا ﴿۱۷۸﴾ (لوگو) جب تک اللہ

لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰي مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِيَذَرَ | الْمُؤْمِنِيْنَ | عَلٰي | مَآ | اَنْتُمْ | عَلَيْهِ | حَتّٰى | يَمِيْزَ | الْخَبِيْثَ | مِنَ |
| کہ چھوڑ دے | ایمان والوں کو | اوپر | اس حالت کے کہ | ہو تم | اوپر اس کے | یہاں تک کہ | جدا کر دے | ناپاک کو | سے |

ناپاک کو پاک سے الگ نہ کر دے گا مومنوں کو اس حال میں جس میں تم ہو ہرگز نہیں رہنے

الطَّيِّبِ ۭ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَي الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الطَّيِّبِ | وَمَا | كَانَ | اللّٰهُ | لِيُطْلِعَكُمْ | عَلَي | الْغَيْبِ | وَلٰكِنَّ | اللّٰهَ | يَجْتَبِيْ |
| پاک | اور نہیں | ہے | اللہ | کہ خبردار کر دے تم کو | اوپر | غیب کے | اور لیکن | اللہ | پسند کرتا ہے |

دے گا۔ اور اللہ تم کو غیب کی باتوں سے بھی مطلع نہیں کرے گا۔ البتہ اللہ اپنے پیغمبروں میں سے

مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۖ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | رُّسُلِهٖ | مَنْ | يَّشَآءُ | فَاٰمِنُوْا | بِاللّٰهِ | وَرُسُلِهٖ | وَاِنْ | تُؤْمِنُوْا |
| سے | اپنے رسولوں میں | جس کو | چاہے | پس ایمان لاؤ | ساتھ اللہ کے | اور اسکے رسولوں کے | اور اگر | ایمان لاؤ تم |

جسے چاہتا ہے انتخاب کر لیتا ہے تو تم اللہ پر اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ۔ اور اگر ایمان لاؤ گے

وَتَتَّقُوْا فَلَكُمْ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۹﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | تَتَّقُوْا | فَلَكُمْ | اَجْرٌ | عَظِيْمٌ | وَ | لَا | يَحْسَبَنَّ | الَّذِيْنَ | يَبْخَلُوْنَ | بِمَآ |
| اور | پرہیزگاری کرو | پس واسطے تمہارے | ثواب ہے | بڑا | اور | نہ | گمان کریں | وہ لوگ کہ | بخیلی کرتے ہیں | ساتھ اس چیز کے کہ |

اور پرہیزگاری کرو گے تو تم کو اجر عظیم ملے گا ﴿۱۷۹﴾ جو لوگ مال میں جو اللہ نے اپنے فضل سے ان کو عطا

اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ۭ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ۭ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰتٰهُمُ | اللّٰهُ | مِنْ | فَضْلِهٖ | هُوَ | خَيْرًا | لَّهُمْ | بَلْ | هُوَ | شَرٌّ | لَّهُمْ |
| دیا ہے ان کو | اللہ نے | سے | فضل اپنے | وہ | بہتر ہے | واسطے ان کے | بلکہ | وہ | برا ہے | واسطے انکے |

فرمایا ہے بخل کرتے ہیں وہ اس بخل کو اپنے حق میں اچھا نہ سمجھیں۔ (وہ اچھا نہیں) بلکہ ان کے لیے برا ہے۔

سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَيُطَوَّقُوْنَ | مَا | بَخِلُوْا | بِهٖ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | وَلِلّٰهِ | مِيْرَاثُ | السَّمٰوٰتِ |
| البتہ طوق پہنائے جائینگے وہ | وہ چیز کہ | بخیلی کی ہے | ساتھ اسکے | دن | قیامت کے | اور واسطے اللہ کے ہے | جو کچھ چھوڑ گئے | آسمانوں والے |

وہ جس مال میں بخل کرتے ہیں قیامت کے دن اس کا طوق بنا کر ان کی گردنوں میں ڈالا جائے گا۔ اور آسمانوں

ع ۱۸ ۹ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۸۰﴾ لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاَرْضِ | وَ | اللّٰهُ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | خَبِيْرٌ | لَقَدْ | سَمِعَ | اللّٰهُ | قَوْلَ |
| اور | زمین والے | اور | اللہ | جو کچھ | تم کرتے ہو | خبردار ہے | البتہ تحقیق | سنا | اللہ نے | کہنا |

اور زمین کا وارث اللہ ہی ہے۔ اور جو عمل تم کرتے ہو اللہ کو معلوم ہے ﴿۱۸۰﴾ اللہ نے ان لوگوں کا قول سن لیا ہے

وقف لازم الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَاۗءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | قَالُوْٓا | اِنَّ | اللّٰهَ | فَقِيْرٌ | وَّ | نَحْنُ | اَغْنِيَآءُ | سَنَكْتُبُ | مَا | قَالُوْا |
| ان لوگوں کا جو | کہتے ہیں | بے شک | اللہ | فقیر ہے | اور | ہم | دولت مند ہیں | اب لکھتے ہیں ہم | جو کچھ کہ | کہا انہوں نے |

جو کہتے ہیں کہ اللہ فقیر ہے اور ہم امیر ہیں۔ یہ جو کچھ کہتے ہیں ہم اس کو لکھ لیں گے

وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۱۸۱﴾

| وَقَتْلَهُمُ | الْاَنْۢبِيَآءَ | بِغَيْرِ حَقٍّ | وَّ | نَقُوْلُ | ذُوْقُوْا | عَذَابَ | الْحَرِيْقِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور مارڈالنا ان کا | پیغمبروں کو | ناحق | اور | کہیں گے ہم | چکھو | عذاب | جلن کا |

اور پیغمبروں کو جو یہ ناحق قتل کرتے رہے ہیں اسکو بھی (قلمبند کررکھیں گے) اور (قیامت کے روز) کہیں گے کہ عذاب (آتش) سوزاں کے مزے چکھتے رہو ﴿۱۸۱﴾

ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۱۸۲﴾

| ذٰلِكَ | بِمَا | قَدَّمَتْ | اَيْدِيْكُمْ | وَ | اَنَّ | اللّٰهَ | لَيْسَ | بِظَلَّامٍ | لِّلْعَبِيْدِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ ہے | بدلہ اس چیز کا کہ | آگے بھیجا | تمہارے ہاتھوں نے | اور | یہ کہ | اللہ | نہیں | ظلم کرنیوالا | واسطے بندوں کے |

یہ اُن کاموں کی سزا ہے جو تمہارے ہاتھ آگے بھیجتے رہے ہیں اور اللہ تو بندوں پر مطلق ظلم نہیں کرتا ﴿۱۸۲﴾

اَلَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَآ اَلَّا نُؤْمِنَ لِرَسُوْلٍ حَتّٰى

| اَلَّذِيْنَ | قَالُوْٓا | اِنَّ | اللّٰهَ | عَهِدَ | اِلَيْنَآ | اَلَّا | نُؤْمِنَ | لِرَسُوْلٍ | حَتّٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جن لوگوں نے | کہا | بے شک | اللہ نے | عہد کیا ہے | طرف ہمارے | یہ کہ نہ | ایمان لاویں ہم | واسطے کسی رسول کے | یہاں تک کہ |

جو لوگ کہتے ہیں کہ اللہ نے ہمیں حکم بھیجا کہ جب تک کوئی پیغمبر ہمارے پاس ایسی نیاز لے کر نہ آئے جس کو آگ (آکر)

يَاْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَاْكُلُهُ النَّارُ ؕ قُلْ قَدْ جَآءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِىْ

| يَاْتِيَنَا | بِقُرْبَانٍ | تَاْكُلُهُ | النَّارُ | قُلْ | قَدْ | جَآءَكُمْ | رُسُلٌ | مِّنْ | قَبْلِىْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لائے ہمارے پاس | قربانی | کہ کھائے اس کو | آگ | کہہ | تحقیق | آئے تھے تمہارے پاس | رسول | سے | پہلے مجھ |

کھا جائے تب تک ہم اس پر ایمان نہ لائیں گے۔ (اے پیغمبر ان سے) کہہ دو کہ مجھ سے پہلے کئی پیغمبر تمہارے پاس کھلی ہوئی

بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالَّذِىْ قُلْتُمْ فَلِمَ قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۸۳﴾

| بِالْبَيِّنٰتِ | وَ | بِالَّذِىْ | قُلْتُمْ | فَلِمَ | قَتَلْتُمُوْهُمْ | اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ دلیلوں کے | اور | ساتھ اس چیز کے کہ | کہا تم نے | پس کیوں | مارڈالا تم نے ان کو | اگر | ہو تم | سچے |

نشانیاں لے کر آئے اور وہ (معجزہ) بھی لائے جو تم کہتے ہو تو اگر سچے ہو تو تم نے اُن کو قتل کیوں کیا؟ ﴿۱۸۳﴾

فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَآءُوْ بِالْبَيِّنٰتِ

| فَاِنْ | كَذَّبُوْكَ | فَقَدْ | كُذِّبَ | رُسُلٌ | مِّنْ | قَبْلِكَ | جَآءُوْ | بِالْبَيِّنٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس اگر | جھٹلائیں تجھ کو | پس تحقیق کہ | جھٹلائے گئے ہیں | پیغمبر | سے | پہلے تجھ | آئے تھے | ساتھ دلیلوں کے |

پھر اگر یہ لوگ تم کو سچا نہ سمجھیں تو تم سے پہلے بہت سے پیغمبر کھلی ہوئی نشانیاں اور صحیفے اور روشن کتابیں لے کر آ چکے ہیں

وَالزُّبُرِ وَالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿۱۸۴﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ط وَ اِنَّمَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالزُّبُرِ | وَالْكِتٰبِ | الْمُنِيْرِ | كُلُّ | نَفْسٍ | ذَآئِقَةُ | الْمَوْتِ | وَ | اِنَّمَا |
| اور ساتھ چھوٹی کتابوں کے | اور کتاب | روشن کے | ہر | جان | چکھنے والی ہے | موت | اور | سوائے اسکے نہیں کہ |

اور لوگوں نے اُن کو بھی سچا نہیں سمجھا ﴿۱۸۴﴾ ہر متنفس کو موت کا مزا چکھنا ہے اور تم کو

تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ط فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُوَفَّوْنَ | اُجُوْرَكُمْ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | فَمَنْ | زُحْزِحَ | عَنِ | النَّارِ | وَاُدْخِلَ |
| پورے دیئے جاؤ گے تم | بدلے اپنے | دن | قیامت کے | پس جو کوئی | دور کیا گیا | سے | آگ | اور داخل کیا گیا |

قیامت کے دن تمہارے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا۔ تو جو شخص آتشِ جہنم سے دور رکھا گیا اور بہشت

الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ ط وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿۱۸۵﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْجَنَّةَ | فَقَدْ | فَازَ | وَ | مَا | الْحَيٰوةُ | الدُّنْيَآ | اِلَّا | مَتَاعُ | الْغُرُوْرِ |
| جنت میں | پس تحقیق | مراد کو پہنچا | اور | نہیں | زندگانی | دنیا کی | مگر | فائدہ اٹھانا | فریب کا |

میں داخل کیا گیا وہ مُراد کو پہنچ گیا اور دنیا کی زندگی تو دھوکے کا سامان ہے ﴿۱۸۵﴾

لَتُبْلَوُنَّ فِيْٓ اَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ قف وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَتُبْلَوُنَّ | فِيْٓ | اَمْوَالِكُمْ | وَ | اَنْفُسِكُمْ | وَلَتَسْمَعُنَّ | مِنَ | الَّذِيْنَ | اُوْتُوا |
| البتہ آزمائے جاؤ گے | بیچ | اپنے مالوں کے | اور | اپنی جانوں کے | اور البتہ سنو گے | سے | ان لوگوں | کہ دیئے گئے ہیں |

(اے اہلِ ایمان) تمہارے مال و جان میں تمہاری آزمائش کی جائے گی اور تم اہلِ کتاب

الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَذًى كَثِيْرًا ط وَاِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْكِتٰبَ | مِنْ | قَبْلِكُمْ | وَ | مِنَ | الَّذِيْنَ | اَشْرَكُوْٓا | اَذًى | كَثِيْرًا | وَ | اِنْ |
| کتاب | سے | پہلے تم | اور | سے جو | ان لوگوں | شریک کرتے ہیں | ایذا | بہت | اور | اگر |

سے اور ان لوگوں سے جو مشرک ہیں بہت سی ایذا کی باتیں سنو گے۔ تو اگر

تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۱۸۶﴾ وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَصْبِرُوْا | وَ | تَتَّقُوْا | فَاِنَّ | ذٰلِكَ | مِنْ | عَزْمِ | الْاُمُوْرِ | وَ | اِذْ | اَخَذَ | اللّٰهُ |
| صبر کرو تم | اور | پرہیزگاری کرو تم | پس بیشک | یہ | سے ہے | ہمت کے | کاموں میں | اور | جب | لیا | اللہ نے |

صبر اور پرہیزگاری کرتے رہو گے تو یہ بڑی ہمت کے کام ہیں ﴿۱۸۶﴾ اور جب اللہ نے

مِیۡثَاقَ الَّذِیۡنَ اُوۡتُوا الۡکِتٰبَ لَتُبَیِّنُنَّہٗ لِلنَّاسِ وَ لَا تَکۡتُمُوۡنَہٗ ۫ ز

| مِیۡثَاقَ | الَّذِیۡنَ | اُوۡتُوا | الۡکِتٰبَ | لَتُبَیِّنُنَّہٗ | لِلنَّاسِ | وَ | لَا | تَکۡتُمُوۡنَہٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عہد | ان لوگوں کا کہ | دیئے گئے ہیں | کتاب | البتہ بیان کروگے تم اسکو | واسطے لوگوں کے | اور | نہ | چھپاؤ گے اس کو |

ان لوگوں سے جن کو کتاب عنایت کی گئی تھی اقرار لیا کہ (اس میں جو کچھ لکھا ہے) اسے صاف صاف بیان کرتے رہنا اور اس (کی کسی بات) کو نہ چھپانا

فَنَبَذُوۡہُ وَرَآءَ ظُهُوۡرِهِمۡ وَ اشۡتَرَوۡا بِہٖ ثَمَنًا قَلِیۡلًا ؕ فَبِئۡسَ مَا

| فَنَبَذُوۡہُ | وَرَآءَ | ظُهُوۡرِهِمۡ | وَ | اشۡتَرَوۡا | بِہٖ | ثَمَنًا | قَلِیۡلًا | فَبِئۡسَ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس پھینک دیا اسکو | پیچھے | اپنی پیٹھوں کے | اور | مول لیا | بدلے اس کے | مول | تھوڑا | پس برا ہے | جو |

تو انہوں نے اس کو پسِ پشت پھینک دیا اور اس کے بدلے تھوڑی سی قیمت حاصل کی۔ یہ جو کچھ

یَشۡتَرُوۡنَ ﴿۱۸۷﴾ لَا تَحۡسَبَنَّ الَّذِیۡنَ یَفۡرَحُوۡنَ بِمَاۤ اَتَوۡا وَّ یُحِبُّوۡنَ

| یَشۡتَرُوۡنَ | لَا | تَحۡسَبَنَّ | الَّذِیۡنَ | یَفۡرَحُوۡنَ | بِمَاۤ | اَتَوۡا | وَّ | یُحِبُّوۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مول لیتے ہیں | مت | گمان کر | ان لوگوں کو جو | خوش ہوتے ہیں | ساتھ اس چیز کے کہ | کرتے ہیں | اور | چاہتے ہیں |

حاصل کرتے ہیں برا ہے ﴿۱۸۷﴾ جو لوگ اپنے (ناپسند) کاموں سے خوش ہوتے ہیں

اَنۡ یُّحۡمَدُوۡا بِمَا لَمۡ یَفۡعَلُوۡا فَلَا تَحۡسَبَنَّهُمۡ بِمَفَازَۃٍ مِّنَ

| اَنۡ | یُّحۡمَدُوۡا | بِمَا | لَمۡ | یَفۡعَلُوۡا | فَلَا | تَحۡسَبَنَّهُمۡ | بِمَفَازَۃٍ | مِّنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | تعریف کیے جائیں | ساتھ اس چیز کے کہ | نہیں | کی | پس ہرگز مت | گمان کر ان کو | بیچ خلاص کے | سے |

اور (پسندیدہ کام) جو کرتے نہیں ان کے لیے چاہتے ہیں کہ ان کی تعریف کی جائے ان کی نسبت خیال نہ کرنا کہ وہ عذاب

الۡعَذَابِ ۚ وَ لَهُمۡ عَذَابٌ اَلِیۡمٌ ﴿۱۸۸﴾ وَ لِلّٰهِ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ

| الۡعَذَابِ | وَ | لَهُمۡ | عَذَابٌ | اَلِیۡمٌ | وَ | لِلّٰهِ | مُلۡكُ | السَّمٰوٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب | اور | واسطے ان کے | عذاب ہے | درد دینے والا | اور | واسطے اللہ کے ہے | ملک | آسمانوں کا |

سے رُستگار ہو جائیں گے۔ اور انہیں درد دینے والا عذاب ہوگا ﴿۱۸۸﴾ اور آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ

وَ الۡاَرۡضِ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ﴿۱۸۹﴾ ع اِنَّ فِیۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ ع ۱۹ ۹ ۱۰

| وَ | الۡاَرۡضِ | وَ | اللّٰهُ | عَلٰی | کُلِّ | شَیۡءٍ | قَدِیۡرٌ | اِنَّ | فِیۡ | خَلۡقِ | السَّمٰوٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | زمین کا | اور | اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے | بے شک | بیچ | پیدائش | آسمانوں کے |

ہی کو ہے۔ اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے ﴿۱۸۹﴾ بیشک آسمانوں

وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿١٩٠﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاَرْضِ | وَاخْتِلَافِ | الَّيْلِ | وَ | النَّهَارِ | لَاٰيٰتٍ | لِّاُولِي الْاَلْبَابِ |
| اور | زمین کے | اور آنے جانے | رات کے | اور | دن کے | البتہ نشانیاں ہیں | واسطے عقل والوں کے |

اور زمین کی پیدائش اور رات اور دن کے بدل بدل کر آنے جانے میں عقل والوں کے لیے نشانیاں ہیں ﴿۱۹۰﴾

الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | يَذْكُرُوْنَ | اللّٰهَ | قِيٰمًا | وَّقُعُوْدًا | وَّ | عَلٰى | جُنُوْبِهِمْ | وَيَتَفَكَّرُوْنَ |
| وہ لوگ جو | یاد کرتے ہیں | اللہ کو | کھڑے | اور بیٹھے | اور | اوپر | اپنی کروٹوں کے | اور فکر کرتے ہیں |

جو کھڑے اور بیٹھے اور لیٹے (ہر حال میں) اللہ کو یاد کرتے اور

فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْ | خَلْقِ | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ | رَبَّنَا | مَا | خَلَقْتَ | هٰذَا | بَاطِلًا |
| بیچ | پیدائش | آسمانوں کے | اور زمین کے | اے پروردگار ہمارے | نہیں | پیدا کیا تو نے | یہ | بے فائدہ |

آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں غور کرتے (اور کہتے) ہیں کہ اے پروردگار تو نے اس (مخلوق) کو بے فائدہ نہیں پیدا کیا۔

سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿١٩١﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سُبْحٰنَكَ | فَقِنَا | عَذَابَ | النَّارِ | رَبَّنَآ | اِنَّكَ | مَنْ | تُدْخِلِ | النَّارَ |
| پاکی ہے تجھ کو | پس بچا لے ہم کو | عذاب | آگ سے | اے رب ہمارے | بے شک تو | جس کو | داخل کرے | آگ میں |

تو پاک ہے تو (قیامت کے دن) ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچائیو ﴿۱۹۱﴾ اے پروردگار جس کو تو نے دوزخ میں ڈالا

فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿١٩٢﴾ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَقَدْ | اَخْزَيْتَهٗ | وَ | مَا | لِلظّٰلِمِيْنَ | مِنْ | اَنْصَارٍ | رَبَّنَآ | اِنَّنَا | سَمِعْنَا |
| پس تحقیق | رسوا کیا تو نے اس کو | اور | نہیں | واسطے ظالموں کے | کوئی | مددگار | اے رب ہمارے | بے شک | سنا ہم نے |

اسے رسوا کیا۔ اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ﴿۱۹۲﴾ اے پروردگار ہم نے

مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ڰ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُنَادِيًا | يُّنَادِيْ | لِلْاِيْمَانِ | اَنْ | اٰمِنُوْا | بِرَبِّكُمْ | فَاٰمَنَّا | رَبَّنَا | فَاغْفِرْ لَنَا |
| پکارنے والا | پکارتا ہے | طرف ایمان کے | یہ کہ | ایمان لاؤ | ساتھ اپنے رب کے | پس ایمان لائے ہم | اے رب ہمارے | پس بخش ہم کو |

ایک ندا کرنے والے کو سنا کہ ایمان کے لیے پکار رہا تھا (یعنی) اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ تو ہم ایمان لے آئے۔ اے پروردگار ہمارے گناہ

ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ﴿۱۹۳﴾ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذُنُوْبَنَا | وَ | كَفِّرْ عَنَّا | سَيِّاٰتِنَا | وَ | تَوَفَّنَا | مَعَ | الْاَبْرَارِ | رَبَّنَا | وَاٰتِنَا | مَا |
| گناہ ہمارے | اور | دور کر ہم سے | برائیاں ہماری | اور | مار ہم کو | ساتھ | نیک بختوں کے | اے رب ہمارے | اور دے ہم کو | جو کچھ |

معاف فرما اور ہماری برائیوں کو ہم سے محو کر اور ہم کو دنیا سے نیک بندوں کے ساتھ اُٹھا ﴿۱۹۳﴾ اے پروردگار تو نے جن

وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَعَدْتَّنَا | عَلٰى | رُسُلِكَ | وَ | لَا | تُخْزِنَا | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | اِنَّكَ | لَا | تُخْلِفُ |
| وعدہ کیا تو نے ہم سے | اوپر | پیغمبروں اپنے کے | اور | مت | رسوا کر ہم کو | دن | قیامت کے | بے شک تو | نہیں | خلاف کرتا |

جن چیزوں کے ہم سے اپنے پیغمبروں کے ذریعے سے وعدے کیے ہیں وہ ہمیں عطا فرما اور قیامت کے دن ہمیں رسوا نہ کیجیو۔ کچھ شک نہیں کہ تو خلاف

الْمِيْعَادَ ﴿۱۹۴﴾ فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّيْ لَآ اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمِيْعَادَ | فَاسْتَجَابَ | لَهُمْ | رَبُّهُمْ | اَنِّيْ | لَآ | اُضِيْعُ | عَمَلَ | عَامِلٍ |
| وعدہ کو | پس قبول کیا | واسطے ان کے | ان کے رب نے | یہ کہ | نہیں | ضائع کروں گا میں | عمل | کسی عمل کرنیوالے کا |

وعدہ نہیں کرتا ﴿۱۹۴﴾ تو اُن کے پروردگار نے اُن کی دعا قبول کر لی۔ (اور فرمایا) کہ میں کسی عمل کرنے والے کے عمل

مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى ۚ بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ ۚ فَالَّذِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْكُمْ | مِّنْ | ذَكَرٍ | اَوْ | اُنْثٰى | بَعْضُكُمْ | مِّنْ | بَعْضٍ | فَالَّذِيْنَ |
| تم میں سے | سے | مرد | یا | عورت سے | بعض تمہارے | سے | بعض | پس جن لوگوں نے |

کو مرد ہو یا عورت ضائع نہیں کرتا۔ تم ایک دوسرے کی جنس ہو۔

هَاجَرُوْا وَاُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاُوْذُوْا فِيْ سَبِيْلِيْ وَقٰتَلُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هَاجَرُوْا | وَاُخْرِجُوْا | مِنْ | دِيَارِهِمْ | وَاُوْذُوْا | فِيْ | سَبِيْلِيْ | وَ | قٰتَلُوْا |
| وطن چھوڑا | اور نکالے گئے | سے | گھروں اپنے | اور ایذا دیئے گئے | بیچ | راہ میری کے | اور | لڑے |

تو جو لوگ میرے لیے وطن چھوڑ گئے اور اپنے گھروں سے نکالے گئے اور ستائے گئے

وَقُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَقُتِلُوْا | لَاُكَفِّرَنَّ | عَنْهُمْ | سَيِّاٰتِهِمْ | وَ | لَاُدْخِلَنَّهُمْ | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ |
| اور مارے گئے | البتہ دور کروں گا | ان سے | برائیاں ان کی | اور | البتہ داخل کروں گا ان کو | جنتوں میں | چلتی ہیں |

اور لڑے اور قتل کیے گئے میں اُن کے گناہ دور کر دوں گا اور اُن کو بہشتوں میں داخل کروں گا

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | ثَوَابًا | مِّنْ | عِنْدِ | اللّٰهِ | وَ | اللّٰهُ | عِنْدَهٗ | حُسْنُ |
| ان کے نیچے سے | نہریں | ثواب | سے | نزدیک | اللہ کے | اور | اللہ | نزدیک اسکے ہے | اچھا |

جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں۔ (یہ) اللہ کے ہاں سے بدلہ ہے اور اللہ کے ہاں

الثَّوَابِ ﴿۱۹۵﴾ لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِي الْبِلَادِ ؕ ﴿۱۹۶﴾ مَتَاعٌ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الثَّوَابِ | لَا | يَغُرَّنَّكَ | تَقَلُّبُ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | فِي | الْبِلَادِ | مَتَاعٌ |
| ثواب | نہ | فریب میں ڈالے تجھ کو | پھرنا | ان لوگوں کا کہ | کافر ہوئے | بیچ | شہروں کے | یہ فائدہ ہے |

اچھا بدلہ ہے ﴿۱۹۵﴾ (اے پیغمبر) کافروں کا شہروں میں چلنا پھرنا تمہیں دھوکا نہ دے ﴿۱۹۶﴾ (یہ دنیا کا)

قَلِيْلٌ ۟ قف ثُمَّ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۹۷﴾ لٰكِنِ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَلِيْلٌ | ثُمَّ | مَاْوٰىهُمْ | جَهَنَّمُ | وَ | بِئْسَ | الْمِهَادُ | لٰكِنِ | الَّذِيْنَ |
| تھوڑا | پھر | ان کے رہنے کی جگہ | دوزخ ہے | اور | برا ہے | بچھونا | لیکن | وہ لوگ کہ |

تھوڑا سا فائدہ ہے۔ پھر (آخرت میں) تو ان کا ٹھکانا دوزخ ہے۔ اور وہ بری جگہ ہے ﴿۱۹۷﴾ لیکن جو لوگ

اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتَّقَوْا | رَبَّهُمْ | لَهُمْ | جَنّٰتٌ | تَجْرِيْ | مِنْ | تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | خٰلِدِيْنَ |
| ڈرتے ہیں | اپنے رب سے | واسطے انکے | جنتیں ہیں | چلتی ہیں | سے | ان کے نیچے | نہریں | ہمیشہ رہنے والے |

اپنے پروردگار سے ڈرتے رہے ان کے لیے باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں (اور) ان میں ہمیشہ رہیں گے (یہ) اللہ

فِيْهَا نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ ﴿۱۹۸﴾ وَاِنَّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهَا | نُزُلًا | مِّنْ | عِنْدِ | اللّٰهِ | وَمَا | عِنْدَ | اللّٰهِ | خَيْرٌ | لِّلْاَبْرَارِ | وَاِنَّ |
| بیچ اس کے | مہمانی | سے | نزدیک | اللہ کے | اور جو کچھ | نزدیک | اللہ کے ہے | بہتر ہے | واسطے نیکی کرنیوالوں کے | اور بیشک |

کے ہاں سے (ان کی) مہمانی ہے۔ اور جو کچھ اللہ کے ہاں ہے وہ نیکو کاروں کے لیے بہت اچھا ہے ﴿۱۹۸﴾ اور بعض

مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَمَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ وَمَآ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | اَهْلِ | الْكِتٰبِ | لَمَنْ | يُّؤْمِنُ | بِاللّٰهِ | وَمَآ | اُنْزِلَ | اِلَيْكُمْ | وَمَآ |
| بعض | اہل | کتاب سے | وہ شخص ہے جو | ایمان لاتا ہے | ساتھ اللہ کے | اور ساتھ اس چیز کے کہ | اتاری گئی ہے | طرف تمہارے | اور جو چیز |

اہل کتاب ایسے بھی ہیں جو اللہ پر اور اس (کتاب) پر جو تم پر نازل ہوئی اور اس پر جو اُن پر

اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ خٰشِعِيْنَ لِلّٰهِ ۙ لَا يَشْتَرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا

| اُنْزِلَ | اِلَيْهِمْ | خٰشِعِيْنَ | لِلّٰهِ | لَا | يَشْتَرُوْنَ | بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ | ثَمَنًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتاری گئی | طرف ان کے | عاجزی کرنے والے | طرف اللہ کے | نہیں | مول لیتے ہیں | بدلے نشانیوں | اللہ کے | مول |

نازل ہوئی ایمان رکھتے ہیں اور اللہ کے آگے عاجزی کرتے ہیں اور اللہ کی آیتوں کے بدلے تھوڑی سی قیمت

قَلِيْلًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ

| قَلِيْلًا | اُولٰٓئِكَ | لَهُمْ | اَجْرُهُمْ | عِنْدَ | رَبِّهِمْ | اِنَّ | اللّٰهَ | سَرِيْعُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تھوڑا | یہ لوگ | واسطے انکے ہے | ثواب ان کا | نزدیک | ان کے رب کے | بے شک | اللہ | جلد لینے والا ہے |

نہیں لیتے۔ یہی لوگ ہیں جن کا صلہ ان کے پروردگار کے ہاں (تیار) ہے۔ اور اللہ جلد حساب

الْحِسَابِ ﴿۱۹۹﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا

| الْحِسَابِ | يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ | اٰمَنُوا | اصْبِرُوْا | وَصَابِرُوْا |
|---|---|---|---|---|
| حساب کا | اے لوگو جو | ایمان لائے ہو | صبر کرو | اور تھام رکھو ایک دوسرے کو |

لینے والا ہے ﴿۱۹۹﴾ اے اہل ایمان (کفار کے مقابلے میں) ثابت قدم رہو اور استقامت رکھو اور (مورچوں

وَرَابِطُوْا ۟ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۲۰۰﴾ ع ۲۰ ۱۱

| وَرَابِطُوْا | وَاتَّقُوا | اللّٰهَ | لَعَلَّكُمْ | تُفْلِحُوْنَ |
|---|---|---|---|---|
| اور لگے رہو | اور ڈرو | اللہ سے | تاکہ تم | چھٹکارا پاؤ |

پر) جمے رہو۔ اور اللہ سے ڈرو تاکہ مراد حاصل کرو ﴿۲۰۰﴾

## اٰیاتھا ۱۷۶ ۴ سُوْرَةُ النِّسَآءِ مَدَنِيَّةٌ ۹۲ رکوعاتھا ۲۴

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ

| يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ | اتَّقُوْا | رَبَّكُمُ | الَّذِيْ | خَلَقَكُمْ | مِّنْ | نَّفْسٍ | وَّاحِدَةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے لوگو | ڈرو | اپنے پروردگار سے | جس نے | پیدا کیا تم کو | سے | جان | ایک |

لوگو اپنے پروردگار سے ڈرو جس نے تم کو ایک شخص سے پیدا کیا (یعنی اول) اور اس سے اس کا جوڑا بنایا۔ پھر ان

وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | خَلَقَ | مِنْهَا | زَوْجَهَا | وَ | بَثَّ | مِنْهُمَا | رِجَالًا | كَثِيْرًا | وَّ | نِسَآءً | وَ | اتَّقُوا |
| اور | پیدا کیا | اس سے | جوڑا اس کا | اور | پھیلائے | ان دونوں سے | مرد | بہت | اور | عورتیں | اور | ڈرو |

دونوں سے کثرت سے مرد وعورت (پیدا کر کے روئے زمین پر) پھیلا دیے۔ اور اللہ سے جس کے نام کو

اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | الَّذِيْ | تَسَآءَلُوْنَ | بِهٖ | وَ | الْاَرْحَامَ | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | عَلَيْكُمْ |
| اللہ سے | جس کے نام سے | تم سوال کرتے ہو | آپس میں | اور | ڈرو قرابت سے | بے شک | اللہ | ہے | اوپر تمہارے |

تم اپنی حاجت براری کا ذریعہ بناتے ہو ڈرو اور (قطع مودت) ارحام سے (بچو)۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ تمہیں

رَقِيْبًا ۝١ وَاٰتُوا الْيَتٰمٰٓى اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ ۠

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَقِيْبًا | وَ | اٰتُوا | الْيَتٰمٰٓى | اَمْوَالَهُمْ | وَ | لَا | تَتَبَدَّلُوا | الْخَبِيْثَ | بِالطَّيِّبِ |
| نگہبان | اور | دو | یتیموں کو | مال ان کے | اور | مت | بدل ڈالو | ناپاک کو | بدلے پاک کے |

دیکھ رہا ہے (۱) اور یتیموں کا مال (جو تمہاری تحویل میں ہو) اُن کے حوالے کر دو اور انکے پاکیزہ (اور عمدہ) مال کو (اپنے ناقص اور) برے مال سے نہ بدلو

وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَهُمْ اِلٰٓى اَمْوَالِكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا كَبِيْرًا ۝٢ وَاِنْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | تَاْكُلُوْٓا | اَمْوَالَهُمْ | اِلٰٓى | اَمْوَالِكُمْ | اِنَّهٗ | كَانَ | حُوْبًا | كَبِيْرًا | وَ | اِنْ |
| اور | مت | کھاؤ | مال ان کے | طرف | مال اپنے کے | بے شک وہ | ہے | گناہ | بڑا | اور | اگر |

اور نہ ان کا مال اپنے مال میں ملا کر کھاؤ۔ یہ بڑا سخت گناہ ہے (۲) اور اگر تم

خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتٰمٰى فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خِفْتُمْ | اَلَّا | تُقْسِطُوْا | فِي | الْيَتٰمٰى | فَانْكِحُوْا | مَا | طَابَ | لَكُمْ | مِّنَ |
| ڈرو تم | یہ کہ نہ | انصاف کرو گے تم | بیچ | یتیم عورتوں کے | پس نکاح کرو | جو | خوش لگے | واسطے تمہارے | سوائے انکے |

کو اس بات کا خوف ہو کہ یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف نہ کر سکو گے تو اُن کے سوا جو عورتیں تم کو پسند ہوں

النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۚ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النِّسَآءِ | مَثْنٰى | وَ | ثُلٰثَ | وَ | رُبٰعَ | فَاِنْ | خِفْتُمْ | اَلَّا | تَعْدِلُوْا | فَوَاحِدَةً |
| عورتوں سے | دو دو | اور | تین تین | اور | چار چار | پس اگر | ڈرو تم | کہ نہ | عدل کرو تم | پس ایک ہے |

دو دو یا تین تین یا چار چار اُن سے نکاح کر لو۔ اور اگر اس بات کا اندیشہ ہو کہ (سب عورتوں سے) یکساں سلوک نہ کر سکو گے تو ایک عورت (کافی ہے)

اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰۤى اَلَّا تَعُوْلُوْا ۳ؕ وَاٰتُوا النِّسَآءَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْ | مَا | مَلَكَتْ | اَيْمَانُكُمْ | ذٰلِكَ | اَدْنٰۤى | اَلَّا | تَعُوْلُوْا | وَاٰتُوا | النِّسَآءَ |
| یا | جس کے | مالک ہوئے | داہنے ہاتھ تمہارے | یہ | بہت نزدیک ہے | اس سے کہ نہ | بے انصافی کرو تم | اور دو | عورتوں کو |

یا لونڈی جس کے تم مالک ہو۔ اس سے تم بے انصافی سے بچ جاؤ گے (۳) اور عورتوں کو اُن کے

صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ؕ فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَیْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صَدُقٰتِهِنَّ | نِحْلَةً | فَاِنْ | طِبْنَ | لَكُمْ | عَنْ | شَیْءٍ | مِّنْهُ | نَفْسًا | فَكُلُوْهُ |
| مہران کے | خوشی سے | پس اگر | خوشی سے دیویں | واسطے تمہارے | سے | کچھ چیز | اس میں سے | جی سے | پس کھاؤ اسکو |

مہر خوشی سے دے دیا کرو۔ ہاں اگر وہ اپنی خوشی سے اس میں سے کچھ تم کو چھوڑ دیں تو اسے ذوق شوق

هَنِیْٓــًٔا مَّرِیْٓــًٔا ۴ وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَآءَ اَمْوَالَكُمُ الَّتِیْ جَعَلَ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هَنِیْٓــًٔا | مَّرِیْٓــًٔا | وَ | لَا | تُؤْتُوا | السُّفَهَآءَ | اَمْوَالَكُمُ | الَّتِیْ | جَعَلَ | اللّٰهُ |
| سہتا | پچتا | اور | مت | دو | بے وقوفوں کو | مال ان کے | جو | کی ہے | اللہ نے |

سے کھالو (۴) اور بے عقلوں کو اُن کا مال جسے اللہ نے تم لوگوں کے لیے سببِ معیشت

لَكُمْ قِیٰمًا وَّارْزُقُوْهُمْ فِیْهَا وَاكْسُوْهُمْ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكُمْ | قِیٰمًا | وَّارْزُقُوْهُمْ | فِیْهَا | وَ | اكْسُوْهُمْ | وَقُوْلُوْا | لَهُمْ | قَوْلًا |
| واسطے تمہارے | معیشت | اور کھلاؤ ان کو | اس میں سے | اور | پہناؤ ان کو | اور کہو | واسطے ان کے | بات |

بنایا ہے مت دو (ہاں) اس میں سے اُن کو کھلاتے اور پہناتے رہو اور اُن سے معقول باتیں

مَّعْرُوْفًا ۵ وَابْتَلُوا الْیَتٰمٰى حَتّٰۤى اِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ ۚ فَاِنْ اٰنَسْتُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّعْرُوْفًا | وَ | ابْتَلُوا | الْیَتٰمٰى | حَتّٰۤى | اِذَا | بَلَغُوا | النِّكَاحَ | فَاِنْ | اٰنَسْتُمْ |
| اچھی | اور | آزمایا کرو | یتیموں کو | یہاں تک کہ | جب | پہنچیں | نکاح کو | پس اگر | پاؤ تم |

کہتے رہو (۵) اور یتیموں کو بالغ ہونے تک کام کاج میں مصروف رکھو پھر (بالغ ہونے پر) اگر اُن میں عقل کی پختگی

مِّنْهُمْ رُشْدًا فَادْفَعُوْۤا اِلَیْهِمْ اَمْوَالَهُمْ ۚ وَلَا تَاْكُلُوْهَاۤ اِسْرَافًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْهُمْ | رُشْدًا | فَادْفَعُوْۤا | اِلَیْهِمْ | اَمْوَالَهُمْ | وَ | لَا | تَاْكُلُوْهَاۤ | اِسْرَافًا |
| ان میں | ہوشیاری | پس حوالے کرو | طرف ان کے | مال ان کے | اور | مت | کھاؤ ان کو | زیادتی سے |

دیکھو تو ان کا مال ان کے حوالے کردو۔ اور اس خوف سے کہ وہ بڑے ہو جائیں گے (یعنی بڑے ہو کر تم سے اپنا مال واپس

وَّبِدَارًا اَنْ يَّكْبَرُوْا ؕ وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ ۚ وَمَنْ كَانَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | بِدَارًا | اَنْ | يَّكْبَرُوْا | وَمَنْ | كَانَ | غَنِيًّا | فَلْيَسْتَعْفِفْ | وَ | مَنْ | كَانَ |
| اور | جلدی سے | اس سے کہ | بڑے ہو جائیں | اور جو کوئی | ہو | بے احتیاج | پس چاہیے کہ بچے | اور | جو کوئی | ہو |

لے لیں گے) اس کو فضول خرچی اور جلدی میں نہ اڑا دینا۔ اور جو شخص آسودہ حال ہو اس کو (ایسے مال سے قطعی طور پر) پرہیز رکھنا چاہیے اور جو

فَقِيْرًا فَلْيَاْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ فَاِذَا دَفَعْتُمْ اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَقِيْرًا | فَلْيَاْكُلْ | بِالْمَعْرُوْفِ | فَاِذَا | دَفَعْتُمْ | اِلَيْهِمْ | اَمْوَالَهُمْ |
| فقیر | پس کھائے | ساتھ انصاف کے | پس جب | حوالے کرو | طرف ان کے | مال ان کے |

بے مقدور ہو وہ مناسب طور پر (یعنی بقدر خدمت) کچھ لے لے۔ اور جب ان کا مال ان کے حوالے کرنے لگو

فَاَشْهِدُوْا عَلَيْهِمْ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ﴿۶﴾ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَشْهِدُوْا | عَلَيْهِمْ | وَكَفٰى | بِاللّٰهِ | حَسِيْبًا | لِلرِّجَالِ | نَصِيْبٌ | مِّمَّا |
| پس گواہ پکڑو | اوپر ان کے | اور کافی ہے | اللہ | حساب لینے والا | واسطے مردوں کے | حصہ ہے | اس چیز سے کہ |

تو گواہ کر لیا کرو۔ اور حقیقت میں تو اللہ ہی (گواہ اور) حساب لینے والا کافی ہے ﴿۶﴾ جو مال

تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ۠ وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَرَكَ | الْوَالِدٰنِ | وَ | الْاَقْرَبُوْنَ | وَ | لِلنِّسَآءِ | نَصِيْبٌ | مِّمَّا | تَرَكَ |
| چھوڑ گئے | ماں باپ | اور | قرابتی | اور | واسطے عورتوں کے | حصہ ہے | اس چیز سے کہ | چھوڑ گئے |

ماں باپ اور رشتہ دار چھوڑ مریں تھوڑا ہو یا بہت اس میں مردوں کا بھی

الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ اَوْ كَثُرَ ؕ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ﴿۷﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْوَالِدٰنِ | وَ | الْاَقْرَبُوْنَ | مِمَّا | قَلَّ | مِنْهُ | اَوْكَثُرَ | نَصِيْبًا | مَّفْرُوْضًا |
| ماں باپ | اور | قرابتی | اس میں سے جو کہ | تھوڑا ہو | اس سے | یا زیادہ | حصہ ہے | مقرر کیا ہوا |

حصہ ہے اور عورتوں کا بھی۔ یہ حصے (اللہ کے) مقرر کیے ہوئے ہیں ﴿۷﴾

وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِذَا | حَضَرَ | الْقِسْمَةَ | اُولُوا الْقُرْبٰى | وَالْيَتٰمٰى | وَ | الْمَسٰكِيْنُ |
| اور | جب | حاضر ہوں | بانٹنے میں | قرابت والے | اور یتیم | اور | فقراء |

اور جب میراث کی تقسیم کے وقت (غیر وارث) رشتہ دار اور یتیم اور محتاج آجائیں

فَارْزُقُوْهُمْ مِّنْهُ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ﴿۸﴾ وَلْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَارْزُقُوْهُمْ | مِّنْهُ | وَ | قُوْلُوْا | لَهُمْ | قَوْلًا | مَّعْرُوْفًا | وَ | لْيَخْشَ | الَّذِيْنَ | لَوْ |
| پس دو ان کو | اس میں سے | اور | کہو | ان کو | بات | اچھی | اور | چاہیے کہ ڈریں | وہ لوگ کہ | اگر |

تو اُن کو بھی اس میں سے کچھ دے دیا کرو اور شیریں کلامی سے پیش آیا کرو ﴿۸﴾ اور ایسے لوگوں کو ڈرنا چاہیے جو (ایسی حالت میں ہوں کہ)

تَرَكُوْا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا خَافُوْا عَلَيْهِمْ ۖ فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَرَكُوْا | مِنْ خَلْفِهِمْ | ذُرِّيَّةً | ضِعٰفًا | خَافُوْا | عَلَيْهِمْ | فَلْيَتَّقُوْا | اللّٰهَ |
| چھوڑ جائیں | پیچھے اپنے | اولاد | ناتوان | ڈریں | اوپر ان کے | پس چاہیے کہ ڈریں | اللہ سے |

اپنے بعد ننھے ننھے بچے چھوڑ جائیں اور ان کو ان کی نسبت خوف ہو (کہ ان کے مرنے کے بعد ان بے چاروں کا کیا حال ہوگا) پس چاہیے کہ یہ لوگ

وَلْيَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ﴿۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلْيَقُوْلُوْا | قَوْلًا | سَدِيْدًا | اِنَّ | الَّذِيْنَ | يَاْكُلُوْنَ | اَمْوَالَ | الْيَتٰمٰى |
| اور چاہیے کہ کہیں | بات | محکم | بے شک | وہ لوگ جو | کھاتے ہیں | مال | یتیموں کے |

اللہ سے ڈریں اور معقول بات کہیں ﴿۹﴾ جو لوگ یتیموں کا مال ناجائز طور پر کھاتے

ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا ۭ وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا ﴿۱۰﴾ ع ۱ ۱۲

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظُلْمًا | اِنَّمَا | يَاْكُلُوْنَ | فِيْ | بُطُوْنِهِمْ | نَارًا | وَسَيَصْلَوْنَ | سَعِيْرًا |
| ظلم سے | سوائے اسکے نہیں کہ | کھاتے ہیں | بیچ | اپنے پیٹوں کے | آگ | اور البتہ جائیں گے | آگ میں |

ہیں وہ اپنے پیٹوں میں آگ بھرتے ہیں۔ اور وہ دوزخ میں ڈالے جائیں گے ﴿۱۰﴾

يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْٓ اَوْلَادِكُمْ ۤ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۚ فَاِنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُوْصِيْكُمُ | اللّٰهُ | فِيْٓ | اَوْلَادِكُمْ | لِلذَّكَرِ | مِثْلُ | حَظِّ | الْاُنْثَيَيْنِ | فَاِنْ |
| وصیت کرتا ہے تم کو | اللہ | بیچ | اولاد تمہاری کے | واسطے مرد کے ہے | مانند | حصہ | دو عورتوں کے | پس اگر |

اللہ تمہاری اولاد کے بارے میں تم کو ارشاد فرماتا ہے کہ ایک لڑکے کا حصہ دو لڑکیوں کے حصے کے برابر ہے اور اگر اولادِ

كُنَّ نِسَآءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۚ وَاِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُنَّ | نِسَآءً | فَوْقَ | اثْنَتَيْنِ | فَلَهُنَّ | ثُلُثَا | مَا | تَرَكَ | وَ | اِنْ | كَانَتْ | وَاحِدَةً |
| ہوویں | عورتیں | زیادہ | دو سے | پس واسطے انکے ہے | دو تہائی | اس چیز کی کہ | چھوڑ گیا | اور | اگر | ہو عورت | ایک ہی |

میّت صرف لڑکیاں ہی ہوں (یعنی دو یا) دو سے زیادہ تو کل ترکے میں ان کا دو تہائی۔ اور اگر صرف ایک لڑکی ہو

فَلَهَا النِّصْفُ ۭ وَلِاَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَهَا | النِّصْفُ | وَ | لِاَبَوَيْهِ | لِكُلِّ | وَاحِدٍ | مِّنْهُمَا | السُّدُسُ | مِمَّا | تَرَكَ |
| پس واسطے اسکے ہے | آدھا | اور | واسطے اسکے والدین کے | ہر | ایک کو | ان دونوں میں سے | چھٹا حصہ | اس چیز سے کہ | چھوڑ گیا ہے |

تو اس کا حصہ نصف۔ اورمیت کے ماں باپ کا یعنی دونوں میں سے ہر ایک کا ترکے میں چھٹا حصہ

اِنْ كَانَ لَهٗ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلَدٌ وَّوَرِثَهٗٓ اَبَوٰهُ فَلِاُمِّهِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنْ | كَانَ | لَهٗ | وَلَدٌ | فَاِنْ | لَّمْ | يَكُنْ | لَّهٗ | وَلَدٌ | وَّوَرِثَهٗٓ | اَبَوٰهُ | فَلِاُمِّهِ |
| اگر | ہو | واسطے اسکے | اولاد | پس اگر | نہ | ہو | واسطے اسکے | اولاد | اور وارث ہوئے | ماں باپ اسکے | پس اسکی ماں کے واسطے |

بشرطیکہ میت کے اولاد ہو اور اگر اولاد نہ ہو اور صرف ماں باپ ہی اس کے وارث ہوں تو ایک تہائی

الثُّلُثُ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهٗٓ اِخْوَةٌ فَلِاُمِّهِ السُّدُسُ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الثُّلُثُ | فَاِنْ | كَانَ | لَهٗٓ | اِخْوَةٌ | فَلِاُمِّهِ | السُّدُسُ | مِنْۢ بَعْدِ | وَصِيَّةٍ |
| تیسرا حصہ | پس اگر | ہو | واسطے اسکے | بھائی | پس اسکی ماں کے واسطے | چھٹا حصہ | پیچھے | وصیت کے |

ماں کا حصہ۔ اور اگر میت کے بھائی بھی ہوں تو ماں کا چھٹا حصہ (اور یہ تقسیم ترکہ میت کی) وصیت (کی تعمیل) کے بعد

يُّوْصِيْ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۭ اٰبَاۗؤُكُمْ وَاَبْنَاۗؤُكُمْ لَا تَدْرُوْنَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُّوْصِيْ | بِهَآ | اَوْ دَيْنٍ | اٰبَاۗؤُكُمْ | وَ | اَبْنَاۗؤُكُمْ | لَا | تَدْرُوْنَ | اَيُّهُمْ | اَقْرَبُ |
| کہ وصیت کر جائے | ساتھ اسکے | یا قرض کے | باپ تمہارے | اور | بیٹے تمہارے | نہیں | جانتے تم | کون ان میں سے | بہت نزدیک ہے |

جو اس نے کی ہو یا قرض کے (ادا ہونے کے بعد جو اس کے ذمے ہو عمل میں آئے گی)۔ تم کو معلوم نہیں کہ تمہارے باپ دادوں اور بیٹوں پوتوں میں

لَكُمْ نَفْعًا ۭ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۱﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكُمْ | نَفْعًا | فَرِيْضَةً | مِّنَ | اللّٰهِ | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | عَلِيْمًا | حَكِيْمًا |
| واسطے تمہارے | نفع میں | مقرر کیا ہوا ہے | طرف سے | اللہ کی | بے شک | اللہ | ہے | جاننے والا | حکمت والا |

سے فائدے کے لحاظ سے کون تم سے زیادہ قریب ہے۔ یہ حصے اللہ کے مقرر کیے ہوئے ہیں۔ بیشک اللہ سب کچھ جاننے والا (اور) حکمت والا ہے ﴿۱۱﴾

وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ اَزْوَاجُكُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُنَّ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَكُمْ | نِصْفُ | مَا | تَرَكَ | اَزْوَاجُكُمْ | اِنْ | لَّمْ | يَكُنْ | لَّهُنَّ | وَلَدٌ | فَاِنْ | كَانَ |
| اور | واسطے تمہارے | آدھا | اس چیز کا کہ | چھوڑ گئی ہیں | بیویاں تمہاری | اگر | نہ | ہو | واسطے انکے | اولاد | پس اگر | ہو |

اور جو مال تمہاری عورتیں چھوڑ مریں۔ اگر ان کے اولاد نہ ہو تو اس میں نصف حصہ تمہارا۔ اور اگر اولاد ہو

لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُنَّ | وَلَدٌ | فَلَكُمُ | الرُّبُعُ | مِمَّا | تَرَكْنَ | مِنْۢ بَعْدِ | وَصِيَّةٍ |
| واسطے ان کے | اولاد | پس واسطے تمہارے | چوتھائی | اس چیز کی کہ | چھوڑ گئی ہیں | پیچھے | وصیت کے کہ |

تو ترکے میں تمہارا حصہ چوتھائی۔ (لیکن یہ تقسیم) وصیت (کی تعمیل) کے بعد

يُّوْصِيْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ؕ وَ لَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ اِنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُّوْصِيْنَ | بِهَآ | اَوْ دَيْنٍ | وَ | لَهُنَّ | الرُّبُعُ | مِمَّا | تَرَكْتُمْ | اِنْ |
| وصیت کر جائیں | ساتھ اس کے | یا قرض کے | اور | واسطے ان کے | چوتھائی ہے | اس چیز کی کہ | چھوڑ جاؤ تم | اگر |

جوانہوں نے کی ہو یا قرض کے (ادا ہونے کے بعد جو ان کے ذمے ہو، کی جائے گی)۔ اور جو مال تم (مرد) چھوڑ مرو۔ اگر تمہارے

لَّمْ يَكُنْ لَّكُمْ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَّمْ | يَكُنْ | لَّكُمْ | وَلَدٌ | فَاِنْ | كَانَ | لَكُمْ | وَلَدٌ | فَلَهُنَّ | الثُّمُنُ |
| نہ | ہو | واسطے تمہارے | اولاد | پس اگر | ہو | واسطے تمہارے | اولاد | پس واسطے انکے | آٹھواں حصہ ہے |

اولاد نہ ہو تو تمہاری عورتوں کا ان میں چوتھا حصہ اگر اولاد ہو تو اُن کا آٹھواں حصہ (یہ حصے)

مِمَّا تَرَكْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ؕ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مِمَّا | تَرَكْتُمْ | مِّنْۢ بَعْدِ | وَصِيَّةٍ | تُوْصُوْنَ | بِهَآ | اَوْ دَيْنٍ |
| اس چیز کا کہ | چھوڑ جاؤ تم | پیچھے | وصیت کے | وصیت کر جاؤ تم | ساتھ اس کے | یا قرض کے |

تمہاری وصیت (کی تعمیل) کے بعد جو تم نے کی ہو اور (ادائے) قرض کے (بعد تقسیم کیے جائیں گے)۔

وَ اِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ كَلٰلَةً اَوِ امْرَاَةٌ وَّ لَهٗۤ اَخٌ اَوْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنْ | كَانَ | رَجُلٌ | يُّوْرَثُ | كَلٰلَةً | اَوِ | امْرَاَةٌ | وَّ | لَهٗۤ | اَخٌ | اَوْ |
| اور | اگر | ہو | وہ مرد کہ | میراث لی جاتی ہے اسکی | کلالۃ | یا | وہ عورت ہو | اور | واسطے اسکے | ہے ایک بھائی | یا |

اور اگر ایسے مرد یا عورت کی میراث ہو جس کے نہ باپ ہو نہ بیٹا مگر اس کے بھائی

اُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ ۚ فَاِنْ كَانُوْٓا اَكْثَرَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُخْتٌ | فَلِكُلِّ | وَاحِدٍ | مِّنْهُمَا | السُّدُسُ | فَاِنْ | كَانُوْٓا | اَكْثَرَ |
| ایک بہن ہے | پس واسطے | ہر ایک کے | ان دونوں میں سے | چھٹا حصہ ہے | پس اگر | ہوں | زیادہ |

یا بہن ہو تو اُن میں سے ہر ایک کا چھٹا حصہ اور اگر ایک سے زیادہ ہوں

مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَآءُ فِي الثُّلُثِ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ

| مِنْ ذٰلِكَ | فَهُمْ | شُرَكَآءُ | فِي | الثُّلُثِ | مِنْۢ بَعْدِ | وَصِيَّةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے | پس وہ | ساجھی برابر ہیں | بیچ | تہائی کے | پیچھے | وصیت کے کہ |

تو سب ایک تہائی میں شریک ہوں گے (یہ حصے بھی) بعد ادائے وصیت و قرض

يُّوْصٰى بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۙ غَيْرَ مُضَآرٍّ ۚ وَصِيَّةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ

| يُّوْصٰى | بِهَآ | اَوْ دَيْنٍ | غَيْرَ | مُضَآرٍّ | وَصِيَّةً | مِّنَ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وصیت کی جاتی ہے | ساتھ اس کے | یا قرض کے | نہیں | ضرر پہنچانے والا کسی کو | مقرر کیا گیا | طرف سے | اللہ کی |

بشرطیکہ ان سے میت نے کسی کا نقصان نہ کیا ہو (تقسیم کیے جائیں گے)۔ یہ اللہ کا فرمان ہے

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۲﴾ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يُّطِعِ

| وَاللّٰهُ | عَلِيْمٌ | حَلِيْمٌ | تِلْكَ | حُدُوْدُ | اللّٰهِ | وَ | مَنْ | يُّطِعِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور اللہ | جاننے والا ہے | تحمل والا ہے | یہ ہیں | حدیں | اللہ کی | اور | جو کوئی | کہا مانے |

اور اللہ نہایت علم والا (اور) نہایت حلم والا ہے۝۱۲ یہ (تمام احکام) اللہ کی حدیں ہیں۔ اور جو شخص اللہ اور

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

| اللّٰهَ | وَرَسُوْلَهٗ | يُدْخِلْهُ | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ | مِنْ | تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کا | اور اس کے رسول کا | داخل کرے گا اس کو | جنتوں میں | چلتی ہیں | سے | ان کے نیچے | نہریں |

اس کے پیغمبر کی فرمانبرداری کرے گا اللہ اس کو بہشتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں،

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۳﴾ وَمَنْ يَّعْصِ

| خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا | وَ | ذٰلِكَ | الْفَوْزُ | الْعَظِيْمُ | وَ | مَنْ | يَّعْصِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہمیشہ رہیں | بیچ اس کے | اور | یہ | مراد پانا ہے | بڑا | اور | جو کوئی | نافرمانی کرے |

وہ اُن میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور یہ بڑی کامیابی ہے۝۱۳ اور جو اللہ اور اس کے رسول

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا

| اللّٰهَ | وَ | رَسُوْلَهٗ | وَ | يَتَعَدَّ | حُدُوْدَهٗ | يُدْخِلْهُ | نَارًا | خَالِدًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کی | اور | اس کے پیغمبر کی | اور | گزر جائے | حدوں سے اس کی | داخل کرے گا اس کو | آگ میں | ہمیش رہنے والے |

کی نافرمانی کرے گا اور اس کی حدوں سے نکل جائے گا اُس کو اللہ دوزخ میں ڈالے گا جہاں وہ

ع ۲ ۱۴

فِيْهَا ۖ وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿١٤﴾ وَ الّٰتِيْ يَاْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهَا | وَلَهٗ | عَذَابٌ | مُّهِيْنٌ | وَ | الّٰتِيْ | يَاْتِيْنَ | الْفَاحِشَةَ |
| بیچ اس کے | اور واسطے اس کے | عذاب ہے | ذلیل کرنے والا | اور | وہ عورتیں کہ | آتی ہیں | بے حیائی کو |

ہمیشہ رہے گا اور اس کو ذلت کا عذاب ہو گا ﴿١٤﴾ مسلمانو! تمہاری عورتوں میں جو بدکاری

مِنْ نِّسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَيْهِنَّ اَرْبَعَةً مِّنْكُمْ ۚ فَاِنْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | نِّسَآئِكُمْ | فَاسْتَشْهِدُوْا | عَلَيْهِنَّ | اَرْبَعَةً | مِّنْكُمْ | فَاِنْ |
| سے | عورتوں تمہاری | پس گواہ مانگو | اوپر ان کے | چار | تم میں سے | پس اگر |

کا ارتکاب کر بیٹھیں ان پر اپنے لوگوں میں سے چار شخصوں کی شہادت لو۔ اگر وہ

شَهِدُوْا فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ حَتّٰى يَتَوَفّٰهُنَّ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| شَهِدُوْا | فَاَمْسِكُوْهُنَّ | فِي | الْبُيُوْتِ | حَتّٰى | يَتَوَفّٰهُنَّ |
| گواہی دیں | پس بند رکھو ان کو | بیچ | گھروں کے | یہاں تک کہ | اٹھا لے ان کو |

(ان کی بدکاری کی) گواہی دیں تو ان عورتوں کو گھروں میں بند رکھو یہاں تک کہ موت اُن کا کام

الْمَوْتُ اَوْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا ﴿١٥﴾ وَ الَّذٰنِ يَاْتِيٰنِهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَوْتُ | اَوْ | يَجْعَلَ | اللّٰهُ | لَهُنَّ | سَبِيْلًا | وَ | الَّذٰنِ | يَاْتِيٰنِهَا |
| موت | یا | کرے | اللہ | واسطے ان کے | راہ | اور | جو دو مرد | آویں اس بے حیائی کو |

تمام کر دے یا اللہ اُن کے لیے کوئی اور سبیل (پیدا) کرے ﴿١٥﴾ اور جو دو مرد تم میں سے

مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا ۚ فَاِنْ تَابَا وَ اَصْلَحَا فَاَعْرِضُوْا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْكُمْ | فَاٰذُوْهُمَا | فَاِنْ | تَابَا | وَ | اَصْلَحَا | فَاَعْرِضُوْا |
| تم میں سے | پس ایذا دو ان کو | پس اگر | توبہ کریں | اور | نیکی پر آئیں | پس منہ پھیر لو |

بدکاری کریں تو اُن کو ایذا دو۔ پھر اگر وہ توبہ کر لیں اور نیکوکار ہو جائیں تو اُن کا پیچھا چھوڑ

عَنْهُمَا ۗ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿١٦﴾ اِنَّمَا التَّوْبَةُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْهُمَا | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | تَوَّابًا | رَّحِيْمًا | اِنَّمَا | التَّوْبَةُ |
| ان سے | بے شک | اللہ | ہے | پھر آنے والا | مہربان | سوائے اس کے نہیں کہ | توبہ قبول کرنا |

دو۔ بیشک اللہ توبہ قبول کرنے والا (اور) مہربان ہے ﴿١٦﴾ اللہ انہیں لوگوں کی

عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ

| عَلَى | اللّٰهِ | لِلَّذِيْنَ | يَعْمَلُوْنَ | السُّوْٓءَ | بِجَهَالَةٍ | ثُمَّ | يَتُوْبُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | اللہ کے | واسطے ان لوگوں کے ہے کہ | کرتے ہیں | برائی | ساتھ نادانی کے | پھر | توبہ کرتے ہیں |

توبہ قبول فرماتا ہے جو نادانی سے بری حرکت کر بیٹھتے ہیں پھر جلد توبہ

مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰٓئِكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ

| مِنْ | قَرِيْبٍ | فَاُولٰٓئِكَ | يَتُوْبُ | اللّٰهُ | عَلَيْهِمْ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | جلدی | پس یہ لوگ ہیں کہ | رجوع کرتا ہے | اللہ | اوپران کے | اور | ہے | اللہ |

کر لیتے ہیں پس ایسے لوگوں پر اللہ مہربانی کرتا ہے۔ اور وہ سب کچھ جانتا

عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۷﴾ وَ لَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ

| عَلِيْمًا | حَكِيْمًا | وَ | لَيْسَتِ | التَّوْبَةُ | لِلَّذِيْنَ | يَعْمَلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جاننے والا | حکمت والا | اور | نہیں | توبہ | واسطے ان لوگوں کہ | کرتے ہیں |

(اور) حکمت والا ہے ﴿۱۷﴾ اور ایسے لوگوں کی توبہ قبول نہیں ہوتی جو (ساری عمر) برے کام

السَّيِّاٰتِ ۚ حَتّٰٓى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ

| السَّيِّاٰتِ | حَتّٰٓى | اِذَا | حَضَرَ | اَحَدَهُمُ | الْمَوْتُ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| برائیاں | یہاں تک کہ | جب | حاضر ہوتی ہے | ان کے ایک کو | موت | کہتا ہے |

کرتے رہیں یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کی موت آ موجود ہو تو اُس وقت کہنے لگے

اِنِّىْ تُبْتُ الْـٰٔنَ وَ لَا الَّذِيْنَ يَمُوْتُوْنَ وَ هُمْ كُفَّارٌ ؕ

| اِنِّىْ | تُبْتُ | الْـٰٔنَ | وَ | لَا | الَّذِيْنَ | يَمُوْتُوْنَ | وَ | هُمْ | كُفَّارٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | توبہ کی میں نے | اب | اور | نہ | واسطے ان لوگوں کے جو | مرجاتے ہیں | اور | وہ | کافر ہیں |

کہ اب میں توبہ کرتا ہوں اور نہ ان کی (توبہ قبول ہوتی ہے) جو کفر کی حالت میں مریں۔

اُولٰٓئِكَ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۸﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

| اُولٰٓئِكَ | اَعْتَدْنَا | لَهُمْ | عَذَابًا | اَلِيْمًا | يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| یہ لوگ | تیار کیا ہے ہم نے | واسطے ان کے | عذاب | درد دینے والا | اے لوگو جو |

ایسے لوگوں کے لیے ہم نے عذاب الیم تیار کر رکھا ہے ﴿۱۸﴾ مومنو! تم کو جائز نہیں

اٰمَنُوْا لَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا ؕ وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ

| اٰمَنُوْا | لَا | يَحِلُّ | لَكُمْ | اَنْ | تَرِثُوْا | النِّسَآءَ | كَرْهًا | وَ | لَا | تَعْضُلُوْهُنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان لائے ہو | نہیں | حلال | واسطے تمہارے | یہ کہ | وارث ہو جاؤ | عورتوں کے | زبردستی | اور | مت | منع کرو ان کو |

کہ زبردستی عورتوں کے وارث بن جاؤ۔ اور (دیکھنا) اس نیت سے کہ جو کچھ تم نے اُن کو دیا ہے

لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ

| لِتَذْهَبُوْا | بِبَعْضِ | مَآ | اٰتَيْتُمُوْهُنَّ | اِلَّآ | اَنْ | يَّاْتِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تاکہ لے لو | بعضے | وہ چیز کہ | دی ہے تم نے ان کو | مگر | یہ کہ | لاویں |

اُس میں سے کچھ لے لو انہیں (گھروں میں) مت روک رکھنا۔ ہاں اگر وہ کھلے طور پر بدکاری

بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۚ وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ فَاِنْ

| بِفَاحِشَةٍ | مُّبَيِّنَةٍ | وَعَاشِرُوْهُنَّ | بِالْمَعْرُوْفِ | فَاِنْ |
|---|---|---|---|---|
| بےحیائی | ظاہر | اور صحبت رکھو ان سے | ساتھ اچھی طرح کے | پس اگر |

کی مرتکب ہوں (تو روکنا نامناسب نہیں) اور اُن کے ساتھ اچھی طرح سے رہو سہو۔ اگر وہ تم

كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ

| كَرِهْتُمُوْهُنَّ | فَعَسٰٓى | اَنْ | تَكْرَهُوْا | شَيْـًٔا | وَّ | يَجْعَلَ | اللّٰهُ | فِيْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ناپسند رکھو ان کو | پس شاید | کہ | مکروہ رکھو تم | کچھ چیز کو | اور | کرے | اللہ | بیچ اسکے |

کو ناپسند ہوں تو عجب نہیں کہ تم کسی چیز کو ناپسند کرو اور اللہ اس میں بہت سی

خَيْرًا كَثِيْرًا ⑲ وَاِنْ اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ

| خَيْرًا | كَثِيْرًا | وَ | اِنْ | اَرَدْتُّمُ | اسْتِبْدَالَ | زَوْجٍ | مَّكَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھلائی | بہت | اور | اگر | چاہو تم | بدل لینا | ایک جورو کا | جگہ |

بھلائی پیدا کردے (۱۹) اور اگر تم ایک عورت کو چھوڑ کر دوسری عورت کرنی

زَوْجٍ ۙ وَّاٰتَيْتُمْ اِحْدٰىهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ

| زَوْجٍ | وَّاٰتَيْتُمْ | اِحْدٰىهُنَّ | قِنْطَارًا | فَلَا | تَاْخُذُوْا | مِنْهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک جورو کے | اور دیا ہے تم نے | ایک کو ان میں سے | خزانہ | پس مت | لو | اس میں سے |

چاہو اور پہلی عورت کو بہت سا مال دے چکے ہو تو اس میں سے کچھ مت

شَيْـًٔا ؕ اَتَاْخُذُوْنَهٗ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۲۰﴾ وَ كَيْفَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شَيْـًٔا | اَتَاْخُذُوْنَهٗ | بُهْتَانًا | وَّاِثْمًا | مُّبِيْنًا | وَ | كَيْفَ |
| کچھ | کیا لوگے تم اس کو | بہتان کر | اور گناہ | ظاہر | اور | کیوں کر |

لینا۔ بھلا تم ناجائز طور پر اور صریح ظلم سے اپنا مال اس سے واپس لو گے؟ ﴿۲۰﴾ اور تم دیا ہوا

تَاْخُذُوْنَهٗ وَقَدْ اَفْضٰى بَعْضُكُمْ اِلٰى بَعْضٍ وَّاَخَذْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَاْخُذُوْنَهٗ | وَقَدْ | اَفْضٰى | بَعْضُكُمْ | اِلٰى | بَعْضٍ | وَّ | اَخَذْنَ |
| لوگے تم اس کو | اور تحقیق | ملے ہیں | بعض تمہارے | طرف | بعض کے | اور | لیا ہے انہوں نے |

مال کیونکر واپس لے سکتے ہو جبکہ تم ایک دوسرے کے ساتھ صحبت کر چکے ہو اور وہ تم سے

مِنْكُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿۲۱﴾ وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْكُمْ | مِّيْثَاقًا | غَلِيْظًا | وَ | لَا | تَنْكِحُوْا | مَا | نَكَحَ | اٰبَآؤُكُمْ | مِّنَ |
| تم سے | عہد | گاڑھا | اور | مت | نکاح کرو | اس کو جو | نکاح کیا ہے | تمہارے باپوں نے | سے |

عہد واثق بھی لے چکی ہیں ﴿۲۱﴾ اور جن عورتوں سے تمہارے باپ نے نکاح کیا ہو

النِّسَآءِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّمَقْتًا ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النِّسَآءِ | اِلَّا | مَا | قَدْ سَلَفَ | اِنَّهٗ | كَانَ | فَاحِشَةً | وَّ | مَقْتًا |
| عورتوں | مگر | جو | گزرا | بیشک یہ | ہے | بے حیائی | اور | ناخوشی اللہ کی |

ان سے نکاح نہ کرنا مگر (جاہلیت میں) جو ہو چکا (سو ہو چکا)۔ یہ نہایت بے حیائی اور (اللہ کی) ناخوشی کی بات تھی۔

ع ۸/۱۴ وَسَآءَ سَبِيْلًا ﴿۲۲﴾ ع حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ وَ بَنٰتُكُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَسَآءَ | سَبِيْلًا | حُرِّمَتْ | عَلَيْكُمْ | اُمَّهٰتُكُمْ | وَ | بَنٰتُكُمْ |
| اور بری | راہ ہے | حرام کی گئیں | اوپر تمہارے | مائیں تمہاری | اور | بیٹیاں تمہاری |

اور بہت برا دستور تھا ﴿۲۲﴾ تم پر تمہاری مائیں اور بیٹیاں

وَ اَخَوٰتُكُمْ وَعَمّٰتُكُمْ وَ خٰلٰتُكُمْ وَبَنٰتُ الْاَخِ وَبَنٰتُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَخَوٰتُكُمْ | وَعَمّٰتُكُمْ | وَ | خٰلٰتُكُمْ | وَبَنٰتُ | الْاَخِ | وَبَنٰتُ |
| اور | بہنیں تمہاری | اور پھوپھیاں تمہاری | اور | خالائیں تمہاری | اور بیٹیاں | بھائیوں کی | اور بیٹیاں |

اور بہنیں اور پھوپھیاں اور خالائیں اور بھتیجیاں اور بھانجیاں

الْاُخْتِ وَاُمَّهٰتُكُمُ الّٰتِيْٓ اَرْضَعْنَكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ مِّنَ

| الْاُخْتِ | وَاُمَّهٰتُكُمُ | الّٰتِيْٓ | اَرْضَعْنَكُمْ | وَاَخَوٰتُكُمْ | مِّنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| بہنوں کی | اور مائیں تمہاری | جنہوں نے | دودھ پلایا تم کو | اور بہنیں تمہاری | سے |

اور وہ مائیں جنہوں نے تم کو دودھ پلایا ہو، اور رضاعی بہنیں

الرَّضَاعَةِ وَاُمَّهٰتُ نِسَآئِكُمْ وَ رَبَآئِبُكُمُ الّٰتِيْ فِيْ

| الرَّضَاعَةِ | وَاُمَّهٰتُ | نِسَآئِكُمْ | وَ | رَبَآئِبُكُمُ | الّٰتِيْ | فِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| دودھ | اور مائیں | تمہاری بیبیوں کی | اور | اولاد جوروؤں کی تمہاری | جو | بیچ |

اور ساسیں حرام کر دی گئی ہیں اور جن عورتوں سے تم مباشرت کر چکے ہو

حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآئِكُمُ الّٰتِيْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ ز فَاِنْ لَّمْ

| حُجُوْرِكُمْ | مِّنْ | نِّسَآئِكُمُ | الّٰتِيْ | دَخَلْتُمْ | بِهِنَّ | فَاِنْ | لَّمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گودیوں تمہاری کے ہیں | سے | بیبیوں تمہاری سے | جو | صحبت کی ہے تم نے | ساتھ ان کے | پس اگر | نہیں |

ان کی لڑکیاں جنہیں تم پرورش کرتے ہو (وہ بھی تم پر حرام ہیں) ہاں اگر تم نے

تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ ز وَ حَلَآئِلُ

| تَكُوْنُوْا | دَخَلْتُمْ | بِهِنَّ | فَلَا | جُنَاحَ | عَلَيْكُمْ | وَ | حَلَآئِلُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کی تم نے | صحبت | ان سے | پس نہیں | گناہ | تم پر | اور | جوروئیں |

ان کے ساتھ مباشرت نہ کی ہو تو (ان کی لڑکیوں کے ساتھ نکاح کر لینے میں) تم پر کچھ گناہ نہیں۔ اور

اَبْنَآئِكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ لا وَ اَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ

| اَبْنَآئِكُمُ | الَّذِيْنَ | مِنْ | اَصْلَابِكُمْ | وَ | اَنْ | تَجْمَعُوْا | بَيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہارے بیٹوں کی | جو | سے ہے | تمہاری صلب | اور | یہ کہ | اکٹھا کرو تم | درمیان |

تمہارے صلبی بیٹوں کی عورتیں بھی۔ اور دو بہنوں کا اکٹھا کرنا بھی (حرام

الْاُخْتَيْنِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝۲۳ لا

| الْاُخْتَيْنِ | اِلَّا | مَا | قَدْ سَلَفَ | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | غَفُوْرًا | رَّحِيْمًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دو بہنوں کے | مگر | جو | گزرا | بے شک | اللہ | ہے | بخشنے والا | مہربان |

ہے) مگر جو ہو چکا (سو ہو چکا)۔ بے شک اللہ بخشنے والا (اور) رحم کرنے والا ہے ۝۲۳

وَّ الْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۚ كِتٰبَ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | الْمُحْصَنٰتُ | مِنَ | النِّسَآءِ | اِلَّا | مَا | مَلَكَتْ | اَيْمَانُكُمْ | كِتٰبَ | اللّٰهِ |
| اور | بیاہی ہوئی | میں سے | عورتوں | مگر | جن کے | مالک ہوئے | داہنے ہاتھ تمہارے | لکھ دیا | اللہ نے |

اورشوہروالی عورتیں بھی (تم پرحرام ہیں) مگر وہ جو (اسیر ہوکر لونڈیوں کے طور پر) تمہارے قبضے میں آجائیں (یہ حکم) اللہ نے تم کو

عَلَيْكُمْ ۚ وَ اُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْكُمْ | وَ | اُحِلَّ | لَكُمْ | مَّا | وَرَآءَ | ذٰلِكُمْ | اَنْ | تَبْتَغُوْا | بِاَمْوَالِكُمْ |
| اوپر تمہارے | اور | حلال کیا گیا | واسطے تمہارے | جو کچھ | سوائے | اس کے ہے | یہ کہ | طلب کرو | بدلے اپنے مالوں کے |

لکھ دیا ہے۔ اور ان (محرمات) کے سوا اور عورتیں تم کو حلال ہیں اس طرح سے کہ مال خرچ کر کے ان

مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ ؕ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّحْصِنِيْنَ | غَيْرَ | مُسٰفِحِيْنَ | فَمَا | اسْتَمْتَعْتُمْ | بِهٖ | مِنْهُنَّ | فَاٰتُوْهُنَّ |
| قید میں رکھنے والے | نہ | پانی ڈالنے والے | پس جو مال کہ | فائدہ اٹھایا ہے تم نے | بدلے اس کے | ان میں سے | پس دو ان کو |

سے نکاح کرلو بشرطیکہ (نکاح سے) مقصود عفت قائم رکھنا ہو نہ شہوت رانی۔ تو جن عورتوں سے تم فائدہ حاصل کرو ان

اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُجُوْرَهُنَّ | فَرِيْضَةً | وَ | لَا | جُنَاحَ | عَلَيْكُمْ | فِيْمَا | تَرٰضَيْتُمْ | بِهٖ |
| جو مقرر کیا ہے واسطے انکے | موافق مقرر کے | اور | نہیں | گناہ | اوپر تمہارے | بیچ اس چیز کے کہ | رضامند ہو تم | ساتھ اسکے |

کا مہر جو مقرر کیا ہو ادا کردو۔ اور اگر مقرر کرنے کے بعد آپس کی رضامندی سے مہر میں کمی بیشی کرلو تو تم پر

مِنْۢ بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۲۴﴾ وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْۢ بَعْدِ | الْفَرِيْضَةِ | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | عَلِيْمًا | حَكِيْمًا | وَ | مَنْ | لَّمْ | يَسْتَطِعْ |
| پیچھے | مقرر کرنے کے | بیشک | اللہ | ہے | جاننے والا | حکمت والا | اور | جو کوئی | نہ | رکھے |

کچھ گناہ نہیں۔ بے شک اللہ سب کچھ جاننے والا (اور) حکمت والا ہے ﴿۲۴﴾ اور جو شخص تم

مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْكُمْ | طَوْلًا | اَنْ | يَّنْكِحَ | الْمُحْصَنٰتِ | الْمُؤْمِنٰتِ | فَمِنْ | مَّا | مَلَكَتْ |
| تم میں سے | مقدور | یہ کہ | نکاح کرے | بیبیوں | ایمان والیوں سے | پس اس چیز سے | کہ | مالک ہوئے ہیں |

سے مومن آزاد عورتوں (یعنی بیبیوں) سے نکاح کرنے کا مقدور نہ رکھے تو مومن لونڈیوں ہی سے

اَیۡمَانُکُمۡ مِّنۡ فَتَیٰتِکُمُ الۡمُؤۡمِنٰتِ ؕ وَاللّٰہُ اَعۡلَمُ بِاِیۡمَانِکُمۡ ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَیۡمَانُکُمۡ | مِّنۡ | فَتَیٰتِکُمُ | الۡمُؤۡمِنٰتِ | وَ | اللّٰہُ | اَعۡلَمُ | بِاِیۡمَانِکُمۡ |
| داہنے ہاتھ تمہارے | سے | لونڈیوں تمہاری | ایمان والیوں سے | اور | اللہ | خوب جانتا ہے | ایمان تمہارے کو |

جو تمہارے قبضے میں آ گئی ہوں (نکاح کر لے)۔ اور اللہ تمہارے ایمان کو اچھی طرح جانتا ہے۔

بَعۡضُکُمۡ مِّنۡۢ بَعۡضٍ ۚ فَانۡکِحُوۡہُنَّ بِاِذۡنِ اَہۡلِہِنَّ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَعۡضُکُمۡ | مِّنۡۢ | بَعۡضٍ | فَانۡکِحُوۡہُنَّ | بِاِذۡنِ | اَہۡلِہِنَّ |
| بعض تمہارے | سے ہیں | بعض | پس نکاح کرلوان سے | ساتھ حکم | ان کے مالکوں کے |

تم آپس میں ایک دوسرے کے ہم جنس ہو۔ تو ان لونڈیوں کے ساتھ ان کے مالکوں سے اجازت حاصل کر کے نکاح کر لو

وَاٰتُوۡہُنَّ اُجُوۡرَہُنَّ بِالۡمَعۡرُوۡفِ مُحۡصَنٰتٍ غَیۡرَ مُسٰفِحٰتٍ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اٰتُوۡہُنَّ | اُجُوۡرَہُنَّ | بِالۡمَعۡرُوۡفِ | مُحۡصَنٰتٍ | غَیۡرَ | مُسٰفِحٰتٍ |
| اور | دو ان کو | مقرر ان کا | ساتھ اچھی طرح کے | قید میں رکھی ہوئیں | نہ | بدکاری کرنے والیاں |

اور دستور کے مطابق ان کا مہر بھی ادا کرو بشرطیکہ عفیفہ ہوں نہ ایسی کہ کھلم کھلا بدکاری کریں

وَّلَا مُتَّخِذٰتِ اَخۡدَانٍ ۚ فَاِذَاۤ اُحۡصِنَّ فَاِنۡ اَتَیۡنَ بِفَاحِشَۃٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | لَا | مُتَّخِذٰتِ | اَخۡدَانٍ | فَاِذَاۤ | اُحۡصِنَّ | فَاِنۡ | اَتَیۡنَ | بِفَاحِشَۃٍ |
| اور | نہ | پکڑنے والیاں | چھپے یار | پس جب | نکاح میں آویں | پس اگر | کریں | بے حیائی |

اور نہ در پردہ دوستی کرنا چاہیں۔ پھر اگر نکاح میں آ کر بدکاری کا ارتکاب کر بیٹھیں

فَعَلَیۡہِنَّ نِصۡفُ مَا عَلَی الۡمُحۡصَنٰتِ مِنَ الۡعَذَابِ ؕ ذٰلِکَ لِمَنۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَعَلَیۡہِنَّ | نِصۡفُ | مَا | عَلَی | الۡمُحۡصَنٰتِ | مِنَ | الۡعَذَابِ | ذٰلِکَ | لِمَنۡ |
| پس اوپر انکے ہے | آدھا | اس چیز کا کہ | اوپر | بی بیوں کے ہے | سے | عذاب | یہ | واسطے اس شخص کے ہے کہ |

تو جو سزا آزاد عورتوں (یعنی بیبیوں) کے لیے ہے اس کی آدھی ان کو (دی جائے)۔ یہ (لونڈی کے ساتھ نکاح کرنے کی) اجازت اس

خَشِیَ الۡعَنَتَ مِنۡکُمۡ ؕ وَاَنۡ تَصۡبِرُوۡا خَیۡرٌ لَّکُمۡ ؕ وَاللّٰہُ غَفُوۡرٌ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَشِیَ | الۡعَنَتَ | مِنۡکُمۡ | وَ | اَنۡ | تَصۡبِرُوۡا | خَیۡرٌ | لَّکُمۡ | وَ | اللّٰہُ | غَفُوۡرٌ |
| ڈرے | بدکاری سے | تم میں سے | اور | یہ کہ | صبر کرو تم | بہتر ہے | واسطے تمہارے | اور | اللہ | بخشنے والا |

شخص کو ہے جسے گناہ کر بیٹھنے کا اندیشہ ہو۔ اور اگر صبر کرو تو یہ تمہارے لیے بہت اچھا ہے۔ اور اللہ بخشنے والا

ع ۴

رَّحِيمٌ ﴿٢٥﴾ يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَيَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِينَ مِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَّحِيمٌ | يُرِيدُ | اللّٰهُ | لِيُبَيِّنَ | لَكُمْ | وَ | يَهْدِيَكُمْ | سُنَنَ | الَّذِينَ | مِنْ |
| مہربان ہے | ارادہ کرتا ہے | اللہ | تا کہ بیان کرے | واسطے تمہارے | اور | ہدایت کرے تم کو | راہیں | ان لوگوں کی جو | سے تھے |

مہربان ہے ﴿٢٥﴾ اللہ چاہتا ہے کہ (اپنی آیتیں) تم سے کھول کھول کر بیان فرمائے اور تم کو اگلے لوگوں

قَبْلِكُمْ وَيَتُوبَ عَلَيْكُمْ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿٢٦﴾ وَاللّٰهُ يُرِيدُ أَنْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَبْلِكُمْ | وَ | يَتُوبَ | عَلَيْكُمْ | وَ | اللّٰهُ | عَلِيمٌ | حَكِيمٌ | وَ | اللّٰهُ | يُرِيدُ | أَنْ |
| پہلے تم | اور | پھر آئے | اوپر تمہارے | اور | اللہ | جاننے والا | حکمت والا ہے | اور | اللہ | ارادہ کرتا ہے | یہ کہ |

کے طریقے بتائے اور تم پر مہربانی کرے۔ اور اللہ جاننے والا (اور) حکمت والا ہے ﴿٢٦﴾ اور اللہ تو چاہتا ہے

يَتُوبَ عَلَيْكُمْ ۖ وَيُرِيدُ الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الشَّهَوَاتِ أَنْ تَمِيلُوا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَتُوبَ | عَلَيْكُمْ | وَ | يُرِيدُ | الَّذِينَ | يَتَّبِعُونَ | الشَّهَوَاتِ | أَنْ | تَمِيلُوا |
| پھر آئے | اوپر تمہارے | اور | ارادہ کرتے ہیں | وہ لوگ کہ | پیروی کرتے ہیں | خواہشوں کی | یہ کہ | جھک جائیں |

کہ تم پر مہربانی کرے۔ اور جو لوگ اپنی خواہشوں کے پیچھے چلتے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ تم سیدھے رستے سے

مَيْلًا عَظِيمًا ﴿٢٧﴾ يُرِيدُ اللّٰهُ أَنْ يُخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَخُلِقَ الْإِنْسَانُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَيْلًا | عَظِيمًا | يُرِيدُ | اللّٰهُ | أَنْ | يُخَفِّفَ | عَنْكُمْ | وَ | خُلِقَ | الْإِنْسَانُ |
| جھک جانا | بڑا | ارادہ کرتا ہے | اللہ | یہ کہ | ہلکا کرے | تم سے | اور | پیدا کیا گیا ہے | انسان |

بھٹک کر دور جا پڑو ﴿٢٧﴾ اللہ چاہتا ہے کہ تم پر سے بوجھ ہلکا کرے اور انسان (طبعًا) کمزور پیدا

ضَعِيفًا ﴿٢٨﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ضَعِيفًا | يَا أَيُّهَا الَّذِينَ | آمَنُوا | لَا | تَأْكُلُوا | أَمْوَالَكُمْ | بَيْنَكُمْ |
| ضعیف | اے لوگو جو کہ | ایمان لائے ہو | مت | کھاؤ | مال اپنے | آپس میں |

ہوا ہے ﴿٢٨﴾ مومنو! ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤ ہاں

بِالْبَاطِلِ إِلَّا أَنْ تَكُونَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ مِنْكُمْ ۚ وَلَا تَقْتُلُوا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْبَاطِلِ | إِلَّا | أَنْ | تَكُونَ | تِجَارَةً | عَنْ تَرَاضٍ | مِنْكُمْ | وَ | لَا | تَقْتُلُوا |
| ساتھ ناحق کے | مگر | یہ کہ | ہووے | سوداگری | رضامندی | تمہاری سے | اور | مت | قتل کرو |

اگر آپس کی رضامندی سے تجارت کا لین دین ہو (اور اس سے مالی فائدہ حاصل ہو جائے تو وہ جائز ہے)۔ اور اپنے آپ کو

اَنۡفُسَكُمۡ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمۡ رَحِيۡمًا ﴿۲۹﴾ وَمَنۡ يَّفۡعَلۡ ذٰلِكَ عُدۡوَانًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنۡفُسَكُمۡ | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | بِكُمۡ | رَحِيۡمًا | وَ | مَنۡ | يَّفۡعَلۡ | ذٰلِكَ | عُدۡوَانًا |
| آپس اپنے کو | بے شک | اللہ | ہے | ساتھ تمہارے | مہربان | اور | جو کوئی | کرے | یہ | تعدی |

ہلاک نہ کرو۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ تم پر مہربان ہے ﴿۲۹﴾ اور جو تعدی اور ظلم سے ایسا کرے گا

وَّظُلۡمًا فَسَوۡفَ نُصۡلِيۡهِ نَارًا ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيۡرًا ﴿۳۰﴾ اِنۡ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | ظُلۡمًا | فَسَوۡفَ | نُصۡلِيۡهِ | نَارًا | وَ | كَانَ | ذٰلِكَ | عَلَى | اللّٰهِ | يَسِيۡرًا | اِنۡ |
| اور | ظلم | پس البتہ | داخل کرینگے ہم اسکو | آگ میں | اور | ہے | یہ | اوپر | اللہ کے | آسان | اگر |

ہم اس کو عنقریب جہنم میں داخل کریں گے۔ اور یہ اللہ کو آسان ہے ﴿۳۰﴾ اگر تم بڑے

تَجۡتَنِبُوۡا كَبَآئِرَ مَا تُنۡهَوۡنَ عَنۡهُ نُكَفِّرۡ عَنۡكُمۡ سَيِّاٰتِكُمۡ وَنُدۡخِلۡكُمۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَجۡتَنِبُوۡا | كَبَآئِرَ | مَا | تُنۡهَوۡنَ | عَنۡهُ | نُكَفِّرۡ | عَنۡكُمۡ | سَيِّاٰتِكُمۡ | وَنُدۡخِلۡكُمۡ |
| بچو گے تم | بڑے گناہوں سے | جو | منع کیے جاتے ہو تم | اس سے | دور کریں گے ہم | تم سے | برائیاں تمہاری | اور داخل کریں گے ہم تم کو |

بڑے گناہوں سے جن سے تم کو منع کیا جاتا ہے اجتناب رکھو گے تو ہم تمہارے (چھوٹے چھوٹے) گناہ معاف کر دیں گے اور تمہیں عزت کے

مُّدۡخَلًا كَرِيۡمًا ﴿۳۱﴾ وَلَا تَتَمَنَّوۡا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعۡضَكُمۡ عَلٰى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّدۡخَلًا | كَرِيۡمًا | وَ | لَا | تَتَمَنَّوۡا | مَا | فَضَّلَ | اللّٰهُ | بِهٖ | بَعۡضَكُمۡ | عَلٰى |
| جگہ | عزت کی میں | اور | مت | آرزو کرو تم | اس چیز کی کہ | بزرگی دی ہے | اللہ نے | ساتھ اس کے | بعضے تمہارے کو | اوپر |

مکانوں میں داخل کریں گے ﴿۳۱﴾ اور جس چیز میں اللہ نے تم میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے

بَعۡضٍ ؕ لِلرِّجَالِ نَصِيۡبٌ مِّمَّا اكۡتَسَبُوۡا ؕ وَلِلنِّسَآءِ نَصِيۡبٌ مِّمَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعۡضٍ | لِلرِّجَالِ | نَصِيۡبٌ | مِّمَّا | اكۡتَسَبُوۡا | وَ | لِلنِّسَآءِ | نَصِيۡبٌ | مِّمَّا |
| بعض کے | واسطے مردوں کے | حصہ ہے | اس چیز سے کہ | کماتے ہیں | اور | واسطے عورتوں کے | حصہ ہے | اس چیز سے کہ |

اس کی ہوس مت کرو۔ مردوں کو ان کاموں کا ثواب جو انہوں نے کیے۔ اور عورتوں کو اُن کاموں کا ثواب

اكۡتَسَبۡنَ ؕ وَسۡـَٔلُوا اللّٰهَ مِنۡ فَضۡلِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَىۡءٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اكۡتَسَبۡنَ | وَسۡـَٔلُوا | اللّٰهَ | مِنۡ | فَضۡلِهٖ | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | بِكُلِّ | شَىۡءٍ |
| کماتی ہیں | اور سوال کرو | اللہ | سے | فضل اس کا | بے شک | اللہ | ہے | ہر | چیز کا |

ہے جو انہوں نے کیے۔ اور اللہ سے اس کا فضل (و کرم) مانگتے رہو۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ ہر چیز سے

عَلِيمًا ﴿۳۲﴾ وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ؕ

| عَلِيمًا | وَ | لِكُلٍّ | جَعَلْنَا | مَوَالِيَ | مِمَّا | تَرَكَ | الْوَالِدٰنِ | وَ | الْاَقْرَبُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جاننے والا | اور | واسطے ہر شخص کے | مقرر کیے ہیں ہم نے | وارث | اس چیز سے کہ | چھوڑ گئے | ماں باپ | اور | قرابتی |

واقف ہے ﴿۳۲﴾ اور جو مال ماں باپ اور رشتہ دار چھوڑ مریں تو (حق داروں میں تقسیم کردو کہ) ہم نے ہر ایک کے حقدار مقرر کردیے ہیں

وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى

| وَ | الَّذِيْنَ | عَقَدَتْ | اَيْمَانُكُمْ | فَاٰتُوْهُمْ | نَصِيْبَهُمْ | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | عَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جن کو کہ | گرہ باندھی | داہنے ہاتھ تمہارے نے | پس دو تم ان کو | حصہ ان کا | بے شک | اللہ | ہے | اوپر |

اور جن لوگوں سے تم عہد کر چکے ہو ان کو بھی ان کا حصہ دو۔ بیشک ہر چیز اللہ

كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ﴿۳۳﴾ ع اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ ع ۵ ۸ ۲

| كُلِّ | شَيْءٍ | شَهِيْدًا | اَلرِّجَالُ | قَوّٰمُوْنَ | عَلَى | النِّسَآءِ | بِمَا | فَضَّلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہر | چیز کے | گواہ | مرد | قائم رہنے والے ہیں | اوپر | عورتوں کے | بسبب اسکے کہ | بزرگی دی |

کے سامنے ہے ﴿۳۳﴾ مرد عورتوں پر مسلط و حاکم ہیں اس لیے کہ اللہ نے بعض کو

اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَّ بِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ؕ

| اللّٰهُ | بَعْضَهُمْ | عَلٰى | بَعْضٍ | وَّ | بِمَآ | اَنْفَقُوْا | مِنْ | اَمْوَالِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ نے | بعضے ان کے کو | اوپر | بعض کے | اور | بسبب اس کے کہ | خرچ کرتے ہیں | سے | مالوں اپنے |

بعض سے افضل بنایا ہے اور اس لیے بھی کہ مرد اپنا مال خرچ کرتے ہیں۔

فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ؕ وَالّٰتِيْ

| فَالصّٰلِحٰتُ | قٰنِتٰتٌ | حٰفِظٰتٌ | لِّلْغَيْبِ | بِمَا | حَفِظَ | اللّٰهُ | وَ | الّٰتِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس نیک بخت عورتیں | فرمانبردار ہیں | نگہبانی کرنے والی ہیں | بیچ غائب کے | ساتھ | محافظت | اللہ کے | اور | جو عورتیں کہ |

تو جو نیک بیبیاں ہیں وہ مردوں کے حکم پر چلتی ہیں اور ان کے پیٹھ پیچھے اللہ کی حفاظت میں (مال و آبرو کی) خبرداری کرتی ہیں۔ اور جن عورتوں کی

تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ

| تَخَافُوْنَ | نُشُوْزَهُنَّ | فَعِظُوْهُنَّ | وَاهْجُرُوْهُنَّ | فِي | الْمَضَاجِعِ |
|---|---|---|---|---|---|
| ڈرتے ہو تم | ان کی چڑھائی سے | پس نصیحت کرو ان کو | اور چھوڑ دو ان کو | بیچ | خوابگاہ کے |

نسبت تمہیں معلوم ہو کہ سرکشی (اور بدخوئی) کرنے لگی ہیں تو (پہلے) ان کو (زبانی) سمجھاؤ (اگر نہ سمجھیں تو) پھر ان کے ساتھ سونا ترک کردو

وَاضۡرِبُوۡهُنَّ ۚ فَاِنۡ اَطَعۡنَكُمۡ فَلَا تَبۡغُوۡا عَلَيۡهِنَّ سَبِيۡلًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ

| وَ | اضۡرِبُوۡهُنَّ | فَاِنۡ | اَطَعۡنَكُمۡ | فَلَا | تَبۡغُوۡا | عَلَيۡهِنَّ | سَبِيۡلًا | اِنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ماروان کو | پس اگر | کہا مانیں تمہارا | پس مت | ڈھونڈو | اوپر ان کے | راہ | بے شک | اللہ |

اگر اس پر بھی باز نہ آئیں تو زدو کوب کرو۔ اور اگر فرمانبردار ہو جائیں تو پھر ان کو ایذا دینے کا کوئی بہانہ مت ڈھونڈو۔ بیشک اللہ

كَانَ عَلِيًّا كَبِيۡرًا ﴿۳۴﴾ وَاِنۡ خِفۡتُمۡ شِقَاقَ بَيۡنِهِمَا فَابۡعَثُوۡا حَكَمًا مِّنۡ

| كَانَ | عَلِيًّا | كَبِيۡرًا | وَ | اِنۡ | خِفۡتُمۡ | شِقَاقَ | بَيۡنِهِمَا | فَابۡعَثُوۡا | حَكَمًا | مِّنۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہے | بلند تر | بڑا | اور | اگر | ڈرو تم | خلاف سے | درمیان ان دونوں کے | پس مقرر کرو | ایک منصف | سے |

سب سے اعلیٰ (اور) جلیل القدر ہے ﴿۳۴﴾ اور اگر تم کو معلوم ہو کہ میاں بیوی میں اَن بن ہے تو ایک منصف مرد کے خاندان میں

اَهۡلِهٖ وَحَكَمًا مِّنۡ اَهۡلِهَا ۚ اِنۡ يُّرِيۡدَاۤ اِصۡلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ

| اَهۡلِهٖ | وَ | حَكَمًا | مِّنۡ | اَهۡلِهَا | اِنۡ | يُّرِيۡدَاۤ | اِصۡلَاحًا | يُّوَفِّقِ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مرد کے لوگوں میں | اور | ایک منصف | سے | عورت کے لوگوں میں | اگر | ارادہ کریں | صلح کروانا | توفیق دے گا | اللہ |

سے اور ایک منصف عورت کے خاندان میں سے مقرر کرو۔ وہ اگر صلح کرادینی چاہیں گے تو اللہ ان میں موافقت پیدا کر

بَيۡنَهُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيۡمًا خَبِيۡرًا ﴿۳۵﴾ وَاعۡبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشۡرِكُوۡا

| بَيۡنَهُمَا | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | عَلِيۡمًا | خَبِيۡرًا | وَ | اعۡبُدُوا | اللّٰهَ | وَ | لَا | تُشۡرِكُوۡا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| درمیان ان دونوں کے | بیشک | اللہ | ہے | جاننے والا | خبردار | اور | عبادت کرو تم | اللہ کی | اور | مت | شریک لاؤ |

دے گا۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ سب کچھ جانتا اور سب باتوں سے خبردار ہے ﴿۳۵﴾ اور اللہ ہی کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی چیز کو

بِهٖ شَيۡـئًا وَّبِالۡوَالِدَيۡنِ اِحۡسَانًا وَّبِذِى الۡقُرۡبٰى وَالۡيَتٰمٰى

| بِهٖ شَيۡـئًا | وَّ | بِالۡوَالِدَيۡنِ | اِحۡسَانًا | وَّ | بِذِى الۡقُرۡبٰى | وَ | الۡيَتٰمٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ اسکے کسی چیز کو | اور | ساتھ ماں باپ کے | احسان کرنا | اور | ساتھ قرابت والوں کے | اور | یتیموں کے |

شریک نہ بناؤ اور ماں باپ اور قرابت والوں اور یتیموں

وَالۡمَسٰكِيۡنِ وَالۡجَارِ ذِى الۡقُرۡبٰى وَالۡجَارِ الۡجُـنُبِ وَالصَّاحِبِ

| وَ | الۡمَسٰكِيۡنِ | وَ | الۡجَارِ | ذِى الۡقُرۡبٰى | وَالۡجَارِ | الۡجُـنُبِ | وَ | الصَّاحِبِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | فقیروں کے | اور | ہمسائے | قرابت والے کے | اور ہمسائے | اجنبی کے | اور | صحبت رکھنے والے کے |

اور محتاجوں اور رشتہ دار ہمسایوں اور اجنبی ہمسایوں اور رفقائے پہلو (یعنی پاس بیٹھنے والوں)

بِالۡجَنۡۢبِ وَابۡنِ السَّبِيۡلِ ۙ وَمَا مَلَكَتۡ اَيۡمَانُكُمۡ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالۡجَنۡۢبِ | وَ | ابۡنِ السَّبِيۡلِ | وَمَا | مَلَكَتۡ | اَيۡمَانُكُمۡ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يُحِبُّ |
| کروٹ پر | اور | مسافر کے | اور جن کے | مالک ہوئے | داہنے ہاتھ تمہارے | بے شک | اللہ | نہیں | دوست رکھتا |

اور مسافروں اور جو لوگ تمہارے قبضے میں ہوں سب کیساتھ احسان کرو کہ اللہ (احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے اور) تکبر کرنے

مَنۡ كَانَ مُخۡتَالًا فَخُوۡرَا ۙ ۳۶ الَّذِيۡنَ يَبۡخَلُوۡنَ وَيَاۡمُرُوۡنَ النَّاسَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنۡ | كَانَ | مُخۡتَالًا | فَخُوۡرَا | الَّذِيۡنَ | يَبۡخَلُوۡنَ | وَ | يَاۡمُرُوۡنَ | النَّاسَ |
| اس شخص کو کہ | ہے | تکبر کرنے والا | شیخی کرنے والا | وہ لوگ جو | بخیلی کرتے ہیں | اور | حکم دیتے ہیں | لوگوں کو |

والے بڑائی مارنے والے کو دوست نہیں رکھتا (۳۶) جو خود بھی بخل کریں اور لوگوں کو بھی

بِالۡبُخۡلِ وَيَكۡتُمُوۡنَ مَاۤ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنۡ فَضۡلِهٖ ؕ وَاَعۡتَدۡنَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالۡبُخۡلِ | وَ | يَكۡتُمُوۡنَ | مَاۤ | اٰتٰهُمُ | اللّٰهُ | مِنۡ | فَضۡلِهٖ | وَ | اَعۡتَدۡنَا |
| بخیلی کا | اور | چھپاتے ہیں | وہ چیز کہ | دی ہے ان کو | اللہ نے | سے | فضل اپنے | اور | تیار کیا ہے ہم نے |

بخل سکھائیں اور جو (مال) اللہ نے ان کو اپنے فضل سے عطا فرمایا ہے اسے چھپا چھپا کے رکھیں۔ اور ہم نے ناشکروں

لِلۡكٰفِرِيۡنَ عَذَابًا مُّهِيۡنًا ۚ ۳۷ وَالَّذِيۡنَ يُنۡفِقُوۡنَ اَمۡوَالَهُمۡ رِئَآءَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلۡكٰفِرِيۡنَ | عَذَابًا | مُّهِيۡنًا | وَ | الَّذِيۡنَ | يُنۡفِقُوۡنَ | اَمۡوَالَهُمۡ | رِئَآءَ |
| واسطے کافروں کے | عذاب | ذلیل کرنے والا | اور | وہ لوگ جو کہ | خرچ کرتے ہیں | مال اپنا | دکھانے کو |

کے لیے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے (۳۷) اور خرچ بھی کریں تو (اللہ کے لیے نہیں بلکہ) لوگوں کے

النَّاسِ وَلَا يُؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ ؕ وَمَنۡ يَّكُنِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّاسِ | وَ | لَا | يُؤۡمِنُوۡنَ | بِاللّٰهِ | وَ | لَا | بِالۡيَوۡمِ | الۡاٰخِرِ | وَ | مَنۡ | يَّكُنِ |
| لوگوں کے | اور | نہیں | ایمان لاتے ہیں | ساتھ اللہ کے | اور | نہ | ساتھ دن | آخرت کے | اور | جو کوئی | ہووے |

دکھانے کو۔ اور ایمان نہ اللہ پر لائیں نہ روزِ آخرت پر۔ (ایسے لوگوں کا ساتھی شیطان ہے) اور جس کا ساتھی

الشَّيۡطٰنُ لَهٗ قَرِيۡنًا فَسَآءَ قَرِيۡنًا ۳۸ وَمَاذَا عَلَيۡهِمۡ لَوۡ اٰمَنُوۡا بِاللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الشَّيۡطٰنُ | لَهٗ | قَرِيۡنًا | فَسَآءَ | قَرِيۡنًا | وَمَاذَا | عَلَيۡهِمۡ | لَوۡ | اٰمَنُوۡا | بِاللّٰهِ |
| شیطان | واسطے اسکے | ہم نشیں | پس برا ہے | ہم نشیں | اور کیا ہے | اوپر ان کے | اگر | ایمان لائیں | ساتھ اللہ کے |

شیطان ہوا تو (کچھ شک نہیں کہ) وہ برا ساتھی ہے (۳۸) اور اگر یہ لوگ اللہ پر اور روز قیامت پر ایمان

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمْ عَلِيْمًا ﴿۳۹﴾

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْيَوْمِ | الْاٰخِرِ | وَ | اَنْفَقُوْا | مِمَّا | رَزَقَهُمُ | اللّٰهُ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | بِهِمْ | عَلِيْمًا |
| اور | دن | آخرت کے | اور | خرچ کریں | اس چیز سے کہ | دیا ان کو | اللہ نے | اور | ہے | اللہ | ساتھ ان کے | جاننے والا |

لاتے اور جو کچھ اللہ نے ان کو دیا تھا اس میں سے خرچ کرتے تو ان کا کیا نقصان ہوتا اور اللہ اُن کو خوب جانتا ہے ﴿۳۹﴾

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۚ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يَظْلِمُ | مِثْقَالَ ذَرَّةٍ | وَ | اِنْ | تَكُ | حَسَنَةً | يُّضٰعِفْهَا |
| بے شک | اللہ | نہیں | ظلم کرتا | ایک تنکے کے برابر | اور | اگر | ہووے | نیکی | دوگنا کرے گا اس کو |

اللہ کسی کی ذرا بھی حق تلفی نہیں کرتا اور اگر نیکی (کی) ہوگی تو اس کو دو چند کر دے گا

وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾ فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍۭ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَيُؤْتِ | مِنْ | لَّدُنْهُ | اَجْرًا | عَظِيْمًا | فَكَيْفَ | اِذَا | جِئْنَا | مِنْ | كُلِّ | اُمَّةٍۭ |
| اور دے گا | سے | اپنے پاس | ثواب | بڑا | پس کیوں کر ہوگا | جب | لائیں گے ہم | سے | ہر | امت |

اور اپنے ہاں سے اجرِ عظیم بخشے گا ﴿۴۰﴾ بھلا اس دن کیا حال ہوگا جب ہم ہر امت میں سے احوال

بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا ﴿۴۱﴾ؕ يَوْمَئِذٍ يَّوَدُّ الَّذِيْنَ وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِشَهِيْدٍ | وَّ | جِئْنَا | بِكَ | عَلٰى | هٰٓؤُلَآءِ | شَهِيْدًا | يَوْمَئِذٍ | يَّوَدُّ | الَّذِيْنَ |
| ایک گواہی دینے والا | اور | لائیں گے ہم | تجھ کو | اوپر | ان کے | گواہ | اس دن | آرزو کرینگے | وہ لوگ کہ |

بتانے والے کو بلائیں گے اور تم کو ان لوگوں کا (حال بتانے کو) گواہ طلب کریں گے ﴿۴۱﴾ اس روز کافر اور پیغمبر کے

كَفَرُوْا وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْ تُسَوّٰى بِهِمُ الْاَرْضُ ؕ وَلَا يَكْتُمُوْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَفَرُوْا | وَ | عَصَوُا | الرَّسُوْلَ | لَوْ | تُسَوّٰى | بِهِمُ | الْاَرْضُ | وَ | لَا | يَكْتُمُوْنَ |
| کافر ہوئے | اور | نافرمانی کی | رسول کی | کاش کہ | برابر کی جائے | ساتھ ان کے | زمین | اور | نہ | چھپاویں گے |

نافرمان آرزو کریں گے کہ کاش ان کو زمین میں مدفون کر کے مٹی برابر کر دی جاتی۔ اور اللہ سے کوئی بات

اللّٰهَ حَدِيْثًا ﴿۴۲﴾ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ ع ۶ ۳

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | حَدِيْثًا | يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَا تَقْرَبُوا | الصَّلٰوةَ | وَ | اَنْتُمْ |
| اللہ سے | کچھ بات | اے لوگو جو | ایمان لائے ہو | مت قریب جاؤ | نماز کے | اور | ہو تم |

چھپا نہیں سکیں گے ﴿۴۲﴾ مومنو! جب تم نشے کی حالت میں ہو تو جب تک (ان الفاظ کو) جو منہ سے کہو سمجھنے

سُكٰرٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ وَ لَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِيْ سَبِيْلٍ

| سُكٰرٰى | حَتّٰى | تَعْلَمُوْا | مَا | تَقُوْلُوْنَ | وَ | لَا جُنُبًا | اِلَّا | عَابِرِيْ | سَبِيْلٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نشے میں مست | یہاں تک کہ | جانو تم | کہ کیا | کہتے ہو تم | اور | نہ جنابت سے | مگر | گزرنے والے ہو | راہ کے |

(نہ) لگو نماز کے پاس نہ جاؤ اور جنابت کی حالت میں بھی (نماز کے پاس نہ جاؤ) جب تک غسل (نہ) کرلو۔

حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا ؕ وَ اِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰۤى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ

| حَتّٰى | تَغْتَسِلُوْا | وَ | اِنْ | كُنْتُمْ | مَّرْضٰۤى | اَوْ | عَلٰى | سَفَرٍ | اَوْ جَآءَ | اَحَدٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہاں تک کہ | نہالو | اور | اگر | ہوتم | بیمار | یا | اوپر | سفر کے | یا آئے | کوئی ایک |

ہاں اگر بحالت سفر رستے چلے جارہے ہو (اور پانی نہ ملنے کے سبب غسل نہ کرسکو تو تیمم کرکے نماز پڑھ لو) اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں ہو یا تم میں سے

مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا

| مِّنْكُمْ | مِّنَ | الْغَآئِطِ | اَوْ | لٰمَسْتُمُ | النِّسَآءَ | فَلَمْ | تَجِدُوْا | مَآءً | فَتَيَمَّمُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم میں سے | سے | جائے ضرور | یا | صحبت کرو تم | عورتوں سے | پس نہ | پاؤ تم | پانی | پس قصد کرو تم |

کوئی بیت الخلاء سے ہو کر آیا ہو یا تم عورتوں سے ہم بستر ہوئے ہو اور تمہیں پانی نہ ملے تو

صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

| صَعِيْدًا | طَيِّبًا | فَامْسَحُوْا | بِوُجُوْهِكُمْ | وَاَيْدِيْكُمْ | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مٹی | پاک کا | پس پونچھ لو | ساتھ اپنے منہ کے | اور ہاتھوں اپنے کے | بیشک | اللہ | ہے |

پاک مٹی لو اور منہ اور ہاتھوں کا مسح (کر کے تیمم) کر لو۔ بیشک اللہ

عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿۴۳﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ

| عَفُوًّا | غَفُوْرًا | اَلَمْ تَرَ | اِلَى | الَّذِيْنَ | اُوْتُوْا | نَصِيْبًا | مِّنَ | الْكِتٰبِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| معاف کرنیوالا | بخشنے والا | کیا نہیں دیکھا تو نے | طرف | ان لوگوں کے کہ | دیئے گئے | ایک حصہ | سے | کتاب |

معاف کرنے والا (اور) بخشنے والا ہے ﴿۴۳﴾ بھلا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو کتاب سے حصہ دیا گیا تھا

يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۴۴﴾ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

| يَشْتَرُوْنَ | الضَّلٰلَةَ | وَيُرِيْدُوْنَ | اَنْ | تَضِلُّوا | السَّبِيْلَ | وَ | اللّٰهُ | اَعْلَمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خریدتے ہیں | گمراہی کو | اور ارادہ کرتے ہیں | یہ کہ | بہک جاؤ تم | راہ سے | اور | اللہ | خوب جانتا ہے |

کہ وہ گمراہی کو خریدتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ تم بھی رستے سے بھٹک جاؤ ﴿۴۴﴾ اور اللہ تمہارے

بِاَعْدَآئِكُمْ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۙ وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ﴿۴۵﴾ مِنَ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاَعْدَآئِكُمْ | وَ | كَفٰى | بِاللّٰهِ | وَلِيًّا | وَّ | كَفٰى | بِاللّٰهِ | نَصِيْرًا | مِنَ | الَّذِيْنَ |
| تمہارے دشمنوں کو | اور | کافی ہے | اللہ | دوست | اور | کافی ہے | اللہ | مدد دینے والا | بعضے | وہ لوگ جو |

دشمنوں سے خوب واقف ہے۔ اور اللہ ہی کافی کارساز ہے اور کافی مددگار ہے ﴿۴۵﴾ اور یہ جو یہودی ہیں ان

هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هَادُوْا | يُحَرِّفُوْنَ | الْكَلِمَ | عَنْ | مَّوَاضِعِهٖ | وَ | يَقُوْلُوْنَ | سَمِعْنَا | وَ | عَصَيْنَا |
| یہودی ہیں | بدل ڈالتے ہیں | باتوں کو | سے | جگہ اس کی | اور | کہتے ہیں | سنا ہم نے | اور | نہ مانا ہم نے |

میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں کہ کلمات کو ان کے مقامات سے بدل دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم نے سن لیا اور نہیں مانا

وَاسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ وَّرَاعِنَا لَيًّا بِاَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْنًا فِي الدِّيْنِ ۭ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاسْمَعْ | غَيْرَ | مُسْمَعٍ | وَّ | رَاعِنَا | لَيًّا | بِاَلْسِنَتِهِمْ | وَ | طَعْنًا | فِي | الدِّيْنِ |
| اور سن | نہ | سنایا جائیو | اور | راعنا | پیچ دیکر | زبانوں اپنی کو | اور | طعن کرکر | بیچ | دین کے |

اور سنیے نہ سنوائے جاؤ اور زبان کو مروڑ کر اور دین میں طعن کی راہ سے (تم سے گفتگو کے وقت) رَاعِنَا کہتے ہیں

وَلَوْ اَنَّهُمْ قَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا وَاسْمَعْ وَانْظُرْنَا لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَوْ | اَنَّهُمْ | قَالُوْا | سَمِعْنَا | وَ | اَطَعْنَا | وَاسْمَعْ | وَ | انْظُرْنَا | لَكَانَ | خَيْرًا | لَّهُمْ |
| اور | اگر | بیشک وہ | کہتے | سنا ہم نے | اور | مانا ہم نے | اور سن | اور | نظر کر ہم پر | البتہ ہوتا | بہتر | واسطے انکے |

اور اگر (یوں) کہتے کہ ہم نے سن لیا اور مان لیا اور (صرف) اِسْمَعْ اور (رَاعِنَا کی جگہ) اُنْظُرْنَا (کہتے) تو ان کے حق میں بہتر ہوتا اور بات بھی بہت

وَاَقْوَمَ ۙ وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۴۶﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَقْوَمَ | وَ | لٰكِنْ | لَّعَنَهُمُ | اللّٰهُ | بِكُفْرِهِمْ | فَلَا | يُؤْمِنُوْنَ | اِلَّا | قَلِيْلًا | يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ |
| اور | بہت سیدھا | اور | لیکن | لعنت کی ہے انکو | اللہ نے | سبب کفر کے | پس نہیں | ایمان لائیں گے | مگر | تھوڑے | اے لوگو جو |

درست ہوتی لیکن اللہ نے ان کے کفر کے سبب ان پر لعنت کر رکھی ہے تو یہ کچھ تھوڑے ہی ایمان لاتے ہیں ﴿۴۶﴾ اے

اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُوْتُوا | الْكِتٰبَ | اٰمِنُوْا | بِمَا | نَزَّلْنَا | مُصَدِّقًا | لِّمَا | مَعَكُمْ | مِّنْ قَبْلِ |
| دیئے گئے ہو | کتاب | ایمان لاؤ | ساتھ اس چیز کے کہ | اتاری ہم نے | سچا کرنے والی | واسطے اس چیز کے کہ | ساتھ تمہارے ہے | پہلے اس سے |

کتاب والو! قبل اس کے کہ ہم لوگوں کے مونہوں کو بگاڑ کر ان کی پیٹھ کی طرف پھیر دیں یا ان پر اس طرح

اَنۡ نَّطۡمِسَ وُجُوۡهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰۤى اَدۡبَارِهَاۤ اَوۡ نَلۡعَنَهُمۡ كَمَا لَعَنَّاۤ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنۡ | نَّطۡمِسَ | وُجُوۡهًا | فَنَرُدَّهَا | عَلٰۤى | اَدۡبَارِهَاۤ | اَوۡنَلۡعَنَهُمۡ | كَمَا | لَعَنَّاۤ |
| کہ | ہم مٹا ڈالیں | مونہوں کو | پس پھیر دیں انکو | اوپر | ان کی پیٹھ کے | یا لعنت کریں ان کو | جیسا کہ | لعنت کیا ہم نے |

لعنت کریں جس طرح ہفتے والوں پر کی تھی، ہماری نازل فرمائی ہوئی کتاب پر جو تمہاری کتاب کی بھی تصدیق کرتی

اَصۡحٰبَ السَّبۡتِ ؕ وَكَانَ اَمۡرُ اللّٰهِ مَفۡعُوۡلًا ﴿۴۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغۡفِرُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَصۡحٰبَ السَّبۡتِ | وَ | كَانَ | اَمۡرُ | اللّٰهِ | مَفۡعُوۡلًا | اِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يَغۡفِرُ |
| ہفتے والوں کو | اور | ہے | کام | اللہ کا | کیا گیا | بے شک | اللہ | نہیں | بخشتا |

ہے ایمان لے آؤ۔ اور اللہ نے جو حکم فرمایا سو (سمجھ لو کہ) ہو چکا﴿۴۷﴾ اللہ اس گناہ کو نہیں بخشے گا

اَنۡ يُّشۡرَكَ بِهٖ وَيَغۡفِرُ مَا دُوۡنَ ذٰلِكَ لِمَنۡ يَّشَآءُ ۚ وَمَنۡ يُّشۡرِكۡ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنۡ | يُّشۡرَكَ | بِهٖ | وَ | يَغۡفِرُ | مَادُوۡنَ | ذٰلِكَ | لِمَنۡ | يَّشَآءُ | وَ | مَنۡ | يُّشۡرِكۡ |
| یہ کہ | شریک لایا جائے | ساتھ اسکے | اور | بخشتا ہے | سوائے | اس کے | جس کو | چاہتا ہے | اور | جو کوئی | شریک لائے |

کہ کسی کو اس کا شریک بنایا جائے اور اس کے سوا اور گناہ جس کو چاہے معاف کر دے اور جس نے اللہ کا

بِاللّٰهِ فَقَدِ افۡتَرٰۤى اِثۡمًا عَظِيۡمًا ﴿۴۸﴾ اَلَمۡ تَرَ اِلَى الَّذِيۡنَ يُزَكُّوۡنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاللّٰهِ | فَقَدِ | افۡتَرٰۤى | اِثۡمًا | عَظِيۡمًا | اَلَمۡ تَرَ | اِلَى | الَّذِيۡنَ | يُزَكُّوۡنَ |
| ساتھ اللہ کے | پس تحقیق | باندھ لیا اس نے | گناہ | بڑا | کیا نہیں دیکھا تو نے | طرف | ان لوگوں کی کہ | پاک کہتے ہیں |

شریک مقرر کیا اس نے بڑا بہتان باندھا﴿۴۸﴾ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو اپنے تئیں پاکیزہ

اَنۡفُسَهُمۡ ؕ بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّىۡ مَنۡ يَّشَآءُ وَلَا يُظۡلَمُوۡنَ فَتِيۡلًا ﴿۴۹﴾ اُنۡظُرۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنۡفُسَهُمۡ | بَلِ | اللّٰهُ | يُزَكِّىۡ | مَنۡ | يَّشَآءُ | وَلَا | يُظۡلَمُوۡنَ | فَتِيۡلًا | اُنۡظُرۡ |
| جانوں اپنی کو | بلکہ | اللہ | پاک کرتا ہے | جس کو | چاہتا ہے | اور نہ | ظلم کیے جائیں گے | ایک تاگے برابر | دیکھ |

کہتے ہیں۔ (نہیں) بلکہ اللہ ہی جس کو چاہتا ہے پاکیزہ کرتا ہے اور ان پر دھاگے برابر بھی ظلم نہیں ہوگا﴿۴۹﴾ دیکھو

كَيۡفَ يَفۡتَرُوۡنَ عَلَى اللّٰهِ الۡكَذِبَ ؕ وَكَفٰى بِهٖۤ اِثۡمًا مُّبِيۡنًا ﴿۵۰﴾ ع اَلَمۡ ع ۷ ۴

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَيۡفَ | يَفۡتَرُوۡنَ | عَلَى | اللّٰهِ | الۡكَذِبَ | وَ | كَفٰى | بِهٖۤ | اِثۡمًا | مُّبِيۡنًا | اَلَمۡ |
| کیوں کر | باندھتے ہیں | اوپر | اللہ کے | جھوٹ | اور | کافی ہے | اس کو | یہی گناہ | ظاہر | کیا نہیں |

یہ اللہ پر کیسا جھوٹ (طوفان) باندھتے ہیں۔ اور یہی گناہ صریح کافی ہے﴿۵۰﴾ بھلا تم

تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَرَ | اِلَى | الَّذِيْنَ | اُوْتُوْا | نَصِيْبًا | مِّنَ | الْكِتٰبِ | يُؤْمِنُوْنَ | بِالْجِبْتِ |
| دیکھا تونے | طرف | ان لوگوں کے کہ | دیئے گئے ہیں | ایک حصہ | سے | کتاب | یقین لاتے ہیں | ساتھ بتوں کے |

نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو کتاب سے حصہ دیا گیا ہے کہ بتوں

وَالطَّاغُوْتِ وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا هٰٓؤُلَآءِ اَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالطَّاغُوْتِ | وَ | يَقُوْلُوْنَ | لِلَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | هٰٓؤُلَآءِ | اَهْدٰى | مِنَ | الَّذِيْنَ |
| اور شیطان کے | اور | کہتے ہیں | واسطے ان لوگوں کے کہ | کافر ہوئے | یہ لوگ | پہنچے ہوئے ہیں | سے | راہ ان لوگوں کی کہ |

اور شیطان کو مانتے ہیں اور کفار کے بارے میں کہتے ہیں کہ یہ لوگ مومنوں کی نسبت سیدھے

اٰمَنُوْا سَبِيْلًا ﴿۵۱﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمَنُوْا | سَبِيْلًا | اُولٰٓئِكَ | الَّذِيْنَ | لَعَنَهُمُ | اللّٰهُ | وَ | مَنْ | يَّلْعَنِ | اللّٰهُ | فَلَنْ |
| ایمان لائے | راہ کر | یہ لوگ | وہ ہیں کہ | لعنت کی ان کو | اللہ نے | اور | جس کو | لعنت کی | اللہ نے | پس ہرگز نہ |

رستے پر ہیں ﴿۵۱﴾ یہی لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی ہے۔ اور جس پر اللہ لعنت کرے تو تم اس کا

تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ﴿۵۲﴾ اَمْ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًا لَّا يُؤْتُوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَجِدَ لَهٗ | نَصِيْرًا | اَمْ | لَهُمْ | نَصِيْبٌ | مِّنَ | الْمُلْكِ | فَاِذًا | لَّا | يُؤْتُوْنَ |
| پائے گا تو واسطے اسکے | مددگار | کیا | واسطے انکے | حصہ ہے | سے | بادشاہی | پس جب | نہ | دیں گے وہ |

کسی کو مددگار نہ پاؤ گے ﴿۵۲﴾ کیا ان کے پاس بادشاہی کا کچھ حصہ ہے (تو) لوگوں کو تل برابر بھی

النَّاسَ نَقِيْرًا ﴿۵۳﴾ اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰى مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّاسَ | نَقِيْرًا | اَمْ | يَحْسُدُوْنَ | النَّاسَ | عَلٰى | مَآ | اٰتٰىهُمُ | اللّٰهُ | مِنْ |
| لوگوں کو | کھجور کے شگاف برابر | یا | حسد کرتے ہیں | لوگوں سے | اوپر | اس چیز کے کہ | دیا ہے ان کو | اللہ نے | سے |

نہ دیں گے ﴿۵۳﴾ یا جو اللہ نے لوگوں کو اپنے فضل سے دے رکھا ہے اس کا حسد

فَضْلِهٖ ۚ فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَضْلِهٖ | فَقَدْ | اٰتَيْنَآ | اٰلَ | اِبْرٰهِيْمَ | الْكِتٰبَ | وَ | الْحِكْمَةَ | وَ | اٰتَيْنٰهُمْ | مُّلْكًا |
| فضل اپنے | پس تحقیق | دی ہم نے | اولاد | ابراہیم کو | کتاب | اور | حکمت | اور | دی ہم نے ان کو | بادشاہی |

کرتے ہیں۔ تو ہم نے خاندانِ ابراہیم کو کتاب اور دانائی عنایت فرمائی تھی اور سلطنتِ عظیم

عَظِيْمًا ﴿۵۴﴾ فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ صَدَّ عَنْهُ ؕ وَكَفٰى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَظِيْمًا | فَمِنْهُمْ | مَّنْ | اٰمَنَ | بِهٖ | وَ | مِنْهُمْ | مَّنْ | صَدَّ | عَنْهُ | وَكَفٰى |
| بڑی | پس بعض ان میں سے | وہ شخص ہے کہ | ایمان لایا | ساتھ اسکے | اور | بعض ان میں سے | وہ ہے کہ | باز رہا | اس سے | اور کافی ہے |

بھی بخشی تھی ﴿۵۴﴾ پھر لوگوں میں سے کسی نے تو اس کتاب کو مانا اور کوئی اس سے رُکا (اور ہٹا) رہا تو ان نہ ماننے والوں (کے جلانے)

بِجَهَنَّمَ سَعِيْرًا ﴿۵۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ نَارًا ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِجَهَنَّمَ | سَعِيْرًا | اِنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | بِاٰيٰتِنَا | سَوْفَ | نُصْلِيْهِمْ | نَارًا |
| دوزخ | جلانے والی | بے شک | جو لوگ کہ | کافر ہوئے | ساتھ نشانیوں ہماری کے | البتہ | داخل کریں گے ہم انکو | آگ میں |

کو دوزخ کی جلتی ہوئی آگ کافی ہے ﴿۵۵﴾ جن لوگوں نے ہماری آیتوں سے کفر کیا ان کو ہم عنقریب آگ میں داخل کریں گے۔

كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| كُلَّمَا | نَضِجَتْ | جُلُوْدُهُمْ | بَدَّلْنٰهُمْ | جُلُوْدًا | غَيْرَهَا | لِيَذُوْقُوا |
| جب | گل جائیں گے | چمڑے ان کے | بدل دیں گے ہم ان کے | چمڑے | سوائے اس کے | تا کہ چکھیں |

جب ان کی کھالیں گل (اور جل) جائیں گی تو ہم اور کھالیں بدل دیں گے تا کہ (ہمیشہ)

الْعَذَابَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۵۶﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعَذَابَ | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | عَزِيْزًا | حَكِيْمًا | وَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | عَمِلُوا |
| کہ | آئیں تھیں ان کے پاس | دلیلیں | پس معاف کیا ہم نے | سے | اس | اور دیا ہم نے | موسیٰ کو |

بچھڑے کو (معبود) بنا بیٹھے تو اس سے بھی ہم نے درگزر کی۔ اور موسیٰ کو صریح

سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۵۳﴾ وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ الطُّوْرَ بِمِيْثَاقِهِمْ وَقُلْنَا لَهُمُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سُلْطٰنًا | مُّبِيْنًا | وَ | رَفَعْنَا | فَوْقَهُمُ | الطُّوْرَ | بِمِيْثَاقِهِمْ | وَ | قُلْنَا | لَهُمُ |
| غلبہ | ظاہر | اور | اٹھایا ہم نے | اوپر ان کے | پہاڑ | واسطے قول لینے کے ان سے | اور | کہا ہم نے | ان کو |

غلبہ دیا ﴿۱۵۳﴾ اور ان سے عہد لینے کو ہم نے ان پر کوہ طور اٹھا کھڑا کیا اور انہیں حکم دیا کہ (شہر کے) دروازے میں

ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُلْنَا لَهُمْ لَا تَعْدُوْا فِي السَّبْتِ وَاَخَذْنَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ادْخُلُوا | الْبَابَ | سُجَّدًا | وَّ | قُلْنَا | لَهُمْ | لَا | تَعْدُوْا | فِي | السَّبْتِ | وَ | اَخَذْنَا |
| داخل ہو | دروازے میں | سجدہ کرتے ہوئے | اور | کہا ہم نے | ان کو | مت | تعدی کرو | بیچ | ہفتے کے | اور | لیا ہم نے |

(داخل ہونا تو) سجدہ کرتے ہوئے داخل ہونا اور یہ بھی حکم دیا کہ ہفتے کے دن (مچھلیاں پکڑنے میں) تجاوز (یعنی حکم کے خلاف) نہ کرنا

مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿۱۵۴﴾ فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِمْ بِاٰيٰتِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْهُمْ | مِّيْثَاقًا | غَلِيْظًا | فَبِمَا | نَقْضِهِمْ | مِّيْثَاقَهُمْ | وَ | كُفْرِهِمْ | بِاٰيٰتِ |
| ان سے | قول | گاڑھا | پس بسبب | توڑ ڈالنے ان کے | قول اپنے کو | اور | بسبب انکے کفر کے | ساتھ نشانیوں |

غرض ہم نے ان سے مضبوط عہد لیا ﴿۱۵۴﴾ (لیکن انہوں نے عہد کو توڑ ڈالا) تو ان کے عہد توڑ دینے اور اللہ کی آیتوں سے کفر کرنے

اللّٰهِ وَقَتْلِهِمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَّقَوْلِهِمْ قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ بَلْ طَبَعَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | وَ | قَتْلِهِمُ | الْاَنْۢبِيَآءَ | بِغَيْرِ حَقٍّ | وَّ | قَوْلِهِمْ | قُلُوْبُنَا | غُلْفٌ | بَلْ | طَبَعَ |
| اللہ کے | اور | بسبب انکے مارنے کے | پیغمبروں کو | ناحق | اور | بسبب انکے کہنے کے | کہ دلوں ہمارے پر | پردے ہیں | بلکہ | مہر لگا دی ہے |

اور انبیاء کو ناحق مار ڈالنے اور یہ کہنے کے سبب کہ ہمارے دلوں پر پردے (پڑے ہوئے) ہیں (اللہ نے ان کو مردود کر دیا اور ان کے دلوں پر

اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۵۵﴾ وَّبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | عَلَيْهَا | بِكُفْرِهِمْ | فَلَا | يُؤْمِنُوْنَ | اِلَّا | قَلِيْلًا | وَّبِكُفْرِهِمْ | وَ | قَوْلِهِمْ |
| اللہ نے | اوپر ان کے | بسبب انکے کفر کے | پس نہیں | ایمان لاتے | مگر | تھوڑے | اور بسبب انکے کفر کے | اور | انکے کہنے کے |

پردے نہیں ہیں) بلکہ ان کے کفر کے سبب اللہ نے ان پر مہر کر دی ہے تو یہ کم ہی ایمان لاتے ہیں ﴿۱۵۵﴾ اور ان کے کفر کے سبب

عَلٰى مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيْمًا ﴿۱۵۶﴾ وَّقَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰى | مَرْيَمَ | بُهْتَانًا | عَظِيْمًا | وَّقَوْلِهِمْ | اِنَّا | قَتَلْنَا | الْمَسِيْحَ | عِيْسَى |
| اوپر | مریم کے | بہتان | بڑا | اور بسبب انکے کہنے کے | کہ بیشک | قتل کیا ہم نے | مسیح | عیسیٰ |

اور مریم پر ایک بہتان عظیم باندھنے کے سبب ﴿۱۵۶﴾ اور یہ کہنے کے سبب کہ ہم نے مریم کے بیٹے عیسیٰ مسیح کو

ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ابْنَ | مَرْيَمَ | رَسُوْلَ | اللّٰهِ | وَ | مَا | قَتَلُوْهُ | وَ | مَا | صَلَبُوْهُ | وَ | لٰكِنْ | شُبِّهَ |
| بیٹے | مریم کے کو | پیغمبر | اللہ کا | اور | نہیں | مارا اس کو | اور | نہیں | صولی دی اس کو | اور | لیکن | شبہ ڈالا گیا |

جو اللہ کے پیغمبر (کہلاتے) تھے قتل کر دیا ہے (اللہ نے ان کو ملعون کر دیا) اور انہوں نے عیسیٰ کو قتل نہیں کیا اور نہ انہیں سولی پر چڑھایا

لَهُمْ ۗ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ۗ مَا لَهُمْ بِهٖ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمْ | وَ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | اخْتَلَفُوْا | فِيْهِ | لَفِيْ | شَكٍّ | مِّنْهُ | مَا | لَهُمْ | بِهٖ |
| واسطے انکے | اور | بے شک | جو لوگ کہ | اختلاف کیا انہوں نے | بیچ اسکے | البتہ بیچ | شک کے ہیں | اس سے | نہیں | واسطے انکے | ساتھ اسکے |

بلکہ اُن کو اُن کی سی صورت معلوم ہوئی۔ اور جو لوگ انکے بارے میں اختلاف کرتے ہیں وہ انکے حال سے شک میں پڑے ہوئے ہیں۔

مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ۙ (١٥٧) بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | عِلْمٍ | اِلَّا | اتِّبَاعَ | الظَّنِّ | وَ | مَا | قَتَلُوْهُ | يَقِيْنًا | بَلْ | رَّفَعَهُ | اللّٰهُ |
| کچھ | علم | مگر | پیروی کرنا | گمان کا | اور | نہ | مارا اس کو | بے یقین | بلکہ | اٹھا لیا اس کو | اللہ نے |

پیروی ظن کے سوا ان کو اس کا مطلق علم نہیں۔ اور انہوں نے عیسیٰ کو یقیناً قتل نہیں کیا (۱۵۷) بلکہ اللہ نے ان کو اپنی طرف اٹھا لیا۔

اِلَيْهِ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا (١٥٨) وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَيْهِ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | عَزِيْزًا | حَكِيْمًا | وَ | اِنْ | مِّنْ | اَهْلِ الْكِتٰبِ | اِلَّا |
| طرف اپنی | اور | ہے | اللہ | غالب | حکمت والا | اور | نہیں | سے کوئی | اہل کتاب | مگر |

اور اللہ غالب (اور) حکمت والا ہے (۱۵۸) اور کوئی اہل کتاب نہیں ہو گا

لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ۚ (١٥٩)

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَيُؤْمِنَنَّ | بِهٖ | قَبْلَ | مَوْتِهٖ | وَ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | يَكُوْنُ | عَلَيْهِمْ | شَهِيْدًا |
| البتہ ایمان لائیگا | ساتھ اسکے | پہلے | اس کی موت کے | اور | دن | قیامت کے | ہوگا | اوپر ان کے | گواہ |

مگر ان کی موت سے پہلے ان پر ایمان لے آئے گا اور وہ قیامت کے دن اُن پر گواہ ہوں گے (۱۵۹)

فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ لَهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَبِظُلْمٍ | مِّنَ | الَّذِيْنَ | هَادُوْا | حَرَّمْنَا | عَلَيْهِمْ | طَيِّبٰتٍ | اُحِلَّتْ | لَهُمْ |
| پس بسبب ظلم کے | سے | ان لوگوں کہ | یہودی ہوئے | حرام کی ہم نے | اوپر ان کے | پاکیزہ چیزیں | جو حلال کی گئی تھیں | واسطے انکے |

تو ہم نے یہودیوں کے ظلموں کے سبب (بہت سی) پاکیزہ چیزیں جو اُن کو حلال تھیں حرام کر دیں۔ اور اس سبب سے بھی کہ

وَّ بِصَدِّهِمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَثِيْرًا ﴿١٦٠﴾ وَّ اَخْذِهِمُ الرِّبٰوا وَقَدْ نُهُوْا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | بِصَدِّهِمْ | عَنْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | كَثِيْرًا | وَّ | اَخْذِهِمُ | الرِّبٰوا | وَ | قَدْ | نُهُوْا |
| اور | بسبب انکے بند کرنے کے | سے | راہ | اللہ کے | بہتوں کو | اور | بسبب لینے ان کے | سود کو | اور | تحقیق | منع کیے گئے |

وہ اکثر اللہ کے رستے سے (لوگوں کو) روکتے تھے ﴿١٦٠﴾ اور اس سبب سے بھی کہ باوجود منع کیے جانے کے

عَنْهُ وَاَكْلِهِمْ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ ۭ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْهُ | وَ | اَكْلِهِمْ | اَمْوَالَ | النَّاسِ | بِالْبَاطِلِ | وَ | اَعْتَدْنَا | لِلْكٰفِرِيْنَ |
| اس سے | اور | بسبب انکے کھانے کے | مال | لوگوں کے | ساتھ جھوٹ کے | اور | تیار کیا ہم نے | واسطے کافروں کے |

سود لیتے تھے اور اس سبب سے بھی کہ لوگوں کا مال ناحق کھاتے تھے۔ اور ان میں سے جو کافر ہیں ان کے لیے ہم

مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿١٦١﴾ لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْهُمْ | عَذَابًا | اَلِيْمًا | لٰكِنِ | الرّٰسِخُوْنَ | فِي | الْعِلْمِ | مِنْهُمْ |
| ان میں سے | عذاب | درد دینے والا | لیکن | مضبوط لوگ | بیچ | علم کے | ان میں سے |

نے درد دینے والا عذاب تیار کر رکھا ہے ﴿١٦١﴾ مگر جو لوگ ان میں سے علم میں پکے ہیں

وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْمُؤْمِنُوْنَ | يُؤْمِنُوْنَ | بِمَآ | اُنْزِلَ | اِلَيْكَ | وَ | مَآ | اُنْزِلَ | مِنْ | قَبْلِكَ |
| اور مسلمان | ایمان لاتے ہیں | ساتھ اس چیز کے کہ | اتاری گئی ہے | طرف تیری | اور | جو | اتاری گئی ہے | سے | پہلے تجھ |

اور جو مومن ہیں وہ اس (کتاب) پر جو تم پر نازل ہوئی اور جو (کتابیں) تم سے پہلے نازل ہوئیں (سب پر) ایمان رکھتے ہیں

وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ وَالْمُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْمُقِيْمِيْنَ | الصَّلٰوةَ | وَ | الْمُؤْتُوْنَ | الزَّكٰوةَ | وَالْمُؤْمِنُوْنَ | بِاللّٰهِ | وَ | الْيَوْمِ |
| اور | قائم کرنیوالے | نماز کو | اور | دینے والے | زکوٰۃ کے | اور ایمان لانے والے | ساتھ اللہ کے | اور | دن |

اور نماز پڑھتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور اللہ اور روزِ آخرت کو

الْاٰخِرِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿١٦٢﴾ اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ع ٢٢ ١٠ ٢

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاٰخِرِ | اُولٰۗىِٕكَ | سَنُؤْتِيْهِمْ | اَجْرًا | عَظِيْمًا | اِنَّآ | اَوْحَيْنَآ | اِلَيْكَ |
| آخرت کے | یہ لوگ | البتہ دیں گے ہم ان کو | ثواب | بڑا | بیشک ہم نے | وحی بھیجی | طرف تیری |

مانتے ہیں۔ ان کو ہم عنقریب اجرِ عظیم دیں گے ﴿١٦٢﴾ (اے محمد ﷺ) ہم نے تمہاری طرف اسی

كَمَآ اَوۡحَيۡنَآ اِلٰى نُوۡحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنۡۢ بَعۡدِهٖۚ وَاَوۡحَيۡنَآ اِلٰٓى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَمَآ | اَوۡحَيۡنَآ | اِلٰى | نُوۡحٍ | وَّ | النَّبِيّٖنَ | مِنۡۢ بَعۡدِهٖ | وَ | اَوۡحَيۡنَآ | اِلٰٓى |
| جیسا کہ | وحی بھیجی ہم نے | طرف | نوح کی | اور | پیغمبروں کی | پیچھے اس کے | اور | وحی کی ہم نے | طرف |

طرح وحی بھیجی ہے جس طرح نوح اور ان سے پچھلے پیغمبروں کی طرف بھیجی تھی اور

اِبۡرٰهِيۡمَ وَاِسۡمٰعِيۡلَ وَاِسۡحٰقَ وَيَعۡقُوۡبَ وَالۡاَسۡبَاطِ وَعِيۡسٰى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِبۡرٰهِيۡمَ | وَاِسۡمٰعِيۡلَ | وَ | اِسۡحٰقَ | وَ | يَعۡقُوۡبَ | وَ | الۡاَسۡبَاطِ | وَ | عِيۡسٰى |
| ابراہیم کے | اور اسماعیل کے | اور | اسحاق کے | اور | یعقوب کے | اور | اس کی اولاد کے | اور | عیسیٰ کے |

ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحٰق اور یعقوب اور اولاد یعقوب اور عیسیٰ

وَاَيُّوۡبَ وَيُوۡنُسَ وَهٰرُوۡنَ وَسُلَيۡمٰنَۚ وَاٰتَيۡنَا دَاوٗدَ زَبُوۡرًاۚ ﴿۱۶۳﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاَيُّوۡبَ | وَ | يُوۡنُسَ | وَ | هٰرُوۡنَ | وَ | سُلَيۡمٰنَ | وَ | اٰتَيۡنَا | دَاوٗدَ | زَبُوۡرًا |
| اور ایوب کے | اور | یونس کے | اور | ہارون کے | اور | سلیمان کے | اور | دی ہم نے | داؤد کو | زبور |

اور ایوب اور یونس اور ہارون اور سلیمان کی طرف بھی ہم نے وحی بھیجی تھی اور داؤد کو ہم نے زبور بھی عنایت کی تھی ﴿۱۶۳﴾

وَرُسُلًا قَدۡ قَصَصۡنٰهُمۡ عَلَيۡكَ مِنۡ قَبۡلُ وَرُسُلًا لَّمۡ نَقۡصُصۡهُمۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | رُسُلًا | قَدۡ | قَصَصۡنٰهُمۡ | عَلَيۡكَ | مِنۡ | قَبۡلُ | وَرُسُلًا | لَّمۡ | نَقۡصُصۡهُمۡ |
| اور | بھیجے ایسے رسول کہ | تحقیق | بیان کیا ہم نے ان کو | اوپر تیرے | اس سے | پہلے | اور پیغمبر | کہ نہ | بیان کیا ہم نے |

اور بہت سے پیغمبر ہیں جن کے حالات ہم تم سے پیشتر بیان کر چکے ہیں اور بہت سے پیغمبر ہیں جن کے حالات تم سے بیان

عَلَيۡكَؕ وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوۡسٰى تَكۡلِيۡمًاۚ ﴿۱۶۴﴾ رُسُلًا مُّبَشِّرِيۡنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيۡكَ | وَ | كَلَّمَ | اللّٰهُ | مُوۡسٰى | تَكۡلِيۡمًا | رُسُلًا | مُّبَشِّرِيۡنَ |
| اوپر تیرے | اور | باتیں کیں | اللہ نے | موسیٰ سے | باتیں کرنا | بھیجے پیغمبر | خوش خبری دینے والے |

نہیں کیے۔ اور موسیٰ سے تو اللہ نے باتیں بھی کیں ﴿۱۶۴﴾ (سب) پیغمبروں کو (اللہ نے) خوشخبری سنانے والے

وَمُنۡذِرِيۡنَ لِئَلَّا يَكُوۡنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌ ۢ بَعۡدَ الرُّسُلِؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مُنۡذِرِيۡنَ | لِئَلَّا | يَكُوۡنَ | لِلنَّاسِ | عَلَى | اللّٰهِ | حُجَّةٌ | بَعۡدَ | الرُّسُلِ |
| اور | ڈرانے والے | تاکہ نہ | ہو | واسطے لوگوں کے | اوپر | اللہ کے | حجت | پیچھے | پیغمبروں کے |

اور ڈرانے والے (بنا کر بھیجا تھا) تاکہ پیغمبروں کے آنے کے بعد لوگوں کو اللہ پر الزام کا موقع نہ رہے

وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿١٦٥﴾ لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَآ اَنْزَلَ اِلَيْكَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَانَ | اللّٰهُ | عَزِيْزًا | حَكِيْمًا | لٰكِنِ | اللّٰهُ | يَشْهَدُ | بِمَآ | اَنْزَلَ | اِلَيْكَ |
| اور | ہے | اللہ | غالب | حکمت والا | لیکن | اللہ | گواہی دیتا ہے | ساتھ اس چیز کے کہ | اتاری | طرف تیری |

اور اللہ غالب حکمت والا ہے ﴿١٦٥﴾ لیکن اللہ نے جو (کتاب) تم پر نازل کی ہے اس کی نسبت اللہ گواہی دیتا ہے

اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَشْهَدُوْنَ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿١٦٦﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْزَلَهٗ | بِعِلْمِهٖ | وَ | الْمَلٰٓئِكَةُ | يَشْهَدُوْنَ | وَ | كَفٰى | بِاللّٰهِ | شَهِيْدًا |
| اتارا اس کو | ساتھ علم اپنے کے | اور | فرشتے | گواہی دیتے ہیں | اور | کافی ہے | اللہ | گواہی دینے والا |

کہ اس نے اپنے علم سے نازل کی ہے۔ اور فرشتے بھی گواہی دیتے ہیں۔ اور گواہ تو اللہ ہی کافی ہے ﴿١٦٦﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَدْ ضَلُّوْا ضَلٰلًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | وَ | صَدُّوْا | عَنْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | قَدْ | ضَلُّوْا | ضَلٰلًا |
| بے شک | جو لوگ کہ | کافر ہوئے | اور | بند کیا انہوں نے | سے | راہ | اللہ کی | تحقیق | گمراہ ہوئے | گمراہی |

جن لوگوں نے کفر کیا اور (لوگوں کو) اللہ کے رستے سے روکا وہ رستے سے بھٹک کر دور جا

بَعِيْدًا ﴿١٦٧﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعِيْدًا | اِنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | وَ | ظَلَمُوْا | لَمْ | يَكُنِ | اللّٰهُ | لِيَغْفِرَ | لَهُمْ |
| دور | بے شک | جو لوگ کہ | کافر ہوئے | اور | ظلم کیا | نہیں | ہے | اللہ | کہ بخشے | ان کو |

پڑے ﴿١٦٧﴾ جو لوگ کافر ہوئے اور ظلم کرتے رہے اللہ ان کو بخشنے والا نہیں

وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيْقًا ﴿١٦٨﴾ اِلَّا طَرِيْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | لِيَهْدِيَهُمْ | طَرِيْقًا | اِلَّا | طَرِيْقَ | جَهَنَّمَ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَآ | اَبَدًا |
| اور | نہ | دکھائے گا ان کو | راہ | مگر | راہ | دوزخ کی | ہمیشہ رہیں گے | اس میں | ہمیشہ |

اور نہ انہیں رستہ ہی دکھائے گا ﴿١٦٨﴾ ہاں دوزخ کا رستہ جس میں وہ ہمیشہ (جلتے) رہیں گے

وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿١٦٩﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَانَ | ذٰلِكَ | عَلَى | اللّٰهِ | يَسِيْرًا | يٰٓاَيُّهَا | النَّاسُ | قَدْ | جَآءَكُمُ |
| اور | ہے | یہ | اوپر | اللہ کے | آسان | اے | لوگو | تحقیق | آیا تمہارے پاس |

اور یہ (بات) اللہ کو آسان ہے ﴿١٦٩﴾ لوگو! اللہ کے پیغمبر

الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ۭ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرَّسُوْلُ | بِالْحَقِّ | مِنْ | رَّبِّكُمْ | فَاٰمِنُوْا | خَيْرًا | لَّكُمْ | وَ | اِنْ | تَكْفُرُوْا | فَاِنَّ |
| پیغمبر | ساتھ حق کے | سے | رب تمہارے | پس ایمان لاؤ | بہتر ہوگا | واسطے تمہارے | اور | اگر | کفر کروگے | پس بیشک |

تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے حق بات لے کر آئے ہیں تو (ان پر) ایمان لاؤ (یہی) تمہارے حق میں بہتر ہے۔ اور اگر کفر کروگے

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿١٧٠﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلّٰهِ | مَا | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | عَلِيْمًا | حَكِيْمًا |
| واسطے اللہ کے ہے | جو کچھ | بیچ | آسمانوں کے | اور | زمین کے ہے | اور | ہے | اللہ | جاننے والا | حکمت والا |

تو (جان رکھو کہ) جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اللہ کا ہے۔ اور اللہ (سب کچھ) جاننے والا (اور) حکمت والا ہے ﴿۱۷۰﴾

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ وَلَا تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ۭ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰٓاَهْلَ | الْكِتٰبِ | لَا | تَغْلُوْا | فِيْ | دِيْنِكُمْ | وَ | لَا | تَقُوْلُوْا | عَلَى | اللّٰهِ | اِلَّا | الْحَقَّ |
| اے اہل | کتاب | مت | زیادتی کرو | بیچ | دین اپنے کے | اور | مت | کہو | اوپر | اللہ کے | مگر | سچ |

اے اہل کتاب اپنے دین (کی بات) میں حد سے نہ بڑھو اور اللہ کے بارے میں حق کے سوا کچھ نہ کہو۔

اِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ ۚ اَلْقٰىهَآ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّمَا | الْمَسِيْحُ | عِيْسَى | ابْنُ | مَرْيَمَ | رَسُوْلُ | اللّٰهِ | وَكَلِمَتُهٗ | اَلْقٰىهَآ |
| سوائے اسکے نہیں کہ | مسیح | عیسیٰ | بیٹے | مریم کے | پیغمبر | اللہ کا ہے | اور کلام ہے اسکا | ڈال دیا اس کو |

مسیح (یعنی) مریم کے بیٹے عیسیٰ (نہ خدا تھے نہ اللہ کے بیٹے بلکہ) اللہ کے رسول اور اس کا کلمہ (بشارت) تھے جو اس نے

اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ ۡ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۣ وَلَا تَقُوْلُوْا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰى | مَرْيَمَ | وَ | رُوْحٌ | مِّنْهُ | فَاٰمِنُوْا | بِاللّٰهِ | وَ | رُسُلِهٖ | وَ | لَا | تَقُوْلُوْا |
| طرف | مریم کے | اور | روح ہے | اسکی طرف سے | پس ایمان لاؤ | ساتھ اللہ کے | اور | اس کے رسول کے | اور | مت | کہو |

مریم کی طرف بھیجا تھا اور اس کی طرف سے ایک روح تھے۔ تو اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ۔ اور (یہ) نہ کہو

ثَلٰثَةٌ ۭ اِنْتَھُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ۭ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۭ سُبْحٰنَهٗٓ اَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثَلٰثَةٌ | اِنْتَھُوْا | خَيْرًا | لَّكُمْ | اِنَّمَا | اللّٰهُ | اِلٰهٌ وَّاحِدٌ | سُبْحٰنَهٗٓ | اَنْ |
| تین ہیں | باز رہو | بہتر ہوگا | واسطے تمہارے | سوائے اسکے نہیں کہ | اللہ | معبود اکیلا ہے | پاکی ہے اس کو | اس سے کہ |

(کہ خدا) تین (ہیں اس اعتقاد سے) باز آؤ کہ یہ تمہارے حق میں بہتر ہے۔ اللہ ہی معبود واحد ہے اور اس سے پاک ہے کہ

وقف لازم

يَكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ ۘ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَكَفٰى

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَكُوْنَ | لَهٗ | وَلَدٌ | لَهٗ | مَا | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَ | مَا | فِي | الْاَرْضِ | وَكَفٰى |
| ہو | واسطے اسکے | اولاد | واسطے اسکے ہے | جو کچھ | بیچ | آسمانوں | اور | جو کچھ | بیچ | زمین کے ہے | اور کافی ہے |

اس کے اولاد ہو۔ جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اسی کا ہے۔ اور اللہ ہی

ع ۲۳ / ۴

بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۟ع (١٧١) لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاللّٰهِ | وَكِيْلًا | لَنْ | يَّسْتَنْكِفَ | الْمَسِيْحُ | اَنْ | يَّكُوْنَ | عَبْدًا | لِّلّٰهِ |
| اللہ | کارساز | ہرگز نہ | انکار کرے گا | مسیح | یہ کہ | ہو | بندہ | واسطے اللہ کے |

کارساز کافی ہے (۱۷۱) مسیح اس بات سے عار نہیں رکھتے کہ اللہ کے بندے ہوں

وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ ۭ وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | الْمَلٰٓئِكَةُ | الْمُقَرَّبُوْنَ | وَ | مَنْ | يَّسْتَنْكِفْ | عَنْ | عِبَادَتِهٖ | وَ | يَسْتَكْبِرْ |
| اور | نہ | فرشتے | مقرب | اور | جو کوئی | انکار کرے گا | سے | بندگی اس کی | اور | تکبر کرے گا |

اور نہ مقرب فرشتے (عار رکھتے ہیں)۔ اور جو شخص اللہ کا بندہ ہونے کو موجبِ عار سمجھے اور سرکشی کرے

فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا (١٧٢) فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَسَيَحْشُرُهُمْ | اِلَيْهِ | جَمِيْعًا | فَاَمَّا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | عَمِلُوا |
| پس اکٹھا کرے گا ان کو | طرف اپنی | ساروں کو | پس پھر | جو لوگ | ایمان لائے | اور | عمل کیے |

تو اللہ سب کو اپنے پاس جمع کر لے گا (۱۷۲) تو جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام

الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۚ وَاَمَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصّٰلِحٰتِ | فَيُوَفِّيْهِمْ | اُجُوْرَهُمْ | وَ | يَزِيْدُهُمْ | مِّنْ | فَضْلِهٖ | وَ | اَمَّا |
| اچھے | پس پورا دے گا ان کو | ثواب ان کا | اور | زیادہ دے گا ان کو | سے | فضل اپنے | اور | جن |

کرتے رہے وہ ان کو ان کا پورا بدلہ دے گا اور اپنے فضل سے (کچھ) زیادہ بھی عنایت کرے گا۔ اور جنہوں

الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | اسْتَنْكَفُوْا | وَ | اسْتَكْبَرُوْا | فَيُعَذِّبُهُمْ | عَذَابًا | اَلِيْمًا |
| لوگوں نے | انکار کیا | اور | تکبر کیا | پس عذاب کرے گا ان کو | عذاب | درد دینے والا |

نے (بندہ ہونے سے) عار و انکار اور تکبر کیا ان کو وہ تکلیف دینے والا عذاب دے گا

وَّلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۷۳﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | لَا | يَجِدُوْنَ | لَهُمْ | مِّنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | وَلِيًّا | وَّ | لَا | نَصِيْرًا | يٰٓاَيُّهَا | النَّاسُ | قَدْ |
| اور | نہ | پائیں گے | واسطے اپنے | سوائے | اللہ کے | دوست | اور | نہ | مددگار | اے | لوگو | تحقیق |

اور وہ اللہ کے سوا اپنا حامی اور مددگار نہ پائیں گے ﴿۱۷۳﴾ لوگو! تمہارے پروردگار کی طرف سے

جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ﴿۱۷۴﴾ فَاَمَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَآءَكُمْ | بُرْهَانٌ | مِّنْ | رَّبِّكُمْ | وَ | اَنْزَلْنَآ | اِلَيْكُمْ | نُوْرًا | مُّبِيْنًا | فَاَمَّا |
| آئی تمہارے پاس | دلیل | سے | پروردگار تمہارے | اور | اتاری ہم نے | طرف تمہارے | روشنی | ظاہر | پس جو |

تمہارے پاس دلیل (روشن) آچکی ہے اور ہم نے (کفر اور ضلالت کا اندھیرا دور کرنے کو) تمہاری طرف چمکتا ہوا نور بھیج دیا ہے ﴿۱۷۴﴾ پس جو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَاعْتَصَمُوْا بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | بِاللّٰهِ | وَ | اعْتَصَمُوْا | بِهٖ | فَسَيُدْخِلُهُمْ | فِيْ | رَحْمَةٍ | مِّنْهُ |
| لوگ کہ | ایمان لائے | ساتھ اللہ کے | اور | محکم پکڑا | اس کو | پس البتہ داخل کرے گا ان کو | بیچ | رحمت کے | اپنی طرف سے |

لوگ اللہ پر ایمان لائے اور اس (کے دین کی رسّی) کو مضبوط پکڑے رہے ان کو وہ اپنی رحمت اور فضل (کی بہشتوں)

وَفَضْلٍ ۙ وَّيَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۱۷۵﴾ ط يَسْتَفْتُوْنَكَ ط

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَفَضْلٍ | وَّ | يَهْدِيْهِمْ | اِلَيْهِ | صِرَاطًا | مُّسْتَقِيْمًا | يَسْتَفْتُوْنَكَ |
| اور فضل کے | اور | دکھلائے گا ان کو | طرف اپنی | راہ | سیدھی | فتوای پوچھتے ہیں تجھ سے |

میں داخل کرے گا اور اپنی طرف (پہنچنے کا) سیدھا رستہ دکھائے گا ﴿۱۷۵﴾ (اے پیغمبر) لوگ تم سے (کلالہ کے

قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلٰلَةِ ط اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ لَيْسَ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَهٗٓ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلِ | اللّٰهُ | يُفْتِيْكُمْ | فِي | الْكَلٰلَةِ | اِنِ | امْرُؤٌا | هَلَكَ | لَيْسَ | لَهٗ | وَلَدٌ | وَّلَهٗٓ |
| کہہ | اللہ | فتوای دیتا ہے تم کو | بیچ | کلالہ کے | اگر | کوئی مرد | ہلاک ہو جائے | نہیں ہو | واسطے اسکے | اولاد | اور واسطے اسکے ہو |

بارے میں) حکم (الٰہی) دریافت کرتے ہیں۔ کہہ دو کہ اللہ کلالہ کے بارے میں یہ حکم دیتا ہے کہ اگر کوئی ایسا مرد مر جائے جس کے اولاد نہ ہو

اُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ وَهُوَ يَرِثُهَآ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ ط

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُخْتٌ | فَلَهَا | نِصْفُ | مَا | تَرَكَ | وَ | هُوَ | يَرِثُهَآ | اِنْ | لَّمْ | يَكُنْ | لَّهَا | وَلَدٌ |
| ایک بہن | پس واسطے اسکے ہے | آدھا | جو | چھوڑ گیا | اور | وہ | وارث ہوتا ہے اسکا | اگر | نہ | ہو | واسطے اسکے | اولاد |

(اور نہ ماں باپ) اور اس کے بہن ہو تو اس کو بھائی کے ترکے میں سے آدھا حصہ ملے گا اور اگر بہن مر جائے اور اس کے اولاد نہ ہو تو اس کے تمام

فَاِنۡ كَانَتَا اثۡنَتَيۡنِ فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ مِمَّا تَرَكَ ؕ وَاِنۡ كَانُوۡۤا اِخۡوَةً

| فَاِنۡ | كَانَتَا | اثۡنَتَيۡنِ | فَلَهُمَا | الثُّلُثٰنِ | مِمَّا | تَرَكَ | وَ | اِنۡ | كَانُوۡۤا | اِخۡوَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس اگر | ہوں | دو بہنیں | پس واسطے ان دونوں کے | دو تہائی | اس چیز سے کہ | چھوڑ گیا | اور | اگر | ہوں وہ وارث | کئی |

مال کا وارث بھائی ہو گا اور اگر (مرنے والے بھائی کی) دو بہنیں ہوں تو دونوں کو بھائی کے ترکے میں

رِّجَالًا وَّنِسَآءً فَلِلذَّكَرِ مِثۡلُ حَظِّ الۡاُنۡثَيَيۡنِ ؕ يُبَيِّنُ اللّٰهُ

| رِّجَالًا | وَّ | نِسَآءً | فَلِلذَّكَرِ | مِثۡلُ | حَظِّ | الۡاُنۡثَيَيۡنِ | يُبَيِّنُ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مرد | اور | عورتیں | پس واسطے مرد کے | برابر | حصے | دو عورتوں کے | بیان کرتا ہے | اللہ |

دو تہائی۔ اور اگر بھائی اور بہن یعنی مرد اور عورتیں ملے جلے وارث ہوں تو مرد کا حصہ دو عورتوں کے حصہ کے برابر ہے۔ (یہ احکام)

لَكُمۡ اَنۡ تَضِلُّوۡا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ ﴿١٧٦﴾ ع

| لَكُمۡ | اَنۡ | تَضِلُّوۡا | وَ | اللّٰهُ | بِكُلِّ | شَىۡءٍ | عَلِيۡمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے تمہارے | یہ نہ ہو کہ | گمراہ ہو جاؤ | اور | اللہ | ساتھ ہر | چیز کے | جاننے والا ہے |

اللہ تم سے اس لیے بیان فرماتا ہے کہ بھٹکتے نہ پھرو۔ اور اللہ ہر چیز سے واقف ہے ﴿١٧٦﴾

اٰیاتها ١٢٠ — ٥ سُوۡرَةُ الۡمَآئِدَةِ مَدَنِيَّةٌ ١١٢ — رکوعاتها ١٦

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَوۡفُوۡا بِالۡعُقُوۡدِ ؕ اُحِلَّتۡ لَكُمۡ بَهِيۡمَةُ الۡاَنۡعَامِ

| يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيۡنَ | اٰمَنُوۡۤا | اَوۡفُوۡا | بِالۡعُقُوۡدِ | اُحِلَّتۡ | لَكُمۡ | بَهِيۡمَةُ | الۡاَنۡعَامِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | پورا کرو | ساتھ عہدوں کے | حلال کیے گئے | واسطے تمہارے | چوپائے | مویشی |

اے ایمان والو اپنے اقراروں کو پورا کرو۔ تمہارے لیے چار پائے جانور (جو چرنے والے ہیں) حلال کر دیے گئے ہیں

اِلَّا مَا يُتۡلٰى عَلَيۡكُمۡ غَيۡرَ مُحِلِّى الصَّيۡدِ وَاَنۡتُمۡ حُرُمٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

| اِلَّا | مَا | يُتۡلٰى | عَلَيۡكُمۡ | غَيۡرَ | مُحِلِّى | الصَّيۡدِ | وَاَنۡتُمۡ | حُرُمٌ | اِنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | جو | پڑھی جاتی ہیں | اوپر تمہارے | نہ | حلال جاننے والے | شکار کو | اور تم | احرام باندھے ہو | بے شک | اللہ |

بجز ان کے جو تمہیں پڑھ کر سنائے جاتے ہیں مگر احرام (حج) میں شکار کو حلال نہ جاننا۔ اللہ

يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ ۝١ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَآئِرَ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَحْكُمُ | مَا | يُرِيْدُ | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَا | تُحِلُّوْا | شَعَآئِرَ | اللّٰهِ |
| حکم کرتا ہے | جو | چاہتا ہے | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | مت | بے حرمت کرو | نشانیوں | اللہ کی کو |

جیسا چاہتا ہے حکم دیتا ہے ۝١ مومنو! اللہ کے نام کی چیزوں کی بے حُرمتی نہ کرنا اور نہ ادب کے مہینے کی اور نہ قربانی کے جانوروں کی

وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَآئِدَ وَلَاۤ اٰمِّيْنَ الْبَيْتَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَا | الشَّهْرَ | الْحَرَامَ | وَلَا | الْهَدْيَ | وَلَا الْقَلَآئِدَ | وَلَاۤ اٰمِّيْنَ | الْبَيْتَ |
| اور نہ | مہینے | حرام کو | اور نہ | اس جانور کو کہ نیاز کعبہ کی ہو | اور نہ جنکے گلے میں پٹے ڈال کر لے جائیں کعبے کو | اور نہ قصد کرنیوالوں | گھر |

اور نہ اُن جانوروں کی (جو اللہ کی نذر کر دیے گئے ہوں اور) جن کے گلوں میں پٹے بندھے ہوں اور نہ اُن لوگوں کی جو عزت کے گھر (یعنی بیت اللہ)

الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا ؕ وَاِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا ؕ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْحَرَامَ | يَبْتَغُوْنَ | فَضْلًا | مِّنْ | رَّبِّهِمْ | وَ | رِضْوَانًا | وَ | اِذَا | حَلَلْتُمْ | فَاصْطَادُوْا |
| حرمت والے کہ | چاہتے ہیں | فضل | سے | رب اپنے | اور | رضامندی | اور | جب | حلال ہو تم | پس شکار کرو |

کو جا رہے ہوں (اور) اپنے پروردگار کے فضل اور اس کی خوشنودی کے طلب گار ہوں اور جب احرام اُتار دو تو (پھر اختیار ہے کہ) شکار کرو۔

وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | يَجْرِمَنَّكُمْ | شَنَاٰنُ | قَوْمٍ | اَنْ | صَدُّوْكُمْ | عَنِ | الْمَسْجِدِ | الْحَرَامِ |
| اور | نہ | باعث ہو تم کو | دشمنی | کسی قوم کی | اس واسطے کہ | بند کیا تم کو | سے | مسجد | حرام |

اور لوگوں کی دشمنی اس وجہ سے کہ انہوں نے تم کو عزت والی مسجد سے روکا تھا تمہیں اس بات پر آمادہ نہ کرے

وقف لازم

اَنْ تَعْتَدُوْا ۘ وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۪ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ | تَعْتَدُوْا | وَتَعَاوَنُوْا | عَلَى | الْبِرِّ | وَ | التَّقْوٰى | وَلَا | تَعَاوَنُوْا | عَلَى |
| یہ کہ | حد سے نکل جاؤ | اور مددگاری کرو | اوپر | بھلائی کے | اور | پرہیزگاری کے | اور مت | مدد کرو | اوپر |

کہ تم اُن پر زیادتی کرنے لگو۔ اور (دیکھو) نیکی اور پرہیزگاری کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کیا کرو اور گناہ

الربع

الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝٢

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاِثْمِ | وَ | الْعُدْوَانِ | وَ | اتَّقُوا | اللّٰهَ | اِنَّ | اللّٰهَ | شَدِيْدُ | الْعِقَابِ |
| گناہ کے | اور | تعدی کے | اور | ڈرو | اللہ سے | بے شک | اللہ | سخت | عذاب کرنیوالا ہے |

اور ظلم کی باتوں میں مدد نہ کیا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ کا عذاب سخت ہے ۝٢

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ

| حُرِّمَتْ | عَلَيْكُمُ | الْمَيْتَةُ | وَالدَّمُ | وَ | لَحْمُ | الْخِنْزِيْرِ | وَ | مَآ | اُهِلَّ | لِغَيْرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حرام کیا گیا | اوپر تمہارے | مردار | اور خون | اور | گوشت | سُور کا | اور | جو کچھ | پکارا جائے | سوائے |

تم پر مرا ہوا جانور اور (بہتا) لہو اور سُور کا گوشت اور جس چیز پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام پکارا

اللّٰهِ بِهٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيْحَةُ وَمَآ اَكَلَ

| اللّٰهِ | بِهٖ | وَالْمُنْخَنِقَةُ | وَالْمَوْقُوْذَةُ | وَ | الْمُتَرَدِّيَةُ | وَ | النَّطِيْحَةُ | وَ | مَآ | اَكَلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کے | ساتھ اسکے | اور گلا گھونٹی | اور لاٹھی ماری | اور | اوپر سے گر پڑی | اور | سینگ ماری | اور | جو | کھا گیا ہو |

جائے اور جو جانور گلا گھٹ کر مر جائے اور جو چوٹ لگ کر مر جائے اور جو گر کر مر جائے اور جو سینگ لگ کر مر جائے، یہ سب حرام ہیں اور وہ جانور بھی

السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ ۖ قف وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا

| السَّبُعُ | اِلَّا | مَا | ذَكَّيْتُمْ | وَ | مَا | ذُبِحَ | عَلَى | النُّصُبِ | وَاَنْ | تَسْتَقْسِمُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| درندہ | مگر | جو کہ | ذبح کر لو تم | اور | جو کہ | ذبح کیا جائے | اوپر | کسی تھان کے | اور یہ کہ | قسمت معلوم کرو |

جس کو درندے پھاڑ کھائیں مگر جس کو تم (مرنے سے پہلے) ذبح کر لو۔ اور وہ جانور بھی جو تھان پر ذبح کیا جائے اور یہ بھی کہ پانسوں

بِالْاَزْلَامِ ط ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ط اَلْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ

| بِالْاَزْلَامِ | ذٰلِكُمْ | فِسْقٌ | اَلْيَوْمَ | يَئِسَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | مِنْ | دِيْنِكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ تیروں کے | یہ | فسق ہے | آج کے دن | ناامید ہوئے | وہ لوگ کہ | کافر ہوئے | سے | تمہارے دین |

سے قسمت معلوم کرو۔ یہ سب گناہ کے (کام) ہیں۔ آج کافر تمہارے دین سے نااُمید ہو گئے ہیں

فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ط اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ

| فَلَا | تَخْشَوْهُمْ | وَ | اخْشَوْنِ | اَلْيَوْمَ | اَكْمَلْتُ | لَكُمْ | دِيْنَكُمْ | وَ | اَتْمَمْتُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس مت | ڈرو ان سے | اور | ڈرو مجھ سے | آج کے دن | پورا کیا میں نے | واسطے تمہارے | تمہارے دین کو | اور | پوری کی میں نے |

تو اُن سے مت ڈرو اور مجھی سے ڈرتے رہو۔ (اور) آج ہم نے تمہارے لیے تمہارا دین کامل کر دیا

عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ط فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ

| عَلَيْكُمْ | نِعْمَتِيْ | وَ | رَضِيْتُ | لَكُمُ | الْاِسْلَامَ | دِيْنًا | فَمَنِ | اضْطُرَّ | فِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر تمہارے | نعمت اپنی | اور | پسند کیا میں نے | واسطے تمہارے | اسلام کو | دین | پس جو کوئی | بے بس ہوا | بیچ |

اور اپنی نعمتیں تم پر پوری کر دیں اور تمہارے لیے اسلام کو دین پسند کیا۔ ہاں جو شخص بھوک میں

مَخۡمَصَةٍ غَيۡرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثۡمٍ ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۳﴾

| مَخۡمَصَةٍ | غَيۡرَ | مُتَجَانِفٍ | لِّاِثۡمٍ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | غَفُوۡرٌ | رَّحِيۡمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھوک کے | نہ | جھکنے والا | طرف گناہ کے | پس بے شک | اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے |

ناچار ہو جائے (بشرطیکہ) گناہ کی طرف مائل نہ ہو تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے﴿۳﴾

يَسۡـَٔلُوۡنَكَ مَاذَاۤ اُحِلَّ لَهُمۡ ؕ قُلۡ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۙ وَمَا عَلَّمۡتُمۡ

| يَسۡـَٔلُوۡنَكَ | مَاذَاۤ | اُحِلَّ | لَهُمۡ | قُلۡ | اُحِلَّ | لَكُمُ | الطَّيِّبٰتُ | وَ | مَا | عَلَّمۡتُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پوچھتے ہیں تجھ سے | کیا | حلال کیا گیا ہے | واسطے انکے | کہہ | حلال کی گئی ہے | واسطے تمہارے | پاکیزہ چیزیں | اور | جو | سکھلاؤ تم |

تم سے پوچھتے ہیں کہ کون کون سی چیزیں انکے لیے حلال ہیں۔ (ان سے) کہہ دو کہ سب پاکیزہ چیزیں تم کو حلال ہیں اور وہ (شکار) بھی حلال ہے

مِّنَ الۡجَوَارِحِ مُكَلِّبِيۡنَ تُعَلِّمُوۡنَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ ۫ فَكُلُوۡا مِمَّاۤ

| مِّنَ الۡجَوَارِحِ | مُكَلِّبِيۡنَ | تُعَلِّمُوۡنَهُنَّ | مِمَّا | عَلَّمَكُمُ | اللّٰهُ | فَكُلُوۡا | مِمَّاۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زخم دینے والوں کو | شکار کرنے والوں کو | سکھلاتے ہو تم ان کو | اس چیز سے کہ | سکھایا ہے تم کو | اللہ نے | پس کھاؤ | اس چیز سے کہ |

جو تمہارے لیے ان شکاری جانوروں نے پکڑا ہو جن کو تم نے سدھار کھا ہو اور جس (طریق) سے اللہ نے تمہیں (شکار کرنا) سکھایا ہے (اسی طریق سے)

اَمۡسَكۡنَ عَلَيۡكُمۡ وَاذۡكُرُوا اسۡمَ اللّٰهِ عَلَيۡهِ ۖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

| اَمۡسَكۡنَ | عَلَيۡكُمۡ | وَ | اذۡكُرُوا | اسۡمَ | اللّٰهِ | عَلَيۡهِ | وَ | اتَّقُوا | اللّٰهَ | اِنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پکڑ رکھیں | اوپر تمہارے | اور | یاد کرو | نام | اللہ کا | اوپر اس کے | اور | ڈرو | اللہ سے | بے شک | اللہ |

تم نے ان کو سکھایا ہو تو جو شکار وہ تمہارے لیے پکڑ رکھیں اس کو کھا لیا کرو (اور شکاری جانوروں کے چھوڑتے وقت) اللہ کا نام لے لیا کرو اور اللہ

سَرِيۡعُ الۡحِسَابِ ﴿۴﴾ اَلۡيَوۡمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ؕ وَطَعَامُ الَّذِيۡنَ

| سَرِيۡعُ | الۡحِسَابِ | اَلۡيَوۡمَ | اُحِلَّ | لَكُمُ | الطَّيِّبٰتُ | وَطَعَامُ | الَّذِيۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جلد لینے والا ہے | حساب کا | آج کے دن | حلال ہے | واسطے تمہارے | پاکیزہ چیزیں | اور کھانا | ان لوگوں کا کہ |

سے ڈرتے رہو۔ بیشک اللہ جلد حساب لینے والا ہے﴿۴﴾ آج تمہارے لیے سب پاکیزہ چیزیں حلال کر دی گئیں اور اہل کتاب کا

اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمۡ ۖ وَطَعَامُكُمۡ حِلٌّ لَّهُمۡ ۫ وَالۡمُحۡصَنٰتُ

| اُوۡتُوا | الۡكِتٰبَ | حِلٌّ | لَّكُمۡ | وَ | طَعَامُكُمۡ | حِلٌّ | لَّهُمۡ | وَ | الۡمُحۡصَنٰتُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیئے گئے ہیں | کتاب | حلال ہے | واسطے تمہارے | اور | کھانا تمہارا | حلال ہے | واسطے ان کے | اور | پاکدامنیں |

کھانا بھی تم کو حلال ہے اور تمہارا کھانا ان کو حلال ہے

مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ وَ الْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ | الْمُؤْمِنٰتِ | وَ | الْمُحْصَنٰتُ | مِنَ | الَّذِيْنَ | اُوْتُوا | الْكِتٰبَ | مِنْ |
| میں سے | مسلمانوں | اور | پاکدامنیں | میں سے کہ | ان لوگوں | دیئے گئے ہیں | کتاب | سے |

اور پاک دامن مومن عورتیں اور پاک دامن اہلِ کتاب عورتیں

قَبْلِكُمْ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قَبْلِكُمْ | اِذَآ | اٰتَيْتُمُوْهُنَّ | اُجُوْرَهُنَّ | مُحْصِنِيْنَ | غَيْرَ | مُسٰفِحِيْنَ |
| پہلے تم | جب | دو تم ان کو | مہران کے | نکاح میں لانے والے | نہ | بدکاری کرنے والے |

بھی (حلال ہیں) جبکہ ان کا مہر دے دو۔ اور ان سے عفت قائم رکھنی مقصود ہو نہ کھلی بدکاری کرنی

وَلَا مُتَّخِذِيْٓ اَخْدَانٍ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | مُتَّخِذِيْٓ | اَخْدَانٍ | وَ | مَنْ | يَّكْفُرْ | بِالْاِيْمَانِ | فَقَدْ | حَبِطَ |
| اور | نہ | پکڑنے والے | چھپے آشنا | اور | جو کوئی | کفر کرے | ساتھ ایمان کے | پس تحقیق | کھوئے گئے |

اور نہ چھپی دوستی کرنی۔ اور جو شخص ایمان کا منکر ہوا اُس کے عمل ضائع

ع ٥/٥ عَمَلُهٗ ز وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ع ۝٥ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَمَلُهٗ | وَهُوَ | فِي | الْاٰخِرَةِ | مِنَ الْخٰسِرِيْنَ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا |
| عمل اس کے | اور وہ | بیچ | آخرت کے | ٹوٹا پانے والوں میں سے ہے | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو |

ہو گئے۔ اور وہ آخرت میں نقصان پانے والوں میں ہو گا۵ مومنو!

اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَ اَيْدِيَكُمْ اِلَى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِذَا | قُمْتُمْ | اِلَى | الصَّلٰوةِ | فَاغْسِلُوْا | وُجُوْهَكُمْ | وَ | اَيْدِيَكُمْ | اِلَى |
| جب | کھڑے ہو تم | واسطے | نماز کے | پس دھوؤ | اپنے مونہوں کو | اور | اپنے ہاتھوں کو | تک |

جب تم نماز پڑھنے کا قصد کیا کرو تو منہ اور کہنیوں تک ہاتھ دھو لیا

الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ؕ وَاِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَرَافِقِ | وَ | امْسَحُوْا | بِرُءُوْسِكُمْ | وَ | اَرْجُلَكُمْ | اِلَى | الْكَعْبَيْنِ | وَ | اِنْ |
| کہنیوں | اور | مسح کرو | اپنے سروں کا | اور | دھوؤ اپنے پاؤں کو | تک | ٹخنوں | اور | اگر |

کرو اور سر کا مسح کر لیا کرو اور ٹخنوں تک پاؤں (دھو لیا کرو) اور اگر

كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰۤى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ

| كُنْتُمْ | جُنُبًا | فَاطَّهَّرُوْا | وَ | اِنْ | كُنْتُمْ | مَّرْضٰۤى | اَوْ | عَلٰى | سَفَرٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہوتم | ناپاک | پس نہالو | اور | اگر | ہوتم | بیمار | یا | اوپر | سفر کے |

نہانے کی حاجت ہو تو (نہا کر) پاک ہو جایا کرو اور اگر بیمار ہو یا سفر میں ہو

اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً

| اَوْ | جَآءَ | اَحَدٌ | مِّنْكُمْ | مِّنَ | الْغَآئِطِ | اَوْلٰمَسْتُمُ | النِّسَآءَ | فَلَمْ | تَجِدُوْا | مَآءً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یا | آئے | کوئی | تم میں سے | سے | مکان ضرور | یا صحبت کرو تم | عورتوں سے | پس نہ | پاؤ تم | پانی |

یا تم میں سے کوئی بیت الخلا سے ہو کر آیا ہو یا تم عورتوں سے ہم بستر ہوئے ہو اور تمہیں پانی نہ مل سکے

فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ؕ مَا

| فَتَيَمَّمُوْا | صَعِيْدًا | طَيِّبًا | فَامْسَحُوْا | بِوُجُوْهِكُمْ | وَ | اَيْدِيْكُمْ | مِّنْهُ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس تیمم کرو | مٹی | پاک سے | پس ملو تم | اپنے مونہوں کو | اور | اپنے ہاتھوں کو | اس سے | نہیں |

تو پاک مٹی لو اور اس سے منہ اور ہاتھوں کا مسح (یعنی تیمم) کر لو۔ اللہ تم

يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ

| يُرِيْدُ | اللّٰهُ | لِيَجْعَلَ | عَلَيْكُمْ | مِّنْ | حَرَجٍ | وَّ | لٰكِنْ | يُّرِيْدُ | لِيُطَهِّرَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ارادہ کرتا | اللہ | تا کہ کرے | اوپر تمہارے | کچھ | تنگی | اور | لیکن | ارادہ کرتا ہے | تا کہ پاک کرے تم کو |

پر کسی طرح کی تنگی نہیں کرنا چاہتا بلکہ یہ چاہتا ہے کہ تمہیں پاک کرے

وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٦﴾ وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ

| وَ | لِيُتِمَّ | نِعْمَتَهٗ | عَلَيْكُمْ | لَعَلَّكُمْ | تَشْكُرُوْنَ | وَ | اذْكُرُوْا | نِعْمَةَ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | تا کہ پوری کرے | نعمت اپنی | اوپر تمہارے | تا کہ تم | شکر کرو | اور | یاد کرو | نعمت | اللہ کی |

اور اپنی نعمتیں تم پر پوری کرے تا کہ تم شکر کرو ﴿٦﴾ اور اللہ نے جو تم پر احسان کیے ہیں ان کو یاد

عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهُ الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖۤ ۙ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ز

| عَلَيْكُمْ | وَ | مِيْثَاقَهُ | الَّذِيْ | وَاثَقَكُمْ | بِهٖۤ | اِذْ | قُلْتُمْ | سَمِعْنَا | وَ | اَطَعْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر تمہارے | اور | عہد اس کا | جو کہ | قول لیا ہے تم سے | ساتھ اس کے | جب | کہا تم نے | سنا ہم نے | اور | مانا ہم نے |

کرو اور اس عہد کو بھی جس کا تم سے قول لیا تھا (یعنی) جب تم نے کہا تھا کہ ہم نے (اللہ کا حکم) سن لیا اور قبول کیا۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ ۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ⑦ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اتَّقُوا | اللّٰهَ | اِنَّ | اللّٰهَ | عَلِيْمٌ | بِذَاتِ الصُّدُوْرِ | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
| اور | ڈرو | اللہ سے | بیشک | اللہ | جاننے والا ہے | سینے والی بات کو | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہیں |

اور اللہ سے ڈرو۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ دلوں کی باتوں (تک) سے واقف ہے⑦ اے ایمان والو!

كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ ۫ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُوْنُوْا | قَوّٰمِيْنَ | لِلّٰهِ | شُهَدَآءَ | بِالْقِسْطِ | وَ | لَا | يَجْرِمَنَّكُمْ | شَنَاٰنُ |
| ہو جاؤ تم | قائم رہنے والے | واسطے اللہ کے | گواہی دینے والے | ساتھ انصاف کے | اور | نہ | باعث ہو تم کو | دشمنی |

اللہ کے لیے انصاف کی گواہی دینے کے لیے کھڑے ہو جایا کرو۔ اور لوگوں کی دشمنی تم کو اس بات پر آمادہ

قَوْمٍ عَلٰۤى اَلَّا تَعْدِلُوْا ؕ اِعْدِلُوْا ۫ هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۫ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَوْمٍ | عَلٰۤى | اَلَّا | تَعْدِلُوْا | اِعْدِلُوْا | هُوَ | اَقْرَبُ | لِلتَّقْوٰى | وَ | اتَّقُوا | اللّٰهَ |
| کسی قوم کی | اوپر | اس بات کے کہ نہ | عدل کرو | عدل کرو | وہ | بہت نزدیک ہے | پرہیزگاری کے | اور | ڈرو | اللہ سے |

نہ کرے کہ انصاف چھوڑ دو۔ انصاف کیا کرو کہ یہی پرہیزگاری کی بات ہے اور اللہ سے ڈرتے رہو۔

اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ⑧ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | اللّٰهَ | خَبِيْرٌ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | وَعَدَ | اللّٰهُ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | عَمِلُوا |
| بے شک | اللہ | خبردار ہے | اس چیز سے کہ | کرتے ہو تم | وعدہ کیا | اللہ نے | ان لوگوں سے جو | ایمان لائے | اور | کام کیے |

کچھ شک نہیں کہ اللہ تمہارے سب اعمال سے خبردار ہے⑧ جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ان

الصّٰلِحٰتِ ۙ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ⑨ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصّٰلِحٰتِ | لَهُمْ | مَّغْفِرَةٌ | وَّ | اَجْرٌ | عَظِيْمٌ | وَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا |
| اچھے | واسطے ان کے | بخشش ہے | اور | ثواب | بڑا | اور | جو لوگ کہ | کافر ہوئے |

سے اللہ نے وعدہ فرمایا ہے کہ ان کے لیے بخشش اور اجر عظیم ہے⑨ اور جنہوں نے کفر کیا

وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَاۤ اُولٰۤئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ⑩ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَكَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَاۤ | اُولٰۤئِكَ | اَصْحٰبُ | الْجَحِيْمِ | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
| اور جھٹلایا | نشانیوں ہماری کو | یہ لوگ | رہنے والے ہیں | دوزخ کے | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو |

اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ جہنمی ہیں⑩ اے ایمان والو!

اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اذْكُرُوْا | نِعْمَتَ | اللّٰهِ | عَلَيْكُمْ | اِذْ | هَمَّ | قَوْمٌ | اَنْ | يَّبْسُطُوْٓا | اِلَيْكُمْ |
| یاد کرو | نعمت | اللہ کی | اوپر تمہارے | جب | قصد کیا | ایک قوم نے | یہ کہ | دراز کریں | طرف تمہاری |

اللہ نے جو تم پر احسان کیا ہے اس کو یاد کرو جب ایک جماعت نے ارادہ کیا کہ تم پر دست درازی

اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ج وَاتَّقُوا اللّٰهَ ط وَ عَلَى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَيْدِيَهُمْ | فَكَفَّ | اَيْدِيَهُمْ | عَنْكُمْ | وَاتَّقُوا | اللّٰهَ | وَ | عَلَى |
| اپنے ہاتھوں کو | پس بند کیے | ہاتھ ان کے | تم سے | اور ڈرو | اللہ سے | اور | اوپر |

کریں تو اُس نے ان کے ہاتھ تم سے روک دیے اور اللہ سے ڈرتے رہو۔ اور مومنوں کو اللہ

اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿١١﴾ ع وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ ع

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | فَلْيَتَوَكَّلِ | الْمُؤْمِنُوْنَ | وَلَقَدْ | اَخَذَ | اللّٰهُ | مِيْثَاقَ |
| اللہ کے | پس چاہیے کہ توکل کریں | ایمان والے | اور البتہ تحقیق | لیا | اللہ نے | عہد |

ہی پر بھروسہ رکھنا چاہیے ﴿١١﴾ اور اللہ نے بنی اسرائیل سے

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ج وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيْبًا ط وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَنِيْٓ | اِسْرَآءِيْلَ | وَ | بَعَثْنَا | مِنْهُمُ | اثْنَيْ عَشَرَ | نَقِيْبًا | وَ | قَالَ | اللّٰهُ | اِنِّيْ |
| بنی | اسرائیل سے | اور | کھڑے کیے ہم نے | ان میں سے | بارہ | سردار | اور | کہا | اللہ نے | بیشک میں |

اقرار لیا اور ان میں ہم نے بارہ ١٢ سردار مقرر کیے۔ پھر اللہ نے فرمایا کہ میں

مَعَكُمْ ط لَئِنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَعَكُمْ | لَئِنْ | اَقَمْتُمُ | الصَّلٰوةَ | وَ | اٰتَيْتُمُ | الزَّكٰوةَ | وَ | اٰمَنْتُمْ | بِرُسُلِيْ |
| ساتھ تمہارے ہوں | اگر | قائم رکھو تم | نماز کو | اور | دو تم | زکوٰۃ کو | اور | ایمان لاؤ تم | ساتھ میرے پیغمبروں کے |

تمہارے ساتھ ہوں۔ اگر تم نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہو گے اور میرے پیغمبروں پر ایمان لاؤ گے

وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ | وَ | اَقْرَضْتُمُ | اللّٰهَ | قَرْضًا | حَسَنًا | لَّاُكَفِّرَنَّ | عَنْكُمْ |
| اور قوت دو ان کو | اور | قرض دو تم | اللہ کو | قرض | اچھا | البتہ دور کروں گا | تم سے |

اور ان کی مدد کرو گے اور اللہ کو قرض حسنہ دو گے تو میں تم سے تمہارے گناہ دور

سَيِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ فَمَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَيِّاٰتِكُمْ | وَ | لَاُدْخِلَنَّكُمْ | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ | مِنْ | تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | فَمَنْ |
| برائیاں تمہاری | اور | البتہ داخل کروں گا تم کو | بہشتوں میں | چلتی ہیں | سے | نیچے ان کے | نہریں | پس جو کوئی |

کردوں گا اور تم کو بہشتوں میں داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں۔ پھر جس

كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿١٢﴾ فَبِمَا نَقْضِهِمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَفَرَ | بَعْدَ | ذٰلِكَ | مِنْكُمْ | فَقَدْ | ضَلَّ | سَوَآءَ | السَّبِيْلِ | فَبِمَا | نَقْضِهِمْ |
| کافر ہوا | پیچھے | اس کے | تم میں سے | پس تحقیق | گمراہ ہوا | سیدھی | راہ سے | پس بسبب | انکے توڑنے کے |

نے اس کے بعد تم میں سے کفر کیا وہ سیدھے رستے سے بھٹک گیا ﴿١٢﴾ تو ان لوگوں کے

مِّيْثَاقَهُمْ لَعَنّٰهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوْبَهُمْ قٰسِيَةً ۚ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّيْثَاقَهُمْ | لَعَنّٰهُمْ | وَ | جَعَلْنَا | قُلُوْبَهُمْ | قٰسِيَةً | يُحَرِّفُوْنَ | الْكَلِمَ | عَنْ |
| عہد اپنے کو | لعنت کیا ہم نے انکو | اور | کر دیا ہم نے | ان کے دلوں کو | سخت | بدل ڈالتے ہیں | کلام کو | سے |

عہد توڑ دینے کے سبب ہم نے اُن پر لعنت کی اور اُن کے دلوں کو سخت کر دیا۔ یہ لوگ کلماتِ (کتاب) کو اپنے مقامات سے

مَّوَاضِعِهٖ ۙ وَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۚ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلٰى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّوَاضِعِهٖ | وَ | نَسُوْا | حَظًّا | مِّمَّا | ذُكِّرُوْا | بِهٖ | وَلَا تَزَالُ | تَطَّلِعُ | عَلٰى |
| جگہ ان کی | اور | بھول گئے | حصہ | اس چیز سے کہ | نصیحت کیے گئے تھے | ساتھ اسکے | اور ہمیشہ رہے گا تو | خبردار ہوتا | اوپر |

بدل دیتے ہیں اور جن باتوں کی ان کو نصیحت کی گئی تھی ان کا بھی ایک حصہ فراموش کر بیٹھے اور تھوڑے آدمیوں کے سوا

خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ۭ اِنَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَآئِنَةٍ | مِّنْهُمْ | اِلَّا | قَلِيْلًا | مِّنْهُمْ | فَاعْفُ | عَنْهُمْ | وَ | اصْفَحْ | اِنَّ |
| خیانت کے | ان سے | مگر | تھوڑے | ان میں سے | پس معاف کر | ان سے | اور | درگزر کر | بے شک |

ہمیشہ تم ان کی (ایک نہ ایک) خیانت کی خبر پاتے رہتے ہو تو ان کی خطائیں معاف کر دو اور (ان سے) درگزر کرو۔ بے شک

اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٣﴾ وَمِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰٓى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | يُحِبُّ | الْمُحْسِنِيْنَ | وَ | مِنَ | الَّذِيْنَ | قَالُوْٓا | اِنَّا | نَصٰرٰٓى |
| اللہ | دوست رکھتا ہے | احسان کرنے والوں کو | اور | سے کہ | ان لوگوں | کہتے ہیں | بے شک ہم | نصاریٰ ہیں |

اللہ احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے ﴿١٣﴾ اور جو لوگ (اپنے تئیں) کہتے ہیں کہ ہم نصاریٰ ہیں

اَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ فَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۚ فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَخَذْنَا | مِيْثَاقَهُمْ | فَنَسُوْا | حَظًّا | مِّمَّا | ذُكِّرُوْا | بِهٖ | فَاَغْرَيْنَا | بَيْنَهُمُ |
| لیا ہم نے | قول ان کا | پس بھول گئے | حصہ | اس چیز سے کہ | نصیحت کیے گئے تھے | ساتھ اسکے | پس لگا دی ہم نے | درمیان انکے |

ہم نے ان سے بھی عہد لیا تھا مگر انہوں نے بھی اس نصیحت کا جو ان کو کی گئی تھی ایک حصہ فراموش کر دیا تو ہم نے ان کے باہم

الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاۗءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۭ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّٰهُ بِمَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعَدَاوَةَ | وَ | الْبَغْضَاۗءَ | اِلٰى | يَوْمِ | الْقِيٰمَةِ | وَ | سَوْفَ | يُنَبِّئُهُمُ | اللّٰهُ | بِمَا |
| دشمنی | اور | بغض | تک | دن | قیامت کے | اور | البتہ | خبردار کریگا انکو | اللہ | ساتھ اس چیز کے کہ |

قیامت تک کے لیے دشمنی اور کینہ ڈال دیا۔ اور جو کچھ وہ کرتے رہے اللہ عنقریب ان کو

كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿١٤﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَاۗءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانُوْا | يَصْنَعُوْنَ | يٰٓاَهْلَ | الْكِتٰبِ | قَدْ | جَاۗءَكُمْ | رَسُوْلُنَا | يُبَيِّنُ | لَكُمْ |
| تھے وہ | کرتے | اے اہل | کتاب | تحقیق | آیا ہے تمہارے پاس | پیغمبر ہمارا | بیان کرتا ہے | واسطے تمہارے |

اس سے آگاہ کرے گا (١٤) اے اہل کتاب تمہارے پاس ہمارے پیغمبر (آخرالزماں) آ گئے ہیں کہ جو کچھ تم کتاب

كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ڛ قَدْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَثِيْرًا | مِّمَّا | كُنْتُمْ | تُخْفُوْنَ | مِنَ | الْكِتٰبِ | وَ | يَعْفُوْا | عَنْ | كَثِيْرٍ | قَدْ |
| بہت | اس چیز سے کہ | تھے تم | چھپاتے | سے | کتاب میں | اور | درگزر کرتا ہے | سے | بہت | تحقیق |

(الٰہی) میں سے چھپاتے تھے وہ اس میں سے بہت کچھ تمہیں کھول کھول کر بتا دیتے ہیں اور تمہارے بہت سے قصور معاف کر دیتے

جَاۗءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٥﴾ۙ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَاۗءَكُمْ | مِّنَ | اللّٰهِ | نُوْرٌ | وَّ | كِتٰبٌ | مُّبِيْنٌ | يَّهْدِيْ | بِهِ | اللّٰهُ | مَنِ |
| آئی تمہارے پاس | طرف سے | اللہ کی | روشنی | اور | کتاب | بیان کرنے والی | ہدایت کرتا ہے | ساتھ اسکے | اللہ | اس شخص کو کہ |

ہیں۔ بیشک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے نور اور روشن کتاب آ چکی ہے (١٥) جس سے اللہ اپنی رضا پر چلنے والوں کو

اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتَّبَعَ | رِضْوَانَهٗ | سُبُلَ | السَّلٰمِ | وَيُخْرِجُهُمْ | مِّنَ | الظُّلُمٰتِ | اِلَى | النُّوْرِ |
| پیروی کرتا ہے | اسکی رضامندی کی | راہیں | سلامتی کی | اور نکالتا ہے ان کو | سے | تاریکیوں | طرف | روشنی کے |

نجات کے رستے دکھاتا ہے اور اپنے حکم سے اندھیرے میں سے نکال کر روشنی کی طرف

بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿١٦﴾ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاِذْنِهٖ | وَ | يَهْدِيْهِمْ | اِلٰى | صِرَاطٍ | مُّسْتَقِيْمٍ | لَقَدْ | كَفَرَ | الَّذِيْنَ |
| ساتھ حکم اپنے کے | اور | ہدایت دیتا ہے ان کو | طرف | راہ | سیدھی کے | البتہ تحقیق | کافر ہوئے | وہ لوگ جو |

لے جاتا اور ان کو سیدھے رستے پر چلاتا ہے ﴿١٦﴾ جو لوگ اس بات کے قائل ہیں کہ عیسیٰ ابن مریم اللہ ہیں

قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوْٓا | اِنَّ | اللّٰهَ | هُوَ | الْمَسِيْحُ | ابْنُ | مَرْيَمَ | قُلْ | فَمَنْ | يَّمْلِكُ | مِنَ | اللّٰهِ |
| کہتے ہیں | بے شک | اللہ | وہی ہے | مسیح | بیٹا | مریم کا | کہہ | پس کون | اختیار رکھتا ہے | سے | کام اللہ کے |

وہ بیشک کافر ہیں۔ (اُن سے) کہہ دو کہ اگر اللہ عیسیٰ ابن مریم کو

شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗ وَمَنْ فِى

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَيْـًٔا | اِنْ | اَرَادَ | اَنْ | يُّهْلِكَ | الْمَسِيْحَ | ابْنَ | مَرْيَمَ | وَ | اُمَّهٗ | وَ | مَنْ | فِى |
| کچھ | اگر | چاہے | یہ کہ | ہلاک کر ڈالے | مسیح | بیٹے | مریم کے کو | اور | اسکی ماں کو | اور | جو کوئی ہے | بیچ |

اور ان کی والدہ کو اور جتنے لوگ زمین میں ہیں سب کو ہلاک کرنا چاہے تو اس کے آگے کس کی پیش چل

الْاَرْضِ جَمِيْعًا ؕ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضِ | جَمِيْعًا | وَ | لِلّٰهِ | مُلْكُ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | وَ | مَا | بَيْنَهُمَا |
| زمین کے | سارے | اور | واسطے اللہ کے ہے | بادشاہی | آسمانوں کی | اور | زمین کی | اور | جو کچھ | درمیان دونوں کے ہے |

سکتی ہے؟ اور آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے سب پر اللہ کی بادشاہی ہے۔

يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٧﴾ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَخْلُقُ | مَا | يَشَآءُ | وَ | اللّٰهُ | عَلٰى | كُلِّ | شَىْءٍ | قَدِيْرٌ | وَ | قَالَتِ | الْيَهُوْدُ |
| پیدا کرتا ہے | جو کچھ | چاہتا ہے | اور | اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے | اور | کہا | یہود نے |

وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے ﴿١٧﴾ اور یہود

وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ ؕ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | النَّصٰرٰى | نَحْنُ | اَبْنٰٓؤُا | اللّٰهِ | وَاَحِبَّآؤُهٗ | قُلْ | فَلِمَ | يُعَذِّبُكُمْ | بِذُنُوْبِكُمْ |
| اور | نصاریٰ نے | ہم | بیٹے ہیں | اللہ کے | اور پیارے ہیں اسکے | کہہ | پس کیوں | عذاب کرتا ہے تمکو | ساتھ تمہارے گناہوں کے |

اور نصاریٰ کہتے ہیں کہ ہم اللہ کے بیٹے اور اس کے پیارے ہیں کہو کہ پھر وہ تمہاری بداعمالیوں کے سبب تمہیں عذاب کیوں دیتا ہے

بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ؕ یَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَ یُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ ؕ

| بَلْ | اَنْتُمْ | بَشَرٌ | مِّمَّنْ | خَلَقَ | یَغْفِرُ | لِمَنْ | یَّشَآءُ | وَ | یُعَذِّبُ | مَنْ | یَّشَآءُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بلکہ | ہوتم | آدمی | اس چیز سے کہ | پیدا کیا ہے | بخشتا ہے | جس کو | چاہتا ہے | اور | عذاب کرتا ہے | جس کو | چاہتا ہے |

(نہیں) بلکہ تم اس کی مخلوقات میں (دوسروں کی طرح کے) انسان ہو۔وہ جسے چاہے بخشے اور جسے چاہے عذاب دے۔

وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَا بَیْنَهُمَا ز وَ اِلَیْهِ

| وَ | لِلّٰهِ | مُلْكُ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | وَ | مَا | بَیْنَهُمَا | وَ | اِلَیْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | واسطے اللہ کے ہے | بادشاہی | آسمانوں کی | اور | زمین کی | اور | جو کچھ | درمیان دونوں کے ہے | اور | طرف اسی کی ہے |

اورآسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے سب پر اللہ ہی کی حکومت ہے اور (سب کو) اسی کی طرف لوٹ

الْمَصِیْرُ ﴿۱۸﴾ یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا یُبَیِّنُ لَكُمْ عَلٰی

| الْمَصِیْرُ | یٰۤاَهْلَ | الْكِتٰبِ | قَدْ | جَآءَكُمْ | رَسُوْلُنَا | یُبَیِّنُ | لَكُمْ | عَلٰی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر جانا | اے اہل | کتاب | تحقیق | آیا تمہارے پاس | پیغمبر ہمارا | بیان کرتا ہے | واسطے تمہارے | اوپر |

کر جانا ہے ﴿۱۸﴾ اے اہل کتاب پیغمبروں کے آنے کا سلسلہ جو (ایک عرصہ تک) منقطع رہا تو (اب) تمہارے

فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَآءَنَا مِنْۢ بَشِیْرٍ وَّ لَا نَذِیْرٍ ز

| فَتْرَةٍ | مِّنَ | الرُّسُلِ | اَنْ | تَقُوْلُوْا | مَا | جَآءَنَا | مِنْ | بَشِیْرٍ | وَّ | لَا | نَذِیْرٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیچھے موقوف ہوجانے کے | سے | پیغمبروں | ایسا نہ ہو کہ | کہوتم | نہیں | آیا ہمارے پاس | کوئی | خوشخبری دینے والا | اور | نہ | ڈرانے والا |

پاس ہمارے پیغمبر آ گئے ہیں جو تم سے (ہمارے احکام) بیان کرتے ہیں تا کہ تم یہ نہ کہو کہ ہمارے پاس کوئی خوشخبری یا ڈر سنانے والا نہیں آیا۔

فَقَدْ جَآءَكُمْ بَشِیْرٌ وَّ نَذِیْرٌ ؕ وَ اللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۱۹﴾ ع وَ اِذْ ع ۳ ۸ ۷

| فَقَدْ | جَآءَكُمْ | بَشِیْرٌ | وَّ | نَذِیْرٌ | وَ | اللّٰهُ | عَلٰی | كُلِّ | شَیْءٍ | قَدِیْرٌ | وَ | اِذْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس تحقیق | آیا تمہارے پاس | خوشخبری دینے والا | اور | ڈرانے والا | اور | اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے | اور | جب |

سو (اب) تمہارے پاس خوشخبری اور ڈر سنانے والے آ گئے ہیں۔ اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے ﴿۱۹﴾ اور جب

قَالَ مُوْسٰی لِقَوْمِهٖ یٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ اِذْ جَعَلَ

| قَالَ | مُوْسٰی | لِقَوْمِهٖ | یٰقَوْمِ | اذْكُرُوْا | نِعْمَةَ | اللّٰهِ | عَلَیْكُمْ | اِذْ | جَعَلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہا | موسیٰ نے | واسطے اپنی قوم کے | اے قوم میری | یاد کرو | نعمت | اللہ کی | اوپر تمہارے | جب | کیا اس نے |

موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا کہ بھائیو تم پر اللہ نے جو احسان کیے ہیں ان کو یاد کرو کہ اس

فِيْكُمْ اَنْۢبِيَآءَ وَجَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا ۖۗ وَّاٰتٰىكُمْ مَّا لَمْ يُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْكُمْ | اَنْۢبِيَآءَ | وَجَعَلَكُمْ | مُّلُوْكًا | وَّ | اٰتٰىكُمْ | مَّا لَمْ | يُؤْتِ | اَحَدًا | مِّنَ |
| بیچ تمہارے | پیغمبر | اور کیا تم کو | بادشاہ | اور | دیا تم کو | جو کچھ کہ نہ | دیا | کسی کو | سے |

نے تم میں پیغمبر پیدا کیے اور تمہیں بادشاہ بنایا اور تم کو اتنا کچھ عنایت کیا کہ اہلِ عالم میں سے کسی کو

الْعٰلَمِيْنَ ﴿٢٠﴾ يٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِيْ كَتَبَ اللّٰهُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعٰلَمِيْنَ | يٰقَوْمِ | ادْخُلُوا | الْاَرْضَ | الْمُقَدَّسَةَ | الَّتِيْ | كَتَبَ | اللّٰهُ |
| سارے جہاں | اے قوم میری | داخل ہو | زمین | پاک میں | جو کہ | لکھی ہے | اللہ نے |

نہیں دیا ﴿٢٠﴾ تو بھائیو تم ارضِ مقدس (یعنی ملک شام) میں جسے اللہ نے تمہارے لیے لکھ رکھا ہے چل

لَكُمْ وَلَا تَرْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿٢١﴾ قَالُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكُمْ | وَ | لَا | تَرْتَدُّوْا | عَلٰٓى | اَدْبَارِكُمْ | فَتَنْقَلِبُوْا | خٰسِرِيْنَ | قَالُوْا |
| واسطے تمہارے | اور | مت | پھر جاؤ | اوپر | پیٹھ اپنی کے | پس پلٹ جاؤ | ٹوٹا پانے والے | کہا انہوں نے |

داخل ہو اور (دیکھنا مقابلے کے وقت) پیٹھ نہ پھیر دینا ورنہ نقصان میں پڑ جاؤ گے ﴿٢١﴾ وہ کہنے لگے

يٰمُوْسٰٓى اِنَّ فِيْهَا قَوْمًا جَبَّارِيْنَ ۖۗ وَاِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَا حَتّٰى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰمُوْسٰٓى | اِنَّ | فِيْهَا | قَوْمًا | جَبَّارِيْنَ | وَاِنَّا | لَنْ | نَّدْخُلَهَا | حَتّٰى |
| اے موسیٰ | بیشک | بیچ اس کے | قوم ہے | سرکش | اور بے شک ہم | ہرگز نہ | داخل ہونگے اس میں | یہاں تک کہ |

کہ موسیٰ وہاں تو بڑے زبردست لوگ (رہتے) ہیں۔ اور جب تک وہ اس سرزمین سے نکل نہ جائیں

يَخْرُجُوْا مِنْهَا ۚ فَاِنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ﴿٢٢﴾ قَالَ رَجُلٰنِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَخْرُجُوْا | مِنْهَا | فَاِنْ | يَّخْرُجُوْا | مِنْهَا | فَاِنَّا | دٰخِلُوْنَ | قَالَ | رَجُلٰنِ |
| وہ نکل جائیں | اس میں سے | پس اگر | نکل جائیں | اس میں سے | پس بیشک ہم | داخل ہونیوالے ہیں | کہا | دو مردوں نے |

ہم وہاں جا نہیں سکتے۔ ہاں اگر وہ وہاں سے نکل جائیں تو ہم جا داخل ہوں گے ﴿٢٢﴾ جو لوگ (اللہ سے)

مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ ۚ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ | الَّذِيْنَ | يَخَافُوْنَ | اَنْعَمَ | اللّٰهُ | عَلَيْهِمَا | ادْخُلُوْا | عَلَيْهِمُ | الْبَابَ |
| سے | ان لوگوں جو | ڈرتے تھے | انعام کیا تھا | اللہ نے | اوپر ان کے | داخل ہو تم | اوپر ان کے | دروازے سے |

ڈرتے تھے ان میں سے دو شخص جن پر اللہ کی عنایت تھی کہنے لگے کہ اُن لوگوں پر دروازے کے رستے سے حملہ کر دو

فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ غٰلِبُوْنَ ۚ۬ وَ عَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْۤا اِنْ كُنْتُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاِذَا | دَخَلْتُمُوْهُ | فَاِنَّكُمْ | غٰلِبُوْنَ | وَ | عَلَى | اللّٰهِ | فَتَوَكَّلُوْۤا | اِنْ | كُنْتُمْ |
| پس جب | داخل ہو گئے تم | پس بے شک تم | غالب ہو | اور | اوپر | اللہ کے | پس توکل کرو تم | اگر | ہو تم |

جب تم دروازے میں داخل ہو گئے تو فتح تمہاری ہے۔ اور اللہ ہی پر بھروسہ رکھو بشرطیکہ

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٢٣﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰۤى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَاۤ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّؤْمِنِيْنَ | قَالُوْا | يٰمُوْسٰۤى | اِنَّا | لَنْ | نَّدْخُلَهَاۤ | اَبَدًا | مَّا دَامُوْا | فِيْهَا |
| ایمان والے | کہا انہوں نے | اے موسیٰ | بیشک ہم | ہرگز نہ | داخل ہوں گے اس میں | کبھی بھی | جب تک وہ رہیں گے | اس میں |

صاحبِ ایمان ہو ﴿۲۳﴾ وہ بولے کہ موسیٰ جب تک وہ لوگ وہاں ہیں ہم کبھی وہاں نہیں جا سکتے

فَاذْهَبْ اَنْتَ وَ رَبُّكَ فَقَاتِلَاۤ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ﴿٢٤﴾ قَالَ رَبِّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاذْهَبْ | اَنْتَ | وَ | رَبُّكَ | فَقَاتِلَاۤ | اِنَّا | هٰهُنَا | قٰعِدُوْنَ | قَالَ | رَبِّ |
| پس جا | تو | اور | پروردگار تیرا | پس لڑو تم دونوں | بے شک | ہم یہیں | بیٹھے ہیں | کہا | اے رب میرے |

(اگر لڑنا ہی ضرور ہے) تو تم اور تمہارا اللہ جاؤ اور لڑو، ہم یہیں بیٹھے رہیں گے ﴿۲۴﴾ موسیٰ نے (اللہ سے) التجا کی کہ پروردگار

اِنِّىْ لَاۤ اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِىْ وَ اَخِىْ فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَ بَيْنَ الْقَوْمِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنِّىْ | لَاۤ | اَمْلِكُ | اِلَّا | نَفْسِىْ | وَ | اَخِىْ | فَافْرُقْ | بَيْنَنَا | وَ | بَيْنَ | الْقَوْمِ |
| بیشک میں | نہیں | مالک | مگر | جان اپنی کا | اور | بھائی اپنے کا | پس جدائی ڈال | درمیان ہمارے | اور | درمیان | قوم |

میں اپنے اور اپنے بھائی کے سوا اور کسی پر اختیار نہیں رکھتا تو ہم میں اور اُن نافرمان

الْفٰسِقِيْنَ ﴿٢٥﴾ قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۚ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْفٰسِقِيْنَ | قَالَ | فَاِنَّهَا | مُحَرَّمَةٌ | عَلَيْهِمْ | اَرْبَعِيْنَ | سَنَةً |
| فاسقوں کے | کہا | پس بیشک | وہ زمین حرام کی گئی ہے | اوپر ان کے | چالیس | سال |

لوگوں میں جدائی کر دے ﴿۲۵﴾ اللہ نے فرمایا کہ وہ ملک اُن پر چالیس برس تک کے لیے حرام کر دیا گیا (کہ وہاں جانے نہ

يَتِيْهُوْنَ فِى الْاَرْضِ ؕ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٢٦﴾ؑ وَاتْلُ ع ۸

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَتِيْهُوْنَ | فِى | الْاَرْضِ | فَلَا | تَاْسَ | عَلَى | الْقَوْمِ | الْفٰسِقِيْنَ | وَاتْلُ |
| سرگرداں پھریں گے | بیچ | زمین کے | پس مت | غم کھا | اوپر | قوم | فاسقوں کے | اور پڑھ |

پائیں گے اور جنگل کی) زمین میں سرگرداں پھرتے رہیں گے۔ تو ان نافرمان لوگوں کے حال پر افسوس نہ کرو ﴿۲۶﴾ اور (اے

وقف لازم

عَلَيۡهِمۡ نَبَاَ ابۡنَىۡ اٰدَمَ بِالۡحَقِّۘ اِذۡ قَرَّبَا قُرۡبَانًا فَتُقُبِّلَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيۡهِمۡ | نَبَاَ ابۡنَىۡ | اٰدَمَ | بِالۡحَقِّ | اِذۡ | قَرَّبَا | قُرۡبَانًا | فَتُقُبِّلَ |
| اوپران کے | خبر دو بیٹوں | آدم کی | ساتھ حق کے | جب | نیاز لائے دونوں | کچھ نیاز | پس قبول کی گئی |

محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) اُن کو آدم کے دو بیٹوں (ہابیل اور قابیل) کے حالات (جو بالکل) سچے (ہیں) پڑھ کر سنادو۔ جب ان دونوں نے (اللہ کی جناب میں)

مِنۡ اَحَدِهِمَا وَلَمۡ يُتَقَبَّلۡ مِنَ الۡاٰخَرِؕ قَالَ لَاَقۡتُلَـنَّكَؕ قَالَ اِنَّمَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنۡ اَحَدِهِمَا | وَ | لَمۡ | يُتَقَبَّلۡ | مِنَ | الۡاٰخَرِ | قَالَ | لَاَقۡتُلَـنَّكَ | قَالَ | اِنَّمَا |
| ان دونوں میں سے ایک کی | اور | نہ | قبول کی گئی | سے | دوسرے | کہا اس نے | البتہ قتل کروں گا میں تجھ کو | کہا اس نے | نہیں سوائے اس کے |

کچھ نیازیں چڑھائیں تو ایک کی نیاز تو قبول ہوگئی اور دوسرے کی قبول نہ ہوئی۔ (تب قابیل ہابیل سے) کہنے لگا کہ میں تجھے قتل کردوں گا اُس نے کہا

النصف

يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الۡمُتَّقِيۡنَ‏ ﴿۲۷﴾ لَئِنۡۢ بَسَطْتَّ اِلَىَّ يَدَكَ لِتَقۡتُلَنِىۡ مَاۤ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَتَقَبَّلُ | اللّٰهُ | مِنَ | الۡمُتَّقِيۡنَ | لَئِنۡ | بَسَطْتَّ | اِلَىَّ | يَدَكَ | لِتَقۡتُلَنِىۡ | مَاۤ |
| قبول کرتا ہے | اللہ | سے | پرہیزگاروں | البتہ اگر | دراز کرے گا تو | طرف میری | ہاتھ اپنا | تاکہ قتل کردے مجھ کو | نہیں |

کہ اللہ پرہیزگاروں ہی کی (نیاز) قبول فرمایا کرتا ہے ﴿۲۷﴾ اور اگر تو مجھے قتل کرنے کے لیے مجھ پر ہاتھ چلائے گا

اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِىَ اِلَيۡكَ لِاَقۡتُلَكَ ۚ اِنِّىۡۤ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنَا | بِبَاسِطٍ | يَّدِىَ | اِلَيۡكَ | لِاَقۡتُلَكَ | اِنِّىۡۤ | اَخَافُ | اللّٰهَ | رَبَّ |
| میں | دراز کرنے والا ہوں | ہاتھ اپنا | طرف تیری | تاکہ مار ڈالوں میں تجھ کو | بے شک میں | ڈرتا ہوں | اللہ | پروردگار |

تو میں تجھ کو قتل کرنے کے لیے تجھ پر ہاتھ نہیں چلاؤں گا۔ مجھے تو اللہ رب العالمین سے

الۡعٰلَمِيۡنَ‏ ﴿۲۸﴾ اِنِّىۡۤ اُرِيۡدُ اَنۡ تَبُوۡۤاَ بِاِثۡمِىۡ وَاِثۡمِكَ فَتَكُوۡنَ مِنۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡعٰلَمِيۡنَ | اِنِّىۡۤ | اُرِيۡدُ | اَنۡ | تَبُوۡۤاَ | بِاِثۡمِىۡ | وَ | اِثۡمِكَ | فَتَكُوۡنَ | مِنۡ |
| عالموں کے سے | بیشک میں | ارادہ کرتا ہوں | یہ کہ | پھر جائے تو | ساتھ گناہ میرے کے | اور | گناہ اپنے کے | پس ہو جائے تو | سے |

ڈر لگتا ہے ﴿۲۸﴾ میں چاہتا ہوں کہ تم میرے گناہ میں بھی ماخوذ ہو اور اپنے گناہ میں بھی۔ پھر (زمرۂ) اہل دوزخ

اَصۡحٰبِ النَّارِ ۚ وَذٰ لِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيۡنَ ۚ‏ ﴿۲۹﴾ فَطَوَّعَتۡ لَهٗ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَصۡحٰبِ | النَّارِ | وَ | ذٰلِكَ | جَزٰٓؤُا | الظّٰلِمِيۡنَ | فَطَوَّعَتۡ | لَهٗ |
| رہنے والے | آگ کے | اور | یہ | بدلہ ہے | ظالموں کا | پس رغبت دلائی | اس کو |

میں ہو۔ اور ظالموں کی یہی سزا ہے ﴿۲۹﴾ مگر اس کے نفس نے

نَفۡسُهٗ قَتۡلَ اَخِيۡهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصۡبَحَ مِنَ الۡخٰسِرِيۡنَ ﴿۳۰﴾ فَبَعَثَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَفۡسُهٗ | قَتۡلَ | اَخِيۡهِ | فَقَتَلَهٗ | فَاَصۡبَحَ | مِنَ | الۡخٰسِرِيۡنَ | فَبَعَثَ |
| نفس اسکے نے | مارڈالنا | بھائی اپنے کا | پس مارڈالا اس کو | پس ہوگیا | سے | ٹوٹا پانے والوں میں | پس بھیجا |

اس کو بھائی کے قتل ہی کی ترغیب دی تو اُس نے اسے قتل کردیا اور خسارہ اٹھانے والوں میں ہوگیا (۳۰) اب اللہ نے

اللّٰهُ غُرَابًا يَّبۡحَثُ فِى الۡاَرۡضِ لِيُرِيَهٗ كَيۡفَ يُوَارِىۡ سَوۡءَةَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | غُرَابًا | يَّبۡحَثُ | فِى | الۡاَرۡضِ | لِيُرِيَهٗ | كَيۡفَ | يُوَارِىۡ | سَوۡءَةَ |
| اللہ نے | ایک کوا | کریدتا تھا | بیچ | زمین کے | تاکہ دکھائے اس کو | کیوں کر | ڈھانک دے | لاش |

ایک کوا بھیجا جو زمین کریدنے لگا تاکہ اسے دکھائے کہ اپنے بھائی کی لاش کو کیونکر

اَخِيۡهِ‌ ؕ قَالَ يٰوَيۡلَتٰٓى اَعَجَزۡتُ اَنۡ اَكُوۡنَ مِثۡلَ هٰذَا الۡغُرَابِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَخِيۡهِ | قَالَ | يٰوَيۡلَتٰٓى | اَعَجَزۡتُ | اَنۡ | اَكُوۡنَ | مِثۡلَ | هٰذَا | الۡغُرَابِ |
| بھائی اپنے کے | کہا | اے وائے مجھ کو | کیا نہ ہوا مجھ سے | یہ کہ | ہوں میں | مانند | اس | کوے کے |

چھپائے۔ کہنے لگا اے ہے مجھ سے اتنا بھی نہ ہو سکا کہ اس کوے کے برابر ہوتا

فَاُوَارِىَ سَوۡءَةَ اَخِىۡ‌ ۚ فَاَصۡبَحَ مِنَ النّٰدِمِيۡنَ ۛۚ ﴿۳۱﴾ مِنۡ اَجۡلِ ذٰلِكَ ۛۚ معانقة ۵ وقف النبی

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاُوَارِىَ | سَوۡءَةَ | اَخِىۡ | فَاَصۡبَحَ | مِنَ | النّٰدِمِيۡنَ | مِنۡ اَجۡلِ ذٰلِكَ |
| پس ڈھانک دوں میں | لاش | اپنے بھائی کی | پس ہوگیا | سے | پشیمانوں میں | اسی واسطے |

کہ اپنے بھائی کی لاش چھپادیتا۔ پھر وہ پشیمان ہوا (۳۱) اس (قتل) کی وجہ سے

كَتَبۡنَا عَلٰى بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ اَنَّهٗ مَنۡ قَتَلَ نَفۡسًۢا بِغَيۡرِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَتَبۡنَا | عَلٰى | بَنِىۡۤ | اِسۡرَآءِيۡلَ | اَنَّهٗ | مَنۡ | قَتَلَ | نَفۡسًۢا | بِغَيۡرِ |
| لکھا ہم نے | اوپر | بنی | اسرائیل کے | یہ کہ | جوکوئی | مارڈالے | کسی جی کو | بغیر بدلے |

ہم نے بنی اسرائیل پر یہ حکم نازل کیا کہ جو شخص کسی کو (ناحق) قتل کرے گا (یعنی) بغیر اس کے کہ

نَفۡسٍ اَوۡ فَسَادٍ فِى الۡاَرۡضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيۡعًا ؕ وَمَنۡ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَفۡسٍ | اَوۡ | فَسَادٍ | فِى | الۡاَرۡضِ | فَكَاَنَّمَا | قَتَلَ | النَّاسَ | جَمِيۡعًا | وَ | مَنۡ |
| جی کے | یا | بغیر فساد کے | بیچ | زمین کے | پس گویا کہ | مارڈالا | لوگوں کو | سب کو | اور | جس نے |

جان کا بدلہ لیا جائے یا ملک میں خرابی کرنے کی سزا دی جائے اس نے گویا تمام لوگوں کو قتل کیا اور جو

أَحْيَاهَا فَكَأَنَّمَآ أَحْيَا النَّاسَ جَمِيعًا ۚ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا

| أَحْيَاهَا | فَكَأَنَّمَآ | أَحْيَا | النَّاسَ | جَمِيعًا | وَ | لَقَدْ | جَآءَتْهُمْ | رُسُلُنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جلا دیا اس کو | پس گویا کہ | جلا دیا اس نے | لوگوں کو | سب کو | اور | البتہ تحقیق | آئے ہیں ان کے پاس | پیغمبر ہمارے |

اس کی زندگانی کا موجب ہوا تو گویا تمام لوگوں کی زندگانی کا موجب ہوا۔ اور ان لوگوں

بِالْبَيِّنٰتِ ۚ ثُمَّ إِنَّ كَثِيرًا مِّنْهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِي الْأَرْضِ

| بِالْبَيِّنٰتِ | ثُمَّ | إِنَّ | كَثِيرًا | مِّنْهُمْ | بَعْدَ | ذٰلِكَ | فِي | الْأَرْضِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ ظاہر دلیلوں کے | پھر | بیشک | بہت | ان میں سے | پیچھے ہیں | اس کے | بیچ | زمین کے |

کے پاس ہمارے پیغمبر روشن دلیلیں لا چکے ہیں۔ پھر اس کے بعد بھی ان میں بہت سے لوگ ملک میں حد اعتدال سے

لَمُسْرِفُونَ ﴿٣٢﴾ إِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِينَ يُحَارِبُونَ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ

| لَمُسْرِفُونَ | إِنَّمَا | جَزٰٓؤُا | الَّذِينَ | يُحَارِبُونَ | اللّٰهَ | وَ | رَسُولَهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| البتہ حد سے نکل جانیوالے | نہیں سوائے اسکے کے | بدلہ | ان لوگوں کا جو | لڑتے ہیں | اللہ سے | اور | اس کے رسول سے |

نکل جاتے ہیں ﴿٣٢﴾ جو لوگ اللہ اور اس کے رسول سے لڑائی کریں اور ملک میں فساد کرنے کو

وَيَسْعَوْنَ فِي الْأَرْضِ فَسَادًا أَنْ يُّقَتَّلُوٓا أَوْ يُصَلَّبُوٓا أَوْ تُقَطَّعَ

| وَ | يَسْعَوْنَ | فِي | الْأَرْضِ | فَسَادًا | أَنْ | يُّقَتَّلُوٓا | أَوْ | يُصَلَّبُوٓا | أَوْ | تُقَطَّعَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | دوڑتے ہیں | بیچ | زمین کے | فساد کو | یہ کہ | قتل کیے جائیں | یا | سولی دیئے جائیں | یا | کاٹے جائیں |

دوڑتے پھریں ان کی یہی سزا ہے کہ قتل کر دیے جائیں یا سولی چڑھا دیے جائیں یا ان کے ایک ایک طرف

أَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ أَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْأَرْضِ ۚ ذٰلِكَ

| أَيْدِيهِمْ | وَ | أَرْجُلُهُمْ | مِّنْ | خِلَافٍ | أَوْ | يُنْفَوْا | مِنَ | الْأَرْضِ | ذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہاتھ ان کے | اور | پاؤں ان کے | طرف سے | مخالف | یا | دور کر دیئے جائیں | سے | اس زمین | یہ |

کے ہاتھ اور ایک ایک طرف کے پاؤں کاٹ دیے جائیں یا ملک سے نکال دیے جائیں۔ یہ تو دنیا

لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٣٣﴾ إِلَّا

| لَهُمْ | خِزْيٌ | فِي | الدُّنْيَا | وَلَهُمْ | فِي | الْآخِرَةِ | عَذَابٌ | عَظِيمٌ | إِلَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے انکے | رسوائی ہے | بیچ | دنیا کے | اور واسطے انکے | بیچ | آخرت کے | عذاب ہے | بڑا | مگر |

میں ان کی رسوائی ہے اور آخرت میں ان کے لیے بڑا (بھاری) عذاب (تیار) ہے ﴿٣٣﴾ ہاں جن

الَّذِیْنَ تَابُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَقْدِرُوْا عَلَیْهِمْ ۚ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

| الَّذِیْنَ | تَابُوْا | مِنْ | قَبْلِ | اَنْ | تَقْدِرُوْا | عَلَیْهِمْ | فَاعْلَمُوْٓا | اَنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جن لوگوں نے | توبہ کی | اس سے | پہلے | کہ | تم قدرت پاؤ | اوپر ان کے | پس جانو | کہ بیشک | اللہ |

لوگوں نے اس سے پیشتر کہ تمہارے قابو آجائیں توبہ کر لی تو جان رکھو کہ اللہ بخشنے والا

غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿٣٤﴾ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ ابْتَغُوْٓا اِلَیْهِ ع

| غَفُوْرٌ | رَّحِیْمٌ | یٰٓاَیُّهَا | الَّذِیْنَ | اٰمَنُوْا | اتَّقُوْا | اللّٰهَ | وَ | ابْتَغُوْٓا | اِلَیْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بخشنے والا | مہربان ہے | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | ڈرو | اللہ سے | اور | ڈھونڈو | طرف اسکے |

مہربان ہے ﴿٣٤﴾ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو اور اس کا قرب حاصل کرنے کا

الْوَسِیْلَةَ وَ جَاهِدُوْا فِیْ سَبِیْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿٣٥﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ

| الْوَسِیْلَةَ | وَ | جَاهِدُوْا | فِیْ | سَبِیْلِهٖ | لَعَلَّكُمْ | تُفْلِحُوْنَ | اِنَّ | الَّذِیْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وسیلہ | اور | محنت کرو | بیچ | اس کی راہ کے | تاکہ تم | فلاح پاؤ | بے شک | جو لوگ |

ذریعہ تلاش کرتے رہو اور اس کے رستے میں جہاد کرو تاکہ رُستگاری پاؤ ﴿٣٥﴾ جو لوگ کافر ہیں

كَفَرُوْا لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا وَّ مِثْلَهٗ مَعَهٗ لِیَفْتَدُوْا

| كَفَرُوْا | لَوْ | اَنَّ | لَهُمْ | مَّا | فِی | الْاَرْضِ | جَمِیْعًا | وَّمِثْلَهٗ | مَعَهٗ | لِیَفْتَدُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کافر ہوئے | اگر | ہو | واسطے ان کے | جو کچھ | بیچ | زمین کے ہے | سب | اور مانند اس کی | ساتھ اسکے | تاکہ بدلہ دیں |

اگر ان کے پاس روئے زمین (کے تمام خزانے اور اس) کا سب مال ومتاع ہو اور اس کے ساتھ اسی قدر اور بھی ہوتا کہ

بِهٖ مِنْ عَذَابِ یَوْمِ الْقِیٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ ۚ وَ لَهُمْ عَذَابٌ

| بِهٖ | مِنْ | عَذَابِ | یَوْمِ | الْقِیٰمَةِ | مَا | تُقُبِّلَ | مِنْهُمْ | وَ | لَهُمْ | عَذَابٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ اسکے | سے | عذاب | دن | قیامت کے | نہ | قبول کیا جائے | ان سے | اور | واسطے انکے | عذاب ہے |

قیامت کے روز عذاب (سے رُستگاری حاصل کرنے) کا بدلہ دیں تو اُن سے قبول نہیں کیا جائے گا اور ان کو درد دینے والا

اَلِیْمٌ ﴿٣٦﴾ یُرِیْدُوْنَ اَنْ یَّخْرُجُوْا مِنَ النَّارِ وَ مَا هُمْ بِخٰرِجِیْنَ

| اَلِیْمٌ | یُرِیْدُوْنَ | اَنْ | یَّخْرُجُوْا | مِنَ | النَّارِ | وَ | مَا | هُمْ | بِخٰرِجِیْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| درد دینے والا | ارادہ کریں گے | یہ کہ | نکل جائیں | سے | آگ | اور | نہیں | وہ | نکل جانے والے |

عذاب ہوگا ﴿٣٦﴾ (ہر چند) چاہیں گے کہ آگ سے نکل جائیں مگر اس سے نہیں نکل سکیں

مِنۡهَا ۚ وَلَهُمۡ عَذَابٌ مُّقِيۡمٌ ﴿۳۷﴾ وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقۡطَعُوۡۤا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنۡهَا | وَ | لَهُمۡ | عَذَابٌ | مُّقِيۡمٌ | وَ | السَّارِقُ | وَ | السَّارِقَةُ | فَاقۡطَعُوۡۤا |
| اس سے | اور | واسطے ان کے | عذاب ہے | ہمیش کا | اور | چور | اور | چورنی | پس کاٹو |

اور ان کے لیے ہمیشہ کا عذاب ہے ﴿۳۷﴾ اور جو چوری کرے مرد ہو یا عورت ان کے ہاتھ کاٹ گے

اَيۡدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيۡزٌ حَكِيۡمٌ ﴿۳۸﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَيۡدِيَهُمَا | جَزَآءًۢ | بِمَا | كَسَبَا | نَكَالًا | مِّنَ | اللّٰهِ | وَ | اللّٰهُ | عَزِيۡزٌ | حَكِيۡمٌ |
| ہاتھ ان دونوں کے | بدلے اس چیز کے | کہ جو | کمایا انہوں نے | عبرت | طرف سے | اللہ کی | اور | اللہ | غالب | حکمت والا ہے |

ڈالو۔ یہ اُن کے فعلوں کی سزا اور اللہ کی طرف سے عبرت ہے اور اللہ زبردست (اور) صاحبِ حکمت ہے ﴿۳۸﴾

فَمَنۡ تَابَ مِنۡۢ بَعۡدِ ظُلۡمِهٖ وَاَصۡلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوۡبُ عَلَيۡهِ ؕ اِنَّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَنۡ | تَابَ | مِنۡۢ بَعۡدِ | ظُلۡمِهٖ | وَ | اَصۡلَحَ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | يَتُوۡبُ | عَلَيۡهِ | اِنَّ |
| پس جو کوئی | توبہ کرے | پیچھے | ظلم اپنے کے | اور | نیکی کرے | پس بے شک | اللہ | پھر آتا ہے | اوپر اسکے | بیشک |

پس جو شخص گناہ کے بعد توبہ کرلے اور نیکوکار ہو جائے تو اللہ اس کو معاف کر دے گا۔ کچھ شک نہیں

اللّٰهَ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۳۹﴾ اَلَمۡ تَعۡلَمۡ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | غَفُوۡرٌ | رَّحِيۡمٌ | اَلَمۡ | تَعۡلَمۡ | اَنَّ | اللّٰهَ | لَهٗ | مُلۡكُ | السَّمٰوٰتِ |
| اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے | کیا نہ | جانا تو نے | یہ کہ | اللہ | واسطے اسکے ہے | بادشاہی | آسمانوں کی |

کہ اللہ بخشنے والا مہربان ہے ﴿۳۹﴾ کیا تم کو معلوم نہیں کہ آسمانوں اور زمین میں اللہ ہی

وَالۡاَرۡضِ ؕ يُعَذِّبُ مَنۡ يَّشَآءُ وَيَغۡفِرُ لِمَنۡ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الۡاَرۡضِ | يُعَذِّبُ | مَنۡ | يَّشَآءُ | وَيَغۡفِرُ | لِمَنۡ | يَّشَآءُ | وَ | اللّٰهُ | عَلٰى | كُلِّ |
| اور | زمین کی | عذاب کرتا ہے | جس کو | چاہتا ہے | اور بخشتا ہے | جس کو | چاہتا ہے | اور | اللہ | اوپر | ہر |

کی سلطنت ہے۔ جس کو چاہے عذاب کرے اور جسے چاہے بخش دے۔ اور اللہ ہر چیز

شَيۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿۴۰﴾ يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوۡلُ لَا يَحۡزُنۡكَ الَّذِيۡنَ يُسَارِعُوۡنَ فِي

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَيۡءٍ | قَدِيۡرٌ | يٰۤاَيُّهَا | الرَّسُوۡلُ | لَا | يَحۡزُنۡكَ | الَّذِيۡنَ | يُسَارِعُوۡنَ | فِي |
| چیز کے | قادر ہے | اے | رسول | نہ | غمگین کریں تجھ کو | وہ لوگ کہ | جلدی کرتے ہیں | بیچ |

پر قادر ہے ﴿۴۰﴾ اے پیغمبر جو لوگ کفر میں جلدی کرتے ہیں (کچھ تو) ان میں سے (ہیں) جو منہ سے

الوقف علی الاول اجوز مع

الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ ۛ

| الْكُفْرِ | مِنَ | الَّذِيْنَ | قَالُوْٓا | اٰمَنَّا | بِاَفْوَاهِهِمْ | وَ | لَمْ | تُؤْمِنْ | قُلُوْبُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کفر کے | سے | ان لوگوں میں کہ | کہتے ہیں | ایمان لائے ہم | ساتھ اپنے مونہوں کے | اور | نہ | ایمان لائے | دل ان کے |

کہتے ہیں کہ ہم مومن ہیں لیکن ان کے دل مومن نہیں ہیں

وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا ۛ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ

| وَمِنَ الَّذِيْنَ | هَادُوْا | سَمّٰعُوْنَ | لِلْكَذِبِ | سَمّٰعُوْنَ | لِقَوْمٍ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور ان لوگوں میں سے کہ | یہودی ہوئے | سننے والے ہیں | واسطے جھوٹ کے | سننے والے ہیں | واسطے قوم |

اور (کچھ) ان میں سے جو یہودی ہیں ان کی وجہ سے غمناک نہ ہونا یہ غلط باتیں بنانے کے لیے جاسوسی کرتے پھرتے ہیں اور ایسے لوگوں (کے

اٰخَرِيْنَ ۙ لَمْ يَاْتُوْكَ ۭ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ مِنْۢ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ ۚ

| اٰخَرِيْنَ | لَمْ | يَاْتُوْكَ | يُحَرِّفُوْنَ | الْكَلِمَ | مِنْۢ بَعْدِ | مَوَاضِعِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| دوسری کے کہ | نہ | آئی تیرے پاس | بدل ڈالتے ہیں | باتوں کو | پیچھے | جگہ ان کی سے |

بہکانے) کے لیے جاسوس بنے ہیں جو ابھی تمہارے پاس نہیں آئے۔ (صحیح) باتوں کو اُن کے مقامات (میں ثابت ہونے) کے بعد بدل دیتے ہیں

يَقُوْلُوْنَ اِنْ اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ وَاِنْ لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوْا ۭ

| يَقُوْلُوْنَ | اِنْ | اُوْتِيْتُمْ | هٰذَا | فَخُذُوْهُ | وَ | اِنْ | لَّمْ | تُؤْتَوْهُ | فَاحْذَرُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہتے ہیں | اگر | دیئے جاؤ تم | یہ | پس لے لو اس کو | اور | اگر | نہ | دیئے جاؤ تم وہ | پس بچو |

اور (لوگوں سے) کہتے ہیں کہ اگر تم کو یہی (حکم) ملے تو اسے قبول کر لینا اور اگر نہ ملے تو (اس سے) احتراز کرنا۔

وَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔا ۭ اُولٰۗىِٕكَ

| وَ | مَنْ | يُّرِدِ | اللّٰهُ | فِتْنَتَهٗ | فَلَنْ | تَمْلِكَ | لَهٗ | مِنَ | اللّٰهِ | شَيْـــًٔا | اُولٰۗىِٕكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جو شخص کہ | ارادہ کرے | اللہ | گمراہ کرنا اس کا | پس ہرگز نہیں | مالک ہوگا تو | واسطے اسکے | طرف سے | اللہ کی | کچھ | یہ وہ لوگ ہیں |

اور اگر کسی کو اللہ گمراہ کرنا چاہے تو اس کے لیے تم کچھ بھی اللہ سے (ہدایت کا) اختیار نہیں رکھتے۔

الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ اَنْ يُّطَهِّرَ قُلُوْبَهُمْ ۭ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ ښ

| الَّذِيْنَ | لَمْ | يُرِدِ | اللّٰهُ | اَنْ | يُّطَهِّرَ | قُلُوْبَهُمْ | لَهُمْ | فِي | الدُّنْيَا | خِزْيٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو کہ | نہ | ارادہ کیا | اللہ نے | یہ کہ | پاک کرے | ان کے دلوں کو | واسطے انکے لیے | بیچ | دنیا کے | رسوائی |

یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں کو اللہ نے پاک کرنا نہیں چاہا۔ اُن کے لیے دنیا میں بھی ذلت ہے

وَلَهُمۡ فِی الۡاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِیۡمٌ ﴿۴۱﴾ سَمّٰعُوۡنَ لِلۡکَذِبِ اَکّٰلُوۡنَ

| وَ | لَهُمۡ | فِی | الۡاٰخِرَةِ | عَذَابٌ | عَظِیۡمٌ | سَمّٰعُوۡنَ | لِلۡکَذِبِ | اَکّٰلُوۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | واسطے ان کے | بیچ | آخرت کے | عذاب ہے | بڑا | سننے والے ہیں | جھوٹ کو | بہت کھانیولے ہیں |

اور آخرت میں بھی بڑا عذاب ہے ﴿۴۱﴾ (یہ) جھوٹی باتیں بنانے کے لیے جاسوسی کرنے والے اور رشوت کا حرام مال

لِلسُّحۡتِ ؕ فَاِنۡ جَآءُوۡکَ فَاحۡکُمۡ بَیۡنَهُمۡ اَوۡ اَعۡرِضۡ عَنۡهُمۡ ۚ

| لِلسُّحۡتِ | فَاِنۡ | جَآءُوۡکَ | فَاحۡکُمۡ | بَیۡنَهُمۡ | اَوۡ | اَعۡرِضۡ | عَنۡهُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حرام کو | پس اگر | آئیں تیرے پاس | پس حکم کر | درمیان ان کے | یا | منہ پھیر لے | ان سے |

کھانے والے ہیں۔ اگر یہ تمہارے پاس (کوئی مقدمہ فیصل کرانے کو) آئیں تو تم ان میں فیصلہ کر دینا یا اعراض کرنا۔

وَاِنۡ تُعۡرِضۡ عَنۡهُمۡ فَلَنۡ یَّضُرُّوۡکَ شَیۡـًٔا ؕ وَاِنۡ حَکَمۡتَ فَاحۡکُمۡ

| وَ | اِنۡ | تُعۡرِضۡ | عَنۡهُمۡ | فَلَنۡ | یَّضُرُّوۡکَ | شَیۡـًٔا | وَ | اِنۡ | حَکَمۡتَ | فَاحۡکُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اگر | منہ پھیر لے تو | ان سے | پس ہرگز نہ | پہنچائیں گے تجھ کو ضرر | کچھ | اور | اگر | حکم کرے تو | پس حکم کر |

اور اگر ان سے اعراض کرو گے تو وہ تمہارا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکیں گے اور اگر فیصلہ

بَیۡنَهُمۡ بِالۡقِسۡطِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الۡمُقۡسِطِیۡنَ ﴿۴۲﴾ وَکَیۡفَ

| بَیۡنَهُمۡ | بِالۡقِسۡطِ | اِنَّ | اللّٰهَ | یُحِبُّ | الۡمُقۡسِطِیۡنَ | وَ | کَیۡفَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| درمیان ان کے | ساتھ انصاف کے | بے شک | اللہ | دوست رکھتا ہے | انصاف کرنے والوں کو | اور | کیوں کر |

کرنا چاہو تو انصاف کا فیصلہ کرنا۔ بے شک اللہ انصاف کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے ﴿۴۲﴾ اور یہ تم سے

یُحَکِّمُوۡنَکَ وَعِنۡدَهُمُ التَّوۡرٰىةُ فِیۡهَا حُکۡمُ اللّٰهِ ثُمَّ یَتَوَلَّوۡنَ

| یُحَکِّمُوۡنَکَ | وَ | عِنۡدَ | هُمُ | التَّوۡرٰىةُ | فِیۡهَا | حُکۡمُ | اللّٰهِ | ثُمَّ | یَتَوَلَّوۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حکم کریں تجھ کو | اور | نزدیک | ان کے | توریت ہے | بیچ اس کے | حکم ہے | اللہ کا | پھر | پھر جاتے ہیں |

(اپنے مقدمات) کیونکر فیصل کرائیں گے جبکہ خود ان کے پاس تورات (موجود) ہے جس میں اللہ کا حکم (لکھا ہوا) ہے (یہ اسے جانتے ہیں)

مِنۡۢ بَعۡدِ ذٰلِکَ ؕ وَمَاۤ اُولٰٓئِکَ بِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ ﴿۴۳﴾ ع اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنَا التَّوۡرٰىةَ فِیۡهَا ع ٦ ٩ ١٠

| مِنۡۢ بَعۡدِ | ذٰلِکَ | وَ | مَاۤ | اُولٰٓئِکَ | بِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ | اِنَّاۤ | اَنۡزَلۡنَا | التَّوۡرٰىةَ | فِیۡهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیچھے | اس کے | اور | نہیں | یہ لوگ | ایمان لانے والے | بیشک | اتاری ہم نے | توریت | بیچ اسکے |

پھر اس کے بعد اس سے پھر جاتے ہیں اور یہ لوگ ایمان ہی نہیں رکھتے ﴿۴۳﴾ بیشک ہم نے تورات نازل فرمائی جس میں

هُدًى وَّنُوْرٌ ۚ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا لِلَّذِيْنَ هَادُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هُدًى | وَّ | نُوْرٌ | يَحْكُمُ | بِهَا | النَّبِيُّوْنَ | الَّذِيْنَ | اَسْلَمُوْا | لِلَّذِيْنَ | هَادُوْا |
| ہدایت ہے | اور | روشنی ہے | حکم کرتے تھے | ساتھ اسکے | پیغمبر | وہ جو | مطیع تھے | واسطے ان لوگوں کے کہ | یہودی ہوئے |

ہدایت اور روشنی ہے۔ اُسی کے مطابق انبیاء جو (اللہ کے) فرمانبردار تھے یہودیوں کوحکم دیتے رہے ہیں

وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ وَكَانُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ | وَالْاَحْبَارُ | بِمَا | اسْتُحْفِظُوْا | مِنْ | كِتٰبِ | اللّٰهِ | وَ | كَانُوْا |
| اور اللہ کے لوگ | اور عالم لوگ | ساتھ اس چیز کے کہ | یاد رکھوائے گئے تھے | سے | کتاب | اللہ کی | اور | تھے |

اور مشائخ اور علماء بھی کیونکہ وہ کتابِ اللہ کے نگہبان مقرر کیے گئے تھے اور اس پر

عَلَيْهِ شُهَدَآءَ ۚ فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِ | شُهَدَآءَ | فَلَا | تَخْشَوُا | النَّاسَ | وَ | اخْشَوْنِ | وَ | لَا | تَشْتَرُوْا | بِاٰيٰتِيْ |
| اوپر اس کے | گواہ | پس مت | ڈرو | لوگوں سے | اور | ڈرو مجھ سے | اور | مت | مول لو بدلے | نشانیوں میری کے |

گواہ تھے (یعنی حکمِ الٰہی کا یقین رکھتے تھے) تو تم لوگوں سے مت ڈرنا اور مجھی سے ڈرتے رہنا اور میری آیتوں کے بدلے

ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثَمَنًا | قَلِيْلًا | وَ | مَنْ | لَّمْ | يَحْكُمْ | بِمَآ | اَنْزَلَ | اللّٰهُ | فَاُولٰۗىِٕكَ | هُمُ |
| مول | تھوڑا | اور | جو کوئی | نہ | حکم کرے | ساتھ اس چیز کے کہ | اتاری ہے | اللہ نے | پس یہ لوگ | وہ ہیں |

تھوڑی سی قیمت نہ لینا۔ اور جو اللہ کے نازل فرمائے ہوئے احکام کے مطابق حکم نہ دے تو ایسے ہی

الْكٰفِرُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَآ اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ ۙ وَالْعَيْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْكٰفِرُوْنَ | وَ | كَتَبْنَا | عَلَيْهِمْ | فِيْهَآ | اَنَّ | النَّفْسَ | بِالنَّفْسِ | وَ | الْعَيْنَ |
| کافر | اور | لکھا ہم نے | اوپر ان کے | بیچ اس کے | یہ کہ | جان بدلے | جان کے | اور | آنکھ |

لوگ کافر ہیں ﴿۴۴﴾ اور ہم نے ان لوگوں کے لیے تورات میں یہ حکم لکھ دیا تھا کہ جان کے بدلے جان اور آنکھ

بِالْعَيْنِ وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْعَيْنِ | وَ | الْاَنْفَ | بِالْاَنْفِ | وَ | الْاُذُنَ | بِالْاُذُنِ | وَالسِّنَّ | بِالسِّنِّ |
| بدلے آنکھ کے | اور | ناک | بدلے ناک کے | اور | کان | بدلے کان کے | اور دانت | بدلے دانت کے |

کے بدلے آنکھ اور ناک کے بدلے ناک اور کان کے بدلے کان اور دانت کے بدلے دانت

وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ۭ فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ ۭ وَمَنْ لَّمْ

| وَالْجُرُوْحَ | قِصَاصٌ | فَمَنْ | تَصَدَّقَ | بِهٖ | فَهُوَ | كَفَّارَةٌ | لَّهٗ | وَ | مَنْ | لَّمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور زخموں کا | بدلہ ہے | پس جو کوئی | خیرات کر ڈالے | ساتھ اسکے | پس وہ | کفارہ ہے | واسطے اسکے | اور | جو کوئی | نہ |

اور سب زخموں کا اسی طرح بدلہ ہے۔ لیکن جو شخص بدلہ معاف کردے وہ اس کے لیے کفارہ ہوگا۔ اور جو اللہ

يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝۴۵ وَقَفَّيْنَا عَلٰٓي

| يَحْكُمْ | بِمَآ | اَنْزَلَ | اللّٰهُ | فَاُولٰۗىِٕكَ | هُمُ | الظّٰلِمُوْنَ | وَقَفَّيْنَا | عَلٰٓي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حکم کرے | ساتھ اس چیز کے کہ | اتاری ہے | اللہ نے | پس یہ لوگ | وہ ہیں | ظالم | اور پچھاڑی بھیجا ہم نے | اوپر |

کے نازل فرمائے ہوئے احکام کے مطابق حکم نہ دے تو ایسے ہی لوگ بے انصاف ہیں (۴۵) اور ان پیغمبروں کے بعد انہیں کے

اٰثَارِهِمْ بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ ۠

| اٰثَارِهِمْ | بِعِيْسَى | ابْنِ | مَرْيَمَ | مُصَدِّقًا | لِّمَا | بَيْنَ | يَدَيْهِ | مِنَ | التَّوْرٰىةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انکے پیروں کے | عیسیٰ | بیٹے | مریم کے کو | سچا کرنے والا | اس چیز کو کہ | آگے | اس کے تھی | سے | توریت |

قدموں پر ہم نے عیسیٰ ابن مریم کو بھیجا جو اپنے سے پہلے کی کتاب تورات کی تصدیق کرتے تھے

وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى وَّنُوْرٌ ۙ وَّمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ

| وَ | اٰتَيْنٰهُ | الْاِنْجِيْلَ | فِيْهِ | هُدًى | وَّنُوْرٌ | وَّ | مُصَدِّقًا | لِّمَا | بَيْنَ | يَدَيْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | دی ہم نے | انجیل | بیچ اس کے | ہدایت ہے | اور روشنی ہے | اور | سچا کرنے والی | اس چیز کو کہ | آگے | اس کے ہے |

اور اُن کو انجیل عنایت کی جس میں ہدایت اور نور ہے اور تورات کی جو اس سے پہلی (کتاب) ہے

مِنَ التَّوْرٰىةِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝۴۶ ۭ وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ

| مِنَ | التَّوْرٰىةِ | وَ | هُدًى | وَّمَوْعِظَةً | لِّلْمُتَّقِيْنَ | وَلْيَحْكُمْ | اَهْلُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | توریت | اور | ہدایت | اور موعظت ہے | واسطے پرہیزگاروں کے | اور چاہیے کہ حکم کریں | اہل |

تصدیق کرتی ہے اور پرہیزگاروں کو راہ بتاتی اور نصیحت کرتی ہے (۴۶) اور اہلِ انجیل کو چاہیے

الْاِنْجِيْلِ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ ۭ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

| الْاِنْجِيْلِ | بِمَآ | اَنْزَلَ | اللّٰهُ | فِيْهِ | وَ | مَنْ | لَّمْ | يَحْكُمْ | بِمَآ | اَنْزَلَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انجیل | ساتھ اس چیز کے کہ | اتاری ہے | اللہ نے | بیچ اس کے | اور | جو کوئی | نہ | حکم کرے | ساتھ اس چیز کے کہ | اتاری ہے | اللہ نے |

کہ جو احکام اللہ نے اس میں نازل فرمائے ہیں اس کے مطابق حکم دیا کریں۔ اور جو اللہ کے نازل کیے ہوئے احکام کے مطابق

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿٤٧﴾ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاُولٰٓئِكَ | هُمُ | الْفٰسِقُوْنَ | وَ | اَنْزَلْنَآ | اِلَيْكَ | الْكِتٰبَ | بِالْحَقِّ | مُصَدِّقًا |
| پس یہ لوگ | وہی ہیں | فاسق | اور | اتاری ہم نے | طرف تیری | کتاب | ساتھ حق کے | سچا کرنے والی |

حکم نہ دے گا تو ایسے لوگ نافرمان ہیں ﴿٤٧﴾ اور (اے پیغمبر) ہم نے تم پر سچی کتاب نازل کی ہے جو اپنے سے پہلی

لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِّمَا | بَيْنَ | يَدَيْهِ | مِنَ | الْكِتٰبِ | وَ | مُهَيْمِنًا | عَلَيْهِ | فَاحْكُمْ | بَيْنَهُمْ | بِمَآ |
| اس چیز کو کہ | آگے | اس کے ہے | سے | کتاب | اور | نگہبان | اوپر اس کے | پس حکم کر | درمیان انکے | ساتھ اس چیز کے کہ |

کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور ان (سب) پر شامل ہے تو جو حکم اللہ نے نازل فرمایا ہے اس کے مطابق ان کا

اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ عَمَّا جَآءَكَ مِنَ الْحَقِّ ؕ لِكُلٍّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْزَلَ | اللّٰهُ | وَ | لَا | تَتَّبِعْ | اَهْوَآءَهُمْ | عَمَّا | جَآءَكَ | مِنَ | الْحَقِّ | لِكُلٍّ |
| اتاری | اللہ نے | اور | مت | پیروی کر | ان کے خواہشات کی | مڑ کر اس چیز سے کہ | آئی ہے تیرے پاس | سے | حق | واسطے ہر ایک کے |

فیصلہ کرنا اور حق جو تمہارے پاس آچکا ہے اس کو چھوڑ کر ان کی خواہشوں کی پیروی نہ کرنا۔ ہم نے تم

جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَعَلْنَا | مِنْكُمْ | شِرْعَةً | وَّ | مِنْهَاجًا | وَ | لَوْ | شَآءَ | اللّٰهُ | لَجَعَلَكُمْ | اُمَّةً |
| کیا ہم نے | تم میں سے | گھاٹ | اور | راہ | اور | اگر | چاہتا | اللہ | البتہ کرتا تم کو | امت |

میں سے ہر ایک (فرقے) کے لیے ایک دستور اور طریقہ مقرر کیا ہے۔ اور اگر اللہ چاہتا تو تم سب کو ایک ہی شریعت پر

وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ اِلَى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّاحِدَةً | وَّ | لٰكِنْ | لِّيَبْلُوَكُمْ | فِيْ | مَآ | اٰتٰىكُمْ | فَاسْتَبِقُوا | الْخَيْرٰتِ | اِلَى |
| ایک | اور | لیکن | تا کہ آزمائے تم کو | بیچ | اس چیز کے کہ | دی تم کو | پس دوڑ کر لو | بھلائیوں کو | طرف |

کر دیتا مگر جو حکم اس نے تم کو دیے ہیں ان میں وہ تمہاری آزمائش کرنی چاہتا ہے سو نیک کاموں میں جلدی کرو۔ تم

اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَاَنِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | مَرْجِعُكُمْ | جَمِيْعًا | فَيُنَبِّئُكُمْ | بِمَا | كُنْتُمْ | فِيْهِ | تَخْتَلِفُوْنَ | وَ | اَنِ |
| اللہ کی ہے | پھر جانا تمہارا | سب کا | پس خبر دے گا تم کو | ساتھ اس چیز کے کہ | تھے تم | بیچ اس کے | اختلاف کرتے | اور | یہ کہ |

سب کو اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے پھر جن باتوں میں تم کو اختلاف تھا وہ تم کو بتا دے گا ﴿٤٨﴾ اور (ہم پھر تاکید کرتے ہیں کہ) جو

اَحْکُمْ بَیْنَھُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ وَلَا تَتَّبِعْ اَھْوَآءَھُمْ وَاحْذَرْھُمْ اَنْ

| اَحْکُمْ | بَیْنَھُمْ | بِمَآ | اَنْزَلَ | اللّٰہُ | وَ | لَا | تَتَّبِعْ | اَھْوَآءَھُمْ | وَ | احْذَرْھُمْ | اَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حکم کر | درمیان انکے | ساتھ اس چیز کے کہ | اتاری | اللہ نے | اور | مت | پیروی کر | ان کی خواہشوں کی | اور | بچتا رہ ان سے | یہ کہ |

(حکم) اللہ نے نازل فرمایا ہے اُسی کے مطابق ان میں فیصلہ کرنا اور ان کی خواہشوں کی پیروی نہ کرنا اور ان سے بچتے رہنا کہ

یَّفْتِنُوْکَ عَنْ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ اِلَیْکَ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ اَنَّمَا

| یَّفْتِنُوْکَ | عَنْ | بَعْضِ | مَآ | اَنْزَلَ | اللّٰہُ | اِلَیْکَ | فَاِنْ | تَوَلَّوْا | فَاعْلَمْ | اَنَّمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہکائیں تجھ کو | اس چیز سے | بعض | جو کہ | اتاری ہے | اللہ نے | طرف تیری | پس اگر | پھر جائیں | پس جان تو | سوائے اسکے نہیں کہ |

کسی حکم سے جو اللہ نے تم پر نازل فرمایا ہے یہ کہیں تم کو بہکا نہ دیں۔ اگر یہ نہ مانیں تو جان لو کہ

یُرِیْدُ اللّٰہُ اَنْ یُّصِیْبَھُمْ بِبَعْضِ ذُنُوْبِھِمْ ؕ وَاِنَّ کَثِیْرًا مِّنَ

| یُرِیْدُ | اللّٰہُ | اَنْ | یُّصِیْبَھُمْ | بِبَعْضِ | ذُنُوْبِھِمْ | وَ | اِنَّ | کَثِیْرًا | مِّنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ارادہ کرتا ہے | اللہ | یہ کہ | پہنچائے ان کو سزا | بعضے | ان کے گناہوں کی | اور | بے شک | بہت | سے |

اللہ چاہتا ہے کہ ان کے بعض گناہوں کے سبب اُن پر مصیبت نازل کرے۔ اور اکثر لوگ

اَلنَّاسِ لَفٰسِقُوْنَ ﴿۴۹﴾ اَفَحُکْمَ الْجَاھِلِیَّۃِ یَبْغُوْنَ ؕ وَمَنْ اَحْسَنُ

| النَّاسِ | لَفٰسِقُوْنَ | اَفَحُکْمَ | الْجَاھِلِیَّۃِ | یَبْغُوْنَ | وَ | مَنْ | اَحْسَنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لوگوں میں | البتہ فاسق ہیں | کیا پس حکم | جاہلیت کا | چاہتے ہیں | اور | کون شخص | بہتر ہے |

تو نافرمان ہیں ﴿۴۹﴾ کیا یہ زمانۂ جاہلیت کے حکم کے خواہش مند ہیں۔ اور جو یقین رکھتے

ع ۷ ۱۱

مِنَ اللّٰہِ حُکْمًا لِّقَوْمٍ یُّوْقِنُوْنَ ﴿۵۰﴾ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا

| مِنَ | اللّٰہِ | حُکْمًا | لِّقَوْمٍ | یُّوْقِنُوْنَ | یٰٓاَیُّھَا | الَّذِیْنَ | اٰمَنُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | اللہ | حکم میں | واسطے اس قوم کے کہ | یقین لاتے ہیں | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو |

ہیں ان کے لیے اللہ سے اچھا حکم کس کا ہے ﴿۵۰﴾ اے ایمان والو!

وقف لازم
وقف منزل
عند المتقدمین
وقف غفران

لَا تَتَّخِذُوا الْیَھُوْدَ وَالنَّصٰرٰٓی اَوْلِیَآءَ ؕ بَعْضُھُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ ؕ

| لَا | تَتَّخِذُوا | الْیَھُوْدَ | وَالنَّصٰرٰٓی | اَوْلِیَآءَ | بَعْضُھُمْ | اَوْلِیَآءُ | بَعْضٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مت | پکڑو | یہود کو | اور نصاریٰ کو | دوست | بعضے ان کے | دوست ہیں | بعض کے |

یہود اور نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ۔ یہ ایک دوسرے کے دوست ہیں

وَمَنۡ يَّتَوَلَّهُمۡ مِّنۡكُمۡ فَاِنَّهٗ مِنۡهُمۡؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهۡدِى الۡقَوۡمَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَنۡ | يَّتَوَلَّهُمۡ | مِّنۡكُمۡ | فَاِنَّهٗ | مِنۡهُمۡ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يَهۡدِى | الۡقَوۡمَ |
| اور | جو کوئی | دوست پکڑے ان کو | تم میں سے | پس بیشک وہ | انہیں میں سے ہے | بے شک | اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | قوم |

اور جو شخص تم میں سے اُن کو دوست بنائے گا وہ بھی انہیں میں سے ہو گا۔ بیشک اللہ ظالم لوگوں کو

الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۵۱﴾ فَتَرَى الَّذِيۡنَ فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ يُّسَارِعُوۡنَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الظّٰلِمِيۡنَ | فَتَرَى | الَّذِيۡنَ | فِىۡ | قُلُوۡبِهِمۡ | مَّرَضٌ | يُّسَارِعُوۡنَ |
| ظالموں کو | پس دیکھتا ہے تو | ان لوگوں کو کہ | بیچ | ان کے دلوں کے | بیماری ہے | جلدی کرتے ہیں |

ہدایت نہیں دیتا ﴿۵۱﴾ تو جن لوگوں کے دلوں میں (نفاق کا) مرض ہے تم اُن کو دیکھو گے کہ اُن میں دوڑ دوڑ کے

فِيۡهِمۡ يَقُوۡلُوۡنَ نَخۡشٰٓى اَنۡ تُصِيۡبَنَا دَآئِرَةٌ ؕ فَعَسَى اللّٰهُ اَنۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيۡهِمۡ | يَقُوۡلُوۡنَ | نَخۡشٰٓى | اَنۡ | تُصِيۡبَنَا | دَآئِرَةٌ | فَعَسَى | اللّٰهُ | اَنۡ |
| بیچ ان کے | کہتے ہیں | ڈرتے ہیں ہم | یہ کہ | پہنچ جائے ہم کو | گردش زمانے کی | پس جلد ہی | اللہ | یہ کہ |

ملے جاتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ ہمیں خوف ہے کہ کہیں ہم پر زمانے کی گردش نہ آجائے۔ سو قریب ہے

يَّاۡتِىَ بِالۡفَتۡحِ اَوۡ اَمۡرٍ مِّنۡ عِنۡدِهٖ فَيُصۡبِحُوۡا عَلٰى مَاۤ اَسَرُّوۡا فِىۡۤ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّاۡتِىَ | بِالۡفَتۡحِ | اَوۡ | اَمۡرٍ | مِّنۡ | عِنۡدِهٖ | فَيُصۡبِحُوۡا | عَلٰى | مَاۤ | اَسَرُّوۡا | فِىۡۤ |
| لے آوے | فتح | یا | کچھ بات | سے | نزدیک اپنے | پس ہو جائیں | اوپر | اس چیز کے کہ | چھپاتے تھے | بیچ |

کہ اللہ فتح بھیجے یا اپنے ہاں سے کوئی اور امر (نازل فرمائے) پھر یہ اپنے دل کی باتوں پر جو چھپایا کرتے تھے

اَنۡفُسِهِمۡ نٰدِمِيۡنَ ﴿۵۲﴾ؕ وَيَقُوۡلُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيۡنَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنۡفُسِهِمۡ | نٰدِمِيۡنَ | وَيَقُوۡلُ | الَّذِيۡنَ | اٰمَنُوۡۤا | اَهٰٓؤُلَآءِ | الَّذِيۡنَ |
| اپنے دلوں کے | پشیمان | اور کہیں گے | وہ لوگ جو کہ | ایمان لائے ہیں | کیا یہی ہیں وہ لوگ | جو کہ |

پشیمان ہو کر رہ جائیں گے ﴿۵۲﴾ اور (اُس وقت) مسلمان (تعجب سے) کہیں گے کہ کیا یہ وہی ہیں

اَقۡسَمُوۡا بِاللّٰهِ جَهۡدَ اَيۡمَانِهِمۡ ۙ اِنَّهُمۡ لَمَعَكُمۡ ؕ حَبِطَتۡ اَعۡمَالُهُمۡ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَقۡسَمُوۡا | بِاللّٰهِ | جَهۡدَ | اَيۡمَانِهِمۡ | اِنَّهُمۡ | لَمَعَكُمۡ | حَبِطَتۡ | اَعۡمَالُهُمۡ |
| قسم کھاتے تھے | ساتھ اللہ کے | سخت | قسمیں اپنی | بے شک وہ | البتہ ساتھ تمہارے ہیں | ناپید ہوئے | عمل ان کے |

جو اللہ کی سخت سخت قسمیں کھایا کرتے تھے کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں۔ اُن کے عمل اکارت گئے اور

الثلثة

فَاَصْبَحُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿٥٣﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ

| فَاَصْبَحُوْا | خٰسِرِيْنَ | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | مَنْ | يَّرْتَدَّ | مِنْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس ہو گئے | ٹوٹا پانے والے | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | جو کوئی | پھر جائے گا | تم میں سے |

وہ خسارے میں پڑ گئے ﴿٥٣﴾ اے ایمان والو اگر کوئی تم میں سے اپنے دین سے

عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗۤ ۙ اَذِلَّةٍ عَلَى

| عَنْ | دِيْنِهٖ | فَسَوْفَ | يَاْتِي | اللّٰهُ | بِقَوْمٍ | يُّحِبُّهُمْ | وَيُحِبُّوْنَهٗۤ | اَذِلَّةٍ | عَلَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | دین اپنے | پس البتہ | لائے گا | اللہ | ایک قوم کو کہ | پیار کرتا ہے ان کو | اور پیار کرتے ہیں وہ اسکو | نرمی کرنیوالے ہیں | اوپر |

پھر جائے گا تو اللہ ایسے لوگ پیدا کر دے گا جن کو وہ دوست رکھے اور وہ اُسے دوست رکھیں اور جو مومنوں کے

الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۫ يُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

| الْمُؤْمِنِيْنَ | اَعِزَّةٍ | عَلَى | الْكٰفِرِيْنَ | يُجَاهِدُوْنَ | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مسلمانوں کے | سختی کرنے والے ہیں | اوپر | کافروں کے | جہاد کریں گے | بیچ | راہ | اللہ کے |

حق میں نرمی کریں اور کافروں سے سختی سے پیش آئیں، اللہ کی راہ میں جہاد کریں اور کسی ملامت کرنے والے

وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ؕ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

| وَ | لَا | يَخَافُوْنَ | لَوْمَةَ | لَآئِمٍ | ذٰلِكَ | فَضْلُ | اللّٰهِ | يُؤْتِيْهِ | مَنْ | يَّشَآءُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہیں | ڈریں گے | ملامت | کسی ملامت کرنیوالے کی سے | یہ | بڑائی | اللہ کی ہے | دیتا ہے اس کو | جس کو | چاہتا ہے |

کی ملامت سے نہ ڈریں۔ یہ اللہ کا فضل ہے وہ جسے چاہتا ہے دیتا ہے۔

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿٥٤﴾ اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا

| وَ | اللّٰهُ | وَاسِعٌ | عَلِيْمٌ | اِنَّمَا | وَلِيُّكُمُ | اللّٰهُ | وَ | رَسُوْلُهٗ | وَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اللہ | کشائش والا ہے | جاننے والا | سوائے اسکے نہیں کہ | دوست تمہارا | اللہ ہے | اور | رسول اس کا | اور | جو لوگ | ایمان لائے |

اور اللہ بڑی کشائش والا (اور) جاننے والا ہے ﴿٥٤﴾ تمہارے دوست تو اللہ اور اس کے پیغمبر اور مومن لوگ ہی ہیں

الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ﴿٥٥﴾

| الَّذِيْنَ | يُقِيْمُوْنَ | الصَّلٰوةَ | وَ | يُؤْتُوْنَ | الزَّكٰوةَ | وَ | هُمْ | رٰكِعُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ لوگ | قائم رکھتے ہیں | نماز کو | اور | ادا کرتے ہیں | زکوٰۃ کو | اور | وہ | رکوع کرنیوالے ہیں |

جو نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے اور (اللہ کے آگے) جھکتے ہیں ﴿٥٥﴾

وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَنْ | يَّتَوَلَّ | اللّٰهَ | وَ | رَسُوْلَهٗ | وَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | فَاِنَّ | حِزْبَ | اللّٰهِ | هُمُ |
| اور | کوئی | دوست رکھے | اللہ کو | اور | اس کے رسول کو | اور | ان لوگوں کو کہ | ایمان لائے | پس بیشک | گروہ | اللہ کے | وہی ہیں |

اور جو شخص اللہ اور اس کے پیغمبر اور مومنوں سے دوستی کرے گا تو (وہ اللہ کی جماعت میں داخل ہوگا اور) اللہ کی جماعت غلبہ

ع ٨ ١٢

الْغٰلِبُوْنَ ۝٥٦ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْغٰلِبُوْنَ | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَا | تَتَّخِذُوْا | الَّذِيْنَ | اتَّخَذُوْا |
| غالب | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | مت | پکڑو | ان لوگوں کو جو | پکڑتے ہیں |

پانے والی ہے ۝٥٦ اے ایمان والو جن لوگوں کو تم سے پہلے کتابیں دی

دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دِيْنَكُمْ | هُزُوًا | وَّ | لَعِبًا | مِّنَ | الَّذِيْنَ | اُوْتُوا | الْكِتٰبَ | مِنْ | قَبْلِكُمْ | وَ | الْكُفَّارَ |
| دین تمہارے کو | ٹھٹھا | اور | کھیل | سے | ان لوگوں میں کہ | دیئے گئے ہیں | کتاب | سے | پہلے تم | اور | نہ کافروں کو |

گئی تھیں ان کو اور کافروں کو جنہوں نے تمہارے دین کو ہنسی اور کھیل بنا رکھا ہے دوست

اَوْلِيَآءَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝٥٧ وَاِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْلِيَآءَ | وَاتَّقُوا | اللّٰهَ | اِنْ | كُنْتُمْ | مُّؤْمِنِيْنَ | وَ | اِذَا | نَادَيْتُمْ | اِلَى |
| دوست | اور ڈرو | اللہ سے | اگر | ہو تم | ایمان والے | اور | جب | پکارتے ہو تم | طرف |

نہ بناؤ اور مومن ہو تو اللہ سے ڈرتے رہو ۝٥٧ اور جب تم لوگ

الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّلَعِبًا ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ۝٥٨

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصَّلٰوةِ | اتَّخَذُوْهَا | هُزُوًا | وَّ | لَعِبًا | ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمْ | قَوْمٌ | لَّا | يَعْقِلُوْنَ |
| نماز کی | پکڑتے ہیں اس کو | ٹھٹھا | اور | کھیل | یہ | بسبب اسکے ہے کہ | وہ ایک قوم ہیں | نہیں | سمجھتے |

نماز کے لیے اذان دیتے ہو تو یہ اُسے بھی ہنسی اور کھیل بناتے ہیں یہ اس لیے کہ سمجھ نہیں رکھتے۔ ۝٥٨

قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلْ | يٰۤاَهْلَ | الْكِتٰبِ | هَلْ | تَنْقِمُوْنَ | مِنَّآ | اِلَّآ | اَنْ | اٰمَنَّا | بِاللّٰهِ | وَ | مَآ | اُنْزِلَ |
| کہہ | اے اہل | کتاب | نہیں | پکڑتے عیب تم | ہم سے | مگر | یہ کہ | ایمان لائے ہم | ساتھ اللہ کے | اور | اس چیز کے کہ | اتاری گئی ہے |

کہو کہ اے اہل کتاب تم ہم میں برائی ہی کیا دیکھتے ہو سوا اس کے کہ ہم اللہ پر اور جو (کتاب) ہم پر نازل ہوئی اس پر

اِلَيۡنَا وَمَاۤ اُنۡزِلَ مِنۡ قَبۡلُ ۙ وَاَنَّ اَكۡثَرَكُمۡ فٰسِقُوۡنَ ﴿۵۹﴾ قُلۡ هَلۡ

| اِلَيۡنَا | وَ | مَاۤ | اُنۡزِلَ | مِنۡ | قَبۡلُ | وَ | اَنَّ | اَكۡثَرَكُمۡ | فٰسِقُوۡنَ | قُلۡ | هَلۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طرف ہماری | اور | جو | اتاری گئی ہے | اس سے | پہلے | اور | یہ کہ | بہت تمہارے | فاسق ہیں | کہہ | کیا |

اور جو (کتابیں) پہلے نازل ہوئیں اُن پر ایمان لائے ہیں اور تم میں اکثر بدکردار ہیں﴿۵۹﴾ کہو کہ میں

اُنَبِّئُكُمۡ بِشَرٍّ مِّنۡ ذٰلِكَ مَثُوۡبَةً عِنۡدَ اللّٰهِ ؕ مَنۡ لَّعَنَهُ اللّٰهُ

| اُنَبِّئُكُمۡ | بِشَرٍّ | مِّنۡ | ذٰلِكَ | مَثُوۡبَةً | عِنۡدَ | اللّٰهِ | مَنۡ | لَّعَنَهُ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خبردوں میں تمکو | ساتھ بدتر کے | سے | اس | جزا میں | نزدیک | اللہ کے | وہ شخص ہے کہ | لعنت کی | اللہ نے |

تمہیں بتاؤں کہ اللہ کے ہاں اس سے بھی بدتر جزا پانے والے کون ہیں؟ وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی

وَغَضِبَ عَلَيۡهِ وَجَعَلَ مِنۡهُمُ الۡقِرَدَةَ وَالۡخَنَازِيۡرَ وَعَبَدَ

| وَ | غَضِبَ | عَلَيۡهِ | وَ | جَعَلَ | مِنۡهُمُ | الۡقِرَدَةَ | وَ | الۡخَنَازِيۡرَ | وَ | عَبَدَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | غصہ ہوا | اوپر ان کے | اور | کیے | ان میں سے | بندر | اور | سؤر | اور | بندگی کی |

اور جن پر وہ غضب ناک ہوا اور (جن کو) ان میں سے بندر اور سؤر بنا دیا اور جنہوں نے

الطَّاغُوۡتَ ؕ اُولٰٓـئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ عَنۡ سَوَآءِ السَّبِيۡلِ ﴿۶۰﴾

| الطَّاغُوۡتَ | اُولٰٓـئِكَ | شَرٌّ | مَّكَانًا | وَّ | اَضَلُّ | عَنۡ | سَوَآءِ | السَّبِيۡلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شیطان کی | یہ لوگ | بدتر ہیں | جگہ میں | اور | بہت ہی بھٹکے ہوئے ہیں | سے | راہ | سیدھی |

شیطان کی پرستش کی ایسے لوگوں کا برا ٹھکانا ہے اور وہ سیدھے رستے سے بہت دور ہیں﴿۶۰﴾

وَاِذَا جَآءُوۡكُمۡ قَالُوۡۤا اٰمَنَّا وَقَدۡ دَّخَلُوۡا بِالۡكُفۡرِ وَهُمۡ قَدۡ خَرَجُوۡا

| وَ | اِذَا | جَآءُوۡكُمۡ | قَالُوۡۤا | اٰمَنَّا | وَ | قَدۡ | دَّخَلُوۡا | بِالۡكُفۡرِ | وَ | هُمۡ | قَدۡ | خَرَجُوۡا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جب | آتے ہیں تیرے پاس | کہتے ہیں | ایمان لائے ہم | اور | تحقیق | داخل ہوئے ہیں | ساتھ کفر کے | اور | وہ | تحقیق | نکل گئے ہیں |

اور جب یہ لوگ تمہارے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے حالانکہ کفر لے کر آتے ہیں اور اسی کو لے کر

بِهٖ ؕ وَاللّٰهُ اَعۡلَمُ بِمَا كَانُوۡا يَكۡتُمُوۡنَ ﴿۶۱﴾ وَتَرٰى كَثِيۡرًا مِّنۡهُمۡ

| بِهٖ | وَ | اللّٰهُ | اَعۡلَمُ | بِمَا | كَانُوۡا | يَكۡتُمُوۡنَ | وَ | تَرٰى | كَثِيۡرًا | مِّنۡهُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ اسکے | اور | اللہ | خوب جانتا ہے | اس چیز کو کہ | تھے وہ | چھپاتے | اور | دیکھتا ہے تو | بہتوں کو | ان میں سے |

جاتے ہیں۔ اور جن باتوں کو یہ مخفی رکھتے ہیں اللہ اُن کو خوب جانتا ہے﴿۶۱﴾ اور تم دیکھو گے کہ ان میں

يُسَارِعُوْنَ فِي الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُسَارِعُوْنَ | فِي | الْاِثْمِ | وَ | الْعُدْوَانِ | وَاَكْلِهِمُ | السُّحْتَ | لَبِئْسَ | مَا |
| جلدی کرتے ہیں | بیچ | گناہ کے | اور | تعدی کے | اور انکے کھانے کے | حرام کو | البتہ برا ہے | جو کچھ کہ |

اکثر گناہ اور زیادتی اور حرام کھانے میں جلدی کر رہے ہیں۔ بیشک یہ جو کچھ کرتے ہیں

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٦٢﴾ لَوْلَا يَنْهٰىهُمُ الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | لَوْ | لَا | يَنْهٰىهُمُ | الرَّبّٰنِيُّوْنَ | وَ | الْاَحْبَارُ | عَنْ | قَوْلِهِمُ |
| وہ تھے | کرتے | کیوں | نہیں | منع کیا ان کو | درویشوں نے | اور | عالموں نے | سے | بولنے ان کے |

برا کرتے ہیں (٦٢) بھلا ان کے مشائخ اور علماء انہیں گناہ کی باتوں اور حرام

الْاِثْمَ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿٦٣﴾ وَقَالَتِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاِثْمَ | وَاَكْلِهِمُ | السُّحْتَ | لَبِئْسَ | مَا | كَانُوْا | يَصْنَعُوْنَ | وَقَالَتِ |
| جھوٹ کو | اور ان کے کھانے کے | حرام کو | البتہ برا ہے | جو کچھ کہ | تھے وہ | کرتے | اور کہا |

کھانے سے منع کیوں نہیں کرتے؟ بلاشبہ وہ بھی برا کرتے ہیں (٦٣) اور یہود

الْيَهُوْدُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ ؕ غُلَّتْ اَيْدِيْهِمْ وَلُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا ۘ بَلْ وقف لازم

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْيَهُوْدُ | يَدُ | اللّٰهِ | مَغْلُوْلَةٌ | غُلَّتْ | اَيْدِيْهِمْ | وَلُعِنُوْا | بِمَا | قَالُوْا | بَلْ |
| یہود نے | ہاتھ | اللہ کے | بند ہیں | بند کیے گئے ہیں | ہاتھ ان کے | اور لعنت کی گئی | بسبب اس چیز کے کہ | کہا انہوں نے | بلکہ |

کہتے ہیں کہ اللہ کا ہاتھ (گردن سے) بندھا ہوا ہے (یعنی اللہ بخیل ہے)۔ انہیں کے ہاتھ باندھے جائیں اور ایسا کہنے کے سبب ان پر لعنت ہو

يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ ۙ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَآءُ ؕ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَدٰهُ | مَبْسُوْطَتٰنِ | يُنْفِقُ | كَيْفَ | يَشَآءُ | وَ | لَيَزِيْدَنَّ | كَثِيْرًا | مِّنْهُمْ | مَّآ |
| دونوں ہاتھ اسکے | کشادہ ہیں | خرچ کرتا ہے | جس طرح | چاہتا ہے | اور | البتہ زیادہ کرے گا | بہت کو | ان میں سے | جو |

بلکہ اس کے دونوں ہاتھ کھلے ہیں، وہ جس طرح (اور جتنا) چاہتا ہے خرچ کرتا ہے اور (اے محمد ﷺ) یہ (کتاب) جو تمہارے پروردگار کی

اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ؕ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُنْزِلَ | اِلَيْكَ | مِنْ | رَّبِّكَ | طُغْيَانًا | وَّ | كُفْرًا | وَ | اَلْقَيْنَا | بَيْنَهُمُ | الْعَدَاوَةَ |
| اتارا گیا ہے | طرف تیری | سے | پروردگار تیرے | سرکشی | اور | کفر | اور | ڈال دی ہم نے | درمیان انکے | عداوت |

طرف سے تم پر نازل ہوئی اس سے ان میں سے اکثر کی شرارت اور انکار اور بڑھے گا۔ اور ہم نے ان کے باہم عداوت

وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْبَغْضَآءَ | اِلٰى | يَوْمِ | الْقِيٰمَةِ | كُلَّمَآ | اَوْقَدُوْا | نَارًا | لِّلْحَرْبِ |
| اور بغض | تک | دن | قیامت کے | جس وقت | جلاتے ہیں | آگ | لڑائی کی |

اور بغض قیامت تک کے لیے ڈال دیا ہے۔ یہ جب لڑائی کے لیے آگ جلاتے ہیں

اَطْفَاَهَا اللّٰهُ ۙ وَيَسْعَوْنَ فِى الْاَرْضِ فَسَادًا ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَطْفَاَهَا | اللّٰهُ | وَ | يَسْعَوْنَ | فِى | الْاَرْضِ | فَسَادًا | وَ | اللّٰهُ | لَا | يُحِبُّ |
| بجھا دیتا ہے اس کو | اللہ | اور | دوڑتے ہیں | بیچ | زمین کے | فساد کو | اور | اللہ | نہیں | دوست رکھتا |

تو اللہ اُس کو بجھا دیتا ہے اور یہ ملک میں فساد کے لیے دوڑتے پھرتے ہیں۔ اور اللہ فساد کرنے والوں کو

الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٦٤﴾ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَكَفَّرْنَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُفْسِدِيْنَ | وَ | لَوْ اَنَّ | اَهْلَ | الْكِتٰبِ | اٰمَنُوْا | وَاتَّقَوْا | لَكَفَّرْنَا |
| فساد کرنے والوں کو | اور | اگر | اہل | کتاب | ایمان لاتے | اور پرہیزگاری کرتے | البتہ دور کرتے ہم |

دوست نہیں رکھتا ﴿٦٤﴾ اور اگر اہلِ کتاب ایمان لاتے اور پرہیزگاری کرتے تو ہم ان سے

عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاَدْخَلْنٰهُمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿٦٥﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْهُمْ | سَيِّاٰتِهِمْ | وَ | لَاَدْخَلْنٰهُمْ | جَنّٰتِ | النَّعِيْمِ | وَ | لَوْ | اَنَّهُمْ | اَقَامُوا |
| ان سے | برائیاں ان کی | اور | البتہ داخل کرتے ان کو | بہشتوں میں | نعمت کے | اور | اگر | وہ | قائم رکھتے |

اُن کے گناہ محو کر دیتے اور اُن کو نعمت کے باغوں میں داخل کرتے ﴿٦٥﴾ اور اگر وہ

التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا مِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| التَّوْرٰىةَ | وَ | الْاِنْجِيْلَ | وَ | مَآ | اُنْزِلَ | اِلَيْهِمْ | مِّنْ | رَّبِّهِمْ | لَاَكَلُوْا | مِنْ |
| توریت کو | اور | انجیل کو | اور | جو کچھ | اتارا گیا ہے | طرف ان کی | سے | پروردگار انکے | البتہ کھاتے | سے |

تورات اور انجیل کو اور جو (اور کتابیں) اُن کے پروردگار کی طرف سے اُن پر نازل ہوئیں اُن کو قائم رکھتے تو (اُن پر رزق مینہ کی طرح برستا کہ)

فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ ؕ مِنْهُمْ اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ؕ وَكَثِيْرٌ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَوْقِهِمْ | وَ | مِنْ | تَحْتِ | اَرْجُلِهِمْ | مِنْهُمْ | اُمَّةٌ | مُّقْتَصِدَةٌ | وَ | كَثِيْرٌ |
| اوپر اپنے | اور | سے | نیچے | اپنے پاؤں کے | ان میں سے | ایک جماعت ہے | بیچ کی راہ کی | اور | بہت |

اپنے اوپر سے اور پاؤں کے نیچے سے کھاتے۔ ان میں کچھ میانہ رو ہیں۔ اور

ع ٩ ١٠ ١٣

مِّنْهُمْ سَآءَ مَا يَعْمَلُوْنَ ﴿٦٦﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْهُمْ | سَآءَ | مَا | يَعْمَلُوْنَ | يٰٓاَيُّهَا | الرَّسُوْلُ | بَلِّغْ | مَآ |
| ان میں سے | برا ہے | جو کچھ | کرتے ہیں | اے | رسول | پہنچا دے | جو کچھ |

بہت سے ایسے ہیں جن کے اعمال برے ہیں﴿٦٦﴾ اے پیغمبر جو ارشادات اللہ کی طرف سے

اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَ اِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُنْزِلَ | اِلَيْكَ | مِنْ | رَّبِّكَ | وَ | اِنْ | لَّمْ | تَفْعَلْ | فَمَا | بَلَّغْتَ |
| اتارا گیا ہے | طرف تیری | سے | تیرے رب | اور | اگر | نہ | کرے تو | پس نہ | پہنچایا تو نے |

تم پر نازل ہوئے ہیں سب لوگوں کو پہنچا دو۔ اور اگر ایسا نہ کیا تو تم اللہ کے پیغام پہنچانے میں قاصر رہے

رِسَالَتَهٗ ؕ وَ اللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رِسَالَتَهٗ | وَ | اللّٰهُ | يَعْصِمُكَ | مِنَ | النَّاسِ | اِنَّ | اللّٰهَ |
| پیغام اس کا | اور | اللہ | بچائے گا تجھ کو | سے | لوگوں | بیشک | اللہ |

(یعنی پیغمبری کا فرض ادا نہ کیا)۔ اور اللہ تم کو لوگوں سے بچائے رکھے گا۔ بیشک اللہ

لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٦٧﴾ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَهْدِى | الْقَوْمَ | الْكٰفِرِيْنَ | قُلْ | يٰٓاَهْلَ | الْكِتٰبِ | لَسْتُمْ |
| نہیں | ہدایت کرتا | قوم | کافروں کو | کہہ | اے اہل | کتاب | نہیں تم |

منکروں کو ہدایت نہیں کرتا﴿٦٧﴾ کہو کہ اے اہلِ کتاب

عَلٰى شَىْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِيْلَ وَ مَآ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰى | شَىْءٍ | حَتّٰى | تُقِيْمُوا | التَّوْرٰىةَ | وَ | الْاِنْجِيْلَ | وَ | مَآ |
| اوپر | کسی چیز کے | یہاں تک کہ | قائم کرو تم | توریت کو | اور | انجیل کو | اور | جو کچھ |

جب تک تم تورات اور انجیل کو اور جو (اور کتابیں) تمہارے

اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَ لَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُنْزِلَ | اِلَيْكُمْ | مِّنْ | رَّبِّكُمْ | وَ | لَيَزِيْدَنَّ | كَثِيْرًا | مِّنْهُمْ | مَّآ |
| اتارا جاتا ہے | طرف تمہاری | سے | پروردگار تمہارے | اور | البتہ زیادہ کرے گا | بہتوں کو | ان میں سے | جو |

پروردگار کی طرف سے تم لوگوں پر نازل ہوئیں اُن کو قائم نہ رکھو گے کچھ بھی راہ پر نہیں ہو سکتے۔ اور (یہ قرآن) جو تمہارے

اُنْزِلَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْیَانًا وَّ كُفْرًا ۚ فَلَا تَاْسَ عَلَی

| اُنْزِلَ | اِلَیْكَ | مِنْ | رَّبِّكَ | طُغْیَانًا | وَّ | كُفْرًا | فَلَا | تَاْسَ | عَلَی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتارا گیا | طرف تیری | سے | رب تیرے | سرکشی | اور | کفر | پس مت | غم کھا | اوپر |

پروردگار کی طرف سے تم پر نازل ہوا ہے اس سے اُن میں سے اکثر کی سرکشی اور کفر اور بڑھے گا تو تم

الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۶۸﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ الَّذِیْنَ هَادُوْا

| الْقَوْمِ | الْكٰفِرِیْنَ | اِنَّ | الَّذِیْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | الَّذِیْنَ | هَادُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قوم | کافروں کے | بیشک | جولوگ کہ | ایمان لائے | اور | جولوگ کہ | یہودی ہوئے |

قومِ کفار پر افسوس نہ کرو ﴿۶۸﴾ جولوگ اللہ پر اور روزِ آخرت پر ایمان لائیں گے

وَالصّٰبِئُوْنَ وَ النَّصٰرٰی مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ

| وَالصّٰبِئُوْنَ | وَ | النَّصٰرٰی | مَنْ | اٰمَنَ | بِاللّٰهِ | وَ | الْیَوْمِ | الْاٰخِرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور بے دین | اور | نصاریٰ | جو کوئی | ایمان لایا | ساتھ اللہ کے | اور | دن | آخرت کے |

اور عمل نیک کریں گے خواہ وہ مسلمان ہوں یا یہودی یا ستارہ پرست یا عیسائی

وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَ لَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ ﴿۶۹﴾

| وَعَمِلَ | صَالِحًا | فَلَا | خَوْفٌ | عَلَیْهِمْ | وَ | لَا | هُمْ | یَحْزَنُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور کام کرے | اچھے | پس نہیں | خوف | اوپر ان کے | اور | نہ | وہ | غمگین ہوں گے |

اُن کو (قیامت کے دن) نہ کچھ خوف ہو گا اور نہ وہ غمناک ہوں گے ﴿۶۹﴾

لَقَدْ اَخَذْنَا مِیْثَاقَ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ وَ اَرْسَلْنَآ اِلَیْهِمْ

| لَقَدْ | اَخَذْنَا | مِیْثَاقَ | بَنِیْٓ | اِسْرَآءِیْلَ | وَ | اَرْسَلْنَآ | اِلَیْهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| البتہ تحقیق | لیا ہم نے | عہد | بنی | اسرائیل کا | اور | بھیجے ہم نے | طرف ان کی |

ہم نے بنی اسرائیل سے عہد بھی لیا اور ان کی طرف پیغمبر بھی بھیجے۔

رُسُلًا ؕ كُلَّمَا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓی اَنْفُسُهُمْ ۙ

| رُسُلًا | كُلَّمَا | جَآءَهُمْ | رَسُوْلٌۢ | بِمَا | لَا | تَهْوٰٓی | اَنْفُسُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیغمبر | جس وقت | آیا ان کے پاس | رسول | ساتھ اس چیز کے کہ | نہیں | چاہتے تھے | جی ان کے |

(لیکن) جب کوئی پیغمبر ان کے پاس ایسی باتیں لے کر آتا جن کو ان کے دل نہیں چاہتے تھے

فَرِيْقًا كَذَّبُوْا وَ فَرِيْقًا يَّقْتُلُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَحَسِبُوْٓا اَلَّا تَكُوْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَرِيْقًا | كَذَّبُوْا | وَ | فَرِيْقًا | يَّقْتُلُوْنَ | وَحَسِبُوْٓا | اَلَّا | تَكُوْنَ |
| ایک فرقے کو | جھٹلادیا | اور | ایک فرقے کو | مارڈالتے ہیں | اورگمان کیاانہوں نے | یہ کہ نہ | ہوگا |

تو وہ (انبیاء کی) ایک جماعت کوتو جھٹلا دیتے اورایک جماعت کوقتل کردیتے تھے ﴿٧٠﴾ اور یہ خیال کرتے تھے کہ (اس سے ان پر)

فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَصَمُّوْا ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِتْنَةٌ | فَعَمُوْا | وَصَمُّوْا | ثُمَّ | تَابَ | اللّٰهُ | عَلَيْهِمْ | ثُمَّ | عَمُوْا |
| فتنہ | پس اندھے ہوئے | اور بہرے ہوئے | پھر | ساتھ رحمت کے پھرا | اللہ | اوپران کے | پھر | اندھے ہوئے |

کوئی آفت نہیں آنے کی تو وہ اندھے اور بہرے ہو گئے پھر اللہ نے ان پر مہربانی فرمائی (لیکن) پھر ان میں

وَصَمُّوْا كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿٧١﴾ لَقَدْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | صَمُّوْا | كَثِيْرٌ | مِّنْهُمْ | وَ | اللّٰهُ | بَصِيْرٌۢ | بِمَا | يَعْمَلُوْنَ | لَقَدْ |
| اور | بہرے ہوئے | بہت | ان میں سے | اور | اللہ | دیکھنے والا ہے | ساتھ اس چیز کے کہ | کرتے ہیں | البتہ تحقیق |

سے بہت سے اندھے اور بہرے ہو گئے۔ اور اللہ اُن کے سب کاموں کو دیکھ رہا ہے ﴿٧١﴾ وہ لوگ

كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۭ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَفَرَ | الَّذِيْنَ | قَالُوْٓا | اِنَّ | اللّٰهَ | هُوَ | الْمَسِيْحُ | ابْنُ | مَرْيَمَ |
| کافر ہوئے | وہ لوگ کہ | کہتے ہیں | بے شک | اللہ | وہی ہے | مسیح | بیٹا | مریم کا |

بے شبہ کافر ہیں جو کہتے ہیں کہ مریم کے بیٹے (عیسیٰ) مسیح اللہ ہیں۔

وَقَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَالَ | الْمَسِيْحُ | يٰبَنِيْٓ | اِسْرَاۗءِيْلَ | اعْبُدُوا | اللّٰهَ | رَبِّيْ |
| اور | کہا | مسیح نے | اے بنی | اسرائیل | عبادت کرو | اللہ کی | پروردگار میرا ہے |

حالانکہ مسیح (یہود سے) یہ کہا کرتے تھے کہ اے بنی اسرائیل اللہ ہی کی عبادت کرو جو میرا بھی پروردگار ہے

وَرَبَّكُمْ ۭ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | رَبَّكُمْ | اِنَّهٗ | مَنْ | يُّشْرِكْ | بِاللّٰهِ | فَقَدْ | حَرَّمَ | اللّٰهُ | عَلَيْهِ |
| اور | پروردگار تمہارا | بیشک بات یہ ہے کہ | جو کوئی | شرک کرے گا | ساتھ اللہ کے | پس تحقیق کہ | حرام کردے گا | اللہ | اوپراس کے |

اور تمہارا بھی۔ (اور جان رکھو کہ) جو شخص اللہ کے ساتھ شرک کرے گا تو اللہ اُس پر بہشت کو حرام

الْجَنَّةَ وَ مَاْوٰىهُ النَّارُ ؕ وَ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿٧٢﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْجَنَّةَ | وَ | مَاْوٰىهُ | النَّارُ | وَ | مَا | لِلظّٰلِمِيْنَ | مِنْ | اَنْصَارٍ |
| جنت | اور | ٹھکانا اس کا | دوزخ ہے | اور | نہیں ہے | ظالموں کا | کوئی | مددگار |

کر دے گا اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے۔ اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ﴿٧٢﴾

وقف لازم

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ ۘ وَ مَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَقَدْ | كَفَرَ | الَّذِيْنَ | قَالُوْٓا | اِنَّ | اللّٰهَ | ثَالِثُ | ثَلٰثَةٍ | وَ | مَا |
| البتہ تحقیق | کافر ہوئے | وہ لوگ کہ | کہتے ہیں | بیشک | اللہ | تیسرا ہے | تین میں کا | اور | نہیں |

وہ لوگ (بھی) کافر ہیں جو اس بات کے قائل ہیں کہ اللہ تین میں کا تیسرا ہے۔

مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ وَ اِنْ لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | اِلٰهٍ | اِلَّآ | اِلٰهٌ | وَّاحِدٌ | وَ | اِنْ | لَّمْ | يَنْتَهُوْا | عَمَّا |
| کوئی | معبود | مگر | معبود | ایک | اور | اگر | نہیں | باز رہیں گے | اس چیز سے کہ |

حالانکہ اُس معبود یکتا کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ۔ اگر یہ لوگ ایسے اقوال (وعقائد) سے باز

يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٧٣﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يَقُوْلُوْنَ | لَيَمَسَّنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | مِنْهُمْ | عَذَابٌ | اَلِيْمٌ |
| کہتے ہیں | البتہ لگے گا | ان لوگوں کو جو | کافر ہوئے | ان میں سے | عذاب ہے | درد دینے والا |

نہیں آئیں گے تو اُن میں جو کافر ہوئے ہیں وہ تکلیف دینے والا عذاب پائیں گے ﴿٧٣﴾

اَفَلَا يَتُوْبُوْنَ اِلَى اللّٰهِ وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَفَلَا | يَتُوْبُوْنَ | اِلَى | اللّٰهِ | وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ | وَاللّٰهُ | غَفُوْرٌ |
| کیا نہیں | توبہ کرتے | طرف | اللہ کی | اور نہیں بخشش مانگتے اس سے | اور اللہ | بخشنے والا |

تو یہ کیوں اللہ کے آگے توبہ نہیں کرتے اور اس سے گناہوں کی معافی نہیں مانگتے۔ اور اللہ تو بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ﴿٧٤﴾ مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَّحِيْمٌ | مَا | الْمَسِيْحُ | ابْنُ | مَرْيَمَ | اِلَّا | رَسُوْلٌ | قَدْ |
| مہربان ہے | نہیں | مسیح | بیٹا | مریم کا | مگر | پیغمبر | تحقیق |

مہربان ہے ﴿٧٤﴾ مسیح ابن مریم تو صرف (اللہ کے) پیغمبر تھے۔ ان سے پہلے بھی

خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ وَ اُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ؕ كَانَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَلَتْ | مِنْ | قَبْلِهِ | الرُّسُلُ | وَ | اُمُّهٗ | صِدِّيْقَةٌ | كَانَا |
| گزرے ہیں | سے | پہلے اس | پیغمبر | اور | ماں اس کی | صدیقہ تھی | تھے وہ دونوں |

بہت سے رسول گزر چکے تھے۔ اور ان کی والدہ (مریم اللہ کی) ولی (اور سچی فرمانبردار) تھیں۔ دونوں (انسان تھے اور)

يَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ انْظُرْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَاْكُلٰنِ | الطَّعَامَ | اُنْظُرْ | كَيْفَ | نُبَيِّنُ | لَهُمُ | الْاٰيٰتِ | ثُمَّ | انْظُرْ |
| کھاتے | کھانا | دیکھ | کیوں کر | بیان کرتے ہیں ہم | واسطے ان کے | نشانیاں | پھر | دیکھو |

کھانا کھاتے تھے۔ دیکھو ہم ان لوگوں کے لیے اپنی آیتیں کس طرح کھول کھول کر بیان کرتے ہیں پھر (یہ) دیکھو

اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿٧٥﴾ قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنّٰى | يُؤْفَكُوْنَ | قُلْ | اَتَعْبُدُوْنَ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | مَا | لَا |
| کہاں سے | پلٹائے جاتے ہیں | کہہ | کیا عبادت کرتے ہو تم | سوائے | اللہ کے | اس چیز کی کہ | نہیں |

کہ یہ کدھر الٹے جا رہے ہیں (٧٥) کہو کہ تم اللہ کے سوا ایسی چیز کی کیوں پرستش کرتے ہو جس کو

يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّ لَا نَفْعًا ؕ وَاللّٰهُ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٧٦﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَمْلِكُ | لَكُمْ | ضَرًّا | وَّ | لَا | نَفْعًا | وَاللّٰهُ | هُوَ | السَّمِيْعُ | الْعَلِيْمُ |
| اختیار رکھتے | واسطے تمہارے | ضرر | اور | نہ | نفع | اور اللہ | وہی ہے | سننے والا | جاننے والا |

تمہارے نفع اور نقصان کا کچھ بھی اختیار نہیں اور اللہ ہی (سب کچھ) سنتا جانتا ہے (٧٦)

قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ وَ لَا تَتَّبِعُوْۤا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلْ | يٰۤاَهْلَ | الْكِتٰبِ | لَا | تَغْلُوْا | فِيْ | دِيْنِكُمْ | غَيْرَ | الْحَقِّ | وَ | لَا | تَتَّبِعُوْۤا |
| کہہ | اے اہل | کتاب | مت | زیادتی کرو | بیچ | دین اپنے کے | سوائے | حق کے | اور | مت | پیروی کرو |

کہو کہ اے اہل کتاب اپنے دین (کی بات) میں ناحق مبالغہ نہ کرو اور ایسے لوگوں کی خواہشوں کے

اَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَاَضَلُّوْا كَثِيْرًا وَّ ضَلُّوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَهْوَآءَ | قَوْمٍ | قَدْ | ضَلُّوْا | مِنْ | قَبْلُ | وَاَضَلُّوْا | كَثِيْرًا | وَّ | ضَلُّوْا |
| خواہشوں | اس قوم کی | تحقیق | گمراہ ہوئے | اس سے | پہلے | اور گمراہ کیا | بہتوں کو | اور | بہک گئے |

پیچھے نہ چلو جو (خود بھی) پہلے گمراہ ہوئے اور اور بھی اکثروں کو گمراہ کر گئے

ع ۱۰/۱۱ ۱۴

عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿٧٧﴾ لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْۢ بَنِيْٓ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْ | سَوَآءِ | السَّبِيْلِ | لُعِنَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | مِنْ | بَنِيْٓ |
| سے | راہ | سیدھی | لعنت کیے گئے | وہ لوگ کہ | کافر ہوئے | سے | بنی |

اور سیدھے رستے سے بھٹک گئے ﴿٧٧﴾ جو لوگ بنی اسرائیل میں کافر ہوئے

اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ؕ ذٰلِكَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِسْرَآءِيْلَ | عَلٰى | لِسَانِ | دَاوٗدَ | وَعِيْسَى | ابْنِ | مَرْيَمَ | ذٰلِكَ |
| اسرائیل | اوپر | زبان | داؤد کے | اور عیسیٰ | بیٹے | مریم کے | یہ |

اُن پر داؤد اور عیسیٰ ابن مریم کی زبان سے لعنت کی گئی۔ یہ اس لیے کہ

بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿٧٨﴾ كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمَا | عَصَوْا | وَّكَانُوْا | يَعْتَدُوْنَ | كَانُوْا | لَا | يَتَنَاهَوْنَ | عَنْ |
| بسبب اسکے کہ | نافرمانی کرتے تھے | اور تھے | حد سے نکل جاتے | کرتے تھے | نہ | ایک دوسرے کو منع | سے |

نافرمانی کرتے تھے اور حد سے تجاوز کیے جاتے تھے ﴿٧٨﴾ (اور) برے کاموں سے جو وہ کرتے تھے ایک دوسرے

مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿٧٩﴾ تَرٰى كَثِيْرًا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّنْكَرٍ | فَعَلُوْهُ | لَبِئْسَ | مَا | كَانُوْا | يَفْعَلُوْنَ | تَرٰى | كَثِيْرًا |
| برے کام | کہ کرتے تھے اسکو | البتہ برا تھا | جو کچھ کہ | تھے | وہ کرتے | دیکھتا ہے تو | بہت کو |

کو روکتے نہیں تھے۔ بلاشبہ وہ برا کرتے تھے ﴿٧٩﴾ تم ان میں سے

مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْهُمْ | يَتَوَلَّوْنَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | لَبِئْسَ | مَا | قَدَّمَتْ | لَهُمْ |
| ان میں سے | دوستی کرتے ہیں | ان لوگوں کی کہ | کافر ہوئے | البتہ برا ہے | جو کچھ کہ | آگے بھیجا ہے | واسطے انکے |

بہتوں کو دیکھو گے کہ کافروں سے دوستی رکھتے ہیں۔ انہوں نے جو کچھ آگے بھیجا ہے

اَنْفُسُهُمْ اَنْ سَخِطَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَفِي الْعَذَابِ هُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْفُسُهُمْ | اَنْ | سَخِطَ | اللّٰهُ | عَلَيْهِمْ | وَ | فِي | الْعَذَابِ | هُمْ |
| جانوں ان کی نے | یہ کہ | ناخوش ہوا | اللہ | اوپر ان کے | اور | بیچ | عذاب کے | وہ |

برا ہے (وہ یہ) کہ اللہ ان سے ناخوش ہوا اور وہ ہمیشہ عذاب میں

خٰلِدُوْنَ ﴿۸۰﴾ وَلَوْ كَانُوْا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالنَّبِيِّ وَمَآ اُنْزِلَ

| خٰلِدُوْنَ | وَ | لَوْ | كَانُوْا | يُؤْمِنُوْنَ | بِاللّٰهِ | وَ | النَّبِيِّ | وَ | مَآ | اُنْزِلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہمیشہ رہنے والے ہیں | اور | اگر | ہوتے | ایمان لاتے | ساتھ اللہ کے | اور | نبی کے | اور | جو کچھ | اتاری گئی ہے |

(مبتلا) رہیں گے ﴿۸۰﴾ اور اگر وہ اللہ پر اور پیغمبر پر اور جو کتاب ان پر نازل ہوئی تھی

اِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوْهُمْ اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ

| اِلَيْهِ | مَا | اتَّخَذُوْهُمْ | اَوْلِيَآءَ | وَ | لٰكِنَّ | كَثِيْرًا | مِّنْهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طرف اس کی | نہ | پکڑتے ان کو | دوست | اور | لیکن | بہت | ان میں سے |

اس پر یقین رکھتے تو ان لوگوں کو دوست نہ بناتے لیکن ان میں اکثر بدکردار

فٰسِقُوْنَ ﴿۸۱﴾ لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا

| فٰسِقُوْنَ | لَتَجِدَنَّ | اَشَدَّ | النَّاسِ | عَدَاوَةً | لِّلَّذِيْنَ | اٰمَنُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فاسق ہیں | اور البتہ تو پائے گا | زیادہ | سب لوگوں سے | عداوت میں | واسطے ان لوگوں کے کہ | ایمان لائے ہیں |

ہیں ﴿۸۱﴾ (اے پیغمبر) تم دیکھو گے کہ مومنوں کے ساتھ سب سے زیادہ دشمنی کرنے

الْيَهُوْدَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ وَلَتَجِدَنَّ اَقْرَبَهُمْ مَّوَدَّةً

| الْيَهُوْدَ | وَالَّذِيْنَ | اَشْرَكُوْا | وَ | لَتَجِدَنَّ | اَقْرَبَهُمْ | مَّوَدَّةً |
|---|---|---|---|---|---|---|
| یہود کو | اور ان لوگوں کو کہ | شریک کرتے ہیں | اور | البتہ پائے گا تو | نزدیک ان کا | دوستی میں |

والے یہودی اور مشرک ہیں اور دوستی کے لحاظ سے مومنوں سے قریب تر

لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰى ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّ

| لِّلَّذِيْنَ | اٰمَنُوا | الَّذِيْنَ | قَالُوْٓا | اِنَّا | نَصٰرٰى | ذٰلِكَ | بِاَنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے ان لوگوں کے کہ | ایمان لائے ہیں | ان لوگوں کو کہ | کہتے ہیں | بیشک ہم | نصاریٰ ہیں | یہ | اس واسطے ہے کہ |

ان لوگوں کو پاؤ گے جو کہتے ہیں کہ ہم نصاریٰ ہیں۔ یہ اس لیے کہ ان

مِنْهُمْ قِسِّيْسِيْنَ وَرُهْبَانًا وَّاَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۸۲﴾

| مِنْهُمْ | قِسِّيْسِيْنَ | وَرُهْبَانًا | وَّاَنَّهُمْ | لَا | يَسْتَكْبِرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| بعضے ان میں سے | عالم ہیں | اور عبادت کرنے والے ہیں | اور یہ کہ وہ | نہیں | تکبر کرتے |

میں عالم بھی ہیں اور مشائخ بھی اور وہ تکبر نہیں کرتے ﴿۸۲﴾

وَ اِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰٓى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِذَا | سَمِعُوْا | مَآ | اُنْزِلَ | اِلَى | الرَّسُوْلِ | تَرٰٓى | اَعْيُنَهُمْ | تَفِيْضُ | مِنَ |
| اور | جب | سنتے ہیں | جو کچھ | اتارا گیا ہے | طرف | رسول کی | دیکھتا ہے تو | ان کی آنکھوں کو | بہتی ہیں | سے |

اور جب اس (کتاب) کو سنتے ہیں جو (سب سے پچھلے) پیغمبر (محمد ﷺ) پر نازل ہوئی تو تم دیکھتے ہو کہ ان کی آنکھوں سے آنسو جاری

الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ۚ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الدَّمْعِ | مِمَّا | عَرَفُوْا | مِنَ | الْحَقِّ | يَقُوْلُوْنَ | رَبَّنَآ | اٰمَنَّا | فَاكْتُبْنَا | مَعَ |
| آنسوؤں | اس چیز سے کہ | پہچانا ہے انہوں نے | سے | حق | کہتے ہیں | اے رب ہمارے | ایمان لائے ہم | پس لکھ ہم کو | ساتھ |

ہو جاتے ہیں اس لیے کہ انہوں نے حق بات پہچان لی۔ اور وہ (اللہ کی جناب میں) عرض کرتے ہیں کہ اے پروردگار ہم ایمان لے آئے تو ہم کو

الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۳﴾ وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا جَآءَنَا مِنَ الْحَقِّ ۙ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الشّٰهِدِيْنَ | وَ | مَا | لَنَا | لَا | نُؤْمِنُ | بِاللّٰهِ | وَمَا | جَآءَنَا | مِنَ | الْحَقِّ |
| شاہدوں کے | اور | کیا ہے | ہم کو کہ | نہ | ایمان لائیں | ساتھ اللہ کے | اور ساتھ اس چیز کے کہ | آئی ہمارے پاس | سے | حق |

ماننے والوں میں لکھ لے ﴿۸۳﴾ اور ہمیں کیا ہوا ہے کہ اللہ پر اور حق بات پر جو ہمارے پاس آئی ہے ایمان نہ لائیں۔

وَنَطْمَعُ اَنْ يُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۴﴾ فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ بِمَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | نَطْمَعُ | اَنْ | يُّدْخِلَنَا | رَبُّنَا | مَعَ | الْقَوْمِ | الصّٰلِحِيْنَ | فَاَثَابَهُمُ | اللّٰهُ | بِمَا |
| اور | طمع رکھتے ہیں ہم | یہ کہ | داخل کرے ہم کو | رب ہمارا | ساتھ | قوم | صالحوں کے | پس ثواب دیا ان کو | اللہ نے | بدلے اسکے |

اور ہم امید رکھتے ہیں کہ پروردگار ہم کو نیک بندوں کے ساتھ (بہشت میں) داخل کرے گا ﴿۸۴﴾ تو اللہ نے

قَالُوْا جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزَآءُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوْا | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ | مِنْ | تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا | وَ | ذٰلِكَ | جَزَآءُ |
| جو کہا تھا انہوں نے | بہشتیں | چلتی ہیں | سے | نیچے ان کے | نہریں | ہمیشہ رہنے والے | بیچ اس کے | اور | یہ ہے | بدلہ |

اُن کو اس کہنے کے عوض (بہشت کے) باغ عطا فرمائے جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں وہ ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ اور

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُحْسِنِيْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | وَ | كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَآ | اُولٰٓئِكَ | اَصْحٰبُ |
| نیکی کرنے والوں کا | اور | وہ لوگ جو کہ | کافر ہوئے | اور | جھٹلایا | نشانیوں ہماری کو | یہ لوگ | رہنے والے |

نیکوکاروں کا یہی صلہ ہے ﴿۸۵﴾ اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ

ع ١١ ٩

الْجَحِيْمِ ﴿٨٦﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبٰتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ

| الْجَحِيْمِ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَا | تُحَرِّمُوْا | طَيِّبٰتِ | مَآ | اَحَلَّ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دوزخ کے ہیں | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | مت | حرام کرو | پاکیزہ | اس چیز کو کہ | حلال کیا | اللہ نے |

جہنمی ہیں ﴿٨٦﴾ مومنو! جو پاکیزہ چیزیں اللہ نے تمہارے لیے حلال کی ہیں اُن کو حرام نہ کرو اور حد سے

لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿٨٧﴾ وَكُلُوْا مِمَّا

| لَكُمْ | وَ | لَا | تَعْتَدُوْا | اِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يُحِبُّ | الْمُعْتَدِيْنَ | وَ | كُلُوْا | مِمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے تمہارے | اور | مت | نکل جاؤ حد سے | بیشک | اللہ | نہیں | دوست رکھتا | حد سے نکل جانیوالوں کو | اور | کھاؤ | اس چیز سے کہ |

نہ بڑھو۔ بے شک اللہ حد سے بڑھنے والوں کو دوست نہیں رکھتا ﴿٨٧﴾ اور جو حلال

رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۠ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿٨٨﴾

| رَزَقَكُمُ | اللّٰهُ | حَلٰلًا | طَيِّبًا | وَّ | اتَّقُوا | اللّٰهَ | الَّذِيْٓ | اَنْتُمْ | بِهٖ | مُؤْمِنُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیا تم کو | اللہ نے | حلال | پاکیزہ | اور | ڈرو | اللہ سے | وہ جو | تم | ساتھ اسکے | ایمان لانیوالے ہو |

طیب روزی اللہ نے تم کو دی ہے اسے کھاؤ اور اللہ سے جس پر ایمان رکھتے ہو ڈرتے رہو ﴿٨٨﴾

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ

| لَا | يُؤَاخِذُكُمُ | اللّٰهُ | بِاللَّغْوِ | فِيْٓ | اَيْمَانِكُمْ | وَ | لٰكِنْ | يُّؤَاخِذُكُمْ | بِمَا | عَقَّدْتُّمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | پکڑے گا تم کو | اللہ | ساتھ بے قصد کے | بیچ | قسموں تمہاری کے | اور | لیکن | پکڑے گا تم کو | ساتھ اس چیز کے کہ | گرہ باندھی تم نے |

اللہ تمہاری بے ارادہ قسموں پر تم سے مواخذہ نہیں کرے گا لیکن پختہ قسموں پر (جن کے خلاف کرو گے) مواخذہ

الْاَيْمَانَ ۚ فَكَفَّارَتُهٗٓ اِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسٰكِيْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَا

| الْاَيْمَانَ | فَكَفَّارَتُهٗٓ | اِطْعَامُ | عَشَرَةِ | مَسٰكِيْنَ | مِنْ | اَوْسَطِ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قسموں کی | پس کفارہ اس کا | کھلادینا | دس | فقیروں کا | سے | درمیان | اس چیز کے کہ |

کرے گا، تو اس کا کفارہ دس محتاجوں کو اوسط درجے کا کھانا کھلانا ہے جو تم اپنے اہل وعیال کو

تُطْعِمُوْنَ اَهْلِيْكُمْ اَوْ كِسْوَتُهُمْ اَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ ۭ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ

| تُطْعِمُوْنَ | اَهْلِيْكُمْ | اَوْ | كِسْوَتُهُمْ | اَوْ | تَحْرِيْرُ | رَقَبَةٍ | فَمَنْ | لَّمْ | يَجِدْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کھلاتے ہو تم | اپنے لوگوں کو | یا | پہنانا ان کو | یا | آزاد کرنا | ایک گردن کا | پس جو کوئی | نہ | پائے |

کھلاتے ہو یا ان کو کپڑے دینا یا ایک غلام آزاد کرنا۔ اور جس کو یہ میسر نہ ہو

فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ ؕ ذٰلِكَ كَفَّارَةُ اَيْمَانِكُمْ اِذَا حَلَفْتُمْ ؕ وَاحْفَظُوْٓا

| فَصِيَامُ | ثَلٰثَةِ | اَيَّامٍ | ذٰلِكَ | كَفَّارَةُ | اَيْمَانِكُمْ | اِذَا | حَلَفْتُمْ | وَاحْفَظُوْٓا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس روزے | تین | دن کے | یہ ہے | کفارہ | قسموں تمہاری کا | جب | قسم کھاؤ تم | اور حفاظت کرو |

وہ تین روزے رکھے۔ یہ تمہاری قسموں کا کفارہ ہے جب تم قسم کھالو (اور اسے توڑ دو) اور (تم کو) چاہیے کہ اپنی قسموں

اَيْمَانَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۸۹﴾ يٰٓاَيُّهَا

| اَيْمَانَكُمْ | كَذٰلِكَ | يُبَيِّنُ | اللّٰهُ | لَكُمْ | اٰيٰتِهٖ | لَعَلَّكُمْ | تَشْكُرُوْنَ | يٰٓاَيُّهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قسموں اپنی کی | اسی طرح | بیان کرتا ہے | اللہ | واسطے تمہارے | نشانیاں اپنی | تا کہ تم | شکر کرو | اے |

کی حفاظت کرو۔ اس طرح اللہ تمہارے (سمجھانے کے) لیے اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان فرماتا ہے تاکہ تم شکر کرو ﴿۸۹﴾ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ

| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا | اِنَّمَا | الْخَمْرُ | وَالْمَيْسِرُ | وَ | الْاَنْصَابُ | وَ | الْاَزْلَامُ | رِجْسٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لوگو جو | ایمان لائے ہو | سوائے اسکے نہیں کہ | شراب | اور جوا | اور | تھان بتوں کے | اور | تیرفال کے | ناپاک ہیں |

ایمان والو! شراب اور جوا اور بت اور پانسے (یہ سب) ناپاک کام

مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۹۰﴾ اِنَّمَا يُرِيْدُ

| مِّنْ | عَمَلِ | الشَّيْطٰنِ | فَاجْتَنِبُوْهُ | لَعَلَّكُمْ | تُفْلِحُوْنَ | اِنَّمَا | يُرِيْدُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | کام | شیطان کے | پس بچو اس سے | تا کہ تم | فلاح پاؤ | نہیں سوائے اسکے | ارادہ کرتا ہے |

اعمالِ شیطان سے ہیں سو ان سے بچتے رہنا تاکہ نجات پاؤ ﴿۹۰﴾ شیطان تو یہ

الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ

| الشَّيْطٰنُ | اَنْ | يُّوْقِعَ | بَيْنَكُمُ | الْعَدَاوَةَ | وَالْبَغْضَآءَ | فِي | الْخَمْرِ | وَ | الْمَيْسِرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شیطان | یہ کہ | ڈالے | درمیان تمہارے | عداوت | اور بغض | بیچ | شراب کے | اور | جوئے کے |

چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے سبب تمہارے آپس میں دشمنی اور رنجش ڈلوا دے

وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ﴿۹۱﴾

| وَ | يَصُدَّكُمْ | عَنْ | ذِكْرِ | اللّٰهِ | وَ | عَنِ | الصَّلٰوةِ | فَهَلْ | اَنْتُمْ | مُّنْتَهُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بند کرے تم کو | سے | یاد | اللہ کی | اور | سے | نماز | پس کیا | ہو تم | باز رہنے والے |

اور تمہیں اللہ کی یاد سے اور نماز سے روک دے تو تم کو (ان کاموں سے) باز رہنا چاہیے ﴿۹۱﴾

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاَطِيْعُوا | اللّٰهَ | وَاَطِيْعُوا | الرَّسُوْلَ | وَ | احْذَرُوْا | فَاِنْ | تَوَلَّيْتُمْ | فَاعْلَمُوْٓا |
| اور فرمانبرداری کرو | اللہ کی | اور کہا مانو | رسول کا | اور | بچو | پس اگر | پھر جاؤ تم | پس جان لو |

اور اللہ کی فرمانبرداری اور رسول (اللہ) کی اطاعت کرتے رہو اور ڈرتے رہو۔ اگر منہ پھیرو گے تو جان رکھو

اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۹۲﴾ لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنَّمَا | عَلٰى | رَسُوْلِنَا | الْبَلٰغُ | الْمُبِيْنُ | لَيْسَ | عَلَى | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | عَمِلُوا |
| یہ کہ | اوپر | پیغمبر ہمارے کے | پہنچانا ہے | ظاہر | نہیں | اوپر | ان لوگوں کے کہ | ایمان لائے | اور | کام کیے |

کہ ہمارے پیغمبر کے ذمے تو صرف پیغام کھول کر پہنچا دینا ہے ﴿۹۲﴾ جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے

الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْٓا اِذَا مَا اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصّٰلِحٰتِ | جُنَاحٌ | فِيْمَا | طَعِمُوْٓا | اِذَا | مَا | اتَّقَوْا | وَّ | اٰمَنُوْا | وَ | عَمِلُوا |
| اچھے | گناہ | بیچ اس چیز کے کہ | کھایا انہوں نے | جس وقت | کہ | پرہیزگاری کریں | اور | ایمان لائیں | اور | کام کریں |

رہے ان پر ان چیزوں کا کچھ گناہ نہیں جو وہ کھا چکے جب کہ انہوں نے پرہیز کیا اور ایمان لائے اور

الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاَحْسَنُوْا ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصّٰلِحٰتِ | ثُمَّ | اتَّقَوْا | وَّ | اٰمَنُوْا | ثُمَّ | اتَّقَوْا | وَّاَحْسَنُوْا | وَ | اللّٰهُ | يُحِبُّ |
| اچھے | پھر | پرہیزگاری کریں | اور | ایمان لائیں | پھر | پرہیزگاری کریں | اور احسان کریں | اور | اللہ | دوست رکھتا ہے |

نیک کام کیے پھر پرہیز کیا اور ایمان لائے پھر پرہیز کیا اور نیکوکاری کی۔ اور اللہ نیکوکاروں کو دوست

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۳﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِّنَ ع ۱۲/۲

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُحْسِنِيْنَ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَيَبْلُوَنَّكُمُ | اللّٰهُ | بِشَيْءٍ | مِّنَ |
| احسان کرنے والوں کو | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | البتہ آزمائے گا تم کو | اللہ | ساتھ چیز کے | سے |

رکھتا ہے ﴿۹۳﴾ مومنو! کسی قدر شکار سے جن کو تم ہاتھوں اور نیزوں سے پکڑ سکو اللہ تمہاری آزمائش

الصَّيْدِ تَنَالُهٗٓ اَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ ۚ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصَّيْدِ | تَنَالُهٗٓ | اَيْدِيْكُمْ | وَ | رِمَاحُكُمْ | لِيَعْلَمَ | اللّٰهُ | مَنْ | يَخَافُهٗ | بِالْغَيْبِ |
| شکار | کہ پہنچتے ہیں اسکو | ہاتھ تمہارے | اور | نیزے تمہارے | تا کہ جانے | اللہ | اس شخص کو جو | ڈرتا ہے اس سے | بن دیکھے |

کرے گا (یعنی حالتِ احرام میں شکار کی ممانعت سے) تاکہ معلوم کرے کہ اس سے غائبانہ کون ڈرتا ہے

فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۹۴﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَنِ | اعْتَدٰى | بَعْدَ | ذٰلِكَ | فَلَهٗ | عَذَابٌ | اَلِيْمٌ | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
| پس جوکوئی | حد سے نکل جائے | پیچھے | اس کے | پس واسطے اسکے | عذاب ہے | درد دینے والا | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو |

تو جو اس کے بعد زیادتی کرے اس کے لیے دکھ دینے والا عذاب (تیار) ہے﴿۹۴﴾ مومنو! جب

لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ۭ وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآءٌ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | تَقْتُلُوا | الصَّيْدَ | وَاَنْتُمْ | حُرُمٌ | وَ | مَنْ | قَتَلَهٗ | مِنْكُمْ | مُّتَعَمِّدًا | فَجَزَآءٌ |
| مت | مار ڈالو | شکار کو | اور ہو تم | احرام میں | اور | جو کوئی | مار ڈالے اس کو | تم میں سے | جان کر | پس بدلہ ہے اسکا |

تم احرام کی حالت میں ہو تو شکار نہ مارنا۔ اور جو تم میں سے جان بوجھ کر اسے مارے تو (یا تو اس کا) بدلہ (دے اور وہ یہ ہے کہ)

مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ هَدْيًۢا بٰلِغَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّثْلُ | مَا | قَتَلَ | مِنَ | النَّعَمِ | يَحْكُمُ | بِهٖ | ذَوَا عَدْلٍ | مِّنْكُمْ | هَدْيًا | بٰلِغَ |
| مانند | اسکی کہ جو | مارا ہے جان کے | سے | مویشیوں میں | حکم کریں | ساتھ اسکے | دو صاحب عدالت کے | تم میں سے | قربانی | پہنچنے والی |

اسی طرح کا چار پایہ جسے تم میں سے دو معتبر شخص مقرر کر دیں قربانی (کرے اور یہ قربانی) کعبے پہنچائی جائے

الْكَعْبَةِ اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِيْنَ اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا لِّيَذُوْقَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْكَعْبَةِ | اَوْ | كَفَّارَةٌ | طَعَامُ | مَسٰكِيْنَ | اَوْ | عَدْلُ | ذٰلِكَ | صِيَامًا | لِّيَذُوْقَ |
| کعبہ کی | یا | کفارہ ہے | کھلانا | مسکینوں کا | یا | برابر | اس کے | روزے | تا کہ چکھے |

یا کفارہ (دے اور وہ) مسکینوں کو کھانا کھلانا (ہے) یا اس کے برابر روزے رکھے تا کہ اپنے کام کی سزا (کا مزہ)

وَبَالَ اَمْرِهٖ ۭ عَفَا اللّٰهُ عَمَّا سَلَفَ ۭ وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ ۭ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَبَالَ | اَمْرِهٖ | عَفَا | اللّٰهُ | عَمَّا | سَلَفَ | وَ | مَنْ | عَادَ | فَيَنْتَقِمُ | اللّٰهُ | مِنْهُ |
| وبال | کام اپنے کا | معاف کیا | اللہ نے | اس چیز سے کہ | گزرا | اور | جوکوئی | پھرے گا | پس بدلہ لے گا | اللہ | اس سے |

چکھے۔ (اور) جو پہلے ہو چکا وہ اللہ نے معاف کر دیا۔ اور جو پھر (ایسا کام) کرے گا تو اللہ اس سے انتقام لے گا۔

وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿۹۵﴾ اُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهٗ مَتَاعًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اللّٰهُ | عَزِيْزٌ | ذُو انْتِقَامٍ | اُحِلَّ | لَكُمْ | صَيْدُ | الْبَحْرِ | وَ | طَعَامُهٗ | مَتَاعًا |
| اور | اللہ | غالب ہے | بدلہ لینے والا | حلال کیا گیا | واسطے تمہارے | شکار کرنا | دریا کا | اور | کھانا اس کا | فائدہ |

اور اللہ غالب (اور) انتقام لینے والا ہے﴿۹۵﴾ تمہارے لیے دریا (کی چیزوں) کا شکار اور اُن کا کھانا حلال کر دیا گیا ہے

لَكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ ۚ وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا ۗ وَاتَّقُوا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكُمْ | وَ | لِلسَّيَّارَةِ | وَحُرِّمَ | عَلَيْكُمْ | صَيْدُ | الْبَرِّ | مَا | دُمْتُمْ | حُرُمًا | وَ | اتَّقُوا |
| واسطے تمہارے | اور | واسطے مسافروں کے | اور حرام کیا گیا | اوپر تمہارے | شکار کرنا | جنگل کا | جب تک کہ | تم رہو | احرام میں | اور | ڈرو |

(یعنی) تمہارے اور مسافروں کے فائدے کیلئے اور جنگل (کی چیزوں) کا شکار جب تک تم احرام کی حالت میں ہو تم پر حرام ہے۔ اور اللہ سے کیا

اللّٰهَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٩٦﴾ جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | الَّذِيْٓ | اِلَيْهِ | تُحْشَرُوْنَ | جَعَلَ | اللّٰهُ | الْكَعْبَةَ | الْبَيْتَ | الْحَرَامَ |
| اللہ سے | وہ جو | طرف اس کی | اکٹھے کیے جاؤ گے تم | کیا | اللہ نے | کعبہ کو | اس گھر | حرمت والے کو |

جس کے پاس تم (سب) جمع کیے جاؤ گے ڈرتے رہو ﴿٩٦﴾ اللہ نے عزت کے گھر (یعنی) کعبے کو لوگوں کے لیے موجب امن مقرر

قِيٰمًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَالْقَلَآئِدَ ۗ ذٰلِكَ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قِيٰمًا | لِّلنَّاسِ | وَالشَّهْرَ | الْحَرَامَ | وَ | الْهَدْيَ | وَالْقَلَآئِدَ | ذٰلِكَ | لِتَعْلَمُوْٓا | اَنَّ |
| باعث قائم رہنے کا | واسطے لوگوں کے | اور مہینوں | حرمت والوں کو | اور | قربانیاں | اور گلے میں پٹے والیاں | یہ | کہ تم جان لو | یہ کہ |

فرمایا ہے اور عزت کے مہینوں کو اور قربانی کو اور ان جانوروں کو جن کے گلے میں پٹے بندھے ہوں۔ یہ اس لیے کہ تم جان لو کہ

اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | يَعْلَمُ | مَا | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَ | مَا | فِي | الْاَرْضِ | وَ | اَنَّ | اللّٰهَ | بِكُلِّ | شَيْءٍ |
| اللہ | جانتا ہے | جو کچھ کہ | بیچ | آسمانوں کے ہے | اور | جو کچھ | بیچ | زمین کے ہے | اور | یہ کہ | اللہ | ساتھ ہر | چیز کے |

جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے اللہ سب کو جانتا ہے۔ اور یہ کہ اللہ کو ہر چیز

عَلِيْمٌ ﴿٩٧﴾ اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ وَاَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٩٨﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلِيْمٌ | اِعْلَمُوْٓا | اَنَّ | اللّٰهَ | شَدِيْدُ | الْعِقَابِ | وَ | اَنَّ | اللّٰهَ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ |
| دانا ہے | جانو تم | یہ کہ | اللہ | سخت | عذاب والا ہے | اور | یہ کہ | اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے |

کا علم ہے ﴿٩٧﴾ جان رکھو کہ اللہ سخت عذاب دینے والا ہے اور یہ کہ اللہ بخشنے والا مہربان بھی ہے ﴿٩٨﴾

مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ ۗ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | عَلَى | الرَّسُوْلِ | اِلَّا | الْبَلٰغُ | وَاللّٰهُ | يَعْلَمُ | مَا | تُبْدُوْنَ | وَ | مَا |
| نہیں | اوپر | رسول کے | مگر | پہنچادینا | اور اللہ | جانتا ہے | جو | ظاہر کرتے ہو تم | اور | جو |

پیغمبر کے ذمے تو صرف (پیغام اللہ کا) پہنچا دینا ہے۔ اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو اور جو کچھ مخفی کرتے ہو اللہ کو

تَكْتُمُوْنَ ﴿۹۹﴾ قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ

| تَكْتُمُوْنَ | قُلْ | لَّا | يَسْتَوِي | الْخَبِيْثُ | وَ | الطَّيِّبُ | وَ | لَوْ | اَعْجَبَكَ | كَثْرَةُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چھپاتے ہوتم | کہہ | نہیں | برابر | ناپاک | اور | پاک | اور | اگرچہ | خوش لگے تجھ کو | بہتات |

سب معلوم ہے ﴿۹۹﴾ کہہ دو کہ ناپاک چیزیں اور پاک چیزیں برابر نہیں ہوتیں گو ناپاک چیزوں کی کثرت

ع ۱۳ ۳ الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ ع يٰٓاَيُّهَا

| الْخَبِيْثِ | فَاتَّقُوا | اللّٰهَ | يٰٓاُولِي | الْاَلْبَابِ | لَعَلَّكُمْ | تُفْلِحُوْنَ | يٰٓاَيُّهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ناپاک کی | پس ڈرو | اللہ سے | اے صاحبو | عقل کے | تاکہ تم | فلاح پاؤ | اے |

تمہیں خوش ہی لگے۔ تو عقل والو اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ رُستگاری حاصل کرو ﴿۱۰۰﴾ مومنو!

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَسْـَٔلُوْا عَنْ اَشْيَآءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ ۚ وَاِنْ تَسْـَٔلُوْا

| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَا | تَسْـَٔلُوْا | عَنْ | اَشْيَآءَ | اِنْ | تُبْدَلَكُمْ | تَسُؤْكُمْ | وَاِنْ | تَسْـَٔلُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لوگو جو | ایمان لائے ہو | مت | پوچھا کرو | سے | ان چیزوں | اگر | ظاہر کی جائیں تم پر | ناخوش لگے تم کو | اور اگر | سوال کروگے |

ایسی چیزوں کے بارے میں مت سوال کرو کہ اگر (ان کی حقیقتیں) تم پر ظاہر کردی جائیں تو تمہیں بری لگیں۔ اور اگر قرآن کے نازل ہونے کے

عَنْهَا حِيْنَ يُنَزَّلُ الْقُرْاٰنُ تُبْدَ لَكُمْ ۭ عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

| عَنْهَا | حِيْنَ | يُنَزَّلُ | الْقُرْاٰنُ | تُبْدَلَكُمْ | عَفَا | اللّٰهُ | عَنْهَا | وَ | اللّٰهُ | غَفُوْرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان سے | جب کہ | اتارا جاتا ہے | قرآن | ظاہر کیا جائے گا تم پر | معاف کیا | اللہ نے | ان سے | اور | اللہ | بخشنے والا |

ایام میں ایسی باتیں پوچھو گے تو تم پر ظاہر بھی کردی جائیں گی (اب تو) اللہ نے ایسی باتوں (کے پوچھنے) سے درگزر فرمایا ہے اور اللہ بخشنے والا

حَلِيْمٌ ﴿۱۰۱﴾ قَدْ سَاَلَهَا قَوْمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ثُمَّ اَصْبَحُوْا بِهَا كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۲﴾

| حَلِيْمٌ | قَدْ | سَاَلَهَا | قَوْمٌ | مِّنْ | قَبْلِكُمْ | ثُمَّ | اَصْبَحُوْا | بِهَا | كٰفِرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تحمل والا ہے | تحقیق | پوچھا ان کو | ایک قوم نے | سے | پہلے تم | پھر | ہوگئے | ساتھ اس کے | کافر |

بردبار ہے ﴿۱۰۱﴾ اس طرح کی باتیں تم سے پہلے لوگوں نے بھی پوچھی تھیں (مگر جب بتائی گئیں تو) پھر ان سے منکر ہوگئے ﴿۱۰۲﴾

مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْ بَحِيْرَةٍ وَّلَا سَآئِبَةٍ وَّلَا وَصِيْلَةٍ وَّلَا حَامٍ ۙ

| مَا | جَعَلَ | اللّٰهُ | مِنْ | بَحِيْرَةٍ | وَّ | لَا | سَآئِبَةٍ | وَّ | لَا | وَصِيْلَةٍ | وَّ | لَا | حَامٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | حرام مقرر کئے | اللہ نے | سے | کان پھٹے | اور | نہ | سانڈھ | اور | نہ | اونٹنی سے اونٹنی ملنے والی | اور | نہ | دس بچے جننے والا اونٹ |

اللہ نے نہ تو بحیرہ کچھ چیز بنایا ہے اور نہ سائبہ اور نہ وصیلہ اور نہ حام

وَّلٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ وَاَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۳﴾

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | لٰكِنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | يَفْتَرُوْنَ | عَلَى | اللّٰهِ | الْكَذِبَ | وَ | اَكْثَرُهُمْ | لَا | يَعْقِلُوْنَ |
| اور | لیکن | وہ لوگ کہ | کافر ہیں | باندھ لیتے ہیں | اوپر | اللہ کے | جھوٹ | اور | بہت ان کے | نہیں | سمجھتے |

بلکہ کافر اللہ پر جھوٹ افترا کرتے ہیں ﴿۱۰۳﴾ اور یہ اکثر عقل نہیں رکھتے۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِذَا | قِيْلَ | لَهُمْ | تَعَالَوْا | اِلٰى | مَآ | اَنْزَلَ | اللّٰهُ | وَاِلَى | الرَّسُوْلِ | قَالُوْا | حَسْبُنَا |
| اور | جب | کہا جاتا ہے | انکو | آؤ | طرف | اس چیز کے کہ | اتارا ہے | اللہ نے | اور طرف | رسول کے | کہتے ہیں | کافی ہے ہم کو |

اور جب ان لوگوں سے کہا جاتا ہے کہ جو (کتاب) اللہ نے نازل فرمائی ہے اس کی اور رسول اللہ کی طرف رجوع کرو تو کہتے ہیں

مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ۭ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | وَجَدْنَا | عَلَيْهِ | اٰبَآءَنَا | اَوَ | لَوْ | كَانَ | اٰبَآؤُهُمْ | لَا | يَعْلَمُوْنَ | شَيْـًٔا |
| جو کچھ | پایا ہم نے | اوپر اس کے | اپنے باپوں کو | کیا | اگرچہ | تھے | باپ ان کے | نہ | جانتے | کچھ |

کہ جس طریق پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا ہے وہی ہمیں کافی ہے۔ بھلا اگر ان کے باپ دادا نہ تو کچھ جانتے ہوں اور نہ سیدھے

وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۚ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | لَا | يَهْتَدُوْنَ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | عَلَيْكُمْ | اَنْفُسَكُمْ | لَا | يَضُرُّكُمْ | مَّنْ |
| اور | نہ | راہ پاتے | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | اپنے ذمے پر لو | جانوں اپنیوں کے کو | نہ | ضرر کرے گا تم کو | جو کوئی |

رستے پر ہوں (تب بھی؟) ﴿۱۰۴﴾ اے ایمان والو! اپنی جانوں کی حفاظت کرو جب تم ہدایت پر ہو تو کوئی گمراہ تمہارا

ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ ۭ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ضَلَّ | اِذَا | اهْتَدَيْتُمْ | اِلَى | اللّٰهِ | مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا | فَيُنَبِّئُكُمْ | بِمَا | كُنْتُمْ |
| گمراہ ہو جائے | جب | راہ پاؤ تم | طرف | اللہ کی | ہے تمہارے سب کا پھر جانا | پس خبر دے گا تم کو | ساتھ اسکے جو | تھے |

کچھ بھی بگاڑ نہیں سکتا۔ تم سب کو اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے اُس وقت وہ تم کو تمہارے سب کاموں سے جو (دنیا میں) کیے تھے آگاہ کرے

تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَعْمَلُوْنَ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | شَهَادَةُ | بَيْنِكُمْ | اِذَا | حَضَرَ | اَحَدَكُمُ |
| تم کرتے | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | گواہی | درمیان تمہارے | جب | حاضر ہو | ایک کسی کو تم میں سے |

گا (اور ان کا بدلہ دے گا) ﴿۱۰۵﴾ مومنو! جب تم میں سے کسی کی موت آ موجود ہو تو شہادت (کا نصاب) یہ ہے

الْمَوْتُ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ اثْنٰنِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ اَوْ اٰخَرٰنِ مِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَوْتُ | حِيْنَ | الْوَصِيَّةِ | اثْنٰنِ | ذَوَا | عَدْلٍ | مِّنْكُمْ | اَوْ | اٰخَرٰنِ | مِنْ |
| موت | وقت | وصیت کے | دو شخص ہیں | صاحب | اعتبار | تم میں سے | یا | اور دو | سے |

کہ وصیت کے وقت تم (مسلمانوں) میں سے دو مرد عادل (یعنی صاحب اعتبار) گواہ ہوں یا اگر (مسلمان نہ ملیں اور) تم

غَيْرِكُمْ اِنْ اَنْتُمْ ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَاَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةُ الْمَوْتِ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غَيْرِكُمْ | اِنْ | اَنْتُمْ | ضَرَبْتُمْ | فِي | الْاَرْضِ | فَاَصَابَتْكُمْ | مُّصِيْبَةُ | الْمَوْتِ |
| تمہارے سوا | اگر | تم | چلتے ہو | بیچ | زمین کے | پس پہنچے تم کو | مصیبت | موت کی |

سفر کر رہے ہو اور (اس وقت) تم پر موت کی مصیبت واقع ہو تو کسی دوسرے مذہب کے دو (شخصوں کو) گواہ (کرلو)۔

تَحْبِسُوْنَهُمَا مِنْۢ بَعْدِ الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ اِنِ ارْتَبْتُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تَحْبِسُوْنَهُمَا | مِنْۢ بَعْدِ | الصَّلٰوةِ | فَيُقْسِمٰنِ | بِاللّٰهِ | اِنِ | ارْتَبْتُمْ |
| بند رکھو ان دونوں کو | پیچھے | نماز کے | پس قسم کھائیں | اللہ کی | اگر | شک میں پڑو تم |

اگر تم کو ان گواہوں کی نسبت کچھ شک ہو تو ان کو (عصر کی) نماز کے بعد کھڑا کرو اور وہ دونوں اللہ کی قسمیں کھائیں کہ ہم

لَا نَشْتَرِيْ بِهٖ ثَمَنًا وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۙ وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ ۙ اللّٰهِ اِنَّآ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا نَشْتَرِيْ | بِهٖ | ثَمَنًا | وَ | لَوْ | كَانَ | ذَا قُرْبٰى | وَلَا | نَكْتُمُ | شَهَادَةَ | اللّٰهِ | اِنَّآ |
| نہ مول لیویں گے ہم | ساتھ اسکے | کچھ مول | اور | اگرچہ | ہو | صاحب قرابت | اور نہ | چھپائیں گے ہم | گواہی | اللہ کی | بیشک ہم |

شہادت کا کچھ عوض نہیں لیں گے گو ہمارا رشتہ دار ہی ہو اور نہ ہم اللہ کی شہادت کو چھپائیں گے اگر ایسا

اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ فَاِنْ عُثِرَ عَلٰٓى اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّآ اِثْمًا فَاٰخَرٰنِ يَقُوْمٰنِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِذًا | لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ | فَاِنْ | عُثِرَ | عَلٰٓى | اَنَّهُمَا | اسْتَحَقَّآ | اِثْمًا | فَاٰخَرٰنِ | يَقُوْمٰنِ |
| اس وقت | البتہ گنہگاروں سے ہیں | پس اگر | خبر ہوئی | اوپر | اس بات کے کہ ان دونوں نے | حق ثابت کیا ہے | گناہ سے | پس اور دو شخص | کھڑے ہوں |

کریں گے تو گنہگار رہوں گے ﴿۱۰۶﴾ پھر اگر معلوم ہو جائے کہ ان دونوں نے (جھوٹ بول کر) گناہ حاصل کیا ہے تو جن لوگوں کا

مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْاَوْلَيٰنِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَقَامَهُمَا | مِنَ | الَّذِيْنَ | اسْتَحَقَّ | عَلَيْهِمُ | الْاَوْلَيٰنِ | فَيُقْسِمٰنِ | بِاللّٰهِ |
| جگہ ان کی | سے | ان لوگوں میں | کہ حق ثابت کیا ہے | اوپر انکے انہوں نے | جو نزدیک اسکے تھے | پس قسمیں کھائیں | ساتھ اللہ کے کہ |

انہوں نے حق مارنا چاہا تھا ان میں سے ان کی جگہ اور دو گواہ کھڑے ہوں جو (میت سے) قرابت قریبہ رکھتے ہوں پھر وہ اللہ کی قسمیں کھائیں

لَشَهَادَتُنَآ اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا وَ مَا اعْتَدَيْنَآ ۖ اِنَّآ اِذًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَشَهَادَتُنَآ | اَحَقُّ | مِنْ | شَهَادَتِهِمَا | وَ | مَا | اعْتَدَيْنَآ | اِنَّآ | اِذًا |
| البتہ گواہی ہماری | بہت سچی ہے | سے | گواہی ان دونوں کی | اور | نہیں | حد سے نکل گئے ہم | بیشک ہم | اس وقت |

کہ ہماری شہادت ان کی شہادت سے بہت سچی ہے اور ہم نے کوئی زیادتی نہیں کی۔ ایسا کیا ہو تو ہم

لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰۷﴾ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ عَلٰى وَجْهِهَآ اَوْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ | ذٰلِكَ | اَدْنٰٓى | اَنْ | يَّاْتُوْا | بِالشَّهَادَةِ | عَلٰى | وَجْهِهَآ | اَوْ |
| البتہ ظالموں سے ہیں | یہ | بہت نزدیک ہے | اس سے کہ | لے آئیں | گواہی | اوپر | اس کی طرح کے | یا |

بے انصاف ہیں ﴿۱۰۷﴾ اس طریق سے بہت قریب ہے کہ یہ لوگ صحیح صحیح شہادت دیں یا

يَخَافُوْٓا اَنْ تُرَدَّ اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاسْمَعُوْا ؕ وَاللّٰهُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَخَافُوْٓا | اَنْ | تُرَدَّ | اَيْمَانٌۢ | بَعْدَ | اَيْمَانِهِمْ | وَ | اتَّقُوا | اللّٰهَ | وَاسْمَعُوْا | وَ | اللّٰهُ |
| ڈریں | یہ کہ | پھیری جائینگی | قسمیں | پیچھے | ان کی قسموں کے | اور | ڈرو | اللہ سے | اور سنو | اور | اللہ |

اس بات سے خوف کریں کہ (ہماری) قسمیں ان کی قسموں کے بعد رد کر دی جائیں گی۔ اور اللہ سے ڈرو اور (اس کے حکموں کو گوش ہوش سے) سنو۔ اور اللہ

لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ ع يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ ع ۱۴/۴

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَهْدِى | الْقَوْمَ | الْفٰسِقِيْنَ | يَوْمَ | يَجْمَعُ | اللّٰهُ | الرُّسُلَ | فَيَقُوْلُ |
| نہیں | ہدایت کرتا | قوم | فاسقوں کو | جس دن | اکٹھا کرے گا | اللہ | رسولوں کو | پس کہے گا |

نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا ﴿۱۰۸﴾ (وہ دن یاد رکھنے کے لائق ہے) جس دن اللہ پیغمبروں کو جمع کرے گا پھر اُن سے پوچھے گا

مَاذَآ اُجِبْتُمْ ؕ قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۱۰۹﴾ اِذْ قَالَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَاذَآ | اُجِبْتُمْ | قَالُوْا | لَا | عِلْمَ | لَنَا | اِنَّكَ | اَنْتَ | عَلَّامُ | الْغُيُوْبِ | اِذْ | قَالَ |
| کیا | جواب دیئے گئے تھے تم | کہیں گے | نہیں | علم | واسطے ہمارے | بیشک | تو ہی ہے | جاننے والا | غیبوں کا | جس وقت کہ | کہے گا |

کہ تمہیں کیا جواب ملا تھا۔ وہ عرض کریں گے کہ ہمیں کچھ معلوم نہیں۔ تو ہی غیب کی باتوں سے واقف ہے ﴿۱۰۹﴾ جب اللہ (عیسیٰ سے) فرمائے گا

اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ نِعْمَتِىْ عَلَيْكَ وَعَلٰى وَالِدَتِكَ ۘ اِذْ وقف لازم

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | يٰعِيْسَى | ابْنَ | مَرْيَمَ | اذْكُرْ | نِعْمَتِىْ | عَلَيْكَ | وَ | عَلٰى | وَالِدَتِكَ | اِذْ |
| اللہ | اے عیسیٰ | بیٹے | مریم کے | یاد کر | نعمت میری | اوپر اپنے | اور | اوپر | ماں اپنی کے | جس وقت |

کہ اے عیسیٰ ابن مریم! میرے ان احسانوں کو یاد کرو جو میں نے تم پر اور تمہاری والدہ پر کیے۔

اَيَّدْتُّكَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۟ تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا ۚ وَ اِذْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَيَّدْتُّكَ | بِرُوْحِ | الْقُدُسِ | تُكَلِّمُ | النَّاسَ | فِي | الْمَهْدِ | وَ | كَهْلًا | وَ | اِذْ |
| میں نے قوت دی تجھ کو | ساتھ جان | پاک کے | باتیں کرتا تھا تو | لوگوں سے | بیچ | جھولے کے | اور | ادھیڑ | اور | جس وقت کہ |

جب میں نے روح القدس (یعنی جبرئیل) سے تمہاری مدد کی۔ تم جھولے میں اور جوان ہو کر (ایک ہی نسق پر) لوگوں سے گفتگو کرتے تھے اور جب

عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۚ وَاِذْ تَخْلُقُ مِنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَّمْتُكَ | الْكِتٰبَ | وَ | الْحِكْمَةَ | وَالتَّوْرٰىةَ | وَالْاِنْجِيْلَ | وَاِذْ | تَخْلُقُ | مِنَ |
| سکھائی تجھ کو | کتاب | اور | حکمت | اور توریت | اور انجیل | اور جس وقت | بناتا تھا تو | سے |

میں نے تم کو کتاب اور دانائی اور تورات اور انجیل سکھائی اور جب تم میرے حکم

الطِّيْنِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ بِاِذْنِيْ فَتَنْفُخُ فِيْهَا فَتَكُوْنُ طَيْرًا بِاِذْنِيْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الطِّيْنِ | كَهَيْئَةِ | الطَّيْرِ | بِاِذْنِيْ | فَتَنْفُخُ | فِيْهَا | فَتَكُوْنُ | طَيْرًا | بِاِذْنِيْ |
| مٹی | جیسے صورت | جانور کی | ساتھ حکم میرے کے | پس پھونکتا تھا | بیچ اس کے | پس ہو جاتا تھا | پرندہ | ساتھ حکم میرے کے |

سے مٹی کا جانور بنا کر اس میں پھونک مار دیتے تھے تو وہ میرے حکم سے اُڑنے لگتا تھا

وَتُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ بِاِذْنِيْ ۚ وَاِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتٰى بِاِذْنِيْ ۚ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَتُبْرِئُ | الْاَكْمَهَ | وَالْاَبْرَصَ | بِاِذْنِيْ | وَ | اِذْ | تُخْرِجُ | الْمَوْتٰى | بِاِذْنِيْ |
| اور چنگا کرتا تھا | مادرزاد اندھے کو | اور سفید داغ والوں کو | ساتھ میرے حکم کے | اور | جس وقت | نکالتا تھا | مُردے کو | ساتھ میرے حکم کے |

اور مادرزاد اندھے اور سفید داغ والے کو میرے حکم سے چنگا کر دیتے تھے اور مُردے کو (زندہ کر کے قبر سے) نکال کھڑا کرتے تھا

وَاِذْ كَفَفْتُ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَنْكَ اِذْ جِئْتَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالَ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِذْ | كَفَفْتُ | بَنِيْٓ | اِسْرَآءِيْلَ | عَنْكَ | اِذْ | جِئْتَهُمْ | بِالْبَيِّنٰتِ | فَقَالَ | الَّذِيْنَ |
| اور | جس وقت کہ | بند کیا میں نے | بنی | اسرائیل کو | تجھ سے | جب | تو لایا تھا انکے پاس | دلیلیں | پس کہا | ان لوگوں نے جو |

اور جب میں نے بنی اسرائیل (کے ہاتھوں) کو تم سے روک دیا جب تم ان کے پاس کھلے ہوئے نشان لے کر آئے

كَفَرُوْا مِنْهُمْ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۱۰﴾ وَاِذْ اَوْحَيْتُ اِلَى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَفَرُوْا | مِنْهُمْ | اِنْ | هٰذَآ | اِلَّا | سِحْرٌ | مُّبِيْنٌ | وَ | اِذْ | اَوْحَيْتُ | اِلَى |
| کافر تھے | ان میں سے | نہیں | یہ | مگر | جادو | ظاہر | اور | جس وقت | وحی بھیجی میں نے | طرف |

تو جو اُن میں سے کافر تھے کہنے لگے کہ یہ تو صریح جادو ہے ﴿۱۱۰﴾ اور جب میں نے حواریوں کی

الْحَوَارِيّٖنَ اَنْ اٰمِنُوْا بِيْ وَبِرَسُوْلِيْ ۚ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَاشْهَدْ بِاَنَّنَا

| الْحَوَارِيّٖنَ | اَنْ | اٰمِنُوْا | بِيْ | وَ | بِرَسُوْلِيْ | قَالُوْٓا | اٰمَنَّا | وَاشْهَدْ | بِاَنَّنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حواریوں کے | یہ کہ | ایمان لاؤ | ساتھ میرے | اور | ساتھ رسول میرے کے | کہا انہوں نے | ایمان لائے ہم | اور شاہد رہ تو | ساتھ اسکے کہ ہم |

طرف حکم بھیجا کہ مجھ پر اور میرے پیغمبر پر ایمان لاؤ۔ وہ کہنے لگے کہ (پروردگار) ہم ایمان لائے تو شاہد رہیو کہ ہم

مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ اِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيْعُ

| مُسْلِمُوْنَ | اِذْ | قَالَ | الْحَوَارِيُّوْنَ | يٰعِيْسَى | ابْنَ | مَرْيَمَ | هَلْ | يَسْتَطِيْعُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مسلمان ہیں | جس وقت | کہا | حواریوں نے | اے عیسیٰ | بیٹے | مریم کے | کیا | کر سکتا ہے |

فرمانبردار ہیں (۱۱۱) (وہ قصہ بھی یاد کرو) جب حواریوں نے کہا کہ اے عیسیٰ ابن مریم! کیا تمہارا پروردگار

رَبُّكَ اَنْ يُّنَزِّلَ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ ۗ قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ

| رَبُّكَ | اَنْ | يُّنَزِّلَ | عَلَيْنَا | مَآئِدَةً | مِّنَ | السَّمَآءِ | قَالَ | اتَّقُوا | اللّٰهَ | اِنْ | كُنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پروردگار تیرا | یہ کہ | اتارے | اوپر ہمارے | خوان | سے | آسمان | کہا | ڈرو | اللہ سے | اگر | ہو تم |

ایسا کر سکتا ہے کہ ہم پر آسمان سے (طعام کا) خوان نازل کرے؟ انہوں نے کہا کہ اگر ایمان رکھتے ہو تو

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ قَالُوْا نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا وَتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُنَا وَنَعْلَمَ اَنْ

| مُّؤْمِنِيْنَ | قَالُوْا | نُرِيْدُ | اَنْ | نَّاْكُلَ | مِنْهَا | وَ | تَطْمَئِنَّ | قُلُوْبُنَا | وَ | نَعْلَمَ | اَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان والے | کہا انہوں نے | ارادہ کرتے ہیں ہم | یہ کہ | کھائیں | اس میں سے | اور | آرام پکڑیں | دل ہمارے | اور | جانیں ہم | یہ کہ |

اللہ سے ڈرو (۱۱۲) وہ بولے کہ ہماری یہ خواہش ہے کہ ہم اس میں سے کھائیں اور ہمارے دل تسلی پائیں اور ہم جان لیں

قَدْ صَدَقْتَنَا وَنَكُوْنَ عَلَيْهَا مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۱۱۳﴾ قَالَ عِيْسَى ابْنُ

| قَدْ | صَدَقْتَنَا | وَنَكُوْنَ | عَلَيْهَا | مِنَ | الشّٰهِدِيْنَ | قَالَ | عِيْسَى | ابْنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تحقیق | سچ کہا تم نے ہم کو | اور ہوں ہم | اوپر اس کے | سے | گواہوں میں | کہا | عیسیٰ | بیٹے |

کہ تم نے ہم سے سچ کہا ہے اور ہم اس (خوان کے نزول) پر گواہ رہیں (۱۱۳) (تب) عیسیٰ ابن مریم نے دعا کی

مَرْيَمَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا

| مَرْيَمَ | اللّٰهُمَّ | رَبَّنَآ | اَنْزِلْ | عَلَيْنَا | مَآئِدَةً | مِّنَ | السَّمَآءِ | تَكُوْنُ | لَنَا | عِيْدًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مریم کے نے | اے اللہ | پروردگار ہمارے | اتار | اوپر ہمارے | خوان | سے | آسمان | ہو جائے | واسطے ہمارے | عید |

کہ اے ہمارے پروردگار ہم پر آسمان سے خوان نازل فرما کہ ہمارے لیے (وہ دن) عید قرار پائے

لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ قَالَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِّاَوَّلِنَا | وَاٰخِرِنَا | وَ | اٰيَةً | مِّنْكَ | وَارْزُقْنَا | وَ | اَنْتَ | خَيْرُ | الرّٰزِقِيْنَ | قَالَ |
| ہمارے اول کو | اور آخر ہمارے کو | اور | نشانی | تیری طرف سے | اور رزق دے ہم کو | اور | تو | بہتر | رزق دینے والا ہے | کہا |

یعنی ہمارے اگلوں اور پچھلوں (سب) کے لیے اور وہ تیری طرف سے نشانی ہو اور ہمیں رزق دے تو بہتر رزق دینے والا ہے ﴿۱۱۴﴾ اللہ نے

اللّٰهُ اِنِّيْ مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بَعْدُ مِنْكُمْ فَاِنِّيْٓ اُعَذِّبُهٗ عَذَابًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | اِنِّيْ | مُنَزِّلُهَا | عَلَيْكُمْ | فَمَنْ | يَّكْفُرْ | بَعْدُ | مِنْكُمْ | فَاِنِّيْٓ | اُعَذِّبُهٗ | عَذَابًا |
| اللہ نے | بیشک میں | اتارنے والا ہوں | اوپر تمہارے | پس جو کوئی | کفر کرے | پیچھے | تم میں سے | پس بیشک میں | عذاب کروں گا اسکو | وہ عذاب |

فرمایا میں تم پر ضرور خوان نازل فرماؤں گا لیکن جو اس کے بعد تم میں سے کفر کرے گا اسے ایسا عذاب دوں گا

لَّآ اُعَذِّبُهٗٓ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ ع وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ع ۱۵ ۵

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَّآ | اُعَذِّبُهٗٓ | اَحَدًا | مِّنَ | الْعٰلَمِيْنَ | وَ | اِذْ | قَالَ | اللّٰهُ | يٰعِيْسَى | ابْنَ | مَرْيَمَ |
| نہ | میں عذاب کروں گا وہ | کسی کو | سے | عالموں | اور | جب | کہے گا | اللہ | اے عیسیٰ | بیٹے | مریم کے |

کہ اہلِ عالم میں کسی کو ایسا عذاب نہ دوں گا ﴿۱۱۵﴾ اور (اُس وقت کو بھی یاد رکھو) جب اللہ فرمائے گا کہ اے عیسیٰ ابن مریم!

ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ءَاَنْتَ | قُلْتَ | لِلنَّاسِ | اتَّخِذُوْنِيْ | وَ | اُمِّيَ | اِلٰهَيْنِ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | قَالَ |
| کیا تو نے | کہا تھا | لوگوں کو | پکڑو مجھ کو | اور | میری ماں کو | دو معبود | سوائے | اللہ کے | کہے گا |

کیا تم نے لوگوں سے کہا تھا کہ اللہ کے سوا مجھے اور میری والدہ کو معبود مقرر کرو؟ وہ کہیں گے

سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ ۤ بِحَقٍّ ۭ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ وقف النبی ﷺ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سُبْحٰنَكَ | مَا | يَكُوْنُ | لِيْٓ | اَنْ | اَقُوْلَ | مَا | لَيْسَ | لِيْ | بِحَقٍّ | اِنْ | كُنْتُ قُلْتُهٗ |
| پاکی ہے تجھ کو | نہیں | ہے | واسطے میرے | یہ کہ | کہوں میں | وہ چیز کہ | نہیں | واسطے میرے | حق | اگر | میں نے کہا ہوگا یہ انکو |

کہ تو پاک ہے مجھے کب شایاں تھا کہ میں ایسی بات کہتا جس کا مجھے کچھ حق نہیں۔ اگر میں نے ایسا کہا ہوگا

فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ۭ تَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ وَلَآ اَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِكَ ۭ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَقَدْ | عَلِمْتَهٗ | تَعْلَمُ | مَا | فِيْ | نَفْسِيْ | وَ | لَآ | اَعْلَمُ | مَا | فِيْ | نَفْسِكَ |
| پس تحقیق | جانتا ہوگا تو اس کو | جانتا ہے تو | جو کچھ | بیچ | میرے جی کے ہے | اور | نہیں | جانتا میں | جو کچھ | بیچ | تیرے جی کے ہے |

تو تجھ کو معلوم ہوگا (کیونکہ) جو بات میرے دل میں ہے تو اسے جانتا ہے اور جو تیرے ضمیر میں ہے اسے میں نہیں جانتا۔

اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۱۱۶﴾ مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَآ اَمَرْتَنِيْ بِهٖٓ اَنِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّكَ | اَنْتَ | عَلَّامُ | الْغُيُوْبِ | مَا | قُلْتُ | لَهُمْ | اِلَّا | مَآ | اَمَرْتَنِيْ | بِهٖٓ | اَنِ |
| بیشک تو | تو ہی | جاننے والا ہے | غیبوں کا | نہیں | کہا میں نے | واسطے ان کے | مگر | جو کچھ | حکم دیا تو نے مجھکو | ساتھ اسکے | یہ کہ |

بے شک تو علام الغیوب ہے ﴿۱۱۶﴾ میں نے اُن سے کچھ نہیں کہا بجز اس کے جس کا تو نے مجھے حکم دیا ہے وہ یہ کہ

اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ۚ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ ۚ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اعْبُدُوا | اللّٰهَ | رَبِّيْ | وَ | رَبَّكُمْ | وَ | كُنْتُ | عَلَيْهِمْ | شَهِيْدًا | مَّا | دُمْتُ | فِيْهِمْ |
| عبادت کرو | اللہ کی | رب میرے کو | اور | رب تمہارے کو | اور | تھا میں | اوپر ان کے | شاہد | جب تک | رہا میں | بیچ ان کے |

تم اللہ کی عبادت کرو جو میرا اور تمہارا سب کا پروردگار ہے۔ اور جب تک میں ان میں رہا ان (کے حالات) کی خبر رکھتا رہا۔

فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ ۭ وَاَنْتَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَمَّا | تَوَفَّيْتَنِيْ | كُنْتَ | اَنْتَ | الرَّقِيْبَ | عَلَيْهِمْ | وَاَنْتَ | عَلٰي | كُلِّ | شَيْءٍ |
| پس جب | قبض کیا تو نے مجھ کو | تھا تو | تو ہی | نگہبان | اوپر ان کے | اور تو | اوپر | ہر | چیز کے |

جب تو نے مجھے دنیا سے اٹھا لیا تو تو ان کا نگراں تھا۔ اور تو ہر چیز سے

شَهِيْدٌ ﴿۱۱۷﴾ اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَهِيْدٌ | اِنْ | تُعَذِّبْهُمْ | فَاِنَّهُمْ | عِبَادُكَ | وَ | اِنْ | تَغْفِرْ لَهُمْ | فَاِنَّكَ | اَنْتَ |
| گواہ ہے | اگر | عذاب کرے گا تو انکو | پس وہ ہیں | بندے تیرے | اور | اگر | بخش دے تو ان کو | پس بیشک | تو ہی |

خبردار ہے ﴿۱۱۷﴾ اگر تو ان کو عذاب دے تو یہ تیرے بندے ہیں۔ اور اگر بخش دے تو (تیری مہربانی ہے) بے شک تو

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۱۸﴾ قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ ۭ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعَزِيْزُ | الْحَكِيْمُ | قَالَ | اللّٰهُ | هٰذَا | يَوْمُ | يَنْفَعُ | الصّٰدِقِيْنَ | صِدْقُهُمْ |
| غالب ہے | حکمت والا | کہے گا | اللہ | یہ | دن ہے | فائدہ دے گا | سچوں کو | سچ ان کا |

غالب (اور) حکمت والا ہے ﴿۱۱۸﴾ اللہ فرمائے گا کہ آج وہ دن ہے کہ راست بازوں کو ان کی سچائی ہی فائدہ دے گی۔

لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ رَضِيَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمْ | جَنّٰتٌ | تَجْرِيْ | مِنْ | تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَآ | اَبَدًا | رَضِيَ |
| واسطے انکے | بہشتیں ہیں | چلتی ہیں | سے | نیچے ان کے | نہریں | ہمیش رہیں گے | بیچ ان کے | ہمیش | راضی ہوا |

اُن کے لیے باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں ابدالآباد ان میں بستے رہیں گے۔ اللہ

اللّٰهُ عَنۡهُمۡ وَرَضُوۡا عَنۡهُ ؕ ذٰلِكَ الۡفَوۡزُ الۡعَظِيۡمُ ﴿۱۱۹﴾ لِلّٰهِ مُلۡكُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | عَنۡهُمۡ | وَرَضُوۡا | عَنۡهُ | ذٰلِكَ | الۡفَوۡزُ | الۡعَظِيۡمُ | لِلّٰهِ | مُلۡكُ |
| الله | ان سے | اور راضی ہوئے وہ | اس سے | یہی ہے | مراد پانا | بڑا | واسطے اللہ کے ہے | بادشاہی |

ان سے خوش ہے اور وہ اللہ سے خوش ہیں۔ یہ بڑی کامیابی ہے ﴿۱۱۹﴾ آسمانوں

ع ١٦ ٥ ٢

السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَا فِيۡهِنَّ ؕ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿۱۲۰﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّمٰوٰتِ | وَالۡاَرۡضِ | وَ | مَا | فِيۡهِنَّ | وَ | هُوَ | عَلٰى | كُلِّ | شَىۡءٍ | قَدِيۡرٌ |
| آسمانوں کی | اور زمین کی | اور | جو کچھ | بیچ ان کے ہے | اور | وہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے |

اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے سب پر اللہ ہی کی بادشاہی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے ﴿۱۲۰﴾

## اٰیاتها ١٦٥ — ٦ سُوۡرَةُ الۡاَنۡعَامِ مَكِّيَّةٌ ٥٥ — رکوعاتها ٢٠

## بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِىۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلۡحَمۡدُ | لِلّٰهِ | الَّذِىۡ | خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الۡاَرۡضَ | وَ | جَعَلَ | الظُّلُمٰتِ |
| سب تعریف | واسطے اللہ کے ہے | جس نے | پیدا کیا | آسمانوں کو | اور | زمین کو | اور | پیدا کیا | اندھیرا |

ہر طرح کی تعریف اللہ ہی کو سزاوار ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور اندھیرا اور روشنی

وَالنُّوۡرَ ؕ ثُمَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بِرَبِّهِمۡ يَعۡدِلُوۡنَ ﴿۱﴾ هُوَ الَّذِىۡ خَلَقَكُمۡ مِّنۡ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | النُّوۡرَ | ثُمَّ | الَّذِيۡنَ | كَفَرُوۡا | بِرَبِّهِمۡ | يَعۡدِلُوۡنَ | هُوَ | الَّذِىۡ | خَلَقَكُمۡ | مِّنۡ |
| اور | اجالا | پھر | وہ لوگ کہ | کافر ہوئے | ساتھ اپنے پروردگار کے | کسی کو برابر کرتے ہیں | وہی ہے | جس نے | پیدا کیا تم کو | سے |

بنائی۔ پھر بھی کافر (اور چیزوں کو) اللہ کے برابر ٹھیراتے ہیں ﴿۱﴾ وہی تو ہے جس نے تم کو مٹی سے پیدا

طِيۡنٍ ثُمَّ قَضٰٓى اَجَلًا ؕ وَاَجَلٌ مُّسَمًّى عِنۡدَهٗ ثُمَّ اَنۡتُمۡ تَمۡتَرُوۡنَ ﴿۲﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طِيۡنٍ | ثُمَّ | قَضٰٓى | اَجَلًا | وَ | اَجَلٌ | مُّسَمًّى | عِنۡدَهٗ | ثُمَّ | اَنۡتُمۡ | تَمۡتَرُوۡنَ |
| مٹی | پھر | مقرر کی | اجل | اور | ایک اجل | مقرر کی ہوئی ہے | نزدیک اسکے | پھر | تم | شک کرتے ہو |

کیا پھر (مرنے کا) ایک وقت مقرر کر دیا۔ اور ایک مدت اس کے ہاں اور مقرر ہے۔ پھر بھی تم (اے کافرو اللہ کے بارے میں) شک کرتے ہو ﴿۲﴾

وَهُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَفِي الْاَرْضِ ؕ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ وَيَعْلَمُ

| وَ | هُوَ | اللّٰهُ | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَ | فِي | الْاَرْضِ | يَعْلَمُ | سِرَّكُمْ | وَ جَهْرَكُمْ | وَ | يَعْلَمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہی ہے | اللہ | بیچ | آسمانوں کے | اور | بیچ | زمین کے | جانتا ہے | پوشیدہ بولنا تمہارا | اور پکار کر بولنا تمہارا | اور | جانتا ہے |

اور آسمانوں اور زمین میں وہی (ایک) اللہ ہے۔ تمہاری پوشیدہ اور ظاہر سب باتیں جانتا ہے اور تم جو عمل کرتے ہو سب

مَا تَكْسِبُوْنَ ۝۳ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا

| مَا | تَكْسِبُوْنَ | وَ | مَا | تَاْتِيْهِمْ | مِّنْ | اٰيَةٍ | مِّنْ | اٰيٰتِ | رَبِّهِمْ | اِلَّا | كَانُوْا | عَنْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو کچھ | کماتے ہو تم | اور | نہیں | آتی انکے پاس | کوئی | نشانی | سے | نشانیوں | پروردگار انکے | مگر | ہوتے ہیں | اس سے |

سے واقف ہے ۝۳ اور اللہ کی نشانیوں میں سے کوئی نشانی ان لوگوں کے پاس نہیں آتی مگر یہ اس سے

مُعْرِضِيْنَ ۝۴ فَقَدْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ؕ فَسَوْفَ يَاْتِيْهِمْ

| مُعْرِضِيْنَ | فَقَدْ | كَذَّبُوْا | بِالْحَقِّ | لَمَّا | جَآءَهُمْ | فَسَوْفَ | يَاْتِيْهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| منہ پھیرنے والے | پس تحقیق | جھٹلایا انہوں نے | حق کو | جب | آیا ان کے پاس | پس البتہ | آئیں گی انکے پاس |

منہ پھیر لیتے ہیں ۝۴ جب اُن کے پاس حق آیا تو اس کو بھی جھٹلا دیا۔ سو ان کو ان چیزوں کا جن سے یہ استہزاء

اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۵ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ

| اَنْۢبٰٓؤُا | مَا | كَانُوْا | بِهٖ | يَسْتَهْزِءُوْنَ | اَلَمْ | يَرَوْا | كَمْ | اَهْلَكْنَا | مِنْ | قَبْلِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خبریں | اس چیز کی کہ | تھے وہ | ساتھ اسکے | ٹھٹھا کرتے | کیا نہ | دیکھا انہوں نے | کتنے | ہلاک کیے ہیں ہم نے | سے | پہلے ان |

کرتے ہیں عنقریب انجام معلوم ہو جائے گا ۝۵ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی اُمتوں کو

مِّنْ قَرْنٍ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ لَّكُمْ وَاَرْسَلْنَا السَّمَآءَ

| مِّنْ | قَرْنٍ | مَّكَّنّٰهُمْ | فِي | الْاَرْضِ | مَا | لَمْ | نُمَكِّنْ | لَّكُمْ | وَ | اَرْسَلْنَا | السَّمَآءَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | قرنوں | مقدور دیا تھا ہم نے انکو | بیچ | زمین کے | جو کچھ کہ | نہ | مقدور دیا تھا | تم کو | اور | بھیجا ہم نے | آسمان سے |

ہلاک کر دیا جن کے پاؤں ملک میں ایسے جما دیے تھے کہ تمہارے پاؤں بھی ایسے نہیں جمائے اور ان پر آسمان سے

عَلَيْهِمْ مِّدْرَارًا ۪ وَّجَعَلْنَا الْاَنْهٰرَ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ

| عَلَيْهِمْ | مِّدْرَارًا | وَّ | جَعَلْنَا | الْاَنْهٰرَ | تَجْرِيْ | مِنْ | تَحْتِهِمْ | فَاَهْلَكْنٰهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر ان کے | برسنے والا | اور | کیں ہم نے | نہریں | چلتی ہیں | سے | نیچے ان کے | پس ہلاک کیا ہم نے ان کو |

لگاتار مینہ برسایا اور نہریں بنا دیں جو ان کے (مکانوں کے) نیچے بہ رہی تھیں پھر ان کو ان کے

بِذُنُوبِهِمْ وَأَنْشَأْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قَرْنًا آخَرِينَ ۝٦ وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِذُنُوبِهِمْ | وَأَنْشَأْنَا | مِنْ بَعْدِهِمْ | قَرْنًا | آخَرِينَ | وَ | لَوْ | نَزَّلْنَا | عَلَيْكَ |
| ساتھ انکے گناہوں کے | اور پیدا کیے ہم نے | پیچھے ان کے | قرن | دیگر | اور | اگر | اتارتے ہم | اوپر تیرے |

گناہوں کے سبب ہلاک کر دیا اور ان کے بعد اور امتیں پیدا کر دیں (٦) اور اگر ہم تم پر کاغذوں

كِتَابًا فِي قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوهُ بِأَيْدِيهِمْ لَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ هَٰذَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كِتَابًا | فِي | قِرْطَاسٍ | فَلَمَسُوهُ | بِأَيْدِيهِمْ | لَقَالَ | الَّذِينَ | كَفَرُوا | إِنْ | هَٰذَا |
| کتاب | بیچ | کاغذ کے | پس ٹٹولتے اس کو | ساتھ اپنے ہاتھوں کے | البتہ کہتے | وہ لوگ کہ | کافر ہوئے | نہیں | یہ |

پر لکھی ہوئی کتاب نازل کرتے اور یہ اسے اپنے ہاتھوں سے ٹٹول بھی لیتے تو جو کافر ہیں وہ یہی کہہ دیتے کہ یہ تو (صاف اور)

إِلَّا سِحْرٌ مُبِينٌ ۝٧ وَقَالُوا لَوْلَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ ط وَلَوْ أَنْزَلْنَا مَلَكًا

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| إِلَّا | سِحْرٌ | مُبِينٌ | وَ | قَالُوا | لَوْ | لَا | أُنْزِلَ | عَلَيْهِ | مَلَكٌ | وَ | لَوْ | أَنْزَلْنَا | مَلَكًا |
| مگر | جادو | ظاہر | اور | کہا انہوں نے | کیوں | نہ | اتارا گیا | اوپر اس کے | فرشتہ | اور | اگر | اتارتے ہم | فرشتہ |

صریح جادو ہے (٧) اور کہتے ہیں کہ ان (پیغمبر) پر فرشتہ کیوں نازل نہ ہوا (جو ان کی تصدیق کرتا)۔ اگر ہم فرشتہ نازل کرتے

لَقُضِيَ الْأَمْرُ ثُمَّ لَا يُنْظَرُونَ ۝٨ وَلَوْ جَعَلْنَاهُ مَلَكًا لَجَعَلْنَاهُ رَجُلًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَقُضِيَ | الْأَمْرُ | ثُمَّ | لَا | يُنْظَرُونَ | وَ | لَوْ | جَعَلْنَاهُ | مَلَكًا | لَجَعَلْنَاهُ | رَجُلًا |
| البتہ فیصل کیا جاتا | کام | پھر | نہیں | ڈھیل دیئے جاتے | اور | اگر | کرتے ہم اس کو | فرشتہ | البتہ کرتے ہم اسکو | بصورت مرد کے |

تو کام ہی فیصل ہو جاتا پھر انہیں (مطلق) مہلت نہ دی جاتی (٨) نیز اگر ہم کسی فرشتے کو بھیجتے تو اسے مرد کی صورت میں بھیجتے

وَلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَا يَلْبِسُونَ ۝٩ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِنْ قَبْلِكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَلَبَسْنَا | عَلَيْهِمْ | مَا | يَلْبِسُونَ | وَ | لَقَدِ | اسْتُهْزِئَ | بِرُسُلٍ | مِنْ | قَبْلِكَ |
| اور البتہ شبہ ڈالتے ہم | اوپر ان کے | جو | شبہ کرتے ہیں اب | اور | البتہ تحقیق | ٹھٹھا کیا گیا | ساتھ پیغمبروں کے | سے | پہلے تم |

اور جو شبہ (اب) کرتے ہیں اسی شبے میں پھر انہیں ڈال دیتے (٩) اور تم سے پہلے بھی پیغمبروں کے ساتھ تمسخر ہوتے رہے ہیں

فَحَاقَ بِالَّذِينَ سَخِرُوا مِنْهُمْ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ۝١٠ ع قُلْ ع ١ / ٧

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَحَاقَ | بِالَّذِينَ | سَخِرُوا | مِنْهُمْ | مَا | كَانُوا | بِهِ | يَسْتَهْزِئُونَ | قُلْ |
| پس گھیر لیا | ان لوگوں کو کہ | ٹھٹھا کرتے تھے | ان میں سے | اس چیز نے کہ | تھے | ساتھ اس کے | ٹھٹھا کرتے | کہو |

سو جو لوگ ان میں سے تمسخر کیا کرتے تھے ان کو تمسخر کی سزا نے آ گھیرا (١٠) کہو کہ

سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۱﴾ قُلْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سِيْرُوْا | فِي | الْاَرْضِ | ثُمَّ | انْظُرُوْا | كَيْفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ | الْمُكَذِّبِيْنَ | قُلْ |
| سیر کرو | بیچ | زمین کے | پھر | دیکھو | کیوں کر | ہوا | آخر کام | جھٹلانے والوں کا | کہہ |

(اے منکرینِ رسالت) ملک میں چلو پھرو، پھر دیکھو کہ جھٹلانے والوں کا کیا انجام ہوا ﴿۱۱﴾ (ان سے) پوچھو

لِمَنْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط قُلْ لِّلّٰهِ ط كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِمَنْ | مَّا | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | قُلْ | لِّلّٰهِ | كَتَبَ | عَلٰى | نَفْسِهِ |
| واسطے کس کے ہے | جو کچھ | بیچ | آسمانوں کے ہے | اور | زمین کے ہے | کہہ | واسطے اللہ کے ہے | لکھی ہے اس نے | اوپر | ذات اپنی کے |

کہ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے کس کا ہے۔ کہدو اللہ کا۔ اس نے اپنی ذات (پاک) پر

الرَّحْمَةَ ط لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ط اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرَّحْمَةَ | لَيَجْمَعَنَّكُمْ | اِلٰى | يَوْمِ | الْقِيٰمَةِ | لَا | رَيْبَ | فِيْهِ | اَلَّذِيْنَ | خَسِرُوْا |
| رحمت | البتہ اکٹھا کرے گا تم کو | طرف | دن | قیامت کے | نہیں | شک | بیچ اس کے | جنہوں نے | ٹوٹا دیا |

رحمت کو لازم کر لیا ہے۔ وہ تم سب کو قیامت کے دن جس میں کچھ بھی شک نہیں ضرور جمع کرے گا۔ جن لوگوں نے اپنے تئیں

اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ط وَهُوَ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْفُسَهُمْ | فَهُمْ | لَا | يُؤْمِنُوْنَ | وَ | لَهٗ | مَا | سَكَنَ | فِي | الَّيْلِ | وَ | النَّهَارِ | وَ | هُوَ |
| اپنی جانوں کو | پس وہ | نہیں | ایمان لاتے | اور | واسطے اسکے ہے | جو کچھ | بستا ہے | بیچ | رات کے | اور | دن کے | اور | وہ ہے |

نقصان میں ڈال رکھا ہے وہ ایمان نہیں لاتے ﴿۱۲﴾ اور جو مخلوق رات اور دن میں بستی ہے۔ سب اسی کی ہے۔ اور وہ

السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۳﴾ قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّمِيْعُ | الْعَلِيْمُ | قُلْ | اَغَيْرَ | اللّٰهِ | اَتَّخِذُ | وَلِيًّا | فَاطِرِ | السَّمٰوٰتِ |
| سننے والا | جاننے والا | کہہ | کیا سوائے | اللہ کے | پکڑوں میں | دوست | وہ جو پیدا کرنے والا | آسمانوں کا |

سنتا جانتا ہے ﴿۱۳﴾ کہو کیا میں اللہ کو چھوڑ کر کسی اور کو مددگار بناؤں کہ (وہی) تو آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے

وَالْاَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ط قُلْ اِنِّيْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاَرْضِ | وَ | هُوَ | يُطْعِمُ | وَ | لَا | يُطْعَمُ | قُلْ | اِنِّيْٓ | اُمِرْتُ | اَنْ | اَكُوْنَ | اَوَّلَ | مَنْ |
| اور | زمین کا ہے | اور | وہی | کھلاتا ہے | اور | نہیں | کھلایا جاتا | کہہ | بیشک میں | حکم کیا گیا ہوں | یہ کہ | ہوں میں | اول | اس شخص کا جو |

والا ہے اور وہی (سب کو) کھانا دیتا ہے اور خود کسی سے کھانا نہیں لیتا۔ (یہ بھی) کہدو کہ مجھے یہ حکم ہوا ہے کہ میں سب سے پہلے

اَسۡلَمَ وَلَا تَكُوۡنَنَّ مِنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ﴿١٤﴾ قُلۡ اِنِّيۡۤ اَخَافُ اِنۡ عَصَيۡتُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَسۡلَمَ | وَ | لَاتَكُوۡنَنَّ | مِنَ | الۡمُشۡرِكِيۡنَ | قُلۡ | اِنِّيۡۤ | اَخَافُ | اِنۡ | عَصَيۡتُ |
| مسلمان ہوا ہے | اور | ہرگز مت ہو تو | سے | شریک لانے والوں | کہہ | بیشک میں | میں ڈرتا ہوں | اگر | نافرمانی کروں |

اسلام لانے والا ہوں اور یہ کہ تم (اے پیغمبر) مشرکوں میں نہ ہونا ﴿١٤﴾ (یہ بھی) کہہ دو کہ اگر میں اپنے پروردگار کی نافرمانی

رَبِّيۡ عَذَابَ يَوۡمٍ عَظِيۡمٍ ﴿١٥﴾ مَنۡ يُّصۡرَفۡ عَنۡهُ يَوۡمَئِذٍ فَقَدۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّيۡ | عَذَابَ | يَوۡمٍ | عَظِيۡمٍ | مَنۡ | يُّصۡرَفۡ | عَنۡهُ | يَوۡمَئِذٍ | فَقَدۡ |
| اپنے پروردگار کی | عذاب | دن | بڑے کے سے | جو شخص کہ | پھیرا جاوے | اس سے عذاب | اس دن | پس تحقیق |

کروں تو مجھے بڑے دن کے عذاب کا خوف ہے ﴿١٥﴾ جس شخص سے اس روز عذاب ٹال دیا گیا اُس پر اللہ نے (بڑی)

رَحِمَهٗ ؕ وَذٰلِكَ الۡفَوۡزُ الۡمُبِيۡنُ ﴿١٦﴾ وَاِنۡ يَّمۡسَسۡكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَحِمَهٗ | وَ | ذٰلِكَ | الۡفَوۡزُ | الۡمُبِيۡنُ | وَ | اِنۡ | يَّمۡسَسۡكَ | اللّٰهُ | بِضُرٍّ | فَلَا |
| مہربانی کی اس پر | اور | یہ ہے | مراد پانا | ظاہر | اور | اگر | لگادے تجھ کو | اللہ | ضرر | پس نہیں |

مہربانی فرمائی۔ اور یہ کھلی کامیابی ہے ﴿١٦﴾ اور اگر اللہ تم کو کوئی سختی پہنچائے تو اس کے سوا

كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ ؕ وَاِنۡ يَّمۡسَسۡكَ بِخَيۡرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيۡءٍ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَاشِفَ | لَهٗۤ | اِلَّا | هُوَ | وَ | اِنۡ | يَّمۡسَسۡكَ | بِخَيۡرٍ | فَهُوَ | عَلٰى | كُلِّ | شَيۡءٍ |
| کھولنے والا | اس کو | مگر | وہی | اور | اگر | لگادے تجھ کو | بھلائی | پس وہ | اوپر | ہر | چیز کے |

اس کو کوئی دور کرنے والا نہیں اور اگر نعمت (وراحت) عطا کرے تو (کوئی اس کو روکنے والا نہیں) وہ ہر چیز پر

قَدِيۡرٌ ﴿١٧﴾ وَهُوَ الۡقَاهِرُ فَوۡقَ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الۡحَكِيۡمُ الۡخَبِيۡرُ ﴿١٨﴾ قُلۡ اَيُّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَدِيۡرٌ | وَ | هُوَ | الۡقَاهِرُ | فَوۡقَ | عِبَادِهٖ | وَ | هُوَ | الۡحَكِيۡمُ | الۡخَبِيۡرُ | قُلۡ | اَيُّ |
| قادر ہے | اور | وہ | غالب ہے | اوپر | اپنے بندوں کے | اور | وہ ہے | حکمت والا | خبردار | کہہ | کون |

قادر ہے ﴿١٧﴾ اور وہ اپنے بندوں پر غالب ہے اور وہ دانا (اور) خبردار ہے ﴿١٨﴾ ان سے پوچھو کہ سب سے بڑھ کر

شَيۡءٍ اَكۡبَرُ شَهَادَةً ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ شَهِيۡدٌۢ بَيۡنِيۡ وَبَيۡنَكُمۡ ۚ وَاُوۡحِيَ اِلَيَّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَيۡءٍ | اَكۡبَرُ | شَهَادَةً | قُلِ | اللّٰهُ | شَهِيۡدٌ | بَيۡنِيۡ | وَ | بَيۡنَكُمۡ | وَ | اُوۡحِيَ | اِلَيَّ |
| چیز ہے | بڑی | گواہی میں | کہہ | اللہ | گواہ ہے | درمیان میرے | اور | درمیان تیرے | اور | وحی کیا گیا ہے | طرف میری |

(قرین انصاف) کس کی شہادت ہے۔ کہہ دو کہ اللہ ہی مجھ میں اور تم میں گواہ ہے۔ اور یہ قرآن مجھ پر اس

هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ ؕ اَىِٕنَّكُمْ لَتَشْهَدُوْنَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هٰذَا | الْقُرْاٰنُ | لِاُنْذِرَكُمْ | بِهٖ | وَ | مَنْۢ | بَلَغَ | اَىِٕنَّكُمْ | لَتَشْهَدُوْنَ | اَنَّ | مَعَ | اللّٰهِ |
| یہ | قرآن | تاکہ ڈراؤں میں تم کو | ساتھ اسکے | اور | جس کو | پہنچے | کیا تم | گواہی دیتے ہو | یہ کہ | ساتھ | اللہ کے |

لیے اتارا گیا ہے کہ اس کے ذریعے سے تم کو اور جس شخص تک وہ پہنچ سکے آگاہ کردوں۔ کیا تم لوگ اس بات کی شہادت دیتے ہو کہ اللہ

اٰلِهَةً اُخْرٰى ؕ قُلْ لَّاۤ اَشْهَدُ ۚ قُلْ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّاِنَّنِىْ بَرِىْٓءٌ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰلِهَةً | اُخْرٰى | قُلْ | لَّاۤ | اَشْهَدُ | قُلْ | اِنَّمَا | هُوَ | اِلٰهٌ | وَّاحِدٌ | وَّ | اِنَّنِىْ | بَرِىْٓءٌ |
| معبود | اور ہیں | کہہ | نہیں | گواہی دیتا میں | کہہ | سوائے اسکے نہیں کہ | وہ | معبود | اکیلا ہے | اور | بیشک میں | بیزار ہوں |

کے ساتھ اور بھی معبود ہیں۔ (اے محمد ﷺ) کہہ دو کہ میں تو (ایسی) شہادت نہیں دیتا۔ کہہ دو کہ وہی ایک معبود ہے اور جن کو تم لوگ شریک

مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ۘ (۱۹) اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ وقف لازم

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّمَّا | تُشْرِكُوْنَ | اَلَّذِيْنَ | اٰتَيْنٰهُمُ | الْكِتٰبَ | يَعْرِفُوْنَهٗ | كَمَا | يَعْرِفُوْنَ |
| اس چیز سے کہ | شریک لاتے ہیں | وہ جن کو | دی ہے ہم نے ان کو | کتاب | پہچانتے ہیں اس کو | جیسا | پہچانتے ہیں |

بناتے ہو میں اُن سے بیزار ہوں (۱۹) جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ ان (ہمارے پیغمبر) کو اس طرح پہچانتے ہیں جس

اَبْنَآءَهُمْ ۘ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ع (۲۰) وَمَنْ وقف لازم ع ۲ ۸

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَبْنَآءَهُمْ | اَلَّذِيْنَ | خَسِرُوْۤا | اَنْفُسَهُمْ | فَهُمْ | لَا | يُؤْمِنُوْنَ | وَ | مَنْ |
| اپنے بیٹوں کو | وہ جنہوں نے | ٹوٹا دیا | اپنی جانوں کو | پس وہی | نہیں | ایمان لاتے | اور | کون ہے |

طرح اپنے بیٹوں کو پہچانا کرتے ہیں جنہوں نے اپنے تئیں نقصان میں ڈال رکھا ہے وہ ایمان نہیں لاتے (۲۰) اور اس شخص

اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَظْلَمُ | مِمَّنِ | افْتَرٰى | عَلَى | اللّٰهِ | كَذِبًا | اَوْ | كَذَّبَ | بِاٰيٰتِهٖ | اِنَّهٗ | لَا | يُفْلِحُ |
| بہت ظالم | اس شخص سے | کہ باندھے | اوپر | اللہ کے | جھوٹ | یا | جھٹلائے | نشانیوں اسکی کو | بیشک | نہیں | چھٹکارا |

سے زیادہ کون ظالم ہے جس نے اللہ پر جھوٹ افترا کیا یا اس کی آیتوں کو جھٹلایا۔ کچھ شک نہیں کہ ظالم لوگ نجات

الظّٰلِمُوْنَ (۲۱) وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْۤا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الظّٰلِمُوْنَ | وَ | يَوْمَ | نَحْشُرُهُمْ | جَمِيْعًا | ثُمَّ | نَقُوْلُ | لِلَّذِيْنَ | اَشْرَكُوْۤا |
| ظالموں کو | اور | جس دن | اکٹھا کریں گے ہم | ان سب کو | پھر | کہیں گے ہم | واسطے ان لوگوں کے | جو شریک لاتے تھے |

نہیں پائیں گے (۲۱) اور جس دن ہم سب لوگوں کو جمع کریں گے پھر مشرکوں سے پوچھیں گے کہ (آج)

اَيْنَ شُرَكَاۗؤُكُمُ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۲۲﴾ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ اِلَّآ اَنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَيْنَ | شُرَكَاۗؤُكُمْ | الَّذِيْنَ | كُنْتُمْ | تَزْعُمُوْنَ | ثُمَّ | لَمْ | تَكُنْ | فِتْنَتُهُمْ | اِلَّآ | اَنْ |
| کہاں ہیں | شریک تمہارے | جن کو | تھے تم | دعوی کرتے | پھر | نہیں | ہوگا | بہانہ ان کا | مگر | یہ کہ |

وہ تمہارے شریک کہاں ہیں جن کا تمہیں دعوی تھا؟ ﴿۲۲﴾ تو اُن سے کچھ عذر نہ بن پڑے گا (اور) بجز اسکے (کچھ چارہ نہ ہوگا) کہ

قَالُوْا وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ﴿۲۳﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ كَذَبُوْا عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوْا | وَاللّٰهِ | رَبِّنَا | مَا | كُنَّا | مُشْرِكِيْنَ | اُنْظُرْ | كَيْفَ | كَذَبُوْا | عَلٰٓي | اَنْفُسِهِمْ |
| کہیں گے | قسم ہے اللہ | ہمارے پروردگار کی | نہ | تھے ہم | شریک لانے والے | دیکھ | کیوں کر | جھوٹ بولا انہوں نے | اوپر | جانوں اپنی کے |

کہیں اللہ کی قسم جو ہمارا پروردگار ہے ہم نہیں بناتے تھے ﴿۲۳﴾ دیکھو انہوں نے اپنے اُوپر کیسا جھوٹ بولا

وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | ضَلَّ | عَنْهُمْ | مَّا | كَانُوْا | يَفْتَرُوْنَ | وَ | مِنْهُمْ | مَّنْ | يَّسْتَمِعُ | اِلَيْكَ |
| اور | کھویا گیا | ان سے | جو | تھے | باندھ لیتے جھوٹ | اور | بعض ان میں سے | وہ ہے جو | کان دھرتا ہے | طرف تیری |

اور جو کچھ یہ افترا کیا کرتے تھے سب اُن سے جاتا رہا ﴿۲۴﴾ اور اُن میں بعض ایسے ہیں کہ تمہاری (باتوں کی) طرف کان رکھتے ہیں

وَجَعَلْنَا عَلٰي قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۭ وَاِنْ يَّرَوْا

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | جَعَلْنَا | عَلٰي | قُلُوْبِهِمْ | اَكِنَّةً | اَنْ | يَّفْقَهُوْهُ | وَ | فِيْٓ | اٰذَانِهِمْ | وَقْرًا | وَ | اِنْ | يَّرَوْا |
| اور | کئے ہیں ہم نے | اوپر | ان کے دلوں کے | پردے | اس سے کہ | سمجھیں اسکو | اور | بیچ | انکے کانوں کے | بوجھ | اور | اگر | دیکھیں |

اور ہم نے ان کے دلوں پر تو پردے ڈال دیے ہیں کہ ان کو سمجھ نہ سکیں اور کانوں میں ثقل پیدا کردیا ہے (کہ سن نہ سکیں)۔ اور اگر یہ تمام نشانیاں بھی

كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ۭ حَتّٰٓي اِذَا جَاۗءُوْكَ يُجَادِلُوْنَكَ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُلَّ | اٰيَةٍ | لَّا | يُؤْمِنُوْا | بِهَا | حَتّٰٓي | اِذَا | جَاۗءُوْكَ | يُجَادِلُوْنَكَ | يَقُوْلُ | الَّذِيْنَ |
| سب | نشانیاں | نہ | لائیں ایمان | ساتھ انکے | یہاں تک کہ | جب | آئیں تیرے پاس | جھگڑتے تجھ سے | کہتے ہیں | وہ لوگ جو |

دیکھ لیں تب بھی تو ان پر ایمان نہ لائیں یہاں تک کہ جب تمہارے پاس تم سے بحث کرنے کو آتے ہیں تو جو کافر ہیں کہتے ہیں

كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۵﴾ وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْــــَٔوْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَفَرُوْٓا | اِنْ | هٰذَآ | اِلَّآ | اَسَاطِيْرُ | الْاَوَّلِيْنَ | وَهُمْ | يَنْهَوْنَ | عَنْهُ | وَ | يَنْـَٔوْنَ |
| کافر ہوئے | نہیں | یہ | مگر | کہانیاں | پہلوں کی | اور وہ | منع کرتے ہیں | اس سے | اور | دور رہتے ہیں |

یہ (قرآن) اور کچھ بھی نہیں صرف پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں ﴿۲۵﴾ وہ اس سے (اوروں کو بھی) روکتے ہیں

عَنْهُ ۚ وَاِنْ يُّهْلِكُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَلَوْ تَرٰۤى اِذْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْهُ | وَ | اِنْ | يُّهْلِكُوْنَ | اِلَّآ | اَنْفُسَهُمْ | وَ | مَا | يَشْعُرُوْنَ | وَ | لَوْ | تَرٰۤى | اِذْ |
| اس سے | اور | نہیں | ہلاک کرتے | مگر | جانوں اپنی کو | اور | نہیں | سمجھتے | اور | کاش کہ | تو دیکھے | جس وقت |

اورخود بھی پرے رہتے ہیں۔مگر (ان باتوں سے) اپنے آپ ہی کو ہلاک کرتے ہیں اور (اس سے) بےخبر ہیں ﴿۲۶﴾ کاش تم (اُن کو اس وقت)

وُقِفُوْا عَلَى النَّارِ فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وُقِفُوْا | عَلَى | النَّارِ | فَقَالُوْا | يٰلَيْتَنَا | نُرَدُّ | وَلَا | نُكَذِّبَ | بِاٰيٰتِ | رَبِّنَا | وَنَكُوْنَ |
| کھڑے کیے جائینگے | اوپر | آگ کے | پس کہیں گے | اے کاش ہم | پھیرے جائیں | اور نہ | جھٹلائیں | نشانیاں | رب اپنے کی کو | اور ہوں ہم |

دیکھو جب یہ دوزخ کے کنارے کھڑے کیے جائیں گے اور کہیں گے کہ اے کاش ہم پھر (دنیا میں) لوٹا دیے جائیں تا کہ اپنے پروردگار کی آیتوں کی

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۷﴾ بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ ۖ وَلَوْ رُدُّوْا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ | الْمُؤْمِنِيْنَ | بَلْ | بَدَالَهُمْ | مَّا | كَانُوْا | يُخْفُوْنَ | مِنْ | قَبْلُ | وَ | لَوْ | رُدُّوْا |
| سے | ایمان والوں | بلکہ | ظاہر ہوگیا واسطے انکے | جو کچھ کہ | تھے | چھپاتے | اس سے | پہلے | اور | اگر | پھیرے جائیں |

تکذیب نہ کریں اور مومن ہو جائیں ﴿۲۷﴾ ہاں یہ جو کچھ پہلے چھپایا کرتے تھے (آج) ان پر ظاہر ہو گیا ہے اور اگر یہ (دنیا میں) لوٹائے بھی جائیں

لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَقَالُوْۤا اِنْ هِىَ اِلَّا حَيَاتُنَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَعَادُوْا | لِمَا نُهُوْا | عَنْهُ | وَاِنَّهُمْ | لَكٰذِبُوْنَ | وَ | قَالُوْۤا | اِنْ | هِىَ | اِلَّا | حَيَاتُنَا |
| البتہ پھر جائیں | طرف اس چیز کی کہ منع کیے گئے ہیں | اس سے | اور بیشک وہ | البتہ جھوٹے ہیں | اور | کہا انہوں نے | نہیں | یہ | مگر | زندگانی ہماری |

تو جن (کاموں) سے ان کو منع کیا گیا تھا وہی پھر کرنے لگیں اور کچھ شک نہیں کہ یہ جھوٹے ہیں ﴿۲۸﴾ اور کہتے ہیں کہ ہماری جو دنیا کی زندگی ہے

الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿۲۹﴾ وَلَوْ تَرٰۤى اِذْ وُقِفُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۖ قَالَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الدُّنْيَا | وَ | مَا | نَحْنُ | بِمَبْعُوْثِيْنَ | وَ | لَوْ | تَرٰۤى | اِذْ | وُقِفُوْا | عَلٰى | رَبِّهِمْ | قَالَ |
| دنیا کی | اور | نہیں | ہم | اٹھائے جانیوالے | اور | کاش کہ | تو دیکھے | جس وقت | کھڑے کیے جائینگے | اوپر | رب اپنے کے | کہے گا |

بس یہی (زندگی) ہے اور ہم (مرنے کے بعد) پھر زندہ نہیں کیے جائیں گے ﴿۲۹﴾ اور کاش تم (ان کو اس وقت) دیکھو جب یہ اپنے پروردگار کے

اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ۚ قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ۚ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلَيْسَ | هٰذَا | بِالْحَقِّ | قَالُوْا | بَلٰى | وَرَبِّنَا | قَالَ | فَذُوْقُوا | الْعَذَابَ | بِمَا | كُنْتُمْ |
| کیا نہیں | یہ | حق | کہیں گے | البتہ ہے | قسم ہے پروردگار ہمارے کی | کہے گا | پس چکھو | عذاب | اس چیز کا کہ | تھے تم |

سامنے کھڑے کیے جائیں گے۔ اور وہ فرمائے گا کیا یہ (دوبارہ زندہ ہونا) برحق نہیں۔ تو کہیں گے کیوں نہیں پروردگار کی قسم (بالکل برحق)

ع ۴ ۱۰ ۹

تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۰﴾ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ ؕ حَتّٰۤى اِذَا جَآءَتْهُمُ

| تَكْفُرُوْنَ | قَدْ | خَسِرَ | الَّذِيْنَ | كَذَّبُوْا | بِلِقَآءِ | اللّٰهِ | حَتّٰۤى | اِذَا | جَآءَتْهُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کفر کرتے | تحقیق | ٹوٹا پایا | ان لوگوں نے کہ | جھٹلایا | ملاقات | اللہ کی کو | یہاں تک کہ | جب | آئے گی انکے پاس |

ہے) اللہ فرمائے گا اب کفر کے بدلے (جو دنیا میں کرتے تھے) عذاب کے مزے چکھو (۳۰) جن لوگوں نے اللہ کے روبرو کھڑے ہونے کو جھوٹ

السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰى مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ

| السَّاعَةُ | بَغْتَةً | قَالُوْا | يٰحَسْرَتَنَا | عَلٰى | مَا | فَرَّطْنَا | فِيْهَا | وَهُمْ | يَحْمِلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قیامت | ناگہاں | کہیں گے | اے افسوس ہم کو | اوپر | اس کے کہ | کوتاہی کی ہم نے | بیچ اس کے | اور وہ | اٹھائیں گے |

سمجھا وہ گھاٹے میں آ گئے۔ یہاں تک کہ جب اُن پر قیامت ناگہاں آ موجود ہوگی تو بول اُٹھیں گے کہ (ہائے) اُس تقصیر پر افسوس ہے جو ہم نے قیامت

اَوْزَارَهُمْ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ

| اَوْزَارَهُمْ | عَلٰى | ظُهُوْرِهِمْ | اَلَا | سَآءَ | مَا | يَزِرُوْنَ | وَ | مَا | الْحَيٰوةُ | الدُّنْيَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بوجھ اپنے | اوپر | اپنی پیٹھوں کے | خبردار ہو | برا ہے | جو کچھ | بوجھ وہ اٹھاتے ہیں | اور | نہیں | زندگانی | دنیا کی |

کے بارے میں کی اور وہ اپنے (اعمال کے) بوجھ اپنی پیٹھوں پر اُٹھائے ہوئے ہوں گے دیکھو جو بوجھ یہ اُٹھا رہے ہیں بہت برا ہے (۳۱) اور دنیا کی

اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا

| اِلَّا | لَعِبٌ | وَّلَهْوٌ | وَ | لَلدَّارُ | الْاٰخِرَةُ | خَيْرٌ | لِّلَّذِيْنَ | يَتَّقُوْنَ | اَفَلَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | کھیل | اور جی کا بہلانا | اور | البتہ گھر | آخرت کا | بہتر ہے | واسطے ان لوگوں کے جو | پرہیزگاری کرتے ہیں | کیا پس نہیں |

زندگی تو ایک کھیل اور مشغلہ ہے۔ اور بہت اچھا گھر تو آخرت کا گھر ہے (یعنی) ان کے لیے جو (اللہ سے) ڈرتے ہیں کیا تم

تَعْقِلُوْنَ ﴿۳۲﴾ قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ الَّذِيْ يَقُوْلُوْنَ فَاِنَّهُمْ

| تَعْقِلُوْنَ | قَدْ | نَعْلَمُ | اِنَّهٗ | لَيَحْزُنُكَ | الَّذِيْ | يَقُوْلُوْنَ | فَاِنَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سمجھتے ہو تم | تحقیق | ہم جانتے ہیں | بے شک وہ | البتہ وہ غمگین کرتا ہے تجھ کو | جو کچھ کہ | کہتے ہیں | پس بیشک وہ |

سمجھتے نہیں (۳۲) ہم کو معلوم ہے کہ ان (کافروں) کی باتیں تمہیں رنج پہنچاتی ہیں (مگر) یہ تمہاری تکذیب نہیں کرتے

لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ كُذِّبَتْ

| لَا | يُكَذِّبُوْنَكَ | وَ | لٰكِنَّ | الظّٰلِمِيْنَ | بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ | يَجْحَدُوْنَ | وَ | لَقَدْ | كُذِّبَتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | جھٹلاتے تجھ کو | اور | لیکن | ظالم | نشانیوں | اللہ کی کو | انکار کرتے ہیں | اور | البتہ تحقیق | جھٹلائے گئے |

بلکہ ظالم اللہ کی آیتوں سے انکار کرتے ہیں (۳۳) اور تم سے پہلے بھی پیغمبر

رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا كُذِّبُوْا وَ اُوْذُوْا حَتّٰٓى اَتٰىهُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رُسُلٌ | مِّنْ | قَبْلِكَ | فَصَبَرُوْا | عَلٰى | مَا | كُذِّبُوْا | وَ | اُوْذُوْا | حَتّٰٓى | اَتٰىهُمْ |
| پیغمبر | سے | پہلے تجھ | پس صبر کیا انہوں نے | اوپر | اس کے کہ | جھٹلائے گئے | اور | ایذا دیئے گئے | یہاں تک کہ | آئی انکے پاس |

جھٹلائے جاتے رہے تو وہ تکذیب اور ایذا پر صبر کرتے رہے یہاں تک کہ ان کے پاس ہماری مدد پہنچتی رہی۔

نَصْرُنَا ج وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ج وَلَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَصْرُنَا | وَ | لَا | مُبَدِّلَ | لِكَلِمٰتِ | اللّٰهِ | وَ | لَقَدْ | جَآءَكَ | مِنْ | نَّبَاِى |
| مدد ہماری | اور | نہیں کوئی | بدلنے والا | باتوں | اللہ کی کو | اور | البتہ تحقیق | آئی ہیں تیرے پاس | بعض | خبریں |

اور اللہ کی باتوں کو کوئی بھی بدلنے والا نہیں۔ اور تم کو پیغمبروں (کے احوال) کی خبریں پہنچ

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٣٤﴾ وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُرْسَلِيْنَ | وَ | اِنْ | كَانَ | كَبُرَ | عَلَيْكَ | اِعْرَاضُهُمْ | فَاِنِ | اسْتَطَعْتَ | اَنْ |
| پیغمبروں کی | اور | اگر | ہوا | گراں | اوپر تیرے | منہ پھیرنا ان کا | پس اگر | ہو سکے تو | یہ کہ |

چکی ہیں (تو تم بھی صبر سے کام لو) ﴿٣٤﴾ اور اگر ان کی روگردانی تم پر شاق گزرتی ہے تو اگر طاقت

تَبْتَغِىَ نَفَقًا فِى الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِى السَّمَآءِ فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ط وَلَوْ شَآءَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَبْتَغِىَ | نَفَقًا | فِى | الْاَرْضِ | اَوْ | سُلَّمًا | فِى | السَّمَآءِ | فَتَاْتِيَهُمْ | بِاٰيَةٍ | وَ | لَوْ | شَآءَ |
| ڈھونڈے | سرنگ | بیچ | زمین کے | یا | سیڑھی | بیچ | آسمان کے | پس لے آئے تو انکے پاس | نشانی | اور | اگر | چاہتا |

ہو تو زمین میں کوئی سرنگ ڈھونڈ نکالو یا آسمان میں سیڑھی (تلاش کرو) پھر ان کے پاس کوئی معجزہ لاؤ۔ اور اگر

النصف

اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿٣٥﴾ اِنَّمَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | لَجَمَعَهُمْ | عَلَى | الْهُدٰى | فَلَا | تَكُوْنَنَّ | مِنَ | الْجٰهِلِيْنَ | اِنَّمَا |
| اللہ | البتہ اکٹھا کرتا | اوپر | ہدایت کے | پس مت | ہو ہرگز | سے | جاہلوں | سوائے اسکے نہیں کہ |

اللہ چاہتا تو سب کو ہدایت پر جمع کر دیتا، پس تم ہرگز نادانوں میں نہ ہونا ﴿٣٥﴾ بات یہ

وقف غفران

يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ط وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَسْتَجِيْبُ | الَّذِيْنَ | يَسْمَعُوْنَ | وَ | الْمَوْتٰى | يَبْعَثُهُمُ | اللّٰهُ | ثُمَّ | اِلَيْهِ |
| قبول کرتے ہیں | وہ لوگ جو | سنتے ہیں | اور | مُردے | جلائے گا ان کو | اللہ | پھر | طرف اسکی |

ہے کہ (حق کو) قبول وہی کرتے ہیں جو سنتے بھی ہیں۔ اور مُردوں کو تو اللہ (قیامت ہی کو) اٹھائے گا پھر اسی کی طرف لوٹ

وقف منزل
عند البعض علی یسمعون

يُرْجَعُوْنَ ﴿٣٦﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ

| يُرْجَعُوْنَ | وَ | قَالُوْا | لَوْ | لَا | نُزِّلَ | عَلَيْهِ | اٰيَةٌ | مِّنْ رَّبِّهٖ | قُلْ | اِنَّ | اللّٰهَ | قَادِرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھیرے جائینگے | اور | کہاانہوں نے | کیوں | نہیں | اتاری جاتی | اوپرانکے | نشانی | اس کے رب سے | کہہ | بے شک | اللہ | قادر ہے |

کر جائیں گے ﴿٣٦﴾ اور کہتے ہیں کہ اُن پراُن کے پروردگار کے پاس سے کوئی نشانی کیوں نازل نہیں ہوئی۔ کہہ دو کہ اللہ نشانی

عَلٰٓى اَنْ يُّنَزِّلَ اٰيَةً وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٧﴾ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي

| عَلٰٓى | اَنْ | يُّنَزِّلَ | اٰيَةً | وَّ | لٰكِنَّ | اَكْثَرَهُمْ | لَا | يَعْلَمُوْنَ | وَ | مَا | مِنْ | دَآبَّةٍ | فِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | اسکے کہ | اتارے | نشانی | اور | لیکن | اکثران کے | نہیں | جانتے | اور | نہیں | کوئی | چلنے والا | بیچ |

اُتارنے پر قادر ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ﴿٣٧﴾ اور زمین میں جو چلنے پھرنے

الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ؕ مَا فَرَّطْنَا

| الْاَرْضِ | وَ | لَا | طٰٓئِرٍ | يَّطِيْرُ | بِجَنَاحَيْهِ | اِلَّآ | اُمَمٌ | اَمْثَالُكُمْ | مَا | فَرَّطْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زمین کے | اور | نہ | پرندہ | کہ اڑے | ساتھ اپنے دوبازو کے | مگر | امتیں ہیں | مانند تمہاری | نہیں | کم کیا ہم نے |

والا (حیوان) یا دو پروں سے اُڑنے والا جانور ہے ان کی بھی تم لوگوں کی طرح جماعتیں ہیں۔ ہم نے کتاب (یعنی لوح

فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ﴿٣٨﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

| فِي | الْكِتٰبِ | مِنْ | شَيْءٍ | ثُمَّ | اِلٰى | رَبِّهِمْ | يُحْشَرُوْنَ | وَالَّذِيْنَ | كَذَّبُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیچ | کتاب کے | کچھ | چیز | پھر | طرف | اپنے پروردگار کے | اکٹھے کیے جائیں گے | اور جن لوگوں نے | جھٹلایا |

محفوظ) میں کسی چیز (کے لکھنے) میں کوتاہی کی نہیں پھر سب اپنے پروردگار کی طرف جمع کیے جائیں گے ﴿٣٨﴾ اور جن لوگوں

بِاٰيٰتِنَا صُمٌّ وَّبُكْمٌ فِي الظُّلُمٰتِ ؕ مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ ؕ وَمَنْ يَّشَاْ

| بِاٰيٰتِنَا | صُمٌّ | وَّ | بُكْمٌ | فِي | الظُّلُمٰتِ | مَنْ | يَّشَاِ | اللّٰهُ | يُضْلِلْهُ | وَ | مَنْ | يَّشَاْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نشانیوں ہماری کو | بہرے ہیں | اور | گونگے ہیں | بیچ | اندھیروں کے | جس کو | چاہتا ہے | اللہ | گمراہ کرتا ہے اسکو | اور | جس کو | چاہتا ہے |

نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ بہرے اور گونگے ہیں (اس کے علاوہ) اندھیرے میں (پڑے ہوئے)۔ جس کو اللہ چاہے گمراہ کردے اور جسے چاہے

يَجْعَلْهُ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٣٩﴾ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ

| يَجْعَلْهُ | عَلٰى | صِرَاطٍ | مُّسْتَقِيْمٍ | قُلْ | اَرَءَيْتَكُمْ | اِنْ | اَتٰىكُمْ | عَذَابُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کردیتا ہے اس کو | اوپر | راہ | سیدھی کے | کہہ | کیا دیکھا تم نے اپنے تئیں | اگر | آئے تمہارے پاس | عذاب |

سیدھے رستے پر چلادے ﴿٣٩﴾ کہو (کافرو) بھلا دیکھو تو اگر تم پر اللہ کا عذاب

اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ اللّٰهِ تَدْعُوْنَ ۚ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٤٠﴾ بَلْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | اَوْ | اَتَتْكُمُ | السَّاعَةُ | اَغَيْرَ | اللّٰهِ | تَدْعُوْنَ | اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ | بَلْ |
| اللہ کا | یا | آئے تم کو | قیامت | کیا غیر | اللہ کو | پکارو گے تم | اگر | ہو تم | سچے | بلکہ |

آ جائے یا قیامت آ موجود ہو تو کیا تم (ایسی حالت میں) اللہ کے سوا کسی اور کو پکارو گے؟ اگر سچے ہو (تو بتاؤ) ﴿٤٠﴾ (نہیں) بلکہ

اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِيَّاهُ | تَدْعُوْنَ | فَيَكْشِفُ | مَا | تَدْعُوْنَ | اِلَيْهِ | اِنْ | شَآءَ | وَ | تَنْسَوْنَ | مَا |
| اسی کو | پکارو گے تم | پس کھول دے گا | جو کچھ کہ | بلاتے ہو تم | طرف اس کی | اگر | چاہے | اور | بھول جاؤ گے تم | جو کچھ |

(مصیبت کے وقت تم) اسی کو پکارتے ہو تو جس دکھ کے لیے اسے پکارتے ہو وہ اگر چاہتا ہے تو اس کو دور کر دیتا ہے اور جن کو تم شریک بناتے ہو

تُشْرِكُوْنَ ﴿٤١﴾ ع وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَآءِ ع ٤ ١١ ١٠

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُشْرِكُوْنَ | وَ | لَقَدْ | اَرْسَلْنَآ | اِلٰٓى | اُمَمٍ | مِّنْ | قَبْلِكَ | فَاَخَذْنٰهُمْ | بِالْبَاْسَآءِ |
| شریک مقرر کرتے تھے تم | اور | البتہ تحقیق | بھیجا ہم نے | طرف | امتوں کی | سے | پہلے تجھ | پس پکڑا ہم نے ان کو | ساتھ فقر کے |

(اس وقت) انہیں بھول جاتے ہو ﴿٤١﴾ اور ہم نے تم سے پہلے بہت سی امتوں کی طرف پیغمبر بھیجے، پھر (ان کی نافرمانیوں کے سبب) ہم انہیں سختیوں

وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿٤٢﴾ فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الضَّرَّآءِ | لَعَلَّهُمْ | يَتَضَرَّعُوْنَ | فَلَوْ | لَآ | اِذْ | جَآءَهُمْ | بَاْسُنَا | تَضَرَّعُوْا |
| اور | مرض کے | تا کہ وہ | عاجزی کریں | پس کیوں | نہ | جس وقت | آیا ان کے پاس | عذاب ہمارا | عاجزی کی |

اور تکلیفوں میں پکڑتے رہے تا کہ عاجزی کریں ﴿٤٢﴾ تو جب ان پر ہمارا عذاب آتا رہا کیوں نہیں عاجزی کرتے رہے،

وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٤٣﴾ فَلَمَّا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لٰكِنْ | قَسَتْ | قُلُوْبُهُمْ | وَ | زَيَّنَ | لَهُمُ | الشَّيْطٰنُ | مَا | كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | فَلَمَّا |
| اور | لیکن | سخت ہو گئے | دل ان کے | اور | زینت دی | واسطے انکے | شیطان نے | جو کچھ | تھے | کرتے | پس جب |

مگر ان کے تو دل ہی سخت ہو گئے تھے اور جو کام وہ کرتے تھے شیطان ان کو (ان کی نظروں میں) آراستہ کر دکھاتا تھا ﴿٤٣﴾

نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ ۭ حَتّٰٓى اِذَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
وَّالشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ حُسْبَانًا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۹۶﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّالشَّمْسَ | وَ | الْقَمَرَ | حُسْبَانًا | ذٰلِكَ | تَقْدِيْرُ | الْعَزِيْزِ | الْعَلِيْمِ |
| اور سورج کو | اور | چاند کو | گرد پھرنے والا | یہ ہے | حکم | غالب | جاننے والے کا |

اور سورج اور چاند کو (ذرائع) شمار بنایا ہے۔ یہ اللہ کے (مقرر کیے ہوئے) اندازے ہیں جو غالب (اور) علم والا ہے ﴿۹۶﴾

وَ هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِیْ ظُلُمٰتِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظُلُمٰتِ | فِیْ | بِهَا | لِتَهْتَدُوْا | النُّجُوْمَ | لَكُمُ | جَعَلَ | الَّذِیْ | هُوَ | وَ |
| اندھیروں | بیچ | ساتھ ان کے | تا کہ راہ پاؤ | تاروں کو | واسطے تمہارے | کیا ہے اس نے | جو کہ | وہ | اور |

اور وہی تو ہے جس نے تمہارے لیے ستارے بنائے تا کہ جنگلوں اور دریاؤں کے اندھیروں میں

الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ﴿۹۷﴾ وَ هُوَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هُوَ | وَ | یَّعْلَمُوْنَ | لِقَوْمٍ | الْاٰیٰتِ | فَصَّلْنَا | قَدْ | الْبَحْرِ | وَ | الْبَرِّ |
| وہی ہے | اور | جانتے ہیں | واسطے اس قوم کے کہ | نشانیاں | مفصل بیان کیں ہم نے | تحقیق | دریا کے | اور | جنگل کے |

اُن سے رستے معلوم کرو۔ عقل والوں کے لیے ہم نے اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان کر دی ہیں﴿۹۷﴾ اور وہی تو ہے

الَّذِیْۤ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّ مُسْتَوْدَعٌ ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُسْتَوْدَعٌ | وَّ | فَمُسْتَقَرٌّ | وَّاحِدَةٍ | نَّفْسٍ | مِّنْ | اَنْشَاَكُمْ | الَّذِیْۤ |
| جگہ سونپنے کی ہے | اور | پس جگہ رہنے کی ہے | ایک | جان | سے | پیدا کیا تم کو | جس نے |

جس نے تم کو ایک شخص سے پیدا کیا پھر (تمہارے لیے) ایک ٹھیرنے کی جگہ ہے اور ایک سپرد ہونے کی۔

قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّفْقَهُوْنَ ﴿۹۸﴾ وَ هُوَ الَّذِیْۤ اَنْزَلَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْزَلَ | الَّذِیْۤ | هُوَ | وَ | یَّفْقَهُوْنَ | لِقَوْمٍ | الْاٰیٰتِ | فَصَّلْنَا | قَدْ |
| اتارا | جس نے | وہی ہے | اور | سمجھتے ہیں | واسطے اس قوم کے کہ | نشانیاں | بیان کیں ہم نے | تحقیق |

سمجھنے والوں کے لیے ہم نے (اپنی) آیتیں کھول کھول کر بیان کر دی ہیں﴿۹۸﴾ اور وہی تو ہے

مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَیْءٍ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَیْءٍ | كُلِّ | نَبَاتَ | بِهٖ | فَاَخْرَجْنَا | مَآءً | السَّمَآءِ | مِنَ |
| چیز کی | ہر | بوٹیاں | ساتھ اس کے | پس نکالیں ہم نے | پانی | آسمان | سے |

جو آسمان سے مینہ برساتا ہے۔ پھر ہم ہی (جو مینہ برساتے ہیں) اُس سے ہر طرح کی روئیدگی اُگاتے ہیں۔

فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَ مِنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ | وَ | مُّتَرَاكِبًا | حَبًّا | مِنْهُ | نُّخْرِجُ | خَضِرًا | مِنْهُ | فَاَخْرَجْنَا |
| سے | اور | ایک پر ایک چڑھا ہوا | دانے | اس میں سے | نکالتے ہیں ہم | سبزہ | اس سے | پس نکالا ہم نے |

پھر اُس میں سے سبز سبز کونپلیں نکالتے ہیں اور ان کونپلوں میں سے ایک دوسرے کے ساتھ جڑے ہوئے دانے نکالتے ہیں۔ اور

النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَّ جَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّخْلِ | مِنْ | طَلْعِهَا | قِنْوَانٌ | دَانِيَةٌ | وَّ | جَنّٰتٍ | مِّنْ | اَعْنَابٍ |
| کھجور | سے | گابھے اس کے | خوشے ہیں | جھکے ہوئے | اور | باغات | سے | انگوروں کے |

کھجور کے گابھے میں سے لٹکتے ہوئے گچھے اور انگوروں کے باغ اور

وَّالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَّ غَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ اُنْظُرُوْٓا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّالزَّيْتُوْنَ | وَالرُّمَّانَ | مُشْتَبِهًا | وَّ | غَيْرَ | مُتَشَابِهٍ | اُنْظُرُوْٓا |
| اور زیتون | اور انار | یکساں | اور | غیر | یکساں | دیکھو |

زیتون اور انار جو ایک دوسرے سے ملتے جلتے بھی ہیں اور نہیں بھی ملتے۔ یہ چیزیں جب پھلتی ہیں تو ان

اِلٰى ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَ يَنْعِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰى | ثَمَرِهٖٓ | اِذَآ | اَثْمَرَ | وَ | يَنْعِهٖ | اِنَّ | فِيْ | ذٰلِكُمْ | لَاٰيٰتٍ | لِّقَوْمٍ |
| طرف | اسکے پھل کی | جب | پھل لائے | اور | طرف اسکے پکنے کی | بیشک | بیچ | اس کے | البتہ نشانیاں ہیں | واسطے اس قوم کے کہ |

کے پھلوں پر اور (جب پکتی ہیں تو) ان کے پکنے پر نظر کرو۔ ان میں اُن لوگوں کے لیے جو ایمان لاتے ہیں (قدرت اللہ کی بہت

يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۹۹﴾ وَ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الْجِنَّ وَ خَلَقَهُمْ وَ خَرَقُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُّؤْمِنُوْنَ | وَ | جَعَلُوْا | لِلّٰهِ | شُرَكَآءَ | الْجِنَّ | وَ | خَلَقَهُمْ | وَخَرَقُوْا |
| ایمان لاتے ہیں | اور | مقرر کرتے ہیں | واسطے اللہ کے | شریک | جنوں کو | اور | حالانکہ پیدا کیا ہے انکو | اور باندھ لیے ہیں |

سی) نشانیاں ہیں (۹۹) اور اُن لوگوں نے جنوں کو اللہ کا شریک ٹھیرایا حالانکہ ان کو اسی نے پیدا کیا اور بے سمجھے (جھوٹ بہتان)

ع ۱۲/٦ ۱۸

لَهٗ بَنِيْنَ وَ بَنٰتٍۭ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَ تَعٰلٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ ع

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهٗ | بَنِيْنَ | وَ | بَنٰتٍ | بِغَيْرِ | عِلْمٍ | سُبْحٰنَهٗ | وَ | تَعٰلٰى | عَمَّا | يَصِفُوْنَ |
| واسطے اسکے | بیٹے | اور | بیٹیاں | بغیر | علم کے | پاک ہے وہ | اور | بلند ہے | اس چیز سے کہ | صفت بیان کرتے ہیں |

اس کے لیے بیٹے اور بیٹیاں بنا کھڑی کیں۔ وہ ان باتوں سے جو اس کی نسبت بیان کرتے ہیں پاک ہے اور (اس کی شان ان سے) بلند ہے (۱۰۰)

بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ اَنّٰى يَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّ لَمْ تَكُنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَدِيْعُ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | اَنّٰى | يَكُوْنُ | لَهٗ | وَلَدٌ | وَّ | لَمْ | تَكُنْ |
| پیدا کرنے والا | آسمانوں کا | اور | زمین کا | کیوں کر | ہو | واسطے اسکے | اولاد | اور | نہیں | ہے |

(وہی) آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا (ہے)۔ اس کے اولاد کہاں سے ہو جب کہ اس کی

لَہٗ صَاحِبَۃٌ ؕ وَ خَلَقَ كُلَّ شَیۡءٍ ۚ وَ هُوَ بِكُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمٌ ﴿۱۰۱﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَہٗ | صَاحِبَۃٌ | وَ | خَلَقَ | كُلَّ | شَیۡءٍ | وَ | هُوَ | بِكُلِّ | شَیۡءٍ | عَلِیۡمٌ |
| واسطے اسکے | جورو | اور | پیدا کیا | ہر | چیز کو | اور | وہ | ساتھ ہر | چیز کے | جاننے والا ہے |

بیوی ہی نہیں۔ اور اس نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے اور وہ ہر چیز سے باخبر ہے ﴿۱۰۱﴾

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمۡ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ شَیۡءٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذٰلِكُمُ | اللّٰهُ | رَبُّكُمۡ | لَاۤ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | خَالِقُ | كُلِّ | شَیۡءٍ |
| یہی ہے | اللہ | پروردگار تمہارا | نہیں ہے کوئی | معبود | مگر | وہ | پیدا کرنے والا | ہر | چیز کا |

یہی (اوصاف رکھنے والا) اللہ تمہارا پروردگار ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ (وہی) ہر چیز کا پیدا کرنے والا (ہے)

فَاعۡبُدُوۡهُ ۚ وَ هُوَ عَلٰی كُلِّ شَیۡءٍ وَّكِیۡلٌ ﴿۱۰۲﴾ لَا تُدۡرِكُهُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاعۡبُدُوۡهُ | وَ | هُوَ | عَلٰی | كُلِّ | شَیۡءٍ | وَّكِیۡلٌ | لَا | تُدۡرِكُهُ |
| پس عبادت کرو اس کی | اور | وہ | اوپر | ہر | چیز کے | کارساز ہے | نہیں | پاتیں اس کو |

تو اس کی عبادت کرو اور وہ ہر چیز کا نگران ہے ﴿۱۰۲﴾ (وہ ایسا ہے کہ) نگاہیں

الۡاَبۡصَارُ ۫ وَ هُوَ یُدۡرِكُ الۡاَبۡصَارَ ۚ وَ هُوَ اللَّطِیۡفُ الۡخَبِیۡرُ ﴿۱۰۳﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡاَبۡصَارُ | وَ | هُوَ | یُدۡرِكُ | الۡاَبۡصَارَ | وَ | هُوَ | اللَّطِیۡفُ | الۡخَبِیۡرُ |
| نظریں | اور | وہ | پاتا ہے | سب نظروں کو | اور | وہی ہے | باریک دیکھنے والا | خبردار |

اس کا ادراک نہیں کر سکتیں اور وہ نگاہوں کا ادراک کر سکتا ہے اور وہ بھید جاننے والا خبردار ہے ﴿۱۰۳﴾

قَدۡ جَآءَكُمۡ بَصَآئِرُ مِنۡ رَّبِّكُمۡ ۚ فَمَنۡ اَبۡصَرَ فَلِنَفۡسِهٖ ۚ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَدۡ | جَآءَكُمۡ | بَصَآئِرُ | مِنۡ | رَّبِّكُمۡ | فَمَنۡ | اَبۡصَرَ | فَلِنَفۡسِهٖ |
| تحقیق | آئی ہیں تمہارے پاس | دلیلیں | طرف سے | پروردگار تمہارے کی | پس جس نے | دیکھ لیا | پس واسطے جان اپنی کے |

(اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان سے کہہ دو کہ) تمہارے (پاس) پروردگار کی طرف سے (روشن) دلیلیں پہنچ چکی ہیں تو جس نے (اُن کو آنکھ کھول کر)

وَ مَنۡ عَمِیَ فَعَلَیۡهَا ؕ وَ مَاۤ اَنَا عَلَیۡكُمۡ بِحَفِیۡظٍ ﴿۱۰۴﴾ وَكَذٰلِكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَنۡ | عَمِیَ | فَعَلَیۡهَا | وَمَاۤ | اَنَا | عَلَیۡكُمۡ | بِحَفِیۡظٍ | وَكَذٰلِكَ |
| اور | جو کوئی | اندھا ہوا | پس واسطے جان اسکی کے | اور نہیں | میں | اوپر تمہارے | نگہبان | اور اسی طرح |

دیکھا اس نے اپنا بھلا کیا۔ اور جو اندھا بنا رہا اس نے اپنے حق میں برا کیا۔ اور میں تمہارا نگہبان نہیں ہوں ﴿۱۰۴﴾ اور ہم اسی طرح

نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ وَلِيَقُوْلُوْا دَرَسْتَ وَلِنُبَيِّنَهٗ لِقَوْمٍ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| نُصَرِّفُ | الْاٰيٰتِ | وَلِيَقُوْلُوْا | دَرَسْتَ | وَلِنُبَيِّنَهٗ | لِقَوْمٍ |
| بیان کرتے ہیں ہم | نشانیاں | اورتا کہ کہیں وہ کہ | پڑھا ہے تونے کسی سے | اورتا کہ بیان کریں ہم اسکو | واسطے اس قوم کے کہ |

اپنی آیتیں پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں تا کہ کافر یہ نہ کہیں کہ تم (یہ باتیں اہل کتاب سے) سیکھے ہوئے ہو اور تا کہ سمجھنے والے لوگوں

يَّعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِتَّبِعْ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۚ لَآ اِلٰهَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّعْلَمُوْنَ | اِتَّبِعْ | مَآ | اُوْحِيَ | اِلَيْكَ | مِنْ | رَّبِّكَ | لَآ | اِلٰهَ |
| جانتے ہیں | پیروی کر | اس چیز کی کہ | وحی کی گئی ہے | طرف تیری | سے | رب تیرے | نہیں | کوئی معبود |

کے لیے تشریح کر دیں ﴿۱۰۵﴾ اور جو حکم تمہارے پروردگار کی طرف سے تمہارے پاس آتا ہے اسی کی پیروی کرو۔ اُس (پروردگار)

اِلَّا هُوَ ۚ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | هُوَ | وَاَعْرِضْ | عَنِ | الْمُشْرِكِيْنَ | وَ | لَوْ | شَآءَ | اللّٰهُ |
| مگر | وہ | اور منہ پھیر لے | سے | شرک کرنے والوں | اور | اگر | چاہتا | اللہ |

کے سوا کوئی معبود نہیں اور مشرکوں سے کنارہ کر لو ﴿۱۰۶﴾ اور اگر اللہ چاہتا

مَآ اَشْرَكُوْا ۗ وَ مَا جَعَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۚ وَ مَآ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَآ | اَشْرَكُوْا | وَ | مَا | جَعَلْنٰكَ | عَلَيْهِمْ | حَفِيْظًا | وَ | مَآ |
| نہ | شرک کرتے | اور | نہیں | کیا ہم نے تجھ کو | اوپر ان کے | نگہبان | اور | نہیں ہے |

تو یہ لوگ شرک نہ کرتے۔ اور (اے پیغمبر) ہم نے تم کو اُن پر نگہبان مقرر نہیں کیا۔ اور نہ تم

اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۱۰۷﴾ وَ لَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْتَ | عَلَيْهِمْ | بِوَكِيْلٍ | وَ | لَا | تَسُبُّوا | الَّذِيْنَ | يَدْعُوْنَ |
| تو | اوپر ان کے | داروغہ | اور | مت | برا کہو | ان لوگوں کو کہ | پکارتے ہیں |

اُن کے داروغہ ہو ﴿۱۰۷﴾ اور جن لوگوں کو یہ مشرک اللہ کے سوا پکارتے ہیں اُن کو برا نہ کہنا

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ كَذٰلِكَ زَيَّنَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | فَيَسُبُّوا | اللّٰهَ | عَدْوًا | بِغَيْرِ | عِلْمٍ | كَذٰلِكَ | زَيَّنَّا |
| سوائے | اللہ کے | پس برا کہنے لگیں گے | اللہ کو | زیادتی سے | بغیر | علم کے | اسی طرح | زینت دی ہم نے |

کہ یہ بھی کہیں اللہ کو بے ادبی سے بے سمجھے برا (نہ) کہہ بیٹھیں۔ اس طرح ہم نے

لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۠ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِكُلِّ | اُمَّةٍ | عَمَلَهُمْ | ثُمَّ | اِلٰى | رَبِّهِمْ | مَّرْجِعُهُمْ | فَيُنَبِّئُهُمْ |
| واسطے ہر | فرقے کے | ان کے عمل کو | پھر | طرف | انکے پروردگار کی ہے | پھر جانا ان کا | پس خبر دے گا ان کو |

ہر ایک فرقے کے اعمال (اُن کی نظروں میں) اچھے کر دکھائے ہیں۔ پھر اُن کو اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانا ہے تب وہ

بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۸﴾ وَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمَا | كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | وَ | اَقْسَمُوْا | بِاللّٰهِ | جَهْدَ | اَيْمَانِهِمْ |
| ساتھ اس چیز کے کہ | تھے | عمل کرتے | اور | قسم کھائی تھی انہوں نے | اللہ کی | سخت | قسموں اپنی کی |

اُن کو بتائے گا کہ وہ کیا کیا کرتے تھے ﴿۱۰۸﴾ اور یہ لوگ اللہ کی سخت سخت قسمیں کھاتے ہیں کہ

لَئِنْ جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَئِنْ | جَآءَتْهُمْ | اٰيَةٌ | لَّيُؤْمِنُنَّ | بِهَا | قُلْ | اِنَّمَا | الْاٰيٰتُ |
| البتہ اگر | آئے گی ان کے پاس | کوئی نشانی | البتہ ایمان لائیں گے | ساتھ اس کے | کہہ | سوائے اس کے نہیں کہ | نشانیاں |

اگر اُن کے پاس کوئی نشانی آئے تو وہ اس پر ضرور ایمان لے آئیں۔ کہہ دو کہ نشانیاں تو سب اللہ ہی کے

عِنْدَ اللّٰهِ وَمَا يُشْعِرُكُمْ ۙ اَنَّهَآ اِذَا جَآءَتْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۹﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِنْدَ | اللّٰهِ | وَمَا | يُشْعِرُكُمْ | اَنَّهَآ | اِذَا | جَآءَتْ | لَا | يُؤْمِنُوْنَ |
| نزدیک | اللہ کے ہیں | اور کیا چیز | معلوم کرواتی ہے تم کو | یہ کہ | جب | آئے گی | نہیں | ایمان لائیں گے |

پاس ہیں اور (مومنو!) تمہیں کیا معلوم ہے (یہ تو ایسے بدبخت ہیں) کہ اُن کے پاس نشانیاں آ بھی جائیں تب بھی ایمان نہ لائیں ﴿۱۰۹﴾

وَنُقَلِّبُ اَفْـِٕدَتَهُمْ وَاَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوْا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَنُقَلِّبُ | اَفْـِٕدَتَهُمْ | وَاَبْصَارَهُمْ | كَمَا | لَمْ | يُؤْمِنُوْا |
| اور پھیر دیں گے ہم | ان کے دلوں کو | اور ان کی نظروں کو | جیسا کہ | نہ | ایمان لائے |

اور ہم ان کے دلوں اور آنکھوں کو اُلٹ دیں گے (تو) جیسے یہ اس

بِهٖٓ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ نَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ ع ع ۱۳ ۱ ۱۹

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهٖٓ | اَوَّلَ | مَرَّةٍ | وَّ | نَذَرُهُمْ | فِيْ | طُغْيَانِهِمْ | يَعْمَهُوْنَ |
| ساتھ اسکے | پہلی | بار | اور | چھوڑ دیں گے ہم انکو | بیچ | ان کی سرکشی کے | بہکتے |

(قرآن) پر پہلی دفعہ ایمان نہیں لائے (ویسے پھر نہ لائیں گے) اور ان کو چھوڑ دیں گے کہ اپنی سرکشی میں بہکتے رہیں ﴿۱۱۰﴾

وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَوْ | اَنَّنَا | نَزَّلْنَآ | اِلَيْهِمُ | الْمَلٰٓئِكَةَ | وَ | كَلَّمَهُمُ | الْمَوْتٰى | وَحَشَرْنَا | عَلَيْهِمْ |
| اور | اگر | ہم | اتارتے | طرف ان کی | فرشتے | اور | بولتے ان سے | مُردے | اور اکٹھا کرتے ہم | اوپر انکے |

اور اگر ہم اُن پر فرشتے بھی اُتار دیتے اور مُردے بھی اُن سے گفتگو کرنے لگتے اور ہم سب چیزوں کو

كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ وَلٰكِنَّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُلَّ | شَيْءٍ | قُبُلًا | مَّا | كَانُوْا | لِيُؤْمِنُوْٓا | اِلَّآ | اَنْ | يَّشَآءَ | اللّٰهُ | وَ | لٰكِنَّ |
| ہر | چیز کو | مقابل | نہ | ہوتا | کہ ایمان لائیں | مگر | یہ کہ | چاہے | اللہ | اور | لیکن |

اُن کے سامنے لا موجود بھی کر دیتے تو بھی یہ ایمان لانے والے نہ تھے۔ اِلاّ ماشاء اللہ۔ بات یہ ہے کہ

اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ﴿١١١﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَكْثَرَهُمْ | يَجْهَلُوْنَ | وَ | كَذٰلِكَ | جَعَلْنَا | لِكُلِّ | نَبِيٍّ | عَدُوًّا | شَيٰطِيْنَ |
| اکثر ان کے | جاہل ہیں | اور | اسی طرح سے | کیے ہم نے | واسطے ہر ایک | نبی کے | دشمن | شیطان |

یہ اکثر نادان ہیں ﴿١١١﴾ اور اسی طرح ہم نے شیطان (سیرت) انسانوں اور جنوں کو ہر پیغمبر

الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاِنْسِ | وَ | الْجِنِّ | يُوْحِيْ | بَعْضُهُمْ | اِلٰى | بَعْضٍ | زُخْرُفَ | الْقَوْلِ |
| آدمیوں کے | اور | جنوں کے | جی میں ڈالتے ہیں | بعضے ان کے | طرف | بعض کے | ملمع کی ہوئی | بات |

کا دشمن بنا دیا تھا۔ وہ دھوکا دینے کے لیے ایک دوسرے کے دل میں ملمع کی باتیں ڈالتے رہتے

غُرُوْرًا ۭ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿١١٢﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غُرُوْرًا | وَ | لَوْ | شَآءَ | رَبُّكَ | مَا | فَعَلُوْهُ | فَذَرْهُمْ | وَ | مَا | يَفْتَرُوْنَ |
| فریب دینے کو | اور | اگر | چاہتا | پروردگار تیرا | نہ | کرتے وہ اس کو | پس چھوڑ دے ان کو | اور | جو کچھ | باندھ لیتے ہیں |

تھے اور اگر تمہارا پروردگار چاہتا تو وہ ایسا نہ کرتے تو اُن کو اور جو کچھ یہ افتراء کرتے ہیں اسے چھوڑ دو ﴿١١٢﴾

وَلِتَصْغٰٓى اِلَيْهِ اَفْـِٕدَةُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَلِيَرْضَوْهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لِتَصْغٰٓى | اِلَيْهِ | اَفْـِٕدَةُ | الَّذِيْنَ | لَا | يُؤْمِنُوْنَ | بِالْاٰخِرَةِ | وَ | لِيَرْضَوْهُ |
| اور | تاکہ جھکیں | طرف اس کی | دل | ان لوگوں کے کہ | نہ | ایمان لائے | ساتھ آخرت کے | اور | تاکہ پسند کریں اسکو |

اور (وہ ایسے کام) اس لیے بھی (کرتے تھے) کہ جولوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کے دل ان کی باتوں پر مائل ہوں اور وہ انہیں پسند کریں

وَلِيَقْتَرِفُوْا مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّ هُوَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلِيَقْتَرِفُوْا | مَا | هُمْ | مُّقْتَرِفُوْنَ | اَفَغَيْرَ | اللّٰهِ | اَبْتَغِيْ | حَكَمًا | وَّ | هُوَ |
| اور تا کہ کرلیں وہ | جو کچھ کہ | وہ | کرنے والے ہیں | کیا پس غیر | اللہ کے | چاہوں | حکم کرنے والا | اور | وہ ہے |

اور جو کام وہ کرتے تھے وہی کرنے لگیں ﴿۱۱۳﴾ (کہو) کیا میں اللہ کے سوا اور منصف تلاش کروں حالانکہ

الَّذِيْٓ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ؕ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْٓ | اَنْزَلَ | اِلَيْكُمُ | الْكِتٰبَ | مُفَصَّلًا | وَالَّذِيْنَ | اٰتَيْنٰهُمُ | الْكِتٰبَ |
| جس نے | اتاری ہے | طرف تمہاری | کتاب | مفصل | اور جو لوگ کہ | دی ہم نے ان کو | کتاب |

اس نے تمہاری طرف واضح المطالب کتاب بھیجی ہے۔ اور جن لوگوں کو ہم نے کتاب (تورات) دی ہے

يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْلَمُوْنَ | اَنَّهٗ | مُنَزَّلٌ | مِّنْ | رَّبِّكَ | بِالْحَقِّ | فَلَا | تَكُوْنَنَّ | مِنَ |
| جانتے ہیں | یہ کہ وہ | اتاری ہوئی ہے | طرف سے | تیرے رب کی | ساتھ حق کے | پس مت | ہو | میں سے |

وہ جانتے ہیں کہ وہ تمہارے پروردگار کی طرف سے برحق نازل ہوئی ہے تو تم ہرگز شک کرنے والوں

الْمُمْتَرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا ؕ لَا مُبَدِّلَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُمْتَرِيْنَ | وَ | تَمَّتْ | كَلِمَتُ | رَبِّكَ | صِدْقًا | وَّ | عَدْلًا | لَا | مُبَدِّلَ |
| شک لانے والوں | اور | پوری ہوئی | بات | تیرے رب کی | راستی میں | اور | انصاف میں | نہیں | کوئی بدلنے والا |

میں نہ ہونا ﴿۱۱۴﴾ اور تمہارے پروردگار کی باتیں سچائی اور انصاف میں پوری ہیں اس کی باتوں کو کوئی

لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۱۵﴾ وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِي

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِكَلِمٰتِهٖ | وَ | هُوَ | السَّمِيْعُ | الْعَلِيْمُ | وَ | اِنْ | تُطِعْ | اَكْثَرَ | مَنْ | فِي |
| بات اس کی کو | اور | وہ ہے | سننے والا | جاننے والا | اور | اگر | کہا مانے گا تو | اکثر | ان کا جو | بیچ |

بدلنے والا نہیں۔ اور وہ سنتا جانتا ہے ﴿۱۱۵﴾ اور اکثر لوگ جو زمین پر آباد ہیں (گمراہ ہیں)۔

الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضِ | يُضِلُّوْكَ | عَنْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | اِنْ | يَّتَّبِعُوْنَ | اِلَّا | الظَّنَّ | وَ | اِنْ |
| زمین کے ہیں | گمراہ کردینگے تجھ کو | سے | راہ | اللہ کی | نہیں | پیروی کرتے ہیں وہ | مگر | گمان کی | اور | نہیں |

اگر تم ان کا کہا مان لوگے تو وہ تمہیں اللہ کا رستہ بھلا دیں گے۔ یہ محض خیال کے پیچھے چلتے اور نرے

هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ مَنْ يَّضِلُّ عَنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هُمْ | اِلَّا | يَخْرُصُوْنَ | اِنَّ | رَبَّكَ | هُوَ | اَعْلَمُ | مَنْ | يَّضِلُّ | عَنْ |
| وہ | مگر | اٹکل کرتے | بیشک | پروردگار تیرا | وہی ہے | خوب جانتا ہے | اس کو جو کہ | گمراہ ہو رہا ہے | سے |

اٹکل کے تیر چلاتے ہیں ﴿۱۱۶﴾ تمہارا پروردگار ان لوگوں کو خوب جانتا ہے جو اس کے رستے سے بھٹکے

سَبِيْلِهٖ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۱۱۷﴾ فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَبِيْلِهٖ | وَ | هُوَ | اَعْلَمُ | بِالْمُهْتَدِيْنَ | فَكُلُوْا | مِمَّا | ذُكِرَ اسْمُ | اللّٰهِ |
| راہ اس کی | اور | وہی | خوب جانتا ہے | راہ پانے والوں کو | پس کھاؤ | اس چیز سے کہ | یاد کیا گیا ہے نام | اللہ کا |

ہوئے ہیں اور ان سے بھی خوب واقف ہے جو رستے پر چل رہے ہیں ﴿۱۱۷﴾ تو جس چیز پر (ذبح کے وقت) اللہ کا نام لیا

عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِ | اِنْ | كُنْتُمْ | بِاٰيٰتِهٖ | مُؤْمِنِيْنَ | وَ | مَا | لَكُمْ | اَلَّا | تَاْكُلُوْا | مِمَّا |
| او پر اس کے | اگر | ہو تم | ساتھ نشانیوں اسکی کے | ایمان لاتے | اور | کیا ہے | واسطے تمہارے | یہ کہ نہ | کھاؤ | اس چیز سے کہ |

جائے اگر تم اس کی آیتوں پر ایمان رکھتے ہو تو اسے کھالیا کرو ﴿۱۱۸﴾ اور سبب کیا ہے کہ جس چیز پر اللہ کا نام لیا

ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا مَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذُكِرَ اسْمُ | اللّٰهِ | عَلَيْهِ | وَ | قَدْ | فَصَّلَ | لَكُمْ | مَّا | حَرَّمَ | عَلَيْكُمْ | اِلَّا | مَا |
| یاد کیا گیا ہے نام | اللہ کا | او پر اس کے | اور | تحقیق | مفصل بیان کیا گیا ہے | واسطے تمہارے | جو کچھ | حرام کیا ہے | او پر تمہارے | مگر | جو |

جائے تم اسے نہ کھاؤ حالانکہ جو چیزیں اس نے تمہارے لیے حرام ٹھیرادی ہیں وہ ایک ایک کر کے بیان کر دی ہیں (بیشک اُن کو نہیں کھانا چاہیے)

اضْطُرِرْتُمْ اِلَيْهِ ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا لَّيُضِلُّوْنَ بِاَهْوَاۗىِٕهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اضْطُرِرْتُمْ | اِلَيْهِ | وَ | اِنَّ | كَثِيْرًا | لَّيُضِلُّوْنَ | بِاَهْوَاۗىِٕهِمْ | بِغَيْرِ | عِلْمٍ |
| ناچار ہو تم | طرف اس کی | اور | بیشک | بہت لوگ | البتہ گمراہ کرتے ہیں | ساتھ خواہشوں اپنی کے | بغیر | علم کے |

مگر اس صورت میں کہ ان کے (کھانے کے) لیے ناچار ہو جاؤ۔ اور بہت سے لوگ بے سمجھے بوجھے اپنے نفس کی خواہشوں سے لوگوں کو بہکا

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ۭ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | رَبَّكَ | هُوَ | اَعْلَمُ | بِالْمُعْتَدِيْنَ | وَ | ذَرُوْا | ظَاهِرَ | الْاِثْمِ | وَ | بَاطِنَهٗ |
| بے شک | پروردگار تیرا | وہی | خوب جانتا ہے | حد سے نکل جانیوالوں کو | اور | چھوڑ دو | ظاہر | گناہ کا | اور | باطن اس کا |

رہے ہیں۔ کچھ شک نہیں کہ ایسے لوگوں کو جو (اللہ کی مقرر کی ہوئی) حد سے باہر نکل جاتے ہیں تمہارا پروردگار خوب جانتا ہے ﴿۱۱۹﴾ اور ظاہری اور پوشیدہ

إِنَّ الَّذِينَ يَكْسِبُونَ الْإِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوا يَقْتَرِفُونَ ﴿۱۲۰﴾

| إِنَّ | الَّذِينَ | يَكْسِبُونَ | الْإِثْمَ | سَيُجْزَوْنَ | بِمَا | كَانُوا | يَقْتَرِفُونَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بے شک | وہ لوگ کہ | کماتے ہیں | گناہ | البتہ جزا دیے جائیں گے | ساتھ اس چیز کے کہ | تھے | کرتے |

(ہر طرح کا) گناہ ترک کردو۔ جو لوگ گناہ کرتے ہیں وہ عنقریب اپنے کیے کی سزا پائیں گے ﴿۱۲۰﴾

وَلَا تَأْكُلُوا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ وَإِنَّهُ لَفِسْقٌ ۗ وَإِنَّ الشَّيَاطِينَ

| وَ | لَا | تَأْكُلُوا | مِمَّا | لَمْ | يُذْكَرِ اسْمُ | اللَّهِ | عَلَيْهِ | وَإِنَّهُ | لَفِسْقٌ | وَ | إِنَّ | الشَّيَاطِينَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | مت | کھاؤ | اس چیز سے کہ | نہیں | یاد کیا گیا نام | اللہ کا | اوپر اس کے | اور بیشک وہ | البتہ فسق ہے | اور | بے شک | شیطان |

اور جس چیز پر اللہ کا نام نہ لیا جائے اسے مت کھاؤ کہ اس کا کھانا گناہ ہے۔ اور شیطان (لوگ) اپنے رفیقوں

لَيُوحُونَ إِلَىٰ أَوْلِيَائِهِمْ لِيُجَادِلُوكُمْ ۖ وَإِنْ أَطَعْتُمُوهُمْ إِنَّكُمْ

| لَيُوحُونَ | إِلَىٰ | أَوْلِيَائِهِمْ | لِيُجَادِلُوكُمْ | وَ | إِنْ | أَطَعْتُمُوهُمْ | إِنَّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| البتہ وسوسہ ڈالتے ہیں | طرف | اپنے دوستوں کی | تا کہ جھگڑیں تم سے | اور | اگر | تم نے کہا مانا ان کا | بے شک تم ہی |

کے دلوں میں یہ بات ڈالتے ہیں کہ تم سے جھگڑا کریں اور اگر تم لوگ اُن کے کہے پر چلے تو بیشک تم بھی

لَمُشْرِكُونَ ﴿۱۲۱﴾ ع أَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَأَحْيَيْنَاهُ وَجَعَلْنَا لَهُ نُورًا يَمْشِي ع ۱۴ ۱۱ ۱

| لَمُشْرِكُونَ | أَوَ | مَنْ | كَانَ | مَيْتًا | فَأَحْيَيْنَاهُ | وَ | جَعَلْنَا | لَهُ | نُورًا | يَمْشِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| البتہ مشرک ہو | کیا | جو شخص کہ | تھا | مُردہ | پس جلایا اس کو | اور | کی ہم نے | واسطے اسکے | روشنی | چلتا ہے |

مشرک ہوئے ﴿۱۲۱﴾ بھلا جو پہلے مُردہ تھا پھر ہم نے اس کو زندہ کیا اور اس کے لیے روشنی کر دی جس کے ذریعے سے وہ

بِهِ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَثَلُهُ فِي الظُّلُمَاتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِنْهَا ۚ

| بِهِ | فِي | النَّاسِ | كَمَنْ | مَثَلُهُ | فِي | الظُّلُمَاتِ | لَيْسَ | بِخَارِجٍ | مِنْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ اسکے | بیچ | لوگوں کے | مانند اس شخص کی کہ | صفت اس کی | بیچ | اندھیروں کے | نہیں | نکلنے والا | اس سے |

لوگوں میں چلتا پھرتا ہے کہیں اس شخص جیسا ہو سکتا ہے جو اندھیرے میں پڑا ہوا ہو اور اس سے نکل ہی نہ سکے۔

كَذَٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكَافِرِينَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۱۲۲﴾ وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَا فِي

| كَذَٰلِكَ | زُيِّنَ | لِلْكَافِرِينَ | مَا | كَانُوا | يَعْمَلُونَ | وَ | كَذَٰلِكَ | جَعَلْنَا | فِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسی طرح سے | زینت دیا گیا ہے | واسطے کافروں کے | جو کچھ کہ | تھے وہ | کرتے | اور | اسی طرح | کیے ہم نے | بیچ |

اسی طرح کافر جو عمل کر رہے ہیں وہ انہیں اچھے معلوم ہوتے ہیں ﴿۱۲۲﴾ اور اسی طرح ہم نے ہر بستی

كُلِّ قَرْيَةٍ اَكٰبِرَ مُجْرِمِيْهَا لِيَمْكُرُوْا فِيْهَا ؕ وَمَا يَمْكُرُوْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُلِّ | قَرْيَةٍ | اَكٰبِرَ | مُجْرِمِيْهَا | لِيَمْكُرُوْا | فِيْهَا | وَمَا | يَمْكُرُوْنَ |
| ہر | بستی کے | بڑے | گنہگاران کے | تا کہ مکر کریں | بیچ اس کے | اور نہیں | مکر کرتے |

میں بڑے بڑے مجرم پیدا کیے کہ ان میں مکاریاں کرتے رہیں۔ اور جو مکاریاں یہ کرتے ہیں اُن

اِلَّا بِاَنْفُسِهِمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ وَاِذَا جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | بِاَنْفُسِهِمْ | وَ | مَا | يَشْعُرُوْنَ | وَ | اِذَا | جَآءَتْهُمْ | اٰيَةٌ | قَالُوْا | لَنْ | نُّؤْمِنَ |
| مگر | ساتھ جانوں اپنی کے | اور | نہیں | سمجھتے | اور | جب | آتی ہے انکے پاس | کوئی نشانی | کہتے ہیں | ہرگز نہ | ایمان لائینگے ہم |

کا نقصان انہیں کو ہے اور وہ (اس سے) بے خبر ہیں ﴿۱۲۳﴾ اور جب ان کے پاس کوئی آیت آتی ہے تو کہتے ہیں کہ جس طرح کی رسالت اللہ کے

وقف منزل
وقف لازم

حَتّٰى نُؤْتٰى مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ رُسُلُ اللّٰهِ ؔ ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَتّٰى | نُؤْتٰى | مِثْلَ | مَآ | اُوْتِيَ | رُسُلُ | اللّٰهِ | اَللّٰهُ | اَعْلَمُ | حَيْثُ | يَجْعَلُ |
| یہاں تک کہ | دیئے جائیں ہم | مانند اس کی | جو | دیئے گئے ہیں | پیغمبر | اللہ کے | اللہ | خوب جانتا ہے | کہ کس جگہ | رکھے |

پیغمبروں کو ملی ہے جب تک اسی طرح کی رسالت ہم کو نہ ملے ہم ہرگز ایمان نہیں لائیں گے۔ اس کو اللہ ہی خوب جانتا ہے کہ (رسالت کا کون سا محل ہے اور)

رِسَالَتَهٗ ؕ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا صَغَارٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعَذَابٌ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رِسَالَتَهٗ | سَيُصِيْبُ | الَّذِيْنَ | اَجْرَمُوْا | صَغَارٌ | عِنْدَ | اللّٰهِ | وَ | عَذَابٌ |
| پیغمبری اپنی کو | البتہ پہنچے گی | ان لوگوں کو کہ | گناہ کرتے ہیں | ذلت | نزدیک | اللہ کے سے | اور | عذاب |

وہ اپنی پیغمبری کسے عنایت فرمائے۔ جو لوگ جرم کرتے ہیں ان کو اللہ کے

شَدِيْدٌۢ بِمَا كَانُوْا يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَدِيْدٌ | بِمَا | كَانُوْا | يَمْكُرُوْنَ | فَمَنْ | يُّرِدِ | اللّٰهُ | اَنْ | يَّهْدِيَهٗ | يَشْرَحْ |
| سخت | بسبب اسکے کہ | تھے وہ | مکر کرتے | پس جس کو | ارادہ کرتا ہے | اللہ | یہ کہ | ہدایت کرے اسکو | کھول دیتا ہے |

ہاں ذلت اور عذاب شدید ہوگا اس لیے کہ مکاریاں کرتے تھے ﴿۱۲۴﴾ تو جس شخص کو اللہ چاہتا ہے کہ ہدایت بخشے اس کا سینہ

صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ ۚ وَمَنْ يُّرِدْ اَنْ يُّضِلَّهٗ يَجْعَلْ صَدْرَهٗ ضَيِّقًا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صَدْرَهٗ | لِلْاِسْلَامِ | وَ | مَنْ | يُّرِدْ | اَنْ | يُّضِلَّهٗ | يَجْعَلْ | صَدْرَهٗ | ضَيِّقًا |
| سینہ اس کا | واسطے مسلمانی کے | اور | جس کو | ارادہ کرتا ہے | یہ کہ | گمراہ کرے اس کو | کرتا ہے | سینہ اس کا | تنگ |

اسلام کے لیے کھول دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے کہ گمراہ کرے اس کا سینہ تنگ اور گھٹا ہوا

حَرَجًا كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَآءِ ؕ كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ الرِّجْسَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَرَجًا | كَاَنَّمَا | يَصَّعَّدُ | فِي | السَّمَآءِ | كَذٰلِكَ | يَجْعَلُ | اللّٰهُ | الرِّجْسَ |
| بند | گویا کہ | زور سے چڑھتا ہے | بیچ | آسمان کے | اسی طرح | کرتا ہے | اللہ | ناپاکی |

کر دیتا ہے گویا وہ آسمان پر چڑھ رہا ہے۔ اس طرح اللہ اُن لوگوں پر جو ایمان

عَلَى الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ وَهٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيْمًا ؕ قَدْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَى | الَّذِيْنَ | لَا | يُؤْمِنُوْنَ | وَ | هٰذَا | صِرَاطُ | رَبِّكَ | مُسْتَقِيْمًا | قَدْ |
| اوپر | ان لوگوں کے کہ | نہیں | ایمان لاتے | اور | یہ ہے | راہ | پروردگار تیرے کی | سیدھی | تحقیق |

نہیں لاتے عذاب بھیجتا ہے ﴿۱۲۵﴾ اور یہی تمہارے پروردگار کا سیدھا رستہ ہے۔ جو لوگ غور کرنے والے

فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۲۶﴾ لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَصَّلْنَا | الْاٰيٰتِ | لِقَوْمٍ | يَّذَّكَّرُوْنَ | لَهُمْ | دَارُ السَّلٰمِ | عِنْدَ | رَبِّهِمْ | وَهُوَ |
| مفصل بیان کیں ہم نے | نشانیاں | واسطے اس قوم کے کہ | نصیحت پکڑتے ہیں | واسطے انکے ہے | گھر سلامتی کا | نزدیک | انکے رب کے | اور وہ |

ہیں ان کے لیے ہم نے اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان کر دی ہیں ﴿۱۲۶﴾ ان کے لیے ان کے اعمال کے صلے میں پروردگار کے ہاں سلامتی کا گھر ہے اور

وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ۚ يٰمَعْشَرَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلِيُّهُمْ | بِمَا | كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | وَ | يَوْمَ | يَحْشُرُهُمْ | جَمِيْعًا | يٰمَعْشَرَ |
| دوست ہے انکا | بسبب اسکے کہ | تھے وہ | کرتے | اور | جس دن | اکٹھا کرے گا ان کو | سب کو | اے جماعت |

وہی ان کا دوستدار ہے ﴿۱۲۷﴾ اور جس دن وہ سب (جنّ وانس) کو جمع کرے گا (اور فرمائے گا کہ) اے گروہ جنات

الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ الْاِنْسِ ۚ وَقَالَ اَوْلِيٰٓؤُهُمْ مِّنَ الْاِنْسِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْجِنِّ | قَدِ | اسْتَكْثَرْتُمْ | مِّنَ | الْاِنْسِ | وَ | قَالَ | اَوْلِيٰٓؤُهُمْ | مِّنَ | الْاِنْسِ |
| جنوں کی | تحقیق | بہت لے لیے ہیں تم نے | میں سے | انسانوں | اور | کہا | ان کے دوستوں نے | سے | آدمیوں میں |

تم نے انسانوں سے بہت (فائدے) حاصل کیے۔ تو جو انسانوں میں اُن کے دوستدار ہوں گے وہ کہیں گے کہ

رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَّبَلَغْنَآ اَجَلَنَا الَّذِيْٓ اَجَّلْتَ لَنَا ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبَّنَا | اسْتَمْتَعَ | بَعْضُنَا | بِبَعْضٍ | وَّبَلَغْنَآ | اَجَلَنَا | الَّذِيْٓ | اَجَّلْتَ | لَنَا |
| اے پروردگار ہمارے | فائدہ اٹھایا | بعضے ہمارے نے | بعضوں انکے سے | اور پہنچے ہم | وعدے اپنے کو | جو | مقرر کیا تو نے | واسطے ہمارے |

پروردگار ہم ایک دوسرے سے فائدہ حاصل کرتے رہے اور (آخر) اس وقت کو پہنچ گئے جو تو نے ہمارے لیے مقرر کیا تھا۔

قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | النَّارُ | مَثْوٰىكُمْ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَآ | اِلَّا | مَا | شَآءَ | اللّٰهُ | اِنَّ | رَبَّكَ |
| کہے گا | آگ ہے | ٹھکانا تمہارا | ہمیش رہو گے | بیچ اس کے | مگر | جو | چاہا | اللہ نے | بے شک | تیرا رب |

اللہ فرمائے گا (اب) تمہارا ٹھکانا دوزخ ہے ہمیشہ اس میں (جلتے) رہو گے مگر جو اللہ چاہے۔ بیشک تمہارا پروردگار

حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾ وَكَذٰلِكَ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضًۢا بِمَا كَانُوْا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَكِيْمٌ | عَلِيْمٌ | وَ | كَذٰلِكَ | نُوَلِّيْ | بَعْضَ | الظّٰلِمِيْنَ | بَعْضًۢا | بِمَا | كَانُوْا |
| حکمت والا | جاننے والا ہے | اور | اسی طرح | دوست کر دیتے ہیں ہم | بعض | ظالموں کو | بعض کا | بسبب اسکے کہ | تھے |

دانا (اور) خبردار ہے ﴿۱۲۸﴾ اور اسی طرح ہم ظالموں کو ان کے اعمال کے سبب جو وہ کرتے تھے ایک دوسرے پر

ع ۱۵ ۸ ۲ يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَكْسِبُوْنَ | يٰمَعْشَرَ | الْجِنِّ | وَ | الْاِنْسِ | اَلَمْ | يَاْتِكُمْ | رُسُلٌ | مِّنْكُمْ |
| کماتے | اے جماعت | جنوں کی | اور | آدمیوں کی | کیا نہ | آئے تھے تمہارے پاس | پیغمبر | تم میں سے |

مسلط کر دیتے ہیں ﴿۱۲۹﴾ اے جنوں اور انسانوں کی جماعت کیا تمہارے پاس تم ہی میں سے پیغمبر نہیں آتے رہے

يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَقُصُّوْنَ | عَلَيْكُمْ | اٰيٰتِيْ | وَيُنْذِرُوْنَكُمْ | لِقَآءَ | يَوْمِكُمْ | هٰذَا | قَالُوْا |
| بیان کرتے تھے | اوپر تمہارے | نشانیاں میری | اور ڈراتے تھے تم کو | ملاقات | اس دن تمہارے کے سے | یہ | کہا انہوں نے |

جو میری آیتیں تم کو پڑھ پڑھ کر سناتے اور اس دن کے سامنے آموجود ہونے سے ڈراتے تھے۔ وہ کہیں گے کہ

شَهِدْنَا عَلٰٓى اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَشَهِدُوْا عَلٰٓى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَهِدْنَا | عَلٰٓى | اَنْفُسِنَا | وَ | غَرَّتْهُمُ | الْحَيٰوةُ | الدُّنْيَا | وَ | شَهِدُوْا | عَلٰٓى |
| گواہی دی ہم نے | اوپر | جانوں اپنی کے | اور | فریب دیا تھا انکو | زندگانی | دنیا کی نے | اور | گواہی دی انہوں نے | اوپر |

(پروردگار) ہمیں اپنے گناہوں کا اقرار ہے اور ان لوگوں کو دنیا کی زندگی نے دھوکے میں ڈال رکھا تھا اور (اب) خود

اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْفُسِهِمْ | اَنَّهُمْ | كَانُوْا | كٰفِرِيْنَ | ذٰلِكَ | اَنْ | لَّمْ | يَكُنْ | رَّبُّكَ | مُهْلِكَ |
| جانوں اپنی کے | یہ کہ | تھے وہ | کافر | یہ | اس واسطے کہ | نہیں | ہے | رب تیرا | ہلاک کرنیوالا |

اپنے اوپر گواہی دی کہ کفر کرتے تھے ﴿۱۳۰﴾ (اے محمد ﷺ) یہ (جو پیغمبر آتے رہے اور کتابیں نازل ہوتی رہیں تو) اس لیے کہ تمہارا پروردگار ایسا نہیں کہ

الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّ اَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ؕ

| الْقُرٰى | بِظُلْمٍ | وَّ | اَهْلُهَا | غٰفِلُوْنَ | وَ | لِكُلٍّ | دَرَجٰتٌ | مِّمَّا | عَمِلُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بستیوں کا | ساتھ ظلم کے | اور | لوگ اس کے | غافل ہوں | اور | واسطے ہر ایک کے | درجے ہیں | اس چیز سے کہ | کیا ہے انہوں نے |

بستیوں کو ظلم سے ہلاک کر دے اور وہاں کے رہنے والوں کو (کچھ بھی) خبر نہ ہو ﴿۱۳۱﴾ اور سب لوگوں کے بلحاظِ اعمال درجے (مقرر) ہیں۔

وَمَا رَبُّكَ بِغٰفِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ اِنْ

| وَ | مَا | رَبُّكَ | بِغٰفِلٍ | عَمَّا | يَعْمَلُوْنَ | وَ | رَبُّكَ | الْغَنِيُّ | ذُو الرَّحْمَةِ | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہیں | پروردگار تیرا | غافل | اس چیز سے کہ | کرتے ہیں | اور | رب تیرا | بے پرواہ ہے | مہربانی والا | اگر |

اور جو کام یہ لوگ کرتے ہیں اللہ ان سے بے خبر نہیں ﴿۱۳۲﴾ اور تمہارا پروردگار بے پروا (اور) صاحبِ رحمت ہے۔ اگر

يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ مِنْۢ بَعْدِكُمْ مَّا يَشَآءُ كَمَآ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ

| يَّشَاْ | يُذْهِبْكُمْ | وَ | يَسْتَخْلِفْ | مِنْۢ بَعْدِكُمْ | مَّا | يَشَآءُ | كَمَآ | اَنْشَاَكُمْ | مِّنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چاہے | لے جائے تم کو | اور | جگہ پر بٹھا دے | پیچھے تمہارے | جو کچھ | چاہے | جیسا کہ | پیدا کیا تم کو | سے |

چاہے (تو اے بندو) تمہیں نابود کر دے اور تمہارے بعد جن لوگوں کو چاہے تمہارا جانشین بنا دے جیسا تم کو بھی

ذُرِّيَّةِ قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ ۙ وَّمَآ اَنْتُمْ

| ذُرِّيَّةِ | قَوْمٍ | اٰخَرِيْنَ | اِنَّ | مَا | تُوْعَدُوْنَ | لَاٰتٍ | وَّ | مَآ | اَنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اولاد | قوم | اوروں کی | بے شک | جو کچھ | وعدہ دیئے جاتے ہو | البتہ آنیوالا ہے | اور | نہیں | تم |

دوسرے لوگوں کی نسل سے پیدا کیا ہے ﴿۱۳۳﴾ کچھ شک نہیں کہ جو وعدہ تم سے کیا جاتا ہے وہ (وقوع میں) آنے والا ہے اور تم (اللہ کو)

بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۱۳۴﴾ قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ

| بِمُعْجِزِيْنَ | قُلْ | يٰقَوْمِ | اعْمَلُوْا | عَلٰى | مَكَانَتِكُمْ | اِنِّيْ | عَامِلٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عاجز کرنے والے | کہہ | اے قوم میری | عمل کرو | اوپر | اپنی جگہ کے | بے شک میں | عمل کرنیوالا ہوں |

مغلوب نہیں کر سکتے ﴿۱۳۴﴾ کہہ دو کہ لوگو! تم اپنی جگہ عمل کیے جاؤ میں (اپنی جگہ) عمل کیے جاتا ہوں۔

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ

| فَسَوْفَ | تَعْلَمُوْنَ | مَنْ | تَكُوْنُ | لَهٗ | عَاقِبَةُ | الدَّارِ | اِنَّهٗ | لَا | يُفْلِحُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس البتہ | جانو گے تم | کون شخص ہے کہ | ہوگا | واسطے اسکے | آخر | اس گھر کا | بیشک وہ | نہیں | فلاح پائینگے |

عنقریب تم کو معلوم ہو جائے گا کہ آخرت میں (بہشت) کس کا گھر ہوگا۔ کچھ شک نہیں کہ مشرک نجات

الظّٰلِمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْاَنْعَامِ نَصِيْبًا

| الظّٰلِمُوْنَ | وَ | جَعَلُوْا | لِلّٰهِ | مِمَّا | ذَرَاَ | مِنَ | الْحَرْثِ | وَ | الْاَنْعَامِ | نَصِيْبًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظالم | اور | کیا انہوں نے | واسطے اللہ کے | اس چیز سے کہ | پیدا کیا ہے | سے | کھیتوں | اور | جانوروں سے | ایک حصہ |

نہیں پانے کے ﴿۱۳۵﴾ اور (یہ لوگ) اللہ ہی کی پیدا کی ہوئی چیزوں یعنی کھیتی اور چوپایوں میں اللہ کا بھی ایک حصہ مقرر کرتے ہیں

فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَهٰذَا لِشُرَكَآئِنَا فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ فَلَا

| فَقَالُوْا | هٰذَا | لِلّٰهِ | بِزَعْمِهِمْ | وَهٰذَا | لِشُرَكَآئِنَا | فَمَا | كَانَ | لِشُرَكَآئِهِمْ | فَلَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس کہا انہوں نے | یہ ہے | واسطے اللہ کے | ساتھ گمان اپنے کے | اور یہ | واسطے ہمارے شریکوں کے | پس جو کچھ | ہو | واسطے شریکوں کے | پس نہیں |

اور اپنے خیال (باطل) سے کہتے ہیں کہ یہ (حصہ) تو اللہ کا اور یہ ہمارے شریکوں (یعنی بتوں) کا۔ تو جو حصہ ان کے شریکوں کا ہوتا ہے

يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَمَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ ؕ سَآءَ مَا

| يَصِلُ | اِلَى | اللّٰهِ | وَ | مَا | كَانَ | لِلّٰهِ | فَهُوَ | يَصِلُ | اِلٰى | شُرَكَآئِهِمْ | سَآءَ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہنچتا | طرف | اللہ کی | اور | جو کچھ | ہو | واسطے اللہ کے | پس وہ | پہنچتا ہے | طرف | ان کے شریکوں کے | برا ہے | جو کچھ |

وہ تو اللہ کی طرف نہیں جا سکتا۔ اور جو حصہ اللہ کا ہوتا ہے وہ ان کے شریکوں کی طرف جا سکتا ہے۔ یہ کیسا برا

يَحْكُمُوْنَ ﴿۱۳۶﴾ وَكَذٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَتْلَ

| يَحْكُمُوْنَ | وَ | كَذٰلِكَ | زَيَّنَ | لِكَثِيْرٍ | مِّنَ | الْمُشْرِكِيْنَ | قَتْلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حکم کرتے ہیں | اور | اسی طرح | زینت دی ہے | واسطے بہتوں کے | سے | مشرکوں | مار ڈالنا |

انصاف ہے ﴿۱۳۶﴾ اور اسی طرح بہت سے مشرکوں کو ان کے شریکوں نے ان کے بچوں کو جان سے

اَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ لِيُرْدُوْهُمْ وَلِيَلْبِسُوْا عَلَيْهِمْ دِيْنَهُمْ ؕ وَلَوْ

| اَوْلَادِهِمْ | شُرَكَآؤُهُمْ | لِيُرْدُوْهُمْ | وَ | لِيَلْبِسُوْا | عَلَيْهِمْ | دِيْنَهُمْ | وَ | لَوْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کی اولاد کا | ان کے شریکوں نے | تا کہ ہلاک کریں ان کو | اور | تا کہ ملا دیں | اوپر ان کے | دین ان کا | اور | اگر |

مار ڈالنا اچھا کر دکھایا ہے تا کہ انہیں ہلاکت میں ڈال دیں اور ان کے دین کو ان پر خلط ملط کر دیں اور اگر

شَآءَ اللّٰهُ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۷﴾ وَقَالُوْا هٰذِهٖۤ اَنْعَامٌ

| شَآءَ | اللّٰهُ | مَا | فَعَلُوْهُ | فَذَرْهُمْ | وَمَا | يَفْتَرُوْنَ | وَ | قَالُوْا | هٰذِهٖۤ | اَنْعَامٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چاہتا | اللہ | نہ | کرتے یہ | پس چھوڑ دے ان کو | اور جو کچھ | باندھ لیتے ہیں | اور | کہا انہوں نے | یہ | جانور ہیں |

اللہ چاہتا تو وہ ایسا نہ کرتے تو ان کو چھوڑ دو کہ وہ جانیں اور ان کا جھوٹ ﴿۱۳۷﴾ اور اپنے خیال سے یہ بھی کہتے ہیں کہ یہ چار پائے

وَّحَرْثٌ حِجْرٌ ۖ لَّا يَطْعَمُهَآ اِلَّا مَنْ نَّشَآءُ بِزَعْمِهِمْ وَ اَنْعَامٌ

| وَّ | حَرْثٌ | حِجْرٌ | لَّا | يَطْعَمُهَآ | اِلَّا | مَنْ | نَّشَآءُ | بِزَعْمِهِمْ | وَ | اَنْعَامٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | کھیتی | اچھوتی | نہیں | کھاتا اس کو | مگر | جس کو | ہم چاہیں | ساتھ گمان اپنے کے | اور | جانور ہیں |

اور کھیتی منع ہے۔ اسے اس شخص کے سوا جسے ہم چاہیں کوئی نہ کھائے اور (بعض) مویشی ایسے ہیں کہ

حُرِّمَتْ ظُهُوْرُهَا وَ اَنْعَامٌ لَّا يَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا افْتِرَآءً

| حُرِّمَتْ | ظُهُوْرُهَا | وَ | اَنْعَامٌ | لَّا | يَذْكُرُوْنَ | اسْمَ | اللّٰهِ | عَلَيْهَا | افْتِرَآءً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہ حرام کی گئی ہیں | پیٹھیں ان کی | اور | جانور ہیں کہ | نہیں | یاد کرتے | نام | اللہ کا | اوپر اس کے | جھوٹ باندھ کر |

ان کی پیٹھ پر چڑھنا منع کر دیا گیا ہے۔ اور بعض مویشی ایسے ہیں جن پر (ذبح کرتے وقت) اللہ کا نام نہیں لیتے۔

عَلَيْهِ ۗ سَيَجْزِيْهِمْ بِمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ وَقَالُوْا مَا فِيْ بُطُوْنِ

| عَلَيْهِ | سَيَجْزِيْهِمْ | بِمَا | كَانُوْا | يَفْتَرُوْنَ | وَقَالُوْا | مَا | فِيْ | بُطُوْنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر اس کے | البتہ بدلہ دے گا ان کو | بدلے اس چیز کے کہ | تھے | باندھ لیتے | اور کہا انہوں نے | جو کچھ | بیچ | پیٹوں |

سب اللہ پر جھوٹ ہے۔ وہ عنقریب اُن کو اُن کے جھوٹ کا بدلہ دے گا ﴿۱۳۸﴾ اور یہ بھی کہتے ہیں کہ جو بچہ ان چارپایوں

هٰذِهِ الْاَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِّذُكُوْرِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلٰٓى اَزْوَاجِنَا ۚ وَاِنْ

| هٰذِهِ | الْاَنْعَامِ | خَالِصَةٌ | لِّذُكُوْرِنَا | وَمُحَرَّمٌ | عَلٰٓى | اَزْوَاجِنَا | وَ | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان | جانوروں کے ہے | خالص ہے | واسطے ہمارے مردوں کے | اور حرام ہے | اوپر | ہماری بیبیوں کے | اور | اگر |

کے پیٹ میں ہے وہ خاص ہمارے مردوں کے لیے ہے اور ہماری عورتوں کو (اس کا کھانا) حرام ہے اور اگر وہ بچہ مرا ہوا ہو تو

يَّكُنْ مَّيْتَةً فَهُمْ فِيْهِ شُرَكَآءُ ۗ سَيَجْزِيْهِمْ وَصْفَهُمْ ۗ اِنَّهٗ

| يَّكُنْ | مَّيْتَةً | فَهُمْ | فِيْهِ | شُرَكَآءُ | سَيَجْزِيْهِمْ | وَصْفَهُمْ | اِنَّهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہو | مُردہ | پس وہ | بیچ اس کے | شریک ہیں | البتہ جزا دے گا ان کو | ان کے کہنے کی | بیشک وہ ہے |

سب اس میں شریک ہیں (یعنی اسے مرد اور عورتیں سب کھائیں)۔ عنقریب اللہ ان کو ان کے ڈھکوسلوں کی سزا دے گا۔ بیشک وہ

حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۳۹﴾ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْٓا اَوْلَادَهُمْ سَفَهًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ

| حَكِيْمٌ | عَلِيْمٌ | قَدْ | خَسِرَ | الَّذِيْنَ | قَتَلُوْٓا | اَوْلَادَهُمْ | سَفَهًا | بِغَيْرِ | عِلْمٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حکمت والا | جاننے والا | تحقیق | ٹوٹا پایا | ان لوگوں نے کہ | قتل کیا | اپنی اولاد کو | بیوقوفی سے | بغیر | علم کے |

حکمت والا خبردار ہے ﴿۱۳۹﴾ جن لوگوں نے اپنی اولاد کو بیوقوفی سے بے سمجھی سے قتل کیا اور اللہ پر افترا کر کے

وَحَرَّمُوْا مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ افْتِرَآءً عَلَى اللّٰهِ ؕ قَدْ ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَحَرَّمُوْا | مَا | رَزَقَهُمُ | اللّٰهُ | افْتِرَآءً | عَلَى | اللّٰهِ | قَدْ | ضَلُّوْا | وَمَا | كَانُوْا |
| اور حرام کیا | اس چیز کو کہ | دیا تھا ان کو | اللہ نے | جھوٹ باندھ کر | اوپر | اللہ کے | تحقیق | گمراہ ہوئے | اور نہ | ہوئے |

اس کی عطا فرمائی ہوئی روزی کو حرام ٹھیرایا وہ گھاٹے میں پڑ گئے۔ وہ بے شبہ گمراہ ہیں اور ہدایت یافتہ

مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۴۰﴾ ع وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ وَّغَيْرَ ع ۱۶ ۱۱ ۲

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُهْتَدِيْنَ | وَ | هُوَ | الَّذِيْٓ | اَنْشَاَ | جَنّٰتٍ | مَّعْرُوْشٰتٍ | وَّ | غَيْرَ |
| راہ پانے والے | اور | وہی ہے | جس نے | پیدا کیے | باغات | ٹٹیوں پر چڑھائے گئے | اور | بغیر |

نہیں ہیں ﴿۱۴۰﴾ اور اللہ ہی تو ہے جس نے باغ پیدا کیے چھتریوں پر چڑھائے ہوئے بھی اور جو چھتریوں پر نہیں

مَعْرُوْشٰتٍ وَّالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا اُكُلُهٗ وَالزَّيْتُوْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَعْرُوْشٰتٍ | وَّ | النَّخْلَ | وَ | الزَّرْعَ | مُخْتَلِفًا | اُكُلُهٗ | وَ | الزَّيْتُوْنَ |
| چڑھائے ہوئے | اور | کھجوریں | اور | کھیتیاں | مختلف ہیں | کھانے کی چیزیں ان میں کی | اور | زیتون |

چڑھائے ہوئے وہ بھی اور کھجور اور کھیتی جن کے طرح طرح کے پھل ہوتے ہیں اور زیتون

وَالرُّمَّانَ مُتَشَابِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَاٰتُوْا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الرُّمَّانَ | مُتَشَابِهًا | وَّ | غَيْرَ | مُتَشَابِهٍ | كُلُوْا | مِنْ | ثَمَرِهٖٓ | اِذَآ | اَثْمَرَ | وَ | اٰتُوْا |
| اور | انار | یکساں | اور | غیر | یکساں | کھاؤ | سے | پھل اسکے | جبکہ | پھل لائے | اور | دو |

اور انار جو (بعض باتوں میں) ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں اور (بعض باتوں میں) نہیں ملتے۔ جب یہ چیزیں پھلیں تو ان کے پھل کھاؤ اور

حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ ۖ وَلَا تُسْرِفُوْا ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۱۴۱﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَقَّهٗ | يَوْمَ | حَصَادِهٖ | وَ | لَا | تُسْرِفُوْا | اِنَّهٗ | لَا | يُحِبُّ | الْمُسْرِفِيْنَ |
| حق اس کا | دن | اس کے کاٹنے کے | اور | مت | بیجا خرچ کرو | بیشک وہ | نہیں | دوست رکھتا | بیجا خرچ کرنیوالوں کو |

جس دن (پھل توڑو اور کھیتی) کاٹو اللہ کا حق بھی اس میں سے ادا کرو۔ اور بیجا نہ اُڑانا کہ اللہ بیجا اُڑانے والوں کو دوست نہیں رکھتا ﴿۱۴۱﴾

وَمِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً وَّفَرْشًا ؕ كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمِنَ الْاَنْعَامِ | حَمُوْلَةً | وَّ | فَرْشًا | كُلُوْا | مِمَّا | رَزَقَكُمُ | اللّٰهُ | وَلَا | تَتَّبِعُوْا |
| اور پیدا کیے جانوروں میں سے | بوجھ اٹھانیوالے | اور | زمین کو لگے ہوئے | کھاؤ | اس چیز سے کہ | رزق دیا ہے تم کو | اللہ نے | اور مت | پیروی کرو |

اور چار پایوں میں بوجھ اُٹھانے والے (یعنی بڑے بڑے) بھی پیدا کیے اور زمین سے لگے ہوئے (یعنی چھوٹے چھوٹے) بھی۔ (پس) اللہ کا دیا

خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿١٤٢﴾ۙ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خُطُوٰتِ | الشَّيْطٰنِ | اِنَّهٗ | لَكُمْ | عَدُوٌّ | مُّبِيْنٌ | ثَمٰنِيَةَ | اَزْوَاجٍ |
| قدموں | شیطان کی | بے شک وہ | واسطے تمہارے | دشمن ہے | ظاہر | آٹھ | جوڑے |

ہوا رزق کھاؤ اور شیطان کے قدموں پر نہ چلو۔ وہ تمہارا صریح دشمن ہے (۱۴۲) (یہ بڑے چھوٹے چار پائے) آٹھ قسم کے (ہیں)

مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ۭ قُلْ ءٰۗالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ | الضَّاْنِ | اثْنَيْنِ | وَ | مِنَ | الْمَعْزِ | اثْنَيْنِ | قُلْ | ءٰۗالذَّكَرَيْنِ | حَرَّمَ | اَمِ |
| سے | بھیڑ میں | دو | اور | سے | بکری میں | دو | کہہ | کیا دونوں کو | حرام کیا ہے | یا |

دو (دو) بھیڑوں میں سے اور دو (دو) بکریوں میں سے (یعنی) ایک ایک نر اور ایک ایک مادہ)۔ (اے پیغمبر ان سے) پوچھو کہ (اللہ نے) دونوں

الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ۭ نَبِّـُٔـوْنِيْ بِعِلْمٍ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاُنْثَيَيْنِ | اَمَّا | اشْتَمَلَتْ | عَلَيْهِ | اَرْحَامُ | الْاُنْثَيَيْنِ | نَبِّـُٔـوْنِيْ | بِعِلْمٍ |
| دو مادہ کو | جو | گھیر لیا ہے | اوپر اس کے | بچے دان | ان دو مادہ کے نے | خبر دو مجھ کو | ساتھ علم کے |

(کے) نروں کو حرام کیا ہے یا دونوں (کی) مادینوں کو یا جو بچہ مادینوں کے پیٹ میں لپٹ رہا ہو اسے۔ اگر سچے ہو

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿١٤٣﴾ۙ وَمِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ۭ قُلْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ | وَ | مِنَ | الْاِبِلِ | اثْنَيْنِ | وَ | مِنَ | الْبَقَرِ | اثْنَيْنِ | قُلْ |
| اگر | ہو تم | سچے | اور | سے | اونٹ میں | دو | اور | سے | گائے | دو | کہہ |

تو مجھے سند سے بتاؤ (۱۴۳) اور دو (دو) اونٹوں میں سے اور دو (دو) گایوں میں سے۔ (ان کے بارے میں بھی ان سے) پوچھو

ءٰۗالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ءٰۗالذَّكَرَيْنِ | حَرَّمَ | اَمِ | الْاُنْثَيَيْنِ | اَمَّا | اشْتَمَلَتْ | عَلَيْهِ | اَرْحَامُ |
| کیا دونوں کو | حرام کیا ہے | یا | دو مادہ کو | یا جس کو | گھیر لیا ہے | اوپر اس کے | بچہ دان |

کہ (اللہ نے) دونوں (کے) نروں کو حرام کیا ہے یا دونوں (کی) مادینوں کو یا جو بچہ مادینوں کے پیٹ میں

الْاُنْثَيَيْنِ ۭ اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَاۗءَ اِذْ وَصّٰىكُمُ اللّٰهُ بِهٰذَا ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاُنْثَيَيْنِ | اَمْ | كُنْتُمْ | شُهَدَاۗءَ | اِذْ | وَصّٰىكُمُ | اللّٰهُ | بِهٰذَا | فَمَنْ | اَظْلَمُ |
| ان دو مادہ کے نے | کیا | تھے تم | گواہ | جس وقت | حکم کیا تم کو | اللہ نے | ساتھ اس کے | پس کون | بہت ظالم ہے |

لپٹ رہا ہو اس کو۔ بھلا جس وقت اللہ نے تم کو اس کا حکم دیا تھا تم اس وقت موجود تھے؟ تو اس شخص سے زیادہ کون ظالم ہے

مِمَّنِ افۡتَرٰی عَلَی اللّٰہِ کَذِبًا لِّیُضِلَّ النَّاسَ بِغَیۡرِ عِلۡمٍ ؕ اِنَّ اللّٰہَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِمَّنِ | افۡتَرٰی | عَلَی | اللّٰہِ | کَذِبًا | لِّیُضِلَّ | النَّاسَ | بِغَیۡرِ | عِلۡمٍ | اِنَّ | اللّٰہَ |
| اس شخص سے جو | باندھ لے | اوپر | اللہ کے | جھوٹ | تاکہ گمراہ کرے | لوگوں کو | بغیر | علم کے | بے شک | اللہ |

جو اللہ پر جھوٹ افتراء کرے تاکہ ازراہِ بے دانشی لوگوں کو گمراہ کرے۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ

ع۱۷ ۳ ۲

لَا یَہۡدِی الۡقَوۡمَ الظّٰلِمِیۡنَ ﴿۱۴۴﴾ ع قُلۡ لَّاۤ اَجِدُ فِیۡ مَاۤ اُوۡحِیَ اِلَیَّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | یَہۡدِی | الۡقَوۡمَ | الظّٰلِمِیۡنَ | قُلۡ | لَّاۤ | اَجِدُ | فِیۡ | مَاۤ | اُوۡحِیَ | اِلَیَّ |
| نہیں | راہ دکھاتا | قوم | ظالم کو | کہہ | نہیں | پاتا میں | بیچ | اس چیز کے کہ | وحی کی گئی | طرف میری |

ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا﴿۱۴۴﴾ کہو کہ جو احکام مجھ پر نازل ہوئے ہیں میں ان میں کوئی چیز

مُحَرَّمًا عَلٰی طَاعِمٍ یَّطۡعَمُہٗۤ اِلَّاۤ اَنۡ یَّکُوۡنَ مَیۡتَۃً اَوۡ دَمًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُحَرَّمًا | عَلٰی | طَاعِمٍ | یَّطۡعَمُہٗۤ | اِلَّاۤ | اَنۡ | یَّکُوۡنَ | مَیۡتَۃً | اَوۡ دَمًا |
| حرام کیا گیا ہے | اوپر | کسی کھانے والے کے کہ | کھائے اس کو | مگر | یہ کہ | ہو | مردار | یا لہو |

جسے کھانے والا کھائے حرام نہیں پاتا بجز اس کے کہ وہ مرا ہوا جانور ہو یا بہتا

مَّسۡفُوۡحًا اَوۡ لَحۡمَ خِنۡزِیۡرٍ فَاِنَّہٗ رِجۡسٌ اَوۡ فِسۡقًا اُہِلَّ لِغَیۡرِ اللّٰہِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّسۡفُوۡحًا | اَوۡ | لَحۡمَ | خِنۡزِیۡرٍ | فَاِنَّہٗ | رِجۡسٌ | اَوۡ | فِسۡقًا | اُہِلَّ | لِغَیۡرِ | اللّٰہِ |
| ڈالا ہوا رگوں میں سے | یا | گوشت | سؤر کا | پس بیشک وہ | ناپاک ہے | یا | فسق ہے | کہ نام لیا گیا ہے | واسطے | غیر اللہ کے |

لہو یا سؤر کا گوشت کہ یہ سب ناپاک ہیں یا کوئی گناہ کی چیز ہو کہ اس پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام لیا گیا ہو

بِہٖ ۚ فَمَنِ اضۡطُرَّ غَیۡرَ بَاغٍ وَّ لَا عَادٍ فَاِنَّ رَبَّکَ غَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ ﴿۱۴۵﴾

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِہٖ | فَمَنِ | اضۡطُرَّ | غَیۡرَ | بَاغٍ | وَّ | لَا | عَادٍ | فَاِنَّ | رَبَّکَ | غَفُوۡرٌ | رَّحِیۡمٌ |
| ساتھ اسکے | پس جو کوئی | بے بس ہو | نہ | جھپٹنے والا | اور | نہ | زیادہ حاجت سے کھانے والا | پس بیشک | تیرا رب | بخشنے والا | مہربان ہے |

اور اگر کوئی مجبور ہو جائے لیکن نہ تو نافرمانی کرے اور نہ حد سے باہر نکل جائے تو تمہارا پروردگار بخشنے والا مہربان ہے﴿۱۴۵﴾

وَ عَلَی الَّذِیۡنَ ہَادُوۡا حَرَّمۡنَا کُلَّ ذِیۡ ظُفُرٍ ۚ وَ مِنَ الۡبَقَرِ وَ الۡغَنَمِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | عَلَی | الَّذِیۡنَ | ہَادُوۡا | حَرَّمۡنَا | کُلَّ | ذِیۡ ظُفُرٍ | وَ مِنَ | الۡبَقَرِ | وَ | الۡغَنَمِ |
| اور | اوپر | ان لوگوں کے کہ | یہودی ہوئے | حرام کیا ہم نے | ہر | ناخن والا | اور سے | گائے | اور | بھیڑ بکری |

اور یہودیوں پر ہم نے سب ناخن والے جانور حرام کر دیے تھے اور گایوں اور بکریوں

حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُوْمَهُمَآ اِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُوْرُهُمَآ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حَرَّمْنَا | عَلَيْهِمْ | شُحُوْمَهُمَآ | اِلَّا | مَا | حَمَلَتْ | ظُهُوْرُهُمَآ |
| حرام کیا ہم نے | اوپر ان کے | چربیاں ان کی | مگر | جو | اٹھا رہی ہو | پیٹھ ان کی |

سے ان کی چربی حرام کر دی تھی سوا اس کے جو ان کی پیٹھ پر لگی ہو

اَوِ الْحَوَايَآ اَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ؕ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِبَغْيِهِمْ ۖ وَاِنَّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوِ | الْحَوَايَآ | اَوْ | مَا | اخْتَلَطَ | بِعَظْمٍ | ذٰلِكَ | جَزَيْنٰهُمْ | بِبَغْيِهِمْ | وَ | اِنَّا |
| یا | انتڑیاں | یا | جو | لپٹ رہا ہو | ساتھ ہڈی کے | یہ ہے | بدلہ دیا ہم نے انکو | بسبب انکی سرکشی کے | اور | بیشک ہم |

یا اوجھڑی میں یا ہڈی میں ملی ہو۔ یہ سزا ہم نے اُن کو اُن کی شرارت کے سبب دی تھی اور ہم تو

لَصٰدِقُوْنَ ﴿۱۴۶﴾ فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ رَّبُّكُمْ ذُوْ رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ ۚ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَصٰدِقُوْنَ | فَاِنْ | كَذَّبُوْكَ | فَقُلْ | رَّبُّكُمْ | ذُوْ | رَحْمَةٍ | وَّاسِعَةٍ |
| البتہ سچے ہیں | پس اگر | جھٹلائیں تجھ کو | پس کہہ | پروردگار تمہارا | صاحب | رحمت | کشادہ کا ہے |

سچ کہنے والے ہیں﴿۱۴۶﴾ اور اگر یہ لوگ تمہاری تکذیب کریں تو کہہ دو تمہارا پروردگار صاحبِ رحمت وسیع ہے

وَلَا يُرَدُّ بَاْسُهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۴۷﴾ سَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | يُرَدُّ | بَاْسُهٗ | عَنِ | الْقَوْمِ | الْمُجْرِمِيْنَ | سَيَقُوْلُ | الَّذِيْنَ | اَشْرَكُوْا |
| اور | نہیں | پھیرا جاتا | عذاب اس کا | سے | قوم | گنہگاروں | البتہ کہیں گے | وہ لوگ جو | شریک لاتے ہیں |

مگر اس کا عذاب گنہگار لوگوں سے نہیں ٹلے گا﴿۱۴۷﴾ جو لوگ شرک کرتے ہیں وہ کہیں گے

لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكْنَا وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ شَيْءٍ ؕ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَوْ | شَآءَ | اللّٰهُ | مَآ | اَشْرَكْنَا | وَ | لَآ | اٰبَآؤُنَا | وَ | لَا | حَرَّمْنَا | مِنْ شَيْءٍ |
| اگر | چاہتا | اللہ | نہ | شریک کرتے ہم | اور | نہ | باپ ہمارے | اور | نہ | حرام کرتے ہم | کچھ |

کہ اگر اللہ چاہتا تو ہم شرک نہ کرتے اور نہ ہمارے باپ دادا (شرک کرتے) اور نہ ہم کسی چیز کو حرام ٹھیراتے۔

كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ حَتّٰى ذَاقُوْا بَاْسَنَا ؕ قُلْ هَلْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَذٰلِكَ | كَذَّبَ | الَّذِيْنَ | مِنْ | قَبْلِهِمْ | حَتّٰى | ذَاقُوْا | بَاْسَنَا | قُلْ | هَلْ |
| اسی طرح | جھٹلایا | ان لوگوں نے | سے | پہلے ان | یہاں تک کہ | چکھا انہوں نے | عذاب ہمارا | کہہ | کیا ہے |

اسی طرح ان لوگوں نے تکذیب کی تھی جو اُن سے پہلے تھے یہاں تک کہ ہمارے عذاب کا مزہ چکھ کر رہے۔ کہہ دو کیا

عِنْدَكُمْ مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا ۭ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِنْدَكُمْ | مِّنْ | عِلْمٍ | فَتُخْرِجُوْهُ | لَنَا | اِنْ | تَتَّبِعُوْنَ | اِلَّا | الظَّنَّ | وَ | اِنْ |
| تمہارے پاس | کچھ | علم | پس نکالو گے تم اس کو | واسطے ہمارے | نہیں | پیروی کرتے تم | مگر | گمان کی | اور | نہیں |

تمہارے پاس کوئی سند ہے (اگر ہے) تو اسے ہمارے سامنے نکالو۔ تم محض خیال کے پیچھے چلتے اور

اَنْتُمْ اِلَّا تَخْرُصُوْنَ ﴿١٤٨﴾ قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۚ فَلَوْ شَآءَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْتُمْ | اِلَّا | تَخْرُصُوْنَ | قُلْ | فَلِلّٰهِ | الْحُجَّةُ | الْبَالِغَةُ | فَلَوْ | شَآءَ |
| تم | مگر | اٹکل کرتے | کہہ | پس واسطے اللہ کے ہے | دلیل | پہنچی ہوئی | پس اگر | چاہتا |

اٹکل کے تیر چلاتے ہو﴿١٤٨﴾ کہہ دو کہ اللہ ہی کی حجت غالب ہے۔ اگر وہ چاہتا

لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٤٩﴾ قُلْ هَلُمَّ شُهَدَآءَكُمُ الَّذِيْنَ يَشْهَدُوْنَ اَنَّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهَدٰىكُمْ | اَجْمَعِيْنَ | قُلْ | هَلُمَّ | شُهَدَآءَكُمُ | الَّذِيْنَ | يَشْهَدُوْنَ | اَنَّ |
| البتہ ہدایت کرتا تم کو | سب کو | کہہ | لے آؤ | گواہوں اپنوں کو | وہ جو | گواہی دیتے ہیں | یہ کہ |

تو تم سب کو ہدایت دے دیتا﴿١٤٩﴾ کہو کہ اپنے گواہوں کو لاؤ جو بتائیں کہ اللہ نے یہ چیزیں

اللّٰهَ حَرَّمَ هٰذَا ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | حَرَّمَ | هٰذَا | فَاِنْ | شَهِدُوْا | فَلَا | تَشْهَدْ | مَعَهُمْ | وَ | لَا | تَتَّبِعْ | اَهْوَآءَ |
| اللہ نے | حرام کیا ہے | یہ | پس اگر | گواہی دیں | پس مت | گواہی دے تو | ساتھ ان کے | اور | مت | پیروی کر | خواہشوں |

حرام کی ہیں۔ پھر اگر وہ (آ کر) گواہی دیں تو تم اُن کے ساتھ گواہی نہ دینا اور نہ اُن کی خواہشوں کی پیروی کرنا

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَهُمْ بِرَبِّهِمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَا | وَ | الَّذِيْنَ | لَا | يُؤْمِنُوْنَ | بِالْاٰخِرَةِ | وَ | هُمْ | بِرَبِّهِمْ |
| ان لوگوں کی کہ | جھٹلادیا | نشانیوں ہماری کو | اور | ان کی کہ | نہیں | ایمان لاتے | ساتھ آخرت کے | اور | وہ ساتھ | اپنے پروردگار کے |

جو ہماری آیتوں کو جھٹلاتے ہیں اور جو آخرت پر ایمان نہیں لاتے اور (بتوں کو) اپنے پروردگار کے برابر

يَعْدِلُوْنَ ﴿١٥٠﴾ قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ اَلَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ ع ١٨ ٥

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْدِلُوْنَ | قُلْ | تَعَالَوْا | اَتْلُ | مَا | حَرَّمَ | رَبُّكُمْ | عَلَيْكُمْ | اَلَّا | تُشْرِكُوْا | بِهٖ |
| شریک لاتے ہیں | کہہ | آؤ | پڑھوں میں | وہ جو کہ | حرام کیا | رب تمہارے نے | اوپر تمہارے | یہ کہ نہ | شریک لاؤ | ساتھ اس کے |

ٹھیراتے ہیں﴿١٥٠﴾ کہہ کہ (لوگو) آؤ میں تمہیں وہ چیزیں پڑھ کر سناؤں جو تمہارے پروردگار نے تم پر حرام کر دی ہیں۔ (ان کی نسبت اس نے اس طرح

شَيْـًٔا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۚ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ۭ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَيْـًٔا | وَّ | بِالْوَالِدَيْنِ | اِحْسَانًا | وَ | لَا | تَقْتُلُوْٓا | اَوْلَادَكُمْ | مِّنْ | اِمْلَاقٍ |
| کچھ | اور | ساتھ ماں باپ کے | احسان کرنا | اور | مت | مار ڈالو | اولاد اپنی کو | سے | افلاس کے ڈر |

ارشاد فرمایا ہے) کہ کسی چیز کو اللہ کا شریک نہ بنانا اور ماں باپ سے (بدسلوکی نہ کرنا بلکہ) سلوک کرتے رہنا اور ناداری (کے اندیشے) سے اپنی اولاد کو قتل نہ کرنا۔

نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ ۚ وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَحْنُ | نَرْزُقُكُمْ | وَاِيَّاهُمْ | وَ | لَا | تَقْرَبُوا | الْفَوَاحِشَ | مَا | ظَهَرَ | مِنْهَا |
| ہم | روزی دیتے ہیں تم کو | اور ان کو | اور | مت | قریب جاؤ | بے حیائیوں کے | جو کچھ | ظاہر ہے | اس میں سے |

کیونکہ تم کو اور ان کو ہم ہی رزق دیتے ہیں اور بے حیائی کے کام ظاہر ہوں یا پوشیدہ

وَمَا بَطَنَ ۚ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ۭ ذٰلِكُمْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | بَطَنَ | وَ | لَا | تَقْتُلُوا | النَّفْسَ | الَّتِيْ | حَرَّمَ | اللّٰهُ | اِلَّا | بِالْحَقِّ | ذٰلِكُمْ |
| اور | جو کچھ | چھپا ہے | اور | مت | مار ڈالو | اس جی کو | کہ جس کو | حرام کیا ہے | اللہ نے | مگر | ساتھ حق کے | یہ بات |

ان کے پاس نہ پھٹکنا۔ اور کسی جان (والے) کو جس کے قتل کو اللہ نے حرام کر دیا ہے قتل نہ کرنا مگر جائز طور پر (یعنی جس کا شریعت حکم دے)۔ ان

وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۵۱﴾ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَصّٰىكُمْ | بِهٖ | لَعَلَّكُمْ | تَعْقِلُوْنَ | وَ | لَا | تَقْرَبُوْا | مَالَ | الْيَتِيْمِ | اِلَّا | بِالَّتِيْ |
| نصیحت کرتا ہے تمکو | ساتھ اسکے | تا کہ تم | سمجھو | اور | مت | نزدیک جاؤ | مال | یتیم کے | مگر | ساتھ اس طرح کہ |

باتوں کی وہ تمہیں تاکید کرتا ہے تاکہ تم سمجھو ﴿۱۵۱﴾ اور یتیم کے مال کے پاس بھی نہ جانا مگر ایسے طریق سے

هِيَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۚ وَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هِيَ | اَحْسَنُ | حَتّٰى | يَبْلُغَ | اَشُدَّهٗ | وَ | اَوْفُوا | الْكَيْلَ | وَ | الْمِيْزَانَ |
| وہ | بہت اچھی ہے | یہاں تک کہ | پہنچے | جوانی اپنی کو | اور | پورا تولو | ماپ کو | اور | تول |

کہ بہت ہی پسندیدہ ہو یہاں تک کہ وہ جوانی کو پہنچ جائے۔ اور ماپ اور تول انصاف کے ساتھ پوری پوری

بِالْقِسْطِ ۚ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۚ وَاِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَلَوْ كَانَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْقِسْطِ | لَا | نُكَلِّفُ | نَفْسًا | اِلَّا | وُسْعَهَا | وَ | اِذَا | قُلْتُمْ | فَاعْدِلُوْا | وَ | لَوْ | كَانَ |
| ساتھ انصاف کے | نہیں | تکلیف دیتے ہم | کسی جی کو | مگر | موافق طاقت اسکی کے | اور | جب | بات کہو | پس انصاف کرو | اور | اگرچہ | ہو |

کیا کرو۔ ہم کسی کو تکلیف نہیں دیتے مگر اس کی طاقت کے مطابق۔ اور جب (کسی کی نسبت) کوئی بات کہو

ذَا قُرْبٰى ۚ وَبِعَهْدِ اللّٰهِ اَوْفُوْا ۭ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذَا | قُرْبٰى | وَبِعَهْدِ | اللّٰهِ | اَوْفُوْا | ذٰلِكُمْ | وَصّٰىكُمْ | بِهٖ | لَعَلَّكُمْ |
| صاحب | قرابت | اور ساتھ عہد | اللہ کے | وفا کرو | یہ بات | نصیحت کرتا ہے تم کو | ساتھ اسکے | تا کہ تم |

تو انصاف سے کہو گو وہ (تمہارا) رشتہ دار ہی ہو اور اللہ کے عہد کو پورا کرو۔ ان باتوں کا اللہ تمہیں حکم دیتا ہے

تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ۙ وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا فَاتَّبِعُوْهُ ۚ وَلَا تَتَّبِعُوا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَذَكَّرُوْنَ | وَ | اَنَّ | هٰذَا | صِرَاطِيْ | مُسْتَقِيْمًا | فَاتَّبِعُوْهُ | وَلَا | تَتَّبِعُوا |
| نصیحت پکڑو | اور | یہ کہ | یہ | راہ میری | سیدھی ہے | پس پیروی کرو اسکی | اور مت | پیروی کرو |

تا کہ تم نصیحت قبول کرو(۱۵۲) اور یہ کہ میرا سیدھا رستہ یہی ہے تو تم اسی پر چلنا اور اور رستوں پر نہ چلنا

السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۭ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السُّبُلَ | فَتَفَرَّقَ | بِكُمْ | عَنْ | سَبِيْلِهٖ | ذٰلِكُمْ | وَصّٰىكُمْ | بِهٖ | لَعَلَّكُمْ |
| اور راہوں کی | پس متفرق کردینگے | تم کو | سے | راہ اس کی | یہ بات | نصیحت کرتا ہے تم کو | ساتھ اسکے | تا کہ تم |

کہ (ان پر چل کر) اللہ کے رستے سے الگ ہو جاؤ گے۔ ان باتوں کا اللہ تمہیں حکم دیتا ہے تا کہ

تَتَّقُوْنَ ﴿۱۵۳﴾ ثُمَّ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ تَمَامًا عَلَى الَّذِيْٓ اَحْسَنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَتَّقُوْنَ | ثُمَّ | اٰتَيْنَا | مُوْسَى | الْكِتٰبَ | تَمَامًا | عَلَى | الَّذِيْٓ | اَحْسَنَ |
| بچو | پھر | دی تھی ہم نے | موسیٰ کو | کتاب | پورا کرنا نعمت کا | اوپر | اس شخص کے کہ | نیکی کرتا ہے |

تم پرہیز گار بنو(۱۵۳) (ہاں) پھر (سن لو کہ) ہم نے موسیٰ کو کتاب عنایت کی تھی تا کہ ان لوگوں پر جو نیکو کار ہیں نعمت پوری کر دیں

وَتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ بِلِقَاۗءِ رَبِّهِمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | تَفْصِيْلًا | لِّكُلِّ | شَيْءٍ | وَّ | هُدًى | وَّ | رَحْمَةً | لَّعَلَّهُمْ | بِلِقَاۗءِ | رَبِّهِمْ |
| اور | تفصیل کرنا | واسطے ہر | چیز کے | اور | ہدایت | اور | رحمت | تا کہ وہ | ساتھ ملاقات | اپنے رب کے |

اور (اس میں) ہر چیز کا بیان (ہے) اور ہدایت (ہے) اور رحمت ہے تا کہ (ان کی امت کے) لوگ اپنے پروردگار کے روبرو حاضر ہونے کا

ع ۱۹ ۶ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ۧ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ وَاتَّقُوْا لَعَلَّكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُؤْمِنُوْنَ | وَهٰذَا | كِتٰبٌ | اَنْزَلْنٰهُ | مُبٰرَكٌ | فَاتَّبِعُوْهُ | وَ | اتَّقُوْا | لَعَلَّكُمْ |
| ایمان لائیں | اور یہ | کتاب ہے | اتاری ہے اسکو ہم نے | برکت والی | پس پیروی کرو اس کی | اور | پرہیز گاری کرو | تا کہ تم |

یقین کریں(۱۵۴) اور (اے کفر کرنے والو) یہ کتاب بھی ہمیں نے اتاری ہے برکت والی تو اس کی پیروی کرو اور (اللہ سے) ڈرو تا کہ تم پر

تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۵۵﴾ لا اَنْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اُنْزِلَ الْكِتٰبُ عَلٰى طَآئِفَتَيْنِ مِنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُرْحَمُوْنَ | اَنْ | تَقُوْلُوْٓا | اِنَّمَآ | اُنْزِلَ | الْكِتٰبُ | عَلٰى | طَآئِفَتَيْنِ | مِنْ |
| رحم کئے جاؤ | ایسا نہ ہو کہ | کہو تم | سوائے اسکے نہیں کہ | اتاری گئی تھی | کتاب | اوپر | دو جماعت کے | سے |

مہربانی کی جائے ﴿۱۵۵﴾ (اور اس لیے اُتاری ہے) کہ (تم یوں نہ) کہو کہ ہم سے پہلے دو ہی گروہوں پر کتابیں

قَبْلِنَا ص وَاِنْ كُنَّا عَنْ دِرَاسَتِهِمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿۱۵۶﴾ لا اَوْ تَقُوْلُوْا لَوْ اَنَّآ اُنْزِلَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَبْلِنَا | وَ | اِنْ | كُنَّا | عَنْ | دِرَاسَتِهِمْ | لَغٰفِلِيْنَ | اَوْ | تَقُوْلُوْا | لَوْ | اَنَّآ اُنْزِلَ |
| پہلے ہم | اور | تحقیق | تھے ہم | سے | اس کے پڑھنے | البتہ غافل | یا | کہو تم | اگر | اتاری جاتی |

اُتری ہیں اور ہم اُن کے پڑھنے سے (معذور اور) بے خبر تھے ﴿۱۵۶﴾ یا (یہ نہ) کہو کہ اگر ہم پر بھی

عَلَيْنَا الْكِتٰبُ لَكُنَّآ اَهْدٰى مِنْهُمْ ج فَقَدْ جَآءَكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْنَا | الْكِتٰبُ | لَكُنَّآ | اَهْدٰى | مِنْهُمْ | فَقَدْ | جَآءَكُمْ | بَيِّنَةٌ | مِّنْ | رَّبِّكُمْ |
| اوپر ہمارے | کتاب | البتہ ہوتے ہم | راہ پانے والے | اس سے | پس تحقیق | آئی ہے تمہارے پاس | دلیل | سے | پروردگار تمہارے |

کتاب نازل ہوتی تو ہم ان لوگوں کی نسبت کہیں سیدھے رستے پر ہوتے۔ سو تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے دلیل

وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ ج فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَصَدَفَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَهُدًى | وَّ | رَحْمَةٌ | فَمَنْ | اَظْلَمُ | مِمَّنْ | كَذَّبَ | بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ | وَصَدَفَ |
| اور ہدایت | اور | مہربانی | پس کون ہے | بہت ظالم | اس شخص سے کہ | جھٹلائے | نشانیوں | اللہ کی کو | اور پھر رہے |

اور ہدایت اور رحمت آ گئی ہے۔ تو اس سے بڑھ کر ظالم کون ہو گا جو اللہ کی آیتوں کی تکذیب کرے اور ان

عَنْهَا ط سَنَجْزِى الَّذِيْنَ يَصْدِفُوْنَ عَنْ اٰيٰتِنَا سُوْٓءَ الْعَذَابِ بِمَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْهَا | سَنَجْزِى | الَّذِيْنَ | يَصْدِفُوْنَ | عَنْ | اٰيٰتِنَا | سُوْٓءَ | الْعَذَابِ | بِمَا |
| ان سے | البتہ جزا دیں گے ہم | ان لوگوں کو جو | پھر رہتے ہیں | سے | ہماری نشانیوں | برا | عذاب | بسبب اسکے کہ |

سے (لوگوں کو) پھیرے۔ جو لوگ ہماری آیتوں سے پھیرتے ہیں اس پھیرنے کے سبب ہم ان کو برے

كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانُوْا | يَصْدِفُوْنَ | هَلْ | يَنْظُرُوْنَ | اِلَّآ | اَنْ | تَاْتِيَهُمُ | الْمَلٰٓئِكَةُ |
| تھے وہ | پھر رہتے | نہیں | انتظار کرتے | مگر | یہ کہ | آویں ان کے پاس | فرشتے |

عذاب کی سزا دیں گے ﴿۱۵۷﴾ یہ اس کے سوا اور کس بات کے منتظر ہیں کہ ان کے پاس فرشتے آئیں

اَوْ يَاْتِيَ رَبُّكَ اَوْ يَاْتِيَ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ ؕ يَوْمَ يَاْتِيْ بَعْضُ اٰيٰتِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْ | يَاْتِيَ | رَبُّكَ | اَوْ | يَاْتِيَ | بَعْضُ | اٰيٰتِ | رَبِّكَ | يَوْمَ | يَاْتِيْ | بَعْضُ | اٰيٰتِ |
| یا | آئے حکم | پروردگار تیرے کا | یا | آویں | بعض | نشانیاں | تیرے رب کی | جس دن | آویں گی | بعض | نشانیاں |

یا خود تمہارا پروردگار آئے یا تمہارے پروردگار کی کچھ نشانیاں آئیں مگر جس روز تمہارے پروردگار کی نشانیاں

رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّكَ | لَا | يَنْفَعُ | نَفْسًا | اِيْمَانُهَا | لَمْ | تَكُنْ | اٰمَنَتْ | مِنْ | قَبْلُ | اَوْ | كَسَبَتْ |
| رب تیرے کی | نہ | نفع دے گا | کسی جی کو | ایمان اس کا کہ | نہ | تھا | ایمان لایا | سے | پہلے اس | یا | نہ کمایا تھا |

آجائیں گی تو جو شخص پہلے ایمان نہیں لایا ہوگا اُس وقت اُسے ایمان لانا کچھ فائدہ نہیں دے گا یا اپنے ایمان (کی حالت) میں نیک عمل نہیں کیے ہوں

فِيْۤ اِيْمَانِهَا خَيْرًا ؕ قُلِ انْتَظِرُوْۤا اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْۤ | اِيْمَانِهَا | خَيْرًا | قُلِ | انْتَظِرُوْۤا | اِنَّا | مُنْتَظِرُوْنَ | اِنَّ | الَّذِيْنَ |
| بیچ | ایمان اپنے کے | بھلائی کو | کہہ | منتظر رہو | بیشک ہم بھی | منتظر ہیں | بیشک | جن لوگوں نے |

گے (تو گناہوں سے توبہ کرنا مفید نہ ہوگا اے پیغمبر ان سے) کہہ دو کہ تم بھی انتظار کرو ہم بھی انتظار کرتے ہیں ﴿۱۵۸﴾ جن لوگوں

فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِيْ شَيْءٍ ؕ اِنَّمَاۤ اَمْرُهُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَرَّقُوْا | دِيْنَهُمْ | وَ | كَانُوْا | شِيَعًا | لَّسْتَ | مِنْهُمْ | فِيْ | شَيْءٍ | اِنَّمَاۤ | اَمْرُهُمْ |
| ٹکڑے ٹکڑے کر دیا | دین اپنے کو | اور | ہو گئے | گروہ گروہ | نہیں تو | ان میں سے | بیچ | کسی چیز کے | نہیں سوائے اسکے کہ | حکم ان کا |

نے اپنے دین میں بہت سے رستے نکالے اور کئی کئی فرقے ہو گئے اُن سے تم کو کچھ کام نہیں۔ ان کا کام

اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَى | اللّٰهِ | ثُمَّ | يُنَبِّئُهُمْ | بِمَا | كَانُوْا | يَفْعَلُوْنَ | مَنْ | جَآءَ | بِالْحَسَنَةِ | فَلَهٗ |
| طرف | اللہ کے ہے | پھر | خبر دے گا انکو | ساتھ اس چیز کے کہ | تھے | کرتے | جو کوئی | لاوے | بھلائی | پس واسطے اسکے ہے |

اللہ کے حوالے پھر جو جو کچھ وہ کرتے رہے ہیں وہ ان کو (سب) بتائے گا ﴿۱۵۹﴾ جو کوئی (اللہ کے حضور) نیکی لے کر آئے گا اس کو

عَشْرُ اَمْثَالِهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰۤى اِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَشْرُ | اَمْثَالِهَا | وَ | مَنْ | جَآءَ | بِالسَّيِّئَةِ | فَلَا | يُجْزٰۤى | اِلَّا | مِثْلَهَا | وَ | هُمْ |
| دس | برابر اس کے | اور | جو کوئی | لاوے | برائی | پس نہیں | بدلہ دیا جائے گا | مگر | مانند اس کے | اور | وہ |

ویسی دس نیکیاں ملیں گی۔ اور جو برائی لائے گا اسے سزا ویسی ہی ملے گی اور ان پر

لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۶۰﴾ قُلْ اِنَّنِيْ هَدٰىنِيْ رَبِّيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۚ ۵

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يُظْلَمُوْنَ | قُلْ | اِنَّنِيْ | هَدٰىنِيْ | رَبِّيْٓ | اِلٰى | صِرَاطٍ | مُّسْتَقِيْمٍ |
| نہیں | ظلم کیے جائیں گے | کہہ | بیشک مجھ کو | ہدایت کی | میرے رب نے | طرف | راہ | سیدھی کے |

ظلم نہیں کیا جائے گا ﴿۱۶۰﴾ کہہ دو کہ مجھے میرے پروردگار نے سیدھا رستہ دکھادیا ہے

دِيْنًا قِيَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۶۱﴾ قُلْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دِيْنًا | قِيَمًا | مِّلَّةَ | اِبْرٰهِيْمَ | حَنِيْفًا | وَ | مَا | كَانَ | مِنَ | الْمُشْرِكِيْنَ | قُلْ |
| دین | استوار | دین | ابراہیم | حنیف کا | اور | نہ | تھا وہ | سے | مشرکوں میں | کہہ |

(یعنی دین صحیح) مذہب ابراہیم کا جو ایک (اللہ) ہی کی طرف کے تھے اور مشرکوں میں سے نہ تھے ﴿۱۶۱﴾ (یہ بھی) کہہ دو

اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۲﴾ لا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | صَلَاتِيْ | وَ | نُسُكِيْ | وَ | مَحْيَايَ | وَ | مَمَاتِيْ | لِلّٰهِ | رَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ |
| بیشک | نماز میری | اور | قربانی میری | اور | زندگی میری | اور | موت میری | واسطے اللہ | پروردگار | جہانوں کے ہے |

کہ میری نماز اور میری عبادت اور میرا جینا اور میرا مرنا سب اللہ ربّ العالمین ہی کے لیے ہے ﴿۱۶۲﴾

لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۚ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۶۳﴾ قُلْ اَغَيْرَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | شَرِيْكَ | لَهٗ | وَ | بِذٰلِكَ | اُمِرْتُ | وَ | اَنَا | اَوَّلُ | الْمُسْلِمِيْنَ | قُلْ | اَغَيْرَ |
| نہیں ہے | شریک | اس کا | اور | ساتھ اسی کے | حکم کیا گیا ہوں | اور | میں | اول | مسلمانوں کا ہوں | کہہ | کیا سوائے |

جس کا کوئی شریک نہیں اور مجھ کو اسی بات کا حکم ملا ہے اور میں سب سے اول فرمانبردار ہوں ﴿۱۶۳﴾ کہو کیا میں اللہ

اللّٰهِ اَبْغِيْ رَبًّا وَّهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ ۭ وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | اَبْغِيْ | رَبًّا | وَّ | هُوَ | رَبُّ | كُلِّ | شَيْءٍ | وَ | لَا | تَكْسِبُ | كُلُّ | نَفْسٍ |
| اللہ کے | ڈھونڈوں میں | پروردگار | اور | وہ | پروردگار | ہر | چیز کا ہے | اور | نہیں | کماتا | کوئی | جی |

کے سوا اور پروردگار تلاش کروں اور وہی تو ہر چیز کا مالک ہے۔ اور جو کوئی (برا) کام کرتا ہے تو اس کا ضرر اسی

اِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۚ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | عَلَيْهَا | وَ | لَا | تَزِرُ | وَازِرَةٌ | وِّزْرَ | اُخْرٰى | ثُمَّ | اِلٰى | رَبِّكُمْ | مَّرْجِعُكُمْ |
| مگر | اوپر اپنے | اور | نہیں | بوجھ اٹھاتا | کوئی بوجھ اٹھانیوالا | بوجھ | دوسرے کا | پھر | طرف | تمہارے رب کے ہے | پھر جانا |

کو ہوتا ہے اور کوئی شخص کسی (کے گناہ) کا بوجھ نہیں اٹھائے گا پھر تم (سب) کو اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانا ہے تو

فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ﴿۱۶۴﴾ وَهُوَ الَّذِي جَعَلَكُمْ خَلَٰٓئِفَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَيُنَبِّئُكُمْ | بِمَا | كُنْتُمْ | فِيهِ | تَخْتَلِفُونَ | وَ | هُوَ | الَّذِي | جَعَلَكُمْ | خَلَٰٓئِفَ |
| پس خبر دیگا تم کو | ساتھ اس چیز کے کہ | تھے تم | بیچ اس کے | اختلاف کرتے | اور | وہ | جس نے | کیا تم کو | جائے نشین |

جن جن باتوں میں تم اختلاف کیا کرتے تھے وہ تم کو بتائے گا ﴿۱۶۴﴾ اور وہی تو ہے جس نے زمین میں تم کو اپنا نائب

الْأَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجَٰتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِي مَآ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْأَرْضِ | وَ | رَفَعَ | بَعْضَكُمْ | فَوْقَ | بَعْضٍ | دَرَجَٰتٍ | لِّيَبْلُوَكُمْ | فِي | مَآ |
| زمین کا | اور | بلند کیا | بعض تمہارے کو | اوپر | بعض کے | درجے میں | تاکہ آزمائے تم کو | بیچ | اس چیز کے کہ |

بنایا اور ایک کے دوسرے پر درجے بلند کیے تاکہ جو کچھ اُس نے تمہیں بخشا ہے اس میں تمہاری

ءَاتَىٰكُمْ ۗ إِنَّ رَبَّكَ سَرِيعُ الْعِقَابِ ۖ وَإِنَّهُ لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿۱۶۵﴾ ع

ع ۱۱ / ۲۰ النصف

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ءَاتَىٰكُمْ | إِنَّ | رَبَّكَ | سَرِيعُ | الْعِقَابِ | وَ | إِنَّهُ | لَغَفُورٌ | رَّحِيمٌ |
| دیا ہے تم کو | بیشک | رب تیرا | جلد | عذاب کرنے والا ہے | اور | بیشک وہ | البتہ بخشنے والا | مہربان ہے |

آزمائش کرے۔ بیشک تمہارا پروردگار جلد عذاب دینے والا ہے اور بیشک وہ بخشنے والا مہربان بھی ہے ﴿۱۶۵﴾

## اٰیاتها ۲۰۶ — ۷ سُورَةُ الْأَعْرَافِ مَكِّيَّةٌ ۳۹ — رکوعاتها ۲۴

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓمٓصٓ ﴿۱﴾ كِتَٰبٌ أُنْزِلَ إِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِي صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الٓمٓصٓ | كِتَٰبٌ | أُنْزِلَ | إِلَيْكَ | فَلَا | يَكُنْ | فِي | صَدْرِكَ | حَرَجٌ | مِّنْهُ |
| المص | کتاب ہے | اتاری گئی ہے | طرف تیری | پس نہ | ہو | بیچ | سینے تیرے کے | تنگی | اس سے |

المص ﴿۱﴾ (اے محمد ﷺ یہ) کتاب (جو) تم پر نازل ہوئی ہے اس سے تمہیں تنگ دل نہیں ہونا چاہیے (یہ نازل) اس لیے (ہوئی

لِتُنْذِرَ بِهِ وَذِكْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ﴿۲﴾ اتَّبِعُوا مَآ أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ مِّنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِتُنْذِرَ | بِهِ | وَ | ذِكْرَىٰ | لِلْمُؤْمِنِينَ | اتَّبِعُوا | مَآ | أُنْزِلَ | إِلَيْكُمْ | مِّنْ |
| تاکہ تو ڈرائے | ساتھ اسکے | اور | نصیحت | واسطے ایمان والوں کے | پیروی کرو | اس چیز کی جو | اتاری گئی ہے | طرف تمہاری | سے |

ہے) کہ تم اس کے ذریعے سے (لوگوں کو) ڈر سناؤ اور (یہ) ایمان والوں کے لیے نصیحت ہے ﴿۲﴾ (لوگو) جو (کتاب) تم پر تمہارے پروردگار کے

رَبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۳﴾ وَكَمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّكُمْ | وَ | لَا | تَتَّبِعُوْا | مِنْ دُوْنِهٖٓ | اَوْلِيَآءَ | قَلِيْلًا | مَّا | تَذَكَّرُوْنَ | وَ | كَمْ |
| رب تمہارے | اور | مت | پیروی کرو | سوائے اس کے | دوستوں کی | تھوڑی سی نصیحت | جو | تم پکڑتے ہو | اور | بہت |

ہاں سے نازل ہوئی ہے اس کی پیروی کرو اور اس کے سوا اور رفیقوں کی پیروی نہ کرو۔ (اور) تم کم ہی نصیحت قبول کرتے ہو ﴿۳﴾ اور کتنی ہی بستیاں ہیں کہ

مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا فَجَآءَهَا بَاْسُنَا بَيَاتًا اَوْ هُمْ قَآئِلُوْنَ ﴿۴﴾ فَمَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ قَرْيَةٍ | اَهْلَكْنٰهَا | فَجَآءَهَا | بَاْسُنَا | بَيَاتًا | اَوْ | هُمْ | قَآئِلُوْنَ | فَمَا |
| بستیاں ہیں کہ | ہلاک کیا ہم نے ان کو | پس آیا انکے پاس | عذاب ہمارا | رات کو سوتے | یا | وہ | دوپہر کو سوتے تھے | پس نہ |

ہم نے تباہ کرڈالیں جن پر ہمارا عذاب (یا تو رات کو) آتا تھا جب کہ وہ سوتے تھے یا (دن کو) جب وہ قیلولہ (یعنی دوپہر کو آرام) کرتے تھے ﴿۴﴾

كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَآ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانَ | دَعْوٰىهُمْ | اِذْ | جَآءَهُمْ | بَاْسُنَآ | اِلَّآ | اَنْ | قَالُوْٓا | اِنَّا | كُنَّا |
| تھا | پکارنا ان کا | جب | آیا ان کے پاس | عذاب ہمارا | مگر | یہ کہ | کہنے لگے | بیشک ہم | تھے ہی |

تو جس وقت اُن پر عذاب آتا تھا ان کے منہ سے یہی نکلتا تھا کہ (ہائے) ہم (اپنے اوپر) ظلم

ظٰلِمِيْنَ ﴿۵﴾ فَلَنَسْئَلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ وَلَنَسْئَلَنَّ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ظٰلِمِيْنَ | فَلَنَسْئَلَنَّ | الَّذِيْنَ | اُرْسِلَ | اِلَيْهِمْ | وَ | لَنَسْئَلَنَّ |
| ظالم | پس البتہ سوال کریں گے ہم | ان لوگوں سے کہ | بھیجا گیا ہے | طرف ان کی | اور | البتہ سوال کرینگے ہم |

کرتے رہے ﴿۵﴾ تو جن لوگوں کی طرف پیغمبر بھیجے گئے ہم اُن سے بھی پرسش کریں گے اور پیغمبروں سے

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۶﴾ ۙ فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ بِعِلْمٍ وَّمَا كُنَّا غَآئِبِيْنَ ﴿۷﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُرْسَلِيْنَ | فَلَنَقُصَّنَّ | عَلَيْهِمْ | بِعِلْمٍ | وَّ | مَا | كُنَّا | غَآئِبِيْنَ |
| بھیجے گیوں سے | پس البتہ بیان کریں گے ہم | اوپر ان کے | ساتھ علم کے | اور | نہ | تھے ہم | غائب |

بھی پوچھیں گے ﴿۶﴾ پھر اپنے علم سے اُن کے حالات بیان کریں گے اور ہم کہیں غائب تو نہیں تھے ﴿۷﴾

وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذِ ِۨ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْوَزْنُ | يَوْمَئِذِ | الْحَقُّ | فَمَنْ | ثَقُلَتْ | مَوَازِيْنُهٗ | فَاُولٰٓئِكَ | هُمُ |
| اور | تولنا | اس دن | حق ہے | پس جو کوئی | بھاری ہوئی | تول اس کی | پس یہ لوگ | وہ ہیں |

اور اُس روز (اعمال کا) تُلنا برحق ہے۔ تو جن لوگوں کے (عملوں کے) وزن بھاری ہوں گے وہ تو نجات

الْمُفْلِحُوْنَ ۝۸ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُفْلِحُوْنَ | وَ | مَنْ | خَفَّتْ | مَوَازِيْنُهٗ | فَاُولٰٓئِكَ | الَّذِيْنَ | خَسِرُوْٓا |
| فلاح پانے والے | اور | جو کوئی کہ | ہلکی ہوئی | تول اس کی | پس یہ لوگ ہیں | جنہوں نے | ٹوٹا دیا |

پانے والے ہیں۸ اور جن کے وزن ہلکے ہوں گے تو یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے تئیں خسارے میں

اَنْفُسَهُمْ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ۝۹ وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْفُسَهُمْ | بِمَا | كَانُوْا | بِاٰيٰتِنَا | يَظْلِمُوْنَ | وَ | لَقَدْ | مَكَّنّٰكُمْ | فِي | الْاَرْضِ |
| جانوں اپنی کو | بسبب اسکے کہ | تھے | ساتھ ہماری نشانیوں کے | ظلم کرتے | اور | تحقیق | قدرت دی ہم نے تم کو | بیچ | زمین کے |

ڈالا اس لیے کہ ہماری آیتوں کے بارے میں بے انصافی کرتے تھے۹ اور ہم ہی نے زمین میں تمہارا ٹھکانا بنایا

ع ۱ ۸ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝۱۰ ع وَلَقَدْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | جَعَلْنَا | لَكُمْ | فِيْهَا | مَعَايِشَ | قَلِيْلًا | مَّاتَشْكُرُوْنَ | وَلَقَدْ |
| اور | کیں ہم نے | واسطے تمہارے | بیچ اس کے | معیشتیں | تھوڑا سا | تم شکر کرتے ہو | اور البتہ |

اور اس میں تمہارے لیے سامانِ معیشت پیدا کیے۔ (مگر) تم کم ہی شکر کرتے ہو۱۰ اور ہم ہی

خَلَقْنٰكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنٰكُمْ ثُمَّ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ ۖ ق

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَلَقْنٰكُمْ | ثُمَّ | صَوَّرْنٰكُمْ | ثُمَّ | قُلْنَا | لِلْمَلٰٓئِكَةِ | اسْجُدُوْا | لِاٰدَمَ |
| پیدا کیا ہم نے تم کو | پھر | صورتیں بنائیں ہم نے تمہاری | پھر | کہا ہم نے | فرشتوں کو | سجدہ کرو | آدم کو |

نے تم کو (ابتدا میں مٹی سے) پیدا کیا پھر تمہاری شکل صورت بنائی پھر فرشتوں کو حکم دیا کہ آدم کے آگے سجدہ کرو۔

فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ لَمْ يَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ۝۱۱ قَالَ مَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَسَجَدُوْٓا | اِلَّآ | اِبْلِيْسَ | لَمْ | يَكُنْ | مِّنَ | السّٰجِدِيْنَ | قَالَ | مَا |
| پس سجدہ کیا انہوں نے | مگر | ابلیس | نہیں | ہوا | سے | سجدہ کرنے والوں | کہا | کس چیز نے |

تو (سب نے) سجدہ کیا لیکن ابلیس۔ کہ وہ سجدہ کرنے والوں میں (شامل) نہ ہوا۱۱ (اللہ نے) فرمایا

مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُكَ ۭ قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ۚ خَلَقْتَنِيْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنَعَكَ | اَلَّا | تَسْجُدَ | اِذْ | اَمَرْتُكَ | قَالَ | اَنَا | خَيْرٌ | مِّنْهُ | خَلَقْتَنِيْ |
| منع کیا تجھ کو | کہ نہ | سجدہ کیا تو نے | جب | حکم دیا میں نے تجھ کو | کہا | میں | بہتر ہوں | اس سے | پیدا کیا تو نے مجھ کو |

جب میں نے تجھ کو حکم دیا تو کس چیز نے تجھے سجدہ کرنے سے باز رکھا۔ اس نے کہا کہ میں اس سے افضل ہوں مجھے تو نے

مِنْ نَّارٍ وَّ خَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ﴿۱۲﴾ قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُوْنُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | نَّارٍ | وَّ | خَلَقْتَهٗ | مِنْ طِيْنٍ | قَالَ | فَاهْبِطْ | مِنْهَا | فَمَا | يَكُوْنُ |
| سے | آگ | اور | پیدا کیا اس کو | مٹی سے | کہا | پس اتر جا | اس سے | پس نہیں | لائق ہے |

آگ سے پیدا کیا ہے اور اسے مٹی سے بنایا ہے ﴿۱۲﴾ فرمایا تو (بہشت سے) اُتر جا تجھے شایاں نہیں

لَكَ اَنْ تَتَكَبَّرَ فِيْهَا فَاخْرُجْ اِنَّكَ مِنَ الصّٰغِرِيْنَ ﴿۱۳﴾ قَالَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكَ | اَنْ | تَتَكَبَّرَ | فِيْهَا | فَاخْرُجْ | اِنَّكَ | مِنَ | الصّٰغِرِيْنَ | قَالَ |
| واسطے تیرے | یہ کہ | تکبر کرے تو | بیچ اس کے | پس نکل جا | تو بیشک | سے ہے | ذلیلوں میں | کہا |

کہ یہاں غرور کرے، پس نکل جا، تو ذلیل ہے ﴿۱۳﴾ اُس نے کہا کہ مجھے

اَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۴﴾ قَالَ اِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿۱۵﴾ قَالَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْظِرْنِيْٓ | اِلٰى | يَوْمِ | يُبْعَثُوْنَ | قَالَ | اِنَّكَ | مِنَ | الْمُنْظَرِيْنَ | قَالَ |
| ڈھیل دے مجھ کو | تک کہ | اس دن | قبروں سے اٹھائے جائیں | کہا | بے شک تو | سے ہے | ڈھیل دیے گیوں میں | کہا |

اُس دن تک مہلت عطا فرما جس دن لوگ (قبروں سے) اُٹھائے جائیں گے ﴿۱۴﴾ فرمایا (اچھا) تجھ کو مہلت دی جاتی ہے ﴿۱۵﴾ (پھر) شیطان نے کہا

فَبِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۱۶﴾ ثُمَّ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَبِمَآ | اَغْوَيْتَنِيْ | لَاَقْعُدَنَّ | لَهُمْ | صِرَاطَكَ | الْمُسْتَقِيْمَ | ثُمَّ |
| پس قسم ہے اسکی کہ | گمراہ کیا تو نے مجھ کو | البتہ بیٹھوں گا میں | واسطے ان کے | راہ تیری | سیدھی پر | پھر |

کہ مجھے تو تو نے ملعون کیا ہی ہے۔ میں بھی تیرے سیدھے رستے پر اُن (کو گمراہ کرنے) کے لیے بیٹھوں گا ﴿۱۶﴾ پھر

لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ وَعَنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَاٰتِيَنَّهُمْ | مِّنْۢ | بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ | وَ | مِنْ | خَلْفِهِمْ | وَ | عَنْ | اَيْمَانِهِمْ | وَ | عَنْ |
| البتہ آؤں گا پاس انکے | سے | آگے انکے | اور | سے | پیچھے ان کے | اور | سے | داہنے ان کے | اور | سے |

اُن کے آگے سے اور پیچھے سے اور دائیں اور بائیں سے (غرض ہر طرف سے) آؤں گا (اور ان کی راہ

شَمَآئِلِهِمْ ۭ وَلَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ شٰكِرِيْنَ ﴿۱۷﴾ قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَمَآئِلِهِمْ | وَ | لَا | تَجِدُ | اَكْثَرَهُمْ | شٰكِرِيْنَ | قَالَ | اخْرُجْ | مِنْهَا |
| بائیں ان کے | اور | نہیں | پائے گا تو | اکثر ان کو | شکر کرنے والا | کہا | نکل | اس سے |

ماروں گا)۔ اور تو ان میں اکثر کو شکر گزار نہیں پائے گا ﴿۱۷﴾ (اللہ نے) فرمایا نکل جا یہاں

مَذْءُوْمًا مَّدْحُوْرًا ۭ لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَذْءُوْمًا | مَّدْحُوْرًا | لَمَنْ | تَبِعَكَ | مِنْهُمْ | لَاَمْلَئَنَّ | جَهَنَّمَ | مِنْكُمْ |
| برے حال سے | راندہ ہوا | البتہ جو کوئی | پیروی کریگا تیری | ان میں سے | البتہ بھردوں گا میں | دوزخ کو | تم سے |

سے پاجی، مردود۔ جو لوگ ان میں سے تیری پیروی کریں گے میں (ان کو اور تجھ کو جہنم میں ڈال کر) تم سب

اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۸﴾ وَيٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ فَكُلَا مِنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَجْمَعِيْنَ | وَيٰٓاٰدَمُ | اسْكُنْ | اَنْتَ | وَ | زَوْجُكَ | الْجَنَّةَ | فَكُلَا | مِنْ |
| سب | اور اے آدم | رہ | تو | اور | جورو تیری | بہشت میں | پس کھاؤ | سے |

سے جہنم کو بھر دوں گا ﴿۱۸﴾ اور (ہم نے) آدم (سے کہا کہ) تم اور تمہاری بیوی بہشت میں رہو سہو اور جہاں

حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَيْثُ | شِئْتُمَا | وَ | لَا | تَقْرَبَا | هٰذِهِ | الشَّجَرَةَ | فَتَكُوْنَا | مِنَ | الظّٰلِمِيْنَ |
| جہاں | چاہو تم | اور | مت | نزدیک جاؤ | اس | درخت کے | پس ہو جاؤ گے | سے | ظالموں |

سے چاہو (اور جو چاہو) نوشِ جان کرو مگر اس درخت کے پاس نہ جانا ورنہ گنہگار ہو جاؤ گے ﴿۱۹﴾

فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطٰنُ لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَاوٗرِيَ عَنْهُمَا مِنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَوَسْوَسَ | لَهُمَا | الشَّيْطٰنُ | لِيُبْدِيَ | لَهُمَا | مَاوٗرِيَ | عَنْهُمَا | مِنْ |
| پس وسوسہ دیا | ان دونوں کو | شیطان نے | تا کہ ظاہر کردے | واسطے دونوں کے | جو کچھ کہ چھپایا گیا تھا | ان سے | سے |

تو شیطان دونوں کو بہکانے لگا تا کہ اُن کے ستر کی چیزیں جو اُن سے پوشیدہ تھیں

سَوْاٰتِهِمَا وَقَالَ مَا نَهٰكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ اِلَّآ اَنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَوْاٰتِهِمَا | وَ | قَالَ | مَا | نَهٰكُمَا | رَبُّكُمَا | عَنْ | هٰذِهِ | الشَّجَرَةِ | اِلَّآ | اَنْ |
| شرمگاہوں ان کی | اور | کہا | نہ | منع کیا تھا تم کو | پروردگار تمہارے نے | سے | اس | درخت | مگر | اس خطرہ سے کہ |

کھول دے اور کہنے لگا کہ تم کو تمہارے پروردگار نے اس درخت سے صرف اس لیے منع کیا ہے

تَكُوْنَا مَلَكَيْنِ اَوْ تَكُوْنَا مِنَ الْخٰلِدِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَقَاسَمَهُمَآ اِنِّيْ لَكُمَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَكُوْنَا | مَلَكَيْنِ | اَوْ | تَكُوْنَا | مِنَ | الْخٰلِدِيْنَ | وَقَاسَمَهُمَآ | اِنِّيْ | لَكُمَا |
| ہو جاؤ تم دونوں | فرشتے | یا | ہو جاؤ | سے | ہمیش رہنے والوں | اور قسم کھائی ان دونوں کے آگے کہ | بیشک میں | تم دونوں کا |

کہ تم فرشتے نہ بن جاؤ یا ہمیشہ جیتے نہ رہو ﴿۲۰﴾ اور اُن سے قسم کھا کر کہا کہ میں تو تمہارا

لِمَنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿۲۱﴾ فَدَلّٰىهُمَا بِغُرُوْرٍ ۚ فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَمِنَ | النّٰصِحِيْنَ | فَدَلّٰىهُمَا | بِغُرُوْرٍ | فَلَمَّا | ذَاقَا | الشَّجَرَةَ | بَدَتْ |
| البتہ | خیرخواہوں سے ہوں | پس کھینچ لیا ان کو | ساتھ غرور کے | پس جب | چکھا ان دونوں نے | اس درخت سے | ظاہر ہوگئیں |

خیر خواہ ہوں (۲۱) غرض (مردود نے) دھوکا دے کر ان کو (معصیت کی طرف) کھینچ ہی لیا۔ جب انہوں نے اس درخت (کے پھل) کو کھا لیا

لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ۭ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمَا | سَوْاٰتُهُمَا | وَ | طَفِقَا | يَخْصِفٰنِ | عَلَيْهِمَا | مِنْ | وَّرَقِ | الْجَنَّةِ |
| واسطے ان دونوں کی | شرمگاہیں انکی | اور | شروع کیا ان دونوں نے | ٹانکتے تھے | اوپر اپنے | سے | پتوں | بہشت کے |

توان کے ستر کی چیزیں کھل گئیں اور وہ بہشت کے (درختوں کے) پتے (توڑ توڑ کر) اپنے اوپر چپکانے (اور ستر چھپانے) لگے۔

وَنَادٰىهُمَا رَبُّهُمَآ اَلَمْ اَنْهَكُمَا عَنْ تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ وَاَقُلْ لَّكُمَآ اِنَّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | نَادٰىهُمَا | رَبُّهُمَآ | اَلَمْ | اَنْهَكُمَا | عَنْ | تِلْكُمَا | الشَّجَرَةِ | وَ | اَقُلْ | لَّكُمَآ | اِنَّ |
| اور | پکارا ان کو | انکے رب نے | کیا نہیں | منع کیا تھا تمکو میں نے | سے | اس | درخت | اور | نہ کہا تھا میں نے | تم کو کہ | بیشک |

تب اُن کے پروردگار نے ان کو پکارا کہ کیا میں نے تم کو اس درخت (کے پاس جانے) سے منع نہیں کیا تھا اور جتا نہیں دیا تھا کہ

الشَّيْطٰنَ لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۲۲﴾ قَالَا رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ۫ سکتۃ وَاِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الشَّيْطٰنَ | لَكُمَا | عَدُوٌّ | مُّبِيْنٌ | قَالَا | رَبَّنَا | ظَلَمْنَآ | اَنْفُسَنَا | وَ | اِنْ |
| شیطان | واسطے تمہارے | دشمن ہے | ظاہر | کہا ان دونوں نے | اے رب ہمارے | ظلم کیا ہم نے | جانوں اپنی کو | اور | اگر |

شیطان تمہارا کھلم کھلا دشمن ہے؟ (۲۲) دونوں عرض کرنے لگے کہ پروردگار ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور اگر

لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ قَالَ اهْبِطُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَّمْ | تَغْفِرْ لَنَا | وَ | تَرْحَمْنَا | لَنَكُوْنَنَّ | مِنَ | الْخٰسِرِيْنَ | قَالَ | اهْبِطُوْا |
| نہ | بخشے تو ہم کو | اور | نہ رحم کرے گا تو ہم کو | البتہ ہو جائینگے ہم | سے | گھاٹا پانے والوں میں | کہا | اترو تم |

تو ہمیں نہیں بخشے گا اور ہم پر رحم نہیں کرے گا تو ہم تباہ ہو جائیں گے (۲۳) (اللہ نے) فرمایا (تم سب بہشت سے) اُتر جاؤ

بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعْضُكُمْ | لِبَعْضٍ | عَدُوٌّ | وَ | لَكُمْ | فِي | الْاَرْضِ | مُسْتَقَرٌّ | وَّ | مَتَاعٌ | اِلٰى |
| بعض تمہارے | واسطے بعض کے | دشمن ہیں | اور | واسطے تمہارے | بیچ | زمین کے | ٹھکانا ہے | اور | ایک فائدہ ہے | تک |

(اب سے) تم ایک دوسرے کے دشمن ہو اور تمہارے لیے ایک وقت (خاص) تک زمین پر ٹھکانا اور (زندگی کا) سامان

ع ۲ ۱۵ ۹

حِيْنٍ ﴿۲۴﴾ قَالَ فِيْهَا تَحْيَوْنَ وَ فِيْهَا تَمُوْتُوْنَ وَ مِنْهَا تُخْرَجُوْنَ ﴿۲۵﴾

| حِيْنٍ | قَالَ | فِيْهَا | تَحْيَوْنَ | وَ | فِيْهَا | تَمُوْتُوْنَ | وَ | مِنْهَا | تُخْرَجُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک مدت | کہا | بیچ اس کے | جیو گے تم | اور | بیچ اس کے | مرو گے تم | اور | اسی سے | تم نکالے جاؤ گے |

(کر دیا گیا) ہے ﴿۲۴﴾ (یعنی) کہا کہ اُسی میں تمہارا جینا ہوگا اور اسی میں مرنا اور اُسی میں سے (قیامت کو زندہ کر کے) نکالے جاؤ گے ﴿۲۵﴾

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَ رِيْشًا ؕ

| يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ | قَدْ | اَنْزَلْنَا | عَلَيْكُمْ | لِبَاسًا | يُّوَارِيْ | سَوْاٰتِكُمْ | وَ | رِيْشًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے بنی آدم | بے شک | اتارا ہم نے | اوپر تمہارے | پہناوا | کہ ڈھانکتا ہے | شرمگاہ تمہاری کو | اور | اتارا پہناوا زینت کا |

اے بنی آدم ہم نے تم پر پوشاک اُتاری کہ تمہارا ستر ڈھانکے اور (تمہارے بدن کو) زینت (دے)۔

وَ لِبَاسُ التَّقْوٰى ۙ ذٰلِكَ خَيْرٌ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ

| وَ | لِبَاسُ | التَّقْوٰى | ذٰلِكَ | خَيْرٌ | ذٰلِكَ | مِنْ | اٰيٰتِ | اللّٰهِ | لَعَلَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | پہناوا | بچاؤ کا | یہ | بہتر ہے | یہ | سے ہے | نشانیوں | اللہ کی | تاکہ وہ |

اور (جو) پرہیزگاری کا لباس (ہے) وہ سب سے اچھا ہے۔ یہ اللہ کی نشانیاں ہیں تاکہ لوگ

يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۲۶﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ كَمَآ اَخْرَجَ اَبَوَيْكُمْ

| يَذَّكَّرُوْنَ | يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ | لَا | يَفْتِنَنَّكُمُ | الشَّيْطٰنُ | كَمَآ | اَخْرَجَ | اَبَوَيْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نصیحت پکڑیں | اے بیٹو آدم کے | نہ | بہکاوے تم کو | شیطان | جیسے | نکال دیا | ماں باپ تمہارے کو |

نصیحت پکڑیں ﴿۲۶﴾ اے بنی آدم (دیکھنا کہیں) شیطان تمہیں بہکا نہ دے جس طرح تمہارے ماں باپ کو (بہکا کر)

مِّنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا سَوْاٰتِهِمَا ؕ اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ

| مِّنَ | الْجَنَّةِ | يَنْزِعُ | عَنْهُمَا | لِبَاسَهُمَا | لِيُرِيَهُمَا | سَوْاٰتِهِمَا | اِنَّهٗ | يَرٰىكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | بہشت | اتار لیتا تھا | ان سے | لباس ان کا | تاکہ دکھلاوے ان کو | شرمگاہیں ان کی | بیشک وہ | دیکھتا ہے تم کو |

بہشت سے نکلوا دیا اور اُن سے اُن کے کپڑے اُتروا دیے تاکہ ان کے ستر ان کو کھول کر دکھا دے۔ وہ اور اس کے

هُوَ وَ قَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ ؕ اِنَّا جَعَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ

| هُوَ | وَ | قَبِيْلُهٗ | مِنْ | حَيْثُ | لَا | تَرَوْنَهُمْ | اِنَّا | جَعَلْنَا | الشَّيٰطِيْنَ | اَوْلِيَآءَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ | اور | کنبہ اس کا | سے | جہاں | نہیں | دیکھتے تم ان کو | بیشک | کیا ہم نے | شیطان کو | دوست |

بھائی تم کو ایسی جگہ سے دیکھتے رہتے ہیں جہاں سے تم ان کو نہیں دیکھ سکتے۔ ہم نے شیطانوں کو انہی لوگوں کا رفیق

لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا عَلَيْهَآ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلَّذِيْنَ | لَا يُؤْمِنُوْنَ | وَ | اِذَا | فَعَلُوْا | فَاحِشَةً | قَالُوْا | وَجَدْنَا | عَلَيْهَآ |
| واسطے ان لوگوں کے کہ | نہیں ایمان لاتے | اور | جب | کرتے ہیں وہ | بے حیائی | کہتے ہیں | پایا ہم نے | اوپر اس کے |

بنایا ہے جو ایمان نہیں رکھتے ہیں ﴿۲۷﴾ اور جب کوئی بے حیائی کا کام کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے بزرگوں کو اسی طرح کرتے

اٰبَآءَنَا وَ اللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ ؕ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰبَآءَنَا | وَ | اللّٰهُ | اَمَرَنَا | بِهَا | قُلْ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يَاْمُرُ | بِالْفَحْشَآءِ |
| اپنے باپوں کو | اور | اللہ نے | حکم دیا ہم کو | ساتھ اس کے | کہہ | بیشک | اللہ | نہیں | حکم دیتا | ساتھ بے حیائی کے |

دیکھا ہے اور اللہ نے بھی ہم کو یہی حکم دیا ہے۔ کہہ دو کہ اللہ بے حیائی کے کام کرنے کا ہرگز حکم نہیں دیتا۔

اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸﴾ قُلْ اَمَرَ رَبِّيْ بِالْقِسْطِ (قف)

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَتَقُوْلُوْنَ | عَلَى | اللّٰهِ | مَا | لَا | تَعْلَمُوْنَ | قُلْ | اَمَرَ | رَبِّيْ | بِالْقِسْطِ |
| کیا کہتے ہو | اوپر | اللہ کے | جو کچھ | نہیں | جانتے | کہہ | حکم دیتا ہے | میرا رب | ساتھ انصاف کے |

بھلا تم اللہ کی نسبت ایسی بات کیوں کہتے ہو جس کا تمہیں علم نہیں ﴿۲۸﴾ کہہ دو کہ میرے پروردگار نے تو انصاف کرنے کا حکم دیا ہے

وَ اَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَقِيْمُوْا | وُجُوْهَكُمْ | عِنْدَ | كُلِّ | مَسْجِدٍ | وَّادْعُوْهُ | مُخْلِصِيْنَ | لَهُ |
| اور | سیدھا کرو | منہ اپنے کو | نزدیک | ہر | نماز کے | اور پکارو اس کو | خالص کر کر | واسطے اسکے |

اور یہ کہ ہر نماز کے وقت سیدھا (قبلے کی طرف) رخ کیا کرو اور خاص اسی کی عبادت کرو اور اُسی کو پکارو۔

الدِّيْنَ ۬ كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ﴿۲۹﴾ ؕ فَرِيْقًا هَدٰى وَفَرِيْقًا حَقَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الدِّيْنَ | كَمَا | بَدَاَكُمْ | تَعُوْدُوْنَ | فَرِيْقًا | هَدٰى | وَ | فَرِيْقًا | حَقَّ |
| عبادت | جیسے | پہلے پیدا کیا تم کو | پھر آؤ گے | ایک فرقے کو | ہدایت کی | اور | ایک فرقہ کہ | ثابت ہوئی |

اُس نے جس طرح تم کو ابتدا میں پیدا کیا تھا اسی طرح تم پھر پیدا ہو گے ﴿۲۹﴾ ایک فریق کو تو اس نے ہدایت دی اور ایک فریق

عَلَيْهِمُ الضَّلٰلَةُ ؕ اِنَّهُمُ اتَّخَذُوا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِمُ | الضَّلٰلَةُ | اِنَّهُمُ | اتَّخَذُوا | الشَّيٰطِيْنَ | اَوْلِيَآءَ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ |
| اوپر ان کے | گمراہی | بیشک انہوں نے | پکڑا | شیطان کو | دوست | سوائے | اللہ کے |

پر گمراہی ثابت ہو چکی۔ اُن لوگوں نے اللہ کو چھوڑ کر شیطانوں کو رفیق بنا لیا

وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝۳۰ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَيَحْسَبُوْنَ | اَنَّهُمْ | مُّهْتَدُوْنَ | يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ | خُذُوْا | زِيْنَتَكُمْ | عِنْدَ |
| اور گمان کرتے ہیں کہ | وہ | راہ پانے والے ہیں | اے آدم کے بیٹو | لو | زینت اپنی | نزدیک |

اور سمجھتے (یہ) ہیں کہ ہدایت یاب ہیں ۝۳۰ اے بنی آدم! ہر نماز کے وقت اپنے تئیں

كُلِّ مَسْجِدٍ وَّ كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا وَ لَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُلِّ | مَسْجِدٍ | وَّ | كُلُوْا | وَ | اشْرَبُوْا | وَ | لَا | تُسْرِفُوْا | اِنَّهٗ | لَا | يُحِبُّ |
| ہر | نماز کے | اور | کھاؤ | اور | پیو | اور | مت | حد سے نکل جاؤ | بیشک وہ | نہیں | دوست رکھتا |

مزین کیا کرو اور کھاؤ اور پیو اور بے جا نہ اُڑاؤ کہ اللہ بے جا اُڑانے والوں کو دوست

الْمُسْرِفِيْنَ ۝۳۱ ع قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ ۳ ع ۱۰

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُسْرِفِيْنَ | قُلْ | مَنْ | حَرَّمَ | زِيْنَةَ | اللّٰهِ | الَّتِيْٓ | اَخْرَجَ | لِعِبَادِهٖ |
| حد سے نکل جانیوالوں کو | کہہ | کس نے | حرام کی ہے | زینت | اللہ کی | جو | نکالی ہے | واسطے اپنے بندوں کے |

نہیں رکھتا ۝۳۱ پوچھو تو کہ جو زینت (وآرائش) اور کھانے (پینے) کی پاکیزہ چیزیں اللہ نے اپنے بندوں

وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ۭ قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الطَّيِّبٰتِ | مِنَ | الرِّزْقِ | قُلْ | هِيَ | لِلَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | فِي | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا |
| اور | پاکیزہ چیزیں | سے | رزق | کہہ | وہ | واسطے ان لوگوں کے ہے کہ | ایمان لائے | بیچ | زندگانی | دنیا کے |

کے لیے پیدا کی ہیں اُن کو حرام کس نے کیا ہے؟ کہہ دو کہ یہ چیزیں دُنیا کی زندگی میں ایمان والوں کے لیے ہیں

خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝۳۲

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَالِصَةً | يَّوْمَ | الْقِيٰمَةِ | كَذٰلِكَ | نُفَصِّلُ | الْاٰيٰتِ | لِقَوْمٍ | يَّعْلَمُوْنَ |
| خالص ہیں | دن | قیامت کے | اسی طرح | مفصل بیان کرتے ہیں ہم | نشانیاں | واسطے اس قوم کے کہ | جانتے ہیں |

اور قیامت کے دن خاص انہی کا حصہ ہوں گی۔ اسی طرح اللہ اپنی آیتیں سمجھنے والوں کے لیے کھول کھول کر بیان فرماتا ہے ۝۳۲

قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَ مَا بَطَنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلْ | اِنَّمَا | حَرَّمَ | رَبِّيَ | الْفَوَاحِشَ | مَا | ظَهَرَ | مِنْهَا | وَ | مَا | بَطَنَ |
| کہہ | سوائے اسکے نہیں کہ | حرام کی ہے | میرے رب نے | بے حیائیاں | جو | ظاہر ہیں | ان میں سے | اور | جو | چھپی ہیں |

کہہ دو کہ میرے پروردگار نے تو بے حیائی کی باتوں کو ظاہر ہوں یا پوشیدہ اور گناہ کو اور ناحق زیادتی کرنے کو

وَالْاِثْمَ وَالْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَاَنْ تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاِثْمَ | وَ | الْبَغْيَ | بِغَيْرِ الْحَقِّ | وَ | اَنْ | تُشْرِكُوْا | بِاللّٰهِ | مَا | لَمْ | يُنَزِّلْ | بِهٖ | سُلْطٰنًا |
| اور | گناہ | اور | سرکشی | ساتھ ناحق کے | اور | یہ کہ | شریک لاؤ | ساتھ اللہ کے | وہ چیز کہ | نہ | اتاری | ساتھ | دلیل کے |

حرام کیا ہے اور اس کو بھی کہ تم کسی کو اللہ کا شریک بناؤ جس کی اس نے کوئی سند نازل نہیں کی

وَّاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۚ فَاِذَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّاَنْ | تَقُوْلُوْا | عَلَى | اللّٰهِ | مَا | لَا | تَعْلَمُوْنَ | وَ | لِكُلِّ | اُمَّةٍ | اَجَلٌ | فَاِذَا |
| اور یہ کہ | کہو | اوپر | اللہ کے | جو کچھ کہ | نہیں | جانتے | اور | واسطے ہر | امت کے | ایک وقت ہے مقرر | پس جب |

اور اس کو بھی کہ اللہ کے بارے میں ایسی باتیں کہو جن کا تمہیں کچھ علم نہیں ﴿۳۳﴾ اور ہر ایک فرقے کے لیے (موت کا) ایک وقت مقرر ہے جب

جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۳۴﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَآءَ | اَجَلُهُمْ | لَا | يَسْتَاْخِرُوْنَ | سَاعَةً | وَّ | لَا | يَسْتَقْدِمُوْنَ | يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ |
| آتا ہے | وقت ان کا | نہیں | پیچھے رہ جاتے | ایک ساعت | اور | نہ | آگے نکل جاتے ہیں | اے بیٹو آدم کے |

وہ آ جاتا ہے تو نہ تو ایک گھڑی دیر کر سکتے ہیں نہ جلدی ﴿۳۴﴾ اے بنی آدم

اِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ ۙ فَمَنِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِمَّا | يَاْتِيَنَّكُمْ | رُسُلٌ | مِّنْكُمْ | يَقُصُّوْنَ | عَلَيْكُمْ | اٰيٰتِيْ | فَمَنِ |
| اگر | آئیں تمہارے پاس | رسول | تم میں سے | بیان کریں | اوپر تمہارے | نشانیاں میری | پس جو کوئی |

(ہم تم کو یہ نصیحت ہمیشہ کرتے رہے ہیں کہ) جب ہمارے پیغمبر تمہارے پاس آیا کریں اور ہماری آیتیں تم کو سنایا کریں (تو ان پر ایمان لایا کرو کہ)

اتَّقٰى وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَالَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتَّقٰى | وَ | اَصْلَحَ | فَلَا | خَوْفٌ | عَلَيْهِمْ | وَ | لَا | هُمْ | يَحْزَنُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ |
| پرہیزگاری کرے | اور | اصلاح کرے | پس نہیں | ڈر | اوپر ان کے | اور | نہ | وہ | غمگین ہوں گے | اور | جن لوگوں نے |

جو شخص (ان پر ایمان لا کر اللہ سے) ڈرتا رہے گا اور اپنی حالت درست رکھے گا تو ایسے لوگوں کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے ﴿۳۵﴾ اور

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَا | وَاسْتَكْبَرُوْا | عَنْهَآ | اُولٰٓئِكَ | اَصْحٰبُ | النَّارِ | هُمْ |
| جھٹلایا | نشانیاں ہماری کو | اور تکبر کیا | ان سے | یہ لوگ | رہنے والے ہیں | دوزخ کے | وہ |

جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور ان سے سرتابی کی وہی دوزخی ہیں کہ ہمیشہ اس میں

فِيهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۳۶﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيهَا | خٰلِدُوْنَ | فَمَنْ | اَظْلَمُ | مِمَّنِ | افْتَرٰی | عَلَى | اللّٰهِ | كَذِبًا |
| بیچ اس کے | ہمیش رہنے والے ہیں | پس کون ہے | بہت ظالم | اس شخص سے کہ | باندھ لیوے | اوپر | اللہ کے | جھوٹ |

(جلتے) رہیں گے ﴿۳۶﴾ تو اس سے زیادہ ظالم کون ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھے یا اس کی آیتوں

اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ يَنَالُهُمْ نَصِيْبُهُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ ؕ حَتّٰٓى اِذَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْ | كَذَّبَ | بِاٰيٰتِهٖ | اُولٰٓئِكَ | يَنَالُهُمْ | نَصِيْبُهُمْ | مِّنَ | الْكِتٰبِ | حَتّٰٓى | اِذَا |
| یا | جھٹلائے | نشانیاں اس کی کو | یہ لوگ | پہنچے گا ان کو | حصہ ان کا | سے | لکھے میں | یہاں تک کہ | جب |

کو جھٹلائے۔ ان کو ان کے نصیب کا لکھا ملتا ہی رہے گا۔ یہاں تک

جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ ۙ قَالُوْٓا اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تَدْعُوْنَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جَآءَتْهُمْ | رُسُلُنَا | يَتَوَفَّوْنَهُمْ | قَالُوْٓا | اَيْنَ | مَا كُنْتُمْ | تَدْعُوْنَ |
| آئینگے انکے پاس | بھیجے ہوئے ہمارے | قبض کرتے ہوئے انکو | کہیں گے | کہاں ہیں | جن کو | پکارتے تھے |

کہ جب ان کے پاس ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) جان نکالنے آئیں گے تو کہیں گے کہ جن کو تم اللہ کے سوا پکارا

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا وَشَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | قَالُوْا | ضَلُّوْا | عَنَّا | وَشَهِدُوْا | عَلٰٓى | اَنْفُسِهِمْ | اَنَّهُمْ | كَانُوْا |
| سوائے | اللہ کے | کہیں گے | کھو گئے | ہم سے | اور گواہی دیں گے | اوپر | جانوں اپنی کے | یہ کہ | وہ تھے |

کرتے تھے وہ (اب) کہاں ہیں؟ وہ کہیں گے (معلوم نہیں) کہ وہ ہم سے (کہاں) غائب ہوگئے اور اقرار کریں گے کہ

كٰفِرِيْنَ ﴿۳۷﴾ قَالَ ادْخُلُوْا فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ مِّنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كٰفِرِيْنَ | قَالَ | ادْخُلُوْا | فِيْٓ | اُمَمٍ | قَدْ | خَلَتْ | مِنْ | قَبْلِكُمْ | مِّنَ |
| کافر | کہے گا | داخل ہو جاؤ | بیچ | جماعتوں کے کہ | تحقیق | گزری ہیں | سے | پہلے تم | سے |

بیشک وہ کافر تھے ﴿۳۷﴾ تو اللہ فرمائے گا کہ جنوں اور انسانوں کی جو جماعتیں تم سے پہلے ہو گزری ہیں اُن ہی کے ساتھ

الْجِنِّ وَالْاِنْسِ فِي النَّارِ ؕ كُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْجِنِّ | وَ | الْاِنْسِ | فِي | النَّارِ | كُلَّمَا | دَخَلَتْ | اُمَّةٌ | لَّعَنَتْ | اُخْتَهَا |
| جنوں | اور | انسانوں سے | بیچ | آگ کے | جب | داخل ہوگی | جماعت | لعنت کرے گی | بہن اپنی کو |

تم بھی داخلِ جہنم ہو جاؤ۔ جب ایک جماعت (وہاں) جا داخل ہوگی تو اپنی (مذہبی) بہن (یعنی اپنے جیسی دوسری جماعت) پر لعنت کرے گی۔

حَتّٰٓى اِذَا ادّٰرَكُوْا فِيْهَا جَمِيْعًا ۙ قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ رَبَّنَا

| حَتّٰٓى | اِذَا | ادّٰرَكُوْا | فِيْهَا | جَمِيْعًا | قَالَتْ | اُخْرٰىهُمْ | لِاُوْلٰىهُمْ | رَبَّنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہاں تک کہ | جب | مل جائیں گے | بیچ اس کے | سب | کہیں گے | پچھلے ان کے | واسطے اگلوں کے | اے رب ہمارے |

یہاں تک کہ جب سب اس میں داخل ہو جائیں گے تو پچھلی جماعت پہلی کی نسبت کہے گی کہ اے پروردگار

هٰٓؤُلَآءِ اَضَلُّوْنَا فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ۭ قَالَ لِكُلٍّ

| هٰٓؤُلَآءِ | اَضَلُّوْنَا | فَاٰتِهِمْ | عَذَابًا | ضِعْفًا | مِّنَ | النَّارِ | قَالَ | لِكُلٍّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انہوں نے | گمراہ کیا تھا ہم کو | پس دے ان کو | عذاب | دوگنا | سے | آگ | کہے گا | واسطے ہر ایک کے |

ان ہی لوگوں نے ہم کو گمراہ کیا تھا تو ان کو آتشِ جہنم کا دگنا عذاب دے۔ اللہ فرمائے گا کہ (تم) سب کو

ضِعْفٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ ﴿٣٨﴾ وَقَالَتْ اُوْلٰىهُمْ لِاُخْرٰىهُمْ فَمَا كَانَ

| ضِعْفٌ | وَّ | لٰكِنْ | لَّا | تَعْلَمُوْنَ | وَ | قَالَتْ | اُوْلٰىهُمْ | لِاُخْرٰىهُمْ | فَمَا | كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دوگنا ہے | اور | لیکن | نہیں | جانتے | اور | کہا | اگلوں نے ان کے | واسطے پچھلوں کے | پس نہ | ہوئی |

دگنا (عذاب دیا جائے گا) مگر تم نہیں جانتے (٣٨) اور پہلی جماعت پچھلی سے کہے گی کہ تم کو ہم پر کچھ بھی

لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿٣٩﴾ ع ٨ ١١

| لَكُمْ | عَلَيْنَا | مِنْ | فَضْلٍ | فَذُوْقُوا | الْعَذَابَ | بِمَا | كُنْتُمْ | تَكْسِبُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے تمہارے | اوپر ہمارے | کچھ | زیادتی | پس چکھو | عذاب | بسبب اسکے کہ | تھے تم | کماتے |

فضیلت نہ ہوئی تو جو (عمل) تم کیا کرتے تھے اس کے بدلے میں عذاب کے مزے چکھو (٣٩)

اِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ

| اِنَّ | الَّذِيْنَ | كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَا | وَاسْتَكْبَرُوْا | عَنْهَا | لَا | تُفَتَّحُ | لَهُمْ | اَبْوَابُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بے شک | جن لوگوں نے | جھٹلایا | نشانیوں ہماری کو | اور تکبر کیا | ان سے | نہ | کھولے جائینگے | واسطے انکے | دروازے |

جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور اُن سے سرتابی کی اُن کے لیے نہ آسمان کے دروازے کھولے

السَّمَاۗءِ وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ

| السَّمَاۗءِ | وَ | لَا | يَدْخُلُوْنَ | الْجَنَّةَ | حَتّٰى | يَلِجَ | الْجَمَلُ | فِيْ | سَمِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمان کے | اور | نہ | داخل ہوں گے | بہشت میں | یہاں تک کہ | داخل ہو جائے | اونٹ | بیچ | ناکے |

جائیں گے اور نہ وہ بہشت میں داخل ہوں گے یہاں تک کہ اُونٹ سوئی کے ناکے میں سے

الْخِيَاطِ ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۴۰﴾ لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْخِيَاطِ | وَكَذٰلِكَ | نَجْزِي | الْمُجْرِمِيْنَ | لَهُمْ | مِّنْ | جَهَنَّمَ |
| سوئی کے | اور اسی طرح | جزا دیتے ہیں ہم | گنہگاروں کو | واسطے ان کے | سے | دوزخ |

نہ نکل جائے۔ اور گنہگاروں کو ہم ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں ﴿۴۰﴾ ایسے لوگوں کے

مِهَادٌ وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِهَادٌ | وَّ | مِنْ | فَوْقِهِمْ | غَوَاشٍ | وَ | كَذٰلِكَ | نَجْزِي | الظّٰلِمِيْنَ |
| بچھونا ہے | اور | سے | اوپر ان | بالاپوش ہیں | اور | اسی طرح | جزا دیتے ہیں ہم | ظالموں کو |

لیے (نیچے) بچھونا بھی (آتش) جہنم کا ہوگا اور اوپر سے اوڑھنا بھی (اسی کا)۔ اور ظالموں کو ہم ایسی ہی سزا دیتے ہیں ﴿۴۱﴾

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَآ ۡ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | عَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | لَا | نُكَلِّفُ | نَفْسًا | اِلَّا | وُسْعَهَآ |
| اور | جو لوگ کہ | ایمان لائے | اور | کام کیے | اچھے | نہیں | تکلیف دیتے ہم | کسی کو | مگر | طاقت اس کی پر |

اور جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کرتے رہے (اور) ہم (عملوں کے لیے) کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ تو تکلیف دیتے ہی نہیں۔

اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُولٰۗىِٕكَ | اَصْحٰبُ | الْجَنَّةِ | هُمْ | فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ | وَ | نَزَعْنَا | مَا | فِيْ |
| یہ لوگ | رہنے والے ہیں | بہشت کے | وہ | بیچ اس کے | ہمیش رہنے والے ہیں | اور | کھینچ لیا ہم نے | جو | بیچ |

ایسے ہی لوگ اہلِ بہشت ہیں (کہ) اس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۴۲﴾ اور جو کینے ان

صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ ۚ وَقَالُوا الْحَمْدُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صُدُوْرِهِمْ | مِّنْ | غِلٍّ | تَجْرِيْ | مِنْ | تَحْتِهِمُ | الْاَنْهٰرُ | وَ | قَالُوا | الْحَمْدُ |
| انکے سینوں کے تھا | سے | ناخوشی | چلتی ہیں | سے | نیچے ان کے | نہریں | اور | کہا انہوں نے | سب تعریف |

کے سینوں میں ہوں گے ہم سب نکال ڈالیں گے۔ ان کے (محلوں کے) نیچے نہریں بہ رہی ہوں گی اور کہیں گے کہ اللہ

لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰىنَا لِهٰذَا ۣ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلّٰهِ | الَّذِيْ | هَدٰىنَا | لِهٰذَا | وَ | مَا | كُنَّا | لِنَهْتَدِيَ | لَوْ | لَآ | اَنْ هَدٰىنَا | اللّٰهُ |
| واسطے اللہ کے ہے | جس نے | ہدایت دی ہم کو | طرف اسکی | اور | نہ | تھے ہم | کہ راہ پائیں | اگر | نہ | راہ دکھاتا ہم کو | اللہ |

کا شکر ہے جس نے ہم کو یہاں کا رستہ دکھایا۔ اور اگر اللہ ہم کو رستہ نہ دکھاتا تو ہم رستہ نہ پا سکتے۔

لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ وَنُوْدُوْٓا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَقَدْ | جَآءَتْ | رُسُلُ | رَبِّنَا | بِالْحَقِّ | وَ | نُوْدُوْٓا | اَنْ | تِلْكُمُ | الْجَنَّةُ |
| البتہ تحقیق | آئے تھے | پیغمبر | ہمارے رب سے | ساتھ حق کے | اور | پکارے جائینگے | کہ | یہ ہے | بہشت |

بیشک ہمارے پروردگار کے رسول حق بات لے کر آئے تھے۔ اور (اس روز) منادی کردی جائے گی کہ تم اُن اعمال کے صلے میں جو (دنیا میں)

اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ الثلثۃ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُوْرِثْتُمُوْهَا | بِمَا | كُنْتُمْ | تَعْمَلُوْنَ | وَ | نَادٰٓى | اَصْحٰبُ | الْجَنَّةِ |
| وارث کیے گئے ہو تم اسکے | بسبب اسکے کہ | تھے تم | کرتے | اور | پکاریں گے | رہنے والے | بہشت کے |

کرتے تھے اس بہشت کے مالک بنا دیے گئے ہو(۴۳) اور اہلِ بہشت دوزخیوں سے پکار کر

اَصْحٰبَ النَّارِ اَنْ قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَصْحٰبَ | النَّارِ | اَنْ | قَدْ | وَجَدْنَا | مَا | وَعَدَنَا | رَبُّنَا | حَقًّا | فَهَلْ |
| رہنے والوں | دوزخ کے کو | یہ کہ | تحقیق | پایا ہم نے | جو کچھ | وعدہ دیا تھا ہم کو | رب ہمارے نے | سچ | پس کیا |

کہیں گے کہ جو وعدہ ہمارے پروردگار نے ہم سے کیا تھا ہم نے تو اسے سچا پا لیا۔ بھلا جو

وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا ۗ قَالُوْا نَعَمْ ۚ فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَيْنَهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَجَدْتُّمْ | مَّا | وَعَدَ | رَبُّكُمْ | حَقًّا | قَالُوْا | نَعَمْ | فَاَذَّنَ | مُؤَذِّنٌ | بَيْنَهُمْ |
| پایا تم نے | جو کچھ | وعدہ دیا تھا | رب تمہارے نے | سچ | کہیں گے | ہاں | پس پکارے گا | ایک پکارنیوالا | درمیان انکے |

وعدہ تمہارے پروردگار نے تم سے کیا تھا تم نے بھی اُسے سچا پایا؟ وہ کہیں گے ہاں۔ تو (اُس وقت) اُن میں ایک پکارنے والا پکار دے گا

اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ | لَّعْنَةُ | اللّٰهِ | عَلَى | الظّٰلِمِيْنَ | الَّذِيْنَ | يَصُدُّوْنَ | عَنْ | سَبِيْلِ |
| یہ کہ | لعنت | اللہ کی | اوپر | ظالموں کے | جو لوگ کہ | بند کرتے ہیں | سے | راہ |

کہ بے انصافوں پر اللہ کی لعنت(۴۴) جو اللہ کی راہ سے روکتے

اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ كٰفِرُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَبَيْنَهُمَا وقف لازم

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | وَ | يَبْغُوْنَهَا | عِوَجًا | وَ | هُمْ | بِالْاٰخِرَةِ | كٰفِرُوْنَ | وَبَيْنَهُمَا |
| اللہ کی | اور | چاہتے ہیں واسطے اسکے | کجی | اور | وہ | ساتھ آخرت کے | کافر ہیں | اوران دونوں کے درمیان |

اور اس میں کجی ڈھونڈتے اور آخرت سے انکار کرتے تھے(۴۵) ان دونوں (یعنی بہشت اور دوزخ)

حِجَابٌ ۚ وَعَلَى الْاَعْرَافِ رِجَالٌ يَّعْرِفُوْنَ كُلًّا بِسِيْمٰهُمْ ۚ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حِجَابٌ | وَ | عَلَى | الْاَعْرَافِ | رِجَالٌ | يَّعْرِفُوْنَ | كُلًّا | بِسِيْمٰهُمْ |
| پردہ ہے | اور | اوپر | اعراف کے | مرد ہوں گے | پہچانتے ہیں | ہر ایک کو | ان کے چہرے سے |

کے درمیان (اعراف نام) ایک دیوار ہوگی اور اعراف پر کچھ آدمی ہوں گے جو سب کو ان کی صورتوں سے پہچان لیں گے

وَنَادَوْا اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ۣ لَمْ يَدْخُلُوْهَا وَهُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | نَادَوْا | اَصْحٰبَ | الْجَنَّةِ | اَنْ | سَلٰمٌ | عَلَيْكُمْ | لَمْ | يَدْخُلُوْهَا | وَ | هُمْ |
| اور | پکاریں گے | رہنے والے | بہشت کے کو | کہ | سلامتی ہے | اوپر تمہارے | نہ | داخل کیے گئے بہشت میں | اور | وہ |

تو وہ اہلِ بہشت کو پکار کر کہیں گے کہ تم پر سلامتی ہو۔ یہ لوگ (ابھی) بہشت میں داخل تو نہیں

يَطْمَعُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَاِذَا صُرِفَتْ اَبْصَارُهُمْ تِلْقَاۗءَ اَصْحٰبِ النَّارِ ۙ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَطْمَعُوْنَ | وَ | اِذَا | صُرِفَتْ | اَبْصَارُهُمْ | تِلْقَاۗءَ | اَصْحٰبِ | النَّارِ |
| امید رکھتے ہیں | اور | جب | پھیری جاتی ہیں | نظریں ان کی | طرف | رہنے والوں | آگ کے |

ہوئے ہوں گے مگر امید رکھتے ہوں گے ﴿۴۶﴾ اور جب ان کی نگاہیں پلٹ کر اہلِ دوزخ کی طرف جائیں گی

ع ۵/۸ ۱۲ قَالُوْا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾ ع وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوْا | رَبَّنَا | لَا | تَجْعَلْنَا | مَعَ | الْقَوْمِ | الظّٰلِمِيْنَ | وَ | نَادٰٓى | اَصْحٰبُ |
| کہتے ہیں | اے رب ہمارے | مت | کر ہم کو | ساتھ | قوم | ظالموں کے | اور | پکاریں گے | رہنے والے |

تو عرض کریں گے کہ اے ہمارے پروردگار ہم کو ظالم لوگوں کے ساتھ (شامل) نہ کیجیو ﴿۴۷﴾ اور اہلِ اعراف (کافر) لوگوں کو

الْاَعْرَافِ رِجَالًا يَّعْرِفُوْنَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ قَالُوْا مَآ اَغْنٰى عَنْكُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَعْرَافِ | رِجَالًا | يَّعْرِفُوْنَهُمْ | بِسِيْمٰهُمْ | قَالُوْا | مَآ | اَغْنٰى | عَنْكُمْ |
| اعراف کے | مردوں کو | پہچانتے ہیں ان کو | ساتھ ان کے چہروں کے | کہیں گے | نہ | کفایت کیا | تم سے |

جنہیں ان کی صورتوں سے شناخت کرتے ہوں گے پکاریں گے اور کہیں گے (کہ آج) نہ تو تمہاری

جَمْعُكُمْ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ اَهٰٓؤُلَاۗءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمْتُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَمْعُكُمْ | وَ | مَا | كُنْتُمْ | تَسْتَكْبِرُوْنَ | اَهٰٓؤُلَاۗءِ | الَّذِيْنَ | اَقْسَمْتُمْ |
| جمع تمہاری نے | اور | یہ کہ | تھے تم | تکبر کرتے | کیا یہ لوگ ہیں | جن پر | قسم کھاتے تھے تم |

جماعت ہی تمہارے کچھ کام آئی اور نہ تمہارا تکبر (ہی سودمند ہوا) ﴿۴۸﴾ (پھر مومنوں کی طرف اشارہ کرکے کہیں گے) کیا یہ وہی لوگ ہیں جن کے

لَا يَنَالُهُمُ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ ط اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَنْتُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَنَالُهُمُ | اللّٰهُ | بِرَحْمَةٍ | اُدْخُلُوا | الْجَنَّةَ | لَا | خَوْفٌ | عَلَيْكُمْ | وَ | لَآ | اَنْتُمْ |
| کہ نہ | پہنچائے گا انکو | اللہ | رحمت | داخل ہو جاؤ | بہشت میں | نہیں | ڈر | اوپر تمہارے | اور | نہ | تم |

بارے میں تم قسمیں کھایا کرتے تھے کہ اللہ اپنی رحمت سے ان کی دستگیری نہ کرے گا۔ (تو مومنو) تم بہشت میں داخل ہو جاؤ تمہیں کچھ خوف

تَحْزَنُوْنَ ﴿٤٩﴾ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ النَّارِ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَحْزَنُوْنَ | وَ | نَادٰٓى | اَصْحٰبُ | النَّارِ | اَصْحٰبَ | الْجَنَّةِ | اَنْ |
| غمگین ہوگے | اور | پکاریں گے | رہنے والے | دوزخ کے | رہنے والوں | بہشت کے کو | یہ کہ |

نہیں اور نہ تم کو کچھ رنج و اندوہ ہو گا ﴿٤٩﴾ اور دوزخی بہشتیوں سے (گڑ گڑا کر) کہیں گے

اَفِيْضُوْا عَلَيْنَا مِنَ الْمَآءِ اَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ط قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَفِيْضُوْا | عَلَيْنَا | مِنَ | الْمَآءِ | اَوْ | مِمَّا | رَزَقَكُمْ | اللّٰهُ | قَالُوْٓا | اِنَّ | اللّٰهَ |
| ڈالو | اوپر ہمارے | سے | پانی | یا | اس چیز سے کہ | روزی دی تم کو | اللہ نے | کہیں گے | بیشک | اللہ نے |

کہ کسی قدر ہم پر پانی بہاؤ یا جو رزق اللہ نے تمہیں عنایت فرمایا ہے ان میں سے (کچھ ہمیں بھی دو)۔ وہ جواب دیں گے کہ اللہ نے

حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٥٠﴾ لا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَهْوًا وَّلَعِبًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَرَّمَهُمَا | عَلَى | الْكٰفِرِيْنَ | الَّذِيْنَ | اتَّخَذُوْا | دِيْنَهُمْ | لَهْوًا | وَّ | لَعِبًا |
| حرام کیا ہے اس کو | اوپر | کافروں کے | جنہوں نے | پکڑا | دین اپنے کو | تماشا | اور | کھیل |

بہشت کا پانی اور رزق کافروں پر حرام کر دیا ہے ﴿٥٠﴾ جنہوں نے اپنے دین کو تماشا اور کھیل بنا رکھا تھا

وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ج فَالْيَوْمَ نَنْسٰهُمْ كَمَا نَسُوْا لِقَآءَ يَوْمِهِمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّغَرَّتْهُمُ | الْحَيٰوةُ | الدُّنْيَا | فَالْيَوْمَ | نَنْسٰهُمْ | كَمَا | نَسُوْا | لِقَآءَ | يَوْمِهِمْ |
| اور فریب دیا انکو | زندگانی | دنیا کی نے | پس آج | بھول جائینگے ہم | جیسا کہ | وہ بھول گئے تھے | ملاقات | دن اپنے کی کو |

اور دنیا کی زندگی نے ان کو دھوکے میں ڈال رکھا تھا۔ تو جس طرح یہ لوگ اس دن کے آنے کو بھولے ہوئے اور ہماری

هٰذَا لا وَمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿٥١﴾ وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هٰذَا | وَ | مَا | كَانُوْا | بِاٰيٰتِنَا | يَجْحَدُوْنَ | وَلَقَدْ | جِئْنٰهُمْ | بِكِتٰبٍ |
| یہ ہے | اور | جیسا کہ | تھے وہ | نشانیوں ہماری کا | انکار کرتے | اور البتہ تحقیق | لاتے ہیں ہم انکے پاس | کتاب کہ |

آیتوں سے منکر ہو رہے تھے اسی طرح آج ہم بھی انہیں بھلا دیں گے ﴿٥١﴾ اور ہم نے ان کے پاس کتاب پہنچادی ہے

فَصَّلْنٰهُ عَلٰى عِلْمٍ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾ هَلْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَصَّلْنٰهُ | عَلٰى | عِلْمٍ | هُدًى | وَّ | رَحْمَةً | لِّقَوْمٍ | يُّؤْمِنُوْنَ | هَلْ |
| مفصل بیان کیا ہے ہم نے اسکو | اوپر | علم کے | واسطے ہدایت کے | اور | رحمت کے | واسطے اس قوم کے کہ | ایمان لاتے ہیں | نہیں |

جس کو علم و دانش کے ساتھ کھول کھول کر بیان کر دیا ہے (اور) وہ مومن لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے ﴿۵۲﴾ کیا یہ

يَنْظُرُوْنَ اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ ۭ يَوْمَ يَاْتِيْ تَاْوِيْلُهٗ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ نَسُوْهُ مِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَنْظُرُوْنَ | اِلَّا | تَاْوِيْلَهٗ | يَوْمَ | يَاْتِيْ | تَاْوِيْلُهٗ | يَقُوْلُ | الَّذِيْنَ | نَسُوْهُ | مِنْ |
| انتظار کرتے | مگر | ظاہر ہونے اسکی حقیقت کے | جس دن | آئے گی | حقیقت اس کی | کہیں گے | وہ لوگ جو کہ | بھول گئے تھے اسکو | سے |

لوگ اس کے وقوع کے منتظر ہیں۔ جس دن وہ واقع ہو جائے گا تو جو لوگ اس کو پہلے سے بھولے ہوئے ہوں گے وہ بول اُٹھیں

قَبْلُ قَدْ جَاۗءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ فَهَلْ لَّنَا مِنْ شُفَعَاۗءَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَبْلُ | قَدْ | جَاۗءَتْ | رُسُلُ | رَبِّنَا | بِالْحَقِّ | فَهَلْ | لَّنَا | مِنْ | شُفَعَاۗءَ |
| پہلے اس | تحقیق | آئے تھے | بھیجے ہوئے | رب ہمارے کے | ساتھ حق کے | پس کیا ہیں | واسطے ہمارے | کوئی | سفارش کرنیوالے |

گے کہ بیشک ہمارے پروردگار کے رسول حق لے کر آئے تھے۔ بھلا (آج) ہمارے کوئی سفارشی ہیں کہ ہماری سفارش کریں یا

فَيَشْفَعُوْا لَنَآ اَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ۭ قَدْ خَسِرُوْٓا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَيَشْفَعُوْا | لَنَآ | اَوْ | نُرَدُّ | فَنَعْمَلَ | غَيْرَ | الَّذِيْ | كُنَّا | نَعْمَلُ | قَدْ | خَسِرُوْٓا |
| پس شفاعت کریں | واسطے ہمارے | یا | پھیریں جائیں ہم | پس عمل کریں | سوائے اسکے | جو | تھے ہم | عمل کرتے | تحقیق | ٹوٹا دیا انہوں نے |

ہم (دنیا میں) پھر لوٹا دیے جائیں کہ جو عمل (بد) ہم (پہلے) کرتے تھے (وہ نہ کریں بلکہ) ان کے سوا اور (نیک) عمل کریں۔ بیشک ان لوگوں نے

ع ۶ / ۱۴ اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۵۳﴾ ع اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْفُسَهُمْ | وَ | ضَلَّ | عَنْهُمْ | مَّا | كَانُوْا | يَفْتَرُوْنَ | اِنَّ | رَبَّكُمُ | اللّٰهُ |
| جانوں اپنی کو | اور | کھویا گیا | ان سے | جو کچھ | تھے | باندھ لیتے | بیشک | رب تمہارا | اللہ ہے |

اپنا نقصان کیا اور جو کچھ یہ افتراء کیا کرتے تھے اُن سے سب جاتا رہا ﴿۵۳﴾ کچھ شک نہیں کہ تمہارا

الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْ | خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضَ | فِيْ | سِتَّةِ | اَيَّامٍ | ثُمَّ | اسْتَوٰى | عَلَى |
| جس نے | پیدا کیا | آسمانوں کو | اور | زمین کو | بیچ | چھ | دن کے | پھر | قرار پکڑا | اوپر |

پروردگار اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر جا ٹھیرا۔

الْعَرْشِ ۚ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعَرْشِ | يُغْشِي | الَّيْلَ | النَّهَارَ | يَطْلُبُهٗ | حَثِيْثًا | وَّ | الشَّمْسَ | وَالْقَمَرَ |
| عرش کے | ڈھانک دیتا ہے | رات کو | دن پر | ڈھونڈتا ہے اس کو | تیزی سے | اور | سورج کو | اور چاند کو |

وہی رات کو دن کا لباس پہناتا ہے کہ وہ اس کے پیچھے دوڑتا چلا آتا ہے اور اسی نے سورج اور چاند اور ستاروں کو پیدا کیا سب اس کے

وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالنُّجُوْمَ | مُسَخَّرٰتٍ | بِاَمْرِهٖ | اَلَا | لَهُ | الْخَلْقُ | وَ | الْاَمْرُ | تَبٰرَكَ | اللّٰهُ |
| اور تاروں کو | مسخر کیے ہوئے | ساتھ اسکے حکم کے | خبردار ہو | واسطے اسکے ہے | پیدا کرنا | اور | حکم کرنا | بہت برکت والا ہے | اللہ |

حکم کے مطابق کام میں لگے ہوئے ہیں۔ دیکھو سب مخلوق بھی اُسی کی ہے اور حکم بھی (اسی کا ہے)۔ یہ اللہ رب العالمین

رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۴﴾ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبُّ | الْعٰلَمِيْنَ | اُدْعُوْا | رَبَّكُمْ | تَضَرُّعًا | وَّ | خُفْيَةً | اِنَّهٗ | لَا | يُحِبُّ |
| پروردگار | جہانوں کا | پکارو | پروردگار اپنے کو | عاجزی سے | اور | چھپا کر | بیشک وہ | نہیں | دوست رکھتا |

بڑی برکت والا ہے ﴿۵۴﴾ (لوگو) اپنے پروردگار سے عاجزی سے اور چپکے چپکے دعائیں مانگا کرو وہ حد سے بڑھنے

الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۵۵﴾ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُعْتَدِيْنَ | وَ | لَا | تُفْسِدُوْا | فِي | الْاَرْضِ | بَعْدَ | اِصْلَاحِهَا |
| حد سے نکل جانیوالوں کو | اور | مت | فساد کرو | بیچ | زمین کے | پیچھے | اس کی درستگی کے |

والوں کو دوست نہیں رکھتا ﴿۵۵﴾ اور ملک میں اصلاح کے بعد خرابی نہ کرنا اور اللہ سے خوف کرتے ہوئے

وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ؕ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَادْعُوْهُ | خَوْفًا | وَّ | طَمَعًا | اِنَّ | رَحْمَتَ | اللّٰهِ | قَرِيْبٌ | مِّنَ |
| اور پکارو اس کو | ڈر | اور | طمع سے | بیشک | رحمت | اللہ کی | نزدیک ہے | سے |

اور امید رکھ کر دعائیں مانگتے رہنا۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ کی رحمت نیکی کرنے والوں

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُحْسِنِيْنَ | وَ | هُوَ | الَّذِيْ | يُرْسِلُ | الرِّيٰحَ | بُشْرًا | بَيْنَ يَدَيْ |
| نیکی کرنے والوں | اور | وہ ہے | جو | بھیجتا ہے | ہوا کو | خوش خبری دینے والی | آگے |

سے قریب ہے ﴿۵۶﴾ اور وہی تو ہے جو اپنی رحمت (یعنی مینہ) سے پہلے ہواؤں کو خوشخبری (بنا کر) بھیجتا ہے۔

رَحْمَتِهٖ ؕ حَتّٰۤى اِذَآ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ

| رَحْمَتِهٖ | حَتّٰۤى | اِذَآ | اَقَلَّتْ | سَحَابًا | ثِقَالًا | سُقْنٰهُ | لِبَلَدٍ | مَّيِّتٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رحمت اسکی کے | یہاں تک کہ | جب | اٹھاتی ہیں | بادل | بھاری کو | ہانک لے جاتے ہیں ہم اسکو | طرف شہر | مردہ کی |

یہاں تک کہ جب وہ بھاری بھاری بادلوں کو اُٹھالاتی ہیں تو ہم اُن کو ایک مری ہوئی بستی کی طرف ہانک دیتے ہیں۔ پھر

فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَآءَ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ كَذٰلِكَ

| فَاَنْزَلْنَا | بِهِ | الْمَآءَ | فَاَخْرَجْنَا | بِهٖ | مِنْ | كُلِّ | الثَّمَرٰتِ | كَذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس اتارتے ہیں ہم | ساتھ اسکے | پانی | پس نکالتے ہیں ہم | اس سے | سے | ہر طرح کے | میووں کو | اسی طرح |

بادل سے مینہ برساتے ہیں پھر مینہ سے ہر طرح کے پھل پیدا کرتے ہیں۔ اسی طرح ہم مردوں کو (زمین سے) زندہ کر کے

نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝۵۷ وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ

| نُخْرِجُ | الْمَوْتٰى | لَعَلَّكُمْ | تَذَكَّرُوْنَ | وَ | الْبَلَدُ | الطَّيِّبُ | يَخْرُجُ | نَبَاتُهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نکالیں گے ہم | مُردوں کو | تاکہ تم | نصیحت پکڑو | اور | شہر | پاکیزہ | نکلتی ہے | کھیتی اس کی |

باہر نکالیں گے (یہ آیات اس لیے بیان کی جاتی ہیں) تاکہ تم نصیحت پکڑو (۵۷) (جو) زمین پاکیزہ (ہے) اس میں سے سبزہ بھی

بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۚ وَالَّذِيْ خَبُثَ لَا يَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا ؕ كَذٰلِكَ نُصَرِّفُ

| بِاِذْنِ | رَبِّهٖ | وَ | الَّذِيْ | خَبُثَ | لَا | يَخْرُجُ | اِلَّا | نَكِدًا | كَذٰلِكَ | نُصَرِّفُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ حکم | رب اپنے کے | اور | جو | خبیث ہے | نہیں | نکلتی | مگر | تھوڑی | اسی طرح | بیان کرتے ہیں ہم |

پروردگار کے حکم سے (نفیس ہی) نکلتا ہے اور جو خراب ہے اُس میں سے جو کچھ نکلتا ہے ناقص ہوتا ہے۔ اسی طرح ہم آیتوں کو

الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّشْكُرُوْنَ ۝۵۸ ع لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ ع ۷/۱۴

| الْاٰيٰتِ | لِقَوْمٍ | يَّشْكُرُوْنَ | لَقَدْ | اَرْسَلْنَا | نُوْحًا | اِلٰى | قَوْمِهٖ | فَقَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نشانیاں | واسطے اس قوم کے کہ | شکر کرتے ہیں | البتہ تحقیق | بھیجا ہم نے | نوح کو | طرف | قوم اس کی کے | پس کہا |

شکرگزار لوگوں کے لیے پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں (۵۸) ہم نے نوح کو اُن کی قوم کی طرف بھیجا تو انہوں نے (ان سے) کہا

يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنِّيْۤ اَخَافُ عَلَيْكُمْ

| يٰقَوْمِ | اعْبُدُوا | اللّٰهَ | مَا | لَكُمْ | مِّنْ | اِلٰهٍ | غَيْرُهٗ | اِنِّيْۤ | اَخَافُ | عَلَيْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے قوم میری | عبادت کرو | اللہ کی | نہیں | واسطے تمہارے | کوئی | معبود | سوائے اسکے | بیشک میں | ڈرتا ہوں | اوپر تمہارے |

اے میری برادری کے لوگو اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ مجھے تمہارے بارے میں بڑے دن کے

عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۵۹﴾ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهٖۤ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ ضَلٰلٍ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَذَابَ | يَوْمٍ | عَظِيْمٍ | قَالَ | الْمَلَاُ | مِنْ | قَوْمِهٖۤ | اِنَّا | لَنَرٰىكَ | فِيْ | ضَلٰلٍ |
| عذاب | دن | بڑے کے | کہا | سرداروں نے | سے | اس کی قوم میں | بیشک ہم | البتہ دیکھتے ہیں تجھکو | بیچ | گمراہی |

عذاب کا (بہت ہی) ڈر ہے ﴿۵۹﴾ تو جو اُن کی قوم میں سردار تھے وہ کہنے لگے کہ ہم تمہیں صریح گمراہی میں (مبتلا)

مُّبِيْنٍ ﴿۶۰﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ ضَلٰلَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّبِيْنٍ | قَالَ | يٰقَوْمِ | لَيْسَ | بِيْ | ضَلٰلَةٌ | وَّ | لٰكِنِّيْ | رَسُوْلٌ | مِّنْ | رَّبِّ |
| ظاہر کے | کہا | اے قوم میری | نہیں | مجھ کو | گمراہی | اور | لیکن میں | بھیجا ہوا ہوں | سے | پروردگار |

دیکھتے ہیں ﴿۶۰﴾ انہوں نے کہا اے قوم مجھ میں کسی طرح کی گمراہی نہیں ہے بلکہ میں پروردگارِ عالم کا

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۱﴾ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنْصَحُ لَكُمْ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعٰلَمِيْنَ | اُبَلِّغُكُمْ | رِسٰلٰتِ | رَبِّيْ | وَ | اَنْصَحُ | لَكُمْ | وَاَعْلَمُ | مِنَ | اللّٰهِ |
| عالموں کی طرف | پہنچاتا ہوں تم کو | پیغام | میرے رب کا | اور | خیر خواہی کرتا ہوں | واسطے تمہارے | اور جانتا ہوں | طرف سے | اللہ کی |

پیغمبر ہوں ﴿۶۱﴾ تمہیں اپنے پروردگار کے پیغام پہنچاتا ہوں اور تمہاری خیر خواہی کرتا ہوں اور مجھ کو اللہ کی طرف سے ایسی باتیں معلوم ہیں

مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۲﴾ اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | لَا | تَعْلَمُوْنَ | اَوَ | عَجِبْتُمْ | اَنْ | جَآءَكُمْ | ذِكْرٌ | مِّنْ | رَّبِّكُمْ | عَلٰى |
| وہ جو کہ | نہیں | جانتے تم | کیا | تعجب کرتے ہو تم | یہ کہ | آئی تمہارے پاس | نصیحت | سے | تمہارے رب کی طرف | اوپر |

جن سے تم بے خبر ہو ﴿۶۲﴾ کیا تم کو اس بات سے تعجب ہوا ہے کہ تم میں سے ایک شخص کے ہاتھ تمہارے پروردگار کی طرف سے تمہارے

رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ وَلِتَتَّقُوْا وَلَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۶۳﴾ فَكَذَّبُوْهُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَجُلٍ | مِّنْكُمْ | لِيُنْذِرَكُمْ | وَ | لِتَتَّقُوْا | وَ | لَعَلَّكُمْ | تُرْحَمُوْنَ | فَكَذَّبُوْهُ |
| ایک مرد کے | تم میں سے | تا کہ ڈرائے تم کو | اور | تا کہ بچو تم | اور | تا کہ تم | رحم کیے جاؤ | پس جھٹلایا اس کو |

پاس نصیحت آئی تا کہ وہ تم کو ڈرائے اور تا کہ تم پرہیز گار بنو اور تا کہ تم پر رحم کیا جائے ﴿۶۳﴾ مگر اُن لوگوں نے ان کی تکذیب کی

فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ط

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَنْجَيْنٰهُ | وَ | الَّذِيْنَ | مَعَهٗ | فِي | الْفُلْكِ | وَ | اَغْرَقْنَا | الَّذِيْنَ | كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَا |
| پس نجات دی ہم نے اسکو | اور | ان لوگوں کو کہ | ساتھ اسکے تھے | بیچ | کشتی کے | اور | غرق کر دیا ہم نے | ان لوگوں کو کہ | جھٹلاتے تھے | نشانیوں ہماری کو |

تو ہم نے نوح کو اور جو ان کے ساتھ کشتی میں سوار تھے ان کو تو بچا لیا اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا انہیں غرق کر دیا۔

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا عَمِيْنَ ﴿٦٤﴾ وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ۗ قَالَ يٰقَوْمِ ع ۸ ۱۵

| اِنَّهُمْ | كَانُوْا | قَوْمًا | عَمِيْنَ | وَ | اِلٰى | عَادٍ | اَخَاهُمْ | هُوْدًا | قَالَ | يٰقَوْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بے شک وہ | تھے | قوم | اندھے | اور | طرف | عاد کے | ان کے بھائی | ہود کو | کہا | اے قوم میری |

کچھ شک نہیں کہ وہ اندھے لوگ تھے ﴿۶۴﴾ اور (اسی طرح) قوم عاد کی طرف اُن کے بھائی ہود کو

اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۗ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿٦٥﴾ قَالَ الْمَلَاُ

| اعْبُدُوا | اللّٰهَ | مَا | لَكُمْ | مِّنْ | اِلٰهٍ | غَيْرُهٗ | اَفَلَا | تَتَّقُوْنَ | قَالَ | الْمَلَاُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عبادت کرو | اللہ کی | نہیں ہے | واسطے تمہارے | کوئی | معبود | سوائے اسکے | کیا پس نہیں | ڈرتے | کہا | سرداروں نے |

بھیجا۔ انہوں نے کہا کہ بھائیو اللہ ہی کی عبادت کرو، اُس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ کیا تم ڈرتے نہیں؟ ﴿۶۵﴾ تو اُن کی قوم

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖۤ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ سَفَاهَةٍ وَّاِنَّا لَنَظُنُّكَ مِنَ

| الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | مِنْ | قَوْمِهٖۤ | اِنَّا | لَنَرٰىكَ | فِيْ | سَفَاهَةٍ | وَّ | اِنَّا لَنَظُنُّكَ | مِنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو | کافر تھے | سے | اس کی قوم میں | بیشک ہم | البتہ دیکھتے ہیں تجھ کو | بیچ | بے وقوفی کے | اور | ہم البتہ گمان کرتے ہیں تجھ کو | سے |

کے سردار جو کافر تھے کہنے لگے کہ تم ہمیں احمق نظر آتے ہو اور ہم تمہیں جھوٹا

الْكٰذِبِيْنَ ﴿٦٦﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ سَفَاهَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٦٧﴾

| الْكٰذِبِيْنَ | قَالَ | يٰقَوْمِ | لَيْسَ | بِيْ | سَفَاهَةٌ | وَّ | لٰكِنِّيْ | رَسُوْلٌ | مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جھوٹوں | کہا | اے میری قوم | نہیں | مجھ کو | بے وقوفی | اور | لیکن میں | رسول ہوں | رب العالمین کی طرف سے |

خیال کرتے ہیں ﴿۶۶﴾ انہوں نے کہا کہ میری قوم! مجھ میں حماقت کی کوئی بات نہیں ہے بلکہ میں رب العالمین کا پیغمبر ہوں ﴿۶۷﴾

اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِيْنٌ ﴿٦٨﴾ اَوَعَجِبْتُمْ

| اُبَلِّغُكُمْ | رِسٰلٰتِ | رَبِّيْ | وَ | اَنَا | لَكُمْ | نَاصِحٌ | اَمِيْنٌ | اَوَ | عَجِبْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہنچاتا ہوں میں تم کو | پیغام | اپنے رب کا | اور | میں | واسطے تمہارے | خیر خواہ ہوں | امانت والا | کیا | تعجب کیا تم نے |

میں تمہیں اللہ کے پیغام پہنچاتا ہوں اور تمہارا امانت دار خیر خواہ ہوں ﴿۶۸﴾ کیا تم کو اس بات سے تعجب ہوا ہے

اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ

| اَنْ | جَآءَكُمْ | ذِكْرٌ | مِّنْ | رَّبِّكُمْ | عَلٰى | رَجُلٍ | مِّنْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | آئی تمہارے پاس | نصیحت | طرف سے | رب تمہارے کی | اوپر | ایک مرد کے | تم میں سے |

کہ تم میں سے ایک شخص کے ہاتھ تمہارے پروردگار کی طرف سے تمہارے پاس نصیحت آئی

لِيُنۡذِرَكُمۡ ؕ وَ اذۡكُرُوۡۤا اِذۡ جَعَلَكُمۡ خُلَفَآءَ مِنۡۢ بَعۡدِ قَوۡمِ

| لِيُنۡذِرَكُمۡ | وَ | اذۡكُرُوۡۤا | اِذۡ | جَعَلَكُمۡ | خُلَفَآءَ | مِنۡۢ بَعۡدِ | قَوۡمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تاکہ ڈرائے تم کو | اور | یاد کرو | جس وقت | کیا تم کو | جانشین | پیچھے | قوم |

تاکہ وہ تمہیں ڈرائے اور یاد تو کرو جب اس نے تم کو قوم نوح کے بعد سردار

نُوۡحٍ وَّ زَادَكُمۡ فِى الۡخَلۡقِ بَصۜۡطَةً‌ ۚ فَاذۡكُرُوۡۤا اٰلَاۤءَ اللّٰهِ

| نُوۡحٍ | وَّ | زَادَكُمۡ | فِى | الۡخَلۡقِ | بَصۜۡطَةً | فَاذۡكُرُوۡۤا | اٰلَاۤءَ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نوح کی | اور | زیادہ کیا تم کو | بیچ | پیدائش کے | پھیلاؤ | پس یاد کرو | نعمتیں | اللہ کی |

بنایا اور تم کو پھیلاؤ زیادہ دیا۔ پس اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو

لَعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ ﴿۶۹﴾ قَالُوۡۤا اَجِئۡتَنَا لِنَعۡبُدَ اللّٰهَ وَحۡدَهٗ

| لَعَلَّكُمۡ | تُفۡلِحُوۡنَ | قَالُوۡۤا | اَجِئۡتَنَا | لِنَعۡبُدَ | اللّٰهَ | وَحۡدَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تاکہ تم | فلاح پاؤ | کہا انہوں نے | کیا آیا ہے تو ہمارے پاس | تاکہ عبادت کریں ہم | اللہ | اکیلے کی |

تاکہ نجات حاصل کرو ﴿۶۹﴾ وہ کہنے لگے کیا تم ہمارے پاس اس لیے آئے ہو کہ ہم اکیلے اللہ ہی کی عبادت کریں

وَنَذَرَ مَا كَانَ يَعۡبُدُ اٰبَآؤُنَا‌ ۚ فَاۡتِنَا بِمَا تَعِدُنَاۤ اِنۡ كُنۡتَ مِنَ

| وَ | نَذَرَ | مَا | كَانَ | يَعۡبُدُ | اٰبَآؤُنَا | فَاۡتِنَا | بِمَا | تَعِدُنَاۤ | اِنۡ | كُنۡتَ | مِنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | چھوڑ دیں ہم | جو کچھ کہ | تھے | عبادت کرتے | باپ ہمارے | پس لے آ ہمارے پاس | اس چیز کو کہ | وعدہ دیتا ہے تو | اگر | ہے تو | سے |

اور جن کو ہمارے باپ دادا پوجتے چلے آئے ہیں ان کو چھوڑ دیں؟ تو اگر سچے ہو تو جس چیز سے ہمیں ڈراتے ہو

الصّٰدِقِيۡنَ ﴿۷۰﴾ قَالَ قَدۡ وَقَعَ عَلَيۡكُمۡ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ رِجۡسٌ

| الصّٰدِقِيۡنَ | قَالَ | قَدۡ | وَقَعَ | عَلَيۡكُمۡ | مِّنۡ | رَّبِّكُمۡ | رِجۡسٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سچوں میں | کہا | تحقیق | واقع ہوا | اوپر تمہارے | سے | رب تمہارے | عذاب |

اسے لے آؤ ﴿۷۰﴾ انہوں (ہود) نے کہا کہ تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر عذاب اور غضب (کا نازل ہونا)

وَّغَضَبٌ‌ ؕ اَتُجَادِلُوۡنَنِىۡ فِىۡۤ اَسۡمَآءٍ سَمَّيۡتُمُوۡهَاۤ اَنۡتُمۡ

| وَّ | غَضَبٌ | اَتُجَادِلُوۡنَنِىۡ | فِىۡۤ | اَسۡمَآءٍ | سَمَّيۡتُمُوۡهَاۤ | اَنۡتُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | غضب | کیا جھگڑتے ہو تم مجھ سے | بیچ | ناموں کے کہ | رکھ لیے ہیں وہ نام | تم نے |

مقرر ہو چکا ہے۔ کیا تم مجھ سے ایسے ناموں کے بارے میں جھگڑتے ہو جو تم نے

وَ اٰبَآؤُكُمْ مَّا نَزَّلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّیْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اٰبَآؤُكُمْ | مَّا | نَزَّلَ | اللّٰهُ | بِهَا | مِنْ | سُلْطٰنٍ | فَانْتَظِرُوْٓا | اِنِّیْ |
| اور | تمہارے باپوں نے | نہیں | اتاری | اللہ نے | واسطے ان کے | کچھ | دلیل | پس منتظر رہو | بیشک میں بھی |

اور تمہارے باپ دادا نے (اپنی طرف سے) رکھ لیے ہیں جن کی اللہ نے کوئی سند نازل نہیں کی۔ تو تم بھی انتظار کرو میں بھی

مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِیْنَ ﴿۷۱﴾ فَاَنْجَیْنٰهُ وَ الَّذِیْنَ مَعَهٗ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مَعَكُمْ | مِّنَ | الْمُنْتَظِرِیْنَ | فَاَنْجَیْنٰهُ | وَ | الَّذِیْنَ | مَعَهٗ |
| ہوں ساتھ تمہارے | سے | منتظر رہنے والوں میں | پس نجات دی ہم نے اس کو | اور | ان لوگوں کو کہ | ساتھ اسکے تھے |

تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں ﴿۷۱﴾ پھر ہم نے ہود کو اور جو لوگ ان کے ساتھ تھے

بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَ قَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا وَ مَا كَانُوْا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِرَحْمَةٍ | مِّنَّا | وَ | قَطَعْنَا | دَابِرَ | الَّذِیْنَ | كَذَّبُوْا | بِاٰیٰتِنَا | وَ | مَا | كَانُوْا |
| ساتھ رحمت کے | اپنی طرف سے | اور | کاٹ ڈالی ہم نے | جڑ | ان لوگوں کی کہ | جھٹلایا تھا | نشانیوں ہماری کو | اور | نہیں | تھے وہ |

ان کو نجات بخشی اور جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا اُن کی جڑ کاٹ دی اور وہ ایمان لانے والے

ع ۸/۱۲ وقف لازم
مُؤْمِنِیْنَ ﴿۷۲﴾ ع وَ اِلٰی ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ یٰقَوْمِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُؤْمِنِیْنَ | وَ | اِلٰی | ثَمُوْدَ | اَخَاهُمْ | صٰلِحًا | قَالَ | یٰقَوْمِ |
| ایمان والوں سے | اور | طرف | ثمود کی | بھائی ان کے | صالح کو | کہا | اے قوم میری |

تھے ہی نہیں ﴿۷۲﴾ اور قوم ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو بھیجا۔ (تو) صالح نے کہا کہ اے قوم!

اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ قَدْ جَآءَتْكُمْ بَیِّنَةٌ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اعْبُدُوا | اللّٰهَ | مَا | لَكُمْ | مِّنْ | اِلٰهٍ | غَیْرُهٗ | قَدْ | جَآءَتْكُمْ | بَیِّنَةٌ |
| عبادت کرو | اللہ کی | نہیں ہے | واسطے تمہارے | کوئی | معبود | سوائے اس کے | تحقیق | آئی تمہارے پاس | دلیل |

اللہ ہی کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے

مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰیَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ | رَّبِّكُمْ | هٰذِهٖ | نَاقَةُ | اللّٰهِ | لَكُمْ | اٰیَةً | فَذَرُوْهَا | تَاْكُلْ |
| سے | رب تمہارے | یہ ہے | اونٹنی | اللہ کی | واسطے تمہارے | نشانی | پس چھوڑ دو اس کو | کھائے |

ایک معجزہ آ چکا ہے۔ (یعنی) یہی اللہ کی اُونٹنی تمہارے لیے معجزہ ہے تو اسے (آزاد) چھوڑ دو

فِیۡۤ اَرۡضِ اللّٰهِ وَ لَا تَمَسُّوۡهَا بِسُوۡٓءٍ فَیَاۡخُذَكُمۡ عَذَابٌ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِیۡۤ | اَرۡضِ | اللّٰهِ | وَ | لَا | تَمَسُّوۡهَا | بِسُوۡٓءٍ | فَیَاۡخُذَكُمۡ | عَذَابٌ |
| بیچ | زمین | اللہ کے | اور | مت | ہاتھ لگانا اس کو | ساتھ برائی کے | پس پکڑے گا تم کو | عذاب |

کہ اللہ کی زمین میں چرتی پھرے اور تم اسے بری نیت سے ہاتھ بھی نہ لگانا ورنہ عذاب

اَلِیۡمٌ ﴿۷۳﴾ وَ اذۡكُرُوۡۤا اِذۡ جَعَلَكُمۡ خُلَفَآءَ مِنۡۢ بَعۡدِ عَادٍ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلِیۡمٌ | وَ | اذۡكُرُوۡۤا | اِذۡ | جَعَلَكُمۡ | خُلَفَآءَ | مِنۡۢ بَعۡدِ | عَادٍ |
| درد دینے والا | اور | یاد کرو | جس وقت | کیا تم کو | جانشین | پیچھے | عاد کے |

الیم تمہیں پکڑ لے گا ﴿۷۳﴾ اور یاد تو کرو جب اُس نے تم کو قوم عاد کے بعد سردار بنایا

وَّ بَوَّاَكُمۡ فِی الۡاَرۡضِ تَتَّخِذُوۡنَ مِنۡ سُهُوۡلِهَا قُصُوۡرًا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | بَوَّاَكُمۡ | فِی | الۡاَرۡضِ | تَتَّخِذُوۡنَ | مِنۡ | سُهُوۡلِهَا | قُصُوۡرًا |
| اور | جگہ دی تم کو | بیچ | زمین کے | بنا لیتے ہو | سے | نرم زمین اس کی | محل |

اور زمین پر آباد کیا کہ نرم زمین سے (مٹی لے لے کر) محل تعمیر کرتے ہو

وَّ تَنۡحِتُوۡنَ الۡجِبَالَ بُیُوۡتًا ۚ فَاذۡكُرُوۡۤا اٰلَآءَ اللّٰهِ وَ لَا تَعۡثَوۡا فِی

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | تَنۡحِتُوۡنَ | الۡجِبَالَ | بُیُوۡتًا | فَاذۡكُرُوۡۤا | اٰلَآءَ | اللّٰهِ | وَ | لَا | تَعۡثَوۡا | فِی |
| اور | تراش لیتے ہو | پہاڑوں کو | گھر | پس یاد کرو | نعمتیں | اللہ کی | اور | مت | پھرو | بیچ |

اور پہاڑوں کو تراش تراش کر گھر بناتے ہو۔ پس اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو اور زمین میں

الۡاَرۡضِ مُفۡسِدِیۡنَ ﴿۷۴﴾ قَالَ الۡمَلَاُ الَّذِیۡنَ اسۡتَكۡبَرُوۡا مِنۡ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡاَرۡضِ | مُفۡسِدِیۡنَ | قَالَ | الۡمَلَاُ | الَّذِیۡنَ | اسۡتَكۡبَرُوۡا | مِنۡ |
| زمین کے | فساد کرتے ہوئے | کہا | سرداروں نے | جو | تکبر کرتے تھے | سے |

فساد نہ کرتے پھرو ﴿۷۴﴾ تو اُن کی قوم میں سردار لوگ جو غرور رکھتے تھے

قَوۡمِهٖ لِلَّذِیۡنَ اسۡتُضۡعِفُوۡا لِمَنۡ اٰمَنَ مِنۡهُمۡ اَتَعۡلَمُوۡنَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قَوۡمِهٖ | لِلَّذِیۡنَ | اسۡتُضۡعِفُوۡا | لِمَنۡ | اٰمَنَ | مِنۡهُمۡ | اَتَعۡلَمُوۡنَ |
| قوم اس کی | واسطے ان لوگوں کے کہ | ناتواں گنے جاتے تھے | واسطے ان کے جو | ایمان لائے تھے | ان میں سے | کیا تمہیں یقین ہے |

غریب لوگوں سے جو اُن میں سے ایمان لے آئے تھے کہنے لگے بھلا تم یقین کرتے ہو کہ

اَنَّ صٰلِحًا مُّرْسَلٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قَالُوْۤا اِنَّا بِمَاۤ اُرْسِلَ بِهٖ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنَّ | صٰلِحًا | مُّرْسَلٌ | مِّنْ رَّبِّهٖ | قَالُوْۤا | اِنَّا | بِمَاۤ | اُرْسِلَ | بِهٖ |
| یہ کہ | صالح | بھیجا ہوا ہے | رب اپنے کی طرف سے | کہا انہوں نے | بیشک ہم | ساتھ اس دین کے کہ | بھیجا گیا ہے | ساتھ اسکے |

صالح اپنے پروردگار کی طرف سے بھیجے گئے ہیں؟ انہوں نے کہا ہاں جو چیز دے کر وہ بھیجے گئے ہیں ہم اس پر بلا شبہ

مُؤْمِنُوْنَ ﴿۷۵﴾ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْۤا اِنَّا بِالَّذِيْۤ اٰمَنْتُمْ بِهٖ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُؤْمِنُوْنَ | قَالَ | الَّذِيْنَ | اسْتَكْبَرُوْۤا | اِنَّا | بِالَّذِيْۤ | اٰمَنْتُمْ | بِهٖ |
| ایمان لانیوالے ہیں | کہا | ان لوگوں نے کہ | تکبر کیا تھا | بے شک ہم | ساتھ اس چیز کے کہ | تم ایمان لائے ہو | ساتھ اسکے |

ایمان رکھتے ہیں ﴿۷۵﴾ تو (سردارانِ) مغرور کہنے لگے کہ جس چیز پر تم ایمان لائے ہو ہم تو اُس کو

كٰفِرُوْنَ ﴿۷۶﴾ فَعَقَرُوا النَّاقَةَ وَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ وَقَالُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كٰفِرُوْنَ | فَعَقَرُوا | النَّاقَةَ | وَ | عَتَوْا | عَنْ | اَمْرِ | رَبِّهِمْ | وَقَالُوْا |
| کفر کرتے ہیں | پس پاؤں کاٹے | اونٹنی کے | اور | سرکشی کی | سے | حکم | اپنے رب کے | اور کہا انہوں نے |

نہیں مانتے ﴿۷۶﴾ آخر انہوں نے اونٹنی (کی کونچوں) کو کاٹ ڈالا اور اپنے پروردگار کے حکم سے سرکشی کی اور کہنے لگے کہ

يٰصٰلِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَاۤ اِنْ كُنْتَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۷۷﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰصٰلِحُ | ائْتِنَا | بِمَا | تَعِدُنَاۤ | اِنْ | كُنْتَ | مِنَ | الْمُرْسَلِيْنَ |
| اے صالح | لے آ ہمارے پاس | جو | وعدہ دیتا ہے تو ہم کو | اگر | ہے تو | سے | پیغمبروں میں |

صالح جس چیز سے تم ہمیں ڈراتے تھے اگر تم (اللہ کے) پیغمبر ہو تو اُسے ہم پر لے آؤ ﴿۷۷﴾

فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۷۸﴾

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَاَخَذَتْهُمُ | الرَّجْفَةُ | فَاَصْبَحُوْا | فِيْ | دَارِهِمْ | جٰثِمِيْنَ |
| پس پکڑا ان کو | زلزلے نے | پس فجر اٹھے | بیچ | گھروں اپنے کے | زانو پر گرے ہوئے |

تو اُن کو بھونچال نے آ پکڑا اور وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے ﴿۷۸﴾

فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّيْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَتَوَلّٰى | عَنْهُمْ | وَ | قَالَ | يٰقَوْمِ | لَقَدْ | اَبْلَغْتُكُمْ | رِسَالَةَ | رَبِّيْ |
| پس منہ پھیرا | ان سے | اور | کہا | اے قوم میری | البتہ تحقیق | پہنچا دیا تھا میں نے تم کو | پیغام | اپنے رب کا |

پھر صالح اُن سے (ناامید ہو کر) پھرے اور کہا کہ میری قوم! میں نے تم کو اللہ کا پیغام پہنچا دیا اور تمہاری

وَ نَصَحۡتُ لَکُمۡ وَ لٰکِنۡ لَّا تُحِبُّوۡنَ النّٰصِحِیۡنَ ﴿۷۹﴾ وَ لُوۡطًا

| وَ | نَصَحۡتُ | لَکُمۡ | وَ | لٰکِنۡ | لَّا | تُحِبُّوۡنَ | النّٰصِحِیۡنَ | وَ | لُوۡطًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | خیرخواہی کی میں نے | واسطے تمہارے | اور | لیکن | نہیں | دوست رکھتے تم | خیرخواہی کرنے والوں کو | اور | لوط کو |

خیرخواہی کی مگر تم (ایسے ہو کہ) خیرخواہوں کو دوست ہی نہیں رکھتے ﴿۷۹﴾ اور (اسی طرح جب ہم نے) لوط کو (پیغمبر بنا کر بھیجا تو)

اِذۡ قَالَ لِقَوۡمِہٖۤ اَتَاۡتُوۡنَ الۡفَاحِشَۃَ مَا سَبَقَکُمۡ بِہَا

| اِذۡ | قَالَ | لِقَوۡمِہٖۤ | اَتَاۡتُوۡنَ | الۡفَاحِشَۃَ | مَا | سَبَقَکُمۡ | بِہَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جب | کہا اس نے | واسطے قوم اپنی کے | کیا کرتے ہو تم | بے حیائی | کہ نہیں | کیا پہلے تم سے | اس کو |

اُس وقت انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ تم ایسی بے حیائی کا کام کیوں کرتے ہو کہ تم سے پہلے اہل عالم میں سے

مِنۡ اَحَدٍ مِّنَ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۸۰﴾ اِنَّکُمۡ لَتَاۡتُوۡنَ الرِّجَالَ

| مِنۡ | اَحَدٍ | مِّنَ | الۡعٰلَمِیۡنَ | اِنَّکُمۡ | لَتَاۡتُوۡنَ | الرِّجَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کسی | ایک نے | سے | جہانوں میں | بے شک تم | البتہ آتے ہو | مردوں کے پاس |

کسی نے اس طرح کا کام نہیں کیا ﴿۸۰﴾ یعنی خواہشِ نفسانی پورا کرنے کے لیے

شَہۡوَۃً مِّنۡ دُوۡنِ النِّسَآءِ ؕ بَلۡ اَنۡتُمۡ قَوۡمٌ مُّسۡرِفُوۡنَ ﴿۸۱﴾

| شَہۡوَۃً | مِّنۡ دُوۡنِ | النِّسَآءِ | بَلۡ | اَنۡتُمۡ | قَوۡمٌ | مُّسۡرِفُوۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شہوت سے | سوائے | عورتوں کے | بلکہ | تم | قوم ہو | حد سے نکل جانیوالے |

عورتوں کو چھوڑ کر لونڈوں پر گرتے ہو۔ حقیقت یہ ہے کہ تم لوگ حد سے نکل جانے والے ہو ﴿۸۱﴾

وَ مَا کَانَ جَوَابَ قَوۡمِہٖۤ اِلَّاۤ اَنۡ قَالُوۡۤا اَخۡرِجُوۡہُمۡ مِّنۡ

| وَ | مَا | کَانَ | جَوَابَ | قَوۡمِہٖۤ | اِلَّاۤ | اَنۡ | قَالُوۡۤا | اَخۡرِجُوۡہُمۡ | مِّنۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | تھا | جواب | اس کی قوم کا | مگر | یہ کہ | کہتے تھے | نکال دو ان کو | سے |

تو اُن سے اس کا جواب کچھ نہ بن پڑا اور بولے تو یہ بولے کہ ان لوگوں (یعنی لوط اور اس کے گھر والوں کو)

قَرۡیَتِکُمۡ ۚ اِنَّہُمۡ اُنَاسٌ یَّتَطَہَّرُوۡنَ ﴿۸۲﴾ فَاَنۡجَیۡنٰہُ وَ اَہۡلَہٗۤ اِلَّا

| قَرۡیَتِکُمۡ | اِنَّہُمۡ | اُنَاسٌ | یَّتَطَہَّرُوۡنَ | فَاَنۡجَیۡنٰہُ | وَ | اَہۡلَہٗۤ | اِلَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بستی اپنی | بیشک وہی | ایک لوگ ہیں | پاک رکھتے ہیں بہت اپنے کو | پس نجات دی ہم نے اسکو | اور | لوگوں اس کے کو | مگر |

اپنے گاؤں سے نکال دو (کہ) یہ لوگ پاک بننا چاہتے ہیں ﴿۸۲﴾ تو ہم نے ان کو اور ان کے گھر والوں کو بچا لیا مگر

امْرَاَتَهٗ ۫ۖ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۸۳﴾ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| امْرَاَتَهٗ | كَانَتْ | مِنَ | الْغٰبِرِيْنَ | وَ اَمْطَرْنَا | عَلَيْهِمْ |
| عورت اس کی کو کہ | تھی | سے | پیچھے رہ جانے والوں میں | اور برسایا ہم نے | اوپر ان کے |

ان کی بی بی (نہ بچی) کہ وہ پیچھے رہنے والوں میں تھی ﴿۸۳﴾ اور ہم نے اُن پر

مَّطَرًا ؕ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۸۴﴾ ع وَ اِلٰى ع ۱۰ ۱۲ ۱۷

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّطَرًا | فَانْظُرْ | كَيْفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ | الْمُجْرِمِيْنَ | وَ | اِلٰى |
| مینہ پتھروں کا | پس دیکھ | کیوں کر | ہوا | انجام | گنہگاروں کا | اور | طرف |

(پتھروں کا) مینہ برسایا۔ سو دیکھ لو کہ گنہگاروں کا کیسا انجام ہوا ﴿۸۴﴾ اور مدین کی

مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَدْيَنَ | اَخَاهُمْ | شُعَيْبًا | قَالَ | يٰقَوْمِ | اعْبُدُوا | اللّٰهَ | مَا | لَكُمْ |
| مدین کے | بھائی ان کے | شعیب کو | کہا | اے قوم میری | عبادت کرو | اللہ کی | نہیں ہے | واسطے تمہارے |

طرف ان کے بھائی شعیب کو بھیجا۔ (تو) انہوں نے کہا کہ اے قوم! اللہ ہی کی عبادت کرو

مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ قَدْ جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَوْفُوا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ | اِلٰهٍ | غَيْرُهٗ | قَدْ | جَآءَتْكُمْ | بَيِّنَةٌ | مِّنْ | رَّبِّكُمْ | فَاَوْفُوا |
| کوئی | معبود | سوائے اس کے | تحقیق | آئی ہے تمہارے پاس | دلیل | سے | رب تمہارے | پس پورا کرو |

اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے نشانی آ چکی ہے

الْكَيْلَ وَ الْمِيْزَانَ وَ لَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَ لَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْكَيْلَ | وَ | الْمِيْزَانَ | وَ | لَا | تَبْخَسُوا | النَّاسَ | اَشْيَآءَهُمْ | وَ | لَا |
| ماپ | اور | تول | اور | مت | کم دو | لوگوں کو | چیزیں ان کی | اور | مت |

تو تم ماپ اور تول پوری کیا کرو اور لوگوں کو چیزیں کم نہ دیا کرو اور

تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُفْسِدُوْا | فِى | الْاَرْضِ | بَعْدَ | اِصْلَاحِهَا | ذٰلِكُمْ | خَيْرٌ | لَّكُمْ |
| فساد کرو | بیچ | زمین کے | بعد | اس کی درستی کے | یہ | بہتر ہے | واسطے تمہارے |

زمین میں اصلاح کے بعد خرابی نہ کرو۔ اگر تم صاحبِ ایمان ہو تو سمجھ لو کہ یہ بات

إِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَ لَا تَقْعُدُوْا بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوْعِدُوْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنْ | كُنْتُمْ | مُّؤْمِنِيْنَ | وَ | لَا | تَقْعُدُوْا | بِكُلِّ | صِرَاطٍ | تُوْعِدُوْنَ |
| اگر | ہوتم | ایمان والے | اور | مت | بیٹھا کرو | ہر | راہ میں کہ | ڈراتے ہو |

تمہارے حق میں بہتر ہے ﴿۸۵﴾ اور ہر رستے پر مت بیٹھا کرو کہ جو شخص اللہ پر ایمان لاتا ہے

وَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِهٖ وَ تَبْغُوْنَهَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | تَصُدُّوْنَ | عَنْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | مَنْ | اٰمَنَ | بِهٖ | وَ | تَبْغُوْنَهَا |
| اور | بند کرتے ہو | سے | راہ | اللہ کی | جو | ایمان لایا ہے | ساتھ اس کے | اور | چاہتے ہو واسطے اسکے |

اسے تم ڈراتے اور راہِ اللہ سے روکتے اور اس میں کجی ڈھونڈتے

عِوَجًا ۚ وَ اذْكُرُوْٓا اِذْ كُنْتُمْ قَلِيْلًا فَكَثَّرَكُمْ ۠ وَ انْظُرُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِوَجًا | وَ | اذْكُرُوْٓا | اِذْ | كُنْتُمْ | قَلِيْلًا | فَكَثَّرَكُمْ | وَ | انْظُرُوْا |
| کجی | اور | یاد کرو | جس وقت | تھے تم | تھوڑے | پس بہت کیا تم کو | اور | دیکھو |

ہو۔ اور (اس وقت کو) یاد کرو جب تم تھوڑے سے تھے تو اللہ نے تم کو جماعتِ کثیر کر دیا اور دیکھ لو

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَ اِنْ كَانَ طَآئِفَةٌ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَيْفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ | الْمُفْسِدِيْنَ | وَ | اِنْ | كَانَ | طَآئِفَةٌ |
| کیوں کر | ہوا | آخر کام | فساد کرنے والوں کا | اور | اگر | ہے | ایک جماعت |

کہ خرابی کرنے والوں کا انجام کیسا ہوا ﴿۸۶﴾ اور اگر تم میں سے ایک جماعت

مِّنْكُمْ اٰمَنُوْا بِالَّذِيْٓ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَ طَآئِفَةٌ لَّمْ يُؤْمِنُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْكُمْ | اٰمَنُوْا | بِالَّذِيْٓ | اُرْسِلْتُ | بِهٖ | وَ | طَآئِفَةٌ | لَّمْ | يُؤْمِنُوْا |
| تم میں سے | ایمان لائی | ساتھ اس چیز کے کہ | بھیجا گیا ہوں | ساتھ اس کے | اور | ایک جماعت | نہیں | ایمان لائی |

میری رسالت پر ایمان لے آئی ہے اور ایک جماعت ایمان نہیں لائی

فَاصْبِرُوْا حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ بَيْنَنَا ۚ وَ هُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۸۷﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاصْبِرُوْا | حَتّٰى | يَحْكُمَ | اللّٰهُ | بَيْنَنَا | وَ | هُوَ | خَيْرُ | الْحٰكِمِيْنَ |
| پس صبر کرو | یہاں تک کہ | حکم کرے | اللہ | درمیان ہمارے | اور | وہ | بہتر | حکم کرنیوالوں کا ہے |

تو صبر کیے رہو یہاں تک کہ اللہ ہمارے تمہارے درمیان فیصلہ کردے۔ اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے ﴿۸۷﴾

قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَنُخْرِجَنَّكَ يٰشُعَيْبُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | الْمَلَاُ | الَّذِيْنَ | اسْتَكْبَرُوْا | مِنْ | قَوْمِهٖ | لَنُخْرِجَنَّكَ | يٰشُعَيْبُ |
| کہا | سرداروں نے | جو | تکبر کرتے تھے | سے | قوم اس کی | البتہ نکال دینگے ہم تجھ کو | اے شعیب |

(تو) اُن کی قوم میں جو لوگ سردار اور بڑے آدمی تھے وہ کہنے لگے کہ شعیب (یا تو) ہم تم کو اور جو لوگ تمہارے ساتھ ایمان

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَكَ مِنْ قَرْيَتِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ۭ قَالَ اَوَلَوْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | مَعَكَ | مِنْ | قَرْيَتِنَآ | اَوْ | لَتَعُوْدُنَّ | فِيْ | مِلَّتِنَا | قَالَ | اَوَلَوْ |
| اور | ان لوگوں کو جو | ایمان لائے | تیرے ساتھ | سے | بستی اپنی | یا | پھر آؤ گے تم | بیچ | دین ہمارے کے | کہا | اگرچہ |

لائے ہیں اُن کو اپنے شہر سے نکال دیں گے یا تم ہمارے مذہب میں آ جاؤ۔ انہوں نے کہا خواہ ہم (تمہارے دین سے)

كُنَّا كٰرِهِيْنَ ۝۸۸ قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اِنْ عُدْنَا فِيْ مِلَّتِكُمْ بَعْدَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُنَّا | كٰرِهِيْنَ | قَدِ | افْتَرَيْنَا | عَلَى | اللّٰهِ | كَذِبًا | اِنْ | عُدْنَا | فِيْ | مِلَّتِكُمْ | بَعْدَ |
| ہوں ہم | ناخوش رہنے والے | تحقیق | باندھ لیا ہم نے | اوپر | اللہ کے | جھوٹ | اگر | پھر آئیں ہم | بیچ | دین تمہارے کے | پیچھے اس کے |

بیزار ہی ہوں (تو بھی)؟ (۸۸) اگر ہم اس کے بعد کہ اللہ ہمیں اس سے نجات بخش چکا ہے تمہارے مذہب میں لوٹ جائیں تو

اِذْ نَجّٰىنَا اللّٰهُ مِنْهَا ۭ وَمَا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّعُوْدَ فِيْهَآ اِلَّآ اَنْ يَّشَاۗءَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِذْ | نَجّٰىنَا | اللّٰهُ | مِنْهَا | وَمَا يَكُوْنُ | لَنَآ | اَنْ | نَّعُوْدَ | فِيْهَآ | اِلَّآ | اَنْ | يَّشَاۗءَ |
| کہ | نجات دی ہم کو | اللہ نے | اس سے | اور نہیں لائق | ہم کو | یہ کہ | پھر آئیں ہم | بیچ اس کے | مگر | جو | چاہے |

بیشک ہم نے اللہ پر جھوٹ (افتراء) باندھا۔ اور ہمیں شایاں نہیں کہ ہم اس میں لوٹ جائیں ہاں اللہ جو ہمارا پروردگار ہے وہ

اللّٰهُ رَبُّنَا ۭ وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ۭ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۭ رَبَّنَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | رَبُّنَا | وَسِعَ | رَبُّنَا | كُلَّ | شَيْءٍ | عِلْمًا | عَلَى | اللّٰهِ | تَوَكَّلْنَا | رَبَّنَا |
| اللہ | پروردگار ہمارا | سمالیا ہے | رب ہمارے نے | ہر | چیز کو | علم میں | اوپر | اللہ کے | توکل کیا ہم نے | اے پروردگار ہمارے |

چاہے تو (ہم مجبور ہیں)۔ ہمارے پروردگار کا علم ہر چیز پر احاطہ کیے ہوئے ہے۔ ہمارا اللہ ہی پر بھروسا ہے۔ اے پروردگار ہم

افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ۝۸۹ وَقَالَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| افْتَحْ | بَيْنَنَا | وَ | بَيْنَ | قَوْمِنَا | بِالْحَقِّ | وَ | اَنْتَ | خَيْرُ | الْفٰتِحِيْنَ | وَ | قَالَ |
| حکم کر | درمیان ہمارے | اور | درمیان | قوم ہماری کے | ساتھ حق کے | اور | تو | بہتر | حکم کرنے والا ہے | اور | کہا |

میں اور ہماری قوم میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دے اور تو سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے (۸۹) اور ان کی

الْمَلَاُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَىٕنِ اتَّبَعْتُمْ شُعَیْبًا اِنَّكُمْ اِذًا

| الْمَلَاُ | الَّذِیْنَ | كَفَرُوْا | مِنْ | قَوْمِهٖ | لَىٕنِ | اتَّبَعْتُمْ | شُعَیْبًا | اِنَّكُمْ | اِذًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سرداروں نے | جو | کافر ہوئے تھے | سے | قوم اس کی | اگر | پیروی کرو گے تم | شعیب کی | بیشک تم | اس وقت |

قوم میں سے سردار لوگ جو کافر تھے کہنے لگے کہ (بھائیو) اگر تم نے شعیب کی پیروی کی تو بیشک تم خسارے

لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۹۰﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِیْ دَارِهِمْ

| لَّخٰسِرُوْنَ | فَاَخَذَتْهُمُ | الرَّجْفَةُ | فَاَصْبَحُوْا | فِیْ | دَارِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| البتہ ٹوٹا پانے والوں سے ہو | پس پکڑا ان کو | زلزلے نے | پس فجر اٹھے | بیچ | گھروں اپنے کے |

میں پڑ گئے (۹۰) تو ان کو بھونچال نے آ پکڑا اور وہ اپنے گھروں میں اوندھے

مع جٰثِمِیْنَ ﴿۹۱﴾ ۛ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا شُعَیْبًا كَاَنْ لَّمْ یَغْنَوْا فِیْهَا ۛ الَّذِیْنَ

| جٰثِمِیْنَ | الَّذِیْنَ | كَذَّبُوْا | شُعَیْبًا | كَاَنْ | لَّمْ | یَغْنَوْا | فِیْهَا | الَّذِیْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زانوں پر گرے ہوئے | جنہوں نے | جھٹلایا | شعیب کو | گویا کہ | نہ | بستے تھے | بیچ اس کے | جنہوں نے |

پڑے رہ گئے (۹۱) (یہ لوگ) جنہوں نے شعیب کی تکذیب کی تھی ایسے برباد ہوئے تھے کہ گویا وہ ان میں کبھی آباد ہی نہیں ہوئے تھے۔ (غرض) جنہوں نے

كَذَّبُوْا شُعَیْبًا كَانُوْا هُمُ الْخٰسِرِیْنَ ﴿۹۲﴾ فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَ قَالَ یٰقَوْمِ

| كَذَّبُوْا | شُعَیْبًا | كَانُوْا | هُمُ | الْخٰسِرِیْنَ | فَتَوَلّٰى | عَنْهُمْ | وَ | قَالَ | یٰقَوْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جھٹلایا | شعیب کو | ہوئے | وہی | ٹوٹا پانے والے | پس منہ پھیرا | ان سے | اور | کہا | اے قوم میری |

شعیب کو جھٹلایا وہ خسارے پڑ گئے (۹۲) تو شعیب ان میں سے نکل آئے اور کہا کہ

لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّیْ وَ نَصَحْتُ لَكُمْ ۚ فَكَیْفَ اٰسٰى عَلٰى

| لَقَدْ | اَبْلَغْتُكُمْ | رِسٰلٰتِ | رَبِّیْ | وَ | نَصَحْتُ | لَكُمْ | فَكَیْفَ | اٰسٰى | عَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تحقیق | پہنچائے میں نے تم کو | پیغام | رب میرے کے | اور | خیرخواہی کی | واسطے تمہارے | پس کیوں کر | غم کھاؤں میں | اوپر |

بھائیو میں نے تم کو اپنے پروردگار کے پیغام پہنچا دیے ہیں اور تمہاری خیرخواہی کی تھی تو میں کافروں پر (عذاب نازل ہونے

ع ۱۱/۹/۱ قَوْمٍ كٰفِرِیْنَ ﴿۹۳﴾ ع وَ مَاۤ اَرْسَلْنَا فِیْ قَرْیَةٍ مِّنْ نَّبِیٍّ اِلَّاۤ اَخَذْنَاۤ

| قَوْمٍ | كٰفِرِیْنَ | وَ | مَاۤ | اَرْسَلْنَا | فِیْ | قَرْیَةٍ | مِّنْ | نَّبِیٍّ | اِلَّاۤ | اَخَذْنَاۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قوم | کافروں کے | اور | نہیں | بھیجا ہم نے | بیچ | کسی بستی کے | کوئی | نبی | مگر | پکڑا ہم نے |

سے) رنج و غم کیوں کروں (۹۳) اور ہم نے کسی شہر میں کوئی پیغمبر نہیں بھیجا مگر وہاں کے رہنے والوں کو

اَهۡلَهَا بِالۡبَاۡسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمۡ يَضَّرَّعُوۡنَ ﴿۹۴﴾ ثُمَّ بَدَّلۡنَا مَكَانَ

| اَهۡلَهَا | بِالۡبَاۡسَآءِ | وَ | الضَّرَّآءِ | لَعَلَّهُمۡ | يَضَّرَّعُوۡنَ | ثُمَّ | بَدَّلۡنَا | مَكَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لوگوں اسکے کو | ساتھ فقر کے | اور | مرض کے | تاکہ وہ | عاجزی کریں | پھر | بدل ڈالی ہم نے | جگہ |

(جو ایمان نہ لائے) دکھوں اور مصیبتوں میں مبتلا کیا تاکہ وہ عاجزی اور زاری کریں ﴿۹۴﴾ پھر ہم نے تکلیف

السَّيِّئَةِ الۡحَسَنَةَ حَتّٰى عَفَوۡا وَّقَالُوۡا قَدۡ مَسَّ اٰبَآءَنَا الضَّرَّآءُ

| السَّيِّئَةِ | الۡحَسَنَةَ | حَتّٰى | عَفَوۡا | وَّ | قَالُوۡا | قَدۡ | مَسَّ | اٰبَآءَنَا | الضَّرَّآءُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| برائی کے | بھلائی | یہاں تک کہ | زیادہ ہوئے | اور | کہنے لگے | تحقیق | لگی تھی | ہمارے باپوں کو | سختی |

کو آسودگی سے بدل دیا یہاں تک کہ (مال و اولاد میں) زیادہ ہو گئے تو کہنے لگے کہ اسی طرح کا رنج و راحت ہمارے بڑوں کو

وَالسَّرَّآءُ فَاَخَذۡنٰهُمۡ بَغۡتَةً وَّهُمۡ لَا يَشۡعُرُوۡنَ ﴿۹۵﴾ وَلَوۡ اَنَّ اَهۡلَ

| وَالسَّرَّآءُ | فَاَخَذۡنٰهُمۡ | بَغۡتَةً | وَّ | هُمۡ | لَا | يَشۡعُرُوۡنَ | وَ | لَوۡ اَنَّ | اَهۡلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور راحت | پس پکڑا ہم نے ان کو | ناگہاں | اور | وہ | نہیں | جانتے تھے | اور | اگر | لوگ |

بھی پہنچتا رہا ہے تو ہم نے ان کو ناگہاں پکڑ لیا اور وہ (اپنے حال میں) بے خبر تھے ﴿۹۵﴾ اگر ان بستیوں

الۡقُرٰٓى اٰمَنُوۡا وَاتَّقَوۡا لَفَتَحۡنَا عَلَيۡهِمۡ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ

| الۡقُرٰٓى | اٰمَنُوۡا | وَ | اتَّقَوۡا | لَفَتَحۡنَا | عَلَيۡهِمۡ | بَرَكٰتٍ | مِّنَ | السَّمَآءِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان بستیوں کے | ایمان لاتے | اور | پرہیزگاری کرتے | البتہ کھولتے ہم | اوپر ان کے | برکتیں | سے | آسمانوں |

کے لوگ ایمان لے آتے اور پرہیزگار ہو جاتے تو ہم ان پر آسمان اور زمین کی برکات (کے دروازے) کھول

وَالۡاَرۡضِ وَلٰكِنۡ كَذَّبُوۡا فَاَخَذۡنٰهُمۡ بِمَا كَانُوۡا يَكۡسِبُوۡنَ ﴿۹۶﴾ اَفَاَمِنَ

| وَ | الۡاَرۡضِ | وَ | لٰكِنۡ | كَذَّبُوۡا | فَاَخَذۡنٰهُمۡ | بِمَا | كَانُوۡا | يَكۡسِبُوۡنَ | اَفَاَمِنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | زمین سے | اور | لیکن | جھٹلایا انہوں نے | پس پکڑا ہم نے ان کو | ساتھ اس چیز کے کہ | تھے وہ | کماتے | کیا پس نڈر ہو گئے ہیں |

دیتے مگر انہوں نے تو تکذیب کی سو ان کے اعمال کی سزا میں ہم نے ان کو پکڑ لیا ﴿۹۶﴾ کیا بستیوں

اَهۡلُ الۡقُرٰٓى اَنۡ يَّاۡتِيَهُمۡ بَاۡسُنَا بَيَاتًا وَّهُمۡ نَآٮِٕمُوۡنَ ﴿۹۷﴾ ط اَوَاَمِنَ

| اَهۡلُ | الۡقُرٰٓى | اَنۡ | يَّاۡتِيَهُمۡ | بَاۡسُنَا | بَيَاتًا | وَّ | هُمۡ | نَآٮِٕمُوۡنَ | اَوَ | اَمِنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رہنے والے | بستیوں کے | یہ کہ | آئے ان کے پاس | عذاب ہمارا | رات کو | اور | وہ | سوتے ہوں | کیا | نڈر ہو گئے ہیں |

کے رہنے والے اس سے بے خوف ہیں کہ ان پر ہمارا عذاب رات کو واقع ہو اور وہ (بے خبر) سو رہے ہوں ﴿۹۷﴾ اور کیا اہل شہر

اَهۡلُ الۡقُرٰٓى اَنۡ يَّاۡتِيَهُمۡ بَاۡسُنَا ضُحًى وَّهُمۡ يَلۡعَبُوۡنَ ﴿۹۸﴾ اَفَاَمِنُوۡا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَهۡلُ | الۡقُرٰٓى | اَنۡ | يَّاۡتِيَهُمۡ | بَاۡسُنَا | ضُحًى | وَّ | هُمۡ | يَلۡعَبُوۡنَ | اَفَاَمِنُوۡا |
| رہنے والے | بستیوں کے | یہ کہ | آئے ان کے پاس | عذاب ہمارا | دن چڑھے | اور | وہ | کھیلتے ہوں | کیا پس نڈر ہو گئے ہیں |

اس سے نڈر ہیں کہ ان پر ہمارا عذاب دن چڑھے آنازل ہو اور وہ کھیل رہے ہوں ﴿۹۸﴾ کیا یہ لوگ اللہ کے

مَكۡرَ اللّٰهِ ۚ فَلَا يَاۡمَنُ مَكۡرَ اللّٰهِ اِلَّا الۡقَوۡمُ الۡخٰسِرُوۡنَ ﴿۹۹﴾ ع اَوَلَمۡ يَهۡدِ ع ۱۲ ۲

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَكۡرَ | اللّٰهِ | فَلَا | يَاۡمَنُ | مَكۡرَ | اللّٰهِ | اِلَّا | الۡقَوۡمُ | الۡخٰسِرُوۡنَ | اَوَ | لَمۡ | يَهۡدِ |
| مکر | اللہ کے سے | پس نہیں | نڈر ہوتے | مکر | اللہ کے سے | مگر | قوم | ٹوٹا پانے والی | کیا | نہیں | راہ دکھائی |

داؤں کا ڈر نہیں رکھتے (سن لو کہ) اللہ کے داؤں سے وہی لوگ نڈر ہوتے ہیں جو خسارہ پانے والے ہیں ﴿۹۹﴾ کیا ان لوگوں کو

لِلَّذِيۡنَ يَرِثُوۡنَ الۡاَرۡضَ مِنۡۢ بَعۡدِ اَهۡلِهَاۤ اَنۡ لَّوۡ نَشَآءُ اَصَبۡنٰهُمۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلَّذِيۡنَ | يَرِثُوۡنَ | الۡاَرۡضَ | مِنۡۢ بَعۡدِ | اَهۡلِهَاۤ | اَنۡ | لَّوۡ | نَشَآءُ | اَصَبۡنٰهُمۡ |
| واسطے ان لوگوں کے کہ | وارث ہوئے | زمین کے | پیچھے | اسکے رہنے والوں کے | یہ کہ | اگر | چاہیں ہم | پکڑیں ہم ان کو |

جو اہلِ زمین کے (مرنے کے) بعد زمین کے مالک ہوتے ہیں یہ امر موجب ہدایت نہیں ہوا کہ اگر ہم چاہیں تو ان

بِذُنُوۡبِهِمۡ ۚ وَنَطۡبَعُ عَلٰى قُلُوۡبِهِمۡ فَهُمۡ لَا يَسۡمَعُوۡنَ ﴿۱۰۰﴾ تِلۡكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِذُنُوۡبِهِمۡ | وَ | نَطۡبَعُ | عَلٰى | قُلُوۡبِهِمۡ | فَهُمۡ | لَا | يَسۡمَعُوۡنَ | تِلۡكَ |
| ساتھ انکے گناہوں کے | اور | مہر رکھیں | اوپر | ان کے دلوں کے | پس وہ | نہیں | سنتے | یہ |

کے گناہوں کے سبب ان پر مصیبت ڈال دیں اور ان کے دلوں پر مہر لگا دیں کہ کچھ سن ہی نہ سکیں ﴿۱۰۰﴾ یہ

الۡقُرٰى نَقُصُّ عَلَيۡكَ مِنۡ اَنۡۢبَآئِهَا ۚ وَلَقَدۡ جَآءَتۡهُمۡ رُسُلُهُمۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡقُرٰى | نَقُصُّ | عَلَيۡكَ | مِنۡ | اَنۡۢبَآئِهَا | وَ | لَقَدۡ | جَآءَتۡهُمۡ | رُسُلُهُمۡ |
| بستیاں | بیان کرتے ہیں ہم | اوپر تیرے | کچھ | خبریں ان کی | اور | البتہ | آئے تھے ان کے پاس | پیغمبران کے |

بستیاں ہیں جن کے کچھ حالات ہم تم کو سناتے ہیں اور ان کے پاس ان کے پیغمبر نشانیاں لے کر

بِالۡبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانُوۡا لِيُؤۡمِنُوۡا بِمَا كَذَّبُوۡا مِنۡ قَبۡلُ ؕ كَذٰلِكَ يَطۡبَعُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالۡبَيِّنٰتِ | فَمَا | كَانُوۡا | لِيُؤۡمِنُوۡا | بِمَا | كَذَّبُوۡا | مِنۡ | قَبۡلُ | كَذٰلِكَ | يَطۡبَعُ |
| ساتھ دلیلوں کے | پس نہ | تھے | کہ ایمان لائیں | ساتھ اس چیز کے کہ | جھٹلایا | سے | پہلے اس | اسی طرح | مہر رکھتا ہے |

آئے۔ مگر وہ ایسے نہیں تھے کہ جس چیز کو پہلے جھٹلا چکے ہوں اُسے مان لیں۔ اسی طرح اللہ

اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٠١﴾ وَمَا وَجَدْنَا لِاَكْثَرِهِمْ مِّنْ عَهْدٍ ۚ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | عَلٰى | قُلُوْبِ | الْكٰفِرِيْنَ | وَ | مَا | وَجَدْنَا | لِاَكْثَرِهِمْ | مِّنْ | عَهْدٍ |
| اللہ | اوپر | دلوں | کافروں کے | اور | نہیں | پایا ہم نے | واسطے بہتوں کے ان | سے | قائم رہنا اور پر عہد کے |

کافروں کے دلوں پر مہر لگا دیتا ہے ﴿١٠١﴾ اور ہم نے ان میں سے اکثروں میں عہد (کا نباہ) نہیں دیکھا

وَاِنْ وَّجَدْنَآ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِيْنَ ﴿١٠٢﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنْ | وَّجَدْنَآ | اَكْثَرَهُمْ | لَفٰسِقِيْنَ | ثُمَّ | بَعَثْنَا | مِنْۢ | بَعْدِهِمْ |
| اور | تحقیق | پایا ہم نے | بہتوں ان کے کو | البتہ فاسق | پھر | بھیجا ہم نے | سے | پیچھے ان کے |

اور ان میں اکثروں کو (دیکھا تو) بدکار ہی دیکھا ﴿١٠٢﴾ پھر ان (پیغمبروں) کے بعد ہم

مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَظَلَمُوْا بِهَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّوْسٰى | بِاٰيٰتِنَآ | اِلٰى | فِرْعَوْنَ | وَ | مَلَا۟ئِهٖ | فَظَلَمُوْا | بِهَا | فَانْظُرْ | كَيْفَ |
| موسیٰ کو | ساتھ نشانیوں اپنی کے | طرف | فرعون کی | اور | اسکے سرداروں کی | پس ظلم کیا | ساتھ اس کے | پس دیکھ | کیوں کر |

نے موسیٰ کو نشانیاں دے کر فرعون اور اس کے اعیان سلطنت کے پاس بھیجا تو انہوں نے ان کے ساتھ کفر کیا۔ سو دیکھ لو کہ

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿١٠٣﴾ وَقَالَ مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ اِنِّيْ رَسُوْلٌ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانَ | عَاقِبَةُ | الْمُفْسِدِيْنَ | وَ | قَالَ | مُوْسٰى | يٰفِرْعَوْنُ | اِنِّيْ | رَسُوْلٌ |
| ہوا | آخر کام | مفسدوں کا | اور | کہا | موسیٰ نے | اے فرعون | بیشک میں | بھیجا ہوا ہوں |

خرابی کرنے والوں کا انجام کیا ہوا ﴿١٠٣﴾ اور موسیٰ نے کہا کہ اے فرعون میں

مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٠٤﴾ لا حَقِيْقٌ عَلٰٓى اَنْ لَّآ اَقُوْلَ عَلَى اللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ | رَّبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | حَقِيْقٌ | عَلٰٓى | اَنْ | لَّآ | اَقُوْلَ | عَلَى | اللّٰهِ |
| طرف سے | پروردگار | عالموں کی | ثابت ہوں | اوپر | اس بات کے کہ | نہیں | کہتا میں | اوپر | اللہ کے |

ربّ العالمین کا پیغمبر ہوں ﴿١٠٤﴾ مجھ پر واجب ہے کہ اللہ کی طرف سے جو کچھ کہوں سچ ہی

اِلَّا الْحَقَّ ؕ قَدْ جِئْتُكُمْ بِبَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَرْسِلْ مَعِيَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | الْحَقَّ | قَدْ | جِئْتُكُمْ | بِبَيِّنَةٍ | مِّنْ | رَّبِّكُمْ | فَاَرْسِلْ | مَعِيَ |
| مگر | سچ | تحقیق | آیا ہوں میں تمہارے پاس | ساتھ دلیل کے | سے | رب تمہارے | پس بھیج | ساتھ میرے |

کہوں۔ میں تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے نشانی لے کر آیا ہوں سو بنی اسرائیل کو میرے ساتھ جانے

بَنِيٓ اِسۡرَآءِيۡلَ ﴿۱۰۵﴾ؕ قَالَ اِنۡ كُنۡتَ جِئۡتَ بِاٰيَةٍ فَاۡتِ بِهَاۤ اِنۡ كُنۡتَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَنِيٓ | اِسۡرَآءِيۡلَ | قَالَ | اِنۡ | كُنۡتَ | جِئۡتَ | بِاٰيَةٍ | فَاۡتِ | بِهَاۤ | اِنۡ | كُنۡتَ |
| بنی | اسرائیل کو | کہا | اگر | ہے تو | آیا | ساتھ نشانی کے | پس لے آ | اس کو | اگر | تو ہے |

کی رخصت دے دیجیے ﴿۱۰۵﴾ فرعون نے کہا اگر تم نشانی لے کر آئے ہو تو اگر سچے ہو

مِنَ الصّٰدِقِيۡنَ ﴿۱۰۶﴾ فَاَلۡقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِىَ ثُعۡبَانٌ مُّبِيۡنٌ ﴿۱۰۷﴾ۚۖ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ | الصّٰدِقِيۡنَ | فَاَلۡقٰى | عَصَاهُ | فَاِذَا | هِىَ | ثُعۡبَانٌ | مُّبِيۡنٌ |
| سے | سچوں میں | پس ڈال دیا | عصا اپنا | پس ناگہاں | وہ | اژدھا تھا | ظاہر |

تو لاؤ (دکھاؤ) ﴿۱۰۶﴾ موسیٰ نے اپنی لاٹھی (زمین پر) ڈال دی تو وہ اسی وقت صریح اژدہا (ہوگیا) ﴿۱۰۷﴾

وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِىَ بَيۡضَآءُ لِلنّٰظِرِيۡنَ ﴿۱۰۸﴾ع قَالَ الۡمَلَاُ مِنۡ قَوۡمِ ع ۱۳ ۹ ۳

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | نَزَعَ | يَدَهٗ | فَاِذَا | هِىَ | بَيۡضَآءُ | لِلنّٰظِرِيۡنَ | قَالَ | الۡمَلَاُ | مِنۡ | قَوۡمِ |
| اور | نکال لیا | ہاتھ اپنا | پس ناگہاں | وہ | سفید تھا | واسطے دیکھنے والوں کے | کہا | سرداروں نے | سے | قوم |

اور اپنا ہاتھ باہر نکالا تو اسی دم دیکھنے والوں کی نگاہوں میں سفید براق (تھا) ﴿۱۰۸﴾ تو قوم فرعون میں جو سردار تھے

فِرۡعَوۡنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيۡمٌ ﴿۱۰۹﴾ۙ يُّرِيۡدُ اَنۡ يُّخۡرِجَكُمۡ مِّنۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِرۡعَوۡنَ | اِنَّ | هٰذَا | لَسٰحِرٌ | عَلِيۡمٌ | يُّرِيۡدُ | اَنۡ | يُّخۡرِجَكُمۡ | مِّنۡ |
| فرعون کی | بیشک | یہ | البتہ جادوگر ہے | بڑا دانا | چاہتا ہے | یہ کہ | نکال دے تم کو | سے |

وہ کہنے لگے کہ یہ بڑا علامہ جادوگر ہے ﴿۱۰۹﴾ اس کا ارادہ یہ ہے کہ تم کو تمہارے ملک

اَرۡضِكُمۡ ۚ فَمَاذَا تَاۡمُرُوۡنَ ﴿۱۱۰﴾ قَالُوۡۤا اَرۡجِهۡ وَاَخَاهُ وَاَرۡسِلۡ فِى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَرۡضِكُمۡ | فَمَاذَا | تَاۡمُرُوۡنَ | قَالُوۡۤا | اَرۡجِهۡ | وَ | اَخَاهُ | وَ | اَرۡسِلۡ | فِى |
| تمہاری زمین | پس کیا | حکم کرتے ہو تم | کہا انہوں نے | ڈھیل دے اس کو | اور | اسکے بھائی کو | اور | بھیج | بیچ |

سے نکال دے۔ بھلا تمہاری کیا صلاح ہے؟ ﴿۱۱۰﴾ انہوں نے (فرعون سے) کہا کہ فی الحال موسیٰ اور اس کے بھائی کے معاملے کو موقوف رکھیے اور شہروں

الۡمَدَآئِنِ حٰشِرِيۡنَ ﴿۱۱۱﴾ۙ يَاۡتُوۡكَ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيۡمٍ ﴿۱۱۲﴾ وَجَآءَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡمَدَآئِنِ | حٰشِرِيۡنَ | يَاۡتُوۡكَ | بِكُلِّ | سٰحِرٍ | عَلِيۡمٍ | وَ | جَآءَ |
| شہروں کے | اکٹھا کرنے والے | تاکہ لے آئیں تیرے پاس | ہر | جادوگر | دانا کو | اور | آئے |

میں نقیب روانہ کر دیجیے ﴿۱۱۱﴾ کہ تمام ماہر جادوگروں کو آپ کے پاس لے آئیں ﴿۱۱۲﴾ (چنانچہ ایسا ہی کیا گیا) اور جادوگر

السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوْٓا اِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۳﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّحَرَةُ | فِرْعَوْنَ | قَالُوْٓا | اِنَّ | لَنَا | لَاَجْرًا | اِنْ | كُنَّا | نَحْنُ | الْغٰلِبِيْنَ |
| جادوگر | فرعون کے پاس | کہا انہوں نے | بے شک | واسطے ہمارے | کچھ بدلہ ہے | اگر | ہوں | ہم | غالب |

فرعون کے پاس آ پہنچے (اور) کہنے لگے کہ اگر ہم جیت گئے تو ہمیں صلہ عطا کیا جائے ﴿۱۱۳﴾

قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | نَعَمْ | وَ | اِنَّكُمْ | لَمِنَ | الْمُقَرَّبِيْنَ | قَالُوْا | يٰمُوْسٰٓى | اِمَّآ | اَنْ تُلْقِيَ |
| کہا | ہاں | اور | بیشک تم | البتہ سے | مقربوں ہوگے | کہا انہوں نے | اے موسیٰ | یا | تو ڈال دے |

(فرعون نے) کہا ہاں (ضرور) اور (اس کے علاوہ) تم مقربوں میں داخل کر لیے جاؤ گے ﴿۱۱۴﴾ (جب فریقین روزِ مقررہ پر جمع ہوئے تو) جادوگروں

وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِمَّآ | اَنْ نَّكُوْنَ | نَحْنُ | الْمُلْقِيْنَ | قَالَ | اَلْقُوْا | فَلَمَّآ | اَلْقَوْا | سَحَرُوْٓا |
| اور | یا | ہم ہوں گے | ہم | ڈالنے والے | کہا | تم ہی ڈالو | پس جب | ڈالا انہوں نے | جادو کر دیا |

نے کہا کہ موسیٰ یا تو تم (جادو کی چیز) ڈالو یا ہم ڈالتے ہیں ﴿۱۱۵﴾ (موسیٰ نے) کہا تم ہی ڈالو۔ جب انہوں نے (جادو کی چیزیں) ڈالیں تو

اَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۱۶﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَعْيُنَ | النَّاسِ | وَ | اسْتَرْهَبُوْهُمْ | وَجَآءُوْ | بِسِحْرٍ | عَظِيْمٍ |
| آنکھوں پر | لوگوں کی | اور | ڈرایا ان کو | اور لائے | جادو | بڑا |

لوگوں کی آنکھوں پر جادو کر دیا (یعنی نظر بندی کر دی) اور (لاٹھیوں اور رسیوں کے سانپ بنا بنا کر) انہیں ڈرا ڈرا دیا اور بہت بڑا جادو دکھایا ﴿۱۱۶﴾

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاَوْحَيْنَآ | اِلٰى | مُوْسٰٓى | اَنْ | اَلْقِ | عَصَاكَ | فَاِذَا | هِيَ | تَلْقَفُ | مَا |
| اور وحی کی ہم نے | طرف | موسیٰ کی | یہ کہ | ڈال دے | عصا اپنا | پس ناگہاں | وہ | نگل جاتا ہے | جو کچھ |

اور (اس وقت) ہم نے موسیٰ کی طرف وحی بھیجی کہ تم بھی اپنی لاٹھی ڈال دو۔ وہ فوراً (سانپ بن کر) جادوگروں کے بنائے ہوئے سانپوں کو

يَاْفِكُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ ۚ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ ۚ فَغُلِبُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَاْفِكُوْنَ | فَوَقَعَ | الْحَقُّ | وَ | بَطَلَ | مَا | كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | فَغُلِبُوْا |
| باندھ لیتے تھے | پس واقع ہوا | حق | اور | باطل ہوا | جو کچھ کہ | تھے وہ | کرتے | پس مغلوب ہو گئے وہ |

(ایک ایک کر کے) نگل جائے گی ﴿۱۱۷﴾ (پھر) تو حق ثابت ہو گیا اور جو کچھ فرعونی کرتے تھے باطل ہو گیا ﴿۱۱۸﴾ اور وہ مغلوب ہو گئے

هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ ۚ وَ اُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۱۲۰﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| هُنَالِكَ | وَانْقَلَبُوْا | صٰغِرِيْنَ | وَ | اُلْقِيَ | السَّحَرَةُ | سٰجِدِيْنَ |
| اس جگہ | اور پھر گئے | ذلیل | اور | ڈالے گئے | جادوگر | سجدے میں |

اور ذلیل ہو کر رہ گئے ﴿۱۱۹﴾ اور (یہ کیفیت دیکھ کر) جادوگر سجدے میں گر پڑے ﴿۱۲۰﴾

قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ رَبِّ مُوْسٰى وَ هٰرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ قَالَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوْٓا | اٰمَنَّا | بِرَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | رَبِّ | مُوْسٰى | وَ | هٰرُوْنَ | قَالَ |
| کہا انہوں نے | ایمان لائے ہم | ساتھ رب | عالموں کے | ساتھ پروردگار | موسیٰ کے | اور | ہارون کے | کہا |

(اور) کہنے لگے کہ ہم جہان کے پروردگار پر ایمان لائے ﴿۱۲۱﴾ (یعنی) موسیٰ اور ہارون کے پروردگار پر ﴿۱۲۲﴾ فرعون

فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِهٖ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوْهُ فِي

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِرْعَوْنُ | اٰمَنْتُمْ | بِهٖ | قَبْلَ | اَنْ | اٰذَنَ | لَكُمْ | اِنَّ | هٰذَا | لَمَكْرٌ | مَّكَرْتُمُوْهُ | فِي |
| فرعون نے | ایمان لے آئے تم | ساتھ اسکے | پہلے | اس سے کہ | حکم کروں میں | تم کو | تحقیق | یہ | کچھ مکر ہے | مکر کیا تم نے | بیچ |

نے کہا کہ پیشتر اس کے کہ میں تمہیں اجازت دوں تم اس پر ایمان لے آئے؟ بے شک یہ فریب ہے جو تم نے مل کر شہر میں

الْمَدِيْنَةِ لِتُخْرِجُوْا مِنْهَآ اَهْلَهَا ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ لَاُقَطِّعَنَّ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَدِيْنَةِ | لِتُخْرِجُوْا | مِنْهَآ | اَهْلَهَا | فَسَوْفَ | تَعْلَمُوْنَ | لَاُقَطِّعَنَّ |
| شہر کے | تا کہ نکال دو | اس سے | لوگوں اس کے کو | پس البتہ | جانو گے تم | البتہ کاٹوں گا میں |

کیا ہے تا کہ اہل شہر کو یہاں سے نکال دو۔ سو عنقریب (اس کا نتیجہ) معلوم کر لو گے ﴿۱۲۳﴾ میں (پہلے تو) تمہارے

اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۲۴﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَيْدِيَكُمْ | وَاَرْجُلَكُمْ | مِّنْ | خِلَافٍ | ثُمَّ | لَاُصَلِّبَنَّكُمْ | اَجْمَعِيْنَ |
| ہاتھ تمہارے | اور پاؤں تمہارے | طرف سے | مخالف | پھر | سولی دوں گا میں تم کو | سب کو |

ایک طرف کے ہاتھ اور دوسری طرف کے پاؤں کاٹ دوں گا پھر تم سب کو سولی چڑھا دوں گا ﴿۱۲۴﴾

قَالُوْٓا اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ ۚ وَمَا تَنْقِمُ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوْٓا | اِنَّآ | اِلٰى | رَبِّنَا | مُنْقَلِبُوْنَ | وَ | مَا | تَنْقِمُ | مِنَّآ | اِلَّآ | اَنْ | اٰمَنَّا |
| کہا انہوں نے | بیشک | ہم طرف | پروردگار اپنے کے | پھر جانے والے ہیں | اور | نہیں | عیب پکڑتا تو | ہم سے | مگر | یہ کہ | ایمان لائے ہم |

وہ بولے کہ ہم تو اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں ﴿۱۲۵﴾ اور اس کے سوا تجھ کو ہماری کون سی بات بری لگی ہے کہ جب ہمارے پروردگار کی

بِاٰيٰتِ رَبِّنَا لَمَّا جَآءَتْنَا ؕ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا

| بِاٰيٰتِ | رَبِّنَا | لَمَّا | جَآءَتْنَا | رَبَّنَآ | اَفْرِغْ | عَلَيْنَا | صَبْرًا | وَّتَوَفَّنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ نشانیوں | اپنے رب کی | جب | آئیں ہمارے پاس | اے رب ہمارے | ڈال دے | اوپر ہمارے | صبر | اور مار ہم کو |

نشانیاں ہمارے پاس آگئیں تو ہم ان پر ایمان لے آئے۔ اے پروردگار ہم پر صبر واستقامت کے دہانے کھول دے اور ہمیں (ماریو تو)

ع ۱۴ ۱۸ مُسْلِمِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ ع وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اَتَذَرُ مُوْسٰى

| مُسْلِمِيْنَ | وَ | قَالَ | الْمَلَاُ | مِنْ | قَوْمِ | فِرْعَوْنَ | اَتَذَرُ | مُوْسٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مسلمان کر کر | اور | کہا | سرداروں نے | سے | قوم | فرعون کی | کیا چھوڑ دیتا ہے تو | موسٰی کو |

مسلمان ہی ماریو﴿۱۲۶﴾ اور قوم فرعون میں جو سردار تھے کہنے لگے کہ کیا آپ موسٰی اور اس کی قوم کو چھوڑ

وَقَوْمَهٗ لِيُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَيَذَرَكَ وَاٰلِهَتَكَ ؕ قَالَ سَنُقَتِّلُ

| وَ | قَوْمَهٗ | لِيُفْسِدُوْا | فِي | الْاَرْضِ | وَ | يَذَرَكَ | وَاٰلِهَتَكَ | قَالَ | سَنُقَتِّلُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | قوم اس کی کو | تاکہ فساد کریں | بیچ | زمین کے | اور | چھوڑ دے تجھ کو | اور معبودوں تیرے کو | کہا | البتہ قتل کریں گے ہم |

دیجیے گا کہ ملک میں خرابی کریں اور آپ سے اور آپ کے معبودوں سے دست کش ہو جائیں۔ وہ بولا کہ ہم ان کے لڑکوں کو

اَبْنَآءَهُمْ وَنَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّا فَوْقَهُمْ قٰهِرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ قَالَ

| اَبْنَآءَهُمْ | وَ | نَسْتَحْيٖ | نِسَآءَهُمْ | وَ | اِنَّا | فَوْقَهُمْ | قٰهِرُوْنَ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے بیٹوں کو | اور | جیتا رکھیں گے | ان کی بیٹیوں کو | اور | بیشک ہم | اوپر ان کے | غالب ہیں | کہا |

تو قتل کر ڈالیں گے اور لڑکیوں کو زندہ رہنے دیں گے اور بے شبہ ہم ان پر غالب ہیں﴿۱۲۷﴾ موسٰی نے

مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا ۚ اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ ۙ قف

| مُوْسٰى | لِقَوْمِهِ | اسْتَعِيْنُوْا | بِاللّٰهِ | وَ | اصْبِرُوْا | اِنَّ | الْاَرْضَ | لِلّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موسٰی نے | واسطے قوم اپنی کے | مدد چاہو | ساتھ اللہ کے | اور | صبر کرو | بیشک | زمین | واسطے اللہ کے ہے |

اپنی قوم سے کہا کہ اللہ سے مدد مانگو اور ثابت قدم رہو۔ زمین تو اللہ کی ہے

يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۲۸﴾ قَالُوْٓا

| يُوْرِثُهَا | مَنْ | يَّشَآءُ | مِنْ | عِبَادِهٖ | وَ | الْعَاقِبَةُ | لِلْمُتَّقِيْنَ | قَالُوْٓا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وارث کرتا ہے اس کا | جس کو | چاہتا ہے | سے | اپنے بندوں | اور | آخر کا کام | واسطے پرہیزگاروں کے ہے | کہا انہوں نے |

وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے اس کا مالک بناتا ہے۔ اور آخر بھلا تو ڈرنے والوں کا ہے﴿۱۲۸﴾ وہ بولے

اُوْذِيْنَا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَاْتِيَنَا وَمِنْۢ بَعْدِ مَا جِئْتَنَا ؕ قَالَ عَسٰى

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُوْذِيْنَا | مِنْ | قَبْلِ | اَنْ | تَاْتِيَنَا | وَ | مِنْۢ | بَعْدِ | مَا | جِئْتَنَا | قَالَ | عَسٰى |
| ایذا دیئے گئے ہیں ہم | سے | پہلے اس | کہ | آئے ہمارے پاس تو | اور | سے | پیچھے اس | کہ | آیا تو ہمارے پاس | کہا | قریب ہے کہ |

کہ تمہارے آنے سے پہلے بھی ہم کو اذیتیں پہنچتی رہیں اور آنے کے بعد بھی۔ موسٰی نے کہا کہ قریب ہے کہ

رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ وَيَسْتَخْلِفَكُمْ فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبُّكُمْ | اَنْ | يُّهْلِكَ | عَدُوَّكُمْ | وَ | يَسْتَخْلِفَكُمْ | فِى | الْاَرْضِ | فَيَنْظُرَ |
| رب تمہارا | یہ کہ | ہلاک کردے | دشمن تمہارے کو | اور | خلیفہ کرے تم کو | بیچ | زمین کے | پس دیکھے |

تمہارا پروردگار تمہارے دشمن کو ہلاک کردے اور اس کی جگہ تمہیں زمین میں خلیفہ بنائے پھر دیکھے

كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ ع وَلَقَدْ اَخَذْنَاۤ اٰلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِيْنَ وَنَقْصٍ ع ۱۵

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَيْفَ | تَعْمَلُوْنَ | وَ | لَقَدْ | اَخَذْنَاۤ | اٰلَ | فِرْعَوْنَ | بِالسِّنِيْنَ | وَ | نَقْصٍ |
| کیوں کر | عمل کرتے ہو تم | اور | البتہ تحقیق | پکڑا ہم نے | قوم | فرعون کی کو | ساتھ قحط کے | اور | کمی |

کہ تم کیسے عمل کرتے ہو(۱۲۹) اور ہم نے فرعونیوں کو قحطوں اور میووں کے

مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۳۰﴾ فَاِذَا جَآءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ قَالُوْا لَنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنَ | الثَّمَرٰتِ | لَعَلَّهُمْ | يَذَّكَّرُوْنَ | فَاِذَا | جَآءَتْهُمُ | الْحَسَنَةُ | قَالُوْا | لَنَا |
| سے | میووں کی | تاکہ وہ | نصیحت پکڑیں | پس جب | آئی ان کو | نیکی | کہتے | واسطے ہمارے ہے |

نقصان میں پکڑا تاکہ نصیحت حاصل کریں(۱۳۰) تو جب ان کو آسائش حاصل ہوتی تو کہتے کہ ہم اس کے

هٰذِهٖ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّطَّيَّرُوْا بِمُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗ ؕ اَلَاۤ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هٰذِهٖ | وَاِنْ | تُصِبْهُمْ | سَيِّئَةٌ | يَّطَّيَّرُوْا | بِمُوْسٰى | وَ | مَنْ | مَّعَهٗ | اَلَاۤ |
| یہ | اور اگر | پہنچتی ان کو | برائی | شوم پکڑتے | ساتھ موسٰی کے | اور | جو | ساتھ اسکے تھے | خبردار ہو |

مستحق ہیں اور اگر سختی پہنچتی تو موسٰی اور ان کے رفیقوں کی بدشگونی بتاتے۔ دیکھو

اِنَّمَا طٰۤئِرُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَقَالُوْا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّمَا | طٰۤئِرُهُمْ | عِنْدَ | اللّٰهِ | وَ | لٰكِنَّ | اَكْثَرَهُمْ | لَا | يَعْلَمُوْنَ | وَ | قَالُوْا |
| سوائے اسکے نہیں کہ | شوم ان کا | نزدیک | اللہ کے ہے | اور | لیکن | بہت ان کے | نہیں | جانتے | اور | کہا انہوں نے |

اُن کی بدشگونی اللہ کے ہاں (مقدر) ہے لیکن ان میں اکثر نہیں جانتے(۱۳۱) اور کہنے لگے

مَهْمَا تَأْتِنَا بِهٖ مِنْ اٰيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا ۙ فَمَا نَحْنُ لَكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَهْمَا | تَأْتِنَا | بِهٖ | مِنْ | اٰيَةٍ | لِّتَسْحَرَنَا | بِهَا | فَمَا | نَحْنُ | لَكَ |
| جو کچھ | لائے گا تو ہمارے پاس | اس کو | سے | نشانیوں | تا کہ جادو کرے ہم کو | ساتھ اس کے | پس نہیں | ہم | واسطے تیرے |

کہ تم ہمارے پاس (خواہ) کوئی ہی نشانی لاؤ تا کہ اس سے ہم پر جادو کرو مگر ہم تم پر ایمان لانے والے

بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٢﴾ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ وَ الْقُمَّلَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمُؤْمِنِيْنَ | فَاَرْسَلْنَا | عَلَيْهِمُ | الطُّوْفَانَ | وَالْجَرَادَ | وَ | الْقُمَّلَ |
| ماننے والے | پس بھیجا ہم نے | اوپر ان کے | طوفان مینہ کا | اور ٹڈیاں | اور | چچڑیاں |

نہیں ہیں ﴿١٣٢﴾ تو ہم نے ان پر طوفان اور ٹڈیاں اور جوئیں

وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ ۟ قف فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الضَّفَادِعَ | وَ | الدَّمَ | اٰيٰتٍ | مُّفَصَّلٰتٍ | فَاسْتَكْبَرُوْا | وَ | كَانُوْا | قَوْمًا |
| اور | مینڈک | اور | لہو | نشانیاں | جدا جدا | پس تکبر کیا انہوں نے | اور | تھے | وہ قوم |

اور مینڈک اور خون کتنی کھلی ہوئی نشانیاں بھیجیں۔ مگر وہ تکبر ہی کرتے رہے اور وہ لوگ تھے

مُّجْرِمِيْنَ ﴿١٣٣﴾ وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوْا يٰمُوْسَى ادْعُ لَنَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّجْرِمِيْنَ | وَ | لَمَّا | وَقَعَ | عَلَيْهِمُ | الرِّجْزُ | قَالُوْا | يٰمُوْسَى | ادْعُ | لَنَا |
| گنہگار | اور | جب | پڑتا | اوپر ان کے | عذاب | کہتے | اے موسیٰ | دعا کر | واسطے ہمارے |

ہی گنہگار ﴿١٣٣﴾ اور جب اُن پر عذاب واقع ہوتا تو کہتے کہ موسیٰ ہمارے لیے اپنے پروردگار سے دعا کرو

رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ لَئِنْ كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبَّكَ | بِمَا | عَهِدَ | عِنْدَكَ | لَئِنْ | كَشَفْتَ | عَنَّا | الرِّجْزَ | لَنُؤْمِنَنَّ | لَكَ |
| رب اپنے سے | ساتھ اس چیز کے کہ | اقرار کر رکھا ہے | نزدیک تیرے | اگر | کھول دے گا تو | ہم سے | عذاب | البتہ ایمان لاویں گے | واسطے تیرے |

جیسا اس نے تم سے عہد کر رکھا ہے۔ اگر تم ہم سے عذاب کو ٹال دو گے تو ہم تم پر ایمان بھی لے آئیں گے اور بنی اسرائیل

وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿١٣٤﴾ ۚ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَنُرْسِلَنَّ | مَعَكَ | بَنِيْٓ | اِسْرَآءِيْلَ | فَلَمَّا | كَشَفْنَا | عَنْهُمُ | الرِّجْزَ |
| اور البتہ بھیج دیں گے ہم | ساتھ تیرے | بنی | اسرائیل کو | پس جب | کھول دیا ہم نے | ان سے | عذاب |

کو بھی تمہارے ساتھ جانے (کی اجازت) دیں گے ﴿١٣٤﴾ پھر جب ہم ایک مدت کے لیے جس تک ان کو پہنچنا تھا

اِلٰٓى اَجَلٍ هُمْ بٰلِغُوْهُ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ﴿١٣٥﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰٓى | اَجَلٍ | هُمْ | بٰلِغُوْهُ | اِذَاهُمْ | يَنْكُثُوْنَ | فَانْتَقَمْنَا | مِنْهُمْ |
| تک | ایک مدت کہ | وہ | پہنچنے والے تھے اسکو | ناگہاں وہ | عہد توڑ ڈالتے تھے | پس بدلہ لیا ہم نے | ان سے |

ان سے عذاب دور کر دیتے تو وہ عہد کو توڑ ڈالتے ﴿١٣٥﴾ تو ہم نے اُن سے بدلہ لے کر ہی چھوڑا

فَاَغْرَقْنٰهُمْ فِى الْيَمِّ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ﴿١٣٦﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَغْرَقْنٰهُمْ | فِى | الْيَمِّ | بِاَنَّهُمْ | كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَا | وَ | كَانُوْا | عَنْهَا | غٰفِلِيْنَ |
| پس ڈبو دیا ہم نے ان کو | بیچ | دریا کے | بسبب اس کے کہ | وہ جھٹلاتے تھے | نشانیوں ہماری کو | اور | تھے وہ | ان سے | غافل |

کہ ان کو دریا میں ڈبو دیا اس لیے کہ وہ ہماری آیتوں کو جھٹلاتے اور ان سے بے پروائی کرتے تھے ﴿١٣٦﴾

وَاَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِيْنَ كَانُوْا يُسْتَضْعَفُوْنَ مَشَارِقَ الْاَرْضِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَوْرَثْنَا | الْقَوْمَ | الَّذِيْنَ | كَانُوْا | يُسْتَضْعَفُوْنَ | مَشَارِقَ | الْاَرْضِ |
| اور | وارث کیا ہم نے | اس قوم کو کہ | وہ | تھے | ناتوان گنے جاتے | مشرقوں | زمین کو |

اور جو لوگ کمزور سمجھے جاتے تھے ان کو زمین (شام) کے مشرق و مغرب کا جس میں ہم نے

وَمَغَارِبَهَا الَّتِىْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ؕ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ الْحُسْنٰى عَلٰى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَغَارِبَهَا | الَّتِىْ | بٰرَكْنَا | فِيْهَا | وَ | تَمَّتْ | كَلِمَتُ | رَبِّكَ | الْحُسْنٰى | عَلٰى |
| اور | مغربوں اس کے کو | وہ جو | برکت رکھی ہے ہم نے | بیچ اس کے | اور | پوری ہوئی | بات | تیرے رب کی | اچھی | اوپر |

برکت دی تھی وارث کر دیا۔ اور بنی اسرائیل کے بارے میں ان کے صبر کی وجہ سے تمہارے پروردگار

بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ۬ بِمَا صَبَرُوْا ؕ وَدَمَّرْنَا مَا كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَنِىْٓ | اِسْرَآءِيْلَ | بِمَا | صَبَرُوْا | وَ | دَمَّرْنَا | مَا | كَانَ | يَصْنَعُ | فِرْعَوْنُ |
| بنی | اسرائیل کے | بسبب اسکے کہ | صبر کیا انہوں نے | اور | خراب کیا ہم نے | جو کچھ کہ | تھے | بناتے | فرعون |

کا وعدۂ نیک پورا ہوا۔ اور فرعون اور قوم فرعون جو (محل) بناتے اور (انگور کے باغ) جو چھتریوں پر

وَقَوْمُهٗ وَمَا كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ ﴿١٣٧﴾ وَجٰوَزْنَا بِبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ ع

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَوْمُهٗ | وَ | مَا | كَانُوْا | يَعْرِشُوْنَ | وَ | جٰوَزْنَا | بِبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ | الْبَحْرَ |
| اور | قوم اس کی | اور | جو کچھ کہ | تھے | چڑھاتے | اور | پار اتار دیا ہم نے | بنی اسرائیل کو | دریا سے |

چڑھاتے تھے سب کو ہم نے تباہ کر دیا ﴿١٣٧﴾ اور ہم نے بنی اسرائیل کو دریا کے پار اتارا

فَاَتَوْا عَلٰی قَوْمٍ یَّعْکُفُوْنَ عَلٰۤی اَصْنَامٍ لَّهُمْ ۚ قَالُوْا یٰمُوْسَی اجْعَلْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَتَوْا | عَلٰی | قَوْمٍ | یَّعْکُفُوْنَ | عَلٰۤی | اَصْنَامٍ | لَّهُمْ | قَالُوْا | یٰمُوْسَی | اجْعَلْ |
| پس آئے | اوپر | ایک قوم کے کہ | بیٹھے رہتے تھے | اوپر | بتوں | اپنے کے | کہنے لگے | اے موسیٰ | بنادے |

تو وہ ایسے لوگوں کے پاس جا پہنچے جو اپنے بتوں (کی عبادت) کے لیے بیٹھے رہتے تھے۔ (بنی اسرائیل) کہنے لگے کہ موسیٰ جیسے ان لوگوں

لَنَآ اِلٰهًا کَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ ؕ قَالَ اِنَّکُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَنَآ | اِلٰهًا | کَمَا | لَهُمْ | اٰلِهَةٌ | قَالَ | اِنَّکُمْ | قَوْمٌ | تَجْهَلُوْنَ | اِنَّ | هٰۤؤُلَآءِ |
| واسطے ہمارے | معبود | جیسا | واسطے ان کے ہے | معبود | کہا | بیشک تم | قوم ہو | جاہل | بیشک | یہ لوگ |

کے معبود ہیں ہمارے لیے بھی ایک معبود بنادو۔ موسیٰ نے کہا کہ تم بڑے ہی جاہل لوگ ہو ﴿۱۳۸﴾ یہ لوگ جس (شغل)

مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِیْهِ وَ بٰطِلٌ مَّا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۹﴾ قَالَ اَغَیْرَ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُتَبَّرٌ | مَّا هُمْ فِیْهِ | وَ | بٰطِلٌ | مَّا | کَانُوْا | یَعْمَلُوْنَ | قَالَ | اَغَیْرَ | اللّٰهِ |
| باطل ہیں دین میں | کہ بیچ اس کے ہیں | اور | باطل ہیں | جو کچھ کہ | تھے | کرتے | کہا | کیا سوائے | اللہ کے |

میں (پھنسے ہوئے) ہیں وہ برباد ہونے والا ہے اور جو کام یہ کرتے ہیں سب بیہودہ ہیں ﴿۱۳۹﴾ (اور یہ بھی) کہا کہ بھلا میں اللہ کے سوا

اَبْغِیْکُمْ اِلٰهًا وَّ هُوَ فَضَّلَکُمْ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۴۰﴾ وَ اِذْ اَنْجَیْنٰکُمْ مِّنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَبْغِیْکُمْ | اِلٰهًا | وَّ | هُوَ | فَضَّلَکُمْ | عَلَی الْعٰلَمِیْنَ | وَ | اِذْ | اَنْجَیْنٰکُمْ | مِّنْ |
| چاہوں میں واسطے تمہارے | معبود | اور | اسی نے | بزرگی دی تم کو | اوپر جہانوں کے | اور | جب | نجات دی ہم نے تم کو | سے |

تمہارے لیے کوئی اور معبود تلاش کروں حالانکہ اس نے تم کو تمام اہلِ عالم پر فضیلت بخشی ہے ﴿۱۴۰﴾ اور (ہمارے اُن احسانوں کو یاد کرو) جب ہم نے

اٰلِ فِرْعَوْنَ یَسُوْمُوْنَکُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ۚ یُقَتِّلُوْنَ اَبْنَآءَکُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰلِ | فِرْعَوْنَ | یَسُوْمُوْنَکُمْ | سُوْٓءَ | الْعَذَابِ | یُقَتِّلُوْنَ | اَبْنَآءَکُمْ |
| لوگوں | فرعون کے | پہنچاتے تھے تم کو | برا | عذاب | مار ڈالتے تھے | بیٹوں تمہارے کو |

تم کو فرعونیوں (کے ہاتھ) سے نجات بخشی وہ لوگ تم کو بڑا دکھ دیتے تھے۔ تمہارے بیٹوں کو تو قتل کر ڈالتے تھے

وَ یَسْتَحْیُوْنَ نِسَآءَکُمْ ؕ وَ فِیْ ذٰلِکُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ عَظِیْمٌ ﴿۱۴۱﴾ ع ۱۶/۱۲

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | یَسْتَحْیُوْنَ | نِسَآءَکُمْ | وَفِیْ | ذٰلِکُمْ | بَلَآءٌ | مِّنْ | رَّبِّکُمْ | عَظِیْمٌ |
| اور | جیتا چھوڑتے تھے | بیٹیوں تمہاری کو | اور بیچ | اس کے تھی | آزمائش | طرف سے | رب تمہارے کی | بڑی |

اور بیٹیوں کو زندہ رہنے دیتے تھے۔ اور اس میں تمہارے پروردگار کی طرف سے سخت آزمائش تھی ﴿۱۴۱﴾

وَوٰعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً وَّاَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيْقَاتُ رَبِّهٖٓ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | وٰعَدْنَا | مُوْسٰى | ثَلٰثِيْنَ | لَيْلَةً | وَّ | اَتْمَمْنٰهَا | بِعَشْرٍ | فَتَمَّ | مِيْقَاتُ | رَبِّهٖٓ |
| اور | وعدہ دیا ہم نے | موسیٰ کو | تیس | رات کا | اور | پورا کیا اس کو | ساتھ دس کے | پس پورا ہوا | وعدہ | پروردگار اسکے کا |

اور ہم نے موسیٰ سے تیس رات کی میعاد مقرر کی اور دس (راتیں) اور ملا کر اسے پورا (چلہ) کر دیا تو اس کے پروردگار کی چالیس

اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ۚ وَقَالَ مُوْسٰى لِاَخِيْهِ هٰرُوْنَ اخْلُفْنِيْ فِيْ قَوْمِيْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَرْبَعِيْنَ | لَيْلَةً | وَ | قَالَ | مُوْسٰى | لِاَخِيْهِ | هٰرُوْنَ | اخْلُفْنِيْ | فِيْ | قَوْمِيْ |
| چالیس | رات | اور | کہا | موسیٰ نے | واسطے اپنے بھائی | ہارون کے | خلیفہ ہو میرا | بیچ | قوم میری کے |

رات کی میعاد پوری ہو گئی۔ اور موسیٰ نے اپنے بھائی ہارون سے کہا کہ میرے (کوہ طور پر جانے کے) بعد تم میری قوم میں

وَاَصْلِحْ وَلَا تَتَّبِعْ سَبِيْلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۱۴۲﴾ وَلَمَّا جَآءَ مُوْسٰى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَصْلِحْ | وَ | لَا | تَتَّبِعْ | سَبِيْلَ | الْمُفْسِدِيْنَ | وَلَمَّا | جَآءَ | مُوْسٰى |
| اور | سنوار یو کام کو | اور | مت | پیروی کرنا | راہ | مفسدوں کی | اور جب | آیا | موسیٰ |

میرے جانشین ہو۔ (ان کی) اصلاح کرتے رہنا اور شریروں کے رستے نہ چلنا ﴿۱۴۲﴾ اور جب موسیٰ ہمارے مقرر کیے ہوئے وقت

لِمِيْقَاتِنَا وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ ۙ قَالَ رَبِّ اَرِنِيْٓ اَنْظُرْ اِلَيْكَ ۭ قَالَ لَنْ تَرٰىنِيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِمِيْقَاتِنَا | وَ | كَلَّمَهٗ | رَبُّهٗ | قَالَ | رَبِّ | اَرِنِيْٓ | اَنْظُرْ | اِلَيْكَ | قَالَ | لَنْ تَرٰىنِيْ |
| واسطے وعدے ہمارے کے | اور | کلام کیا اس سے | رب اسکے نے | کہا موسیٰ نے | اے رب میرے | دکھلا دے تو مجھ کو | دیکھوں میں | طرف تیری | کہا اللہ نے | ہرگز نہ دیکھ سکے گا تو مجھ کو |

پر (کوہ طور پر) پہنچے اور اُن کے پروردگار نے ان سے کلام کیا تو کہنے لگے کہ اے پروردگار مجھے (جلوہ) دکھا کہ میں تیرا دیدار (بھی) کروں۔ پروردگار نے

وَلٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِيْ ۚ فَلَمَّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لٰكِنِ | انْظُرْ | اِلَى | الْجَبَلِ | فَاِنِ | اسْتَقَرَّ | مَكَانَهٗ | فَسَوْفَ | تَرٰىنِيْ | فَلَمَّا |
| اور | لیکن | نظر کر | طرف | پہاڑ کے | پس اگر | قائم رہے | جگہ اپنی پر | پس البتہ | دیکھ سکے تو مجھ کو | پس جب |

کہا کہ تم مجھے ہرگز نہ دیکھ سکو گے ہاں پہاڑ کی طرف دیکھتے رہو اگر یہ اپنی جگہ قائم رہا تو تم مجھ کو دیکھ سکو گے۔ جب

تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ۚ فَلَمَّآ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَجَلّٰى | رَبُّهٗ | لِلْجَبَلِ | جَعَلَهٗ | دَكًّا | وَّ | خَرَّ | مُوْسٰى | صَعِقًا | فَلَمَّآ |
| تجلی کی | رب اسکے نے | طرف پہاڑ کی | کیا اس کو | ریزہ ریزہ | اور | گر پڑا | موسیٰ | بے ہوش | پس جب |

ان کا پروردگار پہاڑ پر نمودار ہوا تو (تجلی انوار ربانی نے) اس کو ریزہ ریزہ کر دیا اور موسیٰ بیہوش ہو کر گر پڑے۔ جب ہوش میں آئے تو کہنے

اَفَاقَ قَالَ سُبۡحٰنَكَ تُبۡتُ اِلَيۡكَ وَاَنَا اَوَّلُ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۱۴۳﴾ قَالَ

| اَفَاقَ | قَالَ | سُبۡحٰنَكَ | تُبۡتُ | اِلَيۡكَ | وَ | اَنَا | اَوَّلُ | الۡمُؤۡمِنِيۡنَ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہوش میں آیا | کہا | پاکی ہے تجھ کو | توبہ کی میں نے | طرف تیری | اور | میں | اول | ایمان لانے والا ہوں | کہا |

لگے کہ تیری ذات پاک ہے اور میں تیرے حضور میں توبہ کرتا ہوں اور جو ایمان لانے والے ہیں ان میں سب سے اول ہوں ﴿۱۴۳﴾ (اللہ نے) فرمایا

يٰمُوۡسٰۤى اِنِّى اصۡطَفَيۡتُكَ عَلَى النَّاسِ بِرِسٰلٰتِىۡ وَبِكَلَامِىۡ ۖ

| يٰمُوۡسٰۤى | اِنِّىۡ | اصۡطَفَيۡتُكَ | عَلَى | النَّاسِ | بِرِسٰلٰتِىۡ | وَبِكَلَامِىۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اے موسیٰ | بیشک میں نے | برگزیدہ کیا تجھ کو | اوپر | لوگوں کے | ساتھ اپنے پیغاموں کے | اور ساتھ اپنے کلام کے |

موسیٰ میں نے تم کو اپنے پیغام اور اپنے کلام سے لوگوں سے ممتاز کیا ہے

فَخُذۡ مَاۤ اٰتَيۡتُكَ وَكُنۡ مِّنَ الشّٰكِرِيۡنَ ﴿۱۴۴﴾ وَكَتَبۡنَا لَهٗ فِى الۡاَلۡوَاحِ

| فَخُذۡ | مَاۤ | اٰتَيۡتُكَ | وَكُنۡ | مِّنَ | الشّٰكِرِيۡنَ | وَ | كَتَبۡنَا | لَهٗ | فِى | الۡاَلۡوَاحِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس پکڑ | جو کچھ | دیا میں نے تجھ کو | اور ہو | سے | شکر کرنے والوں | اور | لکھا ہم نے | واسطے اسکے | بیچ | تختیوں کے |

تو جو میں نے تم کو عطا کیا ہے اسے پکڑ رکھو اور (میرا) شکر بجا لاؤ ﴿۱۴۴﴾ اور ہم نے (تورات کی) تختیوں میں ان کے لیے

مِنۡ كُلِّ شَىۡءٍ مَّوۡعِظَةً وَّتَفۡصِيۡلًا لِّـكُلِّ شَىۡءٍ ۚ فَخُذۡهَا بِقُوَّةٍ

| مِنۡ | كُلِّ | شَىۡءٍ | مَّوۡعِظَةً | وَّ | تَفۡصِيۡلًا | لِّـكُلِّ | شَىۡءٍ | فَخُذۡهَا | بِقُوَّةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | ہر | چیز | نصیحت | اور | تفصیل | واسطے ہر | چیز کے | پس پکڑ اس کو | ساتھ قوت کے |

ہر قسم کی نصیحت اور ہر چیز کی تفصیل لکھ دی۔ پھر (ارشاد فرمایا کہ) اسے زور سے پکڑے رہو

وَّاۡمُرۡ قَوۡمَكَ يَاۡخُذُوۡا بِاَحۡسَنِهَا ؕ سَاُورِيۡكُمۡ دَارَ الۡفٰسِقِيۡنَ ﴿۱۴۵﴾

| وَّاۡمُرۡ | قَوۡمَكَ | يَاۡخُذُوۡا | بِاَحۡسَنِهَا | سَاُورِيۡكُمۡ | دَارَ | الۡفٰسِقِيۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور حکم کر | قوم اپنی کو کہ | عمل کریں | ساتھ اس کے بہتر کے | عنقریب دکھاؤں گا تم کو | گھر | فاسقوں کا |

اور اپنی قوم سے بھی کہہ دو کہ ان باتوں کو جو اس میں (مندرج ہیں اور) بہت بہتر ہیں پکڑے رہیں۔ میں عنقریب تم کو نافرمان لوگوں کا گھر دکھاؤں ﴿۱۴۵﴾

سَاَصۡرِفُ عَنۡ اٰيٰتِىَ الَّذِيۡنَ يَتَكَبَّرُوۡنَ فِى الۡاَرۡضِ بِغَيۡرِ الۡحَـقِّ ؕ

| سَاَصۡرِفُ | عَنۡ | اٰيٰتِىَ | الَّذِيۡنَ | يَتَكَبَّرُوۡنَ | فِى | الۡاَرۡضِ | بِغَيۡرِ | الۡحَـقِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| البتہ پھیر دوں گا میں | سے | نشانیوں اپنی | ان لوگوں کو کہ | تکبر کرتے ہیں | بیچ | زمین کے | بغیر | حق کے |

جو لوگ زمین میں ناحق غرور کرتے ہیں ان کو اپنی آیتوں سے پھیر دوں گا۔

وَ اِنۡ يَّرَوۡا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤۡمِنُوۡا بِهَا ۚ وَ اِنۡ يَّرَوۡا سَبِيۡلَ الرُّشۡدِ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنۡ | يَّرَوۡا | كُلَّ | اٰيَةٍ | لَّا | يُؤۡمِنُوۡا | بِهَا | وَ | اِنۡ | يَّرَوۡا | سَبِيۡلَ | الرُّشۡدِ |
| اور | اگر | دیکھیں | سب | نشانیاں | نہ | ایمان لائیں | ساتھ اسکے | اور | اگر | دیکھیں | راہ | بھلائی کی |

اگر یہ سب نشانیاں بھی دیکھ لیں تب بھی ان پر ایمان نہ لائیں اور اگر راستی کا رستہ دیکھیں تو

لَا يَتَّخِذُوۡهُ سَبِيۡلًا ۚ وَ اِنۡ يَّرَوۡا سَبِيۡلَ الۡغَيِّ يَتَّخِذُوۡهُ سَبِيۡلًا ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَتَّخِذُوۡهُ | سَبِيۡلًا | وَ | اِنۡ | يَّرَوۡا | سَبِيۡلَ | الۡغَيِّ | يَتَّخِذُوۡهُ | سَبِيۡلًا |
| نہ | پکڑیں اس کو | راہ | اور | اگر | دیکھیں | راہ | گمراہی کی | پکڑیں اس کو | راہ |

اسے (اپنا) رستہ نہ بنائیں اور اگر گمراہی کی راہ دیکھیں تو اُسے رستہ بنا لیں۔

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمۡ كَذَّبُوۡا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوۡا عَنۡهَا غٰفِلِيۡنَ ﴿۱۴۶﴾ وَالَّذِيۡنَ كَذَّبُوۡا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمۡ | كَذَّبُوۡا | بِاٰيٰتِنَا | وَ | كَانُوۡا | عَنۡهَا | غٰفِلِيۡنَ | وَ | الَّذِيۡنَ | كَذَّبُوۡا |
| یہ | بسبب اسکے کہ | جھٹلایا انہوں نے | نشانیوں ہماری کو | اور | تھے وہ | اس سے | غافل | اور | جنہوں نے | جھٹلایا |

یہ اس لیے کہ انہوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا اور ان سے غفلت کرتے رہے ﴿۱۴۶﴾ اور جن لوگوں نے

بِاٰيٰتِنَا وَلِقَآءِ الۡاٰخِرَةِ حَبِطَتۡ اَعۡمَالُهُمۡ ؕ هَلۡ يُجۡزَوۡنَ اِلَّا مَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاٰيٰتِنَا | وَ | لِقَآءِ | الۡاٰخِرَةِ | حَبِطَتۡ | اَعۡمَالُهُمۡ | هَلۡ | يُجۡزَوۡنَ | اِلَّا | مَا |
| نشانیوں ہماری کو | اور | ملاقات | آخرت کی کو | ناپید ہوئے | عمل ان کے | نہ | جزا دیئے جائیں گے | مگر | جو کچھ کہ |

ہماری آیتوں اور آخرت کے آنے کو جھٹلایا ان کے اعمال ضائع ہو جائیں گے۔ یہ جیسے عمل کرتے ہیں ویسا ہی

كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۴۷﴾ ع وَاتَّخَذَ قَوۡمُ مُوۡسٰى مِنۡۢ بَعۡدِهٖ مِنۡ حُلِيِّهِمۡ ع ۱۷ ۶ ۷

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانُوۡا | يَعۡمَلُوۡنَ | وَ | اتَّخَذَ | قَوۡمُ | مُوۡسٰى | مِنۡۢ بَعۡدِهٖ | مِنۡ | حُلِيِّهِمۡ |
| تھے وہ | عمل کرتے | اور | پکڑا | قوم | موسٰی کی نے | پیچھے اس کے سے | سے | گہنے انکے |

ان کو بدلہ ملے گا ﴿۱۴۷﴾ اور قوم موسٰی نے موسٰی کے بعد اپنے زیور کا ایک بچھڑا بنالیا۔ (وہ) ایک جسم

عِجۡلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ ؕ اَلَمۡ يَرَوۡا اَنَّهٗ لَا يُكَلِّمُهُمۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِجۡلًا | جَسَدًا | لَّهٗ | خُوَارٌ | اَلَمۡ | يَرَوۡا | اَنَّهٗ | لَا | يُكَلِّمُهُمۡ |
| بچھڑا گائے کا | بدن تھا کہ | واسطے اس کے | آواز دی گائے کی | کیا نہ | دیکھا تھا انہوں نے | کہ وہ | نہ | بولتا ہے ان سے |

(تھا) جس میں سے بیل کی آواز نکلتی تھی۔ ان لوگوں نے یہ نہ دیکھا کہ وہ نہ ان سے بات کر سکتا ہے

وقف لازم

وَلَا يَهْدِيْهِمْ سَبِيْلًا ۘ اِتَّخَذُوْهُ وَكَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿١٤٨﴾ وَلَمَّا سُقِطَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | يَهْدِيْهِمْ | سَبِيْلًا | اِتَّخَذُوْهُ | وَ | كَانُوْا | ظٰلِمِيْنَ | وَ | لَمَّا | سُقِطَ |
| اور | نہ | دکھاتا ہے ان کو | راہ | پکڑ لیا اس کو | اور | تھے وہ | ظالم | اور | جب | پشیمان ہوئے |

اور نہ ان کو رستہ دکھا سکتا ہے۔ اُس کو انہوں نے (معبود) بنالیا اور (اپنے حق میں) ظلم کیا ﴿١٤٨﴾ اور جب وہ نادم ہوئے

فِيْٓ اَيْدِيْهِمْ وَرَاَوْا اَنَّهُمْ قَدْ ضَلُّوْا ۙ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ يَرْحَمْنَا رَبُّنَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْٓ | اَيْدِيْهِمْ | وَ | رَاَوْا | اَنَّهُمْ | قَدْ | ضَلُّوْا | قَالُوْا | لَئِنْ | لَّمْ | يَرْحَمْنَا | رَبُّنَا |
| بیچ | ہاتھوں اپنے کے | اور | دیکھا انہوں نے | یہ کہ وہ | تحقیق | گمراہ ہوئے | کہا انہوں نے | اگر | نہ | رحم کرے گا ہم کو | رب ہمارا |

اور دیکھا کہ گمراہ ہو گئے ہیں تو کہنے لگے کہ اگر ہمارا پروردگار ہم پر رحم نہیں کرے گا

وَيَغْفِرْ لَنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿١٤٩﴾ وَلَمَّا رَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يَغْفِرْ لَنَا | لَنَكُوْنَنَّ | مِنَ | الْخٰسِرِيْنَ | وَ | لَمَّا | رَجَعَ | مُوْسٰى | اِلٰى |
| اور | نہ بخشے گا ہم کو | البتہ ہو جائیں گے ہم | سے | ٹوٹا پانے والوں | اور | جب | پھر آیا | موسیٰ | طرف |

اور ہم کو معاف نہیں فرمائے گا تو ہم برباد ہو جائیں گے ﴿١٤٩﴾ اور جب موسیٰ اپنی قوم میں نہایت غصے

قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۙ قَالَ بِئْسَمَا خَلَفْتُمُوْنِيْ مِنْۢ بَعْدِيْ ۚ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَوْمِهٖ | غَضْبَانَ | اَسِفًا | قَالَ | بِئْسَمَا | خَلَفْتُمُوْنِيْ | مِنْ | بَعْدِيْ |
| قوم اپنی کے | غصے سے | پچھتاتا ہوا | کہا | برا ہے جو کچھ | جانشینی کی تم نے | سے | میرے پیچھے |

اور افسوس کی حالت میں واپس آئے تو کہنے لگے کہ تم نے میرے بعد بہت ہی بداطواری کی۔

اَعَجِلْتُمْ اَمْرَ رَبِّكُمْ ۚ وَاَلْقَى الْاَلْوَاحَ وَاَخَذَ بِرَاْسِ اَخِيْهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَعَجِلْتُمْ | اَمْرَ | رَبِّكُمْ | وَ | اَلْقَى | الْاَلْوَاحَ | وَ | اَخَذَ | بِرَاْسِ | اَخِيْهِ |
| کیا جلدی کی تم نے | حکم | رب اپنے سے | اور | ڈال دی | تختیاں | اور | پکڑا | سر | بھائی اپنے کا |

کیا تم نے اپنے پروردگار کا حکم (یعنی میرا اپنے پاس آنا) جلد چاہا (یہ کہا) اور (شدت غضب سے تورات کی) تختیاں ڈال دیں اور اپنے بھائی کے سر

يَجُرُّهٗٓ اِلَيْهِ ۭ قَالَ ابْنَ اُمَّ اِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُوْنِيْ وَكَادُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَجُرُّهٗٓ | اِلَيْهِ | قَالَ | ابْنَ | اُمَّ | اِنَّ | الْقَوْمَ | اسْتَضْعَفُوْنِيْ | وَ | كَادُوْا |
| کھینچتا تھا اس کو | طرف اپنی | کہا | اے بیٹے | ماں میری کے | بیشک | اس قوم نے | ناتواں سمجھا مجھ کو | اور | نزدیک تھے کہ |

(کے بالوں) کو پکڑ کر اپنی طرف کھینچنے لگے۔ انہوں نے کہا کہ بھائی جان لوگ تو مجھے کمزور سمجھتے تھے اور قریب تھا

يَقْتُلُوْنَنِيْ ۫ۖ فَلَا تُشْمِتْ بِيَ الْاَعْدَآءَ وَ لَا تَجْعَلْنِيْ مَعَ الْقَوْمِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَقْتُلُوْنَنِيْ | فَلَا | تُشْمِتْ | بِيَ | الْاَعْدَآءَ | وَ | لَا | تَجْعَلْنِيْ | مَعَ | الْقَوْمِ |
| مار ڈالیں مجھ کو | پس مت | خوش کر | ساتھ میرے | دشمنوں میرے کو | اور | مت | کر مجھ کو | ساتھ | قوم |

کہ قتل کردیں۔ تو ایسا کام نہ کیجئے کہ دشمن مجھ پر ہنسیں اور مجھے ظالم لوگوں

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۰﴾ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِاَخِيْ وَ اَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ ۫ۖ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الظّٰلِمِيْنَ | قَالَ | رَبِّ | اغْفِرْلِيْ | وَلِاَخِيْ | وَ | اَدْخِلْنَا | فِيْ | رَحْمَتِكَ |
| ظالموں کے | کہا | اے پروردگار میرے | بخش مجھ کو | اور میرے بھائی کو | اور | داخل کر ہم کو | بیچ | رحمت اپنی کے |

میں مت ملایئے ﴿۱۵۰﴾ تب انہوں نے دعا کی اے میرے پروردگار مجھے اور میرے بھائی کو معاف کردے اور ہمیں اپنی رحمت میں داخل کر

وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾ ع اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ ع ۱۸ ۸

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَنْتَ | اَرْحَمُ | الرّٰحِمِيْنَ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | اتَّخَذُوا | الْعِجْلَ |
| اور | تو | بہت رحم کرنے والا ہے | سب رحم کرنے والوں سے | بے شک | جنہوں نے | پکڑا | بچھڑا |

تو سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے ﴿۱۵۱﴾ (اللہ نے فرمایا کہ) جن لوگوں نے بچھڑے کو (معبود) بنا لیا تھا

سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَذِلَّةٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَكَذٰلِكَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَيَنَالُهُمْ | غَضَبٌ | مِّنْ | رَّبِّهِمْ | وَ | ذِلَّةٌ | فِي | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | وَ | كَذٰلِكَ |
| البتہ پہنچے گا ان کو | غصہ | سے | پروردگار انکے | اور | ذلت | بیچ | زندگانی | دنیا کے | اور | اسی طرح |

اُن پر پروردگار کا غضب واقع ہوگا اور دنیا کی زندگی میں ذلت (نصیب ہوگی)۔ اور ہم افترا پردازوں کو

نَجْزِي الْمُفْتَرِيْنَ ﴿۱۵۲﴾ وَالَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَجْزِي | الْمُفْتَرِيْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | عَمِلُوا | السَّيِّاٰتِ | ثُمَّ | تَابُوْا مِنْۢ |
| جزا دیتے ہیں ہم | جھوٹ باندھنے والوں کو | اور | جنہوں نے | عمل کیے | برے | پھر | توبہ کرلی |

ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں ﴿۱۵۲﴾ اور جنہوں نے برے کام کیے پھر اس کے بعد توبہ کر لی

بَعْدِهَا وَاٰمَنُوْٓا ۫ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۵۳﴾ وَلَمَّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعْدِهَا | وَ | اٰمَنُوْٓا | اِنَّ | رَبَّكَ | مِنْۢ | بَعْدِهَا | لَغَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | وَ | لَمَّا |
| بعد اس کے | اور | ایمان لائے | بیشک | رب تیرا | سے | پیچھے اس کے | البتہ بخشنے والا | مہربان ہے | اور | جب |

اور ایمان لے آئے تو کچھ شک نہیں کہ تمہارا پروردگار اس کے بعد (بخش دے گا کہ وہ) بخشنے والا مہربان ہے ﴿۱۵۳﴾ اور

سَكَتَ عَنْ مُّوْسَى الْغَضَبُ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ ۚ وَفِيْ نُسْخَتِهَا

| سَكَتَ | عَنْ | مُّوْسَى | الْغَضَبُ | اَخَذَ | الْاَلْوَاحَ | وَ | فِيْ | نُسْخَتِهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چپکا ہوا | سے | موسیٰ | غصہ | لیں | تختیاں | اور | بیچ | ان کے لکھے کے |

جب موسیٰ کا غصہ فرو ہوا تو (تورات کی) تختیاں اُٹھالیں۔ اور جو کچھ اُن میں لکھا تھا

هُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ وَاخْتَارَ مُوْسٰى

| هُدًى | وَّ | رَحْمَةٌ | لِّلَّذِيْنَ | هُمْ | لِرَبِّهِمْ | يَرْهَبُوْنَ | وَ | اخْتَارَ | مُوْسٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہدایت تھی | اور | رحمت تھی | واسطے ان لوگوں کے کہ | وہ | پروردگار اپنے سے | ڈرتے ہیں | اور | چن لیے | موسیٰ نے |

وہ ان لوگوں کے لیے جو اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں ہدایت اور رحمت تھی ﴿۱۵۴﴾ اور موسیٰ نے اس میعاد پر جو ہم نے مقرر کی تھی

قَوْمَهٗ سَبْعِيْنَ رَجُلًا لِّمِيْقَاتِنَا ۚ فَلَمَّآ اَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ قَالَ

| قَوْمَهٗ | سَبْعِيْنَ | رَجُلًا | لِّمِيْقَاتِنَا | فَلَمَّآ | اَخَذَتْهُمُ | الرَّجْفَةُ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قوم اپنی سے | ستر | آدمی | واسطے وعدے ہمارے کے | پس جب | پکڑا ان کو | زلزلے نے | کہا موسیٰ نے |

اپنی قوم کے ستر آدمی منتخب (کرکے کوہ طور پر حاضر) کیے۔ جب ان کو زلزلے نے پکڑا تو موسیٰ نے کہا کہ

رَبِّ لَوْ شِئْتَ اَهْلَكْتَهُمْ مِّنْ قَبْلُ وَاِيَّايَ ۭ اَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ

| رَبِّ | لَوْ | شِئْتَ | اَهْلَكْتَهُمْ | مِّنْ | قَبْلُ | وَ | اِيَّايَ | اَتُهْلِكُنَا | بِمَا | فَعَلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے رب میرے | اگر | چاہتا تو | ہلاک کرتا تو ان کو | سے | پہلے اس | اور | مجھ کو بھی | کیا ہلاک کرتا تو ہم کو | ساتھ اس چیز کے کہ | کیا |

اے پروردگار اگر تو چاہتا تو ان کو اور مجھ کو پہلے ہی سے ہلاک کر دیتا۔ کیا تو اس فعل کی سزا میں جو ہم

السُّفَهَآءُ مِنَّا ۚ اِنْ هِيَ اِلَّا فِتْنَتُكَ ۭ تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَآءُ

| السُّفَهَآءُ | مِنَّا | اِنْ | هِيَ | اِلَّا | فِتْنَتُكَ | تُضِلُّ | بِهَا | مَنْ | تَشَآءُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بے وقوفوں نے | ہم میں سے | نہیں | یہ | مگر | آزمائش تیری | گمراہ کرتا ہے | ساتھ اس کے | جس کو | چاہتا ہے |

میں سے بے عقل لوگوں نے کیا ہے ہمیں ہلاک کر دے گا۔ یہ تو تیری آزمائش ہے۔ اس سے تو جس کو چاہے گمراہ کرے

وَتَهْدِيْ مَنْ تَشَآءُ ۭ اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ

| وَتَهْدِيْ | مَنْ تَشَآءُ | اَنْتَ | وَلِيُّنَا | فَاغْفِرْ لَنَا | وَ | ارْحَمْنَا | وَاَنْتَ | خَيْرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور راہ دکھاتا ہے | جس کو چاہتا ہے | تو ہے | دوست ہمارا | پس بخش ہم کو | اور | رحم کر ہم کو | اور تو | بہتر |

اور جسے چاہے ہدایت بخشے۔ تو ہی ہمارا کارساز ہے تو ہمیں (ہمارے گناہ) بخش دے اور ہم پر رحم کر اور تو سب

الْغٰفِرِيْنَ ﴿۱۵۵﴾ وَاكْتُبْ لَنَا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ اِنَّا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْغٰفِرِيْنَ | وَ | اكْتُبْ | لَنَا | فِيْ | هٰذِهِ | الدُّنْيَا | حَسَنَةً | وَّ | فِي | الْاٰخِرَةِ | اِنَّا |
| بخشنے والا ہے | اور | لکھ | واسطے ہمارے | بیچ | اس | دنیا کے | نیکی | اور | بیچ | آخرت کے | بیشک |

سے بہتر بخشنے والا ہے﴿۱۵۵﴾ اور ہمارے لیے اس دنیا میں بھی بھلائی لکھ دے اور آخرت میں بھی۔

هُدْنَآ اِلَيْكَ ؕ قَالَ عَذَابِيْٓ اُصِيْبُ بِهٖ مَنْ اَشَآءُ ۚ وَرَحْمَتِيْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هُدْنَآ | اِلَيْكَ | قَالَ | عَذَابِيْٓ | اُصِيْبُ | بِهٖ | مَنْ | اَشَآءُ | وَ | رَحْمَتِيْ |
| توبہ کی ہم نے | طرف تیری | کہا | عذاب میرا | پہنچاتا ہوں میں | اس کو | جس کو | چاہوں | اور | میری رحمت نے |

ہم تیری طرف رجوع ہو چکے۔ فرمایا کہ جو میرا عذاب ہے اسے تو جس پر چاہتا ہوں نازل کرتا ہوں اور جو میری رحمت ہے

وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ ؕ فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ وَيُؤْتُوْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَسِعَتْ | كُلَّ | شَيْءٍ | فَسَاَكْتُبُهَا | لِلَّذِيْنَ | يَتَّقُوْنَ | وَ | يُؤْتُوْنَ |
| سما لیا ہے | ہر | چیز کو | پس البتہ لکھوں گا میں اس کو | واسطے ان لوگوں کے کہ | پرہیزگاری کرتے ہیں | اور | دیتے ہیں |

وہ ہر چیز کو شامل ہے۔ میں اس کو ان لوگوں کے لیے لکھ دوں گا جو پرہیزگاری کرتے اور زکوٰۃ

الزَّكٰوةَ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِنَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۵۶﴾ ۚ اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الزَّكٰوةَ | وَ | الَّذِيْنَ | هُمْ | بِاٰيٰتِنَا | يُؤْمِنُوْنَ | اَلَّذِيْنَ | يَتَّبِعُوْنَ | الرَّسُوْلَ |
| زکوٰۃ | اور | جو لوگ کہ | وہ | ساتھ نشانیوں ہماری کے | ایمان لاتے ہیں | وہ لوگ جو | پیروی کرتے ہیں | رسول کی |

دیتے اور ہماری آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں﴿۱۵۶﴾ وہ جو (محمد ﷺ) رسول (اللہ) کی

النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّبِيَّ | الْاُمِّيَّ | الَّذِيْ | يَجِدُوْنَهٗ | مَكْتُوْبًا | عِنْدَهُمْ | فِي | التَّوْرٰىةِ |
| جو نبی ہے | ان پڑھ | وہ جو | پاتے ہیں اس کو | لکھا ہوا | نزدیک ان کے | بیچ | توریت کے |

جو نبیِ اُمّی ہیں جن (کے اوصاف) کو وہ اپنے ہاں تورات

وَالْاِنْجِيْلِ ۫ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْاِنْجِيْلِ | يَاْمُرُهُمْ | بِالْمَعْرُوْفِ | وَ | يَنْهٰىهُمْ | عَنِ | الْمُنْكَرِ | وَ | يُحِلُّ |
| اور انجیل کے | حکم کرتا ہے | ان کو ساتھ بھلائی کے | اور | منع کرتا ہے ان کو | سے | نامعقول چیز | اور | حلال کرتا ہے |

اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں۔ وہ انہیں نیک کام کا حکم دیتے ہیں اور برے کام سے روکتے ہیں اور پاک

لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمُ | الطَّيِّبٰتِ | وَ | يُحَرِّمُ | عَلَيْهِمُ | الْخَبٰٓئِثَ | وَيَضَعُ | عَنْهُمْ | اِصْرَهُمْ |
| واسطے انکے | پاکیزہ چیزیں | اور | حرام کرتا ہے | اوپران کے | ناپاک چیزیں | اوراتار رکھتا ہے | ان سے | بوجھ ان کے |

چیزوں کو ان کے لیے حلال کرتے ہیں اور ناپاک چیزوں کو اُن پر حرام ٹھہراتے ہیں اور اُن پر سے بوجھ

وَالْاَغْلٰلَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ ۭ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاَغْلٰلَ | الَّتِيْ | كَانَتْ | عَلَيْهِمْ | فَالَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | بِهٖ | وَ | عَزَّرُوْهُ | وَ | نَصَرُوْهُ |
| اور | طوق | جو | تھے | اوپران کے | پس جولوگ کہ | ایمان لائے | ساتھ اسکے | اور | قوت دی اسکو | اور | مدد کی اس کی |

اورطوق جواُن (کے سر) پر (اور گلے میں) تھے اتارتے ہیں۔ تو جولوگ ان پر ایمان لائے اوران کی رفاقت کی اوراُنہیں مدد دی

وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ ۙ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ قُلْ ع ۱۹ ۹

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اتَّبَعُوا | النُّوْرَ | الَّذِيْٓ | اُنْزِلَ | مَعَهٗٓ | اُولٰۗىِٕكَ | هُمُ | الْمُفْلِحُوْنَ | قُلْ |
| اور | پیروی کی | اس نور کی | جوکہ | اتارا گیا ہے | ساتھ اس کے | یہ لوگ | وہ ہیں | فلاح پانے والے | کہہ |

اور جونوران کے ساتھ نازل ہوا ہے اس کی پیروی کی، وہی مراد پانے والے ہیں﴿۱۵۷﴾ (اے محمد ﷺ) کہہ

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَۨا الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰٓاَيُّهَا | النَّاسُ | اِنِّىْ | رَسُوْلُ | اللّٰهِ | اِلَيْكُمْ | جَمِيْعًا | الَّذِيْ | لَهٗ | مُلْكُ |
| اے | لوگو | بیشک میں | پیغمبر ہوں | اللہ کا | طرف تمہاری | سب کی | وہ جو | واسطے اسکے ہے | بادشاہی |

دوکہ لوگو میں تم سب کی طرف اللہ کا بھیجا ہوا ہوں (یعنی اس کا رسول ہوں) (وہ) جو آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُـحْيٖ وَيُمِيْتُ ۠ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | يُحْيٖ | وَيُمِيْتُ | فَاٰمِنُوْا | بِاللّٰهِ |
| آسمانوں کی | اور | زمین کی | نہیں ہے | کوئی معبود | مگر | وہ | زندہ کرتا ہے | اور مارتا ہے | پس ایمان لاؤ | ساتھ اللہ کے |

اورزمین کا بادشاہ ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی زندگانی بخشتا ہے اوروہی موت دیتا ہے۔ تواللہ

وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | رَسُوْلِهِ | النَّبِيِّ | الْاُمِّيِّ | الَّذِيْ | يُؤْمِنُ | بِاللّٰهِ | وَ | كَلِمٰتِهٖ | وَ | اتَّبِعُوْهُ | لَعَلَّكُمْ |
| اور | اسکے رسول کے | جونبی ہے | ان پڑھا | وہ جو | ایمان لاتا ہے | ساتھ اللہ کے | اور | باتوں اسکی کے | اور | پیروی کرواسکی | تاکہ تم |

پر اوراس کے رسول پیغمبر اُمّی پر جو اللہ پر اوراس کے تمام کلام پر ایمان رکھتے ہیں ایمان لاؤ اوران کی پیروی کرو

تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ وَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰٓى اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَ بِهٖ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَهْتَدُوْنَ | وَ | مِنْ | قَوْمِ | مُوْسٰٓى | اُمَّةٌ | يَّهْدُوْنَ | بِالْحَقِّ | وَ | بِهٖ |
| راہ پاؤ | اور | سے | قوم | موسٰی کی | ایک جماعت ہے کہ | ہدایت کرتی ہے | ساتھ حق کے | اور | ساتھ اسکے |

تاکہ ہدایت پاؤ ﴿۱۵۸﴾ اور قومِ موسٰی میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو حق کا رستہ بتاتے اور اسی کے ساتھ انصاف

يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ وَ قَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا اُمَمًا ؕ وَ اَوْحَيْنَآ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْدِلُوْنَ | وَ | قَطَّعْنٰهُمُ | اثْنَتَيْ عَشْرَةَ | اَسْبَاطًا | اُمَمًا | وَ | اَوْحَيْنَآ |
| عدل کرتے ہیں | اور | کاٹے ہم نے ان میں سے | بارہ | قبیلے | بڑی بڑی جماعتیں | اور | وحی کی ہم نے |

کرتے ہیں ﴿۱۵۹﴾ اور ہم نے ان کو (یعنی بنی اسرائیل کو) الگ الگ کر کے بارہ قبیلے (اور) بڑی بڑی جماعتیں بنا دیا۔

اِلٰى مُوْسٰٓى اِذِ اسْتَسْقٰهُ قَوْمُهٗٓ اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۚ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰى | مُوْسٰٓى | اِذِ | اسْتَسْقٰهُ | قَوْمُهٗٓ | اَنِ | اضْرِبْ | بِّعَصَاكَ | الْحَجَرَ |
| طرف | موسٰی کی | جب | پانی مانگا اس سے | قوم اس کی نے | یہ کہ | مار | ساتھ اپنے عصا کے | پتھر کو |

اور جب موسٰی سے ان کی قوم نے پانی طلب کیا تو ہم نے ان کی طرف وحی بھیجی کہ اپنی لاٹھی پتھر پر مار دو۔

فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَانْۢبَجَسَتْ | مِنْهُ | اثْنَتَا عَشْرَةَ | عَيْنًا | قَدْ | عَلِمَ | كُلُّ | اُنَاسٍ |
| پس پھوٹے | اس میں سے | بارہ | چشمے | تحقیق | جان لیا | ہر | شخص نے |

تو اس میں سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے۔ اور سب لوگوں نے اپنا اپنا

مَّشْرَبَهُمْ ؕ وَ ظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَ اَنْزَلْنَا عَلَيْهِمُ الْمَنَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّشْرَبَهُمْ | وَ | ظَلَّلْنَا | عَلَيْهِمُ | الْغَمَامَ | وَ | اَنْزَلْنَا | عَلَيْهِمُ | الْمَنَّ |
| گھاٹ اپنا | اور | سائبان کیا ہم نے | اوپر ان کے | بادل | اور | اتارا ہم نے | اوپر ان کے | من |

گھاٹ معلوم کر لیا۔ اور ہم نے ان (کے سروں) پر بادل کو سائبان بنائے رکھا اور ان پر منّ و

وَالسَّلْوٰى ؕ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَ مَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | السَّلْوٰى | كُلُوْا | مِنْ | طَيِّبٰتِ | مَا | رَزَقْنٰكُمْ | وَ | مَا | ظَلَمُوْنَا | وَ | لٰكِنْ |
| اور | سلوٰی | کھاؤ | سے | پاکیزہ چیز | جو | دیا ہے ہم نے تم کو | اور | نہ | ظلم کیا انہوں نے ہم پر | اور | لیکن |

سلوٰی اُتارتے رہے۔ (اور ان سے کہا کہ) جو پاکیزہ چیزیں ہم تمہیں دیتے ہیں انہیں کھاؤ۔ اور ان لوگوں نے ہمارا کچھ نقصان

كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۶۰﴾ وَاِذْ قِيْلَ لَهُمُ اسْكُنُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ

| كَانُوْٓا | اَنْفُسَهُمْ | يَظْلِمُوْنَ | وَ | اِذْ | قِيْلَ | لَهُمُ | اسْكُنُوْا | هٰذِهِ | الْقَرْيَةَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تھے وہ | جانوں اپنی کو | ظلم کرتے | اور | جب | کہا گیا | واسطے ان کے | رہو تم | اس | بستی میں |

نہیں کیا بلکہ (جو) نقصان (کیا) اپنا ہی کیا ﴿۱۶۰﴾ اور (یاد کرو) جب اُن سے کہا گیا کہ اس شہر میں سکونت اختیار کرلو

وَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا

| وَ | كُلُوْا | مِنْهَا | حَيْثُ | شِئْتُمْ | وَقُوْلُوْا | حِطَّةٌ | وَّ | ادْخُلُوا | الْبَابَ | سُجَّدًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | کھاؤ | اس میں سے | جہاں | چاہو تم | اور کہو | جھاڑ تو گناہ ہمارے | اور | داخل ہو | دروازے میں | سجدہ کرتے ہوئے |

اور اس میں جہاں سے جی چاہے کھانا (پینا) اور (ہاں شہر میں جانا تو) حِطَّةٌ کہنا اور دروازے میں داخل ہونا تو سجدہ کرنا۔

نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطِيْٓـٰٔتِكُمْ ؕ سَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۶۱﴾ فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ

| نَّغْفِرْ لَكُمْ | خَطِيْٓـٰٔتِكُمْ | سَنَزِيْدُ | الْمُحْسِنِيْنَ | فَبَدَّلَ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| بخش دیں گے ہم | خطائیں تمہاری | البتہ زیادہ دیں گے ہم | احسان کرنے والوں کو | پس بدل ڈالا | جنہوں نے |

ہم تمہارے گناہ معاف کردیں گے۔ (اور) نیکی کرنے والوں کو اور زیادہ دیں گے ﴿۱۶۱﴾ مگر جو اُن میں

ظَلَمُوْا مِنْهُمْ قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِجْزًا

| ظَلَمُوْا | مِنْهُمْ | قَوْلًا | غَيْرَ | الَّذِيْ | قِيْلَ | لَهُمْ | فَاَرْسَلْنَا | عَلَيْهِمْ | رِجْزًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظلم کیا تھا | ان میں سے | بات کو | سوائے اس کے کہ | جو | کہی گئی تھی | واسطے ان کے | پس بھیجا ہم نے | اوپر ان کے | عذاب |

ظالم تھے انہوں نے اس لفظ کو جس کا اُن کو حکم دیا گیا تھا بدل کر اس کی جگہ اور لفظ کہنا شروع کیا تو ہم نے ان پر

ع ۵/۱۰ مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۶۲﴾ ع وَسْـَٔلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ

| مِّنَ | السَّمَآءِ | بِمَا | كَانُوْا | يَظْلِمُوْنَ | وَسْـَٔلْهُمْ | عَنِ | الْقَرْيَةِ | الَّتِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | آسمان | بسبب اس چیز کے کہ | تھے وہ | ظلم کرتے | اور سوال کر ان کو | سے | بستی | جو کہ |

آسمان سے عذاب بھیجا اس لیے کہ ظلم کرتے تھے ﴿۱۶۲﴾ اور ان سے اس گاؤں کا حال تو پوچھو

وقف لازم كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ ۘ اِذْ يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ اِذْ تَاْتِيْهِمْ

| كَانَتْ | حَاضِرَةَ | الْبَحْرِ | اِذْ | يَعْدُوْنَ | فِي | السَّبْتِ | اِذْ | تَاْتِيْهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تھے | اوپر کنارے | دریا کے | جب | تعدی کرتے تھے | بیچ | سبت کے | جب | آتی تھیں ان کے پاس |

جو لب دریا واقع تھا۔ جب یہ لوگ ہفتے کے دن کے بارے میں حد سے تجاوز کرنے لگے (یعنی) اس وقت کہ ان

حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَّيَوْمَ لَا يَسْبِتُوْنَ ۙ لَا تَاْتِيْهِمْ ۚ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حِيْتَانُهُمْ | يَوْمَ | سَبْتِهِمْ | شُرَّعًا | وَّ | يَوْمَ | لَا | يَسْبِتُوْنَ | لَا | تَاْتِيْهِمْ |
| مچھلیاں ان کی | جس دن | ہفتہ کرتے تھے | ظاہر | اور | جس دن | نہ | ہفتہ کرتے تھے | نہ | آتی تھیں انکے پاس |

کے ہفتے کے دن مچھلیاں ان کے سامنے پانی کے اوپر آتیں اور جب ہفتے کا دن نہ ہوتا تو نہ آتیں۔

كَذٰلِكَ ۚ نَبْلُوْهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۱۶۳﴾ وَاِذْ قَالَتْ اُمَّةٌ مِّنْهُمْ

معانقہ ۲ النصف

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَذٰلِكَ | نَبْلُوْهُمْ | بِمَا | كَانُوْا | يَفْسُقُوْنَ | وَ | اِذْ | قَالَتْ | اُمَّةٌ | مِّنْهُمْ |
| اسی طرح | آزمائش کرتے تھے ہم انکی | بسبب اسکے کہ | تھے وہ | فسق کرتے | اور | جب | کہا | ایک جماعت نے | ان میں سے |

اسی طرح ہم اُن لوگوں کو ان کی نافرمانیوں کے سبب آزمائش میں ڈالنے لگے ﴿۱۶۳﴾ اور جب ان میں سے ایک جماعت نے کہا کہ

لِمَ تَعِظُوْنَ قَوْمَا ۙ اللّٰهُ مُهْلِكُهُمْ اَوْ مُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۗ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِمَ | تَعِظُوْنَ | قَوْمَا | اللّٰهُ | مُهْلِكُهُمْ | اَوْ | مُعَذِّبُهُمْ | عَذَابًا | شَدِيْدًا |
| کہ کیوں | نصیحت کرتے ہو | اس قوم کو کہ | اللہ | ہلاک کرنیوالا ہے ان کو | یا | عذاب کرنیوالا ہے ان کو | عذاب | سخت |

تم ایسے لوگوں کو کیوں نصیحت کرتے ہو جن کو اللہ ہلاک کرنے والا یا سخت عذاب دینے والا ہے

قَالُوْا مَعْذِرَةً اِلٰى رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۱۶۴﴾ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوْا | مَعْذِرَةً | اِلٰى | رَبِّكُمْ | وَ | لَعَلَّهُمْ | يَتَّقُوْنَ | فَلَمَّا | نَسُوْا | مَا | ذُكِّرُوْا |
| کہا انہوں نے | واسطے عذر کرنے کے | طرف | رب اپنے کے | اور | شاید کہ | وہ بچیں | پس جب | بھول گئے | جو کچھ | نصیحت کیے گئے تھے |

تو انہوں نے کہا اس لیے کہ تمہارے پروردگار کے سامنے معذرت کر سکیں اور عجب نہیں کہ وہ پرہیزگاری اختیار کریں ﴿۱۶۴﴾ جب انہوں نے ان باتوں کو

بِهٖٓ اَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوْٓءِ وَاَخَذْنَا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهٖٓ | اَنْجَيْنَا | الَّذِيْنَ | يَنْهَوْنَ | عَنِ | السُّوْٓءِ | وَ | اَخَذْنَا | الَّذِيْنَ | ظَلَمُوْا |
| ساتھ اسکے | نجات دی ہم نے | ان لوگوں کو کہ | منع کرتے تھے | سے | برائی | اور | پکڑا ہم نے | ان کو | جو ظلم کرتے تھے |

فراموش کر دیا جن کی اُن کو نصیحت کی گئی تھی تو جو لوگ برائی سے منع کرتے تھے اُن کو ہم نے نجات دی اور جو ظلم کرتے تھے

بِعَذَابٍۢ بَئِيْسٍۢ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۱۶۵﴾ فَلَمَّا عَتَوْا عَنْ مَّا نُهُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِعَذَابٍۢ | بَئِيْسٍۢ | بِمَا | كَانُوْا | يَفْسُقُوْنَ | فَلَمَّا | عَتَوْا | عَنْ مَّا | نُهُوْا |
| ساتھ عذاب | برے کے | بسبب اسکے کہ | تھے وہ | فسق کرتے | پس جب | سرکشی کی | اس چیز سے کہ جس سے | منع کیے گئے تھے |

ان کو بُرے عذاب میں پکڑ لیا کہ نافرمانی کیے جاتے تھے ﴿۱۶۵﴾ غرض جن اعمال (بد) سے اُن کو منع کیا گیا تھا جب وہ اُن (پر اصرار اور ہمارے حکم)

عَنۡهُ قُلۡنَا لَهُمۡ كُوۡنُوۡا قِرَدَةً خٰسِـِٕيۡنَ ﴿۱۶۶﴾ وَ اِذۡ تَاَذَّنَ رَبُّكَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنۡهُ | قُلۡنَا | لَهُمۡ | كُوۡنُوۡا | قِرَدَةً | خٰسِـِٕيۡنَ | وَ | اِذۡ | تَاَذَّنَ | رَبُّكَ |
| اس سے | کہا ہم نے | ان کو | ہو جاؤ | بندر | ذلیل | اور | جب | پکار دیا | پروردگار تیرے نے |

سے گردن کشی کرنے لگے تو ہم نے ان کو حکم دیا کہ ذلیل بندر ہو جاؤ﴿۱۶۶﴾ اور (اس وقت کو یاد کرو) جب تمہارے پروردگار نے (یہود کو) آگاہ کر دیا تھا

لَيَبۡعَثَنَّ عَلَيۡهِمۡ اِلٰى يَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ مَنۡ يَّسُوۡمُهُمۡ سُوۡٓءَ الۡعَذَابِ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَيَبۡعَثَنَّ | عَلَيۡهِمۡ | اِلٰى | يَوۡمِ | الۡقِيٰمَةِ | مَنۡ | يَّسُوۡمُهُمۡ | سُوۡٓءَ | الۡعَذَابِ |
| البتہ بھیجے گا | اوپر ان کے | تا | روز | قیامت | وہ شخص کہ | پہنچاوے ان کو | برا | عذاب |

کہ وہ اُن پر قیامت تک ایسے شخص کو مسلّط رکھے گا جو ان کو بری بری تکلیفیں دیتا رہے۔

اِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيۡعُ الۡعِقَابِ ۖۚ وَ اِنَّهٗ لَغَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۱۶۷﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | رَبَّكَ | لَسَرِيۡعُ | الۡعِقَابِ | وَ | اِنَّهٗ | لَغَفُوۡرٌ | رَّحِيۡمٌ |
| بے شک | رب تیرا | البتہ جلد | عذاب کرنے والا ہے | اور | بیشک وہ | البتہ بخشنے والا | مہربان ہے |

بیشک تمہارا پروردگار جلد عذاب کرنے والا ہے اور وہ بخشنے والا مہربان بھی ہے﴿۱۶۷﴾

وَقَطَّعۡنٰهُمۡ فِى الۡاَرۡضِ اُمَمًا ۚ مِنۡهُمُ الصّٰلِحُوۡنَ وَمِنۡهُمۡ دُوۡنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَقَطَّعۡنٰهُمۡ | فِى | الۡاَرۡضِ | اُمَمًا | مِنۡهُمُ | الصّٰلِحُوۡنَ | وَمِنۡهُمۡ | دُوۡنَ |
| اور ٹکڑے ٹکڑے کر دیا ہم نے انکو | بیچ | زمین کے | جماعتیں بڑی | بعضے ان میں سے | نیکو کار ہیں | اور بعضے ان میں سے | سوائے |

اور ہم نے ان کو جماعت جماعت کر کے ملک میں منتشر کر دیا۔ بعض ان میں سے نیکو کار ہیں اور بعض اور طرح کے (یعنی

ذٰلِكَ ۚ وَبَلَوۡنٰهُمۡ بِالۡحَسَنٰتِ وَالسَّيِّاٰتِ لَعَلَّهُمۡ يَرۡجِعُوۡنَ ﴿۱۶۸﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذٰلِكَ | وَ | بَلَوۡنٰهُمۡ | بِالۡحَسَنٰتِ | وَ | السَّيِّاٰتِ | لَعَلَّهُمۡ | يَرۡجِعُوۡنَ |
| اس کے | اور | آزمایا ہم نے ان کو | ساتھ بھلائیوں کے | اور | برائیوں کے | تا کہ وہ | پھر آئیں |

بدکار) اور ہم آسائشوں اور تکلیفوں (دونوں) سے اُن کی آزمائش کرتے رہے تاکہ (ہماری طرف) رجوع کریں﴿۱۶۸﴾

فَخَلَفَ مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ خَلۡفٌ وَّرِثُوا الۡكِتٰبَ يَاۡخُذُوۡنَ عَرَضَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَخَلَفَ | مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ | خَلۡفٌ | وَّرِثُوا | الۡكِتٰبَ | يَاۡخُذُوۡنَ | عَرَضَ |
| پھر جگہ پر بیٹھے | ان کے پیچھے | برے جانشین کہ | وارث ہوئے | کتاب کے | لے لیتے ہیں | اسباب |

پھر ان کے بعد ناخلف ان کے قائم مقام ہوئے جو کتاب کے وارث بنے یہ (بے تأمل) اس دنیائے دنی کا مال ومتاع

هٰذَا الْاَدْنٰى وَ يَقُوْلُوْنَ سَيُغْفَرُ لَنَا ۚ وَ اِنْ يَّاْتِهِمْ عَرَضٌ مِّثْلُهٗ

| هٰذَا | الْاَدْنٰى | وَ | يَقُوْلُوْنَ | سَيُغْفَرُ لَنَا | وَ | اِنْ | يَّاْتِهِمْ | عَرَضٌ | مِّثْلُهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس | ادنیٰ زندگانی کا | اور | کہتے ہیں | البتہ بخشا جائیگا واسطے ہمارے | اور | اگر | آئے ان کے پاس | اسباب | مانند اس کے |

لے لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم بخش دیے جائیں گے اور (لوگ ایسوں پر طعن کرتے ہیں) اگر ان کے سامنے بھی ویسا ہی مال آ جاتا ہے

يَاْخُذُوْهُ ؕ اَلَمْ يُؤْخَذْ عَلَيْهِمْ مِّيْثَاقُ الْكِتٰبِ اَنْ لَّا يَقُوْلُوْا عَلَى

| يَاْخُذُوْهُ | اَلَمْ | يُؤْخَذْ | عَلَيْهِمْ | مِّيْثَاقُ | الْكِتٰبِ | اَنْ | لَّا | يَقُوْلُوْا | عَلَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لے لیں اس کو | کیا نہیں | لیا گیا | اوپر ان کے | عہد | کتاب میں | یہ کہ | نہ | بولیں | اوپر |

تو وہ بھی اسے لے لیتے ہیں۔ کیا ان سے کتاب کی نسبت عہد نہیں لیا گیا کہ اللہ پر سچ کے سوا

اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ وَ دَرَسُوْا مَا فِيْهِ ؕ وَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ

| اللّٰهِ | اِلَّا | الْحَقَّ | وَ | دَرَسُوْا | مَا | فِيْهِ | وَ | الدَّارُ | الْاٰخِرَةُ | خَيْرٌ | لِّلَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کے | مگر | سچ | اور | پڑھا انہوں نے | جو کچھ کہ | بیچ اسکے ہے | اور | گھر | آخرت کا | بہتر ہے | واسطے ان لوگوں کے کہ |

اور کچھ نہیں کہیں گے اور جو کچھ اس (کتاب) میں ہے اس کو انہوں نے پڑھ بھی لیا ہے۔ اور آخرت کا گھر پرہیزگاروں

يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ وَ الَّذِيْنَ يُمَسِّكُوْنَ بِالْكِتٰبِ وَ اَقَامُوا

| يَتَّقُوْنَ | اَفَلَا | تَعْقِلُوْنَ | وَالَّذِيْنَ | يُمَسِّكُوْنَ | بِالْكِتٰبِ | وَ | اَقَامُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پرہیزگاری کرتے ہیں | کیا پس نہیں | سمجھتے تم | اور جو لوگ | محکم پکڑتے ہیں | کتاب کو | اور | قائم رکھتے ہیں |

کے لیے بہتر ہے۔ کیا تم سمجھتے نہیں ﴿۱۶۹﴾ اور جو لوگ کتاب کو مضبوط پکڑے ہوئے ہیں اور نماز کا التزام

الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿۱۷۰﴾ وَ اِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ

| الصَّلٰوةَ | اِنَّا | لَا | نُضِيْعُ | اَجْرَ | الْمُصْلِحِيْنَ | وَ | اِذْ | نَتَقْنَا | الْجَبَلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نماز کو | بیشک ہم | نہیں | ضائع کرتے | ثواب | نیکی کرنے والوں کا | اور | جب | اٹھایا ہم نے | پہاڑ کو |

رکھتے ہیں (ان کو ہم اجر دیں گے کہ) ہم نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتے ﴿۱۷۰﴾ اور جب ہم نے اُن (کے سروں) پر پہاڑ

فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّ ظَنُّوْٓا اَنَّهٗ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۚ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ

| فَوْقَهُمْ | كَاَنَّهٗ | ظُلَّةٌ | وَّظَنُّوْٓا | اَنَّهٗ | وَاقِعٌ | بِهِمْ | خُذُوْا | مَآ | اٰتَيْنٰكُمْ | بِقُوَّةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر ان کے | گویا کہ وہ | سائبان ہے | اور جانا انہوں نے | یہ کہ | وہ گر پڑے گا | ان پر | کہا ہم نے پکڑو | جو کچھ | دیا ہم نے تم کو | ساتھ قوت کے |

اُٹھا کھڑا کیا گویا وہ سائبان تھا اور انہوں نے خیال کیا کہ وہ اُن پر گرتا ہے۔ تو (ہم نے کہا کہ) جو ہم نے تمہیں دیا ہے اسے زور سے پکڑے رہو

ع ۲۱

وَاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۱﴾ وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاذْكُرُوْا | مَا | فِيْهِ | لَعَلَّكُمْ | تَتَّقُوْنَ | وَ | اِذْ | اَخَذَ | رَبُّكَ | مِنْۢ | بَنِيْٓ | اٰدَمَ |
| اور یاد کرو | جو کچھ کہ | بیچ اسکے ہے | تا کہ تم | بچو | اور | جب | لیا | پروردگار تیرے نے | سے | بیٹوں | آدم کے |

اور جو اس میں لکھا ہے اس پر عمل کرو تاکہ بچ جاؤ ﴿۱۷۱﴾ اور جب تمہارے پروردگار نے بنی آدم سے

مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ ۚ اَلَسْتُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | ظُهُوْرِهِمْ | ذُرِّيَّتَهُمْ | وَ | اَشْهَدَهُمْ | عَلٰٓي | اَنْفُسِهِمْ | اَلَسْتُ |
| سے | پیٹھوں ان کی | اولاد ان کی کو | اور | گواہ کیا ان کو | اوپر | جانوں ان کی کے | کیا نہیں ہوں میں |

یعنی اُن کی پیٹھوں سے اُن کی اولاد نکالی تو اُن سے خود اُن کے مقابلے میں اقرار کرا لیا (یعنی اُن سے پوچھا کہ) کیا میں تمہارا

معانقہ ۷

بِرَبِّكُمْ ۭ قَالُوْا بَلٰي ۚۛ شَهِدْنَا ۚۛ اَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِرَبِّكُمْ | قَالُوْا | بَلٰي | شَهِدْنَا | اَنْ | تَقُوْلُوْا | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | اِنَّا | كُنَّا | عَنْ | هٰذَا |
| رب تمہارا | کہا انہوں نے | البتہ تو ہے | شاہد ہوئے ہم | ایسا نہ ہو کہ | کہو تم | دن | قیامت کے | بیشک | تھے ہم | سے | اس |

پروردگار نہیں ہوں۔ وہ کہنے لگے کیوں نہیں ہم گواہ ہیں (کہ تو ہمارا پروردگار ہے)۔ (یہ اقرار اس لیے کرایا تھا) کہ قیامت کے دن (کہیں یوں نہ

غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷۲﴾ اَوْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اَشْرَكَ اٰبَاۗؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غٰفِلِيْنَ | اَوْ | تَقُوْلُوْٓا | اِنَّمَآ | اَشْرَكَ | اٰبَاۗؤُنَا | مِنْ | قَبْلُ | وَ | كُنَّا | ذُرِّيَّةً |
| غافل | یا | کہو | سوائے اسکے نہیں کہ | شریک کیا تھا | باپوں ہمارے نے | اس سے | پہلے | اور | تھے ہم | اولاد |

کہنے لگو کہ ہم کو تو اس کی خبر ہی نہ تھی ﴿۱۷۲﴾ یا یہ (نہ) کہو کہ شرک تو پہلے ہمارے بڑوں نے کیا تھا اور ہم تو ان کی اولاد تھے

مِّنْۢ بَعْدِهِمْ ۚ اَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۱۷۳﴾ وَكَذٰلِكَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْۢ | بَعْدِهِمْ | اَفَتُهْلِكُنَا | بِمَا | فَعَلَ | الْمُبْطِلُوْنَ | وَ | كَذٰلِكَ |
| سے | پیچھے ان کے | کیا پس ہلاک کرتا ہے ہم کو | ساتھ اس چیز کے کہ | کیا | جھوٹوں نے | اور | اسی طرح |

(جو) ان کے بعد (پیدا ہوئے) تو کیا جو کام اہلِ باطل کرتے رہے اس کے بدلے تو ہمیں ہلاک کرتا ہے؟ ﴿۱۷۳﴾ اور اسی طرح

نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۷۴﴾ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِيْٓ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ | وَ | لَعَلَّهُمْ | يَرْجِعُوْنَ | وَ | اتْلُ | عَلَيْهِمْ | نَبَاَ | الَّذِيْٓ |
| مفصل بیان کرتے ہیں ہم | اور | تا کہ وہ | لوٹ آئیں | اور | پڑھ | اوپر ان کے | قصہ | اس شخص کا کہ |

ہم (اپنی) آیتیں کھول کھول کر بیان کرتے ہیں تاکہ یہ رجوع کریں ﴿۱۷۴﴾ اور ان کو اس شخص کا حال پڑھ کر سنا دو جس کو

اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ فَكَانَ مِنَ

| اٰتَيْنٰهُ | اٰيٰتِنَا | فَانْسَلَخَ | مِنْهَا | فَاَتْبَعَهُ | الشَّيْطٰنُ | فَكَانَ | مِنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیں ہم نے اس کو | نشانیاں اپنی | پس نکل گیا | ان میں سے | پیچھے لگا یا اس کو | شیطان نے | پس ہو گیا | سے |

ہم نے اپنی آیتیں عطا فرمائیں (اور ہفت پارچہ علم شرائع سے مزین کیا) تو اس نے ان کو اتار دیا پھر شیطان اس کے پیچھے لگا تو وہ گمراہوں

الْغٰوِيْنَ ﴿۱۷۵﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ

| الْغٰوِيْنَ | وَ | لَوْ | شِئْنَا | لَرَفَعْنٰهُ | بِهَا | وَ | لٰكِنَّهٗٓ | اَخْلَدَ | اِلَى | الْاَرْضِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گمراہوں | اور | اگر | چاہتے ہم | البتہ بلند کرتے ہم اس کو | ساتھ ان کے | اور | لیکن | لگ گیا | طرف | زمین کی |

میں ہو گیا ﴿۱۷۵﴾ اور اگر ہم چاہتے تو ان (آیتوں) سے اس (کے درجے) کو بلند کر دیتے۔ مگر وہ تو پستی کی طرف مائل ہو گیا

وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ

| وَاتَّبَعَ | هَوٰىهُ | فَمَثَلُهٗ | كَمَثَلِ | الْكَلْبِ | اِنْ | تَحْمِلْ | عَلَيْهِ | يَلْهَثْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور پیروی کی | خواہش اپنی کی | پس مثال اس کی | مانند مثال | کتے کی ہے | اگر | بوجھ رکھے تو | اوپر اس کے | زبان لٹکا دے |

اور اپنی خواہش کے پیچھے چل پڑا تو اس کی مثال کتے کی سی ہوگئی کہ اگر سختی کرو تو زبان نکالے رہے

اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ۭ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ

| اَوْ | تَتْرُكْهُ | يَلْهَثْ | ذٰلِكَ | مَثَلُ | الْقَوْمِ | الَّذِيْنَ | كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یا | چھوڑ دے اس کو | زبان لٹکا دے | یہ ہے | مثال | اس قوم کی | کہ جنھوں نے | جھٹلایا | ہماری نشانیوں کو |

اور یوں ہی چھوڑ دو تو بھی زبان نکالے رہے۔ یہی مثال اُن لوگوں کی ہے جنھوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا

فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۷۶﴾ سَاۗءَ مَثَلَا ۨ الْقَوْمُ

| فَاقْصُصِ | الْقَصَصَ | لَعَلَّهُمْ | يَتَفَكَّرُوْنَ | سَاۗءَ | مَثَلَا | الْقَوْمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پس بیان کر | قصے | تا کہ وہ | فکر کریں | بری ہے | مثال | اس قوم کی |

تو (اُن سے) یہ قصہ بیان کر دو تا کہ وہ فکر کریں ﴿۱۷۶﴾ جن لوگوں نے ہماری آیتوں کی

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۷۷﴾ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ

| الَّذِيْنَ | كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَا | وَاَنْفُسَهُمْ | كَانُوْا | يَظْلِمُوْنَ | مَنْ | يَّهْدِ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جنھوں نے | جھٹلایا | ہماری نشانیوں کو | اور جانوں اپنی کو | تھے | وہ ظلم کرتے | جس کو | راہ دکھا دے | اللہ |

تکذیب کی اُن کی مثال بری ہے اور انہوں نے نقصان (کیا تو) اپنا ہی کیا ﴿۱۷۷﴾ جس کو اللہ ہدایت

فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿١٧٨﴾ وَلَقَدْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَهُوَ | الْمُهْتَدِيْ | وَ | مَنْ | يُّضْلِلْ | فَاُولٰٓئِكَ | هُمُ | الْخٰسِرُوْنَ | وَلَقَدْ |
| پس وہی | راہ پانے والا | اور | جس کو | گمراہ کرے | پس یہ لوگ | وہی ہیں | ٹوٹا پانے والے | اور البتہ تحقیق |

دے وہی راہ یاب ہے اور جس کو گمراہ کرے تو ایسے ہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں ﴿١٧٨﴾ اور ہم

ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۖ لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذَرَاْنَا | لِجَهَنَّمَ | كَثِيْرًا | مِّنَ | الْجِنِّ | وَ | الْاِنْسِ | لَهُمْ | قُلُوْبٌ | لَّا | يَفْقَهُوْنَ |
| پیدا کیے ہم نے | واسطے دوزخ کے | بہت | سے | جنوں | اور | آدمیوں | واسطے ان کے | دل ہیں کہ | نہیں | سمجھتے |

نے بہت سے جن اور انسان دوزخ کے لیے پیدا کیے ہیں۔ ان کے دل ہیں لیکن ان سے سمجھتے

بِهَا ۡ وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا ۡ وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا ۭ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهَا | وَ | لَهُمْ | اَعْيُنٌ | لَّا | يُبْصِرُوْنَ | بِهَا | وَ | لَهُمْ | اٰذَانٌ | لَّا | يَسْمَعُوْنَ | بِهَا |
| ساتھ انکے | اور | واسطے ان کے | آنکھیں ہیں | نہیں | دیکھتے | ساتھ ان کے | اور | واسطے ان کے | کان ہیں | نہیں | سنتے | ساتھ انکے |

نہیں اور ان کی آنکھیں ہیں مگر ان سے دیکھتے نہیں اور ان کے کان ہیں پر ان سے سنتے نہیں۔

اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ۭ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿١٧٩﴾ وَلِلّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُولٰٓئِكَ | كَالْاَنْعَامِ | بَلْ | هُمْ | اَضَلُّ | اُولٰٓئِكَ | هُمُ | الْغٰفِلُوْنَ | وَ | لِلّٰهِ |
| یہ لوگ | مانند چارپایوں کے ہیں | بلکہ | وہ | زیادہ تر گمراہ ہیں | یہ لوگ | وہ ہیں | غافل | اور | واسطے اللہ کے ہیں |

یہ لوگ (بالکل) چارپایوں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بھی بھٹکے ہوئے۔ یہی وہ ہیں جو غفلت میں پڑے ہوئے ہیں ﴿١٧٩﴾ اور اللہ

الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا ۠ وَذَرُوا الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَسْمَاۗءُ | الْحُسْنٰى | فَادْعُوْهُ | بِهَا | وَ | ذَرُوا | الَّذِيْنَ | يُلْحِدُوْنَ | فِيْٓ |
| نام | اچھے | پس پکارو اس کو | ساتھ ان کے | اور | چھوڑ دو | ان کو جو | کج راہی کرتے ہیں | بیچ |

کے سب نام اچھے ہی اچھے ہیں تو اس کو اس کے ناموں سے پکارا کرو۔ اور جو لوگ اس کے ناموں میں کجی (اختیار) کرتے

اَسْمَاۗىِٕهٖ ۭ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٨٠﴾ وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَسْمَاۗىِٕهٖ | سَيُجْزَوْنَ | مَا | كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | وَ | مِمَّنْ | خَلَقْنَآ | اُمَّةٌ |
| اس کے ناموں کے | البتہ جزا دیئے جاویں گے | جو کچھ | وہ تھے | کرتے | اور | جن لوگوں سے کہ | پیدا کیا ہم نے | ایک جماعت ہے کہ |

ہیں ان کو چھوڑ دو۔ وہ جو کچھ کر رہے ہیں عنقریب اس کی سزا پائیں گے ﴿١٨٠﴾ اور ہماری مخلوقات میں سے ایک وہ لوگ

ع ۲۲ / ۱۲

يَهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَ بِهٖ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۸۱﴾ ع وَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَهْدُوْنَ | بِالْحَقِّ | وَ | بِهٖ | يَعْدِلُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَا |
| راہ دکھاتے ہیں | ساتھ حق کے | اور | ساتھ اسی کے | عدل کرتے ہیں | اور | جنہوں نے | جھٹلایا | نشانیوں ہماری کو |

ہیں جو حق کا رستہ بتاتے ہیں اور اسی کے ساتھ انصاف کرتے ہیں ﴿۱۸۱﴾ اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا

سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۲﴾ ج وَاُمْلِيْ لَهُمْ ط قف اِنَّ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سَنَسْتَدْرِجُهُمْ | مِّنْ حَيْثُ | لَا | يَعْلَمُوْنَ | وَاُمْلِيْ | لَهُمْ | اِنَّ |
| البتہ درجہ بدرجہ ہم کھینچیں گے انکو | جس طرح کہ | نہیں | جانتے | اور ڈھیل دوں گا میں | ان کو | بیشک |

اُن کو بتدریج اس طریق سے پکڑیں گے کہ اُن کو معلوم ہی نہ ہوگا ﴿۱۸۲﴾ اور میں ان کو مہلت دیے جاتا ہوں۔

كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿۱۸۳﴾ اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا سكتة مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ جِنَّةٍ ط

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَيْدِيْ | مَتِيْنٌ | اَوَ | لَمْ | يَتَفَكَّرُوْا | مَا | بِصَاحِبِهِمْ | مِّنْ | جِنَّةٍ |
| مکر میرا | مضبوط ہے | کیا | نہیں | فکر کرتے وہ | نہیں ہے | واسطے ان کے صاحب کے | کچھ | جنون سے |

میری تدبیر (بڑی) مضبوط ہے ﴿۱۸۳﴾ کیا انہوں نے غور نہیں کیا کہ ان کے رفیق (محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) کو (کسی طرح کا بھی) جنون نہیں ہے۔

اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۸۴﴾ اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا فِيْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنْ | هُوَ | اِلَّا | نَذِيْرٌ | مُّبِيْنٌ | اَوَ | لَمْ | يَنْظُرُوْا | فِيْ | مَلَكُوْتِ | السَّمٰوٰتِ |
| نہیں | وہ | مگر | ڈرانے والا | ظاہر | کیا | نہیں | نظر کرتے | بیچ | بادشاہی | آسمانوں کے |

وہ تو ظاہر ظہور ڈر سنانے والے ہیں ﴿۱۸۴﴾ کیا انہوں نے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت میں اور جو چیزیں

وَالْاَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ لا وَّاَنْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاَرْضِ | وَ | مَا | خَلَقَ | اللّٰهُ | مِنْ | شَيْءٍ | وَّ | اَنْ | عَسٰٓى | اَنْ | يَّكُوْنَ |
| اور | زمین کے | اور | جو کچھ | پیدا کیا | اللہ نے | سے | کسی چیز | اور | یہ کہ | جلد ہے | یہ کہ | ہوئی |

اللہ نے پیدا کی ہیں اُن پر نظر نہیں کی اور اس بات پر (خیال نہیں کیا) کہ عجب نہیں اُن (کی موت) کا وقت

قَدِ اقْتَرَبَ اَجَلُهُمْ ج فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۢ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۸۵﴾ مَنْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قَدِ اقْتَرَبَ | اَجَلُهُمْ | فَبِاَيِّ | حَدِيْثٍۢ | بَعْدَهٗ | يُؤْمِنُوْنَ | مَنْ |
| قریب | اجل ان کی | پس ساتھ کون سی | بات کے | پیچھے اس کے | ایمان لائیں گے | جس کو |

نزدیک پہنچ گیا ہو۔ تو اس کے بعد وہ اور کس بات پر ایمان لائیں گے؟ ﴿۱۸۵﴾ جس شخص کو اللہ

يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ ؕ وَيَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۸۶﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُّضْلِلِ | اللّٰهُ | فَلَا | هَادِيَ | لَهٗ | وَ | يَذَرُهُمْ | فِيْ | طُغْيَانِهِمْ | يَعْمَهُوْنَ |
| گمراہ کرے | اللہ | پس نہیں | راہ دکھانے والا | واسطے اس کے | اور | چھوڑتا ہے ان کو | بیچ | سرکشی ان کی کے | سرگرداں |

گمراہ کرے اس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں۔ اور وہ ان (گمراہوں) کو چھوڑے رکھتا ہے کہ اپنی سرکشی میں پڑے بھٹکتے رہیں ﴿۱۸۶﴾

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَسْـَٔلُوْنَكَ | عَنِ | السَّاعَةِ | اَيَّانَ | مُرْسٰهَا | قُلْ | اِنَّمَا | عِلْمُهَا | عِنْدَ |
| سوال کرتے ہیں تجھ کو | سے | قیامت | کیا ہے وقت | اس کے قائم ہونے کا | کہہ | نہیں سوائے اسکے کہ | علم اس کا | نزدیک |

(یہ لوگ) تم سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں کہ اس کے واقع ہونے کا وقت کب ہے۔ کہہ دو اس کا علم تو میرے پروردگار

رَبِّيْ ۚ لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ ؕ ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

وقف منزل
وقف لازم

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّيْ | لَا | يُجَلِّيْهَا | لِوَقْتِهَآ | اِلَّا | هُوَ | ثَقُلَتْ | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ |
| رب میرے کے ہے | نہ | ظاہر کرے گا اس کو | وقت اس کے پر | مگر | وہی | بھاری ہے | بیچ | آسمانوں کے | اور | زمین کے |

ہی کو ہے۔ وہی اسے اس کے وقت پر ظاہر کردے گا۔ وہ آسمانوں اور زمین میں ایک بھاری بات ہو گی

لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً ؕ يَسْـَٔلُوْنَكَ كَاَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | تَاْتِيْكُمْ | اِلَّا | بَغْتَةً | يَسْـَٔلُوْنَكَ | كَاَنَّكَ | حَفِيٌّ | عَنْهَا | قُلْ | اِنَّمَا |
| نہیں | آئے گی تم پر | مگر | اچانک | سوال کرتے ہیں تجھ سے | گویا کہ تو | بحث کرنیوالا ہے | اس سے | کہہ | سوائے اسکے نہیں کہ |

اور ناگہاں تم پر آجائے گی۔ یہ تم سے اس طرح دریافت کرتے ہیں کہ گویا تم اس سے بخوبی واقف ہو۔

عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۷﴾ قُلْ لَّآ اَمْلِكُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِلْمُهَا | عِنْدَ | اللّٰهِ | وَ | لٰكِنَّ | اَكْثَرَ | النَّاسِ | لَا | يَعْلَمُوْنَ | قُلْ | لَّآ | اَمْلِكُ |
| علم اس کا | نزدیک | اللہ کے ہے | اور | لیکن | بہت سے | لوگ | نہیں | جانتے | کہو | نہیں | اختیار رکھتا میں |

کہو کہ اس کا علم تو اللہ ہی کو ہے لیکن اکثر لوگ یہ نہیں جانتے ﴿۱۸۷﴾ کہہ دو کہ میں

لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِنَفْسِيْ | نَفْعًا | وَّ | لَا | ضَرًّا | اِلَّا | مَا | شَآءَ | اللّٰهُ | وَ | لَوْ | كُنْتُ | اَعْلَمُ | الْغَيْبَ |
| واسطے اپنی جان کے | نفع کا | اور | نہ | نقصان کا | مگر | جو | چاہے | اللہ | اور | اگر | ہوتا میں | جانتا | غیب کو |

اپنے فائدے اور نقصان کا کچھ بھی اختیار نہیں رکھتا مگر جو اللہ چاہے۔ اور اگر میں غیب کی باتیں

معانقة ۸

لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۛۚ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ۛۚ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَاسْتَكْثَرْتُ | مِنَ | الْخَيْرِ | وَ | مَا | مَسَّنِيَ | السُّوْٓءُ | اِنْ | اَنَا | اِلَّا | نَذِيْرٌ |
| البتہ بہت لے لیتا میں | سے | بھلائی | اور | نہیں | لگتی مجھ کو | برائی | نہیں | میں | مگر | ڈرانے والا |

جانتا ہوتا تو بہت سے فائدے جمع کرلیتا اور مجھ کو کوئی تکلیف نہ پہنچتی۔ میں تو مومنوں کو ڈر

ع ۲۳ ۷ ۱۴

وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | بَشِيْرٌ | لِّقَوْمٍ | يُّؤْمِنُوْنَ | هُوَ | الَّذِيْ | خَلَقَكُمْ | مِّنْ | نَّفْسٍ | وَّاحِدَةٍ |
| اور | خوش خبری دینے والا | واسطے اس قوم کے کہ | ایمان لاتے ہیں | وہی ہے | جس نے | پیدا کیا تم کو | سے | جان | ایک |

اور خوش خبری سنانے والا ہوں ﴿۱۸۸﴾ وہ اللہ ہی تو ہے جس نے تم کو ایک شخص سے پیدا کیا

وَّجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ اِلَيْهَا ۚ فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا حَمَلَتْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | جَعَلَ | مِنْهَا | زَوْجَهَا | لِيَسْكُنَ | اِلَيْهَا | فَلَمَّا | تَغَشّٰىهَا | حَمَلَتْ |
| اور | کیا | اس سے | جوڑا اس کا | تا کہ آرام پکڑے | طرف اس کی | پس جب | ڈھانکا اس نے اس کو | اٹھالیا اس نے |

اور اس سے اس کا جوڑا بنایا تا کہ اُس سے راحت حاصل کرے۔ سو جب وہ اس کے پاس جاتا ہے تو اسے ہلکا سا حمل رہ جاتا ہے اور وہ اس کے ساتھ

حَمْلًا خَفِيْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ فَلَمَّآ اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَمْلًا | خَفِيْفًا | فَمَرَّتْ | بِهٖ | فَلَمَّآ | اَثْقَلَتْ | دَّعَوَا | اللّٰهَ | رَبَّهُمَا | لَئِنْ |
| بوجھ | ہلکا | پس چلتی پھرتی رہی | ساتھ اسکے | پس جب | بوجھل ہوگئی | پکارا دونوں نے | اللہ | پروردگار اپنے کو | اگر |

چلتی پھرتی ہے۔ پھر جب کچھ بوجھ معلوم کرتی (یعنی بچہ پیٹ میں بڑا ہوتا) ہے تو دونوں (میاں بیوی) اپنے پروردگار اللہ عزوجل سے التجا کرتے

اٰتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۸۹﴾ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمَا صَالِحًا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰتَيْتَنَا | صَالِحًا | لَّنَكُوْنَنَّ | مِنَ | الشّٰكِرِيْنَ | فَلَمَّآ | اٰتٰىهُمَا | صَالِحًا |
| تو نے ہم کو دیا | تندرست | البتہ ہوں گے ہم | سے | شکر کرنے والوں میں | پس جب | دیا ان کو | تندرست |

ہیں کہ اگر تو ہمیں صحیح و سالم (بچہ) دے گا تو ہم تیرے شکر گزار ہوں گے ﴿۱۸۹﴾ جب وہ ان کو صحیح و سالم (بچہ) دیتا

جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ فِيْمَآ اٰتٰىهُمَا ۚ فَتَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱۹۰﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَعَلَا | لَهٗ | شُرَكَآءَ | فِيْمَآ | اٰتٰىهُمَا | فَتَعٰلَى | اللّٰهُ | عَمَّا | يُشْرِكُوْنَ |
| کیا ان دونوں نے | واسطے اسکے | شریک | بیچ اس چیز کے کہ | دیا تھا ان کو | پس بلند ہے | اللہ | اس چیز سے کہ | شریک لاتے ہیں |

ہے تو اس (بچے) میں جو وہ ان کو دیتا ہے اس کا شریک مقرر کرتے ہیں۔ جو وہ شرک کرتے ہیں اللہ (کا رتبہ) اس سے بلند ہے ﴿۱۹۰﴾

اَيُشْرِكُوْنَ مَا لَا يَخْلُقُ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ﴿۱۹۱﴾ وَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَيُشْرِكُوْنَ | مَا | لَا | يَخْلُقُ | شَيْـًٔا | وَّ | هُمْ | يُخْلَقُوْنَ | وَ | لَا | يَسْتَطِيْعُوْنَ |
| کیا شریک لاتے ہیں | اس چیز کو کہ | نہیں | پیدا کرتے | کچھ | اور | وہ | پیدا کیے جاتے ہیں | اور | نہیں | کر سکتے |

کیا وہ ایسوں کو شریک بناتے ہیں جو کچھ بھی پیدا نہیں کر سکتے اور خود پیدا کیے جاتے ہیں ﴿۱۹۱﴾ اور نہ ان کی مدد کی

لَهُمْ نَصْرًا وَّلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ﴿۱۹۲﴾ وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمْ | نَصْرًا | وَّ | لَآ | اَنْفُسَهُمْ | يَنْصُرُوْنَ | وَ | اِنْ | تَدْعُوْهُمْ | اِلَى | الْهُدٰى |
| واسطے انکے | مدد | اور | نہ | اپنی جانوں کو | وہ مدد کرتے ہیں | اور | اگر | بلاؤ تم ان کو | طرف | ہدایت کی |

طاقت رکھتے ہیں اور نہ اپنی ہی مدد کر سکتے ہیں ﴿۱۹۲﴾ اگر تم ان کو سیدھے رستے کی طرف بلاؤ

لَا يَتَّبِعُوْكُمْ ط سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ اَدَعَوْتُمُوْهُمْ اَمْ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ ﴿۱۹۳﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَتَّبِعُوْكُمْ | سَوَآءٌ | عَلَيْكُمْ | اَدَعَوْتُمُوْهُمْ | اَمْ | اَنْتُمْ | صَامِتُوْنَ |
| نہ | پیروی کریں گے تمہاری | برابر ہے | اوپر تمہارے | کیا تم پکارو ان کو | یا | تم | چپ رہو |

تو تمہارا کہا نہ مانیں۔ تمہارے لیے برابر ہے کہ تم اُن کو بلاؤ یا چپکے ہو رہو ﴿۱۹۳﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ عِبَادٌ اَمْثَالُكُمْ فَادْعُوْهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | الَّذِيْنَ | تَدْعُوْنَ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | عِبَادٌ | اَمْثَالُكُمْ | فَادْعُوْهُمْ |
| بیشک | جن کو | پکارتے ہو تم | سوائے | اللہ کے | بندے ہیں | مانند تمہارے | پس پکارو تم ان کو |

(مشرکو) جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو تمہاری طرح کے بندے ہی ہیں (اچھا) تم ان کو پکارو

فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ اَلَهُمْ اَرْجُلٌ يَّمْشُوْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلْيَسْتَجِيْبُوْا | لَكُمْ | اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ | اَلَهُمْ | اَرْجُلٌ | يَّمْشُوْنَ |
| پس چاہیے کہ جواب دیں | تم کو | اگر | ہو تم | سچے | کیا واسطے ان کے | پاؤں ہیں کہ | چلتے ہیں |

اگر سچے ہو تو چاہیے کہ وہ تم کو جواب بھی دیں ﴿۱۹۴﴾ بھلا اُن کے پاؤں ہیں جن سے

بِهَآ ز اَمْ لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ بِهَآ ز اَمْ لَهُمْ اَعْيُنٌ يُّبْصِرُوْنَ بِهَآ ز

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهَآ | اَمْ | لَهُمْ | اَيْدٍ | يَّبْطِشُوْنَ | بِهَآ | اَمْ | لَهُمْ | اَعْيُنٌ | يُّبْصِرُوْنَ | بِهَآ |
| ساتھ انکے | یا | واسطے ان کے | ہاتھ ہیں کہ | پکڑتے ہیں | ساتھ انکے | یا | واسطے ان کے | آنکھیں ہیں کہ | دیکھتے ہیں | ساتھ انکے |

چلیں یا ہاتھ ہیں جن سے پکڑیں یا آنکھیں ہیں جن سے دیکھیں

اَمۡ لَهُمۡ اٰذَانٌ يَّسۡمَعُوۡنَ بِهَا ؕ قُلِ ادۡعُوۡا شُرَكَآءَكُمۡ ثُمَّ كِيۡدُوۡنِ فَلَا

| اَمۡ | لَهُمۡ | اٰذَانٌ | يَّسۡمَعُوۡنَ | بِهَا | قُلِ | ادۡعُوۡا | شُرَكَآءَكُمۡ | ثُمَّ | كِيۡدُوۡنِ | فَلَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یا | واسطے ان کے | کان ہیں کہ | سنتے ہیں | ساتھ ان کے | کہو | بلاؤ | اپنے شریکوں کو | پھر | مکر کرو مجھ سے | پس مت |

یا کان ہیں جن سے سنیں؟ کہہ دو کہ اپنے شریکوں کو بلالو اور میرے بارے میں (جو) تدبیر (کرنی ہو) کرلو اور مجھے کچھ مہلت بھی نہ دو (پھر دیکھو کہ وہ

تُنۡظِرُوۡنِ ﴿۱۹۵﴾ اِنَّ وَلِیِّۦَ اللّٰهُ الَّذِیۡ نَزَّلَ الۡكِتٰبَ ۖ وَهُوَ يَتَوَلَّى

| تُنۡظِرُوۡنِ | اِنَّ | وَلِیِّۦَ | اللّٰهُ | الَّذِیۡ | نَزَّلَ | الۡكِتٰبَ | وَهُوَ | يَتَوَلَّى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈھیل دو مجھ کو | بیشک | دوست میرا | اللہ ہے | جس نے | اتاری ہے | کتاب | اور وہی | دوستی کرتا ہے |

میرا کیا کر سکتے ہیں) ﴿۱۹۵﴾ میرا مددگار تو اللہ ہی ہے جس نے کتاب (برحق) نازل کی اور نیک لوگوں کا

الصّٰلِحِيۡنَ ﴿۱۹۶﴾ وَ الَّذِيۡنَ تَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِهٖ لَا يَسۡتَطِيۡعُوۡنَ

| الصّٰلِحِيۡنَ | وَ | الَّذِيۡنَ | تَدۡعُوۡنَ | مِنۡ دُوۡنِهٖ | لَا | يَسۡتَطِيۡعُوۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| صالحوں سے | اور | جن کو کہ | پکارتے ہو تم | سوائے اس کے | نہیں | کر سکتے |

وہی دوستدار ہے ﴿۱۹۶﴾ اور جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو وہ نہ تمہاری ہی مدد کی طاقت

نَصۡرَكُمۡ وَلَاۤ اَنۡفُسَهُمۡ يَنۡصُرُوۡنَ ﴿۱۹۷﴾ وَاِنۡ تَدۡعُوۡهُمۡ اِلَى الۡهُدٰى

| نَصۡرَكُمۡ | وَ | لَاۤ | اَنۡفُسَهُمۡ | يَنۡصُرُوۡنَ | وَ | اِنۡ | تَدۡعُوۡهُمۡ | اِلَى | الۡهُدٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مدد تمہاری | اور | نہ | جانوں اپنی کو | مدد دیتے ہیں | اور | اگر | بلاؤ تم ان کو | طرف | ہدایت کی |

رکھتے ہیں اور نہ خود اپنی ہی مدد کر سکتے ہیں ﴿۱۹۷﴾ اور اگر تم ان کو سیدھے رستے کی طرف بلاؤ تو سن نہ سکیں۔

لَا يَسۡمَعُوۡا ؕ وَتَرٰٮهُمۡ يَنۡظُرُوۡنَ اِلَيۡكَ وَهُمۡ لَا يُبۡصِرُوۡنَ ﴿۱۹۸﴾ خُذِ

| لَا | يَسۡمَعُوۡا | وَ | تَرٰٮهُمۡ | يَنۡظُرُوۡنَ | اِلَيۡكَ | وَ | هُمۡ | لَا | يُبۡصِرُوۡنَ | خُذِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | سنیں گے | اور | دیکھتا ہے تو ان کو | تک رہے ہیں | تیری طرف | اور | وہ | نہیں | دیکھتے | پکڑ |

اور تم انہیں دیکھتے ہو کہ (بظاہر) آنکھیں کھولے تمہاری طرف دیکھ رہے ہیں مگر (فی الواقع) کچھ نہیں دیکھتے ﴿۱۹۸﴾ (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) عفو

الۡعَفۡوَ وَاۡمُرۡ بِالۡعُرۡفِ وَاَعۡرِضۡ عَنِ الۡجٰهِلِيۡنَ ﴿۱۹۹﴾ وَ اِمَّا يَنۡزَغَنَّكَ

| الۡعَفۡوَ | وَاۡمُرۡ | بِالۡعُرۡفِ | وَ | اَعۡرِضۡ | عَنِ | الۡجٰهِلِيۡنَ | وَ | اِمَّا | يَنۡزَغَنَّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| درگزر کو | اور حکم کر | ساتھ بہتر کے | اور | منہ پھیر لے | سے | جاہلوں | اور | اگر | وسوسہ کرے تجھ کو |

اختیار کرو اور نیک کام کرنے کا حکم دو اور جاہلوں سے کنارہ کرلو ﴿۱۹۹﴾ اور اگر شیطان کی طرف سے

مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۰۰﴾ اِنَّ

| مِنَ | الشَّيْطٰنِ | نَزْغٌ | فَاسْتَعِذْ | بِاللّٰهِ | اِنَّهٗ | سَمِيْعٌ | عَلِيْمٌ | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طرف سے | شیطان کی | وسوسہ ڈالنے والا | پس پناہ پکڑ | ساتھ اللہ کے | بیشک وہ | سننے والا | جاننے والا ہے | بیشک |

تمہارے دل میں کسی طرح کا وسوسہ پیدا ہو تو اللہ سے پناہ مانگو۔ بیشک وہ سننے والا (اور) سب کچھ جاننے والا ہے ﴿۲۰۰﴾ جو لوگ

الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ

| الَّذِيْنَ | اتَّقَوْا | اِذَا | مَسَّهُمْ | طٰٓئِفٌ | مِّنَ | الشَّيْطٰنِ | تَذَكَّرُوْا | فَاِذَا | هُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو لوگ کہ | پرہیزگاری کرتے ہیں | جب | لگتا ہے ان کو | وسوسہ | سے | شیطان | یاد کر لیتے ہیں | پس ناگہاں | وہ |

پرہیزگار ہیں جب ان کو شیطان کی طرف سے کوئی وسوسہ پیدا ہوتا ہے تو چونک پڑتے ہیں اور (دل کی آنکھیں کھول کر)

مُّبْصِرُوْنَ ﴿۲۰۱﴾ وَاِخْوَانُهُمْ يَمُدُّوْنَهُمْ فِي الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ ﴿۲۰۲﴾

| مُّبْصِرُوْنَ | وَاِخْوَانُهُمْ | يَمُدُّوْنَهُمْ | فِي | الْغَيِّ | ثُمَّ | لَا | يُقْصِرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیکھنے لگتے ہیں | اور بھائی ان کے | کھینچتے ہیں ان کو | بیچ | گمراہی کے | پھر | نہیں | تھمتے |

دیکھنے لگتے ہیں ﴿۲۰۱﴾ اور ان (کفار) کے بھائی انہیں گمراہی میں کھینچے جاتے ہیں پھر (اس میں کسی طرح کی) کوتاہی نہیں کرتے ﴿۲۰۲﴾

وَاِذَا لَمْ تَاْتِهِمْ بِاٰيَةٍ قَالُوْا لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا ؕ قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ

| وَاِذَا | لَمْ | تَاْتِهِمْ | بِاٰيَةٍ | قَالُوْا | لَوْ | لَا | اجْتَبَيْتَهَا | قُلْ | اِنَّمَآ | اَتَّبِعُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور جب | نہیں | لاتا تو ان کے پاس | کوئی نشانی | کہتے ہیں | کیوں | نہ | کھینچ لایا تو اس کو | کہہ | سوائے اسکے نہیں کہ | میں پیروی کرتا ہوں |

اور جب تم ان کے پاس (کچھ دنوں تک) کوئی آیت نہیں لاتے تو کہتے ہیں کہ تم نے (اپنی طرف سے) کیوں نہیں بنالی۔ کہہ دو کہ میں تو اسی حکم کی

مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ مِنْ رَّبِّيْ ۚ هٰذَا بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ

| مَا | يُوْحٰٓى | اِلَيَّ | مِنْ | رَّبِّيْ | هٰذَا | بَصَآئِرُ | مِنْ | رَّبِّكُمْ | وَهُدًى | وَّ | رَحْمَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس چیز کی کہ | وحی کی جاتی ہے | طرف میرے | سے | رب میرے | یہ | دلیلیں ہیں | سے | رب تمہارے | اور ہدایت | اور | رحمت |

پیروی کرتا ہوں جو میرے پروردگار کی طرف سے میرے پاس آتا ہے۔ یہ (قرآن) تمہارے پروردگار کی جانب سے دانش و بصیرت اور مومنوں

لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰۳﴾ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا

| لِّقَوْمٍ | يُّؤْمِنُوْنَ | وَ | اِذَا | قُرِئَ | الْقُرْاٰنُ | فَاسْتَمِعُوْا | لَهٗ | وَ | اَنْصِتُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے اس قوم کے کہ | ایمان لاتے ہیں | اور | جب | پڑھا جائے | قرآن | پس سنو تم | اس کو | اور | چپ رہو |

کے لیے ہدایت اور رحمت ہے ﴿۲۰۳﴾ اور جب قرآن پڑھا جائے تو توجہ سے سنا کرو اور خاموش رہا

لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۲۰۴﴾ وَ اذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا

| لَعَلَّكُمْ | تُرْحَمُوْنَ | وَ | اذْكُرْ | رَّبَّكَ | فِيْ | نَفْسِكَ | تَضَرُّعًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تاکہ تم | رحم کیے جاؤ | اور | یاد کر | پروردگار اپنے کو | بیچ | جی اپنے کے | عاجزی سے |

کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے ﴿۲۰۴﴾ اور اپنے پروردگار کو دل ہی دل میں عاجزی

وَّ خِيْفَةً وَّ دُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَ الْاٰصَالِ

| وَّ | خِيْفَةً | وَّ | دُوْنَ | الْجَهْرِ | مِنَ | الْقَوْلِ | بِالْغُدُوِّ | وَ | الْاٰصَالِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ڈر سے | اور | کم | آواز سے | سے | بات | صبح کو | اور | شام کو |

اور خوف سے اور پست آواز سے صبح و شام یاد کرتے رہو

وَ لَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ﴿۲۰۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ

| وَ | لَا | تَكُنْ | مِّنَ | الْغٰفِلِيْنَ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | عِنْدَ | رَبِّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | مت | ہو | سے | غافلوں | بے شک | جو لوگ کہ | نزدیک ہیں | تیرے رب کے |

اور (دیکھنا) غافل نہ ہونا ﴿۲۰۵﴾ جو لوگ تمہارے پروردگار کے پاس ہیں وہ اس کی عبادت

لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَ يُسَبِّحُوْنَهٗ وَ لَهٗ يَسْجُدُوْنَ ﴿۲۰۶﴾ السجدة ع

ع ۱۸/۲۴ ۱۴ النصفية السجدة

| لَا | يَسْتَكْبِرُوْنَ | عَنْ | عِبَادَتِهٖ | وَ | يُسَبِّحُوْنَهٗ | وَ | لَهٗ | يَسْجُدُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | تکبر کرتے | سے | عبادت اس کی | اور | تسبیح کرتے ہیں اس کی | اور | واسطے اس کے | سجدہ کرتے ہیں |

سے گردن کشی نہیں کرتے اور اس پاک ذات کو یاد کرتے اور اس کے آگے سجدے کرتے رہتے ہیں ﴿۲۰۶﴾

## اٰیاتھا ۷۵ ۸ سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ مَدَنِيَّةٌ ۸۸ رکوعاتھا ۱۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

| يَسْئَلُوْنَكَ | عَنِ | الْاَنْفَالِ | قُلِ | الْاَنْفَالُ | لِلّٰهِ | وَ | الرَّسُوْلِ | فَاتَّقُوا | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سوال کرتے ہیں تجھ کو | سے | غنیمت | کہہ | غنیمت | واسطے اللہ کے ہے | اور | واسطے رسول کے | پس ڈرو | اللہ سے |

(اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم مجاہد لوگ) تم سے غنیمت کے مال کے بارے میں دریافت کرتے ہیں (کہ کیا حکم ہے)۔ کہہ دو کہ غنیمت اللہ اور اس کے

وَ اَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ ۖ وَ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَصْلِحُوْا | ذَاتَ بَيْنِكُمْ | وَ | اَطِيْعُوا | اللّٰهَ | وَرَسُوْلَهٗۤ | اِنْ | كُنْتُمْ |
| اور | درست کرو معاملے | آپس کے | اور | اطاعت کرو | اللہ کی | اوراس کے رسول کی | اگر | ہوتم |

رسول کا مال ہے تو اللہ سے ڈرو اور آپس میں صلح رکھو اور اگر ایمان رکھتے ہو تو اللہ اور اس کے رسول

مُّؤْمِنِيْنَ ① اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّؤْمِنِيْنَ | اِنَّمَا | الْمُؤْمِنُوْنَ | الَّذِيْنَ | اِذَا | ذُكِرَ | اللّٰهُ | وَجِلَتْ |
| ایمان والے | سوائے اس کے نہیں کہ | ایمان والے | وہ لوگ ہیں کہ | جب | یاد کیا جائے | اللہ کو | ڈر جاتے ہیں |

کے حکم پر چلو ① مومن تو وہ ہیں کہ جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل

قُلُوْبُهُمْ وَ اِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّ عَلٰى رَبِّهِمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلُوْبُهُمْ | وَ | اِذَا | تُلِيَتْ | عَلَيْهِمْ | اٰيٰتُهٗ | زَادَتْهُمْ | اِيْمَانًا | وَّ | عَلٰى | رَبِّهِمْ |
| دل ان کے | اور | جب | پڑھی جاتی ہیں | اوپر ان کے | نشانیاں اس کی | زیادہ کرتی ہیں ان کو | ایمان | اور | اوپر | اپنے رب کے |

ڈر جاتے ہیں اور جب انہیں اس کی آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو اُن کا ایمان اور بڑھ جاتا ہے اور وہ اپنے پروردگار پر

يَتَوَكَّلُوْنَ ۚ ② الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يَتَوَكَّلُوْنَ | الَّذِيْنَ | يُقِيْمُوْنَ | الصَّلٰوةَ | وَ | مِمَّا | رَزَقْنٰهُمْ |
| توکل کرتے ہیں | وہ لوگ کہ | قائم رکھتے ہیں | نماز کو | اور | اس چیز سے کہ | دیا ہم نے ان کو |

بھروسا رکھتے ہیں ② (اور) وہ جو نماز پڑھتے ہیں اور جو مال ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے (نیک کاموں میں)

يُنْفِقُوْنَ ③ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ۭ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُنْفِقُوْنَ | اُولٰۗىِٕكَ | هُمُ | الْمُؤْمِنُوْنَ | حَقًّا | لَهُمْ | دَرَجٰتٌ | عِنْدَ |
| خرچ کرتے ہیں | یہ لوگ | وہ ہیں | ایمان والے | سچے | واسطے ان کے | درجے ہیں | نزدیک |

خرچ کرتے ہیں ③ یہی سچے مومن ہیں۔ ان کے لیے پروردگار کے ہاں (بڑے بڑے)

رَبِّهِمْ وَ مَغْفِرَةٌ وَّ رِزْقٌ كَرِيْمٌ ④ ۚ كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّهِمْ | وَمَغْفِرَةٌ | وَّ | رِزْقٌ | كَرِيْمٌ | كَمَآ | اَخْرَجَكَ | رَبُّكَ | مِنْۢ |
| ان کے رب کے | اور بخشش ہے | اور | رزق ہے | کرامت والا | جس طرح | نکالا تجھ کو | رب تیرے نے | سے |

درجے اور بخشش اور عزت کی روزی ہے ④ (ان لوگوں کو اپنے گھروں سے اسی طرح نکلنا چاہیے تھا) جس طرح تمہارے پروردگار نے تم کو

بَيْتِكَ بِالْحَقِّ ۖ وَ اِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ ۝۵

| بَيْتِكَ | بِالْحَقِّ | وَ | اِنَّ | فَرِيْقًا | مِّنَ | الْمُؤْمِنِيْنَ | لَكٰرِهُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گھر تیرے | ساتھ حق کے | اور | بیشک | ایک فرقہ | سے | مسلمانوں | البتہ ناخوش رکھتے تھے |

تدبیر کے ساتھ گھر سے نکالا اور (اس وقت) مومنوں کی ایک جماعت ناخوش تھی ۝۵

يُجَادِلُوْنَكَ فِي الْحَقِّ بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ

| يُجَادِلُوْنَكَ | فِي | الْحَقِّ | بَعْدَ | مَا | تَبَيَّنَ | كَاَنَّمَا | يُسَاقُوْنَ | اِلَى | الْمَوْتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جھگڑا کرتے تھے تجھ سے | بیچ | حق کے | پیچھے | اس کے کہ | ظاہر ہوا | گویا کہ | ہانکے جاتے ہیں | طرف | موت کی |

وہ لوگ حق بات میں اس کے ظاہر ہوئے پیچھے تم سے جھگڑنے لگے گویا موت کی طرف دھکیلے جاتے ہیں

وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ۝۶ وَاِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ

| وَ | هُمْ | يَنْظُرُوْنَ | وَ | اِذْ | يَعِدُكُمُ | اللّٰهُ | اِحْدَى | الطَّآئِفَتَيْنِ | اَنَّهَا | لَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ | دیکھتے ہیں | اور | جب | وعدہ کرتا تھا تم کو | اللہ | ایک کا | دو جماعتوں میں سے | یہ | واسطے تمہارے ہے |

اور اسے دیکھ رہے ہیں ۝۶ اور (اس وقت کو یاد کرو) جب اللہ تم سے وعدہ کرتا تھا کہ (ابوسفیان اور ابوجہل کے) دو گروہوں میں سے ایک گروہ

وَتَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ لَكُمْ وَيُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ

| وَ | تَوَدُّوْنَ | اَنَّ | غَيْرَ | ذَاتِ الشَّوْكَةِ | تَكُوْنُ | لَكُمْ | وَ | يُرِيْدُ | اللّٰهُ | اَنْ | يُّحِقَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | تم دوست رکھتے تھے | یہ کہ | بن | شوکت والا | ہووے | واسطے تمہارے | اور | ارادہ کرتا ہے | اللہ | یہ کہ | ثابت کرے |

تمہارا (مسخر) ہوجائے گا اور تم چاہتے تھے کہ جو قافلہ بے (شان و) شوکت (یعنی بے ہتھیار) ہے وہ تمہارے ہاتھ آجائے اور اللہ چاہتا تھا کہ

الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ ۝۷ لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ

| ارادہ کرتا ہے | اللہ | اور | دنیا کا | اسباب | ارادہ کرتے ہو تم | زمین کے | بیچ | خونریزی کرے |

قتل کر کے) زمین میں کثرت سے خون (نہ) بہا دے۔ تم لوگ دنیا کے مال کے طالب ہو اور اللہ آخرت

الْاٰخِرَةَ ؕ وَ اللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۶۷﴾ لَوْ لَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ

| سَبَقَ | اللّٰهِ | مِّنَ | كِتٰبٌ | لَا | لَوْ | حَكِيْمٌ | عَزِيْزٌ | اللّٰهُ | وَ | الْاٰخِرَةَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہلے گزرا | اللہ کی | طرف سے | ہوتا لکھا | نہ | اگر | حکمت والا ہے | غالب | اللہ | اور | آخرت کا |

(کی بھلائی) چاہتا ہے اور اللہ غالب حکمت والا ہے ﴿۶۷﴾ اگر اللہ کا حکم پہلے نہ ہو چکا ہوتا تو جو (فدیہ)

لَمَسَّكُمْ فِيْمَاۤ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۶۸﴾ فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا

| حَلٰلًا | غَنِمْتُمْ | مِمَّا | فَكُلُوْا | عَظِيْمٌ | عَذَابٌ | اَخَذْتُمْ | فِيْمَاۤ | لَمَسَّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حلال | غنیمت ملا ہے تم کو | اس چیز سے کہ | پس کھاؤ | بڑا | عذاب | لیا تھا تم نے | بیچ اس چیز کے کہ | البتہ لگتا تم کو |

تم نے لیا ہے اس کے بدلے تم پر بڑا عذاب (نازل) ہوتا ﴿۶۸﴾ تو جو مال غنیمت تمہیں ملا ہے اسے کھاؤ (کہ وہ تمہارے لیے)

طَيِّبًا ۖ وَّ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۶۹﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ ع ۵

| قُلْ | النَّبِيُّ | يٰۤاَيُّهَا | رَّحِيْمٌ | غَفُوْرٌ | اللّٰهَ | اِنَّ | اللّٰهَ | اتَّقُوا | وَّ | طَيِّبًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہہ | نبی | اے | مہربان ہے | بخشنے والا | اللہ | بیشک | اللہ سے | ڈرو | اور | پاکیزہ |

حلال طیّب (ہے) اور اللہ سے ڈرتے رہو۔ بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے ﴿۶۹﴾ اے پیغمبر جو قیدی

لِّمَنْ فِيْۤ اَيْدِيْكُمْ مِّنَ الْاَسْرٰۤى ۙ اِنْ يَّعْلَمِ اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ خَيْرًا

| خَيْرًا | قُلُوْبِكُمْ | فِيْ | اللّٰهُ | يَّعْلَمِ | اِنْ | مِّنَ الْاَسْرٰۤى | اَيْدِيْكُمْ | فِيْۤ | لِّمَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھلائی | تمہارے دلوں کے | بیچ | اللہ | جانے گا | اگر | قیدیوں سے | ہاتھ تمہارے کے ہیں | بیچ | واسطے ان لوگوں کے کہ |

تمہارے ہاتھ میں (گرفتار) ہیں ان سے کہہ دو کہ اگر اللہ تمہارے دلوں میں نیکی معلوم کرے گا تو جو (مال)

يُّؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّاۤ اُخِذَ مِنْكُمْ وَ يَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ

| غَفُوْرٌ | اللّٰهُ | وَ | يَغْفِرْ لَكُمْ | وَ | مِنْكُمْ | اُخِذَ | مِّمَّاۤ | خَيْرًا | يُّؤْتِكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بخشنے والا | اللہ | اور | بخشے گا تم کو | اور | تم سے | لیا گیا ہے | اس چیز سے کہ | بھلائی | دے گا تم کو |

تم سے چھن گیا ہے اس سے بہتر تمہیں عنایت فرمائے گا اور تمہارے گناہ بھی معاف کر دے گا۔ اور اللہ بخشنے والا

رَّحِيۡمٌ ﴿۷۰﴾ وَاِنۡ يُّرِيۡدُوۡا خِيَانَتَكَ فَقَدۡ خَانُوا اللّٰهَ مِنۡ قَبۡلُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَّحِيۡمٌ | وَ | اِنۡ | يُّرِيۡدُوۡا | خِيَانَتَكَ | فَقَدۡ | خَانُوا | اللّٰهَ | مِنۡ | قَبۡلُ |
| مہربان ہے | اور | اگر | ارادہ کریں | خیانت تیری کا | پس تحقیق | خیانت کی تھی | اللہ | سے | پہلے اس سے |

مہربان ہے ﴿۷۰﴾ اور اگر یہ لوگ تم سے دغا کرنا چاہیں گے تو یہ پہلے ہی اللہ سے دغا کر چکے ہیں تو اس نے

فَاَمۡكَنَ مِنۡهُمۡ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌ حَكِيۡمٌ ﴿۷۱﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَمۡكَنَ | مِنۡهُمۡ | وَ | اللّٰهُ | عَلِيۡمٌ | حَكِيۡمٌ | اِنَّ | الَّذِيۡنَ | اٰمَنُوۡا |
| پس قادر کیا | ان پر | اور | اللہ | جاننے والا | حکمت والا ہے | بیشک | جو لوگ | ایمان لائے |

ان کو (تمہارے) قبضے میں کر دیا۔ اور اللہ دانا حکمت والا ہے ﴿۷۱﴾ جو لوگ ایمان لائے

وَهَاجَرُوۡا وَجٰهَدُوۡا بِاَمۡوَالِهِمۡ وَاَنۡفُسِهِمۡ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَهَاجَرُوۡا | وَ | جٰهَدُوۡا | بِاَمۡوَالِهِمۡ | وَاَنۡفُسِهِمۡ | فِىۡ | سَبِيۡلِ | اللّٰهِ |
| اور وطن چھوڑا | اور | جہاد کیا | اپنے مالوں سے | اور اپنی جانوں سے | بیچ | راہ | اللہ کے |

اور وطن سے ہجرت کر گئے اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان سے لڑے۔ وہ اور جنہوں نے (ہجرت کرنے

وَالَّذِيۡنَ اٰوَوۡا وَّنَصَرُوۡۤا اُولٰۤئِكَ بَعۡضُهُمۡ اَوۡلِيَآءُ بَعۡضٍ ؕ وَالَّذِيۡنَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الَّذِيۡنَ | اٰوَوۡا | وَّ | نَصَرُوۡۤا | اُولٰۤئِكَ | بَعۡضُهُمۡ | اَوۡلِيَآءُ | بَعۡضٍ | وَ | الَّذِيۡنَ |
| اور | جن لوگوں نے کہ | جگہ دی | اور | مدد کی | یہ لوگ | بعضے ان کے | دوست | بعض کے ہیں | اور | جو لوگ |

والوں کو) جگہ دی اور ان کی مدد کی وہ آپس میں ایک دوسرے کے رفیق ہیں۔ اور جو لوگ ایمان

اٰمَنُوۡا وَلَمۡ يُهَاجِرُوۡا مَا لَكُمۡ مِّنۡ وَّلَايَتِهِمۡ مِّنۡ شَىۡءٍ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمَنُوۡا | وَلَمۡ | يُهَاجِرُوۡا | مَالَكُمۡ | مِّنۡ | وَّلَايَتِهِمۡ | مِّنۡ شَىۡءٍ |
| ایمان لائے | اور نہ | وطن چھوڑا | نہیں واسطے تمہارے | سے | کارسازی ان کی | کچھ |

تو لے آئے لیکن ہجرت نہیں کی تو جب تک وہ ہجرت نہ کریں تم کو ان کی رفاقت سے کچھ سروکار

حَتّٰى يُهَاجِرُوۡا ۚ وَاِنِ اسۡتَنۡصَرُوۡكُمۡ فِى الدِّيۡنِ فَعَلَيۡكُمُ النَّصۡرُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَتّٰى | يُهَاجِرُوۡا | وَاِنِ | اسۡتَنۡصَرُوۡكُمۡ | فِى | الدِّيۡنِ | فَعَلَيۡكُمُ | النَّصۡرُ |
| یہاں تک کہ | وطن چھوڑیں | اور اگر | مدد چاہیں تم سے | بیچ | دین کے | پس اوپر تمہارے ہے | مدد کرنا |

نہیں۔ اور اگر وہ تم سے دین (کے معاملات) میں مدد طلب کریں تو تم کو مدد کرنی لازم ہے مگر ان لوگوں کے

إِلَّا عَلَىٰ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُم مِّيثَاقٌ ۗ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿٧٢﴾

| إِلَّا | عَلَىٰ | قَوْمٍ | بَيْنَكُمْ | وَ | بَيْنَهُم | مِّيثَاقٌ | وَ | اللَّهُ | بِمَا | تَعْمَلُونَ | بَصِيرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | اوپر | ان لوگوں کے کہ | درمیان تمہارے | اور | درمیان ان کے | عہد ہے | اور | اللہ | ساتھ اس چیز کے کہ | تم کرتے ہو | دیکھنے والا ہے |

مقابلے میں کہ تم میں اور ان میں (صلح کا) عہد ہو (مدد نہیں کرنی چاہیے)۔ اور اللہ تمہارے سب کاموں کو دیکھ رہا ہے ﴿۷۲﴾

وَالَّذِينَ كَفَرُوا بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۚ إِلَّا تَفْعَلُوهُ تَكُن فِتْنَةٌ

| وَ | الَّذِينَ | كَفَرُوا | بَعْضُهُمْ | أَوْلِيَاءُ | بَعْضٍ | إِلَّا | تَفْعَلُوهُ | تَكُن | فِتْنَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جو لوگ کہ | کافر ہوئے | بعضے ان کے | دوست ہیں | بعض کے | اگر نہ | کرو گے تم یہ | ہوگا | فتنہ |

اور جو لوگ کافر ہیں (وہ بھی) ایک دوسرے کے رفیق ہیں۔ تو (مومنو) اگر تم یہ (کام) نہ کرو گے تو ملک میں

فِي الْأَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيرٌ ﴿٧٣﴾ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا

| فِي | الْأَرْضِ | وَ | فَسَادٌ | كَبِيرٌ | وَ | الَّذِينَ | آمَنُوا | وَ | هَاجَرُوا | وَ | جَاهَدُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیچ | زمین کے | اور | فساد | بڑا | اور | جو لوگ کہ | ایمان لائے | اور | وطن چھوڑا | اور | جہاد کیا |

فتنہ برپا ہو جائے گا اور بڑا فساد مچے گا ﴿۷۳﴾ اور جو لوگ ایمان لائے اور وطن سے ہجرت کر گئے اور اللہ کی راہ

فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالَّذِينَ آوَوا وَّنَصَرُوا أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ

| فِي | سَبِيلِ | اللَّهِ | وَالَّذِينَ | آوَوا | وَّ | نَصَرُوا | أُولَٰئِكَ | هُمُ | الْمُؤْمِنُونَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیچ | راہ | اللہ کے | اور جن لوگوں نے | جگہ دی | اور | مدد کی | یہ لوگ | وہی ہیں | ایمان والے |

میں لڑائیاں کرتے رہے اور جنہوں نے (ہجرت کرنے والوں کو) جگہ دی اور ان کی مدد کی یہی لوگ سچے مسلمان

حَقًّا ۚ لَّهُم مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ﴿٧٤﴾ وَالَّذِينَ آمَنُوا مِن بَعْدُ

| حَقًّا | لَّهُم | مَّغْفِرَةٌ | وَّ | رِزْقٌ | كَرِيمٌ | وَ | الَّذِينَ | آمَنُوا | مِن بَعْدُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سچے | واسطے ان کے | مغفرت ہے | اور | رزق ہے | عزت والا | اور | جو لوگ کہ | ایمان لائے | پیچھے اس کے |

ہیں۔ ان کے لیے (اللہ کے ہاں) بخشش اور عزت کی روزی ہے ﴿۷۴﴾ اور جو لوگ بعد میں ایمان لائے

وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا مَعَكُمْ فَأُولَٰئِكَ مِنكُمْ ۚ وَأُولُو الْأَرْحَامِ

| وَهَاجَرُوا | وَ | جَاهَدُوا | مَعَكُمْ | فَأُولَٰئِكَ | مِنكُمْ | وَأُولُو الْأَرْحَامِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور وطن چھوڑا | اور | جہاد کیا | ساتھ تمہارے | پس یہ لوگ | تم میں سے ہیں | اور قرابت والے |

اور وطن سے ہجرت کر گئے اور تمہارے ساتھ ہو کر جہاد کرتے رہے وہ بھی تم ہی میں سے ہیں اور رشتہ دار اللہ کے

بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٧٥﴾ ع ع ١٠ ٦

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعْضُهُمْ | اَوْلٰى | بِبَعْضٍ | فِيْ | كِتٰبِ | اللّٰهِ | اِنَّ | اللّٰهَ | بِكُلِّ | شَيْءٍ | عَلِيْمٌ |
| بعض ان کے | نزدیک تر ہیں | ساتھ بعض کے | بیچ | کتاب | اللہ کے | بیشک | اللہ | ساتھ ہر | چیز کے | جاننے والا ہے |

حکم کی رُو سے ایک دوسرے کے زیادہ حق دار ہیں۔ ۰ کچھ شک نہیں کہ اللہ ہر چیز سے واقف ہے ﴿٧٥﴾

اٰياتها ١٢٩ — ٩ سُوْرَةُ التَّوْبَةِ مَدَنِيَّةٌ ١١٣ — رکوعاتها ١٦

بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَرَآءَةٌ | مِّنَ | اللّٰهِ | وَ | رَسُوْلِهٖٓ | اِلَى | الَّذِيْنَ | عٰهَدْتُّمْ | مِّنَ |
| بیزاری ہے | طرف سے | اللہ کی | اور | اس کے رسول کی | طرف | ان لوگوں کی کہ | عہد باندھا تم نے | سے |

(اے اہلِ اسلام اب) اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے مشرکوں سے جن سے تم نے عہد کر رکھا تھا بیزاری

الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١﴾ فَسِيْحُوْا فِي الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّاعْلَمُوْٓا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُشْرِكِيْنَ | فَسِيْحُوْا | فِي | الْاَرْضِ | اَرْبَعَةَ | اَشْهُرٍ | وَّاعْلَمُوْٓا |
| مشرکوں | پس پھرو | بیچ | زمین کے | چار | مہینے | اور جانو |

(اور جنگ کی تیاری) ہے ﴿١﴾ تو (مشرکو تم) زمین میں چار مہینے چل پھر لو اور جان رکھو کہ

اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ مُخْزِي الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنَّكُمْ | غَيْرُ | مُعْجِزِي | اللّٰهِ | وَ | اَنَّ | اللّٰهَ | مُخْزِي | الْكٰفِرِيْنَ |
| یہ کہ تم | نہیں | عاجز کرنے والے | اللہ کو | اور | بیشک | اللہ | رسوا کرنے والا ہے | کافروں کو |

تم اللہ کو عاجز نہ کر سکو گے اور یہ بھی کہ اللہ کافروں کو رسوا کرنے والا ہے ﴿٢﴾

وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ اَنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَذَانٌ | مِّنَ | اللّٰهِ | وَ | رَسُوْلِهٖٓ | اِلَى | النَّاسِ | يَوْمَ | الْحَجِّ | الْاَكْبَرِ | اَنَّ | اللّٰهَ |
| اور | پکارتا ہے | طرف سے | اللہ کی | اور | اس کے رسول کی | طرف | لوگوں کی | دن | حج | بڑے کے | بیشک | اللہ |

اور حج اکبر کے دن اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے لوگوں کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ اللہ مشرکوں

بَرِیْٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِکِیْنَ ۵ۙ وَرَسُوْلُهٗ ؕ فَاِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَیْرٌ لَّکُمْ ۚ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَرِیْٓءٌ | مِّنَ | الْمُشْرِکِیْنَ | وَ | رَسُوْلُهٗ | فَاِنْ | تُبْتُمْ | فَهُوَ | خَیْرٌ | لَّکُمْ |
| بیزار ہے | سے | مشرکوں | اور | رسول اس کا بھی | پس اگر | توبہ کرو تم | پس وہ | بہتر ہے | واسطے تمہارے |

سے بیزار ہے اور اس کا رسول بھی (ان سے دست بردار ہے)۔ پس اگر تم توبہ کرلو تو تمہارے حق میں بہتر ہے

وَاِنْ تَوَلَّیْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّکُمْ غَیْرُ مُعْجِزِی اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ الَّذِیْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاِنْ | تَوَلَّیْتُمْ | فَاعْلَمُوْٓا | اَنَّکُمْ | غَیْرُ | مُعْجِزِی | اللّٰهِ | وَبَشِّرِ | الَّذِیْنَ |
| اور اگر | پھر جاؤ | پس جانو | یہ کہ تم | نہیں | عاجز کرنے والے | اللہ کو | اور خوش خبری دے | ان لوگوں کو کہ |

اور اگر نہ مانو (اور اللہ سے مقابلہ کرو) تو جان رکھو کہ تم اللہ کو ہرا نہیں سکو گے۔ اور (اے پیغمبر) کافروں کو

کَفَرُوْا بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ ۳ۙ اِلَّا الَّذِیْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِکِیْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کَفَرُوْا | بِعَذَابٍ | اَلِیْمٍ | اِلَّا | الَّذِیْنَ | عٰهَدْتُّمْ | مِّنَ | الْمُشْرِکِیْنَ |
| کافر ہوئے | عذاب | درد دینے والے کے | مگر | وہ لوگ کہ | عہد باندھا تھا تم نے | سے | مشرکوں |

دکھ دینے والے عذاب کی خبر سنا دو(۳) البتہ جن مشرکوں کے ساتھ تم نے عہد کیا ہو اور انہوں

ثُمَّ لَمْ یَنْقُصُوْکُمْ شَیْـًٔا وَّلَمْ یُظَاهِرُوْا عَلَیْکُمْ اَحَدًا فَاَتِمُّوْٓا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | لَمْ | یَنْقُصُوْکُمْ | شَیْـًٔا | وَّلَمْ | یُظَاهِرُوْا | عَلَیْکُمْ | اَحَدًا | فَاَتِمُّوْٓا |
| پھر | نہ | کم کیا انہوں نے تم سے | کچھ | اور نہ | مدد کی | اوپر تمہارے | کسی کو | پس پورا کرو |

نے تمہارا کسی طرح کا قصور نہ کیا ہو اور نہ تمہارے مقابلے میں کسی کی مدد کی ہو تو جس مدت تک

اِلَیْهِمْ عَهْدَهُمْ اِلٰی مُدَّتِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُتَّقِیْنَ ۴

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَیْهِمْ | عَهْدَهُمْ | اِلٰی | مُدَّتِهِمْ | اِنَّ | اللّٰهَ | یُحِبُّ | الْمُتَّقِیْنَ |
| طرف ان کی | عہد ان کا | تک | مدت ان کی | بے شک | اللہ | دوست رکھتا ہے | پرہیزگاروں کو |

اُن کے ساتھ عہد کیا ہو اُسے پورا کرو۔ بے شک اللہ پرہیزگاروں کو دوست رکھتا ہے(۴)

فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِکِیْنَ حَیْثُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاِذَا | انْسَلَخَ | الْاَشْهُرُ | الْحُرُمُ | فَاقْتُلُوا | الْمُشْرِکِیْنَ | حَیْثُ |
| پس جب | تمام ہوجائیں | مہینے | امن کے | پس مارو | مشرکوں کو | جہاں |

جب عزت کے مہینے گزر جائیں تو مشرکوں کو جہاں پاؤ قتل کر دو

وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَجَدْتُّمُوْهُمْ | وَ | خُذُوْهُمْ | وَ | احْصُرُوْهُمْ | وَاقْعُدُوْا | لَهُمْ | كُلَّ |
| پاؤ تم ان کو | اور | پکڑو ان کو | اور | گھیرو ان کو | اور بیٹھو | واسطے ان کے | ہر |

اور پکڑ لو اور گھیر لو اور ہر گھات کی جگہ اُن کی تاک میں بیٹھے

مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَرْصَدٍ | فَاِنْ | تَابُوْا | وَ | اَقَامُوا | الصَّلٰوةَ | وَ | اٰتَوُا | الزَّكٰوةَ | فَخَلُّوْا |
| گھات کی جگہ | پس اگر | توبہ کریں | اور | قائم رکھیں | نماز کو | اور | دیں | زکوٰۃ کو | پس چھوڑ دو |

رہو۔ پھر اگر وہ توبہ کرلیں اور نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے لگیں تو اُن کی راہ

سَبِيْلَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۵ وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَبِيْلَهُمْ | اِنَّ | اللّٰهَ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | وَ | اِنْ | اَحَدٌ | مِّنَ |
| راہ ان کی | بے شک | اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے | اور | اگر | کوئی | سے |

چھوڑ دو۔ بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے (۵) اور اگر کوئی مشرک تم سے

الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ اَبْلِغْهُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُشْرِكِيْنَ | اسْتَجَارَكَ | فَاَجِرْهُ | حَتّٰى | يَسْمَعَ | كَلٰمَ | اللّٰهِ | ثُمَّ | اَبْلِغْهُ |
| مشرکین میں | پناہ مانگے تجھ سے | پس پناہ دے اس کو | یہاں تک کہ | سنے | کلام | اللہ کا | پھر | پہنچا دے اس کو |

پناہ کا خواستگار ہو تو اس کو پناہ دو یہاں تک کہ کلام اللہ سننے لگے۔ پھر اُس کو امن کی جگہ

ع ٦/٧ مَاْمَنَهٗ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝٦ ع كَيْفَ يَكُوْنُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَاْمَنَهٗ | ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمْ | قَوْمٌ | لَّا | يَعْلَمُوْنَ | كَيْفَ | يَكُوْنُ |
| جگہ امن اس کی میں | یہ | اس واسطے ہے کہ وہ | ایک قوم ہے | نہیں | جانتے | کیوں کر | ہو |

واپس پہنچا دو۔ اس لیے کہ یہ بے خبر لوگ ہیں (٦) بھلا مشرکوں کے لیے

لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖٓ اِلَّا الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلْمُشْرِكِيْنَ | عَهْدٌ | عِنْدَ | اللّٰهِ | وَ | عِنْدَ | رَسُوْلِهٖٓ | اِلَّا | الَّذِيْنَ |
| واسطے مشرکوں کے | عہد | نزدیک | اللہ کے | اور | نزدیک | اس کے رسول کے | مگر | جن لوگوں سے |

(جنہوں نے عہد توڑ ڈالا) اللہ اور اس کے رسول کے نزدیک عہد کیونکر (قائم) رہ سکتا ہے ہاں جن لوگوں

عٰهَدْتُّمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ فَمَا اسْتَقَامُوْا لَكُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عٰهَدْتُّمْ | عِنْدَ | الْمَسْجِدِ | الْحَرَامِ | فَمَا | اسْتَقَامُوْا | لَكُمْ |
| عہد کیا تھا تم نے | نزدیک | مسجد | حرام کے | پس جب تک | سیدھے رہیں | واسطے تمہارے |

کے ساتھ تم نے مسجد محترم (یعنی خانہ کعبہ) کے نزدیک عہد کیا ہے اگر وہ (اپنے عہد پر) قائم رہیں تو تم

فَاسْتَقِيْمُوْا لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ۷ كَيْفَ وَاِنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاسْتَقِيْمُوْا | لَهُمْ | اِنَّ | اللّٰهَ | يُحِبُّ | الْمُتَّقِيْنَ | كَيْفَ | وَ | اِنْ |
| پس سیدھے رہو تم | واسطے ان کے | بیشک | اللہ | دوست رکھتا ہے | پرہیزگاروں کو | کیوں کر رہے صلح | اور | اگر |

بھی (اپنے قول وقرار پر) قائم رہو۔ بیشک اللہ پرہیزگاروں کو دوست رکھتا ہے (۷) (بھلا ان سے عہد)

يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوْا فِيْكُمْ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ؕ يُرْضُوْنَكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّظْهَرُوْا | عَلَيْكُمْ | لَا | يَرْقُبُوْا | فِيْكُمْ | اِلًّا | وَّ | لَا | ذِمَّةً | يُرْضُوْنَكُمْ |
| وہ قابو پائیں | تم پر | نہ | رعایت کریں | بیچ تمہارے | قرابت کا | اور | نہ | عہد کا | خوش کرتے ہیں تم کو |

کیونکر (پورا کیا جائے جب ان کا یہ حال ہے) کہ اگر تم پر غلبہ پالیں تو نہ قرابت کا لحاظ کریں نہ عہد کا۔ یہ منہ سے تو تمہیں

بِاَفْوَاهِهِمْ وَتَاْبٰى قُلُوْبُهُمْ ۚ وَاَكْثَرُهُمْ فٰسِقُوْنَ ۚ ۸ اِشْتَرَوْا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاَفْوَاهِهِمْ | وَ | تَاْبٰى | قُلُوْبُهُمْ | وَاَكْثَرُهُمْ | فٰسِقُوْنَ | اِشْتَرَوْا |
| ساتھ اپنے مونہوں کے | اور | انکار کرتے ہیں | دل ان کے | اور اکثر ان کے | فاسق ہیں | مول لیتے ہیں |

خوش کر دیتے ہیں لیکن ان کے دل (ان باتوں کو) قبول نہیں کرتے اور ان میں اکثر نافرمان ہیں (۸) یہ اللہ کی آیتوں

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ | ثَمَنًا | قَلِيْلًا | فَصَدُّوْا | عَنْ | سَبِيْلِهٖ | اِنَّهُمْ | سَآءَ | مَا | كَانُوْا |
| بدلے نشانیوں | اللہ کے | مول | تھوڑا | پس باز رکھتے ہیں | سے | اس کی راہ | بیشک وہ | برا ہے | جو کچھ کہ | تھے وہ |

کے عوض تھوڑا سا فائدہ حاصل کرتے اور لوگوں کو اللہ کے رستے سے روکتے ہیں۔ کچھ شک نہیں کہ جو کام یہ کرتے

يَعْمَلُوْنَ ۹ لَا يَرْقُبُوْنَ فِيْ مُؤْمِنٍ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْمَلُوْنَ | لَا | يَرْقُبُوْنَ | فِيْ | مُؤْمِنٍ | اِلًّا | وَّ | لَا | ذِمَّةً | وَاُولٰٓئِكَ | هُمُ |
| کرتے | نہیں | رعایت کرتے ہیں | بیچ | کسی مسلمان کے | قرابت کا | اور | نہ | عہد کو | اور یہ لوگ | وہی ہیں |

ہیں برے ہیں (۹) یہ لوگ کسی مومن کے حق میں نہ تو رشتہ داری کا پاس کرتے ہیں نہ عہد کا۔ اور یہ حد سے

الْمُعْتَدُوْنَ ﴿١٠﴾ فَاِنْ تَابُوْا وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتَوُا الزَّكٰوةَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُعْتَدُوْنَ | فَاِنْ | تَابُوْا | وَ | اَقَامُوا | الصَّلٰوةَ | وَ | اٰتَوُا | الزَّكٰوةَ |
| حد سے نکل جانیوالے | پس اگر | توبہ کریں | اور | قائم رکھیں | نماز کو | اور | دیں | زکوٰۃ کو |

تجاوز کرنے والے ہیں ﴿١٠﴾ اگر یہ توبہ کرلیں اور نماز پڑھنے اور زکوٰۃ دینے لگیں تو دین میں

فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ ؕ وَنُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿١١﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاِخْوَانُكُمْ | فِي | الدِّيْنِ | وَنُفَصِّلُ | الْاٰيٰتِ | لِقَوْمٍ | يَّعْلَمُوْنَ |
| پس بھائی ہیں تمہارے | بیچ | دین کے | اور ہم مفصل بیان کرتے ہیں | نشانیاں | واسطے اس قوم کے کہ | جانتے ہیں |

تمہارے بھائی ہیں۔ اور سمجھنے والے لوگوں کے لیے ہم اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان کرتے ہیں ﴿١١﴾

وَاِنْ نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ عَهْدِهِمْ وَطَعَنُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنْ | نَّكَثُوْٓا | اَيْمَانَهُمْ | مِّنْۢ بَعْدِ | عَهْدِهِمْ | وَ | طَعَنُوْا | فِيْ | دِيْنِكُمْ |
| اور | اگر | توڑ دیں | قسمیں اپنی | پیچھے | عہد اپنے سے | | طعن کریں | بیچ | دین تمہارے کے |

اور اگر عہد کرنے کے بعد اپنی قسموں کو توڑ ڈالیں اور تمہارے دین میں طعنے کرنے لگیں

فَقَاتِلُوْٓا اَئِمَّةَ الْكُفْرِ ۙ اِنَّهُمْ لَآ اَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَنْتَهُوْنَ ﴿١٢﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَقَاتِلُوْٓا | اَئِمَّةَ | الْكُفْرِ | اِنَّهُمْ | لَآ | اَيْمَانَ | لَهُمْ | لَعَلَّهُمْ | يَنْتَهُوْنَ |
| پس لڑو تم | سرداروں | کفر کے سے | بیشک وہ لوگ | نہیں | قسمیں | واسطے ان کے | تاکہ وہ | باز رہیں |

توان کفر کے پیشواؤں سے جنگ کرو (یہ بے ایمان لوگ ہیں اور) ان کی قسموں کا کچھ اعتبار نہیں، عجب نہیں کہ (اپنی حرکات سے) باز آجائیں ﴿١٢﴾

اَلَا تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ وَهَمُّوْا بِاِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلَا | تُقَاتِلُوْنَ | قَوْمًا | نَّكَثُوْٓا | اَيْمَانَهُمْ | وَهَمُّوْا | بِاِخْرَاجِ | الرَّسُوْلِ |
| کیا نہ | لڑو گے تم | اس قوم سے کہ | توڑا انہوں نے | قسموں اپنی کو | اور قصد کیا | نکال دینے | پیغمبر کا |

بھلا تم ایسے لوگوں سے کیوں نہ لڑو جنہوں نے اپنی قسموں کو توڑ ڈالا اور پیغمبر (اللہ) کے جلا وطن کرنے کا

وَهُمْ بَدَءُوْكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ اَتَخْشَوْنَهُمْ ۚ فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هُمْ | بَدَءُوْكُمْ | اَوَّلَ | مَرَّةٍ | اَتَخْشَوْنَهُمْ | فَاللّٰهُ | اَحَقُّ | اَنْ |
| اور | وہ | شروع کیا انہوں نے | پہلی | بار | کیا ڈرتے ہو تم ان سے | پس اللہ | بہت حقدار ہے | کہ |

عزمِ مصمم کر لیا اور انہوں نے تم سے (عہد شکنی کی) ابتدا کی۔ کیا تم ایسے لوگوں سے ڈرتے ہو

تَخْشَوْهُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٣﴾ قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تَخْشَوْهُ | اِنْ | كُنْتُمْ | مُّؤْمِنِيْنَ | قَاتِلُوْهُمْ | يُعَذِّبْهُمُ | اللّٰهُ |
| ڈروتم اس سے | اگر | ہوتم | ایمان والے | لڑوان سے | عذاب کرے ان کو | اللہ |

حالانکہ ڈرنے کے لائق اللہ ہے بشرطیکہ ایمان رکھتے ہو ﴿١٣﴾ ان سے (خوب) لڑو، اللہ ان کو

بِاَيْدِيْكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاَيْدِيْكُمْ | وَيُخْزِهِمْ | وَيَنْصُرْكُمْ | عَلَيْهِمْ | وَ | يَشْفِ | صُدُوْرَ | قَوْمٍ |
| ساتھ ہاتھوں تمہارے کے | اور رسوا کرے ان کو | اور مدد دے تم کو | اوپر ان کے | اور | شفا دے | سینے | قوم |

تمہارے ہاتھوں سے عذاب میں ڈالے گا اور رسوا کرے گا اور تم کو ان پر غلبہ دے گا اور مومن لوگوں کے سینوں کو

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٤﴾ لا وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوْبِهِمْ ط وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّؤْمِنِيْنَ | وَ | يُذْهِبْ | غَيْظَ | قُلُوْبِهِمْ | وَ | يَتُوْبُ | اللّٰهُ | عَلٰى | مَنْ |
| ایمان والے کے کو | اور | دور کرے | غصہ | ان کے دلوں کا | اور | پھر آتا ہے | اللہ | اوپر | جس کے |

شفا بخشے گا ﴿١٤﴾ اور ان کے دلوں سے غصہ دور کرے گا اور جس پر چاہے گا رحمت کرے گا۔

يَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿١٥﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تُتْرَكُوْا وَلَمَّا يَعْلَمِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّشَآءُ | وَ | اللّٰهُ | عَلِيْمٌ | حَكِيْمٌ | اَمْ | حَسِبْتُمْ | اَنْ | تُتْرَكُوْا | وَ | لَمَّا | يَعْلَمِ |
| چاہتا ہے | اور | اللہ | جاننے والا | حکمت والا ہے | کیا | گمان کرتے ہوتم | یہ کہ | چھوڑے جاؤ | اور | حالانکہ ابھی نہیں | جانا |

اور اللہ سب کچھ جانتا (اور) حکمت والا ہے ﴿١٥﴾ کیا تم لوگ یہ خیال کرتے ہو کہ (بے آزمائش) چھوڑ دیے جاؤ گے اور ابھی تو اللہ

اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | الَّذِيْنَ | جٰهَدُوْا | مِنْكُمْ | وَ | لَمْ | يَتَّخِذُوْا | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ |
| اللہ نے | ان لوگوں کو کہ | جہاد کرتے ہیں | تم میں سے | اور | نہیں | پکڑتے | سوائے | اللہ کے |

نے ایسے لوگوں کو متمیز کیا ہی نہیں جنہوں نے تم میں سے جہاد کیے اور اللہ

وَلَا رَسُوْلِهٖ وَلَا الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيْجَةً ط وَاللّٰهُ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿١٦﴾ ع ١٠ ٢ ٨

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | رَسُوْلِهٖ | وَ | لَا | الْمُؤْمِنِيْنَ | وَلِيْجَةً | وَ | اللّٰهُ | خَبِيْرٌ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ |
| اور | نہ | اسکے رسول کے | اور | نہ | ایمان والوں کے | دلی دوست | اور | اللہ | خبردار ہے | ساتھ اس چیز کے کہ | کرتے ہوتم |

اور اس کے رسول اور مومنوں کے سوا کسی کو دلی دوست نہیں بنایا۔ اور اللہ تمہارے سب کاموں سے واقف ہے ﴿١٦﴾

مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ اللّٰهِ شٰهِدِيْنَ عَلٰٓى

| مَا | كَانَ | لِلْمُشْرِكِيْنَ | اَنْ | يَّعْمُرُوْا | مَسٰجِدَ | اللّٰهِ | شٰهِدِيْنَ | عَلٰٓى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | لائق | واسطے مشرکوں کے | یہ کہ | آباد کریں | مسجدیں | اللہ کی | حالانکہ گواہی دیتے ہیں | اوپر |

مشرکوں کو زیبا نہیں کہ اللہ کی مسجدوں کو آباد کریں جب کہ وہ اپنے آپ پر کفر کی گواہی

اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ښ وَفِي النَّارِ هُمْ

| اَنْفُسِهِمْ | بِالْكُفْرِ | اُولٰۗىِٕكَ | حَبِطَتْ | اَعْمَالُهُمْ | وَفِي | النَّارِ | هُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جانوں اپنی کے | ساتھ کفر کے | یہ لوگ | ناپید ہوئے | عمل ان کے | اور بیچ | آگ کے | وہ |

دے رہے ہوں۔ ان لوگوں کے سب اعمال بے کار ہیں اور یہ ہمیشہ دوزخ

خٰلِدُوْنَ ﴿۱۷﴾ اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

| خٰلِدُوْنَ | اِنَّمَا | يَعْمُرُ | مَسٰجِدَ | اللّٰهِ | مَنْ | اٰمَنَ | بِاللّٰهِ | وَ | الْيَوْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہمیش رہنے والے ہیں | سوائے اسکے نہیں کہ | آباد کرتے ہیں | مسجدیں | اللہ کی | جو | ایمان لاتے ہیں | ساتھ اللہ کے | اور | دن |

میں رہیں گے ﴿۱۷﴾ اللہ کی مسجدوں کو تو وہ لوگ آباد کرتے ہیں جو اللہ پر اور روزِ قیامت پر ایمان

الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ

| الْاٰخِرِ | وَ | اَقَامَ | الصَّلٰوةَ | وَ | اٰتَى | الزَّكٰوةَ | وَ | لَمْ | يَخْشَ | اِلَّا | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آخرت کے | اور | قائم رکھتے ہیں | نماز کو | اور | دیتے ہیں | زکوٰۃ کو | اور | نہیں | ڈرتے | مگر | اللہ سے |

لاتے اور نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے

فَعَسٰٓى اُولٰۗىِٕكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿۱۸﴾ اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ

| فَعَسٰٓى | اُولٰۗىِٕكَ | اَنْ | يَّكُوْنُوْا | مِنَ | الْمُهْتَدِيْنَ | اَجَعَلْتُمْ | سِقَايَةَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس نزدیک ہے | یہ لوگ | یہ کہ | ہوں | سے | راہ پانے والوں میں | کیا کیا ہے تم نے | پانی پلانا |

یہی لوگ اُمید ہے کہ ہدایت یافتہ لوگوں میں (داخل) ہوں ﴿۱۸﴾ کیا تم نے حاجیوں کو

الْحَاۗجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

| الْحَاۗجِّ | وَ | عِمَارَةَ | الْمَسْجِدِ | الْحَرَامِ | كَمَنْ | اٰمَنَ | بِاللّٰهِ | وَ | الْيَوْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حاجیوں کا | اور | خدمت کرنا | مسجد | حرام کا | مانند اس شخص کے کہ | ایمان لاتا ہے | ساتھ اللہ کے | اور | دن |

پانی پلانا اور مسجد محترم (یعنی خانہ کعبہ) کو آباد کرنا اس شخص کے اعمال جیسا خیال کیا ہے جو اللہ اور روزِ آخرت

وقف لازم

الْاٰخِرِ وَ جٰهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ لَا يَسْتَوٗنَ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاٰخِرِ | وَ | جٰهَدَ | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | لَا | يَسْتَوٗنَ | عِنْدَ | اللّٰهِ | وَ | اللّٰهُ |
| آخرت کے | اور | جہاد کیا | بیچ | راہ | اللہ کے | نہیں | برابر ہوتے | نزدیک | اللہ کے | اور | اللہ |

پر ایمان رکھتا ہے اور اللہ کی راہ میں جہاد کرتا ہے؟ یہ لوگ اللہ کے نزدیک برابر نہیں ہیں۔ اور اللہ

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ هَاجَرُوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَهْدِي | الْقَوْمَ | الظّٰلِمِيْنَ | اَلَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | هَاجَرُوْا |
| نہیں | ہدایت کرتا | قوم | ظالموں کو | جو لوگ کہ | ایمان لائے ہیں | اور | ہجرت کی |

ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا ﴿۱۹﴾ جو لوگ ایمان لائے اور وطن چھوڑ گئے

وَ جٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ ۙ اَعْظَمُ دَرَجَةً

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | جٰهَدُوْا | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | بِاَمْوَالِهِمْ | وَ | اَنْفُسِهِمْ | اَعْظَمُ | دَرَجَةً |
| اور | جہاد کیا | بیچ | راہ | اللہ کے | اپنے مالوں کے ساتھ | اور | جانوں اپنی کے | بڑے ہیں | درجے میں |

اور اللہ کی راہ میں مال اور جان سے جہاد کرتے رہے اللہ کے ہاں ان کے درجے بہت بڑے

عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۲۰﴾ يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِنْدَ | اللّٰهِ | وَ | اُولٰٓئِكَ | هُمُ | الْفَآئِزُوْنَ | يُبَشِّرُهُمْ | رَبُّهُمْ |
| نزدیک | اللہ کے | اور | یہ لوگ | وہی ہیں | مراد پانے والے | بشارت دیتا ہے ان کو | رب ان کا |

ہیں۔ اور وہی مراد کو پہنچنے والے ہیں ﴿۲۰﴾ اُن کا پروردگار اُن کو اپنی

بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَ رِضْوَانٍ وَّ جَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ﴿۲۱﴾ ۙ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِرَحْمَةٍ | مِّنْهُ | وَ | رِضْوَانٍ | وَّ | جَنّٰتٍ | لَّهُمْ | فِيْهَا | نَعِيْمٌ | مُّقِيْمٌ |
| ساتھ مہربانی کے | اپنی طرف سے | اور | رضامندی کے | اور | بہشتوں کے | واسطے ان کے | بیچ ان کے | نعمتیں ہیں | پائیدار |

رحمت کی اور خوشنودی کی اور بہشتوں کی خوشخبری دیتا ہے جن میں ان کے لیے نعمت ہائے جاودانی ہیں ﴿۲۱﴾

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۲۲﴾ يٰٓاَيُّهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خٰلِدِيْنَ | فِيْهَآ | اَبَدًا | اِنَّ | اللّٰهَ | عِنْدَهٗٓ | اَجْرٌ | عَظِيْمٌ | يٰٓاَيُّهَا |
| ہمیشہ رہیں گے | بیچ اس کے | ہمیشہ | بیشک | اللہ | نزدیک اس کے | ثواب ہے | بڑا | اے لوگو |

(اور وہ) اُن میں ابدالآباد رہیں گے۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ کے ہاں بڑا صلہ (تیار) ہے ﴿۲۲﴾ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ وَ اِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ اِنِ

| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَا | تَتَّخِذُوْٓا | اٰبَآءَكُمْ | وَ | اِخْوَانَكُمْ | اَوْلِيَآءَ | اِنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو | ایمان لائے ہو | مت | پکڑو | اپنے باپوں کو | اور | اپنے بھائیوں کو | دوست | اگر |

اہل ایمان! اگر تمہارے (ماں) باپ اور (بہن) بھائی ایمان کے مقابل

اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰٓئِكَ

| اسْتَحَبُّوا | الْكُفْرَ | عَلَى | الْاِيْمَانِ | وَ | مَنْ | يَّتَوَلَّهُمْ | مِّنْكُمْ | فَاُولٰٓئِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ دوست رکھیں | کفر کو | اوپر | ایمان کے | اور | جو کوئی | دوست رکھے ان کو | تم میں سے | پس یہ لوگ |

کفر کو پسند کریں تو اُن سے دوستی نہ رکھو۔ اور جو اُن سے دوستی رکھیں گے

هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٢٣﴾ قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَ اَبْنَآؤُكُمْ وَ اِخْوَانُكُمْ

| هُمُ | الظّٰلِمُوْنَ | قُلْ | اِنْ | كَانَ | اٰبَآؤُكُمْ | وَ | اَبْنَآؤُكُمْ | وَ اِخْوَانُكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہی ہیں | ظالم | کہہ | اگر | ہوں | باپ تمہارے | اور | بیٹے تمہارے | اور بھائی تمہارے |

وہ ظالم ہیں ﴿٢٣﴾ کہہ دو کہ اگر تمہارے باپ اور بیٹے اور بھائی

وَ اَزْوَاجُكُمْ وَ عَشِيْرَتُكُمْ وَ اَمْوَالُ ۨ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَ تِجَارَةٌ

| وَ | اَزْوَاجُكُمْ | وَ | عَشِيْرَتُكُمْ | وَ | اَمْوَالُ ۨ | اقْتَرَفْتُمُوْهَا | وَ | تِجَارَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بیویاں تمہاری | اور | کنبہ تمہارا | اور | مال | جو کمائے ہیں تم نے | اور | تجارت |

اور عورتیں اور خاندان کے آدمی اور مال جو تم کماتے ہو اور تجارت

تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ

| تَخْشَوْنَ | كَسَادَهَا | وَ | مَسٰكِنُ | تَرْضَوْنَهَآ | اَحَبَّ | اِلَيْكُمْ | مِّنَ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو ڈرتے ہو تم | اسکے مندا ہو جانے سے | اور | گھر | جو پسند کرتے ہو ان کو | بہت پیارے ہیں | طرف تمہارے | سے | اللہ |

جس کے بند ہونے سے ڈرتے ہو اور مکانات جن کو پسند کرتے ہو اللہ

وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ

| وَ | رَسُوْلِهٖ | وَ | جِهَادٍ | فِيْ | سَبِيْلِهٖ | فَتَرَبَّصُوْا | حَتّٰى | يَاْتِيَ | اللّٰهُ | بِاَمْرِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اس کے رسول سے | اور | جہاد سے | بیچ | راہ اس کی سے | پس انتظار کرو | یہاں تک کہ | لائے | اللہ | حکم اپنا |

اور اس کے رسول سے اور اللہ کی راہ میں جہاد کرنے سے تمہیں زیادہ عزیز ہوں تو ٹھیرے رہو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم (یعنی عذاب) بھیجے۔

ع ۳ / ۹

وَ اللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۴﴾ ع لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اللّٰهُ | لَا | يَهْدِي | الْقَوْمَ | الْفٰسِقِيْنَ | لَقَدْ | نَصَرَكُمُ | اللّٰهُ | فِيْ |
| اور | اللہ | نہیں | ہدایت کرتا | قوم | فاسقوں کو | البتہ تحقیق | مدد دی تم کو | اللہ نے | بیچ |

اور اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا ﴿۲۴﴾ اللہ نے بہت سے موقعوں

مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ ۙ وَّيَوْمَ حُنَيْنٍ ۙ اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَوَاطِنَ | كَثِيْرَةٍ | وَّ | يَوْمَ | حُنَيْنٍ | اِذْ | اَعْجَبَتْكُمْ | كَثْرَتُكُمْ | فَلَمْ |
| جگہوں | بہت کے | اور | دن | حنین کے | جس وقت | اچھی لگی تم کو | بہتات تمہاری | پس نہ |

پر تم کو مدد دی ہے اور (جنگ) حنین کے دن جب کہ تم کو اپنی (جماعت کی) کثرت پر غرہ تھا

تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْـًٔا وَّضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُغْنِ | عَنْكُمْ | شَيْـًٔا | وَّ | ضَاقَتْ | عَلَيْكُمُ | الْاَرْضُ | بِمَا | رَحُبَتْ | ثُمَّ |
| کفایت کیا | تم سے | کچھ | اور | تنگ ہوگئی | اوپر تمہارے | زمین | باوصف اسکے کہ | کشادہ تھی | پھر |

تو وہ تمہارے کچھ بھی کام نہ آئی اور زمین باوجود (اتنی بڑی) فراخی کے تم پر تنگ ہوگئی پھر تم

وَلَّيْتُمْ مُّدْبِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ ج ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَّيْتُمْ | مُّدْبِرِيْنَ | ثُمَّ | اَنْزَلَ | اللّٰهُ | سَكِيْنَتَهٗ | عَلٰى | رَسُوْلِهٖ | وَ | عَلَى |
| پھر گئے تم | پیٹھ پھیر کر | پھر | اتاری | اللہ نے | تسکین اپنی | اوپر | رسول اپنے کے | اور | اوپر |

پیٹھ پھیر کر پھر گئے ﴿۲۵﴾ پھر اللہ نے اپنے پیغمبر پر اور مومنوں پر اپنی طرف سے تسکین نازل

الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا وَعَذَّبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُؤْمِنِيْنَ | وَاَنْزَلَ | جُنُوْدًا | لَّمْ | تَرَوْهَا | وَ | عَذَّبَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا |
| مسلمانوں کے | اور اتارے | لشکر | نہیں | دیکھا تم نے ان کو | اور | عذاب کیا | ان لوگوں کو کہ | کافر ہوئے |

فرمائی اور (تمہاری مدد کو فرشتوں کے) لشکر جو تمہیں نظر نہیں آتے تھے (آسمان سے) اتارے اور کافروں کو عذاب دیا

وَذٰلِكَ جَزَاۗءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۶﴾ ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَلٰي

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَذٰلِكَ | جَزَاۗءُ | الْكٰفِرِيْنَ | ثُمَّ | يَتُوْبُ | اللّٰهُ | مِنْۢ بَعْدِ | ذٰلِكَ | عَلٰى |
| اور یہی ہے | سزا | کافروں کی | پھر | پھر آئے گا | اللہ | پیچھے | اس کے | اوپر |

اور کفر کرنے والوں کی یہی سزا ہے ﴿۲۶﴾ پھر اللہ اس کے بعد جس پر چاہے مہربانی سے توجہ

مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٢٧﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنْ | يَّشَآءُ | وَ | اللّٰهُ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا | اِنَّمَا |
| جس کے | چاہے | اور | اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے | اے لوگو | جو | ایمان لائے ہو | سوائے اسکے نہیں کہ |

فرمائے۔ اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے﴿٢٧﴾ مومنو! مشرک تو پلید ہیں

الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُشْرِكُوْنَ | نَجَسٌ | فَلَا | يَقْرَبُوا | الْمَسْجِدَ | الْحَرَامَ | بَعْدَ | عَامِهِمْ |
| مشرک | ناپاک ہیں | پس نہ | نزدیک آئیں | مسجد | حرام کے | پیچھے | ان کے برس کے |

تو اس برس کے بعد وہ خانہ کعبہ کے پاس نہ جانے پائیں اور اگر تم کو مفلسی کا خوف ہو

هٰذَا ۚ وَاِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖٓ اِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هٰذَا | وَ | اِنْ | خِفْتُمْ | عَيْلَةً | فَسَوْفَ | يُغْنِيْكُمُ | اللّٰهُ | مِنْ | فَضْلِهٖٓ | اِنْ |
| جو یہ ہے | اور | اگر | ڈرو تم | فقر سے | پس البتہ | دولتمند کرے گا تمکو | اللہ | سے | فضل اپنے | اگر |

تو اللہ چاہے گا تو تم کو اپنے فضل سے غنی کر

شَآءَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٢٨﴾ قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَآءَ | اِنَّ | اللّٰهَ | عَلِيْمٌ | حَكِيْمٌ | قَاتِلُوا | الَّذِيْنَ | لَا | يُؤْمِنُوْنَ | بِاللّٰهِ |
| چاہے | بے شک | اللہ | جاننے والا | حکمت والا ہے | لڑائی کرو | ان لوگوں سے جو | نہیں | ایمان لائے | ساتھ اللہ کے |

دے گا۔ بیشک اللہ سب کچھ جانتا (اور) حکمت والا ہے﴿٢٨﴾ جو لوگ اہلِ کتاب میں سے اللہ پر ایمان نہیں لاتے

وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | بِالْيَوْمِ | الْاٰخِرِ | وَ | لَا | يُحَرِّمُوْنَ | مَا | حَرَّمَ | اللّٰهُ | وَرَسُوْلُهٗ |
| اور | نہ | ساتھ دن | آخرت کے | اور | نہیں | حرام جانتے | اس چیز کو کہ | حرام کیا ہے | اللہ نے | اور اسکے رسول نے |

اور نہ روزِ آخرت پر (یقین رکھتے ہیں) اور نہ ان چیزوں کو حرام سمجھتے ہیں جو اللہ اور اس کے رسول نے حرام کی ہیں

وَلَا يَدِيْنُوْنَ دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | يَدِيْنُوْنَ | دِيْنَ | الْحَقِّ | مِنَ | الَّذِيْنَ | اُوْتُوا | الْكِتٰبَ | حَتّٰى | يُعْطُوا |
| اور | نہیں | قبول کرتے | دین | سچے کو | سے | ان لوگوں | کہ دیئے گئے ہیں | کتاب | یہاں تک کہ | دیں |

اور نہ دینِ حق کو قبول کرتے ہیں ان سے جنگ کرو یہاں تک

الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿٢٩﴾ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ۨابْنُ ع ٥ ١٠

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْجِزْيَةَ | عَنْ | يَّدٍ | وَّ | هُمْ | صٰغِرُوْنَ | وَ | قَالَتِ | الْيَهُوْدُ | عُزَيْرُ | ابْنُ |
| جزیہ | سے | ہاتھ اپنے | اور | وہ | ذلیل ہوں | اور | کہا | یہود نے | عزیر | بیٹا |

کہ ذلیل ہو کر اپنے ہاتھ سے جزیہ دیں﴿٢٩﴾ اور یہود کہتے ہیں کہ عزیر اللہ کے بیٹے

اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | وَ | قَالَتِ | النَّصٰرَى | الْمَسِيْحُ | ابْنُ | اللّٰهِ | ذٰلِكَ | قَوْلُهُمْ |
| اللہ کا ہے | اور | کہا | نصاریٰ نے | مسیح | بیٹا | اللہ کا ہے | یہ ہے | بات ان کی |

ہیں اور عیسائی کہتے ہیں کہ مسیح اللہ کے بیٹے ہیں۔ یہ اُن کے منہ کی باتیں ہیں۔

بِاَفْوَاهِهِمْ ۚ يُضَاهِـُٔوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ قٰتَلَهُمُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاَفْوَاهِهِمْ | يُضَاهِـُٔوْنَ | قَوْلَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | مِنْ | قَبْلُ | قٰتَلَهُمُ |
| ساتھ مونہوں اپنے کے | مشابہ ہوتے ہیں | بات سے | ان لوگوں کے کہ | کافر ہوئے | سے | پہلے | ہلاک کرے ان کو |

پہلے کافر بھی اسی طرح کی باتیں کہا کرتے تھے یہ بھی انہیں کی ریس کرنے لگے ہیں۔ اللہ ان کو ہلاک

اللّٰهُ ۚ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿٣٠﴾ اِتَّخَذُوْۤا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | اَنّٰى | يُؤْفَكُوْنَ | اِتَّخَذُوْۤا | اَحْبَارَهُمْ | وَرُهْبَانَهُمْ | اَرْبَابًا |
| اللہ | کہاں سے | پلٹائے جاتے ہیں | پکڑا انہوں نے | عالموں اپنوں کو | اور درویشوں اپنوں کو | پروردگار |

کرے یہ کہاں بہکے پھرتے ہیں﴿٣٠﴾ انہوں نے اپنے علماء اور مشائخ اور مسیح ابن مریم کو

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ ۚ وَمَاۤ اُمِرُوْۤا اِلَّا لِيَعْبُدُوْۤا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | وَ | الْمَسِيْحَ | ابْنَ | مَرْيَمَ | وَ | مَاۤ | اُمِرُوْۤا | اِلَّا | لِيَعْبُدُوْۤا |
| سوائے | اللہ کے | اور | مسیح | بیٹے | مریم کے کو | اور | نہیں | حکم کیے گئے | مگر | یہ کہ بندگی کریں |

اللہ کے سوا خدا بنا لیا حالانکہ ان کو یہ حکم دیا گیا تھا کہ اللہ واحد کے سوا کسی کی عبادت

اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٣١﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰهًا | وَّاحِدًا | لَاۤ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | سُبْحٰنَهٗ | عَمَّا | يُشْرِكُوْنَ |
| معبود | ایک کو | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہ | پاک ہے وہ | اس چیز سے کہ | شریک کرتے ہیں |

نہ کریں اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اور وہ ان لوگوں کے شریک مقرر کرنے سے پاک ہے﴿٣١﴾

يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُرِيْدُوْنَ | اَنْ | يُّطْفِـُٔوْا | نُوْرَ | اللّٰهِ | بِاَفْوَاهِهِمْ | وَ | يَاْبَى | اللّٰهُ | اِلَّآ | اَنْ |
| ارادہ کرتے ہیں | یہ کہ | بجھادیں | روشنی | اللہ کی کو | ساتھ مونہوں اپنے کے | اور | نہیں قبول رکھتا | اللہ | مگر | یہ کہ |

یہ چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور کو اپنے منہ سے (پھونک مار کر) بجھا دیں اور اللہ اپنے نور کو پورا کیے

يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿٣٢﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُّتِمَّ | نُوْرَهٗ | وَ | لَوْ | كَرِهَ | الْكٰفِرُوْنَ | هُوَ | الَّذِيْٓ | اَرْسَلَ | رَسُوْلَهٗ |
| پورا کرے | روشنی اپنی کو | اور | اگرچہ | ناخوش رکھیں | کافر | وہی ہے | جس نے | بھیجا | رسول اپنے کو |

بغیر رہنے کا نہیں اگرچہ کافروں کو برا ہی لگے (٣٢) وہی تو ہے جس نے اپنے پیغمبر کو

بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْهُدٰى | وَ | دِيْنِ | الْحَقِّ | لِيُظْهِرَهٗ | عَلَى | الدِّيْنِ | كُلِّهٖ | وَ | لَوْ | كَرِهَ |
| ساتھ ہدایت کے | اور | دین | حق کے | تاکہ غالب کرے اسکو | اوپر | دین | سب کے | اور | اگرچہ | ناخوش رکھیں |

ہدایت اور دین حق دے کر بھیجا تاکہ اس (دین) کو (دنیا کے) تمام دینوں پر غالب کرے اگرچہ

النصف

الْمُشْرِكُوْنَ ﴿٣٣﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُشْرِكُوْنَ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا | اِنَّ | كَثِيْرًا | مِّنَ | الْاَحْبَارِ |
| مشرک | اے لوگو | جو | ایمان لائے ہو | بیشک | بہت | سے | عالموں میں |

مشرک ناخوش ہی ہوں (٣٣) مومنو! (اہل کتاب کے) بہت سے عالم

وَالرُّهْبَانِ لَيَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الرُّهْبَانِ | لَيَاْكُلُوْنَ | اَمْوَالَ | النَّاسِ | بِالْبَاطِلِ | وَ | يَصُدُّوْنَ | عَنْ |
| اور | فقیروں میں سے | البتہ کھاجاتے ہیں | مال | لوگوں کے | ساتھ جھوٹ کے | اور | بند کرتے ہیں | سے |

اور مشائخ لوگوں کا مال ناحق کھاتے اور (ان کو) راہِ اللہ سے روکتے

سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَبِيْلِ | اللّٰهِ | وَ | الَّذِيْنَ | يَكْنِزُوْنَ | الذَّهَبَ | وَ | الْفِضَّةَ |
| راہ | اللہ کی | اور | جولوگ کہ | جمع کرتے ہیں | سونا | اور | چاندی |

ہیں۔ اور جو لوگ سونا اور چاندی جمع کرتے ہیں

وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۙ﴿٣٤﴾ يَّوْمَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | يُنْفِقُوْنَهَا | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | فَبَشِّرْهُمْ | بِعَذَابٍ | اَلِيْمٍ | يَّوْمَ |
| اور | نہیں | خرچ کرتے اس کو | بیچ | راہ | اللہ کے | پس خوشخبری دے انکو ساتھ | عذاب | درد دینے والے کے | جس دن |

اور اس کو اللہ کے رستے میں خرچ نہیں کرتے ان کو عذاب الیم کی خبر سنا دو﴿٣٤﴾ جس دن

يُّحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُحْمٰى | عَلَيْهَا | فِيْ | نَارِ | جَهَنَّمَ | فَتُكْوٰى | بِهَا | جِبَاهُهُمْ | وَ | جُنُوْبُهُمْ |
| گرم کیا جائیگا | اوپر اس کے | بیچ | آگ | دوزخ کے | پس داغ دیئے جائینگے | ساتھ اسکے | ماتھے ان کے | اور | کروٹیں ان کی |

وہ (مال) دوزخ کی آگ میں (خوب) گرم کیا جائے گا۔ پھر اس سے ان (بخیلوں) کی پیشانیاں اور پہلو اور پیٹھیں

وَظُهُوْرُهُمْ ۭ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَظُهُوْرُهُمْ | هٰذَا | مَا | كَنَزْتُمْ | لِاَنْفُسِكُمْ | فَذُوْقُوْا | مَا | كُنْتُمْ |
| اور پیٹھیں ان کی | یہ ہے | جو | جمع کیا تھا تم نے | واسطے اپنی جانوں کے | پس چکھو | جو کچھ کہ | تھے تم |

داغی جائیں گی۔ (اور کہا جائے گا کہ) یہ وہی ہے جو تم نے اپنے لیے جمع کیا تھا سو جو تم جمع کرتے تھے (اب) اس

تَكْنِزُوْنَ ﴿٣٥﴾ اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِيْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَكْنِزُوْنَ | اِنَّ | عِدَّةَ | الشُّهُوْرِ | عِنْدَ | اللّٰهِ | اثْنَا عَشَرَ | شَهْرًا | فِيْ |
| جمع کرتے | بیشک | گنتی | مہینوں کی | نزدیک | اللہ کے | بارہ | مہینے ہیں | بیچ |

کا مزہ چکھو﴿٣٥﴾ اللہ کے نزدیک مہینے گنتی میں بارہ ہیں (یعنی) اس روز (سے)

كِتٰبِ اللّٰهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَآ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ۭ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كِتٰبِ | اللّٰهِ | يَوْمَ | خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضَ | مِنْهَآ | اَرْبَعَةٌ | حُرُمٌ |
| کتاب | اللہ کے | جس دن | پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو | ان میں سے | چار مہینے | حرام ہیں |

کہ اس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا کتاب اللہ میں (برس کے) بارہ مہینے (لکھے ہوئے) ہیں، ان میں سے چار مہینے ادب کے ہیں۔

ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ڏ فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ وَقَاتِلُوا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذٰلِكَ | الدِّيْنُ | الْقَيِّمُ | فَلَا | تَظْلِمُوْا | فِيْهِنَّ | اَنْفُسَكُمْ | وَ | قَاتِلُوا |
| یہ ہے | دین | قائم | پس مت | ظلم کرو | بیچ ان کے | آپس میں | اور | لڑو |

یہی دین (کا) سیدھا (رستہ) ہے تو ان (مہینوں) میں (قتال ناحق سے) اپنے آپ پر ظلم نہ کرنا اور تم سب کے سب

الْمُشْرِكِيْنَ كَآفَّةً كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ كَآفَّةً ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُشْرِكِيْنَ | كَآفَّةً | كَمَا | يُقَاتِلُوْنَكُمْ | كَآفَّةً | وَ | اعْلَمُوْٓا | اَنَّ | اللّٰهَ | مَعَ |
| مشرکوں سے | اکٹھے | جیسا کہ | وہ لڑتے ہیں تم سے | اکٹھے | اور | جانو | یہ کہ | اللہ | ساتھ ہے |

مشرکوں سے لڑو جیسے وہ سب کے سب تم سے لڑتے ہیں۔ اور جان رکھو کہ اللہ پرہیز گاروں

الْمُتَّقِيْنَ ﴿٣٦﴾ اِنَّمَا النَّسِيْٓءُ زِيَادَةٌ فِي الْكُفْرِ يُضَلُّ بِهِ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُتَّقِيْنَ | اِنَّمَا | النَّسِيْٓءُ | زِيَادَةٌ | فِي | الْكُفْرِ | يُضَلُّ | بِهِ | الَّذِيْنَ |
| پرہیزگاروں کے | سوائے اسکے نہیں کہ | آگے پیچھے کرلینا | زیادتی ہے | بیچ | کفر کے | گمراہ کیے جاتے ہیں | ساتھ اسکے | وہ لوگ جو |

کے ساتھ ہے﴿٣٦﴾ امن کے کسی مہینے کو ہٹا کر آگے پیچھے کر دینا کفر میں اضافہ کرتا ہے، اس سے کافر گمراہی میں

كَفَرُوْا يُحِلُّوْنَهٗ عَامًا وَّيُحَرِّمُوْنَهٗ عَامًا لِّيُوَاطِـُٔوْا عِدَّةَ مَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَفَرُوْا | يُحِلُّوْنَهٗ | عَامًا | وَّ | يُحَرِّمُوْنَهٗ | عَامًا | لِّيُوَاطِـُٔوْا | عِدَّةَ | مَا |
| کافر ہوئے | حلال کرتے ہیں اس کو | ایک برس | اور | حرام کرتے ہیں اس کو | ایک برس | تاکہ موافقت کریں | گنتی کو | اس چیز کے کہ |

پڑے رہتے ہیں۔ ایک سال تو اس کو حلال سمجھ لیتے ہیں اور دوسرے سال حرام تاکہ ادب کے مہینوں کی جو اللہ نے مقرر کیے ہیں

حَرَّمَ اللّٰهُ فَيُحِلُّوْا مَا حَرَّمَ اللّٰهُ ۭ زُيِّنَ لَهُمْ سُوْۗءُ اَعْمَالِهِمْ ۭ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَرَّمَ | اللّٰهُ | فَيُحِلُّوْا | مَا | حَرَّمَ | اللّٰهُ | زُيِّنَ | لَهُمْ | سُوْۗءُ | اَعْمَالِهِمْ |
| حرام کیا ہے | اللہ نے | پس حلال کریں | وہ چیز جو | حرام کیا ہے | اللہ نے | زینت دیئے گئے ہیں | واسطے انکے | برے | اعمال ان کے |

گنتی پوری کرلیں اور جو اللہ نے منع کیا ہے اس کو جائز کرلیں۔ ان کے برے اعمال ان کو بھلے دکھائی دیتے ہیں۔

ع ٥/٨ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٣٧﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اللّٰهُ | لَا | يَهْدِي | الْقَوْمَ | الْكٰفِرِيْنَ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | مَا |
| اور | اللہ | نہیں | ہدایت کرتا | قوم | کافروں کو | اے لوگو | جو | ایمان لائے ہو | کیا ہے |

اور اللہ کافر لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا﴿٣٧﴾ مومنو! تمہیں کیا ہوا ہے کہ جب تم سے کہا جاتا

لَكُمْ اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ ۭ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكُمْ | اِذَا | قِيْلَ | لَكُمُ | انْفِرُوْا | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | اثَّاقَلْتُمْ | اِلَى | الْاَرْضِ |
| واسطے تمہارے | جس وقت | کہا جاتا ہے | واسطے تمہارے | کہ نکلو | بیچ | راہ | اللہ کے | بوجھل ہو جاتے ہو | طرف | زمین کی |

ہے کہ اللہ کی راہ میں (جہاد کے لیے) نکلو تو تم (کاہلی کے سبب سے) زمین پر گرے جاتے ہو (یعنی گھروں سے نکلنا نہیں چاہتے)۔

اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ ۚ فَمَا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَرَضِيْتُمْ | بِالْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | مِنَ | الْاٰخِرَةِ | فَمَا | مَتَاعُ | الْحَيٰوةِ |
| کیاراضی ہوئے ہوتم | ساتھ زندگانی | دنیا کے | سے | آخرت | پس نہیں | فائدہ | زندگانی |

کیا تم آخرت (کی نعمتوں) کو چھوڑ کر دُنیا کی زندگی پر خوش ہو بیٹھے ہو۔ دنیا کی زندگی

الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِيْلٌ ﴿۳۸﴾ اِلَّا تَنْفِرُوْا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الدُّنْيَا | فِي | الْاٰخِرَةِ | اِلَّا | قَلِيْلٌ | اِلَّا | تَنْفِرُوْا | يُعَذِّبْكُمْ | عَذَابًا |
| دنیا کا | بیچ | آخرت کے | مگر | تھوڑا | اگر نہ | نکلو گے تم | عذاب کرے گا تم کو | عذاب |

کے فائدے تو آخرت کے مقابل بہت ہی کم ہیں ﴿۳۸﴾ اگر تم نہ نکلو گے تو اللہ تم کو بڑی تکلیف کا عذاب دے گا

اَلِيْمًا ۙ وَّيَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوْهُ شَيْـًٔا ۗ وَاللّٰهُ عَلٰى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلِيْمًا | وَّ | يَسْتَبْدِلْ | قَوْمًا | غَيْرَكُمْ | وَلَا | تَضُرُّوْهُ | شَيْـًٔا | وَ | اللّٰهُ | عَلٰى |
| درد دینے والا | اور | بدل لاوے گا | قوم | سوائے تمہارے | اور نہ | ضرر کرو گے | کچھ | اور | اللہ | اوپر |

اور تمہاری جگہ اور لوگ پیدا کر دے گا (جو اللہ کے پورے فرمانبردار ہوں گے) اور تم اس کو کچھ نقصان نہ پہنچا سکو گے۔ اور

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۳۹﴾ اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُلِّ | شَيْءٍ | قَدِيْرٌ | اِلَّا | تَنْصُرُوْهُ | فَقَدْ | نَصَرَهُ | اللّٰهُ | اِذْ | اَخْرَجَهُ |
| ہر | چیز کے | قادر ہے | اگر نہ | مدد دو گے تم اس کو | پس تحقیق | مدد دی ہے اس کو | اللہ نے | جس وقت | نکال دیا تھا اس کو |

اللہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے ﴿۳۹﴾ اگر تم پیغمبر کی مدد نہ کرو گے تو اللہ ان کا مددگار ہے۔ (وہ وقت تم کو یاد ہوگا) جب ان کو کافروں نے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | ثَانِيَ | اثْنَيْنِ | اِذْ | هُمَا | فِي | الْغَارِ | اِذْ | يَقُوْلُ | لِصَاحِبِهٖ |
| ان لوگوں نے کہ | کافر ہوئے | دوسرا | دو میں کا | جس وقت کہ | دونوں | بیچ | غار کے تھے | جس وقت کہ | کہتا تھا | واسطے رفیق اپنے کے |

گھر سے نکال دیا (اُس وقت) دو (ہی شخص تھے جن) میں (ایک ابوبکر تھے) دوسرے (خود رسول اللہ) جب وہ دونوں غار (ثور) میں تھے اُس

لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ وَاَيَّدَهٗ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | تَحْزَنْ | اِنَّ | اللّٰهَ | مَعَنَا | فَاَنْزَلَ | اللّٰهُ | سَكِيْنَتَهٗ | عَلَيْهِ | وَاَيَّدَهٗ |
| مت | غم کھا | بیشک | اللہ | ساتھ ہمارے ہے | پس اتاری | اللہ نے | تسکین اپنی | اوپر اسکے | اور قوت دی اسکو |

وقت پیغمبر اپنے رفیق کو تسلی دیتے تھے کہ غم نہ کرو اللہ ہمارے ساتھ ہے۔ تو اللہ نے اُن پر تسکین نازل فرمائی اور ان کو ایسے لشکروں سے مدد دی

بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى ؕ وَكَلِمَةُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِجُنُوْدٍ | لَّمْ | تَرَوْهَا | وَ | جَعَلَ | كَلِمَةَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | السُّفْلٰى | وَ | كَلِمَةُ |
| ساتھ لشکروں کے کہ | نہیں | دیکھا تم نے انکو | اور | کی | بات | ان لوگوں کی کہ | کافر ہوئے | نیچی | اور | بات |

| الَّذِيْنَ | يَسْتَاْذِنُوْنَكَ | وَهُمْ | اَغْنِيَآءُ | رَضُوْا | بِاَنْ | يَّكُوْنُوْا | مَعَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان لوگوں کے ہے کہ | اجازت مانگتے ہیں تجھ سے | اور وہ | دولت مند ہیں | راضی ہوئے | ساتھ اس بات کے کہ | ہوویں | ساتھ |

اور (پھر) تم سے اجازت طلب کرتے ہیں (یعنی) اس بات سے خوش ہیں کہ عورتوں کے ساتھ جو پیچھے رہ جاتی ہیں

الْخَوَالِفِ ۙ وَطَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٩٣﴾

| الْخَوَالِفِ | وَطَبَعَ | اللّٰهُ | عَلٰى | قُلُوْبِهِمْ | فَهُمْ | لَا | يَعْلَمُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیچھے رہنے والیوں کی | اور مہر رکھی | اللہ نے | اوپر | ان کے دلوں کے | پس وہ | نہیں | جانتے |

(گھروں میں بیٹھ) رہیں۔ اور اللہ نے اُن کے دلوں پر مہر کر دی ہے۔ پس وہ سمجھتے ہی نہیں ﴿٩٣﴾

يَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْكُمْ اِذَا رَجَعْتُمْ اِلَيْهِمْ ؕ قُلْ لَّا تَعْتَذِرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ

| يَعْتَذِرُوْنَ | اِلَيْكُمْ | اِذَا | رَجَعْتُمْ | اِلَيْهِمْ | قُلْ | لَّا | تَعْتَذِرُوْا | لَنْ | نُّؤْمِنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عذرلائیں گے | طرف تمہاری | جب | پھرآؤ گے تم | طرف ان کی | کہہ | مت | عذرلاؤ | ہرگز نہ | مانیں گے ہم |

جب تم ان کے پاس واپس جاؤ گے تو تم سے عذر کریں گے۔ تم کہنا کہ عذر مت کرو ہم ہرگز تمہاری بات نہیں مانیں

لَكُمْ قَدْ نَبَّاَنَا اللّٰهُ مِنْ اَخْبَارِكُمْ ؕ وَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ

| لَكُمْ | قَدْ | نَبَّاَنَا | اللّٰهُ | مِنْ | اَخْبَارِكُمْ | وَسَيَرَى | اللّٰهُ | عَمَلَكُمْ | وَ | رَسُوْلُهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے تمہارے | تحقیق | بتلادی ہم کو | اللہ نے | بعض | خبریں تمہاری | اور اب دیکھے گا | اللہ | عمل تمہارے | اور | رسول اس کا |

گے اللہ نے ہم کو تمہارے سب حالات بتا دیے ہیں۔ اور ابھی اللہ اور اس کا رسول تمہارے عملوں کو (اور) دیکھیں گے

ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ

| ثُمَّ | تُرَدُّوْنَ | اِلٰى | عٰلِمِ | الْغَيْبِ | وَ | الشَّهَادَةِ | فَيُنَبِّئُكُمْ | بِمَا | كُنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر | پھیرے جاؤ گے | طرف | جاننے والے | پوشیدہ | اور | ظاہر کے | پس خبر دے گا تم کو | ساتھ اس چیز کے کہ | تھے تم |

پھر تم غائب و حاضر کے جاننے والے (اللہ واحد) کی طرف لوٹائے جاؤ گے اور جو عمل تم کرتے رہے ہو وہ سب

تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۴﴾ سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا

| تَعْمَلُوْنَ | سَيَحْلِفُوْنَ | بِاللّٰهِ | لَكُمْ | اِذَا | انْقَلَبْتُمْ | اِلَيْهِمْ | لِتُعْرِضُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کرتے | اب قسمیں کھائیں گے | اللہ کی | تمہارے سامنے | جب | پھر کر جاؤ گے تم | ان کی طرف | تا کہ تم درگزر کرو |

تمہیں بتائے گا ﴿۹۴﴾ جب تم ان کے پاس لوٹ کر جاؤ گے تو تمہارے روبرو اللہ کی قسمیں کھائیں

عَنْهُمْ ؕ فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ اِنَّهُمْ رِجْسٌ ز وَّمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ج

| عَنْهُمْ | فَاَعْرِضُوْا | عَنْهُمْ | اِنَّهُمْ | رِجْسٌ | وَّمَاْوٰىهُمْ | جَهَنَّمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ان سے | پس منہ پھیرلو | ان سے | بیشک وہ | پلید ہیں | اور جگہ ان کے رہنے کی | دوزخ ہے |

گے تا کہ تم اُن سے درگزر کرو۔ سو ان کی طرف التفات نہ کرنا۔ یہ ناپاک ہیں اور جو کام یہ کرتے رہے ہیں

جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۹۵﴾ يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ج فَاِنْ

| جَزَآءً | بِمَا | كَانُوْا | يَكْسِبُوْنَ | يَحْلِفُوْنَ | لَكُمْ | لِتَرْضَوْا | عَنْهُمْ | فَاِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بدلہ | اس چیز کا کہ | تھے | کماتے | قسمیں کھائیں گے | تمہارے روبرو | تا کہ تو راضی ہو | ان سے | پس اگر |

اُن کے بدلے ان کا ٹھکانا دوزخ ہے ﴿۹۵﴾ یہ تمہارے آگے قسمیں کھائیں گے تا کہ تم اُن سے خوش ہو جاؤ لیکن اگر

تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۹۶﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَرْضَوْا | عَنْهُمْ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يَرْضٰى | عَنِ | الْقَوْمِ | الْفٰسِقِيْنَ |
| راضی ہوگے | ان سے | پس بیشک | اللہ | نہیں | راضی ہوتا | سے | قوم | فاسق |

تم ان سے خوش ہو جاؤ گے تو اللہ تو نافرمان لوگوں سے خوش نہیں ہوتا ﴿۹۶﴾

اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّ نِفَاقًا وَّ اَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ مَآ اَنْزَلَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلْاَعْرَابُ | اَشَدُّ | كُفْرًا | وَّ | نِفَاقًا | وَّ | اَجْدَرُ | اَلَّا | يَعْلَمُوْا | حُدُوْدَ | مَآ | اَنْزَلَ |
| گنوار | بہت سخت ہیں | کفر میں | اور | نفاق میں | اور | بہت لائق ہیں | کہ نہیں | جانتے | حدیں | اس چیز کی کہ | اتارا ہے |

دیہاتی لوگ سخت کافر اور سخت منافق ہیں اور اس قابل ہیں کہ جو احکام (شریعت) اللہ نے اپنے رسول پر نازل فرمائے

اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۹۷﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | عَلٰى | رَسُوْلِهٖ | وَ | اللّٰهُ | عَلِيْمٌ | حَكِيْمٌ | وَ | مِنَ | الْاَعْرَابِ | مَنْ |
| اللہ نے | اوپر | اپنے رسول کے | اور | اللہ | جاننے والا | حکمت والا ہے | اور | بعض | گنوار | وہ ہیں کہ |

ہیں ان سے واقف (ہی) نہ ہوں۔ اور اللہ جاننے والا (اور) حکمت والا ہے ﴿۹۷﴾ اور بعض دیہاتی ایسے ہیں کہ جو کچھ

يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ مَغْرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَآئِرَ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّتَّخِذُ | مَا | يُنْفِقُ | مَغْرَمًا | وَّ | يَتَرَبَّصُ | بِكُمُ | الدَّوَآئِرَ | عَلَيْهِمْ | دَآئِرَةُ |
| پکڑتے ہیں | اس چیز کو کہ | خرچ کرتے ہیں | تاوان | اور | انتظار کرتے ہیں | تم پر | زمانہ کی گردشوں کا | اوپر ان کے ہے | گردش |

خرچ کرتے ہیں اُسے تاوان سمجھتے ہیں اور تمہارے حق میں مصیبتوں کے منتظر ہیں۔ انہی پر بری مصیبت (واقع)

السَّوْءِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۹۸﴾ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّوْءِ | وَ | اللّٰهُ | سَمِيْعٌ | عَلِيْمٌ | وَ | مِنَ | الْاَعْرَابِ | مَنْ | يُّؤْمِنُ | بِاللّٰهِ |
| برائی کی | اور | اللہ | سننے والا | جاننے والا ہے | اور | بعض | گنوار | جو | ایمان لائے | اللہ پر |

ہو۔ اور اللہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے ﴿۹۸﴾ اور بعض دیہاتی ایسے ہیں کہ اللہ پر اور روزِ آخرت

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْيَوْمِ | الْاٰخِرِ | وَ | يَتَّخِذُ | مَا | يُنْفِقُ | قُرُبٰتٍ | عِنْدَ | اللّٰهِ | وَ | صَلَوٰتِ |
| اور | دن | آخرت پر | اور | پکڑتے ہیں | جو | خرچ کرتے ہیں | نزدیکیاں | نزدیک | اللہ کے | اور | دعائے خیر |

پر ایمان رکھتے ہیں اور جو کچھ خرچ کرتے ہیں اس کو اللہ کی قربت اور پیغمبر کی دعاؤں کا ذریعہ سمجھتے

الرَّسُوْلِ ؕ اَلَآ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ؕ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ اِنَّ

| الرَّسُوْلِ | اَلَآ | اِنَّهَا | قُرْبَةٌ | لَّهُمْ | سَيُدْخِلُهُمُ | اللّٰهُ | فِيْ | رَحْمَتِهٖ | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیغمبر کی | خبردار رہو | بیشک وہ | نزدیکی ہے | واسطے ان کے | البتہ جلد داخل کرے گا ان کو | اللہ | بیچ | اپنی رحمت کے | بیشک |

ہیں۔ دیکھو وہ بے شبہ ان کے لیے (موجبِ) قربت ہے۔ اللہ ان کو عنقریب اپنی رحمت میں داخل کرے گا۔ بیشک

اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۹﴾ ع وَ السّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ ع ۱۲ / ۱

| اللّٰهَ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | وَ | السّٰبِقُوْنَ | الْاَوَّلُوْنَ | مِنَ | الْمُهٰجِرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے | اور | آگے بڑھ جانے والے | پہلے | سے | ہجرت کرنے والوں |

اللہ بخشنے والا مہربان ہے ﴿۹۹﴾ جن لوگوں نے سبقت کی (یعنی سب سے) پہلے (ایمان لائے) مہاجرین میں سے بھی

وَالْاَنْصَارِ وَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

| وَالْاَنْصَارِ | وَ | الَّذِيْنَ | اتَّبَعُوْهُمْ | بِاِحْسَانٍ | رَّضِيَ | اللّٰهُ | عَنْهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور مدد دینے والوں سے | اور | وہ لوگ کہ | پیروی کرتے ہیں ان کی | ساتھ نیکی کے | راضی ہوا | اللہ | ان سے |

اور انصار میں سے بھی اور جنہوں نے نیکو کاری کے ساتھ ان کی پیروی کی اللہ ان سے خوش ہے

وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ

| وَ | رَضُوْا | عَنْهُ | وَ | اَعَدَّ | لَهُمْ | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ | تَحْتَهَا | الْاَنْهٰرُ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | راضی ہوئے وہ | اس سے | اور | تیار کی ہیں | واسطے انکے | بہشتیں | چلتی ہیں | نیچے ان کے | نہریں | ہمیشہ رہیں گے | بیچ ان کے |

اور وہ اللہ سے خوش ہیں اور اس نے ان کے لیے باغات تیار کیے ہیں جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں (اور) ہمیشہ ان میں

اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۰۰﴾ وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ

| اَبَدًا | ذٰلِكَ | الْفَوْزُ | الْعَظِيْمُ | وَمِمَّنْ | حَوْلَكُمْ | مِّنَ | الْاَعْرَابِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہمیشہ | یہ ہے | مراد پانا | بڑا | اور ان لوگوں سے کہ | گرد تمہارے ہیں | سے | گنواروں |

رہیں گے۔ یہ بڑی کامیابی ہے ﴿۱۰۰﴾ اور تمہارے گردونواح کے بعض دیہاتی

مُنٰفِقُوْنَ ؕ وَ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ۛ مَرَدُوْا عَلَى النِّفَاقِ ۟ وقف منزل

| مُنٰفِقُوْنَ | وَ | مِنْ | اَهْلِ | الْمَدِيْنَةِ | مَرَدُوْا | عَلَى | النِّفَاقِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| منافق ہیں | اور | بعض لوگ | اہل | مدینہ بھی | سرکشی کرتے ہیں | اوپر | نفاق کے |

منافق ہیں اور بعض مدینے والے بھی نفاق پر اڑے ہوئے ہیں۔

لَا تَعۡلَمُهُمۡ ؕ نَحۡنُ نَعۡلَمُهُمۡ ؕ سَنُعَذِّبُهُمۡ مَّرَّتَيۡنِ ثُمَّ يُرَدُّوۡنَ اِلٰى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | تَعۡلَمُهُمۡ | نَحۡنُ | نَعۡلَمُهُمۡ | سَنُعَذِّبُهُمۡ | مَّرَّتَيۡنِ | ثُمَّ | يُرَدُّوۡنَ | اِلٰى |
| نہیں | جانتا تو ان کو | ہم | جانتے ہیں ان کو | ہم جلد عذاب کریں گے ان کو | دو بار | پھر | پھیرے جائیں گے | طرف |

تم انہیں نہیں جانتے۔ ہم جانتے ہیں۔ ہم اُن کو دوہرا عذاب دیں گے۔ پھر وہ بڑے عذاب کی طرف

عَذَابٍ عَظِيۡمٍ ۚ﴿۱۰۱﴾ وَاٰخَرُوۡنَ اعۡتَرَفُوۡا بِذُنُوۡبِهِمۡ خَلَطُوۡا عَمَلًا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَذَابٍ | عَظِيۡمٍ | وَ | اٰخَرُوۡنَ | اعۡتَرَفُوۡا | بِذُنُوۡبِهِمۡ | خَلَطُوۡا | عَمَلًا |
| عذاب | بڑے کے | اور | اور لوگ ہیں کہ | اقرار کرتے ہیں | ساتھ گناہوں اپنے کے | ملا دیا ہے | عمل ایک |

لوٹائے جائیں گے ﴿۱۰۱﴾ اور کچھ اور لوگ ہیں کہ اپنے گناہوں کا (صاف) اقرار کرتے ہیں۔ انہوں

صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنۡ يَّتُوۡبَ عَلَيۡهِمۡ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صَالِحًا | وَّ | اٰخَرَ | سَيِّئًا | عَسَى | اللّٰهُ | اَنۡ | يَّتُوۡبَ | عَلَيۡهِمۡ | اِنَّ | اللّٰهَ |
| اچھا | اور | دوسرا | برا | قریب ہے | اللہ | یہ کہ | پھر آئے | اوپر ان کے | بے شک | اللہ |

نے اچھے اور برے عملوں کو ملا جلا دیا تھا۔ قریب ہے کہ اللہ اُن پر مہربانی سے توجہ فرمائے۔ بیشک اللہ

غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۱۰۲﴾ خُذۡ مِنۡ اَمۡوَالِهِمۡ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمۡ وَتُزَكِّيۡهِمۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غَفُوۡرٌ | رَّحِيۡمٌ | خُذۡ | مِنۡ | اَمۡوَالِهِمۡ | صَدَقَةً | تُطَهِّرُهُمۡ | وَ | تُزَكِّيۡهِمۡ |
| بخشنے والا | مہربان ہے | لے | سے | مال ان کے | زکوٰۃ کہ | پاک کرے تو ان کو | اور | پاکیزہ کرے تو ان کو |

بخشنے والا مہربان ہے ﴿۱۰۲﴾ اُن کے مال میں سے زکوٰۃ قبول کرلو کہ اس سے تم ان کو (ظاہر میں بھی) پاک اور (باطن میں

بِهَا وَصَلِّ عَلَيۡهِمۡ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمۡ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيۡعٌ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهَا | وَصَلِّ | عَلَيۡهِمۡ | اِنَّ | صَلٰوتَكَ | سَكَنٌ | لَّهُمۡ | وَ | اللّٰهُ | سَمِيۡعٌ |
| ساتھ اسکے | اور دعائے خیر بھیج | اوپر ان کے | بیشک | دعا تیری | تسکین ہے | واسطے ان کے | اور | اللہ | سننے والا |

بھی) پاکیزہ کرتے ہو اور ان کے حق میں دعائے خیر کرو کہ تمہاری دعا ان کے لیے موجب تسکین ہے۔ اور اللہ سننے والا

عَلِيۡمٌ ﴿۱۰۳﴾ اَلَمۡ يَعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقۡبَلُ التَّوۡبَةَ عَنۡ عِبَادِهٖ وَيَاۡخُذُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلِيۡمٌ | اَلَمۡ | يَعۡلَمُوۡۤا | اَنَّ | اللّٰهَ | هُوَ | يَقۡبَلُ | التَّوۡبَةَ | عَنۡ | عِبَادِهٖ | وَ | يَاۡخُذُ |
| جاننے والا ہے | کیا نہیں | جانا انہوں نے | یہ کہ | اللہ | وہی ہے کہ | قبول کرتا ہے | توبہ | سے | بندوں اپنے | اور | لیتا ہے |

جاننے والا ہے ﴿۱۰۳﴾ کیا یہ لوگ نہیں جانتے کہ اللہ ہی اپنے بندوں سے توبہ قبول فرماتا اور صدقات (وخیرات)

الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿١٠٤﴾ وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصَّدَقٰتِ | وَ | اَنَّ | اللّٰهَ | هُوَ | التَّوَّابُ | الرَّحِيْمُ | وَ | قُلِ | اعْمَلُوْا | فَسَيَرَى |
| زکوتیں | اور | یہ کہ | اللہ | وہی ہے | پھر آنے والا | مہربان | اور | کہو کہ | عمل کرو | پس البتہ دیکھے گا |

لیتا ہے اور بیشک اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے ﴿١٠٤﴾ اور ان سے کہہ دو کہ عمل کیے جاؤ۔

اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۭ وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | عَمَلَكُمْ | وَ | رَسُوْلُهٗ | وَ | الْمُؤْمِنُوْنَ | وَ | سَتُرَدُّوْنَ | اِلٰى | عٰلِمِ | الْغَيْبِ |
| اللہ | عمل تمہارے | اور | رسول اس کا | اور | ایمان والے | اور | البتہ پھیرے جاؤ گے تم | طرف | جاننے والے | غیب کے |

اللہ اور اس کا رسول اور مومن (سب) تمہارے عملوں کو دیکھ لیں گے۔ اور تم غائب وحاضر کے جاننے والے (اللہ واحد) کی

وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٠٥﴾ وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الشَّهَادَةِ | فَيُنَبِّئُكُمْ | بِمَا | كُنْتُمْ | تَعْمَلُوْنَ | وَاٰخَرُوْنَ | مُرْجَوْنَ |
| اور | ظاہر کے | پس خبر دے گا تم کو | ساتھ اس چیز کے کہ | تھے تم | کرتے | اور کئی شخص ہیں کہ | ڈھیل دیئے گئے ہیں |

طرف لوٹائے جاؤ گے۔ پھر جو کچھ تم کرتے رہے ہو وہ سب تم کو بتا دے گا ﴿١٠٥﴾ اور کچھ اور لوگ ہیں جن کا کام اللہ کے

لِاَمْرِ اللّٰهِ اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَاِمَّا يَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿١٠٦﴾

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِاَمْرِ | اللّٰهِ | اِمَّا | يُعَذِّبُهُمْ | وَ | اِمَّا | يَتُوْبُ | عَلَيْهِمْ | وَ | اللّٰهُ | عَلِيْمٌ | حَكِيْمٌ |
| واسطے حکم | اللہ کے | یا | عذاب کرے گا ان کو | اور | یا | پھر آئے گا | اوپر ان کے | اور | اللہ | جاننے والا | حکمت والا ہے |

حکم پر موقوف ہے چاہے ان کو عذاب دے اور چاہے معاف کر دے۔ اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے ﴿١٠٦﴾

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَّكُفْرًا وَّتَفْرِيْقًا ۢ بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الَّذِيْنَ | اتَّخَذُوْا | مَسْجِدًا | ضِرَارًا | وَّ | كُفْرًا | وَّ | تَفْرِيْقًا | بَيْنَ | الْمُؤْمِنِيْنَ |
| اور | جب لوگوں نے | پکڑی | مسجد | ضرر پہنچانے کو | اور | کفر کرنے کو | اور | جدائی ڈالنے کو | درمیان | ایمان والوں کے |

اور (ان میں ایسے بھی ہیں) جنہوں نے اس غرض سے مسجد بنائی ہے کہ ضرر پہنچائیں اور کفر کریں اور مومنوں میں تفرقہ ڈالیں

وَاِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ مِنْ قَبْلُ ۭ وَلَيَحْلِفُنَّ اِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاِرْصَادًا | لِّمَنْ | حَارَبَ | اللّٰهَ | وَ | رَسُوْلَهٗ | مِنْ | قَبْلُ | وَلَيَحْلِفُنَّ | اِنْ |
| اور گھات لگانے کو | واسطے اس شخص کے کہ | لڑائی کر رہا ہے | اللہ سے | اور | اس کے رسول سے | سے | پہلے | اور البتہ قسمیں کھائیں گے | یہ کہ نہ |

اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسول سے پہلے جنگ کر چکے ہیں ان کے لیے گھات کی جگہ بنائیں۔ اور قسمیں

اَرَدْنَآ اِلَّا الْحُسْنٰى ۭ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿١٠٧﴾ لَا تَقُمْ فِيْهِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَرَدْنَآ | اِلَّا | الْحُسْنٰى | وَ | اللّٰهُ | يَشْهَدُ | اِنَّهُمْ | لَكٰذِبُوْنَ | لَا | تَقُمْ | فِيْهِ |
| ارادہ کیا تھا ہم نے | مگر | نیکی کا | اور | اللہ | گواہی دیتا ہے | یہ کہ وہ | البتہ جھوٹے ہیں | مت | کھڑا ہو | بیچ اسکے |

کھائیں گے کہ ہمارا مقصود تو صرف بھلائی تھی۔ مگر اللہ گواہی دیتا ہے کہ یہ جھوٹے ہیں ﴿١٠٧﴾ تم اس (مسجد)

اَبَدًا ۭ لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَبَدًا | لَمَسْجِدٌ | اُسِّسَ | عَلَى | التَّقْوٰى | مِنْ | اَوَّلِ | يَوْمٍ | اَحَقُّ | اَنْ | تَقُوْمَ |
| کبھی | البتہ وہ مسجد کہ | بنیاد رکھی گئی ہے | اوپر | پرہیزگاری کے | سے | پہلے | دن | بہت لائق ہے | یہ کہ | تو کھڑا ہو |

میں کبھی (جا کر) کھڑے بھی نہ ہونا۔ البتہ وہ مسجد جس کی بنیاد پہلے دن سے تقویٰ پر رکھی گئی ہے اس قابل ہے کہ اس

فِيْهِ ۭ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهِ | فِيْهِ | رِجَالٌ | يُّحِبُّوْنَ | اَنْ | يَّتَطَهَّرُوْا | وَ | اللّٰهُ | يُحِبُّ |
| بیچ اس کے | بیچ اس کے | مرد ہیں کہ | دوست رکھتے ہیں | یہ کہ | پاکی کریں | اور | اللہ | دوست رکھتا ہے |

میں جایا (اور نماز پڑھایا) کرو۔ اس میں ایسے لوگ ہیں جو پاک رہنے کو پسند کرتے ہیں اور اللہ پاک رہنے والوں ہی

الْمُطَّهِّرِيْنَ ﴿١٠٨﴾ اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُطَّهِّرِيْنَ | اَفَمَنْ | اَسَّسَ | بُنْيَانَهٗ | عَلٰى | تَقْوٰى | مِنَ | اللّٰهِ |
| پاکی کرنے والوں کو | کیا پس جو شخص کہ | بنیاد رکھے | عمارت اپنی کی | اوپر | تقویٰ کے | سے | اللہ |

کو پسند کرتا ہے ﴿١٠٨﴾ بھلا جس شخص نے اپنی عمارت کی بنیاد اللہ کے خوف اور اس کی رضامندی

وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | رِضْوَانٍ | خَيْرٌ | اَمْ | مَّنْ | اَسَّسَ | بُنْيَانَهٗ | عَلٰى | شَفَا | جُرُفٍ | هَارٍ |
| اور | رضامندی کے | بہتر ہے | یا | جو شخص کہ | بنیاد رکھے | عمارت اپنی کی | اوپر | کنارے | کھائی | گرنے والی کے |

پر رکھی وہ اچھا ہے یا وہ جس نے اپنی عمارت کی بنیاد گر جانے والی کھائی کے کنارے پر رکھی

فَانْهَارَ بِهٖ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٠٩﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَانْهَارَ | بِهٖ | فِيْ | نَارِ | جَهَنَّمَ | وَ | اللّٰهُ | لَا | يَهْدِي | الْقَوْمَ | الظّٰلِمِيْنَ |
| پس لے گرے | اس کو | بیچ | آگ | دوزخ کے | اور | اللہ | نہیں | ہدایت کرتا | قوم | ظالموں کو |

کہ وہ اس کو دوزخ کی آگ میں لے گری۔ اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا ﴿١٠٩﴾

لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِىْ بَنَوْا رِيْبَةً فِىْ قُلُوْبِهِمْ اِلَّآ اَنْ تَقَطَّعَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا يَزَالُ | بُنْيَانُهُمُ | الَّذِىْ | بَنَوْا | رِيْبَةً | فِىْ | قُلُوْبِهِمْ | اِلَّآ | اَنْ | تَقَطَّعَ |
| ہمیشہ رہے گی | عمارت ان کی | جو | بنائی ہے انہوں نے | شک | بیچ | ان کے دلوں کے | مگر | یہ کہ | ٹکڑے ٹکڑے کٹ جائیں |

یہ عمارت جو انہوں نے بنائی ہے ہمیشہ ان کے دلوں میں (موجب) خلجان رہے گی (اور ان کو متردّد رکھے گی) مگر یہ کہ ان کے دل

ع ١٣ ١١ ٢ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿١١٠﴾ اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلُوْبُهُمْ | وَ | اللّٰهُ | عَلِيْمٌ | حَكِيْمٌ | اِنَّ | اللّٰهَ | اشْتَرٰى | مِنَ | الْمُؤْمِنِيْنَ |
| دل ان کے | اور | اللہ | جاننے والا | حکمت والا ہے | بیشک | اللہ نے | مول لی ہیں | سے | مسلمانوں |

پاش پاش ہو جائیں۔ اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے ﴿١١٠﴾ اللہ نے مومنوں سے ان کی جانیں اور اُن کے

اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ؕ يُقَاتِلُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْفُسَهُمْ | وَ | اَمْوَالَهُمْ | بِاَنَّ | لَهُمُ | الْجَنَّةَ | يُقَاتِلُوْنَ | فِىْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ |
| جانیں ان کی | اور | مال ان کے | بدلے اس کے کہ | واسطے انکے | بہشت ہے | لڑیں گے | بیچ | راہ | اللہ کے |

مال خرید لیے ہیں (اور اس کے) عوض میں ان کے لیے بہشت (تیار کی) ہے۔ یہ لوگ اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں

فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ ۫ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِى التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَيَقْتُلُوْنَ | وَ | يُقْتَلُوْنَ | وَعْدًا | عَلَيْهِ | حَقًّا | فِى | التَّوْرٰىةِ | وَ | الْاِنْجِيْلِ |
| پس ماریں گے | اور | مارے جائیں گے | وعدہ ہے | اوپر اس کے | سچ | بیچ | توریت | اور | انجیل کے |

تو مارتے بھی ہیں اور مارے جاتے بھی ہیں۔ یہ تورات اور انجیل اور قرآن میں سچا

وَالْقُرْاٰنِ ؕ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِىْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْقُرْاٰنِ | وَ | مَنْ | اَوْفٰى | بِعَهْدِهٖ | مِنَ | اللّٰهِ | فَاسْتَبْشِرُوْا | بِبَيْعِكُمُ | الَّذِىْ |
| اور | قرآن مجید کے | اور | کون شخص | بہت پورا کرنے والا ہے | عہد اپنے کو | سے | اللہ | پس خوش وقت ہو تم | ساتھ سوداگری اپنی کے | جو |

وعدہ ہے (جس کا پورا کرنا اسے ضرور ہے)۔ اور اللہ سے زیادہ وعدہ پورا کرنے والا کون ہے؟ تو جو سودا تم نے اس سے کیا ہے

بَايَعْتُمْ بِهٖ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿١١١﴾ اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَايَعْتُمْ | بِهٖ | وَذٰلِكَ | هُوَ | الْفَوْزُ | الْعَظِيْمُ | اَلتَّآئِبُوْنَ | الْعٰبِدُوْنَ |
| سوداگری کی ہے تم نے | ساتھ اسکے | اور یہ | وہی ہے | مراد پانا | بڑا | توبہ کرنے والے ہیں | عبادت کرنے والے ہیں |

اس سے خوش رہو۔ اور یہی بڑی کامیابی ہے ﴿١١١﴾ توبہ کرنے والے، عبادت کرنے والے،

الْحٰمِدُوْنَ السّٰٓاىِٕحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ

| الْحٰمِدُوْنَ | السّٰٓاىِٕحُوْنَ | الرّٰكِعُوْنَ | السّٰجِدُوْنَ | الْاٰمِرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|
| تعریف کرنے والے ہیں | اللہ کی راہ میں پھرنے والے ہیں | رکوع کرنے والے ہیں | سجدہ کرنے والے ہیں | حکم کرنے والے ہیں |

حمد کرنے والے، روزہ رکھنے والے، رکوع کرنے والے، سجدہ کرنے والے، نیک کاموں کا

بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ؕ

| بِالْمَعْرُوْفِ | وَ | النَّاهُوْنَ | عَنِ | الْمُنْكَرِ | وَ | الْحٰفِظُوْنَ | لِحُدُوْدِ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھلائی کا | اور | منع کرنے والے ہیں | سے | نامعقول | اور | نگاہ رکھنے والے ہیں | حدوں کو | اللہ کی |

امر کرنے والے، بری باتوں سے منع کرنے والے، اللہ کی حدوں کی حفاظت کرنے والے (یہی مومن لوگ ہیں)۔

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا

| وَ | بَشِّرِ | الْمُؤْمِنِيْنَ | مَا | كَانَ | لِلنَّبِيِّ | وَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا | اَنْ | يَّسْتَغْفِرُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بشارت دے | ایمان والوں کو | نہیں | تھا لائق | واسطے نبی کے | اور | واسطے ان لوگوں کے کہ | ایمان لائے ہیں | یہ کہ | بخشش مانگیں |

اور اے پیغمبر مومنوں کو (بہشت کی) خوشخبری سنا دو﴿۱۱۲﴾ پیغمبر اور مسلمانوں کو شایاں نہیں کہ جب ان پر

لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ

| لِلْمُشْرِكِيْنَ | وَ | لَوْ | كَانُوْٓا | اُولِيْ | قُرْبٰى | مِنْۢ بَعْدِ | مَا | تَبَيَّنَ | لَهُمْ | اَنَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے مشرکوں کے | اور | اگرچہ | ہوں | صاحب | قرابت کے | پیچھے | اس کے کہ | ظاہر ہوا | واسطے ان کے | یہ کہ وہ |

ظاہر ہو گیا کہ مشرک اہلِ دوزخ ہیں تو اُن کے لیے بخشش مانگیں گو وہ ان کے

اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۳﴾ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ

| اَصْحٰبُ | الْجَحِيْمِ | وَ | مَا | كَانَ | اسْتِغْفَارُ | اِبْرٰهِيْمَ | لِاَبِيْهِ | اِلَّا | عَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رہنے والے | دوزخ کے ہیں | اور | نہیں | تھا | بخشش مانگنا | ابراہیم کا | واسطے باپ اپنے کے | مگر | بسبب |

قرابت دار ہی ہوں﴿۱۱۳﴾ اور ابراہیم کا اپنے باپ کے لیے بخشش مانگنا تو ایک وعدے کے سبب تھا

مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ؕ اِنَّ

| مَّوْعِدَةٍ | وَّعَدَهَآ | اِيَّاهُ | فَلَمَّا | تَبَيَّنَ | لَهٗٓ | اَنَّهٗ | عَدُوٌّ | لِّلّٰهِ | تَبَرَّاَ | مِنْهُ | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وعدے کے کہ | وعدہ کیا تھا | اس سے یہ | پس جب | ظاہر ہوا | واسطے اسکے | یہ کہ وہ | دشمن ہے | اللہ کا | بیزار ہوا | اس سے | بیشک |

جو وہ اس سے کر چکے تھے لیکن جب ان کو معلوم ہو گیا کہ وہ اللہ کا دشمن ہے تو اس سے بیزار ہو گئے۔ کچھ شک نہیں کہ

اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ ﴿١١٤﴾ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًا بَعْدَ اِذْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِبْرٰهِيْمَ | لَاَوَّاهٌ | حَلِيْمٌ | وَ | مَا | كَانَ | اللّٰهُ | لِيُضِلَّ | قَوْمًا | بَعْدَ | اِذْ |
| ابراہیم | البتہ دردمند تھا | تحمل والا | اور | نہیں | تھی شان | اللہ کی | یہ کہ گمراہ ٹھہرادے | قوم کو | پیچھے | اسکے کہ |

ابراہیم بڑے نرم دل اور متحمل تھے ﴿١١٤﴾ اور اللہ ایسا نہیں کہ کسی قوم کو ہدایت دینے کے بعد

هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَّا يَتَّقُوْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿١١٥﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هَدٰىهُمْ | حَتّٰى | يُبَيِّنَ | لَهُمْ | مَّا | يَتَّقُوْنَ | اِنَّ | اللّٰهَ | بِكُلِّ | شَيْءٍ | عَلِيْمٌ |
| ہدایت کیا ہے ان کو | یہاں تک کہ | بیان کرے | واسطے انکے کہ | کس چیز سے | بچیں | بیشک | اللہ | ساتھ ہر | چیز کے | جاننے والا ہے |

گمراہ کردے جب تک ان کو وہ چیز نہ بتادے جس سے وہ پرہیز کریں۔ بے شک اللہ ہر چیز سے واقف ہے ﴿١١٥﴾

اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ؕ وَمَا لَكُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | اللّٰهَ | لَهٗ | مُلْكُ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | يُحْيٖ | وَيُمِيْتُ | وَ | مَا | لَكُمْ |
| بیشک | اللہ | واسطے اسکے ہے | بادشاہی | آسمانوں کی | اور | زمین کی | زندہ کرتا ہے | اور مارتا ہے | اور | نہیں | واسطے تمہارے |

اللہ ہی ہے جس کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے۔ وہی زندگانی بخشتا اور (وہی) موت دیتا ہے

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿١١٦﴾ لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَي النَّبِيِّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | مِنْ | وَّلِيٍّ | وَّ | لَا | نَصِيْرٍ | لَقَدْ | تَّابَ | اللّٰهُ | عَلَي | النَّبِيِّ |
| سوائے | اللہ کے | کوئی | دوست | اور | نہ | مددگار | تحقیق | پھر آیا | اللہ | اوپر | نبی کے |

اور اللہ کے سوا تمہارا کوئی دوست اور مددگار نہیں ہے ﴿١١٦﴾ بیشک اللہ نے پیغمبر پر مہربانی کی

وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْۢ بَعْدِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْمُهٰجِرِيْنَ | وَ | الْاَنْصَارِ | الَّذِيْنَ | اتَّبَعُوْهُ | فِيْ | سَاعَةِ | الْعُسْرَةِ |
| اور | وطن چھوڑنے والوں پر | اور | مدد دینے والوں پر | جنہوں نے | پیروی کی اس کی | بیچ | وقت | سختی کے |

اور مہاجرین اور انصار پر جو باوجود اس کے کہ ان میں سے بعضوں کے دل جلد پھر جانے کو تھے مشکل کی

مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّهٗ بِهِمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْۢ بَعْدِ | مَا | كَادَ | يَزِيْغُ | قُلُوْبُ | فَرِيْقٍ | مِّنْهُمْ | ثُمَّ | تَابَ | عَلَيْهِمْ | اِنَّهٗ | بِهِمْ |
| پیچھے اس کے | کہ | قریب تھا کہ | کج ہوجائیں | دل | ایک جماعت کے | ان میں سے | پھر | پھر آیا | اوپر انکے | بیشک وہ | ساتھ انکے |

گھڑی میں پیغمبر کے ساتھ رہے۔ پھر اللہ نے اُن پر مہربانی فرمائی۔ بیشک وہ اُن پر

رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۷﴾ وَّ عَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ۭ حَتّٰٓى اِذَا

| رَءُوْفٌ | رَّحِيْمٌ | وَّ | عَلَى الثَّلٰثَةِ | الَّذِيْنَ | خُلِّفُوْا | حَتّٰٓى | اِذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شفقت کرنے والا | مہربان ہے | اور | اوپر تین شخصوں کے | جو کہ | پیچھے چھوڑے گئے تھے | یہاں تک کہ | جب |

نہایت شفقت کرنے والا (اور) مہربان ہے ﴿۱۱۷﴾ اور اُن تینوں پر بھی جن کا معاملہ ملتوی کیا گیا تھا۔ یہاں تک کہ جب

ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ

| ضَاقَتْ | عَلَيْهِمُ | الْاَرْضُ | بِمَا | رَحُبَتْ | وَ | ضَاقَتْ | عَلَيْهِمْ | اَنْفُسُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تنگ ہوگئی | اوپران کے | زمین | ساتھ اسکے کہ | کشادہ تھی | اور | تنگ ہوگئیں | اوپران کے | جانیں ان کی |

زمین باوجود فراخی کے اُن پر تنگ ہو گئی اور ان کی جانیں بھی ان پر دوبھر ہو گئیں

وَظَنُّوْٓا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ ۭ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا ۭ

| وَ | ظَنُّوْٓا | اَنْ | لَّا | مَلْجَاَ | مِنَ | اللّٰهِ | اِلَّآ | اِلَيْهِ | ثُمَّ | تَابَ | عَلَيْهِمْ | لِيَتُوْبُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جانا انہوں نے | یہ کہ | نہیں | پناہ | سے | اللہ | مگر | طرف اس کی | پھر | پھر آیا | اوپران کے | تاکہ پھر آئیں وہ |

اورانہوں نے جان لیا کہ اللہ (کے ہاتھ) سے خود اس کے سوا کوئی پناہ نہیں۔ پھر اللہ نے ان پر مہربانی کی تاکہ توبہ کریں۔

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۱۸﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ ع ۱۴ ۸ ۳

| اِنَّ | اللّٰهَ | هُوَ | التَّوَّابُ | الرَّحِيْمُ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | اتَّقُوا | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | اللہ | وہی ہے | پھر آنے والا | مہربان | اے لوگو | جو | ایمان لائے ہو | ڈرو | اللہ سے |

بیشک اللہ توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے ﴿۱۱۸﴾ اے اہل ایمان! اللہ سے ڈرتے رہو

وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ

| وَ | كُوْنُوْا | مَعَ | الصّٰدِقِيْنَ | مَا | كَانَ | لِاَهْلِ | الْمَدِيْنَةِ | وَ | مَنْ | حَوْلَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ہوجاؤ | ساتھ | سچوں کے | نہیں | تھا لائق | واسطے رہنے والوں | مدینہ کے | اور | وہ کہ جو | گردان کے ہیں |

اور راستبازوں کے ساتھ رہو ﴿۱۱۹﴾ اہل مدینہ کو اور جو ان کے آس پاس دیہاتی

مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ

| مِّنَ | الْاَعْرَابِ | اَنْ | يَّتَخَلَّفُوْا | عَنْ | رَّسُوْلِ | اللّٰهِ | وَ | لَا | يَرْغَبُوْا | بِاَنْفُسِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | گنواروں میں | یہ کہ | پیچھے رہ جائیں | سے | رسول | اللہ کے | اور | نہ یہ کہ | رغبت کریں | بیچ آرام جان اپنی کے |

رہتے ہیں ان کو شایاں نہ تھا کہ پیغمبرِ اللہ سے پیچھے رہ جائیں اور نہ یہ کہ اپنی جانوں کو ان کی جان سے زیادہ

عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ وَّ لَا نَصَبٌ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْ نَّفْسِهٖ | ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمْ | لَا | يُصِيْبُهُمْ | ظَمَاٌ | وَّ | لَا | نَصَبٌ |
| چھوڑ کر جان اس کی کو | یہ | اس واسطے ہے کہ وہ | نہیں | پہنچتی ان کو | پیاس | اور | نہ | محنت |

عزیز رکھیں۔ یہ اس لیے کہ انہیں اللہ کی راہ میں جو تکلیف پہنچتی ہے پیاس کی یا محنت کی

وَّلَا مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَطَـُٔوْنَ مَوْطِئًا يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | لَا | مَخْمَصَةٌ | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | وَ | لَا | يَطَـُٔوْنَ | مَوْطِئًا | يَّغِيْظُ | الْكُفَّارَ |
| اور | نہ | بھوک | بیچ | راہ | اللہ کے | اور | نہیں | چلتے | ایسی جگہ چلنے کی | کہ غصہ میں لاوے | کافروں کو |

یا بھوک کی یا وہ ایسی جگہ چلتے ہیں کہ کافروں کو غصہ آئے

وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | يَنَالُوْنَ | مِنْ | عَدُوٍّ | نَّيْلًا | اِلَّا | كُتِبَ | لَهُمْ | بِهٖ | عَمَلٌ | صَالِحٌ | اِنَّ | اللّٰهَ |
| اور | نہیں | لیتے | سے | دشمن | کچھ لینا | مگر | لکھا جاتا ہے | واسطے انکے | بسبب اسکے | عمل | نیک | بیشک | اللہ |

یا دشمنوں سے کوئی چیز لیتے ہیں تو ہر بات پر ان کے لیے عملِ نیک لکھا جاتا ہے۔ کچھ شک نہیں کہ

لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝۱۲۰ لا وَ لَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِيْرَةً

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يُضِيْعُ | اَجْرَ | الْمُحْسِنِيْنَ | وَ | لَا | يُنْفِقُوْنَ | نَفَقَةً | صَغِيْرَةً |
| نہیں | ضائع کرتا | ثواب | نیکی کرنے والوں کا | اور | نہیں | خرچ کرتے | خرچ کرنا | چھوٹا |

اللہ نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا (۱۲۰) اور (اسی طرح) وہ جو خرچ کرتے ہیں تھوڑا

وَّلَا كَبِيْرَةً وَّلَا يَقْطَعُوْنَ وَادِيًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّلَا | كَبِيْرَةً | وَّ | لَا | يَقْطَعُوْنَ | وَادِيًا | اِلَّا | كُتِبَ | لَهُمْ | لِيَجْزِيَهُمُ | اللّٰهُ | اَحْسَنَ |
| اور نہ | بڑا | اور | نہیں | کاٹتے | کسی جنگل کو | مگر | لکھا جاتا ہے | واسطے انکے | تا کہ جزا دے ان کو | اللہ | بہتر |

یا بہت یا کوئی میدان طے کرتے ہیں تو یہ سب کچھ ان کے لیے (اعمالِ صالحہ میں) لکھ لیا جاتا ہے تا کہ اللہ ان کو ان کے

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۱۲۱ وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَآفَّةً ؕ فَلَوْلَا نَفَرَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | وَ | مَا | كَانَ | الْمُؤْمِنُوْنَ | لِيَنْفِرُوْا | كَآفَّةً | فَلَوْ | لَا | نَفَرَ |
| اس چیز کی جو | تھے وہ | کرتے | اور | نہ | تھے | مسلمان | کہ نکل جائیں | سارے | پس کیوں | نہ | نکلے |

اعمال کا بہت اچھا بدلہ دے (۱۲۱) اور یہ تو ہو نہیں سکتا کہ مومن سب کے سب نکل آئیں۔ تو یوں کیوں نہ کیا کہ

مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ وَ لِيُنْذِرُوْا

| مِنْ | كُلِّ | فِرْقَةٍ | مِّنْهُمْ | طَآئِفَةٌ | لِّيَتَفَقَّهُوْا | فِي | الدِّيْنِ | وَ | لِيُنْذِرُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | ہر | فرقے | ان میں سے | ایک جماعت | تاکہ سمجھ سکیں | بیچ | دین کے | اور | تاکہ ڈرائیں |

ہر ایک جماعت میں سے چند اشخاص نکل جاتے تاکہ دین (کا علم سیکھتے اور اس) میں سمجھ پیدا کرتے

قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْٓا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ ع ۱۵ ۴

| قَوْمَهُمْ | اِذَا | رَجَعُوْٓا | اِلَيْهِمْ | لَعَلَّهُمْ | يَحْذَرُوْنَ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قوم اپنی کو | جب | پھر جائیں | طرف ان کی | شاید کہ وہ | بچیں | اے لوگو | جو |

اور جب اپنی قوم کی طرف واپس آتے تو ان کو ڈر سناتے تاکہ وہ حذر کرتے ﴿۱۲۲﴾ اے اہلِ ایمان! اپنے

اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ غِلْظَةً ؕ

| اٰمَنُوْا | قَاتِلُوا | الَّذِيْنَ | يَلُوْنَكُمْ | مِّنَ | الْكُفَّارِ | وَ | لْيَجِدُوْا | فِيْكُمْ | غِلْظَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان لائے ہو | لڑو | ان لوگوں سے جو | پاس تمہارے ہیں | سے | کافروں | اور | چاہئے کہ پاویں | بیچ تمہارے | سختی |

نزدیک کے (رہنے والے) کافروں سے جنگ کرو اور چاہیے کہ وہ تم میں سختی (یعنی محنت وقوتِ جنگ) معلوم کریں۔

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ فَمِنْهُمْ مَّنْ ربع

| وَ | اعْلَمُوْٓا | اَنَّ | اللّٰهَ | مَعَ | الْمُتَّقِيْنَ | وَ | اِذَا | مَآ | اُنْزِلَتْ | سُوْرَةٌ | فَمِنْهُمْ | مَّنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جانو | یہ کہ | اللہ | ساتھ | پرہیزگاروں کے ہے | اور | جب | کہ | اتاری جاتی ہے | کوئی سورت | پس بعضے ہیں ان میں سے | جو |

اور جان رکھو کہ اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے ﴿۱۲۳﴾ اور جب کوئی سورت نازل ہوتی ہے تو بعض منافق (استہزا کرتے اور)

يَّقُوْلُ اَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖٓ اِيْمَانًا ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ اِيْمَانًا

| يَّقُوْلُ | اَيُّكُمْ | زَادَتْهُ | هٰذِهٖٓ | اِيْمَانًا | فَاَمَّا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | فَزَادَتْهُمْ | اِيْمَانًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہتے ہیں | کس کو تم میں سے | زیادہ کیا | اس نے | ایمان | پس | جو لوگ کہ | ایمان لائے | پس زیادہ کیا ان کو | ایمان |

پوچھتے ہیں کہ اس سورت نے تم میں سے کس کا ایمان زیادہ کیا ہے۔ سو جو ایمان والے ہیں اُن کا تو ایمان زیادہ کیا

وَّهُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ

| وَّ | هُمْ | يَسْتَبْشِرُوْنَ | وَ | اَمَّا | الَّذِيْنَ | فِيْ | قُلُوْبِهِمْ | مَّرَضٌ | فَزَادَتْهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ | خوش وقت ہوتے ہیں | اور | اپر | جولوگ کہ | بیچ | ان کے دلوں کے | مرض ہے | پس زیادہ کی ان کو |

اور وہ خوش ہوتے ہیں ﴿۱۲۴﴾ اور جن کے دلوں میں مرض ہے ان کے حق میں خبث پر خبث

رِجۡسًا اِلٰی رِجۡسِهِمۡ وَمَاتُوۡا وَهُمۡ كٰفِرُوۡنَ ﴿۱۲۵﴾ اَوَلَا يَرَوۡنَ اَنَّهُمۡ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رِجۡسًا | اِلٰی | رِجۡسِهِمۡ | وَ | مَاتُوۡا | وَ | هُمۡ | كٰفِرُوۡنَ | اَوَ | لَا | يَرَوۡنَ | اَنَّهُمۡ |
| نجاست | ساتھ | ان کی نجاست کے | اور | مر گئے | اور | وہ | کافر ہیں | کیا | نہیں | دیکھتے | یہ کہ وہ |

زیادہ کیا اور وہ مرے بھی تو کافر کے کافر ﴿۱۲۵﴾ کیا یہ دیکھتے نہیں کہ

يُفۡتَنُوۡنَ فِیۡ كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً اَوۡ مَرَّتَيۡنِ ثُمَّ لَا يَتُوۡبُوۡنَ وَلَا هُمۡ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُفۡتَنُوۡنَ | فِیۡ | كُلِّ | عَامٍ | مَّرَّةً | اَوۡ | مَرَّتَيۡنِ | ثُمَّ | لَا | يَتُوۡبُوۡنَ | وَ | لَا | هُمۡ |
| بلاؤں میں ڈالے جاتے ہیں | بیچ | ہر | برس کے | ایک بار | یا | دو بار | پھر | نہیں | توبہ کرتے | اور | نہ | وہ |

یہ ہر سال ایک یا دو بار بلا میں پھنسا دیے جاتے ہیں پھر بھی توبہ نہیں کرتے اور نہ

يَذَّكَّرُوۡنَ ﴿۱۲۶﴾ وَاِذَا مَاۤ اُنۡزِلَتۡ سُوۡرَةٌ نَّظَرَ بَعۡضُهُمۡ اِلٰی

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يَذَّكَّرُوۡنَ | وَاِذَا | مَاۤ اُنۡزِلَتۡ | سُوۡرَةٌ | نَّظَرَ | بَعۡضُهُمۡ | اِلٰی |
| نصیحت پکڑتے ہیں | اور جس وقت | نازل کی جاتی ہے | کوئی سورت | نظر کرتے ہیں | بعض ان کے | طرف |

نصیحت پکڑتے ہیں ﴿۱۲۶﴾ اور جب کوئی سورت نازل ہوتی ہے تو ایک دوسرے کی طرف دیکھنے لگتے ہیں

بَعۡضٍ ؕ هَلۡ يَرٰىكُمۡ مِّنۡ اَحَدٍ ثُمَّ انۡصَرَفُوۡا ؕ صَرَفَ اللّٰهُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعۡضٍ | هَلۡ | يَرٰىكُمۡ | مِّنۡ اَحَدٍ | ثُمَّ | انۡصَرَفُوۡا | صَرَفَ | اللّٰهُ |
| بعض کی | کیا | دیکھتا ہے تم کو | کوئی | پھر | پھر جاتے ہیں | پھیر دیا | اللہ نے |

(اور پوچھتے ہیں کہ) بھلا تمہیں کوئی دیکھتا ہے؟ پھر پھر جاتے ہیں۔ اللہ نے ان کے دلوں کو پھیر رکھا ہے

قُلُوۡبَهُمۡ بِاَنَّهُمۡ قَوۡمٌ لَّا يَفۡقَهُوۡنَ ﴿۱۲۷﴾ لَقَدۡ جَآءَكُمۡ رَسُوۡلٌ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلُوۡبَهُمۡ | بِاَنَّهُمۡ | قَوۡمٌ | لَّا | يَفۡقَهُوۡنَ | لَقَدۡ | جَآءَكُمۡ | رَسُوۡلٌ |
| ان کے دلوں کو | بسبب اس کے کہ وہ | ایک قوم ہیں کہ | نہیں | سمجھتے | البتہ تحقیق | آیا ہے تمہارے پاس | پیغمبر |

کیونکہ یہ ایسے لوگ ہیں کہ سمجھ سے کام نہیں لیتے ﴿۱۲۷﴾ (لوگو) تمہارے پاس تم ہی میں سے ایک پیغمبر

مِّنۡ اَنۡفُسِكُمۡ عَزِيۡزٌ عَلَيۡهِ مَا عَنِتُّمۡ حَرِيۡصٌ عَلَيۡكُمۡ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنۡ | اَنۡفُسِكُمۡ | عَزِيۡزٌ | عَلَيۡهِ | مَا | عَنِتُّمۡ | حَرِيۡصٌ | عَلَيۡكُمۡ |
| سے | نفس تمہارے | شاق ہے | اوپر اس کے | یہ کہ | ایذا میں پڑو تم | حرص کرنے والا ہے | اوپر بھلائی تمہاری کے |

آئے ہیں۔ تمہاری تکلیف ان کو گراں معلوم ہوتی ہے اور تمہاری بھلائی کے بہت خواہشمند ہیں

بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٢٨﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ

| بِالْمُؤْمِنِيْنَ | رَءُوْفٌ | رَّحِيْمٌ | فَاِنْ | تَوَلَّوْا | فَقُلْ | حَسْبِيَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ مسلمانوں کے | شفقت کرنے والا | مہربان ہے | پس اگر | پھر جائیں | پس کہہ | کافی ہے مجھ کو | اللہ |

اور مومنوں پر نہایت شفقت کرنے والے (اور) مہربان ہیں ﴿١٢٨﴾ پھر اگر یہ لوگ پھر جائیں (اور نہ مانیں) تو کہہ دو کہ اللہ مجھے کفایت کرتا ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿١٢٩﴾ ع ١٦ ٥

| لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | عَلَيْهِ | تَوَكَّلْتُ | وَ | هُوَ | رَبُّ | الْعَرْشِ | الْعَظِيْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | کوئی معبود | مگر | وہ | اوپر اس کے | توکل کیا میں نے | اور | وہ ہے | پروردگار | تخت | بڑے کا |

اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اسی پر میرا بھروسہ ہے اور وہی عرشِ عظیم کا مالک ہے ﴿١٢٩﴾

## اٰیاتها ١٠٩ — ١٠ سُوْرَةُ يُوْنُسَ مَكِّيَّةٌ ٥١ — رکوعاتها ١١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓرٰ ۣ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ﴿١﴾ اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ

| الٓرٰ | تِلْكَ | اٰيٰتُ | الْكِتٰبِ | الْحَكِيْمِ | اَكَانَ | لِلنَّاسِ | عَجَبًا | اَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الٓرٰ | یہ ہیں | نشانیاں | کتاب | حکمت والی کی | کیا ہوا | واسطے لوگوں کے | تعجب | یہ کہ |

الٓرٰ یہ بڑی دانائی کی کتاب کی آیتیں ہیں ﴿١﴾ کیا لوگوں کو تعجب ہوا ہے کہ ہم

اَوْحَيْنَآ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

| اَوْحَيْنَآ | اِلٰى | رَجُلٍ | مِّنْهُمْ | اَنْ | اَنْذِرِ | النَّاسَ | وَ | بَشِّرِ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وحی بھیجی ہم نے | طرف | ایک مرد کے | ان میں سے | یہ کہ | ڈرا | لوگوں کو | اور | خوش خبری دے | ان لوگوں کو کہ | ایمان لائے ہیں |

نے انہی میں سے ایک مرد کو حکم بھیجا کہ لوگوں کو ڈر سنا دو اور ایمان لانے والوں کو خوشخبری دے دو کہ ان کے

اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا — وقف النبی

| اَنَّ | لَهُمْ | قَدَمَ | صِدْقٍ | عِنْدَ | رَبِّهِمْ | قَالَ | الْكٰفِرُوْنَ | اِنَّ | هٰذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | واسطے ان کے ہے | قدم | راستی | نزدیک | انکے پروردگار کے | کہا | کافروں نے | بیشک | یہ |

پروردگار کے ہاں ان کا سچا درجہ ہے۔ (ایسے شخص کی نسبت) کافر کہتے ہیں کہ

لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ۝۲ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَسٰحِرٌ | مُّبِيْنٌ | اِنَّ | رَبَّكُمُ | اللّٰهُ | الَّذِيْ | خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضَ |
| البتہ جادوگر ہے | ظاہر | بیشک | پروردگار تمہارا | اللہ ہے | جس نے | پیدا کیا | آسمانوں کو | اور | زمین کو |

یہ تو صریح جادوگر ہے (۲) تمہارا پروردگار تو اللہ ہی ہے جس نے آسمان اور زمین

فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ مَا مِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْ | سِتَّةِ | اَيَّامٍ | ثُمَّ | اسْتَوٰى | عَلَى | الْعَرْشِ | يُدَبِّرُ | الْاَمْرَ | مَا | مِنْ |
| بیچ | چھ | دنوں کے | پھر | قرار پکڑا | اوپر | عرش کے | تدبیر کرتا ہے | کام کی | نہیں | کوئی |

چھ دن میں بنائے پھر عرش (تخت شاہی) پر قائم ہوا وہی ہر ایک کام کا انتظام کرتا ہے کوئی (اس کے پاس) اس

شَفِيْعٍ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ اَفَلَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَفِيْعٍ | اِلَّا | مِنْۢ بَعْدِ | اِذْنِهٖ | ذٰلِكُمُ | اللّٰهُ | رَبُّكُمْ | فَاعْبُدُوْهُ | اَفَلَا |
| سفارش کرنے والا | مگر | بعد | اس کے حکم کے | یہ ہے | اللہ | پروردگار تمہارا | پس بندگی کرو اس کی | کیا پس نہیں |

کا اذن حاصل کیے بغیر (کسی کی) سفارش نہیں کر سکتا۔ یہی اللہ تمہارا پروردگار ہے تو اسی کی عبادت کرو۔ بھلا تم غور

تَذَكَّرُوْنَ ۝۳ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ اِنَّهٗ يَبْدَؤُا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَذَكَّرُوْنَ | اِلَيْهِ | مَرْجِعُكُمْ | جَمِيْعًا | وَعْدَ | اللّٰهِ | حَقًّا | اِنَّهٗ | يَبْدَؤُا |
| نصیحت پکڑتے تم | طرف اس کی ہے | پھر جانا تمہارا | سب کا | وعدہ کیا ہے | اللہ نے | سچا | بیشک وہی | پہلی بار کرتا ہے |

کیوں نہیں کرتے (۳) اسی کے پاس تم سب کو لوٹ کر جانا ہے۔ اللہ کا وعدہ سچا ہے۔ وہی خلقت کو پہلی بار

الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْخَلْقَ | ثُمَّ | يُعِيْدُهٗ | لِيَجْزِيَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | عَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ |
| پیدائش | پھر | دوبارہ کرے گا اس کو | تا کہ جزا دے | ان لوگوں کو کہ | ایمان لائے | اور | کام کیے | اچھے |

پیدا کرتا ہے پھر وہی اس کو دو بارہ پیدا کرے گا تا کہ ایمان والوں اور نیک کام کرنے والوں کو انصاف کے ساتھ

بِالْقِسْطِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْقِسْطِ | وَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | لَهُمْ | شَرَابٌ | مِّنْ | حَمِيْمٍ | وَّ | عَذَابٌ | اَلِيْمٌ |
| ساتھ انصاف کے | اور | جو لوگ کہ | کافر ہوئے | واسطے ان کے ہے | پینا | سے | آب گرم | اور | عذاب | درد دینے والا |

بدلہ دے۔ اور جو کافر ہیں ان کے لیے پینے کو نہایت گرم پانی اور درد دینے والا عذاب ہو گا

بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۝۴ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمَا | كَانُوْا | يَكْفُرُوْنَ | هُوَ | الَّذِيْ | جَعَلَ | الشَّمْسَ | ضِيَآءً | وَّ | الْقَمَرَ | نُوْرًا |
| بسبب اسکے کہ | تھے | کفر کرتے | وہی ہے | جس نے | کیا | سورج کو | چمکتا | اور | چاند کو | اجالا |

کیونکہ (اللہ سے) انکار کرتے تھے۝۴ وہی تو ہے جس نے سورج کو روشن اور چاند کو منور بنایا اور

وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ؕ مَا خَلَقَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | قَدَّرَهٗ | مَنَازِلَ | لِتَعْلَمُوْا | عَدَدَ | السِّنِيْنَ | وَ | الْحِسَابَ | مَا | خَلَقَ |
| اور | مقرر کیں واسطے اسکے | منزلیں | تا کہ جانو تم | گنتی | برسوں کی | اور | حساب | نہیں | پیدا کیا |

چاند کی منزلیں مقرر کیں تا کہ تم برسوں کا شمار اور (کاموں کا) حساب معلوم کرو۔ یہ (سب کچھ) اللہ نے

اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝۵ اِنَّ فِيْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | ذٰلِكَ | اِلَّا | بِالْحَقِّ | يُفَصِّلُ | الْاٰيٰتِ | لِقَوْمٍ | يَّعْلَمُوْنَ | اِنَّ | فِيْ |
| اللہ نے | یہ | مگر | ساتھ حق کے | مفصل بیان کرتا ہے | نشانیوں کو | واسطے اس قوم کے کہ | جانتے ہیں | بیشک | بیچ |

تدبیر سے پیدا کیا ہے۔ سمجھنے والوں کے لیے وہ اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان فرماتا ہے۝۵ رات اور

اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اخْتِلَافِ | الَّيْلِ | وَ | النَّهَارِ | وَ | مَا | خَلَقَ | اللّٰهُ | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ |
| آنے جانے | رات کے | اور | دن کے | اور | جو کچھ | پیدا کیا | اللہ نے | بیچ | آسمانوں کے | اور زمین کے |

دن کے (ایک دوسرے کے پیچھے) آنے جانے میں اور جو چیزیں اللہ نے آسمانوں اور زمین میں پیدا کی ہیں (سب میں)

لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَّقُوْنَ ۝۶ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا وَرَضُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَاٰيٰتٍ | لِّقَوْمٍ | يَّتَّقُوْنَ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | لَا | يَرْجُوْنَ | لِقَآءَنَا | وَ | رَضُوْا |
| البتہ نشانیاں ہیں | واسطے قوم کے کہ | ڈرتے ہیں | بیشک | جو لوگ | نہیں | امید رکھتے | ملاقات ہماری کی | اور | راضی ہوئے |

ڈرنے والوں کے لیے نشانیاں ہیں۝۶ جن لوگوں کو ہم سے ملنے کی توقع نہیں اور دنیا کی زندگی

بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ۝۷

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | وَ | اطْمَاَنُّوْا | بِهَا | وَ | الَّذِيْنَ | هُمْ | عَنْ | اٰيٰتِنَا | غٰفِلُوْنَ |
| ساتھ زندگانی | دنیا کے | اور | آرام پکڑا | ساتھ اس کے | اور | جو لوگ کہ | وہ | سے | نشانیوں ہماری | غافل ہیں |

سے خوش اور اسی پر مطمئن ہو بیٹھے اور ہماری نشانیوں سے غافل ہو رہے ہیں۝۷

أُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٨﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُولٰٓئِكَ | مَاْوٰىهُمُ | النَّارُ | بِمَا | كَانُوْا | يَكْسِبُوْنَ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
| یہ لوگ | جگہ رہنے کی ان کی | آگ ہے | بسبب اسکے کہ | تھے | کماتے | بیشک | وہ لوگ جو کہ | ایمان لائے |

اُن کا ٹھکانا ان (اعمال) کے سبب جو وہ کرتے ہیں دوزخ ہے ﴿۸﴾ (اور) جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ بِاِيْمَانِهِمْ ۚ تَجْرِيْ مِنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | عَمِلُوْا | الصّٰلِحٰتِ | يَهْدِيْهِمْ | رَبُّهُمْ | بِاِيْمَانِهِمْ | تَجْرِيْ | مِنْ |
| اور | عمل کیے | اچھے | راہ دکھادے گا ان کو | رب ان کا | بسبب ان کے ایمان کے | چلتی ہیں | سے |

اور نیک کام کرتے رہے ان کو پروردگار اُن کے ایمان کی وجہ سے (ایسے محلوں کی) راہ دکھائے گا (کہ)

تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿٩﴾ دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَحْتِهِمُ | الْاَنْهٰرُ | فِيْ | جَنّٰتِ | النَّعِيْمِ | دَعْوٰىهُمْ | فِيْهَا | سُبْحٰنَكَ |
| نیچے ان کے | نہریں | بیچ | بہشتوں | نعمت کے | پکارنا ان کا ہے | بیچ اس کے | پاکی ہے تجھ کو |

ان کے نیچے نعمت کے باغوں میں نہریں بہ رہی ہوں گی ﴿۹﴾ (جب وہ) ان میں (ان کی نعمتوں کو دیکھیں گے تو بیساختہ) کہیں گے

اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُمَّ | وَ | تَحِيَّتُهُمْ | فِيْهَا | سَلٰمٌ | وَ | اٰخِرُ | دَعْوٰىهُمْ | اَنِ | الْحَمْدُ | لِلّٰهِ | رَبِّ |
| اے اللہ | اور | دعا انکی ملاقات کی | بیچ اسکے | سلام ہے | اور | آخر | پکارنا ان کا | یہ ہے کہ | سب تعریف | واسطے اللہ کے | پروردگار |

سبحان اللہ ۔ اور آپس میں ان کی دعا سلامٌ علیکم ہوگی۔ اور ان کا آخری قول یہ (ہوگا) کہ اللہ رب العالمین کی حمد

الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٠﴾ وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ ع

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعٰلَمِيْنَ | وَ | لَوْ | يُعَجِّلُ | اللّٰهُ | لِلنَّاسِ | الشَّرَّ | اسْتِعْجَالَهُمْ | بِالْخَيْرِ |
| عالموں کا | اور | اگر | جلد دے | اللہ | لوگوں کو | برائی | جیسا جلدی مانگتے ہیں | بھلائی کو |

(اور اُس کا شکر) ہے ﴿۱۰﴾ اور اگر اللہ لوگوں کی برائی میں جلدی کرتا جس طرح وہ طلب خیر میں جلدی کرتے ہیں تو ان

لَقُضِيَ اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ ۭ فَنَذَرُ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا فِيْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَقُضِيَ | اِلَيْهِمْ | اَجَلُهُمْ | فَنَذَرُ | الَّذِيْنَ | لَا | يَرْجُوْنَ | لِقَآءَنَا | فِيْ |
| البتہ پوری کی جائے | طرف ان کی | اجل ان کی | پس چھوڑ دیتے ہیں ہم | ان لوگوں کو کہ | نہیں | امید رکھتے | ملاقات ہماری کی | بیچ |

کی (عمر کی) میعاد پوری ہو چکی ہوتی۔ سو جن لوگوں کو ہم سے ملنے کی توقع نہیں انہیں ہم چھوڑے رکھتے ہیں کہ

طُغْیَانِہِمْ یَعْمَہُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَ اِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِہٖٓ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طُغْیَانِہِمْ | یَعْمَہُوْنَ | وَ | اِذَا | مَسَّ | الْاِنْسَانَ | الضُّرُّ | دَعَانَا | لِجَنْۢبِہٖٓ |
| سرکشی اپنی کے | سرگردان ہوئے ہیں | اور | جب | لگتی ہے | انسان کو | برائی | پکارتا ہے ہم کو | اوپر کروٹ اپنی کے |

اپنی سرکشی میں بہکتے رہیں ﴿۱۱﴾ اور جب انسان کو تکلیف پہنچتی ہے تو لیٹا اور بیٹھا اور کھڑا (ہر حال میں) ہمیں پکارتا

اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآئِمًا ج فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَآ اِلٰى

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْ | قَاعِدًا | اَوْ | قَآئِمًا | فَلَمَّا | كَشَفْنَا | عَنْهُ | ضُرَّهٗ | مَرَّ | كَاَنْ | لَّمْ | يَدْعُنَآ | اِلٰى |
| یا | بیٹھے بیٹھے | یا | کھڑے | پس جب | کھول دیتے ہیں ہم | اس سے | ایذا اسکی | چلا جاتا ہے | جیسے کہ | نہیں | پکارا تھا ہم کو | طرف |

ہے۔ پھر جب ہم اس تکلیف کو اس سے دور کر دیتے ہیں تو (بے لحاظ ہو جاتا اور) اس طرح گزر جاتا ہے کہ گویا کسی تکلیف پہنچنے پر ہمیں

ضُرٍّ مَّسَّهٗ ط كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَقَدْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ضُرٍّ | مَّسَّهٗ | كَذٰلِكَ | زُيِّنَ | لِلْمُسْرِفِيْنَ | مَا | كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | وَ | لَقَدْ |
| ایذا کی | کہ لگی تھی اس کو | اسی طرح | زینت دیا گیا ہے | واسطے حد سے نکل جانیوالوں کے | جو کچھ کہ | تھے | کرتے | اور | البتہ تحقیق |

کبھی پکارا ہی نہ تھا۔ اسی طرح حد سے نکل جانے والوں کو ان کے اعمال آراستہ کر کے دکھائے گئے ہیں ﴿۱۲﴾ اور تم

اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا لا وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَهْلَكْنَا | الْقُرُوْنَ | مِنْ | قَبْلِكُمْ | لَمَّا | ظَلَمُوْا | وَ | جَآءَتْهُمْ | رُسُلُهُمْ |
| ہلاک کیا ہم نے | قرنوں کو | سے | پہلے تم | جب | ظلم کیا انہوں نے | اور | آئے تھے ان کے پاس | پیغمبران کے |

سے پہلے ہم کئی اُمتوں کو جب انہوں نے ظلم اختیار کیا ہلاک کر چکے ہیں اور ان کے پاس اُن کے

بِالْبَيِّنٰتِ وَ مَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا ط كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْبَيِّنٰتِ | وَ | مَا | كَانُوْا | لِيُؤْمِنُوْا | كَذٰلِكَ | نَجْزِي | الْقَوْمَ |
| ساتھ دلیلوں کے | اور | نہ | تھے | کہ ایمان لائیں | اسی طرح | جزا دیتے ہیں ہم | قوم |

پیغمبر کھلی نشانیاں لے کر آئے مگر وہ ایسے نہ تھے کہ ایمان لاتے۔ ہم گنہگاروں کو اسی طرح بدلہ

الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۳﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ مِنْۢ بَعْدِهِمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُجْرِمِيْنَ | ثُمَّ | جَعَلْنٰكُمْ | خَلٰٓئِفَ | فِي | الْاَرْضِ | مِنْۢ بَعْدِهِمْ |
| گنہگاروں کو | پھر | کیا ہم نے تم کو | جائے نشین | بیچ | زمین کے | پیچھے ان کے |

دیا کرتے ہیں ﴿۱۳﴾ پھر ہم نے ان کے بعد تم لوگوں کو ملک میں خلیفہ بنایا

لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ⑭ وَ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيَاتُنَا بَيِّنٰتٍ ۙ قَالَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِنَنْظُرَ | كَيْفَ | تَعْمَلُوْنَ | وَ | اِذَا | تُتْلٰى | عَلَيْهِمْ | اٰيَاتُنَا | بَيِّنٰتٍ | قَالَ |
| تاکہ دیکھیں ہم | کیوں کر | کرتے ہو | اور | جب | پڑھی جاتی ہیں | اوپر ان کے | نشانیاں ہماری | ظاہر | کہتے ہیں |

تاکہ دیکھیں کہ تم کیسے کام کرتے ہو ⑭ اور جب ان کو ہماری آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو جن لوگوں کو

الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا ائْتِ بِقُرْاٰنٍ غَيْرِ هٰذَآ اَوْ بَدِّلْهُ ؕ قُلْ مَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | لَا | يَرْجُوْنَ | لِقَآءَنَا | ائْتِ | بِقُرْاٰنٍ | غَيْرِ | هٰذَآ | اَوْ | بَدِّلْهُ | قُلْ | مَا |
| وہ لوگ کہ | نہیں | امید رکھتے | ملاقات ہماری کی | لے آ | قرآن | سوائے | اس کے | یا | بدل ڈال اس کو | کہہ | نہیں |

ہم سے ملنے کی اُمید نہیں وہ کہتے ہیں کہ (یا تو) اس کے سوا کوئی اور قرآن (بنا) لاؤ یا اس کو بدل دو۔ کہہ دو کہ

يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَآئِ نَفْسِيْ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَكُوْنُ | لِيْٓ | اَنْ | اُبَدِّلَهٗ | مِنْ | تِلْقَآئِ | نَفْسِيْ | اِنْ | اَتَّبِعُ | اِلَّا | مَا | يُوْحٰٓى |
| ممکن ہے | واسطے میرے | یہ کہ | بدل ڈالوں اس کو | سے | خود بخود | اپنے جی | نہیں | پیروی کرتا ہوں میں | مگر | اس چیز کی کہ | وحی کی گئی ہے |

مجھ کو اختیار نہیں ہے کہ اسے اپنی طرف سے بدل دوں میں تو اسی حکم کا تابع ہوں جو میری طرف

اِلَيَّ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ⑮ قُلْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَيَّ | اِنِّيْٓ | اَخَافُ | اِنْ | عَصَيْتُ | رَبِّيْ | عَذَابَ | يَوْمٍ | عَظِيْمٍ | قُلْ |
| طرف میری | بیشک میں | ڈرتا ہوں | اگر | نافرمانی کروں میں | پروردگار اپنے کی | عذاب | دن | بڑے کے سے | کہہ |

آتا ہے۔ اگر میں اپنے پروردگار کی نافرمانی کروں تو مجھے بڑے (سخت) دن کے عذاب سے خوف آتا ہے ⑮ (یہ بھی) کہہ دو کہ

لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا تَلَوْتُهٗ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَدْرٰىكُمْ بِهٖ ۫ۖ فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَّوْ | شَآءَ | اللّٰهُ | مَا | تَلَوْتُهٗ | عَلَيْكُمْ | وَ | لَآ | اَدْرٰىكُمْ | بِهٖ | فَقَدْ | لَبِثْتُ | فِيْكُمْ |
| اگر | چاہتا | اللہ | نہ | پڑھتا میں | اوپر تمہارے | اور | نہ | جتاتا تم کو | ساتھ اسکے | پس تحقیق | رہا میں | بیچ تمہارے |

اگر اللہ چاہتا تو (نہ تو) میں ہی یہ (کتاب) تم کو پڑھ کر سناتا اور نہ وہی تمہیں اس سے واقف کرتا۔ اس سے پہلے تم میں

عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ⑯ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عُمُرًا | مِّنْ | قَبْلِهٖ | اَفَلَا | تَعْقِلُوْنَ | فَمَنْ | اَظْلَمُ | مِمَّنِ | افْتَرٰى | عَلَى |
| ایک عمر | سے | پہلے اس | کیا پس نہیں | سمجھتے | پس کون شخص | بہت ظالم ہے | اس شخص سے کہ | باندھ لیوے | اوپر |

ایک عمر رہا ہوں (اور کبھی ایک کلمہ بھی اس طرح کا نہیں کہا) بھلا تم سمجھتے نہیں ⑯ تو اس سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹ

اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَ يَعْبُدُوْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | كَذِبًا | اَوْ | كَذَّبَ | بِاٰيٰتِهٖ | اِنَّهٗ | لَا | يُفْلِحُ | الْمُجْرِمُوْنَ | وَ | يَعْبُدُوْنَ |
| اللہ کے | جھوٹ | یا | جھٹلائے | نشانیاں اس کی | بیشک | نہیں | فلاح پاتے | گنہگار | اور | عبادت کرتے ہیں |

افتراء کرے اور اس کی آیتوں کو جھٹلائے؟ بے شک گنہگار فلاح نہیں پائیں گے ﴿۱۷﴾ اور یہ (لوگ) اللہ کے

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَ لَا يَنْفَعُهُمْ وَ يَقُوْلُوْنَ هٰٓؤُلَآءِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | مَا | لَا | يَضُرُّهُمْ | وَ | لَا | يَنْفَعُهُمْ | وَ | يَقُوْلُوْنَ | هٰٓؤُلَآءِ |
| سوائے | اللہ کے | اس چیز کو کہ | نہیں | ضرر دیتی ان کو | اور | نہ | نفع دیتی ہے | اور | کہتے ہیں | یہ |

سو ایسی چیزوں کی پرستش کرتے ہیں جو نہ ان کا کچھ بگاڑ ہی سکتی ہیں اور نہ کچھ بھلا ہی کرسکتی ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ اللہ کے

شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ قُلْ اَتُنَبِّئُوْنَ اللّٰهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي السَّمٰوٰتِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شُفَعَآؤُنَا | عِنْدَ | اللّٰهِ | قُلْ | اَتُنَبِّئُوْنَ | اللّٰهَ | بِمَا | لَا | يَعْلَمُ | فِي | السَّمٰوٰتِ |
| شفاعت کرنے والے ہیں ہماری | نزدیک | اللہ کے | کہہ | کیا خبر دیتے ہو تم | اللہ کو | ساتھ اس چیز کے کہ | نہیں | جانتا | بیچ | آسمانوں کے |

پاس ہماری سفارش کرنے والے ہیں۔ کہہ دو کیا تم اللہ کو ایسی چیز بتاتے ہو جس کا وجود اسے نہ آسمانوں میں معلوم ہوتا ہے اور

وَلَا فِي الْاَرْضِ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَمَا كَانَ النَّاسُ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | فِي | الْاَرْضِ | سُبْحٰنَهٗ | وَ | تَعٰلٰى | عَمَّا | يُشْرِكُوْنَ | وَ | مَا | كَانَ | النَّاسُ |
| اور | نہ | بیچ | زمین کے | پاکی ہے اس کو | اور | بلند ہے | اس چیز سے کہ | شریک مقرر کرتے ہیں | اور | نہ | تھے | لوگ |

نہ زمین میں؟ وہ پاک ہے اور (اس کی شان) ان کے شرک کرنے سے بہت بلند ہے ﴿۱۸﴾ اور (سب) لوگ (پہلے) ایک

اِلَّآ اُمَّةً وَّاحِدَةً فَاخْتَلَفُوْا ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّآ | اُمَّةً | وَّاحِدَةً | فَاخْتَلَفُوْا | وَ | لَوْ | لَا | كَلِمَةٌ | سَبَقَتْ | مِنْ | رَّبِّكَ |
| مگر | جماعت | ایک | پس اختلاف کیا | اور | اگر | نہ | ہوتی ایک بات | کہ پہلے ہوگئی ہے | سے | رب تیرے |

ہی اُمت (یعنی ایک ہی ملت پر) تھے پھر جدا جدا ہوگئے۔ اور اگر ایک بات جو تمہارے پروردگار کی طرف سے پہلے ہوچکی ہے

لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيْمَا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَيَقُوْلُوْنَ لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَقُضِيَ | بَيْنَهُمْ | فِيْمَا | فِيْهِ | يَخْتَلِفُوْنَ | وَ | يَقُوْلُوْنَ | لَوْ | لَآ | اُنْزِلَ | عَلَيْهِ |
| البتہ فیصل کیا جاتا | درمیان انکے | بیچ اس چیز کے کہ | بیچ اسکے | اختلاف کرتے | اور | کہتے ہیں | کیوں | نہ | اتاری گئی | اوپر اس کے |

نہ ہوتی تو جن باتوں میں وہ اختلاف کرتے ہیں ان میں فیصلہ کردیا جاتا ﴿۱۹﴾ اور کہتے ہیں کہ اس پر اس کے پروردگار کی

اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ فَقُلْ اِنَّمَا الْغَيْبُ لِلّٰهِ فَانْتَظِرُوْا ۚ اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ

| اٰيَةٌ | مِّنْ | رَّبِّهٖ | فَقُلْ | اِنَّمَا | الْغَيْبُ | لِلّٰهِ | فَانْتَظِرُوْا | اِنِّيْ | مَعَكُمْ | مِّنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نشانی | سے | پروردگار اسکے | پس کہہ | سوائے اسکے نہیں کہ | علم غیب | واسطے اللہ کے ہے | پس انتظار کرو | بیشک میں بھی | تمہارے ساتھ ہوں | سے |

طرف سے کوئی نشانی کیوں نازل نہیں ہوئی؟ کہہ دو کہ غیب (کا علم) تو اللہ ہی کو ہے سو تم انتظار کرو میں بھی تمہارے

ع ۲/۷

الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿٢٠﴾ ع وَ اِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ

| الْمُنْتَظِرِيْنَ | وَ | اِذَآ | اَذَقْنَا | النَّاسَ | رَحْمَةً | مِّنْۢ بَعْدِ | ضَرَّآءَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انتظار کرنے والوں | اور | جس وقت | چکھاتے ہیں ہم | لوگوں کو | رحمت | پیچھے | سختی کے کہ |

ساتھ انتظار کرتا ہوں ﴿٢٠﴾ اور جب ہم لوگوں کو تکلیف پہنچنے کے بعد (اپنی) رحمت (سے آسائش) کا مزہ چکھاتے

مَسَّتْهُمْ اِذَا لَهُمْ مَّكْرٌ فِيْۤ اٰيَاتِنَا ؕ قُلِ اللّٰهُ اَسْرَعُ مَكْرًا ؕ اِنَّ رُسُلَنَا

| مَسَّتْهُمْ | اِذَا | لَهُمْ | مَّكْرٌ | فِيْۤ | اٰيَاتِنَا | قُلِ | اللّٰهُ | اَسْرَعُ | مَكْرًا | اِنَّ | رُسُلَنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لگی ہو ان کو | ناگہاں | ان کو | مکر ہوتا ہے | بیچ | نشانیوں ہماری کے | کہہ | اللہ | بہت جلد کرنے والا ہے | مکر | بیشک | بھیجے ہوئے ہمارے |

ہیں تو وہ ہماری آیتوں میں حیلے کرنے لگتے ہیں۔ کہہ دو کہ اللہ بہت جلد حیلہ کرنے والا ہے اور جو حیلے تم کرتے ہو

يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ ﴿٢١﴾ هُوَ الَّذِيْ يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ

| يَكْتُبُوْنَ | مَا | تَمْكُرُوْنَ | هُوَ | الَّذِيْ | يُسَيِّرُكُمْ | فِي | الْبَرِّ | وَ | الْبَحْرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لکھتے ہیں | جو کچھ کہ | مکر کرتے ہو تم | وہی ہے | جو | چلاتا ہے تم کو | بیچ | جنگل کے | اور | دریا کے |

ہمارے فرشتے ان کو لکھتے جاتے ہیں ﴿٢١﴾ وہی تو ہے جو تم کو جنگل اور دریا میں چلنے پھرنے اور سیر کرنے کی توفیق دیتا ہے۔

حَتّٰۤى اِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ ۚ وَجَرَيْنَ بِهِمْ بِرِيْحٍ طَيِّبَةٍ وَّفَرِحُوْا

| حَتّٰۤى | اِذَا | كُنْتُمْ | فِي | الْفُلْكِ | وَ | جَرَيْنَ | بِهِمْ | بِرِيْحٍ | طَيِّبَةٍ | وَّ | فَرِحُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہاں تک کہ | جب | ہوتے ہو تم | بیچ | کشتیوں کے | اور | جاری ہوتی ہیں کشتیاں | ساتھ انکے | ساتھ ہوا | اچھی کے | اور | خوش ہوتے ہیں |

یہاں تک کہ جب تم کشتیوں میں (سوار) ہوتے ہو اور کشتیاں پاکیزہ ہوا (کے نرم نرم جھونکوں) سے سواروں کو لے کر چلنے لگتی ہیں اور وہ ان سے خوش

بِهَا جَآءَتْهَا رِيْحٌ عَاصِفٌ وَّجَآءَهُمُ الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ

| بِهَا | جَآءَتْهَا | رِيْحٌ | عَاصِفٌ | وَّ | جَآءَهُمُ | الْمَوْجُ | مِنْ | كُلِّ | مَكَانٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ اسکے | آجاتی ہے ان کو | ہوا | تند | اور | آتی ہے ان کو | موج | سے | ہر | مکان |

ہوتے ہیں تو ناگہاں زناٹے کی ہوا چل پڑتی ہے اور لہریں ہر طرف سے اُن پر (جوش مارتی ہوئی) آنے لگتی ہیں

وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اُحِيْطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ لَئِنْ

| وَ | ظَنُّوْٓا | اَنَّهُمْ | اُحِيْطَ | بِهِمْ | دَعَوُا | اللّٰهَ | مُخْلِصِيْنَ | لَهُ | الدِّيْنَ | لَئِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جانتے ہیں | یہ کہ وہ | گھیرا گیا اس نے | ان کو | پکارتے ہیں | اللہ کو | خالص کر کر | واسطے اس کے | عبادت | اگر |

اور وہ خیال کرتے ہیں کہ (اب تو) لہروں میں گھر گئے تو اس وقت خالص اللہ ہی کی عبادت کر کے اس سے دعا مانگنے لگتے ہیں کہ (اے اللہ) اگر تو

اَنْجَيْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۲۲﴾ فَلَمَّآ اَنْجٰىهُمْ اِذَا

| اَنْجَيْتَنَا | مِنْ | هٰذِهٖ | لَنَكُوْنَنَّ | مِنَ | الشّٰكِرِيْنَ | فَلَمَّآ | اَنْجٰىهُمْ | اِذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نجات دیگا تو ہم کو | سے | اس | البتہ ہوں گے ہم | سے | شکر کرنے والوں | پس جب | نجات دی ہم نے انکو | ناگہاں |

ہم کو اس سے نجات بخشے تو ہم (تیرے) بہت ہی شکر گزار ہوں ﴿۲۲﴾ لیکن جب وہ ان کو نجات

هُمْ يَبْغُوْنَ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ

| هُمْ | يَبْغُوْنَ | فِى | الْاَرْضِ | بِغَيْرِ الْحَقِّ | يٰٓاَيُّهَا | النَّاسُ | اِنَّمَا | بَغْيُكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ | سرکشی کرتے ہیں | بیچ | زمین کے | ناحق | اے | لوگو | سوائے اس کے نہیں کہ | سرکشی تمہاری |

دے دیتا ہے تو ملک میں ناحق شرارت کرنے لگتے ہیں۔ لوگو! تمہاری شرارت کا وبال تمہاری ہی

عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ ۙ مَّتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۡ ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ

| عَلٰٓى | اَنْفُسِكُمْ | مَّتَاعَ | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | ثُمَّ | اِلَيْنَا | مَرْجِعُكُمْ | فَنُنَبِّئُكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | تمہاری جانوں کے ہے | لے لو فائدہ | زندگانی | دنیا کا | پھر | طرف ہماری | پھر آنا ہے تمہارا | پس خبر دیں گے ہم تم کو |

جانوں پر ہوگا تم دنیا کی زندگی کے فائدے اُٹھالو پھر تم کو ہمارے ہی پاس لوٹ کر آنا ہے تو اُس وقت ہم تم کو بتائیں

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۳﴾ اِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَاۗءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ

| بِمَا | كُنْتُمْ | تَعْمَلُوْنَ | اِنَّمَا | مَثَلُ | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | كَمَاۗءٍ | اَنْزَلْنٰهُ | مِنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ اس چیز کے کہ | تھے تم | کرتے | سوائے اسکے نہیں کہ | مثال | زندگانی | دنیا کی | مانند پانی کی ہے | اتارا ہم نے اس کو | سے |

گے جو کچھ تم کیا کرتے تھے ﴿۲۳﴾ دنیا کی زندگی کی مثال مینہ کی سی ہے کہ ہم نے اس کو آسمان سے

السَّمَاۗءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ مِمَّا يَاْكُلُ النَّاسُ وَالْاَنْعَامُ ۭ

| السَّمَاۗءِ | فَاخْتَلَطَ | بِهٖ | نَبَاتُ | الْاَرْضِ | مِمَّا | يَاْكُلُ | النَّاسُ | وَالْاَنْعَامُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمان | پس مل گئی | ساتھ اس کے | روئیدگی | زمین کی | اس چیز سے کہ | کھاتے ہیں | لوگ | اور مویشی |

برسایا، پھر اس کے ساتھ سبزہ جسے آدمی اور جانور کھاتے ہیں مل کر نکلا

حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ اَهْلُهَآ اَنَّهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَتّٰٓى | اِذَآ | اَخَذَتِ | الْاَرْضُ | زُخْرُفَهَا | وَازَّيَّنَتْ | وَ | ظَنَّ | اَهْلُهَآ | اَنَّهُمْ |
| یہاں تک کہ | جب | پکڑتی ہے | زمین | بناؤ اپنا | اور زینت پکڑتی ہے | اور | جانتے ہیں | لوگ اس کے | یہ کہ وہ |

یہاں تک کہ زمین سبزے سے خوشنما اور آراستہ ہوگئی اور زمین والوں نے خیال کیا کہ وہ اس پر

قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَآ ۙ اَتٰىهَآ اَمْرُنَا لَيْلًا اَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا حَصِيْدًا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قٰدِرُوْنَ | عَلَيْهَآ | اَتٰىهَآ | اَمْرُنَا | لَيْلًا | اَوْ نَهَارًا | فَجَعَلْنٰهَا | حَصِيْدًا |
| قادر ہیں | اوپر اس کے | آتا ہے اس پر | حکم ہمارا | رات کو | یا دن کو | پس کر دیتے ہیں ہم اس کو | کٹی ہوئی |

پوری دسترس رکھتے ہیں ناگہاں رات کو یا دن کو ہمارا حکم (عذاب) آ پہنچا تو ہم نے اس کو کاٹ (کر ایسا کر) ڈالا کہ

كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ ۭ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَاَنْ | لَّمْ | تَغْنَ | بِالْاَمْسِ | كَذٰلِكَ | نُفَصِّلُ | الْاٰيٰتِ | لِقَوْمٍ |
| گویا کہ | نہ | بسے تھے | کل کو | اسی طرح | مفصل بیان کرتے ہیں ہم | نشانیوں کو | واسطے اس قوم کے کہ |

گویا کل وہاں کچھ تھا ہی نہیں۔ جو لوگ غور کرنے والے ہیں اُن کے لیے ہم (اپنی قدرت کی) نشانیاں اسی طرح کھول کھول کر

يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿٢٤﴾ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ۭ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّتَفَكَّرُوْنَ | وَ | اللّٰهُ | يَدْعُوْٓا | اِلٰى | دَارِ | السَّلٰمِ | وَ | يَهْدِيْ | مَنْ | يَّشَاۗءُ |
| فکر کرتے ہیں | اور | اللہ | بلاتا ہے | طرف | گھر | سلامتی کے | اور | راہ دکھاتا ہے | جس کو | چاہے |

بیان کرتے ہیں﴿٢٤﴾ اور اللہ سلامتی کے گھر کی طرف بلاتا ہے اور جس کو چاہتا ہے سیدھا

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٢٥﴾ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ ۭ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰى | صِرَاطٍ | مُّسْتَقِيْمٍ | لِلَّذِيْنَ | اَحْسَنُوا | الْحُسْنٰى | وَ | زِيَادَةٌ |
| طرف | راہ | سیدھی کے | واسطے ان لوگوں کے کہ | نیکی کرتے ہیں | نیکی ہے | اور | زیادتی ہے |

رستہ دکھاتا ہے﴿٢٥﴾ جن لوگوں نے نیکوکاری کی اُن کے لیے بھلائی ہے اور (مزید برآں) اور بھی۔

وَلَا يَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ قَتَرٌ وَّلَا ذِلَّةٌ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | يَرْهَقُ | وُجُوْهَهُمْ | قَتَرٌ | وَّ | لَا | ذِلَّةٌ | اُولٰۗىِٕكَ | اَصْحٰبُ | الْجَنَّةِ | هُمْ |
| اور | نہ | ڈھانکے گی | ان کے مونہوں کو | سیاہی | اور | نہ | ذلت | یہ لوگ | رہنے والے ہیں | بہشت کے | وہ |

اور ان کے مونہوں پر نہ تو سیاہی چھائے گی اور نہ رسوائی۔ یہی جنتی ہیں کہ اس میں

فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَ الَّذِيْنَ كَسَبُوا السَّيِّاٰتِ جَزَآءُ سَيِّئَةٍ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | كَسَبُوْا | السَّيِّاٰتِ | جَزَآءُ | سَيِّئَةٍ |
| بیچ اس کے | ہمیش رہنے والے ہیں | اور | جن لوگوں نے کہ | کمائیں | برائیاں | بدلہ | برائی کا |

ہمیشہ رہیں گے ﴿۲۶﴾ اور جنہوں نے برے کام کیے تو برائی کا بدلہ ویسا ہی

بِمِثْلِهَا ۙ وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۭ مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ كَاَنَّمَآ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمِثْلِهَا | وَ | تَرْهَقُهُمْ | ذِلَّةٌ | مَا | لَهُمْ | مِّنَ | اللّٰهِ | مِنْ | عَاصِمٍ | كَاَنَّمَآ |
| مانند اسی کی ہے | اور | ڈھانکے گی ان کو | ذلت | نہیں | واسطے ان کے | سے | اللہ | کوئی | بچانے والا | گویا کہ |

ہوگا اور ان کے مونہوں پر ذلت چھا جائے گی اور کوئی ان کو اللہ سے بچانے والا نہ ہوگا۔ ان کے

اُغْشِيَتْ وُجُوْهُهُمْ قِطَعًا مِّنَ الَّيْلِ مُظْلِمًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُغْشِيَتْ | وُجُوْهُهُمْ | قِطَعًا | مِّنَ | الَّيْلِ | مُظْلِمًا | اُولٰۗىِٕكَ | اَصْحٰبُ |
| اڑھائے گئے ہیں | منہ ان کے | ٹکڑے | کچھ | رات | اندھیری کے | یہ لوگ ہیں | رہنے والے |

مونہوں (کی سیاہی کا یہ عالم ہوگا کہ ان) پر گویا اندھیری رات کے ٹکڑے اُڑھا دیے گئے ہیں۔ یہی دوزخی ہیں

النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّارِ | هُمْ | فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ | وَ | يَوْمَ | نَحْشُرُهُمْ | جَمِيْعًا | ثُمَّ | نَقُوْلُ |
| آگ کے | وہ | بیچ اس کے | ہمیش رہنے والے ہیں | اور | جس دن | اکٹھا کریں گے ہم ان کو | سب کو | پھر | کہیں گے ہم |

کہ ہمیشہ اس میں رہیں گے ﴿۲۷﴾ اور جس دن ہم ان سب کو جمع کریں گے پھر مشرکوں

لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا مَكَانَكُمْ اَنْتُمْ وَشُرَكَاۗؤُكُمْ ۚ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَقَالَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلَّذِيْنَ | اَشْرَكُوْا | مَكَانَكُمْ | اَنْتُمْ | وَ | شُرَكَاۗؤُكُمْ | فَزَيَّلْنَا | بَيْنَهُمْ | وَ | قَالَ |
| واسطے ان لوگوں کے کہ | شریک لائے تھے | کھڑے رہو مکان اپنے پر | تم | اور | شریک تمہارے | پس تڑا دینگے ہم | آپس میں ان کو | اور | کہا |

سے کہیں گے کہ تم اور تمہارے شریک اپنی اپنی جگہ ٹھیرے رہو تو ہم ان میں تفرقہ ڈال دیں گے اور ان کے

شُرَكَاۗؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ اِيَّانَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۲۸﴾ فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنَنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شُرَكَاۗؤُهُمْ | مَّا | كُنْتُمْ | اِيَّانَا | تَعْبُدُوْنَ | فَكَفٰى | بِاللّٰهِ | شَهِيْدًۢا | بَيْنَنَا |
| ان کے شریکوں نے | نہیں | تھے تم | ہم کو | عبادت کرتے | پس کافی ہے | اللہ | شاہد | درمیان ہمارے |

شریک (اُن سے) کہیں گے کہ تم ہم کو تو نہیں پوجا کرتے تھے ﴿۲۸﴾ ہمارے اور تمہارے درمیان اللہ ہی

وَبَيْنَكُمْ اِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿۲۹﴾ هُنَالِكَ تَبْلُوْا كُلُّ نَفْسٍ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | بَيْنَكُمْ | اِنْ | كُنَّا | عَنْ | عِبَادَتِكُمْ | لَغٰفِلِيْنَ | هُنَالِكَ | تَبْلُوْا | كُلُّ | نَفْسٍ |
| اور | درمیان تمہارے | بیشک | تھے ہم | سے | تمہاری عبادت | البتہ غافل | اس جگہ | آزمالے گا | ہر | ایک جی |

گواہ کافی ہے، ہم تمہاری پرستش سے بالکل بے خبر تھے (۲۹) وہاں ہر شخص (اپنے اعمال کی) جو اس نے

مَّآ اَسْلَفَتْ وَرُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَآ | اَسْلَفَتْ | وَ | رُدُّوْٓا | اِلَى | اللّٰهِ | مَوْلٰىهُمُ | الْحَقِّ | وَ | ضَلَّ | عَنْهُمْ | مَّا |
| جو | پہلے کیا تھا | اور | پھیرے جاویں گے | طرف | اللہ کی | مالک اپنے | حق کی | اور | کھویا جاوے گا | ان سے | جو کچھ کہ |

آگے بھیجے ہوں گے آزمائش کرلے گا اور وہ اپنے سچے مالک کی طرف لوٹائے جائیں گے اور جو کچھ وہ بہتان باندھا کرتے

كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۳۰﴾ ع قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَمَّنْ ع ۳ ۸ النصف

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانُوْا | يَفْتَرُوْنَ | قُلْ | مَنْ | يَّرْزُقُكُمْ | مِّنَ | السَّمَآءِ | وَالْاَرْضِ | اَمَّنْ |
| تھے وہ | باندھ لیتے | کہہ | کون | رزق دیتا ہے تم کو | سے | آسمان | اور زمین سے | یا کون |

تھے سب ان سے جاتا رہے گا (۳۰) (اُن سے) پوچھو کہ تم کو آسمان اور زمین میں رزق کون دیتا ہے یا (تمہارے)

يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّمْلِكُ | السَّمْعَ | وَ | الْاَبْصَارَ | وَ | مَنْ | يُّخْرِجُ | الْحَيَّ | مِنَ | الْمَيِّتِ | وَ | يُخْرِجُ |
| مالک ہے | سننے کا | اور | دیکھنے کا | اور | کون | نکالتا ہے | زندے کو | سے | مُردے | اور | نکالتا ہے |

کانوں اور آنکھوں کا مالک کون ہے اور بے جان سے جاندار کون پیدا کرتا ہے اور جاندار سے بے جان کون

الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ۭ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ فَقُلْ اَفَلَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَيِّتَ | مِنَ | الْحَيِّ | وَ | مَنْ | يُّدَبِّرُ | الْاَمْرَ | فَسَيَقُوْلُوْنَ | اللّٰهُ | فَقُلْ | اَفَلَا |
| مُردے کو | سے | زندے | اور | کون | تدبیر کرتا ہے | کام کی | پس البتہ کہیں گے | اللہ | پس کہہ | کیا پس نہیں |

پیدا کرتا ہے اور دنیا کے کاموں کا انتظام کون کرتا ہے؟ جھٹ کہہ دیں گے کہ اللہ۔ تو کہو کہ پھر تم (اللہ سے) ڈرتے

تَتَّقُوْنَ ﴿۳۱﴾ فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَتَّقُوْنَ | فَذٰلِكُمُ | اللّٰهُ | رَبُّكُمُ | الْحَقُّ | فَمَاذَا | بَعْدَ | الْحَقِّ | اِلَّا |
| ڈرتے تم | پس یہی ہے | اللہ | پروردگار تمہارا | حق ہے | پس کیا ہے | پیچھے | حق کے | مگر |

کیوں نہیں (۳۱) یہی اللہ تو تمہارا پروردگارِ برحق ہے اور حق بات کے ظاہر ہونے کے بعد گمراہی کے سوا ہے

الضَّلٰلُ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿۳۲﴾ كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الضَّلٰلُ | فَاَنّٰى | تُصْرَفُوْنَ | كَذٰلِكَ | حَقَّتْ | كَلِمَتُ | رَبِّكَ | عَلَى |
| گمراہی | پس کہاں سے | پھیرے جاتے ہو تم | اسی طرح | ثابت ہوئی | بات | پروردگار تیرے کی | اوپر |

ہی کیا؟ تو تم کہاں پھرے جاتے ہو؟ (۳۲) اسی طرح اللہ کا ارشاد ان نافرمانوں کے حق میں

الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا اَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۳﴾ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | فَسَقُوْٓا | اَنَّهُمْ | لَا | يُؤْمِنُوْنَ | قُلْ | هَلْ | مِنْ | شُرَكَآئِكُمْ | مَّنْ |
| ان لوگوں کے کہ | فاسق ہوئے | یہ کہ وہ | نہیں | ایمان لائیں گے | کہہ | کیا ہے | سے | شریکوں تمہارے میں | وہ کہ |

ثابت ہو کر رہا کہ یہ ایمان نہیں لائیں گے (۳۳) (ان سے) پوچھو کہ بھلا تمہارے شریکوں میں کوئی ایسا ہے

يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ فَاَنّٰى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّبْدَؤُا | الْخَلْقَ | ثُمَّ | يُعِيْدُهٗ | قُلِ | اللّٰهُ | يَبْدَؤُا | الْخَلْقَ | ثُمَّ | يُعِيْدُهٗ | فَاَنّٰى |
| پہلی بار کرے | پیدائش | پھر | دوبارہ کرے گا اس کو | کہہ | اللہ | پہلی بار کرتا ہے | پیدائش | پھر | دوبارہ کریگا اسکو | پس کہاں سے |

کہ مخلوقات کو ابتداءً پیدا کرے (اور) پھر اس کو دوبارہ بنائے۔ کہہ دو کہ اللہ ہی پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر وہی اس کو دوبارہ پیدا کرے گا

تُؤْفَكُوْنَ ﴿۳۴﴾ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ ؕ قُلِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُؤْفَكُوْنَ | قُلْ | هَلْ | مِنْ | شُرَكَآئِكُمْ | مَّنْ | يَّهْدِيْٓ | اِلَى | الْحَقِّ | قُلِ |
| پلٹائے جاتے ہو | کہہ | کیا ہے | سے | شریکوں تمہارے | وہ جو کہ | راہ دکھاتا ہے | طرف | حق کے | کہہ |

تو تم کہاں اُلٹے جا رہے ہو (۳۴) پوچھو کہ بھلا تمہارے شریکوں میں کون ایسا ہے کہ حق کا رستہ دکھائے۔ کہہ دو کہ اللہ

اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ؕ اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | يَهْدِيْ | لِلْحَقِّ | اَفَمَنْ | يَّهْدِيْٓ | اِلَى | الْحَقِّ | اَحَقُّ | اَنْ | يُّتَّبَعَ |
| اللہ | راہ دکھاتا ہے | طرف حق کی | کیا پس وہ جو کہ | راہ دکھاتا ہے | طرف | حق کی | بہت لائق ہے | کہ | پیروی کی جائے |

ہی حق کا رستہ دکھاتا ہے۔ بھلا جو حق کا رستہ دکھائے وہ اس قابل ہے کہ اس کی پیروی کی جائے

اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْٓ اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى ۚ فَمَا لَكُمْ ۟ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿۳۵﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَمَّنْ | لَّا | يَهِدِّيْٓ | اِلَّآ | اَنْ | يُّهْدٰى | فَمَا لَكُمْ | كَيْفَ | تَحْكُمُوْنَ |
| یا وہ جو کہ | نہیں | خود راہ پاتا | مگر | یہ کہ | راہ بتایا جائے | پس کیا ہے تم کو | کیوں کر | حکم کرتے ہو |

یا وہ کہ جب تک کوئی اسے رستہ نہ بتائے رستہ نہ پائے۔ تو تم کو کیا ہوا ہے کیسا انصاف کرتے ہو؟ (۳۵)

وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا ۗ اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِىْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ۗ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | يَتَّبِعُ | اَكْثَرُهُمْ | اِلَّا | ظَنًّا | اِنَّ | الظَّنَّ | لَا | يُغْنِىْ | مِنَ | الْحَقِّ | شَيْـًٔا |
| اور | نہیں | پیروی کرتے | اکثر ان کے | مگر | گمان کی | بیشک | گمان | نہیں | کفایت کرتا | سے | حق | کچھ |

اور اُن میں کے اکثر صرف ظن کی پیروی کرتے ہیں۔ اور کچھ شک نہیں کہ ظن حق کے مقابلے میں کچھ بھی کار آمد نہیں ہوسکتا۔

اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿٣٦﴾ وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | اللّٰهَ | عَلِيْمٌۢ | بِمَا | يَفْعَلُوْنَ | وَ | مَا | كَانَ | هٰذَا | الْقُرْاٰنُ | اَنْ | يُّفْتَرٰى |
| بیشک | اللہ | جانتا ہے | جو کچھ کہ | وہ کرتے ہیں | اور | نہیں | ہے | یہ | قرآن | یہ کہ | باندھ لیا جائے |

بیشک اللہ تمہارے (سب) اعمال سے واقف ہے (٣٦) اور یہ قرآن ایسا نہیں کہ اللہ کے سوا کوئی اس کو اپنی طرف سے بنا لائے۔

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِىْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | وَ | لٰكِنْ | تَصْدِيْقَ | الَّذِىْ | بَيْنَ يَدَيْهِ | وَ | تَفْصِيْلَ |
| سوائے | اللہ کے سے | اور | لیکن | سچا کرنے والا ہے | اس چیز کا کہ | آگے اس کے ہے | اور | تفصیل کرنے والا ہے |

ہاں (ہاں یہ اللہ کا کلام ہے) جو (کتابیں) اس سے پہلے (کی) ہیں اُن کی تصدیق کرتا ہے اور انہی کتابوں کی (اس میں) تفصیل

الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٣٧﴾ قف اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۗ قُلْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْكِتٰبِ | لَا | رَيْبَ | فِيْهِ | مِنْ | رَّبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | اَمْ | يَقُوْلُوْنَ | افْتَرٰىهُ | قُلْ |
| کتاب کی | نہیں | شک | بیچ اس کے | کی طرف سے | پروردگار | عالموں | کیا | یہ کہتے ہیں کہ | باندھ لیا ہے اس کو | کہہ |

ہے اس میں کچھ شک نہیں (کہ) یہ رب العالمین کی طرف سے (نازل ہوا) ہے (٣٧) کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ پیغمبر نے اس کو اپنی طرف سے

فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاْتُوْا | بِسُوْرَةٍ | مِّثْلِهٖ | وَ | ادْعُوْا | مَنِ | اسْتَطَعْتُمْ | مِّنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | اِنْ |
| پس لے آؤ | ایک سورت | مانند اس کی | اور | پکارو | جس کو | سکو تم | سوائے | اللہ کے | اگر |

بنا لیا ہے۔ کہہ دو کہ اگر سچے ہو تو تم بھی اس طرح کی ایک سورت بنا لاؤ اور اللہ کے

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٣٨﴾ بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ وَلَمَّا يَاْتِهِمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ | بَلْ | كَذَّبُوْا | بِمَا | لَمْ | يُحِيْطُوْا | بِعِلْمِهٖ | وَ | لَمَّا | يَاْتِهِمْ |
| ہو تم | سچے | بلکہ | جھٹلایا | اس چیز کو کہ | نہیں | گھیرا | علم اس کے کو | اور | نہیں | آئی ان کے پاس |

سوا جن کو تم بلا سکو بلا بھی لو (٣٨) حقیقت یہ ہے کہ جس چیز کے علم پر یہ قابو نہیں پا سکے اس کو (نادانی سے) جھٹلا دیا اور ابھی اس کی

تَاْوِيْلُهٗ ۭ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَاْوِيْلُهٗ | كَذٰلِكَ | كَذَّبَ | الَّذِيْنَ | مِنْ | قَبْلِهِمْ | فَانْظُرْ | كَيْفَ | كَانَ |
| تحقیق حجت اس کی | اسی طرح | جھٹلایا تھا | ان لوگوں نے کہ | سے تھے | پہلے ان | پس دیکھ | کیوں کر | ہوا |

حقیقت ان پر کھلی ہی نہیں۔ اسی طرح جو لوگ ان سے پہلے تھے انہوں نے تکذیب کی تھی سو دیکھ لو کہ

عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۹﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّا يُؤْمِنُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَاقِبَةُ | الظّٰلِمِيْنَ | وَ | مِنْهُمْ | مَّنْ | يُّؤْمِنُ | بِهٖ | وَ | مِنْهُمْ | مَّنْ | لَّا | يُؤْمِنُ |
| آخرکار | ظالموں کا | اور | بعضے ان میں سے وہ ہیں | جو | ایمان لائیں گے | ساتھ اسکے | اور | بعضے ان میں سے وہ ہیں | جو | نہیں | ایمان لائیں گے |

ظالموں کا کیسا انجام ہوا؟ ﴿۳۹﴾ اور ان میں سے کچھ تو ایسے ہیں کہ اس پر ایمان لے آتے ہیں اور کچھ ایسے ہیں کہ ایمان

بِهٖ ۭ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿۴۰﴾ وَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ لِّيْ عَمَلِيْ ع ۴/۱۰/۹

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهٖ | وَ | رَبُّكَ | اَعْلَمُ | بِالْمُفْسِدِيْنَ | وَ | اِنْ | كَذَّبُوْكَ | فَقُلْ | لِّيْ | عَمَلِيْ |
| ساتھ اسکے | اور | رب تیرا | خوب جانتا ہے | مفسدوں کو | اور | اگر | جھٹلائیں تجھ کو | پس کہہ | واسطے میرے | عمل میرا ہے |

نہیں لاتے۔ اور تمہارا پروردگار شریروں سے خوب واقف ہے ﴿۴۰﴾ اور اگر یہ تمہاری تکذیب کریں تو کہہ دو کہ مجھ کو میرے

وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۚ اَنْتُمْ بَرِيْۗـُٔوْنَ مِمَّآ اَعْمَلُ وَاَنَا بَرِيْۗءٌ مِّمَّا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَكُمْ | عَمَلُكُمْ | اَنْتُمْ | بَرِيْۗـُٔوْنَ | مِمَّآ | اَعْمَلُ | وَ | اَنَا | بَرِيْۗءٌ | مِّمَّا |
| اور | واسطے تمہارے | عمل تمہارا ہے | تم | بے تعلق ہو | اس چیز سے کہ | کرتا ہوں میں | اور | میں | بے تعلق ہوں | اس چیز سے کہ |

اعمال (کا بدلہ ملے گا) اور تم کو تمہارے اعمال (کا)۔ تم میرے عملوں کے جواب دہ نہیں ہو اور میں تمہارے عملوں کا جواب

تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ ۭ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَعْمَلُوْنَ | وَمِنْهُمْ | مَّنْ | يَّسْتَمِعُوْنَ | اِلَيْكَ | اَفَاَنْتَ | تُسْمِعُ | الصُّمَّ |
| کرتے ہو تم | اور بعضے ان میں سے | وہ ہیں کہ | کان رکھتے ہیں | طرف تیری | کیا پس تو | سناتا ہے | بہروں کو |

دہ نہیں ہوں ﴿۴۱﴾ اور ان میں بعض ایسے ہیں کہ تمہاری طرف کان لگاتے ہیں۔ تو کیا تم بہروں کو سناؤ گے

وَلَوْ كَانُوْا لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْظُرُ اِلَيْكَ ۭ اَفَاَنْتَ تَهْدِي

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَوْ | كَانُوْا | لَا | يَعْقِلُوْنَ | وَ | مِنْهُمْ | مَّنْ | يَّنْظُرُ | اِلَيْكَ | اَفَاَنْتَ | تَهْدِي |
| اور | اگرچہ | ہوں | نہ | سمجھتے | اور | بعضے ان میں سے | وہ ہیں کہ | دیکھتے ہیں | طرف تیری | کیا پس تو | راہ دکھاتا ہے |

اگرچہ کچھ بھی (سنتے) سمجھتے نہ ہوں؟ ﴿۴۲﴾ اور بعض ایسے ہیں کہ تمہاری طرف دیکھتے ہیں۔ تو کیا تم اندھوں کو

الْعُمْیَ وَلَوْ كَانُوْا لَا یُبْصِرُوْنَ ﴿۴۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَظْلِمُ النَّاسَ شَیْـًٔا

| الْعُمْیَ | وَ | لَوْ | كَانُوْا | لَا | یُبْصِرُوْنَ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَا | یَظْلِمُ | النَّاسَ | شَیْـًٔا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اندھوں کو | اور | اگرچہ | ہوں | نہ | دیکھتے | بیشک | اللہ | نہیں | ظلم کرتا | لوگوں کو | کچھ |

رستہ دکھاؤ گے اگرچہ کچھ بھی دیکھتے (بھالتے) نہ ہوں﴿۴۳﴾ اللہ تو لوگوں پر کچھ ظلم نہیں کرتا

وَلٰكِنَّ النَّاسَ اَنْفُسَهُمْ یَظْلِمُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَیَوْمَ یَحْشُرُهُمْ كَاَنْ لَّمْ

| وَّ | لٰكِنَّ | النَّاسَ | اَنْفُسَهُمْ | یَظْلِمُوْنَ | وَ | یَوْمَ | یَحْشُرُهُمْ | كَاَنْ | لَّمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | لیکن | لوگ | جانوں اپنی کو | ظلم کرتے ہیں | اور | جس دن | اکٹھا کرے گا ان کو | گویا کہ | نہ |

لیکن لوگ ہی اپنے آپ پر ظلم کرتے ہیں﴿۴۴﴾ اور جس دن اللہ اُن کو جمع کرے گا (تو وہ دنیا کی نسبت ایسا خیال کریں گے کہ) گویا

یَلْبَثُوْۤا اِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ یَتَعَارَفُوْنَ بَیْنَهُمْ ؕ قَدْ خَسِرَ

| یَلْبَثُوْۤا | اِلَّا | سَاعَةً | مِّنَ | النَّهَارِ | یَتَعَارَفُوْنَ | بَیْنَهُمْ | قَدْ | خَسِرَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رہے تھے | مگر | ایک ساعت | سے | دن | پہچانیں گے | آپس میں | تحقیق | زیاں پایا |

(وہاں) گھڑی بھر دن سے زیادہ رہے ہی نہیں تھے (اور) آپس میں ایک دوسرے کو شناخت بھی کریں گے۔ جن لوگوں نے

الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِیْنَ ﴿۴۵﴾ وَاِمَّا نُرِیَنَّكَ

| الَّذِیْنَ | كَذَّبُوْا | بِلِقَآءِ | اللّٰهِ | وَ | مَا | كَانُوْا | مُهْتَدِیْنَ | وَ | اِمَّا | نُرِیَنَّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان لوگوں نے کہ | جھٹلایا | ملاقات | اللہ کی کو | اور | نہ | ہوئے | راہ پانے والے | اور | اگر | دکھلادیں ہم تجھ کو |

اللہ کے روبرو حاضر ہونے کو جھٹلایا وہ خسارے میں پڑ گئے اور راہ یاب نہ ہوئے﴿۴۵﴾ اور اگر ہم کوئی عذاب جس کا

بَعْضَ الَّذِیْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّیَنَّكَ فَاِلَیْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللّٰهُ

| بَعْضَ | الَّذِیْ | نَعِدُهُمْ | اَوْ | نَتَوَفَّیَنَّكَ | فَاِلَیْنَا | مَرْجِعُهُمْ | ثُمَّ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بعضے | وہ چیز کہ | وعدہ دیتے ہیں ہم ان کو | یا | قبض کرلیں تجھ کو | پس طرف ہماری | پھر آنا ان کا | پھر | اللہ |

ان لوگوں سے وعدہ کرتے ہیں تمہاری آنکھوں کے سامنے (نازل) کریں یا (اس وقت جب) تمہاری مدت حیات پوری کردیں تو ان کو ہمارے

شَهِیْدٌ عَلٰی مَا یَفْعَلُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ

| شَهِیْدٌ | عَلٰی | مَا | یَفْعَلُوْنَ | وَ | لِكُلِّ | اُمَّةٍ | رَّسُوْلٌ | فَاِذَا | جَآءَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شاہد ہے | اوپر | اس چیز کے کہ | کرتے ہیں | اور | واسطے ہر | ایک امت کے | پیغمبر ہے | پس جب | آتا ہے |

ہی پاس لوٹ کر آنا ہے پھر جو کچھ یہ کر رہے ہیں اللہ اس کو دیکھ رہا ہے﴿۴۶﴾ اور ہر ایک امت کی طرف پیغمبر بھیجا گیا۔ جب

رَسُوْلُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَيَقُوْلُوْنَ

| رَسُوْلُهُمْ | قُضِيَ | بَيْنَهُمْ | بِالْقِسْطِ | وَ | هُمْ | لَا | يُظْلَمُوْنَ | وَ | يَقُوْلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ پیغمبران کا | فیصل کیا جاتا ہے | درمیان ان کے | ساتھ انصاف کے | اور | وہ | نہیں | ظلم کیے جاتے | اور | کہتے ہیں |

اُن کا پیغمبر آتا ہے تو ان میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جاتا ہے اور ان پر کچھ ظلم نہیں کیا جاتا ﴿۴۷﴾ اور یہ کہتے ہیں کہ

مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾ قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ

| مَتٰى | هٰذَا | الْوَعْدُ | اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ | قُلْ | لَّآ | اَمْلِكُ | لِنَفْسِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کب ہے | یہ | وعدہ | اگر | ہو تم | سچے | کہہ | نہیں | اختیار رکھتا میں | واسطے اپنی جان کے |

اگر تم سچے ہو تو (جس عذاب کا) یہ وعدہ (ہے وہ آئے گا) کب ﴿۴۸﴾ کہہ دو کہ میں تو اپنے نقصان اور فائدے کا

ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ؕ اِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ

| ضَرًّا | وَّ | لَا | نَفْعًا | اِلَّا | مَا | شَآءَ | اللّٰهُ | لِكُلِّ | اُمَّةٍ | اَجَلٌ | اِذَا | جَآءَ | اَجَلُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ضرر کا | اور | نہ | فائدے کا | مگر | جو | چاہے | اللہ | واسطے ہر | امت کے | وقت مقرر ہے | جب | آتا ہے | وقت ان کا |

بھی کچھ اختیار نہیں رکھتا مگر جو اللہ چاہے۔ ہر ایک امت کے لیے (موت) کا ایک وقت مقرر ہے جب وہ وقت آ جاتا ہے

فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۴۹﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ

| فَلَا | يَسْتَاْخِرُوْنَ | سَاعَةً | وَّ | لَا | يَسْتَقْدِمُوْنَ | قُلْ | اَرَءَيْتُمْ | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس نہیں | پیچھے رہتے | ایک ساعت | اور | نہ | آگے بڑھتے ہیں | کہہ | کیا دیکھا تو نے | اگر |

تو ایک گھڑی بھی دیر نہیں کر سکتے اور نہ جلدی کر سکتے ہیں ﴿۴۹﴾ کہہ دو کہ بھلا دیکھو

اَتٰىكُمْ عَذَابُهٗ بَيَاتًا اَوْ نَهَارًا مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۰﴾

| اَتٰىكُمْ | عَذَابُهٗ | بَيَاتًا | اَوْ | نَهَارًا | مَّاذَا | يَسْتَعْجِلُ | مِنْهُ | الْمُجْرِمُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آئے تم کو | عذاب اس کا | رات کو | یا | دن کو | کس چیز کی | جلدی کرتے ہیں | اس میں سے | گنہگار |

تو اگر اس کا عذاب تم پر (ناگہاں) آ جائے رات کو یا دن کو تو پھر گنہگار کس بات کی جلدی کریں گے ﴿۵۰﴾

اَثُمَّ اِذَا مَا وَقَعَ اٰمَنْتُمْ بِهٖ ؕ آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۵۱﴾

| اَثُمَّ | اِذَا | مَا وَقَعَ | اٰمَنْتُمْ | بِهٖ | آٰلْـٰٔنَ | وَ | قَدْ | كُنْتُمْ | بِهٖ | تَسْتَعْجِلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا پھر | جس وقت | وہ جو ہو پڑیگا | ایمان لاؤ گے تم | ساتھ اسکے | کیا اب لائے ایمان | اور | تحقیق | تھے تم | ساتھ اس کے | جلدی کرتے |

کیا جب وہ آ واقع ہوگا تب اس پر ایمان لاؤ گے۔ (اس وقت کہا جائے گا کہ) اور اب (ایمان لائے؟) اسی کے لیے تو تم جلدی مچایا کرتے تھے ﴿۵۱﴾

ثُمَّ قِيلَ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا ذُوقُوا عَذَابَ الْخُلْدِ ۚ هَلْ تُجْزَوْنَ إِلَّا

| ثُمَّ | قِيلَ | لِلَّذِينَ | ظَلَمُوا | ذُوقُوا | عَذَابَ | الْخُلْدِ | هَلْ | تُجْزَوْنَ | إِلَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر | کہا جائے گا | واسطے ان لوگوں کے کہ | ظلم کرتے تھے | چکھو | عذاب | ہمیشہ کا | نہیں | جزا دیئے جاؤ گے | مگر |

پھر ظالم لوگوں سے کہا جائے گا کہ عذابِ دائمی کا مزہ چکھو (اب) تم انہی (اعمال) کا بدلہ پاؤ گے

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُونَ ﴿۵۲﴾ وَيَسْتَنْبِئُونَكَ أَحَقٌّ هُوَ ۖ قُلْ إِي وَرَبِّي

| بِمَا | كُنْتُمْ | تَكْسِبُونَ | وَيَسْتَنْبِئُونَكَ | أَحَقٌّ | هُوَ | قُلْ | إِي | وَرَبِّي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ اس چیز کے کہ | تھے تم | کماتے | اور خبر پوچھتے ہیں تجھ سے | کیا سچ ہے | وہ | کہہ | ہاں | قسم ہے رب میرے کی |

جو (دُنیا میں) کرتے رہے ﴿۵۲﴾ اور تم سے دریافت کرتے ہیں کہ آیا یہ سچ ہے۔ کہہ دو ہاں اللہ کی

ع ۵ ۱۰/۱۲ وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

إِنَّهُ لَحَقٌّ ۚ وَمَا أَنْتُمْ بِمُعْجِزِينَ ﴿۵۳﴾ وَلَوْ أَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ

| إِنَّهُ | لَحَقٌّ | وَ | مَا | أَنْتُمْ | بِمُعْجِزِينَ | وَ | لَوْ | أَنَّ | لِكُلِّ | نَفْسٍ | ظَلَمَتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک وہ | البتہ حق ہے | اور | نہیں | تم | عاجز کرنے والے | اور | اگر | یہ کہ | ہو واسطے ہر | جی کے | جس نے ظلم کیا ہے |

قسم سچ ہے اور تم (بھاگ کر اللہ کو) عاجز نہیں کر سکو گے ﴿۵۳﴾ اور اگر ہر ایک نافرمان شخص کے پاس رُوئے زمین کی تمام چیزیں

مَا فِي الْأَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهِ ۗ وَأَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَأَوُا الْعَذَابَ ۚ

| مَا | فِي | الْأَرْضِ | لَافْتَدَتْ | بِهِ | وَ | أَسَرُّوا | النَّدَامَةَ | لَمَّا | رَأَوُا | الْعَذَابَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو کچھ | بیچ | زمین کے ہے | البتہ بدلا دیوے | ساتھ اسکے | اور | چھپاویں گے | پشیمانی کو | جب | دیکھیں گے | عذاب کو |

ہوں تو (عذاب سے بچنے کے) بدلے میں (سب) دے ڈالے اور جب وہ عذاب کو دیکھیں گے تو (پچھتائیں گے اور) ندامت کو چھپائیں گے

وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ۚ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿۵۴﴾ أَلَا إِنَّ لِلَّهِ مَا فِي

| وَ | قُضِيَ | بَيْنَهُمْ | بِالْقِسْطِ | وَ | هُمْ | لَا | يُظْلَمُونَ | أَلَا | إِنَّ | لِلَّهِ | مَا | فِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | فیصل کیا جائیگا | درمیان انکے | ساتھ انصاف کے | اور | وہ | نہیں | ظلم کیے جاویں گے | خبردار ہو | واسطے | اللہ کے ہے | جو کچھ | بیچ |

اور ان میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا اور (کسی طرح کا) اُن پر ظلم نہیں ہو گا ﴿۵۴﴾ سن رکھو کہ جو کچھ

السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۗ أَلَا إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ

| السَّمٰوٰتِ | وَ | الْأَرْضِ | أَلَا | إِنَّ | وَعْدَ | اللهِ | حَقٌّ | وَ | لٰكِنَّ | أَكْثَرَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمانوں کے ہے | اور | زمین کے ہے | خبردار ہو | بیشک | وعدہ | اللہ کا | حق ہے | اور | لیکن | بہت ان کے |

آسمانوں اور زمین میں ہے سب اللہ ہی کا ہے۔ اور یہ بھی سن رکھو کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے لیکن اکثر

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾ هُوَ يُحْيٖ وَ يُمِيْتُ وَ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۶﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَعْلَمُوْنَ | هُوَ | يُحْيٖ | وَ | يُمِيْتُ | وَ | اِلَيْهِ | تُرْجَعُوْنَ | يٰۤاَيُّهَا | النَّاسُ |
| نہیں | جانتے | وہی | جلاتا ہے | اور | مارتا ہے | اور | طرف اس کی | پھیرے جاؤ گے | اے | لوگو |

لوگ نہیں جانتے ﴿۵۵﴾ وہی جان بخشتا اور (وہی) موت دیتا ہے اور تم لوگ اسی کی طرف لوٹ کر جاؤ گے ﴿۵۶﴾ لوگو تمہارے پاس

قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ شِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَدْ | جَآءَتْكُمْ | مَّوْعِظَةٌ | مِّنْ | رَّبِّكُمْ | وَ | شِفَآءٌ | لِّمَا | فِي | الصُّدُوْرِ |
| تحقیق | آئی ہے تمہارے پاس | نصیحت | کی طرف سے | رب تمہارے | اور | تندرستی | واسطے اس چیز کے کہ | بیچ | سینوں کے ہے |

تمہارے پروردگار کی طرف سے نصیحت اور دلوں کی بیماریوں کی شفا

وَ هُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَ بِرَحْمَتِهٖ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هُدًى | وَّرَحْمَةٌ | لِّلْمُؤْمِنِيْنَ | قُلْ | بِفَضْلِ | اللّٰهِ | وَ | بِرَحْمَتِهٖ |
| اور | ہدایت | اور رحمت | واسطے مسلمانوں کے | کہہ | ساتھ فضل | اللہ کے | اور | ساتھ رحمت اسکی کے |

اور مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت آ پہنچی ہے ﴿۵۷﴾ کہہ دو کہ (یہ کتاب) اللہ کے فضل اور اس کی مہربانی سے

فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۵۸﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَبِذٰلِكَ | فَلْيَفْرَحُوْا | هُوَ | خَيْرٌ | مِّمَّا | يَجْمَعُوْنَ | قُلْ | اَرَءَيْتُمْ | مَّآ |
| پس ساتھ اس کے | پس چاہئے کہ خوش ہوں | وہ | بہتر ہے | اس چیز سے کہ | اکٹھا کرتے ہیں | کہہ | کیا دیکھا تم نے | جو کچھ |

(نازل ہوئی ہے) تو چاہیے کہ لوگ اس سے خوش ہوں۔ یہ اس سے کہیں بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں ﴿۵۸﴾ کہو کہ بھلا دیکھو تو

اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا ؕ قُلْ آٰللّٰهُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْزَلَ | اللّٰهُ | لَكُمْ | مِّنْ | رِّزْقٍ | فَجَعَلْتُمْ | مِّنْهُ | حَرَامًا | وَّ | حَلٰلًا | قُلْ | آٰللّٰهُ |
| اتارا | اللہ نے | واسطے تمہارے | سے | رزق | پس کیا تم نے | اس میں سے | حرام | اور | حلال | کہہ | کیا اللہ نے |

اللہ نے تمہارے لیے جو رزق نازل فرمایا تو تم نے اس میں سے (بعض کو) حرام ٹھہرایا اور (بعض کو) حلال۔ (ان سے) پوچھو کیا اللہ نے

اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَ مَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَذِنَ | لَكُمْ | اَمْ | عَلَى | اللّٰهِ | تَفْتَرُوْنَ | وَ | مَا | ظَنُّ | الَّذِيْنَ | يَفْتَرُوْنَ | عَلَى |
| حکم دیا ہے | واسطے تمہارے | یا | اوپر | اللہ کے | باندھ لیتے ہو | اور | کیا | گمان ہے | ان لوگوں کا کہ | باندھ لیتے ہیں | اوپر |

اس کا تمہیں حکم دیا ہے یا تم اللہ پر افتراء کرتے ہو؟ ﴿۵۹﴾ اور جو لوگ اللہ پر افتراء کرتے ہیں وہ قیامت

اللّٰهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | الْكَذِبَ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَذُوْ | فَضْلٍ | عَلَى | النَّاسِ | وَلٰكِنَّ |
| اللہ کے | جھوٹ | دن | قیامت کے | بیشک | اللہ | البتہ صاحب | فضل کا ہے | اوپر | لوگوں کے | اور لیکن |

کے دن کی نسبت کیا خیال رکھتے ہیں؟ بے شک اللہ لوگوں پر مہربان ہے لیکن

اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ۝۶۰ ع وَمَا تَكُوْنُ فِيْ شَاْنٍ وَّمَا تَتْلُوْا مِنْهُ مِنْ ع ۷ ۱۱

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَكْثَرَهُمْ | لَا | يَشْكُرُوْنَ | وَ | مَا | تَكُوْنُ | فِيْ | شَاْنٍ | وَّ | مَا | تَتْلُوْا | مِنْهُ | مِنْ |
| بہت ان کے | نہیں | شکر کرتے | اور | نہیں | ہوتا تو | بیچ | کسی حال کے | اور | نہیں | تلاوت کرتا تو | اللہ کی طرف سے | کچھ |

اکثر لوگ شکر نہیں کرتے (۶۰) اور تم جس حال میں ہوتے ہو یا قرآن میں سے کچھ پڑھتے ہو

قُرْاٰنٍ وَّلَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُوْدًا اِذْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُرْاٰنٍ | وَّ | لَا | تَعْمَلُوْنَ | مِنْ | عَمَلٍ | اِلَّا | كُنَّا | عَلَيْكُمْ | شُهُوْدًا | اِذْ |
| قرآن | اور | نہیں | کرتے تم سب لوگ | کچھ | کام | مگر | ہوتے ہیں ہم | اوپر تمہارے | شاہد | جب |

یا تم لوگ کوئی (اور) کام کرتے ہو، جب اس میں مصروف ہوتے ہو ہم تمہارے سامنے

تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُفِيْضُوْنَ | فِيْهِ | وَ | مَا | يَعْزُبُ | عَنْ | رَّبِّكَ | مِنْ | مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ | فِي |
| تم مصروف ہوتے ہو | بیچ اس کے | اور | نہیں | چھپتی | سے | پروردگار تیرے | کچھ | ذرہ بھر | بیچ |

ہوتے ہیں۔ اور تمہارے پروردگار سے ذرہ برابر بھی کوئی چیز پوشیدہ نہیں ہے نہ

الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاۗءِ وَلَآ اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرَ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضِ | وَ | لَا | فِي | السَّمَاۗءِ | وَ | لَآ | اَصْغَرَ | مِنْ | ذٰلِكَ | وَ | لَآ | اَكْبَرَ | اِلَّا | فِيْ | كِتٰبٍ |
| زمین کے | اور | نہ | بیچ | آسمان کے | اور | نہ | کوئی چھوٹی چیز | سے | اس | اور | نہ | بڑی | مگر | بیچ | کتاب |

زمین میں اور نہ آسمان میں اور نہ کوئی چیز اس سے چھوٹی ہے یا بڑی مگر کتاب روشن میں

مُّبِيْنٍ ۝۶۱ اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَاۗءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝۶۲ ج

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّبِيْنٍ | اَلَآ | اِنَّ | اَوْلِيَاۗءَ | اللّٰهِ | لَا | خَوْفٌ | عَلَيْهِمْ | وَ | لَا | هُمْ | يَحْزَنُوْنَ |
| بیان کرنیوالی کے ہے | خبردار | بیشک | دوست | اللہ کے | نہیں | ڈر | اوپر ان کے | اور | نہ | وہ | غمگین ہوں گے |

(لکھی ہوئی) ہے (۶۱) سن رکھو کہ جو اللہ کے دوست ہیں اُن کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے (۶۲)

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝٦٣ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | كَانُوْا | يَتَّقُوْنَ | لَهُمُ | الْبُشْرٰى | فِي | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | وَ | فِي |
| وہ لوگ جو | ایمان لائے | اور | تھے | پرہیزگاری کرتے | واسطے انکے ہے | خوش خبری | بیچ | زندگانی | دنیا کی کے | اور | بیچ |

(یعنی) وہ جو ایمان لائے اور پرہیزگار رہے (۶۳) اُن کے لیے دنیا کی زندگی میں بھی بشارت ہے اور آخرت

الْاٰخِرَةِ ۭ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝٦٤

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاٰخِرَةِ | لَا | تَبْدِيْلَ | لِكَلِمٰتِ | اللّٰهِ | ذٰلِكَ | هُوَ | الْفَوْزُ | الْعَظِيْمُ |
| آخرت کے | نہیں | بدلنا | کلام | اللہ کے کو | یہی ہے | وہ | مراد پانا | بڑا |

میں بھی۔ اللہ کی باتیں بدلتی نہیں۔ یہی تو بڑی کامیابی ہے (۶۴)

وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۭ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝٦٥ وقف لازم

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | يَحْزُنْكَ | قَوْلُهُمْ | اِنَّ | الْعِزَّةَ | لِلّٰهِ | جَمِيْعًا | هُوَ | السَّمِيْعُ | الْعَلِيْمُ |
| اور | نہ | غمگین کرے تجھ کو | بات ان کی | بیشک | عزت | واسطے اللہ کے ہے | ساری | وہی | سننے والا | جاننے والا ہے |

اور (اے پیغمبر) ان لوگوں کی باتوں سے آزردہ نہ ہونا۔ (کیونکہ) عزت سب اللہ ہی کی ہے۔ وہ (سب کچھ) سنتا (اور) جانتا ہے (۶۵)

اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ ۭ وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلَآ | اِنَّ | لِلّٰهِ | مَنْ | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَ | مَنْ | فِي | الْاَرْضِ | وَ | مَا | يَتَّبِعُ | الَّذِيْنَ |
| خبردار ہو | بیشک | واسطے اللہ کے ہے | جو کچھ | بیچ | آسمانوں کے ہے | اور | جو کچھ | بیچ | زمین کے ہے | اور | نہیں | پیروی کرتے | وہ لوگ جو کہ |

سن رکھو کہ جو مخلوق آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے سب اللہ ہی کے (بندے اور اس کے مملوک) ہیں۔ اور یہ جو اللہ

يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُرَكَاۗءَ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَدْعُوْنَ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | شُرَكَاۗءَ | اِنْ | يَّتَّبِعُوْنَ | اِلَّا | الظَّنَّ | وَ | اِنْ | هُمْ |
| پکارتے ہیں | سوائے | اللہ کے | شریکوں کو | نہیں | پیروی کرتے | مگر | گمان کی | اور | نہیں | وہ |

کے سوا (اپنے بنائے ہوئے) شریکوں کو پکارتے ہیں وہ (کسی اور چیز کے) پیچھے نہیں چلتے صرف ظن کے پیچھے چلتے ہیں اور

اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ۝٦٦ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | يَخْرُصُوْنَ | هُوَ | الَّذِيْ | جَعَلَ | لَكُمُ | الَّيْلَ | لِتَسْكُنُوْا | فِيْهِ |
| مگر | اٹکل کرتے | وہی ہے | جس نے | کیا | واسطے تمہارے | رات کو | تاکہ آرام پکڑو | بیچ اس کے |

محض اٹکلیں دوڑا رہے ہیں (۶۶) وہی تو ہے جس نے تمہارے لیے رات بنائی تاکہ اس میں آرام کرو

وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّسْمَعُوْنَ ﴿۶۷﴾ قَالُوا اتَّخَذَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالنَّهَارَ | مُبْصِرًا | اِنَّ | فِیْ | ذٰلِكَ | لَاٰیٰتٍ | لِّقَوْمٍ | یَّسْمَعُوْنَ | قَالُوا | اتَّخَذَ |
| اور دن کو | دکھانے والا | بیشک | بیچ | اس کے | البتہ نشانیاں ہیں | واسطے اس قوم کے کہ | سنتے ہیں | کہتے ہیں | پکڑی ہے |

اور روز روشن بنایا (تاکہ اس میں کام کرو)۔ جو لوگ مادۂ سماعت رکھتے ہیں ان کے لیے ان میں نشانیاں ہیں ﴿۶۷﴾ (بعض لوگ) کہتے ہیں کہ اللہ نے

اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ الْغَنِیُّ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | وَلَدًا | سُبْحٰنَهٗ | هُوَ | الْغَنِیُّ | لَهٗ | مَا | فِی | السَّمٰوٰتِ | وَ | مَا | فِی |
| اللہ نے | اولاد | پاکی ہے اس کو | وہی ہے | بے احتیاج | واسطے اسکے ہے | جو کچھ | بیچ | آسمانوں کے ہے | اور | جو کچھ | بیچ |

بیٹا بنالیا ہے (اس کی) ذات (اولاد سے) پاک ہے۔ (اور) وہ بے نیاز ہے۔ جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے

الْاَرْضِ ؕ اِنْ عِنْدَكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍۭ بِهٰذَا ؕ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَی اللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضِ | اِنْ | عِنْدَكُمْ | مِّنْ | سُلْطٰنٍ | بِهٰذَا | اَتَقُوْلُوْنَ | عَلَی | اللّٰهِ |
| زمین کے ہے | نہیں | تمہارے پاس | کوئی | دلیل | اس کی | کیا کہتے ہو | اوپر | اللہ کے |

سب اسی کا ہے۔ (اے افتراپردازو) تمہارے پاس اس (قول باطل) کی کوئی دلیل نہیں ہے۔ تم اللہ کی نسبت ایسی بات کیوں کہتے ہو

مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۸﴾ قُلْ اِنَّ الَّذِیْنَ یَفْتَرُوْنَ عَلَی اللّٰهِ الْكَذِبَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | لَا | تَعْلَمُوْنَ | قُلْ | اِنَّ | الَّذِیْنَ | یَفْتَرُوْنَ | عَلَی | اللّٰهِ | الْكَذِبَ |
| جو کچھ | نہیں | جانتے | کہہ | بیشک | وہ لوگ کہ | باندھ لیتے ہیں | اوپر | اللہ کے | جھوٹ |

جو جانتے نہیں ﴿۶۸﴾ کہہ دو کہ جو لوگ اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں

لَا یُفْلِحُوْنَ ﴿۶۹﴾ مَتَاعٌ فِی الدُّنْیَا ثُمَّ اِلَیْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِیْقُهُمُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | یُفْلِحُوْنَ | مَتَاعٌ | فِی | الدُّنْیَا | ثُمَّ | اِلَیْنَا | مَرْجِعُهُمْ | ثُمَّ | نُذِیْقُهُمُ |
| نہیں | چھٹکارا پانے کے | فائدہ ہے | بیچ | دنیا کے | پھر | ہماری طرف | پھر آنا ہے اُن کا | پھر | چکھادیں گے ہم انکو |

فلاح نہیں پائیں گے ﴿۶۹﴾ (ان کے لیے) جو فائدے ہیں دنیا میں (ہیں) پھر ان کو ہماری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے اس وقت ہم

ع ۱۲/۱۰ وقف لازم الثلثة

الْعَذَابَ الشَّدِیْدَ بِمَا كَانُوْا یَكْفُرُوْنَ ﴿۷۰﴾ؑ وَاتْلُ عَلَیْهِمْ نَبَاَ نُوْحٍ ۘ اِذْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعَذَابَ | الشَّدِیْدَ | بِمَا | كَانُوْا | یَكْفُرُوْنَ | وَاتْلُ | عَلَیْهِمْ | نَبَاَ | نُوْحٍ | اِذْ |
| عذاب | سخت | بسبب اسکے کہ | تھے | کفر کرتے | اور پڑھ | اوپر ان کے | خبر | نوح کی | جس وقت |

ان کو عذاب شدید (کے مزے) چکھائیں گے کیونکہ کفر (کی باتیں) کیا کرتے تھے ﴿۷۰﴾ اور ان کو نوح کا قصہ پڑھ کر سنادو۔

قَالَ لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ مَّقَامِيْ وَتَذْكِيْرِيْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | لِقَوْمِهٖ | يٰقَوْمِ | اِنْ | كَانَ | كَبُرَ | عَلَيْكُمْ | مَّقَامِيْ | وَتَذْكِيْرِيْ | بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ |
| کہا اس نے | واسطے قوم اپنی کے | اے قوم میری | اگر | ہے | دشوار | اوپر تمہارے | رہنا میرا | اور نصیحت کرنی میری | ساتھ نشانیوں | اللہ کے |

جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ اے قوم! اگر تم کو میرا تم میں رہنا اور اللہ کی آیتوں سے نصیحت کرنا ناگوار ہو تو میں

فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ فَاَجْمِعُوْٓا اَمْرَكُمْ وَشُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُنْ اَمْرُكُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نُوْحًا | اِلٰى | قَوْمِهٖٓ | اِنِّىْ | لَكُمْ | نَذِيْرٌ | مُّبِيْنٌ | اَنْ | لَّا تَعْبُدُوْٓا | اِلَّا | اللّٰهَ |
| نوح کو | طرف | قوم اس کی کے | بیشک میں | واسطے تمہارے | ڈرانیوالا ہوں | ظاہر | یہ کہ | نہ عبادت کرو | مگر | اللہ کی |

قوم کی طرف بھیجا (تو انہوں نے ان سے کہا) کہ میں تم کو کھول کھول کر ڈر سنانے (اور یہ پیغام پہنچانے) آیا ہوں ﴿٢٥﴾ کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو۔

**اِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ اَلِیْمٍ ﴿۲۶﴾ فَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا**

| اِنِّیْٓ | اَخَافُ | عَلَیْكُمْ | عَذَابَ | یَوْمٍ | اَلِیْمٍ | فَقَالَ | الْمَلَاُ | الَّذِیْنَ | كَفَرُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک میں | ڈرتا ہوں | اوپر تمہارے | عذاب | دن | درد دینے والے کے سے | پس کہا | سرداروں نے | جو لوگ کہ | کافر ہوئے تھے |

مجھے تمہاری نسبت عذاب الیم کا خوف ہے ﴿۲۶﴾ تو ان کی قوم کے سردار جو کافر تھے کہنے لگے کہ

**مِنْ قَوْمِهٖ مَا نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا وَمَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِیْنَ**

| مِنْ | قَوْمِهٖ | مَا | نَرٰىكَ | اِلَّا | بَشَرًا | مِّثْلَنَا | وَ | مَا | نَرٰىكَ | اتَّبَعَكَ | اِلَّا | الَّذِیْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | قوم اس کی | نہیں | دیکھتے ہم تجھ کو | مگر | آدمی | مانند اپنی | اور | نہیں | دیکھتے ہم تجھ کو کہ | پیروی کی ہو تیری | مگر | ان لوگوں نے کہ |

ہم تم کو اپنے ہی جیسا ایک آدمی دیکھتے ہیں اور یہ بھی دیکھتے ہیں کہ تمہارے پیرو وہی لوگ ہوئے ہیں جو ہم میں ادنیٰ درجے کے

**هُمْ اَرَاذِلُنَا بَادِیَ الرَّاْیِ ۚ وَمَا نَرٰى لَكُمْ عَلَیْنَا مِنْ فَضْلٍۭ بَلْ**

| هُمْ | اَرَاذِلُنَا | بَادِیَ | الرَّاْیِ | وَ | مَا | نَرٰى | لَكُمْ | عَلَیْنَا | مِنْ | فَضْلٍ | بَلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ | نیچ ہمارے ہیں | ظاہر | سمجھے | اور | نہیں | دیکھتے ہم | واسطے تمہارے | اوپر اپنے | کچھ | بڑائی سے | بلکہ |

ہیں اور وہ بھی رائے ظاہر سے (نہ غور و تعمق سے) اور ہم تم میں اپنے اوپر کسی طرح کی فضیلت نہیں دیکھتے بلکہ تمہیں جھوٹا

**نَظُنُّكُمْ كٰذِبِیْنَ ﴿۲۷﴾ قَالَ یٰقَوْمِ اَرَءَیْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَیِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّیْ**

| نَظُنُّكُمْ | كٰذِبِیْنَ | قَالَ | یٰقَوْمِ | اَرَءَیْتُمْ | اِنْ | كُنْتُ | عَلٰى | بَیِّنَةٍ | مِّنْ | رَّبِّیْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گمان کرتے ہیں ہم تمکو | جھوٹے | کہا | اے قوم میری | کیا دیکھا تم نے | اگر | ہوں میں | اوپر | دلیل کے | سے | پروردگار اپنے |

خیال کرتے ہیں ﴿۲۷﴾ انہوں نے کہا کہ اے قوم! دیکھو تو اگر میں اپنے پروردگار کی طرف سے دلیل (روشن) رکھتا ہوں اور

**وَاٰتٰىنِیْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِهٖ فَعُمِّیَتْ عَلَیْكُمْ ؕ اَنُلْزِمُكُمُوْهَا وَاَنْتُمْ لَهَا**

| وَ | اٰتٰىنِیْ | رَحْمَةً | مِّنْ | عِنْدِهٖ | فَعُمِّیَتْ | عَلَیْكُمْ | اَنُلْزِمُكُمُوْهَا | وَ | اَنْتُمْ | لَهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | دی ہو مجھ کو | رحمت | سے | نزدیک اپنے | پس چھپائی گئی | اوپر تمہارے | کیا لگا دیں گے ہم تمکو وہ رحمت | اور | تم | اس کو |

اس نے مجھے اپنے ہاں سے رحمت بخشی ہو جس کی حقیقت تم سے پوشیدہ رکھی گئی ہے تو کیا ہم اس کے لیے تمہیں مجبور کر سکتے ہیں اور تم ہو کہ اس سے

**كٰرِهُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَیٰقَوْمِ لَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ مَالًا ؕ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ**

| كٰرِهُوْنَ | وَ | یٰقَوْمِ | لَاۤ | اَسْـَٔلُكُمْ | عَلَیْهِ | مَالًا | اِنْ | اَجْرِیَ | اِلَّا | عَلَى | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ناخوش رکھنے والے ہو | اور | اے قوم میری | نہیں | مانگتا میں تم سے | اوپر اس کے | کچھ مال | نہیں | بدلہ میرا | مگر | اوپر | اللہ کے |

ناخوش ہو رہے ہو ﴿۲۸﴾ اور اے قوم! میں اس (نصیحت) کے بدلے تم سے مال و زر کا خواہاں نہیں ہوں۔ میرا صلہ تو اللہ کے ذمے ہے

وَمَآ اَنَا بِطَارِدِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ اِنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَلٰكِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَآ | اَنَا | بِطَارِدِ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | اِنَّهُمْ | مُّلٰقُوْا | رَبِّهِمْ | وَ | لٰكِنِّيْٓ | اَرٰىكُمْ | قَوْمًا |
| اور | نہیں | میں | ہانک دینے والا | ان لوگوں کو کہ | ایمان لائے | بیشک وہ | ملنے والے ہیں | رب اپنے سے | اور | لیکن | میں دیکھتا ہوں تمکو | ایک قوم ہو کہ |

اور جو لوگ ایمان لائے ہیں میں ان کو نکالنے والا بھی نہیں ہوں۔ وہ تو اپنے پروردگار سے ملنے والے ہیں لیکن میں دیکھتا ہوں کہ تم لوگ

تَجْهَلُوْنَ ﴿٢٩﴾ وَيٰقَوْمِ مَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ طَرَدْتُّهُمْ ؕ اَفَلَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَجْهَلُوْنَ | وَ | يٰقَوْمِ | مَنْ | يَّنْصُرُنِيْ | مِنَ | اللّٰهِ | اِنْ | طَرَدْتُّهُمْ | اَفَلَا |
| جہالت کرتے ہو | اور | اے قوم میری | کون شخص | مدد دے گا مجھ کو | سے | اللہ | اگر | ہانک دوں میں انکو | کیا پس نہیں |

نادانی کر رہے ہو (۲۹) اور برادرانِ ملت اگر میں ان کو نکال دوں تو (عذاب) اللہ سے (بچانے کے لیے) کون میری مدد کر سکتا ہے۔

تَذَكَّرُوْنَ ﴿٣٠﴾ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَذَكَّرُوْنَ | وَ | لَآ | اَقُوْلُ | لَكُمْ | عِنْدِيْ | خَزَآئِنُ | اللّٰهِ | وَ | لَآ | اَعْلَمُ | الْغَيْبَ |
| نصیحت پکڑتے | اور | نہیں | کہتا میں | تم سے کہ | نزدیک میرے | خزانے | اللہ کے ہیں | اور | نہیں | جانتا میں | غیب کو |

بھلا تم غور کیوں نہیں کرتے؟ (۳۰) میں نہ تم سے یہ کہتا ہوں کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ یہ کہ میں غیب جانتا ہوں

وَلَآ اَقُوْلُ اِنِّيْ مَلَكٌ وَّلَآ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ تَزْدَرِيْٓ اَعْيُنُكُمْ لَنْ يُّؤْتِيَهُمُ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَآ | اَقُوْلُ | اِنِّيْ | مَلَكٌ | وَّ | لَآ | اَقُوْلُ | لِلَّذِيْنَ | تَزْدَرِيْٓ | اَعْيُنُكُمْ | لَنْ | يُّؤْتِيَهُمُ |
| اور | نہیں | کہتا میں کہ | بیشک میں | فرشتہ ہوں | اور | نہیں | کہتا میں | واسطے ان لوگوں کے کہ | حقیر دیکھتی ہیں انکو | آنکھیں تمہاری | ہرگز | نہیں دیگا ان کو |

اور نہ یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں اور نہ ان لوگوں کی نسبت جن کو تم حقارت کی نظر سے دیکھتے ہو یہ کہتا ہوں کہ اللہ ان کو بھلائی (یعنی

اللّٰهُ خَيْرًا ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۚۖ اِنِّيْٓ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٣١﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | خَيْرًا | اَللّٰهُ | اَعْلَمُ | بِمَا | فِيْٓ | اَنْفُسِهِمْ | اِنِّيْٓ | اِذًا | لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ |
| اللہ | بھلائی | اللہ | خوب جانتا ہے | جو کچھ | بیچ | انکے جیوں کے ہے | بیشک میں | اس وقت | البتہ ہو جاؤں ظالموں سے |

اعمال کی جزائے نیک) نہیں دے گا۔ جو ان کے دلوں میں ہے اسے اللہ خوب جانتا ہے۔ اگر میں ایسا کہوں تو بے انصافوں میں ہوں (۳۱)

قَالُوْا يٰنُوْحُ قَدْ جٰدَلْتَنَا فَاَكْثَرْتَ جِدَالَنَا فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوْا | يٰنُوْحُ | قَدْ | جٰدَلْتَنَا | فَاَكْثَرْتَ | جِدَالَنَا | فَاْتِنَا | بِمَا | تَعِدُنَآ | اِنْ | كُنْتَ |
| کہنے لگے | اے نوح | تحقیق | جھگڑا کیا تو نے ہم سے | پس بہت کیا تو نے | جھگڑا ہم سے | پس لے آ ہمارے پاس | جو کچھ | وعدہ دیتا ہے تو ہمکو | اگر | ہے تو |

انہوں نے کہا کہ نوح تم نے ہم سے جھگڑا تو کیا اور جھگڑا بھی بہت کیا لیکن اگر سچے ہو تو جس چیز سے ہمیں ڈراتے ہو

مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ اِنَّمَا يَاْتِيْكُمْ بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَآءَ وَمَآ اَنْتُمْ

| مِنَ | الصّٰدِقِيْنَ | قَالَ | اِنَّمَا | يَاْتِيْكُمْ بِهِ | اللّٰهُ | اِنْ | شَآءَ | وَ | مَآ | اَنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | سچوں | کہا | سوائے اسکے نہیں کہ | لے آیگا اسکو تمہارے پاس | اللہ | اگر | چاہے گا | اور | نہیں | تم |

وہ ہم پر لا نازل کرو ﴿۳۲﴾ نوح نے کہا کہ اُس کو تو اللہ ہی چاہے گا تو نازل کرے گا اور تم (اس کو کسی طرح)

بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ

| بِمُعْجِزِيْنَ | وَلَا | يَنْفَعُكُمْ | نُصْحِيْٓ | اِنْ | اَرَدْتُّ | اَنْ | اَنْصَحَ | لَكُمْ | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عاجز کرنے والے | اور نہیں | فائدہ دیگی تم کو | نصیحت میری | اگر | ارادہ کروں میں | یہ کہ | نصیحت کروں میں | تم کو | اگر |

ہرا نہیں سکتے ﴿۳۳﴾ اور اگر میں یہ چاہوں کہ تمہاری خیر خواہی کروں اور اللہ یہ چاہے کہ تمہیں گمراہ کرے تو میری

كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ ؕ هُوَ رَبُّكُمْ ۟ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۳۴﴾ ؕ اَمْ

| كَانَ | اللّٰهُ | يُرِيْدُ | اَنْ | يُّغْوِيَكُمْ | هُوَ | رَبُّكُمْ | وَ | اِلَيْهِ | تُرْجَعُوْنَ | اَمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہو | اللہ | ارادہ کرتا | یہ کہ | گمراہ کرے تم کو | وہ | پروردگار تمہارا ہے | اور | طرف اسی کے | پھیرے جاؤ گے | کیا |

خیر خواہی تم کو کچھ فائدہ نہیں دے سکتی۔ وہی تمہارا پروردگار ہے۔ اور تمہیں اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے ﴿۳۴﴾ کیا یہ

يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَعَلَيَّ اِجْرَامِيْ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا

| يَقُوْلُوْنَ | افْتَرٰىهُ | قُلْ | اِنِ | افْتَرَيْتُهٗ | فَعَلَيَّ | اِجْرَامِيْ | وَ | اَنَا | بَرِيْٓءٌ | مِّمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہتے ہیں کہ | باندھ لیا ہے | کہہ | اگر | باندھ لیا ہے میں نے | پس اوپر میرے ہے | گناہ میرا | اور | میں | بے تعلق ہوں | اس چیز سے کہ |

کہتے ہیں کہ اس (پیغمبر) نے قرآن اپنے دل سے بنا لیا ہے۔ کہہ دو کہ اگر میں نے دل سے بنا لیا ہے تو میرے گناہ کا وبال مجھ پر اور جو گناہ تم

ع ۳ / ۱۱ / ۳ تُجْرِمُوْنَ ﴿۳۵﴾ ع وَاُوْحِيَ اِلٰى نُوْحٍ اَنَّهٗ لَنْ يُّؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ

| تُجْرِمُوْنَ | وَ | اُوْحِيَ | اِلٰى | نُوْحٍ | اَنَّهٗ | لَنْ | يُّؤْمِنَ | مِنْ | قَوْمِكَ | اِلَّا | مَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گناہ کرتے ہو تم | اور | وحی کی گئی | طرف | نوح کی | یہ کہ وہ | ہرگز نہ | ایمان لائیں گے | سے | قوم تیری | مگر | جو |

کرتے ہو اس سے میں بری الذمہ ہوں ﴿۳۵﴾ اور نوح کی طرف وحی کی گئی کہ تمہاری قوم میں جو لوگ ایمان لا چکے (لا چکے) ان

قَدْ اٰمَنَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾ ۚ وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا

| قَدْ | اٰمَنَ | فَلَا | تَبْتَئِسْ | بِمَا | كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ | وَ | اصْنَعِ | الْفُلْكَ | بِاَعْيُنِنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تحقیق | ایمان لا چکے | پس مت | غم کھا | ساتھ اس چیز کے کہ | کرتے ہیں | اور | بنا | کشتی | روبرو ہمارے |

کے سوا اور کوئی ایمان نہیں لائے گا تو جو کام یہ کر رہے ہیں اُن کی وجہ سے غم نہ کھاؤ ﴿۳۶﴾ اور ایک کشتی ہمارے حکم سے ہمارے

وَوَحْيِنَا وَلَا تُخَاطِبْنِي فِي الَّذِينَ ظَلَمُوا ۚ إِنَّهُمْ مُغْرَقُونَ ﴿۳۷﴾

| وَوَحْيِنَا | وَ | لَا | تُخَاطِبْنِي | فِي | الَّذِينَ | ظَلَمُوا | إِنَّهُمْ | مُغْرَقُونَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور ہمارے حکم سے | اور | مت | گفتگو کر مجھ سے | بیچ | ان لوگوں کے کہ | ظلم کرتے ہیں | بیشک وہ | ڈبائے جائیں گے |

روبرو بناؤ اور جو لوگ ظالم ہیں ان کے بارے میں ہم سے کچھ نہ کہنا کیونکہ وہ ضرور غرق کردیے جائیں گے ﴿۳۷﴾

وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ ۗ وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَأٌ مِّنْ قَوْمِهِ سَخِرُوا مِنْهُ ۚ

| وَ | يَصْنَعُ | الْفُلْكَ | وَ | كُلَّمَا | مَرَّ | عَلَيْهِ | مَلَأٌ | مِّنْ | قَوْمِهِ | سَخِرُوا | مِنْهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بناتا تھا نوح | کشتی کو | اور | جب | گزرتے | اوپر اس کے | سردار | سے | اس کی قوم | ٹھٹھا کرتے | اس سے |

تو نوح نے کشتی بنانی شروع کردی اور جب ان کی قوم کے سرداران کے پاس سے گزرتے تو اُن سے تمسخر کرتے۔

قَالَ إِنْ تَسْخَرُوا مِنَّا فَإِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ كَمَا تَسْخَرُونَ ﴿۳۸﴾

| قَالَ | إِنْ | تَسْخَرُوا | مِنَّا | فَإِنَّا | نَسْخَرُ | مِنْكُمْ | كَمَا | تَسْخَرُونَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہا | اگر | تم ٹھٹھا کرتے ہو | ہم سے | پس ہم بھی | ٹھٹھا کریں گے | تم سے | جیسے کہ | تم ٹھٹھا کرتے ہو |

وہ کہتے کہ اگر تم ہم سے تمسخر کرتے ہو تو جس طرح تم ہم سے تمسخر کرتے ہو اسی طرح (ایک وقت) ہم بھی تم سے تمسخر کریں گے ﴿۳۸﴾

فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ۙ مَنْ يَأْتِيهِ عَذَابٌ يُخْزِيهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ

| فَسَوْفَ | تَعْلَمُونَ | مَنْ | يَأْتِيهِ | عَذَابٌ | يُخْزِيهِ | وَ | يَحِلُّ | عَلَيْهِ | عَذَابٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس البتہ | جانو گے تم | کون شخص ہے کہ | آئیگا اسکے پاس | عذاب | کہ رسوا کریگا اسکو | اور | اتر آوے گا | اوپر اس کے | عذاب |

اور تم کو جلد معلوم ہو جائے گا کہ کس پر عذاب آتا ہے جو اسے رسوا کرے گا اور کس پر ہمیشہ کا عذاب نازل

مُّقِيمٌ ﴿۳۹﴾ حَتَّىٰ إِذَا جَاءَ أَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّورُ ۙ قُلْنَا احْمِلْ فِيهَا مِنْ

| مُّقِيمٌ | حَتَّىٰ | إِذَا | جَاءَ | أَمْرُنَا | وَفَارَ | التَّنُّورُ | قُلْنَا | احْمِلْ | فِيهَا | مِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہمیشہ رہنے کا | یہاں تک کہ | جب | آیا | حکم ہمارا | اور جوش مارا | تنور نے | کہا ہم نے | چڑھا لے | بیچ اسکے | سے |

ہوتا ہے؟ ﴿۳۹﴾ یہاں تک کہ جب ہمارا حکم آپہنچا اور تنور جوش مارنے لگا تو ہم نے (نوح کو) حکم دیا کہ ہر قسم (کے جانداروں) میں سے

كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَأَهْلَكَ إِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ

| كُلٍّ | زَوْجَيْنِ | اثْنَيْنِ | وَ | أَهْلَكَ | إِلَّا | مَنْ | سَبَقَ | عَلَيْهِ | الْقَوْلُ | وَ | مَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہر قسم | جوڑا | دو عدد | اور | اہل اپنے کو | مگر | جن پر | چل چکی پہلے سے | اوپر اسکے | بات | اور | جو کوئی |

جوڑا جوڑا (یعنی) دو (دو جانور ایک ایک نر اور ایک ایک مادہ) لے لو اور جس شخص کی نسبت حکم ہو چکا ہے (کہ ہلاک ہو جائے گا) اس کو چھوڑ کر اپنے گھر

اٰمَنَ ط وَمَآ اٰمَنَ مَعَهٗٓ اِلَّا قَلِيۡلٌ ﴿۴۰﴾ وَقَالَ ارۡكَبُوۡا فِيۡهَا بِسۡمِ اللّٰهِ

| اٰمَنَ | وَ | مَآ | اٰمَنَ | مَعَهٗٓ | اِلَّا | قَلِيۡلٌ | وَ | قَالَ | ارۡكَبُوۡا | فِيۡهَا | بِسۡمِ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان لایا | اور | نہ | ایمان لائے تھے | ساتھ اس کے | مگر | تھوڑے | اور | کہا نوح نے | سوار ہو | بیچ اسکے | ساتھ نام | اللہ کے |

والوں کو اور جو ایمان لایا ہو اس کو کشتی میں سوار کرلو۔ اور ان کے ساتھ ایمان بہت ہی کم لوگ لائے تھے ﴿۴۰﴾ اور (نوح نے) کہا کہ اللہ

مَجۡرٖ۔هَا وَمُرۡسٰهَا ط اِنَّ رَبِّیۡ لَغَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۴۱﴾ وَهِیَ تَجۡرِیۡ بِهِمۡ

| مَجۡرٖ۔هَا | وَ | مُرۡسٰهَا | اِنَّ | رَبِّیۡ | لَغَفُوۡرٌ | رَّحِيۡمٌ | وَ | هِیَ | تَجۡرِیۡ | بِهِمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چلنا اس کا | اور | تھمنا اس کا | بیشک | رب میرا | البتہ بخشنے والا | مہربان ہے | اور | وہ | چلتی تھی | ساتھ انکے |

کا نام لے کر (کہ اسی کے ہاتھ میں) اس کا چلنا اور ٹھہرنا (ہے) اس میں سوار ہو جاؤ۔ بیشک میرا پروردگار بخشنے والا مہربان ہے ﴿۴۱﴾ اور وہ ان کو لے

فِیۡ مَوۡجٍ كَالۡجِبَالِ قف وَنَادٰی نُوۡحُ ِۨ ابۡنَهٗ وَكَانَ فِیۡ مَعۡزِلٍ يّٰبُنَیَّ ارۡكَبۡ

| فِیۡ | مَوۡجٍ | كَالۡجِبَالِ | وَنَادٰی | نُوۡحُ ِۨ | ابۡنَهٗ | وَ | كَانَ | فِیۡ | مَعۡزِلٍ | يّٰبُنَیَّ | ارۡكَبۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیچ | موجوں کے | مانند پہاڑوں کے | اور پکارا | نوح نے | بیٹے اپنے کو | اور | تھا وہ | بیچ | کنارے کے | اے بیٹے میرے | چڑھ لے |

کر (طوفان کی) لہروں میں چلنے لگی (لہریں کیا تھیں) گویا پہاڑ (تھے)۔ اور اس وقت نوح نے اپنے بیٹے کو کہ (کشتی سے) الگ تھا

مَّعَنَا وَلَا تَكُنۡ مَّعَ الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿۴۲﴾ قَالَ سَاٰوِیۡۤ اِلٰی جَبَلٍ يَّعۡصِمُنِیۡ

| مَّعَنَا | وَ | لَا | تَكُنۡ | مَّعَ | الۡكٰفِرِيۡنَ | قَالَ | سَاٰوِیۡۤ | اِلٰی | جَبَلٍ | يَّعۡصِمُنِیۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ ہمارے | اور | مت | ہو | ساتھ | کافروں کے | کہا | جلد جگہ پکڑ لیتا ہوں میں | طرف | پہاڑ کی | کہ بچالے گا مجھ کو |

پکارا کہ بیٹا ہمارے ساتھ سوار ہو جا اور کافروں میں شامل نہ ہو ﴿۴۲﴾ اس نے کہا کہ میں (ابھی) پہاڑ سے جا لگوں گا وہ مجھے پانی

مِنَ الۡمَآءِ ط قَالَ لَا عَاصِمَ الۡيَوۡمَ مِنۡ اَمۡرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنۡ رَّحِمَ ج وَحَالَ

| مِنَ | الۡمَآءِ | قَالَ | لَا | عَاصِمَ | الۡيَوۡمَ | مِنۡ | اَمۡرِ | اللّٰهِ | اِلَّا | مَنۡ | رَّحِمَ | وَ | حَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | پانی | کہا | نہیں | بچانے والا | کچھ آج کے دن | سے | حکم | اللہ کے | مگر | جس کو | رحم کرے اللہ | اور | حائل ہوگئی |

سے بچالے گا۔ انہوں نے کہا کہ آج اللہ کے عذاب سے کوئی بچانے والا نہیں (اور نہ کوئی بچ سکتا ہے) مگر جس پر اللہ رحم کرے۔

بَيۡنَهُمَا الۡمَوۡجُ فَكَانَ مِنَ الۡمُغۡرَقِيۡنَ ﴿۴۳﴾ وَقِيۡلَ يٰۤاَرۡضُ ابۡلَعِیۡ مَآءَكِ

| بَيۡنَهُمَا | الۡمَوۡجُ | فَكَانَ | مِنَ | الۡمُغۡرَقِيۡنَ | وَ | قِيۡلَ | يٰۤاَرۡضُ | ابۡلَعِیۡ | مَآءَكِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| درمیان ان دونوں کے | موج | پس ہو گیا | سے | ڈوبنے والوں | اور | کہا گیا | اے زمین | نگل جا | پانی اپنا |

اتنے میں دونوں کے درمیان لہر آ حائل ہوئی اور وہ ڈوب کر رہ گیا ﴿۴۳﴾ اور حکم دیا گیا کہ اے زمین اپنا پانی نگل جا

قرأ حفص بفتح الميم وامالة الراء ١٢

وَ يٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَ غِيْضَ الْمَآءُ وَ قُضِيَ الْاَمْرُ وَ اسْتَوَتْ عَلَى

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يٰسَمَآءُ | اَقْلِعِيْ | وَ | غِيْضَ | الْمَآءُ | وَ | قُضِيَ | الْاَمْرُ | وَ | اسْتَوَتْ | عَلَى |
| اور | اے آسمان | تھم جا | اور | خشک کیا گیا | پانی | اور | تمام کیا گیا | کام | اور | لگی وہ کشتی | اوپر |

اور اے آسمان تھم جا تو پانی خشک ہو گیا اور کام تمام کر دیا گیا اور کشتی کوہِ جودی پر

الْجُوْدِيِّ وَ قِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤٤﴾ وَ نَادٰى نُوْحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْجُوْدِيِّ | وَ | قِيْلَ | بُعْدًا | لِّلْقَوْمِ | الظّٰلِمِيْنَ | وَ | نَادٰى | نُوْحٌ | رَّبَّهٗ | فَقَالَ | رَبِّ |
| جودی پہاڑ کے | اور | کہا گیا | لعنت ہوجیو | واسطے قوم | ظالموں کے | اور | پکارا | نوح نے | رب اپنے کو | پس کہا | اے پروردگار میرے |

جا ٹھہری اور کہہ دیا گیا کہ بے انصاف لوگوں پر لعنت ﴿٤٤﴾ اور نوح نے اپنے پروردگار کو پکارا اور کہا کہ پروردگار

اِنَّ ابْنِيْ مِنْ اَهْلِيْ وَ اِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَ اَنْتَ اَحْكَمُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿٤٥﴾

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | ابْنِيْ | مِنْ | اَهْلِيْ | وَ | اِنَّ | وَعْدَكَ | الْحَقُّ | وَ | اَنْتَ | اَحْكَمُ | الْحٰكِمِيْنَ |
| بیشک | بیٹا میرا | سے | اہل میرے | اور | بیشک | وعدہ تیرا | سچ ہے | اور | تو | بہتر حکم کرنیوالا ہے | سب حکم کرنیوالوں سے |

میرا بیٹا بھی میرے گھر والوں میں ہے (تو اس کو بھی نجات دے) اور تیرا وعدہ سچا ہے اور تو سب سے بہتر حاکم ہے ﴿٤٥﴾

قَالَ يٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ اَهْلِكَ ۚ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ ۖ فَلَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | يٰنُوْحُ | اِنَّهٗ | لَيْسَ | مِنْ | اَهْلِكَ | اِنَّهٗ | عَمَلٌ | غَيْرُ صَالِحٍ | فَلَا |
| کہا | اے نوح | بیشک وہ | نہیں ہے | سے | اہل تیرے | بیشک وہ | اس کا عمل ہے | ناشائستہ | پس مت |

اللہ نے فرمایا کہ نوح وہ تیرے گھر والوں میں نہیں ہے۔ وہ تو ناشائستہ افعال ہے تو جس چیز کی تم

تَسْـَٔلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنِّيْۤ اَعِظُكَ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَسْـَٔلْنِ | مَا | لَيْسَ | لَكَ | بِهٖ | عِلْمٌ | اِنِّيْۤ | اَعِظُكَ | اَنْ | تَكُوْنَ | مِنَ |
| سوال کر مجھسے | اس چیز کا کہ | نہیں | واسطے تیرے | ساتھ اسکے | علم | بیشک میں | نصیحت کرتا ہوں تجھ کو | یہ کہ نہ | ہو تو | سے |

کو حقیقت معلوم نہیں اس کے بارے میں مجھ سے سوال ہی نہ کرو۔ اور میں تم کو نصیحت کرتا ہوں کہ

الْجٰهِلِيْنَ ﴿٤٦﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْۤ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْـَٔلَكَ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْجٰهِلِيْنَ | قَالَ | رَبِّ | اِنِّيْۤ | اَعُوْذُبِكَ | اَنْ | اَسْـَٔلَكَ | مَا | لَيْسَ | لِيْ | بِهٖ |
| جاہلوں | کہا | اے پروردگار میرے | بیشک میں | پناہ پکڑتا ہوں ساتھ تیرے | یہ کہ | سوال کروں میں تجھسے | وہ چیز کہ | نہیں | مجھ کو | ساتھ اسکے |

نادان نہ بنو ﴿٤٦﴾ نوح نے کہا پروردگار میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں کہ ایسی چیز کا تجھ سے سوال کروں جس کی حقیقت

عِلْمٌ ۭ وَاِلَّا تَغْفِرْ لِيْ وَتَرْحَمْنِيْٓ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٤٧﴾ قِيْلَ يٰنُوْحُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِلْمٌ | وَ | اِلَّا | تَغْفِرْ لِيْ | وَ | تَرْحَمْنِيْٓ | اَكُنْ | مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ | قِيْلَ | يٰنُوْحُ |
| علم | اور | اگر نہ | بخشے گا تو مجھ کو | اور | نہ رحم کرے گا تو مجھ کو | ہو جاؤں گا میں | ٹوٹا پانے والوں سے | کہا گیا | اے نوح |

مجھے معلوم نہیں۔ اور اگر تو مجھے نہیں بخشے گا اور مجھ پر رحم نہیں کرے گا تو میں تباہ ہو جاؤں گا ﴿٤٧﴾ حکم ہوا کہ نوح ہماری

اهْبِطْ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَبَرَكٰتٍ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ ۭ وَاُمَمٌ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اهْبِطْ | بِسَلٰمٍ | مِّنَّا | وَ | بَرَكٰتٍ | عَلَيْكَ | وَ | عَلٰٓى | اُمَمٍ | مِّمَّنْ | مَّعَكَ | وَ | اُمَمٌ |
| اتر | ساتھ سلامتی کے | ہماری طرف سے | اور | برکتوں کے | اوپر تیرے | اور | اوپر | امتوں کے | ان لوگوں میں سے | ساتھ تیرے ہیں | اور | امتیں ہیں |

طرف سے سلامتی اور برکتوں کے ساتھ (جو) تم پر اور تمہارے ساتھ کی جماعتوں پر (نازل کی گئی ہیں) اُتر آؤ۔ اور کچھ اور جماعتیں

سَنُمَتِّعُهُمْ ثُمَّ يَمَسُّهُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٤٨﴾ تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَاۗءِ الْغَيْبِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَنُمَتِّعُهُمْ | ثُمَّ | يَمَسُّهُمْ | مِّنَّا | عَذَابٌ | اَلِيْمٌ | تِلْكَ | مِنْ | اَنْۢبَاۗءِ | الْغَيْبِ |
| البتہ فائدہ دینگے ہم انکو | پھر | لگے گا ان کو | ہماری طرف سے | عذاب | درد دینے والا | یہ | سے ہے | خبروں | غیب کی |

ہوں گی جن کو ہم (دنیا کے فوائد سے) محظوظ کریں گے پھر ان کو ہماری طرف سے عذاب الیم پہنچے گا ﴿٤٨﴾ یہ (حالات) منجملہ غیب کی خبروں کے ہیں

معانقة ٩
الوقف علی فاصبر
احسن والٰی ١٢

نُوْحِيْهَآ اِلَيْكَ ۚ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَآ اَنْتَ وَلَا قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هٰذَا ړ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نُوْحِيْهَآ | اِلَيْكَ | مَا | كُنْتَ | تَعْلَمُهَآ | اَنْتَ | وَ | لَا | قَوْمُكَ | مِنْ | قَبْلِ | هٰذَا |
| وحی کرتے ہیں ہم انکو | طرف تیری | نہ | تھا تو | جانتا ان کو | تو | اور | نہ | قوم تیری | سے | پہلے | اس |

جو ہم تمہاری طرف بھیجتے ہیں۔ اس سے پہلے نہ تم ہی اُن کو جانتے تھے اور نہ تمہاری قوم (ہی ان سے واقف تھی)۔

ع ٤

فَاصْبِرْ ړ اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿٤٩﴾ وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ۭ قَالَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاصْبِرْ | اِنَّ | الْعَاقِبَةَ | لِلْمُتَّقِيْنَ | وَ | اِلٰى | عَادٍ | اَخَاهُمْ | هُوْدًا | قَالَ |
| پس صبر کر | بیشک | آخر کار | واسطے پرہیزگاروں کے ہے | اور | طرف | عاد کی | بھائی ان کے | ہود کو | کہا |

تو صبر کرو کہ انجام پرہیزگاروں ہی کا (بھلا) ہے ﴿٤٩﴾ اور ہم نے عاد کی طرف ان کے بھائی ہود کو بھیجا۔ انہوں نے کہا

يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ﴿٥٠﴾

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰقَوْمِ | اعْبُدُوا | اللّٰهَ | مَا | لَكُمْ | مِّنْ | اِلٰهٍ | غَيْرُهٗ | اِنْ | اَنْتُمْ | اِلَّا | مُفْتَرُوْنَ |
| اے قوم میری | عبادت کرو | اللہ کی | نہیں | واسطے تمہارے | کوئی | معبود | سوائے اسکے | نہیں | ہو تم | مگر | جھوٹ باندھ لینے والے |

کہ میری قوم! اللہ ہی کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ تم (شرک کر کے اللہ پر) محض بہتان باندھتے ہو ﴿٥٠﴾

يٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى الَّذِيْ فَطَرَنِيْ ؕ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰقَوْمِ | لَآ | اَسْـَٔلُكُمْ | عَلَيْهِ | اَجْرًا | اِنْ | اَجْرِيَ | اِلَّا | عَلَى | الَّذِيْ | فَطَرَنِيْ |
| اے قوم میری | نہیں | سوال کرتا میں تم سے | اوپر اس کے | مزدوری کا | نہیں | مزدوری میری | مگر | اوپر | اسکے جس نے | پیدا کیا مجھ کو |

میری قوم! میں اس (وعظ و نصیحت) کا تم سے کچھ صلہ نہیں مانگتا۔ میرا صلہ تو اس کے ذمے ہے جس نے مجھے پیدا کیا۔

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَيٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُرْسِلِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَفَلَا | تَعْقِلُوْنَ | وَ | يٰقَوْمِ | اسْتَغْفِرُوْا | رَبَّكُمْ | ثُمَّ | تُوْبُوْٓا | اِلَيْهِ | يُرْسِلِ |
| کیا پس نہیں | سمجھتے تم | اور | اے قوم میری | بخشش مانگو | رب اپنے سے | پھر | توبہ کرو | طرف اس کی | بھیج دے گا |

بھلا تم سمجھتے کیوں نہیں؟ (۵۱) اور اے قوم! اپنے پروردگار سے بخشش مانگو پھر اس کے آگے توبہ کرو،

السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ وَلَا تَتَوَلَّوْا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّمَآءَ | عَلَيْكُمْ | مِّدْرَارًا | وَّ | يَزِدْكُمْ | قُوَّةً | اِلٰى | قُوَّتِكُمْ | وَ | لَا | تَتَوَلَّوْا |
| آسمان کو | اوپر تمہارے | برسنے والا | اور | زیادہ دے گا تم کو | زور | طرف | زور تمہارے کی | اور | مت | پھر جاؤ |

وہ تم پر آسمان سے موسلا دھار مینہ برسائے گا اور تمہاری طاقت پر طاقت بڑھائے گا اور (دیکھو) گنہگار بن کر

مُجْرِمِيْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا يٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَّمَا نَحْنُ بِتَارِكِيْٓ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُجْرِمِيْنَ | قَالُوْا | يٰهُوْدُ | مَا | جِئْتَنَا | بِبَيِّنَةٍ | وَّ | مَا | نَحْنُ | بِتَارِكِيْٓ |
| گنہگار ہو کر | کہا انہوں نے | اے ہود | نہیں | لایا تو ہمارے پاس | کچھ دلیل | اور | نہیں | ہم | چھوڑنے والے |

روگردانی نہ کرو (۵۲) وہ بولے ہود تم ہمارے پاس کوئی دلیل ظاہر نہیں لائے اور ہم (صرف) تمہارے

اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۳﴾ اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰلِهَتِنَا | عَنْ | قَوْلِكَ | وَ | مَا | نَحْنُ | لَكَ | بِمُؤْمِنِيْنَ | اِنْ | نَّقُوْلُ | اِلَّا |
| اپنے معبودوں کو | سے | تیرے کہنے | اور | نہیں | ہم | واسطے تیرے | ایمان لانے والے | نہیں | کہتے ہم | مگر یہ کہ |

کہنے سے نہ اپنے معبودوں کو چھوڑنے والے ہیں اور نہ تم پر ایمان لانے والے ہیں (۵۳) ہم تو یہ سمجھتے ہیں کہ ہمارے کسی

اعْتَرٰىكَ بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ ؕ قَالَ اِنِّيْٓ اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْٓا اَنِّيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اعْتَرٰىكَ | بَعْضُ | اٰلِهَتِنَا | بِسُوْٓءٍ | قَالَ | اِنِّيْٓ | اُشْهِدُ | اللّٰهَ | وَ | اشْهَدُوْٓا | اَنِّيْ |
| آسیب پہنچایا ہے تجھ کو | بعضے | معبودوں ہمارے نے | ساتھ برائی کے | کہا | کہ میں | شاہد کرتا ہوں | اللہ کو | اور | تم بھی شاہد رہو | بیشک میں بھی |

معبود نے تمہیں آسیب پہنچا (کر دیوانہ کر) دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں اللہ کو گواہ کرتا ہوں اور تم بھی گواہ رہو کہ جن کو تم (اللہ

بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾ مِنْ دُوْنِهٖ فَكِيْدُوْنِيْ جَمِيْعًا ثُمَّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَرِیْٓءٌ | مِّمَّا | تُشْرِكُوْنَ | مِنْ | دُوْنِهٖ | فَكِيْدُوْنِيْ | جَمِيْعًا | ثُمَّ |
| بے زار ہوں | اس چیز سے کہ | شریک لاتے ہوتم | سے | سوائے اس کے | پس مکر کرو مجھ سے | سب | پھر |

کا) شریک بناتے ہو میں اُن سے بیزار ہوں ﴿۵۴﴾ (یعنی جن کی) اللہ کے سوا (عبادت کرتے ہو) تو تم سب مل کر میرے بارے میں (جو) تدبیر (کرنی چاہو)

لَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۵۵﴾ اِنِّیْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّیْ وَرَبِّكُمْ ؕ مَا مِنْ دَآبَّةٍ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | تُنْظِرُوْنِ | اِنِّیْ | تَوَكَّلْتُ | عَلَى | اللّٰهِ | رَبِّیْ | وَ | رَبِّكُمْ | مَا | مِنْ | دَآبَّةٍ |
| مت | ڈھیل دو مجھ کو | بیشک میں نے | توکل کیا | اوپر | اللہ کے | رب اپنے کے | اور | رب تمہارے کے | نہیں | کوئی | چلنے والا |

کرلو اور مجھے مہلت نہ دو ﴿۵۵﴾ میں اللہ پر جو میرا اور تمہارا (سب کا) پروردگار ہے بھروسہ رکھتا ہوں۔ (زمین پر) جو چلنے پھرنے والا ہے

اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ؕ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۶﴾ فَاِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | هُوَ | اٰخِذٌۢ | بِنَاصِيَتِهَا | اِنَّ | رَبِّیْ | عَلٰی | صِرَاطٍ | مُّسْتَقِيْمٍ | فَاِنْ |
| مگر | وہ اللہ | پکڑ رہا ہے | پیشانی اس کی | بیشک | پروردگار میرا | اوپر | راہ | سیدھی کے ہے | پس اگر |

وہ اس کو چوٹی سے پکڑے ہوئے ہے۔ بیشک میرا پروردگار سیدھے رستے پر ہے ﴿۵۶﴾ اگر تم

تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖٓ اِلَيْكُمْ ؕ وَيَسْتَخْلِفُ رَبِّیْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَوَلَّوْا | فَقَدْ | اَبْلَغْتُكُمْ | مَّآ | اُرْسِلْتُ | بِهٖٓ | اِلَيْكُمْ | وَ | يَسْتَخْلِفُ | رَبِّیْ |
| پھر جاؤ تم | پس تحقیق | پہنچادی ہے میں نے تم کو | وہ چیز کہ | بھیجا گیا تھا میں | ساتھ اس کے | طرف تمہاری | اور | جانشین کرڈالے گا | رب میرا |

روگردانی کروگے تو جو پیغام میرے ہاتھ تمہاری طرف بھیجا گیا ہے وہ میں نے تمہیں پہنچا دیا ہے۔ اور میرا پروردگار تمہاری جگہ

قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۚ وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَيْئًا ؕ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَوْمًا | غَيْرَكُمْ | وَ | لَا | تَضُرُّوْنَهٗ | شَيْئًا | اِنَّ | رَبِّیْ | عَلٰی | كُلِّ | شَیْءٍ |
| کسی قوم کو | سوائے تمہارے | اور | نہ | ضرر کروگے اس کو | کچھ | بیشک | رب میرا | اوپر | ہر | چیز کے |

اور لوگوں کو لا بسائے گا اور تم اللہ کا کچھ بھی نقصان نہیں کر سکتے۔ میرا پروردگار تو ہر چیز پر

حَفِيْظٌ ﴿۵۷﴾ وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا هُوْدًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَفِيْظٌ | وَ | لَمَّا | جَآءَ | اَمْرُنَا | نَجَّيْنَا | هُوْدًا | وَّ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | مَعَهٗ |
| نگہبان ہے | اور | جب | آیا | حکم ہمارا | نجات دی ہم نے | ہود کو | اور | ان لوگوں کو جو | ایمان لائے | ساتھ اسکے |

نگہبان ہے ﴿۵۷﴾ اور جب ہمارا حکم (عذاب) آ پہنچا تو ہم نے ہود کو اور جو لوگ ان کے ساتھ ایمان لائے

بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ۚ وَ نَجَّيْنٰهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿۵۸﴾ وَ تِلْكَ عَادٌ ۟ۙ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِرَحْمَةٍ | مِّنَّا | وَ | نَجَّيْنٰهُمْ | مِّنْ | عَذَابٍ | غَلِيْظٍ | وَ | تِلْكَ | عَادٌ |
| ساتھ رحمت کے | اپنی طرف سے | اور | نجات دی ہم نے ان کو | سے | عذاب | گاڑھے | اور | یہ تھے | عاد |

تھے ان کو اپنی مہربانی سے بچالیا اور انہیں عذاب شدید سے نجات دی ﴿۵۸﴾ یہ (وہی) عاد ہیں

جَحَدُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَ عَصَوْا رُسُلَهٗ وَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَحَدُوْا | بِاٰيٰتِ | رَبِّهِمْ | وَ | عَصَوْا | رُسُلَهٗ | وَاتَّبَعُوْٓا | اَمْرَ | كُلِّ | جَبَّارٍ |
| کہ انکار کیا انہوں نے | ساتھ نشانیوں | پروردگار اپنے کے | اور | نافرمانی کی | اسکے پیغمبروں کی | اور پیروی کی | حکم | ہر | سرکش |

جنہوں نے اللہ کی نشانیوں سے انکار کیا اور اس کے پیغمبروں کی نافرمانی کی اور ہر سرکش و متکبر

عَنِيْدٍ ﴿۵۹﴾ وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَآ اِنَّ عَادًا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنِيْدٍ | وَ | اُتْبِعُوْا | فِيْ | هٰذِهِ | الدُّنْيَا | لَعْنَةً | وَّ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | اَلَآ | اِنَّ | عَادًا |
| عناد کرنے والے کی | اور | پیچھے لگی رہی | بیچ | اس | دنیا کے | لعنت | اور | دن | قیامت کے | خبردار ہو | بیشک | عاد نے |

کا کہا مانا ﴿۵۹﴾ تو اس دنیا میں بھی لعنت ان کے پیچھے لگی رہی اور قیامت کے دن بھی (لگی رہے گی)۔ دیکھو عاد

ع ۵ ۱۱ ۵

كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ ﴿۶۰﴾ ع وَ اِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَفَرُوْا | رَبَّهُمْ | اَلَا | بُعْدًا | لِّعَادٍ | قَوْمِ | هُوْدٍ | وَ | اِلٰى | ثَمُوْدَ | اَخَاهُمْ |
| کفر کیا | رب اپنے کا | خبردار ہو | لعنت ہے | واسطے عاد کے | قوم | ہود کے | اور | طرف | ثمود کی | بھائی ان کے |

نے اپنے پروردگار سے کفر کیا۔ سن رکھو ہود کی قوم عاد پر پھٹکار ہے ﴿۶۰﴾ اور ثمود کی طرف ان کے بھائی

وقف لازم

صٰلِحًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ هُوَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صٰلِحًا | قَالَ | يٰقَوْمِ | اعْبُدُوا | اللّٰهَ | مَا | لَكُمْ | مِّنْ | اِلٰهٍ | غَيْرُهٗ | هُوَ |
| صالح کو | کہا | اے قوم میری | عبادت کرو | اللہ کی | نہیں | واسطے تمہارے | کوئی | معبود | سوائے اسکے | اس نے |

صالح کو (بھیجا)۔ انہوں نے کہا کہ قوم! اللہ ہی کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ اُسی نے تم

اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْٓا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْشَاَكُمْ | مِّنَ | الْاَرْضِ | وَ | اسْتَعْمَرَكُمْ | فِيْهَا | فَاسْتَغْفِرُوْهُ | ثُمَّ | تُوْبُوْٓا |
| پیدا کیا تم کو | سے | زمین | اور | آباد کیا تم کو | بیچ اس کے | پس بخشش مانگو اس سے | پھر | پھر آؤ |

کو زمین سے پیدا کیا اور اس میں آباد کیا تو اس سے مغفرت مانگو اور اس کے آگے توبہ

اِلَيْهِ ؕ اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ﴿٦١﴾ قَالُوْا يٰصٰلِحُ قَدْ كُنْتَ فِيْنَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَيْهِ | اِنَّ | رَبِّيْ | قَرِيْبٌ | مُّجِيْبٌ | قَالُوْا | يٰصٰلِحُ | قَدْ | كُنْتَ | فِيْنَا |
| طرف اس کی | بیشک | رب میرا | نزدیک ہے | دعا قبول کرنے والا ہے | کہا انہوں نے | اے صالح | تحقیق | تھا تو | بیچ ہمارے |

کرو۔ بیشک میرا پروردگار نزدیک (بھی ہے اور دعا کا) قبول کرنے والا (بھی) ہے ﴿٦١﴾ اُنہوں نے کہا کہ صالح اس سے پہلے ہم تم سے

مَرْجُوًّا قَبْلَ هٰذَآ اَتَنْهٰىنَآ اَنْ نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا وَ اِنَّنَا لَفِيْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَرْجُوًّا | قَبْلَ | هٰذَآ | اَتَنْهٰىنَآ | اَنْ | نَّعْبُدَ | مَا | يَعْبُدُ | اٰبَآؤُنَا | وَ | اِنَّنَا | لَفِيْ |
| امید رکھا گیا | پہلے | اس سے | کیا منع کرتا ہے تو ہمکو | اس سے کہ | عبادت کریں ہم | اس چیز کو کہ | عبادت کرتے تھے | باپ ہمارے | اور | بیشک ہم | البتہ بیچ |

(کئی طرح کی) امیدیں رکھتے تھے (اب وہ منقطع ہوگئیں) کیا تم ہم کو ان چیزوں سے منع کرتے ہو جن کو ہمارے بزرگ پوجتے آئے ہیں

شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ﴿٦٢﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَكٍّ | مِّمَّا | تَدْعُوْنَآ | اِلَيْهِ | مُرِيْبٍ | قَالَ | يٰقَوْمِ | اَرَءَيْتُمْ | اِنْ | كُنْتُ | عَلٰى |
| شک کے ہیں | اس چیز سے کہ | پکارتا ہے تو ہم کو | طرف اسکی | قلق میں ڈالنے والی | کہا | اے قوم | کیا دیکھا تم نے | اگر | ہوں میں | اوپر |

اور جس بات کی طرف تم ہمیں بلاتے ہو اس میں ہمیں قوی شبہ ہے ﴿٦٢﴾ (صالح نے) کہا قوم! بھلا دیکھو تو اگر میں اپنے پروردگار

بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَ اٰتٰىنِيْ مِنْهُ رَحْمَةً فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَيِّنَةٍ | مِّنْ | رَّبِّيْ | وَ | اٰتٰىنِيْ | مِنْهُ | رَحْمَةً | فَمَنْ | يَّنْصُرُنِيْ | مِنَ | اللّٰهِ | اِنْ |
| دلیل کے | سے | پروردگار اپنے | اور | دی اس نے مجھ کو | اپنی طرف سے | رحمت | پس کون | مدد دے گا مجھ کو | سے | اللہ | اگر |

کی طرف سے کھلی دلیل پر ہوں اور اس نے مجھے اپنے ہاں سے (نبوت کی) نعمت بخشی ہو تو اگر میں اللہ کی نافرمانی کروں تو

عَصَيْتُهٗ ۫ فَمَا تَزِيْدُوْنَنِيْ غَيْرَ تَخْسِيْرٍ ﴿٦٣﴾ وَ يٰقَوْمِ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَصَيْتُهٗ | فَمَا | تَزِيْدُوْنَنِيْ | غَيْرَ | تَخْسِيْرٍ | وَ | يٰقَوْمِ | هٰذِهٖ | نَاقَةُ | اللّٰهِ |
| نافرمانی کروں اسکی | پس نہ | زیادہ کرو گے تم مجھ کو | سوائے | ٹوٹا دینے کے | اور | اے قوم میری | یہ ہے | اونٹنی | اللہ کی |

اس کے سامنے میری کون مدد کرے گا؟ تم تو (کفر کی باتوں سے) میرا نقصان کرتے ہو ﴿٦٣﴾ اور (یہ بھی کہا کہ) اے قوم! یہ اللہ کی اونٹنی

لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَ لَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكُمْ | اٰيَةً | فَذَرُوْهَا | تَاْكُلْ | فِيْٓ | اَرْضِ | اللّٰهِ | وَ | لَا | تَمَسُّوْهَا | بِسُوْٓءٍ |
| واسطے تمہارے | نشانی ہے | پس چھوڑ دو اس کو | کھاتی پھرے | بیچ | زمین | اللہ کے | اور | مت | ہاتھ لگاؤ اس کو | برائی کیساتھ |

تمہارے لیے ایک نشانی (یعنی معجزہ) ہے تو اس کو چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین میں (جہاں چاہے) چرے اور اس کو کسی طرح کی تکلیف نہ دینا

فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيْبٌ ﴿٦٤﴾ فَعَقَرُوْهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوْا فِيْ دَارِكُمْ

| فَيَاْخُذَكُمْ | عَذَابٌ | قَرِيْبٌ | فَعَقَرُوْهَا | فَقَالَ | تَمَتَّعُوْا | فِيْ | دَارِكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس پکڑے گا تم کو | عذاب | نزدیک | پس پاؤں کاٹ ڈالے اسکے | پس کہا | فائدہ اٹھاؤ | بیچ | گھر اپنے کے |

ورنہ تمہیں جلد عذاب آ پکڑے گا ﴿٦٤﴾ مگر انہوں نے اس کی کونچیں کاٹ ڈالیں۔ تو (صالح نے) کہا کہ اپنے گھروں میں

ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ۭ ذٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوْبٍ ﴿٦٥﴾ فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا

| ثَلٰثَةَ | اَيَّامٍ | ذٰلِكَ | وَعْدٌ | غَيْرُ | مَكْذُوْبٍ | فَلَمَّا | جَآءَ | اَمْرُنَا | نَجَّيْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تین | دن | یہ | وعدہ ہے | نہیں | جھوٹا کیا گیا | پس جب | آیا | حکم ہمارا | نجات دی ہم نے |

تین دن (اور) فائدے اُٹھا لو۔ یہ وعدہ ہے کہ جھوٹا نہ ہو گا ﴿٦٥﴾ جب ہمارا حکم آ گیا تو ہم نے صالح

صٰلِحًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْيِ يَوْمِىِٕذٍ ۭ

| صٰلِحًا | وَّ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | مَعَهٗ | بِرَحْمَةٍ | مِّنَّا | وَ | مِنْ | خِزْيِ | يَوْمِىِٕذٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صالح کو | اور | ان لوگوں کو کہ | ایمان لائے | ساتھ اس کے | ساتھ رحمت کے | اپنی طرف سے | اور | سے | رسوائی | اس دن کی |

کو اور جو لوگ ان کے ساتھ ایمان لائے تھے اُن کو اپنی مہربانی سے بچا لیا اور اس دن کی رسوائی سے (محفوظ رکھا)۔

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿٦٦﴾ وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ

| اِنَّ | رَبَّكَ | هُوَ | الْقَوِيُّ | الْعَزِيْزُ | وَ | اَخَذَ | الَّذِيْنَ | ظَلَمُوا | الصَّيْحَةُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | رب تیرا | وہی ہے | زور آور | غالب | اور | پکڑا | ان لوگوں کو کہ | ظلم کرتے تھے | تیز آواز نے |

بیشک تمہارا پروردگار طاقتور (اور) زبردست ہے ﴿٦٦﴾ اور جن لوگوں نے ظلم کیا تھا ان کو چنگھاڑ (کی صورت میں عذاب) نے آ پکڑا

فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿٦٧﴾ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۭ اَلَآ اِنَّ

| فَاَصْبَحُوْا | فِيْ | دِيَارِهِمْ | جٰثِمِيْنَ | كَاَنْ | لَّمْ | يَغْنَوْا | فِيْهَا | اَلَآ | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس فجر وہ تھے | بیچ | اپنے گھروں کے | زانو پر گرے ہوئے | گویا کہ | نہ | بسے تھے | بیچ ان کے | خبردار ہو | بیشک |

تو وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے ﴿٦٧﴾ گویا کبھی ان میں بسے ہی نہ تھے۔ سن رکھو

ثَمُوْدَاۡ كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ۭ اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ﴿٦٨﴾ وَلَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ ع ٦/٨

| ثَمُوْدَاۡ | كَفَرُوْا | رَبَّهُمْ | اَلَا | بُعْدًا | لِّثَمُوْدَ | وَ | لَقَدْ | جَآءَتْ | رُسُلُنَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثمود نے | کفر کیا | ساتھ رب اپنے کے | خبردار ہو | لعنت ہو جیو | ثمود کو | اور | البتہ تحقیق | آئے | ہمارے بھیجے ہوئے |

کہ ثمود نے اپنے پروردگار سے کفر کیا۔ اور سن رکھو ثمود پر پھٹکار ہے ﴿٦٨﴾ اور ہمارے فرشتے ابراہیم کے پاس بشارت

اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ سَلٰمٌ فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِبْرٰهِيْمَ | بِالْبُشْرٰى | قَالُوْا | سَلٰمًا | قَالَ | سَلٰمٌ | فَمَا | لَبِثَ | اَنْ | جَآءَ | بِعِجْلٍ |
| ابراہیم کے پاس | ساتھ خوشخبری کے | کہا انہوں نے | سلام بھیجتے ہیں ہم | کہا | سلام ہے | پس نہ | دیر کی | یہ کہ | لے آیا | گائے کا بچہ |

لے کر آئے (تو) سلام کہا۔ انہوں نے بھی (جواب میں) سلام کہا ابھی کچھ وقفہ نہیں ہوا تھا کہ (ابراہیم) ایک بھنا ہوا بچھڑا

حَنِيْذٍ ﴿٦٩﴾ فَلَمَّا رَآ اَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ اِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَاَوْجَسَ مِنْهُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَنِيْذٍ | فَلَمَّا | رَآ | اَيْدِيَهُمْ | لَا | تَصِلُ | اِلَيْهِ | نَكِرَهُمْ | وَ | اَوْجَسَ | مِنْهُمْ |
| تلا ہوا | پس جب | دیکھے | ہاتھ ان کے | نہیں | پہنچتے | طرف اس کی | انجان ہوا ان سے | اور | جی میں چھپایا | ان سے |

لے آئے ﴿٦٩﴾ جب دیکھا کہ ان کے ہاتھ کھانے کی طرف نہیں جاتے (یعنی وہ کھانا نہیں کھاتے) تو ان کو اجنبی سمجھ کر دل

خِيْفَةً ؕ قَالُوْا لَا تَخَفْ اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمِ لُوْطٍ ﴿٧٠﴾ؕ وَامْرَاَتُهٗ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خِيْفَةً | قَالُوْا | لَا | تَخَفْ | اِنَّآ | اُرْسِلْنَآ | اِلٰى | قَوْمِ | لُوْطٍ | وَامْرَاَتُهٗ |
| ڈر | کہا انہوں نے | مت | ڈر | بیشک | بھیجے گئے ہیں ہم | طرف | قوم | لوط کی | اور بی بی ابراہیم کی |

میں خوف کیا۔ (فرشتوں نے) کہا کہ خوف نہ کیجیے ہم قوم لوط کی طرف (ان کے ہلاک کرنے کو) بھیجے گئے ہیں ﴿٧٠﴾ اور ابراہیم کی بیوی

قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ ۙ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَآئِمَةٌ | فَضَحِكَتْ | فَبَشَّرْنٰهَا | بِاِسْحٰقَ | وَ | مِنْ | وَّرَآءِ | اِسْحٰقَ |
| کھڑی تھی | پس ہنسی | پس بشارت دی ہم نے اسکو | ساتھ اسحاق کے | اور | سے | پیچھے | اسحاق کے |

(جو پاس) کھڑی تھی ہنس پڑی تو ہم نے اس کو اسحٰق کی اور اسحٰق کے بعد یعقوب کی

يَعْقُوْبَ ﴿٧١﴾ قَالَتْ يٰوَيْلَتٰٓى ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ وَّهٰذَا بَعْلِىْ شَيْخًا ؕ اِنَّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْقُوْبَ | قَالَتْ | يٰوَيْلَتٰٓى | ءَاَلِدُ | وَ | اَنَا | عَجُوْزٌ | وَّ | هٰذَا | بَعْلِىْ | شَيْخًا | اِنَّ |
| یعقوب کی | کہا | اے وائے مجھ کو | کیا جنوں گی میں | اور | میں | بڑھیا ہوں | اور | یہ | خاوند میرا | بوڑھا ہے | بیشک |

خوشخبری دی ﴿٧١﴾ اُس نے کہا اے ہے میرے بچہ ہوگا میں تو بڑھیا ہوں اور یہ میرے میاں بھی بوڑھے ہیں۔

هٰذَا لَشَىْءٌ عَجِيْبٌ ﴿٧٢﴾ قَالُوْٓا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هٰذَا | لَشَىْءٌ | عَجِيْبٌ | قَالُوْٓا | اَتَعْجَبِيْنَ | مِنْ | اَمْرِ | اللّٰهِ | رَحْمَتُ |
| یہ | بات ہے البتہ | تعجب کی | کہا انہوں نے | کیا تعجب کرتی ہو | سے | حکم | اللہ کے | رحمت ہے |

یہ تو بڑی عجیب بات ہے ﴿٧٢﴾ انہوں نے کہا کیا تم اللہ کی قدرت سے تعجب کرتی ہو؟ اے اہل بیت

اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ۭ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ﴿٧٣﴾ فَلَمَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | وَ | بَرَكٰتُهٗ | عَلَيْكُمْ | اَهْلَ الْبَيْتِ | اِنَّهٗ | حَمِيْدٌ | مَّجِيْدٌ | فَلَمَّا |
| اللہ کی | اور | برکتیں اس کی | اوپر تمہارے | اے اس گھر والو | بیشک وہ | تعریف کیا گیا | بزرگ ہے | پس جب |

تم پر اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہیں۔ وہ سزاوارِ تعریف اور بزرگوار ہے(٧٣) جب

ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ وَجَآءَتْهُ الْبُشْرٰى يُجَادِلُنَا فِيْ قَوْمِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذَهَبَ | عَنْ | اِبْرٰهِيْمَ | الرَّوْعُ | وَ | جَآءَتْهُ | الْبُشْرٰى | يُجَادِلُنَا | فِيْ | قَوْمِ |
| گیا | سے | ابراہیم | ڈر | اور | آئی اس کو | خوشخبری | جھگڑنے لگا ہم سے | بیچ | قوم |

ابراہیم سے خوف جاتا رہا اور ان کو خوشخبری بھی مل گئی تو قوم لوط کے بارے میں لگے ہم سے

لُوْطٍ ﴿٧٤﴾ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ اَوَّاهٌ مُّنِيْبٌ ﴿٧٥﴾ يٰٓاِبْرٰهِيْمُ اَعْرِضْ عَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لُوْطٍ | اِنَّ | اِبْرٰهِيْمَ | لَحَلِيْمٌ | اَوَّاهٌ | مُّنِيْبٌ | يٰٓاِبْرٰهِيْمُ | اَعْرِضْ | عَنْ |
| لوط کے | بیشک | ابراہیم | البتہ تحمل والا | دردمند | رجوع کرنیوالا ہے | اے ابراہیم | منہ پھیر لے | سے |

بحث کرنے(٧٤) بے شک ابراہیم بڑے تحمل والے، نرم دل اور رجوع کرنے والے تھے(٧٥) اے ابراہیم اس بات

هٰذَا ۚ اِنَّهٗ قَدْ جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ۚ وَاِنَّهُمْ اٰتِيْهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هٰذَا | اِنَّهٗ | قَدْ | جَآءَ | اَمْرُ | رَبِّكَ | وَ | اِنَّهُمْ | اٰتِيْهِمْ | عَذَابٌ | غَيْرُ |
| اس بات | بیشک وہ | تحقیق | اب آیا | حکم | پروردگار تیرے کا | اور | بیشک وہ لوگ | آنیوالا ہے ان کو | عذاب | نہ |

کو جانے دو۔ تمہارے پروردگار کا حکم آپہنچا ہے اور ان لوگوں پر عذاب آنے والا ہے جو کبھی

مَرْدُوْدٍ ﴿٧٦﴾ وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَرْدُوْدٍ | وَ | لَمَّا | جَآءَتْ | رُسُلُنَا | لُوْطًا | سِيْٓءَ | بِهِمْ | وَ | ضَاقَ | بِهِمْ | ذَرْعًا |
| پھیرا جائے گا | اور | جب | آئے | بھیجے ہوئے ہمارے | لوط کے پاس | ناخوش ہوا | ساتھ ان کے | اور | تنگ ہوا | ساتھ ان کے | دل میں |

نہیں ٹلنے کا(٧٦) اور جب ہمارے فرشتے لوط کے پاس آئے تو وہ اُن (کے آنے) سے غمناک اور تنگ دل ہوئے

وَقَالَ هٰذَا يَوْمٌ عَصِيْبٌ ﴿٧٧﴾ وَجَآءَهٗ قَوْمُهٗ يُهْرَعُوْنَ اِلَيْهِ ۭ وَمِنْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَالَ | هٰذَا | يَوْمٌ | عَصِيْبٌ | وَ | جَآءَهٗ | قَوْمُهٗ | يُهْرَعُوْنَ | اِلَيْهِ | وَ | مِنْ |
| اور | کہا | یہ | دن ہے | سخت | اور | آئی اسکے پاس | قوم اس کی | دوڑتی ہوئی | طرف اس کی | اور | سے |

اور کہنے لگے کہ آج کا دن بڑی مشکل کا دن ہے(٧٧) اور لوط کی قوم کے لوگ ان کے پاس بے تحاشا دوڑتے ہوئے آئے۔

قَبْلُ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ قَالَ يٰقَوْمِ هٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِيْ هُنَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَبْلُ | كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | السَّيِّاٰتِ | قَالَ | يٰقَوْمِ | هٰٓؤُلَآءِ | بَنَاتِيْ | هُنَّ |
| پہلے | تھے | کرتے | برائیاں | کہا لوط نے | اے میری قوم | یہ ہیں | بیٹیاں میری | وہ |

اور یہ لوگ پہلے ہی سے فعل شنیع کیا کرتے تھے۔ (لوط نے) کہا کہ اے قوم! یہ (جو) میری (قوم کی) لڑکیاں ہیں

اَطْهَرُ لَكُمْ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ فِيْ ضَيْفِيْ ؕ اَلَيْسَ مِنْكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَطْهَرُ لَكُمْ | فَاتَّقُوْا | اللّٰهَ | وَ | لَا | تُخْزُوْنِ | فِيْ | ضَيْفِيْ | اَلَيْسَ | مِنْكُمْ |
| بہت پاکیزہ ہیں واسطے تمہارے | پس ڈرو | اللہ سے | اور | مت | رسوا کرو مجھ کو | بیچ | میرے مہمانوں کے | کیا نہیں | تم میں سے |

یہ تمہارے لیے (جائز اور) پاک ہیں تو اللہ سے ڈرو اور میرے مہمانوں (کے بارے) میں میری آبرو نہ کھوؤ۔ کیا تم میں کوئی

رَجُلٌ رَّشِيْدٌ ﴿۷۸﴾ قَالُوْا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِيْ بَنٰتِكَ مِنْ حَقٍّ ۚ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَجُلٌ | رَّشِيْدٌ | قَالُوْا | لَقَدْ | عَلِمْتَ | مَا | لَنَا | فِيْ | بَنٰتِكَ | مِنْ | حَقٍّ |
| کوئی مرد | اچھا | کہا انہوں نے | البتہ تحقیق | جانتا ہے تو | نہیں | واسطے ہمارے | بیچ | بیٹیوں تمہاری کے | کچھ | حق |

بھی شائستہ آدمی نہیں؟ (۷۸) وہ بولے تم کو معلوم ہے کہ تمہاری (قوم کی) بیٹیوں کی ہمیں کچھ حاجت نہیں

وَاِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِيْدُ ﴿۷۹﴾ قَالَ لَوْ اَنَّ لِيْ بِكُمْ قُوَّةً اَوْ اٰوِيْٓ اِلٰى رُكْنٍ

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنَّكَ | لَتَعْلَمُ | مَا | نُرِيْدُ | قَالَ | لَوْ | اَنَّ | لِيْ | بِكُمْ | قُوَّةً | اَوْ | اٰوِيْٓ | اِلٰى | رُكْنٍ |
| اور | بیشک تو | البتہ تو جانتا ہے | جو کچھ | ارادہ کرتے ہیں ہم | کہا | کاش | یہ کہ | ہوتا واسطے میرے | ساتھ تمہارے | زور | یا | جگہ پکڑتا میں | طرف | قلعہ |

اور جو ہماری غرض ہے اسے تم (خوب) جانتے ہو (۷۹) (لوط نے) کہا اے کاش مجھ میں تمہارے مقابلے کی طاقت ہوتی یا کسی مضبوط

شَدِيْدٍ ﴿۸۰﴾ قَالُوْا يٰلُوْطُ اِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ يَّصِلُوْٓا اِلَيْكَ فَاَسْرِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَدِيْدٍ | قَالُوْا | يٰلُوْطُ | اِنَّا | رُسُلُ | رَبِّكَ | لَنْ | يَّصِلُوْٓا | اِلَيْكَ | فَاَسْرِ |
| محکم کے | کہا فرشتوں نے | اے لوط | بیشک ہم | بھیجے ہوئے ہیں | رب تیرے کے | ہرگز نہ | پہنچ سکیں گے | طرف تیری | پس لے جا |

قلعے میں پناہ پکڑ سکتا (۸۰) فرشتوں نے کہا کہ لوط ہم تمہارے پروردگار کے فرشتے ہیں یہ لوگ ہرگز تم تک نہیں پہنچ سکیں گے تو کچھ رات

بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ اِلَّا امْرَاَتَكَ ؕ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاَهْلِكَ | بِقِطْعٍ | مِّنَ | الَّيْلِ | وَ | لَا | يَلْتَفِتْ | مِنْكُمْ | اَحَدٌ | اِلَّا | امْرَاَتَكَ |
| لوگوں اپنے کو | ایک ٹکڑے | سے | رات کے | اور | نہ | منہ پیچھے پھیرے | تم میں سے | کوئی ایک | مگر | جورو تیری |

رہے سے اپنے گھر والوں کو لے کر چل دو اور تم میں سے کوئی شخص پیچھے پھر کر نہ دیکھے مگر تمہاری بیوی کہ

إِنَّهُ مُصِيبُهَا مَآ أَصَابَهُمْ ؕ إِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ ؕ أَلَيْسَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| إِنَّهُ | مُصِيبُهَا | مَآ | أَصَابَهُمْ | إِنَّ | مَوْعِدَهُمُ | الصُّبْحُ | أَلَيْسَ |
| بیشک وہ | پہنچنے والا ہے اس کو | جو کچھ | پہنچا ان کو | بیشک | ان کے وعدے کا وقت | صبح ہے | کیا نہیں |

جو آفت اُن پر پڑنے والی ہے وہی اس پر پڑے گی۔ ان کے (عذاب کے) وعدے کا وقت صبح ہے۔ کیا

الصُّبْحُ بِقَرِيبٍ ﴿٨١﴾ فَلَمَّا جَآءَ أَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصُّبْحُ | بِقَرِيبٍ | فَلَمَّا | جَآءَ | أَمْرُنَا | جَعَلْنَا | عَالِيَهَا | سَافِلَهَا |
| صبح | نزدیک | پس جب | آیا | حکم ہمارا | کیا ہم نے | اوپر اس کا | نیچے اس کے |

صبح کچھ دور ہے؟ (٨١) تو جب ہمارا حکم آیا ہم نے اُس (بستی) کو الٹ کر نیچے اوپر کر دیا

وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّن سِجِّيلٍ ۙ مَّنضُودٍ ﴿٨٢﴾ مُّسَوَّمَةً عِندَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | أَمْطَرْنَا | عَلَيْهَا | حِجَارَةً | مِّن | سِجِّيلٍ | مَّنضُودٍ | مُّسَوَّمَةً | عِندَ |
| اور | برسائے ہم نے | اوپر اس کے | پتھر | سے | کھنگر | تہہ بہ تہہ | نشان کیے ہوئے | نزدیک |

اور ان پر پتھر کی تہ بتہ (یعنی پے در پے) کنکریاں برسائیں (٨٢) جن پر تمہارے

رَبِّكَ ؕ وَمَا هِيَ مِنَ الظَّالِمِينَ بِبَعِيدٍ ﴿٨٣﴾ وَإِلَىٰ مَدْيَنَ أَخَاهُمْ ع ١٥ ٧ النصف

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّكَ | وَ | مَا | هِيَ | مِنَ | الظَّالِمِينَ | بِبَعِيدٍ | وَ | إِلَىٰ | مَدْيَنَ | أَخَاهُمْ |
| پروردگار تیرے کے | اور | نہیں | وہ | سے | ظالموں | دور | اور | طرف | مدین کے | بھائی ان کے |

پروردگار کے ہاں سے نشان کیے ہوئے تھے۔ اور وہ (بستی ان) ظالموں سے کچھ دور نہیں (٨٣) اور مدین کی طرف اُن کے بھائی

شُعَيْبًا ؕ قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ؕ وَلَا تَنقُصُوا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شُعَيْبًا | قَالَ | يَا قَوْمِ | اعْبُدُوا | اللَّهَ | مَا | لَكُم | مِّنْ | إِلَٰهٍ | غَيْرُهُ | وَ | لَا | تَنقُصُوا |
| شعیب کو | کہا | اے قوم میری | عبادت کرو | اللہ کی | نہیں | واسطے تمہارے | کوئی | معبود | سوائے اسکے | اور | مت | کم کرو |

شعیب کو (بھیجا)۔ انہوں نے کہا کہ اے قوم! اللہ ہی کی عبادت کرو کہ اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ اور ماپ اور

الْمِكْيَالَ وَالْمِيزَانَ ۚ إِنِّي أَرَاكُم بِخَيْرٍ وَإِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمِكْيَالَ | وَالْمِيزَانَ | إِنِّي | أَرَاكُم | بِخَيْرٍ | وَ | إِنِّي | أَخَافُ | عَلَيْكُمْ | عَذَابَ |
| مپان کو | اور تول کو | بیشک میں | دیکھتا ہوں تم کو | بیچ بھلائی کے | اور | بیشک میں | ڈرتا ہوں | اوپر تمہارے | عذاب |

تول میں کمی نہ کرو میں تو تم کو آسودہ حال دیکھتا ہوں اور (اگر تم ایمان نہ لاؤ گے تو) مجھے تمہارے بارے میں ایک ایسے دن کے

يَوْمٍ مُّحِيْطٍ ﴿۸۴﴾ وَ يٰقَوْمِ اَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ

| يَوْمٍ | مُّحِيْطٍ | وَ | يٰقَوْمِ | اَوْفُوا | الْمِكْيَالَ | وَالْمِيْزَانَ | بِالْقِسْطِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دن | گھیرنے والے کے سے | اور | اے قوم میری | پورا کرو | مپان کو | اور تول کو | ساتھ انصاف کے |

عذاب کا خوف ہے جو تم کو گھیر کر رہے گا ﴿۸۴﴾ اور قوم! ماپ اور تول انصاف کے ساتھ پوری پوری کیا کرو

وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۸۵﴾

| وَ | لَا | تَبْخَسُوا | النَّاسَ | اَشْيَآءَهُمْ | وَ | لَا | تَعْثَوْا | فِي | الْاَرْضِ | مُفْسِدِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | کم دو | لوگوں کو | چیزیں ان کی | اور | مت | پھرو | بیچ | زمین کے | فساد کرتے |

اور لوگوں کو اُن کی چیزیں کم نہ دیا کرو اور زمین میں خرابی کرتے نہ پھرو ﴿۸۵﴾

بَقِيَّتُ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۚ۬ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ

| بَقِيَّتُ | اللّٰهِ | خَيْرٌ | لَّكُمْ | اِنْ | كُنْتُمْ | مُّؤْمِنِيْنَ | وَ | مَآ | اَنَا | عَلَيْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| باقی رکھا ہوا | اللہ کا | بہتر ہے | واسطے تمہارے | اگر | ہو تم | ایمان والے | اور | نہیں | میں | اوپر تمہارے |

اگر تم کو (میرے کہنے کا) یقین ہو تو اللہ کا دیا ہوا نفع ہی تمہارے لیے بہتر ہے اور میں تمہارا نگہبان

بِحَفِيْظٍ ﴿۸۶﴾ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا

| بِحَفِيْظٍ | قَالُوْا | يٰشُعَيْبُ | اَصَلٰوتُكَ | تَاْمُرُكَ | اَنْ | نَّتْرُكَ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نگہبان | کہا انہوں نے | اے شعیب | کیا نماز تیری | حکم کرتی ہے تجھ کو | یہ کہ | چھوڑ دیں ہم | اس چیز کو کہ |

نہیں ہوں ﴿۸۶﴾ انہوں نے کہا شعیب کیا تمہاری نماز تمہیں یہ سکھاتی ہے کہ جن کو ہمارے باپ دادا

يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ؕ اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ

| يَعْبُدُ | اٰبَآؤُنَآ | اَوْ | اَنْ | نَّفْعَلَ | فِيْٓ | اَمْوَالِنَا | مَا | نَشٰٓؤُا | اِنَّكَ | لَاَنْتَ | الْحَلِيْمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عبادت کرتے تھے | باپ ہمارے | یا | یہ کہ | کریں ہم | بیچ | اپنے مالوں کے | جو کچھ | چاہیں | بیشک تو | البتہ تو | تحمل والا |

پوجتے آئے ہیں ہم ان کو ترک کر دیں یا اپنے مال میں تصرف کرنا چاہیں تو نہ کریں۔ تم تو بڑے نرم دل اور

الرَّشِيْدُ ﴿۸۷﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ

| الرَّشِيْدُ | قَالَ | يٰقَوْمِ | اَرَءَيْتُمْ | اِنْ | كُنْتُ | عَلٰى | بَيِّنَةٍ | مِّنْ | رَّبِّيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھلائی والا ہے | کہا | اے قوم میری | کیا دیکھا تم نے | اگر | ہوں میں | اوپر | دلیل ظاہر کے | سے | پروردگار اپنے |

راست باز ہو ﴿۸۷﴾ اُنہوں نے کہا کہ اے قوم! دیکھو تو اگر میں اپنے پروردگار کی طرف سے روشن دلیل پر ہوں اور اس نے اپنے

وَرَزَقَنِيْ مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا ۭ وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اُخَالِفَكُمْ اِلٰى مَآ اَنْهٰىكُمْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | رَزَقَنِيْ | مِنْهُ | رِزْقًا | حَسَنًا | وَ | مَآ | اُرِيْدُ | اَنْ | اُخَالِفَكُمْ | اِلٰى | مَآ | اَنْهٰىكُمْ |
| اور | دیا ہو مجھ کو | اپنی طرف سے | رزق | نیک | اور | نہیں | ارادہ کرتا میں | یہ کہ | مخالفت کروں میں تمہاری | طرف | اس چیز کے کہ | منع کرتا ہوں میں تمکو |

ہاں سے مجھے نیک روزی دی ہو (تو کیا میں ان کے خلاف کروں گا؟)۔ اور میں نہیں چاہتا کہ جس امر سے میں تمہیں منع کروں خود اس کو

عَنْهُ ۭ اِنْ اُرِيْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ۭ وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْهُ | اِنْ | اُرِيْدُ | اِلَّا | الْاِصْلَاحَ | مَا | اسْتَطَعْتُ | وَ | مَا | تَوْفِيْقِيْٓ | اِلَّا |
| اس سے | نہیں | ارادہ کرتا میں | مگر | کام سنوارنا | جب تک | کرسکوں میں | اور | نہیں | توفیق میری | مگر |

کرنے لگوں۔ میں تو جہاں تک مجھ سے ہو سکے (تمہارے معاملات کی) اصلاح چاہتا ہوں۔ اور (اس بارے میں) مجھے توفیق کا ملنا اللہ

بِاللّٰهِ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ﴿٨٨﴾ وَيٰقَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِيْٓ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاللّٰهِ | عَلَيْهِ | تَوَكَّلْتُ | وَاِلَيْهِ | اُنِيْبُ | وَ | يٰقَوْمِ | لَا | يَجْرِمَنَّكُمْ | شِقَاقِيْٓ |
| ساتھ اللہ کے | اوپر اسی کے | توکل کیا میں نے | اور طرف اسی کے | رجوع کرتا ہوں میں | اور | اے قوم میری | نہ | باعث ہو تم کو | مخالفت میری |

ہی (کے فضل) سے ہے۔ میں اُسی پر بھروسہ رکھتا ہوں اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں (٨٨) اور اے قوم! میری مخالفت تم سے

اَنْ يُّصِيْبَكُمْ مِّثْلُ مَآ اَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ اَوْ قَوْمَ هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ | يُّصِيْبَكُمْ | مِّثْلُ | مَآ | اَصَابَ | قَوْمَ | نُوْحٍ | اَوْ | قَوْمَ | هُوْدٍ | اَوْ | قَوْمَ |
| یہ کہ | پہنچ جائے تم کو | مانند | اس چیز کے کہ | پہنچ گیا تھا | قوم | نوح کی کو | یا | قوم | ہود کی کو | یا | قوم |

کوئی ایسا کام نہ کرادے کہ جیسی مصیبت نوح کی قوم یا ہود کی قوم یا صالح کی قوم پر واقع ہوئی تھی ویسی ہی مصیبت

صٰلِحٍ ۭ وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْكُمْ بِبَعِيْدٍ ﴿٨٩﴾ وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صٰلِحٍ | وَ | مَا | قَوْمُ | لُوْطٍ | مِّنْكُمْ | بِبَعِيْدٍ | وَ | اسْتَغْفِرُوْا | رَبَّكُمْ | ثُمَّ | تُوْبُوْٓا |
| صالح کی کو | اور | نہیں | قوم | لوط کی | تم سے | دور | اور | بخشش مانگو | رب اپنے سے | پھر | پھر آؤ |

تم پر واقع ہو۔ اور لوط کی قوم (کا زمانہ تو) تم سے کچھ دور نہیں (٨٩) اور اپنے پروردگار سے بخشش مانگو اور اُس کے آگے توبہ

اِلَيْهِ ۭ اِنَّ رَبِّيْ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ ﴿٩٠﴾ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيْرًا مِّمَّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَيْهِ | اِنَّ | رَبِّيْ | رَحِيْمٌ | وَّدُوْدٌ | قَالُوْا | يٰشُعَيْبُ | مَا | نَفْقَهُ | كَثِيْرًا | مِّمَّا |
| طرف اسکی | بیشک | رب میرا | مہربان ہے | دوست دار | کہا انہوں نے | اے شعیب | نہیں | سمجھتے ہم اس کو | بہت | جو کچھ کہ |

کرو۔ بے شک میرا پروردگار رحم والا (اور) محبت والا ہے (٩٠) انہوں نے کہا کہ شعیب تمہاری بہت سی باتیں ہماری سمجھ

تَقُوْلُ وَاِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْنَا ضَعِيْفًا ۚ وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنٰكَ ۫ وَمَآ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَقُوْلُ | وَ | اِنَّا | لَنَرٰىكَ | فِيْنَا | ضَعِيْفًا | وَ | لَوْ | لَا | رَهْطُكَ | لَرَجَمْنٰكَ | وَ | مَآ |
| کہتا ہے تو | اور | بیشک ہم | البتہ دیکھتے ہیں ہم تجھ کو | درمیان ہمارے | کمزور | اور | اگر | نہ ہوتی | برادری تیری | البتہ سنگسار کر ڈالتے تجھ کو | اور | نہیں |

میں نہیں آتیں اور ہم دیکھتے ہیں کہ تم ہم میں کمزور بھی ہو اور اگر تمہارے بھائی نہ ہوتے تو ہم تم کو سنگسار کر دیتے اور تم ہم

اَنْتَ عَلَيْنَا بِعَزِيْزٍ ﴿۹۱﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَهْطِيْٓ اَعَزُّ عَلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْتَ | عَلَيْنَا | بِعَزِيْزٍ | قَالَ | يٰقَوْمِ | اَرَهْطِيْٓ | اَعَزُّ | عَلَيْكُمْ | مِّنَ | اللّٰهِ |
| تو | اوپر ہمارے | غالب | کہا | اے قوم میری | کیا برادری میری | بہت عزیز ہے | اوپر تمہارے | سے | اللہ |

پر (کسی طرح بھی) غالب نہیں ہو ﴿۹۱﴾ انہوں نے کہا کہ قوم! کیا میرے بھائی بندوں کا دباؤ تم پر اللہ سے زیادہ ہے؟

وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا ؕ اِنَّ رَبِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۹۲﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاتَّخَذْتُمُوْهُ | وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا | اِنَّ | رَبِّيْ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | مُحِيْطٌ |
| اور پکڑا تم نے اس کو | پیچھے پیٹھ اپنی کے ڈالا ہوا | بیشک | پروردگار میرا | ساتھ اس چیز کے کہ | کرتے ہو تم | گھیرنے والا ہے |

اور اس کو تم نے پیٹھ پیچھے ڈال رکھا ہے۔ میرا پروردگار تو تمہارے سب اعمال پر احاطہ کیے ہوئے ہے ﴿۹۲﴾

وَيٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ؕ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يٰقَوْمِ | اعْمَلُوْا | عَلٰى | مَكَانَتِكُمْ | اِنِّيْ | عَامِلٌ | سَوْفَ | تَعْلَمُوْنَ | مَنْ |
| اور | اے قوم میری | عمل کرو | اوپر | جگہ اپنی کے | بیشک میں بھی | عمل کرنیوالا ہوں | البتہ | جانو گے تم | کون ہے جسکو |

اور برادرانِ ملت! تم اپنی جگہ کام کیے جاؤ میں (اپنی جگہ) کام کیے جاتا ہوں۔ تم کو عنقریب معلوم ہو جائے گا

يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ ؕ وَارْتَقِبُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّاْتِيْهِ | عَذَابٌ | يُّخْزِيْهِ | وَ | مَنْ | هُوَ | كَاذِبٌ | وَ | ارْتَقِبُوْٓا | اِنِّيْ | مَعَكُمْ |
| آئے گا اس کو | عذاب | کہ رسوا کرے اس کو | اور | کون ہے کہ | وہ | جھوٹا ہے | اور | منتظر رہو | بیشک میں بھی | ساتھ تمہارے |

کہ رسوا کرنے والا عذاب کس پر آتا ہے اور جھوٹا کون ہے؟ اور تم بھی انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار

رَقِيْبٌ ﴿۹۳﴾ وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَقِيْبٌ | وَ | لَمَّا | جَآءَ | اَمْرُنَا | نَجَّيْنَا | شُعَيْبًا | وَّ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | مَعَهٗ |
| منتظر ہوں | اور | جب | آیا | حکم ہمارا | نجات دی ہم نے | شعیب کو | اور | ان لوگوں کو کہ | ایمان لائے | ساتھ اسکے |

کرتا ہوں ﴿۹۳﴾ اور جب ہمارا حکم آ پہنچا تو ہم نے شعیب کو اور جو لوگ ان کے ساتھ ایمان لائے

بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَاَخَذَتِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِرَحْمَةٍ | مِّنَّا | وَاَخَذَتِ | الَّذِيْنَ | ظَلَمُوا | الصَّيْحَةُ | فَاَصْبَحُوْا | فِيْ |
| ساتھ رحمت کے | ہماری طرف سے | اور پکڑا | ان لوگوں کو کہ | ظلم کیا تھا | کڑک نے | پس صبح کو اٹھے | بیچ |

تھے اُن کو تو اپنی رحمت سے بچا لیا اور جو ظالم تھے اُن کو چنگھاڑ نے آ دبوچا تو وہ اپنے گھروں میں

دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۹۴﴾ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ اَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دِيَارِهِمْ | جٰثِمِيْنَ | كَاَنْ | لَّمْ | يَغْنَوْا | فِيْهَا | اَلَا | بُعْدًا | لِّمَدْيَنَ | كَمَا |
| اپنے گھروں کے | زانو پر گرے ہوئے | گویا کہ | نہ | بستے تھے | بیچ ان کے | خبردار ہو | دوری ہے | مدین کو | جیسے کہ |

اوندھے پڑے رہ گئے ﴿۹۴﴾ گویا ان میں کبھی بسے ہی نہ تھے۔ سن رکھو کہ مدین پر (ویسی ہی) پھٹکار ہے

بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ﴿۹۵﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۹۶﴾ ع ۸ ۱۲ ۸

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعِدَتْ | ثَمُوْدُ | وَ | لَقَدْ | اَرْسَلْنَا | مُوْسٰى | بِاٰيٰتِنَا | وَ | سُلْطٰنٍ | مُّبِيْنٍ |
| دوری ہوئی | ثمود کو | اور | البتہ تحقیق | بھیجا ہم نے | موسیٰ کو | ساتھ نشانیوں اپنی کے | اور | معجزے | ظاہر کے |

جیسی ثمود پر پھٹکار تھی ﴿۹۵﴾ اور ہم نے موسیٰ کو اپنی نشانیاں اور روشن دلیل دے کر بھیجا ﴿۹۶﴾

اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاتَّبَعُوْۤا اَمْرَ فِرْعَوْنَ ۚ وَمَاۤ اَمْرُ فِرْعَوْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰى | فِرْعَوْنَ | وَ | مَلَا۟ئِهٖ | فَاتَّبَعُوْۤا | اَمْرَ | فِرْعَوْنَ | وَ | مَاۤ | اَمْرُ | فِرْعَوْنَ |
| طرف | فرعون کی | اور | اسکے سرداروں کی | پس پیروی کی انہوں نے | حکم | فرعون کی | اور | نہیں | حکم | فرعون کا |

(یعنی) فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف تو وہ فرعون ہی کے حکم پر چلے اور فرعون کا حکم درست

بِرَشِيْدٍ ﴿۹۷﴾ يَقْدُمُ قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ ؕ وَبِئْسَ الْوِرْدُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِرَشِيْدٍ | يَقْدُمُ | قَوْمَهٗ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | فَاَوْرَدَهُمُ | النَّارَ | وَ | بِئْسَ | الْوِرْدُ |
| درست | آگے چلے گا | قوم اپنی کے | دن | قیامت کے | پس جا کھڑا کرے گا ان کو | آگ پر | اور | برا ہے | گھاٹ |

نہیں تھا ﴿۹۷﴾ وہ قیامت کے دن اپنی قوم کے آگے آگے چلے گا اور ان کو دوزخ میں

الْمَوْرُوْدُ ﴿۹۸﴾ وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهٖ لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ بِئْسَ الرِّفْدُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَوْرُوْدُ | وَ | اُتْبِعُوْا | فِيْ | هٰذِهٖ | لَعْنَةً | وَّ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | بِئْسَ | الرِّفْدُ |
| لا کھڑا کیا گیا | اور | پیچھے کر دیے گئے | بیچ | اس دنیا کے | لعنت | اور | دن | قیامت کے | بری ہے | بخشش کہ |

جا اُتارے گا ﴿۹۸﴾ اور جس مقام پر وہ اُتارے جائیں گے وہ برا ہے۔ اور اس جہان میں بھی لعنت ان کے پیچھے لگا دی گئی اور قیامت کے دن

الْمَرْفُوْدُ ﴿٩٩﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْقُرٰى نَقُصُّهٗ عَلَيْكَ مِنْهَا قَآئِمٌ

| الْمَرْفُوْدُ | ذٰلِكَ | مِنْ | اَنْۢبَآءِ | الْقُرٰى | نَقُصُّهٗ | عَلَيْكَ | مِنْهَا | قَآئِمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بخش دی گئی وہ لعنت | یہ ہیں | بعض | خبریں | بستیوں کی | بیان کرتے ہیں ہم اس کو | اوپر تیرے | بعضے ان میں سے | قائم |

بھی (پیچھے لگی رہے گی) جو انعام ان کو ملا ہے برا ہے ﴿٩٩﴾ یہ (پرانی) بستیوں کے تھوڑے سے حالات ہیں جو ہم تم سے بیان کرتے ہیں۔ ان

وَّحَصِيْدٌ ﴿١٠٠﴾ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَمَآ اَغْنَتْ

| وَّ | حَصِيْدٌ | وَ | مَا | ظَلَمْنٰهُمْ | وَ | لٰكِنْ | ظَلَمُوْٓا | اَنْفُسَهُمْ | فَمَآ | اَغْنَتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بعض جڑ سے کٹے ہوئے | اور | نہیں | ظلم کیا تھا ہم نے انکو | اور | لیکن | ظلم کیا تھا انہوں نے | جانوں اپنی کو | پس نہ | کفایت کیا |

میں سے بعض تو باقی ہیں اور بعض کا تہس نہس ہو گیا ﴿١٠٠﴾ اور ہم نے ان لوگوں پر ظلم نہیں کیا بلکہ انہوں نے خود اپنے اوپر ظلم کیا غرض جب

عَنْهُمْ اٰلِهَتُهُمُ الَّتِىْ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَىْءٍ لَّمَّا جَآءَ

| عَنْهُمْ | اٰلِهَتُهُمُ | الَّتِىْ | يَدْعُوْنَ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | مِنْ شَىْءٍ | لَّمَّا | جَآءَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان سے | انکے معبودوں نے | جو | پکارتے تھے ان کو | سوائے | اللہ کے | کچھ | جب | آیا |

تمہارے پروردگار کا حکم آ پہنچا تو جن معبودوں کو وہ اللہ کے سوا پکارا کرتے تھے وہ اُن کے کچھ بھی کام

اَمْرُ رَبِّكَ ؕ وَمَا زَادُوْهُمْ غَيْرَ تَتْبِيْبٍ ﴿١٠١﴾ وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ

| اَمْرُ | رَبِّكَ | وَ | مَا | زَادُوْهُمْ | غَيْرَ | تَتْبِيْبٍ | وَ | كَذٰلِكَ | اَخْذُ | رَبِّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حکم | پروردگار تیرے کا | اور | نہ | زیادہ کیا انہوں نے | سوائے | ہلاک کرنے کے | اور | اسی طرح | پکڑنا ہے | پروردگار تیرے کا |

نہ آئے۔ اور تباہ کرنے کے سوا اُن کے حق میں اور کچھ نہ کر سکے ﴿١٠١﴾ اور تمہارا پروردگار جب نافرمان بستیوں

اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى وَهِىَ ظَالِمَةٌ ؕ اِنَّ اَخْذَهٗٓ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ ﴿١٠٢﴾ اِنَّ

| اِذَآ | اَخَذَ | الْقُرٰى | وَهِىَ | ظَالِمَةٌ | اِنَّ | اَخْذَهٗٓ | اَلِيْمٌ | شَدِيْدٌ | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جب | پکڑے | بستیوں کو | اور وہ | ظالم ہوتے ہیں | بیشک | پکڑنا اس کا | درد دینے والا ہے | سخت ہے | بیشک |

کو پکڑا کرتا ہے تو اس کی پکڑ اسی طرح کی ہوتی ہے۔ بیشک اس کی پکڑ دکھ دینے والی (اور) سخت ہے ﴿١٠٢﴾ ان

فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ

| فِىْ | ذٰلِكَ | لَاٰيَةً | لِّمَنْ | خَافَ | عَذَابَ | الْاٰخِرَةِ | ذٰلِكَ | يَوْمٌ | مَّجْمُوْعٌ | لَّهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیچ | اس کے | البتہ نشانی ہے | واسطے اس شخص کے کہ | ڈرتا ہے | عذاب | آخرت کے سے | یہ | ایک دن ہے کہ | اکٹھے کیے جائینگے | واسطے اسکے |

(قصوں) میں اس شخص کے لیے جو عذاب آخرت سے ڈرے عبرت ہے۔ یہ وہ دن ہو گا جس میں سب اکٹھے کیے جائیں گے اور وہ

النَّاسُ وَذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ﴿١٠٣﴾ وَمَا نُؤَخِّرُهٗٓ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ﴿١٠٤﴾ ط

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّاسُ | وَ | ذٰلِكَ | يَوْمٌ | مَّشْهُوْدٌ | وَ | مَا | نُؤَخِّرُهٗٓ | اِلَّا | لِاَجَلٍ | مَّعْدُوْدٍ |
| لوگ | اور | یہ | دن ہے | حاضر کیا گیا | اور | نہیں | ڈھیل کرتے ہم اس کو | مگر | واسطے ایک وقت | گنے ہوئے کے |

دن ہوگا جس میں سب (اللہ کے روبرو) حاضر کیے جائیں گے ﴿١٠٣﴾ اور ہم اس کے لانے میں ایک وقت معین تک تاخیر کر رہے ہیں ﴿١٠٤﴾

يَوْمَ يَاْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ج فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ ﴿١٠٥﴾ فَاَمَّا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَوْمَ | يَاْتِ | لَا | تَكَلَّمُ | نَفْسٌ | اِلَّا | بِاِذْنِهٖ | فَمِنْهُمْ | شَقِيٌّ | وَّ | سَعِيْدٌ | فَاَمَّا |
| جس دن | آئے گا | نہ | بولے گا | کوئی جی | مگر | اسکے حکم کے | پس بعض ان میں سے | بد بخت ہیں | اور | بعض نیک بخت | پس |

جس روز وہ آجائے گا تو کوئی متنفس اللہ کے حکم کے بغیر بول بھی نہیں سکے گا۔ پھر ان میں سے کچھ بد بخت ہوں گے اور کچھ نیک بخت ﴿١٠٥﴾ تو جو

الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ ﴿١٠٦﴾ لا خٰلِدِيْنَ فِيْهَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | شَقُوْا | فَفِي | النَّارِ | لَهُمْ | فِيْهَا | زَفِيْرٌ | وَّ | شَهِيْقٌ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا |
| جو لوگ کہ | بد بخت ہوئے | پس بیچ | آگ کے ہیں | واسطے انکے | بیچ اسکے | چلانا ہے آواز باریک سے | اور | آواز موٹی سے | ہمیشہ رہنے والے | بیچ اسکے |

بد بخت ہوں گے وہ دوزخ میں (ڈال دیے جائیں گے) اُس میں اُن کو چلانا اور دھاڑنا ہوگا ﴿١٠٦﴾ (اور) جب تک

مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ط اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَادَامَتِ | السَّمٰوٰتُ | وَالْاَرْضُ | اِلَّا | مَاشَآءَ | رَبُّكَ | اِنَّ | رَبَّكَ | فَعَّالٌ |
| جب تک کہ رہیں | آسمان | اور زمین | مگر | جو چاہے | رب تیرا | بیشک | پروردگار تیرا | کرنیوالا ہے |

آسمان اور زمین ہیں اُسی میں رہیں گے مگر جتنا تمہارا پروردگار چاہے۔ بیشک تمہارا پروردگار جو چاہتا

لِّمَا يُرِيْدُ ﴿١٠٧﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِي الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِّمَا | | يُرِيْدُ | وَ | اَمَّا | الَّذِيْنَ | سُعِدُوْا | فَفِي | الْجَنَّةِ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا |
| جو | | ارادہ کرتا ہے | اور | جو | لوگ کہ | نیک بخت ہیں | پس بیچ | بہشت کے ہیں | ہمیشہ رہنے والے | بیچ اسکے |

ہے کر دیتا ہے ﴿١٠٧﴾ اور جو نیک بخت ہوں گے وہ بہشت میں (داخل کیے جائیں گے اور) جب تک

مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ط عَطَآءً غَيْرَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَادَامَتِ | السَّمٰوٰتُ | وَ | الْاَرْضُ | اِلَّا | مَاشَآءَ | رَبُّكَ | عَطَآءً | غَيْرَ |
| جب تلک کہ رہیں | آسمان | اور | زمین | مگر | جو چاہے | رب تیرا | بخشش ہے | نہ |

آسمان اور زمین ہیں ہمیشہ اسی میں رہیں گے مگر جتنا تمہارا پروردگار چاہے۔ یہ (اللہ کی) بخشش ہے جو کبھی

مَجۡذُوۡذٍ ﴿١٠٨﴾ فَلَا تَكُ فِیۡ مِرۡیَۃٍ مِّمَّا یَعۡبُدُ ہٰۤؤُلَآءِ ؕ مَا یَعۡبُدُوۡنَ اِلَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَجۡذُوۡذٍ | فَلَا تَكُ | فِیۡ | مِرۡیَۃٍ | مِّمَّا | یَعۡبُدُ | ہٰۤؤُلَآءِ | مَا | یَعۡبُدُوۡنَ | اِلَّا |
| کاٹی گئی | پس مت ہو تو | بیچ | شک کے | اس چیز سے کہ | عبادت کرتے ہیں | یہ | نہیں | عبادت کرتے | مگر |

منقطع نہیں ہوگی ﴿١٠٨﴾ تو یہ لوگ جو (غیر اللہ کی) پرستش کرتے ہیں اس سے تم خلجان میں نہ پڑنا۔ یہ (اسی طرح) پرستش

كَمَا یَعۡبُدُ اٰبَآؤُہُمۡ مِّنۡ قَبۡلُ ؕ وَ اِنَّا لَمُوَفُّوۡہُمۡ نَصِیۡبَہُمۡ غَیۡرَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَمَا | یَعۡبُدُ | اٰبَآؤُہُمۡ | مِّنۡ | قَبۡلُ | وَ | اِنَّا | لَمُوَفُّوۡہُمۡ | نَصِیۡبَہُمۡ | غَیۡرَ |
| جیسا کہ | عبادت کرتے تھے | باپ ان کے | سے | پہلے | اور | بیشک ہم | البتہ پورا دینے والے ہیں انکو | حصہ ان کا | نہ |

کرتے ہیں جس طرح پہلے سے ان کے باپ دادا پرستش کرتے آئے ہیں۔ اور ہم ان کو ان کا حصہ پورا پورا بلا کم وکاست

ع ٩ ١٤ ٩ مَنۡقُوۡصٍ ﴿١٠٩﴾ ع وَ لَقَدۡ اٰتَیۡنَا مُوۡسَی الۡكِتٰبَ فَاخۡتُلِفَ فِیۡهِ ؕ وَ لَوۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنۡقُوۡصٍ | وَ | لَقَدۡ | اٰتَیۡنَا | مُوۡسَی | الۡكِتٰبَ | فَاخۡتُلِفَ | فِیۡهِ | وَ | لَوۡ |
| کم کیا ہوا | اور | البتہ تحقیق | دی ہم نے | موسیٰ کو | کتاب | پس اختلاف کیا گیا | بیچ اس کے | اور | اگر |

دینے والے ہیں ﴿١٠٩﴾ اور ہم نے موسیٰ کو کتاب دی تو اس میں اختلاف کیا گیا۔ اور اگر

لَا كَلِمَۃٌ سَبَقَتۡ مِنۡ رَّبِّكَ لَقُضِیَ بَیۡنَہُمۡ ؕ وَ اِنَّہُمۡ لَفِیۡ شَكٍّ مِّنۡهُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | كَلِمَۃٌ | سَبَقَتۡ | مِنۡ | رَّبِّكَ | لَقُضِیَ | بَیۡنَہُمۡ | وَ | اِنَّہُمۡ | لَفِیۡ | شَكٍّ | مِّنۡهُ |
| نہ | ہوتی ایک بات کہ | پہلے گزری تھی | سے | پروردگار تیرے | البتہ فیصل کیا جاتا | درمیان انکے | اور | بیشک وہ | البتہ بیچ | شک کے ہیں | اس سے |

تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک بات پہلے نہ ہو چکی ہوتی تو ان میں فیصلہ کر دیا جاتا۔ اور وہ تو اس سے قوی شبہے میں (پڑے

مُرِیۡبٍ ﴿١١٠﴾ وَ اِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَیُوَفِّیَنَّہُمۡ رَبُّكَ اَعۡمَالَہُمۡ ؕ اِنَّہٗ بِمَا یَعۡمَلُوۡنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُرِیۡبٍ | وَ اِنَّ | كُلًّا | لَّمَّا | لَیُوَفِّیَنَّہُمۡ | رَبُّكَ | اَعۡمَالَہُمۡ | اِنَّہٗ | بِمَا | یَعۡمَلُوۡنَ |
| قلق میں | اور بیشک | ہر ایک کو | جب وقت آیا | پورا دے گا ان کو | رب تیرا | عمل ان کے | بیشک وہ | ساتھ اس چیز کے کہ | کرتے ہیں |

ہوئے) ہیں ﴿١١٠﴾ اور تمہارا پروردگار ان سب کو (قیامت کے دن) ان کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دے گا۔ بیشک جو عمل یہ کرتے ہیں وہ

خَبِیۡرٌ ﴿١١١﴾ فَاسۡتَقِمۡ كَمَاۤ اُمِرۡتَ وَ مَنۡ تَابَ مَعَكَ وَ لَا تَطۡغَوۡا ؕ اِنَّہٗ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَبِیۡرٌ | فَاسۡتَقِمۡ | كَمَاۤ | اُمِرۡتَ | وَ | مَنۡ | تَابَ | مَعَكَ | وَ | لَا | تَطۡغَوۡا | اِنَّہٗ |
| خبردار ہے | پس سیدھا رہ | جس طرح سے | حکم کیا گیا ہے تو | اور | جس نے | توبہ کی | ساتھ تیرے | اور | مت | سرکشی کرو | بیشک وہ |

اس سے واقف ہے ﴿١١١﴾ سو (اے پیغمبر) جیسا تم کو حکم ہوتا ہے (اس پر) تم اور جو لوگ تمہارے ساتھ تائب ہوئے ہیں قائم رہو اور حد سے تجاوز نہ کرنا۔

بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۲﴾ وَ لَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | بَصِيْرٌ | وَ | لَا | تَرْكَنُوْٓا | اِلَى | الَّذِيْنَ | ظَلَمُوْا | فَتَمَسَّكُمُ |
| ساتھ اس چیز کے کہ | کرتے ہو تم | دیکھنے والا ہے | اور | مت | جھکو | طرف | ان لوگوں کے کہ | ظلم کرتے ہیں | پس لگے گی تم کو |

بے شک وہ تمہارے سب اعمال کو دیکھ رہا ہے ﴿۱۱۲﴾ اور جو لوگ ظالم ہیں ان کی طرف مائل نہ ہونا نہیں تو تمہیں (دوزخ کی)

النَّارُ ۙ وَ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّارُ | وَ | مَا | لَكُمْ | مِّنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | مِنْ | اَوْلِيَآءَ | ثُمَّ | لَا | تُنْصَرُوْنَ |
| آگ | اور | نہیں | واسطے تمہارے | سوائے | اللہ کے | کوئی | دوست | پھر | نہیں | مدد دیئے جاؤ گے |

آگ آلپٹے گی اور اللہ کے سوا تمہارے اور دوست نہیں ہیں، (اگر تم ظالموں کی طرف مائل ہو گئے) تو پھر تم کو (کہیں سے) مدد نہ مل سکے گی ﴿۱۱۳﴾

وَ اَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَ زُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ؕ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَقِمِ | الصَّلٰوةَ | طَرَفَيِ | النَّهَارِ | وَ | زُلَفًا | مِّنَ | الَّيْلِ | اِنَّ | الْحَسَنٰتِ | يُذْهِبْنَ |
| اور | قائم کر | نماز | دونوں طرف | دن کے | اور | کتنی ساعتیں | سے | رات | بیشک | نیکیاں | لے جاتی ہیں |

اور دن کے دونوں سروں (یعنی صبح اور شام کے اوقات میں) اور رات کی چند (پہلی) ساعات میں نماز پڑھا کرو۔ کچھ شک نہیں کہ نیکیاں

السَّيِّاٰتِ ؕ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ ۚ وَ اصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّيِّاٰتِ | ذٰلِكَ | ذِكْرٰى | لِلذّٰكِرِيْنَ | وَ | اصْبِرْ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يُضِيْعُ | اَجْرَ |
| برائیوں کو | یہ | نصیحت ہے | واسطے ذکر کرنیوالوں کے | اور | صبر کر | پس بیشک | اللہ | نہیں | ضائع کرتا | ثواب |

گناہوں کو دور کر دیتی ہیں۔ یہ اُن کے لیے نصیحت ہے جو نصیحت قبول کرنے والے ہیں ﴿۱۱۴﴾ اور صبر کیے رہو کہ اللہ نیکوکاروں کا اجر ضائع

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَلَوْ لَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُحْسِنِيْنَ | فَلَوْ | لَا | كَانَ | مِنَ | الْقُرُوْنِ | مِنْ | قَبْلِكُمْ | اُولُوْا | بَقِيَّةٍ |
| نیکی کرنے والوں کا | پس کیوں | نہ | ہوئے | سے | قرنوں | سے | پہلے تم | صاحب | شعور کے کہ |

نہیں کرتا ﴿۱۱۵﴾ تو جو اُمتیں تم سے پہلے گزر چکی ہیں ان میں ایسے ہوشمند کیوں نہ ہوئے

يَّنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْاَرْضِ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ۚ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّنْهَوْنَ | عَنِ | الْفَسَادِ | فِي | الْاَرْضِ | اِلَّا | قَلِيْلًا | مِّمَّنْ | اَنْجَيْنَا | مِنْهُمْ |
| منع کرتے | سے | فساد | بیچ | زمین کے | مگر | تھوڑے | ان لوگوں میں سے کہ | نجات دی ہم نے | ان میں سے |

جو ملک میں خرابی کرنے سے روکتے ہاں (ایسے) تھوڑے سے (تھے) جن کو ہم نے ان میں سے مخلصی بخشی۔

وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَآ اُتْرِفُوْا فِيْهِ وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿١١٦﴾ وَمَا كَانَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اتَّبَعَ | الَّذِيْنَ | ظَلَمُوْا | مَآ | اُتْرِفُوْا | فِيْهِ | وَ | كَانُوْا | مُجْرِمِيْنَ | وَ | مَا | كَانَ |
| اور | پیروی کی | ان لوگوں نے کہ | ظالم تھے | اس چیز کی کہ | دولت دیئے گئے تھے | بیچ اسکے | اور | تھے | گنہگار | اور | نہ | تھا |

اور جو ظالم تھے وہ اُنہی باتوں کے پیچھے لگے رہے جن میں عیش و آرام تھا اور وہ گناہوں میں ڈوبے ہوئے تھے ﴿١١٦﴾ اور تمہارا

رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ﴿١١٧﴾ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبُّكَ | لِيُهْلِكَ | الْقُرٰى | بِظُلْمٍ | وَّ | اَهْلُهَا | مُصْلِحُوْنَ | وَ | لَوْ | شَآءَ | رَبُّكَ |
| رب تیرا | کہ ہلاک کرے | بستیوں کو | ساتھ ظلم کے | اور | انکے اہل کہ | نیکوکار ہوں | اور | اگر | چاہتا | رب تیرا |

پروردگار ایسا نہیں ہے کہ بستیوں کو جبکہ وہاں کے باشندے نیکوکار ہوں ازراہِ ظلم تباہ کردے ﴿١١٧﴾ اور اگر تمہارا پروردگار

لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ﴿١١٨﴾ اِلَّا مَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَجَعَلَ | النَّاسَ | اُمَّةً | وَّاحِدَةً | وَّ | لَا يَزَالُوْنَ | مُخْتَلِفِيْنَ | اِلَّا | مَنْ |
| البتہ کرتا | لوگوں کو | امت | ایک | اور | ہمیشہ رہیں گے | اختلاف کرنے والے | مگر | جن کو |

چاہتا تو تمام لوگوں کو ایک جماعت کردیتا لیکن وہ ہمیشہ اختلاف کرتے رہیں گے ﴿١١٨﴾ مگر جن پر

رَّحِمَ رَبُّكَ ۭ وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ۭ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَاَمْلَئَنَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَّحِمَ | رَبُّكَ | وَ | لِذٰلِكَ | خَلَقَهُمْ | وَ | تَمَّتْ | كَلِمَةُ | رَبِّكَ | لَاَمْلَئَنَّ |
| رحم کیا | پروردگار تیرے نے | اور | واسطے اس کے | پیدا کیا ہے ان کو | اور | پوری ہوئی | بات | رب تیرے کی | البتہ بھروں گا میں |

تمہارا پروردگار رحم کرے۔ اور اسی لیے اس نے ان کو پیدا کیا ہے۔ اور تمہارے پروردگار کا قول پورا ہوگیا کہ میں

جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿١١٩﴾ وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَهَنَّمَ | مِنَ | الْجِنَّةِ | وَ | النَّاسِ | اَجْمَعِيْنَ | وَ | كُلًّا | نَّقُصُّ | عَلَيْكَ | مِنْ |
| دوزخ کو | سے | جنوں | اور | لوگوں | سب سے | اور | ہر چیز کو | بیان کرتے ہیں ہم | اوپر تیرے | سے |

دوزخ کو جنوں اور انسانوں سب سے بھر دوں گا ﴿١١٩﴾ (اے محمد ﷺ) اور پیغمبروں کے وہ سب حالات

اَنْۢبَآءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ۚ وَجَآءَكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَقُّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْۢبَآءِ | الرُّسُلِ | مَا | نُثَبِّتُ | بِهٖ | فُؤَادَكَ | وَجَآءَكَ | فِيْ | هٰذِهِ | الْحَقُّ |
| خبروں | پیغمبروں کی | وہ چیز کہ | ثابت کرتے ہیں | ساتھ اسکے | دل تیرے کو | اور آیا ہے تیرے پاس | بیچ | اس کے | حق |

جو ہم تم سے بیان کرتے ہیں ان سے ہم تمہارے دل کو قائم رکھتے ہیں اور ان (قصص) میں تمہارے پاس حق پہنچ گیا

وَ مَوۡعِظَۃٌ وَّ ذِکۡرٰی لِلۡمُؤۡمِنِیۡنَ ﴿۱۲۰﴾ وَ قُلۡ لِّلَّذِیۡنَ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَوۡعِظَۃٌ | وَّ | ذِکۡرٰی | لِلۡمُؤۡمِنِیۡنَ | وَ | قُلۡ | لِّلَّذِیۡنَ | لَا | یُؤۡمِنُوۡنَ |
| اور | نصیحت | اور | یاددلانا | واسطے ایمان والوں کے | اور | کہہ | واسطے ان لوگوں کے کہ | نہیں | ایمان لاتے |

اور (یہ) مومنوں کے لیے نصیحت اور عبرت ہے ﴿۱۲۰﴾ اور جولوگ ایمان نہیں لائے اُن سے کہہ دو کہ تم اپنی

اعۡمَلُوۡا عَلٰی مَکَانَتِکُمۡ ؕ اِنَّا عٰمِلُوۡنَ ﴿۱۲۱﴾ۙ وَ انۡتَظِرُوۡا ۚ اِنَّا مُنۡتَظِرُوۡنَ ﴿۱۲۲﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اعۡمَلُوۡا | عَلٰی | مَکَانَتِکُمۡ | اِنَّا | عٰمِلُوۡنَ | وَ | انۡتَظِرُوۡا | اِنَّا | مُنۡتَظِرُوۡنَ |
| عمل کرو | اوپر | جگہ اپنی کے | بیشک ہم بھی | عمل کرنیوالے ہیں | اور | منتظر رہو | بیشک ہم بھی | منتظر رہنے والے ہیں |

جگہ عمل کیے جاؤ ہم (اپنی جگہ) عمل کیے جاتے ہیں ﴿۱۲۱﴾ اور (نتیجۂ اعمال کا) تم بھی انتظار کرو ہم بھی انتظار کرتے ہیں ﴿۱۲۲﴾

وَ لِلّٰہِ غَیۡبُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ وَ اِلَیۡہِ یُرۡجَعُ الۡاَمۡرُ کُلُّہٗ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لِلّٰہِ | غَیۡبُ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الۡاَرۡضِ | وَ | اِلَیۡہِ | یُرۡجَعُ | الۡاَمۡرُ | کُلُّہٗ |
| اور | واسطے اللہ کے ہیں | پوشیدہ چیزیں | آسمانوں کی | اور | زمین کی | اور | طرف اسی کی | پھیرا جاتا ہے | کام | سارا |

اور آسمانوں اور زمین کی چھپی چیزوں کا علم اللہ ہی کو ہے اور تمام امور کا رجوع اسی کی طرف ہے۔ تو اسی

فَاعۡبُدۡہُ وَ تَوَکَّلۡ عَلَیۡہِ ؕ وَ مَا رَبُّکَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۲۳﴾ ع ۱۰ ۱۴ ۱۰

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاعۡبُدۡہُ | وَ | تَوَکَّلۡ | عَلَیۡہِ | وَ | مَا | رَبُّکَ | بِغَافِلٍ | عَمَّا | تَعۡمَلُوۡنَ |
| پس عبادت کر اسکی | اور | توکل کر | اوپر اس کے | اور | نہیں | رب تیرا | بے خبر | اس چیز سے کہ | تم کرتے ہو |

کی عبادت کرو اور اسی پر بھروسہ رکھو۔ اور جو کچھ تم کر رہے ہو تمہارا پروردگار اس سے بے خبر نہیں ﴿۱۲۳﴾

## ایاتہا ۱۱۱ ۱۲ سُوۡرَۃُ یُوۡسُفَ مَکِّیَّۃٌ ۵۳ رکوعاتہا ۱۲

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓرٰ ۟ قف تِلۡکَ اٰیٰتُ الۡکِتٰبِ الۡمُبِیۡنِ ﴿۱﴾ قف اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنٰہُ قُرۡءٰنًا عَرَبِیًّا لَّعَلَّکُمۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الٓرٰ | تِلۡکَ | اٰیٰتُ | الۡکِتٰبِ | الۡمُبِیۡنِ | اِنَّاۤ | اَنۡزَلۡنٰہُ | قُرۡءٰنًا | عَرَبِیًّا | لَّعَلَّکُمۡ |
| الٓرٰ | یہ | آیتیں | کتاب | بیان کرنے والی کی ہیں | بیشک | اتارا ہے ہم نے اسکو | قرآن | عربی | تاکہ تم |

الٓرٰ یہ کتاب روشن کی آیتیں ہیں ﴿۱﴾ ہم نے اس قرآن کو عربی میں نازل کیا ہے

تَعۡقِلُوۡنَ ﴿۲﴾ نَحۡنُ نَقُصُّ عَلَيۡكَ اَحۡسَنَ الۡقَصَصِ بِمَاۤ اَوۡحَيۡنَاۤ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَعۡقِلُوۡنَ | نَحۡنُ | نَقُصُّ | عَلَيۡكَ | اَحۡسَنَ | الۡقَصَصِ | بِمَاۤ | اَوۡحَيۡنَاۤ |
| سمجھو | ہم | بیان کرتے ہیں | اوپر تیرے | بہت اچھی طرح | بیان کرنا | اس طرح سے کہ | وحی کیا ہم نے |

تا کہ تم سمجھ سکو﴿۲﴾ (اے پیغمبر) ہم اس قرآن کے ذریعے سے جو ہم نے تمہاری طرف بھیجا ہے

اِلَيۡكَ هٰذَا الۡقُرۡاٰنَ ۖ وَاِنۡ كُنۡتَ مِنۡ قَبۡلِهٖ لَمِنَ الۡغٰفِلِيۡنَ ﴿۳﴾ اِذۡ قَالَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَيۡكَ | هٰذَا | الۡقُرۡاٰنَ | وَ | اِنۡ | كُنۡتَ | مِنۡ | قَبۡلِهٖ | لَمِنَ الۡغٰفِلِيۡنَ | اِذۡ | قَالَ |
| طرف تیری | یہ | قرآن | اور | بیشک | تھا تو | سے | پہلے اس | البتہ غافلوں سے | جس وقت | کہا |

تمہیں ایک نہایت اچھا قصہ سناتے ہیں اور تم اس سے پہلے بے خبر تھے﴿۳﴾ جب یوسف

يُوۡسُفُ لِاَبِيۡهِ يٰۤاَبَتِ اِنِّىۡ رَاَيۡتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوۡكَبًا وَّالشَّمۡسَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُوۡسُفُ | لِاَبِيۡهِ | يٰۤاَبَتِ | اِنِّىۡ | رَاَيۡتُ | اَحَدَ عَشَرَ | كَوۡكَبًا | وَّ | الشَّمۡسَ |
| یوسف نے | واسطے باپ اپنے کے | اے باپ میرے | بیشک | دیکھے میں نے خواب میں | گیارہ | ستارے | اور | سورج |

نے اپنے والد سے کہا کہ ابا میں نے (خواب میں) گیارہ ستاروں اور سورج اور چاند کو دیکھا ہے۔

وَالۡقَمَرَ رَاَيۡتُهُمۡ لِىۡ سٰجِدِيۡنَ ﴿۴﴾ قَالَ يٰبُنَىَّ لَا تَقۡصُصۡ رُءۡيَاكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الۡقَمَرَ | رَاَيۡتُهُمۡ | لِىۡ | سٰجِدِيۡنَ | قَالَ | يٰبُنَىَّ | لَا | تَقۡصُصۡ | رُءۡيَاكَ |
| اور | چاند | دیکھا میں نے ان کو | واسطے اپنے | سجدہ کرنے والے | کہا | اے چھوٹے بیٹے | مت | بیان کرنا | خواب اپنے کو |

دیکھا (کیا) ہوں کہ وہ مجھے سجدہ کر رہے ہیں﴿۴﴾ انہوں نے کہا کہ بیٹا! اپنے خواب کا ذکر

عَلٰٓى اِخۡوَتِكَ فَيَكِيۡدُوۡا لَـكَ كَيۡدًا ؕ اِنَّ الشَّيۡطٰنَ لِلۡاِنۡسَانِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰٓى | اِخۡوَتِكَ | فَيَكِيۡدُوۡا | لَـكَ | كَيۡدًا | اِنَّ | الشَّيۡطٰنَ | لِلۡاِنۡسَانِ |
| اوپر | اپنے بھائیوں کے | پس مکر کریں گے | واسطے تیرے | کچھ مکر | بیشک | شیطان | واسطے آدمی کے |

اپنے بھائیوں سے نہ کرنا نہیں تو وہ تمہارے حق میں کوئی فریب کی چال چلیں گے۔ کچھ شک نہیں کہ شیطان انسان کا

عَدُوٌّ مُّبِيۡنٌ ﴿۵﴾ وَكَذٰلِكَ يَجۡتَبِيۡكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ مِنۡ تَاۡوِيۡلِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَدُوٌّ | مُّبِيۡنٌ | وَ | كَذٰلِكَ | يَجۡتَبِيۡكَ | رَبُّكَ | وَيُعَلِّمُكَ | مِنۡ تَاۡوِيۡلِ |
| دشمن ہے | ظاہر | اور | اسی طرح | برگزیدہ کرے گا تجھ کو | رب تیرا | اور سکھلا دے گا تجھ کو | تعبیر بتانی |

کھلا دشمن ہے﴿۵﴾ اور اسی طرح اللہ تمہیں برگزیدہ (وممتاز) کرے گا اور (خواب کی) باتوں کی

الْاَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا

| الْاَحَادِيْثِ | وَ | يُتِمُّ | نِعْمَتَهٗ | عَلَيْكَ | وَعَلٰٓى | اٰلِ | يَعْقُوْبَ | كَمَآ | اَتَمَّهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| باتوں کی | اور | پوری کرے گا | نعمت اپنی | اوپر تیرے | اور اوپر | اولاد | یعقوب کے | جیسا کہ | پورا کیا تھا اسکو |

تعبیر کا علم سکھائے گا اور جس طرح اس نے اپنی نعمت پہلے تمہارے دادا پردادا ابراہیم اور اسحاق پر پوری کی تھی

عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ وَ اِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ

| عَلٰٓى | اَبَوَيْكَ | مِنْ | قَبْلُ | اِبْرٰهِيْمَ | وَ | اِسْحٰقَ | اِنَّ | رَبَّكَ | عَلِيْمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | تیرے دو باپ دادوں کے | سے | پہلے اس | ابراہیم | اور | اسحاق پر | بیشک | رب تیرا | جاننے والا |

اسی طرح تم پر اور اولاد یعقوب پر پوری کرے گا۔ بیشک تمہارا پروردگار (سب کچھ) جاننے والا (اور)

حَكِيْمٌ ﴿۶﴾ لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَ اِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ لِّلسَّآئِلِيْنَ ﴿۷﴾ اِذْ قَالُوْا ع ۶/۱۱

| حَكِيْمٌ | لَقَدْ | كَانَ | فِيْ | يُوْسُفَ | وَ | اِخْوَتِهٖ | اٰيٰتٌ | لِّلسَّآئِلِيْنَ | اِذْ | قَالُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حکمت والا ہے | البتہ تحقیق | تھیں | بیچ | یوسف کے | اور | اسکے بھائیوں کے | نشانیاں ہیں | واسطے پوچھنے والوں کے | جس وقت | کہا انہوں نے |

حکمت والا ہے (۶) ہاں یوسف اور ان کے بھائیوں (کے قصے) میں پوچھنے والوں کے لیے (بہت سی) نشانیاں ہیں (۷) جب اُنہوں

لَيُوْسُفُ وَ اَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا وَ نَحْنُ عُصْبَةٌ ؕ اِنَّ اَبَانَا

| لَيُوْسُفُ | وَ | اَخُوْهُ | اَحَبُّ | اِلٰٓى | اَبِيْنَا | مِنَّا | وَ | نَحْنُ | عُصْبَةٌ | اِنَّ | اَبَانَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| البتہ یوسف | اور | بھائی اس کا | بہت پیارے ہیں | طرف | باپ ہمارے کی | ہم سے | اور | ہم | جماعت ہیں زبردست | بیشک | باپ ہمارا |

نے (آپس میں) تذکرہ کیا کہ یوسف اور اس کا بھائی ابا کو ہم سے زیادہ پیارے ہیں حالانکہ ہم جماعت (کی جماعت) ہیں۔ کچھ شک

لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنِ ﴿۸﴾ ۚۖ اقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا يَّخْلُ لَكُمْ

| لَفِيْ | ضَلٰلٍ | مُّبِيْنِ | اقْتُلُوْا | يُوْسُفَ | اَوِ | اطْرَحُوْهُ | اَرْضًا | يَّخْلُ | لَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| البتہ بیچ | غلطی | ظاہر کے ہے | مار ڈالو | یوسف کو | یا | ڈال دو اس کو | کسی زمین میں | کہ خالی ہو جائے | واسطے تمہارے |

نہیں کہ ابا صریح غلطی پر ہیں (۸) تو یوسف کو (یا تو جان سے) مار ڈالو یا کسی ملک میں پھینک آ ؤ۔

وَجْهُ اَبِيْكُمْ وَ تَكُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ﴿۹﴾ قَالَ قَآئِلٌ

| وَجْهُ | اَبِيْكُمْ | وَ | تَكُوْنُوْا | مِنْۢ بَعْدِهٖ | قَوْمًا | صٰلِحِيْنَ | قَالَ | قَآئِلٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| توجہ | باپ تمہارے کی | اور | ہو جاؤ تم | پیچھے اس کے | قوم | صلاحیت والی | کہا | ایک کہنے والے نے |

پھر ابا کی توجہ صرف تمہاری طرف ہو جائے گی اور اس کے بعد تم اچھی حالت میں ہو جاؤ گے (۹) ان میں سے ایک کہنے والے

مِّنۡهُمۡ لَا تَقۡتُلُوۡا يُوۡسُفَ وَاَلۡقُوۡهُ فِىۡ غَيٰبَتِ الۡجُبِّ يَلۡتَقِطۡهُ

| مِّنۡهُمۡ | لَا | تَقۡتُلُوۡا | يُوۡسُفَ | وَاَلۡقُوۡهُ | فِىۡ | غَيٰبَتِ | الۡجُبِّ | يَلۡتَقِطۡهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان میں سے | مت | مارو | یوسف کو | اور ڈال دو اس کو | بیچ | گمنام | کنوئیں کے | اٹھالے اس کو |

نے کہا کہ یوسف کو جان سے نہ مارو بلکہ اسے کسی گہرے کنوئیں میں ڈال دو کہ کوئی راہ گیر نکال (کر اور ملک

بَعۡضُ السَّيَّارَةِ اِنۡ كُنۡتُمۡ فٰعِلِيۡنَ ۝۱۰ قَالُوۡا يٰۤاَبَانَا مَا لَكَ لَا تَاۡمَنَّا

| بَعۡضُ | السَّيَّارَةِ | اِنۡ | كُنۡتُمۡ | فٰعِلِيۡنَ | قَالُوۡا | يٰۤاَبَانَا | مَا لَكَ | لَا | تَاۡمَنَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کوئی | راہ گیر | اگر | ہوتم | کرنے والے | کہا انہوں نے | اے باپ ہمارے | کیا ہے واسطے تیرے | نہیں | امین جانتا تو ہمکو |

میں) لے جائے گا اگر تم کو کرنا ہے (تو یوں کرو) ۝۱۰ (یہ مشورہ کر کے وہ یعقوب سے) کہنے لگے کہ ابا جان کیا سبب ہے کہ آپ یوسف کے

عَلٰى يُوۡسُفَ وَاِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوۡنَ ۝۱۱ اَرۡسِلۡهُ مَعَنَا غَدًا يَّرۡتَعۡ

| عَلٰى | يُوۡسُفَ | وَ | اِنَّا | لَهٗ | لَنٰصِحُوۡنَ | اَرۡسِلۡهُ | مَعَنَا | غَدًا | يَّرۡتَعۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | یوسف کے | اور | بیشک ہم | واسطے اسکے | البتہ خیر خواہ ہیں | بھیج دے اس کو | ہمارے ساتھ | کل | شکم سیر کھائے |

بارے میں ہمارا اعتبار نہیں کرتے حالانکہ ہم اس کے خیر خواہ ہیں ۝۱۱ کل اُسے ہمارے ساتھ بھیج دیجیے کہ خوب میوے کھائے

وَيَلۡعَبۡ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوۡنَ ۝۱۲ قَالَ اِنِّىۡ لَيَحۡزُنُنِىۡۤ اَنۡ تَذۡهَبُوۡا بِهٖ

| وَيَلۡعَبۡ | وَ | اِنَّا | لَهٗ | لَحٰفِظُوۡنَ | قَالَ | اِنِّىۡ | لَيَحۡزُنُنِىۡۤ | اَنۡ | تَذۡهَبُوۡا | بِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور کھیلے | اور | ہم | واسطے اسکے | البتہ محافظت کرنیوالے ہیں | کہا یعقوب نے | بیشک | البتہ غمگین کرتا ہے مجھ کو | یہ کہ | تم لے جاؤ | اس کو |

اور کھیلے کودے ہم اس کے نگہبان ہیں ۝۱۲ اُنہوں نے کہا کہ یہ امر مجھے غمناک کیے دیتا ہے کہ تم اُسے لے جاؤ (یعنی وہ مجھ سے جدا ہو جائے)

وَاَخَافُ اَنۡ يَّاۡكُلَهُ الذِّئۡبُ وَاَنۡتُمۡ عَنۡهُ غٰفِلُوۡنَ ۝۱۳ قَالُوۡا لَئِنۡ اَكَلَهُ

| وَ | اَخَافُ | اَنۡ | يَّاۡكُلَهُ | الذِّئۡبُ | وَ | اَنۡتُمۡ | عَنۡهُ | غٰفِلُوۡنَ | قَالُوۡا | لَئِنۡ | اَكَلَهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ڈرتا ہوں | یہ کہ | کھا جائے اس کو | بھیڑیا | اور | ہوتم | اس سے | غافل | کہا انہوں نے | اگر | کھا جائے اسکو |

اور مجھے یہ بھی خوف ہے کہ تم (کھیل میں) اس سے غافل ہو جاؤ اور اُسے بھیڑیا کھا جائے ۝۱۳ وہ کہنے لگے کہ اگر ہماری موجودگی میں

الذِّئۡبُ وَنَحۡنُ عُصۡبَةٌ اِنَّاۤ اِذًا لَّخٰسِرُوۡنَ ۝۱۴ فَلَمَّا ذَهَبُوۡا بِهٖ

| الذِّئۡبُ | وَ | نَحۡنُ | عُصۡبَةٌ | اِنَّاۤ | اِذًا | لَّخٰسِرُوۡنَ | فَلَمَّا | ذَهَبُوۡا | بِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھیڑیا | اور | ہم | جماعت ہیں زبردست | بیشک ہم | اس وقت | البتہ زیاں کاروں سے ہوں | پس جب | لے گئے | اس کو |

کہ ہم ایک طاقتور جماعت ہیں اسے بھیڑیا کھا گیا تو ہم بڑے نقصان میں پڑ گئے ۝۱۴ غرض جب وہ اس کو لے گئے

وَ اَجۡمَعُوۡۤا اَنۡ یَّجۡعَلُوۡهُ فِیۡ غَیٰبَتِ الۡجُبِّ ۚ وَ اَوۡحَیۡنَاۤ اِلَیۡهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمۡ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَجۡمَعُوۡۤا | اَنۡ | یَّجۡعَلُوۡهُ | فِیۡ | غَیٰبَتِ | الۡجُبِّ | وَ | اَوۡحَیۡنَاۤ | اِلَیۡهِ | لَتُنَبِّئَنَّهُمۡ |
| اور | مقرر کیا | یہ کہ | کردیں اس کو | بیچ | گمنام | کنوئیں کے | اور | وحی بھیجی ہم نے | طرف اسکی | البتہ خبر دیگا توان کو |

اور اس بات پر اتفاق کرلیا کہ اس کو گہرے کنوئیں میں ڈال دیں تو ہم نے یوسف کی طرف وحی بھیجی کہ (ایک وقت ایسا آئے

بِاَمۡرِهِمۡ هٰذَا وَ هُمۡ لَا یَشۡعُرُوۡنَ ﴿۱۵﴾ وَ جَآءُوۡۤ اَبَاهُمۡ عِشَآءً

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاَمۡرِهِمۡ | هٰذَا | وَ | هُمۡ | لَا | یَشۡعُرُوۡنَ | وَ | جَآءُوۡۤ | اَبَاهُمۡ | عِشَآءً |
| ساتھ انکے کام کے | یہ | اور | وہ | نہ | سمجھتے ہوں گے | اور | آئے وہ پاس | باپ اپنے کے | اندھیرا پڑے |

گا کہ) تم ان کو ان کے اس سلوک سے آگاہ کروگے اور ان کو (اس وحی کی) کچھ خبر نہ ہوگی ﴿۱۵﴾ (یہ حرکت کرکے) وہ رات کے وقت باپ کے پاس

یَّبۡکُوۡنَ ﴿۱۶﴾ قَالُوۡا یٰۤاَبَانَاۤ اِنَّا ذَهَبۡنَا نَسۡتَبِقُ وَ تَرَکۡنَا یُوۡسُفَ عِنۡدَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یَّبۡکُوۡنَ | قَالُوۡا | یٰۤاَبَانَاۤ | اِنَّا | ذَهَبۡنَا | نَسۡتَبِقُ | وَ | تَرَکۡنَا | یُوۡسُفَ | عِنۡدَ |
| روتے ہوئے | کہا انہوں نے | اے باپ ہمارے | بیشک | گئے تھے ہم | دوڑتے ہوئے | اور | چھوڑ گئے تھے | یوسف کو | نزدیک |

روتے ہوئے آئے ﴿۱۶﴾ (اور) کہنے لگے کہ ابا جان ہم تو دوڑنے اور ایک دوسرے سے آگے نکلنے میں مصروف ہوگئے اور یوسف کو

مَتَاعِنَا فَاَکَلَهُ الذِّئۡبُ ۚ وَ مَاۤ اَنۡتَ بِمُؤۡمِنٍ لَّنَا وَ لَوۡ کُنَّا صٰدِقِیۡنَ ﴿۱۷﴾ الثلثة

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَتَاعِنَا | فَاَکَلَهُ | الذِّئۡبُ | وَ | مَاۤ | اَنۡتَ | بِمُؤۡمِنٍ | لَّنَا | وَ | لَوۡ کُنَّا | صٰدِقِیۡنَ |
| اسباب اپنے کے | پس کھا گیا اسکو | بھیڑیا | اور | نہیں | تو | ہرگز یقین کرنے والا | واسطے ہمارے | اور | اگرچہ ہوں ہم | سچے |

اپنے اسباب کے پاس چھوڑ گئے تو اُسے بھیڑیا کھا گیا۔ اور آپ ہماری بات کو گو ہم سچ ہی کہتے ہوں باور نہیں کریں گے ﴿۱۷﴾

وَ جَآءُوۡ عَلٰی قَمِیۡصِهٖ بِدَمٍ کَذِبٍ ؕ قَالَ بَلۡ سَوَّلَتۡ لَکُمۡ اَنۡفُسُکُمۡ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | جَآءُوۡ | عَلٰی | قَمِیۡصِهٖ | بِدَمٍ | کَذِبٍ | قَالَ | بَلۡ | سَوَّلَتۡ | لَکُمۡ | اَنۡفُسُکُمۡ |
| اور | لے آئے | اوپر | اسکے کرتے کے | لہو | جھوٹا | کہا | بلکہ | بنالی ہے | واسطے تمہارے | جی تمہارے نے |

اور ان کے کرتے پر جھوٹ موٹ کا لہو بھی لگا لائے۔ یعقوب نے کہا (کہ حقیقۃ الحال یوں نہیں ہے) بلکہ تم اپنے دل سے (یہ)

اَمۡرًا ؕ فَصَبۡرٌ جَمِیۡلٌ ؕ وَ اللّٰهُ الۡمُسۡتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوۡنَ ﴿۱۸﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَمۡرًا | فَصَبۡرٌ | جَمِیۡلٌ | وَ | اللّٰهُ | الۡمُسۡتَعَانُ | عَلٰی | مَا | تَصِفُوۡنَ |
| ایک بات | پس صبر | بہتر ہے | اور | اللہ سے | مدد مانگی گئی ہے | اوپر | اس چیز کے کہ | بیان کرتے ہو تم |

بات بنالائے ہو۔ اچھا صبر (کہ وہی) خوب (ہے)۔ اور جو تم بیان کرتے ہو اس کے بارے میں اللہ ہی سے مدد مطلوب ہے ﴿۱۸﴾

وَجَآءَتْ سَیَّارَۃٌ فَاَرْسَلُوْا وَارِدَھُمْ فَاَدْلٰی دَلْوَہٗ ؕ قَالَ یٰبُشْرٰی ھٰذَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَجَآءَتْ | سَیَّارَۃٌ | فَاَرْسَلُوْا | وَارِدَھُمْ | فَاَدْلٰی | دَلْوَہٗ | قَالَ | یٰبُشْرٰی | ھٰذَا |
| اور آیا | قافلہ | پس بھیجا انہوں نے | آگے چلنے والے اپنے کو | پس لٹکایا اس نے | ڈول اپنا | کہا | اے خوشی | یہ |

(اب اللہ کی شان دیکھو کہ اس کنوئیں کے قریب) ایک قافلہ آوارد ہوا اور انہوں نے (پانی کے لیے) اپنا سقا بھیجا اس نے کنوئیں میں ڈول لٹکایا

غُلٰمٌ ؕ وَاَسَرُّوْہُ بِضَاعَۃً ؕ وَاللّٰہُ عَلِیْمٌۢ بِمَا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَشَرَوْہُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غُلٰمٌ | وَ | اَسَرُّوْہُ | بِضَاعَۃً | وَ | اللّٰہُ | عَلِیْمٌ | بِمَا | یَعْمَلُوْنَ | وَ | شَرَوْہُ |
| لڑکا ہے | اور | چھپا رکھا ہے اس کو | پونجی کر کر | اور | اللہ | جانتا تھا | جو کچھ | وہ کرتے تھے | اور | بیچا اس کو |

(تو یوسف اس سے لٹک گئے)۔ وہ بولا زہے قسمت یہ تو (نہایت حسین) لڑکا ہے اور اس کو قیمتی سرمایہ سمجھ کر چھپا لیا اور جو کچھ وہ کرتے تھے اللہ کو سب معلوم تھا ﴿۱۹﴾ اور

بِثَمَنٍۢ بَخْسٍ دَرَاھِمَ مَعْدُوْدَۃٍ ۚ وَکَانُوْا فِیْہِ مِنَ الزّٰھِدِیْنَ ﴿۲۰﴾ ع ۲/۱۴/۱۲

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِثَمَنٍ | بَخْسٍ | دَرَاھِمَ | مَعْدُوْدَۃٍ | وَ | کَانُوْا | فِیْہِ | مِنَ الزّٰھِدِیْنَ |
| ساتھ قیمت | ناقص کے | درہم تھے | گنے ہوئے | اور | تھے | بیچ اس کے | بے رغبت |

اس کو تھوڑی سی قیمت (یعنی) معدودے چند درہموں پر بیچ ڈالا اور انہیں ان (کے بارے) میں کچھ لالچ بھی نہ تھا ﴿۲۰﴾

وَقَالَ الَّذِی اشْتَرٰىہُ مِنْ مِّصْرَ لِامْرَاَتِہٖٓ اَکْرِمِیْ مَثْوٰىہُ عَسٰٓی اَنْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَالَ | الَّذِی | اشْتَرٰىہُ | مِنْ | مِّصْرَ | لِامْرَاَتِہٖٓ | اَکْرِمِیْ | مَثْوٰىہُ | عَسٰٓی | اَنْ |
| اور | کہا اس نے | جس نے | مول لیا تھا اس کو | سے | مصر | واسطے بی بی اپنی کے | باحرمت | رکھنا اس کو | شاید | یہ کہ |

اور مصر میں جس شخص نے اس کو خریدا اس نے اپنی بیوی سے (جس کا نام زلیخا تھا) کہا کہ اس کو عزت واکرام سے رکھو۔ عجب نہیں کہ

یَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَہٗ وَلَدًا ؕ وَکَذٰلِکَ مَکَّنَّا لِیُوْسُفَ فِی الْاَرْضِ ۫

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یَّنْفَعَنَآ | اَوْ | نَتَّخِذَہٗ | وَلَدًا | وَ | کَذٰلِکَ | مَکَّنَّا | لِیُوْسُفَ | فِی | الْاَرْضِ |
| نفع دے ہم کو | یا | پکڑیں ہم اس کو | فرزند | اور | اسی طرح | قدرت دی ہم نے | واسطے یوسف کے | بیچ | زمین کے |

یہ ہمیں فائدہ دے یا ہم اسے بیٹا بنا لیں۔ اس طرح ہم نے یوسف کو سرزمین (مصر) میں جگہ دی

وَلِنُعَلِّمَہٗ مِنْ تَاْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ ؕ وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰٓی اَمْرِہٖ وَلٰکِنَّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لِنُعَلِّمَہٗ | مِنْ تَاْوِیْلِ | الْاَحَادِیْثِ | وَ | اللّٰہُ | غَالِبٌ | عَلٰٓی | اَمْرِہٖ | وَ | لٰکِنَّ |
| اور | تا کہ سکھادیں ہم اسکو | تاویل | باتوں کی | اور | اللہ | غالب ہے | اوپر | کام اپنے کے | اور | لیکن |

اور غرض یہ تھی کہ ہم ان کو (خواب کی) باتوں کی تعبیر سکھائیں۔ اور اللہ اپنے کام پر غالب ہے لیکن

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٢١﴾ وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗٓ اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ

| اَكْثَرَ | النَّاسِ | لَا | يَعْلَمُوْنَ | وَلَمَّا | بَلَغَ | اَشُدَّهٗ | اٰتَيْنٰهُ | حُكْمًا | وَّ | عِلْمًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہت | لوگ | نہیں | جانتے | اور جب | پہنچا | جوانی اپنی کو | دیا ہم نے اس کو | حکم | اور | علم |

اکثر لوگ نہیں جانتے ﴿۲۱﴾ اور جب وہ اپنی جوانی کو پہنچے تو ہم نے ان کو دانائی اور علم بخشا۔

وَكَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٢٢﴾ وَرَاوَدَتْهُ الَّتِىْ هُوَ فِىْ بَيْتِهَا عَنْ

| وَ | كَذٰلِكَ | نَجْزِى | الْمُحْسِنِيْنَ | وَ | رَاوَدَتْهُ | الَّتِىْ | هُوَ | فِىْ | بَيْتِهَا | عَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اسی طرح | جزا دیتے ہیں ہم | احسان کرنے والوں کو | اور | بہلایا اس کو | اس عورت نے جو | وہ | بیچ | جسکے گھر کے تھا | سے |

اور نیکو کاروں کو ہم اسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیں ﴿۲۲﴾ تو جس عورت کے گھر میں وہ رہتے تھے اُس نے ان کو اپنی طرف مائل

نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ؕ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ

| نَّفْسِهٖ | وَ | غَلَّقَتِ | الْاَبْوَابَ | وَ | قَالَتْ | هَيْتَ لَكَ | قَالَ | مَعَاذَ | اللّٰهِ | اِنَّهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جان اس کی | اور | بند کیے | دروازے | اور | کہنے لگی | آؤ جلدی کرو | کہا | پناہ پکڑتا ہوں میں | اللہ کی | بیشک وہ |

کرنا چاہا اور دروازے بند کر کے کہنے لگی (یوسف) جلدی آؤ۔ انہوں نے کہا کہ اللہ پناہ میں رکھے وہ (یعنی تمہارے میاں) تو

رَبِّىْٓ اَحْسَنَ مَثْوَاىَ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٢٣﴾ وَلَقَدْ هَمَّتْ

| رَبِّىْٓ | اَحْسَنَ | مَثْوَاىَ | اِنَّهٗ | لَا | يُفْلِحُ | الظّٰلِمُوْنَ | وَ | لَقَدْ | هَمَّتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میرا رب ہے | اچھی طرح سے کیا اس نے | رکھنا میرا | بیشک | نہیں | فلاح پاتے | ظالم | اور | البتہ تحقیق | قصد کیا اس عورت نے |

میرے آقا ہیں انہوں نے مجھے اچھی طرح سے رکھا ہے (میں ایسا ظلم نہیں کر سکتا)۔ بیشک ظالم لوگ فلاح نہیں پائیں گے ﴿۲۳﴾ اور اس عورت نے انکا

بِهٖ ۚ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ؕ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ

| بِهٖ | وَ | هَمَّ | بِهَا | لَوْ | لَآ | اَنْ | رَّاٰ | بُرْهَانَ | رَبِّهٖ | كَذٰلِكَ | لِنَصْرِفَ | عَنْهُ | السُّوْٓءَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ اسکے | اور | قصد کیا اس نے | ساتھ اسکے | اگر | نہ ہوتا | یہ کہ | دیکھی | اس نے دلیل | اپنے رب کی | اسی طرح | پھیر دیں ہم نے | اس سے | برائی |

قصد کیا اور انہوں نے اس کا قصد کیا۔ اگر وہ اپنے پروردگار کی نشانی نہ دیکھتے (تو جو ہوتا ہوتا)۔ یوں اس لیے (کیا گیا) کہ ہم ان سے برائی اور

وَالْفَحْشَآءَ ؕ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٢٤﴾ وَاسْتَبَقَا الْبَابَ

| وَ | الْفَحْشَآءَ | اِنَّهٗ | مِنْ | عِبَادِنَا | الْمُخْلَصِيْنَ | وَ | اسْتَبَقَا | الْبَابَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بے حیائی | بیشک وہ | سے | بندوں ہماروں | خالص کیے گیوں تھا | اور | دوڑے دونوں | دروازے کو |

بے حیائی کو روک دیں۔ بیشک وہ ہمارے خالص بندوں میں سے تھے ﴿۲۴﴾ اور دونوں دروازے کی طرف بھاگے

وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ ؕ قَالَتْ مَا

| وَ | قَدَّتْ | قَمِيْصَهٗ | مِنْ | دُبُرٍ | وَّ | اَلْفَيَا | سَيِّدَهَا | لَدَا | الْبَابِ | قَالَتْ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | پھاڑا اس نے | کُرتا اس کا | سے | پیچھے | اور | پایاان دونوں نے | اس کے خاوند کو | نزدیک | دروازے کے | بولی وہ عورت | کیا |

(آگے یوسف پیچھے زلیخا) اور عورت نے ان کا کُرتا پیچھے سے (پکڑ کر جو کھینچا تو) پھاڑ ڈالا اور دونوں کو دروازے کے پاس عورت کا خاوند مل گیا تو

جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْٓءًا اِلَّآ اَنْ يُّسْجَنَ اَوْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۵﴾

| جَزَآءُ | مَنْ | اَرَادَ | بِاَهْلِكَ | سُوْٓءًا | اِلَّآ | اَنْ | يُّسْجَنَ | اَوْ | عَذَابٌ | اَلِيْمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سزا ہے | اس کی جو | ارادہ کرے | ساتھ تیری جورو کے | برائی کا | مگر | یہ کہ | قید کیا جائے | یا | عذاب ہے | درد دینے والا |

عورت بولی کہ جو شخص تمہاری بیوی کے ساتھ برا ارادہ کرے اس کی اس کے سوا کیا سزا ہو کہ یا تو قید کیا جائے یا دکھ کا عذاب دیا جائے ﴿۲۵﴾

قَالَ هِيَ رَاوَدَتْنِيْ عَنْ نَّفْسِيْ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ كَانَ

| قَالَ | هِيَ | رَاوَدَتْنِيْ | عَنْ | نَّفْسِيْ | وَ | شَهِدَ | شَاهِدٌ | مِّنْ | اَهْلِهَا | اِنْ | كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہا یوسف نے | اس نے | بہلایا تھا مجھ کو | سے | جان میری | اور | گواہی دی | گواہ نے | سے | اہل اسکے | اگر | ہو |

(یوسف نے کہا) اس نے مجھ کو اپنی طرف مائل کرنا چاہا تھا۔ اس کے قبیلے میں سے ایک فیصلہ کرنے والے نے یہ فیصلہ کیا کہ

قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۲۶﴾ وَاِنْ كَانَ

| قَمِيْصُهٗ | قُدَّ | مِنْ | قُبُلٍ | فَصَدَقَتْ | وَ | هُوَ | مِنَ | الْكٰذِبِيْنَ | وَ | اِنْ | كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کُرتا اس کا | پھٹا ہوا | سے | آگے | پس سچ بولی یہ عورت | اور | وہ ہے | سے | جھوٹوں | اور | اگر | ہے |

اگر اس کا کُرتا آگے سے پھٹا ہو تو یہ سچی اور یوسف جھوٹا ہے ﴿۲۶﴾ اور اگر کُرتا

قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۲۷﴾ فَلَمَّا

| قَمِيْصُهٗ | قُدَّ | مِنْ | دُبُرٍ | فَكَذَبَتْ | وَ | هُوَ | مِنَ | الصّٰدِقِيْنَ | فَلَمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کرتا اس کا | پھٹا ہوا | سے | پیچھے | پس جھوٹی ہے یہ عورت | اور | وہ ہے | سے | سچوں | پس جب |

پیچھے سے پھٹا ہو تو یہ جھوٹی اور وہ سچا ہے ﴿۲۷﴾ جب

رَاٰ قَمِيْصَهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ قَالَ اِنَّهٗ مِنْ كَيْدِكُنَّ ؕ اِنَّ كَيْدَكُنَّ

| رَاٰ | قَمِيْصَهٗ | قُدَّ | مِنْ | دُبُرٍ | قَالَ | اِنَّهٗ | مِنْ | كَيْدِكُنَّ | اِنَّ | كَيْدَكُنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیکھا | کُرتا اس کا | پھٹا ہوا | سے | پیچھے | کہا | بیشک یہ | سے ہے | مکر تمہارے | بیشک | مکر تمہارا |

اُس کا کُرتا دیکھا (تو) پیچھے سے پھٹا تھا (تب اُس نے زلیخا سے کہا) کہ یہ تمہارا ہی فریب ہے اور کچھ شک نہیں کہ تم عورتوں کے فریب بڑے

عَظِيْمٌ ﴿۲۸﴾ يُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ٚ سکتة وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْۢبِكِ ۚ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَظِيْمٌ | يُوْسُفُ | اَعْرِضْ | عَنْ | هٰذَا | وَ | اسْتَغْفِرِيْ | لِذَنْۢبِكِ |
| بڑا ہے | اے یوسف | منہ پھیر لے | سے | اس بات | اور | بخشش مانگ تو اے عورت | واسطے گناہ اپنے کے |

(بھاری) ہوتے ہیں ﴿۲۸﴾ یوسف! اس بات کا خیال نہ کر۔ اور (زلیخا) تو اپنے گناہ کی بخشش مانگ۔

اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ ﴿۲۹﴾ ع وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِيْنَةِ امْرَاَتُ ع ۳ ۱۳

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّكِ | كُنْتِ | مِنَ | الْخٰطِـِٕيْنَ | وَ | قَالَ | نِسْوَةٌ | فِي | الْمَدِيْنَةِ | امْرَاَتُ |
| بیشک تو ہے | تو | سے | خطا کاروں میں | اور | کہا | کتنی بیبیوں نے | بیچ | شہر کے | عورت |

بیشک خطا تیری ہی ہے ﴿۲۹﴾ اور شہر میں عورتیں گفتگوئیں کرنے لگیں کہ عزیز کی بیوی

الْعَزِيْزِ تُرَاوِدُ فَتٰىهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ۭ اِنَّا لَنَرٰىهَا فِيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعَزِيْزِ | تُرَاوِدُ | فَتٰىهَا | عَنْ | نَّفْسِهٖ | قَدْ | شَغَفَهَا | حُبًّا | اِنَّا | لَنَرٰىهَا | فِيْ |
| عزیز کی | بہلاتی ہے | جوان غلام اپنے کو | سے | جان اس کی | تحقیق | فریفتہ ہوگیا دل اسکا | اسکی محبت میں | بیشک | البتہ ہم دیکھتے ہیں اس عورت کو | بیچ |

اپنے غلام کو اپنی طرف مائل کرنا چاہتی ہے اور اس کی محبت اس کے دل میں گھر کر گئی ہے۔ ہم دیکھتی ہیں کہ وہ

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۰﴾ فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ اَرْسَلَتْ اِلَيْهِنَّ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ضَلٰلٍ | مُّبِيْنٍ | فَلَمَّا | سَمِعَتْ | بِمَكْرِهِنَّ | اَرْسَلَتْ | اِلَيْهِنَّ |
| گمراہی | ظاہر کے | پس جب | سنا اس عورت نے | مکر ان کا | بھیجا اس عورت نے | طرف ان کی |

صریح گمراہی میں ہے ﴿۳۰﴾ جب زلیخا نے ان عورتوں کی (گفتگو جو حقیقت میں دیدار یوسف کے لیے ایک) چال (تھی) سنی تو ان کے پاس (دعوت کا)

وَاَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَاً وَّاٰتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّيْنًا وَّقَالَتِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَعْتَدَتْ | لَهُنَّ | مُتَّكَاً | وَّ | اٰتَتْ | كُلَّ | وَاحِدَةٍ | مِّنْهُنَّ | سِكِّيْنًا | وَّ | قَالَتِ |
| اور | تیار کیں اس عورت نے | واسطے ان عورتوں کے | مسندیں | اور | دی | ہر | ایک کو | ان میں سے | چھری | اور | بولی |

پیغام بھیجا اور ان کے لیے ایک محفل مرتب کی اور (پھل تراشنے کے لیے) ہر ایک کو ایک ایک چھری دی اور (یوسف سے) کہا کہ

اخْرُجْ عَلَيْهِنَّ ۚ فَلَمَّا رَاَيْنَهٗٓ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اخْرُجْ | عَلَيْهِنَّ | فَلَمَّا | رَاَيْنَهٗٓ | اَكْبَرْنَهٗ | وَ | قَطَّعْنَ | اَيْدِيَهُنَّ | وَقُلْنَ |
| نکل اے یوسف | اوپر ان کے | پس جب | دیکھا ان عورتوں نے اسکو | ششدر رہ گئیں | اور | کاٹ ڈالے | ہاتھ اپنے | اور بولیں |

ان کے سامنے باہر آؤ۔ جب عورتوں نے ان کو دیکھا تو ان کا رعب (حسن) اُن پر (ایسا) چھا گیا کہ (پھل تراشتے تراشتے) اپنے ہاتھ کاٹ

حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ط اِنْ هٰذَآ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ﴿٣١﴾ قَالَتْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَاشَ | لِلّٰهِ | مَا | هٰذَا | بَشَرًا | اِنْ | هٰذَآ | اِلَّا | مَلَكٌ | كَرِيْمٌ | قَالَتْ |
| پاکی ہے | واسطے اللہ کے | نہیں | یہ | آدمی | نہیں | یہ | مگر | فرشتہ | بزرگ | وہ بولی |

لیےاور بے ساختہ بول اُٹھیں کہ سبحان اللہ (یہ حسن) یہ آدمی نہیں کوئی بزرگ فرشتہ ہے﴿٣١﴾ تب (زلیخا نے) کہا کہ

فَذٰلِكُنَّ الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ فِيْهِ ط وَ لَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَذٰلِكُنَّ | الَّذِيْ | لُمْتُنَّنِيْ | فِيْهِ | وَ | لَقَدْ | رَاوَدْتُّهٗ | عَنْ | نَّفْسِهٖ |
| پس یہ وہی ہے | جو | ملامت کرتی ہوتم مجھ کو | بیچ اس کے | اور | البتہ تحقیق | بہلایا میں نے اس کو | سے | جان اس کی |

یہ وہی ہے جس کے بارے میں تم مجھے طعنے دیتی تھیں۔ اور بیشک میں نے اس کو اپنی طرف مائل کرنا چاہا

فَاسْتَعْصَمَ ط وَلَئِنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَآ اٰمُرُهٗ لَيُسْجَنَنَّ وَلَيَكُوْنًا مِّنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاسْتَعْصَمَ | وَ | لَئِنْ | لَّمْ | يَفْعَلْ | مَآ | اٰمُرُهٗ | لَيُسْجَنَنَّ | وَ | لَيَكُوْنًا | مِّنَ |
| پس اس نے تھام رکھا اپنے تئیں | اور | البتہ اگر | نہیں | کرے گا | وہ جو | میں اسکو کہتی ہوں | البتہ قید کیا جائیگا | اور | البتہ ہوگا | سے |

مگر یہ بچا رہا۔ اور اگر یہ وہ کام نہ کرے گا جو میں اسے کہتی ہوں تو قید کر دیا جائے گا اور

الصّٰغِرِيْنَ ﴿٣٢﴾ قَالَ رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا يَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ ج

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصّٰغِرِيْنَ | قَالَ | رَبِّ | السِّجْنُ | اَحَبُّ | اِلَيَّ | مِمَّا | يَدْعُوْنَنِيْٓ | اِلَيْهِ |
| ذلیلوں | کہا یوسف نے | اے رب میرے | قید | بہت محبوب ہے | طرف میری | اس چیز سے کہ | بلاتی ہیں مجھ کو | طرف اس کی |

ذلیل ہوگا﴿٣٢﴾ یوسف نے دعا کی کہ پروردگار جس کام کی طرف یہ مجھے بلاتی ہیں اس کی نسبت مجھے قید پسند ہے

وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهُنَّ اَصْبُ اِلَيْهِنَّ وَاَكُنْ مِّنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِلَّا | تَصْرِفْ | عَنِّيْ | كَيْدَهُنَّ | اَصْبُ | اِلَيْهِنَّ | وَ | اَكُنْ | مِّنَ |
| اور | اگر نہ | پھیرے گا تو | مجھ سے | مکران عورتوں کا | جھک جاؤں گا میں | طرف ان کی | اور | ہوجاؤں گا | سے |

اور اگر تو مجھ سے ان کے فریب کو نہ ہٹائے گا تو میں ان کی طرف مائل ہوجاؤں گا اور نادانوں میں داخل

الْجٰهِلِيْنَ ﴿٣٣﴾ فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ ط اِنَّهٗ هُوَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْجٰهِلِيْنَ | فَاسْتَجَابَ | لَهٗ | رَبُّهٗ | فَصَرَفَ | عَنْهُ | كَيْدَهُنَّ | اِنَّهٗ | هُوَ |
| جاہلوں | پس قبول کیا | واسطے اس کے | رب اسکے نے | پس پھیر دیا | اس سے | مکران کا | بیشک وہ | وہی ہے |

ہو جاؤں گا﴿٣٣﴾ تو اللہ نے اُن کی دعا قبول کرلی اور ان سے عورتوں کا مکر دفع کر دیا۔ بیشک وہ

السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ ﴿۳۴﴾ ثُمَّ بَدَا لَهُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ مَا رَاَوُا الۡاٰيٰتِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّمِيۡعُ | الۡعَلِيۡمُ | ثُمَّ | بَدَا لَهُمۡ | مِّنۡۢ | بَعۡدِ | مَا | رَاَوُا | الۡاٰيٰتِ |
| سننے والا | جاننے والا | پھر | ظاہر ہوا | واسطے ان کے | پیچھے | اس کے کہ | دیکھا انہوں نے | نشانیوں کو |

سننے (اور) جاننے والا ہے ﴿۳۴﴾ پھر باوجود اس کے کہ وہ لوگ نشان دیکھ چکے تھے۔ اُن کی رائے یہی ٹھیری

لَيَسۡجُنُنَّهٗ حَتّٰى حِيۡنٍ ﴿۳۵﴾ وَ دَخَلَ مَعَهُ السِّجۡنَ فَتَيٰنِ ؕ ع ۴ / ۱۴

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَيَسۡجُنُنَّهٗ | حَتّٰى | حِيۡنٍ | وَ | دَخَلَ | مَعَهُ | السِّجۡنَ | فَتَيٰنِ |
| البتہ قید کریں اس کو | تک | ایک مدت | اور | داخل ہوئے | ساتھ اس کے | قید میں | دو جوان |

کہ کچھ عرصے کے لیے ان کو قید ہی کر دیں ﴿۳۵﴾ اور ان کے ساتھ دو اور جوان بھی داخلِ زنداں ہوئے۔

قَالَ اَحَدُهُمَاۤ اِنِّىۡۤ اَرٰٮنِىۡۤ اَعۡصِرُ خَمۡرًا ۚ وَ قَالَ الۡاٰخَرُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | اَحَدُهُمَاۤ | اِنِّىۡۤ | اَرٰٮنِىۡۤ | اَعۡصِرُ | خَمۡرًا | وَ | قَالَ | الۡاٰخَرُ |
| کہا | ایک نے ان میں سے | بیشک میں | دیکھتا ہوں اپنے آپ کو | نچوڑتا ہوں | شراب | اور | کہا | دوسرے نے |

ایک نے ان میں سے کہا کہ (میں نے خواب دیکھا ہے) دیکھتا (کیا) ہوں کہ شراب (کے لیے انگور) نچوڑ رہا ہوں دوسرے نے کہا کہ

اِنِّىۡۤ اَرٰٮنِىۡۤ اَحۡمِلُ فَوۡقَ رَاۡسِىۡ خُبۡزًا تَاۡكُلُ الطَّيۡرُ مِنۡهُ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنِّىۡۤ | اَرٰٮنِىۡۤ | اَحۡمِلُ | فَوۡقَ | رَاۡسِىۡ | خُبۡزًا | تَاۡكُلُ | الطَّيۡرُ | مِنۡهُ |
| بیشک میں | دیکھتا ہوں اپنے تئیں کہ | اٹھا رہا ہوں | اوپر | سر اپنے کے | روٹی | کھاتے ہیں | جانور | اس میں سے |

(میں نے بھی خواب دیکھا ہے) میں یہ دیکھتا ہوں کہ اپنے سر پر روٹیاں اٹھائے ہوئے ہوں اور جانور اُن میں سے کھا رہے ہیں۔

نَبِّئۡنَا بِتَاۡوِيۡلِهٖ ۚ اِنَّا نَرٰٮكَ مِنَ الۡمُحۡسِنِيۡنَ ﴿۳۶﴾ قَالَ لَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَبِّئۡنَا | بِتَاۡوِيۡلِهٖ | اِنَّا | نَرٰٮكَ | مِنَ | الۡمُحۡسِنِيۡنَ | قَالَ | لَا |
| خبر دے ہم کو | ساتھ اس کی تعبیر کے | بے شک ہم | دیکھتے ہیں تجھ کو | سے | احسان کرنے والوں | کہا | نہیں |

(تو) ہمیں ان کی تعبیر بتا دیجیے کہ ہم تمہیں نیکوکار دیکھتے ہیں ﴿۳۶﴾ یوسف نے کہا کہ

يَاۡتِيۡكُمَا طَعَامٌ تُرۡزَقٰنِهٖۤ اِلَّا نَبَّاۡتُكُمَا بِتَاۡوِيۡلِهٖ قَبۡلَ اَنۡ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَاۡتِيۡكُمَا | طَعَامٌ | تُرۡزَقٰنِهٖۤ | اِلَّا | نَبَّاۡتُكُمَا | بِتَاۡوِيۡلِهٖ | قَبۡلَ | اَنۡ |
| آئے گا تمہارے پاس | کھانا | کہ دیئے جاؤ گے تم وہ | مگر | خبر دوں گا میں تم کو | ساتھ اس کی تاویل کے | پہلے اس سے | کہ |

جو کھانا تم کو ملنے والا ہے وہ آنے نہیں پائے گا کہ میں اس سے پہلے تم کو اس کی

يَاْتِيَكُمَا ط ذٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِيْ رَبِّيْ ط اِنِّيْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَاْتِيَكُمَا | ذٰلِكُمَا | مِمَّا | عَلَّمَنِيْ | رَبِّيْ | اِنِّيْ | تَرَكْتُ | مِلَّةَ | قَوْمٍ |
| آئے تمہارے پاس | یہ | اس چیز سے کہ | سکھلایا ہے مجھے | رب میرے نے | بیشک میں نے | چھوڑ دیا ہے | دین | اس قوم کا کہ |

تعبیر بتادوں گا۔ یہ اُن (باتوں) میں سے ہے جو میرے پروردگار نے مجھے سکھائی ہیں۔ جو لوگ اللہ پر

لَّا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ هُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۷﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَّا | يُؤْمِنُوْنَ | بِاللّٰهِ | وَ | هُمْ | بِالْاٰخِرَةِ | هُمْ | كٰفِرُوْنَ |
| نہیں | ایمان لائے | ساتھ اللہ کے | اور | وہ | ساتھ آخرت کے | وہی ہیں | کافر |

ایمان نہیں لاتے اور روزِ آخرت سے انکار کرتے ہیں میں اُن کا مذہب چھوڑے ہوئے ہوں﴿۳۷﴾

وَ اتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَآءِيْ اِبْرٰهِيْمَ وَ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ط مَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اتَّبَعْتُ | مِلَّةَ | اٰبَآءِيْ | اِبْرٰهِيْمَ | وَ | اِسْحٰقَ | وَيَعْقُوْبَ | مَا |
| اور | پیروی کی میں نے | دین | اپنے باپوں کی | ابراہیم | اور | اسحاق | اور یعقوب کی | نہیں |

اور اپنے باپ دادا ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب کے مذہب پر چلتا ہوں۔ ہمیں

كَانَ لَنَآ اَنْ نُّشْرِكَ بِاللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ط ذٰلِكَ مِنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانَ | لَنَآ | اَنْ | نُّشْرِكَ | بِاللّٰهِ | مِنْ | شَيْءٍ | ذٰلِكَ | مِنْ |
| ہے | ہمارا کام | یہ کہ | ہم شریک کریں | اللہ کا | کسی | چیز کو | یہ ہے | سے |

شایاں نہیں ہے کہ کسی چیز کو اللہ کے ساتھ شریک بنائیں۔ یہ اللہ کا

فَضْلِ اللّٰهِ عَلَيْنَا وَ عَلَى النَّاسِ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَضْلِ | اللّٰهِ | عَلَيْنَا | وَ | عَلَى | النَّاسِ | وَ | لٰكِنَّ | اَكْثَرَ | النَّاسِ |
| فضل | اللہ کے | اوپر ہمارے | اور | اوپر | لوگوں کے | اور | لیکن | بہت | لوگ |

فضل ہے ہم پر بھی اور لوگوں پر بھی ہے لیکن اکثر لوگ

لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۸﴾ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَشْكُرُوْنَ | يٰصَاحِبَيِ | السِّجْنِ | ءَاَرْبَابٌ | مُّتَفَرِّقُوْنَ |
| نہیں | شکر کرتے | اے دو رفیقو | قید خانے کے | کیا کئی معبود | جدا جدا |

شکر نہیں کرتے﴿۳۸﴾ میرے جیل خانے کے رفیقو! بھلا کئی جدا جدا

خَيْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿٣٩﴾ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ

| خَيْرٌ | اَمِ | اللّٰهُ | الْوَاحِدُ | الْقَهَّارُ | مَا | تَعْبُدُوْنَ | مِنْ دُوْنِهٖٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہتر ہیں | یا | اللہ | اکیلا | غالب بہتر ہے | نہیں | عبادت کرتے تم | سوائے اس کے |

آقا اچھے یا (ایک) اللہ یکتا و غالب؟ ﴿۳۹﴾ جن چیزوں کی تم اللہ کے سوا پرستش کرتے ہو

اِلَّآ اَسْمَآءً سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَ اٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

| اِلَّآ | اَسْمَآءً | سَمَّيْتُمُوْهَآ | اَنْتُمْ | وَ | اٰبَآؤُكُمْ | مَّآ | اَنْزَلَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | ناموں کو | رکھ لیا ہے تم نے ان کو | تم نے | اور | تمہارے باپوں نے | نہیں | اتاری | اللہ نے |

وہ صرف نام ہی نام ہیں جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لیے ہیں اللہ نے اُن کی کوئی

بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا

| بِهَا | مِنْ | سُلْطٰنٍ | اِنِ | الْحُكْمُ | اِلَّا | لِلّٰهِ | اَمَرَ | اَلَّا | تَعْبُدُوْٓا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے ان کے | کوئی | دلیل | نہیں | حکم | مگر | واسطے اللہ کے | حکم کیا ہے | یہ کہ نہ | عبادت کرو تم |

سند نازل نہیں کی۔ (سن رکھو کہ) اللہ کے سوا کسی کی حکومت نہیں ہے۔ اس نے ارشاد فرمایا ہے کہ

اِلَّآ اِيَّاهُ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

| اِلَّآ | اِيَّاهُ | ذٰلِكَ | الدِّيْنُ | الْقَيِّمُ | وَ | لٰكِنَّ | اَكْثَرَ | النَّاسِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | اسی کی | یہی ہے | دین | سیدھا | اور | لیکن | بہت | لوگ |

اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو۔ یہی سیدھا دین ہے لیکن اکثر لوگ

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٤٠﴾ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ اَمَّآ اَحَدُكُمَا فَيَسْقِيْ

| لَا | يَعْلَمُوْنَ | يٰصَاحِبَيِ | السِّجْنِ | اَمَّآ | اَحَدُكُمَا | فَيَسْقِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | جانتے | اے دو رفیقو | قید خانے کے | جو ہے | ایک تم دونوں میں سے | پس پلائے گا |

نہیں جانتے ﴿۴۰﴾ میرے جیل خانے کے رفیقو! تم میں سے ایک (جو پہلا خواب بیان کرنے والا ہے وہ)

رَبَّهٗ خَمْرًا ۚ وَ اَمَّا الْاٰخَرُ فَيُصْلَبُ فَتَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ

| رَبَّهٗ | خَمْرًا | وَ | اَمَّا | الْاٰخَرُ | فَيُصْلَبُ | فَتَاْكُلُ | الطَّيْرُ | مِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خاوند اپنے کو | شراب | اور | جو ہے | دوسرا | پس سولی دیا جائے گا | پس کھائیں گے | جانور | سے |

تو اپنے آقا کو شراب پلایا کرے گا اور جو دوسرا ہے وہ سولی دیا جائے گا اور جانور اُس کا سر کھا کھا جائیں گے۔

رَّاْسِهٖ ؕ قُضِيَ الْاَمْرُ الَّذِيْ فِيْهِ تَسْتَفْتِيٰنِ ﴿٤١﴾ وَ قَالَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَّاْسِهٖ | قُضِيَ | الْاَمْرُ | الَّذِيْ | فِيْهِ | تَسْتَفْتِيٰنِ | وَ | قَالَ |
| سراس کے | مقرر کیا گیا | کام وہ | جو | بیچ اس کے | سوال کرتے تھے | اور | کہا |

جو امر تم مجھ سے پوچھتے تھے وہ فیصل ہو چکا ہے ﴿٤١﴾ اور دونوں

لِلَّذِيْ ظَنَّ اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِيْ عِنْدَ رَبِّكَ ۫

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلَّذِيْ | ظَنَّ | اَنَّهٗ | نَاجٍ | مِّنْهُمَا | اذْكُرْنِيْ | عِنْدَ | رَبِّكَ |
| واسطے اس کے جو | گمان کیا تھا | یہ کہ وہ | نجات پائے گا | ان دونوں میں سے | یاد کیجیو مجھے | نزدیک | خاوند اپنے کے |

شخصوں میں سے جس کی نسبت (یوسف نے) خیال کیا کہ وہ رہائی پا جائے گا اس سے کہا کہ اپنے آقا سے میرا ذکر بھی کرنا

فَاَنْسٰىهُ الشَّيْطٰنُ ذِكْرَ رَبِّهٖ فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ بِضْعَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَنْسٰىهُ | الشَّيْطٰنُ | ذِكْرَ | رَبِّهٖ | فَلَبِثَ | فِي | السِّجْنِ | بِضْعَ |
| پس بھلا دیا اس کو | شیطان نے | یاد کرنا | خاوند اپنے کے پاس | پس رہا | بیچ | قید خانے کے | کئی |

لیکن شیطان نے ان کا اپنے آقا سے ذکر کرنا بھلا دیا اور (یوسف) کئی برس جیل خانے ہی

سِنِيْنَ ﴿٤٢﴾ؑ وَ قَالَ الْمَلِكُ اِنِّيْۤ اَرٰى سَبْعَ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ ع ٥/٧ ١٥

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سِنِيْنَ | وَ | قَالَ | الْمَلِكُ | اِنِّيْۤ | اَرٰى | سَبْعَ | بَقَرٰتٍ | سِمَانٍ |
| برس | اور | کہا | بادشاہ نے | بیشک میں | دیکھتا ہوں | سات | بیل | موٹے |

میں رہے ﴿٤٢﴾ اور بادشاہ نے کہا کہ میں (نے خواب دیکھا ہے) دیکھتا (کیا) ہوں کہ سات موٹی گائیں ہیں

يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّ سَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّ اُخَرَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّاْكُلُهُنَّ | سَبْعٌ | عِجَافٌ | وَّ | سَبْعَ | سُنْۢبُلٰتٍ | خُضْرٍ | وَّ | اُخَرَ |
| کھائے جاتے ہیں انکو | سات | دبلے | اور | سات | بالیں | سرسبز | اور | دوسری |

جن کو سات دبلی گائیں کھا رہی ہیں۔ اور سات خوشے سبز ہیں اور (سات)

يٰبِسٰتٍ ؕ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَاُ اَفْتُوْنِيْ فِيْ رُءْيَايَ اِنْ كُنْتُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰبِسٰتٍ | يٰۤاَيُّهَا | الْمَلَاُ | اَفْتُوْنِيْ | فِيْ | رُءْيَايَ | اِنْ | كُنْتُمْ |
| سوکھی | اے | سردارو | جواب دو مجھ کو | بیچ | خواب میرے کے | اگر | ہو تم |

خشک۔ اے سردارو اگر تم خوابوں کی تعبیر دے سکتے ہو تو مجھے میرے

لِلرُّءْيَا تَعْبُرُوْنَ ﴿۴۳﴾ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ ۚ وَ مَا نَحْنُ

| لِلرُّءْيَا | تَعْبُرُوْنَ | قَالُوْٓا | اَضْغَاثُ | اَحْلَامٍ | وَ | مَا | نَحْنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے خواب کے | تعبیر کرتے | کہا انہوں نے | یہ ہیں پریشان | خواب | اور | نہیں | ہم |

خواب کی تعبیر بتاؤ ﴿۴۳﴾ انہوں نے کہا کہ یہ تو پریشان سے خواب ہیں اور ہمیں ایسے

بِتَاْوِيْلِ الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَقَالَ الَّذِيْ نَجَامِنْهُمَا

| بِتَاْوِيْلِ | الْاَحْلَامِ | بِعٰلِمِيْنَ | وَقَالَ | الَّذِيْ | نَجَامِنْهُمَا |
|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ تعبیر | پریشان خوابوں کے | جاننے والے | اور کہا | جو کہ | نجات پایا تھا ان دونوں میں سے |

خوابوں کی تعبیر نہیں آتی ﴿۴۴﴾ اب وہ شخص جو دونوں قیدیوں میں سے رہائی پا گیا تھا اور جسے

وَ ادَّكَرَ بَعْدَ اُمَّةٍ اَنَا اُنَبِّئُكُمْ بِتَاْوِيْلِهٖ فَاَرْسِلُوْنِ ﴿۴۵﴾

| وَ | ادَّكَرَ | بَعْدَ | اُمَّةٍ | اَنَا | اُنَبِّئُكُمْ | بِتَاْوِيْلِهٖ | فَاَرْسِلُوْنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | یاد کیا | بعد | مدت کے | میں | خبر دوں گا تم کو | ساتھ اس کی تعبیر کے | پس بھیجو مجھ کو |

مدت کے بعد وہ بات یاد آ گئی بول اٹھا کہ میں آپ کو اس کی تعبیر (لا) بتاتا ہوں مجھے (جیل خانے) جانے کی اجازت دیجیے ﴿۴۵﴾

يُوْسُفُ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ اَفْتِنَا فِيْ سَبْعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ

| يُوْسُفُ | اَيُّهَا | الصِّدِّيْقُ | اَفْتِنَا | فِيْ | سَبْعِ | بَقَرٰتٍ | سِمَانٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے یوسف | اے | بڑے سچے | جواب دے ہم کو | بیچ | سات | بیل | موٹے |

(غرض وہ یوسف کے پاس آیا اور کہنے لگا) یوسف۔ اے بڑے سچے! ہمیں (اس خواب کی تعبیر) بتایئے کہ سات موٹی گایوں

يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّ سَبْعِ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ

| يَّاْكُلُهُنَّ | سَبْعٌ | عِجَافٌ | وَّ | سَبْعِ | سُنْۢبُلٰتٍ | خُضْرٍ | وَّاُخَرَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کھاتے ہیں ان کو | سات | دبلے | اور | سات | بالیں | ہری | اور دوسری |

کو سات دبلی گائیں کھا رہی ہیں اور سات خوشے سبز ہیں اور سات

يٰبِسٰتٍ ۙ لَّعَلِّيْٓ اَرْجِعُ اِلَى النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۶﴾ قَالَ

| يٰبِسٰتٍ | لَّعَلِّيْٓ | اَرْجِعُ | اِلَى | النَّاسِ | لَعَلَّهُمْ | يَعْلَمُوْنَ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خشک | تاکہ میں | پھر جاؤں | طرف | لوگوں کی | تاکہ وہ | جانیں | کہا |

سوکھے تاکہ میں لوگوں کے پاس واپس جا (کر تعبیر بتا)ؤں عجب نہیں کہ وہ (تمہاری قدر) جانیں ﴿۴۶﴾ اُنہوں نے کہا

## تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِيْنَ دَاَبًا ۚ فَمَا حَصَدْتُّمْ فَذَرُوْهُ فِيْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَزْرَعُوْنَ | سَبْعَ | سِنِيْنَ | دَاَبًا | فَمَا | حَصَدْتُّمْ | فَذَرُوْهُ | فِيْ |
| کھیتی کروگے تم | سات | برس | محنت سے | پس جو کچھ | کاٹو تم | پس چھوڑ دو اس کو | بیچ |

کہ تم لوگ سات سال متواتر کھیتی کرتے رہو گے تو جو (غلہ) کاٹو تو تھوڑے سے غلے کے سوا جو کھانے میں

## سُنْۢبُلِهٖٓ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تَاْكُلُوْنَ ﴿۴۷﴾ ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سُنْۢبُلِهٖٓ | اِلَّا | قَلِيْلًا | مِّمَّا | تَاْكُلُوْنَ | ثُمَّ | يَاْتِيْ | مِنْۢ بَعْدِ | ذٰلِكَ |
| اس کے بالوں کے | مگر | تھوڑا | اس میں سے جو | کھاؤ تم | پھر | آویں گے | پیچھے | اس کے |

آئے اُسے خوشوں میں ہی رہنے دینا ﴿۴۷﴾ پھر اس کے بعد (خشک سالی کے)

## سَبْعٌ شِدَادٌ يَّاْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَبْعٌ | شِدَادٌ | يَّاْكُلْنَ | مَا | قَدَّمْتُمْ | لَهُنَّ | اِلَّا | قَلِيْلًا | مِّمَّا |
| سات برس | سخت | کھا جاویں گے | جو | پہلے رکھا تم نے | واسطے ان کے | مگر | تھوڑا | جو کچھ |

سات سخت (سال) آئیں گے کہ جو (غلہ) تم نے جمع کر رکھا ہو گا وہ اس سب کو کھا جائیں گے صرف وہی تھوڑا سا رہ جائے گا جو تم

## تُحْصِنُوْنَ ﴿۴۸﴾ ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِيْهِ يُغَاثُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُحْصِنُوْنَ | ثُمَّ | يَاْتِيْ | مِنْۢ بَعْدِ | ذٰلِكَ | عَامٌ | فِيْهِ | يُغَاثُ |
| بچا رکھو تم | پھر | آوے گا | پیچھے | اس کے | برس | بیچ اس کے | مینہ برسائے جائیں گے |

احتیاط سے رکھ چھوڑو گے ﴿۴۸﴾ پھر اس کے بعد ایک ایسا سال آئے گا کہ خوب مینہ برسے گا

## النَّاسُ وَ فِيْهِ يَعْصِرُوْنَ ﴿۴۹﴾ ع وَ قَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖ ۚ

ع ۶/۷ ۱۶

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّاسُ | وَ | فِيْهِ | يَعْصِرُوْنَ | وَ | قَالَ | الْمَلِكُ | ائْتُوْنِيْ | بِهٖ |
| لوگ | اور | بیچ اس کے | نچوڑیں گے | اور | کہا | بادشاہ نے | لے آؤ میرے پاس | اس کو |

اور لوگ اس میں رس نچوڑیں گے ﴿۴۹﴾ (یہ تعبیر سن کر) بادشاہ نے حکم دیا کہ یوسف کو میرے پاس لے آؤ۔

## فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ فَسْـَٔلْهُ مَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَمَّا | جَآءَهُ | الرَّسُوْلُ | قَالَ | ارْجِعْ | اِلٰى | رَبِّكَ | فَسْـَٔلْهُ | مَا |
| پس جب | آیا اس کے پاس | قاصد | کہا | پھر جا | طرف | خاوند اپنے کے | پس پوچھ اس سے | کیا |

جب قاصد اُن کے پاس گیا تو انہوں نے کہا کہ اپنے آقا کے پاس واپس جاؤ اور

بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِیْ قَطَّعْنَ اَیْدِیَهُنَّ ؕ اِنَّ رَبِّیْ بِکَیْدِهِنَّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَالُ | النِّسْوَةِ | الّٰتِیْ | قَطَّعْنَ | اَیْدِیَهُنَّ | اِنَّ | رَبِّیْ | بِکَیْدِهِنَّ |
| حال ہے | ان عورتوں کا | جنہوں نے | کاٹے تھے | ہاتھ اپنے | بیشک | رب میرا | ان کے مکر کو |

ان سے پوچھو کہ اُن عورتوں کا کیا حال ہے جنہوں نے اپنے ہاتھ کاٹ لیے تھے۔ بیشک میرا پروردگار ان کے مکروں سے خوب

عَلِیْمٌ ﴿۵۰﴾ قَالَ مَا خَطْبُکُنَّ اِذْ رَاوَدْتُّنَّ یُوْسُفَ عَنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلِیْمٌ | قَالَ | مَا | خَطْبُکُنَّ | اِذْ | رَاوَدْتُّنَّ | یُوْسُفَ | عَنْ |
| جانتا ہے | کہا | کیا | حال تھا تمہارا | جس وقت | بہلایا تھا تم نے | یوسف کو | سے |

واقف ہے ﴿۵۰﴾ (بادشاہ نے عورتوں سے) پوچھا کہ بھلا اُس وقت کیا ہوا تھا جب تم نے یوسف کو اپنی طرف مائل

نَّفْسِهٖ ؕ قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَیْهِ مِنْ سُوْٓءٍ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَّفْسِهٖ | قُلْنَ | حَاشَ | لِلّٰهِ | مَا | عَلِمْنَا | عَلَیْهِ | مِنْ | سُوْٓءٍ |
| جان اس کی | کہا ان عورتوں نے | پاکی ہے | واسطے اللہ کے | نہیں | جانی ہم نے | اوپر اس کے | کچھ | برائی |

کرنا چاہا؟ (سب) بول اٹھیں کہ حاشاللہ ہم نے اس میں کوئی برائی معلوم نہیں کی۔

قَالَتِ امْرَاَتُ الْعَزِیْزِ الْـٰٔنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ ؗ اَنَا رَاوَدْتُّهٗ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَتِ | امْرَاَتُ | الْعَزِیْزِ | الْـٰٔنَ | حَصْحَصَ | الْحَقُّ | اَنَا | رَاوَدْتُّهٗ |
| کہا | عورت | عزیز کی نے | اب | ظاہر ہوگیا | حق | میں نے | بہلایا تھا اسکو |

عزیز کی عورت نے کہا اب سچی بات تو ظاہر ہو ہی گئی ہے (اصل یہ ہے کہ) میں نے اس کو

عَنْ نَّفْسِهٖ وَ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۵۱﴾ ذٰلِکَ لِیَعْلَمَ اَنِّیْ لَمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْ | نَّفْسِهٖ | وَ | اِنَّهٗ | لَمِنَ الصّٰدِقِیْنَ | ذٰلِکَ | لِیَعْلَمَ | اَنِّیْ | لَمْ |
| سے | جان اس کی | اور | بیشک وہ | البتہ سچوں سے ہے | یہ اس لیے ہے | تا کہ جانے وہ | یہ کہ میں | نہیں |

اپنی طرف مائل کرنا چاہا تھا اور وہ بیشک سچا ہے ﴿۵۱﴾ (یوسف نے کہا کہ میں نے) یہ بات اس لیے (پوچھی ہے) کہ عزیز کو یقین

اَخُنْهُ بِالْغَیْبِ وَ اَنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِیْ کَیْدَ الْخَآئِنِیْنَ ﴿۵۲﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَخُنْهُ | بِالْغَیْبِ | وَ | اَنَّ | اللّٰهَ | لَا | یَهْدِیْ | کَیْدَ | الْخَآئِنِیْنَ |
| خیانت کی میں نے اسکی | غائبانہ | اور | بیشک | اللہ | نہیں | چلاتا | فریب | دغابازوں کا |

ہو جائے کہ میں نے اس کی پیٹھ پیچھے اس کی (امانت میں) خیانت نہیں کی اور اللہ خیانت کرنے والوں کے مکروں کو رو براہ نہیں کرتا ﴿۵۲﴾

الجزء ۱۳

وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِیْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّیْ ؕ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَآ | اُبَرِّئُ | نَفْسِیْ | اِنَّ | النَّفْسَ | لَاَمَّارَةٌۢ | بِالسُّوْٓءِ | اِلَّا | مَا | رَحِمَ | رَبِّیْ |
| اور | نہیں | پاک کرتا میں | جان اپنی کو | بیشک | جی | البتہ حکم کرنیوالا ہے | ساتھ برائی کے | مگر | جو | رحم کرے | رب میرا |

اور میں اپنے تیئں پاک صاف نہیں کہتا کیونکہ نفسِ (امارہ انسان کو) برائی ہی سکھاتا رہتا ہے مگر یہ کہ میرا پروردگار رحم کرے۔

اِنَّ رَبِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۵۳﴾ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِیْ بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | رَبِّیْ | غَفُوْرٌ | رَّحِیْمٌ | وَ | قَالَ | الْمَلِكُ | ائْتُوْنِیْ | بِهٖٓ | اَسْتَخْلِصْهُ |
| بیشک | رب میرا | بخشنے والا | مہربان ہے | اور | کہا | بادشاہ نے | لے آؤ میرے پاس | اس کو | چھانٹ لوں میں اس کو |

بیشک میرا پروردگار بخشنے والا مہربان ہے ﴿۵۳﴾ بادشاہ نے حکم دیا کہ اسے میرے پاس لاؤ میں اسے اپنا مصاحبِ خاص

لِنَفْسِیْ ۚ فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْیَوْمَ لَدَیْنَا مَكِیْنٌ اَمِیْنٌ ﴿۵۴﴾ قَالَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِنَفْسِیْ | فَلَمَّا | كَلَّمَهٗ | قَالَ | اِنَّكَ | الْیَوْمَ | لَدَیْنَا | مَكِیْنٌ | اَمِیْنٌ | قَالَ |
| واسطے جان اپنی کے | پس جب | باتیں کیں اس سے | کہا | بیشک تو | آج | نزدیک ہمارے | مرتبے والا | امانت والا ہے | کہا |

بناؤں گا۔ پھر جب اُن سے گفتگو کی تو کہا کہ آج سے تم ہمارے ہاں صاحبِ منزلت (اور) صاحبِ اعتبار ہو ﴿۵۴﴾ (یوسف نے) کہا

اجْعَلْنِیْ عَلٰی خَزَآئِنِ الْاَرْضِ ۚ اِنِّیْ حَفِیْظٌ عَلِیْمٌ ﴿۵۵﴾ وَكَذٰلِكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اجْعَلْنِیْ | عَلٰی | خَزَآئِنِ | الْاَرْضِ | اِنِّیْ | حَفِیْظٌ | عَلِیْمٌ | وَ | كَذٰلِكَ |
| مقرر کر مجھ کو | اوپر | خزانوں | زمین کے | بیشک میں | نگہبانی کرنے والا | خوب جاننے والا ہوں | اور | اسی طرح |

مجھے اس ملک کے خزانوں پر مقرر کر دیجیے کیونکہ میں حفاظت بھی کر سکتا ہوں اور (اس کام سے) واقف ہوں ﴿۵۵﴾ اس طرح

مَكَّنَّا لِیُوْسُفَ فِی الْاَرْضِ ۚ یَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَیْثُ یَشَآءُ ؕ نُصِیْبُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَكَّنَّا | لِیُوْسُفَ | فِیْ | الْاَرْضِ | یَتَبَوَّاُ | مِنْهَا | حَیْثُ | یَشَآءُ | نُصِیْبُ |
| جگہ دی ہم نے | یوسف کو | بیچ | زمین کے | کہ جگہ پکڑتا تھا | اس میں سے | جہاں | چاہتا تھا | پہنچا دیتے ہیں ہم |

ہم نے یوسف کو ملک (مصر) میں جگہ دی اور وہ اس ملک میں جہاں چاہتے تھے رہتے تھے۔ ہم اپنی

بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۵۶﴾ وَلَاَجْرُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِرَحْمَتِنَا | مَنْ | نَّشَآءُ | وَ | لَا | نُضِیْعُ | اَجْرَ | الْمُحْسِنِیْنَ | وَلَاَجْرُ |
| رحمت اپنی | جس کو | ہم چاہیں | اور | نہیں | ضائع کرتے ہم | ثواب | نیکی کرنے والوں کا | اور البتہ ثواب |

رحمت جس پر چاہتے ہیں کرتے ہیں اور نیکوکاروں کے اجر کو ضائع نہیں کرتے ﴿۵۶﴾ اور جو لوگ

ع ۸

الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ كَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَ جَآءَ اِخْوَةُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاٰخِرَةِ | خَيْرٌ | لِّلَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | كَانُوْا | يَتَّقُوْنَ | وَجَآءَ | اِخْوَةُ |
| آخرت کا | بہتر ہے | واسطے ان لوگوں کے کہ | ایمان لائے | اور | تھے | پرہیزگاری کرتے | اور آئے | بھائی |

ایمان لائے اور ڈرتے رہے اُن کے لیے آخرت کا اجر بہت بہتر ہے ﴿۵۷﴾ اور یوسف کے بھائی (کنعان سے مصر میں غلہ خریدنے کے لیے) آئے تو

يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَ هُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَ لَمَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُوْسُفَ | فَدَخَلُوْا | عَلَيْهِ | فَعَرَفَهُمْ | وَ | هُمْ | لَهٗ | مُنْكِرُوْنَ | وَ | لَمَّا |
| یوسف کے | پس داخل ہوئے | اوپر اس کے | پس پہچانا ان کو | اور | وہ | اس کو | نہ پہچان سکے | اور | جب |

یوسف کے پاس گئے تو (یوسف نے) ان کو پہچان لیا اور وہ ان کو نہ پہچان سکے ﴿۵۸﴾ جب

جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُوْنِيْ بِاَخٍ لَّكُمْ مِّنْ اَبِيْكُمْ ۚ اَلَا تَرَوْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَهَّزَهُمْ | بِجَهَازِهِمْ | قَالَ | ائْتُوْنِيْ | بِاَخٍ لَّكُمْ | مِّنْ اَبِيْكُمْ | اَلَا | تَرَوْنَ |
| تیار کیا واسطے انکے | سامان ان کا | کہا | لے آؤ میرے پاس | بھائی اپنا | جو باپ تمہارے سے ہے | کیا نہیں | دیکھتے تم |

یوسف نے ان کے لیے ان کا سامان تیار کر دیا تو کہا کہ (پھر آنا تو) جو باپ کی طرف سے تمہارا ایک اور بھائی ہے اسے بھی میرے پاس لیتے آنا۔ کیا

اَنِّيْٓ اُوْفِي الْكَيْلَ وَ اَنَا خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۵۹﴾ فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِيْ بِهٖ فَلَا كَيْلَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنِّيْٓ | اُوْفِي | الْكَيْلَ | وَ | اَنَا | خَيْرُ | الْمُنْزِلِيْنَ | فَاِنْ | لَّمْ | تَاْتُوْنِيْ | بِهٖ | فَلَا | كَيْلَ |
| بیشک کہ میں | پورا دیتا ہوں | مپان | اور | میں | بہتر | مہمانی کرنیوالا ہوں | پس اگر | نہیں | لاؤ گے تم | اس کو | پس نہیں | مپان |

تم نہیں دیکھتے کہ میں ماپ بھی پوری پوری دیتا ہوں اور مہمانداری بھی خوب کرتا ہوں ﴿۵۹﴾ اور اگر تم اسے میرے پاس نہ لاؤ گے تو نہ تمہیں میرے

لَكُمْ عِنْدِيْ وَ لَا تَقْرَبُوْنِ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ اَبَاهُ وَ اِنَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكُمْ | عِنْدِيْ | وَ | لَا | تَقْرَبُوْنِ | قَالُوْا | سَنُرَاوِدُ | عَنْهُ | اَبَاهُ | وَاِنَّا |
| واسطے تمہارے | میرے نزدیک | اور | نہ | پاس آئیو میرے | کہا انہوں نے | جلد بہلائیں گے ہم | اس سے | باپ اس کے کو | اور ہم |

ہاں سے غلہ ملے گا اور نہ تم میرے پاس ہی آ سکو گے ﴿۶۰﴾ انہوں نے کہا کہ ہم اُس کے بارے میں اس کے والد سے تذکرہ کریں گے۔ اور ہم

لَفٰعِلُوْنَ ﴿۶۱﴾ وَ قَالَ لِفِتْيٰنِهِ اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ فِيْ رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَفٰعِلُوْنَ | وَ | قَالَ | لِفِتْيٰنِهِ | اجْعَلُوْا | بِضَاعَتَهُمْ | فِيْ | رِحَالِهِمْ | لَعَلَّهُمْ |
| البتہ کرنیوالے ہیں | اور | کہا | واسطے اپنے جوانوں کے | رکھدو | پونجی ان کی | بیچ | ان کے اسباب کے | شاید کہ وہ |

(یہ کام) کر کے رہیں گے ﴿۶۱﴾ اور (یوسف نے) اپنے خدام سے کہا کہ ان کا سرمایہ (یعنی غلے کی قیمت) ان کے شلیتوں میں رکھ دو عجب نہیں

يَعْرِفُوْنَهَآ اِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٦٢﴾ فَلَمَّا رَجَعُوْٓا

| يَعْرِفُوْنَهَآ | اِذَا | انْقَلَبُوْٓا | اِلٰٓى | اَهْلِهِمْ | لَعَلَّهُمْ | يَرْجِعُوْنَ | فَلَمَّا | رَجَعُوْٓا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہچان لیں اس کو | جب | پھر جائیں | طرف | اپنے لوگوں کی | شاید کہ وہ | پھر آئیں | پس جب | لوٹے وہ |

کہ جب یہ اپنے اہل وعیال میں جائیں تو اسے پہچان لیں (اور) عجب نہیں کہ یہ پھر یہاں آئیں ﴿٦٢﴾ جب وہ اپنے باپ کے پاس

اِلٰٓى اَبِيْهِمْ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ فَاَرْسِلْ مَعَنَآ اَخَانَا

| اِلٰٓى | اَبِيْهِمْ | قَالُوْا | يٰٓاَبَانَا | مُنِعَ | مِنَّا | الْكَيْلُ | فَاَرْسِلْ | مَعَنَآ | اَخَانَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طرف | باپ اپنے کے | کہا انہوں نے | اے باپ ہمارے | منع کیا گیا ہے | ہم سے | میان | پس بھیج | ساتھ ہمارے | بھائی ہمارے کو |

واپس گئے تو کہنے لگے کہ ابا (جب تک ہم بنیامین کو ساتھ نہ لے جائیں) ہمارے لیے غلے کی بندش کر دی گئی ہے تو ہمارے ساتھ ہمارے بھائی کو بھیج

نَكْتَلْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿٦٣﴾ قَالَ هَلْ اٰمَنُكُمْ عَلَيْهِ اِلَّا كَمَآ اَمِنْتُكُمْ

| نَكْتَلْ | وَ | اِنَّا | لَهٗ | لَحٰفِظُوْنَ | قَالَ | هَلْ | اٰمَنُكُمْ | عَلَيْهِ | اِلَّا | كَمَآ | اَمِنْتُكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میان کروالاویں ہم | اور | ہم | واسطے اسکے | البتہ نگہبان ہیں | کہا | نہیں | امانت دار جانتا میں تمکو | اوپر اسکے | مگر | جیسا | امانت دار جانتا تھا میں نے تمکو |

دیجیے تاکہ ہم پھر غلہ لائیں اور ہم اس کے نگہبان ہیں ﴿٦٣﴾ (یعقوب نے) کہا کہ میں اس کے بارے میں تمہارا اعتبار نہیں کرتا مگر ویسا ہی جیسا

عَلٰٓى اَخِيْهِ مِنْ قَبْلُ ؕ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّهُوَ اَرْحَمُ

| عَلٰٓى | اَخِيْهِ | مِنْ | قَبْلُ | فَاللّٰهُ | خَيْرٌ | حٰفِظًا | وَّ | هُوَ | اَرْحَمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | اس کے بھائی کے | سے | پہلے اس | پس اللہ | بہتر | محافظ ہے | اور | وہ بہت | رحم کرنیوالا ہے |

پہلے اس کے بھائی کے بارے میں کیا تھا۔ سو اللہ ہی بہتر نگہبان ہے اور وہ سب سے زیادہ

الرّٰحِمِيْنَ ﴿٦٤﴾ وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ

| الرّٰحِمِيْنَ | وَ | لَمَّا | فَتَحُوْا | مَتَاعَهُمْ | وَجَدُوْا | بِضَاعَتَهُمْ | رُدَّتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سب رحم کرنیوالوں سے | اور | جب | کھولا انہوں نے | اسباب اپنا | پائی انہوں نے | پونجی اپنی | پھیر دی گئی ہے |

رحم کرنے والا ہے ﴿٦٤﴾ اور جب انہوں نے اپنا اسباب کھولا تو دیکھا کہ اُن کا سرمایہ واپس کر دیا گیا ہے۔ کہنے لگے ابا ہمیں

اِلَيْهِمْ ؕ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا نَبْغِيْ ؕ هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ اِلَيْنَا ۚ وَنَمِيْرُ

| اِلَيْهِمْ | قَالُوْا | يٰٓاَبَانَا | مَا | نَبْغِيْ | هٰذِهٖ | بِضَاعَتُنَا | رُدَّتْ | اِلَيْنَا | وَ | نَمِيْرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طرف انکے | کہا انہوں نے | اے باپ ہمارے | کیا | چاہیں ہم | یہ ہے | پونجی ہماری | پھیر دی گئی ہے | طرف ہماری | اور | اناج لائینگے ہم |

(اور) کیا چاہیے (دیکھئے) یہ ہماری پونجی بھی ہمیں واپس کر دی گئی ہے اب ہم اپنے اہل وعیال کے لیے پھر غلہ

اَهْلَنَا وَنَحْفَظُ اَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ ؕ ذٰلِكَ كَيْلٌ يَّسِيْرٌ ﴿۶۵﴾ قَالَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَهْلَنَا | وَ | نَحْفَظُ | اَخَانَا | وَ | نَزْدَادُ | كَيْلَ | بَعِيْرٍ | ذٰلِكَ | كَيْلٌ | يَّسِيْرٌ | قَالَ |
| واسطے اپنے لوگوں کے | اور | محافظت کریں گے ہم | بھائی اپنے کی | اور | زیادہ لاوینگے ہم | میاں | ایک اونٹ کا | یہ ہے | میاں | آسان | کہا |

لائیں گے اور اپنے بھائی کی نگہبانی کریں گے اور ایک بار شتر زیادہ لائیں گے (کہ) یہ غلہ (جو ہم لائے ہیں) تھوڑا ہے ﴿۶۵﴾ (یعقوب نے) کہا

لَنْ اُرْسِلَهٗ مَعَكُمْ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ لَتَاْتُنَّنِىْ بِهٖۤ اِلَّاۤ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَنْ | اُرْسِلَهٗ | مَعَكُمْ | حَتّٰى | تُؤْتُوْنِ | مَوْثِقًا | مِّنَ اللّٰهِ | لَتَاْتُنَّنِىْ | بِهٖۤ | اِلَّاۤ |
| کہ ہرگز نہیں | بھیجوں گا اسکو | ساتھ تمہارے | یہاں تک کہ | دو تم مجھ کو | قول | اللہ کا | البتہ لے آؤ گے میرے پاس | اسکو | مگر |

کہ جب تک تم اللہ کا عہد نہ دو کہ اس کو میرے پاس (صحیح وسالم) لے آؤ گے میں اسے ہرگز تمہارے ساتھ نہیں بھیجنے کا مگر

اَنْ يُّحَاطَ بِكُمْ ۚ فَلَمَّاۤ اٰتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ | يُّحَاطَ | بِكُمْ | فَلَمَّاۤ | اٰتَوْهُ | مَوْثِقَهُمْ | قَالَ | اللّٰهُ | عَلٰى | مَا | نَقُوْلُ |
| یہ کہ | گھیرے جاؤ | تم سب | پس جب | دیا انہوں نے اسکو | عہد اپنا | کہا | اللہ | اوپر | اس چیز کے کہ | کہتے ہیں ہم |

یہ کہ تم گھیر لیے جاؤ (یعنی بے بس ہو جاؤ تو مجبوری ہے)۔ جب انہوں نے ان سے عہد کر لیا تو (یعقوب نے) کہا کہ جو قول وقرار ہم کر رہے ہیں

وَكِيْلٌ ﴿۶۶﴾ وَقَالَ يٰبَنِىَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَكِيْلٌ | وَقَالَ | يٰبَنِىَّ | لَا | تَدْخُلُوْا | مِنْۢ | بَابٍ | وَّاحِدٍ | وَّادْخُلُوْا | مِنْ |
| کارساز ہے | اور کہا | اے میرے بیٹو | مت | داخل ہونا | سے | دروازے | ایک | اور داخل ہونا | سے |

اس کا اللہ ضامن ہے ﴿۶۶﴾ اور ہدایت کی کہ بیٹا ایک ہی دروازے سے داخل نہ ہونا بلکہ جدا جدا دروازوں

اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ؕ وَمَاۤ اُغْنِىْ عَنْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَىْءٍ ؕ اِنِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَبْوَابٍ | مُّتَفَرِّقَةٍ | وَ | مَاۤ | اُغْنِىْ | عَنْكُمْ | مِّنَ | اللّٰهِ | مِنْ شَىْءٍ | اِنِ |
| دروازوں | متفرق | اور | نہیں | کفایت کرتا میں | تم کو | طرف سے | اللہ کی | کچھ | نہیں |

سے داخل ہونا۔ اور میں اللہ کی تقدیر تو تم سے نہیں روک سکتا۔ (بیشک)

الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۚ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۶۷﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْحُكْمُ | اِلَّا | لِلّٰهِ | عَلَيْهِ | تَوَكَّلْتُ | وَعَلَيْهِ | فَلْيَتَوَكَّلِ | الْمُتَوَكِّلُوْنَ |
| حکم | مگر | واسطے اللہ کے | اوپر اس کے | توکل کیا میں نے | اور اوپر اسی کے | پس چاہیے کہ توکل کریں | توکل کرنیوالے |

حکم اسی کا ہے۔ میں اسی پر بھروسہ رکھتا ہوں اور اہلِ توکل کو اسی پر بھروسہ رکھنا چاہیے ﴿۶۷﴾

وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ ؕ مَا كَانَ يُغْنِيْ عَنْهُمْ مِّنَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَمَّا | دَخَلُوْا | مِنْ | حَيْثُ | اَمَرَهُمْ | اَبُوْهُمْ | مَا | كَانَ | يُغْنِيْ | عَنْهُمْ | مِّنَ |
| اور | جب | داخل ہوئے وہ | سے | جہاں | کہا تھا ان کو | انکے باپ نے | نہ | تھا کہ | کفایت کرے | ان کو | سے |

اور جب وہ اُن اُن مقامات سے داخل ہوئے جہاں جہاں سے (داخل ہونے کے لیے) باپ نے اُن سے کہا تھا

اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰىهَا ؕ وَاِنَّهٗ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | مِنْ شَيْءٍ | اِلَّا | حَاجَةً | فِيْ | نَفْسِ | يَعْقُوْبَ | قَضٰىهَا | وَ | اِنَّهٗ |
| اللہ | کچھ | مگر | ایک خطرہ تھا | بیچ | دل | یعقوب کے | کرڈالا اس کو | اور | بیشک وہ |

تو وہ تدبیر اللہ کے حکم کو ذرا بھی ٹال نہیں سکتی تھی، ہاں وہ یعقوب کے دل کی خواہش تھی جو انہوں نے پوری کی تھی۔ اور بیشک وہ

ع ۸/۱۱/۲ لَذُوْ عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۸﴾ ع وَلَمَّا دَخَلُوْا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَذُوْ | عِلْمٍ | لِّمَا | عَلَّمْنٰهُ | وَ | لٰكِنَّ | اَكْثَرَ | النَّاسِ | لَا | يَعْلَمُوْنَ | وَ | لَمَّا | دَخَلُوْا |
| البتہ صاحب | علم تھا | واسطے اس چیز کے کہ | سکھایا تھا ہم نے اسکو | اور | لیکن | اکثر | لوگ | نہیں | جانتے | اور | جب | داخل ہوئے |

صاحبِ علم تھے کیونکہ ہم نے اُن کو علم سکھایا تھا لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ﴿۶۸﴾ اور جب وہ لوگ یوسف

عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَخَاهُ قَالَ اِنِّيْٓ اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰى | يُوْسُفَ | اٰوٰى | اِلَيْهِ | اَخَاهُ | قَالَ | اِنِّيْٓ | اَنَا | اَخُوْكَ | فَلَا | تَبْتَئِسْ | بِمَا |
| اوپر | یوسف کے | جگہ دی | طرف اپنی | بھائی اپنے کو | کہا | بیشک میں | میں ہوں | بھائی تیرا | پس مت | غمگین ہو | ساتھ اس چیز کے کہ |

کے پاس پہنچے تو (یوسف نے) اپنے حقیقی بھائی کو اپنے پاس جگہ دی اور کہا کہ میں تمہارا بھائی ہوں تو جو سلوک یہ (ہمارے ساتھ) کرتے

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۶۹﴾ فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | فَلَمَّا | جَهَّزَهُمْ | بِجَهَازِهِمْ | جَعَلَ | السِّقَايَةَ | فِيْ |
| تھے وہ | کرتے | پس جب | تیار کیا واسطے ان کے | سامان ان کا | رکھ دیا | ایک پیالہ مرصع | بیچ |

رہے ہیں اس پر افسوس نہ کرنا ﴿۶۹﴾ جب اُن کا اسباب تیار کر دیا تو اپنے بھائی کے شلیتے میں گلاس رکھ دیا پھر (جب وہ

رَحْلِ اَخِيْهِ ثُمَّ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ اَيَّتُهَا الْعِيْرُ اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ ﴿۷۰﴾ قَالُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَحْلِ | اَخِيْهِ | ثُمَّ | اَذَّنَ | مُؤَذِّنٌ | اَيَّتُهَا | الْعِيْرُ | اِنَّكُمْ | لَسٰرِقُوْنَ | قَالُوْا |
| اسباب کے | اپنے بھائی کے | پھر | پکارا | ایک پکارنیوالے نے | اے | قافلے والو | بیشک تم | البتہ چور ہو | کہا انہوں نے |

آبادی سے باہر نکل گئے تو) ایک پکارنے والے نے آواز دی کہ قافلے والو! تم تو چور ہو ﴿۷۰﴾ وہ اُن

وَ اَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ مَّاذَا تَفْقِدُوْنَ ﴿۷۱﴾ قَالُوْا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَقْبَلُوْا | عَلَيْهِمْ | مَّاذَا | تَفْقِدُوْنَ | قَالُوْا | نَفْقِدُ | صُوَاعَ | الْمَلِكِ |
| اور | منہ پھیر کر کھڑے ہوئے | اوپران کے | کیا چیز | گم ہوگئی ہے تمہاری | کہا انہوں نے | کھوگیا ہے | پیالہ | بادشاہ کا |

کی طرف متوجہ ہوکر کہنے لگے کہ تمہاری کیا چیز کھوئی گئی ہے؟ (۷۱) وہ بولے کہ بادشاہ (کے پانی پینے) کا گلاس کھویا گیا ہے

وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّاَنَا بِهٖ زَعِيْمٌ ﴿۷۲﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لِمَنْ | جَآءَ | بِهٖ | حِمْلُ | بَعِيْرٍ | وَّ | اَنَا | بِهٖ | زَعِيْمٌ | قَالُوْا | تَاللّٰهِ | لَقَدْ | عَلِمْتُمْ |
| اور | واسطے اسکے | جو لے آئے | اس کو | بوجھ ہے | اونٹ کا | اور | میں | ساتھ اسکے | ضامن ہوں | کہا انہوں نے | قسم اللہ کی | البتہ تحقیق | جانتے ہو تم |

اور جو شخص اس کو لے آئے اس کے لیے ایک بار شتر (انعام) اور میں اس کا ضامن ہوں (۷۲) وہ کہنے لگے کہ اللہ کی قسم تم کو معلوم ہے کہ

مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِي الْاَرْضِ وَمَا كُنَّا سٰرِقِيْنَ ﴿۷۳﴾ قَالُوْا فَمَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّا | جِئْنَا | لِنُفْسِدَ | فِي | الْاَرْضِ | وَ | مَا | كُنَّا | سٰرِقِيْنَ | قَالُوْا | فَمَا |
| نہیں | آئے ہم | تاکہ فساد کریں | بیچ | زمین کے | اور | نہیں | ہیں ہم | چور | کہا انہوں نے | پس کیا |

ہم (اس) ملک میں اس لیے نہیں آئے کہ خرابی کریں اور نہ ہم چوری کیا کرتے ہیں (۷۳) بولے کہ اگر تم جھوٹے

جَزَآؤُهٗ اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿۷۴﴾ قَالُوْا جَزَآؤُهٗ مَنْ وُّجِدَ فِيْ رَحْلِهٖ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَزَآؤُهٗ | اِنْ | كُنْتُمْ | كٰذِبِيْنَ | قَالُوْا | جَزَآؤُهٗ | مَنْ | وُّجِدَ | فِيْ | رَحْلِهٖ |
| سزا ہے اس کی | اگر | ہو تم | جھوٹے | کہا انہوں نے | سزا اس کی | جو کہ | پایا گیا | بیچ | اسکے سامان کے |

نکلے (یعنی چوری ثابت ہوئی) تو اس کی سزا کیا؟ (۷۴) انہوں نے کہا کہ اس کی سزا یہ کہ جس کے شلیتے میں وہ دستیاب

فَهُوَ جَزَآؤُهٗ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۷۵﴾ فَبَدَاَ بِاَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَهُوَ | جَزَآؤُهٗ | كَذٰلِكَ | نَجْزِي | الظّٰلِمِيْنَ | فَبَدَاَ | بِاَوْعِيَتِهِمْ | قَبْلَ |
| پس وہی ہے | بدلہ اس کا | اسی طرح | بدلہ دیتے ہیں ہم | ظالموں کو | پس شروع کیا | ان کے سامان میں | پہلے |

ہو وہی اس کا بدل قرار دیا جائے۔ ہم ظالموں کو یہی سزا دیا کرتے ہیں (۷۵) پھر اُس (یوسف) نے اپنے بھائی کے شلیتے سے پہلے

وِعَآءِ اَخِيْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِّعَآءِ اَخِيْهِ ؕ كَذٰلِكَ كِدْنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وِعَآءِ | اَخِيْهِ | ثُمَّ | اسْتَخْرَجَهَا | مِنْ | وِّعَآءِ | اَخِيْهِ | كَذٰلِكَ | كِدْنَا |
| سامان | اپنے بھائی کے سے | پھر | نکال لیا اس کو | سے | سامان | اپنے بھائی کے | اسی طرح | مکر کیا ہم نے |

ان کے شلیتوں کو دیکھنا شروع کیا۔ پھر اپنے بھائی کے شلیتے میں سے اس کو نکال لیا۔ اس طرح ہم نے یوسف

لِيُوْسُفَ ؕ مَا كَانَ لِيَاْخُذَ اَخَاهُ فِيْ دِيْنِ الْمَلِكِ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِيُوْسُفَ | مَا | كَانَ | لِيَاْخُذَ | اَخَاهُ | فِيْ | دِيْنِ | الْمَلِكِ | اِلَّآ | اَنْ | يَّشَآءَ |
| واسطے یوسف کے | نہیں | تھا | کہ لے سکے | بھائی اپنے کو | بیچ | قانون | بادشاہ کے | مگر | یہ کہ | چاہے |

کے لیے تدبیر کی (ورنہ) بادشاہ کے قانون کے مطابق وہ مشیت اللہ کے سوا اپنے بھائی کو لے نہیں سکتے

اللّٰهُ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ ﴿۷۶﴾ قَالُوْٓا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | نَرْفَعُ | دَرَجٰتٍ | مَّنْ | نَّشَآءُ | وَ | فَوْقَ | كُلِّ | ذِيْ | عِلْمٍ | عَلِيْمٌ | قَالُوْٓا |
| اللہ | بلند کرتے ہیں ہم | درجوں میں | جس کو | چاہیں | اور | اوپر | ہر | صاحب | علم کے | جاننے والا ہے | کہا انہوں نے |

تھے۔ ہم جس کے چاہتے ہیں درجے بلند کر دیتے ہیں۔ اور ہر علم والے سے دوسرا علم والا بڑھ کر ہے ﴿۷۶﴾ (برادرانِ یوسف نے) کہا

اِنْ يَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ ۚ فَاَسَرَّهَا يُوْسُفُ فِيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنْ | يَّسْرِقْ | فَقَدْ | سَرَقَ | اَخٌ | لَّهٗ | مِنْ | قَبْلُ | فَاَسَرَّهَا | يُوْسُفُ | فِيْ |
| اگر | چرائے یہ | پس تحقیق | چرایا تھا | ایک بھائی | اسکے نے | سے | پہلے اس | پس چھپایا اس کو | یوسف نے | بیچ |

کہ اگر اس نے چوری کی ہو تو (کچھ عجب نہیں کہ) اس کے ایک بھائی نے بھی پہلے چوری کی تھی۔ یوسف نے اس بات کو اپنے دل میں

نَفْسِهٖ وَلَمْ يُبْدِهَا لَهُمْ ۚ قَالَ اَنْتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا ۚ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَفْسِهٖ | وَلَمْ | يُبْدِهَا | لَهُمْ | قَالَ | اَنْتُمْ | شَرٌّ | مَّكَانًا | وَ | اللّٰهُ | اَعْلَمُ | بِمَا |
| جی اپنے کے | اور نہ | ظاہر کیا اس کو | واسطے انکے | کہا | تم | برے ہو | جگہ میں | اور | اللہ | خوب جانتا ہے | جو کچھ |

مخفی رکھا اور اُن پر ظاہر نہ ہونے دیا۔ (اور) کہا کہ تم بڑے بدقماش ہو۔ اور جو تم بیان کرتے ہو

تَصِفُوْنَ ﴿۷۷﴾ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ اِنَّ لَهٗٓ اَبًا شَيْخًا كَبِيْرًا فَخُذْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَصِفُوْنَ | قَالُوْا | يٰٓاَيُّهَا | الْعَزِيْزُ | اِنَّ | لَهٗٓ | اَبًا | شَيْخًا | كَبِيْرًا | فَخُذْ |
| تم بیان کرتے ہو | کہا انہوں نے | اے | سردار | بیشک | واسطے اسکے ہے | باپ | بوڑھا | بزرگ | پس لے لے |

اللہ اسے خوب جانتا ہے ﴿۷۷﴾ وہ کہنے لگے کہ اے عزیز اس کے والد بہت بوڑھے ہیں (اور اس سے بہت محبت رکھتے ہیں) تو (اس کو چھوڑ دیجیے اور)

اَحَدَنَا مَكَانَهٗ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۷۸﴾ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَحَدَنَا | مَكَانَهٗ | اِنَّا | نَرٰىكَ | مِنَ | الْمُحْسِنِيْنَ | قَالَ | مَعَاذَ | اللّٰهِ | اَنْ |
| ایک کو ہم میں سے | جگہ اس کی | بیشک | ہم دیکھتے ہیں تجھ کو | سے | احسان کرنے والوں | کہا | پناہ ہے | اللہ کی | یہ کہ |

اس کی جگہ ہم میں سے کسی کو رکھ لیجیے ہم دیکھتے ہیں کہ آپ احسان کرنے والے ہیں ﴿۷۸﴾ (یوسف نے) کہا کہ اللہ پناہ میں رکھے کہ جس شخص

ع ۱۱ ۹ نَّاْخُذَ اِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهٗۤ ۙ اِنَّاۤ اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ ؑ (۷۹) فَلَمَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَّاْخُذَ | اِلَّا | مَنْ | وَّجَدْنَا | مَتَاعَنَا | عِنْدَهٗ | اِنَّاۤ | اِذًا | لَّظٰلِمُوْنَ | فَلَمَّا |
| لے لیں ہم | سوائے | اس کے جو | پائی ہم نے | چیز اپنی | نزدیک اس کے | بیشک ہم | اس وقت | البتہ ظالموں سے ہوں | پس جب |

کے پاس ہم نے اپنی چیز پائی ہے اس کے سوا کسی اور کو پکڑ لیں، ایسا کریں تو ہم (بڑے) بے انصاف ہیں (۷۹) جب

اسْتَيْـَٔسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِيًّا ؕ قَالَ كَبِيْرُهُمْ اَلَمْ تَعْلَمُوْۤا اَنَّ اَبَاكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسْتَيْـَٔسُوْا | مِنْهُ | خَلَصُوْا | نَجِيًّا | قَالَ | كَبِيْرُهُمْ | اَلَمْ | تَعْلَمُوْۤا | اَنَّ | اَبَاكُمْ |
| ناامید ہوئے وہ | اس سے | اکیلے بیٹھے | مصلحت کرتے ہوئے | کہا | ان کے بڑے نے | کیا نہیں | جانتے تم | یہ کہ | باپ تمہارے نے |

وہ اس سے ناامید ہو گئے تو الگ ہو کر صلاح کرنے لگے۔ سب سے بڑے نے کہا کیا تم نہیں جانتے کہ تمہارے والد نے

قَدْ اَخَذَ عَلَيْكُمْ مَّوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ فِيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَدْ | اَخَذَ | عَلَيْكُمْ | مَّوْثِقًا | مِّنَ اللّٰهِ | وَ | مِنْ | قَبْلُ | مَا | فَرَّطْتُّمْ | فِيْ |
| تحقیق | لیا تھا | اوپر تمہارے | عہد | اللہ کا | اور | سے | پہلے اس | کیا | قصور کیا تھا تم نے | بیچ |

تم سے اللہ کا عہد لیا ہے اور اس سے پہلے بھی تم یوسف کے بارے میں قصور کر چکے ہو۔

يُوْسُفَ ۚ فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ حَتّٰى يَاْذَنَ لِيْۤ اَبِيْۤ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُوْسُفَ | فَلَنْ | اَبْرَحَ | الْاَرْضَ | حَتّٰى | يَاْذَنَ | لِيْۤ | اَبِيْۤ | اَوْ | يَحْكُمَ | اللّٰهُ |
| یوسف کے | پس ہرگز نہ | ٹلوں گا میں | اس زمین سے | یہاں تک کہ | پروانگی دے | مجھ کو | باپ میرا | یا | حکم کرے | اللہ |

تو جب تک والد صاحب مجھے حکم نہ دیں میں تو اس جگہ سے ہلنے کا نہیں یا اللہ میرے لیے کوئی تدبیر کرے۔ اور وہ سب

لِيْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ (۸۰) اِرْجِعُوْۤا اِلٰۤى اَبِيْكُمْ فَقُوْلُوْا يٰۤاَبَانَاۤ اِنَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِيْ | وَهُوَ | خَيْرُ | الْحٰكِمِيْنَ | اِرْجِعُوْۤا | اِلٰۤى | اَبِيْكُمْ | فَقُوْلُوْا | يٰۤاَبَانَاۤ | اِنَّ |
| واسطے میرے | اور وہی ہے | بہتر | حکم کرنیوالا | لوٹ جاؤ | طرف | باپ اپنے کی | پس کہو | اے باپ ہمارے | بیشک |

سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے (۸۰) تم سب والد صاحب کے پاس واپس جاؤ اور کہو کہ ابا آپ کے صاحبزادے نے

ابْنَكَ سَرَقَ ۚ وَمَا شَهِدْنَاۤ اِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ابْنَكَ | سَرَقَ | وَ | مَا | شَهِدْنَاۤ | اِلَّا | بِمَا | عَلِمْنَا | وَ | مَا | كُنَّا | لِلْغَيْبِ |
| تیرے بیٹے نے | چوری کی ہے | اور | نہ | گواہی دی تھی ہم نے | مگر | جو کچھ کہ | ہم جانتے تھے | اور | نہ | تھے ہم | واسطے غیب کے |

(وہاں جا کر) چوری کی۔ اور ہم نے تو اپنی دانست کے مطابق آپ سے (اس کے لے آنے کا) عہد کیا تھا مگر ہم غیب (کی باتوں) کے

حٰفِظِيْنَ ﴿٨١﴾ وَسْئَلِ الْقَرْيَةَ الَّتِيْ كُنَّا فِيْهَا وَالْعِيْرَ الَّتِيْٓ اَقْبَلْنَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حٰفِظِيْنَ | وَسْئَلِ | الْقَرْيَةَ | الَّتِيْ | كُنَّا | فِيْهَا | وَ | الْعِيْرَ | الَّتِيْٓ | اَقْبَلْنَا |
| نگہبان | اور پوچھ لو | اس بستی سے | جو کہ | تھے ہم | بیچ اس کے | اور | قافلے سے | جو کہ | آئے ہم |

(جاننے اور) یادرکھنے والے تو نہیں تھے ﴿٨١﴾ اور جس بستی میں ہم (ٹھیرے) تھے وہاں سے (یعنی اہل مصر سے) اور جس قافلے میں آئے ہیں

فِيْهَا ۭ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿٨٢﴾ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ۭ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهَا | وَ | اِنَّا | لَصٰدِقُوْنَ | قَالَ | بَلْ | سَوَّلَتْ | لَكُمْ | اَنْفُسُكُمْ | اَمْرًا |
| بیچ اس کے | اور | بیشک ہم | البتہ سچے ہیں | کہا | بلکہ | بنالی ہے | واسطے تمہارے | جی تمہارے نے | ایک بات |

اس سے دریافت کر لیجیے ﴿٨٢﴾ اور ہم (اس بیان میں) بالکل سچے ہیں (جب انہوں نے یہ بات یعقوب سے آ کر کہی تو)

فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ۭ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِيْ بِهِمْ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَصَبْرٌ | جَمِيْلٌ | عَسَى | اللّٰهُ | اَنْ | يَّاْتِيَنِيْ | بِهِمْ | جَمِيْعًا | اِنَّهٗ | هُوَ | الْعَلِيْمُ |
| پس صبر | بہتر ہے | جلدی ہی | اللہ تعالیٰ | یہ کہ | لے آئے میرے پاس | ان سب کو | اکٹھا | بیشک وہ | وہی ہے | جاننے والا |

انہوں نے کہا (کہ حقیقت یوں نہیں ہے) بلکہ یہ بات تم نے اپنے دل سے بنالی ہے۔ تو صبر ہی بہتر ہے۔ عجب نہیں کہ اللہ ان سب کو میرے

الْحَكِيْمُ ﴿٨٣﴾ وَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰٓاَسَفٰى عَلٰى يُوْسُفَ وَابْيَضَّتْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْحَكِيْمُ | وَ | تَوَلّٰى | عَنْهُمْ | وَ | قَالَ | يٰٓاَسَفٰى | عَلٰى | يُوْسُفَ | وَ | ابْيَضَّتْ |
| حکمت والا | اور | منہ پھیرا | ان سے | اور | کہا | اے افسوس | اوپر | یوسف کے | اور | سفید ہو گئیں |

پاس لے آئے ﴿٨٣﴾ بیشک وہ دانا (اور) حکمت والا ہے۔ پھر ان کے پاس سے چلے گئے اور کہنے لگے کہ ہائے افسوس۔ یوسف (ہائے

عَيْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ ﴿٨٤﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَيْنٰهُ | مِنَ | الْحُزْنِ | فَهُوَ | كَظِيْمٌ | قَالُوْا | تَاللّٰهِ | تَفْتَؤُا | تَذْكُرُ | يُوْسُفَ |
| آنکھیں اسکی | سے | غم | پس وہ | غم سے بھرا ہوا تھا | کہا انہوں نے | قسم اللہ کی | ہمیشہ رہے گا تو | یاد کرتا | یوسف کو |

افسوس) اور رنج والم میں ان کی آنکھیں سفید ہو گئیں اور ان کا دل غم سے بھر رہا تھا ﴿٨٤﴾ بیٹے کہنے لگے کہ واللہ اگر آپ یوسف

حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ﴿٨٥﴾ قَالَ اِنَّمَآ اَشْكُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَتّٰى | تَكُوْنَ | حَرَضًا | اَوْ | تَكُوْنَ | مِنَ | الْهٰلِكِيْنَ | قَالَ | اِنَّمَآ | اَشْكُوْا |
| یہاں تک کہ | ہو جائے تو | مضمحل | یا | ہو جائے تو | سے | ہلاک ہونیوالوں میں | کہا | سوائے اسکے نہیں کہ | شکایت کرتا ہوں میں |

کو اسی طرح یاد ہی کرتے رہیں گے تو یا تو بیمار ہو جائیں گے یا جان ہی دے دیں گے ﴿٨٥﴾ انہوں نے کہا کہ میں تو اپنے غم

بَثِّیْ وَحُزْنِیْٓ اِلَی اللّٰہِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰہِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾ یٰبَنِیَّ

| بَثِّیْ | وَحُزْنِیْٓ | اِلَی | اللّٰہِ | وَاَعْلَمُ | مِنَ | اللّٰہِ | مَا | لَا | تَعْلَمُوْنَ | یٰبَنِیَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بے قراری اپنی کی | اور غم اپنے کی | طرف | اللہ کے | اور جانتا ہوں میں | طرف سے | اللہ کی | جو کچھ کہ | نہیں | جانتے تم | اے میرے بیٹو |

واندوہ کا اظہار اللہ سے کرتا ہوں اور اللہ کی طرف سے وہ باتیں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے ﴿۸۶﴾ بیٹا (یوں

اذْہَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ یُّوْسُفَ وَاَخِیْہِ وَلَا تَایْـَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ

| اذْہَبُوْا | فَتَحَسَّسُوْا | مِنْ | یُّوْسُفَ | وَ | اَخِیْہِ | وَ | لَا | تَایْـَٔسُوْا | مِنْ | رَّوْحِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جاؤ | پس خبر لو | سے | یوسف | اور | اسکے بھائی سے | اور | مت | ناامید ہو | سے | رحمت |

کرو کہ ایک دفعہ پھر) جاؤ اور یوسف اور اس کے بھائی کو تلاش کرو اور اللہ کی رحمت سے

اللّٰہِ ؕ اِنَّہٗ لَا یَایْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰہِ اِلَّا الْقَوْمُ الْکٰفِرُوْنَ ﴿۸۷﴾ فَلَمَّا

| اللّٰہِ | اِنَّہٗ | لَا | یَایْـَٔسُ | مِنْ | رَّوْحِ | اللّٰہِ | اِلَّا | الْقَوْمُ | الْکٰفِرُوْنَ | فَلَمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کی | بیشک وہ | نہیں | ناامید ہوتے | سے | رحمت | اللہ کی | مگر | قوم | کافر | پس جب |

ناامید نہ ہو کہ اللہ کی رحمت سے بے ایمان لوگ ناامید ہوا کرتے ہیں ﴿۸۷﴾ جب وہ

دَخَلُوْا عَلَیْہِ قَالُوْا یٰٓاَیُّہَا الْعَزِیْزُ مَسَّنَا وَاَہْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا

| دَخَلُوْا | عَلَیْہِ | قَالُوْا | یٰٓاَیُّہَا | الْعَزِیْزُ | مَسَّنَا | وَ | اَہْلَنَا | الضُّرُّ | وَ | جِئْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| داخل ہوئے وہ | اوپر اس کے | کہا | اے | سردار | لگی ہم کو | اور | اہل ہمارے کو | سختی | اور | لائے ہم |

یوسف کے پاس گئے تو کہنے لگے کہ عزیز ہمیں اور ہمارے اہل و عیال کو بڑی تکلیف ہو رہی ہے اور ہم

بِبِضَاعَۃٍ مُّزْجٰىۃٍ فَاَوْفِ لَنَا الْکَیْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَیْنَا ؕ اِنَّ اللّٰہَ

| بِبِضَاعَۃٍ | مُّزْجٰىۃٍ | فَاَوْفِ | لَنَا | الْکَیْلَ | وَتَصَدَّقْ | عَلَیْنَا | اِنَّ | اللّٰہَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پونجی | تھوڑی سی | پس پورا دے | ہم کو | پیمان | اور خیرات کر | اوپر ہمارے | بیشک | اللہ |

تھوڑا سا سرمایہ لائے ہیں۔ آپ ہمیں (اس کے عوض) پورا غلہ دیجیے اور خیرات کیجیے کہ اللہ خیرات

یَجْزِی الْمُتَصَدِّقِیْنَ ﴿۸۸﴾ قَالَ ہَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِیُوْسُفَ

| یَجْزِی | الْمُتَصَدِّقِیْنَ | قَالَ | ہَلْ | عَلِمْتُمْ | مَّا | فَعَلْتُمْ | بِیُوْسُفَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثواب دیتا ہے | صدقہ دینے والوں کو | کہا | کیا | جانتے ہو تم | کیا | کیا تھا تم نے | ساتھ یوسف کے |

کرنے والوں کو ثواب دیتا ہے ﴿۸۸﴾ (یوسف نے) کہا تمہیں معلوم ہے کہ جب تم نادانی میں پھنسے ہوئے تھے تو تم

وَاَخِيْهِ اِذْ اَنْتُمْ جٰهِلُوْنَ ﴿۸۹﴾ قَالُوْٓا ءَاِنَّكَ لَاَنْتَ يُوْسُفُ ؕ قَالَ اَنَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَخِيْهِ | اِذْ | اَنْتُمْ | جٰهِلُوْنَ | قَالُوْٓا | ءَاِنَّكَ | لَاَنْتَ | يُوْسُفُ | قَالَ | اَنَا |
| اور | اسکے بھائی کے | جب | تم تھے | جاہل | کہاانہوں نے | کیا بیشک تو ہے یوسف | البتہ تو ہی | یوسف ہے | کہا | میں |

نے یوسف اور اُس کے بھائی کے ساتھ کیا کیا تھا؟ ﴿۸۹﴾ وہ بولے کیا تمہی یوسف ہو؟ انہوں نے کہا ہاں میں ہی

يُوْسُفُ وَهٰذَآ اَخِيْ ؗ قَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا ؕ اِنَّهٗ مَنْ يَّتَّقِ وَيَصْبِرْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُوْسُفُ | وَ | هٰذَآ | اَخِيْ | قَدْ | مَنَّ | اللّٰهُ | عَلَيْنَا | اِنَّهٗ | مَنْ | يَّتَّقِ | وَ | يَصْبِرْ |
| یوسف ہوں | اور | یہ | بھائی ہے میرا | تحقیق | احسان کیا | اللہ نے | ہم پر | بیشک وہ | جو کوئی | پرہیزگاری کرے | اور | صبر کرے |

یوسف ہوں اور (بنیامین کی طرف اشارہ کر کے کہنے لگے) یہ میرا بھائی ہے۔ اللہ نے ہم پر بڑا احسان کیا ہے۔ جو شخص اللہ سے ڈرتا اور صبر کرتا ہے

فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۰﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مَكْرُهُمْ وَصُدُّوْا عَنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | مَكْرُهُمْ | وَ | صُدُّوْا | عَنِ | السَّبِيْلِ | وَ | مَنْ | يُّضْلِلِ | اللّٰهُ |
| واسطے ان لوگوں کے کہ | کافر ہوئے | مکر ان کا | اور | بند کیے گئے | سے | راہ | اور | جس کو | گمراہ کرے | اللہ |

اصل یہ ہے کہ کافروں کو ان کے فریب خوبصورت معلوم ہوتے ہیں اور وہ (ہدایت کے) رستے سے روک لیے گئے ہیں۔ اور جسے اللہ گمراہ کرے

فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾ لَهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَا | لَهٗ | مِنْ | هَادٍ | لَهُمْ | عَذَابٌ | فِي | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | وَ | لَعَذَابُ | الْاٰخِرَةِ |
| پس نہیں | واسطے اسکے | کوئی | راہ دکھانیوالا | واسطے انکے | عذاب ہے | بیچ | زندگانی | دنیا کے | اور | البتہ عذاب | آخرت کا |

اسے کوئی ہدایت کرنے والا نہیں (۳۳) ان کو دنیا کی زندگی میں بھی عذاب ہے اور آخرت کا عذاب تو بہت ہی سخت ہے

اَشَقُّ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿۳۴﴾ مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَشَقُّ | وَ | مَا | لَهُمْ | مِّنَ | اللّٰهِ | مِنْ | وَّاقٍ | مَثَلُ | الْجَنَّةِ | الَّتِيْ | وُعِدَ |
| بہت شاق ہے | اور | نہیں | واسطے انکے | سے | اللہ | کوئی | بچانے والا | صفت | اس بہشت کی | جو کہ | وعدہ دیے گئے ہیں |

اور اُن کو اللہ (کے عذاب) سے کوئی بھی بچانے والا نہیں (۳۴) جس باغ کا متقیوں سے

الْمُتَّقُوْنَ ؕ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اُكُلُهَا دَآئِمٌ وَّظِلُّهَا ؕ تِلْكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُتَّقُوْنَ | تَجْرِيْ | مِنْ | تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | اُكُلُهَا | دَآئِمٌ | وَّ | ظِلُّهَا | تِلْكَ |
| پرہیزگار | چلتی ہیں | سے | نیچے اس کے | نہریں | میوہ اس کا | ہمیش ہے | اور | سایہ اس کا | یہ ہے |

وعدہ کیا گیا ہے اس کے اوصاف یہ ہیں کہ اس کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں۔ اس کے پھل ہمیشہ (قائم رہنے والے) ہیں اور اس کے سائے بھی۔ یہ

عُقْبَى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۖ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ﴿۳۵﴾ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عُقْبَى | الَّذِيْنَ | اتَّقَوْا | وَّ | عُقْبَى | الْكٰفِرِيْنَ | النَّارُ | وَ | الَّذِيْنَ | اٰتَيْنٰهُمُ |
| آخر | ان لوگوں کا کہ | پرہیزگار ہیں | اور | آخر کام | کافروں کا | آگ ہے | اور | جو لوگ کہ | دی ہم نے انکو |

اُن لوگوں کا انجام ہے جو متقی ہیں اور کافروں کا انجام دوزخ ہے (۳۵) اور جن لوگوں کو ہم نے

الْكِتٰبَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمِنَ الْاَحْزَابِ مَنْ يُّنْكِرُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْكِتٰبَ | يَفْرَحُوْنَ | بِمَآ | اُنْزِلَ | اِلَيْكَ | وَ | مِنَ | الْاَحْزَابِ | مَنْ | يُّنْكِرُ |
| کتاب | خوش ہوتے ہیں | ساتھ اس چیز کے کہ | اتاری گئی ہے | طرف تیری | اور | بعضی | جماعتوں میں سے | وہ ہے جو | انکار کرتا ہے |

کتاب دی ہے وہ اُس (کتاب) سے جو تم پر نازل ہوئی ہے خوش ہوتے ہیں اور بعض فرقے اس کی بعض باتیں نہیں بھی

بَعْضَهٗ ؕ قُلْ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَآ اُشْرِكَ بِهٖ ؕ اِلَيْهِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعْضَهٗ | قُلْ | اِنَّمَآ | اُمِرْتُ | اَنْ | اَعْبُدَ | اللّٰهَ | وَ | لَآ | اُشْرِكَ | بِهٖ | اِلَيْهِ |
| بعضے اس کے کو | کہہ | سوائے اسکے نہیں کہ | حکم کیا گیا ہوں میں | یہ کہ | عبادت کروں | اللہ کی | اور | نہ | شریک کروں | ساتھ اسکے | طرف اسی کے |

مانتے۔ کہہ دو کہ مجھ کو یہی حکم ہوا ہے کہ اللہ ہی کی عبادت کروں اور اس کے ساتھ (کسی کو) شریک نہ بناؤں۔ میں اُسی کی

اَدْعُوْا وَاِلَيْهِ مَاٰبِ ﴿۳۶﴾ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا ؕ وَلَئِنِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَدْعُوْا | وَ | اِلَيْهِ | مَاٰبِ | وَ | كَذٰلِكَ | اَنْزَلْنٰهُ | حُكْمًا | عَرَبِيًّا | وَ | لَئِنِ |
| پکارتا ہوں | اور | طرف اسکی ہے | پھر جانا میرا | اور | اسی طرح | اتارا ہے ہم نے | قرآن کو حکم | عربی | اور | اگر |

طرف بلاتا ہوں اور اسی کی طرف مجھے لوٹنا ہے ﴿۳۶﴾ اور اسی طرح ہم نے اس قرآن کو عربی زبان کا فرمان نازل کیا ہے۔ اور اگر

اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتَّبَعْتَ | اَهْوَآءَهُمْ | بَعْدَ | مَا | جَآءَكَ | مِنَ | الْعِلْمِ | مَالَكَ | مِنَ | اللّٰهِ |
| پیروی کریگا تو | ان کی خواہشوں کی | پیچھے | اس چیز کے کہ | آئی تیرے پاس | سے | علم | نہیں ہے واسطے تیرے | سے | اللہ |

تم علم (ودانش) آنے کے بعد اُن لوگوں کی خواہشوں کے پیچھے چلو گے تو اللہ کے سامنے کوئی نہ تمہارا مددگار ہوگا

مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا وَاقٍ ﴿۳۷﴾ ع وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا ع ۵ ۱۱

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | وَّلِيٍّ | وَّ | لَا | وَاقٍ | وَ | لَقَدْ | اَرْسَلْنَا | رُسُلًا | مِّنْ | قَبْلِكَ | وَ | جَعَلْنَا |
| کوئی | دوست | اور | نہ | بچانے والا | اور | البتہ تحقیق | بھیجے ہم نے | پیغمبر | سے | پہلے تجھ | اور | کیں ہم نے |

اور نہ کوئی بچانے والا ﴿۳۷﴾ اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) ہم نے تم سے پہلے بھی پیغمبر بھیجے تھے اور اُن کو بیبیاں اور اولاد

لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً ؕ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمْ | اَزْوَاجًا | وَّذُرِّيَّةً | وَ | مَا | كَانَ | لِرَسُوْلٍ | اَنْ | يَّاْتِيَ | بِاٰيَةٍ | اِلَّا | بِاِذْنِ |
| واسطے انکے | بیبیاں | اور اولاد | اور | نہ | تھا | واسطے رسول کے | یہ کہ | لے آئے | کوئی نشانی | مگر | ساتھ حکم |

بھی دی تھیں۔ اور کسی پیغمبر کے اختیار کی بات نہ تھی کہ اللہ کے حکم کے بغیر کوئی

اللّٰهِ ؕ لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ ﴿۳۸﴾ يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ ۖۚ وَعِنْدَهٗۤ

| اللّٰهِ | لِكُلِّ | اَجَلٍ | كِتَابٌ | يَمْحُوا | اللّٰهُ | مَا | يَشَآءُ | وَ | يُثْبِتُ | وَعِنْدَهٗۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کے | واسطے ہر | وعدے کے | ایک لکھت ہے | مٹاڈالتا ہے | اللہ | جو کچھ | چاہتا ہے | اور | ثابت کرتا ہے | اور نزدیک اسکے ہے |

نشانی لائے۔ ہر (حکم) قضاء (کتاب میں) مرقوم ہے ﴿۳۸﴾ اللہ جس کو چاہتا ہے مٹا دیتا ہے اور (جس کو چاہتا ہے) قائم رکھتا ہے اور اُسی

اُمُّ الْكِتٰبِ ﴿۳۹﴾ وَاِنْ مَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِىْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ

| اُمُّ | الْكِتٰبِ | وَ | اِنْ مَّا | نُرِيَنَّكَ | بَعْضَ | الَّذِىْ | نَعِدُهُمْ | اَوْ | نَتَوَفَّيَنَّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اصل | کتاب | اور | اگر | دکھلا دیں ہم تجھ کو | بعض | وہ چیز جو کہ | وعدہ دیتے ہیں ہم انکو | یا | قبض کرلیں ان کو |

کے پاس اصل کتاب ہے ﴿۳۹﴾ اور اگر ہم کوئی عذاب جس کا ان لوگوں سے وعدہ کرتے ہیں تمہیں دکھائیں (یعنی تمہارے روبرو ان پر نازل کریں) یا تمہاری

فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ﴿۴۰﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَاْتِى الْاَرْضَ

| فَاِنَّمَا | عَلَيْكَ | الْبَلٰغُ | وَ | عَلَيْنَا | الْحِسَابُ | اَوَ | لَمْ | يَرَوْا | اَنَّا نَاْتِى | الْاَرْضَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس سوائے اسکے نہیں کہ | اوپر تیرے | پیغام پہنچانا ہے | اور | اوپر ہمارے | حساب لینا | کیا | نہیں | دیکھا انہوں نے کہ | ہم چلے آتے ہیں | زمین |

مدت حیات پوری کردیں (یعنی تمہارے انتقال کے بعد عذاب بھیجیں) تو تمہارا کام (ہمارے احکام کا) پہنچا دینا ہے اور ہمارا کام حساب لینا ہے ﴿۴۰﴾ کیا انہوں نے

نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ ؕ وَهُوَ

| نَنْقُصُهَا | مِنْ | اَطْرَافِهَا | وَ | اللّٰهُ | يَحْكُمُ | لَا | مُعَقِّبَ | لِحُكْمِهٖ | وَ | هُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گھٹاتے ہوئے | سے | کنارے اس کے | اور | اللہ | حکم کرتا ہے | نہیں | پچھاڑی کرنیوالا | اسکے حکم کے واسطے | اور | وہ |

نہیں دیکھا کہ ہم زمین کو اس کے کناروں سے گھٹاتے چلے آتے ہیں اور اللہ (جیسا چاہتا ہے) حکم کرتا ہے کوئی اس کے حکم کا رد کرنے والا نہیں۔

سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۴۱﴾ وَقَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلّٰهِ الْمَكْرُ

| سَرِيْعُ | الْحِسَابِ | وَقَدْ | مَكَرَ | الَّذِيْنَ | مِنْ | قَبْلِهِمْ | فَلِلّٰهِ | الْمَكْرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جلدی لینے والا ہے | حساب کا | اور تحقیق | مکر کیا | ان لوگوں نے جو | سے | تھے پہلے ان | پس واسطے اللہ کے ہے | مکر |

اور وہ جلد حساب لینے والا ہے ﴿۴۱﴾ جو لوگ ان سے پہلے تھے وہ بھی (بہتیری) چالیں چلتے رہے ہیں۔

جَمِيْعًا ؕ يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ ؕ وَسَيَعْلَمُ الْكُفّٰرُ لِمَنْ

| جَمِيْعًا | يَعْلَمُ | مَا | تَكْسِبُ | كُلُّ | نَفْسٍ | وَسَيَعْلَمُ | الْكُفّٰرُ | لِمَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمام | جانتا ہے | جو | کماتا ہے | ہر | جی | اور جلد جان لیں گے | کفار | واسطے کس کے ہے |

سو چال تو سب اللہ ہی کی ہے۔ ہر متنفس جو کچھ کر رہا ہے وہ اسے جانتا ہے۔ اور کافر جلد معلوم کریں گے کہ عاقبت کا گھر

عُقْبَى الدَّارِ ﴿۴۲﴾ وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَسْتَ مُرْسَلًا ط قُلْ كَفٰى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عُقْبَى | الدَّارِ | وَيَقُولُ | الَّذِينَ | كَفَرُوا | لَسْتَ | مُرْسَلًا | قُلْ | كَفٰى |
| پچھاڑی | گھر کی | اور کہتے ہیں | وہ لوگ جو | کافر ہوئے | نہیں تو | بھیجا ہوا | کہہ | کافی ہے |

(یعنی انجام محمود) کس کے لیے ہے ﴿۴۲﴾ اور کافر لوگ کہتے ہیں کہ تم (اللہ کے) رسول نہیں ہو۔ کہہ دو کہ

بِاللّٰهِ شَهِيدًا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ لا وَمَنْ عِنْدَهُ عِلْمُ الْكِتٰبِ ﴿۴۳﴾ ع ۶/۱۲

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاللّٰهِ | شَهِيدًا | بَيْنِي | وَ | بَيْنَكُمْ | وَمَنْ | عِنْدَهُ | عِلْمُ | الْكِتٰبِ |
| اللہ | گواہی دینے والا | درمیان میرے | اور | درمیان تمہارے | اور وہ کہ | پاس اس کے ہے | علم | کتاب کا |

میرے اور تمہارے درمیان اللہ اور وہ شخص جس کے پاس کتاب (آسمانی) کا علم ہے گواہ کافی ہے ﴿۴۳﴾

## آیاتہا ۵۲ ۔ ۱۴ سُورَةُ اِبْرٰهِيمَ مَكِّيَّةٌ ۷۲ ۔ رکوعاتہا ۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓرٰ قف كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّورِ ۵ لا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الٓرٰ | كِتٰبٌ | اَنْزَلْنٰهُ | اِلَيْكَ | لِتُخْرِجَ | النَّاسَ | مِنَ | الظُّلُمٰتِ | اِلَى | النُّورِ |
| الٓر | یہ کتاب ہے | اتارا ہم نے اسکو | طرف تیری | تاکہ نکالے تو | لوگوں کو | سے | اندھیروں | طرف | اجالے کی |

الٓر (یہ) ایک (پرنور) کتاب (ہے) اس کو ہم نے تم پر اس لیے نازل کیا ہے کہ لوگوں کو اندھیرے سے نکال کر روشنی کی طرف لے جاؤ

بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ ﴿۱﴾ لا اللّٰهِ الَّذِي لَهُ مَا فِي

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاِذْنِ | رَبِّهِمْ | اِلٰى | صِرَاطِ | الْعَزِيزِ | الْحَمِيدِ | اللّٰهِ | الَّذِي | لَهُ | مَا | فِي |
| ساتھ حکم | ان کے رب کے | طرف | راہ | عزت والے | تعریف کیے گئے | اللہ کی | وہ جو کہ | واسطے اسکے ہے | جو کچھ | بیچ |

(یعنی) ان کے پروردگار کے حکم سے غالب اور قابلِ تعریف (اللہ) کے رستے کی طرف ﴿۱﴾ وہ اللہ کہ جو کچھ

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ط وَوَيْلٌ لِّلْكٰفِرِينَ مِنْ عَذَابٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّمٰوٰتِ | وَ | مَا | فِي | الْاَرْضِ | وَ | وَيْلٌ | لِّلْكٰفِرِينَ | مِنْ | عَذَابٍ |
| آسمانوں کے | اور | جو کچھ | بیچ | زمین کے ہے | اور | خرابی ہے | واسطے کافروں کے | سے | عذاب |

آسمانوں اور زمین میں ہے سب اسی کا ہے۔ اور کافروں کے لیے عذاب سخت (کی وجہ) سے

شَدِيۡدِ ۙ﴿۲﴾ الَّذِيۡنَ يَسۡتَحِبُّوۡنَ الۡحَيٰوةَ الدُّنۡيَا عَلَى الۡاٰخِرَةِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شَدِيۡدِ | الَّذِيۡنَ | يَسۡتَحِبُّوۡنَ | الۡحَيٰوةَ | الدُّنۡيَا | عَلَى | الۡاٰخِرَةِ |
| سخت | وہ لوگ جو | دوست رکھتے ہیں | زندگانی | دنیا کو | اوپر | آخرت کے |

خرابی ہے﴿۲﴾ جو آخرت کی نسبت دنیا کو پسند کرتے

وَيَصُدُّوۡنَ عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ وَيَبۡغُوۡنَهَا عِوَجًا ؕ اُولٰٓئِكَ فِىۡ ضَلٰلٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يَصُدُّوۡنَ | عَنۡ | سَبِيۡلِ | اللّٰهِ | وَيَبۡغُوۡنَهَا | عِوَجًا | اُولٰٓئِكَ | فِىۡ | ضَلٰلٍ |
| اور | بند کرتے ہیں | سے | راہ | اللہ کی | اور چاہتے ہیں واسطے اسکے | کجی | یہ لوگ | بیچ | گمراہی |

اور (لوگوں کو) اللہ کے رستے سے روکتے اور اس میں کجی چاہتے ہیں۔ یہ لوگ پرلے سرے کی گمراہی

بَعِيۡدٍ ﴿۳﴾ وَمَاۤ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ رَّسُوۡلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوۡمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمۡ ؕ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعِيۡدٍ | وَ | مَاۤ | اَرۡسَلۡنَا | مِنۡ | رَّسُوۡلٍ | اِلَّا | بِلِسَانِ | قَوۡمِهٖ | لِيُبَيِّنَ | لَهُمۡ |
| دور کے ہیں | اور | نہیں | بھیجا ہم نے | کوئی | پیغمبر | مگر | ساتھ زبان | اسکی قوم کے | تا کہ بیان کرے | واسطے انکے |

میں ہیں﴿۳﴾ اور ہم نے کوئی پیغمبر نہیں بھیجا مگر اپنی قوم کی زبان بولتا تھا تا کہ انہیں (احکام اللہ) کھول کھول کر بتا دے۔

فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنۡ يَّشَآءُ وَيَهۡدِىۡ مَنۡ يَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَيُضِلُّ | اللّٰهُ | مَنۡ | يَّشَآءُ | وَ | يَهۡدِىۡ | مَنۡ | يَّشَآءُ | وَ | هُوَ | الۡعَزِيۡزُ |
| پس گمراہ کرتا ہے | اللہ | جس کو | چاہتا ہے | اور | راہ دکھاتا ہے | جس کو | چاہتا ہے | اور | وہ ہے | غالب |

پھر اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔ اور وہ غالب (اور)

الۡحَكِيۡمُ ﴿۴﴾ وَلَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا مُوۡسٰى بِاٰيٰتِنَاۤ اَنۡ اَخۡرِجۡ قَوۡمَكَ مِنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡحَكِيۡمُ | وَ | لَقَدۡ | اَرۡسَلۡنَا | مُوۡسٰى | بِاٰيٰتِنَاۤ | اَنۡ | اَخۡرِجۡ | قَوۡمَكَ | مِنَ |
| حکمت والا | اور | البتہ تحقیق | بھیجا ہم نے | موسیٰ کو | ساتھ نشانیوں اپنی کے | یہ کہ | نکال | قوم اپنی کو | سے |

حکمت والا ہے﴿۴﴾ اور ہم نے موسیٰ کو اپنی نشانیاں دے کر بھیجا کہ اپنی قوم کو تاریکی سے نکال کر روشنی

الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوۡرِ ۙ وَذَكِّرۡهُمۡ بِاَيّٰٮمِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الظُّلُمٰتِ | اِلَى | النُّوۡرِ | وَ | ذَكِّرۡهُمۡ | بِاَيّٰٮمِ | اللّٰهِ | اِنَّ | فِىۡ | ذٰلِكَ | لَاٰيٰتٍ | لِّكُلِّ |
| اندھیروں | طرف | اجالے کی | اور | نصیحت دے ان کو | ساتھ دنوں | اللہ کے | بیشک | بیچ | اس کے | البتہ نشانی ہے | واسطے ہر |

میں لے جاؤ اور اُن کو اللہ کے دن یاد دلاؤ۔ اور اس میں ان لوگوں کے لیے جو صابر و شاکر ہیں (قدرتِ اللہ کی)

صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿٥﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صَبَّارٍ | شَكُوْرٍ | وَ | اِذْ | قَالَ | مُوْسٰى | لِقَوْمِهِ | اذْكُرُوْا | نِعْمَةَ | اللّٰهِ | عَلَيْكُمْ |
| صبر کرنیوالے | شکر کرنیوالے کے | اور | جب | کہا | موسیٰ نے | واسطے اپنی قوم کے | یاد کرو | نعمت | اللہ کی کو | اوپر اپنے |

نشانیاں ہیں ﴿۵﴾ اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا کہ اللہ نے جو تم پر مہربانیاں کی ہیں ان کو یاد کرو جبکہ تم کو

اِذْ اَنْجٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ وَيُذَبِّحُوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِذْ | اَنْجٰكُمْ | مِّنْ | اٰلِ | فِرْعَوْنَ | يَسُوْمُوْنَكُمْ | سُوْٓءَ | الْعَذَابِ | وَ | يُذَبِّحُوْنَ |
| جب | نجات دی تم کو | سے | لوگوں | فرعون کے | پہنچاتے تھے تم کو | برا | عذاب | اور | ذبح کرتے تھے |

فرعون کی قوم (کے ہاتھ) سے مخلصی دی۔ وہ لوگ تمہیں بڑے عذاب دیتے تھے اور تمہارے بیٹوں کو مار ڈالتے تھے اور عورت

اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ۭ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَاۗءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَبْنَآءَكُمْ | وَ | يَسْتَحْيُوْنَ | نِسَآءَكُمْ | وَ | فِيْ | ذٰلِكُمْ | بَلَاۗءٌ | مِّنْ | رَّبِّكُمْ |
| بیٹوں تمہاروں کو | اور | زندہ رکھتے تھے | عورتوں تمہاری کو | اور | بیچ | اس کے | آزمائش تھی | طرف سے | تمہارے رب کی |

ذات (یعنی) تمہاری (لڑکیوں) کو زندہ رہنے دیتے تھے۔ اور اس میں تمہارے پروردگار کی طرف سے بڑی (سخت)

ع ۱۶ ۱۳ عَظِيْمٌ ﴿٦﴾ وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَظِيْمٌ | وَ | اِذْ | تَاَذَّنَ | رَبُّكُمْ | لَئِنْ | شَكَرْتُمْ | لَاَزِيْدَنَّكُمْ | وَ | لَئِنْ | كَفَرْتُمْ |
| بڑی | اور | جب | پکار دیا | رب تمہارے نے | اگر | شکر کرو تم | البتہ زیادہ دونگا میں تم کو | اور | اگر | کفر کرو گے |

آزمائش تھی ﴿۶﴾ اور جب تمہارے پروردگار نے (تم کو) آگاہ کیا کہ اگر شکر کرو گے تو میں تمہیں زیادہ دوں گا اور اگر ناشکری کرو گے تو (یاد رکھو کہ)

اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ﴿٧﴾ وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنْ تَكْفُرُوْٓا اَنْتُمْ وَمَنْ فِي

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | عَذَابِيْ | لَشَدِيْدٌ | وَ | قَالَ | مُوْسٰٓى | اِنْ | تَكْفُرُوْٓا | اَنْتُمْ | وَ | مَنْ | فِي |
| بے شک | میرا عذاب | البتہ شدید ہے | اور | کہا | موسیٰ نے | اگر | تم کفر کرو گے | تم | اور | جو کوئی | بیچ |

میرا عذاب (بھی) سخت ہے ﴿۷﴾ اور موسیٰ نے (صاف صاف) کہہ دیا کہ اگر تم اور جتنے اور لوگ زمین میں

الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿٨﴾ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضِ | جَمِيْعًا | فَاِنَّ | اللّٰهَ | لَغَنِيٌّ | حَمِيْدٌ | اَلَمْ | يَاْتِكُمْ | نَبَؤُا | الَّذِيْنَ |
| زمین کے ہیں | سب | پس بیشک | اللہ | البتہ بے پرواہ ہے | تعریف کیا گیا | کیا نہیں | پہنچی تم کو | خبر | ان لوگوں کی کہ |

ہیں سب کے سب ناشکری کرو تو اللہ بھی بے نیاز (اور) قابل تعریف ہے ﴿۸﴾ بھلا تم کو ان لوگوں (کے حالات) کی

مع

مِنْ قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّ عَادٍ وَّ ثَمُوْدَ ۬ۛ وَ الَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۛؕ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | قَبْلِكُمْ | قَوْمِ | نُوْحٍ | وَّ | عَادٍ | وَّ | ثَمُوْدَ | وَ | الَّذِيْنَ | مِنْۢ | بَعْدِهِمْ |
| سے | پہلے تم | قوم | نوح کی | اور | عاد کی | اور | ثمود کی | اور | ان لوگوں کی کہ | سے | پیچھے ان کے |

خبر نہیں پہنچی جو تم سے پہلے تھے (یعنی) نوح اور عاد اور ثمود کی قوم اور جو ان کے بعد تھے۔

لَا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا اللّٰهُ ؕ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرَدُّوْۤا اَيْدِيَهُمْ فِيْۤ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَعْلَمُهُمْ | اِلَّا | اللّٰهُ | جَآءَتْهُمْ | رُسُلُهُمْ | بِالْبَيِّنٰتِ | فَرَدُّوْۤا | اَيْدِيَهُمْ | فِيْۤ |
| نہیں | جانتا ان کو | مگر | اللہ | آئے تھے انکے پاس | پیغمبران کے | ساتھ دلیلوں ظاہر کے | پس پھیر لیے گئے | ہاتھ اپنے | بیچ |

جن کا علم اللہ کے سوا کسی کو نہیں۔ (جب) ان کے پاس پیغمبر نشانیاں لے کر آئے تو انہوں نے اپنے ہاتھ اُن کے مونہوں پر رکھ دیے

اَفْوَاهِهِمْ وَ قَالُوْۤا اِنَّا كَفَرْنَا بِمَاۤ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ وَ اِنَّا لَفِيْ شَكٍّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَفْوَاهِهِمْ | وَ | قَالُوْۤا | اِنَّا | كَفَرْنَا | بِمَاۤ | اُرْسِلْتُمْ | بِهٖ | وَ | اِنَّا | لَفِيْ | شَكٍّ |
| اپنے مونہوں کے کہ | اور | کہا انہوں نے | بیشک | کفر کیا ہم نے | ساتھ اس چیز کے کہ | بھیجے گئے ہو تم | ساتھ اس کے | اور | بیشک ہم | البتہ بیچ | شک کے ہیں |

(کہ خاموش رہو) اور کہنے لگے کہ ہم تو تمہاری رسالت کو تسلیم نہیں کرتے اور جس چیز کی طرف تم ہمیں بلاتے ہو

الثلثة

مِّمَّا تَدْعُوْنَنَاۤ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ۝۹ قَالَتْ رُسُلُهُمْ اَفِي اللّٰهِ شَكٌّ فَاطِرِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّمَّا | تَدْعُوْنَنَاۤ | اِلَيْهِ | مُرِيْبٍ | قَالَتْ | رُسُلُهُمْ | اَفِي | اللّٰهِ | شَكٌّ | فَاطِرِ |
| اس چیز سے کہ | پکارتے ہو تم ہم کو | طرف اس کی | قلق ڈالنے والی | کہا | انکے پیغمبروں نے | کیا بیچ | اللہ کے | شک ہے | خالق ہے |

ہم اس سے قوی شک میں ہیں (۹) اُن کے پیغمبروں نے کہا کیا (تم کو) اللہ (کے بارے) میں شک ہے

السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ يَدْعُوْكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | يَدْعُوْكُمْ | لِيَغْفِرَ لَكُمْ | مِّنْ | ذُنُوْبِكُمْ |
| آسمانوں کا | اور | زمین کا | پکارتا ہے تم کو | تا کہ بخشے واسطے تمہارے | کچھ | گناہ تمہارے |

جو آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے۔ وہ تمہیں اس لیے بلاتا ہے کہ تمہارے گناہ بخشے اور (فائدہ پہنچانے

وَ يُؤَخِّرَكُمْ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ قَالُوْۤا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ؕ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يُؤَخِّرَكُمْ | اِلٰۤى | اَجَلٍ | مُّسَمًّى | قَالُوْۤا | اِنْ | اَنْتُمْ | اِلَّا | بَشَرٌ | مِّثْلُنَا |
| اور | ڈھیل دے تم کو | تک | ایک وقت | مقرر | کہا انہوں نے | نہیں | تم | مگر | آدمی | ہماری طرح کے |

کے لیے) ایک مدت مقرر تک تم کو مہلت دے۔ وہ بولے کہ تم تو ہمارے ہی جیسے آدمی ہو۔

تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَصُدُّوْنَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا فَاْتُوْنَا بِسُلْطٰنٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُرِيْدُوْنَ | اَنْ | تَصُدُّوْنَا | عَمَّا | كَانَ | يَعْبُدُ | اٰبَآؤُنَا | فَاْتُوْنَا | بِسُلْطٰنٍ |
| ارادہ کرتے ہوتم | یہ کہ | بند کرو ہم کو | اس چیز سے کہ | تھے | عبادت کرتے | باپ ہمارے | پس لے آؤ ہمارے پاس | دلیل |

تمہارا یہ منشا ہے کہ جن چیزوں کو ہمارے بڑے پوجتے رہے ہیں ان (کے پوجنے) سے ہم کو بند کر دو تو (اچھا) کوئی کھلی دلیل لاؤ

مُّبِيْنٍ ۝۱۰ قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ نَّحْنُ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّبِيْنٍ | قَالَتْ | لَهُمْ | رُسُلُهُمْ | اِنْ | نَّحْنُ | اِلَّا | بَشَرٌ | مِّثْلُكُمْ | وَ | لٰكِنَّ | اللّٰهَ |
| ظاہر | کہا | واسطے انکے | انکے پیغمبروں نے | نہیں | ہم | مگر | آدمی | مانند تمہارے | اور | لیکن | اللہ |

(یعنی معجزہ دکھاؤ) ۝۱۰ اُن کے پیغمبروں نے اُن سے کہا کہ ہاں ہم تمہارے ہی جیسے آدمی ہیں لیکن اللہ اپنے

يَمُنُّ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَمَا كَانَ لَنَآ اَنْ نَّاْتِيَكُمْ بِسُلْطٰنٍ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَمُنُّ | عَلٰى | مَنْ | يَّشَآءُ | مِنْ | عِبَادِهٖ | وَمَا | كَانَ | لَنَآ | اَنْ | نَّاْتِيَكُمْ | بِسُلْطٰنٍ |
| احسان کرتا ہے | اوپر | جس کے | چاہتا ہے | سے | اپنے بندوں | اور نہیں | ہے | واسطے ہمارے | یہ کہ | لے آئیں ہم تمہارے پاس | کوئی دلیل |

بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے (نبوت کا) احسان کرتا ہے۔ اور ہمارے اختیار کی بات نہیں کہ ہم اللہ کے حکم کے

اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱۱ وَمَا لَنَآ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | بِاِذْنِ | اللّٰهِ | وَعَلَى | اللّٰهِ | فَلْيَتَوَكَّلِ | الْمُؤْمِنُوْنَ | وَ | مَا | لَنَآ |
| مگر | ساتھ حکم | اللہ کے | اور اوپر | اللہ کے | پس چاہیے کہ توکل کریں | ایمان والے | اور | کیا ہے | واسطے ہمارے |

بغیر تم کو (تمہاری فرمائش کے مطابق) معجزہ دکھائیں۔ اور اللہ ہی پر مومنوں کو بھروسہ رکھنا چاہیے ۝۱۱ اور ہم کیونکر

اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا ؕ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلَّا | نَتَوَكَّلَ | عَلَى | اللّٰهِ | وَ | قَدْ | هَدٰىنَا | سُبُلَنَا | وَ | لَنَصْبِرَنَّ | عَلٰى | مَآ |
| یہ کہ نہ | توکل کریں | اوپر | اللہ کے | اور | تحقیق | دکھلائیں اس نے ہم کو | راہیں ہماری | اور | البتہ صبر کریں گے ہم | اوپر | اسکے کہ |

اللہ پر بھروسہ نہ رکھیں حالانکہ اس نے ہم کو ہمارے (دین کے سیدھے) رستے بتائے ہیں۔ اور جو تکلیفیں تم ہم کو دیتے ہو

اٰذَيْتُمُوْنَا ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۝۱۲ ع وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ع ۶ ۱۴

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰذَيْتُمُوْنَا | وَ | عَلَى | اللّٰهِ | فَلْيَتَوَكَّلِ | الْمُتَوَكِّلُوْنَ | وَ | قَالَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا |
| ایذا دیتے ہوتم ہم کو | اور | اوپر | اللہ کے | پس چاہیے کہ توکل کریں | توکل کرنے والے | اور | کہا | ان لوگوں نے جو | کافر ہوئے تھے |

اس پر صبر کریں گے۔ اور اہل توکل کو اللہ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہیے ۝۱۲ اور جو کافر تھے انہوں نے اپنے

لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِّنْ اَرْضِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِیْ مِلَّتِنَا ؕ فَاَوْحٰۤی

| لِرُسُلِهِمْ | لَنُخْرِجَنَّكُمْ | مِّنْ | اَرْضِنَآ | اَوْ | لَتَعُوْدُنَّ | فِیْ | مِلَّتِنَا | فَاَوْحٰۤی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے پیغمبروں اپنے کے | البتہ نکال دیں گے ہم تم کو | سے | زمین اپنی | یا | البتہ پھر آؤ گے تم | بیچ | دین ہمارے کے | پس وحی بھیجی |

پیغمبروں سے کہا کہ (یا تو) ہم تم کو اپنے ملک سے باہر نکال دیں گے یا ہمارے مذہب میں داخل ہو جاؤ۔ تو پروردگار نے

اِلَیْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۱۳﴾ لا وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْاَرْضَ مِنْۢ

| اِلَیْهِمْ | رَبُّهُمْ | لَنُهْلِكَنَّ | الظّٰلِمِیْنَ | وَ | لَنُسْكِنَنَّكُمُ | الْاَرْضَ | مِنْۢ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طرف ان کی | ان کے رب نے | البتہ ہلاک کریں گے ہم | ظالموں کو | اور | البتہ بسا دیں گے ہم تم کو | زمین میں | سے |

اُن کی طرف وحی بھیجی کہ ہم ظالموں کو ہلاک کر دیں گے ﴿۱۳﴾ اور اُن کے بعد تم کو اس زمین میں آباد

بَعْدِهِمْ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِیْ وَ خَافَ وَعِیْدِ ﴿۱۴﴾

| بَعْدِهِمْ | ذٰلِكَ | لِمَنْ | خَافَ | مَقَامِیْ | وَ | خَافَ | وَعِیْدِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیچھے ان کے | یہ | واسطے اس کے ہے جو | ڈرتا ہے | کھڑے ہونے سے | اور | ڈرتا ہے | ڈرانے میرے سے |

کر دیں گے۔ یہ اُس شخص کے لیے ہے جو (قیامت کے روز) میرے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرے اور میرے عذاب سے خوف کرے ﴿۱۴﴾

وَاسْتَفْتَحُوْا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ ﴿۱۵﴾ لا مِّنْ وَّرَآئِهٖ جَهَنَّمُ

| وَ | اسْتَفْتَحُوْا | وَخَابَ | كُلُّ | جَبَّارٍ | عَنِیْدٍ | مِّنْ وَّرَآئِهٖ | جَهَنَّمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | فتح مانگی انہوں نے | اور نامراد ہوا | ہر ایک | سرکش | عناد رکھنے والا | پیچھے اس کے ہے | جہنم |

اور پیغمبروں نے (اللہ سے اپنی) فتح چاہی تو ہر سرکش ضدی نامراد رہ گیا ﴿۱۵﴾ اس کے پیچھے دوزخ ہے

وَیُسْقٰی مِنْ مَّآءٍ صَدِیْدٍ ﴿۱۶﴾ لا یَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا یَكَادُ یُسِیْغُهٗ

| وَ | یُسْقٰی | مِنْ | مَّآءٍ | صَدِیْدٍ | یَّتَجَرَّعُهٗ | وَ | لَا | یَكَادُ | یُسِیْغُهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | پلایا جائے گا | سے | پانی | پیپ کے | گھونٹ گھونٹ پیئے گا | اور | نہ | نزدیک ہوگا | کہ گلے سے اتار سکے اسکو |

اور اسے پیپ کا پانی پلایا جائے گا ﴿۱۶﴾ وہ اس کو گھونٹ گھونٹ پیئے گا اور گلے سے نہیں اُتار سکے گا

وَیَاْتِیْهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَیِّتٍ ؕ وَمِنْ وَّرَآئِهٖ عَذَابٌ

| وَ | یَاْتِیْهِ | الْمَوْتُ | مِنْ | كُلِّ | مَكَانٍ | وَّ | مَا | هُوَ | بِمَیِّتٍ | وَ | مِنْ وَّرَآئِهٖ | عَذَابٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | آئے گی اسکو | موت | سے | ہر | جگہ | اور | نہیں | وہ | مرنے والا | اور | پیچھے اس کے ہے | عذاب |

اور ہر طرف سے اُسے موت آ رہی ہو گی مگر وہ مرنے میں نہیں آئے گا اور اس کے پیچھے سخت عذاب

غَلِيْظٌ ﴿۱۷﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ اَعْمَالُهُمْ كَرَمَادِ ِۨ اشْتَدَّتْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غَلِيْظٌ | مَثَلُ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | بِرَبِّهِمْ | اَعْمَالُهُمْ | كَرَمَادِ ِۨ | اشْتَدَّتْ |
| گاڑھا | صفت | ان لوگوں کی کہ | کافر ہوئے | ساتھ اپنے پروردگار کے | عمل ان کے | مانند راکھ کی ہیں | سخت چلے |

ہوگا﴿۱۷﴾ جن لوگوں نے اپنے پروردگار سے کفر کیا ان کے اعمال کی مثال راکھ کی سی ہے کہ آندھی کے

بِهِ الرِّيْحُ فِيْ يَوْمٍ عَاصِفٍ ؕ لَا يَقْدِرُوْنَ مِمَّا كَسَبُوْا عَلٰى شَيْءٍ ؕ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهِ | الرِّيْحُ | فِيْ | يَوْمٍ | عَاصِفٍ | لَا | يَقْدِرُوْنَ | مِمَّا | كَسَبُوْا | عَلٰى | شَيْءٍ |
| ساتھ اسکے | زور کی ہوا | بیچ | دن | آندھی والے کے | نہیں | قدرت پائیں گے | اس میں سے کہ | کمایا ہے | اوپر | کسی چیز کے |

دن اس پر زور کی ہوا چلے (اور) اُسے اُڑا لے جائے۔ (اسی طرح) جو کام وہ کرتے رہے اُن پر اُن کو کچھ دسترس نہ ہوگی۔

ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ﴿۱۸﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذٰلِكَ | هُوَ | الضَّلٰلُ | الْبَعِيْدُ | اَلَمْ | تَرَ | اَنَّ | اللّٰهَ | خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ |
| یہ | وہی ہے | گمراہی | دور کی | کیا نہ | دیکھا تو نے | بیشک | اللہ نے | پیدا کیا | آسمانوں کو |

یہی تو پرلے سرے کی گمراہی ہے﴿۱۸﴾ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمانوں اور زمین

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿۱۹﴾ لا وَّمَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاَرْضَ | بِالْحَقِّ | اِنْ | يَّشَاْ | يُذْهِبْكُمْ | وَ | يَاْتِ | بِخَلْقٍ | جَدِيْدٍ | وَّ | مَا |
| اور | زمین کو | ساتھ حق کے | اگر | چاہے | لے جائے تم کو | اور | لے آئے | خلقت | نئی | اور | نہیں |

کو تدبیر سے پیدا کیا ہے؟ اگر وہ چاہے تو تم کو نابود کر دے اور (تمہاری جگہ) نئی مخلوق پیدا کر دے﴿۱۹﴾ اور یہ

ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ﴿۲۰﴾ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِيْعًا فَقَالَ الضُّعَفٰٓؤُا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذٰلِكَ | عَلَى | اللّٰهِ | بِعَزِيْزٍ | وَ | بَرَزُوْا | لِلّٰهِ | جَمِيْعًا | فَقَالَ | الضُّعَفٰٓؤُا |
| یہ | اوپر | اللہ کے | دشوار | اور | روبرو ہوں گے | واسطے اللہ کے | سب | پس کہیں گے | ناتوان |

اللہ کو کچھ بھی مشکل نہیں﴿۲۰﴾ اور (قیامت کے دن) سب لوگ اللہ کے سامنے کھڑے ہوں گے تو (ضعیف العقل متبع اپنے رؤسائے)

لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا مِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلَّذِيْنَ | اسْتَكْبَرُوْٓا | اِنَّا | كُنَّا | لَكُمْ | تَبَعًا | فَهَلْ | اَنْتُمْ | مُّغْنُوْنَ | عَنَّا | مِنْ |
| واسطے ان لوگوں کے کہ | تکبر کرتے تھے | بیشک | تھے ہم | واسطے تمہارے | تابع | پس کیا | ہو تم | کفایت کرنیوالے | ہم سے | سے |

متکبرین سے کہیں گے کہ ہم تو تمہارے پیرو تھے۔ کیا تم اللہ کا کچھ عذاب ہم پر سے دفع کر

عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ قَالُوْا لَوْ هَدٰىنَا اللّٰهُ لَهَدَيْنٰكُمْ ؕ سَوَآءٌ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَذَابِ | اللّٰهِ | مِنْ شَيْءٍ | قَالُوْا | لَوْ | هَدٰىنَا | اللّٰهُ | لَهَدَيْنٰكُمْ | سَوَآءٌ |
| عذاب | اللہ کے | کچھ | کہیں گے | اگر | ہدایت کرتا ہم کو | اللہ | البتہ ہدایت کرتے ہم تم کو | برابر ہے |

سکتے ہو؟ وہ کہیں گے کہ اگر اللہ ہم کو ہدایت کرتا تو ہم تم کو ہدایت کرتے۔ اب

عَلَيْنَآ اَجَزِعْنَآ اَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ مَّحِيْصٍ ﴿۲۱﴾ ع وَ قَالَ ع ۹ ۱۵

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْنَآ | اَجَزِعْنَآ | اَمْ | صَبَرْنَا | مَا | لَنَا | مِنْ | مَّحِيْصٍ | وَ | قَالَ |
| اوپر ہمارے | اضطراب کریں ہم | یا | صبر کریں ہم | نہیں | واسطے ہمارے | کوئی | جگہ بھاگنے کی | اور | کہے گا |

ہم گھبرائیں یا صبر کریں ہمارے حق میں برابر ہے۔ کوئی جگہ (گریز اور) رہائی کی ہمارے لیے نہیں ہے ﴿۲۱﴾ جب (حساب کتاب کا) کام

الشَّيْطٰنُ لَمَّا قُضِيَ الْاَمْرُ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الشَّيْطٰنُ | لَمَّا | قُضِيَ | الْاَمْرُ | اِنَّ | اللّٰهَ | وَعَدَكُمْ | وَعْدَ | الْحَقِّ |
| شیطان | جب | فیصل کیا گیا | کام | بیشک | اللہ نے | وعدہ دیا تھا تم کو | وعدہ | سچا |

فیصل ہو چکے گا تو شیطان کہے گا جو وعدہ اللہ نے تم سے کیا تھا (وہ تو) سچا (تھا)

وَوَعَدْتُّكُمْ فَاَخْلَفْتُكُمْ ؕ وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | وَعَدْتُّكُمْ | فَاَخْلَفْتُكُمْ | وَ | مَا | كَانَ | لِيَ | عَلَيْكُمْ | مِّنْ | سُلْطٰنٍ |
| اور | وعدہ دیا تھا میں نے تم کو | پس خلاف وعدہ کیا تھا میں نے تم سے | اور | نہیں | تھا | واسطے میرے | اوپر تمہارے | کچھ | غلبہ |

اور جو وعدہ میں نے تم سے کیا تھا وہ جھوٹا تھا اور میرا تم پر کسی طرح کا زور نہیں تھا۔

اِلَّآ اَنْ دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ وَلُوْمُوْٓا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّآ | اَنْ | دَعَوْتُكُمْ | فَاسْتَجَبْتُمْ | لِيْ | فَلَا | تَلُوْمُوْنِيْ | وَلُوْمُوْٓا |
| مگر | یہ کہ | پکارا تھا میں نے تم کو | پس قبول کرلیا تم نے | واسطے میرے | پس نہ | ملامت کرو مجھ کو | اور ملامت کرو |

ہاں میں نے تم کو (گمراہی اور باطل کی طرف) بلایا تو تم نے (جلدی سے اور بے دلیل) میرا کہنا مان لیا۔ تو (آج) مجھے

اَنْفُسَكُمْ ؕ مَآ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ ؕ اِنِّيْ كَفَرْتُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْفُسَكُمْ | مَآ | اَنَا | بِمُصْرِخِكُمْ | وَ | مَآ | اَنْتُمْ | بِمُصْرِخِيَّ | اِنِّيْ | كَفَرْتُ |
| اپنے آپ کو | نہ | میں ہوں | فریاد کو پہنچنے والا تمہارا | اور | نہ | تم ہو | فریاد کو پہنچنے والے میرے | بیشک میں نے | کفر کیا میں نے |

ملامت نہ کرو اپنے آپ ہی کو ملامت کرو۔ نہ میں تمہاری فریادرسی کرسکتا ہوں اور نہ تم میری فریاد رسی کر سکتے ہو۔ میں اس بات سے انکار کرتا ہوں

بِمَآ اَشْرَكْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ ؕ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۲﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمَآ | اَشْرَكْتُمُوْنِ | مِنْ | قَبْلُ | اِنَّ | الظّٰلِمِيْنَ | لَهُمْ | عَذَابٌ | اَلِيْمٌ |
| ساتھ اسکے کہ | شریک کیا تھا تم نے مجھ کو | سے | پہلے | بیشک | ظالم | واسطے ان کے | عذاب ہے | درد دینے والا |

کہ تم پہلے مجھے شریک بناتے تھے۔ بیشک جو ظالم ہیں ان کے لیے درد دینے والا عذاب ہے ﴿۲۲﴾

وَاُدْخِلَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اُدْخِلَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَعَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ | مِنْ | تَحْتِهَا |
| اور | داخل کیے جائینگے | وہ لوگ جو کہ | ایمان لائے | اور کام کیے | اچھے | بہشتوں میں | چلتی ہیں | سے | نیچے ان کے |

اور جو ایمان لائے اور عمل نیک کیے وہ بہشتوں میں داخل کیے جائیں گے جن کے نیچے نہریں بہ

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ؕ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ﴿۲۳﴾ اَلَمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَنْهٰرُ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا | بِاِذْنِ | رَبِّهِمْ | تَحِيَّتُهُمْ | فِيْهَا | سَلٰمٌ | اَلَمْ |
| نہریں | ہمیش رہنے والے ہیں | بیچ اس کے | ساتھ حکم | رب اپنے کے | ان کی ملاقات کی دعا | بیچ اس کے | سلام ہے | کیا نہ |

رہی ہیں اپنے پروردگار کے حکم سے ہمیشہ اُن میں رہیں گے۔ وہاں اُن کی صاحب سلامت سلام ہوگا ﴿۲۳﴾ کیا تم

تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَرَ | كَيْفَ | ضَرَبَ | اللّٰهُ | مَثَلًا | كَلِمَةً | طَيِّبَةً | كَشَجَرَةٍ | طَيِّبَةٍ | اَصْلُهَا |
| دیکھا تونے | کیوں کر | بیان کی | اللہ نے | مثال | بات | پاکیزہ کی | مانند درخت | پاکیزہ کی | جڑ اس کی |

نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے پاک بات کی کیسی مثال بیان فرمائی ہے (وہ ایسی ہے) جیسے پاکیزہ درخت جس کی جڑ مضبوط (یعنی

ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ ﴿۲۴﴾ تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۭ بِاِذْنِ رَبِّهَا ؕ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثَابِتٌ | وَّ | فَرْعُهَا | فِي | السَّمَآءِ | تُؤْتِيْٓ | اُكُلَهَا | كُلَّ | حِيْنٍ | بِاِذْنِ | رَبِّهَا |
| محکم ہے | اور | شاخیں اس کی | بیچ | آسمان کے | دیتا ہے | میوہ اپنا | ہر | وقت | ساتھ حکم | اپنے رب کے |

زمین کو پکڑے ہوئے) ہو اور شاخیں آسمان میں ﴿۲۴﴾ اپنے پروردگار کے حکم سے ہر وقت پھل لاتا (اور میوے دیتا) ہو۔

وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۵﴾ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يَضْرِبُ | اللّٰهُ | الْاَمْثَالَ | لِلنَّاسِ | لَعَلَّهُمْ | يَتَذَكَّرُوْنَ | وَ | مَثَلُ | كَلِمَةٍ |
| اور | بیان کرتا ہے | اللہ | مثالیں | واسطے لوگوں کے | تا کہ وہ | نصیحت پکڑیں | اور | مثال | بات |

اور اللہ لوگوں کے لیے مثالیں بیان فرماتا ہے تاکہ وہ نصیحت پکڑیں ﴿۲۵﴾ اور ناپاک بات کی

خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةِ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَالَهَا مِنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَبِيْثَةٍ | كَشَجَرَةٍ | خَبِيْثَةِ | اجْتُثَّتْ | مِنْ | فَوْقِ | الْاَرْضِ | مَالَهَا | مِنْ |
| ناپاک کی | مانند درخت | ناپاک کے ہے | جسم پکڑ گیا ہے | سے | اوپر | زمین کے | نہیں واسطے اسکے | کوئی |

مثال ناپاک درخت کی سی ہے (نہ جڑ مستحکم نہ شاخیں بلند) زمین کے اُوپر ہی سے اُکھیڑ کر پھینک دیا جائے۔ اُس کو ذرا بھی

قَرَارٍ ۲۶ يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَرَارٍ | يُثَبِّتُ | اللّٰهُ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | بِالْقَوْلِ | الثَّابِتِ | فِي | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا |
| قرار | ثابت رکھتا ہے | اللہ | ان لوگوں کو کہ | ایمان لائے ہیں | ساتھ بات | محکم کے | بیچ | زندگانی | دنیا کے |

قرار (وثبات) نہیں ۲۶ اللہ مومنوں (کے دلوں) کو (صحیح اور) پکی بات سے دنیا کی زندگی میں بھی مضبوط رکھتا ہے

وَفِي الْاٰخِرَةِ ج وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِيْنَ قف وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ۲۷ ع اَلَمْ ع ۴ ۲ ۱۶

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | فِي | الْاٰخِرَةِ | وَ | يُضِلُّ | اللّٰهُ | الظّٰلِمِيْنَ | وَ | يَفْعَلُ | اللّٰهُ | مَا | يَشَآءُ | اَلَمْ |
| اور | بیچ | آخرت کے | اور | گمراہ کرتا ہے | اللہ | ظالموں کو | اور | کرتا ہے | اللہ | جو | چاہتا ہے | کیا نہ |

اور آخرت میں بھی (رکھے گا) اور اللہ بے انصافوں کو گمراہ کر دیتا ہے۔ اور اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے ۲۷ کیا

تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا وَّاَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَرَ | اِلَى | الَّذِيْنَ | بَدَّلُوْا | نِعْمَتَ | اللّٰهِ | كُفْرًا | وَّاَحَلُّوْا | قَوْمَهُمْ | دَارَ |
| دیکھا تونے | طرف | ان لوگوں کی کہ | بدل ڈالا انہوں نے | نعمت | اللہ کی کو | کفر سے | اور اتارا | قوم اپنی کو | گھر |

تم نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جنہوں نے اللہ کے احسان کو ناشکری سے بدل دیا اور اپنی قوم کو تباہی کے گھر

الْبَوَارِ ۲۸ جَهَنَّمَ ج يَصْلَوْنَهَا ط وَبِئْسَ الْقَرَارُ ۲۹ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْبَوَارِ | جَهَنَّمَ | يَصْلَوْنَهَا | وَبِئْسَ | الْقَرَارُ | وَ | جَعَلُوْا | لِلّٰهِ |
| ہلاک کے میں کہ | دوزخ ہے | داخل ہوں گے اس میں | اور بری ہے | جگہ قرار کی | اور | مقرر کیے | واسطے اللہ کے |

میں اُتارا ۲۸ (وہ گھر) دوزخ (ہے۔ سب ناشکرے) اس میں داخل ہوں گے اور وہ برا ٹھکانا ہے ۲۹ اور ان لوگوں نے اللہ

اَنْدَادًا لِّيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ط قُلْ تَمَتَّعُوْا فَاِنَّ مَصِيْرَكُمْ اِلَى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْدَادًا | لِّيُضِلُّوْا | عَنْ | سَبِيْلِهٖ | قُلْ | تَمَتَّعُوْا | فَاِنَّ | مَصِيْرَكُمْ | اِلَى |
| شریک | تا کہ بہکائیں | سے | راہ اس کی | کہہ | فائدہ اٹھاؤ | پس بیشک | پھر جانا تمہارا | طرف |

کے شریک مقرر کیے کہ (لوگوں کو) اس کے رستے سے گمراہ کریں۔ کہہ دو کہ (چندروز) فائدے اُٹھا لو آخر کار تم کو دوزخ کی طرف

النَّارِ ﴿۳۰﴾ قُلْ لِّعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُقِیْمُوا الصَّلٰوةَ

| الصَّلٰوةَ | یُقِیْمُوا | اٰمَنُوْا | الَّذِیْنَ | لِّعِبَادِیَ | قُلْ | النَّارِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نماز کو | قائم رکھیں | ایمان لائے | جو | واسطے میرے بندوں کے | کہہ | آگ کی ہے |

لوٹ کرجانا ہے ﴿۳۰﴾ (اے پیغمبر) میرے مومن بندوں سے کہہ دو کہ نماز پڑھا کریں

وَ یُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّ عَلَانِیَةً مِّنْ قَبْلِ اَنْ

| اَنْ | قَبْلِ | مِّنْ | عَلَانِیَةً | وَّ | سِرًّا | رَزَقْنٰهُمْ | مِمَّا | یُنْفِقُوْا | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہ | پہلے اس | سے | ظاہر | اور | پوشیدہ | دی ہم نے ان کو | اس چیز سے کہ | خرچ کریں | اور |

اور اس دن کے آنے سے پیشتر جس میں نہ (اعمال کا) سودا ہوگا اور نہ دوستی (کام آئے گی) ہمارے

یَّاْتِیَ یَوْمٌ لَّا بَیْعٌ فِیْهِ وَ لَا خِلٰلٌ ﴿۳۱﴾ اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ

| خَلَقَ | الَّذِیْ | اَللّٰهُ | خِلٰلٌ | لَا | وَ | فِیْهِ | بَیْعٌ | لَّا | یَوْمٌ | یَّاْتِیَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیدا کیا | وہ ہے جس نے | اللہ | دوستی | نہ | اور | بیچ اس کے | بیچنا ہے | کہ نہیں | وہ دن | آئے |

دیے ہوئے مال میں سے درپردہ اور ظاہر خرچ کرتے رہیں ﴿۳۱﴾ اللہ ہی تو ہے جس نے

السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ

| بِهٖ | فَاَخْرَجَ | مَآءً | السَّمَآءِ | مِنَ | وَاَنْزَلَ | الْاَرْضَ | وَ | السَّمٰوٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ اسکے | پس نکالا | پانی | آسمان | سے | اور اتارا | زمین کو | اور | آسمانوں کو |

آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور آسمان سے مینہ برسایا۔ پھر اس سے تمہارے

مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ وَ سَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِیَ

| لِتَجْرِیَ | الْفُلْكَ | لَكُمُ | سَخَّرَ | وَ | لَّكُمْ | رِزْقًا | الثَّمَرٰتِ | مِنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تاکہ چلتی رہیں | کشتیاں | واسطے تمہارے | مسخر کیں | اور | واسطے تمہارے | رزق | میووں | سے |

کھانے کے لیے پھل پیدا کیے اور کشتیوں (اور جہازوں) کو تمہارے زیر فرمان کیا تاکہ

فِی الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ ﴿۳۲﴾ وَ سَخَّرَ لَكُمُ

| لَكُمُ | سَخَّرَ | وَ | الْاَنْهٰرَ | وَسَخَّرَ لَكُمُ | بِاَمْرِهٖ | الْبَحْرِ | فِی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے تمہارے | مسخر کیا | اور | نہروں کو | اور مسخر کیا واسطے تمہارے | ساتھ اس کے حکم کے | دریا کے | بیچ |

دریا (اور سمندر) میں اس کے حکم سے چلیں اور نہروں کو بھی تمہارے زیر فرمان کیا ﴿۳۲﴾ اور سورج اور چاند کو

الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَيْنِ ج وَ سَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَ النَّهَارَ ﴿٣٣﴾ ج

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الشَّمْسَ | وَالْقَمَرَ | دَآئِبَيْنِ | وَ | سَخَّرَ | لَكُمُ | الَّيْلَ | وَ | النَّهَارَ |
| سورج کو | اور چاند کو | ہمیشہ پھرنے والے | اور | مسخر کیا | واسطے تمہارے | رات | اور | دن کو |

تمہارے لیے کام میں لگا دیا کہ دونوں (دن رات) ایک دستور پر چل رہے ہیں۔ اور رات اور دن کو بھی تمہاری خاطر کام میں لگا دیا (٣٣)

وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ط وَ اِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاٰتٰىكُمْ | مِّنْ | كُلِّ | مَا | سَاَلْتُمُوْهُ | وَ | اِنْ | تَعُدُّوْا | نِعْمَتَ | اللّٰهِ |
| اور دیا تم کو | بعضے سے | ہر | وہ چیز جو کہ | سوال کیا تم نے اس کا | اور | اگر | گنو | نعمتیں | اللہ کی |

اور جو کچھ تم نے مانگا سب میں سے تم کو عنایت کیا۔ اور اگر اللہ کے احسان گننے لگو تو

لَا تُحْصُوْهَا ط اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ﴿٣٤﴾ ع وَاِذْ قَالَ ع ٥ ١٧

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | تُحْصُوْهَا | اِنَّ | الْاِنْسَانَ | لَظَلُوْمٌ | كَفَّارٌ | وَاِذْ | قَالَ |
| نہ | گن سکو ان کو | بیشک | انسان | البتہ ظالم ہے | کفر کرنے والا ہے | اور جب | کہا |

شمار نہ کر سکو (مگر لوگ نعمتوں کا شکر نہیں کرتے)۔ کچھ شک نہیں کہ انسان بڑا بے انصاف (اور) ناشکرا ہے (٣٤) اور جب

اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ وَ بَنِيَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِبْرٰهِيْمُ | رَبِّ | اجْعَلْ | هٰذَا | الْبَلَدَ | اٰمِنًا | وَّاجْنُبْنِيْ | وَ | بَنِيَّ |
| ابراہیم نے | اے رب میرے | کر | اس | شہر کو | امن والا | اور ایک طرف کر مجھ کو | اور | میرے بیٹوں کو |

ابراہیم نے دعا کی کہ میرے پروردگار اس شہر کو (لوگوں کے لیے) امن کی جگہ بنا دے اور مجھے اور میری اولاد کو اس بات سے

اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ﴿٣٥﴾ ط رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ | نَّعْبُدَ | الْاَصْنَامَ | رَبِّ | اِنَّهُنَّ | اَضْلَلْنَ | كَثِيْرًا | مِّنَ |
| اس سے کہ | عبادت کریں | بتوں کی | اے رب میرے | بیشک انہوں نے | گمراہ کیا ہے | بہتوں کو | سے |

کہ بتوں کی پرستش کرنے لگیں بچائے رکھ (٣٥) اے پروردگار انہوں نے بہت سے لوگوں کو گمراہ

النَّاسِ ج فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ ج وَ مَنْ عَصَانِيْ فَاِنَّكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّاسِ | فَمَنْ | تَبِعَنِيْ | فَاِنَّهٗ | مِنِّيْ | وَ | مَنْ | عَصَانِيْ | فَاِنَّكَ |
| لوگوں | پس جو کوئی | پیروی کرے میری | پس بیشک | وہ مجھ سے ہے | اور | جو کوئی | نافرمانی کرے میری | پس بیشک تو |

کیا ہے۔ سو جس شخص نے میرا کہا مانا وہ میرا ہے اور جس نے میری نافرمانی کی تو

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۶﴾ رَبَّنَآ اِنِّيْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ

| غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | رَبَّنَآ | اِنِّيْٓ | اَسْكَنْتُ | مِنْ | ذُرِّيَّتِيْ | بِوَادٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بخشنے والا | مہربان ہے | اے رب | بیشک میں | بسائی ہے میں نے | بعض | اولاد اپنی | بیچ میدان |

تو بخشنے والا مہربان ہے﴿۳۶﴾ اے پروردگار میں نے اپنی اولاد میدان (مکہ) میں

غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا

| غَيْرِ | ذِيْ زَرْعٍ | عِنْدَ | بَيْتِكَ | الْمُحَرَّمِ | رَبَّنَا | لِيُقِيْمُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بن | کھیتی والے کے | نزدیک | گھر تیرے | باحرمت کے | اے رب ہمارے | تاکہ قائم رکھیں |

جہاں کھیتی نہیں تیرے عزت (وادب) والے گھر کے پاس لابسائی ہے، اے پروردگار تاکہ یہ

الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ

| الصَّلٰوةَ | فَاجْعَلْ | اَفْئِدَةً | مِّنَ | النَّاسِ | تَهْوِيْٓ | اِلَيْهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نماز کو | پس کر | دل | بعض | لوگوں کے | مائل ہوں | طرف ان کی |

نماز پڑھیں تو لوگوں کے دلوں کو ایسا کر دے کہ ان کی طرف جھکے رہیں

وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۷﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ

| وَارْزُقْهُمْ | مِّنَ | الثَّمَرٰتِ | لَعَلَّهُمْ | يَشْكُرُوْنَ | رَبَّنَآ | اِنَّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور رزق دے ان کو | سے | میووں | تاکہ وہ | شکر کریں | اے رب ہمارے | بیشک تو |

اور اُن کو میووں سے روزی دے تاکہ (تیرا) شکر کریں ﴿۳۷﴾ اے پروردگار جو

تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ ؕ وَمَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ

| تَعْلَمُ | مَا | نُخْفِيْ | وَ | مَا | نُعْلِنُ | وَ | مَا | يَخْفٰى | عَلَى | اللّٰهِ | مِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جانتا ہے | جو | چھپاتے ہیں ہم | اور | جو | ظاہر کرتے ہیں ہم | اور | نہیں | پوشیدہ | اوپر | اللہ کے | کوئی |

بات ہم چھپاتے اور جو ظاہر کرتے ہیں تو سب جانتا ہے۔ اور اللہ سے کوئی

شَيْءٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ﴿۳۸﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ

| شَيْءٍ | فِيْ | الْاَرْضِ | وَ | لَا | فِيْ | السَّمَآءِ | اَلْحَمْدُ | لِلّٰهِ | الَّذِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چیز | بیچ | زمین کے | اور | نہ | بیچ | آسمان کے | سب تعریف | واسطے اللہ کے ہے | جس نے |

چیز مخفی نہیں (نہ) زمین میں نہ آسمان میں ﴿۳۸﴾ اللہ کا شکر ہے

وَهَبَ لِيْ عَلَى الْكِبَرِ اِسْمٰعِيْلَ وَ اِسْحٰقَ ط اِنَّ رَبِّيْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَهَبَ | لِيْ | عَلَى | الْكِبَرِ | اِسْمٰعِيْلَ | وَ | اِسْحٰقَ | اِنَّ | رَبِّيْ |
| بخشا | مجھ کو | اوپر | بڑھاپے کے | اسماعیل | اور | اسحاق | بیشک | رب میرا |

جس نے مجھ کو بڑی عمر میں اسمٰعیل اور اسحاق بخشے۔ بیشک میرا پروردگار

لَسَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۹﴾ رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَ مِنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَسَمِيْعُ | الدُّعَآءِ | رَبِّ | اجْعَلْنِيْ | مُقِيْمَ | الصَّلٰوةِ | وَ | مِنْ |
| البتہ سننے والا ہے | دعا کا | اے رب میرے | کر مجھ کو | قائم رکھنے والا | نماز کا | اور | سے |

دعا سننے والا ہے ﴿۳۹﴾ اے پروردگار مجھ کو (ایسی توفیق عنایت) کر کہ نماز پڑھتا رہوں اور میری

ذُرِّيَّتِيْ صلے رَبَّنَا وَ تَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿۴۰﴾ رَبَّنَا اغْفِرْلِيْ وَلِوَالِدَيَّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذُرِّيَّتِيْ | رَبَّنَا | وَ | تَقَبَّلْ | دُعَآءِ | رَبَّنَا | اغْفِرْلِيْ | وَلِوَالِدَيَّ |
| اولاد میری | اے رب ہمارے | اور | قبول کر | دعا میری | اے رب ہمارے | بخش مجھ کو | اور میرے ماں باپ کو |

اولاد کو بھی (یہ توفیق بخش) اے پروردگار میری دعا قبول فرما ﴿۴۰﴾ اے پروردگار حساب (کتاب) کے دن مجھ کو اور میرے ماں

ع ۶/۷ ۱۸ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ﴿۴۱﴾ ع وَ لَا تَحْسَبَنَّ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ | يَوْمَ | يَقُوْمُ | الْحِسَابُ | وَ | لَا | تَحْسَبَنَّ |
| اور تمام ایمان والوں کو | جس دن | قائم ہو | حساب | اور | ہرگز مت | خیال کرنا |

باپ کو اور مومنوں کی مغفرت کیجیو ﴿۴۱﴾ اور (مومنو) مت خیال کرنا کہ

اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ۵ ط اِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | غَافِلًا | عَمَّا | يَعْمَلُ | الظّٰلِمُوْنَ | اِنَّمَا | يُؤَخِّرُهُمْ |
| اللہ کو | کہ بے خبر ہے | اس چیز سے کہ | کرتے ہیں | ظالم | سوائے اس کے نہیں کہ | ڈھیل دیتا ہے ان کو |

یہ ظالم جو عمل کر رہے ہیں اللہ اُن سے بے خبر ہے۔ وہ اُن کو اُس دن تک

لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيْهِ الْاَبْصَارُ ﴿۴۲﴾ لا مُهْطِعِيْنَ مُقْنِعِيْ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لِيَوْمٍ | تَشْخَصُ | فِيْهِ | الْاَبْصَارُ | مُهْطِعِيْنَ | مُقْنِعِيْ |
| واسطے اس دن کے کہ | چڑھ جائیں گی | بیچ اس کے | نظریں | دوڑتے ہوئے | اونچا کیے ہوئے |

مہلت دے رہا ہے جبکہ (دہشت کے سبب) آنکھیں کھلی کی کھلی رہ جائیں گی ﴿۴۲﴾ (اور لوگ) سر اُٹھائے ہوئے (میدان

رُءُوْسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ اِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ ۚ وَ اَفْـِٕدَتُهُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| رُءُوْسِهِمْ | لَا | يَرْتَدُّ | اِلَيْهِمْ | طَرْفُهُمْ | وَ | اَفْـِٕدَتُهُمْ |
| اپنے سروں کو | نہ | پھر آویں گی | طرف ان کی | نظریں ان کی | اور | دل ان کے |

قیامت کی طرف) دوڑ رہے ہوں گے ان کی نگاہیں اُن کی طرف لوٹ نہ سکیں گی اور ان کے دل (مارے خوف کے) ہوا ہو

هَوَآءٌ ﴿۴۳﴾ وَ اَنْذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَاْتِيْهِمُ الْعَذَابُ فَيَقُوْلُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هَوَآءٌ | وَ | اَنْذِرِ | النَّاسَ | يَوْمَ | يَاْتِيْهِمُ | الْعَذَابُ | فَيَقُوْلُ |
| گرے ہوئے ہونگے | اور | ڈرا | لوگوں کو | اس دن سے کہ | آئے گا ان کو | عذاب | پس کہیں گے |

رہے ہوں گے ﴿۴۳﴾ اور لوگوں کو اُس دن سے آگاہ کردو جب اُن پر عذاب آ جائے گا تب ظالم لوگ کہیں گے

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رَبَّنَآ اَخِّرْنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ نُّجِبْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | ظَلَمُوْا | رَبَّنَآ | اَخِّرْنَآ | اِلٰٓى | اَجَلٍ | قَرِيْبٍ | نُّجِبْ |
| وہ لوگ کہ | ظلم کرتے تھے | اے رب ہمارے | ڈھیل دے ہم کو | طرف | وقت | قریب کے | قبول کرلیں ہم |

کہ اے ہمارے پروردگار ہمیں تھوڑی سی مدت مہلت عطا کر کہ ہم تیری دعوتِ (توحید)

دَعْوَتَكَ وَ نَتَّبِعِ الرُّسُلَ ؕ اَوَلَمْ تَكُوْنُوْٓا اَقْسَمْتُمْ مِّنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دَعْوَتَكَ | وَ | نَتَّبِعِ | الرُّسُلَ | اَوَلَمْ | تَكُوْنُوْٓا | اَقْسَمْتُمْ | مِّنْ |
| پکارنے تیرے کو | اور | پیروی کریں ہم | رسولوں کی | کیا نہ | تھے تم کہ | قسم کھاتے تھے تم | سے |

قبول کریں۔اور (تیرے) پیغمبروں کے پیچھے چلیں۔(تو جواب ملے گا) کیا تم پہلے قسمیں نہیں کھایا کرتے تھے کہ تم کو (اس حال سے

قَبْلُ مَا لَكُمْ مِّنْ زَوَالٍ ﴿۴۴﴾ وَّ سَكَنْتُمْ فِيْ مَسٰكِنِ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَبْلُ | مَا | لَكُمْ | مِّنْ | زَوَالٍ | وَّ | سَكَنْتُمْ | فِيْ | مَسٰكِنِ | الَّذِيْنَ |
| پہلے اس | نہیں | واسطے تمہارے | کچھ | زوال | اور | رہے تھے تم | بیچ | گھروں | ان لوگوں کے کہ |

جس میں تم ہو) زوال (اور قیامت کو حساب اعمال) نہیں ہوگا ﴿۴۴﴾ اور جو لوگ اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے تم ان کے

ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَ تَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ فَعَلْنَا بِهِمْ وَضَرَبْنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظَلَمُوْٓا | اَنْفُسَهُمْ | وَ | تَبَيَّنَ | لَكُمْ | كَيْفَ | فَعَلْنَا | بِهِمْ | وَضَرَبْنَا |
| ظلم کیا تھا انہوں نے | جانوں اپنی کو | اور | ظاہر ہوا تھا | واسطے تمہارے | کیوں کر | کیا ہم نے | ساتھ ان کے | اور بیان کیں ہم نے |

مکانوں میں رہتے تھے اور تم پر ظاہر ہو چکا تھا کہ ہم نے ان لوگوں کے ساتھ کس طرح (کا معاملہ) کیا تھا اور تمہارے (سمجھانے کے) لیے

لَكُمُ الْاَمْثَالَ ۝۴۵ وَ قَدْ مَكَرُوْا مَكْرَهُمْ وَعِنْدَ اللّٰهِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكُمُ | الْاَمْثَالَ | وَ | قَدْ | مَكَرُوْا | مَكْرَهُمْ | وَعِنْدَ | اللّٰهِ |
| واسطے تمہارے | مثالیں | اور | تحقیق | مکر کیا تھا انہوں نے | مکر اپنا | اور نزدیک | اللہ کے ہے |

مثالیں بیان کر دی تھیں ۴۵ اور انہوں نے (بڑی بڑی) تدبیریں کیں۔ اور ان کی (سب) تدبیریں اللہ کے ہاں

مَكْرُهُمْ ؕ وَ اِنْ كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُوْلَ مِنْهُ الْجِبَالُ ۝۴۶

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَكْرُهُمْ | وَ | اِنْ | كَانَ | مَكْرُهُمْ | لِتَزُوْلَ | مِنْهُ | الْجِبَالُ |
| مکر ان کا | اور | نہ | تھا | مکر ان کا | کہ ٹل جائے | اس سے | پہاڑ |

(لکھی ہوئی) ہیں گو وہ تدبیریں (ایسی غضب کی) تھیں کہ ان سے پہاڑ بھی ٹل جائیں ۴۶

فَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ مُخْلِفَ وَعْدِهٖ رُسُلَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَا | تَحْسَبَنَّ | اللّٰهَ | مُخْلِفَ | وَعْدِهٖ | رُسُلَهٗ | اِنَّ | اللّٰهَ |
| پس مت | خیال کر | اللہ کو | کہ خلاف کرنے والا ہے | وعدے اپنے کو | اپنے پیغمبروں سے | بیشک | اللہ |

تو ایسا خیال نہ کرنا کہ اللہ نے جو اپنے پیغمبروں سے وعدہ کیا ہے اس کے خلاف کرے گا۔ بیشک اللہ

عَزِيْزٌ ذُوانْتِقَامٍ ۝۴۷ يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عَزِيْزٌ | ذُوانْتِقَامٍ | يَوْمَ | تُبَدَّلُ | الْاَرْضُ | غَيْرَ | الْاَرْضِ |
| غالب ہے | بدلہ لینے والا | اس دن | کہ بدلی جائے گی | زمین | سوائے | اس زمین کے |

زبردست (اور) بدلہ لینے والا ہے ۴۷ جس دن یہ زمین دوسری زمین سے بدل دی جائے گی

وَ السَّمٰوٰتُ وَ بَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ۝۴۸ وَتَرَى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | السَّمٰوٰتُ | وَ | بَرَزُوْا | لِلّٰهِ | الْوَاحِدِ | الْقَهَّارِ | وَتَرَى |
| اور | بدلے جائیں گے آسمان | اور | روبرو ہوں گے | واسطے اللہ | اکیلے | غالب کے | اور دیکھے گا تو |

اور آسمان بھی (بدل دیے جائیں گے) اور سب لوگ اللہ یگانہ و زبردست کے سامنے نکل کھڑے ہوں گے ۴۸ اور اُس دن

الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ مُّقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ۝۴۹

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الْمُجْرِمِيْنَ | يَوْمَئِذٍ | مُّقَرَّنِيْنَ | فِي | الْاَصْفَادِ |
| گنہگاروں کو | اس دن | جکڑے ہوئے | بیچ | زنجیروں کے |

تم گنہگاروں کو دیکھو گے کہ زنجیروں میں جکڑے ہوئے ہیں ۴۹

سَرَابِيْلُهُمْ مِّنْ قَطِرَانٍ وَّتَغْشٰى وُجُوْهَهُمُ النَّارُ ۙ﴿۵۰﴾

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سَرَابِيْلُهُمْ | مِّنْ | قَطِرَانٍ | وَّتَغْشٰى | وُجُوْهَهُمُ | النَّارُ |
| کرتے ان کے | سے | گندھک | اور ڈھانک لے گی | ان کے منہ کو | آگ |

ان کے کرتے گندھک کے ہوں گے اور ان کے مونہوں کو آگ لپٹ رہی ہو گی﴿۵۰﴾

لِيَجْزِيَ اللّٰهُ كُلَّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِيَجْزِيَ | اللّٰهُ | كُلَّ | نَفْسٍ | مَّا | كَسَبَتْ | اِنَّ | اللّٰهَ | سَرِيْعُ |
| تاکہ جزا دے | اللہ | ہر | جی کو | جو کچھ کہ | کمایا اس نے | بیشک | اللہ | جلد لینے والا ہے |

یہ اس لیے کہ اللہ ہر شخص کو اُس کے اعمال کا بدلہ دے۔ بیشک اللہ جلد

الْحِسَابِ ﴿۵۱﴾ هٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ وَلِيُنْذَرُوْا بِهٖ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْحِسَابِ | هٰذَا | بَلٰغٌ | لِّلنَّاسِ | وَلِيُنْذَرُوْا | بِهٖ |
| حساب کا | یہ | پہنچا دینا ہے | واسطے لوگوں کے | اور تاکہ ڈرائے جائیں | ساتھ اس کے |

حساب لینے والا ہے﴿۵۱﴾ یہ (قرآن) لوگوں کے نام (اللہ کا) پیغام ہے تاکہ اُن کو اس سے ڈرایا جائے

وَلِيَعْلَمُوْٓا اَنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّلِيَذَّكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۵۲﴾ ع ۱۱ ۱۹

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لِيَعْلَمُوْٓا | اَنَّمَا | هُوَ | اِلٰهٌ | وَّاحِدٌ | وَّلِيَذَّكَّرَ | اُولُوا | الْاَلْبَابِ |
| اور | تاکہ جان لیں کہ | نہیں سوائے اسکے کہ | وہی ہے | معبود | اکیلا | اور تاکہ نصیحت پکڑیں | صاحبان | عقل کے |

اور تاکہ وہ جان لیں کہ وہی اکیلا معبود ہے اور تاکہ اہلِ عقل نصیحت پکڑیں﴿۵۲﴾

## اٰیاتها ۹۹ ۱۵ سُوْرَةُ الْحِجْرِ مَكِّيَّةٌ ۵۴ رکوعاتها ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓرٰ ۣ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الٓرٰ | تِلْكَ | اٰيٰتُ | الْكِتٰبِ | وَ | قُرْاٰنٍ | مُّبِيْنٍ |
| الٓرٰ | یہ | آیتیں ہیں | کتاب کی | اور | قرآن | بیان کرنیوالے کی |

الٓرٰ یہ (اللہ کی) کتاب اور قرآن روشن کی آیتیں ہیں﴿۱﴾

رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ۝۲ ذَرْهُمْ يَأْكُلُوْا

| رُبَمَا | يَوَدُّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | لَوْ | كَانُوْا | مُسْلِمِيْنَ | ذَرْهُمْ | يَأْكُلُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کسی وقت | آرزو کریں گے | وہ لوگ جو کہ | کافر ہوئے | کاش کہ | ہوتے | مسلمان | چھوڑ دے ان کو کہ | کھائیں |

کسی وقت کافر لوگ آرزو کریں گے کہ اے کاش وہ مسلمان ہوتے ۝۲ (اے محمد ﷺ) ان کو ان کے حال پر رہنے دو کہ کھا لیں اور

وَيَتَمَتَّعُوْا وَيُلْهِهِمُ الْاَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝۳ وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ

| وَ | يَتَمَتَّعُوْا | وَ | يُلْهِهِمُ | الْاَمَلُ | فَسَوْفَ | يَعْلَمُوْنَ | وَ | مَآ | اَهْلَكْنَا | مِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | فائدہ اٹھائیں | اور | غافل کرے ان کو | آرزو دراز | پس البتہ | جانیں گے | اور | نہیں | ہلاک کی ہم نے | کوئی |

فائدے اٹھا لیں اور (طول) امل ان کو (دنیا میں) مشغول کیے رہے عنقریب ان کو اس کا انجام معلوم ہو جائے گا ۝۳ اور ہم نے کوئی

قَرْيَةٍ اِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ ۝۴ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا

| قَرْيَةٍ | اِلَّا | وَلَهَا | كِتَابٌ | مَّعْلُوْمٌ | مَا | تَسْبِقُ | مِنْ | اُمَّةٍ | اَجَلَهَا | وَ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بستی | مگر | واسطے اس کے | لکھا ہوا ہے | معلوم | نہیں | آگے نکل جاتی | کوئی | جماعت | وقت اپنے سے | اور | نہ |

بستی ہلاک نہیں کی مگر اس کا وقت مرقوم و معین تھا ۝۴ کوئی جماعت اپنی مدت (وفات) سے نہ آگے نکل سکتی ہے نہ

يَسْتَاْخِرُوْنَ ۝۵ وَقَالُوْا يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ اِنَّكَ

| يَسْتَاْخِرُوْنَ | وَ | قَالُوْا | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْ | نُزِّلَ | عَلَيْهِ | الذِّكْرُ | اِنَّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیچھے رہ جاتی ہے | اور | کہا کافروں نے | اے | وہ شخص کہ | اتارا گیا ہے | اوپر اس کے | ذکر | بیشک تو |

پیچھے رہ سکتی ہے ۝۵ اور (کفار) کہتے ہیں کہ اے شخص جس پر نصیحت (کی کتاب) نازل ہوئی تو

لَمَجْنُوْنٌ ۝۶ لَوْ مَا تَاْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝۷

| لَمَجْنُوْنٌ | لَوْ | مَا | تَاْتِيْنَا | بِالْمَلٰٓئِكَةِ | اِنْ | كُنْتَ | مِنَ | الصّٰدِقِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| البتہ دیوانہ ہے | کیوں | نہیں | لے آتا ہمارے پاس | فرشتوں کو | اگر | ہے تو | سے | سچوں |

تو دیوانہ ہے ۝۶ اگر تو سچا ہے تو ہمارے پاس فرشتوں کو کیوں نہیں لے آتا ۝۷

مَا نُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ اِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوْٓا اِذًا مُّنْظَرِيْنَ ۝۸ اِنَّا نَحْنُ

| مَا | نُنَزِّلُ | الْمَلٰٓئِكَةَ | اِلَّا | بِالْحَقِّ | وَ | مَا | كَانُوْٓا | اِذًا | مُّنْظَرِيْنَ | اِنَّا | نَحْنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | اتارتے ہم | فرشتے | مگر | ساتھ حق کے | اور | نہ | ہوں گے | اس وقت | ڈھیل دیے گئے | بیشک | ہم نے |

(کہہ دو) ہم فرشتوں کو نازل نہیں کیا کرتے مگر حق کے ساتھ اور اس وقت ان کو مہلت نہیں ملتی ۝۸ بیشک یہ (کتاب)

نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَ اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ⑨ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ

| نَزَّلْنَا | الذِّكْرَ | وَ | اِنَّا | لَهٗ | لَحٰفِظُوْنَ | وَ | لَقَدْ | اَرْسَلْنَا | مِنْ | قَبْلِكَ | فِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتارا ہم نے | ذکر | اور | ہم ہیں | واسطے اسکے | البتہ نگہبان | اور | البتہ تحقیق | بھیجے تھے ہم نے | سے | پہلے تجھ | بیچ |

نصیحت ہمیں نے اُتاری ہے اور ہم ہی اس کے نگہبان ہیں ⑨ اور ہم نے تم سے پہلے لوگوں میں بھی

شِيَعِ الْاَوَّلِيْنَ ⑩ وَ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ

| شِيَعِ | الْاَوَّلِيْنَ | وَ | مَا | يَاْتِيْهِمْ | مِّنْ | رَّسُوْلٍ | اِلَّا | كَانُوْا | بِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| امتوں | پہلے کے | اور | نہیں | آتا تھا ان کے پاس | کوئی | پیغمبر | مگر | تھے وہ | ساتھ اسکے |

پیغمبر بھیجے تھے ⑩ اور ان کے پاس کوئی پیغمبر نہیں آتا تھا مگر وہ اس کے ساتھ

يَسْتَهْزِءُوْنَ ⑪ كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ⑫ لا

| يَسْتَهْزِءُوْنَ | كَذٰلِكَ | نَسْلُكُهٗ | فِيْ | قُلُوْبِ | الْمُجْرِمِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| ٹھٹھا کرتے | اسی طرح | ہم چلا دیتے ہیں اس کو | بیچ | دلوں | گنہگاروں کے |

استہزا کرتے تھے ⑪ اسی طرح ہم اس (تکذیب وضلال) کو گنہگاروں کے دلوں میں داخل کر دیتے ہیں ⑫

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ ⑬ وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا

| لَا | يُؤْمِنُوْنَ | بِهٖ | وَ | قَدْ | خَلَتْ | سُنَّةُ | الْاَوَّلِيْنَ | وَ | لَوْ | فَتَحْنَا | عَلَيْهِمْ | بَابًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | ایمان لائے | ساتھ اسکے | اور | تحقیق | گزر گئی ہے | عادت | پہلوں کی | اور | اگر | کھول دیں ہم | اوپر ان کے | دروازہ |

سو وہ اس پر ایمان نہیں لاتے اور پہلوں کی روش بھی یہی رہی ہے ⑬ اور اگر ہم آسمان کا کوئی دروازہ

مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ ⑭ لا لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ

| مِّنَ | السَّمَآءِ | فَظَلُّوْا | فِيْهِ | يَعْرُجُوْنَ | لَقَالُوْٓا | اِنَّمَا | سُكِّرَتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | آسمان | پس ہو جائیں گے | بیچ اس کے | چڑھتے ہوئے | البتہ کہیں گے | سوائے اس کے نہیں کہ | مست ہو گئی ہیں |

ان پر کھول دیں اور وہ اس پر چڑھنے بھی لگیں ⑭ تو بھی یہی کہیں کہ ہماری آنکھیں

اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ⑮ ع وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ ع ۱۵ ۱

| اَبْصَارُنَا | بَلْ | نَحْنُ | قَوْمٌ | مَّسْحُوْرُوْنَ | وَ | لَقَدْ | جَعَلْنَا | فِي | السَّمَآءِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آنکھیں ہماری | بلکہ | ہم | ایک قوم ہیں | جادو کیے ہوئے | اور | البتہ تحقیق | کیے ہم نے | بیچ | آسمان کے |

مخمور ہو گئی ہیں بلکہ ہم پر جادو کر دیا گیا ہے ⑮ اور ہم ہی نے آسمان میں برج بنائے

بُرُوۡجًا وَّ زَیَّنّٰہَا لِلنّٰظِرِیۡنَ ﴿۱۶﴾ وَ حَفِظۡنٰہَا مِنۡ کُلِّ شَیۡطٰنٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بُرُوۡجًا | وَّ | زَیَّنّٰہَا | لِلنّٰظِرِیۡنَ | وَ | حَفِظۡنٰہَا | مِنۡ | کُلِّ | شَیۡطٰنٍ |
| برج | اور | زینت دی ہم نے اسکو | واسطے دیکھنے والوں کے | اور | محفوظ رکھا ہم نے اس کو | سے | ہر ایک | شیطان |

اور دیکھنے والوں کے لیے اس کو سجا دیا ﴿۱۶﴾ اور ہر شیطان راندۂ درگاہ سے اسے محفوظ

رَّجِیۡمٍ ﴿۱۷﴾ اِلَّا مَنِ اسۡتَرَقَ السَّمۡعَ فَاَتۡبَعَہٗ شِہَابٌ مُّبِیۡنٌ ﴿۱۸﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَّجِیۡمٍ | اِلَّا | مَنِ | اسۡتَرَقَ | السَّمۡعَ | فَاَتۡبَعَہٗ | شِہَابٌ | مُّبِیۡنٌ |
| راندے گئے | مگر | جس نے | چرالیا | سننے کو | پس پیچھے لگتا ہے | شعلہ | ظاہر |

کر دیا ﴿۱۷﴾ ہاں اگر کوئی چوری سے سننا چاہے تو چمکتا ہوا انگارا اس کے پیچھے لپکتا ہے ﴿۱۸﴾

وَ الۡاَرۡضَ مَدَدۡنٰہَا وَ اَلۡقَیۡنَا فِیۡہَا رَوَاسِیَ وَ اَنۡۢبَتۡنَا فِیۡہَا مِنۡ کُلِّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الۡاَرۡضَ | مَدَدۡنٰہَا | وَ | اَلۡقَیۡنَا | فِیۡہَا | رَوَاسِیَ | وَ | اَنۡۢبَتۡنَا | فِیۡہَا | مِنۡ | کُلِّ |
| اور | زمین | بچھایا ہم نے اس کو | اور | ڈالے ہم نے | بیچ اس کے | پہاڑ | اور | اگائی ہم نے | بیچ اس کے | سے | ہر |

اور زمین کو بھی ہم ہی نے پھیلایا اور اس پر پہاڑ (بنا کر) رکھ دیے اور اس میں ہر ایک

شَیۡءٍ مَّوۡزُوۡنٍ ﴿۱۹﴾ وَ جَعَلۡنَا لَکُمۡ فِیۡہَا مَعَایِشَ وَ مَنۡ لَّسۡتُمۡ لَہٗ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَیۡءٍ | مَّوۡزُوۡنٍ | وَجَعَلۡنَا | لَکُمۡ | فِیۡہَا | مَعَایِشَ | وَ | مَنۡ | لَّسۡتُمۡ | لَہٗ |
| چیز | وزن والی | اور کیں ہم نے | واسطے تمہارے | بیچ اس کے | روزی کے اسباب | اور | اس کو کہ | نہیں تم | واسطے اسکے |

سنجیدہ چیز اُگائی ﴿۱۹﴾ اور ہم ہی نے تمہارے لیے اور اُن لوگوں کے لیے جن کو تم روزی نہیں دیتے اس میں معاش

بِرٰزِقِیۡنَ ﴿۲۰﴾ وَ اِنۡ مِّنۡ شَیۡءٍ اِلَّا عِنۡدَنَا خَزَآئِنُہٗ ۫ وَ مَا نُنَزِّلُہٗۤ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِرٰزِقِیۡنَ | وَ | اِنۡ | مِّنۡ | شَیۡءٍ | اِلَّا | عِنۡدَنَا | خَزَآئِنُہٗ | وَ | مَا | نُنَزِّلُہٗۤ |
| رزق دینے والے | اور | نہیں | کوئی | چیز | مگر | نزدیک ہمارے ہیں | خزانے اسکے | اور | نہیں | اتارتے ہم |

کے سامان پیدا کیے ﴿۲۰﴾ اور ہمارے ہاں ہر چیز کے خزانے ہیں اور ہم ان کو بمقدار مناسب

اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعۡلُوۡمٍ ﴿۲۱﴾ وَ اَرۡسَلۡنَا الرِّیٰحَ لَوَاقِحَ فَاَنۡزَلۡنَا مِنَ السَّمَآءِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | بِقَدَرٍ | مَّعۡلُوۡمٍ | وَ | اَرۡسَلۡنَا | الرِّیٰحَ | لَوَاقِحَ | فَاَنۡزَلۡنَا | مِنَ | السَّمَآءِ |
| مگر | ساتھ اندازے | معلوم کے | اور | بھیجا ہم نے | ہواؤں کو | بوجھل کرنے والی | پس اتارا ہم نے | سے | آسمان |

اُتارتے رہتے ہیں ﴿۲۱﴾ اور ہم ہی ہوائیں چلاتے ہیں (جو بادلوں کے پانی سے) بھری ہوئی (ہوتی ہیں) اور ہم

مَآءً فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ ۚ وَمَآ اَنْتُمْ لَهٗ بِخٰزِنِيْنَ ﴿۲۲﴾ وَاِنَّا لَنَحْنُ نُحْيٖ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَآءً | فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ | وَ | مَآ | اَنْتُمْ | لَهٗ | بِخٰزِنِيْنَ | وَ | اِنَّا | لَنَحْنُ | نُحْيٖ |
| پانی | پس پلایا ہم نے تم کو وہ | اور | نہیں | تم | واسطے اس کے | ذخیرہ کرنے والے | اور | بیشک | البتہ ہم | جلاتے ہیں |

ہی آسمان سے مینہ برساتے ہیں اور ہم ہی تم کو اس کا پانی پلاتے ہیں اور تم تو اس کا خزانہ نہیں رکھتے ﴿۲۲﴾ اور ہم ہی حیات بخشتے

وَنُمِيْتُ وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | نُمِيْتُ | وَ | نَحْنُ | الْوٰرِثُوْنَ | وَلَقَدْ | عَلِمْنَا | الْمُسْتَقْدِمِيْنَ | مِنْكُمْ |
| اور | ہم ہی مارتے ہیں | اور | ہم | وارث ہیں | اور البتہ تحقیق | جانتے ہیں ہم | آگے بڑھ جانے والوں کو | تم میں سے |

اور ہم ہی موت دیتے ہیں اور ہم ہی سب (کے) وارث (مالک) ہیں ﴿۲۳﴾ اور جو لوگ تم میں پہلے گزر چکے ہیں ہم کو معلوم ہیں

وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ ۭ اِنَّهٗ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَقَدْ | عَلِمْنَا | الْمُسْتَاْخِرِيْنَ | وَ | اِنَّ | رَبَّكَ | هُوَ | يَحْشُرُهُمْ | اِنَّهٗ |
| اور | البتہ تحقیق | جانتے ہیں ہم | پیچھے رہنے والوں کو | اور | بیشک | پروردگار تیرا | وہی | اکٹھا کرے گا ان کو | بیشک وہ |

اور جو پیچھے آنے والے ہیں وہ بھی ہم کو معلوم ہیں ﴿۲۴﴾ اور تمہارا پروردگار (قیامت کے دن) ان سب کو جمع کرے گا۔ وہ بڑا

حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵﴾ ع وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ ع ۲

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَكِيْمٌ | عَلِيْمٌ | وَ | لَقَدْ | خَلَقْنَا | الْاِنْسَانَ | مِنْ | صَلْصَالٍ | مِّنْ | حَمَاٍ |
| حکمت والا | جاننے والا ہے | اور | البتہ تحقیق | پیدا کیا ہم نے | آدمی کو | سے | بجنے والی مٹی | سے | کیچڑ |

دانا (اور) خبردار ہے ﴿۲۵﴾ اور ہم نے انسان کو کھنکھناتے سڑے ہوئے گارے سے پیدا

مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۶﴾ ج وَالْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾ وَاِذْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّسْنُوْنٍ | وَ | الْجَآنَّ | خَلَقْنٰهُ | مِنْ | قَبْلُ | مِنْ | نَّارِ | السَّمُوْمِ | وَ | اِذْ |
| سڑی ہوئی | اور | جنوں کو | پیدا کیا ہم نے ان کو | سے | پہلے اس | سے | آگ | لوؤں کی | اور | جب |

کیا ہے ﴿۲۶﴾ اور جنوں کو اس سے بھی پہلے بے دھوئیں کی آگ سے پیدا کیا تھا ﴿۲۷﴾ اور جب

قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | رَبُّكَ | لِلْمَلٰٓئِكَةِ | اِنِّيْ | خَالِقٌ | بَشَرًا | مِّنْ | صَلْصَالٍ | مِّنْ | حَمَاٍ |
| کہا | رب تیرے نے | واسطے فرشتوں کے | بیشک میں | پیدا کرنے والا ہوں | آدمی کو | سے | بجنے والی مٹی | سے | کیچڑ |

تمہارے پروردگار نے فرشتوں سے فرمایا کہ میں کھنکھناتے سڑے ہوئے گارے سے ایک بشر بنانے

مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۸﴾ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّسْنُوْنٍ | فَاِذَا | سَوَّيْتُهٗ | وَنَفَخْتُ | فِيْهِ | مِنْ | رُّوْحِيْ | فَقَعُوْا | لَهٗ |
| سڑی ہوئی | پس جب | درست کرلوں میں اس کو | اور پھونک دوں میں | بیچ اس کے | سے | روح اپنی | پس گر پڑو | واسطے اسکے |

والا ہوں﴿۲۸﴾ جب اس کو (صورت انسانیہ میں) درست کرلوں اور اس میں اپنی (بے بہا چیز یعنی) روح پھونک دوں تو

سٰجِدِيْنَ ﴿۲۹﴾ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿۳۰﴾ اِلَّآ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سٰجِدِيْنَ | فَسَجَدَ | الْمَلٰٓئِكَةُ | كُلُّهُمْ | اَجْمَعُوْنَ | اِلَّآ |
| سجدہ کرنے والے | پس سجدہ کیا | فرشتوں | سب | ساروں نے | مگر |

اس کے آگے سجدے میں گر پڑنا﴿۲۹﴾ تو فرشتے تو سب کے سب سجدے میں گر پڑے﴿۳۰﴾ مگر

اِبْلِيْسَ ۭ اَبٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا لَكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِبْلِيْسَ | اَبٰٓى | اَنْ | يَّكُوْنَ | مَعَ | السّٰجِدِيْنَ | قَالَ | يٰٓاِبْلِيْسُ | مَا | لَكَ |
| ابلیس نے | نہ مانا | یہ کہ | ہو | ساتھ | سجدہ کرنے والوں کے | کہا | اے ابلیس | کیا ہے | واسطے تیرے |

شیطان اُس نے سجدہ کرنے والوں کے ساتھ ہونے سے انکار کیا﴿۳۱﴾ (اللہ نے) فرمایا کہ ابلیس! تجھے کیا

اَلَّا تَكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ لَمْ اَكُنْ لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهٗ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلَّا | تَكُوْنَ | مَعَ | السّٰجِدِيْنَ | قَالَ | لَمْ | اَكُنْ | لِّاَسْجُدَ | لِبَشَرٍ | خَلَقْتَهٗ |
| یہ کہ | ہو | ساتھ | سجدہ کرنے والوں کے | کہا | نہیں | ہوں میں | کہ سجدہ کروں | واسطے آدمی کے | پیدا کیا تونے اس کو |

ہوا کہ تو سجدہ کرنے والوں میں شامل نہ ہوا﴿۳۲﴾ (اُس نے) کہا میں ایسا نہیں ہوں کہ انسان کو جس کو تو نے

مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۳۳﴾ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | صَلْصَالٍ | مِّنْ | حَمَاٍ | مَّسْنُوْنٍ | قَالَ | فَاخْرُجْ | مِنْهَا | فَاِنَّكَ |
| سے | مٹی بجنے والی | سے | کیچڑ | سڑی ہوئی | کہا | پس نکل | اس سے | پس بیشک تو |

کھنکھناتے سڑے ہوئے گارے سے بنایا ہے سجدہ کروں﴿۳۳﴾ (اللہ نے) فرمایا یہاں سے نکل جا تو

رَجِيْمٌ ﴿۳۴﴾ وَّاِنَّ عَلَيْكَ اللَّعْنَةَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۳۵﴾ قَالَ رَبِّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَجِيْمٌ | وَّ | اِنَّ | عَلَيْكَ | اللَّعْنَةَ | اِلٰى | يَوْمِ | الدِّيْنِ | قَالَ | رَبِّ |
| رانده ہوا ہے | اور | بیشک | اوپر تیرے | لعنت کی | تلک | دن | قیامت | کہا | اے رب میرے |

مردود ہے﴿۳۴﴾ اور تجھ پر قیامت کے دن تک لعنت (برسے گی)﴿۳۵﴾ (اس نے) کہا کہ پروردگار مجھے اس

فَانْظِرْنِیْۤ اِلٰی یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ ﴿۳۶﴾ قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِیْنَ ﴿۳۷﴾ لا اِلٰی

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَانْظِرْنِیْۤ | اِلٰی | یَوْمِ | یُبْعَثُوْنَ | قَالَ | فَاِنَّكَ | مِنَ | الْمُنْظَرِیْنَ | اِلٰی |
| پس ڈھیل دے مجھ کو | تک | اس دن کہ | زندہ کیے جائیں گے | کہا | پس بیشک تو | سے | ڈھیل دیئے گیوں | تک |

دن تک مہلت دے جب لوگ (مرنے کے بعد) زندہ کیے جائیں گے ﴿۳۶﴾ فرمایا کہ تجھے مہلت دی جاتی ہے ﴿۳۷﴾ وقت

یَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿۳۸﴾ قَالَ رَبِّ بِمَاۤ اَغْوَیْتَنِیْ لَاُزَیِّنَنَّ لَهُمْ فِی

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یَوْمِ | الْوَقْتِ | الْمَعْلُوْمِ | قَالَ | رَبِّ | بِمَاۤ | اَغْوَیْتَنِیْ | لَاُزَیِّنَنَّ | لَهُمْ | فِی |
| دن | وقت | معلوم | کہا | اے پروردگار میرے | بسبب اسکے کہ | گمراہ کیا تونے مجھ کو | البتہ زینت دونگا میں | واسطے انکے | بیچ |

مقرر (یعنی قیامت) کے دن تک ﴿۳۸﴾ (اس نے) کہا کہ پروردگار جیسا تونے مجھے رستے سے الگ کیا ہے میں بھی

الْاَرْضِ وَ لَاُغْوِیَنَّهُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿۳۹﴾ لا اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضِ | وَ | لَاُغْوِیَنَّهُمْ | اَجْمَعِیْنَ | اِلَّا | عِبَادَكَ | مِنْهُمُ |
| زمین کے | اور | البتہ گمراہ کروں گا میں ان کو | سب کو | مگر | بندے تیرے | جو ان میں سے |

زمین میں لوگوں کے لیے (گناہوں کو) آراستہ کردکھاؤں گا اور سب کو بہکاؤں گا ﴿۳۹﴾ ہاں ان میں جو تیرے مخلص بندے ہیں

الْمُخْلَصِیْنَ ﴿۴۰﴾ قَالَ هٰذَا صِرَاطٌ عَلَیَّ مُسْتَقِیْمٌ ﴿۴۱﴾ اِنَّ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُخْلَصِیْنَ | قَالَ | هٰذَا | صِرَاطٌ | عَلَیَّ | مُسْتَقِیْمٌ | اِنَّ |
| خالص کیے گئے ہیں | کہا | یہ | راہ | اوپر میرے | سیدھی ہے | بیشک |

(ان پر قابو چلنا مشکل ہے) ﴿۴۰﴾ (اللہ نے) فرمایا کہ مجھ تک (پہنچنے کا) یہی سیدھا رستہ ہے ﴿۴۱﴾ جو

عِبَادِیْ لَیْسَ لَكَ عَلَیْهِمْ سُلْطٰنٌ اِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِبَادِیْ | لَیْسَ | لَكَ | عَلَیْهِمْ | سُلْطٰنٌ | اِلَّا | مَنِ | اتَّبَعَكَ | مِنَ |
| بندے میرے | نہیں | واسطے تیرے | اوپران کے | غلبہ | مگر | جس نے | پیروی کی تیری | سے |

میرے (مخلص) بندے ہیں اُن پر تجھے کچھ قدرت نہیں (کہ ان کو گناہ میں ڈال سکے) ہاں بدراہوں میں سے جو تیرے

الْغٰوِیْنَ ﴿۴۲﴾ وَ اِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿۴۳﴾ قف لا لَهَا سَبْعَةُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْغٰوِیْنَ | وَ | اِنَّ | جَهَنَّمَ | لَمَوْعِدُهُمْ | اَجْمَعِیْنَ | لَهَا | سَبْعَةُ |
| گمراہوں | اور | بیشک | دوزخ | جگہ انکے وعدے کی ہے | سب کی | واسطے اس کے | سات |

پیچھے چل پڑے ﴿۴۲﴾ اور اُن سب کے وعدے کی جگہ جہنم ہے ﴿۴۳﴾ اس کے سات

اَبْوَابٍ ؕ لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ﴿۴۴﴾ ع اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ ع ۳

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَبْوَابٍ | لِكُلِّ | بَابٍ | مِّنْهُمْ | جُزْءٌ | مَّقْسُوْمٌ | اِنَّ | الْمُتَّقِيْنَ | فِيْ |
| دروازے ہیں | واسطے ہر | دروازے کے | ان میں سے | ایک حصہ ہے | قسمت کیا ہوا | بیشک | پرہیزگار | بیچ |

دروازے ہیں ہر ایک دروازے کے لیے ان میں سے جماعتیں تقسیم کردی گئی ہیں ﴿۴۴﴾ جو متقی ہیں وہ باغوں اور چشموں

جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۴۵﴾ ؕ اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَنّٰتٍ | وَّعُيُوْنٍ | اُدْخُلُوْهَا | بِسَلٰمٍ | اٰمِنِيْنَ | وَ | نَزَعْنَا | مَا | فِيْ |
| بہشتوں کے | اور چشموں کے ہیں | داخل ہو جاؤ اس میں | ساتھ سلامتی کے | امن سے | اور | نکال ڈالا ہم نے | جو کچھ | بیچ |

میں ہوں گے ﴿۴۵﴾ (اُن سے کہا جائے گا کہ) ان میں سلامتی (اور خاطر جمع) سے داخل ہو جاؤ ﴿۴۶﴾ اور ان کے دلوں میں جو

صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۷﴾ لَا يَمَسُّهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صُدُوْرِهِمْ | مِّنْ | غِلٍّ | اِخْوَانًا | عَلٰى | سُرُرٍ | مُّتَقٰبِلِيْنَ | لَا | يَمَسُّهُمْ |
| ان کے سینوں کے تھا | سے | ناخوشی | بھائی ہو جائیں گے | اوپر | تختوں کے | آمنے سامنے | نہیں | لگے گی ان کو |

کدورت ہوگی ان کو ہم نکال (کر صاف کر) دیں گے (گویا) بھائی بھائی تختوں پر ایک دوسرے کے سامنے بیٹھے ہوئے ہیں ﴿۴۷﴾ نہ اُن

فِيْهَا نَصَبٌ وَّمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ﴿۴۸﴾ نَبِّئْ عِبَادِيْٓ اَنِّيْٓ اَنَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهَا | نَصَبٌ | وَّ | مَا | هُمْ | مِّنْهَا | بِمُخْرَجِيْنَ | نَبِّئْ | عِبَادِيْٓ | اَنِّيْٓ | اَنَا |
| بیچ اسکے | محنت | اور | نہ | وہ | اس سے | نکالے گئے ہوں گے | خبر کردے | میرے بندوں کو | بیشک میں | میں ہی ہوں |

کو وہاں کوئی تکلیف پہنچے گی اور نہ وہ وہاں سے نکالے جائیں گے ﴿۴۸﴾ (اے پیغمبر) میرے بندوں کو بتا دو کہ

الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۹﴾ لا وَاَنَّ عَذَابِيْ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِيْمُ ﴿۵۰﴾ وَنَبِّئْهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْغَفُوْرُ | الرَّحِيْمُ | وَ | اَنَّ | عَذَابِيْ | هُوَ | الْعَذَابُ | الْاَلِيْمُ | وَ | نَبِّئْهُمْ |
| بخشنے والا | مہربان | اور | یہ کہ | میرا عذاب | وہ ہے | عذاب | درد دینے والا | اور | خبر کردے ان کو |

میں بڑا بخشنے والا (اور) مہربان ہوں ﴿۴۹﴾ اور یہ کہ میرا عذاب بھی درد دینے والا عذاب ہے ﴿۵۰﴾ اور ان کو

عَنْ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ ﴿۵۱﴾ م اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ اِنَّا وقف لازم

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْ | ضَيْفِ | اِبْرٰهِيْمَ | اِذْ | دَخَلُوْا | عَلَيْهِ | فَقَالُوْا | سَلٰمًا | قَالَ | اِنَّا |
| سے | مہمان | ابراہیم کے | جب | داخل ہوئے وہ | اوپر اس کے | پس کہا انہوں نے | سلام | کہا | بیشک ہم |

ابراہیم کے مہمانوں کا احوال سنا دو ﴿۵۱﴾ جب وہ ابراہیم کے پاس آئے تو سلام کہا۔ (انہوں نے) کہا کہ ہمیں

مِنۡكُمۡ وَجِلُوۡنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوۡا لَا تَوۡجَلۡ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ عَلِيۡمٍ ﴿۵۳﴾ قَالَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنۡكُمۡ | وَجِلُوۡنَ | قَالُوۡا | لَا | تَوۡجَلۡ | اِنَّا | نُبَشِّرُكَ | بِغُلٰمٍ | عَلِيۡمٍ | قَالَ |
| تم سے | ڈرتے ہیں | کہا انہوں نے | مت | ڈر | بیشک ہم | خوشخبری دیتے ہیں ہم تجھ کو | ساتھ لڑکے | علم والے کی | کہا |

تو تم سے ڈر لگتا ہے ﴿۵۲﴾ مہمانوں نے کہا کہ ڈریے نہیں ہم آپ کو ایک دانشمند لڑکے کی خوشخبری دیتے ہیں ﴿۵۳﴾ (وہ)

اَبَشَّرۡتُمُوۡنِيۡ عَلٰۤى اَنۡ مَّسَّنِيَ الۡكِبَرُ فَبِمَ تُبَشِّرُوۡنَ ﴿۵۴﴾ قَالُوۡا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَبَشَّرۡتُمُوۡنِيۡ | عَلٰۤى | اَنۡ | مَّسَّنِيَ | الۡكِبَرُ | فَبِمَ | تُبَشِّرُوۡنَ | قَالُوۡا |
| کیا بشارت دی تم نے مجھ کو | اوپر | اس کے کہ | لگا ہے مجھ کو | بڑھاپا | پس ساتھ کس چیز کے | بشارت دیتے ہو تم | کہا انہوں نے |

بولے کہ جب مجھے بڑھاپے نے آ پکڑا تو تم خوشخبری دینے لگے۔ اب کا ہے کی خوشخبری دیتے ہو ﴿۵۴﴾ (اُنہوں نے) کہا

بَشَّرۡنٰكَ بِالۡحَقِّ فَلَا تَكُنۡ مِّنَ الۡقٰنِطِيۡنَ ﴿۵۵﴾ قَالَ وَمَنۡ يَّقۡنَطُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَشَّرۡنٰكَ | بِالۡحَقِّ | فَلَا | تَكُنۡ | مِّنَ | الۡقٰنِطِيۡنَ | قَالَ | وَ | مَنۡ | يَّقۡنَطُ |
| بشارت دیتے ہیں ہم تجھ کو | ساتھ حق کے | پس مت | ہو | سے | ناامیدوں | کہا | اور | کون | ناامید ہوتا ہے |

کہ ہم آپ کو سچی خوشخبری دیتے ہیں آپ مایوس نہ ہوجیے ﴿۵۵﴾ (ابراہیم نے) کہا کہ اللہ کی رحمت سے

مِنۡ رَّحۡمَةِ رَبِّهٖۤ اِلَّا الضَّآلُّوۡنَ ﴿۵۶﴾ قَالَ فَمَا خَطۡبُكُمۡ اَيُّهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنۡ | رَّحۡمَةِ | رَبِّهٖۤ | اِلَّا | الضَّآلُّوۡنَ | قَالَ | فَمَا | خَطۡبُكُمۡ | اَيُّهَا |
| سے | رحمت | پروردگار اپنے کی | مگر | گمراہ | کہا | پس کیا ہے | مہم تمہاری | اے |

(میں مایوس کیوں ہونے لگا اس سے) مایوس ہونا گمراہوں کا کام ہے ﴿۵۶﴾ پھر کہنے لگے کہ فرشتو! تمہیں (اور) کیا

الۡمُرۡسَلُوۡنَ ﴿۵۷﴾ قَالُوۡۤا اِنَّاۤ اُرۡسِلۡنَاۤ اِلٰى قَوۡمٍ مُّجۡرِمِيۡنَ ﴿۵۸﴾ ۙ اِلَّاۤ اٰلَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡمُرۡسَلُوۡنَ | قَالُوۡۤا | اِنَّاۤ | اُرۡسِلۡنَاۤ | اِلٰى | قَوۡمٍ | مُّجۡرِمِيۡنَ | اِلَّاۤ | اٰلَ |
| بھیجے ہوؤ | کہا انہوں نے | بیشک ہم | بھیجے ہوئے ہیں ہم | طرف ایک | قوم | گنہگار کی | مگر | کنبہ |

کام ہے ﴿۵۷﴾ (انہوں نے) کہا کہ ہم ایک گنہگار قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں (کہ اس کو عذاب کریں) ﴿۵۸﴾ مگر لوط

لُوۡطٍ ؕ اِنَّا لَمُنَجُّوۡهُمۡ اَجۡمَعِيۡنَ ﴿۵۹﴾ ۙ اِلَّا امۡرَاَتَهٗ قَدَّرۡنَاۤ ۙ اِنَّهَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لُوۡطٍ | اِنَّا | لَمُنَجُّوۡهُمۡ | اَجۡمَعِيۡنَ | اِلَّا | امۡرَاَتَهٗ | قَدَّرۡنَاۤ | اِنَّهَا |
| لوط کا | بیشک ہم | البتہ نجات دینے والے ہیں ہم انکو | سب کو | مگر | عورت اس کی | مقرر کر رکھا ہے ہم نے | یہ کہ وہ |

کے گھر والے کہ ان سب کو ہم بچالیں گے ﴿۵۹﴾ البتہ ان کی عورت (کہ) اس کے لیے ہم نے ٹھیرا دیا ہے کہ

لِمَنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۶۰﴾ فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ لُوْطِ نِ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۶۱﴾ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ ع ۱۲

| لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ | فَلَمَّا | جَآءَ | اٰلَ | لُوْطِ | الْمُرْسَلُوْنَ | قَالَ | اِنَّكُمْ | قَوْمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| البتہ پیچھے رہ جانیوالوں میں سے ہے | پس جب | آئے پاس | کنبے | لوط کے | بھیجے ہوئے | کہا | بیشک تم | قوم ہو |

وہ پیچھے رہ جائے گی ﴿۶۰﴾ پھر جب فرشتے لوط کے گھر گئے ﴿۶۱﴾ (تو لوط نے) کہا تم

مُّنْكَرُوْنَ ﴿۶۲﴾ قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ بِمَا كَانُوْا فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ﴿۶۳﴾ وَاَتَيْنٰكَ

| مُّنْكَرُوْنَ | قَالُوْا | بَلْ | جِئْنٰكَ | بِمَا | كَانُوْا | فِيْهِ | يَمْتَرُوْنَ | وَ | اَتَيْنٰكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نا آشنا | کہا انہوں نے | بلکہ | آئے ہیں ہم تیرے پاس | ساتھ اس چیز کے کہ | تھے | بیچ اس کے | شک کرتے | اور | آئے ہیں ہم تیرے پاس |

تو نا آشنا سے لوگ ہو ﴿۶۲﴾ وہ بولے کہ (نہیں) بلکہ ہم آپ کے پاس وہ چیز لے کر آئے ہیں جس میں لوگ شک کرتے تھے ﴿۶۳﴾ اور ہم

بِالْحَقِّ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۶۴﴾ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَاتَّبِعْ

| بِالْحَقِّ | وَ | اِنَّا | لَصٰدِقُوْنَ | فَاَسْرِ | بِاَهْلِكَ | بِقِطْعٍ | مِّنَ | الَّيْلِ | وَ | اتَّبِعْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ حق کے | اور | بیشک ہم | البتہ سچے ہیں | پس لے چل | اہل اپنے کو | ایک ٹکڑے کے | سے | رات | اور | پیروی کر |

آپ کے پاس یقینی بات لے کر آئے ہیں اور ہم سچ کہتے ہیں ﴿۶۴﴾ تو آپ کچھ رات رہے سے اپنے گھر والوں کو لے نکلیں

اَدْبَارَهُمْ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ وَّامْضُوْا حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ ﴿۶۵﴾

| اَدْبَارَهُمْ | وَ | لَا | يَلْتَفِتْ | مِنْكُمْ | اَحَدٌ | وَّ | امْضُوْا | حَيْثُ | تُؤْمَرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کی پچھاڑی کی | اور | نہ | پھر کر دیکھے | تم میں سے | کوئی ایک | اور | چلے جاؤ | جہاں | حکم کیے جاتے ہو |

اور خود اُن کے پیچھے چلیں اور آپ میں سے کوئی شخص پیچھے مڑ کر نہ دیکھے اور جہاں آپ کو حکم ہو وہاں چلے جائیے ﴿۶۵﴾

وَقَضَيْنَآ اِلَيْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَآءِ مَقْطُوْعٌ

| وَقَضَيْنَآ | اِلَيْهِ | ذٰلِكَ | الْاَمْرَ | اَنَّ | دَابِرَ | هٰٓؤُلَآءِ | مَقْطُوْعٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور مقرر کر دیا ہم نے | طرف اس کی | اس | بات کو | کہ بیشک | جڑ | ان کی | کاٹی جائے گی |

اور ہم نے لوط کی طرف وحی بھیجی کہ ان لوگوں کی جڑ صبح ہوتے ہوتے کاٹ

مُّصْبِحِيْنَ ﴿۶۶﴾ وَجَآءَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۶۷﴾ قَالَ اِنَّ

| مُّصْبِحِيْنَ | وَجَآءَ | اَهْلُ | الْمَدِيْنَةِ | يَسْتَبْشِرُوْنَ | قَالَ | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| صبح ہوتے | اور آئے | رہنے والے | شہر کے | خوشیاں کرتے | کہا | بیشک |

دی جائے گی ﴿۶۶﴾ اور اہل شہر (لوط کے پاس) خوش خوش (دوڑے) آئے ﴿۶۷﴾ (لوط نے) کہا

هٰٓؤُلَآءِ ضَيْفِىْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ ۙ﴿۶۸﴾ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ ﴿۶۹﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هٰٓؤُلَآءِ | ضَيْفِىْ | فَلَا | تَفْضَحُوْنِ | وَ | اتَّقُوا | اللّٰهَ | وَلَا | تُخْزُوْنِ |
| یہ لوگ | مہمان ہیں میرے | پس مت | فضیحت کرو مجھ کو | اور | ڈرو | اللہ سے | اور مت | رسوا کرو مجھ کو |

کہ یہ میرے مہمان ہیں (کہیں ان کے بارے میں) مجھے رسوا نہ کرنا ﴿۶۸﴾ اور اللہ سے ڈرو اور میری بے آبروئی نہ کیجیو ﴿۶۹﴾

قَالُوْٓا اَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۰﴾ قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِىْٓ اِنْ كُنْتُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوْٓا | اَوَلَمْ | نَنْهَكَ | عَنِ | الْعٰلَمِيْنَ | قَالَ | هٰٓؤُلَآءِ | بَنٰتِىْٓ | اِنْ | كُنْتُمْ |
| کہا انہوں نے | کیا نہیں | منع کیا ہم نے تجھ کو | سے | سارے جہان | کہا | یہ ہیں | بیٹیاں میری | اگر | ہو تم |

وہ بولے کیا ہم نے تم کو سارے جہان (کی حمایت وطرفداری) سے منع نہیں کیا ﴿۷۰﴾ (انہوں نے) کہا کہ اگر تمہیں کرنا ہی ہے تو یہ میری

فٰعِلِيْنَ ﴿۷۱﴾ لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِىْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۷۲﴾ فَاَخَذَتْهُمُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فٰعِلِيْنَ | لَعَمْرُكَ | اِنَّهُمْ | لَفِىْ | سَكْرَتِهِمْ | يَعْمَهُوْنَ | فَاَخَذَتْهُمُ |
| کرنے والے | قسم ہے زندگی تیری کی | بیشک وہ | البتہ بیچ | مستی اپنی کے | سرگردان تھے | پس پکڑا ان کو |

(قوم کی) لڑکیاں ہیں (ان سے شادی کرلو) ﴿۷۱﴾ (اے محمد ﷺ) تمہاری جان کی قسم وہ اپنی مستی میں مدہوش (ہو رہے) تھے ﴿۷۲﴾ سو ان کو

الصَّيْحَةُ مُشْرِقِيْنَ ۙ﴿۷۳﴾ فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الصَّيْحَةُ | مُشْرِقِيْنَ | فَجَعَلْنَا | عَالِيَهَا | سَافِلَهَا | وَ | اَمْطَرْنَا |
| آواز تند نے | سورج نکلتے وقت | پس کر دیا ہم نے | اوپر اس کا | نیچے اس کے | اور | برسایا ہم نے |

سورج نکلتے نکلتے چنگھاڑ نے آ پکڑا ﴿۷۳﴾ اور ہم نے اس (شہر) کو (الٹ کر) نیچے اُوپر کر دیا اور ان

عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ﴿۷۴﴾ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِمْ | حِجَارَةً | مِّنْ | سِجِّيْلٍ | اِنَّ | فِىْ | ذٰلِكَ | لَاٰيٰتٍ |
| اوپر ان کے | پتھروں کو | سے | کھنگر کے | بیشک | بیچ | اس کے | البتہ نشانیاں ہیں |

پر کھنگر کی پتھریاں برسائیں ﴿۷۴﴾ بیشک اس (قصے) میں اہلِ فراست

لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ ﴿۷۵﴾ وَاِنَّهَا لَبِسَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ ﴿۷۶﴾ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ | وَ | اِنَّهَا | لَبِسَبِيْلٍ | مُّقِيْمٍ | اِنَّ | فِىْ | ذٰلِكَ | لَاٰيَةً |
| چہرہ پہچاننے والوں کے | اور | بیشک وہ بستی | البتہ بیچ راہ | سیدھی کے ہے | بیشک | بیچ | اس کے | البتہ نشانی ہے |

کے لیے نشانیاں ہیں ﴿۷۵﴾ اور وہ (شہر) اب تک سیدھے رستے پر (موجود) ہے ﴿۷۶﴾ بیشک اس میں ایمان لانے

لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۷﴾ ط وَاِنْ كَانَ اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ لَظٰلِمِيْنَ ﴿۷۸﴾ لا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لِّلْمُؤْمِنِيْنَ | وَاِنْ | كَانَ | اَصْحٰبُ | الْاَيْكَةِ | لَظٰلِمِيْنَ |
| واسطے ایمان والوں کے | اور بیشک | تھے | رہنے والے | بن کے | البتہ ظالم |

والوں کے لیے نشانی ہے﴿۷۷﴾ اور بن کے رہنے والے (یعنی قوم شعیب کے لوگ) بھی گنہگار تھے﴿۷۸﴾

ع ۵ / ۵ وقف لازم

فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ ۘ وَ اِنَّهُمَا لَبِاِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿۷۹﴾ ط وَ لَقَدْ كَذَّبَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَانْتَقَمْنَا | مِنْهُمْ | وَ | اِنَّهُمَا | لَبِاِمَامٍ | مُّبِيْنٍ | وَ | لَقَدْ | كَذَّبَ |
| پس بدلہ لیا ہم نے | ان سے | اور | بیشک وہ دونوں | البتہ بیچ راستے | ظاہر کے ہیں | اور | البتہ تحقیق | جھٹلایا |

تو ہم نے اُن سے بھی بدلہ لیا۔ اور یہ دونوں شہر کھلے رستے پر (موجود) ہیں﴿۷۹﴾ اور (وادیٔ) حجر کے

اَصْحٰبُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۸۰﴾ لا وَاٰتَيْنٰهُمْ اٰيٰتِنَا فَكَانُوْا عَنْهَا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَصْحٰبُ | الْحِجْرِ | الْمُرْسَلِيْنَ | وَاٰتَيْنٰهُمْ | اٰيٰتِنَا | فَكَانُوْا | عَنْهَا |
| رہنے والوں | حجر کے نے | پیغمبروں کو | اور دیں ہم نے ان کو | نشانیاں اپنی | پس ہوئے | ان سے |

رہنے والوں نے بھی پیغمبروں کی تکذیب کی﴿۸۰﴾ ہم نے ان کو اپنی نشانیاں دیں اور وہ ان سے

مُعْرِضِيْنَ ﴿۸۱﴾ لا وَكَانُوْا يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا اٰمِنِيْنَ ﴿۸۲﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُعْرِضِيْنَ | وَ | كَانُوْا | يَنْحِتُوْنَ | مِنَ | الْجِبَالِ | بُيُوْتًا | اٰمِنِيْنَ |
| منہ پھیرنے والے | اور | تھے وہ | تراشتے | سے | پہاڑوں | گھر | امن چاہنے والے |

منہ پھیرتے رہے﴿۸۱﴾ اور وہ پہاڑوں کو تراش تراش کر گھر بناتے تھے (کہ) امن (واطمینان) سے رہیں گے﴿۸۲﴾

فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُصْبِحِيْنَ ﴿۸۳﴾ لا فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَخَذَتْهُمُ | الصَّيْحَةُ | مُصْبِحِيْنَ | فَمَآ | اَغْنٰى | عَنْهُمْ | مَّا | كَانُوْا |
| پس پکڑا ان کو | آواز تند نے | صبح ہوتے ہوئے | پس نہ | کفایت کیا | ان سے | اس چیز نے کہ | تھے |

تو چیخ نے ان کو صبح ہوتے ہوتے آ پکڑا﴿۸۳﴾ اور جو کام وہ کرتے تھے وہ اُن کے کچھ بھی

يَكْسِبُوْنَ ﴿۸۴﴾ ط وَ مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ مَا بَيْنَهُمَآ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَكْسِبُوْنَ | وَ | مَا | خَلَقْنَا | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضَ | وَ | مَا | بَيْنَهُمَآ |
| کماتے | اور | نہیں | پیدا کیا ہم نے | آسمانوں کو | اور | زمین کو | اور | اس چیز کو جو | درمیان انکے ہے |

کام نہ آئے﴿۸۴﴾ اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو (مخلوقات) اُن میں ہے اُس کو تدبیر کے ساتھ

اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَ اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ ﴿۸۵﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | بِالْحَقِّ | وَ | اِنَّ | السَّاعَةَ | لَاٰتِيَةٌ | فَاصْفَحِ | الصَّفْحَ | الْجَمِيْلَ |
| مگر | ساتھ حق کے | اور | بیشک | قیامت | البتہ آنے والی ہے | پس درگزر کر | درگزر کرنا | نیک |

پیدا کیا ہے۔ اور قیامت تو ضرور آ کر رہے گی تو تم (ان لوگوں سے) اچھی طرح سے درگزر کرو ﴿۸۵﴾

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿۸۶﴾ وَ لَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | رَبَّكَ | هُوَ | الْخَلّٰقُ | الْعَلِيْمُ | وَ | لَقَدْ | اٰتَيْنٰكَ | سَبْعًا | مِّنَ |
| بیشک | رب تیرا | وہی ہے | پیدا کرنے والا | جاننے والا | اور | البتہ تحقیق | دیں ہم نے تجھ کو | سات چیزیں کہ | جو کہ |

کچھ شک نہیں کہ تمہارا پروردگار ہی (سب کچھ) پیدا کرنے والا (اور) جاننے والا ہے ﴿۸۶﴾ اور ہم نے تم کو سات (آیتیں) جو (نماز میں)

الْمَثَانِيْ وَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ﴿۸۷﴾ لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَثَانِيْ | وَ | الْقُرْاٰنَ | الْعَظِيْمَ | لَا | تَمُدَّنَّ | عَيْنَيْكَ | اِلٰى | مَا |
| دوہرائی جاتی ہیں | اور | قرآن | بڑا | مت | لمبی کر | دونوں آنکھیں | طرف | اس چیز کی کہ |

دہرا کر پڑھی جاتی ہیں (یعنی سورۂ الحمد) اور عظمت والا قرآن عطا فرمایا ہے ﴿۸۷﴾ اور ہم نے کفار کی کئی جماعتوں کو جو (فوائد دنیاوی سے)

مَتَّعْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَ لَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَ اخْفِضْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَتَّعْنَا بِهٖۤ | اَزْوَاجًا | مِّنْهُمْ | وَ | لَا | تَحْزَنْ | عَلَيْهِمْ | وَاخْفِضْ |
| فائدہ دیا ہے ہم نے ساتھ اسکے | کتنی قسموں کو | ان میں سے | اور | مت | غم کھا | اوپر ان کے | اور نیچے کر |

متمتع کیا ہے تم اُن کی طرف (رغبت سے) آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھنا اور نہ ان کے حال پر تأسف کرنا اور مومنوں

جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۸﴾ وَ قُلْ اِنِّيْۤ اَنَا النَّذِيْرُ الْمُبِيْنُ ﴿۸۹﴾ ج

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جَنَاحَكَ | لِلْمُؤْمِنِيْنَ | وَقُلْ | اِنِّيْۤ | اَنَا | النَّذِيْرُ | الْمُبِيْنُ |
| بازو اپنے | واسطے مومنوں کے | اور کہہ | بیشک میں | میں | ڈرانے والا ہوں | ظاہر |

سے خاطر اور تواضع سے پیش آنا ﴿۸۸﴾ اور کہہ دو کہ میں تو علانیہ ڈر سنانے والا ہوں ﴿۸۹﴾

كَمَاۤ اَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ ﴿۹۰﴾ لا الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| كَمَاۤ | اَنْزَلْنَا | عَلَى | الْمُقْتَسِمِيْنَ | الَّذِيْنَ | جَعَلُوا | الْقُرْاٰنَ |
| جس طرح | اتارا ہم نے | اوپر | بانٹنے والوں کے | جنہوں نے | کیا | قرآن کو |

(اور ہم ان کفار پر اسی طرح عذاب نازل کریں گے) جس طرح ان لوگوں پر نازل کیا جنہوں نے تقسیم کر دیا ﴿۹۰﴾ جنہوں نے قرآن کو

عِضِيْنَ ﴿۹۱﴾ فَوَرَبِّكَ لَنَسْئَلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۲﴾ عَمَّا كَانُوْا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عِضِيْنَ | فَوَرَبِّكَ | لَنَسْئَلَنَّهُمْ | اَجْمَعِيْنَ | عَمَّا | كَانُوْا |
| ٹکڑے ٹکڑے | پس قسم ہے رب تیرے کی | البتہ سوال کریں گے ہم ان سے | سب سے | اس چیز سے کہ | تھے وہ |

(کچھ ماننے اور کچھ نہ ماننے سے) ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا ﴿۹۱﴾ تمہارے پروردگار کی قسم ہم اُن سے ضرور پرسش کریں گے ﴿۹۲﴾ ان کاموں

الربع يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۴﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْمَلُوْنَ | فَاصْدَعْ | بِمَا | تُؤْمَرُ | وَ | اَعْرِضْ | عَنِ | الْمُشْرِكِيْنَ |
| عمل کرتے | پس آشکارا کر | اس چیز کو کہ | حکم کیا جاتا ہے تو | اور | منہ پھیر لے | سے | مشرکوں |

کی جو وہ کرتے رہے ﴿۹۳﴾ پس جو حکم تم کو (اللہ کی طرف سے) ملا ہے وہ (لوگوں کو) سنا دو اور مشرکوں کا (ذرا) خیال نہ کرو ﴿۹۴﴾

اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ﴿۹۵﴾ الَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّا | كَفَيْنٰكَ | الْمُسْتَهْزِءِيْنَ | الَّذِيْنَ | يَجْعَلُوْنَ | مَعَ | اللّٰهِ | اِلٰهًا |
| بیشک | کفایت کیا ہے ہم نے تجھ کو | ٹھٹھا کرنے والوں سے | وہ جو | مقرر کرتے ہیں | ساتھ | اللہ کے | معبود |

ہم تمہیں ان لوگوں (کے شر) سے بچانے کے لیے جو تم سے استہزا کرتے ہیں کافی ہیں ﴿۹۵﴾ جو اللہ کے ساتھ اور معبود قرار دیتے ہیں

اٰخَرَ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰخَرَ | فَسَوْفَ | يَعْلَمُوْنَ | وَ | لَقَدْ | نَعْلَمُ | اَنَّكَ | يَضِيْقُ |
| دوسرے | پس البتہ | جانیں گے | اور | البتہ تحقیق | ہم جانتے ہیں | یہ کہ تو | تنگ ہوجاتا ہے |

سو عنقریب ان کو (ان باتوں کا انجام) معلوم ہو جائے گا ﴿۹۶﴾ اور ہم جانتے ہیں کہ ان کی باتوں سے تمہارا

صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ﴿۹۷﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صَدْرُكَ | بِمَا | يَقُوْلُوْنَ | فَسَبِّحْ | بِحَمْدِ | رَبِّكَ | وَ | كُنْ | مِّنَ |
| سینہ تیرا | ساتھ اس چیز کے کہ | کہتے ہیں | پس پاکی بیان کر | ساتھ تعریف | رب تیرے کی | اور | ہوجا | سے |

دل تنگ ہوتا ہے ﴿۹۷﴾ تو تم اپنے پروردگار کی تسبیح کہتے اور (اس کی) خوبیاں بیان کرتے رہو اور سجدہ

ع ۶ / ۲۰ السّٰجِدِيْنَ ﴿۹۸﴾ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴿۹۹﴾ ع

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| السّٰجِدِيْنَ | وَاعْبُدْ | رَبَّكَ | حَتّٰى | يَاْتِيَكَ | الْيَقِيْنُ |
| سجدہ کرنے والوں | اور عبادت کر | رب اپنے کی | یہاں تک کہ | آئے تجھ کو | موت |

کرنے والوں میں داخل رہو ﴿۹۸﴾ اور اپنے پروردگار کی عبادت کیے جاؤ یہاں تک تمہاری موت (کا وقت) آ جائے ﴿۹۹﴾

## اٰیاتھا ۱۲۸ ۱۶ سُوْرَةُ النَّحْلِ مَكِّيَّةٌ ۷۰ رکوعاتھا ۱۶

### بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَتٰۤى اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ①

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَتٰۤى | اَمْرُ | اللّٰهِ | فَلَا | تَسْتَعْجِلُوْهُ | سُبْحٰنَهٗ | وَ | تَعٰلٰى | عَمَّا | يُشْرِكُوْنَ |
| آیا | حکم | اللہ کا | پس مت | جلدی کرو اس کو | پاک ہے وہ | اور | بلند ہے | اس چیز سے کہ | شریک کرتے ہیں |

اللہ کا حکم (یعنی عذاب گویا) آہی پہنچا تو (کافرو) اس کے لیے جلدی مت کرو۔ یہ لوگ جو (اللہ کا) شریک بناتے ہیں وہ اس سے پاک اور بالاتر ہے ①

يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖۤ اَنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُنَزِّلُ | الْمَلٰٓئِكَةَ | بِالرُّوْحِ | مِنْ | اَمْرِهٖ | عَلٰى | مَنْ | يَّشَآءُ | مِنْ | عِبَادِهٖۤ | اَنْ |
| اتارتا ہے | فرشتوں کو | ساتھ روح کے | سے | حکم اپنے | اوپر | جس کے | چاہتا ہے | سے | بندوں اپنے | یہ کہ |

وہی فرشتوں کو پیغام دے کر اپنے حکم سے اپنے بندوں میں سے جس کے پاس چاہتا ہے

اَنْذِرُوْۤا اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاتَّقُوْنِ ② خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْذِرُوْۤا | اَنَّهٗ | لَاۤ | اِلٰهَ | اِلَّاۤ | اَنَا | فَاتَّقُوْنِ | خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضَ |
| ڈراؤ | ساتھ اس بات کے کہ | نہیں | کوئی معبود | مگر | میں | پس ڈرو مجھ سے | پیدا کیا ہے | آسمانوں کو | اور | زمین کو |

بھیجتا ہے کہ (لوگوں کو) بتادو کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں تو مجھی سے ڈرو ② اُسی نے آسمانوں اور زمین کو مبنی برحکمت پیدا

بِالْحَقِّ ؕ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ③ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْحَقِّ | تَعٰلٰى | عَمَّا | يُشْرِكُوْنَ | خَلَقَ | الْاِنْسَانَ | مِنْ | نُّطْفَةٍ | فَاِذَا |
| ساتھ حق کے | بلند ہے | اس چیز سے کہ | شریک لاتے ہیں | پیدا کیا | انسان کو | سے | نطفے | پس ناگہاں |

کیا۔ اس کی ذات ان (کافروں) کے شرک سے اونچی ہے ③ اسی نے انسان کو نطفے سے بنایا مگر وہ اس (خالق)

هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ④ وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا ۚ لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هُوَ | خَصِيْمٌ | مُّبِيْنٌ | وَ | الْاَنْعَامَ | خَلَقَهَا | لَكُمْ | فِيْهَا | دِفْءٌ |
| وہ | جھگڑنے والا ہے | ظاہر | اور | چارپایوں کو | پیدا کیا اس کو | واسطے تمہارے | بیچ اس کے | اسباب گرمی کا |

کے بارے میں علانیہ جھگڑنے لگا ④ اور چارپایوں کو بھی اسی نے پیدا کیا۔ ان میں تمہارے لیے جڑاول اور بہت

وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝۵ وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | مَنَافِعُ | وَ | مِنْهَا | تَاْكُلُوْنَ | وَ | لَكُمْ | فِيْهَا | جَمَالٌ | حِيْنَ | تُرِيْحُوْنَ |
| اور | فائدے ہیں | اور | اس میں سے | کھاتے ہیں | اور | واسطے تمہارے | بیچ اس کے | جمال ہے | جس وقت کہ | شام کو چرا لاتے ہو |

سے فائدے ہیں اور ان میں سے بعض کو تم کھاتے بھی ہو ۝۵ اور جب شام کو انہیں (جنگل سے) لاتے ہو۔ اور جب صبح کو

وَحِيْنَ تَسْرَحُوْنَ ۝۶ وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | حِيْنَ | تَسْرَحُوْنَ | وَ | تَحْمِلُ | اَثْقَالَكُمْ | اِلٰى | بَلَدٍ | لَّمْ | تَكُوْنُوْا |
| اور | جس وقت | چرانے کو نکالتے ہو | اور | اٹھا لے جاتے ہیں | بوجھ تمہارے | طرف | کسی شہر کی کہ | نہ | تھے تم |

(جنگل) چرانے لے جاتے ہو تو ان سے تمہاری عزت و شان ہے ۝۶ اور (دور دراز) شہروں میں جہاں تم زحمت شاقہ کے بغیر پہنچ نہیں

بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ ۭ اِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝۷ وَّالْخَيْلَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بٰلِغِيْهِ | اِلَّا | بِشِقِّ | الْاَنْفُسِ | اِنَّ | رَبَّكُمْ | لَرَءُوْفٌ | رَّحِيْمٌ | وَّ | الْخَيْلَ |
| پہنچنے والے | مگر | ساتھ آدھی | جان کے | بیشک | رب تمہارا | البتہ شفقت کرنے والا | مہربان ہے | اور | پیدا کیے گھوڑے |

سکتے وہ تمہارے بوجھ اٹھا کر لے جاتے ہیں۔ کچھ شک نہیں کہ تمہارا پروردگار نہایت شفقت والا (اور) مہربان ہے ۝۷ اور اسی نے گھوڑے

وَّالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَزِيْنَةً ۭ وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝۸

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْبِغَالَ | وَ | الْحَمِيْرَ | لِتَرْكَبُوْهَا | وَ | زِيْنَةً | وَ | يَخْلُقُ | مَا | لَا | تَعْلَمُوْنَ |
| اور | خچریں | اور | گدھے | تاکہ چڑھو ان پر | اور | زینت کے لیے | اور | پیدا کرتا ہے | جو کچھ کہ | نہیں | جانتے تم |

اور خچر اور گدھے پیدا کیے تاکہ تم ان پر سوار ہو اور (وہ تمہارے لیے) رونق و زینت (بھی ہیں)۔ اور وہ (اور چیزیں بھی) پیدا کرتا ہے جن کی تم کو خبر نہیں ۝۸

وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَاۗىِٕرٌ ۭ وَلَوْ شَاۗءَ لَهَدٰىكُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | عَلَى | اللّٰهِ | قَصْدُ | السَّبِيْلِ | وَ | مِنْهَا | جَاۗىِٕرٌ | وَ | لَوْ | شَاۗءَ | لَهَدٰىكُمْ |
| اور | اوپر | اللہ کے | پہنچتی ہے | سیدھی راہ | اور | بعض ان میں سے | کج ہیں | اور | اگر | چاہتا اللہ | البتہ ہدایت کرتا تمکو |

اور سیدھا رستہ تو اللہ تک جا پہنچتا ہے اور بعض رستے ٹیڑھے ہیں (وہ اس تک نہیں پہنچتے)۔ اور اگر وہ چاہتا تو تم سب کو سیدھے رستے پر

اَجْمَعِيْنَ ۝۹ ع هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ ع ١ / ٧

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَجْمَعِيْنَ | هُوَ | الَّذِيْٓ | اَنْزَلَ | مِنَ | السَّمَاۗءِ | مَاۗءً | لَّكُمْ | مِّنْهُ | شَرَابٌ |
| سب کو | وہی ہے | جس نے | اتارا | سے | آسمان | پانی | واسطے تمہارے | اس میں سے | پینا ہے |

چلا دیتا ۝۹ وہی تو ہے جس نے آسمان سے پانی برسایا جسے تم پیتے ہو

وَّمِنْهُ شَجَرٌ فِيْهِ تُسِيْمُوْنَ ﴿١٠﴾ يُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّيْتُوْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | مِنْهُ | شَجَرٌ | فِيْهِ | تُسِيْمُوْنَ | يُنْۢبِتُ | لَكُمْ | بِهِ | الزَّرْعَ | وَ | الزَّيْتُوْنَ |
| اور | اس میں سے | درخت ہیں | بیچ اسکے کہ | چراتے ہوتم | اُگاتا ہے | واسطے تمہارے | ساتھ اسکے | کھیتی | اور | زیتون |

اور اس سے درخت بھی (شاداب ہوتے) ہیں جن میں تم اپنے چارپایوں کو چراتے ہو﴿١٠﴾ اسی پانی سے وہ تمہارے لیے کھیتی اور زیتون اور کھجور اور انگور

وَالنَّخِيْلَ وَالْاَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | النَّخِيْلَ | وَ | الْاَعْنَابَ | وَ | مِنْ | كُلِّ | الثَّمَرٰتِ | اِنَّ | فِيْ | ذٰلِكَ | لَاٰيَةً | لِّقَوْمٍ |
| اور | کھجور | اور | انگور | اور | سے | ہرایک | میووں | بیشک | بیچ | اس کے | البتہ نشانی ہے | واسطے اس قوم کے کہ |

(اور اور بیشمار درخت) اُگاتا ہے اور ہر طرح کے پھل (پیدا کرتا ہے) غور کرنے والوں کے لیے اس میں (قدرتِ اللہ کی بڑی)

يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿١١﴾ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۙ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّتَفَكَّرُوْنَ | وَسَخَّرَ | لَكُمُ | الَّيْلَ | وَ | النَّهَارَ | وَ | الشَّمْسَ | وَ | الْقَمَرَ |
| فکر کرتے ہیں | اور مسخر کیا | واسطے ہمارے | رات | اور | دن | اور | سورج | اور | چاند |

نشانی ہے﴿١١﴾ اور اسی نے تمہارے لیے رات اور دن اور سورج اور چاند کو کام میں لگایا۔

وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالنُّجُوْمُ | مُسَخَّرٰتٌۢ | بِاَمْرِهٖ | اِنَّ | فِيْ | ذٰلِكَ | لَاٰيٰتٍ | لِّقَوْمٍ |
| اور تارے | مسخر ہیں | ساتھ اس کے حکم کے | بیشک | بیچ | اس کے | البتہ نشانیاں ہیں | واسطے اس قوم کے کہ |

اور اسی کے حکم سے ستارے بھی کام میں لگے ہوئے ہیں۔ سمجھنے والوں کے لیے اس میں (قدرتِ اللہ کی بہت سی)

يَّعْقِلُوْنَ ﴿١٢﴾ ۙ وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ؕ اِنَّ فِيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّعْقِلُوْنَ | وَ | مَا | ذَرَاَ | لَكُمْ | فِي | الْاَرْضِ | مُخْتَلِفًا | اَلْوَانُهٗ | اِنَّ | فِيْ |
| سمجھتے ہیں | اور | جو کچھ | پھیلادیا ہے | واسطے تمہارے | بیچ | زمین کے | مختلف ہیں | رنگ اس کے | بیشک | بیچ |

نشانیاں ہیں﴿١٢﴾ اور جو طرح طرح کے رنگوں کی چیزیں اُس نے زمین میں پیدا کیں (سب تمہارے زیرِ فرمان کردیں)

ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿١٣﴾ وَهُوَ الَّذِيْ سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذٰلِكَ | لَاٰيَةً | لِّقَوْمٍ | يَّذَّكَّرُوْنَ | وَ | هُوَ | الَّذِيْ | سَخَّرَ | الْبَحْرَ | لِتَاْكُلُوْا |
| اس کے | البتہ نشانی ہے | واسطے اس قوم کے کہ | نصیحت پکڑتے ہیں | اور | وہ ہے | جس نے | مسخر کیا | دریا کو | تاکہ کھاؤ |

نصیحت پکڑنے والوں کے لیے اس میں نشانی ہے﴿١٣﴾ اور وہی تو ہے جس نے دریا کو تمہارے اختیار میں کیا تاکہ

مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى

| مِنْهُ | لَحْمًا | طَرِيًّا | وَّ | تَسْتَخْرِجُوْا | مِنْهُ | حِلْيَةً | تَلْبَسُوْنَهَا | وَ | تَرَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس میں سے | گوشت | تازہ | اور | نکالو | اس میں سے | گہنا | کہ پہنتے ہو اس کو | اور | دیکھتا ہے تو |

اس میں سے تازہ گوشت کھاؤ اور اس سے زیور (موتی وغیرہ) نکالو جسے تم پہنتے ہو۔ اور تم دیکھتے ہو کہ کشتیاں دریا میں پانی کو پھاڑتی

الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۴﴾

| الْفُلْكَ | مَوَاخِرَ | فِيْهِ | وَ | لِتَبْتَغُوْا | مِنْ | فَضْلِهٖ | وَ | لَعَلَّكُمْ | تَشْكُرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کشتیوں کو | پھاڑنے والی | بیچ اس کے | اور | تاکہ ڈھونڈو | سے | فضل اس کے | اور | تاکہ تم | شکر کرو |

چلی جاتی ہیں اور اس لیے بھی (دریا کو تمہارے اختیار میں کیا) کہ تم اللہ کے فضل سے (معاش) تلاش کرو تاکہ اس کا شکر کرو ﴿۱۴﴾

وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَاَنْهٰرًا وَّسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ

| وَ | اَلْقٰى | فِي | الْاَرْضِ | رَوَاسِيَ | اَنْ | تَمِيْدَ بِكُمْ | وَ | اَنْهٰرًا | وَّ | سُبُلًا | لَّعَلَّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ڈالے | بیچ | زمین کے | پہاڑ | یہ کہ کبھی | جھک پڑے تمکو لیکر | اور | دریا | اور | راہیں | تاکہ تم |

اور اسی نے زمین پر پہاڑ (بنا کر) رکھ دیے کہ تم کو لے کر کہیں جھک نہ جائے اور نہریں اور رستے بنا دیے تاکہ ایک مقام سے دوسرے

تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵﴾ وَعَلٰمٰتٍ ۭ وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَفَمَنْ

| تَهْتَدُوْنَ | وَعَلٰمٰتٍ | وَ | بِالنَّجْمِ | هُمْ | يَهْتَدُوْنَ | اَفَمَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| راہ پاؤ | اور نشانیاں راہ کی | اور | ساتھ تاروں کے | وہ | راہ پاتے ہیں | کیا پس وہ جو |

مقام تک (آسانی سے) جا سکو ﴿۱۵﴾ اور (رستوں میں) نشانات بنا دیے۔ اور لوگ ستاروں سے بھی رستے معلوم کرتے ہیں ﴿۱۶﴾ تو جو (اتنی

يَّخْلُقُ كَمَنْ لَّا يَخْلُقُ ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ

| يَّخْلُقُ | كَمَنْ | لَّا | يَخْلُقُ | اَفَلَا | تَذَكَّرُوْنَ | وَ | اِنْ | تَعُدُّوْا | نِعْمَةَ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیدا کرتا ہے | مانند اسکی ہے کہ | نہیں | پیدا کرتا | کیا پس نہیں | نصیحت پکڑتے تم | اور | اگر | گنو تم | نعمتیں | اللہ کی |

مخلوقات) پیدا کرے کیا وہ ویسا ہے جو کچھ بھی پیدا نہ کر سکے تو پھر تم غور کیوں نہیں کرتے؟ ﴿۱۷﴾ اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کو شمار کرنا چاہو

لَا تُحْصُوْهَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۸﴾ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ

| لَا | تُحْصُوْهَا | اِنَّ | اللّٰهَ | لَغَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | وَ | اللّٰهُ | يَعْلَمُ | مَا | تُسِرُّوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | پورا گن سکو | بیشک | اللہ | البتہ بخشنے والا | مہربان ہے | اور | اللہ | جانتا ہے | جو کچھ | تم چھپاتے ہو |

تو گن نہ سکو۔ بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے ﴿۱۸﴾ اور جو کچھ تم چھپاتے اور جو کچھ ظاہر کرتے

وَمَا تُعْلِنُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَخْلُقُوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | تُعْلِنُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | يَدْعُوْنَ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | لَا | يَخْلُقُوْنَ |
| اور | جو | ظاہر کرتے ہو تم | اور | جن کو | پکارتے ہیں | سوائے | اللہ کے | نہیں | پیدا کرتے |

ہو سب سے اللہ واقف ہے(۱۹) اور جن لوگوں کو یہ اللہ کے سوا پکارتے ہیں وہ کوئی چیز بھی تو نہیں بنا

شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ﴿۲۰﴾ اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَآءٍ ۚ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۙ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَيْـًٔا | وَّ | هُمْ | يُخْلَقُوْنَ | اَمْوَاتٌ | غَيْرُ | اَحْيَآءٍ | وَ | مَا | يَشْعُرُوْنَ |
| کچھ | اور | وہ | پیدا کیے جاتے ہیں | مُردے ہیں | نہیں | زندے | اور | نہیں | جانتے |

سکتے بلکہ خود اُن کو اور بناتے ہیں(۲۰) (وہ) لاشیں ہیں بے جان۔ ان کو یہ بھی تو معلوم نہیں

ع ۱۲ ۲ ۸

اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿۲۱﴾ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَيَّانَ | يُبْعَثُوْنَ | اِلٰهُكُمْ | اِلٰهٌ | وَّاحِدٌ | فَالَّذِيْنَ | لَا | يُؤْمِنُوْنَ |
| کب | اٹھائے جائیں گے | معبود تمہارا | معبود | اکیلا ہے | پس جو لوگ کہ | نہیں | ایمان لاتے |

(بنائے ہوئے) شریکوں کو دیکھیں گے تو کہیں گے کہ پروردگار یہ وہی ہمارے شریک ہیں جن کو ہم تیرے

نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ ۚ فَاَلْقَوْا اِلَيْهِمُ الْقَوْلَ اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۸۶﴾ ج الثلثة

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نَدْعُوْا | مِنْ دُوْنِكَ | فَاَلْقَوْا | اِلَيْهِمُ | الْقَوْلَ | اِنَّكُمْ | لَكٰذِبُوْنَ |
| ہم پکارتے | سوائے تیرے | پس ڈالیں گے | طرف ان کی | بات | بیشک تم | البتہ جھوٹے ہو |

سوا پکارا کرتے تھے۔ تو وہ (اُن کے کلام کو مسترد کردیں گے اور) ان سے کہیں گے کہ تم تو جھوٹے ہو ﴿۸۶﴾

وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذِ ِالسَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۸۷﴾

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَلْقَوْا | اِلَى | اللّٰهِ | يَوْمَئِذٍ | السَّلَمَ | وَ | ضَلَّ | عَنْهُمْ | مَّا | كَانُوْا | يَفْتَرُوْنَ |
| اور | ڈالیں گے | طرف | اللہ کی | اس دن | صلح | اور | کھو جائے گی | ان سے | وہ چیز جو کہ | تھے | وہ باندھ لیتے |

اور اس دن اللہ کے سامنے سرنگوں ہو جائیں گے اور جو طوفان وہ باندھا کرتے تھے سب اُن سے جاتا رہے گا ﴿۸۷﴾

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | وَ | صَدُّوْا | عَنْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | زِدْنٰهُمْ | عَذَابًا | فَوْقَ |
| وہ لوگ جو | کافر ہوئے | اور | بند کیا انہوں نے | سے | راہ | اللہ کی | زیادہ دینگے ہم ان کو | عذاب | اوپر |

جن لوگوں نے کفر کیا اور (لوگوں کو) اللہ کے رستے سے روکا ہم ان کو عذاب پر عذاب دیں گے

الْعَذَابَ بِمَا كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ﴿۸۸﴾ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا

| الْعَذَابِ | بِمَا | كَانُوْا | يُفْسِدُوْنَ | وَ | يَوْمَ | نَبْعَثُ | فِيْ | كُلِّ | اُمَّةٍ | شَهِيْدًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب کے | بسبب اسکے کہ | تھے وہ | فساد کرتے | اور | جس دن کہ | کھڑا کرینگے ہم | بیچ | ہر | امت کے | گواہ |

اس لیے کہ شرارت کیا کرتے تھے ﴿۸۸﴾ اور (اس دن کو یاد کرو) جس دن ہم ہر امت میں

عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ؕ وَنَزَّلْنَا

| عَلَيْهِمْ | مِّنْ | اَنْفُسِهِمْ | وَ | جِئْنَا | بِكَ | شَهِيْدًا | عَلٰى | هٰٓؤُلَآءِ | وَ | نَزَّلْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر ان کے | سے | جانوں ان کی | اور | لائیں گے ہم | تجھ کو | گواہ | اوپر | ان کے | اور | اتاری ہم نے |

سے خود ان پر گواہ کھڑے کریں گے اور (اے پیغمبر) تم کو ان لوگوں پر گواہ لائیں گے۔ اور ہم نے تم پر (ایسی)

عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى

| عَلَيْكَ | الْكِتٰبَ | تِبْيَانًا | لِّكُلِّ | شَيْءٍ | وَّ | هُدًى | وَّ | رَحْمَةً | وَّ | بُشْرٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر تیرے | کتاب | بیان کرنے والی | ہر | چیز کی | اور | ہدایت | اور | رحمت | اور | خوش خبری |

کتاب نازل کی ہے کہ (اس میں) ہر چیز کا بیان (مفصل) ہے اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور رحمت اور

ع ١٢ ١٨ لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿۸۹﴾ ع اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِي

| لِلْمُسْلِمِيْنَ | اِنَّ | اللّٰهَ | يَاْمُرُ | بِالْعَدْلِ | وَ | الْاِحْسَانِ | وَ | اِيْتَآئِ | ذِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے مسلمانوں کے | بیشک | اللہ | حکم دیتا ہے | ساتھ عدل کے | اور | احسان کے | اور | دینے | والوں |

بشارت ہے ﴿۸۹﴾ اللہ تم کو انصاف اور احسان کرنے اور رشتہ داروں کو (خرچ سے مدد) دینے کا

الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ

| الْقُرْبٰى | وَ | يَنْهٰى | عَنِ | الْفَحْشَآءِ | وَ | الْمُنْكَرِ | وَ | الْبَغْيِ | يَعِظُكُمْ | لَعَلَّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قرابت کے | اور | منع کرتا ہے | سے | بے حیائی | اور | نامعقول سے | اور | سرکشی سے | نصیحت کرتا ہے تم کو | تا کہ تم |

حکم دیتا ہے اور بے حیائی اور نامعقول کاموں سے اور سرکشی سے منع کرتا ہے۔ (اور) تمہیں نصیحت کرتا ہے تا کہ تم

تَذَكَّرُوْنَ ﴿۹۰﴾ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ

| تَذَكَّرُوْنَ | وَ | اَوْفُوْا | بِعَهْدِ | اللّٰهِ | اِذَا | عٰهَدْتُّمْ | وَ | لَا | تَنْقُضُوا | الْاَيْمَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نصیحت پکڑو | اور | پورا کرو | عہد | اللہ کا | جب | عہد باندھو تم | اور | مت | توڑو | قسموں کو |

یاد رکھو ﴿۹۰﴾ اور جب اللہ سے عہد (واثق) کرو تو اس کو پورا کرو اور جب پکی قسمیں کھاؤ

بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعْدَ | تَوْكِيْدِهَا | وَ | قَدْ | جَعَلْتُمُ | اللّٰهَ | عَلَيْكُمْ | كَفِيْلًا | اِنَّ | اللّٰهَ | يَعْلَمُ | مَا |
| پیچھے | مضبوطی ان کی کے | اور | تحقیق | کیا ہے تم کو | اللہ نے | اوپر اپنے | ضامن | بیشک | اللہ | جانتا ہے | جو کچھ |

تو اُن کو مت توڑو کہ تم اللہ کو اپنا ضامن مقرر کر چکے ہو۔ جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس کو

تَفْعَلُوْنَ ۝۹۱ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَفْعَلُوْنَ | وَ | لَا | تَكُوْنُوْا | كَالَّتِيْ | نَقَضَتْ | غَزْلَهَا | مِنْۢ بَعْدِ | قُوَّةٍ |
| کرتے ہو تم | اور | مت | ہو | مانند اس عورت کی کہ | توڑ ڈالا | کاتے اپنے کو | پیچھے | قوت کے |

جانتا ہے (۹۱) اور اس عورت کی طرح نہ ہونا جس نے محنت سے تو سوت کاتا پھر اس کو توڑ کر ٹکڑے ٹکڑے

اَنْكَاثًا ۭ تَتَّخِذُوْنَ اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ اَنْ تَكُوْنَ اُمَّةٌ هِيَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْكَاثًا | تَتَّخِذُوْنَ | اَيْمَانَكُمْ | دَخَلًا | بَيْنَكُمْ | اَنْ | تَكُوْنَ | اُمَّةٌ | هِيَ |
| ریزہ ریزہ | پکڑتے ہو تم | قسموں اپنی کو | دخل دینے والی | درمیان اپنے | اس واسطے کہ | ہوئی | کوئی امت | وہ |

کر ڈالا کہ تم اپنی قسموں کو آپس میں اس بات کا ذریعہ بنانے لگو کہ ایک گروہ دوسرے گروہ سے زیادہ

اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ ۭ اِنَّمَا يَبْلُوْكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ۭ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَرْبٰى | مِنْ | اُمَّةٍ | اِنَّمَا | يَبْلُوْكُمُ | اللّٰهُ | بِهٖ | وَلَيُبَيِّنَنَّ | لَكُمْ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ |
| بڑھی ہوئی | سے | امت | سوائے اسکے نہیں کہ | آزمائش کرتاہے تمہاری | اللہ | ساتھ اسکے | اور البتہ بیان کریگا | واسطے تمہارے | دن | قیامت کے |

غالب رہے۔ بات یہ ہے کہ اللہ تمہیں اس سے آزماتا ہے اور جن باتوں میں تم اختلاف کرتے ہو قیامت کو

مَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ۝۹۲ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | كُنْتُمْ | فِيْهِ | تَخْتَلِفُوْنَ | وَلَوْ | شَاۗءَ | اللّٰهُ | لَجَعَلَكُمْ | اُمَّةً | وَّاحِدَةً |
| جو کچھ کہ | تم تھے | بیچ اس کے | اختلاف کرتے | اور اگر | چاہتا | اللہ | البتہ کردیتا تم کو | امت | ایک |

اُس کی حقیقت تم پر ظاہر کر دے گا (۹۲) اور اگر اللہ چاہتا تو تم (سب) کو ایک ہی جماعت بنا دیتا

وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَلَتُسْـَٔـلُنَّ عَمَّا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | لٰكِنْ | يُّضِلُّ | مَنْ | يَّشَاۗءُ | وَ | يَهْدِيْ | مَنْ | يَّشَاۗءُ | وَ | لَتُسْـَٔـلُنَّ | عَمَّا |
| اور | لیکن | گمراہ کرتا ہے | جس کو | چاہتا ہے | اور | ہدایت کرتا ہے | جس کو | چاہتا ہے | اور | البتہ پوچھے جاؤگے تم | اس چیز کے |

لیکن وہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے اور جو عمل تم کرتے ہو (اُس دن) اُن کے بارے میں

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٣﴾ وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اَيْمَانَكُمْ دَخَلًاۢ بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌۢ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُنْتُمْ | تَعْمَلُوْنَ | وَ | لَا | تَتَّخِذُوْٓا | اَيْمَانَكُمْ | دَخَلًا | بَيْنَكُمْ | فَتَزِلَّ | قَدَمٌ |
| تھے تم | عمل کرتے | اور | مت | پکڑو | قسموں اپنی کو | دخل دینے والیں | درمیان اپنے | پس پھسل جائے گا | قدم |

تم سے ضرور پوچھا جائے گا﴿٩٣﴾ اور اپنی قسموں کو آپس میں اس بات کا ذریعہ نہ بناؤ کہ (لوگوں کے) قدم جم چکنے

بَعْدَ ثُبُوْتِهَا وَتَذُوْقُوا السُّوْٓءَ بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَلَكُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعْدَ | ثُبُوْتِهَا | وَ | تَذُوْقُوا | السُّوْٓءَ | بِمَا | صَدَدْتُّمْ | عَنْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | وَ | لَكُمْ |
| پیچھے | اسکے کے ثابت ہونے کے | اور | چکھو گے تم | برائی | بسبب اسکے کہ | بند کیا تم نے | سے | راہ | اللہ کی | اور | واسطے تمہارے |

کے بعد لڑکھڑا جائیں اور اس وجہ سے کہ تم نے لوگوں کو اللہ کے رستے سے روکا تم کو عقوبت کا مزا چکھنا پڑے اور بڑا

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿٩٤﴾ وَلَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ اِنَّمَا عِنْدَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَذَابٌ | عَظِيْمٌ | وَلَا | تَشْتَرُوْا | بِعَهْدِ | اللّٰهِ | ثَمَنًا | قَلِيْلًا | اِنَّمَا | عِنْدَ |
| عذاب ہے | بڑا | اور مت | مول لو | بدلے عہد | اللہ کے | مول | تھوڑا سا | وہ چیز کہ | نزدیک |

سخت عذاب ملے﴿٩٤﴾ اور اللہ سے جو تم نے عہد کیا ہے (اس کو مت بیچو اور) اس کے بدلے تھوڑی سی قیمت نہ لو۔ (کیونکہ ایفائے عہد کا) جو (صلہ)

اللّٰهِ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٩٥﴾ مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | هُوَ | خَيْرٌ | لَّكُمْ | اِنْ | كُنْتُمْ | تَعْلَمُوْنَ | مَا | عِنْدَكُمْ | يَنْفَدُ | وَ | مَا |
| اللہ کے ہے | وہ | بہتر ہے | واسطے تمہارے | اگر | ہو تم | جانتے | جو کچھ | نزدیک تمہارے ہے | ختم ہو جاتا ہے | اور | جو کچھ |

اللہ کے ہاں مقرر ہے وہ اگر سمجھو تو تمہارے لیے بہتر ہے﴿٩٥﴾ جو کچھ تمہارے پاس ہے وہ

عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ۭ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِنْدَ | اللّٰهِ | بَاقٍ | وَ | لَنَجْزِيَنَّ | الَّذِيْنَ | صَبَرُوْٓا | اَجْرَهُمْ | بِاَحْسَنِ |
| نزدیک | اللہ کے ہے | باقی رہنے والا ہے | اور | البتہ جزا دیں گے ہم | ان لوگوں کو کہ | صبر کرتے ہیں | ثواب ان کا | ساتھ بہتر |

ختم ہو جاتا ہے اور جو اللہ کے پاس ہے وہ باقی ہے (کہ کبھی ختم نہیں ہو گا)۔ اور جن لوگوں نے صبر کیا ہم اُن کو اُن کے

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٩٦﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | مَنْ | عَمِلَ | صَالِحًا | مِّنْ | ذَكَرٍ | اَوْ | اُنْثٰى | وَ | هُوَ |
| اس چیز کے کہ | تھے وہ | کرتے | جو کوئی | کام کرے | اچھا | سے | مردوں | یا | عورتوں سے | اور | وہ ہو |

اعمال کا بہت اچھا بدلہ دیں گے﴿٩٦﴾ جو شخص نیک اعمال کرے گا مرد ہو یا عورت اور وہ

مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ

| مُؤْمِنٌ | فَلَنُحْيِيَنَّهٗ | حَيٰوةً | طَيِّبَةً | وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ | اَجْرَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| ایمان والا | پس البتہ زندہ کریں گے ہم اس کو | زندگی | پاکیزہ | اور البتہ بدلہ دیں گے ہم ان کو | ثواب ان کا |

مومن بھی ہوگا تو ہم اس کو (دنیا میں) پاک (اور آرام کی) زندگی سے زندہ رکھیں گے اور (آخرت میں) اُن کے اعمال

بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۷﴾ فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ

| بِاَحْسَنِ | مَا | كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | فَاِذَا | قَرَاْتَ | الْقُرْاٰنَ | فَاسْتَعِذْ | بِاللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہتر | اس چیز سے کہ | تھے | عمل کرتے | پس جب | پڑھے تو | قرآن | پس پناہ مانگ | ساتھ اللہ کے |

کا نہایت اچھا صلہ دیں گے ﴿۹۷﴾ اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے اللہ

مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿۹۸﴾ اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ

| مِنَ | الشَّيْطٰنِ | الرَّجِيْمِ | اِنَّهٗ | لَيْسَ | لَهٗ | سُلْطٰنٌ | عَلَى | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | شیطان | راندے ہوئے | بیشک وہ | نہیں ہے | واسطے اس کے | غلبہ | اوپر | ان لوگوں کے کہ |

کی پناہ مانگ لیا کرو ﴿۹۸﴾ کہ جو مومن ہیں اور اپنے پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہیں

اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۹۹﴾ اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ

| اٰمَنُوْا | وَعَلٰى | رَبِّهِمْ | يَتَوَكَّلُوْنَ | اِنَّمَا | سُلْطٰنُهٗ | عَلَى | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان لائے | اور اوپر | رب اپنے کے | توکل کرتے ہیں | سوائے اسکے نہیں کہ | غلبہ اس کا | اوپر | ان لوگوں کے ہے کہ |

اُن پر اُس کا کچھ زور نہیں چلتا ﴿۹۹﴾ اُس کا زور انہی لوگوں پر چلتا ہے جو اس کو رفیق بناتے ہیں

يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ ع وَاِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ ع ۱۳ ۱۱ ۱۹

| يَتَوَلَّوْنَهٗ | وَ | الَّذِيْنَ | هُمْ | بِهٖ | مُشْرِكُوْنَ | وَ | اِذَا | بَدَّلْنَآ | اٰيَةً | مَّكَانَ | اٰيَةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دوستی کرتے ہیں اسکی | اور | وہ لوگ کہ | وہ | ساتھ اللہ کے | شریک کرتے ہیں | اور | جب | بدل ڈالتے ہیں ہم | ایک آیت کو | جگہ | ایک آیت کی |

اور اس کے (وسوسے کے) سبب (اللہ کے ساتھ) شریک مقرر کرتے ہیں ﴿۱۰۰﴾ اور جب ہم کوئی آیت کسی آیت کی جگہ بدل دیتے ہیں

وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مُفْتَرٍ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ

| وَّ | اللّٰهُ | اَعْلَمُ | بِمَا | يُنَزِّلُ | قَالُوْٓا | اِنَّمَآ | اَنْتَ | مُفْتَرٍ | بَلْ | اَكْثَرُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اللہ | خوب جانتا ہے | اس چیز کو کہ | اتارتا ہے | کہتے ہیں | سوائے اسکے نہیں کہ | تو | باندھ لینے والا ہے | بلکہ | اکثر ان کے |

اور اللہ جو کچھ نازل فرماتا ہے اُسے خوب جانتا ہے تو (کافر) کہتے ہیں کہ تم تو (یونہی) اپنی طرف سے بنالاتے ہو۔ حقیقت یہ ہے

لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۱۰۱﴾ قُلۡ نَزَّلَهٗ رُوۡحُ الۡقُدُسِ مِنۡ رَّبِّكَ بِالۡحَقِّ لِيُثَبِّتَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَعۡلَمُوۡنَ | قُلۡ | نَزَّلَهٗ | رُوۡحُ | الۡقُدُسِ | مِنۡ | رَّبِّكَ | بِالۡحَقِّ | لِيُثَبِّتَ |
| نہیں | جانتے | کہہ کہ | اتارا ہے اس کو | جان | پاک نے | طرف سے | تیرے رب کی | ساتھ حق کے | تا کہ ثابت رکھے |

کہ اُن میں اکثر نادان ہیں ﴿۱۰۱﴾ کہہ دو کہ اس کو روح القدس تمہارے پروردگار کی طرف سے سچائی کے ساتھ لے کر نازل ہوئے ہیں تا کہ

الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَهُدًى وَّبُشۡرٰى لِلۡمُسۡلِمِيۡنَ ﴿۱۰۲﴾ وَلَقَدۡ نَعۡلَمُ اَنَّهُمۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيۡنَ | اٰمَنُوۡا | وَ | هُدًى | وَّبُشۡرٰى | لِلۡمُسۡلِمِيۡنَ | وَ | لَقَدۡ | نَعۡلَمُ | اَنَّهُمۡ |
| ان لوگوں کو کہ | ایمان لائے | اور | ہدایت ہے | اور خوش خبری | واسطے مسلمانوں کے | اور | البتہ تحقیق | جانتے ہیں ہم | یہ کہ وہ |

یہ (قرآن) مومنوں کو ثابت قدم رکھے اور حکم ماننے والوں کے لیے تو (یہ) ہدایت اور بشارت ہے ﴿۱۰۲﴾ اور ہمیں معلوم ہے

يَقُوۡلُوۡنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ؕ لِسَانُ الَّذِيۡ يُلۡحِدُوۡنَ اِلَيۡهِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَقُوۡلُوۡنَ | اِنَّمَا | يُعَلِّمُهٗ | بَشَرٌ | لِسَانُ | الَّذِيۡ | يُلۡحِدُوۡنَ | اِلَيۡهِ |
| کہتے ہیں | سوائے اس کے نہیں کہ | سکھاتے ہیں اس کو | آدمی | زبان | اس شخص کی کہ | کج راہی کرتے ہیں | طرف اس کی |

کہ یہ کہتے ہیں کہ اس (پیغمبر) کو ایک شخص سکھا جاتا ہے۔ مگر جس کی طرف (تعلیم کی) نسبت کرتے ہیں اس کی

اَعۡجَمِىٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِىٌّ مُّبِيۡنٌ ﴿۱۰۳﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَعۡجَمِىٌّ | وَّهٰذَا | لِسَانٌ | عَرَبِىٌّ | مُّبِيۡنٌ | اِنَّ | الَّذِيۡنَ | لَا | يُؤۡمِنُوۡنَ |
| عجمی ہے | اور یہ | زبان | عربی ہے | ظاہر | بے شک | وہ لوگ جو | نہیں | ایمان لاتے |

زبان تو عجمی ہے اور یہ صاف عربی زبان ہے ﴿۱۰۳﴾ جو لوگ اللہ کی آیتوں پر ایمان

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۙ لَا يَهۡدِيۡهِمُ اللّٰهُ وَلَهُمۡ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ﴿۱۰۴﴾ اِنَّمَا يَفۡتَرِى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ | لَا | يَهۡدِيۡهِمُ | اللّٰهُ | وَ | لَهُمۡ | عَذَابٌ | اَلِيۡمٌ | اِنَّمَا | يَفۡتَرِى |
| ساتھ نشانیوں | اللہ کی کے | نہ | ہدایت کرے گا ان کو | اللہ | اور | واسطے انکے | عذاب ہے | درد دینے والا | نہیں سوائے اسکے کہ | باندھ لیتے ہیں |

نہیں لاتے اُن کو اللہ ہدایت نہیں دیتا اور اُن کے لیے عذاب الیم ہے ﴿۱۰۴﴾ جھوٹ افترا

الۡكَذِبَ الَّذِيۡنَ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡكَذِبَ | الَّذِيۡنَ | لَا | يُؤۡمِنُوۡنَ | بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ | وَاُولٰٓئِكَ | هُمُ |
| جھوٹ کو | وہ لوگ کہ | نہیں | ایمان لاتے | ساتھ نشانیوں | اللہ کے | اور یہ لوگ | وہی ہیں |

تو وہی لوگ کیا کرتے ہیں جو اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں لاتے اور وہی

الْكٰذِبُوْنَ ﴿١٠٥﴾ مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ اِلَّا مَنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْكٰذِبُوْنَ | مَنْ | كَفَرَ | بِاللّٰهِ | مِنْۢ بَعْدِ | اِيْمَانِهٖٓ | اِلَّا | مَنْ |
| جھوٹے | جوکوئی | کفر کرے | ساتھ اللہ کے | پیچھے | ایمان اپنے کے | مگر | وہ جو کہ |

جھوٹے ہیں﴿١٠٥﴾ جو شخص ایمان لانے کے بعد اللہ کے ساتھ کفر کرے وہ نہیں جو (کفر پر زبردستی)

اُكْرِهَ وَ قَلْبُهٗ مُطْمَىِٕنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ وَ لٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُكْرِهَ | وَ | قَلْبُهٗ | مُطْمَىِٕنٌّۢ | بِالْاِيْمَانِ | وَ | لٰكِنْ | مَّنْ | شَرَحَ |
| زبردستی کیا گیا | اور | دل اس کا | آرام میں ہے | ساتھ ایمان کے | اور | لیکن | جو شخص کہ | کھل گیا |

مجبور کیا جائے اور اس کا دل ایمان کے ساتھ مطمئن ہو بلکہ وہ جو (دل سے اور) دل کھول کر

بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْكُفْرِ | صَدْرًا | فَعَلَيْهِمْ | غَضَبٌ | مِّنَ | اللّٰهِ | وَلَهُمْ | عَذَابٌ |
| ساتھ کفر کے | سینہ اس کا | پس اوپر ان کے ہے | غصہ | طرف سے | اللہ کی | اور واسطے | ان کے عذاب ہے |

کفر کرے تو ایسوں پر اللہ کا غضب ہے اور اُن کو بڑا سخت

عَظِيْمٌ ﴿١٠٦﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عَظِيْمٌ | ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمُ | اسْتَحَبُّوا | الْحَيٰوةَ | الدُّنْيَا | عَلَى |
| بڑا | یہ | اس واسطے ہے کہ انہوں نے | دوست رکھا | زندگانی | دنیا کی کو | اوپر |

عذاب ہو گا﴿١٠٦﴾ یہ اس لیے کہ انہوں نے دنیا کی زندگی کو آخرت کے مقابلے میں

الْاٰخِرَةِ ۙ وَ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٠٧﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاٰخِرَةِ | وَ | اَنَّ | اللّٰهَ | لَا | يَهْدِي | الْقَوْمَ | الْكٰفِرِيْنَ |
| آخرت کے | اور | بیشک | اللہ | نہیں | ہدایت کرتا | قوم | کافروں کو |

عزیز رکھا اور اس لیے کہ اللہ کافر لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا﴿١٠٧﴾

اُولٰٓىِٕكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اُولٰٓىِٕكَ | الَّذِيْنَ | طَبَعَ | اللّٰهُ | عَلٰى | قُلُوْبِهِمْ | وَسَمْعِهِمْ |
| یہ لوگ | وہ ہیں کہ | مہر رکھی | اللہ نے | اوپر | ان کے دلوں کے | اور ان کے کانوں کے |

یہی لوگ ہیں جن کے دلوں پر اور کانوں پر اور آنکھوں پر اللہ نے

وَاَبۡصَارِهِمۡ ۚ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الۡغٰفِلُوۡنَ ۝۱۰۸ لَا جَرَمَ اَنَّهُمۡ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاَبۡصَارِهِمۡ | وَ | اُولٰٓئِكَ | هُمُ | الۡغٰفِلُوۡنَ | لَا | جَرَمَ | اَنَّهُمۡ |
| اوران کی آنکھوں کے | اور | یہ لوگ | وہی ہے | بے خبر | نہیں | شک | یہ کہ وہ |

مُہر لگا رکھی ہے اور یہی غفلت میں پڑے ہوئے ہیں۝۱۰۸ کچھ شک نہیں کہ یہ

فِي الۡاٰخِرَةِ هُمُ الۡخٰسِرُوۡنَ ۝۱۰۹ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيۡنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِي | الۡاٰخِرَةِ | هُمُ | الۡخٰسِرُوۡنَ | ثُمَّ | اِنَّ | رَبَّكَ | لِلَّذِيۡنَ |
| بیچ | آخرت کے | وہی ہیں | ٹوٹا پانے والے | پھر | بیشک | پروردگار تیرا | واسطے ان لوگوں کے کہ |

آخرت میں خسارہ اُٹھانے والے ہوں گے۝۱۰۹ پھر جن لوگوں نے ایذائیں اٹھانے کے بعد

هَاجَرُوۡا مِنۡۢ بَعۡدِ مَا فُتِنُوۡا ثُمَّ جٰهَدُوۡا وَصَبَرُوۡۤا ۙ اِنَّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هَاجَرُوۡا | مِنۡۢ بَعۡدِ | مَا | فُتِنُوۡا | ثُمَّ | جٰهَدُوۡا | وَصَبَرُوۡۤا | اِنَّ |
| وطن چھوڑا | پیچھے اس کے | کہ | ایذا دیئے گئے | پھر | جہاد کیا انہوں نے | اور صبر کیا انہوں نے | بیشک |

ترکِ وطن کیا پھر جہاد کیے اور ثابت قدم رہے تمہارا پروردگار ان کو بیشک

ع ۱۴ ۱۰ ۲۰

رَبَّكَ مِنۡۢ بَعۡدِهَا لَغَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ۝۱۱۰ ع يَوۡمَ تَاۡتِيۡ كُلُّ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبَّكَ | مِنۡۢ بَعۡدِهَا | لَغَفُوۡرٌ | رَّحِيۡمٌ | يَوۡمَ | تَاۡتِيۡ | كُلُّ |
| رب تیرا | پیچھے اس کے | البتہ بخشنے والا | مہربان ہے | اس دن کہ | آئے گا | ہر |

ان (آزمائشوں) کے بعد بخشنے والا (اور ان پر) رحمت کرنے والا ہے۝۱۱۰ جس دن ہر متنفس اپنی طرف سے

نَفۡسٍ تُجَادِلُ عَنۡ نَّفۡسِهَا وَ تُوَفّٰى كُلُّ نَفۡسٍ مَّا عَمِلَتۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَفۡسٍ | تُجَادِلُ | عَنۡ | نَّفۡسِهَا | وَ | تُوَفّٰى | كُلُّ | نَفۡسٍ | مَّا | عَمِلَتۡ |
| جی | جھگڑتا | سے | جان اپنی | اور | پورا دیا جائے گا | ہر | جی کو | جو کچھ کہ | کیا ہے |

جھگڑا کرنے آئے گا اور ہر شخص کو اس کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا

وَ هُمۡ لَا يُظۡلَمُوۡنَ ۝۱۱۱ وَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرۡيَةً كَانَتۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هُمۡ | لَا | يُظۡلَمُوۡنَ | وَ | ضَرَبَ | اللّٰهُ | مَثَلًا | قَرۡيَةً | كَانَتۡ |
| اور | وہ | نہ | ظلم کیے جائیں گے | اور | بیان کی | اللہ نے | مثال | ایک بستی کی کہ | تھی وہ |

اور کسی کا نقصان نہیں کیا جائے گا۝۱۱۱ اور اللہ ایک بستی کی مثال بیان فرماتا ہے کہ (ہر طرح)

اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمِنَةً | مُّطْمَئِنَّةً | يَّاْتِيْهَا | رِزْقُهَا | رَغَدًا | مِّنْ | كُلِّ | مَكَانٍ |
| امن والی | چین والی | آتا تھا اس کو | رزق اس کا | بافراغت | سے | ہر | جگہ |

امن چین سے بستی تھی۔ ہر طرف سے رزق بافراغت چلا آتا تھا

فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَكَفَرَتْ | بِاَنْعُمِ | اللّٰهِ | فَاَذَاقَهَا | اللّٰهُ | لِبَاسَ | الْجُوْعِ |
| پس کفر کیا | ساتھ نعمتوں | اللہ کی کے | پس چکھادیا | اللہ نے | پہناوا | بھوک کا |

مگر اُن لوگوں نے اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کی تو اللہ نے اُن کے اعمال کے سبب اُن کو بھوک

وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿١١٢﴾ وَ لَقَدْ جَآءَهُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْخَوْفِ | بِمَا | كَانُوْا | يَصْنَعُوْنَ | وَ | لَقَدْ | جَآءَهُمْ |
| اور خوف کا | بسبب اس کے کہ | تھے وہ | کرتے | اور | البتہ تحقیق | آیا تھا ان کے پاس |

اور خوف کا لباس پہنا کر (ناشکری کا) مزہ چکھا دیا ﴿١١٢﴾ اور اُن کے پاس انہی میں سے

رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَ هُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| رَسُوْلٌ | مِّنْهُمْ | فَكَذَّبُوْهُ | فَاَخَذَهُمُ | الْعَذَابُ | وَ | هُمْ |
| ایک پیغمبر | ان میں سے | پس جھٹلا دیا اس کو | پس پکڑا ان کو | عذاب نے | اور | وہ |

ایک پیغمبر آیا تو اُنہوں نے اس کو جھٹلایا سو اُن کو عذاب نے آ پکڑا اور وہ

ظٰلِمُوْنَ ﴿١١٣﴾ فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۪ وَّاشْكُرُوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظٰلِمُوْنَ | فَكُلُوْا | مِمَّا | رَزَقَكُمُ | اللّٰهُ | حَلٰلًا | طَيِّبًا | وَّاشْكُرُوْا |
| ظالم تھے | پس کھاؤ | اس چیز سے کہ | دیا ہے تم کو | اللہ نے | حلال | پاکیزہ | اور شکر کرو |

ظالم تھے ﴿١١٣﴾ پس اللہ نے جو تم کو حلال طیب رزق دیا ہے اُسے کھاؤ اور اللہ کی

نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿١١٤﴾ اِنَّمَا حَرَّمَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نِعْمَتَ | اللّٰهِ | اِنْ | كُنْتُمْ | اِيَّاهُ | تَعْبُدُوْنَ | اِنَّمَا | حَرَّمَ |
| نعمت | اللہ کی کا | اگر | ہو تم | اسی کی | عبادت کرتے | سوائے اس کے نہیں کہ | حرام کیا |

نعمتوں کا شکر کرو اگر اسی کی عبادت کرتے ہو ﴿١١٤﴾ اُس نے تم پر

عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَ مَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ

| عَلَيْكُمُ | الْمَيْتَةَ | وَالدَّمَ | وَلَحْمَ | الْخِنْزِيْرِ | وَ | مَآ | اُهِلَّ | لِغَيْرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر تمہارے | مردار | اور خون | اور گوشت | سور کا | اور | وہ چیز کہ | آواز بلند کی جائے | واسطے غیر |

مردار اور لہو اور سؤر کا گوشت حرام کر دیا ہے اور جس چیز پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام

اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّ لَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

| اللّٰهِ | بِهٖ | فَمَنِ | اضْطُرَّ | غَيْرَ | بَاغٍ | وَّ | لَا | عَادٍ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | غَفُوْرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کے | ساتھ اسکے | پس جو کوئی | بے بس ہو جائے | نہ | حد سے نکل جانیوالا | اور | نہ | زیادتی کرنے والا | پس بیشک | اللہ | بخشنے والا |

پکارا جائے (اس کو بھی) ہاں اگر کوئی ناچار ہو جائے تو بشرطیکہ گناہ کرنے والا نہ ہو اور نہ حد سے نکلنے والا تو اللہ بخشنے والا مہربان

رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾ وَ لَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ

| رَّحِيْمٌ | وَ | لَا | تَقُوْلُوْا | لِمَا | تَصِفُ | اَلْسِنَتُكُمُ | الْكَذِبَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مہربان ہے | اور | مت | کہو | واسطے اس چیز کے کہ | بیان کرتی ہیں | زبانیں تمہاری | جھوٹ |

ہے ﴿۱۱۵﴾ اور یونہی جھوٹ جو تمہاری زبان پر آجائے مت کہہ دیا کرو

هٰذَا حَلٰلٌ وَّ هٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ

| هٰذَا | حَلٰلٌ | وَّ | هٰذَا | حَرَامٌ | لِّتَفْتَرُوْا | عَلَى | اللّٰهِ | الْكَذِبَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ | حلال ہے | اور | یہ | حرام ہے | تاکہ باندھ لو | اوپر | اللہ کے | جھوٹ |

کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے کہ اللہ پر جھوٹ بہتان باندھنے لگو۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ؕ﴿۱۱٦﴾

| اِنَّ | الَّذِيْنَ | يَفْتَرُوْنَ | عَلَى | اللّٰهِ | الْكَذِبَ | لَا | يُفْلِحُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | جو لوگ کہ | باندھ لیتے ہیں | اوپر | اللہ کے | جھوٹ | نہیں | فلاح پانے کے |

جو لوگ اللہ پر جھوٹ بہتان باندھتے ہیں اُن کا بھلا نہیں ہو گا ﴿۱۱٦﴾

مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۠ وَّ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۱۷﴾ وَعَلَى الَّذِيْنَ

| مَتَاعٌ | قَلِيْلٌ | وَّ | لَهُمْ | عَذَابٌ | اَلِيْمٌ | وَعَلَى | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فائدہ ہے | تھوڑا سا | اور | واسطے ان کے | عذاب ہے | درد دینے والا | اور اوپر | ان لوگوں کے کہ |

(جھوٹ کا) فائدہ تو تھوڑا سا ہے مگر (اس کے بدلے) اُن کو عذاب الیم (بہت) ہو گا ﴿۱۱۷﴾ اور جو چیزیں

هَادُوْا حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۚ وَ مَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هَادُوْا | حَرَّمْنَا | مَا | قَصَصْنَا | عَلَيْكَ | مِنْ | قَبْلُ | وَ | مَا |
| یہودی ہوئے | حرام کی ہم نے | وہ چیز جو کہ | بیان کی ہم نے | اوپر تیرے | سے | پہلے اس | اور | نہ |

ہم تم سے پہلے بیان کر چکے ہیں وہ ہم نے یہودیوں پر حرام کر دی تھیں۔ اور ہم نے

ظَلَمْنٰهُمْ وَ لٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظَلَمْنٰهُمْ | وَ | لٰكِنْ | كَانُوْٓا | اَنْفُسَهُمْ | يَظْلِمُوْنَ | ثُمَّ | اِنَّ | رَبَّكَ |
| ظلم کیا ہم نے ان کو | اور | لیکن | تھے وہ | اپنی جانوں کو | ظلم کرتے | پھر | بیشک | رب تیرا |

اُن پر کچھ ظلم نہیں کیا بلکہ وہی اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے ﴿۱۱۸﴾ پھر جن لوگوں نے

لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلَّذِيْنَ | عَمِلُوا | السُّوْٓءَ | بِجَهَالَةٍ | ثُمَّ | تَابُوْا | مِنْۢ بَعْدِ | ذٰلِكَ |
| واسطے ان لوگوں کے کہ | کرتے ہیں | برائی | ساتھ نادانی کے | پھر | توبہ کرتے ہیں | پیچھے | اس کے |

نادانی سے برا کام کیا۔ پھر اس کے بعد توبہ کی اور نیکوکار ہو گئے تو تمہارا پروردگار (اُن کو) توبہ کرنے

وَ اَصْلَحُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۹﴾ ع ۱۵ / ۹ / ۲۱

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَصْلَحُوْٓا | اِنَّ | رَبَّكَ | مِنْۢ بَعْدِهَا | لَغَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ |
| اور | نیکی کرتے ہیں | بیشک | رب تیرا | پیچھے اس کے | البتہ بخشنے والا | مہربان ہے |

اور نیکوکار ہو جانے کے بعد بخشنے والا (اور اُن پر) رحمت کرنے والا ہے ﴿۱۱۹﴾

اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا ۗ وَ لَمْ يَكُ مِنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | اِبْرٰهِيْمَ | كَانَ | اُمَّةً | قَانِتًا | لِّلّٰهِ | حَنِيْفًا | وَ | لَمْ | يَكُ | مِنَ |
| بیشک | ابراہیم | تھا | پیشوا | فرمانبردار | واسطے اللہ کے | پھر آنیوالا طرف راہ سیدھی کے | اور | نہیں | تھا | سے |

بیشک ابراہیم (لوگوں کے) امام (اور) اللہ کے فرمانبردار تھے۔ جو ایک طرف کے ہو رہے تھے اور

الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ ۙ شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ ۗ اِجْتَبٰهُ وَهَدٰىهُ اِلٰى

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْمُشْرِكِيْنَ | شَاكِرًا | لِّاَنْعُمِهٖ | اِجْتَبٰهُ | وَهَدٰىهُ | اِلٰى |
| مشرکین میں | شکر کرنے والا | واسطے اس کی نعمتوں کے | برگزیدہ کیا تھا اس کو | اور راہ دکھائی تھی اس کو | طرف |

مشرکوں میں سے نہ تھے ﴿۱۲۰﴾ اس کی نعمتوں کے شکر گزار تھے۔ اللہ نے اُن کو برگزیدہ کیا تھا۔ اور (اپنی)

صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿١٢١﴾ وَاٰتَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ وَ اِنَّهٗ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صِرَاطٍ | مُّسْتَقِيْمٍ | وَاٰتَيْنٰهُ | فِي | الدُّنْيَا | حَسَنَةً | وَ | اِنَّهٗ |
| راہ | سیدھی کے | اور دی ہم نے اس کو | بیچ | دنیا کے | نیکی | اور | بیشک وہ |

سیدھی راہ پر چلایا تھا ﴿١٢١﴾ اور ہم نے اُن کو دنیا میں بھی خوبی دی تھی۔ اور آخرت

فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٢٢﴾ ؕ ثُمَّ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اَنِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِي | الْاٰخِرَةِ | لَمِنَ | الصّٰلِحِيْنَ | ثُمَّ | اَوْحَيْنَآ | اِلَيْكَ | اَنِ |
| بیچ | آخرت کے | البتہ ہے | صالحوں سے | پھر | وحی بھیجی ہم نے | طرف تیری | یہ کہ |

میں بھی نیک لوگوں میں ہوں گے ﴿١٢٢﴾ پھر ہم نے تمہاری طرف وحی بھیجی کہ

اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَ مَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٢٣﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتَّبِعْ | مِلَّةَ | اِبْرٰهِيْمَ | حَنِيْفًا | وَ | مَا | كَانَ | مِنَ | الْمُشْرِكِيْنَ |
| پیروی کر | دین | ابراہیم | حنیف کی | اور | نہیں | تھا وہ | سے | شریک لانے والوں |

دین ابراہیم کی پیروی اختیار کرو جو ایک طرف کے ہو رہے تھے۔ اور مشرکوں میں سے نہ تھے ﴿١٢٣﴾

اِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ؕ وَ اِنَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّمَا | جُعِلَ | السَّبْتُ | عَلَى | الَّذِيْنَ | اخْتَلَفُوْا | فِيْهِ | وَ | اِنَّ |
| نہیں سوائے اسکے کہ | کیا گیا تھا | دن ہفتے کا | اوپر | ان لوگوں کے کہ | اختلاف کرتے تھے | بیچ اس کے | اور | بیشک |

ہفتے کا دن تو انہی لوگوں کے لیے مقرر کیا گیا تھا جنہوں نے اس میں اختلاف کیا۔ اور تمہارا

رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبَّكَ | لَيَحْكُمُ | بَيْنَهُمْ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | فِيْمَا | كَانُوْا | فِيْهِ |
| رب تیرا | البتہ حکم کرے گا | درمیان ان کے | دن | قیامت کے | بیچ اس چیز کے کہ | تھے وہ | بیچ اس کے |

پروردگار قیامت کے دن ان میں ان باتوں کا فیصلہ کردے گا جن میں وہ

يَخْتَلِفُوْنَ ﴿١٢٤﴾ اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يَخْتَلِفُوْنَ | اُدْعُ | اِلٰى | سَبِيْلِ | رَبِّكَ | بِالْحِكْمَةِ | وَالْمَوْعِظَةِ |
| اختلاف کرتے | بلا | طرف | راہ | پروردگار اپنے کے | ساتھ حکمت کے | اور نصیحت |

اختلاف کرتے تھے ﴿١٢۴﴾ (اے پیغمبر) لوگوں کو دانش اور نیک نصیحت سے اپنے پروردگار کے رستے کی

الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ط اِنَّ رَبَّكَ هُوَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْحَسَنَةِ | وَجَادِلْهُمْ | بِالَّتِيْ | هِيَ | اَحْسَنُ | اِنَّ | رَبَّكَ | هُوَ |
| نیک کے | اور جھگڑا کران سے | ساتھ اس چیز کے کہ | وہ | بہت بہتر ہے | بیشک | رب تیرا | وہی |

طرف بلاؤ اور بہت ہی اچھے طریق سے ان سے مناظرہ کرو۔ جو اس کے رستے سے بھٹک گیا

اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿١٢٥﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَعْلَمُ | بِمَنْ | ضَلَّ | عَنْ | سَبِيْلِهٖ | وَهُوَ | اَعْلَمُ | بِالْمُهْتَدِيْنَ |
| خوب جانتا ہے | ساتھ اس شخص کے کہ | گمراہ ہو گیا | سے | راہ اس کی | اور وہی | خوب جانتا ہے | راہ پانے والوں کو |

تمہارا پروردگار اسے بھی خوب جانتا ہے اور جو رستے پر چلنے والے ہیں اُن سے بھی خوب واقف ہے ﴿١٢٥﴾

وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ط وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنْ | عَاقَبْتُمْ | فَعَاقِبُوْا | بِمِثْلِ | مَا | عُوْقِبْتُمْ | بِهٖ | وَ | لَئِنْ | صَبَرْتُمْ |
| اور | اگر | بدلہ لو تم | پس بدلہ لو | برابر | اس چیز کے کہ | ایذا دیے گئے ہو تم | ساتھ اسکے | اور | البتہ اگر | صبر کرو تم |

اور اگر تم ان کو تکلیف دینی چاہو تو اتنی ہی دو جتنی تکلیف تم کو ان سے پہنچی ۔ اور اگر صبر کرو تو وہ

لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ﴿١٢٦﴾ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُوَ | خَيْرٌ | لِّلصّٰبِرِيْنَ | وَ | اصْبِرْ | وَ | مَا | صَبْرُكَ | اِلَّا | بِاللّٰهِ |
| البتہ وہ | بہتر ہے | واسطے صبر کرنے والوں کے | اور | صبر کرو | اور | نہیں | صبر تیرا | مگر | ساتھ اللہ کے |

صبر کرنے والوں کے لیے بہت اچھا ہے ﴿١٢٦﴾ اور صبر ہی کرو اور تمہارا صبر بھی اللہ ہی کی مدد سے ہے

وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿١٢٧﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | تَحْزَنْ | عَلَيْهِمْ | وَ | لَا | تَكُ | فِيْ | ضَيْقٍ | مِّمَّا | يَمْكُرُوْنَ |
| اور | مت | غم کھا | اوپر ان کے | اور | مت | ہو | بیچ | تنگی کے | اس سے کہ | وہ مکر کرتے ہیں |

اور ان کے بارے میں غم نہ کرو اور جو یہ بداندیشی کرتے ہیں اس سے تنگدل نہ ہو ﴿١٢٧﴾

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ﴿١٢٨﴾ ع ١٦ ٩ ٢٢

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | اللّٰهَ | مَعَ | الَّذِيْنَ | اتَّقَوْا | وَّالَّذِيْنَ | هُمْ | مُّحْسِنُوْنَ |
| بیشک | اللہ | ساتھ | ان لوگوں کے ہے جو | پرہیزگاری کرتے ہیں | اور ساتھ ان کے جو | وہ | احسان کرنے والے ہیں |

کچھ شک نہیں کہ جو پرہیزگار ہیں اور جو نیکوکار ہیں اللہ اُن کا مددگار ہے ﴿١٢٨﴾

ایاتها ۱۱۱ — ۱۷ سُوْرَةُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ مَكِّیَّةٌ ۵۰ — رکوعاتها ۱۲

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

**سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی**

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سُبْحٰنَ | الَّذِیْٓ | اَسْرٰی | بِعَبْدِهٖ | لَیْلًا | مِّنَ | الْمَسْجِدِ | الْحَرَامِ | اِلَی |
| پاکی ہے | اس ذات کو جو | لے گیا | بندے اپنے کو | رات کو | سے | مسجد | حرام | طرف |

وہ (ذات) پاک ہے جو ایک رات اپنے بندے کو مسجد الحرام (یعنی خانہ کعبہ) سے مسجد اقصٰے (یعنی بیت المقدس) تک

**الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِیَهٗ مِنْ اٰیٰتِنَا ؕ اِنَّهٗ هُوَ**

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَسْجِدِ | الْاَقْصَا | الَّذِیْ | بٰرَكْنَا | حَوْلَهٗ | لِنُرِیَهٗ | مِنْ | اٰیٰتِنَا | اِنَّهٗ | هُوَ |
| مسجد | اقصٰی کی | وہ جو | برکت دی ہم نے | گرد اسکے کو | تاکہ دکھلائیں اسکو ہم | سے | نشانیوں اپنی | بیشک وہ | وہی ہے |

جس کے گرداگرد ہم نے برکتیں رکھی ہیں لے گیا تاکہ ہم اُسے اپنی (قدرت کی) نشانیاں دکھائیں ۔ بیشک وہ

**السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ﴿۱﴾ وَاٰتَیْنَا مُوْسَی الْكِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًی لِّبَنِیْٓ**

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّمِیْعُ | الْبَصِیْرُ | وَ | اٰتَیْنَا | مُوْسَی | الْكِتٰبَ | وَ | جَعَلْنٰهُ | هُدًی | لِّبَنِیْٓ |
| سننے والا | دیکھنے والا | اور | دی ہم نے | موسٰی کو | کتاب | اور | کیا ہم نے اس کو | ہدایت | واسطے بنی |

سننے والا (اور) دیکھنے والا ہے ﴿۱﴾ اور ہم نے موسٰی کو کتاب عنایت کی تھی اور اُس کو بنی اسرائیل کے لیے

**اِسْرَآءِیْلَ اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِیْ وَكِیْلًا ﴿۲﴾ ذُرِّیَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ**

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِسْرَآءِیْلَ | اَلَّا | تَتَّخِذُوْا | مِنْ دُوْنِیْ | وَكِیْلًا | ذُرِّیَّةَ | مَنْ | حَمَلْنَا | مَعَ |
| اسرائیل کے | یہ کہ نہ | پکڑو | سوائے میرے | کارساز | اے اولاد | ان لوگوں کی جن کو | ہم نے چڑھایا تھا | ساتھ |

رہنما مقرر کیا تھا کہ میرے سوا کسی کو کارساز نہ ٹھہرانا ﴿۲﴾ اے اُن لوگوں کی اولاد جن کو ہم نے نوح کے ساتھ

**نُوْحٍ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا ﴿۳﴾ وَقَضَیْنَآ اِلٰی بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ فِی**

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نُوْحٍ | اِنَّهٗ | كَانَ | عَبْدًا | شَكُوْرًا | وَ | قَضَیْنَآ | اِلٰی | بَنِیْٓ | اِسْرَآءِیْلَ | فِی |
| نوح کے | بیشک وہ | تھا | بندہ | شکرگزار | اور | حکم کیا ہم نے | طرف | بنی | اسرائیل کی | بیچ |

(کشتی میں) سوار کیا تھا۔ بے شک نوح ہمارے شکرگزار بندے تھے ﴿۳﴾ اور ہم نے کتاب میں بنی اسرائیل سے

الْكِتٰبِ لَتُفْسِدُنَّ فِي الْاَرْضِ مَرَّتَيْنِ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا كَبِيْرًا ۝۴ فَاِذَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْكِتٰبِ | لَتُفْسِدُنَّ | فِي | الْاَرْضِ | مَرَّتَيْنِ | وَ | لَتَعْلُنَّ | عُلُوًّا | كَبِيْرًا | فَاِذَا |
| کتاب کے | البتہ فساد کرو گے تم | بیچ | زمین کے | دو بار | اور | البتہ تم بلندی پکڑو گے | بلندی | بڑی | پس جب |

کہہ دیا تھا کہ تم زمین میں دو دفعہ فساد مچاؤ گے اور بڑی سرکشی کرو گے (۴) پس جب

جَآءَ وَعْدُ اُوْلٰىهُمَا بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ عِبَادًا لَّنَآ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَآءَ | وَعْدُ | اُوْلٰىهُمَا | بَعَثْنَا | عَلَيْكُمْ | عِبَادًا | لَّنَآ | اُولِيْ | بَاْسٍ | شَدِيْدٍ |
| آیا | وعدہ | پہلا ان دونوں میں کا | بھیجے ہم نے | اوپر تمہارے | بندے | واسطے ہمارے | صاحبان | لڑائی کے | سخت |

پہلے (وعدے) کا وقت آیا تو ہم نے اپنے سخت لڑائی لڑنے والے بندے تم پر مسلط کر دیے

فَجَاسُوْا خِلٰلَ الدِّيَارِ ؕ وَكَانَ وَعْدًا مَّفْعُوْلًا ۝۵ ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَجَاسُوْا | خِلٰلَ | الدِّيَارِ | وَكَانَ | وَعْدًا | مَّفْعُوْلًا | ثُمَّ | رَدَدْنَا | لَكُمُ | الْكَرَّةَ |
| پس بیٹھ گئے | بیچ | گھروں کے | اور تھا | وعدہ | پورا کیا گیا | پھر | پھیر دیا ہم نے | واسطے تمہارے | غلبہ |

اور وہ شہروں کے اندر پھیل گئے۔ اور وہ وعدہ پورا ہو کر رہا (۵) پھر ہم نے دوسری بار تم کو اُن

عَلَيْهِمْ وَاَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَجَعَلْنٰكُمْ اَكْثَرَ نَفِيْرًا ۝۶ اِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِمْ | وَ | اَمْدَدْنٰكُمْ | بِاَمْوَالٍ | وَّ | بَنِيْنَ | وَجَعَلْنٰكُمْ | اَكْثَرَ | نَفِيْرًا | اِنْ |
| اوپر ان کے | اور | مدد دی ہم نے تم کو | ساتھ مالوں کے | اور | بیٹوں کے | اور کیا ہم نے تم کو | زیادہ | لشکر میں | اگر |

پر غلبہ دیا اور مال اور بیٹوں سے تمہاری مدد کی اور تم کو جماعتِ کثیر بنا دیا (۶) اگر تم

اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ ۣ وَاِنْ اَسَاْتُمْ فَلَهَا ؕ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَحْسَنْتُمْ | اَحْسَنْتُمْ | لِاَنْفُسِكُمْ | وَ | اِنْ | اَسَاْتُمْ | فَلَهَا | فَاِذَا | جَآءَ | وَعْدُ |
| بھلائی کرو گے تم | بھلائی کرو گے | واسطے جانوں اپنی کے | اور | اگر | برائی کرو گے تم | پس واسطے اسی کے ہے | پس جب | آیا | وعدہ |

نیکوکاری کرو گے تو اپنی جانوں کے لیے کرو گے اور اگر اعمال بد کرو گے تو (ان کا) وبال بھی تمہاری ہی جانوں پر ہوگا۔ پھر جب دوسرے

الْاٰخِرَةِ لِيَسُوْٓءٗا وُجُوْهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوْهُ اَوَّلَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاٰخِرَةِ | لِيَسُوْٓءٗا | وُجُوْهَكُمْ | وَ | لِيَدْخُلُوا | الْمَسْجِدَ | كَمَا | دَخَلُوْهُ | اَوَّلَ |
| دوسرا | تا کہ بگاڑ دیں | چہرے تمہارے | اور | تا کہ گھس جائیں | مسجد میں | جیسے کہ | گھس گئے تھے | پہلی |

(وعدے) کا وقت آیا (تو ہم نے پھر اپنے بندے بھیجے) تا کہ تمہارے چہروں کو بگاڑ دیں اور جس طرح پہلی دفعہ مسجد (بیت المقدس) میں داخل

مَرَّةٍ وَّ لِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا تَتْبِيْرًا ۝۷ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يَّرْحَمَكُمْ ۚ وَ اِنْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَرَّةٍ | وَّ | لِيُتَبِّرُوْا | مَا | عَلَوْا | تَتْبِيْرًا | عَسٰى | رَبُّكُمْ | اَنْ | يَّرْحَمَكُمْ | وَ | اِنْ |
| بار | اور | تاکہ ویران کردیں | جس پر | غالب آئیں | ویران کرنا | نزدیک ہے | رب تمہارا | یہ کہ | رحم کرے تم کو | اور | اگر |

ہوگئے تھے اسی طرح پھر اس میں داخل ہوجائیں اور جس چیز پر غلبہ پائیں اسے تباہ کردیں ۝۷ امید ہے کہ تمہارا پروردگار تم پر رحم کرے اور اگر

وقف لازم

عُدْتُّمْ عُدْنَا ۘ وَ جَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ حَصِيْرًا ۝۸ اِنَّ هٰذَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عُدْتُّمْ | عُدْنَا | وَ | جَعَلْنَا | جَهَنَّمَ | لِلْكٰفِرِيْنَ | حَصِيْرًا | اِنَّ | هٰذَا |
| پھر آوگے تم | پھر آویں گے ہم | اور | کیا ہم نے | دوزخ کو | واسطے کافروں کے | قید خانہ | تحقیق | یہ |

تم پھر وہی (حرکتیں) کروگے تو ہم بھی وہی (پہلا سلوک) کریں گے اور ہم نے جہنم کو کافروں کے لیے قید خانہ بنا رکھا ہے ۝۸ یہ

الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ وَ يُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقُرْاٰنَ | يَهْدِيْ | لِلَّتِيْ | هِيَ | اَقْوَمُ | وَ | يُبَشِّرُ | الْمُؤْمِنِيْنَ | الَّذِيْنَ | يَعْمَلُوْنَ |
| قرآن | راہ دکھاتا ہے | طرف اسکی کہ | وہ | بہت سیدھی ہے | اور | بشارت دیتا ہے | مومنوں کو | وہ جو | عمل کرتے ہیں |

قرآن وہ رستہ دکھاتا ہے جو سب سے سیدھا ہے اور مومنوں کو جو نیک عمل

الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ۝۹ وَّ اَنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصّٰلِحٰتِ | اَنَّ | لَهُمْ | اَجْرًا | كَبِيْرًا | وَّاَنَّ | الَّذِيْنَ | لَا | يُؤْمِنُوْنَ | بِالْاٰخِرَةِ |
| نیک | یہ کہ | واسطے ان کے | اجر ہے | بڑا | اور یہ کہ | وہ لوگ کہ | نہیں | ایمان لاتے | ساتھ آخرت کے |

کرتے ہیں بشارت دیتا ہے کہ اُن کے لیے اجرِ عظیم ہے ۝۹ اور یہ بھی (بتاتا ہے) کہ جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے

ع ۱

اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝۱۰ ع وَ يَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَعْتَدْنَا | لَهُمْ | عَذَابًا | اَلِيْمًا | وَ | يَدْعُ | الْاِنْسَانُ | بِالشَّرِّ | دُعَآءَهٗ | بِالْخَيْرِ |
| تیار کیا ہم نے | واسطے ان کے | عذاب | درد دینے والا | اور | دعا مانگتا ہے | آدمی | ساتھ برائی کے | مانند دعا اسکی کی | ساتھ خیر کے |

ان کے لیے ہم نے دکھ دینے والا عذاب تیار کر رکھا ہے ۝۱۰ اور انسان جس طرح (جلدی سے) بھلائی مانگتا ہے اسی طرح برائی مانگتا ہے

وَ كَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ۝۱۱ وَ جَعَلْنَا الَّيْلَ وَ النَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَكَانَ | الْاِنْسَانُ | عَجُوْلًا | وَ | جَعَلْنَا | الَّيْلَ | وَ | النَّهَارَ | اٰيَتَيْنِ | فَمَحَوْنَآ | اٰيَةَ |
| اور ہے | آدمی | جلد باز | اور | کیا ہم نے | رات کو | اور | دن کو | دو نشانیاں | پھر مٹا دیا ہم نے | نمونہ |

اور انسان جلد باز (پیدا ہوا) ہے ۝۱۱ اور ہم نے دن اور رات کو دو نشانیاں بنایا ہے رات کی نشانی کو

الَّيۡلِ وَ جَعَلۡنَاۤ اٰيَةَ النَّهَارِ مُبۡصِرَةً لِّتَبۡتَغُوۡا فَضۡلًا مِّنۡ رَّبِّكُمۡ

| الَّيۡلِ | وَ | جَعَلۡنَاۤ | اٰيَةَ | النَّهَارِ | مُبۡصِرَةً | لِّتَبۡتَغُوۡا | فَضۡلًا | مِّنۡ | رَّبِّكُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رات کا | اور | بنا دیا | نمونہ | دن کا | دیکھنے کو | تاکہ چاہو تم | فضل | سے | پروردگار اپنے |

تاریک بنایا اور دن کی نشانی کو روشن تاکہ تم اپنے پروردگار کا فضل (یعنی روزی) تلاش کرو

وَ لِتَعۡلَمُوۡا عَدَدَ السِّنِيۡنَ وَالۡحِسَابَ ؕ وَكُلَّ شَىۡءٍ فَصَّلۡنٰهُ

| وَ | لِتَعۡلَمُوۡا | عَدَدَ | السِّنِيۡنَ | وَالۡحِسَابَ | وَ | كُلَّ | شَىۡءٍ | فَصَّلۡنٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | تاکہ جانو تم | گنتی | برسوں کی | اور حساب | اور | ہر | چیز | مفصل بیان کیا ہم نے اسکو |

اور برسوں کا شمار اور حساب جانو اور ہم نے ہر چیز کی (بخوبی) تفصیل

تَفۡصِيۡلًا ﴿۱۲﴾ وَكُلَّ اِنۡسَانٍ اَلۡزَمۡنٰهُ طٰۤئِرَهٗ فِىۡ عُنُقِهٖ ؕ وَنُخۡرِجُ لَهٗ يَوۡمَ

| تَفۡصِيۡلًا | وَ | كُلَّ | اِنۡسَانٍ | اَلۡزَمۡنٰهُ | طٰۤئِرَهٗ | فِىۡ | عُنُقِهٖ | وَ | نُخۡرِجُ | لَهٗ | يَوۡمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مفصل بیان کرنا | اور | ہر | آدمی | لگا دیا ہم نے اس کو | عمل نامہ | بیچ | گردن اسکی کے | اور | نکالیں گے ہم | واسطے اسکے | دن |

کردی ہے (۱۲) اور ہم نے ہر انسان کے اعمال کو (بصورتِ کتاب) اس کے گلے میں لٹکا دیا ہے اور قیامت کے روز (وہ) کتاب اُسے نکال

الۡقِيٰمَةِ كِتٰبًا يَّلۡقٰٮهُ مَنۡشُوۡرًا ﴿۱۳﴾ اِقۡرَاۡ كِتٰبَكَ ؕ كَفٰى بِنَفۡسِكَ الۡيَوۡمَ

| الۡقِيٰمَةِ | كِتٰبًا | يَّلۡقٰٮهُ | مَنۡشُوۡرًا | اِقۡرَاۡ | كِتٰبَكَ | كَفٰى | بِنَفۡسِكَ | الۡيَوۡمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قیامت کے | ایک کتاب کہ | دیکھے گا اس کو | کھلی ہوئی | پڑھ | کتاب اپنی | کافی ہے | جان تیری | آج |

دکھائیں گے جسے وہ کھلا ہوا دیکھے گا (۱۳) (کہا جائے گا کہ) اپنی کتاب پڑھ لے۔ تو آج اپنا آپ

عَلَيۡكَ حَسِيۡبًا ﴿۱۴﴾ؕ مَنِ اهۡتَدٰى فَاِنَّمَا يَهۡتَدِىۡ لِنَفۡسِهٖ ۚ وَمَنۡ

| عَلَيۡكَ | حَسِيۡبًا | مَنِ | اهۡتَدٰى | فَاِنَّمَا | يَهۡتَدِىۡ | لِنَفۡسِهٖ | وَ | مَنۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر تیرے | حساب لینے والی | جس نے | راہ پائی | پس سوائے اسکے نہیں کہ | راہ پاتا ہے | واسطے جان اپنی کے | اور | جو کوئی |

ہی محاسب کافی ہے (۱۴) جو شخص ہدایت اختیار کرتا ہے تو اپنے لیے اختیار کرتا ہے اور جو

ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيۡهَا ؕ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزۡرَ اُخۡرٰى ؕ وَمَا كُنَّا

| ضَلَّ | فَاِنَّمَا | يَضِلُّ | عَلَيۡهَا | وَ | لَا | تَزِرُ | وَازِرَةٌ | وِّزۡرَ | اُخۡرٰى | وَ | مَا | كُنَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گمراہ ہوا | پس سوائے اسکے نہیں کہ | گمراہ ہوتا ہے | اوپر اپنے | اور | نہیں | بوجھ اٹھاتا | کوئی بوجھ اٹھانیوالا | بوجھ | دوسرے کا | اور | نہیں | ہیں ہم |

گمراہ ہوتا ہے تو گمراہی کا ضرر بھی اُسی کو ہوگا۔ اور کوئی شخص کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اُٹھائے گا۔ اور جب تک

مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾ وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُعَذِّبِيْنَ | حَتّٰى | نَبْعَثَ | رَسُوْلًا | وَ | اِذَآ | اَرَدْنَآ | اَنْ | نُّهْلِكَ | قَرْيَةً |
| عذاب دینے والے | یہاں تک کہ | بھیجیں | پیغمبر | اور | جب | ارادہ کرتے ہیں ہم | یہ کہ | ہلاک کریں ہم | کسی بستی کو |

ہم پیغمبر نہ بھیج لیں عذاب نہیں دیا کرتے ﴿۱۵﴾ اور جب ہمارا ارادہ کسی بستی کے ہلاک کرنے کا ہوا تو وہاں

اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَمَرْنَا | مُتْرَفِيْهَا | فَفَسَقُوْا | فِيْهَا | فَحَقَّ | عَلَيْهَا | الْقَوْلُ | فَدَمَّرْنٰهَا |
| حکم کرتے ہیں ہم | دولت مندوں اسکے کو | پس نافرمانی کرتے ہیں وہ | بیچ اسکے | پس ثابت ہوئی | اوپر اس کے | بات | پس ہلاک کرتے ہیں ہم اسکو |

کے آسودہ لوگوں کو (فواحش پر) مامور کر دیا تو وہ نافرمانیاں کرتے رہے پھر اُس پر (عذاب کا) حکم ثابت ہو گیا۔ اور ہم نے

تَدْمِيْرًا ﴿۱۶﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَدْمِيْرًا | وَ | كَمْ | اَهْلَكْنَا | مِنَ | الْقُرُوْنِ | مِنْۢ بَعْدِ | نُوْحٍ | وَ | كَفٰى | بِرَبِّكَ |
| ہلاک کرنا | اور | بہت | ہلاک کیے ہم نے | سے | قرنوں | پیچھے | نوح کے | اور | کافی ہے | پروردگار تیرا |

اُسے ہلاک کر ڈالا ﴿۱۶﴾ اور ہم نے نوح کے بعد بہت سی اُمتوں کو ہلاک کر ڈالا۔ اور تمہارا پروردگار اپنے بندوں کے

بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًاۢ بَصِيْرًا ﴿۱۷﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِذُنُوْبِ | عِبَادِهٖ | خَبِيْرًاۢ | بَصِيْرًا | مَنْ | كَانَ | يُرِيْدُ | الْعَاجِلَةَ | عَجَّلْنَا لَهٗ |
| ساتھ گناہوں | بندوں اپنے کے | خبردار | دیکھنے والا | جو کوئی | ہے | ارادہ کرتا | جلد | جلد دیتے ہیں ہم اسکو |

گناہوں کو جاننے اور دیکھنے والا کافی ہے ﴿۱۷﴾ جو شخص دنیا (کی آسودگی) کا خواہشمند ہو تو ہم اس میں سے جسے چاہتے

فِيْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلٰهَا مَذْمُوْمًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهَا | مَا | نَشَآءُ | لِمَنْ | نُّرِيْدُ | ثُمَّ | جَعَلْنَا | لَهٗ | جَهَنَّمَ | يَصْلٰهَا | مَذْمُوْمًا |
| بیچ اس کے | جو | ہم چاہتے ہیں | واسطے جسکے | چاہیں ہم | پھر | کرتے ہیں ہم | واسطے اسکے | دوزخ | داخل ہوگا اس میں | برے حال سے |

ہیں اور جتنا چاہتے ہیں جلد دے دیتے ہیں پھر اس کے لیے جہنم کو (ٹھکانا) مقرر کر رکھا ہے۔ جس میں وہ نفرین سن کر اور (درگاہِ اللہ

مَّدْحُوْرًا ﴿۱۸﴾ وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّدْحُوْرًا | وَ | مَنْ | اَرَادَ | الْاٰخِرَةَ | وَ | سَعٰى | لَهَا | سَعْيَهَا | وَ | هُوَ | مُؤْمِنٌ |
| راندہ ہوا | اور | جو | ارادہ کرتا ہے | آخرت کا | اور | کوشش کرتا ہے | واسطے اسکے | جو کوشش کی ہے | اور | وہ | مومن ہے |

سے) راندہ ہو کر داخل ہوگا ﴿۱۸﴾ اور جو شخص آخرت کا خواستگار ہو اور اس میں اتنی کوشش کرے جتنی اسے لائق ہے اور وہ مومن

فَاُولٰٓئِكَ كَانَ سَعْيُهُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿۱۹﴾ كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاُولٰٓئِكَ | كَانَ | سَعْيُهُمْ | مَّشْكُوْرًا | كُلًّا | نُّمِدُّ | هٰٓؤُلَآءِ | وَ | هٰٓؤُلَآءِ | مِنْ |
| پس یہ لوگ | ہیں | سعی ان کی | قدردانی کی گئی ہے | ہر ایک کو | مدد دیتے ہیں ہم | ان کو | اور | اُن کو | سے |

بھی ہو تو ایسے ہی لوگوں کی کوشش ٹھکانے لگتی ہے ﴿۱۹﴾ ہم اُن کو اور اِن کو سب کو تمہارے پروردگار

عَطَآءِ رَبِّكَ ۭ وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا ﴿۲۰﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَطَآءِ | رَبِّكَ | وَ | مَا | كَانَ | عَطَآءُ | رَبِّكَ | مَحْظُوْرًا | اُنْظُرْ | كَيْفَ |
| بخشش | پروردگار تیرے کی | اور | نہیں | ہے | بخشش | رب تیرے کی | بند کی گئی | دیکھ | کیوں کر |

کی بخشش سے مدد دیتے ہیں۔ اور تمہارے پروردگار کی بخشش (کسی سے) رکی ہوئی نہیں ﴿۲۰﴾ دیکھو ہم نے

فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰي بَعْضٍ ۭ وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَكْبَرُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَضَّلْنَا | بَعْضَهُمْ | عَلٰي | بَعْضٍ | وَ | لَلْاٰخِرَةُ | اَكْبَرُ | دَرَجٰتٍ | وَّ | اَكْبَرُ |
| بزرگی دی ہم نے | بعضے ان کو | اوپر | بعض کے | اور | البتہ آخرت | بڑی ہے | درجوں میں | اور | بڑی ہے |

کس طرح بعض کو بعض پر فضیلت بخشی ہے۔ اور آخرت درجوں میں (دنیا سے) بہت برتر اور برتری

تَفْضِيْلًا ﴿۲۱﴾ لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَقْعُدَ مَذْمُوْمًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَفْضِيْلًا | لَا | تَجْعَلْ | مَعَ | اللّٰهِ | اِلٰهًا | اٰخَرَ | فَتَقْعُدَ | مَذْمُوْمًا |
| بزرگی دینے میں | مت | مقرر کر | ساتھ | اللہ کے | معبود | دوسرا | پس بیٹھ رہے گا تو | مذمت کیا گیا |

میں کہیں بڑھ کر ہے ﴿۲۱﴾ اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود نہ بنانا کہ ملامتیں سن کر اور بے کس ہو کر بیٹھے

مَّخْذُوْلًا ﴿۲۲﴾ وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ ع ۱۲ ۲

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّخْذُوْلًا | وَ | قَضٰى | رَبُّكَ | اَلَّا | تَعْبُدُوْٓا | اِلَّآ | اِيَّاهُ | وَبِالْوَالِدَيْنِ |
| ہلاک میں سونپا ہوا | اور | حکم کیا | پروردگار تیرے نے | یہ کہ نہ | عبادت کرو | مگر | اسی کی | اور ساتھ ماں باپ کے |

رہ جاؤ گے ﴿۲۲﴾ اور تمہارے پروردگار نے ارشاد فرمایا ہے کہ اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو اور ماں باپ

اِحْسَانًا ۭ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِحْسَانًا | اِمَّا | يَبْلُغَنَّ | عِنْدَكَ | الْكِبَرَ | اَحَدُهُمَآ | اَوْ | كِلٰهُمَا | فَلَا | تَقُلْ |
| احسان کرنا | اگر | پہنچے | نزدیک تیرے | بڑھاپے کو | ایک ان دونوں میں کا | یا | دونوں | پس مت | کہو |

کے ساتھ بھلائی کرتے رہو۔ اگر اُن میں سے ایک یا دونوں تمہارے سامنے بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو اُن کو اُف تک

لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ﴿۲۳﴾ وَاخْفِضْ لَهُمَا

| لَّهُمَآ | اُفٍّ | وَّ | لَا | تَنْهَرْ | هُمَا | وَ | قُلْ | لَّهُمَا | قَوْلًا | كَرِيْمًا | وَ | اخْفِضْ | لَهُمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کو | اف | اور | مت | ڈانٹ | ان کو | اور | کہہ | واسطے انکے | بات | ادب کی | اور | بچھا | واسطے انکے |

نہ کہنا اور نہ اُنہیں جھڑکنا اور اُن سے بات ادب کے ساتھ کرنا ﴿۲۳﴾ اور عجز و نیاز سے اُن کے آگے

جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ

| جَنَاحَ | الذُّلِّ | مِنَ | الرَّحْمَةِ | وَ | قُلْ | رَّبِّ | ارْحَمْهُمَا | كَمَا | رَبَّيٰنِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بازو | عاجزی کا | سے | مہربانی | اور | کہہ | اے پروردگار میرے | رحم کر ان دونوں پر | جیسا کہ | پالا انہوں نے مجھ کو |

جھکے رہو اور ان کے حق میں دعا کرو کہ اے پروردگار جیسا اُنہوں نے مجھے بچپن میں (شفقت سے) پرورش کیا ہے تو بھی اُن

صَغِيْرًا ﴿۲۴﴾ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا فِيْ نُفُوْسِكُمْ ۚ اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ فَاِنَّهٗ

| صَغِيْرًا | رَبُّكُمْ | اَعْلَمُ | بِمَا | فِيْ | نُفُوْسِكُمْ | اِنْ | تَكُوْنُوْا | صٰلِحِيْنَ | فَاِنَّهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چھوٹا سا | رب تمہارا | خوب جانتا ہے | اس چیز کو کہ | بیچ | جیوں تمہارے کے ہے | اگر | ہو گے تم | صالح | پس بیشک وہ |

(کے حال) پر رحمت فرما ﴿۲۴﴾ جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے تمہارا پروردگار اس سے بخوبی واقف ہے۔ اگر تم نیک ہو گے تو وہ

كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا ﴿۲۵﴾ وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَ

| كَانَ | لِلْاَوَّابِيْنَ | غَفُوْرًا | وَاٰتِ | ذَا | الْقُرْبٰى | حَقَّهٗ | وَ | الْمِسْكِيْنَ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہے | واسطے رجوع کرنیوالوں کے | بخشنے والا | اور دے | صاحب | قرابت کو | حق اس کا | اور | مسکین کو | اور |

رجوع لانے والوں کو بخش دینے والا ہے ﴿۲۵﴾ اور رشتہ داروں اور محتاجوں اور مسافروں کو اُن کا حق ادا

ابْنَ السَّبِيْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ﴿۲۶﴾ اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ

| ابْنَ السَّبِيْلِ | وَ | لَا | تُبَذِّرْ | تَبْذِيْرًا | اِنَّ | الْمُبَذِّرِيْنَ | كَانُوْٓا | اِخْوَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مسافر کو | اور | مت | بیجا خرچ کر | بیجا خرچ کرنا | بیشک | بے جا خرچ کرنیوالے | ہیں | بھائی |

کرو اور فضول خرچی سے مال نہ اُڑاؤ ﴿۲۶﴾ کہ فضول خرچی کرنے والے تو شیطان کے بھائی ہیں

الشَّيٰطِيْنِ ۖ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ﴿۲۷﴾ وَاِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ

| الشَّيٰطِيْنِ | وَ | كَانَ | الشَّيْطٰنُ | لِرَبِّهٖ | كَفُوْرًا | وَ | اِمَّا | تُعْرِضَنَّ | عَنْهُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شیطانوں کے | اور | ہے | شیطان | واسطے اپنے رب کے | کفر کرنیوالا | اور | اگر | منہ پھیرے تو | ان سے |

اور شیطان اپنے پروردگار (کی نعمتوں) کا کفران کرنے والا (یعنی ناشکرا) ہے ﴿۲۷﴾ اگر تم اپنے پروردگار کی رحمت (یعنی

ابۡتِغَآءَ رَحۡمَةٍ مِّنۡ رَّبِّكَ تَرۡجُوۡهَا فَقُلۡ لَّهُمۡ قَوۡلًا مَّيۡسُوۡرًا ﴿۲۸﴾

| ابۡتِغَآءَ | رَحۡمَةٍ | مِّنۡ | رَّبِّكَ | تَرۡجُوۡهَا | فَقُلۡ | لَّهُمۡ | قَوۡلًا | مَّيۡسُوۡرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے چاہنے | رحمت | سے | پروردگار اپنے کے | امید رکھتا ہے تو اس کی | پس کہہ | واسطے ان کے | بات | آسانی کی |

فراخ دستی) کے انتظار میں جس کی تمہیں اُمید ہو اُن (مستحقین) کی طرف توجہ نہ کر سکو تو اُن سے نرمی سے بات کہہ دیا کرو ﴿۲۸﴾

وَلَا تَجۡعَلۡ يَدَكَ مَغۡلُوۡلَةً اِلٰى عُنُقِكَ وَلَا تَبۡسُطۡهَا كُلَّ الۡبَسۡطِ

| وَ | لَا | تَجۡعَلۡ | يَدَكَ | مَغۡلُوۡلَةً | اِلٰى | عُنُقِكَ | وَ | لَا | تَبۡسُطۡهَا | كُلَّ | الۡبَسۡطِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | مت | کر | ہاتھ اپنا | بندھا ہوا | طرف | گردن اپنی کے | اور | مت | کھول دے اس کو | نہایت | کھول دینا |

اور اپنے ہاتھ کو نہ تو گردن سے بندھا ہوا (یعنی بہت تنگ) کرلو (کہ کسی کو کچھ دو ہی نہیں) اور نہ بالکل کھول ہی دو (کہ سبھی کچھ دے ڈالو

فَتَقۡعُدَ مَلُوۡمًا مَّحۡسُوۡرًا ﴿۲۹﴾ اِنَّ رَبَّكَ يَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ يَّشَآءُ

| فَتَقۡعُدَ | مَلُوۡمًا | مَّحۡسُوۡرًا | اِنَّ | رَبَّكَ | يَبۡسُطُ | الرِّزۡقَ | لِمَنۡ | يَّشَآءُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس بیٹھ رہے گا تو | ملامت کیا ہوا | پچھتاتا ہوا | بیشک | رب تیرا | کھول دیتا ہے | رزق کو | واسطے جس کے | چاہتا ہے |

اور انجام یہ ہو) کہ ملامت زدہ اور درماندہ ہو کر بیٹھ جاؤ ﴿۲۹﴾ بیشک تمہارا پروردگار جس کی روزی چاہتا ہے فراخ کر دیتا ہے اور (جس کی

وَيَقۡدِرُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيۡرًاۢ بَصِيۡرًا ﴿۳۰﴾ ع وَلَا تَقۡتُلُوۡۤا اَوۡلَادَكُمۡ

| وَيَقۡدِرُ | اِنَّهٗ | كَانَ | بِعِبَادِهٖ | خَبِيۡرًاۢ | بَصِيۡرًا | وَ | لَا | تَقۡتُلُوۡۤا | اَوۡلَادَكُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور بند کر لیتا ہے | بیشک وہ | ہے | ساتھ اپنے بندوں کے | خبردار | دیکھنے والا | اور | مت | مار ڈالو | اولاد اپنی کو |

روزی چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے۔ وہ اپنے بندوں سے خبردار ہے اور (اُن کو) دیکھ رہا ہے ﴿۳۰﴾ اور اپنی اولاد کو مفلسی کے خوف

خَشۡيَةَ اِمۡلَاقٍ ؕ نَحۡنُ نَرۡزُقُهُمۡ وَاِيَّاكُمۡ ؕ اِنَّ قَتۡلَهُمۡ كَانَ خِطۡاً

| خَشۡيَةَ | اِمۡلَاقٍ | نَحۡنُ | نَرۡزُقُهُمۡ | وَاِيَّاكُمۡ | اِنَّ | قَتۡلَهُمۡ | كَانَ | خِطۡاً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈر | افلاس کے سے | ہم | رزق دیتے ہیں ان کو | اور تم کو | بیشک | مار ڈالنا ان کا | ہے | خطا |

سے قتل نہ کرنا۔ (کیونکہ) ان کو اور تم کو ہم ہی رزق دیتے ہیں۔ کچھ شک نہیں کہ ان کا مار ڈالنا بڑا سخت

كَبِيۡرًا ﴿۳۱﴾ وَلَا تَقۡرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ؕ وَسَآءَ سَبِيۡلًا ﴿۳۲﴾

| كَبِيۡرًا | وَ | لَا | تَقۡرَبُوا | الزِّنٰٓى | اِنَّهٗ | كَانَ | فَاحِشَةً | وَ | سَآءَ | سَبِيۡلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بڑی | اور | مت | نزدیک جاؤ | زنا کے | بیشک وہ | ہے | بے حیائی | اور | بری ہے | راہ |

گناہ ہے ﴿۳۱﴾ اور زنا کے بھی پاس نہ جانا کہ وہ بے حیائی اور بری راہ ہے ﴿۳۲﴾

وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا

| وَ | لَا | تَقْتُلُوْا | النَّفْسَ | الَّتِیْ | حَرَّمَ | اللّٰهُ | اِلَّا | بِالْحَقِّ | وَ | مَنْ | قُتِلَ | مَظْلُوْمًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | مت | مار ڈالو | اس جان کو | جو کہ | حرام کیا ہے | اللہ نے | مگر | ساتھ حق کے | اور | جو کوئی | مارا جائے | مظلوم |

اور جس جاندار کا مارنا اللہ نے حرام کیا ہے اسے قتل نہ کرنا مگر جائز طور پر (یعنی بفتوائے شریعت)۔ اور جو شخص ظلم سے قتل کیا جائے ہم

فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِیِّهٖ سُلْطٰنًا فَلَا یُسْرِفْ فِّی الْقَتْلِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ

| فَقَدْ | جَعَلْنَا | لِوَلِیِّهٖ | سُلْطٰنًا | فَلَا | یُسْرِفْ | فِّیْ | الْقَتْلِ | اِنَّهٗ | كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس تحقیق | کیا ہم نے | واسطے اسکے والی کے | غلبہ | پس نہ | زیادتی کرے | بیچ | قتل کے | بیشک وہ | ہے |

نے اس کے وارث کو اختیار دیا ہے (کہ ظالم قاتل سے بدلہ لے) تو اس کو چاہیے کہ قتل (کے قصاص) میں زیادتی نہ کرے کہ وہ

مَنْصُوْرًا ﴿۳۳﴾ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْیَتِیْمِ اِلَّا بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ حَتّٰی

| مَنْصُوْرًا | وَ | لَا | تَقْرَبُوْا | مَالَ | الْیَتِیْمِ | اِلَّا | بِالَّتِیْ | هِیَ | اَحْسَنُ | حَتّٰی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مدد دیا گیا | اور | مت | پاس جاؤ | مال | یتیم کے | مگر | یہ کہ | وہ | بہت اچھی ہے | یہاں تک کہ |

منصور و فتح یاب ہے ﴿۳۳﴾ اور یتیم کے مال کے پاس بھی نہ پھٹکنا مگر ایسے طریق سے کہ بہت بہتر ہو یہاں تک

یَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۪ وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْـُٔوْلًا ﴿۳۴﴾ وَاَوْفُوا

| یَبْلُغَ | اَشُدَّهٗ | وَاَوْفُوْا | بِالْعَهْدِ | اِنَّ | الْعَهْدَ | كَانَ | مَسْـُٔوْلًا | وَ | اَوْفُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ پہنچ جائے | جوانی اپنی کو | اور پورا کرو | عہد کو | بیشک | عہد | ہے | سوال کیا گیا | اور | پورا کرو |

کہ وہ جوانی کو پہنچ جائے اور عہد کو پورا کرو کہ عہد کے بارے میں ضرور پرسش ہوگی ﴿۳۴﴾ اور جب

الْكَیْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِیْمِ ؕ ذٰلِكَ خَیْرٌ

| الْكَیْلَ | اِذَا | كِلْتُمْ | وَزِنُوْا | بِالْقِسْطَاسِ | الْمُسْتَقِیْمِ | ذٰلِكَ | خَیْرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیمان کو | جب | پیمان کرو تم | اور تولو | ساتھ ترازو | سیدھی کے | یہ | بہتر ہے |

(کوئی چیز) ماپ کر دینے لگو تو پیمانہ پورا بھرا کرو اور (جب تول کر دو تو) ترازو سیدھی رکھ کر تولا کرو۔ یہ بہت اچھی بات اور

وَّاَحْسَنُ تَاْوِیْلًا ﴿۳۵﴾ وَلَا تَقْفُ مَا لَیْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنَّ السَّمْعَ

| وَّاَحْسَنُ | تَاْوِیْلًا | وَ | لَا | تَقْفُ | مَا | لَیْسَ | لَكَ | بِهٖ | عِلْمٌ | اِنَّ | السَّمْعَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور اچھا ہے | بازگشت میں | اور | مت | پیچھا کرو | اس چیز کا کہ | نہیں ہے | واسطے تیرے | ساتھ اسکے | علم | بیشک | کان |

انجام کے لحاظ سے بھی بہت بہتر ہے ﴿۳۵﴾ اور (اے بندے) جس چیز کا تجھے علم نہیں اس کے پیچھے نہ پڑ۔ کہ کان

وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ أُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْـُٔوْلًا ﴿۳۶﴾ وَلَا تَمْشِ فِي

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْبَصَرَ | وَ | الْفُؤَادَ | كُلُّ | أُولٰٓئِكَ | كَانَ | عَنْهُ | مَسْـُٔوْلًا | وَ | لَا | تَمْشِ | فِيْ |
| اور | آنکھ | اور | دل | ہر ایک | ان میں کا | ہے | اس سے | سوال کیا گیا | اور | مت | چل | بیچ |

اور آنکھ اور دل ان سب (جوارح) سے ضرور باز پرس ہو گی ﴿۳۶﴾ اور زمین پر اکڑ کر

الْاَرْضِ مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضِ | مَرَحًا | اِنَّكَ | لَنْ | تَخْرِقَ | الْاَرْضَ | وَ | لَنْ | تَبْلُغَ | الْجِبَالَ |
| زمین کے | اکڑتا ہوا | بے شک تو | ہرگز نہیں | پھاڑے گا | زمین کو | اور | ہرگز نہ | پہنچے گا | پہاڑوں کو |

(اور تن کر) مت چل کہ تو زمین کو پھاڑ تو نہیں ڈالے گا اور نہ لمبا ہو کر پہاڑوں (کی چوٹی) تک پہنچ

طُوْلًا ﴿۳۷﴾ كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهٗ عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوْهًا ﴿۳۸﴾ ذٰلِكَ مِمَّآ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طُوْلًا | كُلُّ | ذٰلِكَ | كَانَ | سَيِّئُهٗ | عِنْدَ | رَبِّكَ | مَكْرُوْهًا | ذٰلِكَ | مِمَّآ |
| لمبائی میں | سب | یہ باتیں | ہیں | بری | نزدیک | پروردگار تیرے کے | ناپسند | یہ | اس چیز سے ہے کہ |

جائے گا ﴿۳۷﴾ ان سب (عادتوں) کی برائی تیرے پروردگار کے نزدیک بہت ناپسند ہے ﴿۳۸﴾ (اے پیغمبر) یہ اُن

اَوْحٰٓى اِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ۭ وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰـهًا اٰخَرَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْحٰى | اِلَيْكَ | رَبُّكَ | مِنَ | الْحِكْمَةِ | وَ | لَا | تَجْعَلْ | مَعَ | اللّٰهِ | اِلٰهًا | اٰخَرَ |
| وحی کی ہے | طرف تیری | رب تیرے نے | سے | حکمت | اور | مت | مقرر کر | ساتھ | اللہ کے | معبود | اور |

(ہدایتوں) میں سے ہیں جو اللہ نے دانائی کی باتیں تمہاری طرف وحی کی ہیں۔ اور اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود نہ بنانا کہ (ایسا کرنے

فَتُلْقٰى فِيْ جَهَنَّمَ مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿۳۹﴾ اَفَاَصْفٰىكُمْ رَبُّكُمْ بِالْبَنِيْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَتُلْقٰى | فِيْ | جَهَنَّمَ | مَلُوْمًا | مَّدْحُوْرًا | اَفَاَصْفٰىكُمْ | رَبُّكُمْ | بِالْبَنِيْنَ |
| ورنہ ڈالا جائیگا | بیچ | دوزخ کے | ملامت کیا ہوا | راندہ ہوا | کیا پسند کیا ہے تم کو | رب تمہارے نے | ساتھ بیٹوں کے |

سے) ملامت زدہ اور (درگاہِ اللہ سے) راندہ بنا کر جہنم میں ڈال دیے جاؤ گے ﴿۳۹﴾ (مشرکو!) کیا تمہارے پروردگار نے تم کو تو لڑکے دیے

وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ اِنَاثًا ۭ اِنَّكُمْ لَتَقُوْلُوْنَ قَوْلًا عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾ع وَلَقَدْ ع ۴

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اتَّخَذَ | مِنَ | الْمَلٰٓئِكَةِ | اِنَاثًا | اِنَّكُمْ | لَتَقُوْلُوْنَ | قَوْلًا | عَظِيْمًا | وَ | لَقَدْ |
| اور | اپنے لیے | کرلیا | فرشتوں کو | بیٹیاں | بیشک تم | البتہ تم کہتے ہو | بات | بڑی | اور | البتہ تحقیق |

اور خود فرشتوں کو بیٹیاں بنایا۔ کچھ شک نہیں کہ (یہ) تم بڑی (نامعقول) بات کہتے ہو ﴿۴۰﴾ اور ہم

صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِيَذَّكَّرُوْا ۭ وَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ﴿۴۱﴾ قُلْ لَّوْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صَرَّفْنَا | فِيْ | هٰذَا | الْقُرْاٰنِ | لِيَذَّكَّرُوْا | وَ | مَا | يَزِيْدُهُمْ | اِلَّا | نُفُوْرًا | قُلْ | لَّوْ |
| طرح طرح سے بیان کیا ہم نے | بیچ | اس | قرآن کے | تاکہ نصیحت پکڑیں | اور | نہیں | زیادہ کرتا ان کو | مگر | نفرت | کہہ | اگر |

نے اس قرآن میں طرح طرح کی باتیں بیان کی ہیں تاکہ لوگ نصیحت پکڑیں۔ مگر وہ اس سے اَور بدک جاتے ہیں ﴿۴۱﴾ کہہ دو

كَانَ مَعَهٗٓ اٰلِهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِي الْعَرْشِ سَبِيْلًا ﴿۴۲﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانَ | مَعَهٗٓ | اٰلِهَةٌ | كَمَا | يَقُوْلُوْنَ | اِذًا | لَّابْتَغَوْا | اِلٰى | ذِي | الْعَرْشِ | سَبِيْلًا |
| ہوتے | ساتھ اس کے | بہت معبود | جیسا کہ | وہ کہتے ہیں | اس وقت | البتہ ڈھونڈتے | طرف | صاحب | عرش کی | راہ |

کہ اگر اللہ کے ساتھ اور معبود ہوتے جیسا کہ یہ کہتے ہیں تو وہ ضرور (اللہ) مالک عرش کی طرف (لڑنے بھڑنے کے لیے) رستہ نکالتے ﴿۴۲﴾

سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا ﴿۴۳﴾ تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سُبْحٰنَهٗ | وَ | تَعٰلٰى | عَمَّا | يَقُوْلُوْنَ | عُلُوًّا | كَبِيْرًا | تُسَبِّحُ | لَهُ | السَّمٰوٰتُ |
| پاک ہے وہ | اور | بلند ہے | اس چیز سے کہ | وہ کہتے ہیں | بلندی | بڑی | تسبیح کرتے ہیں | واسطے اسکے | آسمان |

وہ پاک ہے اور جو کچھ یہ بکواس کرتے ہیں اُس سے (اس کا رتبہ) بہت عالی ہے ﴿۴۳﴾ ساتوں آسمان

السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ۭ وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّبْعُ | وَ | الْاَرْضُ | وَ | مَنْ | فِيْهِنَّ | وَ | اِنْ | مِّنْ | شَيْءٍ | اِلَّا | يُسَبِّحُ |
| ساتوں | اور | زمین | اور | جو کوئی | بیچ اس کے ہے | اور | نہیں | کوئی | چیز | مگر | تسبیح کرتی ہے |

اور زمین اور جو بھی اُن میں ہیں سب اُسی کی تسبیح کرتے ہیں۔ اور (مخلوقات میں سے) کوئی چیز نہیں مگر اس کی

بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۴﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِحَمْدِهٖ | وَ | لٰكِنْ | لَّا | تَفْقَهُوْنَ | تَسْبِيْحَهُمْ | اِنَّهٗ | كَانَ | حَلِيْمًا | غَفُوْرًا |
| ساتھ اسکی تعریف کے | اور | لیکن | نہیں | سمجھتے تم | تسبیح ان کی | بیشک وہ | ہے | تحمل والا | بخشنے والا |

تعریف کے ساتھ تسبیح کرتی ہے لیکن تم اُن کی تسبیح کو نہیں سمجھتے۔ بے شک وہ بردبار (اور) غفار ہے ﴿۴۴﴾

وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِذَا | قَرَاْتَ | الْقُرْاٰنَ | جَعَلْنَا | بَيْنَكَ | وَ | بَيْنَ | الَّذِيْنَ | لَا | يُؤْمِنُوْنَ | بِالْاٰخِرَةِ |
| اور | جس وقت | پڑھتا ہے تو | قرآن کو | کر دیتے ہیں ہم | درمیان تیرے | اور | درمیان | ان لوگوں کے کہ | نہیں | ایمان لاتے | ساتھ آخرت کے |

اور جب تم قرآن پڑھا کرتے ہو تو ہم تم میں اور اُن لوگوں میں جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے

حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ﴿۴۵﴾ وَّ جَعَلْنَا عَلٰی قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ

| حِجَابًا | مَّسْتُوْرًا | وَّ | جَعَلْنَا | عَلٰی | قُلُوْبِهِمْ | اَكِنَّةً | اَنْ | يَّفْقَهُوْهُ | وَ | فِيْٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پردہ | چھپا ہوا | اور | کر دیتے ہیں ہم | اوپر | ان کے دلوں کے | پردہ | ایسا نہ ہو کہ | سمجھیں اس کو | اور | بیچ |

حجاب پر حجاب کر دیتے ہیں ﴿۴۵﴾ اور اُن کے دلوں پر پردہ ڈال دیتے ہیں کہ اُسے سمجھ نہ سکیں اور اُن کے

اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓى

| اٰذَانِهِمْ | وَقْرًا | وَاِذَا | ذَكَرْتَ | رَبَّكَ | فِي | الْقُرْاٰنِ | وَحْدَهٗ | وَلَّوْا | عَلٰٓى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انکے کانوں کے | بوجھ ہے | اور جس وقت | یاد کرتا ہے تو | اپنے رب کو | بیچ | قرآن کے | اکیلا | پھر جاتے ہیں | اوپر |

کانوں میں ثقل پیدا کر دیتے ہیں۔ اور جب تم قرآن میں اپنے پروردگار یکتا کا ذکر کرتے ہو تو وہ بدک جاتے اور پیٹھ

اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ﴿۴۶﴾ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَسْتَمِعُوْنَ بِهٖٓ اِذْ يَسْتَمِعُوْنَ

| اَدْبَارِهِمْ | نُفُوْرًا | نَحْنُ | اَعْلَمُ | بِمَا | يَسْتَمِعُوْنَ | بِهٖٓ | اِذْ | يَسْتَمِعُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیٹھوں اپنی کے | بھاگتے ہوئے | ہم | خوب جانتے ہیں | اس نیت کو کہ | سنتے ہیں | ساتھ اسکے | جس وقت کہ | کان رکھتے ہیں |

پھیر کر چل دیتے ہیں ﴿۴۶﴾ یہ لوگ جب تمہاری طرف کان لگاتے ہیں تو جس نیت سے یہ سنتے ہیں ہم اسے خوب

اِلَيْكَ وَاِذْ هُمْ نَجْوٰٓى اِذْ يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا

| اِلَيْكَ | وَ | اِذْ هُمْ | نَجْوٰٓى | اِذْ | يَقُوْلُ | الظّٰلِمُوْنَ | اِنْ | تَتَّبِعُوْنَ | اِلَّا | رَجُلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طرف تیری | اور | جس وقت کہ وہ | مصلحت کرتے ہیں | جس وقت کہ | کہتے ہیں | ظالم | نہیں | پیروی کرتے تم | مگر | مرد |

جانتے ہیں اور جب یہ سرگوشیاں کرتے ہیں (یعنی) جب ظالم کہتے ہیں کہ تم تو ایک ایسے شخص کی پیروی کرتے ہو جس پر

مَّسْحُوْرًا ﴿۴۷﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا

| مَّسْحُوْرًا | اُنْظُرْ | كَيْفَ | ضَرَبُوْا | لَكَ | الْاَمْثَالَ | فَضَلُّوْا | فَلَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جادو کیے گئے کی | دیکھ | کیوں کر | بیان کی ہیں | واسطے تیرے | مثالیں | پس گمراہ ہوئے | پس نہیں |

جادو کیا گیا ہے ﴿۴۷﴾ دیکھو اُنہوں نے کس کس طرح کی تمہارے بارے میں باتیں بنائی ہیں سو یہ گمراہ ہو رہے ہیں

يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ﴿۴۸﴾ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا

| يَسْتَطِيْعُوْنَ | سَبِيْلًا | وَ | قَالُوْٓا | ءَاِذَا | كُنَّا | عِظَامًا | وَّ | رُفَاتًا | ءَاِنَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پا سکتے | راہ | اور | کہتے ہیں | کیا جب | ہو جائیں ہم | ہڈیاں | اور | چورا چورا | کیا ہم |

اور رستہ نہیں پا سکتے ﴿۴۸﴾ اور کہتے ہیں کہ جب ہم (مر کر بوسیدہ) ہڈیاں اور چور چور ہو

لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ﴿۴۹﴾ قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِيْدًا ﴿۵۰﴾ اَوْ

| لَمَبْعُوْثُوْنَ | خَلْقًا | جَدِيْدًا | قُلْ | كُوْنُوْا | حِجَارَةً | اَوْ | حَدِيْدًا | اَوْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| البتہ اٹھائے جائیں گے | پیدائش | نئی میں | کہہ | ہوجاؤتم | پتھر | یا | لوہا | یا |

جائیں گے تو کیا از سرِنو پیدا ہو کر اُٹھیں گے؟ ﴿۴۹﴾ کہہ دو کہ (خواہ تم) پتھر ہو جاؤ یا لوہا ﴿۵۰﴾ یا

خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِيْ صُدُوْرِكُمْ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا ۭ قُلِ الَّذِيْ

| خَلْقًا | مِّمَّا | يَكْبُرُ | فِيْ | صُدُوْرِكُمْ | فَسَيَقُوْلُوْنَ | مَنْ | يُّعِيْدُنَا | قُلِ | الَّذِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور پیدائش | اس قسم سے کہ | بڑی لگے | بیچ | تمہارے سینوں کے | پس البتہ کہیں گے | کہ کون | پھیرلائے گا ہم کو | کہہ | وہی ہے جس نے |

کوئی اور چیز جو تمہارے نزدیک (پتھر اور لوہے سے بھی) بڑی (سخت) ہو۔ جھٹ کہیں گے کہ (بھلا) ہمیں

فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ

| فَطَرَكُمْ | اَوَّلَ | مَرَّةٍ | فَسَيُنْغِضُوْنَ | اِلَيْكَ | رُءُوْسَهُمْ | وَ | يَقُوْلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیدا کیا تم کو | پہلی | بار | پس جھکائیں گے وہ | طرف تیری | سر اپنے کو | اور | کہیں گے |

دوبارہ کون جِلائے گا؟ کہہ دو کہ وہی جس نے پہلی بار پیدا کیا۔ تو (تعجب سے) تمہارے آگے سر ہلائیں گے

مَتٰى هُوَ ۭ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا ﴿۵۱﴾ يَوْمَ يَدْعُوْكُمْ

| مَتٰى | هُوَ | قُلْ | عَسٰٓى | اَنْ | يَّكُوْنَ | قَرِيْبًا | يَوْمَ | يَدْعُوْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کب ہوگا | یہ | کہہ | جلد ہی | یہ کہ | ہو | قریب | جس دن | بلائے گا تم کو |

اور پوچھیں گے کہ ایسا کب ہو گا۔ کہہ دو امید ہے کہ جلد ہو گا ﴿۵۱﴾ جس دن وہ تمہیں

فَتَسْتَجِيْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ وَتَظُنُّوْنَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۵۲﴾ وَقُلْ ع ۵ ۱۲ ۵

| فَتَسْتَجِيْبُوْنَ | بِحَمْدِهٖ | وَ | تَظُنُّوْنَ | اِنْ | لَّبِثْتُمْ | اِلَّا | قَلِيْلًا | وَ | قُلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس جواب دوگے | ساتھ اسکی تعریف کے | اور | جانوگے | کہ نہیں | رہے تھے تم | مگر | تھوڑا | اور | کہہ |

پکارے گا تو تم اس کی تعریف کے ساتھ جواب دوگے اور خیال کروگے کہ تم (دنیا میں) بہت کم (مدت) رہے ﴿۵۲﴾ اور میرے

لِّعِبَادِيْ يَقُوْلُوا الَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّ

| لِّعِبَادِيْ | يَقُوْلُوا | الَّتِيْ | هِيَ | اَحْسَنُ | اِنَّ | الشَّيْطٰنَ | يَنْزَغُ | بَيْنَهُمْ | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے بندوں میرے کے | کہیں | وہ بات کہ | وہ | بہت اچھی ہے | بیشک | شیطان | وسوسہ ڈالتا ہے | درمیان ان کے | بیشک |

بندوں سے کہہ دو کہ (لوگوں سے) ایسی باتیں کہا کریں جو بہت پسندیدہ ہوں۔ کیونکہ شیطان (بری باتوں سے) اُن میں

الشَّيۡطٰنَ كَانَ لِلۡاِنۡسَانِ عَدُوًّا مُّبِيۡنًا ﴿۵۳﴾ رَبُّكُمۡ اَعۡلَمُ بِكُمۡ ؕ اِنۡ يَّشَاۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الشَّيۡطٰنَ | كَانَ | لِلۡاِنۡسَانِ | عَدُوًّا | مُّبِيۡنًا | رَبُّكُمۡ | اَعۡلَمُ | بِكُمۡ | اِنۡ | يَّشَاۡ |
| شیطان | ہے | واسطے آدمی کے | دشمن | ظاہر | پروردگار تمہارا | خوب جانتا ہے | تم کو | اگر | چاہے |

فساد ڈلوا دیتا ہے۔ کچھ شک نہیں کہ شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے ﴿۵۳﴾ تمہارا پروردگار تم سے خوب واقف ہے۔ اگر چاہے

يَرۡحَمۡكُمۡ اَوۡ اِنۡ يَّشَاۡ يُعَذِّبۡكُمۡ ؕ وَمَاۤ اَرۡسَلۡنٰكَ عَلَيۡهِمۡ وَكِيۡلًا ﴿۵۴﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَرۡحَمۡكُمۡ | اَوۡ | اِنۡ | يَّشَاۡ | يُعَذِّبۡكُمۡ | وَ | مَاۤ | اَرۡسَلۡنٰكَ | عَلَيۡهِمۡ | وَكِيۡلًا |
| رحم کرے تم کو | یا | اگر | چاہے | عذاب کرے تم کو | اور | نہیں | بھیجا ہم نے تجھ کو | اوپر ان کے | داروغہ |

تو تم پر رحم کرے یا اگر چاہے تو تمہیں عذاب دے۔ اور ہم نے تم کو ان پر داروغہ (بنا کر) نہیں بھیجا ﴿۵۴﴾

وَرَبُّكَ اَعۡلَمُ بِمَنۡ فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ وَلَقَدۡ فَضَّلۡنَا بَعۡضَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | رَبُّكَ | اَعۡلَمُ | بِمَنۡ | فِى | السَّمٰوٰتِ | وَالۡاَرۡضِ | وَ | لَقَدۡ | فَضَّلۡنَا | بَعۡضَ |
| اور | رب تیرا | خوب جانتا ہے | ان کو جو | بیچ | آسمانوں کے | اور زمین کے ہیں | اور | البتہ تحقیق | بزرگی دی ہم نے | بعضے |

اور جو لوگ آسمانوں اور زمین میں ہیں تمہارا پروردگار ان سے خوب واقف ہے۔ اور ہم نے بعض پیغمبروں کو

النَّبِيّٖنَ عَلٰى بَعۡضٍ وَّاٰتَيۡنَا دَاوٗدَ زَبُوۡرًا ﴿۵۵﴾ قُلِ ادۡعُوا الَّذِيۡنَ زَعَمۡتُمۡ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّبِيّٖنَ | عَلٰى | بَعۡضٍ | وَّ | اٰتَيۡنَا | دَاوٗدَ | زَبُوۡرًا | قُلِ | ادۡعُوا | الَّذِيۡنَ | زَعَمۡتُمۡ |
| نبیوں کو | اوپر | بعض کے | اور | دی ہم نے | داؤد کو | زبور | کہہ | بلاؤ | ان لوگوں کو کہ | دعویٰ کرتے ہو تم |

بعض پر فضیلت بخشی اور داؤد کو زبور عنایت کی ﴿۵۵﴾ کہو (کہ مشرکو) جن لوگوں کی نسبت تمہیں (معبود ہونے کا)

مِّنۡ دُوۡنِهٖ فَلَا يَمۡلِكُوۡنَ كَشۡفَ الضُّرِّ عَنۡكُمۡ وَلَا تَحۡوِيۡلًا ﴿۵۶﴾ اُولٰٓـئِكَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنۡ | دُوۡنِهٖ | فَلَا | يَمۡلِكُوۡنَ | كَشۡفَ | الضُّرِّ | عَنۡكُمۡ | وَ | لَا | تَحۡوِيۡلًا | اُولٰٓـئِكَ |
| سے | سوائے اس کے | پس نہیں | اختیار رکھتے | کھولنا | برائی کا | تم سے | اور | نہ | بدل ڈالنا | یہ لوگ |

گمان ہے اُن کو بلا دیکھو۔ وہ تم سے تکلیف کے دور کرنے یا اس کے بدل دینے کا کچھ بھی اختیار نہیں رکھتے ﴿۵۶﴾ یہ لوگ

الَّذِيۡنَ يَدۡعُوۡنَ يَبۡتَغُوۡنَ اِلٰى رَبِّهِمُ الۡوَسِيۡلَةَ اَيُّهُمۡ اَقۡرَبُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيۡنَ | يَدۡعُوۡنَ | يَبۡتَغُوۡنَ | اِلٰى | رَبِّهِمُ | الۡوَسِيۡلَةَ | اَيُّهُمۡ | اَقۡرَبُ |
| جن کو | پکارتے ہیں وہ | ڈھونڈتے ہیں | طرف | پروردگار اپنے کی | وسیلہ | کون سا ان میں سے | بہت نزدیک ہے |

جن کو (اللہ کے سوا) پکارتے ہیں وہ خود اپنے پروردگار کے ہاں ذریعۂ (تقرب) تلاش کرتے رہتے ہیں کہ کون ان میں (اللہ کا)

وَيَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ وَيَخَافُوْنَ عَذَابَهٗ ؕ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يَرْجُوْنَ | رَحْمَتَهٗ | وَيَخَافُوْنَ | عَذَابَهٗ | اِنَّ | عَذَابَ | رَبِّكَ | كَانَ |
| اور | امید رکھتے ہیں | اس کی رحمت کی | اور ڈرتے ہیں | عذاب اسکے سے | بیشک | عذاب | تیرے رب کا | ہے |

زیادہ مقرب (ہوتا) ہے اور اس کی رحمت کے امیدوار رہتے ہیں اور اس کے عذاب سے خوف رکھتے ہیں۔ بیشک تمہارے

مَحْذُوْرًا ﴿۵۷﴾ وَاِنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اِلَّا نَحْنُ مُهْلِكُوْهَا قَبْلَ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَوْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَحْذُوْرًا | وَ | اِنْ | مِّنْ | قَرْيَةٍ | اِلَّا | نَحْنُ | مُهْلِكُوْهَا | قَبْلَ | يَوْمِ | الْقِيٰمَةِ | اَوْ |
| خوف کیا گیا | اور | نہیں | کوئی | بستی | مگر | ہم | ہلاک کرنے والے ہیں اسکو | پہلے | دن | قیامت کے | یا |

پروردگار کا عذاب ڈرنے کی چیز ہے ﴿۵۷﴾ اور (کفر کرنے والوں کی) کوئی بستی نہیں مگر قیامت کے دن سے پہلے ہم اُسے

مُعَذِّبُوْهَا عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِى الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ﴿۵۸﴾ وَمَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُعَذِّبُوْهَا | عَذَابًا | شَدِيْدًا | كَانَ | ذٰلِكَ | فِى | الْكِتٰبِ | مَسْطُوْرًا | وَ | مَا |
| عذاب کرنے والے ہیں اسکو | عذاب | سخت | ہے | یہ | بیچ | کتاب کے | لکھا ہوا | اور | نہ |

ہلاک کردیں گے یا سخت عذاب سے معذب کریں گے۔ یہ کتاب (یعنی تقدیر) میں لکھا جا چکا ہے ﴿۵۸﴾ اور ہم

مَنَعَنَآ اَنْ نُّرْسِلَ بِالْاٰيٰتِ اِلَّآ اَنْ كَذَّبَ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ ؕ وَاٰتَيْنَا ثَمُوْدَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنَعَنَآ | اَنْ | نُّرْسِلَ | بِالْاٰيٰتِ | اِلَّآ | اَنْ | كَذَّبَ | بِهَا | الْاَوَّلُوْنَ | وَ | اٰتَيْنَا | ثَمُوْدَ |
| منع کیا ہم نے اپنے تئیں | یہ کہ | بھیج دیں ہم | نشانیاں | مگر | یہ کہ | جھٹلایا تھا | ساتھ اسکے | پہلوں نے | اور | دی ہم نے | ثمود کو |

نے نشانیاں بھیجنی اس لیے موقوف کردیں کہ اگلے لوگوں نے اس کی تکذیب کی تھی۔ اور ہم نے ثمود کو اُونٹنی (نبوت

النَّاقَةَ مُبْصِرَةً فَظَلَمُوْا بِهَا ؕ وَمَا نُرْسِلُ بِالْاٰيٰتِ اِلَّا تَخْوِيْفًا ﴿۵۹﴾ وَاِذْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّاقَةَ | مُبْصِرَةً | فَظَلَمُوْا | بِهَا | وَ | مَا | نُرْسِلُ | بِالْاٰيٰتِ | اِلَّا | تَخْوِيْفًا | وَ | اِذْ |
| اونٹنی | دلیل | پس ظلم کیا انہوں نے | ساتھ اسکے | اور | نہیں | بھیجتے ہم | نشانیاں | مگر | واسطے ڈرانے کے | اور | جسوقت |

صالح کی کھلی) نشانی دی تو انہوں نے اس پر ظلم کیا۔ اور ہم جو نشانیاں بھیجا کرتے ہیں تو ڈرانے کو ﴿۵۹﴾ جب ہم

قُلْنَا لَكَ اِنَّ رَبَّكَ اَحَاطَ بِالنَّاسِ ؕ وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِىْٓ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلْنَا | لَكَ | اِنَّ | رَبَّكَ | اَحَاطَ | بِالنَّاسِ | وَ | مَا | جَعَلْنَا | الرُّءْيَا | الَّتِىْٓ |
| کہا ہم نے | واسطے تیرے | بیشک | رب تیرا | گھیرے ہوئے ہے | لوگوں کو | اور | نہیں | کیا ہم نے | خواب | جو کہ |

نے تم سے کہا کہ تمہارا پروردگار لوگوں کو احاطہ کیے ہوئے ہے۔ اور جو نمائش ہم نے تمہیں دکھائی اس

اَرَيْنٰكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ فِي الْقُرْاٰنِ ط

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَرَيْنٰكَ | اِلَّا | فِتْنَةً | لِّلنَّاسِ | وَالشَّجَرَةَ | الْمَلْعُوْنَةَ | فِي | الْقُرْاٰنِ |
| دکھلایا تجھ کو | مگر | آزمائش | واسطے لوگوں کے | اور درخت کو | کہ لعنت کیا گیا ہے | بیچ | قرآن کے |

کو لوگوں کے لیے آزمائش کیا اور اسی طرح (تھوہر کے) درخت کو جس پر قرآن میں لعنت کی گئی۔

ع ۸ ۶ ۶ وَنُخَوِّفُهُمْ لا فَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا طُغْيَانًا كَبِيْرًا ﴿٦٠﴾ ع وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | نُخَوِّفُهُمْ | فَمَا | يَزِيْدُهُمْ | اِلَّا | طُغْيَانًا | كَبِيْرًا | وَ | اِذْ | قُلْنَا | لِلْمَلٰٓئِكَةِ |
| اور | ڈراتے ہیں ہم ان کو | پس نہیں | زیادہ کرتا ان کو | مگر | سرکشی | بڑی | اور | جس وقت | کہا ہم نے | واسطے فرشتوں کے |

اور ہم انہیں ڈراتے ہیں تو اُن کو اس سے بڑی (سخت) سرکشی پیدا ہوتی ہے ﴿٦٠﴾ اور جب ہم نے فرشتوں سے

اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ط قَالَ ءَاَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسْجُدُوْا | لِاٰدَمَ | فَسَجَدُوْٓا | اِلَّآ | اِبْلِيْسَ | قَالَ | ءَاَسْجُدُ | لِمَنْ | خَلَقْتَ |
| سجدہ کرو | آدم کو | پس سجدہ کیا انہوں نے | مگر | ابلیس نے | کہا | کیا سجدہ کروں | واسطے اسکے کہ | پیدا کیا ہے تونے |

کہا کہ آدم کو سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے نہ کیا۔ بولا کہ بھلا میں ایسے شخص کو سجدہ کروں جس کو تو نے مٹی سے

طِيْنًا ﴿٦١﴾ ج قَالَ اَرَءَيْتَكَ هٰذَا الَّذِيْ كَرَّمْتَ عَلَيَّ ز لَئِنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰى يَوْمِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طِيْنًا | قَالَ | اَرَءَيْتَكَ | هٰذَا | الَّذِيْ | كَرَّمْتَ | عَلَيَّ | لَئِنْ | اَخَّرْتَنِ | اِلٰى | يَوْمِ |
| مٹی سے | کہا | کیا دیکھا تونے | یہ | شخص جس کو | بڑھایا تونے | اوپر میرے | اگر | ڈھیل دیگا تو مجھ کو | تک | دن |

پیدا کیا ہے ﴿٦١﴾ (اور ازراہِ طنز) کہنے لگا کہ دیکھ تو یہی وہ ہے جسے تو نے مجھ پر فضیلت دی ہے۔ اگر تو مجھ کو قیامت کے دن تک کی

الْقِيٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٦٢﴾ قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ تَبِعَكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقِيٰمَةِ | لَاَحْتَنِكَنَّ | ذُرِّيَّتَهٗٓ | اِلَّا | قَلِيْلًا | قَالَ | اذْهَبْ | فَمَنْ | تَبِعَكَ |
| قیامت کے | البتہ ہلاک کروں گا میں | اولاد اس کی کو | مگر | تھوڑے | کہا | جا | پس جو کوئی | پیروی کریگا تیری |

مہلت دے تو میں تھوڑے سے شخصوں کے سوا اس کی (تمام) اولاد کی جڑ کاٹتا رہوں گا ﴿٦٢﴾ اللہ نے فرمایا (یہاں سے) چلا جا۔

مِنْهُمْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا ﴿٦٣﴾ وَاسْتَفْزِزْ مَنِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْهُمْ | فَاِنَّ | جَهَنَّمَ | جَزَآؤُكُمْ | جَزَآءً | مَّوْفُوْرًا | وَ | اسْتَفْزِزْ | مَنِ |
| ان میں سے | پس بیشک | دوزخ ہے | سزا تمہاری | سزا | پوری | اور | بہکا | جس کو |

جو شخص ان میں سے تیری پیروی کرے گا تو تم سب کی جزا جہنم ہے (اور وہ) پوری سزا (ہے) ﴿٦٣﴾ اور ان میں سے جس کو

اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَاَجْلِبْ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ

| اسْتَطَعْتَ | مِنْهُمْ | بِصَوْتِكَ | وَ | اَجْلِبْ | عَلَيْهِمْ | بِخَيْلِكَ | وَ | رَجِلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہکا سکے | ان میں سے | ساتھ آواز اپنی کے | اور | کھینچ لا | اوپران کے | اپنے سواروں کو | اور | اپنے پیادوں کو |

بہکا سکے اپنی آواز سے بہکاتا رہ اور اُن پر اپنے سواروں اور پیادوں کو چڑھا کر لاتا رہ

وَشَارِكْهُمْ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ط وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا

| وَ | شَارِكْهُمْ | فِي | الْاَمْوَالِ | وَ | الْاَوْلَادِ | وَعِدْهُمْ | وَ | مَا | يَعِدُهُمْ | الشَّيْطٰنُ | اِلَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | شریک ہوان کا | بیچ | مالوں ان کے | اور | اولاد انکی کے | اوروعدے دے انکو | اور | نہیں | وعدہ دیتا ان کو | شیطان | مگر |

اور اُن کے مال اور اولاد میں شریک ہوتا رہ اور ان سے وعدے کرتا رہ۔ اور شیطان جو وعدے ان سے کرتا ہے

غُرُوْرًا ﴿۶۴﴾ اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ ط وَكَفٰى بِرَبِّكَ

| غُرُوْرًا | اِنَّ | عِبَادِيْ | لَيْسَ | لَكَ | عَلَيْهِمْ | سُلْطٰنٌ | وَ | كَفٰى | بِرَبِّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فریب کا | بیشک | میرے بندے | نہیں | واسطے تیرے | اوپران کے | غلبہ | اور | کافی ہے | پروردگار تیرا |

سب دھوکا ہے ﴿۶۴﴾ جو میرے مخلص بندے ہیں ان پر تیرا کچھ زور نہیں اور (اے پیغمبر) تمہارا پروردگار کارساز

وَكِيْلًا ﴿۶۵﴾ رَبُّكُمُ الَّذِيْ يُزْجِيْ لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوْا مِنْ

| وَكِيْلًا | رَبُّكُمْ | الَّذِيْ | يُزْجِيْ | لَكُمْ | الْفُلْكَ | فِي | الْبَحْرِ | لِتَبْتَغُوْا | مِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کارساز | رب تمہارا | وہ ہے جو | چلاتا ہے | واسطے تمہارے | کشتیاں | بیچ | دریا کے | تاکہ چاہو | سے |

کافی ہے ﴿۶۵﴾ تمہارا پروردگار وہ ہے جو تمہارے لیے دریا میں کشتیاں چلاتا ہے تاکہ تم اس کے فضل سے

فَضْلِهٖ ط اِنَّهٗ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ﴿۶۶﴾ وَاِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ

| فَضْلِهٖ | اِنَّهٗ | كَانَ | بِكُمْ | رَحِيْمًا | وَاِذَا | مَسَّكُمُ | الضُّرُّ | فِي | الْبَحْرِ | ضَلَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فضل اسکے | بیشک وہ | ہے | ساتھ تمہارے | مہربان | اور جب | پہنچتی ہے تم کو | سختی | بیچ | دریا کے | کھوئے جاتے ہیں |

(روزی) تلاش کرو۔ بے شک وہ تم پر مہربان ہے ﴿۶۶﴾ اور جب تم کو دریا میں تکلیف پہنچتی ہے (یعنی ڈوبنے کا خوف ہوتا ہے) تو

مَنْ تَدْعُوْنَ اِلَّآ اِيَّاهُ ج فَلَمَّا نَجّٰىكُمْ اِلَى الْبَرِّ اَعْرَضْتُمْ ط وَكَانَ

| مَنْ | تَدْعُوْنَ | اِلَّآ | اِيَّاهُ | فَلَمَّا | نَجّٰىكُمْ | اِلَى | الْبَرِّ | اَعْرَضْتُمْ | وَ | كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جن کو | تم پکارتے ہو | مگر | وہی | پس جب | نجات دیتا ہے تم کو | طرف | جنگل کی | منہ پھیر لیتے ہو | اور | ہے |

جن کو تم پکارا کرتے ہو سب اُس (پروردگار) کے سوا گم ہو جاتے ہیں پھر جب وہ تم کو (ڈوبنے سے) بچا کر خشکی کی طرف لے جاتا ہے تو تم منہ پھیر لیتے ہو

الْاِنْسَانُ كَفُوْرًا ﴿٦٧﴾ اَفَاَمِنْتُمْ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ اَوْ يُرْسِلَ

| الْاِنْسَانُ | كَفُوْرًا | اَفَاَمِنْتُمْ | اَنْ | يَّخْسِفَ | بِكُمْ | جَانِبَ | الْبَرِّ | اَوْ | يُرْسِلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آدمی | ناشکرگزار | کیا پس نڈر ہو تم | یہ کہ | دھنسا دے | تم کو | طرف | جنگل کی | یا | بھیج دے |

اور انسان ہے ہی ناشکرا ﴿٦٧﴾ کیا تم اس سے بے خوف ہو کہ اللہ تمہیں خشکی کی طرف (لے جا کر زمین میں) دھنسا دے یا تم پر

عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ وَكِيْلًا ﴿٦٨﴾ اَمْ اَمِنْتُمْ اَنْ يُّعِيْدَكُمْ

| عَلَيْكُمْ | حَاصِبًا | ثُمَّ | لَا | تَجِدُوْا | لَكُمْ | وَكِيْلًا | اَمْ | اَمِنْتُمْ | اَنْ | يُّعِيْدَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر تمہارے | مینہ پتھروں کا | پھر | نہ | پاؤ تم | واسطے اپنے | کارساز | یا | نڈر ہو تم | یہ کہ | لے جائے تم کو |

سنگریزوں کی بھری ہوئی آندھی چلا دے۔ پھر تم اپنا کوئی نگہبان نہ پاؤ ﴿٦٨﴾ یا (اس سے) بے خوف

فِيْهِ تَارَةً اُخْرٰى فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ الرِّيْحِ فَيُغْرِقَكُمْ بِمَا

| فِيْهِ | تَارَةً | اُخْرٰى | فَيُرْسِلَ | عَلَيْكُمْ | قَاصِفًا | مِّنَ | الرِّيْحِ | فَيُغْرِقَكُمْ | بِمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیچ اسکے | بار | دوسری | پس بھیجے | اوپر تمہارے | سخت جھونکا | سے | ہوا | پس ڈبا دے تمکو | بسبب اسکے کہ |

ہو کہ تم کو دوسری دفعہ دریا میں لے جائے پھر تم پر تیز ہوا چلائے اور تمہارے کفر کے سبب تمہیں

كَفَرْتُمْ ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهٖ تَبِيْعًا ﴿٦٩﴾ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ

| كَفَرْتُمْ | ثُمَّ | لَا | تَجِدُوْا | لَكُمْ | عَلَيْنَا | بِهٖ | تَبِيْعًا | وَلَقَدْ | كَرَّمْنَا | بَنِيْٓ | اٰدَمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کفر کیا تم نے | پھر | نہ | پاؤ تم | واسطے اپنے | اوپر ہمارے | بدلے اسکے | پیچھا کرنے والے | اور تحقیق | عزت دی ہم نے | بنی | آدم کو |

ڈبو دے پھر تم اُس غرق کے سبب اپنے لیے کوئی پیچھا کرنے والا نہ پاؤ ﴿٦٩﴾ اور ہم نے بنی آدم

وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى

| وَ | حَمَلْنٰهُمْ | فِي | الْبَرِّ | وَ | الْبَحْرِ | وَرَزَقْنٰهُمْ | مِّنَ | الطَّيِّبٰتِ | وَ | فَضَّلْنٰهُمْ | عَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | چڑھایا ہم نے انکو | بیچ | جنگل کے | اور | دریا کے | اور رزق دیا ہم نے ان کو | سے | پاکیزہ چیزوں | اور | بزرگی دی ہم نے انکو | اوپر |

کو عزت بخشی اور اُن کو جنگل اور دریا میں سواری دی اور پاکیزہ روزی عطا کی اور اپنی

كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا ﴿٧٠﴾ يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۢ بِاِمَامِهِمْ ع ۷

| كَثِيْرٍ | مِّمَّنْ | خَلَقْنَا | تَفْضِيْلًا | يَوْمَ | نَدْعُوْا | كُلَّ | اُنَاسٍ | بِاِمَامِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہتوں کے | ان لوگوں سے کہ | پیدا کیا ہم نے | بزرگی دینا | جس دن | بلائیں گے ہم | سب | لوگوں کو | ساتھ انکے پیشواؤں کے |

بہت سی مخلوقات پر فضیلت دی ﴿٧٠﴾ جس دن ہم سب لوگوں کو اُن کے پیشواؤں کے ساتھ بلائیں گے

فَمَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَاُولٰٓئِكَ يَقْرَءُوْنَ كِتٰبَهُمْ وَلَا يُظْلَمُوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَنْ | اُوْتِيَ | كِتٰبَهٗ | بِيَمِيْنِهٖ | فَاُولٰٓئِكَ | يَقْرَءُوْنَ | كِتٰبَهُمْ | وَ | لَا | يُظْلَمُوْنَ |
| پس جو کوئی | دیا گیا | اعمال نامہ اسکا | بیچ اسکے داہنے ہاتھ کے | پس وہ لوگ | پڑھیں گے | اعمال نامہ اپنا | اور | نہیں | ظلم کیے جائیں گے |

تو جن کے (اعمال) کی کتاب اُن کے داہنے ہاتھ میں دی جائے گی وہ اپنی کتاب کو (خوش ہو ہو کر) پڑھیں گے اور اُن پر دھاگے برابر

فَتِيْلًا ﴿۷۱﴾ وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَتِيْلًا | وَ | مَنْ | كَانَ | فِيْ | هٰذِهٖٓ | اَعْمٰى | فَهُوَ | فِي | الْاٰخِرَةِ | اَعْمٰى | وَ | اَضَلُّ |
| تاگے برابر | اور | جو کوئی | ہے | بیچ | اس دنیا کے | اندھا | پس وہ | بیچ | آخرت کے | اندھا ہے | اور | وہ بہت کھویا ہوا ہے |

بھی ظلم نہ ہوگا ﴿۷۱﴾ اور جو شخص اس (دنیا) میں اندھا ہو وہ آخرت میں بھی اندھا ہوگا اور (نجات کے) رستے سے

سَبِيْلًا ﴿۷۲﴾ وَاِنْ كَادُوْا لَيَفْتِنُوْنَكَ عَنِ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَبِيْلًا | وَ | اِنْ | كَادُوْا | لَيَفْتِنُوْنَكَ | عَنِ | الَّذِيْٓ | اَوْحَيْنَآ | اِلَيْكَ |
| راہ | اور | بیشک | نزدیک تھے کہ | البتہ بہکا دیں تجھ کو | اس چیز سے | جو کہ | وحی کی ہم نے | طرف تیری |

بہت دور ﴿۷۲﴾ اور اے پیغمبر جو وحی ہم نے تمہاری طرف بھیجی ہے قریب تھا کہ یہ (کافر) لوگ تم کو اس سے بچلا دیں

لِتَفْتَرِيَ عَلَيْنَا غَيْرَهٗ ۖ وَاِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ خَلِيْلًا ﴿۷۳﴾ وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِتَفْتَرِيَ | عَلَيْنَا | غَيْرَهٗ | وَ | اِذًا | لَّاتَّخَذُوْكَ | خَلِيْلًا | وَ | لَوْ | لَآ | اَنْ | ثَبَّتْنٰكَ |
| تاکہ تو باندھ لے | اوپر ہمارے | سوائے اسکے | اور | اس وقت | البتہ پکڑتے تم کو | دوست | اور | اگر | نہ | یہ کہ | ثابت رکھتے ہم تمکو |

تاکہ تم اس کے سوا اور باتیں ہماری نسبت بنا لو۔ اور اس وقت وہ تم کو دوست بنا لیتے ﴿۷۳﴾ اور اگر ہم تم کو ثابت قدم نہ

لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَيْهِمْ شَيْـًٔا قَلِيْلًا ﴿۷۴﴾ قلا اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَقَدْ | كِدْتَّ | تَرْكَنُ | اِلَيْهِمْ | شَيْـًٔا | قَلِيْلًا | اِذًا | لَّاَذَقْنٰكَ | ضِعْفَ |
| البتہ تحقیق | نزدیک تھا تو | جھک جائے | طرف ان کی | کچھ | تھوڑا سا | اس وقت | البتہ چکھاتے ہم تم کو | دوگنا |

رہنے دیتے تو تم کسی قدر اُن کی طرف مائل ہونے ہی لگے تھے ﴿۷۴﴾ اس وقت ہم تم کو زندگی میں بھی

الْحَيٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا نَصِيْرًا ﴿۷۵﴾ وَاِنْ كَادُوْا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْحَيٰوةِ | وَ | ضِعْفَ | الْمَمَاتِ | ثُمَّ | لَا | تَجِدُ لَكَ | عَلَيْنَا | نَصِيْرًا | وَ | اِنْ | كَادُوْا |
| مزا زندگانی میں | اور | دوگنا | مرنے میں | پھر | نہ | پاتا تو | اوپر ہمارے | مدد دینے والا | اور | بیشک | نزدیک ہے کہ |

(عذاب کا) دُونا اور مرنے پر بھی دُونا مزہ چکھاتے۔ پھر تم ہمارے مقابلے میں کسی کو اپنا مددگار نہ پاتے ﴿۷۵﴾ اور قریب تھا

لَیَسْتَفِزُّوْنَكَ مِنَ الْاَرْضِ لِیُخْرِجُوْكَ مِنْهَا وَ اِذًا لَّا یَلْبَثُوْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَیَسْتَفِزُّوْنَكَ | مِنَ | الْاَرْضِ | لِیُخْرِجُوْكَ | مِنْهَا | وَ | اِذًا | لَّا | یَلْبَثُوْنَ |
| البتہ گھبرادیں تجھ کو | سے | اس زمین | تا کہ نکال دیں تجھ کو | اس میں سے | اور | اس وقت | نہ | رہیں گے |

کہ یہ لوگ تمہیں زمین (مکہ) سے پھسلا دیں تا کہ تمہیں وہاں سے جلاوطن کردیں اور اس وقت تمہارے پیچھے

خِلٰفَكَ اِلَّا قَلِیْلًا ﴿۷۶﴾ سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنْ رُّسُلِنَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خِلٰفَكَ | اِلَّا | قَلِیْلًا | سُنَّةَ | مَنْ | قَدْ | اَرْسَلْنَا | قَبْلَكَ | مِنْ | رُّسُلِنَا |
| پیچھے تیرے | مگر | تھوڑے | عادت چلی آتی ہے | ان کی جو کہ | تحقیق | بھیجے ہم نے | پہلے تجھ سے | سے | پیغمبروں اپنے |

یہ بھی نہ رہتے مگر کم ﴿۷۶﴾ جو پیغمبر ہم نے تم سے پہلے بھیجے تھے اُن کا (اور اُن کے بارے میں ہمارا یہی) طریق رہا ہے

وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِیْلًا ﴿۷۷﴾ اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰی غَسَقِ ع ۸/۸

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | تَجِدُ | لِسُنَّتِنَا | تَحْوِیْلًا | اَقِمِ | الصَّلٰوةَ | لِدُلُوْكِ | الشَّمْسِ | اِلٰی | غَسَقِ |
| اور | نہ | پائے گا تو | واسطے عادت ہماری کے | تغیر | قائم کر | نماز کو | وقت ڈھلنے | سورج کے | تک | اندھیرے |

اورتم ہمارے طریق میں تغیر وتبدل نہ پاؤ گے ﴿۷۷﴾ (اے محمد ﷺ) سورج کے ڈھلنے سے رات کے اندھیرے تک (ظہر، عصر،

الَّیْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ؕ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ﴿۷۸﴾ وَمِنَ الَّیْلِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّیْلِ | وَ | قُرْاٰنَ | الْفَجْرِ | اِنَّ | قُرْاٰنَ | الْفَجْرِ | كَانَ | مَشْهُوْدًا | وَ | مِنَ | الَّیْلِ |
| رات کے | اور | قرآن پڑھ | فجر کو | بیشک | قرآن پڑھنا | فجر کا | ہے | حاضر کیا گیا | اور | کچھ حصہ | رات کو |

مغرب، عشا کی) نمازیں اور صبح کو قرآن پڑھا کرو۔ کیونکہ صبح کے وقت قرآن کا پڑھنا موجب حضور (ملائکہ) ہے ﴿۷۸﴾ اور بعض حصہ شب

فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ۖ عَسٰۤی اَنْ یَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَتَهَجَّدْ | بِهٖ | نَافِلَةً | لَّكَ | عَسٰۤی | اَنْ | یَّبْعَثَكَ | رَبُّكَ | مَقَامًا |
| پس نماز تہجد کر | ساتھ اسکے | بڑھتی ہے | واسطے تیرے | جلد ہی | یہ کہ | بھیجے تجھ کو | پروردگار تیرا | مقام |

میں بیدار ہوا کرو (اور) تہجد کی نماز پڑھا کرو یہ (شب خیزی) تمہارے لیے (سبب) زیادت ہے قریب ہے کہ اللہ تم کو مقام

مَّحْمُوْدًا ﴿۷۹﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّحْمُوْدًا | وَ | قُلْ | رَّبِّ | اَدْخِلْنِیْ | مُدْخَلَ | صِدْقٍ | وَّاَخْرِجْنِیْ |
| محمود میں | اور | کہہ | اے رب میرے | داخل کر مجھ کو | داخل کرنا | سچا | اور نکال مجھ کو |

محمود میں داخل کرے ﴿۷۹﴾ اور کہو کہ اے پروردگار مجھے (مدینے میں) اچھی طرح داخل کیجیو اور (مکے سے)

مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ﴿۸۰﴾ وَقُلْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُخْرَجَ | صِدْقٍ | وَّ | اجْعَلْ | لِّيْ | مِنْ | لَّدُنْكَ | سُلْطٰنًا | نَّصِيْرًا | وَ | قُلْ |
| نکالنا | سچا | اور | کر | واسطے میرے | سے | نزدیک اپنے | غلبہ | مدد دینے والا | اور | کہہ |

اچھی طرح نکالیو اور اپنے ہاں سے زور و قوت کو میرا مددگار بنائیو ﴿۸۰﴾ اور کہہ دو

جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿۸۱﴾ وَنُنَزِّلُ مِنَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَآءَ | الْحَقُّ | وَ | زَهَقَ | الْبَاطِلُ | اِنَّ | الْبَاطِلَ | كَانَ | زَهُوْقًا | وَ | نُنَزِّلُ | مِنَ |
| آیا | حق | اور | گم ہوا | باطل | بیشک | باطل | تھا | گم ہوجانے والا | اور | اتارتے ہیں ہم | سے |

کہ حق آ گیا اور باطل نابود ہو گیا۔ بے شک باطل نابود ہونے والا ہے ﴿۸۱﴾ اور ہم

الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقُرْاٰنِ | مَا | هُوَ | شِفَآءٌ | وَّ | رَحْمَةٌ | لِّلْمُؤْمِنِيْنَ | وَ | لَا | يَزِيْدُ | الظّٰلِمِيْنَ |
| قرآن میں | وہ چیز کہ | وہ | شفا ہے | اور | رحمت | واسطے ایمان والوں کے | اور | نہیں | زیادہ کرتا | ظالموں کو |

قرآن (کے ذریعے) سے وہ چیز نازل کرتے ہیں جو مومنوں کے لیے شفا اور رحمت ہے اور ظالموں کے حق میں تو اس سے

اِلَّا خَسَارًا ﴿۸۲﴾ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | خَسَارًا | وَ | اِذَآ | اَنْعَمْنَا | عَلَى | الْاِنْسَانِ | اَعْرَضَ | وَ | نَاٰ | بِجَانِبِهٖ | وَ | اِذَا |
| مگر | ٹوٹا | اور | جب | نعمت بھیجتے ہیں ہم | اوپر | آدمی کے | منہ پھیر لیتا ہے | اور | دور کر لیتا ہے | کروٹ اپنی | اور | جب |

نقصان ہی بڑھتا ہے ﴿۸۲﴾ اور جب ہم انسان کو نعمت بخشتے ہیں تو روگرداں ہو جاتا اور پہلو پھیر لیتا ہے اور جب

مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَئُوْسًا ﴿۸۳﴾ قُلْ كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ؕ فَرَبُّكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَسَّهُ | الشَّرُّ | كَانَ | يَئُوْسًا | قُلْ | كُلٌّ | يَّعْمَلُ | عَلٰى | شَاكِلَتِهٖ | فَرَبُّكُمْ |
| لگتی ہے اس کو | برائی | ہوتا ہے | ناامید | کہہ | ہر ایک | عمل کرتا ہے | اوپر | طریق اپنے کے | پس رب تمہارا |

اسے سختی پہنچتی ہے تو ناامید ہو جاتا ہے ﴿۸۳﴾ کہہ دو کہ ہر شخص اپنے طریق کے مطابق عمل کرتا ہے۔ سو تمہارا پروردگار اس شخص

اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا ﴿۸۴﴾ ع وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ؕ قُلِ الرُّوْحُ ع ۹ ۹

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَعْلَمُ | بِمَنْ | هُوَ | اَهْدٰى | سَبِيْلًا | وَ | يَسْئَلُوْنَكَ | عَنِ | الرُّوْحِ | قُلِ | الرُّوْحُ |
| خوب جانتا ہے | اس شخص کو کہ | وہ | بہت پانے والا ہے | راہ کو | اور | سوال کرتے ہیں تجھ کو | سے | جان | کہہ | جان |

سے خوب واقف ہے جو سب سے زیادہ سیدھے رستے پر ہے ﴿۸۴﴾ اور تم سے روح کے بارے میں سوال کرتے ہیں۔ کہہ دو

مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٨٥﴾ وَلَئِنْ شِئْنَا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | اَمْرِ | رَبِّيْ | وَ | مَآ | اُوْتِيْتُمْ | مِّنَ | الْعِلْمِ | اِلَّا | قَلِيْلًا | وَ | لَئِنْ | شِئْنَا |
| سے | حکم | رب میرے کے | اور | نہیں | دیئے گئے تم | سے | علم | مگر | تھوڑا | اور | اگر | چاہیں ہم |

کہ وہ میرے پروردگار کی ایک شان ہے اور تم لوگوں کو (بہت ہی) کم علم دیا گیا ہے ﴿٨٥﴾ اور اگر ہم چاہیں

لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَيْنَا وَكِيْلًا ﴿٨٦﴾ اِلَّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَنَذْهَبَنَّ | بِالَّذِيْٓ | اَوْحَيْنَآ | اِلَيْكَ | ثُمَّ | لَا | تَجِدُ لَكَ | بِهٖ | عَلَيْنَا | وَكِيْلًا | اِلَّا |
| البتہ لے جائیں ہم | وہ چیز کہ | وحی کی ہم نے | طرف تیری | پھر | نہ | پائے تو واسطے اپنے | ساتھ اسکے | اوپر ہمارے | کارساز | مگر |

تو جو (کتاب) ہم تمہاری طرف بھیجتے ہیں اُسے (دلوں سے) محو کر دیں۔ پھر تم اس کے لیے ہمارے مقابلے میں کسی کو مددگار نہ پاؤ ﴿٨٦﴾ مگر

رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ﴿٨٧﴾ قُلْ لَّئِنِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَحْمَةً | مِّنْ | رَّبِّكَ | اِنَّ | فَضْلَهٗ | كَانَ | عَلَيْكَ | كَبِيْرًا | قُلْ | لَّئِنِ |
| مہربانی | سے | پروردگار تیرے کی | بیشک | فضل اس کا | ہے | اوپر تیرے | بڑا | کہہ | البتہ اگر |

(اس کا قائم رہنا) تمہارے پروردگار کی رحمت ہے۔ کچھ شک نہیں کہ تم پر اس کا بڑا فضل ہے ﴿٨٧﴾ کہہ دو کہ

اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓي اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اجْتَمَعَتِ | الْاِنْسُ | وَ | الْجِنُّ | عَلٰٓي | اَنْ | يَّاْتُوْا | بِمِثْلِ | هٰذَا | الْقُرْاٰنِ | لَا | يَاْتُوْنَ |
| اکٹھے ہو جائیں | آدمی | اور | جن | اوپر | اس بات کے | لائیں | مانند | اس | قرآن کی | نہ | لا سکیں گے |

اگر انسان اور جن اس بات پر مجتمع ہوں کہ اس قرآن جیسا بنا لائیں تو اس جیسا نہ لا سکیں گے

بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ﴿٨٨﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمِثْلِهٖ | وَ | لَوْ | كَانَ | بَعْضُهُمْ | لِبَعْضٍ | ظَهِيْرًا | وَلَقَدْ | صَرَّفْنَا | لِلنَّاسِ | فِيْ |
| مانند اس کی | اور | اگرچہ | ہوں | بعضے ان کے | واسطے بعض کے | مددگار | اور البتہ تحقیق | طرح طرح سے بیان کیا ہم نے | واسطے لوگوں کے | بیچ |

اگرچہ وہ ایک دوسرے کے مددگار ہوں ﴿٨٨﴾ اور ہم نے قرآن میں سب باتیں

هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۡ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿٨٩﴾ وَقَالُوْا لَنْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هٰذَا | الْقُرْاٰنِ | مِنْ | كُلِّ | مَثَلٍ | فَاَبٰٓى | اَكْثَرُ | النَّاسِ | اِلَّا | كُفُوْرًا | وَ | قَالُوْا | لَنْ |
| اس | قرآن کے | سے | ہر | مثال | پس انکار کیا | اکثر | لوگوں نے | مگر | کفر کرنا | اور | کہا انہوں نے | ہرگز نہ |

طرح طرح سے بیان کر دی ہیں مگر اکثر لوگوں نے انکار کرنے کے سوا قبول نہ کیا ﴿٨٩﴾ اور کہنے لگے کہ ہم تم پر

نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا ﴿۹۰﴾ اَوْ تَكُوْنَ لَكَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نُّؤْمِنَ | لَكَ | حَتّٰى | تَفْجُرَ | لَنَا | مِنَ | الْاَرْضِ | يَنْۢبُوْعًا | اَوْ | تَكُوْنَ | لَكَ |
| مانیں گے ہم | واسطے تیرے | یہاں تک کہ | پھاڑ دے | واسطے ہمارے | سے | زمین میں | چشمہ | یا | ہووے | واسطے تیرے |

ایمان نہیں لائیں گے جب تک کہ (عجیب وغریب باتیں نہ دکھاؤ یعنی یا تو) ہمارے لیے زمین سے چشمہ جاری کردو ﴿۹۰﴾ یا تمہارا

جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْاَنْهٰرَ خِلٰلَهَا تَفْجِيْرًا ﴿۹۱﴾ اَوْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَنَّةٌ | مِّنْ | نَّخِيْلٍ | وَّ | عِنَبٍ | فَتُفَجِّرَ | الْاَنْهٰرَ | خِلٰلَهَا | تَفْجِيْرًا | اَوْ |
| باغ | سے | کھجوروں کے | اور | انگوروں کے | پس پھاڑ لائے تو | نہریں | درمیان اس کے | پھاڑ لانے کر | یا |

کھجوروں اور انگوروں کا کوئی باغ ہو اور اس کے بیچ میں نہریں بہا نکالو ﴿۹۱﴾ یا

تُسْقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا اَوْ تَاْتِيَ بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُسْقِطَ | السَّمَآءَ | كَمَا | زَعَمْتَ | عَلَيْنَا | كِسَفًا | اَوْ | تَاْتِيَ | بِاللّٰهِ | وَ | الْمَلٰٓئِكَةِ |
| ڈال دے تو | آسمان کو | جیسا کہ | کہا کرتا ہے تو | اوپر ہمارے | ٹکڑے ٹکڑے | یا | لے آئے تو | اللہ کو | اور | فرشتوں کو |

جیسا تم کہا کرتے ہو ہم پر آسمان کے ٹکڑے لا گراؤ یا اللہ اور فرشتوں کو (ہمارے) سامنے

قَبِيْلًا ﴿۹۲﴾ اَوْ يَكُوْنَ لَكَ بَيْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ اَوْ تَرْقٰى فِي السَّمَآءِ ۭ وَلَنْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَبِيْلًا | اَوْ | يَكُوْنَ | لَكَ | بَيْتٌ | مِّنْ | زُخْرُفٍ | اَوْ | تَرْقٰى | فِي | السَّمَآءِ | وَلَنْ |
| مدمقابل | یا | ہو | واسطے تیرے | ایک گھر | سے | سونے کے | یا | چڑھ جائے تو | بیچ | آسمان کے | اور ہرگز نہ |

لے آؤ ﴿۹۲﴾ یا تمہارا سونے کا گھر ہو یا آسمان پر چڑھ جاؤ اور ہم تمہارے چڑھنے کو بھی نہیں مانیں گے

نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ ۭ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نُّؤْمِنَ | لِرُقِيِّكَ | حَتّٰى | تُنَزِّلَ | عَلَيْنَا | كِتٰبًا | نَّقْرَؤُهٗ | قُلْ | سُبْحَانَ | رَبِّيْ |
| مانیں گے ہم | چڑھ جانے تیرے کو | یہاں تک کہ | اتار لائے | اوپر ہمارے | کتاب کہ | پڑھیں ہم اس کو | کہہ کہ | پاک ہے | رب میرا |

جب تک کہ کوئی کتاب نہ لاؤ جسے ہم پڑھ بھی لیں۔ کہہ دو کہ میرا پروردگار پاک ہے۔ میں تو صرف ایک

هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۳﴾ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ ع ۱۰

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هَلْ | كُنْتُ | اِلَّا | بَشَرًا | رَّسُوْلًا | وَ | مَا | مَنَعَ | النَّاسَ | اَنْ | يُّؤْمِنُوْٓا | اِذْ | جَآءَهُمُ |
| نہیں | ہوں میں | مگر | آدمی | پیغام پہنچانے والا | اور | نہیں | منع کیا | لوگوں کو | یہ کہ | ایمان لائیں | جس وقت | آئی انکے پاس |

پیغام پہنچانے والا انسان ہوں ﴿۹۳﴾ اور جب لوگوں کے پاس ہدایت آگئی تو اُن کو ایمان لانے سے اس کے سوا

الْهُدٰٓى اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۴﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ فِي

| الْهُدٰٓى | اِلَّآ | اَنْ | قَالُوْٓا | اَبَعَثَ | اللّٰهُ | بَشَرًا | رَّسُوْلًا | قُلْ | لَّوْ | كَانَ | فِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہدایت | مگر | یہ کہ | کہا انہوں نے | کیا بھیجا | اللہ نے | آدمی کو | پیغام پہنچانے والا | کہہ | اگر | ہوتے | بیچ |

کوئی چیز مانع نہ ہوئی کہ کہنے لگے کہ کیا اللہ نے آدمی کو پیغمبر کر کے بھیجا ہے (۹۴) کہہ دو کہ اگر زمین

الْاَرْضِ مَلٰٓئِكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا

| الْاَرْضِ | مَلٰٓئِكَةٌ | يَّمْشُوْنَ | مُطْمَئِنِّيْنَ | لَنَزَّلْنَا | عَلَيْهِمْ | مِّنَ | السَّمَآءِ | مَلَكًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زمین کے | فرشتے | چلا کرتے | آرام سے | البتہ اتارتے ہم | اوپر ان کے | سے | آسمان | فرشتے کو |

میں فرشتے ہوتے (کہ اس میں) چلتے پھرتے (اور) آرام کرتے (یعنی بستے) تو ہم اُن کے پاس فرشتے کو

رَّسُوْلًا ﴿۹۵﴾ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ط اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ

| رَّسُوْلًا | قُلْ | كَفٰى | بِاللّٰهِ | شَهِيْدًا | بَيْنِيْ | وَ | بَيْنَكُمْ | اِنَّهٗ | كَانَ | بِعِبَادِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیغام پہنچانے والا | کہہ | کافی ہے | اللہ | گواہ | درمیان میرے | اور | درمیان تمہارے | بیشک وہ | ہے | ساتھ اپنے بندوں کے |

پیغمبر بنا کر بھیجتے (۹۵) کہہ دو کہ میرے اور تمہارے درمیان اللہ ہی گواہ کافی ہے۔ وہی اپنے بندوں سے

خَبِيْرًا بَصِيْرًا ﴿۹۶﴾ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ج وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ

| خَبِيْرًا | بَصِيْرًا | وَمَنْ | يَّهْدِ | اللّٰهُ | فَهُوَ | الْمُهْتَدِ | وَ | مَنْ | يُّضْلِلْ | فَلَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خبردار | دیکھنے والا | اور جس کو | ہدایت کرے | اللہ | پس وہ | راہ پانے والا ہے | اور | جس کو | گمراہ کرے | پس ہرگز نہ |

خبردار (اور اُن کو) دیکھنے والا ہے (۹۶) اور جس شخص کو اللہ ہدایت دے وہی ہدایت یاب ہے اور جن کو گمراہ کرے تو تم اللہ

تَجِدَ لَهُمْ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِهٖ ط وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى

| تَجِدَ | لَهُمْ | اَوْلِيَآءَ | مِنْ دُوْنِهٖ | وَ | نَحْشُرُهُمْ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | عَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پائے گا تو | واسطے ان کے | دوست | سوائے اس کے | اور | اکٹھا کریں گے ہم ان کو | دن | قیامت کے | اوپر |

کے سوا اُن کے رفیق نہیں پاؤ گے۔ اور ہم اُن کو قیامت کے دن اوندھے منہ، اندھے، گونگے اور بہرے (بنا کر)

وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا وَّبُكْمًا وَّصُمًّا ط مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ط كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ

| وُجُوْهِهِمْ | عُمْيًا | وَّ | بُكْمًا | وَّ | صُمًّا | مَاْوٰىهُمْ | جَهَنَّمُ | كُلَّمَا | خَبَتْ | زِدْنٰهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کے مونہوں کے | اندھے | اور | گونگے | اور | بہرے | ٹھکانا ان کا | دوزخ ہے | جب | بجھنے لگے گی | زیادہ کرینگے ہم واسطے انکے |

اٹھائیں گے۔ اور اُن کا ٹھکانا دوزخ ہے۔ جب (اس کی آگ) بجھنے کو ہوگی تو ہم اُن کو (عذاب دینے کے لیے) اور بھڑکا

النصف

سَعِيْرًا ﴿۹۷﴾ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَعِيْرًا | ذٰلِكَ | جَزَآؤُهُمْ | بِاَنَّهُمْ | كَفَرُوْا | بِاٰيٰتِنَا | وَ | قَالُوْٓا | ءَاِذَا | كُنَّا | عِظَامًا |
| آگ دہکانا | یہ ہے | سزا ان کی | بسبب اسکے کہ | کفر کیا انہوں نے | ساتھ نشانیوں ہماری کے | اور | کہا | کیا جب | ہو جائینگے ہم | ہڈیاں |

دیں گے ﴿۹۷﴾ یہ ان کی سزا ہے اس لیے کہ وہ ہماری آیتوں سے کفر کرتے تھے اور کہتے تھے کہ جب ہم

وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ﴿۹۸﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِیْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | رُفَاتًا | ءَاِنَّا | لَمَبْعُوْثُوْنَ | خَلْقًا | جَدِيْدًا | اَوَلَمْ | يَرَوْا | اَنَّ | اللّٰهَ | الَّذِیْ |
| اور | چورا چورا | کیا ہم | البتہ اٹھائے جائیں گے | پیدائش | نئی میں | کیا نہیں | دیکھا انہوں نے | یہ کہ | اللہ | جس نے |

(مر کر بوسیدہ) ہڈیاں اور ریزہ ریزہ ہو جائیں گے تو کیا از سر نو پیدا کیے جائیں گے؟ ﴿۹۸﴾ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ اللہ جس نے

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ لَهُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضَ | قَادِرٌ | عَلٰٓى | اَنْ | يَّخْلُقَ | مِثْلَهُمْ | وَ | جَعَلَ | لَهُمْ |
| پیدا کیا | آسمانوں کو | اور | زمین کو | قادر ہے | اوپر | اس کے کہ | پیدا کرے | مانند ان کی | اور | مقرر کرے | واسطے انکے |

آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے اس بات پر قادر ہے کہ اُن جیسے (لوگ) پیدا کر دے اور اس نے ان کے لیے ایک

اَجَلًا لَّا رَيْبَ فِيْهِ ؕ فَاَبَى الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۹۹﴾ قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَجَلًا | لَّا | رَيْبَ | فِيْهِ | فَاَبَى | الظّٰلِمُوْنَ | اِلَّا | كُفُوْرًا | قُلْ | لَّوْ | اَنْتُمْ |
| ایک وقت مقرر | کہ نہیں | شک | بیچ اس کے | پس انکار کیا | ظالموں نے | مگر | کفر کرنا | کہہ | اگر | ہو تم |

وقت مقرر کر دیا ہے جس میں کچھ بھی شک نہیں۔ تو ظالموں نے انکار کرنے کے سوا (اسے) قبول نہ کیا ﴿۹۹﴾ کہہ دو کہ اگر

تَمْلِكُوْنَ خَزَآئِنَ رَحْمَةِ رَبِّیْٓ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَمْلِكُوْنَ | خَزَآئِنَ | رَحْمَةِ | رَبِّیْٓ | اِذًا | لَّاَمْسَكْتُمْ | خَشْيَةَ | الْاِنْفَاقِ |
| مالک | خزانوں کے | رحمت | پروردگار میرے کے | اس وقت | البتہ بند کر رکھو تم | ڈر | خرچ ہو جانے سے |

میرے پروردگار کی رحمت کے خزانے تمہارے ہاتھ میں ہوتے تو تم خرچ ہو جانے کے خوف سے (اُن کو) بند کر رکھتے۔

ع ۱۱/۷ وَكَانَ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا ﴿۱۰۰﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ فَسْئَلْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَانَ | الْاِنْسَانُ | قَتُوْرًا | وَ | لَقَدْ | اٰتَيْنَا | مُوْسٰى | تِسْعَ | اٰيٰتٍ | بَيِّنٰتٍ | فَسْئَلْ |
| اور | ہے | آدمی | تنگی کرنے والا | اور | البتہ تحقیق | دیں ہم نے | موسیٰ کو | نو | نشانیاں | ظاہر | پس سوال کر |

اور انسان دل کا بہت تنگ ہے ﴿۱۰۰﴾ اور ہم نے موسیٰ کو نو نشانیاں دیں تو بنی اسرائیل سے دریافت

بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ اِذۡ جَآءَهُمۡ فَقَالَ لَهٗ فِرۡعَوۡنُ اِنِّیۡ لَاَظُنُّكَ

| بَنِیۡۤ | اِسۡرَآءِیۡلَ | اِذۡ | جَآءَهُمۡ | فَقَالَ | لَهٗ | فِرۡعَوۡنُ | اِنِّیۡ | لَاَظُنُّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بنی | اسرائیل سے | جب | آیا ان کے پاس | پس کہا | واسطے اس کے | فرعون نے | بیشک میں | البتہ گمان کرتا ہو تجھ کو |

کر لو کہ جب وہ ان کے پاس آئے تو فرعون نے ان سے کہا کہ موسیٰ! میں خیال کرتا ہوں

یٰمُوۡسٰی مَسۡحُوۡرًا ﴿۱۰۱﴾ قَالَ لَقَدۡ عَلِمۡتَ مَاۤ اَنۡزَلَ هٰۤؤُلَآءِ اِلَّا رَبُّ

| یٰمُوۡسٰی | مَسۡحُوۡرًا | قَالَ | لَقَدۡ | عَلِمۡتَ | مَاۤ | اَنۡزَلَ | هٰۤؤُلَآءِ | اِلَّا | رَبُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے موسیٰ | جادو کیا ہوا | کہا | البتہ تحقیق | جانا ہے تو نے | نہیں | اتارا | ان نشانیوں کو | مگر | پروردگار نے |

کہ تم پر جادو کیا گیا ہے ﴿۱۰۱﴾ انہوں نے کہا کہ تم یہ جانتے ہو کہ آسمانوں اور زمین کے پروردگار کے سوا اس

السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ بَصَآئِرَ ۚ وَاِنِّیۡ لَاَظُنُّكَ یٰفِرۡعَوۡنُ مَثۡبُوۡرًا ﴿۱۰۲﴾

| السَّمٰوٰتِ | وَ | الۡاَرۡضِ | بَصَآئِرَ | وَ | اِنِّیۡ | لَاَظُنُّكَ | یٰفِرۡعَوۡنُ | مَثۡبُوۡرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمانوں | اور | زمین کے | واسطے دکھانے کے | اور | بیشک میں | البتہ گمان کرتا ہوں تجھ کو | اے فرعون | ہلاک کیا گیا |

کو کسی نے نازل نہیں کیا (اور وہ بھی تم لوگوں کے) سمجھانے کو اور اے فرعون! میں خیال کرتا ہوں کہ تم ہلاک ہو جاؤ گے ﴿۱۰۲﴾

فَاَرَادَ اَنۡ یَّسۡتَفِزَّهُمۡ مِّنَ الۡاَرۡضِ فَاَغۡرَقۡنٰهُ وَمَنۡ مَّعَهٗ جَمِیۡعًا ﴿۱۰۳﴾

| فَاَرَادَ | اَنۡ | یَّسۡتَفِزَّهُمۡ | مِّنَ | الۡاَرۡضِ | فَاَغۡرَقۡنٰهُ | وَ | مَنۡ | مَّعَهٗ | جَمِیۡعًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس ارادہ کیا | یہ کہ | ان کو چین نہ دے | سے | زمین | پس غرق کیا ہم نے اسکو | اور | جو | ساتھ اسکے تھے | سب کو |

تو اُس نے چاہا کہ ان کو سرزمین (مصر) سے نکال دے تو ہم نے اس کو اور جو اس کے ساتھ تھے سب کو ڈبو دیا ﴿۱۰۳﴾

وَّقُلۡنَا مِنۡۢ بَعۡدِهٖ لِبَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ اسۡكُنُوا الۡاَرۡضَ فَاِذَا جَآءَ وَعۡدُ

| وَّ | قُلۡنَا | مِنۡۢ بَعۡدِهٖ | لِبَنِیۡۤ | اِسۡرَآءِیۡلَ | اسۡكُنُوا | الۡاَرۡضَ | فَاِذَا | جَآءَ | وَعۡدُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | کہا ہم نے | پیچھے اس کے | واسطے بنی | اسرائیل کے | رہو تم | زمین میں | پس جب | آئے گا | وعدہ |

اور اس کے بعد بنی اسرائیل سے کہا کہ تم اس ملک میں رہو سہو۔ پھر جب آخرت کا وعدہ آ جائے گا

الۡاٰخِرَةِ جِئۡنَا بِكُمۡ لَفِیۡفًا ﴿۱۰۴﴾ وَبِالۡحَقِّ اَنۡزَلۡنٰهُ وَبِالۡحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَاۤ

| الۡاٰخِرَةِ | جِئۡنَا بِكُمۡ | لَفِیۡفًا | وَ | بِالۡحَقِّ | اَنۡزَلۡنٰهُ | وَبِالۡحَقِّ | نَزَلَ | وَ | مَاۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آخرت کا | لے آئیں گے ہم تم کو | لپیٹ کر | اور | ساتھ حق کے | اتارا ہم نے اس کو | اور ساتھ حق کے | اترا ہے | اور | نہیں |

تو ہم تم سب کو جمع کر کے لے آئیں گے ﴿۱۰۴﴾ اور ہم نے اس قرآن کو سچائی کے ساتھ نازل کیا ہے اور وہ سچائی کے ساتھ نازل ہوا۔ اور

وقف لازم

اَرۡسَلۡنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيۡرًا ﴿۱۰۵﴾ وَقُرۡاٰنًا فَرَقۡنٰهُ لِتَقۡرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَرۡسَلۡنٰكَ | اِلَّا | مُبَشِّرًا | وَّ | نَذِيۡرًا | وَ | قُرۡاٰنًا | فَرَقۡنٰهُ | لِتَقۡرَاَهٗ | عَلَى | النَّاسِ |
| بھیجا ہم نے تجھ کو | مگر | بشارت دینے والا | اور | ڈرانے والا | اور | قرآن کو | جدا جدا کیا ہم نے اسکو | تاکہ تو پڑھے اسکو | اوپر | لوگوں کے |

(اے محمد ﷺ) ہم نے تم کو صرف خوشخبری دینے والا اور ڈرسنانے والا بنا کر بھیجا ہے ﴿۱۰۵﴾ اور ہم نے قرآن کو جزو جزو کرکے نازل کیا ہے تاکہ تم لوگوں کو

عَلٰى مُكۡثٍ وَّنَزَّلۡنٰهُ تَنۡزِيۡلًا ﴿۱۰۶﴾ قُلۡ اٰمِنُوۡا بِهٖۤ اَوۡ لَا تُؤۡمِنُوۡا ؕ اِنَّ الَّذِيۡنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰى | مُكۡثٍ | وَّنَزَّلۡنٰهُ | تَنۡزِيۡلًا | قُلۡ | اٰمِنُوۡا | بِهٖۤ | اَوۡ | لَا تُؤۡمِنُوۡا | اِنَّ | الَّذِيۡنَ |
| اوپر | آہستگی کے | اور اتارا ہم نے اسکو | اتارنا آہستہ آہستہ | کہہ | ایمان لاؤ | ساتھ اس کے | یا | نہ ایمان لاؤ | بیشک | وہ لوگ کہ |

ٹھیر ٹھیر کر پڑھ کر سناؤ اور ہم نے اس کو آہستہ آہستہ اُتارا ہے ﴿۱۰۶﴾ کہہ دو کہ تم اس پر ایمان لاؤ یا نہ لاؤ (یہ فی نفسہ حق ہے)۔

اُوۡتُوا الۡعِلۡمَ مِنۡ قَبۡلِهٖۤ اِذَا يُتۡلٰى عَلَيۡهِمۡ يَخِرُّوۡنَ لِلۡاَذۡقَانِ سُجَّدًا ۙ ﴿۱۰۷﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُوۡتُوا | الۡعِلۡمَ | مِنۡ | قَبۡلِهٖۤ | اِذَا | يُتۡلٰى | عَلَيۡهِمۡ | يَخِرُّوۡنَ | لِلۡاَذۡقَانِ | سُجَّدًا |
| دیئے گئے ہیں | علم | سے | پہلے اس | جب | پڑھا جاتا ہے | اوپر ان کے | گر پڑتے ہیں | ٹھوڑیوں پر | سجدہ کرتے ہوئے |

جن لوگوں کو اس سے پہلے علم (کتاب) دیا گیا ہے جب وہ ان کو پڑھ کر سنایا جاتا ہے تو وہ ٹھوڑیوں کے بل سجدے میں گر پڑتے ہیں ﴿۱۰۷﴾

وَّيَقُوۡلُوۡنَ سُبۡحٰنَ رَبِّنَاۤ اِنۡ كَانَ وَعۡدُ رَبِّنَا لَمَفۡعُوۡلًا ﴿۱۰۸﴾ وَيَخِرُّوۡنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | يَقُوۡلُوۡنَ | سُبۡحٰنَ | رَبِّنَاۤ | اِنۡ | كَانَ | وَعۡدُ | رَبِّنَا | لَمَفۡعُوۡلًا | وَ | يَخِرُّوۡنَ |
| اور | کہتے ہیں | پاکی ہے | رب ہمارے کو | بیشک | ہے | وعدہ | رب ہمارے کا | البتہ کیا گیا | اور | گر پڑتے ہیں |

اور کہتے ہیں کہ ہمارا پروردگار پاک ہے۔ بیشک ہمارے پروردگار کا وعدہ پورا ہو کر رہا ﴿۱۰۸﴾ اور وہ ٹھوڑیوں کے

السجدۃ ۳

لِلۡاَذۡقَانِ يَبۡكُوۡنَ وَيَزِيۡدُهُمۡ خُشُوۡعًا ۩ ﴿۱۰۹﴾ قُلِ ادۡعُوا اللّٰهَ اَوِ ادۡعُوا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلۡاَذۡقَانِ | يَبۡكُوۡنَ | وَ | يَزِيۡدُهُمۡ | خُشُوۡعًا | قُلِ | ادۡعُوا | اللّٰهَ | اَوِ | ادۡعُوا |
| اوپر ٹھوڑیوں کے | روتے ہوئے | اور | زیادہ کرتا ہے ان کو | عاجزی کرنا | کہہ | پکارو | اللہ کو | یا | پکارو |

بل گر پڑتے ہیں (اور) روتے جاتے ہیں اور اس سے اُن کو اور زیادہ عاجزی پیدا ہوتی ہے ﴿۱۰۹﴾ کہہ دو کہ تم (اللہ کو)

الرَّحۡمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدۡعُوۡا فَلَهُ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰى ۚ وَلَا تَجۡهَرۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرَّحۡمٰنَ | اَيًّامَّا | تَدۡعُوۡا | فَلَهُ | الۡاَسۡمَآءُ | الۡحُسۡنٰى | وَ | لَا | تَجۡهَرۡ |
| رحمان کو | جس کو | پکاروگے | پس واسطے اسی کے | نام ہیں | بہت اچھے | اور | مت | آواز بلند کر |

اللہ (کے نام سے) پکارو یا رحمٰن (کے نام سے)۔ جس نام سے پکارو اس کے سب نام اچھے ہیں۔

بِصَلَاتِكَ وَ لَا تُخَافِتْ بِهَا وَ ابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيلًا ﴿۱۱۰﴾ وَ قُلِ

| بِصَلَاتِكَ | وَ | لَا | تُخَافِتْ | بِهَا | وَ | ابْتَغِ | بَيْنَ | ذٰلِكَ | سَبِيلًا | وَ | قُلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ نماز اپنی کے | اور | نہ | بہت آہستہ کر | ساتھ اس کے | اور | ڈھونڈ | درمیان | اس کے | راہ | اور | کہہ |

اور نماز نہ بلند آواز سے پڑھو اور نہ آہستہ بلکہ اس کے بیچ کا طریقہ اختیار کرو ﴿۱۱۰﴾ اور کہو

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيكٌ فِي

| الْحَمْدُ | لِلّٰهِ | الَّذِي | لَمْ | يَتَّخِذْ | وَلَدًا | وَّ | لَمْ | يَكُنْ | لَّهٗ | شَرِيكٌ | فِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سب تعریف | واسطے اللہ کے ہے | جس نے | نہیں | پکڑی | اولاد | اور | نہیں | ہے | واسطے اسکے | شریک | بیچ |

کہ سب تعریف اللہ ہی کو ہے جس نے نہ تو کسی کو بیٹا بنایا ہے اور نہ اس کی بادشاہی میں کوئی شریک ہے اور نہ اس

الْمُلْكِ وَ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَ كَبِّرْهُ تَكْبِيرًا ﴿۱۱۱﴾ ع ۱۲/۱۱/۱۲

| الْمُلْكِ | وَ | لَمْ | يَكُنْ | لَّهٗ | وَلِيٌّ | مِّنَ | الذُّلِّ | وَ | كَبِّرْهُ | تَكْبِيرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بادشاہی کے | اور | نہیں | ہے | واسطے اس کے | دوست | کوئی | ذلت کے وقت پر | اور | بڑائی کر اس کی | بڑائی کرنا |

وجہ سے کہ وہ عاجز و ناتواں ہے کوئی اس کا مددگار ہے اور اس کو بڑا جان کر اس کی بڑائی کرتے رہو ﴿۱۱۱﴾

اٰیاتها ۱۱۰ ۔ ۱۸ سُوْرَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ ۶۹ ۔ رکوعاتها ۱۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَ لَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ

| اَلْحَمْدُ | لِلّٰهِ | الَّذِيْٓ | اَنْزَلَ | عَلٰى | عَبْدِهِ | الْكِتٰبَ | وَ | لَمْ | يَجْعَلْ | لَّهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سب تعریف | واسطے اللہ کے ہے | جس نے | اتاری | اوپر | بندے اپنے کے | کتاب | اور | نہ | کی | واسطے اسکے |

سب تعریف اللہ ہی کو ہے جس نے اپنے بندے (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) پر (یہ) کتاب نازل کی اور اس میں کسی طرح کی کجی (اور پیچیدگی)

عِوَجًا ﴿۱﴾ ط سکتة قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَ يُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ

| عِوَجًا | قَيِّمًا | لِّيُنْذِرَ | بَاْسًا | شَدِيْدًا | مِّنْ | لَّدُنْهُ | وَيُبَشِّرَ | الْمُؤْمِنِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کجی | قائم رکھنے والی ہے | تا کہ ڈرائے | عذاب | سخت | سے | پاس اس کے | اور بشارت دے | ایمان والوں کو |

نہ رکھی ﴿۱﴾ (بلکہ) سیدھی (اور سلیس اتاری) تاکہ (لوگوں کو) عذاب سخت سے جو اس کی طرف سے (آنے والا) ہے ڈرائے اور

الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ۝۲ لا مَّاكِثِيْنَ فِيْهِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | يَعْمَلُوْنَ | الصّٰلِحٰتِ | اَنَّ | لَهُمْ | اَجْرًا | حَسَنًا | مَّاكِثِيْنَ | فِيْهِ |
| جو کہ | عمل کرتے ہیں | اچھے | یہ کہ | واسطے ان کے | ثواب ہے | اچھا | رہنے والے | بیچ اس کے |

مومنوں کو جو نیک عمل کرتے ہیں خوشخبری سنائے کہ ان کے لیے (ان کے کاموں کا) نیک بدلہ (یعنی بہشت) ہے ۝۲ جس میں وہ ابدالآباد

اَبَدًا ۝۳ لا وَّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۝۴ ق مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَبَدًا | وَّ | يُنْذِرَ | الَّذِيْنَ | قَالُوا | اتَّخَذَ | اللّٰهُ | وَلَدًا | مَا | لَهُمْ | بِهٖ | مِنْ | عِلْمٍ |
| ہمیشہ | اور | ڈرائے | ان لوگوں کو کہ | کہتے ہیں | پکڑی ہے | اللہ نے | اولاد | نہیں | ان کو | ساتھ اس کے | کچھ | علم |

رہیں گے ۝۳ اور اُن لوگوں کو بھی ڈرائے جو کہتے ہیں کہ اللہ نے (کسی کو) بیٹا بنا لیا ہے ۝۴ اُن کو اس بات کا کچھ بھی علم نہیں

وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ ط كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ط اِنْ يَّقُوْلُوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | لَا | لِاٰبَآئِهِمْ | كَبُرَتْ | كَلِمَةً | تَخْرُجُ | مِنْ | اَفْوَاهِهِمْ | اِنْ | يَّقُوْلُوْنَ |
| اور | نہ | ان کے باپوں کو | بڑی | بات ہے | جو نکلتی ہے | سے | مونہوں ان کے | نہیں | کہتے |

اور نہ اُن کے باپ دادا ہی کو تھا۔ (یہ) بڑی سخت بات ہے جو اُن کے منہ سے نکلتی ہے (اور کچھ شک نہیں کہ) یہ جو کچھ کہتے

اِلَّا كَذِبًا ۝۵ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | كَذِبًا | فَلَعَلَّكَ | بَاخِعٌ | نَّفْسَكَ | عَلٰٓى | اٰثَارِهِمْ | اِنْ | لَّمْ | يُؤْمِنُوْا | بِهٰذَا |
| مگر | جھوٹ | پس شاید کہ تو | ہلاک کرے | جان اپنی کو | اوپر | ان کی پچھاڑی کے | جو | نہ | ایمان لائیں | ساتھ اس |

ہیں محض جھوٹ ہے ۝۵ (اے پیغمبر) اگر یہ اس کلام پر ایمان نہ لائیں تو شاید تم ان کے پیچھے رنج کر کر کے اپنے تئیں

الْحَدِيْثِ اَسَفًا ۝۶ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْحَدِيْثِ | اَسَفًا | اِنَّا | جَعَلْنَا | مَا | عَلَى | الْاَرْضِ | زِيْنَةً | لَّهَا | لِنَبْلُوَهُمْ |
| بات کے | مارے غم کے | بیشک | ہم نے کیا ہے | جو کچھ | اوپر | زمین کے ہے | زینت | واسطے اسکے | تا کہ آزمائیں انکو |

ہلاک کر دو گے ۝۶ جو چیز زمین پر ہے ہم نے اس کو زمین کے لیے آرائش بنایا ہے تا کہ لوگوں کی آزمائش

اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۝۷ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ۝۸ ط

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَيُّهُمْ | اَحْسَنُ | عَمَلًا | وَ | اِنَّا | لَجٰعِلُوْنَ | مَا | عَلَيْهَا | صَعِيْدًا | جُرُزًا |
| کونسا ان میں سے | بہتر ہے | عمل میں | اور | بیشک ہم | البتہ کرنیوالے ہیں | اس چیز کو کہ | اوپر اسکے ہے | زمین | بنجر کے |

کریں کہ اُن میں کون اچھے عمل کرنے والا ہے ۝۷ اور جو چیز زمین پر ہے ہم اس کو (نابود کر کے) بنجر میدان کر دیں گے ۝۸

اَمۡ حَسِبۡتَ اَنَّ اَصۡحٰبَ الۡكَهۡفِ وَالرَّقِيۡمِ ۙ كَانُوۡا مِنۡ اٰيٰتِنَا

| اَمۡ | حَسِبۡتَ | اَنَّ | اَصۡحٰبَ | الۡكَهۡفِ | وَالرَّقِيۡمِ | كَانُوۡا | مِنۡ | اٰيٰتِنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا | گمان کیا ہے تونے | یہ کہ | رہنے والے | غار کے | اور کھوہ کے | تھے | سے | نشانیوں ہماری |

کیا تم خیال کرتے ہو کہ غار اور لوح والے ہماری نشانیوں میں سے

عَجَبًا ۝۹ اِذۡ اَوَى الۡفِتۡيَةُ اِلَى الۡكَهۡفِ فَقَالُوۡا رَبَّنَاۤ اٰتِنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ

| عَجَبًا | اِذۡ | اَوَى | الۡفِتۡيَةُ | اِلَى | الۡكَهۡفِ | فَقَالُوۡا | رَبَّنَاۤ | اٰتِنَا | مِنۡ | لَّدُنۡكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تعجب | جب کہ | جگہ پکڑی | ان جوانوں نے | طرف | غار کی | پس کہا انہوں نے | اے رب ہمارے | دے ہم کو | سے | پاس اپنے |

عجیب تھے؟ ۝۹ جب وہ جوان غار میں جا رہے تو کہنے لگے کہ اے ہمارے پروردگار ہم پر اپنے ہاں سے رحمت نازل

رَحۡمَةً وَّهَيِّئۡ لَنَا مِنۡ اَمۡرِنَا رَشَدًا ۝۱۰ فَضَرَبۡنَا عَلٰۤى اٰذَانِهِمۡ فِى

| رَحۡمَةً | وَّ | هَيِّئۡ | لَنَا | مِنۡ | اَمۡرِنَا | رَشَدًا | فَضَرَبۡنَا | عَلٰۤى | اٰذَانِهِمۡ | فِى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رحمت | اور | تیار کر | واسطے ہمارے | سے | کام ہمارے | بھلائی | پس پردہ مارا ہم نے | اوپر | ان کے کانوں کے | بیچ |

فرما اور ہمارے کام میں درستی (کے سامان) مہیا کر ۝۱۰ تو ہم نے غار میں کئی سال تک ان کے کانوں پر

الۡكَهۡفِ سِنِيۡنَ عَدَدًا ۝۱۱ ۙ ثُمَّ بَعَثۡنٰهُمۡ لِنَعۡلَمَ اَىُّ الۡحِزۡبَيۡنِ اَحۡصٰى

| الۡكَهۡفِ | سِنِيۡنَ | عَدَدًا | ثُمَّ | بَعَثۡنٰهُمۡ | لِنَعۡلَمَ | اَىُّ | الۡحِزۡبَيۡنِ | اَحۡصٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غار کے | برس | کتنے ایک | پھر | اٹھایا ہم نے ان کو | تاکہ ظاہر کریں ہم | کونسا | دونوں جماعتوں میں | خوب گننے والا تھا |

(نیند کا) پردہ ڈالے (یعنی ان کو سلائے) رکھا ۝۱۱ پھر اُن کو جگا اُٹھایا تاکہ معلوم کریں کہ جتنی مدت وہ (غار میں) رہے دونوں

لِمَا لَبِثُوۡۤا اَمَدًا ۝۱۲ ع نَحۡنُ نَقُصُّ عَلَيۡكَ نَبَاَهُمۡ بِالۡحَقِّ ؕ اِنَّهُمۡ فِتۡيَةٌ ع ۱۲ ۱۳

| لِمَا | لَبِثُوۡۤا | اَمَدًا | نَحۡنُ | نَقُصُّ | عَلَيۡكَ | نَبَاَهُمۡ | بِالۡحَقِّ | اِنَّهُمۡ | فِتۡيَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس چیز سے کہ | رہے تھے | مدت سے | ہم | بیان کریں گے | اوپر تیرے | قصہ ان کا | ساتھ حق کے | بیشک وہ | کئی جوان تھے |

جماعتوں میں سے اس کی مقدار کس کو خوب یاد ہے ۝۱۲ ہم ان کے حالات تم سے صحیح صحیح بیان کرتے ہیں۔ وہ کئی جوان تھے جو اپنے پروردگار

اٰمَنُوۡا بِرَبِّهِمۡ وَزِدۡنٰهُمۡ هُدًى ۝۱۳ ۖق وَّرَبَطۡنَا عَلٰى قُلُوۡبِهِمۡ اِذۡ قَامُوۡا فَقَالُوۡا

| اٰمَنُوۡا | بِرَبِّهِمۡ | وَ | زِدۡنٰهُمۡ | هُدًى | وَّ | رَبَطۡنَا | عَلٰى | قُلُوۡبِهِمۡ | اِذۡ | قَامُوۡا | فَقَالُوۡا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان لائے | ساتھ رب اپنے کے | اور | زیادہ کی تھی ہم نے | ان کو ہدایت | اور | باندھ دیا تھا ہم نے | اوپر | انکے دلوں کے | جب | کھڑے ہوئے | پس کہا انہوں نے |

پر ایمان لائے تھے اور ہم نے ان کو اور زیادہ ہدایت دی تھی ۝۱۳ اور ان کے دلوں کو مربوط (یعنی مضبوط) کر دیا جب وہ (اُٹھ) کھڑے ہوئے تو کہنے لگے

رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَاۡ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِلٰهًا لَّقَدْ قُلْنَاۤ اِذًا

| رَبُّنَا | رَبُّ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | لَنْ | نَّدْعُوَاۡ | مِنْ دُوْنِهٖۤ | اِلٰهًا | لَّقَدْ | قُلْنَاۤ | اِذًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پروردگار ہمارا | پروردگار ہے | آسمانوں کا | اور | زمین کا | ہرگز نہ | پکاریں گے ہم | سوائے اس کے | کسی معبود کو | البتہ تحقیق | کہی ہم نے | اسوقت |

کہ ہمارا پروردگار آسمانوں اور زمین کا مالک ہے ہم اس کے سوا کسی کو معبود (سمجھ کر) نہ پکاریں گے (اگر ایسا کیا) تو اس وقت ہم نے بعید

شَطَطًا ﴿۱۴﴾ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً ؕ لَوْلَا يَاْتُوْنَ

| شَطَطًا | هٰٓؤُلَآءِ | قَوْمُنَا | اتَّخَذُوْا | مِنْ دُوْنِهٖۤ | اٰلِهَةً | لَوْ | لَا | يَاْتُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بات زیادہ | اس | قوم ہماری نے | پکڑے ہیں | سوائے اس کے | معبود | کیوں | نہیں | لاتے |

از عقل بات کہی ﴿۱۴﴾ ان ہماری قوم کے لوگوں نے اس کے سوا اور معبود بنا رکھے ہیں۔ بھلا یہ اُن

عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍۭ بَيِّنٍ ؕ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ؕ﴿۱۵﴾

| عَلَيْهِمْ | بِسُلْطٰنٍ | بَيِّنٍ | فَمَنْ | اَظْلَمُ | مِمَّنِ | افْتَرٰى | عَلَى | اللّٰهِ | كَذِبًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر ان کے | دلیل | ظاہر | پس کون ہے | بہت ظالم | اس شخص سے کہ | باندھ لے | اوپر | اللہ کے | جھوٹ |

(کے اللہ ہونے) پر کوئی کھلی دلیل کیوں نہیں لاتے۔ تو اس سے زیادہ کون ظالم ہے جو اللہ پر جھوٹ افترا کرے ﴿۱۵﴾

وَاِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ فَاْوٗۤا اِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ

| وَ | اِذِ | اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ | وَ | مَا | يَعْبُدُوْنَ | اِلَّا | اللّٰهَ | فَاْوٗۤا | اِلَى | الْكَهْفِ | يَنْشُرْ لَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جب | کنارہ کر لیا تم نے ان سے | اور | اس چیز سے کہ | عبادت کرتے ہیں | سوائے | اللہ کے | پس جگہ پکڑو | طرف | غار کی کہ | پھیلائے واسطے تمہارے |

اور جب تم نے ان (مشرکوں) سے اور جن کی یہ اللہ کے سوا عبادت کرتے ہیں ان سے کنارہ کر لیا ہے تو غار میں چل رہو۔

رَبُّكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ﴿۱۶﴾ وَتَرَى

| رَبُّكُمْ | مِّنْ | رَّحْمَتِهٖ | وَ | يُهَيِّئْ | لَكُمْ | مِّنْ | اَمْرِكُمْ | مِّرْفَقًا | وَ | تَرَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رب تمہارا | سے | رحمت اپنی | اور | تیار کرے | واسطے تمہارے | سے | کام تمہارے | سبب آرام کا | اور | دیکھے تو |

تمہارا پروردگار تمہارے لیے اپنی رحمت وسیع کر دے گا اور تمہارے کاموں میں آسانی (کے سامان) مہیا کرے گا ﴿۱۶﴾ اور جب

الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَاِذَا غَرَبَتْ

| الشَّمْسَ | اِذَا | طَلَعَتْ | تَّزٰوَرُ | عَنْ | كَهْفِهِمْ | ذَاتَ الْيَمِيْنِ | وَ | اِذَا | غَرَبَتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سورج کو | جب | طلوع ہوتا ہے | جھک جاتا ہے | سے | غار ان کے | داہنی طرف | اور | جب | غروب ہوتا ہے |

سورج نکلے تو تم دیکھو کہ (دھوپ) ان کے غار سے داہنی طرف سمٹ جائے اور جب غروب ہو

تَقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ فِيْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَقْرِضُهُمْ | ذَاتَ | الشِّمَالِ | وَ | هُمْ | فِيْ | فَجْوَةٍ | مِّنْهُ | ذٰلِكَ | مِنْ | اٰيٰتِ | اللّٰهِ |
| کتراجاتا ہے ان سے | طرف | بائیں | اور | وہ | بیچ | میدان کشادہ کے ہیں | اس سے | یہ | سے | نشانیاں ہیں | اللہ کی |

تو اُن سے بائیں طرف کترا جائے اور وہ اُس کے میدان میں تھے۔ یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں۔

مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنْ | يَّهْدِ | اللّٰهُ | فَهُوَ | الْمُهْتَدِ | وَ | مَنْ | يُّضْلِلْ | فَلَنْ | تَجِدَ | لَهٗ | وَلِيًّا |
| جس کو | ہدایت کرے | اللہ | پس وہی ہے | راہ پانے والا | اور | جس کو | گمراہ کرے | پس ہرگز نہ | پائے گا تو | واسطے اسکے | دوست |

جس کو اللہ ہدایت دے وہ ہدایت یاب ہے اور جس کو گمراہ کرے تو تم اس کے لیے کوئی دوست راہ بتانے والا

مُّرْشِدًا ۝١٧ وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۖ وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ ع ۲ ۵ ۱۴

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّرْشِدًا | وَ | تَحْسَبُهُمْ | اَيْقَاظًا | وَّ | هُمْ | رُقُوْدٌ | وَّ | نُقَلِّبُهُمْ | ذَاتَ | الْيَمِيْنِ |
| راہ بتانے والا | اور | گمان کرے تو ان کو | جاگتے | اور | وہ | سوتے ہیں | اور | کروٹیں بدلواتے ہیں ہم انکو | طرف | داہنی |

نہ پاؤ گے ⑰ اور تم اُن کو خیال کرو کہ جاگ رہے ہیں حالانکہ وہ سوتے ہیں۔ اور ہم اُن کو دائیں

وَذَاتَ الشِّمَالِ ۖ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ ؕ لَوِ اطَّلَعْتَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | ذَاتَ | الشِّمَالِ | وَكَلْبُهُمْ | بَاسِطٌ | ذِرَاعَيْهِ | بِالْوَصِيْدِ | لَوِ اطَّلَعْتَ |
| اور | طرف | بائیں | اور کتا ان کا | پھیلا رہا ہے | دونوں ہاتھ اپنے | چوکھٹ پر | اگر جھانکے تو |

اور بائیں کروٹ بدلاتے تھے۔ اور اُن کا کتا چوکھٹ پر دونوں ہاتھ پھیلائے ہوئے تھا۔ اگر تم اُن کو

عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ۝١٨ وَكَذٰلِكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِمْ | لَوَلَّيْتَ | مِنْهُمْ | فِرَارًا | وَّ | لَمُلِئْتَ | مِنْهُمْ | رُعْبًا | وَ | كَذٰلِكَ |
| اوپر ان کے | البتہ پیٹھ پھیرے تو | ان سے | بھاگ کر | اور | البتہ بھر جائے تو | ان سے | رعب کھا کر | اور | اسی طرح |

جھانک کر دیکھتے تو پیٹھ پھیر کر بھاگ جاتے اور ان سے دہشت میں آجاتے ⑱ اور اسی طرح

بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوْا بَيْنَهُمْ ؕ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ؕ قَالُوْا لَبِثْنَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعَثْنٰهُمْ | لِيَتَسَآءَلُوْا | بَيْنَهُمْ | قَالَ | قَآئِلٌ | مِّنْهُمْ | كَمْ | لَبِثْتُمْ | قَالُوْا | لَبِثْنَا |
| اٹھایا ہم نے انکو | تاکہ سوال کریں ایکدوسرے سے | آپس میں | کہا | ایک کہنے والے نے | ان میں سے | کتنا | رہے تم | کہا انہوں نے | رہے ہم |

ہم نے اُن کو اٹھایا تاکہ آپس میں ایک دوسرے سے دریافت کریں۔ ایک کہنے والے نے کہا کہ تم (یہاں) کتنی مدت رہے؟ اُنہوں نے کہا

يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ؕ قَالُوْا رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ ؕ فَابْعَثُوْٓا اَحَدَكُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَوْمًا | اَوْ | بَعْضَ | يَوْمٍ | قَالُوْا | رَبُّكُمْ | اَعْلَمُ | بِمَا | لَبِثْتُمْ | فَابْعَثُوْٓا | اَحَدَكُمْ |
| ایک دن | یا | کچھ حصہ | دن میں سے | کہا انہوں نے | پروردگار تمہارا | خوب جانتا ہے | جتنا | رہے تم | پس بھیجو | ایک اپنے کو |

کہ ایک دن یا اس سے بھی کم۔ انہوں نے کہا کہ جتنی مدت تم رہے ہو تمہارا پروردگار ہی اس کو خوب جانتا ہے۔ تو اپنے میں سے کسی کو

بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖٓ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَآ اَزْكٰى طَعَامًا فَلْيَاْتِكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِوَرِقِكُمْ | هٰذِهٖٓ | اِلَى | الْمَدِيْنَةِ | فَلْيَنْظُرْ | اَيُّهَآ | اَزْكٰى | طَعَامًا | فَلْيَاْتِكُمْ |
| ساتھ روپے اپنے کے | جو یہ ہے | طرف | شہر کی | پس چاہیے کہ دیکھے | کونسا اس میں سے | پاکیزہ ہے | کھانا | پس لے آئے تمہارے پاس |

یہ سکہ دے کر شہر کو بھیجو وہ دیکھے کہ نفیس کھانا کون سا ہے تو اس میں سے

بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ اَحَدًا ۝١٩ اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِرِزْقٍ | مِّنْهُ | وَلْيَتَلَطَّفْ | وَ | لَا | يُشْعِرَنَّ | بِكُمْ | اَحَدًا | اِنَّهُمْ | اِنْ | يَّظْهَرُوْا |
| رزق | اس میں سے | اور چاہیے کہ نرم گوئی کرے | اور | نہ | جتائے | ساتھ تمہارے | کسی کو | بیشک وہ | اگر | غالب آئیں گے |

کھانا لے آئے اور آہستہ آہستہ آئے جائے اور تمہارا حال کسی کو نہ بتائے ۝١٩ اگر وہ تم پر دسترس پالیں گے

عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ فِيْ مِلَّتِهِمْ وَلَنْ تُفْلِحُوْٓا اِذًا اَبَدًا ۝٢٠

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْكُمْ | يَرْجُمُوْكُمْ | اَوْ | يُعِيْدُوْكُمْ | فِيْ | مِلَّتِهِمْ | وَ | لَنْ | تُفْلِحُوْٓا | اِذًا | اَبَدًا |
| اوپر تمہارے | سنگسار کریں گے تم کو | یا | پھیر لے جائینگے تم کو | بیچ | دین اپنے کے | اور | ہرگز نہ | چھوٹو گے تم | اسوقت | کبھی |

تو تمہیں سنگسار کر دیں گے یا پھر اپنے مذہب میں داخل کر لیں گے اور اُس وقت تم کبھی فلاح نہیں پاؤ گے ۝٢٠

وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوْٓا اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَذٰلِكَ | اَعْثَرْنَا | عَلَيْهِمْ | لِيَعْلَمُوْٓا | اَنَّ | وَعْدَ | اللّٰهِ | حَقٌّ | وَّ | اَنَّ | السَّاعَةَ |
| اور | اسی طرح | مطلع کیا ہم نے | اوپر ان کے | تا کہ جانیں | یہ کہ | وعدہ | اللہ کا | سچ ہے | اور | یہ کہ | قیامت |

اور اسی طرح ہم نے (لوگوں کو) ان (کے حال) سے خبردار کر دیا تا کہ وہ جانیں کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے اور یہ کہ قیامت (جس کا وعدہ کیا

لَا رَيْبَ فِيْهَا ۚ اِذْ يَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ اَمْرَهُمْ فَقَالُوا ابْنُوْا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا ؕ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | رَيْبَ | فِيْهَا | اِذْ | يَتَنَازَعُوْنَ | بَيْنَهُمْ | اَمْرَهُمْ | فَقَالُوا | ابْنُوْا | عَلَيْهِمْ | بُنْيَانًا |
| نہیں | شک | بیچ اس کے | جسوقت | جھگڑتے تھے وہ | آپس میں | بیچ کام اپنے کے | پس کہا انہوں نے | بناؤ | اوپر ان کے | عمارت |

جاتا ہے) اس میں کچھ شک نہیں۔ اس وقت لوگ ان کے بارے میں باہم جھگڑنے لگے اور کہنے لگے کہ ان (کے غار) پر عمارت بنا دو۔

نصف القران باعتبار عدد الحروف بان التاء بعد الباء من النصف الاول و اللام الثانية من النصف الاخير ۱۲

رَبُّهُمْ اَعْلَمُ بِهِمْ ط قَالَ الَّذِيْنَ غَلَبُوْا عَلٰٓى اَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبُّهُمْ | اَعْلَمُ | بِهِمْ | قَالَ | الَّذِيْنَ | غَلَبُوْا | عَلٰٓى | اَمْرِهِمْ | لَنَتَّخِذَنَّ | عَلَيْهِمْ |
| پروردگار ان کا | خوب جانتا ہے | ان کو | کہا | ان لوگوں نے کہ | غالب آئے تھے | اوپر | کام اپنے کے | البتہ بنادیں گے ہم | اوپر ان کے |

ان کا پروردگار اُن (کے حال) سے خوب واقف ہے۔ جو لوگ ان کے معاملے میں غلبہ رکھتے تھے وہ کہنے لگے کہ ہم ان (کے غار) پر

مَّسْجِدًا ﴿۲۱﴾ سَيَقُوْلُوْنَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ج وَيَقُوْلُوْنَ خَمْسَةٌ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّسْجِدًا | سَيَقُوْلُوْنَ | ثَلٰثَةٌ | رَّابِعُهُمْ | كَلْبُهُمْ | وَ | يَقُوْلُوْنَ | خَمْسَةٌ |
| مسجد | البتہ کہیں گے | کہ وہ تین ہیں | چوتھا ان کا | کتا ان کا ہے | اور | کہیں گے | پانچ ہیں |

مسجد بنائیں گے ﴿۲۱﴾ (بعض لوگ) اٹکل پچو کہیں گے کہ وہ تین تھے (اور) چوتھا اُن کا کتا تھا اور (بعض) کہیں گے کہ وہ پانچ تھے

سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًا بِالْغَيْبِ ج وَيَقُوْلُوْنَ سَبْعَةٌ وَّثَامِنُهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَادِسُهُمْ | كَلْبُهُمْ | رَجْمًا | بِالْغَيْبِ | وَ | يَقُوْلُوْنَ | سَبْعَةٌ | وَّ | ثَامِنُهُمْ |
| چھٹا ان کا | کتا ان کا ہے | بات پھینکتے ہیں | بن دیکھے | اور | کہیں گے | سات ہیں | اور | آٹھواں ان کا |

(اور) چھٹا اُن کا کتا تھا اور (بعض) کہیں گے کہ وہ سات تھے اور آٹھواں ان کا

كَلْبُهُمْ ط قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ بِعِدَّتِهِمْ مَّا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا قَلِيْلٌ ۵ ق فَلَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَلْبُهُمْ | قُلْ | رَّبِّيْٓ | اَعْلَمُ | بِعِدَّتِهِمْ | مَّا | يَعْلَمُهُمْ | اِلَّا | قَلِيْلٌ | فَلَا |
| کتا ان کا ہے | کہہ | رب میرا | خوب جانتا ہے | گنتی ان کی | نہیں | جانتے ان کو | مگر | تھوڑے | پس مت |

کتا تھا۔ کہہ دو کہ میرا پروردگار ہی ان کے شمار سے خوب واقف ہے اُن کو جانتے بھی ہیں تو تھوڑے ہی لوگ (جانتے ہیں)۔ تو تم اُن (کے

تُمَارِ فِيْهِمْ اِلَّا مِرَآءً ظَاهِرًا ص وَّلَا تَسْتَفْتِ فِيْهِمْ مِّنْهُمْ اَحَدًا ﴿۲۲﴾ ع ۳ ۵ ۱۵

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُمَارِ فِيْهِمْ | اِلَّا | مِرَآءً | ظَاهِرًا | وَّ | لَا | تَسْتَفْتِ | فِيْهِمْ | مِّنْهُمْ | اَحَدًا |
| جھگڑا کر بیچ ان کے | مگر | جھگڑا | ظاہر | اور | مت | سوال کر | بیچ ان کے | ان میں سے | کسی کو |

معاملے) میں گفتگو نہ کرنا مگر سرسری سی گفتگو اور نہ ان کے بارے میں اُن میں سے کسی سے کچھ دریافت ہی کرنا ﴿۲۲﴾

وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَايْءٍ اِنِّيْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ﴿۲۳﴾ لا اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ز وَاذْكُرْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَا | تَقُوْلَنَّ | لِشَايْءٍ | اِنِّيْ | فَاعِلٌ | ذٰلِكَ | غَدًا | اِلَّآ | اَنْ | يَّشَآءَ | اللّٰهُ | وَ | اذْكُرْ |
| اور ہرگز مت | کہیو | کسی چیز کو کہ | البتہ میں | کرنیوالا ہوں | یہ | کل کو | مگر | یہ کہ | چاہے | اللہ | اور | یاد کر |

اور کسی کام کی نسبت نہ کہنا کہ میں اسے کل کر دوں گا ﴿۲۳﴾ مگر (انشاء اللہ کہہ کر یعنی اگر) اللہ چاہے تو (کر دوں گا)

رَبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ وَقُلْ عَسٰۤى اَنْ يَّهْدِيَنِ رَبِّيْ لِاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبَّكَ | اِذَا | نَسِيْتَ | وَ | قُلْ | عَسٰۤى | اَنْ | يَّهْدِيَنِ | رَبِّيْ | لِاَقْرَبَ | مِنْ | هٰذَا |
| رب اپنے کو | جب | بھول جائے تو | اور | کہہ | جلد ہی | یہ کہ | ہدایت کرے مجھ کو | رب میرا | طرف نزدیک زیادہ کی | سے | اس |

اور جب اللہ کا نام لینا بھول جاؤ تو یاد آنے پر لے لو اور کہہ دو کہ امید ہے کہ میرا پروردگار مجھے اس سے بھی زیادہ ہدایت کی

رَشَدًا ﴿۲۴﴾ وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ﴿۲۵﴾ قُلِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَشَدًا | وَ | لَبِثُوْا | فِيْ | كَهْفِهِمْ | ثَلٰثَ | مِائَةٍ | سِنِيْنَ | وَ | ازْدَادُوْا | تِسْعًا | قُلِ |
| بھلائی میں | اور | رہے وہ | بیچ | غار اپنے کے | تین | سو | برس | اور | زیادہ | نو برس | کہہ |

باتیں بتائے ﴿۲۴﴾ اور اصحاب کہف اپنے غار میں نو اوپر تین سو سال رہے ﴿۲۵﴾ کہہ دو کہ

اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا ۚ لَهٗ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اَبْصِرْ بِهٖ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | اَعْلَمُ | بِمَا | لَبِثُوْا | لَهٗ | غَيْبُ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | اَبْصِرْ | بِهٖ |
| اللہ | خوب جانتا ہے | اس مدت کو کہ | رہے وہ | واسطے اسکے ہے | غیب | آسمانوں کا | اور | زمین کا | کیا خوب دیکھنے والا ہے | ساتھ اسکے |

جتنی مدت وہ رہے اُسے اللہ ہی جانتا ہے۔ اُسی کو آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتیں (معلوم) ہیں۔ وہ کیا خوب دیکھنے والا

وَاَسْمِعْ ۭ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ ۡ وَّلَا يُشْرِكُ فِيْ حُكْمِهٖٓ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَسْمِعْ | مَا | لَهُمْ | مِّنْ دُوْنِهٖ | مِنْ | وَّلِيٍّ | وَّ | لَا | يُشْرِكُ | فِيْ | حُكْمِهٖٓ |
| اور | کیا خوب سننے والا ہے | نہیں | واسطے ان کے | سوائے اس کے | کوئی | دوست | اور | نہیں | شریک کرتا | بیچ | حکم اپنے کے |

اور کیا خوب سننے والا ہے۔ اس کے سوا ان کا کوئی کارساز نہیں اور نہ وہ اپنے حکم میں کسی کو

اَحَدًا ﴿۲۶﴾ وَاتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ۚ لَا مُبَدِّلَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَحَدًا | وَ | اتْلُ | مَآ | اُوْحِيَ | اِلَيْكَ | مِنْ | كِتَابِ | رَبِّكَ | لَا | مُبَدِّلَ |
| کسی کو | اور | پڑھ | جو کچھ کہ | وحی کی گئی ہے | طرف تیری | سے | کتاب | پروردگار تیرے نے | نہیں | کوئی بدلنے والا |

شریک کرتا ہے ﴿۲۶﴾ اور اپنے پروردگار کی کتاب کو جو تمہارے پاس بھیجی جاتی ہے پڑھتے رہا کرو۔ اُس کی باتوں کو

لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۷﴾ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِكَلِمٰتِهٖ | وَ | لَنْ | تَجِدَ | مِنْ دُوْنِهٖ | مُلْتَحَدًا | وَاصْبِرْ | نَفْسَكَ | مَعَ |
| باتوں اس کی کو | اور | ہرگز نہ | پائے گا تو | سوائے اس کے | جگہ پناہ کی | اور روک رکھ | جان اپنی کو | ساتھ |

کوئی بدلنے والا نہیں۔ اور اس کے سوا تم کہیں پناہ بھی نہیں پاؤ گے ﴿۲۷﴾ اور جو لوگ صبح و شام اپنے

الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِیِّ یُرِیْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِیْنَ | یَدْعُوْنَ | رَبَّهُمْ | بِالْغَدٰوةِ | وَ | الْعَشِیِّ | یُرِیْدُوْنَ | وَجْهَهٗ | وَ | لَا | تَعْدُ |
| ان لوگوں کے کہ | پکارتے ہیں | رب اپنے کو | صبح کو | اور | شام کو | چاہتے ہیں | رضامندی اسی کی | اور | نہ | پھر جائے |

پروردگار کو پکارتے اور اس کی خوشنودی کے طالب ہیں اُن کے ساتھ صبر کرتے رہو اور تمہاری نگاہیں ان میں سے (گزر کر اور

عَیْنٰكَ عَنْهُمْ ج تُرِیْدُ زِیْنَةَ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ج وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَیْنٰكَ | عَنْهُمْ | تُرِیْدُ | زِیْنَةَ | الْحَیٰوةِ | الدُّنْیَا | وَ | لَا | تُطِعْ | مَنْ | اَغْفَلْنَا | قَلْبَهٗ |
| دونوں آنکھیں تیری | ان سے | ارادہ کرے تو | بناؤ | زندگانی | دنیا کا | اور | مت | کہا مان | اس کا جو کہ | غافل کیا ہم نے | دل اسکے کو |

طرف) نہ دوڑیں کہ تم آرائش زندگانی دنیا کے خواستگار ہو جاؤ۔ اور جس شخص کے دل کو ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا ہے اور وہ

الثلثة

عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ﴿٢٨﴾ وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ قف

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْ | ذِكْرِنَا | وَ | اتَّبَعَ | هَوٰىهُ | وَكَانَ | اَمْرُهٗ | فُرُطًا | وَ | قُلِ | الْحَقُّ | مِنْ | رَّبِّكُمْ |
| سے | یاد اپنی | اور | پیروی کی اس نے | خواہش اپنی کی | اور ہے | کام اس کا | حد سے نکلا ہوا | اور | کہہ | حق ہے | سے | رب تمہارے کی طرف |

اپنی خواہش کی پیروی کرتا ہے اور اس کا کام حد سے بڑھ گیا ہے اس کا کہنا نہ ماننا ﴿٢٨﴾ اور کہہ دو کہ (لوگو) یہ قرآن تمہارے پروردگار کی طرف سے برحق

فَمَنْ شَآءَ فَلْیُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْیَكْفُرْ لا اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِیْنَ نَارًا لا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَنْ | شَآءَ | فَلْیُؤْمِنْ | وَّ | مَنْ | شَآءَ | فَلْیَكْفُرْ | اِنَّآ | اَعْتَدْنَا | لِلظّٰلِمِیْنَ | نَارًا |
| پس جو کوئی | چاہے | پس ایمان لائے | اور | جو کوئی | چاہے | پس کفر کرے | بیشک | تیار کر رکھی ہے ہم نے | واسطے ظالموں کے | آگ |

ہے۔ تو جو چاہے ایمان لائے اور جو چاہے کافر رہے۔ ہم نے ظالموں کے لیے (دوزخ کی) آگ تیار کر رکھی ہے

اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ط وَاِنْ یَّسْتَغِیْثُوْا یُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ یَشْوِی

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَحَاطَ | بِهِمْ | سُرَادِقُهَا | وَ | اِنْ | یَّسْتَغِیْثُوْا | یُغَاثُوْا | بِمَآءٍ | كَالْمُهْلِ | یَشْوِی |
| کہ گھیر لیا ہے | ان کو | اس کے پردوں نے | اور | اگر | فریاد کریں | فریاد کو پہنچے جاویں گے | ساتھ پانی کے | مانند تانبے گلے ہوئے کی | کہ بھون ڈالتا ہے |

جس کی قناتیں ان کو گھیر رہی ہوں گی۔ اور اگر فریاد کریں گے تو ایسے کھولتے ہوئے پانی سے ان کی دادرسی کی جائے گی جو پگھلے ہوئے

الْوُجُوْهَ ط بِئْسَ الشَّرَابُ ط وَسَآءَتْ مُرْتَفَقًا ﴿٢٩﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْوُجُوْهَ | بِئْسَ | الشَّرَابُ | وَ | سَآءَتْ | مُرْتَفَقًا | اِنَّ | الَّذِیْنَ | اٰمَنُوْا |
| مونہوں کو | برا ہے | پینا | اور | برا ہے | فائدہ اٹھانے میں | بیشک | وہ لوگ کہ | ایمان لائے |

تانبے کی طرح (گرم ہوگا اور جو) مونہوں کو بھون ڈالے گا۔ (ان کے پینے کا) پانی بھی برا اور آرام گاہ بھی بری ﴿٢٩﴾ (اور) جو ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ﴿٣٠﴾ ج اُولٰٓئِكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَعَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | اِنَّا | لَا | نُضِيْعُ | اَجْرَ | مَنْ | اَحْسَنَ | عَمَلًا | اُولٰٓئِكَ |
| اور کام کیے | اچھے | بیشک ہم | نہیں | ہم ضائع کرتے | ثواب | اس کا جو کہ | اچھا کرتا ہے | عمل | یہ لوگ |

اور کام بھی نیک کرتے رہے تو ہم نیک کام کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے ﴿٣٠﴾ ایسے لوگوں

لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمْ | جَنّٰتُ | عَدْنٍ | تَجْرِيْ | مِنْ | تَحْتِهِمُ | الْاَنْهٰرُ | يُحَلَّوْنَ | فِيْهَا | مِنْ |
| واسطے ان کے | باغ ہیں | ہمیشہ رہنے والے | چلتی ہیں | سے | نیچے ان کے | نہریں | گہنا پہنائے جائیں گے | بیچ اس کے | سے |

کے لیے ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں جن میں ان کے (محلوں کے) نیچے نہریں بہ رہی ہیں۔

اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَسَاوِرَ | مِنْ | ذَهَبٍ | وَّ | يَلْبَسُوْنَ | ثِيَابًا | خُضْرًا | مِّنْ | سُنْدُسٍ |
| کنگن | سے | سونے کے | اور | پوشاک پہنیں گے | کپڑے | سبز | سے | لاہی کے |

اُن کو وہاں سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے اور وہ باریک دیبا اور اطلس کے سبز کپڑے پہنا کریں گے۔

وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ ؕ نِعْمَ الثَّوَابُ ؕ وَحَسُنَتْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | اِسْتَبْرَقٍ | مُّتَّكِـِٕيْنَ | فِيْهَا | عَلَى | الْاَرَآئِكِ | نِعْمَ | الثَّوَابُ | وَ | حَسُنَتْ |
| اور | تافتے کے | تکیہ کیے ہوئے | بیچ اس کے | اوپر | تختوں کے | اچھا ہے | ثواب | اور | اچھی ہے |

(اور) تختوں پر تکیے لگا کر بیٹھا کریں گے۔(کیا) خوب بدلہ اور (کیا) خوب

ع ٤ ٩ ١٦ مُرْتَفَقًا ﴿٣١﴾ ع وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مُرْتَفَقًا | وَاضْرِبْ | لَهُمْ | مَّثَلًا | رَّجُلَيْنِ | جَعَلْنَا | لِاَحَدِهِمَا |
| فائدہ اٹھانے میں | اور بیان کر | واسطے ان کے | مثال | دو مردوں کی کہ | کیے ہم نے | واسطے ایک کے ان میں سے |

آرام گاہ ہے﴿٣١﴾ اور ان سے دو شخصوں کا حال بیان کرو جن میں سے ایک کو ہم نے

جَنَّتَيْنِ مِنْ اَعْنَابٍ وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ﴿٣٢﴾ ط

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَنَّتَيْنِ | مِنْ | اَعْنَابٍ | وَّ | حَفَفْنٰهُمَا | بِنَخْلٍ | وَّجَعَلْنَا | بَيْنَهُمَا | زَرْعًا |
| دو باغ | سے | انگوروں | اور | گھیرا ہم نے ان دونوں کو | ساتھ کھجوروں کے | اور کی ہم نے | درمیان ان دونوں کے | کھیتی |

انگور کے دو باغ (عنایت) کیے تھے۔ اور ان کے گردا گرد کھجوروں کے درخت لگا دیے تھے اور ان کے درمیان کھیتی پیدا کر دی تھی ﴿٣٢﴾

كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْـًٔا ۙ وَّفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كِلْتَا | الْجَنَّتَيْنِ | اٰتَتْ | اُكُلَهَا | وَلَمْ | تَظْلِمْ | مِّنْهُ | شَيْـًٔا | وَّ | فَجَّرْنَا | خِلٰلَهُمَا |
| دونوں | باغوں نے | دیا | میوہ اپنا | اور نہ | کم کیا | اس میں سے | کچھ | اور | پھاڑ دی ہم نے | درمیان ان دونوں کے |

دونوں باغ (کثرت سے) پھل لاتے اور اس (کی پیداوار) میں کسی طرح کی کمی نہ ہوتی اور دونوں میں ہم نے ایک نہر بھی جاری کر

نَهَرًا ۙ﴿۳۳﴾ وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَهَرًا | وَّكَانَ | لَهٗ | ثَمَرٌ | فَقَالَ | لِصَاحِبِهٖ | وَ | هُوَ | يُحَاوِرُهٗٓ | اَنَا | اَكْثَرُ | مِنْكَ |
| نہر | اور تھا | واسطے اسکے | میوہ | پس کہا اس نے | واسطے ہم نشیں اپنے کے | اور | وہ | سوال وجواب کرتا تھا کہ | میں | زیادہ ہوں | تجھ سے |

رکھی تھی ﴿۳۳﴾ اور (اس طرح) اُس (شخص) کو (اُن کی) پیداوار (ملتی رہتی) تھی تو (ایک دن) جبکہ وہ اپنے دوست سے باتیں کررہا تھا کہنے لگا کہ میں تم

مَالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا ﴿۳۴﴾ وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَآ اَظُنُّ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَالًا | وَّاَعَزُّ | نَفَرًا | وَ | دَخَلَ | جَنَّتَهٗ | وَ | هُوَ | ظَالِمٌ | لِّنَفْسِهٖ | قَالَ | مَآ | اَظُنُّ |
| مال میں | اور زیادہ عزت والا ہوں | آدمیوں کو | اور | داخل ہوا | باغ اپنے میں | اور | وہ | ظلم کرنے والا تھا | جان اپنی پر | کہا کہ | نہیں | گمان کرتا میں |

سے مال (و دولت) میں بھی زیادہ ہوں ﴿۳۴﴾ اور جتھے (اور جماعت) کے لحاظ سے بھی زیادہ عزت والا ہوں۔ اور (ایسی شیخیوں سے) اپنے حق میں ظلم کرتا ہوا اپنے

اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖٓ اَبَدًا ۙ﴿۳۵﴾ وَّمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَاۗىِٕمَةً ۙ وَّلَىِٕنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ | تَبِيْدَ | هٰذِهٖٓ | اَبَدًا | وَّمَآ | اَظُنُّ | السَّاعَةَ | قَاۗىِٕمَةً | وَّ | لَىِٕنْ | رُّدِدْتُّ | اِلٰى |
| یہ کہ | ہلاک ہووے | یہ | کبھی | اور نہیں | گمان کرتا میں | قیامت کو | قائم ہونیوالی | اور | اگر | پھیرا گیا میں | طرف |

باغ میں داخل ہوا۔ کہنے لگا کہ میں نہیں خیال کرتا کہ یہ باغ کبھی تباہ ہو ﴿۳۵﴾ اور نہ خیال کرتا ہوں کہ قیامت برپا ہو اور اگر میں اپنے پروردگار کی طرف لوٹایا بھی

رَبِّيْ لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ﴿۳۶﴾ قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّيْ | لَاَجِدَنَّ | خَيْرًا | مِّنْهَا | مُنْقَلَبًا | قَالَ | لَهٗ | صَاحِبُهٗ | وَ | هُوَ | يُحَاوِرُهٗٓ |
| پروردگار اپنے کے | البتہ پاؤں گا میں | بہتر | اس سے | جگہ پھر جانے کی | کہا | واسطے اسکے | ہم نشیں اسکے نے | اور | وہ | سوال وجواب کرتا تھا |

جاؤں تو (وہاں) ضرور اس سے اچھی جگہ پاؤں گا ﴿۳۶﴾ تو اس کا دوست جو اس سے گفتگو کر رہا تھا کہنے لگا کہ کیا تم

اَكَفَرْتَ بِالَّذِيْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَكَفَرْتَ | بِالَّذِيْ | خَلَقَكَ | مِنْ | تُرَابٍ | ثُمَّ | مِنْ | نُّطْفَةٍ | ثُمَّ | سَوّٰىكَ |
| آیا کفر کرتا ہے تو | ساتھ اس ذات کے کہ | پیدا کیا تجھ کو | سے | مٹی | پھر | سے | نطفہ | پھر | کیا تجھ کو |

اس (اللہ) سے کفر کرتے ہو جس نے تم کو مٹی سے پیدا کیا، پھر نطفے سے، پھر تمہیں پورا

رَجُلًا ﴿۳۷﴾ لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿۳۸﴾ وَلَوْلَآ اِذْ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَجُلًا | لٰكِنَّا۠ | هُوَ | اللّٰهُ | رَبِّيْ | وَ | لَآ | اُشْرِكُ | بِرَبِّيْٓ | اَحَدًا | وَ | لَوْ | لَآ | اِذْ |
| مرد | لیکن میں کہتا ہوں کہ | وہ ہے | اللہ | رب میرا | اور | نہیں | شریک لاتا میں | ساتھ رب اپنے کے | کسی کو | اور | کیوں | نہ | جسوقت |

مرد بنایا ﴿۳۷﴾ مگر میں تو یہ کہتا ہوں کہ اللہ ہی میرا پروردگار ہے اور میں اپنے پروردگار کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا ﴿۳۸﴾ اور (بھلا)

دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ اِنْ تَرَنِ اَنَا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دَخَلْتَ | جَنَّتَكَ | قُلْتَ | مَا | شَآءَ | اللّٰهُ | لَا | قُوَّةَ | اِلَّا | بِاللّٰهِ | اِنْ | تَرَنِ | اَنَا |
| داخل ہوا تو | باغ اپنے میں | کہا تو نے | جو | چاہا | اللہ نے | نہیں | قوت | مگر | ساتھ اللہ کے | اگر | دیکھتا ہے تو | مجھ کو |

جب تم اپنے باغ میں داخل ہوئے تو تم نے مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ کیوں نہ کہا؟ اگر تم مجھے مال و اولاد

اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿۳۹﴾ ۚ فَعَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَقَلَّ | مِنْكَ | مَالًا | وَّ | وَلَدًا | فَعَسٰى | رَبِّيْٓ | اَنْ | يُّؤْتِيَنِ | خَيْرًا | مِّنْ |
| کمتر | آپ سے | مال میں | اور | اولاد میں | پس جلد ہی | میرا رب | یہ کہ | دیوے مجھ کو | بہتر | سے |

میں اپنے سے کمتر دیکھتے ہو ﴿۳۹﴾ تو عجب نہیں کہ پروردگار مجھے تمہارے باغ

جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَنَّتِكَ | وَ | يُرْسِلَ | عَلَيْهَا | حُسْبَانًا | مِّنَ | السَّمَآءِ | فَتُصْبِحَ | صَعِيْدًا |
| باغ تیرے | اور | بھیجے | اوپر اس کے | عذاب | سے | آسمان | پس ہو جائے | زمین |

سے بہتر عطا فرمائے اور اس تمہارے باغ پر آسمان سے آفت بھیج دے تو وہ صاف میدان

زَلَقًا ﴿۴۰﴾ ۙ اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ لَهٗ طَلَبًا ﴿۴۱﴾ وَاُحِيْطَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زَلَقًا | اَوْ | يُصْبِحَ | مَآؤُهَا | غَوْرًا | فَلَنْ | تَسْتَطِيْعَ | لَهٗ | طَلَبًا | وَ | اُحِيْطَ |
| چھلنی | یا | ہو جائے | پانی اس کا | خشک | پس ہرگز نہ | کر سکے تو | واسطے اسکے | طلب کرنا | اور | گھیرا گیا |

ہو جائے ﴿۴۰﴾ یا اس (کی نہر) کا پانی گہرا ہو جائے تو پھر تم اسے نہ لا سکو ﴿۴۱﴾ اور اس

بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ اَنْفَقَ فِيْهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِثَمَرِهٖ | فَاَصْبَحَ | يُقَلِّبُ | كَفَّيْهِ | عَلٰى | مَآ | اَنْفَقَ | فِيْهَا | وَ | هِيَ | خَاوِيَةٌ | عَلٰى |
| میوہ اس کا | پس فجر اٹھا | ملتا تھا | ہتھیلیاں اپنی | اوپر | اس چیز کے | خرچ کیا تھا | بیچ اس کے | اور | وہ | گرے ہوئے تھے | اوپر |

کے میووں کو عذاب نے آ گھیرا اور وہ اپنی چھتریوں پر گر کر رہ گیا تو جو مال اُس نے اس پر خرچ کیا تھا اُس پر (حسرت سے)

عُرُوْشِهَا وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿٤٢﴾ وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عُرُوْشِهَا | وَ | يَقُوْلُ | يٰلَيْتَنِيْ | لَمْ | اُشْرِكْ | بِرَبِّيْٓ | اَحَدًا | وَ | لَمْ | تَكُنْ | لَّهٗ |
| اپنی چھتوں کے | اور | کہتا تھا | اے کاش کہ میں | نہیں | میں شریک لاتا | ساتھ رب اپنے کے | کسی کو | اور | نہ | ہوئی | واسطے اسکے |

ہاتھ ملنے لگا اور کہنے لگا کہ کاش میں اپنے پروردگار کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناتا ﴿٤٢﴾ اور (اس وقت) اللہ

فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ﴿٤٣﴾ هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِئَةٌ | يَّنْصُرُوْنَهٗ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | وَ | مَا | كَانَ | مُنْتَصِرًا | هُنَالِكَ | الْوَلَايَةُ |
| کوئی جماعت | مدد دیوے اس کو | سوائے | اللہ کے | اور | نہ | ہوا | بدلہ لینے والا | اس جگہ | حکم چلانا |

کے سوا کوئی جماعت اُس کی مددگار نہ ہوئی اور نہ وہ بدلہ لے سکا ﴿٤٣﴾ یہاں (سے ثابت ہوا کہ)

لِلّٰهِ الْحَقِّ ؕ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ﴿٤٤﴾ ع وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ ع ١٧/٥

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلّٰهِ | الْحَقِّ | هُوَ | خَيْرٌ | ثَوَابًا | وَّ | خَيْرٌ | عُقْبًا | وَ | اضْرِبْ | لَهُمْ | مَّثَلَ | الْحَيٰوةِ |
| واسطے اللہ کے ہے | ثابت | وہ | بہتر ہے | ثواب میں | اور | بہتر ہے | انجام میں | اور | بیان کر | واسطے انکے | مثال | زندگانی |

حکومت سب اللہ برحق کی ہے اسی کا صلہ بہتر اور (اسی کا) بدلہ اچھا ہے ﴿٤٤﴾ اور اُن سے دنیا کی زندگی کی مثال بھی

الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الدُّنْيَا | كَمَآءٍ | اَنْزَلْنٰهُ | مِنَ | السَّمَآءِ | فَاخْتَلَطَ | بِهٖ | نَبَاتُ | الْاَرْضِ | فَاَصْبَحَ |
| دنیا کی | مانند پانی کے کہ | اتارا ہم نے اسکو | سے | آسمان | پس مل گئی | ساتھ اس کے | روئیدگی | زمین کی | پس ہوگیا |

بیان کر دو (وہ ایسی ہے) جیسے پانی جسے ہم نے آسمان سے برسایا تو اس کے ساتھ زمین کی روئیدگی مل گئی

هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ﴿٤٥﴾ اَلْمَالُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هَشِيْمًا | تَذْرُوْهُ | الرِّيٰحُ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | عَلٰى | كُلِّ | شَيْءٍ | مُّقْتَدِرًا | اَلْمَالُ |
| چورہ چورہ | اُڑاتی ہیں اس کو | ہوائیں | اور | ہے | اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر | مال |

پھر وہ چورا چورا ہوگئی کہ ہوائیں اُسے اڑاتی پھرتی ہیں۔ اور اللہ تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے ﴿٤٥﴾ مال

وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْبَنُوْنَ | زِيْنَةُ | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | وَ | الْبٰقِيٰتُ | الصّٰلِحٰتُ | خَيْرٌ | عِنْدَ | رَبِّكَ |
| اور | بیٹے | آرائش ہیں | زندگانی | دنیا کی | اور | باقی رہنے والیاں | نیکیاں | بہتر ہیں | نزدیک | پروردگار تیرے کے |

اور بیٹے تو دنیا کی زندگی کی (رونق و) زینت ہیں۔ اور نیکیاں جو باقی رہنے والی ہیں وہ ثواب کے لحاظ سے تمہارے پروردگار کے ہاں بہت

ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ﴿۴۶﴾ وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ بَارِزَةً ۙ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثَوَابًا | وَّخَيْرٌ | اَمَلًا | وَ | يَوْمَ | نُسَيِّرُ | الْجِبَالَ | وَ | تَرَى | الْاَرْضَ | بَارِزَةً |
| ثواب میں | اور بہتر ہیں | آرزو رکھنے میں | اور | جس دن کہ | چلائیں گے ہم | پہاڑوں کو | اور | دیکھے گا تو | زمین کو | صاف نکلی ہوئی |

اچھی اور اُمید کے لحاظ سے بہت بہتر ہیں ﴿۴۶﴾ اور جس دن ہم پہاڑوں کو چلائیں گے اور تم زمین کو صاف میدان دیکھو گے اور ان (لوگوں)

وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ﴿۴۷﴾ وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | حَشَرْنٰهُمْ | فَلَمْ | نُغَادِرْ | مِنْهُمْ | اَحَدًا | وَعُرِضُوْا | عَلٰى | رَبِّكَ | صَفًّا |
| اور | اکٹھا کریں گے ہم ان کو | پس نہ | چھوڑیں گے ہم | ان میں سے | کسی ایک کو | اور روبرو کیے جائیں گے | اوپر | رب تیرے کے | صف باندھ کر |

کو ہم جمع کرلیں گے تو ان میں سے کسی کو بھی نہیں چھوڑیں گے ﴿۴۷﴾ اور سب تمہارے پروردگار کے سامنے صف باندھ کر لائے جائیں گے۔

لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؗ بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَقَدْ | جِئْتُمُوْنَا | كَمَا | خَلَقْنٰكُمْ | اَوَّلَ | مَرَّةٍ | بَلْ | زَعَمْتُمْ | اَلَّنْ | نَّجْعَلَ | لَكُمْ |
| البتہ تحقیق | آئے تم ہمارے پاس | جیسا | پیدا کیا ہم نے تم کو | پہلی | بار | بلکہ | گمان کیا تم نے | یہ کہ ہرگز نہ | کریں گے ہم | واسطے تمہارے |

(تو ہم اُن سے کہیں گے کہ) جس طرح ہم نے تم کو پہلی بار پیدا کیا تھا (اسی طرح آج) تم ہمارے سامنے آئے لیکن تم نے تو یہ خیال کر رکھا تھا کہ ہم

مَّوْعِدًا ﴿۴۸﴾ وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
میں تو تمہارے پروردگار کا بھیجا ہوا (یعنی فرشتہ) ہوں (اور اس لیے آیا ہوں) کہ تمہیں پاکیزہ لڑکا بخشوں ﴿١٩﴾ (مریم نے) کہا کہ میرے ہاں لڑکا کیونکر

ع

غُلٰمٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ وَّلَمْ اَكُ بَغِيًّا ﴿٢٠﴾ قَالَ كَذٰلِكِ ۚ قَالَ رَبُّكِ هُوَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غُلٰمٌ | وَّ | لَمْ | يَمْسَسْنِيْ | بَشَرٌ | وَّ | لَمْ | اَكُ | بَغِيًّا | قَالَ | كَذٰلِكِ | قَالَ | رَبُّكِ | هُوَ |
| لڑکا | اور | نہیں | ہاتھ لگایا مجھ کو | کسی آدمی نے | اور | نہ | میں ہوں | بدکار | کہا | اسی طرح سے | کہا | تیرے رب نے | وہ |

ہوگا مجھے کسی بشر نے چھوا تک نہیں اور میں بدکار بھی نہیں ہوں ﴿٢٠﴾ (فرشتے نے) کہا کہ یونہی (ہوگا)۔ تمہارے پروردگار نے فرمایا کہ

عَلَيَّ هَيِّنٌ ۚ وَلِنَجْعَلَهٗٓ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا ۚ وَكَانَ اَمْرًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيَّ | هَيِّنٌ | وَ | لِنَجْعَلَهٗٓ | اٰيَةً | لِّلنَّاسِ | وَ | رَحْمَةً | مِّنَّا | وَ | كَانَ | اَمْرًا |
| اوپر میرے | آسان ہے | اور | تا کہ کریں ہم اس کو | نشانی | واسطے لوگوں کے | اور | مہربانی | اپنی طرف سے | اور | ہے | کام |

یہ مجھے آسان ہے اور (میں اُسے اسی طریق پر پیدا کروں گا) تا کہ اس کو لوگوں کے لیے اپنی طرف سے نشانی اور (ذریعہ) رحمت (و مہربانی) بناؤں اور

مَّقۡضِيًّا ﴿٢١﴾ فَحَمَلَتۡهُ فَانۡتَبَذَتۡ بِهٖ مَكَانًا قَصِيًّا ﴿٢٢﴾ فَاَجَآءَهَا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّقۡضِيًّا | فَحَمَلَتۡهُ | فَانۡتَبَذَتۡ | بِهٖ | مَكَانًا | قَصِيًّا | فَاَجَآءَهَا |
| مقرر کیا ہوا | پس پیٹ میں لیا اس کو | پس جا پڑی | ساتھ اس کے | مکان | دور میں | پس لے آیا اس کو |

یہ کام مقرر ہو چکا ہے ﴿٢١﴾ تو وہ اس (بچے) کے ساتھ حاملہ ہوگئیں اور اسے لے کر ایک دور جگہ چلی گئیں ﴿٢٢﴾ پھر دردِ

الۡمَخَاضُ اِلٰى جِذۡعِ النَّخۡلَةِ ۚ قَالَتۡ يٰلَيۡتَنِىۡ مِتُّ قَبۡلَ هٰذَا وَكُنۡتُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡمَخَاضُ | اِلٰى | جِذۡعِ | النَّخۡلَةِ | قَالَتۡ | يٰلَيۡتَنِىۡ | مِتُّ | قَبۡلَ | هٰذَا | وَ | كُنۡتُ |
| دردِ زہ | طرف | تنے | درخت خرما کے | کہا | اے کاش کہ | میں مرگئی ہوتی | پہلے | اس سے | اور | ہوتی میں |

زہ اُن کو کھجور کے تنے کی طرف لے آیا۔ کہنے لگیں کہ کاش میں اس سے پہلے مرچکتی اور بھولی بسری

نَسۡيًا مَّنۡسِيًّا ﴿٢٣﴾ فَنَادٰٮهَا مِنۡ تَحۡتِهَاۤ اَلَّا تَحۡزَنِىۡ قَدۡ جَعَلَ رَبُّكِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَسۡيًا | مَّنۡسِيًّا | فَنَادٰٮهَا | مِنۡ | تَحۡتِهَاۤ | اَلَّا | تَحۡزَنِىۡ | قَدۡ | جَعَلَ | رَبُّكِ |
| بھولی | بھلائی | پس پکارا اس کو | سے | نیچے اس کے | یہ کہ مت | غم کھا | تحقیق | کردیا ہے | رب تیرے نے |

ہوگئی ہوتی ﴿٢٣﴾ اس وقت ان کے نیچے کی جانب سے فرشتے نے ان کو آواز دی کہ غمناک نہ ہو۔ تمہارے پروردگار نے

تَحۡتَكِ سَرِيًّا ﴿٢٤﴾ وَهُزِّىۡۤ اِلَيۡكِ بِجِذۡعِ النَّخۡلَةِ تُسٰقِطۡ عَلَيۡكِ رُطَبًا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَحۡتَكِ | سَرِيًّا | وَ | هُزِّىۡۤ | اِلَيۡكِ | بِجِذۡعِ | النَّخۡلَةِ | تُسٰقِطۡ | عَلَيۡكِ | رُطَبًا |
| نیچے تیرے | چشمہ | اور | ہلا | طرف اپنی | تنے | کھجور کے کو | ڈالے گا | اوپر تیرے | کھجور |

تمہارے نیچے ایک چشمہ پیدا کر دیا ہے ﴿٢٤﴾ اور کھجور کے تنے کو پکڑ کر اپنی طرف ہلاؤ تم پر تازہ تازہ کھجوریں جھڑ پڑیں

جَنِيًّا ﴿٢٥﴾ فَكُلِىۡ وَاشۡرَبِىۡ وَقَرِّىۡ عَيۡنًا ۚ فَاِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ الۡبَشَرِ اَحَدًا ۙ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَنِيًّا | فَكُلِىۡ | وَ | اشۡرَبِىۡ | وَ | قَرِّىۡ | عَيۡنًا | فَاِمَّا | تَرَيِنَّ | مِنَ | الۡبَشَرِ | اَحَدًا |
| تازہ | پس کھا | اور | پی | اور | ٹھنڈی رکھ | آنکھوں کو | پس اگر | دیکھے تو | سے | آدمیوں میں | کسی کو |

گی ﴿٢٥﴾ تو کھاؤ اور پیو اور آنکھیں ٹھنڈی کرو۔ اگر تم کسی آدمی کو دیکھو تو کہنا کہ میں نے

فَقُوۡلِىۡۤ اِنِّىۡ نَذَرۡتُ لِلرَّحۡمٰنِ صَوۡمًا فَلَنۡ اُكَلِّمَ الۡيَوۡمَ اِنۡسِيًّا ﴿٢٦﴾ ۚ فَاَتَتۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَقُوۡلِىۡۤ | اِنِّىۡ | نَذَرۡتُ | لِلرَّحۡمٰنِ | صَوۡمًا | فَلَنۡ | اُكَلِّمَ | الۡيَوۡمَ | اِنۡسِيًّا | فَاَتَتۡ |
| پس کہہ | بیشک میں نے | نذر مانی ہے | واسطے رحمان کے | روزہ کی | پس ہرگز نہ | بولوں گی | آج کے دن | کسی آدمی سے | پس آئی |

اللہ کے لیے روزے کی منت مانی ہے تو آج میں کسی آدمی سے ہرگز کلام نہیں کروں گی ﴿٢٦﴾ پھر وہ

بِهٖ قَوْمَهَا تَحْمِلُهٗ ؕ قَالُوْا يٰمَرْيَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَيْئًا فَرِيًّا ﴿٢٧﴾ يٰٓاُخْتَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهٖ | قَوْمَهَا | تَحْمِلُهٗ | قَالُوْا | يٰمَرْيَمُ | لَقَدْ | جِئْتِ | شَيْئًا | فَرِيًّا | يٰٓاُخْتَ |
| ساتھ اسکے | قوم اپنی کے | گود میں لیے ہوئے اسکو | کہنے لگے | اے مریم | البتہ تحقیق | لائی تو | ایک چیز | عجیب | اے بہن |

اس (بچے) کو اٹھا کر اپنی قوم کے لوگوں کے پاس لے آئیں۔ وہ کہنے لگے کہ مریم یہ تو تو نے برا کام کیا ﴿٢٧﴾ اے ہارون

هٰرُوْنَ مَا كَانَ اَبُوْكِ امْرَاَ سَوْءٍ وَّمَا كَانَتْ اُمُّكِ بَغِيًّا ﴿٢٨﴾ ۚۖ فَاَشَارَتْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هٰرُوْنَ | مَا | كَانَ | اَبُوْكِ | امْرَاَ | سَوْءٍ | وَّ | مَا | كَانَتْ | اُمُّكِ | بَغِيًّا | فَاَشَارَتْ |
| ہارون کی | نہ | تھا | باپ تیرا | آدمی | برا | اور | نہ | تھی | ماں تیری | بدکار | پس اشارہ کیا |

کی بہن نہ تو تیرا باپ ہی بداطوار آدمی تھا اور نہ تیری ماں ہی بدکار تھی ﴿٢٨﴾ تو مریم نے

اِلَيْهِ ؕ قَالُوْا كَيْفَ نُكَلِّمُ مَنْ كَانَ فِى الْمَهْدِ صَبِيًّا ﴿٢٩﴾ قَالَ اِنِّىْ عَبْدُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَيْهِ | قَالُوْا | كَيْفَ | نُكَلِّمُ | مَنْ | كَانَ | فِى | الْمَهْدِ | صَبِيًّا | قَالَ | اِنِّىْ | عَبْدُ |
| طرف اسکی | کہا انہوں نے | کیوں کر | کلام کریں ہم | اس سے جو کہ | ہے | بیچ | گود کے | لڑکا | کہا | بیشک میں | بندہ |

اس لڑکے کی طرف اشارہ کیا۔ وہ بولے کہ ہم اس سے کہ گود کا بچہ ہے کیونکر بات کریں ﴿٢٩﴾ (بچے نے) کہا کہ

اللّٰهِ ؕ اٰتٰنِىَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِىْ نَبِيًّا ﴿٣٠﴾ ۙ وَّجَعَلَنِىْ مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ ۖ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | اٰتٰنِىَ | الْكِتٰبَ | وَ | جَعَلَنِىْ | نَبِيًّا | وَّ | جَعَلَنِىْ | مُبٰرَكًا | اَيْنَ | مَا | كُنْتُ |
| اللہ کا ہوں | دی ہے مجھ کو | کتاب | اور | کیا ہے مجھ کو | نبی | اور | کیا ہے مجھ کو | برکت والا | جہاں | کہ | میں ہوں |

میں اللہ کا بندہ ہوں۔ اُس نے مجھے کتاب دی ہے اور نبی بنایا ہے ﴿٣٠﴾ اور میں جہاں ہوں (اور جس حال میں ہوں) مجھے صاحبِ برکت کیا ہے

وَاَوْصٰنِىْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَيًّا ﴿٣١﴾ ۖ وَّبَرًّاۢ بِوَالِدَتِىْ ۙ وَلَمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَوْصٰنِىْ | بِالصَّلٰوةِ | وَ | الزَّكٰوةِ | مَا دُمْتُ | حَيًّا | وَّ | بَرًّاۢ | بِوَالِدَتِىْ | وَ | لَمْ |
| اور | حکم کیا ہے مجھ کو | نماز کا | اور | زکوٰۃ کا | جب تک رہوں میں | زندہ | اور | خوش سلوک | ساتھ اپنی ماں کے | اور | نہیں |

اور جب تک زندہ ہوں مجھ کو نماز اور زکوٰۃ کا ارشاد فرمایا ہے ﴿٣١﴾ اور (مجھے) اپنی ماں کے ساتھ نیک سلوک کرنے والا (بنایا ہے) اور

يَجْعَلْنِىْ جَبَّارًا شَقِيًّا ﴿٣٢﴾ وَالسَّلٰمُ عَلَىَّ يَوْمَ وُلِدْتُّ وَيَوْمَ اَمُوْتُ وَيَوْمَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَجْعَلْنِىْ | جَبَّارًا | شَقِيًّا | وَالسَّلٰمُ | عَلَىَّ | يَوْمَ | وُلِدْتُّ | وَ | يَوْمَ | اَمُوْتُ | وَ | يَوْمَ |
| کیا مجھ کو | سرکش | بدبخت | اور سلامتی ہو | اوپر میرے | جس دن | پیدا ہوا میں | اور | جس دن | مروں گا میں | اور | جس دن |

سرکش و بدبخت نہیں بنایا ﴿٣٢﴾ اور جس دن میں پیدا ہوا اور جس دن مروں گا اور جس دن زندہ کر کے اٹھایا

أُبْعَثُ حَيًّا ﴿٣٣﴾ ذٰلِكَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ ۚ قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِيْ فِيْهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| أُبْعَثُ | حَيًّا | ذٰلِكَ | عِيْسَى | ابْنُ | مَرْيَمَ | قَوْلَ | الْحَقِّ | الَّذِيْ | فِيْهِ |
| اُٹھوں گا | زندہ ہوکر | یہ ہے | عیسیٰ | بیٹا | مریم کا | بات | حق کی | وہ جو | بیچ اس کے |

جاؤں گا مجھ پر سلام (ورحمت) ہے﴿٣٣﴾ یہ مریم کے بیٹے عیسیٰ ہیں (اور یہ) سچی بات ہے جس میں لوگ شک

يَمْتَرُوْنَ ﴿٣٤﴾ مَا كَانَ لِلّٰهِ اَنْ يَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ ۙ سُبْحٰنَهٗ ۭ اِذَا قَضٰٓى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَمْتَرُوْنَ | مَا | كَانَ | لِلّٰهِ | اَنْ | يَّتَّخِذَ | مِنْ وَّلَدٍ | سُبْحٰنَهٗ | اِذَا | قَضٰٓى |
| شک کرتے ہیں | نہیں | لائق ہے | واسطے اللہ کے | یہ کہ | پکڑے | اولاد | پاکی ہے اس کو | جب | مقرر کرتا ہے |

کرتے ہیں﴿٣٤﴾ اللہ کو سزاوار نہیں کہ کسی کو بیٹا بنائے وہ پاک ہے۔ جب کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو اُس کو

اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٣٥﴾ وَاِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَمْرًا | فَاِنَّمَا | يَقُوْلُ | لَهٗ | كُنْ | فَيَكُوْنُ | وَ | اِنَّ | اللّٰهَ | رَبِّيْ | وَ | رَبُّكُمْ | فَاعْبُدُوْهُ |
| کچھ کام | پس سوائے اسکے نہیں کہ | کہتا ہے | اس کو | ہوجا | پس ہو جاتا ہے | اور | بیشک | اللہ | رب میرا ہے | اور | رب تمہارا | پس عبادت کرو اسی کی |

یہی کہتا ہے کہ ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے﴿٣٥﴾ اور بیشک اللہ ہی میرا اور تمہارا پروردگار ہے تو اسی کی عبادت کرو۔

هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿٣٦﴾ فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هٰذَا | صِرَاطٌ | مُّسْتَقِيْمٌ | فَاخْتَلَفَ | الْاَحْزَابُ | مِنْ | بَيْنِهِمْ | فَوَيْلٌ |
| یہ ہے | راہ | سیدھی | پس اختلاف کیا | فرقوں نے | سے | درمیان اپنے | پس وائے ہے |

یہی سیدھا رستہ ہے﴿٣٦﴾ پھر (اہل کتاب کے) فرقوں نے باہم اختلاف کیا۔ سو جو لوگ کافر ہوئے

لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ مَّشْهَدِ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿٣٧﴾ اَسْمِعْ بِهِمْ وَاَبْصِرْ ۙ يَوْمَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِّلَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | مِنْ | مَّشْهَدِ | يَوْمٍ | عَظِيْمٍ | اَسْمِعْ بِهِمْ | وَ | اَبْصِرْ | يَوْمَ |
| واسطے ان لوگوں کے کہ | کافر ہوئے | سے | حاضر ہونے | دن | بڑے کے | کیا خوب سنتے ہوں گے | اور | کیا خوب دیکھتے ہونگے | جس دن |

ہیں اُن کو بڑے دن (یعنی قیامت کے روز) حاضر ہونے سے خرابی ہے﴿٣٧﴾ وہ جس دن ہمارے سامنے آئیں گے کیسے

يَاْتُوْنَنَا لٰكِنِ الظّٰلِمُوْنَ الْيَوْمَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٣٨﴾ وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَاْتُوْنَنَا | لٰكِنِ | الظّٰلِمُوْنَ | الْيَوْمَ | فِيْ | ضَلٰلٍ | مُّبِيْنٍ | وَ | اَنْذِرْهُمْ | يَوْمَ |
| آئینگے ہمارے پاس | لیکن | ظالم | آج کے دن | بیچ | گمراہی | ظاہر کے ہیں | اور | ڈرا ان کو | دن |

سننے والے اور کیسے دیکھنے والے ہوں گے مگر ظالم آج صریح گمراہی میں ہیں﴿٣٨﴾ اور ان کو حسرت (وافسوس)

وقف لازم

الْحَسْرَةِ اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ ۘ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ وَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّا

| الْحَسْرَةِ | اِذْ | قُضِيَ | الْاَمْرُ | وَ | هُمْ | فِيْ | غَفْلَةٍ | وَّ | هُمْ | لَا | يُؤْمِنُوْنَ | اِنَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پچھتانے کے سے | جسوقت | مقرر کیا جائیگا | کام | اور | وہ | بیچ | غفلت کے ہیں | اور | وہ | نہیں | ایمان لانے والے | بیشک |

کے دن سے ڈرادو جب بات فیصل کردی جائے گی اور (ہیہات) وہ غفلت میں (پڑے ہوئے) ہیں اور ایمان نہیں لاتے ﴿۳۹﴾ ہم ہی

ع ۲ / ۲۵ / ۵

نَحْنُ نَرِثُ الْاَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا وَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۴۰﴾ ع وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ

| نَحْنُ | نَرِثُ | الْاَرْضَ | وَ | مَنْ | عَلَيْهَا | وَ | اِلَيْنَا | يُرْجَعُوْنَ | وَ | اذْكُرْ | فِيْ | الْكِتٰبِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہم | وارث ہونگے | زمین کے | اور | اس کے | جو اوپر اسکے ہے | اور | طرف ہماری | پھیرے جائینگے | اور | یاد کر | بیچ | کتاب کے |

زمین کے اور جو لوگ اس پر (بستے) ہیں ان کے وارث ہیں اور ہماری ہی طرف ان کو لوٹنا ہوگا ﴿۴۰﴾ اور کتاب میں

اِبْرٰهِيْمَ ۬ؕ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ﴿۴۱﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ يٰۤاَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا

| اِبْرٰهِيْمَ | اِنَّهٗ | كَانَ | صِدِّيْقًا | نَّبِيًّا | اِذْ | قَالَ | لِاَبِيْهِ | يٰۤاَبَتِ | لِمَ | تَعْبُدُ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ابراہیم کو | بیشک وہ | تھا | سچا | نبی | جس وقت | کہا اس نے | واسطے باپ اپنے کے | اے باپ میرے | کیوں | عبادت کرتا ہے | تو |

ابراہیم کو یاد کرو۔ بیشک وہ نہایت سچے پیغمبر تھے ﴿۴۱﴾ جب انہوں نے اپنے باپ سے کہا کہ ابا آپ ایسی چیزوں کو کیوں پوجتے ہیں

لَا يَسْمَعُ وَلَا يُبْصِرُ وَلَا يُغْنِيْ عَنْكَ شَيْـًٔا ﴿۴۲﴾ يٰۤاَبَتِ اِنِّيْ قَدْ جَآءَنِيْ مِنَ

| لَا | يَسْمَعُ | وَ | لَا | يُبْصِرُ | وَ | لَا | يُغْنِيْ | عَنْكَ | شَيْـًٔا | يٰۤاَبَتِ | اِنِّيْ | قَدْ جَآءَنِيْ | مِنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | سنے | اور | نہ | دیکھے | اور | نہ | کفایت کرے | تجھ سے | کچھ | اے باپ میرے | بیشک میں | تحقیق آیا ہے میرے پاس | سے |

جو نہ سنیں اور نہ دیکھیں اور نہ آپ کے کچھ کام آ سکیں ﴿۴۲﴾ ابا مجھے ایسا علم ملا

الْعِلْمِ مَا لَمْ يَاْتِكَ فَاتَّبِعْنِيْۤ اَهْدِكَ صِرَاطًا سَوِيًّا ﴿۴۳﴾ يٰۤاَبَتِ لَا تَعْبُدِ

| الْعِلْمِ | مَا | لَمْ | يَاْتِكَ | فَاتَّبِعْنِيْۤ | اَهْدِكَ | صِرَاطًا | سَوِيًّا | يٰۤاَبَتِ | لَا | تَعْبُدِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| علم | جو کچھ کہ | نہیں | آیا تیرے پاس | پس پیروی کر میری | دکھاؤں گا تجھ کو | راہ | سیدھی | اے میرے باپ | مت | عبادت کر |

ہے جو آپ کو نہیں ملا تو میرے ساتھ ہو جیئے میں آپ کو سیدھی راہ پر چلا دوں گا ﴿۴۳﴾ ابا شیطان کی

الشَّيْطٰنَ ؕ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ عَصِيًّا ﴿۴۴﴾ يٰۤاَبَتِ اِنِّيْۤ

| الشَّيْطٰنَ | اِنَّ | الشَّيْطٰنَ | كَانَ | لِلرَّحْمٰنِ | عَصِيًّا | يٰۤاَبَتِ | اِنِّيْۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شیطان کی | بیشک | شیطان | ہے | واسطے اللہ کے | نافرمان | اے میرے باپ | بیشک میں |

پوجا نہ کیجیے۔ بے شک شیطان اللہ کا نافرمان ہے ﴿۴۴﴾ ابا مجھے ڈر

اَخَافُ اَنْ يَّمَسَّكَ عَذَابٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ فَتَكُوْنَ لِلشَّيْطٰنِ

| اَخَافُ | اَنْ | يَّمَسَّكَ | عَذَابٌ | مِّنَ | الرَّحْمٰنِ | فَتَكُوْنَ | لِلشَّيْطٰنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈرتا ہوں | یہ کہ | لگ جائے تجھ کو | عذاب | طرف سے | اللہ کی | پس ہو جائے تو | شیطان کا |

لگتا ہے کہ آپ کو اللہ کا عذاب آ پکڑے تو آپ شیطان کے ساتھی

وَلِيًّا ﴿٤٥﴾ قَالَ اَرَاغِبٌ اَنْتَ عَنْ اٰلِهَتِيْ يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ

| وَلِيًّا | قَالَ | اَرَاغِبٌ | اَنْتَ | عَنْ | اٰلِهَتِيْ | يٰٓاِبْرٰهِيْمُ | لَئِنْ | لَّمْ | تَنْتَهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دوست | کہا | کیا اعراض کرتا ہے | تو | سے | معبودوں میرے | اے ابراہیم | البتہ اگر | نہ | باز آیا تو |

ہو جائیں ﴿۴۵﴾ اُس نے کہا کہ ابراہیم! کیا تو میرے معبودوں سے برگشتہ ہے؟ اگر تو باز نہ آئے گا تو میں تجھے سنگسار

لَاَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِيْ مَلِيًّا ﴿٤٦﴾ قَالَ سَلٰمٌ عَلَيْكَ ۚ سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ

| لَاَرْجُمَنَّكَ | وَ | اهْجُرْنِيْ | مَلِيًّا | قَالَ | سَلٰمٌ | عَلَيْكَ | سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| البتہ سنگسار کردوں گا میں تجھ کو | اور | چھوڑ جا مجھ کو | مدت تک | کہا | سلام ہے | اوپر تیرے | البتہ بخشش مانگوں گا میں تیرے لیے |

کروں گا اور تو ہمیشہ کے لیے مجھ سے دور ہو جا ﴿۴۶﴾ (ابراہیم نے) سلام علیکم کہا (اور کہا کہ) میں آپ کے لیے اپنے پروردگار

رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ بِيْ حَفِيًّا ﴿٤٧﴾ وَاَعْتَزِلُكُمْ وَمَا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

| رَبِّيْ | اِنَّهٗ | كَانَ | بِيْ | حَفِيًّا | وَ | اَعْتَزِلُكُمْ | وَ | مَا | تَدْعُوْنَ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رب میرے سے | بیشک وہ | ہے | ساتھ میرے | مہربان | اور | چھوڑ دوں گا میں تم کو | اور | اس چیز کو کہ | پکارتے ہو تم | سوائے | اللہ کے |

سے بخشش مانگوں گا۔ بیشک وہ مجھ پر نہایت مہربان ہے ﴿۴۷﴾ اور میں آپ لوگوں سے اور جن کو آپ اللہ کے سوا پکارا کرتے ہیں اُن

وَاَدْعُوْا رَبِّيْ ڮ عَسٰٓى اَلَّآ اَكُوْنَ بِدُعَاۗءِ رَبِّيْ شَقِيًّا ﴿٤٨﴾ فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ

| وَ | اَدْعُوْا | رَبِّيْ | عَسٰٓى | اَلَّآ | اَكُوْنَ | بِدُعَاۗءِ | رَبِّيْ | شَقِيًّا | فَلَمَّا | اعْتَزَلَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | پکاروں گا میں | رب میرے کو | جلد ہی | یہ کہ نہ | ہوں میں | پکارنے سے | رب اپنے کے | بے نصیب | پس جب | چھوڑ دیا ان کو |

سے کنارہ کرتا ہوں اور اپنے پروردگار ہی کو پکاروں گا۔ امید ہے کہ میں اپنے پروردگار کو پکار کر محروم نہیں رہوں گا ﴿۴۸﴾ اور جب ابراہیم

وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۙ وَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ۭ وَكُلًّا

| وَ | مَا | يَعْبُدُوْنَ | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | وَهَبْنَا | لَهٗٓ | اِسْحٰقَ | وَ | يَعْقُوْبَ | وَ | كُلًّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اس چیز کو کہ | عبادت کرتے تھے | سوائے | اللہ کے | دیا ہم نے | اس کو | اسحاق | اور | یعقوب | اور | ہر ایک کو |

ان لوگوں سے اور جن کی وہ اللہ کے سوا پرستش کرتے تھے الگ ہو گئے تو ہم نے ان کو اسحاق اور (اسحاق کو) یعقوب بخشے۔

جَعَلْنَا نَبِيًّا ﴿٤٩﴾ وَوَهَبْنَا لَهُمْ مِّنْ رَّحْمَتِنَا وَجَعَلْنَا لَهُمْ لِسَانَ

| جَعَلْنَا | نَبِيًّا | وَ | وَهَبْنَا | لَهُمْ | مِّنْ | رَّحْمَتِنَا | وَ | جَعَلْنَا | لَهُمْ | لِسَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا ہم نے | نبی | اور | دی ہم نے | ان کو | سے | رحمت اپنی | اور | کی ہم نے | واسطے ان کے | زبان |

اور سب کو پیغمبر بنایا ﴿٤٩﴾ اور ان کو اپنی رحمت سے (بہت سی چیزیں) عنایت کیں۔ اور ان کا ذکرِ جمیل

صِدْقٍ عَلِيًّا ﴿٥٠﴾ ع وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ مُوْسٰٓى ۫ اِنَّهٗ كَانَ مُخْلَصًا وَّكَانَ ع ۳ ۱۰ ۶

| صِدْقٍ | عَلِيًّا | وَ | اذْكُرْ | فِي | الْكِتٰبِ | مُوْسٰى | اِنَّهٗ | كَانَ | مُخْلَصًا | وَّ | كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| درستی کی | بلند | اور | یاد کر | بیچ | کتاب کے | موسیٰ کو | بیشک وہ | تھا | خالص کیا گیا | اور | تھا |

بلند کیا ﴿٥٠﴾ اور کتاب میں موسیٰ کا بھی ذکر کرو بیشک وہ (ہمارے) برگزیدہ اور

رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿٥١﴾ وَنَادَيْنٰهُ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ الْاَيْمَنِ وَقَرَّبْنٰهُ نَجِيًّا ﴿٥٢﴾

| رَسُوْلًا | نَّبِيًّا | وَ | نَادَيْنٰهُ | مِنْ | جَانِبِ | الطُّوْرِ | الْاَيْمَنِ | وَ | قَرَّبْنٰهُ | نَجِيًّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیغمبر | نبی | اور | پکارا ہم نے اس کو | سے | کنارے | طور کے | برکت والے | اور | نزدیک کیا ہم نے اسکو | باتیں کرتے ہوئے |

پیغمبر مرسل تھے۔ ﴿٥١﴾ اور ہم نے ان کو طور کی داہنی طرف سے پکارا اور باتیں کرنے کے لیے نزدیک بلایا ﴿٥٢﴾

وَوَهَبْنَا لَهٗ مِنْ رَّحْمَتِنَآ اَخَاهُ هٰرُوْنَ نَبِيًّا ﴿٥٣﴾ وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ

| وَ | وَهَبْنَا | لَهٗ | مِنْ | رَّحْمَتِنَآ | اَخَاهُ | هٰرُوْنَ | نَبِيًّا | وَ | اذْكُرْ | فِي | الْكِتٰبِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | دیا ہم نے | اس کو | سے | اپنی مہربانی | بھائی اس کا | ہارون | نبی | اور | یاد کر | بیچ | کتاب کے |

اور اپنی مہربانی سے ان کو ان کا بھائی ہارون پیغمبر عطا کیا ﴿٥٣﴾ اور کتاب میں

اِسْمٰعِيْلَ ۫ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿٥٤﴾ ج وَكَانَ يَاْمُرُ

| اِسْمٰعِيْلَ | اِنَّهٗ | كَانَ | صَادِقَ | الْوَعْدِ | وَ | كَانَ | رَسُوْلًا | نَّبِيًّا | وَ | كَانَ | يَاْمُرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسماعیل کو | بیشک وہ | تھا | سچا | وعدے کا | اور | تھا | پیغمبر | نبی | اور | تھا | حکم کرتا |

اسمٰعیل کا بھی ذکر کرو وہ وعدے کے سچے اور (ہمارے) بھیجے ہوئے نبی تھے ﴿٥٤﴾ اور اپنے

اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ ۠ وَكَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِيًّا ﴿٥٥﴾ وَاذْكُرْ فِي

| اَهْلَهٗ | بِالصَّلٰوةِ | وَ | الزَّكٰوةِ | وَ | كَانَ | عِنْدَ | رَبِّهٖ | مَرْضِيًّا | وَ | اذْكُرْ | فِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اہل اپنے کو | ساتھ نماز کے | اور | زکوٰۃ کے | اور | تھا | نزدیک | اپنے رب کے | پسندیدہ | اور | یاد کر | بیچ |

گھر والوں کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم کرتے تھے اور اپنے پروردگار کے ہاں پسندیدہ (وبرگزیدہ) تھے ﴿٥٥﴾ اور کتاب میں

الْكِتٰبِ اِدْرِيْسَ ۫ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا ﴿۵۶﴾ قلے وَّرَفَعْنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ﴿۵۷﴾

| الْكِتٰبِ | اِدْرِيْسَ | اِنَّهٗ | كَانَ | صِدِّيْقًا | نَّبِيًّا | وَّ | رَفَعْنٰهُ | مَكَانًا | عَلِيًّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کتاب کے | ادریس کو | بیشک وہ | تھا | سچا | نبی | اور | اٹھالیا ہم نے اس کو | مکان | بلند میں |

ادریس کا بھی ذکر کرو۔ وہ بھی نہایت سچے نبی تھے ﴿۵۶﴾ اور ہم نے ان کو اونچی جگہ اُٹھا لیا تھا ﴿۵۷﴾

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ ۗ وَمِمَّنْ

| اُولٰٓئِكَ | الَّذِيْنَ | اَنْعَمَ | اللّٰهُ | عَلَيْهِمْ | مِّنَ | النَّبِيّٖنَ | مِنْ | ذُرِّيَّةِ | اٰدَمَ | وَ | مِمَّنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ لوگ ہیں | وہ کہ | انعام کیا | اللہ نے | ان پر | سے | پیغمبروں | سے | اولاد | آدم کی | اور | ان لوگوں سے کہ |

یہ وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے اپنے پیغمبروں میں سے فضل کیا (یعنی) اولاد آدم میں سے اور ان لوگوں میں سے جن کو ہم نے

حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ۫ وَّمِنْ ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْرَآءِيْلَ ۫ وَمِمَّنْ هَدَيْنَا

| حَمَلْنَا | مَعَ | نُوْحٍ | وَّ | مِنْ | ذُرِّيَّةِ | اِبْرٰهِيْمَ | وَ | اِسْرَآءِيْلَ | وَمِمَّنْ | هَدَيْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چڑھالیا ہم نے | ساتھ | نوح کے | اور | سے | اولاد | ابراہیم کی | اور | اسرائیل کی | اور ان لوگوں سے کہ | ہدایت کی ہم نے |

نوح کے ساتھ (کشتی میں) سوار کیا اور ابراہیم اور یعقوب کی اولاد میں سے اور اُن لوگوں میں سے جن کو ہم نے ہدایت دی

وَاجْتَبَيْنَا ۭ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُكِيًّا ﴿۵۸﴾ السجدۃ

| وَاجْتَبَيْنَا | اِذَا | تُتْلٰى | عَلَيْهِمْ | اٰيٰتُ | الرَّحْمٰنِ | خَرُّوْا | سُجَّدًا | وَّبُكِيًّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور پسند کیا ہم نے | جب | پڑھی جاتی ہیں | اوپر ان کے | نشانیاں | رحمان کی | گر پڑتے ہیں | سجدہ کرتے | اور روتے ہوئے |

اور برگزیدہ کیا۔ جب ان کے سامنے ہماری آیتیں پڑھی جاتی تھیں تو سجدے میں گر پڑتے اور روتے رہتے تھے ﴿۵۸﴾ السجدۃ ۵

فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ

| فَخَلَفَ | مِنْۢ | بَعْدِهِمْ | خَلْفٌ | اَضَاعُوا | الصَّلٰوةَ | وَ | اتَّبَعُوا | الشَّهَوٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس جانشین ہوئے | سے | پیچھے ان | ناخلف | ضائع کیا انہوں نے | نماز کو | اور | پیروی کی | خواہشوں کی |

پھر ان کے بعد چند ناخلف اُن کے جانشین ہوئے جنہوں نے نماز کو (چھوڑ دیا۔ گویا اسے) کھو دیا اور خواہشاتِ نفسانی کے پیچھے

فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ﴿۵۹﴾ لا اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ

| فَسَوْفَ | يَلْقَوْنَ | غَيًّا | اِلَّا | مَنْ | تَابَ | وَ | اٰمَنَ | وَ | عَمِلَ | صَالِحًا | فَاُولٰٓئِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس | آگے دیکھ لیں گے | گمراہی کو | مگر | جس نے | توبہ کی | اور | ایمان لایا | اور | عمل کیا | اچھا | پس یہ لوگ |

لگ گئے سو عنقریب ان کو گمراہی (کی سزا) ملے گی ﴿۵۹﴾ ہاں جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور عمل نیک کیے تو ایسے لوگ

يَدۡخُلُوۡنَ الۡجَنَّةَ وَلَا يُظۡلَمُوۡنَ شَيۡـًٔا ﴿٦٠﴾ جَنّٰتِ عَدۡنِ الَّتِيۡ وَعَدَ

| يَدۡخُلُوۡنَ | الۡجَنَّةَ | وَ | لَا | يُظۡلَمُوۡنَ | شَيۡـًٔا | جَنّٰتِ | عَدۡنِ | الَّتِيۡ | وَعَدَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| داخل ہوں گے | بہشت میں | اور | نہ | ظلم کیے جائیں گے | کچھ | بہشتیں | ہمیشہ رہنے کی | وہ جو کہ | وعدہ کیا |

بہشت میں داخل ہوں گے اور اُن کا ذرا نقصان نہ کیا جائے گا (٦۰) (یعنی) بہشت جاودانی (میں) جس کا اللہ نے اپنے بندوں سے وعدہ

الرَّحۡمٰنُ عِبَادَهٗ بِالۡغَيۡبِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ وَعۡدُهٗ مَاۡتِيًّا ﴿٦١﴾ لَا يَسۡمَعُوۡنَ فِيۡهَا

| الرَّحۡمٰنُ | عِبَادَهٗ | بِالۡغَيۡبِ | اِنَّهٗ | كَانَ | وَعۡدُهٗ | مَاۡتِيًّا | لَا | يَسۡمَعُوۡنَ | فِيۡهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رحمان نے | بندوں اپنے سے | ساتھ غیب کے | بیشک وہ | ہے | وعدہ اس کا | لایا ہوا | نہیں | سنیں گے | بیچ اس کے |

کیا ہے (اور جو ان کی آنکھوں سے) پوشیدہ (ہے)۔ بیشک اس کا وعدہ (نیکوکاروں کے سامنے) آنے والا ہے (٦١) وہ اس میں سلام

لَغۡوًا اِلَّا سَلٰمًا ؕ وَلَهُمۡ رِزۡقُهُمۡ فِيۡهَا بُكۡرَةً وَّعَشِيًّا ﴿٦٢﴾ تِلۡكَ الۡجَنَّةُ الَّتِيۡ

| لَغۡوًا | اِلَّا | سَلٰمًا | وَ | لَهُمۡ | رِزۡقُهُمۡ | فِيۡهَا | بُكۡرَةً | وَّ | عَشِيًّا | تِلۡكَ | الۡجَنَّةُ | الَّتِيۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیہودہ | مگر | سلام | اور | واسطے انکے ہے | رزق ان کا | بیچ اس کے | صبح | اور | شام | یہ وہ | بہشت ہے | جس کے |

کے سوا کوئی بیہودہ کلام نہ سنیں گے۔ اور ان کے لیے صبح و شام کھانا تیار ہوگا (٦٢) یہی وہ جنت ہے جس کا ہم اپنے

نُوۡرِثُ مِنۡ عِبَادِنَا مَنۡ كَانَ تَقِيًّا ﴿٦٣﴾ وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمۡرِ رَبِّكَ ۚ لَهٗ مَا

| نُوۡرِثُ | مِنۡ | عِبَادِنَا | مَنۡ | كَانَ | تَقِيًّا | وَ | مَا | نَتَنَزَّلُ | اِلَّا | بِاَمۡرِ | رَبِّكَ | لَهٗ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وارث کرتے ہیں ہم | سے | بندوں اپنے میں | اس کو کہ | ہے | پرہیزگار | اور | نہیں | اترتے ہم | مگر | ساتھ حکم | رب تیرے کے | واسطے اسکے ہے | جو |

بندوں میں سے ایسے شخص کو مالک بنائیں گے جو پرہیزگار ہوگا (٦٣) اور (فرشتوں نے پیغمبر کو جواب دیا کہ) ہم تمہارے پروردگار کے حکم کے سوا

بَيۡنَ اَيۡدِيۡنَا وَمَا خَلۡفَنَا وَمَا بَيۡنَ ذٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ﴿٦٤﴾ رَبُّ

| بَيۡنَ اَيۡدِيۡنَا | وَ | مَا | خَلۡفَنَا | وَ | مَا | بَيۡنَ | ذٰلِكَ | وَ | مَا | كَانَ | رَبُّكَ | نَسِيًّا | رَبُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آگے ہمارے ہے | اور | جو کچھ | پیچھے ہمارے ہے | اور | جو کچھ | درمیان | اس کے ہے | اور | نہیں | ہے | رب تیرا | بھولنے والا | پروردگار |

اُتر نہیں سکتے۔ جو کچھ ہمارے آگے ہے اور جو پیچھے ہے اور جو ان کے درمیان ہے سب اسی کا ہے اور تمہارا پروردگار بھولنے والا نہیں (٦٤) (یعنی)

السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَا بَيۡنَهُمَا فَاعۡبُدۡهُ وَاصۡطَبِرۡ لِعِبَادَتِهٖ ؕ هَلۡ

| السَّمٰوٰتِ | وَالۡاَرۡضِ | وَ | مَا | بَيۡنَهُمَا | فَاعۡبُدۡهُ | وَ | اصۡطَبِرۡ | لِعِبَادَتِهٖ | هَلۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمانوں کا | اور زمین کا | اور | جو کچھ کہ | درمیان ان دونوں کے ہے | پس عبادت کر اسکی | اور | صبر کر | واسطے عبادت اسکی کے | کیا |

آسمانوں اور زمین کا اور جو اُن کے درمیان ہے سب کا پروردگار تو اُسی کی عبادت کرو اور اس کی عبادت پر ثابت قدم رہو۔ بھلا

ع ٤ ١٥

تَعْلَمُ لَهٗ سَمِيًّا ﴿٦٥﴾ ع وَيَقُوْلُ الْاِنْسَانُ ءَاِذَا مَامِتُّ لَسَوْفَ اُخْرَجُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَعْلَمُ | لَهٗ | سَمِيًّا | وَ | يَقُوْلُ | الْاِنْسَانُ | ءَاِذَا | مَامِتُّ | لَسَوْفَ | اُخْرَجُ |
| جانتا ہے تو | واسطے اسکے | ہم نام | اور | کہتا ہے | آدمی | کیا | جب مرجاؤں گا میں | البتہ | نکالا جاؤنگا میں |

تم کوئی اس کا ہم نام جانتے ہو﴿٦٥﴾ اور (کافر) انسان کہتا ہے کہ جب میں مر جاؤں گا تو کیا زندہ کر کے نکالا

حَيًّا ﴿٦٦﴾ اَوَلَا يَذْكُرُ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْـًٔا ﴿٦٧﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَيًّا | اَوَلَا | يَذْكُرُ | الْاِنْسَانُ | اَنَّا | خَلَقْنٰهُ | مِنْ | قَبْلُ | وَ | لَمْ | يَكُ | شَيْـًٔا |
| زندہ | کیا نہیں | یاد کرتا | انسان | یہ کہ | ہم نے پیدا کیا اسکو | سے | پہلے اس | اور | نہ | تھا | کچھ |

جاؤں گا ؟﴿٦٦﴾ کیا (ایسا) انسان یاد نہیں کرتا کہ ہم نے اس کو پہلے بھی تو پیدا کیا تھا اور وہ کچھ بھی چیز نہ تھا﴿٦٧﴾

فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيٰطِيْنَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَوَرَبِّكَ | لَنَحْشُرَنَّهُمْ | وَالشَّيٰطِيْنَ | ثُمَّ | لَنُحْضِرَنَّهُمْ | حَوْلَ | جَهَنَّمَ |
| پس قسم ہے تیرے رب کی | البتہ اکٹھا کرینگے ہم ان کو | ساتھ شیطانوں کے | پھر | البتہ حاضر کریں گے ہم ان کو | گرد | دوزخ کے |

تمہارے پروردگار کی قسم! ہم ان کو جمع کریں گے اور شیطانوں کو بھی۔ پھر ان سب کو جہنم کے گرد حاضر کریں گے (اور وہ) گھٹنوں پر گرے

جِثِيًّا ﴿٦٨﴾ ج ثُمَّ لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِيْعَةٍ اَيُّهُمْ اَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جِثِيًّا | ثُمَّ | لَنَنْزِعَنَّ | مِنْ | كُلِّ | شِيْعَةٍ | اَيُّهُمْ | اَشَدُّ | عَلَى | الرَّحْمٰنِ |
| زانوں پر گرے ہوئے | پھر | البتہ کھینچ لیں گے ہم | سے | ہر | جماعت | جونسا ان میں سے | سخت ہے | اوپر | رحمان کے |

ہوئے (ہوں گے)﴿٦٨﴾ پھر ہر جماعت میں سے ہم ایسے لوگوں کو کھینچ نکالیں گے جو اللہ سے سخت سرکشی

عِتِيًّا ﴿٦٩﴾ ج ثُمَّ لَنَحْنُ اَعْلَمُ بِالَّذِيْنَ هُمْ اَوْلٰى بِهَا صِلِيًّا ﴿٧٠﴾ وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِتِيًّا | ثُمَّ | لَنَحْنُ | اَعْلَمُ | بِالَّذِيْنَ | هُمْ | اَوْلٰى | بِهَا | صِلِيًّا | وَ | اِنْ | مِّنْكُمْ | اِلَّا |
| سرکشی میں | پھر | البتہ ہم | خوب جانتے ہیں | ان لوگوں کو کہ | وہ | بہت لائق ہیں | ساتھ اسکے | داخل ہونے میں | اور | نہیں | تم میں سے کوئی | مگر |

کرتے تھے﴿٦٩﴾ اور ہم اُن لوگوں سے خوب واقف ہیں جو اُن میں داخل ہونے کے زیادہ لائق ہیں﴿٧٠﴾ اور تم میں کوئی (شخص)

وَارِدُهَا ج كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ﴿٧١﴾ ج ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَارِدُهَا | كَانَ | عَلٰى | رَبِّكَ | حَتْمًا | مَّقْضِيًّا | ثُمَّ | نُنَجِّي | الَّذِيْنَ | اتَّقَوْا |
| گزرنیوالا اوپر اسکے | ہے | اوپر | رب تیرے کے | لازم | ادا کیا گیا | پھر | نجات دینگے ہم | ان کو جو | پرہیزگاری کرتے ہیں |

نہیں مگر اُسے اس پر گزرنا ہوگا۔ یہ تمہارے پروردگار پر لازم اور مقرر ہے﴿٧١﴾ پھر ہم پرہیزگاروں کو نجات دیں گے

وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا ﴿٧٢﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ

| وَّ | نَذَرُ | الظّٰلِمِيْنَ | فِيْهَا | جِثِيًّا | وَ | اِذَا | تُتْلٰى | عَلَيْهِمْ | اٰيٰتُنَا | بَيِّنٰتٍ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | چھوڑدینگے ہم | ظالموں کو | بیچ اس کے | گرے ہوئے | اور | جب | پڑھی جاتی ہیں | اوپران کے | نشانیاں ہماری | ظاہر | کہتے ہیں |

اور ظالموں کو اس میں گھٹنوں کے بل پڑاہوا چھوڑ دیں گے﴿٧٢﴾ اور جب اُن لوگوں کے سامنے ہماری آیتیں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا ۙ اَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا وَّاَحْسَنُ

| الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | لِلَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا | اَيُّ | الْفَرِيْقَيْنِ | خَيْرٌ | مَّقَامًا | وَّ | اَحْسَنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو کہ | کافر ہوئے | واسطے ان لوگوں کے کہ | ایمان لائے ہیں | کونسا | دو فرقوں میں | بہتر ہے | جگہ میں | اور | بہتر ہے |

پڑھی جاتی ہیں تو جو کافر ہیں وہ مومنوں سے کہتے ہیں کہ دونوں فریق میں سے مکان کس کے اچھے اور مجلسیں کس کی

نَدِيًّا ﴿٧٣﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَحْسَنُ اَثَاثًا وَّرِءْيًا ﴿٧٤﴾ قُلْ

| نَدِيًّا | وَ | كَمْ | اَهْلَكْنَا | قَبْلَهُمْ | مِّنْ | قَرْنٍ | هُمْ | اَحْسَنُ | اَثَاثًا | وَّ | رِءْيًا | قُلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مجلس میں | اور | کتنے | ہلاک کیے ہم نے | پہلے ان سے | بہت سے | قرن | وہ | بہتر تھے | اسباب میں | اور | نمود میں | کہہ |

بہتر ہیں؟﴿٧٣﴾ اور ہم نے ان سے پہلے بہت سی اُمتیں ہلاک کردیں۔ وہ لوگ (ان سے) ٹھاٹھ اور نمود میں کہیں اچھے تھے﴿٧٤﴾ کہہ دو

مَنْ كَانَ فِي الضَّلٰلَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمٰنُ مَدًّا ۚ حَتّٰٓى اِذَا رَاَوْا مَا

| مَنْ | كَانَ | فِي | الضَّلٰلَةِ | فَلْيَمْدُدْ | لَهُ | الرَّحْمٰنُ | مَدًّا | حَتّٰٓى | اِذَا | رَاَوْا | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو کوئی | ہے | بیچ | گمراہی کے | پس چاہیے کہ کھینچ لیجائے | اس کو | رحمان | خوب کھینچنا | یہاں تک کہ | جب | دیکھیں | جو |

کہ جو شخص گمراہی میں پڑا ہوا ہے۔ اللہ اس کو آہستہ آہستہ مہلت دیے جاتا ہے یہاں تک کہ جب اس

يُوْعَدُوْنَ اِمَّا الْعَذَابَ وَاِمَّا السَّاعَةَ ۭ فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ شَرٌّ

| يُوْعَدُوْنَ | اِمَّا | الْعَذَابَ | وَ | اِمَّا | السَّاعَةَ | فَسَيَعْلَمُوْنَ | مَنْ | هُوَ | شَرٌّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وعدے دیے جاتے ہیں | یا | عذاب کا | اور | یا | قیامت کا | پس البتہ جانیں گے | کونسا | وہ | بدتر ہے |

چیز کو دیکھ لیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے خواہ عذاب اور خواہ قیامت تو (اس وقت) جان لیں گے کہ مکان

مَّكَانًا وَّاَضْعَفُ جُنْدًا ﴿٧٥﴾ وَيَزِيْدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اهْتَدَوْا هُدًى ۭ وَ

| مَّكَانًا | وَّ | اَضْعَفُ | جُنْدًا | وَ | يَزِيْدُ | اللّٰهُ | الَّذِيْنَ | اهْتَدَوْا | هُدًى | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مکان میں | اور | بودا ہے | لشکر میں | اور | زیادہ دیتا ہے | اللہ | ان لوگوں کو کہ | راہ پائی ہے | راہ پانا | اور |

کس کا برا ہے اور لشکر کس کا کمزور ہے﴿٧٥﴾ اور جو لوگ ہدایت یاب ہیں اللہ اُن کو زیادہ ہدایت دیتا ہے اور

الْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ مَّرَدًّا ﴿۷۶﴾ اَفَرَءَيْتَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْبٰقِيٰتُ | الصّٰلِحٰتُ | خَيْرٌ | عِنْدَ | رَبِّكَ | ثَوَابًا | وَّخَيْرٌ | مَّرَدًّا | اَفَرَءَيْتَ |
| باقی رہنے والیاں | نیکیاں | بہتر ہیں | نزدیک | رب تیرے کے | ثواب میں | اور بہتر ہیں | پھر آنے میں | کیا پس دیکھا تونے |

نیکیاں جو باقی رہنے والی ہیں وہ تمہارے پروردگار کے صلے کے لحاظ سے خوب اور انجام کے اعتبار سے بہتر ہیں ﴿۷۶﴾ بھلا تم نے اُس شخص کو

الَّذِيْ كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا وَقَالَ لَاُوْتَيَنَّ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿۷۷﴾ اَطَّلَعَ الْغَيْبَ اَمِ اتَّخَذَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْ | كَفَرَ | بِاٰيٰتِنَا | وَ | قَالَ | لَاُوْتَيَنَّ | مَالًا | وَّ | وَلَدًا | اَطَّلَعَ | الْغَيْبَ | اَمِ | اتَّخَذَ |
| اس شخص کو کہ | کافر ہوا | ساتھ ہماری نشانیوں کے | اور | کہا | البتہ دیا جاؤنگا میں | مال | اور | اولاد | کیا جھانک آیا ہے | غیب کو | یا | لیا ہے |

دیکھا جس نے ہماری آیتوں سے کفر کیا اور کہنے لگا کہ (اگر میں ازسرِنو زندہ ہوا بھی تو یہی) مال اور اولاد مجھے (وہاں) ملے گا ﴿۷۷﴾ کیا اس نے

عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿۷۸﴾ كَلَّا ۭ سَنَكْتُبُ مَا يَقُوْلُ وَنَمُدُّ لَهٗ مِنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِنْدَ | الرَّحْمٰنِ | عَهْدًا | كَلَّا | سَنَكْتُبُ | مَا | يَقُوْلُ | وَ | نَمُدُّ | لَهٗ | مِنَ |
| نزدیک | اللہ کے سے | عہد | ہرگز نہیں یہ | البتہ لکھیں گے ہم | جو | کہتا ہے وہ | اور | لمبا کرینگے ہم | اس کو | سے |

غیب کی خبر پالی ہے یا اللہ کے یہاں (سے) عہد لے لیا ہے؟ ہرگز نہیں ﴿۷۸﴾ یہ جو کچھ کہتا ہے ہم اس کو لکھتے جاتے اور آہستہ آہستہ

الْعَذَابِ مَدًّا ﴿۷۹﴾ وَّنَرِثُهٗ مَا يَقُوْلُ وَيَاْتِيْنَا فَرْدًا ﴿۸۰﴾ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعَذَابِ | مَدًّا | وَّ | نَرِثُهٗ | مَا | يَقُوْلُ | وَ | يَاْتِيْنَا | فَرْدًا | وَ | اتَّخَذُوْا | مِنْ دُوْنِ |
| عذاب | لمبا کرنا | اور | وارث کرینگے ہم اسکو | اس چیز کا کہ | کہتا ہے | اور | آئیگا ہمارے پاس | اکیلا | اور | پکڑتے ہیں | سوائے |

عذاب بڑھاتے جاتے ہیں ﴿۷۹﴾ اور جو چیزیں یہ بتاتا ہے ان کے ہم وارث ہوں گے اور یہ اکیلا ہمارے سامنے آئے گا ﴿۸۰﴾ اور ان لوگوں

اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا ﴿۸۱﴾ كَلَّا ۭ سَيَكْفُرُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُوْنُوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | اٰلِهَةً | لِّيَكُوْنُوْا | لَهُمْ | عِزًّا | كَلَّا | سَيَكْفُرُوْنَ | بِعِبَادَتِهِمْ | وَ | يَكُوْنُوْنَ |
| اللہ کے | معبود | تا کہ ہو | واسطے ان کے | عزت | ہرگز نہیں یہ | البتہ کفر کریں گے | ساتھ عبادت انکی کے | اور | ہوں گے وہ |

نے اللہ کے سوا اور معبود بنا لیے ہیں تا کہ وہ ان کے لیے (موجب عزت و) مدد ہوں ﴿۸۱﴾ ہرگز نہیں۔ وہ (معبودانِ باطل) اُن کی پرستش سے

عَلَيْهِمْ ضِدًّا ﴿۸۲﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّآ اَرْسَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ع ۵ ۱۲ ۸

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِمْ | ضِدًّا | اَلَمْ | تَرَ | اَنَّآ | اَرْسَلْنَا | الشَّيٰطِيْنَ | عَلَى | الْكٰفِرِيْنَ |
| اوپر ان کے | مخالف | کیا نہیں | دیکھا تونے | یہ کہ | بھیجا ہم نے | شیطانوں کو | اوپر | کافروں کے |

انکار کریں گے اور اُن کے دشمن (ومخالف) ہوں گے ﴿۸۲﴾ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ ہم نے شیطانوں کو کافروں پر چھوڑ رکھا ہے کہ وہ اُن کو

تَؤُزُّهُمْ اَزًّا ﴿٨٣﴾ فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ﴿٨٤﴾ يَوْمَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَؤُزُّهُمْ | اَزًّا | فَلَا | تَعْجَلْ | عَلَيْهِمْ | اِنَّمَا | نَعُدُّ | لَهُمْ | عَدًّا | يَوْمَ |
| بدکاتے ہیں ان کو | بدکانا کر | پس مت | جلدی کر | اوپر ان کے | سوائے اسکے نہیں کہ | گنتے جاتے ہیں ہم | واسطے انکے | گنتے جانا | اس دن کہ |

برانگیختہ کرتے رہتے ہیں ﴿٨٣﴾ تو تم اُن پر (عذاب کے لیے) جلدی نہ کرو اور ہم تو اُن کے لیے (دن) شمار کر رہے ہیں ﴿٨٤﴾ جس

نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا ﴿٨٥﴾ وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَحْشُرُ | الْمُتَّقِيْنَ | اِلَى | الرَّحْمٰنِ | وَفْدًا | وَّنَسُوْقُ | الْمُجْرِمِيْنَ | اِلٰى |
| جمع کریں گے ہم | پرہیزگاروں کو | طرف | رحمان کی | مہمان | اور ہانکیں گے ہم | گنہگاروں کو | طرف |

روز ہم پرہیزگاروں کو اللہ کے سامنے (بطور) مہمان جمع کریں گے ﴿٨٥﴾ اور گنہگاروں کو دوزخ کی طرف پیاسے

وقف لازم

جَهَنَّمَ وِرْدًا ﴿٨٦﴾ لَا يَمْلِكُوْنَ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَهَنَّمَ | وِرْدًا | لَا | يَمْلِكُوْنَ | الشَّفَاعَةَ | اِلَّا | مَنِ | اتَّخَذَ | عِنْدَ |
| دوزخ کی | پیاسے | نہیں | اختیار پائیں گے | شفاعت کا | مگر | جس نے | لیا ہوگا | نزدیک |

ہانک لے جائیں گے ﴿٨٦﴾ (تو لوگ) کسی کی سفارش کا اختیار نہ رکھیں گے مگر جس نے اللہ سے

وقف لازم

الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿٨٧﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ﴿٨٨﴾ لَقَدْ جِئْتُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرَّحْمٰنِ | عَهْدًا | وَ | قَالُوا | اتَّخَذَ | الرَّحْمٰنُ | وَلَدًا | لَقَدْ | جِئْتُمْ |
| اللہ کے | عہد | اور | کہا انہوں نے | پکڑی ہے | اللہ نے | اولاد | البتہ تحقیق | لائے تم |

اقرار لیا ہو ﴿٨٧﴾ اور کہتے ہیں اللہ بیٹا رکھتا ہے ﴿٨٨﴾ (ایسا کہنے والو یہ تو) تم بری بات

شَيْـًٔا اِدًّا ﴿٨٩﴾ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَيْـًٔا | اِدًّا | تَكَادُ | السَّمٰوٰتُ | يَتَفَطَّرْنَ | مِنْهُ | وَ | تَنْشَقُّ | الْاَرْضُ |
| ایک چیز | بھاری | نزدیک ہیں کہ | آسمان | پھٹ پڑیں | اس سے | اور | پھٹ جائے | زمین |

(زبان پر) لاتے ہو ﴿٨٩﴾ قریب ہے کہ اس (افتراء) سے آسمان پھٹ پڑیں اور زمین شق ہو جائے اور پہاڑ پارہ پارہ

وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ﴿٩٠﴾ اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ﴿٩١﴾ وَمَا يَنْۢبَغِيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | تَخِرُّ | الْجِبَالُ | هَدًّا | اَنْ | دَعَوْا | لِلرَّحْمٰنِ | وَلَدًا | وَ | مَا | يَنْۢبَغِيْ |
| اور | گر پڑیں | پہاڑ | کانپ کر | یہ کہ | دعویٰ کیا انہوں نے | واسطے اللہ کے | اولاد کا | اور | نہیں | لائق |

ہو کر گر پڑیں ﴿٩٠﴾ کہ انہوں نے اللہ کے لیے بیٹا تجویز کیا ﴿٩١﴾ اور اللہ کو شایاں

لِلرَّحۡمٰنِ اَنۡ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ﴿٩٢﴾ اِنۡ كُلُّ مَنۡ فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلرَّحۡمٰنِ | اَنۡ | يَّتَّخِذَ | وَلَدًا | اِنۡ | كُلُّ | مَنۡ | فِى | السَّمٰوٰتِ | وَ | الۡاَرۡضِ |
| واسطے رحمٰن کے | یہ کہ | پکڑے | اولاد | نہیں | کوئی شخص | جو کہ | بیچ | آسمانوں | اور | زمین کے ہے |

نہیں کہ کسی کو بیٹا بنائے ﴿٩٢﴾ تمام شخص جو آسمانوں اور زمین میں ہیں سب اللہ

اِلَّاۤ اٰتِى الرَّحۡمٰنِ عَبۡدًا ﴿٩٣﴾ لَقَدۡ اَحۡصٰىهُمۡ وَعَدَّهُمۡ عَدًّا ﴿٩٤﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّاۤ | اٰتِى | الرَّحۡمٰنِ | عَبۡدًا | لَقَدۡ | اَحۡصٰىهُمۡ | وَعَدَّهُمۡ | عَدًّا |
| مگر | آتا ہے پاس | اللہ کے | بندہ ہوکر | البتہ | گھیر لیا ہے ان کو | اور گن لیا ہے ان کو | گن لینے کر |

کے روبرو بندے ہوکر آئیں گے ﴿٩٣﴾ اُس نے ان (سب) کو (اپنے علم سے) گھیر رکھا اور (ایک ایک کو) شمار کر رکھا ہے ﴿٩٤﴾

وَكُلُّهُمۡ اٰتِيۡهِ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ فَرۡدًا ﴿٩٥﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كُلُّهُمۡ | اٰتِيۡهِ | يَوۡمَ | الۡقِيٰمَةِ | فَرۡدًا | اِنَّ | الَّذِيۡنَ | اٰمَنُوۡا | وَ | عَمِلُوا |
| اور | وہ سب | آنے والے ہیں | دن | قیامت کے | اکیلے ہوکر | بیشک | جو لوگ | ایمان لائے | اور | کام کیے |

اور سب قیامت کے دن اس کے سامنے اکیلے اکیلے حاضر ہوں گے ﴿٩٥﴾ اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے

الصّٰلِحٰتِ سَيَجۡعَلُ لَهُمُ الرَّحۡمٰنُ وُدًّا ﴿٩٦﴾ فَاِنَّمَا يَسَّرۡنٰهُ بِلِسَانِكَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصّٰلِحٰتِ | سَيَجۡعَلُ | لَهُمُ | الرَّحۡمٰنُ | وُدًّا | فَاِنَّمَا | يَسَّرۡنٰهُ | بِلِسَانِكَ |
| اچھے | البتہ کرے گا | واسطے ان کے | رحمٰن | محبت | سوائے اسکے نہیں کہ | آسان کیا ہے ہم نے اسکو | ساتھ زبان تیری کے |

اللہ اُن کی محبت (مخلوقات کے دل میں) پیدا کردے گا ﴿٩٦﴾ (اے پیغمبر) ہم نے یہ (قرآن)

لِتُبَشِّرَ بِهِ الۡمُتَّقِيۡنَ وَتُنۡذِرَ بِهٖ قَوۡمًا لُّدًّا ﴿٩٧﴾ وَكَمۡ اَهۡلَكۡنَا قَبۡلَهُمۡ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِتُبَشِّرَ | بِهِ | الۡمُتَّقِيۡنَ | وَ | تُنۡذِرَ | بِهٖ | قَوۡمًا | لُّدًّا | وَ | كَمۡ | اَهۡلَكۡنَا | قَبۡلَهُمۡ |
| تاکہ بشارت دے تو | ساتھ اسکے | پرہیزگاروں کو | اور | ڈرائے | ساتھ اس کے | قوم | جھگڑنیوالوں کو | اور | بہت | ہلاک کیے ہم نے | پہلے اس |

تمہاری زبان میں آسان (نازل) کیا ہے تاکہ تم اس سے پرہیزگاروں کو خوشخبری پہنچادو اور جھگڑالوؤں کو ڈر سنادو ﴿٩٧﴾ اور ہم نے ان

مِّنۡ قَرۡنٍ ؕ هَلۡ تُحِسُّ مِنۡهُمۡ مِّنۡ اَحَدٍ اَوۡ تَسۡمَعُ لَهُمۡ رِكۡزًا ﴿٩٨﴾ ع ٦ النصف ١٦ ٩

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنۡ | قَرۡنٍ | هَلۡ | تُحِسُّ | مِنۡهُمۡ | مِّنۡ اَحَدٍ | اَوۡ | تَسۡمَعُ | لَهُمۡ | رِكۡزًا |
| سے | قرن | کیا | دیکھتا ہے تو | ان میں سے | کسی ایک کو | یا | سنتا ہے | واسطے ان کے | کھڑکا |

سے پہلے بہت سے گروہوں کو ہلاک کردیا ہے۔ بھلا تم اُن میں سے کسی کو دیکھتے ہو یا (کہیں) اُن کی بھنک سنتے ہو ﴿٩٨﴾

ایاتها ۱۳۵ — ۲۰ سُوْرَةُ طٰهٰ مَكِّيَّةٌ ۴۵ — رکوعاتها ۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

طٰهٰ ﴿۱﴾ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ﴿۲﴾ اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طٰهٰ | مَآ | اَنْزَلْنَا | عَلَيْكَ | الْقُرْاٰنَ | لِتَشْقٰٓى | اِلَّا | تَذْكِرَةً | لِّمَنْ |
| طٰهٰ | نہیں | اتارا ہم نے | اوپر تیرے | قرآن | تا کہ رنج کھینچے | مگر | نصیحت | واسطے اسکے کہ |

طٰهٰ ﴿۱﴾ (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) ہم نے تم پر قرآن اس لیے نازل نہیں کیا کہ تم مشقت میں پڑ جاؤ ﴿۲﴾ بلکہ اس شخص کو نصیحت دینے کے لیے

يَّخْشٰى ﴿۳﴾ تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ﴿۴﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّخْشٰى | تَنْزِيْلًا | مِّمَّنْ | خَلَقَ | الْاَرْضَ | وَالسَّمٰوٰتِ | الْعُلٰى |
| ڈرتا ہے | اتارنے کر | اس کی طرف سے کہ | پیدا کیا | زمین کو | اور آسمان | بلند کو |

(نازل کیا ہے) جو خوف رکھتا ہے ﴿۳﴾ یہ اس ذات کا اتارا ہوا ہے جس نے زمین اور اُونچے اونچے آسمان بنائے ﴿۴﴾

اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ﴿۵﴾ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلرَّحْمٰنُ | عَلَى | الْعَرْشِ | اسْتَوٰى | لَهٗ | مَا | فِى | السَّمٰوٰتِ | وَ | مَا | فِى |
| وہ رحمٰن ہے | اوپر | عرش کے | قرار پکڑا ہے اس نے | واسطے اسکے ہے | جو کچھ | بیچ | آسمانوں کے ہے | اور | جو کچھ | بیچ |

(یعنی اللہ) رحمٰن جس نے عرش پر قرار پکڑا ﴿۵﴾ جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور جو کچھ

الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ﴿۶﴾ وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضِ | وَ | مَا | بَيْنَهُمَا | وَ | مَا | تَحْتَ | الثَّرٰى | وَ | اِنْ | تَجْهَرْ | بِالْقَوْلِ | فَاِنَّهٗ |
| زمین کے ہے | اور | جو کچھ | درمیان ان دونوں کے ہے | اور | جو کچھ | نیچے | گیلی مٹی کے ہے | اور | اگر | پکار کر کہے تو | بات | پس بیشک وہ |

ان دونوں کے بیچ میں ہے اور جو کچھ (زمین کی) مٹی کے نیچے ہے سب اُسی کا ہے ﴿۶﴾ اور اگر تم پکار کر بات کہو تو وہ تو چھپے

يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰى ﴿۷﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ﴿۸﴾

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْلَمُ | السِّرَّ | وَ | اَخْفٰى | اَللّٰهُ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | لَهُ | الْاَسْمَآءُ | الْحُسْنٰى |
| جانتا ہے | چھپے بھید کو | اور | بہت چھپے کو | اللہ ہے | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہ | واسطے اسی کے ہیں | نام | اچھے |

بھید اور نہایت پوشیدہ بات تک کو جانتا ہے ﴿۷﴾ (وہ) معبود (برحق) ہے (کہ) اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اس کے (سب) نام اچھے ہیں ﴿۸﴾

وقف لازم

وَهَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ﴿٩﴾ اِذْ رَا نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّيْٓ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هَلْ | اَتٰىكَ | حَدِيْثُ | مُوْسٰى | اِذْ | رَا | نَارًا | فَقَالَ | لِاَهْلِهِ | امْكُثُوْٓا | اِنِّيْٓ |
| اور | کیا | آئی ہے تیرے پاس | بات موسیٰ کی | جس وقت | دیکھی | آگ | پس کہا | واسطے | اہل اپنے کے | رہ جاؤ | بیشک میں نے |

اور کیا تمہیں موسیٰ (کے حال) کی خبر ملی ہے ﴿٩﴾ جب انہوں نے آگ دیکھی تو اپنے گھر کے لوگوں سے کہا کہ تم (یہاں) ٹھیرو۔ میں

اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ اَوْ اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ﴿١٠﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰنَسْتُ | نَارًا | لَّعَلِّيْٓ | اٰتِيْكُمْ | مِّنْهَا | بِقَبَسٍ | اَوْ | اَجِدُ | عَلَى | النَّارِ | هُدًى |
| دیکھی ہے | آگ | شاید کہ | لے آوٴں میں تمہارے پاس | اس میں سے | انگارا | یا | پاوٴں | اوپر | آگ کے | راہ بتانے والا |

نے آگ دیکھی ہے (میں وہاں جاتا ہوں) شاید اس میں سے میں تمہارے پاس انگاری لاوٴں یا آگ (کے مقام) کا رستہ معلوم کر سکوں ﴿١٠﴾

فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِيَ يٰمُوْسٰى ﴿١١﴾ اِنِّيْٓ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ اِنَّكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَمَّآ | اَتٰىهَا | نُوْدِيَ | يٰمُوْسٰى | اِنِّيْٓ | اَنَا | رَبُّكَ | فَاخْلَعْ | نَعْلَيْكَ | اِنَّكَ |
| پس جب | آیا اسکے پاس | پکارا گیا | اے موسیٰ | بیشک | میں ہوں | رب تیرا | پس اتار ڈال | جوتیاں اپنی | بیشک تو ہے |

جب وہاں پہنچے تو آواز آئی کہ موسیٰ ﴿١١﴾ میں تو تمہارا پروردگار ہوں تو اپنی جوتیاں اتار دو۔ تم (یہاں)

بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿١٢﴾ وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰى ﴿١٣﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْوَادِ | الْمُقَدَّسِ | طُوًى | وَ | اَنَا | اخْتَرْتُكَ | فَاسْتَمِعْ | لِمَا | يُوْحٰى |
| بیچ میدان | پاک کے | طویٰ نام کی | اور | میں نے | پسند کیا تجھ کو | پس سن | جو کچھ کہ | وحی کی جاتی ہے |

پاک میدان (یعنی) طویٰ میں ہو ﴿١٢﴾ اور میں نے تم کو انتخاب کر لیا ہے تو جو حکم دیا جائے اُسے سنو ﴿١٣﴾

اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ﴿١٤﴾ اِنَّ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّنِيْٓ | اَنَا | اللّٰهُ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّآ | اَنَا | فَاعْبُدْنِيْ | وَ | اَقِمِ | الصَّلٰوةَ | لِذِكْرِيْ | اِنَّ |
| بیشک میں ہی ہوں | میں | اللہ | نہیں | کوئی معبود | مگر | میں | پس عبادت کر میری | اور | قائم رکھ | نماز کو | واسطے یاد میری کے | بیشک |

بیشک میں ہی اللہ ہوں۔ میرے سوا کوئی معبود نہیں تو میری عبادت کیا کرو اور میری یاد کے لیے نماز پڑھا کرو ﴿١٤﴾ قیامت یقیناً

السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا تَسْعٰى ﴿١٥﴾ فَلَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّاعَةَ | اٰتِيَةٌ | اَكَادُ | اُخْفِيْهَا | لِتُجْزٰى | كُلُّ | نَفْسٍۭ | بِمَا | تَسْعٰى | فَلَا |
| قیامت | آنیوالی ہے | نزدیک ہے | چھپالوں میں اسکو | تاکہ بدلہ دیا جائے | ہر | جی کو | ساتھ اس چیز کے کہ | کرتا ہے کوشش | پس نہ |

آنے والی ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ اُس (کے وقت) کو پوشیدہ رکھوں تاکہ ہر شخص جو کوشش کرے اس کا بدلہ پائے ﴿١٥﴾ تو جو شخص اس پر ایمان

يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ﴿١٦﴾ وَمَا تِلْكَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَصُدَّنَّكَ | عَنْهَا | مَنْ | لَّا | يُؤْمِنُ | بِهَا | وَ | اتَّبَعَ | هَوٰىهُ | فَتَرْدٰى | وَ | مَا | تِلْكَ |
| بند کرے تجھ کو | فکر اسکے سے | وہ جو کہ | نہیں | ایمان لاتا | ساتھ اسکے | اور | پیروی کرتا ہے | خواہش اپنی کی | پس ہلاک ہو جائے | اور | کیا ہے | یہ |

نہیں رکھتا اور اپنی خواہش کے پیچھے چلتا ہے (کہیں) تم کو اس (کے یقین) سے روک نہ دے تو (اس صورت میں) تم ہلاک ہو جاؤ ﴿١٦﴾ اور

بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى ﴿١٧﴾ قَالَ هِيَ عَصَايَ ۚ اَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا وَاَهُشُّ بِهَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِيَمِيْنِكَ | يٰمُوْسٰى | قَالَ | هِيَ | عَصَايَ | اَتَوَكَّؤُا | عَلَيْهَا | وَ | اَهُشُّ | بِهَا |
| تیرے داہنے ہاتھ میں | اے موسیٰ | کہا | یہ ہے | عصا میرا | تکیہ کرتا ہوں میں | اوپر اسکے | اور | پتے جھاڑتا ہوں میں | ساتھ اسکے |

موسیٰ یہ تمہارے داہنے ہاتھ میں کیا ہے؟ ﴿١٧﴾ انہوں نے کہا یہ میری لاٹھی ہے۔ اس پر میں سہارا لگاتا ہوں اور اس سے اپنی

عَلٰى غَنَمِيْ وَلِيَ فِيْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰى ﴿١٨﴾ قَالَ اَلْقِهَا يٰمُوْسٰى ﴿١٩﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰى | غَنَمِيْ | وَلِيَ | فِيْهَا | مَاٰرِبُ | اُخْرٰى | قَالَ | اَلْقِهَا | يٰمُوْسٰى |
| اوپر | بکریوں اپنی کے | اور واسطے میرے | بیچ اس کے | فائدے ہیں | دوسرے | کہا | ڈال دے اس کو | اے موسیٰ |

بکریوں کے لیے پتے جھاڑتا ہوں اور اس میں میرے اور بھی کئی فائدے ہیں ﴿١٨﴾ فرمایا کہ موسیٰ اسے ڈال دو ﴿١٩﴾

فَاَلْقٰىهَا فَاِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى ﴿٢٠﴾ قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ وقفة سَنُعِيْدُهَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَلْقٰىهَا | فَاِذَا | هِيَ | حَيَّةٌ | تَسْعٰى | قَالَ | خُذْهَا | وَ | لَا | تَخَفْ | سَنُعِيْدُهَا |
| پس ڈال دیا اسکو | پس ناگہاں | وہ | سانپ تھا | دوڑتا ہوا | کہا | پکڑ لے اس کو | اور | مت | ڈر | ابھی پھیر دیں گے ہم |

تو انہوں نے اس کو ڈال دیا اور وہ ناگہاں سانپ بن کر دوڑنے لگا ﴿٢٠﴾ اللہ نے فرمایا کہ اسے پکڑ لو اور ڈرنا مت۔ ہم اس کو ابھی اس

سِيْرَتَهَا الْاُوْلٰى ﴿٢١﴾ وَاضْمُمْ يَدَكَ اِلٰى جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سِيْرَتَهَا | الْاُوْلٰى | وَاضْمُمْ | يَدَكَ | اِلٰى | جَنَاحِكَ | تَخْرُجْ | بَيْضَآءَ |
| طرح اس کی | پہلی میں | اور ملا لے | ہاتھ اپنا | طرف | بازو اپنے کے | نکل آوے گا | سفید |

کی پہلی حالت میں لوٹا دیں گے ﴿٢١﴾ اور اپنا ہاتھ اپنی بغل سے لگا لو وہ کسی عیب (و بیماری) کے بغیر سفید (چمکتا دمکتا)

مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ اٰيَةً اُخْرٰى ﴿٢٢﴾ لِنُرِيَكَ مِنْ اٰيٰتِنَا الْكُبْرٰى ﴿٢٣﴾ اِذْهَبْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | غَيْرِ | سُوْٓءٍ | اٰيَةً | اُخْرٰى | لِنُرِيَكَ | مِنْ | اٰيٰتِنَا | الْكُبْرٰى | اِذْهَبْ |
| کسی | بغیر | برائی کے | نشانی | اور | تاکہ ہم دکھلائیں تجھ کو | سے | نشانیوں | بڑی | جا |

نکلے گا۔ (یہ) دوسری نشانی (ہے) ﴿٢٢﴾ تاکہ ہم تمہیں اپنے نشانات عظیم دکھائیں ﴿٢٣﴾ تم فرعون

اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿٢٤﴾ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِىْ صَدْرِىْ ﴿٢٥﴾ وَيَسِّرْ لِىْٓ ع ٢٤ ١٠

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰى | فِرْعَوْنَ | اِنَّهٗ | طَغٰى | قَالَ | رَبِّ | اشْرَحْ | لِىْ | صَدْرِىْ | وَ | يَسِّرْ لِىْٓ |
| طرف | فرعون کے | بیشک اس نے | سرکشی کی ہے | کہا | اے رب میرے | کھول دے | واسطے میرے | سینہ میرا | اور | آسان کر میرے لیے |

کے پاس جاؤ (کہ) وہ سرکش ہو رہا ہے ﴿٢٤﴾ کہا میرے پروردگار (اس کام کے لیے) میرا سینہ کھول دے ﴿٢٥﴾ اور میرا کام

اَمْرِىْ ﴿٢٦﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِىْ ﴿٢٧﴾ يَفْقَهُوْا قَوْلِىْ ﴿٢٨﴾ وَاجْعَلْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَمْرِىْ | وَ | احْلُلْ | عُقْدَةً | مِّنْ | لِّسَانِىْ | يَفْقَهُوْا | قَوْلِىْ | وَ | اجْعَلْ |
| کام میرا | اور | کھول دے | گرہ | سے | زبان میری | تاکہ سمجھیں | بات میری | اور | کر |

آسان کر دے ﴿٢٦﴾ اور میری زبان کی گرہ کھول دے ﴿٢٧﴾ تاکہ وہ میری بات سمجھ لیں ﴿٢٨﴾ اور میرے

لِّىْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِىْ ﴿٢٩﴾ هٰرُوْنَ اَخِى ﴿٣٠﴾ اشْدُدْ بِهٖٓ اَزْرِىْ ﴿٣١﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِّىْ | وَزِيْرًا | مِّنْ | اَهْلِىْ | هٰرُوْنَ | اَخِى | اشْدُدْ | بِهٖٓ | اَزْرِىْ |
| واسطے میرے | وزیر | سے | اہل میرے | ہارون | بھائی میرا | مضبوط کر | ساتھ اس کے | قوت میری |

گھر والوں میں سے (ایک کو) میرا وزیر (یعنی مددگار) مقرر فرما ﴿٢٩﴾ (یعنی) میرے بھائی ہارون کو ﴿٣٠﴾ اس سے میری قوت کو مضبوط کر ﴿٣١﴾

وَاَشْرِكْهُ فِىْٓ اَمْرِىْ ﴿٣٢﴾ كَىْ نُسَبِّحَكَ كَثِيْرًا ﴿٣٣﴾ وَّنَذْكُرَكَ كَثِيْرًا ﴿٣٤﴾ اِنَّكَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَشْرِكْهُ | فِىْٓ | اَمْرِىْ | كَىْ | نُسَبِّحَكَ | كَثِيْرًا | وَّ | نَذْكُرَكَ | كَثِيْرًا | اِنَّكَ |
| اور | شریک کر اسکو | بیچ | کام میرے کے | تاکہ | پاکی بیان کریں ہم تیری | کثرت سے | اور | یاد کریں تجھ کو ہم | بہت | بیشک تو |

اور اسے میرے کام میں شریک کر ﴿٣٢﴾ تاکہ ہم تیری بہت سی تسبیح کریں ﴿٣٣﴾ اور تجھے کثرت سے یاد کریں ﴿٣٤﴾ تو ہم کو

كُنْتَ بِنَا بَصِيْرًا ﴿٣٥﴾ قَالَ قَدْ اُوْتِيْتَ سُؤْلَكَ يٰمُوْسٰى ﴿٣٦﴾ وَلَقَدْ مَنَنَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُنْتَ | بِنَا | بَصِيْرًا | قَالَ | قَدْ | اُوْتِيْتَ | سُؤْلَكَ | يٰمُوْسٰى | وَلَقَدْ | مَنَنَّا |
| ہے تو | ہم کو | دیکھنے والا | کہا | تحقیق | دیا گیا تو | سوال اپنا | اے موسیٰ | اور البتہ تحقیق | احسان کیا تھا ہم نے |

(ہر حال میں) دیکھ رہا ہے ﴿٣٥﴾ فرمایا۔ موسیٰ تمہاری دعا قبول کی گئی ﴿٣٦﴾ اور ہم نے تم

عَلَيْكَ مَرَّةً اُخْرٰٓى ﴿٣٧﴾ اِذْ اَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّكَ مَا يُوْحٰٓى ﴿٣٨﴾ اَنِ اقْذِفِيْهِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْكَ | مَرَّةً | اُخْرٰٓى | اِذْ | اَوْحَيْنَآ | اِلٰٓى | اُمِّكَ | مَا | يُوْحٰٓى | اَنِ | اقْذِفِيْهِ |
| اوپر تیرے | ایک بار | اور | جس وقت | وحی ڈالی ہم نے | طرف | تیری ماں کی | وہ چیز جو کہ | وحی کی جاتی ہے | یہ کہ | ڈال دے اس کو |

پر ایک بار اور بھی احسان کیا تھا ﴿٣٧﴾ جب ہم نے تمہاری والدہ کو الہام کیا تھا جو تمہیں بتایا جاتا ہے ﴿٣٨﴾ (وہ یہ تھا) کہ

فِي التَّابُوْتِ فَاقْذِفِيْهِ فِي الْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَاْخُذْهُ عَدُوٌّ

| فِي | التَّابُوْتِ | فَاقْذِفِيْهِ | فِي | الْيَمِّ | فَلْيُلْقِهِ | الْيَمُّ | بِالسَّاحِلِ | يَاْخُذْهُ | عَدُوٌّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیچ | تابوت کے | پس ڈال اس کو | بیچ | دریا کے | پس چاہیے کہ ڈالدے اسکو | دریا | کنارے پر | لے لیوے اس کو | دشمن |

اسے (یعنی موسٰی کو) صندوق میں رکھو پھر اس (صندوق) کو دریا میں ڈال دو تو دریا اس کو کنارے پر ڈال دے گا (اور) میرا اور اس کا دشمن

لِّيْ وَعَدُوٌّ لَّهٗ ؕ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۚ۬ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ ﴿٣٩﴾ؕ

| لِّيْ | وَ | عَدُوٌّ | لَّهٗ | وَ | اَلْقَيْتُ | عَلَيْكَ | مَحَبَّةً | مِّنِّيْ | وَ | لِتُصْنَعَ | عَلٰى | عَيْنِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میرا | اور | دشمن | واسطے اسکے | اور | ڈال دی میں نے | اوپر تیرے | محبت | اپنی طرف سے | اور | تا کہ پرورش کیا جائے تو | اوپر | آنکھوں میرے کے |

اُسے اٹھالے گا اور (موسٰی) میں نے تم پر اپنی طرف سے محبت ڈال دی (اس لیے کہ تم پر مہربانی کی جائے) اور اس لیے کہ تم میرے سامنے پرورش پاؤ ﴿٣٩﴾

اِذْ تَمْشِيْٓ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى مَنْ يَّكْفُلُهٗ ؕ

| اِذْ | تَمْشِيْٓ | اُخْتُكَ | فَتَقُوْلُ | هَلْ | اَدُلُّكُمْ | عَلٰى | مَنْ | يَّكْفُلُهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جس وقت | چلتی تھی | بہن تیری | پس کہتی تھی | کیا | بتاؤں میں تم کو | اوپر | ایسے کے جو کہ | پالے اس کو |

جب تمہاری بہن (فرعون کے ہاں) گئی اور کہنے لگی کہ میں تمہیں ایسا شخص بتاؤں جو اس کو پالے۔

فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ؕ۬ وَقَتَلْتَ نَفْسًا

| فَرَجَعْنٰكَ | اِلٰٓى | اُمِّكَ | كَيْ | تَقَرَّ | عَيْنُهَا | وَ | لَا | تَحْزَنَ | وَ | قَتَلْتَ | نَفْسًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس پھیر لائے ہم تجھ کو | طرف | ماں تیری کے | تا کہ | ٹھنڈی ہوں | آنکھیں اسکی | اور | نہ | غم کھائے | اور | مارا تھا تو نے | ایک جی کو |

تو (اس طریق سے) ہم نے تم کو تمہاری ماں کے پاس پہنچا دیا تا کہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور وہ رنج نہ کریں اور تم نے ایک شخص کو مار ڈالا

فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۬ۚ فَلَبِثْتَ سِنِيْنَ فِيْٓ اَهْلِ

| فَنَجَّيْنٰكَ | مِنَ | الْغَمِّ | وَ | فَتَنّٰكَ | فُتُوْنًا | فَلَبِثْتَ | سِنِيْنَ | فِيْٓ | اَهْلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس نجات دی ہم نے تجھ کو | سے | غم | اور | آزمایا ہم نے تجھ کو | آزمانا | پس رہا تو | کئی برس | بیچ | لوگوں |

تو ہم نے تم کو غم سے مخلصی دی اور ہم نے تمہاری (کئی بار) آزمائش کی۔ پھر تم کئی سال اہل مدین میں ٹھیرے

مَدْيَنَ ۙ۬ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ يّٰمُوْسٰى ﴿٤٠﴾ وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِيْ ﴿٤١﴾ۚ

| مَدْيَنَ | ثُمَّ | جِئْتَ | عَلٰى | قَدَرٍ | يّٰمُوْسٰى | وَ | اصْطَنَعْتُكَ | لِنَفْسِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مدین کے | پھر | آیا تو | اوپر | اندازے کے | اے موسٰی | اور | پسند کر لیا میں نے تجھ کو | واسطے ذات اپنی کے |

رہے۔ پھر اے موسٰی تم (قابلیت رسالت کے) اندازے پر آ پہنچے ﴿٤٠﴾ اور میں نے تم کو اپنے (کام کے) لیے بنایا ہے ﴿٤١﴾

وقف لازم

اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ بِاٰيٰتِيْ وَلَا تَنِيَا فِيْ ذِكْرِيْ ﴿٤٢﴾ اِذْهَبَآ اِلٰى

| اِذْهَبْ | اَنْتَ | وَ | اَخُوْكَ | بِاٰيٰتِيْ | وَ | لَا | تَنِيَا | فِيْ | ذِكْرِيْ | اِذْهَبَآ | اِلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جا | تو | اور | تیرا بھائی | ساتھ نشانیوں میری کے | اور | مت | سستی کرو | بیچ | یاد میری کے | جاؤ تم دونوں | طرف |

تو تم اور تمہارا بھائی دونوں ہماری نشانیاں لے کر جاؤ اور میری یاد میں سستی نہ کرنا (٤٢) دونوں فرعون کے

فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿٤٣﴾ فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى ﴿٤٤﴾

| فِرْعَوْنَ | اِنَّهٗ | طَغٰى | فَقُوْلَا | لَهٗ | قَوْلًا | لَّيِّنًا | لَّعَلَّهٗ | يَتَذَكَّرُ | اَوْ | يَخْشٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فرعون کے | بیشک وہ | اس نے سرکشی کی | پس کہو | اس کو | بات | نرم | شاید وہ | نصیحت پکڑے | یا | ڈر جائے |

پاس جاؤ وہ سرکش ہو رہا ہے (٤٣) اور اس سے نرمی سے بات کرنا شاید وہ غور کرے یا ڈر جائے (٤٤)

قَالَا رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَآ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى ﴿٤٥﴾ قَالَ لَا تَخَافَآ

| قَالَا | رَبَّنَآ | اِنَّنَا | نَخَافُ | اَنْ | يَّفْرُطَ | عَلَيْنَآ | اَوْ | اَنْ | يَّطْغٰى | قَالَ | لَا | تَخَافَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہا دونوں نے | اے رب ہمارے | بیشک ہم | ڈرتے ہیں | یہ کہ | جلدی کرے وہ | اوپر ہمارے | یا | یہ کہ | سرکشی کرے | کہا | مت | ڈرو |

دونوں کہنے لگے کہ ہمارے پروردگار ہمیں خوف ہے کہ وہ ہم پر تعدی کرنے لگے یا زیادہ سرکش ہو جائے (٤٥) (اللہ نے) فرمایا کہ ڈرو

اِنَّنِيْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰى ﴿٤٦﴾ فَاْتِيٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ فَاَرْسِلْ

| اِنَّنِيْ | مَعَكُمَآ | اَسْمَعُ | وَاَرٰى | فَاْتِيٰهُ | فَقُوْلَآ | اِنَّا | رَسُوْلَا | رَبِّكَ | فَاَرْسِلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک میں ہوں | ساتھ تمہارے | سنتا ہوں | اور دیکھتا ہوں | پس جاؤ اسکے پاس | پس کہو | بیشک ہم دونوں | بھیجے ہوئے ہیں | رب تیرے کے | پس بھیج |

مت میں تمہارے ساتھ ہوں (اور) سنتا اور دیکھتا ہوں (٤٦) (اچھا) تو اس کے پاس جاؤ اور کہو کہ ہم آپ کے پروردگار کے بھیجے ہوئے

مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ۭ قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ ۭ

| مَعَنَا | بَنِيْٓ | اِسْرَآءِيْلَ | وَ | لَا | تُعَذِّبْهُمْ | قَدْ | جِئْنٰكَ | بِاٰيَةٍ | مِّنْ | رَّبِّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ ہمارے | بنی | اسرائیل کو | اور | مت | عذاب کر ان کو | تحقیق | ہم لائے ہیں تیرے پاس | نشانی | سے | رب تیرے |

ہیں۔ تو بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ جانے کی اجازت دیجیے اور انہیں عذاب نہ کیجیے۔ ہم آپ کے پاس آپ کے پروردگار کی طرف سے

وَالسَّلٰمُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى ﴿٤٧﴾ اِنَّا قَدْ اُوْحِيَ اِلَيْنَآ اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰى

| وَ | السَّلٰمُ | عَلٰى | مَنِ | اتَّبَعَ | الْهُدٰى | اِنَّا قَدْ | اُوْحِيَ | اِلَيْنَآ | اَنَّ | الْعَذَابَ | عَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | سلامتی ہے | اوپر | اس کے جو | پیروی کرے | ہدایت کی | تحقیق ہے | وحی کی گئی | طرف ہماری | یہ کہ | عذاب | اوپر |

نشانی لے کر آئے ہیں۔ اور جو ہدایت کی بات مانے اس کو سلامتی ہو (٤٧) ہماری طرف یہ وحی آئی ہے کہ جو جھٹلائے اور منہ پھیرے

مَنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿٤٨﴾ قَالَ فَمَنْ رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى ﴿٤٩﴾ قَالَ رَبُّنَا الَّذِیْٓ

| مَنْ | كَذَّبَ | وَ | تَوَلّٰى | قَالَ | فَمَنْ | رَّبُّكُمَا | يٰمُوْسٰى | قَالَ | رَبُّنَا | الَّذِیْٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسکے ہے جو | جھٹلائے | اور | منہ پھیرے | کہا | پس کون ہے | رب تمہارا | اے موسیٰ | کہا | رب ہمارا | وہ ہے جس نے |

اس کیلئے عذاب (تیار) ہے (٤٨) (غرض موسیٰ اور ہارون فرعون کے پاس گئے) اس نے کہا کہ موسیٰ تمہارا پروردگار کون ہے؟ (٤٩) کہا کہ

اَعْطٰى كُلَّ شَیْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰى ﴿٥٠﴾ قَالَ فَمَا بَالُ الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰى ﴿٥١﴾

| اَعْطٰى | كُلَّ | شَیْءٍ | خَلْقَهٗ | ثُمَّ | هَدٰى | قَالَ | فَمَا | بَالُ | الْقُرُوْنِ | الْاُوْلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دی | ہر | چیز کو | پیدائش | پھر | راہ دکھائی | کہا | پس کیا ہے | حال | قرنوں | پہلوں کا |

ہمارا پروردگار وہ ہے جس نے ہر چیز کو اس کی شکل وصورت بخشی پھر راہ دکھائی (٥٠) کہا تو پہلی جماعتوں کا کیا حال؟ (٥١)

قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّیْ فِیْ كِتٰبٍ ۚ لَا یَضِلُّ رَبِّیْ وَلَا یَنْسَى ﴿٥٢﴾ الَّذِیْ

| قَالَ | عِلْمُهَا | عِنْدَ | رَبِّیْ | فِیْ | كِتٰبٍ | لَا | یَضِلُّ | رَبِّیْ | وَ | لَا | یَنْسَى | الَّذِیْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہا | علم ان کا | نزدیک | رب میرے کے ہے | بیچ | کتاب کے | نہیں | بھٹک جاتا ہے | رب میرا | اور | نہ | بھول جاتا ہے | جس نے |

کہا کہ اُن کا علم میرے پروردگار کو ہے (جو) کتاب میں (لکھا ہوا ہے)۔ میرا پروردگار نہ چوکتا ہے نہ بھولتا ہے (٥٢) وہ (وہی تو

جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّسَلَكَ لَكُمْ فِیْهَا سُبُلًا وَّ اَنْزَلَ مِنَ

| جَعَلَ | لَكُمُ | الْاَرْضَ | مَهْدًا | وَّسَلَكَ | لَكُمْ | فِیْهَا | سُبُلًا | وَّ | اَنْزَلَ | مِنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا | واسطے تمہارے | زمین کو | بچھونا | اور بنائیں | واسطے تمہارے | بیچ اس کے | راہیں | اور | اتارا | سے |

ہے) جس نے تم لوگوں کے لیے زمین کو فرش بنایا اور اس میں تمہارے لیے رستے جاری کیے اور آسمان سے

السَّمَآءِ مَآءً ۗ فَاَخْرَجْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْ نَّبَاتٍ شَتّٰى ﴿٥٣﴾ كُلُوْا وَارْعَوْا

| السَّمَآءِ | مَآءً | فَاَخْرَجْنَا | بِهٖٓ | اَزْوَاجًا | مِّنْ | نَّبَاتٍ | شَتّٰى | كُلُوْا | وَارْعَوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمان | پانی | پس نکالے ہم نے | ساتھ اس کے | اقسام | سے | روئیدگی کے | مختلف | کھاؤ | اور چراؤ |

پانی برسایا۔ پھر اس سے انواع واقسام کی مختلف روئیدگیاں پیدا کیں (٥٣) (کہ خود بھی) کھاؤ اور اپنے چارپایوں کو

ع ٢ ٢٠ ١١ اَنْعَامَكُمْ ۗ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی النُّهٰى ﴿٥٤﴾ مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِیْهَا

| اَنْعَامَكُمْ | اِنَّ | فِیْ | ذٰلِكَ | لَاٰیٰتٍ | لِّاُولِی | النُّهٰى | مِنْهَا | خَلَقْنٰكُمْ | وَ | فِیْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چوپایوں اپنوں کو | بیشک | بیچ | اس کے | البتہ نشانیاں ہیں | واسطے صاحبوں | عقل کے | اسی سے | پیدا کیا ہم نے تم کو | اور | بیچ اس کے |

بھی چراؤ۔ بیشک ان (باتوں) میں عقل والوں کے لیے (بہت سی) نشانیاں ہیں (٥٤) اسی (زمین) سے ہم نے تم کو

نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى ﴿٥٥﴾ وَلَقَدْ اَرَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا كُلَّهَا

| نُعِيْدُكُمْ | وَ | مِنْهَا | نُخْرِجُكُمْ | تَارَةً | اُخْرٰى | وَ | لَقَدْ | اَرَيْنٰهُ | اٰيٰتِنَا | كُلَّهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دوبارہ لے جائینگے ہم تمکو | اور | اس میں سے | نکالیں گے ہم تم کو | ایک بار | اور | اور | البتہ تحقیق | دکھائیں ہم نے اسکو | نشانیاں اپنی | سب |

پیدا کیا اور اسی میں تمہیں لوٹائیں گے اور اسی سے دوسری دفعہ نکالیں گے ﴿٥٥﴾ اور ہم نے فرعون کو اپنی سب نشانیاں دکھائیں

فَكَذَّبَ وَاَبٰى ﴿٥٦﴾ قَالَ اَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ اَرْضِنَا بِسِحْرِكَ

| فَكَذَّبَ | وَاَبٰى | قَالَ | اَجِئْتَنَا | لِتُخْرِجَنَا | مِنْ | اَرْضِنَا | بِسِحْرِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس جھٹلایا | اور نہ مانا | کہا | کیا تو آیا ہے ہمارے پاس | تا کہ نکال دے ہم کو | سے | زمین ہماری | ساتھ اپنے جادو کے |

مگر وہ تکذیب اور انکار ہی کرتا رہا ﴿٥٦﴾ کہنے لگا کہ موسیٰ کیا تم ہمارے پاس اس لیے آئے ہو کہ اپنے جادو (کے زور) سے ہمیں

يٰمُوْسٰى ﴿٥٧﴾ فَلَنَاْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهٖ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا

| يٰمُوْسٰى | فَلَنَاْتِيَنَّكَ | بِسِحْرٍ | مِّثْلِهٖ | فَاجْعَلْ | بَيْنَنَا | وَبَيْنَكَ | مَوْعِدًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے موسیٰ | پس البتہ لائینگے ہم تیرے پاس | جادو | مانند اس کی | پس مقرر کر | درمیان ہمارے | اور درمیان اپنے | وعدہ گاہ |

ہمارے ملک سے نکال دو ﴿٥٧﴾ تو ہم بھی تمہارے مقابل ایسا ہی جادو لائیں گے تو ہمارے اور اپنے درمیان ایک وقت مقرر کرلو کہ نہ تو

لَّا نُخْلِفُهٗ نَحْنُ وَلَآ اَنْتَ مَكَانًا سُوًى ﴿٥٨﴾ قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّيْنَةِ

| لَّا | نُخْلِفُهٗ | نَحْنُ | وَ | لَآ | اَنْتَ | مَكَانًا | سُوًى | قَالَ | مَوْعِدُكُمْ | يَوْمُ | الزِّيْنَةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہ نہ | خلاف کریں اسکا ہم | ہم | اور | نہ | تو | مکان | ہموار | کہا | وعدہ گاہ تمہارا | دن | زینت کا ہے |

ہم اس کے خلاف کریں اور نہ تم (اور یہ مقابلہ) ایک ہموار میدان میں (ہوگا) ﴿٥٨﴾ (موسیٰ نے) کہا کہ آپ کے لیے یوم زینت کا وعدہ ہے

وَاَنْ يُّحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ﴿٥٩﴾ فَتَوَلّٰى فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهٗ ثُمَّ

| وَ | اَنْ | يُّحْشَرَ | النَّاسُ | ضُحًى | فَتَوَلّٰى | فِرْعَوْنُ | فَجَمَعَ | كَيْدَهٗ | ثُمَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | یہ کہ | اکٹھے کیے جائینگے | لوگ | دن چڑھے | پس پھر گیا | فرعون | پس جمع کیا | مکر اپنا | پھر |

اور یہ کہ لوگ اس دن چاشت کے وقت اکٹھے ہو جائیں ﴿٥٩﴾ تو فرعون لوٹ گیا اور اپنے سامان جمع کر کے پھر

اَتٰى ﴿٦٠﴾ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰى وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ

| اَتٰى | قَالَ | لَهُمْ | مُّوْسٰى | وَيْلَكُمْ | لَا | تَفْتَرُوْا | عَلَى | اللّٰهِ | كَذِبًا | فَيُسْحِتَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آیا | کہا | واسطے ان کے | موسیٰ نے | اے وائے | مت | باندھ لو | اوپر | اللہ کے | جھوٹ | پس فنا کردے گا تم کو |

آیا ﴿٦٠﴾ موسیٰ نے اُن (جادوگروں) سے کہا کہ ہائے تمہاری کم بختی اللہ پر جھوٹ افتراء نہ کرو کہ وہ تمہیں عذاب سے

بِعَذَابٍ ۚ وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرٰى ﴿٦١﴾ فَتَنَازَعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ

| بِعَذَابٍ | وَ | قَدْ | خَابَ | مَنِ | افْتَرٰى | فَتَنَازَعُوْٓا | اَمْرَهُمْ | بَيْنَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ عذاب کے | اور | تحقیق | نامراد ہوا | جس نے | جھوٹ باندھا | پس جھگڑنے لگے | کام اپنے میں | درمیان اپنے |

فنا کردے گا۔ اور جس نے افتراء کیا وہ نامراد رہا ﴿۶۱﴾ تو وہ باہم اپنے معاملے میں جھگڑنے

وَاَسَرُّوا النَّجْوٰى ﴿٦٢﴾ قَالُوْٓا اِنْ هٰذٰنِ لَسٰحِرٰنِ يُرِيْدٰنِ اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ

| وَ | اَسَرُّوا | النَّجْوٰى | قَالُوْٓا | اِنْ | هٰذٰنِ | لَسٰحِرٰنِ | يُرِيْدٰنِ | اَنْ | يُّخْرِجٰكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | چھپایا | مصلحت کو | کہا انہوں نے | تحقیق | یہ دونوں | البتہ جادوگر ہیں | چاہتے ہیں | یہ کہ | نکال دیں تم کو |

اور چپکے چپکے سرگوشی کرنے لگے ﴿۶۲﴾ کہنے لگے یہ دونوں جادوگر ہیں چاہتے ہیں کہ اپنے جادو (کے زور) سے تم

مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ الْمُثْلٰى ﴿٦٣﴾ فَاَجْمِعُوْا

| مِّنْ | اَرْضِكُمْ | بِسِحْرِهِمَا | وَ | يَذْهَبَا | بِطَرِيْقَتِكُمُ | الْمُثْلٰى | فَاَجْمِعُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | زمین تمہاری | ساتھ جادو اپنے کے | اور | لے جائیں | راہ تمہاری | بہتر کو | پس جمع کرو |

کو تمہارے ملک سے نکال دیں اور تمہارے شائستہ مذہب کو نابود کردیں ﴿۶۳﴾ تو تم (جادو کا)

كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا ۚ وَقَدْ اَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلٰى ﴿٦٤﴾ قَالُوْا

| كَيْدَكُمْ | ثُمَّ | ائْتُوْا | صَفًّا | وَ | قَدْ | اَفْلَحَ | الْيَوْمَ | مَنِ | اسْتَعْلٰى | قَالُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مکر اپنا | پھر | آؤ | صف باندھ کر | اور | تحقیق | فلاح پائی | آج کے دن | اس نے کہ | غالب آیا | کہا انہوں نے |

سامان اکٹھا کرلو اور پھر قطار باندھ کر آؤ۔ آج جو غالب رہا وہی کامیاب ہوا ﴿۶۴﴾ بولے کہ

يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَلْقٰى ﴿٦٥﴾ قَالَ بَلْ

| يٰمُوْسٰٓى | اِمَّآ | اَنْ | تُلْقِيَ | وَ | اِمَّآ | اَنْ | نَّكُوْنَ | اَوَّلَ | مَنْ | اَلْقٰى | قَالَ | بَلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے موسیٰ | یا | یہ کہ | تو ڈال دے | اور | یا | یہ کہ | ہم ہوں | پہلے | جو کہ | ڈالے | کہا | بلکہ |

موسیٰ یا تو تم (اپنی چیز) ڈالو یا ہم (اپنی چیزیں) پہلے ڈالتے ہیں ﴿۶۵﴾ موسیٰ نے کہا نہیں

اَلْقُوْا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ اَنَّهَا

| اَلْقُوْا | فَاِذَا | حِبَالُهُمْ | وَ | عِصِيُّهُمْ | يُخَيَّلُ | اِلَيْهِ | مِنْ | سِحْرِهِمْ | اَنَّهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہیں ڈالو | پس جب ناگہاں | رسیاں ان کی | اور | لاٹھیاں ان کی | خیال بندھا تھا | طرف اس کی | سے | جادو ان کے | یہ کہ وہ |

تم ہی ڈالو (جب انہوں نے چیزیں ڈالیں) تو ناگہاں اُن کی رسیاں اور لاٹھیاں موسیٰ کے خیال میں ایسی آنے لگیں کہ وہ (میدان میں

تَسْعٰى (٦٦) فَاَوْجَسَ فِيْ نَفْسِهٖ خِيْفَةً مُّوْسٰى (٦٧) قُلْنَا لَا تَخَفْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَسْعٰى | فَاَوْجَسَ | فِيْ | نَفْسِهٖ | خِيْفَةً | مُّوْسٰى | قُلْنَا | لَا | تَخَفْ |
| وہ دوڑتے ہیں | پس چھپایا | بیچ | جی اپنے کے | ڈر | موسٰی نے | کہا ہم نے | مت | ڈر |

اِدھر اُدھر) دوڑ رہی ہیں (٦٦) (اُس وقت) موسٰی نے اپنے دل میں خوف معلوم کیا (٦٧) ہم نے کہا خوف نہ کرو

اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى (٦٨) وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ؕ اِنَّمَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّكَ | اَنْتَ | الْاَعْلٰى | وَ | اَلْقِ | مَا | فِيْ | يَمِيْنِكَ | تَلْقَفْ | مَا | صَنَعُوْا | اِنَّمَا |
| بیشک تو ہے | تو ہی | غالب | اور | ڈال | جو | بیچ | داہنے ہاتھ تیرے کے ہے | نگل جائیگا | اس چیز کو کہ | بنایا ہے انہوں نے | بیشک جو کچھ کہ ہے |

بلاشبہ تم ہی غالب ہو (٦٨) اور جو چیز (یعنی لاٹھی) تمہارے داہنے ہاتھ میں ہے اسے ڈال دو کہ جو کچھ انہوں نے بنایا ہے اس کو نگل جائے گی۔

صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى (٦٩) فَاُلْقِيَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صَنَعُوْا | كَيْدُ | سٰحِرٍ | وَ | لَا | يُفْلِحُ | السّٰحِرُ | حَيْثُ | اَتٰى | فَاُلْقِيَ |
| بنایا ہوا ان کا | مکر | جادوگر کا ہے | اور | نہیں | فلاح پاتا | جادوگر | جہاں | آتا ہے | پس گر پڑے |

جو کچھ انہوں نے بنایا ہے (یہ تو) جادوگروں کے ہتھکنڈے ہیں۔ اور جادوگر جہاں جائے فلاح نہیں پائے گا (٦٩) (القصہ یوں ہی ہوا)

السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى (٧٠) قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّحَرَةُ | سُجَّدًا | قَالُوْٓا | اٰمَنَّا | بِرَبِّ | هٰرُوْنَ | وَ | مُوْسٰى | قَالَ | اٰمَنْتُمْ | لَهٗ |
| جادوگر | سجدہ کرتے ہوئے | کہنے لگے | ایمان لائے ہم | ساتھ رب | ہارون کے | اور | موسٰی کے | کہا | ایمان لائے تم | واسطے اسکے |

تو جادوگر سجدے میں گر پڑے (اور) کہنے لگے کہ ہم ہارون اور موسٰی کے پروردگار پر ایمان لائے (٧٠) (فرعون) بولا کہ پیشتر اس کے کہ

قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ؕ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَاُقَطِّعَنَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَبْلَ | اَنْ | اٰذَنَ | لَكُمْ | اِنَّهٗ | لَكَبِيْرُكُمُ | الَّذِيْ | عَلَّمَكُمُ | السِّحْرَ | فَلَاُقَطِّعَنَّ |
| پہلے اس سے | کہ | حکم دوں میں | تم کو | بیشک وہ | البتہ بڑا تمہارا ہے | جس نے | سکھایا تم کو | جادو | پس البتہ کاٹوں گا میں |

میں تمہیں اجازت دوں تم اس پر ایمان لے آئے۔ بیشک وہ تمہارا بڑا (یعنی اُستاد) ہے جس نے تم کو جادو سکھایا ہے۔ سو میں

اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ وَّلَاُوصَلِّبَنَّكُمْ فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ ز

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَيْدِيَكُمْ | وَ | اَرْجُلَكُمْ | مِّنْ | خِلَافٍ | وَّ | لَاُوصَلِّبَنَّكُمْ | فِيْ | جُذُوْعِ | النَّخْلِ |
| ہاتھوں تمہارے کو | اور | پاؤں تمہارے کو | سے | خلاف | اور | البتہ سولی دوں گا میں تم کو | بیچ | تنوں | کھجوروں کے |

تمہارے ہاتھ اور پاؤں (جانبِ) خلاف سے کٹوا دوں گا اور کھجور کے تنوں پر سُولی چڑھوا دوں گا

وَلَتَعْلَمُنَّ اَيُّنَآ اَشَدُّ عَذَابًا وَّاَبْقٰى ﴿٧١﴾ قَالُوْا لَنْ نُّؤْثِرَكَ عَلٰى مَا جَآءَنَا

| وَ | لَتَعْلَمُنَّ | اَيُّنَآ | اَشَدُّ | عَذَابًا | وَّ | اَبْقٰى | قَالُوْا | لَنْ | نُّؤْثِرَكَ | عَلٰى | مَا | جَآءَنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | البتہ جانو گے | کونسا ہم میں | سخت ہے | عذاب میں | اور | بہت باقی رہنے والا | کہا انہوں نے | ہرگز نہ | اختیار کریں گے ہم تجھ کو | اوپر | اس چیز کے کہ | آئی ہے ہمارے پاس |

(اس وقت) تم کو معلوم ہوگا کہ ہم میں سے کس کا عذاب زیادہ سخت اور دیر تک رہنے والا ہے ﴿٧١﴾ اُنہوں نے کہا کہ جو دلائل ہمارے پاس آ گئے

مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالَّذِيْ فَطَرَنَا فَاقْضِ مَآ اَنْتَ قَاضٍ ؕ اِنَّمَا تَقْضِيْ

| مِنَ | الْبَيِّنٰتِ | وَ | الَّذِيْ | فَطَرَنَا | فَاقْضِ | مَآ | اَنْتَ | قَاضٍ | اِنَّمَا | تَقْضِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | دلیلوں | اور | وہ جس نے | پیدا کیا ہم کو | پس حکم کر | جو کچھ | تو | حکم کرنیوالا ہے | سوائے اسکے نہیں کہ | حکم کریگا تو |

ہیں اُن پر اور جس نے ہم کو پیدا کیا ہے اُس پر ہم آپ کو ہرگز ترجیح نہیں دیں گے۔ تو آپ کو جو حکم دینا ہو دے دیجئے اور آپ (جو) حکم دے سکتے ہیں

هٰذِهِ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿٧٢﴾ اِنَّآ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا خَطٰيٰنَا وَمَآ اَكْرَهْتَنَا

| هٰذِهِ | الْحَيٰوةَ | الدُّنْيَا | اِنَّآ | اٰمَنَّا | بِرَبِّنَا | لِيَغْفِرَ لَنَا | خَطٰيٰنَا | وَ | مَآ | اَكْرَهْتَنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیچ اس | زندگانی | دنیا کے | بیشک | ہم ایمان لائے | ساتھ رب اپنے کے | تاکہ بخشے واسطے ہمارے | گناہ ہمارے | اور | وہ چیز کہ | زبردستی کی تو نے ہم کو |

وہ صرف اسی دنیا کی زندگی میں (دے سکتے ہیں) ﴿٧٢﴾ ہم اپنے پروردگار پر ایمان لے آئے تاکہ وہ ہمارے گناہوں کو معاف کرے اور (اُسے بھی)

الثلثة

عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿٧٣﴾ اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ

| عَلَيْهِ | مِنَ | السِّحْرِ | وَاللّٰهُ | خَيْرٌ | وَّاَبْقٰى | اِنَّهٗ | مَنْ | يَّاْتِ | رَبَّهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر اس کے | سے | جادو | اور اللہ | بہتر ہے | اور بہت باقی رہنے والا | بیشک یہ ہے کہ | جو کوئی | آئے | رب اپنے کے پاس |

جو آپ نے ہم سے زبردستی جادو کرایا اور اللہ بہتر اور باقی رہنے والا ہے ﴿٧٣﴾ جو شخص اپنے پروردگار

مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ؕ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ﴿٧٤﴾ وَمَنْ يَّاْتِهٖ

| مُجْرِمًا | فَاِنَّ | لَهٗ | جَهَنَّمَ | لَا | يَمُوْتُ | فِيْهَا | وَ | لَا | يَحْيٰى | وَ | مَنْ | يَّاْتِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گنہگار ہو کر | پس بیشک | واسطے اسکے ہے | دوزخ | نہ | مرے گا | بیچ اس کے | اور | نہ | جیئے گا | اور | جو کوئی آئے | اسکے پاس |

کے پاس گنہگار ہو کر آئے گا تو اس کے لیے جہنم ہے جس میں نہ مرے گا نہ جیے گا ﴿٧٤﴾ اور جو اس کے روبرو

مُؤْمِنًا قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى ﴿٧٥﴾ لا

| مُؤْمِنًا | قَدْ | عَمِلَ | الصّٰلِحٰتِ | فَاُولٰٓئِكَ | لَهُمُ | الدَّرَجٰتُ | الْعُلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان والا ہو کر | تحقیق | عمل کیے ہوں | اچھے | پس یہ لوگ | واسطے | ان کے درجے ہیں | بلند |

ایماندار ہو کر آئے گا اور عمل بھی نیک کیے ہوں گے تو ایسے لوگوں کے لیے اونچے اونچے درجے ہیں ﴿٧٥﴾

**جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ۭ وَذٰلِكَ**

| جَنّٰتُ | عَدْنٍ | تَجْرِیْ | مِنْ | تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | خٰلِدِیْنَ | فِیْهَا | وَذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہشتیں | ہمیش رہنے کی | چلتی ہیں | سے | نیچے ان کے | نہریں | ہمیش رہنے والے | بیچ اس کے | اور یہی ہے |

(یعنی) ہمیشہ رہنے کے باغ جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں۔ ہمیشہ ان میں رہیں گے اور یہ اس

**جَزٰۗؤُا مَنْ تَزَكّٰى ﴿۷۶﴾ وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى ڏ اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْ** ع ۲۲ ۱۲

| جَزٰۗؤُا | مَنْ | تَزَكّٰى | وَ | لَقَدْ | اَوْحَيْنَآ | اِلٰى | مُوْسٰى | اَنْ | اَسْرِ | بِعِبَادِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بدلہ | اس شخص کا کہ | پاک ہوا | اور | البتہ تحقیق | وحی کی ہم نے | طرف | موسیٰ کی | یہ کہ | رات کو لے چل | بندوں میرے کو |

شخص کا بدلہ ہے جو پاک ہوا ﴿۷۶﴾ اور ہم نے موسیٰ کی طرف وحی بھیجی کہ ہمارے بندوں کو راتوں رات نکال لے جاؤ پھر

**فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا ۙ لَّا تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى ﴿۷۷﴾**

| فَاضْرِبْ | لَهُمْ | طَرِيْقًا | فِي | الْبَحْرِ | يَبَسًا | لَّا | تَخٰفُ | دَرَكًا | وَّ | لَا | تَخْشٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس مار | واسطے ان کے | راہ | بیچ | دریا کے | خشک | نہ | ڈرے گا تو | پالینے سے | اور | نہ | خطرہ کرے گا |

اُن کے لیے دریا میں (لاٹھی مار کر) خشک رستہ بنا دو۔ پھر تم کو نہ تو (فرعون کے) آ پکڑنے کا خوف ہوگا اور نہ (غرق ہونے کا) ڈر ﴿۷۷﴾

**فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ ﴿۷۸﴾ ۭ**

| فَاَتْبَعَهُمْ | فِرْعَوْنُ | بِجُنُوْدِهٖ | فَغَشِيَهُمْ | مِّنَ | الْيَمِّ | مَا | غَشِيَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس پیچھے لگا ان کے | فرعون | ساتھ لشکروں اپنے کے | پس ڈھانک لیا ان کو | سے | دریا میں | اس چیز نے کہ | ڈھانک لیا ان کو |

پھر فرعون نے اپنے لشکر کے ساتھ اُن کا تعاقب کیا تو دریا (کی موجوں) نے اُن پر چڑھ کر انہیں ڈھانک لیا (یعنی ڈبو دیا) ﴿۷۸﴾

**وَاَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ وَمَا هَدٰى ﴿۷۹﴾ يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ قَدْ اَنْجَيْنٰكُمْ**

| وَ | اَضَلَّ | فِرْعَوْنُ | قَوْمَهٗ | وَ | مَا | هَدٰى | يٰبَنِيْٓ | اِسْرَاۗءِيْلَ | قَدْ | اَنْجَيْنٰكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | گمراہ کیا | فرعون نے | اپنی قوم کو | اور | نہ | راہ دکھائی | اے بنی | اسرائیل | تحقیق | نجات دی ہم نے تم کو |

اور فرعون نے اپنی قوم کو گمراہ کر دیا اور سیدھے رستے پر نہ ڈالا ﴿۷۹﴾ اے آلِ یعقوب ہم نے تم کو تمہارے

**مِّنْ عَدُوِّكُمْ وَوٰعَدْنٰكُمْ جَانِبَ الطُّوْرِ الْاَيْمَنَ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ**

| مِّنْ | عَدُوِّكُمْ | وَوٰعَدْنٰكُمْ | جَانِبَ | الطُّوْرِ | الْاَيْمَنَ | وَ | نَزَّلْنَا | عَلَيْكُمُ | الْمَنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | دشمن تمہارے | اور وعدہ کیا ہم نے تم کو | کنارے | طور | برکت والے کے | اور | اتارا ہم نے | اوپر تمہارے | من |

دشمن سے نجات دی اور تورات دینے کے لیے تم سے کوہِ طور کی داہنی طرف مقرر کی اور تم پر من اور سلویٰ

وَالسَّلْوٰى ﴿٨٠﴾ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيْهِ فَيَحِلَّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالسَّلْوٰى | كُلُوْا | مِنْ | طَيِّبٰتِ | مَا | رَزَقْنٰكُمْ | وَ | لَا | تَطْغَوْا | فِيْهِ | فَيَحِلَّ |
| اور سلوٰی | کھاؤ | سے | پاکیزہ چیزوں | جو کہ | دی ہے ہم نے تم کو | اور | مت | سرکشی کرو | بیچ اس کے | پس اترے گا |

نازل کیا ﴿٨٠﴾ (اور حکم دیا کہ) جو پاکیزہ چیزیں ہم نے تم کو دی ہیں ان کو کھاؤ اور اس میں حد سے نہ نکلنا ورنہ

عَلَيْكُمْ غَضَبِيْ ۚ وَمَنْ يَّحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِيْ فَقَدْ هَوٰى ﴿٨١﴾ وَاِنِّيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْكُمْ | غَضَبِيْ | وَ | مَنْ | يَّحْلِلْ | عَلَيْهِ | غَضَبِيْ | فَقَدْ | هَوٰى | وَ | اِنِّيْ |
| اوپر تمہارے | غصہ میرا | اور | جو کوئی کہ | اترے | اوپر اس کے | غصہ میرا | پس تحقیق | گرا وہ | اور | بیشک میں |

تم پر میرا غضب نازل ہوگا۔ اور جس پر میرا عذاب نازل ہوا وہ ہلاک ہوگیا ﴿٨١﴾ اور جو

لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰى ﴿٨٢﴾ وَمَآ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَغَفَّارٌ | لِّمَنْ | تَابَ | وَاٰمَنَ | وَعَمِلَ | صَالِحًا | ثُمَّ | اهْتَدٰى | وَ | مَآ |
| البتہ بخشنے والا ہوں | واسطے اسکے | جو کہ توبہ کرے | اور ایمان لائے | اور کام کرے | اچھے | پھر | راہ پر رہے | اور | کیوں |

توبہ کرے اور ایمان لائے اور عمل نیک کرے پھر سیدھے رستے پر چلے اس کو میں بخش دینے والا ہوں ﴿٨٢﴾ اور

اَعْجَلَكَ عَنْ قَوْمِكَ يٰمُوْسٰى ﴿٨٣﴾ قَالَ هُمْ اُولَآءِ عَلٰٓى اَثَرِيْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَعْجَلَكَ | عَنْ | قَوْمِكَ | يٰمُوْسٰى | قَالَ | هُمْ | اُولَآءِ | عَلٰٓى | اَثَرِيْ |
| جلدی کی تو نے | سے | قوم تیری | اے موسٰی | کہا | وہ | یہ ہیں | اوپر | نقش قدم میرے کے |

اے موسٰی تم نے اپنی قوم سے (آگے چلے آنے میں) کیوں جلدی کی؟ ﴿٨٣﴾ کہا وہ میرے پیچھے (آرہے) ہیں اور اے میرے

وَعَجِلْتُ اِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضٰى ﴿٨٤﴾ قَالَ فَاِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَكَ مِنْۢ بَعْدِكَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | عَجِلْتُ | اِلَيْكَ | رَبِّ | لِتَرْضٰى | قَالَ | فَاِنَّا | قَدْ | فَتَنَّا | قَوْمَكَ | مِنْۢ بَعْدِكَ |
| اور | جلد آیا میں | طرف تیری | اے میرے رب | تاکہ تو راضی ہو | کہا | پس ہم نے | تحقیق | آزمائش کی ہے ہم نے | تیری قوم کی | تیرے پیچھے |

پروردگار میں نے تیری طرف (آنے کی) جلدی اس لیے کی کہ تو خوش ہو ﴿٨٤﴾ فرمایا کہ ہم نے تمہاری قوم کو تمہارے بعد آزمائش

وَاَضَلَّهُمُ السَّامِرِيُّ ﴿٨٥﴾ فَرَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۚ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَضَلَّهُمُ | السَّامِرِيُّ | فَرَجَعَ | مُوْسٰٓى | اِلٰى | قَوْمِهٖ | غَضْبَانَ | اَسِفًا |
| اور | بہکا دیا ان کو | سامری نے | پس پھر آیا | موسٰی | طرف | اپنی قوم کے | غصے میں | غمگین |

میں ڈال دیا ہے اور سامری نے اُن کو بہکا دیا ہے ﴿٨٥﴾ اور موسٰی غصے اور غم کی حالت میں اپنی قوم کے پاس واپس آئے (اور)

قَالَ يٰقَوْمِ اَلَمْ يَعِدْكُمْ رَبُّكُمْ وَعْدًا حَسَنًا ۥ اَفَطَالَ عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ اَمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | يٰقَوْمِ | اَلَمْ | يَعِدْكُمْ | رَبُّكُمْ | وَعْدًا | حَسَنًا | اَفَطَالَ | عَلَيْكُمُ | الْعَهْدُ | اَمْ |
| کہا | اے قوم میری | کیا نہ | وعدہ دیا تھا تم کو | رب تمہارے نے | وعدہ | اچھا | کیا پس لمبا ہوا | اوپر تمہارے | وقت | یا |

کہنے لگے کہ اے قوم کیا تمہارے پروردگار نے تم سے اچھا وعدہ نہیں کیا تھا؟ کیا (میری جدائی کی) مدت تمہیں دراز (معلوم) ہوئی یا

اَرَدْتُّمْ اَنْ يَّحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَخْلَفْتُمْ مَّوْعِدِيْ ﴿٨٦﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَرَدْتُّمْ | اَنْ | يَّحِلَّ | عَلَيْكُمْ | غَضَبٌ | مِّنْ | رَّبِّكُمْ | فَاَخْلَفْتُمْ | مَّوْعِدِيْ |
| ارادہ کیا تم نے | یہ کہ | اتر آئے | اوپر تمہارے | غصہ | سے | پروردگار تمہارے کے | پس خلاف کیا تم نے | وعدے میرے کو |

تم نے چاہا کہ تم پر تمہارے پروردگار کی طرف سے غضب نازل ہو۔ اس لیے تم نے مجھ سے جو وعدہ (کیا تھا اس کے) خلاف کیا ﴿٨٦﴾

قَالُوْا مَآ اَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا وَلٰكِنَّا حُمِّلْنَآ اَوْزَارًا مِّنْ زِيْنَةِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوْا | مَآ | اَخْلَفْنَا | مَوْعِدَكَ | بِمَلْكِنَا | وَ | لٰكِنَّا | حُمِّلْنَآ | اَوْزَارًا | مِّنْ | زِيْنَةِ |
| کہا انہوں نے | نہیں | خلاف کیا ہم نے | وعدے تیرے کو | ساتھ اختیار اپنے کے | اور | لیکن | اٹھوائے گئے تھے ہم | گٹھوں | سے | زیور کے |

وہ کہنے لگے کہ ہم نے اپنے اختیار سے تم سے وعدہ خلاف نہیں کیا بلکہ ہم لوگوں کے زیوروں کا بوجھ اٹھائے ہوئے تھے۔ پھر ہم

الْقَوْمِ فَقَذَفْنٰهَا فَكَذٰلِكَ اَلْقَى السَّامِرِيُّ ﴿٨٧﴾ فَاَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقَوْمِ | فَقَذَفْنٰهَا | فَكَذٰلِكَ | اَلْقَى | السَّامِرِيُّ | فَاَخْرَجَ | لَهُمْ | عِجْلًا |
| قوم فرعون کے | پس پھینک دیا ہم نے اسکو | پس اسی طرح | ڈالا | سامری نے | پس نکالا | واسطے ان کے | بچہ گائے کا |

نے اُس کو (آگ میں) ڈال دیا اور اسی طرح سامری نے ڈال دیا ﴿٨٧﴾ تو اس نے اُن کے لیے ایک بچھڑا بنا دیا (یعنی

جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ فَقَالُوْا هٰذَآ اِلٰهُكُمْ وَاِلٰهُ مُوْسٰى ۥ فَنَسِيَ ﴿٨٨﴾ اَفَلَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَسَدًا | لَّهٗ | خُوَارٌ | فَقَالُوْا | هٰذَآ | اِلٰهُكُمْ | وَ | اِلٰهُ | مُوْسٰى | فَنَسِيَ | اَفَلَا |
| ایک بدن ہے | واسطے اسکے | آواز ہے گائے کی | پس کہا انہوں نے | یہ ہے | معبود تمہارا | اور | معبود | موسیٰ کا | پس بھول گیا موسیٰ | کیا پس نہیں |

اس کا) قالب جس کی آواز گائے کی سی تھی۔ تو لوگ کہنے لگے کہ یہی تمہارا معبود ہے اور یہی موسیٰ کا معبود ہے مگر وہ بھول گئے ہیں ﴿٨٨﴾ کیا یہ

ع ١٣ ١٤ يَرَوْنَ اَلَّا يَرْجِعُ اِلَيْهِمْ قَوْلًا ۥ وَّلَا يَمْلِكُ لَهُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ﴿٨٩﴾ وَلَقَدْ

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَرَوْنَ | اَلَّا | يَرْجِعُ | اِلَيْهِمْ | قَوْلًا | وَّ | لَا | يَمْلِكُ | لَهُمْ | ضَرًّا | وَّ | لَا | نَفْعًا | وَ | لَقَدْ |
| دیکھا انہوں نے | کہ نہیں | پھیرتا | طرف ان کی | جواب | اور | نہیں | اختیار رکھتا | واسطے انکے | برے کا | اور | نہ | بھلے کا | اور | البتہ تحقیق |

لوگ نہیں دیکھتے کہ وہ ان کی کسی بات کا جواب نہیں دیتا اور نہ اُن کے نقصان اور نفع کا کچھ اختیار رکھتا ہے ﴿٨٩﴾ اور ہارون

قَالَ لَهُمْ هٰرُوْنُ مِنْ قَبْلُ يٰقَوْمِ اِنَّمَا فُتِنْتُمْ بِهٖ ۚ وَاِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحْمٰنُ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | لَهُمْ | هٰرُوْنُ | مِنْ | قَبْلُ | يٰقَوْمِ | اِنَّمَا | فُتِنْتُمْ | بِهٖ | وَ | اِنَّ | رَبَّكُمُ | الرَّحْمٰنُ |
| کہا | واسطے انکے | ہارون نے | سے | پہلے اس | اے قوم میری | سوائے اسکے نہیں کہ | آزمائے گئے ہو تم | ساتھ اسکے | اور | بیشک | رب تمہارا | رحمٰن ہے |

نے ان سے پہلے ہی کہہ دیا تھا کہ لوگو اس سے صرف تمہاری آزمائش کی گئی ہے۔ اور تمہارا پروردگار تو اللہ ہے

فَاتَّبِعُوْنِيْ وَاَطِيْعُوْٓا اَمْرِيْ ﴿٩٠﴾ قَالُوْا لَنْ نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عٰكِفِيْنَ حَتّٰى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاتَّبِعُوْنِيْ | وَاَطِيْعُوْٓا | اَمْرِيْ | قَالُوْا | لَنْ نَّبْرَحَ | عَلَيْهِ | عٰكِفِيْنَ | حَتّٰى |
| پس پیروی کرو میری | اور مانو | حکم میرا | کہا انہوں نے | ہمیشہ ہم رہیں گے | اوپر اس کے | معتکف | یہاں تک کہ |

تو میری پیروی کرو اور میرا کہا مانو ﴿٩٠﴾ وہ کہنے لگے کہ جب تک موسٰی ہمارے پاس واپس نہ آئیں ہم تو

يَرْجِعَ اِلَيْنَا مُوْسٰى ﴿٩١﴾ قَالَ يٰهٰرُوْنُ مَا مَنَعَكَ اِذْ رَاَيْتَهُمْ ضَلُّوْٓا ﴿٩٢﴾ لا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَرْجِعَ | اِلَيْنَا | مُوْسٰى | قَالَ | يٰهٰرُوْنُ | مَا | مَنَعَكَ | اِذْ | رَاَيْتَهُمْ | ضَلُّوْٓا |
| پھر آئے | طرف ہماری | موسٰی | کہا | اے ہارون | کس چیز نے | منع کیا تجھ کو | جس وقت | دیکھا تو نے ان کو | گمراہ ہوئے |

اس (کی پوجا) پر قائم رہیں گے ﴿٩١﴾ (پھر موسٰی نے ہارون سے) کہا کہ ہارون جب تم نے ان کو دیکھا تھا کہ گمراہ ہو گئے ہیں تو تم کو کس چیز نے روکا ﴿٩٢﴾

اَلَّا تَتَّبِعَنِ ۭ اَفَعَصَيْتَ اَمْرِيْ ﴿٩٣﴾ قَالَ يَبْنَؤُمَّ لَا تَاْخُذْ بِلِحْيَتِيْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلَّا | تَتَّبِعَنِ | اَفَعَصَيْتَ | اَمْرِيْ | قَالَ | يَبْنَؤُمَّ | لَا | تَاْخُذْ | بِلِحْيَتِيْ |
| اس سے کہ نہ | پیروی کرے میری | کیا نافرمانی کی تو نے | حکم میرے کی | کہا | اے بیٹے میری ماں کے | مت | پکڑ | ڈاڑھی میری |

(یعنی) اس بات سے کہ تم میرے پیچھے چلے آؤ بھلا تم نے میرے حکم کے خلاف (کیوں) کیا؟ ﴿٩٣﴾ کہنے لگے کہ بھائی میری ڈاڑھی

وَلَا بِرَاْسِيْ ۚ اِنِّيْ خَشِيْتُ اَنْ تَقُوْلَ فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَلَمْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | بِرَاْسِيْ | اِنِّيْ | خَشِيْتُ | اَنْ | تَقُوْلَ | فَرَّقْتَ | بَيْنَ | بَنِيْٓ | اِسْرَآءِيْلَ | وَ | لَمْ |
| اور | نہ | سر میرا | بیشک میں | ڈرا | یہ کہ | کہے تو | جدائی ڈال دی | درمیان | بنی | اسرائیل کے | اور | نہ |

اور سر (کے بالوں) کو نہ پکڑیے میں تو اس سے ڈرا کہ آپ یہ نہ کہیں کہ تم نے بنی اسرائیل میں تفرقہ ڈال دیا

تَرْقُبْ قَوْلِيْ ﴿٩٤﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُكَ يٰسَامِرِيُّ ﴿٩٥﴾ قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَرْقُبْ | قَوْلِيْ | قَالَ | فَمَا | خَطْبُكَ | يٰسَامِرِيُّ | قَالَ | بَصُرْتُ | بِمَا | لَمْ |
| انتظار کیا | بات میری کا | کہا | پس کیا ہے | حال تیرا | اے سامری | کہا کہ | دیکھا میں نے | اس چیز کو کہ | نہ |

اور میری بات کو ملحوظ نہ رکھا ﴿٩٤﴾ (پھر سامری سے) کہنے لگے کہ سامری تیرا کیا ماجرا ہے؟ ﴿٩٥﴾ اُس نے کہا کہ میں نے تو ایسی چیز دیکھی جو اوروں

يَبْصُرُوْا بِهٖ فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ فَنَبَذْتُهَا وَكَذٰلِكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَبْصُرُوْا | بِهٖ | فَقَبَضْتُ | قَبْضَةً | مِّنْ | اَثَرِ | الرَّسُوْلِ | فَنَبَذْتُهَا | وَ | كَذٰلِكَ |
| دیکھا انہوں نے | اس کو | پس بھر لی میں نے | ایک مٹھی خاک | سے | قدم | بھیجے ہوئے کے | پس ڈال دیا میں نے اسکو | اور | اسی طرح |

نے نہیں دیکھی تو میں نے فرشتے کے نقش پا سے (مٹی کی) ایک مٹھی بھر لی۔ پھر اس کو (بچھڑے کے قالب میں) ڈال دیا اور

سَوَّلَتْ لِيْ نَفْسِيْ ﴿۹۶﴾ قَالَ فَاذْهَبْ فَاِنَّ لَكَ فِي الْحَيٰوةِ اَنْ تَقُوْلَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَوَّلَتْ | لِيْ | نَفْسِيْ | قَالَ | فَاذْهَبْ | فَاِنَّ | لَكَ | فِي | الْحَيٰوةِ | اَنْ تَقُوْلَ |
| اچھا دکھایا | مجھ کو | جی میرے نے | کہا | پس جا | پس بیشک | واسطے تیرے ہے | بیچ | زندگانی کے | یہ کہ کہا کرے تو |

مجھے میرے جی نے (اس کام کو) اچھا بتایا ﴿۹۶﴾ (موسیٰ نے) کہا جا تجھ کو (دنیا کی) زندگی میں یہ (سزا) ہے کہ کہتا رہے

لَا مِسَاسَ ۪ وَاِنَّ لَكَ مَوْعِدًا لَّنْ تُخْلَفَهٗ ۚ وَانْظُرْ اِلٰٓى اِلٰهِكَ الَّذِيْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | مِسَاسَ | وَ | اِنَّ | لَكَ | مَوْعِدًا | لَّنْ | تُخْلَفَهٗ | وَانْظُرْ | اِلٰٓى | اِلٰهِكَ | الَّذِيْ |
| نہیں | ہاتھ لگانا | اور | بیشک | واسطے تیرے | ایک جگہ ہے وعدے کی | ہرگز نہ | پیچھا چھوڑا جائیگا اس سے | اور دیکھ | طرف | معبود اپنے کے | وہ جو |

کہ مجھ کو ہاتھ نہ لگانا اور تیرے لیے ایک اور وعدہ ہے (یعنی عذاب کا) جو تجھ سے ٹل نہ سکے گا۔ اور جس معبود (کی پوجا) پر تو

ظَلْتَ عَلَيْهِ عَاكِفًا ۭ لَنُحَرِّقَنَّهٗ ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهٗ فِي الْيَمِّ نَسْفًا ﴿۹۷﴾ اِنَّمَآ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظَلْتَ | عَلَيْهِ | عَاكِفًا | لَنُحَرِّقَنَّهٗ | ثُمَّ | لَنَنْسِفَنَّهٗ | فِي | الْيَمِّ | نَسْفًا | اِنَّمَآ |
| ہو گیا تھا تو | اوپر اس کے | معتکف | ابھی جلا دیں گے ہم اسکو | پھر | اڑا دیں گے ہم اس کو | بیچ | دریا کے | اڑا دیا کر | سوائے اسکے نہیں کہ |

(قائم و) معتکف تھا اس کو دیکھ ہم اسے جلا دیں گے پھر اس (کی راکھ) کو اڑا کر دریا میں بکھیر دیں گے ﴿۹۷﴾ تمہارا

اِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ وَسِعَ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ﴿۹۸﴾ كَذٰلِكَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰهُكُمُ | اللّٰهُ | الَّذِيْ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | وَسِعَ | كُلَّ | شَيْءٍ | عِلْمًا | كَذٰلِكَ |
| معبود تمہارا | اللہ ہے | وہ جو کہ | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہ | سما لیا ہے | ہر | چیز کو | علم میں | اسی طرح |

معبود اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اس کا علم ہر چیز پر محیط ہے ﴿۹۸﴾ اس طرح پر ہم

نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَاۗءِ مَا قَدْ سَبَقَ ۚ وَقَدْ اٰتَيْنٰكَ مِنْ لَّدُنَّا ذِكْرًا ﴿۹۹﴾

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَقُصُّ | عَلَيْكَ | مِنْ | اَنْۢبَاۗءِ | مَا | قَدْ | سَبَقَ | وَ | قَدْ | اٰتَيْنٰكَ | مِنْ | لَّدُنَّا | ذِكْرًا |
| بیان کرتے ہیں ہم | اوپر تیرے | سے | خبروں | اس چیز کی کہ | تحقیق | پہلے گزری | اور | تحقیق | دیا ہم نے تجھ کو | سے | اپنی طرف | ذکر |

تم سے وہ حالات بیان کرتے ہیں جو گزر چکے ہیں اور ہم نے تمہیں اپنے پاس سے نصیحت (کی کتاب) عطا فرمائی ہے ﴿۹۹﴾

مَنْ اَعْرَضَ عَنْهُ فَاِنَّهٗ يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وِزْرًا ﴿١٠٠﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهِ

| مَنْ | اَعْرَضَ | عَنْهُ | فَاِنَّهٗ | يَحْمِلُ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | وِزْرًا | خٰلِدِيْنَ | فِيْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو کوئی | منہ پھیرے | اس سے | پس بیشک وہ | اٹھائے گا | دن | قیامت کے | بوجھ | ہمیش رہنے والے | بیچ اسکے |

جو شخص اس سے منہ پھیرے گا وہ قیامت کے دن (گناہ کا) بوجھ اٹھائے گا ﴿١٠٠﴾ (ایسے لوگ) ہمیشہ اس

وَسَآءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حِمْلًا ﴿١٠١﴾ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ

| وَ | سَآءَ | لَهُمْ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | حِمْلًا | يَّوْمَ | يُنْفَخُ | فِي | الصُّوْرِ | وَ | نَحْشُرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | براہے | واسطے ان کے | دن | قیامت کے | بوجھ | اس دن کہ | پھونکا جائے گا | بیچ | صور کے | اور | اکٹھا کریں گے ہم |

(عذاب) میں (مبتلا) رہیں گے اور یہ بوجھ قیامت کے روز ان کے لیے براہوگا ﴿١٠١﴾ جس روز صور پھونکا جائے گا اور ہم گنہگاروں

الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا ﴿١٠٢﴾ يَّتَخَافَتُوْنَ بَيْنَهُمْ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا

| الْمُجْرِمِيْنَ | يَوْمَئِذٍ | زُرْقًا | يَّتَخَافَتُوْنَ | بَيْنَهُمْ | اِنْ | لَّبِثْتُمْ | اِلَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گنہگاروں کو | اس دن | نیلی آنکھیں | آہستہ کہتے ہوں گے | درمیان اپنے | نہیں | رہے تم | مگر |

کو اکٹھا کریں گے اور اُن کی آنکھیں نیلی نیلی ہوں گی ﴿١٠٢﴾ (تو) وہ آپس میں آہستہ آہستہ کہیں گے کہ تم (دنیا میں) صرف

عَشْرًا ﴿١٠٣﴾ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ اِذْ يَقُوْلُ اَمْثَلُهُمْ طَرِيْقَةً اِنْ

| عَشْرًا | نَحْنُ | اَعْلَمُ | بِمَا | يَقُوْلُوْنَ | اِذْ | يَقُوْلُ | اَمْثَلُهُمْ | طَرِيْقَةً | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دس دن | ہم | خوب جانتے ہیں | اس چیز کو کہ | کہتے ہیں | جس وقت | کہے گا | بہتر ان کا | راہ میں | نہ |

دس ہی دن رہے ہو ﴿١٠٣﴾ جو باتیں یہ کریں گے ہم خوب جانتے ہیں۔ اس وقت ان میں سب سے اچھی راہ والا (یعنی عاقل وہوشمند)

لَّبِثْتُمْ اِلَّا يَوْمًا ﴿١٠٤﴾ وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّيْ ع ۵ ۱۵ ۱۴

| لَّبِثْتُمْ | اِلَّا | يَوْمًا | وَ | يَسْئَلُوْنَكَ | عَنِ | الْجِبَالِ | فَقُلْ | يَنْسِفُهَا | رَبِّيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رہے تھے تم | مگر | ایک دن | اور | سوال کرتے ہیں تجھ کو | سے | پہاڑوں | پس کہہ | اڑا دے گا ان کو | رب میرا |

کہے گا کہ (نہیں بلکہ) صرف ایک ہی روز ٹھہرے ہو ﴿١٠٤﴾ اور تم سے پہاڑوں کے بارے میں دریافت کرتے ہیں کہہ دو کہ اللہ ان کو

نَسْفًا ﴿١٠٥﴾ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ﴿١٠٦﴾ لَّا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا

| نَسْفًا | فَيَذَرُهَا | قَاعًا | صَفْصَفًا | لَّا | تَرٰى | فِيْهَا | عِوَجًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اڑا دینا کر | پس چھوڑ دے گا اس کو | میدان | صاف | نہیں | دیکھے گا تو | بیچ اس کے | کجی |

اڑا کر بکھیر دے گا ﴿١٠٥﴾ اور زمین کو ہموار میدان کر چھوڑے گا ﴿١٠٦﴾ جس میں نہ تم کجی (اور پستی)

وَّ لَآ اَمۡتًا ﴿١٠٧﴾ يَوۡمَئِذٍ يَّتَّبِعُوۡنَ الدَّاعِىَ لَا عِوَجَ لَهٗ ۚ

| وَّ | لَآ | اَمۡتًا | يَوۡمَئِذٍ | يَّتَّبِعُوۡنَ | الدَّاعِىَ | لَا | عِوَجَ | لَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | اونچان | اس دن | پیچھے چلیں گے | پکارنے والے | نہیں | کجی | واسطے اسکے |

دیکھو گے نہ ٹیلا (اور بلندی) ﴿١٠٧﴾ اس روز لوگ ایک پکارنے والے کے پیچھے چلیں گے اور اس کی پیروی سے

وَخَشَعَتِ الۡاَصۡوَاتُ لِلرَّحۡمٰنِ فَلَا تَسۡمَعُ اِلَّا هَمۡسًا ﴿١٠٨﴾

| وَخَشَعَتِ | الۡاَصۡوَاتُ | لِلرَّحۡمٰنِ | فَلَا | تَسۡمَعُ | اِلَّا | هَمۡسًا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور نیچی ہوجائیں گی | آوازیں | واسطے رحمٰن کے | پس نہ | سنے گا تو | مگر | آواز آہستہ |

انحراف نہ کرسکیں گے۔ اور اللہ کے سامنے آوازیں پست ہو جائیں گی تو تم آواز خفی کے سوا کوئی آواز نہ سنو گے ﴿١٠٨﴾

يَوۡمَئِذٍ لَّا تَنۡفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنۡ اَذِنَ لَهُ الرَّحۡمٰنُ

| يَوۡمَئِذٍ | لَّا | تَنۡفَعُ | الشَّفَاعَةُ | اِلَّا | مَنۡ | اَذِنَ | لَهُ | الرَّحۡمٰنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس دن | نہ | فائدہ دے گی | شفاعت | مگر | جس کو | اذن دیا ہے | واسطے اس کے | رحمٰن نے |

اس روز (کسی کی) سفارش کچھ فائدہ نہ دے گی مگر اس شخص کی جسے اللہ اجازت دے

وَ رَضِىَ لَهٗ قَوۡلًا ﴿١٠٩﴾ يَعۡلَمُ مَا بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ وَمَا خَلۡفَهُمۡ

| وَ | رَضِىَ | لَهٗ | قَوۡلًا | يَعۡلَمُ | مَا | بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ | وَمَا | خَلۡفَهُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | پسند کیا ہے | واسطے اس کے | کہنا | جانتا ہے | جو کچھ | آگے ان کے ہے | اور جو کچھ | پیچھے ان کے ہے |

اور اس کی بات کو پسند فرمائے ﴿١٠٩﴾ جو کچھ اُن کے آگے ہے اور جو کچھ ان کے پیچھے ہے وہ اس کو جانتا ہے

وَ لَا يُحِيۡطُوۡنَ بِهٖ عِلۡمًا ﴿١١٠﴾ وَ عَنَتِ الۡوُجُوۡهُ لِلۡحَىِّ الۡقَيُّوۡمِ ؕ

| وَ | لَا | يُحِيۡطُوۡنَ | بِهٖ | عِلۡمًا | وَ | عَنَتِ | الۡوُجُوۡهُ | لِلۡحَىِّ | الۡقَيُّوۡمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہیں | گھیرتے | ساتھ اس کے | علم کر | اور | ذلیل ہوگئے | منہ | واسطے زندہ رہنے والے | ہمیشہ رہنے والے کے |

اور وہ (اپنے) علم سے اللہ (کے علم) پر احاطہ نہیں کر سکتے ﴿١١٠﴾ اور اس زندہ و قائم کے روبرو منہ نیچے ہو جائیں گے

وَ قَدۡ خَابَ مَنۡ حَمَلَ ظُلۡمًا ﴿١١١﴾ وَ مَنۡ يَّعۡمَلۡ مِنَ

| وَ | قَدۡ | خَابَ | مَنۡ | حَمَلَ | ظُلۡمًا | وَ | مَنۡ | يَّعۡمَلۡ | مِنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | تحقیق | نامراد ہوا | جس نے | اٹھالیا | ظلم | اور | جو کوئی | عمل کرے گا | سے |

اور جس نے ظلم کا بوجھ اٹھایا وہ نامراد رہا ﴿١١١﴾ اور جو نیک کام کرے گا

الصّٰلِحٰتِ وَ هُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخٰفُ ظُلْمًا وَّ لَا هَضْمًا (١١٢)

| الصّٰلِحٰتِ | وَ | هُوَ | مُؤْمِنٌ | فَلَا | يَخٰفُ | ظُلْمًا | وَّ | لَا | هَضْمًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نیکوں میں | اور | وہ | مومن ہو | پس نہیں | ڈرے گا | ظلم سے | اور | نہ | توڑنے سے |

اور مؤمن بھی ہو گا تو اس کو نہ ظلم کا خوف ہو گا اور نہ نقصان کا (١١٢)

وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا وَّ صَرَّفْنَا فِيْهِ مِنَ الْوَعِيْدِ

| وَكَذٰلِكَ | اَنْزَلْنٰهُ | قُرْاٰنًا | عَرَبِيًّا | وَّ | صَرَّفْنَا | فِيْهِ | مِنَ | الْوَعِيْدِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوراسی طرح | اتارا ہے ہم نے | اس کو قرآن | عربی | اور | طرح طرح سے بیان کیا ہے ہم نے | بیچ اس کے | سے | ڈرانے |

اور ہم نے اس کو اسی طرح قرآن عربی نازل کیا ہے اور اس میں طرح طرح کے ڈراوے بیان کر دیے ہیں

لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ اَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْرًا (١١٣) فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ

| لَعَلَّهُمْ | يَتَّقُوْنَ | اَوْ | يُحْدِثُ | لَهُمْ | ذِكْرًا | فَتَعٰلَى | اللّٰهُ | الْمَلِكُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تاکہ وہ | ڈریں | یا | پیدا کرے | واسطے ان کے | یاد | پس بہت بلند مرتبہ ہے | اللہ | بادشاہ |

تاکہ لوگ پرہیزگار بنیں یا اللہ ان کے لیے نصیحت پیدا کردے (١١٣) تو اللہ جو سچا بادشاہ ہے

الْحَقُّ ج وَ لَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰٓى اِلَيْكَ

| الْحَقُّ | وَ | لَا | تَعْجَلْ | بِالْقُرْاٰنِ | مِنْ | قَبْلِ | اَنْ | يُّقْضٰٓى | اِلَيْكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سچے کا | اور | مت | جلدی کر | ساتھ قرآن کے | سے | پہلے اس | یہ کہ | تمام کی جائے | طرف تیری |

عالی قدر ہے۔ اور قرآن کی وحی جو تمہاری طرف بھیجی جاتی ہے اس کے پورا ہونے سے پہلے قرآن کے

وَحْيُهٗ ز وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا (١١٤) وَ لَقَدْ عَهِدْنَآ اِلٰٓى اٰدَمَ

| وَحْيُهٗ | وَقُلْ | رَّبِّ | زِدْنِيْ | عِلْمًا | وَ | لَقَدْ | عَهِدْنَآ | اِلٰٓى | اٰدَمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وحی اس کی | اور کہہ | اے رب میرے | زیادہ دے مجھ کو | علم | اور | البتہ تحقیق | عہد لیا تھا ہم نے | طرف | آدم کی |

(پڑھنے کے) لیے جلدی نہ کیا کرو اور دعا کرو کہ میرے پروردگار مجھے اور زیادہ علم دے (١١٤) اور ہم نے پہلے آدم سے عہد لیا تھا مگر وہ

ع ٦ / ١٤ / ١٥ مِنْ قَبْلُ فَنَسِيَ وَ لَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْمًا (١١٥) ع وَ اِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ

| مِنْ | قَبْلُ | فَنَسِيَ | وَ | لَمْ | نَجِدْ لَهٗ | عَزْمًا | وَ | اِذْ | قُلْنَا | لِلْمَلٰٓئِكَةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | پہلے اس | پس بھول گیا | اور | نہ | پائی ہم نے | اس میں کچھ ہمت | اور | جب | کہا ہم نے | واسطے فرشتوں کے |

(اُسے) بھول گئے اور ہم نے اُن میں صبر و ثبات نہ دیکھا (١١٥) اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا کہ

اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِیْسَ ؕ اَبٰی ﴿۱۱۶﴾ فَقُلْنَا یٰٓاٰدَمُ

| اسْجُدُوْا | لِاٰدَمَ | فَسَجَدُوْٓا | اِلَّآ | اِبْلِیْسَ | اَبٰی | فَقُلْنَا | یٰٓاٰدَمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سجدہ کرو | واسطے آدم کے | پس سجدہ کیا انہوں نے | مگر | ابلیس نے | نہ مانا | پس کہا ہم نے | اے آدم |

آدم کے آگے سجدہ کرو تو سب سجدے میں گر پڑے مگر ابلیس نے انکار کیا ﴿۱۱۶﴾ ہم نے فرمایا کہ آدم

اِنَّ ھٰذَا عَدُوٌّ لَّکَ وَ لِزَوْجِکَ فَلَا یُخْرِجَنَّکُمَا مِنَ

| اِنَّ | ھٰذَا | عَدُوٌّ | لَّکَ | وَ | لِزَوْجِکَ | فَلَا | یُخْرِجَنَّکُمَا | مِنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تحقیق | یہ | دشمن ہے | واسطے تیرے | اور | واسطے جورو تیری کے | پس نہ | نکال دے تم دونوں کو | سے |

یہ تمہارا اور تمہاری بیوی کا دشمن ہے تو یہ کہیں تم دونوں کو بہشت سے

الْجَنَّةِ فَتَشْقٰی ﴿۱۱۷﴾ اِنَّ لَکَ اَلَّا تَجُوْعَ فِیْهَا وَ لَا تَعْرٰی ﴿۱۱۸﴾

| الْجَنَّةِ | فَتَشْقٰی | اِنَّ | لَکَ | اَلَّا | تَجُوْعَ | فِیْهَا | وَ | لَا | تَعْرٰی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہشت | پس محنت میں جا پڑے تو | بیشک | واسطے تیرے ہے | یہ کہ نہ | بھوکا رہے تو | بیچ اس کے | اور | نہ | ننگا رہے تو |

نکلوا نہ دے ﴿۱۱۷﴾ پھر تم تکلیف میں پڑ جاؤ۔ یہاں تم کو یہ (آسائش) ہے کہ نہ بھوکے رہو نہ ننگے ﴿۱۱۸﴾

وَاَنَّکَ لَا تَظْمَؤُا فِیْهَا وَ لَا تَضْحٰی ﴿۱۱۹﴾ فَوَسْوَسَ اِلَیْهِ

| وَاَنَّکَ | لَا | تَظْمَؤُا | فِیْهَا | وَ | لَا | تَضْحٰی | فَوَسْوَسَ | اِلَیْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور یہ کہ تو | نہ | پیاسا رہے | بیچ اس کے | اور | نہ | دھوپ کھائے | پس وسوسہ کیا | طرف اس کی |

اور یہ کہ نہ پیاسے رہو اور نہ دھوپ کھاؤ ﴿۱۱۹﴾ تو شیطان نے ان کے دل میں

الشَّیْطٰنُ قَالَ یٰٓاٰدَمُ هَلْ اَدُلُّکَ عَلٰی شَجَرَةِ الْخُلْدِ

| الشَّیْطٰنُ | قَالَ | یٰٓاٰدَمُ | هَلْ | اَدُلُّکَ | عَلٰی | شَجَرَةِ | الْخُلْدِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شیطان نے | کہا | اے آدم | کیا | بتلاؤں تجھ کو | اوپر | درخت کے | ہمیشہ رہنے والا |

وسوسہ ڈالا۔ اور کہا کہ آدم بھلا میں تم کو (ایسا) درخت بتاؤں (جو) ہمیشہ کی زندگی کا (ثمرہ دے) اور (ایسی) بادشاہت کہ

وَمُلْکٍ لَّا یَبْلٰی ﴿۱۲۰﴾ فَاَکَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا

| وَمُلْکٍ | لَّا | یَبْلٰی | فَاَکَلَا | مِنْهَا | فَبَدَتْ | لَهُمَا | سَوْاٰتُهُمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور بادشاہی | نہ | پرانی ہونے والی | پس کھایا دونوں نے | اس میں سے | پس ظاہر ہوگئی | ان پر | شرمگاہ ان دونوں کی |

کبھی زائل نہ ہو ﴿۱۲۰﴾ تو دونوں نے اس درخت کا پھل کھا لیا تو ان پر اُن کی شرمگاہیں

وَ طَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ز وَ عَصٰى

| وَ | طَفِقَا | يَخْصِفٰنِ | عَلَيْهِمَا | مِنْ | وَّرَقِ | الْجَنَّةِ | وَ | عَصٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | شروع کیا دونوں نے کہ | ٹانکتے تھے | اوپر اپنے | سے | پتے | بہشت کے | اور | نافرمانی کی |

ظاہر ہوگئیں اور وہ اپنے (بدنوں) پر بہشت کے پتے چپکانے لگے اور آدم نے اپنے پروردگار کے (حکم کے) خلاف کیا تو (وہ

اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى ﴿١٢١﴾ ثُمَّ اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَتَابَ عَلَيْهِ

| اٰدَمُ | رَبَّهٗ | فَغَوٰى | ثُمَّ | اجْتَبٰهُ | رَبُّهٗ | فَتَابَ | عَلَيْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آدم نے | اپنے رب کی | پس راہ سے بہک گیا | پھر | برگزیدہ کیا اس کو | رب اس کے نے | پس پھر آیا | اوپر اس کے |

اپنے مطلوب سے) بے راہ ہو گئے ﴿١٢١﴾ پھر اُن کے پروردگار نے اُن کو نوازا تو اُن پر مہربانی سے توجہ فرمائی

وَهَدٰى ﴿١٢٢﴾ قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيْعًا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ

| وَهَدٰى | قَالَ | اهْبِطَا | مِنْهَا | جَمِيْعًا | بَعْضُكُمْ | لِبَعْضٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور راہ دکھائی | کہا | اترو تم | اس سے | اکٹھے | بعض تمہارے | واسطے بعض کے |

اور سیدھی راہ بتائی ﴿١٢٢﴾ فرمایا کہ تم دونوں یہاں سے نیچے اُتر جاؤ۔ تم میں بعض بعض کے

عَدُوٌّ ج فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى ۵ لا فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَايَ فَلَا

| عَدُوٌّ | فَاِمَّا | يَاْتِيَنَّكُمْ | مِّنِّيْ | هُدًى | فَمَنِ | اتَّبَعَ | هُدَايَ | فَلَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دشمن ہیں | پس اگر | آئے تمہارے پاس | میری طرف سے | ہدایت | پس جس نے | پیروی کی | ہدایت میری کی | پس نہ |

دشمن (ہوں گے)۔ پھر اگر میری طرف سے تمہارے پاس ہدایت آئے تو جو شخص میری ہدایت کی پیروی کرے گا وہ نہ گمراہ ہو گا

يَضِلُّ وَ لَا يَشْقٰى ﴿١٢٣﴾ وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ

| يَضِلُّ | وَ | لَا | يَشْقٰى | وَمَنْ | اَعْرَضَ | عَنْ | ذِكْرِيْ | فَاِنَّ | لَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گمراہ ہوگا | اور | نہ | تکلیف اٹھائے گا | اور جس نے | منہ پھیرا | سے | یاد میری | پس بیشک | واسطے اسکے |

اور نہ تکلیف میں پڑے گا ﴿١٢٣﴾ اور جو میری نصیحت سے منہ پھیرے گا اس کی زندگی

مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ﴿١٢٤﴾ قَالَ رَبِّ

| مَعِيْشَةً | ضَنْكًا | وَّنَحْشُرُهٗ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | اَعْمٰى | قَالَ | رَبِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| معیشت ہے | تنگ | اور اٹھائیں گے ہم اس کو | دن | قیامت کے | اندھا | کہے گا | اے رب میرے |

تنگ ہو جائے گی اور قیامت کو ہم اسے اندھا کر کے اٹھائیں گے ﴿١٢٤﴾ وہ کہے گا کہ میرے پروردگار

لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ اَعْمٰى وَ قَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا ﴿١٢٥﴾ قَالَ كَذٰلِكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِمَ | حَشَرْتَنِيْٓ | اَعْمٰى | وَ | قَدْ | كُنْتُ | بَصِيْرًا | قَالَ | كَذٰلِكَ |
| کیوں | اٹھایا تو نے مجھ کو | اندھا | اور | تحقیق | میں تھا | آنکھوں والا | کہے گا | اسی طرح |

تو نے مجھے اندھا کر کے کیوں اٹھایا میں تو دیکھتا بھالتا تھا ﴿١٢٥﴾ اللہ فرمائے گا کہ ایسا ہی (چاہیے تھا)

اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى ﴿١٢٦﴾ وَكَذٰلِكَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَتَتْكَ | اٰيٰتُنَا | فَنَسِيْتَهَا | وَكَذٰلِكَ | الْيَوْمَ | تُنْسٰى | وَكَذٰلِكَ |
| آئی تھیں تیرے پاس | نشانیاں ہماری | پس بھول گیا تو ان کو | اور اسی طرح | آج | بھلا دیا جائے گا تو | اور اسی طرح |

تیرے پاس ہماری آیتیں آئیں تو تو نے ان کو بھلا دیا۔ اسی طرح آج ہم تجھ کو بھلا دیں گے ﴿١٢٦﴾ اور جو شخص حد سے

نَجْزِيْ مَنْ اَسْرَفَ وَ لَمْ يُؤْمِنْۢ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَجْزِيْ | مَنْ | اَسْرَفَ | وَ | لَمْ | يُؤْمِنْۢ | بِاٰيٰتِ | رَبِّهٖ |
| جزا دیتے ہیں ہم | اس کو جو کہ | حد سے نکل گیا | اور | نہ | ایمان لایا | ساتھ نشانیوں | رب اپنے کے |

نکل جائے اور اپنے پروردگار کی آیتوں پر ایمان نہ لائے ہم اس کو ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں۔

وَ لَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰى ﴿١٢٧﴾ اَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَعَذَابُ | الْاٰخِرَةِ | اَشَدُّ | وَاَبْقٰى | اَفَلَمْ | يَهْدِ | لَهُمْ | كَمْ |
| اور | البتہ عذاب | آخرت کا | سخت ہے | اور بہت باقی رہنے والا | کیا پس نہیں | راہ دکھاتا | ان کو | یہ کہ کتنے |

اور آخرت کا عذاب بہت سخت اور بہت دیر رہنے والا ہے ﴿١٢٧﴾ کیا یہ بات ان لوگوں کے لیے موجب ہدایت نہ ہوئی

اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ؕ اِنَّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَهْلَكْنَا | قَبْلَهُمْ | مِّنَ | الْقُرُوْنِ | يَمْشُوْنَ | فِيْ | مَسٰكِنِهِمْ | اِنَّ |
| ہلاک کیے ہم نے | پہلے ان سے | سے | قرنوں | چلتے ہیں | بیچ | ان کے گھر کے | بیشک |

کہ ہم ان سے پہلے بہت سے قرنوں کو ہلاک کر چکے ہیں جن کے رہنے کے مقامات میں یہ چلتے پھرتے ہیں۔

فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي النُّهٰى ﴿١٢٨﴾ ع وَ لَوْ لَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ ع ١٣ / ١٦

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْ | ذٰلِكَ | لَاٰيٰتٍ | لِّاُولِي | النُّهٰى | وَ | لَوْ | لَا | كَلِمَةٌ | سَبَقَتْ | مِنْ |
| بیچ | اس کے | البتہ نشانیاں ہیں | صاحبوں | عقل کے | اور | اگر | نہ | ہوتی بات | کہ پہلے ہو چکی | سے |

عقل والوں کے لیے اس میں (بہت سی) نشانیاں ہیں ﴿١٢٨﴾ اور اگر ایک بات تمہارے پروردگار کی طرف سے

رَبِّكَ لَكَانَ لِزَامًا وَّ اَجَلٌ مُّسَمًّى ﴿۱۲۹﴾ فَاصْبِرْ عَلٰى مَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّكَ | لَكَانَ | لِزَامًا | وَّ | اَجَلٌ | مُّسَمًّى | فَاصْبِرْ | عَلٰى | مَا |
| تیرے رب کی طرف | البتہ ہوتا | چمٹنے والا | اور | اگر نہ ہوتا | وقت مقرر | پس صبر کر | اوپر | اس چیز کے کہ |

پہلے صادر اور (جزائے اعمال کے لیے) ایک میعاد مقرر نہ ہو چکی ہوتی تو (نزولِ) عذاب لازم ہو جاتا ﴿۱۲۹﴾ پس جو کچھ یہ بکواس کرتے ہیں

يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَقُوْلُوْنَ | وَسَبِّحْ | بِحَمْدِ | رَبِّكَ | قَبْلَ | طُلُوْعِ | الشَّمْسِ | وَقَبْلَ |
| کہتے ہیں | اور تسبیح کر | ساتھ تعریف | پروردگار تیرے کے | پہلے | نکلنے | سورج کے | اور پہلے |

اس پر صبر کرو اور سورج کے نکلنے سے پہلے اور اس کے غروب ہونے سے پہلے اپنے پروردگار کی تسبیح و تحمید کیا کرو۔

غُرُوْبِهَا ۚ وَ مِنْ اٰنَآئِ الَّيْلِ فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غُرُوْبِهَا | وَ | مِنْ | اٰنَآئِ | الَّيْلِ | فَسَبِّحْ | وَاَطْرَافَ | النَّهَارِ | لَعَلَّكَ |
| اسکے ڈوبنے کے | اور | سے | گھڑیوں | رات کی | پس تسبیح کر | اور کناروں | دن کے | شاید کہ تو |

اور رات کی ساعات (اولین) میں بھی اس کی تسبیح کیا کرو اور دن کی اطراف (یعنی دوپہر کے قریب ظہر کے وقت بھی)

تَرْضٰى ﴿۱۳۰﴾ وَ لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَرْضٰى | وَ | لَا | تَمُدَّنَّ | عَيْنَيْكَ | اِلٰى | مَا | مَتَّعْنَا | بِهٖۤ | اَزْوَاجًا |
| راضی ہو | اور | ہرگز مت | لمبی کر | دونوں آنکھیں اپنی کو | طرف | اس چیز کے کہ | فائدہ دیا ہے ہم نے | ساتھ اسکے | طرح طرح لوگوں کو |

تا کہ تم خوش ہو جاؤ ﴿۱۳۰﴾ اور کئی طرح کے لوگوں کو جو ہم نے دنیا کی (زندگی میں) آرائش کی چیزوں سے بہرہ مند کیا ہے

مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ۬ لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ وَ رِزْقُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْهُمْ | زَهْرَةَ | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | لِنَفْتِنَهُمْ | فِيْهِ | وَ | رِزْقُ |
| ان میں سے | آرائش | زندگانی | دنیا کی | تا کہ آزمائیں ہم ان کو | بیچ اس کے | اور | رزق |

تا کہ ان کی آزمائش کریں اُن پر نگاہ نہ کرنا۔ اور تمہارے پروردگار کی (عطا فرمائی ہوئی) روزی بہت بہتر

رَبِّكَ خَيْرٌ وَّ اَبْقٰى ﴿۱۳۱﴾ وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَ اصْطَبِرْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّكَ | خَيْرٌ | وَّ اَبْقٰى | وَاْمُرْ | اَهْلَكَ | بِالصَّلٰوةِ | وَ | اصْطَبِرْ |
| پروردگار تیرے کا | بہتر ہے | اور بہت باقی رہنے والا | اور حکم کر | لوگوں اپنوں کو | نماز کا | اور | صبر کر |

اور باقی رہنے والی ہے ﴿۱۳۱﴾ اور اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم کرو اور اس پر قائم رہو۔

عَلَيْهَا ۭ لَا نَسْـَٔلُكَ رِزْقًا ۭ نَحْنُ نَرْزُقُكَ ۭ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ﴿۱۳۲﴾

| عَلَيْهَا | لَا | نَسْـَٔلُكَ | رِزْقًا | نَحْنُ | نَرْزُقُكَ | وَ | الْعَاقِبَةُ | لِلتَّقْوٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر اس کے | نہیں | سوال کرتے ہم تجھ سے | رزق کا | ہم ہی | رزق دیتے ہیں تجھ کو | اور | عاقبت | واسطے پرہیزگاروں کے ہے |

ہم تم سے روزی کے خواستگار نہیں بلکہ تمہیں ہم روزی دیتے ہیں۔ اور (نیک) انجام (اہلِ) تقویٰ کا ہے ﴿۱۳۲﴾

وَقَالُوْا لَوْلَا يَاْتِيْنَا بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ اَوَلَمْ تَاْتِهِمْ بَيِّنَةُ مَا فِي

| وَ | قَالُوْا | لَوْ | لَا | يَاْتِيْنَا | بِاٰيَةٍ | مِّنْ | رَّبِّهٖ | اَوَلَمْ | تَاْتِهِمْ | بَيِّنَةُ | مَا | فِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | کہا انہوں نے | کیوں | نہیں | لے آتا ہمارے پاس | کوئی نشانی | سے | رب اپنے | کیا نہیں | آئی انکے پاس | دلیل | اس چیز کی کہ | بیچ |

اور کہتے ہیں کہ یہ (پیغمبر) اپنے پروردگار کی طرف سے ہمارے پاس کوئی نشانی کیوں نہیں لاتے۔ کیا ان کے پاس

الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿۱۳۳﴾ وَلَوْ اَنَّآ اَهْلَكْنٰهُمْ بِعَذَابٍ مِّنْ قَبْلِهٖ

| الصُّحُفِ | الْاُوْلٰى | وَ | لَوْ | اَنَّآ | اَهْلَكْنٰهُمْ | بِعَذَابٍ | مِّنْ | قَبْلِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کتابوں | پہلی کی ہے | اور | اگر | ہم | ہلاک کرتے ہیں ان کو | ساتھ عذاب کے | سے | پہلے اس |

پہلی کتابوں کی نشانی نہیں آئی ﴿۱۳۳﴾ اور اگر ہم اُن کو پیغمبر (کے بھیجنے) سے پیشتر کسی عذاب سے ہلاک کر دیتے

لَقَالُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ مِنْ

| لَقَالُوْا | رَبَّنَا | لَوْ | لَآ | اَرْسَلْتَ | اِلَيْنَا | رَسُوْلًا | فَنَتَّبِعَ | اٰيٰتِكَ | مِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| البتہ کہتے ہیں | اے رب ہمارے | کیوں | نہیں | بھیجا تو نے | طرف ہماری | پیغمبر | پس پیروی کرتے ہم | نشانیوں تیری کی | سے |

تو وہ کہتے کہ اے ہمارے پروردگار تو نے ہماری طرف کوئی پیغمبر کیوں نہ بھیجا کہ ہم ذلیل اور رسوا ہونے

قَبْلِ اَنْ نَّذِلَّ وَنَخْزٰى ﴿۱۳۴﴾ قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ فَتَرَبَّصُوْا ۚ

| قَبْلِ | اَنْ | نَّذِلَّ | وَنَخْزٰى | قُلْ | كُلٌّ | مُّتَرَبِّصٌ | فَتَرَبَّصُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہلے اس | یہ کہ | ذلیل ہوتے | اور رسوا ہوتے | کہہ | ہر ایک | انتظار کرنے والا ہے | پس انتظار کرو تم |

سے پہلے تیرے کلام (واحکام) کی پیروی کرتے ﴿۱۳۴﴾ کہہ دو کہ سب (نتائج اعمال کے) منتظر ہیں سو تم بھی منتظر رہو۔ عنقریب تم کو معلوم

فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ اَصْحٰبُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَمَنِ اهْتَدٰى ﴿۱۳۵﴾ ع ۸ ۱۷

| فَسَتَعْلَمُوْنَ | مَنْ | اَصْحٰبُ | الصِّرَاطِ | السَّوِيِّ | وَ | مَنِ | اهْتَدٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس البتہ جانو گے تم | کون ہے | صاحب | راہ | سیدھی کے | اور | کس نے | راہ پائی |

ہو جائے گا کہ (دین کے) سیدھے رستے پر چلنے والے کون ہیں اور (جنت کی طرف) راہ پانے والے کون ہیں (ہم یا تم) ﴿۱۳۵﴾

اٰیاتھا ۱۱۲ ۲۱ سُوْرَةُ الْاَنْبِیَآءِ مَکِّیَّةٌ ۷۳ رکوعاتھا ۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِیْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ۱ مَا

| اِقْتَرَبَ | لِلنَّاسِ | حِسَابُهُمْ | وَ | هُمْ | فِیْ | غَفْلَةٍ | مُّعْرِضُوْنَ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نزدیک آیا ہے | واسطےلوگوں کے | حساب ان کا | اور | وہ | بیچ | غفلت کے | منہ پھیر رہے ہیں | نہیں |

لوگوں کا حساب (اعمال کا وقت) نزدیک آ پہنچا ہے اور وہ غفلت میں (پڑے اس سے) منہ پھیر رہے ہیں ۱ ان

یَاْتِیْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ اِلَّا اسْتَمَعُوْهُ وَهُمْ

| یَاْتِیْهِمْ | مِّنْ | ذِكْرٍ | مِّنْ | رَّبِّهِمْ | مُّحْدَثٍ | اِلَّا | اسْتَمَعُوْهُ | وَ | هُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آتا ان کے پاس | کچھ | ذکر | سے | پروردگار ان کے | نیا | مگر | سنتے ہیں اس کو | اور | وہ |

کے پاس کوئی نئی نصیحت اُن کے پروردگار کی طرف سے نہیں آتی مگر وہ اُسے کھیلتے ہوئے

یَلْعَبُوْنَ ۲ لَاهِیَةً قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاَسَرُّوا النَّجْوَى ۖۗ الَّذِیْنَ

| یَلْعَبُوْنَ | لَاهِیَةً | قُلُوْبُهُمْ | وَاَسَرُّوا | النَّجْوَى | الَّذِیْنَ |
|---|---|---|---|---|---|
| کھیلتے ہیں | غفلت میں ہیں | دل ان کے | اور چھپا کر انہوں نے | مصلحت کی | ان لوگوں نے کہ |

سنتے ہیں ۲ اُن کے دل غفلت میں پڑے ہوئے ہیں۔ اور ظالم لوگ (آپس میں) چپکے چپکے باتیں

ظَلَمُوْا ۖۗ هَلْ هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۚ اَفَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ

| ظَلَمُوْا | هَلْ | هٰذَآ | اِلَّا | بَشَرٌ | مِّثْلُكُمْ | اَفَتَاْتُوْنَ | السِّحْرَ | وَ | اَنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظلم کیا تھا | نہیں | یہ | مگر | آدمی | مانند تمہاری | کیا پس آتے ہو پاس | سحر کے | اور | تم |

کرتے ہیں کہ یہ (شخص کچھ بھی) نہیں مگر تمہارے جیسا آدمی ہے تو تم آنکھوں دیکھتے جادو (کی لپیٹ) میں کیوں

تُبْصِرُوْنَ ۳ قٰلَ رَبِّیْ یَعْلَمُ الْقَوْلَ فِی السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ز

| تُبْصِرُوْنَ | قٰلَ | رَبِّیْ | یَعْلَمُ | الْقَوْلَ | فِیْ | السَّمَآءِ | وَالْاَرْضِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیکھتے ہو | کہا پیغمبر نے | رب میرا | جانتا ہے | بات | بیچ | آسمان کے | اور زمین کے |

آتے ہو ۳ (پیغمبر نے) کہا کہ جو بات آسمان اور زمین میں (کہی جاتی) ہے میرا پروردگار اُسے جانتا ہے

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝٤ بَلْ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍۭ بَلِ افْتَرٰىهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هُوَ | السَّمِيْعُ | الْعَلِيْمُ | بَلْ | قَالُوْٓا | اَضْغَاثُ | اَحْلَامٍ | بَلِ | افْتَرٰىهُ |
| اور | وہ | سننے والا | جاننے والا ہے | بلکہ | کہا انہوں نے | پریشان | خیال ہیں | بلکہ | باندھ لیا ہے اس کو |

اور وہ سننے والا (اور) جاننے والا ہے ۝٤ بلکہ (ظالم) کہنے لگے کہ (یہ قرآن) پریشان (باتیں ہیں جو) خواب (میں دیکھ لی) ہیں (نہیں) بلکہ اس نے

بَلْ هُوَ شَاعِرٌ ۚ فَلْيَاْتِنَا بِاٰيَةٍ كَمَآ اُرْسِلَ الْاَوَّلُوْنَ ۝٥ مَآ اٰمَنَتْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَلْ | هُوَ | شَاعِرٌ | فَلْيَاْتِنَا | بِاٰيَةٍ | كَمَآ | اُرْسِلَ | الْاَوَّلُوْنَ | مَآ | اٰمَنَتْ |
| بلکہ | وہ | شاعر ہے | پس لے آئے ہمارے پاس | کوئی نشانی | جیسے | بھیجے گئے تھے | پہلے پیغمبر | نہیں | ایمان لائی تھی |

اس کو اپنی طرف سے بنالیا ہے (نہیں) بلکہ یہ (شعر ہے جو اس) شاعر (کا نتیجۂ طبع) ہے تو جیسے پہلے (پیغمبر نشانیاں دے کر) بھیجے گئے تھے (اسی طرح) یہ بھی

قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا ۚ اَفَهُمْ يُؤْمِنُوْنَ ۝٦ وَمَآ اَرْسَلْنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَبْلَهُمْ | مِّنْ | قَرْيَةٍ | اَهْلَكْنٰهَا | اَفَهُمْ | يُؤْمِنُوْنَ | وَ | مَآ | اَرْسَلْنَا |
| پہلے ان سے | کوئی | بستی کہ | ہلاک کیا ہم نے اس کو | کیا پس وہ | ایمان لائیں گے | اور | نہیں | بھیجے ہم نے |

ہمارے پاس کوئی نشانی لائے ۝٥ ان سے پہلے جن بستیوں کو ہم نے ہلاک کیا وہ ایمان نہیں لائی تھیں۔ تو کیا یہ ایمان لے آئیں گے ۝٦ اور ہم

قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَبْلَكَ | اِلَّا | رِجَالًا | نُّوْحِيْٓ | اِلَيْهِمْ | فَسْئَلُوْٓا | اَهْلَ | الذِّكْرِ | اِنْ | كُنْتُمْ |
| پہلے تجھ سے | مگر | مرد کہ | وحی بھیجتے تھے ہم | طرف ان کی | پس سوال کرو | صاحبان | ذکر سے | اگر | ہو تم |

نے تم سے پہلے مرد ہی (پیغمبر بنا کر) بھیجے جن کی طرف ہم وحی بھیجتے تھے اگر تم نہیں جانتے تو جو یاد رکھتے ہیں اُن سے

لَا تَعْلَمُوْنَ ۝٧ وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَمَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | تَعْلَمُوْنَ | وَ | مَا | جَعَلْنٰهُمْ | جَسَدًا | لَّا | يَاْكُلُوْنَ | الطَّعَامَ | وَ | مَا |
| نہیں | جانتے | اور | نہیں | کیا تھا ہم نے ان کو | بدن ایسا کہ | نہ | کھاتے | کھانا | اور | نہ |

پوچھ لو ۝٧ اور ہم نے اُن کے ایسے جسم نہیں بنائے تھے کہ کھانا نہ کھائیں

كَانُوْا خٰلِدِيْنَ ۝٨ ثُمَّ صَدَقْنٰهُمُ الْوَعْدَ فَاَنْجَيْنٰهُمْ وَمَنْ نَّشَآءُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانُوْا | خٰلِدِيْنَ | ثُمَّ | صَدَقْنٰهُمُ | الْوَعْدَ | فَاَنْجَيْنٰهُمْ | وَ | مَنْ | نَّشَآءُ |
| تھے وہ | ہمیشہ رہنے والے | پھر | سچا کیا ہم نے ان سے | وعدہ | پس نجات دی ہم نے انکو | اور | جس کو | چاہا ہم نے |

اور نہ وہ ہمیشہ رہنے والے تھے ۝٨ پھر ہم نے اُن کے بارے میں (اپنا) وعدہ سچا کر دیا تو اُن کو اور جس کو چاہا نجات دی

وَاَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِيْنَ ﴿٩﴾ لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ كِتٰبًا فِيْهِ ذِكْرُكُمْ ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاَهْلَكْنَا | الْمُسْرِفِيْنَ | لَقَدْ | اَنْزَلْنَآ | اِلَيْكُمْ | كِتٰبًا | فِيْهِ | ذِكْرُكُمْ |
| اور ہلاک کیا ہم نے | حد سے نکل جانیوالوں کو | البتہ تحقیق | اتاری ہم نے | طرف تمہاری | کتاب | بیچ اس کے | مذکور ہے تمہارا |

اور حد سے نکل جانے والوں کو ہلاک کر دیا ﴿٩﴾ ہم نے تمہاری طرف ایسی کتاب نازل کی ہے جس میں تمہارا تذکرہ ہے

ع ١

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿١٠﴾ ع وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَّاَنْشَاْنَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَفَلَا | تَعْقِلُوْنَ | وَ | كَمْ | قَصَمْنَا | مِنْ | قَرْيَةٍ | كَانَتْ | ظَالِمَةً | وَّ | اَنْشَاْنَا |
| کیا پس نہیں | سمجھتے تم | اور | کتنی | ہلاک کی ہم نے | سے | بستیوں | کہ تھیں | ستم گار | اور پیدا کی | ہم نے |

کیا تم نہیں سمجھتے؟ ﴿١٠﴾ اور ہم نے بہت سی بستیوں کو جو ستم گار تھیں ہلاک کر مارا اور اُن کے بعد اور

بَعْدَهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ﴿١١﴾ فَلَمَّآ اَحَسُّوْا بَاْسَنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعْدَهَا | قَوْمًا | اٰخَرِيْنَ | فَلَمَّآ | اَحَسُّوْا | بَاْسَنَآ | اِذَا | هُمْ | مِّنْهَا |
| ان کے بعد | قوم | اور | پس جب | دیکھا انہوں نے | عذاب ہمارا | ناگہاں | وہ | اس میں سے |

لوگ پیدا کر دیے ﴿١١﴾ جب انہوں نے ہمارے (مقدمۂ) عذاب کو دیکھا تو لگے اس

يَرْكُضُوْنَ ﴿١٢﴾ ؕ لَا تَرْكُضُوْا وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَرْكُضُوْنَ | لَا | تَرْكُضُوْا | وَارْجِعُوْٓا | اِلٰى | مَآ | اُتْرِفْتُمْ | فِيْهِ |
| دوڑتے تھے | مت | دوڑو | اور پھر جاؤ | طرف | اس جگہ کی کہ | آرام دیئے گئے تھے | بیچ اس کے |

سے بھاگنے ﴿١٢﴾ مت بھاگو اور جن (نعمتوں) میں تم عیش و آسائش کرتے تھے ان کی اور اپنے گھروں کی طرف

وَمَسٰكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿١٣﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿١٤﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَسٰكِنِكُمْ | لَعَلَّكُمْ | تُسْـَٔلُوْنَ | قَالُوْا | يٰوَيْلَنَآ | اِنَّا | كُنَّا | ظٰلِمِيْنَ |
| اور | اپنے گھروں کی | تاکہ تم | سوال کیے جاؤ | کہا انہوں نے | اے وائے ہم کو | بیشک | ہم ہی تھے | ظالم |

لوٹ جاؤ شاید تم سے (اس بارے میں) دریافت کیا جائے ﴿١٣﴾ کہنے لگے ہائے شامت بیشک ہم ظالم تھے ﴿١٤﴾

فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فَمَازَالَتْ | تِّلْكَ | دَعْوٰىهُمْ | حَتّٰى | جَعَلْنٰهُمْ | حَصِيْدًا |
| پس تحقیق ہمیشہ رہا | یہی | پکارنا ان کا | یہاں تک کہ | کر دیا ہم نے ان کو | جڑ سے کٹے ہوئے |

تو وہ ہمیشہ اسی طرح پکارتے رہے یہاں تک کہ ہم نے ان کو (کھیتی کی طرح) کاٹ کر (اور آگ کی طرح) بجھا

خٰمِدِيْنَ ﴿١٥﴾ وَ مَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَ الْاَرْضَ وَ مَا بَيْنَهُمَا

| خٰمِدِيْنَ | وَ | مَا | خَلَقْنَا | السَّمَآءَ | وَ | الْاَرْضَ | وَ | مَا | بَيْنَهُمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بجھے ہوئے | اور | نہیں | پیدا کیا ہم نے | آسمان | اور | زمین کو | اور | جو کچھ | درمیان ان دونوں کے ہے |

کر ڈھیر کر دیا ﴿١٥﴾ اور ہم نے آسمان اور زمین کو اور جو (مخلوقات) ان دونوں کے درمیان ہے اس کو لہو ولعب کے

لٰعِبِيْنَ ﴿١٦﴾ لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ ۖ اِنْ

| لٰعِبِيْنَ | لَوْ | اَرَدْنَآ | اَنْ | نَّتَّخِذَ | لَهْوًا | لَّاتَّخَذْنٰهُ | مِنْ | لَّدُنَّآ | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کھیلتے ہوئے | اگر | ارادہ کرتے ہم | یہ کہ | لیویں | مشغولہ | البتہ لیتے اس کو | سے | اپنے پاس | اگر |

لیے پیدا نہیں کیا ﴿١٦﴾ اگر ہم چاہتے کہ کھیل (کی چیزیں یعنی زن وفرزند) بنائیں تو اگر ہم کو کرنا ہی ہوتا تو ہم اپنے

كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿١٧﴾ بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهٗ فَاِذَا

| كُنَّا | فٰعِلِيْنَ | بَلْ | نَقْذِفُ | بِالْحَقِّ | عَلَى | الْبَاطِلِ | فَيَدْمَغُهٗ | فَاِذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہوتے ہم | کرنے والے | بلکہ | پھینکتے ہیں ہم | حق کو | اوپر | باطل کے | پس توڑتا ہے سر اسکا | پس ناگہاں |

پاس سے بنا لیتے ﴿١٧﴾ (نہیں) بلکہ ہم سچ کو جھوٹ پر کھینچ مارتے ہیں تو وہ اس کا سر توڑ دیتا ہے اور جھوٹ اسی وقت

هُوَ زَاهِقٌ ۭ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ ﴿١٨﴾ وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ

| هُوَ | زَاهِقٌ | وَ | لَكُمُ | الْوَيْلُ | مِمَّا | تَصِفُوْنَ | وَ | لَهٗ | مَنْ | فِي | السَّمٰوٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ | فنا ہو جاتا ہے | اور | واسطے تمہارے | وائے ہے | اس چیز سے کہ | بیان کرتے ہو تم | اور | واسطے اسی کے ہے | جو کوئی | بیچ | آسمانوں کے |

نابود ہو جاتا ہے۔ اور جو باتیں تم بناتے ہو اُن سے تمہاری ہی خرابی ہے ﴿١٨﴾ اور جو لوگ آسمانوں میں اور جو زمین

وَالْاَرْضِ ۭ وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ

| وَ | الْاَرْضِ | وَ | مَنْ | عِنْدَهٗ | لَا | يَسْتَكْبِرُوْنَ | عَنْ | عِبَادَتِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | زمین کے ہے | اور | وہ جو | نزدیک اس کے ہیں | نہیں | تکبر کرتے | سے | بندگی اس کی |

میں ہیں سب اسی کے (مملوک اور اسی کا مال) ہیں۔ اور جو (فرشتے) اس کے پاس ہیں وہ اُس کی عبادت سے نہ کنیاتے ہیں

وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ ﴿١٩﴾ ج يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ ﴿٢٠﴾ اَمِ

| وَ | لَا | يَسْتَحْسِرُوْنَ | يُسَبِّحُوْنَ | الَّيْلَ | وَ | النَّهَارَ | لَا | يَفْتُرُوْنَ | اَمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | تھکتے ہیں | پاکی بیان کرتے ہیں | رات | اور | دن | نہیں | تھمتے | کیا |

اور نہ اُکتاتے ہیں ﴿١٩﴾ رات دن (اس کی) تسبیح کرتے رہتے ہیں۔ (نہ تھکتے ہیں) نہ تھمتے ہیں ﴿٢٠﴾ بھلا

اَتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً مِّنَ الْاَرْضِ هُمْ يُنْشِرُوْنَ ﴿۲۱﴾ لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ

| اتَّخَذُوْٓا | اٰلِهَةً | مِّنَ | الْاَرْضِ | هُمْ | يُنْشِرُوْنَ | لَوْ | كَانَ | فِيْهِمَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مقرر کیے ہیں | انہوں نے معبود | سے | زمین میں | کہ وہ | اٹھائیں گے ان کو | اگر | ہوتے | بیچ ان دونوں کے |

لوگوں نے جو زمین کی چیزوں سے (بعض کو) معبود بنالیا ہے (تو کیا) وہ ان کو (مرنے کے بعد) اٹھا کھڑا کریں گے؟ ﴿۲۱﴾ اگر آسمان

اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا

| اٰلِهَةٌ | اِلَّا | اللّٰهُ | لَفَسَدَتَا | فَسُبْحٰنَ | اللّٰهِ | رَبِّ | الْعَرْشِ | عَمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| معبود | سوائے | اللہ کے | البتہ بگڑ جاتے | پس پاکی ہے | اللہ | پروردگار | عرش کے کو | اس چیز سے کہ |

اور زمین میں اللہ کے سوا اور معبود ہوتے تو زمین وآسمان درہم برہم ہو جاتے۔ جو باتیں یہ لوگ بناتے ہیں اللہ مالک عرش

يَصِفُوْنَ ﴿۲۲﴾ لَا يُسْـَٔلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْـَٔلُوْنَ ﴿۲۳﴾ اَمِ اتَّخَذُوْا

| يَصِفُوْنَ | لَا | يُسْـَٔلُ | عَمَّا | يَفْعَلُ | وَ | هُمْ | يُسْـَٔلُوْنَ | اَمِ | اتَّخَذُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیان کرتے ہیں | نہیں | سوال کیا جاتا | اس چیز سے کہ | کرتا ہے | اور | وہ | سوال کیے جاتے ہیں | یا | پکڑے ہیں انہوں نے |

اُن سے پاک ہے ﴿۲۲﴾ وہ جو کام کرتا ہے اس کی پرسش نہیں ہوگی اور (جو کام یہ لوگ کرتے ہیں اس کی) اُن سے پرسش ہوگی ﴿۲۳﴾ کیا لوگوں

مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ۭ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ ۚ هٰذَا ذِكْرُ مَنْ مَّعِيَ

| مِنْ | دُوْنِهٖٓ | اٰلِهَةً | قُلْ | هَاتُوْا | بُرْهَانَكُمْ | هٰذَا | ذِكْرُ | مَنْ | مَّعِيَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | ورے اس | معبود | کہہ | لاؤ | دلیل اپنی | یہ ہے | ذکر | ان کا کہ | ساتھ میرے ہیں |

نے اللہ کو چھوڑ کر اور معبود بنالیے ہیں۔ کہہ دو کہ (اس بات پر) اپنی دلیل پیش کرو۔ یہ (میری اور) میرے ساتھ والوں کی کتاب بھی ہے

وَذِكْرُ مَنْ قَبْلِيْ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۙ الْحَقَّ فَهُمْ

| وَذِكْرُ | مَنْ | قَبْلِيْ | بَلْ | اَكْثَرُهُمْ | لَا | يَعْلَمُوْنَ | الْحَقَّ | فَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور ذکر | ان کا کہ | پہلے مجھ سے تھے | بلکہ | اکثر ان کے | نہیں | جانتے | حق کو | پس وہ |

اور جو مجھ سے پہلے (پیغمبر) ہوئے ہیں اُن کی کتابیں بھی ہیں۔ بلکہ (بات یہ ہے کہ) اُن میں اکثر حق بات کو نہیں جانتے اور اس لیے اس

مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْٓ

| مُّعْرِضُوْنَ | وَ | مَآ | اَرْسَلْنَا | مِنْ | قَبْلِكَ | مِنْ | رَّسُوْلٍ | اِلَّا | نُوْحِيْٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| منہ پھیرتے ہیں | اور | نہیں | بھیجا ہم نے | سے | پہلے تجھ | کوئی | پیغمبر | مگر | وحی کرتے تھے ہم |

سے منہ پھیر لیتے ہیں ﴿۲۴﴾ اور جو پیغمبر ہم نے تم سے پہلے بھیجے اُن کی طرف یہی وحی بھیجی کہ میرے سوا

اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ﴿۲۵﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَيْهِ | اَنَّهٗ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّآ | اَنَا | فَاعْبُدُوْنِ | وَ | قَالُوْا | اتَّخَذَ | الرَّحْمٰنُ |
| طرف اسکی | یہ کہ | نہیں | کوئی معبود | مگر | میں | پس عبادت کرو مجھ کو | اور | کہا انہوں نے | پکڑی ہے | رحمٰن نے |

کوئی معبود نہیں تو میری ہی عبادت کرو﴿۲۵﴾ اور کہتے ہیں کہ اللہ بیٹا رکھتا ہے وہ پاک ہے (اس کے نہ بیٹا ہے نہ

وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ لَا يَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَدًا | سُبْحٰنَهٗ | بَلْ | عِبَادٌ | مُّكْرَمُوْنَ | لَا | يَسْبِقُوْنَهٗ | بِالْقَوْلِ |
| اولاد | پاک ہے وہ | بلکہ | بندے ہیں | عزت دیے گئے | نہیں | آگے چلتے اس سے | بات میں |

بیٹی)۔ بلکہ (جن کو یہ لوگ اس کے بیٹے بیٹیاں سمجھتے ہیں) وہ اس کے عزت والے بندے ہیں﴿۲۶﴾ اس کے آگے بڑھ کر بول نہیں سکتے

وَهُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۷﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هُمْ | بِاَمْرِهٖ | يَعْمَلُوْنَ | يَعْلَمُ | مَا | بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ | وَ | مَا | خَلْفَهُمْ |
| اور | وہ | ساتھ حکم اسکے کہ | عمل کرتے ہیں | جانتا ہے | جو کچھ کہ | آگے ان کے ہے | اور | جو کچھ کہ | پیچھے ان کے ہے |

اور اس کے حکم پر عمل کرتے ہیں﴿۲۷﴾ جو کچھ اُن کے آگے ہو چکا ہے اور جو پیچھے ہوگا وہ سب سے واقف ہے

وَلَا يَشْفَعُوْنَ ۙ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى وَهُمْ مِّنْ خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ ﴿۲۸﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | يَشْفَعُوْنَ | اِلَّا | لِمَنِ | ارْتَضٰى | وَ | هُمْ | مِّنْ | خَشْيَتِهٖ | مُشْفِقُوْنَ |
| اور | نہیں | شفاعت کرتے | مگر | واسطے اسکے | جو پسند کرے | اور | وہ | سے | ڈر اس کے | ڈرنے والے ہیں |

اور وہ (اس کے پاس کسی کی) سفارش نہیں کر سکتے مگر اس شخص کی جس سے اللہ خوش ہو اور وہ اس کی ہیبت سے ڈرتے رہتے ہیں﴿۲۸﴾

وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّيْٓ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ؕ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَنْ | يَّقُلْ | مِنْهُمْ | اِنِّيْٓ | اِلٰهٌ | مِّنْ | دُوْنِهٖ | فَذٰلِكَ | نَجْزِيْهِ | جَهَنَّمَ |
| اور | جو کوئی | کہے | ان میں سے | بیشک میں | معبود ہوں | سے | ورے اس | پس وہ | جزا دیتے ہم اس کو | دوزخ |

اور جو شخص اُن میں سے یہ کہے کہ اللہ کے سوا میں معبود ہوں تو اُسے ہم دوزخ کی سزا دیں گے

كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾ ع اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ ع ۲/۱۹

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| كَذٰلِكَ | نَجْزِي | الظّٰلِمِيْنَ | اَوَلَمْ يَرَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْٓا | اَنَّ |
| اسی طرح | جزا دیتے ہیں ہم | ظالموں کو | کیا نہیں دیکھا | ان لوگوں نے کہ | کافر ہوئے | یہ کہ |

اور ظالموں کو ہم ایسی ہی سزا دیا کرتے ہیں﴿۲۹﴾ کیا کافروں نے نہیں دیکھا

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ۭ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاۗءِ

| السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضَ | كَانَتَا | رَتْقًا | فَفَتَقْنٰهُمَا | وَ | جَعَلْنَا | مِنَ | الْمَاۗءِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمان | اور زمین | تھے دونوں | ملے ہوئے | پس جدا کیا ہم نے ان دونوں کو | اور | کیا ہم نے | سے | پانی |

کہ آسمان اور زمین دونوں ملے ہوئے تھے تو ہم نے انہیں جدا جدا کر دیا۔ اور تمام جاندار چیزیں ہم نے پانی

كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۭ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۳۰ وَجَعَلْنَا فِي الْاَرْضِ

| كُلَّ | شَيْءٍ | حَيٍّ | اَفَلَا | يُؤْمِنُوْنَ | وَ | جَعَلْنَا | فِي | الْاَرْضِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہر | چیز کو | زندہ | کیا پس نہیں | ایمان لاتے | اور | کیا ہم نے | بیچ | زمین کے |

سے بنائیں۔ پھر یہ لوگ ایمان کیوں نہیں لاتے (۳۰) اور ہم نے زمین میں

رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِهِمْ ۠ وَجَعَلْنَا فِيْهَا فِجَاجًا سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ

| رَوَاسِيَ | اَنْ | تَمِيْدَ بِهِمْ | وَ | جَعَلْنَا | فِيْهَا | فِجَاجًا | سُبُلًا | لَّعَلَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہاڑ | ایسا نہ ہو کہ | ہل جائے ساتھ ان کے | اور | کیے ہم نے | بیچ اس کے | کشادہ | رستے | تاکہ وہ |

پہاڑ بنائے تاکہ لوگوں (کے بوجھ) سے ہلنے (اور جھکنے) نہ لگے اور اس میں کشادہ رستے بنائے تاکہ لوگ

يَهْتَدُوْنَ ۝۳۱ وَجَعَلْنَا السَّمَاۗءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا ښ وَّهُمْ عَنْ

| يَهْتَدُوْنَ | وَ | جَعَلْنَا | السَّمَاۗءَ | سَقْفًا | مَّحْفُوْظًا | وَّ | هُمْ | عَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| راہ پائیں | اور | کیا ہم نے | آسمان کو | چھت | محفوظ | اور | وہ | سے |

ان پر چلیں (۳۱) اور آسمان کو محفوظ چھت بنایا۔ اس پر بھی وہ ہماری

اٰيٰتِهَا مُعْرِضُوْنَ ۝۳۲ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ

| اٰيٰتِهَا | مُعْرِضُوْنَ | وَ | هُوَ | الَّذِيْ | خَلَقَ | الَّيْلَ | وَ | النَّهَارَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نشانیوں اس کی | منہ پھیرنے والے ہیں | اور | وہی ہے | جس نے | پیدا کیا | رات کو | اور | دن کو |

نشانیوں سے منہ پھیر رہے ہیں (۳۲) اور وہی تو ہے جس نے رات اور دن

وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۭ كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ۝۳۳ وَمَا جَعَلْنَا

| وَ | الشَّمْسَ | وَ | الْقَمَرَ | كُلٌّ | فِيْ | فَلَكٍ | يَّسْبَحُوْنَ | وَ | مَا | جَعَلْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | سورج کو | اور | چاند کو | ہر ایک | بیچ | آسمان کے | تیرتے ہیں | اور | نہیں | کیا ہم نے |

اور سورج اور چاند کو بنایا (یہ) سب (یعنی سورج اور چاند اور ستارے) آسمان میں (اس طرح چلتے ہیں گویا) تیر رہے ہیں (۳۳) اور (اے پیغمبر) ہم

لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ؕ اَفَا۠ئِنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ ﴿٣٤﴾

| لِبَشَرٍ | مِّنْ | قَبْلِكَ | الْخُلْدَ | اَفَا۠ئِنْ | مِّتَّ | فَهُمُ | الْخٰلِدُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے کسی آدمی کے | سے | پہلے تجھ | ہمیش رہنا | کیا پس اگر | مرجائے گا تو | پس وہ | ہمیشہ رہیں گے |

نے تم سے پہلے کسی آدمی کو بقائے دوام نہیں بخشا ۔ بھلا اگر تم مرجاؤ تو کیا یہ لوگ ہمیشہ رہیں گے ﴿٣٤﴾

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً ؕ

| كُلُّ | نَفْسٍ | ذَآئِقَةُ | الْمَوْتِ | وَ | نَبْلُوْكُمْ | بِالشَّرِّ | وَ | الْخَيْرِ | فِتْنَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہر ایک | جی کو | چکھنا ہے مزا | موت کا | اور | آزماتے ہیں ہم تم کو | ساتھ برائی کے | اور | بھلائی کے | آزمانے کو |

ہر متنفس کو موت کا مزہ چکھنا ہے۔ اور ہم تم لوگوں کو سختی اور آسودگی میں آزمائش کے طور پر مبتلا کرتے ہیں

وَاِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿٣٥﴾ وَاِذَا رَاٰكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ

| وَاِلَيْنَا | تُرْجَعُوْنَ | وَ | اِذَا | رَاٰكَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْٓا | اِنْ | يَّتَّخِذُوْنَكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور طرف ہماری | پھیرے جاؤ گے | اور | جس وقت | دیکھتے ہیں تجھ کو | وہ لوگ کہ | کافر ہوئے | نہیں | پکڑتے ہیں تجھ کو |

اور تم ہماری طرف ہی لوٹ کر آؤ گے ﴿٣٥﴾ اور جب کافر تم کو دیکھتے ہیں تو تم سے استہزاء کرتے

اِلَّا هُزُوًا ؕ اَهٰذَا الَّذِيْ يَذْكُرُ اٰلِهَتَكُمْ ۚ وَهُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ

| اِلَّا | هُزُوًا | اَهٰذَا | الَّذِيْ | يَذْكُرُ | اٰلِهَتَكُمْ | وَهُمْ | بِذِكْرِ | الرَّحْمٰنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | ٹھٹھا | کیا یہی ہے | جو | مذکور کرتا ہے | تمہارے معبودوں کو | اور وہ | ساتھ ذکر | رحمٰن کے |

ہیں کہ کیا یہی شخص ہے جو تمہارے معبودوں کا ذکر (برائی سے) کیا کرتا ہے۔ حالانکہ وہ خود رحمٰن کے

هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿٣٦﴾ خُلِقَ الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ ؕ سَاُورِيْكُمْ اٰيٰتِيْ

| هُمْ | كٰفِرُوْنَ | خُلِقَ | الْاِنْسَانُ | مِنْ عَجَلٍ | سَاُورِيْكُمْ | اٰيٰتِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وہی ہیں | کافر | پیدا کیا گیا | آدمی | جلدی کا | عنقریب دکھاؤں گا میں تم کو | نشانیاں اپنی |

نام سے منکر ہیں ﴿٣٦﴾ انسان (کچھ ایسا جلد باز ہے کہ گویا) جلد بازی ہی سے بنایا گیا ہے۔ میں تم لوگوں کو عنقریب اپنی نشانیاں دکھاؤں گا

فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿٣٧﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ

| فَلَا | تَسْتَعْجِلُوْنِ | وَيَقُوْلُوْنَ | مَتٰى | هٰذَا | الْوَعْدُ | اِنْ | كُنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس مت | جلدی کرو مجھ سے | اور کہتے ہیں | کب ہے | یہ | وعدہ | اگر | ہو تم |

تو تم جلدی نہ کرو ﴿٣٧﴾ اور کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو (جس عذاب کی) یہ وعید (ہے وہ) کب

صٰدِقِيْنَ ﴿۳۸﴾ لَوْ يَعْلَمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا حِيْنَ لَا يَكُفُّوْنَ عَنْ

| صٰدِقِيْنَ | لَوْ | يَعْلَمُ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | حِيْنَ | لَا | يَكُفُّوْنَ | عَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سچے | کاش کہ | جانیں | وہ لوگ کہ | کافر ہوئے | اس وقت | نہ | روک سکیں گے | سے |

(آئے گا)(۳۸) اے کاش کافر اس وقت کو جانیں جب وہ اپنے مونہوں پر سے (دوزخ کی)

وُجُوْهِهِمُ النَّارَ وَلَا عَنْ ظُهُوْرِهِمْ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۳۹﴾ بَلْ

| وُجُوْهِهِمُ | النَّارَ | وَ | لَا | عَنْ | ظُهُوْرِهِمْ | وَ | لَا | هُمْ | يُنْصَرُوْنَ | بَلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مونہوں اپنے | آگ کو | اور | نہ | سے | پیٹھوں اپنی | اور | نہ | وہ | مدد دیئے جائیں گے | بلکہ |

آگ کو روک نہ سکیں گے اور نہ اپنی پیٹھوں پر سے اور نہ اُن کا کوئی مددگار ہوگا (۳۹) بلکہ

تَاْتِيْهِمْ بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ رَدَّهَا وَلَا هُمْ

| تَاْتِيْهِمْ | بَغْتَةً | فَتَبْهَتُهُمْ | فَلَا | يَسْتَطِيْعُوْنَ | رَدَّهَا | وَ | لَا | هُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آجائیگی انکے پاس | ناگہاں | پس کھودے گی ہوش انکے | پس نہ | سکیں گے | پھیر دینا اس کا | اور | نہ | وہ |

قیامت اُن پر ناگہاں آ واقع ہوگی اور اُن کے ہوش کھودے گی ۔ پھر نہ تو وہ اس کو ہٹا سکیں گے اور نہ اُن کو مہلت دی

يُنْظَرُوْنَ ﴿۴۰﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ

| يُنْظَرُوْنَ | وَ | لَقَدِ | اسْتُهْزِئَ | بِرُسُلٍ | مِّنْ | قَبْلِكَ | فَحَاقَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈھیل دیئے جائینگے | اور | البتہ تحقیق | ٹھٹھا کیا گیا | ساتھ پیغمبروں کے | سے | پہلے تجھ | پس گھیر لیا |

جائے گی (۴۰) اور تم سے پہلے بھی پیغمبروں کے ساتھ استہزاء ہوتا رہا ہے تو جو لوگ ان میں سے تمسخر

بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۴۱﴾ ع قُلْ مَنْ ع ۳

| بِالَّذِيْنَ | سَخِرُوْا | مِنْهُمْ | مَّا | كَانُوْا | بِهٖ | يَسْتَهْزِءُوْنَ | قُلْ | مَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان لوگوں کو کہ | ٹھٹھا کرتے تھے | ان میں سے | اس چیز نے کہ | تھے | ساتھ اس کے | ٹھٹھا کرتے | کہہ | کون |

کیا کرتے تھے اُن کو اسی (عذاب) نے جس کی ہنسی اُڑاتے تھے آ گھیرا (۴۱) کہو کہ

يَكْلَؤُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ ؕ بَلْ هُمْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ

| يَكْلَؤُكُمْ | بِالَّيْلِ | وَ | النَّهَارِ | مِنَ | الرَّحْمٰنِ | بَلْ | هُمْ | عَنْ | ذِكْرِ | رَبِّهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نگہبانی کرتا ہے تمہاری | رات | اور | دن | سے | اللہ تعالیٰ | بلکہ | وہ | سے | یاد | پروردگار اپنے کی |

رات اور دن میں اللہ سے تمہاری کون حفاظت کرسکتا ہے؟ بات یہ ہے کہ یہ اپنے پروردگار کی یاد سے منہ

مُّعۡرِضُوۡنَ ﴿۴۲﴾ اَمۡ لَهُمۡ اٰلِهَةٌ تَمۡنَعُهُمۡ مِّنۡ دُوۡنِنَا ؕ

| مُّعۡرِضُوۡنَ | اَمۡ | لَهُمۡ | اٰلِهَةٌ | تَمۡنَعُهُمۡ | مِّنۡ | دُوۡنِنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| منہ پھیرنے والے ہیں | کیا | واسطے ان کے | معبود ہیں | کہ منع کرتے ہیں ان کو | سے | ورے ہم |

پھیرے ہوئے ہیں ﴿۴۲﴾ کیا ہمارے سوا ان کے اور معبود ہیں کہ ان کو (مصائب سے) بچا سکیں۔

لَا يَسۡتَطِيۡعُوۡنَ نَصۡرَ اَنۡفُسِهِمۡ وَلَا هُمۡ مِّنَّا يُصۡحَبُوۡنَ ﴿۴۳﴾ بَلۡ مَتَّعۡنَا

| لَا | يَسۡتَطِيۡعُوۡنَ | نَصۡرَ | اَنۡفُسِهِمۡ | وَ | لَا | هُمۡ | مِّنَّا | يُصۡحَبُوۡنَ | بَلۡ | مَتَّعۡنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | کر سکتے | مدد | اپنی جانوں کی | اور | نہ | وہ | ہماری طرف سے | رفاقت کیے جاتے ہیں | بلکہ | فائدہ دیا ہم نے |

وہ آپ اپنی مدد تو کر ہی نہیں سکیں گے اور نہ ہم سے پناہ ہی دیے جائیں گے ﴿۴۳﴾ بلکہ ہم ان

هٰۤؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمۡ حَتّٰى طَالَ عَلَيۡهِمُ الۡعُمُرُ ؕ اَفَلَا يَرَوۡنَ اَنَّا نَاۡتِى

| هٰۤؤُلَآءِ | وَاٰبَآءَهُمۡ | حَتّٰى | طَالَ | عَلَيۡهِمُ | الۡعُمُرُ | اَفَلَا | يَرَوۡنَ | اَنَّا | نَاۡتِى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کو | اور ان کے باپوں کو | یہاں تک کہ | دراز ہو گئی | اوپر ان کے | عمر | کیا پس نہیں | دیکھتے | یہ کہ ہم | چلے آتے ہیں |

لوگوں کو اور ان کے باپ دادا کو متمتع کرتے رہے یہاں تک کہ (اسی حالت میں) ان کی عمریں بسر ہو گئیں۔ کیا یہ نہیں دیکھتے

الۡاَرۡضَ نَنۡقُصُهَا مِنۡ اَطۡرَافِهَا ؕ اَفَهُمُ الۡغٰلِبُوۡنَ ﴿۴۴﴾ قُلۡ اِنَّمَاۤ

| الۡاَرۡضَ | نَنۡقُصُهَا | مِنۡ | اَطۡرَافِهَا | اَفَهُمُ | الۡغٰلِبُوۡنَ | قُلۡ | اِنَّمَاۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زمین کو | گھٹاتے | سے | اس کے دونوں کناروں | کیا پس وہ | غالب ہیں | کہہ | سوائے اسکے نہیں کہ |

کہ ہم زمین کو اس کے کناروں سے گھٹاتے چلے آتے ہیں۔ تو کیا یہ لوگ غلبہ پانے والے ہیں؟ ﴿۴۴﴾ کہہ دو کہ میں تم

اُنۡذِرُكُمۡ بِالۡوَحۡىِ ۖ وَلَا يَسۡمَعُ الصُّمُّ الدُّعَآءَ اِذَا مَا يُنۡذَرُوۡنَ ﴿۴۵﴾

| اُنۡذِرُكُمۡ | بِالۡوَحۡىِ | وَ | لَا | يَسۡمَعُ | الصُّمُّ | الدُّعَآءَ | اِذَا | مَا | يُنۡذَرُوۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈراتا ہوں میں تم کو | ساتھ وحی کے | اور | نہیں | سنتے | بہرے ہیں | پکارنا | جب | کہ | وہ ڈرائے جاتے ہیں |

کو حکم اللہ کے مطابق نصیحت کرتا ہوں اور بہروں کو جب نصیحت کی جائے تو وہ پکار کو سنتے ہی نہیں ﴿۴۵﴾

وَلَئِنۡ مَّسَّتۡهُمۡ نَفۡحَةٌ مِّنۡ عَذَابِ رَبِّكَ لَيَقُوۡلُنَّ يٰوَيۡلَنَاۤ اِنَّا كُنَّا

| وَ | لَئِنۡ | مَّسَّتۡهُمۡ | نَفۡحَةٌ | مِّنۡ | عَذَابِ | رَبِّكَ | لَيَقُوۡلُنَّ | يٰوَيۡلَنَاۤ | اِنَّا | كُنَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اگر | لگ جائے ان کو | ایک لو | سے | عذاب کی | رب تیرے کے | البتہ کہیں گے | اے وائے ہم کو | بیشک ہم | تھے |

اور اگر اُن کو تمہارے پروردگار کا تھوڑا سا عذاب بھی پہنچے تو کہنے لگیں کہ ہائے کم بختی ہم بے شک

ظٰلِمِيْنَ ﴿٤٦﴾ وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظٰلِمِيْنَ | وَ | نَضَعُ | الْمَوَازِيْنَ | الْقِسْطَ | لِيَوْمِ | الْقِيٰمَةِ | فَلَا | تُظْلَمُ |
| ظالم | اور | رکھیں گے ہم | ترازوئیں | انصاف کی | دن | قیامت کے | پس نہ | ظلم کیا جائے گا |

گنہگار تھے ﴿٤٦﴾ اور ہم قیامت کے دن انصاف کی ترازو کھڑی کریں گے تو کسی شخص کی ذرا بھی حق تلفی نہ کی

نَفْسٌ شَيْـًٔا ؕ وَاِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ؕ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَفْسٌ | شَيْـًٔا | وَ | اِنْ | كَانَ | مِثْقَالَ | حَبَّةٍ | مِّنْ | خَرْدَلٍ | اَتَيْنَا | بِهَا |
| کوئی جی | کچھ | اور | اگر | ہوگا | برابر | دانے | سے | رائی کے | لے آئیں گے ہم | اس کو |

جائے گی۔ اور اگر رائی کے دانے کے برابر بھی (کسی کا عمل) ہوگا تو ہم اس کو لا موجود کریں گے۔

وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ ﴿٤٧﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ الْفُرْقَانَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَفٰى | بِنَا | حٰسِبِيْنَ | وَ | لَقَدْ | اٰتَيْنَا | مُوْسٰى | وَ | هٰرُوْنَ | الْفُرْقَانَ |
| اور | کافی ہیں | ہم | حساب لینے والے | اور | البتہ تحقیق | دیا ہم نے | موسیٰ کو | اور | ہارون کو | معجزہ |

اور ہم حساب کرنے کو کافی ہیں ﴿٤٧﴾ اور ہم نے موسیٰ اور ہارون کو (ہدایت اور گمراہی میں) فرق کردینے والی اور (سرتاپا) روشنی

وَضِيَآءً وَّذِكْرًا لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٤٨﴾ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | ضِيَآءً | وَّ | ذِكْرًا | لِّلْمُتَّقِيْنَ | الَّذِيْنَ | يَخْشَوْنَ | رَبَّهُمْ | بِالْغَيْبِ |
| اور | روشنی | اور | نصیحت | واسطے پرہیزگاروں کے | وہ جو | ڈرتے ہیں | رب اپنے سے | بن دیکھے |

اور نصیحت (کی کتاب) عطا کی (یعنی) پرہیزگاروں کے لیے ﴿٤٨﴾ جو بن دیکھے اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں

وَهُمْ مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُوْنَ ﴿٤٩﴾ وَهٰذَا ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هُمْ | مِّنَ | السَّاعَةِ | مُشْفِقُوْنَ | وَ | هٰذَا | ذِكْرٌ | مُّبٰرَكٌ | اَنْزَلْنٰهُ |
| اور | وہ | سے | قیامت | ڈرتے ہیں | اور | یہ | ذکر ہے | برکت والا | اتارا ہے ہم نے اسکو |

اور قیامت کا بھی خوف رکھتے ہیں ﴿٤٩﴾ اور یہ مبارک نصیحت ہے جسے ہم نے نازل فرمایا ہے

اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿٥٠﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَآ اِبْرٰهِيْمَ رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ ع ٤

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَفَاَنْتُمْ | لَهٗ | مُنْكِرُوْنَ | وَ | لَقَدْ | اٰتَيْنَآ | اِبْرٰهِيْمَ | رُشْدَهٗ | مِنْ | قَبْلُ |
| کیا پس تم | اس کے | منکر ہو | اور | البتہ تحقیق | دی ہم نے | ابراہیم کو | ہدایت اس کی | سے | پہلے اس |

تو کیا تم اس سے انکار کرتے ہو؟ ﴿٥٠﴾ اور ہم نے ابراہیم کو پہلے ہی سے ہدایت دی تھی اور ہم اُن (کے حال)

وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِيْنَ ﴿٥١﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا هٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْٓ

| وَ | كُنَّا | بِهٖ | عٰلِمِيْنَ | اِذْ | قَالَ | لِاَبِيْهِ | وَقَوْمِهٖ | مَا | هٰذِهِ | التَّمَاثِيْلُ | الَّتِيْٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | تھے ہم | اس کو | جاننے والے | جب | کہا | اپنے باپ کو | اور قوم اپنی کو | کیا ہیں | یہ | مورتیں | کہ جو |

سے واقف تھے ﴿٥١﴾ جب انہوں نے اپنے باپ اور اپنی قوم کے لوگوں سے کہا کہ یہ کیا مورتیں ہیں جن ( کی

اَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُوْنَ ﴿٥٢﴾ قَالُوْا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا لَهَا عٰبِدِيْنَ ﴿٥٣﴾ قَالَ

| اَنْتُمْ | لَهَا | عٰكِفُوْنَ | قَالُوْا | وَجَدْنَآ | اٰبَآءَنَا | لَهَا | عٰبِدِيْنَ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم ہو | واسطے ان کے | اعتکاف کرنیوالے | کہا انہوں نے | پایا ہم نے | اپنے باپوں کو | واسطے انکے | عبادت کرنے والے | کہا |

پرستش ) پر تم معتکف ( وقائم ) ہو ﴿٥٢﴾ وہ کہنے لگے کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ان کی پرستش کرتے دیکھا ہے ﴿٥٣﴾ ( ابراہیم نے ) کہا

لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٥٤﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا

| لَقَدْ | كُنْتُمْ | اَنْتُمْ | وَ | اٰبَآؤُكُمْ | فِيْ | ضَلٰلٍ | مُّبِيْنٍ | قَالُوْٓا | اَجِئْتَنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| البتہ تحقیق | تھے تم | تم | اور | باپ تمہارے | بیچ | گمراہی | ظاہر کے | کہا انہوں نے | کیا لایاہے تو ہمارے پاس |

کہ تم بھی ( گمراہ ہو ) اور تمہارے باپ دادا بھی صریح گمراہی میں پڑے رہے ﴿٥٤﴾ وہ بولے کیا تم ہمارے پاس ( واقعی )

بِالْحَقِّ اَمْ اَنْتَ مِنَ اللّٰعِبِيْنَ ﴿٥٥﴾ قَالَ بَلْ رَّبُّكُمْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ

| بِالْحَقِّ | اَمْ | اَنْتَ | مِنَ | اللّٰعِبِيْنَ | قَالَ | بَلْ | رَّبُّكُمْ | رَبُّ | السَّمٰوٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حق | یا | تو ہے | سے | کھیلنے والوں میں | کہا | بلکہ | پروردگار تمہارا | رب ہے | آسمانوں کا |

حق لائے ہو یا ( ہم سے ) کھیل ( کی باتیں ) کرتے ہو ﴿٥٥﴾ ( ابراہیم نے ) کہا ( نہیں ) بلکہ تمہارا پروردگار آسمانوں اور زمین کا

وَالْاَرْضِ الَّذِيْ فَطَرَهُنَّ ۖ وَاَنَا عَلٰى ذٰلِكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿٥٦﴾

| وَ | الْاَرْضِ | الَّذِيْ | فَطَرَهُنَّ | وَ | اَنَا | عَلٰى | ذٰلِكُمْ | مِّنَ | الشّٰهِدِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | زمین کا | جس نے | ان کو پیدا کیا | اور | میں | اوپر | اس بات کے ہوں | سے | گواہوں میں |

پروردگار ہے جس نے ان کو پیدا کیا ہے اور میں اس ( بات ) کا گواہ ( اور اسی کا قائل ) ہوں ﴿٥٦﴾

وَتَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿٥٧﴾

| وَ | تَاللّٰهِ | لَاَكِيْدَنَّ | اَصْنَامَكُمْ | بَعْدَ | اَنْ | تُوَلُّوْا | مُدْبِرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | قسم ہے اللہ کی | البتہ میں بدی کروں گا | بتوں تمہارے سے | پیچھے | اس کے کہ | پھر جاؤ تم | پیٹھ پھیر کر |

اور اللہ کی قسم جب تم پیٹھ پھیر کر چلے جاؤ گے تو میں تمہارے بتوں سے ایک چال چلوں گا ﴿٥٧﴾

فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا اِلَّا كَبِيْرًا لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ اِلَيْهِ يَرْجِعُوْنَ ﴿٥٨﴾ قَالُوْا

| فَجَعَلَهُمْ | جُذٰذًا | اِلَّا | كَبِيْرًا | لَّهُمْ | لَعَلَّهُمْ | اِلَيْهِ | يَرْجِعُوْنَ | قَالُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس کیا ان کو | ٹکڑے ٹکڑے | مگر | ایک بڑے | ان کے کو | تا کہ وہ | طرف اس کے | پھر آئیں | کہا انہوں نے |

پھر ان کو توڑ کر ریزہ ریزہ کر دیا مگر ایک بڑے (بت) کو (نہ توڑا) تا کہ وہ اس کی طرف رجوع کریں ﴿٥٨﴾ کہنے لگے

مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَآ اِنَّهٗ لَمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٥٩﴾ قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًى

| مَنْ | فَعَلَ | هٰذَا | بِاٰلِهَتِنَآ | اِنَّهٗ | لَمِنَ | الظّٰلِمِيْنَ | قَالُوْا | سَمِعْنَا | فَتًى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کس نے | کیا | یہ | ساتھ ہمارے معبودوں کے | تحقیق وہ | البتہ وہ ہے | بے انصافوں میں سے | کہا انہوں نے کہ | سنا ہے ہم نے | ایک جوان کو کہ |

کہ ہمارے معبودوں کے ساتھ یہ معاملہ کس نے کیا؟ وہ تو کوئی ظالم ہے ﴿٥٩﴾ لوگوں نے کہا کہ ہم نے ایک

يَذْكُرُهُمْ يُقَالُ لَهٗٓ اِبْرٰهِيْمُ ﴿٦٠﴾ قَالُوْا فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰٓى اَعْيُنِ النَّاسِ

| يَذْكُرُهُمْ | يُقَالُ | لَهٗ | اِبْرٰهِيْمُ | قَالُوْا | فَاْتُوْا | بِهٖ | عَلٰٓى | اَعْيُنِ | النَّاسِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذکر کرتا تھا ان کا | کہتے ہیں | اس کو | ابراہیم | کہا انہوں نے | پس لے آؤ | اس کو | اوپر | آنکھوں | لوگوں کے |

جوان کو اُن کا ذکر کرتے ہوئے سنا ہے اُسے ابراہیم کہتے ہیں ﴿٦٠﴾ وہ بولے کہ اُسے لوگوں کے سامنے لاؤ

لَعَلَّهُمْ يَشْهَدُوْنَ ﴿٦١﴾ قَالُوْٓا ءَاَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا

| لَعَلَّهُمْ | يَشْهَدُوْنَ | قَالُوْٓا | ءَاَنْتَ | فَعَلْتَ | هٰذَا | بِاٰلِهَتِنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تا کہ وہ | دیکھیں | کہا انہوں نے | کیا تو نے | کیا ہے | یہ | ساتھ ہمارے معبودوں کے |

تا کہ وہ گواہ رہیں ﴿٦١﴾ (جب ابراہیم آئے تو بت پرستوں نے) کہا کہ ابراہیم بھلا یہ کام ہمارے معبودوں کے ساتھ

يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿٦٢﴾ قَالَ بَلْ فَعَلَهٗ ۖ كَبِيْرُهُمْ هٰذَا فَسْـَٔلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا

| يٰٓاِبْرٰهِيْمُ | قَالَ | بَلْ | فَعَلَهٗ | كَبِيْرُهُمْ | هٰذَا | فَسْـَٔلُوْهُمْ | اِنْ | كَانُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے ابراہیم | کہا | بلکہ | کیا ہے اس کو | بڑے ان کے نے | کہ یہ ہے | پس پوچھو ان سے | اگر | ہیں |

تو نے کیا ہے؟ ﴿٦٢﴾ (ابراہیم نے) کہا بلکہ یہ اُن کے اس بڑے (بت) نے کیا (ہوگا) اگر یہ بولتے ہوں

يَنْطِقُوْنَ ﴿٦٣﴾ فَرَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَنْفُسِهِمْ فَقَالُوْٓا اِنَّكُمْ اَنْتُمُ

| يَنْطِقُوْنَ | فَرَجَعُوْٓا | اِلٰٓى | اَنْفُسِهِمْ | فَقَالُوْٓا | اِنَّكُمْ | اَنْتُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بولتے | پس پھر آئے | طرف | جیوں اپنے کے | پس کہا انہوں نے | بیشک تم | تم ہی ہو |

تو ان سے پوچھ لو ﴿٦٣﴾ انہوں نے اپنے دل میں غور کیا تو آپس میں کہنے لگے بیشک تم ہی

الظّٰلِمُوْنَ ﴿۶۴﴾ ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰى رُءُوْسِهِمْ ۚ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الظّٰلِمُوْنَ | ثُمَّ | نُكِسُوْا | عَلٰى | رُءُوْسِهِمْ | لَقَدْ | عَلِمْتَ | مَا |
| بے انصاف | پھر | الٹے کیے گئے | اوپر | سروں اپنے کے | البتہ تحقیق | جانتا ہے تو | کہ نہیں |

بے انصاف ہو﴿۶۴﴾ پھر (شرمندہ ہو کر) سر نیچا کر لیا (اس پر بھی ابراہیم سے کہنے لگے کہ) تم

هٰۤؤُلَآءِ يَنْطِقُوْنَ ﴿۶۵﴾ قَالَ اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هٰۤؤُلَآءِ | يَنْطِقُوْنَ | قَالَ | اَفَتَعْبُدُوْنَ | مِنْ | دُوْنِ | اللّٰهِ | مَا |
| یہ | بولتے | کہا | کیا پس عبادت کرتے ہو تم | سے | سوائے | اللہ کے | اس چیز کو کہ |

جانتے ہو یہ بولتے نہیں ﴿۶۵﴾ (ابراہیم نے) کہا کہ پھر تم اللہ کو چھوڑ کر کیوں ایسی چیزوں کو پوجتے ہو جو نہ

لَا يَنْفَعُكُمْ شَيْـًٔا وَّلَا يَضُرُّكُمْ ﴿۶۶﴾ ؕ اُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَنْفَعُكُمْ | شَيْـًٔا | وَّ | لَا | يَضُرُّكُمْ | اُفٍّ | لَّكُمْ | وَ | لِمَا | تَعْبُدُوْنَ | مِنْ | دُوْنِ |
| نہ | نفع دے تم کو | کچھ | اور | نہ | ضرر دے تم کو | تف ہے | تم کو | اور | اس چیز کو کہ | عبادت کرتے ہو تم | سے | سوائے |

تمہیں کچھ فائدہ دے سکیں اور نہ نقصان پہنچا سکیں ؟﴿۶۶﴾ تف ہے تم پر اور جن کو تم اللہ کے سوا پوجتے ہو

اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾ قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | اَفَلَا | تَعْقِلُوْنَ | قَالُوْا | حَرِّقُوْهُ | وَ | انْصُرُوْٓا | اٰلِهَتَكُمْ | اِنْ | كُنْتُمْ |
| اللہ کے | کیا پس نہیں | سمجھتے تم | کہا انہوں نے | جلا دو تم اس کو | اور | مدد دو | اپنے معبودوں کو | اگر | ہو تم |

اُن پر۔ کیا تم عقل نہیں رکھتے ؟﴿۶۷﴾ (تب وہ) کہنے لگے کہ اگر تمہیں (اس سے اپنے معبودوں کا انتقام لینا اور) کچھ کرنا ہے تو اس کو جلا ڈالو اور اپنے

فٰعِلِيْنَ ﴿۶۸﴾ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿۶۹﴾ وَاَرَادُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فٰعِلِيْنَ | قُلْنَا | يٰنَارُ | كُوْنِيْ | بَرْدًا | وَّ | سَلٰمًا | عَلٰٓى | اِبْرٰهِيْمَ | وَاَرَادُوْا |
| کرنیوالے | کہا ہم نے | اے آگ | ہو جا تو | ٹھنڈی | اور | سلامتی | اوپر | ابراہیم کے | اور ارادہ کیا |

معبودوں کی مدد کرو﴿۶۸﴾ ہم نے حکم دیا اے آگ سرد ہو جا اور ابراہیم پر (موجب) سلامتی (بن جا)﴿۶۹﴾ اُن لوگوں

بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ﴿۷۰﴾ ۚ وَنَجَّيْنٰهُ وَلُوْطًا اِلَى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهٖ | كَيْدًا | فَجَعَلْنٰهُمُ | الْاَخْسَرِيْنَ | وَ | نَجَّيْنٰهُ | وَ | لُوْطًا | اِلَى |
| ساتھ اسکے | مکر کا | پس کیا ہم نے ان کو | زیاں پانے والے | اور | نجات دی ہم نے اس کو | اور | لوط کو | طرف |

نے برا تو ان کا چاہا تھا مگر ہم نے اُنہی کو نقصان میں ڈال دیا﴿۷۰﴾ اور ابراہیم اور لوط کو اس سرزمین کی طرف

الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۱﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضِ | الَّتِيْ | بٰرَكْنَا | فِيْهَا | لِلْعٰلَمِيْنَ | وَوَهَبْنَا | لَهٗۤ | اِسْحٰقَ |
| زمین کی | وہ کہ جو | برکت کی تھی ہم نے | بیچ اس کے | واسطے جہانوں کے | اور دیا ہم نے | اس کو | اسحاق |

بچا نکالا جس میں ہم نے اہلِ عالم کے لیے برکت رکھی تھی ﴿۷۱﴾ اور ہم نے ابراہیم کو اسحٰق عطا کیے۔

وَيَعْقُوْبَ نَافِلَةً ؕ وَكُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَجَعَلْنٰهُمْ اَىِٕمَّةً

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يَعْقُوْبَ | نَافِلَةً | وَ | كُلًّا | جَعَلْنَا | صٰلِحِيْنَ | وَ | جَعَلْنٰهُمْ | اَىِٕمَّةً |
| اور | یعقوب | زیادتی | اور | ہر ایک کو | کیا ہم نے | صالح | اور | کیا ہم نے ان کو | پیشوا |

اور مستزاد برآں یعقوب۔ اور سب کو نیک کیا ﴿۷۲﴾ اور اُن کو پیشوا بنایا کہ

يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَيْنَاۤ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَاِقَامَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّهْدُوْنَ | بِاَمْرِنَا | وَاَوْحَيْنَاۤ | اِلَيْهِمْ | فِعْلَ | الْخَيْرٰتِ | وَ | اِقَامَ |
| ہدایت کرتے تھے | ساتھ حکم ہمارے کے | اور وحی کی ہم نے | طرف ان کی | کرنا | بھلائیوں کا | اور | قائم کرنا |

ہمارے حکم سے ہدایت کرتے تھے اور اُن کو نیک کام کرنے اور نماز

الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ ۚ وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ﴿۷۳﴾ ۙ وَلُوْطًا اٰتَيْنٰهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصَّلٰوةِ | وَاِيْتَآءَ | الزَّكٰوةِ | وَ | كَانُوْا | لَنَا | عٰبِدِيْنَ | وَ | لُوْطًا | اٰتَيْنٰهُ |
| نماز کا | اور دینا | زکوٰۃ کا | اور | تھے وہ | واسطے ہمارے | عبادت کرنے والے | اور | لوط کو | دیا ہم نے اس کو |

پڑھنے اور زکوٰۃ دینے کا حکم بھیجا اور وہ ہماری عبادت کیا کرتے تھے ﴿۷۳﴾ اور لوط (کا قصہ یاد کرو)

حُكْمًا وَّعِلْمًا وَّنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ تَّعْمَلُ الْخَبٰٓىِٕثَ ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حُكْمًا | وَّ | عِلْمًا | وَّ | نَجَّيْنٰهُ | مِنَ | الْقَرْيَةِ | الَّتِيْ | كَانَتْ تَّعْمَلُ | الْخَبٰٓىِٕثَ |
| حکم | اور | علم | اور | نجات دی ہم نے اسکو | سے | اس بستی | جو کہ | کرتے تھے | گندے کام |

جب اُن) کو ہم نے حکم (یعنی حکمت ونبوت) اور علم بخشا اور اس بستی سے جہاں کے لوگ گندے کام کیا کرتے تھے بچا نکالا۔

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فٰسِقِيْنَ ﴿۷۴﴾ ۙ وَاَدْخَلْنٰهُ فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهٗ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّهُمْ | كَانُوْا | قَوْمَ | سَوْءٍ | فٰسِقِيْنَ | وَاَدْخَلْنٰهُ | فِيْ | رَحْمَتِنَا | اِنَّهٗ |
| بیشک وہ | تھی | قوم | بری | بدکار | اور داخل کیا ہم نے اس کو | بیچ | رحمت اپنی کے | بیشک وہ تھا |

بیشک وہ برے اور بدکردار لوگ تھے ﴿۷۴﴾ اور انہیں اپنی رحمت (کے محل) میں داخل کیا۔ کچھ شک

ع ٥ ٢٥ ٥

مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٧٥﴾ وَنُوْحًا اِذْ نَادٰى مِنْ قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ | الصّٰلِحِيْنَ | وَ | نُوْحًا | اِذْ | نَادٰى | مِنْ | قَبْلُ | فَاسْتَجَبْنَا | لَهٗ |
| سے | صالحوں میں | اور | نوح کو | جس وقت کہ | پکارا | سے | پہلے اس | پس قبول کیا ہم نے | واسطے اسکے |

نہیں کہ وہ نیک کرداروں میں تھے ﴿٧٥﴾ اور نوح (کا قصہ بھی یاد کرو) جب (اس سے) پیشتر انہوں نے ہمیں پکارا تو ہم نے

فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿٧٦﴾ وَنَصَرْنٰهُ مِنَ الْقَوْمِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَنَجَّيْنٰهُ | وَ | اَهْلَهٗ | مِنَ | الْكَرْبِ | الْعَظِيْمِ | وَ | نَصَرْنٰهُ | مِنَ | الْقَوْمِ |
| پس نجات دی ہم نے اسکو | اور | اس کے اہل کو | سے | سختی | بڑی | اور | مدد دی ہم نے اس کو | سے | اس قوم |

ان کی دعا قبول فرمائی اور ان کو اور ان کے ساتھیوں کو بڑی گھبراہٹ سے نجات دی ﴿٧٦﴾ اور جو لوگ ہماری آیتوں

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فَاَغْرَقْنٰهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَا | اِنَّهُمْ | كَانُوْا | قَوْمَ | سَوْءٍ | فَاَغْرَقْنٰهُمْ |
| کہ وہ لوگ | جھٹلاتے تھے | نشانیوں ہماری کو | بیشک وہ | تھے | قوم | بری | پس ڈبو دیا ہم نے ان کو |

کی تکذیب کرتے تھے ان پر نصرت بخشی۔ وہ بیشک برے لوگ تھے سو ہم نے اُن سب کو

اَجْمَعِيْنَ ﴿٧٧﴾ وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِي الْحَرْثِ اِذْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَجْمَعِيْنَ | وَ | دَاوٗدَ | وَ | سُلَيْمٰنَ | اِذْ | يَحْكُمٰنِ | فِي | الْحَرْثِ | اِذْ |
| سب کو | اور | داؤد | اور | سلیمان کو | جس وقت | حکم کرتے تھے دونوں | بیچ | کھیتی کے | جسوقت کہ |

غرق کر دیا ﴿٧٧﴾ اور داؤد اور سلیمان (کا حال بھی سن لو کہ) جب وہ ایک کھیتی کا مقدمہ فیصل کرنے لگے جس میں

نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ ۚ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِيْنَ ﴿٧٨﴾ فَفَهَّمْنٰهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَفَشَتْ | فِيْهِ | غَنَمُ | الْقَوْمِ | وَ | كُنَّا | لِحُكْمِهِمْ | شٰهِدِيْنَ | فَفَهَّمْنٰهَا |
| چر گئی | بیچ اس کے | ریوڑ | ایک قوم کا | اور | تھے ہم | واسطے ان کے حکم کے | شاہد | پس سمجھا دیا ہم نے وہ |

کچھ لوگوں کی بکریاں رات کو چر گئی (اور اسے روند گئی) تھیں اور ہم ان کے فیصلے کے وقت موجود تھے ﴿٧٨﴾ تو ہم نے فیصلہ

سُلَيْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّعِلْمًا ۡ وَّسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سُلَيْمٰنَ | وَ | كُلًّا | اٰتَيْنَا | حُكْمًا | وَّعِلْمًا | وَّ | سَخَّرْنَا | مَعَ | دَاوٗدَ | الْجِبَالَ |
| سلیمان کو | اور | ہر ایک کو | دیا ہم نے | حکم | اور علم | اور | مسخر کیا ہم نے | ساتھ | داؤد کے | پہاڑوں کو |

(کرنے کا طریق) سلیمان کو سمجھا دیا۔ اور ہم نے دونوں کو حکم (یعنی حکمت ونبوت) اور علم بخشا تھا اور ہم نے پہاڑوں کو داؤد کا مسخر کر دیا تھا

يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ؕ وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿٧٩﴾ وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُسَبِّحْنَ | وَالطَّيْرَ | وَ | كُنَّا | فٰعِلِيْنَ | وَ | عَلَّمْنٰهُ | صَنْعَةَ | لَبُوْسٍ | لَّكُمْ |
| تسبیح کہتے تھے | اور جانوروں کو | اور | تھے ہم | کرنے والے | اور | سکھلائی ہم نے اسکو | کاریگری | ایک پہناوے | تمہارے کی |

کہ ان کے ساتھ تسبیح کرتے تھے اور جانوروں کو بھی (مسخر) کردیا تھا اور ہم ہی (ایسا) کرنے والے تھے ﴿٧٩﴾ اور ہم نے تمہارے لیے ان کو ایک (طرح)

لِتُحْصِنَكُمْ مِّنْۢ بَاْسِكُمْ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ شٰكِرُوْنَ ﴿٨٠﴾ وَلِسُلَيْمٰنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِتُحْصِنَكُمْ | مِّنْ | بَاْسِكُمْ | فَهَلْ | اَنْتُمْ | شٰكِرُوْنَ | وَ | لِسُلَيْمٰنَ |
| تاکہ بچائے تم کو | سے | لڑائی تمہاری | پس کیا ہو | تم | شکر کرنے والے | اور | واسطے سلیمان کے |

کا لباس بنانا بھی سکھا دیا تاکہ تم کو لڑائی (کے ضرر) سے بچائے۔ پس تم کو شکر گزار ہونا چاہیے ﴿٨٠﴾ اور ہم نے

الرِّيْحَ عَاصِفَةً تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖۤ اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرِّيْحَ | عَاصِفَةً | تَجْرِيْ | بِاَمْرِهٖۤ | اِلَى | الْاَرْضِ | الَّتِيْ | بٰرَكْنَا | فِيْهَا |
| ہوا کو | تیز رفتار | چلتی تھی | ساتھ حکم اس کے | طرف | زمین کے | وہ جو کہ | برکت دی تھی ہم نے | بیچ اسکے |

تیز ہوا سلیمان کے تابع (فرمان) کردی تھی جو ان کے حکم سے اس ملک میں چلتی تھی جس میں ہم نے برکت دی تھی (یعنی شام)۔

وَكُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ﴿٨١﴾ وَمِنَ الشَّيٰطِيْنِ مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كُنَّا | بِكُلِّ | شَيْءٍ | عٰلِمِيْنَ | وَ | مِنَ | الشَّيٰطِيْنِ | مَنْ | يَّغُوْصُوْنَ | لَهٗ |
| اور | ہیں ہم | ہر | چیز کے | جاننے والے | اور | سے | شیطانوں میں | وہ جو کہ | غوطہ مارتے تھے | واسطے اسکے |

اور ہم ہر چیز سے خبردار ہیں ﴿٨١﴾ اور دیووں (کی جماعت کو بھی اُن کے تابع کر دیا تھا کہ اُن) میں سے بعض اُن کے لیے غوطے مارتے تھے

وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ﴿٨٢﴾ وَاَيُّوْبَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَيَعْمَلُوْنَ | عَمَلًا | دُوْنَ | ذٰلِكَ | وَ | كُنَّا | لَهُمْ | حٰفِظِيْنَ | وَ | اَيُّوْبَ |
| اور کرتے تھے | کام | سوائے | اس کے | اور | تھے ہم | واسطے ان کے | نگہبان | اور | ایوب کو |

اور اس کے سوا اور کام بھی کرتے تھے اور ہم ان کے نگہبان تھے ﴿٨٢﴾ اور ایوب (کو

اِذْ نَادٰى رَبَّهٗۤ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿٨٣﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِذْ | نَادٰى | رَبَّهٗۤ | اَنِّيْ | مَسَّنِيَ | الضُّرُّ | وَ | اَنْتَ | اَرْحَمُ | الرّٰحِمِيْنَ |
| جسوقت | پکارا اس نے | رب اپنے کو کہ | بیشک میں | پہنچی ہے مجھ کو | ایذا | اور | تو | بہت مہربان ہے | سب مہربانی کرنیوالوں سے |

یاد کرو) جب انہوں نے اپنے پروردگار سے دعا کی کہ مجھے ایذا ہو رہی ہے اور تو سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے ﴿٨٣﴾

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاسْتَجَبْنَا | لَهٗ | فَكَشَفْنَا | مَا | بِهٖ | مِنْ | ضُرٍّ | وَّاٰتَيْنٰهُ | اَهْلَهٗ | وَ | مِثْلَهُمْ |
| پس قبول کیا ہم نے | واسطے اسکے | پس کھول دی ہم نے | جو کچھ | ساتھ اسکے | سے | ایذا | دی ہم نے اس کو | اولاد اس کی | اور | مانند ان کی |

تو ہم نے اُن کی دعا قبول کر لی اور جو اُن کو تکلیف تھی وہ دور کر دی اور ان کو بال بچے بھی عطا فرمائے اور اپنی مہربانی سے

مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ﴿۸۴﴾ وَاِسْمٰعِيْلَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّعَهُمْ | رَحْمَةً | مِّنْ | عِنْدِنَا | وَذِكْرٰى | لِلْعٰبِدِيْنَ | وَ | اِسْمٰعِيْلَ |
| ساتھ ان کے | مہربانی | سے | اپنی طرف | اور نصیحت | واسطے عبادت کرنیوالوں کے | اور | اسماعیل کو |

اُن کے ساتھ اتنے ہی اور (بخشے) اور عبادت کرنے والوں کے لیے (یہ) نصیحت ہے ﴿۸۴﴾ اور اسمٰعیل

وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ۭ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ۚ﴿۸۵﴾ وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِدْرِيْسَ | وَ | ذَا الْكِفْلِ | كُلٌّ | مِّنَ | الصّٰبِرِيْنَ | وَ | اَدْخَلْنٰهُمْ | فِيْ |
| اور | ادریس کو | اور | ذوالکفل کو | ہر ایک تھا | سے | صبر کرنے والوں | اور | داخل کیا ہم نے ان کو | بیچ |

اور ادریس اور ذوالکفل (کو بھی یاد کرو)۔ یہ سب صبر کرنے والے تھے ﴿۸۵﴾ اور ہم نے اُن کو

رَحْمَتِنَا ۭ اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| رَحْمَتِنَا | اِنَّهُمْ | مِّنَ | الصّٰلِحِيْنَ | وَذَا النُّوْنِ | اِذْ | ذَّهَبَ |
| رحمت اپنی کے | بیشک وہ تھے | سے | صالحوں میں | اور ذوالنون کو | جس وقت | گیا وہ |

اپنی رحمت میں داخل کیا۔ بلاشبہ وہ نیکوکار تھے ﴿۸۶﴾ اور ذوالنون (کو یاد کرو) جب وہ (اپنی قوم سے ناراض ہو کر) غصے کی حالت

مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُغَاضِبًا | فَظَنَّ | اَنْ | لَّنْ | نَّقْدِرَ | عَلَيْهِ | فَنَادٰى | فِي | الظُّلُمٰتِ | اَنْ | لَّآ |
| غصہ کھا کر | پس جانا | یہ کہ | ہرگز نہ | تنگ پکڑیں گے ہم | اوپر اس کے | پس پکارا | بیچ | اندھیروں کے | یہ کہ | نہیں |

میں چل دیے اور خیال کیا کہ ہم اُن پر قابو نہیں پا سکیں گے۔ آخر اندھیرے میں (اللہ کو) پکارنے لگے کہ

اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ڰ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۚ﴿۸۷﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰهَ | اِلَّآ | اَنْتَ | سُبْحٰنَكَ | اِنِّيْ | كُنْتُ | مِنَ | الظّٰلِمِيْنَ |
| کوئی معبود | مگر | تو | پاکی ہے تجھ کو | بیشک میں | تھا میں | سے | قصورواروں |

تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے (اور) بیشک میں قصوروار ہوں ﴿۸۷﴾

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ؕ وَكَذٰلِكَ نُـْۨجِي

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاسْتَجَبْنَا | لَهٗ | وَنَجَّيْنٰهُ | مِنَ | الْغَمِّ | وَكَذٰلِكَ | نُـْۨجِي |
| پس قبول کیا ہم نے | واسطے اس کے | اور نجات دی ہم نے اس کو | سے | غم | اور اسی طرح | نجات دیتے ہیں ہم |

تو ہم نے ان کی دعا قبول کر لی اور ان کو غم سے نجات بخشی۔ اور ایمان والوں کو ہم اسی طرح نجات دیا

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨٨﴾ وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُؤْمِنِيْنَ | وَزَكَرِيَّآ | اِذْ | نَادٰى | رَبَّهٗ | رَبِّ | لَا | تَذَرْنِيْ | فَرْدًا | وَّ | اَنْتَ |
| ایمان والوں کو | اور زکریا کو | جس وقت | پکارا اس نے | رب اپنے کو | اے پروردگار میرے | مت | چھوڑ مجھ کو | اکیلا | اور | تو |

کرتے ہیں﴿٨٨﴾ اور زکریا (کو یاد کرو) جب انہوں نے اپنے پروردگار کو پکارا کہ پروردگار! مجھے اکیلا نہ چھوڑ

خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿٨٩﴾ ۚۖ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۫ وَوَهَبْنَا لَهٗ يَحْيٰى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَيْرُ | الْوٰرِثِيْنَ | فَاسْتَجَبْنَا | لَهٗ | وَ | وَهَبْنَا | لَهٗ | يَحْيٰى |
| بہتر | وارثوں کا ہے | پس قبول کیا ہم نے | واسطے اس کے | اور | دیا ہم نے | اس کو | یحییٰ |

اور تو سب سے بہتر وارث ہے﴿٨٩﴾ تو ہم نے اُن کی پکار سن لی اور اُن کو یحییٰ بخشے

وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاَصْلَحْنَا | لَهٗ | زَوْجَهٗ | اِنَّهُمْ | كَانُوْا | يُسٰرِعُوْنَ | فِي | الْخَيْرٰتِ |
| اور درست کر دی ہم نے | واسطے اسکے | بی بی اس کی | بیشک وہ | تھے | جلدی کرتے | بیچ | بھلائیوں کے |

اور ان کی بیوی کو اولاد کے قابل بنا دیا۔ یہ لوگ لپک لپک کر نیکیاں کرتے

وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ؕ وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ﴿٩٠﴾ وَالَّتِيْٓ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَيَدْعُوْنَنَا | رَغَبًا | وَّ | رَهَبًا | وَ | كَانُوْا | لَنَا | خٰشِعِيْنَ | وَالَّتِيْٓ |
| اور پکارتے تھے ہم کو | رغبت سے | اور | ڈر سے | اور | تھے وہ | واسطے ہمارے | عاجزی کرتے | اور اس عورت کو کہ |

اور ہمیں امید اور خوف سے پکارتے اور ہمارے آگے عاجزی کیا کرتے تھے﴿٩٠﴾ اور اُن (مریم)

اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَحْصَنَتْ | فَرْجَهَا | فَنَفَخْنَا | فِيْهَا | مِنْ | رُّوْحِنَا | وَجَعَلْنٰهَا | وَ | ابْنَهَآ |
| محافظت کی | اپنی عصمت کی | پس پھونک دیا ہم نے | بیچ اس کے | سے | روح اپنی کو | اور کیا ہم نے اس کو | اور | بیٹے اسکے کو |

کو (بھی یاد کرو) جنہوں نے اپنی عفت کو محفوظ رکھا۔ تو ہم نے اُن میں اپنی روح پھونک دی اور ان کو اور ان کے بیٹے کو اہلِ

اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿٩١﴾ اِنَّ هٰذِهٖۤ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖ وَّاَنَا رَبُّكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰيَةً | لِّلْعٰلَمِيْنَ | اِنَّ | هٰذِهٖۤ | اُمَّتُكُمْ | اُمَّةً | وَّاحِدَةً | وَّ | اَنَا | رَبُّكُمْ |
| نشانی | واسطے عالموں کے | بیشک | یہ ہے | امت تمہاری | امت | ایک | اور | میں ہوں | رب تمہارا |

عالم کے لیے نشانی بنا دیا ﴿٩١﴾ یہ تمہاری جماعت ایک ہی جماعت ہے اور میں تمہارا پروردگار ہوں

فَاعْبُدُوْنِ ﴿٩٢﴾ وَتَقَطَّعُوْۤا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ۭ كُلٌّ اِلَيْنَا رٰجِعُوْنَ ﴿٩٣﴾ ع ١٨ / ٦

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاعْبُدُوْنِ | وَتَقَطَّعُوْۤا | اَمْرَهُمْ | بَيْنَهُمْ | كُلٌّ | اِلَيْنَا | رٰجِعُوْنَ |
| پس عبادت کرو میری | اور کاٹ لیا انہوں نے | کام اپنا | درمیان اپنے | ہر ایک | طرف ہماری | پھر آنے والے ہیں |

تو میری ہی عبادت کیا کرو ﴿٩٢﴾ اور یہ لوگ اپنے معاملے میں باہم متفرق ہوگئے۔ (مگر) سب ہماری طرف رجوع کرنے والے ہیں ﴿٩٣﴾

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ ۚ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَنْ | يَّعْمَلْ | مِنَ | الصّٰلِحٰتِ | وَ | هُوَ | مُؤْمِنٌ | فَلَا | كُفْرَانَ | لِسَعْيِهٖ |
| پس جو کوئی | کام کرے | سے | اچھے | اور | وہ | ایمان والا ہو | پس نہیں | ناقدردانی | واسطے اسکی کوشش کے |

جو نیک کام کرے گا اور مومن بھی ہو گا تو اس کی کوشش رائیگاں نہ جائے گی

وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ﴿٩٤﴾ وَحَرٰمٌ عَلٰى قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَاۤ اَنَّهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنَّا | لَهٗ | كٰتِبُوْنَ | وَ | حَرٰمٌ | عَلٰى | قَرْيَةٍ | اَهْلَكْنٰهَاۤ | اَنَّهُمْ |
| اور | ہم | واسطے اس کے | لکھنے والے ہیں | اور | لازم ہے | اوپر | بستی کے کہ | ہلاک کیا ہم نے اس کو | یہ کہ وہ |

اور ہم اُس کے لیے (ثوابِ اعمال) لکھ رہے ہیں ﴿٩٤﴾ اور جس بستی (والوں) کو ہم نے ہلاک کر دیا محال ہے کہ (رجوع کریں)

لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٩٥﴾ حَتّٰۤى اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَرْجِعُوْنَ | حَتّٰۤى | اِذَا | فُتِحَتْ | يَاْجُوْجُ | وَ | مَاْجُوْجُ | وَهُمْ | مِّنْ |
| نہیں | پھرتے | یہاں تک کہ | جب | کھولے جائیں گے | یاجوج | اور | ماجوج | اور وہ | سے |

وہ رجوع نہیں کریں گے ﴿٩٥﴾ یہاں تک کہ یاجوج اور ماجوج کھول دیے جائیں اور وہ

كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ﴿٩٦﴾ وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ فَاِذَا هِيَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُلِّ | حَدَبٍ | يَّنْسِلُوْنَ | وَ | اقْتَرَبَ | الْوَعْدُ | الْحَقُّ | فَاِذَا | هِيَ |
| ہر | اونچان | دوڑتے ہوں گے | اور | نزدیک آئے | وعدہ | سچا | پس ناگہاں | وہ |

ہر بلندی سے دوڑ رہے ہوں ﴿٩٦﴾ اور (قیامت کا) سچا وعدہ قریب آ جائے تو ناگاہ کافروں کی

شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ يٰوَيْلَنَا قَدْ كُنَّا فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ

| شَاخِصَةٌ | اَبْصَارُ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | يٰوَيْلَنَا | قَدْ | كُنَّا | فِيْ | غَفْلَةٍ | مِّنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چڑھ رہی ہیں | آنکھیں | ان لوگوں کی کہ | کافر ہوئے | اے وائے ہم کو | تحقیق | تھے ہم | بیچ | غفلت کے | سے |

آنکھیں کھلی کی کھلی رہ جائیں۔ (اور کہنے لگیں کہ) ہائے شامت ہم اس (حال) سے غفلت میں رہے

هٰذَا بَلْ كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۹۷﴾ اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

| هٰذَا | بَلْ | كُنَّا | ظٰلِمِيْنَ | اِنَّكُمْ | وَمَا | تَعْبُدُوْنَ | مِنْ | دُوْنِ اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس | بلکہ | تھے ہم | ظالم | بیشک تم | اور جس چیز کو | عبادت کرتے ہو تم | سے | سوائے اللہ کے |

بلکہ ہم (اپنے حق میں) ظالم تھے ﴿۹۷﴾ (کافرو اس روز) تم اور جن کی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے ہو

حَصَبُ جَهَنَّمَ ؕ اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ﴿۹۸﴾ لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَآءِ اٰلِهَةً مَّا

| حَصَبُ | جَهَنَّمَ | اَنْتُمْ | لَهَا | وٰرِدُوْنَ | لَوْ | كَانَ | هٰٓؤُلَآءِ | اٰلِهَةً | مَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پتھر ہیں | دوزخ کے | تم | اس کے پاس | آنے والے ہو | اگر | ہوتے | یہ | معبود | نہ |

دوزخ کا ایندھن ہوں گے (اور) تم (سب) اس میں داخل ہو کر رہو گے ﴿۹۸﴾ اگر یہ لوگ (درحقیقت) معبود ہوتے تو

وَّرَدُوْهَا ؕ وَكُلٌّ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۹۹﴾ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّهُمْ فِيْهَا

| وَرَدُوْهَا | وَكُلٌّ | فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ | لَهُمْ | فِيْهَا | زَفِيْرٌ | وَّ | هُمْ | فِيْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آتے اسکے پاس | اور ہر ایک | بیچ اس کے | ہمیش رہنے والے ہیں | واسطے انکے | بیچ اس کے | چلّانا ہے | اور | وہ | بیچ اس کے |

اس میں داخل نہ ہوتے۔ سب اس میں ہمیشہ (جلتے) رہیں گے ﴿۹۹﴾ وہاں اُن کو چلّانا ہوگا اور اس میں (کچھ)

لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى ۙ اُولٰٓئِكَ

| لَا | يَسْمَعُوْنَ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | سَبَقَتْ | لَهُمْ | مِّنَّا | الْحُسْنٰٓى | اُولٰٓئِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | سنیں گے | بیشک | وہ لوگ جو کہ | پہلے ہو چکا ہے | واسطے ان کے | ہماری طرف سے | اچھائی | یہ لوگ |

نہ سن سکیں گے ﴿۱۰۰﴾ جن لوگوں کے لیے ہماری طرف سے پہلے بھلائی مقرر ہو چکی ہے وہ

عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا ۚ وَهُمْ فِيْ مَا

| عَنْهَا | مُبْعَدُوْنَ | لَا | يَسْمَعُوْنَ | حَسِيْسَهَا | وَهُمْ | فِيْ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے | دور کیے گئے ہیں | نہیں | سنیں گے | کھٹکا اس کا | اور وہ | بیچ | اس کے کہ |

اس سے دور رکھے جائیں گے ﴿۱۰۱﴾ (یہاں تک کہ) اس کی آواز بھی تو نہیں سنیں گے۔ اور جو کچھ ان کا جی چاہے گا

اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اشْتَهَتْ | اَنْفُسُهُمْ | خٰلِدُوْنَ | لَا | يَحْزُنُهُمُ | الْفَزَعُ | الْاَكْبَرُ |
| چاہیں گے | جی ان کے | ہمیشہ رہنے والے ہیں | نہ | غمگین کرے گا ان کو | ڈر | بڑا |

اس میں (یعنی ہر طرح کے عیش اور لطف میں) ہمیشہ رہیں گے ﴿۱۰۲﴾ اُن کو (اس دن کا) بڑا بھاری خوف غمگین نہیں کرے گا

وَتَتَلَقّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ۭ هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | تَتَلَقّٰىهُمُ | الْمَلٰٓئِكَةُ | هٰذَا | يَوْمُكُمُ | الَّذِيْ | كُنْتُمْ | تُوْعَدُوْنَ |
| اور | لینے آئیں گے ان کو | فرشتے | یہ ہے | دن تمہارا | جو کہ | تھے تم | وعدہ دیئے جاتے |

اور فرشتے اُن کو لینے آئیں گے۔ (اور کہیں گے کہ) یہی وہ دن ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا ﴿۱۰۳﴾

يَوْمَ نَطْوِي السَّمَاۗءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ۭ كَمَا بَدَاْنَآ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَوْمَ | نَطْوِي | السَّمَاۗءَ | كَطَيِّ | السِّجِلِّ | لِلْكُتُبِ | كَمَا | بَدَاْنَآ |
| جس دن | لپیٹ لیں گے ہم | آسمان کو | جیسا لپیٹتا ہے | طومار | رقموں کا | جیسا کہ | شروع کیا تھا ہم نے |

جس دن ہم آسمان کو اس طرح لپیٹ لیں گے جیسے خطوں کا طومار لپیٹ لیتے ہیں۔ جس طرح ہم نے (کائنات کو) پہلے پیدا کیا تھا

اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ ۭ وَعْدًا عَلَيْنَا ۭ اِنَّا كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَلَقَدْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوَّلَ | خَلْقٍ | نُّعِيْدُهٗ | وَعْدًا | عَلَيْنَا | اِنَّا | كُنَّا | فٰعِلِيْنَ | وَ | لَقَدْ |
| پہلی | پیدائش | دوبارہ کرینگے اس کو | وعدہ ہے | ہمارے ذمے | بیشک | ہم ہیں | کرنے والے | اور | البتہ تحقیق |

اسی طرح دوبارہ پیدا کر دیں گے۔ (یہ) وعدہ (ہے جس کا پورا کرنا) لازم ہے۔ ہم (ایسا) ضرور کرنے والے ہیں ﴿۱۰۴﴾ اور

كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَتَبْنَا | فِي | الزَّبُوْرِ | مِنْۢ بَعْدِ | الذِّكْرِ | اَنَّ | الْاَرْضَ | يَرِثُهَا |
| لکھ دیا ہم نے | بیچ | زبور کے | پیچھے | ذکر کے | یہ کہ | زمین کے | وارث ہونگے اسکے |

ہم نے نصیحت (کی کتاب یعنی تورات) کے بعد زبور میں لکھ دیا تھا کہ میرے نیکوکار بندے ملک کے

عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِنَّ فِيْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عِبَادِيَ | الصّٰلِحُوْنَ | اِنَّ | فِيْ | هٰذَا | لَبَلٰغًا | لِّقَوْمٍ |
| میرے بندے | صالح | بیشک | بیچ | اس کے | البتہ مطلب کو پہنچا دینا ہے | واسطے قوم |

وارث ہوں گے ﴿۱۰۵﴾ عبادت کرنے والے لوگوں کے لیے اس میں (اللہ کے

عٰبِدِيْنَ ۱۰۶ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۱۰۷ قُلْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عٰبِدِيْنَ | وَ | مَآ | اَرْسَلْنٰكَ | اِلَّا | رَحْمَةً | لِّلْعٰلَمِيْنَ | قُلْ |
| عبادت کرنے والی کے | اور | نہیں | بھیجا ہم نے تجھ کو | مگر | رحمت | واسطے عالموں کے | کہہ |

حکموں کی) تبلیغ ہے (۱۰۶) اور (اے محمد ﷺ) ہم نے تم کو تمام جہان کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے (۱۰۷) کہہ دو کہ

اِنَّمَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ج فَهَلْ اَنْتُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّمَا | يُوْحٰٓى | اِلَيَّ | اَنَّمَآ | اِلٰهُكُمْ | اِلٰهٌ | وَّاحِدٌ | فَهَلْ | اَنْتُمْ |
| سوائے اسکے نہیں کہ | وحی کی جاتی ہے | طرف میری | یہ کہ | معبود تمہارا | معبود | ایک ہے اکیلا | پس کیا | ہو تم |

مجھ پر (اللہ کی طرف سے) یہ وحی آتی ہے کہ تم سب کا معبود اللہ واحد ہے۔ تو تم کو چاہیے کہ فرمانبردار

مُّسْلِمُوْنَ ۱۰۸ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ ط وَاِنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّسْلِمُوْنَ | فَاِنْ | تَوَلَّوْا | فَقُلْ | اٰذَنْتُكُمْ | عَلٰى | سَوَآءٍ | وَاِنْ |
| اطاعت کرنے والے | پس اگر | پھر جائیں | پس کہہ | خبردار کر دیا میں نے تم کو | اوپر | برابری کے | اور نہیں |

ہو جاؤ (۱۰۸) اگر یہ لوگ منہ پھیریں تو کہہ دو کہ میں نے تم سب کو یکساں (احکام الٰہی سے) آگاہ کر دیا ہے اور

اَدْرِيْٓ اَقَرِيْبٌ اَمْ بَعِيْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ۱۰۹ اِنَّهٗ يَعْلَمُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَدْرِيْٓ | اَقَرِيْبٌ | اَمْ | بَعِيْدٌ | مَّا | تُوْعَدُوْنَ | اِنَّهٗ | يَعْلَمُ |
| جانتا میں کہ | نزدیک ہے | یا | دور | جو کچھ کہ | وعدہ دیئے جاتے ہو | بیشک وہ | جانتا ہے |

مجھ کو معلوم نہیں کہ جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ (عن) قریب (آنے والی) ہے یا (اُس کا وقت) دور ہے (۱۰۹) جو بات

الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَيَعْلَمُ مَا تَكْتُمُوْنَ ۱۱۰ وَاِنْ اَدْرِيْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْجَهْرَ | مِنَ | الْقَوْلِ | وَيَعْلَمُ | مَا | تَكْتُمُوْنَ | وَ | اِنْ | اَدْرِيْ |
| پکارنے کو | سے | بات | اور جانتا ہے | جو کہ | چھپاتے ہو تم | اور | نہیں | جانتا میں |

پکار کر کی جائے وہ اسے بھی جانتا ہے اور جو تم پوشیدہ کرتے ہو اس سے بھی واقف ہے (۱۱۰) اور میں نہیں جانتا

لَعَلَّهٗ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ۱۱۱ قٰلَ رَبِّ احْكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَعَلَّهٗ | فِتْنَةٌ | لَّكُمْ | وَمَتَاعٌ | اِلٰى | حِيْنٍ | قٰلَ | رَبِّ | احْكُمْ |
| شاید کہ وہ | آزمائش ہے | واسطے تمہارے | اور فائدہ ہے | تک | ایک مدت | کہا | اے رب میرے | حکم کر |

شاید وہ تمہارے لیے آزمائش ہو اور ایک مدت تک (تم اس سے) فائدہ (اُٹھاتے رہو) (۱۱۱) (پیغمبر نے) کہا کہ اے میرے

الصّٰفّٰت ١٩ ع

بِالْحَقِّ ؕ وَ رَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿١١٢﴾ ع

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْحَقِّ | وَ | رَبُّنَا | الرَّحْمٰنُ | الْمُسْتَعَانُ | عَلٰى | مَا | تَصِفُوْنَ |
| ساتھ حق کے | اور | پروردگار ہمارا | مہربان | مدد مانگا گیا ہے | اوپر | اس چیز کے کہ | بیان کرتے ہو تم |

پروردگار حق کے ساتھ فیصلہ کر دے۔ اور ہمارا پروردگار بڑا مہربان ہے اسی سے اُن باتوں میں جو تم بیان کرتے ہو مدد مانگی جاتی ہے ﴿١١٢﴾

## ایاتھا ٧٨ — ٢٢ سُوْرَةُ الْحَجِّ مَدَنِيَّةٌ ١٠٣ — رکوعاتھا ١٠

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ ﴿١﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰۤاَيُّهَا | النَّاسُ | اتَّقُوْا | رَبَّكُمْ | اِنَّ | زَلْزَلَةَ | السَّاعَةِ | شَيْءٌ | عَظِيْمٌ |
| اے | لوگو | ڈرو | رب اپنے سے | بیشک | زلزلہ | قیامت کا | چیز ہے | بڑی |

لوگو اپنے پروردگار سے ڈرو کہ قیامت کا زلزلہ ایک حادثۂ عظیم ہے ﴿١﴾

يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّاۤ اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَوْمَ | تَرَوْنَهَا | تَذْهَلُ | كُلُّ | مُرْضِعَةٍ | عَمَّاۤ | اَرْضَعَتْ | وَ | تَضَعُ | كُلُّ |
| جس دن | دیکھیں گے اسکو | بھول جائے گی | ہر | دودھ پلانے والی | جس کو | دودھ پلایا تھا | اور | ڈال دے گی | ہر |

(اے مخاطب) جس دن تو اس کو دیکھے گا (اُس دن یہ حال ہوگا کہ) تمام دودھ پلانے والی عورتیں اپنے بچوں کو بھول جائیں گی اور

ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذَاتِ حَمْلٍ | حَمْلَهَا | وَ | تَرَى | النَّاسَ | سُكٰرٰى | وَ | مَا | هُمْ | بِسُكٰرٰى |
| حمل والی | حمل اپنا | اور | دیکھے گا تو | لوگوں کو | مست | اور | نہیں | وہ | مست |

تمام حمل والیوں کے حمل گر پڑیں گے اور لوگ تجھ کو متوالے نظر آئیں گے مگر وہ متوالے نہیں ہوں گے بلکہ (عذاب دیکھ کر مدہوش ہو

وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ﴿٢﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لٰكِنَّ | عَذَابَ | اللّٰهِ | شَدِيْدٌ | وَ | مِنَ | النَّاسِ | مَنْ | يُّجَادِلُ | فِي | اللّٰهِ |
| اور | لیکن | عذاب | اللہ کا | سخت ہے | اور | کچھ | لوگ | جو کہ | جھگڑتے ہیں | بیچ | اللہ کے |

رہے ہوں گے بیشک) اللہ کا عذاب بڑا سخت ہے ﴿٢﴾ اور بعض لوگ ایسے ہیں جو اللہ (کی شان) میں علم (و دانش) کے

بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ﴿٣﴾ كُتِبَ عَلَيْهِ اَنَّهٗ مَنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِغَيْرِ | عِلْمٍ | وَّ | يَتَّبِعُ | كُلَّ | شَيْطٰنٍ | مَّرِيْدٍ | كُتِبَ | عَلَيْهِ | اَنَّهٗ | مَنْ |
| بغیر | علم کے | اور | پیروی کرتے ہیں | ہر | شیطان | سرکش کی | لکھا گیا ہے | اوپر اس کے | یہ کہ وہ | جس کی |

بغیر جھگڑتے اور ہر شیطان سرکش کی پیروی کرتے ہیں ﴿٣﴾ جس کے بارے میں لکھ دیا گیا ہے کہ

تَوَلَّاهُ فَاَنَّهٗ يُضِلُّهٗ وَيَهْدِيْهِ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿٤﴾ يٰۤاَيُّهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَوَلَّاهُ | فَاَنَّهٗ | يُضِلُّهٗ | وَ | يَهْدِيْهِ | اِلٰى | عَذَابِ | السَّعِيْرِ | يٰۤاَيُّهَا |
| دوستی کرے وہ | پس بیشک کہ وہ | گمراہ کرتا ہے اسکو | اور | راہ دکھاتا ہے اس کو | طرف | عذاب | دوزخ کی | اے |

جو اُسے دوست رکھے گا تو وہ اس کو گمراہ کردے گا اور دوزخ کے عذاب کا رستہ دکھائے گا ﴿٤﴾ لوگو

النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّاسُ | اِنْ | كُنْتُمْ | فِيْ | رَيْبٍ | مِّنَ | الْبَعْثِ | فَاِنَّا | خَلَقْنٰكُمْ | مِّنْ | تُرَابٍ |
| لوگو | اگر | ہو تم | بیچ | شک کے | سے | جی اٹھنے | پس بیشک | ہم نے پیدا کیا ہے تم کو | سے | مٹی |

اگر تم کو (مرنے کے بعد) جی اُٹھنے میں شک ہو تو ہم نے تم کو (پہلی بار بھی تو) پیدا کیا تھا (یعنی ابتدا میں) مٹی سے

ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | مِنْ | نُّطْفَةٍ | ثُمَّ | مِنْ | عَلَقَةٍ | ثُمَّ | مِنْ | مُّضْغَةٍ | مُّخَلَّقَةٍ | وَّ | غَيْرِ |
| پھر | سے | نطفے | پھر | سے | لہو جمے ہوئے | پھر | سے | بوٹی | صورت بنی ہوئی | اور | بن |

پھر اُس سے نطفہ بنا کر۔ پھر اس سے خون کا لوتھڑا بنا کر۔ پھر اس سے بوٹی بنا کر جس کی بناوٹ کامل بھی ہوتی ہے اور ناقص بھی

مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ؕ وَنُقِرُّ فِى الْاَرْحَامِ مَا نَشَآءُ اِلٰۤى اَجَلٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُخَلَّقَةٍ | لِّنُبَيِّنَ | لَكُمْ | وَنُقِرُّ | فِى | الْاَرْحَامِ | مَا | نَشَآءُ | اِلٰۤى | اَجَلٍ |
| بنی ہوئی | تاکہ بیان کریں ہم | واسطے تمہارے | اور ٹھیراتے ہیں ہم | بیچ | رحموں کے | جتنا | چاہیں | طرف | وقت |

تاکہ تم پر (اپنی خالقیت) ظاہر کردیں۔ اور ہم جس کو چاہتے ہیں ایک میعاد مقرر تک پیٹ میں ٹھیرائے

مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْۤا اَشُدَّكُمْ ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّسَمًّى | ثُمَّ | نُخْرِجُكُمْ | طِفْلًا | ثُمَّ | لِتَبْلُغُوْۤا | اَشُدَّكُمْ | وَ | مِنْكُمْ | مَّنْ |
| مقرر کے | پھر | نکالتے ہیں ہم تم کو | بچہ | پھر | تاکہ پہنچو | جوانی اپنی کو | اور | بعض تم میں سے | وہ ہے جو کہ |

رکھتے ہیں۔ پھر تم کو بچہ بنا کر نکالتے ہیں۔ پھر تم جوانی کو پہنچتے ہو۔ اور بعض (قبل از پیری) مرجاتے ہیں اور بعض (شیخ فانی

يُتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنْ بَعْدِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُتَوَفّٰى | وَ | مِنْكُمْ | مَّنْ | يُّرَدُّ | اِلٰٓى | اَرْذَلِ | الْعُمُرِ | لِكَيْلَا | يَعْلَمَ | مِنْ بَعْدِ |
| قبض کیا جاتا ہے | اور | بعض تم میں سے | وہ ہے جو کہ | پھیرا جاتا ہے | طرف | ناکاری | عمر کی | تاکہ نہ | جانے | پیچھے |

ہو جاتے اور بڑھاپے کی) نہایت خراب عمر کی طرف لوٹائے جاتے ہیں کہ (بہت کچھ) جاننے کے بعد بالکل بے علم ہو جاتے

عِلْمٍ شَيْـًٔا ۭ وَتَرَى الْاَرْضَ هَامِدَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاۗءَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِلْمٍ | شَيْـًٔا | وَ | تَرَى | الْاَرْضَ | هَامِدَةً | فَاِذَآ | اَنْزَلْنَا | عَلَيْهَا | الْمَاۗءَ |
| جاننے کے | کچھ | اور | دیکھتا ہے تو | زمین کو | خشک | پس جس وقت | اتارتے ہیں ہم | اوپر اس کے | پانی |

ہیں۔ اور (اے دیکھنے والے) تو دیکھتا ہے (کہ ایک وقت میں) زمین خشک (پڑی ہوتی ہے) پھر جب ہم اس پر مینہ برساتے ہیں

اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَاَنْۢبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ⑤ ذٰلِكَ بِاَنَّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اهْتَزَّتْ | وَ | رَبَتْ | وَ | اَنْۢبَتَتْ | مِنْ | كُلِّ | زَوْجٍۢ | بَهِيْجٍ | ذٰلِكَ | بِاَنَّ |
| ہلتی ہے | اور | پھولتی ہے | اور | اگاتی ہے | سے | ہر | قسم قسم | نفیس | یہ | بسبب اسکے ہے کہ |

تو وہ شاداب ہو جاتی اور اُبھرنے لگتی ہے اور طرح طرح کی بارونق چیزیں اُگاتی ہے⑤ ان قدرتوں سے ظاہر

اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّهٗ يُحْيِ الْمَوْتٰى وَاَنَّهٗ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ⑥

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | هُوَ | الْحَقُّ | وَ | اَنَّهٗ | يُحْيِ | الْمَوْتٰى | وَ | اَنَّهٗ | عَلٰى | كُلِّ | شَيْءٍ | قَدِيْرٌ |
| اللہ | وہی ہے | حق | اور | یہ کہ وہی | جلاتا ہے | مُردوں کو | اور | یہ کہ وہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے |

ہے کہ اللہ ہی (قادر مطلق ہے جو) برحق ہے اور یہ کہ وہ مُردوں کو زندہ کر دیتا ہے اور یہ کہ وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے⑥

وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | اَنَّ | السَّاعَةَ | اٰتِيَةٌ | لَّا | رَيْبَ | فِيْهَا | وَ | اَنَّ | اللّٰهَ | يَبْعَثُ | مَنْ | فِي |
| اور | یہ کہ | قیامت | آنیوالی ہے | نہیں ہے | شک | اس میں | اور | یہ کہ | اللہ | اٹھائے گا | جو کہ | بیچ |

اور یہ کہ قیامت آنے والی ہے۔ اس میں کچھ شک نہیں اور یہ کہ اللہ سب لوگوں کو جو قبروں میں ہیں جلا

الْقُبُوْرِ ⑦ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقُبُوْرِ | وَ | مِنَ | النَّاسِ | مَنْ | يُّجَادِلُ | فِي | اللّٰهِ | بِغَيْرِ | عِلْمٍ |
| قبروں کے ہے | اور | بعض | لوگ ہیں | جو | جھگڑا کرتے ہیں | بیچ | اللہ کے | بغیر | علم کے |

اُٹھائے گا⑦ اور لوگوں میں کوئی ایسا بھی ہے جو اللہ (کی شان) میں بغیر علم (و دانش) کے

وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ۙ﴿۸﴾ ثَانِيَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ

| وَّ | لَا | هُدًى | وَّ | لَا | كِتٰبٍ | مُّنِيْرٍ | ثَانِيَ | عِطْفِهٖ | لِيُضِلَّ | عَنْ | سَبِيْلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بغیر | ہدایت کے | اور | نہ | کتاب | روشن کے | موڑنے والا | شانے اپنے کو | تا کہ گمراہ کرے | سے | راہ |

اور بغیر ہدایت کے اور بغیر کتاب روشن کے جھگڑتا ہے ﴿۸﴾ (اور تکبر سے) گردن موڑ لیتا (ہے) تا کہ (لوگوں کو) اللہ کے

اللّٰهِ ۭ لَهٗ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّنُذِيْقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَذَابَ

| اللّٰهِ | لَهٗ | فِي | الدُّنْيَا | خِزْيٌ | وَّنُذِيْقُهٗ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | عَذَابَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کی | واسطے اسکے | بیچ | دنیا کے | رسوائی ہے | اور چکھائیں گے ہم اسکو | دن | قیامت کے | عذاب |

رستے سے گمراہ کر دے۔ اس کے لیے دنیا میں ذلت ہے اور قیامت کے دن ہم اسے عذاب (آتشِ) سوزاں کا

الْحَرِيْقِ ﴿۹﴾ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ

| الْحَرِيْقِ | ذٰلِكَ | بِمَا | قَدَّمَتْ | يَدٰكَ | وَ | اَنَّ | اللّٰهَ | لَيْسَ | بِظَلَّامٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جلنے کا | یہ | بسبب اسکے ہے کہ | آگے بھیجا | دونوں ہاتھ تیرے نے | اور | یہ کہ | اللہ | نہیں | ظلم کرنے والا |

مزا چکھائیں گے ﴿۹﴾ (اے سرکش) یہ اُس (کفر) کی سزا ہے جو تیرے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہے اور اللہ اپنے بندوں پر

لِّلْعَبِيْدِ ﴿۱۰﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰي حَرْفٍ ۚ فَاِنْ ع ۸

| لِّلْعَبِيْدِ | وَمِنَ | النَّاسِ | مَنْ | يَّعْبُدُ | اللّٰهَ | عَلٰى | حَرْفٍ | فَاِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے بندوں اپنے کے | اور بعض | لوگوں میں سے | وہ ہے جو کہ | بندگی کرتا ہے | اللہ کی | اوپر | کنارے کے | پس اگر |

ظلم کرنے والا نہیں ﴿۱۰﴾ اور لوگوں میں بعض ایسا بھی ہے جو کنارے پر (کھڑا ہو کر) اللہ کی عبادت کرتا ہے۔ اگر اس

اَصَابَهٗ خَيْرُ ۨ اطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ ۨ انْقَلَبَ عَلٰي

| اَصَابَهٗ | خَيْرٌ | اطْمَاَنَّ | بِهٖ | وَ | اِنْ | اَصَابَتْهُ | فِتْنَةٌ | انْقَلَبَ | عَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہنچے اس کو | بھلائی | آرام پکڑے | ساتھ اسکے | اور | اگر | پہنچے اس کو | فتنہ | پلٹ جائے | اوپر |

کو کوئی (دنیاوی) فائدہ پہنچے تو اس کے سبب مطمئن ہو جائے اور اگر کوئی آفت پڑے تو منہ کے بل

وَجْهِهٖ ڗ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ

| وَجْهِهٖ | خَسِرَ | الدُّنْيَا | وَالْاٰخِرَةَ | ذٰلِكَ | هُوَ | الْخُسْرَانُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| منہ اپنے کے | ٹوٹے میں دیا | دنیا | اور آخرت کو | یہ ہے | وہ | ٹوٹا پانا |

لوٹ جائے (یعنی پھر کافر ہو جائے) اُس نے دنیا میں بھی نقصان اٹھایا اور آخرت میں بھی۔ یہی تو

الْمُبِيْنُ ⑪ يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ؕ

| الْمُبِيْنُ | يَدْعُوْا | مِنْ دُوْنِ | اللّٰهِ | مَا | لَا | يَضُرُّهٗ | وَمَا | لَا | يَنْفَعُهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظاہر | پکارتا ہے | سوائے | اللہ کے | اس چیز کو کہ | نہ | ضرر دے اس کو | اور جو کہ | نہ | نفع دے اس کو |

نقصانِ صریح ہے⑪ یہ اللہ کے سوا ایسی چیز کو پکارتا ہے جو نہ اُسے نقصان پہنچائے اور نہ فائدہ دے سکے۔

ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ⑫ ج يَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهٗۤ اَقْرَبُ مِنْ

| ذٰلِكَ | هُوَ | الضَّلٰلُ | الْبَعِيْدُ | يَدْعُوْا | لَمَنْ | ضَرُّهٗۤ | اَقْرَبُ | مِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ | وہ ہے | گمراہی | دور کی | پکارتا ہے | اس کو جو کہ | ضرر اس کا | نزدیک ہے | سے |

یہی تو پرلے درجے کی گمراہی ہے⑫ (بلکہ) ایسے شخص کو پکارتا ہے جس کا نقصان فائدہ سے

نَّفْعِهٖ ؕ لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ الْعَشِيْرُ ⑬ اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ

| نَّفْعِهٖ | لَبِئْسَ | الْمَوْلٰى | وَ | لَبِئْسَ | الْعَشِيْرُ | اِنَّ | اللّٰهَ | يُدْخِلُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کے نفع | بے شک برا | دوست ہے | اور | بے شک برا | رفیق ہے | بیشک | اللہ | داخل کرے گا |

زیادہ قریب ہے۔ ایسا دوست بھی برا اور ایسا ہم صحبت بھی برا⑬ جو لوگ ایمان لائے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَعَمِلُوْا | الصّٰلِحٰتِ | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ | مِنْ | تَحْتِهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان لوگوں کو کہ | ایمان لائے | اور کام کیے | اچھے | بہشتوں میں | چلتی ہیں | سے | نیچے اس کے |

اور عمل نیک کرتے رہے اللہ ان کو بہشتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں چل

الْاَنْهٰرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ⑭ مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ

| الْاَنْهٰرُ | اِنَّ | اللّٰهَ | يَفْعَلُ | مَا | يُرِيْدُ | مَنْ | كَانَ | يَظُنُّ | اَنْ | لَّنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہریں | بیشک | اللہ | کرتا ہے | جو | چاہتا ہے | جو کوئی کہ | ہے | گمان کرتا | یہ کہ | ہرگز نہ |

رہی ہیں۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے⑭ جو شخص یہ گمان کرتا ہو کہ اللہ اس کو دنیا اور

يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ

| يَّنْصُرَهُ | اللّٰهُ | فِي | الدُّنْيَا | وَ | الْاٰخِرَةِ | فَلْيَمْدُدْ | بِسَبَبٍ | اِلَى | السَّمَآءِ | ثُمَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مدد دے گا اسکو | اللہ | بیچ | دنیا کے | اور | آخرت کے | پس چاہیے کہ کھینچ لے جائے | ایک رسی | طرف | آسمان کے | پھر |

آخرت میں مدد نہیں دے گا تو اُس کو چاہیے کہ اُوپر کی طرف (یعنی اپنے گھر کی چھت میں) ایک رسی باندھے پھر

لِيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ ﴿۱۵﴾ وَ كَذٰلِكَ

| لِيَقْطَعْ | فَلْيَنْظُرْ | هَلْ | يُذْهِبَنَّ | كَيْدُهٗ | مَا | يَغِيْظُ | وَ | كَذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چاہیے کہ کاٹ ڈالے | پھر دیکھے | کیا | لے جائے گا | مکر اس کا | اس چیز کو کہ | غصے میں لاتی ہے | اور | اسی طرح |

(اس سے اپنا) گلا گھونٹ لے پھر دیکھے کہ آیا یہ تدبیر اس کے غصے کو دور کر دیتی ہے ﴿۱۵﴾ اور اسی طرح ہم

اَنْزَلْنٰهُ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۙ وَّ اَنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ ﴿۱۶﴾ اِنَّ

| اَنْزَلْنٰهُ | اٰيٰتٍۢ | بَيِّنٰتٍ | وَّ اَنَّ | اللّٰهَ | يَهْدِيْ | مَنْ | يُّرِيْدُ | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتاری ہے ہم نے | نشانیاں | ظاہر | اور یہ کہ | اللہ | ہدایت کرتا ہے | جس کو | چاہے | بیشک |

نے اس قرآن کو اتارا ہے (جس کی تمام) باتیں کھلی ہوئی (ہیں) اور یہ (یاد رکھو) کہ اللہ جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے ﴿۱۶﴾ جو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَ الصّٰبِـِٕيْنَ وَ النَّصٰرٰى

| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَالَّذِيْنَ | هَادُوْا | وَ | الصّٰبِـِٕيْنَ | وَ | النَّصٰرٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو لوگ کہ | ایمان لائے | اور وہ لوگ جو کہ | یہودی ہوئے | اور | بے دین | اور | نصاریٰ |

لوگ مومن (یعنی مسلمان) ہیں اور جو یہودی ہیں اور ستارہ پرست اور عیسائی

وَالْمَجُوْسَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا ۖ اِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ

| وَ | الْمَجُوْسَ | وَالَّذِيْنَ | اَشْرَكُوْٓا | اِنَّ | اللّٰهَ | يَفْصِلُ | بَيْنَهُمْ | يَوْمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | مجوس | اور وہ لوگ جو کہ | مشرک ہیں | بیشک | اللہ | فیصلہ کر دے گا | درمیان ان کے | دن |

اور مجوسی اور مشرک اللہ ان (سب) میں قیامت کے دن فیصلہ

الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۱۷﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ

| الْقِيٰمَةِ | اِنَّ | اللّٰهَ | عَلٰى | كُلِّ | شَيْءٍ | شَهِيْدٌ | اَلَمْ | تَرَ | اَنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قیامت کے | بیشک | اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | شاہد ہے | کیا نہیں | دیکھا تو نے | یہ کہ | اللہ |

کر دے گا۔ بیشک اللہ ہر چیز سے باخبر ہے ﴿۱۷﴾ کیا تم نے نہیں دیکھا

يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَنْ فِي الْاَرْضِ وَ الشَّمْسُ

| يَسْجُدُ | لَهٗ | مَنْ | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَ | مَنْ | فِي | الْاَرْضِ | وَ | الشَّمْسُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سجدہ کرتے ہیں | واسطے اسکے | جو کوئی کہ | بیچ | آسمانوں کے | اور | جو کوئی | بیچ | زمین کے ہیں | اور | سورج |

کہ جو (مخلوق) آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے اور سورج اور چاند

وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ وَكَثِيْرٌ مِّنَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْقَمَرُ | وَالنُّجُوْمُ | وَ | الْجِبَالُ | وَ | الشَّجَرُ | وَ | الدَّوَآبُّ | وَ | كَثِيْرٌ | مِّنَ |
| اور | چاند | اور تارے | اور | پہاڑ | اور | درخت | اور | چارپائے | اور | بہت | سے |

اور ستارے اور پہاڑ اور درخت اور چارپائے اور بہت سے انسان اللہ کو سجدہ کرتے

النَّاسِ ط وَكَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ط وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّاسِ | وَ | كَثِيْرٌ | حَقَّ | عَلَيْهِ | الْعَذَابُ | وَ | مَنْ | يُّهِنِ | اللّٰهُ | فَمَا لَهٗ |
| آدمیوں میں | اور | بہت ہیں کہ | ثابت ہوا | اوپر ان کے | عذاب | اور | جس کو | ذلیل کرے | اللہ | پس نہیں واسطے اسکے |

ہیں اور بہت سے ایسے ہیں جن پر عذاب ثابت ہو چکا ہے۔ اور جس شخص کو اللہ ذلیل کرے اس کو کوئی عزت

مِنْ مُّكْرِمٍ ط اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ۩ (۱۸) هٰذٰنِ خَصْمٰنِ السجدۃ ۵

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | مُّكْرِمٍ | اِنَّ | اللّٰهَ | يَفْعَلُ | مَا | يَشَآءُ | هٰذٰنِ | خَصْمٰنِ |
| کوئی | عزت دینے والا | بیشک | اللہ | کرتا ہے | جو | چاہتا ہے | یہ دو | جھگڑنے والے |

دینے والا نہیں۔ بے شک اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے (۱۸) یہ دو (فریق) ایک دوسرے کے دشمن ہیں

اخْتَصَمُوْا فِيْ رَبِّهِمْ ز فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اخْتَصَمُوْا | فِيْ | رَبِّهِمْ | فَالَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | قُطِّعَتْ | لَهُمْ | ثِيَابٌ | مِّنْ |
| جھگڑے | بیچ | اپنے پروردگار کے | پس وہ لوگ کہ | کافر ہوئے | قطع کیے جائیں گے | واسطے ان کے | کپڑے | سے |

اپنے پروردگار (کے بارے) میں جھگڑتے ہیں۔ تو جو کافر ہیں اُن کے لیے آگ کے کپڑے قطع

نَّارٍ ط يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ ج (۱۹) يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِيْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَّارٍ | يُصَبُّ | مِنْ | فَوْقِ | رُءُوْسِهِمُ | الْحَمِيْمُ | يُصْهَرُ | بِهٖ | مَا | فِيْ |
| آگ | ڈالا جائے گا | سے | اوپر | ان کے سروں کے | گرم پانی | گلایا جائے گا | ساتھ اس کے | جو کچھ کہ | بیچ |

کیے جائیں گے۔ (اور) ان کے سروں پر جلتا ہوا پانی ڈالا جائے گا (۱۹) اس سے ان کے پیٹ کے

بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ط (۲۰) وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ (۲۱) كُلَّمَآ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بُطُوْنِهِمْ | وَالْجُلُوْدُ | وَ | لَهُمْ | مَّقَامِعُ | مِنْ | حَدِيْدٍ | كُلَّمَآ |
| انکے پیٹوں کے ہے | اور کھالیں | اور | واسطے ان کے ہے | ہتھوڑے | سے | لوہے کے | جس وقت |

اندر کی چیزیں اور کھالیں گل جائیں گی (۲۰) اور اُن (کے مارنے ٹھوکنے) کے لیے لوہے کے ہتھوڑے ہوں گے (۲۱) جب وہ

اَرَادُوْۤا اَنْ یَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِیْدُوْا فِیْهَا ۗ وَذُوْقُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَرَادُوْۤا | اَنْ | یَّخْرُجُوْا | مِنْهَا | مِنْ | غَمٍّ | اُعِیْدُوْا | فِیْهَا | وَذُوْقُوْا |
| ارادہ کریں گے | یہ کہ | نکلیں | اس سے | سے | غم | پھیرے جائیں گے | بیچ اس کے | اور چکھو |

چاہیں گے کہ اس رنج (و تکلیف کی وجہ) سے دوزخ سے نکل جائیں تو پھر اسی میں لوٹا دیے جائیں گے اور (کہا جائے گا کہ)

ع ۲/۲ ۹

عَذَابَ الْحَرِیْقِ ﴿۲۲﴾ ع اِنَّ اللّٰهَ یُدْخِلُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَذَابَ | الْحَرِیْقِ | اِنَّ | اللّٰهَ | یُدْخِلُ | الَّذِیْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | عَمِلُوا |
| عذاب | جلنے کا | بیشک | اللہ | داخل کرتا ہے | ان لوگوں کو کہ | ایمان لائے | اور | کام کیے |

جلنے کے عذاب کا مزہ چکھتے رہو ﴿۲۲﴾ جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کرتے رہے اللہ اُن کو بہشتوں

الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ یُحَلَّوْنَ فِیْهَا مِنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصّٰلِحٰتِ | جَنّٰتٍ | تَجْرِیْ | مِنْ | تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | یُحَلَّوْنَ | فِیْهَا | مِنْ |
| اچھے | بہشتوں میں | چلتی ہیں | سے | نیچے ان کے | نہریں | پہنائے جائیں گے | بیچ اس کے | سے |

میں داخل کرے گا جن کے تلے نہریں بہ رہی ہیں۔ وہاں اُن کو سونے کے کنگن پہنائے

اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ؕ وَلِبَاسُهُمْ فِیْهَا حَرِیْرٌ ﴿۲۳﴾ وَهُدُوْۤا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَسَاوِرَ | مِنْ | ذَهَبٍ | وَّ | لُؤْلُؤًا | وَ | لِبَاسُهُمْ | فِیْهَا | حَرِیْرٌ | وَ | هُدُوْۤا |
| کنگن | سے | سونے کے | اور | موتی | اور | لباس ان کا | بیچ اس کے | ریشمی ہے | اور | راہ دکھلائے گئے |

جائیں گے اور موتی۔ اور وہاں ان کا لباس ریشمی ہو گا ﴿۲۳﴾ اور اُن کو

اِلَى الطَّیِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ۚ وَهُدُوْۤا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِیْدِ ﴿۲۴﴾ اِنَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَى | الطَّیِّبِ | مِنَ | الْقَوْلِ | وَ | هُدُوْۤا | اِلٰى | صِرَاطِ | الْحَمِیْدِ | اِنَّ |
| طرف | پاکیزگی کی | سے | بات | اور | راہ دکھلائے گئے | طرف | راہ | تعریف کیے گئے کے | بیشک |

پاکیزہ کلام کی ہدایت کی گئی اور (اللہ) حمید کی راہ بتائی گئی ﴿۲۴﴾ جو لوگ

الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَیَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِیْنَ | كَفَرُوْا | وَ | یَصُدُّوْنَ | عَنْ | سَبِیْلِ | اللّٰهِ | وَ | الْمَسْجِدِ | الْحَرَامِ |
| وہ لوگ کہ | کافر ہوئے | اور | بند کرتے ہیں | سے | راہ | اللہ کی | اور | مسجد | حرام سے |

کافر ہیں اور (لوگوں کو) اللہ کے رستے سے اور مسجد محترم سے

الَّذِىْ جَعَلْنٰهُ لِلنَّاسِ سَوَآءَ ۨ الْعَاكِفُ فِيْهِ وَالْبَادِ ؕ وَمَنْ يُّرِدْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِىْ | جَعَلْنٰهُ | لِلنَّاسِ | سَوَآءَ ۨ | الْعَاكِفُ | فِيْهِ | وَ | الْبَادِ | وَ | مَنْ | يُّرِدْ |
| وہ جو کہ | مقرر کیا ہے ہم نے اسکو | واسطے لوگوں کے | برابر ہیں | رہنے والے | بیچ اس کے | اور | باہر سے آنیوالے | اور | جوکوئی | ارادہ کرے |

جسے ہم نے لوگوں کے لیے یکساں (عبادت گاہ) بنایا ہے، روکتے ہیں خواہ وہ وہاں کے رہنے والے ہوں یا باہر سے آنے والے۔ اور جو

فِيْهِ بِاِلْحَادٍۢ بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ع ﴿٢٥﴾ وَاِذْ بَوَّاْنَا ع ٣ ١٠

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهِ | بِاِلْحَادٍ | بِظُلْمٍ | نُّذِقْهُ | مِنْ | عَذَابٍ | اَلِيْمٍ | وَ | اِذْ | بَوَّاْنَا |
| بیچ اس کے | گمراہی کا | ساتھ ظلم کے | چکھائینگے ہم اسکو | سے | عذاب | درد دینے والے | اور | جسوقت | جگہ مقرر کردی ہم نے |

اس میں شرارت سے کجروی (وکفر) کرنا چاہے اس کو ہم درد دینے والے عذاب کا مزہ چکھائیں گے ﴿٢٥﴾ اور (ایک وقت تھا)

لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِيْ شَيْــًٔا وَّطَهِّرْ بَيْتِيَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِاِبْرٰهِيْمَ | مَكَانَ | الْبَيْتِ | اَنْ | لَّا | تُشْرِكْ | بِيْ | شَيْــًٔا | وَّ | طَهِّرْ | بَيْتِيَ |
| واسطے ابراہیم کے | مکان | کعبہ کا | یہ کہ | نہ | شریک لاؤ تم | ساتھ میرے | کسی چیز کو | اور | پاک رکھ | میرے گھر کو |

جب ہم نے ابراہیم کے لیے خانہ کعبہ کو مقام مقرر کیا (اور ارشاد فرمایا) کہ میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کیجیو اور طواف کرنے والوں

لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْقَآئِمِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿٢٦﴾ وَاَذِّنْ فِى النَّاسِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلطَّآئِفِيْنَ | وَ | الْقَآئِمِيْنَ | وَ | الرُّكَّعِ | السُّجُوْدِ | وَ | اَذِّنْ | فِى | النَّاسِ |
| واسطے طواف کرنیوالوں کے | اور | کھڑے رہنے والوں کے | اور | رکوع کرنیوالوں کے | سجدہ کرنیوالوں کے | اور | پکار دے | بیچ | لوگوں کے |

اور قیام کرنے والوں اور رکوع کرنے والوں (اور) سجدہ کرنے والوں کے لیے میرے گھر کو صاف رکھا کرو ﴿٢٦﴾ اور لوگوں میں حج

بِالْحَجِّ يَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَّاْتِيْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْحَجِّ | يَاْتُوْكَ | رِجَالًا | وَّعَلٰى | كُلِّ | ضَامِرٍ | يَّاْتِيْنَ | مِنْ | كُلِّ | فَجٍّ |
| ساتھ حج کے | آئینگے تیرے پاس | پیادے | اور اوپر | ہر | اونٹ دبلے کے | آئیں گے | سے | ہر | راہ |

کے لیے ندا کر دو کہ تمہاری طرف پیدل اور دبلے دبلے اونٹوں پر جو دور (دراز) رستوں سے چلے آتے ہوں (سوار ہو کر)

عَمِيْقٍ ﴿٢٧﴾ لِّيَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِىْٓ اَيَّامٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَمِيْقٍ | لِّيَشْهَدُوْا | مَنَافِعَ | لَهُمْ | وَ | يَذْكُرُوا | اسْمَ | اللّٰهِ | فِىْٓ | اَيَّامٍ |
| دور | تاکہ حاضر ہوں | فائدے | واسطے اپنے کے | اور | یاد کریں | نام | اللہ کا | بیچ | دنوں |

چلے آئیں ﴿٢٧﴾ تاکہ اپنے فائدے کے کاموں کے لیے حاضر ہوں۔ اور (قربانی کے) ایام معلوم میں

مَّعۡلُوۡمٰتٍ عَلٰی مَا رَزَقَهُمۡ مِّنۡۢ بَهِیۡمَةِ الۡاَنۡعَامِ ۚ فَكُلُوۡا مِنۡهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّعۡلُوۡمٰتٍ | عَلٰی | مَا | رَزَقَهُمۡ | مِّنۡۢ | بَهِیۡمَةِ | الۡاَنۡعَامِ | فَكُلُوۡا | مِنۡهَا |
| معلوم کے | اوپر | اس چیز کے کہ | دیا ہے ان کو | سے | پالے ہوئے | چوپایوں | پس کھاؤ | ان میں سے |

چہارپایاں مویشی (کے ذبح کے وقت) جو اللہ نے اُن کو دیے ہیں اُن پر اللہ کا نام لیں۔اس میں سے تم خود

وَاَطۡعِمُوا الۡبَآئِسَ الۡفَقِیۡرَ ﴿۲۸﴾ ثُمَّ لۡیَقۡضُوۡا تَفَثَهُمۡ وَلۡیُوۡفُوۡا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَطۡعِمُوا | الۡبَآئِسَ | الۡفَقِیۡرَ | ثُمَّ | لۡیَقۡضُوۡا | تَفَثَهُمۡ | وَلۡیُوۡفُوۡا |
| اور | کھلاؤ | بھوکے | فقیر کو | پھر | چاہیے کہ دور کریں | میل اپنا | اور پوری کریں |

بھی کھاؤ اور فقیر درماندہ کو بھی کھلاؤ ﴿۲۸﴾ پھر چاہیے کہ لوگ اپنا میل کچیل دور کریں اور نذریں پوری

نُذُوۡرَهُمۡ وَلۡیَطَّوَّفُوۡا بِالۡبَیۡتِ الۡعَتِیۡقِ ﴿۲۹﴾ ذٰلِكَ ۗ وَمَنۡ یُّعَظِّمۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نُذُوۡرَهُمۡ | وَ | لۡیَطَّوَّفُوۡا | بِالۡبَیۡتِ | الۡعَتِیۡقِ | ذٰلِكَ | وَ | مَنۡ | یُّعَظِّمۡ |
| نذریں اپنی | اور | طواف کریں | گھر | قدیم کا | یہ ہے | اور | جو کوئی | تعظیم کرے |

کریں اور خانۂ قدیم (یعنی بیت اللہ) کا طواف کریں ﴿۲۹﴾ یہ (ہمارا حکم ہے) اور جو شخص ادب کی چیزوں کی جو

حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ خَیۡرٌ لَّهٗ عِنۡدَ رَبِّهٖ ؕ وَاُحِلَّتۡ لَكُمُ الۡاَنۡعَامُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حُرُمٰتِ | اللّٰهِ | فَهُوَ | خَیۡرٌ | لَّهٗ | عِنۡدَ | رَبِّهٖ | وَ | اُحِلَّتۡ | لَكُمُ | الۡاَنۡعَامُ |
| حرمتوں | اللہ کی کو | پس وہ | بہتر ہے | واسطے اسکے | نزدیک | رب اس کے | اور | حلال کیے گئے | واسطے تمہارے | چوپائے |

اللہ نے مقرر کی ہیں عظمت رکھے تو یہ پروردگار کے نزدیک اس کے حق میں بہتر ہے اور تمہارے لیے مویشی حلال کر دیے گئے ہیں

اِلَّا مَا یُتۡلٰی عَلَیۡكُمۡ فَاجۡتَنِبُوا الرِّجۡسَ مِنَ الۡاَوۡثَانِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | مَا | یُتۡلٰی | عَلَیۡكُمۡ | فَاجۡتَنِبُوا | الرِّجۡسَ | مِنَ | الۡاَوۡثَانِ |
| مگر | جو کہ | پڑھا جاتا ہے | اوپر تمہارے | پس بچتے رہو | ناپاکی | سے | بتوں کی |

سوا ان کے جو تمہیں پڑھ کر سنائے جاتے ہیں۔ تو بتوں کی پلیدی سے بچو

وَاجۡتَنِبُوۡا قَوۡلَ الزُّوۡرِ ﴿۳۰﴾ حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَیۡرَ مُشۡرِكِیۡنَ بِهٖ ؕ وَمَنۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاجۡتَنِبُوۡا | قَوۡلَ | الزُّوۡرِ | حُنَفَآءَ | لِلّٰهِ | غَیۡرَ | مُشۡرِكِیۡنَ | بِهٖ | وَ | مَنۡ |
| اور بچتے رہو | بات | جھوٹی سے | توحید کرنیوالے | واسطے اللہ کے | نہ | شریک لانے والے | ساتھ اسکے | اور | جو کوئی |

اور جھوٹی بات سے اجتناب کرو ﴿۳۰﴾ صرف ایک اللہ کے ہو کر اور اس کے ساتھ شریک نہ ٹھیرا کر، اور جو

يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِيْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُّشْرِكْ | بِاللّٰهِ | فَكَاَنَّمَا | خَرَّ | مِنَ | السَّمَآءِ | فَتَخْطَفُهُ | الطَّيْرُ | اَوْ | تَهْوِيْ |
| شرک کرے | ساتھ اللہ کے | پس گویا | گر پڑا | سے | آسمان | پس اچک لیجاتے ہیں اسکو | جانور | یا | پھینک دیتی ہے |

شخص (کسی کو) اللہ کے ساتھ شریک مقرر کرے تو وہ گویا ایسا ہے جیسے آسمان سے گر پڑے پھر اُس کو پرندے اُچک لے جائیں یا ہوا

بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ﴿٣١﴾ ذٰلِكَ ۗ وَمَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهِ | الرِّيْحُ | فِيْ | مَكَانٍ | سَحِيْقٍ | ذٰلِكَ | وَ | مَنْ | يُّعَظِّمْ | شَعَآئِرَ | اللّٰهِ |
| اس کو | ہوا | بیچ | مکان | دور کے | یہ ہے | اور | جو کوئی | تعظیم کرے | نشانیوں | اللہ کی کو |

کسی دور جگہ اُڑا کر پھینک دے ﴿٣١﴾ یہ (ہمارا حکم ہے) اور جو شخص ادب کی چیزوں کی جو اللہ نے مقرر کی ہیں عظمت رکھے۔

فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ﴿٣٢﴾ لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ اِلٰٓى اَجَلٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاِنَّهَا | مِنْ | تَقْوَى | الْقُلُوْبِ | لَكُمْ | فِيْهَا | مَنَافِعُ | اِلٰى | اَجَلٍ |
| پس بیشک وہ | سے | پرہیزگاری ہے | دلوں کی | واسطے تمہارے | بیچ اس کے | فائدے ہیں | تک | ایک مدت |

تو یہ (فعل) دلوں کی پرہیزگاری میں سے ہے ﴿٣٢﴾ ان میں ایک وقت مقرر تک تمہارے لیے فائدے

مُّسَمًّى ثُمَّ مَحِلُّهَآ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿٣٣﴾ ع وَلِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا ع ٨ ١١

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّسَمًّى | ثُمَّ | مَحِلُّهَآ | اِلَى | الْبَيْتِ | الْعَتِيْقِ | وَ | لِكُلِّ | اُمَّةٍ | جَعَلْنَا |
| مقرر | پھر | جگہ اسکے حلال ہونے کی | طرف | گھر | قدیم | اور | واسطے ہر | امت کے | مقرر کیا ہم نے |

ہیں پھر ان کو خانۂ قدیم (یعنی بیت اللہ) تک پہنچنا (اور ذبح ہونا) ہے ﴿٣٣﴾ اور ہم نے ہر ایک امت کے لیے

مَنْسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنْسَكًا | لِّيَذْكُرُوا | اسْمَ | اللّٰهِ | عَلٰى | مَا | رَزَقَهُمْ | مِّنْ | بَهِيْمَةِ |
| طریقۂ عبادت | تاکہ یاد کریں | نام | اللہ کا | اوپر | اس چیز کے کہ | دی ہے ہم نے | سے | پالے ہوئے |

قربانی کا طریق مقرر کر دیا ہے تاکہ جو مویشی چارپائے اللہ نے ان کو دیے ہیں (ان کے ذبح کرنے کے وقت) اُن

الْاَنْعَامِ ؕ فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَلَهٗٓ اَسْلِمُوْا ؕ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ﴿٣٤﴾ لا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَنْعَامِ | فَاِلٰهُكُمْ | اِلٰهٌ | وَّاحِدٌ | فَلَهٗٓ | اَسْلِمُوْا | وَ | بَشِّرِ | الْمُخْبِتِيْنَ |
| چوپایوں | پس معبود تمہارا | معبود | ایک ہے | پس واسطے اسکے | فرمانبردار ہو جاؤ | اور | خوشخبری دے | عاجزی کرنیوالوں کو |

پر اللہ کا نام لیں۔ سو تمہارا معبود ایک ہی ہے تو اسی کے فرمانبردار ہو جاؤ۔ اور عاجزی کرنے والوں کو خوشخبری سنا دو ﴿٣٤﴾

الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَآ

| الَّذِيْنَ | اِذَا | ذُكِرَ | اللّٰهُ | وَجِلَتْ | قُلُوْبُهُمْ | وَ | الصّٰبِرِيْنَ | عَلٰى | مَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ لوگ کہ | جس وقت | یاد کیا جاتا ہے | اللہ کو | ڈر جاتے ہیں | دل ان کے | اور | صبر کرنے والے | اوپر | اس چیز کے کہ |

یہ وہ لوگ ہیں کہ جب اللہ کا نام لیا جاتا ہے تو ان کے دل ڈر جاتے ہیں اور (جب) ان پر مصیبت پڑتی ہے

اَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِي الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿٣٥﴾

| اَصَابَهُمْ | وَالْمُقِيْمِي | الصَّلٰوةِ | وَ | مِمَّا | رَزَقْنٰهُمْ | يُنْفِقُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پہنچتی ہے ان کو | اور قائم رکھنے والے | نماز کو | اور | اس چیز سے کہ | دی ہے ہم نے ان کو | خرچ کرتے ہیں |

تو صبر کرتے ہیں اور نماز آداب سے پڑھتے ہیں اور جو (مال) ہم نے ان کو عطا فرمایا ہے اس میں سے (نیک کاموں میں) خرچ کرتے ہیں ﴿٣٥﴾

وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا

| وَالْبُدْنَ | جَعَلْنٰهَا | لَكُمْ | مِّنْ | شَعَآئِرِ | اللّٰهِ | لَكُمْ | فِيْهَا | خَيْرٌ | فَاذْكُرُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور اونٹ قربانی کے | مقرر کیا ہم نے انکو | واسطے تمہارے | سے | نشانیوں | اللہ کی | واسطے تمہارے | بیچ اس کے | خوبی ہے | پس یاد کرو |

اور قربانی کے اونٹوں کو بھی ہم نے تمہارے لیے شعائر اللہ مقرر کیا ہے۔ ان میں تمہارے لیے فائدے ہیں تو (قربانی

اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَآفَّ ۚ فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا

| اسْمَ | اللّٰهِ | عَلَيْهَا | صَوَآفَّ | فَاِذَا | وَجَبَتْ | جُنُوْبُهَا | فَكُلُوْا | مِنْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نام | اللہ کا | اوپر اس کے | قطار باندھے ہوئے | پس جس وقت | گر پڑیں | اپنی کروٹوں پر | پس کھاؤ | اس میں سے |

کرنے کے وقت) قطار باندھ کر اُن پر اللہ کا نام لو۔ جب پہلو کے بل گر پڑیں تو اُن میں سے کھاؤ

وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ ۗ كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ

| وَ | اَطْعِمُوا | الْقَانِعَ | وَ | الْمُعْتَرَّ | كَذٰلِكَ | سَخَّرْنٰهَا | لَكُمْ | لَعَلَّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | کھلاؤ | بے سوال فقیر کو | اور | سوال کرنے والے کو | اسی طرح | مسخر کیا ہم نے اسکو | واسطے تمہارے | تا کہ تم |

اور قناعت سے بیٹھ رہنے والوں اور سوال کرنے والوں کو بھی کھلاؤ۔ اس طرح ہم نے ان کو تمہارے زیر فرمان کر دیا ہے تا کہ تم

تَشْكُرُوْنَ ﴿٣٦﴾ لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ

| تَشْكُرُوْنَ | لَنْ | يَّنَالَ | اللّٰهَ | لُحُوْمُهَا | وَ | لَا | دِمَآؤُهَا | وَ | لٰكِنْ | يَّنَالُهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شکر کرو | ہرگز نہ | پہنچے گا | اللہ کو | گوشت ان کا | اور | نہ | خون ان کا | اور | لیکن | پہنچے گی اس کو |

شکر کرو ﴿٣٦﴾ اللہ تک نہ اُن کا گوشت پہنچتا ہے اور نہ خون بلکہ اس تک تمہاری پرہیزگاری

التَّقْوٰى مِنْكُمْ ۭ كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| التَّقْوٰى | مِنْكُمْ | كَذٰلِكَ | سَخَّرَهَا | لَكُمْ | لِتُكَبِّرُوا | اللّٰهَ | عَلٰى | مَا |
| پرہیزگاری | تمہاری | اسی طرح | مسخر کیا ان کو | واسطے تمہارے | تاکہ تم بڑائی بیان کرو | اللہ کی | اوپر | اس کے کہ |

پہنچتی ہے۔ اسی طرح اللہ نے ان کو تمہارا مسخر کر دیا ہے تاکہ اس بات کے بدلے کہ اس نے تم کو ہدایت بخشی ہے اُسے

هَدٰىكُمْ ۭ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٣٧﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ عَنِ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هَدٰىكُمْ | وَ | بَشِّرِ | الْمُحْسِنِيْنَ | اِنَّ | اللّٰهَ | يُدٰفِعُ | عَنِ | الَّذِيْنَ |
| ہدایت کیا تم کو | اور | خوش خبری دے | نیکی کرنے والوں کو | بیشک | اللہ | دفع کرتا ہے | سے | ان لوگوں جو |

بزرگی سے یاد کرو۔ اور (اے پیغمبر) نیکوکاروں کو خوشخبری سنا دو ﴿٣٧﴾ اللہ تو مومنوں سے ان کے دشمنوں کو ہٹاتا

اٰمَنُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ﴿٣٨﴾ اُذِنَ لِلَّذِيْنَ الثلثة ٥ ع ١٢

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمَنُوْا | اِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يُحِبُّ | كُلَّ | خَوَّانٍ | كَفُوْرٍ | اُذِنَ | لِلَّذِيْنَ |
| ایمان لائے | بیشک | اللہ | نہیں | دوست رکھتا | ہر | خیانت کرنیوالے | کفر کرنیوالے کو | اجازت دی گئی | واسطے ان لوگوں کے کہ |

رہتا ہے۔ بیشک اللہ کسی خیانت کرنے والے اور کفرانِ نعمت کرنے والے کو دوست نہیں رکھتا ﴿٣٨﴾ جن مسلمانوں سے (خواہ مخواہ) لڑائی کی

يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُۨ ﴿٣٩﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُقٰتَلُوْنَ | بِاَنَّهُمْ | ظُلِمُوْا | وَ | اِنَّ | اللّٰهَ | عَلٰى | نَصْرِهِمْ | لَقَدِيْرُۨ |
| لڑائی کیے جاتے ہیں | بسبب اسکے کہ وہ | ظلم کیے جاتے ہیں | اور | بیشک | اللہ | اوپر | مدد ان کی کے | البتہ قادر ہے |

جاتی ہے ان کو اجازت ہے (کہ وہ بھی لڑیں) کیونکہ ان پر ظلم ہو رہا ہے۔ اور اللہ (ان کی مدد کرے گا وہ) یقیناً ان کی مدد پر قادر ہے ﴿٣٩﴾

الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّآ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | اُخْرِجُوْا | مِنْ | دِيَارِهِمْ | بِغَيْرِ | حَقٍّ | اِلَّآ | اَنْ | يَّقُوْلُوْا | رَبُّنَا |
| وہ لوگ کہ | نکالے گئے | سے | گھروں اپنے | بغیر | حق کے | مگر | یہ کہ | کہا انہوں نے | پروردگار ہمارا |

یہ وہ لوگ ہیں کہ اپنے گھروں سے ناحق نکال دیے گئے (انہوں نے کچھ قصور نہیں کیا) ہاں یہ کہتے ہیں کہ ہمارا پروردگار

اللّٰهُ ۭ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | وَ | لَوْ | لَا | دَفْعُ | اللّٰهِ | النَّاسَ | بَعْضَهُمْ | بِبَعْضٍ | لَّهُدِّمَتْ |
| اللہ ہے | اور | اگر | نہ | ہوتا دور کرنا | اللہ کا | لوگوں کو | بعض ان کے کو | بعض سے | البتہ ڈھائے جاتے |

اللہ ہے۔ اور اگر اللہ لوگوں کو ایک دوسرے سے نہ ہٹاتا رہتا تو (راہبوں کے) صومعے اور (عیسائیوں کے)

صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيرًا ط

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صَوَامِعُ | وَ | بِيَعٌ | وَّصَلَوٰتٌ | وَّ | مَسٰجِدُ | يُذْكَرُ | فِيهَا | اسْمُ | اللّٰهِ | كَثِيرًا |
| خلوت خانے درویشوں کے | اور | عبادت خانے نصاریٰ کے | اور عبادت خانے یہود کے | اور | مسجدیں | کہ لیا جاتا ہے | بیچ اس کے | نام | اللہ کا | بہت |

گرجے اور (یہودیوں کے) عبادت خانے اور (مسلمانوں کی) مسجدیں جن میں اللہ کا بہت سا ذکر کیا جاتا ہے گرائی جاچکی ہوتیں۔

وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ط اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيزٌ ﴿٤٠﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَيَنْصُرَنَّ | اللّٰهُ | مَنْ | يَّنْصُرُهٗ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَقَوِيٌّ | عَزِيزٌ |
| اور البتہ مدد دے گا | اللہ | اس کو جو | مدد دیتا ہے اس کو | بیشک | اللہ | البتہ زور آور ہے | غالب ہے |

اور جو شخص اللہ کی مدد کرتا ہے اللہ اس کی ضرور مدد کرتا ہے۔ بیشک اللہ توانا (اور) غالب ہے ﴿٤٠﴾

اَلَّذِينَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلَّذِينَ | اِنْ | مَّكَّنّٰهُمْ | فِي | الْاَرْضِ | اَقَامُوا | الصَّلٰوةَ | وَ | اٰتَوُا | الزَّكٰوةَ |
| وہ لوگ جو کہ | اگر | قدرت دیں ہم ان کو | بیچ | زمین کے | قائم رکھیں | نماز کو | اور | دیں | زکوٰۃ کو |

یہ وہ لوگ ہیں کہ اگر ہم ان کو ملک میں دسترس دیں تو نماز پڑھیں اور زکوٰۃ ادا کریں

وَاَمَرُوا بِالْمَعْرُوفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ط وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُورِ ﴿٤١﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَمَرُوا | بِالْمَعْرُوفِ | وَ | نَهَوْا | عَنِ | الْمُنْكَرِ | وَ | لِلّٰهِ | عَاقِبَةُ | الْاُمُورِ |
| اور | حکم کریں | ساتھ بھلائی کے | اور | منع کریں | سے | نامعقول | اور | واسطے اللہ کے ہے | آخر | سب کاموں کا |

اور نیک کام کرنے کا حکم دیں اور برے کاموں سے منع کریں۔ اور سب کاموں کا انجام اللہ ہی کے اختیار میں ہے ﴿٤١﴾

وَاِنْ يُّكَذِّبُوكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُودُ ﴿٤٢﴾ لا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنْ | يُّكَذِّبُوكَ | فَقَدْ | كَذَّبَتْ | قَبْلَهُمْ | قَوْمُ | نُوحٍ | وَّ | عَادٌ | وَّثَمُودُ |
| اور | اگر | جھٹلائیں تجھ کو | پس تحقیق | جھٹلایا تھا | پہلے ان سے | قوم | نوح کی نے | اور | قوم عاد نے | اور ثمود نے |

اور اگر یہ لوگ تم کو جھٹلاتے ہیں تو ان سے پہلے نوح کی قوم اور عاد اور ثمود بھی (اپنے پیغمبروں کو) جھٹلا چکے ہیں ﴿٤٢﴾

وَقَوْمُ اِبْرٰهِيمَ وَقَوْمُ لُوطٍ ﴿٤٣﴾ لا وَّاَصْحٰبُ مَدْيَنَ ج وَكُذِّبَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَوْمُ | اِبْرٰهِيمَ | وَ | قَوْمُ | لُوطٍ | وَّاَصْحٰبُ | مَدْيَنَ | وَ | كُذِّبَ |
| اور | قوم | ابراہیم کی نے | اور | قوم | لوط کی نے | اور رہنے والے | مدین کے نے | اور | جھٹلایا گیا |

اور قومِ ابراہیم اور قومِ لوط بھی ﴿٤٣﴾ اور مدین کے رہنے والے بھی اور موسیٰ بھی تو جھٹلائے

مُوْسٰى فَاَمْلَيْتُ لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿٤٤﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُوْسٰى | فَاَمْلَيْتُ | لِلْكٰفِرِيْنَ | ثُمَّ | اَخَذْتُهُمْ | فَكَيْفَ | كَانَ | نَكِيْرِ |
| موسیٰ | پس ڈھیل دی گئی | واسطے کافروں کے | پھر | پکڑا میں نے ان کو | پس کیوں کر | تھا | عذاب میرا |

جا چکے ہیں لیکن میں کافروں کو مہلت دیتا رہا پھر ان کو پکڑ لیا تو (دیکھ لو کہ) میرا عذاب کیسا (سخت) تھا ﴿٤٤﴾

فَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَكَاَيِّنْ | مِّنْ | قَرْيَةٍ | اَهْلَكْنٰهَا | وَ | هِيَ | ظَالِمَةٌ | فَهِيَ | خَاوِيَةٌ | عَلٰى |
| پس بہت سی | سے | بستیوں | ہلاک کیا ہم نے ان کو | اور | وہ | ظالم تھیں | پس وہ | گری ہوئی ہیں | اوپر |

اور بہت سی بستیاں ہیں کہ ہم نے ان کو تباہ کر ڈالا کہ وہ نافرمان تھیں۔ سو وہ اپنی چھتوں پر گری پڑی

عُرُوْشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿٤٥﴾ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عُرُوْشِهَا | وَ | بِئْرٍ | مُّعَطَّلَةٍ | وَّ | قَصْرٍ | مَّشِيْدٍ | اَفَلَمْ | يَسِيْرُوْا | فِي |
| اپنی چھتوں کے | اور | بہت کنوئیں | ناکارہ پڑے ہوئے | اور | محل | بلند کیے گئے | کیا پس نہیں | سیر کی انہوں نے | بیچ |

ہیں اور (بہت سے) کنوئیں بیکار اور (بہت سے) محل ویران (پڑے ہیں) ﴿٤٥﴾ کیا ان لوگوں نے ملک

الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَآ اَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضِ | فَتَكُوْنَ | لَهُمْ | قُلُوْبٌ | يَّعْقِلُوْنَ | بِهَآ | اَوْ | اٰذَانٌ | يَّسْمَعُوْنَ |
| زمین کے | پس ہوتے | واسطے ان کے | دل کہ | سمجھتے | ساتھ ان کے | یا | کان | کہ سنتے |

میں سیر نہیں کی تا کہ ان کے دل (ایسے) ہوتے کہ ان سے سمجھ سکتے اور کان (ایسے) ہوتے کہ ان سے سن

بِهَا ۚ فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهَا | فَاِنَّهَا | لَا | تَعْمَى | الْاَبْصَارُ | وَلٰكِنْ | تَعْمَى | الْقُلُوْبُ | الَّتِيْ | فِي |
| ساتھ اسکے | پس بیشک وہ | نہیں | اندھی ہوجاتی | آنکھیں | اور لیکن | اندھے ہوجاتے ہیں | دل | وہ جو | بیچ |

سکتے۔ بات یہ ہے کہ آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں بلکہ دل جو سینوں میں ہیں (وہ) اندھے

الصُّدُوْرِ ﴿٤٦﴾ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الصُّدُوْرِ | وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ | بِالْعَذَابِ | وَ | لَنْ | يُّخْلِفَ | اللّٰهُ |
| سینوں کے ہیں | اور جلدی مانگتے ہیں تجھ سے | عذاب کو | اور | ہرگز نہ | خلاف کرے گا | اللہ |

ہوتے ہیں ﴿٤٦﴾ اور (یہ لوگ) تم سے عذاب کے لیے جلدی کر رہے ہیں اور اللہ اپنا وعدہ ہرگز خلاف نہیں

وَعْدَهٗ ۭ وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿٤٧﴾

| وَعْدَهٗ | وَاِنَّ | يَوْمًا | عِنْدَ | رَبِّكَ | كَاَلْفِ | سَنَةٍ | مِّمَّا | تَعُدُّوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وعدہ اپنا | اور بیشک | ایک دن | نزدیک | پروردگار تیرے کے | مانند ہزار | برس کے | ان سے کہ | گنتے ہوتم |

کرے گا۔ اور بیشک تمہارے پروردگار کے نزدیک ایک روز تمہارے حساب کی رو سے ہزار برس کے برابر ہے ﴿٤٧﴾

وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ وَاِلَيَّ

| وَكَاَيِّنْ | مِّنْ | قَرْيَةٍ | اَمْلَيْتُ | لَهَا | وَ | هِيَ | ظَالِمَةٌ | ثُمَّ | اَخَذْتُهَا | وَ | اِلَيَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور بہت سی | کچھ | بستیاں ہیں کہ | ڈھیل دی میں نے | ان کو | اور | وہ | ظلم کرنیوالیاں تھیں | پھر | پکڑا میں نے ان کو | اور | طرف میری ہے |

اور بہت سی بستیاں ہیں کہ میں اُن کو مہلت دیتا رہا اور وہ نافرمان تھیں۔ پھر میں نے ان کو پکڑ لیا۔ اور میری ہی طرف

ع ٦ ١٢ الْمَصِيْرُ ﴿٤٨﴾ ع قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَآ اَنَا لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٤٩﴾ ج

| الْمَصِيْرُ | قُلْ | يٰٓاَيُّهَا | النَّاسُ | اِنَّمَآ | اَنَا | لَكُمْ | نَذِيْرٌ | مُّبِيْنٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر آنا | کہہ | اے | لوگو | سوائے اس کے نہیں کہ | میں | واسطے تمہارے | ڈرانے والا ہوں | ظاہر |

لوٹ کر آنا ہے ﴿٤٨﴾ (اے پیغمبر) کہہ دو کہ لوگو! میں تم کو کھلم کھلا نصیحت کرنے والا ہوں ﴿٤٩﴾

فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿٥٠﴾

| فَالَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | عَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | لَهُمْ | مَّغْفِرَةٌ | وَّ | رِزْقٌ | كَرِيْمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس وہ لوگ کہ | ایمان لائے | اور | کام کیے | اچھے | واسطے ان کے | بخشش ہے | اور | رزق | حرمت کا |

تو جو لوگ ایمان لائے اور کام نیک کیے ان کے لیے بخشش اور آبرو کی روزی ہے ﴿٥٠﴾

وَالَّذِيْنَ سَعَوْا فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

| وَ | الَّذِيْنَ | سَعَوْا | فِيْٓ | اٰيٰتِنَا | مُعٰجِزِيْنَ | اُولٰٓئِكَ | اَصْحٰبُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جن لوگوں نے | کوشش کی | بیچ | نشانیوں ہماری کے | عاجز کرنے کو | یہ لوگ ہیں | رہنے والے |

اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں میں (اپنے زعم باطل میں) ہمیں عاجز کرنے کے لیے سعی کی وہ

الْجَحِيْمِ ﴿٥١﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ

| الْجَحِيْمِ | وَمَآ | اَرْسَلْنَا | مِنْ | قَبْلِكَ | مِنْ | رَّسُوْلٍ | وَّ | لَا | نَبِيٍّ | اِلَّآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دوزخ کے | اور نہیں | بھیجا ہم نے | سے | پہلے تجھ | کوئی | رسول | اور | نہ | نبی | مگر |

اہلِ دوزخ ہیں ﴿٥١﴾ اور ہم نے تم سے پہلے کوئی رسول اور نبی نہیں بھیجا مگر (اس کا یہ حال تھا کہ) جب وہ کوئی آرزو کرتا

اِذَا تَمَنّٰۤى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْۤ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِى

| اِذَا | تَمَنّٰۤى | اَلْقَى | الشَّيْطٰنُ | فِيْۤ | اُمْنِيَّتِهٖ | فَيَنْسَخُ | اللّٰهُ | مَا | يُلْقِى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جسوقت کہ | آرزو کرتا تھا | ڈال دیتا تھا | شیطان | بیچ | آرزو اس کی کے | پس موقوف کر دیتا ہے | اللہ | جو کہ | ڈالتا ہے |

تھا تو شیطان اُس کی آرزو میں (وسوسہ) ڈال دیتا تھا تو جو (وسوسہ) شیطان ڈالتا ہے اللہ اس کو دور کر

الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٥٢﴾ لِّيَجْعَلَ مَا

| الشَّيْطٰنُ | ثُمَّ | يُحْكِمُ | اللّٰهُ | اٰيٰتِهٖ | وَ | اللّٰهُ | عَلِيْمٌ | حَكِيْمٌ | لِّيَجْعَلَ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شیطان | پھر | محکم کرتا ہے | اللہ | نشانیاں اپنی | اور | اللہ | جاننے والا | حکمت والا ہے | تا کہ کر دے | اس چیز کو کہ |

دیتا ہے۔ پھر اللہ اپنی آیتوں کو مضبوط کر دیتا ہے۔ اور اللہ علم والا (اور) حکمت والا ہے ﴿٥٢﴾ غرض (اس سے)

يُلْقِى الشَّيْطٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْقَاسِيَةِ

| يُلْقِى | الشَّيْطٰنُ | فِتْنَةً | لِّلَّذِيْنَ | فِىْ | قُلُوْبِهِمْ | مَّرَضٌ | وَّ | الْقَاسِيَةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈالتا ہے | شیطان | آزمائش | واسطے ان لوگوں کے کہ | بیچ | ان کے دلوں کے | مرض ہے | اور | جو کہ سخت ہیں |

یہ ہے کہ جو (وسوسہ) شیطان ڈالتا ہے اس کو ان لوگوں کے لیے جن کے دلوں میں بیماری ہے اور جن کے دل سخت

قُلُوْبُهُمْ ۗ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَفِىْ شِقَاقٍۢ بَعِيْدٍ ﴿٥٣﴾ وَّلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ

| قُلُوْبُهُمْ | وَ | اِنَّ | الظّٰلِمِيْنَ | لَفِىْ | شِقَاقٍ | بَعِيْدٍ | وَّ | لِيَعْلَمَ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دل ان کے | اور | بیشک | ظالم | البتہ بیچ | خلاف | دور کے ہیں | اور | تا کہ جانیں | وہ لوگ کہ |

ہیں ذریعۂ آزمائش ٹھیرائے۔ بیشک ظالم پرلے درجے کی مخالفت میں ہیں ﴿٥٣﴾ اور یہ بھی غرض ہے کہ جن لوگوں کو علم عطا

اُوْتُوا الْعِلْمَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ فَتُخْبِتَ لَهٗ

| اُوْتُوا | الْعِلْمَ | اَنَّهُ | الْحَقُّ | مِنْ | رَّبِّكَ | فَيُؤْمِنُوْا | بِهٖ | فَتُخْبِتَ | لَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیئے گئے ہیں | علم | یہ کہ وہ | سچ ہے | سے | تیرے رب کی طرف | پس ایمان لائیں | ساتھ اسکے | پس عاجزی کریں | واسطے اسکے |

ہوا ہے وہ جان لیں کہ وہ (یعنی وحی) تمہارے پروردگار کی طرف سے حق ہے تو وہ اس پر ایمان لائیں اور ان کے دل اللہ کے

قُلُوْبُهُمْ ۗ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِلٰى صِرَاطٍ

| قُلُوْبُهُمْ | وَ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَهَادِ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْۤا | اِلٰى | صِرَاطٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دل ان کے | اور | بیشک | اللہ | البتہ راہ دکھانیوالا ہے | ان لوگوں کو کہ | ایمان لائے | طرف | راہ |

آگے عاجزی کریں اور جو لوگ ایمان لاتے ہیں اللہ ان کو سیدھے رستے کی طرف ہدایت

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٥٤﴾ وَ لَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ

| مُّسْتَقِيْمٍ | وَ | لَايَزَالُ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | فِيْ | مِرْيَةٍ | مِّنْهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سیدھی کے | اور | ہمیش رہیں گے | وہ لوگ کہ | کافر ہوئے | بیچ | شک کے | اس سے |

کرتا ہے﴿٥٤﴾ اور کافر لوگ ہمیشہ اس سے شک میں رہیں گے

حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً اَوْ يَاْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ

| حَتّٰى | تَاْتِيَهُمُ | السَّاعَةُ | بَغْتَةً | اَوْ | يَاْتِيَهُمْ | عَذَابُ | يَوْمٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہاں تک کہ | آئے ان کے پاس | قیامت | ناگہاں | یا | آئے ان کے پاس | عذاب | دن |

یہاں تک کہ قیامت اُن پر ناگہاں آ جائے یا ایک نامبارک دن کا عذاب اُن پر

عَقِيْمٍ ﴿٥٥﴾ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ؕ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ؕ

| عَقِيْمٍ | اَلْمُلْكُ | يَوْمَئِذٍ | لِّلّٰهِ | يَحْكُمُ | بَيْنَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| منحوس کا | بادشاہی | اس دن | واسطے اللہ کے ہے | حکم کرے گا | درمیان ان کے |

آ واقع ہو﴿٥٥﴾ اس روز بادشاہی اللہ ہی کی ہو گی۔ (اور) وہ ان میں فیصلہ کردے گا۔

فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿٥٦﴾

| فَالَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | عَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | فِيْ | جَنّٰتِ | النَّعِيْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس وہ لوگ کہ | ایمان لائے | اور | کام کیے | اچھے | بیچ | بہشتوں | نعمت کے ہیں |

تو جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کرتے رہے وہ نعمت کے باغوں میں ہوں گے﴿٥٦﴾

وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ

| وَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | وَ | كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَا | فَاُولٰٓئِكَ | لَهُمْ | عَذَابٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ لوگ کہ | کافر ہوئے | اور | جھٹلایا | نشانیوں ہماری کو | پس یہ لوگ | واسطے ان کے | عذاب ہے |

اور جو کافر ہوئے اور ہماری آیتوں کو جھٹلاتے رہے اُن کے لیے ذلیل کرنے والا

مُّهِيْنٌ ﴿٥٧﴾ وَ الَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ ع ٧ ٩ ١٤

| مُّهِيْنٌ | وَ | الَّذِيْنَ | هَاجَرُوْا | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | ثُمَّ | قُتِلُوْٓا | اَوْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذلیل کرنے والا | اور | وہ لوگ جو کہ | ہجرت کر گئے وہ | بیچ | راہ | اللہ کے | پھر | مارے گئے | یا |

عذاب ہو گا﴿٥٧﴾ اور جن لوگوں نے اللہ کی راہ میں ہجرت کی پھر مارے گئے یا

مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا ؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ

| لَهُوَ | اللّٰهَ | اِنَّ | وَ | حَسَنًا | رِزْقًا | اللّٰهُ | لَيَرْزُقَنَّهُمُ | مَاتُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| البتہ وہ ہے | اللہ | بیشک | اور | اچھا | رزق | اللہ | البتہ رزق دے گا ان کو | مر گئے |

مر گئے اُن کو اللہ اچھی روزی دے گا۔ اور بیشک اللہ سب سے بہتر

خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۵۸﴾ لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ ؕ

| يَّرْضَوْنَهٗ | مُّدْخَلًا | لَيُدْخِلَنَّهُمْ | الرّٰزِقِيْنَ | خَيْرُ |
|---|---|---|---|---|
| پسند کریں گے اس کو | ایسی جگہ کہ | البتہ داخل کرے گا ان کو | رزق دینے والا | بہتر |

رزق دینے والا ہے﴿۵۸﴾ وہ اُن کو ایسے مقام میں داخل کرے گا جسے وہ پسند کریں گے

وَ اِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿۵۹﴾ ذٰلِكَ ۚ وَ مَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا

| مَا | بِمِثْلِ | عَاقَبَ | مَنْ | وَ | ذٰلِكَ | حَلِيْمٌ | لَعَلِيْمٌ | اللّٰهَ | اِنَّ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسکے کہ | برابر | بدلہ لے | جو کوئی | اور | یہ ہے | تحمل والا ہے | البتہ جاننے والا | اللہ | بیشک | اور |

اور اللہ تو جاننے والا (اور) بردبار ہے﴿۵۹﴾ یہ (بات اللہ کے ہاں ٹھہر چکی ہے) اور جو شخص (کسی کو) اتنی ہی ایذا دے جتنی

عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

| اللّٰهَ | اِنَّ | اللّٰهُ | لَيَنْصُرَنَّهُ | عَلَيْهِ | بُغِيَ | ثُمَّ | بِهٖ | عُوْقِبَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | بیشک | اللہ | البتہ مدد دے گا اس کو | اوپر اس کے | تعدی کی جائے | پھر | ساتھ اس کے | زیادتی کی گئی |

ایذا اس کو دی گئی پھر اُس شخص پر زیادتی کی جائے تو اللہ اس کی مدد کرے گا۔ بیشک اللہ

لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ﴿۶۰﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ

| النَّهَارِ | فِي | الَّيْلَ | يُوْلِجُ | اللّٰهَ | بِاَنَّ | ذٰلِكَ | غَفُوْرٌ | لَعَفُوٌّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دن کے | بیچ | رات کو | داخل کرتا ہے | اللہ | بسبب اس کے کہ | یہ | بخشنے والا ہے | البتہ معاف کرنیوالا |

معاف کرنے والا (اور) بخشنے والا ہے﴿۶۰﴾ یہ اس لیے کہ اللہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے

وَ يُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَ اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۶۱﴾ ذٰلِكَ

| ذٰلِكَ | بَصِيْرٌ | سَمِيْعٌۢ | اللّٰهَ | وَاَنَّ | الَّيْلِ | فِي | النَّهَارَ | يُوْلِجُ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ | دیکھنے والا ہے | سننے والا | اللہ | اور یہ کہ | رات کے | بیچ | دن کو | داخل کرتا ہے | اور |

اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور اللہ تو سننے والا دیکھنے والا ہے﴿۶۱﴾ یہ اس لیے کہ

بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاَنَّ | اللّٰهَ | هُوَ | الْحَقُّ | وَاَنَّ | مَا | يَدْعُوْنَ | مِنْ | دُوْنِهٖ | هُوَ |
| بسبب اسکے ہے کہ | اللہ | وہ ہے | حق | اور یہ کہ | جو | پکارتے ہیں | سے | سوائے اس کے | وہ |

اللہ ہی برحق ہے اور جس چیز کو (کافر) اللہ کے سوا پکارتے ہیں وہ

الْبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۶۲﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْبَاطِلُ | وَ | اَنَّ | اللّٰهَ | هُوَ | الْعَلِيُّ | الْكَبِيْرُ | اَلَمْ | تَرَ | اَنَّ | اللّٰهَ |
| باطل ہے | اور | یہ کہ | اللہ | وہ ہے | بلند | بڑا | کیا نہیں | دیکھا تو نے | یہ کہ | اللہ نے |

باطل ہے اور اس لیے کہ اللہ رفیع الشان اور بڑا ہے ﴿۶۲﴾ کیا تم نہیں دیکھتے کہ اللہ

اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ز فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ط اِنَّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْزَلَ | مِنَ | السَّمَآءِ | مَآءً | فَتُصْبِحُ | الْاَرْضُ | مُخْضَرَّةً | اِنَّ |
| اتارا | سے | آسمان | پانی | پس ہو جاتی ہے | زمین | سرسبز | بیشک |

آسمان سے مینہ برساتا ہے تو زمین سرسبز ہو جاتی ہے۔ بیشک

اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ﴿۶۳﴾ ج لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | لَطِيْفٌ | خَبِيْرٌ | لَهٗ | مَا | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَ | مَا | فِي |
| اللہ | باریک دیکھنے والا | خبردار ہے | واسطے اسی کے ہے | جو کچھ | بیچ | آسمانوں کے | اور | جو کچھ | بیچ |

اللہ مہربان اور خبردار ہے ﴿۶۳﴾ جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے

الْاَرْضِ ط وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۶۴﴾ ع اَلَمْ تَرَ اَنَّ ع ۸ ۱۵

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضِ | وَ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَهُوَ | الْغَنِيُّ | الْحَمِيْدُ | اَلَمْ | تَرَ | اَنَّ |
| زمین کے ہے | اور | بیشک | اللہ | البتہ وہ ہے | بے پروا | تعریف کیا گیا | کیا نہیں | دیکھا تو نے | یہ کہ |

اُسی کا ہے اور بیشک اللہ بے نیاز (اور) قابل ستائش ہے ﴿۶۴﴾ کیا تم نہیں دیکھتے کہ جتنی چیزیں

اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | سَخَّرَ | لَكُمْ | مَّا | فِي | الْاَرْضِ | وَالْفُلْكَ | تَجْرِيْ | فِي | الْبَحْرِ |
| اللہ نے | مسخر کیا | واسطے تمہارے | جو کچھ | بیچ | زمین کے ہے | اور کشتیاں | چلتی ہیں | بیچ | دریا کے |

زمین میں ہیں (سب) اللہ نے تمہارے زیر فرمان کر رکھی ہیں۔ اور کشتیاں (بھی) جو اسی کے حکم سے دریا میں

بِاَمْرِهٖ ؕ وَ يُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | الْاَرْضِ | عَلَى | تَقَعَ | اَنْ | السَّمَآءَ | يُمْسِكُ | وَ | بِاَمْرِهٖ |
| مگر | زمین کے | اوپر | گر پڑے | اس سے کہ | آسمان کو | تھام رکھتا ہے | اور | ساتھ اسکے حکم کے |

چلتی ہیں۔ اور وہ آسمان کو تھامے رہتا ہے کہ زمین پر (نہ) گر پڑے مگر اُس کے

بِاِذْنِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۶۵﴾ وَ هُوَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هُوَ | وَ | رَّحِيْمٌ | لَرَءُوْفٌ | بِالنَّاسِ | اللّٰهَ | اِنَّ | بِاِذْنِهٖ |
| وہی ہے | اور | مہربان ہے | البتہ شفقت کرنے والا | ساتھ لوگوں کے | اللہ | بیشک | ساتھ اسکے حکم کے |

حکم سے۔ بیشک اللہ لوگوں پر نہایت شفقت کرنے والا مہربان ہے﴿۶۵﴾ اور وہی تو ہے

الَّذِيْٓ اَحْيَاكُمْ ز ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ؕ اِنَّ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | يُحْيِيْكُمْ | ثُمَّ | يُمِيْتُكُمْ | ثُمَّ | اَحْيَاكُمْ | الَّذِيْٓ |
| بیشک | زندہ کرے گا تم کو | پھر | مارے گا تم کو | پھر | زندہ کیا تم کو | جس نے |

جس نے تم کو حیات بخشی۔ پھر تم کو مارتا ہے پھر تمہیں زندہ بھی کرے گا۔ بیشک

الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ ﴿۶۶﴾ لِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| هُمْ | مَنْسَكًا | جَعَلْنَا | اُمَّةٍ | لِكُلِّ | لَكَفُوْرٌ | الْاِنْسَانَ |
| وہ | طریقۂ عبادت | مقرر کیا ہے ہم نے | امت کے | واسطے ہر | ناشکرا ہے | آدمی البتہ |

انسان تو (بڑا) ناشکرا ہے ﴿۶۶﴾ ہم نے ہر ایک امت کے لیے ایک شریعت مقرر کر دی ہے

نَاسِكُوْهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْاَمْرِ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّكَ | اِلٰى | وَادْعُ | الْاَمْرِ | فِي | يُنَازِعُنَّكَ | فَلَا | نَاسِكُوْهُ |
| پروردگار اپنے کے | طرف | اور پکار | حکم کے | بیچ | جھگڑیں تجھ سے | پس مت | اسی طرح عبادت کرتے ہیں |

جس پر وہ چلتے ہیں تو یہ لوگ تم سے اس امر میں جھگڑا نہ کریں اور تم (لوگوں کو) اپنے پروردگار کی طرف بلاتے رہو۔

اِنَّكَ لَعَلٰى هُدًى مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۶۷﴾ وَ اِنْ جٰدَلُوْكَ فَقُلِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَقُلِ | جٰدَلُوْكَ | اِنْ | وَ | مُّسْتَقِيْمٍ | هُدًى | لَعَلٰى | اِنَّكَ |
| پس کہہ کہ | جھگڑیں تجھ سے | اگر | اور | سیدھی کے ہے | راہ | البتہ اوپر | بیشک تو |

بیشک تم سیدھے رستے پر ہو﴿۶۷﴾ اور اگر یہ تم سے جھگڑا کریں تو کہہ دو کہ

اَللّٰهُ اَعۡلَمُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۶۸﴾ اَللّٰهُ يَحۡكُمُ بَيۡنَكُمۡ يَوۡمَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَللّٰهُ | اَعۡلَمُ | بِمَا | تَعۡمَلُوۡنَ | اَللّٰهُ | يَحۡكُمُ | بَيۡنَكُمۡ | يَوۡمَ |
| اللہ | خوب جانتا ہے | ساتھ اس چیز کے کہ | تم کرتے ہو | اللہ | حکم کرے گا | درمیان تمہارے | دن |

جو عمل تم کرتے ہو اللہ اُن سے خوب واقف ہے ﴿۶۸﴾ جن باتوں میں تم اختلاف کرتے ہو اللہ تم میں

الۡقِيٰمَةِ فِيۡمَا كُنۡتُمۡ فِيۡهِ تَخۡتَلِفُوۡنَ ﴿۶۹﴾ اَلَمۡ تَعۡلَمۡ اَنَّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡقِيٰمَةِ | فِيۡمَا | كُنۡتُمۡ | فِيۡهِ | تَخۡتَلِفُوۡنَ | اَلَمۡ | تَعۡلَمۡ | اَنَّ |
| قیامت کے | بیچ اس چیز کے کہ | تھے تم | بیچ اس کے | اختلاف کرتے | کیا نہیں | جانتا تو | یہ کہ |

قیامت کے روز اُن کا فیصلہ کر دے گا ﴿۶۹﴾ کیا تم نہیں جانتے کہ جو کچھ

اللّٰهَ يَعۡلَمُ مَا فِى السَّمَآءِ وَالۡاَرۡضِ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ فِىۡ كِتٰبٍ ؕ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | يَعۡلَمُ | مَا | فِى | السَّمَآءِ | وَ | الۡاَرۡضِ | اِنَّ | ذٰلِكَ | فِىۡ | كِتٰبٍ |
| اللہ | جانتا ہے | جو کچھ کہ | بیچ | آسمان کے | اور | زمین کے ہے | بیشک | یہ | بیچ | کتاب کے ہے |

آسمان اور زمین میں ہے اللہ اس کو جانتا ہے ۔ یہ (سب کچھ) کتاب میں (لکھا ہوا) ہے۔

اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيۡرٌ ﴿۷۰﴾ وَيَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | ذٰلِكَ | عَلَى | اللّٰهِ | يَسِيۡرٌ | وَ | يَعۡبُدُوۡنَ | مِنۡ | دُوۡنِ | اللّٰهِ | مَا |
| بیشک | یہ | اوپر | اللہ کے | آسان ہے | اور | عبادت کرتے ہیں | سے | سوائے | اللہ کے | اس چیز کی کہ |

بیشک یہ سب اللہ کو آسان ہے ﴿۷۰﴾ اور (یہ لوگ) اللہ کے سوا ایسی چیزوں کی عبادت کرتے ہیں

لَمۡ يُنَزِّلۡ بِهٖ سُلۡطٰنًا وَّمَا لَيۡسَ لَهُمۡ بِهٖ عِلۡمٌ ؕ وَمَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَمۡ | يُنَزِّلۡ | بِهٖ | سُلۡطٰنًا | وَّ | مَا | لَيۡسَ | لَهُمۡ | بِهٖ | عِلۡمٌ | وَ | مَا |
| نہیں | اتاری | ساتھ اس کے | کوئی دلیل | اور | اس چیز کے کہ | نہیں | واسطے ان کے | ساتھ اسکے | علم | اور | نہیں |

جن کی اس نے کوئی سند نازل نہیں فرمائی اور نہ ان کے پاس اس کی کوئی دلیل ہے اور

لِلظّٰلِمِيۡنَ مِنۡ نَّصِيۡرٍ ﴿۷۱﴾ وَاِذَا تُتۡلٰى عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلظّٰلِمِيۡنَ | مِنۡ | نَّصِيۡرٍ | وَ | اِذَا | تُتۡلٰى | عَلَيۡهِمۡ | اٰيٰتُنَا | بَيِّنٰتٍ |
| واسطے ظالموں کے | کوئی | مدد دینے والا | اور | جس وقت | پڑھی جاتی ہیں | اوپر ان کے | نشانیاں ہماری | روشن |

ظالموں کا کوئی بھی مددگار نہیں ہوگا ﴿۷۱﴾ اور جب اُن کو ہماری آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں

تَعۡرِفُ فِیۡ وُجُوۡهِ الَّذِیۡنَ كَفَرُوا الۡمُنۡكَرَ ؕ یَكَادُوۡنَ

| تَعۡرِفُ | فِیۡ | وُجُوۡهِ | الَّذِیۡنَ | كَفَرُوۡا | الۡمُنۡكَرَ | یَكَادُوۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پہچانتا ہے | بیچ | مونہوں | ان لوگوں کے کہ | کافر ہیں | ناخوشی | نزدیک ہیں کہ |

تو (اُن کی شکل بگڑ جاتی ہے اور) تم ان کے چہروں میں صاف طور پر ناخوشی (کے آثار) دیکھتے ہو۔ قریب ہوتے ہیں

یَسۡطُوۡنَ بِالَّذِیۡنَ یَتۡلُوۡنَ عَلَیۡهِمۡ اٰیٰتِنَا ؕ قُلۡ اَفَاُنَبِّئُكُمۡ

| یَسۡطُوۡنَ | بِالَّذِیۡنَ | یَتۡلُوۡنَ | عَلَیۡهِمۡ | اٰیٰتِنَا | قُلۡ | اَفَاُنَبِّئُكُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حملہ کریں | ساتھ ان لوگوں کے کہ | پڑھتے ہیں | اوپر ان کے | نشانیاں ہماری | کہہ | کیا پس خبر دوں میں تم کو |

کہ جو لوگ ان کو ہماری آیتیں پڑھ کر سناتے ہیں اُن پر حملہ کردیں۔ کہہ دو کہ میں تم کو

بِشَرٍّ مِّنۡ ذٰلِكُمۡ ؕ اَلنَّارُ ؕ وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِیۡنَ كَفَرُوۡا ؕ

| بِشَرٍّ | مِّنۡ | ذٰلِكُمۡ | اَلنَّارُ | وَعَدَهَا | اللّٰهُ | الَّذِیۡنَ | كَفَرُوۡا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ شر کے | سے | اس | آگ ہے | وعدہ کیا ہے اس کا | اللہ نے | ان لوگوں کو کہ | کافر ہوئے |

اس سے بھی بری چیز بتاؤں؟ وہ (دوزخ کی) آگ ہے جس کا اللہ نے کافروں سے وعدہ کیا ہے

وَبِئۡسَ الۡمَصِیۡرُ ﴿۷۲﴾ ع یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسۡتَمِعُوۡا ع ٩ ٨ ١٦

| وَ | بِئۡسَ | الۡمَصِیۡرُ | یٰۤاَیُّهَا | النَّاسُ | ضُرِبَ | مَثَلٌ | فَاسۡتَمِعُوۡا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بری ہے | جگہ پھر جانے کی | اے | لوگو | بیان کی گئی ہے | مثال | پس سنو |

اور وہ برا ٹھکانا ہے (۷۲) لوگو ایک مثال بیان کی جاتی ہے اسے غور سے سنو

لَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِیۡنَ تَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ لَنۡ یَّخۡلُقُوۡا

| لَهٗ | اِنَّ | الَّذِیۡنَ | تَدۡعُوۡنَ | مِنۡ | دُوۡنِ | اللّٰهِ | لَنۡ | یَّخۡلُقُوۡا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کو | بیشک کہ | جن کو | پکارتے ہو | سے | سوائے | اللہ کے | ہرگز نہ | پیدا کریں گے |

کہ جن لوگوں کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو وہ ایک مکھی بھی نہیں بنا سکتے

ذُبَابًا وَّلَوِ اجۡتَمَعُوۡا لَهٗ ؕ وَاِنۡ یَّسۡلُبۡهُمُ الذُّبَابُ شَیۡـًٔا

| ذُبَابًا | وَّ | لَوِ | اجۡتَمَعُوۡا | لَهٗ | وَ | اِنۡ | یَّسۡلُبۡهُمُ | الذُّبَابُ | شَیۡـًٔا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک مکھی | اور | اگرچہ | اکٹھے ہوں سب | واسطے اسکے | اور | اگر | چھین لے ان سے | کوئی مکھی | کچھ |

اگرچہ اس کے لیے سب مجتمع ہو جائیں اور اگر اُن سے مکھی کوئی چیز چھین لے جائے

لَآ يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ؕ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَ الْمَطْلُوْبُ ﴿۷۳﴾

| لَآ | يَسْتَنْقِذُوْهُ | مِنْهُ | ضَعُفَ | الطَّالِبُ | وَ | الْمَطْلُوْبُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | چھڑا سکیں اس کو | اس سے | بودا ہے | طالب | اور | مطلوب |

تو اسے اس سے چھڑا نہیں سکتے۔ طالب اور مطلوب (یعنی عابد اور معبود دونوں) گئے گزرے ہیں ﴿۷۳﴾

مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۷۴﴾ اَللّٰهُ

| مَا | قَدَرُوا | اللّٰهَ | حَقَّ | قَدْرِهٖ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَقَوِيٌّ | عَزِيْزٌ | اَللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | قدر جانی | اللہ کی | حق | قدر اس کے کا | بیشک | اللہ | البتہ قوی ہے | غالب ہے | اللہ |

ان لوگوں نے اللہ کی قدر جیسی کرنی چاہیے تھی نہیں کی۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ زبردست (اور) غالب ہے ﴿۷۴﴾ اللہ

يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا وَّ مِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

| يَصْطَفِيْ | مِنَ | الْمَلٰٓئِكَةِ | رُسُلًا | وَّ | مِنَ | النَّاسِ | اِنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پسند کرلیتا ہے | سے | فرشتوں میں | پیغام پہنچانے والا | اور | سے | آدمیوں میں | بیشک | اللہ |

فرشتوں میں سے پیغام پہنچانے والے منتخب کر لیتا ہے اور انسانوں میں سے بھی۔ بیشک اللہ

سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۷۵﴾ ج يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ ؕ

| سَمِيْعٌ | بَصِيْرٌ | يَعْلَمُ | مَا | بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ | وَ | مَا | خَلْفَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سننے والا | دیکھنے والا ہے | جانتا ہے | جو کچھ | آگے ان کے ہے | اور | جو کچھ | پیچھے ان کے ہے |

سننے والا (اور) دیکھنے والا ہے ﴿۷۵﴾ جو اُن کے آگے ہے اور جو اُن کے پیچھے ہے وہ اس سے واقف ہے۔

وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۷۶﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا

| وَاِلَى | اللّٰهِ | تُرْجَعُ | الْاُمُوْرُ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوا | ارْكَعُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور طرف | اللہ کی | پھیرے جاتے ہیں | سب کام | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | رکوع کرو |

اور سب کاموں کا رجوع اللہ ہی کی طرف ہے ﴿۷۶﴾ مومنو! رکوع کرتے

وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ

| وَاسْجُدُوْا | وَاعْبُدُوْا | رَبَّكُمْ | وَافْعَلُوا | الْخَيْرَ | لَعَلَّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور سجدہ کرو | اور عبادت کرو | اپنے پروردگار کی | اور کرو | بھلائی | تاکہ تم |

اور سجدے کرتے اور اپنے پروردگار کی عبادت کرتے رہو اور نیک کام کرو تاکہ

تُفْلِحُوْنَ ﴿٧٧﴾ وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ۭ هُوَ اجْتَبٰىكُمْ السجدة عند الشافعي

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُفْلِحُوْنَ | وَ | جَاهِدُوْا | فِيْ | اللّٰهِ | حَقَّ | جِهَادِهٖ | هُوَ | اجْتَبٰىكُمْ |
| فلاح پاؤ | اور | محنت کرو | بیچ | راہ اللہ کے | حق | محنت اس کی کا | اسی نے | برگزیدہ کیا تم کو |

فلاح پاؤ ﴿٧٧﴾ اور اللہ (کی راہ) میں جہاد کرو جیسا جہاد کرنے کا حق ہے۔ اس نے تم کو برگزیدہ کیا ہے

وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ۭ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمَا | جَعَلَ | عَلَيْكُمْ | فِيْ | الدِّيْنِ | مِنْ | حَرَجٍ | مِلَّةَ | اَبِيْكُمْ |
| اور نہیں | کی اس نے | اوپر تمہارے | بیچ | دین کے | کچھ | تنگی | دین | تمہارے باپ |

اور تم پر دین (کی کسی بات) میں تنگی نہیں کی۔ (اور تمہارے لیے) تمہارے باپ ابراہیم کا

اِبْرٰهِيْمَ ۭ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ڏ مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِبْرٰهِيْمَ | هُوَ | سَمّٰىكُمُ | الْمُسْلِمِيْنَ | مِنْ | قَبْلُ | وَفِيْ | هٰذَا |
| ابراہیم کا | اس نے | نام رکھا ہے تمہارا | مسلمان | سے | پہلے | اور بیچ | اس کے بھی |

دین (پسند کیا) اُسی نے پہلے (یعنی پہلی کتابوں میں) تمہارا نام مسلمان رکھا تھا اور اس کتاب میں بھی

لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَاۗءَ عَلَى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِيَكُوْنَ | الرَّسُوْلُ | شَهِيْدًا | عَلَيْكُمْ | وَ | تَكُوْنُوْا | شُهَدَاۗءَ | عَلَى |
| تاکہ ہو | پیغمبر | گواہ | اوپر تمہارے | اور | ہو تم | گواہ | اوپر |

(وہی نام رکھا ہے تو جہاد کرو) تاکہ پیغمبر تمہارے بارے میں شاہد ہوں اور تم لوگوں کے مقابلے

النَّاسِ ښ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| النَّاسِ | فَاَقِيْمُوا | الصَّلٰوةَ | وَاٰتُوا | الزَّكٰوةَ | وَاعْتَصِمُوْا |
| لوگوں کے | پس قائم رکھو | نماز کو | اور دو | زکوٰۃ | اور محکم پکڑو |

میں شاہد ہو اور نماز پڑھو اور زکوٰۃ دو اور اللہ (کے دین کی رسی)

بِاللّٰهِ ۭ هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿٧٨﴾ ع ١٠/١٧

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاللّٰهِ | هُوَ | مَوْلٰىكُمْ | فَنِعْمَ | الْمَوْلٰى | وَ | نِعْمَ | النَّصِيْرُ |
| ساتھ اللہ کے | وہی ہے | دوست تمہارا | پس بہت اچھا | دوست ہے | اور | بہت اچھا | مددگار ہے |

کو پکڑے رہو۔ وہی تمہارا دوست ہے اور خوب دوست اور خوب مددگار ہے ﴿٧٨﴾

اٰیاتھا ۱۱۸ — ۲۳ سُوْرَۃُ الْمُؤْمِنُوْنَ مَکِّیَّۃٌ ۷۴ — رکوعاتھا ۶

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱ الَّذِیْنَ ھُمْ فِیْ صَلَاتِھِمْ خٰشِعُوْنَ ۝۲

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَدْ | اَفْلَحَ | الْمُؤْمِنُوْنَ | الَّذِیْنَ | ھُمْ | فِیْ | صَلَاتِھِمْ | خٰشِعُوْنَ |
| تحقیق | فلاح پائی | ایمان والوں نے | وہ جو | وہ | بیچ | نماز اپنی کے | زاری کرنے والے ہیں |

بیشک ایمان والے رُستگار ہو گئے ۝۱ جو نماز میں عجز و نیاز کرتے ہیں ۝۲

وَالَّذِیْنَ ھُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۝۳ وَالَّذِیْنَ ھُمْ لِلزَّکٰوۃِ فٰعِلُوْنَ ۝۴

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الَّذِیْنَ | ھُمْ | عَنِ | اللَّغْوِ | مُعْرِضُوْنَ | وَالَّذِیْنَ | ھُمْ | لِلزَّکٰوۃِ | فٰعِلُوْنَ |
| اور | وہ جو | وہ | سے | بے فائدہ بات | منہ پھیرنے والے ہیں | اور جو | وہ | زکوٰۃ کے | ادا کرنیوالے ہیں |

اور جو بیہودہ باتوں سے منہ موڑے رہتے ہیں ۝۳ اور جو زکوٰۃ ادا کرتے ہیں ۝۴

وَالَّذِیْنَ ھُمْ لِفُرُوْجِھِمْ حٰفِظُوْنَ ۝۵ اِلَّا عَلٰٓی اَزْوَاجِھِمْ اَوْ مَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الَّذِیْنَ | ھُمْ | لِفُرُوْجِھِمْ | حٰفِظُوْنَ | اِلَّا | عَلٰٓی | اَزْوَاجِھِمْ | اَوْ | مَا |
| اور | جو | وہ | واسطے شرمگاہوں اپنی کے | حفاظت کرنیوالے ہیں | مگر | اوپر | بی بیوں اپنی کے | یا | جن کے |

اور جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں ۝۵ مگر اپنی بیویوں سے یا (کنیزوں سے)

مَلَکَتْ اَیْمَانُھُمْ فَاِنَّھُمْ غَیْرُ مَلُوْمِیْنَ ۝۶ فَمَنِ ابْتَغٰی وَرَآءَ ذٰلِکَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَلَکَتْ | اَیْمَانُھُمْ | فَاِنَّھُمْ | غَیْرُ | مَلُوْمِیْنَ | فَمَنِ | ابْتَغٰی | وَرَآءَ | ذٰلِکَ |
| مالک ہوئے | داہنے ہاتھ ان کے | پس بیشک وہ | نہیں | ملامت کیے گئے | پس جو کوئی | چاہے | سوائے | اس کے |

جو اُن کی مِلک ہوتی ہیں کہ (اُن سے مباشرت کرنے سے) انہیں ملامت نہیں ۝۶ اور جو اِن کے سوا اوروں کے طالب ہوں

فَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْعٰدُوْنَ ۝۷ وَالَّذِیْنَ ھُمْ لِاَمٰنٰتِھِمْ وَعَھْدِھِمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاُولٰٓئِکَ | ھُمُ | الْعٰدُوْنَ | وَ | الَّذِیْنَ | ھُمْ | لِاَمٰنٰتِھِمْ | وَ | عَھْدِھِمْ |
| پس یہ لوگ | وہی ہیں | حد سے گزرنیوالے | اور | جو | وہ | امانتوں اپنی کو | اور | عہد اپنے کو |

وہ (اللہ کی مقرر کی ہوئی) حد سے نکل جانے والے ہیں ۝۷ اور جو امانتوں اور اقراروں کو ملحوظ

وقف لازم

رٰعُوْنَ ﴿۸﴾ لا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ﴿۹﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رٰعُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | هُمْ | عَلٰى | صَلَوٰتِهِمْ | يُحَافِظُوْنَ | اُولٰٓئِكَ | هُمُ |
| رعایت کرنیوالے ہیں | اور | جو کہ | وہ | اوپر | نمازوں اپنی کے | حفاظت کرنے والے ہیں | یہ لوگ | وہی ہیں |

رکھتے ہیں ﴿۸﴾ اور جو نمازوں کی پابندی کرتے ہیں ﴿۹﴾ یہی لوگ میراث

الْوٰرِثُوْنَ ﴿۱۰﴾ لا الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ط هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۱﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْوٰرِثُوْنَ | الَّذِيْنَ | يَرِثُوْنَ | الْفِرْدَوْسَ | هُمْ | فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ |
| وارث | جو کہ | ورثہ لیں گے | بہشت کو | وہ | بیچ اس کے | ہمیشہ رہنے والے ہیں |

حاصل کرنے والے ہیں ﴿۱۰﴾ (یعنی) جو بہشت کی میراث حاصل کریں گے۔ (اور) اُس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۱۱﴾

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ﴿۱۲﴾ ج ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَقَدْ | خَلَقْنَا | الْاِنْسَانَ | مِنْ | سُلٰلَةٍ | مِّنْ | طِيْنٍ | ثُمَّ | جَعَلْنٰهُ | نُطْفَةً | فِيْ |
| اور البتہ تحقیق | پیدا کیا ہم نے | آدمی کو | سے | بجتی ہوئی | سے | مٹی | پھر | پیدا کیا ہم نے اسکو | قطرۂ منی سے | بیچ |

اور ہم نے انسان کو مٹی کے خلاصے سے پیدا کیا ہے ﴿۱۲﴾ پھر اس کو ایک مضبوط (اور محفوظ)

قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿۱۳﴾ ص ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَرَارٍ | مَّكِيْنٍ | ثُمَّ | خَلَقْنَا | النُّطْفَةَ | عَلَقَةً | فَخَلَقْنَا | الْعَلَقَةَ | مُضْغَةً |
| جگہ | مضبوط کے | پھر | پیدا کیا ہم نے | قطرۂ منی کو | لہو جما ہوا | پس پیدا کیا ہم نے | لہو جمے ہوئے کو | بوٹی گوشت کی |

جگہ میں نطفہ بنا کر رکھا ﴿۱۳﴾ پھر نطفے کا لوتھڑا بنایا۔ پھر لوتھڑے کی بوٹی بنائی پھر بوٹی کی

فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ق ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَخَلَقْنَا | الْمُضْغَةَ | عِظٰمًا | فَكَسَوْنَا | الْعِظٰمَ | لَحْمًا | ثُمَّ | اَنْشَاْنٰهُ | خَلْقًا |
| پس پیدا کیا ہم نے | بوٹی کو | ہڈیاں | پھر پہنا دیا ہم نے | ہڈیوں کو | گوشت | پھر | پیدا کیا ہم نے اس کو | پیدائش |

ہڈیاں بنائیں پھر ہڈیوں پر گوشت (پوست) چڑھایا۔ پھر اُس کو نئی صورت میں بنا دیا۔

اٰخَرَ ط فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿۱۴﴾ ط ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰخَرَ | فَتَبٰرَكَ | اللّٰهُ | اَحْسَنُ | الْخٰلِقِيْنَ | ثُمَّ | اِنَّكُمْ | بَعْدَ | ذٰلِكَ |
| اور (نئی) | پس بہت برکت والا ہے | اللہ | بہتر | پیدا کرنے والوں کا | پھر | بیشک تم | پیچھے | اس کے |

تو اللہ جو سب سے بہتر بنانے والا بڑا بابرکت ہے ﴿۱۴﴾ پھر اس کے بعد تم مرجاتے

لَمَيِّتُوْنَ ﴿۱۵﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ﴿۱۶﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَمَيِّتُوْنَ | ثُمَّ | اِنَّكُمْ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | تُبْعَثُوْنَ | وَ | لَقَدْ | خَلَقْنَا | فَوْقَكُمْ |
| البتہ مرنیوالے ہو | پھر | بیشک تم | دن | قیامت کے | اٹھائے جاؤ گے | اور | البتہ تحقیق | پیدا کیا ہم نے | اوپر تمہارے |

ہو﴿۱۵﴾ پھر قیامت کے روز اُٹھا کھڑے کیے جاؤ گے ﴿۱۶﴾ اور ہم نے تمہارے اُوپر

سَبْعَ طَرَآئِقَ ۖ وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَبْعَ | طَرَآئِقَ | وَ | مَا | كُنَّا | عَنِ | الْخَلْقِ | غٰفِلِيْنَ | وَ | اَنْزَلْنَا | مِنَ | السَّمَآءِ |
| سات | طبق | اور | نہیں | ہیں ہم | سے | خلق | غافل | اور | اتارا ہم نے | سے | آسمان |

(کی جانب) سات آسمان پیدا کیے اور ہم خلقت سے غافل نہیں ہیں ﴿۱۷﴾ اور ہم ہی نے آسمان سے ایک

مَآءً بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِى الْاَرْضِ ۖ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۱۸﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَآءً | بِقَدَرٍ | فَاَسْكَنّٰهُ | فِى | الْاَرْضِ | وَ | اِنَّا | عَلٰى | ذَهَابٍ | بِهٖ | لَقٰدِرُوْنَ |
| پانی | ساتھ اندازے کے | پس رکھا ہم نے اسکو | بیچ | زمین کے | اور | بیشک ہم | اوپر | لے جانے | اسکے کے | البتہ قادر ہیں |

اندازے کے ساتھ پانی نازل کیا۔ پھر اُس کو زمین میں ٹھیرا دیا اور ہم اُس کے نابود کر دینے پر بھی قادر ہیں ﴿۱۸﴾

وقف لازم

فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ ۘ لَكُمْ فِيْهَا فَوَاكِهُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَنْشَاْنَا | لَكُمْ | بِهٖ | جَنّٰتٍ | مِّنْ | نَّخِيْلٍ | وَّ | اَعْنَابٍ | لَكُمْ | فِيْهَا | فَوَاكِهُ |
| پس نکالے ہم نے | واسطے تمہارے | ساتھ اسکے | باغ | سے | کھجوروں کے | اور | انگوروں کے | واسطے تمہارے | بیچ اسکے | میوے ہیں |

پھر ہم نے اُس سے تمہارے لیے کھجوروں اور انگوروں کے باغ بنائے۔ ان میں تمہارے لیے بہت سے میوے پیدا ہوتے

كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ تَنْۢبُتُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَثِيْرَةٌ | وَّ | مِنْهَا | تَاْكُلُوْنَ | وَ | شَجَرَةً | تَخْرُجُ | مِنْ | طُوْرِ | سَيْنَآءَ | تَنْۢبُتُ |
| بہت | اور | بعض ان میں سے | تم کھاتے ہو | اور | درخت | نکلتا ہے | سے | پہاڑ طور | سیناء | اگاتا ہے |

ہیں اور اُن میں سے تم کھاتے ہو ﴿۱۹﴾ اور وہ درخت بھی (ہم ہی نے پیدا کیا) جو طور سینا میں پیدا ہوتا ہے۔ (یعنی زیتون کا

بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۭ نُسْقِيْكُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالدُّهْنِ | وَ | صِبْغٍ | لِّلْاٰكِلِيْنَ | وَ | اِنَّ | لَكُمْ | فِى | الْاَنْعَامِ | لَعِبْرَةً | نُسْقِيْكُمْ |
| چکنائی کو | اور | سالن | واسطے کھانیوالوں کے | اور | بیشک | واسطے تمہارے | بیچ | چوپایوں کے | البتہ عبرت ہے | پلاتے ہیں ہم تمکو |

درخت کہ) کھانے کے لیے روغن اور سالن لیے ہوئے اُگتا ہے ﴿۲۰﴾ اور تمہارے لیے چارپایوں میں بھی عبرت (اور نشانی) ہے کہ جو

مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَأْكُلُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَعَلَيْهَا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّمَّا | فِىْ | بُطُوْنِهَا | وَ | لَكُمْ | فِيْهَا | مَنَافِعُ | كَثِيْرَةٌ | وَّ | مِنْهَا | تَأْكُلُوْنَ | وَ | عَلَيْهَا |
| بعضے چیز کہ | بیچ | انکے پیٹوں کے ہے | اور | واسطے تمہارے | بیچ اسکے | منافع ہیں | بہت | اور | اس میں سے | تم کھاتے ہو | اور | اوپر انکے |

انکے پیٹوں میں ہے اس سے ہم تمہیں (دودھ) پلاتے ہیں اور تمہارے لیے اُن میں (اور بھی) بہت سے فائدے ہیں اور بعض کو تم کھاتے بھی ہو ﴿۲۱﴾ اور

وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ ع ۲۲

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | عَلَى | الْفُلْكِ | تُحْمَلُوْنَ | وَ | لَقَدْ | اَرْسَلْنَا | نُوْحًا | اِلٰى | قَوْمِهٖ | فَقَالَ | يٰقَوْمِ |
| اور | اوپر | کشتیوں کے | سوار کیے جاتے ہو | اور | البتہ تحقیق | بھیجا ہم نے | نوح کو | طرف | اس کی قوم کے | پس کہا | اے قوم میری |

اُن پر اور کشتیوں پر تم سوار ہوتے ہو ﴿۲۲﴾ اور ہم نے نوح کو اُن کی قوم کی طرف بھیجا تو انہوں نے اُن

اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۲۳﴾ فَقَالَ الْمَلَؤُا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اعْبُدُوا | اللّٰهَ | مَا لَكُمْ | مِّنْ | اِلٰهٍ | غَيْرُهٗ | اَفَلَا | تَتَّقُوْنَ | فَقَالَ | الْمَلَؤُا |
| عبادت کرو | اللہ کی | نہیں واسطے تمہارے | کوئی | معبود | سوائے اس کے | کیا پس نہیں | ڈرتے ہو تم | پس کہا | سرداروں نے |

سے کہا کہ اے قوم اللہ ہی کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ کیا تم ڈرتے نہیں؟ ﴿۲۳﴾ تو اُن کی

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | مِنْ | قَوْمِهٖ | مَا | هٰذَآ | اِلَّا | بَشَرٌ | مِّثْلُكُمْ | يُرِيْدُ | اَنْ | يَّتَفَضَّلَ |
| وہ جو | کافر ہوئے | سے | اس کی قوم | نہیں | یہ | مگر | آدمی | مانند تمہاری | چاہتا ہے | یہ کہ | بڑائی کرے |

قوم کے سردار جو کافر تھے کہنے لگے کہ یہ تو تم ہی جیسا آدمی ہے تم پر بڑائی حاصل کرنی

عَلَيْكُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ۚۖ مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِىْٓ اٰبَآئِنَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْكُمْ | وَ | لَوْ | شَآءَ | اللّٰهُ | لَاَنْزَلَ | مَلٰٓئِكَةً | مَّا | سَمِعْنَا | بِهٰذَا | فِىْٓ | اٰبَآئِنَا |
| اوپر تمہارے | اور | اگر | چاہتا | اللہ | البتہ اتارتا | فرشتے | نہیں | سنا ہم نے | یہ | بیچ | باپوں اپنے |

چاہتا ہے۔ اور اگر اللہ چاہتا تو فرشتے اتار دیتا۔ ہم نے اپنے اگلے باپ دادا میں تو یہ بات کبھی

الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۴﴾ ۚ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۲۵﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَوَّلِيْنَ | اِنْ | هُوَ | اِلَّا | رَجُلٌ | بِهٖ | جِنَّةٌ | فَتَرَبَّصُوْا | بِهٖ | حَتّٰى | حِيْنٍ |
| پہلوں کے | نہیں | وہ | مگر | مرد | ساتھ اسکے | جنون ہے | پس انتظار کرو | ساتھ اس کے | تک | ایک مدت |

سنی نہیں ﴿۲۴﴾ اس آدمی کو تو دیوانگی (کا عارضہ) ہے۔ تو اس کے بارے میں کچھ مدت انتظار کرو ﴿۲۵﴾

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿۲۶﴾ فَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | رَبِّ | انْصُرْنِيْ | بِمَا | كَذَّبُوْنِ | فَاَوْحَيْنَآ | اِلَيْهِ | اَنِ | اصْنَعِ | الْفُلْكَ |
| کہا | اے رب میرے | مدد دے مجھ کو | بدلے اسکے کہ | جھٹلاتے ہیں مجھ کو | پس وحی بھیجی ہم نے | طرف اسکی | یہ کہ | بنا | کشتی |

(نوح نے) کہا کہ پروردگار انہوں نے مجھے جھٹلایا ہے تو میری مدد کر (۲۶) پس ہم نے اُن کی طرف وحی بھیجی کہ ہمارے سامنے اور

بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاَعْيُنِنَا | وَ | وَحْيِنَا | فَاِذَا | جَآءَ | اَمْرُنَا | وَ | فَارَ | التَّنُّوْرُ | فَاسْلُكْ | فِيْهَا | مِنْ | كُلٍّ |
| ساتھ ہماری آنکھوں کے | اور | وحی ہماری کے | پس جب | آئے | حکم ہمارا | اور | جوش مارے | تنور | پس بٹھالے | بیچ اس کے | سے | ہر |

ہمارے حکم سے ایک کشتی بناؤ۔ پھر جب ہمارا حکم آ پہنچے اور تنور (پانی سے بھر کر) جوش مارنے لگے تو سب (قسم کے حیوانات) میں

زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۚ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زَوْجَيْنِ | اثْنَيْنِ | وَ | اَهْلَكَ | اِلَّا | مَنْ | سَبَقَ | عَلَيْهِ | الْقَوْلُ | مِنْهُمْ |
| قسم جوڑا | دو عدد | اور | اپنے لوگوں کو | مگر | وہ شخص کہ | گزری ہے | اوپر اس کے | بات | ان میں سے |

سے جوڑا جوڑا (یعنی نر اور مادہ) دو دو کشتی میں بٹھالو اور اپنے گھر والوں کو بھی۔ سوا ان کے جن کی نسبت اُن میں سے (ہلاک ہونے کا) حکم پہلے

وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَاِذَا اسْتَوَيْتَ اَنْتَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | تُخَاطِبْنِيْ | فِي | الَّذِيْنَ | ظَلَمُوْا | اِنَّهُمْ | مُّغْرَقُوْنَ | فَاِذَا | اسْتَوَيْتَ | اَنْتَ |
| اور | مت | کہو مجھ سے | بیچ | ان لوگوں کے کہ | ظلم کرتے ہیں | بیشک وہ | غرق کیے جائینگے | پس جسوقت | سوار ہو | تو |

(صادر) ہو چکا ہے اور ظالموں کے بارے میں ہم سے کچھ نہ کہنا۔ وہ ضرور ڈبو دیے جائیں گے (۲۷) اور جب تم اور تمہارے

وَمَنْ مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ نَجّٰنَا مِنَ الْقَوْمِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَنْ | مَّعَكَ | عَلَى | الْفُلْكِ | فَقُلِ | الْحَمْدُ | لِلّٰهِ | الَّذِيْ | نَجّٰنَا | مِنَ | الْقَوْمِ |
| اور | جو کوئی | ساتھ تیرے ہے | اوپر | کشتی کے | پس کہو | سب تعریف | واسطے اللہ کے ہے | جس نے | نجات دی ہمکو | سے | قوم |

ساتھی کشتی میں بیٹھ جاؤ تو (اللہ کا شکر کرنا اور) کہنا کہ سب تعریف اللہ ہی کو (سزاوار) ہے جس نے ہم کو ظالم لوگوں

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۸﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۲۹﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الظّٰلِمِيْنَ | وَ | قُلْ | رَّبِّ | اَنْزِلْنِيْ | مُنْزَلًا | مُّبٰرَكًا | وَّ | اَنْتَ | خَيْرُ | الْمُنْزِلِيْنَ |
| ظالموں کی | اور | کہہ | اے رب میرے | اتار مجھ کو | اتارنا | مبارک | اور | تو | بہتر | اتارنے والا ہے |

سے نجات بخشی (۲۸) اور (یہ بھی) دعا کرنا کہ اے پروردگار ہم کو مبارک جگہ اتاریو اور تو سب سے بہتر اتارنے والا ہے (۲۹)

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ وَّاِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِيْنَ ﴿۳۰﴾ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | فِيْ | ذٰلِكَ | لَاٰيٰتٍ | وَّ | اِنْ | كُنَّا | لَمُبْتَلِيْنَ | ثُمَّ | اَنْشَاْنَا | مِنْ | بَعْدِهِمْ | قَرْنًا |
| بیشک | بیچ | اس کے | البتہ نشانیاں ہیں | اور | بیشک | ہیں ہم | البتہ آزمائش کرنیوالے | پھر | پیدا کیے ہم نے | سے | پیچھے ان | قرن |

بیشک اس (قصے) میں نشانیاں ہیں اور ہمیں تو آزمائش کرنی تھی ﴿۳۰﴾ پھر ان کے بعد ہم نے ایک اور جماعت

اٰخَرِيْنَ ﴿۳۱﴾ فَاَرْسَلْنَا فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰخَرِيْنَ | فَاَرْسَلْنَا | فِيْهِمْ | رَسُوْلًا | مِّنْهُمْ | اَنِ | اعْبُدُوا | اللّٰهَ | مَا | لَكُمْ |
| اور (دوسرے) | پس بھیجا ہم نے | بیچ ان کے | رسول | ان میں سے | یہ کہ | عبادت کرو | اللہ کی | نہیں | واسطے تمہارے |

پیدا کی ﴿۳۱﴾ اور اُنہی میں سے اُن میں ایک پیغمبر بھیجا (جس نے اُن سے کہا) کہ اللہ ہی کی عبادت کرو (کہ)

ع ۲

مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ | اِلٰهٍ | غَيْرُهٗ | اَفَلَا | تَتَّقُوْنَ | وَ | قَالَ | الْمَلَاُ | مِنْ | قَوْمِهٖ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا |
| کوئی | معبود | سوائے اسکے | کیا پس نہیں | ڈرتے تم | اور | کہا | سرداروں نے | سے | اس کی قوم | وہ جو کہ | کافر ہوئے تھے |

اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ تو کیا تم ڈرتے نہیں؟ ﴿۳۲﴾ تو اُن کی قوم کے سردار جو کافر تھے

وَكَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ وَاَتْرَفْنٰهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَذَّبُوْا | بِلِقَآءِ | الْاٰخِرَةِ | وَ | اَتْرَفْنٰهُمْ | فِي | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | مَا | هٰذَآ | اِلَّا | بَشَرٌ |
| اور | جھٹلاتے تھے | ملاقات | آخرت کی | اور | دولت دی تھی ہم نے انکو | بیچ | زندگانی | دنیا کے | نہیں | یہ | مگر | آدمی |

اور آخرت کے آنے کو جھوٹ سمجھتے تھے اور دنیا کی زندگی میں ہم نے اُن کو آسودگی دے رکھی تھی کہنے لگے کہ یہ تو تم ہی جیسا

مِّثْلُكُمْ ۙ يَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ﴿۳۳﴾ ۙ وَلَئِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّثْلُكُمْ | يَاْكُلُ | مِمَّا | تَاْكُلُوْنَ | مِنْهُ | وَ | يَشْرَبُ | مِمَّا | تَشْرَبُوْنَ | وَ | لَئِنْ |
| مانند تمہاری | کھاتا ہے | اس چیز سے کہ | تم کھاتے ہو | اس سے | اور | پیتا ہے | اس چیز سے کہ | پیتے ہو تم | اور | اگر |

آدمی ہے جس قسم کا کھانا تم کھاتے ہو اسی طرح کا یہ بھی کھاتا ہے اور جو (پانی) تم پیتے ہو اسی قسم کا یہ بھی پیتا ہے ﴿۳۳﴾ اور اگر تم

اَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۳۴﴾ ۙ اَيَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَطَعْتُمْ | بَشَرًا | مِّثْلَكُمْ | اِنَّكُمْ | اِذًا | لَّخٰسِرُوْنَ | اَيَعِدُكُمْ | اَنَّكُمْ | اِذَا | مِتُّمْ |
| اطاعت کروگے تم | ایک آدمی کی | مانند تمہارے | بیشک تم | اس وقت | البتہ زیاں پانیوالے ہو | کیا وعدہ دیتا ہے تم کو | یہ کہ تم | جس وقت | مرجاؤ گے تم |

نے اپنے ہی جیسے آدمی کا کہا مان لیا تو گھاٹے میں پڑ گئے ﴿۳۴﴾ کیا یہ تم سے یہ کہتا ہے کہ جب تم مرجاؤ گے

وَكُنْتُمْ تُرَابًا وَّعِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ﴿۳۵﴾ هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كُنْتُمْ | تُرَابًا | وَّ | عِظَامًا | اَنَّكُمْ | مُّخْرَجُوْنَ | هَيْهَاتَ | هَيْهَاتَ | لِمَا |
| اور | ہو جاؤ گے تم | مٹی | اور | ہڈیاں | یہ کہ تم | نکالے جاؤ گے | دور ہے | دور ہے | جو کچھ کہ |

اور مٹی ہو جاؤ گے اور استخوان (کے سوا کچھ نہ رہے گا) تو تم (زمین سے) نکالے جاؤ گے؟ ﴿۳۵﴾ جس بات کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے

تُوْعَدُوْنَ ﴿۳۶﴾ اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُوْعَدُوْنَ | اِنْ | هِيَ | اِلَّا | حَيَاتُنَا | الدُّنْيَا | نَمُوْتُ | وَ | نَحْيَا | وَمَا | نَحْنُ |
| تم وعدہ دیئے جاتے ہو | نہیں | یہ | مگر | زندگانی ہماری | دنیا کی | مرتے ہیں ہم | اور | جیتے ہیں ہم | اور نہیں | ہم |

(بہت) بعید اور (بہت) بعید ہے ﴿۳۶﴾ زندگی تو یہی ہماری دنیا کی زندگی ہے کہ (اسی میں) ہم مرتے اور جیتے ہیں اور ہم پھر نہیں

بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلُ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَّمَا نَحْنُ لَهٗ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمَبْعُوْثِيْنَ | اِنْ | هُوَ | اِلَّا | رَجُلُ | افْتَرٰى | عَلَى | اللّٰهِ | كَذِبًا | وَّ | مَا | نَحْنُ | لَهٗ |
| اٹھائے جائینگے | نہیں | وہ | مگر | ایک مرد | باندھ لیا ہے | اوپر | اللہ کے | جھوٹ | اور | نہیں | ہم | واسطے اسکے |

اٹھائے جائیں گے ﴿۳۷﴾ یہ تو ایک ایسا آدمی ہے جس نے اللہ پر جھوٹ افتراء کیا ہے اور ہم اس کو

بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۸﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿۳۹﴾ قَالَ عَمَّا قَلِيْلٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمُؤْمِنِيْنَ | قَالَ | رَبِّ | انْصُرْنِيْ | بِمَا | كَذَّبُوْنِ | قَالَ | عَمَّا | قَلِيْلٍ |
| ایمان لانے والے | کہا | اے رب میرے | مدد دے مجھ کو | بیچ اس کے کہ | جھٹلاتے ہیں مجھ کو | کہا | اس چیز سے کہ | تھوڑی دیر میں |

ماننے والے نہیں ﴿۳۸﴾ (پیغمبر نے) کہا کہ اے پروردگار انہوں نے مجھے جھوٹا سمجھا ہے تو میری مدد کر ﴿۳۹﴾ فرمایا کہ یہ تھوڑے ہی

لَّيُصْبِحُنَّ نٰدِمِيْنَ ﴿۴۰﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنٰهُمْ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَّيُصْبِحُنَّ | نٰدِمِيْنَ | فَاَخَذَتْهُمُ | الصَّيْحَةُ | بِالْحَقِّ | فَجَعَلْنٰهُمْ |
| البتہ ہو جائیں گے | پشیمان | پس پکڑا ان کو | تیز آواز نے | ساتھ حق کے | پس کر دیا ہم نے ان کو |

عرصے میں پشیمان ہو کر رہ جائیں گے ﴿۴۰﴾ تو اُن کو (وعدہ) برحق (کے مطابق) زور کی آواز نے آ پکڑا تو ہم

غُثَآءً فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غُثَآءً | فَبُعْدًا | لِّلْقَوْمِ | الظّٰلِمِيْنَ | ثُمَّ | اَنْشَاْنَا | مِنْ | بَعْدِهِمْ | قُرُوْنًا |
| ریزہ ریزہ | پس لعنت ہے | واسطے قوم | ظالموں کے | پھر | پیدا کیے ہم نے | سے | پیچھے ان کے | قرن |

نے اُن کو کوڑا کر ڈالا۔ پس ظالم لوگوں پر لعنت ہے ﴿۴۱﴾ پھر اُن کے بعد ہم نے اور جماعتیں

اٰخَرِیْنَ ﴿۴۲﴾ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿۴۳﴾ ثُمَّ

| اٰخَرِیْنَ | مَا | تَسْبِقُ | مِنْ | اُمَّةٍ | اَجَلَهَا | وَ | مَا | يَسْتَاْخِرُوْنَ | ثُمَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور (دوسرے) | نہیں | آگے نکل جاتی | کوئی | امت | وقت اپنے سے | اور | نہ | پیچھے رہ جاتی ہے | پھر |

پیدا کیں ﴿۴۲﴾ کوئی جماعت اپنے وقت سے نہ آگے جا سکتی ہے نہ پیچھے رہ سکتی ہے ﴿۴۳﴾ پھر

اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ۭ كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ فَاَتْبَعْنَا

| اَرْسَلْنَا | رُسُلَنَا | تَتْرَا | كُلَّمَا | جَآءَ | اُمَّةً | رَّسُوْلُهَا | كَذَّبُوْهُ | فَاَتْبَعْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھیجے ہم نے | پیغمبر اپنے | پے در پے | جب | آتا تھا پاس | کسی امت کے | پیغمبر اس کا | جھٹلاتے تھے اسکو | پس پیچھے کیا ہم نے |

ہم پے درپے اپنے پیغمبر بھیجتے رہے۔ جب کسی اُمت کے پاس اُس کا پیغمبر آتا تھا تو وہ اُسے جھٹلا دیتے تھے۔ تو ہم بھی بعض کو بعض کے

بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَّجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ ۚ فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۴۴﴾ ثُمَّ

| بَعْضَهُمْ | بَعْضًا | وَّجَعَلْنٰهُمْ | اَحَادِيْثَ | فَبُعْدًا | لِّقَوْمٍ | لَّا | يُؤْمِنُوْنَ | ثُمَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بعضوں ان کے کو | بعضوں کے | اور کیا ہم نے ان کو | باتیں | پس لعنت ہے | واسطے اس قوم کے کہ | نہیں | ایمان لاتے | پھر |

پیچھے (ہلاک کرتے اور اُن پر عذاب) لاتے رہے اور اُن کے افسانے بناتے رہے۔ پس جو لوگ ایمان نہیں لاتے اُن پر لعنت ﴿۴۴﴾ پھر

اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ ۥ بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۵﴾ اِلٰى

| اَرْسَلْنَا | مُوْسٰى | وَ | اَخَاهُ | هٰرُوْنَ | بِاٰيٰتِنَا | وَ | سُلْطٰنٍ | مُّبِيْنٍ | اِلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھیجا ہم نے | موسیٰ کو | اور | بھائی اس کے | ہارون کو | ساتھ نشانیوں اپنی کے | اور | معجزے | ظاہر کے | طرف |

ہم نے موسیٰ اور اُن کے بھائی ہارون کو اپنی نشانیاں اور دلیل ظاہر دے کر بھیجا ﴿۴۵﴾ (یعنی)

فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ﴿۴۶﴾ ۚ فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ

| فِرْعَوْنَ | وَ | مَلَا۟ئِهٖ | فَاسْتَكْبَرُوْا | وَ | كَانُوْا | قَوْمًا | عَالِيْنَ | فَقَالُوْٓا | اَنُؤْمِنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فرعون کی | اور | سرداروں اسکے کی | پس تکبر کیا انہوں نے | اور | تھے | قوم | سرکش | پس کہا انہوں نے | کیا ایمان لائیں ہم |

فرعون اور اُس کی جماعت کی طرف۔ تو انہوں نے تکبر کیا اور وہ سرکش لوگ تھے ﴿۴۶﴾ کہنے لگے کہ کیا ہم اُن

لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ﴿۴۷﴾ ۚ فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا مِنَ

| لِبَشَرَيْنِ | مِثْلِنَا | وَقَوْمُهُمَا | لَنَا | عٰبِدُوْنَ | فَكَذَّبُوْهُمَا | فَكَانُوْا | مِنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے دو آدمی کے | مانند ہماری | اور قوم ان کی | واسطے ہمارے | بندگی کرنیوالی ہے | پس جھٹلایا ان دونوں کو | پس ہو گئے | سے |

اپنے جیسے دو آدمیوں پر ایمان لے آئیں اور اُن کی قوم کے لوگ ہمارے خدمت گار ہیں ﴿۴۷﴾ تو اُن لوگوں نے ان کی تکذیب کی

الْمُهْلَكِيْنَ ﴿۴۸﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾

| الْمُهْلَكِيْنَ | وَ | لَقَدْ | اٰتَيْنَا | مُوْسَى | الْكِتٰبَ | لَعَلَّهُمْ | يَهْتَدُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہلاک کیے گیوں | اور | البتہ تحقیق | دی ہم نے | موسٰی کو | کتاب | تا کہ وہ | ہدایت پائیں |

سو (آخر) ہلاک کر دیے گئے ﴿۴۸﴾ اور ہم نے موسٰی کو کتاب دی تھی تا کہ وہ لوگ ہدایت پائیں ﴿۴۹﴾

وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗۤ اٰيَةً وَّاٰوَيْنٰهُمَاۤ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ ﴿۵۰﴾ ع ۳ ۱۸ ۴

| وَ | جَعَلْنَا | ابْنَ | مَرْيَمَ | وَ | اُمَّهٗ | اٰيَةً | وَّاٰوَيْنٰهُمَاۤ | اِلٰى | رَبْوَةٍ | ذَاتِ قَرَارٍ | وَّ | مَعِيْنٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | کیا ہم نے | بیٹے | مریم کے کو | اور | ماں اسکی کو | نشانی | اور جگہ دی ہم نے دونوں کو | طرف | زمین بلند کے | جگہ رہنے کی | اور | پانی جاری کی |

اور ہم نے مریم کے بیٹے (عیسیٰ) اور اُن کی ماں کو (اپنی) نشانی بنایا تھا اور ان کو ایک اونچی جگہ پر جو رہنے کے لائق تھی اور جہاں (نتھرا ہوا) پانی

يٰۤاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ۭ اِنِّيْ بِمَا

| يٰۤاَيُّهَا | الرُّسُلُ | كُلُوْا | مِنَ | الطَّيِّبٰتِ | وَ | اعْمَلُوْا | صَالِحًا | اِنِّيْ | بِمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے | پیغمبر | کھاؤ | سے | پاکیزہ چیزوں | اور | کام کرو | اچھا | بیشک میں | ساتھ اس چیز کے کہ |

جاری تھا پناہ دی تھی ﴿۵۰﴾ اے پیغمبرو پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور عمل نیک کرو۔ جو عمل

تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۵۱﴾ وَاِنَّ هٰذِهٖۤ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا رَبُّكُمْ

| تَعْمَلُوْنَ | عَلِيْمٌ | وَ | اِنَّ | هٰذِهٖ | اُمَّتُكُمْ | اُمَّةً | وَّاحِدَةً | وَّاَنَا | رَبُّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کرتے ہو تم | جاننے والا ہوں | اور | بیشک | یہ | امت تمہاری | امت ہے | ایک | اور میں ہوں | پروردگار تمہارا |

تم کرتے ہو میں اُن سے واقف ہوں ﴿۵۱﴾ اور یہ تمہاری جماعت (حقیقت میں) ایک ہی جماعت ہے اور میں تمہارا پروردگار ہوں

فَاتَّقُوْنِ ﴿۵۲﴾ فَتَقَطَّعُوْۤا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ۭ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ

| فَاتَّقُوْنِ | فَتَقَطَّعُوْۤا | اَمْرَهُمْ | بَيْنَهُمْ | زُبُرًا | كُلُّ | حِزْبٍ | بِمَا | لَدَيْهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈرو مجھ سے | پس کاٹ لیا انہوں نے | کام اپنا | درمیان اپنے | ٹکڑے ٹکڑے | ہر | ایک گروہ | ساتھ اس چیز کے کہ | پاس انکے ہے |

تو مجھ سے ڈرو ﴿۵۲﴾ پھر انہوں نے آپس میں اپنے کام کو متفرق کر کے جدا جدا کر دیا جو چیز جس فرقے کے پاس ہے وہ اس

فَرِحُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۵۴﴾ اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا

| فَرِحُوْنَ | فَذَرْهُمْ | فِيْ | غَمْرَتِهِمْ | حَتّٰى | حِيْنٍ | اَيَحْسَبُوْنَ | اَنَّمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خوش ہیں | پس چھوڑ دے ان کو | بیچ | غفلت ان کی کے | تک | ایک مدت | کیا گمان کرتے ہیں وہ | یہ کہ جو کچھ |

سے خوش ہو رہا ہے ﴿۵۳﴾ تو اُن کو ایک مدت تک ان کی غفلت ہی میں رہنے دو ﴿۵۴﴾ کیا یہ لوگ یہ خیال کرتے ہیں

نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ﴿٥٥﴾ نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ۭ بَلْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نُمِدُّهُمْ | بِهٖ | مِنْ | مَّالٍ | وَّ | بَنِيْنَ | نُسَارِعُ | لَهُمْ | فِي | الْخَيْرٰتِ | بَلْ |
| مدد دیتے ہیں ہم انکو | ساتھ اسکے | سے | مال | اور | بیٹوں سے | جلدی کرتے ہیں ہم | واسطے انکے | بیچ | بھلائیوں کے | بلکہ |

کہ ہم جو دنیا میں اُن کو مال اور بیٹوں سے مدد دیتے ہیں ﴿۵۵﴾ (تو اس سے) اُن کی بھلائی میں جلدی کر رہے ہیں۔ (نہیں) بلکہ

لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿٥٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿٥٧﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَّا | يَشْعُرُوْنَ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | هُمْ | مِّنْ | خَشْيَةِ | رَبِّهِمْ | مُّشْفِقُوْنَ |
| نہیں | سمجھتے | بیشک | جو لوگ کہ | وہ | سے | ڈر | پروردگار اپنے کے | ڈرنے والے ہیں |

یہ سمجھتے ہی نہیں ﴿۵۶﴾ جو لوگ اپنے پروردگار کے خوف سے ڈرتے ہیں ﴿۵۷﴾

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿٥٨﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الَّذِيْنَ | هُمْ | بِاٰيٰتِ | رَبِّهِمْ | يُؤْمِنُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | هُمْ | بِرَبِّهِمْ |
| اور | جو لوگ کہ | وہ | ساتھ نشانیوں | رب اپنے کے | ایمان لاتے ہیں | اور | جو لوگ کہ | وہ | ساتھ پروردگار اپنے کے |

اور جو اپنے پروردگار کی آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں ﴿۵۸﴾ اور جو اپنے پروردگار کے ساتھ

لَا يُشْرِكُوْنَ ﴿٥٩﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يُشْرِكُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | يُؤْتُوْنَ | مَآ | اٰتَوْا | وَّ | قُلُوْبُهُمْ | وَجِلَةٌ | اَنَّهُمْ | اِلٰى | رَبِّهِمْ |
| نہیں | شریک لاتے ہیں | اور | وہ لوگ کہ | دیتے ہیں | جو کچھ کہ | دیئے گئے | اور | دل ان کے | ڈرتے ہیں | اس سے کہ وہ | طرف | رب اپنے کے |

شریک نہیں کرتے ﴿۵۹﴾ اور جو دے سکتے ہیں وہ دیتے ہیں اور اُن کے دل اس بات سے ڈرتے رہتے ہیں کہ اُن کو اپنے پروردگار

رٰجِعُوْنَ ﴿٦٠﴾ اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ﴿٦١﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رٰجِعُوْنَ | اُولٰٓئِكَ | يُسٰرِعُوْنَ | فِي | الْخَيْرٰتِ | وَ | هُمْ | لَهَا | سٰبِقُوْنَ |
| پھر جانیوالے ہیں | یہ لوگ | جلدی کرتے ہیں | بیچ | بھلائیوں کے | اور | وہ | طرف انکی | آگے نکل جانیوالے ہیں |

کی طرف لوٹ کر جانا ہے ﴿۶۰﴾ یہی لوگ نیکیوں میں جلدی کرتے اور یہی اُن کے لیے آگے نکل جاتے ہیں ﴿۶۱﴾

وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ يَّنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَا | نُكَلِّفُ | نَفْسًا | اِلَّا | وُسْعَهَا | وَلَدَيْنَا | كِتٰبٌ | يَّنْطِقُ | بِالْحَقِّ | وَ | هُمْ |
| اور نہیں | تکلیف دیتے ہم | کسی جی کو | مگر | موافق طاقت اسکی کے | اور ہمارے پاس | کتاب ہے | بولتی ہے | ساتھ حق کے | اور | وہ |

اور ہم کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے اور ہمارے پاس کتاب ہے جو سچ سچ کہہ دیتی ہے اور ان (لوگوں)

لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۶۲﴾ بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يُظْلَمُوْنَ | بَلْ | قُلُوْبُهُمْ | فِيْ | غَمْرَةٍ | مِّنْ | هٰذَا | وَ | لَهُمْ | اَعْمَالٌ | مِّنْ | دُوْنِ |
| نہیں | ظلم کیے جاتے | بلکہ | دل ان کے | بیچ | غفلت کے ہیں | سے | اس | اور | واسطے انکے | عمل ہیں | سے | سوائے |

پر ظلم نہیں کیا جائے گا﴿۶۲﴾ مگر اُن کے دل ان (باتوں) کی طرف سے غفلت میں (پڑے ہوئے) ہیں اور ان

ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ﴿۶۳﴾ حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ بِالْعَذَابِ اِذَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذٰلِكَ | هُمْ | لَهَا | عٰمِلُوْنَ | حَتّٰٓى | اِذَآ | اَخَذْنَا | مُتْرَفِيْهِمْ | بِالْعَذَابِ | اِذَا |
| اس کے | وہ | اس کو | کرنیوالے ہیں | یہاں تک کہ | جب | پکڑا ہم نے | انکے دولت مندوں کو | ساتھ عذاب کے | ناگہاں |

کے سوا اور اعمال بھی ہیں جو یہ کرتے رہتے ہیں﴿۶۳﴾ یہاں تک کہ جب ہم نے ان میں سے آسودہ حال لوگوں کو پکڑ لیا تو وہ

هُمْ يَجْئَرُوْنَ ﴿۶۴﴾ؕ لَا تَجْئَرُوا الْيَوْمَ ۫ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۶۵﴾ قَدْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هُمْ | يَجْئَرُوْنَ | لَا | تَجْئَرُوا | الْيَوْمَ | اِنَّكُمْ | مِّنَّا | لَا | تُنْصَرُوْنَ | قَدْ |
| وہ | زاری کرتے ہیں | مت | زاری کرو | آج | بیشک تم | ہم سے | نہیں | مدد دیئے جاؤ گے | تحقیق |

اُس وقت تلملا اٹھیں گے﴿۶۴﴾ آج مت تلملاؤ تم کو ہم سے کچھ مدد نہیں ملے گی﴿۶۵﴾ میری

كَانَتْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ﴿۶۶﴾ۙ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانَتْ | اٰيٰتِيْ | تُتْلٰى | عَلَيْكُمْ | فَكُنْتُمْ | عَلٰٓى | اَعْقَابِكُمْ | تَنْكِصُوْنَ |
| تھیں | آیتیں میری کہ | پڑھی جاتی تھیں | اوپر تمہارے | پس تھے تم | اوپر | ایڑیوں اپنی کے | پھر جاتے |

آیتیں تم کو پڑھ پڑھ کر سنائی جاتی تھیں اور تم الٹے پاؤں پھر پھر جاتے تھے﴿۶۶﴾

مُسْتَكْبِرِيْنَ ۖۗ بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ﴿۶۷﴾ اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ اَمْ جَآءَهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُسْتَكْبِرِيْنَ | بِهٖ | سٰمِرًا | تَهْجُرُوْنَ | اَفَلَمْ | يَدَّبَّرُوا | الْقَوْلَ | اَمْ | جَآءَهُمْ |
| تکبر کرتے ہوئے | ساتھ اسکے | افسانہ گوئی کرتے | بیہودہ بکتے تھے | کیا پس نہیں | فکر کی انہوں نے | بات میں | یا | آیا ہے ان کے پاس |

اُن سے سرکشی کرتے، کہانیوں میں مشغول ہوتے اور بیہودہ بکواس کرتے تھے﴿۶۷﴾ کیا انہوں نے اس کلام میں غور نہیں کیا یا ان کے پاس کوئی ایسی چیز آئی ہے

مَّا لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶۸﴾ؗ اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّا | لَمْ | يَاْتِ | اٰبَآءَهُمُ | الْاَوَّلِيْنَ | اَمْ | لَمْ | يَعْرِفُوْا | رَسُوْلَهُمْ | فَهُمْ | لَهٗ |
| جو کچھ کہ | نہیں | آیا تھا | انکے باپوں کو | پہلوں کے پاس | یا | نہیں | پہچانا انہوں نے | پیغمبر اپنے کو | پس وہ | واسطے اسکے |

جو اُن کے اگلے باپ دادا کے پاس نہیں آئی تھی﴿۶۸﴾ یا یہ اپنے پیغمبر کو جانتے پہچانتے نہیں اس وجہ سے ان

مُنۡكِرُوۡنَ ﴿۶۹﴾ اَمۡ يَقُوۡلُوۡنَ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ بَلۡ جَآءَهُمۡ بِالۡحَقِّ وَاَكۡثَرُهُمۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُنۡكِرُوۡنَ | اَمۡ | يَقُوۡلُوۡنَ | بِهٖ | جِنَّةٌ | بَلۡ | جَآءَهُمۡ | بِالۡحَقِّ | وَ | اَكۡثَرُهُمۡ |
| انکار کرنیوالے ہیں | یا | کہتے ہیں | اس کو | جنون ہے | بلکہ | لایا ہے ان کے پاس | حق | اور | اکثر ان کے |

کو نہیں مانتے؟ ﴿۶۹﴾ کیا یہ کہتے ہیں کہ اسے سودا ہے۔ (نہیں) بلکہ وہ اُن کے پاس حق کو لے کر آئے ہیں اور ان میں سے اکثر

لِلۡحَقِّ كٰرِهُوۡنَ ﴿۷۰﴾ وَلَوِ اتَّبَعَ الۡحَقُّ اَهۡوَآءَهُمۡ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلۡحَقِّ | كٰرِهُوۡنَ | وَ | لَوِاتَّبَعَ | الۡحَقُّ | اَهۡوَآءَهُمۡ | لَفَسَدَتِ | السَّمٰوٰتُ |
| حق کو | ناپسند کرتے ہیں | اور | اگر پیروی کرے | حق | ان کے خواہشات کی | البتہ بگڑ جائیں | آسمان |

حق کو ناپسند کرتے ہیں ﴿۷۰﴾ اور اگر (اللہ برحق) حق اُن کی خواہشوں پر چلے تو آسمان اور زمین اور جو اُن میں ہیں

وَالۡاَرۡضُ وَمَنۡ فِيۡهِنَّ ؕ بَلۡ اَتَيۡنٰهُمۡ بِذِكۡرِهِمۡ فَهُمۡ عَنۡ ذِكۡرِهِمۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالۡاَرۡضُ | وَ | مَنۡ | فِيۡهِنَّ | بَلۡ | اَتَيۡنٰهُمۡ | بِذِكۡرِهِمۡ | فَهُمۡ | عَنۡ | ذِكۡرِهِمۡ |
| اور زمین | اور | جو کوئی | بیچ ان کے ہے | بلکہ | لائے ہیں ہم انکے پاس | ذکر ان کا | پس وہ | سے | ذکر اپنے |

سب درہم برہم ہو جائیں بلکہ ہم نے اُن کے پاس اُن کی نصیحت (کی کتاب) پہنچادی ہے اور وہ اپنی (کتاب) نصیحت

مُّعۡرِضُوۡنَ ﴿۷۱﴾ اَمۡ تَسۡـَٔلُهُمۡ خَرۡجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيۡرٌ ۖ وَّهُوَ خَيۡرُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّعۡرِضُوۡنَ | اَمۡ | تَسۡـَٔلُهُمۡ | خَرۡجًا | فَخَرَاجُ | رَبِّكَ | خَيۡرٌ | وَّ | هُوَ | خَيۡرُ |
| منہ پھیرنے والے ہیں | یا | مانگتا ہے تو ان سے | مال | پس مال | پروردگار تیرے کا | بہتر ہے | اور | وہ | بہتر ہے |

سے منہ پھیر رہے ہیں ﴿۷۱﴾ کیا تم اُن سے (تبلیغ کے صلے میں) کچھ مال مانگتے ہو۔ تو تمہارے پروردگار کا مال بہت اچھا ہے اور وہ سب سے بہتر

الرّٰزِقِيۡنَ ﴿۷۲﴾ وَاِنَّكَ لَتَدۡعُوۡهُمۡ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ ﴿۷۳﴾ وَاِنَّ ربع

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرّٰزِقِيۡنَ | وَ | اِنَّكَ | لَتَدۡعُوۡهُمۡ | اِلٰى | صِرَاطٍ | مُّسۡتَقِيۡمٍ | وَ | اِنَّ |
| رزق دینے والا | اور | بیشک تو | البتہ بلاتا ہے ان کو | طرف | راہ | سیدھی کے | اور | بیشک |

رزق دینے والا ہے ﴿۷۲﴾ اور تم تو ان کو سیدھے رستے کی طرف بلاتے ہو ﴿۷۳﴾ اور جو

الَّذِيۡنَ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوۡنَ ﴿۷۴﴾ وَلَوۡ رَحِمۡنٰهُمۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيۡنَ | لَا | يُؤۡمِنُوۡنَ | بِالۡاٰخِرَةِ | عَنِ | الصِّرَاطِ | لَنٰكِبُوۡنَ | وَ | لَوۡ | رَحِمۡنٰهُمۡ |
| وہ لوگ کہ | نہیں | ایمان لاتے | ساتھ آخرت کے | سے | راہ | البتہ مڑ جانیوالے ہیں | اور | اگر | مہربانی کریں ہم اوپر انکے |

لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے وہ رستے سے الگ ہو رہے ہیں ﴿۷۴﴾ اور اگر ہم اُن پر رحم کریں

وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَلَقَدْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَشَفْنَا | مَا | بِهِمْ | مِّنْ | ضُرٍّ | لَّلَجُّوْا | فِيْ | طُغْيَانِهِمْ | يَعْمَهُوْنَ | وَ | لَقَدْ |
| اور | کھول دیں ہم | جو کچھ کہ | ساتھ انکے ہے | سے | سختی | البتہ استادگی کریں | بیچ | سرکشی اپنی کے | سرگرداں ہوتے ہوئے | اور | البتہ تحقیق |

اور جو تکلیفیں ان کو پہنچ رہی ہیں وہ دُور کر دیں تو اپنی سرکشی پر اڑے رہیں (اور) بھٹکتے (پھریں) ﴿۷۵﴾ اور ہم

اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۷۶﴾ حَتّٰٓى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَخَذْنٰهُمْ | بِالْعَذَابِ | فَمَا | اسْتَكَانُوْا | لِرَبِّهِمْ | وَ | مَا | يَتَضَرَّعُوْنَ | حَتّٰٓى |
| پکڑا تھا ہم نے ان کو | ساتھ عذاب کے | پس نہ | گڑگڑائے | واسطے اپنے رب کے | اور | نہ | عاجزی کی | یہاں تک کہ |

نے اُن کو عذاب میں بھی پکڑا تو بھی انہوں نے اللہ کے آگے عاجزی نہ کی اور وہ عاجزی کرتے ہی نہیں ﴿۷۶﴾ یہاں

اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۷﴾ وَهُوَ ع ۴ ۲۷

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِذَا | فَتَحْنَا | عَلَيْهِمْ | بَابًا | ذَا عَذَابٍ | شَدِيْدٍ | اِذَا | هُمْ | فِيْهِ | مُبْلِسُوْنَ | وَ | هُوَ |
| جب | کھول دیا ہم نے | اوپر ان کے | دروازہ | عذاب | سخت کا | ناگہاں | وہ | بیچ اس کے | نا امید ہیں | اور | وہی ہے |

تک کہ جب ہم نے اُن پر عذاب شدید کا دروازہ کھول دیا تو اُس وقت وہاں نا اُمید ہو گئے ﴿۷۷﴾ اور وہی

الَّذِيْٓ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْٓ | اَنْشَاَ | لَكُمُ | السَّمْعَ | وَ | الْاَبْصَارَ | وَ | الْاَفْـِٕدَةَ | قَلِيْلًا | مَّا | تَشْكُرُوْنَ |
| جس نے | پیدا کی | واسطے تمہارے | شنوائی | اور | بینائی | اور | دل | تھوڑا سا | جو کہ | تم شکر کرتے ہو |

تو ہے جس نے تمہارے کان اور آنکھیں اور دل بنائے۔ (لیکن) تم کم شکر گزاری کرتے ہو ﴿۷۸﴾

وَهُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هُوَ | الَّذِيْ | ذَرَاَكُمْ | فِي | الْاَرْضِ | وَ | اِلَيْهِ | تُحْشَرُوْنَ | وَ | هُوَ | الَّذِيْ | يُحْيٖ |
| اور | وہی ہے | جس نے | پھیلایا تم کو | بیچ | زمین کے | اور | طرف اسی کے | اکٹھے کیے جاؤ گے | اور | وہی ہے | جو کہ | جلاتا ہے |

اور وہی تو ہے جس نے تم کو زمین میں پیدا کیا اور اُسی کی طرف تم جمع ہو کر جاؤ گے ﴿۷۹﴾ اور وہی ہے جو زندگی بخشتا

وَيُمِيْتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۸۰﴾ بَلْ قَالُوْا مِثْلَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يُمِيْتُ | وَ | لَهُ | اخْتِلَافُ | الَّيْلِ | وَ | النَّهَارِ | اَفَلَا | تَعْقِلُوْنَ | بَلْ | قَالُوْا | مِثْلَ |
| اور | مارتا ہے | اور | واسطے اسکے | پھر آنا | رات | اور | دن کا | کیا پس نہیں | سمجھتے | بلکہ | کہا انہوں نے | جیسا |

اور موت دیتا ہے اور رات اور دن کا بدلتے رہنا اسی کا تصرف ہے۔ کیا تم سمجھتے نہیں؟ ﴿۸۰﴾ بات یہ ہے کہ جو بات اگلے (کافر) کہتے تھے

مَا قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿۸۱﴾ قَالُوْٓا ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا

| مَا | قَالَ | الْاَوَّلُوْنَ | قَالُوْٓا | ءَاِذَا | مِتْنَا | وَ | كُنَّا | تُرَابًا | وَّ | عِظَامًا | ءَاِنَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کچھ کہ | کہا | پہلوں نے | کہتے ہیں | کیا جب | مرجائینگے ہم | اور | ہوجائینگے | مٹی | اور | ہڈیاں | کیا ہم |

اسی طرح کی (بات) یہ کہتے ہیں ﴿۸۱﴾ کہتے ہیں کہ جب ہم مرجائیں گے اور مٹی ہو جائیں گے اور استخوان (بوسیدہ کے سوا کچھ نہ رہے گا) تو کیا

لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۸۲﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا هٰذَا مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ

| لَمَبْعُوْثُوْنَ | لَقَدْ | وُعِدْنَا | نَحْنُ | وَاٰبَآؤُنَا | هٰذَا | مِنْ | قَبْلُ | اِنْ | هٰذَآ | اِلَّآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٹھائے جائیں گے | البتہ تحقیق | وعدہ دیے گئے ہم | ہم | اور باپ ہمارے | یہی | سے | پہلے اس | نہیں | یہ | مگر |

ہم پھر اٹھائے جائیں گے؟ ﴿۸۲﴾ یہ وعدہ ہم سے اور ہم سے پہلے ہمارے باپ دادا سے بھی ہوتا چلا آیا ہے۔ (اجی) یہ تو صرف

اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۸۳﴾ قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ كُنْتُمْ

| اَسَاطِيْرُ | الْاَوَّلِيْنَ | قُلْ | لِّمَنِ | الْاَرْضُ | وَ | مَنْ | فِيْهَآ | اِنْ | كُنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہانیاں | پہلوں کی | کہہ | واسطے کس کے ہے | زمین | اور | جو کوئی | بیچ اس کے ہے | اگر | ہو تم |

اگلے لوگوں کی کہانیاں ہیں ﴿۸۳﴾ کہو کہ اگر تم جانتے ہو تو (بتاؤ کہ) زمین اور جو کچھ زمین میں ہے

تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۴﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۵﴾ قُلْ مَنْ رَّبُّ

| تَعْلَمُوْنَ | سَيَقُوْلُوْنَ | لِلّٰهِ | قُلْ | اَفَلَا | تَذَكَّرُوْنَ | قُلْ | مَنْ | رَّبُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جانتے | جلد کہیں گے | واسطے اللہ کے | کہہ | کیا پس نہیں | نصیحت پکڑتے | کہہ | کون ہے | پروردگار |

(سب) کس کا مال ہے ﴿۸۴﴾ جھٹ بول اٹھیں گے کہ اللہ کا۔ کہو کہ پھر تم سوچتے کیوں نہیں ﴿۸۵﴾ (ان سے) پوچھو کہ سات

السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۸۶﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ۭ قُلْ اَفَلَا

| السَّمٰوٰتِ | السَّبْعِ | وَ | رَبُّ | الْعَرْشِ | الْعَظِيْمِ | سَيَقُوْلُوْنَ | لِلّٰهِ | قُلْ | اَفَلَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمانوں | ساتوں کا | اور | پروردگار | عرش | بڑے کا | جلد کہیں گے | واسطے اللہ کے | کہہ | کیا پس نہیں |

آسمانوں کا کون مالک ہے اور عرش عظیم کا (کون) مالک (ہے)؟ ﴿۸۶﴾ بیساختہ کہہ دیں گے کہ (یہ چیزیں) اللہ ہی کی ہیں۔ کہو کہ پھر تم

تَتَّقُوْنَ ﴿۸۷﴾ قُلْ مَنْۢ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ

| تَتَّقُوْنَ | قُلْ | مَنْۢ | بِيَدِهٖ | مَلَكُوْتُ | كُلِّ | شَيْءٍ | وَّ | هُوَ | يُجِيْرُ | وَ | لَا | يُجَارُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈرتے | کہہ | کس کے | ہاتھ میں ہے | بادشاہی | ہر | چیز کی | اور | وہ | پناہ دیتا ہے | اور | نہیں | پناہ دیا جاتا |

ڈرتے کیوں نہیں ﴿۸۷﴾ کہو کہ اگر تم جانتے ہو تو (بتاؤ کہ) وہ کون ہے جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی بادشاہی ہے اور وہ پناہ دیتا ہے اور اس کے

عَلَيۡهِ اِنۡ كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۸۸﴾ سَيَقُوۡلُوۡنَ لِلّٰهِ ؕ قُلۡ فَاَنّٰى تُسۡحَرُوۡنَ ﴿۸۹﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيۡهِ | اِنۡ | كُنۡتُمۡ | تَعۡلَمُوۡنَ | سَيَقُوۡلُوۡنَ | لِلّٰهِ | قُلۡ | فَاَنّٰى | تُسۡحَرُوۡنَ |
| برخلاف اس کے | اگر | ہوتم | جانتے | البتہ کہیں گے | واسطے اللہ کے | کہہ | پس کہاں سے | سحر کیے جاتے ہو |

مقابل کوئی کسی کو پناہ نہیں دے سکتا ﴿۸۸﴾ فوراً کہہ دیں گے کہ (ایسی بادشاہی تو) اللہ ہی کی ہے کہو کہ پھر تم پر جادو کہاں سے پڑ جاتا ہے ﴿۸۹﴾

بَلۡ اَتَيۡنٰهُمۡ بِالۡحَقِّ وَاِنَّهُمۡ لَكٰذِبُوۡنَ ﴿۹۰﴾ مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنۡ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَلۡ | اَتَيۡنٰهُمۡ | بِالۡحَقِّ | وَ | اِنَّهُمۡ | لَكٰذِبُوۡنَ | مَا | اتَّخَذَ | اللّٰهُ | مِنۡ | وَّلَدٍ | وَّ | مَا | كَانَ |
| بلکہ | لائے ہم انکے پاس | حق | اور | بیشک وہ | البتہ جھوٹے ہیں | نہیں | پکڑی | اللہ نے | کوئی | اولاد | اور | نہیں | ہے |

بات یہ ہے کہ ہم نے اُن کے پاس حق پہنچا دیا ہے اور یہ (جو بُت پرستی کیے جاتے ہیں) بیشک جھوٹے ہیں ﴿۹۰﴾ اللہ نے نہ تو کسی کو (اپنا) بیٹا بنایا ہے اور

مَعَهٗ مِنۡ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعۡضُهُمۡ عَلٰى

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَعَهٗ | مِنۡ | اِلٰهٍ | اِذًا | لَّذَهَبَ | كُلُّ | اِلٰهٍ | بِمَا | خَلَقَ | وَ | لَعَلَا | بَعۡضُهُمۡ | عَلٰى |
| ساتھ اسکے | کوئی | معبود | اس وقت | البتہ لے جاتا | ہر | ایک معبود | اس چیز کو کہ | پیدا کیا ہے | اور | البتہ چڑھائی کرتے | بعضے ان کے | اوپر |

نہ اُس کے ساتھ کوئی اور معبود ہے ایسا ہوتا تو ہر معبود اپنی اپنی مخلوقات کو لے کر چل دیتا اور ایک دوسرے پر غالب آ جاتا۔

بَعۡضٍ ؕ سُبۡحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوۡنَ ﴿۹۱﴾ لا عٰلِمِ الۡغَيۡبِ وَالشَّهَادَةِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعۡضٍ | سُبۡحٰنَ | اللّٰهِ | عَمَّا | يَصِفُوۡنَ | عٰلِمِ | الۡغَيۡبِ | وَ | الشَّهَادَةِ |
| بعض کے | پاک ہے | اللہ | اس چیز سے کہ | وہ بیان کرتے ہیں | جاننے والا | غیب کا | اور | حاضر کا |

یہ لوگ جو کچھ (اللہ کے بارے میں) بیان کرتے ہیں اللہ اس سے پاک ہے ﴿۹۱﴾ وہ پوشیدہ اور ظاہر کو جانتا ہے اور (مشرک) جو اس کے ساتھ شریک کرتے ہیں

ع ۱۵ ۵ ۵ فَتَعٰلٰى عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ ﴿۹۲﴾ ع قُلۡ رَّبِّ اِمَّا تُرِيَنِّىۡ مَا يُوۡعَدُوۡنَ ﴿۹۳﴾ لا رَبِّ فَلَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَتَعٰلٰى | عَمَّا | يُشۡرِكُوۡنَ | قُلۡ | رَّبِّ | اِمَّا | تُرِيَنِّىۡ | مَا | يُوۡعَدُوۡنَ | رَبِّ | فَلَا |
| پس بلند ہے | اس چیز سے کہ | تم شریک لاتے ہیں | کہہ | اے رب میرے | اگر | دکھلا دے تو مجھ کو | جو کچھ کہ | وعدہ دیئے جاتے ہیں یہ | اے رب میرے | پس مت |

(اس کی شان) اس سے بلند ہے ﴿۹۲﴾ (اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کہو کہ اے پروردگار جس عذاب کا ان (کفار) سے وعدہ ہوا ہے اگر تو میری زندگی میں اُن پر نازل کر کے مجھے

تَجۡعَلۡنِىۡ فِى الۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۹۴﴾ وَاِنَّا عَلٰٓى اَنۡ نُّرِيَكَ مَا نَعِدُهُمۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَجۡعَلۡنِىۡ | فِى | الۡقَوۡمِ | الظّٰلِمِيۡنَ | وَ | اِنَّا | عَلٰٓى | اَنۡ | نُّرِيَكَ | مَا | نَعِدُهُمۡ |
| کیجیو مجھ کو | بیچ | قوم | ظالموں کے | اور | بیشک ہم | اوپر | اس کے کہ | دکھلائیں تجھ کو | جو | وعدہ دیتے ہیں ہم انکو |

بھی دکھائے ﴿۹۳﴾ تو اے پروردگار مجھے (اس سے محفوظ رکھیو اور) ان ظالموں میں شامل نہ کیجیو ﴿۹۴﴾ اور جو وعدہ ہم اُن سے کر رہے ہیں ہم تم کو دکھا کر اُن پر نازل

لَقٰدِرُوْنَ ﴿٩٥﴾ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ؕ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا

| لَقٰدِرُوْنَ | اِدْفَعْ | بِالَّتِيْ | هِيَ | اَحْسَنُ | السَّيِّئَةَ | نَحْنُ | اَعْلَمُ | بِمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| البتہ قادر ہیں | دور کر | ساتھ اس چیز کے کہ | وہ | بہت اچھی ہے | برائی کو | ہم | خوب جانتے ہیں | اس چیز کو کہ |

کرنے پر قادر ہیں ﴿٩٥﴾ اور بری بات کے جواب میں ایسی بات کہو جو نہایت اچھی ہو اور یہ جو کچھ بیان کرتے ہیں

يَصِفُوْنَ ﴿٩٦﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ﴿٩٧﴾

| يَصِفُوْنَ | وَ | قُلْ | رَّبِّ | اَعُوْذُبِكَ | مِنْ | هَمَزٰتِ | الشَّيٰطِيْنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیان کرتے ہیں | اور | کہہ | اے رب میرے | پناہ مانگتا ہوں میں ساتھ تیرے | سے | وسوسہ ڈالنے | شیطانوں کے |

ہمیں خوب معلوم ہے ﴿٩٦﴾ اور کہو کہ اے پروردگار میں شیطانوں کے وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں ﴿٩٧﴾

وَاَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿٩٨﴾ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ

| وَ | اَعُوْذُبِكَ | رَبِّ | اَنْ | يَّحْضُرُوْنِ | حَتّٰٓى | اِذَا | جَآءَ | اَحَدَهُمُ | الْمَوْتُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | پناہ مانگتا ہوں میں تجھ سے | اے میرے رب | یہ کہ وہ | حاضر ہوں میرے پاس | یہاں تک کہ | جب | آئے | ایک کو ان میں سے | موت |

اور اے پروردگار اس سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس آموجود ہوں ﴿٩٨﴾ (یہ لوگ اسی طرح غفلت میں رہیں گے) یہاں تک کہ جب ان میں

قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ﴿٩٩﴾ لَعَلِّيْٓ اَعْمَلُ صَالِحًا فِيْمَا تَرَكْتُ كَلَّا ؕ اِنَّهَا

| قَالَ | رَبِّ | ارْجِعُوْنِ | لَعَلِّيْٓ | اَعْمَلُ | صَالِحًا | فِيْمَا | تَرَكْتُ | كَلَّا | اِنَّهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہتا ہے | اے میرے رب | پھیر دے مجھے | شاید کہ میں | عمل کروں | نیک | بیچ اس جگہ کے کہ | میں چھوڑ آیا ہوں | ہرگز نہیں | بیشک یہ |

سے کسی کے پاس موت آجائے گی تو کہے گا کہ اے پروردگار مجھے پھر دنیا میں واپس بھیج دے ﴿٩٩﴾ تاکہ میں اس میں جسے چھوڑ آیا ہوں نیک کام کیا کروں۔ ہرگز

كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ؕ وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿١٠٠﴾ فَاِذَا نُفِخَ

| كَلِمَةٌ | هُوَ | قَآئِلُهَا | وَ | مِنْ | وَّرَآئِهِمْ | بَرْزَخٌ | اِلٰى | يَوْمِ | يُبْعَثُوْنَ | فَاِذَا | نُفِخَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک بات ہے کہ | وہ | کہنے والا ہے | اور | سے | ورے ان | پردہ ہے | تک | دن | کہ اٹھائے جائیں گے | پس جب | پھونکا جائے گا |

نہیں۔ یہ ایک (ایسی) بات ہے کہ وہ اسے زبان سے کہہ رہا ہوگا (اور اس کے ساتھ عمل نہیں ہوگا) اور ان کے پیچھے برزخ ہے (جہاں وہ) اس دن تک کہ (دوبارہ)

فِي الصُّوْرِ فَلَآ اَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَّلَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿١٠١﴾ فَمَنْ ثَقُلَتْ

| فِي | الصُّوْرِ | فَلَآ | اَنْسَابَ | بَيْنَهُمْ | يَوْمَئِذٍ | وَّ | لَا | يَتَسَآءَلُوْنَ | فَمَنْ | ثَقُلَتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیچ | صور کے | پس نہیں | نسب | درمیان ان کے | اس دن | اور | نہ | ایک دوسرے کو پوچھے گا | پس جو کوئی | بھاری ہوا |

اٹھائے جائیں گے (رہیں گے) ﴿١٠٠﴾ پھر جب صور پھونکا جائے گا تو نہ تو ان میں قرابتیں رہیں گی اور نہ ایک دوسرے کو پوچھیں گے ﴿١٠١﴾ تو جن کے

مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿١٠٢﴾ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَوَازِيْنُهٗ | فَاُولٰٓئِكَ | هُمُ | الْمُفْلِحُوْنَ | وَ | مَنْ | خَفَّتْ | مَوَازِيْنُهٗ | فَاُولٰٓئِكَ |
| پلہ اس کا | یہ لوگ | وہی ہیں | فلاح پانے والے | اور | جو کوئی کہ | ہلکا ہوا | پلہ اس کا | پس یہ لوگ ہیں |

(عملوں کے) بوجھ بھاری ہوں گے وہ فلاح پانے والے ہیں ﴿١٠٢﴾ اور جن کے بوجھ ہلکے ہوں گے وہ وہ لوگ ہیں

الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فِيْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿١٠٣﴾ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | خَسِرُوْٓا | اَنْفُسَهُمْ | فِيْ | جَهَنَّمَ | خٰلِدُوْنَ | تَلْفَحُ | وُجُوْهَهُمُ |
| جنہوں نے | ٹوٹا دیا | اپنی جانوں کو | بیچ | دوزخ کے | ہمیشہ رہیں گے | جھلس دے گی | منہ ان کے |

جنہوں نے اپنے تئیں خسارے میں ڈالا ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے ﴿١٠٣﴾ آگ اُن کے مونہوں کو

النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ﴿١٠٤﴾ اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّارُ | وَ | هُمْ | فِيْهَا | كٰلِحُوْنَ | اَلَمْ | تَكُنْ | اٰيٰتِيْ | تُتْلٰى | عَلَيْكُمْ | فَكُنْتُمْ | بِهَا |
| آگ | اور | وہ | بیچ اس کے | تیوری چڑھاتے ہیں | کیا نہ | تھی | نشانیاں میری | پڑھی جاتیں | اوپر تمہارے | پس تھے تم | ساتھ اسکے |

جھلس دے گی اور وہ اس میں تیوری چڑھائے ہوں گے ﴿١٠٤﴾ کیا تم کو میری آیتیں پڑھ کر نہیں سنائی جاتی تھیں (نہیں) تم اُن کو

تُكَذِّبُوْنَ ﴿١٠٥﴾ قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ﴿١٠٦﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُكَذِّبُوْنَ | قَالُوْا | رَبَّنَا | غَلَبَتْ | عَلَيْنَا | شِقْوَتُنَا | وَ | كُنَّا | قَوْمًا | ضَآلِّيْنَ |
| جھٹلاتے | کہا انہوں نے | اے رب ہمارے | غالب آئی | اوپر ہمارے | بدبختی ہماری | اور | ہوئے ہم | قوم | گمراہ |

(سنتے تھے اور) جھٹلاتے تھے ﴿١٠٥﴾ وہ کہیں گے اے ہمارے پروردگار ہم پر ہماری کم بختی غالب ہوگئی اور ہم رستے سے بھٹک گئے ﴿١٠٦﴾

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ﴿١٠٧﴾ قَالَ اخْسَـُٔوْا فِيْهَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبَّنَآ | اَخْرِجْنَا | مِنْهَا | فَاِنْ | عُدْنَا | فَاِنَّا | ظٰلِمُوْنَ | قَالَ | اخْسَـُٔوْا | فِيْهَا |
| اے رب ہمارے | نکال ہم کو | اس سے | پس اگر | پھر کریں ہم | پس بیشک ہم | ظالم ہیں | کہے گا | دور ہو | بیچ اس کے |

اے پروردگار ہم کو اس میں سے نکال دے۔ اگر ہم پھر (ایسے کام) کریں تو ظالم ہوں گے ﴿١٠٧﴾ (اللہ) فرمائے گا کہ اسی میں ذلت کیساتھ پڑے رہو

وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ﴿١٠٨﴾ اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِيْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | تُكَلِّمُوْنِ | اِنَّهٗ | كَانَ | فَرِيْقٌ | مِّنْ | عِبَادِيْ | يَقُوْلُوْنَ | رَبَّنَآ | اٰمَنَّا | فَاغْفِرْ لَنَا |
| اور | مت | بات کرو مجھ سے | بیشک وہ | تھا | ایک فرقہ | سے | بندوں میرے | کہتے تھے | اے رب ہمارے | ایمان لائے ہم | پس بخش دے ہمکو |

اور مجھ سے بات نہ کرو ﴿١٠٨﴾ میرے بندوں میں ایک گروہ تھا جو دعا کیا کرتا تھا کہ اے ہمارے پروردگار ہم ایمان لائے تو تو ہم کو بخش دے

وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا حَتّٰٓى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَارْحَمْنَا | وَ | اَنْتَ | خَيْرُ | الرّٰحِمِيْنَ | فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ | سِخْرِيًّا | حَتّٰٓى |
| اور رحم کر ہم کو | اور | تو | بہترین | رحم کرنے والا ہے | پس پکڑا تھا تم نے ان کو | مسخرہ | یہاں تک کہ |

اور ہم پر رحم کر اور تو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے ﴿۱۰۹﴾ تو تم اُن سے تمسخر کرتے رہے یہاں تک کہ

اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِيْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ اِنِّيْ جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْسَوْكُمْ | ذِكْرِيْ | وَ | كُنْتُمْ | مِّنْهُمْ | تَضْحَكُوْنَ | اِنِّيْ | جَزَيْتُهُمُ | الْيَوْمَ | بِمَا |
| بھلادیا تم کو انہوں نے | ذکر میرا | اور | تھے تم | ان سے | ہنستے | بیشک میں نے | جزادی ان کو | آج | بسبب اسکے کہ |

اُن کے پیچھے میری یاد بھی بھول گئے۔ اور تم (ہمیشہ) اُن سے ہنسی کیا کرتے تھے ﴿۱۱۰﴾ آج میں نے اُن کو اُن کے

صَبَرُوْٓا ۙ اَنَّهُمْ هُمُ الْفَاۗىِٕزُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْاَرْضِ عَدَدَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صَبَرُوْٓا | اَنَّهُمْ | هُمُ | الْفَاۗىِٕزُوْنَ | قٰلَ | كَمْ | لَبِثْتُمْ | فِي | الْاَرْضِ | عَدَدَ |
| صبر کرتے تھے | یہ کہ وہ | وہی ہیں | مراد پانے والے | کہے گا | کتنا | رہے تم | بیچ | زمین کے | گنتی |

صبر کا بدلہ دیا کہ وہ کامیاب ہو گئے ﴿۱۱۱﴾ (اللہ) پوچھے گا کہ تم زمین میں کتنے

سِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَسْـَٔلِ الْعَاۗدِّيْنَ ﴿۱۱۳﴾ قٰلَ اِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سِنِيْنَ | قَالُوْا | لَبِثْنَا | يَوْمًا | اَوْ | بَعْضَ | يَوْمٍ | فَسْـَٔلِ | الْعَاۗدِّيْنَ | قٰلَ | اِنْ |
| برسوں کی | کہیں گے | رہے تھے ہم | ایک دن | یا | ٹکڑا | دن کا | پوچھ لے | گنتی والوں سے | کہے گا | نہیں |

برس رہے؟ ﴿۱۱۲﴾ وہ کہیں گے کہ ہم ایک روز یا ایک روز سے بھی کم رہے تھے شمار کرنے والوں سے پوچھ لیجیے ﴿۱۱۳﴾ (اللہ) فرمائے

لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا لَّوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَّبِثْتُمْ | اِلَّا | قَلِيْلًا | لَّوْ | اَنَّكُمْ | كُنْتُمْ | تَعْلَمُوْنَ | اَفَحَسِبْتُمْ | اَنَّمَا |
| رہے تم | مگر | تھوڑا | اگر | تم | ہوتے | جانتے | کیا گمان کیا تم نے | یہ کہ |

گا کہ (وہاں) تم (بہت ہی) کم رہے۔ کاش تم جانتے ہوتے ﴿۱۱۴﴾ کیا تم یہ خیال کرتے ہو

خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَلَقْنٰكُمْ | عَبَثًا | وَّ | اَنَّكُمْ | اِلَيْنَا | لَا | تُرْجَعُوْنَ | فَتَعٰلَى | اللّٰهُ | الْمَلِكُ |
| پیدا کیا ہم نے تم کو | بے فائدہ | اور | یہ کہ تم | طرف ہماری | نہیں | پھر آؤ گے | پس بہت بلند ہے | اللہ | بادشاہ |

کہ ہم نے تم کو بے فائدہ پیدا کیا ہے اور یہ کہ تم ہماری طرف لوٹ کر نہیں آؤ گے؟ ﴿۱۱۵﴾ تو اللہ جو سچا بادشاہ ہے (اس کی

الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْحَقُّ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | رَبُّ | الْعَرْشِ | الْكَرِيْمِ | وَ | مَنْ | يَّدْعُ | مَعَ | اللّٰهِ |
| حق | نہیں ہے | کوئی معبود | مگر | وہ | پروردگار | عرش | کرامت والے کا | اور | جو کوئی | پکارے | ساتھ | اللہ کے |

شان اس سے) اونچی ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں (وہی) عرشِ بزرگ کا مالک ہے ﴿۱۱۶﴾ اور جو شخص اللہ کے ساتھ اور معبود

اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰهًا | اٰخَرَ | لَا | بُرْهَانَ | لَهٗ | بِهٖ | فَاِنَّمَا | حِسَابُهٗ | عِنْدَ | رَبِّهٖ | اِنَّهٗ | لَا | يُفْلِحُ |
| معبود | اور کو | نہیں | دلیل کوئی | واسطے اسکے | اسکی | پس سوائے اسکے نہیں کہ | حساب اس کا | نزدیک | اسکے رب کے ہے | بیشک | نہیں | فلاح پاتے |

کو پکارتا ہے جس کی اس کے پاس کچھ بھی سند نہیں تو اس کا حساب اللہ ہی کے ہاں ہوگا۔ کچھ شک نہیں کہ کافر رستگاری نہیں

ع ۶ ۲۶ ۶ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ ع

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْكٰفِرُوْنَ | وَ | قُلْ | رَّبِّ | اغْفِرْ | وَارْحَمْ | وَ | اَنْتَ | خَيْرُ | الرّٰحِمِيْنَ |
| کافر | اور | کہہ | اے رب میرے | بخش دے | اور رحم کر | اور | تو | بہتر | رحم کرنیوالوں کا ہے |

پائیں گے ﴿۱۱۷﴾ اور اللہ سے دعا کرو کہ میرے پروردگار مجھے بخش دے اور (مجھ پر) رحم کر اور تو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے ﴿۱۱۸﴾

## اٰیاتها ۶۴ — ۲۴ سُوْرَةُ النُّوْرِ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۲ — رکوعاتها ۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا فِيْهَآ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سُوْرَةٌ | اَنْزَلْنٰهَا | وَ | فَرَضْنٰهَا | وَ | اَنْزَلْنَا | فِيْهَآ | اٰيٰتٍۢ | بَيِّنٰتٍ | لَّعَلَّكُمْ |
| یہ سورت ہے | اتارا ہم نے اس کو | اور | لازم کیا ہم نے اس کو | اور | اتاریں ہم نے | بیچ اس کے | نشانیاں | بیان کرنیوالیاں | تا کہ تم |

یہ (ایک) سورت ہے جس کو ہم نے نازل کیا اور اُس (کے احکام) کو فرض کر دیا اور اس میں واضح المطالب آیتیں نازل کیں تا کہ

تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱﴾ اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَذَكَّرُوْنَ | اَلزَّانِيَةُ | وَ | الزَّانِيْ | فَاجْلِدُوْا | كُلَّ | وَاحِدٍ | مِّنْهُمَا | مِائَةَ |
| نصیحت پکڑو | زنا کرنے والی | اور | زنا کرنے والا | پس مارو | ہر | ایک کو | ان میں سے | سو |

تم یاد رکھو ﴿۱﴾ بدکاری کرنے والی عورت اور بدکاری کرنے والا مرد (جب اُن کی بدکاری ثابت ہو جائے تو) دونوں میں سے ہر ایک کو سو

جَلْدَةٍ ۖ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ

| جَلْدَةٍ | وَّ | لَا | تَاْخُذْكُمْ | بِهِمَا | رَاْفَةٌ | فِيْ | دِيْنِ | اللّٰهِ | اِنْ | كُنْتُمْ | تُؤْمِنُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| درّے | اور | نہ | پکڑے تم کو | بیچ انکے حق کے | مہربانی | بیچ | دین | اللہ کے | اگر | ہوتم | ایمان لاتے |

دُرّے مارو۔ اور اگر تم اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتے ہو تو شرعِ اللہ (کے حکم) میں تمہیں

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢﴾

| بِاللّٰهِ | وَ | الْيَوْمِ | الْاٰخِرِ | وَلْيَشْهَدْ | عَذَابَهُمَا | طَآئِفَةٌ | مِّنَ | الْمُؤْمِنِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ اللہ کے | اور | دن | آخرت کے | اور چاہیے کہ حاضر ہو | عذاب کرنے پر ان دونوں کے | ایک جماعت | سے | مومنین میں |

اُن پر ہرگز ترس نہ آئے اور چاہیے کہ ان کی سزا کے وقت مسلمانوں کی ایک جماعت بھی موجود ہو﴿٢﴾

اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً ۫ وَّالزَّانِيَةُ لَا يَنْكِحُهَآ اِلَّا زَانٍ

| اَلزَّانِيْ | لَا | يَنْكِحُ | اِلَّا | زَانِيَةً | اَوْ | مُشْرِكَةً | وَّ | الزَّانِيَةُ | لَا | يَنْكِحُهَآ | اِلَّا | زَانٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زنا کرنیوالا | نہیں | نکاح کرتا | مگر | زانیہ سے | یا | بت پرست سے | اور | زنا کرنے والی | نہیں | نکاح کرتا اس کو | مگر | زنا کرنیوالا |

بدکار مرد تو بدکار یا مشرک عورت کے سوا نکاح نہیں کرتا اور بدکار عورت کو بھی بدکار یا مشرک مرد کے سوا اور کوئی نکاح

اَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٣﴾ وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ

| اَوْ | مُشْرِكٌ | وَ | حُرِّمَ | ذٰلِكَ | عَلَى | الْمُؤْمِنِيْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | يَرْمُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یا | بت پرست | اور | حرام کیا گیا ہے | یہ | اوپر | مسلمانوں کے | اور | جولوگ کہ | تہمت لگاتے ہیں |

میں نہیں لاتا اور یہ (یعنی بدکار عورت سے نکاح کرنا) مومنوں پر حرام ہے﴿٣﴾ اور جو لوگ پرہیز گار

الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً

| الْمُحْصَنٰتِ | ثُمَّ | لَمْ | يَاْتُوْا | بِاَرْبَعَةِ | شُهَدَآءَ | فَاجْلِدُوْهُمْ | ثَمٰنِيْنَ | جَلْدَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پاکدامنوں کو | پھر | نہیں | لاتے | چار | شاہد | پس ماروان کو | اسّی | درّے |

عورتوں کو بدکاری کا عیب لگائیں اور اس پر چار گواہ نہ لائیں تو اُن کو اسّی درّے مارو

وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿٤﴾ لا اِلَّا الَّذِيْنَ

| وَّ | لَا | تَقْبَلُوْا | لَهُمْ | شَهَادَةً | اَبَدًا | وَ | اُولٰٓئِكَ | هُمُ | الْفٰسِقُوْنَ | اِلَّا | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | مت | قبول کرو | واسطے انکے | شہادت | کبھی | اور | یہ لوگ | وہی ہیں | فاسق | مگر | جنہوں نے |

اور کبھی اُن کی شہادت قبول نہ کرو اور یہی بدکردار ہیں﴿٤﴾ ہاں جو اس کے

تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۚ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵﴾ وَالَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَابُوْا | مِنْۢ بَعْدِ | ذٰلِكَ | وَ | اَصْلَحُوْا | فَاِنَّ | اللّٰهَ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | وَالَّذِيْنَ |
| توبہ کی | پیچھے | اس کے | اور | سنور گئے | پس بیشک | اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے | اور جو لوگ |

بعد توبہ کر لیں اور (اپنی حالت) سنوار لیں تو اللہ (بھی) بخشنے والا مہربان ہے ﴿۵﴾ اور جو لوگ

يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَرْمُوْنَ | اَزْوَاجَهُمْ | وَ | لَمْ | يَكُنْ | لَّهُمْ | شُهَدَآءُ | اِلَّآ | اَنْفُسُهُمْ | فَشَهَادَةُ |
| تہمت لگاتے ہیں | جوروؤں اپنی کو | اور | نہیں | ہیں | واسطے ان کے | شاہد | مگر | جانیں ان کی | پس گواہی |

اپنی عورتوں پر بدکاری کی تہمت لگائیں اور خود ان کے سوا اُن کے گواہ نہ ہوں تو ہر ایک کی شہادت

اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۶﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَحَدِهِمْ | اَرْبَعُ | شَهٰدٰتٍۭ | بِاللّٰهِ | اِنَّهٗ | لَمِنَ | الصّٰدِقِيْنَ |
| ایک کی ان میں سے | چار بار | گواہیاں | ساتھ قسم اللہ کے | بیشک وہ | البتہ میں سے ہے | سچوں |

یہ ہے کہ پہلے تو چار بار اللہ کی قسم کھائے کہ بے شک وہ سچا ہے ﴿۶﴾

وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۷﴾ وَيَدْرَؤُا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْخَامِسَةُ | اَنَّ | لَعْنَتَ | اللّٰهِ | عَلَيْهِ | اِنْ | كَانَ | مِنَ | الْكٰذِبِيْنَ | وَ | يَدْرَؤُا |
| اور | پانچویں بار | یہ کہ | لعنت | اللہ کی ہے | اوپر اس کے | اگر | ہو یہ | سے | جھوٹوں میں | اور | دفع کرتا ہے |

اور پانچویں (بار) یہ (کہے) کہ اگر وہ جھوٹا ہو تو اُس پر اللہ کی لعنت ﴿۷﴾ اور عورت

عَنْهَا الْعَذَابَ اَنْ تَشْهَدَ اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْهَا | الْعَذَابَ | اَنْ | تَشْهَدَ | اَرْبَعَ | شَهٰدٰتٍۭ | بِاللّٰهِ | اِنَّهٗ | لَمِنَ |
| اس سے | عذاب | یہ کہ | گواہی دے | چار | گواہیاں | ساتھ قسم اللہ کے | بیشک یہ | البتہ میں سے ہے |

سے سزا کو یہ بات ٹال سکتی ہے کہ وہ پہلے چار بار اللہ کی قسم کھائے کہ

الْكٰذِبِيْنَ ﴿۸﴾ وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَآ اِنْ كَانَ مِنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْكٰذِبِيْنَ | وَ | الْخَامِسَةَ | اَنَّ | غَضَبَ | اللّٰهِ | عَلَيْهَآ | اِنْ | كَانَ | مِنَ |
| جھوٹوں | اور | پانچویں بار | یہ کہ | غضب | اللہ کا ہے | اوپر اس کے | اگر | ہو یہ | سے |

بیشک یہ جھوٹا ہے ﴿۸﴾ اور پانچویں (دفعہ) یوں (کہے) کہ اگر یہ سچا ہو تو مجھ پر اللہ کا غضب

الصّٰدِقِيْنَ ﴿٩﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصّٰدِقِيْنَ | وَ | لَوْ | لَا | فَضْلُ | اللّٰهِ | عَلَيْكُمْ | وَ | رَحْمَتُهٗ | وَ | اَنَّ | اللّٰهَ | تَوَّابٌ |
| سچوں | اور | اگر | نہ ہو | فضل | اللہ کا | اوپر تمہارے | اور | رحمت اس کی | اور | یہ کہ | اللہ | توبہ قبول کرنیوالا |

(نازل ہو)﴿٩﴾ اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی مہربانی نہ ہوتی (تو بہت سی خرابیاں پیدا ہو جاتیں۔ مگر وہ صاحب کرم عمیم ہے) اور یہ کہ اللہ توبہ قبول

ع ۱۰ حَكِيْمٌ ﴿١٠﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ ؕ لَا تَحْسَبُوْهُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَكِيْمٌ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | جَآءُوْ | بِالْاِفْكِ | عُصْبَةٌ | مِّنْكُمْ | لَا | تَحْسَبُوْهُ |
| حکمت والا ہے | بیشک | جو لوگ | لائے ہیں | طوفان | جماعت ہیں | تم میں سے | مت | گمان کرو ان کو |

کرنے والا (اور) حکیم ہے﴿١٠﴾ جن لوگوں نے بہتان باندھا ہے تم ہی میں سے ایک جماعت ہے۔ اس کو

شَرًّا لَّكُمْ ؕ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَرًّا لَّكُمْ | بَلْ | هُوَ | خَيْرٌ | لَّكُمْ | لِكُلِّ | امْرِئٍ | مِّنْهُمْ | مَّا | اكْتَسَبَ | مِنَ |
| برا واسطے اپنے | بلکہ | وہ | بہتر ہے | واسطے تمہارے | واسطے ہر | شخص کے | ان میں سے | جو کچھ | کمایا | سے |

اپنے حق میں برا نہ سمجھنا۔ بلکہ وہ تمہارے لیے اچھا ہے۔ ان میں سے جس شخص نے گناہ کا جتنا حصہ لیا اس کے لیے

الْاِثْمِ ۚ وَالَّذِيْ تَوَلّٰى كِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿١١﴾ لَوْلَآ اِذْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاِثْمِ | وَالَّذِيْ | تَوَلّٰى | كِبْرَهٗ | مِنْهُمْ | لَهٗ | عَذَابٌ | عَظِيْمٌ | لَوْ | لَآ | اِذْ |
| گناہ | اور جو شخص کہ | متولی ہوا | بڑی بات کا | ان میں سے | واسطے اسکے | عذاب ہے | بڑا | کیوں | نہ | جب |

اتنا وبال ہے اور جس نے ان میں سے اس بہتان کا بڑا بوجھ اٹھایا ہے اس کو بڑا عذاب ہوگا﴿١١﴾ جب تم نے

سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ خَيْرًا ۙ وَّقَالُوْا هٰذَآ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَمِعْتُمُوْهُ | ظَنَّ | الْمُؤْمِنُوْنَ | وَ | الْمُؤْمِنٰتُ | بِاَنْفُسِهِمْ | خَيْرًا | وَّ | قَالُوْا | هٰذَآ |
| سنا تم نے اس کو | گمان کیا ہوتا | مسلمان مردوں نے | اور | مسلمان عورتوں نے | ساتھ آپس اپنے کے | اچھا | اور | کیوں نہ کہا انہوں نے | یہ |

وہ بات سنی تھی تو مومن مردوں اور عورتوں نے کیوں اپنے دلوں میں نیک گمان نہ کیا۔ اور (کیوں نہ) کہا کہ یہ صریح

اِفْكٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٢﴾ لَوْلَا جَآءُوْ عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ ۚ فَاِذْ لَمْ يَاْتُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِفْكٌ | مُّبِيْنٌ | لَوْ | لَا | جَآءُوْ | عَلَيْهِ | بِاَرْبَعَةِ | شُهَدَآءَ | فَاِذْ لَمْ | يَاْتُوْا |
| طوفان ہے | ظاہر | کیوں | نہ | لاتے | اوپر اس کے | چار | گواہ | پس جس وقت نہ | لائے وہ |

طوفان ہے﴿١٢﴾ یہ (افتراء پرداز) اپنی بات (کی تصدیق) کے (لیے) چار گواہ کیوں نہ لائے۔ تو جب یہ گواہ

بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالشُّهَدَآءِ | فَاُولٰٓئِكَ | عِنْدَ | اللّٰهِ | هُمُ | الْكٰذِبُوْنَ | وَ | لَوْ | لَا | فَضْلُ | اللّٰهِ |
| گواہوں کو | پس یہ لوگ | نزدیک | اللہ کے | وہی ہیں | جھوٹے | اور | اگر | نہ ہوتا | فضل | اللہ کا |

نہیں لا سکے تو اللہ کے نزدیک یہی جھوٹے ہیں ﴿۱۳﴾ اور اگر دنیا اور آخرت

عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِىْ مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْكُمْ | وَ | رَحْمَتُهٗ | فِى | الدُّنْيَا | وَ | الْاٰخِرَةِ | لَمَسَّكُمْ | فِىْ | مَآ | اَفَضْتُمْ | فِيْهِ |
| اوپر تمہارے | اور | رحمت اس کی | بیچ | دنیا کے | اور | آخرت کے | البتہ لگتا تم کو | بیچ | اس چیز کے کہ | شروع کیا تھا تم نے | بیچ اسکے |

میں تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو جس شغل میں تم منہمک تھے اس کی وجہ سے تم پر بڑا (سخت)

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۴﴾ اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِكُمْ مَّا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَذَابٌ | عَظِيْمٌ | اِذْ | تَلَقَّوْنَهٗ | بِاَلْسِنَتِكُمْ | وَتَقُوْلُوْنَ | بِاَفْوَاهِكُمْ | مَّا |
| عذاب | بڑا | جس وقت | لیتے تھے تم اس کو | ساتھ اپنی زبانوں کے | اور کہتے تھے | ساتھ اپنے مونہوں کے | وہ چیز کہ |

عذاب نازل ہوتا ﴿۱۴﴾ جب تم اپنی زبانوں سے اس کا ایک دوسرے سے ذکر کرتے تھے اور اپنے منہ سے ایسی

لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ وَّتَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا ۖ وَّهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ ﴿۱۵﴾ وَلَوْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَيْسَ | لَكُمْ | بِهٖ | عِلْمٌ | وَّتَحْسَبُوْنَهٗ | هَيِّنًا | وَّ | هُوَ | عِنْدَ | اللّٰهِ | عَظِيْمٌ | وَ | لَوْ |
| نہیں | واسطے تمہارے | ساتھ اسکے | علم | اور گمان کرتے تھے اسکو | آسان | اور | وہ | نزدیک | اللہ کے | بڑا ہے | اور | کیوں |

بات کہتے تھے جس کا تم کو کچھ علم نہ تھا اور تم اسے ایک ہلکی بات سمجھتے تھے اور اللہ کے نزدیک وہ بڑی (بھاری) بات تھی ﴿۱۵﴾ اور

لَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖ سُبْحٰنَكَ هٰذَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَآ | اِذْ | سَمِعْتُمُوْهُ | قُلْتُمْ | مَّا | يَكُوْنُ | لَنَآ | اَنْ | نَّتَكَلَّمَ | بِهٰذَا | سُبْحٰنَكَ | هٰذَا |
| نہ | جسوقت | سنا تم نے اس کو | کہا ہوتا تم نے | نہیں | ہے لائق | ہم کو | یہ کہ | بولیں ہم | یہ بات | پاکی ہے تجھ کو | یہ |

جب تم نے اُسے سنا تھا تو کیوں نہ کہہ دیا کہ ہمیں شایاں نہیں کہ ایسی بات زبان پر لائیں ۔ (پروردگار) تو پاک ہے یہ تو

بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۶﴾ يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖٓ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بُهْتَانٌ | عَظِيْمٌ | يَعِظُكُمُ | اللّٰهُ | اَنْ | تَعُوْدُوْا | لِمِثْلِهٖٓ | اَبَدًا | اِنْ | كُنْتُمْ |
| بہتان ہے | بہت بڑا | نصیحت کرتا ہے تم کو | اللہ | اسکی کہ | پھر نہ کرو | تم ایسا کام | کبھی | اگر | ہو تم |

(بہت) بڑا بہتان ہے ﴿۱۶﴾ اللہ تمہیں نصیحت کرتا ہے کہ اگر مومن ہو تو پھر کبھی ایسا (کام)

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۸﴾ اِنَّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّؤْمِنِيْنَ | وَ | يُبَيِّنُ | اللّٰهُ | لَكُمُ | الْاٰيٰتِ | وَ | اللّٰهُ | عَلِيْمٌ | حَكِيْمٌ | اِنَّ |
| ایمان والے | اور | بیان کرتا ہے | اللہ | واسطے تمہارے | نشانیاں | اور | اللہ | جاننے والا ہے | حکمت والا ہے | بیشک |

نہ کرنا ﴿۱۷﴾ اور اللہ تمہارے (سمجھانے کے) لیے اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان فرماتا ہے اور اللہ جاننے والا (اور) حکمت والا ہے ﴿۱۸﴾ جو

اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | يُحِبُّوْنَ | اَنْ | تَشِيْعَ | الْفَاحِشَةُ | فِي | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَهُمْ | عَذَابٌ |
| وہ لوگ کہ | دوست رکھتے ہیں | یہ کہ | پھیلے | بے حیائی | بیچ | ان کے جو | ایمان لاتے ہیں | واسطے انکے | عذاب ہے |

لوگ اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ مومنوں میں بے حیائی (یعنی تہمت بدکاری کی خبر) پھیلے اُن کو دنیا

اَلِيْمٌ ۙ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَلَوْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلِيْمٌ | فِي | الدُّنْيَا | وَ | الْاٰخِرَةِ | وَ | اللّٰهُ | يَعْلَمُ | وَاَنْتُمْ | لَا | تَعْلَمُوْنَ | وَ | لَوْ |
| درد دینے والا | بیچ | دنیا کے | اور | آخرت کے | اور | اللہ | جانتا ہے | اور تم | نہیں | جانتے | اور | اگر |

اور آخرت میں دکھ دینے والا عذاب ہوگا اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے ﴿۱۹﴾ اور اگر

| ایمان لاتے ہیں | ساتھ اللہ کے | اور | اس کے رسول کے | پس جس وقت | اجازت مانگیں تجھ سے | واسطے بعض |

اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان رکھتے ہیں۔ سو جب یہ لوگ تم سے کسی کام کے لیے اجازت مانگا کریں تو اُن میں

شَاْنِهِمْ فَاْذَنْ لِّمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ ۭ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَاْنِهِمْ | فَاْذَنْ | لِّمَنْ | شِئْتَ | مِنْهُمْ | وَ | اسْتَغْفِرْلَهُمُ | اللّٰهَ |
| کام اپنے کے | پس اجازت دیدے | واسطے اس کے کہ | چاہے تو | ان میں سے | اور | بخشش مانگ واسطے ان کے | اللہ سے |

سے جسے چاہا کرو اجازت دے دیا کرو اور ان کے لیے اللہ سے بخشش مانگا کرو۔

إِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٦٢﴾ لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| إِنَّ | اللّٰهَ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | لَا | تَجْعَلُوْا | دُعَآءَ | الرَّسُوْلِ |
| بیشک | اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے | مت | مقرر کرو | پکارنا | پیغمبر کا |

کچھ شک نہیں کہ اللہ بخشنے والا مہربان ہے﴿۶۲﴾ مومنو! پیغمبر کے بلانے کو ایسا خیال نہ کرنا

بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ط قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَيْنَكُمْ | كَدُعَآءِ | بَعْضِكُمْ | بَعْضًا | قَدْ | يَعْلَمُ | اللّٰهُ | الَّذِيْنَ |
| درمیان اپنے | جیسا پکارنا | بعضے تمہارے کا ہے | بعض کو | تحقیق | جانتا ہے | اللہ | ان لوگوں کو کہ |

جیسا تم آپس میں ایک دوسرے کو بلاتے ہو۔ بیشک اللہ کو وہ لوگ معلوم ہیں جو تم میں سے

يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا ج فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| يَتَسَلَّلُوْنَ | مِنْكُمْ | لِوَاذًا | فَلْيَحْذَرِ | الَّذِيْنَ | يُخَالِفُوْنَ |
| چھپ کر نکل جاتے ہیں | تم میں سے | نظریں بچا کر | پس چاہیے کہ ڈریں | وہ لوگ کہ | مخالفت کرتے ہیں |

آنکھ بچا کر چل دیتے ہیں۔ تو جو لوگ اُن کے حکم کی مخالفت کرتے ہیں اُن کو ڈرنا چاہیے کہ

عَنْ اَمْرِهٖٓ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْ | اَمْرِهٖٓ | اَنْ | تُصِيْبَهُمْ | فِتْنَةٌ | اَوْ | يُصِيْبَهُمْ | عَذَابٌ |
| سے | اس کے حکم | یہ کہ | پہنچ جائے ان کو | فتنہ | یا | پہنچ جائے ان کو | عذاب |

(ایسا نہ ہو کہ) اُن پر کوئی آفت پڑ جائے یا تکلیف دینے والا عذاب

اَلِيْمٌ ﴿٦٣﴾ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ط قَدْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلِيْمٌ | اَلَآ | اِنَّ | لِلّٰهِ | مَا | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | قَدْ |
| درد دینے والا | خبردار ہو | بیشک | واسطے اللہ کے ہے | جو کچھ | بیچ | آسمانوں کے ہے | اور | زمین کے ہے | تحقیق |

نازل ہو﴿۶۳﴾ دیکھو جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اللہ ہی کا ہے۔ جس (طریق) پر

يَعْلَمُ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ ط وَيَوْمَ يُرْجَعُوْنَ اِلَيْهِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْلَمُ | مَآ | اَنْتُمْ | عَلَيْهِ | وَيَوْمَ | يُرْجَعُوْنَ | اِلَيْهِ |
| جانتا ہے وہ | جو کچھ کہ | ہو تم | اوپر اس کے | اور جس دن کہ | پھیرے جائیں گے | طرف اس کی |

تم ہو وہ اُسے جانتا ہے۔ اور جس روز لوگ اس کی طرف لوٹائے جائیں گے

فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٦٤﴾ ع

ع ٩ ۴ ١٥

| فَيُنَبِّئُهُمْ | بِمَا | عَمِلُوْا | وَ | اللّٰهُ | بِكُلِّ | شَيْءٍ | عَلِيْمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس خبر دے گا ان کو | ساتھ اس چیز کے کہ | کیا ہے | اور | اللہ | ساتھ ہر | چیز کے | جاننے والا ہے |

تو جو عمل وہ کرتے رہے وہ اُن کو بتا دے گا اور اللہ ہر چیز سے واقف ہے ﴿٦٤﴾

آیاتها ٧٧ — ٢٥ سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ مَكِّيَّةٌ ٤٢ — رکوعاتها ٦

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ

| تَبٰرَكَ | الَّذِيْ | نَزَّلَ | الْفُرْقَانَ | عَلٰى | عَبْدِهٖ | لِيَكُوْنَ | لِلْعٰلَمِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہت برکت والا ہے | جس نے | اتارا | قرآن | اوپر | بندے اپنے کے | تا کہ ہو | واسطے عالموں کے |

وہ (اللہ عزوجل) بہت ہی بابرکت ہے جس نے اپنے بندے پر قرآن نازل فرمایا تا کہ اہلِ عالم کو

نَذِيْرَا ۙ﴿١﴾ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ

| نَذِيْرًا | الَّذِيْ | لَهٗ | مُلْكُ | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ | وَ | لَمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈرانے والا | وہ جو کہ | واسطے اسکے ہے | بادشاہی | آسمانوں کی | اور زمین کی | اور | نہ |

ہدایت کرے ﴿١﴾ وہی کہ آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اسی کی ہے اور جس نے

يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ

| يَتَّخِذْ | وَلَدًا | وَّ | لَمْ | يَكُنْ | لَّهٗ | شَرِيْكٌ | فِي | الْمُلْكِ | وَ | خَلَقَ | كُلَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پکڑی | اولاد | اور | نہیں | ہے | واسطے اسکے | شریک | بیچ | بادشاہی کے | اور | پیدا کیا | ہر |

(کسی کو) بیٹا نہیں بنایا اور جس کا بادشاہی میں کوئی شریک نہیں اور جس نے ہر چیز کو پیدا کیا

شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ﴿٢﴾ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً لَّا

| شَيْءٍ | فَقَدَّرَهٗ | تَقْدِيْرًا | وَاتَّخَذُوْا | مِنْ | دُوْنِهٖٓ | اٰلِهَةً | لَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چیز کو | پس اندازہ کیا | اندازہ کرنا | اور پکڑے ہیں | سے | سوائے اس کے | معبود کہ | نہیں |

پھر اس کا ایک اندازہ ٹھیرایا ﴿٢﴾ اور (لوگوں نے) اس کے سوا اور معبود بنالیے ہیں جو کوئی

يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا وَّ هُمْ يُخْلَقُوْنَ وَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَخْلُقُوْنَ | شَيْـًٔا | وَّ | هُمْ | يُخْلَقُوْنَ | وَ | لَا | يَمْلِكُوْنَ | لِاَنْفُسِهِمْ |
| پیدا کرتے ہیں | کچھ | اور | وہ | پیدا کیے جاتے ہیں | اور | نہیں | مالک | واسطے جان اپنی کے |

چیز بھی پیدا نہیں کر سکتے اور خود پیدا کیے گئے ہیں اور نہ اپنے نقصان اور نفع کا کچھ اختیار

ضَرًّا وَّ لَا نَفْعًا وَّ لَا يَمْلِكُوْنَ مَوْتًا وَّ لَا حَيٰوةً وَّ لَا نُشُوْرًا ③

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ضَرًّا | وَّ | لَا | نَفْعًا | وَّ | لَا | يَمْلِكُوْنَ | مَوْتًا | وَّ | لَا | حَيٰوةً | وَّ | لَا | نُشُوْرًا |
| ضرر | اور | نہ | نفع کے | اور | نہیں | مالک | موت کے | اور | نہ | زندگی کے | اور | نہ | پھر اٹھنے کے |

رکھتے ہیں اور نہ مرنا ان کے اختیار میں ہے اور نہ جینا اور نہ (مر کر) اُٹھ کھڑے ہونا③

وَ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اِفْكُ ِۨ افْتَرٰىهُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَالَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْٓا | اِنْ | هٰذَآ | اِلَّآ | اِفْكُ ِۨ | افْتَرٰىهُ |
| اور | کہا | ان لوگوں نے جو | کافر ہوئے | نہیں | یہ | مگر | طوفان | کہ باندھ لیا ہے |

اور کافر کہتے ہیں کہ یہ (قرآن) من گھڑت باتیں ہیں جو اس (مدعیٔ رسالت) نے بنالی ہیں

معانقة ١٠

وَ اَعَانَهٗ عَلَيْهِ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ ۛ فَقَدْ جَآءُوْ ظُلْمًا وَّ زُوْرًا ④ ج

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَعَانَهٗ | عَلَيْهِ | قَوْمٌ | اٰخَرُوْنَ | فَقَدْ | جَآءُوْ | ظُلْمًا | وَّ | زُوْرًا |
| اور | مدد کی ہے اس کی | اوپر اس کے | قوم | اور نے | پس تحقیق | لائے وہ | ظلم | اور | جھوٹ |

اور اَور لوگوں نے اس میں اس کی مدد کی ہے۔ یہ لوگ (ایسا کہنے سے) ظلم اور جھوٹ پر (اتر) آئے ہیں④

وَ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَالُوْٓا | اَسَاطِيْرُ | الْاَوَّلِيْنَ | اكْتَتَبَهَا | فَهِيَ | تُمْلٰى | عَلَيْهِ | بُكْرَةً |
| اور | کہا انہوں نے | کہانیاں ہیں یہ | پہلوں کی | کہ لکھ لیا ہے اس کو | پس وہ | پڑھی جاتی ہیں | اوپر اس کے | صبح |

اور کہتے ہیں کہ یہ پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں جن کو اس نے جمع کر رکھا ہے اور وہ صبح و شام اُس کو پڑھ پڑھ کر

وَّ اَصِيْلًا ⑤ قُلْ اَنْزَلَهُ الَّذِيْ يَعْلَمُ السِّرَّ فِي السَّمٰوٰتِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | اَصِيْلًا | قُلْ | اَنْزَلَهُ | الَّذِيْ | يَعْلَمُ | السِّرَّ | فِي | السَّمٰوٰتِ |
| اور | شام | کہہ | اتارا ہے اس کو | اس نے کہ | جانتا ہے | بھید | بیچ | آسمانوں کے |

سنائی جاتی ہیں⑤ کہہ دو کہ اس کو اس نے اتارا ہے جو آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ

وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ⑥ وَ قَالُوْا مَالِ هٰذَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْاَرْضِ | اِنَّهٗ | كَانَ | غَفُوْرًا | رَّحِيْمًا | وَ | قَالُوْا | مَالِ | هٰذَا |
| اورزمین کے | بیشک وہ | ہے | بخشنے والا | مہربان | اور | کہاانہوں نے | کیا ہے | اس |

باتوں کو جانتا ہے۔ بیشک وہ بخشنے والا مہربان ہے⑥ اور کہتے ہیں کہ یہ کیسا

الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَ يَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ ؕ لَوْ لَآ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرَّسُوْلِ | يَاْكُلُ | الطَّعَامَ | وَ | يَمْشِيْ | فِي | الْاَسْوَاقِ | لَوْ | لَآ |
| پیغمبرکو | کھاتا ہے | کھانا | اور | چلتا ہے | بیچ | بازاروں کے | کیوں | نہ |

پیغمبر ہے کہ کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے۔ اس پر کوئی

اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا ⑦ اَوْ يُلْقٰۤى اِلَيْهِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُنْزِلَ | اِلَيْهِ | مَلَكٌ | فَيَكُوْنَ | مَعَهٗ | نَذِيْرًا | اَوْ | يُلْقٰۤى | اِلَيْهِ |
| اتارا گیا | طرف اس کی | فرشتہ | پس ہوتا | ساتھ اس کے | ڈرانے والا | یا | ڈالا جائے | طرف اس کی |

فرشتہ کیوں نازل نہیں کیا گیا کہ اس کے ساتھ ہدایت کرنے کو رہتا⑦ یا اُس کی طرف (آسمان سے)

كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ يَّاْكُلُ مِنْهَا ؕ وَ قَالَ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَنْزٌ | اَوْ | تَكُوْنُ | لَهٗ | جَنَّةٌ | يَّاْكُلُ | مِنْهَا | وَ | قَالَ | الظّٰلِمُوْنَ | اِنْ |
| خزانہ | یا | ہوئے | واسطے اس کے | باغ | کہ کھائے | اس میں سے | اور | کہا | ظالموں نے | نہیں |

خزانہ اُتارا جاتا یا اُس کا کوئی باغ ہوتا کہ اس میں سے کھایا کرتا۔ اور ظالم کہتے ہیں کہ

تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ⑧ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَتَّبِعُوْنَ | اِلَّا | رَجُلًا | مَّسْحُوْرًا | اُنْظُرْ | كَيْفَ | ضَرَبُوْا | لَكَ |
| پیروی کرتے تم | مگر | ایک مرد | جادو کیے گئے کی | دیکھ | کیوں کر | بیان کیں انہوں نے | واسطے تیرے |

تم تو ایک جادوزدہ شخص کی پیروی کرتے ہو⑧ (اے پیغمبر) دیکھو تو یہ تمہارے بارے میں کس کس طرح کی باتیں

۱ ع ۹ ۱۶ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ⑨ ع تَبٰرَكَ الَّذِيْۤ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَمْثَالَ | فَضَلُّوْا | فَلَا | يَسْتَطِيْعُوْنَ | سَبِيْلًا | تَبٰرَكَ | الَّذِيْۤ |
| مثالیں | پس گمراہ ہوئے | پس نہیں | پا سکتے | راہ | بہت برکت والا ہے | وہ کہ |

کرتے ہیں سو گمراہ ہو گئے اور رستہ نہیں پا سکتے⑨ وہ (اللہ) بہت بابرکت ہے

اِنۡ شَآءَ جَعَلَ لَكَ خَيۡرًا مِّنۡ ذٰلِكَ جَنّٰتٍ تَجۡرِىۡ مِنۡ

| اِنۡ | شَآءَ | جَعَلَ | لَكَ | خَيۡرًا | مِّنۡ | ذٰلِكَ | جَنّٰتٍ | تَجۡرِىۡ | مِنۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اگر | چاہے | کرے | واسطے تیرے | بہتر | سے | اس | باغ | کہ چلتی ہیں | سے |

جو اگر چاہے تو تمہارے لیے اس سے بہتر (چیزیں) بنا دے (یعنی) باغات جن کے نیچے

تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ ۙ وَ يَجۡعَلۡ لَّكَ قُصُوۡرًا ﴿۱۰﴾ بَلۡ كَذَّبُوۡا

| تَحۡتِهَا | الۡاَنۡهٰرُ | وَ | يَجۡعَلۡ | لَّكَ | قُصُوۡرًا | بَلۡ | كَذَّبُوۡا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نیچے ان کے | نہریں | اور | کرے | واسطے تیرے | محل | بلکہ | جھٹلاتے ہیں |

نہریں بہ رہی ہوں نیز تمہارے لیے محل بنا دے ﴿۱۰﴾ بلکہ یہ تو قیامت ہی کو

بِالسَّاعَةِ ۚ وَاَعۡتَدۡنَا لِمَنۡ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيۡرًا ﴿۱۱﴾ ۚ

| بِالسَّاعَةِ | وَاَعۡتَدۡنَا | لِمَنۡ | كَذَّبَ | بِالسَّاعَةِ | سَعِيۡرًا |
|---|---|---|---|---|---|
| قیامت کو | اور تیار کیا ہے ہم نے | واسطے اس کے کہ | جھٹلاتا ہے | قیامت کو | دوزخ |

جھٹلاتے ہیں اور ہم نے قیامت کے جھٹلانے والوں کے لیے دوزخ تیار کر رکھی ہے ﴿۱۱﴾

اِذَا رَاَتۡهُمۡ مِّنۡ مَّكَانٍۢ بَعِيۡدٍ سَمِعُوۡا لَهَا تَغَيُّظًا

| اِذَا | رَاَتۡهُمۡ | مِّنۡ | مَّكَانٍۢ | بَعِيۡدٍ | سَمِعُوۡا | لَهَا | تَغَيُّظًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جب | دیکھے گی ان کو | سے | مکان | دور | سنیں گے | واسطے اس کے | غصہ کھانا |

جس وقت وہ ان کو دور سے دیکھے گی تو (غضبناک ہو رہی ہو گی اور یہ) اس کے جوش (غضب)

وَّ زَفِيۡرًا ﴿۱۲﴾ وَ اِذَاۤ اُلۡقُوۡا مِنۡهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِيۡنَ دَعَوۡا

| وَّ | زَفِيۡرًا | وَ | اِذَاۤ | اُلۡقُوۡا | مِنۡهَا | مَكَانًا | ضَيِّقًا | مُّقَرَّنِيۡنَ | دَعَوۡا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | چلّانا | اور | جب | ڈالے جائیں گے | اس میں سے | مکان | تنگ میں | جکڑے ہوئے | پکاریں گے |

اور چیخنے چلّانے کو سنیں گے ﴿۱۲﴾ اور جب یہ دوزخ کی کسی تنگ جگہ میں (زنجیروں میں) جکڑ کر ڈالے جائیں گے تو وہاں

هُنَالِكَ ثُبُوۡرًا ﴿۱۳﴾ ؕ لَا تَدۡعُوا الۡيَوۡمَ ثُبُوۡرًا وَّاحِدًا وَّ ادۡعُوۡا

| هُنَالِكَ | ثُبُوۡرًا | لَا | تَدۡعُوا | الۡيَوۡمَ | ثُبُوۡرًا | وَّاحِدًا | وَّ | ادۡعُوۡا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس جگہ | موت کو | مت | پکارو | آج | موت | ایک کو | اور | پکارو |

موت کو پکاریں گے ﴿۱۳﴾ آج ایک ہی موت کو نہ پکارو بہت سی

ثُبُوْرًا كَثِيْرًا ﴿۱۴﴾ قُلْ اَذٰلِكَ خَيْرٌ اَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِیْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثُبُوْرًا | كَثِيْرًا | قُلْ | اَذٰلِكَ | خَيْرٌ | اَمْ | جَنَّةُ | الْخُلْدِ | الَّتِیْ |
| موت | بہت کو | کہہ | کیا یہ | بہتر ہے | یا | بہشت | ہمیشہ رہنے کی | کہ جو |

موتوں کو پکارو ﴿۱۴﴾ پوچھو کہ یہ بہتر ہے یا بہشت جاودانی

وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً وَّ مَصِيْرًا ﴿۱۵﴾ لَهُمْ فِيْهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وُعِدَ | الْمُتَّقُوْنَ | كَانَتْ | لَهُمْ | جَزَآءً | وَّ | مَصِيْرًا | لَهُمْ | فِيْهَا |
| وعدہ دیئے گئے ہیں | پرہیزگار | ہے | واسطے ان کے | بدلہ | اور | جگہ پھر جانے کی | واسطے انکے ہے | بیچ اسکے |

جس کا پرہیزگاروں سے وعدہ ہے۔ یہ اُن (کے عملوں) کا بدلہ اور رہنے کا ٹھکانا ہوگا ﴿۱۵﴾ وہاں جو

مَا يَشَآءُوْنَ خٰلِدِيْنَ ؕ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْـُٔوْلًا ﴿۱۶﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | يَشَآءُوْنَ | خٰلِدِيْنَ | كَانَ | عَلٰى | رَبِّكَ | وَعْدًا | مَّسْـُٔوْلًا |
| جو کچھ | چاہیں | ہمیشہ رہنے والے ہیں | ہے | اوپر | تیرے رب کے | وعدہ | سوال کیا گیا |

چاہیں گے ان کے لیے (میسر) ہوگا ہمیشہ اس میں رہیں گے۔ یہ وعدہ اللہ کو (پورا کرنا) لازم ہے اور اس لائق ہے کہ مانگ لیا جائے ﴿۱۶﴾

وَ يَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَ مَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يَوْمَ | يَحْشُرُهُمْ | وَ | مَا | يَعْبُدُوْنَ | مِنْ | دُوْنِ | اللّٰهِ | فَيَقُوْلُ |
| اور | جس دن | اکٹھا کرے گا | اور | اس چیز کو کہ | عبادت کرتے ہیں | سے | سوائے | اللہ کے | پس کہے گا |

اور جس دن (اللہ) اِن کو اور اُن کو جنہیں یہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں جمع کرے گا تو فرمائے گا کہ

ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِیْ هٰۤؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۱۷﴾ ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ءَاَنْتُمْ | اَضْلَلْتُمْ | عِبَادِیْ | هٰۤؤُلَآءِ | اَمْ | هُمْ | ضَلُّوْا | السَّبِيْلَ |
| کیا تم نے | گمراہ کیا | بندوں میرے کو | ان کو | یا | وہی | بہک گئے ہیں | راہ سے |

کیا تم نے میرے ان بندوں کو گمراہ کیا تھا یا یہ خود گمراہ ہو گئے تھے ﴿۱۷﴾

قَالُوْا سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ يَنْۢبَغِیْ لَنَاۤ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوْا | سُبْحٰنَكَ | مَا | كَانَ | يَنْۢبَغِیْ | لَنَاۤ | اَنْ | نَّتَّخِذَ | مِنْ | دُوْنِكَ |
| کہیں گے | پاکی ہے تجھ کو | نہیں | تھا | لائق | ہم کو | یہ کہ | پکڑیں ہم | سے | سوائے تیرے |

وہ کہیں گے تو پاک ہے ہمیں یہ بات شایاں نہ تھی کہ تیرے سوا اوروں کو دوست بناتے

مِنْ اَوْلِيَآءَ وَ لٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَ اٰبَآءَهُمْ حَتّٰى نَسُوا الذِّكْرَ ۚ

| مِنْ | اَوْلِيَآءَ | وَ | لٰكِنْ | مَّتَّعْتَهُمْ | وَ | اٰبَآءَهُمْ | حَتّٰى | نَسُوا | الذِّكْرَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کوئی | کارساز | اور | لیکن | فائدہ دیا تو نے ان کو | اور | ان کے باپوں کو | یہاں تک کہ | بھول گئے | یاد |

لیکن تو نے ہی ان کو اور ان کے باپ دادا کو برتنے کو نعمتیں دیں۔ یہاں تک کہ وہ تیری یاد کو بھول گئے

وَ كَانُوْا قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿۱۸﴾ فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَ ۙ فَمَا

| وَ | كَانُوْا | قَوْمًا | بُوْرًا | فَقَدْ | كَذَّبُوْكُمْ | بِمَا | تَقُوْلُوْنَ | فَمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ہو گئے | قوم | ہلاک ہونے والی | پس تحقیق | جھٹلایا تم کو | بیچ اس چیز کے کہ | کہتے تھے تم | پس نہیں |

اور یہ ہلاک ہونے والے لوگ تھے ﴿۱۸﴾ تو (کافرو) انہوں نے تو تم کو تمہاری بات میں جھٹلا دیا، پس (اب) تم

تَسْتَطِيْعُوْنَ صَرْفًا وَّ لَا نَصْرًا ۚ وَ مَنْ يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ نُذِقْهُ

| تَسْتَطِيْعُوْنَ | صَرْفًا | وَّ | لَا | نَصْرًا | وَ | مَنْ | يَّظْلِمْ | مِّنْكُمْ | نُذِقْهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کر سکتے تم | پھیر دینا | اور | نہ | مدد دینا | اور | جو کوئی | ظلم کرے | تم میں سے | چکھائینگے ہم اسکو |

(عذاب کو) نہ پھیر سکتے ہو نہ (کسی سے) مدد لے سکتے ہو۔ اور جو شخص تم میں سے ظلم کرے گا ہم اس کو بڑے عذاب کا

عَذَابًا كَبِيْرًا ﴿۱۹﴾ وَ مَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ

| عَذَابًا | كَبِيْرًا | وَ | مَآ | اَرْسَلْنَا | قَبْلَكَ | مِنَ | الْمُرْسَلِيْنَ | اِلَّآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب | بڑا | اور | نہیں | بھیجے ہم نے | پہلے تجھ سے | سے | پیغمبروں میں | مگر |

مزہ چکھائیں گے ﴿۱۹﴾ اور ہم نے تم سے پہلے جتنے پیغمبر بھیجے ہیں سب

اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَ يَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ ؕ وَ جَعَلْنَا

| اِنَّهُمْ | لَيَاْكُلُوْنَ | الطَّعَامَ | وَيَمْشُوْنَ | فِي | الْاَسْوَاقِ | وَ | جَعَلْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک وہ | البتہ کھاتے تھے | کھانا | اور چلتے تھے | بیچ | بازاروں کے | اور | کیا ہم نے |

کھانا کھاتے تھے اور بازاروں میں چلتے پھرتے تھے۔ اور ہم نے تمہیں

بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً ؕ اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ﴿۲۰﴾ ع ۲ ۱۱ ۱۷

| بَعْضَكُمْ | لِبَعْضٍ | فِتْنَةً | اَتَصْبِرُوْنَ | وَ | كَانَ | رَبُّكَ | بَصِيْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بعضوں تمہاروں کو | واسطے بعضوں کے | آزمائش | کیا صبر کرتے ہو تم | اور | ہے | رب تیرا | دیکھنے والا |

ایک دوسرے کے لیے آزمائش بنایا۔ کیا تم صبر کرو گے اور تمہارا پروردگار تو دیکھنے والا ہے ﴿۲۰﴾

وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ نَرٰى رَبَّنَا ؕ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَالَ | الَّذِيْنَ | لَا | يَرْجُوْنَ | لِقَآءَنَا | لَوْلَآ | اُنْزِلَ | عَلَيْنَا | الْمَلٰٓئِكَةُ | اَوْ | نَرٰى | رَبَّنَا |
| اور | کہا | انہوں نے کہ | نہیں | امید رکھتے | ملاقات ہماری کی | کیوں نہ | اتارے گئے | اوپر ہمارے | فرشتے | یا | دیکھتے ہم | رب اپنے کو |

اور جو لوگ ہم سے ملنے کی اُمید نہیں رکھتے کہتے ہیں کہ ہم پر فرشتے کیوں نہ نازل کیے گئے یا ہم آنکھ سے اپنے پروردگار کو دیکھ لیں۔

لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ وَعَتَوْ عُتُوًّا كَبِيْرًا ﴿۲۱﴾ يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَقَدِ | اسْتَكْبَرُوْا | فِيْٓ | اَنْفُسِهِمْ | وَعَتَوْ | عُتُوًّا | كَبِيْرًا | يَوْمَ | يَرَوْنَ | الْمَلٰٓئِكَةَ |
| البتہ تحقیق | تکبر کیا انہوں نے | بیچ | جیوں اپنے کے | اور سرکشی کی | سرکشی | بڑی | جس دن | دیکھیں گے | فرشتوں کو |

یہ اپنے خیال میں بڑائی رکھتے ہیں اور (اسی بنا پر) بڑے سرکش ہو رہے ہیں ﴿۲۱﴾ جس دن یہ فرشتوں کو دیکھیں گے

لَا بُشْرٰى يَوْمَئِذٍ لِّلْمُجْرِمِيْنَ وَيَقُوْلُوْنَ حِجْرًا مَّحْجُوْرًا ﴿۲۲﴾ وَقَدِمْنَآ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | بُشْرٰى | يَوْمَئِذٍ | لِّلْمُجْرِمِيْنَ | وَ | يَقُوْلُوْنَ | حِجْرًا | مَّحْجُوْرًا | وَ | قَدِمْنَآ |
| نہیں | خوشی | اس دن | واسطے گنہگاروں کے | اور | کہیں گے | بند کیے جائیں | بند کیے جانا | اور | آئے ہم |

اُس دن گنہگاروں کے لیے کوئی خوشی کی بات نہیں ہوگی اور کہیں گے (اللہ کرے تم) روک لیے (اور بند کر دیے) جاؤ ﴿۲۲﴾ اور جو

اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا ﴿۲۳﴾ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰى | مَا | عَمِلُوْا | مِنْ | عَمَلٍ | فَجَعَلْنٰهُ | هَبَآءً | مَّنْثُوْرًا | اَصْحٰبُ | الْجَنَّةِ |
| طرف | اس چیز کی کہ | کیے تھے انہوں نے | سے | سب کاموں | پس کیا ہم نے اسکو | ریت | پراگندہ | رہنے والے | جنت کے |

انہوں نے عمل کیے ہوں گے ہم ان کی طرف متوجہ ہوں گے تو ان کو اڑتی خاک کر دیں گے ﴿۲۳﴾ اُس دن اہلِ جنت کا

يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّاَحْسَنُ مَقِيْلًا ﴿۲۴﴾ وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَوْمَئِذٍ | خَيْرٌ | مُّسْتَقَرًّا | وَّ | اَحْسَنُ | مَقِيْلًا | وَ | يَوْمَ | تَشَقَّقُ | السَّمَآءُ |
| اس دن | بہتر ہیں | ٹھکانے میں | اور | بھلی ہے | دوپہر کاٹنے کی جگہ | اور | جس دن کہ | پھٹ جائے گا | آسمان |

ٹھکانا بھی بہتر ہو گا اور مقام استراحت بھی خوب ہو گا ﴿۲۴﴾ اور جس دن آسمان ابر کے ساتھ

بِالْغَمَامِ وَنُزِّلَ الْمَلٰٓئِكَةُ تَنْزِيْلًا ﴿۲۵﴾ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذِ ِالْحَقُّ لِلرَّحْمٰنِ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْغَمَامِ | وَ | نُزِّلَ | الْمَلٰٓئِكَةُ | تَنْزِيْلًا | اَلْمُلْكُ | يَوْمَئِذِ ِ | الْحَقُّ | لِلرَّحْمٰنِ |
| ساتھ بدلی کے | اور | اتارے جائینگے | فرشتے | اتارے جانے کر | بادشاہی | اس دن | ثابت ہے | واسطے رحمٰن کے |

پھٹ جائے گا اور فرشتے نازل کیے جائیں گے ﴿۲۵﴾ اُس دن سچی بادشاہی اللہ ہی کی ہوگی۔

وَكَانَ يَوْمًا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ عَسِيْرًا ﴿۲۶﴾ وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَانَ | يَوْمًا | عَلَى | الْكٰفِرِيْنَ | عَسِيْرًا | وَ | يَوْمَ | يَعَضُّ | الظَّالِمُ | عَلٰى | يَدَيْهِ |
| اور | ہوگا وہ | دن | اوپر | کافروں کے | سخت | اور | جس دن | کاٹ کاٹ کھائیگا | ظالم | اوپر | اپنے دونوں ہاتھوں کے |

اور وہ دن کافروں پر (سخت) مشکل ہوگا ﴿۲۶﴾ اور جس دن (ناعاقبت اندیش) ظالم اپنے ہاتھ کاٹ کاٹ کھائے گا

يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا ﴿۲۷﴾ يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِيْ لَمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَقُوْلُ | يٰلَيْتَنِيْ | اتَّخَذْتُ | مَعَ | الرَّسُوْلِ | سَبِيْلًا | يٰوَيْلَتٰى | لَيْتَنِيْ | لَمْ |
| کہے گا | اے کاش کہ | پکڑتا میں | ساتھ | رسول کے | راہ | اے وائے ہے مجھ کو | کاش کہ | نہ |

(اور) کہے گا کہ اے کاش میں نے پیغمبر کے ساتھ رستہ اختیار کیا ہوتا ﴿۲۷﴾ ہائے شامت کاش میں نے

اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا ﴿۲۸﴾ لَقَدْ اَضَلَّنِيْ عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِيْ ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَتَّخِذْ | فُلَانًا | خَلِيْلًا | لَقَدْ | اَضَلَّنِيْ | عَنِ | الذِّكْرِ | بَعْدَ | اِذْ | جَآءَنِيْ |
| پکڑتا | فلانے کو | دوست | البتہ تحقیق | گمراہ کیا مجھ کو | سے | قرآن | پیچھے | اس کے کہ | آیا میرے پاس |

فلاں شخص کو دوست نہ بنایا ہوتا ﴿۲۸﴾ اس نے مجھ کو (کتاب) نصیحت کے میرے پاس آنے کے بعد بہکا دیا۔

وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا ﴿۲۹﴾ وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِي

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَانَ | الشَّيْطٰنُ | لِلْاِنْسَانِ | خَذُوْلًا | وَقَالَ | الرَّسُوْلُ | يٰرَبِّ | اِنَّ | قَوْمِي |
| اور | ہے | شیطان | واسطے آدمی کے | ہلاکت میں سونپنے والا | اور کہا | رسول نے | اے رب میرے | بیشک | قوم میری نے |

اور شیطان انسان کو وقت پر دغا دینے والا ہے ﴿۲۹﴾ اور پیغمبر کہیں گے کہ اے پروردگار میری قوم نے

اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا ﴿۳۰﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتَّخَذُوْا | هٰذَا | الْقُرْاٰنَ | مَهْجُوْرًا | وَ | كَذٰلِكَ | جَعَلْنَا | لِكُلِّ | نَبِيٍّ | عَدُوًّا |
| پکڑا ہے | اس | قرآن کو | چھوڑا ہوا | اور | اسی طرح | کیا ہم نے | واسطے ہر | نبی کے | دشمن |

اس قرآن کو چھوڑ رکھا تھا ﴿۳۰﴾ اور اسی طرح ہم نے گنہگاروں میں سے ہر پیغمبر کا

مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّنَصِيْرًا ﴿۳۱﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنَ | الْمُجْرِمِيْنَ | وَ | كَفٰى | بِرَبِّكَ | هَادِيًا | وَّ | نَصِيْرًا | وَ | قَالَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا |
| سے | گنہگاروں میں | اور | کافی ہے | پروردگار تیرا | ہدایت کرنیوالا | اور | مدد دینے والا | اور | کہا | ان لوگوں نے جو | کافر ہوئے |

دشمن بنا دیا۔ اور تمہارا پروردگار ہدایت دینے اور مدد کرنے کو کافی ہے ﴿۳۱﴾ اور کافر کہتے ہیں

لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ جُمْلَةً وَّاحِدَةً ۚۛ كَذٰلِكَ ۚۛ لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ مع

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَوْ | لَا | نُزِّلَ | عَلَيْهِ | الْقُرْاٰنُ | جُمْلَةً | وَّاحِدَةً | كَذٰلِكَ | لِنُثَبِّتَ | بِهٖ | فُؤَادَكَ |
| کیوں | نہ | اتارا گیا | اوپر اس کے | قرآن | اکٹھا | ایک بار | اسی طرح | تا کہ ثابت کریں | ساتھ اسکے | دل تیرا |

کہ اس پر قرآن ایک ہی دفعہ کیوں نہیں اُتارا گیا۔ اس طرح (آہستہ آہستہ) اس لیے (اُتارا گیا) کہ اس سے تمہارے دل کو قائم رکھیں

وَرَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا ﴿۳۲﴾ وَلَا يَاْتُوْنَكَ بِمَثَلٍ اِلَّا جِئْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاَحْسَنَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | رَتَّلْنٰهُ | تَرْتِيْلًا | وَ | لَا | يَاْتُوْنَكَ | بِمَثَلٍ | اِلَّا | جِئْنٰكَ | بِالْحَقِّ | وَ | اَحْسَنَ |
| اور | ٹھہر ٹھہر کر پڑھا ہم نے اسکو | ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا | اور | نہیں | لاتے تیرے پاس | کوئی مثل | مگر | لاتے ہیں تیرے پاس | حق کو | اور | بہت اچھا |

اور (اسی واسطے) ہم اس کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھتے رہے ہیں ﴿۳۲﴾ اور یہ لوگ تمہارے پاس جو (اعتراض کی) بات لاتے ہیں ہم تمہارے پاس اس کا معقول

تَفْسِيْرًا ﴿۳۳﴾ اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ ۙ اُولٰٓئِكَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَفْسِيْرًا | اَلَّذِيْنَ | يُحْشَرُوْنَ | عَلٰى | وُجُوْهِهِمْ | اِلٰى | جَهَنَّمَ | اُولٰٓئِكَ |
| کھول کر بیان کرتے ہیں | وہ لوگ کہ | اکٹھے کیے جائیں گے | اوپر | مونہوں اپنے کے | طرف | جہنم کے | یہ لوگ |

اور خوب مشرح جواب بھیج دیتے ہیں ﴿۳۳﴾ جو لوگ اپنے مونہوں کے بل دوزخ کی طرف جمع کیے جائیں گے اُن کا

ع ۳ ۱۴ ۱ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۳۴﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَرٌّ | مَّكَانًا | وَّ | اَضَلُّ | سَبِيْلًا | وَ | لَقَدْ | اٰتَيْنَا | مُوْسَى | الْكِتٰبَ | وَ | جَعَلْنَا |
| بدتر ہیں | مکان میں | اور | بہت بہکے ہوئے ہیں | راہ میں | اور | البتہ تحقیق | دی ہم نے | موسٰی کو | کتاب | اور | کیا ہم نے |

ٹھکانا بھی برا ہے اور وہ رستے سے بھی بہکے ہوئے ہیں ﴿۳۴﴾ اور ہم نے موسٰی کو کتاب دی اور ان کے بھائی ہارون

مَعَهٗٓ اَخَاهُ هٰرُوْنَ وَزِيْرًا ﴿۳۵﴾ فَقُلْنَا اذْهَبَآ اِلَى الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَعَهٗٓ | اَخَاهُ | هٰرُوْنَ | وَزِيْرًا | فَقُلْنَا | اذْهَبَآ | اِلَى | الْقَوْمِ | الَّذِيْنَ | كَذَّبُوْا |
| ساتھ اسکے | بھائی اسکے | ہارون کو | وزیر | پس کہا ہم نے | جاؤ تم دونوں | طرف | قوم کی | وہ لوگ کہ | جھٹلایا ہے انہوں نے |

کو مددگار بنا کر اُن کے ساتھ ملا دیا ﴿۳۵﴾ اور کہا کہ دونوں ان لوگوں کے پاس جاؤ جنہوں نے ہماری آیتوں کی تکذیب

بِاٰيٰتِنَا ۭ فَدَمَّرْنٰهُمْ تَدْمِيْرًا ﴿۳۶﴾ وَقَوْمَ نُوْحٍ لَّمَّا كَذَّبُوا الرُّسُلَ اَغْرَقْنٰهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاٰيٰتِنَا | فَدَمَّرْنٰهُمْ | تَدْمِيْرًا | وَ | قَوْمَ | نُوْحٍ | لَّمَّا | كَذَّبُوا | الرُّسُلَ | اَغْرَقْنٰهُمْ |
| نشانیوں ہماری کو | پس ہلاک کیا ہم نے انکو | ہلاک کرنا | اور | قوم | نوح کی | جب | جھٹلایا انہوں نے | پیغمبر کو | غرق کیا ہم نے انکو |

کی۔ (جب تکذیب پر اڑے رہے) تو ہم نے ان کو ہلاک کر ڈالا ﴿۳۶﴾ اور نوح کی قوم نے بھی جب پیغمبروں کو جھٹلایا تو ہم نے انہیں غرق کر دیا

وَجَعَلْنٰهُمْ لِلنَّاسِ اٰيَةً ؕ وَاَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۳۷﴾ وَّعَادًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | جَعَلْنٰهُمْ | لِلنَّاسِ | اٰيَةً | وَ | اَعْتَدْنَا | لِلظّٰلِمِيْنَ | عَذَابًا | اَلِيْمًا | وَّ | عَادًا |
| اور | کیا ہم نے ان کو | واسطے لوگوں کے | نشانی | اور | تیار کیا ہم نے | واسطے ظالموں کے | عذاب | درد دینے والا | اور | عاد کو |

اور لوگوں کے لیے نشانی بنا دیا۔ اور ظالموں کے لیے ہم نے دکھ دینے والا عذاب تیار کر رکھا ہے ﴿۳۷﴾ اور عاد

وَّثَمُوْدَاۡ وَاَصْحٰبَ الرَّسِّ وَقُرُوْنًا بَيْنَ ذٰلِكَ كَثِيْرًا ﴿۳۸﴾ وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّثَمُوْدَاۡ | وَاَصْحٰبَ | الرَّسِّ | وَ | قُرُوْنًا | بَيْنَ | ذٰلِكَ | كَثِيْرًا | وَكُلًّا | ضَرَبْنَا | لَهُ |
| اور ثمود کو | اور رہنے والے | کنوئیں کے | اور | قرنوں کو | درمیان | اس کے | بہت کو | اور ہر ایک کو | بیان کیں ہم نے | واسطے اسکے |

اور ثمود اور کنوئیں والوں اور اُن کے درمیان اور بہت سی جماعتوں کو بھی (ہلاک کر دیا) ﴿۳۸﴾ اور سب کے (سمجھانے کے) لیے ہم نے مثالیں

الْاَمْثَالَ ۫ وَكُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِيْرًا ﴿۳۹﴾ وَلَقَدْ اَتَوْا عَلَى الْقَرْيَةِ الَّتِيْۤ اُمْطِرَتْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَمْثَالَ | وَ | كُلًّا | تَبَّرْنَا | تَتْبِيْرًا | وَ | لَقَدْ | اَتَوْا | عَلَى | الْقَرْيَةِ | الَّتِيْۤ | اُمْطِرَتْ |
| مثالیں | اور | ہر ایک کو | ہلاک کیا ہم نے | ہلاک کرنا | اور | البتہ تحقیق | آئے ہیں | اوپر | بستی کے | جو کہ | برسائی گئی ہے |

بیان کیں اور (نہ ماننے پر) سب کا تہس نہس کر دیا ﴿۳۹﴾ اور یہ (کافر) اس بستی پر بھی گزر چکے ہیں جس پر بری طرح کا

مَطَرَ السَّوْءِ ؕ اَفَلَمْ يَكُوْنُوْا يَرَوْنَهَا ۚ بَلْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ نُشُوْرًا ﴿۴۰﴾ وَاِذَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَطَرَ | السَّوْءِ | اَفَلَمْ | يَكُوْنُوْا | يَرَوْنَهَا | بَلْ | كَانُوْا | لَا | يَرْجُوْنَ | نُشُوْرًا | وَ | اِذَا |
| مینہ | برا | کیا پس نہیں | تھے وہ | دیکھتے اس کو | بلکہ | تھے وہ | نہ | امید رکھتے | جی اٹھنے کی | اور | جس وقت |

مینہ برسایا گیا تھا۔ وہ اس کو دیکھتے نہ ہوں گے۔ بلکہ اُن کو تو (مرنے کے بعد) جی اُٹھنے کی امید ہی نہیں ﴿۴۰﴾ اور یہ

رَاَوْكَ اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ؕ اَهٰذَا الَّذِيْ بَعَثَ اللّٰهُ رَسُوْلًا ﴿۴۱﴾ اِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَاَوْكَ | اِنْ | يَّتَّخِذُوْنَكَ | اِلَّا | هُزُوًا | اَهٰذَا | الَّذِيْ | بَعَثَ | اللّٰهُ | رَسُوْلًا | اِنْ |
| دیکھتے ہیں تجھ کو | نہیں | پکڑتے تجھ کو | مگر | ٹھٹھا | کیا یہی ہے | وہ جس کو | بھیجا | اللہ نے | پیغمبر کر کر | بیشک |

لوگ جب تم کو دیکھتے ہیں تو تمہاری ہنسی اُڑاتے ہیں کہ کیا یہی شخص ہے جس کو اللہ نے پیغمبر بنا کر بھیجا ہے ﴿۴۱﴾ اگر

كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا لَوْلَاۤ اَنْ صَبَرْنَا عَلَيْهَا ؕ وَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَادَ | لَيُضِلُّنَا | عَنْ | اٰلِهَتِنَا | لَوْ | لَاۤ | اَنْ | صَبَرْنَا | عَلَيْهَا | وَ | سَوْفَ | يَعْلَمُوْنَ |
| نزدیک تھا کہ | البتہ گمراہ کر دے ہمکو | سے | معبودوں ہمارے | اگر | نہ | یہ کہ | صبر کرتے ہم | اوپر اس کے | اور | البتہ | جانیں گے وہ |

ہم اپنے معبودوں کے بارے میں ثابت قدم نہ رہتے تو یہ ضرور ہم کو بہکا دیتا (اور) اُن سے (پھیر دیتا)۔ اور یہ عنقریب معلوم کر لیں گے

حِيْنَ يَرَوْنَ الْعَذَابَ مَنْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۴۲﴾ اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ

| حِيْنَ | يَرَوْنَ | الْعَذَابَ | مَنْ | اَضَلُّ | سَبِيْلًا | اَرَءَيْتَ | مَنِ | اتَّخَذَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جب | دیکھیں گے | عذاب کو | کون ہے جو | بہت گمراہ ہوا ہے | راہ سے | کیا دیکھا تو نے | اس کو کہ | پکڑا ہے اس نے |

جب عذاب دیکھیں گے کہ سیدھے رستے سے کون بھٹکا ہوا ہے ﴿۴۲﴾ کیا تم نے اس شخص کو دیکھا جس

اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ؕ اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ عَلَيْهِ وَكِيْلًا ﴿۴۳﴾ اَمْ تَحْسَبُ اَنَّ اَكْثَرَهُمْ

| اِلٰهَهٗ | هَوٰىهُ | اَفَاَنْتَ | تَكُوْنُ | عَلَيْهِ | وَكِيْلًا | اَمْ | تَحْسَبُ | اَنَّ | اَكْثَرَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| معبود | خواہش اپنی کو | کیا پس تو | ہوتا ہے | اوپر اس کے | داروغہ | کیا | گمان کرتا ہے تو | یہ کہ | اکثر ان کے |

نے خواہشِ نفس کو معبود بنا رکھا ہے۔ تو کیا تم اس پر نگہبان ہو سکتے ہو؟ ﴿۴۳﴾ یا تم یہ خیال کرتے ہو کہ ان

يَسْمَعُوْنَ اَوْ يَعْقِلُوْنَ ؕ اِنْ هُمْ اِلَّا كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۴۴﴾ ع ۴ ۲

| يَسْمَعُوْنَ | اَوْ | يَعْقِلُوْنَ | اِنْ | هُمْ | اِلَّا | كَالْاَنْعَامِ | بَلْ | هُمْ | اَضَلُّ | سَبِيْلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سنتے ہیں | یا | سمجھتے ہیں | نہیں | وہ | مگر | مانند چار پایوں کے | بلکہ | وہ | بہت بھولے ہوئے ہیں | راہ کو |

میں اکثر سنتے یا سمجھتے ہیں؟ (نہیں) یہ تو چوپایوں کی طرح کے ہیں بلکہ ان سے بھی زیادہ گمراہ ہیں ﴿۴۴﴾

اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۚ ثُمَّ

| اَلَمْ | تَرَ | اِلٰى | رَبِّكَ | كَيْفَ | مَدَّ | الظِّلَّ | وَلَوْ | شَآءَ | لَجَعَلَهٗ | سَاكِنًا | ثُمَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا نہیں | دیکھا تو نے | طرف | رب اپنے کی | کیوں کر | پھیلایا | سایہ کو | اور اگر | چاہتا | البتہ کر دیتا اس کو | تھما ہوا | پھر |

بھلا تم نے اپنے پروردگار (کی قدرت) کو نہیں دیکھا کہ وہ سائے کو کس طرح دراز کر (کے پھیلا) دیتا ہے اور اگر وہ چاہتا تو اس کو (بے حرکت) ٹھیرا

جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ﴿۴۵﴾ ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَيْنَا قَبْضًا يَّسِيْرًا ﴿۴۶﴾

| جَعَلْنَا | الشَّمْسَ | عَلَيْهِ | دَلِيْلًا | ثُمَّ | قَبَضْنٰهُ | اِلَيْنَا | قَبْضًا | يَّسِيْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا ہم نے | سورج کو | اوپر اس کے | دلیل | پھر | کھینچ لیا ہم نے اس کو | طرف اپنی | کھینچنا | آہستہ آہستہ |

رکھتا۔ پھر سورج کو اس کا رہنما بنا دیتا ہے ﴿۴۵﴾ پھر ہم اس کو آہستہ آہستہ اپنی طرف سمیٹ لیتے ہیں ﴿۴۶﴾

وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا وَّجَعَلَ النَّهَارَ نُشُوْرًا ﴿۴۷﴾

| وَ | هُوَ | الَّذِيْ | جَعَلَ | لَكُمُ | الَّيْلَ | لِبَاسًا | وَّالنَّوْمَ | سُبَاتًا | وَّ | جَعَلَ | النَّهَارَ | نُشُوْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہی ہے | جس نے | کیا | واسطے تمہارے | رات کو | لباس | اور نیند کو | آرام | اور | کیا | دن کو | وقت منتشر ہونے کا |

اور وہی تو ہے جس نے رات کو تمہارے لیے پردہ اور نیند کو آرام بنایا اور دن کو اُٹھ کھڑے ہونے کا وقت ٹھیرایا ﴿۴۷﴾

وَهُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ الرِّیٰحَ بُشْرًاۢ بَیْنَ یَدَیْ رَحْمَتِهٖ ۚ وَاَنْزَلْنَا مِنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هُوَ | الَّذِیْٓ | اَرْسَلَ | الرِّیٰحَ | بُشْرًا | بَیْنَ یَدَیْ | رَحْمَتِهٖ | وَ | اَنْزَلْنَا | مِنَ |
| اور | وہی ہے | جس نے | بھیجا | ہواؤں کو | خوش خبری دینے والیاں | آگے | مہربانی اپنی کے | اور | اتارا ہم نے | سے |

اور وہی تو ہے جو اپنی رحمت کے مینہ کے آگے ہواؤں کو خوشخبری بنا کر بھیجتا ہے اور ہم آسمان سے پاک (اور نتھرا ہوا)

السَّمَآءِ مَآءً طَهُوْرًا ﴿۴۸﴾ لِّنُحْیِۦَ بِهٖ بَلْدَةً مَّیْتًا وَّنُسْقِیَهٗ مِمَّا خَلَقْنَآ اَنْعَامًا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّمَآءِ | مَآءً | طَهُوْرًا | لِّنُحْیِۦَ | بِهٖ | بَلْدَةً | مَّیْتًا | وَّ | نُسْقِیَهٗ | مِمَّا | خَلَقْنَآ | اَنْعَامًا |
| آسمان | پانی | پاکی کرنیوالا | تاکہ زندہ کریں | ساتھ اسکے | شہر | مُردے کو | اور | پلائیں وہ | ان چیزوں میں سے کہ | پیدا کی ہم نے | جانوروں کو |

پانی برساتے ہیں ﴿۴۸﴾ تاکہ اس سے شہر مُردہ (یعنی زمین اُفتادہ) کو زندہ کر دیں اور پھر ہم اسے بہت سے چوپایوں اور آدمیوں کو جو ہم نے پیدا

وَّاَنَاسِیَّ كَثِیْرًا ﴿۴۹﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنٰهُ بَیْنَهُمْ لِیَذَّكَّرُوْا ۖ فَاَبٰٓی اَكْثَرُ النَّاسِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | اَنَاسِیَّ | كَثِیْرًا | وَ | لَقَدْ | صَرَّفْنٰهُ | بَیْنَهُمْ | لِیَذَّكَّرُوْا | فَاَبٰٓی | اَكْثَرُ | النَّاسِ |
| اور | آدمیوں کو | بہت کو | اور | البتہ تحقیق | طرح طرح سے بیان کیا ہم نے اسکو | درمیان ان کے | تاکہ نصیحت پکڑیں | پس انکار کیا | اکثر | لوگوں نے |

کیے ہیں پلاتے ہیں ﴿۴۹﴾ اور ہم نے اس (قرآن کی آیتوں) کو طرح طرح سے لوگوں میں بیان کیا تاکہ نصیحت پکڑیں مگر بہت سے لوگوں نے

اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۵۰﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَبَعَثْنَا فِیْ كُلِّ قَرْیَةٍ نَّذِیْرًا ﴿۵۱﴾ ۖ فَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِیْنَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | كُفُوْرًا | وَ | لَوْ | شِئْنَا | لَبَعَثْنَا | فِیْ | كُلِّ | قَرْیَةٍ | نَّذِیْرًا | فَلَا | تُطِعِ | الْكٰفِرِیْنَ |
| مگر | کفر کرنا | اور | اگر | چاہتے ہم | البتہ بھیجتے ہم | بیچ | ہر | بستی کے | ڈرانے والا | پس مت | کہا مان | کافروں کا |

انکار کے سوا قبول نہ کیا ﴿۵۰﴾ اور اگر ہم چاہتے تو ہر بستی میں ڈرانے والا بھیج دیتے ﴿۵۱﴾ تو تم کافروں کا کہا نہ مانو

وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَادًا كَبِیْرًا ﴿۵۲﴾ وَهُوَ الَّذِیْ مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ هٰذَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَجَاهِدْهُمْ | بِهٖ | جِهَادًا | كَبِیْرًا | وَ | هُوَ | الَّذِیْ | مَرَجَ | الْبَحْرَیْنِ | هٰذَا |
| اور جھگڑا کران سے | ساتھ اس کے | جھگڑا | بڑا | اور | وہ ہے | جس نے | ملائے | دو دریا | یہ |

اور اُن سے اس قرآن کے حکم کے مطابق بڑے شدومد سے لڑو ﴿۵۲﴾ اور وہی تو ہے جس نے دو دریاؤں کو ملا دیا۔

عَذْبٌ فُرَاتٌ وَّهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۚ وَجَعَلَ بَیْنَهُمَا بَرْزَخًا وَّحِجْرًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَذْبٌ | فُرَاتٌ | وَّ | هٰذَا | مِلْحٌ | اُجَاجٌ | وَجَعَلَ | بَیْنَهُمَا | بَرْزَخًا | وَّ | حِجْرًا |
| میٹھا ہے | پیاس بجھانے والا | اور | یہ | کھاری ہے | چھاتی جلانیوالا | اور کیا | درمیان ان دونوں کے | پردہ | اور | بند |

ایک کا پانی شیریں ہے پیاس بجھانے والا اور دوسرے کا کھاری چھاتی جلانے والا اور دونوں کے درمیان ایک آڑ اور

مَّحۡجُوۡرًا ﴿۵۳﴾ وَهُوَ الَّذِیۡ خَلَقَ مِنَ الۡمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّ صِهۡرًا ؕ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّحۡجُوۡرًا | وَ | هُوَ | الَّذِیۡ | خَلَقَ | مِنَ | الۡمَآءِ | بَشَرًا | فَجَعَلَهٗ | نَسَبًا | وَّ | صِهۡرًا |
| بندھا ہوا | اور | وہ ہے | جس نے | پیدا کیا | سے | پانی | آدمی کو | پس کیا واسطے اسکے | ناتا | اور | سسرال |

مضبوط اوٹ بنا دی ﴿۵۳﴾ اور وہی تو ہے جس نے پانی سے آدمی پیدا کیا۔ پھر اس کو صاحب نسب اور صاحب قرابت دامادی بنایا۔

وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيۡرًا ﴿۵۴﴾ وَيَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنۡفَعُهُمۡ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَكَانَ | رَبُّكَ | قَدِيۡرًا | وَ | يَعۡبُدُوۡنَ | مِنۡ | دُوۡنِ | اللّٰهِ | مَا | لَا | يَنۡفَعُهُمۡ |
| اور ہے | پروردگار تیرا | قادر | اور | عبادت کرتے ہیں | سے | سوائے | اللہ کے | اس چیز کو کہ | نہ | نفع دے ان کو |

اور تمہارا پروردگار (ہر طرح کی) قدرت رکھتا ہے ﴿۵۴﴾ اور یہ لوگ اللہ کو چھوڑ کر ایسی چیز کی پرستش کرتے ہیں کہ جو نہ اُن کو فائدہ

وَلَا يَضُرُّهُمۡ ؕ وَكَانَ الۡكَافِرُ عَلٰى رَبِّهٖ ظَهِيۡرًا ﴿۵۵﴾ وَمَاۤ اَرۡسَلۡنٰكَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | يَضُرُّهُمۡ | وَ | كَانَ | الۡكَافِرُ | عَلٰى | رَبِّهٖ | ظَهِيۡرًا | وَ | مَاۤ | اَرۡسَلۡنٰكَ |
| اور | نہ | ضرر دے ان کو | اور | ہے | کافر | اوپر | اپنے رب کے | پیٹھ دینے والا | اور | نہیں | بھیجا ہم نے تجھ کو |

پہنچا سکے اور نہ نقصان۔ اور کافر اپنے پروردگار کی مخالفت میں بڑا زور مارتا ہے ﴿۵۵﴾ اور ہم نے (اے محمد ﷺ) تم کو صرف خوشی

اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيۡرًا ﴿۵۶﴾ قُلۡ مَاۤ اَسۡـئَلُكُمۡ عَلَيۡهِ مِنۡ اَجۡرٍ اِلَّا مَنۡ شَآءَ اَنۡ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | مُبَشِّرًا | وَّ | نَذِيۡرًا | قُلۡ | مَاۤ | اَسۡـئَلُكُمۡ | عَلَيۡهِ | مِنۡ | اَجۡرٍ | اِلَّا | مَنۡ | شَآءَ | اَنۡ |
| مگر | خوشخبری دینے والا | اور | ڈرانے والا | کہہ | نہیں | سوال کرتا میں تم سے | اوپر اسکے | کچھ | بدلہ | مگر | جو کوئی | چاہے | یہ کہ |

اور عذاب کی خبر سنانے کو بھیجا ہے ﴿۵۶﴾ کہہ دو کہ میں تم سے اس (کام) کی اُجرت نہیں مانگتا۔ ہاں جو شخص چاہے

يَّتَّخِذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيۡلًا ﴿۵۷﴾ وَتَوَكَّلۡ عَلَى الۡحَـىِّ الَّذِىۡ لَا يَمُوۡتُ وَسَبِّحۡ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّتَّخِذَ | اِلٰى | رَبِّهٖ | سَبِيۡلًا | وَ | تَوَكَّلۡ | عَلَى | الۡحَـىِّ | الَّذِىۡ | لَا | يَمُوۡتُ | وَسَبِّحۡ |
| پکڑ لے | طرف | اپنے رب کی | راہ | اور | توکل کر | اوپر | اس زندہ کے | جو کہ | نہیں | مرتا | اور پاکی بیان کر |

اپنے پروردگار کی طرف (جانے کا) رستہ اختیار کر لے ﴿۵۷﴾ اور اُس (اللہ) زندہ پر بھروسہ رکھو جو (کبھی) نہیں مرے گا اور اس کی

بِحَمۡدِهٖ ؕ وَكَفٰى بِهٖ بِذُنُوۡبِ عِبَادِهٖ خَبِيۡرًا ۛۚ ﴿۵۸﴾ الَّذِىۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ ع ۵

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِحَمۡدِهٖ | وَ | كَفٰى | بِهٖ | بِذُنُوۡبِ | عِبَادِهٖ | خَبِيۡرًا | الَّذِىۡ | خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ |
| ساتھ اسکی تعریف کے | اور | کافی ہے | ساتھ اسکے | گناہوں | بندوں اپنے کے | خبردار | جس نے | پیدا کیا | آسمانوں کو |

تعریف کے ساتھ تسبیح کرتے رہو۔ اور وہ اپنے بندوں کے گناہوں سے خبر رکھنے کو کافی ہے ﴿۵۸﴾ جس نے آسمانوں

وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۚۛ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاَرْضَ | وَ | مَا | بَيْنَهُمَا | فِيْ | سِتَّةِ | اَيَّامٍ | ثُمَّ | اسْتَوٰى | عَلَى | الْعَرْشِ |
| اور | زمین کو | اور | جو کچھ | بیچ ان کے ہے | بیچ | چھ | دن کے | پھر | قرار پکڑا | اوپر | عرش کے |

اور زمین کو اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر جا ٹھیرا

اَلرَّحْمٰنُ فَسْئَلْ بِهٖ خَبِيْرًا ﴿۵۹﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ قَالُوْا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلرَّحْمٰنُ | فَسْئَلْ | بِهٖ | خَبِيْرًا | وَ | اِذَا | قِيْلَ | لَهُمُ | اسْجُدُوْا | لِلرَّحْمٰنِ | قَالُوْا |
| وہ رحمان ہے | پس سوال کر | اس کو | خبردار سے | اور | جب | کہا جاتا ہے | واسطے انکے | سجدہ کرو | واسطے رحمان کے | کہتے ہیں وہ |

(وہ جس کا نام رحمٰن یعنی) بڑا مہربان (ہے) تو اس کا حال کسی باخبر سے دریافت کرلو ﴿۵۹﴾ اور جب ان (کفار) سے کہا جاتا ہے کہ رحمٰن کو سجدہ کرو تو کہتے ہیں

وَمَا الرَّحْمٰنُ ۗ اَنَسْجُدُ لِمَا تَاْمُرُنَا وَزَادَهُمْ نُفُوْرًا ﴿۶۰﴾ ۩ تَبٰرَكَ الَّذِيْ ع ۵/۱۶ السجدۃ ۷

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | الرَّحْمٰنُ | اَنَسْجُدُ | لِمَا | تَاْمُرُنَا | وَ | زَادَهُمْ | نُفُوْرًا | تَبٰرَكَ | الَّذِيْ |
| اور | کیا ہے | رحمان | کیا سجدہ کریں ہم | جس کو | حکم کرے تو ہم کو | اور | زیادہ کرتا ہے انکو | بھاگنا | بہت برکت والا ہے | وہ کہ جس نے |

کہ رحمٰن کیا؟ کیا جس کے لیے تم ہم سے کہتے ہو ہم اس کے آگے سجدہ کریں، اور اس سے بدکتے ہیں ﴿۶۰﴾ (اور اللہ) بڑی برکت والا ہے

جَعَلَ فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّجَعَلَ فِيْهَا سِرٰجًا وَّقَمَرًا مُّنِيْرًا ﴿۶۱﴾ وَهُوَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَعَلَ | فِي | السَّمَآءِ | بُرُوْجًا | وَّ | جَعَلَ | فِيْهَا | سِرٰجًا | وَّ | قَمَرًا | مُّنِيْرًا | وَ | هُوَ |
| کیے | بیچ | آسمان کے | برج | اور | کیا | بیچ اس کے | چراغ | اور | چاند | روشن | اور | وہی ہے |

جس نے آسمان میں برج بنائے اور اس میں (آفتاب کا نہایت روشن) چراغ اور چمکتا ہوا چاند بھی بنایا ﴿۶۱﴾ اور

الَّذِيْ جَعَلَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا ﴿۶۲﴾

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْ | جَعَلَ | الَّيْلَ | وَالنَّهَارَ | خِلْفَةً | لِّمَنْ | اَرَادَ | اَنْ | يَّذَّكَّرَ | اَوْ | اَرَادَ | شُكُوْرًا |
| جس نے | کیا | رات کو | اور دن کو | آگے پیچھے | واسطے اسکے کہ | ارادہ کرتا ہے | یہ کہ | نصیحت پکڑے | یا | ارادہ کرتا ہے | شکر کرنا |

وہی تو ہے جس نے رات اور دن کو ایک دوسرے کے پیچھے آنے (جانے) والا بنایا (یہ باتیں) اس شخص کے لیے جو غور کرنا چاہے یا شکر گزاری کا ارادہ

وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | عِبَادُ | الرَّحْمٰنِ | الَّذِيْنَ | يَمْشُوْنَ | عَلَى | الْاَرْضِ | هَوْنًا | وَّ | اِذَا | خَاطَبَهُمُ |
| اور | بندے | رحمان کے | وہ لوگ ہیں کہ | چلتے ہیں | اوپر | زمین کے | آہستہ | اور | جس وقت کہ | بات کرتے ہیں ان سے |

کرے (سوچنے اور سمجھنے کی ہیں) ﴿۶۲﴾ اور اللہ کے بندے تو وہ ہیں جو زمین پر آہستگی سے چلتے ہیں اور جب جاہل لوگ اُن سے

الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ﴿۶۳﴾ وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا ﴿۶۴﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْجٰهِلُوْنَ | قَالُوْا | سَلٰمًا | وَ | الَّذِيْنَ | يَبِيْتُوْنَ | لِرَبِّهِمْ | سُجَّدًا | وَّ | قِيَامًا |
| جاہل | کہتے ہیں | سلام ہے | اور | وہ لوگ کہ | رات کاٹتے ہیں | واسطے اپنے رب کے | سجدہ کرتے ہوئے | اور | کھڑے |

(جاہلانہ) گفتگو کرتے ہیں تو کہتے ہیں سلام ﴿۶۳﴾ اور وہ جو اپنے پروردگار کے آگے سجدے کرکے اور (عجز وادب سے) کھڑے رہ کر راتیں بسر کرتے ہیں ﴿۶۴﴾

وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الَّذِيْنَ | يَقُوْلُوْنَ | رَبَّنَا | اصْرِفْ | عَنَّا | عَذَابَ | جَهَنَّمَ | إِنَّ | عَذَابَهَا | كَانَ |
| اور | وہ لوگ ہیں کہ | کہتے ہیں | اے رب ہمارے | پھیر دے | ہم سے | عذاب | دوزخ کا | بیشک | عذاب اس کا | ہے |

اور وہ جو دعا مانگتے رہتے ہیں کہ اے پروردگار دوزخ کے عذاب کو ہم سے دور رکھیو کہ اس کا عذاب بڑی

غَرَامًا ﴿۶۵﴾ إِنَّهَا سَاءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿۶۶﴾ وَالَّذِيْنَ إِذَآ أَنْفَقُوْا لَمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غَرَامًا | إِنَّهَا | سَاءَتْ | مُسْتَقَرًّا | وَّ | مُقَامًا | وَالَّذِيْنَ | إِذَآ | أَنْفَقُوْا | لَمْ |
| لازم ہو جانیوالا | بیشک وہ | بری ہے | جگہ قرار کی | اور | رہنے کی | اور وہ لوگ کہ | جسوقت | خرچ کرتے ہیں | نہیں |

تکلیف کی چیز ہے ﴿۶۵﴾ اور دوزخ ٹھیرنے اور رہنے کی بہت بری جگہ ہے ﴿۶۶﴾ اور وہ کہ جب خرچ کرتے ہیں تو نہ بے جا

يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ﴿۶۷﴾ وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُسْرِفُوْا | وَ | لَمْ | يَقْتُرُوْا | وَ | كَانَ | بَيْنَ | ذٰلِكَ | قَوَامًا | وَ | الَّذِيْنَ | لَا | يَدْعُوْنَ | مَعَ |
| بیجا خرچ کرتے | اور | نہیں | تنگی کرتے | اور | ہے | درمیان | اس کے | معتدل گزران | اور | جو لوگ کہ | نہیں | پکارتے | ساتھ |

اُڑاتے ہیں اور نہ تنگی کو کام میں لاتے ہیں بلکہ اعتدال کے ساتھ نہ ضرورت سے زیادہ نہ کم ﴿۶۷﴾ اور وہ جو اللہ کے ساتھ کسی اور

اللّٰهِ إِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | إِلٰهًا | اٰخَرَ | وَ | لَا | يَقْتُلُوْنَ | النَّفْسَ | الَّتِيْ | حَرَّمَ | اللّٰهُ | إِلَّا | بِالْحَقِّ |
| اللہ کے | معبود | اور کو | اور | نہیں | مار ڈالتے | اس جان کو | کہ | حرام کیا ہے | اللہ نے | مگر | ساتھ حق کے |

معبود کو نہیں پکارتے اور جس جاندار کو مار ڈالنا اللہ نے حرام کیا ہے اس کو قتل نہیں کرتے مگر جائز طریق (یعنی شریعت کے حکم) سے

وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ أَثَامًا ﴿۶۸﴾ يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | يَزْنُوْنَ | وَمَنْ | يَّفْعَلْ | ذٰلِكَ | يَلْقَ | أَثَامًا | يُّضٰعَفْ | لَهُ | الْعَذَابُ | يَوْمَ |
| اور | نہیں | زنا کرتے | اور جو کوئی | کرے | یہ | ملے گا | بڑے وبال سے | دگنا کیا جائیگا | واسطے اسکے | عذاب | دن |

اور بدکاری نہیں کرتے۔ اور جو یہ کام کرے گا سخت گناہ میں مبتلا ہوگا ﴿۶۸﴾ قیامت کے دن اس کو دونا

الْقِيٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ﴿٦٩﴾ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقِيٰمَةِ | وَ | يَخْلُدْ | فِيْهٖ | مُهَانًا | اِلَّا | مَنْ | تَابَ | وَ | اٰمَنَ | وَ | عَمِلَ | عَمَلًا |
| قیامت کے | اور | پڑا رہے گا | بیچ اس کے | رسوا | مگر | جس نے | توبہ کی | اور | ایمان لایا | اور | کیا | کام |

عذاب ہوگا اور ذلت و خواری سے ہمیشہ اس میں رہے گا ﴿٦٩﴾ مگر جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور اچھے

صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صَالِحًا | فَاُولٰٓئِكَ | يُبَدِّلُ | اللّٰهُ | سَيِّاٰتِهِمْ | حَسَنٰتٍ | وَكَانَ | اللّٰهُ | غَفُوْرًا |
| اچھا | پس یہ لوگ | بدل ڈالتا ہے | اللہ | ان کی برائیاں کو | بھلائیوں سے | اور ہے | اللہ | بخشنے والا |

کام کیے تو ایسے لوگوں کے گناہوں کو اللہ نیکیوں سے بدل دے گا اور اللہ تو بخشنے والا

رَّحِيْمًا ﴿٧٠﴾ وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ يَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا ﴿٧١﴾

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَّحِيْمًا | وَ | مَنْ | تَابَ | وَ | عَمِلَ | صَالِحًا | فَاِنَّهٗ | يَتُوْبُ | اِلَى | اللّٰهِ | مَتَابًا |
| مہربان | اور | جو کوئی | توبہ کرے | اور | عمل کرے | اچھے | پس بیشک وہ | رجوع کرتا ہے | طرف | اللہ کی | رجوع کرنا |

مہربان ہے ﴿٧٠﴾ اور جو توبہ کرتا ہے اور عمل نیک کرتا ہے تو بیشک وہ اللہ کی طرف رجوع کرتا ہے ﴿٧١﴾

وَالَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ ۙ وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا ﴿٧٢﴾ وَالَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الَّذِيْنَ | لَا | يَشْهَدُوْنَ | الزُّوْرَ | وَ | اِذَا | مَرُّوْا | بِاللَّغْوِ | مَرُّوْا | كِرَامًا | وَ | الَّذِيْنَ |
| اور | وہ لوگ کہ | نہیں | گواہی دیتے | جھوٹی | اور | جس وقت | گزرتے ہیں | ساتھ بے ہودہ کے | گزرتے ہیں | بزرگانہ | اور | وہ لوگ کہ |

اور وہ جو جھوٹی گواہی نہیں دیتے اور جب ان کو بیہودہ چیزوں کے پاس سے گزرنے کا اتفاق ہو تو بزرگانہ انداز سے گزرتے ہیں ﴿٧٢﴾ اور وہ

اِذَا ذُكِّرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوْا عَلَيْهَا صُمًّا وَّعُمْيَانًا ﴿٧٣﴾ وَالَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِذَا | ذُكِّرُوْا | بِاٰيٰتِ | رَبِّهِمْ | لَمْ | يَخِرُّوْا | عَلَيْهَا | صُمًّا | وَّ | عُمْيَانًا | وَالَّذِيْنَ |
| جس وقت | نصیحت دیے جاتے ہیں | ساتھ نشانیوں | رب اپنے کے | نہیں | گر پڑتے | اوپر ان کے | بہرے | اور | اندھے ہو کر | اور وہ لوگ کہ |

کہ جب ان کو پروردگار کی باتیں سمجھائی جاتی ہیں تو ان پر اندھے اور بہرے ہو کر نہیں گرتے (بلکہ غور و فکر سے سنتے ہیں) ﴿٧٣﴾ اور وہ

يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَقُوْلُوْنَ | رَبَّنَا | هَبْ | لَنَا | مِنْ | اَزْوَاجِنَا | وَ | ذُرِّيّٰتِنَا | قُرَّةَ | اَعْيُنٍ | وَّ | اجْعَلْنَا |
| کہتے ہیں | اے رب ہمارے | بخش | ہم کو | سے | جوروؤں ہماری | اور | اولاد ہماری سے | خنکی | آنکھوں کی | اور | کر ہم کو |

جو (اللہ سے) دعا مانگتے ہیں کہ اے پروردگار ہم کو ہماری بیویوں کی طرف سے (دل کا چین) اور اولاد کی طرف سے آنکھ کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں

لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا ﴿۷۴﴾ اُولٰٓئِكَ یُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَیُلَقَّوْنَ فِیْهَا

| لِلْمُتَّقِیْنَ | اِمَامًا | اُولٰٓئِكَ | یُجْزَوْنَ | الْغُرْفَةَ | بِمَا | صَبَرُوْا | وَ | یُلَقَّوْنَ | فِیْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پرہیزگاروں کا | پیشوا | یہ لوگ | بدلہ دیئے جائینگے | بالا خانے | بسبب اسکے کہ | صبر کیا انہوں نے | اور | پہنچائے جائینگے | بیچ اسکے |

پرہیزگاروں کا امام بنا ﴿۷۴﴾ ان (صفات کے) لوگوں کو ان کے صبر کے بدلے اُونچے اونچے محل دیے جائیں گے اور وہاں فرشتے

تَحِیَّةً وَّسَلٰمًا ﴿۷۵﴾ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ؕ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿۷۶﴾ قُلْ

| تَحِیَّةً | وَّ | سَلٰمًا | خٰلِدِیْنَ | فِیْهَا | حَسُنَتْ | مُسْتَقَرًّا | وَّ | مُقَامًا | قُلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دعائے زندگی | اور | سلامتی | ہمیشہ رہیں گے | بیچ اس کے | اچھی | جگہ قرار کی | اور | رہنے کی | کہہ کہ |

ان سے دعا سلام کے ساتھ ملاقات کریں گے ﴿۷۵﴾ اس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ وہ ٹھیرنے اور رہنے کی بہت ہی عمدہ جگہ ہے ﴿۷۶﴾ کہہ دو

ع ۶ مَا یَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّیْ لَوْلَا دُعَآؤُكُمْ ۚ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ یَكُوْنُ لِزَامًا ﴿۷۷﴾ ع

| مَا | یَعْبَؤُا | بِكُمْ | رَبِّیْ | لَوْ | لَا | دُعَآؤُكُمْ | فَقَدْ | كَذَّبْتُمْ | فَسَوْفَ | یَكُوْنُ | لِزَامًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | اختیار دیتا | تم کو | رب میرا | اگر | نہ ہوتی | التجا تمہاری | پس تحقیق | جھٹلایا تم نے | پس البتہ | ہوگا | وبال اسکا لگ جانیوالا |

کہ اگر تم (اللہ کو) نہیں پکارتے تو میرا پروردگار بھی تمہاری کچھ پرواہ نہیں کرتا۔ تم نے تکذیب کی ہے سو اس کی سزا (تمہارے لیے) لازم ہو گی ﴿۷۷﴾

## اٰیاتها ۲۲۷ — ۲۶ سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ مَكِّیَّةٌ ۴۷ — رکوعاتها ۱۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

المنزل ۵ طٰسٓمّٓ ﴿۱﴾ تِلْكَ اٰیٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِیْنِ ﴿۲﴾ لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا

| طٰسٓمّٓ | تِلْكَ | اٰیٰتُ | الْكِتٰبِ | الْمُبِیْنِ | لَعَلَّكَ | بَاخِعٌ | نَّفْسَكَ | اَلَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طٰسٓمّٓ | یہ ہیں | آیتیں | کتاب | بیان کرنے والی کی | شاید کہ تو | ہلاک کرنیوالا ہے | جان اپنی کو | اس واسطے کہ نہیں |

طٰسٓمّٓ ﴿۱﴾ یہ کتاب روشن کی آیتیں ہیں ﴿۲﴾ (اے پیغمبر) شاید تم اس (رنج) سے کہ یہ لوگ ایمان

یَكُوْنُوْا مُؤْمِنِیْنَ ﴿۳﴾ اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَیْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰیَةً فَظَلَّتْ

| یَكُوْنُوْا | مُؤْمِنِیْنَ | اِنْ | نَّشَاْ | نُنَزِّلْ | عَلَیْهِمْ | مِّنَ | السَّمَآءِ | اٰیَةً | فَظَلَّتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہوتے | ایمان والے | اگر | چاہیں ہم | اتاریں | اوپر ان کے | سے | آسمان | نشانی | پس ہو جائیں |

نہیں لاتے اپنے تئیں ہلاک کر دو گے ﴿۳﴾ اگر ہم چاہیں تو ان پر آسمان سے نشانی اتار دیں پھر ان کی

اَعۡنَاقُهُمۡ لَهَا خٰضِعِيۡنَ ﴿۴﴾ وَمَا يَاۡتِيۡهِمۡ مِّنۡ ذِكۡرٍ مِّنَ الرَّحۡمٰنِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَعۡنَاقُهُمۡ | لَهَا | خٰضِعِيۡنَ | وَ | مَا | يَاۡتِيۡهِمۡ | مِّنۡ | ذِكۡرٍ | مِّنَ | الرَّحۡمٰنِ |
| گردنیں ان کی | واسطے اسکے | نیچی | اور | نہیں | آتا ان کے پاس | کچھ | مذکور | کی طرف سے | اللہ |

گردنیں اس کے آگے جھک جائیں ﴿۴﴾ اور ان کے پاس (اللہ) رحمٰن کی طرف سے کوئی نئی

مُحۡدَثٍ اِلَّا كَانُوۡا عَنۡهُ مُعۡرِضِيۡنَ ﴿۵﴾ فَقَدۡ كَذَّبُوۡا فَسَيَاۡتِيۡهِمۡ اَنۡۢبٰٓؤُا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُحۡدَثٍ | اِلَّا | كَانُوۡا | عَنۡهُ | مُعۡرِضِيۡنَ | فَقَدۡ | كَذَّبُوۡا | فَسَيَاۡتِيۡهِمۡ | اَنۡۢبٰٓؤُا |
| نیا | مگر | ہوتے ہیں | اس سے | منہ پھیرنے والے | پس تحقیق | جھٹلایا انہوں نے | پس جلد ہی آئیں گی انکو | خبریں |

نصیحت نہیں آتی مگر اس سے منہ پھیر لیتے ہیں ﴿۵﴾ سو یہ تو جھٹلا چکے اب ان کو اس چیز کی حقیقت معلوم ہوگی

مَا كَانُوۡا بِهٖ يَسۡتَهۡزِءُوۡنَ ﴿۶﴾ اَوَلَمۡ يَرَوۡا اِلَى الۡاَرۡضِ كَمۡ اَنۡۢبَتۡنَا فِيۡهَا مِنۡ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | كَانُوۡا | بِهٖ | يَسۡتَهۡزِءُوۡنَ | اَوَلَمۡ | يَرَوۡا | اِلَى | الۡاَرۡضِ | كَمۡ | اَنۡۢبَتۡنَا | فِيۡهَا | مِنۡ |
| اس چیز کی کہ | تھے | ساتھ اسکے | ٹھٹھا کرتے | کیا نہیں | دیکھا انہوں نے | طرف | زمین کی | کتنے | اگائے ہم نے | بیچ اسکے | سے |

جس کی ہنسی اڑاتے تھے ﴿۶﴾ کیا انہوں نے زمین کی طرف نہیں دیکھا کہ ہم نے اس میں ہر قسم کی کتنی

كُلِّ زَوۡجٍ كَرِيۡمٍ ﴿۷﴾ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكۡثَرُهُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ ﴿۸﴾

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُلِّ | زَوۡجٍ | كَرِيۡمٍ | اِنَّ | فِىۡ | ذٰلِكَ | لَاٰيَةً | وَ | مَا | كَانَ | اَكۡثَرُهُمۡ | مُّؤۡمِنِيۡنَ |
| ہر | قسم کے جوڑے | نفیس | بیشک | بیچ | اس کے | البتہ نشانی ہے | اور | نہیں | ہیں | اکثر ان کے | ایمان لانیوالے |

نفیس چیزیں اُگائی ہیں ﴿۷﴾ کچھ شک نہیں کہ اس میں (قدرتِ اللہ کی) نشانی ہے مگر یہ اکثر ایمان لانے والے نہیں ﴿۸﴾

وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الرَّحِيۡمُ ﴿۹﴾ ع وَاِذۡ نَادٰى رَبُّكَ مُوۡسٰٓى اَنِ ائۡتِ ع ٩ ٥

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنَّ | رَبَّكَ | لَهُوَ | الۡعَزِيۡزُ | الرَّحِيۡمُ | وَ | اِذۡ | نَادٰى | رَبُّكَ | مُوۡسٰى | اَنِ | ائۡتِ |
| اور | بیشک | رب تیرا | البتہ وہ | غالب ہے | مہربان | اور | جسوقت | پکارا | رب تیرے نے | موسٰی کو | یہ کہ | جا پاس |

اور تمہارا پروردگار غالب (اور) مہربان ہے ﴿۹﴾ اور جب تمہارے پروردگار نے موسٰی کو پکارا کہ ظالم

الۡقَوۡمَ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۱۰﴾ لا قَوۡمَ فِرۡعَوۡنَ ؕ اَلَا يَتَّقُوۡنَ ﴿۱۱﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّىۡۤ اَخَافُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡقَوۡمَ | الظّٰلِمِيۡنَ | قَوۡمَ | فِرۡعَوۡنَ | اَلَا | يَتَّقُوۡنَ | قَالَ | رَبِّ | اِنِّىۡۤ | اَخَافُ |
| قوم | ظالموں کے | قوم | فرعون کی | کیا نہیں | ڈرتے وہ | کہا | اے رب میرے | بیشک میں | ڈرتا ہوں |

لوگوں کے پاس جاؤ ﴿۱۰﴾ (یعنی) قوم فرعون کے پاس۔ کیا یہ ڈرتے نہیں ﴿۱۱﴾ انہوں نے کہا کہ میرے پروردگار میں ڈرتا ہوں

اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ﴿۱۲﴾ؕ وَيَضِيْقُ صَدْرِىْ وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِىْ فَاَرْسِلْ اِلٰى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ | يُّكَذِّبُوْنِ | وَ | يَضِيْقُ | صَدْرِىْ | وَ | لَا | يَنْطَلِقُ | لِسَانِىْ | فَاَرْسِلْ | اِلٰى |
| یہ کہ | جھٹلائیں مجھ کو | اور | تنگی کرتا ہے | سینہ میرا | اور | نہیں | چلتی | زبان میری | پس وحی بھیج | طرف |

کہ یہ مجھے جھوٹا سمجھیں ﴿۱۲﴾ اور میرا دل تنگ ہوتا ہے اور میری زبان رُکتی ہے تو ہارون کو حکم بھیج (کہ میرے ساتھ

هٰرُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَلَهُمْ عَلَىَّ ذَنْۢبٌ فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ﴿۱۴﴾ۚ قَالَ كَلَّا ۚ فَاذْهَبَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هٰرُوْنَ | وَ | لَهُمْ | عَلَىَّ | ذَنْۢبٌ | فَاَخَافُ | اَنْ | يَّقْتُلُوْنِ | قَالَ | كَلَّا | فَاذْهَبَا |
| ہارون کی | اور | واسطے انکے | اوپر میرے | ایک گناہ ہے | پس ڈرتا ہوں | یہ کہ | مار ڈالیں مجھ کو | کہا | ہرگز نہیں | پس جاؤ تم دونوں |

چلیں) ﴿۱۳﴾ اور اُن لوگوں کا مجھ پر ایک گناہ (یعنی قبطی کے خون کا دعویٰ) بھی ہے سو مجھے یہ بھی ڈر ہے کہ مجھ کو مار ہی ڈالیں ﴿۱۴﴾ فرمایا ہرگز نہیں۔ تم دونوں

بِاٰيٰتِنَآ اِنَّا مَعَكُمْ مُّسْتَمِعُوْنَ ﴿۱۵﴾ فَاْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلُ رَبِّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاٰيٰتِنَآ | اِنَّا | مَعَكُمْ | مُّسْتَمِعُوْنَ | فَاْتِيَا | فِرْعَوْنَ | فَقُوْلَآ | اِنَّا | رَسُوْلُ | رَبِّ |
| ساتھ ہماری نشانیوں کے | بیشک ہم | ساتھ تمہارے | سننے والے ہیں | پس جاؤ | پاس فرعون کے | پس کہو | بیشک | ہم بھیجے ہوئے ہیں | رب |

ہماری نشانیاں لے کر جاؤ ہم تمہارے ساتھ سننے والے ہیں ﴿۱۵﴾ تو دونوں فرعون کے پاس جاؤ اور کہو کہ ہم تمام جہان کے مالک کے

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶﴾ۙ اَنْ اَرْسِلْ مَعَنَا بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۷﴾ؕ قَالَ اَلَمْ نُرَبِّكَ فِيْنَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعٰلَمِيْنَ | اَنْ | اَرْسِلْ | مَعَنَا | بَنِىْٓ | اِسْرَآءِيْلَ | قَالَ | اَلَمْ | نُرَبِّكَ | فِيْنَا |
| عالموں کے | یہ کہ | بھیج دے | ساتھ ہمارے | بنی | اسرائیل کو | کہا اس نے | کیا نہیں | پالا ہم نے تجھ کو | درمیان اپنے |

بھیجے ہوئے ہیں ﴿۱۶﴾ (اور اس لیے آئے ہیں) کہ آپ بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ جانے کی اجازت دیں ﴿۱۷﴾ (فرعون نے موسیٰ سے) کہا

وَلِيْدًا وَّلَبِثْتَ فِيْنَا مِنْ عُمُرِكَ سِنِيْنَ ﴿۱۸﴾ۙ وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِىْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلِيْدًا | وَّ | لَبِثْتَ | فِيْنَا | مِنْ | عُمُرِكَ | سِنِيْنَ | وَ | فَعَلْتَ | فَعْلَتَكَ | الَّتِىْ |
| بچہ | اور | رہا ہے تو | ہمارے درمیان | سے | عمر اپنی | کتنے برس | اور | کیا تو نے | وہ کام اپنا | جو |

کیا ہم نے تم کو کہ ابھی بچے تھے پرورش نہیں کیا ﴿۱۸﴾ اور تم نے برسوں ہمارے ہاں عمر بسر (نہیں) کی؟ اور تم نے ایک اور کام کیا تھا

فَعَلْتَ وَاَنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۹﴾ قَالَ فَعَلْتُهَآ اِذًا وَّاَنَا مِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿۲۰﴾ؕ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَعَلْتَ | وَ | اَنْتَ | مِنَ | الْكٰفِرِيْنَ | قَالَ | فَعَلْتُهَآ | اِذًا | وَّ | اَنَا | مِنَ | الضَّآلِّيْنَ |
| کیا تو نے | اور | تو | سے ہے | کافروں میں | کہا | کیا تھا میں نے اسکو | اس وقت | اور | میں | سے تھا | گمراہوں میں |

جو کیا تم ناشکرے معلوم ہوتے ہو ﴿۱۹﴾ (موسیٰ نے) کہا کہ (ہاں) وہ حرکت مجھ سے ناگہاں سرزد ہوئی تھی اور میں خطا کاروں میں تھا ﴿۲۰﴾

فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ فَوَهَبَ لِيْ رَبِّيْ حُكْمًا وَّجَعَلَنِيْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَفَرَرْتُ | مِنْكُمْ | لَمَّا | خِفْتُكُمْ | فَوَهَبَ | لِيْ | رَبِّيْ | حُكْمًا | وَّجَعَلَنِيْ |
| پس بھاگ گیا تھا میں | تم سے | جب | ڈرا تم سے | پس دیا | مجھ کو | رب میرے نے | حکم | اور کیا مجھ کو |

تو جب مجھے تم سے ڈر لگا تو تم میں سے بھاگ گیا۔ پھر اللہ نے مجھ کو نبوت وعلم بخشا اور مجھے

مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٢١﴾ وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ اَنْ عَبَّدْتَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ | الْمُرْسَلِيْنَ | وَ | تِلْكَ | نِعْمَةٌ | تَمُنُّهَا | عَلَيَّ | اَنْ | عَبَّدْتَّ |
| سے | پیغمبروں | اور | یہ | نعمت ہے کہ | احسان رکھتا ہے تو اسکا | اوپر میرے | یہ کہ | غلام کر رکھا ہے |

پیغمبروں میں سے کیا ﴿٢١﴾ اور (کیا) یہی احسان ہے جو آپ مجھ پر رکھتے ہیں کہ آپ نے بنی اسرائیل کو

بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ﴿٢٢﴾ۭ قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٢٣﴾ۭ قَالَ رَبُّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَنِيْٓ | اِسْرَاۗءِيْلَ | قَالَ | فِرْعَوْنُ | وَ | مَا | رَبُّ | الْعٰلَمِيْنَ | قَالَ | رَبُّ |
| بنی | اسرائیل کو | کہا | فرعون نے | اور | کیا ہے | پروردگار | عالموں کا | کہا | رب ہے |

غلام بنا رکھا ہے ﴿٢٢﴾ فرعون نے کہا تمام جہان کا مالک کیا؟ ﴿٢٣﴾ کہا کہ

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۭ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ﴿٢٤﴾ قَالَ لِمَنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | وَمَا | بَيْنَهُمَا | اِنْ | كُنْتُمْ | مُّوْقِنِيْنَ | قَالَ | لِمَنْ |
| آسمانوں کا | اور | زمین کا | اور جو کچھ | ان دونوں کے درمیان ہے | اگر | ہو تم | یقین لانے والے | کہا | واسطے ان لوگوں کے کہ |

آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان دونوں میں ہے سب کا مالک۔ بشرطیکہ تم لوگوں کو یقین ہو ﴿٢٤﴾ فرعون نے

حَوْلَهٗٓ اَلَا تَسْتَمِعُوْنَ ﴿٢٥﴾ قَالَ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَاۗىِٕكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٢٦﴾ قَالَ اِنَّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَوْلَهٗٓ | اَلَا | تَسْتَمِعُوْنَ | قَالَ | رَبُّكُمْ | وَ | رَبُّ | اٰبَاۗىِٕكُمُ | الْاَوَّلِيْنَ | قَالَ | اِنَّ |
| گرد اسکے تھے | کیا نہیں | سنتے تم | کہا | پروردگار تمہارا | اور | پروردگار | تمہارے باپوں | پہلوں کا ہے | کہا | بیشک |

اپنے اہالی موالی سے کہا کہ کیا تم سنتے نہیں؟ ﴿٢٥﴾ (موسیٰ نے) کہا کہ تمہارا اور تمہارے پہلے باپ دادا کا مالک ﴿٢٦﴾ (فرعون نے) کہا کہ

رَسُوْلَكُمُ الَّذِيْٓ اُرْسِلَ اِلَيْكُمْ لَمَجْنُوْنٌ ﴿٢٧﴾ قَالَ رَبُّ الْمَشْرِقِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَسُوْلَكُمُ | الَّذِيْٓ | اُرْسِلَ | اِلَيْكُمْ | لَمَجْنُوْنٌ | قَالَ | رَبُّ | الْمَشْرِقِ |
| یہ پیغمبر تمہارا | جو کہ | بھیجا گیا ہے | طرف تمہاری | البتہ دیوانہ ہے | کہا | پروردگار | مشرق کا |

(یہ) پیغمبر جو تمہاری طرف بھیجا گیا ہے باؤلا ہے ﴿٢٧﴾ (موسیٰ نے) کہا کہ مشرق

وَالْمَغْرِبِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۗ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿٢٨﴾ قَالَ لَئِنِ اتَّخَذْتَ اِلٰهًا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْمَغْرِبِ | وَ | مَا | بَيْنَهُمَا | اِنْ | كُنْتُمْ | تَعْقِلُوْنَ | قَالَ | لَئِنِ | اتَّخَذْتَ | اِلٰهًا |
| اور | مغرب کا | اور | جو کچھ | درمیان ان دونوں کے ہے | اگر | ہو تم | سمجھتے | کہا | اگر | تو پکڑے گا | معبود |

اور مغرب اور جو کچھ ان دونوں میں ہے سب کا مالک بشرطیکہ تم کو سمجھ ہو ﴿٢٨﴾ (فرعون نے) کہا کہ اگر تم نے میرے

غَيْرِيْ لَاَجْعَلَنَّكَ مِنَ الْمَسْجُوْنِيْنَ ﴿٢٩﴾ قَالَ اَوَلَوْ جِئْتُكَ بِشَيْءٍ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غَيْرِيْ | لَاَجْعَلَنَّكَ | مِنَ | الْمَسْجُوْنِيْنَ | قَالَ | اَوَلَوْ | جِئْتُكَ | بِشَيْءٍ |
| میرے سوا | البتہ کردوں گا میں تجھ کو | سے | قیدیوں میں | کہا | اگرچہ | لاؤں میں | ایک چیز |

سوا کسی اور کو معبود بنایا تو میں تمہیں قید کردوں گا ﴿٢٩﴾ (موسیٰ نے) کہا خواہ میں آپ کے پاس روشن

مُّبِيْنٍ ﴿٣٠﴾ قَالَ فَاْتِ بِهٖۤ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿٣١﴾ فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّبِيْنٍ | قَالَ | فَاْتِ | بِهٖۤ | اِنْ | كُنْتَ | مِنَ | الصّٰدِقِيْنَ | فَاَلْقٰى | عَصَاهُ | فَاِذَا |
| ظاہر | کہا | پس لے آ | اس کو | اگر | ہے تو | سے | سچوں | پس ڈال دیا | عصا اپنا | پس ناگہاں |

چیز لاؤں (یعنی معجزہ؟) ﴿٣٠﴾ (فرعون نے) کہا اگر سچے ہو تو اسے لاؤ (دکھاؤ) ﴿٣١﴾ پس انہوں نے اپنی لاٹھی ڈال دی تو

ع ٢ ٢٤ ٦ هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ﴿٣٢﴾ وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿٣٣﴾ قَالَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هِيَ | ثُعْبَانٌ | مُّبِيْنٌ | وَّ | نَزَعَ | يَدَهٗ | فَاِذَا | هِيَ | بَيْضَآءُ | لِلنّٰظِرِيْنَ | قَالَ |
| وہ تھا | اژدھا | ظاہر | اور | کھینچ نکالا اندر سے | ہاتھ اپنا | پس ناگہاں | وہ | سفید تھا | واسطے دیکھنے والوں کے | کہا |

وہ اسی وقت صریح اژدہا بن گئی ﴿٣٢﴾ اور اپنا ہاتھ جو نکالا تو اسی دم دیکھنے والوں کے لیے سفید (براق) نظر آنے لگا ﴿٣٣﴾ فرعون

لِلْمَلَاِ حَوْلَهٗۤ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿٣٤﴾ يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلْمَلَاِ | حَوْلَهٗۤ | اِنَّ | هٰذَا | لَسٰحِرٌ | عَلِيْمٌ | يُّرِيْدُ | اَنْ | يُّخْرِجَكُمْ | مِّنْ |
| واسطے سرداروں کے | گرد اپنے | بیشک | یہ | البتہ جادوگر ہے | دانا | چاہتا ہے | یہ کہ | نکال دے تم کو | سے |

نے اپنے گرد کے سرداروں سے کہا کہ یہ تو کامل فن جادوگر ہے ﴿٣٤﴾ چاہتا ہے کہ تم کو اپنے جادو (کے زور) سے

اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهٖ ۖ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿٣٥﴾ قَالُوْۤا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَابْعَثْ فِي

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَرْضِكُمْ | بِسِحْرِهٖ | فَمَاذَا | تَاْمُرُوْنَ | قَالُوْۤا | اَرْجِهْ | وَ | اَخَاهُ | وَابْعَثْ | فِي |
| زمین تمہاری | ساتھ جادو اپنے کے | پس کیا | حکم کرتے ہو تم | کہا انہوں نے | اس کو ڈھیل دے | اور | بھائی اس کے کو | اور بھیج | بیچ |

تمہارے ملک سے نکال دے تو تمہاری کیا رائے ہے؟ ﴿٣٥﴾ انہوں نے کہا کہ اس کے اور اس کے بھائی (کے بارے) میں کچھ توقف کیجیے اور

الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿٣٦﴾ يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيْمٍ ﴿٣٧﴾ فَجُمِعَ السَّحَرَةُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَدَآئِنِ | حٰشِرِيْنَ | يَاْتُوْكَ | بِكُلِّ | سَحَّارٍ | عَلِيْمٍ | فَجُمِعَ | السَّحَرَةُ |
| شہروں کے | اکھٹے کرنے والے | لے آئیں تیرے پاس | ہر | جادوگر | دانا کو | پس اکٹھے کیے گئے | جادوگر |

شہروں میں نقیب بھیج دیجیے ﴿٣٦﴾ کہ سب ماہر جادوگروں کو (جمع کر کے) آپ کے پاس لے آئیں ﴿٣٧﴾ تو جادوگر ایک

لِمِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿٣٨﴾ وَّقِيْلَ لِلنَّاسِ هَلْ اَنْتُمْ مُّجْتَمِعُوْنَ ﴿٣٩﴾ لَعَلَّنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِمِيْقَاتِ | يَوْمٍ | مَّعْلُوْمٍ | وَّقِيْلَ | لِلنَّاسِ | هَلْ | اَنْتُمْ | مُّجْتَمِعُوْنَ | لَعَلَّنَا |
| واسطے وقت | دن | معلوم کے | اور کہا گیا | واسطے لوگوں کے | کیا | ہوتم | اکٹھے ہونے والے | شاید کہ |

مقررہ دن کی میعاد پر جمع ہو گئے ﴿٣٨﴾ اور لوگوں سے کہہ دیا گیا کہ تم (سب) کو اکٹھے ہو جانا چاہیے ﴿٣٩﴾ تاکہ

نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ اِنْ كَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿٤٠﴾ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَتَّبِعُ | السَّحَرَةَ | اِنْ | كَانُوْا | هُمُ | الْغٰلِبِيْنَ | فَلَمَّا | جَآءَ | السَّحَرَةُ | قَالُوْا |
| ہم پیروی کریں | جادوگروں کی | اگر | ہوں | وہ | غالب | پس جب | آئے | جادوگر | کہنے لگے |

اگر جادوگر غالب رہیں تو ہم ان کے پیرو ہو جائیں ﴿٤٠﴾ جب جادوگر آ گئے تو فرعون سے کہنے

لِفِرْعَوْنَ اَئِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿٤١﴾ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ اِذًا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِفِرْعَوْنَ | اَئِنَّ | لَنَا | لَاَجْرًا | اِنْ | كُنَّا | نَحْنُ | الْغٰلِبِيْنَ | قَالَ | نَعَمْ | وَ | اِنَّكُمْ | اِذًا |
| فرعون کو | کیا مقرر ہوگا | واسطے ہمارے | بدلہ | اگر | ہوں | ہم | غالب | کہا | ہاں | اور | بیشک تم | اسوقت |

لگے کہ اگر ہم غالب رہے تو ہمیں صلہ بھی عطا ہوگا؟ ﴿٤١﴾ فرعون نے کہا ہاں اور تم مقربوں میں

لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿٤٢﴾ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰۤى اَلْقُوْا مَاۤ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿٤٣﴾ فَاَلْقَوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَمِنَ | الْمُقَرَّبِيْنَ | قَالَ | لَهُمْ | مُّوْسٰى | اَلْقُوْا | مَاۤ | اَنْتُمْ | مُّلْقُوْنَ | فَاَلْقَوْا |
| البتہ سے | مقربوں میں | کہا | واسطے انکے | موسٰی نے | ڈالو | جو کچھ | تم | ڈالنے والے ہو | پس ڈالدیں انہوں نے |

بھی داخل کر لیے جاؤ گے ﴿٤٢﴾ موسٰی نے اُن سے کہا کہ جو چیز ڈالنی چاہتے ہو ڈالو ﴿٤٣﴾ تو انہوں

حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ وَقَالُوْا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ اِنَّا لَنَحْنُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿٤٤﴾ فَاَلْقٰى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حِبَالَهُمْ | وَعِصِيَّهُمْ | وَ | قَالُوْا | بِعِزَّةِ | فِرْعَوْنَ | اِنَّا | لَنَحْنُ | الْغٰلِبُوْنَ | فَاَلْقٰى |
| رسیاں اپنی | اور لاٹھیاں اپنی | اور | کہا انہوں نے | ساتھ اقبال | فرعون کے | بیشک | البتہ ہم | غالب ہیں | پس ڈالا |

نے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں ڈالیں اور کہنے لگے کہ فرعون کے اقبال کی قسم! ہم ضرور غالب رہیں گے ﴿٤٤﴾ پھر

مُوْسٰی عَصَاهُ فَاِذَا هِیَ تَلْقَفُ مَا یَاْفِكُوْنَ ﴿٤٥﴾ فَاُلْقِیَ السَّحَرَةُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُوْسٰی | عَصَاهُ | فَاِذَا | هِیَ | تَلْقَفُ | مَا | یَاْفِكُوْنَ | فَاُلْقِیَ | السَّحَرَةُ |
| موسٰی نے | عصا اپنا | پس ناگہاں | وہ | نگلتا گیا | جو کچھ | جھوٹ باندھا تھا انہوں نے | پس اوندھے گرے | جادوگر |

موسٰی نے اپنی لاٹھی ڈالی تو وہ ان چیزوں کو جو جادوگروں نے بنائی تھیں نگلنے لگی ﴿٤٥﴾ تب جادوگر سجدے میں

سٰجِدِیْنَ ﴿٤٦﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿٤٧﴾ رَبِّ مُوْسٰی وَهٰرُوْنَ ﴿٤٨﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سٰجِدِیْنَ | قَالُوْٓا | اٰمَنَّا | بِرَبِّ | الْعٰلَمِیْنَ | رَبِّ | مُوْسٰی | وَ | هٰرُوْنَ |
| سجدے میں | کہا انہوں نے | ایمان لائے ہم | ساتھ رب | عالموں کے | رب | موسٰی کے | اور | ہارون کے |

گر پڑے ﴿٤٦﴾ (اور) کہنے لگے کہ ہم تمام جہان کے مالک پر ایمان لائے ﴿٤٧﴾ جو موسٰی اور ہارون کا مالک ہے ﴿٤٨﴾

قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّهٗ لَكَبِیْرُكُمُ الَّذِیْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | اٰمَنْتُمْ | لَهٗ | قَبْلَ | اَنْ | اٰذَنَ | لَكُمْ | اِنَّهٗ | لَكَبِیْرُكُمُ | الَّذِیْ | عَلَّمَكُمُ | السِّحْرَ |
| کہا | ایمان لائے تم | واسطے اسکے | پہلے | اس سے کہ | پروانگی دوں میں | تم کو | بیشک وہ | البتہ بڑا ہے تمہارا | جس نے | سکھلایا تم کو | جادو |

فرعون نے کہا کیا اس سے پہلے کہ میں تم کو اجازت دوں تم اس پر ایمان لے آئے۔ بیشک یہ تمہارا بڑا ہے جس نے تم کو جادو سکھایا ہے۔

فَلَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۚ لَاُقَطِّعَنَّ اَیْدِیَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَسَوْفَ | تَعْلَمُوْنَ | لَاُقَطِّعَنَّ | اَیْدِیَكُمْ | وَاَرْجُلَكُمْ | مِّنْ | خِلَافٍ |
| پس البتہ جلد | جانوگے تم | البتہ کاٹوں گا میں | ہاتھ تمہارے | اور پیر تمہارے | طرف سے | مخالف |

سو عنقریب تم (اس کا انجام) معلوم کر لوگے کہ میں تمہارے ہاتھ اور پاؤں اطرافِ مخالف سے کاٹ دوں گا

وَّلَاُوصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿٤٩﴾ قَالُوْا لَا ضَیْرَ ۫ اِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿٥٠﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | لَاُوصَلِّبَنَّكُمْ | اَجْمَعِیْنَ | قَالُوْا | لَا | ضَیْرَ | اِنَّآ | اِلٰی | رَبِّنَا | مُنْقَلِبُوْنَ |
| اور | البتہ سولی پر کھینچوں گا تم کو میں | سب کو | کہا انہوں نے | نہیں | ضرر | بیشک ہم | طرف | پروردگار اپنے کی | پھر جانیوالے ہیں |

اور تم سب کو سولی پر چڑھا دوں گا ﴿٤٩﴾ انہوں نے کہا کچھ نقصان (کی بات) نہیں ہم اپنے پروردگار کی طرف لوٹ جانے والے ہیں ﴿٥٠﴾

ع ٣ ١٨ ٧ اِنَّا نَطْمَعُ اَنْ یَّغْفِرَ لَنَا رَبُّنَا خَطٰیٰنَآ اَنْ كُنَّآ اَوَّلَ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿٥١﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّا | نَطْمَعُ | اَنْ | یَّغْفِرَ | لَنَا | رَبُّنَا | خَطٰیٰنَآ | اَنْ | كُنَّآ | اَوَّلَ | الْمُؤْمِنِیْنَ |
| بیشک ہم | امید رکھتے ہیں | یہ کہ | بخش دے | واسطے ہمارے | پروردگار ہمارا | گناہ ہمارے | اس واسطے کہ | ہم ہیں | اول | ایمان لانے والے |

ہمیں امید ہے کہ ہمارا پروردگار ہمارے گناہ بخش دے گا۔ اس لیے کہ ہم اوّل ایمان لانے والوں میں ہیں ﴿٥١﴾

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْٓ اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿٥٢﴾ فَاَرْسَلَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاَوْحَيْنَآ | اِلٰى | مُوْسٰٓى | اَنْ | اَسْرِ | بِعِبَادِيْٓ | اِنَّكُمْ | مُّتَّبَعُوْنَ | فَاَرْسَلَ |
| اور وحی کی ہم نے | طرف | موسٰی کی | یہ کہ | رات کو لے چل | میرے بندوں کو | بیشک تم | پیچھا کیے جاؤ گے | پس بھیجے لوگ |

اور ہم نے موسٰی کی طرف وحی بھیجی کہ ہمارے بندوں کو رات کو لے نکلو کہ (فرعونیوں کی طرف سے) تمہارا تعاقب کیا جائے گا ﴿٥٢﴾ تو

فِرْعَوْنُ فِى الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿٥٣﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ ﴿٥٤﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِرْعَوْنُ | فِى | الْمَدَآئِنِ | حٰشِرِيْنَ | اِنَّ | هٰٓؤُلَآءِ | لَشِرْذِمَةٌ | قَلِيْلُوْنَ |
| فرعون نے | بیچ | شہروں کے | جمع کرنے والے | بیشک | یہ | البتہ ایک جماعت ہے | تھوڑی |

فرعونیوں نے شہروں میں نقیب روانہ کیے ﴿٥٣﴾ (اور کہا) کہ یہ لوگ تھوڑی سی جماعت ہیں ﴿٥٤﴾

وَاِنَّهُمْ لَنَا لَغَآئِظُوْنَ ﴿٥٥﴾ وَاِنَّا لَجَمِيْعٌ حٰذِرُوْنَ ﴿٥٦﴾ فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنَّهُمْ | لَنَا | لَغَآئِظُوْنَ | وَ | اِنَّا | لَجَمِيْعٌ | حٰذِرُوْنَ | فَاَخْرَجْنٰهُمْ | مِّنْ |
| اور | بیشک وہ | ہم کو | البتہ غصے میں لانیوالے ہیں | اور | بیشک ہم | البتہ جماعت ہیں | ترسناک | پس نکالا ان کو ہم نے | سے |

اور یہ ہمیں غصہ دلا رہے ہیں ﴿٥٥﴾ اور ہم سب باساز وسامان ہیں ﴿٥٦﴾ تو ہم نے ان کو باغوں

جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿٥٧﴾ وَّكُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿٥٨﴾ كَذٰلِكَ ۭ وَاَوْرَثْنٰهَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَنّٰتٍ | وَّ | عُيُوْنٍ | وَّ | كُنُوْزٍ | وَّ | مَقَامٍ | كَرِيْمٍ | كَذٰلِكَ | وَ | اَوْرَثْنٰهَا |
| باغوں سے | اور | چشموں سے | اور | خزانوں سے | اور | مکانوں | نفیس سے | اسی طرح | اور | وارث کردیا ہم نے انکا |

اور چشموں سے نکال دیا ﴿٥٧﴾ اور خزانوں اور نفیس مکانات سے ﴿٥٨﴾ (ان کے ساتھ ہم نے) اس طرح (کیا) اور ان چیزوں کا وارث

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿٥٩﴾ فَاَتْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِيْنَ ﴿٦٠﴾ فَلَمَّا تَرَآءَ الْجَمْعٰنِ قَالَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَنِيْٓ | اِسْرَآءِيْلَ | فَاَتْبَعُوْهُمْ | مُّشْرِقِيْنَ | فَلَمَّا | تَرَآءَ | الْجَمْعٰنِ | قَالَ |
| بنی | اسرائیل کو | پس پیچھے لگے ان کے | سورج نکلتے | پس جب | آپس میں دیکھنے لگیں | دو جماعتیں | کہا |

بنی اسرائیل کو کر دیا ﴿٥٩﴾ تو انہوں نے سورج نکلتے (یعنی صبح کو) اُن کا تعاقب کیا ﴿٦٠﴾ جب دونوں جماعتیں آمنے سامنے ہوئیں تو موسٰی

اَصْحٰبُ مُوْسٰٓى اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ ﴿٦١﴾ قَالَ كَلَّا ۚ اِنَّ مَعِىَ رَبِّىْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَصْحٰبُ | مُوْسٰٓى | اِنَّا | لَمُدْرَكُوْنَ | قَالَ | كَلَّا | اِنَّ | مَعِىَ | رَبِّىْ |
| ساتھیوں | موسٰی کے نے | بیشک | البتہ پائے گئے ہیں | کہا | ہرگز نہیں | بیشک | میرے ساتھ | میرا رب ہے |

کے ساتھی کہنے لگے کہ ہم تو پکڑ لیے گئے ﴿٦١﴾ موسٰی نے کہا ہرگز نہیں میرا پروردگار میرے ساتھ ہے

سَيَهْدِيْنِ ﴿٦٢﴾ فَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ط

| سَيَهْدِيْنِ | فَاَوْحَيْنَآ | اِلٰى | مُوْسٰى | اَنِ | اضْرِبْ | بِّعَصَاكَ | الْبَحْرَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مجھ کو جلد ہی راہ دکھلا دیگا | پس وحی بھیجی ہم نے | طرف | موسٰی کی | یہ کہ | مار | ساتھ عصا اپنے کے | دریا کو |

وہ مجھے رستہ بتائے گا ﴿٦٢﴾ اس وقت ہم نے موسٰی کی طرف وحی بھیجی کہ اپنی لاٹھی دریا پر مارو۔

فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ ﴿٦٣﴾ ج وَاَزْلَفْنَا ثَمَّ الْاٰخَرِيْنَ ﴿٦٤﴾ ج

| فَانْفَلَقَ | فَكَانَ | كُلُّ | فِرْقٍ | كَالطَّوْدِ | الْعَظِيْمِ | وَاَزْلَفْنَا | ثَمَّ | الْاٰخَرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس پھٹ گیا | پس ہوگیا | ہر | ٹکڑا | مانند پہاڑ | بڑے کے | اور نزدیک کردیا ہم نے | اس جگہ | دوسروں کو |

تو دریا پھٹ گیا اور ہر ایک ٹکڑا (یوں) ہوگیا (کہ) گویا بڑا پہاڑ (ہے) ﴿٦٣﴾ اور دوسروں کو وہاں ہم نے قریب کردیا ﴿٦٤﴾

وَاَنْجَيْنَا مُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿٦٥﴾ ج ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿٦٦﴾ ط

| وَ | اَنْجَيْنَا | مُوْسٰى | وَ | مَنْ | مَّعَهٗٓ | اَجْمَعِيْنَ | ثُمَّ | اَغْرَقْنَا | الْاٰخَرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نجات دی ہم نے | موسٰی کو | اور | ان کو جو | ساتھ اسکے تھے | سب کو | پھر | ڈبو دیا ہم نے | دوسروں کو |

اور موسٰی اور اُن کے ساتھ والوں کو (تو) بچا لیا ﴿٦٥﴾ پھر دوسروں کو ڈبو دیا ﴿٦٦﴾

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ط وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٦٧﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ

| اِنَّ | فِيْ | ذٰلِكَ | لَاٰيَةً | وَ | مَا | كَانَ | اَكْثَرُهُمْ | مُّؤْمِنِيْنَ | وَ | اِنَّ | رَبَّكَ | لَهُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | بیچ | اس کے | البتہ نشانی ہے | اور | نہ | تھے | اکثر ان کے | ایمان والے | اور | بیشک | رب تیرا | البتہ وہی ہے |

بے شک اس (قصے) میں نشانی ہے لیکن یہ اکثر ایمان لانے والے نہیں ﴿٦٧﴾ اور تمہارا پروردگار

الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿٦٨﴾ ع وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ اِبْرٰهِيْمَ ﴿٦٩﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ

ع ۴/۱۷/۸ وقف لازم

| الْعَزِيْزُ | الرَّحِيْمُ | وَاتْلُ | عَلَيْهِمْ | نَبَاَ | اِبْرٰهِيْمَ | اِذْ | قَالَ | لِاَبِيْهِ | وَ | قَوْمِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غالب | مہربان | اور پڑھ | اوپر ان کے | قصہ | ابراہیم کا | جس وقت | کہا | اپنے باپ کو | اور | اپنی قوم کو |

تو غالب (اور) مہربان ہے ﴿٦٨﴾ اور اُن کو ابراہیم کا حال پڑھ کر سنادو ﴿٦٩﴾ جب انہوں نے اپنے باپ اور اپنی قوم کے لوگوں سے کہا

مَا تَعْبُدُوْنَ ﴿٧٠﴾ قَالُوْا نَعْبُدُ اَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا عٰكِفِيْنَ ﴿٧١﴾ قَالَ هَلْ

| مَا | تَعْبُدُوْنَ | قَالُوْا | نَعْبُدُ | اَصْنَامًا | فَنَظَلُّ | لَهَا | عٰكِفِيْنَ | قَالَ | هَلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کس چیز کی | عبادت کرتے ہو تم | کہا انہوں نے | عبادت کرتے ہیں ہم | بتوں کی | پس رہتے ہیں | واسطے انکے | بیٹھے | کہا | کیا |

کہ تم کس چیز کو پوجتے ہو؟ ﴿٧٠﴾ وہ کہنے لگے کہ ہم بتوں کو پوجتے ہیں اور ان (کی پوجا) پر قائم ہیں ﴿٧١﴾ (ابراہیم نے) کہا کہ جب

يَسۡمَعُوۡنَكُمۡ اِذۡ تَدۡعُوۡنَ ﴿۷۲﴾ اَوۡ يَنۡفَعُوۡنَكُمۡ اَوۡ يَضُرُّوۡنَ ﴿۷۳﴾ قَالُوۡا بَلۡ وَجَدۡنَاۤ

| يَسۡمَعُوۡنَكُمۡ | اِذۡ تَدۡعُوۡنَ | اَوۡ | يَنۡفَعُوۡنَكُمۡ | اَوۡ | يَضُرُّوۡنَ | قَالُوۡا | بَلۡ | وَجَدۡنَاۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سنتے ہیں تمہاری | جب تم ان کو پکارتے ہو | یا | نفع دیتے ہیں تم کو | یا | ضرر دیتے ہیں | کہا انہوں نے | بلکہ | پایا ہے ہم نے |

تم ان کو پکارتے ہو تو کیا وہ تمہاری (آواز) سنتے ہیں؟ ﴿۷۲﴾ یا تمہیں کچھ فائدہ دے سکتے یا نقصان پہنچا سکتے ہیں؟ ﴿۷۳﴾ انہوں نے کہا

اٰبَآءَنَا كَذٰلِكَ يَفۡعَلُوۡنَ ﴿۷۴﴾ قَالَ اَفَرَءَيۡتُمۡ مَّا كُنۡتُمۡ تَعۡبُدُوۡنَ ﴿۷۵﴾ اَنۡتُمۡ

| اٰبَآءَنَا | كَذٰلِكَ | يَفۡعَلُوۡنَ | قَالَ | اَفَرَءَيۡتُمۡ | مَّا | كُنۡتُمۡ | تَعۡبُدُوۡنَ | اَنۡتُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے باپوں کو | اسی طرح | کرتے | کہا | کیا پس دیکھا ہے تم نے | اس چیز کو کہ | ہو تم | عبادت کرتے | تم |

(نہیں) بلکہ ہم نے اپنے باپ دادا کو اسی طرح کرتے دیکھا ہے ﴿۷۴﴾ (ابراہیم نے) کہا کیا تم نے دیکھا کہ جن کو تم پوجتے رہے ہو ﴿۷۵﴾ تم بھی

وَاٰبَآؤُكُمُ الۡاَقۡدَمُوۡنَ ﴿۷۶﴾ فَاِنَّهُمۡ عَدُوٌّ لِّىۡۤ اِلَّا رَبَّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۷۷﴾ الَّذِىۡ

| وَ | اٰبَآؤُكُمُ | الۡاَقۡدَمُوۡنَ | فَاِنَّهُمۡ | عَدُوٌّ لِّىۡۤ | اِلَّا | رَبَّ | الۡعٰلَمِيۡنَ | الَّذِىۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | باپ تمہارے | پہلے | پس بیشک وہ | دشمن ہیں میرے | مگر | رب | عالموں کا | وہ کہ جس نے |

اور تمہارے اگلے باپ دادا بھی ﴿۷۶﴾ وہ میرے دشمن ہیں مگر (اللہ) رب العالمین (میرا دوست ہے) ﴿۷۷﴾ جس نے

خَلَقَنِىۡ فَهُوَ يَهۡدِيۡنِ ﴿۷۸﴾ وَالَّذِىۡ هُوَ يُطۡعِمُنِىۡ وَيَسۡقِيۡنِ ﴿۷۹﴾ وَاِذَا

| خَلَقَنِىۡ | فَهُوَ | يَهۡدِيۡنِ | وَالَّذِىۡ | هُوَ | يُطۡعِمُنِىۡ | وَ | يَسۡقِيۡنِ | وَ | اِذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیدا کیا مجھ کو | پس وہی | راہ دکھاتا ہے مجھ کو | اور جو | وہ | کھلاتا ہے مجھ کو | اور | پلاتا ہے مجھ کو | اور | جب |

مجھے پیدا کیا ہے اور وہی مجھے رستہ دکھاتا ہے ﴿۷۸﴾ اور وہ جو مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے ﴿۷۹﴾ اور جب

مَرِضۡتُ فَهُوَ يَشۡفِيۡنِ ﴿۸۰﴾ وَالَّذِىۡ يُمِيۡتُنِىۡ ثُمَّ يُحۡيِيۡنِ ﴿۸۱﴾ وَالَّذِىۡۤ

| مَرِضۡتُ | فَهُوَ | يَشۡفِيۡنِ | وَ | الَّذِىۡ | يُمِيۡتُنِىۡ | ثُمَّ | يُحۡيِيۡنِ | وَ | الَّذِىۡۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیمار ہوتا ہوں | پس وہی | شفا دیتا ہے مجھ کو | اور | وہی ہے جو | مارے گا مجھے | پھر | زندہ کرے گا مجھ کو | اور | وہ جس سے کہ |

میں بیمار پڑتا ہوں تو مجھے شفا بخشتا ہے ﴿۸۰﴾ اور وہ جو مجھے مارے گا (اور) پھر زندہ کرے گا ﴿۸۱﴾ اور وہ جس سے

اَطۡمَعُ اَنۡ يَّغۡفِرَ لِىۡ خَطِيۡٓـــَٔتِىۡ يَوۡمَ الدِّيۡنِ ﴿۸۲﴾ رَبِّ هَبۡ لِىۡ حُكۡمًا

| اَطۡمَعُ | اَنۡ | يَّغۡفِرَ لِىۡ | خَطِيۡٓـــَٔتِىۡ | يَوۡمَ | الدِّيۡنِ | رَبِّ | هَبۡ | لِىۡ | حُكۡمًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| امید رکھتا ہوں میں | یہ کہ | بخشے | خطا میری | دن | قیامت کے | اے پروردگار میرے | عطا کر | مجھ کو | حکم |

میں امید رکھتا ہوں کہ قیامت کے دن میرے گناہ بخشے گا ﴿۸۲﴾ اے پروردگار مجھے علم و دانش عطا فرما

وَّ اَلۡحِقۡنِیۡ بِالصّٰلِحِیۡنَ ﴿۸۳﴾ۙ وَ اجۡعَلۡ لِّیۡ لِسَانَ صِدۡقٍ فِی الۡاٰخِرِیۡنَ ﴿۸۴﴾ۙ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | اَلۡحِقۡنِیۡ | بِالصّٰلِحِیۡنَ | وَاجۡعَلۡ | لِّیۡ | لِسَانَ | صِدۡقٍ | فِی | الۡاٰخِرِیۡنَ |
| اور | ملا دے مجھ کو | ساتھ نیکوکاروں کے | اور کر | واسطے میرے | زبان | راستی کی | بیچ | پچھلوں کے |

اور نیکوکاروں میں شامل کر ﴿۸۳﴾ اور پچھلے لوگوں میں میرا ذکر نیک (جاری) کر ﴿۸۴﴾

وَ اجۡعَلۡنِیۡ مِنۡ وَّرَثَۃِ جَنَّۃِ النَّعِیۡمِ ﴿۸۵﴾ۙ وَ اغۡفِرۡ لِاَبِیۡۤ اِنَّہٗ کَانَ مِنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اجۡعَلۡنِیۡ | مِنۡ | وَّرَثَۃِ | جَنَّۃِ | النَّعِیۡمِ | وَاغۡفِرۡ | لِاَبِیۡۤ | اِنَّہٗ | کَانَ | مِنَ |
| اور | کر مجھ کو | سے | وارثوں | بہشتوں | نعمتوں کے | اور معاف کر | میرے باپ کو | بیشک وہ | تھا | سے |

اور مجھے نعمت کی بہشت کے وارثوں میں کر ﴿۸۵﴾ اور میرے باپ کو بخش دے کہ وہ گمراہوں میں

الضَّآلِّیۡنَ ﴿۸۶﴾ۙ وَ لَا تُخۡزِنِیۡ یَوۡمَ یُبۡعَثُوۡنَ ﴿۸۷﴾ۙ یَوۡمَ لَا یَنۡفَعُ مَالٌ وَّ لَا بَنُوۡنَ ﴿۸۸﴾ۙ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الضَّآلِّیۡنَ | وَلَا | تُخۡزِنِیۡ | یَوۡمَ | یُبۡعَثُوۡنَ | یَوۡمَ | لَا | یَنۡفَعُ | مَالٌ | وَّ | لَا | بَنُوۡنَ |
| گمراہوں میں | اور مت | رسوا کیجیو مجھ کو | دن | اٹھائے جانے کے | جس دن | نہ | نفع دے گا | مال | اور | نہ | بیٹے |

سے ہے ﴿۸۶﴾ اور جس دن لوگ اُٹھا کھڑے کیے جائیں گے مجھے رسوا نہ کیجیو ﴿۸۷﴾ جس دن نہ مال ہی کچھ فائدہ دے سکے گا اور نہ بیٹے ﴿۸۸﴾

اِلَّا مَنۡ اَتَی اللّٰہَ بِقَلۡبٍ سَلِیۡمٍ ﴿۸۹﴾ؕ وَ اُزۡلِفَتِ الۡجَنَّۃُ لِلۡمُتَّقِیۡنَ ﴿۹۰﴾ۙ وَ بُرِّزَتِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | مَنۡ | اَتَی | اللّٰہَ | بِقَلۡبٍ | سَلِیۡمٍ | وَاُزۡلِفَتِ | الۡجَنَّۃُ | لِلۡمُتَّقِیۡنَ | وَ | بُرِّزَتِ |
| مگر | جو کوئی | لائے پاس | اللہ کے | دل | سلامت | اور نزدیک کی جائیگی | جنت | واسطے پرہیزگاروں کے | اور | ظاہر کی جائیگی |

ہاں جو شخص اللہ کے پاس پاک دل لے کر آیا (وہ بچ جائے گا) ﴿۸۹﴾ اور بہشت پرہیزگاروں کے قریب کر دی جائے گی ﴿۹۰﴾ اور دوزخ

الۡجَحِیۡمُ لِلۡغٰوِیۡنَ ﴿۹۱﴾ۙ وَ قِیۡلَ لَہُمۡ اَیۡنَمَا کُنۡتُمۡ تَعۡبُدُوۡنَ ﴿۹۲﴾ۙ مِنۡ دُوۡنِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡجَحِیۡمُ | لِلۡغٰوِیۡنَ | وَ | قِیۡلَ | لَہُمۡ | اَیۡنَمَا | کُنۡتُمۡ | تَعۡبُدُوۡنَ | مِنۡ | دُوۡنِ |
| دوزخ | واسطے گمراہوں کے | اور | کہا جائیگا | واسطے انکے | کہاں ہے جو کچھ کہ | تھے تم | عبادت کرتے | سے | سوائے |

گمراہوں کے سامنے لائی جائے گی ﴿۹۱﴾ اور اُن سے کہا جائے گا کہ جن کو تم پوجتے تھے وہ کہاں ہیں؟ ﴿۹۲﴾ (یعنی جن کو) اللہ کے سوا

اللّٰہِ ؕ ہَلۡ یَنۡصُرُوۡنَکُمۡ اَوۡ یَنۡتَصِرُوۡنَ ﴿۹۳﴾ؕ فَکُبۡکِبُوۡا فِیۡہَا ہُمۡ وَ الۡغَاوٗنَ ﴿۹۴﴾ۙ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰہِ | ہَلۡ | یَنۡصُرُوۡنَکُمۡ | اَوۡ | یَنۡتَصِرُوۡنَ | فَکُبۡکِبُوۡا | فِیۡہَا | ہُمۡ | وَ | الۡغَاوٗنَ |
| اللہ کے | کیا | مدد کرتے ہیں تمہاری | یا | بدلہ لیتے ہیں | پس الٹے ڈالے جائینگے | بیچ اس کے | وہ | اور | سب گمراہ |

(پوجتے تھے)۔ کیا وہ تمہاری مدد کر سکتے ہیں یا خود بدلہ لے سکتے ہیں؟ ﴿۹۳﴾ تو وہ اور گمراہ (یعنی بُت اور بُت پرست) اوندھے منہ دوزخ میں ڈال دیے جائیں گے ﴿۹۴﴾

وَجُنُوْدُ اِبْلِيْسَ اَجْمَعُوْنَ ﴿٩٥﴾ قَالُوْا وَهُمْ فِيْهَا يَخْتَصِمُوْنَ ﴿٩٦﴾ تَاللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | جُنُوْدُ | اِبْلِيْسَ | اَجْمَعُوْنَ | قَالُوْا | وَ | هُمْ | فِيْهَا | يَخْتَصِمُوْنَ | تَاللّٰهِ |
| اور | لشکر | ابلیس کا | سب کے سب | کہیں گے وہ | اور | وہ | بیچ اسکے | جھگڑتے ہونگے | قسم ہے اللہ کی |

اور شیطان کے لشکر سب کے سب (داخل جہنم ہوں گے) ﴿٩٥﴾ وہاں وہ آپس میں جھگڑیں گے اور کہیں گے ﴿٩٦﴾ کہ اللہ کی قسم

اِنْ كُنَّا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٩٧﴾ اِذْ نُسَوِّيْكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٩٨﴾ وَمَآ اَضَلَّنَآ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنْ | كُنَّا | لَفِيْ | ضَلٰلٍ | مُّبِيْنٍ | اِذْ | نُسَوِّيْكُمْ | بِرَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | وَ | مَآ | اَضَلَّنَآ |
| بیشک | تھے ہم | البتہ بیچ | گمراہی | ظاہر کے | جسوقت | برابر کرتے تھے ہم تمکو | ساتھ پروردگار | عالموں کے | اور | نہیں | گمراہ کیا ہم کو |

ہم تو صریح گمراہی میں تھے ﴿٩٧﴾ جب کہ تمہیں (اللہ) ربّ العالمین کے برابر ٹھیراتے تھے ﴿٩٨﴾ اور ہم کو ان

اِلَّا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٩٩﴾ فَمَا لَنَا مِنْ شَافِعِيْنَ ﴿١٠٠﴾ وَلَا صَدِيْقٍ حَمِيْمٍ ﴿١٠١﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | الْمُجْرِمُوْنَ | فَمَا | لَنَا | مِنْ | شَافِعِيْنَ | وَ | لَا | صَدِيْقٍ | حَمِيْمٍ |
| مگر | گنہگاروں نے | پس نہیں | واسطے ہمارے | کوئی | شفاعت کرنے والے | اور | نہ | دوست | غم کھانیوالا |

گنہگاروں ہی نے گمراہ کیا تھا ﴿٩٩﴾ تو (آج) نہ کوئی ہمارا سفارش کرنے والا ہے ﴿١٠٠﴾ اور نہ گرم جوش دوست ﴿١٠١﴾

فَلَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٢﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَوْ | اَنَّ | لَنَا | كَرَّةً | فَنَكُوْنَ | مِنَ | الْمُؤْمِنِيْنَ | اِنَّ | فِيْ | ذٰلِكَ | لَاٰيَةً | وَ | مَا |
| پس کاش | یہ کہ | ہوتا ہمارے واسطے | پھر جانا | پس ہوتے ہم | سے | ایمان لانے والوں میں | بیشک | بیچ | اس کے | البتہ نشانی ہے | اور | نہیں |

کاش ہمیں دنیا میں پھر جانا ہو تو ہم مومنوں میں ہو جائیں ﴿١٠٢﴾ بے شک اس میں نشانی ہے اور ان

كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٣﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٠٤﴾ ع ٥

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانَ | اَكْثَرُهُمْ | مُّؤْمِنِيْنَ | وَ | اِنَّ | رَبَّكَ | لَهُوَ | الْعَزِيْزُ | الرَّحِيْمُ |
| ہیں | اکثر ان کے | ایمان والے | اور | بیشک | رب تیرا | البتہ وہ ہے | غالب | مہربان |

میں اکثر ایمان لانے والے نہیں ﴿١٠٣﴾ اور تمہارا پروردگار تو غالب (اور) مہربان ہے ﴿١٠٤﴾

كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوْحِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٠٥﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ نُوْحٌ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَذَّبَتْ | قَوْمُ | نُوْحِ | الْمُرْسَلِيْنَ | اِذْ | قَالَ | لَهُمْ | اَخُوْهُمْ | نُوْحٌ |
| جھٹلایا | قوم | نوح کی نے | پیغمبروں کو | جس وقت | کہا | ان کو | بھائی ان کے | نوح نے |

قوم نوح نے بھی پیغمبروں کو جھٹلایا ﴿١٠٥﴾ جب اُن سے ان کے بھائی نوح نے کہا کہ

اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۰۶﴾ اِنِّیْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِیْنٌ ﴿۱۰۷﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوْنِ ﴿۱۰۸﴾ وَمَآ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلَا | تَتَّقُوْنَ | اِنِّیْ | لَكُمْ | رَسُوْلٌ | اَمِیْنٌ | فَاتَّقُوا | اللّٰهَ | وَ | اَطِیْعُوْنِ | وَ | مَآ |
| کیانہیں | ڈرتے تم | بیشک میں | واسطے تمہارے | پیغمبر ہوں | امانت دار | پس ڈرو | اللہ سے | اور | کہامانو میرا | اور | نہیں |

تم ڈرتے کیوں نہیں ﴿۱۰۶﴾ میں تو تمہارا امانتدار پیغمبر ہوں ﴿۱۰۷﴾ تو اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو ﴿۱۰۸﴾ اور میں

اَسْئَلُكُمْ عَلَیْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلٰی رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۰۹﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَسْئَلُكُمْ | عَلَیْهِ | مِنْ | اَجْرٍ | اِنْ | اَجْرِیَ | اِلَّا | عَلٰی | رَبِّ | الْعٰلَمِیْنَ |
| سوال کرتا میں تم سے | اس پر | کچھ | بدلہ | نہیں | بدلہ میرا | مگر | اوپر | پروردگار | عالموں کے |

اس کام کا تم سے صلہ نہیں مانگتا میرا صلہ تو اللہ رب العالمین ہی پر ہے ﴿۱۰۹﴾

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوْنِ ﴿۱۱۰﴾ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ الْاَرْذَلُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاتَّقُوا | اللّٰهَ | وَ | اَطِیْعُوْنِ | قَالُوْٓا | اَنُؤْمِنُ | لَكَ | وَ | اتَّبَعَكَ | الْاَرْذَلُوْنَ |
| پس ڈرو | اللہ سے | اور | کہامانو میرا | کہاانہوں نے | کیامان لیں ہم | واسطے تیرے | اور | پیروی کی تیری | گھٹیالوگوں نے |

تو اللہ سے ڈرو اور میرے کہنے پر چلو ﴿۱۱۰﴾ وہ بولے کہ کیا ہم تم کو مان لیں اور تمہارے پیرو تو رذیل لوگ ہوئے ہیں ﴿۱۱۱﴾

قَالَ وَمَا عِلْمِیْ بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ اِنْ حِسَابُهُمْ اِلَّا عَلٰی رَبِّیْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | وَ | مَا | عِلْمِیْ | بِمَا | كَانُوْا | یَعْمَلُوْنَ | اِنْ | حِسَابُهُمْ | اِلَّا | عَلٰی | رَبِّیْ |
| کہا | اور | کیا | جانوں میں | کہ کیا | تھے | کرتے وہ | نہیں | حساب ان کا | مگر | اوپر | پروردگار میرے کے |

(نوح نے) کہا کہ مجھے کیا معلوم کہ وہ کیا کرتے ہیں ﴿۱۱۲﴾ ان کا حساب (اعمال) میرے پروردگار کے ذمے ہے

لَوْ تَشْعُرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ وَمَآ اَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۱۴﴾ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۱۱۵﴾

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَوْ | تَشْعُرُوْنَ | وَ | مَآ | اَنَا | بِطَارِدِ | الْمُؤْمِنِیْنَ | اِنْ | اَنَا | اِلَّا | نَذِیْرٌ | مُّبِیْنٌ |
| اگر | سمجھو تم | اور | نہیں | میں | نکال دینے والا | ایمان والوں کو | نہیں | میں | مگر | ڈرانے والا | ظاہر کر کر |

کاش تم سمجھو ﴿۱۱۳﴾ اور میں مومنوں کو نکال دینے والا نہیں ہوں ﴿۱۱۴﴾ میں تو صرف کھول کھول کر نصیحت کرنے والا ہوں ﴿۱۱۵﴾

قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ یٰنُوْحُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمَرْجُوْمِیْنَ ﴿۱۱۶﴾ قَالَ رَبِّ اِنَّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوْا | لَئِنْ | لَّمْ | تَنْتَهِ | یٰنُوْحُ | لَتَكُوْنَنَّ | مِنَ | الْمَرْجُوْمِیْنَ | قَالَ | رَبِّ | اِنَّ |
| کہاانہوں نے | اگر | نہ | بازرہے گا تو | اے نوح | البتہ ہو گا تو | سے | سنگسار کیے گیوں میں | کہا | اے میرے رب | بیشک |

انہوں نے کہا کہ نوح اگر تم باز نہ آؤ گے تو سنگسار کر دیے جاؤ گے ﴿۱۱۶﴾ (نوح نے) کہا کہ پروردگار

النصف

قَوْمِيْ كَذَّبُوْنِ ﴿١١٧﴾ فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَّنَجِّنِيْ وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَوْمِيْ | كَذَّبُوْنِ | فَافْتَحْ | بَيْنِيْ | وَ | بَيْنَهُمْ | فَتْحًا | وَّنَجِّنِيْ | وَ | مَنْ | مَّعِيَ | مِنَ |
| میری قوم نے | جھٹلایا مجھ کو | پس حکم کر | درمیان میرے | اور | درمیان انکے | حکم کرنے کے | اورنجات دے مجھ کو | اور | جو کوئی کہ | ساتھ ہو میرے | سے |

میری قوم نے تو مجھے جھٹلا دیا ﴿١١٧﴾ سو تو میرے اور ان کے درمیان ایک کھلا فیصلہ کر دے اور مجھے اور جو مومن میرے ساتھ

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١١٨﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿١١٩﴾ ثُمَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُؤْمِنِيْنَ | فَاَنْجَيْنٰهُ | وَ | مَنْ | مَّعَهٗ | فِي | الْفُلْكِ | الْمَشْحُوْنِ | ثُمَّ |
| ایمان والوں | پس نجات دی ہم نے اسکو | اور | جو کہ | ساتھ اس کے تھے | بیچ | کشتی | بھری ہوئی کے | پھر |

ہیں اُن کو بچالے ﴿١١٨﴾ پس ہم نے ان کو اور جو اُن کے ساتھ بھری ہوئی کشتی میں (سوار) تھے ان کو بچا لیا ﴿١١٩﴾ پھر

اَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبٰقِيْنَ ﴿١٢٠﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَغْرَقْنَا | بَعْدُ | الْبٰقِيْنَ | اِنَّ | فِيْ | ذٰلِكَ | لَاٰيَةً | وَ | مَا | كَانَ | اَكْثَرُهُمْ |
| ڈبو دیا ہم نے | پیچھے | باقیوں کو | بیشک | بیچ | اس کے | البتہ نشانی ہے | اور | نہیں | ہیں | اکثر ان کے |

اس کے بعد باقی لوگوں کو ڈبو دیا ﴿١٢٠﴾ بیشک اس میں نشانی ہے اور ان میں اکثر ایمان لانے والے

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٢١﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٢٢﴾ كَذَّبَتْ عَادُ ع ١٨ ٦ ١٠

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّؤْمِنِيْنَ | وَاِنَّ | رَبَّكَ | لَهُوَ | الْعَزِيْزُ | الرَّحِيْمُ | كَذَّبَتْ | عَادُ |
| ایمان لانے والے | اور بیشک | پروردگار تیرا | البتہ وہ ہے | غالب | مہربان | جھٹلایا | عاد نے |

نہیں تھے ﴿١٢١﴾ اور تمہارا پروردگار تو غالب (اور) مہربان ہے ﴿١٢٢﴾ عاد نے پیغمبروں

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٢٣﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ هُوْدٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٢٤﴾ اِنِّيْ لَكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُرْسَلِيْنَ | اِذْ | قَالَ | لَهُمْ | اَخُوْهُمْ | هُوْدٌ | اَلَا | تَتَّقُوْنَ | اِنِّيْ | لَكُمْ |
| پیغمبروں کو | جسوقت | کہا | واسطے ان کے | بھائی ان کے | ہود نے | کیا نہیں | ڈرتے تم | بیشک میں | واسطے تمہارے |

کو جھٹلایا ﴿١٢٣﴾ جب اُن سے ان کے بھائی ہود نے کہا کیا تم ڈرتے نہیں؟ ﴿١٢٤﴾ میں تو تمہارا

رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿١٢٥﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٢٦﴾ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَسُوْلٌ | اَمِيْنٌ | فَاتَّقُوْا | اللّٰهَ | وَاَطِيْعُوْنِ | وَ | مَآ | اَسْـَٔلُكُمْ | عَلَيْهِ | مِنْ |
| پیغمبر ہوں | امانت دار | پس ڈرو | اللہ سے | اور کہا مانو میرا | اور | نہیں | سوال کرتا میں تم سے | اوپر اس کے | کچھ |

امانتدار پیغمبر ہوں ﴿١٢٥﴾ تو اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو ﴿١٢٦﴾ اور میں اس کام سے کچھ بدلہ

أَجْرٍ ۚ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعٰلَمِينَ ﴿١٢٧﴾ أَتَبْنُونَ بِكُلِّ رِيعٍ آيَةً

| أَجْرٍ | إِنْ | أَجْرِيَ | إِلَّا | عَلَىٰ | رَبِّ | الْعٰلَمِينَ | أَتَبْنُونَ | بِكُلِّ | رِيعٍ | آيَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بدلہ | نہیں ہے | بدلہ میرا | مگر | اوپر | پروردگار | جہانوں کے | کیا بنالیتے ہوتم | بیچ ہر | زمین بلندکے | ایک نشانی |

نہیں مانگتا میرا بدلہ (اللہ) ربّ العالمین کے ذمے ہے ﴿١٢٧﴾ بھلا تم ہر اونچی جگہ پر عبث نشان

تَعْبَثُونَ ﴿١٢٨﴾ وَتَتَّخِذُونَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُونَ ﴿١٢٩﴾ وَإِذَا بَطَشْتُمْ

| تَعْبَثُونَ | وَ | تَتَّخِذُونَ | مَصَانِعَ | لَعَلَّكُمْ | تَخْلُدُونَ | وَ | إِذَا | بَطَشْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کھیلتے ہوئے | اور | بنالیتے ہوتم | مکان کاریگری کے | تاکہ تم | ہمیشہ رہو | اور | جس وقت | پکڑتے ہوتم |

تعمیر کرتے ہو ﴿١٢٨﴾ اور محل بناتے ہو شاید تم ہمیشہ رہو گے ﴿١٢٩﴾ اور جب (کسی کو) پکڑتے ہو

بَطَشْتُمْ جَبَّارِينَ ﴿١٣٠﴾ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ﴿١٣١﴾ وَاتَّقُوا الَّذِي أَمَدَّكُمْ

| بَطَشْتُمْ | جَبَّارِينَ | فَاتَّقُوا | اللَّهَ | وَ | أَطِيعُونِ | وَ | اتَّقُوا | الَّذِي | أَمَدَّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پکڑتے ہو | سرکش ہوکر | پس ڈرو | اللہ سے | اور | کہامانو میرا | اور | ڈرو | اس سے جس نے | مدددی تم کو |

تو ظالمانہ پکڑتے ہو ﴿١٣٠﴾ تو اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو ﴿١٣١﴾ اور اس سے جس نے تم کو ان چیزوں سے مدد دی

بِمَا تَعْلَمُونَ ﴿١٣٢﴾ أَمَدَّكُمْ بِأَنْعَامٍ وَبَنِينَ ﴿١٣٣﴾ وَجَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ﴿١٣٤﴾ إِنِّي

| بِمَا | تَعْلَمُونَ | أَمَدَّكُمْ | بِأَنْعَامٍ | وَ | بَنِينَ | وَ | جَنَّاتٍ | وَعُيُونٍ | إِنِّي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ اس چیز کے کہ | جانتے ہوتم | مدددی تم کو | ساتھ چارپایوں کے | اور | بیٹوں کے | اور | باغوں کے | اور چشموں کے | بیشک میں |

جن کو تم جانتے ہو ڈرو ﴿١٣٢﴾ اس نے تمہیں چارپایوں اور بیٹوں سے مدد دی ﴿١٣٣﴾ اور باغوں اور چشموں سے ﴿١٣٤﴾ مجھ کو

أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿١٣٥﴾ قَالُوا سَوَاءٌ عَلَيْنَا أَوَعَظْتَ أَمْ

| أَخَافُ | عَلَيْكُمْ | عَذَابَ | يَوْمٍ | عَظِيمٍ | قَالُوا | سَوَاءٌ | عَلَيْنَا | أَوَعَظْتَ | أَمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈرتا ہوں | اوپر تمہارے | عذاب | دن | بڑے کے سے | کہا انہوں نے | برابر ہے | اوپر ہمارے | کیا تو نصیحت کرے | یا |

تمہارے بارے میں بڑے (سخت) دن کے عذاب کا خوف ہے ﴿١٣٥﴾ وہ کہنے لگے ہمیں خواہ نصیحت کرو یا نہ کرو

لَمْ تَكُنْ مِنَ الْوَاعِظِينَ ﴿١٣٦﴾ إِنْ هَٰذَا إِلَّا خُلُقُ الْأَوَّلِينَ ﴿١٣٧﴾ وَمَا نَحْنُ

| لَمْ | تَكُنْ | مِنَ | الْوَاعِظِينَ | إِنْ | هَٰذَا | إِلَّا | خُلُقُ | الْأَوَّلِينَ | وَ | مَا | نَحْنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | ہوتو | سے | نصیحت کرنیوالوں میں | نہیں | یہ | مگر | عادت | پہلوں کی | اور | نہیں | ہم |

ہمارے لیے یکساں ہے ﴿١٣٦﴾ یہ تو اگلوں ہی کے طریق ہیں ﴿١٣٧﴾ اور ہم پر کوئی

بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿١٣٨﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَهْلَكْنٰهُمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمُعَذَّبِيْنَ | فَكَذَّبُوْهُ | فَاَهْلَكْنٰهُمْ | اِنَّ | فِيْ | ذٰلِكَ | لَاٰيَةً | وَ | مَا | كَانَ |
| عذاب کیے گئے | پس جھٹلایا اس کو | پس ہلاک کیا ہم نے ان کو | بیشک | بیچ | اس کے | البتہ نشانی ہے | اور | نہ | تھے |

عذاب نہیں آئے گا ﴿١٣٨﴾ تو انہوں نے ہود کو جھٹلایا سو ہم نے ان کو ہلاک کر ڈالا۔ بیشک اس میں نشانی ہے۔ اور ان میں

اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٩﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٤٠﴾ كَذَّبَتْ ع ١٨/١١

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَكْثَرُهُمْ | مُّؤْمِنِيْنَ | وَ | اِنَّ | رَبَّكَ | لَهُوَ | الْعَزِيْزُ | الرَّحِيْمُ | كَذَّبَتْ |
| بہت ان کے | ایمان والے | اور | بیشک | پروردگار تیرا | البتہ وہی ہے | غالب | مہربان | جھٹلایا |

اکثر ایمان لانے والے نہیں تھے ﴿١٣٩﴾ اور تمہارا پروردگار تو غالب (اور) مہربان ہے ﴿١٤٠﴾ (اور قوم) ثمود

ثَمُوْدُ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٤١﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ صٰلِحٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٤٢﴾ اِنِّيْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثَمُوْدُ | الْمُرْسَلِيْنَ | اِذْ | قَالَ | لَهُمْ | اَخُوْهُمْ | صٰلِحٌ | اَلَا | تَتَّقُوْنَ | اِنِّيْ |
| ثمود نے | پیغمبروں کو | جس وقت | کہا | واسطے ان کے | بھائی ان کے | صالح نے | کیا | نہیں ڈرتے ہو تم | بیشک میں |

نے بھی پیغمبروں کو جھٹلایا ﴿١٤١﴾ جب اُن سے ان کے بھائی صالح نے کہا کہ تم ڈرتے کیوں نہیں؟ ﴿١٤٢﴾ میں تو

لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿١٤٣﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٤٤﴾ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكُمْ | رَسُوْلٌ | اَمِيْنٌ | فَاتَّقُوْا | اللّٰهَ | وَاَطِيْعُوْنِ | وَ | مَآ | اَسْـَٔلُكُمْ | عَلَيْهِ |
| واسطے تمہارے | پیغمبر ہوں | بامانت | پس ڈرو | اللہ سے | اور کہا مانو میرا | اور | نہیں | سوال کرتا میں تم سے | اوپر اس کے |

تمہارا امانتدار پیغمبر ہوں ﴿١٤٣﴾ تو اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو ﴿١٤٤﴾ اور میں اس کا تم سے

مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٤٥﴾ اَتُتْرَكُوْنَ فِيْ مَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | اَجْرٍ | اِنْ | اَجْرِيَ | اِلَّا | عَلٰى | رَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | اَتُتْرَكُوْنَ | فِيْ | مَا |
| کچھ | بدلہ | نہیں | بدلہ میرا | مگر | اوپر | رب | جہانوں کے | کیا چھوڑ جاؤ گے تم | بیچ | اس چیز کے کہ |

بدلہ نہیں مانگتا۔ میرا بدلہ (اللہ) ربّ العالمین کے ذمے ہے ﴿١٤٥﴾ کیا جو چیزیں (تمہیں) یہاں (میسر)

هٰهُنَآ اٰمِنِيْنَ ﴿١٤٦﴾ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿١٤٧﴾ وَّزُرُوْعٍ وَّنَخْلٍ طَلْعُهَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هٰهُنَآ | اٰمِنِيْنَ | فِيْ | جَنّٰتٍ | وَّ | عُيُوْنٍ | وَّ | زُرُوْعٍ | وَّ | نَخْلٍ | طَلْعُهَا |
| یہاں ہیں | امن سے | بیچ | باغوں کے | اور | چشموں کے | اور | کھیتوں کے | اور | کھجوروں کے کہ | خوشہ ان کا |

ہیں ان میں تم بے خوف چھوڑ دیے جاؤ گے؟ ﴿١٤٦﴾ (یعنی) باغ اور چشمے ﴿١٤٧﴾ اور کھیتیاں اور کھجوریں جن کے خوشے لطیف

هَضِيْمٌ ﴿١٤٨﴾ وَتَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا فٰرِهِيْنَ ﴿١٤٩﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هَضِيْمٌ | وَ | تَنْحِتُوْنَ | مِنَ | الْجِبَالِ | بُيُوْتًا | فٰرِهِيْنَ | فَاتَّقُوا | اللّٰهَ |
| ملائم ہے | اور | تراش لیتے ہو تم | سے | پہاڑوں | گھر | پرتکلف | پس ڈرو | اللہ سے |

ونازک ہوتے ہیں﴿۱۴۸﴾ اور تکلف سے پہاڑوں میں تراش تراش کر گھر بناتے ہو﴿۱۴۹﴾ تو اللہ سے ڈرو

وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٥٠﴾ وَلَا تُطِيْعُوْٓا اَمْرَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿١٥١﴾ الَّذِيْنَ يُفْسِدُوْنَ فِي

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَطِيْعُوْنِ | وَ | لَا | تُطِيْعُوْٓا | اَمْرَ | الْمُسْرِفِيْنَ | الَّذِيْنَ | يُفْسِدُوْنَ | فِي |
| اور | کہامانو میرا | اور | مت | مانو | حکم | حد سے نکل جانیوالوں کا | وہ لوگ کہ | فساد کرتے ہیں | بیچ |

اور میرے کہے پر چلو﴿۱۵۰﴾ اور حد سے تجاوز کرنے والوں کی بات نہ مانو﴿۱۵۱﴾ جو ملک میں فساد کرتے

الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ﴿١٥٢﴾ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿١٥٣﴾ مَآ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضِ | وَ | لَا | يُصْلِحُوْنَ | قَالُوْٓا | اِنَّمَآ | اَنْتَ | مِنَ | الْمُسَحَّرِيْنَ | مَآ |
| زمین کے | اور | نہیں | اصلاح کرتے | کہا انہوں نے | سوائے اسکے نہیں کہ | تو | سے ہے | جادو کیے گیوں | نہیں |

ہیں اور اصلاح نہیں کرتے﴿۱۵۲﴾ وہ کہنے لگے کہ تم تو جادو زدہ ہو﴿۱۵۳﴾ تم اور

اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۚ فَاْتِ بِاٰيَةٍ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿١٥٤﴾ قَالَ هٰذِهٖ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْتَ | اِلَّا | بَشَرٌ | مِّثْلُنَا | فَاْتِ | بِاٰيَةٍ | اِنْ | كُنْتَ | مِنَ | الصّٰدِقِيْنَ | قَالَ | هٰذِهٖ |
| تو | مگر | آدمی | مانند ہماری | پس لے آ | کوئی نشانی | اگر | ہے تو | سے | سچوں | کہا | یہ |

کچھ نہیں ہماری ہی طرح کے آدمی ہو۔ اگر سچے ہو تو کوئی نشانی پیش کرو﴿۱۵۴﴾ (صالح نے) کہا (دیکھو) یہ

نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ وَّلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿١٥٥﴾ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَاقَةٌ | لَّهَا | شِرْبٌ | وَّ | لَكُمْ | شِرْبُ | يَوْمٍ | مَّعْلُوْمٍ | وَ | لَا | تَمَسُّوْهَا | بِسُوْٓءٍ |
| اونٹنی ہے | واسطے اسکے | پانی پینا ہے | اور | واسطے تمہارے | پانی پینا ہے | ایک دن | معلوم کا | اور | مت | ہاتھ لگاؤ اس کو | برائی سے |

اُونٹنی ہے (ایک دن) اس کی پانی پینے کی باری ہے اور ایک معین روز تمہاری باری﴿۱۵۵﴾ اور اس کو کوئی تکلیف نہ دینا

فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿١٥٦﴾ فَعَقَرُوْهَا فَاَصْبَحُوْا نٰدِمِيْنَ ﴿١٥٧﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَيَاْخُذَكُمْ | عَذَابُ | يَوْمٍ | عَظِيْمٍ | فَعَقَرُوْهَا | فَاَصْبَحُوْا | نٰدِمِيْنَ |
| پس پکڑے گا تم کو | عذاب | دن | بڑے کا | پس کاٹے پاؤں اس کے | پس ہوگئے | پشیمان |

(نہیں تو) تم کو سخت عذاب آ پکڑے گا﴿۱۵۶﴾ تو انہوں نے اس کی کونچیں کاٹ ڈالیں پھر نادم ہوئے﴿۱۵۷﴾

فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَخَذَهُمُ | الْعَذَابُ | اِنَّ | فِیْ | ذٰلِكَ | لَاٰیَةً | وَ | مَا | كَانَ | اَكْثَرُهُمْ |
| پس پکڑا ان کو | عذاب نے | بیشک | بیچ | اس کے | البتہ نشانی ہے | اور | نہ | تھے | اکثر ان کے |

سو اُن کو عذاب نے آ پکڑا۔ بیشک اس میں نشانی ہے اور ان میں اکثر ایمان لانے والے

مُّؤْمِنِیْنَ ﴿۱۵۸﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ﴿۱۵۹﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطِ ِۨ ع ٨ ١٩ ١٢

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّؤْمِنِیْنَ | وَ | اِنَّ | رَبَّكَ | لَهُوَ | الْعَزِیْزُ | الرَّحِیْمُ | كَذَّبَتْ | قَوْمُ | لُوْطِ ِۨ |
| ایمان والے | اور | بیشک | پروردگار تیرا | البتہ وہی ہے | غالب | مہربان | جھٹلایا | قوم | لوط کی نے |

نہیں تھے ﴿۱۵۸﴾ اور تمہارا پروردگار تو غالب (اور) مہربان ہے ﴿۱۵۹﴾ (اور) قوم لوط نے بھی

الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۱۶۰﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ لُوْطٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ اِنِّیْ لَكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُرْسَلِیْنَ | اِذْ | قَالَ | لَهُمْ | اَخُوْهُمْ | لُوْطٌ | اَلَا | تَتَّقُوْنَ | اِنِّیْ | لَكُمْ |
| پیغمبروں کو | جس وقت کہ | کہا | واسطے ان کے | بھائی ان کے | لوط نے | کیا نہیں | ڈرتے تم | بیشک میں | واسطے تمہارے |

پیغمبروں کو جھٹلایا ﴿۱۶۰﴾ جب اُن سے اُن کے بھائی لوط نے کہا کہ تم کیوں نہیں ڈرتے ﴿۱۶۱﴾ میں تو تمہارا

رَسُوْلٌ اَمِیْنٌ ﴿۱۶۲﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوْنِ ﴿۱۶۳﴾ وَمَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ مِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَسُوْلٌ | اَمِیْنٌ | فَاتَّقُوْا | اللّٰهَ | وَ | اَطِیْعُوْنِ | وَ | مَاۤ | اَسْـَٔلُكُمْ | عَلَیْهِ | مِنْ |
| پیغمبر ہوں | امانتدار | پس ڈرو | اللہ سے | اور | کہا مانو میرا | اور | نہیں | سوال کرتا میں تم سے | اوپر اس کے | کچھ |

امانتدار پیغمبر ہوں ﴿۱۶۲﴾ تو اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو ﴿۱۶۳﴾ اور میں تم سے اس (کام) کا بدلہ

اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلٰی رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۶۴﴾ اَتَاْتُوْنَ الذُّكْرَانَ مِنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَجْرٍ | اِنْ | اَجْرِیَ | اِلَّا | عَلٰی | رَبِّ | الْعٰلَمِیْنَ | اَتَاْتُوْنَ | الذُّكْرَانَ | مِنَ |
| بدلہ | نہیں | اجر میرا | مگر | اوپر | پروردگار | عالموں کے | کیا آتے ہو تم پاس | مردوں کے | سے |

نہیں مانگتا میرا بدلہ (اللہ) ربّ العالمین کے ذمّے ہے ﴿۱۶۴﴾ کیا تم اہل عالم میں سے لڑکوں

الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۶۵﴾ وَتَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعٰلَمِیْنَ | وَ | تَذَرُوْنَ | مَا | خَلَقَ | لَكُمْ | رَبُّكُمْ | مِّنْ | اَزْوَاجِكُمْ | بَلْ | اَنْتُمْ |
| امْكُثُوْٓا | اِنِّیْٓ | اٰنَسْتُ | نَارًا | لَّعَلِّیْٓ | اٰتِیْكُمْ | مِّنْهَا | بِخَبَرٍ | اَوْ | جَذْوَةٍ |
| ٹھیرو | بیشک میں نے | دیکھی ہے | آگ | شاید کہ | لے آؤں تمہارے پاس | اس میں سے | کوئی خبر | یا | چنگاری |

کہ (تم یہاں) ٹھیرو۔ مجھے آگ نظر آئی ہے شاید میں وہاں سے (رستے کا) کچھ پتہ لاؤں یا آگ

مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ﴿۲۹﴾ فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِیَ مِنْ شَاطِئِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنَ | النَّارِ | لَعَلَّكُمْ | تَصْطَلُوْنَ | فَلَمَّآ | اَتٰىهَا | نُوْدِیَ | مِنْ | شَاطِئِ |
| سے | آگ | تاکہ تم | سینکو | پس جب | آیا اس کے پاس | پکارا گیا | سے | کنارے |

کا انگارہ لے آؤں تاکہ تم تاپو﴿۲۹﴾ جب اس کے پاس پہنچے تو میدان کے

الْوَادِ الْاَیْمَنِ فِی الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ اَنْ یّٰمُوْسٰۤی

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْوَادِ | الْاَیْمَنِ | فِی | الْبُقْعَةِ | الْمُبٰرَكَةِ | مِنَ | الشَّجَرَةِ | اَنْ | یّٰمُوْسٰۤی |
| میدان کے | برکت والے | بیچ | زمین | مبارک کے | طرف سے | درخت کی | یہ کہ | اے موسیٰ |

دائیں کنارے سے ایک مبارک جگہ میں ایک درخت میں سے آواز آئی کہ موسیٰ

اِنِّیْٓ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۳۰﴾ لا وَاَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ط فَلَمَّا رَاٰهَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنِّیْٓ | اَنَا | اللّٰهُ | رَبُّ | الْعٰلَمِیْنَ | وَاَنْ | اَلْقِ | عَصَاكَ | فَلَمَّا | رَاٰهَا |
| بیشک میں | ہوں | اللہ | پروردگار | سارے جہان کا | اور یہ کہ | ڈال دے | عصا اپنا | پس جب | دیکھا اس کو |

میں تو اللہ رب العالمین ہوں﴿۳۰﴾ اور یہ کہ اپنی لاٹھی ڈال دو۔ جب دیکھا کہ وہ

تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰی مُدْبِرًا وَّلَمْ یُعَقِّبْ ط یٰمُوْسٰۤی اَقْبِلْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَهْتَزُّ | كَاَنَّهَا | جَآنٌّ | وَّلّٰی | مُدْبِرًا | وَّ | لَمْ | یُعَقِّبْ | یٰمُوْسٰۤی | اَقْبِلْ |
| ہلتا ہوا | گویا کہ وہ | سانپ ہے | چلا | پیٹھ پھیر کر | اور | نہ | دیکھا پیچھے پھر کر | اے موسیٰ | آگے آ |

حرکت کر رہی ہے گویا سانپ ہے تو پیٹھ پھیر کر چل دیے اور پیچھے مڑ کر بھی نہ دیکھا۔ (ہم نے کہا کہ) موسیٰ آگے آؤ

وَلَا تَخَفْ قف اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِیْنَ ﴿۳۱﴾ اُسْلُكْ یَدَكَ فِیْ جَیْبِكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | تَخَفْ | اِنَّكَ | مِنَ | الْاٰمِنِیْنَ | اُسْلُكْ | یَدَكَ | فِیْ | جَیْبِكَ |
| اور | مت | ڈر | بیشک تو | سے ہے | امن والوں | ڈال | ہاتھ اپنا | بیچ | گریبان اپنے کے |

اور ڈرو مت۔ تم امن پانے والوں میں ہو﴿۳۰﴾ اپنا ہاتھ گریبان میں ڈالو

تَخۡرُجۡ بَيۡضَآءَ مِنۡ غَيۡرِ سُوۡٓءٍ ۫ وَّاضۡمُمۡ اِلَيۡكَ جَنَاحَكَ مِنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَخۡرُجۡ | بَيۡضَآءَ | مِنۡ | غَيۡرِ | سُوۡٓءٍ | وَّ | اضۡمُمۡ | اِلَيۡكَ | جَنَاحَكَ | مِنَ |
| نکل آئے گا | سفید | سے | بغیر | برائی کے | اور | ملالے | طرف اپنی | بازو اپنے کو | سے |

تو بغیر کسی عیب کے سفید نکل آئے گا اور خوف دور ہونے (کی وجہ) سے اپنے بازو کو اپنی طرف

الرَّهۡبِ فَذٰنِكَ بُرۡهَانٰنِ مِنۡ رَّبِّكَ اِلٰى فِرۡعَوۡنَ وَمَلَا۟ئِهٖ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرَّهۡبِ | فَذٰنِكَ | بُرۡهَانٰنِ | مِنۡ | رَّبِّكَ | اِلٰى | فِرۡعَوۡنَ | وَ | مَلَا۟ئِهٖ |
| ڈر | پس یہ | دلیلیں ہیں دو | سے | رب تیرے | طرف | فرعون کی | اور | اسکے سرداروں کی |

سکیڑ لو۔ یہ دو دلیلیں تمہارے پروردگار کی طرف سے ہیں (ان کے ساتھ) فرعون اور اس کے درباریوں کے پاس (جاؤ)

اِنَّهُمۡ كَانُوۡا قَوۡمًا فٰسِقِيۡنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّىۡ قَتَلۡتُ مِنۡهُمۡ نَفۡسًا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّهُمۡ | كَانُوۡا | قَوۡمًا | فٰسِقِيۡنَ | قَالَ | رَبِّ | اِنِّىۡ | قَتَلۡتُ | مِنۡهُمۡ | نَفۡسًا |
| بیشک وہ | ہیں | قوم | فاسق | کہا | اے رب میرے | بیشک میں | مارڈالا ہے میں نے | ان میں سے | ایک جی کو |

کہ وہ نافرمان لوگ ہیں ﴿۳۲﴾ (موسیٰ نے) کہا کہ اے پروردگار ان میں کا ایک شخص میرے ہاتھ سے قتل ہو چکا ہے

فَاَخَافُ اَنۡ يَّقۡتُلُوۡنِ ﴿۳۳﴾ وَاَخِىۡ هٰرُوۡنُ هُوَ اَفۡصَحُ مِنِّىۡ لِسَانًا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَخَافُ | اَنۡ | يَّقۡتُلُوۡنِ | وَ | اَخِىۡ | هٰرُوۡنُ | هُوَ | اَفۡصَحُ | مِنِّىۡ | لِسَانًا |
| پس ڈرتا ہوں میں | یہ کہ | مارڈالیں مجھ کو | اور | بھائی میرا | ہارون ہے | وہ | بہت فصیح ہے | مجھ سے | زبان میں |

سو مجھے خوف ہے کہ وہ (کہیں) مجھ کو مار نہ ڈالیں ﴿۳۳﴾ اور ہارون (جو) میرا بھائی (ہے) اس کی زبان مجھ سے زیادہ فصیح ہے

فَاَرۡسِلۡهُ مَعِىَ رِدۡاً يُّصَدِّقُنِىۡٓ ۫ اِنِّىۡۤ اَخَافُ اَنۡ يُّكَذِّبُوۡنِ ﴿۳۴﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَرۡسِلۡهُ | مَعِىَ | رِدۡاً | يُّصَدِّقُنِىۡٓ | اِنِّىۡۤ | اَخَافُ | اَنۡ | يُّكَذِّبُوۡنِ |
| پس بھیج اس کو | ساتھ میرے | مددگار | تصدیق کرے میری | بیشک | ڈرتا ہوں میں | یہ کہ | جھٹلائیں گے مجھ کو |

تو اس کو میرے ساتھ مددگار بنا کر بھیج کہ میری تصدیق کرے، مجھے خوف ہے کہ وہ لوگ میری تکذیب کریں گے ﴿۳۴﴾

قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِاَخِيۡكَ وَنَجۡعَلُ لَكُمَا سُلۡطٰنًا فَلَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | سَنَشُدُّ | عَضُدَكَ | بِاَخِيۡكَ | وَنَجۡعَلُ | لَكُمَا | سُلۡطٰنًا | فَلَا |
| کہا | البتہ محکم کریں گے ہم | بازو تیرا | ساتھ تیرے بھائی کے | اور کریں گے | واسطے تمہارے | غلبہ | پس نہیں |

(اللہ نے) فرمایا ہم تمہارے بھائی سے تمہارے بازو کو مضبوط کریں گے اور تم دونوں کو غلبہ دیں گے کہ

معانقة ۱۱

يَصِلُوْنَ اِلَيْكُمَا ۚ بِاٰيٰتِنَآ ۚ اَنْتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ ﴿۳۵﴾ فَلَمَّا

| يَصِلُوْنَ | اِلَيْكُمَا | بِاٰيٰتِنَآ | اَنْتُمَا | وَ | مَنِ | اتَّبَعَكُمَا | الْغٰلِبُوْنَ | فَلَمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہنچ سکیں گے | طرف تمہاری | ساتھ نشانیوں ہماری کے | تم دونوں | اور | جو کوئی | پیروی کرے تم دونوں کی | غالب ہو | پس جب |

ہماری نشانیوں کے سبب وہ تم تک پہنچ نہ سکیں گے (اور) تم اور جنہوں نے تمہاری پیروی کی غالب رہو گے ﴿۳۵﴾ اور جب

جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًى

| جَآءَهُمْ | مُّوْسٰى | بِاٰيٰتِنَا | بَيِّنٰتٍ | قَالُوْا | مَا | هٰذَآ | اِلَّا | سِحْرٌ | مُّفْتَرًى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آیا ان کے پاس | موسٰی | ساتھ نشانیوں ہماری کے | ظاہر | کہا انہوں نے | نہیں | یہ | مگر | جادو | باندھ لیا ہوا |

موسٰی ان کے پاس ہماری کھلی نشانیاں لے کر آئے تو وہ کہنے لگے کہ یہ تو جادو ہے جو اس نے بنا کھڑا کیا ہے

وَّمَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَآىِٕنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۶﴾ وَقَالَ مُوْسٰى رَبِّيْٓ اَعْلَمُ

| وَّمَا | سَمِعْنَا | بِهٰذَا | فِيْٓ | اٰبَآىِٕنَا | الْاَوَّلِيْنَ | وَ | قَالَ | مُوْسٰى | رَبِّيْٓ | اَعْلَمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور نہیں | سنا ہم نے | یہ | بیچ | باپوں اپنے | پہلوں کے | اور | کہا | موسٰی نے | رب میرا | خوب جانتا ہے |

اور یہ (باتیں) ہم نے اپنے اگلے باپ دادا میں تو (کبھی) سنی نہیں ﴿۳۶﴾ اور موسٰی نے کہا کہ میرا پروردگار اس شخص

بِمَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى مِنْ عِنْدِهٖ وَمَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ

| بِمَنْ | جَآءَ | بِالْهُدٰى | مِنْ | عِنْدِهٖ | وَمَنْ | تَكُوْنُ | لَهٗ | عَاقِبَةُ | الدَّارِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس شخص کو کہ | لایا ہے | ہدایت | سے | نزدیک اسکے | اور جو کوئی | ہوگی | واسطے اسکے | پچھاڑی | اس گھر کی |

کو خوب جانتا ہے جو اس کی طرف سے حق لے کر آیا ہے اور جس کے لیے عاقبت کا گھر (یعنی بہشت) ہے۔

اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ مَا

| اِنَّهٗ | لَا | يُفْلِحُ | الظّٰلِمُوْنَ | وَ | قَالَ | فِرْعَوْنُ | يٰٓاَيُّهَا | الْمَلَاُ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک وہ | نہیں | فلاح پاتے | ظالم | اور | کہا | فرعون نے | اے | سردارو | نہیں |

بیشک ظالم نجات نہیں پائیں گے ﴿۳۷﴾ اور فرعون نے کہا کہ اے اہلِ دربار میں

عَلِمْتُ لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِيْ ۚ فَاَوْقِدْ لِيْ يٰهَامٰنُ عَلَى الطِّيْنِ

| عَلِمْتُ | لَكُمْ | مِّنْ | اِلٰهٍ | غَيْرِيْ | فَاَوْقِدْ لِيْ | يٰهَامٰنُ | عَلَى | الطِّيْنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جانتا میں | واسطے تمہارے | کوئی | معبود | سوائے میرے | پس آگ جلا واسطے میرے | اے ہامان | اوپر | مٹی کے |

تمہارا اپنے سوا کسی کو خدا نہیں جانتا تو ہامان میرے لیے گارے کو آگ لگا (اینٹیں پکا) دو

فَاجْعَلْ لِّيْ صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَطَّلِعُ اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى ۙ وَاِنِّيْ

| فَاجْعَلْ | لِّيْ | صَرْحًا | لَّعَلِّيْٓ | اَطَّلِعُ | اِلٰٓى | اِلٰهِ | مُوْسٰى | وَاِنِّيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس تیار کر | واسطے میرے | ایک محل | تاکہ میں | چڑھ جاؤں | طرف | معبود | موسیٰ کی | اور بیشک میں |

پھر ایک (اونچا) محل بنا دو تا کہ میں موسیٰ کے خدا کی طرف چڑھ جاؤں اور

لَاَظُنُّهٗ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۳۸﴾ وَاسْتَكْبَرَ هُوَ وَجُنُوْدُهٗ فِي الْاَرْضِ

| لَاَظُنُّهٗ | مِنَ | الْكٰذِبِيْنَ | وَاسْتَكْبَرَ | هُوَ | وَ | جُنُوْدُهٗ | فِي | الْاَرْضِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| البتہ گمان کرتا ہوں اسکو | سے | جھوٹوں | اور تکبر کیا اس نے | وہ | اور | لشکروں اسکے نے | بیچ | زمین کے |

میں تو اسے جھوٹا سمجھتا ہوں ﴿۳۸﴾ اور وہ اور اس کے لشکر ملک میں ناحق مغرور ہو رہے

بِغَيْرِ الْحَقِّ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اِلَيْنَا لَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۹﴾ فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ

| بِغَيْرِ | الْحَقِّ | وَ | ظَنُّوْٓا | اَنَّهُمْ | اِلَيْنَا | لَا | يُرْجَعُوْنَ | فَاَخَذْنٰهُ | وَ | جُنُوْدَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بغیر | حق کے | اور | گمان کیا انہوں نے | یہ کہ وہ | طرف ہماری | نہیں | پھیرے جائیں گے | پس پکڑا ہم نے اسکو | اور | لشکر اس کے کو |

تھے اور خیال کرتے تھے کہ وہ ہماری طرف لوٹ کر نہیں آئیں گے ﴿۳۹﴾ تو ہم نے ان کو اور ان کے لشکروں کو پکڑ لیا

فَنَبَذْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۰﴾

| فَنَبَذْنٰهُمْ | فِي | الْيَمِّ | فَانْظُرْ | كَيْفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ | الظّٰلِمِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس ڈال دیا ہم نے انکو | بیچ | دریا کے | پس دیکھ | کیوں کر | ہوا | انجام کار | ظالموں کا |

اور دریا میں ڈال دیا۔ سو دیکھ لو کہ ظالموں کا کیسا انجام ہوا ﴿۴۰﴾

وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ

| وَ | جَعَلْنٰهُمْ | اَئِمَّةً | يَّدْعُوْنَ | اِلَى | النَّارِ | وَيَوْمَ | الْقِيٰمَةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | کیا ہم نے ان کو | پیشوا | کہ بلاتے تھے | طرف | آگ کی | اور دن | قیامت کے |

اور ہم نے اُن کو پیشوا بنایا تھا وہ (لوگوں کو) دوزخ کی طرف بلاتے تھے اور قیامت کے دن

لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَاَتْبَعْنٰهُمْ فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ هُمْ

| لَا | يُنْصَرُوْنَ | وَ | اَتْبَعْنٰهُمْ | فِيْ | هٰذِهِ | الدُّنْيَا | لَعْنَةً | وَ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | هُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | مدد دیے جائیں گے | اور | پیچھے لائے ہم انکے | بیچ | اس | دنیا کے | لعنت | اور | دن | قیامت کے | وہ |

اُن کی مدد نہیں کی جائے گی ﴿۴۱﴾ اور اس دنیا میں ہم نے ان کے پیچھے لعنت لگا دی اور وہ قیامت کے روز بھی

ع ۱۴/۷

مِّنَ الْمَقْبُوْحِيْنَ ﴿۴۲﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِ مَآ

| مِّنَ | الْمَقْبُوْحِيْنَ | وَ | لَقَدْ | اٰتَيْنَا | مُوْسَى | الْكِتٰبَ | مِنْۢ بَعْدِ | مَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے ہیں | برائی کیے گیوں | اور | البتہ تحقیق | دی ہم نے | موسیٰ کو | کتاب | اس کے بعد | کہ |

بدحالوں میں ہوں گے ﴿۴۲﴾ اور ہم نے پہلی اُمتوں کے ہلاک کرنے کے بعد موسیٰ

اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ الْاُوْلٰى بَصَآئِرَ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةً

| اَهْلَكْنَا | الْقُرُوْنَ | الْاُوْلٰى | بَصَآئِرَ | لِلنَّاسِ | وَ | هُدًى | وَّ | رَحْمَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہلاک کئے ہم نے | قرن | پہلے | دلیلیں | واسطے لوگوں کے | اور | ہدایت | اور | رحمت |

کو کتاب دی جو لوگوں کے لیے بصیرت اور ہدایت اور رحمت ہے

لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۳﴾ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ اِذْ قَضَيْنَآ اِلٰى

| لَعَلَّهُمْ | يَتَذَكَّرُوْنَ | وَ | مَا | كُنْتَ | بِجَانِبِ | الْغَرْبِيِّ | اِذْ | قَضَيْنَآ | اِلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تاکہ وہ | نصیحت پکڑیں | اور | نہ | تھا تو | طرف | غربی | جب کہ | فیصل کیا ہم نے | طرف |

تاکہ وہ نصیحت پکڑیں ﴿۴۳﴾ اور جب ہم نے موسیٰ کی طرف حکم بھیجا تو تم (طور کی) غرب کی طرف

مُوْسَى الْاَمْرَ وَمَا كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَلٰكِنَّآ اَنْشَاْنَا

| مُوْسَى | الْاَمْرَ | وَمَا | كُنْتَ | مِنَ | الشّٰهِدِيْنَ | وَ | لٰكِنَّآ | اَنْشَاْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موسیٰ کی | حکم | اور نہ | تھا تو | سے | حاضرین میں | اور | لیکن | پیدا کیے ہم نے |

نہیں تھے اور نہ اس واقعے کے دیکھنے والوں میں تھے ﴿۴۴﴾ لیکن ہم نے موسیٰ

قُرُوْنًا فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۚ وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ

| قُرُوْنًا | فَتَطَاوَلَ | عَلَيْهِمُ | الْعُمُرُ | وَ | مَا | كُنْتَ | ثَاوِيًا | فِيْٓ | اَهْلِ | مَدْيَنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قرن | پس دراز ہوئی | اوپران کے | عمر | اور | نہ | تھا تو | رہنے والوں | بیچ | اہل | مدین کے سے |

کے بعد کئی اُمتوں کو پیدا کیا پھر اُن پر مدت طویل گزر گئی۔ اور نہ تم مدین والوں میں رہنے والے تھے

تَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۙ وَلٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ

| تَتْلُوْا | عَلَيْهِمْ | اٰيٰتِنَا | وَ | لٰكِنَّا | كُنَّا | مُرْسِلِيْنَ | وَمَا | كُنْتَ | بِجَانِبِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پڑھا کرتا | اوپران کے | آیتیں ہماری | اور | لیکن | ہیں ہم | پیغمبر بھیجنے والے | اور نہ | تھا تو | بیچ کنارے |

کہ اُن کو ہماری آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے تھے۔ ہاں ہم ہی تو پیغمبر بھیجنے والے تھے ﴿۴۵﴾ اور نہ تم اس وقت جب کہ ہم

الطُّوْرِ اِذْ نَادَيْنَا وَلٰكِنْ رَّحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الطُّوْرِ | اِذْ | نَادَيْنَا | وَلٰكِنْ | رَّحْمَةً | مِّنْ | رَّبِّكَ | لِتُنْذِرَ | قَوْمًا | مَّآ |
| طور کے | جس وقت | پکارا ہم نے | اور لیکن | رحمت | سے | پروردگار تیرے کے | تا کہ ڈرائے | اس قوم کو | کہ نہیں |

نے (موسیٰ کو) آواز دی طور کے کنارے تھے بلکہ (تمہارا بھیجا جانا) تمہارے پروردگار کی رحمت ہے تاکہ تم ان لوگوں کو جن

اَتٰهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ (۴۶) وَلَوْلَآ اَنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَتٰهُمْ | مِّنْ | نَّذِيْرٍ | مِّنْ | قَبْلِكَ | لَعَلَّهُمْ | يَتَذَكَّرُوْنَ | وَ | لَوْ | لَآ | اَنْ |
| آئے انکے پاس | کوئی | ڈرسنانے والا | سے | پہلے تجھ | تا کہ وہ | نصیحت پکڑیں | اور | اگر | نہ ہوتا | یہ کہ |

کے پاس تم سے پہلے کوئی ہدایت کرنے والا نہیں آیا ہدایت کروتا کہ وہ نصیحت پکڑیں (۴۶) اور (اے پیغمبر ہم نے تم کو اس لیے بھیجا ہے کہ) ایسا نہ ہو کہ

تُصِيْبَهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَيَقُوْلُوْا رَبَّنَا لَوْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُصِيْبَهُمْ | مُّصِيْبَةٌۢ | بِمَا | قَدَّمَتْ | اَيْدِيْهِمْ | فَيَقُوْلُوْا | رَبَّنَا | لَوْ |
| پہنچے ان کو | مصیبت | بسبب اس چیز کے کہ | آگے بھیجا ہے | ہاتھوں ان کے نے | پس کہیں گے | اے رب ہمارے | کیوں |

اگر ان (اعمال) کے سبب جو ان کے ہاتھ آگے بھیج چکے ہیں اُن پر کوئی مصیبت واقع ہو تو یہ کہنے لگیں کہ اے پروردگار تو نے

لَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ (۴۷)

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَآ | اَرْسَلْتَ | اِلَيْنَا | رَسُوْلًا | فَنَتَّبِعَ | اٰيٰتِكَ | وَ | نَكُوْنَ | مِنَ | الْمُؤْمِنِيْنَ |
| نہیں | بھیجا تو نے | طرف ہماری | کوئی پیغمبر | پس پیروی کرتے ہم | نشانیوں تیری کی | اور | ہوتے ہم | سے | ایمان والوں |

ہماری طرف کوئی پیغمبر کیوں نہ بھیجا کہ ہم تیری آیتوں کی پیروی کرتے اور ایمان لانے والوں میں ہوتے (۴۷)

فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَآ اُوْتِيَ مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلَمَّا | جَآءَهُمُ | الْحَقُّ | مِنْ | عِنْدِنَا | قَالُوْا | لَوْ | لَآ | اُوْتِيَ | مِثْلَ | مَآ | اُوْتِيَ |
| پس جب | آیا ان کے پاس | حق | سے | نزدیک ہمارے | کہا انہوں نے | کیوں | نہ | دیا گیا | مانند | جو کہ | دیا گیا |

پھر جب ان کے پاس ہماری طرف سے حق آ پہنچا تو کہنے لگے کہ جیسی (نشانیاں) موسیٰ کو ملی تھیں

مُوْسٰى ط اَوَلَمْ يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ج قَالُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُوْسٰى | اَوَ | لَمْ | يَكْفُرُوْا | بِمَآ | اُوْتِيَ | مُوْسٰى | مِنْ | قَبْلُ | قَالُوْا |
| موسیٰ کو | کیا | نہ | کفر کرتے تھے | ساتھ اس چیز کے کہ | دیا گیا تھا | موسیٰ کو | سے | پہلے اس | کہتے تھے |

ویسی اس کو کیوں نہیں ملیں۔ کیا جو (نشانیاں) پہلے موسیٰ کو دی گئی تھیں انہوں نے ان سے کفر نہیں کیا؟ کہنے لگے

سِحْرٰنِ تَظٰهَرَا ۣ وَقَالُوْٓا اِنَّا بِكُلٍّ كٰفِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ قُلْ فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سِحْرٰنِ | تَظٰهَرَا | وَقَالُوْٓا | اِنَّا | بِكُلٍّ | كٰفِرُوْنَ | قُلْ | فَاْتُوْا | بِكِتٰبٍ |
| جادوگر ہیں یہ دونوں | مددگار ایکدوسرے کے | اور کہتے تھے | ہم | ساتھ ہرایک کے | کافر ہیں | کہہ | پس لاؤ تم | ایک کتاب |

کہ دونوں جادوگر ہیں ایک دوسرے کے موافق اور بولے کہ ہم سب سے منکر ہیں ﴿۴۸﴾ کہہ دو کہ اگر سچے ہو تو تم اللہ

مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ هُوَ اَهْدٰى مِنْهُمَآ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۹﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ | عِنْدِ | اللّٰهِ | هُوَ | اَهْدٰى | مِنْهُمَآ | اَتَّبِعْهُ | اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ |
| سے | نزدیک | اللہ کے | وہ | بہت راہ دکھانیوالی ہو | ان دونوں سے | پیروی کروں میں اسکی | اگر | ہو تم | سچے |

کے پاس سے کوئی اور کتاب لے آؤ جو ان دونوں (کتابوں) سے بڑھ کر ہدایت کرنے والی ہو تاکہ میں بھی اسی کی پیروی کروں ﴿۴۹﴾

فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ فَاعْلَمْ اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ اَهْوَآءَهُمْ ؕ وَمَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاِنْ | لَّمْ | يَسْتَجِيْبُوْا | لَكَ | فَاعْلَمْ | اَنَّمَا | يَتَّبِعُوْنَ | اَهْوَآءَهُمْ | وَمَنْ |
| پس اگر | نہ | قبول کریں | واسطے تیرے | پس جان تو کہ | سوائے اسکے نہیں کہ | وہ پیروی کرتے ہیں | خواہشوں اپنی کی | اور کون ہے |

پھر اگر یہ تمہاری بات قبول نہ کریں تو جان لو کہ یہ صرف اپنی خواہشوں کی پیروی کرتے ہیں۔ اور اس

اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَضَلُّ | مِمَّنِ | اتَّبَعَ | هَوٰىهُ | بِغَيْرِ | هُدًى | مِّنَ | اللّٰهِ | اِنَّ | اللّٰهَ |
| بہت گمراہ | اس سے کہ | پیروی کرتا ہے | خواہش اپنی کی | بغیر | ہدایت | طرف سے | اللہ کی | بیشک | اللہ |

سے زیادہ کون گمراہ ہو گا جو اللہ کی ہدایت کو چھوڑ کر اپنی خواہش کے پیچھے چلے۔ بیشک اللہ

لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۰﴾ ع وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ ع ۵ ۸

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَهْدِى | الْقَوْمَ | الظّٰلِمِيْنَ | وَ | لَقَدْ | وَصَّلْنَا | لَهُمُ | الْقَوْلَ | لَعَلَّهُمْ |
| نہیں | ہدایت کرتا | قوم | ظالموں کو | اور | البتہ تحقیق | پے درپے کی ہم نے | ان سے | بات | تاکہ وہ |

ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا ﴿۵۰﴾ اور ہم پے در پے اُن لوگوں کے پاس (ہدایت کی) باتیں بھیجتے رہے ہیں تاکہ

يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۱﴾ ؕ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ هُمْ بِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾ النصف

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَتَذَكَّرُوْنَ | اَلَّذِيْنَ | اٰتَيْنٰهُمُ | الْكِتٰبَ | مِنْ | قَبْلِهٖ | هُمْ | بِهٖ | يُؤْمِنُوْنَ |
| نصیحت پکڑیں | وہ لوگ کہ | دی ہم نے ان کو | کتاب | سے | پہلے اس | وہ | ساتھ اس کے | ایمان لاتے ہیں |

نصیحت پکڑیں ﴿۵۱﴾ جن لوگوں کو ہم نے اس سے پہلے کتاب دی تھی وہ اس پر ایمان لے آتے ہیں ﴿۵۲﴾

وَ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّنَآ اِنَّا كُنَّا مِنْ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِذَا | يُتْلٰى | عَلَيْهِمْ | قَالُوْٓا | اٰمَنَّا | بِهٖٓ | اِنَّهُ | الْحَقُّ | مِنْ | رَّبِّنَآ | اِنَّا | كُنَّا | مِنْ |
| اور | جب | پڑھا جاتا ہے | اوپر ان کے | کہتے ہیں | ایمان لائے ہم | ساتھ اسکے | بیشک یہ | حق ہے | سے | ہمارے رب کی طرف | بیشک | تھے ہم | سے |

اور جب (قرآن) اُن کو پڑھ کر سنایا جاتا ہے تو کہتے ہیں کہ ہم اس پر ایمان لے آئے۔ بیشک وہ ہمارے پروردگار کی طرف سے برحق ہے (اور) ہم تو

قَبْلِهٖ مُسْلِمِيْنَ ﴿۵۳﴾ اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَبْلِهٖ | مُسْلِمِيْنَ | اُولٰٓئِكَ | يُؤْتَوْنَ | اَجْرَهُمْ | مَّرَّتَيْنِ | بِمَا | صَبَرُوْا |
| پہلے اس | مسلمان | یہ لوگ | دیئے جائیں گے | ثواب ان کا | دوبار | بسبب اسکے کہ | صبر کیا انہوں نے |

اس سے پہلے کے حکم بردار ہیں ﴿۵۳﴾ ان لوگوں کو دگنا بدلہ دیا جائے گا کیونکہ صبر کرتے رہے ہیں

وَ يَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ وَ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۵۴﴾ وَ اِذَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يَدْرَءُوْنَ | بِالْحَسَنَةِ | السَّيِّئَةَ | وَ | مِمَّا | رَزَقْنٰهُمْ | يُنْفِقُوْنَ | وَ | اِذَا |
| اور | دور کرتے ہیں | ساتھ بھلائی کے | برائی کو | اور | اس چیز سے کہ | دیا ہم نے ان کو | خرچ کرتے ہیں | اور | جب |

اور بھلائی کے ساتھ برائی کو دور کرتے ہیں اور جو (مال) ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں ﴿۵۴﴾ اور جب

سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ وَ قَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا وَ لَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ز

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَمِعُوا | اللَّغْوَ | اَعْرَضُوْا | عَنْهُ | وَ | قَالُوْا | لَنَآ | اَعْمَالُنَا | وَ | لَكُمْ | اَعْمَالُكُمْ |
| سنتے ہیں | بیہودہ بات | اعراض کرتے ہیں | اس سے | اور | کہتے ہیں | واسطے ہمارے ہیں | عمل ہمارے | اور | واسطے تمہارے | عمل ہیں تمہارے |

بیہودہ بات سنتے ہیں تو اس سے منہ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم کو ہمارے اعمال اور تم کو تمہارے اعمال۔

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ز لَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ ﴿۵۵﴾ اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَلٰمٌ | عَلَيْكُمْ | لَا | نَبْتَغِي | الْجٰهِلِيْنَ | اِنَّكَ | لَا | تَهْدِيْ | مَنْ |
| سلام ہے | اوپر تمہارے | نہیں | چاہتے ہم | جاہلوں کو | بیشک تو | نہیں | ہدایت کرتا | جس کو |

تم کو سلام۔ ہم جاہلوں کے خواستگار نہیں ہیں ﴿۵۵﴾ (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) تم جس کو دوست رکھتے

اَحْبَبْتَ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ج وَ هُوَ اَعْلَمُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَحْبَبْتَ | وَ | لٰكِنَّ | اللّٰهَ | يَهْدِيْ | مَنْ | يَّشَآءُ | وَ | هُوَ | اَعْلَمُ |
| چاہے تو | اور | لیکن | اللہ | راہ دکھاتا ہے | جس کو | چاہتا ہے | اور | وہ | خوب جانتا ہے |

ہو اُسے ہدایت نہیں کر سکتے بلکہ اللہ ہی جس کو چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے اور وہ ہدایت پانے والوں کو

بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿٥٦﴾ وَقَالُوْٓا اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْمُهْتَدِيْنَ | وَ | قَالُوْٓا | اِنْ | نَّتَّبِعِ | الْهُدٰى | مَعَكَ | نُتَخَطَّفْ | مِنْ |
| راہ پانے والوں کو | اور | کہا انہوں نے | اگر | پیروی کریں ہم | ہدایت کی | ساتھ تیرے | اچکے جائیں | سے |

خوب جانتا ہے﴿۵۶﴾ اور کہتے ہیں کہ اگر ہم تمہارے ساتھ ہدایت کی پیروی کریں تو اپنے ملک سے اُچک

اَرْضِنَا ؕ اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا يُّجْبٰٓى اِلَيْهِ ثَمَرٰتُ كُلِّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَرْضِنَا | اَوَ | لَمْ | نُمَكِّنْ | لَّهُمْ | حَرَمًا | اٰمِنًا | يُّجْبٰٓى | اِلَيْهِ | ثَمَرٰتُ | كُلِّ |
| زمین اپنی | کیا | نہیں | جگہ دی ہم نے | ان کو | حرم | امن والا | کھینچے جاتے ہیں | طرف اسکی | میوے | ہر |

لیے جائیں۔ کیا ہم نے اُن کو حرم میں جو امن کا مقام ہے جگہ نہیں دی۔ جہاں ہر قسم کے میوے پہنچائے جاتے ہیں

شَيْءٍ رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَيْءٍ | رِّزْقًا | مِّنْ | لَّدُنَّا | وَ | لٰكِنَّ | اَكْثَرَهُمْ | لَا | يَعْلَمُوْنَ | وَ | كَمْ | اَهْلَكْنَا |
| چیز کے | رزق | سے | ہماری طرف | اور | لیکن | اکثر ان کے | نہیں | جانتے | اور | بہت | ہلاک کیں ہم نے |

(اور یہ) رزق ہماری طرف سے ہے لیکن ان میں سے اکثر لوگ نہیں جانتے﴿۵۷﴾ اور ہم نے بہت سی

مِنْ قَرْيَةٍۭ بَطِرَتْ مَعِيْشَتَهَا ۚ فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَنْ مِّنْۢ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | قَرْيَةٍۭ | بَطِرَتْ | مَعِيْشَتَهَا | فَتِلْكَ | مَسٰكِنُهُمْ | لَمْ | تُسْكَنْ | مِّنْۢ |
| سے | بستیوں | کہ اتراتی تھیں | بیچ معیشت اپنی کے | پس یہ ہیں | گھر ان کے | نہ | بسا کوئی | سے |

بستیوں کو ہلاک کر ڈالا جو اپنی (فراخیٔ) معیشت میں اترا رہے تھے۔ سو یہ ان کے مکانات ہیں جو اُن کے

بَعْدِهِمْ اِلَّا قَلِيْلًا ؕ وَكُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿٥٨﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعْدِهِمْ | اِلَّا | قَلِيْلًا | وَ | كُنَّا | نَحْنُ | الْوٰرِثِيْنَ | وَ | مَا | كَانَ | رَبُّكَ |
| پیچھے ان کے | مگر | تھوڑے | اور | ہوئے | ہم ہی | وارث | اور | نہیں | تھا | رب تیرا |

بعد آباد ہی نہیں ہوئے مگر بہت کم۔ اور ان کے پیچھے ہم ہی ان کے وارث ہوئے﴿۵۸﴾ اور تمہارا پروردگار

مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْٓ اُمِّهَا رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُهْلِكَ | الْقُرٰى | حَتّٰى | يَبْعَثَ | فِيْٓ | اُمِّهَا | رَسُوْلًا | يَّتْلُوْا | عَلَيْهِمْ | اٰيٰتِنَا |
| ہلاک کرنیوالا | بستیوں کا | یہاں تک کہ | بھیجے | بیچ | انکے بڑے شہر کے | پیغمبر | پڑھے | اوپر انکے | نشانیاں ہماری |

بستیوں کو ہلاک نہیں کرتا جب تک اُن کے بڑے شہر میں پیغمبر نہ بھیج لے جو ان کو ہماری آیتیں پڑھ پڑھ کر سنائے

وَمَا كُنَّا مُهْلِكِي الْقُرٰٓى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | كُنَّا | مُهْلِكِي | الْقُرٰٓى | اِلَّا | وَ | اَهْلُهَا | ظٰلِمُوْنَ | وَ | مَآ | اُوْتِيْتُمْ |
| اور | نہیں | تھے ہم | ہلاک کرنیوالے | بستیوں کے | مگر | اور | رہنے والے اسکے | ظالم تھے | اور | جو کچھ کہ | دیئے گئے تم |

اور ہم بستیوں کو ہلاک نہیں کیا کرتے مگر اس حالت میں کہ وہاں کے باشندے ظالم ہوں ﴿۵۹﴾ اور جو چیز تم کو دی گئی

مِّنْ شَیْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ | شَیْءٍ | فَمَتَاعُ | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | وَ | زِيْنَتُهَا | وَ | مَا | عِنْدَ | اللّٰهِ | خَيْرٌ |
| کسی | چیز سے | پس فائدہ | زندگانی | دنیا کا ہے | اور | زینت اس کی | اور | جو | نزدیک | اللہ کے ہے | وہ بہتر ہے |

ہے وہ دنیا کی زندگی کا فائدہ اور اس کی زینت ہے اور جو اللہ کے پاس ہے وہ بہتر

ع وَّاَبْقٰى ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۰﴾ ع اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّاَبْقٰى | اَفَلَا | تَعْقِلُوْنَ | اَفَمَنْ | وَّعَدْنٰهُ | وَعْدًا | حَسَنًا | فَهُوَ |
| اور بہت باقی رہنے والا | کیا پس نہیں | سمجھتے تم | کیا پس وہ جو کہ | وعدہ دیا ہے ہم نے اسکو | وعدہ | نیک | پس وہ |

اور باقی رہنے والی ہے کیا تم سمجھتے نہیں؟ ﴿۶۰﴾ بھلا جس شخص سے ہم نے نیک وعدہ کیا اور اس نے اسے حاصل کر لیا تو

لَاقِيْهِ كَمَنْ مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَاقِيْهِ | كَمَنْ | مَّتَّعْنٰهُ | مَتَاعَ | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | ثُمَّ | هُوَ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | مِنَ |
| ملنے والا ہے | مانند اسکے کہ | فائدہ دیا ہم نے اسکو | فائدہ | زندگانی | دنیا کا | پھر | وہ | دن | قیامت کے | سے |

کیا وہ اس شخص کا سا ہے جس کو ہم نے دنیا کی زندگی کے فائدے سے بہرہ مند کیا پھر وہ قیامت کے روز ان لوگوں میں ہو جو

الْمُحْضَرِيْنَ ﴿۶۱﴾ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُحْضَرِيْنَ | وَيَوْمَ | يُنَادِيْهِمْ | فَيَقُوْلُ | اَيْنَ | شُرَكَآءِيَ | الَّذِيْنَ |
| حاضر کیے گیوں | اور جس دن | پکارے گا ان کو | پس کہے گا | کہاں ہیں | شریک میرے | جو کہ |

(ہمارے روبرو) حاضر کیے جائیں گے ﴿۶۱﴾ اور جس روز (اللہ) ان کو پکارے گا اور کہے گا کہ میرے وہ شریک کہاں ہیں

كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۶۲﴾ قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُنْتُمْ | تَزْعُمُوْنَ | قَالَ | الَّذِيْنَ | حَقَّ | عَلَيْهِمُ | الْقَوْلُ | رَبَّنَا | هٰٓؤُلَآءِ |
| تھے تم | دعوٰی کرتے | کہیں گے | وہ لوگ کہ | ثابت ہوئی | اوپر ان کے | بات | اے رب ہمارے | یہ لوگ ہیں |

جن کا تمہیں دعوٰی تھا ﴿۶۲﴾ (تو) جن لوگوں پر (عذاب کا) حکم ثابت ہو چکا ہوگا وہ کہیں گے کہ ہمارے پروردگار یہ وہ

الَّذِيْنَ اَغْوَيْنَا ۚ اَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا غَوَيْنَا ۚ تَبَرَّاْنَآ اِلَيْكَ ۫ مَا

| الَّذِيْنَ | اَغْوَيْنَا | اَغْوَيْنٰهُمْ | كَمَا | غَوَيْنَا | تَبَرَّاْنَآ | اِلَيْكَ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جن کو | بہکایا ہم نے | ہم نے بہکایا ان کو | جیسے | ہم آپ بہکے | بیزاری کی ہم نے | متوجہ ہوکر تیری طرف | نہ |

لوگ ہیں جن کو ہم نے گمراہ کیا تھا۔ اور جس طرح ہم خود گمراہ ہوئے تھے اسی طرح ان کو گمراہ کیا تھا۔ (اب) ہم تیری طرف (متوجہ ہوکر) اُن سے بیزار

كَانُوْٓا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ﴿٦٣﴾ وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ

| كَانُوْٓا | اِيَّانَا | يَعْبُدُوْنَ | وَقِيْلَ | ادْعُوْا | شُرَكَآءَكُمْ | فَدَعَوْهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تھے | ہم کو | عبادت کرتے | اور کہا جائے گا | بلاؤ | شریکوں اپنوں کو | پس پکاریں گے ان کو |

ہوتے ہیں۔ یہ ہمیں نہیں پوجتے تھے (۶۳) اور کہا جائے گا کہ اپنے شریکوں کو بلاؤ۔ تو وہ اُن کو پکاریں گے

فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَ رَاَوُا الْعَذَابَ ۚ لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوْا

| فَلَمْ | يَسْتَجِيْبُوْا | لَهُمْ | وَ | رَاَوُا | الْعَذَابَ | لَوْ | اَنَّهُمْ | كَانُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس نہ | جواب دیں گے وہ | ان کو | اور | دیکھیں گے | عذاب کو | کاش | کہ وہ | ہوتے |

اور وہ اُن کو جواب نہ دے سکیں گے اور (جب) عذاب کو دیکھ لیں گے (تو تمنا کریں گے کہ) کاش

يَهْتَدُوْنَ ﴿٦٤﴾ وَ يَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اَجَبْتُمُ

| يَهْتَدُوْنَ | وَ | يَوْمَ | يُنَادِيْهِمْ | فَيَقُوْلُ | مَاذَآ | اَجَبْتُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| راہ پانے والے | اور | جس دن کہ | پکارے گا ان کو | پس کہے گا | کیا | جواب دیا تھا تم نے |

وہ ہدایت یاب ہوتے (۶۴) اور جس روز (اللہ) اُن کو پکارے گا اور کہے گا کہ تم نے پیغمبروں کو

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٦٥﴾ فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ يَوْمَئِذٍ فَهُمْ

| الْمُرْسَلِيْنَ | فَعَمِيَتْ | عَلَيْهِمُ | الْاَنْۢبَآءُ | يَوْمَئِذٍ | فَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| پیغمبروں کو | پس بند ہو جائیں گی | ان پر | باتیں | اس دن | پس وہ |

کیا جواب دیا؟ (۶۵) تو وہ اس روز خبروں سے اندھے ہو جائیں گے، اور آپس میں کچھ بھی پوچھ

لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿٦٦﴾ فَاَمَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰٓى

| لَا | يَتَسَآءَلُوْنَ | فَاَمَّا | مَنْ | تَابَ | وَ | اٰمَنَ | وَ | عَمِلَ | صَالِحًا | فَعَسٰٓى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | پوچھیں گے ایک دوسرے کو | پس | جس نے | توبہ کی | اور | ایمان لایا | اور | عمل کیے | نیک | پس امید ہے |

نہ سکیں گے (۶۶) لیکن جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور عمل نیک کیے تو امید ہے

اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ الْمُفْلِحِيْنَ ﴿۶۷﴾ وَ رَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْ | يَّكُوْنَ | مِنَ | الْمُفْلِحِيْنَ | وَ | رَبُّكَ | يَخْلُقُ | مَا | يَشَآءُ |
| یہ کہ | ہو | سے | فلاح پانے والوں | اور | پروردگار تیرا | پیدا کرتا ہے | جو کچھ کہ | چاہتا ہے |

کہ وہ نجات پانے والوں میں ہو ﴿۶۷﴾ اور تمہارا پروردگار جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے

وَيَخْتَارُ ؕ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى عَمَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يَخْتَارُ | مَا | كَانَ | لَهُمُ | الْخِيَرَةُ | سُبْحٰنَ | اللّٰهِ | وَتَعٰلٰى | عَمَّا |
| اور | پسند کرتا ہے | نہیں | ہے | واسطے ان کے | اختیار | پاکی ہے | اللہ کو | اور بہت بلند ہے | اس چیز سے کہ |

اور (جسے چاہتا ہے) برگزیدہ کر لیتا ہے۔ ان کو (اس کا) اختیار نہیں ہے۔ یہ جو شرک کرتے ہیں اللہ اس

يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۶۹﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُشْرِكُوْنَ | وَ | رَبُّكَ | يَعْلَمُ | مَا | تُكِنُّ | صُدُوْرُهُمْ | وَ | مَا | يُعْلِنُوْنَ |
| شریک لاتے ہیں | اور | رب تیرا | جانتا ہے | جو کچھ | چھپاتے ہیں | سینے ان کے | اور | جو کچھ کہ | ظاہر کرتے ہیں |

سے پاک و بالاتر ہے ﴿۶۸﴾ اور ان کے سینے جو کچھ مخفی کرتے اور جو یہ ظاہر کرتے ہیں تمہارا پروردگار اس کو جانتا ہے ﴿۶۹﴾

وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الْحَمْدُ فِى الْاُوْلٰى وَالْاٰخِرَةِ ز وَلَهُ

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هُوَ | اللّٰهُ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | لَهُ | الْحَمْدُ | فِى | الْاُوْلٰى | وَ | الْاٰخِرَةِ | وَ | لَهُ |
| اور | وہی ہے | اللہ | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہ | واسطے اسکے ہے | سب تعریف | بیچ | دنیا کے | اور | آخرت کے | اور | واسطے اسکے ہے |

اور وہی اللہ ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ دنیا اور آخرت میں اسی کی تعریف ہے اور اسی

الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۷۰﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْحُكْمُ | وَاِلَيْهِ | تُرْجَعُوْنَ | قُلْ | اَرَءَيْتُمْ | اِنْ | جَعَلَ | اللّٰهُ | عَلَيْكُمُ |
| حکم | اور طرف اسی کے | پھیرے جاؤ گے | کہہ | کیا دیکھا تم نے | اگر | کر دے | اللہ | اوپر تمہارے |

کا حکم اور اُسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے ﴿۷۰﴾ کہو بھلا دیکھو تو اگر اللہ تم پر ہمیشہ قیامت کے دن

الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّيْلَ | سَرْمَدًا | اِلٰى | يَوْمِ | الْقِيٰمَةِ | مَنْ | اِلٰهٌ | غَيْرُ | اللّٰهِ | يَاْتِيْكُمْ |
| رات کو | ہمیشہ | تا | روز | قیامت | کون ہے | معبود | سوائے | اللہ کے کہ | لے آئے تمہارے پاس |

تک رات (کی تاریکی) کیے رہے تو اللہ کے سوا کون معبود ہے جو تم کو روشنی

بِضِيَآءٍ ؕ اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ (۷۱) قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِضِيَآءٍ | اَفَلَا | تَسْمَعُوْنَ | قُلْ | اَرَءَيْتُمْ | اِنْ | جَعَلَ | اللّٰهُ | عَلَيْكُمُ |
| روشنی | کیا پس نہیں | سنتے تم | کہہ | کیا دیکھا تم نے | اگر | کر دے | اللہ | اوپر تمہارے |

لا دے؟ تو کیا تم سنتے نہیں؟(۷۱) کہو بھلا دیکھو تو اگر اللہ تم پر ہمیشہ قیامت تک دن

النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّهَارَ | سَرْمَدًا | اِلٰى | يَوْمِ | الْقِيٰمَةِ | مَنْ | اِلٰهٌ | غَيْرُ | اللّٰهِ | يَاْتِيْكُمْ | بِلَيْلٍ |
| دن | ہمیشہ | تک | دن | قیامت | کون ہے | معبود | سوائے | اللہ کے کہ | لے آئے تمہارے پاس | رات کو |

کیے رہے تو اللہ کے سوا کون معبود ہے کہ تم کو رات لا دے

تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ ؕ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ (۷۲) وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَسْكُنُوْنَ | فِيْهِ | اَفَلَا | تُبْصِرُوْنَ | وَ | مِنْ | رَّحْمَتِهٖ | جَعَلَ | لَكُمُ |
| کہ آرام پکڑو | بیچ اس کے | کیا پس نہیں | دیکھتے | اور | سے | مہربانی اپنی | کیا | واسطے تمہارے |

جس میں تم آرام کرو۔ تو کیا تم دیکھتے نہیں(۷۲) اور اس نے اپنی رحمت سے تمہارے لیے

الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّيْلَ | وَ | النَّهَارَ | لِتَسْكُنُوْا | فِيْهِ | وَ | لِتَبْتَغُوْا | مِنْ | فَضْلِهٖ | وَ | لَعَلَّكُمْ |
| رات | اور | دن کو | تا کہ آرام پکڑو | بیچ اس کے | اور | تا کہ چاہو | سے | فضل اس کے | اور | تا کہ تم |

رات کو اور دن کو بنایا تا کہ تم اس میں آرام کرو اور (اس میں) اُس کا فضل تلاش کرو اور تا کہ

تَشْكُرُوْنَ (۷۳) وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَشْكُرُوْنَ | وَ | يَوْمَ | يُنَادِيْهِمْ | فَيَقُوْلُ | اَيْنَ | شُرَكَآءِيَ | الَّذِيْنَ |
| شکر کرو | اور | جس دن | پکارے گا ان کو | پس کہے گا | کہاں ہیں | شریک میرے | جو کہ |

شکر کرو(۷۳) اور جس دن وہ ان کو پکارے گا اور کہے گا کہ میرے وہ شریک جن کا تمہیں دعوٰی تھا

كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ (۷۴) وَنَزَعْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا فَقُلْنَا هَاتُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُنْتُمْ | تَزْعُمُوْنَ | وَ | نَزَعْنَا | مِنْ | كُلِّ | اُمَّةٍ | شَهِيْدًا | فَقُلْنَا | هَاتُوْا |
| تھے تم | دعوٰی کرتے | اور | کھینچ لیں گے ہم | سے | ہر ایک | امت میں | گواہ | پس کہیں گے ہم | لاؤ تم |

کہاں ہیں(۷۴) اور ہم ہر ایک اُمت میں سے گواہ نکال لیں گے پھر کہیں گے

ع ۱۵ ۱۰

بُرۡهَانَكُمۡ فَعَلِمُوۡۤا اَنَّ الۡحَقَّ لِلّٰهِ وَ ضَلَّ عَنۡهُمۡ مَّا كَانُوۡا يَفۡتَرُوۡنَ ﴿۷۵﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بُرۡهَانَكُمۡ | فَعَلِمُوۡۤا | اَنَّ | الۡحَقَّ | لِلّٰهِ | وَ | ضَلَّ | عَنۡهُمۡ | مَّا | كَانُوۡا | يَفۡتَرُوۡنَ |
| دلیل اپنی | پس جان لیں گے | یہ کہ | حق | واسطے اللہ کے ہے | اور | کھویا جائے گا | ان سے | جو کچھ | تھے | باندھ لیتے |

کہ اپنی دلیل پیش کرو تو وہ جان لیں گے کہ سچ بات اللہ کی ہے اور جو کچھ وہ افتراء کیا کرتے تھے اُن سے جاتا رہے گا ﴿۷۵﴾

اِنَّ قَارُوۡنَ كَانَ مِنۡ قَوۡمِ مُوۡسٰى فَبَغٰى عَلَيۡهِمۡ ۖ وَ اٰتَيۡنٰهُ مِنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | قَارُوۡنَ | كَانَ | مِنۡ | قَوۡمِ | مُوۡسٰى | فَبَغٰى | عَلَيۡهِمۡ | وَ | اٰتَيۡنٰهُ | مِنَ |
| بیشک | قارون | تھا | سے | قوم | موسیٰ کی | پس سرکشی کی | اوپر ان کے | اور | دیا تھا ہم نے اسکو | سے |

قارون موسیٰ کی قوم میں سے تھا اور اُن پر تعدی کرتا تھا اور ہم نے اس کو اتنے خزانے دیے تھے

الۡكُنُوۡزِ مَاۤ اِنَّ مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوۡٓاُ بِالۡعُصۡبَةِ اُولِى الۡقُوَّةِ ۗ اِذۡ قَالَ لَهٗ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡكُنُوۡزِ | مَاۤ | اِنَّ | مَفَاتِحَهٗ | لَتَنُوۡٓاُ | بِالۡعُصۡبَةِ | اُولِى | الۡقُوَّةِ | اِذۡ | قَالَ | لَهٗ |
| خزانوں | اس قدر کہ | بیشک | کنجیاں اس کی | بھاری ہوتی تھیں | ایک جماعت | والی | زور پر | جس وقت | کہا | واسطے اسکے |

کہ ان کی کنجیاں ایک طاقتور جماعت کو اٹھانی مشکل ہوتیں جب اُس سے اس کی قوم نے کہا

قَوۡمُهٗ لَا تَفۡرَحۡ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الۡفَرِحِيۡنَ ﴿۷۶﴾ وَابۡتَغِ فِيۡمَاۤ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَوۡمُهٗ | لَا | تَفۡرَحۡ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يُحِبُّ | الۡفَرِحِيۡنَ | وَ | ابۡتَغِ | فِيۡمَاۤ |
| قوم اسکی نے | مت | اترا | بیشک | اللہ | نہیں | دوست رکھتا | اترانے والوں کو | اور | طلب کر | بیچ اسکے کہ |

کہ اترایئے مت کہ اللہ اترانے والوں کو پسند نہیں کرتا ﴿۷۶﴾ اور جو (مال) تم

اٰتٰٮكَ اللّٰهُ الدَّارَ الۡاٰخِرَةَ وَ لَا تَنۡسَ نَصِيۡبَكَ مِنَ الدُّنۡيَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰتٰٮكَ | اللّٰهُ | الدَّارَ | الۡاٰخِرَةَ | وَ | لَا | تَنۡسَ | نَصِيۡبَكَ | مِنَ | الدُّنۡيَا |
| دیا ہے تجھ کو | اللہ نے | گھر | آخرت کا | اور | مت | بھول | حصہ اپنا | سے | دنیا |

کو اللہ نے عطا فرمایا ہے اس سے آخرت (کی بھلائی) طلب کیجیے اور دنیا سے اپنا حصہ نہ بھلایئے

وَ اَحۡسِنۡ كَمَاۤ اَحۡسَنَ اللّٰهُ اِلَيۡكَ وَ لَا تَبۡغِ الۡفَسَادَ فِى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَحۡسِنۡ | كَمَاۤ | اَحۡسَنَ | اللّٰهُ | اِلَيۡكَ | وَ | لَا | تَبۡغِ | الۡفَسَادَ | فِى |
| اور | احسان کر | جیسا کہ | احسان کیا | اللہ نے | تجھ پر | اور | مت | چاہ | فساد | بیچ |

اور جیسی اللہ نے تم سے بھلائی کی ہے (ویسی) تم بھی (لوگوں سے) بھلائی کرو اور ملک میں طالبِ فساد

الْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۷۷﴾ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضِ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يُحِبُّ | الْمُفْسِدِيْنَ | قَالَ | اِنَّمَآ | اُوْتِيْتُهٗ |
| زمین کے | بیشک | اللہ | نہیں | دوست رکھتا | فساد کرنے والوں کو | کہا | سوائے اسکے نہیں کہ | میں دیا گیا ہوں مال |

نہ ہو۔ کیونکہ اللہ فساد کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا ﴿۷۷﴾ بولا کہ یہ (مال) مجھے

عَلٰى عِلْمٍ عِنْدِيْ ؕ اَوَلَمْ يَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهٖ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰى | عِلْمٍ | عِنْدِيْ | اَوَ | لَمْ | يَعْلَمْ | اَنَّ | اللّٰهَ | قَدْ | اَهْلَكَ | مِنْ | قَبْلِهٖ |
| اوپر | علم کے کہ | میرے پاس ہے | کیا | نہ | جانا اس نے | یہ کہ | اللہ نے | تحقیق | ہلاک کیے | سے | پہلے اس |

میری دانش (کے زور) سے ملا ہے۔ کیا اس کو معلوم نہیں کہ اللہ نے اس سے پہلے بہت سی امتیں جو اس سے

مِنَ الْقُرُوْنِ مَنْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً وَّاَكْثَرُ جَمْعًا ؕ وَلَا يُسْئَلُ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ | الْقُرُوْنِ | مَنْ | هُوَ | اَشَدُّ | مِنْهُ | قُوَّةً | وَّ | اَكْثَرُ | جَمْعًا | وَ | لَا | يُسْئَلُ |
| سے | قرنوں | جو کہ | وہ | بہت زور آور تھے | اس سے | قوت میں | اور | بہت | جماعت والے | اور | نہیں | پوچھے جاتے |

قوت میں بڑھ کر اور جمعیت میں بیشتر تھیں ہلاک کر ڈالی ہیں۔ اور گنہگاروں سے

عَنْ ذُنُوْبِهِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۷۸﴾ فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ فِيْ زِيْنَتِهٖ ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْ | ذُنُوْبِهِمُ | الْمُجْرِمُوْنَ | فَخَرَجَ | عَلٰى | قَوْمِهٖ | فِيْ | زِيْنَتِهٖ |
| سے | اپنے گناہوں | گنہگار | پس نکلا | اوپر | قوم اپنی کے | بیچ | آرائش اپنی کے |

ان کے گناہوں کے بارے میں پوچھا نہیں جائے گا ﴿۷۸﴾ تو (ایک روز) قارون (بڑی) آرائش (اور ٹھاٹھ) سے اپنی قوم کے سامنے نکلا۔

قَالَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | الَّذِيْنَ | يُرِيْدُوْنَ | الْحَيٰوةَ | الدُّنْيَا | يٰلَيْتَ | لَنَا | مِثْلَ | مَآ | اُوْتِيَ |
| کہا | ان لوگوں نے جو کہ | چاہتے تھے | زندگانی | دنیا کی | اے کاش کہ | ہو واسطے ہمارے | جیسا | جو کہ | دیا گیا |

جو لوگ دنیا کی زندگی کے طالب تھے کہنے لگے کہ جیسا (مال و متاع) قارون کو ملا ہے کاش (ایسا ہی) ہمیں بھی

قَارُوْنُ ۙ اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿۷۹﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَارُوْنُ | اِنَّهٗ | لَذُوْ | حَظٍّ | عَظِيْمٍ | وَ | قَالَ | الَّذِيْنَ | اُوْتُوا | الْعِلْمَ |
| قارون کو | بیشک وہ | صاحب ہے | نصیب | بڑے کا | اور | کہا | ان لوگوں نے کہ | دیے گئے | علم |

ملے، وہ تو بڑا ہی صاحب نصیب ہے ﴿۷۹﴾ اور جن لوگوں کو علم دیا گیا تھا وہ کہنے لگے

وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۚ وَلَا يُلَقّٰهَآ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَيْلَكُمْ | ثَوَابُ | اللّٰهِ | خَيْرٌ | لِّمَنْ | اٰمَنَ | وَعَمِلَ | صَالِحًا | وَ | لَا | يُلَقّٰهَآ |
| وائے ہے تم کو | ثواب | اللہ کا | بہتر ہے | واسطے اسکے جو کہ | ایمان لائے | اور عمل کرے | نیک | اور | نہیں | سکھائی جاتی یہ بات |

کہ تم پر افسوس۔ مومنوں اور نیکوکاروں کے لیے (جو) ثواب اللہ (کے ہاں تیار ہے وہ) کہیں بہتر ہے۔ اور وہ صرف صبر

اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ ﴿۸۰﴾ فَخَسَفْنَا بِهٖ وَبِدَارِهِ الْاَرْضَ ۫ فَمَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | الصّٰبِرُوْنَ | فَخَسَفْنَا | بِهٖ | وَ | بِدَارِهِ | الْاَرْضَ | فَمَا |
| مگر | صبر کرنے والوں کو | پس دھنسا دیا ہم نے | اس کو | اور | گھر اس کے کو | زمین میں | پس نہ |

کرنے والوں ہی کو ملے گا ﴿۸۰﴾ پس ہم نے قارون کو اور اس کے گھر کو زمین میں دھنسا دیا تو

كَانَ لَهٗ مِنْ فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۗ وَمَا كَانَ مِنَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانَ | لَهٗ | مِنْ | فِئَةٍ | يَّنْصُرُوْنَهٗ | مِنْ | دُوْنِ | اللّٰهِ | وَ | مَا | كَانَ | مِنَ |
| ہوئی | واسطے اسکے | کوئی | جماعت | کہ مدد کرے اس کی | سے | سوائے | اللہ کے | اور | نہیں | ہوا وہ | سے |

اللہ کے سوا کوئی جماعت اس کی مددگار نہ ہو سکی اور نہ وہ

الْمُنْتَصِرِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَاَصْبَحَ الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهٗ بِالْاَمْسِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُنْتَصِرِيْنَ | وَ | اَصْبَحَ | الَّذِيْنَ | تَمَنَّوْا | مَكَانَهٗ | بِالْاَمْسِ |
| بدلہ لینے والوں | اور | صبح اٹھے | وہ لوگ کہ | آرزو کرتے تھے | مرتبے اس کے کی | کل کو |

بدلہ لے سکا ﴿۸۱﴾ اور وہ لوگ جو کل اُس کے رُتبے کی تمنا کرتے تھے صبح کو

يَقُوْلُوْنَ وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَقُوْلُوْنَ | وَيْكَاَنَّ | اللّٰهَ | يَبْسُطُ | الرِّزْقَ | لِمَنْ | يَّشَآءُ | مِنْ | عِبَادِهٖ |
| کہنے لگے | تعجب ہے کہ | اللہ | کھول دیتا ہے | رزق | واسطے جس کے | چاہتا ہے | سے | بندوں اپنے |

کہنے لگے ہائے شامت! اللہ ہی تو اپنے بندوں میں سے جس کے لیے چاہتا ہے رزق فراخ کر دیتا ہے اور (جس کے لیے چاہتا ہے)

وَيَقْدِرُ ۚ لَوْلَآ اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا ؕ وَيْكَاَنَّهٗ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يَقْدِرُ | لَوْ | لَآ | اَنْ | مَّنَّ | اللّٰهُ | عَلَيْنَا | لَخَسَفَ | بِنَا | وَيْكَاَنَّهٗ |
| اور | تنگ کر دیتا ہے | اگر | نہ | یہ کہ | احسان کرتا | اللہ | اوپر ہمارے | البتہ دھنسا دیتا | ہم کو بھی | تعجب ہے کہ |

تنگ کر دیتا ہے۔ اگر اللہ ہم پر احسان نہ کرتا تو ہمیں بھی دھنسا دیتا۔ ہائے خرابی!

ع ۸ / ۱۱

لَا يُفۡلِحُ الۡكٰفِرُوۡنَ ﴿۸۲﴾ ع تِلۡكَ الدَّارُ الۡاٰخِرَةُ نَجۡعَلُهَا لِلَّذِيۡنَ

| لَا | يُفۡلِحُ | الۡكٰفِرُوۡنَ | تِلۡكَ | الدَّارُ | الۡاٰخِرَةُ | نَجۡعَلُهَا | لِلَّذِيۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہرگزنہیں | فلاح پاتے | کافر | یہ | گھر | پچھلا | کرتے ہیں ہم اسکو | واسطے ان لوگوں کے کہ |

کافر نجات نہیں پاسکتے ﴿۸۲﴾ وہ (جو) آخرت کا گھر (ہے) ہم نے اُسے اُن لوگوں کے لیے (تیار) کر رکھا ہے جو

لَا يُرِيۡدُوۡنَ عُلُوًّا فِى الۡاَرۡضِ وَ لَا فَسَادًا ؕ وَ الۡعَاقِبَةُ

| لَا | يُرِيۡدُوۡنَ | عُلُوًّا | فِى | الۡاَرۡضِ | وَ | لَا | فَسَادًا | وَ | الۡعَاقِبَةُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | چاہتے | بلندی | بیچ | زمین کے | اور | نہ | فساد | اور | آخرت |

ملک میں ظلم اور فساد کا ارادہ نہیں رکھتے۔ اور انجام (نیک)

لِلۡمُتَّقِيۡنَ ﴿۸۳﴾ مَنۡ جَآءَ بِالۡحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيۡرٌ مِّنۡهَا ۚ وَ مَنۡ

| لِلۡمُتَّقِيۡنَ | مَنۡ | جَآءَ | بِالۡحَسَنَةِ | فَلَهٗ | خَيۡرٌ | مِّنۡهَا | وَ | مَنۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے پرہیزگاروں کے ہے | جوکوئی | آئے | ساتھ نیکی کے | پس واسطے اس کے | بہتر ہے | اس سے | اور | جوکوئی |

تو پرہیزگاروں ہی کا ہے ﴿۸۳﴾ جوشخص نیکی لے کر آئے گا اس کے لیے اس سے بہتر (صلہ موجود) ہے اور جو

جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجۡزَى الَّذِيۡنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا

| جَآءَ | بِالسَّيِّئَةِ | فَلَا | يُجۡزَى | الَّذِيۡنَ | عَمِلُوا | السَّيِّاٰتِ | اِلَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آئے | ساتھ برائی کے | پس نہیں | جزا دیئے جائیں گے | وہ لوگ کہ | کی ہیں انہوں نے | برائیاں | مگر |

برائی لائے گا تو جن لوگوں نے برے کام کیے ان کو بدلہ بھی اسی طرح کا ملے گا جس طرح کے

مَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿۸۴﴾ اِنَّ الَّذِىۡ فَرَضَ عَلَيۡكَ الۡقُرۡاٰنَ

| مَا | كَانُوۡا | يَعۡمَلُوۡنَ | اِنَّ | الَّذِىۡ | فَرَضَ | عَلَيۡكَ | الۡقُرۡاٰنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جوکچھ کہ | تھے | کرتے | بیشک | وہ جس نے کہ | مقرر کیا ہے | اوپر تیرے | قرآن |

وہ کام کرتے تھے ﴿۸۴﴾ (اے پیغمبر) جس (اللہ) نے تم پر قرآن (کے احکام) کو فرض کیا ہے

لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ ؕ قُلۡ رَّبِّىۡۤ اَعۡلَمُ مَنۡ جَآءَ بِالۡهُدٰى

| لَرَآدُّكَ | اِلٰى | مَعَادٍ | قُلۡ | رَّبِّىۡۤ | اَعۡلَمُ | مَنۡ | جَآءَ | بِالۡهُدٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| البتہ پھیر لے جانیوالا ہے تجھ کو | طرف | جگہ پھر جانے کی | کہہ | میرا رب | خوب جانتا ہے | اس کو کہ | آیا | ساتھ ہدایت کے |

وہ تمہیں بازگشت کی جگہ لوٹا دے گا۔ کہدو کہ میرا پروردگار اس شخص کو بھی خوب جانتا ہے جو ہدایت لے کر آیا

وَمَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۸۵﴾ وَمَا كُنْتَ تَرْجُوْٓا اَنْ يُّلْقٰٓى

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَنْ | هُوَ | فِيْ | ضَلٰلٍ | مُّبِيْنٍ | وَ | مَا | كُنْتَ | تَرْجُوْٓا | اَنْ | يُّلْقٰٓى |
| اور | جو کہ | وہ ہے | بیچ | گمراہی کے | ظاہر | اور | نہ | تھا تو | امیدوار | اسکا کہ | اتاری جائے |

اور (اس کو بھی) جو صریح گمراہی میں ہے ﴿۸۵﴾ اور تمہیں امید نہ تھی کہ تم پر یہ کتاب نازل

اِلَيْكَ الْكِتٰبُ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِيْرًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَيْكَ | الْكِتٰبُ | اِلَّا | رَحْمَةً | مِّنْ | رَّبِّكَ | فَلَا | تَكُوْنَنَّ | ظَهِيْرًا |
| طرف تیری | کتاب | مگر | رحمت | طرف سے | پروردگار تیرے کی | پس مت | ہو | پشتی بان |

کی جائے گی مگر تمہارے پروردگار کی مہربانی سے (نازل ہوئی) تو تم ہرگز کافروں کے

لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ بَعْدَ اِذْ اُنْزِلَتْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِّلْكٰفِرِيْنَ | وَ | لَا | يَصُدُّنَّكَ | عَنْ | اٰيٰتِ | اللّٰهِ | بَعْدَ | اِذْ | اُنْزِلَتْ |
| واسطے کافروں کے | اور | نہ | باز رکھیں تجھ کو | سے | نشانیوں | اللہ کی | پیچھے | اس کے کہ | اتاری گئیں |

مددگار نہ ہونا ﴿۸۶﴾ اور وہ تمہیں اللہ کی آیتوں (کی تبلیغ) سے بعد اس کے کہ وہ تم پر نازل

اِلَيْكَ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۸۷﴾ ج

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَيْكَ | وَادْعُ | اِلٰى | رَبِّكَ | وَ | لَا | تَكُوْنَنَّ | مِنَ | الْمُشْرِكِيْنَ |
| طرف تیری | اور پکار | طرف | پروردگار اپنے کی | اور | مت | ہو | سے | شریک لانے والوں |

ہوچکی ہیں روک نہ دیں اور اپنے پروردگار کو پکارتے رہو اور مشرکوں میں ہرگز نہ ہوجیو ﴿۸۷﴾

وقف لازم

وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۘ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۟ قف كُلُّ شَيْءٍ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | تَدْعُ | مَعَ | اللّٰهِ | اِلٰهًا | اٰخَرَ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | كُلُّ | شَيْءٍ |
| اور | مت | پکار | ساتھ | اللہ کے | معبود کوئی | اور | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہ | ہر | چیز |

اور اللہ کے ساتھ کسی اور کو معبود (سمجھ کر) نہ پکارنا۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اس کی ذات (پاک) کے

ع ۹ ۱۲ الثلثة

هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ؕ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۸﴾ ع

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هَالِكٌ | اِلَّا | وَجْهَهٗ | لَهُ | الْحُكْمُ | وَ | اِلَيْهِ | تُرْجَعُوْنَ |
| ہلاک ہونیوالی ہے | مگر | ذات اسکی کے | واسطے اسکے ہے | حکم | اور | طرف اسی کے | پھیرے جاؤ گے |

سوا ہر چیز فنا ہونے والی ہے۔ اسی کا حکم ہے اور اسی کی طرف تم لوٹ کر جاؤ گے ﴿۸۸﴾

## ایاتها ۶۹ — ۲۹ سُوْرَۃُ الْعَنْکَبُوْتِ مَکِّیَّۃٌ ۸۵ — رکوعاتها ۷

### بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓمّٓ ۚ ﴿۱﴾ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ یُّتْرَکُوْٓا اَنْ یَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَھُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الٓمّٓ | اَحَسِبَ | النَّاسُ | اَنْ | یُّتْرَکُوْٓا | اَنْ یَّقُوْلُوْٓا | اٰمَنَّا | وَھُمْ |
| الٓمّٓ | کیا گمان کیا ہے | لوگوں نے | یہ کہ | چھوٹ جائیں گے | صرف اتنا کہہ کر کہ | ایمان لائے ہم | اور وہ |

الٓمّٓ ﴿۱﴾ کیا لوگ یہ خیال کیے ہوئے ہیں کہ (صرف) یہ کہنے سے کہ ہم ایمان لے آئے چھوڑ دیے جائیں گے اور ان

لَا یُفْتَنُوْنَ ﴿۲﴾ وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِھِمْ فَلَیَعْلَمَنَّ اللّٰہُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | یُفْتَنُوْنَ | وَ | لَقَدْ | فَتَنَّا | الَّذِیْنَ | مِنْ | قَبْلِھِمْ | فَلَیَعْلَمَنَّ | اللّٰہُ |
| نہ | آزمائے جائیں | اور | البتہ تحقیق | آزمایا تھا ہم نے | ان لوگوں کو کہ | سے تھے | پہلے ان | پس البتہ ظاہر کردیگا | اللہ |

کی آزمائش نہیں کی جائے گی ﴿۲﴾ اور جو لوگ ان سے پہلے ہو چکے ہیں ہم نے اُن کو بھی آزمایا تھا (اور اُن کو بھی آزمائیں گے) سو اللہ اُن کو

الَّذِیْنَ صَدَقُوْا وَلَیَعْلَمَنَّ الْکٰذِبِیْنَ ﴿۳﴾ اَمْ حَسِبَ الَّذِیْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِیْنَ | صَدَقُوْا | وَ | لَیَعْلَمَنَّ | الْکٰذِبِیْنَ | اَمْ | حَسِبَ | الَّذِیْنَ |
| ان لوگوں کو کہ | سچ بولے ہیں | اور | البتہ ظاہر کردے گا | جھوٹوں کو | کیا | گمان کرتے ہیں | وہ لوگ کہ |

ضرور معلوم کرے گا جو (اپنے ایمان میں) سچے ہیں اور اُن کو بھی جو جھوٹے ہیں ﴿۳﴾ کیا وہ لوگ جو برے کام

یَعْمَلُوْنَ السَّیِّاٰتِ اَنْ یَّسْبِقُوْنَا ؕ سَآءَ مَا یَحْکُمُوْنَ ﴿۴﴾ مَنْ کَانَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یَعْمَلُوْنَ | السَّیِّاٰتِ | اَنْ | یَّسْبِقُوْنَا | سَآءَ | مَا | یَحْکُمُوْنَ | مَنْ | کَانَ |
| کرتے ہیں | برائیاں | یہ کہ | چڑھ جائیں ہم سے | برا ہے | وہ جو | حکم کرتے ہیں | جو کوئی | ہے |

کرتے ہیں یہ سمجھے ہوئے ہیں کہ یہ ہمارے قابو سے نکل جائیں گے۔ جو خیال یہ کرتے ہیں برا ہے ﴿۴﴾ جو شخص اللہ کی

یَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰہِ فَاِنَّ اَجَلَ اللّٰہِ لَاٰتٍ ؕ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۵﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیچ | پتھر کے | یا | بیچ | آسمانوں کے | یا | بیچ | زمین کے | لے آتا ہے | اس کو | اللہ | بیشک | اللہ |

ہواور ہو بھی کسی پتھر کے اندر یا آسمانوں میں (مخفی ہو) یا زمین میں اللہ اس کو قیامت کے دن لا موجود کرے گا۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ

لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ﴿١٦﴾ يٰبُنَيَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ

| لَطِيْفٌ | خَبِيْرٌ | يٰبُنَيَّ | اَقِمِ | الصَّلٰوةَ | وَاْمُرْ | بِالْمَعْرُوْفِ | وَانْهَ | عَنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| باریک دیکھنے والا | خبردار ہے | اے میرے بیٹے | قائم کر | نماز کو | حکم کر | بھلائی کا | اور منع کر | سے |

باریک بین (اور) خبردار ہے (۱۶) بیٹا نماز کی پابندی رکھنا اور (لوگوں) کو اچھے کاموں کے کرنے کا امر اور بری باتوں

الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰي مَآ اَصَابَكَ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿١٧﴾

| الْمُنْكَرِ | وَاصْبِرْ | عَلٰي | مَآ | اَصَابَكَ | اِنَّ | ذٰلِكَ | مِنْ | عَزْمِ | الْاُمُوْرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| برائی | اور صبر کر | اوپر | اس چیز کے کہ | پہنچے تجھ کو | بیشک | یہ | سے | بڑے | کاموں میں ہے |

سے منع کرتے رہنا اور جو مصیبت تجھ پر واقع ہو اس پر صبر کرنا۔ بیشک یہ بڑی ہمت کے کام ہیں (۱۷)

وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ

| وَ | لَا | تُصَعِّرْ | خَدَّكَ | لِلنَّاسِ | وَ | لَا | تَمْشِ | فِي | الْاَرْضِ | مَرَحًا | اِنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | مت | پھلا | گال اپنے کو | واسطے لوگوں کے | اور | مت | چل | بیچ | زمین کے | اکڑ کر | بیشک | اللہ |

اور (از راہ غرور) لوگوں سے گال نہ پھلانا اور زمین میں اکڑ کر نہ چلنا۔ کہ اللہ

لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ﴿١٨﴾ وَاقْصِدْ فِيْ مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِنْ

| لَا | يُحِبُّ | كُلَّ | مُخْتَالٍ | فَخُوْرٍ | وَاقْصِدْ | فِيْ | مَشْيِكَ | وَاغْضُضْ | مِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | دوست رکھتا | ہر | اتراتے | خود پسند کو | اور اعتدال رکھ | بیچ | چال اپنی کے | اور نیچی رکھ | سے |

کسی اترانے والے خود پسند کو پسند نہیں کرتا (۱۸) اور اپنی چال میں اعتدال کیے رہنا اور (بولتے وقت) آواز نیچی رکھنا

صَوْتِكَ ۭ اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيْرِ ﴿١٩﴾ اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ ع ۲ ۸ ۱۱

| صَوْتِكَ | اِنَّ | اَنْكَرَ | الْاَصْوَاتِ | لَصَوْتُ | الْحَمِيْرِ | اَلَمْ | تَرَوْا | اَنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آواز اپنی | بیشک | بری سے بری | آواز | البتہ آواز | گدھوں کی ہے | کیا نہیں | دیکھا تم نے | بیشک |

کیوں کہ (اونچی آواز گدھوں کی سی ہے اور کچھ شک نہیں کہ) سب سے بری آواز گدھوں کی ہے (۱۹) کیا تم نے نہیں دیکھا

اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | سَخَّرَ لَكُمْ | مَّا | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَ | مَا | فِي | الْاَرْضِ | وَاَسْبَغَ | عَلَيْكُمْ |
| اللہ نے | کام میں لگائے تمہارے | جو کچھ کہ ہے | بیچ | آسمانوں کے | اور | جو کچھ | بیچ | زمین کے ہے | اور پوری کردیں | تم پر |

کہ جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب کو اللہ نے تمہارے قابو میں کر دیا ہے اور تم پر اپنی ظاہری

نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً ؕ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نِعَمَهٗ | ظَاهِرَةً | وَّ | بَاطِنَةً | وَ | مِنَ | النَّاسِ | مَنْ | يُّجَادِلُ | فِي | اللّٰهِ | بِغَيْرِ | عِلْمٍ |
| نعمتیں اپنی | ظاہری | اور | چھپی | اور | میں سے | کچھ لوگوں | ہیں جو کہ | جھگڑتے ہیں | بیچ | اللہ کے | بغیر | علم کے |

اور باطنی نعمتیں پوری کردی ہیں۔ اور بعض لوگ ایسے ہیں کہ اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہیں۔ نہ علم رکھتے ہیں

وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ﴿۲۰﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | لَا | هُدًى | وَّ | لَا | كِتٰبٍ | مُّنِيْرٍ | وَاِذَا | قِيْلَ | لَهُمُ | اتَّبِعُوْا | مَآ | اَنْزَلَ | اللّٰهُ | قَالُوْا |
| اور | نہ | ہدایت | اور | نہ | کتاب | روشن | اور جب | کہا جاتا ہے | ان سے | پیروی کرو | جو کچھ | نازل کیا | اللہ نے | کہتے ہیں |

اور نہ ہدایت اور نہ کتاب روشن (۲۰) اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ جو (کتاب) اللہ نے نازل فرمائی ہے اس کی پیروی کرو تو کہتے ہیں

بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطٰنُ يَدْعُوْهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَلْ | نَتَّبِعُ | مَا | وَجَدْنَا | عَلَيْهِ | اٰبَآءَنَا | اَوَلَوْ | كَانَ | الشَّيْطٰنُ | يَدْعُوْهُمْ |
| نہیں بلکہ | پیروی کرینگے ہم | اس چیز کی جو کہ | پایا ہم نے | اوپر اس کے | باپوں اپنوں کو | اگرچہ | ہو | شیطان | بلاتا ان کو |

کہ ہم تو اسی کی پیروی کریں گے جس پر اپنے باپ دادا کو پایا۔ بھلا اگرچہ شیطان ان کو دوزخ

اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿۲۱﴾ وَمَنْ يُّسْلِمْ وَجْهَهٗۤ اِلَى اللّٰهِ وَهُوَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰى | عَذَابِ | السَّعِيْرِ | وَ | مَنْ | يُّسْلِمْ | وَجْهَهٗۤ | اِلَى | اللّٰهِ | وَهُوَ |
| طرف | عذاب | دوزخ کی | اور | جو کوئی | تابع کرے | منہ اپنا | طرف | اللہ کے | اور وہ |

کے عذاب کی طرف بلاتا ہو (تب بھی) (۲۱) اور جو شخص اپنے تئیں اللہ کا فرمانبردار کر دے اور نیکوکار بھی

مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ؕ وَاِلَى اللّٰهِ عَاقِبَةُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُحْسِنٌ | فَقَدِ | اسْتَمْسَكَ | بِالْعُرْوَةِ | الْوُثْقٰى | وَ | اِلَى | اللّٰهِ | عَاقِبَةُ |
| نیکوکار ہو | پس تحقیق | پکڑ لیا اس نے | کڑا | مضبوط | اور | طرف | اللہ کی | ہے آخر |

ہو تو اس نے مضبوط دست آویز ہاتھ میں لے لی۔ اور (سب) کاموں کا انجام اللہ ہی

الْاُمُوْرِ ﴿۲۲﴾ وَ مَنْ كَفَرَ فَلَا يَحْزُنْكَ كُفْرُهٗ ؕ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاُمُوْرِ | وَ | مَنْ | كَفَرَ | فَلَا | يَحْزُنْكَ | كُفْرُهٗ | اِلَيْنَا | مَرْجِعُهُمْ |
| ہر کام کا | اور | جو کوئی | منکر ہوا | پس مت | غم کھاتو | اس کے انکار سے | طرف ہماری | پھر آنا ہے ان کا |

کی طرف ہے ﴿۲۲﴾ اور جو کفر کرے تو اس کا کفر تمہیں غمناک نہ کردے۔ اُن کو ہماری طرف لوٹ کر آنا ہے

فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۲۳﴾ نُمَتِّعُهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَنُنَبِّئُهُمْ | بِمَا | عَمِلُوْا | اِنَّ | اللّٰهَ | عَلِيْمٌۢ | بِذَاتِ | الصُّدُوْرِ | نُمَتِّعُهُمْ |
| پس ہم جتلا دینگے انکو | جو کچھ | کیا ہے انہوں نے | بیشک | اللہ | جاننے والا ہے | جو بات ہے | دلوں میں | فائدہ پہنچائینگے ہم انکو |

پھر جو کام وہ کیا کرتے تھے ہم ان کو جتادیں گے۔ بیشک اللہ دلوں کی باتوں سے واقف ہے ﴿۲۳﴾ ہم ان کو تھوڑا

قَلِيْلًا ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ اِلٰى عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿۲۴﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَلِيْلًا | ثُمَّ | نَضْطَرُّهُمْ | اِلٰى | عَذَابٍ | غَلِيْظٍ | وَ | لَئِنْ | سَاَلْتَهُمْ | مَّنْ |
| تھوڑا سا | پھر | ہم مجبور کر کے لے جائینگے انکو | طرف | عذاب | گاڑھے کے | اور | اگر | پوچھے تو ان کو | کس نے |

سا فائدہ پہنچائیں گے پھر عذاب شدید کی طرف مجبور کرکے لے جائیں گے ﴿۲۴﴾ اور اگر تم ان سے پوچھو

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضَ | لَيَقُوْلُنَّ | اللّٰهُ | قُلِ | الْحَمْدُ | لِلّٰهِ | بَلْ |
| بنائے | آسمان | اور | زمین | البتہ کہیں گے | اللہ نے | کہہ | سب تعریف | واسطے اللہ کے ہے | بلکہ |

کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا تو بول اُٹھیں گے کہ اللہ نے۔ کہہ دو کہ اللہ کا شکر ہے لیکن ان

اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۵﴾ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَكْثَرُهُمْ | لَا | يَعْلَمُوْنَ | لِلّٰهِ | مَا | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | اِنَّ | اللّٰهَ |
| اکثر ان کے | نہیں | جانتے | واسطے اللہ کے ہے | جو کچھ | بیچ | آسمانوں کے | اور | زمین کے ہے | بیشک | اللہ |

میں اکثر سمجھ نہیں رکھتے ﴿۲۵﴾ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے (سب) اللہ ہی کا ہے۔ بیشک اللہ

هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۲۶﴾ وَلَوْ اَنَّ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هُوَ | الْغَنِيُّ | الْحَمِيْدُ | وَ | لَوْ | اَنَّ | مَا | فِي | الْاَرْضِ | مِنْ | شَجَرَةٍ | اَقْلَامٌ |
| وہی ہے | بے پروا | تعریف کیا گیا | اور | اگر | ہو یہ کہ | جو کچھ | بیچ | زمین کے ہے | سے | درختوں | قلم ہوں |

بے پروا (اور) سزاوار حمد (وثنا) ہے ﴿۲۶﴾ اور اگر یوں ہو کہ زمین میں جتنے درخت ہیں (سب کے سب) قلم ہوں اور سمندر

وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْبَحْرُ | يَمُدُّهٗ | مِنْۢ بَعْدِهٖ | سَبْعَةُ | اَبْحُرٍ | مَّا | نَفِدَتْ | كَلِمٰتُ | اللّٰهِ |
| اور | دریا ہو | سیاہی اس کی | اس کے پیچھے | سات | دریا ہوں | نہ | تمام ہوں گی | باتیں | اللہ کی |

(کا تمام پانی) سیاہی ہو (اور) اس کے بعد سات سمندر اور (سیاہی ہو جائیں) تو اللہ کی باتیں (یعنی اس کی صفتیں) ختم نہ ہوں۔

اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٢٧﴾ مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | اللّٰهَ | عَزِيْزٌ | حَكِيْمٌ | مَا | خَلْقُكُمْ | وَ | لَا | بَعْثُكُمْ | اِلَّا | كَنَفْسٍ |
| بیشک | اللہ | غالب ہے | حکمت والا | نہیں | بنانا تمہارا | اور | نہ | جلا اٹھانا تمہارا | مگر | مانند جان |

بیشک اللہ غالب، حکمت والا ہے (۲۷) (اللہ کو) تمہارا پیدا کرنا اور جلا اٹھانا ایک شخص (کے پیدا

وَّاحِدَةٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿٢٨﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّاحِدَةٍ | اِنَّ | اللّٰهَ | سَمِيْعٌۢ | بَصِيْرٌ | اَلَمْ | تَرَ | اَنَّ | اللّٰهَ | يُوْلِجُ | الَّيْلَ | فِي |
| ایک کی | بیشک | اللہ | سننے والا | دیکھنے والا ہے | کیا نہیں | دیکھا تو نے | یہ کہ | اللہ | داخل کرتا ہے | رات کو | بیچ |

کرنے اور جلا اٹھانے) کی طرح ہے۔ بیشک اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے (۲۸) کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ ہی رات کو

النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۫ كُلٌّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّهَارِ | وَ | يُوْلِجُ | النَّهَارَ | فِي | الَّيْلِ | وَسَخَّرَ | الشَّمْسَ | وَ | الْقَمَرَ | كُلٌّ |
| دن کے | اور | داخل کرتا ہے | دن کو | بیچ | رات کے | اور حکم اپنے میں لگا رکھا ہے | سورج کو | اور | چاند کو | ہر ایک |

دن میں داخل کرتا ہے اور (وہی) دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور اسی نے سورج اور چاند کو (تمہارے) زیر فرمان کر رکھا ہے ہر ایک

يَّجْرِيْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّاَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿٢٩﴾ ذٰلِكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّجْرِيْٓ | اِلٰٓى | اَجَلٍ | مُّسَمًّى | وَّاَنَّ | اللّٰهَ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | خَبِيْرٌ | ذٰلِكَ |
| چلتا ہے | تک | وقت | مقرر | اور یہ کہ | اللہ | ساتھ اس چیز کے کہ | تم کرتے ہو | خبردار ہے | یہ |

ایک وقتِ مقرر تک چل رہا ہے اور یہ کہ اللہ تمہارے سب اعمال سے خبردار ہے (۲۹) یہ اس

بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الْبَاطِلُ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاَنَّ | اللّٰهَ | هُوَ | الْحَقُّ | وَاَنَّ | مَا | يَدْعُوْنَ | مِنْ | دُوْنِهٖ | الْبَاطِلُ | وَ | اَنَّ | اللّٰهَ |
| بسبب اسکے ہے کہ | اللہ | وہ ہے | حق ثابت | اور یہ کہ | جو کچھ | پکارتے ہیں | سے | سوائے اسکے | لغو ہے | اور | یہ کہ | اللہ |

لیے کہ اللہ کی ذات برحق ہے اور جن کو یہ لوگ اللہ کے سوا پکارتے ہیں وہ لغو ہیں اور یہ کہ اللہ

هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۳۰﴾ ع اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ ع ۱۱/۱۲

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هُوَ | الْعَلِيُّ | الْكَبِيْرُ | اَلَمْ | تَرَ | اَنَّ | الْفُلْكَ | تَجْرِيْ | فِي | الْبَحْرِ | بِنِعْمَتِ |
| وہ ہے | بلند مرتبت | بزرگ | کیا نہیں | دیکھا تو نے | یہ کہ | کشتیاں | چلتی ہیں | بیچ | دریا کے | ساتھ نعمتوں |

ہی عالی رتبہ (اور) گرامی قدر ہے ﴿۳۰﴾ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ ہی کی مہربانی سے کشتیاں دریا میں چلتی ہیں

اللّٰهِ لِيُرِيَكُمْ مِّنْ اٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۳۱﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | لِيُرِيَكُمْ | مِّنْ | اٰيٰتِهٖ | اِنَّ | فِيْ | ذٰلِكَ | لَاٰيٰتٍ | لِّكُلِّ | صَبَّارٍ | شَكُوْرٍ |
| اللہ کے | تا کہ دکھلائے تمکو | سے | نشانیاں اپنی | بیشک | بیچ | اس کے | البتہ نشانیاں ہیں | واسطے ہر | صبر کرنیوالے | شکر کرنیوالے کے |

تاکہ وہ تم کو اپنی کچھ نشانیاں دکھائے۔ بیشک اس میں ہر صبر کرنے والے (اور) شکر کرنے والے کے لیے نشانیاں ہیں ﴿۳۱﴾

وَاِذَا غَشِيَهُمْ مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِذَا | غَشِيَهُمْ | مَّوْجٌ | كَالظُّلَلِ | دَعَوُا | اللّٰهَ | مُخْلِصِيْنَ | لَهُ | الدِّيْنَ | فَلَمَّا |
| اور | جب | ڈھانکتی ہے ان کو | موج | مانند سائبان کے | پکارتے ہیں | اللہ کو | خالص کرکر | واسطے اسکے | عبادت کو | پس جب |

اور جب ان پر (دریا کی) لہریں سائبان کی طرح چھا جاتی ہیں تو اللہ کو پکارنے (اور) خالص اس کی عبادت کرنے لگتے ہیں۔ پھر

نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ؕ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا كُلُّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَجّٰىهُمْ | اِلَى | الْبَرِّ | فَمِنْهُمْ | مُّقْتَصِدٌ | وَ | مَا | يَجْحَدُ | بِاٰيٰتِنَآ | اِلَّا | كُلُّ |
| نجات دیتے ہیں ہم انکو | طرف | جنگل کی | پس بعض ان میں سے | بیچ کی راہ پر رہتے ہیں | اور | نہیں | انکار کرتا | ساتھ نشانیوں ہماری کے | مگر | ہر ایک |

جب وہ ان کو نجات دے کر خشکی پر پہنچا دیتا ہے تو بعض ہی انصاف پر قائم رہتے ہیں۔ اور ہماری نشانیوں سے وہی انکار کرتے ہیں جو

خَتَّارٍ كَفُوْرٍ ﴿۳۲﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْمًا لَّا يَجْزِيْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَتَّارٍ | كَفُوْرٍ | يٰۤاَيُّهَا | النَّاسُ | اتَّقُوْا | رَبَّكُمْ | وَاخْشَوْا | يَوْمًا | لَّا | يَجْزِيْ |
| عہد توڑنیوالا | کفر کرنیوالا | اے | لوگو | ڈرو | رب اپنے سے | اور ڈرو | اس دن سے کہ | نہیں | کفایت کریگا |

عہد شکن (اور) ناشکرے ہیں ﴿۳۲﴾ لوگو اپنے پروردگار سے ڈرو اور اس دن کا خوف کرو کہ نہ تو باپ اپنے بیٹے

وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ ۫ وَلَا مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ وَعْدَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالِدٌ | عَنْ | وَّلَدِهٖ | وَ | لَا | مَوْلُوْدٌ | هُوَ | جَازٍ | عَنْ | وَّالِدِهٖ | شَيْـًٔا | اِنَّ | وَعْدَ |
| باپ | سے | بیٹے اپنے | اور | نہ | کوئی بیٹا | وہ | کفایت کرنیوالا ہے | سے | اپنے باپ | کچھ | بیشک | وعدہ |

کے کچھ کام آئے اور نہ بیٹا باپ کے کچھ کام آسکے۔ بیشک اللہ کا

اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وقفة وَ لَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ

| اللّٰهِ | حَقٌّ | فَلَا | تَغُرَّنَّكُمُ | الْحَيٰوةُ | الدُّنْيَا | وَ | لَا | يَغُرَّنَّكُمْ | بِاللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کا | سچا ہے | پس نہ | فریب دے تجھ کو | زندگانی | دنیا کی | اور | نہ | فریب دے تم کو | ساتھ اللہ کے |

وعدہ سچا ہے پس دنیا کی زندگی تم کو دھوکے میں نہ ڈال دے اور نہ فریب دینے والا (شیطان) تمہیں اللہ کے

الْغَرُوْرُ ﴿۳۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ج وَ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ ج

| الْغَرُوْرُ | اِنَّ | اللّٰهَ | عِنْدَهٗ | عِلْمُ | السَّاعَةِ | وَ | يُنَزِّلُ | الْغَيْثَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فریب دینے والا | بیشک | اللہ | نزدیک اس کے ہے | علم | قیامت کا | اور | اتارتا ہے | مینہ |

بارے میں کسی طرح کا فریب دے﴿۳۳﴾ اللہ ہی کو قیامت کا علم ہے اور وہی مینہ برساتا ہے

وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ ط وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ط

| وَ | يَعْلَمُ | مَا | فِي | الْاَرْحَامِ | وَ | مَا | تَدْرِيْ | نَفْسٌ | مَّاذَا | تَكْسِبُ | غَدًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جانتا ہے | جو کچھ | بیچ | پیٹوں ماں کے ہے | اور | نہیں | جانتا | کوئی جی | کیا | کمائے گا | کل کو |

اور وہی (حاملہ کے) پیٹ کی چیزوں کو جانتا ہے (کہ نر ہے یا مادہ)۔ اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ وہ کل کیا کام کرے گا

وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ط اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ﴿۳۴﴾ ع ۴ ۱۳

| وَ | مَا | تَدْرِيْ | نَفْسٌ | بِاَيِّ | اَرْضٍ | تَمُوْتُ | اِنَّ | اللّٰهَ | عَلِيْمٌ | خَبِيْرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہیں | جانتا | کوئی جی | کس | زمین میں | مرے گا | بیشک | اللہ | جاننے والا | خبردار ہے |

اور کوئی متنفس نہیں جانتا کہ کس سرزمین میں اُسے موت آئے گی۔ بے شک اللہ ہی جاننے والا (اور) خبردار ہے﴿۳۴﴾

## ایاتها ۳۰ — ۳۲ سُوْرَةُ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ ۷۵ — رکوعاتها ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓمّٓ ﴿۱﴾ ج تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲﴾ ط اَمْ يَقُوْلُوْنَ

| الٓمّٓ | تَنْزِيْلُ | الْكِتٰبِ | لَا | رَيْبَ | فِيْهِ | مِنْ | رَّبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | اَمْ | يَقُوْلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الٓمّٓ | اتارنا | اس کتاب کا | نہیں | شک | بیچ اس کے | طرف سے | رب | جہانوں کی | کیا | کہتے ہیں کہ |

الٓمّٓ ﴿۱﴾ اس میں کچھ شک نہیں کہ اس کتاب کا نازل کیا جانا تمام جہان کے پروردگار کی طرف سے ہے﴿۲﴾ کیا یہ لوگ یہ کہتے ہیں کہ

افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| افْتَرٰىهُ | بَلْ | هُوَ | الْحَقُّ | مِنْ | رَّبِّكَ | لِتُنْذِرَ | قَوْمًا | مَّآ | اَتٰىهُمْ | مِّنْ | نَّذِيْرٍ |
| باندھ لیا ہے اسکو | بلکہ | وہ | حق ہے | طرف سے | پروردگار تیرے کی | تاکہ ڈرائے تو | اس قوم کو کہ | نہیں | آیا انکے پاس | کوئی | ڈرانیوالا |

پیغمبر نے اس کو از خود بنالیا ہے (نہیں) بلکہ وہ تمہارے پروردگار کی طرف سے برحق ہے تاکہ تم ان لوگوں کو ہدایت کرو جن کے پاس

مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۳﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ | قَبْلِكَ | لَعَلَّهُمْ | يَهْتَدُوْنَ | اَللّٰهُ | الَّذِيْ | خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ |
| سے | پہلے تجھ | تاکہ وہ | راہ پائیں | اللہ | وہ ہے جس نے | پیدا کیا | آسمانوں کو |

تم سے پہلے کوئی ہدایت کرنے والا نہیں آیا تاکہ یہ رستے پر چلیں ﴿۳﴾ اللہ ہی تو ہے جس نے آسمانوں

وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۭ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاَرْضَ | وَ | مَا | بَيْنَهُمَا | فِيْ | سِتَّةِ | اَيَّامٍ | ثُمَّ | اسْتَوٰى | عَلَى | الْعَرْشِ |
| اور | زمین کو | اور | جو کچھ | درمیان ان دونوں کے ہے | بیچ | چھ | دن کے | پھر | قرار پکڑا | اوپر | عرش کے |

اور زمین کو اور جو چیزیں ان میں ہیں سب کو چھ دن میں پیدا کیا۔ پھر عرش پر قائم ہوا۔

مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ ۭ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴﴾ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | لَكُمْ | مِّنْ | دُوْنِهٖ | مِنْ | وَّلِيٍّ | وَّ | لَا | شَفِيْعٍ | اَفَلَا | تَتَذَكَّرُوْنَ | يُدَبِّرُ | الْاَمْرَ |
| نہیں | واسطے تمہارے | سے | سوائے اسکے | کوئی | دوست | اور | نہ | شفاعت کرنیوالا | کیا پس نہیں | تم نصیحت پکڑتے | تدبیر کرتا ہے | کام کی |

اس کے سوا تمہارا نہ کوئی دوست ہے اور نہ سفارش کرنے والا۔ کیا تم نصیحت نہیں پکڑتے؟ ﴿۴﴾ وہی آسمان سے

مِنَ السَّمَاۗءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗٓ اَلْفَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ | السَّمَاۗءِ | اِلَى | الْاَرْضِ | ثُمَّ | يَعْرُجُ | اِلَيْهِ | فِيْ | يَوْمٍ | كَانَ | مِقْدَارُهٗٓ | اَلْفَ |
| سے | آسمان | طرف | زمین کی | پھر | چڑھ جاتا ہے | طرف اسکی | بیچ | ایک دن کے کہ | تھی | مقدار اس کی | ہزار |

زمین تک (کے) ہر کام کا انتظام کرتا ہے۔ پھر وہ ایک روز جس کی مقدار تمہارے شمار کے مطابق ہزار برس ہوگی اُس کی

سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿۵﴾ ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَنَةٍ | مِّمَّا | تَعُدُّوْنَ | ذٰلِكَ | عٰلِمُ | الْغَيْبِ | وَ | الشَّهَادَةِ | الْعَزِيْزُ |
| برس | ان برسوں سے کہ | گنتے ہو تم | یہ ہے | جاننے والا | غیب کا | اور | ظاہر کا | غالب |

طرف صعود (اور رجوع) کرے گا ﴿۵﴾ یہی تو پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا (اور) غالب (اور) رحم والا

الرَّحِيْمُ ۙ﴿۶﴾ الَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرَّحِيْمُ | الَّذِيْٓ | اَحْسَنَ | كُلَّ | شَيْءٍ | خَلَقَهٗ | وَ | بَدَاَ | خَلْقَ | الْاِنْسَانِ |
| مہربان | وہ ذات جس نے | اچھی طرح بنایا | ہر | چیز کو | پیدا کیا اس کو | اور | شروع کیا | پیدا کرنا | انسان کو |

(اللہ) ہے ﴿۶﴾ جس نے ہر چیز کو بہت اچھی طرح بنایا (یعنی) اس کو پیدا کیا اور انسان کی پیدائش کو مٹی

مِنْ طِيْنٍ ﴿۷﴾ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ﴿۸﴾ ثُمَّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | طِيْنٍ | ثُمَّ | جَعَلَ | نَسْلَهٗ | مِنْ | سُلٰلَةٍ | مِّنْ | مَّآءٍ | مَّهِيْنٍ | ثُمَّ |
| سے | مٹی | پھر | کی | اولاد اس کی | سے | خلاصے | سے | پانی | حقیر | پھر |

سے شروع کیا ﴿۷﴾ پھر اس کی نسل خلاصے سے (یعنی) حقیر پانی سے پیدا کی ﴿۸﴾ پھر

سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَوّٰىهُ | وَ | نَفَخَ | فِيْهِ | مِنْ | رُّوْحِهٖ | وَ | جَعَلَ | لَكُمُ | السَّمْعَ | وَ | الْاَبْصَارَ |
| درست کیا اسکو | اور | پھونکی | بیچ اس کے | سے | روح اپنی | اور | کیا | واسطے تمہارے | سننا | اور | دیکھنا |

اس کو درست کیا پھر اس میں اپنی (طرف سے) روح پھونکی اور تمہارے کان اور آنکھیں

وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۹﴾ وَقَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ ءَاِنَّا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاَفْـِٕدَةَ | قَلِيْلًا | مَّا | تَشْكُرُوْنَ | وَ | قَالُوْٓا | ءَاِذَا | ضَلَلْنَا | فِي | الْاَرْضِ | ءَاِنَّا |
| اور | دل | تھوڑا ہے | جو | تم شکر کرتے ہو | اور | کہا انہوں نے | کیا جب | کھو جائینگے ہم | بیچ | زمین کے | کیا ہم ہونگے |

اور دل بنائے (مگر) تم بہت کم شکر کرتے ہو ﴿۹﴾ اور کہنے لگے کہ جب ہم زمین میں ملیامیٹ ہو جائیں گے تو کیا

لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ڛ بَلْ هُمْ بِلِقَاۗئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۰﴾ قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَفِيْ | خَلْقٍ | جَدِيْدٍ | بَلْ | هُمْ | بِلِقَاۗئِ | رَبِّهِمْ | كٰفِرُوْنَ | قُلْ | يَتَوَفّٰىكُمْ |
| البتہ بیچ | پیدائش | نئی کے | بلکہ | وہ | ساتھ ملاقات | رب اپنے کے | کافر ہیں | کہہ | قبض کرلے گا تم کو |

از سر نو پیدا ہوں گے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ لوگ اپنے پروردگار کے سامنے جانے ہی کے قائل نہیں ﴿۱۰﴾ کہہ دو کہ موت کا فرشتہ

مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ ع ۱۱/۱۴

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّلَكُ | الْمَوْتِ | الَّذِيْ | وُكِّلَ | بِكُمْ | ثُمَّ | اِلٰى | رَبِّكُمْ | تُرْجَعُوْنَ | وَلَوْ | تَرٰٓى | اِذِ |
| فرشتہ | موت کا | وہ جو کہ | مقرر کیا گیا ہے | ساتھ تمہارے | پھر | طرف | رب اپنے کی | پھیرے جاؤ گے | کاش کہ | تو دیکھے | جسوقت |

جو تم پر مقرر کیا گیا ہے تمہاری روحیں قبض کر لیتا ہے پھر تم اپنے پروردگار کی طرف لوٹائے جاؤ گے ﴿۱۱﴾ اور (تم تعجب کرو) جب دیکھو کہ

الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ط رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُجْرِمُوْنَ | نَاكِسُوْا | رُءُوْسِهِمْ | عِنْدَ | رَبِّهِمْ | رَبَّنَآ | اَبْصَرْنَا | وَ | سَمِعْنَا |
| گنہگاروں کو | نیچے ڈالے ہونگے | سر اپنے | نزدیک | رب اپنے کے | اے رب ہمارے | دیکھا ہم نے | اور | سنا ہم نے |

گنہگار اپنے پروردگار کے سامنے سرجھکائے ہوں گے۔ (اور کہیں گے کہ) اے ہمارے پروردگار ہم نے دیکھ لیا اور سن

فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَارْجِعْنَا | نَعْمَلْ | صَالِحًا | اِنَّا | مُوْقِنُوْنَ | وَ | لَوْشِئْنَا | لَاٰتَيْنَا | كُلَّ | نَفْسٍ |
| پس پھیر ہم کو کہ | عمل کریں ہم | اچھے | بیشک ہم | یقین لانیوالے ہیں | اور | اگر چاہتے ہم | البتہ دیتے ہم | ہر | جی کو |

لیا۔ تو ہم کو (دنیا میں) واپس بھیج دے کہ نیک عمل کریں بیشک ہم یقین کرنے والے ہیں ﴿۱۲﴾ اور اگر ہم چاہتے تو ہر شخص

هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هُدٰىهَا | وَ | لٰكِنْ | حَقَّ | الْقَوْلُ | مِنِّيْ | لَاَمْلَئَنَّ | جَهَنَّمَ | مِنَ | الْجِنَّةِ | وَ | النَّاسِ |
| ہدایت اس کی | اور | لیکن | ثابت ہوئی | بات | میری طرف سے | البتہ بھر دونگا میں | دوزخ کو | سے | جنوں | اور | آدمیوں سے |

کو ہدایت دے دیتے۔ لیکن میری طرف سے یہ بات قرار پا چکی ہے کہ میں دوزخ کو جنوں اور انسانوں سب سے

اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۳﴾ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ج اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَجْمَعِيْنَ | فَذُوْقُوْا | بِمَا | نَسِيْتُمْ | لِقَآءَ | يَوْمِكُمْ | هٰذَا | اِنَّا | نَسِيْنٰكُمْ |
| اکٹھے | پس چکھو | بسبب اسکے کہ | بھول گئے تھے تم | ملاقات | اپنے دن | اس کے کی | بیشک ہم | بھول گئے تم کو |

بھر دوں گا ﴿۱۳﴾ سو (اب آگ کے) مزے چکھو اس لیے کہ تم نے اس دن کے آنے کو بھلا رکھا تھا۔ (آج) ہم بھی تمہیں بھلا دیں گے

وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | ذُوْقُوْا | عَذَابَ | الْخُلْدِ | بِمَا | كُنْتُمْ | تَعْمَلُوْنَ | اِنَّمَا | يُؤْمِنُ | بِاٰيٰتِنَا |
| اور | چکھو | عذاب | ہمیشہ کا | بسبب اسکے کہ | تھے تم | کرتے | سوائے اسکے نہیں کہ | ایمان لاتے | ساتھ نشانیوں ہماری کے |

اور جو کام تم کرتے تھے ان کی سزا میں ہمیشہ کے عذاب کے مزے چکھتے رہو ﴿۱۴﴾ ہماری آیتوں پر تو وہی لوگ ایمان لاتے ہیں

الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | اِذَا | ذُكِّرُوْا | بِهَا | خَرُّوْا | سُجَّدًا | وَّ | سَبَّحُوْا | بِحَمْدِ | رَبِّهِمْ | وَ | هُمْ |
| وہ لوگ کہ | جب | یاد دلائی جاتی ہیں انکو | اس کی | گر پڑتے ہیں | سجدے میں | اور | پاکی بیان کرتے ہیں | ساتھ تعریف | رب اپنے کے | اور | وہ |

کہ جب ان کو ان سے نصیحت کی جاتی ہے تو سجدے میں گر پڑتے اور اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں اور

لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۩ ﴿۱۵﴾ تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَسْتَكْبِرُوْنَ | تَتَجَافٰى | جُنُوْبُهُمْ | عَنِ | الْمَضَاجِعِ | يَدْعُوْنَ | رَبَّهُمْ |
| نہیں | تکبر کرتے | دور ہو جاتی ہیں | کروٹیں ان کی | سے | سونے کی جگہوں | پکارتے ہیں | رب اپنے کو |

غرور نہیں کرتے ﴿۱۵﴾ اُن کے پہلو بچھونوں سے الگ رہتے ہیں (اور) وہ اپنے پروردگار کو خوف اور

خَوْفًا وَّ طَمَعًا ز وَّ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۱۶﴾ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَوْفًا | وَّ | طَمَعًا | وَّ | مِمَّا | رَزَقْنٰهُمْ | يُنْفِقُوْنَ | فَلَا | تَعْلَمُ | نَفْسٌ | مَّآ |
| ڈر سے | اور | طمع سے | اور | اس چیز سے کہ | دیا ہے ہم نے انکو | خرچ کرتے ہیں | پس نہیں | جانتا | کوئی جی | کیا |

امید سے پکارتے اور جو (مال) ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں ﴿۱۶﴾ کوئی متنفس نہیں جانتا کہ ان

اُخْفِىَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ ج جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۷﴾ اَفَمَنْ كَانَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُخْفِىَ | لَهُمْ | مِّنْ | قُرَّةِ | اَعْيُنٍ | جَزَآءًۢ | بِمَا | كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | اَفَمَنْ | كَانَ |
| چھپائی گئی ہے | واسطے انکے | سے | ٹھنڈک | آنکھوں کی | بدلہ | اس چیز کا کہ | تھے وہ | کرتے | کیا پس جو کوئی کہ | ہو |

کے لیے کیسی آنکھوں کی ٹھنڈک چھپا کر رکھی گئی ہے۔ یہ اُن اعمال کا صلہ ہے جو وہ کرتے تھے ﴿۱۷﴾ بھلا جو

مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا ط لَا يَسْتَوٗنَ ﴿۱۸﴾ اَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُؤْمِنًا | كَمَنْ | كَانَ | فَاسِقًا | لَا | يَسْتَوٗنَ | اَمَّا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
| مومن | مانند اس شخص کی ہے کہ | ہو | نافرمان | نہیں | برابر ہوتے | اپر | جو لوگ | ایمان لائے |

مومن ہو وہ اس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جو نافرمان ہو؟ دونوں برابر نہیں ہو سکتے ﴿۱۸﴾ جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰى ز نُزُلًۢا بِمَا كَانُوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَعَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | فَلَهُمْ | جَنّٰتُ | الْمَاْوٰى | نُزُلًا | بِمَا | كَانُوْا |
| اور کام کیے | اچھے | پس واسطے ان کے | بہشتیں ہیں | رہنے کی جگہ | مہمانی | بسبب اس کے کہ | تھے وہ |

اور نیک عمل کرتے رہے اُن کے (رہنے کے) لیے باغ ہیں۔ یہ مہمانی اُن کاموں کی جزا ہے جو وہ

يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَ اَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ط كُلَّمَآ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْمَلُوْنَ | وَ | اَمَّا | الَّذِيْنَ | فَسَقُوْا | فَمَاْوٰىهُمُ | النَّارُ | كُلَّمَآ |
| کرتے | اور | اپر | جو لوگ | فاسق ہیں | پس رہنے کی جگہ ان کی | آگ ہے | جب |

کرتے تھے ﴿۱۹﴾ اور جنہوں نے نافرمانی کی اُن کے (رہنے کے) لیے دوزخ ہے۔ جب

اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَآ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَ قِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا

| اَرَادُوْٓا | اَنْ | يَّخْرُجُوْا | مِنْهَآ | اُعِيْدُوْا | فِيْهَا | وَ | قِيْلَ | لَهُمْ | ذُوْقُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ارادہ کریں | یہ کہ | نکلیں | اس میں سے | پھیرے جائینگے | بیچ اس کے | اور | کہا جائے گا | ان کو | چکھو |

چاہیں گے کہ اس میں سے نکل جائیں تو اس میں لوٹا دیے جائیں گے اور اُن سے کہا جائے گا کہ جس دوزخ

عَذَابَ النَّارِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ

| عَذَابَ | النَّارِ | الَّذِيْ | كُنْتُمْ | بِهٖ | تُكَذِّبُوْنَ | وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ | مِّنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب | آگ کا | جو | تھے تم | ساتھ اس کے | جھٹلاتے | اور البتہ چکھائیں گے ہم ان کو | سے |

کے عذاب کو تم جھوٹ سمجھتے تھے اُس کے مزے چکھو ﴿۲۰﴾ اور ہم اُن کو (قیامت کے)

الْعَذَابِ الْاَدْنٰى دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۱﴾

| الْعَذَابِ | الْاَدْنٰى | دُوْنَ | الْعَذَابِ | الْاَكْبَرِ | لَعَلَّهُمْ | يَرْجِعُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب | نزدیک | سوائے | عذاب | بڑے کے | تا کہ وہ | پھر آویں |

بڑے عذاب کے سوا عذابِ دُنیا کا بھی مزہ چکھائیں گے شاید (ہماری طرف) لوٹ آئیں ﴿۲۱﴾

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا ۭ اِنَّا

| وَ | مَنْ | اَظْلَمُ | مِمَّنْ | ذُكِّرَ | بِاٰيٰتِ | رَبِّهٖ | ثُمَّ | اَعْرَضَ | عَنْهَا | اِنَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | کون ہے | بہت ظالم | اس شخص سے کہ | نصیحت دیا گیا ہے | ساتھ نشانیوں | رب اپنے کے | پھر | منہ پھیرلیا | اس سے | بیشک ہم |

اور اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون جس کو اس کے پروردگار کی آیتوں سے نصیحت کی جائے تو وہ اُن سے منہ پھیر لے۔ ہم

مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ ع ۲ ۱۱ ۱۵

| مِنَ | الْمُجْرِمِيْنَ | مُنْتَقِمُوْنَ | وَ | لَقَدْ | اٰتَيْنَا | مُوْسَى | الْكِتٰبَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | گنہگاروں | بدلہ لینے والے ہیں | اور | البتہ تحقیق | دی ہم نے | موسیٰ کو | کتاب |

گنہگاروں سے ضرور بدلہ لینے والے ہیں ﴿۲۲﴾ اور ہم نے موسیٰ کو کتاب دی

فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَاۗىِٕهٖ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ

| فَلَا | تَكُنْ | فِيْ | مِرْيَةٍ | مِّنْ | لِّقَاۗىِٕهٖ | وَجَعَلْنٰهُ | هُدًى | لِّبَنِيْٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس مت | رہ تو | بیچ | شک کے | سے | ملاقات اس کی | اور کیا ہم نے اس کو | ہدایت | واسطے بنی |

تو تم اُن کے ملنے سے شک میں نہ ہونا اور ہم نے اس (کتاب) کو (یا موسیٰ کو) بنی اسرائیل کے لیے

اِسۡرَآءِیۡلَ ﴿۲۳﴾ۚ وَ جَعَلۡنَا مِنۡہُمۡ اَئِمَّۃً یَّہۡدُوۡنَ بِاَمۡرِنَا لَمَّا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِسۡرَآءِیۡلَ | وَ | جَعَلۡنَا | مِنۡہُمۡ | اَئِمَّۃً | یَّہۡدُوۡنَ | بِاَمۡرِنَا | لَمَّا |
| اسرائیل کے | اور | کیے ہم نے | ان میں سے | پیشوا | کہ ہدایت کرتے تھے | ساتھ حکم ہمارے کے | جب |

(ذریعہ) ہدایت بنایا ﴿۲۳﴾ اور اُن میں سے ہم نے پیشوا بنائے تھے جو ہمارے حکم سے ہدایت کیا کرتے تھے۔ جب

صَبَرُوۡا ؕ۟ وَ کَانُوۡا بِاٰیٰتِنَا یُوۡقِنُوۡنَ ﴿۲۴﴾ اِنَّ رَبَّکَ ہُوَ یَفۡصِلُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صَبَرُوۡا | وَ | کَانُوۡا | بِاٰیٰتِنَا | یُوۡقِنُوۡنَ | اِنَّ | رَبَّکَ | ہُوَ | یَفۡصِلُ |
| صبر کیا انہوں نے | اور | تھے | ساتھ نشانیوں ہماری کے | یقین لاتے | بیشک | رب تیرا | وہی | فیصلہ کرے گا |

وہ صبر کرتے تھے۔ اور وہ ہماری آیتوں پر یقین رکھتے تھے ﴿۲۴﴾ بلاشبہ تمہارا پروردگار ان میں جن باتوں

بَیۡنَہُمۡ یَوۡمَ الۡقِیٰمَۃِ فِیۡمَا کَانُوۡا فِیۡہِ یَخۡتَلِفُوۡنَ ﴿۲۵﴾ اَوَ لَمۡ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَیۡنَہُمۡ | یَوۡمَ | الۡقِیٰمَۃِ | فِیۡمَا | کَانُوۡا | فِیۡہِ | یَخۡتَلِفُوۡنَ | اَوَلَمۡ |
| درمیان ان کے | دن | قیامت کے | بیچ اس چیز کے کہ | تھے وہ | بیچ اس کے | اختلاف کرتے | کیا نہیں |

میں وہ اختلاف کرتے تھے قیامت کے روز فیصلہ کر دے گا ﴿۲۵﴾ کیا ان کو

یَہۡدِ لَہُمۡ کَمۡ اَہۡلَکۡنَا مِنۡ قَبۡلِہِمۡ مِّنَ الۡقُرُوۡنِ یَمۡشُوۡنَ فِیۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یَہۡدِ لَہُمۡ | کَمۡ | اَہۡلَکۡنَا | مِنۡ | قَبۡلِہِمۡ | مِّنَ | الۡقُرُوۡنِ | یَمۡشُوۡنَ | فِیۡ |
| راہ دکھائی ان کو کہ | کتنے | ہلاک کیے ہم نے | سے | پہلے ان | سے | قرنوں | کہ چلتے ہیں | بیچ |

اس (امر) سے ہدایت نہ ہوئی کہ ہم نے ان سے پہلے بہت سی امتوں کو جن کے مقامات سکونت میں

مَسٰکِنِہِمۡ ؕ اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ ؕ اَفَلَا یَسۡمَعُوۡنَ ﴿۲۶﴾ اَوَ لَمۡ یَرَوۡا اَنَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَسٰکِنِہِمۡ | اِنَّ | فِیۡ | ذٰلِکَ | لَاٰیٰتٍ | اَفَلَا | یَسۡمَعُوۡنَ | اَوَلَمۡ | یَرَوۡا | اَنَّا |
| انکے گھروں کے | بیشک | بیچ | اس کے | البتہ نشانیاں ہیں | کیا پس نہیں | سنتے | کیا نہیں | دیکھا انہوں نے | بیشک |

یہ چلتے پھرتے ہیں ہلاک کر دیا۔ بیشک اس میں نشانیاں ہیں۔ تو یہ سنتے کیوں نہیں؟ ﴿۲۶﴾ کیا انہوں نے نہیں دیکھا

نَسُوۡقُ الۡمَآءَ اِلَی الۡاَرۡضِ الۡجُرُزِ فَنُخۡرِجُ بِہٖ زَرۡعًا تَاۡکُلُ مِنۡہُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَسُوۡقُ | الۡمَآءَ | اِلَی | الۡاَرۡضِ | الۡجُرُزِ | فَنُخۡرِجُ | بِہٖ | زَرۡعًا | تَاۡکُلُ | مِنۡہُ |
| چلاتے ہیں ہم | پانی | طرف | زمین کی | بنجر | پس نکالتے ہیں | اس سے | کھیتی | کھاتے ہیں | اس میں سے |

کہ ہم بنجر زمین کی طرف پانی رواں کرتے ہیں پھر اس سے کھیتی پیدا کرتے ہیں جس میں سے ان کے چوپائے بھی

الثلثة

اَنۡعَامُهُمۡ وَاَنۡفُسُهُمۡ ؕ اَفَلَا يُبۡصِرُوۡنَ ﴿۲۷﴾ وَيَقُوۡلُوۡنَ مَتٰى هٰذَا الۡفَتۡحُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنۡعَامُهُمۡ | وَاَنۡفُسُهُمۡ | اَفَلَا | يُبۡصِرُوۡنَ | وَ | يَقُوۡلُوۡنَ | مَتٰى | هٰذَا | الۡفَتۡحُ |
| جانوران کے | اور وہ آپ خود | کیا پس نہیں | دیکھتے | اور | کہتے ہیں | کب ہوگی | یہ | فتح |

کھاتے ہیں اور وہ بھی (کھاتے ہیں)۔ تو یہ دیکھتے کیوں نہیں؟ ﴿۲۷﴾ اور کہتے ہیں اگر تم سچے ہو

اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ﴿۲۸﴾ قُلۡ يَوۡمَ الۡفَتۡحِ لَا يَنۡفَعُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡۤا اِيۡمَانُهُمۡ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنۡ | كُنۡتُمۡ | صٰدِقِيۡنَ | قُلۡ | يَوۡمَ | الۡفَتۡحِ | لَا | يَنۡفَعُ | الَّذِيۡنَ | كَفَرُوۡۤا | اِيۡمَانُهُمۡ |
| اگر | ہوتم | سچے | کہہ کہ | دن | فتح کے | نہیں | فائدہ دے گا | ان کو جو | کافر ہوئے | ایمان ان کا |

تو یہ فیصلہ کب ہوگا؟ ﴿۲۸﴾ کہہ دو کہ فیصلہ کے دن کافروں کو اُن کا ایمان لانا کچھ بھی فائدہ نہ دے گا

وَلَا هُمۡ يُنۡظَرُوۡنَ ﴿۲۹﴾ فَاَعۡرِضۡ عَنۡهُمۡ وَانۡتَظِرۡ اِنَّهُمۡ مُّنۡتَظِرُوۡنَ ﴿۳۰﴾ ع ۳ ۸ ۱۶

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | هُمۡ | يُنۡظَرُوۡنَ | فَاَعۡرِضۡ | عَنۡهُمۡ | وَانۡتَظِرۡ | اِنَّهُمۡ | مُّنۡتَظِرُوۡنَ |
| اور | نہ | وہ | ڈھیل دیئے جائینگے | پس منہ پھیر لے | ان سے | اور منتظر رہ | بیشک وہ بھی | منتظر ہیں |

اور نہ ان کو مہلت دی جائے گی ﴿۲۹﴾ تو اُن سے منہ پھیر لو اور انتظار کرو یہ بھی انتظار کر رہے ہیں ﴿۳۰﴾

## اٰیاتها ۷۳ — ۳۳ سُوۡرَةُ الۡاَحۡزَابِ مَدَنِيَّةٌ ۹۰ — رکوعاتها ۹

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الۡكٰفِرِيۡنَ وَالۡمُنٰفِقِيۡنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰۤاَيُّهَا | النَّبِىُّ | اتَّقِ | اللّٰهَ | وَ | لَا | تُطِعِ | الۡكٰفِرِيۡنَ | وَ | الۡمُنٰفِقِيۡنَ | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ |
| اے | نبی | ڈر | اللہ سے | اور | مت | کہا مان | کافروں کا | اور | منافقوں کا | بیشک | اللہ | ہے |

اے پیغمبر اللہ سے ڈرتے رہنا اور کافروں اور منافقوں کا کہا نہ ماننا۔ بیشک اللہ

عَلِيۡمًا حَكِيۡمًا ۙ﴿۱﴾ وَّاتَّبِعۡ مَا يُوۡحٰٓى اِلَيۡكَ مِنۡ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلِيۡمًا | حَكِيۡمًا | وَّاتَّبِعۡ | مَا | يُوۡحٰٓى | اِلَيۡكَ | مِنۡ | رَّبِّكَ | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ |
| جاننے والا | حکمت والا | اور پیروی کر | اس چیز کی کہ | وحی کی گئی | طرف تیری | سے | تیرے رب کی طرف | بیشک | اللہ | ہے |

جاننے والا (اور) حکمت والا ہے ﴿۱﴾ اور جو (کتاب) تم کو تمہارے پروردگار کی طرف سے وحی کی جاتی ہے اسی کی پیروی کیے جانا۔ بیشک اللہ

بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِیۡرًا ﴿۲﴾ وَّ تَوَکَّلۡ عَلَی اللّٰہِ ؕ وَ کَفٰی بِاللّٰہِ وَکِیۡلًا ﴿۳﴾ مَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمَا | تَعۡمَلُوۡنَ | خَبِیۡرًا | وَّ | تَوَکَّلۡ | عَلَی | اللّٰہِ | وَ | کَفٰی | بِاللّٰہِ | وَکِیۡلًا | مَا |
| ساتھ اس چیز کے کہ | تم کرتے ہو | خبردار ہے | اور | توکل کر | اوپر | اللہ کے | اور | کافی ہے | اللہ | کارساز | نہیں |

تمہارے سب عملوں سے خبردار ہے ﴿۲﴾ اور اللہ پر بھروسہ رکھنا۔ اور اللہ ہی کارساز کافی ہے ﴿۳﴾

جَعَلَ اللّٰہُ لِرَجُلٍ مِّنۡ قَلۡبَیۡنِ فِیۡ جَوۡفِہٖ ۚ وَ مَا جَعَلَ اَزۡوَاجَکُمُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَعَلَ | اللّٰہُ | لِرَجُلٍ | مِّنۡ | قَلۡبَیۡنِ | فِیۡ | جَوۡفِہٖ | وَ | مَا | جَعَلَ | اَزۡوَاجَکُمُ |
| کیے | اللہ نے | واسطے مرد کے | سے | دو دل | بیچ | اس کے پیٹ کے | اور | نہیں | کیا | بی بیوں تمہاری کو |

اللہ نے کسی آدمی کے پہلو میں دو دل نہیں بنائے۔ اور نہ تمہاری عورتوں کو جن کو تم ماں کہہ بیٹھتے ہو

الّٰٓیِٴۡ تُظٰہِرُوۡنَ مِنۡہُنَّ اُمَّہٰتِکُمۡ ۚ وَ مَا جَعَلَ اَدۡعِیَآءَکُمۡ اَبۡنَآءَکُمۡ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الّٰٓیِٴۡ | تُظٰہِرُوۡنَ | مِنۡہُنَّ | اُمَّہٰتِکُمۡ | وَ | مَا | جَعَلَ | اَدۡعِیَآءَکُمۡ | اَبۡنَآءَکُمۡ |
| جن کو | ماں کہہ لیتے ہو | ان میں سے | مائیں تمہاری | اور | نہیں | کیا | تمہارے لے پالکوں کو | بیٹے تمہارے |

تمہاری ماں بنایا اور نہ تمہارے لے پالکوں کو تمہارے بیٹے بنایا

ذٰلِکُمۡ قَوۡلُکُمۡ بِاَفۡوَاہِکُمۡ ؕ وَ اللّٰہُ یَقُوۡلُ الۡحَقَّ وَ ہُوَ یَہۡدِی السَّبِیۡلَ ﴿۴﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذٰلِکُمۡ | قَوۡلُکُمۡ | بِاَفۡوَاہِکُمۡ | وَ | اللّٰہُ | یَقُوۡلُ | الۡحَقَّ | وَ | ہُوَ | یَہۡدِی | السَّبِیۡلَ |
| یہ ہے | بات تمہاری | مونہوں تمہارے سے | اور | اللہ | کہتا ہے | سچ | اور | وہ | دکھاتا ہے | راہ |

یہ سب تمہارے منہ کی باتیں ہیں۔ اور اللہ تو سچی بات فرماتا ہے اور وہی سیدھا رستہ دکھاتا ہے ﴿۴﴾

اُدۡعُوۡہُمۡ لِاٰبَآئِہِمۡ ہُوَ اَقۡسَطُ عِنۡدَ اللّٰہِ ۚ فَاِنۡ لَّمۡ تَعۡلَمُوۡۤا اٰبَآءَہُمۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُدۡعُوۡہُمۡ | لِاٰبَآئِہِمۡ | ہُوَ | اَقۡسَطُ | عِنۡدَ | اللّٰہِ | فَاِنۡ | لَّمۡ | تَعۡلَمُوۡۤا | اٰبَآءَہُمۡ |
| پکارو ان کو | انکے باپوں کی نسبت سے | وہ | بہت ہی انصاف ہے | نزدیک | اللہ کے | پس اگر | نہ | جانو تم | ان کے باپوں کو |

مومنو! لے پالکوں کو ان کے (اصلی) باپوں کے نام سے پکارا کرو کہ اللہ کے نزدیک یہی بات درست ہے۔ اگر تم کو ان کے باپوں کے نام معلوم

فَاِخۡوَانُکُمۡ فِی الدِّیۡنِ وَ مَوَالِیۡکُمۡ ؕ وَ لَیۡسَ عَلَیۡکُمۡ جُنَاحٌ فِیۡمَاۤ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاِخۡوَانُکُمۡ | فِی | الدِّیۡنِ | وَمَوَالِیۡکُمۡ | وَ | لَیۡسَ | عَلَیۡکُمۡ | جُنَاحٌ | فِیۡمَاۤ |
| پس بھائی ہیں تمہارے | بیچ | دین کے | اور چیلے تمہارے ہیں | اور | نہیں | اوپر تمہارے | گناہ | بیچ اس چیز کے کہ |

نہ ہوں تو دین میں وہ تمہارے بھائی اور دوست ہیں۔ اور جو بات تم سے

اَخۡطَاۡتُمۡ بِهٖ ۙ وَلٰـكِنۡ مَّا تَعَمَّدَتۡ قُلُوۡبُكُمۡ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوۡرًا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَخۡطَاۡتُمۡ | بِهٖ | وَلٰـكِنۡ | مَّا | تَعَمَّدَتۡ | قُلُوۡبُكُمۡ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | غَفُوۡرًا |
| خطا کرو تم | ساتھ اس کے | اور لیکن | جو | قصد کر کے کریں | دل تمہارے | اور | ہے | اللہ | بخشنے والا |

غلطی سے ہوگئی ہو اس میں تم پر کچھ گناہ نہیں لیکن جو قصدِ دلی سے کرو (اس پر مواخذہ ہے)۔ اور اللہ بخشنے والا

رَّحِيۡمًا ﴿۵﴾ اَلنَّبِىُّ اَوۡلٰى بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ مِنۡ اَنۡفُسِهِمۡ وَاَزۡوَاجُهٗۤ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَّحِيۡمًا | اَلنَّبِىُّ | اَوۡلٰى | بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ | مِنۡ | اَنۡفُسِهِمۡ | وَ | اَزۡوَاجُهٗۤ |
| مہربان | نبی سے | زیادہ لگاؤ ہے | مومنوں کو | سے | جانوں اپنی | اور | انکی ازواج مطہرات |

مہربان ہے ﴿۵﴾ پیغمبر مومنوں پر ان کی جانوں سے بھی زیادہ حق رکھتے ہیں اور پیغمبر کی بیویاں

اُمَّهٰتُهُمۡ ؕ وَاُولُوا الۡاَرۡحَامِ بَعۡضُهُمۡ اَوۡلٰى بِبَعۡضٍ فِىۡ كِتٰبِ اللّٰهِ مِنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُمَّهٰتُهُمۡ | وَ | اُولُوا الۡاَرۡحَامِ | بَعۡضُهُمۡ | اَوۡلٰى | بِبَعۡضٍ | فِىۡ | كِتٰبِ | اللّٰهِ | مِنَ |
| مائیں ہیں ان کی | اور | قرابت والے | بعض انکے | نزدیک تر ہیں | بعضوں سے | بیچ | کتاب | اللہ کے | سے |

اُن کی مائیں ہیں۔ اور رشتہ دار آپس میں کتاب اللہ کے رو سے

الۡمُؤۡمِنِيۡنَ وَالۡمُهٰجِرِيۡنَ اِلَّاۤ اَنۡ تَفۡعَلُوۡۤا اِلٰٓى اَوۡلِيٰٓئِكُمۡ مَّعۡرُوۡفًا ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡمُؤۡمِنِيۡنَ | وَ | الۡمُهٰجِرِيۡنَ | اِلَّاۤ | اَنۡ | تَفۡعَلُوۡۤا | اِلٰٓى | اَوۡلِيٰٓئِكُمۡ | مَّعۡرُوۡفًا |
| ایمان والوں | اور | ہجرت کرنے والوں سے | مگر | یہ کہ | کرو | طرف | دوستوں اپنے کی | احسان |

مسلمانوں اور مہاجروں سے ایک دوسرے (کے ترکے) کے زیادہ حقدار ہیں۔ مگر یہ کہ تم اپنے دوستوں سے احسان کرنا چاہو۔

كَانَ ذٰلِكَ فِى الۡكِتٰبِ مَسۡطُوۡرًا ﴿۶﴾ وَاِذۡ اَخَذۡنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانَ | ذٰلِكَ | فِى | الۡكِتٰبِ | مَسۡطُوۡرًا | وَ | اِذۡ | اَخَذۡنَا | مِنَ | النَّبِيّٖنَ |
| ہے | یہ | بیچ | کتاب کے | لکھا ہوا | اور | جس وقت | لیا ہم نے | سے | نبیوں |

یہ حکم کتاب (یعنی قرآن) میں لکھ دیا گیا ہے ﴿۶﴾ اور جب ہم نے پیغمبروں سے

مِيۡثَاقَهُمۡ وَمِنۡكَ وَمِنۡ نُّوۡحٍ وَّاِبۡرٰهِيۡمَ وَمُوۡسٰى وَعِيۡسَى ابۡنِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِيۡثَاقَهُمۡ | وَ | مِنۡكَ | وَ | مِنۡ | نُّوۡحٍ | وَّ | اِبۡرٰهِيۡمَ | وَمُوۡسٰى | وَ | عِيۡسَى | ابۡنِ |
| عہد ان کا | اور | تجھ سے | اور | سے | نوح | اور | ابراہیم سے | اور موسیٰ سے | اور | عیسیٰ | بیٹے |

عہد لیا اور تم سے اور نوح سے اور ابراہیم سے اور موسیٰ سے اور مریم کے

مَرۡيَمَ ۖ وَاَخَذۡنَا مِنۡهُمۡ مِّيۡثَاقًا غَلِيۡظًا ۙ﴿۷﴾ لِّيَسۡـَٔلَ الصّٰدِقِيۡنَ عَنۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَرۡيَمَ | وَ | اَخَذۡنَا | مِنۡهُمۡ | مِّيۡثَاقًا | غَلِيۡظًا | لِّيَسۡـَٔلَ | الصّٰدِقِيۡنَ | عَنۡ |
| مریم کے | اور | لیا ہم نے | ان سے | عہد | گاڑھا | تا کہ سوال کرے | سچوں کو | سے |

بیٹے عیسیٰ سے اور عہد بھی اُن سے پکا لیا ﴿۷﴾ تا کہ سچ کہنے والوں سے ان کی سچائی کے بارے

ع ۱ ۱۸ ۱۷ صِدۡقِهِمۡ ۚ وَاَعَدَّ لِلۡكٰفِرِيۡنَ عَذَابًا اَلِيۡمًا ﴿۸﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صِدۡقِهِمۡ | وَ | اَعَدَّ | لِلۡكٰفِرِيۡنَ | عَذَابًا | اَلِيۡمًا | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيۡنَ | اٰمَنُوا |
| راستی ان کی | اور | تیار کیا ہے | واسطے کافروں کے | عذاب | درد دینے والا | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو |

میں دریافت کرے اور اس نے کافروں کے لیے دکھ دینے والا عذاب تیار کر رکھا ہے ﴿۸﴾ مومنو!

اذۡكُرُوۡا نِعۡمَةَ اللّٰهِ عَلَيۡكُمۡ اِذۡ جَآءَتۡكُمۡ جُنُوۡدٌ فَاَرۡسَلۡنَا عَلَيۡهِمۡ رِيۡحًا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اذۡكُرُوۡا | نِعۡمَةَ | اللّٰهِ | عَلَيۡكُمۡ | اِذۡ | جَآءَتۡكُمۡ | جُنُوۡدٌ | فَاَرۡسَلۡنَا | عَلَيۡهِمۡ | رِيۡحًا |
| یاد کرو | نعمت | اللہ کی کو | اوپر تمہارے | جس وقت کہ | آیا تمہارے پاس | لشکر | پس بھیجی ہم نے | اوپر ان کے | ہوا |

اللہ کی اس مہربانی کو یاد کرو جو (اس نے) تم پر (اس وقت) کی جب فوجیں تم پر (حملہ کرنے کو) آئیں۔ تو ہم نے ان پر ہوا بھیجی

وَّجُنُوۡدًا لَّمۡ تَرَوۡهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرًا ۚ﴿۹﴾ اِذۡ جَآءُوۡكُمۡ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّجُنُوۡدًا | لَّمۡ | تَرَوۡهَا | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | بِمَا | تَعۡمَلُوۡنَ | بَصِيۡرًا | اِذۡ | جَآءُوۡكُمۡ |
| اور لشکر | کہ نہ | دیکھا تم نے اس کو | اور | ہے | اللہ | ساتھ اس چیز کے کہ | تم کرتے ہو | دیکھنے والا | جب | چڑھ آئے تم پر |

اور ایسے لشکر (نازل کیے) جن کو تم دیکھ نہیں سکتے تھے اور جو کام تم کرتے ہو اللہ اُن کو دیکھ رہا ہے ﴿۹﴾ جب وہ تمہارے

مِّنۡ فَوۡقِكُمۡ وَمِنۡ اَسۡفَلَ مِنۡكُمۡ وَاِذۡ زَاغَتِ الۡاَبۡصَارُ وَبَلَغَتِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنۡ | فَوۡقِكُمۡ | وَ | مِنۡ | اَسۡفَلَ | مِنۡكُمۡ | وَ | اِذۡ | زَاغَتِ | الۡاَبۡصَارُ | وَ | بَلَغَتِ |
| سے | اوپر تمہارے | اور | سے | نیچے | تمہارے سے | اور | جس وقت | کج ہوئیں | نظریں | اور | پہنچ گئے |

اوپر اور نیچے کی طرف سے تم پر (چڑھ) آئے اور جب آنکھیں پھر گئیں اور دل (مارے دہشت کے)

الۡقُلُوۡبُ الۡحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوۡنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوۡنَا ﴿۱۰﴾ هُنَالِكَ ابۡتُلِىَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡقُلُوۡبُ | الۡحَنَاجِرَ | وَ | تَظُنُّوۡنَ | بِاللّٰهِ | الظُّنُوۡنَا | هُنَالِكَ | ابۡتُلِىَ |
| دل | حلق کو | اور | گمان کرتے تھے تم | ساتھ اللہ کے | گمان طرح طرح کے | اس جگہ | آزمائے گئے |

گلوں تک پہنچ گئے اور تم اللہ کی نسبت طرح طرح کے گمان کرنے لگے ﴿۱۰﴾ وہاں مومن

الْمُؤْمِنُوْنَ وَ زُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ﴿۱۱﴾ وَ اِذْ يَقُوْلُ

| الْمُؤْمِنُوْنَ | وَ | زُلْزِلُوْا | زِلْزَالًا | شَدِيْدًا | وَ | اِذْ | يَقُوْلُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان والے | اور | ہلائے گئے | ہلائے جانا | سخت | اور | جس وقت کہ | کہتے تھے |

آزمائے گئے اور سخت طور پر ہلائے گئے ﴿۱۱﴾ اور جب منافق

الْمُنٰفِقُوْنَ وَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ

| الْمُنٰفِقُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | فِيْ | قُلُوْبِهِمْ | مَّرَضٌ | مَّا | وَعَدَنَا | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| منافقین | اور | وہ لوگ کہ | بیچ | ان کے دلوں کے | بیماری ہے | نہیں | وعدہ کیا تھا ہم کو | اللہ نے |

اور وہ لوگ جن کے دلوں میں بیماری ہے کہنے لگے کہ اللہ اور اس کے رسول نے

وَ رَسُوْلُهٗۤ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۱۲﴾ وَ اِذْ قَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ يٰۤاَهْلَ

| وَ | رَسُوْلُهٗۤ | اِلَّا | غُرُوْرًا | وَ | اِذْ | قَالَتْ | طَّآئِفَةٌ | مِّنْهُمْ | يٰۤاَهْلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | رسول اس کے نے | مگر | فریب دینے کو | اور | جس وقت | کہا | ایک جماعت نے | ان میں سے | اے اہل |

تو ہم سے محض دھوکے کا وعدہ کیا تھا ﴿۱۲﴾ اور جب اُن میں سے ایک جماعت کہتی تھی کہ اے اہلِ

يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۚ وَيَسْتَاْذِنُ فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ

| يَثْرِبَ | لَا | مُقَامَ | لَكُمْ | فَارْجِعُوْا | وَيَسْتَاْذِنُ | فَرِيْقٌ | مِّنْهُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مدینہ | نہیں | جگہ رہنے کی | واسطے تمہارے | پس پھر جاؤ | اور اجازت مانگتا تھا | ایک فرقہ | ان میں سے |

مدینہ (یہاں) تمہارے (ٹھہرنے کا) مقام نہیں تو لوٹ چلو اور ایک گروہ ان میں سے پیغمبر سے اجازت

النَّبِيَّ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُيُوْتَنَا عَوْرَةٌ ؕ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۚ اِنْ مع

| النَّبِيَّ | يَقُوْلُوْنَ | اِنَّ | بُيُوْتَنَا | عَوْرَةٌ | وَمَا | هِيَ | بِعَوْرَةٍ | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیغمبر سے | کہتے ہیں | بیشک | گھر ہمارے | خالی ہیں | اور نہیں | وہ | خالی | نہیں |

مانگنے اور کہنے لگا کہ ہمارے گھر کھلے پڑے ہیں حالانکہ وہ کھلے نہیں تھے۔ وہ تو

يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا ﴿۱۳﴾ وَ لَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا

| يُّرِيْدُوْنَ | اِلَّا | فِرَارًا | وَ | لَوْ | دُخِلَتْ | عَلَيْهِمْ | مِّنْ | اَقْطَارِهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ارادہ کرتے | مگر | بھاگنے کا | اور | اگر | گھس آئیں | اوپر ان کے | سے | اس کے کناروں |

صرف بھاگنا چاہتے تھے ﴿۱۳﴾ اور اگر فوجیں اطراف مدینہ سے اُن پر آ داخل ہوں

ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ لَاٰتَوْهَا وَ مَا تَلَبَّثُوْا بِهَآ اِلَّا يَسِيْرًا (۱۴)

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | سُئِلُوا | الْفِتْنَةَ | لَاٰتَوْهَا | وَ | مَا | تَلَبَّثُوْا | بِهَآ | اِلَّا | يَسِيْرًا |
| پھر | مانگی جائے | خانہ جنگی | البتہ دیں گے اس کو | اور | نہ | ڈھیل کریں گے | اس میں | مگر | تھوڑا |

پھر اُن سے خانہ جنگی کے لیے کہا جائے تو (فوراً) کرنے لگیں اور اس کے لیے بہت کم توقف کریں (۱۴)

وَ لَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَقَدْ | كَانُوْا | عَاهَدُوا | اللّٰهَ | مِنْ | قَبْلُ | لَا | يُوَلُّوْنَ | الْاَدْبَارَ |
| اور | البتہ تحقیق | تھے وہ | کہ عہد باندھا تھا | اللہ سے | سے | پہلے | کہ نہ | پھیریں گے | پیٹھ کو |

حالانکہ پہلے اللہ سے اقرار کر چکے تھے کہ پیٹھ نہیں پھیریں گے۔

وَ كَانَ عَهْدُ اللّٰهِ مَسْئُوْلًا (۱۵) قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَانَ | عَهْدُ | اللّٰهِ | مَسْئُوْلًا | قُلْ | لَّنْ | يَّنْفَعَكُمُ | الْفِرَارُ | اِنْ |
| اور | ہے | عہد | اللہ کا | سوال کیا گیا | کہہ | ہرگز نہ | فائدہ دے گا تم کو | بھاگنا | اگر |

اور اللہ سے (جو) اقرار (کیا جاتا ہے اس) کی ضرور پرسش ہوگی (۱۵) کہہ دو کہ اگر تم مرنے یا مارے جانے سے بھاگتے ہو تو

فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَ اِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا (۱۶)

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَرَرْتُمْ | مِّنَ | الْمَوْتِ | اَوِ الْقَتْلِ | وَ | اِذًا | لَّا | تُمَتَّعُوْنَ | اِلَّا | قَلِيْلًا |
| بھاگو تم | سے | موت | یا قتل سے | اور | اس وقت | نہ | فائدہ دیے جاؤ گے | مگر | تھوڑا |

بھاگنا تم کو فائدہ نہیں دے گا اور اس وقت تم بہت ہی کم فائدہ اٹھاؤ گے (۱۶)

قُلْ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلْ | مَنْ | ذَا | الَّذِيْ | يَعْصِمُكُمْ | مِّنَ | اللّٰهِ | اِنْ | اَرَادَ | بِكُمْ | سُوْٓءًا | اَوْ |
| کہہ | کون ہے وہ | کہ | جو | بچائے گا تم کو | سے | اللہ | اگر | ارادہ کرے | ساتھ تمہارے | برائی کا | یا |

کہہ دو کہ اگر اللہ تمہارے ساتھ برائی کا ارادہ کرے تو کون تم کو اس سے بچا سکتا ہے یا

اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ؕ وَ لَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَرَادَ | بِكُمْ | رَحْمَةً | وَ | لَا | يَجِدُوْنَ | لَهُمْ | مِّنْ | دُوْنِ | اللّٰهِ | وَلِيًّا |
| ارادہ کرے | ساتھ تمہارے | رحمت کا | اور | نہیں | پائیں گے | واسطے اپنے | کوئی | سوائے | اللہ کے | دوست |

اگر تم پر مہربانی کرنی چاہے (تو کون اس کو ہٹا سکتا ہے)۔ اور یہ لوگ اللہ کے سوا کسی کو نہ اپنا دوست پائیں گے

وَّ لَا نَصِيۡرًا ﴿۱۷﴾ قَدۡ يَعۡلَمُ اللّٰهُ الۡمُعَوِّقِيۡنَ مِنۡكُمۡ وَ الۡقَآئِلِيۡنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | لَا | نَصِيۡرًا | قَدۡ | يَعۡلَمُ | اللّٰهُ | الۡمُعَوِّقِيۡنَ | مِنۡكُمۡ | وَ | الۡقَآئِلِيۡنَ |
| اور | نہ | مدد دینے والا | تحقیق | جانتا ہے | اللہ | منع کرنے والوں کو | تم میں سے | اور | کہنے والوں کو |

اور نہ مددگار ﴿۱۷﴾ اللہ تم میں سے ان لوگوں کو بھی جانتا ہے جو (لوگوں کو) منع کرتے ہیں اور اپنے بھائیوں سے

لِاِخۡوَانِهِمۡ هَلُمَّ اِلَيۡنَا ۚ وَلَا يَاۡتُوۡنَ الۡبَاۡسَ اِلَّا قَلِيۡلًا ۙ ﴿۱۸﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِاِخۡوَانِهِمۡ | هَلُمَّ | اِلَيۡنَا | وَلَا | يَاۡتُوۡنَ | الۡبَاۡسَ | اِلَّا | قَلِيۡلًا |
| واسطے بھائیوں اپنے کے | چلے آؤ | طرف ہماری | اور نہیں | آتے | لڑائی میں | مگر | تھوڑے |

کہتے ہیں کہ ہمارے پاس چلے آؤ۔ اور لڑائی میں نہیں آتے مگر کم ﴿۱۸﴾

اَشِحَّةً عَلَيۡكُمۡ ۖۚ فَاِذَا جَآءَ الۡخَوۡفُ رَاَيۡتَهُمۡ يَنۡظُرُوۡنَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَشِحَّةً | عَلَيۡكُمۡ | فَاِذَا | جَآءَ | الۡخَوۡفُ | رَاَيۡتَهُمۡ | يَنۡظُرُوۡنَ |
| بخیلی کرتے ہوئے | اوپر تمہارے | پس جب | آئے | ڈر | دیکھے گا تو ان کو | دیکھتے ہیں |

(یہ اس لیے کہ) تمہارے بارے میں بخل کرتے ہیں۔ پھر جب ڈر (کا وقت) آئے تو تم اُن کو دیکھو کہ

اِلَيۡكَ تَدُوۡرُ اَعۡيُنُهُمۡ كَالَّذِىۡ يُغۡشٰى عَلَيۡهِ مِنَ الۡمَوۡتِ ۚ فَاِذَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَيۡكَ | تَدُوۡرُ | اَعۡيُنُهُمۡ | كَالَّذِىۡ | يُغۡشٰى | عَلَيۡهِ | مِنَ | الۡمَوۡتِ | فَاِذَا |
| طرف تیری | پھرتی ہیں | آنکھیں ان کی | مانند اس کے کہ | غشی آتی ہے | اوپر اس کے | سے | موت | پس جب |

تمہاری طرف دیکھ رہے ہیں۔ (اور) اُن کی آنکھیں (اسی طرح) پھر رہی ہیں جیسے کسی کو موت سے غشی آ رہی ہو۔ پھر جب

ذَهَبَ الۡخَوۡفُ سَلَقُوۡكُمۡ بِاَلۡسِنَةٍ حِدَادٍ اَشِحَّةً عَلَى

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ذَهَبَ | الۡخَوۡفُ | سَلَقُوۡكُمۡ | بِاَلۡسِنَةٍ | حِدَادٍ | اَشِحَّةً | عَلَى |
| جاتا رہتا ہے | ڈر | بیٹھتے ہیں بیچ تمہارے | ساتھ زبانوں کے | تیز | بخیلی کرتے ہوئے | اوپر |

خوف جاتا رہے تو تیز زبانوں کے ساتھ تمہارے بارے میں زبان درازی کریں اور مال میں بخل

الۡخَيۡرِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَمۡ يُؤۡمِنُوۡا فَاَحۡبَطَ اللّٰهُ اَعۡمَالَهُمۡ ؕ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡخَيۡرِ | اُولٰٓئِكَ | لَمۡ | يُؤۡمِنُوۡا | فَاَحۡبَطَ | اللّٰهُ | اَعۡمَالَهُمۡ |
| بھلائی کے | یہ لوگ | نہ | ایمان لائے تھے | پس ناپید کر دیئے | اللہ نے | اعمال ان کے |

کریں۔ یہ لوگ (حقیقت میں) ایمان لائے ہی نہ تھے تو اللہ نے ان کے اعمال برباد کر دیے۔

وَ كَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿١٩﴾ يَحْسَبُوْنَ الْاَحْزَابَ لَمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَانَ | ذٰلِكَ | عَلَى | اللّٰهِ | يَسِيْرًا | يَحْسَبُوْنَ | الْاَحْزَابَ | لَمْ |
| اور | تھا | یہ | اوپر | اللہ کے | آسان | گمان کرتے ہیں | کفار کی جماعتوں کو کہ | نہیں |

اور یہ اللہ کو آسان تھا ﴿۱۹﴾ (خوف کے سبب) خیال کرتے ہیں کہ فوجیں

يَذْهَبُوْا ۚ وَ اِنْ يَّاْتِ الْاَحْزَابُ يَوَدُّوْا لَوْ اَنَّهُمْ بَادُوْنَ فِي

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَذْهَبُوْا | وَ | اِنْ | يَّاْتِ | الْاَحْزَابُ | يَوَدُّوْا | لَوْ | اَنَّهُمْ | بَادُوْنَ | فِي |
| گئیں | اور | اگر | آویں | وہ جماعتیں | دوست رکھیں | کاش کہ | وہ | جنگل میں رہتے | بیچ |

نہیں گئیں اور اگر لشکر آ جائیں تو تمنا کریں کہ (کاش) گنواروں میں جا رہیں

الْاَعْرَابِ يَسْاَلُوْنَ عَنْ اَنْۢبَآئِكُمْ ؕ وَ لَوْ كَانُوْا فِيْكُمْ مَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَعْرَابِ | يَسْاَلُوْنَ | عَنْ | اَنْۢبَآئِكُمْ | وَ | لَوْ | كَانُوْا | فِيْكُمْ | مَّا |
| گنواروں کے | پوچھا کرتے | سے | خبروں تمہاری | اور | اگر | ہوتے | بیچ تمہارے | نہ |

(اور) تمہاری خبر پوچھا کریں۔ اور اگر تمہارے درمیان ہوں تو

قٰتَلُوْۤا اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٢٠﴾ ع لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ ع ۲ ۱۲ ۱۸

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قٰتَلُوْۤا | اِلَّا | قَلِيْلًا | لَقَدْ | كَانَ | لَكُمْ | فِيْ | رَسُوْلِ | اللّٰهِ | اُسْوَةٌ |
| لڑتے | مگر | تھوڑا | البتہ تحقیق | ہے | واسطے تمہارے | بیچ | رسول | اللہ کے | پیروی |

لڑائی نہ کریں مگر کم ﴿۲۰﴾ تم کو پیغمبرِ اللہ کی پیروی (کرنی) بہتر ہے (یعنی) اس شخص کو

حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَ الْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَ ذَكَرَ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَسَنَةٌ | لِّمَنْ | كَانَ | يَرْجُوا | اللّٰهَ | وَ | الْيَوْمَ | الْاٰخِرَ | وَ | ذَكَرَ | اللّٰهَ |
| اچھی | واسطے اسکے کہ | ہے | امید رکھتا | اللہ کی | اور | دن | آخر کی | اور | یاد کرتا ہے | اللہ کو |

جسے اللہ (سے ملنے) اور روزِ قیامت (کے آنے) کی اُمید ہو اور وہ اللہ کا ذکر

كَثِيْرًا ﴿٢١﴾ؕ وَ لَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ ۙ قَالُوْا هٰذَا مَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَثِيْرًا | وَ | لَمَّا | رَاَ | الْمُؤْمِنُوْنَ | الْاَحْزَابَ | قَالُوْا | هٰذَا | مَا |
| بہت | اور | جب | دیکھا | ایمان والوں نے | جماعتوں کافروں کی کو | کہا | یہ ہے | جو کہ |

کثرت سے کرتا ہو ﴿۲۱﴾ اور جب مومنوں نے (کافروں کے) لشکر کو دیکھا تو کہنے لگے یہ وہی ہے

وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَصَدَقَ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ ز وَ مَا زَادَهُمْ

| وَعَدَنَا | اللّٰهُ | وَرَسُوْلُهٗ | وَصَدَقَ | اللّٰهُ | وَ | رَسُوْلُهٗ | وَ | مَا | زَادَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وعدہ دیا ہم کو | اللہ نے | اور اسکے رسول نے | اور سچ کہا تھا | اللہ نے | اور | اس کے رسول نے | اور | نہ | زیادہ کیا ان کو |

جس کا اللہ اور اس کے پیغمبر نے ہم سے وعدہ کیا تھا اور اللہ اور اس کے پیغمبر نے سچ کہا تھا اور اس سے اُن کا

اِلَّآ اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا ﴿۲۲﴾ ط مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا

| اِلَّآ | اِيْمَانًا | وَّتَسْلِيْمًا | مِنَ | الْمُؤْمِنِيْنَ | رِجَالٌ | صَدَقُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | ایمان | اور اطاعت کرنا | بعضے | مسلمانوں میں سے | وہ مرد ہیں کہ | سچ کردکھلایا انہوں نے |

ایمان اور اطاعت اور زیادہ ہو گئی ﴿۲۲﴾ مومنوں میں کتنے ہی ایسے شخص ہیں کہ جو اقرار

مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ج فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ

| مَا | عَاهَدُوا | اللّٰهَ | عَلَيْهِ | فَمِنْهُمْ | مَّنْ | قَضٰى | نَحْبَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو | عہد باندھا تھا | اللہ سے | اوپر اس کے | پس بعض ان میں سے | وہ ہے کہ | پورا کرچکا | کام اپنا |

انہوں نے اللہ سے کیا تھا اس کو سچ کر دکھایا تو ان میں بعض ایسے ہیں جو اپنی نذر سے فارغ ہو گئے

وَ مِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ ز وَ مَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ﴿۲۳﴾ لِّيَجْزِيَ اللّٰهُ

| وَ | مِنْهُمْ | مَّنْ | يَّنْتَظِرُ | وَ | مَا | بَدَّلُوْا | تَبْدِيْلًا | لِّيَجْزِيَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بعض ان میں سے | وہ ہے جو کہ | انتظار کرتا ہے | اور | نہیں | بدل ڈالا انہوں نے | کچھ بدلہ ڈالنا | تا کہ بدلہ دے | اللہ |

اور بعض ایسے ہیں کہ انتظار کر رہے ہیں۔ اور انہوں نے (اپنے قول کو) ذرا بھی نہیں بدلا ﴿۲۳﴾ تا کہ اللہ سچوں کو

الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ وَ يُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ اِنْ شَآءَ

| الصّٰدِقِيْنَ | بِصِدْقِهِمْ | وَ | يُعَذِّبَ | الْمُنٰفِقِيْنَ | اِنْ | شَآءَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سچوں کو | ان کے سچ کے بدلے | اور | عذاب کرے گا | منافقوں کو | اگر | چاہے |

ان کی سچائی کا بدلہ دے اور منافقوں کو چاہے تو عذاب دے

اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۲۴﴾ ج وَ رَدَّ

| اَوْ | يَتُوْبَ | عَلَيْهِمْ | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | غَفُوْرًا | رَّحِيْمًا | وَ | رَدَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یا | توبہ کرے | اوپر ان کے | بیشک | اللہ | ہے | بخشنے والا | مہربان | اور | پھیر دیا |

یا (چاہے) تو اُن پر مہربانی کرے۔ بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے ﴿۲۴﴾ اور جو کافر تھے

اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا ؕ وَ كَفَى اللّٰهُ

| اللّٰهُ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | بِغَيْظِهِمْ | لَمْ | يَنَالُوْا | خَيْرًا | وَ | كَفَى | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ نے | ان لوگوں کو کہ | کفر کیا | ساتھ ان کے غصے کے | نہیں | پہنچے | بھلائی کو | اور | کافی ہوا | اللہ |

ان کو اللہ نے پھیر دیا وہ اپنے غصے میں (بھرے ہوئے تھے) کچھ بھلائی حاصل نہ کر سکے۔ اور اللہ

الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيْزًا ﴿۲۵﴾ ج وَ اَنْزَلَ

| الْمُؤْمِنِيْنَ | الْقِتَالَ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | قَوِيًّا | عَزِيْزًا | وَ | اَنْزَلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مسلمانوں کو | لڑائی سے | اور | ہے | اللہ | زبردست | غالب | اور | اتارا اللہ نے |

مومنوں کو لڑائی کے بارے میں کافی ہوا اور اللہ طاقتور (اور) زبردست ہے﴿۲۵﴾ اور اہلِ کتاب

الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ صَيَاصِيْهِمْ

| الَّذِيْنَ | ظَاهَرُوْهُمْ | مِّنْ | اَهْلِ | الْكِتٰبِ | مِنْ | صَيَاصِيْهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ان لوگوں کو کہ | مددگار ہوئے تھے | سے | اہل | کتاب | سے | قلعوں ان کے |

میں سے جنہوں نے اُن کی مدد کی تھی اُن کو اُن کے قلعوں سے اُتار دیا

وَ قَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ وَ تَاْسِرُوْنَ

| وَ | قَذَفَ | فِيْ | قُلُوْبِهِمُ | الرُّعْبَ | فَرِيْقًا | تَقْتُلُوْنَ | وَ | تَاْسِرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ڈالا | بیچ | ان کے دلوں کے | ڈر | ایک فرقے کو | مار ڈالتے ہو تم | اور | قید کرتے ہو تم |

اور اُن کے دلوں میں دہشت ڈال دی۔ تو کتنوں کو تم قتل کر دیتے تھے اور کتنوں کو قید کر

فَرِيْقًا ﴿۲۶﴾ ج وَاَوْرَثَكُمْ اَرْضَهُمْ وَ دِيَارَهُمْ وَ اَمْوَالَهُمْ

| فَرِيْقًا | وَاَوْرَثَكُمْ | اَرْضَهُمْ | وَ | دِيَارَهُمْ | وَ | اَمْوَالَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک فرقے کو | اور وارث کیا تم کو | ان کی زمین کا | اور | ان کے گھروں کا | اور | ان کے مالوں کا |

لیتے تھے﴿۲۶﴾ اور ان کی زمین اور ان کے گھروں اور ان کے مال کا اور اس زمین کا جس میں

وَاَرْضًا لَّمْ تَطَـُٔوْهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ﴿۲۷﴾ ع ۳ ۱۹

| وَاَرْضًا | لَّمْ | تَطَـُٔوْهَا | وَكَانَ | اللّٰهُ | عَلٰى | كُلِّ | شَيْءٍ | قَدِيْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور اس زمین کا کہ | نہ | رکھا پاؤں تم نے اس پر | اور ہے | اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر |

تم نے پاؤں بھی نہیں رکھا تھا تم کو وارث بنا دیا اور اللہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے﴿۲۷﴾

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ

| يٰٓاَيُّهَا | النَّبِيُّ | قُلْ | لِّاَزْوَاجِكَ | اِنْ | كُنْتُنَّ | تُرِدْنَ | الْحَيٰوةَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے | نبی | کہہ | واسطے بی بیوں اپنی کے | اگر | ہوتم | چاہتی | زندگانی |

اے پیغمبر اپنی بیویوں سے کہہ دو کہ اگر تم دنیا کی زندگی اور اس کی زینت

الدُّنْيَا وَ زِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَ اُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا

| الدُّنْيَا | وَ | زِيْنَتَهَا | فَتَعَالَيْنَ | اُمَتِّعْكُنَّ | وَ | اُسَرِّحْكُنَّ | سَرَاحًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دنیا کی | اور | رونق اس کی | پس آؤ | کچھ فائدہ دوں میں تم کو | اور | رخصت کروں میں تم کو | رخصت کرنا |

و آرائش کی خواستگار ہو تو آؤ میں تمہیں کچھ مال دوں اور اچھی طرح سے

جَمِيْلًا ﴿۲۸﴾ وَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ الدَّارَ

| جَمِيْلًا | وَ | اِنْ | كُنْتُنَّ | تُرِدْنَ | اللّٰهَ | وَ | رَسُوْلَهٗ | وَ | الدَّارَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اچھا | اور | اگر | ہوتم | چاہتی | اللہ | اور | اس کے رسول کو | اور | گھر |

رخصت کر دوں ﴿۲۸﴾ اور اگر تم اللہ اور اس کے پیغمبر اور عاقبت کے گھر (یعنی بہشت) کی

الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۲۹﴾

| الْاٰخِرَةَ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | اَعَدَّ | لِلْمُحْسِنٰتِ | مِنْكُنَّ | اَجْرًا | عَظِيْمًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آخرت کا | پس بیشک | اللہ نے | تیار کیا ہے | واسطے نیکی کرنے والیوں کے | تم میں سے | ثواب | بڑا |

طلب گار ہو تو تم میں جو نیکوکاری کرنے والی ہیں اُن کے لیے اللہ نے اجرِ عظیم تیار کر رکھا ہے ﴿۲۹﴾

يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ مَنْ يَّاْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُّضٰعَفْ

| يٰنِسَآءَ | النَّبِيِّ | مَنْ | يَّاْتِ | مِنْكُنَّ | بِفَاحِشَةٍ | مُّبَيِّنَةٍ | يُّضٰعَفْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے بی بیو | نبی کی | جو کوئی | آئے | تم میں سے | بے حیائی | ظاہر کے | دوچند کیا جائے گا |

اے پیغمبر کی بیویو تم میں سے جو کوئی صریح ناشائستہ حرکت کرے گی

لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ؕ وَ كَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿۳۰﴾

| لَهَا | الْعَذَابُ | ضِعْفَيْنِ | وَ | كَانَ | ذٰلِكَ | عَلَى | اللّٰهِ | يَسِيْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے اسکے | عذاب | دو برابر | اور | ہے | یہ | اوپر | اللہ کے | آسان |

اس کی دونی سزا دی جائے گی۔ اور یہ (بات) اللہ کو آسان ہے ﴿۳۰﴾

الجزء ۲۲

**وَمَنۡ يَّقۡنُتۡ مِنۡكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ وَتَعۡمَلۡ صَالِحًا نُّؤۡتِهَاۤ اَجۡرَهَا**

| وَ | مَنۡ | يَّقۡنُتۡ | مِنۡكُنَّ | لِلّٰهِ | وَ | رَسُوۡلِهٖ | وَ | تَعۡمَلۡ | صَالِحًا | نُّؤۡتِهَاۤ | اَجۡرَهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جو کوئی | فرمانبرداری کرے | تم میں سے | اللہ کی | اور | اسکے رسول کی | اور | عمل کرے | اچھے | دیں گے ہم اس کو | اجر اس کا |

اور جو تم میں سے اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبردار رہے گی اور عمل نیک کرے گی۔ اُس کو ہم دونا ثواب

**مَرَّتَيۡنِ ۙ وَاَعۡتَدۡنَا لَهَا رِزۡقًا كَرِيۡمًا ﴿۳۱﴾ يٰنِسَآءَ النَّبِىِّ لَسۡتُنَّ كَاَحَدٍ**

| مَرَّتَيۡنِ | وَ | اَعۡتَدۡنَا | لَهَا | رِزۡقًا | كَرِيۡمًا | يٰنِسَآءَ | النَّبِىِّ | لَسۡتُنَّ | كَاَحَدٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دوبار | اور | تیار کیا ہم نے | واسطے اسکے | رزق | عزت والا | اے بی بیو | نبی کی | نہیں تم | مانند ہر ایک کی |

دیں گے اور اس کے لیے ہم نے عزت کی روزی تیار کر رکھی ہے ﴿۳۱﴾ اے پیغمبر کی بیویو تم اور عورتوں کی طرح نہیں ہو۔

**مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيۡتُنَّ فَلَا تَخۡضَعۡنَ بِالۡقَوۡلِ فَيَطۡمَعَ الَّذِىۡ فِىۡ**

| مِّنَ | النِّسَآءِ | اِنِ | اتَّقَيۡتُنَّ | فَلَا | تَخۡضَعۡنَ | بِالۡقَوۡلِ | فَيَطۡمَعَ | الَّذِىۡ | فِىۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | عورتوں میں | اگر | پرہیزگاری کرو تم | پس مت | نرمی کرو تم | بات میں | پس طمع کرے | وہ شخص جو کہ | بیچ |

اگر تم پرہیزگار رہنا چاہتی ہو تو (کسی اجنبی شخص سے) نرم نرم باتیں نہ کیا کرو تاکہ وہ شخص جس کے دل میں کسی طرح کا مرض

**قَلۡبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلۡنَ قَوۡلًا مَّعۡرُوۡفًا ﴿۳۲﴾ۚ وَقَرۡنَ فِىۡ بُيُوۡتِكُنَّ**

| قَلۡبِهٖ | مَرَضٌ | وَّ | قُلۡنَ | قَوۡلًا | مَّعۡرُوۡفًا | وَ | قَرۡنَ | فِىۡ | بُيُوۡتِكُنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دل اس کے | بیماری ہے | اور | کہو | بات | سیدھی | اور | ٹکی رہو | بیچ | گھروں اپنے کے |

ہے کوئی امید (نہ) پیدا کرلے۔ اور (ان میں) دستور کے مطابق بات کیا کرو ﴿۳۲﴾ اور اپنے گھروں میں ٹھہری رہو

**وَلَا تَبَرَّجۡنَ تَبَرُّجَ الۡجَاهِلِيَّةِ الۡاُوۡلٰى وَاَقِمۡنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيۡنَ الزَّكٰوةَ**

| وَ | لَا | تَبَرَّجۡنَ | تَبَرُّجَ | الۡجَاهِلِيَّةِ | الۡاُوۡلٰى | وَ | اَقِمۡنَ | الصَّلٰوةَ | وَ | اٰتِيۡنَ | الزَّكٰوةَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | مت | بناؤ کرو | بناؤ | جاہلیت | پہلی کا | اور | قائم کیا کرو | نماز کو | اور | دیا کرو | زکوٰۃ |

اور جس طرح (پہلے) جاہلیت (کے دنوں) میں اظہار تجمل کرتی تھیں اس طرح زینت نہ دکھاؤ اور نماز پڑھتی رہو اور زکوٰۃ

**وَاَطِعۡنَ اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ ؕ اِنَّمَا يُرِيۡدُ اللّٰهُ لِيُذۡهِبَ عَنۡكُمُ الرِّجۡسَ**

| وَاَطِعۡنَ | اللّٰهَ | وَ | رَسُوۡلَهٗ | اِنَّمَا | يُرِيۡدُ | اللّٰهُ | لِيُذۡهِبَ | عَنۡكُمُ | الرِّجۡسَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور فرمانبرداری کرو | اللہ کی | اور | اسکے رسول کی | سوائے اسکے نہیں کہ | ارادہ کرتا ہے | اللہ | تاکہ دور کرے | تم سے | گندی باتیں |

دیتی رہو۔ اور اللہ اور اسکے رسول کی فرمانبرداری کرتی رہو اے (پیغمبر کے) اہلِ بیت اللہ چاہتا ہے کہ تم سے ناپاکی (کا میل کچیل) دور

اَهۡلَ الۡبَيۡتِ وَيُطَهِّرَكُمۡ تَطۡهِيۡرًا ۚ﴿۳۳﴾ وَاذۡكُرۡنَ مَا يُتۡلٰى فِىۡ بُيُوۡتِكُنَّ

| اَهۡلَ | الۡبَيۡتِ | وَيُطَهِّرَكُمۡ | تَطۡهِيۡرًا | وَاذۡكُرۡنَ | مَا | يُتۡلٰى | فِىۡ | بُيُوۡتِكُنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے اہل | بیت نبی | اور پاک کرے تم کو | خوب پاک کرنا | اور یاد کیا کرو | جو کچھ | پڑھا جاتا ہے | بیچ | گھروں تمہارے کے |

کر دے اور تمہیں بالکل پاک صاف کر دے ﴿۳۳﴾ اور تمہارے گھروں میں جو اللہ کی آیتیں پڑھی

مِنۡ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالۡحِكۡمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيۡفًا خَبِيۡرًا ﴿۳۴﴾ع اِنَّ ع ۴

| مِنۡ | اٰيٰتِ | اللّٰهِ | وَ | الۡحِكۡمَةِ | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | لَطِيۡفًا | خَبِيۡرًا | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | نشانیوں | اللہ کی | اور | حکمت | بیشک | اللہ | ہے | باریک بیں | خبردار | بیشک |

جاتی ہیں اور حکمت (کی باتیں سنائی جاتی ہیں) اُن کو یاد رکھو۔ بے شک اللہ باریک بیں اور باخبر ہے ﴿۳۴﴾ (جو لوگ اللہ کے

الۡمُسۡلِمِيۡنَ وَالۡمُسۡلِمٰتِ وَالۡمُؤۡمِنِيۡنَ وَالۡمُؤۡمِنٰتِ وَالۡقٰنِتِيۡنَ

| الۡمُسۡلِمِيۡنَ | وَ | الۡمُسۡلِمٰتِ | وَالۡمُؤۡمِنِيۡنَ | وَ | الۡمُؤۡمِنٰتِ | وَالۡقٰنِتِيۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مسلمان مرد | اور | مسلمان عورتیں | اور مومن مرد | اور | مومن عورتیں | اور بندگی کرنیوالے مرد |

آگے سر اطاعت خم کرنے والے ہیں یعنی) مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں اور مومن مرد اور مومن عورتیں اور فرمانبردار مرد

وَالۡقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِيۡنَ وَالصّٰدِقٰتِ وَالصّٰبِرِيۡنَ وَالصّٰبِرٰتِ

| وَالۡقٰنِتٰتِ | وَالصّٰدِقِيۡنَ | وَالصّٰدِقٰتِ | وَالصّٰبِرِيۡنَ | وَالصّٰبِرٰتِ |
|---|---|---|---|---|
| اور بندگی کرنیوالی عورتیں | اور سچے مرد | اور سچی عورتیں | اور صبر کرنے والے مرد | اور صبر کرنے والی عورتیں |

اور فرمانبردار عورتیں اور راستباز مرد اور راستباز عورتیں اور صبر کرنے والے مرد اور صبر کرنے والی عورتیں

وَالۡخٰشِعِيۡنَ وَالۡخٰشِعٰتِ وَالۡمُتَصَدِّقِيۡنَ وَالۡمُتَصَدِّقٰتِ

| وَالۡخٰشِعِيۡنَ | وَالۡخٰشِعٰتِ | وَالۡمُتَصَدِّقِيۡنَ | وَالۡمُتَصَدِّقٰتِ |
|---|---|---|---|
| اور عاجزی کرنیوالے مرد | اور عاجزی کرنیوالی عورتیں | اور خیرات کرنے والے مرد | اور خیرات کرنیوالی عورتیں |

اور فروتنی کرنے والے مرد اور فروتنی کرنے والی عورتیں اور خیرات کرنے والے مرد اور خیرات کرنے والی عورتیں اور روزے

وَالصَّآئِمِيۡنَ وَالصّٰٓئِمٰتِ وَالۡحٰفِظِيۡنَ فُرُوۡجَهُمۡ وَالۡحٰفِظٰتِ

| وَالصَّآئِمِيۡنَ | وَالصّٰٓئِمٰتِ | وَالۡحٰفِظِيۡنَ | فُرُوۡجَهُمۡ | وَالۡحٰفِظٰتِ |
|---|---|---|---|---|
| اور روزہ رکھنے والے مرد | اور روزہ رکھنے والی عورتیں | اور حفاظت کرنیوالے مرد | اپنی شہوت کی جگہ کی | اور حفاظت کرنیوالی عورتیں |

رکھنے والے مرد اور روزے رکھنے والی عورتیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے مرد اور حفاظت کرنے والی عورتیں اور

وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ ۙ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الذّٰكِرِيْنَ | اللّٰهَ | كَثِيْرًا | وَّ | الذّٰكِرٰتِ | اَعَدَّ | اللّٰهُ | لَهُمْ | مَّغْفِرَةً | وَّ | اَجْرًا |
| اور | یادکرنے والے | اللہ کو | بہت | اور | یادکرنے والیاں | تیار کیا ہے | اللہ نے | واسطے انکے | بخشش | اور | ثواب |

اللہ کو کثرت سے یاد کرنے والے مرد اور کثرت سے یاد کرنے والی عورتیں کچھ شک نہیں کہ ان کے لیے اللہ نے بخشش

عَظِيْمًا ﴿۳۵﴾ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَظِيْمًا | وَ | مَا | كَانَ | لِمُؤْمِنٍ | وَّ | لَا | مُؤْمِنَةٍ | اِذَا | قَضَى | اللّٰهُ | وَ | رَسُوْلُهٗ |
| بڑا | اور | نہیں | لائق ہے | واسطے کسی مومن کے | اور | نہ | کسی مومنہ کے کہ | جب | مقرر کرے | اللہ | اور | رسول اس کا |

اور اجرِ عظیم تیار کر رکھا ہے﴿۳۵﴾ اور کسی مومن مرد اور مومن عورت کو حق نہیں ہے کہ جب اللہ اور اس کا رسول

اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ؕ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَمْرًا | اَنْ | يَّكُوْنَ | لَهُمُ | الْخِيَرَةُ | مِنْ | اَمْرِهِمْ | وَ | مَنْ | يَّعْصِ | اللّٰهَ |
| کوئی کام | یہ کہ | ہوئے | واسطے انکے | اختیار | سے | کام اپنے | اور | جو کوئی | نافرمانی کرے | اللہ کی |

کوئی امر مقرر کر دیں تو وہ اس کام میں اپنا بھی کچھ اختیار سمجھیں۔ اور جو کوئی اللہ

وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ﴿۳۶﴾ وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | رَسُوْلَهٗ | فَقَدْ | ضَلَّ | ضَلٰلًا | مُّبِيْنًا | وَ | اِذْ | تَقُوْلُ | لِلَّذِيْٓ | اَنْعَمَ | اللّٰهُ |
| اور | اسکے رسول کی | پس تحقیق | گمراہ ہوا | گمراہی | ظاہر | اور | جسوقت | کہتا تھا تو | واسطے اسکے کہ | نعمت رکھی | اللہ نے |

اور اُس کے رسول کی نافرمانی کرے وہ صریح گمراہ ہو گیا﴿۳۶﴾ اور جب تم اس شخص سے جس پر اللہ نے احسان کیا

عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِ | وَاَنْعَمْتَ | عَلَيْهِ | اَمْسِكْ | عَلَيْكَ | زَوْجَكَ | وَاتَّقِ | اللّٰهَ |
| اوپر اس کے | اور نعمت رکھی تو نے | اوپر اس کے | تھام رکھ | اوپر اپنے | بی بی اپنی کو | اور ڈر | اللہ سے |

اور تم نے بھی احسان کیا (یہ) کہتے تھے کہ اپنی بیوی کو اپنے پاس رہنے دے اور اللہ سے ڈر

وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَتُخْفِيْ | فِيْ | نَفْسِكَ | مَا | اللّٰهُ | مُبْدِيْهِ | وَ | تَخْشَى | النَّاسَ | وَاللّٰهُ | اَحَقُّ |
| اور چھپاتا تھا تو | بیچ | جی اپنے کے | جو کچھ کہ | اللہ | ظاہر کرنیوالا ہے اسکا | اور | ڈرتا تھا تو | لوگوں سے | اور اللہ | بہت حقدار ہے |

اور تم اپنے دل میں وہ بات پوشیدہ کرتے تھے جس کو اللہ ظاہر کرنے والا تھا اور تم لوگوں سے ڈرتے تھے حالانکہ اللہ ہی اس کا زیادہ مستحق ہے

اَنۡ تَخۡشٰىهُ ؕ فَلَمَّا قَضٰى زَيۡدٌ مِّنۡهَا وَطَرًا زَوَّجۡنٰكَهَا لِكَىۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنۡ | تَخۡشٰىهُ | فَلَمَّا | قَضٰى | زَيۡدٌ | مِّنۡهَا | وَطَرًا | زَوَّجۡنٰكَهَا | لِكَىۡ |
| یہ کہ | ڈرے تو اس سے | پس جب | ادا کرلی | زید نے | اس سے | حاجت | بیاہ دیا ہم نے تجھ سے اسکو | تا کہ |

کہ اس سے ڈرو۔ پھر جب زید نے اس سے (کوئی) حاجت (متعلق) نہ رکھی (یعنی اس کو طلاق دے دی) تو ہم نے تم سے اس کا نکاح کردیا تا کہ

لَا يَكُوۡنَ عَلَى الۡمُؤۡمِنِيۡنَ حَرَجٌ فِىۡۤ اَزۡوَاجِ اَدۡعِيَآئِهِمۡ اِذَا قَضَوۡا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَكُوۡنَ | عَلَى | الۡمُؤۡمِنِيۡنَ | حَرَجٌ | فِىۡۤ | اَزۡوَاجِ | اَدۡعِيَآئِهِمۡ | اِذَا | قَضَوۡا |
| نہ | ہو | اوپر | ایمان والوں کے | تنگی | بیچ | بی بیوں | انکے لے پالکوں کے | جب | ادا کرلیں |

مومنوں کے لیے ان کے منہ بولے بیٹوں کی بیویوں (کے ساتھ نکاح کرنے کے بارے میں) جب وہ ان سے (اپنی) حاجت (متعلق) نہ رکھیں

مِنۡهُنَّ وَطَرًا ؕ وَكَانَ اَمۡرُ اللّٰهِ مَفۡعُوۡلًا ﴿۳۷﴾ مَا كَانَ عَلَى النَّبِىِّ مِنۡ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنۡهُنَّ | وَطَرًا | وَ | كَانَ | اَمۡرُ | اللّٰهِ | مَفۡعُوۡلًا | مَا | كَانَ | عَلَى | النَّبِىِّ | مِنۡ |
| ان سے | حاجت | اور | ہے | حکم | اللہ کا | کیا گیا | نہیں | ہے | اوپر | نبی کے | کچھ |

(یعنی طلاق دے دیں) کچھ تنگی نہ رہے اور اللہ کا حکم واقع ہو کر رہنے والا تھا ﴿۳۷﴾ پیغمبر پر اس کام میں کچھ

حَرَجٍ فِيۡمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ؕ سُنَّةَ اللّٰهِ فِى الَّذِيۡنَ خَلَوۡا مِنۡ قَبۡلُ ؕ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَرَجٍ | فِيۡمَا | فَرَضَ | اللّٰهُ | لَهٗ | سُنَّةَ | اللّٰهِ | فِى | الَّذِيۡنَ | خَلَوۡا | مِنۡ | قَبۡلُ |
| تنگی | بیچ اس چیز کے کہ | فرض کیا | اللہ نے | واسطے اسکے | مقرر کی ہے | اللہ نے | بیچ | ان لوگوں کے کہ | گزر گئے | سے | پہلے اس |

تنگی نہیں جو اللہ نے اُن کے لیے مقرر کر دیا۔ اور جو لوگ پہلے گزر چکے ہیں اُن میں بھی اللہ کا یہی دستور رہا ہے۔

وَكَانَ اَمۡرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقۡدُوۡرَا ۙ﴿۳۸﴾ الَّذِيۡنَ يُبَلِّغُوۡنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَانَ | اَمۡرُ | اللّٰهِ | قَدَرًا | مَّقۡدُوۡرَا | الَّذِيۡنَ | يُبَلِّغُوۡنَ | رِسٰلٰتِ | اللّٰهِ |
| اور | ہے | حکم | اللہ کا | اندازے پر | مقرر کیا ہوا | وہ لوگ کہ | پہنچاتے ہیں | پیغام | اللہ کا |

اور اللہ کا حکم ٹھہر چکا تھا ﴿۳۸﴾ اور جو اللہ کے پیغام (جوں کے توں) پہنچاتے

وَيَخۡشَوۡنَهٗ وَلَا يَخۡشَوۡنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيۡبًا ﴿۳۹﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَيَخۡشَوۡنَهٗ | وَ | لَا | يَخۡشَوۡنَ | اَحَدًا | اِلَّا | اللّٰهَ | وَ | كَفٰى | بِاللّٰهِ | حَسِيۡبًا |
| اور ڈرتے ہیں اس سے | اور | نہیں | ڈرتے | کسی سے | مگر | اللہ سے | اور | کافی ہے | اللہ | کفایت کرنیوالا |

اور اس سے ڈرتے اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے تھے۔ اور اللہ ہی حساب کرنے کو کافی ہے ﴿۳۹﴾

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | كَانَ | مُحَمَّدٌ | اَبَآ | اَحَدٍ | مِّنْ | رِّجَالِكُمْ | وَلٰكِنْ | رَّسُوْلَ | اللّٰهِ |
| نہیں | ہے | محمد صلی اللہ علیہ وسلم | باپ | کسی کا | سے | مردوں تمہارے میں | اور لیکن | رسول | اللہ کا ہے |

محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمہارے مردوں میں سے کسی کے والد نہیں ہیں بلکہ اللہ کے پیغمبر

وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۴۰﴾ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ع ۵

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | خَاتَمَ | النَّبِيّٖنَ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | بِكُلِّ | شَيْءٍ | عَلِيْمًا | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوا |
| اور | مہر | سب نبیوں پر ہے | اور | ہے | اللہ | ہر | چیز کو | جاننے والا | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو |

اور نبیوں (کی نبوت) کی مہر (یعنی اس کو ختم کردینے والے ہیں) اور اللہ ہر چیز سے واقف ہے ﴿۴۰﴾ اے اہل ایمان اللہ کا

اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ﴿۴۱﴾ لا وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿۴۲﴾ هُوَ الَّذِيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اذْكُرُوا | اللّٰهَ | ذِكْرًا | كَثِيْرًا | وَّ | سَبِّحُوْهُ | بُكْرَةً | وَّ | اَصِيْلًا | هُوَ | الَّذِيْ |
| یاد کرو | اللہ کو | یاد کرنا | بہت | اور | پاکی بیان کرو اس کی | صبح | اور | شام | وہی ہے | جو |

بہت ذکر کیا کرو ﴿۴۱﴾ اور صبح اور شام اُس کی پاکی بیان کرتے رہو ﴿۴۲﴾ وہی تو ہے

يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُصَلِّيْ | عَلَيْكُمْ | وَ | مَلٰٓئِكَتُهٗ | لِيُخْرِجَكُمْ | مِّنَ | الظُّلُمٰتِ | اِلَى | النُّوْرِ |
| رحمت بھیجتا ہے | اوپر تمہارے | اور | فرشتے اس کے | تاکہ نکالے تم کو | سے | اندھیروں | طرف | نور کی |

جو تم پر رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے بھی تاکہ تم کو اندھیروں سے نکال کر روشنی کی طرف لے جائے۔

وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ﴿۴۳﴾ تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ۚۖ وَاَعَدَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَانَ | بِالْمُؤْمِنِيْنَ | رَحِيْمًا | تَحِيَّتُهُمْ | يَوْمَ | يَلْقَوْنَهٗ | سَلٰمٌ | وَ | اَعَدَّ |
| اور | ہے | ساتھ ایمان والوں کے | مہربان | دعا ان کی | جس دن | ملاقات کریں گے اس سے | سلام ہے | اور | تیار کیا ہے |

اور اللہ مومنوں پر مہربان ہے ﴿۴۳﴾ جس روز وہ اُن سے ملیں گے اُن کا تحفہ (اللہ کی طرف سے) سلام ہوگا اور

لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا ﴿۴۴﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمْ | اَجْرًا | كَرِيْمًا | يٰۤاَيُّهَا | النَّبِيُّ | اِنَّآ | اَرْسَلْنٰكَ | شَاهِدًا | وَّ | مُبَشِّرًا |
| واسطے انکے | ثواب | بزرگ | اے | نبی | بیشک | بھیجا ہم نے تجھ کو | گواہ | اور | خوشخبری دینے والا |

اُس نے اُن کے لیے بڑا ثواب تیار کر رکھا ہے ﴿۴۴﴾ اے پیغمبر ہم نے تم کو گواہی دینے والا اور خوشخبری سنانے والا

وَّنَذِيْرًا ﴿۴۵﴾ وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ﴿۴۶﴾ وَبَشِّرِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | نَذِيْرًا | وَّ | دَاعِيًا | اِلَى | اللّٰهِ | بِاِذْنِهٖ | وَ | سِرَاجًا | مُّنِيْرًا | وَ | بَشِّرِ |
| اور | ڈرانے والا | اور | پکارنے والا | طرف | اللہ کی | ساتھ اسکے حکم کے | اور | چراغ | روشن | اور | خوشخبری دے |

اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے ﴿۴۵﴾ اور اللہ کی طرف بلانے والا اور چراغ روشن ﴿۴۶﴾ اور مومنوں

الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ﴿۴۷﴾ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُؤْمِنِيْنَ | بِاَنَّ | لَهُمْ | مِّنَ | اللّٰهِ | فَضْلًا | كَبِيْرًا | وَ | لَا | تُطِعِ | الْكٰفِرِيْنَ |
| ایمان والوں کو | ساتھ اسکے کہ | واسطے انکے ہے | سے | اللہ کی طرف | فضل | بڑا | اور | مت | کہا مان | کافروں کا |

کو خوشخبری سنا دو کہ اُن کے لیے اللہ کی طرف سے بڑا فضل ہے ﴿۴۷﴾ اور کافروں اور منافقوں کا کہا نہ

وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۴۸﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْمُنٰفِقِيْنَ | وَدَعْ | اَذٰىهُمْ | وَ | تَوَكَّلْ | عَلَى | اللّٰهِ | وَ | كَفٰى | بِاللّٰهِ | وَكِيْلًا |
| اور منافقوں کا | اور چھوڑ دے | ایذا دینا ان کا | اور | توکل کر | اوپر | اللہ کے | اور | کافی ہے | اللہ | کارساز |

ماننا اور نہ اُن کے تکلیف دینے پر نظر کرنا اور اللہ پر بھروسہ رکھنا۔ اور اللہ ہی کارساز کافی ہے ﴿۴۸﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا | اِذَا | نَكَحْتُمُ | الْمُؤْمِنٰتِ | ثُمَّ | طَلَّقْتُمُوْهُنَّ | مِنْ |
| اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | جب | نکاح کرو تم | ایمان والیوں سے | پھر | طلاق دو تم ان کو | سے |

مومنو! جب تم مومن عورتوں سے نکاح کر کے اُن کو ہاتھ لگانے (یعنی ان کے پاس جانے) سے

قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَبْلِ | اَنْ | تَمَسُّوْهُنَّ | فَمَا | لَكُمْ | عَلَيْهِنَّ | مِنْ | عِدَّةٍ | تَعْتَدُّوْنَهَا |
| پہلے اس | کہ | ہاتھ لگاؤ تم ان کو | پس نہیں | واسطے تمہارے | اوپر ان کے | سے | گنتی دنوں کی کہ | گنو تم اس کو |

پہلے طلاق دے دو تو تم کو کچھ اختیار نہیں کہ اُن سے عدت پوری کراؤ۔

فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿۴۹﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَتِّعُوْهُنَّ | وَسَرِّحُوْهُنَّ | سَرَاحًا | جَمِيْلًا | يٰٓاَيُّهَا | النَّبِيُّ | اِنَّآ |
| پس کچھ فائدہ دو ان کو | اور رخصت کرو ان کو | رخصت کرنا | اچھا | اے | نبی | بیشک |

اُن کو کچھ فائدہ (یعنی خرچ) دے کر اچھی طرح سے رخصت کر دو ﴿۴۹﴾ اے پیغمبر ہم نے

اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْٓ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ

| اَحْلَلْنَا | لَكَ | اَزْوَاجَكَ | الّٰتِيْٓ | اٰتَيْتَ | اُجُوْرَهُنَّ | وَ | مَا | مَلَكَتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حلال کیں ہم نے | واسطے تمہارے | بی بیاں تیری | وہ جو کہ | دیا ہے تو نے | مہران کا | اور | جن کا | مالک ہوا |

تمہارے لیے تمہاری بیویاں جن کو تم نے اُن کے مہر دے دیے ہیں حلال کردی ہیں اور تمہاری

يَمِيْنُكَ مِمَّآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ

| يَمِيْنُكَ | مِمَّآ | اَفَآءَ | اللّٰهُ | عَلَيْكَ | وَ | بَنٰتِ | عَمِّكَ | وَ | بَنٰتِ | عَمّٰتِكَ | وَ | بَنٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| داہنا ہاتھ تیرا | اس چیز سے کہ | پھیر لایا ہے | اللہ | اوپر تیرے | اور | بیٹیاں | چچاؤں تیرے کی | اور | بیٹیاں | پھوپھیوں تیری کی | اور | بیٹیاں |

لونڈیاں جو اللہ نے تم کو (کفار سے بطور مال غنیمت) دلوائی ہیں اور تمہارے چچا کی بیٹیاں اور تمہاری پھوپھیوں کی بیٹیاں اور تمہارے ماموؤں

خَالِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ هَاجَرْنَ مَعَكَ ز وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً

| خَالِكَ | وَ | بَنٰتِ | خٰلٰتِكَ | الّٰتِيْ | هَاجَرْنَ | مَعَكَ | وَامْرَاَةً | مُّؤْمِنَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ماموں تیرے کی | اور | بیٹیاں | خالاؤں تیری کی | وہ جو کہ | وطن چھوڑ آئی ہیں | ساتھ تیرے | اور عورت | ایمان والی |

کی بیٹیاں اور تمہاری خالاؤں کی بیٹیاں جو تمہارے ساتھ وطن چھوڑ کر آئی ہیں (سب حلال ہیں) اور کوئی مومن عورت

اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا ق خَالِصَةً

| اِنْ | وَّهَبَتْ | نَفْسَهَا | لِلنَّبِيِّ | اِنْ | اَرَادَ | النَّبِيُّ | اَنْ | يَّسْتَنْكِحَهَا | خَالِصَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اگر | بخش دے | جان اپنی | واسطے نبی کے | اگر | ارادہ کرے | نبی | یہ کہ | نکاح کرلے اس سے | یہ خاص ہے |

اگر اپنے تئیں پیغمبر کو بخش دے (یعنی مہر لینے کے بغیر نکاح میں آنا چاہے) بشرطیکہ پیغمبر بھی اس سے نکاح کرنا چاہیں۔ (وہ بھی حلال ہے

لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ط قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِيْٓ

| لَّكَ | مِنْ | دُوْنِ | الْمُؤْمِنِيْنَ | قَدْ | عَلِمْنَا | مَا | فَرَضْنَا | عَلَيْهِمْ | فِيْٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے تیرے | سے | سوائے | تمام مسلمانوں کے | تحقیق | جان لیا ہے ہم نے | جو کچھ | مقرر کیا ہے ہم نے | اوپر ان کے | بیچ |

لیکن یہ اجازت اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاص تم ہی کو ہے سب مسلمانوں کو نہیں۔ ہم نے ان کی بیویوں اور لونڈیوں کے بارے میں

اَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ط

| اَزْوَاجِهِمْ | وَ | مَا | مَلَكَتْ | اَيْمَانُهُمْ | لِكَيْلَا | يَكُوْنَ | عَلَيْكَ | حَرَجٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بی بیوں ان کی کے | اور | اس چیز کے کہ | مالک ہوئے | داہنے ہاتھ تمہارے | تا کہ نہ | ہو | اوپر تمہارے | تنگی |

جو (مہر واجب الادا) مقرر کر دیا ہے ہم کو معلوم ہے (یہ) اس لیے (کیا گیا ہے) کہ تم پر کسی طرح کی تنگی نہ رہے۔

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿٥٠﴾ تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُـْٔوِيْٓ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَكَانَ | اللّٰهُ | غَفُوْرًا | رَّحِيْمًا | تُرْجِيْ | مَنْ | تَشَآءُ | مِنْهُنَّ | وَتُـْٔوِيْٓ |
| اور ہے | اللہ | بخشنے والا | مہربان | ڈھیل دے تو | جس کو | چاہے | ان میں سے | اور جگہ دے |

اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے ﴿٥٠﴾ (اور تم کو یہ بھی اختیار ہے کہ) جس بیوی کو چاہو علیحدہ رکھو اور

اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ ؕ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَيْكَ | مَنْ | تَشَآءُ | وَ | مَنِ | ابْتَغَيْتَ | مِمَّنْ | عَزَلْتَ | فَلَا | جُنَاحَ |
| طرف اپنی | جس کو | چاہے | اور | جس کو | بلوا بھیجے تو | ان میں سے کہ | کنارے کر دیا تھا تم نے | پس نہیں | گناہ |

جسے چاہو اپنے پاس رکھو۔ اور جس کو تم نے علیحدہ کر دیا ہو اگر اُس کو پھر اپنے پاس طلب کر لو تو تم پر کچھ

عَلَيْكَ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ تَقَرَّ اَعْيُنُهُنَّ وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَآ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْكَ | ذٰلِكَ | اَدْنٰٓى | اَنْ | تَقَرَّ | اَعْيُنُهُنَّ | وَ | لَا | يَحْزَنَّ | وَ | يَرْضَيْنَ | بِمَآ |
| اوپر تمہارے | یہ | بہت نزدیک ہے | اس سے کہ | ٹھنڈی رہیں | آنکھیں ان کی | اور | مت | غم کھائیں | اور | راضی رہیں | ساتھ اس چیز کے کہ |

گناہ نہیں۔ یہ (اجازت) اس لیے ہے کہ اُن کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں اور وہ غمناک نہ ہوں اور جو کچھ تم ان کو دو

اٰتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰتَيْتَهُنَّ | كُلُّهُنَّ | وَ | اللّٰهُ | يَعْلَمُ | مَا | فِيْ | قُلُوْبِكُمْ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | عَلِيْمًا |
| دیا ہے تو نے انکو | سب کو | اور | اللہ | جانتا ہے | جو کچھ | بیچ | تمہارے دلوں کے ہے | اور | ہے | اللہ | جاننے والا |

اسے لے کر سب خوش رہیں۔ اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اللہ اسے جانتا ہے۔ اور اللہ جاننے والا (اور)

حَلِيْمًا ﴿٥١﴾ لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ مِنْۢ بَعْدُ وَلَآ اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَلِيْمًا | لَا | يَحِلُّ | لَكَ | النِّسَآءُ | مِنْ | بَعْدُ | وَ | لَآ | اَنْ | تَبَدَّلَ | بِهِنَّ |
| تحمل والا | نہیں | حلال | واسطے تیرے | عورتیں | سے | پیچھے ان کے | اور | نہ | یہ کہ | بدل ڈالے تو | ان سے |

بردبار ہے ﴿٥١﴾ (اے پیغمبر) ان کے سوا اور عورتیں تم کو جائز نہیں اور نہ یہ کہ ان بیویوں کو چھوڑ کر

مِنْ اَزْوَاجٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ اِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ ؕ وَكَانَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ اَزْوَاجٍ | وَّ | لَوْ | اَعْجَبَكَ | حُسْنُهُنَّ | اِلَّا | مَا | مَلَكَتْ | يَمِيْنُكَ | وَ | كَانَ |
| اور بی بیاں | اور | اگرچہ | خوش لگے تجھ کو | حسن ان کا | مگر | جن کے | مالک ہوئے | داہنے ہاتھ تیرے | اور | ہے |

اور بیویاں کرلو خواہ ان کا حسن تم کو (کیسا ہی) اچھا لگے مگر وہ جو تمہارے ہاتھ کا مال ہے (یعنی لونڈیوں کے بارے میں تم کو اختیار ہے) اور

ع۲

اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيْبًا ﴿۵۲﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا

| اللّٰهُ | عَلٰى | كُلِّ | شَيْءٍ | رَّقِيْبًا | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَا | تَدْخُلُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | نگہبان | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | مت | داخل ہو |

اللہ ہر چیز پر نگاہ رکھتا ہے(۵۲) مومنو! پیغمبر کے گھروں میں

بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّاۤ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ ۙ

| بُيُوْتَ | النَّبِيِّ | اِلَّاۤ | اَنْ | يُّؤْذَنَ | لَكُمْ | اِلٰى | طَعَامٍ | غَيْرَ | نٰظِرِيْنَ | اِنٰىهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گھروں میں | نبی کے | مگر | یہ کہ | اجازت دی جائے | تم کو | طرف | کھانے کی | نہ | انتظار کرنیوالے | اسکے پکنے کے |

نہ جایا کرو مگر اس صورت میں کہ تم کو کھانے کے لیے اجازت دی جائے اور اس کے پکنے کا انتظار بھی نہ کرنا پڑے

وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ

| وَ | لٰكِنْ | اِذَا | دُعِيْتُمْ | فَادْخُلُوْا | فَاِذَا | طَعِمْتُمْ | فَانْتَشِرُوْا | وَ | لَا | مُسْتَاْنِسِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | لیکن | جب | بلایا جائے تم کو | پس داخل ہو | پس جب | کھا چکو تم | پس منتشر ہو جاؤ | اور | مت | بیٹھے رہو جی لگا رہنے کو |

لیکن جب تمہاری دعوت کی جائے تو جاؤ اور جب کھانا کھا چکو تو چل دو اور باتوں میں جی لگا کر

لِحَدِيْثٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِى النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيٖ مِنْكُمْ ؗ وَاللّٰهُ

| لِحَدِيْثٍ | اِنَّ | ذٰلِكُمْ | كَانَ | يُؤْذِى | النَّبِيَّ | فَيَسْتَحْيٖ | مِنْكُمْ | وَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے باتوں کے | بیشک | یہ بات | ہے | ایذا دیتی | نبی کو | پس شرماتا ہے | تم سے | اور | اللہ |

نہ بیٹھے رہو۔ یہ بات پیغمبر کو ایذا دیتی تھی۔ اور وہ تم سے شرم کرتے تھے (اور کہتے نہیں تھے) لیکن اللہ

لَا يَسْتَحْيٖ مِنَ الْحَقِّ ؕ وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔلُوْهُنَّ مِنْ

| لَا | يَسْتَحْيٖ | مِنَ | الْحَقِّ | وَ | اِذَا | سَاَلْتُمُوْهُنَّ | مَتَاعًا | فَسْـَٔلُوْهُنَّ | مِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | شرماتا | سے | حق بات | اور | جسوقت | سوال کرو تم ان سے | کچھ سامان | پس مانگو ان سے | سے |

سچی بات کے کہنے سے شرم نہیں کرتا۔ اور جب پیغمبر کی بیویوں سے کوئی سامان مانگو تو پردے کے باہر

وَّرَآءِ حِجَابٍ ؕ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ ؕ وَمَا كَانَ لَكُمْ

| وَّرَآءِ | حِجَابٍ | ذٰلِكُمْ | اَطْهَرُ | لِقُلُوْبِكُمْ | وَ | قُلُوْبِهِنَّ | وَ | مَا | كَانَ | لَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیچھے | پردے کے | یہ | بہت پاک کرنیوالا ہے | واسطے تمہارے دلوں کے | اور | ان کے دلوں کے | اور | نہیں | لائق | واسطے تمہارے |

سے مانگو۔ یہ تمہارے اور ان کے دونوں کے لیے بہت پاکیزگی کی بات ہے۔ اور تم کو یہ شایاں

اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا ؕ

| اَنْ | تُؤْذُوْا | رَسُوْلَ | اللّٰهِ | وَ | لَآ | اَنْ | تَنْكِحُوْٓا | اَزْوَاجَهٗ | مِنْۢ بَعْدِهٖٓ | اَبَدًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | ایذادو | رسول کو | اللہ کے | اور | نہ | یہ کہ | نکاح کرو | ان کی بی بیوں سے | پیچھے اس کے | کبھی |

نہیں کہ پیغمبرِ اللہ کو تکلیف دو اور نہ یہ کہ ان کی بیویوں سے کبھی ان کے بعد نکاح کرو۔

اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ﴿۵۳﴾ اِنْ تُبْدُوْا شَيْئًا اَوْ تُخْفُوْهُ فَاِنَّ

| اِنَّ | ذٰلِكُمْ | كَانَ | عِنْدَ | اللّٰهِ | عَظِيْمًا | اِنْ | تُبْدُوْا | شَيْئًا | اَوْ | تُخْفُوْهُ | فَاِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تحقیق | یہ | ہے | نزدیک | اللہ کے | بڑا گناہ | اگر | ظاہر کرو تم | کچھ | یا | چھپاؤ اس کو | پس بیشک |

بے شک یہ اللہ کے نزدیک بڑا (گناہ کا کام) ہے﴿۵۳﴾ اگر تم کسی چیز کو ظاہر کرو یا اس کو مخفی رکھو تو (یاد رکھو کہ)

اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۵۴﴾ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِيْٓ اٰبَآئِهِنَّ

| اللّٰهَ | كَانَ | بِكُلِّ | شَيْءٍ | عَلِيْمًا | لَا | جُنَاحَ | عَلَيْهِنَّ | فِيْٓ | اٰبَآئِهِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | ہے | ساتھ ہر | چیز کے | جاننے والا | نہیں | گناہ | اوپر ان عورتوں کے کہ | بیچ | انکے باپوں کے |

اللہ ہر چیز سے باخبر ہے﴿۵۴﴾ عورتوں پر اپنے باپوں سے (پردہ نہ کرنے میں) کچھ گناہ نہیں

وَلَآ اَبْنَآئِهِنَّ وَلَآ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ

| وَ | لَآ | اَبْنَآئِهِنَّ | وَلَآ | اِخْوَانِهِنَّ | وَ | لَآ | اَبْنَآءِ | اِخْوَانِهِنَّ | وَ | لَآ | اَبْنَآءِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | انکے بیٹوں کے | اور نہ | ان کے بھائیوں کے | اور | نہ | بیٹوں | ان کے بھائیوں کے | اور | نہ | بیٹوں |

اور نہ اپنے بیٹوں سے اور نہ اپنے بھائیوں سے اور نہ اپنے بھتیجوں سے اور نہ اپنے

اَخَوٰتِهِنَّ وَلَا نِسَآئِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِيْنَ اللّٰهَ ؕ

| اَخَوٰتِهِنَّ | وَلَا | نِسَآئِهِنَّ | وَ | لَا | مَا | مَلَكَتْ | اَيْمَانُهُنَّ | وَ | اتَّقِيْنَ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انکی بہنوں کے | اور نہ | ان کی بی بیوں کے | اور | نہ | ان کے کہ | مالک ہوئے | داہنے ہاتھ ان کے | اور | ڈرو | اللہ سے |

بھانجوں سے نہ اپنی (قسم کی) عورتوں سے اور نہ لونڈیوں سے اور (اے عورتو) اللہ سے ڈرتی رہو

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ﴿۵۵﴾ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ

| اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | عَلٰى | كُلِّ | شَيْءٍ | شَهِيْدًا | اِنَّ | اللّٰهَ | وَ | مَلٰٓئِكَتَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | اللہ | ہے | اوپر | ہر | چیز کے | شاہد | بیشک | اللہ | اور | فرشتے اس کے |

بیشک اللہ ہر چیز سے واقف ہے﴿۵۵﴾ اللہ اور اُس کے فرشتے

يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

| يُصَلُّوْنَ | عَلَى | النَّبِيِّ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | صَلُّوْا | عَلَيْهِ | وَسَلِّمُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| درود بھیجتے ہیں | اوپر | نبی کے | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | درود بھیجو | اوپر نبی کے | اور سلام بھیجو |

پیغمبر پر دُرود بھیجتے ہیں مومنو! تم بھی پیغمبر پر درود اور سلام بھیجا

تَسْلِيْمًا ﴿۵۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا

| تَسْلِيْمًا | اِنَّ | الَّذِيْنَ | يُؤْذُوْنَ | اللّٰهَ | وَ | رَسُوْلَهٗ | لَعَنَهُمُ | اللّٰهُ | فِي | الدُّنْيَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سلام بھیجنا | بیشک | وہ لوگ جو کہ | ایذا دیتے ہیں | اللہ | اور | اسکے رسول کو | لعنت کی ہے انکو | اللہ نے | بیچ | دنیا کے |

کرو﴿۵۶﴾ جو لوگ اللہ اور اُس کے پیغمبر کو رنج پہنچاتے ہیں اُن پر اللہ دنیا اور آخرت میں

وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۵۷﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

| وَ | الْاٰخِرَةِ | وَ | اَعَدَّ | لَهُمْ | عَذَابًا | مُّهِيْنًا | وَ | الَّذِيْنَ | يُؤْذُوْنَ | الْمُؤْمِنِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | آخرت کے | اور | تیار کیا ہے | واسطے انکے | عذاب | رسوا کرنے والا | اور | وہ لوگ جو کہ | ایذا دیتے ہیں | مسلمان مردوں کو |

لعنت کرتا ہے اور ان کے لیے اس نے ذلیل کرنے والا عذاب تیار کر رکھا ہے﴿۵۷﴾ اور جو لوگ مومن مردوں اور مومن عورتوں کو

ع ۷/۶/۴ وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۵۸﴾ ع

| وَ | الْمُؤْمِنٰتِ | بِغَيْرِ | مَا | اكْتَسَبُوْا | فَقَدِ | احْتَمَلُوْا | بُهْتَانًا | وَّ | اِثْمًا | مُّبِيْنًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | مسلمان عورتوں کو | بغیر | اسکے کہ | برا کیا ہو انہوں نے | پس تحقیق | اٹھایا انہوں نے | بہتان | اور | گناہ | ظاہر |

ایسے کام (کی تہمت) سے جو انہوں نے نہ کیا ہو ایذا دیں تو انہوں نے بہتان اور صریح گناہ کا بوجھ اپنے سر پر رکھا﴿۵۸﴾

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ

| يٰٓاَيُّهَا | النَّبِيُّ | قُلْ | لِّاَزْوَاجِكَ | وَ | بَنٰتِكَ | وَ | نِسَآءِ | الْمُؤْمِنِيْنَ | يُدْنِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے | نبی | کہہ | واسطے بی بیوں اپنی کے | اور | بیٹیوں اپنی کے | اور | بی بیوں | مسلمانوں کی کے | نزدیک کرلیں |

اے پیغمبر اپنی بیویوں اور بیٹیوں اور مسلمانوں کی عورتوں سے کہہ دو کہ (باہر نکلا کریں تو) اپنے (مونہوں)

عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ؕ

| عَلَيْهِنَّ | مِنْ | جَلَابِيْبِهِنَّ | ذٰلِكَ | اَدْنٰٓى | اَنْ | يُّعْرَفْنَ | فَلَا | يُؤْذَيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر اپنے | سے | بڑی چادریں اپنی کی | یہ | بہت نزدیک ہے | یہ کہ | پہچانی جائیں | پس نہ | ایذا دی جائیں |

پر چادر لٹکا (کر گھونگٹ نکال) لیا کریں۔ یہ امر ان کے لیے موجبِ شناخت (وامتیاز) ہوگا تو کوئی اُن کو ایذا نہ دے گا۔

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۵۹﴾ لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ

| وَ | كَانَ | اللّٰهُ | غَفُوْرًا | رَّحِيْمًا | لَئِنْ | لَّمْ | يَنْتَهِ | الْمُنٰفِقُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | فِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ہے | اللہ | بخشنے والا | مہربان | البتہ اگر | نہ | باز رہیں گے | منافقین | اور | وہ لوگ جو کہ | بیچ |

اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے ﴿۵۹﴾ اگر منافق اور وہ لوگ جن کے دلوں میں مرض ہے اور جو مدینے

قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْمُرْجِفُوْنَ فِي الْمَدِيْنَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ

| قُلُوْبِهِمْ | مَّرَضٌ | وَّ | الْمُرْجِفُوْنَ | فِي | الْمَدِيْنَةِ | لَنُغْرِيَنَّكَ | بِهِمْ | ثُمَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انکے دلوں کے | بیماری ہے | اور | بری خبر اڑانے والے | بیچ | مدینہ کے | البتہ ہم لگا دینگے تجھ کو | پیچھے ان کے | پھر |

(کے شہر) میں بری بری خبریں اُڑایا کرتے ہیں (اپنے کردار سے) باز نہ آئیں گے تو ہم تم کو ان کے پیچھے لگا دیں گے پھر

لَا يُجَاوِرُوْنَكَ فِيْهَآ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۶۰﴾ مَّلْعُوْنِيْنَ اَيْنَمَا ثُقِفُوْٓا اُخِذُوْا معانقة ۱۲

| لَا | يُجَاوِرُوْنَكَ | فِيْهَآ | اِلَّا | قَلِيْلًا | مَّلْعُوْنِيْنَ | اَيْنَمَا | ثُقِفُوْٓا | اُخِذُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | ہمسایہ رہیں گے تیرے | بیچ اس کے | مگر | تھوڑے دنوں | لعنت مارے | جہاں | پائے جائیں | پکڑے جائیں |

وہاں تمہارے پڑوس میں نہ رہ سکیں گے مگر تھوڑے دن ﴿۶۰﴾ (وہ بھی) پھٹکارے ہوئے۔ جہاں پائے گئے پکڑے گئے

وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا ﴿۶۱﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ

| وَ | قُتِّلُوْا | تَقْتِيْلًا | سُنَّةَ | اللّٰهِ | فِي | الَّذِيْنَ | خَلَوْا | مِنْ | قَبْلُ | وَ | لَنْ | تَجِدَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | قتل کیے جائیں | خوب قتل کرنا | عادت | اللہ کی کے | بیچ | ان لوگوں کے کہ | گزرے | سے | پہلے ان | اور | ہرگز نہ | پائے گا تو |

اور جان سے مار ڈالے گئے ﴿۶۱﴾ جو لوگ پہلے گزر چکے ہیں اُن کے بارے میں بھی اللہ کی یہی عادت رہی ہے اور تم اللہ کی

لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿۶۲﴾ يَسْـَٔلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ۭ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا الربع

| لِسُنَّةِ | اللّٰهِ | تَبْدِيْلًا | يَسْـَٔلُكَ | النَّاسُ | عَنِ | السَّاعَةِ | قُلْ | اِنَّمَا | عِلْمُهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے عادت | اللہ کی کے | بدل ڈالنا | سوال کرتے ہیں تجھ کو | لوگ | سے | قیامت | کہہ | سوائے اسکے نہیں کہ | اس کا علم |

عادت میں تغیر و تبدل نہ پاؤ گے ﴿۶۲﴾ لوگ تم سے قیامت کی نسبت دریافت کرتے ہیں (کہ کب آئے گی)۔ کہہ دو

عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا ﴿۶۳﴾ اِنَّ اللّٰهَ

| عِنْدَ | اللّٰهِ | وَ | مَا | يُدْرِيْكَ | لَعَلَّ | السَّاعَةَ | تَكُوْنُ | قَرِيْبًا | اِنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نزدیک | اللہ کے ہے | اور | کیا چیز | معلوم کرواتی ہے تجھ کو | شاید | قیامت | ہو | قریب ہی | بیشک | اللہ نے |

کہ اس کا علم اللہ ہی کو ہے۔ اور تمہیں کیا معلوم ہے شاید قیامت قریب ہی آ گئی ہو ﴿۶۳﴾ بیشک اللہ

لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ وَ اَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْرًا ﴿٦٤﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَعَنَ | الْكٰفِرِيْنَ | وَ | اَعَدَّ | لَهُمْ | سَعِيْرًا | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَآ | اَبَدًا |
| لعنت کی ہے | کافروں کو | اور | تیار کیا ہے | واسطے ان کے | دوزخ | ہمیش رہیں گے | بیچ اس کے | ہمیشہ |

نے کافروں پر لعنت کی ہے اور ان کے لیے (جہنم کی) آگ تیار کر رکھی ہے ﴿٦٤﴾ اس میں ابدالآباد رہیں گے نہ کسی کو

لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّ لَا نَصِيْرًا ﴿٦٥﴾ يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَجِدُوْنَ | وَلِيًّا | وَّ | لَا | نَصِيْرًا | يَوْمَ | تُقَلَّبُ | وُجُوْهُهُمْ | فِي | النَّارِ |
| نہیں | پائیں گے وہ | دوست | اور | نہ | مدد دینے والا | جس دن | پھیرے جائینگے | منہ ان کے | بیچ | آگ کے |

دوست پائیں گے اور نہ مددگار ﴿٦٥﴾ جس دن ان کے منہ آگ میں الٹائے جائیں

يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَ اَطَعْنَا الرَّسُوْلَا ﴿٦٦﴾ وَ قَالُوْا رَبَّنَآ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَقُوْلُوْنَ | يٰلَيْتَنَآ | اَطَعْنَا | اللّٰهَ | وَ | اَطَعْنَا | الرَّسُوْلَا | وَ | قَالُوْا | رَبَّنَآ |
| کہیں گے | اے کاش کہ ہم نے | فرمانبرداری کی ہوتی | اللہ کی | اور | فرمانبرداری کی ہوتی | رسول کی | اور | کہیں گے | اے رب ہمارے |

کہیں گے اے کاش ہم اللہ کی فرمانبرداری کرتے اور رسول (اللہ) کا حکم مانتے ﴿٦٦﴾ اور کہیں گے کہ اے

اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا ﴿٦٧﴾ رَبَّنَآ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّآ | اَطَعْنَا | سَادَتَنَا | وَكُبَرَآءَنَا | فَاَضَلُّوْنَا | السَّبِيْلَا | رَبَّنَآ |
| بیشک ہم نے | فرمانبرداری کی ہے | سرداروں اپنے کی | اور بڑوں اپنے کی | پس گمراہ کر دیا انہوں نے ہم کو | راہ سے | اے ہمارے رب |

ہمارے پروردگار ہم نے اپنے سرداروں اور بڑے لوگوں کا کہا مانا تو انہوں نے ہم کو رستے سے گمراہ کر دیا ﴿٦٧﴾ اے ہمارے

اٰتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَ الْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيْرًا ﴿٦٨﴾ يٰۤاَيُّهَا ع ٨/٥

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰتِهِمْ | ضِعْفَيْنِ | مِنَ | الْعَذَابِ | وَ | الْعَنْهُمْ | لَعْنًا | كَبِيْرًا | يٰۤاَيُّهَا |
| دے ان کو | دوگنا | سے | عذاب | اور | لعنت کر ان کو | لعنت کرنی | بڑی | اے |

پروردگار اُن کو دگنا عذاب دے اور اُن پر بڑی لعنت کر ﴿٦٨﴾ مومنو! تم

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَا | تَكُوْنُوْا | كَالَّذِيْنَ | اٰذَوْا | مُوْسٰى | فَبَرَّاَهُ | اللّٰهُ | مِمَّا |
| لوگو جو | ایمان لائے ہو | مت | ہو | مانند ان لوگوں کے کہ | ایذا دی انہوں نے | موسیٰ کو | پس پاک کیا اسکو | اللہ نے | اس چیز سے کہ |

اُن لوگوں جیسے نہ ہونا جنہوں نے موسیٰ کو (عیب لگا کر) رنج پہنچایا تو اللہ نے ان کو بے عیب ثابت

قَالُوْا ؕ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ﴿۶۹﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

| قَالُوْا | وَكَانَ | عِنْدَ | اللّٰهِ | وَجِيْهًا | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہتے تھے | اور تھا وہ | نزدیک | اللہ کے | آبرو والا | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو |

کیا اور وہ اللہ کے نزدیک آبرو والے تھے ﴿۶۹﴾ مومنو!

اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ﴿۷۰﴾ لا يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ

| اتَّقُوا | اللّٰهَ | وَقُوْلُوْا | قَوْلًا | سَدِيْدًا | يُّصْلِحْ | لَكُمْ | اَعْمَالَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈرو | اللہ سے | اور کہو | بات | سیدھی | سنوار دے گا | واسطے تمہارے | عمل تمہارے |

اللہ سے ڈرا کرو اور بات سیدھی کہا کرو ﴿۷۰﴾ وہ تمہارے سب اعمال درست کردے گا

وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا

| وَيَغْفِرْ | لَكُمْ | ذُنُوْبَكُمْ | وَ | مَنْ | يُّطِعِ | اللّٰهَ | وَ | رَسُوْلَهٗ | فَقَدْ | فَازَ | فَوْزًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور بخشے گا | واسطے تمہارے | گناہ تمہارے | اور | جو کوئی | اطاعت کرے | اللہ کی | اور | اس کے رسول کی | پس تحقیق | وہ مراد کو پہنچا | مراد کو پہنچنا |

اور تمہارے گناہ بخش دے گا۔ اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرے گا تو بیشک بڑی

عَظِيْمًا ﴿۷۱﴾ اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

| عَظِيْمًا | اِنَّا | عَرَضْنَا | الْاَمَانَةَ | عَلَى | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بڑا | بیشک | روبرو کیا تھا ہم نے | امانت کو | اوپر | آسمانوں کے | اور زمین کے |

مراد پائے گا ﴿۷۱﴾ ہم نے (بارِ) امانت کو آسمانوں اور زمین

وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا

| وَ | الْجِبَالِ | فَاَبَيْنَ | اَنْ | يَّحْمِلْنَهَا | وَ | اَشْفَقْنَ | مِنْهَا | وَ | حَمَلَهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | پہاڑوں کے | پس انکار کیا سب نے | یہ کہ | اٹھائیں اس کو | اور | ڈر گئے | اس سے | اور | اٹھالیا اس کو |

اور پہاڑوں پر پیش کیا تو اُنہوں نے اُس کے اُٹھانے سے انکار کیا اور اُس سے ڈر گئے۔ اور انسان

الْاِنْسَانُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا ﴿۷۲﴾ لا لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ

| الْاِنْسَانُ | اِنَّهٗ | كَانَ | ظَلُوْمًا | جَهُوْلًا | لِّيُعَذِّبَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ لوگ جو کہ | ایمان لائے | اور | کام کیے | اچھے | واسطے ان کے | بخشش ہے | اور | ثواب ہے | بڑا |

اور جو ایمان لائے اور عمل نیک کرتے رہے ان کے لیے بخشش اور بڑا ثواب ہے⑦

اَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ حَسَنًا ط فَاِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَفَمَنْ | زُيِّنَ | لَهٗ | سُوْٓءُ | عَمَلِهٖ | فَرَاٰهُ | حَسَنًا | فَاِنَّ | اللّٰهَ | يُضِلُّ | مَنْ | يَّشَآءُ |
| کیا پس وہ جو کہ | زینت دیا گیا | واسطے اسکے | برا | عمل اس کا | پس دیکھا اسکو | اچھا | پس بیشک | اللہ | گمراہ کرتا ہے | جس کو | چاہتا ہے |

بھلا جس شخص کو اس کے اعمالِ بد آراستہ کر کے دکھائے جائیں اور وہ ان کو عمدہ سمجھنے لگے تو (کیا وہ نیکوکار آدمی جیسا ہو سکتا ہے) بیشک اللہ جس کو چاہتا

وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ز فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرٰتٍ ط اِنَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يَهْدِيْ | مَنْ | يَّشَآءُ | فَلَا | تَذْهَبْ | نَفْسُكَ | عَلَيْهِمْ | حَسَرٰتٍ | اِنَّ |
| اور | راہ دکھاتا ہے | جس کو | چاہتا ہے | پس نہ | جاتا رہے | جی تیرا | اوپر ان کے | افسوس سے | بیشک |

ہے گمراہ کرتا ہے اور جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے تو اُن لوگوں پر افسوس کر کے تمہارا دم نہ نکل جائے۔

اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۝۸ وَاللّٰهُ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | عَلِيْمٌۢ | بِمَا | يَصْنَعُوْنَ | وَ | اللّٰهُ | الَّذِيْٓ | اَرْسَلَ | الرِّيٰحَ | فَتُثِيْرُ |
| اللہ | جاننے والا ہے | ساتھ اس چیز کے کہ | کرتے ہیں | اور | اللہ | وہ ذات ہے جو | بھیجتا ہے | ہوائیں | پس اٹھاتی ہیں |

یہ جو کچھ کرتے ہیں اللہ اس سے واقف ہے ۝۸ اور اللہ ہی تو ہے جو ہوائیں چلاتا ہے اور وہ بادل کو

سَحَابًا فَسُقْنٰهُ اِلٰى بَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَحْيَيْنَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَحَابًا | فَسُقْنٰهُ | اِلٰى | بَلَدٍ | مَّيِّتٍ | فَاَحْيَيْنَا | بِهِ | الْاَرْضَ | بَعْدَ | مَوْتِهَا |
| بادلوں کو | پس ہانک لاتے ہیں ہم اسکو | طرف | شہر | مُردہ کی | پس زندہ کیا ہم نے اسکو | ساتھ اسکے | زمین کو | بعد | موت اسکی کے |

اُبھارتی ہیں پھر ہم اس کو ایک بے جان شہر کی طرف چلاتے ہیں پھر اس سے زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ کر دیتے ہیں۔

كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ ۝۹ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِيْعًا ؕ اِلَيْهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَذٰلِكَ | النُّشُوْرُ | مَنْ | كَانَ | يُرِيْدُ | الْعِزَّةَ | فَلِلّٰهِ | الْعِزَّةُ | جَمِيْعًا | اِلَيْهِ |
| اسی طرح | قبروں سے نکلنا ہے | جو کوئی | ہے | چاہتا | عزت | پس واسطے اللہ کے ہے | عزت | ساری | طرف اسی کی |

اسی طرح مُردوں کو جی اٹھنا ہو گا ۝۹ جو شخص عزت کا طلب گار ہے تو عزت تو سب اللہ ہی کی ہے۔

يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ ؕ وَالَّذِيْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَصْعَدُ | الْكَلِمُ | الطَّيِّبُ | وَ | الْعَمَلُ | الصَّالِحُ | يَرْفَعُهٗ | وَالَّذِيْنَ |
| چڑھتے ہیں | کلمات | پاکیزہ | اور | عمل | نیک | بلند کرتا ہے اس کو | اور وہ لوگ جو کہ |

اسی کی طرف پاکیزہ کلمات چڑھتے ہیں اور نیک عمل ان کو بلند کرتے ہیں۔ اور جو لوگ

يَمْكُرُوْنَ السَّيِّاٰتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ؕ وَمَكْرُ اُولٰٓئِكَ هُوَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَمْكُرُوْنَ | السَّيِّاٰتِ | لَهُمْ | عَذَابٌ | شَدِيْدٌ | وَمَكْرُ | اُولٰٓئِكَ | هُوَ |
| مکر کرتے ہیں | برائیوں کے | واسطے ان کے | عذاب ہے | سخت | اور مکر | ان کا | وہی ہے |

برے برے مکر کرتے ہیں ان کے لیے سخت عذاب ہے۔ اور اُن کا مکر نابود ہو

يَبُوْرُ ۝۱۰ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَبُوْرُ | وَ | اللّٰهُ | خَلَقَكُمْ | مِّنْ | تُرَابٍ | ثُمَّ | مِنْ | نُّطْفَةٍ | ثُمَّ | جَعَلَكُمْ |
| ہلاک ہونیوالا | اور | اللہ نے | پیدا کیا تم کو | سے | مٹی | پھر | سے | نطفے | پھر | کیے واسطے تمہارے |

جائے گا ۝۱۰ اور اللہ ہی نے تم کو مٹی سے پیدا کیا۔ پھر نطفے سے پھر تم کو جوڑا جوڑا

اَزْوَاجًا ؕ وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ؕ وَمَا يُعَمَّرُ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَزْوَاجًا | وَ | مَا | تَحْمِلُ | مِنْ | اُنْثٰى | وَ | لَا | تَضَعُ | اِلَّا | بِعِلْمِهٖ | وَ | مَا | يُعَمَّرُ |
| جوڑے | اور | نہیں | اٹھاتی | کوئی | عورت | اور | نہیں | جنتی | مگر | اسکے علم کے ساتھ | اور | نہیں | عمر دیا جاتا |

بنا دیا۔ اور کوئی عورت نہ حاملہ ہوتی ہے اور نہ جنتی ہے مگر اس کے علم سے اور نہ کسی بڑی عمر والے کو

مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖٓ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | مُّعَمَّرٍ | وَّ | لَا | يُنْقَصُ | مِنْ | عُمُرِهٖٓ | اِلَّا | فِيْ | كِتٰبٍ | اِنَّ | ذٰلِكَ | عَلَى |
| کوئی | عمر دیا گیا | اور | نہ | کم کیا جاتا ہے | سے | عمر اس کی | مگر | بیچ | کتاب کے لکھا ہواہے | بیشک | یہ | اوپر |

عمر زیادہ دی جاتی ہے اور نہ اُس کی عمر کم کی جاتی ہے مگر (سب کچھ) کتاب میں (لکھا ہوا) ہے۔ بیشک یہ اللہ

اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۱۱﴾ وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرٰنِ ۖ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَآئِغٌ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | يَسِيْرٌ | وَ | مَا | يَسْتَوِي | الْبَحْرٰنِ | هٰذَا | عَذْبٌ | فُرَاتٌ | سَآئِغٌ |
| اللہ کے | آسان ہے۔ | اور | نہیں | برابر ہوتے | دو دریا | یہ جو ہے | میٹھا ہے | پیاس بجھانیوالا | آسانی سے گزرنیوالا |

کو آسان ہے ﴿۱۱﴾ اور دونوں دریا (مل کر) یکساں نہیں ہو جاتے یہ تو میٹھا ہے پیاس بجھانے والا جس کا

شَرَابُهٗ وَهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ؕ وَمِنْ كُلٍّ تَاْكُلُوْنَ لَحْمًا طَرِيًّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَرَابُهٗ | وَ | هٰذَا | مِلْحٌ | اُجَاجٌ | وَ | مِنْ | كُلٍّ | تَاْكُلُوْنَ | لَحْمًا | طَرِيًّا |
| پانی اس کا | اور | یہ ہے | کھاری | کڑوا | اور | سے | ہر ایک | کھاتے ہو تم | گوشت | تازہ |

پانی خوشگوار ہے اور یہ کھاری ہے کڑوا۔ اور سب سے تم تازہ گوشت کھاتے ہو اور زیور نکالتے ہو

وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ فِيْهِ مَوَاخِرَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | تَسْتَخْرِجُوْنَ | حِلْيَةً | تَلْبَسُوْنَهَا | وَ | تَرَى | الْفُلْكَ | فِيْهِ | مَوَاخِرَ |
| اور | نکالتے ہو تم | زیور کہ | پہنتے ہو تم اس کو | اور | دیکھتا ہے تو | کشتیاں | بیچ اسکے کہ | پھاڑتی ہیں پانی کو |

جسے پہنتے ہو اور تم دریا میں کشتیوں کو دیکھتے ہو کہ (پانی کو) پھاڑتی چلی آتی ہیں

لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲﴾ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِتَبْتَغُوْا | مِنْ | فَضْلِهٖ | وَ | لَعَلَّكُمْ | تَشْكُرُوْنَ | يُوْلِجُ | الَّيْلَ | فِي | النَّهَارِ |
| تاکہ ڈھونڈو | سے | فضل اس کے | اور | تاکہ تم | شکر کرو | داخل کرتا ہے | رات کو | بیچ | دن کے |

تاکہ تم اس کے فضل سے (معاش) تلاش کرو اور تاکہ شکر کرو ﴿۱۲﴾ وہی رات کو دن میں داخل کرتا

وَ يُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۙ وَ سَخَّرَ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ ۖ كُلٌّ يَّجْرِيْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يُوْلِجُ | النَّهَارَ | فِي | الَّيْلِ | وَ | سَخَّرَ | الشَّمْسَ | وَ | الْقَمَرَ | كُلٌّ | يَّجْرِيْ |
| اور | داخل کرتا ہے | دن کو | بیچ | رات کے | اور | مسخر کیا ہے | سورج کو | اور | چاندکو | ہرایک | چلتے ہیں |

ہے اور (وہی) دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور اسی نے سورج اور چاند کو کام میں لگا دیا ہے ہر ایک ایک وقتِ مقرر

لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ وَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِاَجَلٍ | مُّسَمًّى | ذٰلِكُمُ | اللّٰهُ | رَبُّكُمْ | لَهُ | الْمُلْكُ | وَ | الَّذِيْنَ | تَدْعُوْنَ |
| وقت | مقرر تک | یہی ہے | اللہ | پروردگار تمہارا | واسطے اسکے ہے | بادشاہی | اور | جن کو | تم پکارتے ہو |

تک چل رہا ہے۔ یہی اللہ تمہارا پروردگار ہے اسی کی بادشاہی ہے۔ اور جن لوگوں کو تم اس کے سوا پکارتے ہو وہ

مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِيْرٍ ؕ ﴿۱۳﴾ اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | دُوْنِهٖ | مَا | يَمْلِكُوْنَ | مِنْ | قِطْمِيْرٍ | اِنْ | تَدْعُوْهُمْ | لَا | يَسْمَعُوْا |
| سے | سوائے اللہ کے | نہیں | وہ مالک | سے | چھلکے گٹھلی کے | اگر | پکاروتم ان کو | نہیں | سنتے |

کھجور کی گٹھلی کے چھلکے کے برابر بھی تو (کسی چیز کے) مالک نہیں ﴿۱۳﴾ اگر تم اُن کو پکارو تو وہ تمہاری پکار نہ

دُعَآءَكُمْ ۚ وَ لَوْ سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ ؕ وَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دُعَآءَكُمْ | وَ | لَوْ | سَمِعُوْا | مَا | اسْتَجَابُوْا | لَكُمْ | وَيَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | يَكْفُرُوْنَ |
| پکارنا تمہارا | اور | اگر | سنیں بھی | تو نہیں | جواب دیں گے | تم کو | اور دن | قیامت کے | انکار کریں گے |

سنیں اور اگر سن بھی لیں تو تمہاری بات کو قبول نہ کرسکیں۔ اور قیامت کے روز تمہارے شرک سے انکار کر

ع ۲/۱۴ الثلثة

بِشِرْكِكُمْ ؕ وَ لَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ ﴿۱۴﴾ؑ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِشِرْكِكُمْ | وَ | لَا | يُنَبِّئُكَ | مِثْلُ | خَبِيْرٍ | يٰۤاَيُّهَا | النَّاسُ | اَنْتُمُ | الْفُقَرَآءُ |
| ساتھ شرک تمہارے کے | اور | نہ | خبر دے گا تجھ کو | مانند | خبردار حق تعالیٰ کی | اے | لوگو | تم | محتاج ہو |

دیں گے اور (اللہ) باخبر کی طرح تم کو کوئی خبر نہیں دے گا ﴿۱۴﴾ لوگو! تم (سب) اللہ کے محتاج

اِلَى اللّٰهِ ۚ وَ اللّٰهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۱۵﴾ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَ يَاْتِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَى | اللّٰهِ | وَاللّٰهُ | هُوَ | الْغَنِيُّ | الْحَمِيْدُ | اِنْ | يَّشَاْ | يُذْهِبْكُمْ | وَ | يَاْتِ |
| طرف | اللہ کی | اور اللہ | وہی ہے | بے احتیاج | تعریف کیا گیا | اگر | چاہے | لے جائے تم کو | اور | لے آئے |

ہو اور اللہ بے پروا سزاوارِ حمد (وثنا) ہے ﴿۱۵﴾ اگر چاہے تو تم کو نابود کر دے اور نئی مخلوقات

بِخَلۡقٍ جَدِيۡدٍ ۚ﴿۱۶﴾ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيۡزٍ ﴿۱۷﴾ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِخَلۡقٍ | جَدِيۡدٍ | وَ | مَا | ذٰلِكَ | عَلَى | اللّٰهِ | بِعَزِيۡزٍ | وَ | لَا | تَزِرُ | وَازِرَةٌ |
| پیدائش | نئی | اور | نہیں | یہ | اوپر | اللہ کے | مشکل | اور | نہیں | بوجھ اٹھاتا | کوئی بوجھ اٹھانیوالا |

لا آباد کرے (۱۶) اور یہ اللہ کو کچھ مشکل نہیں (۱۷) اور کوئی اٹھانے

وِّزۡرَ اُخۡرٰى ؕ وَاِنۡ تَدۡعُ مُثۡقَلَةٌ اِلٰى حِمۡلِهَا لَا يُحۡمَلۡ مِنۡهُ شَىۡءٌ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وِّزۡرَ | اُخۡرٰى | وَ | اِنۡ | تَدۡعُ | مُثۡقَلَةٌ | اِلٰى | حِمۡلِهَا | لَا | يُحۡمَلۡ | مِنۡهُ | شَىۡءٌ |
| بوجھ | دوسرے کا | اور | اگر | پکارے کوئی | جان بوجھ والی | طرف | بوجھ اپنے کی | نہیں | اٹھایا جائیگا | اس سے | کچھ |

والا دوسرے کا بوجھ نہ اُٹھائے گا اور کوئی بوجھ میں دبا ہوا اپنا بوجھ بٹانے کو کسی کو بلائے تو کوئی اس میں سے کچھ نہ اٹھائے گا

وَّلَوۡ كَانَ ذَا قُرۡبٰى ؕ اِنَّمَا تُنۡذِرُ الَّذِيۡنَ يَخۡشَوۡنَ رَبَّهُمۡ بِالۡغَيۡبِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | لَوۡ | كَانَ | ذَا قُرۡبٰى | اِنَّمَا | تُنۡذِرُ | الَّذِيۡنَ | يَخۡشَوۡنَ | رَبَّهُمۡ | بِالۡغَيۡبِ |
| اور | اگر | ہو | صاحب قرابت | سوائے اسکے نہیں کہ | ڈراتا ہے تو | ان لوگوں کو جو | ڈرتے ہیں | اپنے رب سے | بن دیکھے |

اگرچہ قرابت دار ہی ہو۔ (اے پیغمبر) تم ان ہی لوگوں کو نصیحت کر سکتے ہو جو بن دیکھے اپنے پروردگار سے ڈرتے اور نماز

وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَمَنۡ تَزَكّٰى فَاِنَّمَا يَتَزَكّٰى لِنَفۡسِهٖ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَقَامُوا | الصَّلٰوةَ | وَ | مَنۡ | تَزَكّٰى | فَاِنَّمَا | يَتَزَكّٰى | لِنَفۡسِهٖ | وَ | اِلَى | اللّٰهِ |
| اور | قائم رکھتے ہیں | نماز کو | اور | جو کوئی | ستھرائی کرے | پس سوائے اسکے نہیں کہ | ستھرائی کرتا ہے | واسطے جان اپنی کے | اور | طرف | اللہ کی ہے |

بالالتزام پڑھتے ہیں اور جو شخص پاک ہوتا ہے اپنے ہی لیے پاک ہوتا ہے۔ اور (سب کو) اللہ ہی کی طرف لوٹ

الۡمَصِيۡرُ ﴿۱۸﴾ وَمَا يَسۡتَوِى الۡاَعۡمٰى وَالۡبَصِيۡرُ ۙ﴿۱۹﴾ وَلَا الظُّلُمٰتُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡمَصِيۡرُ | وَ | مَا | يَسۡتَوِى | الۡاَعۡمٰى | وَ | الۡبَصِيۡرُ | وَ | لَا | الظُّلُمٰتُ |
| پھر جانا | اور | نہیں | برابر ہوتا | اندھا | اور | دیکھنے والا | اور | نہ | اندھیرا |

کر جانا ہے (۱۸) اور اندھا اور آنکھ والا برابر نہیں (۱۹) اور نہ اندھیرا

وَلَا النُّوۡرُ ۙ﴿۲۰﴾ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الۡحَرُوۡرُ ۚ﴿۲۱﴾ وَمَا يَسۡتَوِى الۡاَحۡيَآءُ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | النُّوۡرُ | وَ | لَا | الظِّلُّ | وَ | لَا | الۡحَرُوۡرُ | وَ | مَا | يَسۡتَوِى | الۡاَحۡيَآءُ |
| اور | نہ | روشنی والا | اور | نہ | سایہ | اور | نہ | دھوپ | اور | نہیں | برابر ہوتے | زندے |

اور روشنی (۲۰) اور نہ سایہ اور دھوپ (۲۱) اور نہ زندے

وَلَا الْاَمْوَاتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُسْمِعُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي

| وَ | لَا | الْاَمْوَاتُ | اِنَّ | اللّٰهَ | يُسْمِعُ | مَنْ | يَّشَآءُ | وَ | مَآ | اَنْتَ | بِمُسْمِعٍ | مَّنْ | فِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | مُردے | بیشک | اللہ | سنا دیتا ہے | جس کو | چاہتا ہے | اور | نہیں | تو | سنانے والا | جو کوئی | بیچ |

اور مُردے برابر ہو سکتے ہیں۔ اللہ جس کو چاہتا ہے سنا دیتا ہے۔ اور تم اُن کو جو قبروں میں (مدفون) ہیں

الْقُبُوْرِ ﴿۲۲﴾ اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِيْرٌ ﴿۲۳﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا

| الْقُبُوْرِ | اِنْ | اَنْتَ | اِلَّا | نَذِيْرٌ | اِنَّآ | اَرْسَلْنٰكَ | بِالْحَقِّ | بَشِيْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قبروں کے ہیں | نہیں | تو | مگر | ڈرانے والا | بیشک | بھیجا ہے ہم نے تجھ کو | ساتھ حق کے | خوشخبری دینے والا |

سنا نہیں سکتے ﴿۲۲﴾ تم تو صرف ہدایت کرنے والے ہو ﴿۲۳﴾ ہم نے تم کو حق کے ساتھ خوشخبری سنانے والا

وَّنَذِيْرًا ؕ وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ ﴿۲۴﴾ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ

| وَّ | نَذِيْرًا | وَاِنْ | مِّنْ | اُمَّةٍ | اِلَّا | خَلَا | فِيْهَا | نَذِيْرٌ | وَ | اِنْ | يُّكَذِّبُوْكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ڈرانے والا | اور نہیں | کوئی | امت | مگر | گزرا ہے | بیچ اس کے | ڈرانے والا | اور | اگر | جھٹلائیں تجھ کو |

اور ڈرانے والا بھیجا ہے اور کوئی امت نہیں مگر اس میں ہدایت کرنے والا گزر چکا ہے ﴿۲۴﴾ اور اگر یہ تمہاری

فَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

| فَقَدْ | كَذَّبَ | الَّذِيْنَ | مِنْ | قَبْلِهِمْ | جَآءَتْهُمْ | رُسُلُهُمْ | بِالْبَيِّنٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس تحقیق | جھٹلایا ہے | ان لوگوں نے جو | سے | تھے پہلے ان | آئے ان کے پاس | پیغمبران کے | ساتھ دلیلوں کے |

تکذیب کریں تو جو لوگ اُن سے پہلے تھے وہ بھی تکذیب کر چکے ہیں۔ ان کے پاس ان کے پیغمبر نشانیاں

وَبِالزُّبُرِ وَبِالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿۲۵﴾ ثُمَّ اَخَذْتُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَكَيْفَ كَانَ

| وَ | بِالزُّبُرِ | وَبِالْكِتٰبِ | الْمُنِيْرِ | ثُمَّ | اَخَذْتُ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | فَكَيْفَ | كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ساتھ صحیفوں کے | اور ساتھ کتاب | روشن کے | پھر | پکڑا میں نے | ان لوگوں کو کہ | کافر ہوئے | پس کیوں کر | ہوا |

اور صحیفے اور روشن کتابیں لے لے کر آتے رہے ﴿۲۵﴾ پھر میں نے کافروں کو پکڑ لیا سو (دیکھ لو کہ) میرا عذاب

نَكِيْرِ ﴿۲۶﴾ ع اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ ع ۳/۱۲ ۱۵

| نَكِيْرِ | اَلَمْ | تَرَ | اَنَّ | اللّٰهَ | اَنْزَلَ | مِنَ | السَّمَآءِ | مَآءً | فَاَخْرَجْنَا | بِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب میرا | کیا نہیں | دیکھا تو نے | یہ کہ | اللہ نے | اتارا | سے | آسمان | پانی | پس نکالے ہم نے | ساتھ اسکے |

کیسا ہوا ﴿۲۶﴾ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے مینہ برسایا تو ہم نے اس سے

ثَمَرٰتٍ مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهَا ۭ وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌۢ بِيْضٌ وَّحُمْرٌ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثَمَرٰتٍ | مُّخْتَلِفًا | اَلْوَانُهَا | وَمِنَ | الْجِبَالِ | جُدَدٌۢ | بِيْضٌ | وَّ | حُمْرٌ |
| میوے پھل | کہ مختلف ہیں | رنگ ان کے | اور سے | پہاڑوں | ٹکڑے ہیں | سفید | اور | سرخ |

طرح طرح کے رنگوں کے میوے پیدا کیے۔ اور پہاڑوں میں سفید اور سرخ رنگوں کے

مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا وَغَرَابِيْبُ سُوْدٌ ﴿۲۷﴾ وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَاۗبِّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّخْتَلِفٌ | اَلْوَانُهَا | وَغَرَابِيْبُ | سُوْدٌ | وَ | مِنَ | النَّاسِ | وَ | الدَّوَاۗبِّ |
| کہ مختلف ہیں | رنگ ان کے | اور بھجنگ | کالے | اور | سے | لوگوں | اور | جانوروں سے |

قطعات ہیں اور (بعض) کالے سیاہ ہیں ﴿۲۷﴾ انسانوں اور جانوروں اور چارپایوں

وَالْاَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ ۭ اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاَنْعَامِ | مُخْتَلِفٌ | اَلْوَانُهٗ | كَذٰلِكَ | اِنَّمَا | يَخْشَى | اللّٰهَ | مِنْ | عِبَادِهِ |
| اور | چارپایوں سے | کہ مختلف ہیں | رنگ ان کے | اسی طرح سے | سوائے اسکے نہیں کہ | ڈرتے ہیں | اللہ سے | سے | بندوں اسکے |

کے بھی کئی طرح کے رنگ ہیں۔ اللہ سے تو اس کے بندوں میں سے وہی ڈرتے ہیں جو

الْعُلَمٰۗؤُا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ غَفُوْرٌ ﴿۲۸﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعُلَمٰۗؤُا | اِنَّ | اللّٰهَ | عَزِيْزٌ | غَفُوْرٌ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | يَتْلُوْنَ | كِتٰبَ | اللّٰهِ |
| عالم | بیشک | اللہ | غالب ہے | بخشنے والا | بیشک | وہ لوگ جو کہ | پڑھتے ہیں | کتاب | اللہ کی |

صاحبِ علم ہیں۔ بیشک اللہ غالب (اور) بخشنے والا ہے ﴿۲۸﴾ جو لوگ اللہ کی کتاب پڑھتے

وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً يَّرْجُوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَقَامُوا | الصَّلٰوةَ | وَ | اَنْفَقُوْا | مِمَّا | رَزَقْنٰهُمْ | سِرًّا | وَّعَلَانِيَةً | يَّرْجُوْنَ |
| اور | قائم رکھتے ہیں | نماز کو | اور | خرچ کرتے ہیں | اس چیز سے کہ | دیا ہے ہم نے انکو | پوشیدہ | اور ظاہر | امید رکھتے ہیں |

اور نماز کی پابندی کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرتے ہیں وہ اُس تجارت

تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ﴿۲۹﴾ لِيُوَفِّيَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۭ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تِجَارَةً | لَّنْ | تَبُوْرَ | لِيُوَفِّيَهُمْ | اُجُوْرَهُمْ | وَ | يَزِيْدَهُمْ | مِّنْ | فَضْلِهٖ |
| سوداگری کی کہ | ہرگز نہ | ہلاک ہوگی | تاکہ پورا دیا جائے انکو | ثواب ان کا | اور | زیادہ دے ان کو | سے | اپنے فضل |

(کے فائدے) کے امیدوار ہیں جو کبھی تباہ نہیں ہوگی ﴿۲۹﴾ کیونکہ اللہ اُن کو پورا پورا بدلہ دے گا اور اپنے فضل سے کچھ زیادہ بھی دے گا۔

إِنَّهُ غَفُورٌ شَكُورٌ ﴿٣٠﴾ وَالَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ مِنَ الْكِتَابِ هُوَ

| إِنَّهُ | غَفُورٌ | شَكُورٌ | وَ | الَّذِي | أَوْحَيْنَا | إِلَيْكَ | مِنَ | الْكِتَابِ | هُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک وہ | بخشنے والا | قدردان ہے | اور | وہ چیز کہ | وحی کی ہے ہم نے | طرف تیری | سے | کتاب | وہ |

وہ تو بخشنے والا (اور) قدردان ہے ﴿٣٠﴾ اور یہ کتاب جو ہم نے تمہاری طرف بھیجی ہے برحق ہے اور ان (کتابوں)

الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ بِعِبَادِهِ لَخَبِيرٌ بَصِيرٌ ﴿٣١﴾ ثُمَّ

| الْحَقُّ | مُصَدِّقًا | لِّمَا | بَيْنَ يَدَيْهِ | إِنَّ | اللَّهَ | بِعِبَادِهِ | لَخَبِيرٌ | بَصِيرٌ | ثُمَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حق ہے | سچا کرنیوالی | اس چیز کو کہ | آگے اسکے ہے | بیشک | اللہ | ساتھ بندوں اپنے کے | البتہ خبردار ہے | دیکھنے والا | پھر |

کی تصدیق کرتی ہے جو اس سے پہلے کی ہیں۔ بیشک اللہ اپنے بندوں سے خبردار (اور ان کو) دیکھنے والا ہے ﴿٣١﴾ پھر

أَوْرَثْنَا الْكِتَابَ الَّذِينَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا ۖ فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ

| أَوْرَثْنَا | الْكِتَابَ | الَّذِينَ | اصْطَفَيْنَا | مِنْ | عِبَادِنَا | فَمِنْهُمْ | ظَالِمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وارث کیا ہم نے | کتاب کا | ان لوگوں کو کہ | برگزیدہ کیا ہم نے | سے | بندوں اپنوں | پس بعض ان میں سے | ظالم ہے |

ہم نے ان لوگوں کو کتاب کا وارث ٹھیرایا جن کو اپنے بندوں میں سے برگزیدہ کیا۔ تو کچھ تو اُن میں

لِّنَفْسِهِ ۖ وَمِنْهُم مُّقْتَصِدٌ ۖ وَمِنْهُمْ سَابِقٌ بِالْخَيْرَاتِ بِإِذْنِ

| لِّنَفْسِهِ | وَ | مِنْهُم | مُّقْتَصِدٌ | وَ | مِنْهُمْ | سَابِقٌ | بِالْخَيْرَاتِ | بِإِذْنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے جان اپنی کے | اور | بعض ان میں سے | میانہ رو ہے | اور | بعض ان میں سے | آگے نکل جانیوالا ہے | ساتھ بھلائیوں کے | ساتھ حکم |

سے اپنے آپ پر ظلم کرتے ہیں۔ اور کچھ میانہ رَو ہیں۔ اور کچھ اللہ کے حکم سے نیکیوں میں آگے نکل

اللَّهِ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيرُ ﴿٣٢﴾ جَنَّاتُ عَدْنٍ يَدْخُلُونَهَا

| اللَّهِ | ذَٰلِكَ | هُوَ | الْفَضْلُ | الْكَبِيرُ | جَنَّاتُ | عَدْنٍ | يَدْخُلُونَهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کے | یہ | وہ ہے | بزرگی | بڑی | باغ ہیں | ہمیشہ رہنے کے کہ | داخل ہونگے اس میں |

جانے والے ہیں۔ یہی بڑا فضل ہے ﴿٣٢﴾ (ان لوگوں کے لیے) بہشت جاودانی (ہیں) جن میں وہ داخل ہوں گے

يُحَلَّوْنَ فِيهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِن ذَهَبٍ وَلُؤْلُؤًا ۖ وَلِبَاسُهُمْ فِيهَا

| يُحَلَّوْنَ | فِيهَا | مِنْ | أَسَاوِرَ | مِن | ذَهَبٍ | وَّ | لُؤْلُؤًا | وَ | لِبَاسُهُمْ | فِيهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زیور پہنائے جائینگے | بیچ انکے | سے | کنگن | سے | سونے کے | اور | موتی کے | اور | پوشاک ان کی | بیچ اسکے |

وہاں ان کو سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائیں گے۔ اور اُن کی پوشاک

حَرِيْرٌ ﴿۳۳﴾ وَ قَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَرِيْرٌ | وَ | قَالُوا | الْحَمْدُ | لِلّٰهِ | الَّذِيْٓ | اَذْهَبَ | عَنَّا | الْحَزَنَ |
| ریشمی ہے | اور | کہیں گے | سب تعریف | واسطے اللہ کے ہے | جس نے | دور کیا | ہم سے | غم |

ریشمی ہو گی ﴿۳۳﴾ اور وہ کہیں گے کہ اللہ کا شکر ہے جس نے ہم سے غم دور کیا۔

اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرُۨ ﴿۳۴﴾ ۙ الَّذِيْٓ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | رَبَّنَا | لَغَفُوْرٌ | شَكُوْرٌ | الَّذِيْٓ | اَحَلَّنَا | دَارَ | الْمُقَامَةِ | مِنْ |
| بیشک | پروردگار ہمارا | البتہ بخشنے والا | قدردان ہے | جس نے | اتارا ہم کو | بیچ گھر | ہمیش رہنے کے | سے |

بیشک ہمارا پروردگار بخشنے والا (اور) قدردان ہے ﴿۳۴﴾ جس نے ہم کو اپنے فضل سے ہمیشہ کے رہنے کے گھر

فَضْلِهٖ ۚ لَا يَمَسُّنَا فِيْهَا نَصَبٌ وَّ لَا يَمَسُّنَا فِيْهَا لُغُوْبٌ ﴿۳۵﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَضْلِهٖ | لَا | يَمَسُّنَا | فِيْهَا | نَصَبٌ | وَّ | لَا | يَمَسُّنَا | فِيْهَا | لُغُوْبٌ |
| فضل اپنے | نہیں | لگتی ہم کو | بیچ اس کے | محنت | اور | نہیں | لگتی ہم کو | بیچ اس کے | ماندگی |

میں اُتارا۔ یہاں نہ تو ہم کو رنج پہنچے گا اور نہ ہمیں تکان ہی ہو گی ﴿۳۵﴾

وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ ۚ لَا يُقْضٰى عَلَيْهِمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | لَهُمْ | نَارُ | جَهَنَّمَ | لَا | يُقْضٰى | عَلَيْهِمْ |
| اور | وہ لوگ کہ | کافر ہوئے | واسطے انکے | آگ ہے | دوزخ کی | نہ (تو) | تمام کیا جاتا ہے | اوپر ان کے |

اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لیے دوزخ کی آگ ہے۔ نہ انہیں موت آئے گی

فَيَمُوْتُوْا وَ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ مِّنْ عَذَابِهَا ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِيْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَيَمُوْتُوْا | وَ | لَا | يُخَفَّفُ | عَنْهُمْ | مِّنْ | عَذَابِهَا | كَذٰلِكَ | نَجْزِيْ |
| پس مر جائیں | اور | نہ | ہلکا کیا جائے گا | ان سے | سے | عذاب ان کے | اسی طرح | ہم جزا دیتے ہیں |

کہ مر جائیں اور نہ اُس کا عذاب ہی اُن سے ہلکا کیا جائے گا۔ ہم ہر ایک ناشکرے کو ایسا ہی

كُلَّ كَفُوْرٍ ﴿۳۶﴾ وَ هُمْ يَصْطَرِخُوْنَ فِيْهَا ۚ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُلَّ | كَفُوْرٍ | وَ | هُمْ | يَصْطَرِخُوْنَ | فِيْهَا | رَبَّنَآ | اَخْرِجْنَا |
| ہر | کفر کرنے والے کو | اور | وہ | چلائیں گے | بیچ اس کے | اے رب ہمارے | نکال ہم کو |

بدلہ دیا کرتے ہیں ﴿۳۶﴾ وہ اس میں چلائیں گے کہ اے پروردگار ہم کو نکال لے

نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ؕ اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَعْمَلْ | صَالِحًا | غَيْرَ | الَّذِيْ | كُنَّا | نَعْمَلُ | اَوَلَمْ | نُعَمِّرْكُمْ | مَّا |
| کہ عمل کریں ہم | اچھے | سوا | اس کے جو کہ | تھے ہم | عمل کرتے | کیا نہیں | عمر دی تھی ہم نے تم کو (اتنی) | کہ |

(اب) ہم نیک عمل کیا کریں گے نہ وہ جو (پہلے) کرتے تھے۔ کیا ہم نے تم کو اتنی عمر نہیں

يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَ جَآءَكُمُ النَّذِيْرُ ؕ فَذُوْقُوْا فَمَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَتَذَكَّرُ | فِيْهِ | مَنْ | تَذَكَّرَ | وَ | جَآءَكُمُ | النَّذِيْرُ | فَذُوْقُوْا | فَمَا |
| نصیحت پکڑے | بیچ اس کے | جو کوئی | نصیحت پکڑتا ہے | اور | آیا تھا تمہارے پاس | ڈرانے والا | پس چکھو | پس نہیں |

دی تھی کہ اس میں جو سوچنا چاہتا سوچ لیتا اور تمہارے پاس ڈرانے والا بھی آیا۔ تو اب مزے چکھو

ع ۴ ۱۱ ۱۲ لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ۳۷ ع اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ غَيْبِ السَّمٰوٰتِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلظّٰلِمِيْنَ | مِنْ | نَّصِيْرٍ | اِنَّ | اللّٰهَ | عٰلِمُ | غَيْبِ | السَّمٰوٰتِ |
| واسطے ظالموں کے | کوئی | مددگار | بیشک | اللہ | جانتا ہے | پوشیدہ | آسمانوں کا |

ظالموں کا کوئی مددگار نہیں (۳۷) بیشک اللہ ہی آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ

وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۳۸ هُوَ الَّذِيْ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| وَالْاَرْضِ | اِنَّهٗ | عَلِيْمٌۢ | بِذَاتِ الصُّدُوْرِ | هُوَ | الَّذِيْ |
| اور زمین کا | بیشک وہ | جاننے والا ہے | سینے والی بات کو | وہی ہے | جس نے |

باتوں کا جاننے والا ہے۔ وہ تو دلوں کے بھیدوں تک سے واقف ہے (۳۸) وہی تو ہے جس نے

جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ ؕ فَمَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ؕ وَ لَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَعَلَكُمْ | خَلٰٓئِفَ | فِي | الْاَرْضِ | فَمَنْ | كَفَرَ | فَعَلَيْهِ | كُفْرُهٗ | وَ | لَا |
| کیا تم کو | جانشین | بیچ | زمین کے | پس جو کوئی کہ | کفر کرے | پس اوپر اسکے ہے | کفر اس کا | اور | نہیں |

تم کو زمین میں (پہلوں کا) جانشین بنایا۔ تو جس نے کفر کیا اس کے کفر کا ضرر اسی کو ہے۔ اور

يَزِيْدُ الْكٰفِرِيْنَ كُفْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ اِلَّا مَقْتًا ۚ وَ لَا يَزِيْدُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَزِيْدُ | الْكٰفِرِيْنَ | كُفْرُهُمْ | عِنْدَ | رَبِّهِمْ | اِلَّا | مَقْتًا | وَ | لَا | يَزِيْدُ |
| زیادہ کیا | کافروں کو | ان کے کفر نے | نزدیک | انکے پروردگار کے | مگر | ناخوشی | اور | نہیں | زیادہ کیا |

کافروں کے حق میں اُن کے کفر سے پروردگار کے ہاں ناخوشی ہی بڑھتی ہے اور

الْكٰفِرِيْنَ كُفْرُهُمْ اِلَّا خَسَارًا ﴿٣٩﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ شُرَكَآءَكُمُ

| الْكٰفِرِيْنَ | كُفْرُهُمْ | اِلَّا | خَسَارًا | قُلْ | اَرَءَيْتُمْ | شُرَكَآءَكُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کافروں کو | ان کے کفر نے | مگر | نقصان | کہہ | کیا دیکھا تم نے | شریکوں اپنوں کو |

کافروں کو ان کا کفر نقصان ہی زیادہ کرتا ہے﴿٣٩﴾ (اے پیغمبر) کہہ دو بھلا تم نے اپنے شریکوں کو دیکھا

الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ

| الَّذِيْنَ | تَدْعُوْنَ | مِنْ | دُوْنِ | اللّٰهِ | اَرُوْنِيْ | مَاذَا | خَلَقُوْا | مِنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جن کو | تم پکارتے ہو | سے | سوائے | اللہ تعالیٰ کے | دکھلاؤ مجھ کو | کیا | پیدا کیا انہوں نے | سے |

جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو۔ مجھے دکھاؤ کہ انہوں نے زمین سے

الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ۚ اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا

| الْاَرْضِ | اَمْ | لَهُمْ | شِرْكٌ | فِي | السَّمٰوٰتِ | اَمْ | اٰتَيْنٰهُمْ | كِتٰبًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زمین | یا | واسطے ان کے | ساجھا ہے | بیچ | آسمانوں کے | یا | دی ہے ہم نے انکو | کوئی کتاب |

کون سی چیز پیدا کی ہے یا (بتاؤ کہ) آسمانوں میں اُن کی شرکت ہے یا ہم نے اُن کو کتاب

فَهُمْ عَلٰى بَيِّنَتٍ مِّنْهُ ۚ بَلْ اِنْ يَّعِدُ الظّٰلِمُوْنَ بَعْضُهُمْ

| فَهُمْ | عَلٰى | بَيِّنَتٍ | مِّنْهُ | بَلْ | اِنْ | يَّعِدُ | الظّٰلِمُوْنَ | بَعْضُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس وہ | اوپر | دلیل ظاہر کے ہیں | اس سے | بلکہ | نہیں | وعدہ دیتے | ظالم | بعضے ان کے |

دی ہے تو وہ اس کی سند رکھتے ہیں؟ (ان میں سے کوئی بات بھی نہیں) بلکہ ظالم جو ایک دوسرے کو

بَعْضًا اِلَّا غُرُوْرًا ﴿٤٠﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

| بَعْضًا | اِلَّا | غُرُوْرًا | اِنَّ | اللّٰهَ | يُمْسِكُ | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بعضوں کو | مگر | فریب دینا | بیشک | اللہ نے | تھام رکھا ہے | آسمانوں کو | اور زمین کو |

وعدہ دیتے ہیں محض فریب ہے﴿٤٠﴾ اللہ ہی آسمانوں اور زمین کو تھامے رکھتا ہے کہ

اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَ لَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ

| اَنْ | تَزُوْلَا | وَ | لَئِنْ | زَالَتَآ | اِنْ | اَمْسَكَهُمَا | مِنْ | اَحَدٍ | مِّنْۢ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے کہ | ٹل جائیں | اور | اگر | ٹل جائیں | نہ | تھامے گا ان دونوں کو | کوئی | ایک | سے |

ٹل نہ جائیں۔ اگر وہ ٹل جائیں تو اللہ کے سوا کوئی ایسا نہیں جو اُن کو

بَعْدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۱﴾ وَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ

| بَعْدِهٖ | اِنَّهٗ | كَانَ | حَلِيْمًا | غَفُوْرًا | وَ | اَقْسَمُوْا | بِاللّٰهِ | جَهْدَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بعد اس کے | بیشک وہ | ہے | تحمل والا | بخشنے والا | اور | قسم کھائی انہوں نے | اللہ کی | سخت |

تھام سکے۔ بیشک وہ بردبار (اور) بخشنے والا ہے ﴿۴۱﴾ اور یہ اللہ کی سخت سخت قسمیں کھاتے ہیں

اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ لَّيَكُوْنُنَّ اَهْدٰى مِنْ

| اَيْمَانِهِمْ | لَئِنْ | جَآءَهُمْ | نَذِيْرٌ | لَّيَكُوْنُنَّ | اَهْدٰى | مِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قسم اپنی | اگر | آئے ان کے پاس | ڈرانے والا | البتہ ہوں گے | بہت راہ پانے والے | سے |

کہ اگر اُن کے پاس کوئی ہدایت کرنے والا آئے تو یہ ہر ایک امت سے

اِحْدَى الْاُمَمِ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ مَّا زَادَهُمْ اِلَّا

| اِحْدَى | الْاُمَمِ | فَلَمَّا | جَآءَهُمْ | نَذِيْرٌ | مَّا | زَادَهُمْ | اِلَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہرایک | امت | پس جب | آیا ان کے پاس | ڈرانے والا | نہ | زیادہ کیا ان کو | مگر |

بڑھ کر ہدایت پر ہوں۔ مگر جب ان کے پاس ہدایت کرنے والا آیا تو اُس سے اُن کو

نُفُوْرَا ۨ ﴿۴۲﴾ اسْتِكْبَارًا فِي الْاَرْضِ وَ مَكْرَ السَّيِّئِ ؕ وَ لَا يَحِيْقُ

| نُفُوْرَا ۨ | اسْتِكْبَارًا | فِي | الْاَرْضِ | وَ | مَكْرَ | السَّيِّئِ | وَ | لَا | يَحِيْقُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیزاری | بسبب تکبر کرنے کے | بیچ | زمین کے | اور | مکر کرنے | برائی کے | اور | نہیں | گھیرتا |

نفرت ہی بڑھی ﴿۴۲﴾ یعنی (انہوں نے) ملک میں غرور کرنا اور بری چال چلنا (اختیار کیا) اور بری چال کا

الْمَكْرُ السَّيِّئُ اِلَّا بِاَهْلِهٖ ؕ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا سُنَّتَ

| الْمَكْرُ | السَّيِّئُ | اِلَّا | بِاَهْلِهٖ | فَهَلْ | يَنْظُرُوْنَ | اِلَّا | سُنَّتَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مکر | برا | مگر | اس کے کرنے والوں کو | پس نہیں | انتظار کرتے | مگر | عادت |

وبال اس کے چلنے والے ہی پر پڑتا ہے۔ یہ اگلے لوگوں کی روش کے سوا اور کسی چیز کے

الْاَوَّلِيْنَ ۚ فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۚ وَلَنْ تَجِدَ

| الْاَوَّلِيْنَ | فَلَنْ | تَجِدَ | لِسُنَّتِ | اللّٰهِ | تَبْدِيْلًا | وَلَنْ | تَجِدَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہلوں کی کا | پس ہرگز نہ | پائے گا تو | واسطے عادت | اللہ کے | تبدیلی | اور ہرگز نہ | پائے گا تو |

منتظر نہیں۔ سو تم اللہ کی عادت میں ہرگز تبدل نہ پاؤ گے اور اللہ کے طریقے میں

لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا ﴿۴۳﴾ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لِسُنَّتِ | اللّٰهِ | تَحْوِيْلًا | اَوَلَمْ | يَسِيْرُوْا | فِي | الْاَرْضِ |
| واسطے عادت | اللہ کے | پھیر دینا | کیا نہیں | سیر کی انہوں نے | بیچ | زمین کے |

کبھی تغیر نہ دیکھو گے ﴿۴۳﴾ کیا انہوں نے زمین میں سیر نہیں کی

فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَ كَانُوْٓا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَيَنْظُرُوْا | كَيْفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ | الَّذِيْنَ | مِنْ | قَبْلِهِمْ | وَ | كَانُوْٓا |
| پس دیکھیں | کیوں کر | ہوا | آخر کام | ان لوگوں کا کہ | سے تھے | پہلے ان | اور | تھے |

تاکہ دیکھتے کہ جو لوگ ان سے پہلے تھے ان کا انجام کیا ہوا حالانکہ وہ ان سے

اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً ط وَ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعْجِزَهٗ مِنْ شَيْءٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَشَدَّ | مِنْهُمْ | قُوَّةً | وَ | مَا | كَانَ | اللّٰهُ | لِيُعْجِزَهٗ | مِنْ | شَيْءٍ |
| بہت سخت | ان سے | قوت میں | اور | نہیں | ہے | اللہ | ایسا کہ عاجز کرے اس کو | کوئی | چیز |

قوت میں بہت زیادہ تھے۔ اور اللہ ایسا نہیں کہ آسمانوں اور

فِي السَّمٰوٰتِ وَ لَا فِي الْاَرْضِ ط اِنَّهٗ كَانَ عَلِيْمًا قَدِيْرًا ﴿۴۴﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِي | السَّمٰوٰتِ | وَ | لَا | فِي | الْاَرْضِ | اِنَّهٗ | كَانَ | عَلِيْمًا | قَدِيْرًا |
| بیچ | آسمانوں کے | اور | نہ | بیچ | زمین کے | بیشک وہ | ہے | جاننے والا | قدرت والا |

زمین میں کوئی چیز اس کو عاجز کر سکے۔ وہ علم والا (اور) قدرت والا ہے ﴿۴۴﴾

وَ لَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوْا مَا تَرَكَ عَلٰى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَوْ | يُؤَاخِذُ | اللّٰهُ | النَّاسَ | بِمَا | كَسَبُوْا | مَا | تَرَكَ | عَلٰى |
| اور | اگر | پکڑے | اللہ | لوگوں کو | ساتھ اس چیز کے کہ | کماتے ہیں | نہ | چھوڑے | اوپر |

اور اگر اللہ لوگوں کو ان کے اعمال کے سبب پکڑنے لگتا تو روئے زمین پر

ظَهْرِهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّ لٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ج

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظَهْرِهَا | مِنْ | دَآبَّةٍ | وَّ | لٰكِنْ | يُّؤَخِّرُهُمْ | اِلٰى | اَجَلٍ | مُّسَمًّى |
| پشت زمین کے | کوئی | چلنے والا | اور | لیکن | ڈھیل دیتا ہے | تک | وقت | مقرر |

ایک چلنے پھرنے والے کو نہ چھوڑتا۔ لیکن وہ ان کو ایک وقت مقرر تک مہلت دیے جاتا ہے۔

فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمۡ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِيۡرًا ﴿۴۵﴾ ع

| بَصِيۡرًا | بِعِبَادِهٖ | كَانَ | اللّٰهَ | فَاِنَّ | اَجَلُهُمۡ | جَآءَ | فَاِذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیکھنے والا | ساتھ بندوں اپنے کے | ہے | اللہ | پس بیشک | وقت مقرران کا | آئے گا | پس جب |

سو جب ان کا وقت آجائے گا تو (ان کے اعمال کا بدلہ دے گا) اللہ تو اپنے بندوں کو دیکھ رہا ہے ﴿۴۵﴾

## ایاتها ۸۳ — ۳۶ سُوۡرَةُ يٰسٓ مَكِّيَّةٌ ۴۱ — رکوعاتها ۵

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يٰسٓ ﴿۱﴾ وَالۡقُرۡاٰنِ الۡحَكِيۡمِ ﴿۲﴾ اِنَّكَ لَمِنَ الۡمُرۡسَلِيۡنَ ﴿۳﴾

| الۡمُرۡسَلِيۡنَ | لَمِنَ | اِنَّكَ | الۡحَكِيۡمِ | وَالۡقُرۡاٰنِ | يٰسٓ |
|---|---|---|---|---|---|
| ہے بھیجے ہوؤں | البتہ سے | بیشک تو | حکمت والے کی | قسم ہے قرآن | یٰسٓ |

یٰسٓ ﴿۱﴾ قسم ہے قرآن کی جو حکمت سے بھرا ہوا ہے ﴿۲﴾ (اے محمد ﷺ) بیشک تم پیغمبروں میں سے ہو ﴿۳﴾

عَلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ ﴿۴﴾ تَنۡزِيۡلَ الۡعَزِيۡزِ الرَّحِيۡمِ ﴿۵﴾

| الرَّحِيۡمِ | الۡعَزِيۡزِ | تَنۡزِيۡلَ | مُّسۡتَقِيۡمٍ | صِرَاطٍ | عَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|
| مہربان نے | غالب | اتارا ہے | سیدھی کے | راہ | اوپر |

سیدھے رستے پر ﴿۴﴾ (یہ اللہ) غالب (اور) مہربان نے نازل کیا ہے ﴿۵﴾

لِتُنۡذِرَ قَوۡمًا مَّاۤ اُنۡذِرَ اٰبَآؤُهُمۡ فَهُمۡ غٰفِلُوۡنَ ﴿۶﴾ لَقَدۡ حَقَّ

| حَقَّ | لَقَدۡ | غٰفِلُوۡنَ | فَهُمۡ | اٰبَآؤُهُمۡ | اُنۡذِرَ | مَّاۤ | قَوۡمًا | لِتُنۡذِرَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سچ ہوئی | البتہ تحقیق | غفلت میں ہیں | پس وہ | باپ ان کے | ڈرائے گئے | نہیں | اس قوم کو کہ | تا کہ ڈرائے تو |

تاکہ تم اُن لوگوں کو جن کے باپ دادا کو متنبہ نہیں کیا گیا تھا متنبہ کردو، وہ غفلت میں پڑے ہوئے ہیں ﴿۶﴾ اُن میں سے

الۡقَوۡلُ عَلٰۤى اَكۡثَرِهِمۡ فَهُمۡ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۷﴾ اِنَّا جَعَلۡنَا فِىۡۤ

| فِىۡۤ | جَعَلۡنَا | اِنَّا | يُؤۡمِنُوۡنَ | لَا | فَهُمۡ | اَكۡثَرِهِمۡ | عَلٰۤى | الۡقَوۡلُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیچ | کیا ہم نے | بیشک | ایمان لاتے | نہیں | پس وہ | بہتوں انہوں کے | اوپر | بات |

اکثر پر (اللہ کی) بات پوری ہو چکی ہے سو وہ ایمان نہیں لائیں گے ﴿۷﴾ ہم نے ان کی گردنوں میں

اَعۡنَاقِهِمۡ اَغۡلٰلًا فَهِیَ اِلَی الۡاَذۡقَانِ فَهُمۡ مُّقۡمَحُوۡنَ ﴿۸﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَعۡنَاقِهِمۡ | اَغۡلٰلًا | فَهِیَ | اِلَی | الۡاَذۡقَانِ | فَهُمۡ | مُّقۡمَحُوۡنَ |
| ان کی گردنوں کے | طوق | پس وہ | تک | ٹھوڑیوں ہیں | پس وہ | سر اونچا کر رہے ہیں |

طوق ڈال رکھے ہیں اور وہ ٹھوڑیوں تک (پھنسے ہوئے) ہیں تو ان کے سر اُلل رہے ہیں ﴿۸﴾

وَ جَعَلۡنَا مِنۡۢ بَیۡنِ اَیۡدِیۡهِمۡ سَدًّا وَّ مِنۡ خَلۡفِهِمۡ سَدًّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | جَعَلۡنَا | مِنۡۢ | بَیۡنِ اَیۡدِیۡهِمۡ | سَدًّا | وَّ | مِنۡ | خَلۡفِهِمۡ | سَدًّا |
| اور | کی ہم نے | سے | آگے ان کے | دیوار | اور | سے | پیچھے ان کے | دیوار |

اور ہم نے ان کے آگے بھی دیوار بنا دی اور ان کے پیچھے بھی پھر ان پر

فَاَغۡشَیۡنٰهُمۡ فَهُمۡ لَا یُبۡصِرُوۡنَ ﴿۹﴾ وَ سَوَآءٌ عَلَیۡهِمۡ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَغۡشَیۡنٰهُمۡ | فَهُمۡ | لَا | یُبۡصِرُوۡنَ | وَ | سَوَآءٌ | عَلَیۡهِمۡ |
| پس ڈھانک دیا ہم نے انکو | پس وہ | نہیں | دیکھتے | اور | برابر ہے | اوپر ان کے |

پردہ ڈال دیا تو یہ دیکھ نہیں سکتے ﴿۹﴾ اور تم ان کو نصیحت کرو

ءَاَنۡذَرۡتَهُمۡ اَمۡ لَمۡ تُنۡذِرۡهُمۡ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۱۰﴾ اِنَّمَا تُنۡذِرُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ءَاَنۡذَرۡتَهُمۡ | اَمۡ | لَمۡ | تُنۡذِرۡهُمۡ | لَا | یُؤۡمِنُوۡنَ | اِنَّمَا | تُنۡذِرُ |
| کیا ڈرائے تو ان کو | یا | نہ | ڈرائے تو ان کو | نہیں | ایمان لانے کے | سوائے اسکے نہیں کہ | ڈراتا ہے |

یا نہ کرو اُن کے لیے برابر ہے۔ وہ ایمان نہیں لانے کے ﴿۱۰﴾ تم تو صرف

مَنِ اتَّبَعَ الذِّکۡرَ وَ خَشِیَ الرَّحۡمٰنَ بِالۡغَیۡبِ ۚ فَبَشِّرۡهُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنِ | اتَّبَعَ | الذِّکۡرَ | وَ | خَشِیَ | الرَّحۡمٰنَ | بِالۡغَیۡبِ | فَبَشِّرۡهُ |
| تو اس کو جو | پیروی کرے | قرآن کی | اور | ڈرے | اللہ رحمان سے | بن دیکھے | پس خوشخبری دے اسکو |

اس شخص کو نصیحت کر سکتے ہو جو نصیحت کی پیروی کرے اور اللہ سے غائبانہ ڈرے۔ سو اس کو

بِمَغۡفِرَةٍ وَّ اَجۡرٍ کَرِیۡمٍ ﴿۱۱﴾ اِنَّا نَحۡنُ نُحۡیِ الۡمَوۡتٰی وَ نَکۡتُبُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمَغۡفِرَةٍ | وَّ | اَجۡرٍ | کَرِیۡمٍ | اِنَّا | نَحۡنُ | نُحۡیِ | الۡمَوۡتٰی | وَ | نَکۡتُبُ |
| ساتھ بخشش | اور | ثواب | بزرگ کے | بیشک | ہم | زندہ کریں گے | مُردوں کو | اور | لکھا ہے ہم نے |

مغفرت اور بڑے ثواب کی بشارت سنا دو ﴿۱۱﴾ بیشک ہم مُردوں کو زندہ کریں گے اور جو کچھ وہ آگے بھیج چکے

وقف غفران

مَا قَدَّمُوْا وَ اٰثَارَهُمْ ؕ وَ كُلَّ شَیْءٍ اَحْصَیْنٰهُ فِیْۤ اِمَامٍ

| مَا | قَدَّمُوْا | وَ | اٰثَارَهُمْ | وَ | كُلَّ | شَیْءٍ | اَحْصَیْنٰهُ | فِیْۤ | اِمَامٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو | آگے بھیجا ہے | اور | نشانیوں ان کی کو | اور | ہر | چیز | شمار کر رکھی ہے ہم نے | بیچ | کتاب |

اور (جو) اُن کے نشان پیچھے رہ گئے ہم ان کو قلمبند کر لیتے ہیں۔ اور ہر چیز کو ہم نے کتاب روشن (یعنی لوحِ محفوظ) میں

وقف لازم ع ۲ / ۱۲ / ۱۸

مُّبِیْنٍ ﴿۱۲﴾ ع وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْیَةِ

| مُّبِیْنٍ | وَاضْرِبْ | لَهُمْ | مَّثَلًا | اَصْحٰبَ | الْقَرْیَةِ |
|---|---|---|---|---|---|
| روشن کے | اور بیان کر | واسطے ان کے | ایک مثال | رہنے والے | گاؤں کے کی |

لکھ رکھا ہے ﴿۱۲﴾ اور ان سے گاؤں والوں کا قصہ بیان کرو

اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۳﴾ ج اِذْ اَرْسَلْنَاۤ اِلَیْهِمُ اثْنَیْنِ

| اِذْ | جَآءَهَا | الْمُرْسَلُوْنَ | اِذْ | اَرْسَلْنَاۤ | اِلَیْهِمُ | اثْنَیْنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جب | آئے ان کے پاس | بھیجے ہوئے | جب | بھیجے ہم نے | طرف ان کی | دو پیغمبر |

جب ان کے پاس پیغمبر آئے ﴿۱۳﴾ (یعنی) جب ہم نے ان کی طرف دو (پیغمبر) بھیجے

فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوْۤا اِنَّاۤ اِلَیْكُمْ

| فَكَذَّبُوْهُمَا | فَعَزَّزْنَا | بِثَالِثٍ | فَقَالُوْۤا | اِنَّاۤ | اِلَیْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|
| پس جھٹلایا انہوں نے ان دونوں کو | پس قوت دی ہم نے | ساتھ تیسرے کے | پس کہا انہوں نے | بیشک ہم | تمہاری طرف |

تو انہوں نے ان کو جھٹلایا۔ پھر ہم نے تیسرے سے تقویت دی تو انہوں نے کہا کہ ہم تمہاری طرف

مُّرْسَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ قَالُوْا مَاۤ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَ مَاۤ اَنْزَلَ

| مُّرْسَلُوْنَ | قَالُوْا | مَاۤ | اَنْتُمْ | اِلَّا | بَشَرٌ | مِّثْلُنَا | وَ | مَاۤ | اَنْزَلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھیجے گئے ہیں | کہا انہوں نے | نہیں | تم | مگر | آدمی | مانند ہماری | اور | نہیں | اتاری |

پیغمبر ہو کر آئے ہیں ﴿۱۴﴾ وہ بولے کہ تم (اور کچھ) نہیں مگر ہماری طرح کے آدمی (ہو) اور اللہ نے

الرَّحْمٰنُ مِنْ شَیْءٍ ۙ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ﴿۱۵﴾ قَالُوْا رَبُّنَا

| الرَّحْمٰنُ | مِنْ | شَیْءٍ | اِنْ | اَنْتُمْ | اِلَّا | تَكْذِبُوْنَ | قَالُوْا | رَبُّنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ رحمان نے | کچھ | چیز | نہیں | تم | مگر | جھوٹے | کہا انہوں نے | رب ہمارا |

کوئی چیز بھی نازل نہیں کی تم محض جھوٹ بولتے ہو ﴿۱۵﴾ انہوں نے کہا کہ ہمارا پروردگار

يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ﴿١٦﴾ وَ مَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْلَمُ | اِنَّآ | اِلَيْكُمْ | لَمُرْسَلُوْنَ | وَ | مَا | عَلَيْنَآ | اِلَّا | الْبَلٰغُ |
| جانتا ہے | بیشک ہم | طرف تمہاری | البتہ رسولوں سے ہیں | اور | نہیں | اوپر ہمارے | مگر | پہنچا دینا |

جانتا ہے کہ ہم تمہاری طرف (پیغام دے کر) بھیجے گئے ہیں ﴿١٦﴾ اور ہمارے ذمے تو صاف صاف پہنچا

الْمُبِيْنُ ﴿١٧﴾ قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُبِيْنُ | قَالُوْٓا | اِنَّا | تَطَيَّرْنَا | بِكُمْ | لَئِنْ | لَّمْ | تَنْتَهُوْا |
| ظاہر | کہا انہوں نے | بیشک ہم | بدجانتے ہیں | رہنا تمہارا | اگر | نہ | باز رہو گے تم |

دینا ہے اور بس ﴿١٧﴾ وہ بولے کہ ہم تم کو نامبارک دیکھتے ہیں۔ اگر تم باز نہ آؤ گے تو ہم تمہیں

لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَ لَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿١٨﴾ قَالُوْا طَآئِرُكُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَنَرْجُمَنَّكُمْ | وَ | لَيَمَسَّنَّكُمْ | مِّنَّا | عَذَابٌ | اَلِيْمٌ | قَالُوْا | طَآئِرُكُمْ |
| البتہ سنگسار کردیں ہم تم کو | اور | البتہ لگے گا تم کو | ہم سے | عذاب | درد دینے والا | کہا انہوں نے | بدی تمہاری |

سنگسار کر دیں گے اور تم کو ہم سے دکھ دینے والا عذاب پہنچے گا ﴿١٨﴾ انہوں نے کہا کہ تمہاری نحوست

مَّعَكُمْ ؕ اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿١٩﴾ وَ جَآءَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّعَكُمْ | اَئِنْ | ذُكِّرْتُمْ | بَلْ | اَنْتُمْ | قَوْمٌ | مُّسْرِفُوْنَ | وَ | جَآءَ |
| ساتھ تمہارے ہے | کیا | نصیحت دیئے جاتے ہو | بلکہ | تم | ایک قوم ہو | حد سے نکل جانیوالے | اور | آیا |

تمہارے ساتھ ہے کیا اس لیے کہ تم کو نصیحت کی گئی بلکہ تم ایسے لوگ ہو جو حد سے تجاوز کر گئے ہو ﴿١٩﴾ اور شہر کے پرلے

مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | اَقْصَا | الْمَدِيْنَةِ | رَجُلٌ | يَّسْعٰى | قَالَ | يٰقَوْمِ | اتَّبِعُوا |
| سے | دور کنارے | شہر کے | ایک مرد | دوڑتا ہوا | کہا | اے قوم میری | پیروی کرو |

کنارے سے ایک آدمی دوڑتا ہوا آیا کہنے لگا کہ اے میری قوم پیغمبروں کے

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٢٠﴾ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْئَلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿٢١﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُرْسَلِيْنَ | اتَّبِعُوْا | مَنْ | لَّا | يَسْئَلُكُمْ | اَجْرًا | وَّ | هُمْ | مُّهْتَدُوْنَ |
| بھیجے گیوں کی | پیروی کرو | اس کی کہ | نہیں | مانگتا تم سے | اجرت | اور | وہ | راہ پائے ہوئے ہیں |

پیچھے چلو ﴿٢٠﴾ ایسوں کے جو تم سے صلہ نہیں مانگتے اور وہ سیدھے رستے پر ہیں ﴿٢١﴾

وَمَا لِيَ لَآ اَعۡبُدُ الَّذِىۡ فَطَرَنِىۡ وَاِلَيۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿۲۲﴾ ءَاَتَّخِذُ مِنۡ دُوۡنِهٖۤ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمَا | لِيَ | لَآ | اَعۡبُدُ | الَّذِىۡ | فَطَرَنِىۡ | وَ | اِلَيۡهِ | تُرۡجَعُوۡنَ | ءَاَتَّخِذُ | مِنۡ | دُوۡنِهٖۤ |
| اور کیا ہے | مجھ کو کہ | نہ | بندگی کروں میں | اسکی جس نے | پیدا کیا مجھ کو | اور | اسکی طرف | پھیرے جاؤ گے تم | بھلا میں پکڑوں | سے | اسکے سوا |

اور مجھے کیا ہے کہ میں اُس کی پرستش نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا اور اسی کی طرف تم کو لوٹ کر جانا ہے ﴿۲۲﴾ کیا میں اس کو چھوڑ کر

اٰلِهَةً اِنۡ يُّرِدۡنِ الرَّحۡمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغۡنِ عَنِّىۡ شَفَاعَتُهُمۡ شَيۡـًٔا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰلِهَةً | اِنۡ | يُّرِدۡنِ | الرَّحۡمٰنُ | بِضُرٍّ | لَّا | تُغۡنِ | عَنِّىۡ | شَفَاعَتُهُمۡ | شَيۡـًٔا |
| معبود کوئی | اگر | چاہے میرے لیے | اللہ | ایک نقصان | نہ | کافی ہو میرے لیے | مجھ سے | شفاعت ان کی | کچھ |

اوروں کو معبود بناؤں؟ اگر اللہ میرے حق میں نقصان کرنا چاہے تو ان کی سفارش مجھے کچھ بھی فائدہ نہ دے سکے

وَّلَا يُنۡقِذُوۡنِ ﴿۲۳﴾ اِنِّىۡۤ اِذًا لَّفِىۡ ضَلٰلٍ مُّبِيۡنٍ ﴿۲۴﴾ اِنِّىۡۤ اٰمَنۡتُ بِرَبِّكُمۡ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | لَا | يُنۡقِذُوۡنِ | اِنِّىۡۤ | اِذًا | لَّفِىۡ | ضَلٰلٍ | مُّبِيۡنٍ | اِنِّىۡۤ | اٰمَنۡتُ | بِرَبِّكُمۡ |
| اور | نہ | چھڑائیں مجھ کو | بیشک میں | اس وقت | البتہ بیچ | گمراہی | ظاہر کے ہوں | بیشک میں | ایمان لایا میں | ساتھ رب تمہارے کے |

اور نہ وہ مجھے چھڑا ہی سکیں ﴿۲۳﴾ تب تو میں صریح گمراہی میں مبتلا ہو گیا ﴿۲۴﴾ میں تمہارے پروردگار پر ایمان لایا ہوں

فَاسۡمَعُوۡنِ ﴿۲۵﴾ قِيۡلَ ادۡخُلِ الۡجَـنَّةَ ؕ قَالَ يٰلَيۡتَ قَوۡمِىۡ يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۲۶﴾ ۙ بِمَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاسۡمَعُوۡنِ | قِيۡلَ | ادۡخُلِ | الۡجَـنَّةَ | قَالَ | يٰلَيۡتَ | قَوۡمِىۡ | يَعۡلَمُوۡنَ | بِمَا |
| پس سنو بات میری | کہا گیا | داخل کرو اس کو | جنت میں | کہا | اے کاش | قوم میری | جانتی | ساتھ اس چیز کے کہ |

سو میری بات سن رکھو ﴿۲۵﴾ حکم ہوا کہ بہشت میں داخل ہو جا۔ بولا کاش! میری قوم کو خبر ہو ﴿۲۶﴾ کہ اللہ

غَفَرَ لِىۡ رَبِّىۡ وَجَعَلَنِىۡ مِنَ الۡمُكۡرَمِيۡنَ ﴿۲۷﴾ وَمَاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلٰى قَوۡمِهٖ مِنۡۢ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غَفَرَ لِىۡ | رَبِّىۡ | وَ | جَعَلَنِىۡ | مِنَ | الۡمُكۡرَمِيۡنَ | وَ | مَاۤ | اَنۡزَلۡنَا | عَلٰى | قَوۡمِهٖ | مِنۡۢ |
| بخشا مجھ کو | رب میرے نے | اور | کیا مجھ کو | سے | عزت والوں میں | اور | نہیں | اتارا ہم نے | اوپر | قوم اسکی کے | سے |

نے مجھے بخش دیا اور عزت والوں میں کیا ﴿۲۷﴾ اور ہم نے اس کے بعد اس کی قوم پر کوئی

بَعۡدِهٖ مِنۡ جُنۡدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنۡزِلِيۡنَ ﴿۲۸﴾ اِنۡ كَانَتۡ اِلَّا صَيۡحَةً

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعۡدِهٖ | مِنۡ | جُنۡدٍ | مِّنَ | السَّمَآءِ | وَ | مَا | كُنَّا | مُنۡزِلِيۡنَ | اِنۡ | كَانَتۡ | اِلَّا | صَيۡحَةً |
| پیچھے اسکے | کوئی | لشکر | سے | آسمان | اور | نہیں | تھے ہم | اتارنے والے | نہیں | تھا | مگر | آواز تند |

لشکر نہیں اُتارا اور نہ ہم اتارنے والے تھے ہی ﴿۲۸﴾ وہ تو صرف ایک چنگھاڑ تھی

وقف غفران

وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ﴿۲۹﴾ يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّاحِدَةً | فَاِذَا | هُمْ | خٰمِدُوْنَ | يٰحَسْرَةً | عَلَى | الْعِبَادِ | مَا | يَاْتِيْهِمْ | مِّنْ |
| ایک | پس اس وقت | وہ | بجھے ہوئے تھے | اے ارمان | اوپر | ان بندوں کے | کہ نہیں | آیا ان کے پاس | کوئی |

(آتشیں) سو وہ (اس سے) ناگہاں بجھ کر رہ گئے ﴿۲۹﴾ بندوں پر افسوس ہے کہ ان کے پاس کوئی پیغمبر

رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۰﴾ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَّسُوْلٍ | اِلَّا | كَانُوْا | بِهٖ | يَسْتَهْزِءُوْنَ | اَلَمْ | يَرَوْا | كَمْ | اَهْلَكْنَا | قَبْلَهُمْ | مِّنَ |
| پیغمبر | مگر | تھے | ساتھ اسکے | ٹھٹھا کرتے | کیا نہیں | دیکھا انہوں نے | کتنے | ہلاک کیے ہم نے | پہلے ان سے | سے |

نہیں آتا مگر اس سے تمسخر کرتے ہیں ﴿۳۰﴾ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اُن سے پہلے بہت

الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقُرُوْنِ | اَنَّهُمْ | اِلَيْهِمْ | لَا | يَرْجِعُوْنَ | وَ | اِنْ | كُلٌّ | لَّمَّا | جَمِيْعٌ | لَّدَيْنَا |
| قرنوں | یہ کہ وہ | طرف ان کے | نہیں | پھیرے جائیں گے | اور | نہیں ہیں | سب | مگر | سب جمع ہوکر | نزدیک ہمارے |

سے لوگوں کو ہلاک کر دیا تھا اب وہ اُن کی طرف لوٹ کر نہیں آئیں گے ﴿۳۱﴾ اور سب کے سب ہمارے روبرو

ع ۲

مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۚ اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُحْضَرُوْنَ | وَاٰيَةٌ | لَّهُمُ | الْاَرْضُ | الْمَيْتَةُ | اَحْيَيْنٰهَا | وَ | اَخْرَجْنَا | مِنْهَا |
| حاضر کیے جائینگے | اور نشانی ہے | واسطے ان کے | زمین | مُردہ | زندہ کیا ہم نے اس کو | اور | نکالا ہم نے | اس سے |

حاضر کیے جائیں گے ﴿۳۲﴾ اور ایک نشانی اُن کے لیے زمین مُردہ ہے کہ ہم نے اس کو زندہ کیا اور اس میں سے اناج اُگایا

حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَبًّا | فَمِنْهُ | يَاْكُلُوْنَ | وَ | جَعَلْنَا | فِيْهَا | جَنّٰتٍ | مِّنْ | نَّخِيْلٍ | وَّاَعْنَابٍ |
| اناج | پس اس میں سے | وہ کھاتے ہیں | اور | کیے ہم نے | بیچ اس کے | باغ | سے | کھجوروں | اور انگوروں سے |

پھر یہ اس میں سے کھاتے ہیں ﴿۳۳﴾ اور اس میں کھجوروں اور انگوروں کے باغ پیدا کیے

وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ﴿۳۴﴾ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ۭ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | فَجَّرْنَا | فِيْهَا | مِنَ | الْعُيُوْنِ | لِيَاْكُلُوْا | مِنْ | ثَمَرِهٖ | وَ | مَا | عَمِلَتْهُ | اَيْدِيْهِمْ |
| اور | پس جاری کیئے ہم نے | بیچ اسکے | سے | چشموں | تاکہ کھائیں | سے | اسکے میووں | اور | نہیں | کیا اس کو | انکے ہاتھوں نے |

اور اس میں چشمے جاری کر دیے ﴿۳۴﴾ تاکہ یہ ان کے پھل کھائیں اور اُن کے ہاتھوں نے تو اُن کو نہیں بنایا۔ تو

اَفَلَا يَشۡكُرُوۡنَ ﴿۳۵﴾ سُبۡحٰنَ الَّذِىۡ خَلَقَ الۡاَزۡوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنۡۢبِتُ

| اَفَلَا | يَشۡكُرُوۡنَ | سُبۡحٰنَ | الَّذِىۡ | خَلَقَ | الۡاَزۡوَاجَ | كُلَّهَا | مِمَّا | تُنۡۢبِتُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا پس نہیں | شکر کرتے | پاک ہے | وہ جس نے | پیدا کیے | جوڑے | سب چیز کے | اس چیز سے کہ | اگاتی ہے |

پھر کیا یہ شکر نہیں کرتے؟﴿۳۵﴾ وہ اللہ پاک ہے جس نے زمین کی نباتات کے اور خود اُن کے اور جن چیزوں

الۡاَرۡضُ وَمِنۡ اَنۡفُسِهِمۡ وَمِمَّا لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۳۶﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيۡلُ ۖۚ نَسۡلَخُ مِنۡهُ

| الۡاَرۡضُ | وَمِنۡ | اَنۡفُسِهِمۡ | وَ | مِمَّا | لَا | يَعۡلَمُوۡنَ | وَ | اٰيَةٌ | لَّهُمُ | الَّيۡلُ | نَسۡلَخُ | مِنۡهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زمین | اور سے | جانوں ان کی | اور | اس چیز سے کہ | نہیں | جانتے | اور | نشانی ہے | واسطے انکے | رات | کھینچ نکالتے ہیں ہم | اس سے |

کی اُن کو خبر نہیں سب کے جوڑے بنائے﴿۳۶﴾ اور ایک نشانی ان کے لیے رات ہے کہ اس میں سے ہم

النَّهَارَ فَاِذَا هُمۡ مُّظۡلِمُوۡنَ ﴿۳۷﴾ وَالشَّمۡسُ تَجۡرِىۡ لِمُسۡتَقَرٍّ لَّهَا ؕ ذٰلِكَ

| النَّهَارَ | فَاِذَا | هُمۡ | مُّظۡلِمُوۡنَ | وَ | الشَّمۡسُ | تَجۡرِىۡ | لِمُسۡتَقَرٍّ لَّهَا | ذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دن کو | پس ناگہاں | وہ | اندھیروں میں ہیں | اور | سورج | چلتا ہے | اس کے مستقر پر | یہ |

دن کو کھینچ لیتے ہیں تو اُس وقت اُن پر اندھیرا چھا جاتا ہے﴿۳۷﴾ اور سورج اپنے مقرر رستے پر چلتا رہتا ہے۔ یہ

تَقۡدِيۡرُ الۡعَزِيۡزِ الۡعَلِيۡمِ ﴿۳۸﴾ وَالۡقَمَرَ قَدَّرۡنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالۡعُرۡجُوۡنِ

| تَقۡدِيۡرُ | الۡعَزِيۡزِ | الۡعَلِيۡمِ | وَالۡقَمَرَ | قَدَّرۡنٰهُ | مَنَازِلَ | حَتّٰى | عَادَ | كَالۡعُرۡجُوۡنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حکم ہے | اللہ غالب | جاننے والے کا | اور چاند | مقرر کردیں ہم نے اسکی | منزلیں | یہاں تک کہ | ہوجائے | مانند شاخ کھجور |

(اللہ) غالب (اور) دانا کا (مقرر کیا ہوا) اندازہ ہے﴿۳۸﴾ اور چاند کی بھی ہم نے منزلیں مقرر کردیں یہاں تک کہ (گھٹتے گھٹتے) کھجور کی پرانی

الۡقَدِيۡمِ ﴿۳۹﴾ لَا الشَّمۡسُ يَنۡۢبَغِىۡ لَهَاۤ اَنۡ تُدۡرِكَ الۡقَمَرَ وَلَا الَّيۡلُ سَابِقُ

| الۡقَدِيۡمِ | لَا | الشَّمۡسُ | يَنۡۢبَغِىۡ | لَهَاۤ | اَنۡ | تُدۡرِكَ | الۡقَمَرَ | وَلَا | الَّيۡلُ | سَابِقُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پرانی سوکھی کے | نہیں | سورج | لائق ہے | واسطے اسکے | یہ کہ | پالے | چاند کو | اور نہ | رات | آگے بڑھنے والی ہے |

شاخ کی طرح ہو جاتا ہے﴿۳۹﴾ نہ تو سورج ہی سے ہوسکتا ہے کہ چاند کو جا پکڑے اور نہ رات ہی دن سے پہلے

النَّهَارِ ؕ وَكُلٌّ فِىۡ فَلَكٍ يَّسۡبَحُوۡنَ ﴿۴۰﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمۡ اَنَّا حَمَلۡنَا ذُرِّيَّتَهُمۡ فِى

| النَّهَارِ | وَ | كُلٌّ | فِىۡ | فَلَكٍ | يَّسۡبَحُوۡنَ | وَ | اٰيَةٌ | لَّهُمۡ | اَنَّا | حَمَلۡنَا | ذُرِّيَّتَهُمۡ | فِى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دن سے | اور | سب کے سب | بیچ | آسمان کے | تیر رہے ہیں | اور | نشانی ہے | واسطے انکے | یہ کہ | اٹھایا ہم نے | اولاد ان کی کو | بیچ |

آسکتی ہے۔ اور سب اپنے اپنے دائرے میں تیر رہے ہیں﴿۴۰﴾ اور ایک نشانی اُن کے لیے یہ ہے کہ ہم نے اُن کی

الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۴۱﴾ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِنْ

| الْفُلْكِ | الْمَشْحُوْنِ | وَ | خَلَقْنَا | لَهُمْ | مِّنْ | مِّثْلِهٖ | مَا | يَرْكَبُوْنَ | وَ | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کشتی | بھری ہوئی کے | اور | پیدا کیا ہم نے | واسطے ان کے | سے | مانند اس کی | جو | سواری کریں اس پر | اور | اگر |

اولاد کو بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا ﴿۴۱﴾ اور اُن کے لیے ویسے ہی اور چیزیں پیدا کیں جن پر وہ سوار ہوتے ہیں ﴿۴۲﴾ اور اگر

نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ﴿۴۳﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا

| نَّشَاْ | نُغْرِقْهُمْ | فَلَا | صَرِيْخَ | لَهُمْ | وَ | لَا | هُمْ | يُنْقَذُوْنَ | اِلَّا | رَحْمَةً | مِّنَّا | وَ | مَتَاعًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہم چاہیں | غرق کردیں ہم انکو | پس نہیں | مددگار | واسطے انکے کوئی | اور | نہ | وہ | چھڑائے جائیں | مگر | رحمت | ہماری سے | اور | فائدہ پہنچایا انکو |

ہم چاہیں تو اُن کو غرق کردیں۔ پھر نہ تو اُن کا کوئی فریادرس ہو اور نہ اُن کو رہائی ملے ﴿۴۳﴾ مگر یہ ہماری رحمت اور ایک مدت

اِلٰى حِيْنٍ ﴿۴۴﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ

| اِلٰى | حِيْنٍ | وَ | اِذَا | قِيْلَ | لَهُمُ | اتَّقُوْا | مَا | بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ | وَ | مَا | خَلْفَكُمْ | لَعَلَّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تک | ایک وقت مقرر | اور | جب | کہا جاتا ہے | ان کو | ڈرو | اس عذاب سے کہ | آگے تمہارے ہے | اور | جو | پیچھے تمہارے ہے | شاید کہ تم |

تک کے فائدے ہیں ﴿۴۴﴾ اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ جو تمہارے آگے اور جو تمہارے پیچھے ہے اُس سے ڈرو

تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا

| تُرْحَمُوْنَ | وَ | مَا | تَاْتِيْهِمْ | مِّنْ | اٰيَةٍ | مِّنْ | اٰيٰتِ | رَبِّهِمْ | اِلَّا | كَانُوْا | عَنْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رحم کیے جاؤ تم | اور | نہیں | آئی پاس انکے | کوئی | نشانی | سے | نشانیوں | رب ان کے | مگر | تھے | ان سے |

تاکہ تم پر رحم کیا جائے ﴿۴۵﴾ اور اُن کے پاس اُن کے پروردگار کی طرف سے کوئی نشانی نہیں آتی مگر اس سے منہ

مُعْرِضِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

| مُعْرِضِيْنَ | وَ | اِذَا | قِيْلَ | لَهُمْ | اَنْفِقُوْا | مِمَّا | رَزَقَكُمُ | اللّٰهُ | قَالَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| منہ پھیرنیوالے | اور | جب | کہا جاتا ہے | ان کو | خرچ کرو | اس چیز سے کہ | دیا تم کو | اللہ نے | کہتے ہیں وہ | جو کہ | کافر ہیں |

پھیر لیتے ہیں ﴿۴۶﴾ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جو رزق اللہ نے تم کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرو تو کافر مومنوں سے

لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗٓ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ

| لِلَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا | اَنُطْعِمُ | مَنْ | لَّوْ | يَشَآءُ | اللّٰهُ | اَطْعَمَهٗٓ | اِنْ | اَنْتُمْ | اِلَّا | فِيْ | ضَلٰلٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے ان لوگوں کے جو | ایمان لائے | کیا کھلائیں ہم | اس کو کہ | اگر | چاہتا | اللہ | کھلا دیتا اس کو | نہیں | تم | مگر | بیچ | گمراہی |

کہتے ہیں کہ بھلا ہم اُن لوگوں کو کھانا کھلائیں جن کو اگر اللہ چاہتا تو خود کھلا دیتا۔ تم تو صریح

مُّبِيْنٍ ﴿۴۷﴾ وَ يَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾ مَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّبِيْنٍ | وَ | يَقُوْلُوْنَ | مَتٰى | هٰذَا | الْوَعْدُ | اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ | مَا |
| ظاہر کے | اور | کہتے ہیں | کب ہے | یہ | وعدہ | اگر | ہوتم | سچے | نہیں |

غلطی میں ہو ﴿۴۷﴾ اور کہتے ہیں اگر تم سچ کہتے ہو تو یہ وعدہ کب (پورا) ہوگا؟ ﴿۴۸﴾ یہ تو ایک

يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَلَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَنْظُرُوْنَ | اِلَّا | صَيْحَةً | وَّاحِدَةً | تَاْخُذُهُمْ | وَ | هُمْ | يَخِصِّمُوْنَ | فَلَا |
| انتظار کرتے | مگر | آواز تند کا | ایک | پکڑ لے ان کو | اور | وہ | جھگڑ رہے ہوں گے | پس نہ |

چنگھاڑ کے منتظر ہیں جو اُن کو اس حال میں کہ باہم جھگڑ رہے ہوں گے آ پکڑے گی ﴿۴۹﴾ پھر نہ

يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۵۰﴾ ع وَنُفِخَ فِى الصُّوْرِ ع ۱۸ / ۲

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَسْتَطِيْعُوْنَ | تَوْصِيَةً | وَّ | لَآ | اِلٰٓى | اَهْلِهِمْ | يَرْجِعُوْنَ | وَ | نُفِخَ | فِى | الصُّوْرِ |
| سکیں گے | وصیت کرنا | اور | نہ | طرف | اہل اپنے کی | پھر جائیں گے | اور | پھونکا جائیگا | بیچ | صور کے |

تو وصیت کر سکیں گے اور نہ اپنے گھر والوں میں واپس جا سکیں گے ﴿۵۰﴾ اور (جس وقت) صور پھونکا جائے گا

فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ﴿۵۱﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاِذَا | هُمْ | مِّنَ | الْاَجْدَاثِ | اِلٰى | رَبِّهِمْ | يَنْسِلُوْنَ | قَالُوْا | يٰوَيْلَنَا | مَنْ | بَعَثَنَا |
| پس ناگہاں | وہ | سے | قبروں | طرف | رب اپنے کی | دوڑیں گے | کہیں گے | اے وائے ہمکو | کس نے | اٹھایا ہم کو |

یہ قبروں سے (نکل کر) اپنے پروردگار کی طرف دوڑ پڑیں گے ﴿۵۱﴾ کہیں گے اے ہے ہمیں ہماری

مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۵۲﴾ اِنْ وقف منزل / وقف غفران / وقف لازم

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | مَّرْقَدِنَا | هٰذَا | مَا | وَعَدَ | الرَّحْمٰنُ | وَ | صَدَقَ | الْمُرْسَلُوْنَ | اِنْ |
| سے | ہماری خواب گاہ | یہ ہے | جو کچھ | وعدہ کیا تھا | اللہ نے | اور | سچ کہا تھا | پیغمبروں نے | نہیں |

خواب گاہوں سے کس نے (جگا) اُٹھایا؟ یہ وہی تو ہے جس کا اللہ نے وعدہ کیا تھا اور پیغمبروں نے سچ کہا تھا ﴿۵۲﴾ صرف

كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَالْيَوْمَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانَتْ | اِلَّا | صَيْحَةً | وَّاحِدَةً | فَاِذَا | هُمْ | جَمِيْعٌ | لَّدَيْنَا | مُحْضَرُوْنَ | فَالْيَوْمَ |
| تھا یہ | مگر | آواز تند | ایک | پس اسوقت | وہ | سب کے سب | نزدیک ہمارے | حاضر ہونیوالے ہیں | پس آج کے دن |

ایک زور کی آواز کا ہونا ہوگا کہ سب کے سب ہمارے روبرو آ حاضر ہوں گے ﴿۵۳﴾ اُس روز کسی

لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا وَّ لَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۴﴾ اِنَّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | تُظْلَمُ | نَفْسٌ | شَيْـًٔا | وَّ | لَا | تُجْزَوْنَ | اِلَّا | مَا | كُنْتُمْ | تَعْمَلُوْنَ | اِنَّ |
| نہ | ظلم کیا جائے گا | کوئی جی | کچھ | اور | نہ | جزا دیے جاؤ گے تم | مگر | جو کچھ کہ | تھے تم | کرتے | بیشک |

شخص پر کچھ بھی ظلم نہیں کیا جائے گا اور تم کو بدلہ ویسا ہی ملے گا جیسے تم کام کرتے تھے ﴿۵۴﴾ اہلِ جنت

اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿۵۵﴾ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَصْحٰبَ | الْجَنَّةِ | الْيَوْمَ | فِيْ | شُغُلٍ | فٰكِهُوْنَ | هُمْ | وَ | اَزْوَاجُهُمْ | فِيْ | ظِلٰلٍ |
| رہنے والے | بہشت کے | آج کے دن | بیچ | ایک کام کے | خوش ہیں | وہ | اور | بی بیاں ان کی | بیچ | سایوں کے |

اس روز عیش و نشاط کے مشغلے میں ہوں گے ﴿۵۵﴾ وہ بھی اور ان کی بیویاں بھی سایوں

عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ﴿۵۶﴾ لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ﴿۵۷﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَى | الْاَرَآئِكِ | مُتَّكِـُٔوْنَ | لَهُمْ | فِيْهَا | فَاكِهَةٌ | وَّلَهُمْ | مَّا | يَدَّعُوْنَ |
| اوپر | تختوں کے | تکیہ لگائے | واسطے ان کے | بیچ اس کے | میوہ | اور واسطے انکے ہیں | جو کچھ | چاہیں |

میں تختوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے ﴿۵۶﴾ وہاں اُن کے لیے میوے اور جو چاہیں گے (موجود ہوگا) ﴿۵۷﴾

سَلٰمٌ قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿۵۸﴾ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۹﴾ اَلَمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَلٰمٌ | قَوْلًا | مِّنْ | رَّبٍّ | رَّحِيْمٍ | وَامْتَازُوا | الْيَوْمَ | اَيُّهَا | الْمُجْرِمُوْنَ | اَلَمْ |
| سلام | کہا جائے گا | سے | پروردگار | مہربان | اور جدا ہو جاؤ | آج کے دن | اے | گنہگارو | کیا نہیں |

پروردگار مہربان کی طرف سے سلام (کہا جائے گا) ﴿۵۸﴾ اور گنہگارو تم آج الگ ہو جاؤ ﴿۵۹﴾ اے آدم

اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ج اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۶۰﴾ لا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَعْهَدْ | اِلَيْكُمْ | يٰبَنِيْٓ | اٰدَمَ | اَنْ | لَّا | تَعْبُدُوا | الشَّيْطٰنَ | اِنَّهٗ | لَكُمْ | عَدُوٌّ | مُّبِيْنٌ |
| عہد کیا تھا میں نے | طرف تمہاری | اے بیٹو | آدم کے | یہ کہ | نہ | عبادت کرو تم | شیطان کی | بیشک وہ | واسطے تمہارے | دشمن ہے | ظاہر |

کی اولاد ہم نے تم سے کہہ نہیں دیا تھا کہ شیطان کو نہ پوجنا وہ تمہارا کھلا دشمن ہے ﴿۶۰﴾

وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ ط هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۱﴾ وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا وقفِ غفران

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | اَنِ | اعْبُدُوْنِيْ | هٰذَا | صِرَاطٌ | مُّسْتَقِيْمٌ | وَلَقَدْ | اَضَلَّ | مِنْكُمْ | جِبِلًّا |
| اور | یہ کہ | عبادت کرو میری | یہ | راہ ہے | سیدھی | اور البتہ تحقیق | گمراہ کیا اس نے | تم میں سے | خلقت |

اور یہ کہ میری ہی عبادت کرنا یہی سیدھا رستہ ہے ﴿۶۱﴾ اور اس نے تم میں سے بہت سی خلقت

كَثِيرًا ۭ اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۲﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۶۳﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَثِيرًا | اَفَلَمْ | تَكُوْنُوْا | تَعْقِلُوْنَ | هٰذِهٖ | جَهَنَّمُ | الَّتِيْ | كُنْتُمْ | تُوْعَدُوْنَ |
| بہت کو | کیا پس نہیں | ہو تم کہ | سمجھو | یہ ہے | دوزخ | جس کا | تھے تم | وعدہ دیئے جاتے |

کو گمراہ کر دیا تھا۔ تو کیا تم سمجھتے نہیں تھے؟ ﴿۶۲﴾ یہی وہ جہنم ہے جس کی تمہیں خبر دی جاتی تھی ﴿۶۳﴾

اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۶۴﴾ اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِصْلَوْهَا | الْيَوْمَ | بِمَا | كُنْتُمْ | تَكْفُرُوْنَ | اَلْيَوْمَ | نَخْتِمُ | عَلٰٓى | اَفْوَاهِهِمْ | وَ | تُكَلِّمُنَآ |
| داخل ہو اس میں | آج کے دن | بسبب اسکے کہ | تھے تم | کفر کرتے | آج کے دن | مہر لگا دی ہم نے | اوپر | انکے مونہوں کے | اور | باتیں کرینگے ہم سے |

(سو) جو تم کفر کرتے رہے ہو اس کے بدلے آج اس میں داخل ہو جاؤ ﴿۶۴﴾ آج ہم ان کے مونہوں پر مہر لگا دیں گے اور جو

اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَيْدِيْهِمْ | وَ | تَشْهَدُ | اَرْجُلُهُمْ | بِمَا | كَانُوْا | يَكْسِبُوْنَ | وَ | لَوْ | نَشَآءُ | لَطَمَسْنَا |
| ہاتھ ان کے | اور | گواہی دینگے | پاؤں ان کے | بسبب اسکے کہ | تھے | کماتے | اور | اگر | ہم چاہیں | البتہ ناپید کر دیں ہم |

کچھ یہ کرتے رہے تھے ان کے ہاتھ ہم سے بیان کر دیں گے اور ان کے پاؤں (اس کی) گواہی دیں گے ﴿۶۵﴾ اور اگر ہم چاہیں تو اُن

عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ﴿۶۶﴾ وَلَوْ نَشَآءُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰٓى | اَعْيُنِهِمْ | فَاسْتَبَقُوْا | الصِّرَاطَ | فَاَنّٰى | يُبْصِرُوْنَ | وَ | لَوْ | نَشَآءُ |
| اوپر | انکی آنکھوں کے | پس آگے پکڑیں گے | ایک راہ | پس کیوں کر | دیکھیں گے | اور | اگر | چاہیں ہم |

کی آنکھوں کو مٹا (کر اندھا کر) دیں پھر یہ رستے کو دوڑیں تو کہاں دیکھ سکیں گے ﴿۶۶﴾ اور اگر ہم چاہیں

ع ۴/۱۷

لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۶۷﴾ ع

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَمَسَخْنٰهُمْ | عَلٰى | مَكَانَتِهِمْ | فَمَا | اسْتَطَاعُوْا | مُضِيًّا | وَّ | لَا | يَرْجِعُوْنَ |
| البتہ مسخ کر دیں ان کو | اوپر | جگہ ان کی کے | پس نہ | کر سکیں | گزرنا | اور | نہ | پھریں |

تو اُن کی جگہ پر ان کی صورتیں بدل دیں پھر وہاں سے نہ آگے جا سکیں اور نہ (پیچھے) لوٹ سکیں ﴿۶۷﴾

وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ۭ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمَنْ | نُّعَمِّرْهُ | نُنَكِّسْهُ | فِي | الْخَلْقِ | اَفَلَا | يَعْقِلُوْنَ | وَ | مَا | عَلَّمْنٰهُ | الشِّعْرَ | وَ | مَا |
| اور جس کو | عمر دیتے ہیں ہم اسکو | نگوں سار کرتے ہیں ہم اسکو | بیچ | خلق کے | کیا پس نہیں | سمجھتے | اور | نہیں | سکھایا ہم نے اسکو | شعر | اور | نہیں |

اور جس کو ہم بڑی عمر دیتے ہیں تو اُسے خلقت میں اوندھا کر دیتے ہیں تو کیا یہ سمجھتے نہیں؟ ﴿۶۸﴾ اور ہم نے اُن (پیغمبر) کو شعر

يَنۢبَغِي لَهٗ ؕ اِنۡ هُوَ اِلَّا ذِكۡرٌ وَّقُرۡاٰنٌ مُّبِيۡنٌ ﴿۶۹﴾ ۙ لِّيُنۡذِرَ مَنۡ كَانَ حَيًّا وَّيَحِقَّ

| يَنۢبَغِىۡ | لَهٗ | اِنۡ | هُوَ | اِلَّا | ذِكۡرٌ | وَّ | قُرۡاٰنٌ | مُّبِيۡنٌ | لِّيُنۡذِرَ | مَنۡ | كَانَ | حَيًّا | وَّ | يَحِقَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لائق | واسطے اسکے | نہیں | وہ | مگر | ایک نصیحت | اور | قرآن | روشن | تاکہ ڈرائے | اس کو کہ | ہے | جیتا | اور | ثابت ہوئی |

گوئی نہیں سکھائی اور نہ وہ ان کو شایاں ہے۔ یہ تو محض نصیحت اور صاف صاف قرآن (پرازحکمت) ہے ﴿۶۹﴾ تاکہ اُس شخص کو جو زندہ ہو

الۡقَوۡلُ عَلَى الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿۷۰﴾ اَوَلَمۡ يَرَوۡا اَنَّا خَلَقۡنَا لَهُمۡ مِّمَّا عَمِلَتۡ اَيۡدِيۡنَاۤ

| الۡقَوۡلُ | عَلَى | الۡكٰفِرِيۡنَ | اَوَلَمۡ | يَرَوۡا | اَنَّا | خَلَقۡنَا | لَهُمۡ | مِّمَّا | عَمِلَتۡ | اَيۡدِيۡنَاۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بات | اوپر | کافروں کے | کیا نہیں | دیکھتے | یہ کہ | پیدا کیا ہم نے | واسطے انکے | اس چیز سے کہ | کیے | ہاتھوں اپنے کے |

ہدایت کا رستہ دکھائے اور کافروں پر بات پوری ہو جائے ﴿۷۰﴾ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ جو چیزیں ہم نے اپنے ہاتھوں سے بنائیں ان میں سے ہم نے

اَنۡعَامًا فَهُمۡ لَهَا مٰلِكُوۡنَ ﴿۷۱﴾ وَذَلَّلۡنٰهَا لَهُمۡ فَمِنۡهَا رَكُوۡبُهُمۡ وَمِنۡهَا

| اَنۡعَامًا | فَهُمۡ | لَهَا | مٰلِكُوۡنَ | وَ | ذَلَّلۡنٰهَا | لَهُمۡ | فَمِنۡهَا | رَكُوۡبُهُمۡ | وَ | مِنۡهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چارپائے | پس وہ | واسطے انکے | مالک ہیں | اور | فرمانبردار کیا | واسطے انکے | پس بعض ان میں سے | سواری انکی ہے | اور | بعض ان میں سے |

ان کے لیے چارپائے پیدا کر دیے اور یہ اُن کے مالک ہیں ﴿۷۱﴾ اور اُن کو اُن کے قابو میں کر دیا تو کوئی تو اُن میں سے اُن کی سواری ہے اور کسی کو

يَاۡكُلُوۡنَ ﴿۷۲﴾ وَلَهُمۡ فِيۡهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ؕ اَفَلَا يَشۡكُرُوۡنَ ﴿۷۳﴾ وَاتَّخَذُوۡا

| يَاۡكُلُوۡنَ | وَ | لَهُمۡ | فِيۡهَا | مَنَافِعُ | وَ | مَشَارِبُ | اَفَلَا | يَشۡكُرُوۡنَ | وَ | اتَّخَذُوۡا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کھاتے ہیں | اور | واسطے انکے | بیچ اس کے | فائدے | اور | پینا ہے | کیا پس نہیں | شکر کرتے | اور | پکڑتے ہیں |

یہ کھاتے ہیں ﴿۷۲﴾ اور ان میں ان کے لیے (اور) فائدے اور پینے کی چیزیں ہیں۔ تو کیا یہ شکر نہیں کرتے؟ ﴿۷۳﴾ اور انہوں

مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمۡ يُنۡصَرُوۡنَ ﴿۷۴﴾ ؕ لَا يَسۡتَطِيۡعُوۡنَ نَصۡرَهُمۡ ۙ وَهُمۡ

| مِنۡ | دُوۡنِ | اللّٰهِ | اٰلِهَةً | لَّعَلَّهُمۡ | يُنۡصَرُوۡنَ | لَا | يَسۡتَطِيۡعُوۡنَ | نَصۡرَهُمۡ | وَهُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | سوائے | اللہ کے | معبود | شاید وہ | مدد کیے جائیں | نہیں | کر سکیں گے | مدد ان کی | اور وہ |

نے اللہ کے سوا (اور) معبود بنا لیے ہیں کہ شاید (اُن سے) ان کو مدد پہنچے ﴿۷۴﴾ (مگر) وہ ان کی مدد کی (ہرگز) طاقت نہیں رکھتے۔ اور

لَهُمۡ جُنۡدٌ مُّحۡضَرُوۡنَ ﴿۷۵﴾ فَلَا يَحۡزُنۡكَ قَوۡلُهُمۡ ۘ اِنَّا نَعۡلَمُ مَا يُسِرُّوۡنَ وقف لازم

| لَهُمۡ | جُنۡدٌ | مُّحۡضَرُوۡنَ | فَلَا | يَحۡزُنۡكَ | قَوۡلُهُمۡ | اِنَّا | نَعۡلَمُ | مَا | يُسِرُّوۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے انکے | لشکر ہیں | حاضر کیے گئے | پس نہ | غمگین کریں تجھ کو | باتیں ان کی | بیشک | ہم جانتے ہیں | جو کچھ | چھپاتے ہیں |

وہ ان کی فوج ہو کر حاضر کیے جائیں گے ﴿۷۵﴾ تو اُن کی باتیں تمہیں غمناک نہ کر دیں۔ یہ جو کچھ چھپاتے اور جو کچھ ظاہر کرتے

وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿٧٦﴾ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | يُعْلِنُوْنَ | اَوَلَمْ | يَرَ | الْاِنْسَانُ | اَنَّا | خَلَقْنٰهُ | مِنْ | نُّطْفَةٍ | فَاِذَا | هُوَ | خَصِيْمٌ |
| اور | جو کچھ | ظاہر کرتے ہیں | کیا نہیں | دیکھا | آدمی نے | یہ کہ | پیدا کیا ہم نے اسکو | سے | نطفے | پس ناگہاں | وہ | جھگڑنے والا ہے |

ہیں ہمیں (سب) معلوم ہیں﴿٧٦﴾ کیا انسان نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اس کو نطفے سے پیدا کیا پھر وہ تڑاق پڑاق

مُّبِيْنٌ ﴿٧٧﴾ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ؕ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّبِيْنٌ | وَ | ضَرَبَ | لَنَا | مَثَلًا | وَّ | نَسِيَ | خَلْقَهٗ | قَالَ | مَنْ | يُّحْيِ | الْعِظَامَ |
| ظاہر | اور | بیان کی | واسطے ہمارے | ایک مثال | اور | بھول گیا | پیدائش اپنی | کہا | کہ کون | زندہ کریگا | ہڈیوں کو |

جھگڑنے لگا﴿٧٧﴾ اور ہمارے بارے میں مثالیں بیان کرنے لگا اور اپنی پیدائش کو بھول گیا۔ کہنے لگا کہ (جب) ہڈیاں بوسیدہ ہوجائیں گی

وَهِيَ رَمِيْمٌ ﴿٧٨﴾ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | هِيَ | رَمِيْمٌ | قُلْ | يُحْيِيْهَا | الَّذِيْٓ | اَنْشَاَهَآ | اَوَّلَ | مَرَّةٍ | وَ | هُوَ | بِكُلِّ |
| اور | وہ | بوسیدہ ہیں | کہہ | زندہ کریگا اس کو | جس نے کہ | پیدا کیا اس کو | پہلی | بار | اور | وہ | ساتھ سب |

تو ان کو کون زندہ کرے گا؟﴿٧٨﴾ کہہ دو کہ اُن کو وہ زندہ کرے گا جس نے اُن کو پہلی بار پیدا کیا تھا۔ اور وہ سب قسم کا

خَلْقٍ عَلِيْمُ ۨ ﴿٧٩﴾ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَلْقٍ | عَلِيْمُ | الَّذِيْ | جَعَلَ | لَكُمْ | مِّنَ | الشَّجَرِ | الْاَخْضَرِ | نَارًا | فَاِذَآ |
| پیدا کیے گیوں کے | جاننے والا ہے | جس نے | پیدا کی | واسطے تمہارے | سے | درخت | سرسبز | آگ | پس اسوقت |

پیدا کرنا جانتا ہے﴿٧٩﴾ (وہی) جس نے تمہارے لیے سبز درخت سے آگ پیدا کی پھر تم اس (کی ٹہنیوں

اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ﴿٨٠﴾ اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْتُمْ | مِّنْهُ | تُوْقِدُوْنَ | اَوَ | لَيْسَ | الَّذِيْ | خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضَ |
| تم | اس سے | روشنی کرتے ہو | کیا | نہیں | وہ جس نے | پیدا کیا | آسمانوں کو | اور | زمین کو |

کو رگڑ کر اُن) سے آگ نکالتے ہو﴿٨٠﴾ بھلا جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا کیا وہ اس بات پر قادر نہیں

بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؕ بَلٰى ۗ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿٨١﴾ اِنَّمَآ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِقٰدِرٍ | عَلٰٓى | اَنْ | يَّخْلُقَ | مِثْلَهُمْ | بَلٰى | وَ | هُوَ | الْخَلّٰقُ | الْعَلِيْمُ | اِنَّمَآ |
| قدرت والا | اوپر | اس کے کہ | پیدا کرے | مانند ان کی | البتہ وہی ہے | اور | وہی ہے | پیدا کرنیوالا | جاننے والا | سوائے اسکے نہیں کہ |

کہ (اُن کو پھر) ویسے ہی پیدا کردے۔ کیوں نہیں۔ اور وہ تو بڑا پیدا کرنے والا (اور) علم والا ہے﴿٨١﴾ اس کی

وقف غفران

اَمْرُهٗۤ اِذَاۤ اَرَادَ شَیْـًٔا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ﴿۸۲﴾ فَسُبْحٰنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَمْرُهٗۤ | اِذَاۤ | اَرَادَ | شَیْـًٔا | اَنْ | یَّقُوْلَ | لَهٗ | كُنْ | فَیَكُوْنُ | فَسُبْحٰنَ |
| حکم اس کا | جب | چاہے | کسی چیز کا | یہ کہ | کہے | واسطے اسکے کہ | ہوجا | پس ہوجاتی ہے | پس پاکی ہے |

شان یہ ہے کہ جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو اس سے فرمادیتا ہے کہ ہوجا تو وہ ہوجاتی ہے ﴿۸۲﴾ وہ (ذات) پاک

الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ ع

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِیْ | بِیَدِهٖ | مَلَكُوْتُ | كُلِّ | شَیْءٍ | وَّ | اِلَیْهِ | تُرْجَعُوْنَ |
| اس ذات پاک کو کہ | اسکے ہاتھ میں ہے | بادشاہی | ہر | چیز کی | اور | طرف اسی کی | پھیرے جاؤ گے |

ہے جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی بادشاہت ہے اور اسی کی طرف تم کو لوٹ کر جانا ہے ﴿۸۳﴾

## ایاتها ۱۸۲ ۳۷ سُوْرَةُ الصّٰفّٰتِ مَكِّیَّةٌ ۵۶ رکوعاتها ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ﴿۱﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ﴿۲﴾ فَالتّٰلِیٰتِ ذِكْرًا ﴿۳﴾ اِنَّ اِلٰهَكُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالصّٰٓفّٰتِ | صَفًّا | فَالزّٰجِرٰتِ | زَجْرًا | فَالتّٰلِیٰتِ | ذِكْرًا | اِنَّ | اِلٰهَكُمْ |
| قسم ہے صف باندھنے والوں کی | قطار ہوکر | پھر ڈانٹنے والوں کی | جھڑک کر | پھر پڑھنے والوں کی | یاد کرکر | بیشک | معبود تمہارا |

قسم ہے صف باندھنے والوں کی پرا جما کر ﴿۱﴾ پھر ڈانٹنے والوں کی جھڑک کر ﴿۲﴾ پھر ذکر (یعنی قرآن) پڑھنے والوں کی (غور کرکر) ﴿۳﴾

لَوَاحِدٌ ﴿۴﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ﴿۵﴾ اِنَّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَوَاحِدٌ | رَبُّ | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ | وَ | مَا | بَیْنَهُمَا | وَ | رَبُّ | الْمَشَارِقِ | اِنَّا |
| البتہ ایک ہے | رب | آسمانوں کا | اور زمین کا | اور | جو کچھ | انکے بیچ میں ہے | اور | رب | مشرقوں کا | بیشک |

کہ تمہارا معبود ایک ہی ہے ﴿۴﴾ جو آسمانوں اور زمین اور جو چیزیں ان میں ہیں سب کا مالک ہے اور سورج کے طلوع ہونے کے مقامات کا بھی مالک ہے ﴿۵﴾

زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِزِیْنَةِ اِۨلْكَوَاكِبِ ﴿۶﴾ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَیْطٰنٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زَیَّنَّا | السَّمَآءَ | الدُّنْیَا | بِزِیْنَةِ | الْكَوَاكِبِ | وَ | حِفْظًا | مِّنْ | كُلِّ | شَیْطٰنٍ |
| زینت دی ہم نے | آسمان | دنیا کو | ساتھ زینت کے | تاروں کی | اور | واسطے محافظت کے | سے | ہر | شیطان |

بے شک ہم ہی نے آسمانِ دنیا کو ستاروں کی زینت سے مزین کیا ﴿۶﴾ اور ہر شیطانِ سرکش سے اس کی حفاظت

مَّارِدٍ ﴿۷﴾ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ﴿۸﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّارِدٍ | لَا | يَسَّمَّعُوْنَ | اِلَى | الْمَلَاِ | الْاَعْلٰى | وَيُقْذَفُوْنَ | مِنْ | كُلِّ | جَانِبٍ |
| سرکش | نہیں | سن سکتے | طرف | بڑے فرشتوں | بلندی کی | اور پھینکے جاتے ہیں | سے | ہر | طرف |

کی ﴿۷﴾ کہ اوپر کی مجلس کی طرف کان نہ لگا سکیں اور ہر طرف سے (اُن پر انگارے) پھینکے جاتے ہیں ﴿۸﴾

دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ﴿۹﴾ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دُحُوْرًا | وَّ | لَهُمْ | عَذَابٌ | وَّاصِبٌ | اِلَّا | مَنْ | خَطِفَ | الْخَطْفَةَ | فَاَتْبَعَهٗ |
| بھگانے کو | اور | واسطے انکے | عذاب ہے | دائمی | مگر | جو کوئی | اچک لے گیا ہے | اچک لے جانا | پس پیچھے لگتا ہے اسکے |

(یعنی وہاں سے) نکال دینے کو اور اُن کے لیے عذاب دائمی ہے ﴿۹﴾ ہاں جو کوئی (فرشتوں کی کسی بات کو) چوری سے جھپٹ لینا چاہتا ہے

شِهَابٌ ثَاقِبٌ ﴿۱۰﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ۭ اِنَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شِهَابٌ | ثَاقِبٌ | فَاسْتَفْتِهِمْ | اَهُمْ | اَشَدُّ | خَلْقًا | اَمْ | مَّنْ | خَلَقْنَا | اِنَّا |
| شعلہ | چمکتا | پس پوچھ ان سے | کیا وہ | سخت ہیں | پیدائش میں | یا | جو | پیدا کیے ہیں ہم نے | بیشک ہم نے |

تو جلتا ہوا انگارا اس کے پیچھے لگتا ہے ﴿۱۰﴾ تو اُن سے پوچھو کہ ان کا بنانا مشکل ہے یا جتنی خلقت ہم نے بنائی ہے ان کا؟

خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ﴿۱۱﴾ بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَاِذَا ذُكِّرُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَلَقْنٰهُمْ | مِّنْ | طِيْنٍ | لَّازِبٍ | بَلْ | عَجِبْتَ | وَيَسْخَرُوْنَ | وَ | اِذَا | ذُكِّرُوْا |
| پیدا کیا ان کو | سے | مٹی | چپکتی | بلکہ | تعجب کیا تو نے | اور ٹھٹھا کیا انہوں نے | اور | جس وقت | نصیحت دیجاتی ہے |

انہیں ہم نے چپکتے گارے سے بنایا ہے ﴿۱۱﴾ ہاں تم تو تعجب کرتے ہو اور یہ تمسخر کرتے ہیں ﴿۱۲﴾ اور جب ان کو نصیحت

لَا يَذْكُرُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَاِذَا رَاَوْا اٰيَةً يَّسْتَسْخِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَقَالُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَذْكُرُوْنَ | وَ | اِذَا | رَاَوْا | اٰيَةً | يَّسْتَسْخِرُوْنَ | وَ | قَالُوْٓا | اِنْ | هٰذَآ | اِلَّا | سِحْرٌ |
| نہیں | یاد رکھتے | اور | جب | دیکھتے ہیں | کوئی نشانی | ٹھٹھا کرتے ہیں | اور | کہتے ہیں | نہیں | یہ | مگر | جادو |

دی جاتی ہے تو نصیحت قبول نہیں کرتے ﴿۱۳﴾ اور جب کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو ٹھٹھے کرتے ہیں ﴿۱۴﴾ اور کہتے ہیں کہ یہ تو صریح

مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَوَاٰبَاۗؤُنَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّبِيْنٌ | ءَاِذَا | مِتْنَا | وَ | كُنَّا | تُرَابًا | وَّ | عِظَامًا | ءَاِنَّا | لَمَبْعُوْثُوْنَ | اَوَ | اٰبَاۗؤُنَا |
| ظاہر | کیا جب | مرجائینگے ہم | اور | ہونگے ہم | مٹی | اور | ہڈیاں | کیا ہم | اٹھائے جائیں گے | یا | باپ ہمارے |

جادو ہے ﴿۱۵﴾ بھلا جب ہم مر گئے اور مٹی اور ہڈیاں ہو گئے تو کیا پھر اُٹھائے جائیں گے؟ ﴿۱۶﴾ اور کیا ہمارے

الْاَوَّلُوْنَ ﴿۱۷﴾ قُلْ نَعَمْ وَ اَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَوَّلُوْنَ | قُلْ | نَعَمْ | وَ | اَنْتُمْ | دَاخِرُوْنَ | فَاِنَّمَا | هِيَ | زَجْرَةٌ | وَّاحِدَةٌ | فَاِذَا | هُمْ |
| پہلے | کہہ | ہاں | اور | تم | ذلیل ہوگے | پس سوائے اسکے نہیں کہ | وہ | ڈانٹنا ہے | ایک بار | پس ناگہاں | وہ |

باپ دادا بھی (جو) پہلے (ہو گزرے ہیں)؟ ﴿۱۷﴾ کہہ دو کہ ہاں۔ اور تم ذلیل ہوگے ﴿۱۸﴾ وہ تو ایک زور کی آواز ہوگی اور یہ اس

يَنْظُرُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَقَالُوْا يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۲۰﴾ هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَنْظُرُوْنَ | وَ | قَالُوْا | يٰوَيْلَنَا | هٰذَا | يَوْمُ | الدِّيْنِ | هٰذَا | يَوْمُ | الْفَصْلِ | الَّذِيْ |
| دیکھتے ہوں گے | اور | کہیں گے | اے وائے ہم کو | یہ ہے | دن | جزا کا | یہ ہے | دن | فیصلہ کا | وہ جو |

وقت دیکھنے لگیں گے ﴿۱۹﴾ اور کہیں گے ہائے شامت ہماری، یہی جزا کا دن ہے ﴿۲۰﴾ (کہا جائے گا کہ ہاں) فیصلہ کا دن جس کو

كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۱﴾ اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوْا ع ۲۱/۵

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُنْتُمْ | بِهٖ | تُكَذِّبُوْنَ | اُحْشُرُوا | الَّذِيْنَ | ظَلَمُوْا | وَ | اَزْوَاجَهُمْ | وَ | مَا | كَانُوْا |
| تھے تم | اس کو | جھٹلاتے | اکٹھا کرو | ان لوگوں کو کہ | ظلم کیا انہوں نے | اور | ان کے ساتھیوں کو | اور | جو کچھ کہ | تھے |

تم جھوٹ سمجھتے تھے یہی ہے ﴿۲۱﴾ جو لوگ ظلم کرتے تھے اُن کو اور اُن کے ہم جنسوں کو اور جن کو وہ پوجا کرتے تھے (سب

يَعْبُدُوْنَ ﴿۲۲﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ﴿۲۳﴾ الربع

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْبُدُوْنَ | مِنْ | دُوْنِ | اللّٰهِ | فَاهْدُوْهُمْ | اِلٰى | صِرَاطِ | الْجَحِيْمِ |
| پوجتے | سے | سوائے | اللہ کے | پس دکھلا دو ان کو | طرف | راہ | دوزخ کی |

کو) جمع کرلو ﴿۲۲﴾ (یعنی جن کو) اللہ کے سوا (پوجا کرتے تھے) پھر ان کو جہنم کے رستے پر چلا دو ﴿۲۳﴾

وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْـُٔوْلُوْنَ ﴿۲۴﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ ﴿۲۵﴾ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَقِفُوْهُمْ | اِنَّهُمْ | مَّسْـُٔوْلُوْنَ | مَا لَكُمْ | لَا | تَنَاصَرُوْنَ | بَلْ | هُمُ | الْيَوْمَ |
| اور کھڑا کرو انکو | بیشک ان سے | پوچھنا ہے | کیا ہے تم کو | نہیں | مدد کرتے ایک دوسرے کی | بلکہ | وہ | آج |

اور اُن کو ٹھیرائے رکھو کہ اُن سے (کچھ) پوچھنا ہے ﴿۲۴﴾ تم کو کیا ہوا کہ ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے ﴿۲۵﴾ بلکہ آج تو وہ

مُسْتَسْلِمُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۲۷﴾ قَالُوْٓا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُسْتَسْلِمُوْنَ | وَ | اَقْبَلَ | بَعْضُهُمْ | عَلٰى | بَعْضٍ | يَّتَسَآءَلُوْنَ | قَالُوْٓا |
| فرمانبردار ہیں | اور | منہ کریں گے | بعض ان کے | اوپر | بعضوں کے | پوچھتے ہیں | کہیں گے |

فرمانبردار ہیں ﴿۲۶﴾ اور ایک دوسرے کی طرف رخ کرکے سوال (وجواب) کریں گے ﴿۲۷﴾ کہیں گے

اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ ﴿۲۸﴾ قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۹﴾ وَمَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّكُمْ | كُنْتُمْ | تَاْتُوْنَنَا | عَنِ | الْيَمِيْنِ | قَالُوْا | بَلْ | لَّمْ | تَكُوْنُوْا | مُؤْمِنِيْنَ | وَمَا |
| بیشک تم ہی | تھے تم | آتے ہمارے پاس | سے | داہنی طرف | کہیں گے | بلکہ | نہیں | تھے تم | ایمان والے | اور نہیں |

کیا تم ہی ہمارے پاس دائیں (اور بائیں) سے آتے تھے ﴿۲۸﴾ وہ کہیں گے بلکہ تم ہی ایمان لانے والے نہ تھے ﴿۲۹﴾ اور ہمارا

كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ ۚ بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ ﴿۳۰﴾ فَحَقَّ عَلَيْنَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانَ | لَنَا | عَلَيْكُمْ | مِّنْ | سُلْطٰنٍ | بَلْ | كُنْتُمْ | قَوْمًا | طٰغِيْنَ | فَحَقَّ | عَلَيْنَا |
| تھا | واسطے ہمارے | اوپر تمہارے | کوئی | غلبہ | بلکہ | تھے تم | ایک قوم | سرکش | پس ثابت ہوئی | اوپر ہمارے |

تم پر کچھ زور نہ تھا بلکہ تم سرکش لوگ تھے ﴿۳۰﴾ سو ہمارے بارے میں

قَوْلُ رَبِّنَآ ۖ اِنَّا لَذَآئِقُوْنَ ﴿۳۱﴾ فَاَغْوَيْنٰكُمْ اِنَّا كُنَّا غٰوِيْنَ ﴿۳۲﴾ فَاِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَوْلُ | رَبِّنَآ | اِنَّا | لَذَآئِقُوْنَ | فَاَغْوَيْنٰكُمْ | اِنَّا | كُنَّا | غٰوِيْنَ | فَاِنَّهُمْ | يَوْمَئِذٍ |
| بات | رب ہمارے کی | بیشک ہم | البتہ چکھنے والے ہیں | پس گمراہ کیا ہم نے تم کو | جیسے ہم | تھے | گمراہ | پس بیشک وہ | آج کے دن |

ہمارے پروردگار کی بات پوری ہوگئی اب ہم مزے چکھیں گے ﴿۳۱﴾ ہم نے تم کو بھی گمراہ کیا (اور) ہم خود بھی گمراہ تھے ﴿۳۲﴾ پس وہ

فِى الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۳۴﴾ اِنَّهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِى | الْعَذَابِ | مُشْتَرِكُوْنَ | اِنَّا | كَذٰلِكَ | نَفْعَلُ | بِالْمُجْرِمِيْنَ | اِنَّهُمْ |
| بیچ | عذاب کے | شریک ہیں | بیشک ہم | اسی طرح | کرتے ہیں ہم | ساتھ مجرموں کے | بیشک وہ |

اُس روز عذاب میں ایک دوسرے کے شریک ہوں گے ﴿۳۳﴾ ہم گنہگاروں کے ساتھ ایسا ہی کیا کرتے ہیں ﴿۳۴﴾ اُن کا

كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۙ يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَيَقُوْلُوْنَ اَئِنَّا لَتَارِكُوْٓا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانُوْٓا | اِذَا | قِيْلَ | لَهُمْ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | اللّٰهُ | يَسْتَكْبِرُوْنَ | وَ | يَقُوْلُوْنَ | اَئِنَّا | لَتَارِكُوْٓا |
| تھے | جسوقت کہ | کہا جاتا | ان سے | نہیں | کوئی معبود | مگر | اللہ | تو تکبر کرتے تھے | اور | کہتے تھے | کیا ہم | البتہ چھوڑ دینے والے ہیں |

یہ حال تھا کہ جب اُن سے کہا جاتا تھا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تو غرور کرتے تھے ﴿۳۵﴾ اور کہتے تھے کہ بھلا ہم ایک دیوانے شاعر

اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ﴿۳۶﴾ ۭ بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۷﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰلِهَتِنَا | لِشَاعِرٍ | مَّجْنُوْنٍ | بَلْ | جَآءَ | بِالْحَقِّ | وَ | صَدَّقَ | الْمُرْسَلِيْنَ |
| معبودوں اپنوں کو | واسطے ایک شاعر | دیوانے کے | بلکہ | آیا ہے | ساتھ حق کے | اور | سچا کیا ہے | پیغمبروں کو |

کے کہنے سے کہیں اپنے معبودوں کو چھوڑ دینے والے ہیں ﴿۳۶﴾ (نہیں) بلکہ وہ حق لے کر آئے ہیں اور (پہلے) پیغمبروں کو سچا کہتے ہیں ﴿۳۷﴾

إِنَّكُمْ لَذَآئِقُوا الْعَذَابِ الْأَلِيمِ ﴿٣٨﴾ وَمَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٣٩﴾

| إِنَّكُمْ | لَذَآئِقُوا | الْعَذَابِ | الْأَلِيمِ | وَ | مَا | تُجْزَوْنَ | إِلَّا | مَا | كُنْتُمْ | تَعْمَلُونَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک تم | البتہ چکھنے والے ہو | عذاب | درد دینے والا | اور | نہیں | جزا دیئے جاؤ گے | مگر | جو کچھ | تھے | تم کرتے |

بیشک تم تکلیف دینے والے عذاب کا مزہ چکھنے والے ہو ﴿٣٨﴾ اور تم کو بدلہ ویسا ہی ملے گا جیسے تم کام کرتے تھے ﴿٣٩﴾

إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿٤٠﴾ أُولَٰئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَعْلُومٌ ﴿٤١﴾ فَوَاكِهُ وَهُمْ

| إِلَّا | عِبَادَ | اللَّهِ | الْمُخْلَصِينَ | أُولَٰئِكَ | لَهُمْ | رِزْقٌ | مَعْلُومٌ | فَوَاكِهُ | وَ | هُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | بندے | اللہ کے | خالص کیے گئے | یہ لوگ | واسطے ان کے | رزق ہے | معلوم | میوے | اور | وہ |

مگر جو اللہ کے بندگانِ خاص ہیں ﴿٤٠﴾ یہی لوگ ہیں جن کے لیے روزی مقرر ہے ﴿٤١﴾ (یعنی) میوے اور اُن

مُكْرَمُونَ ﴿٤٢﴾ فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ ﴿٤٣﴾ عَلَىٰ سُرُرٍ مُتَقَابِلِينَ ﴿٤٤﴾ يُطَافُ

| مُكْرَمُونَ | فِي | جَنَّاتِ | النَّعِيمِ | عَلَىٰ | سُرُرٍ | مُتَقَابِلِينَ | يُطَافُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عزت دیئے جائینگے | بیچ | باغوں کے | نعمتوں والے | اوپر | تختوں کے | آمنے سامنے | پھیرا جائے گا |

کا اعزاز کیا جائے گا ﴿٤٢﴾ نعمت کے باغوں میں ﴿٤٣﴾ ایک دوسرے کے سامنے تختوں پر (بیٹھے ہوں گے) ﴿٤٤﴾ شراب

عَلَيْهِمْ بِكَأْسٍ مِنْ مَعِينٍ ﴿٤٥﴾ بَيْضَاءَ لَذَّةٍ لِلشَّارِبِينَ ﴿٤٦﴾ لَا فِيهَا غَوْلٌ وَ

| عَلَيْهِمْ | بِكَأْسٍ | مِنْ | مَعِينٍ | بَيْضَاءَ | لَذَّةٍ | لِلشَّارِبِينَ | لَا | فِيهَا | غَوْلٌ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر ان کے | پیالہ | سے | لطیف شراب کے | سفید | مزہ دینے والا | واسطے پینے والوں کے | نہ | بیچ اس کے | خرابی | اور |

لطیف کے جام کا اُن میں دور چل رہا ہوگا ﴿٤٥﴾ جو رنگ کی سفید اور پینے والوں کے لیے (سراسر) لذت ہوگی ﴿٤٦﴾ نہ اس سے

لَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُونَ ﴿٤٧﴾ وَعِنْدَهُمْ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ عِينٌ ﴿٤٨﴾ كَأَنَّهُنَّ

| لَا | هُمْ | عَنْهَا | يُنْزَفُونَ | وَ | عِنْدَهُمْ | قَاصِرَاتُ | الطَّرْفِ | عِينٌ | كَأَنَّهُنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | وہ | اس سے | بیہودہ کہیں گے | اور | نزدیک ان کے | نیچی رکھنے والیاں | نگاہ کی | خوبصورت آنکھوں والیاں | گویا کہ وہ |

دردِ سر ہو اور نہ وہ اُس سے متوالے ہوں ﴿٤٧﴾ اور ان کے پاس عورتیں ہوں گی جو نگاہیں نیچی رکھتی ہوں گی اور آنکھیں بڑی بڑی ﴿٤٨﴾ گویا

بَيْضٌ مَكْنُونٌ ﴿٤٩﴾ فَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ يَتَسَاءَلُونَ ﴿٥٠﴾ قَالَ

| بَيْضٌ | مَكْنُونٌ | فَأَقْبَلَ | بَعْضُهُمْ | عَلَىٰ | بَعْضٍ | يَتَسَاءَلُونَ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انڈے ہیں | چھپائے ہوئے | پس منہ کیا | بعض نے ان میں سے | اوپر | بعض کے | سوال کرتے ہوئے | ایک بولا |

وہ محفوظ انڈے ہیں ﴿٤٩﴾ پھر وہ ایک دوسرے کی طرف رخ کر کے سوال (وجواب) کریں گے ﴿٥٠﴾ ایک

قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّیْ كَانَ لِیْ قَرِیْنٌ ۝۵۱ یَّقُوْلُ اَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِیْنَ ۝۵۲

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَآئِلٌ | مِّنْهُمْ | اِنِّیْ | كَانَ | لِیْ | قَرِیْنٌ | یَّقُوْلُ | اَئِنَّكَ | لَمِنَ | الْمُصَدِّقِیْنَ |
| بولنے والا | ان میں سے | بیشک | تھا | واسطے میرے | ایک ساتھی | کہتا تھا | کیا تو | البتہ میں سے ہے | یقین کرنیوالوں |

کہنے والا اُن میں سے کہے گا کہ میرا ایک ہم نشین تھا ۝۵۱ (جو) کہتا تھا کہ بھلا تم بھی (ایسی باتوں کے) باور کرنے والوں میں ہو ۝۵۲

ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِیْنُوْنَ ۝۵۳ قَالَ هَلْ اَنْتُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ءَاِذَا | مِتْنَا | وَ | كُنَّا | تُرَابًا | وَّ | عِظَامًا | ءَاِنَّا | لَمَدِیْنُوْنَ | قَالَ | هَلْ | اَنْتُمْ |
| کیا جب | مرجائیں گے | اور | ہوجائینگے | مٹی | اور | ہڈیاں | کیا ہم | البتہ جزا دیئے جائینگے | کہے گا | کیا | تم |

بھلا جب ہم مر گئے اور مٹی اور ہڈیاں ہو گئے تو کیا ہم کو بدلہ ملے گا؟ ۝۵۳ (پھر) کہے گا کہ بھلا تم (اسے)

مُّطَّلِعُوْنَ ۝۵۴ فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِیْ سَوَآءِ الْجَحِیْمِ ۝۵۵ قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّطَّلِعُوْنَ | فَاطَّلَعَ | فَرَاٰهُ | فِیْ | سَوَآءِ | الْجَحِیْمِ | قَالَ | تَاللّٰهِ | اِنْ | كِدْتَّ |
| جھانکنے والے ہو | پس جھانکا اس نے | پس دیکھا اس نے | بیچ | درمیان | دوزخ کے | کہے گا | قسم اللہ کی | یہ کہ | نزدیک تھا تو |

جھانک کر دیکھنا چاہتے ہو ۝۵۴ (اتنے میں) وہ (خود) جھانکے گا تو اس کو وسطِ دوزخ میں دیکھے گا ۝۵۵ کہے گا کہ اللہ کی قسم تو تو مجھے

لَتُرْدِیْنِ ۝۵۶ وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّیْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِیْنَ ۝۵۷ اَفَمَا نَحْنُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَتُرْدِیْنِ | وَ | لَوْ | لَا | نِعْمَةُ | رَبِّیْ | لَكُنْتُ | مِنَ | الْمُحْضَرِیْنَ | اَفَمَا | نَحْنُ |
| البتہ ہلاک کرڈالے تو مجھ کو | اور | اگر | نہ ہوتی | نعمت | میرے رب کی | البتہ ہوتا میں | سے | حاضر کیے گیوں میں | کیا پس نہیں | ہم |

ہلاک ہی کر چکا تھا ۝۵۶ اور اگر میرے پروردگار کی مہربانی نہ ہوتی تو میں بھی اُن میں ہوتا جو (عذاب میں) حاضر کیے گئے ہیں ۝۵۷ کیا (یہ

بِمَیِّتِیْنَ ۝۵۸ اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰی وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِیْنَ ۝۵۹ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمَیِّتِیْنَ | اِلَّا | مَوْتَتَنَا | الْاُوْلٰی | وَ | مَا | نَحْنُ | بِمُعَذَّبِیْنَ | اِنَّ | هٰذَا | لَهُوَ |
| مریں گے | مگر | موت ہماری | پہلی | اور | نہیں | ہم | عذاب کیے گئے | بیشک | یہ | البتہ وہی ہے |

نہیں کہ) ہم (آئندہ کبھی) مرنے کے نہیں ۝۵۸ ہاں (جو) پہلی بار مرنا (تھا سو مر چکے) اور ہمیں عذاب بھی نہیں ہونے کا ۝۵۹ بیشک یہ

الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ۝۶۰ لِمِثْلِ هٰذَا فَلْیَعْمَلِ الْعٰمِلُوْنَ ۝۶۱ اَذٰلِكَ خَیْرٌ نُّزُلًا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْفَوْزُ | الْعَظِیْمُ | لِمِثْلِ هٰذَا | فَلْیَعْمَلِ | الْعٰمِلُوْنَ | اَذٰلِكَ | خَیْرٌ | نُّزُلًا |
| مراد پانا | بڑا | واسطے ایسی ہی چیز کے | پس چاہیے کہ عمل کریں | عمل کرنے والے | کیا یہ | بہتر ہے | مہمانی |

بڑی کامیابی ہے ۝۶۰ ایسی ہی (نعمتوں) کے لیے عمل کرنے والوں کو عمل کرنے چاہییں ۝۶۱ بھلا یہ مہمانی اچھی ہے یا

اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ﴿٦٢﴾ اِنَّا جَعَلْنٰهَا فِتْنَةً لِّلظّٰلِمِيْنَ ﴿٦٣﴾ اِنَّهَا شَجَرَةٌ

| اَمْ | شَجَرَةُ | الزَّقُّوْمِ | اِنَّا | جَعَلْنٰهَا | فِتْنَةً | لِّلظّٰلِمِيْنَ | اِنَّهَا | شَجَرَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یا | درخت | تھوہر کا | بیشک | کیا ہے ہم نے اس کو | بلا | واسطے ظالموں کے | بیشک وہ | ایک درخت ہے کہ |

تھوہر کا درخت ﴿٦٢﴾ ہم نے اس کو ظالموں کے لیے عذاب بنا کر رکھا ہے ﴿٦٣﴾ وہ ایک درخت

تَخْرُجُ فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ﴿٦٤﴾ طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ﴿٦٥﴾

| تَخْرُجُ | فِيْٓ | اَصْلِ | الْجَحِيْمِ | طَلْعُهَا | كَاَنَّهٗ | رُءُوْسُ | الشَّيٰطِيْنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نکلے گا | بیچ | جڑ | دوزخ کے | سر اس کے | گویا کہ وہ | سر ہیں | شیطانوں کے |

ہے کہ جہنم کے اسفل میں اُگے گا ﴿٦٤﴾ اُس کے خوشے ایسے ہوں گے جیسے شیطانوں کے سر ﴿٦٥﴾

فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ مِنْهَا فَمَالِئُوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿٦٦﴾ ثُمَّ اِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا

| فَاِنَّهُمْ | لَاٰكِلُوْنَ | مِنْهَا | فَمَالِئُوْنَ | مِنْهَا | الْبُطُوْنَ | ثُمَّ | اِنَّ | لَهُمْ | عَلَيْهَا | لَشَوْبًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس بیشک وہ | البتہ کھانیوالے ہیں | اس میں سے | پس بھرنیوالے ہیں | اس سے | پیٹوں کو | پھر | بیشک | واسطے انکے | اوپر اسکے | ملونی |

سو وہ اسی میں سے کھائیں گے اور اسی سے پیٹ بھریں گے ﴿٦٦﴾ پھر اس (کھانے) کے ساتھ اُن کو

مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿٦٧﴾ ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيْمِ ﴿٦٨﴾ اِنَّهُمْ اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ

| مِّنْ | حَمِيْمٍ | ثُمَّ | اِنَّ | مَرْجِعَهُمْ | لَاِلَى | الْجَحِيْمِ | اِنَّهُمْ | اَلْفَوْا | اٰبَآءَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | گرم پانی | پھر | بیشک | پھر جانا ان کا | البتہ طرف | دوزخ کی ہے | بیشک انہوں نے | پایا تھا | باپوں اپنوں کو |

گرم پانی ملا کر دیا جائے گا ﴿٦٧﴾ پھر اُن کو دوزخ کی طرف لوٹایا جائے گا ﴿٦٨﴾ اُنہوں نے اپنے باپ دادا کو

ضَآلِّيْنَ ﴿٦٩﴾ فَهُمْ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ اَكْثَرُ

| ضَآلِّيْنَ | فَهُمْ | عَلٰٓى | اٰثٰرِهِمْ | يُهْرَعُوْنَ | وَ | لَقَدْ | ضَلَّ | قَبْلَهُمْ | اَكْثَرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گمراہ | پس وہ | اوپر | انکے قدموں کے | دوڑے جاتے ہیں | اور | البتہ تحقیق | گمراہ ہوگئے | پہلے ان سے | بہت |

گمراہ ہی پایا ﴿٦٩﴾ سو وہ انہی کے پیچھے دوڑے چلے جاتے ہیں ﴿٧٠﴾ اور ان سے پیشتر بہت سے پہلے لوگ بھی

الْاَوَّلِيْنَ ﴿٧١﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿٧٢﴾ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

| الْاَوَّلِيْنَ | وَ | لَقَدْ | اَرْسَلْنَا | فِيْهِمْ | مُّنْذِرِيْنَ | فَانْظُرْ | كَيْفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہلے لوگوں میں سے | اور | البتہ تحقیق | بھیجے تھے ہم نے | بیچ ان کے | ڈرانے والے | پس دیکھ | کیوں کر | ہوا | آخر کام |

گمراہ ہوگئے تھے ﴿٧١﴾ اور ہم نے اُن میں متنبہ کرنے والے بھیجے ﴿٧٢﴾ سو دیکھ لو جن کو متنبہ کیا گیا تھا اُن

ع ۵۳ / ۲

الْمُنْذَرِينَ ﴿٧٣﴾ لا إِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿٧٤﴾ ع وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوحٌ فَلَنِعْمَ

| الْمُنْذَرِينَ | إِلَّا | عِبَادَ | اللّٰهِ | الْمُخْلَصِينَ | وَ | لَقَدْ | نَادٰىنَا | نُوحٌ | فَلَنِعْمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈرائے گیوں کا | مگر | بندے | اللہ کے | خالص کیے گئے | اور | البتہ تحقیق | پکارا ہم کو | نوح نے | پس البتہ بہت اچھے |

کا انجام کیسا ہوا ﴿۷۳﴾ ہاں اللہ کے بندگانِ خاص (کا انجام بہت اچھا ہوا) ﴿۷۴﴾ اور ہم کو نوح نے پکارا سو (دیکھ لو کہ) ہم (دعا کو

الْمُجِيبُونَ ﴿٧٥﴾ ز وَنَجَّيْنٰهُ وَأَهْلَهُ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيمِ ﴿٧٦﴾ ز وَجَعَلْنَا

| الْمُجِيبُونَ | وَ | نَجَّيْنٰهُ | وَ | أَهْلَهُ | مِنَ | الْكَرْبِ | الْعَظِيمِ | وَ | جَعَلْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جواب دینے والے ہیں | اور | نجات دی ہم نے اسکو | اور | اہل اس کے کو | سے | سختی | بڑی | اور | کیا ہم نے |

کیسے) اچھے قبول کرنے والے ہیں ﴿۷۵﴾ اور ہم نے اُن کو اور اُن کے گھر والوں کو بڑی مصیبت سے نجات دی ﴿۷۶﴾ اور اُن کی اولاد

ذُرِّيَّتَهُ هُمُ الْبٰقِينَ ﴿٧٧﴾ ز وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْآخِرِينَ ﴿٧٨﴾ ز سَلٰمٌ عَلٰى نُوحٍ فِي

| ذُرِّيَّتَهُ | هُمُ | الْبٰقِينَ | وَتَرَكْنَا | عَلَيْهِ | فِي | الْآخِرِينَ | سَلٰمٌ | عَلٰى | نُوحٍ | فِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اولاد اسکی کو | وہی ہوئے | باقی رہنے والے | اور چھوڑا ہم نے | اوپر اس کے | بیچ | پچھلوں کے | سلام ہوجیو | اوپر | نوح کے | بیچ |

کو ایسا کیا کہ وہی باقی رہ گئے ﴿۷۷﴾ اور پیچھے آنے والوں میں اُن کا ذکرِ (جمیل باقی) چھوڑ دیا ﴿۷۸﴾ (یعنی) تمام جہان میں

الْعٰلَمِينَ ﴿٧٩﴾ إِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿٨٠﴾ إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا

| الْعٰلَمِينَ | إِنَّا | كَذٰلِكَ | نَجْزِي | الْمُحْسِنِينَ | إِنَّهُ | مِنْ | عِبَادِنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سب عالموں کے | بیشک ہم | اسی طرح | جزا دیتے ہیں | احسان کرنے والوں کو | بیشک وہ ہے | سے | بندوں ہمارے |

(کہ) نوح پر سلام ﴿۷۹﴾ نیکوکاروں کو ہم ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں ﴿۸۰﴾ بیشک وہ ہمارے مومن بندوں

وقف لازم

الْمُؤْمِنِينَ ﴿٨١﴾ ثُمَّ أَغْرَقْنَا الْآخَرِينَ ﴿٨٢﴾ وَإِنَّ مِنْ شِيعَتِهِ لَإِبْرٰهِيمَ ﴿٨٣﴾ م

| الْمُؤْمِنِينَ | ثُمَّ | أَغْرَقْنَا | الْآخَرِينَ | وَ | إِنَّ | مِنْ | شِيعَتِهِ | لَإِبْرٰهِيمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان والوں میں | پھر | ڈبو دیا ہم نے | اوروں کو | اور | بیشک | سے | اس کے پیروکاروں | البتہ ابراہیم تھا |

میں سے تھے ﴿۸۱﴾ پھر ہم نے دوسروں کو ڈبو دیا ﴿۸۲﴾ اور اُنہی کے پیرووں میں ابراہیم تھے ﴿۸۳﴾

إِذْ جَاءَ رَبَّهُ بِقَلْبٍ سَلِيمٍ ﴿٨٤﴾ إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ مَاذَا تَعْبُدُونَ ﴿٨٥﴾ ج

| إِذْ | جَاءَ | رَبَّهُ | بِقَلْبٍ | سَلِيمٍ | إِذْ | قَالَ | لِأَبِيهِ | وَ | قَوْمِهِ | مَاذَا | تَعْبُدُونَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جسوقت | آیا پاس | رب اپنے کے | ساتھ دل | سلامت کے | جسوقت | کہا | اپنے باپ کو | اور | اپنی قوم کو | کس چیز کی | عبادت کرتے ہو تم |

جب وہ اپنے پروردگار کے پاس (عیب سے) پاک دل لے کر آئے ﴿۸۴﴾ جب انہوں نے اپنے باپ سے اور اپنی قوم سے کہا کہ تم کن چیزوں کو پوجتے ہو؟ ﴿۸۵﴾

أَئِفْكًا آلِهَةً دُونَ اللَّهِ تُرِيدُونَ ﴿٨٦﴾ فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٨٧﴾ فَنَظَرَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| أَئِفْكًا | آلِهَةً | دُونَ | اللَّهِ | تُرِيدُونَ | فَمَا | ظَنُّكُمْ | بِرَبِّ | الْعَالَمِينَ | فَنَظَرَ |
| آیا جھوٹ باندھ کر | معبود | سوائے | اللہ کے | چاہتے ہو | پس کیا | گمان ہے تمہارا | ساتھ پروردگار | عالموں کے | پس نظر کی اس نے |

کیوں جھوٹ (بنا کر) اللہ کے سوا اور معبودوں کے طالب ہو (۸۶) بھلا پروردگار عالم کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے؟ (۸۷) تب انہوں

نَظْرَةً فِي النُّجُومِ ﴿٨٨﴾ فَقَالَ إِنِّي سَقِيمٌ ﴿٨٩﴾ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِينَ ﴿٩٠﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَظْرَةً | فِي | النُّجُومِ | فَقَالَ | إِنِّي | سَقِيمٌ | فَتَوَلَّوْا | عَنْهُ | مُدْبِرِينَ |
| ایک نظر | بیچ | تاروں کے | پس کہا | بیشک میں | بیمار ہوں | پس پھر گئے | اس سے | پیٹھ پھیرتے |

نے ستاروں کی طرف ایک نظر کی (۸۸) اور کہا میں تو بیمار ہوں (۸۹) تب وہ اُن سے پیٹھ پھیر کر لوٹ گئے (۹۰)

فَرَاغَ إِلَىٰ آلِهَتِهِمْ فَقَالَ أَلَا تَأْكُلُونَ ﴿٩١﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُونَ ﴿٩٢﴾ فَرَاغَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَرَاغَ | إِلَىٰ | آلِهَتِهِمْ | فَقَالَ | أَلَا | تَأْكُلُونَ | مَا | لَكُمْ | لَا | تَنْطِقُونَ | فَرَاغَ |
| پس پوشیدہ گیا | طرف | معبودوں ان کے کی | پس کہا | نہیں | کھاتے تم | کیا ہے | تم کو | نہیں | بولتے تم | پس پھر آیا |

پھر (ابراہیم) ان کے معبودوں کی طرف متوجہ ہوئے اور کہنے لگے کہ تم کھاتے کیوں نہیں (۹۱) تمہیں کیا ہوا ہے تم بولتے نہیں؟ (۹۲) پھر اُن

عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِينِ ﴿٩٣﴾ فَأَقْبَلُوا إِلَيْهِ يَزِفُّونَ ﴿٩٤﴾ قَالَ أَتَعْبُدُونَ مَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِمْ | ضَرْبًا | بِالْيَمِينِ | فَأَقْبَلُوا | إِلَيْهِ | يَزِفُّونَ | قَالَ | أَتَعْبُدُونَ | مَا |
| اوپر انکے | مارتا ہوا | ساتھ داہنے ہاتھ کے | پس متوجہ ہوئے | طرف اس کی | دوڑتے ہوئے | کہا | کیا عبادت کرتے ہو تم | اس چیز کی کہ |

کو داہنے ہاتھ سے مارنا (اور توڑنا) شروع کیا (۹۳) تو وہ لوگ اُن کے پاس دوڑے ہوئے آئے (۹۴) اُنہوں نے کہا کہ تم ایسی چیزوں کو کیوں پوجتے ہو

تَنْحِتُونَ ﴿٩٥﴾ وَاللَّهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُونَ ﴿٩٦﴾ قَالُوا ابْنُوا لَهُ بُنْيَانًا فَأَلْقُوهُ فِي

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَنْحِتُونَ | وَ | اللَّهُ | خَلَقَكُمْ | وَ | مَا | تَعْمَلُونَ | قَالُوا | ابْنُوا | لَهُ | بُنْيَانًا | فَأَلْقُوهُ | فِي |
| آپ ہی تراشتے ہو | اور | اللہ نے | پیدا کیا تم کو | اور | جو کچھ | کرتے ہو تم | کہا انہوں نے | بناؤ | واسطے اسکے | ایک عمارت | پس ڈالدو اسکو | بیچ |

جن کو خود تراشتے ہو (۹۵) حالانکہ تم کو اور جو تم بناتے ہو اس کو اللہ ہی نے پیدا کیا ہے (۹۶) وہ کہنے لگے کہ اس کے لیے ایک عمارت بناؤ پھر اُس کو آگ کے

الْجَحِيمِ ﴿٩٧﴾ فَأَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَسْفَلِينَ ﴿٩٨﴾ وَقَالَ إِنِّي

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْجَحِيمِ | فَأَرَادُوا | بِهِ | كَيْدًا | فَجَعَلْنَاهُمُ | الْأَسْفَلِينَ | وَ | قَالَ | إِنِّي |
| دوزخ کے | پس ارادہ کیا | ساتھ اس کے | مکر کا | پس کیا ہم نے ان کو | نیچے | اور | کہا ابراہیم نے | بیشک میں |

ڈھیر میں ڈال دو (۹۷) غرض انہوں نے ان کے ساتھ ایک چال چلنی چاہی اور ہم نے اُنہی کو زیر کر دیا (۹۸) اور (ابراہیم) بولے کہ

ذَاهِبٌ اِلٰى رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ﴿۹۹﴾ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۰﴾

| ذَاهِبٌ | اِلٰى | رَبِّيْ | سَيَهْدِيْنِ | رَبِّ | هَبْ | لِيْ | مِنَ | الصّٰلِحِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جانیوالا ہوں | طرف | رب اپنے کی | البتہ راہ دکھلائیگا مجھ کو | اے رب میرے | بخش | مجھ کو | سے | صالحوں میں |

میں اپنے پروردگار کی طرف جانے والا ہوں وہ مجھے رستہ دکھائے گا (۹۹) اے پروردگار مجھے (اولاد) عطا فرما (جو) سعادت مندوں میں سے (ہو) (۱۰۰)

فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يٰبُنَيَّ اِنِّيْٓ اَرٰى فِي

| فَبَشَّرْنٰهُ | بِغُلٰمٍ | حَلِيْمٍ | فَلَمَّا | بَلَغَ | مَعَهُ | السَّعْيَ | قَالَ | يٰبُنَيَّ | اِنِّيْٓ | اَرٰى | فِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس بشارت دی ہم نے اسکو | ایک لڑکے | تحمل والے کی | پس جب | پہنچا | ساتھ اسکے | دوڑنے کو | کہا | اے بیٹے میرے | بیشک میں | دیکھتا ہوں | بیچ |

تو ہم نے ان کو ایک نرم دل لڑکے کی خوشخبری دی (۱۰۱) جب وہ اُن کے ساتھ دوڑنے (کی عمر) کو پہنچا تو ابراہیم نے کہا کہ بیٹا میں خواب میں

الْمَنَامِ اَنِّيْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ط قَالَ يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ز

| الْمَنَامِ | اَنِّيْٓ | اَذْبَحُكَ | فَانْظُرْ | مَاذَا | تَرٰى | قَالَ | يٰٓاَبَتِ | افْعَلْ | مَا | تُؤْمَرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خواب کے | بیشک میں | ذبح کرتا ہوں تجھ کو | پس دیکھ | کیا | دیکھتا ہے تو | کہا | اے باپ میرے | کر | جو کچھ | حکم کیا جاتا ہے تو |

دیکھتا ہوں کہ (گویا) تم کو ذبح کر رہا ہوں تو تم سوچو کہ تمہارا کیا خیال ہے اُنہوں نے کہا کہ ابا جو آپ کو حکم ہوا ہے وہی کیجیے

سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ

| سَتَجِدُنِيْٓ | اِنْ | شَآءَ | اللّٰهُ | مِنَ | الصّٰبِرِيْنَ | فَلَمَّآ | اَسْلَمَا | وَ | تَلَّهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| البتہ تو پائے گا مجھ کو | اگر | چاہا | اللہ نے | سے | صبر کرنے والوں میں | پس جب | مطیع ہوئے دونوں | اور | پچھاڑا اسکو |

اللہ نے چاہا تو آپ مجھے صابروں میں پائیے گا (۱۰۲) جب دونوں نے حکم مان لیا اور باپ نے بیٹے کو

لِلْجَبِيْنِ ﴿۱۰۳﴾ ج وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿۱۰۴﴾ لا قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ج اِنَّا كَذٰلِكَ

| لِلْجَبِيْنِ | وَ | نَادَيْنٰهُ | اَنْ | يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ | قَدْ | صَدَّقْتَ | الرُّءْيَا | اِنَّا | كَذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ماتھے پر | اور | پکارا ہم نے اس کو | کہ | اے ابراہیم | تحقیق | سچ کیا تو نے | خواب کو | بیشک ہم | اسی طرح |

ماتھے کے بل لٹا دیا (۱۰۳) تو ہم نے اُن کو پکارا کہ اے ابراہیم (۱۰۴) تم نے خواب کو سچا کر دکھایا۔ ہم نیکوکاروں کو

نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ ﴿۱۰۶﴾ وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ

| نَجْزِي | الْمُحْسِنِيْنَ | اِنَّ | هٰذَا | لَهُوَ | الْبَلٰٓؤُا | الْمُبِيْنُ | وَ | فَدَيْنٰهُ | بِذِبْحٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جزا دیتے ہیں | احسان کرنیوالوں کو | بیشک | یہ | البتہ وہی ہے | آزمائش | ظاہر | اور | چھڑالیا ہم نے اسکو | بدلے قربانی |

ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں (۱۰۵) بلاشبہ یہ صریح آزمائش تھی (۱۰۶) اور ہم نے ایک بڑی قربانی

عَظِيْمٍ ﴿١٠٧﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿١٠٨﴾ صلے سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿١٠٩﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَظِيْمٍ | وَ | تَرَكْنَا | عَلَيْهِ | فِي | الْاٰخِرِيْنَ | سَلٰمٌ | عَلٰٓى | اِبْرٰهِيْمَ |
| بڑی کے | اور | چھوڑا ہم نے | اوپر اس کے | بیچ | پچھلوں کے | سلامتی ہوجیو | اوپر | ابراہیم کے |

کو اُن کا فدیہ دیا ﴿١٠٧﴾ اور پیچھے آنے والوں میں ابراہیم کا ذکر (خیر باقی) چھوڑ دیا ﴿١٠٨﴾ کہ ابراہیم پر سلام ہو ﴿١٠٩﴾

كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١١٠﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١١١﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| كَذٰلِكَ | نَجْزِي | الْمُحْسِنِيْنَ | اِنَّهٗ | مِنْ | عِبَادِنَا | الْمُؤْمِنِيْنَ |
| اسی طرح | جزا دیتے ہیں ہم | احسان کرنے والوں کو | بیشک وہ تھا | سے | بندوں ہمارے | ایمان والوں |

نیکوکاروں کو ہم ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں ﴿١١٠﴾ بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھے ﴿١١١﴾

وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١١٢﴾ وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | بَشَّرْنٰهُ | بِاِسْحٰقَ | نَبِيًّا | مِّنَ | الصّٰلِحِيْنَ | وَ | بٰرَكْنَا | عَلَيْهِ | وَ | عَلٰٓى |
| اور | بشارت دی ہم نے اسکو | ساتھ اسحاق کے | نبی تھا | سے | نیکوکاروں میں | اور | برکت دی ہم نے | اوپر اس کے | اور | اوپر |

اور ہم نے ان کو اسحاق کی بشارت بھی دی (کہ وہ) نبی (اور) نیکوکاروں میں سے (ہوں گے) ﴿١١٢﴾ اور ہم نے اُن پر اور اسحاق پر برکتیں

اِسْحٰقَ ط وَمِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ ﴿١١٣﴾ ع وَلَقَدْ ع ٣ ٩

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِسْحٰقَ | وَ | مِنْ | ذُرِّيَّتِهِمَا | مُحْسِنٌ | وَّ | ظَالِمٌ | لِّنَفْسِهٖ | مُبِيْنٌ | وَ | لَقَدْ |
| اسحاق کے | اور | سے | اولاد ان دونوں کی | احسان کرنیوالے بھی ہیں | اور | ظلم کرنیوالے بھی ہیں | اپنی جان پر | ظاہر | اور | البتہ تحقیق |

نازل کی تھیں۔ اور اُن دونوں کی اولاد میں سے نیکوکار بھی ہیں اور اپنے آپ پر صریح ظلم کرنے والے (یعنی گنہگار) بھی ہیں ﴿١١٣﴾ اور ہم

مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿١١٤﴾ ج وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | طِيْنٍ | قَالَ | فَاخْرُجْ | مِنْهَا | فَاِنَّكَ | رَجِيْمٌ | وَّ | اِنَّ | عَلَيْكَ | لَعْنَتِيْٓ |
| سے | مٹی | کہا | پس نکل | یہاں سے | پس بیشک تو | راندہ گیا ہے | اور | بیشک | اوپر تیرے | لعنت ہے میری |

سے پیدا کیا اور اسے مٹی سے بنایا﴿۷۶﴾ کہا یہاں سے نکل جا تو مرُدود ہے﴿۷۷﴾ اور تجھ پر قیامت کے دن تک میری

اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۷۸﴾ قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۷۹﴾ قَالَ فَاِنَّكَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰى | يَوْمِ | الدِّيْنِ | قَالَ | رَبِّ | فَاَنْظِرْنِيْٓ | اِلٰى | يَوْمِ | يُبْعَثُوْنَ | قَالَ | فَاِنَّكَ |
| تک | دن | جزا کے | کہا ابلیس نے | اے رب میرے | ڈھیل دے مجھ کو | تک | اس دن | کہ اٹھائے جائیں مُردے | فرمایا | پس بیشک تو |

لعنت (پڑتی) رہے گی﴿۷۸﴾ کہنے لگا کہ میرے پروردگار مجھے اس روز تک کہ لوگ اٹھائے جائیں مہلت دے﴿۷۹﴾ کہا تجھ کو

مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿۸۰﴾ لا اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿۸۱﴾ قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِيَنَّهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ | الْمُنْظَرِيْنَ | اِلٰى | يَوْمِ | الْوَقْتِ | الْمَعْلُوْمِ | قَالَ | فَبِعِزَّتِكَ | لَاُغْوِيَنَّهُمْ |
| سے ہے | ڈھیل دیئے گیوں میں | تک | دن | وقت | معلوم کے | کہا ابلیس نے | قسم ہے عزت تیری کی | البتہ گمراہ کرونگا انکو |

مہلت دی جاتی ہے﴿۸۰﴾ اُس روز تک جس کا وقت مقرر ہے﴿۸۱﴾ کہنے لگا کہ مجھے تیری عزت کی قسم میں اُن

اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۲﴾ لا اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۸۳﴾ قَالَ فَالْحَقُّ ز وَالْحَقَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَجْمَعِيْنَ | اِلَّا | عِبَادَكَ | مِنْهُمُ | الْمُخْلَصِيْنَ | قَالَ | فَالْحَقُّ | وَ | الْحَقَّ |
| سب کو | مگر | بندے تیرے | ان میں سے | خالص کیے ہوئے | فرمایا | پس سچ یہ ہے | اور | سچ |

سب کو بہکاتا رہوں گا﴿۸۲﴾ سوا اُن کے جو تیرے خالص بندے ہیں﴿۸۳﴾ کہا سچ (ہے) اور میں بھی سچ کہتا

اَقُوْلُ ﴿۸۴﴾ ج لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۵﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَقُوْلُ | لَاَمْلَئَنَّ | جَهَنَّمَ | مِنْكَ | وَ | مِمَّنْ | تَبِعَكَ | مِنْهُمْ | اَجْمَعِيْنَ |
| کہتا ہوں میں | البتہ بھر دونگا میں | دوزخ کو | تجھ سے | اور | ان سے جو کہ | پیروی کرینگے تیری | ان میں سے | سب کو |

ہوں﴿۸۴﴾ کہ میں تجھ سے اور جو اُن میں سے تیری پیروی کریں گے سب سے جہنم کو بھر دوں گا﴿۸۵﴾

قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿٨٦﴾ اِنْ

| قُلْ | مَآ | اَسْـَٔلُكُمْ | عَلَيْهِ | مِنْ | اَجْرٍ | وَّ | مَآ | اَنَا | مِنَ | الْمُتَكَلِّفِيْنَ | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہہ | نہیں | سوال کرتا میں تم سے | اوپر اس کے | کچھ | بدلہ | اور | نہیں | میں | سے | تکلف کرنیوالوں | نہیں |

(اے پیغمبر) کہہ دو کہ میں تم سے اس کا صلہ نہیں مانگتا اور نہ میں بناوٹ کرنے والوں میں ہوں ﴿٨٦﴾ یہ (قرآن)

ع ٥ ٢٤ ١٤ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٧﴾ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ ﴿٨٨﴾ ع

| هُوَ | اِلَّا | ذِكْرٌ | لِّلْعٰلَمِيْنَ | وَ | لَتَعْلَمُنَّ | نَبَاَهٗ | بَعْدَ | حِيْنٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ | مگر | نصیحت | واسطے عالموں کے | اور | البتہ جان لوگے | خبر اس کی | پیچھے | ایک مدت کے |

تو اہلِ عالم کے لیے نصیحت ہے ﴿٨٧﴾ اور تم کو اس کا حال ایک وقت کے بعد معلوم ہو جائے گا ﴿٨٨﴾

## اٰیاتھا ٧٥ — ٣٩ سُوْرَةُ الزُّمَرِ مَكِّيَّةٌ ٥٩ — رکوعاتھا ٨

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿١﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ

| تَنْزِيْلُ | الْكِتٰبِ | مِنَ | اللّٰهِ | الْعَزِيْزِ | الْحَكِيْمِ | اِنَّآ | اَنْزَلْنَآ | اِلَيْكَ | الْكِتٰبَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتارنا | اس کتاب کا | طرف سے ہے | اللہ کی | غالب | حکمت والے | بیشک | اتاری ہے ہم نے | طرف تیری | کتاب |

اس کتاب کا اتارا جانا اللہ غالب (اور) حکمت والے کی طرف سے ہے ﴿١﴾ (اے پیغمبر) ہم نے یہ کتاب تمہاری طرف

بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ﴿٢﴾ ط اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ ط

| بِالْحَقِّ | فَاعْبُدِ | اللّٰهَ | مُخْلِصًا | لَّهُ | الدِّيْنَ | اَلَا | لِلّٰهِ | الدِّيْنُ | الْخَالِصُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ حق کے | پس بندگی کر | اللہ کی | خالص کر کر | واسطے اسکے | عبادت کو | خبردار ہو | واسطے اللہ کے ہے | عبادت | خالص |

سچائی کے ساتھ نازل کی ہے تو اللہ کی عبادت کرو (یعنی) اس کی عبادت کو (شرک سے) خالص کر کے ﴿٢﴾ دیکھو خالص عبادت اللہ ہی کے لیے (زیبا)

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ م مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ وقف لازم

| وَ | الَّذِيْنَ | اتَّخَذُوْا | مِنْ | دُوْنِهٖٓ | اَوْلِيَآءَ | مَا | نَعْبُدُهُمْ | اِلَّا | لِيُقَرِّبُوْنَآ | اِلَى | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جن لوگوں نے کہ | پکڑا ہے انہوں نے | سے | سوائے اللہ کے | دوست | نہیں | عبادت کرتے ہم انکی | مگر | تاکہ نزدیک کریں ہمکو | طرف | اللہ کی |

ہے اور جن لوگوں نے اس کے سوا اور دوست بنائے ہیں (وہ کہتے ہیں کہ) ہم ان کو اس لیے پوجتے ہیں کہ ہم کو اللہ کا مقرب

زُلْفٰی ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِيْ مَا هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۵ؕ اِنَّ اللّٰهَ

| زُلْفٰی | اِنَّ | اللّٰهَ | يَحْكُمُ | بَيْنَهُمْ | فِيْ | مَا | هُمْ | فِيْهِ | يَخْتَلِفُوْنَ | اِنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نزدیک کرنے کر | بیشک | اللہ | حکم کرے گا | درمیان ان کے | بیچ | اس چیز کے کہ | وہ | بیچ اسکے | اختلاف کرتے ہیں | بیشک | اللہ |

بنا دیں۔ تو جن باتوں میں یہ اختلاف کرتے ہیں اللہ ان میں ان کا فیصلہ کر دے گا۔ بیشک اللہ اس

لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ كٰذِبٌ كَفَّارٌ ۳ لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا لَّاصْطَفٰى

| لَا | يَهْدِيْ | مَنْ | هُوَ | كٰذِبٌ | كَفَّارٌ | لَوْ | اَرَادَ | اللّٰهُ | اَنْ | يَّتَّخِذَ | وَلَدًا | لَّاصْطَفٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | راہ دکھاتا | اس کو جو کہ | وہ | جھوٹا ہے | کفر کرنیوالا | اگر | ارادہ کرتا | اللہ | یہ کہ | پکڑے | اولاد | البتہ چن لیتا |

شخص کو جو جھوٹا ناشکرا ہے ہدایت نہیں دیتا ۳ اگر اللہ کسی کو اپنا بیٹا بنانا چاہتا تو اپنی مخلوق میں سے

مِمَّا يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۴ خَلَقَ

| مِمَّا | يَخْلُقُ | مَا | يَشَآءُ | سُبْحٰنَهٗ | هُوَ | اللّٰهُ | الْوَاحِدُ | الْقَهَّارُ | خَلَقَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس چیز سے کہ | پیدا کرتا ہے | جو کچھ | چاہتا ہے | پاک ہے وہ | وہی ہے | اللہ | اکیلا | غالب | پیدا کیا اس نے |

جس کو چاہتا انتخاب کر لیتا۔ وہ پاک ہے وہی تو اللہ یکتا (اور) غالب ہے ۴ اُسی نے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى

| السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضَ | بِالْحَقِّ | يُكَوِّرُ | الَّيْلَ | عَلَى | النَّهَارِ | وَ | يُكَوِّرُ | النَّهَارَ | عَلَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمانوں کو | اور | زمین کو | ساتھ حق کے | لپیٹتا ہے | رات کو | اوپر | دن کے | اور | لپیٹتا ہے | دن کو | اوپر |

آسمانوں اور زمین کو تدبیر کے ساتھ پیدا کیا ہے (اور) وہی رات کو دن پر لپیٹتا اور دن کو رات پر لپیٹتا ہے

الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اَلَا هُوَ

| الَّيْلِ | وَ | سَخَّرَ | الشَّمْسَ | وَالْقَمَرَ | كُلٌّ | يَّجْرِيْ | لِاَجَلٍ | مُّسَمًّى | اَلَا | هُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رات کے | اور | مسخر کیا | سورج کو | اور چاند کو | ہر ایک | چلتا ہے | ایک وقت | مقرر تک | خبردار ہو | وہی ہے |

اور اسی نے سورج اور چاند کو بس میں کر رکھا ہے سب ایک وقت مقرر تک چلتے رہیں گے۔ دیکھو وہی

الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ۵ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا

| الْعَزِيْزُ | الْغَفَّارُ | خَلَقَكُمْ | مِّنْ | نَّفْسٍ | وَّاحِدَةٍ | ثُمَّ | جَعَلَ | مِنْهَا | زَوْجَهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غالب | بخشنے والا | پیدا کیا تم کو | سے | جان | ایک | پھر | کیا پیدا | اس میں سے | جوڑا اس کا |

غالب (اور) بخشنے والا ہے ۵ اُسی نے تم کو ایک شخص سے پیدا کیا پھر اس سے اس کا جوڑا بنایا اور اُسی نے

وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ؕ يَخْلُقُكُمْ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَنْزَلَ | لَكُمْ | مِّنَ | الْاَنْعَامِ | ثَمٰنِيَةَ | اَزْوَاجٍ | يَخْلُقُكُمْ | فِيْ | بُطُوْنِ | اُمَّهٰتِكُمْ |
| اور | اتارا | واسطے تمہارے | سے | چار پایوں میں | آٹھ | جوڑے | پیدا کرتا ہے تم کو | بیچ | پیٹوں | تمہاری ماؤں کے |

تمہارے لیے چار پایوں میں سے آٹھ جوڑے بنائے۔ وہی تم کو تمہاری ماؤں کے پیٹ میں (پہلے) ایک طرح

خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ فِيْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَلْقًا | مِّنْۢ بَعْدِ | خَلْقٍ | فِيْ | ظُلُمٰتٍ | ثَلٰثٍ | ذٰلِكُمُ | اللّٰهُ | رَبُّكُمْ | لَهُ | الْمُلْكُ |
| ایک پیدائش | پیچھے | دوسری پیدائش کے | بیچ | اندھیروں | تین کے | یہ ہے | اللہ | پروردگار تمہارا | واسطے اسکے ہے | بادشاہی |

پھر دوسری طرح تین اندھیروں میں بناتا ہے۔ یہی اللہ تمہارا پروردگار ہے اُسی کی بادشاہی ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿٦﴾ اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْكُمْ ۫ قف

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | فَاَنّٰى | تُصْرَفُوْنَ | اِنْ | تَكْفُرُوْا | فَاِنَّ | اللّٰهَ | غَنِيٌّ | عَنْكُمْ |
| نہیں | کوئی معبود | مگر | وہ اللہ | پس کہاں سے | پھرے جاتے ہو | اگر | کفر کرو تم | پس بیشک | اللہ | بے پرواہ ہے | تم سے |

اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ پھر تم کہاں پھرے جاتے ہو ﴿٦﴾ اگر ناشکری کرو گے تو اللہ تم سے بے پرواہ ہے۔ اور وہ اپنے

وَلَا يَرْضٰى لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ ۚ وَاِنْ تَشْكُرُوْا يَرْضَهُ لَكُمْ ؕ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | يَرْضٰى | لِعِبَادِهِ | الْكُفْرَ | وَ | اِنْ | تَشْكُرُوْا | يَرْضَهُ | لَكُمْ | وَ | لَا | تَزِرُ | وَازِرَةٌ | وِّزْرَ |
| اور | نہیں | پسند کرتا | واسطے بندوں اپنے کے | کفر | اور | اگر | شکر کرو تم | پسند کریگا اسکو | واسطے تمہارے | اور | نہیں | بوجھ اٹھاتا | بوجھ اٹھانیوالا | بوجھ |

بندوں کے لیے ناشکری پسند نہیں کرتا اور اگر شکر کرو گے تو وہ اس کو تمہارے لیے پسند کرے گا۔ اور کوئی اُٹھانے والا دوسرے کا

اُخْرٰى ؕ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ؕ اِنَّهٗ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُخْرٰى | ثُمَّ | اِلٰى | رَبِّكُمْ | مَّرْجِعُكُمْ | فَيُنَبِّئُكُمْ | بِمَا | كُنْتُمْ | تَعْمَلُوْنَ | اِنَّهٗ |
| دوسرے کا | پھر | طرف | رب اپنے کی ہے | پھر جانا تمہارا | پس خبر دے گا تم کو | اس چیز کی کہ | تھے تم | کرتے | بیشک وہ |

بوجھ نہیں اٹھائے گا۔ پھر تم کو اپنے پروردگار کی طرف لوٹنا ہے۔ پھر جو کچھ تم کرتے رہے وہ تم کو بتائے گا۔ وہ تو دلوں کی

عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿٧﴾ وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِيْبًا اِلَيْهِ ثُمَّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلِيْمٌۢ | بِذَاتِ الصُّدُوْرِ | وَ | اِذَا | مَسَّ | الْاِنْسَانَ | ضُرٌّ | دَعَا | رَبَّهٗ | مُنِيْبًا | اِلَيْهِ | ثُمَّ |
| جاننے والا ہے | سینے والی بات کو | اور | جسوقت | لگتی ہے | انسان کو | سختی | پکارتا ہے | رب اپنے کو | رجوع کرکر | طرف اسکی | پھر |

پوشیدہ باتوں تک سے آگاہ ہے ﴿٧﴾ اور جب انسان کو تکلیف پہنچتی ہے تو اپنے پروردگار کو پکارتا (اور) اس کی طرف دل سے رجوع کرتا ہے۔ پھر

اِذَا خَوَّلَهٗ نِعۡمَةً مِّنۡهُ نَسِیَ مَا كَانَ يَدۡعُوۡۤا اِلَيۡهِ مِنۡ قَبۡلُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِذَا | خَوَّلَهٗ | نِعۡمَةً | مِّنۡهُ | نَسِیَ | مَا | كَانَ | يَدۡعُوۡۤا | اِلَيۡهِ | مِنۡ | قَبۡلُ |
| جب | دیتا ہے اس کو | نعمت | اپنی طرف سے | بھول جاتا ہے | جو کچھ کہ | تھا | پکارتا | طرف اس کی | سے | پہلے اس |

جب وہ اس کو اپنی طرف سے کوئی نعمت دیتا ہے تو جس کام کے لیے پہلے اس کو پکارتا ہے اسے بھول جاتا ہے

وَ جَعَلَ لِلّٰهِ اَنۡدَادًا لِّيُضِلَّ عَنۡ سَبِيۡلِهٖ ؕ قُلۡ تَمَتَّعۡ بِكُفۡرِكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | جَعَلَ | لِلّٰهِ | اَنۡدَادًا | لِّيُضِلَّ | عَنۡ | سَبِيۡلِهٖ | قُلۡ | تَمَتَّعۡ | بِكُفۡرِكَ |
| اور | مقرر کرتا ہے | واسطے اللہ کے | شریک | تا کہ گمراہ کرے | سے | راہ اس کی | کہہ | فائدہ اٹھا | ساتھ کفر اپنے کے |

اور اللہ کا شریک بنانے لگتا ہے تا کہ (لوگوں کو) اس کے رستے سے گمراہ کرے۔ کہہ دو کہ (اے کافر نعمت) اپنی ناشکری سے تھوڑا

قَلِيۡلًا ۖ اِنَّكَ مِنۡ اَصۡحٰبِ النَّارِ ﴿۸﴾ اَمَّنۡ هُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَلِيۡلًا | اِنَّكَ | مِنۡ | اَصۡحٰبِ | النَّارِ | اَمَّنۡ | هُوَ | قَانِتٌ | اٰنَآءَ |
| تھوڑا | بیشک تو ہے | سے | رہنے والے | آگ کے | کیا جو شخص کہ | وہ | بندگی کرتا ہے | وقت |

سا فائدہ اُٹھالے پھر تو تو دوزخیوں میں ہوگا ﴿۸﴾ (بھلا مشرک اچھا ہے) یا وہ جو

الَّيۡلِ سَاجِدًا وَّ قَآئِمًا يَّحۡذَرُ الۡاٰخِرَةَ وَيَرۡجُوۡا رَحۡمَةَ رَبِّهٖ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّيۡلِ | سَاجِدًا | وَّ | قَآئِمًا | يَّحۡذَرُ | الۡاٰخِرَةَ | وَيَرۡجُوۡا | رَحۡمَةَ | رَبِّهٖ |
| رات کے | سجدے میں | اور | کھڑے | ڈرتا ہے | آخرت سے | اور امید رکھتا ہے | رحمت | پروردگار اپنے کی |

رات کے وقتوں میں زمین پر پیشانی رکھ کر اور کھڑے ہو کر عبادت کرتا اور آخرت سے ڈرتا اور اپنے پروردگار کی رحمت کی اُمید رکھتا ہے۔

قُلۡ هَلۡ يَسۡتَوِى الَّذِيۡنَ يَعۡلَمُوۡنَ وَ الَّذِيۡنَ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ؕ اِنَّمَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلۡ | هَلۡ | يَسۡتَوِى | الَّذِيۡنَ | يَعۡلَمُوۡنَ | وَ | الَّذِيۡنَ | لَا | يَعۡلَمُوۡنَ | اِنَّمَا |
| کہہ | کیا | برابر ہوتے ہیں | وہ لوگ کہ | جانتے ہیں | اور | وہ لوگ کہ | نہیں | جانتے | سوائے اسکے نہیں کہ |

کہو بھلا جو لوگ علم رکھتے ہیں اور جو نہیں رکھتے دونوں برابر ہو سکتے ہیں۔ (اور) نصیحت تو

يَتَذَكَّرُ اُولُوا الۡاَلۡبَابِ ﴿۹﴾ ع قُلۡ يٰعِبَادِ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُوۡا ع ۱ ۹ ۱۵

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَتَذَكَّرُ | اُولُوا | الۡاَلۡبَابِ | قُلۡ | يٰعِبَادِ | الَّذِيۡنَ | اٰمَنُوا | اتَّقُوۡا |
| نصیحت پکڑتے ہیں | صاحبان | عقل خالص کے | کہہ | اے بندو میرے | جو کہ | ایمان لائے ہو | ڈرو |

وہی پکڑتے ہیں جو عقلمند ہیں ﴿۹﴾ کہہ دو کہ اے میرے بندو جو ایمان لائے ہو اپنے

رَبَّكُمْ ؕ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِىْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ

| رَبَّكُمْ | لِلَّذِيْنَ | اَحْسَنُوْا | فِىْ | هٰذِهِ | الدُّنْيَا | حَسَنَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| رب اپنے سے | واسطے ان لوگوں کے کہ | نیکی کرتے ہیں | بیچ | اس | دنیا کے | نیکی ہے |

پروردگار سے ڈرو۔ جنہوں نے اس دنیا میں نیکی کی اُن کے لیے بھلائی ہے۔

وَ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ؕ اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ

| وَ | اَرْضُ | اللّٰهِ | وَاسِعَةٌ | اِنَّمَا | يُوَفَّى | الصّٰبِرُوْنَ | اَجْرَهُمْ | بِغَيْرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | زمین | اللہ کی | کشادہ ہے | سوائے اسکے نہیں کہ | پورا دیا جائیگا | صبر کرنے والوں کو | ثواب ان کا | بے |

اور اللہ کی زمین کشادہ ہے۔ جو صبر کرنے والے ہیں ان کو بے شمار

حِسَابٍ ﴿۱۰﴾ قُلْ اِنِّىْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ

| حِسَابٍ | قُلْ | اِنِّىْٓ | اُمِرْتُ | اَنْ | اَعْبُدَ | اللّٰهَ | مُخْلِصًا | لَّهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حساب | کہہ | بیشک میں | حکم کیا گیا ہوں میں | یہ کہ | عبادت کروں | اللہ کی | خالص | واسطے اسکے |

ثواب ملے گا ﴿۱۰﴾ کہہ دو کہ مجھ سے ارشاد ہوا ہے کہ اللہ کی عبادت کو خالص کر کے اس کی

الدِّيْنَ ۙ﴿۱۱﴾ وَ اُمِرْتُ لِاَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۲﴾ قُلْ اِنِّىْٓ

| الدِّيْنَ | وَ | اُمِرْتُ | لِاَنْ | اَكُوْنَ | اَوَّلَ | الْمُسْلِمِيْنَ | قُلْ | اِنِّىْٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عبادت | اور | حکم کیا گیا ہوں میں | یہ کہ | ہوں میں | پہلا | مسلمان | کہہ | بیشک میں |

بندگی کروں ﴿۱۱﴾ اور یہ بھی ارشاد ہوا ہے کہ میں سب سے اوّل مسلمان بنوں ﴿۱۲﴾ کہہ دو کہ اگر میں

اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّىْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۳﴾ قُلِ اللّٰهَ

| اَخَافُ | اِنْ | عَصَيْتُ | رَبِّىْ | عَذَابَ | يَوْمٍ | عَظِيْمٍ | قُلِ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈرتا ہوں | اگر | نافرمانی کروں | رب اپنے کی | عذاب | دن | بڑے کے سے | کہہ | اللہ ہی کی |

اپنے پروردگار کا حکم نہ مانوں تو مجھے بڑے دن کے عذاب سے ڈر لگتا ہے ﴿۱۳﴾ کہہ دو کہ اللہ،

اَعْبُدُ مُخْلِصًا لَّهُ دِيْنِىْ ۙ﴿۱۴﴾ فَاعْبُدُوْا مَا شِئْتُمْ مِّنْ

| اَعْبُدُ | مُخْلِصًا | لَّهُ | دِيْنِىْ | فَاعْبُدُوْا | مَا | شِئْتُمْ | مِّنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عبادت کرتا ہوں میں | خالص کرکر | واسطے اس کے | میری عبادت | پس عبادت کرو تم | جس کو کہ | چاہو تم | سے |

میں اپنے دین کو (شرک سے) خالص کر کے اس کی عبادت کرتا ہوں ﴿۱۴﴾ تو تم اس کے سوا جس کی چاہو

دُوْنِهٖ ؕ قُلْ اِنَّ الْخٰسِرِیْنَ الَّذِیْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| دُوْنِهٖ | قُلْ | اِنَّ | الْخٰسِرِیْنَ | الَّذِیْنَ | خَسِرُوْۤا | اَنْفُسَهُمْ |
| سوائے اس کے | کہہ | بیشک | ٹوٹا پانے والے | وہ لوگ ہیں جنہوں نے | ٹوٹا دیا | جانوں اپنی کو |

پرستش کرو۔ کہہ دو کہ نقصان اٹھانے والے وہی لوگ ہیں جنہوں نے قیامت کے دن

وَ اَهْلِیْهِمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ اَلَا ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِیْنُ ﴿۱۵﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَهْلِیْهِمْ | یَوْمَ | الْقِیٰمَةِ | اَلَا | ذٰلِكَ | هُوَ | الْخُسْرَانُ | الْمُبِیْنُ |
| اور | اپنے گھر والوں کو | دن | قیامت کے | خبردار ہو | یہ | وہی ہے | ٹوٹا پانا | ظاہر |

اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو نقصان میں ڈالا۔ دیکھو یہی صریح نقصان ہے ﴿۱۵﴾

لَهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَ مِنْ تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ ؕ ذٰلِكَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمْ | مِّنْ | فَوْقِهِمْ | ظُلَلٌ | مِّنَ | النَّارِ | وَ | مِنْ | تَحْتِهِمْ | ظُلَلٌ | ذٰلِكَ |
| واسطے انکے | سے | ان کے اوپر | سائبان ہونگے | سے | آگ | اور | سے | ان کے نیچے | سائبان ہونگے | یہ ہے کہ |

اُن کے اُوپر تو آگ کے سائبان ہوں گے اور نیچے (اس کے) فرش ہوں گے۔ یہ وہ (عذاب) ہے

یُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهٗ ؕ یٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ ﴿۱۶﴾ وَ الَّذِیْنَ اجْتَنَبُوا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یُخَوِّفُ | اللّٰهُ | بِهٖ | عِبَادَهٗ | یٰعِبَادِ | فَاتَّقُوْنِ | وَ | الَّذِیْنَ | اجْتَنَبُوا |
| ڈراتا ہے | اللہ | ساتھ اس کے | بندوں اپنے کو | اے میرے بندو | ڈرو مجھ سے | اور | جن لوگوں نے | پرہیز کیا |

جس سے اللہ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے۔ تو اے میرے بندو مجھ سے ڈرتے رہو ﴿۱۶﴾ اور جنہوں نے اس سے اجتناب کیا

الطَّاغُوْتَ اَنْ یَّعْبُدُوْهَا وَ اَنَابُوْۤا اِلَى اللّٰهِ لَهُمُ الْبُشْرٰى ۚ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الطَّاغُوْتَ | اَنْ | یَّعْبُدُوْهَا | وَاَنَابُوْۤا | اِلَى | اللّٰهِ | لَهُمُ | الْبُشْرٰى |
| بتوں سے | یہ کہ | عبادت کریں ان کی | اور رجوع کرتے ہیں | طرف | اللہ کی | واسطے ان کے | خوش خبری ہے |

کہ بتوں کو پوجیں اور اللہ کی طرف رجوع کیا اُن کے لیے بشارت ہے۔

فَبَشِّرْ عِبَادِ ﴿۱۷﴾ الَّذِیْنَ یَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَیَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ ؕ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَبَشِّرْ | عِبَادِ | الَّذِیْنَ | یَسْتَمِعُوْنَ | الْقَوْلَ | فَیَتَّبِعُوْنَ | اَحْسَنَهٗ |
| پس خوشخبری دے | میرے بندوں کو | وہ جو کہ | سنتے ہیں | بات کو | پس پیروی کرتے ہیں | بہتر اس کی کی |

تو میرے بندوں کو بشارت سنا دو ﴿۱۷﴾ جو بات کو سنتے اور اچھی باتوں کی پیروی کرتے ہیں۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدٰىهُمُ اللّٰهُ وَ اُولٰٓئِكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿١٨﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُولٰٓئِكَ | الَّذِيْنَ | هَدٰىهُمُ | اللّٰهُ | وَ | اُولٰٓئِكَ | هُمْ | اُولُوا | الْاَلْبَابِ |
| یہ لوگ ہیں | جن کو | ہدایت کی ان کو | اللہ نے | اور | یہ لوگ | وہی ہیں | صاحب | عقل کے |

یہی وہ لوگ ہیں جن کو اللہ نے ہدایت دی اور یہی عقل والے ہیں ﴿۱۸﴾

اَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ ؕ اَفَاَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ فِي

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَفَمَنْ | حَقَّ | عَلَيْهِ | كَلِمَةُ | الْعَذَابِ | اَفَاَنْتَ | تُنْقِذُ | مَنْ | فِي |
| کیاپس جوکوئی | ثابت ہوئی | اوپراس کے | بات | عذاب کی | کیاپس تو | چھڑا کرلائے گا | ان کو جو | بیچ |

بھلا جس شخص پر عذاب کا حکم صادر ہو چکا ہے۔تو کیا تم (ایسے) دوزخی کو مخلصی دے

النَّارِ ﴿١٩﴾ لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِّنْ فَوْقِهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّارِ | لٰكِنِ | الَّذِيْنَ | اتَّقَوْا | رَبَّهُمْ | لَهُمْ | غُرَفٌ | مِّنْ | فَوْقِهَا |
| آگ کے ہیں | لیکن | وہ لوگ کہ | ڈرتے ہیں | اپنے رب سے | واسطے ان کے | بالا خانے ہیں | سے | اوپران کے |

سکو گے؟ ﴿۱۹﴾ لیکن جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں اُن کے لیے اونچے اونچے محل ہیں جن کے اُوپر

غُرَفٌ مَّبْنِيَّةٌ ۙ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ وَعْدَ اللّٰهِ ؕ لَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غُرَفٌ | مَّبْنِيَّةٌ | تَجْرِيْ | مِنْ | تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | وَعْدَ | اللّٰهِ | لَا |
| بالا خانے ہیں | بنائے ہوئے | چلتی ہیں | سے | نیچے ان کے | نہریں | وعدہ کیا ہے | اللہ نے | نہیں |

بالا خانے بنے ہوئے ہیں۔ (اور) ان کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں۔ (یہ) اللہ کا وعدہ ہے۔ اللہ

يُخْلِفُ اللّٰهُ الْمِيْعَادَ ﴿٢٠﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُخْلِفُ | اللّٰهُ | الْمِيْعَادَ | اَلَمْ | تَرَ | اَنَّ | اللّٰهَ | اَنْزَلَ | مِنَ | السَّمَآءِ |
| خلاف کرتا | اللہ | وعدے کو | کیا نہیں | دیکھا تو نے | یہ کہ | اللہ نے | اتارا | سے | آسمان |

وعدے کے خلاف نہیں کرتا ﴿۲۰﴾ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ آسمان سے پانی نازل کرتا

مَآءً فَسَلَكَهٗ يَنَابِيْعَ فِي الْاَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَآءً | فَسَلَكَهٗ | يَنَابِيْعَ | فِي | الْاَرْضِ | ثُمَّ | يُخْرِجُ | بِهٖ | زَرْعًا |
| پانی | پس چلایا اس کو | بیچ چشموں کے | بیچ | زمین کے | پھر | نکالتا ہے | اس سے | کھیتی |

پھر اس کو زمین میں چشمے بنا کر جاری کرتا پھر اس سے کھیتی اگاتا ہے

مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ثُمَّ یَهِیْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ یَجْعَلُهٗ

| مُّخْتَلِفًا | اَلْوَانُهٗ | ثُمَّ | یَهِیْجُ | فَتَرٰىهُ | مُصْفَرًّا | ثُمَّ | یَجْعَلُهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مختلف | رنگ ہیں اس کے | پھر | زور کرتا ہے اوپر کو | پس دیکھتا ہے تو اس کو | زرد ہوگیا | پھر | کرتا ہے اس کو |

جس کے طرح طرح کے رنگ ہوتے ہیں۔ پھر وہ خشک ہو جاتی ہے تو تم اس کو دیکھتے ہو (کہ) زرد (ہوگئی ہے) پھر اُسے

حُطَامًا ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِاُولِی الْاَلْبَابِ ﴿۲۱﴾ ع اَفَمَنْ ع ۲ ۱۲ ۱۶

| حُطَامًا | اِنَّ | فِیْ | ذٰلِكَ | لَذِكْرٰى | لِاُولِی | الْاَلْبَابِ | اَفَمَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ریزہ ریزہ | بیشک | بیچ | اس کے | البتہ نصیحت ہے | واسطے صاحبان | عقل کے | کیا پس جو شخص کہ |

چورا چورا کر دیتا ہے۔ بیشک اس میں عقل والوں کے لیے نصیحت ہے﴿۲۱﴾ بھلا جس شخص کا

شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ فَوَیْلٌ

| شَرَحَ | اللّٰهُ | صَدْرَهٗ | لِلْاِسْلَامِ | فَهُوَ | عَلٰى | نُوْرٍ | مِّنْ | رَّبِّهٖ | فَوَیْلٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کھولا ہے | اللہ نے | سینہ اس کا | واسطے اسلام کے | پس وہ | اوپر | نور کے ہے | سے | پروردگار اپنے | پس وائے ہے |

سینہ اللہ نے اسلام کے لیے کھول دیا ہو اور وہ اپنے پروردگار کی طرف سے روشنی پر ہو (تو کیا وہ سخت دل کافر کی طرح ہو سکتا ہے) پس اُن پر

لِّلْقٰسِیَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۲۲﴾

| لِّلْقٰسِیَةِ | قُلُوْبُهُمْ | مِّنْ | ذِكْرِ | اللّٰهِ | اُولٰٓئِكَ | فِیْ | ضَلٰلٍ | مُّبِیْنٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے ان لوگوں کے کہ سخت ہیں | دل ان کے | سے | یاد | اللہ کی | یہ لوگ | بیچ | گمراہی | ظاہر کے ہیں |

افسوس ہے جن کے دل اللہ کی یاد سے سخت ہو رہے ہیں۔ اور یہی لوگ صریح گمراہی میں ہیں﴿۲۲﴾

اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِیْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِیَ ۖۗ تَقْشَعِرُّ

| اَللّٰهُ | نَزَّلَ | اَحْسَنَ | الْحَدِیْثِ | كِتٰبًا | مُّتَشَابِهًا | مَّثَانِیَ | تَقْشَعِرُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ نے | اتاری ہے | بہتر | بات | کتاب ہے | یکساں | دوہرائی جانیوالی | بال کھڑے ہوجاتے ہیں |

اللہ نے نہایت اچھی باتیں نازل فرمائی ہیں (یعنی) کتاب (جس کی آیتیں باہم) ملتی جلتی (ہیں) اور دہرائی

مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِیْنَ یَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِیْنُ

| مِنْهُ | جُلُوْدُ | الَّذِیْنَ | یَخْشَوْنَ | رَبَّهُمْ | ثُمَّ | تَلِیْنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اس سے | کھال کے | ان لوگوں کے کہ | ڈرتے ہیں | پروردگار اپنے سے | پھر | نرم ہوجاتے ہیں |

جاتی (ہیں) جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں ان کے بدن کے (اس سے) رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں پھر ان کے

جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ

| جُلُوْدُهُمْ | وَقُلُوْبُهُمْ | اِلٰى | ذِكْرِ | اللّٰهِ | ذٰلِكَ | هُدَى | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چمڑے ان کے | اور دل ان کے | طرف | یاد | اللہ کی | یہ ہے | ہدایت | اللہ کی |

بدن اور دل نرم (ہو کر) اللہ کی یاد کی طرف (متوجہ) ہوجاتے ہیں۔ یہی اللہ کی ہدایت ہے

يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۲۳﴾

| يَهْدِيْ | بِهٖ | مَنْ | يَّشَاۗءُ | وَ | مَنْ | يُّضْلِلِ | اللّٰهُ | فَمَا | لَهٗ | مِنْ | هَادٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہدایت کرتا ہے | ساتھ اسکے | جس کو | چاہے | اور | جس کو | گمراہ کرے | اللہ | پس نہیں | واسطے اسکے | کوئی | راہ دکھانیوالا |

وہ اس سے جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔ اور جس کو اللہ گمراہ کرے اُس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں ﴿۲۳﴾

اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ بِوَجْهِهٖ سُوْۗءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَقِيْلَ

| اَفَمَنْ | يَّتَّقِيْ | بِوَجْهِهٖ | سُوْۗءَ | الْعَذَابِ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | وَ | قِيْلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آیا پس جو کوئی | بچاتا ہے | منہ اپنے کو | برے | عذاب | دن | قیامت کے سے | اور | کہا گیا |

بھلا جو شخص قیامت کے دن اپنے منہ سے برے عذاب کو روکتا ہو (کیا وہ ویسا ہوسکتا ہے جو چین میں ہو) اور ظالموں سے کہا

لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۲۴﴾ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ

| لِلظّٰلِمِيْنَ | ذُوْقُوْا | مَا | كُنْتُمْ | تَكْسِبُوْنَ | كَذَّبَ | الَّذِيْنَ | مِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے ظالموں کے | چکھو | جو کچھ کہ | تھے تم | کماتے | جھٹلایا تھا | ان لوگوں نے کہ | سے |

جائے گا کہ جو کچھ تم کرتے رہے تھے اس کے مزے چکھو ﴿۲۴﴾ جو لوگ ان سے پہلے تھے انہوں نے

قَبْلِهِمْ فَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۵﴾ فَاَذَاقَهُمُ

| قَبْلِهِمْ | فَاَتٰىهُمُ | الْعَذَابُ | مِنْ | حَيْثُ | لَا | يَشْعُرُوْنَ | فَاَذَاقَهُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تھے پہلے ان | پس آیا ان کو | عذاب | سے | اس جگہ | کہ نہیں | جانتے تھے | پس چکھائی ان کو |

بھی تکذیب کی تھی تو ان پر عذاب ایسی جگہ سے آ گیا کہ ان کو خبر ہی نہ تھی ﴿۲۵﴾ پھر ان کو

وقف لازم

اللّٰهُ الْخِزْيَ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ

| اللّٰهُ | الْخِزْيَ | فِي | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | وَ | لَعَذَابُ | الْاٰخِرَةِ | اَكْبَرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ نے | رسوائی | بیچ | زندگانی | دنیا کے | اور | البتہ عذاب | آخرت کا | بہت بڑا ہے |

اللہ نے دنیا کی زندگی میں رُسوائی کا مزہ چکھا دیا اور آخرت کا عذاب تو بہت بڑا ہے۔

لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٦﴾ وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ

| لَوْ | كَانُوْا | يَعْلَمُوْنَ | وَ | لَقَدْ | ضَرَبْنَا | لِلنَّاسِ | فِيْ | هٰذَا | الْقُرْاٰنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کاش کہ | ہوتے | جانتے | اور | البتہ تحقیق | بیان کیا ہے ہم نے | واسطے لوگوں کے | بیچ | اس | قرآن کے |

کاش یہ سمجھ رکھتے ﴿٢٦﴾ اور ہم نے لوگوں کے (سمجھانے کے) لیے قرآن میں

مِنْ كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٢٧﴾ج قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ

| مِنْ | كُلِّ | مَثَلٍ | لَّعَلَّهُمْ | يَتَذَكَّرُوْنَ | قُرْاٰنًا | عَرَبِيًّا | غَيْرَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | ہر ایک | مثال | تا کہ وہ | نصیحت پکڑیں | قرآن | عربی ہے | بن |

ہر طرح کی مثالیں بیان کی ہیں تا کہ وہ نصیحت پکڑیں ﴿٢٧﴾ (یہ) قرآن عربی (ہے) جس میں کوئی عیب

ذِيْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿٢٨﴾ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيْهِ شُرَكَآءُ

| ذِيْ عِوَجٍ | لَّعَلَّهُمْ | يَتَّقُوْنَ | ضَرَبَ | اللّٰهُ | مَثَلًا | رَّجُلًا | فِيْهِ | شُرَكَآءُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کجی والا | تا کہ وہ | ڈریں | بیان کی | اللہ نے | مثال | ایک مرد ہے | بیچ اس کے | شریک ہیں |

(اور اختلاف) نہیں تا کہ وہ ڈر مانیں ﴿٢٨﴾ اللہ ایک مثال بیان کرتا ہے کہ ایک شخص ہے جس میں کئی (آدمی) شریک ہیں

مُتَشٰكِسُوْنَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ ط هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ط

| مُتَشٰكِسُوْنَ | وَ | رَجُلًا | سَلَمًا | لِّرَجُلٍ | هَلْ | يَسْتَوِيٰنِ | مَثَلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ضدی بدخو | اور | ایک مرد ہے | خالص سالم | واسطے ایک مرد کے | کیا | برابر ہوتے ہیں | دونوں مثال میں |

(مختلف المزاج اور) بدخو اور ایک آدمی خاص ایک شخص کا (غلام) ہے۔ بھلا دونوں کی حالت برابر ہے؟

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ج بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٩﴾ اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ

| اَلْحَمْدُ | لِلّٰهِ | بَلْ | اَكْثَرُهُمْ | لَا | يَعْلَمُوْنَ | اِنَّكَ | مَيِّتٌ | وَّ | اِنَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سب تعریف | واسطے اللہ کے ہے | بلکہ | اکثر ان کے | نہیں | جانتے | بیشک تو | مرنے والا ہے | اور | بیشک وہ بھی |

(نہیں) الحمد للہ بلکہ یہ اکثر لوگ نہیں جانتے ﴿٢٩﴾ (اے پیغمبر) تم بھی مرجاؤ گے اور یہ بھی

مَّيِّتُوْنَ ﴿٣٠﴾ز ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ﴿٣١﴾ع ع ۳ ۱۷

| مَّيِّتُوْنَ | ثُمَّ | اِنَّكُمْ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | عِنْدَ | رَبِّكُمْ | تَخْتَصِمُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مرنے والے ہیں | پھر | بیشک تم | دن | قیامت کے | نزدیک | پروردگار اپنے کے | جھگڑو گے |

مرجائیں گے ﴿٣٠﴾ پھر تم سب قیامت کے دن اپنے پروردگار کے سامنے جھگڑو گے (اور جھگڑا فیصل کردیا جائے گا) ﴿٣١﴾

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ ؕ

| فَمَنْ | اَظْلَمُ | مِمَّنْ | كَذَبَ | عَلَى | اللّٰهِ | وَ | كَذَّبَ | بِالصِّدْقِ | اِذْ | جَآءَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس کون شخص | بہت ظالم ہے | اس شخص سے کہ | جھوٹ باندھا ہے | اوپر | اللہ کے | اور | جھٹلایا ہے | سچ کو | جس وقت | آیا اس کے پاس |

تو اس سے بڑھ کر ظالم کون جو اللہ پر جھوٹ بولے اور سچی بات جب اُس کے پاس پہنچ جائے تو اُسے جھٹلائے۔

اَلَيْسَ فِىْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَالَّذِىْ جَآءَ بِالصِّدْقِ

| اَلَيْسَ | فِىْ | جَهَنَّمَ | مَثْوًى | لِّلْكٰفِرِيْنَ | وَ | الَّذِىْ | جَآءَ | بِالصِّدْقِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا نہیں | بیچ | دوزخ کے | جگہ رہنے کی | واسطے کافروں کے | اور | وہ شخص کہ | آیا | ساتھ سچ کے |

کیا جہنم میں کافروں کا ٹھکانا نہیں ہے؟ (۳۲) اور جو شخص سچی بات لے کر آیا

وَصَدَّقَ بِهٖۤ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۳۳﴾ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ

| وَ | صَدَّقَ | بِهٖۤ | اُولٰٓئِكَ | هُمُ | الْمُتَّقُوْنَ | لَهُمْ | مَّا | يَشَآءُوْنَ | عِنْدَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | تصدیق کی جس نے | اس کی | یہ لوگ | وہی ہیں | پرہیزگار | واسطے ان کے ہے | جو کچھ | چاہیں | نزدیک |

اور جس نے اس کی تصدیق کی وہی لوگ متقی ہیں (۳۳) وہ جو چاہیں گے اُن کے لیے ان کے

رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۴﴾ ۚۖ لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَاَ

| رَبِّهِمْ | ذٰلِكَ | جَزٰٓؤُا | الْمُحْسِنِيْنَ | لِيُكَفِّرَ | اللّٰهُ | عَنْهُمْ | اَسْوَاَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پروردگار اپنے کے | یہ ہے | بدلہ | احسان کرنے والوں کا | تاکہ دور کرے | اللہ | ان سے | برائی |

پروردگار کے پاس (موجود) ہے۔ نیکوکاروں کا یہی بدلہ ہے (۳۴) تاکہ اللہ ان سے برائیوں کو

الَّذِىْ عَمِلُوْا وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ الَّذِىْ كَانُوْا

| الَّذِىْ | عَمِلُوْا | وَيَجْزِيَهُمْ | اَجْرَهُمْ | بِاَحْسَنِ | الَّذِىْ | كَانُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ جو | کی تھی انہوں نے | اور بدلہ دے ان کو | ثواب اس کا | ساتھ بہتر | اس چیز کے کہ | تھے وہ |

جو انہوں نے کیں دور کر دے اور نیک کاموں کا جو وہ کرتے رہے ان کو

يَعْمَلُوْنَ ﴿۳۵﴾ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ؕ وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ

| يَعْمَلُوْنَ | اَلَيْسَ | اللّٰهُ | بِكَافٍ | عَبْدَهٗ | وَ | يُخَوِّفُوْنَكَ | بِالَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کرتے | کیا نہیں | اللہ | کافی | بندے اپنے کو | اور | ڈراتے ہیں تجھ کو | ساتھ ان لوگوں کے کہ |

بدلہ دے (۳۵) کیا اللہ اپنے بندے کو کافی نہیں؟ اور یہ تم کو اُن لوگوں سے جو اس کے سوا ہیں (یعنی غیر اللہ سے)

مِنْ دُوْنِهٖ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ۚ﴿۳۶﴾ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ دُوْنِهٖ | وَ | مَنْ | يُّضْلِلِ | اللّٰهُ | فَمَا | لَهٗ | مِنْ | هَادٍ | وَ | مَنْ | يَّهْدِ | اللّٰهُ |
| سوائے اسکے ہیں | اور | جس کو | گمراہ کرے | اللہ | پس نہیں | واسطے اسکے | کوئی | راہ دکھانیوالا | اور | جس کو | راہ دکھائے | اللہ |

ڈراتے ہیں۔ اور جس کو اللہ گمراہ کرے اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیں ﴿۳۶﴾ اور جس کو اللہ ہدایت

فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِي انْتِقَامٍ ﴿۳۷﴾ وَلَئِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَا | لَهٗ | مِنْ | مُّضِلٍّ | اَلَيْسَ | اللّٰهُ | بِعَزِيْزٍ | ذِي انْتِقَامٍ | وَ | لَئِنْ |
| پس نہیں | واسطے اسکے | کوئی | گمراہ کرنے والا | کیا نہیں ہے | اللہ | غالب | بدلہ لینے والا | اور | اگر |

دے اس کو کوئی گمراہ کرنے والا نہیں۔ کیا اللہ غالب (اور) بدلہ لینے والا نہیں ہے؟ ﴿۳۷﴾ اور اگر

سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَاَلْتَهُمْ | مَّنْ | خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضَ | لَيَقُوْلُنَّ | اللّٰهُ | قُلْ |
| پوچھے تو ان سے | کس نے | پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو | البتہ کہیں گے | اللہ نے | کہہ |

تم ان سے پوچھو کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا تو کہہ دیں گے کہ اللہ نے۔ کہو

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِيَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَفَرَءَيْتُمْ | مَّا | تَدْعُوْنَ | مِنْ | دُوْنِ | اللّٰهِ | اِنْ | اَرَادَنِيَ | اللّٰهُ | بِضُرٍّ | هَلْ |
| کیا پس دیکھا ہے تم نے | اس چیز کو کہ | پکارتے ہو | سے | سوائے | اللہ کے | اگر | ارادہ کرے مجھ کو | اللہ | ساتھ برائی کے | کیا |

کہ بھلا دیکھو تو جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو اگر اللہ مجھ کو کوئی تکلیف پہنچانی چاہے تو کیا

هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖٓ اَوْ اَرَادَنِيْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هُنَّ | كٰشِفٰتُ | ضُرِّهٖٓ | اَوْ | اَرَادَنِيْ | بِرَحْمَةٍ | هَلْ | هُنَّ | مُمْسِكٰتُ |
| وہ | کھولنے والے ہیں | ضرر اس کے کو | یا | ارادہ کرے مجھ کو | ساتھ مہربانی کے | کیا | ہیں وہ | بند کرنے والے |

وہ اس تکلیف کو دور کر سکتے ہیں یا اگر مجھ پر مہربانی کرنا چاہے تو وہ اس کی مہربانی کو روک

رَحْمَتِهٖ ؕ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ؕ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۳۸﴾ قُلْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَحْمَتِهٖ | قُلْ | حَسْبِيَ | اللّٰهُ | عَلَيْهِ | يَتَوَكَّلُ | الْمُتَوَكِّلُوْنَ | قُلْ |
| مہربانی اس کی کو | کہہ | کافی ہے مجھ کو | اللہ | اوپر اس کے | توکل کرتے ہیں | توکل کرنے والے | کہہ |

سکتے ہیں؟ کہہ دو کہ مجھے اللہ ہی کافی ہے۔ بھروسا رکھنے والے اُسی پر بھروسا رکھتے ہیں ﴿۳۸﴾ کہہ دو کہ

يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّىْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾

| يٰقَوْمِ | اعْمَلُوْا | عَلٰى | مَكَانَتِكُمْ | اِنِّىْ | عَامِلٌ | فَسَوْفَ | تَعْلَمُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے قوم میری | عمل کرو تم | اوپر | جگہ اپنی کے | بیشک میں بھی | عمل کرتا ہوں | پس البتہ | جان لو گے تم |

اے قوم تم اپنی جگہ عمل کیے جاؤ میں (اپنی جگہ) عمل کیے جاتا ہوں۔ عنقریب تم کو معلوم ہو جائے گا ﴿۳۹﴾

مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۴۰﴾ اِنَّآ

| مَنْ | يَّاْتِيْهِ | عَذَابٌ | يُّخْزِيْهِ | وَ | يَحِلُّ | عَلَيْهِ | عَذَابٌ | مُّقِيْمٌ | اِنَّآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کون شخص ہے کہ | آئے اس کو | عذاب | کہ رسوا کرے گا اس کو | اور | اتر پڑے گا | اوپر اس کے | عذاب | ہمیشہ کا | بیشک |

کہ کس پر عذاب آتا ہے جو اسے رسوا کرے گا اور کس پر ہمیشہ کا عذاب نازل ہوتا ہے ﴿۴۰﴾ ہم نے

اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ

| اَنْزَلْنَا | عَلَيْكَ | الْكِتٰبَ | لِلنَّاسِ | بِالْحَقِّ | فَمَنِ | اهْتَدٰى | فَلِنَفْسِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتاری ہے ہم نے | اوپر تیرے | کتاب | واسطے لوگوں کے | ساتھ حق کے | پس جس نے | راہ پائی | پس واسطے جان اپنی کے |

تم پر کتاب لوگوں (کی ہدایت) کے لیے سچائی کے ساتھ نازل کی ہے۔ تو جو شخص ہدایت پاتا ہے تو اپنے (بھلے کے) لیے۔

ع ۴ ۱۰ ۱ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۴۱﴾ ع اَللّٰهُ

| وَ | مَنْ | ضَلَّ | فَاِنَّمَا | يَضِلُّ | عَلَيْهَا | وَ | مَآ | اَنْتَ | عَلَيْهِمْ | بِوَكِيْلٍ | اَللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جو کوئی | گمراہ ہوا | پس سوائے اسکے نہیں کہ | گمراہ ہوا | اوپر اپنی جان کے | اور | نہیں | تو | اوپر ان کے | داروغہ | اللہ |

اور جو گمراہ ہوتا ہے تو گمراہی سے اپنا ہی نقصان کرتا ہے۔ اور (اے پیغمبر) تم ان کے ذمہ دار نہیں ہو ﴿۴۱﴾ اللہ لوگوں

يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِىْ لَمْ تَمُتْ فِىْ مَنَامِهَا ۚ

| يَتَوَفَّى | الْاَنْفُسَ | حِيْنَ | مَوْتِهَا | وَ | الَّتِىْ | لَمْ | تَمُتْ | فِىْ | مَنَامِهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قبض کرتا ہے | جانوں کو | وقت | اس کی موت کے | اور | جو | نہیں | مرے | بیچ | ان کی نیند کے |

کے مرنے کے وقت ان کی روحیں قبض کر لیتا ہے اور جو مرے نہیں (ان کی روحیں) سوتے میں (قبض کر لیتا ہے)

فَيُمْسِكُ الَّتِىْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰٓى اِلٰٓى

| فَيُمْسِكُ | الَّتِىْ | قَضٰى | عَلَيْهَا | الْمَوْتَ | وَ | يُرْسِلُ | الْاُخْرٰٓى | اِلٰٓى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس بند کر رکھتا ہے | جن کو کہ | مقرر کی ہے | اوپر ان کے | موت | اور | بھیج دیتا ہے | اوروں کو | تک |

پھر جن پر موت کا حکم کر چکتا ہے ان کو روک رکھتا ہے اور باقی روحوں کو ایک وقت مقرر تک کے لیے

اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۴۲﴾ اَمِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَجَلٍ | مُّسَمًّى | اِنَّ | فِیْ | ذٰلِكَ | لَاٰیٰتٍ | لِّقَوْمٍ | یَّتَفَكَّرُوْنَ | اَمِ |
| وقت | مقرر | بیشک | بیچ | اس کے | البتہ نشانی ہے | واسطے قوم کے کہ | فکر کرتے ہیں | کیا |

چھوڑ دیتا ہے۔ جو لوگ فکر کرتے ہیں ان کے لیے اس میں نشانیاں ہیں (۴۲) کیا

اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُفَعَآءَ ؕ قُلْ اَوَلَوْ كَانُوْا لَا یَمْلِكُوْنَ شَیْـًٔا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتَّخَذُوْا | مِنْ | دُوْنِ | اللّٰهِ | شُفَعَآءَ | قُلْ | اَوَ | لَوْ | كَانُوْا | لَا | یَمْلِكُوْنَ | شَیْـًٔا |
| پکڑے ہیں انہوں نے | سے | سوائے | اللہ کے | سفارشی | کہہ | کیا | اگرچہ | ہیں وہ | نہیں | اختیار رکھتے | کچھ |

انہوں نے اللہ کے سوا اور سفارشی بنالیے ہیں۔ کہو کہ خواہ وہ کسی چیز کا بھی اختیار نہ رکھتے ہوں۔

وَّ لَا یَعْقِلُوْنَ ﴿۴۳﴾ قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِیْعًا ؕ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | لَا | یَعْقِلُوْنَ | قُلْ | لِّلّٰهِ | الشَّفَاعَةُ | جَمِیْعًا | لَهٗ | مُلْكُ | السَّمٰوٰتِ |
| اور | نہ | سمجھتے ہیں | کہہ | واسطے اللہ کے ہے | سفارش | ساری | واسطے اسکے | بادشاہی ہے | آسمانوں کی |

اور نہ (کچھ) سمجھتے ہی ہوں؟ (۴۳) کہہ دو کہ سفارش تو سب اللہ ہی کے اختیار میں ہے۔ اسی کے لیے آسمانوں

وَ الْاَرْضِ ؕ ثُمَّ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاَرْضِ | ثُمَّ | اِلَیْهِ | تُرْجَعُوْنَ | وَ | اِذَا | ذُكِرَ | اللّٰهُ | وَحْدَهُ |
| اور | زمین کی | پھر | طرف اسی کے | پھیرے جاؤ گے | اور | جس وقت | یاد کیا جاتا ہے | اللہ | اکیلے کو |

اور زمین کی بادشاہت ہے۔ پھر تم اسی کی طرف لوٹ کر جاؤ گے (۴۴) اور جب تنہا اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو

اشْمَاَزَّتْ قُلُوْبُ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ ۚ وَ اِذَا ذُكِرَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اشْمَاَزَّتْ | قُلُوْبُ | الَّذِیْنَ | لَا | یُؤْمِنُوْنَ | بِالْاٰخِرَةِ | وَ | اِذَا | ذُكِرَ |
| نفرت کرتے ہیں | دل | ان لوگوں کے کہ | نہیں | ایمان لاتے | ساتھ آخرت کے | اور | جسوقت | یاد کیے جاتے ہیں |

جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اُن کے دل منقبض ہو جاتے ہیں۔ اور جب اس کے

الَّذِیْنَ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِذَا هُمْ یَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۴۵﴾ قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِیْنَ | مِنْ | دُوْنِهٖۤ | اِذَا | هُمْ | یَسْتَبْشِرُوْنَ | قُلِ | اللّٰهُمَّ | فَاطِرَ |
| وہ لوگ کہ | ہیں سے | سوائے اس کے | ناگہاں | وہ | خوش ہوجاتے ہیں | کہہ کہ | اے اللہ | پیدا کرنیوالے |

سوا اوروں کا ذکر کیا جاتا ہے تو وہ خوش ہو جاتے ہیں (۴۵) کہو کہ اے اللہ (اے)

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ

| السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | عٰلِمَ | الْغَيْبِ | وَ | الشَّهَادَةِ | اَنْتَ | تَحْكُمُ | بَيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمانوں کے | اور | زمین کے | جاننے والا ہے | غیب کا | اور | ظاہر کا | تو ہی | حکم کرے گا | درمیان |

آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے (اور) پوشیدہ اور ظاہر کے جاننے والے تو ہی اپنے بندوں میں ان باتوں

عِبَادِكَ فِيْ مَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَلَوْ اَنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَا

| عِبَادِكَ | فِيْ | مَا | كَانُوْا | فِيْهِ | يَخْتَلِفُوْنَ | وَلَوْ | اَنَّ | لِلَّذِيْنَ | ظَلَمُوْا | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بندوں اپنے کے | بیچ | اس چیز کے کہ | تھے | بیچ اس کے | اختلاف کرتے | اور اگر | یہ کہ ہو | واسطے ان لوگوں کے کہ | ظلم کرتے ہیں | جو کچھ |

کا جن میں وہ اختلاف کرتے رہے ہیں فیصلہ کرے گا ﴿۴۶﴾ اور اگر ظالموں کے پاس وہ سب

فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ مِنْ سُوْٓءِ الْعَذَابِ

| فِي | الْاَرْضِ | جَمِيْعًا | وَّ | مِثْلَهٗ | مَعَهٗ | لَافْتَدَوْا | بِهٖ | مِنْ | سُوْٓءِ | الْعَذَابِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیچ | زمین کے ہے | سارا | اور | مانند اس کی | ساتھ اس کے | البتہ بدلہ دیں | ساتھ اسکے | سے | برے | عذاب |

(مال ومتاع) ہو جو زمین میں ہے اور اس کے ساتھ اسی قدر اور ہو تو قیامت کے روز برے عذاب (سے مخلصی پانے)

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ﴿۴۷﴾

| يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | وَبَدَا | لَهُمْ | مِّنَ | اللّٰهِ | مَا | لَمْ | يَكُوْنُوْا | يَحْتَسِبُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دن | قیامت کے | اور ظاہر ہو جائیگا | واسطے انکے | سے | اللہ کی طرف | جو کچھ کہ | نہ | تھے وہ | گمان کرتے |

کے بدلے میں دے دیں۔ اور اُن پر اللہ کی طرف سے وہ امر ظاہر ہو جائے گا جس کا اُن کو خیال بھی نہ تھا ﴿۴۷﴾

وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ

| وَبَدَا | لَهُمْ | سَيِّاٰتُ | مَا | كَسَبُوْا | وَ | حَاقَ | بِهِمْ | مَّا | كَانُوْا | بِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور ظاہر ہونگی | واسطے انکے | برائیاں | اس چیز کی کہ | کماتے تھے | اور | گھیر لیا | ان کو | جو کچھ کہ | تھے وہ | ساتھ اسکے |

اور ان کے اعمال کی برائیاں ان پر ظاہر ہو جائیں گی اور جس (عذاب) کی وہ ہنسی اڑاتے تھے وہ ان کو

يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۴۸﴾ فَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ۡ ثُمَّ اِذَا خَوَّلْنٰهُ

| يَسْتَهْزِءُوْنَ | فَاِذَا | مَسَّ | الْاِنْسَانَ | ضُرٌّ | دَعَانَا | ثُمَّ | اِذَا | خَوَّلْنٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٹھٹھا کرتے | پس جب | لگتی ہے | آدمی کو | سختی | پکارتا ہے ہم کو | پھر | جب | دیتے ہیں ہم اسکو |

آگھیرے گا ﴿۴۸﴾ جب انسان کو تکلیف پہنچتی ہے تو ہمیں پکارنے لگتا ہے پھر جب ہم اس کو اپنی

نِعْمَةً مِّنَّا ۙ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ ؕ بَلْ هِىَ فِتْنَةٌ وَّلٰكِنَّ

| نِعْمَةً | مِّنَّا | قَالَ | اِنَّمَآ | اُوْتِيْتُهٗ | عَلٰى | عِلْمٍ | بَلْ | هِىَ | فِتْنَةٌ | وَّ | لٰكِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نعمت | اپنی طرف سے | کہتا ہے | سوائے اسکے نہیں کہ | دیا گیا ہوں میں اسکو | اوپر | علم کے | بلکہ | یہ | آزمائش ہے | اور | لیکن |

طرف سے نعمت بخشتے ہیں تو کہتا ہے کہ یہ تو مجھے (میرے) علم (ودانش) کے سبب ملی ہے۔ (نہیں) بلکہ وہ آزمائش ہے

اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۹﴾ قَدْ قَالَهَا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَمَآ اَغْنٰى

| اَكْثَرَهُمْ | لَا | يَعْلَمُوْنَ | قَدْ | قَالَهَا | الَّذِيْنَ | مِنْ | قَبْلِهِمْ | فَمَآ | اَغْنٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اکثر ان کے | نہیں | جانتے | تحقیق | کہی تھی یہ بات | ان لوگوں نے | جو کہ | ان سے پہلے تھے | پس نہیں | کفایت کی |

مگر ان سے اکثر نہیں جانتے ﴿۴۹﴾ جو لوگ ان سے پہلے تھے وہ بھی یہی کہا کرتے تھے تو جو کچھ وہ کیا

عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۵۰﴾ فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ؕ

| عَنْهُمْ | مَّا | كَانُوْا | يَكْسِبُوْنَ | فَاَصَابَهُمْ | سَيِّاٰتُ | مَا | كَسَبُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان سے | اس چیز نے جو کہ | تھے وہ | کماتے | پس پہنچی ان کو | برائی | اس چیز کی کہ | کمایا انہوں نے |

کرتے تھے ان کے کچھ کام بھی نہ آیا ﴿۵۰﴾ تو ان پر ان کے اعمال کے وبال پڑ گئے۔

وَالَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ هٰٓؤُلَآءِ سَيُصِيْبُهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ۙ وَمَا

| وَ | الَّذِيْنَ | ظَلَمُوْا | مِنْ | هٰٓؤُلَآءِ | سَيُصِيْبُهُمْ | سَيِّاٰتُ | مَا | كَسَبُوْا | وَمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ لوگ کہ | ظلم کرتے تھے | سے | ان میں | جلد پہنچے گی ان کو | برائی | اس چیز کی کہ | کمایا انہوں نے | اور نہیں |

اور جو لوگ ان میں سے ظلم کرتے رہے ہیں ان پر ان کے عملوں کے وبال عنقریب پڑیں گے۔ اور وہ

هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۵۱﴾ اَوَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ

| هُمْ | بِمُعْجِزِيْنَ | اَوَلَمْ | يَعْلَمُوْٓا | اَنَّ | اللّٰهَ | يَبْسُطُ | الرِّزْقَ | لِمَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ | عاجز کرنے والے | کیا نہیں | جانتے | یہ کہ | اللہ | کشادہ کرتا ہے | رزق | واسطے جسکے |

(اللہ کو) عاجز نہیں کر سکتے ﴿۵۱﴾ کیا ان کو معلوم نہیں کہ اللہ ہی جس کے لیے چاہتا ہے رزق کو فراخ کر دیتا ہے اور (جس

يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾ قُلْ ع ۵ ۱۱ ۲

| يَّشَآءُ | وَ | يَقْدِرُ | اِنَّ | فِىْ | ذٰلِكَ | لَاٰيٰتٍ | لِّقَوْمٍ | يُّؤْمِنُوْنَ | قُلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چاہے | اور | تنگ کر دیتا ہے | بیشک | بیچ | اس کے | البتہ نشانیاں ہیں | واسطے اس قوم کے کہ | ایمان لاتے ہیں | کہہ |

کے لیے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے۔ جو لوگ ایمان لاتے ہیں ان کے لیے اس میں (بہت سی) نشانیاں ہیں ﴿۵۲﴾ (اے پیغمبر

يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ

| يٰعِبَادِيَ | الَّذِيْنَ | اَسْرَفُوْا | عَلٰٓى | اَنْفُسِهِمْ | لَا | تَقْنَطُوْا | مِنْ | رَّحْمَةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے میرے بندو | جن لوگوں نے | زیادتی کی | اوپر | جانوں اپنی کے | مت | ناامید ہوں | سے | رحمت |

میری طرف سے لوگوں کو) کہہ دو کہ اے میرے بندو! جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی ہے اللہ کی رحمت

اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ

| اللّٰهِ | اِنَّ | اللّٰهَ | يَغْفِرُ | الذُّنُوْبَ | جَمِيْعًا | اِنَّهٗ | هُوَ | الْغَفُوْرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ کی | بیشک | اللہ | بخشتا ہے | گناہ | سارے | بیشک وہ | وہی ہے | بخشنے والا |

سے ناامید نہ ہونا۔ اللہ تو سب گناہوں کو بخش دیتا ہے۔ (اور) وہ تو بخشنے والا

الرَّحِيْمُ ﴿۵۳﴾ وَاَنِيْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ وَاَسْلِمُوْا لَهٗ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ

| الرَّحِيْمُ | وَ | اَنِيْبُوْٓا | اِلٰى | رَبِّكُمْ | وَ | اَسْلِمُوْا | لَهٗ | مِنْ | قَبْلِ | اَنْ | يَّاْتِيَكُمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مہربان | اور | رجوع کرو | طرف | رب اپنے کی | اور | مطیع رہو | واسطے اسکے | سے | پہلے اس | یہ کہ | آئے تم کو |

مہربان ہے ﴿۵۳﴾ اور اس سے پہلے کہ تم پر عذاب آ واقع ہو اپنے پروردگار کی طرف رجوع کرو اور اس کے

الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۵۴﴾ وَاتَّبِعُوْٓا اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ

| الْعَذَابُ | ثُمَّ | لَا | تُنْصَرُوْنَ | وَ | اتَّبِعُوْٓا | اَحْسَنَ | مَآ | اُنْزِلَ | اِلَيْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عذاب | پھر | نہ | مدد کیے جائیں گے | اور | پیروی کرو | اچھی طرح | اس چیز کی کہ | اتاری گئی ہے | طرف تمہارے |

فرمانبردار ہو جاؤ۔ پھر تم کو مدد نہیں ملے گی ﴿۵۴﴾ اور اس سے پہلے کہ تم پر ناگہاں عذاب آ جائے

مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَّاَنْتُمْ

| مِّنْ | رَّبِّكُمْ | مِّنْ | قَبْلِ | اَنْ | يَّاْتِيَكُمُ | الْعَذَابُ | بَغْتَةً | وَّ | اَنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کی طرف سے | تمہارے رب | سے | پہلے اس | یہ کہ | آئے تم کو | عذاب | ناگہاں | اور | تم |

اور تم کو خبر بھی نہ ہو اس نہایت اچھی (کتاب) کی جو تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر نازل ہوئی ہے

لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿۵۵﴾ اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِيْ

| لَا | تَشْعُرُوْنَ | اَنْ | تَقُوْلَ | نَفْسٌ | يّٰحَسْرَتٰى | عَلٰى | مَا | فَرَّطْتُّ | فِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | جانتے ہو | ایسا نہ ہو کہ | کہے | کوئی جی | اے افسوس | اوپر | اس کے کہ | تقصیر کی میں نے | بیچ |

پیروی کرو ﴿۵۵﴾ کہ (مبادا اس وقت) کوئی متنفس کہنے لگے کہ (ہائے ہائے) اس تقصیر پر افسوس ہے

جَنۡۢبِ اللّٰهِ وَاِنۡ كُنۡتُ لَمِنَ السّٰخِرِيۡنَ ﴿۵۶﴾ اَوۡ تَقُوۡلَ لَوۡ اَنَّ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَنۡۢبِ | اللّٰهِ | وَ | اِنۡ | كُنۡتُ | لَمِنَ | السّٰخِرِيۡنَ | اَوۡ | تَقُوۡلَ | لَوۡ | اَنَّ | اللّٰهَ |
| حق | اللہ کے | اور | تحقیق | تھا میں | البتہ میں سے | ٹھٹھا کرنے والوں | یا | کہے | کہ اگر | یہ کہ | اللہ |

جو میں نے اللہ کے حق میں کی اور میں تو ہنسی ہی کرتا رہا ﴿۵۶﴾ یا یہ کہنے لگے کہ اگر اللہ

هَدٰىنِيۡ لَكُنۡتُ مِنَ الۡمُتَّقِيۡنَ ﴿۵۷﴾ اَوۡ تَقُوۡلَ حِيۡنَ تَرَى الۡعَذَابَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هَدٰىنِيۡ | لَكُنۡتُ | مِنَ | الۡمُتَّقِيۡنَ | اَوۡ | تَقُوۡلَ | حِيۡنَ | تَرَى | الۡعَذَابَ |
| ہدایت کرتا مجھ کو | البتہ ہوتا میں | سے | پرہیزگاروں میں | یا | کہے | جب | دیکھے | عذاب کو |

مجھ کو ہدایت دیتا تو میں بھی پرہیزگاروں میں ہوتا ﴿۵۷﴾ یا جب عذاب دیکھ لے تو کہنے لگے کہ

لَوۡ اَنَّ لِىۡ كَرَّةً فَاَكُوۡنَ مِنَ الۡمُحۡسِنِيۡنَ ﴿۵۸﴾ بَلٰى قَدۡ جَآءَتۡكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَوۡ | اَنَّ | لِىۡ | كَرَّةً | فَاَكُوۡنَ | مِنَ | الۡمُحۡسِنِيۡنَ | بَلٰى | قَدۡ | جَآءَتۡكَ |
| کاش | کہ | ہو واسطے میرے | پھر جانا | پس ہوں میں | سے | نیکی کرنے والوں میں | یہ نہیں | تحقیق | آئیں تیرے پاس |

اگر مجھے پھر ایک دفعہ دنیا میں جانا ہو تو میں نیکوکاروں میں ہو جاؤں ﴿۵۸﴾ (اللہ فرمائے گا) کیوں نہیں میری

اٰيٰتِىۡ فَكَذَّبۡتَ بِهَا وَاسۡتَكۡبَرۡتَ وَكُنۡتَ مِنَ الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿۵۹﴾ وَيَوۡمَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰيٰتِىۡ | فَكَذَّبۡتَ | بِهَا | وَاسۡتَكۡبَرۡتَ | وَ | كُنۡتَ | مِنَ | الۡكٰفِرِيۡنَ | وَ | يَوۡمَ |
| نشانیاں میری | پس تو نے جھٹلایا | اس کو | اور تکبر کیا تو نے | اور | تھا تو | سے | کافروں | اور | دن |

آیتیں تیرے پاس پہنچ گئی تھیں مگر تو نے اُن کو جھٹلایا اور شیخی میں آ گیا اور تو کافر بن گیا ﴿۵۹﴾ اور جن

الۡقِيٰمَةِ تَرَى الَّذِيۡنَ كَذَبُوۡا عَلَى اللّٰهِ وُجُوۡهُهُمۡ مُّسۡوَدَّةٌ ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡقِيٰمَةِ | تَرَى | الَّذِيۡنَ | كَذَبُوۡا | عَلَى | اللّٰهِ | وُجُوۡهُهُمۡ | مُّسۡوَدَّةٌ |
| قیامت کے | دیکھے گا تو | ان لوگوں کو کہ | جھوٹ بولتے ہیں | اوپر | اللہ کے | منہ ان کے | کالے ہیں |

لوگوں نے اللہ پر جھوٹ بولا تم قیامت کے دن دیکھو گے کہ اُن کے منہ کالے ہو رہے ہوں گے۔

اَلَيۡسَ فِىۡ جَهَنَّمَ مَثۡوًى لِّلۡمُتَكَبِّرِيۡنَ ﴿۶۰﴾ وَيُنَجِّى اللّٰهُ الَّذِيۡنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلَيۡسَ | فِىۡ | جَهَنَّمَ | مَثۡوًى | لِّلۡمُتَكَبِّرِيۡنَ | وَ | يُنَجِّى | اللّٰهُ | الَّذِيۡنَ |
| کیا نہیں ہے | بیچ | دوزخ کے | جگہ رہنے کی | واسطے تکبر کرنیوالوں کے | اور | نجات دے گا | اللہ | ان لوگوں کو کہ |

کیا غرور کرنے والوں کا ٹھکانا دوزخ میں نہیں ہے؟ ﴿۶۰﴾ اور جو پرہیزگار ہیں اُن کی

اتَّقَوْا بِمَفَازَتِهِمْ ۖ لَا يَمَسُّهُمُ السُّوْٓءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦١﴾ اَللّٰهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتَّقَوْا | بِمَفَازَتِهِمْ | لَا | يَمَسُّهُمُ | السُّوْٓءُ | وَ | لَا | هُمْ | يَحْزَنُوْنَ | اَللّٰهُ |
| پرہیزگاری کرتے تھے | ساتھ انکی کامیابی کے | نہ | لگے گی ان کو | برائی | اور | نہ | وہ | غمگین ہوں گے | اللہ ہے |

(سعادت اور) کامیابی کے سبب اللہ اُن کو نجات دے گا نہ تو اُن کو کوئی سختی پہنچے گی اور نہ وہ غمناک ہوں گے ﴿٦١﴾ اللہ

خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۖ وَّهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿٦٢﴾ لَهٗ مَقَالِيْدُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَالِقُ | كُلِّ | شَيْءٍ | وَّ | هُوَ | عَلٰى | كُلِّ | شَيْءٍ | وَّكِيْلٌ | لَهٗ | مَقَالِيْدُ |
| پیدا کرنیوالا | ہر | چیز کا | اور | وہ | اوپر | ہر | چیز کے | کارساز ہے | واسطے اسکے ہیں | کنجیاں |

ہی ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے اور وہی ہر چیز کا نگران ہے ﴿٦٢﴾ اُسی کے پاس

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | وَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ | اُولٰٓئِكَ |
| آسمانوں کی | اور | زمین کی | اور | جنہوں نے | کفر کیا | ساتھ نشانیوں | اللہ کے | یہ لوگ |

آسمانوں اور زمین کی کنجیاں ہیں اور جنہوں نے اللہ کی آیتوں سے کفر کیا وہی

ع ۶ ۱۱ ۲ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٦٣﴾ قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هُمُ | الْخٰسِرُوْنَ | قُلْ | اَفَغَيْرَ | اللّٰهِ | تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ | اَعْبُدُ | اَيُّهَا |
| وہی ہیں | ٹوٹا پانے والے | کہہ | کیا پس سوائے | اللہ کے | حکم کرتے ہو تم مجھ کو کہ | عبادت کروں | اے |

نقصان اُٹھانے والے ہیں ﴿٦٣﴾ کہہ دو کہ اے نادانو! تم مجھ سے یہ کہتے ہو کہ میں غیر اللہ کی پرستش

الْجٰهِلُوْنَ ﴿٦٤﴾ وَلَقَدْ اُوْحِيَ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَئِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْجٰهِلُوْنَ | وَ | لَقَدْ | اُوْحِيَ | اِلَيْكَ | وَ | اِلَى | الَّذِيْنَ | مِنْ | قَبْلِكَ | لَئِنْ |
| جاہلو | اور | البتہ تحقیق | وحی کی گئی ہے | طرف تیری | اور | طرف | ان لوگوں کی | سے | تھے پہلے تجھ | اگر |

کرنے لگوں ﴿٦٤﴾ اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) تمہاری طرف اور اُن (پیغمبروں) کی طرف جو تم سے پہلے ہو چکے ہیں یہی وحی بھیجی گئی ہے کہ

اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٦٥﴾ بَلِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَشْرَكْتَ | لَيَحْبَطَنَّ | عَمَلُكَ | وَ | لَتَكُوْنَنَّ | مِنَ | الْخٰسِرِيْنَ | بَلِ |
| شریک لائے گا تو | البتہ کھوئے جائیں گے | عمل تیرے | اور | البتہ ہوگا تو | سے | زیاں پانے والوں | بلکہ |

اگر تم نے شرک کیا تو تمہارے عمل برباد ہو جائیں گے اور تم زیاں کاروں میں ہو جاؤ گے ﴿٦٥﴾ بلکہ

اللّٰهَ فَاعۡبُدۡ وَكُنۡ مِّنَ الشّٰكِرِيۡنَ ﴿۶۶﴾ وَ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | فَاعۡبُدۡ | وَكُنۡ | مِّنَ | الشّٰكِرِيۡنَ | وَ | مَا | قَدَرُوا | اللّٰهَ | حَقَّ |
| اللہ ہی کی | پس عبادت کر | اور ہو | سے | شکر کرنے والوں | اور | نہ | قدر پہچانی انہوں نے | اللہ کی | حق |

اللہ ہی کی عبادت کرو اور شکرگزاروں میں ہو ﴿۶۶﴾ اور اُنہوں نے اللہ کی قدرشناسی

قَدۡرِهٖ ۖ وَالۡاَرۡضُ جَمِيۡعًا قَبۡضَتُهٗ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ وَ السَّمٰوٰتُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَدۡرِهٖ | وَالۡاَرۡضُ | جَمِيۡعًا | قَبۡضَتُهٗ | يَوۡمَ | الۡقِيٰمَةِ | وَ | السَّمٰوٰتُ |
| قدر اسکے کا | اور زمین | ساری | مٹھی میں ہے اس کی | دن | قیامت کے | اور | آسمان |

جیسی کرنی چاہیے تھی نہیں کی اور قیامت کے دن تمام زمین اُس کی مُٹھی میں ہو گی اور آسمان اُس کے داہنے

مَطۡوِيّٰتٌۢ بِيَمِيۡنِهٖ ؕ سُبۡحٰنَهٗ وَ تَعٰلٰى عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ ﴿۶۷﴾ وَنُفِخَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَطۡوِيّٰتٌۢ | بِيَمِيۡنِهٖ | سُبۡحٰنَهٗ | وَ | تَعٰلٰى | عَمَّا | يُشۡرِكُوۡنَ | وَنُفِخَ |
| لپٹے ہوئے ہیں | اسکے داہنے ہاتھ کے بیچ | پاک ہے وہ | اور | بلند ہے | اس چیز سے کہ | شریک لاتے ہیں | اور پھونکا جائیگا |

ہاتھ میں لپٹے ہوں گے۔ (اور) وہ ان لوگوں کے شرک سے پاک اور عالی شان ہے ﴿۶۷﴾ اور جب

فِي الصُّوۡرِ فَصَعِقَ مَنۡ فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَنۡ فِي الۡاَرۡضِ اِلَّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِي | الصُّوۡرِ | فَصَعِقَ | مَنۡ | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَ | مَنۡ | فِي | الۡاَرۡضِ | اِلَّا |
| بیچ | صور کے | پس بیہوش ہوجائینگے | جو کہ | بیچ | آسمانوں کے ہے | اور | جو کہ | بیچ | زمین کے ہیں | مگر |

صور پھونکا جائے گا تو جو لوگ آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں سب بیہوش ہو کرگر پڑیں گے

مَنۡ شَآءَ اللّٰهُ ؕ ثُمَّ نُفِخَ فِيۡهِ اُخۡرٰى فَاِذَا هُمۡ قِيَامٌ يَّنۡظُرُوۡنَ ﴿۶۸﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنۡ | شَآءَ | اللّٰهُ | ثُمَّ | نُفِخَ | فِيۡهِ | اُخۡرٰى | فَاِذَا | هُمۡ | قِيَامٌ | يَّنۡظُرُوۡنَ |
| جس کو | چاہے | اللہ | پھر | پھونکا جائیگا | بیچ اسکے | دوسری بار | پس ناگہاں | وہ | اٹھ کھڑے ہونگے | دیکھتے ہوئے |

مگر وہ جس کو اللہ چاہے پھر دوسری دفعہ پھونکا جائے گا تو فوراً سب کھڑے ہو کر دیکھنے لگیں گے ﴿۶۸﴾

وَ اَشۡرَقَتِ الۡاَرۡضُ بِنُوۡرِ رَبِّهَا وَ وُضِعَ الۡكِتٰبُ وَ جِآيۡءَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَشۡرَقَتِ | الۡاَرۡضُ | بِنُوۡرِ | رَبِّهَا | وَ | وُضِعَ | الۡكِتٰبُ | وَ | جِآيۡءَ |
| اور | چمک جائے گی | زمین | ساتھ نور | پروردگار اپنے کے | اور | رکھے جائیں گے | عمل نامے | اور | لایا جائے گا |

اور زمین اپنے پروردگار کے نور سے چمک اٹھے گی اور (اعمال کی) کتاب (کھول کر) رکھ دی جائے گی۔ اور پیغمبر اور (اور)

بِالنَّبِيّٖنَ وَالشُّهَدَآءِ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۶۹﴾

| بِالنَّبِيّٖنَ | وَ | الشُّهَدَآءِ | وَ | قُضِيَ | بَيْنَهُمْ | بِالْحَقِّ | وَ | هُمْ | لَا | يُظْلَمُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیغمبروں کو | اور | گواہوں کو | اور | فیصلہ کیا جائیگا | درمیان انکے | ساتھ حق کے | اور | وہ | نہیں | ظلم کیے جائینگے |

گواہ حاضر کیے جائیں گے اور ان میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کیا جائے گا اور بے انصافی نہیں کی جائے گی ﴿۶۹﴾

وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۰﴾ ع ۷

| وَ | وُفِّيَتْ | كُلُّ | نَفْسٍ | مَّا | عَمِلَتْ | وَ | هُوَ | اَعْلَمُ | بِمَا | يَفْعَلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | پورا دیا جائے گا | ہر | جی کو | جو کچھ | کیا تھا | اور | وہ | خوب جانتا ہے | جو کچھ کہ | وہ کرتے ہیں |

اور جس شخص نے جو عمل کیا ہوگا اس کو اس کا پورا پورا بدلہ مل جائے گا اور جو کچھ یہ کرتے ہیں اس کو سب کی خبر ہے ﴿۷۰﴾

وَسِيْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ زُمَرًا ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا

| وَ | سِيْقَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْٓا | اِلٰى | جَهَنَّمَ | زُمَرًا | حَتّٰٓى | اِذَا | جَآءُوْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ہانکے جائینگے | وہ لوگ کہ | کافر ہوئے | طرف | دوزخ کے | گروہ گروہ | یہاں تک کہ | جب | آئینگے اسکے پاس |

اور کافروں کو گروہ گروہ بنا کر جہنم کی طرف لے جائیں گے۔ یہاں تک کہ جب وہ اس کے پاس پہنچ جائیں گے

فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَآ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ

| فُتِحَتْ | اَبْوَابُهَا | وَ | قَالَ | لَهُمْ | خَزَنَتُهَآ | اَلَمْ | يَاْتِكُمْ | رُسُلٌ | مِّنْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کھولے جائینگے | دروازے اس کے | اور | کہیں گے | واسطے انکے | چوکیدار اس کے | کیا نہ | آئے تھے تمہارے پاس | پیغمبر | تم میں سے |

تو اس کے دروازے کھول دیے جائیں گے تو اس کے داروغہ ان سے کہیں گے کہ کیا تمہارے پاس تم ہی میں سے پیغمبر نہیں آئے تھے

يَتْلُوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ رَبِّكُمْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا

| يَتْلُوْنَ | عَلَيْكُمْ | اٰيٰتِ | رَبِّكُمْ | وَ | يُنْذِرُوْنَكُمْ | لِقَآءَ | يَوْمِكُمْ | هٰذَا | قَالُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پڑھتے تھے | اوپر تمہارے | نشانیاں | تمہارے رب کی | اور | ڈراتے تھے تم کو | ملاقات | دن تمہارے کی سے | اس | کہیں گے |

جو تم کو تمہارے پروردگار کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے اور اس دن کے پیش آنے سے ڈراتے تھے۔ کہیں گے

بَلٰى وَلٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۱﴾ قِيْلَ

| بَلٰى | وَ | لٰكِنْ | حَقَّتْ | كَلِمَةُ | الْعَذَابِ | عَلَى | الْكٰفِرِيْنَ | قِيْلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیوں نہیں ہاں | اور | لیکن | ثابت ہوئی | بات | عذاب کی | اوپر | کافروں کے | کہا جائے گا |

کیوں نہیں لیکن کافروں کے حق میں عذاب کا حکم تحقیق ہو چکا تھا ﴿۷۱﴾ کہا جائے گا

ادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى

| مَثْوَى | فَبِئْسَ | فِيْهَا | خٰلِدِيْنَ | جَهَنَّمَ | اَبْوَابَ | ادْخُلُوْٓا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جگہ | پس بری ہے | بیچ اس کے | ہمیشہ رہنے والے | دوزخ کے | دروازوں میں | داخل ہو جاؤ |

کہ دوزخ کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ ہمیشہ اس میں رہو گے۔ تکبر کرنے والوں کا

الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۲﴾ وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ۭ

| زُمَرًا | الْجَنَّةِ | اِلَى | رَبَّهُمْ | اتَّقَوْا | الَّذِيْنَ | سِيْقَ | وَ | الْمُتَكَبِّرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گروہ گروہ | بہشت کی | طرف | پروردگار اپنے سے | ڈرتے تھے | وہ لوگ جو کہ | ہانکے جائیں گے | اور | تکبر کرنے والوں کی |

برا ٹھکانا ہے﴿۷۲﴾ اور جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں ان کو گروہ گروہ بنا کر بہشت کی طرف لے جائیں گے۔

حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا

| خَزَنَتُهَا | لَهُمْ | قَالَ | وَ | اَبْوَابُهَا | وَفُتِحَتْ | جَاۗءُوْهَا | اِذَا | حَتّٰٓى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چوکیدار اس کے | واسطے ان کے | کہیں گے | اور | دروازے اس کے | اور کھولے جائینگے | آئیں گے اس کے پاس | جب | یہاں تک کہ |

یہاں تک کہ جب اس کے پاس پہنچ جائیں گے اور اس کے دروازے کھول دیے جائیں گے تو اس کے داروغہ ان سے کہیں گے کہ

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ﴿۷۳﴾ وَقَالُوا الْحَمْدُ

| الْحَمْدُ | قَالُوا | وَ | خٰلِدِيْنَ | فَادْخُلُوْهَا | طِبْتُمْ | عَلَيْكُمْ | سَلٰمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سب تعریف | کہیں گے | اور | ہمیشہ رہنے والے | پس داخل ہو جاؤ اس میں | خوشحال ہوئے تم | اوپر تمہارے | سلامتی ہو جیو |

تم پر سلام تم بہت اچھے رہے اب اس میں ہمیشہ کے لیے داخل ہو جاؤ﴿۷۳﴾ وہ کہیں گے کہ اللہ کا شکر ہے

لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ

| الْجَنَّةِ | مِنَ | نَتَبَوَّاُ | الْاَرْضَ | اَوْرَثَنَا | وَ | وَعْدَهٗ | صَدَقَنَا | الَّذِيْ | لِلّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ارض جنت | سے | جگہ پکڑتے ہیں ہم | ارض جنت کا | وارث کیا ہم کو | اور | وعدہ اپنا | سچا کیا ہم سے | جس نے | واسطے اللہ کے ہے |

جس نے اپنے وعدے کو ہم سے سچا کر دیا اور ہم کو اس زمین کا وارث بنا دیا ہم بہشت میں

حَيْثُ نَشَاۗءُ ۚ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۷۴﴾ وَتَرَى الْمَلٰۗىِٕكَةَ

| الْمَلٰۗىِٕكَةَ | تَرَى | وَ | الْعٰمِلِيْنَ | اَجْرُ | فَنِعْمَ | نَشَاۗءُ | حَيْثُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فرشتوں کو | دیکھے گا تو | اور | عمل کرنے والوں کا | ثواب | پس بہت اچھا ہے | چاہیں ہم | جہاں بھی |

جس مکان میں چاہیں رہیں تو (اچھے) عمل کرنے والوں کا بدلہ بھی کیسا خوب ہے﴿۷۴﴾ تم فرشتوں کو دیکھو گے

حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ج

| حَآفِّيْنَ | مِنْ | حَوْلِ | الْعَرْشِ | يُسَبِّحُوْنَ | بِحَمْدِ | رَبِّهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| گھیرے ہوں گے | سے | گرداگرد | عرش کے | پاکی بیان کرتے ہیں | ساتھ تعریف | پروردگار اپنے کے |

کہ عرش کے گرد گھیرا باندھے ہوئے ہیں (اور) اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کررہے ہیں اور ان میں انصاف کے

ع ۸ ۵
وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۵﴾ ع

| وَ | قُضِيَ | بَيْنَهُمْ | بِالْحَقِّ | وَ | قِيْلَ | الْحَمْدُ | لِلّٰهِ | رَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | فیصلہ کیا جاتا ہے | درمیان ان کے | ساتھ حق کے | اور | کہا جائے گا | سب تعریف | واسطے اللہ | پروردگار | عالموں کے ہے |

ساتھ فیصلہ کیا جائے گا اور کہا جائے گا کہ ہر طرح کی تعریف اللہ ہی کو سزاوار ہے جو سارے جہان کا مالک ہے ﴿۷۵﴾

## ایاتها ۸۵ — ۴۰ سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِ مَكِّيَّةٌ ۶۰ — رکوعاتها ۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۲﴾ لا غَافِرِ الذَّنْبِ

| حٰمٓ | تَنْزِيْلُ | الْكِتٰبِ | مِنَ | اللّٰهِ | الْعَزِيْزِ | الْعَلِيْمِ | غَافِرِ | الذَّنْبِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حٰمٓ | اتارنا | کتاب کا | کی طرف سے ہے | اللہ | غالب | جاننے والا | بخشنے والا | گناہوں کو |

حٰمٓ ﴿۱﴾ اس کتاب کا اُتارا جانا اللہ غالب ودانا کی طرف سے ہے ﴿۲﴾ جو گناہ بخشنے والا

وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ لا ذِي الطَّوْلِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط اِلَيْهِ

| وَ | قَابِلِ | التَّوْبِ | شَدِيْدِ | الْعِقَابِ | ذِي | الطَّوْلِ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | اِلَيْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | قبول کرنیوالا | توبہ کا | سخت کرنیوالا | عذاب کا | صاحب | انعام کا | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہ | طرف اسی کے ہے |

اور توبہ قبول کرنے والا (اور) سخت عذاب دینے والا (اور) صاحبِ کرم ہے۔ اُس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اُسی کی طرف

الْمَصِيْرُ ﴿۳﴾ مَا يُجَادِلُ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ اِلَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَلَا يَغْرُرْكَ

| الْمَصِيْرُ | مَا | يُجَادِلُ | فِيْٓ | اٰيٰتِ | اللّٰهِ | اِلَّا | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | فَلَا | يَغْرُرْكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر جانا | نہیں | جھگڑتے | بیچ | نشانیوں | اللہ کے | مگر | وہ لوگ جو کہ | کافر ہوئے | پس نہ | فریب میں ڈالے تجھ کو |

پھر کر جانا ہے ﴿۳﴾ اللہ کی آیتوں میں وہی لوگ جھگڑتے ہیں جو کافر ہیں تو اُن لوگوں کا شہروں میں چلنا پھرنا تمہیں

تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ ۝۴ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَّالْأَحْزَابُ مِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَقَلُّبُهُمْ | فِي | الْبِلَادِ | كَذَّبَتْ | قَبْلَهُمْ | قَوْمُ | نُوحٍ | وَّ | الْأَحْزَابُ | مِنْ |
| پھرنا ان کا | بیچ | شہروں کے | جھٹلایا تھا | پہلے ان سے | قوم | نوح کی نے | اور | گروہوں نے | سے |

دھوکے میں نہ ڈال دے۝۴ اُن سے پہلے نوح کی قوم اور اُن کے بعد اور امتوں نے

بَعْدِهِمْ ۖ وَهَمَّتْ كُلُّ أُمَّةٍ بِرَسُولِهِمْ لِيَأْخُذُوهُ وَجَادَلُوا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعْدِهِمْ | وَ | هَمَّتْ | كُلُّ | أُمَّةٍ | بِرَسُولِهِمْ | لِيَأْخُذُوهُ | وَجَادَلُوا |
| پیچھے ان کے | اور | قصد کیا | ہر ایک | امت نے | ساتھ پیغمبر اپنے کے | تا کہ پکڑ لیں اس کو | اور جھگڑا کرتے تھے |

بھی (پیغمبروں کی) تکذیب کی اور ہر اُمت نے اپنے پیغمبر کے بارے میں یہی قصد کیا کہ اس کو پکڑ لیں اور

بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ فَأَخَذْتُهُمْ ۗ قف فَكَيْفَ كَانَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْبَاطِلِ | لِيُدْحِضُوا | بِهِ | الْحَقَّ | فَأَخَذْتُهُمْ | فَكَيْفَ | كَانَ |
| ساتھ جھوٹ بات کے | تا کہ ڈگا دیں | ساتھ اس کے | حق کو | پس پکڑ لیا میں نے ان کو | پس کیوں کر | ہوا |

بیہودہ (شبہات سے) جھگڑتے رہے کہ اُس سے حق کو زائل کر دیں تو میں نے ان کو پکڑ لیا۔ سو (دیکھ لو) میرا

عِقَابِ ۝۵ وَكَذَٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِينَ كَفَرُوا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِقَابِ | وَ | كَذَٰلِكَ | حَقَّتْ | كَلِمَتُ | رَبِّكَ | عَلَى | الَّذِينَ | كَفَرُوا |
| عذاب میرا | اور | اسی طرح | ثابت ہوئی | بات | تیرے پروردگار کی | اوپر | ان لوگوں کے کہ | کافر ہوئے |

عذاب کیسا ہوا۝۵ اور اسی طرح کافروں کے بارے میں بھی تمہارے پروردگار کی بات پوری ہو چکی ہے

أَنَّهُمْ أَصْحَابُ النَّارِ ۝۶ ۘ الَّذِينَ يَحْمِلُونَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهُ

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم
وقف لازم

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| أَنَّهُمْ | أَصْحَابُ | النَّارِ | الَّذِينَ | يَحْمِلُونَ | الْعَرْشَ | وَ | مَنْ | حَوْلَهُ |
| یہ کہ وہ | رہنے والے | آگ کے ہیں | وہ لوگ جو | اٹھا رہے ہیں | عرش | اور | جو کوئی ہیں | اس کے گرد |

کہ وہ اہل دوزخ ہیں۝۶ وہ جو عرش کو اٹھائے ہوئے اور جو اس کے گرداگرد (حلقہ باندھے ہوئے) ہیں

يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُونَ بِهِ وَيَسْتَغْفِرُونَ لِلَّذِينَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُسَبِّحُونَ | بِحَمْدِ | رَبِّهِمْ | وَ | يُؤْمِنُونَ | بِهِ | وَ | يَسْتَغْفِرُونَ | لِلَّذِينَ |
| پاکی بیان کرتے ہیں | ساتھ تعریف | رب اپنے کے | اور | ایمان لاتے ہیں | ساتھ اسکے | اور | بخشش مانگتے ہیں | واسطے ان لوگوں کے کہ |

(یعنی فرشتے) وہ اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتے رہتے ہیں اور اس کے ساتھ ایمان رکھتے ہیں اور مومنوں کے لیے بخشش

آمَنُوْا ۚ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ

| آمَنُوْا | رَبَّنَا | وَسِعْتَ | كُلَّ | شَيْءٍ | رَّحْمَةً | وَّ | عِلْمًا | فَاغْفِرْ | لِلَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان لائے | اے پروردگار ہمارے | سمالیا تو نے | ہر | چیز کو | رحمت کر | اور | علم کر | پس بخش | واسطے انکے کہ |

مانگتے رہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار تیری رحمت اور تیرا علم ہر چیز کو احاطہ کیے ہوئے ہے

تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿٧﴾ رَبَّنَا

| تَابُوْا | وَ | اتَّبَعُوْا | سَبِيْلَكَ | وَقِهِمْ | عَذَابَ | الْجَحِيْمِ | رَبَّنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| توبہ کی انہوں نے | اور | پیروی کی | تیری راہ کی | اور بچا ان کو | عذاب | دوزخ سے | اے پروردگار ہمارے |

توجن لوگوں نے توبہ کی اور تیرے رستے پر چلے ان کو بخش دے اور دوزخ کے عذاب سے بچالے ﴿۷﴾ اے ہمارے پروردگار

وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ

| وَاَدْخِلْهُمْ | جَنّٰتِ | عَدْنِ | الَّتِيْ | وَعَدْتَّهُمْ | وَ | مَنْ | صَلَحَ | مِنْ | اٰبَآئِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور داخل کر ان کو | بہشتوں میں | ہمیش رہنے کی | جو | وعدہ دیا ہے تو نے انکو | اور | جو کوئی | نیک ہو | سے | انکے باپوں میں |

ان کو ہمیشہ رہنے کی بہشتوں میں داخل کر جن کا تو نے اُن سے وعدہ کیا ہے اور جو اُن کے باپ دادا

وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ۗ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٨﴾ وَقِهِمُ

| وَ | اَزْوَاجِهِمْ | وَ | ذُرِّيّٰتِهِمْ | اِنَّكَ | اَنْتَ | الْعَزِيْزُ | الْحَكِيْمُ | وَ | قِهِمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بیبیوں ان کی سے | اور | اولاد ان کی سے | بے شک تو | تو ہی | غالب | حکمت والا ہے | اور | بچا ان کو |

اور ان کی بیویوں اور ان کی اولاد میں سے نیک ہوں ان کو بھی بیشک تو غالب حکمت والا ہے ﴿۸﴾ اور ان کو

السَّيِّاٰتِ ۗ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ۗ وَذٰلِكَ هُوَ

| السَّيِّاٰتِ | وَ | مَنْ | تَقِ | السَّيِّاٰتِ | يَوْمَئِذٍ | فَقَدْ | رَحِمْتَهٗ | وَ | ذٰلِكَ | هُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| برائیوں سے | اور | جس کو | بچایا تو نے | برائیوں سے | اس دن | پس تحقیق | مہربانی کی تو نے اس پر | اور | یہ | وہی ہے |

عذابوں سے بچائے رکھ۔ اور جس کو تو اُس روز عذابوں سے بچالے گا تو بیشک اس پر مہربانی فرمائی۔ اور یہی بڑی

الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٩﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنَادَوْنَ لَمَقْتُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ع ۱ ۹ ۲

| الْفَوْزُ | الْعَظِيْمُ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | يُنَادَوْنَ | لَمَقْتُ | اللّٰهِ | اَكْبَرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مراد پانا | بڑا | بیشک | وہ لوگ کہ | کافر ہوئے | پکارے جائیں گے | البتہ ناخوش رکھنا | اللہ کا | بہت بڑا ہے |

کامیابی ہے ﴿۹﴾ جن لوگوں نے کفر کیا اُن سے پکار کر کہہ دیا جائے گا کہ جب تم (دنیا میں) ایمان کی طرف

مِنْ مَّقْتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ اِذْ تُدْعَوْنَ اِلَى الْاِيْمَانِ فَتَكْفُرُوْنَ ﴿۱۰﴾

| مِنْ | مَّقْتِكُمْ | اَنْفُسَكُمْ | اِذْ | تُدْعَوْنَ | اِلَى | الْاِيْمَانِ | فَتَكْفُرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | ناخوش رکھنے تمہارے | اپنے تئیں | جس وقت | پکارے جاتے تھے تم | طرف | ایمان کی | پس کفر کرتے تھے تم |

بلائے جاتے تھے اور مانتے نہیں تھے تو اللہ اس سے کہیں زیادہ بیزار ہوتا تھا جس قدر تم اپنے آپ سے بیزار ہو رہے ہو ﴿۱۰﴾

قَالُوْا رَبَّنَآ اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَاَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا

| قَالُوْا | رَبَّنَآ | اَمَتَّنَا | اثْنَتَيْنِ | وَ | اَحْيَيْتَنَا | اثْنَتَيْنِ | فَاعْتَرَفْنَا | بِذُنُوْبِنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہیں گے | اے رب ہمارے | مارا تو نے ہم کو | دوبار | اور | زندگی دے گا ہم کو | دوبار | پس اقرار کیا ہم نے | ساتھ گناہوں اپنے کے |

وہ کہیں گے کہ اے ہمارے پروردگار تو نے ہم کو دو دفعہ بے جان کیا اور دو دفعہ جان بخشی۔ ہم کو اپنے گناہوں کا اقرار ہے

فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿۱۱﴾ ذٰلِكُمْ بِاَنَّهٗٓ اِذَا دُعِيَ اللّٰهُ

| فَهَلْ | اِلٰى | خُرُوْجٍ | مِّنْ | سَبِيْلٍ | ذٰلِكُمْ | بِاَنَّهٗٓ | اِذَا | دُعِيَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس کیا ہے | طرف | نکلنے کی | کوئی | راہ | یہ | اس واسطے ہے کہ | جب | پکارا جاتا تھا | اللہ کو |

تو کیا نکلنے کی کوئی سبیل ہے؟ ﴿۱۱﴾ یہ اس لیے کہ جب تنہا اللہ کو پکارا جاتا تھا تو تم انکار کر

وَحْدَهٗ كَفَرْتُمْ ۚ وَاِنْ يُّشْرَكْ بِهٖ تُؤْمِنُوْا ۭ فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ الْعَلِيِّ

| وَحْدَهٗ | كَفَرْتُمْ | وَ | اِنْ | يُّشْرَكْ | بِهٖ | تُؤْمِنُوْا | فَالْحُكْمُ | لِلّٰهِ | الْعَلِيِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اکیلا اس کو | کفر کرتے تھے تم | اور | اگر | شریک لایا جاتا | ساتھ اسکے | اقرار کرتے تھے تم | پس حکم | واسطے اللہ | بلند |

دیتے تھے۔ اور اگر اس کے ساتھ شریک مقرر کیا جاتا تھا تو تسلیم کر لیتے تھے۔ تو حکم تو اللہ ہی کا ہے جو (سب سے) اُوپر

الْكَبِيْرِ ﴿۱۲﴾ هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ وَيُنَزِّلُ لَكُمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ رِزْقًا ۭ

| الْكَبِيْرِ | هُوَ | الَّذِيْ | يُرِيْكُمْ | اٰيٰتِهٖ | وَ | يُنَزِّلُ | لَكُمْ | مِّنَ | السَّمَاۗءِ | رِزْقًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بڑے کے ہے | وہی ہے | جو | دکھلاتا ہے تم کو | نشانیاں اپنی | اور | اتارتا ہے | واسطے تمہارے | سے | آسمان | روزی |

اور سب سے بڑا ہے ﴿۱۲﴾ وہی تو ہے جو تم کو اپنی نشانیاں دکھاتا ہے اور تم پر آسمان سے رزق اُتارتا ہے۔

وَمَا يَتَذَكَّرُ اِلَّا مَنْ يُّنِيْبُ ﴿۱۳﴾ فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ

| وَ | مَا | يَتَذَكَّرُ | اِلَّا | مَنْ | يُّنِيْبُ | فَادْعُوا | اللّٰهَ | مُخْلِصِيْنَ | لَهُ | الدِّيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہیں | نصیحت پکڑتا | مگر | وہ جو کہ | رجوع کرتا ہے | پس پکارو | اللہ کو | خالص کر کر | واسطے اسکے | عبادت کو |

اور نصیحت تو وہی پکڑتا ہے جو (اس کی طرف) رجوع کرتا ہے ﴿۱۳﴾ تو اللہ کی عبادت کو خالص کر کر اُسی کو پکارو

وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۴﴾ رَفِيْعُ الدَّرَجٰتِ ذُو الْعَرْشِ ۚ يُلْقِي الرُّوْحَ

| وَ | لَوْ | كَرِهَ | الْكٰفِرُوْنَ | رَفِيْعُ | الدَّرَجٰتِ | ذُو الْعَرْشِ | يُلْقِي | الرُّوْحَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اگرچہ | ناخوش رکھیں | کافر | بلند | درجوں والا | صاحب عرش کا | ڈالتا ہے | روح کو |

اگرچہ کافر برا ہی مانیں﴿۱۴﴾ وہ مالک درجاتِ عالی (اور) صاحبِ عرش ہے۔ اپنے بندوں میں سے

مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ لِيُنْذِرَ يَوْمَ التَّلَاقِ ﴿۱۵﴾ يَوْمَ

| مِنْ | اَمْرِهٖ | عَلٰى | مَنْ | يَّشَآءُ | مِنْ | عِبَادِهٖ | لِيُنْذِرَ | يَوْمَ | التَّلَاقِ | يَوْمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | حکم اپنے | اوپر | جس کے | چاہتا ہے | سے | بندوں اپنے | تاکہ ڈرائے | دن | ملاقات کے سے | جس دن کہ |

جس کو چاہتا ہے اپنے حکم سے وحی بھیجتا ہے تاکہ ملاقات کے دن سے ڈرائے﴿۱۵﴾ جس روز

هُمْ بٰرِزُوْنَ ۚ لَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْهُمْ شَيْءٌ ؕ لِمَنِ الْمُلْكُ

| هُمْ | بٰرِزُوْنَ | لَا | يَخْفٰى | عَلَى | اللّٰهِ | مِنْهُمْ | شَيْءٌ | لِمَنِ | الْمُلْكُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ | ظاہر ہوں گے | نہیں | چھپے گا | اوپر | اللہ کے | ان سے | کچھ | واسطے کس کے ہے | بادشاہی |

وہ نکل پڑیں گے اُن کی کوئی چیز اللہ سے مخفی نہ رہے گی۔ آج کس کی بادشاہت

اَلْيَوْمَ ؕ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿۱۶﴾ اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا

| اَلْيَوْمَ | لِلّٰهِ | الْوَاحِدِ | الْقَهَّارِ | اَلْيَوْمَ | تُجْزٰى | كُلُّ | نَفْسٍ | بِمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس دن | واسطے اللہ | اکیلے | غالب کے ہے | اس دن | بدلہ دیا جائے گا | ہر | جی کو | جو کچھ کہ |

ہے؟ اللہ کی جو اکیلا (اور) غالب ہے﴿۱۶﴾ آج کے دن ہر شخص کو اس کے اعمال کا

كَسَبَتْ ؕ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۷﴾

| كَسَبَتْ | لَا | ظُلْمَ | الْيَوْمَ | اِنَّ | اللّٰهَ | سَرِيْعُ | الْحِسَابِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کماتا ہے | نہیں | ظلم | اس دن | بیشک | اللہ | جلد لینے والا ہے | حساب کا |

بدلہ دیا جائے گا۔ آج (کسی کے حق میں) بے انصافی نہیں ہو گی۔ بیشک اللہ جلد حساب لینے والا ہے﴿۱۷﴾

وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كٰظِمِيْنَ ۬ؕ مَا

| وَاَنْذِرْهُمْ | يَوْمَ | الْاٰزِفَةِ | اِذِ | الْقُلُوْبُ | لَدَى | الْحَنَاجِرِ | كٰظِمِيْنَ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور ڈرا ان کو | اس دن سے | نزدیک آنیوالے | جس وقت | دل | نزدیک | حلق کے ہوں گے | غم کے بھرے ہوئے | نہیں |

اور اُن کو قریب آنے والے دن سے ڈراؤ جب کہ دل غم سے بھر کر گلوں تک آ رہے ہوں گے۔ (اور)

لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ حَمِيْمٍ وَّلَا شَفِيْعٍ يُّطَاعُ ﴿۱۸﴾ؕ يَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلظّٰلِمِيْنَ | مِنْ | حَمِيْمٍ | وَّ | لَا | شَفِيْعٍ | يُّطَاعُ | يَعْلَمُ | خَآئِنَةَ | الْاَعْيُنِ |
| واسطے ظالموں کے | کوئی | دوست | اور | نہ | شفاعت کرنیوالا | کہ کہا اسکا مانا جائے | جانتا ہے | خیانت | آنکھوں کی |

ظالموں کا کوئی دوست نہیں ہوگا اور نہ کوئی سفارشی جس کی بات قبول کی جائے ﴿۱۸﴾ وہ آنکھوں کی خیانت کو جانتا ہے اور جو

وَمَا تُخْفِی الصُّدُوْرُ ﴿۱۹﴾ وَاللّٰهُ يَقْضِیْ بِالْحَقِّ ؕ وَالَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | تُخْفِی | الصُّدُوْرُ | وَ | اللّٰهُ | يَقْضِیْ | بِالْحَقِّ | وَ | الَّذِيْنَ |
| اور | جو کچھ | چھپاتے ہیں | سینے | اور | اللہ | حکم کرتا ہے | ساتھ حق کے | اور | جن کو |

(باتیں) سینوں میں پوشیدہ ہیں (ان کو بھی) ﴿۱۹﴾ اور اللہ سچائی کے ساتھ حکم فرماتا ہے اور جن کو یہ لوگ

يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَقْضُوْنَ بِشَیْءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَدْعُوْنَ | مِنْ | دُوْنِهٖ | لَا | يَقْضُوْنَ | بِشَیْءٍ | اِنَّ | اللّٰهَ | هُوَ | السَّمِيْعُ |
| پکارتے ہیں | سے | اس کے سوائے | نہیں | حکم کرتے | کچھ بھی | بیشک | اللہ | وہی ہے | سننے والا |

پکارتے ہیں وہ کچھ بھی حکم نہیں دے سکتے۔ بیشک اللہ سننے والا (اور

الْبَصِيْرُ ﴿۲۰﴾ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِی الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ ع ۲ ۱۱

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْبَصِيْرُ | اَوَلَمْ | يَسِيْرُوْا | فِی | الْاَرْضِ | فَيَنْظُرُوْا | كَيْفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ |
| دیکھنے والا | کیا نہیں | سیر کی انہوں نے | بیچ | زمین کے | پس دیکھیں | کیوں کر | ہوا | آخر کام |

دیکھنے والا ہے ﴿۲۰﴾ کیا انہوں نے زمین میں سیر نہیں کی تاکہ دیکھ لیتے کہ جو لوگ اُن سے پہلے تھے

الَّذِيْنَ كَانُوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْا هُمْ اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِی

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | كَانُوْا | مِنْ | قَبْلِهِمْ | كَانُوْا | هُمْ | اَشَدَّ | مِنْهُمْ | قُوَّةً | وَّ | اٰثَارًا | فِی |
| ان لوگوں کا کہ | تھے وہ | سے | پہلے ان | تھے | وہ | سخت زیادہ | ان سے | طاقت میں | اور | نشانیوں کے | بیچ |

اُن کا انجام کیسا ہوا۔ وہ اُن سے زور اور زمین میں نشانات (بنانے) کے لحاظ سے کہیں بڑھ کر تھے

الْاَرْضِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضِ | فَاَخَذَهُمُ | اللّٰهُ | بِذُنُوْبِهِمْ | وَ | مَا | كَانَ | لَهُمْ | مِّنَ | اللّٰهِ | مِنْ |
| زمین کے | پس پکڑا ان کو | اللہ نے | بسبب انکے گناہوں کے | اور | نہیں | تھا | واسطے انکے | سے | اللہ | کوئی |

تو اللہ نے اُن کو اُن کے گناہوں کے سبب پکڑ لیا۔ اور اُن کو اللہ (کے عذاب) سے کوئی بچانے والا

وَّاقٍ ﴿۲۱﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَكَفَرُوْا

| وَّاقٍ | ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمْ | كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ | رُسُلُهُمْ | بِالْبَيِّنٰتِ | فَكَفَرُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بچانے والا | یہ | بسبب اسکے ہے کہ | وہ لوگ آتے تھے ان کے پاس | پیغمبران کے | ساتھ دلیلوں کے | پس کفر کیا انہوں نے |

نہ تھا﴿۲۱﴾ یہ اس لیے کہ اُن کے پاس پیغمبر کھلی دلیلیں لاتے تھے تو یہ کفر کرتے تھے

فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ قَوِیٌّ شَدِیْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۲﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا

| فَاَخَذَهُمُ | اللّٰهُ | اِنَّهٗ | قَوِیٌّ | شَدِیْدُ | الْعِقَابِ | وَ | لَقَدْ | اَرْسَلْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس پکڑا ان کو | اللہ نے | بیشک وہ | زور آور ہے | سخت | عذاب کرنے والا | اور | تحقیق البتہ | بھیجا ہم نے |

سو اللہ نے اُن کو پکڑ لیا۔ بیشک وہ صاحبِ قوت (اور) سخت عذاب دینے والا ہے﴿۲۲﴾ اور ہم نے موسٰی کو

مُوْسٰی بِاٰیٰتِنَا وَ سُلْطٰنٍ مُّبِیْنٍ ﴿۲۳﴾ لا اِلٰی فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ

| مُوْسٰی | بِاٰیٰتِنَا | وَ | سُلْطٰنٍ | مُّبِیْنٍ | اِلٰی | فِرْعَوْنَ | وَهَامٰنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موسٰی کو | ساتھ نشانیوں اپنی کے | اور | غلبے | ظاہر کے | طرف | فرعون کے | اور ہامان کے |

اپنی نشانیاں اور دلیلِ روشن دے کر بھیجا﴿۲۳﴾ (یعنی) فرعون اور ہامان

وَقَارُوْنَ فَقَالُوْا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ﴿۲۴﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ مِنْ

| وَ | قَارُوْنَ | فَقَالُوْا | سٰحِرٌ | كَذَّابٌ | فَلَمَّا | جَآءَهُمْ | بِالْحَقِّ | مِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | قارون کے | پس کہا انہوں | جادوگر ہے | جھوٹا | پس جب | آیا ان کے پاس | ساتھ حق کے | سے |

اور قارون کی طرف تو انہوں نے کہا کہ یہ تو جادوگر ہے جھوٹا﴿۲۴﴾ غرض جب وہ اُن کے پاس ہماری طرف

عِنْدِنَا قَالُوا اقْتُلُوْٓا اَبْنَآءَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ وَ اسْتَحْیُوْا

| عِنْدِنَا | قَالُوا | اقْتُلُوْٓا | اَبْنَآءَ | الَّذِیْنَ | اٰمَنُوْا | مَعَهٗ | وَ | اسْتَحْیُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہمارے نزدیک | کہا انہوں نے | مار ڈالو | بیٹے | ان لوگوں کے کہ | ایمان لائے | ساتھ اس کے | اور | جیتا رکھو |

سے حق لے کر پہنچے تو کہنے لگے کہ جو لوگ اس کے ساتھ (اللہ پر) ایمان لائے ہیں اُن کے بیٹوں کو قتل کر دو اور بیٹیوں

نِسَآءَهُمْ ؕ وَمَا كَیْدُ الْكٰفِرِیْنَ اِلَّا فِیْ ضَلٰلٍ ﴿۲۵﴾ وَقَالَ فِرْعَوْنُ

| نِسَآءَهُمْ | وَ | مَا | كَیْدُ | الْكٰفِرِیْنَ | اِلَّا | فِیْ | ضَلٰلٍ | وَ | قَالَ | فِرْعَوْنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان کی عورتوں کو | اور | نہیں | مکر | کافروں کا | مگر | بیچ | گمراہی کے | اور | کہا | فرعون نے |

کو رہنے دو اور کافروں کی تدبیریں بے ٹھکانے ہوتی ہیں﴿۲۵﴾ اور فرعون بولا کہ

ذَرُوْنِيْٓ اَقْتُلْ مُوْسٰى وَلْيَدْعُ رَبَّهٗ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يُّبَدِّلَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذَرُوْنِيْٓ | اَقْتُلْ | مُوْسٰى | وَلْيَدْعُ | رَبَّهٗ | اِنِّيْٓ | اَخَافُ | اَنْ | يُّبَدِّلَ |
| چھوڑ دو مجھ کو کہ | مار ڈالوں | موسیٰ کو | اور چاہیے کہ پکارے وہ | رب اپنے کو | بیشک میں | ڈرتا ہوں | اس سے کہ | بدل ڈالے |

مجھے چھوڑو کہ موسیٰ کو قتل کر دوں اور وہ اپنے پروردگار کو بلا لے۔ مجھے ڈر ہے کہ وہ (کہیں) تمہارے دین

دِيْنَكُمْ اَوْ اَنْ يُّظْهِرَ فِي الْاَرْضِ الْفَسَادَ ﴿۲۶﴾ وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنِّيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دِيْنَكُمْ | اَوْ | اَنْ | يُّظْهِرَ | فِي | الْاَرْضِ | الْفَسَادَ | وَ | قَالَ | مُوْسٰى | اِنِّيْ |
| دین تمہارا | یا | یہ کہ | ظاہر کرے | بیچ | زمین کے | فساد | اور | کہا | موسیٰ نے | بیشک |

کو (نہ) بدل دے یا ملک میں فساد (نہ) پیدا کر دے ﴿۲۶﴾ موسیٰ نے کہا کہ میں

عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ مِّنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا يُؤْمِنُ بِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۲۷﴾ ع ۳ ع ۸

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عُذْتُ | بِرَبِّيْ | وَ | رَبِّكُمْ | مِّنْ | كُلِّ | مُتَكَبِّرٍ | لَّا | يُؤْمِنُ | بِيَوْمِ | الْحِسَابِ |
| پناہ پکڑی ہے میں نے | ساتھ رب اپنے کے | اور | رب تمہارے کے | سے | ہر | تکبر کرنیوالے | کہ نہیں | ایمان لاتا | ساتھ | دن حساب کے |

ہر متکبر سے جو حساب کے دن (یعنی قیامت) پر ایمان نہیں لاتا اپنے اور تمہارے پروردگار کی پناہ لے چکا ہوں ﴿۲۷﴾

وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ ۖ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ اِيْمَانَهٗٓ اَتَقْتُلُوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَالَ | رَجُلٌ | مُّؤْمِنٌ | مِّنْ | اٰلِ | فِرْعَوْنَ | يَكْتُمُ | اِيْمَانَهٗٓ | اَتَقْتُلُوْنَ |
| اور | کہا | ایک مرد | مومن نے | سے | آل | فرعون میں | چھپاتا تھا | ایمان اپنا | کیا مار ڈالو گے تم |

اور فرعون کے لوگوں میں سے ایک مومن شخص جو اپنے ایمان کو پوشیدہ رکھتا تھا کہنے لگا کیا تم ایسے شخص کو قتل کرنا

رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْ جَآءَكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ مِنْ رَّبِّكُمْ ۭ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَجُلًا | اَنْ | يَّقُوْلَ | رَبِّيَ | اللّٰهُ | وَ | قَدْ | جَآءَكُمْ | بِالْبَيِّنٰتِ | مِنْ | رَّبِّكُمْ |
| ایک مرد کو | اس واسطے کہ | کہتا ہے | پروردگار میرا | اللہ ہے | اور | تحقیق آیا | تمہارے پاس | ساتھ دلیلوں ظاہر کے | سے | پروردگار تمہارے |

چاہتے ہو جو کہتا ہے کہ میرا پروردگار اللہ ہے اور وہ تمہارے پاس تمہارے پروردگار (کی طرف) سے نشانیاں بھی لے کر آیا ہے۔

وَاِنْ يَّكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهٗ ۚ وَاِنْ يَّكُ صَادِقًا يُّصِبْكُمْ بَعْضُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنْ | يَّكُ | كَاذِبًا | فَعَلَيْهِ | كَذِبُهٗ | وَاِنْ | يَّكُ | صَادِقًا | يُّصِبْكُمْ | بَعْضُ |
| اور | اگر | ہے | جھوٹا | پس اوپر اسی کے ہے | جھوٹ اس کا | اور اگر | ہے | سچا | پہنچے گی تم کو | بعض |

اور اگر وہ جھوٹا ہوگا تو اس کے جھوٹ کا ضرر اسی کو ہوگا۔ اور اگر سچا ہوگا تو کوئی سا عذاب جس کا وہ تم سے

الَّذِیۡ یَعِدُکُمۡ ؕ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَہۡدِیۡ مَنۡ ہُوَ مُسۡرِفٌ کَذَّابٌ ﴿۲۸﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِیۡ | یَعِدُکُمۡ | اِنَّ | اللّٰہَ | لَا | یَہۡدِیۡ | مَنۡ | ہُوَ | مُسۡرِفٌ | کَذَّابٌ |
| وہ جس کا | وعدہ دیتا ہے تم کو | بیشک | اللہ | نہیں | ہدایت کرتا | اس کو جو کہ | وہ | حد سے نکلنے والا | جھوٹا ہے |

وعدہ کرتا ہے تم پر واقع ہو کر رہے گا۔ بیشک اللہ اس شخص کو ہدایت نہیں دیتا جو بے لحاظ جھوٹا ہے ﴿۲۸﴾

یٰقَوۡمِ لَکُمُ الۡمُلۡکُ الۡیَوۡمَ ظٰہِرِیۡنَ فِی الۡاَرۡضِ ۫ فَمَنۡ یَّنۡصُرُنَا مِنۡۢ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یٰقَوۡمِ | لَکُمُ | الۡمُلۡکُ | الۡیَوۡمَ | ظٰہِرِیۡنَ | فِی | الۡاَرۡضِ | فَمَنۡ | یَّنۡصُرُنَا | مِنۡ |
| اے قوم میری | واسطے تمہارے ہے | بادشاہی | آج کی | غالب ہو | بیچ | زمین کے | پس کون | مدد دے گا ہم کو | سے |

اے قوم آج تمہاری ہی بادشاہت ہے اور تم ہی ملک میں غالب ہو (لیکن) اگر ہم پر اللہ کا عذاب آ گیا

بَاۡسِ اللّٰہِ اِنۡ جَآءَنَا ؕ قَالَ فِرۡعَوۡنُ مَاۤ اُرِیۡکُمۡ اِلَّا مَاۤ اَرٰی وَ مَاۤ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَاۡسِ | اللّٰہِ | اِنۡ | جَآءَنَا | قَالَ | فِرۡعَوۡنُ | مَاۤ | اُرِیۡکُمۡ | اِلَّا | مَاۤ | اَرٰی | وَ | مَاۤ |
| عذاب | اللہ کے | اگر | آجائے ہم پر | کہا | فرعون نے | نہیں | دکھلاتا میں تم کو | مگر | جو کچھ کہ | میں دیکھتا ہوں | اور | نہیں |

تو (اس کے دور کرنے کے لیے) ہماری مدد کون کرے گا؟ فرعون نے کہا کہ میں تمہیں وہی بات سجھاتا ہوں جو مجھے سوجھی ہے اور

اَہۡدِیۡکُمۡ اِلَّا سَبِیۡلَ الرَّشَادِ ﴿۲۹﴾ وَ قَالَ الَّذِیۡۤ اٰمَنَ یٰقَوۡمِ اِنِّیۡۤ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَہۡدِیۡکُمۡ | اِلَّا | سَبِیۡلَ | الرَّشَادِ | وَ | قَالَ | الَّذِیۡۤ | اٰمَنَ | یٰقَوۡمِ | اِنِّیۡۤ |
| بتاتا میں تم کو | مگر | راہ | بھلائی کی | اور | کہا | اس شخص نے کہ | ایمان لایا تھا | اے میری قوم | بیشک میں |

وہی راہ بتاتا ہوں جس میں بھلائی ہے ﴿۲۹﴾ تو جو مومن تھا وہ کہنے لگا کہ اے قوم مجھے تمہاری

اَخَافُ عَلَیۡکُمۡ مِّثۡلَ یَوۡمِ الۡاَحۡزَابِ ﴿۳۰﴾ مِثۡلَ دَاۡبِ قَوۡمِ نُوۡحٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَخَافُ | عَلَیۡکُمۡ | مِّثۡلَ | یَوۡمِ | الۡاَحۡزَابِ | مِثۡلَ | دَاۡبِ | قَوۡمِ | نُوۡحٍ |
| ڈرتا ہوں | اوپر تمہارے | مانند | دن | ان گروہوں کے سے | مانند | عادت | قوم | نوح کی |

نسبت خوف ہے کہ (مبادا) تم پر اور امتوں کی طرح کے دن کا عذاب آ جائے ﴿۳۰﴾ (یعنی) نوح کی قوم اور عاد

وَّ عَادٍ وَّ ثَمُوۡدَ وَ الَّذِیۡنَ مِنۡۢ بَعۡدِہِمۡ ؕ وَ مَا اللّٰہُ یُرِیۡدُ ظُلۡمًا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | عَادٍ | وَّ | ثَمُوۡدَ | وَالَّذِیۡنَ | مِنۡ | بَعۡدِہِمۡ | وَ | مَا | اللّٰہُ | یُرِیۡدُ | ظُلۡمًا |
| اور | عاد کی | اور | ثمود کی | اور جو لوگ کہ | سے تھے | پیچھے ان | اور | نہیں | اللہ | ارادہ کرتا | ظلم کا |

اور ثمود اور جو لوگ ان کے پیچھے ہوئے ہیں اُن کے حال کی طرح (تمہارا حال نہ ہو جائے) اور اللہ تو بندوں پر ظلم کرنا

لِّلْعِبَادِ ﴿۳۱﴾ وَيٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ يَوْمَ التَّنَادِ ﴿۳۲﴾ يَوْمَ تُوَلُّوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِّلْعِبَادِ | وَ | يٰقَوْمِ | اِنِّيْٓ | اَخَافُ | عَلَيْكُمْ | يَوْمَ | التَّنَادِ | يَوْمَ | تُوَلُّوْنَ |
| واسطے بندوں کے | اور | اے قوم میری | بیشک میں | ڈرتا ہوں | اوپر تمہارے | دن | پکارنے کے سے | اس دن کہ | پھر جاؤ گے تم |

نہیں چاہتا ﴿۳۱﴾ اور اے قوم مجھے تمہاری نسبت پکار کے دن (یعنی قیامت) کا خوف ہے ﴿۳۲﴾ جس دن تم پیٹھ پھیر کر

مُدْبِرِيْنَ ۚ مَا لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُدْبِرِيْنَ | مَا | لَكُمْ | مِّنَ | اللّٰهِ | مِنْ | عَاصِمٍ | وَ | مَنْ | يُّضْلِلِ | اللّٰهُ |
| پیٹھ پھیر کر | نہیں | واسطے تمہارے | سے | اللہ | کوئی | بچانے والا | اور | جس کو | گمراہ کرے | اللہ |

(قیامت کے میدان سے) بھاگو گے (اس دن) تم کو کوئی (عذاب) اللہ سے بچانے والا نہ ہوگا اور جس شخص کو اللہ گمراہ کرے

فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ يُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ بِالْبَيِّنٰتِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَا | لَهٗ | مِنْ | هَادٍ | وَ | لَقَدْ | جَآءَكُمْ | يُوْسُفُ | مِنْ | قَبْلُ | بِالْبَيِّنٰتِ |
| پس نہیں | واسطے اسکے | کوئی | راہ دکھانیوالا | اور | البتہ تحقیق | آیا تمہارے پاس | یوسف | سے | پہلے اس | ساتھ دلیلوں کے |

اس کو کوئی ہدایت دینے والا نہیں ﴿۳۳﴾ اور پہلے یوسف بھی تمہارے پاس نشانیاں لے کر آئے تھے تو جو وہ لائے تھے

فَمَا زِلْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّمَّا جَآءَكُمْ بِهٖ ۭ حَتّٰٓى اِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَنْ يَّبْعَثَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَا زِلْتُمْ | فِيْ | شَكٍّ | مِّمَّا | جَآءَكُمْ | بِهٖ | حَتّٰٓى | اِذَا | هَلَكَ | قُلْتُمْ | لَنْ | يَّبْعَثَ |
| پس ہمیشہ رہے تم | بیچ | شک کے | اس چیز سے کہ | آیا تمہارے پاس | ساتھ اسکے | یہاں تک کہ | جب | ہلاک ہوا | کہا تم نے | ہرگز نہ | بھیجے گا |

اس سے تم ہمیشہ شک ہی میں رہے۔ یہاں تک کہ جب وہ فوت ہو گئے تو تم کہنے لگے کہ اللہ اس کے بعد

اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِهٖ رَسُوْلًا ۭ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | مِنْۢ | بَعْدِهٖ | رَسُوْلًا | كَذٰلِكَ | يُضِلُّ | اللّٰهُ | مَنْ | هُوَ | مُسْرِفٌ |
| اللہ | سے | بعد اس کے | رسول | اسی طرح | گمراہ کرتا ہے | اللہ | اس شخص کو جو کہ | وہ حد سے | نکل جانے والا ہے |

کبھی کوئی پیغمبر نہیں بھیجے گا۔ اسی طرح اللہ اس شخص کو گمراہ کر دیتا ہے جو حد سے نکل جانے والا (اور) شک

مُّرْتَابُۨ ﴿۳۴﴾ ۚ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ۭ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّرْتَابُۨ | الَّذِيْنَ | يُجَادِلُوْنَ | فِيْٓ | اٰيٰتِ | اللّٰهِ | بِغَيْرِ | سُلْطٰنٍ | اَتٰىهُمْ |
| شک لانے والا ہے | وہ لوگ جو | جھگڑتے ہیں | بیچ | نشانیوں | اللہ کے | بغیر | دلیل کے کہ | آئی ہو انکے پاس |

کرنے والا ہو ﴿۳۴﴾ جو لوگ بغیر اس کے کہ اُن کے پاس کوئی دلیل آئی ہو اللہ کی آیتوں میں جھگڑتے ہیں۔

كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ وَ عِنْدَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَبُرَ | مَقْتًا | عِنْدَ | اللّٰهِ | وَ | عِنْدَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | كَذٰلِكَ | يَطْبَعُ | اللّٰهُ |
| بڑی | بیزاری ہے | نزدیک | اللہ کے | اور | نزدیک | ان لوگوں کے کہ | ایمان لائے | اسی طرح | مہر رکھتا ہے | اللہ |

اللہ کے نزدیک اور مومنوں کے نزدیک جھگڑا سخت ناپسند ہے۔ اسی طرح اللہ ہر متکبر سرکش

عَلٰى كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ ﴿۳۵﴾ وَ قَالَ فِرْعَوْنُ يٰهَامٰنُ ابْنِ لِيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰى | كُلِّ | قَلْبِ | مُتَكَبِّرٍ | جَبَّارٍ | وَ | قَالَ | فِرْعَوْنُ | يٰهَامٰنُ | ابْنِ | لِيْ |
| اوپر | ہر | دل | تکبر کرنیوالے | سرکش کے | اور | کہا | فرعون نے | اے ہامان | بنا | واسطے میرے |

کے دل پر مہر لگا دیتا ہے﴿۳۵﴾ اور فرعون نے کہا کہ ہامان میرے لیے ایک محل بناؤ

صَرْحًا لَّعَلِّيْٓ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ ﴿۳۶﴾ اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ فَاَطَّلِعَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| صَرْحًا | لَّعَلِّيْٓ | اَبْلُغُ | الْاَسْبَابَ | اَسْبَابَ | السَّمٰوٰتِ | فَاَطَّلِعَ |
| ایک محل | تاکہ | جا پہنچوں میں | رستوں کو | رستوں | آسمانوں کے | پس جھانکوں |

تاکہ میں (اس پر چڑھ کر) رستوں پر پہنچ جاؤں﴿۳۶﴾ (یعنی) آسمانوں کے رستوں پر

اِلٰٓى اِلٰهِ مُوْسٰى وَ اِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ كَاذِبًا ؕ وَ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰٓى | اِلٰهِ | مُوْسٰى | وَ | اِنِّيْ | لَاَظُنُّهٗ | كَاذِبًا | وَ | كَذٰلِكَ | زُيِّنَ | لِفِرْعَوْنَ |
| طرف | معبود | موسیٰ کی | اور | بیشک میں | البتہ گمان کرتا ہوں اسکو | جھوٹا | اور | اسی طرح | زینت دی گئی تھی | واسطے فرعون کے |

پھر موسیٰ کے اللہ کو دیکھ لوں اور میں تو اسے جھوٹا سمجھتا ہوں۔ اور اسی طرح فرعون کو اس کے اعمال

سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَ صُدَّ عَنِ السَّبِيْلِ ؕ وَ مَا كَيْدُ فِرْعَوْنَ اِلَّا فِيْ تَبَابٍ ﴿۳۷﴾ ع ۴ ۱۰ ۹

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سُوْٓءُ | عَمَلِهٖ | وَ | صُدَّ | عَنِ | السَّبِيْلِ | وَ | مَا | كَيْدُ | فِرْعَوْنَ | اِلَّا | فِيْ | تَبَابٍ |
| برائی | عمل اسکے کی | اور | بند کیا گیا تھا | سے | راہ | اور | نہیں | مکر | فرعون کا | مگر | بیچ | ہلاک کے |

بد اچھے معلوم ہوتے تھے اور وہ رستے سے روک دیا گیا تھا۔ اور فرعون کی تدبیر تو بیکار تھی﴿۳۷﴾

وَ قَالَ الَّذِيْٓ اٰمَنَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوْنِ اَهْدِكُمْ سَبِيْلَ الرَّشَادِ ﴿۳۸﴾ ج يٰقَوْمِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَالَ | الَّذِيْٓ | اٰمَنَ | يٰقَوْمِ | اتَّبِعُوْنِ | اَهْدِكُمْ | سَبِيْلَ | الرَّشَادِ | يٰقَوْمِ |
| اور | کہا اس نے | جو کہ | ایمان لایا تھا | اے میری قوم | پیروی کرو میری | دکھلاؤں میں تم کو | راہ | بھلائی کی | اے میری قوم |

اور وہ شخص جو مومن تھا اس نے کہا کہ بھائیو میرے پیچھے چلو میں تمہیں بھلائی کا رستہ دکھاؤں گا﴿۳۱﴾ بھائیو یہ

اِنَّمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ ۡ وَّاِنَّ الْاٰخِرَةَ هِيَ دَارُ الْقَرَارِ ﴿۳۹﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّمَا | هٰذِهِ | الْحَيٰوةُ | الدُّنْيَا | مَتَاعٌ | وَّ | اِنَّ | الْاٰخِرَةَ | هِيَ | دَارُ | الْقَرَارِ |
| نہیں | سوائے اسکے کہ | یہ زندگانی | دنیا کی | فائدہ ہے کم | اور | بیشک | آخرت | وہی ہے | گھر | رہنے کا |

دنیا کی زندگی (چند روز) فائدہ اُٹھانے کی چیز ہے اور جو آخرت ہے وہی ہمیشہ رہنے کا گھر ہے ﴿۳۹﴾

مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنْ | عَمِلَ | سَيِّئَةً | فَلَا | يُجْزٰٓى | اِلَّا | مِثْلَهَا | وَ | مَنْ | عَمِلَ | صَالِحًا |
| جس نے | کی | برائی | پس نہیں | جزا دیا جائے گا | مگر | مانند اس کی | اور | جو کوئی | کرے کام | اچھا |

جو برے کام کرے گا اس کو بدلہ بھی ویسا ہی ملے گا۔ اور جو نیک کام کرے گا

مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ | ذَكَرٍ | اَوْ | اُنْثٰى | وَ | هُوَ | مُؤْمِنٌ | فَاُولٰٓئِكَ | يَدْخُلُوْنَ | الْجَنَّةَ |
| کوئی | مرد ہو | یا | عورت ہو | اور | وہ | ایمان والا ہو | پس یہ لوگ | داخل ہوں گے | بہشت میں |

مرد ہو یا عورت اور وہ صاحبِ ایمان بھی ہو تو ایسے لوگ بہشت میں داخل ہوں گے

يُرْزَقُوْنَ فِيْهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۴۰﴾ وَيٰقَوْمِ مَا لِيْٓ اَدْعُوْكُمْ اِلَى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُرْزَقُوْنَ | فِيْهَا | بِغَيْرِ | حِسَابٍ | وَ | يٰقَوْمِ | مَا لِيْٓ | اَدْعُوْكُمْ | اِلَى |
| رزق دیئے جائینگے | بیچ اسکے | بے | حساب | اور | اے میری قوم | کیا ہے مجھ کو کہ | پکارتا ہوں میں تم کو | طرف |

وہاں ان کو بے شمار رزق ملے گا ﴿۴۰﴾ اور اے قوم میرا کیا (حال) ہے کہ میں تو تم کو نجات

النَّجٰوةِ وَتَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَى النَّارِ ﴿۴۱﴾ تَدْعُوْنَنِيْ لِاَكْفُرَ بِاللّٰهِ النصف

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّجٰوةِ | وَ | تَدْعُوْنَنِيْٓ | اِلَى | النَّارِ | تَدْعُوْنَنِيْ | لِاَكْفُرَ | بِاللّٰهِ |
| نجات کی | اور | پکارتے ہو تم مجھ کو | طرف | آگ کی | پکارتے ہو تم مجھ کو | اس واسطے کہ کفر کروں | ساتھ اللہ کے |

کی طرف بلاتا ہوں اور تم مجھے (دوزخ کی) آگ کی طرف بلاتے ہو ﴿۴۱﴾ تم مجھے اس لیے بلاتے ہو کہ اللہ کے ساتھ کفر کروں

وَاُشْرِكَ بِهٖ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ۡ وَّاَنَا اَدْعُوْكُمْ اِلَى الْعَزِيْزِ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اُشْرِكَ | بِهٖ | مَا | لَيْسَ | لِيْ | بِهٖ | عِلْمٌ | وَّ | اَنَا | اَدْعُوْكُمْ | اِلَى | الْعَزِيْزِ |
| اور | شریک لاؤں میں | ساتھ اسکے | اس چیز کو کہ | نہیں | مجھ کو | اس کا | علم | اور | میں | پکارتا ہوں تم کو | طرف | غالب |

اور اس چیز کو اس کا شریک مقرر کروں جس کا مجھے کچھ بھی علم نہیں۔ اور میں تم کو (اللہ) غالب (اور) بخشنے والے کی طرف

الْغَفَّارِ ﴿۴۲﴾ لَا جَرَمَ اَنَّمَا تَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ لَيْسَ لَهٗ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْغَفَّارِ | لَا | جَرَمَ | اَنَّمَا | تَدْعُوْنَنِيْٓ | اِلَيْهِ | لَيْسَ | لَهٗ | دَعْوَةٌ | فِي | الدُّنْيَا |
| بخشنے والے کی | نہیں | شک | بیچ اسکے کہ | پکارتے ہو تم مجھ کو | طرف اس کی | نہیں | واسطے اسکے | پکارنا | بیچ | دنیا کے |

بلاتا ہوں ﴿۴۲﴾ سچ تو یہ ہے کہ جس چیز کی طرف تم مجھے بلاتے ہو اس کو دنیا اورآخرت میں

وَلَا فِي الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ مَرَدَّنَآ اِلَى اللّٰهِ وَاَنَّ الْمُسْرِفِيْنَ هُمْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | فِي | الْاٰخِرَةِ | وَ | اَنَّ | مَرَدَّنَآ | اِلَى | اللّٰهِ | وَ | اَنَّ | الْمُسْرِفِيْنَ | هُمْ |
| اور | نہیں | بیچ | آخرت کے | اور | یہ کہ | پھر جانا ہمارا | طرف | اللہ کی ہے | اور | یہ کہ | حد سے نکل جانیوالے | وہی ہیں |

بلانے (یعنی دعا قبول کرنے) کا مقدور نہیں اور ہم کو اللہ کی طرف لوٹنا ہے اور حد سے نکل جانے والے

اَصْحٰبُ النَّارِ ﴿۴۳﴾ فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ ۭ وَاُفَوِّضُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَصْحٰبُ | النَّارِ | فَسَتَذْكُرُوْنَ | مَآ | اَقُوْلُ | لَكُمْ | وَ | اُفَوِّضُ |
| رہنے والے | آگ کے | پس البتہ یاد کرو گے تم | جو کچھ | کہتا ہوں میں | واسطے تمہارے | اور | سونپتا ہوں میں |

دوزخی ہیں ﴿۴۳﴾ جو بات میں تم سے کہتا ہوں تم اسے (آگے چل کر) یاد کرو گے۔ اور میں اپنا

اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۴۴﴾ فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَمْرِيْٓ | اِلَى | اللّٰهِ | اِنَّ | اللّٰهَ | بَصِيْرٌۢ | بِالْعِبَادِ | فَوَقٰىهُ | اللّٰهُ | سَيِّاٰتِ | مَا |
| کام اپنا | طرف | اللہ کی | بیشک | اللہ | دیکھنے والا ہے | بندوں کو | پس بچالیا اس کو | اللہ نے | برائی | اس چیز کی سے کہ |

کام اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔ بیشک اللہ بندوں کو دیکھنے والا ہے ﴿۴۴﴾ غرض اللہ نے (موسیٰ کو) ان لوگوں کی

مَكَرُوْا وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْۗءُ الْعَذَابِ ﴿۴۵﴾ اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَكَرُوْا | وَ | حَاقَ | بِاٰلِ | فِرْعَوْنَ | سُوْۗءُ | الْعَذَابِ | اَلنَّارُ | يُعْرَضُوْنَ |
| مکر کرتے تھے | اور | گھیر لیا | لوگوں | فرعون کے کو | برے | عذاب نے | وہ آگ ہے | حاضر کیے جائیں گے |

تدبیروں کی برائیوں سے محفوظ رکھا اور فرعون والوں کو برے عذاب نے آ گھیرا ﴿۴۵﴾ (یعنی) آتش (جہنم)

عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا ۚ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۣ اَدْخِلُوْٓا اٰلَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهَا | غُدُوًّا | وَّ | عَشِيًّا | وَ | يَوْمَ | تَقُوْمُ | السَّاعَةُ | اَدْخِلُوْٓا | اٰلَ |
| اوپر اس کے | صبح | اور | شام | اور | جس دن | قائم ہوگی | قیامت | داخل کرو | لوگوں |

کہ صبح و شام اس کے سامنے پیش کیے جاتے ہیں۔ اور جس روز قیامت برپا ہو گی (حکم ہو گا کہ)

فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ ﴿۴٦﴾ وَ اِذْ يَتَحَآجُّوْنَ فِي النَّارِ فَيَقُوْلُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِرْعَوْنَ | اَشَدَّ | الْعَذَابِ | وَ | اِذْ | يَتَحَآجُّوْنَ | فِي | النَّارِ | فَيَقُوْلُ |
| فرعون کے کو | سخت | عذاب میں | اور | جس وقت | جھگڑیں گے | بیچ | آگ کے | پس کہیں گے |

فرعون والوں کو سخت عذاب میں داخل کرو ﴿۴٦﴾ اور جب وہ دوزخ میں جھگڑیں گے تو ادنیٰ

الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الضُّعَفٰٓؤُا | لِلَّذِيْنَ | اسْتَكْبَرُوْٓا | اِنَّا | كُنَّا | لَكُمْ | تَبَعًا | فَهَلْ | اَنْتُمْ | مُّغْنُوْنَ |
| ناتوان | واسطے ان لوگوں کے کہ | تکبر کرتے تھے | بیشک | تھے ہم | واسطے تمہارے | تابع | پس کیا | ہوتم | کفایت کرنیوالے |

درجے کے لوگ بڑے آدمیوں سے کہیں گے کہ ہم تو تمہارے تابع تھے تو کیا تم دوزخ (کے عذاب) کا

عَنَّا نَصِيْبًا مِّنَ النَّارِ ﴿۴۷﴾ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُلٌّ فِيْهَآ ۙ اِنَّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنَّا | نَصِيْبًا | مِّنَ | النَّارِ | قَالَ | الَّذِيْنَ | اسْتَكْبَرُوْٓا | اِنَّا | كُلٌّ | فِيْهَآ | اِنَّ |
| ہم سے | ایک حصہ | سے | آگ کے | کہیں گے | وہ لوگ جو | تکبر کرتے تھے | بیشک ہم | سب ہیں | بیچ اسکے | بیشک |

کچھ حصہ ہم سے دور کر سکتے ہو؟ ﴿۴۷﴾ بڑے آدمی کہیں گے کہ تم (بھی اور) ہم (بھی) سب دوزخ میں ہیں

اللّٰهَ قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ ﴿۴۸﴾ وَ قَالَ الَّذِيْنَ فِي النَّارِ لِخَزَنَةِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | قَدْ | حَكَمَ | بَيْنَ | الْعِبَادِ | وَ | قَالَ | الَّذِيْنَ | فِي | النَّارِ | لِخَزَنَةِ |
| اللہ نے | تحقیق | حکم کیا ہے | درمیان | بندوں کے | اور | کہیں گے | وہ لوگ کہ | بیچ | آگ کے ہیں | واسطے چوکیداروں |

اللہ بندوں میں فیصلہ کر چکا ہے ﴿۴۸﴾ اور جو لوگ آگ میں (جل رہے) ہوں گے وہ دوزخ کے

جَهَنَّمَ ادْعُوْا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ ﴿۴۹﴾ قَالُوْٓا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَهَنَّمَ | ادْعُوْا | رَبَّكُمْ | يُخَفِّفْ | عَنَّا | يَوْمًا | مِّنَ | الْعَذَابِ | قَالُوْٓا |
| دوزخ کے | دعا کرو | پروردگار اپنے سے کہ | تخفیف کردے | ہم سے | ایک دن | سے | عذاب | کہیں گے وہ |

داروغوں سے کہیں گے کہ اپنے پروردگار سے دعا کرو کہ ایک روز تو ہم سے عذاب ہلکا کر دے ﴿۴۹﴾ وہ کہیں گے

اَوَلَمْ تَكُ تَاْتِيْكُمْ رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۭ قَالُوْا بَلٰى ۭ قَالُوْا فَادْعُوْا ۚ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوَلَمْ | تَكُ | تَاْتِيْكُمْ | رُسُلُكُمْ | بِالْبَيِّنٰتِ | قَالُوْا | بَلٰى | قَالُوْا | فَادْعُوْا |
| کیا نہ | تھے | آتے تمہارے پاس | پیغمبر تمہارے | ساتھ دلیلوں کے | کہیں گے | نہیں بلکہ آئے تھے | کہیں گے | وہ پس تم ہی دعا کرو |

کہ کیا تمہارے پاس تمہارے پیغمبر نشانیاں لے کر نہیں آئے تھے۔ وہ کہیں گے کیوں نہیں۔ تو وہ کہیں گے کہ تم ہی دعا کرو۔

وَمَا دُعٰٓؤُا الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۵۰﴾ اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ ع ۵ / ۱۰

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | دُعٰٓؤُا | الْكٰفِرِيْنَ | اِلَّا | فِيْ | ضَلٰلٍ | اِنَّا | لَنَنْصُرُ | رُسُلَنَا | وَالَّذِيْنَ |
| اور | نہیں | دعا | کافروں کی | مگر | بیچ | گمراہی کے | بیشک ہم | البتہ مدد دیتے ہیں | پیغمبروں کو | اوران لوگوں کو کہ |

اور کافروں کی دعا (اس روز) بیکار ہوگی ﴿۵۰﴾ ہم اپنے پیغمبروں کی اور جولوگ ایمان لائے ہیں ان

اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ ﴿۵۱﴾ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمَنُوْا | فِي | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا | وَيَوْمَ | يَقُوْمُ | الْاَشْهَادُ | يَوْمَ | لَا | يَنْفَعُ |
| ایمان لائے | بیچ | زندگانی | دنیا کے | اوراس دن کہ | کھڑے ہونگے | گواہی دینے والے | جس دن | نہ | نفع دے گا |

کی دنیا کی زندگی میں بھی مدد کرتے ہیں اور جس دن گواہ کھڑے ہوں گے (یعنی قیامت کو بھی) ﴿۵۱﴾ جس دن ظالموں کو ان کی

الظّٰلِمِيْنَ مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿۵۲﴾ وَلَقَدْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الظّٰلِمِيْنَ | مَعْذِرَتُهُمْ | وَ | لَهُمُ | اللَّعْنَةُ | وَ | لَهُمْ | سُوْٓءُ | الدَّارِ | وَ | لَقَدْ |
| ظالموں کو | عذران کا | اور | واسطے انکے | لعنت ہے | اور | واسطے انکے | برائی ہے | گھر کی | اور | البتہ تحقیق |

معذرت کچھ فائدہ نہ دے گی اور ان کے لیے لعنت اور برا گھر ہے ﴿۵۲﴾ اور

اٰتَيْنَا مُوْسَى الْهُدٰى وَاَوْرَثْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ ﴿۵۳﴾ هُدًى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰتَيْنَا | مُوْسَى | الْهُدٰى | وَ | اَوْرَثْنَا | بَنِيْٓ | اِسْرَآءِيْلَ | الْكِتٰبَ | هُدًى |
| اِلَّا | الْبَلٰغُ | وَ | اِنَّآ | اِذَآ | اَذَقْنَا | الْاِنْسَانَ | مِنَّا | رَحْمَةً | فَرِحَ | بِهَا | وَاِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | پہنچادینا | اور | بیشک ہم | جب | چکھاتے ہیں | آدمی کو | اپنی طرف سے | رحمت | خوش ہو جاتا ہے | ساتھ اسکے | اور اگر |

صرف (احکام کا) پہنچا دینا ہے۔ اور جب ہم انسان کو اپنی رحمت کا مزہ چکھاتے ہیں تو اس سے خوش ہو جاتا ہے۔ اور اگر ان کو

تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَاِنَّ الْاِنْسَانَ كَفُوْرٌ ﴿۴۸﴾ لِلّٰهِ

| تُصِبْهُمْ | سَيِّئَةٌۢ | بِمَا | قَدَّمَتْ | اَيْدِيْهِمْ | فَاِنَّ | الْاِنْسَانَ | كَفُوْرٌ | لِلّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہنچتی ہے ان کو | برائی | بسبب اسکے کہ | آگے بھیجا ہے | ہاتھوں ان کے نے | پس بیشک | آدمی | ناشکر گزار ہے | واسطے اللہ کے ہے |

انہی کے اعمال کے سبب کوئی سختی پہنچتی ہے تو (سب احسانوں کو بھول جاتا ہے) بیشک انسان بڑا ناشکرا ہے ﴿۴۸﴾ (تمام) بادشاہت

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ

| مُلْكُ | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ | يَخْلُقُ | مَا | يَشَآءُ | يَهَبُ | لِمَنْ | يَّشَآءُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بادشاہی | آسمانوں کی | اور زمین کی | پیدا کرتا ہے | جو کچھ | چاہتا ہے | دیتا ہے | جس کو | چاہے |

اللہ ہی کی ہے آسمانوں کی بھی اور زمین کی بھی۔ وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے جسے چاہتا ہے

اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ﴿۴۹﴾ اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ

| اِنَاثًا | وَّ | يَهَبُ | لِمَنْ | يَّشَآءُ | الذُّكُوْرَ | اَوْ | يُزَوِّجُهُمْ | ذُكْرَانًا | وَّ | اِنَاثًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیٹیاں | اور | دیتا ہے | جس کو | چاہے | بیٹے | یا | ملے جلے دیتا ہے ان کو | بیٹے | اور | بیٹیاں |

بیٹیاں عطا کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے بیٹے بخشتا ہے ﴿۴۹﴾ یا ان کو بیٹے اور بیٹیاں دونوں عنایت فرماتا ہے

وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿۵۰﴾ وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَيَجْعَلُ | مَنْ | يَّشَآءُ | عَقِيْمًا | اِنَّهٗ | عَلِيْمٌ | قَدِيْرٌ | وَ | مَا | كَانَ | لِبَشَرٍ | اَنْ |
| اور کردیتا ہے | جس کو | چاہتا ہے | بانجھ | بیشک وہ | جاننے والا | قادر ہے | اور | نہیں | ہے ممکن | کسی آدمی کو | یہ کہ |

اور جس کو چاہتا ہے بے اولاد رکھتا ہے۔ وہ تو جاننے والا (اور) قدرت والا ہے ﴿۵۰﴾ اور کسی آدمی کے لیے ممکن نہیں

يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُّكَلِّمَهُ | اللّٰهُ | اِلَّا | وَحْيًا | اَوْ | مِنْ | وَّرَآئِ | حِجَابٍ | اَوْ | يُرْسِلَ | رَسُوْلًا |
| بات کرے اس سے | اللہ | مگر | جی میں ڈالنے کر | یا | سے | پیچھے | پردے کے | یا | بھیجے | فرشتہ پیغام لانیوالا |

کہ اللہ اس سے بات کرے مگر الہام (کے ذریعے) سے یا پردے کے پیچھے سے یا کوئی فرشتہ بھیج دے

فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ﴿۵۱﴾ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَيُوْحِيَ | بِاِذْنِهٖ | مَا | يَشَآءُ | اِنَّهٗ | عَلِيٌّ | حَكِيْمٌ | وَ | كَذٰلِكَ | اَوْحَيْنَآ |
| پس جی میں ڈال دے | ساتھ اسکے حکم کے | جو | چاہتا ہے | بیشک وہ | بلند مرتبہ والا ہے | حکمت والاہے | اور | اسی طرح | وحی کی ہم نے |

تو وہ اللہ کے حکم سے جو اللہ چاہے القاء کرے۔ بے شک وہ عالی رُتبہ (اور) حکمت والا ہے ﴿۵۱﴾ اور اسی طرح ہم نے اپنے

اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ؕ مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَيْكَ | رُوْحًا | مِّنْ | اَمْرِنَا | مَا | كُنْتَ | تَدْرِيْ | مَا | الْكِتٰبُ | وَ | لَا | الْاِيْمَانُ |
| طرف تیری | روح کو | سے | اپنے حکم | نہ | تھا تو | جانتا | کیا ہے | کتاب | اور | نہ | ایمان |

حکم سے تمہاری طرف روح القدس کے ذریعے سے (قرآن) بھیجا ہے۔ تم نہ تو کتاب کو جانتے تھے اور نہ ایمان کو۔

وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ؕ وَاِنَّكَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لٰكِنْ | جَعَلْنٰهُ | نُوْرًا | نَّهْدِيْ | بِهٖ | مَنْ | نَّشَآءُ | مِنْ | عِبَادِنَا | وَ | اِنَّكَ |
| اور | لیکن | کیا ہم نے اس کو | نور | ہدایت کرتے ہیں ہم | ساتھ اسکے | جس کو | چاہتے ہیں | سے | بندوں اپنے | اور | بیشک تو |

لیکن ہم نے اس کو نور بنایا ہے کہ اس سے ہم اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتے ہیں ہدایت کرتے ہیں۔ اور بے شک

لَتَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۲﴾ صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَتَهْدِيْٓ | اِلٰى | صِرَاطٍ | مُّسْتَقِيْمٍ | صِرَاطِ | اللّٰهِ | الَّذِيْ | لَهٗ | مَا | فِي |
| البتہ ہدایت کرتاہے | طرف | راہ | سیدھی کی | راہ | اللہ کی | وہ ہے کہ | واسطے اسکے ہے | جو کچھ | بیچ |

(اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) تم سیدھا رستہ دکھاتے ہو ﴿۵۲﴾ (یعنی) اللہ کا رستہ جو آسمانوں اور زمین کی

ع ۵ ۶ السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ ؕ اَلَآ اِلَی اللّٰهِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ ﴿۵۳﴾ ع

| السَّمٰوٰتِ | وَ | مَا | فِی | الْاَرْضِ | اَلَآ | اِلَی | اللّٰهِ | تَصِیْرُ | الْاُمُوْرُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمانوں کے ہے | اور | جو کچھ | بیچ | زمین کے ہے | خبردار ہو | طرف | اللہ کی | پھیرے جاتے ہیں | سب کام |

سب چیزوں کا مالک ہے۔ دیکھو سب کام اللہ کی طرف رجوع ہوں گے (اور وہی ان میں فیصلہ کرے گا) ﴿۵۳﴾

اٰیاتها ۸۹ ۔ ۴۳ سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ مَكِّيَّةٌ ۶۳ ۔ رکوعاتها ۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

ملع حٰمٓ ﴿۱﴾ وَ الْكِتٰبِ الْمُبِیْنِ ﴿۲﴾ اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِیًّا لَّعَلَّكُمْ

| حٰمٓ | وَ | الْكِتٰبِ | الْمُبِیْنِ | اِنَّا | جَعَلْنٰهُ | قُرْءٰنًا | عَرَبِیًّا | لَّعَلَّكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حٰمٓ | قسم ہے | کتاب | بیان کرنے والی کی | بیشک | کیا ہے ہم نے اس کو | قرآن | عربی میں | تاکہ تم |

حٰمٓ ﴿۱﴾ کتاب روشن کی قسم ﴿۲﴾ کہ ہم نے اس کو قرآن عربی بنایا ہے

تَعْقِلُوْنَ ﴿۳﴾ وَ اِنَّهٗ فِیْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَیْنَا لَعَلِیٌّ حَكِیْمٌ ﴿۴﴾ ؕ اَفَنَضْرِبُ

| تَعْقِلُوْنَ | وَ | اِنَّهٗ | فِیْٓ | اُمِّ الْكِتٰبِ | لَدَیْنَا | لَعَلِیٌّ | حَكِیْمٌ | اَفَنَضْرِبُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سمجھو | اور | بیشک وہ | بیچ | لوح محفوظ کے | ہمارے پاس ہے | برتر | مستحکم | کیا پس ماریں ہم |

تاکہ تم سمجھو ﴿۳﴾ اور یہ بڑی کتاب (یعنی لوح محفوظ) میں ہمارے پاس (لکھی ہوئی اور) بڑی فضیلت (اور) حکمت والی ہے ﴿۴﴾ بھلا اس لیے کہ

عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِیْنَ ﴿۵﴾ وَ كَمْ اَرْسَلْنَا مِنْ

| عَنْكُمُ | الذِّكْرَ | صَفْحًا | اَنْ | كُنْتُمْ | قَوْمًا | مُّسْرِفِیْنَ | وَ | كَمْ | اَرْسَلْنَا | مِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم سے | ذکر کی | کروٹ | یہ کہ | ہو تم | قوم | حد سے نکل جانے والی | اور | کتنے | بھیجے ہیں ہم نے | سے |

تم حد سے نکلے ہوئے لوگ ہو ہم تم کو نصیحت کرنے سے باز رہیں گے ﴿۵﴾ تو ہم نے پہلے لوگوں میں

نَّبِیٍّ فِی الْاَوَّلِیْنَ ﴿۶﴾ وَ مَا یَاْتِیْهِمْ مِّنْ نَّبِیٍّ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ

| نَّبِیٍّ | فِی | الْاَوَّلِیْنَ | وَ | مَا | یَاْتِیْهِمْ | مِّنْ | نَّبِیٍّ | اِلَّا | كَانُوْا | بِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نبیوں | بیچ | پہلوں کے | اور | نہ | آتا تھا ان کے پاس | کوئی | نبی | مگر | تھے وہ | ساتھ اسکے |

بھی بہت سے پیغمبر بھیجے تھے ﴿۶﴾ اور کوئی پیغمبر اُن کے پاس نہیں آتا تھا مگر وہ اُس سے

يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝٧ فَاَهْلَكْنَآ اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّ مَضٰى مَثَلُ

| يَسْتَهْزِءُوْنَ | فَاَهْلَكْنَآ | اَشَدَّ | مِنْهُمْ | بَطْشًا | وَّ | مَضٰى | مَثَلُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٹھٹھا کرتے | پس ہلاک کیے ہم نے | سخت | ان میں سے | زور والے | اور | گزر گئی ہے | مثال |

تمسخر کرتے تھے ۝٧ تو جو اُن میں سخت زور والے تھے اُن کو ہم نے ہلاک کر دیا اور اگلے لوگوں کی

الْاَوَّلِيْنَ ۝٨ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ

| الْاَوَّلِيْنَ | وَلَئِنْ | سَاَلْتَهُمْ | مَّنْ | خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضَ | لَيَقُوْلُنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہلوں کی | اور اگر | پوچھے تو ان سے | کس نے | پیدا کیا | آسمانوں کو | اور | زمین کو | البتہ کہیں گے |

حالت گزر گئی ۝٨ اور اگر تم اُن سے پوچھو کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا ہے تو کہہ دیں گے

خَلَقَهُنَّ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ۝٩ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّجَعَلَ

| خَلَقَهُنَّ | الْعَزِيْزُ | الْعَلِيْمُ | الَّذِيْ | جَعَلَ | لَكُمُ | الْاَرْضَ | مَهْدًا | وَّ | جَعَلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیدا کیا ہے انکو | عزت والے | علم والے نے | جس نے | کیا | واسطے تمہارے | زمین کو | بچھونا | اور | کیں |

کہ ان کو غالب (اور) علم والے (اللہ) نے پیدا کیا ہے ۝٩ جس نے تمہارے لیے زمین کو بچھونا بنایا۔ اور اس میں تمہارے

لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝١٠ وَالَّذِيْ نَزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

| لَكُمْ | فِيْهَا | سُبُلًا | لَّعَلَّكُمْ | تَهْتَدُوْنَ | وَالَّذِيْ | نَزَّلَ | مِنَ | السَّمَآءِ | مَآءً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے تمہارے | بیچ اس کے | راہیں | تا کہ تم | راہ پاؤ | اور جس نے | اتارا | سے | آسمان | پانی |

لیے رستے بنائے تا کہ تم راہ معلوم کرو ۝١٠ اور جس نے ایک اندازے کے ساتھ آسمان سے

بِقَدَرٍ فَاَنْشَرْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا كَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ۝١١ وَالَّذِيْ خَلَقَ

| بِقَدَرٍ | فَاَنْشَرْنَا | بِهٖ | بَلْدَةً | مَّيْتًا | كَذٰلِكَ | تُخْرَجُوْنَ | وَالَّذِيْ | خَلَقَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ماپ کر | پس زندہ کیا ہم نے | اس سے | زمین | مُردہ کو | اسی طرح | نکالے جاؤ گے تم | اور جس نے | پیدا کیں |

پانی نازل کیا۔ پھر ہم نے اس سے شہر مُردہ کو زندہ کیا۔ اسی طرح تم (زمین سے) نکالے جاؤ گے ۝١١ اور جس نے تمام قسم

الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْفُلْكِ وَالْاَنْعَامِ مَا تَرْكَبُوْنَ ۝١٢

| الْاَزْوَاجَ | كُلَّهَا | وَ | جَعَلَ | لَكُمْ | مِّنَ | الْفُلْكِ | وَالْاَنْعَامِ | مَا | تَرْكَبُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قسمیں | ساری | اور | کیں | واسطے تمہارے | سے | کشتیوں | اور چوپایوں | وہ چیز کہ | تم سوار ہوتے ہو |

کے حیوانات پیدا کیے اور تمہارے لیے کشتیاں اور چارپائے بنائے جن پر تم سوار ہوتے ہو ۝١٢

لِتَسْتَوٗا عَلٰى ظُهُوْرِهٖ ثُمَّ تَذْكُرُوْا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ اِذَا اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِتَسْتَوٗا | عَلٰى | ظُهُوْرِهٖ | ثُمَّ | تَذْكُرُوْا | نِعْمَةَ | رَبِّكُمْ | اِذَا | اسْتَوَيْتُمْ | عَلَيْهِ |
| تا کہ چڑھ بیٹھو | اوپر | اس کی پیٹھوں کے | پھر | یاد کرو تم | نعمت کو | پروردگار اپنے کی | جس وقت کہ | سوار ہو تم | اوپر اس کے |

تا کہ تم ان کی پیٹھ پر چڑھ بیٹھو اور جب اس پر بیٹھ جاؤ پھر اپنے پروردگار کے احسان کو یاد کرو

وَتَقُوْلُوْا سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَاِنَّآ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَتَقُوْلُوْا | سُبْحٰنَ | الَّذِيْ | سَخَّرَ | لَنَا | هٰذَا | وَ | مَا | كُنَّا | لَهٗ | مُقْرِنِيْنَ | وَاِنَّآ |
| اور کہو | پاک ہے | وہ ذات جس نے | مسخر کیا | واسطے ہمارے | یہ | اور | نہ | تھے ہم | واسطے اسکے | طاقت پانیوالے | اور بیشک ہم |

اور کہو کہ وہ (ذات) پاک ہے جس نے اس کو ہمارے زیر فرمان کر دیا اور ہم میں طاقت نہ تھی کہ اس کو بس میں کر لیتے ﴿۱۳﴾ اور ہم اپنے

اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَجَعَلُوْا لَهٗ مِنْ عِبَادِهٖ جُزْءًا ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰى | رَبِّنَا | لَمُنْقَلِبُوْنَ | وَ | جَعَلُوْا | لَهٗ | مِنْ | عِبَادِهٖ | جُزْءًا | اِنَّ | الْاِنْسَانَ |
| طرف | رب اپنے کے | البتہ پھر جانیوالے ہیں | اور | مقرر کیا انہوں نے | واسطے اللہ کے | سے | اسکے بندوں میں | ایک جزو | بیشک | آدمی |

پروردگار کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں ﴿۱۴﴾ اور انہوں نے اس کے بندوں میں سے اس کے لیے اولاد مقرر کی۔ بے شک انسان

لَكَفُوْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ ؕ اَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ بَنٰتٍ وَّاَصْفٰكُمْ بِالْبَنِيْنَ ﴿۱۶﴾ ع ۱۵ ۷

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكَفُوْرٌ | مُّبِيْنٌ | اَمِ | اتَّخَذَ | مِمَّا | يَخْلُقُ | بَنٰتٍ | وَّ | اَصْفٰكُمْ | بِالْبَنِيْنَ |
| البتہ ناشکر گزار ہے | ظاہر | کیا | پکڑیں اللہ نے | اس چیز سے کہ | پیدا کیں ہیں | بیٹیاں | اور | برگزیدہ کیا تم کو | ساتھ بیٹوں کے |

صریح ناشکرا ہے ﴿۱۵﴾ کیا اُس نے اپنی مخلوقات میں سے خود تو بیٹیاں لیں اور تم کو چن کر بیٹے دیے ﴿۱۶﴾

وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهٗ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِذَا | بُشِّرَ | اَحَدُهُمْ | بِمَا | ضَرَبَ | لِلرَّحْمٰنِ | مَثَلًا | ظَلَّ | وَجْهُهٗ |
| اور | جس وقت | خبر دیا جاتا ہے | ایک ان کا | ساتھ اس چیز کے کہ | بیان کیا ہے | واسطے اللہ کے | مثال | ہو جاتا ہے | منہ اس کا |

حالانکہ جب ان میں سے کسی کو اُس چیز کی خوشخبری دی جاتی ہے جو انہوں نے اللہ کے لیے بیان کی ہے تو اُس کا منہ سیاہ

مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۱۷﴾ اَوَمَنْ يُّنَشَّؤُا فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصَامِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُسْوَدًّا | وَّ | هُوَ | كَظِيْمٌ | اَوَ | مَنْ | يُّنَشَّؤُا | فِي | الْحِلْيَةِ | وَهُوَ | فِي | الْخِصَامِ |
| کالا | اور | وہ | غم سے بھرا ہوتا ہے | کیا | وہ جو کہ | پالا جاتا ہے | بیچ | گہنے کے | اور وہ | بیچ | جھگڑے کے |

ہو جاتا اور وہ غم سے بھر جاتا ہے ﴿۱۷﴾ کیا وہ جو آسائش میں پرورش پائے اور جھگڑے کے وقت بات نہ کر سکے

غَيْرُ مُبِيْنٍ ﴿۱۸﴾ وَجَعَلُوا الْمَلٰٓئِكَةَ الَّذِيْنَ هُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غَيْرُ | مُبِيْنٍ | وَ | جَعَلُوا | الْمَلٰٓئِكَةَ | الَّذِيْنَ | هُمْ | عِبٰدُ | الرَّحْمٰنِ | اِنَاثًا |
| نہیں | ظاہر ہوتا | اور | مقرر کیا انہوں نے | فرشتوں کو | وہ جو کہ | وہ | بندے ہیں | اللہ کے | عورتیں |

(اللہ کی بیٹی ہوسکتی ہے؟) ﴿۱۸﴾ اور انہوں نے فرشتوں کو کہ وہ بھی اللہ کے بندے ہیں (اللہ کی) بیٹیاں مقرر کیا۔

اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ ؕ سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ وَيُسْئَلُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَقَالُوْا لَوْ شَآءَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَشَهِدُوْا | خَلْقَهُمْ | سَتُكْتَبُ | شَهَادَتُهُمْ | وَيُسْئَلُوْنَ | وَ | قَالُوْا | لَوْشَآءَ |
| کیا حاضر تھے | ان کی پیدائش پر | البتہ لکھی جائے گی | گواہی ان کی | اور سوال کیے جائیں گے | اور | کہا انہوں نے | اگر چاہتا |

کیا یہ ان کی پیدائش کے وقت حاضر تھے عنقریب ان کی شہادت لکھ لی جائے گی اور ان سے باز پرس کی جائے گی ﴿۱۹﴾ اور کہتے ہیں

الرَّحْمٰنُ مَا عَبَدْنٰهُمْ ؕ مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۗ اِنْ هُمْ اِلَّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرَّحْمٰنُ | مَا | عَبَدْنٰهُمْ | مَا | لَهُمْ | بِذٰلِكَ | مِنْ | عِلْمٍ | اِنْ | هُمْ | اِلَّا |
| اللہ | نہ | عبادت کرتے ہم انکی | نہیں | ان کو | اس بات کا | کوئی | علم | نہیں | وہ | مگر |

کہ اگر اللہ چاہتا تو ہم ان کو نہ پوجتے۔ اُن کو اس کا کچھ علم نہیں۔ یہ تو صرف اٹکلیں

يَخْرُصُوْنَ ﴿۲۰﴾ اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا مِّنْ قَبْلِهٖ فَهُمْ بِهٖ مُسْتَمْسِكُوْنَ ﴿۲۱﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَخْرُصُوْنَ | اَمْ | اٰتَيْنٰهُمْ | كِتٰبًا | مِّنْ | قَبْلِهٖ | فَهُمْ | بِهٖ | مُسْتَمْسِكُوْنَ |
| اٹکل کرتے | کیا | دی ہے ہم نے ان کو | کتاب | سے | پہلے اس | پس وہ | ساتھ اس کے | محکم پکڑ رہے ہیں |

دوڑا رہے ہیں ﴿۲۰﴾ یا ہم نے ان کو اس سے پہلے کوئی کتاب دی تھی تو یہ اس سے سند پکڑتے ہیں ﴿۲۱﴾

بَلْ قَالُوْٓا اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۲﴾

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَلْ | قَالُوْٓا | اِنَّا | وَجَدْنَآ | اٰبَآءَنَا | عَلٰٓى | اُمَّةٍ | وَّ | اِنَّا | عَلٰٓى | اٰثٰرِهِمْ | مُّهْتَدُوْنَ |
| بلکہ | کہا انہوں نے | بیشک | پایا ہم نے | اپنے باپوں کو | اوپر | ایک راہ کے | اور | بیشک ہم | اوپر | انکے قدم کے نشان | راہ پانیوالے ہیں |

بلکہ کہنے لگے کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک رستے پر پایا ہے اور ہم ان ہی کے قدم بقدم چل رہے ہیں ﴿۲۲﴾

وَكَذٰلِكَ مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَذٰلِكَ | مَآ | اَرْسَلْنَا | مِنْ | قَبْلِكَ | فِيْ | قَرْيَةٍ | مِّنْ | نَّذِيْرٍ | اِلَّا | قَالَ |
| اور | اسی طرح | نہیں | بھیجے ہم نے | سے | پہلے تجھ | بیچ | کسی بستی کے | کوئی | ڈرانے والا | مگر | کہا |

اور اسی طرح ہم نے تم سے پہلے کسی بستی میں کوئی ہدایت کرنے والا نہیں بھیجا مگر وہاں کے خوشحال لوگوں

مُتۡرَفُوۡهَاۤ ۙ اِنَّا وَجَدۡنَاۤ اٰبَآءَنَا عَلٰۤى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰۤى اٰثٰرِهِمۡ مُّقۡتَدُوۡنَ ﴿۲۳﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُتۡرَفُوۡهَاۤ | اِنَّا | وَجَدۡنَاۤ | اٰبَآءَنَا | عَلٰۤى | اُمَّةٍ | وَّ | اِنَّا | عَلٰۤى | اٰثٰرِهِمۡ | مُّقۡتَدُوۡنَ |
| اس بستی کے دولتمندوں نے | بیشک | پایا ہم نے | اپنے باپوں کو | اوپر | ایک راہ کے | اور | بیشک ہم | اوپر | انکے نقش قدم کے | پیروی کرنیوالے ہیں |

نے کہا کہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک راہ پر پایا ہے اور ہم قدم بقدم اُن ہی کے پیچھے چلتے ہیں ﴿۲۳﴾

قٰلَ اَوَلَوۡ جِئۡتُكُمۡ بِاَهۡدٰى مِمَّا وَجَدۡتُّمۡ عَلَيۡهِ اٰبَآءَكُمۡ ؕ قَالُوۡۤا اِنَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قٰلَ | اَوَلَوۡ | جِئۡتُكُمۡ | بِاَهۡدٰى | مِمَّا | وَجَدۡتُّمۡ | عَلَيۡهِ | اٰبَآءَكُمۡ | قَالُوۡۤا | اِنَّا |
| کہا | اگرچہ | آیا ہوں میں تمہارے پاس | ساتھ بہت راہ بتانیوالے کے | اس چیز سے کہ | پایا تم نے | اوپر اسکے | اپنے باپوں کو | کہا | بیشک ہم |

(پیغمبر نے) کہا اگرچہ میں تمہارے پاس ایسا (دین) لاؤں کہ جس (رستے) پر تم نے اپنے باپ دادا کو پایا وہ اس سے کہیں سیدھا رستہ دکھاتا ہو کہنے

بِمَاۤ اُرۡسِلۡتُمۡ بِهٖ كٰفِرُوۡنَ ﴿۲۴﴾ فَانۡتَقَمۡنَا مِنۡهُمۡ فَانۡظُرۡ كَيۡفَ كَانَ عَاقِبَةُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمَاۤ | اُرۡسِلۡتُمۡ | بِهٖ | كٰفِرُوۡنَ | فَانۡتَقَمۡنَا | مِنۡهُمۡ | فَانۡظُرۡ | كَيۡفَ | كَانَ | عَاقِبَةُ |
| ساتھ اس چیز کے کہ | بھیجے گئے ہو تم | ساتھ اسکے | کافر ہیں | پس بدلہ لیا ہم نے | ان سے | پس دیکھ | کیوں کر | ہوا | آخر کام |

لگے کہ جو (دین) تم دے کر بھیجے گئے ہو ﴿۲۴﴾ ہم اس کو نہیں مانتے۔ اور ہم نے ان سے انتقام لیا سو دیکھ لو کہ جھٹلانے

الۡمُكَذِّبِيۡنَ ﴿۲۵﴾ ع وَاِذۡ قَالَ اِبۡرٰهِيۡمُ لِاَبِيۡهِ وَقَوۡمِهٖۤ اِنَّنِىۡ بَرَآءٌ مِّمَّا نصف ع ۲ ۱۰ ۸

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡمُكَذِّبِيۡنَ | وَ | اِذۡ | قَالَ | اِبۡرٰهِيۡمُ | لِاَبِيۡهِ | وَقَوۡمِهٖۤ | اِنَّنِىۡ | بَرَآءٌ | مِّمَّا |
| جھٹلانے والوں کا | اور | جس وقت | کہا | ابراہیم نے | اپنے باپ کو | اور اپنی قوم کو | بیشک میں | بیزار ہوں | اس چیز سے کہ |

والوں کا انجام کیسا ہوا ﴿۲۵﴾ اور جب ابراہیم نے اپنے باپ اور اپنی قوم کے لوگوں سے کہا کہ جن چیزوں کو تم پوجتے ہو میں ان

تَعۡبُدُوۡنَ ﴿۲۶﴾ ۙ اِلَّا الَّذِىۡ فَطَرَنِىۡ فَاِنَّهٗ سَيَهۡدِيۡنِ ﴿۲۷﴾ وَجَعَلَهَا كَلِمَةًۢ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَعۡبُدُوۡنَ | اِلَّا | الَّذِىۡ | فَطَرَنِىۡ | فَاِنَّهٗ | سَيَهۡدِيۡنِ | وَجَعَلَهَا | كَلِمَةً |
| تم عبادت کرتے ہو | مگر | اس ذات کی کہ جس نے | پیدا کیا مجھ کو | پس بیشک وہ | البتہ راہ سجھائے گا مجھ کو | اور کیا اس کو | بات |

سے بیزار ہوں ﴿۲۶﴾ ہاں جس نے مجھ کو پیدا کیا وہی مجھے سیدھا رستہ دکھائے گا ﴿۲۷﴾ اور یہی بات اپنی اولاد

بَاقِيَةً فِىۡ عَقِبِهٖ لَعَلَّهُمۡ يَرۡجِعُوۡنَ ﴿۲۸﴾ بَلۡ مَتَّعۡتُ هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَاقِيَةً | فِىۡ | عَقِبِهٖ | لَعَلَّهُمۡ | يَرۡجِعُوۡنَ | بَلۡ | مَتَّعۡتُ | هٰٓؤُلَآءِ | وَاٰبَآءَهُمۡ |
| باقی رہنے والی | بیچ | اس کی اولاد کے | تا کہ وہ | پھر آئیں | بلکہ | فائدہ دیا میں نے | ان کو | اور انکے باپوں کو |

میں پیچھے چھوڑ گئے تا کہ وہ (اللہ کی طرف) رجوع رہیں ﴿۲۸﴾ بات یہ ہے کہ میں ان کفار کو اور ان کے باپ دادا کو متمتع کرتا رہا

حَتّٰی جَآءَهُمُ الْحَقُّ وَرَسُوْلٌ مُّبِیْنٌ ﴿۲۹﴾ وَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ قَالُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَتّٰی | جَآءَهُمُ | الْحَقُّ | وَ | رَسُوْلٌ | مُّبِیْنٌ | وَلَمَّا | جَآءَهُمُ | الْحَقُّ | قَالُوْا |
| یہاں تک کہ | آیا ان کے پاس | حق | اور | رسول | بیان کرنے والا | اور جب | آیا ان کے پاس | حق | کہا انہوں نے |

یہاں تک کہ ان کے پاس حق اور صاف صاف بیان کرنے والا پیغمبر آ پہنچا ﴿۲۹﴾ اور جب ان کے پاس حق (یعنی قرآن) آیا تو کہنے لگے کہ

هٰذَا سِحْرٌ وَّاِنَّا بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۰﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰی

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هٰذَا | سِحْرٌ | وَّ | اِنَّا | بِهٖ | كٰفِرُوْنَ | وَ | قَالُوْا | لَوْ | لَا | نُزِّلَ | هٰذَا | الْقُرْاٰنُ | عَلٰی |
| یہ | جادو ہے | اور | بیشک ہم | ساتھ اسکے | کافر ہیں | اور | کہا انہوں نے | کیوں | نہ | اتارا گیا | یہ | قرآن | اوپر |

یہ تو جادو ہے اور ہم اس کو نہیں مانتے ﴿۳۰﴾ اور (یہ بھی) کہنے لگے کہ یہ قرآن ان دونوں بستیوں (یعنی مکّے اور طائف) میں سے

رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْیَتَیْنِ عَظِیْمٍ ﴿۳۱﴾ اَهُمْ یَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَجُلٍ | مِّنَ | الْقَرْیَتَیْنِ | عَظِیْمٍ | اَهُمْ | یَقْسِمُوْنَ | رَحْمَتَ | رَبِّكَ |
| ایک مرد کے | سے | دو بستیوں میں | بڑے | کیا یہ | تقسیم کرتے ہیں | رحمت | رب تیرے کی |

کسی بڑے آدمی پر کیوں نازل نہ کیا گیا؟ ﴿۳۱﴾ کیا یہ لوگ تمہارے پروردگار کی رحمت کو بانٹتے ہیں؟

نَحْنُ قَسَمْنَا بَیْنَهُمْ مَّعِیْشَتَهُمْ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَرَفَعْنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَحْنُ | قَسَمْنَا | بَیْنَهُمْ | مَّعِیْشَتَهُمْ | فِی | الْحَیٰوةِ | الدُّنْیَا | وَ | رَفَعْنَا |
| ہم نے | تقسیم کی ہے | درمیان ان کے | معیشت ان کی | بیچ | زندگانی | دنیا کے | اور | بلند کیا ہم نے |

ہم نے ان میں ان کی معیشت کو دنیا کی زندگی میں تقسیم کر دیا اور ایک کے دوسرے پر درجے

بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّیَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِیًّا ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعْضَهُمْ | فَوْقَ | بَعْضٍ | دَرَجٰتٍ | لِّیَتَّخِذَ | بَعْضُهُمْ | بَعْضًا | سُخْرِیًّا |
| بعض ان کے کو | اوپر | بعض کے | درجوں میں | تاکہ پکڑیں | بعض ان کے | بعض کو | محکوم |

بلند کیے تاکہ ایک دوسرے سے خدمت لے۔ اور جو کچھ یہ جمع کرتے ہیں

وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَیْرٌ مِّمَّا یَجْمَعُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَلَوْلَآ اَنْ یَّكُوْنَ النَّاسُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | رَحْمَتُ | رَبِّكَ | خَیْرٌ | مِّمَّا | یَجْمَعُوْنَ | وَ | لَوْ | لَآ | اَنْ | یَّكُوْنَ | النَّاسُ |
| اور | رحمت | تیرے پروردگار کی | بہتر ہے | اس چیز سے کہ | جمع کرتے ہیں | اور | اگر | نہ ہوتا | یہ کہ | ہو جائیں | لوگ |

تمہارے پروردگار کی رحمت اس سے کہیں بہتر ہے ﴿۳۲﴾ اور اگر یہ (خیال) نہ ہوتا کہ سب لوگ

أُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَنْ يَّكْفُرُ بِالرَّحْمٰنِ لِبُيُوْتِهِمْ سُقُفًا مِّنْ

| أُمَّةً | وَّاحِدَةً | لَّجَعَلْنَا | لِمَنْ | يَّكْفُرُ | بِالرَّحْمٰنِ | لِبُيُوْتِهِمْ | سُقُفًا | مِّنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| امت | ایک | البتہ کرتے ہم | واسطے انکے جو کہ | کفر کرتے ہیں | ساتھ اللہ کے | واسطے انکے گھروں کے | چھتیں | سے |

ایک ہی جماعت ہو جائیں گے تو جو لوگ اللہ سے انکار کرتے ہیں ہم ان کے گھروں کی چھتیں چاندی کی

فِضَّةٍ وَّمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلِبُيُوْتِهِمْ اَبْوَابًا وَّسُرُرًا عَلَيْهَا

| فِضَّةٍ | وَّ | مَعَارِجَ | عَلَيْهَا | يَظْهَرُوْنَ | وَ | لِبُيُوْتِهِمْ | اَبْوَابًا | وَّ | سُرُرًا | عَلَيْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چاندی | اور | سیڑھیاں | اوپر ان کے | چڑھتے ہیں | اور | واسطے انکے گھروں کے | دروازے | اور | تخت | اوپر انکے |

بنا دیتے اور سیڑھیاں (بھی) جن پر وہ چڑھتے ﴿۳۳﴾ اور ان کے گھروں پر دروازے بھی اور تخت بھی جن

يَتَّكِـُٔوْنَ ﴿۳۴﴾ وَزُخْرُفًا ۭ وَاِنْ كُلُّ ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ

| يَتَّكِـُٔوْنَ | وَ | زُخْرُفًا | وَ | اِنْ | كُلُّ | ذٰلِكَ | لَمَّا | مَتَاعُ | الْحَيٰوةِ | الدُّنْيَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تکیہ لگاتے ہیں | اور | سونا دیتے | اور | نہیں | سب | یہ | مگر | فائدہ | زندگانی | دنیا کا |

پر تکیہ لگاتے ہیں ﴿۳۴﴾ اور (خوب) تجمل (وآرائش کر دیتے)۔ اور یہ سب دنیا کی زندگی کا تھوڑا سا سامان ہے

وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۵﴾ وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ ع ۳/۱۰

| وَالْاٰخِرَةُ | عِنْدَ | رَبِّكَ | لِلْمُتَّقِيْنَ | وَ | مَنْ | يَّعْشُ | عَنْ | ذِكْرِ | الرَّحْمٰنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور آخرت | نزدیک | تیرے رب کے | واسطے پرہیزگاروں کے ہے | اور | جو کوئی | آنکھیں چرائے | سے | ذکر | اللہ کے |

اور آخرت تمہارے پروردگار کے ہاں پرہیزگاروں کے لیے ہے ﴿۳۵﴾ اور جو کوئی اللہ کی یاد سے آنکھیں بند کرلے (یعنی تغافل

نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ﴿۳۶﴾ وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ عَنِ

| نُقَيِّضْ | لَهٗ | شَيْطٰنًا | فَهُوَ | لَهٗ | قَرِيْنٌ | وَ | اِنَّهُمْ | لَيَصُدُّوْنَهُمْ | عَنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مقرر کرتے ہیں | واسطے اسکے | شیطان | پس وہ | واسطے اسکے | ہم نشین ہوتا ہے | اور | بیشک وہ | البتہ بند کرتے ہیں ان کو | سے |

کرے) ہم اس پر ایک شیطان مقرر کر دیتے ہیں تو وہ اس کا ساتھی ہو جاتا ہے ﴿۳۶﴾ اور یہ (شیطان) اُن کو رستے

السَّبِيْلِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۳۷﴾ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءَنَا قَالَ

| السَّبِيْلِ | وَيَحْسَبُوْنَ | اَنَّهُمْ | مُّهْتَدُوْنَ | حَتّٰٓى | اِذَا | جَاۗءَنَا | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| راہ | اور گمان کرتے ہیں | یہ کہ وہ | راہ پانے والے ہیں | یہاں تک کہ | جب | آئے گا ہمارے پاس | کہے گا |

سے روکتے رہتے ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ سیدھے رستے پر ہیں ﴿۳۷﴾ یہاں تک کہ جب ہمارے پاس آئے گا تو کہے گا

## يٰلَيْتَ بَيْنِيْ وَ بَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ فَبِئْسَ الْقَرِيْنُ ﴿۳۸﴾ وَ لَنْ

| يٰلَيْتَ | بَيْنِيْ | وَ | بَيْنَكَ | بُعْدَ | الْمَشْرِقَيْنِ | فَبِئْسَ | الْقَرِيْنُ | وَ | لَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے کاش کہ | درمیان میرے | اور | درمیان تیرے | دوری ہوتی | دو مشرق کی | پس برا | ہم نشین ہے تو | اور | ہرگز نہ |

اے کاش مجھ میں اور تجھ میں مشرق و مغرب کا فاصلہ ہوتا تو برا ساتھی ہے ﴿۳۸﴾ اور جب

## يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ اَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۹﴾ اَفَاَنْتَ

| يَّنْفَعَكُمُ | الْيَوْمَ | اِذْ | ظَّلَمْتُمْ | اَنَّكُمْ | فِي | الْعَذَابِ | مُشْتَرِكُوْنَ | اَفَاَنْتَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نفع دے گا تم کو | آج | جس وقت | ظلم کیا تم نے | یہ کہ تم | بیچ | عذاب کے | شریک ہو | کیا پس تو |

تم ظلم کرتے رہے تو آج تمہیں یہ بات فائدہ نہیں دے سکتی کہ تم (سب) عذاب میں شریک ہو ﴿۳۹﴾ کیا تم

## تُسْمِعُ الصُّمَّ اَوْ تَهْدِي الْعُمْيَ وَمَنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۰﴾ فَاِمَّا

| تُسْمِعُ | الصُّمَّ | اَوْ | تَهْدِي | الْعُمْيَ | وَ | مَنْ | كَانَ | فِيْ | ضَلٰلٍ | مُّبِيْنٍ | فَاِمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سناتا ہے | بہروں کو | یا | راہ دکھاتا ہے | اندھوں کو | اور | ان کو جو | ہیں | بیچ | گمراہی | ظاہر کے | پس اگر |

بہرے کو سنا سکتے ہو یا اندھے کو رستہ دکھا سکتے ہو اور جو صریح گمراہی میں ہو اُسے (راہ پر لا سکتے ہو) ﴿۴۰﴾ اگر ہم تم

## نَذْهَبَنَّ بِكَ فَاِنَّا مِنْهُمْ مُّنْتَقِمُوْنَ ﴿۴۱﴾ اَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِيْ وَعَدْنٰهُمْ فَاِنَّا

| نَذْهَبَنَّ | بِكَ | فَاِنَّا | مِنْهُمْ | مُّنْتَقِمُوْنَ | اَوْ | نُرِيَنَّكَ | الَّذِيْ | وَعَدْنٰهُمْ | فَاِنَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لے جائیں ہم | تجھ کو | پس بیشک ہم | ان سے | بدلہ لینے والے ہیں | یا | دکھلائیں ہم تجھ کو | وہ جو | وعدہ دیتے ہیں ہم انکو | پس بیشک ہم |

کو (وفات دے کر) اُٹھالیں تو ان لوگوں سے تو ہم انتقام لے کر رہیں گے ﴿۴۱﴾ یا (تمہاری زندگی ہی میں) تمہیں وہ (عذاب)

## عَلَيْهِمْ مُّقْتَدِرُوْنَ ﴿۴۲﴾ فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِيْٓ اُوْحِيَ اِلَيْكَ ۚ اِنَّكَ

| عَلَيْهِمْ | مُّقْتَدِرُوْنَ | فَاسْتَمْسِكْ | بِالَّذِيْٓ | اُوْحِيَ | اِلَيْكَ | اِنَّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر ان کے | قادر ہیں | پس محکم پکڑ | اس کو جو کہ | وحی کی گئی ہے | طرف تیری | بیشک تو |

دکھادیں گے جن کا ہم نے ان سے وعدہ کیا ہے ہم ان پر قابو رکھتے ہیں ﴿۴۲﴾ پس تمہاری طرف جو وحی کی گئی ہے اس کو مضبوط پکڑے رہو۔ بیشک تم

## عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴۳﴾ وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ ۚ وَسَوْفَ

| عَلٰى | صِرَاطٍ | مُّسْتَقِيْمٍ | وَ | اِنَّهٗ | لَذِكْرٌ | لَّكَ | وَلِقَوْمِكَ | وَ | سَوْفَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | راہ | سیدھی کی ہے | اور | بیشک وہ | البتہ ذکر ہے | واسطے تیرے | اور تیری قوم کے | اور | البتہ |

سیدھے رستے پر ہو ﴿۴۳﴾ اور یہ (قرآن) تمہارے لیے اور تمہاری قوم کے لیے نصیحت ہے اور (لوگو) تم سے عنقریب

تُسْـَٔلُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَسْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَآ اَجَعَلْنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُسْـَٔلُوْنَ | وَسْـَٔلْ | مَنْ | اَرْسَلْنَا | مِنْ | قَبْلِكَ | مِنْ | رُّسُلِنَآ | اَجَعَلْنَا |
| سوال کیے جاؤ گے تم | اور سوال کر | جو کہ | بھیجے ہیں ہم نے | سے | پہلے تجھ | سے | پیغمبروں ہمارے | کیا مقرر کیے ہم نے |

پرسش ہوگی ﴿۴۴﴾ اور (اے محمد ﷺ) جو اپنے پیغمبر ہم نے تم سے پہلے بھیجے ہیں اُن کے احوال دریافت کرلو۔ کیا ہم نے

مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ ع ۴ ۱۰

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | دُوْنِ | الرَّحْمٰنِ | اٰلِهَةً | يُّعْبَدُوْنَ | وَ | لَقَدْ | اَرْسَلْنَا | مُوْسٰى | بِاٰيٰتِنَآ |
| سے | سوائے | اللہ کے | معبود اور | کہ عبادت کیے جائیں | اور | البتہ تحقیق | بھیجا ہم نے | موسیٰ کو | ساتھ نشانیوں کے |

(اللہ) رحمٰن کے سوا اور معبود بنائے تھے کہ اُن کی عبادت کی جائے؟ ﴿۴۵﴾ اور ہم نے موسیٰ کو اپنی نشانیاں

اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَقَالَ اِنِّيْ رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۶﴾ فَلَمَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰى | فِرْعَوْنَ | وَمَلَا۟ئِهٖ | فَقَالَ | اِنِّيْ | رَسُوْلُ | رَبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | فَلَمَّا |
| طرف | فرعون کی | اور اسکے سرداروں کے | پس کہا اس نے | بیشک میں | بھیجا ہوا ہوں | پروردگار | عالموں کی طرف سے | پس جب |

دے کر فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف بھیجا تو انہوں نے کہا کہ میں اپنے پروردگارِ عالم کا بھیجا ہوا ہوں ﴿۴۶﴾ جب وہ

جَآءَهُمْ بِاٰيٰتِنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا يَضْحَكُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَمَا نُرِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَآءَهُمْ | بِاٰيٰتِنَآ | اِذَا هُمْ | مِّنْهَا | يَضْحَكُوْنَ | وَ | مَا | نُرِيْهِمْ | مِّنْ | اٰيَةٍ |
| آیا انکے پاس | ساتھ نشانیوں ہماری کے | ناگہاں وہ | ان سے | ہنستے تھے | اور | نہ | دکھاتے ہم ان کو | کوئی | نشانی |

ان کے پاس ہماری نشانیاں لے کر آئے تو وہ نشانیوں سے ہنسی کرنے لگے ﴿۴۷﴾ اور جو نشانی ہم ان کو دکھاتے

اِلَّا هِيَ اَكْبَرُ مِنْ اُخْتِهَا ۡ وَاَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۴۸﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | هِيَ | اَكْبَرُ | مِنْ | اُخْتِهَا | وَ | اَخَذْنٰهُمْ | بِالْعَذَابِ | لَعَلَّهُمْ | يَرْجِعُوْنَ |
| مگر | وہ کہ | بڑی ہوتی | سے | پہلی والی (بہن اپنی) | اور | پکڑا ہم نے ان کو | ساتھ عذاب کے | تاکہ وہ | پھر آئیں |

وہ دوسری سے بڑی ہوتی تھی اور ہم نے ان کو عذاب میں پکڑ لیا تاکہ باز آئیں ﴿۴۸﴾

وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَ السّٰحِرُ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ اِنَّنَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَالُوْا | يٰٓاَيُّهَ | السّٰحِرُ | ادْعُ | لَنَا | رَبَّكَ | بِمَا | عَهِدَ | عِنْدَكَ | اِنَّنَا |
| اور | کہا انہوں نے | اے | جادوگر | پکار | واسطے ہمارے | رب اپنے کو | ساتھ اس چیز کے کہ | مقرر کر رکھی ہے | نزدیک تیرے | بیشک ہم |

اور کہنے لگے کہ اے جادوگر اس عہد کے مطابق جو تیرے پروردگار نے تجھ سے کر رکھا ہے اس سے دعا کر۔ بیشک ہم

لَمُهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ﴿۵۰﴾

| لَمُهْتَدُوْنَ | فَلَمَّا | كَشَفْنَا | عَنْهُمُ | الْعَذَابَ | اِذَا | هُمْ | يَنْكُثُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| البتہ راہ پائیں گے | پس جب | کھول دیا ہم نے | ان سے | عذاب کو | ناگہاں | وہ | عہد توڑ ڈالتے ہیں |

ہدایت یاب ہوں گے ﴿۴۹﴾ سو جب ہم نے ان سے عذاب کو دور کر دیا تو وہ عہد شکنی کرنے لگے ﴿۵۰﴾

وَنَادٰى فِرْعَوْنُ فِىْ قَوْمِهٖ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَيْسَ لِىْ مُلْكُ مِصْرَ وَهٰذِهِ

| وَ | نَادٰى | فِرْعَوْنُ | فِىْ | قَوْمِهٖ | قَالَ | يٰقَوْمِ | اَلَيْسَ | لِىْ | مُلْكُ | مِصْرَ | وَهٰذِهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | پکارا | فرعون نے | بیچ | قوم اپنی کے | کہا | اے قوم میری | کیا نہیں | واسطے میرے | ملک | مصر کا | اور یہ کہ |

اور فرعون نے اپنی قوم سے پکار کر کہا کہ اے قوم کیا مصر کی حکومت میرے ہاتھ میں نہیں ہے اور یہ نہریں جو میرے

الْاَنْهٰرُ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِىْ ۚ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۵۱﴾ؕ اَمْ اَنَا خَيْرٌ مِّنْ هٰذَا

| الْاَنْهٰرُ | تَجْرِىْ | مِنْ | تَحْتِىْ | اَفَلَا | تُبْصِرُوْنَ | اَمْ | اَنَا | خَيْرٌ | مِّنْ هٰذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہریں | چلتی ہیں | سے | نیچے میرے | کیا پس نہیں | دیکھتے تم | بلکہ | میں | بہتر ہوں | اس سے |

(محلوں کے) نیچے بہ رہی ہیں (میری نہیں ہیں) کیا تم دیکھتے نہیں؟ ﴿۵۱﴾ بیشک میں اس شخص سے جو کچھ عزت

الَّذِىْ هُوَ مَهِيْنٌ ۙ وَّلَا يَكَادُ يُبِيْنُ ﴿۵۲﴾ فَلَوْلَآ اُلْقِىَ عَلَيْهِ اَسْوِرَةٌ مِّنْ

| الَّذِىْ | هُوَ | مَهِيْنٌ | وَّ | لَا | يَكَادُ | يُبِيْنُ | فَلَوْ | لَآ | اُلْقِىَ | عَلَيْهِ | اَسْوِرَةٌ | مِّنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو کہ | وہ | بہت ہی کمزور ہے | اور | نہیں | نزدیک کہ | صاف بیان کرے | پس کیوں | نہ | ڈالے گئے | اوپر اس کے | کنگن | سے |

نہیں رکھتا اور صاف گفتگو بھی نہیں کر سکتا کہیں بہتر ہوں ﴿۵۲﴾ تو اس پر سونے کے کنگن کیوں نہ

ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ مُقْتَرِنِيْنَ ﴿۵۳﴾ فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهٗ

| ذَهَبٍ | اَوْجَآءَ | مَعَهُ | الْمَلٰٓئِكَةُ | مُقْتَرِنِيْنَ | فَاسْتَخَفَّ | قَوْمَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سونے کے | یا آئیں | ساتھ اس کے | فرشتے | پرا باندھ کر | پس سبک کر دیا | قوم اپنی کو |

اُتارے گئے یا (یہ ہوتا کہ) فرشتے جمع ہو کر اس کے ساتھ آتے ﴿۵۳﴾ غرض اس نے اپنی قوم کی عقل مار دی۔

فَاَطَاعُوْهُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۵۴﴾ فَلَمَّآ اٰسَفُوْنَا انْتَقَمْنَا

| فَاَطَاعُوْهُ | اِنَّهُمْ | كَانُوْا | قَوْمًا | فٰسِقِيْنَ | فَلَمَّآ | اٰسَفُوْنَا | انْتَقَمْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس کہا مان گئے اس کا | بیشک وہ | تھے | قوم | فاسق | پس جب | وہ غصے میں لائے ہم کو | بدلہ لیا ہم نے |

اور انہوں نے اس کی بات مان لی۔ بیشک وہ نافرمان لوگ تھے ﴿۵۴﴾ جب انہوں نے ہم کو خفا کیا تو ہم نے ان سے انتقام

مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۵﴾ فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا وَّمَثَلًا لِّلْاٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾ ع ۱۱

| مِنْهُمْ | فَاَغْرَقْنٰهُمْ | اَجْمَعِيْنَ | فَجَعَلْنٰهُمْ | سَلَفًا | وَّ | مَثَلًا | لِّلْاٰخِرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان سے | پس ڈبو دیا ہم نے ان کو | سب کے سب کو | پس کیا ہم نے ان کو | پیشوا | اور | مثال | واسطے پچھلوں کے |

لے کر اور ان سب کو ڈبو کر چھوڑا ﴿۵۵﴾ اور ان کو گئے گزرے کر دیا اور پچھلوں کے لیے عبرت بنا دیا ﴿۵۶﴾

وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلًا اِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّوْنَ ﴿۵۷﴾ وَقَالُوْٓا

| وَ | لَمَّا | ضُرِبَ | ابْنُ | مَرْيَمَ | مَثَلًا | اِذَا | قَوْمُكَ | مِنْهُ | يَصِدُّوْنَ | وَ | قَالُوْٓا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جب | بیان کیا گیا | بیٹا | مریم کا | مثال | ناگہاں | قوم تیری | اس سے | تالیاں بجاتے ہیں | اور | کہتے ہیں |

اور جب مریم کے بیٹے (عیسیٰ) کا حال بیان کیا گیا تو تمہاری قوم کے لوگ اس سے چلا اُٹھے ﴿۵۷﴾ اور کہنے لگے

ءَاٰلِهَتُنَا خَيْرٌ اَمْ هُوَ ؕ مَا ضَرَبُوْهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًا ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ

| ءَاٰلِهَتُنَا | خَيْرٌ | اَمْ | هُوَ | مَا | ضَرَبُوْهُ | لَكَ | اِلَّا | جَدَلًا | بَلْ | هُمْ | قَوْمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھلا ہمارے معبود | بہتر ہیں | یا | وہ | نہیں | بیان کرتے اسکو | واسطے تیرے | مگر | جھگڑنے کو | بلکہ | وہ | قوم ہیں |

کہ بھلا ہمارے معبود اچھے ہیں یا وہ (عیسیٰ)؟ انہوں نے جو اُس (عیسیٰ) کی مثال تم سے بیان کی ہے تو صرف جھگڑے کو۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ لوگ ہیں

خَصِمُوْنَ ﴿۵۸﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنٰهُ مَثَلًا لِّبَنِيْٓ

| خَصِمُوْنَ | اِنْ | هُوَ | اِلَّا | عَبْدٌ | اَنْعَمْنَا | عَلَيْهِ | وَ | جَعَلْنٰهُ | مَثَلًا | لِّبَنِيْٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جھگڑالو | نہیں | وہ | مگر | ایک بندہ کہ | انعام کیا ہم نے | اوپر اس کے | اور | کیا ہم نے اس کو | نمونہ | واسطے بنی |

ہی جھگڑالو ﴿۵۸﴾ وہ تو ہمارے ایسے بندے تھے جن پر ہم نے فضل کیا اور بنی اسرائیل کے لیے ان کو (اپنی

اِسْرَآءِيْلَ ﴿۵۹﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَّلٰٓئِكَةً فِي الْاَرْضِ

| اِسْرَآءِيْلَ | وَلَوْ | نَشَآءُ | لَجَعَلْنَا | مِنْكُمْ | مَّلٰٓئِكَةً | فِي | الْاَرْضِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسرائیل کے | اور اگر | چاہتے ہم | البتہ کرتے ہم | تم سے | فرشتے | بیچ | زمین کے |

قدرت کا) نمونہ بنا دیا ﴿۵۹﴾ اور اگر ہم چاہتے تو تم میں سے فرشتے بنا دیتے جو تمہاری جگہ زمین

يَخْلُفُوْنَ ﴿۶۰﴾ وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُوْنِ ؕ هٰذَا

| يَخْلُفُوْنَ | وَ | اِنَّهٗ | لَعِلْمٌ | لِّلسَّاعَةِ | فَلَا | تَمْتَرُنَّ | بِهَا | وَاتَّبِعُوْنِ | هٰذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہ جانشین ہوتے | اور | بیشک وہ | البتہ علامت ہیں | قیامت کی | پس مت | شک لاؤ | ساتھ اس کے | اور پیروی کرو میری | یہ ہے |

میں رہتے ﴿۶۰﴾ اور وہ (عیسیٰ) قیامت کی نشانی ہیں۔ تو (کہہ دو کہ لوگو) اس میں شک نہ کرو اور میرے پیچھے چلو۔ یہی

صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿٦١﴾ وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ

| صِرَاطٌ | مُّسْتَقِيْمٌ | وَ | لَا | يَصُدَّنَّكُمُ | الشَّيْطٰنُ | اِنَّهٗ | لَكُمْ | عَدُوٌّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| راہ | سیدھی | اور | نہ | بند کرے تم کو | شیطان | بیشک وہ | واسطے تمہارے | دشمن ہے |

سیدھا رستہ ہے ﴿٦١﴾ اور (کہیں) شیطان تم کو (اس سے) روک نہ دے۔ وہ تو تمہارا علانیہ

مُّبِيْنٌ ﴿٦٢﴾ وَلَمَّا جَآءَ عِيْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ

| مُّبِيْنٌ | وَ | لَمَّا | جَآءَ | عِيْسٰى | بِالْبَيِّنٰتِ | قَالَ | قَدْ | جِئْتُكُمْ | بِالْحِكْمَةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظاہر | اور | جب | آیا | عیسیٰ | ساتھ دلیلوں ظاہر کے | کہا | تحقیق کہ | میں لایا ہوں تمہارے پاس | حکمت |

دشمن ہے ﴿٦٢﴾ اور جب عیسیٰ نشانیاں لے کر آئے تو کہنے لگے کہ میں تمہارے پاس دانائی (کی کتاب) لے کر آیا ہوں۔

وَلِاُبَيِّنَ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ تَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿٦٣﴾

| وَلِاُبَيِّنَ | لَكُمْ | بَعْضَ | الَّذِيْ | تَخْتَلِفُوْنَ | فِيْهِ | فَاتَّقُوا | اللّٰهَ | وَ | اَطِيْعُوْنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور تاکہ بیان کروں | واسطے تمہارے | بعضے | وہ چیز کہ | اختلاف کرتے ہو تم | بیچ اس کے | پس ڈرو | اللہ سے | اور | اطاعت کرو میری |

نیز اس لیے کہ بعض باتیں جن میں تم اختلاف کرتے ہو تم کو سمجھا دوں۔ تو اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو ﴿٦٣﴾

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿٦٤﴾

| اِنَّ | اللّٰهَ | هُوَ | رَبِّيْ | وَ | رَبُّكُمْ | فَاعْبُدُوْهُ | هٰذَا | صِرَاطٌ | مُّسْتَقِيْمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | اللہ | وہ ہے | رب میرا | اور | رب تمہارا | پس اسی کی عبادت کرو | یہ ہے | راہ | سیدھی |

کچھ شک نہیں کہ اللہ ہی میرا اور تمہارا پروردگار ہے پس اسی کی عبادت کرو۔ یہی سیدھا رستہ ہے ﴿٦٤﴾

فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ

| فَاخْتَلَفَ | الْاَحْزَابُ | مِنْ | بَيْنِهِمْ | فَوَيْلٌ | لِّلَّذِيْنَ | ظَلَمُوْا | مِنْ | عَذَابِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس اختلاف کیا | فرقوں نے | سے | درمیان اپنے | پس خرابی ہے | واسطے ان لوگوں کے کہ | ظلم کرتے ہیں | سے | عذاب |

پھر کتنے فرقے اُن میں سے پھٹ گئے۔ سو جو لوگ ظالم ہیں ان کی درد دینے والے دن کے عذاب سے

يَوْمٍ اَلِيْمٍ ﴿٦٥﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ

| يَوْمٍ | اَلِيْمٍ | هَلْ | يَنْظُرُوْنَ | اِلَّا | السَّاعَةَ | اَنْ | تَاْتِيَهُمْ | بَغْتَةً | وَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دن | درد دینے والے کے | نہیں | انتظار کرتے | مگر | قیامت کا | یہ کہ | آئے ان کے پاس | اچانک | اور وہ |

خرابی ہے ﴿٦٥﴾ یہ صرف اس بات کے منتظر ہیں کہ قیامت ان پر ناگہاں آ موجود ہو اور ان کو خبر

لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۶۶﴾ اَلْاَخِلَّآءُ يَوْمَىٕذٍۭ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَشْعُرُوْنَ | اَلْاَخِلَّآءُ | يَوْمَىٕذٍۭ | بَعْضُهُمْ | لِبَعْضٍ | عَدُوٌّ | اِلَّا |
| نہیں | سمجھتے ہوں | دوست | اس دن | بعضے ان کے | واسطے بعضوں کے | دشمن ہوں گے | مگر |

تک نہ ہو ﴿۶۶﴾ (جو آپس میں) دوست (ہیں) اس روز ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے مگر پرہیز گار (کہ باہم

الْمُتَّقِيْنَ ﴿۶۷﴾ يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿۶۸﴾ ع ۶ ۱۱ ۱۲

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُتَّقِيْنَ | يٰعِبَادِ | لَا | خَوْفٌ | عَلَيْكُمُ | الْيَوْمَ | وَ | لَآ | اَنْتُمْ | تَحْزَنُوْنَ |
| پرہیز گار | اے بندو میرے | نہیں | ڈر | اوپر تمہارے | آج | اور | نہ | تم | غمگین ہو گے |

دوست ہی رہیں گے) ﴿۶۷﴾ میرے بندو! آج تمہیں نہ کچھ خوف ہے اور نہ تم غمناک ہو گے ﴿۶۸﴾

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ﴿۶۹﴾ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ اَنْتُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | بِاٰيٰتِنَا | وَكَانُوْا | مُسْلِمِيْنَ | اُدْخُلُوا | الْجَنَّةَ | اَنْتُمْ |
| جو لوگ کہ | ایمان لائے | ساتھ نشانیوں ہماری کے | اور تھے وہ | مسلمان | داخل ہو | جنت میں | تم |

جو لوگ ہماری آیتوں پر ایمان لائے اور فرماں بردار ہو گئے ﴿۶۹﴾ (اُن سے کہا جائے گا) کہ تم

وَاَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُوْنَ ﴿۷۰﴾ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاَزْوَاجُكُمْ | تُحْبَرُوْنَ | يُطَافُ | عَلَيْهِمْ | بِصِحَافٍ | مِّنْ | ذَهَبٍ |
| اور بیویاں تمہاری | تمہاری عزت کی جائے گی | لیے پھریں گے | اوپر تمہارے | طباق | سے | سونے کے |

اور تمہاری بیویاں عزت (و احترام) کے ساتھ بہشت میں داخل ہو جاؤ ﴿۷۰﴾ اُن پر سونے کی پرچوں اور پیالوں کا دور

وَّاَكْوَابٍ ۚ وَفِيْهَا مَا تَشْتَهِيْهِ الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْيُنُ ۚ وَاَنْتُمْ فِيْهَا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | اَكْوَابٍ | وَ | فِيْهَا | مَا | تَشْتَهِيْهِ | الْاَنْفُسُ | وَ | تَلَذُّ | الْاَعْيُنُ | وَ | اَنْتُمْ | فِيْهَا |
| اور | آب خورے | اور | بیچ اس کے | جو کچھ | چاہیں اس کو | جی | اور | لذت پکڑیں | آنکھیں | اور | تم | بیچ اسکے |

چلے گا اور وہاں جو جی چاہے اور جو آنکھوں کو اچھا لگے (موجود ہو گا) اور (اے اہلِ جنت) تم اس میں

خٰلِدُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْٓ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خٰلِدُوْنَ | وَ | تِلْكَ | الْجَنَّةُ | الَّتِيْٓ | اُوْرِثْتُمُوْهَا | بِمَا | كُنْتُمْ |
| ہمیش رہنے والے ہو | اور | یہ ہے | وہ بہشت | جو | وارث کیے گئے ہو تم اسکے | بسبب اسکے کہ | تھے تم |

ہمیشہ رہو گے ﴿۷۱﴾ اور یہ جنت جس کے تم مالک کر دیے گئے ہو تمہارے اعمال

تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۷۲﴾ لَكُمۡ فِيۡهَا فَاكِهَةٌ كَثِيۡرَةٌ مِّنۡهَا تَاۡكُلُوۡنَ ﴿۷۳﴾ اِنَّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَعۡمَلُوۡنَ | لَكُمۡ | فِيۡهَا | فَاكِهَةٌ | كَثِيۡرَةٌ | مِّنۡهَا | تَاۡكُلُوۡنَ | اِنَّ |
| کرتے | واسطے تمہارے | بیچ اس کے | میوے ہیں | بہت | اس میں سے | کھاتے ہوتم | بیشک |

کا صلہ ہے﴿۷۲﴾ وہاں تمہارے لیے بہت سے میوے ہیں جن کو تم کھاؤ گے﴿۷۳﴾ (اور کفار)

الۡمُجۡرِمِيۡنَ فِيۡ عَذَابِ جَهَنَّمَ خٰلِدُوۡنَ ﴿۷۴﴾ لَا يُفَتَّرُ عَنۡهُمۡ وَهُمۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡمُجۡرِمِيۡنَ | فِيۡ | عَذَابِ | جَهَنَّمَ | خٰلِدُوۡنَ | لَا | يُفَتَّرُ | عَنۡهُمۡ | وَ | هُمۡ |
| گنہگار | بیچ | عذاب | دوزخ کے | ہمیشہ رہنے والے ہیں | نہ | سست کیا جائیگا | ان سے | اور | وہ |

گنہگار ہمیشہ دوزخ کے عذاب میں رہیں گے﴿۷۴﴾ جو اُن سے ہلکا نہ کیا جائے گا اور وہ

فِيۡهِ مُبۡلِسُوۡنَ ﴿۷۵﴾ وَمَا ظَلَمۡنٰهُمۡ وَلٰكِنۡ كَانُوۡا هُمُ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۷۶﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيۡهِ | مُبۡلِسُوۡنَ | وَ | مَا | ظَلَمۡنٰهُمۡ | وَلٰكِنۡ | كَانُوۡا | هُمُ | الظّٰلِمِيۡنَ |
| بیچ اس کے | ناامید ہیں | اور | نہیں | ظلم کیا ہم نے ان پر | اور لیکن | تھے | وہی | ظالم |

اس میں ناامید ہو کر پڑے رہیں گے﴿۷۵﴾ اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہی (اپنے آپ پر) ظلم کرتے تھے﴿۷۶﴾

وَنَادَوۡا يٰمٰلِكُ لِيَقۡضِ عَلَيۡنَا رَبُّكَ ؕ قَالَ اِنَّكُمۡ مّٰكِثُوۡنَ ﴿۷۷﴾ لَقَدۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | نَادَوۡا | يٰمٰلِكُ | لِيَقۡضِ | عَلَيۡنَا | رَبُّكَ | قَالَ | اِنَّكُمۡ | مّٰكِثُوۡنَ | لَقَدۡ |
| اور | پکاریں گے | اے مالک | چاہیے کہ موت ڈالدے | اوپر ہمارے | پروردگار تیرا | کہے گا | بیشک تم | ہمیشہ رہنے والے ہو | البتہ تحقیق |

اور پکاریں گے کہ اے مالک تمہارا پروردگار ہمیں موت دے دے۔ وہ کہے گا کہ تم ہمیشہ (اسی حالت میں) رہو گے﴿۷۷﴾ ہم

جِئۡنٰكُمۡ بِالۡحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكۡثَرَكُمۡ لِلۡحَقِّ كٰرِهُوۡنَ ﴿۷۸﴾ اَمۡ اَبۡرَمُوۡۤا اَمۡرًا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جِئۡنٰكُمۡ | بِالۡحَقِّ | وَ | لٰكِنَّ | اَكۡثَرَكُمۡ | لِلۡحَقِّ | كٰرِهُوۡنَ | اَمۡ | اَبۡرَمُوۡۤا | اَمۡرًا |
| لائے ہیں ہم تمہارے پاس | حق | اور | لیکن | بہت تمہارے | واسطے حق کے | ناخوش رکھنے والے ہیں | کیا | مقرر کیا انہوں نے | کچھ کام |

تمہارے پاس لے کر پہنچے لیکن تم میں سے اکثر حق سے ناخوش ہوتے رہے﴿۷۸﴾ کیا انہوں نے کوئی بات ٹھیرا رکھی ہے

فَاِنَّا مُبۡرِمُوۡنَ ﴿۷۹﴾ اَمۡ يَحۡسَبُوۡنَ اَنَّا لَا نَسۡمَعُ سِرَّهُمۡ وَنَجۡوٰىهُمۡ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاِنَّا | مُبۡرِمُوۡنَ | اَمۡ | يَحۡسَبُوۡنَ | اَنَّا | لَا | نَسۡمَعُ | سِرَّهُمۡ | وَنَجۡوٰىهُمۡ |
| پس بیشک ہم | مقرر کرنیوالے ہیں | کیا | گمان کرتے ہیں | یہ کہ ہم | نہیں | سنتے | آہستہ بولنا ان کا | اور مشاورت کرنا انکا |

تو ہم بھی کچھ ٹھیرانے والے ہیں﴿۷۹﴾ کیا یہ لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم ان کی پوشیدہ باتوں اور سرگوشیوں کو سنتے نہیں؟

بَلٰى وَ رُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿۸۰﴾ قُلْ اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ۖ فَاَنَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَلٰى | وَ | رُسُلُنَا | لَدَيْهِمْ | يَكْتُبُوْنَ | قُلْ | اِنْ | كَانَ | لِلرَّحْمٰنِ | وَلَدٌ | فَاَنَا |
| یوں نہیں بلکہ | اور | بھیجے ہوئے ہمارے | پاس ان کے | لکھتے ہیں | کہہ | اگر | ہوتی | واسطے اللہ کے | اولاد | پس میں |

ہاں ہاں (سب سنتے ہیں) اور ہمارے فرشتے ان کے پاس (ان کی) سب باتیں لکھ لیتے ہیں ﴿۸۰﴾ کہہ دو کہ اگر اللہ کے اولاد ہو تو میں

اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ سُبْحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوَّلُ | الْعٰبِدِيْنَ | سُبْحٰنَ | رَبِّ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | رَبِّ | الْعَرْشِ |
| پہلا | عبادت کرنیوالا ہوں | پاک ہے | پروردگار | آسمانوں کا | اور | زمین کا | پروردگار | عرش کا |

(سب سے) پہلے (اس کی) عبادت کرنے والا ہوں ﴿۸۱﴾ یہ جو کچھ بیان کرتے ہیں آسمانوں اور زمین کا مالک (اور) عرش کا

عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَمَّا | يَصِفُوْنَ | فَذَرْهُمْ | يَخُوْضُوْا | وَ | يَلْعَبُوْا | حَتّٰى | يُلٰقُوْا | يَوْمَهُمُ |
| اس چیز سے کہ | بیان کرتے ہیں | پس چھوڑ دے ان کو | بک بک کریں | اور | کھیلیں | یہاں تک کہ | ملیں | اپنے اس دن سے |

مالک اس سے پاک ہے ﴿۸۲﴾ تو اُن کو بک بک کرنے اور کھیلنے دو یہاں تک کہ جس دن کا اُن سے وعدہ کیا

الَّذِىْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۸۳﴾ وَهُوَ الَّذِىْ فِى السَّمَآءِ اِلٰهٌ وَّفِى الْاَرْضِ اِلٰهٌ ۭ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِىْ | يُوْعَدُوْنَ | وَ | هُوَ | الَّذِىْ | فِى | السَّمَآءِ | اِلٰهٌ | وَّ | فِى | الْاَرْضِ | اِلٰهٌ |
| کہ جس کا | وعدہ دیئے جاتے ہیں | اور | وہی ہے | جو | بیچ | آسمانوں کے | معبود ہے | اور | بیچ | زمین کے بھی | معبود ہے |

جاتا ہے اُس کو دیکھ لیں ﴿۸۳﴾ اور وہی (ایک) آسمانوں میں معبود ہے اور (وہی) زمین میں معبود ہے۔

وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ﴿۸۴﴾ وَتَبٰرَكَ الَّذِىْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَهُوَ | الْحَكِيْمُ | الْعَلِيْمُ | وَ | تَبٰرَكَ | الَّذِىْ | لَهٗ | مُلْكُ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ |
| اور وہ | حکمت والا ہے | جاننے والا | اور | برکت والا ہے | وہ جو | واسطے اسکے ہے | بادشاہی | آسمانوں کی | اور | زمین کی |

اور وہ دانا (اور) علم والا ہے ﴿۸۴﴾ اور وہ بہت بابرکت ہے جس کے لیے آسمانوں اور زمین

وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۵﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | بَيْنَهُمَا | وَعِنْدَهٗ | عِلْمُ | السَّاعَةِ | وَاِلَيْهِ | تُرْجَعُوْنَ |
| اور | جو کچھ | ان دونوں کے درمیان ہے | اور نزدیک اسکے ہے | علم | قیامت کا | اور طرف اسی کی | پھیرے جاؤ گے تم |

اور جو کچھ ان دونوں میں ہے سب کی بادشاہت ہے۔ اور اسی کو قیامت کا علم ہے اور اسی کی طرف تم لوٹ کر جاؤ گے ﴿۸۵﴾

وَلَا يَمْلِكُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنْ شَهِدَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | يَمْلِكُ | الَّذِيْنَ | يَدْعُوْنَ | مِنْ | دُوْنِهِ | الشَّفَاعَةَ | اِلَّا | مَنْ | شَهِدَ |
| اور | نہیں | اختیار میں رکھتے | وہ لوگ کہ | پکارتے ہیں | سے | سوائے اس کے | شفاعت کرنا | مگر | وہ کہ | گواہی دے |

اور جن کو یہ لوگ اللہ کے سوا پکارتے ہیں وہ سفارش کا کچھ اختیار نہیں رکھتے ہاں جو علم ویقین کے ساتھ حق کی گواہی

بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْحَقِّ | وَ | هُمْ | يَعْلَمُوْنَ | وَ | لَئِنْ | سَاَلْتَهُمْ | مَّنْ | خَلَقَهُمْ |
| ساتھ حق کے | اور | وہ | جانتے ہیں | اور | اگر | پوچھے تو ان سے | کس نے | پیدا کیا ان کو |

دیں (وہ سفارش کر سکتے ہیں) ﴿۸۶﴾ اور اگر تم ان سے پوچھو کہ ان کو کس نے پیدا کیا ہے تو

لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۸۷﴾ لا وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَيَقُوْلُنَّ | اللّٰهُ | فَاَنّٰى | يُؤْفَكُوْنَ | وَقِيْلِهٖ | يٰرَبِّ | اِنَّ | هٰٓؤُلَآءِ | قَوْمٌ |
| البتہ کہیں گے | اللہ نے | پس کہاں سے | پھیرے جاتے ہیں | اور بہت کہا کرتا ہے | اے رب میرے | بیشک | یہ | قوم ہیں کہ |

کہہ دیں گے کہ اللہ نے۔ تو پھر یہ کہاں بہکے پھرتے ہیں؟ ﴿۸۷﴾ اور (بسا اوقات) پیغمبر کہا کرتے ہیں کہ اے پروردگار یہ ایسے

لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾ فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلٰمٌ ط فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۹﴾ ع — وقف لازم ع ۲۲/۱۳

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَّا | يُؤْمِنُوْنَ | فَاصْفَحْ | عَنْهُمْ | وَ | قُلْ | سَلٰمٌ | فَسَوْفَ | يَعْلَمُوْنَ |
| نہیں | ایمان لاتے | پس منہ پھیر لے | ان سے | اور | کہہ | سلام ہے | پس البتہ | جان لیں گے |

لوگ ہیں کہ ایمان نہیں لاتے ﴿۸۸﴾ تو ان سے منہ پھیر لو اور سلام کہہ دو۔ ان کو عنقریب (انجام) معلوم ہو جائے گا ﴿۸۹﴾

## اٰیاتها ۵۹ — ۴۴ سُوْرَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ ۶۴ — رکوعاتها ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

حٰمٓ ﴿۱﴾ ج وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا — مع

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حٰمٓ | وَ | الْكِتٰبِ | الْمُبِيْنِ | اِنَّآ | اَنْزَلْنٰهُ | فِيْ | لَيْلَةٍ | مُّبٰرَكَةٍ | اِنَّا | كُنَّا |
| حٰمٓ | قسم ہے | کتاب | بیان کرنے والی کی | بیشک | اتارا ہم نے اسکو | بیچ | رات | برکت والی کے | بیشک | ہم ہیں |

حٰمٓ ﴿۱﴾ اس کتاب روشن کی قسم ﴿۲﴾ کہ ہم نے اس کو مبارک رات میں نازل فرمایا ہم تو رستہ

مُنۡذِرِيۡنَ ﴿۳﴾ فِيۡهَا يُفۡرَقُ كُلُّ اَمۡرٍ حَكِيۡمٍ ﴿۴﴾ اَمۡرًا مِّنۡ عِنۡدِنَا ؕ اِنَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُنۡذِرِيۡنَ | فِيۡهَا | يُفۡرَقُ | كُلُّ | اَمۡرٍ | حَكِيۡمٍ | اَمۡرًا | مِّنۡ | عِنۡدِنَا | اِنَّا |
| ڈرانے والے | بیچ اس کے | فیصل کیا جاتا ہے | ہر | کام | حکمت والا | حکم ہو کر | سے | نزدیک ہمارے | بیشک |

دکھانے والے ہیں ﴿۳﴾ اسی رات میں تمام حکمت کے کام فیصل کیے جاتے ہیں ﴿۴﴾ (یعنی) ہمارے ہاں سے حکم ہو کر۔ بیشک ہم

كُنَّا مُرۡسِلِيۡنَ ﴿۵﴾ رَحۡمَةً مِّنۡ رَّبِّكَ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ ﴿۶﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُنَّا | مُرۡسِلِيۡنَ | رَحۡمَةً | مِّنۡ | رَّبِّكَ | اِنَّهٗ | هُوَ | السَّمِيۡعُ | الۡعَلِيۡمُ |
| ہم ہیں | بھیجنے والے | رحمت ہے | طرف سے | تیرے رب کی | بیشک وہ | وہی ہے | سننے والا | جاننے والا |

ہی (پیغمبر کو) بھیجتے ہیں ﴿۵﴾ (یہ) تمہارے پروردگار کی رحمت ہے۔ وہ تو سننے والا جاننے والا ہے ﴿۶﴾

رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَا بَيۡنَهُمَا ۘ اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّوۡقِنِيۡنَ ﴿۷﴾ لَاۤ اِلٰهَ وقف لازم

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مانگے تم سے وہ مال | پس تنگ کرے تم کو | بخیلی کرنے لگو | اور نکال دے | بدنیتی تمہاری | خبردار ہو تم | وہ لوگ ہو کہ |

وہ تم سے مال طلب کرے اور تمہیں تنگ کرے تو تم بخل کرنے لگو اور وہ (بخل) تمہاری بدنیتی ظاہر کر کے رہے﴿٣٧﴾ دیکھو تم وہ لوگ ہو

تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ ۚ وَمَنْ

| تُدْعَوْنَ | لِتُنْفِقُوْا | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | فَمِنْكُمْ | مَّنْ | يَّبْخَلُ | وَ | مَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پکارے جاتے ہو | تاکہ خرچ کرو | بیچ | راہ | اللہ کے | پس بعض تم میں سے | وہ ہے کہ | بخیلی کرتا ہے | اور | جو کوئی |

کہ اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کے لیے بلائے جاتے ہو تو تم میں ایسے شخص بھی ہیں جو بخل کرنے لگتے ہیں۔ اور جو

يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ۭ وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَاۗءُ ۚ وَاِنْ

| يَّبْخَلْ | فَاِنَّمَا | يَبْخَلُ | عَنْ | نَّفْسِهٖ | وَ | اللّٰهُ | الْغَنِيُّ | وَ | اَنْتُمُ | الْفُقَرَاۗءُ | وَ | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بخیلی کرے | پس سوائے اسکے نہیں کہ | بخیلی کرتا ہے | سے | جان اپنی | اور | اللہ | بے پرواہے | اور | تم | محتاج ہو | اور | اگر |

بخل کرتا ہے اپنے آپ سے بخل کرتا ہے اور اللہ بے نیاز ہے اور تم محتاج۔ اور اگر

ع ۴/۸

تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۙ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْۤا اَمْثَالَكُمْ ﴿۳۸﴾ ع

| تَتَوَلَّوْا | يَسْتَبْدِلْ | قَوْمًا | غَيْرَكُمْ | ثُمَّ | لَا | يَكُوْنُوْۤا | اَمْثَالَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر جاؤ تم | بدل لے گا | اور لوگ | تمہارے سوائے | پھر | نہ | ہوں گے وہ | تمہاری طرح |

تم منہ پھیرو گے تو وہ تمہاری جگہ اور لوگوں کو لے آئے گا اور وہ تمہاری طرح کے نہیں ہوں گے ﴿۳۸﴾

اٰیاتہا ۲۹ ۔ ۴۸ سُوْرَةُ الْفَتْحِ مَدَنِيَّةٌ ۱۱۱ ۔ رکوعاتہا ۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ﴿۱﴾ ۙ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ

| اِنَّا | فَتَحْنَا | لَكَ | فَتْحًا | مُّبِيْنًا | لِّيَغْفِرَ | لَكَ | اللّٰهُ | مَا | تَقَدَّمَ | مِنْ | ذَنْۢبِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | فتح دی ہم نے | تجھ کو | فتح | ظاہر | تاکہ بخشے | واسطے تیرے | اللہ | جو کچھ | ہوا تھا پہلے | سے | گناہوں تیرے |

(اے محمد ﷺ) ہم نے تم کو فتح دی فتح بھی صریح و صاف ﴿۱﴾ تاکہ اللہ تمہارے اگلے اور پچھلے گناہ

وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۲﴾ ۙ

| وَ | مَا | تَاَخَّرَ | وَيُتِمَّ | نِعْمَتَهٗ | عَلَيْكَ | وَ | يَهْدِيَكَ | صِرَاطًا | مُّسْتَقِيْمًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جو کچھ | پیچھے ہوا | اور تمام کرے | نعمت اپنی | اوپر تیرے | اور | دکھلا دے تجھ کو | راہ | سیدھی |

بخش دے اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دے اور تم کو سیدھے رستے چلائے ﴿۲﴾

وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ﴿۳﴾ هُوَ الَّذِيْۤ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ

| وَّ | يَنْصُرَكَ | اللّٰهُ | نَصْرًا | عَزِيْزًا | هُوَ | الَّذِيْۤ | اَنْزَلَ | السَّكِيْنَةَ | فِيْ | قُلُوْبِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | مدد کرے تجھ کو | اللہ | مدد | غالب | وہی ہے | جس نے | اتاری | تسکین | بیچ | دلوں |

اور اللہ تمہاری زبردست مدد کرے ﴿۳﴾ وہی تو ہے جس نے مومنوں کے دلوں پر تسلی

الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْۤا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ؕ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ

| الْمُؤْمِنِيْنَ | لِيَزْدَادُوْۤا | اِيْمَانًا | مَّعَ | اِيْمَانِهِمْ | وَ | لِلّٰهِ | جُنُوْدُ | السَّمٰوٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان والوں کے | تاکہ بڑھ جائیں | ایمان میں | ساتھ | ایمان اپنے کے | اور | واسطے اللہ کے ہیں | لشکر | آسمانوں کے |

نازل فرمائی تاکہ ان کے ایمان کے ساتھ اور ایمان بڑھے اور آسمانوں اور زمین کے لشکر (سب) اللہ

وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ﴿۴﴾ لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاَرْضِ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | عَلِيْمًا | حَكِيْمًا | لِّيُدْخِلَ | الْمُؤْمِنِيْنَ |
| اور | زمین کے | اور | ہے | اللہ | جاننے والا | حکمت والا | تاکہ داخل کرے | ایمان والوں کو |

ہی کے ہیں۔ اور اللہ جاننے والا (اور) حکمت والا ہے ﴿۴﴾ (یہ) اس لیے کہ وہ مومن مردوں

وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْمُؤْمِنٰتِ | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ | مِنْ | تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا | وَ | يُكَفِّرَ |
| اور | ایمان والیوں کو | بہشتوں میں | چلتی ہیں | سے | نیچے ان کے | نہریں | ہمیش رہنے والے | بیچ ان کے | اور | دور کرے |

اور مومن عورتوں کو بہشتوں میں جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں داخل کرے اور وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے اور ان سے

عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا عَظِيْمًا ۙ﴿۵﴾ وَّيُعَذِّبَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَنْهُمْ | سَيِّاٰتِهِمْ | وَ | كَانَ | ذٰلِكَ | عِنْدَ | اللّٰهِ | فَوْزًا | عَظِيْمًا | وَّ | يُعَذِّبَ |
| ان سے | برائیاں ان کی | اور | ہے | یہ | نزدیک | اللہ کے | مراد پانا | بڑا | اور | عذاب کرے |

اُن کے گناہوں کو دُور کردے۔ اور یہ اللہ کے نزدیک بڑی کامیابی ہے ﴿۵﴾ اور (اس لیے کہ)

الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الْمُنٰفِقِيْنَ | وَالْمُنٰفِقٰتِ | وَالْمُشْرِكِيْنَ | وَالْمُشْرِكٰتِ | الظَّآنِّيْنَ | بِاللّٰهِ |
| نفاق والوں کو | اورنفاق والیوں کو | اورشرک کرنے والوں کو | اورشرک کرنے والیوں کو | گمان کرنیوالے ہیں | ساتھ اللہ کے |

منافق مَردوں اور منافق عورتوں اور مشرک مَردوں اور مشرک عورتوں کو جو اللہ کے حق میں برے برے خیال

ظَنَّ السَّوْءِ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظَنَّ | السَّوْءِ | عَلَيْهِمْ | دَآئِرَةُ | السَّوْءِ | وَغَضِبَ | اللّٰهُ | عَلَيْهِمْ | وَ | لَعَنَهُمْ |
| گمان | برا | اوپران کے ہے | پھیرا | برائی کا | اورغصہ ہوا | اللہ | اوپران کے | اور | لعنت کی ان کو |

رکھتے ہیں عذاب دے۔ انہی پر برے حادثے واقع ہوں۔ اور اللہ اُن پر غصے ہوا اور ان پر لعنت کی

وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۶﴾ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَعَدَّ | لَهُمْ | جَهَنَّمَ | وَسَآءَتْ | مَصِيْرًا | وَلِلّٰهِ | جُنُوْدُ | السَّمٰوٰتِ |
| اور | تیارکی | واسطےان کے | دوزخ | اور بری ہے | جگہ پھر جانیکی | اور واسطے اللہ کے ہیں | لشکر | آسمانوں کے |

اور ان کے لیے دوزخ تیار کی اور وہ بری جگہ ہے ﴿۶﴾ اور آسمانوں اور زمین کے

وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۞ ۷ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْاَرْضِ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | عَزِيْزًا | حَكِيْمًا | اِنَّآ | اَرْسَلْنٰكَ | شَاهِدًا |
| اور زمین کے | اور | ہے | اللہ | غالب | حکمت والا | بیشک | بھیجا ہم نے تجھ کو | گواہی دینے والا |

لشکر اللہ ہی کے ہیں۔ اور اللہ غالب (اور) حکمت والا ہے (۷) (اور) ہم نے (اے محمد ﷺ) تم کو حق ظاہر کرنے والا

وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۙ ۸ لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ؕ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّمُبَشِّرًا | وَّ | نَذِيْرًا | لِّتُؤْمِنُوْا | بِاللّٰهِ | وَرَسُوْلِهٖ | وَتُعَزِّرُوْهُ | وَ | تُوَقِّرُوْهُ |
| اور خوشخبری دینے والا | اور | ڈرانے والا | تا کہ ایمان لاؤ تم | ساتھ اللہ کے | اور اسکے رسول کے | اور قوت دو اس کو | اور | تعظیم کرو اس کی |

اور خوشخبری سنانے والا اور خوف دلانے والا (بنا کر) بھیجا ہے (۸) تا کہ (مسلمانو) تم لوگ اللہ پر اور اس کے پیغمبر پر ایمان لاؤ اور اس کی مدد کرو

وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۞ ۹ اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | تُسَبِّحُوْهُ | بُكْرَةً | وَّاَصِيْلًا | اِنَّ | الَّذِيْنَ | يُبَايِعُوْنَكَ | اِنَّمَا | يُبَايِعُوْنَ |
| اور | تسبیح کرو اس کی | صبح | اور شام | بیشک | وہ لوگ کہ | بیعت کرتے ہیں تجھ سے | سوائے اسکے نہیں کہ | بیعت کرتے ہیں |

اور اس کو بزرگ سمجھو۔ اور صبح و شام اس کی تسبیح کرتے رہو (۹) جو لوگ تم سے بیعت کرتے ہیں وہ اللہ سے بیعت کرتے

اللّٰهَ ؕ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ ۚ فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | يَدُ | اللّٰهِ | فَوْقَ | اَيْدِيْهِمْ | فَمَنْ | نَّكَثَ | فَاِنَّمَا | يَنْكُثُ | عَلٰى | نَفْسِهٖ |
| اللہ سے | ہاتھ | اللہ کا ہے | اوپر | انکے ہاتھ کے | پس جس نے | عہد توڑا | پس سوائے اسکے نہیں کہ | عہد توڑا | اوپر | جان اپنی کے |

ہیں۔ اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھوں پر ہے۔ پھر جو عہد کو توڑے تو عہد توڑنے کا نقصان اُسی کو ہے

وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ۞ ۱۰ سَيَقُوْلُ ع ۹

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَنْ | اَوْفٰى | بِمَا | عٰهَدَ | عَلَيْهُ | اللّٰهَ | فَسَيُؤْتِيْهِ | اَجْرًا | عَظِيْمًا | سَيَقُوْلُ |
| اور | جس نے | وفا کی | ساتھ اس چیز کے کہ | عہد کیا ہے | اوپر اس کے | اللہ سے | پس جلد دے گا اسکو | ثواب | بڑا | جلد کہیں گے |

اور جو اس بات کو جس کا اُس نے اللہ سے عہد کیا ہے پورا کرے تو وہ اُسے عنقریب اجرِ عظیم دے گا (۱۰) جو گنوار پیچھے رہ

لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا وَاَهْلُوْنَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكَ | الْمُخَلَّفُوْنَ | مِنَ | الْاَعْرَابِ | شَغَلَتْنَآ | اَمْوَالُنَا | وَ | اَهْلُوْنَا |
| واسطے تیرے | پیچھے چھوڑے گئے | سے | گنواروں | مشغول کیا تھا ہم کو | ہمارے مالوں نے | اور | ہمارے لوگوں نے |

گئے وہ تم سے کہیں گے کہ ہم کو ہمارے مال اور اہل و عیال نے روک رکھا

فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۗ قُلْ فَمَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاسْتَغْفِرْ لَنَا | يَقُوْلُوْنَ | بِاَلْسِنَتِهِمْ | مَّا | لَيْسَ | فِيْ | قُلُوْبِهِمْ | قُلْ | فَمَنْ |
| پس بخشش مانگ واسطے ہمارے | کہتے ہیں | ساتھ زبانوں اپنی کے | جو کچھ کہ | نہیں | بیچ | ان کے دلوں کے | کہہ | پس کون |

آپ ہمارے لیے (اللہ سے) بخشش مانگیں۔ یہ لوگ اپنی زبان سے وہ بات کہتے ہیں جو ان کے دل میں نہیں ہے۔ کہہ دو کہ اگر

يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ۗ بَلْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّمْلِكُ | لَكُمْ | مِّنَ | اللّٰهِ | شَيْـًٔا | اِنْ | اَرَادَ | بِكُمْ | ضَرًّا | اَوْ | اَرَادَ بِكُمْ | نَفْعًا | بَلْ |
| مالک ہوگا | واسطے تمہارے | سے | اللہ | کچھ | اگر | ارادہ کرے | ساتھ تمہارے | ضرر کا | یا | ارادہ کرے ساتھ تمہارے | نفع کا | بلکہ |

اللہ تم (لوگوں) کو نقصان پہنچانا چاہے یا تمہیں فائدہ پہنچانے کا ارادہ فرمائے تو کون ہے جو اس کے سامنے تمہارے لیے کسی بات کا کچھ اختیار

كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۱﴾ بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانَ | اللّٰهُ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | خَبِيْرًا | بَلْ | ظَنَنْتُمْ | اَنْ | لَّنْ | يَّنْقَلِبَ | الرَّسُوْلُ |
| ہے | اللہ | ساتھ اس چیز کے کہ | کرتے ہو تم | خبردار | بلکہ | گمان کیا تھا تم نے | یہ کہ | ہرگز نہ | پھیریں گے | رسول |

رکھے (کوئی نہیں) بلکہ جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے واقف ہے ﴿۱۱﴾ بات یہ ہے کہ تم لوگ یہ سمجھ بیٹھے تھے کہ پیغمبر اور مومن اپنے

وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰٓى اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا وَّزُيِّنَ ذٰلِكَ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَظَنَنْتُمْ ظَنَّ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْمُؤْمِنُوْنَ | اِلٰٓى | اَهْلِيْهِمْ | اَبَدًا | وَّ | زُيِّنَ | ذٰلِكَ | فِيْ | قُلُوْبِكُمْ | وَ | ظَنَنْتُمْ | ظَنَّ |
| اور | مسلمان | طرف | لوگوں اپنے کی | کبھی | اور | زینت دیا گیا | یہ | بیچ | دلوں تمہارے کے | اور | گمان کیا تھا تم نے | گمان |

اہلِ وعیال میں کبھی لوٹ کر آنے ہی کے نہیں اور یہی بات تمہارے دلوں کو اچھی معلوم ہوئی۔ اور (اسی وجہ سے) تم نے برے

السَّوْءِ ۚ وَكُنْتُمْ قَوْمًا ۢ بُوْرًا ﴿۱۲﴾ وَمَنْ لَّمْ يُؤْمِنْ ۢ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَاِنَّآ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السَّوْءِ | وَ | كُنْتُمْ | قَوْمًا | بُوْرًا | وَ | مَنْ | لَّمْ | يُؤْمِنْ | بِاللّٰهِ | وَ | رَسُوْلِهٖ | فَاِنَّآ |
| برا | اور | تھے تم | قوم | ہلاک ہونیوالی | اور | جو کوئی | نہ | ایمان لایا | ساتھ اللہ کے | اور | اسکے رسول کے | پس بیشک کہ |

برے خیال کیے۔ اور (آخرکار) تم ہلاکت میں پڑ گئے ﴿۱۲﴾ اور جو شخص اللہ پر اور اس کے پیغمبر پر ایمان نہ لائے تو ہم

اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَعِيْرًا ﴿۱۳﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۗ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَعْتَدْنَا | لِلْكٰفِرِيْنَ | سَعِيْرًا | وَ | لِلّٰهِ | مُلْكُ | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ |
| تیار کی ہے ہم نے | واسطے کافروں کے | دوزخ | اور | واسطے اللہ کے ہے | بادشاہی | آسمانوں کی | اور زمین کی |

نے (ایسے) کافروں کے لیے آگ تیار کر رکھی ہے ﴿۱۳﴾ اور آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کی ہے۔

يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۴﴾

| يَغْفِرُ | لِمَنْ | يَّشَآءُ | وَ | يُعَذِّبُ | مَنْ | يَّشَآءُ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | غَفُوْرًا | رَّحِيْمًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بخشتا ہے | واسطے جسکے | چاہتا ہے | اور | عذاب کرتا ہے | جس کو | چاہتا ہے | اور | ہے | اللہ | بخشنے والا | مہربان |

وہ جسے چاہے بخشے اور جسے چاہے سزا دے۔ اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے ﴿۱۴﴾

سَيَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ اِذَا انْطَلَقْتُمْ اِلٰى مَغَانِمَ لِتَاْخُذُوْهَا ذَرُوْنَا

| سَيَقُوْلُ | الْمُخَلَّفُوْنَ | اِذَا | انْطَلَقْتُمْ | اِلٰى | مَغَانِمَ | لِتَاْخُذُوْهَا | ذَرُوْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جلد کہیں گے | پیچھے چھوڑے گئے | جب | چلو گے تم | طرف | غنیمتوں کی | تاکہ لے لوان کو | چھوڑ دو ہم کو |

جب تم لوگ غنیمتیں لینے چلو گے تو جو لوگ پیچھے رہ گئے تھے وہ کہیں گے ہمیں بھی اجازت دیجیے کہ

نَتَّبِعْكُمْ ۚ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ ۭ قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا كَذٰلِكُمْ قَالَ

| نَتَّبِعْكُمْ | يُرِيْدُوْنَ | اَنْ | يُّبَدِّلُوْا | كَلٰمَ | اللّٰهِ | قُلْ | لَّنْ | تَتَّبِعُوْنَا | كَذٰلِكُمْ | قَالَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیروی کریں ہم تمہاری | چاہتے ہیں | یہ کہ | بدل ڈالیں | کلام کو | اللہ کے | کہہ | ہرگز نہ | پیروی کرو گے تم | اسی طرح | کہا ہے |

آپ کے ساتھ چلیں۔ یہ چاہتے ہیں کہ اللہ کے قول کو بدل دیں۔ کہہ دو کہ تم ہرگز ہمارے ساتھ نہیں چل سکتے۔ اسی طرح اللہ

اللّٰهُ مِنْ قَبْلُ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ بَلْ تَحْسُدُوْنَنَا ۭ بَلْ كَانُوْا لَا يَفْقَهُوْنَ

| اللّٰهُ | مِنْ | قَبْلُ | فَسَيَقُوْلُوْنَ | بَلْ | تَحْسُدُوْنَنَا | بَلْ | كَانُوْا | لَا | يَفْقَهُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ نے | سے | پہلے اس | پس البتہ کہیں گے | بلکہ | حسد کرتے ہو تم ہم سے | بلکہ | تھے وہ | نہ | سمجھتے |

نے پہلے سے فرما دیا ہے۔ پھر کہیں گے (نہیں) تم تو ہم سے حسد کرتے ہو۔ بات یہ ہے کہ یہ لوگ سمجھتے ہی نہیں

اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۵﴾ قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ اِلٰى قَوْمٍ

| اِلَّا | قَلِيْلًا | قُلْ | لِّلْمُخَلَّفِيْنَ | مِنَ | الْاَعْرَابِ | سَتُدْعَوْنَ | اِلٰى | قَوْمٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | تھوڑا | کہہ | واسطے پیچھے چھوڑ گیوں کے | سے | گنواروں | جلد ہی بلائے جاؤ گے تم | طرف | ایک قوم |

مگر بہت کم ﴿۱۵﴾ جو گنوار پیچھے رہ گئے تھے اُن سے کہہ دو کہ تم جلد ایک سخت جنگجو قوم کے (ساتھ لڑائی کے)

اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ ۚ فَاِنْ تُطِيْعُوْا يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ

| اُولِيْ بَاْسٍ | شَدِيْدٍ | تُقَاتِلُوْنَهُمْ | اَوْ | يُسْلِمُوْنَ | فَاِنْ | تُطِيْعُوْا | يُؤْتِكُمُ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جنگجو | سخت کے | لڑو گے تم ان سے | یا | وہ مسلمان ہو جائیں گے | پس اگر | مانو گے تم | دے گا تم کو | اللہ |

لیے بلائے جاؤ گے۔ اُن سے تم (یا تو) جنگ کرتے رہو گے یا وہ اسلام لے آئیں گے۔ اگر تم حکم مانو گے تو اللہ

اَجْرًا حَسَنًا ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَجْرًا | حَسَنًا | وَ | اِنْ | تَتَوَلَّوْا | كَمَا | تَوَلَّيْتُمْ | مِّنْ | قَبْلُ | يُعَذِّبْكُمْ | عَذَابًا |
| ثواب | اچھا | اور | اگر | پھر جاؤ تم | جیسا | پھر گئے تھے تم | اس سے | پہلے | عذاب کرے گا تم کو | عذاب |

تم کو اچھا بدلہ دے گا۔ اور اگر منہ پھیر لوگے جیسے پہلی دفعہ پھیرا تھا تو وہ تم کو بری تکلیف کی

اَلِيْمًا ﴿۱٦﴾ لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلِيْمًا | لَيْسَ | عَلَى | الْاَعْمٰى | حَرَجٌ | وَّ | لَا | عَلَى | الْاَعْرَجِ | حَرَجٌ | وَّ | لَا | عَلَى |
| درد دینے والا | نہیں | اوپر | اندھے کے | تنگی | اور | نہ | اوپر | لنگڑے کے | تنگی | اور | نہ | اوپر |

سزا دے گا﴿۱٦﴾ نہ تو اندھے پر گناہ ہے (کہ سفر جنگ سے پیچھے رہ جائے) اور نہ لنگڑے پر گناہ ہے اور نہ

الْمَرِيْضِ حَرَجٌ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَرِيْضِ | حَرَجٌ | وَ | مَنْ | يُّطِعِ | اللّٰهَ | وَ | رَسُوْلَهٗ | يُدْخِلْهُ | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ |
| مریض کے | تنگی | اور | جو کوئی | اطاعت کرے | اللہ کی | اور | اس کے رسول کی | داخل کریگا اس کو | بہشتوں میں | چلتی ہیں |

بیمار پر گناہ ہے۔ اور جو شخص اللہ اور اس کے پیغمبر کے فرمان پر چلے گا اللہ اُس کو بہشتوں میں داخل کرے گا

ع ۲ النصف

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۷﴾ ع لَقَدْ رَضِيَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | وَ | مَنْ | يَّتَوَلَّ | يُعَذِّبْهُ | عَذَابًا | اَلِيْمًا | لَقَدْ | رَضِيَ |
| سے | نیچے ان کے | نہریں | اور | جو کوئی | پھر جائے گا | عذاب دیا جائیگا اسکو | عذاب | درد دینے والا | البتہ تحقیق | راضی ہوا |

جن کے تلے نہریں بہ رہی ہیں۔ اور جو روگردانی کرے گا اُسے برے دکھ کی سزا دے گا﴿۱۷﴾ (اے پیغمبر) جب

اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | عَنِ | الْمُؤْمِنِيْنَ | اِذْ | يُبَايِعُوْنَكَ | تَحْتَ | الشَّجَرَةِ | فَعَلِمَ | مَا | فِيْ |
| اللہ | سے | ایمان والوں | جسوقت | بیعت کرتے تھے تجھ سے | نیچے | درخت کے | پس جانا | جو کچھ | بیچ |

مومن تم سے درخت کے نیچے بیعت کر رہے تھے تو اللہ اُن سے خوش ہوا۔ اور جو (صدق وخلوص) اُن کے دلوں

قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۱۸﴾ وَّمَغَانِمَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلُوْبِهِمْ | فَاَنْزَلَ | السَّكِيْنَةَ | عَلَيْهِمْ | وَ | اَثَابَهُمْ | فَتْحًا | قَرِيْبًا | وَّ | مَغَانِمَ |
| انکے دلوں کے تھا | پس اتاری | تسکین | اوپر ان کے | اور | ثواب دیا ان کو | فتح | نزدیک | اور | غنیمتیں |

میں تھا وہ اس نے معلوم کر لیا تو اُن پر تسلی نازل فرمائی اور انہیں جلد فتح عنایت کی﴿۱۸﴾ اور بہت

كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۱۹﴾ وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَثِيْرَةً | يَّاْخُذُوْنَهَا | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | عَزِيْزًا | حَكِيْمًا | وَعَدَكُمُ | اللّٰهُ | مَغَانِمَ |
| بہت کہ | لیں گے ان کو | اور | ہے | اللہ | غالب | حکمت والا | وعدہ کیا ہے تم سے | اللہ نے | غنیمتوں کا |

سی غنیمتیں جو انہوں نے حاصل کیں۔ اور اللہ غالب حکمت والا ہے ﴿۱۹﴾ اللہ نے تم سے بہت سی غنیمتوں کا

كَثِيْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ ۚ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَثِيْرَةً | تَاْخُذُوْنَهَا | فَعَجَّلَ | لَكُمْ | هٰذِهٖ | وَ | كَفَّ | اَيْدِيَ | النَّاسِ | عَنْكُمْ |
| بہت سی | کہ لو گے تم ان کو | پس جلد ہی دیدی | تم کو | یہ | اور | بند کیے | ہاتھ | لوگوں کے | تم سے |

وعدہ فرمایا ہے کہ تم ان کو حاصل کرو گے سو اس نے غنیمت کی تمہارے لیے جلدی فرمائی اور لوگوں کے ہاتھ تم سے روک دیے۔

وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۲۰﴾ لا وَّاُخْرٰى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لِتَكُوْنَ | اٰيَةً | لِّلْمُؤْمِنِيْنَ | وَ | يَهْدِيَكُمْ | صِرَاطًا | مُّسْتَقِيْمًا | وَّ | اُخْرٰى |
| اور | تاکہ ہو | نشانی | واسطے ایمان والوں کے | اور | دکھلائے تم کو | راہ | سیدھی | اور | دوسری |

غرض یہ تھی کہ یہ مومنوں کے لیے (اللہ کی) قدرت کا نمونہ ہے اور وہ تم کو سیدھے رستے پر چلائے ﴿۲۰﴾ اور اور (غنیمتیں

لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَمْ | تَقْدِرُوْا | عَلَيْهَا | قَدْ | اَحَاطَ | اللّٰهُ | بِهَا | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | عَلٰي | كُلِّ | شَيْءٍ |
| کہ نہ | قادر ہوئے تم | اوپر اس کے | تحقیق | گھیر لیا ہے | اللہ نے | ان کو | اور | ہے | اللہ | اوپر | ہر | چیز کے |

دیں) جن پر تم قدرت نہیں رکھتے تھے (اور) وہ اللہ ہی کی قدرت میں تھیں۔ اور اللہ ہر چیز

قَدِيْرًا ﴿۲۱﴾ وَلَوْ قٰتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَدِيْرًا | وَ | لَوْ | قٰتَلَكُمُ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | لَوَلَّوُا | الْاَدْبَارَ | ثُمَّ | لَا | يَجِدُوْنَ | وَلِيًّا |
| قادر | اور | اگر | لڑتے تم سے | وہ لوگ کہ | کافر ہوئے | البتہ پھیر لیتے | پیٹھ | پھر | نہیں | پاتے | کوئی دوست |

پر قادر ہے ﴿۲۱﴾ اور اگر تم سے کافر لڑتے تو پیٹھ پھیر کر بھاگ جاتے پھر کسی کو دوست نہ پاتے

وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۲۲﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ښ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | لَا نَصِيْرًا | سُنَّةَ | اللّٰهِ | الَّتِيْ | قَدْ | خَلَتْ | مِنْ | قَبْلُ | وَ | لَنْ | تَجِدَ | لِسُنَّةِ |
| اور | نہ مددگار | عادت ہے | اللہ کی | جو | تحقیق | گزری ہے | سے | پہلے اس | اور | ہرگز نہ | پائے گا تو | واسطے عادت |

اور نہ مددگار ﴿۲۲﴾ (یہی) اللہ کی عادت ہے جو پہلے سے چلی آتی ہے۔ اور تم اللہ کی عادت کبھی بدلتی

اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿٢٣﴾ وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | تَبْدِيْلًا | وَ | هُوَ | الَّذِيْ | كَفَّ | اَيْدِيَهُمْ | عَنْكُمْ | وَ | اَيْدِيَكُمْ | عَنْهُمْ |
| اللہ کے | تبدیلی | اور | وہی ہے | جس نے | روک دیئے | ہاتھ ان کے | تم سے | اور | ہاتھ تمہارے | ان سے |

نہ دیکھو گے ﴿٢٣﴾ اور وہی تو ہے جس نے تم کو اُن (کافروں) پر فتح یاب کرنے کے بعد سرحد مکہ میں

بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِبَطْنِ | مَكَّةَ | مِنْۢ | بَعْدِ | اَنْ | اَظْفَرَكُمْ | عَلَيْهِمْ | وَكَانَ | اللّٰهُ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ |
| بیچ | شہر مکہ کے | سے | پیچھے اس کے | یہ کہ | غالب کیا تم کو | اوپر ان کے | اور ہے | اللہ | ساتھ اس چیز کے کہ | تم کرتے ہو |

اُن کے ہاتھ تم سے اور تمہارے ہاتھ ان سے روک دیے۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس کو دیکھ

بَصِيْرًا ﴿٢٤﴾ هُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَصِيْرًا | هُمُ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | وَصَدُّوْكُمْ | عَنِ | الْمَسْجِدِ | الْحَرَامِ |
| دیکھنے والا | وہی | لوگ ہیں | جو کافر ہوئے | اور بند کیا تم کو انہوں نے | سے | مسجد | حرام |

رہا ہے ﴿٢٤﴾ یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے کفر کیا اور تم کو مسجد حرام سے روک دیا

وَالْهَدْيَ مَعْكُوْفًا اَنْ يَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ ؕ وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَنِسَآءٌ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْهَدْيَ | مَعْكُوْفًا | اَنْ | يَّبْلُغَ | مَحِلَّهٗ | وَ | لَوْلَا | رِجَالٌ | مُّؤْمِنُوْنَ | وَ | نِسَآءٌ |
| اور | قربانی کو | روکے ہوئے | یہ کہ | پہنچے | اپنی جگہ | اور | اگر نہ ہوتے | مرد | مسلمان | اور | عورتیں |

اور قربانیوں کو بھی کہ اپنی جگہ پہنچنے سے رُکی رہیں۔ اور اگر ایسے مسلمان مرد اور مسلمان

مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَئُوْهُمْ فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌۢ بِغَيْرِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّؤْمِنٰتٌ | لَّمْ | تَعْلَمُوْهُمْ | اَنْ | تَطَئُوْهُمْ | فَتُصِيْبَكُمْ | مِّنْهُمْ | مَّعَرَّةٌۢ | بِغَيْرِ |
| مسلمان | نہیں | جانتے تم ان کو | یہ کہ | کچل ڈالو تم ان کو | پس پہنچ جائے تم کو | ان سے | ایذا | بغیر |

عورتیں نہ ہوتیں جن کو تم جانتے نہ تھے کہ اگر تم اُن کو پامال کر دیتے تو تم کو اُن کی طرف سے بے خبری میں نقصان پہنچ جاتا (تو بھی تمہارے ہاتھ

عِلْمٍ ۚ لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۚ لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِلْمٍ | لِيُدْخِلَ | اللّٰهُ | فِيْ | رَحْمَتِهٖ | مَنْ | يَّشَآءُ | لَوْ | تَزَيَّلُوْا | لَعَذَّبْنَا |
| علم کے | تا کہ داخل کرے | اللہ | بیچ | رحمت اپنی کے | جس کو | چاہے | اگر | جدا ہوتے | البتہ عذاب کرتے ہم |

سے فتح ہو جاتی مگر تاخیر) اس لیے (ہوئی) کہ اللہ اپنی رحمت میں جس کو چاہے داخل کر لے اور اگر (دونوں فریق) الگ الگ ہو جاتے تو جو اُن میں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿٢٥﴾ اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِیْ

| الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | مِنْهُمْ | عَذَابًا | اَلِيْمًا | اِذْ | جَعَلَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | فِیْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان لوگوں کو کہ | کافر ہوئے | ان میں سے | عذاب | درد دینے والا | جس وقت | کی | ان لوگوں نے کہ | کافر ہوئے | بیچ |

کافر تھے ان کو ہم دُکھ دینے والا عذاب دیتے ﴿٢٥﴾ جب کافروں نے اپنے دلوں میں

قُلُوْبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى

| قُلُوْبِهِمُ | الْحَمِيَّةَ | حَمِيَّةَ | الْجَاهِلِيَّةِ | فَاَنْزَلَ | اللّٰهُ | سَكِيْنَتَهٗ | عَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے دلوں کے | کد | کد | جاہلیت کی | پس اتاری | اللہ نے | تسکین اپنی | اوپر |

ضد کی اور ضد بھی جاہلیت کی تو اللہ نے اپنے پیغمبر اور مومنوں پر اپنی طرف سے تسکین نازل

رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوْٓا اَحَقَّ

| رَسُوْلِهٖ | وَ | عَلَى | الْمُؤْمِنِيْنَ | وَ | اَلْزَمَهُمْ | كَلِمَةَ | التَّقْوٰى | وَ | كَانُوْٓا | اَحَقَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رسول اپنے کے | اور | اوپر | ایمان والوں کے | اور | لازم کردی | بات | پرہیزگاری کی | اور | تھے وہ | بہت حقدار |

فرمائی اور ان کو پرہیزگاری کی بات پر قائم رکھا اور وہ اسی کے مستحق

بِهَا وَاَهْلَهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمًا ﴿٢٦﴾ ع لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ ع ٣ ٩ ١١

| بِهَا | وَاَهْلَهَا | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | بِكُلِّ | شَیْءٍ | عَلِيْمًا | لَقَدْ | صَدَقَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس کے | اور لائق اس کے | اور | ہے | اللہ | ہر | چیز کا ۔ | جاننے والا | البتہ تحقیق | سچ دکھلایا | اللہ نے |

اور اہل تھے۔ اور اللہ ہر چیز سے خبردار ہے ﴿٢٦﴾ بیشک اللہ نے اپنے

رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

| رَسُوْلَهُ | الرُّءْيَا | بِالْحَقِّ | لَتَدْخُلُنَّ | الْمَسْجِدَ | الْحَرَامَ | اِنْ | شَآءَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے رسول کو | خواب | ساتھ حق کے | البتہ داخل ہوگے تم | مسجد | حرام میں | اگر | چاہا | اللہ نے |

پیغمبر کو سچا (اور) صحیح خواب دکھایا کہ اللہ نے چاہا تو تم مسجد حرام میں اپنے سر منڈوا کر اور اپنے بال کتروا

اٰمِنِيْنَ ۙ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ؕ فَعَلِمَ

| اٰمِنِيْنَ | مُحَلِّقِيْنَ | رُءُوْسَكُمْ | وَمُقَصِّرِيْنَ | لَا | تَخَافُوْنَ | فَعَلِمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| امن سے | منڈاتے ہوئے | سروں اپنوں کو | اور کترواتے ہوئے | نہ | ڈرتے ہوئے | پس جانا |

کر امن و امان سے داخل ہو گے اور کسی طرح کا خوف نہ کرو گے۔ جو بات تم

مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿٢٧﴾ هُوَ الَّذِيْٓ

| مَا لَمْ | تَعْلَمُوْا | فَجَعَلَ | مِنْ | دُوْنِ | ذٰلِكَ | فَتْحًا | قَرِيْبًا | هُوَ | الَّذِيْٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو کچھ کہ نہ | جانا تم نے | پس کی | سے | ورے | اس کے | یہ فتح | نزدیک | وہی ہے | جس نے |

نہیں جانتے تھے اس کو معلوم تھی سو اس نے اس سے پہلے ہی جلد فتح کرا دی ﴿۲۷﴾ وہی تو ہے جس نے

اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ

| اَرْسَلَ | رَسُوْلَهٗ | بِالْهُدٰى | وَدِيْنِ | الْحَقِّ | لِيُظْهِرَهٗ | عَلَى | الدِّيْنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھیجا | اپنے پیغمبر کو | ساتھ ہدایت کے | اور دین | حق کے | تاکہ غالب کرے اس کو | اوپر | دین |

اپنے پیغمبر کو ہدایت (کی کتاب) اور دین حق دے کر بھیجا تاکہ اس کو تمام دینوں پر غالب

كُلِّهٖ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿٢٨﴾ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ

| كُلِّهٖ | وَكَفٰى | بِاللّٰهِ | شَهِيْدًا | مُحَمَّدٌ | رَّسُوْلُ | اللّٰهِ | وَ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سارے کے | اور کافی ہے | اللہ | شاہدی دینے والا | محمد ﷺ | رسول | اللہ کا ہے | اور | جو لوگ کہ |

کرے۔ اور حق ظاہر کرنے کے لیے اللہ ہی کافی ہے ﴿۲۸﴾ محمد ﷺ اللہ کے پیغمبر ہیں۔ اور جو لوگ

مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا

| مَعَهٗٓ | اَشِدَّآءُ | عَلَى | الْكُفَّارِ | رُحَمَآءُ | بَيْنَهُمْ | تَرٰىهُمْ | رُكَّعًا | سُجَّدًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ اسکے ہیں | سخت ہیں | اوپر | کفار کے | رحم دل ہیں | آپس میں | دیکھتا ہے تو ان کو | رکوع کرنیوالے | سجدہ کرنیوالے |

اُن کے ساتھ ہیں وہ کافروں کے حق میں تو سخت ہیں اور آپس میں رحم دل (اے دیکھنے والے) تو اُن کو دیکھتا ہے

يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ؗ سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ

| يَّبْتَغُوْنَ | فَضْلًا | مِّنَ | اللّٰهِ | وَ | رِضْوَانًا | سِيْمَاهُمْ | فِيْ | وُجُوْهِهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چاہتے ہیں | فضل | سے | اللہ کے | اور | رضامندی | نشانی ان کی | بیچ | انکے مونہوں کے ہے |

کہ (اللہ کے آگے) جھکے ہوئے سربسجود ہیں اور اللہ کا فضل اور اس کی خوشنودی طلب کر رہے ہیں۔ (کثرت) سجود

مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۖۚ وَمَثَلُهُمْ فِيْ معانقة ۱۵

| مِّنْ | اَثَرِ | السُّجُوْدِ | ذٰلِكَ | مَثَلُهُمْ | فِي | التَّوْرٰىةِ | وَ | مَثَلُهُمْ | فِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | اثر | سجدے کے | یہ ہے | صفت ان کی | بیچ | توریت کے | اور | مثال ان کی | بیچ |

کے اثر سے ان کی پیشانیوں پر نشان پڑے ہوئے ہیں۔ ان کے یہی اوصاف تورات میں (مرقوم) ہیں اور

## الْاِنْجِيْلِ ۚ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْــَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى

| الْاِنْجِيْلِ | كَزَرْعٍ | اَخْرَجَ | شَطْــَٔهٗ | فَاٰزَرَهٗ | فَاسْتَغْلَظَ | فَاسْتَوٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|
| انجیل کے | جیسے کھیتی | نکالے | پٹھا اپنا | پس مضبوط کرے اس کو | پس موٹی ہوجائے | پس کھڑی ہوجائے |

یہی اوصاف انجیل میں ہیں۔ (وہ) گویا ایک کھیتی ہیں جس نے (پہلے زمین سے) اپنی سوئی نکالی۔ پھر اس کو مضبوط کیا

## عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ۗ وَعَدَ اللّٰهُ

| عَلٰى | سُوْقِهٖ | يُعْجِبُ | الزُّرَّاعَ | لِيَغِيْظَ | بِهِمُ | الْكُفَّارَ | وَعَدَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | جڑ اپنی کے | اچھی لگتی ہے | کھیتی کرنیوالوں کو | تاکہ غصے میں لائے | ساتھ اسکے | کافروں کو | وعدہ کیا ہے | اللہ نے |

پھر موٹی ہوئی اور پھر اپنی نال پر سیدھی کھڑی ہوگئی اور لگی کھیتی والوں کو خوش کرنے تاکہ کافروں کا جی جلائے۔ جو لوگ ان

## الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۲۹﴾ ع ۴ / ۱۲

| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَعَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | مِنْهُمْ | مَّغْفِرَةً | وَّ | اَجْرًا | عَظِيْمًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ان لوگوں کو جو | ایمان لائے | اور کام کیے | اچھے | ان میں سے | بخشش | اور | ثواب | بڑا |

میں سے ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اُن سے اللہ نے گناہوں کی بخشش اور اجرِ عظیم کا وعدہ کیا ہے ﴿۲۹﴾

# اٰیاتها ۱۸ — ۴۹ سُوْرَةُ الْحُجُرٰتِ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۶ — رکوعاتها ۲

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

## يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا

| يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَا | تُقَدِّمُوْا | بَيْنَ يَدَيِ | اللّٰهِ | وَ | رَسُوْلِهٖ | وَاتَّقُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے لوگو | جو | ایمان لائے ہو | مت | بڑھو | آگے | اللہ کے | اور | اس کے رسول کے | اور ڈرو |

مومنو! (کسی بات کے جواب میں) اللہ اور اس کے رسول سے پہلے نہ بول اُٹھا کرو اور اللہ سے

## اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا

| اللّٰهَ | اِنَّ | اللّٰهَ | سَمِيْعٌ | عَلِيْمٌ | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَا | تَرْفَعُوْٓا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ سے | بیشک | اللہ | سننے والا | جاننے والا ہے | اے لوگو | جو | ایمان لائے ہو | مت | بلند کرو |

ڈرتے رہو۔ بیشک اللہ سنتا جانتا ہے ﴿۱﴾ اے اہلِ ایمان! اپنی آوازیں پیغمبر کی آواز سے

اَصۡوَاتَكُمۡ فَوۡقَ صَوۡتِ النَّبِىِّ وَلَا تَجۡهَرُوۡا لَهٗ بِالۡقَوۡلِ كَجَهۡرِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَصۡوَاتَكُمۡ | فَوۡقَ | صَوۡتِ | النَّبِىِّ | وَ | لَا | تَجۡهَرُوۡا | لَهٗ | بِالۡقَوۡلِ | كَجَهۡرِ |
| آوازیں اپنی | اوپر | آواز | نبی کے | اور | مت | آواز بلند کرو | اوپر اس کے | بیچ بولی کے | جیسا بلند کرتے ہیں |

اونچی نہ کرو اور جس طرح آپس میں ایک دوسرے سے زور سے بولتے ہو (اس طرح) ان کے روبرو زور

بَعۡضِكُمۡ لِبَعۡضٍ اَنۡ تَحۡبَطَ اَعۡمَالُكُمۡ وَاَنۡتُمۡ لَا تَشۡعُرُوۡنَ ۝۲ اِنَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعۡضِكُمۡ | لِبَعۡضٍ | اَنۡ | تَحۡبَطَ | اَعۡمَالُكُمۡ | وَ | اَنۡتُمۡ | لَا | تَشۡعُرُوۡنَ | اِنَّ |
| بعضے تمہارے | واسطے بعضے کے | ایسا نہ ہو کہ | ضائع ہوجائیں | عمل تمہارے | اور | تم | نہ | سمجھتے ہو | بیشک |

سے نہ بولا کرو (ایسا نہ ہو) کہ تمہارے اعمال ضائع ہوجائیں اور تم کو خبر بھی نہ ہو ۝۲ جو

اَلَّذِيۡنَ يَغُضُّوۡنَ اَصۡوَاتَهُمۡ عِنۡدَ رَسُوۡلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيۡنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيۡنَ | يَغُضُّوۡنَ | اَصۡوَاتَهُمۡ | عِنۡدَ | رَسُوۡلِ | اللّٰهِ | اُولٰٓئِكَ | الَّذِيۡنَ |
| جولوگ کہ | پست کرتے ہیں | آوازیں اپنی | نزدیک | رسول | اللہ کے | یہ لوگ ہیں | وہ جو |

لوگ پیغمبر اللہ کے سامنے دبی آواز سے بولتے ہیں اللہ نے

امۡتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوۡبَهُمۡ لِلتَّقۡوٰى ؕ لَهُمۡ مَّغۡفِرَةٌ وَّاَجۡرٌ عَظِيۡمٌ ۝۳ اِنَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| امۡتَحَنَ | اللّٰهُ | قُلُوۡبَهُمۡ | لِلتَّقۡوٰى | لَهُمۡ | مَّغۡفِرَةٌ | وَّ | اَجۡرٌ | عَظِيۡمٌ | اِنَّ |
| آزمایا ہے | اللہ نے | ان کے دلوں کو | واسطے پرہیزگاری کے | واسطے انکے | بخشش ہے | اور | ثواب ہے | بڑا | بیشک |

ان کے دل تقویٰ کے لیے آزما لیے ہیں۔ ان کے لیے بخشش اور اجرِ عظیم ہے ۝۳ جو

الَّذِيۡنَ يُنَادُوۡنَكَ مِنۡ وَّرَآءِ الۡحُجُرٰتِ اَكۡثَرُهُمۡ لَا يَعۡقِلُوۡنَ ۝۴

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيۡنَ | يُنَادُوۡنَكَ | مِنۡ | وَّرَآءِ | الۡحُجُرٰتِ | اَكۡثَرُهُمۡ | لَا | يَعۡقِلُوۡنَ |
| جولوگ کہ | پکارتے ہیں تجھ کو | سے | پرے | حجروں کے | اکثر ان کے | نہیں | عقل رکھتے |

لوگ تم کو حجروں کے باہر سے آواز دیتے ہیں اُن میں اکثر بے عقل ہیں ۝۴

وَلَوۡ اَنَّهُمۡ صَبَرُوۡا حَتّٰى تَخۡرُجَ اِلَيۡهِمۡ لَكَانَ خَيۡرًا لَّهُمۡ ؕ وَاللّٰهُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَوۡ | اَنَّهُمۡ | صَبَرُوۡا | حَتّٰى | تَخۡرُجَ | اِلَيۡهِمۡ | لَكَانَ | خَيۡرًا | لَّهُمۡ | وَ | اللّٰهُ |
| اور | اگر | یہ کہ وہ | صبر کریں | یہاں تک کہ | نکلے تو | طرف ان کی | البتہ ہے | بہتر | واسطے انکے | اور | اللہ |

اور اگر وہ صبر کیے رہتے یہاں تک کہ تم خود نکل کر ان کے پاس آتے تو یہ اُن کے لیے بہتر تھا۔ اور اللہ

غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۵﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِنۡ جَآءَكُمۡ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ

| بِنَبَاٍ | فَاسِقٌ | جَآءَكُمۡ | اِنۡ | اٰمَنُوۡۤا | الَّذِيۡنَ | يٰۤاَيُّهَا | رَّحِيۡمٌ | غَفُوۡرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ کسی خبر کے | کوئی فاسق | آئے تمہارے پاس | اگر | ایمان لائے ہو | جو | اے لوگو | مہربان ہے | بخشنے والا |

تو بخشنے والا مہربان ہے﴿۵﴾ مومنو! اگر کوئی بدکردار تمہارے پاس کوئی خبر لے کر آئے

فَتَبَيَّنُوۡۤا اَنۡ تُصِيۡبُوۡا قَوۡمًاۢ بِجَهَالَةٍ فَتُصۡبِحُوۡا عَلٰى مَا فَعَلۡتُمۡ

| فَعَلۡتُمۡ | مَا | عَلٰى | فَتُصۡبِحُوۡا | بِجَهَالَةٍ | قَوۡمًا | تُصِيۡبُوۡا | اَنۡ | فَتَبَيَّنُوۡۤا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کی ہے تم نے | اس چیز کے کہ | اوپر | پس ہو جاؤ | ساتھ نادانی کے | کسی قوم کو | ایذا پہنچاؤ تم | ایسا نہ ہو کہ | پس تحقیق کر لو |

تو خوب تحقیق کر لیا کرو۔ (مبادا) کہ کسی قوم کو نادانی سے نقصان پہنچا دو پھر تم کو اپنے کیے پر نادم

نٰدِمِيۡنَ ﴿۶﴾ وَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّ فِيۡكُمۡ رَسُوۡلَ اللّٰهِ ؕ لَوۡ يُطِيۡعُكُمۡ فِىۡ كَثِيۡرٍ

| كَثِيۡرٍ | فِىۡ | يُطِيۡعُكُمۡ | لَوۡ | اللّٰهِ | رَسُوۡلَ | فِيۡكُمۡ | اَنَّ | وَاعۡلَمُوۡۤا | نٰدِمِيۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہت کے | بیچ | کہا مانا کرے تمہارا | اگر | اللہ کے | رسول ہیں | بیچ تمہارے | یہ کہ | اور جانو | پشیمان |

ہونا پڑے﴿۶﴾ اور جان رکھو کہ تم میں اللہ کے پیغمبر ہیں۔ اگر بہت سی باتوں میں

مِّنَ الۡاَمۡرِ لَعَنِتُّمۡ وَلٰـكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيۡكُمُ الۡاِيۡمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِىۡ

| فِىۡ | زَيَّنَهٗ | وَ | الۡاِيۡمَانَ | اِلَيۡكُمُ | حَبَّبَ | اللّٰهَ | لٰكِنَّ | وَ | لَعَنِتُّمۡ | الۡاَمۡرِ | مِّنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیچ | زینت دی اسکو | اور | ایمان کو | طرف تمہاری | پیارا کیا ہے | اللہ نے | لیکن | اور | البتہ ایذا میں پڑو تم | باتوں | سے |

وہ تمہارا کہا مان لیا کریں تو تم مشکل میں پڑ جاؤ۔ لیکن اللہ نے تم کو ایمان عزیز بنا دیا اور اس کو

قُلُوۡبِكُمۡ وَكَرَّهَ اِلَيۡكُمُ الۡكُفۡرَ وَالۡفُسُوۡقَ وَالۡعِصۡيَانَ ؕ اُولٰٓـئِكَ هُمُ

| هُمُ | اُولٰٓئِكَ | الۡعِصۡيَانَ | وَ | الۡفُسُوۡقَ | وَ | الۡكُفۡرَ | اِلَيۡكُمُ | كَرَّهَ | وَ | قُلُوۡبِكُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہ | یہ لوگ ہیں | نافرمانی سے | اور | گناہ | اور | کفر سے | تم کو | بیزار کر دیا | اور | تمہارے دلوں کے |

تمہارے دلوں میں سجا دیا اور کفر اور گناہ اور نافرمانی سے تم کو بیزار کر دیا۔ یہی لوگ

الرّٰشِدُوۡنَ ۙ﴿۷﴾ فَضۡلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعۡمَةً ؕ وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌ حَكِيۡمٌ ﴿۸﴾

| حَكِيۡمٌ | عَلِيۡمٌ | اللّٰهُ | وَ | نِعۡمَةً | وَ | اللّٰهِ | مِّنَ | فَضۡلًا | الرّٰشِدُوۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حکمت والا ہے | جاننے والا | اللہ | اور | نعمت | اور | اللہ کی | طرف سے | فضل ہے | بھلائی پانے والے |

راہِ ہدایت پر ہیں﴿۷﴾ (یعنی) اللہ کے فضل اور احسان سے۔ اور اللہ جاننے والا (اور) حکمت والا ہے﴿۸﴾

وَاِنۡ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ اقۡتَتَلُوۡا فَاَصۡلِحُوۡا بَيۡنَهُمَا ۚ فَاِنۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنۡ | طَآئِفَتٰنِ | مِنَ | الۡمُؤۡمِنِيۡنَ | اقۡتَتَلُوۡا | فَاَصۡلِحُوۡا | بَيۡنَهُمَا | فَاِنۡ |
| اور | اگر | دو جماعت | سے | مسلمانوں میں | لڑ پڑیں | پس صلح کرو | درمیان ان دونوں کے | پس اگر |

اور اگر مومنوں میں سے کوئی دو فریق آپس میں لڑ پڑیں تو ان میں صلح کرا دو۔ اور اگر

بَغَتۡ اِحۡدٰٮهُمَا عَلَى الۡاُخۡرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِىۡ تَبۡغِىۡ حَتّٰى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَغَتۡ | اِحۡدٰٮهُمَا | عَلَى | الۡاُخۡرٰى | فَقَاتِلُوا | الَّتِىۡ | تَبۡغِىۡ | حَتّٰى |
| سرکشی کرے | ایک ان میں سے | اوپر | دوسری کے | پس لڑو تم | اس سے جو کہ | سرکشی کرتی ہے | یہاں تک کہ |

ایک فریق دوسرے پر زیادتی کرے تو زیادتی کرنے والے سے لڑو یہاں تک کہ

تَفِىۡٓءَ اِلٰٓى اَمۡرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنۡ فَآءَتۡ فَاَصۡلِحُوۡا بَيۡنَهُمَا بِالۡعَدۡلِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَفِىۡٓءَ | اِلٰٓى | اَمۡرِ | اللّٰهِ | فَاِنۡ | فَآءَتۡ | فَاَصۡلِحُوۡا | بَيۡنَهُمَا | بِالۡعَدۡلِ |
| پھر آئیں | طرف | حکم | اللہ کے | پس اگر | پھر آئے | پس صلح کرو | درمیان ان کے | ساتھ عدل کے |

وہ اللہ کے حکم کی طرف رجوع لائے۔ پس جب وہ رجوع لائے تو دونوں فریق میں مساوات کے ساتھ صلح کرا دو

وَاَقۡسِطُوۡا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الۡمُقۡسِطِيۡنَ ﴿۹﴾ اِنَّمَا الۡمُؤۡمِنُوۡنَ اِخۡوَةٌ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَقۡسِطُوۡا | اِنَّ | اللّٰهَ | يُحِبُّ | الۡمُقۡسِطِيۡنَ | اِنَّمَا | الۡمُؤۡمِنُوۡنَ | اِخۡوَةٌ |
| اور | انصاف کیا کرو | بیشک | اللہ | دوست رکھتا ہے | انصاف کرنیوالوں کو | سوائے اسکے نہیں کہ | مسلمان | بھائی ہیں |

اور انصاف سے کام لو کہ اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے ﴿۹﴾ مومن تو آپس میں بھائی بھائی ہیں

ع ۱۴ فَاَصۡلِحُوۡا بَيۡنَ اَخَوَيۡكُمۡ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمۡ تُرۡحَمُوۡنَ ﴿۱۰﴾ يٰۤاَيُّهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَصۡلِحُوۡا | بَيۡنَ | اَخَوَيۡكُمۡ | وَ | اتَّقُوا | اللّٰهَ | لَعَلَّكُمۡ | تُرۡحَمُوۡنَ | يٰۤاَيُّهَا |
| پس اصلاح کرو | درمیان | دو بھائیوں کے | اور | ڈرو | اللہ سے | تاکہ تم | رحم کیے جاؤ | اے لوگو |

تو اپنے دو بھائیوں میں صلح کرا دیا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم پر رحمت کی جائے ﴿۱۰﴾ مومنو!

الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَا يَسۡخَرۡ قَوۡمٌ مِّنۡ قَوۡمٍ عَسٰٓى اَنۡ يَّكُوۡنُوۡا خَيۡرًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيۡنَ | اٰمَنُوۡا | لَا | يَسۡخَرۡ | قَوۡمٌ | مِّنۡ | قَوۡمٍ | عَسٰٓى | اَنۡ | يَّكُوۡنُوۡا | خَيۡرًا |
| جو | ایمان لائے ہو | نہ | ٹھٹھا کرے | کوئی قوم | سے | کسی قوم | شاید | یہ کہ | ہوں وہ | بہتر |

کوئی قوم کسی قوم سے تمسخر نہ کرے ممکن ہے کہ وہ لوگ ان سے

مِّنْهُمْ وَ لَانِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْهُمْ | وَ | لَا | نِسَآءٌ | مِّنْ | نِّسَآءٍ | عَسٰٓى | اَنْ | يَّكُنَّ | خَيْرًا | مِّنْهُنَّ |
| ان سے | اور | نہ | بیبیاں | سے | کسی بی بی | شاید | یہ کہ | ہوں وہ | بہتر | ان سے |

بہتر ہوں اور نہ عورتیں عورتوں سے (تمسخر کریں) ممکن ہے کہ وہ ان سے اچھی ہوں۔

وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ؕ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَاتَلْمِزُوْٓا | اَنْفُسَكُمْ | وَ | لَاتَنَابَزُوْا | بِالْاَلْقَابِ | بِئْسَ | الِاسْمُ | الْفُسُوْقُ |
| اور | مت عیب لگاؤ | آپس میں اپنے کو | اور | مت بدنام کرو | ساتھ لقبوں کے | برا | نام ہے | گنہگاری |

اور اپنے (مومن بھائی) کو عیب نہ لگاؤ اور نہ ایک دوسرے کا برا نام رکھو۔ ایمان لانے کے بعد برا

بَعْدَ الْاِيْمَانِ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۱۱﴾ يٰٓاَيُّهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعْدَ | الْاِيْمَانِ | وَمَنْ | لَّمْ | يَتُبْ | فَاُولٰٓئِكَ | هُمُ | الظّٰلِمُوْنَ | يٰٓاَيُّهَا |
| بعد | ایمان کے | اور جس نے | نہ | توبہ کی | پس یہ لوگ | وہی ہیں | ظالم | اے لوگو |

نام (رکھنا) گناہ ہے۔ اور جو توبہ نہ کریں وہ ظالم ہیں ﴿۱۱﴾ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۫ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوا | اجْتَنِبُوْا | كَثِيْرًا | مِّنَ | الظَّنِّ | اِنَّ | بَعْضَ | الظَّنِّ | اِثْمٌ |
| جو | ایمان لائے ہو | بچو | بہت | سے | گمانوں | بیشک | بعض | گمان | گناہ ہے |

اہلِ ایمان! بہت گمان کرنے سے احتراز کرو کہ بعض گمان گناہ ہیں

وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ؕ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | لَا | تَجَسَّسُوْا | وَ | لَا | يَغْتَبْ | بَّعْضُكُمْ | بَعْضًا | اَيُحِبُّ | اَحَدُكُمْ | اَنْ |
| اور | مت | جاسوسی کرو | اور | نہ | غیبت کریں | بعضے تمہارے | بعض کی | کیا دوست رکھتا ہے | کوئی ایک تم میں سے | یہ کہ |

اور ایک دوسرے کے حال کا تجسس نہ کیا کرو اور نہ کوئی کسی کی غیبت کرے۔ کیا تم میں سے کوئی اس بات کو پسند کرے گا کہ

يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّاْكُلَ | لَحْمَ | اَخِيْهِ | مَيْتًا | فَكَرِهْتُمُوْهُ | وَاتَّقُوا | اللّٰهَ | اِنَّ | اللّٰهَ | تَوَّابٌ |
| کھائے | گوشت | بھائی اپنے | مرے ہوئے کا | نفرت کرو گے تم اس کو | اور ڈرو | اللہ سے | بیشک | اللہ | معاف کرنیوالا ہے |

اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھائے؟ اس سے تو تم ضرور نفرت کرو گے (تو غیبت نہ کرو)۔ اور اللہ کا ڈر رکھو۔ بیشک اللہ توبہ قبول کرنے والا

رَّحِیْمٌ ﴿۱۲﴾ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّ اُنْثٰى وَ جَعَلْنٰكُمْ

| رَّحِیْمٌ | یٰۤاَیُّهَا | النَّاسُ | اِنَّا | خَلَقْنٰكُمْ | مِّنْ | ذَكَرٍ | وَّ | اُنْثٰى | وَ | جَعَلْنٰكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مہربان | اے | لوگو | بیشک | پیدا کیا ہم نے تم کو | سے | مرد | اور | عورت | اور | کیا ہے تم کو |

مہربان ہے﴿۱۲﴾ لوگو! ہم نے تم کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور تمہاری

شُعُوْبًا وَّ قَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ؕ اِنَّ

| شُعُوْبًا | وَّ | قَبَآئِلَ | لِتَعَارَفُوْا | اِنَّ | اَكْرَمَكُمْ | عِنْدَ | اللّٰهِ | اَتْقٰىكُمْ | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کنبے | اور | قبیلے | تا کہ ایکدوسرے کو پہچانو | بیشک | بہت عزت والا تمہارا | نزدیک | اللہ کے | پرہیزگار تمہارا ہے | بیشک |

قومیں اور قبیلے بنائے تا کہ ایک دوسرے کو شناخت کرو۔ (اور) اللہ کے نزدیک تم میں زیادہ عزت والا وہ ہے جو زیادہ پرہیزگار ہے۔ بیشک

اللّٰهَ عَلِیْمٌ خَبِیْرٌ ﴿۱۳﴾ قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ؕ قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَ لٰكِنْ

| اللّٰهَ | عَلِیْمٌ | خَبِیْرٌ | قَالَتِ | الْاَعْرَابُ | اٰمَنَّا | قُلْ | لَّمْ | تُؤْمِنُوْا | وَ | لٰكِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | جاننے والا | خبردار ہے | کہا | گنواروں نے | ایمان لائے ہم | کہہ | نہیں | ایمان لائے تم | اور | لیکن |

اللہ سب کچھ جاننے والا (اور) سب سے خبردار ہے﴿۱۳﴾ دیہاتی کہتے ہیں کہ ہم ایمان لے آئے۔ کہہ دو کہ تم ایمان نہیں لائے (بلکہ یوں)

قُوْلُوْۤا اَسْلَمْنَا وَ لَمَّا یَدْخُلِ الْاِیْمَانُ فِیْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَ اِنْ تُطِیْعُوا اللّٰهَ

| قُوْلُوْۤا | اَسْلَمْنَا | وَلَمَّا | یَدْخُلِ | الْاِیْمَانُ | فِیْ | قُلُوْبِكُمْ | وَ | اِنْ | تُطِیْعُوا | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہو کہ | مسلمان ہوئے ہم | اور ابھی نہیں | داخل ہوا | ایمان | بیچ | دلوں تمہارے کے | اور | اگر | فرمانبرداری کرو | اللہ کی |

کہو کہ ہم اسلام لائے ہیں اور ایمان تو ہنوز تمہارے دلوں میں داخل ہی نہیں ہوا۔ اور اگر تم اللہ

وَرَسُوْلَهٗ لَا یَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَیْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

| وَرَسُوْلَهٗ | لَا | یَلِتْكُمْ | مِّنْ | اَعْمَالِكُمْ | شَیْـًٔا | اِنَّ | اللّٰهَ | غَفُوْرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور اس کے رسول کی | نہیں | کم دے گا تم کو | سے | عملوں تمہارے | کچھ | بیشک | اللہ | بخشنے والا |

اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرو گے تو اللہ تمہارے اعمال میں سے کچھ کم نہیں کرے گا۔ بیشک اللہ بخشنے والا

رَّحِیْمٌ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ

| رَّحِیْمٌ | اِنَّمَا | الْمُؤْمِنُوْنَ | الَّذِیْنَ | اٰمَنُوْا | بِاللّٰهِ | وَ | رَسُوْلِهٖ | ثُمَّ | لَمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مہربان ہے | سوائے اسکے نہیں کہ | ایمان والے | وہ لوگ ہیں کہ | ایمان لائے | ساتھ اللہ کے | اور | اس کے رسول کے | پھر | نہ |

مہربان ہے﴿۱۴﴾ مومن تو وہ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے پھر

يَرْتَابُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ط اُولٰٓئِكَ

| يَرْتَابُوْا | وَ | جٰهَدُوْا | بِاَمْوَالِهِمْ | وَ | اَنْفُسِهِمْ | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | اُولٰٓئِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شک لائے | اور | جہاد کرے | ساتھ اپنے مالوں کے | اور | اپنی جانوں کے | بیچ | راہ | اللہ کے | یہ لوگ |

شک میں نہ پڑے اور اللہ کی راہ میں جان اور مال سے لڑے۔ یہی لوگ

هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ﴿۱۵﴾ قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِيْنِكُمْ ط وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي

| هُمُ | الصّٰدِقُوْنَ | قُلْ | اَتُعَلِّمُوْنَ | اللّٰهَ | بِدِيْنِكُمْ | وَ | اللّٰهُ | يَعْلَمُ | مَا | فِي |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہی ہیں | سچے | کہہ | کیا معلوم کرواتے ہو | اللہ کو | دین اپنا | اور | اللہ | جانتا ہے | جو کچھ کہ | بیچ |

(ایمان کے) سچے ہیں﴿۱۵﴾ اُن سے کہو کیا تم اللہ کو اپنی دینداری جتلاتے ہو۔ اور اللہ تو

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ط وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۶﴾ يَمُنُّوْنَ

| السَّمٰوٰتِ | وَ | مَا | فِي | الْاَرْضِ | وَ | اللّٰهُ | بِكُلِّ | شَيْءٍ | عَلِيْمٌ | يَمُنُّوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمانوں کے | اور | جو کچھ کہ | بیچ | زمین کے ہے | اور | اللہ | ساتھ ہر | چیز کے | جاننے والا ہے | احسان رکھتے ہیں |

آسمانوں اور زمین کی سب چیزوں سے واقف ہے۔ اور اللہ ہر شے کو جانتا ہے﴿۱۶﴾ یہ لوگ تم

عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ط قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَيَّ اِسْلَامَكُمْ ج بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ

| عَلَيْكَ | اَنْ | اَسْلَمُوْا | قُلْ | لَّا | تَمُنُّوْا | عَلَيَّ | اِسْلَامَكُمْ | بَلِ | اللّٰهُ | يَمُنُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر تیرے | یہ کہ | مسلمان ہوئے | کہہ | مت | احسان رکھو | مجھ پر | اسلام اپنے کا | بلکہ | اللہ | احسان رکھتا ہے |

پر احسان رکھتے ہیں کہ مسلمان ہو گئے ہیں۔ کہہ دو کہ اپنے مسلمان ہونے کا مجھ پر احسان نہ رکھو بلکہ اللہ تم پر احسان

عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِيْمَانِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ

| عَلَيْكُمْ | اَنْ | هَدٰىكُمْ | لِلْاِيْمَانِ | اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ | اِنَّ | اللّٰهَ | يَعْلَمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر تمہارے | یہ کہ | ہدایت کی تم کو | طرف ایمان کی | اگر | ہو تم | سچے | بیشک | اللہ | جانتا ہے |

رکھتا ہے کہ اس نے تمہیں ایمان کا رستہ دکھایا بشرطیکہ تم سچے (مسلمان) ہو﴿۱۷﴾ بیشک اللہ

غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾ ع ۲ ۸ ۱۴

| غَيْبَ | السَّمٰوٰتِ | وَالْاَرْضِ | وَ | اللّٰهُ | بَصِيْرٌ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پوشیدہ چیزیں | آسمانوں کی | اور زمین کی | اور | اللہ | دیکھتا ہے | جو کچھ کہ | تم کرتے ہو |

آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتوں کو جانتا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اُسے دیکھتا ہے﴿۱۸﴾

اٰیاتھا ۴۵ — ۵۰ سُوْرَةُ قٓ مَكِّيَّةٌ ۳۴ — رکوعاتھا ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۝۱ بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ

| قٓ | وَ | الْقُرْاٰنِ | الْمَجِيْدِ | بَلْ | عَجِبُوْٓا | اَنْ | جَآءَهُمْ | مُّنْذِرٌ | مِّنْهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قٓ | قسم ہے | قرآن | بزرگ کی | بلکہ | تعجب کیا انہوں نے | یہ کہ | آیا ان کے پاس | ڈرانے والا | ان میں سے |

قٓ قرآن مجید کی قسم (کہ محمد ﷺ پیغمبر اللہ ہیں) ۝۱ لیکن ان لوگوں نے تعجب کیا کہ انہی میں سے ایک ہدایت کرنے والا ان کے پاس آیا

فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ ۝۲ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ۚ ذٰلِكَ

| فَقَالَ | الْكٰفِرُوْنَ | هٰذَا | شَيْءٌ | عَجِيْبٌ | ءَاِذَا | مِتْنَا | وَ | كُنَّا | تُرَابًا | ذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس کہا | کافروں نے | یہ | چیز ہے | اچنبھے کی | کیا جب | مرجائینگے ہم | اور | ہوجائینگے ہم | مٹی | یہ |

تو کافر کہنے لگے کہ یہ بات تو (بڑی) عجیب ہے ۝۲ بھلا جب ہم مر گئے اور مٹی ہو گئے (تو پھر زندہ ہوں گے؟) یہ

رَجْعٌۢ بَعِيْدٌ ۝۳ قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنْهُمْ ۚ وَعِنْدَنَا

| رَجْعٌ | بَعِيْدٌ | قَدْ | عَلِمْنَا | مَا | تَنْقُصُ | الْاَرْضُ | مِنْهُمْ | وَ | عِنْدَنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھرآنا | بہت دور ہے | تحقیق | جانتے ہیں ہم | جو کچھ کہ | کم کردیتی ہے | زمین | ان میں سے | اور | نزدیک ہمارے ہے |

زندہ ہونا (عقل سے) بعید ہے ۝۳ اُن کے جسموں کو زمین جتنا (کھا کھا کر) کم کرتی جاتی ہے ہم کو معلوم ہے۔ اور ہمارے پاس

كِتٰبٌ حَفِيْظٌ ۝۴ بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ فَهُمْ فِيْٓ اَمْرٍ

| كِتٰبٌ | حَفِيْظٌ | بَلْ | كَذَّبُوْا | بِالْحَقِّ | لَمَّا | جَآءَهُمْ | فَهُمْ | فِيْٓ | اَمْرٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کتاب | یاد رکھنے والی | بلکہ | جھٹلایا انہوں نے | حق کو | جب | آیا ان کے پاس | پس وہ | بیچ | ایک بات |

تحریری یادداشت بھی ہے ۝۴ بلکہ (عجیب بات یہ ہے کہ) جب اُن کے پاس (دین) حق آ پہنچا تو انہوں نے اس کو جھوٹ سمجھا سو یہ ایک

مَّرِيْجٍ ۝۵ اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَزَيَّنّٰهَا وَمَا

| مَّرِيْجٍ | اَفَلَمْ | يَنْظُرُوْٓا | اِلَى | السَّمَآءِ | فَوْقَهُمْ | كَيْفَ | بَنَيْنٰهَا | وَزَيَّنّٰهَا | وَ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مختلف کے ہیں | کیا پس نہیں | دیکھتے وہ | طرف | آسمان کے | اوپر اپنے | کیوں کر | بنایا ہم نے اسکو | اور زینت دی ہم نے اسکو | اور | نہیں |

الجھی ہوئی بات میں (پڑ رہے) ہیں ۝۵ کیا انہوں نے اپنے اوپر آسمان کی طرف نگاہ نہیں کی کہ ہم نے اس کو کیونکر بنایا اور (کیونکر) سجایا اور

لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ﴿۶﴾ وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهَا | مِنْ | فُرُوْجٍ | وَ | الْاَرْضَ | مَدَدْنٰهَا | وَاَلْقَيْنَا | فِيْهَا | رَوَاسِيَ | وَ | اَنْۢبَتْنَا |
| واسطے اسکے | کوئی | شگاف | اور | زمین کو | پھیلایا ہم نے اسکو | اور ڈالے ہم نے | بیچ اسکے | پہاڑ | اور | اگائی ہم نے |

اس میں کہیں شگاف تک نہیں﴿۶﴾ اور زمین کو (دیکھو اسے) ہم نے پھیلایا اور اس میں پہاڑ رکھ دیے

فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ﴿۷﴾ تَبْصِرَةً وَّذِكْرٰى لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ﴿۸﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهَا | مِنْ | كُلِّ | زَوْجٍ | بَهِيْجٍ | تَبْصِرَةً | وَّ | ذِكْرٰى | لِكُلِّ | عَبْدٍ | مُّنِيْبٍ |
| بیچ اس کے | سے | ہر | قسم | بارونق کے | دکھلانے کو | اور | نصیحت دلانے کو | واسطے ہر | بندے | رجوع کرنیوالے کے |

اور اس میں ہر طرح کی خوشنما چیزیں اُگائیں﴿۷﴾ تاکہ رجوع لانے والے بندے ہدایت اور نصیحت حاصل کریں﴿۸﴾

وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الْحَصِيْدِ ﴿۹﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَنَزَّلْنَا | مِنَ | السَّمَآءِ | مَآءً | مُّبٰرَكًا | فَاَنْۢبَتْنَا | بِهٖ | جَنّٰتٍ | وَّ | حَبَّ | الْحَصِيْدِ |
| اور اتارا ہم نے | سے | آسمان | پانی | برکت والا | پس اگائے ہم نے | ساتھ اسکے | باغات | اور | اناج | کاٹنے کے |

اور آسمان سے برکت والا پانی اُتارا اور اس سے باغ و بستان اُگائے اور کھیتی کا اناج﴿۹﴾

وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيْدٌ ﴿۱۰﴾ رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ ۙ وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالنَّخْلَ | بٰسِقٰتٍ | لَّهَا | طَلْعٌ | نَّضِيْدٌ | رِّزْقًا | لِّلْعِبَادِ | وَ | اَحْيَيْنَا | بِهٖ | بَلْدَةً |
| اور کھجوریں | بلند | واسطے اسکے | خوشہ ہے | تہہ بہ تہہ | رزق | واسطے بندوں کے | اور | زندہ کیا ہم نے | ساتھ اسکے | شہر |

اور لمبی لمبی کھجوریں جن کا گابھا تہ بتہ ہوتا ہے﴿۱۰﴾ (یہ سب کچھ) بندوں کو روزی دینے کے لیے (کیا ہے) اور اس (پانی) سے ہم نے شہر مردہ (یعنی زمین

مَّيْتًا ؕ كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ ﴿۱۱﴾ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّاَصْحٰبُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّيْتًا | كَذٰلِكَ | الْخُرُوْجُ | كَذَّبَتْ | قَبْلَهُمْ | قَوْمُ | نُوْحٍ | وَّ | اَصْحٰبُ |
| مُردہ | اسی طرح | نکلنا ہے | جھٹلایا | پہلے ان سے | قوم | نوح کی نے | اور | رہنے والے |

اُفتادہ) کو زندہ کیا۔ (بس) اسی طرح (قیامت کے روز) نکل پڑنا ہے﴿۱۱﴾ اُن سے پہلے نوح کی قوم اور کنوئیں

الرَّسِّ وَثَمُوْدُ ﴿۱۲﴾ وَعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ وَاِخْوَانُ لُوْطٍ ﴿۱۳﴾ وَّاَصْحٰبُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرَّسِّ | وَ | ثَمُوْدُ | وَ | عَادٌ | وَّ | فِرْعَوْنُ | وَ | اِخْوَانُ | لُوْطٍ | وَّ | اَصْحٰبُ |
| کنوئیں کے نے | اور | ثمود نے | اور | عاد نے | اور | فرعون نے | اور | قوم | لوط نے | اور | رہنے والے |

والے اور ثمود جھٹلا چکے ہیں﴿۱۲﴾ اور عاد اور فرعون اور لوط کے بھائی﴿۱۳﴾ اور بن کے رہنے والے

الْاَيْكَةِ وَقَوْمُ تُبَّعٍ ؕ كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيْدِ ﴿١٤﴾ اَفَعَيِيْنَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَيْكَةِ | وَ | قَوْمُ | تُبَّعٍ | كُلٌّ | كَذَّبَ | الرُّسُلَ | فَحَقَّ | وَعِيْدِ | اَفَعَيِيْنَا |
| بن کے نے | اور | قوم | تبع نے | سب نے | جھٹلایا | پیغمبروں کو | پس ثابت ہوا ان پر | عذاب | کیا ہم تھک گئے |

اور تبع کی قوم۔ (غرض) ان سب نے پیغمبروں کو جھٹلایا تو ہماری وعید بھی پوری ہو کر رہی ﴿۱۴﴾ کیا ہم

ع ۱۵/۱۵ بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ ؕ بَلْ هُمْ فِيْ لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿١٥﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْخَلْقِ | الْاَوَّلِ | بَلْ | هُمْ | فِيْ | لَبْسٍ | مِّنْ | خَلْقٍ | جَدِيْدٍ | وَ | لَقَدْ | خَلَقْنَا |
| پیدائش | پہلی سے | بلکہ | وہ | بیچ | شک کے ہیں | سے | پیدائش | نئی | اور | البتہ تحقیق | پیدا کیا ہم نے |

پہلی بار پیدا کر کے تھک گئے ہیں؟ (نہیں) بلکہ یہ از سر نو پیدا کرنے میں شک میں (پڑے ہوئے) ہیں ﴿۱۵﴾ اور ہم ہی نے

الْاِنْسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ ۚۖ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاِنْسَانَ | وَنَعْلَمُ | مَا | تُوَسْوِسُ | بِهٖ | نَفْسُهٗ | وَ | نَحْنُ | اَقْرَبُ | اِلَيْهِ | مِنْ |
| آدمی کو | اور جانتے ہیں ہم | جو کچھ کہ | خطرہ کرتا ہے | ساتھ اسکے | جی اس کا | اور | ہم | بہت نزدیک ہیں | طرف اسکی | سے |

انسان کو پیدا کیا ہے اور جو خیالات اس کے دل میں گزرتے ہیں ہم ان کو جانتے ہیں۔ اور ہم اس کی رگ جان سے بھی اس

حَبْلِ الْوَرِيْدِ ﴿١٦﴾ اِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيٰنِ عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَبْلِ | الْوَرِيْدِ | اِذْ | يَتَلَقَّى | الْمُتَلَقِّيٰنِ | عَنِ | الْيَمِيْنِ | وَ | عَنِ | الشِّمَالِ |
| رگ | جان | جسوقت کہ | لے لیتے ہیں | دو لینے والے | سے | داہنی طرف | اور | سے | بائیں طرف |

سے زیادہ قریب ہیں ﴿۱۶﴾ جب (وہ کوئی کام کرتا ہے تو) دو لکھنے والے جو دائیں بائیں بیٹھتے ہیں

قَعِيْدٌ ﴿١٧﴾ مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ﴿١٨﴾ وَجَآءَتْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَعِيْدٌ | مَا | يَلْفِظُ | مِنْ | قَوْلٍ | اِلَّا | لَدَيْهِ | رَقِيْبٌ | عَتِيْدٌ | وَجَآءَتْ |
| بیٹھا ہے | نہیں | بولتا | کچھ | بات | مگر | نزدیک اس کے | نگہبان ہیں | تیار | اور آئی |

لکھ لیتے ہیں ﴿۱۷﴾ کوئی بات اس کی زبان پر نہیں آتی مگر ایک نگہبان اس کے پاس تیار رہتا ہے ﴿۱۸﴾ اور موت کی

سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدُ ﴿١٩﴾ وَنُفِخَ فِي

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَكْرَةُ | الْمَوْتِ | بِالْحَقِّ | ذٰلِكَ | مَا | كُنْتَ | مِنْهُ | تَحِيْدُ | وَ | نُفِخَ | فِي |
| بے ہوشی | موت کی | ساتھ حق کے | یہ ہے | وہ چیز کہ | تھا تو | اس سے | مڑ جاتا | اور | پھونکا گیا | بیچ |

بیہوشی حقیقت کھولنے کو طاری ہوگئی۔ (اے انسان) یہی (وہ حالت ہے) جس سے تو بھاگتا تھا ﴿۱۹﴾ اور صور پھونکا

الصُّوۡرِ ؕ ذٰلِكَ يَوۡمُ الۡوَعِيۡدِ ۝۲۰ وَجَآءَتۡ كُلُّ نَفۡسٍ مَّعَهَا سَآئِقٌ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصُّوۡرِ | ذٰلِكَ | يَوۡمُ | الۡوَعِيۡدِ | وَ | جَآءَتۡ | كُلُّ | نَفۡسٍ | مَّعَهَا | سَآئِقٌ |
| صور کے | یہ ہے | دن | ڈرانے کا | اور | آیا | ہر | جی | ساتھ اسکے | ہانکنے والا |

جائے گا۔ یہی (عذاب کی) وعید کا دن ہے ۝۲۰ اور ہر شخص (ہمارے سامنے) آئے گا، ایک (فرشتہ) اس کے ساتھ چلانے والا ہوگا

وَّشَهِيۡدٌ ۝۲۱ لَقَدۡ كُنۡتَ فِىۡ غَفۡلَةٍ مِّنۡ هٰذَا فَكَشَفۡنَا عَنۡكَ غِطَآءَكَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | شَهِيۡدٌ | لَقَدۡ | كُنۡتَ | فِىۡ | غَفۡلَةٍ | مِّنۡ | هٰذَا | فَكَشَفۡنَا | عَنۡكَ | غِطَآءَكَ |
| اور | شاہدی دینے والا | البتہ تحقیق | تھا تو | بیچ | غفلت کے | سے | اس | پس کھول دیا ہم نے | تجھ سے | پردہ تیرا |

اور ایک (اس کے عملوں کی) گواہی دینے والا ۝۲۱ (یہ وہ دن ہے کہ) اس سے تو غافل ہو رہا تھا۔ اب ہم نے تجھ پر سے پردہ اٹھا دیا

فَبَصَرُكَ الۡيَوۡمَ حَدِيۡدٌ ۝۲۲ وَقَالَ قَرِيۡنُهٗ هٰذَا مَا لَدَىَّ عَتِيۡدٌ ۝۲۳ ؕ اَلۡقِيَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَبَصَرُكَ | الۡيَوۡمَ | حَدِيۡدٌ | وَ | قَالَ | قَرِيۡنُهٗ | هٰذَا | مَا | لَدَىَّ | عَتِيۡدٌ | اَلۡقِيَا |
| پس نظر تیری | آج | تیز ہے | اور | کہا | اسکے ہم نشین نے | یہ | جو کچھ | میرے پاس ہے | حاضر ہے | ڈال دو تم دونوں |

تو آج تیری نگاہ تیز ہے ۝۲۲ اور اس کا ہم نشین (فرشتہ) کہے گا کہ یہ (اعمال نامہ) میرے پاس حاضر ہے ۝۲۳ (حکم

فِىۡ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيۡدٍ ۝۲۴ ۙ مَّنَّاعٍ لِّلۡخَيۡرِ مُعۡتَدٍ مُّرِيۡبِ ۝۲۵ ۙ الَّذِىۡ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِىۡ | جَهَنَّمَ | كُلَّ | كَفَّارٍ | عَنِيۡدٍ | مَّنَّاعٍ | لِّلۡخَيۡرِ | مُعۡتَدٍ | مُّرِيۡبِ | الَّذِىۡ |
| بیچ | دوزخ کے | ہر | کافر | عناد کرنیوالے کو | منع کرنیوالے کو | نیکی کے | حد سے بڑھنے والے کو | شبہ میں ڈالنے والے کو | جس نے |

ہوگا کہ) ہر سرکش ناشکرے کو دوزخ میں ڈال دو ۝۲۴ جو مال میں بخل کرنے والا حد سے بڑھنے والا شبہے نکالنے والا تھا ۝۲۵ جس نے

جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَلۡقِيٰهُ فِى الۡعَذَابِ الشَّدِيۡدِ ۝۲۶ قَالَ قَرِيۡنُهٗ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَعَلَ | مَعَ | اللّٰهِ | اِلٰهًا | اٰخَرَ | فَاَلۡقِيٰهُ | فِى | الۡعَذَابِ | الشَّدِيۡدِ | قَالَ | قَرِيۡنُهٗ |
| مقرر کیا | ساتھ | اللہ کے | معبود | اور | پس ڈال دو اسکو | بیچ | عذاب | سخت کے | کہا | اسکے ہم نشین نے |

اللہ کے ساتھ اور معبود مقرر کر رکھے تھے تو اس کو سخت عذاب میں ڈال دو ۝۲۶ اس کا ساتھی (شیطان) کہے گا کہ

رَبَّنَا مَآ اَطۡغَيۡتُهٗ وَلٰكِنۡ كَانَ فِىۡ ضَلٰلٍ بَعِيۡدٍ ۝۲۷ قَالَ لَا تَخۡتَصِمُوۡا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبَّنَا | مَآ | اَطۡغَيۡتُهٗ | وَ | لٰكِنۡ | كَانَ | فِىۡ | ضَلٰلٍ | بَعِيۡدٍ | قَالَ | لَا | تَخۡتَصِمُوۡا |
| اے پروردگار ہمارے | نہیں | سرکش کیا تھا میں نے اسکو | اور | لیکن | تھا | بیچ | گمراہی | دور کے | فرمائے گا | مت | جھگڑو تم |

اے ہمارے پروردگار میں نے اس کو گمراہ نہیں کیا تھا بلکہ یہ آپ ہی رستے سے دور بھٹکا ہوا تھا ۝۲۷ (اللہ) کہے گا کہ ہمارے حضور میں ردّ وکد

لَدَيَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ اِلَيْكُمْ بِالْوَعِيْدِ ﴿۲۸﴾ مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَآ اَنَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَدَيَّ | وَ | قَدْ | قَدَّمْتُ | اِلَيْكُمْ | بِالْوَعِيْدِ | مَا | يُبَدَّلُ | الْقَوْلُ | لَدَيَّ | وَمَآ | اَنَا |
| میرے پاس | اور | تحقیق | پہلے بھیج دی تھی میں نے | طرف تمہاری | وعید | نہیں | بدلی جاتی | بات | میرے پاس | اور نہیں | میں |

نہ کرو۔ ہم تمہارے پاس پہلے ہی (عذاب کی) وعید بھیج چکے تھے ﴿۲۸﴾ ہمارے ہاں بات بدلا نہیں کرتی اور ہم

ع ۲ ۱۴ ۱۶

بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۲۹﴾ يَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِظَلَّامٍ | لِّلْعَبِيْدِ | يَوْمَ | نَقُوْلُ | لِجَهَنَّمَ | هَلِ | امْتَلَاْتِ | وَ | تَقُوْلُ | هَلْ | مِنْ |
| ظلم کرنیوالا | واسطے بندوں کے | جس دن | کہیں گے ہم | دوزخ کو | کیا | بھر گئی تو | اور | کہے گی وہ | کیا | کچھ |

بندوں پر ظلم نہیں کیا کرتے ﴿۲۹﴾ اس دن ہم دوزخ سے پوچھیں گے کہ کیا تو بھر گئی؟ وہ کہے گی کہ کچھ اور

مَّزِيْدٍ ﴿۳۰﴾ وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ﴿۳۱﴾ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّزِيْدٍ | وَ | اُزْلِفَتِ | الْجَنَّةُ | لِلْمُتَّقِيْنَ | غَيْرَ | بَعِيْدٍ | هٰذَا | مَا | تُوْعَدُوْنَ |
| اور بھی ہے | اور | نزدیک کی جائیگی | بہشت | واسطے پرہیزگاروں کے | نہیں | دور | یہ ہے | جو کچھ | وعدہ دیئے جاتے ہو تم |

بھی ہے؟ ﴿۳۰﴾ اور بہشت پرہیزگاروں کے قریب کردی جائے گی (کہ مطلق) دور نہ ہوگی ﴿۳۱﴾ یہی وہ چیز ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا

لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ ﴿۳۲﴾ مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِكُلِّ | اَوَّابٍ | حَفِيْظٍ | مَنْ | خَشِيَ | الرَّحْمٰنَ | بِالْغَيْبِ | وَ | جَآءَ | بِقَلْبٍ |
| واسطے ہر | رجوع کرنیوالے | نگاہ رکھنے والے کے | جو کوئی | ڈرتا ہے | اللہ سے | بن دیکھے | اور | آیا | ساتھ دل |

(یعنی) ہر رجوع لانے والے حفاظت کرنے والے سے ﴿۳۲﴾ جو اللہ سے بن دیکھے ڈرتا رہا اور رجوع لانے والا

مُّنِيْبِ ﴿۳۳﴾ ادْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ ﴿۳۴﴾ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّنِيْبٍ | ادْخُلُوْهَا | بِسَلٰمٍ | ذٰلِكَ | يَوْمُ | الْخُلُوْدِ | لَهُمْ | مَّا | يَشَآءُوْنَ |
| رجوع کرنیوالے کے | داخل ہو اس میں | ساتھ سلامتی کے | یہ ہے | دن | ہمیشہ رہنے کا | واسطے ان کے | جو کچھ کہ | چاہیں گے |

دل لے کر آیا ﴿۳۳﴾ اس میں سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ۔ یہ ہمیشہ رہنے کا دن ہے ﴿۳۴﴾ وہاں وہ جو چاہیں گے ان کے لیے

فِيْهَا وَلَدَيْنَا مَزِيْدٌ ﴿۳۵﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَشَدُّ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهَا | وَ | لَدَيْنَا | مَزِيْدٌ | وَ | كَمْ | اَهْلَكْنَا | قَبْلَهُمْ | مِّنْ | قَرْنٍ | هُمْ | اَشَدُّ |
| بیچ اس کے | اور | نزدیک ہمارے ہے | زیادہ | اور | بہت | ہلاک کیے ہم نے | پہلے ان | سے | قرن | وہ | بہت سخت تھے |

حاضر ہے اور ہمارے ہاں اور بھی (بہت کچھ) ہے ﴿۳۵﴾ اور ہم نے ان سے پہلے کئی اُمتیں ہلاک کر ڈالیں وہ ان سے قوت میں

مِنۡهُمۡ بَطۡشًا فَنَقَّبُوۡا فِي الۡبِلَادِ ؕ هَلۡ مِنۡ مَّحِيۡصٍ ﴿۳۶﴾ اِنَّ فِيۡ ذٰلِكَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنۡهُمۡ | بَطۡشًا | فَنَقَّبُوۡا | فِيۡ | الۡبِلَادِ | هَلۡ | مِنۡ | مَّحِيۡصٍ | اِنَّ | فِيۡ | ذٰلِكَ |
| ان سے | پکڑ میں | پس چھید ڈالے انہوں نے | بیچ | شہروں کے | کیا ہے | کوئی | جگہ بھاگنے کی | بیشک | بیچ | اس کے |

کہیں بڑھ کر تھے وہ شہروں میں گشت کرنے لگے۔ کیا کہیں بھاگنے کی جگہ ہے؟ ﴿۳۶﴾ جو شخص

لَذِكۡرٰى لِمَنۡ كَانَ لَهٗ قَلۡبٌ اَوۡ اَلۡقَى السَّمۡعَ وَهُوَ شَهِيۡدٌ ﴿۳۷﴾ وَلَقَدۡ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَذِكۡرٰى | لِمَنۡ | كَانَ | لَهٗ | قَلۡبٌ | اَوۡ | اَلۡقَى | السَّمۡعَ | وَ | هُوَ | شَهِيۡدٌ | وَ | لَقَدۡ |
| البتہ نصیحت ہے | واسطے اسکے کہ | ہے | اس کا | دل | یا | ڈالا اس نے | کان کو | اور | وہ | حاضر ہے | اور | البتہ تحقیق |

دل (آگاہ) رکھتا ہے یا دل سے متوجہ ہو کر سنتا ہے اس کے لیے اس میں نصیحت ہے ﴿۳۷﴾ اور ہم نے

خَلَقۡنَا السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَمَا بَيۡنَهُمَا فِيۡ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۖۗ وَّمَا مَسَّنَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَلَقۡنَا | السَّمٰوٰتِ | وَالۡاَرۡضَ | وَ | مَا | بَيۡنَهُمَا | فِيۡ | سِتَّةِ | اَيَّامٍ | وَّ | مَا | مَسَّنَا |
| پیدا کیا ہم نے | آسمانوں کو | اور زمین کو | اور | جو کچھ | درمیان ان دونوں کے ہے | بیچ | چھ | دن کے | اور | نہ | لگی ہم کو |

آسمانوں اور زمین کو اور جو (مخلوقات) اُن میں ہے سب کو چھ دن میں بنا دیا اور ہم کو ذرا بھی

مِنۡ لُّغُوۡبٍ ﴿۳۸﴾ فَاصۡبِرۡ عَلٰى مَا يَقُوۡلُوۡنَ وَسَبِّحۡ بِحَمۡدِ رَبِّكَ قَبۡلَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنۡ | لُّغُوۡبٍ | فَاصۡبِرۡ | عَلٰى | مَا | يَقُوۡلُوۡنَ | وَ | سَبِّحۡ | بِحَمۡدِ | رَبِّكَ | قَبۡلَ |
| کچھ بھی | ماندگی | پس صبر کر | اوپر | اس چیز کے کہ | کہتے ہیں | اور | تسبیح کر | ساتھ تعریف | رب اپنے کے | پہلے |

تکان نہیں ہوئی ﴿۳۸﴾ تو جو کچھ یہ (کفار) بکتے ہیں اس پر صبر کرو اور آفتاب کے طلوع ہونے سے پہلے اور اس کے غروب

طُلُوۡعِ الشَّمۡسِ وَقَبۡلَ الۡغُرُوۡبِ ﴿۳۹﴾ ۚ وَمِنَ الَّيۡلِ فَسَبِّحۡهُ وَاَدۡبَارَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طُلُوۡعِ | الشَّمۡسِ | وَ | قَبۡلَ | الۡغُرُوۡبِ | وَمِنَ | الَّيۡلِ | فَسَبِّحۡهُ | وَ | اَدۡبَارَ |
| نکلنے | سورج کے | اور | پہلے | ڈوبنے سورج کے | اور کچھ | رات میں | پس تسبیح کر اس کی | اور | پیچھے |

ہونے سے پہلے اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتے رہو ﴿۳۹﴾ اور رات کے بعض اوقات میں بھی اور نماز کے بعد بھی

السُّجُوۡدِ ﴿۴۰﴾ وَاسۡتَمِعۡ يَوۡمَ يُنَادِ الۡمُنَادِ مِنۡ مَّكَانٍ قَرِيۡبٍ ﴿۴۱﴾ ۙ يَّوۡمَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| السُّجُوۡدِ | وَ | اسۡتَمِعۡ | يَوۡمَ | يُنَادِ | الۡمُنَادِ | مِنۡ | مَّكَانٍ | قَرِيۡبٍ | يَّوۡمَ |
| سجدے کے | اور | کان رکھ | جس دن | پکارے گا | پکارنے والا | سے | مکان | نزدیک | اس دن کہ |

اس (کے نام) کی تنزیہ کیا کرو ﴿۴۰﴾ اور سنو جس دن پکارنے والا نزدیک کی جگہ سے پکارے گا ﴿۴۱﴾ جس دن

يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ ﴿۴۲﴾ اِنَّا نَحْنُ نُحْيٖ

| يَسْمَعُوْنَ | الصَّيْحَةَ | بِالْحَقِّ | ذٰلِكَ | يَوْمُ | الْخُرُوْجِ | اِنَّا | نَحْنُ | نُحْيٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سنیں گے | آوازِ تند | ساتھ حق کے | یہ ہے | دن | نکلنے کا | بیشک | ہم | زندہ کرتے ہیں |

لوگ چیخ یقیناً سن لیں گے۔ وہی نکل پڑنے کا دن ہے﴿۴۲﴾ ہم ہی تو زندہ کرتے ہیں

وَنُمِيْتُ وَاِلَيْنَا الْمَصِيْرُ ۙ﴿۴۳﴾ يَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ؕ

| وَنُمِيْتُ | وَ | اِلَيْنَا | الْمَصِيْرُ | يَوْمَ | تَشَقَّقُ | الْاَرْضُ | عَنْهُمْ | سِرَاعًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور ہم ہی مارتے ہیں | اور | طرف ہماری ہے | پھر آنا | اس دن | پھٹ جائے گی | زمین | ان سے | جلدی کرتے ہونگے |

اور ہم ہی مارتے ہیں اور ہمارے ہی پاس لوٹ کر آنا ہے﴿۴۳﴾ اُس دن زمین اُن پر پھٹ جائے گی اور وہ جھٹ پٹ نکل کھڑے ہوں گے۔

ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ ﴿۴۴﴾ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ وَمَآ اَنْتَ

| ذٰلِكَ | حَشْرٌ | عَلَيْنَا | يَسِيْرٌ | نَحْنُ | اَعْلَمُ | بِمَا | يَقُوْلُوْنَ | وَ | مَآ | اَنْتَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ | اکٹھا کرنا ہے | اوپر ہمارے | آسان | ہم | خوب جانتے ہیں | جو کچھ کہ | کہتے ہیں | اور | نہیں | تو |

یہ جمع کرنا ہمیں آسان ہے﴿۴۴﴾ یہ لوگ جو کچھ کہتے ہیں ہمیں خوب معلوم ہے اور تم اُن پر زبردستی

عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ ۫ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ ﴿۴۵﴾ ع ۱٦/۳ ۱۷

| عَلَيْهِمْ | بِجَبَّارٍ | فَذَكِّرْ | بِالْقُرْاٰنِ | مَنْ | يَّخَافُ | وَعِيْدِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر ان کے | زور کرنے والا | پس نصیحت دے | ساتھ قرآن کے | اس کو جو کہ | ڈرتا ہے | میرے ڈرانے سے |

کرنے والے نہیں ہو۔ پس جو ہمارے (عذاب کی) وعید سے ڈرے اس کو قرآن سے نصیحت کرتے رہو﴿۴۵﴾

## اٰیاتها ۶۰ — ۵۱ سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ مَكِّيَّةٌ ۶۷ — رکوعاتها ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ۙ﴿۱﴾ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ۙ﴿۲﴾ فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا ۙ﴿۳﴾

| وَ | الذّٰرِيٰتِ | ذَرْوًا | فَالْحٰمِلٰتِ | وِقْرًا | فَالْجٰرِيٰتِ | يُسْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قسم ہے | ان ہواؤں کی | جو بکھیرتی ہیں اڑا کر | پھر اٹھانے والیاں | بوجھ کو | پھر چلنے والیاں | نرمی سے |

بکھیرنے والیوں کی قسم جو اڑا کر بکھیر دیتی ہیں﴿۱﴾ پھر (پانی کا) بوجھ اٹھاتی ہیں﴿۲﴾ پھر آہستہ آہستہ چلتی ہیں﴿۳﴾

فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ﴿۴﴾ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ﴿۵﴾ وَّ اِنَّ الدِّيْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَالْمُقَسِّمٰتِ | اَمْرًا | اِنَّمَا | تُوْعَدُوْنَ | لَصَادِقٌ | وَّ | اِنَّ | الدِّيْنَ |
| پھر بانٹنے والیاں | حکم سے | بے شک جو | وعدہ کیا ہے تم سے | سوسچ ہے | اور | بیشک | جزا |

پھر چیزیں تقسیم کرتی ہیں ﴿۴﴾ کہ جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ سچا ہے ﴿۵﴾ اور انصاف (کا دن)

لَوَاقِعٌ ﴿۶﴾ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْحُبُكِ ﴿۷﴾ اِنَّكُمْ لَفِيْ قَوْلٍ مُّخْتَلِفٍ ﴿۸﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَوَاقِعٌ | وَالسَّمَآءِ | ذَاتِ الْحُبُكِ | اِنَّكُمْ | لَفِيْ | قَوْلٍ | مُّخْتَلِفٍ |
| البتہ ہونیوالی ہے | قسم ہے آسمان کی | راہوں والے کی | بیشک تم | البتہ بیچ | بات | مختلف کے ہو |

ضرور واقع ہوگا ﴿۶﴾ اور آسمان کی قسم جس میں رستے ہیں ﴿۷﴾ کہ (اے اہل مکہ) تم ایک متناقض بات میں (پڑے ہوئے) ہو ﴿۸﴾

يُّؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ اُفِكَ ﴿۹﴾ قُتِلَ الْخَرّٰصُوْنَ ﴿۱۰﴾ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُّؤْفَكُ | عَنْهُ | مَنْ | اُفِكَ | قُتِلَ | الْخَرّٰصُوْنَ | الَّذِيْنَ | هُمْ | فِيْ |
| پھیرا جاتا ہے | اس سے | جو کوئی | پھیرا گیا | مارے گئے | اٹکل دوڑانے والے | وہ لوگ جو | وہ | بیچ |

اس سے وہی پھرتا ہے جو (اللہ کی طرف سے) پھیرا جائے ﴿۹﴾ اٹکل دوڑانے والے ہلاک ہوں ﴿۱۰﴾ جو

غَمْرَةٍ سَاهُوْنَ ﴿۱۱﴾ يَسْـَٔلُوْنَ اَيَّانَ يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۱۲﴾ يَوْمَ هُمْ عَلَى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غَمْرَةٍ | سَاهُوْنَ | يَسْـَٔلُوْنَ | اَيَّانَ | يَوْمُ | الدِّيْنِ | يَوْمَ | هُمْ | عَلَى |
| غفلت کے | بھولے ہیں | پوچھتے ہیں | کب ہوگا | دن | قیامت کا | جس دن کہ | وہ | اوپر |

بے خبری میں بھولے ہوئے ہیں ﴿۱۱﴾ پوچھتے ہیں کہ جزا کا دن کب ہوگا ﴿۱۲﴾ اُس دن (ہوگا) جب

النَّارِ يُفْتَنُوْنَ ﴿۱۳﴾ ذُوْقُوْا فِتْنَتَكُمْ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النَّارِ | يُفْتَنُوْنَ | ذُوْقُوْا | فِتْنَتَكُمْ | هٰذَا | الَّذِيْ | كُنْتُمْ | بِهٖ |
| آگ کے | گرفتار کیے جائیں گے | چکھو تم | گمراہی اپنی کو | یہ | وہ چیز ہے کہ | تھے تم | ساتھ اسکے |

ان کو آگ میں عذاب دیا جائے گا ﴿۱۳﴾ اب اپنی شرارت کا مزہ چکھو۔ یہ وہی ہے جس کے لیے تم

تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۱۴﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۱۵﴾ اٰخِذِيْنَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تَسْتَعْجِلُوْنَ | اِنَّ | الْمُتَّقِيْنَ | فِيْ | جَنّٰتٍ | وَّعُيُوْنٍ | اٰخِذِيْنَ |
| جلدی کرتے | بیشک | پرہیزگار | بیچ | بہشتوں کے | اور چشموں کے | لینے والے |

جلدی مچایا کرتے تھے ﴿۱۴﴾ بیشک پرہیز گار بہشتوں اور چشموں میں (عیش کر رہے) ہوں گے ﴿۱۵﴾ (اور) جو جو

مَآ اٰتٰهُمْ رَبُّهُمْ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ ﴿۱۶﴾ ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَآ | اٰتٰهُمْ | رَبُّهُمْ | اِنَّهُمْ | كَانُوْا | قَبْلَ | ذٰلِكَ | مُحْسِنِيْنَ |
| اس چیز کے کہ | دیا ان کو | ان کے رب نے | بیشک وہ | تھے | پہلے | اس سے | نیکی کرنے والے |

(نعمتیں) اُن کا پروردگار انہیں دیتا ہوگا ان کو لے رہے ہوں گے۔ بیشک وہ اس سے پہلے نیکیاں کرتے تھے ﴿۱۶﴾

كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَ بِالْاَسْحَارِ هُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانُوْا | قَلِيْلًا | مِّنَ الَّيْلِ | مَا يَهْجَعُوْنَ | وَ | بِالْاَسْحَارِ | هُمْ |
| تھے وہ | تھوڑا | رات کو | سوتے | اور | وقت صبح کے | وہ |

رات کے تھوڑے سے حصے میں سوتے تھے ﴿۱۷﴾ اور اوقاتِ سحر میں بخشش

يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَفِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ﴿۱۹﴾ وَفِي

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَسْتَغْفِرُوْنَ | وَ | فِيْٓ | اَمْوَالِهِمْ | حَقٌّ | لِّلسَّآئِلِ | وَ | الْمَحْرُوْمِ | وَ | فِي |
| استغفار کرتے | اور | بیچ | ان کے مالوں کے | حق ہے | واسطے سوال کرنیوالے کے | اور | بغیر سوال کرنیوالے کے | اور | بیچ |

مانگا کرتے تھے ﴿۱۸﴾ اور ان کے مال میں مانگنے والے اور نہ مانگنے والے (دونوں) کا حق ہوتا ہے ﴿۱۹﴾ اور یقین

الْاَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ ﴿۲۰﴾ ۙ وَفِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ؕ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۲۱﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضِ | اٰيٰتٌ | لِّلْمُوْقِنِيْنَ | وَ | فِيْٓ | اَنْفُسِكُمْ | اَفَلَا | تُبْصِرُوْنَ |
| زمین کے | نشانیاں ہیں | واسطے یقین لانیوالوں کے | اور | بیچ | جانوں تمہاری کے | کیا پس نہیں | دیکھتے ہو تم |

کرنے والوں کے لیے زمین میں (بہت سی) نشانیاں ہیں ﴿۲۰﴾ اور خود تمہارے نفوس میں۔ تو کیا تم دیکھتے نہیں؟ ﴿۲۱﴾

وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿۲۲﴾ فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | فِي | السَّمَآءِ | رِزْقُكُمْ | وَ | مَا | تُوْعَدُوْنَ | فَوَرَبِّ السَّمَآءِ | وَ | الْاَرْضِ |
| اور | بیچ | آسمان کے ہے | رزق تمہارا | اور | جو کچھ | وعدہ دیئے جاتے ہو | پس قسم ہے آسمان کے پروردگار کی | اور | زمین کی |

اور تمہارا رزق اور جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے آسمان میں ہے ﴿۲۲﴾ تو آسمانوں اور زمین کے مالک کی قسم

اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ﴿۲۳﴾ ع هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ ع ۲۳ ۱۸

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّهٗ | لَحَقٌّ | مِّثْلَ | مَآ | اَنَّكُمْ | تَنْطِقُوْنَ | هَلْ | اَتٰىكَ | حَدِيْثُ |
| بیشک وہ | البتہ حق ہے | مانند | اس چیز کی | کہ تم | بولتے ہو | کیا | آئی ہے تیرے پاس | بات |

یہ (اُسی طرح) قابلِ یقین ہے جس طرح تم بات کرتے ہو ﴿۲۳﴾ بھلا تمہارے پاس ابراہیم کے

وقف لازم

ضَيۡفِ اِبۡرٰهِيۡمَ الۡمُكۡرَمِيۡنَ ﴿۲۴﴾ اِذۡ دَخَلُوۡا عَلَيۡهِ فَقَالُوۡا سَلٰمًا ؕ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ضَيۡفِ | اِبۡرٰهِيۡمَ | الۡمُكۡرَمِيۡنَ | اِذۡ | دَخَلُوۡا | عَلَيۡهِ | فَقَالُوۡا | سَلٰمًا |
| مہمانوں کی | ابراہیم کے | عزت والوں کی | جس وقت کہ | داخل ہوئے | اوپر اس کے | پس کہا انہوں نے | سلام ہے |

معزز مہمانوں کی خبر پہنچی ہے؟ ﴿۲۴﴾ جب وہ اُن کے پاس آئے تو سلام کہا۔

قَالَ سَلٰمٌ ۚ قَوۡمٌ مُّنۡكَرُوۡنَ ﴿۲۵﴾ فَرَاغَ اِلٰۤى اَهۡلِهٖ فَجَآءَ بِعِجۡلٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | سَلٰمٌ | قَوۡمٌ | مُّنۡكَرُوۡنَ | فَرَاغَ | اِلٰۤى | اَهۡلِهٖ | فَجَآءَ | بِعِجۡلٍ |
| کہا | سلام ہے | قوم ہو | ناشناسا | پھر آیا | طرف | گھروالوں اپنے کے | پس لے آیا | گائے کا بچہ |

اُنہوں نے بھی (جواب میں) سلام کہا (دیکھا تو) ایسے لوگ کہ نہ جان نہ پہچان ﴿۲۵﴾ تو اپنے گھر جا کر ایک (بھنا ہوا) موٹا

سَمِيۡنٍ ﴿۲٦﴾ فَقَرَّبَهٗۤ اِلَيۡهِمۡ قَالَ اَلَا تَاۡكُلُوۡنَ ﴿۲۷﴾ فَاَوۡجَسَ مِنۡهُمۡ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَمِيۡنٍ | فَقَرَّبَهٗۤ | اِلَيۡهِمۡ | قَالَ | اَلَا | تَاۡكُلُوۡنَ | فَاَوۡجَسَ | مِنۡهُمۡ |
| گھی میں تلا ہوا | پس نزدیک کیا اسکو | طرف ان کی | کہا | کیا نہیں | کھاتے تم | پس چھپایا جی میں | ان سے |

بچھڑا لائے ﴿۲٦﴾ (اور کھانے کے لیے) ان کے آگے رکھ دیا۔ کہنے لگے کہ آپ تناول کیوں نہیں کرتے؟ ﴿۲۷﴾ اور دل میں ان سے

خِيۡفَةً ؕ قَالُوۡا لَا تَخَفۡ ؕ وَبَشَّرُوۡهُ بِغُلٰمٍ عَلِيۡمٍ ﴿۲۸﴾ فَاَقۡبَلَتِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خِيۡفَةً | قَالُوۡا | لَا | تَخَفۡ | وَ | بَشَّرُوۡهُ | بِغُلٰمٍ | عَلِيۡمٍ | فَاَقۡبَلَتِ |
| ڈر | کہا انہوں نے | مت | ڈر | اور | خوشخبری دی اس کو | ساتھ ایک لڑکے | علم والے کی | پس آئی |

خوف معلوم کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ خوف نہ کیجیے اور ان کو ایک دانشمند لڑکے کی بشارت بھی سنائی ﴿۲۸﴾ تو ابراہیم کی

امۡرَاَتُهٗ فِىۡ صَرَّةٍ فَصَكَّتۡ وَجۡهَهَا وَقَالَتۡ عَجُوۡزٌ عَقِيۡمٌ ﴿۲۹﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| امۡرَاَتُهٗ | فِىۡ | صَرَّةٍ | فَصَكَّتۡ | وَجۡهَهَا | وَ | قَالَتۡ | عَجُوۡزٌ | عَقِيۡمٌ |
| بیوی اس کی | بیچ | حیرت کے | پس ہاتھ مارا | منہ اپنے کو | اور | بولی | میں بوڑھی ہوں | بانجھ |

بیوی چلاتی آئیں اور اپنا منہ پیٹ کر کہنے لگیں کہ (اے ہے، ایک تو) بڑھیا اور (دوسرے) بانجھ ﴿۲۹﴾

قَالُوۡا كَذٰلِكِ ۙ قَالَ رَبُّكِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الۡحَكِيۡمُ الۡعَلِيۡمُ ﴿۳۰﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالُوۡا | كَذٰلِكِ | قَالَ | رَبُّكِ | اِنَّهٗ | هُوَ | الۡحَكِيۡمُ | الۡعَلِيۡمُ |
| کہا انہوں نے | اسی طرح | کہا ہے | پروردگار تیرے نے | بیشک وہ | وہی ہے | حکمت والا | جاننے والا |

انہوں نے کہا (ہاں) تمہارے پروردگار نے یوں ہی فرمایا ہے۔ وہ بے شک صاحبِ حکمت (اور) خبردار ہے ﴿۳۰﴾

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۳۱﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى

| قَالَ | فَمَا | خَطْبُكُمْ | اَيُّهَا | الْمُرْسَلُوْنَ | قَالُوْٓا | اِنَّآ | اُرْسِلْنَآ | اِلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہا | پس کیا | مہم ہے | اے | بھیجے ہوؤ | کہا انہوں نے | بیشک ہم | بھیجے گئے ہیں | طرف |

(ابراہیم نے) کہا کہ فرشتو! تمہارا مدعا کیا ہے؟﴿۳۱﴾ انہوں نے کہا کہ ہم گنہگاروں کی طرف

قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۲﴾ لا لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ طِيْنٍ ﴿۳۳﴾ لا

| قَوْمٍ | مُّجْرِمِيْنَ | لِنُرْسِلَ | عَلَيْهِمْ | حِجَارَةً | مِّنْ | طِيْنٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قوم | گنہگار کی | تاکہ بھیجیں ہم | اوپر ان کے | پتھر | سے | مٹی |

بھیجے گئے ہیں﴿۳۲﴾ تاکہ ان پر کھنگر برسائیں﴿۳۳﴾

مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۴﴾ فَاَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيْهَا

| مُّسَوَّمَةً | عِنْدَ | رَبِّكَ | لِلْمُسْرِفِيْنَ | فَاَخْرَجْنَا | مَنْ | كَانَ | فِيْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نشان زدہ | نزدیک | رب تیرے کے | واسطے حد سے نکل جانیوالوں کے | پس نکال دیا ہم نے | اس کو جو کہ | تھا | بیچ اس کے |

جن پر حد سے بڑھ جانے والوں کے لیے تمہارے پروردگار کے ہاں سے نشان کر دیے گئے ہیں﴿۳۴﴾ تو وہاں جتنے مومن تھے

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۵﴾ ج فَمَا وَجَدْنَا فِيْهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ

| مِنَ | الْمُؤْمِنِيْنَ | فَمَا | وَجَدْنَا | فِيْهَا | غَيْرَ | بَيْتٍ | مِّنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | ایمان والوں میں | پس نہ | پایا ہم نے | بیچ اس کے | سوائے | ایک گھر کے | سے |

ان کو ہم نے نکال لیا﴿۳۵﴾ اور اس میں ایک گھر کے سوا مسلمانوں کا کوئی گھر نہ

الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۳۶﴾ ج وَتَرَكْنَا فِيْهَآ اٰيَةً لِّلَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ الْعَذَابَ

| الْمُسْلِمِيْنَ | وَ | تَرَكْنَا | فِيْهَآ | اٰيَةً | لِّلَّذِيْنَ | يَخَافُوْنَ | الْعَذَابَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مسلمانوں | اور | چھوڑ دی ہم نے | بیچ اس کے | نشانی | واسطے ان لوگوں کے کہ | ڈرتے ہیں | عذاب |

پایا﴿۳۶﴾ اور جو لوگ عذابِ الیم سے ڈرتے ہیں ان کے لیے وہاں نشانی

الْاَلِيْمَ ﴿۳۷﴾ ط وَفِيْ مُوْسٰٓى اِذْ اَرْسَلْنٰهُ اِلٰى فِرْعَوْنَ بِسُلْطٰنٍ

| الْاَلِيْمَ | وَ | فِيْ | مُوْسٰٓى | اِذْ | اَرْسَلْنٰهُ | اِلٰى | فِرْعَوْنَ | بِسُلْطٰنٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| درد دینے والے سے | اور | بیچ | موسیٰ کے | جب | بھیجا ہم نے اس کو | طرف | فرعون کے | ساتھ معجزے |

چھوڑ دی﴿۳۷﴾ اور موسیٰ (کے حال) میں (بھی نشانی ہے) جب ہم نے ان کو فرعون کی طرف کھلا ہوا معجزہ دے

مُّبِيْنٍ ﴿۳۸﴾ فَتَوَلّٰى بِرُكْنِهٖ وَقَالَ سٰحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿۳۹﴾ فَاَخَذْنٰهُ

| مُّبِيْنٍ | فَتَوَلّٰى | بِرُكْنِهٖ | وَ | قَالَ | سٰحِرٌ | اَوْ | مَجْنُوْنٌ | فَاَخَذْنٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظاہر کے | پس پھر گیا | ساتھ قوت اپنی کے | اور | کہا | جادوگر ہے | یا | دیوانہ | پس پکڑا ہم نے اس کو |

کر بھیجا ﴿۳۸﴾ تو اس نے اپنی قوت (کے گھمنڈ) پر منہ موڑ لیا اور کہنے لگا یہ تو جادوگر ہے یا دیوانہ ﴿۳۹﴾ تو ہم نے اس کو اور اس کے لشکروں

وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِى الْيَمِّ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿۴۰﴾ وَفِىْ عَادٍ اِذْ اَرْسَلْنَا

| وَ | جُنُوْدَهٗ | فَنَبَذْنٰهُمْ | فِى | الْيَمِّ | وَ | هُوَ | مُلِيْمٌ | وَ | فِىْ | عَادٍ | اِذْ | اَرْسَلْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اس کے لشکر کو | پس پھینک دیا ہم نے انکو | بیچ | دریا کے | اور | وہ | برے حال تھا | اور | بیچ | عاد کے | جب | بھیجی ہم نے |

کو پکڑ لیا اور ان کو دریا میں پھینک دیا اور وہ کام ہی قابلِ ملامت کرتا تھا ﴿۴۰﴾ اور عاد (کی قوم کے حال) میں بھی (نشانی ہے) جب ہم نے

عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ ﴿۴۱﴾ مَا تَذَرُ مِنْ شَىْءٍ اَتَتْ عَلَيْهِ

| عَلَيْهِمُ | الرِّيْحَ | الْعَقِيْمَ | مَا | تَذَرُ | مِنْ | شَىْءٍ | اَتَتْ | عَلَيْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر ان کے | ہوا | خیر سے خالی | نہیں | چھوڑتی تھی | کوئی | چیز کہ | آتی تھی | اوپر اس کے |

اُن پر نامبارک ہوا چلائی ﴿۴۱﴾ وہ جس چیز پر چلتی اس کو ریزہ ریزہ

اِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيْمِ ﴿۴۲﴾ وَفِىْ ثَمُوْدَ اِذْ قِيْلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا حَتّٰى

| اِلَّا | جَعَلَتْهُ | كَالرَّمِيْمِ | وَ | فِىْ | ثَمُوْدَ | اِذْ | قِيْلَ | لَهُمْ | تَمَتَّعُوْا | حَتّٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | کر ڈالتی تھی | مانند ہڈی گلی ہوئی کے | اور | بیچ | ثمود کے | جس وقت | کہا گیا | ان کو | فائدہ اٹھاؤ | تک |

کیے بغیر نہ چھوڑتی ﴿۴۲﴾ اور (قوم) ثمود (کے حال) میں بھی (نشانی ہے) جب اُن سے کہا گیا کہ

حِيْنٍ ﴿۴۳﴾ فَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ وَهُمْ

| حِيْنٍ | فَعَتَوْا | عَنْ | اَمْرِ | رَبِّهِمْ | فَاَخَذَتْهُمُ | الصّٰعِقَةُ | وَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک مدت | پس سرکشی کی انہوں نے | سے | حکم | اپنے رب کے | پس پکڑا ان کو | کڑک نے | اور وہ |

ایک وقت تک فائدہ اٹھا لو ﴿۴۳﴾ تو انہوں نے اپنے پروردگار کے حکم سے سرکشی کی۔ سو اُن کو کڑک نے آ پکڑا اور وہ

يَنْظُرُوْنَ ﴿۴۴﴾ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مِنْ قِيَامٍ وَّمَا كَانُوْا مُنْتَصِرِيْنَ ﴿۴۵﴾ ۱

| يَنْظُرُوْنَ | فَمَا | اسْتَطَاعُوْا | مِنْ | قِيَامٍ | وَّ | مَا | كَانُوْا | مُنْتَصِرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیکھتے تھے | پس نہ | کر سکے | سے | کھڑے رہنے | اور | نہ | ہوئے | بدلہ لینے والے |

دیکھ رہے تھے ﴿۴۴﴾ پھر وہ نہ تو اُٹھنے کی طاقت رکھتے تھے اور نہ مقابلہ کر سکتے تھے ﴿۴۵﴾

وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ۝۴۶ۧ وَالسَّمَاۗءَ بَنَيْنٰهَا ع

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | قَوْمَ | نُوْحٍ | مِّنْ | قَبْلُ | اِنَّهُمْ | كَانُوْا | قَوْمًا | فٰسِقِيْنَ | وَ | السَّمَاۗءَ | بَنَيْنٰهَا |
| اور | قوم | نوح کی | سے | پہلے اس | بیشک وہ | تھے | قوم | فاسق | اور | آسمان | بنایا ہم نے اسکو |

اور اس سے پہلے (ہم) نوح کی قوم کو (ہلاک کر چکے تھے)۔ بیشک وہ نافرمان لوگ تھے ﴿۴۶﴾ اور آسمانوں کو ہم ہی نے

بِاَيْىدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ۝۴۷ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ۝۴۸

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاَيْىدٍ | وَّ | اِنَّا | لَمُوْسِعُوْنَ | وَالْاَرْضَ | فَرَشْنٰهَا | فَنِعْمَ | الْمٰهِدُوْنَ |
| ساتھ قوت کے | اور | بیشک ہم | البتہ کشادہ کرنیوالے ہیں | اور زمین کو | بچھایا ہم نے اس کو | پس اچھا | بچھونا کرنیوالے ہیں ہم |

ہاتھوں سے بنایا اور ہم کو سب مقدور ہے ﴿۴۷﴾ اور زمین کو ہم ہی نے بچھایا تو (دیکھو) ہم کیا خوب بچھانے والے ہیں ﴿۴۸﴾

وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝۴۹ فَفِرُّوْٓا اِلَى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مِنْ | كُلِّ | شَيْءٍ | خَلَقْنَا | زَوْجَيْنِ | لَعَلَّكُمْ | تَذَكَّرُوْنَ | فَفِرُّوْٓا | اِلَى |
| اور | سے | ہر | چیز | پیدا کیں ہم نے | دو قسمیں | تا کہ تم | نصیحت پکڑو | پس بھاگو | طرف |

اور ہر چیز کی ہم نے دو قسمیں بنائیں تاکہ تم نصیحت پکڑو ﴿۴۹﴾ تو تم لوگ اللہ کی طرف

اللّٰهِ ۭ اِنِّىْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۵۰ۚ وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰـهًا اٰخَرَ ۭ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | اِنِّىْ | لَكُمْ | مِّنْهُ | نَذِيْرٌ | مُّبِيْنٌ | وَ | لَاتَجْعَلُوْا | مَعَ | اللّٰهِ | اِلٰهًا | اٰخَرَ |
| اللہ کی | بیشک میں | واسطے تمہارے | اس سے | ڈرانے والا ہوں | ظاہر | اور | مت مقرر کرو | ساتھ | اللہ کے | معبود | دوسرا |

بھاگ چلو۔ میں اُس کی طرف سے تم کو صریح رستہ بتانے والا ہوں ﴿۵۰﴾ اور اللہ کے ساتھ کسی اور کو معبود نہ بناؤ۔

اِنِّىْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۵۱ۚ كَذٰلِكَ مَآ اَتَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنِّىْ | لَكُمْ | مِّنْهُ | نَذِيْرٌ | مُّبِيْنٌ | كَذٰلِكَ | مَآ | اَتَى | الَّذِيْنَ | مِنْ | قَبْلِهِمْ |
| بیشک میں | واسطے تمہارے | اس سے | ڈرانیوالا ہوں | ظاہر | اسی طرح | نہیں | آیا تھا | ان لوگوں کو کہ | سے | تھے پہلے ان |

میں اس کی طرف سے تم کو صریح رستہ بتانے والا ہوں ﴿۵۱﴾ اسی طرح ان سے پہلے لوگوں کے پاس

مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ۝۵۲ۚ اَتَوَاصَوْا بِهٖ ۚ بَلْ هُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ | رَّسُوْلٍ | اِلَّا | قَالُوْا | سَاحِرٌ | اَوْ | مَجْنُوْنٌ | اَتَوَاصَوْا | بِهٖ | بَلْ هُمْ |
| کوئی | پیغمبر | مگر | کہا انہوں نے | جادوگر ہے | یا | دیوانہ ہے | کیا وصیت کر گئے ہیں | ساتھ اسکے | بلکہ وہ |

جو پیغمبر آتا وہ اس کو جادوگر یا دیوانہ کہتے ﴿۵۲﴾ کیا یہ لوگ ایک دوسرے کو اسی بات کی وصیت کرتے آئے ہیں بلکہ

قَوۡمٌ طَاغُوۡنَ ﴿۵۳﴾ فَتَوَلَّ عَنۡهُمۡ فَمَاۤ اَنۡتَ بِمَلُوۡمٍ ﴿۵۴﴾ وَّذَكِّرۡ فَاِنَّ

| قَوۡمٌ | طَاغُوۡنَ | فَتَوَلَّ | عَنۡهُمۡ | فَمَاۤ | اَنۡتَ | بِمَلُوۡمٍ | وَّ | ذَكِّرۡ | فَاِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک قوم ہیں | سرکش | پس منہ پھیر لے | ان سے | پس نہیں | تو | ملامت کیا گیا | اور | نصیحت دے | پس بیشک |

یہ شریر لوگ ہیں﴿۵۳﴾ تو ان سے اعراض کرو تم کو (ہماری طرف سے) ملامت نہ ہوگی﴿۵۴﴾ اور نصیحت کرتے رہو کہ

الذِّكۡرٰى تَنۡفَعُ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۵۵﴾ وَمَا خَلَقۡتُ الۡجِنَّ وَالۡاِنۡسَ

| الذِّكۡرٰى | تَنۡفَعُ | الۡمُؤۡمِنِيۡنَ | وَ | مَا | خَلَقۡتُ | الۡجِنَّ | وَالۡاِنۡسَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نصیحت دینا | فائدہ دیتی ہے | ایمان والوں کو | اور | نہیں | پیدا کیا میں نے | جنوں کو | اور انسانوں کو |

نصیحت مومنوں کو نفع دیتی ہے﴿۵۵﴾ اور میں نے جنوں اور انسانوں کو اس لیے پیدا کیا ہے

اِلَّا لِيَعۡبُدُوۡنِ ﴿۵۶﴾ مَاۤ اُرِيۡدُ مِنۡهُمۡ مِّنۡ رِّزۡقٍ وَّمَاۤ اُرِيۡدُ اَنۡ

| اِلَّا | لِيَعۡبُدُوۡنِ | مَاۤ | اُرِيۡدُ | مِنۡهُمۡ | مِّنۡ | رِّزۡقٍ | وَّمَاۤ | اُرِيۡدُ | اَنۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | تاکہ عبادت کریں میری | نہیں | چاہتا میں | ان سے | کچھ | رزق | اور نہیں | چاہتا میں | یہ کہ |

کہ میری عبادت کریں﴿۵۶﴾ میں ان سے طالب رزق نہیں اور نہ یہ چاہتا ہوں کہ

يُّطۡعِمُوۡنِ ﴿۵۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الۡقُوَّةِ الۡمَتِيۡنُ ﴿۵۸﴾ فَاِنَّ

| يُّطۡعِمُوۡنِ | اِنَّ | اللّٰهَ | هُوَ | الرَّزَّاقُ | ذُو | الۡقُوَّةِ | الۡمَتِيۡنُ | فَاِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کھلائیں مجھ کو | بیشک | اللہ | وہی ہے | رزق دینے والا | صاحب | قوت | استوار کا | پس بیشک |

مجھے (کھانا) کھلائیں﴿۵۷﴾ اللہ ہی تو رزق دینے والا زور آور (اور) مضبوط ہے﴿۵۸﴾ کچھ شک نہیں کہ ان ظالموں کے لیے

لِلَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا ذَنُوۡبًا مِّثۡلَ ذَنُوۡبِ اَصۡحٰبِهِمۡ فَلَا يَسۡتَعۡجِلُوۡنِ ﴿۵۹﴾

| لِلَّذِيۡنَ | ظَلَمُوۡا | ذَنُوۡبًا | مِّثۡلَ | ذَنُوۡبِ | اَصۡحٰبِهِمۡ | فَلَا | يَسۡتَعۡجِلُوۡنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے ان لوگوں کے کہ | ظلم کیا | ڈول بھر چکا ہے | مانند | ڈول بھرا | ان کے ساتھیوں کا | پس مت | جلدی مانگیں مجھ سے |

بھی (عذاب کی) نوبت مقرر ہے جس طرح ان کے ساتھیوں کی نوبت تھی تو ان کو مجھ سے (عذاب) جلدی نہیں طلب کرنا چاہیے﴿۵۹﴾

فَوَيۡلٌ لِّلَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا مِنۡ يَّوۡمِهِمُ الَّذِىۡ يُوۡعَدُوۡنَ ﴿۶۰﴾ ع ۱۴ ۲

| فَوَيۡلٌ | لِّلَّذِيۡنَ | كَفَرُوۡا | مِنۡ | يَّوۡمِهِمُ | الَّذِىۡ | يُوۡعَدُوۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پس خرابی ہے | واسطے ان لوگوں کے کہ | کافر ہوئے | سے | دن ان کے | وہ جو | وعدہ دیئے جاتے ہیں |

جس دن کا ان کافروں سے وعدہ کیا جاتا ہے اُس سے ان کے لیے خرابی ہے﴿۶۰﴾

ایاتہا ۴۹ ۵۲ سُوْرَۃُ الطُّوْرِ مَكِّيَّةٌ ۷۶ رکوعاتہا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالطُّوْرِ ۙ﴿۱﴾ وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ۙ﴿۲﴾ فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ۙ﴿۳﴾ وَّالْبَيْتِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الطُّوْرِ | وَ | كِتٰبٍ | مَّسْطُوْرٍ | فِيْ | رَقٍّ | مَّنْشُوْرٍ | وَّالْبَيْتِ |
| قسم ہے | طور کی | اور | کتاب | لکھی ہوئی کی | بیچ | جھلی | کھلی ہوئی کی | اور بیت |

(کوہ) طور کی قسم ﴿۱﴾ اور کتاب کی جو لکھی ہوئی ہے ﴿۲﴾ کشادہ اوراق میں ﴿۳﴾ اور آباد

الْمَعْمُوْرِ ۙ﴿۴﴾ وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ۙ﴿۵﴾ وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ ۙ﴿۶﴾ اِنَّ عَذَابَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَعْمُوْرِ | وَ | السَّقْفِ | الْمَرْفُوْعِ | وَ | الْبَحْرِ | الْمَسْجُوْرِ | اِنَّ | عَذَابَ |
| المعمور کی | اور | چھت | بلند کی ہوئی کی | اور | دریا | جھوکے ہوئے کی | بیشک | عذاب |

گھر کی ﴿۴﴾ اور اونچی چھت کی ﴿۵﴾ اور اُبلتے ہوئے دریا کی ﴿۶﴾ کہ تمہارے پروردگار

رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ۙ﴿۷﴾ مَّا لَهٗ مِنْ دَافِعٍ ۙ﴿۸﴾ يَّوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ۙ﴿۹﴾ وَّتَسِيْرُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّكَ | لَوَاقِعٌ | مَّا | لَهٗ | مِنْ | دَافِعٍ | يَّوْمَ | تَمُوْرُ | السَّمَآءُ | مَوْرًا | وَّ | تَسِيْرُ |
| تیرے رب کا | البتہ ہونیوالا ہے | نہیں | اس کو | کوئی | ٹالنے والا | جس دن | پھٹ جائیگا | آسمان | پھٹ جانے کر | اور | چلنے لگیں گے |

کا عذاب واقع ہو کر رہے گا ﴿۷﴾ (اور) اُس کو کوئی روک نہیں سکے گا ﴿۸﴾ جس دن آسمان لرزنے لگے کپکپا کر ﴿۹﴾ اور پہاڑ اُڑنے

الْجِبَالُ سَيْرًا ؕ﴿۱۰﴾ فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۙ﴿۱۱﴾ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ خَوْضٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْجِبَالُ | سَيْرًا | فَوَيْلٌ | يَّوْمَئِذٍ | لِّلْمُكَذِّبِيْنَ | الَّذِيْنَ | هُمْ | فِيْ | خَوْضٍ |
| پہاڑ | چلنے کر | پس خرابی ہے | اس دن | واسطے جھٹلانے والوں کے | وہ جو | وہ | بیچ | جھگڑے کے |

لگیں اُون ہو کر ﴿۱۰﴾ اُس دن جھٹلانے والوں کے لیے خرابی ہے ﴿۱۱﴾ جو خوض (باطل) میں پڑے

وقف لازم

يَّلْعَبُوْنَ ﴿۱۲﴾ يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ؕ﴿۱۳﴾ هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّلْعَبُوْنَ | يَوْمَ | يُدَعُّوْنَ | اِلٰى | نَارِ | جَهَنَّمَ | دَعًّا | هٰذِهِ | النَّارُ | الَّتِيْ | كُنْتُمْ | بِهَا |
| کھیلتے ہیں | جس دن | دھکے دیئے جائینگے | طرف | آگ | دوزخ کی | دھکے دینے کر | یہ ہے | آگ | وہ جو | تھے تم | ساتھ اسکے |

کھیل رہے ہیں ﴿۱۲﴾ جس دن ان کو آتشِ جہنم کی طرف دھکیل دھکیل کر لے جائیں گے ﴿۱۳﴾ یہی وہ جہنم ہے جس کو تم

تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۱۵﴾ اِصْلَوْهَا

| تُكَذِّبُوْنَ | اَفَسِحْرٌ | هٰذَآ | اَمْ | اَنْتُمْ | لَا | تُبْصِرُوْنَ | اِصْلَوْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جھٹلاتے | کیا پس جادو ہے | یہ | یا | تم | نہیں | دیکھتے | داخل ہو اس میں |

جھوٹ سمجھتے تھے ﴿۱۴﴾ تو کیا یہ جادو ہے یا تم کو نظر ہی نہیں آتا ﴿۱۵﴾ اس میں داخل ہو جاؤ

فَاصْبِرُوْٓا اَوْ لَا تَصْبِرُوْا سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ

| فَاصْبِرُوْٓا | اَوْ | لَا تَصْبِرُوْا | سَوَآءٌ | عَلَيْكُمْ | اِنَّمَا | تُجْزَوْنَ | مَا | كُنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس صبر کرو | یا | نہ صبر کرو | برابر ہے | اوپر تمہارے | سوائے اسکے نہیں کہ | جزا دیئے جاؤ گے تم | جو کچھ کہ | تھے تم |

اور صبر کرو یا نہ کرو تمہارے لیے یکساں ہے۔ جو کام تم کیا کرتے تھے (یہ) اُن ہی کا تم کو بدلہ

تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَعِيْمٍ ﴿۱۷﴾ فٰكِهِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ

| تَعْمَلُوْنَ | اِنَّ | الْمُتَّقِيْنَ | فِيْ | جَنّٰتٍ | وَّ | نَعِيْمٍ | فٰكِهِيْنَ | بِمَآ | اٰتٰىهُمْ | رَبُّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کرتے | بیشک | پرہیزگار | بیچ | باغوں کے ہیں | اور | نعمت کے | میوے کھاتے ہوئے | ساتھ اس چیز کے کہ | دی ہے انکو | رب انکے نے |

مل رہا ہے ﴿۱۶﴾ جو پرہیزگار ہیں وہ باغوں اور نعمتوں میں ہوں گے ﴿۱۷﴾ جو کچھ اُن کے پروردگار نے ان کو بخشا اس (کی وجہ) سے خوشحال

وَوَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿۱۸﴾ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ

| وَوَقٰىهُمْ | رَبُّهُمْ | عَذَابَ | الْجَحِيْمِ | كُلُوْا | وَ | اشْرَبُوْا | هَنِيْٓـًٔا | بِمَا | كُنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور بچالیا ان کو | رب انکے نے | عذاب | دوزخ سے | کھاؤ | اور | پیو | سہتا | بدلے اس چیز کے کہ | تھے تم |

اور اُن کے پروردگار نے ان کو دوزخ کے عذاب سے بچا لیا ﴿۱۸﴾ اپنے اعمال کے صلے میں مزے سے کھاؤ

تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿۲۰﴾

| تَعْمَلُوْنَ | مُتَّكِـِٕيْنَ | عَلٰى | سُرُرٍ | مَّصْفُوْفَةٍ | وَزَوَّجْنٰهُمْ | بِحُوْرٍ | عِيْنٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کرتے | تکیہ لگائے ہوئے | اوپر | تختوں کے | باندھے ہوئے | اور بیاہ دیا ہم نے ان کو | گوریوں | اچھی آنکھوں والیوں سے |

اور پیو ﴿۱۹﴾ تختوں پر جو برابر برابر بچھے ہوئے ہیں تکیہ لگائے ہوئے۔ اور بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں کو ہم اُن کا رفیق بنا دیں گے ﴿۲۰﴾

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَ

| وَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | اتَّبَعَتْهُمْ | ذُرِّيَّتُهُمْ | بِاِيْمَانٍ | اَلْحَقْنَا بِهِمْ | ذُرِّيَّتَهُمْ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جو لوگ کہ | ایمان لائے | اور | پیروی کی انکی | انکی اولاد نے | ساتھ ایمان کے | ملا دی ہم نے ساتھ انکے | اولاد ان کی | اور |

اور جو لوگ ایمان لائے اور اُن کی اولاد بھی (راہِ) ایمان میں اُن کے پیچھے چلی۔ ہم اُن کی اولاد کو بھی اُن (کے درجے) تک پہنچا دیں گے اور

مَآ اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَیْءٍ ؕ کُلُّ امْرِیٍٔۢ بِمَا کَسَبَ رَهِیْنٌ ﴿۲۱﴾

| مَآ اَلَتْنٰهُمْ | مِّنْ | عَمَلِهِمْ | مِّنْ | شَیْءٍ | کُلُّ | امْرِیٍٔ | بِمَا | کَسَبَ | رَهِیْنٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کم دیا ہے ہم نے انکو | سے | عملوں ان کے | کچھ | چیز | ہر | آدمی | بیچ اسکے کہ | کمایا ہے | گرفتار ہے |

ان کے اعمال میں سے کچھ کم نہ کریں گے۔ ہر شخص اپنے اعمال میں پھنسا ہوا ہے ﴿۲۱﴾

وَاَمْدَدْنٰهُمْ بِفَاکِهَةٍ وَّلَحْمٍ مِّمَّا یَشْتَهُوْنَ ﴿۲۲﴾ یَتَنَازَعُوْنَ فِیْهَا کَاْسًا لَّا

| وَ | اَمْدَدْنٰهُمْ | بِفَاکِهَةٍ | وَّلَحْمٍ | مِّمَّا | یَشْتَهُوْنَ | یَتَنَازَعُوْنَ | فِیْهَا | کَاْسًا | لَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | تار لگا دیا ہم نے ان پر | میووں کا | اور گوشت کا | جس چیز کو | جی چاہے | جھپٹتے ہیں | بیچ اس کے | پیالہ کو | نہ |

اور جس طرح کے میوے اور گوشت کو ان کا جی چاہے گا ہم ان کو عطا کریں گے ﴿۲۲﴾ وہاں وہ ایک دوسرے سے جامِ شراب جھپٹ لیا کریں گے

لَغْوٌ فِیْهَا وَلَا تَاْثِیْمٌ ﴿۲۳﴾ وَیَطُوْفُ عَلَیْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ کَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ

| لَغْوٌ | فِیْهَا | وَ | لَا تَاْثِیْمٌ | وَ | یَطُوْفُ | عَلَیْهِمْ | غِلْمَانٌ | لَّهُمْ | کَاَنَّهُمْ | لُؤْلُؤٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیہودہ بکنا | بیچ اسکے | اور | نہ گنہگاری | اور | پھریں گے | اوپر ان کے | غلام | ان کے | گویا کہ وہ | موتی ہیں |

جس (کے پینے) سے نہ ہذیان سرائی ہوگی نہ کوئی گناہ کی بات ﴿۲۳﴾ اور نوجوان خدمت گار (جو ایسے ہوں گے) جیسے چھپائے ہوئے موتی

مَّکْنُوْنٌ ﴿۲۴﴾ وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰی بَعْضٍ یَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۲۵﴾ قَالُوْٓا اِنَّا کُنَّا

| مَّکْنُوْنٌ | وَ | اَقْبَلَ | بَعْضُهُمْ | عَلٰی | بَعْضٍ | یَّتَسَآءَلُوْنَ | قَالُوْٓا | اِنَّا | کُنَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چھپائے ہوئے | اور | منہ کریں گے | بعضے ان کے | اوپر | بعض کے | پوچھتے ہوئے | کہیں گے | بیشک ہم | تھے |

اُن کے آس پاس پھریں گے ﴿۲۴﴾ اور ایک دوسرے کی طرف رُخ کر کے آپس میں گفتگو کریں گے ﴿۲۵﴾ کہیں گے کہ

قَبْلُ فِیْٓ اَهْلِنَا مُشْفِقِیْنَ ﴿۲۶﴾ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَیْنَا وَوَقٰىنَا عَذَابَ السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾

| قَبْلُ | فِیْٓ | اَهْلِنَا | مُشْفِقِیْنَ | فَمَنَّ | اللّٰهُ | عَلَیْنَا | وَ | وَقٰىنَا | عَذَابَ | السَّمُوْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہلے | بیچ | لوگوں اپنے کے | ڈرتے ہوئے | پس احسان کیا | اللہ نے | اوپر ہمارے | اور | بچایا ہم کو | عذاب | گرم ہوا کے سے |

اس سے پہلے ہم اپنے گھر میں (اللہ سے) ڈرتے رہتے تھے ﴿۲۶﴾ تو اللہ نے ہم پر احسان فرمایا اور ہمیں لُو کے عذاب سے بچا لیا ﴿۲۷﴾

اِنَّا کُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوْهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِیْمُ ﴿۲۸﴾ ع فَذَکِّرْ فَمَآ اَنْتَ

| اِنَّا | کُنَّا | مِنْ | قَبْلُ | نَدْعُوْهُ | اِنَّهٗ | هُوَ | الْبَرُّ | الرَّحِیْمُ | فَذَکِّرْ | فَمَآ | اَنْتَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | تھے ہم | سے | پہلے اس | پکارتے اس کو | بیشک وہ | وہی ہے | احسان کرنیوالا | مہربان | پس نصیحت کر | پس نہیں | تو |

اس سے پہلے ہم اس سے دعائیں کیا کرتے تھے۔ بیشک وہ احسان کرنے والا مہربان ہے ﴿۲۸﴾ تو (اے پیغمبر) تم نصیحت کرتے رہو تم اپنے

بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّلَا مَجْنُوْنٍ ﴿٢٩﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِنِعْمَتِ | رَبِّكَ | بِكَاهِنٍ | وَّ | لَامَجْنُوْنٍ | اَمْ | يَقُوْلُوْنَ | شَاعِرٌ | نَّتَرَبَّصُ | بِهٖ |
| ساتھ نعمت | پروردگار اپنے کے | جنوں سے خبر لینے والا | اور | نہ دیوانہ | کیا | کہتے ہیں کہ | شاعر ہے | انتظار رکھتے ہیں ہم | ساتھ اسکے |

پروردگار کے فضل سے نہ تو کاہن ہو اور نہ دیوانے ﴿۲۹﴾ کیا کافر کہتے ہیں کہ یہ شاعر ہے (اور) ہم اس کے حق

رَيْبَ الْمَنُوْنِ ﴿٣٠﴾ قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِيْنَ ﴿٣١﴾ اَمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَيْبَ | الْمَنُوْنِ | قُلْ | تَرَبَّصُوْا | فَاِنِّيْ | مَعَكُمْ | مِّنَ | الْمُتَرَبِّصِيْنَ | اَمْ |
| حادثے | موت کے کا | کہہ | تم انتظار کرو | پس بیشک میں بھی ہوں | ساتھ تمہارے | سے | انتظار کرنے والوں میں | کیا |

میں زمانے کے حوادث کا انتظار کر رہے ہیں ﴿۳۰﴾ کہہ دو کہ انتظار کیے جاؤ میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں ﴿۳۱﴾ کیا

تَاْمُرُهُمْ اَحْلَامُهُمْ بِهٰذَآ اَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿٣٢﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ تَقَوَّلَهٗ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَاْمُرُهُمْ | اَحْلَامُهُمْ | بِهٰذَآ | اَمْ | هُمْ | قَوْمٌ | طَاغُوْنَ | اَمْ | يَقُوْلُوْنَ | تَقَوَّلَهٗ |
| حکم کرتی ہیں انکو | عقلیں ان کی | ساتھ اس کے | کیا | وہ | قوم ہیں | سرکش | کیا | کہتے ہیں | بنایا ہے اس کو |

اُن کی عقلیں ان کو یہی سکھاتی ہیں بلکہ یہ لوگ ہیں ہی شریر ﴿۳۲﴾ کیا کفار کہتے ہیں کہ ان پیغمبر نے قرآن از خود بنا لیا ہے۔

بَلْ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٣٣﴾ فَلْيَاْتُوْا بِحَدِيْثٍ مِّثْلِهٖٓ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿٣٤﴾ اَمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَلْ | لَّا | يُؤْمِنُوْنَ | فَلْيَاْتُوْا | بِحَدِيْثٍ | مِّثْلِهٖٓ | اِنْ | كَانُوْا | صٰدِقِيْنَ | اَمْ |
| بلکہ | نہیں | ایمان لاتے | پس چاہیے کہ لے آئیں | ایک بات | مانند اس کی | اگر | ہیں | سچے | کیا |

بات یہ ہے کہ یہ (اللہ پر) ایمان نہیں رکھتے ﴿۳۳﴾ اگر یہ سچے ہیں تو ایسا کلام بنا تو لائیں ﴿۳۴﴾ کیا

خُلِقُوْا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ اَمْ هُمُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿٣٥﴾ اَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خُلِقُوْا | مِنْ | غَيْرِ | شَيْءٍ | اَمْ | هُمُ | الْخٰلِقُوْنَ | اَمْ | خَلَقُوْا | السَّمٰوٰتِ |
| پیدا کیے گئے ہیں | سے | بن | کسی چیز کے | یا | وہی ہیں | پیدا کرنیوالے | کیا | پیدا کیا انہوں نے | آسمانوں کو |

یہ کسی کے پیدا کیے بغیر ہی پیدا ہو گئے ہیں یا یہ خود (اپنے تئیں) پیدا کرنے والے ہیں ﴿۳۵﴾ یا اُنہوں نے آسمانوں

وَالْاَرْضَ ۚ بَلْ لَّا يُوْقِنُوْنَ ﴿٣٦﴾ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَبِّكَ اَمْ هُمُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاَرْضَ | بَلْ | لَّا | يُوْقِنُوْنَ | اَمْ | عِنْدَهُمْ | خَزَآئِنُ | رَبِّكَ | اَمْ | هُمُ |
| اور | زمین کو | بلکہ | نہیں | یقین لاتے | کیا | نزدیک ان کے | خزانے ہیں | رب تیرے کے | کیا | یہ |

اور زمین کو پیدا کیا ہے؟ (نہیں) بلکہ یہ یقین ہی نہیں رکھتے ﴿۳۶﴾ کیا اُن کے پاس تمہارے پروردگار کے خزانے ہیں

الْمُصَيْطِرُوْنَ ﴿۳۷﴾ اَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَّسْتَمِعُوْنَ فِيْهِ ۚ فَلْيَاْتِ مُسْتَمِعُهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُصَيْطِرُوْنَ | اَمْ | لَهُمْ | سُلَّمٌ | يَّسْتَمِعُوْنَ | فِيْهِ | فَلْيَاْتِ | مُسْتَمِعُهُمْ |
| داروغہ ہیں | کیا | واسطے ان کے | سیڑھی ہے | کہ سن لیتے ہیں | بیچ اس کے | پس چاہیے کہ لے آئے | سننے والا ان کا |

یا یہ (کہیں کے) داروغہ ہیں ﴿۳۷﴾ یا اُن کے پاس کوئی سیڑھی ہے جس پر (چڑھ کر آسمان سے باتیں) سن آتے ہیں تو جو سن آتا ہے

بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۸﴾ اَمْ لَهُ الْبَنٰتُ وَلَكُمُ الْبَنُوْنَ ﴿۳۹﴾ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِسُلْطٰنٍ | مُّبِيْنٍ | اَمْ | لَهُ | الْبَنٰتُ | وَ | لَكُمُ | الْبَنُوْنَ | اَمْ | تَسْـَٔلُهُمْ | اَجْرًا | فَهُمْ |
| دلیل | ظاہر | کیا | واسطے اسکے | بیٹیاں ہیں | اور | واسطے تمہارے | بیٹے | کیا | مانگتا ہے تو ان سے | بدلہ | پس وہ |

وہ صریح سند دکھائے ﴿۳۸﴾ کیا اللہ کی تو بیٹیاں اور تمہارے بیٹے ﴿۳۹﴾ اے پیغمبر کیا تم اُن سے صلہ مانگتے

مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ﴿۴۰﴾ اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿۴۱﴾ اَمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ | مَّغْرَمٍ | مُّثْقَلُوْنَ | اَمْ | عِنْدَهُمُ | الْغَيْبُ | فَهُمْ | يَكْتُبُوْنَ | اَمْ |
| سے | تاوان | بوجھل ہیں | کیا | نزدیک ان کے | غیب کا علم ہے | پس وہ | لکھ لیتے ہیں | یا |

ہو کہ اُن پر تاوان کا بوجھ پڑ رہا ہے ﴿۴۰﴾ یا ان کے پاس غیب (کا علم) ہے کہ وہ اُسے لکھ لیتے ہیں ﴿۴۱﴾ کیا

يُرِيْدُوْنَ كَيْدًا ۭ فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا هُمُ الْمَكِيْدُوْنَ ﴿۴۲﴾ اَمْ لَهُمْ اِلٰهٌ غَيْرُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُرِيْدُوْنَ | كَيْدًا | فَالَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | هُمُ | الْمَكِيْدُوْنَ | اَمْ | لَهُمْ | اِلٰهٌ | غَيْرُ |
| ارادہ کرتے ہیں | مکر کا | پس جو لوگ کہ | کافر ہوئے | وہ | مکر کیے گئے ہیں | کیا | واسطے انکے | معبود ہیں | سوائے |

یہ کوئی داؤں کرنا چاہتے ہیں تو کافر تو خود داؤں میں آنے والے ہیں ﴿۴۲﴾ کیا اللہ کے سوا ان

اللّٰهِ ۭ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۴۳﴾ وَاِنْ يَّرَوْا كِسْفًا مِّنَ السَّمَاۗءِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | سُبْحٰنَ | اللّٰهِ | عَمَّا | يُشْرِكُوْنَ | وَ | اِنْ | يَّرَوْا | كِسْفًا | مِّنَ | السَّمَاۗءِ |
| اللہ کے | پاک ہے | اللہ | اس چیز سے کہ | شریک لاتے ہیں | اور | اگر | دیکھیں | ایک ٹکڑا | سے | آسمان |

کا کوئی اور معبود ہے؟ اللہ اُن کے شریک بنانے سے پاک ہے ﴿۴۳﴾ اور اگر یہ آسمان (سے عذاب) کا کوئی ٹکڑا گرتا ہوا

سَاقِطًا يَّقُوْلُوْا سَحَابٌ مَّرْكُوْمٌ ﴿۴۴﴾ فَذَرْهُمْ حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَاقِطًا | يَّقُوْلُوْا | سَحَابٌ | مَّرْكُوْمٌ | فَذَرْهُمْ | حَتّٰى | يُلٰقُوْا | يَوْمَهُمُ |
| گرتا ہوا | کہیں گے | بادل ہے | تہ بہ تہ | پس چھوڑ دے تو ان کو | یہاں تک کہ | دیکھ لیں | اس دن اپنے کو |

دیکھیں تو کہیں کہ یہ گاڑھا بادل ہے ﴿۴۴﴾ پس اُن کو چھوڑ دو یہاں تک کہ وہ روز جس میں

الَّذِیْ فِیْهِ یُصْعَقُوْنَ ﴿۴۵﴾ یَوْمَ لَا یُغْنِیْ عَنْهُمْ كَیْدُهُمْ شَیْـًٔا وَّ لَا هُمْ

| الَّذِیْ | فِیْهِ | یُصْعَقُوْنَ | یَوْمَ | لَا | یُغْنِیْ | عَنْهُمْ | كَیْدُهُمْ | شَیْـًٔا | وَّ | لَا هُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو کہ | بیچ اسکے | بیہوش کیے جائینگے | جس دن | نہ | کفایت کریگا | ان سے | مکر ان کا | کچھ | اور | نہ وہ |

وہ بے ہوش کر دیے جائیں گے سامنے آجائے ﴿۴۵﴾ جس دن اُن کا کوئی داؤں کچھ بھی کام نہ آئے اور نہ اُن کو (کہیں سے)

یُنْصَرُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَ اِنَّ لِلَّذِیْنَ ظَلَمُوْا عَذَابًا دُوْنَ ذٰلِكَ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۱﴾ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِي الْاَرْضِ

| وَاللّٰهُ | ذُوالْفَضْلِ | الْعَظِيْمِ | مَآ | اَصَابَ | مِنْ | مُّصِيْبَةٍ | فِيْ | الْاَرْضِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور اللہ | صاحب فضل | بڑے کا ہے | نہیں | پہنچتی | کوئی | مصیبت | بیچ | زمین کے |

اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے ﴿۲۱﴾ کوئی مصیبت زمین پر اور خود تم پر نہیں پڑتی مگر پیشتر اس کے

وَلَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ

| وَ | لَا | فِيْٓ | اَنْفُسِكُمْ | اِلَّا | فِيْ | كِتٰبٍ | مِّنْ | قَبْلِ | اَنْ | نَّبْرَاَهَا | اِنَّ | ذٰلِكَ | عَلَى | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | بیچ | جی تمہارے کے | مگر | بیچ | کتاب کے ہے | سے | پہلے اس | یہ کہ | پیدا کریں ہم اسکو | بیشک | یہ | اوپر | اللہ کے |

کہ ہم اس کو پیدا کریں ایک کتاب میں (لکھی ہوئی) ہے۔ (اور) یہ (کام) اللہ کو

يَسِيْرٌ ﴿۲۲﴾ لِّكَيْلَا تَاْسَوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتٰىكُمْ ؕ وَاللّٰهُ

| يَسِيْرٌ | لِّكَيْلَا | تَاْسَوْا | عَلٰى | مَا | فَاتَكُمْ | وَ | لَا | تَفْرَحُوْا | بِمَآ | اٰتٰىكُمْ | وَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسان ہے | تا کہ نہ | غم کھاؤ تم | اوپر | اس چیز کے کہ | چوک گئی تم سے | اور | نہ | شیخی کیا کرو | ساتھ اس چیز کے کہ | جو دیا تم کو اس نے | اور | اللہ |

آسان ہے ﴿۲۲﴾ تا کہ جو (مطلب) تم سے فوت ہو گیا ہو اس کا غم نہ کھایا کرو اور جو تم کو اس نے دیا ہو اس پر اترایا نہ کرو۔ اور اللہ

لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِ ﴿۲۳﴾ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ

| لَا | يُحِبُّ | كُلَّ | مُخْتَالٍ | فَخُوْرِ | الَّذِيْنَ | يَبْخَلُوْنَ | وَ | يَاْمُرُوْنَ | النَّاسَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | دوست رکھتا | ہر ایک | تکبر کرنیوالے | فخر کرنیوالے کو | وہ جو | بخیلی کرتے ہیں | اور | حکم دیتے ہیں | لوگوں کو |

کسی اترانے اور شیخی بگھارنے والے کو دوست نہیں رکھتا ﴿۲۳﴾ جو خود بھی بخل کریں اور لوگوں کو بھی بخل سکھائیں۔

بِالْبُخْلِ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۲۴﴾ لَقَدْ اَرْسَلْنَا

| بِالْبُخْلِ | وَ | مَنْ | يَّتَوَلَّ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | هُوَ | الْغَنِيُّ | الْحَمِيْدُ | لَقَدْ | اَرْسَلْنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بخیلی کا | اور | جو کوئی | پھر جائے | پس بیشک | اللہ | وہی ہے | بے پروا | تعریف کیا گیا | البتہ تحقیق | بھیجا ہم نے |

اور جو شخص روگردانی کرے تو اللہ بھی بے پروا ہے (اور) وہی سزاوارِ حمد (وثنا) ہے ﴿۲۴﴾ ہم نے اپنے پیغمبروں

رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ النَّاسُ

| رُسُلَنَا | بِالْبَيِّنٰتِ | وَ | اَنْزَلْنَا | مَعَهُمُ | الْكِتٰبَ | وَالْمِيْزَانَ | لِيَقُوْمَ | النَّاسُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیغمبروں اپنوں کو | ساتھ دلیلوں ظاہر کے | اور | اتاری ہم نے | ساتھ ان کے | کتاب | اور ترازو | تا کہ قائم رکھیں | لوگ |

کو کھلی نشانیاں دے کر بھیجا اور اُن پر کتابیں نازل کیں اور ترازو (یعنی قواعد عدل) تا کہ لوگ انصاف پر

بِالْقِسْطِ ۚ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَاْسٌ شَدِيْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْقِسْطِ | وَ | اَنْزَلْنَا | الْحَدِيْدَ | فِيْهِ | بَاْسٌ | شَدِيْدٌ | وَّ | مَنَافِعُ | لِلنَّاسِ |
| انصاف کو | اور | اتارا ہم نے | لوہا | بیچ اس کے | لڑائی ہے | سخت | اور | فائدہ ہے | واسطے لوگوں کے |

قائم رہیں۔ اور لوہا پیدا کیا اس میں (اسلحۂ جنگ کے لحاظ سے) خطرہ بھی شدید ہے اور لوگوں کے لیے فائدے بھی ہیں

ع ۳ ۱۹ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ وَرُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۲۵

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لِيَعْلَمَ | اللّٰهُ | مَنْ | يَّنْصُرُهٗ | وَرُسُلَهٗ | بِالْغَيْبِ | اِنَّ | اللّٰهَ | قَوِيٌّ | عَزِيْزٌ |
| اور | تاکہ ظاہر کرے | اللہ | اس کو جو کہ | مدد دیتا ہے اسکو | اور اسکے رسول کو | بن دیکھے | بیشک | اللہ | زور آور ہے | غالب ہے |

اور اس لیے کہ جو لوگ بن دیکھے اللہ اور اس کے پیغمبروں کی مدد کرتے ہیں اللہ ان کو معلوم کرے۔ بیشک اللہ قوی (اور) غالب ہے ۲۵

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا وَّاِبْرٰهِيْمَ وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَلَقَدْ | اَرْسَلْنَا | نُوْحًا | وَّ | اِبْرٰهِيْمَ | وَ | جَعَلْنَا | فِيْ | ذُرِّيَّتِهِمَا | النُّبُوَّةَ | وَالْكِتٰبَ |
| اور البتہ تحقیق | بھیجا ہم نے | نوح کو | اور | ابراہیم کو | اور | کی ہم نے | بیچ | اولاد ان دونوں کے | پیغمبری | اور کتاب |

اور ہم نے نوح اور ابراہیم کو (پیغمبر بنا کر) بھیجا اور ان کی اولاد میں پیغمبری اور کتاب (کے سلسلے) کو (وقتاً فوقتاً جاری رکھا) تو

فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ۲۶ ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمِنْهُمْ | مُّهْتَدٍ | وَ | كَثِيْرٌ | مِّنْهُمْ | فٰسِقُوْنَ | ثُمَّ | قَفَّيْنَا | عَلٰٓى | اٰثَارِهِمْ |
| پس بعض ان میں سے | راہ پانیوالے ہیں | اور | بہت سے | ان میں سے | فاسق ہیں | پھر | پیچھے لائے ہم | اوپر ان کے | نشان قدم کے |

بعض تو ان میں سے ہدایت پر ہیں۔ اور اکثر ان میں سے خارج از اطاعت ہیں ۲۶ پھر ان کے پیچھے انہی کے قدموں پر

بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ ڏ وَجَعَلْنَا فِيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِرُسُلِنَا | وَ | قَفَّيْنَا | بِعِيْسَى | ابْنِ | مَرْيَمَ | وَاٰتَيْنٰهُ | الْاِنْجِيْلَ | وَ | جَعَلْنَا | فِيْ |
| پیغمبر اپنے | اور | پیچھے لائے ہم | عیسیٰ | بیٹے | مریم کے کو | اور دی اس کو | انجیل | اور | کی ہم نے | بیچ |

(اور) پیغمبر بھیجے اور ان کے پیچھے مریم کے بیٹے عیسیٰ کو بھیجا اور ان کو انجیل عنایت کی اور جن لوگوں نے

قُلُوْبِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ رَاْفَةً وَّرَحْمَةً ۭ وَرَهْبَانِيَّةَ ابْتَدَعُوْهَا مَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلُوْبِ | الَّذِيْنَ | اتَّبَعُوْهُ | رَاْفَةً | وَّ | رَحْمَةً | وَ | رَهْبَانِيَّةَ | ابْتَدَعُوْهَا | مَا |
| دلوں | ان لوگوں کے کہ | پیروی کرتے تھے اسکی | شفقت | اور | مہربانی | اور | گوشہ گیری کی | بدعت انہوں نے خود نکالی تھی | نہیں |

ان کی پیروی کی ان کے دلوں میں شفقت اور مہربانی ڈال دی۔ اور لذات سے کنارہ کشی کی تو انہوں نے خود ایک نئی بات نکال لی

كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَآءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ

| كَتَبْنٰهَا | عَلَيْهِمْ | اِلَّا | ابْتِغَآءَ | رِضْوَانِ | اللّٰهِ | فَمَا | رَعَوْهَا | حَقَّ | رِعَايَتِهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لکھا تھا ہم نے | ان پر | مگر | واسطے ڈھونڈنے | رضامندی | اللہ کے تھی | پس نہیں | رعایت کی اس کی | حق | رعایت اسکی کا |

ہم نے ان کو اس کا حکم نہیں دیا تھا مگر (انہوں نے اپنے خیال میں) اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے (آپ ہی ایسا کر لیا تھا) پھر جیسا اس کو نباہنا

فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۲۷﴾ يٰٓاَيُّهَا

| فَاٰتَيْنَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | مِنْهُمْ | اَجْرَهُمْ | وَكَثِيْرٌ | مِّنْهُمْ | فٰسِقُوْنَ | يٰٓاَيُّهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس دیا ہم نے | ان لوگوں کو کہ | ایمان لائے | اُن میں سے | ثواب ان کا | اور بہت | ان میں سے | فاسق ہیں | اے لوگو |

چاہیے تھا نباہ بھی نہ سکے۔ پس جو لوگ ان میں سے ایمان لائے ان کو ہم نے ان کا اجر دیا۔ اور اُن میں بہت سے نافرمان ہیں ﴿۲۷﴾ مومنو!

الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ

| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوا | اتَّقُوا | اللّٰهَ | وَاٰمِنُوْا | بِرَسُوْلِهٖ | يُؤْتِكُمْ | كِفْلَيْنِ | مِنْ | رَّحْمَتِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو | ایمان لائے ہو | ڈرو | اللہ سے | اور ایمان لاؤ | ساتھ اسکے پیغمبر کے | دے گا تم کو | دو حصے | سے | رحمت اپنی |

اللہ سے ڈرو اور اس کے پیغمبر پر ایمان لاؤ وہ تمہیں اپنی رحمت سے دُگنا اجر عطا فرمائے گا

وَيَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ بِهٖ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۸﴾ لِّئَلَّا

| وَ | يَجْعَلْ | لَّكُمْ | نُوْرًا | تَمْشُوْنَ | بِهٖ | وَيَغْفِرْ | لَكُمْ | وَ | اللّٰهُ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | لِّئَلَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | کرے گا | واسطے تمہارے | نور کہ | چلو گے | ساتھ اسکے | اور بخشے گا | واسطے تمہارے | اور | اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے | تا کہ |

اور تمہارے لیے روشنی کر دے گا جس میں چلو گے اور تم کو بخش دے گا۔ اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے ﴿۲۸﴾ (یہ باتیں)

يَعْلَمَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَلَّا يَقْدِرُوْنَ عَلٰي شَيْءٍ مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاَنَّ

| يَعْلَمَ | اَهْلُ | الْكِتٰبِ | اَلَّا | يَقْدِرُوْنَ | عَلٰي | شَيْءٍ | مِّنْ | فَضْلِ | اللّٰهِ | وَ | اَنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جان لیں | اہل | کتاب | یہ کہ نہیں | قدرت رکھتے | اوپر | کسی چیز کے | سے | فضل | اللہ کے | اور | بیشک |

اس لیے (بیان کی گئی ہیں) کہ اہلِ کتاب جان لیں کہ وہ اللہ کے فضل پر کچھ بھی قدرت نہیں رکھتے اور یہ کہ

الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۹﴾ ع ۴ ۲۰

| الْفَضْلَ | بِيَدِ | اللّٰهِ | يُؤْتِيْهِ | مَنْ | يَّشَآءُ | وَ | اللّٰهُ | ذُو الْفَضْلِ | الْعَظِيْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فضل | بیچ ہاتھ | اللہ کے ہے | دیتا ہے اس کو | جس کو | چاہتا ہے | اور | اللہ | صاحب فضل | بڑے کا ہے |

فضل اللہ ہی کے ہاتھ ہے جس کو چاہتا ہے دیتا ہے۔ اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے ﴿۲۹﴾

| ایاتها ۲۲ | ۵۸ سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۵ | رکوعاتها ۳ |
|---|---|---|

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِیْ تُجَادِلُكَ فِیْ زَوْجِهَا وَتَشْتَكِیْٓ اِلَى اللّٰهِ ۖ

| قَدْ | سَمِعَ | اللّٰهُ | قَوْلَ | الَّتِیْ | تُجَادِلُكَ | فِیْ | زَوْجِهَا | وَ | تَشْتَكِیْٓ | اِلَى | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تحقیق | سنی | اللہ نے | بات | اس عورت کی جو | جھگڑتی تھی تجھ سے | بیچ | خاوند اپنے کے | اور | شکایت کرتی تھی | طرف | اللہ کی |

(اے پیغمبر) جو عورت تم سے اپنے شوہر کے بارے میں بحث و جدال کرتی اور اللہ سے شکایت (رنج وملال) کرتی تھی

وَاللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ① اَلَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ

| وَ | اللّٰهُ | يَسْمَعُ | تَحَاوُرَكُمَا | اِنَّ | اللّٰهَ | سَمِيْعٌۢ | بَصِيْرٌ | اَلَّذِيْنَ | يُظٰهِرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اللہ | سنتا تھا | سوال و جواب تم دونوں کا | تحقیق | اللہ | سننے والا | دیکھنے والا ہے | جو لوگ کہ | ظہار کرتے ہیں |

اللہ نے اس کی التجا سن لی اور اللہ تم دونوں کی گفتگو سن رہا تھا۔ کچھ شک نہیں کہ اللہ سنتا دیکھتا ہے (۱) جو لوگ تم میں سے اپنی عورتوں

مِنْكُمْ مِّنْ نِّسَاۗىِٕهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ۭ اِنْ اُمَّهٰتُهُمْ اِلَّا الّٰۗـِٔيْ وَلَدْنَهُمْ ۭ

| مِنْكُمْ | مِّنْ | نِّسَاۗىِٕهِمْ | مَّا | هُنَّ | اُمَّهٰتِهِمْ | اِنْ | اُمَّهٰتُهُمْ | اِلَّا | الّٰۗـِٔيْ | وَلَدْنَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم میں سے | سے | بیبیوں اپنی | نہیں | ہو جاتیں وہ | مائیں ان کی | نہیں | مائیں ان کی | مگر | وہ جنہوں نے | جنا ہے ان کو |

کو ماں کہہ دیتے ہیں وہ ان کی مائیں نہیں (ہو جاتیں) ان کی مائیں تو وہی ہیں جن کے بطن سے وہ پیدا ہوئے۔

وَاِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ②

| وَ | اِنَّهُمْ | لَيَقُوْلُوْنَ | مُنْكَرًا | مِّنَ | الْقَوْلِ | وَزُوْرًا | وَ | اِنَّ | اللّٰهَ | لَعَفُوٌّ | غَفُوْرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بیشک وہ | البتہ کہتے ہیں | نامعقول | سے | بات | اور جھوٹ | اور | بیشک | اللہ | البتہ معاف کرنیوالا | بخشنے والا ہے |

بے شک وہ نامعقول اور جھوٹی بات کہتے ہیں اور اللہ بڑا معاف کرنے والا (اور) بخشنے والا ہے (۲)

وَالَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْ نِّسَاۗىِٕهِمْ ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ

| وَ | الَّذِيْنَ | يُظٰهِرُوْنَ | مِنْ | نِّسَاۗىِٕهِمْ | ثُمَّ | يَعُوْدُوْنَ | لِمَا | قَالُوْا | فَتَحْرِيْرُ | رَقَبَةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جو لوگ کہ | ظہار کرتے ہیں | سے | اپنی بیبیوں | پھر | پھر جاتے ہیں | طرف اس چیز کے کہ | کہا تھا | پس آزاد کرنا ہے | ایک گردن کا |

اور جو لوگ اپنی بیبیوں کو ماں کہہ بیٹھیں پھر اپنے قول سے رجوع کر لیں تو (ان کو) ہم بستر ہونے سے پہلے

مِّنۡ قَبۡلِ اَنۡ يَّتَمَآسَّا ؕ ذٰلِكُمۡ تُوۡعَظُوۡنَ بِهٖ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنۡ | قَبۡلِ | اَنۡ | يَّتَمَآسَّا | ذٰلِكُمۡ | تُوۡعَظُوۡنَ | بِهٖ | وَ | اللّٰهُ | بِمَا | تَعۡمَلُوۡنَ |
| سے | پہلے اسکے | یہ کہ | ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں | یہ | نصیحت دیئے جاتے ہو تم | ساتھ اسکے | اور | اللہ | ساتھ اس چیز کے کہ | تم کرتے ہو |

ایک غلام آزاد کرنا (ضرور) ہے۔ (مومنو) اس (حکم) سے تم کو نصیحت کی جاتی ہے۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس

خَبِيۡرٌ ﴿۳﴾ فَمَنۡ لَّمۡ يَجِدۡ فَصِيَامُ شَهۡرَيۡنِ مُتَتَابِعَيۡنِ مِنۡ قَبۡلِ اَنۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَبِيۡرٌ | فَمَنۡ | لَّمۡ | يَجِدۡ | فَصِيَامُ | شَهۡرَيۡنِ | مُتَتَابِعَيۡنِ | مِنۡ | قَبۡلِ | اَنۡ |
| خبردار ہے | پس جو کوئی | نہ | پائے | پس روزے رکھے | دو مہینے | لگاتار | سے | پہلے اسکے | یہ کہ |

سے خبردار ہے ﴿۳﴾ جس کو غلام نہ ملے وہ مجامعت سے پہلے متواتر دو مہینے کے روزے

يَّتَمَآسَّا ۚ فَمَنۡ لَّمۡ يَسۡتَطِعۡ فَاِطۡعَامُ سِتِّيۡنَ مِسۡكِيۡنًا ؕ ذٰلِكَ لِتُؤۡمِنُوۡا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّتَمَآسَّا | فَمَنۡ | لَّمۡ | يَسۡتَطِعۡ | فَاِطۡعَامُ | سِتِّيۡنَ | مِسۡكِيۡنًا | ذٰلِكَ | لِتُؤۡمِنُوۡا |
| ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں | پس جو کوئی | نہ | کر سکے | پس کھانا کھلانا ہے | ساٹھ | مسکینوں کو | یہ اس واسطے کہ | تاکہ ایمان لاؤ تم |

رکھے۔ جس کو اس کا بھی مقدور نہ ہو (اُسے) ساٹھ محتاجوں کو کھانا کھلانا (چاہیے)۔ یہ (حکم) اس لیے (ہے) کہ تم اللہ اور رسول

بِاللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ ؕ وَتِلۡكَ حُدُوۡدُ اللّٰهِ ؕ وَلِلۡكٰفِرِيۡنَ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ﴿۴﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاللّٰهِ | وَ | رَسُوۡلِهٖ | وَ | تِلۡكَ | حُدُوۡدُ | اللّٰهِ | وَ | لِلۡكٰفِرِيۡنَ | عَذَابٌ | اَلِيۡمٌ |
| ساتھ اللہ کے | اور | اسکے رسول کے | اور | یہ ہیں | حدیں | اللہ کی | اور | واسطے کافروں کے | عذاب ہے | درد دینے والا |

کے فرمانبردار ہو جاؤ۔ اور یہ اللہ کی حدیں ہیں۔ اور نہ ماننے والوں کے لیے درد دینے والا عذاب ہے ﴿۴﴾

اِنَّ الَّذِيۡنَ يُحَآدُّوۡنَ اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ كُبِتُوۡا كَمَا كُبِتَ الَّذِيۡنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | الَّذِيۡنَ | يُحَآدُّوۡنَ | اللّٰهَ | وَ | رَسُوۡلَهٗ | كُبِتُوۡا | كَمَا | كُبِتَ | الَّذِيۡنَ |
| بیشک | جو لوگ کہ | خلاف کرتے ہیں | اللہ کا | اور | اس کے رسول کا | ہلاک کیے گئے | جیسا کہ | ہلاک کیا گیا | ان لوگوں کو جو |

جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں وہ (اسی طرح) ذلیل کیے جائیں گے جس طرح ان سے پہلے لوگ ذلیل

مِنۡ قَبۡلِهِمۡ وَقَدۡ اَنۡزَلۡنَاۤ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ؕ وَلِلۡكٰفِرِيۡنَ عَذَابٌ مُّهِيۡنٌ ﴿۵﴾ ۚ يَوۡمَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنۡ قَبۡلِهِمۡ | وَ | قَدۡ | اَنۡزَلۡنَاۤ | اٰيٰتٍۢ | بَيِّنٰتٍ | وَ | لِلۡكٰفِرِيۡنَ | عَذَابٌ | مُّهِيۡنٌ | يَوۡمَ |
| ان سے پہلے تھے | اور | تحقیق | اتاری ہم نے | نشانیاں | ظاہر | اور | واسطے کافروں کے | عذاب ہے | رسوا کرنے والا | جس دن |

کیے گئے تھے اور ہم نے صاف اور صریح آیتیں نازل کر دی ہیں۔ جو نہیں مانتے ان کو ذلت کا عذاب ہوگا ﴿۵﴾ جس دن

يَبۡعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيۡعًا فَيُنَبِّئُهُمۡ بِمَا عَمِلُوۡا ؕ اَحۡصٰىهُ اللّٰهُ وَنَسُوۡهُ ؕ

| يَبۡعَثُهُمۡ | اللّٰهُ | جَمِيۡعًا | فَيُنَبِّئُهُمۡ | بِمَا | عَمِلُوۡا | اَحۡصٰىهُ | اللّٰهُ | وَ | نَسُوۡهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٹھائے گا ان کو | اللہ | سب کو | خبر دے گا انکو | ساتھ اس چیز کے کہ | کیا تھا انہوں نے | گن رکھا تھا | اللہ نے | اور | وہ بھول گئے تھے اسکو |

اللہ ان سب کو جِلا اُٹھائے گا تو جو کام وہ کرتے رہے ان کو جتائے گا۔ اللہ کو وہ سب (کام) یاد ہیں اور یہ ان کو بھول گئے ہیں۔

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ شَهِيۡدٌ ۞٦ اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعۡلَمُ مَا فِى السَّمٰوٰتِ ع

| وَ | اللّٰهُ | عَلٰى | كُلِّ | شَىۡءٍ | شَهِيۡدٌ | اَلَمۡ | تَرَ | اَنَّ | اللّٰهَ | يَعۡلَمُ | مَا | فِى | السَّمٰوٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | شاہد ہے | کیا نہیں | دیکھا تو نے | یہ کہ | اللہ | جانتا ہے | جو کچھ | بیچ | آسمانوں کے |

اور اللہ ہر چیز سے واقف ہے (٦) کیا تم کو معلوم نہیں کہ جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ

وَمَا فِى الۡاَرۡضِ ؕ مَا يَكُوۡنُ مِنۡ نَّجۡوٰى ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمۡ

| وَ | مَا | فِى | الۡاَرۡضِ | مَا | يَكُوۡنُ | مِنۡ | نَّجۡوٰى | ثَلٰثَةٍ | اِلَّا | هُوَ | رَابِعُهُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جو کچھ | بیچ | زمین کے ہے | نہیں | ہوتی | کوئی | مشاورت | تین کی | مگر | وہ | چوتھا ان کا ہے |

زمین میں ہے اللہ کو سب معلوم ہے۔ (کسی جگہ) تین (شخصوں) کا (مجمع اور) کانوں میں صلاح ومشورہ نہیں ہوتا مگر وہ ان میں چوتھا ہوتا ہے

وَلَا خَمۡسَةٍ اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمۡ وَلَاۤ اَدۡنٰى مِنۡ ذٰلِكَ وَلَاۤ اَكۡثَرَ اِلَّا هُوَ

| وَ | لَا | خَمۡسَةٍ | اِلَّا | هُوَ | سَادِسُهُمۡ | وَ | لَاۤ | اَدۡنٰى | مِنۡ | ذٰلِكَ | وَ | لَاۤ | اَكۡثَرَ | اِلَّا | هُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | پانچ کی | مگر | وہ | چھٹا ان کا ہے | اور | نہ | کم | سے | اس | اور | نہ | زیادہ | مگر | وہ |

اور نہ کہیں پانچ کا مگر وہ ان میں چھٹا ہوتا ہے اور نہ اس سے کم یا زیادہ مگر وہ

مَعَهُمۡ اَيۡنَ مَا كَانُوۡا ۚ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمۡ بِمَا عَمِلُوۡا يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

| مَعَهُمۡ | اَيۡنَ مَا | كَانُوۡا | ثُمَّ | يُنَبِّئُهُمۡ | بِمَا | عَمِلُوۡا | يَوۡمَ | الۡقِيٰمَةِ | اِنَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ انکے ہے | جہاں کہیں | وہ ہوں | پھر | خبر دے گا ان کو | اس چیز کی کہ | کرتے ہیں | دن | قیامت کے | بیشک | اللہ |

ان کے ساتھ ہوتا ہے خواہ وہ کہیں ہوں۔ پھر جو جو کام یہ کرتے رہے ہیں قیامت کے دن وہ (ایک ایک) اُن کو بتائے گا۔ بیشک اللہ

بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ ۞٧ اَلَمۡ تَرَ اِلَى الَّذِيۡنَ نُهُوۡا عَنِ النَّجۡوٰى ثُمَّ

| بِكُلِّ | شَىۡءٍ | عَلِيۡمٌ | اَلَمۡ | تَرَ | اِلَى | الَّذِيۡنَ | نُهُوۡا | عَنِ | النَّجۡوٰى | ثُمَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہر ایک | چیز کا | جاننے والا ہے | کیا نہیں | دیکھا تو نے | طرف | ان لوگوں کے کہ | منع کیے گئے ہیں | سے | کانا پھوسی | پھر |

ہر چیز سے واقف ہے (٧) کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو سرگوشیاں کرنے سے منع کیا گیا تھا۔ پھر

يَعُوْدُوْنَ لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَ يَتَنٰجَوْنَ بِالْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ وَ مَعْصِيَتِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعُوْدُوْنَ | لِمَا | نُهُوْا | عَنْهُ | وَ | يَتَنٰجَوْنَ | بِالْاِثْمِ | وَ | الْعُدْوَانِ | وَمَعْصِيَتِ |
| کرتے ہیں | وہ چیز کہ | منع کیے گئے تھے | اس سے | اور | کان میں باتیں کرتے ہیں | ساتھ گناہ کے | اور | تعدی کے | اور نافرمانی |

جس (کام) سے منع کیا گیا تھا وہی پھر کرنے لگے اور یہ تو گناہ اور ظلم اور رسولِ (اللہ) کی نافرمانی کی سرگوشیاں

الرَّسُوْلِ ۫ وَ اِذَا جَآءُوْكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللّٰهُ ۙ وَ يَقُوْلُوْنَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرَّسُوْلِ | وَ | اِذَا | جَآءُوْكَ | حَيَّوْكَ | بِمَا | لَمْ | يُحَيِّكَ | بِهِ | اللّٰهُ | وَ | يَقُوْلُوْنَ |
| پیغمبر کے | اور | جس وقت | آتے ہیں تیرے پاس | دعا دیتے ہیں تجھ کو | ساتھ اس چیز کے کہ | نہیں | دعا دی تجھ کو | ساتھ اسکے | اللہ نے | اور | کہتے ہیں |

کرتے ہیں۔ اور جب تمہارے پاس آتے ہیں تو جس (کلمے) سے اللہ نے تم کو دعا نہیں دی اس سے تمہیں دعا دیتے ہیں۔ اور اپنے دل میں کہتے

فِیْۤ اَنْفُسِهِمْ لَوْ لَا يُعَذِّبُنَا اللّٰهُ بِمَا نَقُوْلُ ؕ حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ ۚ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِیْۤ | اَنْفُسِهِمْ | لَوْ | لَا | يُعَذِّبُنَا | اللّٰهُ | بِمَا | نَقُوْلُ | حَسْبُهُمْ | جَهَنَّمُ |
| بیچ | اپنے دلوں کے | کیوں | نہیں | عذاب دیتا ہم کو | اللہ | بسبب اس چیز کے کہ | کہتے ہیں ہم | کافی ہے ان کو | دوزخ |

ہیں کہ (اگر یہ واقعی پیغمبر ہوں) تو جو کچھ ہم کہتے ہیں اللہ ہمیں اس کی سزا کیوں نہیں دیتا۔ (اے پیغمبر) ان کو دوزخ (ہی کی سزا) کافی ہے۔

يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿٨﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا تَنَاجَيْتُمْ فَلَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَصْلَوْنَهَا | فَبِئْسَ | الْمَصِيْرُ | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْۤا | اِذَا | تَنَاجَيْتُمْ | فَلَا |
| داخل ہونگے اس میں | پس بری ہے | جگہ پھر جانے کی | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | جس وقت | تم کان میں باتیں کرو | پس مت |

یہ اسی میں داخل ہوں گے اور وہ بری جگہ ہے ﴿٨﴾ مومنو! جب تم آپس میں سرگوشیاں کرنے لگو تو

تَتَنَاجَوْا بِالْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ وَ مَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ وَ تَنَاجَوْا بِالْبِرِّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَتَنَاجَوْا | بِالْاِثْمِ | وَ | الْعُدْوَانِ | وَ | مَعْصِيَتِ | الرَّسُوْلِ | وَ | تَنَاجَوْا | بِالْبِرِّ |
| کرو بات | گناہ کی | اور | تعدی کی | اور | نافرمانی | رسول کی | اور | بات کرو | ساتھ نیکوکاری کے |

گناہ اور زیادتی اور پیغمبر کی نافرمانی کی باتیں نہ کرنا بلکہ نیکوکاری اور

وَ التَّقْوٰى ؕ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْۤ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٩﴾ اِنَّمَا النَّجْوٰى مِنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | التَّقْوٰى | وَ | اتَّقُوا | اللّٰهَ | الَّذِیْۤ | اِلَيْهِ | تُحْشَرُوْنَ | اِنَّمَا | النَّجْوٰى | مِنَ |
| اور | پرہیزگاری کی | اور | ڈرو | اللہ سے | وہ جو | طرف اس کی | تم اکٹھے کیے جاؤ گے | سوائے اسکے نہیں کہ | کانا پھوسی کرنا | سے ہے |

پرہیزگاری کی باتیں کرنا۔ اور اللہ سے جس کے سامنے جمع کیے جاؤ گے ڈرتے رہنا ﴿٩﴾ (کافروں کی) سرگوشیاں تو

الشَّيْطٰنِ لِيَحْزُنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيْسَ بِضَآرِّهِمْ شَيْـًٔا اِلَّا بِاِذْنِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الشَّيْطٰنِ | لِيَحْزُنَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | لَيْسَ | بِضَآرِّهِمْ | شَيْـًٔا | اِلَّا | بِاِذْنِ |
| شیطان | تاکہ غمگین کرے | ان لوگوں کو | جو ایمان لائے | اور | نہیں | ضرر کرنے والا ان کو | کچھ | مگر | ساتھ حکم |

شیطان (کی حرکات) سے ہیں (جو) اس لیے (کی جاتی ہیں) کہ مومن (ان سے) غمناک ہوں مگر اللہ کے حکم کے سوا ان سے انہیں کچھ نقصان نہیں

اللّٰهِ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا قِيْلَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | وَ | عَلَى | اللّٰهِ | فَلْيَتَوَكَّلِ | الْمُؤْمِنُوْنَ | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْۤا | اِذَا | قِيْلَ |
| اللہ کے | اور | اوپر | اللہ کے | پس چاہیے کہ توکل کریں | ایمان والے | اے لوگو | جو | ایمان لائے ہو | جس وقت کہ | کہا جائے |

پہنچ سکتا۔ تو مومنوں کو چاہیے کہ اللہ ہی پر بھروسا رکھیں ﴿۱۰﴾ مومنو! جب تم سے کہا جائے

لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِي الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ ۚ وَاِذَا قِيْلَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَكُمْ | تَفَسَّحُوْا | فِي | الْمَجٰلِسِ | فَافْسَحُوْا | يَفْسَحِ | اللّٰهُ | لَكُمْ | وَ | اِذَا | قِيْلَ |
| واسطے تمہارے | کشادگی کرو | بیچ | مجلسوں کے | پس کشادہ کردو | کشادہ کریگا | اللہ | واسطے تمہارے | اور | جس وقت کہ | کہا جائے |

کہ مجلس میں کھل کر بیٹھو تو کھل بیٹھا کرو اللہ تم کو کشادگی بخشے گا۔ اور جب کہا جائے کہ

انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۙ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انْشُزُوْا | فَانْشُزُوْا | يَرْفَعِ | اللّٰهُ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | مِنْكُمْ | وَالَّذِيْنَ | اُوْتُوا | الْعِلْمَ |
| اٹھ کھڑے ہو | پس اٹھ کھڑے ہو | بلند کریگا | اللہ | ان لوگوں کو کہ | ایمان لائے ہیں | تم میں سے | اور ان لوگ کو کہ | دیئے گئے ہیں | علم |

اُٹھ کھڑے ہو تو اُٹھ کھڑے ہوا کرو جو لوگ تم میں سے ایمان لائے ہیں اور جن کو علم عطا کیا گیا ہے اللہ ان کے

دَرَجٰتٍ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۱﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دَرَجٰتٍ | وَ | اللّٰهُ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | خَبِيْرٌ | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْۤا | اِذَا |
| درجے | اور | اللہ | اس چیز سے کہ | تم کرتے ہو | خبردار ہے | اے لوگو | جو | ایمان لائے ہو | جس وقت کہ |

درجے بلند کرے گا۔ اور اللہ تمہارے سب کاموں سے واقف ہے ﴿۱۱﴾ مومنو! جب

نَاجَيْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً ؕ ذٰلِكَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نَاجَيْتُمُ | الرَّسُوْلَ | فَقَدِّمُوْا | بَيْنَ يَدَيْ | نَجْوٰىكُمْ | صَدَقَةً | ذٰلِكَ |
| کان میں بات کرو | رسول کے | پس آگے بھیجو تم | آگے | بات کرنے سے اپنی | کچھ خیرات | یہ |

تم پیغمبر کے کان میں کوئی بات کہو تو بات کہنے سے پہلے (مساکین کو) کچھ خیرات دے دیا کرو۔ یہ

خَيْرٌ لَّكُمْ وَاَطْهَرُ ؕ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَيْرٌ | لَّكُمْ | وَاَطْهَرُ | فَاِنْ | لَّمْ | تَجِدُوْا | فَاِنَّ | اللّٰهَ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ |
| بہت بہتر ہے | واسطے تمہارے | اور بہت پاکیزہ | پس اگر | نہ | پاؤ تم | پس بیشک | اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے |

تمہارے لیے بہت بہتر اور پاکیزگی کی بات ہے۔ اور اگر خیرات تم کو میسر نہ آئے تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے ﴿۱۲﴾

ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقٰتٍ ؕ فَاِذْ لَمْ تَفْعَلُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ءَاَشْفَقْتُمْ | اَنْ | تُقَدِّمُوْا | بَيْنَ يَدَيْ | نَجْوٰىكُمْ | صَدَقٰتٍ | فَاِذْ | لَمْ | تَفْعَلُوْا |
| کیا ڈر گئے تم | یہ کہ | آگے بھیجو تم | آگے | اپنی بات سے | خیرات | پس جس وقت | نہ | کیا تم نے |

کیا تم اس سے کہ پیغمبر کے کان میں کوئی بات کہنے سے پہلے خیرات دیا کرو ڈر گئے؟ پھر جب تم نے (ایسا) نہ کیا

وَتَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | تَابَ | اللّٰهُ | عَلَيْكُمْ | فَاَقِيْمُوا | الصَّلٰوةَ | وَاٰتُوا | الزَّكٰوةَ | وَ | اَطِيْعُوا | اللّٰهَ |
| اور | پھر آیا | اللہ | اوپر تمہارے | پس قائم رکھو | نماز | اور ادا کرو | زکوٰۃ | اور | اطاعت کرو | اللہ کی |

اور اللہ نے تمہیں معاف کر دیا تو نماز پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرتے

ع ۲ وَرَسُوْلَهٗ ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳﴾ ع اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | رَسُوْلَهٗ | وَ | اللّٰهُ | خَبِيْرٌۢ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | اَلَمْ | تَرَ | اِلَى | الَّذِيْنَ | تَوَلَّوْا | قَوْمًا |
| اور | اسکے رسول کی | اور | اللہ | خبردار ہے | اس چیز سے کہ | تم کرتے ہو | کیا نہیں | دیکھا تو نے | طرف | ان لوگوں کے کہ | دوستی کرتے ہیں | اس قوم سے کہ |

رہو۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے خبردار ہے ﴿۱۳﴾ بھلا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو ایسوں سے دوستی کرتے ہیں

غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ؕ مَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلَا مِنْهُمْ ۙ وَيَحْلِفُوْنَ عَلَى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غَضِبَ | اللّٰهُ | عَلَيْهِمْ | مَاهُمْ | مِّنْكُمْ | وَ | لَا | مِنْهُمْ | وَ | يَحْلِفُوْنَ | عَلَى |
| غصے ہوا | اللہ | اوپر ان کے | نہیں ہیں وہ | تم میں سے | اور | نہ | ان میں سے | اور | قسم کھاتے ہیں | اوپر |

جن پر اللہ کا غضب ہوا۔ وہ نہ تم میں ہیں نہ ان میں۔ اور جان بوجھ کر جھوٹی باتوں

الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْكَذِبِ | وَهُمْ | يَعْلَمُوْنَ | اَعَدَّ | اللّٰهُ | لَهُمْ | عَذَابًا | شَدِيْدًا | اِنَّهُمْ | سَآءَ |
| جھوٹ کے | اور وہ | جانتے ہیں | تیار کیا ہے | اللہ نے | واسطے ان کے | عذاب | سخت | بیشک وہ | برا ہے |

پر قسمیں کھاتے ہیں ﴿۱۴﴾ اللہ نے اُن کے لیے سخت عذاب تیار کر رکھا ہے۔ یہ جو کچھ

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵﴾ اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | كَانُوْا | يَعْمَلُوْنَ | اِتَّخَذُوْٓا | اَيْمَانَهُمْ | جُنَّةً | فَصَدُّوْا | عَنْ | سَبِيْلِ |
| جو کچھ کہ | ہیں | وہ کرتے | پکڑا ہے انہوں نے | قسموں اپنی کو | ڈھال | پس بند کرتے ہیں | سے | راہ |

کرتے ہیں یقیناً برا ہے ﴿۱۵﴾ انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنالیا اور (لوگوں کو) اللہ کے رستے سے روک دیا ہے

اللّٰهِ فَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۶﴾ لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | فَلَهُمْ | عَذَابٌ | مُّهِيْنٌ | لَنْ | تُغْنِيَ | عَنْهُمْ | اَمْوَالُهُمْ | وَ | لَآ | اَوْلَادُهُمْ |
| اللہ کے | پس واسطے انکے | عذاب ہے | رسوا کرنے والا | ہرگز نہ | کفایت کریگا | ان سے | مال ان کا | اور | نہ | اولاد ان کی |

سو ان کے لیے ذلت کا عذاب ہے ﴿۱۶﴾ اللہ کے (عذاب کے) سامنے نہ تو اُن کا مال ہی کچھ کام

مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ؕ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۷﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنَ | اللّٰهِ | شَيْـًٔا | اُولٰٓئِكَ | اَصْحٰبُ | النَّارِ | هُمْ | فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ |
| سے | اللہ | کچھ | یہ لوگ ہیں | رہنے والے | آگ کے | وہ | بیچ اس کے | ہمیشہ رہنے والے ہیں |

آئے گا اور نہ اولاد ہی (کچھ فائدہ دے گی)۔ یہ لوگ اہل دوزخ ہیں۔ اس میں ہمیشہ (جلتے) رہیں گے ﴿۱۷﴾

يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيَحْلِفُوْنَ لَهٗ كَمَا يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَوْمَ | يَبْعَثُهُمُ | اللّٰهُ | جَمِيْعًا | فَيَحْلِفُوْنَ | لَهٗ | كَمَا | يَحْلِفُوْنَ | لَكُمْ |
| جس دن | اٹھائے گا ان کو | اللہ | سب کو | قسمیں کھائیں گے | واسطے انکے | جیسا | قسمیں کھاتے ہیں | واسطے تمہارے |

جس دن اللہ اُن سب کو جلا اُٹھائے گا تو جس طرح تمہارے سامنے قسمیں کھاتے ہیں (اسی طرح) اللہ کے سامنے قسمیں کھائیں گے

وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ عَلٰى شَيْءٍ ؕ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۸﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يَحْسَبُوْنَ | اَنَّهُمْ | عَلٰى | شَيْءٍ | اَلَآ | اِنَّهُمْ | هُمُ | الْكٰذِبُوْنَ |
| اور | گمان کرتے ہیں | یہ کہ وہ | اوپر | کسی چیز کے ہیں | خبردار ہو | بیشک وہ | وہی ہیں | جھوٹے |

اور خیال کریں گے کہ (ایسا کرنے سے) کام لے نکلے ہیں۔ دیکھو یہ جھوٹے (اور برسر غلط) ہیں ﴿۱۸﴾

اِسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطٰنُ فَاَنْسٰىهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِسْتَحْوَذَ | عَلَيْهِمُ | الشَّيْطٰنُ | فَاَنْسٰىهُمْ | ذِكْرَ | اللّٰهِ | اُولٰٓئِكَ | حِزْبُ |
| غالب آیا ہے | اوپر ان کے | شیطان | پس بھلا دی ان کو اس نے | یاد | اللہ کی | یہ لوگ | گروہ ہیں |

شیطان نے ان کو قابو میں کر لیا ہے اور اللہ کی یاد ان کو بھلا دی ہے۔ یہ (جماعت) شیطان کا

الشَّيْطٰنِ ۭ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿١٩﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الشَّيْطٰنِ | اَلَآ | اِنَّ | حِزْبَ | الشَّيْطٰنِ | هُمُ | الْخٰسِرُوْنَ | اِنَّ | الَّذِيْنَ |
| شیطان کے | خبردار ہو | بیشک | گروہ | شیطان کا | وہی ہیں | زیاں پانے والے | بیشک | جو لوگ کہ |

لشکر ہے۔ اور سن رکھو کہ شیطان کا لشکر نقصان اُٹھانے والا ہے ﴿۱۹﴾ جو لوگ

يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ اُولٰۗىِٕكَ فِي الْاَذَلِّيْنَ ﴿٢٠﴾ كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُحَآدُّوْنَ | اللّٰهَ | وَ | رَسُوْلَهٗ | اُولٰۗىِٕكَ | فِي | الْاَذَلِّيْنَ | كَتَبَ | اللّٰهُ | لَاَغْلِبَنَّ | اَنَا |
| مقابلہ کرتے ہیں | اللہ کا | اور | اس کے رسول کا | یہ لوگ ہیں | بیچ | سب سے بے قدر لوگوں میں | لکھ چکا | اللہ | البتہ غالب آؤں گا | میں |

اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں وہ نہایت ذلیل ہوں گے ﴿۲۰﴾ اللہ کا حکم ناطق ہے کہ میں اور میرے

وَرُسُلِيْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿٢١﴾ لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | رُسُلِيْ | اِنَّ | اللّٰهَ | قَوِيٌّ | عَزِيْزٌ | لَا | تَجِدُ | قَوْمًا | يُّؤْمِنُوْنَ | بِاللّٰهِ |
| اور | پیغمبر میرا | بیشک | اللہ | زور آور ہے | غالب ہے | نہیں | پاؤ گے تم | قوم کو کہ | ایمان لاتے ہیں | اللہ پر |

پیغمبر ضرور غالب رہیں گے۔ بیشک اللہ زور آور (اور) زبردست ہے ﴿۲۱﴾ جو لوگ اللہ پر اور روز قیامت پر ایمان

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَاۗدُّوْنَ مَنْ حَاۗدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَاۗءَهُمْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْيَوْمِ | الْاٰخِرِ | يُوَاۗدُّوْنَ | مَنْ | حَاۗدَّ | اللّٰهَ | وَ | رَسُوْلَهٗ | وَ | لَوْ | كَانُوْٓا | اٰبَاۗءَهُمْ |
| اور | دن | آخرت پر | دوستی کریں | اس شخص سے کہ | مقابلہ کرتا ہے | اللہ کا | اور | اسکے رسول کا | اور | اگرچہ | ہو | باپ ان کے |

رکھتے ہیں تم ان کو اللہ اور اس کے رسول کے دشمنوں سے دوستی کرتے ہوئے نہ دیکھو گے۔ خواہ وہ ان کے باپ

اَوْ اَبْنَاۗءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ۭ اُولٰۗىِٕكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْ | اَبْنَاۗءَهُمْ | اَوْ | اِخْوَانَهُمْ | اَوْ | عَشِيْرَتَهُمْ | اُولٰۗىِٕكَ | كَتَبَ | فِيْ | قُلُوْبِهِمْ |
| یا | بیٹے ان کے | یا | بھائی ان کے | یا | کنبہ ان کا | یہ لوگ | لکھ دیا ہے | بیچ | ان کے دلوں کے |

یا بیٹے یا بھائی یا خاندان ہی کے لوگ ہوں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان

الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ۭ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاِيْمَانَ | وَ | اَيَّدَهُمْ | بِرُوْحٍ | مِّنْهُ | وَ | يُدْخِلُهُمْ | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ | مِنْ |
| ایمان | اور | قوت دی انکو | ساتھ روح کے | اپنی طرف سے | اور | داخل کرے گا ان کو | بہشتوں میں | بہتی ہیں | سے |

(پتھر پر لکیر کی طرح) تحریر کر دیا ہے اور فیض غیبی سے ان کی مدد کی ہے۔ اور وہ ان کو بہشتوں میں جن کے تلے

تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَا ؕ رَضِىَ اللّٰهُ عَنۡهُمۡ وَرَضُوۡا عَنۡهُ ؕ

| تَحۡتِهَا | الۡاَنۡهٰرُ | خٰلِدِيۡنَ | فِيۡهَا | رَضِىَ | اللّٰهُ | عَنۡهُمۡ | وَ | رَضُوۡا | عَنۡهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نیچے اس کے | نہریں | ہمیشہ رہنے والے | بیچ اس کے | راضی ہوا | اللہ | ان سے | اور | راضی ہوئے وہ | اس سے |

نہریں بہ رہی ہیں داخل کرے گا ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ اللہ ان سے خوش اور وہ اللہ سے خوش۔

اُولٰٓئِكَ حِزۡبُ اللّٰهِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ حِزۡبَ اللّٰهِ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ﴿۲۲﴾ ع

| اُولٰٓئِكَ | حِزۡبُ | اللّٰهِ | اَلَاۤ | اِنَّ | حِزۡبَ | اللّٰهِ | هُمُ | الۡمُفۡلِحُوۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ لوگ ہیں | گروہ | اللہ کے | خبردار ہو | بیشک | گروہ | اللہ کا | وہی ہیں | فلاح پانے والے |

یہی گروہ اللہ کا لشکر ہے۔ (اور) سن رکھو کہ اللہ ہی کا لشکر مراد حاصل کرنے والا ہے ﴿۲۲﴾

## ایاتها ۲۴ — ۵۹ سُوۡرَةُ الۡحَشۡرِ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۱ — رکوعاتها ۳

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ ۚ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ﴿۱﴾

| سَبَّحَ | لِلّٰهِ | مَا | فِى | السَّمٰوٰتِ | وَ | مَا | فِى | الۡاَرۡضِ | وَ | هُوَ | الۡعَزِيۡزُ | الۡحَكِيۡمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پاکی بیان کرتا ہے | واسطے اللہ کے | جو کچھ | بیچ | آسمانوں کے | اور | جو کچھ | بیچ | زمین کے ہے | اور | وہی ہے | غالب | حکمت والا |

جو چیزیں آسمانوں میں ہیں اور جو چیزیں زمین میں ہیں (سب) اللہ کی تسبیح کرتی ہیں اور وہ غالب حکمت والا ہے ﴿۱﴾

هُوَ الَّذِىۡۤ اَخۡرَجَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا مِنۡ اَهۡلِ الۡكِتٰبِ مِنۡ دِيَارِهِمۡ لِاَوَّلِ

| هُوَ | الَّذِىۡۤ | اَخۡرَجَ | الَّذِيۡنَ | كَفَرُوۡا | مِنۡ | اَهۡلِ | الۡكِتٰبِ | مِنۡ | دِيَارِهِمۡ | لِاَوَّلِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہی ہے | جس نے | نکال دیا | ان لوگوں کو کہ | کافر ہوئے | سے | اہل | کتاب | سے | گھروں ان کے | اول بار |

وہی تو ہے جس نے کفار اہلِ کتاب کو حشر اوّل کے وقت ان کے گھروں سے

الۡحَشۡرِ ؕ مَا ظَنَنۡتُمۡ اَنۡ يَّخۡرُجُوۡا وَظَنُّوۡۤا اَنَّهُمۡ مَّانِعَتُهُمۡ حُصُوۡنُهُمۡ

وقف النبی ﷺ

| الۡحَشۡرِ | مَا | ظَنَنۡتُمۡ | اَنۡ | يَّخۡرُجُوۡا | وَ | ظَنُّوۡۤا | اَنَّهُمۡ | مَّانِعَتُهُمۡ | حُصُوۡنُهُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اکھٹے کرنے میں | نہ | گمان کرتے تھے تم | یہ کہ | نکل جائیں گے | اور | وہ گمان | کرتے تھے کہ | بچالیں گے ان کو | قلعے ان کے |

نکال دیا۔ تمہارے خیال میں بھی نہ تھا کہ وہ نکل جائیں گے اور وہ لوگ یہ سمجھے ہوئے تھے کہ ان کے قلعے اُن کو اللہ (کے عذاب)

مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا ۗ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنَ | اللّٰهِ | فَاَتٰىهُمُ | اللّٰهُ | مِنْ | حَيْثُ | لَمْ | يَحْتَسِبُوْا | وَ | قَذَفَ | فِيْ | قُلُوْبِهِمُ |
| سے | اللہ | پس آیا ان پر عذاب | اللہ کا | سے | اس جگہ | کہ نہ | جانا تھا انہوں نے | اور | ڈال دیا | بیچ | ان کے دلوں کے |

سے بچالیں گے مگر اللہ نے ان کو وہاں سے آ لیا جہاں سے ان کو گمان بھی نہ تھا اور ان کے دلوں میں دہشت ڈال دی

الرُّعْبَ يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ وَاَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۗ فَاعْتَبِرُوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرُّعْبَ | يُخْرِبُوْنَ | بُيُوْتَهُمْ | بِاَيْدِيْهِمْ | وَ | اَيْدِي | الْمُؤْمِنِيْنَ | فَاعْتَبِرُوْا |
| رعب | خراب کرتے ہیں | گھر اپنے | اپنے ہاتھوں کے ساتھ | اور | ہاتھوں | مسلمانوں کے | پس عبرت پکڑو |

کہ اپنے گھروں کو خود اپنے ہاتھوں اور مومنوں کے ہاتھوں سے اُجاڑنے لگے تو اے (بصیرت کی) آنکھیں رکھنے

يٰۤاُولِي الْاَبْصَارِ ﴿۲﴾ وَلَوْلَاۤ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَاۤءَ لَعَذَّبَهُمْ فِي

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰۤاُولِي الْاَبْصَارِ | وَ | لَوْ | لَاۤ | اَنْ | كَتَبَ | اللّٰهُ | عَلَيْهِمُ | الْجَلَاۤءَ | لَعَذَّبَهُمْ | فِي |
| اے آنکھوں والو | اور | اگر | نہ ہوتا | یہ کہ | لکھ رکھا تھا | اللہ نے | اوپر ان کے | جلاوطن کرنا | البتہ عذاب کرتا ان کو | بیچ |

والو عبرت پکڑو (۲) اور اگر اللہ نے ان کے بارے میں جلاوطن کرنا نہ لکھ رکھا ہوتا تو ان کو دنیا میں بھی عذاب

الدُّنْيَا ۗ وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ ﴿۳﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَاۤقُّوا اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الدُّنْيَا | وَ | لَهُمْ | فِي | الْاٰخِرَةِ | عَذَابُ | النَّارِ | ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمْ | شَاۤقُّوا | اللّٰهَ |
| دنیا کے | اور | واسطے انکے | بیچ | آخرت کے | عذاب | آگ کا | یہ | بسبب اسکے کہ انہوں نے | مخالفت کی | اللہ کی |

دے دیتا۔ اور آخرت میں تو ان کے لیے آگ کا عذاب (تیار) ہے (۳) یہ اس لیے کہ اُنہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی

وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَاۤقِّ اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۴﴾ مَا قَطَعْتُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَرَسُوْلَهٗ | وَ | مَنْ | يُّشَاۤقِّ | اللّٰهَ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | شَدِيْدُ | الْعِقَابِ | مَا | قَطَعْتُمْ |
| اور اسکے رسول کی | اور | جو کوئی | مخالفت کرے | اللہ کی | پس بیشک | اللہ | سخت | عذاب کرنیوالا ہے | جو کچھ کہ | کاٹا تم نے |

مخالفت کی۔ اور جو شخص اللہ کی مخالفت کرے تو اللہ سخت عذاب دینے والا ہے (۴) (مومنو!) کھجور کے

مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَاۤئِمَةً عَلٰۤى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ | لِّيْنَةٍ | اَوْ | تَرَكْتُمُوْهَا | قَاۤئِمَةً | عَلٰۤى | اُصُوْلِهَا | فَبِاِذْنِ | اللّٰهِ | وَ | لِيُخْزِيَ |
| سے | کھجور کے درخت | یا | چھوڑ دیے تم نے | کھڑے | اوپر | اس کی جڑوں کے | پس ساتھ حکم | اللہ کے | اور | تا کہ رسوا ہوں |

جو درخت تم نے کاٹ ڈالے یا ان کو اپنی جڑوں پر کھڑا رہنے دیا سو اللہ کے حکم سے تھا اور مقصود یہ تھا کہ وہ نافرمانوں کو

الْفٰسِقِيْنَ ۝٥ وَمَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْفٰسِقِيْنَ | وَ | مَآ | اَفَآءَ | اللّٰهُ | عَلٰى | رَسُوْلِهٖ | مِنْهُمْ | فَمَآ | اَوْجَفْتُمْ | عَلَيْهِ |
| فاسقین | اور | جو کچھ کہ | پھیر لایا | اللہ | اوپر | اپنے رسول کے | ان میں سے | پس نہیں | دوڑائے تم نے | اوپر اس کے |

رُسوا کرے ۝٥ اور جو (مال) اللہ نے اپنے پیغمبر کو اُن لوگوں سے (لڑائی بھڑائی کے بغیر) دلوایا ہے اس میں تمہارا کچھ حق نہیں کیونکہ

مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | خَيْلٍ | وَّلَا | رِكَابٍ | وَّلٰكِنَّ | اللّٰهَ | يُسَلِّطُ | رُسُلَهٗ | عَلٰى | مَنْ | يَّشَآءُ | وَاللّٰهُ |
| کوئی | گھوڑے | اور نہ | اونٹ | اور لیکن | اللہ | مسلّط کرتا ہے | رسول اپنے کو | اوپر | جس کے | چاہتا ہے | اور اللہ |

اس کے لیے نہ تم نے گھوڑے دوڑائے نہ اُونٹ لیکن اللہ اپنے پیغمبروں کو جن پر چاہتا ہے مسلّط کر دیتا ہے۔ اور اللہ

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝٦ مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰى | كُلِّ | شَيْءٍ | قَدِيْرٌ | مَآ | اَفَآءَ | اللّٰهُ | عَلٰى | رَسُوْلِهٖ | مِنْ | اَهْلِ الْقُرٰى |
| اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے | جو کچھ کہ | پھیر لایا | اللہ | اوپر | اپنے رسول کے | سے | ان بستیوں والوں |

ہر چیز پر قادر ہے ۝٦ جو مال اللہ نے اپنے پیغمبر کو دیہات والوں سے دلوایا ہے

فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلِلّٰهِ | وَ | لِلرَّسُوْلِ | وَ | لِذِي الْقُرْبٰى | وَ | الْيَتٰمٰى | وَالْمَسٰكِيْنِ | وَابْنِ السَّبِيْلِ |
| پس واسطے اللہ کے | اور | واسطے اسکے رسول کے | اور | واسطے قرابت والوں کے | اور | یتیموں کے | اور فقیروں کے | اور مسافروں کے |

وہ اللہ کے اور پیغمبر کے اور (پیغمبر کے) قرابت والوں کے اور یتیموں کے اور حاجت مندوں کے اور مسافروں کے لیے ہے

كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةًۢ بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ ۭ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَيْ | لَا | يَكُوْنَ | دُوْلَةًۢ | بَيْنَ | الْاَغْنِيَآءِ | مِنْكُمْ | وَ | مَآ | اٰتٰىكُمُ | الرَّسُوْلُ |
| تا کہ | نہ | ہووے | ہاتھوں ہاتھ لینا | درمیان | دولتمندوں کے | تم میں سے | اور | جو کچھ کہ | دے تم کو | رسول |

تاکہ جو لوگ تم میں دولتمند ہیں اُنہی کے ہاتھوں میں نہ پھرتا رہے۔ سو جو چیز تم کو پیغمبر دیں

فَخُذُوْهُ ۤ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَخُذُوْهُ | وَ | مَا | نَهٰىكُمْ | عَنْهُ | فَانْتَهُوْا | وَاتَّقُوا | اللّٰهَ | اِنَّ | اللّٰهَ | شَدِيْدُ |
| پس لے لو اس کو | اور | جو کچھ کہ | منع کرے تم کو | اس سے | پس باز رہو | اور ڈرو | اللہ سے | بیشک | اللہ | سخت |

وہ لے لو اور جس سے منع کریں (اس سے) باز رہو۔ اور اللہ سے ڈرتے رہو۔ بیشک اللہ سخت

وقف لازم

الْعِقَابِ ۝٧ لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعِقَابِ | لِلْفُقَرَآءِ | الْمُهٰجِرِيْنَ | الَّذِيْنَ | اُخْرِجُوْا | مِنْ | دِيَارِهِمْ |
| عذاب کرنیوالا ہے | یہ مال واسطے فقیروں | وطن چھوڑنے والوں کے ہے | جو لوگ | نکالے گئے | سے | اپنے گھروں |

عذاب دینے والا ہے ۝٧ اور اُن مفلسان تارک الوطن کے لیے بھی جو اپنے گھروں اور مالوں سے خارج

وَ اَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانًا وَّ يَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَمْوَالِهِمْ | يَبْتَغُوْنَ | فَضْلًا | مِّنَ | اللّٰهِ | وَ | رِضْوَانًا | وَّ | يَنْصُرُوْنَ | اللّٰهَ |
| اور | اپنے مالوں سے | چاہتے ہیں | فضل | سے | اللہ کے | اور | رضامندی | اور | مدد دیتے ہیں | اللہ کو |

(اور جدا) کر دیے گئے ہیں۔ (اور) اللہ کے فضل اور اس کی خوشنودی کے طلبگار اور اللہ اور اس کے پیغمبر کے

وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۝٨ ۚ وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | رَسُوْلَهٗ | اُولٰٓئِكَ | هُمُ | الصّٰدِقُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | تَبَوَّؤُ | الدَّارَ | وَ | الْاِيْمَانَ |
| اور | اس کے رسول کو | یہ لوگ | وہی ہیں | سچے | اور | جو لوگ کہ | جگہ پکڑ رہے ہیں | اس گھر میں | اور | ایمان |

مددگار ہیں۔ یہی لوگ سچے (ایماندار) ہیں ۝٨ اور (اُن لوگوں کے لیے بھی) جو مہاجرین سے پہلے (ہجرت کے) گھر (یعنی مدینے) میں مقیم اور

مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَ لَا يَجِدُوْنَ فِيْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | قَبْلِهِمْ | يُحِبُّوْنَ | مَنْ | هَاجَرَ | اِلَيْهِمْ | وَ | لَا | يَجِدُوْنَ | فِيْ |
| سے | پہلے ان | وہ محبت کرتے ہیں ان سے | جو کہ | وطن چھوڑ کر آئے ہیں | طرف ان کی | اور | نہیں | پاتے | بیچ |

ایمان میں (مستقل) رہے (اور) جو لوگ ہجرت کر کے ان کے پاس آتے ہیں ان سے محبت کرتے ہیں اور جو

صُدُوْرِهِمْ حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صُدُوْرِهِمْ | حَاجَةً | مِّمَّآ | اُوْتُوْا | وَ | يُؤْثِرُوْنَ | عَلٰٓى | اَنْفُسِهِمْ | وَ | لَوْ | كَانَ |
| دلوں اپنے کے | تنگی | اس چیز سے کہ | دیئے جائیں وہ | اور | مقدم رکھتے ہیں انکو | اوپر | جانوں اپنی کے | اور | اگرچہ | ہو |

کچھ ان کو ملا اس سے اپنے دل میں کچھ خواہش (اور خلش) نہیں پاتے اور ان کو اپنی جانوں سے مقدم رکھتے ہیں خواہ

بِهِمْ خَصَاصَةٌ ؕ قف وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِهِمْ | خَصَاصَةٌ | وَ | مَنْ | يُّوْقَ | شُحَّ | نَفْسِهٖ | فَاُولٰٓئِكَ | هُمُ |
| ان کو | تنگی | اور | جو کوئی | بچایا جائے | بخیلی | جان اپنی کی سے | پس یہ لوگ | وہی ہیں |

ان کو خود احتیاج ہی ہو۔ اور جو شخص حرصِ نفس سے بچا لیا گیا تو ایسے ہی لوگ مراد

الْمُفْلِحُوْنَ ۝۹ وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُفْلِحُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | جَآءُوْ | مِنْۢ | بَعْدِهِمْ | يَقُوْلُوْنَ | رَبَّنَا | اغْفِرْ لَنَا |
| فلاح پانے والے | اور | ان لوگوں کے لیے کہ | آئے | سے | بعد ان کے | کہتے ہیں | اے رب ہمارے | بخش ہم کو |

پانے والے ہیں ۝۹ اور (اُن کے لیے بھی) جو اُن (مہاجرین) کے بعد آئے (اور) دعا کرتے ہیں کہ اے پروردگار ہمارے

وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لِاِخْوَانِنَا | الَّذِيْنَ | سَبَقُوْنَا | بِالْاِيْمَانِ | وَ | لَا | تَجْعَلْ | فِيْ | قُلُوْبِنَا | غِلًّا |
| اور | بھائیوں ہمارے کو | وہ جو کہ | آگے لائے ہم سے | ایمان | اور | مت | کر | بیچ | دلوں ہمارے کے | برائی |

اور ہمارے بھائیوں کے جو ہم سے پہلے ایمان لائے ہیں گناہ معاف فرما اور مومنوں کی طرف سے ہمارے دل میں کینہ (وحسد)

ع ۱

لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝۱۰ ع اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نَافَقُوْا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِّلَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | رَبَّنَآ | اِنَّكَ | رَءُوْفٌ | رَّحِيْمٌ | اَلَمْ | تَرَ | اِلَى | الَّذِيْنَ | نَافَقُوْا |
| واسطے ان لوگوں کے کہ | ایمان لائے | اے ہمارے رب | بیشک تو | شفقت کرنیوالا | مہربان ہے | کیا نہیں | دیکھا تونے | طرف | ان لوگوں کی کہ | منافق ہوئے |

نہ پیدا ہونے دے۔ اے ہمارے پروردگار تو بڑا شفقت کرنے والا مہربان ہے ۝۱۰ کیا تم نے اُن منافقوں کو نہیں دیکھا

يَقُوْلُوْنَ لِاِخْوَانِهِمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَئِنْ اُخْرِجْتُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَقُوْلُوْنَ | لِاِخْوَانِهِمُ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | مِنْ | اَهْلِ | الْكِتٰبِ | لَئِنْ | اُخْرِجْتُمْ |
| کہتے ہیں | واسطے بھائیوں اپنے کے | وہ جو کہ | کافر ہیں | سے | اہل | کتاب | البتہ اگر | نکالے جاؤ گے تم |

جو اپنے کافر بھائیوں سے جو اہلِ کتاب ہیں کہا کرتے ہیں کہ اگر تم جلا وطن کیے گئے

لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَلَا نُطِيْعُ فِيْكُمْ اَحَدًا اَبَدًا ۙ وَّاِنْ قُوْتِلْتُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَنَخْرُجَنَّ | مَعَكُمْ | وَ | لَا | نُطِيْعُ | فِيْكُمْ | اَحَدًا | اَبَدًا | وَّ | اِنْ | قُوْتِلْتُمْ |
| البتہ نکلیں گے ہم | ساتھ تمہارے | اور | نہ | کہا مانیں گے | تمہارے بارے میں | کسی کا | کبھی بھی | اور | اگر | لڑائی کیے جاؤ گے |

تو ہم بھی تمہارے ساتھ نکل چلیں گے اور تمہارے بارے میں کبھی کسی کا کہنا نہ مانیں گے۔ اور اگر تم سے جنگ ہوئی

لَنَنْصُرَنَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝۱۱ لَئِنْ اُخْرِجُوْا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَنَنْصُرَنَّكُمْ | وَ | اللّٰهُ | يَشْهَدُ | اِنَّهُمْ | لَكٰذِبُوْنَ | لَئِنْ | اُخْرِجُوْا |
| البتہ مدد دیں گے ہم تم کو | اور | اللہ | گواہی دیتا ہے | یہ کہ وہ | البتہ جھوٹے ہیں | اگر | نکالے گئے وہ |

تو تمہاری مدد کریں گے۔ مگر اللہ ظاہر کیے دیتا ہے کہ یہ جھوٹے ہیں ۝۱۱ اگر وہ نکالے گئے

لَا يَخْرُجُوْنَ مَعَهُمْ ۚ وَلَئِنْ قُوْتِلُوْا لَا يَنْصُرُوْنَهُمْ ۚ وَلَئِنْ نَّصَرُوْهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَخْرُجُوْنَ | مَعَهُمْ | وَلَئِنْ | قُوْتِلُوْا | لَا | يَنْصُرُوْنَهُمْ | وَ | لَئِنْ | نَّصَرُوْهُمْ |
| نہ | نکلیں گے | یہ ساتھ ان کے | اور اگر | لڑائی کیے گئے | نہ | مدد دیں گے یہ ان کو | اور | اگر | مدد دیں ان کو |

تو یہ ان کے ساتھ نہیں نکلیں گے۔ اور اگر ان سے جنگ ہوئی تو ان کی مدد نہیں کریں گے اور اگر مدد کریں گے

لَيُوَلُّنَّ الْاَدْبَارَ ۫ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲﴾ لَاَنْتُمْ اَشَدُّ رَهْبَةً فِيْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَيُوَلُّنَّ | الْاَدْبَارَ | ثُمَّ | لَا | يُنْصَرُوْنَ | لَاَنْتُمْ | اَشَدُّ | رَهْبَةً | فِيْ |
| البتہ پھیریں گے | پیٹھ | پھر | نہیں | مدد دیئے جائیں گے | البتہ تم | زیادہ تر ہو | ڈر میں | بیچ |

تو پیٹھ پھیر کر بھاگ جائیں گے۔ پھر اُن کو (کہیں سے بھی) مدد نہ ملے گی ﴿۱۲﴾ (مسلمانو) تمہاری ہیبت اُن لوگوں

صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿۱۳﴾ لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صُدُوْرِهِمْ | مِّنَ | اللّٰهِ | ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمْ | قَوْمٌ | لَّا | يَفْقَهُوْنَ | لَا | يُقَاتِلُوْنَكُمْ |
| ان کے سینوں کے | سے | اللہ | یہ | بسبب اسکے ہے کہ | وہ قوم ہیں | نہیں | سمجھتی | نہیں | لڑیں گے تم سے |

کے دلوں میں اللہ سے بھی بڑھ کر ہے۔ یہ اس لیے کہ یہ سمجھ نہیں رکھتے ﴿۱۳﴾ یہ سب جمع ہو کر بھی تم سے (بالمواجہہ)

جَمِيْعًا اِلَّا فِيْ قُرًى مُّحَصَّنَةٍ اَوْ مِنْ وَّرَاۗءِ جُدُرٍ ۭ بَاْسُهُمْ بَيْنَهُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَمِيْعًا | اِلَّا | فِيْ | قُرًى | مُّحَصَّنَةٍ | اَوْ | مِنْ | وَّرَاۗءِ | جُدُرٍ | بَاْسُهُمْ | بَيْنَهُمْ |
| اکٹھے ہو کر | مگر | بیچ | بستیوں | قلعہ والوں کے | یا | سے | پیچھے | دیواروں کے | لڑائی ان کی | درمیان اپنے |

نہیں لڑ سکیں گے مگر بستیوں کے قلعوں میں (پناہ لے کر) یا دیواروں کی اوٹ میں (مستور ہو کر)۔ ان کا آپس میں بڑا

شَدِيْدٌ ۭ تَحْسَبُهُمْ جَمِيْعًا وَّقُلُوْبُهُمْ شَتّٰى ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَدِيْدٌ | تَحْسَبُهُمْ | جَمِيْعًا | وَّ | قُلُوْبُهُمْ | شَتّٰى | ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمْ | قَوْمٌ |
| سخت ہے | گمان کرتا ہے تو ان کو | اکٹھے | اور | دل ان کے | متفرق ہیں | یہ | بسبب اسکے کہ وہ | ایک قوم ہیں کہ |

رعب ہے۔ تم شاید خیال کرتے ہو کہ یہ اکٹھے (اور ایک جان) ہیں مگر ان کے دل پھٹے ہوئے ہیں۔ یہ اس لیے کہ یہ

لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۴﴾ ۚ كَمَثَلِ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَرِيْبًا ذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ ۚ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَّا | يَعْقِلُوْنَ | كَمَثَلِ | الَّذِيْنَ | مِنْ | قَبْلِهِمْ | قَرِيْبًا | ذَاقُوْا | وَبَالَ | اَمْرِهِمْ |
| نہیں | عقل رکھتے | مانند مثال | ان لوگوں کے کہ تھا | سے | پہلے ان | نزدیک | چکھا انہوں نے | وبال | کام اپنے کا |

بے عقل لوگ ہیں ﴿۱۴﴾ اُن کا حال اُن لوگوں کا سا ہے جو ان سے کچھ ہی پیشتر اپنے کاموں کی سزا کا مزہ چکھ چکے ہیں

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۵﴾ كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ اكْفُرْ ۚ فَلَمَّا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَهُمْ | عَذَابٌ | اَلِيْمٌ | كَمَثَلِ | الشَّيْطٰنِ | اِذْ | قَالَ | لِلْاِنْسَانِ | اكْفُرْ | فَلَمَّا |
| اور | واسطے انکے | عذاب ہے | درد دینے والا | مانند مثال | شیطان کی | جسوقت | کہا اس نے | انسان کو | کفر کر | پس جب |

اور (ابھی) ان کے لیے دکھ دینے والا عذاب (تیار) ہے ﴿۱۵﴾ (منافقوں کی) مثال شیطان کی سی ہے کہ انسان سے کہتا رہا کہ کافر ہو جا۔ جب

كَفَرَ قَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶﴾ فَكَانَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَفَرَ | قَالَ | اِنِّيْ | بَرِيْٓءٌ | مِّنْكَ | اِنِّيْٓ | اَخَافُ | اللّٰهَ | رَبَّ | الْعٰلَمِيْنَ | فَكَانَ |
| کفر کیا | کہنے لگا | بیشک میں | بیزار ہوں | تجھ سے | بیشک میں | ڈرتا ہوں | اللہ | پروردگار | عالموں کے سے | پس ہوا |

وہ کافر ہو گیا تو کہنے لگا کہ مجھے تجھ سے کچھ سروکار نہیں۔ مجھ کو تو اللہ رب العالمین سے ڈر لگتا ہے ﴿۱۶﴾ تو

ع ۲ ۷ ۵ عَاقِبَتَهُمَآ اَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۷﴾ ع

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَاقِبَتَهُمَآ | اَنَّهُمَا | فِي | النَّارِ | خَالِدَيْنِ | فِيْهَا | وَ | ذٰلِكَ | جَزٰۗؤُا | الظّٰلِمِيْنَ |
| انجام ان دونوں کا | یہ کہ وہ دونوں | بیچ | آگ کے | ہمیش رہنے والے | بیچ اس کے | اور | یہی ہے | بدلہ | ظالموں کا |

دونوں کا انجام یہ ہوا کہ دونوں دوزخ میں (داخل ہوئے) ہمیشہ اس میں رہیں گے۔ اور بے انصافوں کی یہی سزا ہے ﴿۱۷﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ وَاتَّقُوا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوا | اتَّقُوا | اللّٰهَ | وَلْتَنْظُرْ | نَفْسٌ | مَّا | قَدَّمَتْ | لِغَدٍ | وَاتَّقُوا |
| اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | ڈرو | اللہ سے | اور چاہیے کہ دیکھے | ہر جی | جو کچھ کہ | آگے بھیجا | واسطے کل کے | اور ڈرو |

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو اور ہر شخص کو دیکھنا چاہیے کہ اس نے کل (یعنی فردائے قیامت) کے لیے کیا (سامان) بھیجا ہے اور

اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسُوا اللّٰهَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهَ | اِنَّ | اللّٰهَ | خَبِيْرٌۢ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | وَ | لَا | تَكُوْنُوْا | كَالَّذِيْنَ | نَسُوا | اللّٰهَ |
| اللہ سے | بیشک | اللہ | خبردار ہے | اس چیز سے کہ | تم کرتے ہو | اور | مت | ہو | مانند ان لوگوں کے کہ | بھول گئے | اللہ کو |

(ہم پھر کہتے ہیں کہ) اللہ سے ڈرتے رہو۔ بیشک اللہ تمہارے سب اعمال سے خبردار ہے ﴿۱۸﴾ اور اُن لوگوں جیسے نہ ہونا جنہوں نے اللہ کو بھلا دیا

فَاَنْسٰىهُمْ اَنْفُسَهُمْ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۹﴾ لَا يَسْتَوِيْٓ اَصْحٰبُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَنْسٰىهُمْ | اَنْفُسَهُمْ | اُولٰۗىِٕكَ | هُمُ | الْفٰسِقُوْنَ | لَا | يَسْتَوِيْٓ | اَصْحٰبُ |
| پس بھلا دی اللہ نے مصلحت | جانوں ان کی کو | یہ لوگ | وہی ہیں | فاسق | نہیں | برابر | رہنے والے |

تو اللہ نے انہیں ایسا کر دیا کہ خود اپنے تئیں بھول گئے ﴿۱۹﴾ یہ بدکردار لوگ ہیں اہلِ دوزخ

النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ؕ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۲۰﴾ لَوْ

| النَّارِ | وَاَصْحٰبُ | الْجَنَّةِ | اَصْحٰبُ | الْجَنَّةِ | هُمُ | الْفَآئِزُوْنَ | لَوْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آگ کے | اور رہنے والے | جنت کے | رہنے والے | بہشت کے | وہی ہیں | مراد پانے والے | اگر |

اور اہلِ بہشت برابر نہیں۔ اہلِ بہشت تو کامیابی حاصل کرنے والے ہیں ﴿۲۰﴾ اگر

اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ

| اَنْزَلْنَا | هٰذَا | الْقُرْاٰنَ | عَلٰى | جَبَلٍ | لَّرَاَيْتَهٗ | خَاشِعًا | مُّتَصَدِّعًا | مِّنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتارتے ہم | یہ | قرآن | اوپر | پہاڑ کے | البتہ دیکھتا تو اس کو | دب جانے والا | پھٹ جانے والا | سے |

ہم یہ قرآن کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو تم اس کو دیکھتے کہ اللہ کے خوف سے دبا اور پھٹا

خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾

| خَشْيَةِ | اللّٰهِ | وَ | تِلْكَ | الْاَمْثَالُ | نَضْرِبُهَا | لِلنَّاسِ | لَعَلَّهُمْ | يَتَفَكَّرُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈر | اللہ کے | اور | یہ | مثالیں | بیان کرتے ہیں ہم | واسطے لوگوں کے | تاکہ وہ | فکر کریں |

جاتا ہے۔ اور یہ باتیں ہم لوگوں کے لیے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ غور کریں ﴿۲۱﴾

هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ

| هُوَ | اللّٰهُ | الَّذِىْ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | عٰلِمُ | الْغَيْبِ | وَ | الشَّهَادَةِ | هُوَ | الرَّحْمٰنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وہی ہے | اللہ | جو | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہ | جاننے والا ہے | پوشیدہ کا | اور | حاضر کا | وہی ہے | نہایت مہربان |

وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا۔ وہ بڑا مہربان

الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ

| الرَّحِيْمُ | هُوَ | اللّٰهُ | الَّذِىْ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | اَلْمَلِكُ | الْقُدُّوْسُ | السَّلٰمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رحم کرنے والا | وہی ہے | اللہ | جو | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہ | بادشاہ ہے | بہت پاک | سلامت ہے سب عیبوں سے |

نہایت رحم والا ہے ﴿۲۲﴾ وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ بادشاہ (حقیقی) پاک ذات (ہر عیب سے)، سلامتی،

الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا

| الْمُؤْمِنُ | الْمُهَيْمِنُ | الْعَزِيْزُ | الْجَبَّارُ | الْمُتَكَبِّرُ | سُبْحٰنَ | اللّٰهِ | عَمَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| امن دینے والا | نگہبان | غالب | زبردست | بہت ہی بڑائی والا | پاکی ہے | اللہ کو | اس چیز سے کہ |

امن دینے والا، نگہبان، غالب، زبردست بڑائی والا۔ اللہ اُن لوگوں کے شریک مقرر کرنے سے

يُشْرِكُونَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْأَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ط

| يُشْرِكُونَ | هُوَ | اللّٰهُ | الْخَالِقُ | الْبَارِئُ | الْمُصَوِّرُ | لَهُ | الْأَسْمَآءُ | الْحُسْنٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شریک لاتے ہیں | وہی ہے | اللہ | پیدا کرنے والا | درست کرنے والا | صورتیں بنانیوالا | واسطے اسکے ہیں | نام | اچھے |

پاک ہے ﴿۲۳﴾ وہی اللہ (تمام مخلوقات کا) خالق ایجاد و اختراع کرنے والا صورتیں بنانے والا اس کے سب اچھے سے اچھے نام ہیں

يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ج وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿۲۴﴾ ع

| يُسَبِّحُ | لَهُ | مَا | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَالْأَرْضِ | وَ | هُوَ | الْعَزِيزُ | الْحَكِيمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پاکی بیان کرتے ہیں | واسطے اسکے | جو کچھ | بیچ | آسمانوں کے | اور زمین کے ہیں | اور | وہی ہے | غالب | حکمت والا |

جتنی چیزیں آسمانوں اور زمین میں ہیں سب اس کی تسبیح کرتی ہیں۔ اور وہ غالب حکمت والا ہے ﴿۲۴﴾

## آیاتها ۱۳ — ۶۰ سُورَةُ الْمُمْتَحِنَةِ مَدَنِيَّةٌ ۹۱ — رکوعاتها ۲

### بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا عَدُوِّي وَعَدُوَّكُمْ أَوْلِيَآءَ تُلْقُونَ

| يٰٓأَيُّهَا | الَّذِينَ | اٰمَنُوا | لَا | تَتَّخِذُوا | عَدُوِّي | وَ | عَدُوَّكُمْ | أَوْلِيَآءَ | تُلْقُونَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | مت | پکڑو | دشمن میرے | اور | دشمن اپنے کو | دوست | پیغام بھیجتے ہو تم |

مومنو! اگر تم میری راہ میں لڑنے اور میری خوشنودی طلب کرنے کے لیے (مکے سے) نکلے ہو تو میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ تم

إِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوا بِمَا جَآءَكُمْ مِنَ الْحَقِّ ج يُخْرِجُونَ

| إِلَيْهِمْ | بِالْمَوَدَّةِ | وَ | قَدْ | كَفَرُوا | بِمَا | جَآءَكُمْ | مِنَ | الْحَقِّ | يُخْرِجُونَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طرف ان کی | ساتھ محبت کے | اور | تحقیق | وہ کافر ہوئے | ساتھ اس چیز کے کہ | آئی ہے تمہارے پاس | سے | حق | نکال دیتے ہیں |

تو اُن کو دوستی کے پیغام بھیجتے ہو اور وہ (دین) حق سے جو تمہارے پاس آیا ہے منکر ہیں اور اس باعث سے کہ تم

الرَّسُولَ وَإِيَّاكُمْ أَنْ تُؤْمِنُوا بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ ط إِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا

| الرَّسُولَ | وَ | إِيَّاكُمْ | أَنْ | تُؤْمِنُوا | بِاللّٰهِ | رَبِّكُمْ | إِنْ | كُنْتُمْ | خَرَجْتُمْ | جِهَادًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رسول کو | اور | تم کو | اس واسطے کہ | تم ایمان لائے | ساتھ اللہ | پروردگار اپنے کے | اگر | ہو تم | نکلے | واسطے جہاد کے |

اپنے پروردگار اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے ہو پیغمبر کو اور تم کو جلاوطن

فِيْ سَبِيْلِيْ وَابْتِغَآءَ مَرْضَاتِيْ ۖ تُسِرُّوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ ۖ وَاَنَا اَعْلَمُ

| فِيْ | سَبِيْلِيْ | وَابْتِغَآءَ | مَرْضَاتِيْ | تُسِرُّوْنَ | اِلَيْهِمْ | بِالْمَوَدَّةِ | وَاَنَا | اَعْلَمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیچ | راہ میری کے | اور طلب کرنے | میری رضامندی کے | چھپا رکھتے ہو تم | طرف ان کی | ساتھ دوستی کے | اور میں | خوب جانتا ہوں |

کرتے ہیں تم ان کی طرف پوشیدہ پوشیدہ دوستی کے پیغام بھیجتے ہو۔ اور جو کچھ تم مخفی طور

بِمَآ اَخْفَيْتُمْ وَمَآ اَعْلَنْتُمْ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْهُ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ

| بِمَآ | اَخْفَيْتُمْ | وَ | مَآ | اَعْلَنْتُمْ | وَ | مَنْ | يَّفْعَلْهُ | مِنْكُمْ | فَقَدْ | ضَلَّ | سَوَآءَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس چیز کو کہ | چھپاتے ہو تم | اور | جو | ظاہر کرتے ہو | اور | جو کوئی | کرے اس کو | تم میں سے | پس تحقیق | گمراہ ہوا | سیدھی |

پر اور جو علی الاعلان کرتے ہو وہ مجھے معلوم ہے۔ اور جو کوئی تم میں سے ایسا کرے گا وہ سیدھے رستے سے بھٹک

السَّبِيْلِ ﴿١﴾ اِنْ يَّثْقَفُوْكُمْ يَكُوْنُوْا لَكُمْ اَعْدَآءً وَّيَبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ

| السَّبِيْلِ | اِنْ | يَّثْقَفُوْكُمْ | يَكُوْنُوْا | لَكُمْ | اَعْدَآءً | وَّ | يَبْسُطُوْٓا | اِلَيْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| راہ سے | اگر | پائیں تم کو | ہوں گے | واسطے تمہارے | دشمن | اور | کھولیں گے | طرف تمہاری |

گیا ﴿١﴾ اگر یہ کافر تم پر قدرت پالیں تو تمہارے دشمن ہو جائیں اور ایذا کے لیے تم پر ہاتھ

اَيْدِيَهُمْ وَاَلْسِنَتَهُمْ بِالسُّوْٓءِ وَوَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ ؕ ﴿٢﴾ لَنْ تَنْفَعَكُمْ

| اَيْدِيَهُمْ | وَاَلْسِنَتَهُمْ | بِالسُّوْٓءِ | وَ | وَدُّوْا | لَوْ | تَكْفُرُوْنَ | لَنْ | تَنْفَعَكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہاتھ اپنے | اور زبانیں اپنی | ساتھ برائی کے | اور | دوست رکھتے ہیں | کاش کہ | کافر ہو جاؤ تم | ہرگز نہ | فائدہ دے گا تم کو |

(بھی) چلائیں اور زبانیں (بھی) اور چاہتے ہیں کہ تم کسی طرح کافر ہو جاؤ ﴿٢﴾ قیامت کے دن نہ

اَرْحَامُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ ۚ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا

معانقة ١٢ السماع الوقف على القيمة ١٢

| اَرْحَامُكُمْ | وَلَآ | اَوْلَادُكُمْ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ | يَفْصِلُ | بَيْنَكُمْ | وَ | اللّٰهُ | بِمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ناتا تمہارا | اور نہ | اولاد تمہاری | دن | قیامت کے | جدائی ڈالے گا | درمیان تمہارے | اور | اللہ | ساتھ اس چیز کے کہ |

تمہارے رشتے ناتے کام آئیں گے اور نہ اولاد۔ اس روز وہی تم میں فیصلہ کرے گا۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ

تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿٣﴾ قَدْ كَانَتْ لَكُمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ

| تَعْمَلُوْنَ | بَصِيْرٌ | قَدْ | كَانَتْ | لَكُمْ | اُسْوَةٌ | حَسَنَةٌ | فِيْٓ | اِبْرٰهِيْمَ | وَ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم کرتے ہو | دیکھنے والا ہے | تحقیق | ہے | واسطے تمہارے | پیروی | نیک | بیچ | ابراہیم کے | اور | ان لوگوں کے کہ |

اس کو دیکھتا ہے ﴿٣﴾ تمہیں ابراہیم اور اُن کے رفقاء کی نیک چال چلنی (ضرور)

مَعَهٗ ۚ اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَعَهٗ | اِذْ | قَالُوْا | لِقَوْمِهِمْ | اِنَّا | بُرَءٰٓؤُا | مِنْكُمْ | وَ | مِمَّا | تَعْبُدُوْنَ | مِنْ | دُوْنِ |
| ساتھ اسکے تھے | جسوقت | کہا انہوں نے | اپنی قوم کو کہ | بیشک ہم | بیزار ہیں | تم سے | اور | اس چیز سے کہ | تم عبادت کرتے ہو | سے | سوائے |

ہے۔ جب اُنہوں نے اپنی قوم کے لوگوں سے کہا کہ ہم تم سے اور اُن (بتوں) سے جن کو تم اللہ کے سوا پوجتے ہو بے تعلق

اللّٰهِ ۫ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَآءُ اَبَدًا حَتّٰى

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | كَفَرْنَا | بِكُمْ | وَ | بَدَا | بَيْنَنَا | وَ | بَيْنَكُمُ | الْعَدَاوَةُ | وَالْبَغْضَآءُ | اَبَدًا | حَتّٰى |
| اللہ کے | کافر ہوئے ہم | ساتھ تمہارے | اور | ظاہر ہوئی | درمیان ہمارے | اور | درمیان تمہارے | عداوت | اور بغض | ہمیشہ کو | یہاں تک کہ |

ہیں۔ (اور) تمہارے (معبودوں کے کبھی) قائل نہیں (ہو سکتے) اور جب تک تم اللہ واحد پر ایمان نہ لاؤ ہم میں تم میں ہمیشہ

تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗٓ اِلَّا قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَآ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُؤْمِنُوْا | بِاللّٰهِ | وَحْدَهٗ | اِلَّا | قَوْلَ | اِبْرٰهِيْمَ | لِاَبِيْهِ | لَاَسْتَغْفِرَنَّ | لَكَ | وَ | مَآ |
| تم ایمان لاؤ | ساتھ اللہ | اکیلے کے | مگر | کہنا | ابراہیم کا | واسطے باپ اپنے کے | البتہ بخشش مانگوں گا میں | واسطے تیرے | اور | نہیں |

کھلم کھلا عداوت اور دشمنی رہے گی۔ ہاں ابراہیم نے اپنے باپ سے یہ (ضرور) کہا کہ میں آپ کے لیے مغفرت مانگوں گا اور

اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَمْلِكُ | لَكَ | مِنَ | اللّٰهِ | مِنْ شَيْءٍ | رَبَّنَا | عَلَيْكَ | تَوَكَّلْنَا | وَ | اِلَيْكَ | اَنَبْنَا |
| اختیار رکھتا میں | واسطے تیرے | سے | اللہ | کچھ | اے رب ہمارے | اوپر تیرے | توکل کیا ہم نے | اور | طرف تیری | رجوع کیا ہم نے |

میں اللہ کے سامنے آپ کے بارے میں کسی چیز کا کچھ اختیار نہیں رکھتا۔ اے ہمارے پروردگار تجھی پر ہمارا بھروسا ہے اور تیری ہی طرف ہم رجوع کرتے ہیں

وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝۴ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِلَيْكَ | الْمَصِيْرُ | رَبَّنَا | لَا | تَجْعَلْنَا | فِتْنَةً | لِّلَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | وَاغْفِرْ لَنَا |
| اور | طرف تیری | پھر جانا ہے | اے رب ہمارے | مت | کر ہم کو | فتنہ | واسطے ان لوگوں کے کہ | کافر ہوئے | اور بخش ہم کو |

اور تیرے ہی حضور میں (ہمیں) لوٹ کر آنا ہے ۝۴ اے ہمارے پروردگار ہم کو کافروں کے ہاتھ سے عذاب نہ دلانا اور اے

رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۵ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْهِمْ اُسْوَةٌ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبَّنَا | اِنَّكَ | اَنْتَ | الْعَزِيْزُ | الْحَكِيْمُ | لَقَدْ | كَانَ | لَكُمْ | فِيْهِمْ | اُسْوَةٌ |
| اے پروردگار ہمارے | تحقیق تو | ہے تو ہی | غالب | حکمت والا | البتہ تحقیق | ہے | واسطے تمہارے | بیچ ان کے | پیروی |

پروردگار ہمارے ہمیں معاف فرما۔ بیشک تو غالب حکمت والا ہے ۝۵ تم (مسلمانوں) کو یعنی جو کوئی اللہ (کے سامنے جانے)

حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ

| حَسَنَةٌ | لِّمَنْ | كَانَ | يَرْجُوا | اللّٰهَ | وَ | الْيَوْمَ | الْاٰخِرَ | وَ | مَنْ | يَّتَوَلَّ | فَاِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نیک | واسطے اس شخص کے کہ | ہے | امید رکھتا | اللہ کی | اور | دن | آخرت کی | اور | جو کوئی | پھر جائے | پس بیشک |

اور روزِ آخرت (کے آنے) کی اُمید رکھتا ہوا سے اُن لوگوں کی نیک چال چلنی (ضرور) ہے اور جو رُوگردانی کرے تو

اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝٦ ع عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ ع ۲

| اللّٰهَ | هُوَ | الْغَنِيُّ | الْحَمِيْدُ | عَسَى | اللّٰهُ | اَنْ | يَّجْعَلَ | بَيْنَكُمْ | وَ | بَيْنَ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ | وہی ہے | بے پروا | تعریف کیا گیا | جلد ہی | اللہ | یہ کہ | کردے | درمیان تمہارے | اور | درمیان | ان لوگوں کے کہ |

اللہ بھی بے پروا اور سزاوار حمد (وثنا) ہے (۶) عجب نہیں کہ اللہ تم میں اور اُن لوگوں میں جن سے

عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٧

| عَادَيْتُمْ | مِّنْهُمْ | مَّوَدَّةً | وَ | اللّٰهُ | قَدِيْرٌ | وَ | اللّٰهُ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عداوت رکھتے ہو تم | ان سے | دوستی | اور | اللہ | قادر ہے | اور | اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے |

تم دشمنی رکھتے ہو دوستی پیدا کر دے۔ اور اللہ قادر ہے۔ اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے (۷)

لَا يَنْهٰكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ

| لَا | يَنْهٰكُمُ | اللّٰهُ | عَنِ | الَّذِيْنَ | لَمْ | يُقَاتِلُوْكُمْ | فِي | الدِّيْنِ | وَ | لَمْ | يُخْرِجُوْكُمْ | مِّنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | منع کرتا تم کو | اللہ | سے | ان لوگوں کہ | نہیں | لڑے تم سے | بیچ | دین کے | اور | نہ | نکالا انہوں نے تم کو | سے |

جن لوگوں نے تم سے دین کے بارے میں جنگ نہیں کی اور نہ تم کو تمہارے گھروں سے نکالا اُن کے

دِيَارِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

| دِيَارِكُمْ | اَنْ | تَبَرُّوْهُمْ | وَ | تُقْسِطُوْٓا | اِلَيْهِمْ | اِنَّ | اللّٰهَ | يُحِبُّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گھروں تمہارے | یہ کہ | احسان کرو تم ان سے | اور | انصاف کرو | طرف ان کی | بیشک | اللہ | دوست رکھتا ہے |

ساتھ بھلائی اور انصاف کا سلوک کرنے سے اللہ تم کو منع نہیں کرتا۔ اللہ تو انصاف کرنے والوں کو

الْمُقْسِطِيْنَ ۝٨ اِنَّمَا يَنْهٰكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ قٰتَلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ

| الْمُقْسِطِيْنَ | اِنَّمَا | يَنْهٰكُمُ | اللّٰهُ | عَنِ | الَّذِيْنَ | قٰتَلُوْكُمْ | فِي | الدِّيْنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انصاف کرنیوالوں کو | سوائے اسکے نہیں کہ | منع کرتا ہے تم کو | اللہ | سے | ان لوگوں کہ | لڑے تم سے | بیچ | دین کے |

دوست رکھتا ہے (۸) اللہ اُنہی لوگوں کے ساتھ تم کو دوستی کرنے سے منع کرتا ہے جنہوں نے تم سے دین کے بارے میں لڑائی کی

وَ اَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ وَظٰهَرُوْا عَلٰٓى اِخْرَاجِكُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ج

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَخْرَجُوْكُمْ | مِّنْ | دِيَارِكُمْ | وَ | ظٰهَرُوْا | عَلٰٓى | اِخْرَاجِكُمْ | اَنْ | تَوَلَّوْهُمْ |
| اور | نکال دیا تم کو | سے | گھروں تمہارے | اور | مددگاری کی | اوپر | نکال دینے تمہارے کے | یہ کہ | دوستی کرو تم ان سے |

اور تم کو تمہارے گھروں سے نکالا اور تمہارے نکالنے میں اوروں کی مدد کی

وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٩﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَنْ | يَّتَوَلَّهُمْ | فَاُولٰٓئِكَ | هُمُ | الظّٰلِمُوْنَ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا | اِذَا |
| اور | جو کوئی | دوستی کرے ان سے | پس یہ لوگ | وہ ہیں | ظالم | اے لوگو | جو | ایمان لائے ہو | جس وقت |

تو جو لوگ ایسوں سے دوستی کریں گے وہی ظالم ہیں ﴿٩﴾ مومنو! جب تمہارے پاس

جَآءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ط اَللّٰهُ اَعْلَمُ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جَآءَكُمُ | الْمُؤْمِنٰتُ | مُهٰجِرٰتٍ | فَامْتَحِنُوْهُنَّ | اَللّٰهُ | اَعْلَمُ |
| آئے تمہارے پاس | ایمان والیاں | ہجرت کر کر | پس جانچ لو ان کو تم | اللہ | خوب جانتا ہے |

مومن عورتیں وطن چھوڑ کر آئیں تو اُن کی آزمائش کر لو۔ (اور) اللہ تو اُن کے ایمان کو خوب

بِاِيْمَانِهِنَّ ج فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ ط

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاِيْمَانِهِنَّ | فَاِنْ | عَلِمْتُمُوْهُنَّ | مُؤْمِنٰتٍ | فَلَا | تَرْجِعُوْهُنَّ | اِلَى | الْكُفَّارِ |
| ان کے ایمان کو | پس اگر | جانو تم ان کو | ایمان والیاں | پس مت | پھیر دو ان کو | طرف | کفار کی |

جانتا ہے۔ سو اگر تم کو معلوم ہو کہ مومن ہیں تو ان کو کفار کے پاس واپس نہ بھیجو۔

لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَ لَا هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ ط وَ اٰتُوْهُمْ مَّآ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَاهُنَّ | حِلٌّ | لَّهُمْ | وَ | لَاهُمْ | يَحِلُّوْنَ | لَهُنَّ | وَ | اٰتُوْهُمْ | مَّآ |
| نہیں وہ عورتیں | حلال | واسطے ان کافروں کے | اور | نہ وہ کافر | حلال ہیں | واسطے ان مومنات کے | اور | دو ان کافروں کو | جو |

کہ نہ یہ اُن کو حلال ہیں اور نہ وہ اُن کو جائز۔ اور جو کچھ انہوں نے (اُن پر) خرچ کیا ہو وہ اُن کو

اَنْفَقُوْا ط وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ط

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْفَقُوْا | وَ | لَاجُنَاحَ | عَلَيْكُمْ | اَنْ | تَنْكِحُوْهُنَّ | اِذَآ | اٰتَيْتُمُوْهُنَّ | اُجُوْرَهُنَّ |
| خرچ کیا ہے انہوں نے | اور | نہیں گناہ | اوپر تمہارے | یہ کہ | نکاح کر لو ان سے | جس وقت کہ | دو تم ان کو | مہر ان کے |

دے دو۔ اور تم پر کچھ گناہ نہیں کہ اُن عورتوں کو مہر دے کر اُن سے نکاح کر لو۔

وَلَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَسْـَٔلُوْا مَآ اَنْفَقْتُمْ وَلْيَسْـَٔلُوْا مَآ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا تُمْسِكُوْا | بِعِصَمِ | الْكَوَافِرِ | وَسْـَٔلُوْا | مَآ | اَنْفَقْتُمْ | وَلْيَسْـَٔلُوْا | مَآ |
| اور | مت پکڑ رکھو | نکاح | کافر عورتوں کا | اور مانگ لو | جو کچھ کہ | خرچ کیا ہے تم نے | اور چاہیے کہ وہ طلب کریں | جو کچھ |

اور کافر عورتوں کی ناموس کو قبضے میں نہ رکھو (یعنی کفار کو واپس دے دو) اور جو کچھ تم نے اُن پر خرچ کیا ہو تم اُن سے طلب کر لو اور جو کچھ انہوں نے

اَنْفَقُوْا ۭ ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ ۭ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۰﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْفَقُوْا | ذٰلِكُمْ | حُكْمُ | اللّٰهِ | يَحْكُمُ | بَيْنَكُمْ | وَ | اللّٰهُ | عَلِيْمٌ | حَكِيْمٌ |
| خرچ کیا ہے انہوں نے | یہ ہے | حکم | اللہ کا | حکم کرتا ہے | درمیان تمہارے | اور | اللہ | جاننے والا | حکمت والا ہے |

(اپنی عورتوں پر) خرچ کیا ہو وہ تم سے طلب کر لیں۔ یہ اللہ کا حکم ہے جو تم میں فیصلہ کیے دیتا ہے۔ اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے ﴿۱۰﴾

وَاِنْ فَاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ اِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَاٰتُوا الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنْ | فَاتَكُمْ | شَيْءٌ | مِّنْ | اَزْوَاجِكُمْ | اِلَى | الْكُفَّارِ | فَعَاقَبْتُمْ | فَاٰتُوا | الَّذِيْنَ |
| اور | اگر | ہاتھ سے نکل جائے تمہارے | کچھ | سے | عورتوں تمہاری میں | طرف | کافروں کی | پس تم عذاب کرو | پس دو تم | ان لوگوں کو کہ |

اور اگر تمہاری عورتوں میں سے کوئی عورت تمہارے ہاتھ سے نکل کر کافروں کے پاس چلی جائے (اور اس کا مہر وصول نہ ہوا ہو) پھر تم اُن سے جنگ کرو

ذَهَبَتْ اَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَآ اَنْفَقُوْا ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذَهَبَتْ | اَزْوَاجُهُمْ | مِّثْلَ | مَآ | اَنْفَقُوْا | وَاتَّقُوا | اللّٰهَ | الَّذِيْٓ | اَنْتُمْ | بِهٖ |
| جاتی رہی ہیں | بیویاں ان کی | مانند | اس چیز کے کہ | خرچ کیا ہے انہوں نے | اور ڈرو | اللہ سے | وہ جو | تم | ساتھ اسکے |

(اور اُن سے تم کو غنیمت ہاتھ لگے) تو جن کی عورتیں چلی گئیں ہیں ان کو (اُس مال میں سے) اتنا دے دو جتنا انہوں نے خرچ کیا تھا اور اللہ سے

مُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَاۗءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰٓي اَنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُؤْمِنُوْنَ | يٰٓاَيُّهَا | النَّبِيُّ | اِذَا | جَاۗءَكَ | الْمُؤْمِنٰتُ | يُبَايِعْنَكَ | عَلٰٓي | اَنْ |
| ایمان لائے ہو | اے | نبی | جس وقت کہ | آئیں تیرے پاس | ایمان والیاں | بیعت کرتی ہوئیں | اوپر | اسکے کہ |

جس پر تم ایمان لائے ہو ڈرو ﴿۱۱﴾ اے پیغمبر جب تمہارے پاس مومن عورتیں اس بات پر

لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْـًٔا وَّلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ وَلَا يَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَّا | يُشْرِكْنَ | بِاللّٰهِ | شَيْـًٔا | وَّ | لَا | يَسْرِقْنَ | وَ | لَا | يَزْنِيْنَ | وَ | لَا | يَقْتُلْنَ | اَوْلَادَهُنَّ |
| نہ | شریک لائیں گی | ساتھ اللہ کے | کسی چیز کو | اور | نہ | چوری کریں گی | اور | نہ | زنا کریں گی | اور | نہ | مار ڈالیں گی | اولاد اپنی کو |

بیعت کرنے کو آئیں کہ اللہ کے ساتھ نہ تو شرک کریں گی نہ چوری کریں گی نہ بدکاری کریں گی نہ اپنی اولاد کو قتل کریں گی

وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِيْنَكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | يَاْتِيْنَ | بِبُهْتَانٍ | يَّفْتَرِيْنَهٗ | بَيْنَ | اَيْدِيْهِنَّ | وَاَرْجُلِهِنَّ | وَ | لَا يَعْصِيْنَكَ |
| اور | نہ | لائیں گی | طوفان کہ | باندھ لیں | درمیان | ہاتھ اپنے کے | اور پاؤں اپنے کے | اور | نہ نافرمانی کریں گی تیری |

نہ اپنے ہاتھ پاؤں میں کوئی بہتان باندھ لائیں گی نہ نیک کاموں میں تمہاری نافرمانی کریں گی

فِيْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْ | مَعْرُوْفٍ | فَبَايِعْهُنَّ | وَاسْتَغْفِرْ | لَهُنَّ | اللّٰهَ | اِنَّ | اللّٰهَ | غَفُوْرٌ |
| بیچ | کسی شرعی حکم کے | پس بیعت قبول کر ان سے | اور بخشش مانگ | واسطے ان کے | اللہ سے | بیشک | اللہ | بخشنے والا |

تو اُن سے بیعت لے لو اور اُن کے لیے اللہ سے بخشش مانگو۔ بے شک اللہ بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَّحِيْمٌ | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَا | تَتَوَلَّوْا | قَوْمًا | غَضِبَ | اللّٰهُ | عَلَيْهِمْ |
| مہربان ہے | اے لوگو | جو | ایمان لائے ہو | مت | دوستی کرو | اس قوم سے کہ | غصہ ہوا | اللہ | ان پر |

مہربان ہے﴿۱۲﴾ مومنو! اُن لوگوں سے جن پر اللہ غصے ہوا ہے دوستی نہ کرو (کیونکہ) جس طرح کافروں کو

قَدْ يَئِسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ﴿۱۳﴾ ع

ع ۲ / ۸ الصف

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَدْ | يَئِسُوْا | مِنَ | الْاٰخِرَةِ | كَمَا | يَئِسَ | الْكُفَّارُ | مِنْ | اَصْحٰبِ | الْقُبُوْرِ |
| تحقیق | مایوس ہوگئے | سے | آخرت | جیسے کہ | ناامید ہوگئے | کافر | سے | اصحاب | قبر |

مُردوں (کے جی اُٹھنے) کی اُمید نہیں اسی طرح اُن لوگوں کو بھی آخرت (کے آنے) کی اُمید نہیں﴿۱۳﴾

## اٰیاتها ۱۴ — ۶۱ سُوْرَةُ الصَّفِّ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۹ — رکوعاتها ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱﴾

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَبَّحَ | لِلّٰهِ | مَا | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَ | مَا | فِي | الْاَرْضِ | وَ | هُوَ | الْعَزِيْزُ | الْحَكِيْمُ |
| پاکی بیان کرتے ہیں | واسطے اللہ کے | جو کچھ | بیچ | آسمانوں کے | اور | جو کچھ | بیچ | زمین کے ہے | اور | وہی ہے | غالب | حکمت والا |

جو چیز آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے سب اللہ کی تنزیہ کرتی ہے۔ اور وہ غالب حکمت والا ہے﴿۱﴾

## يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝۲ كَبُرَ مَقْتًا

| يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لِمَ | تَقُوْلُوْنَ | مَا | لَا | تَفْعَلُوْنَ | كَبُرَ | مَقْتًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے لوگو | جو | ایمان لائے ہو | کیوں | کہتے ہو | وہ جو کہ | نہیں | کرتے | بڑی | بے زاری کی بات ہے |

مومنو! تم ایسی باتیں کیوں کہا کرتے ہو جو کیا نہیں کرتے (۲) اللہ اس بات سے

## عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝۳ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ

| عِنْدَ | اللّٰهِ | اَنْ | تَقُوْلُوْا | مَا | لَا تَفْعَلُوْنَ | اِنَّ | اللّٰهَ | يُحِبُّ | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نزدیک | اللہ کے | یہ کہ | کہو تم | وہ جو کہ | نہیں کرتے تم | بیشک | اللہ | دوست رکھتا ہے | ان لوگوں کو کہ |

سخت بیزار ہے کہ ایسی بات کہو جو کرو نہیں (۳) جو لوگ اللہ کی راہ میں (ایسے طور پر)

## يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ۝۴ وَاِذْ

| يُقَاتِلُوْنَ | فِيْ | سَبِيْلِهٖ | صَفًّا | كَاَنَّهُمْ | بُنْيَانٌ | مَّرْصُوْصٌ | وَ | اِذْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لڑتے ہیں | بیچ | راہ اللہ کے | صف باندھ کر | گویا کہ وہ | عمارت ہیں | سیسہ پلائی ہوئی | اور | جس وقت |

پرے جما کر لڑتے ہیں کہ گویا سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں وہ بیشک محبوب کردگار ہیں (۴) اور (وہ وقت یاد کرنے کے لائق ہے) جب

## قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ اَنِّيْ

| قَالَ | مُوْسٰى | لِقَوْمِهٖ | يٰقَوْمِ | لِمَ | تُؤْذُوْنَنِيْ | وَ | قَدْ | تَّعْلَمُوْنَ | اَنِّيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہا | موسیٰ نے | اپنی قوم کو | اے قوم میری | کیوں | ایذا دیتے ہو تم مجھ کو | اور | تحقیق | تم جانتے ہو | یہ کہ میں |

موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا کہ بھائیو تم مجھے کیوں ایذا دیتے ہو حالانکہ تم جانتے ہو کہ میں تمہارے

## رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ؕ فَلَمَّا زَاغُوْۤا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ

| رَسُوْلُ | اللّٰهِ | اِلَيْكُمْ | فَلَمَّا | زَاغُوْۤا | اَزَاغَ | اللّٰهُ | قُلُوْبَهُمْ | وَ | اللّٰهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رسول ہوں | اللہ کا | طرف تمہاری | پس جب | ٹیڑھے ہو گئے | ٹیڑھا کر دیا | اللہ نے | ان کے دلوں کو | اور | اللہ |

پاس اللہ کا بھیجا ہوا آیا ہوں۔ تو جب اُن لوگوں نے کجروی کی اللہ نے بھی ان کے دل ٹیڑھے کر دیے۔ اور اللہ

## لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ۝۵ وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْۤ

| لَا | يَهْدِي | الْقَوْمَ | الْفٰسِقِيْنَ | وَ | اِذْ | قَالَ | عِيْسَى | ابْنُ | مَرْيَمَ | يٰبَنِيْۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | راہ دکھاتا | قوم | فاسق کو | اور | جس وقت | کہا | عیسیٰ | بیٹے | مریم کے نے | اے بنی |

نافرمانوں کو ہدایت نہیں دیتا (۵) اور (وہ وقت بھی یاد کرو) جب مریم کے بیٹے عیسیٰ نے کہا کہ اے

اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِسْرَآءِيْلَ | اِنِّيْ | رَسُوْلُ | اللّٰهِ | اِلَيْكُمْ | مُّصَدِّقًا | لِّمَا | بَيْنَ يَدَيَّ | مِنَ |
| اسرائیل | بیشک میں | رسول ہوں | اللہ کا | طرف تمہاری | ماننے والا | واسطے اس چیز کے کہ | آگے میرے ہے | سے |

بنی اسرائیل میں تمہارے پاس اللہ کا بھیجا ہوا آیا ہوں (اور) جو (کتاب) مجھ سے پہلے آ چکی ہے (یعنی) تورات اس کی

التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًاۢ بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗۤ اَحْمَدُ ؕ فَلَمَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| التَّوْرٰىةِ | وَ | مُبَشِّرًا | بِرَسُوْلٍ | يَّاْتِيْ | مِنْۢ بَعْدِي | اسْمُهٗۤ | اَحْمَدُ | فَلَمَّا |
| توریت | اور | خوش خبری دینے والا | ساتھ رسول کے کہ | آئے گا | میرے بعد | نام اس کا | احمد ہے | پس جب |

تصدیق کرتا ہوں اور ایک پیغمبر جو میرے بعد آئیں گے جن کا نام احمد ہوگا ان کی بشارت سناتا ہوں۔ (پھر) جب

جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝٦ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَآءَهُمْ | بِالْبَيِّنٰتِ | قَالُوْا | هٰذَا | سِحْرٌ | مُّبِيْنٌ | وَ | مَنْ | اَظْلَمُ | مِمَّنِ |
| آیا ان کے پاس | ساتھ ظاہر دلیلوں کے | کہا انہوں نے | یہ | جادو ہے | ظاہر | اور | کون ہے | بہت ظالم | اس شخص سے کہ |

وہ ان لوگوں کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے تو کہنے لگے کہ یہ تو صریح جادو ہے ۝٦ اور اس سے ظالم کون

افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰٓى اِلَى الْاِسْلَامِ ؕ وَاللّٰهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| افْتَرٰى | عَلَى | اللّٰهِ | الْكَذِبَ | وَهُوَ | يُدْعٰٓى | اِلَى | الْاِسْلَامِ | وَ | اللّٰهُ |
| باندھ لیتا ہے | اوپر | اللہ کے | جھوٹ | اور وہ | پکارا جاتا ہو | طرف | اسلام کی | اور | اللہ |

کہ بلایا تو جائے اسلام کی طرف اور وہ اللہ پر جھوٹ بہتان باندھے۔ اور اللہ ظالم

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝٧ يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَهْدِي | الْقَوْمَ | الظّٰلِمِيْنَ | يُرِيْدُوْنَ | لِيُطْفِـُٔوْا | نُوْرَ | اللّٰهِ |
| نہیں | ہدایت کرتا | قوم | ظالم کو | چاہتے ہیں | بجھادیں | نور | اللہ کا |

کو ہدایت نہیں دیا کرتا ۝٧ یہ چاہتے ہیں کہ اللہ (کے چراغ) کی روشنی کو منہ سے

بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۝٨ هُوَ الَّذِيْٓ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاَفْوَاهِهِمْ | وَاللّٰهُ | مُتِمُّ | نُوْرِهٖ | وَ | لَوْ | كَرِهَ | الْكٰفِرُوْنَ | هُوَ | الَّذِيْٓ |
| ساتھ اپنے منہوں کے | اور اللہ | پورا کرنیوالا ہے | نور اپنے کو | اور | اگرچہ | ناخوش رکھیں | کافر | وہی ہے | جس نے |

(پھونک مار کر) بجھا دیں حالانکہ اللہ اپنی روشنی کو پورا کر کے رہے گا خواہ کافر ناخوش ہی ہوں ۝٨ وہی تو ہے

أَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَ دِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| أَرْسَلَ | رَسُوْلَهٗ | بِالْهُدٰى | وَ | دِيْنِ | الْحَقِّ | لِيُظْهِرَهٗ | عَلَى | الدِّيْنِ |
| بھیجا | رسول اپنا | ساتھ ہدایت کے | اور | دین | حق کے | تاکہ اوپر کرے اس کو | اوپر | دین |

جس نے اپنے پیغمبر کو ہدایت اور دینِ حق دے کر بھیجا تاکہ اُسے اور سب دینوں پر غالب

كُلِّهٖ وَ لَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ﴿۹﴾ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ ع ۹ ۹

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُلِّهٖ | وَ | لَوْ | كَرِهَ | الْمُشْرِكُوْنَ | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | هَلْ | اَدُلُّكُمْ |
| سارے کے | اور | اگرچہ | برا لگے | مشرکوں کو | اے لوگو | جو | ایمان لائے ہو | کیا | خبردار کروں میں تم کو |

کرے خواہ مشرکوں کو برا ہی لگے ﴿۹﴾ مومنو! میں تم کو ایسی

عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۱۰﴾ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰى | تِجَارَةٍ | تُنْجِيْكُمْ | مِّنْ | عَذَابٍ | اَلِيْمٍ | تُؤْمِنُوْنَ | بِاللّٰهِ |
| اوپر | تجارت کے کہ | نجات دے تم کو | سے | عذاب | درد دینے والے | ایمان لاؤ | اللہ پر |

تجارت بتاؤں جو تمہیں عذابِ الیم سے مخلصی دے ﴿۱۰﴾ (وہ یہ کہ) اللہ پر

وَ رَسُوْلِهٖ وَ تُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَ اَنْفُسِكُمْ ط

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | رَسُوْلِهٖ | وَ | تُجَاهِدُوْنَ | فِيْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | بِاَمْوَالِكُمْ | وَ | اَنْفُسِكُمْ |
| اور | اس کے رسول پر | اور | جہاد کرو | بیچ | راہ | اللہ کی کے | ساتھ اپنے مالوں کے | اور | اپنی جانوں کے |

اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان سے جہاد کرو۔

ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۱﴾ لا يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ذٰلِكُمْ | خَيْرٌ لَّكُمْ | اِنْ | كُنْتُمْ | تَعْلَمُوْنَ | يَغْفِرْ لَكُمْ | ذُنُوْبَكُمْ |
| یہ | بہتر ہے واسطے تمہارے | اگر | ہو تم | جانتے | بخشے گا واسطے تمہارے | گناہ تمہارے |

اگر سمجھو تو یہ تمہارے حق میں بہتر ہے ﴿۱۱﴾ وہ تمہارے گناہ بخش دے گا

وَ يُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَ مَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يُدْخِلْكُمْ | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ | مِنْ | تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | وَ | مَسٰكِنَ | طَيِّبَةً | فِيْ |
| اور | داخل کرے گا تم کو | بہشتوں میں | بہتی ہیں | سے | ان کے نیچے | نہریں | اور | جگہ رہنے کی | پاکیزہ | بیچ |

اور تم کو باغ ہائے جنت میں جن میں نہریں بہ رہی ہیں اور پاکیزہ مکانات میں جو بہشت ہائے جاودانی

جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۲﴾ وَ اُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا ؕ

| جَنّٰتِ | عَدْنٍ | ذٰلِكَ | الْفَوْزُ | الْعَظِيْمُ | وَ | اُخْرٰى | تُحِبُّوْنَهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہشتوں | عدن کے | یہ ہے | مراد پانا | بڑا | اور | دوسری بات یہ کہ | چاہتے ہو تم اس کو |

میں (تیار) ہیں داخل کرے گا۔ یہ بڑی کامیابی ہے ﴿۱۲﴾ اور ایک اور چیز جس کو تم بہت چاہتے ہو (یعنی تمہیں)

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ فَتْحٌ قَرِيْبٌ ؕ وَ بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

| نَصْرٌ | مِّنَ | اللّٰهِ | وَ | فَتْحٌ | قَرِيْبٌ | وَ | بَشِّرِ | الْمُؤْمِنِيْنَ | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مدد | طرف سے | اللہ کی | اور | فتح | نزدیک ہے | اور | خوش خبری دے | ایمان والوں کو | اے لوگو | جو کہ |

اللہ کی طرف سے مدد (نصیب ہوگی) اور فتح (عن) قریب (ہوگی) اور مومنوں کو (اس کی) خوشخبری سنا دو ﴿۱۳﴾ مومنو!

اٰمَنُوْا كُوْنُوْۤا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ

| اٰمَنُوْا | كُوْنُوْۤا | اَنْصَارَ | اللّٰهِ | كَمَا | قَالَ | عِيْسَى | ابْنُ | مَرْيَمَ | لِلْحَوَارِيّٖنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان لائے ہو | ہو جاؤ تم | مددگار | اللہ کے | جیسا کہ | کہا | عیسیٰ | بیٹے | مریم کے نے | واسطے حواریوں کے |

اللہ کے مددگار ہو جاؤ جیسے عیسیٰ ابن مریم نے حواریوں سے کہا کہ (بھلا) کون ہیں جو اللہ کی طرف

مَنْ اَنْصَارِيْۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ

| مَنْ | اَنْصَارِيْۤ | اِلَى | اللّٰهِ | قَالَ | الْحَوَارِيُّوْنَ | نَحْنُ | اَنْصَارُ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کون شخص | مدد دینے والا ہے میرا | طرف | اللہ کی | کہا | حواریوں نے | ہم ہیں | مدد دینے والے | اللہ کو |

(بلانے میں) میرے مددگار ہوں۔ حواریوں نے کہا کہ ہم اللہ کے مددگار ہیں۔

فَاٰمَنَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْۢ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ وَ كَفَرَتْ طَّآئِفَةٌ ۚ

| فَاٰمَنَتْ | طَّآئِفَةٌ | مِّنْۢ | بَنِيْۤ | اِسْرَآءِيْلَ | وَ | كَفَرَتْ | طَّآئِفَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس ایمان لایا | ایک فرقہ | سے | بنی | اسرائیل میں | اور | کفر کیا | ایک فرقے نے |

تو بنی اسرائیل میں سے ایک گروہ تو ایمان لے آیا اور ایک گروہ کافر رہا۔ آخر الامر ہم نے

ع ۲ ۱۰ فَاَيَّدْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلٰى عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ ﴿۱۴﴾ ع

| فَاَيَّدْنَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | عَلٰى | عَدُوِّهِمْ | فَاَصْبَحُوْا | ظٰهِرِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پس قوت دی ہم نے | ان لوگوں کو کہ | ایمان لائے تھے | اوپر | ان کے دشمنوں کے | پس ہوگئے | غالب |

ایمان لانے والوں کو اُن کے دشمنوں کے مقابلے میں مدد دی اور وہ غالب ہو گئے ﴿۱۴﴾

اٰیاتها ١١ — ٦٢ سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ مَدَنِيَّةٌ ١١٠ — رکوعاتها ٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُسَبِّحُ | لِلّٰهِ | مَا | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَ | مَا | فِي | الْاَرْضِ | الْمَلِكِ | الْقُدُّوْسِ |
| پاکی بیان کرتے ہیں | واسطے اللہ کے | جو کچھ کہ | بیچ | آسمانوں | اور | جو کچھ | بیچ | زمین کے ہے | بادشاہ ہے | بہت پاک |

جو چیز آسمانوں میں ہے اور جو چیز زمین میں ہے سب اللہ کی تسبیح کرتی ہے جو بادشاہ حقیقی پاک ذات زبردست

الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿١﴾ هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعَزِيْزِ | الْحَكِيْمِ | هُوَ | الَّذِيْ | بَعَثَ | فِي | الْاُمِّيّٖنَ | رَسُوْلًا | مِّنْهُمْ | يَتْلُوْا |
| غالب | حکمت والا | وہی ہے | جس نے | بھیجا | بیچ | امیوں کے | رسول | ان میں سے | پڑھتا ہے |

حکمت والا ہے ﴿١﴾ وہی تو ہے جس نے ان پڑھوں میں اُنہی میں سے (محمد ﷺ کو) پیغمبر (بنا کر) بھیجا

عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۗ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْهِمْ | اٰيٰتِهٖ | وَ | يُزَكِّيْهِمْ | وَيُعَلِّمُهُمُ | الْكِتٰبَ | وَالْحِكْمَةَ | وَ | اِنْ | كَانُوْا | مِنْ |
| اوپر ان کے | اس کی آیتیں | اور | پاک کرتا ہے ان کو | اور سکھاتا ہے ان کو | کتاب | اور حکمت | اور | تحقیق | تھے وہ | سے |

جو اُن کے سامنے اُس کی آیتیں پڑھتے اور اُن کو پاک کرتے اور (اللہ کی) کتاب اور دانائی سکھاتے ہیں اور اس

قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٢﴾ وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ۭ وَهُوَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَبْلُ | لَفِيْ | ضَلٰلٍ | مُّبِيْنٍ | وَّ | اٰخَرِيْنَ | مِنْهُمْ | لَمَّا | يَلْحَقُوْا | بِهِمْ | وَهُوَ |
| پہلے اس | البتہ بیچ | گمراہی | ظاہر کے | اور | دوسرے لوگوں کو | ان میں سے کہ | ابھی نہیں | ملے وہ | ساتھ انکے | اور وہی ہے |

سے پہلے تو یہ لوگ صریح گمراہی میں تھے ﴿٢﴾ اور ان میں سے اور لوگوں کی طرف بھی (اُن کو بھیجا ہے) جو ابھی اُن (مسلمانوں) سے نہیں ملے۔ اور

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٣﴾ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعَزِيْزُ | الْحَكِيْمُ | ذٰلِكَ | فَضْلُ | اللّٰهِ | يُؤْتِيْهِ | مَنْ | يَّشَاۗءُ | وَ | اللّٰهُ |
| غالب | حکمت والا | یہ | فضل ہے | اللہ کا | دیتا ہے اس کو | جس کو | چاہتا ہے | اور | اللہ |

وہ غالب حکمت والا ہے ﴿٣﴾ یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے عطا کرتا ہے۔ اور اللہ

ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٤﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا

| ذُوالْفَضْلِ | الْعَظِيْمِ | مَثَلُ | الَّذِيْنَ | حُمِّلُوا | التَّوْرٰىةَ | ثُمَّ | لَمْ | يَحْمِلُوْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صاحب فضل | بڑے کا ہے | مثال | ان لوگوں کی کہ | اٹھوائے گئے | توریت | پھر | نہ | اٹھایا انہوں نے اسکو |

بڑے فضل کا مالک ہے ﴿٤﴾ جن لوگوں (کے سر) پر تورات لدوائی گئی پھر انہوں نے اُس (کے بارِ تعمیل) کو نہ اُٹھایا

كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ؕ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

| كَمَثَلِ | الْحِمَارِ | يَحْمِلُ | اَسْفَارًا | بِئْسَ | مَثَلُ | الْقَوْمِ | الَّذِيْنَ | كَذَّبُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مانند مثال | گدھے کے ہیں | اٹھاتا ہے | کتابوں کو | بری ہے | مثال | اس قوم کی کہ | جنہوں نے | جھٹلایا |

اُن کی مثال گدھے کی سی ہے جس پر بڑی بڑی کتابیں لدی ہوں۔ جو لوگ اللہ کی آیتوں کی تکذیب

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٥﴾ قُلْ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

| بِاٰيٰتِ | اللّٰهِ | وَ | اللّٰهُ | لَا | يَهْدِي | الْقَوْمَ | الظّٰلِمِيْنَ | قُلْ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نشانیوں | اللہ کی کو | اور | اللہ | نہیں | ہدایت کرتا | قوم | ظالموں کو | کہہ | اے | لوگو جو |

کرتے ہیں اُن کی مثال بری ہے۔ اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا ﴿٥﴾ کہہ دو کہ اے

هَادُوْٓا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا

| هَادُوْٓا | اِنْ | زَعَمْتُمْ | اَنَّكُمْ | اَوْلِيَآءُ | لِلّٰهِ | مِنْ | دُوْنِ | النَّاسِ | فَتَمَنَّوُا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہودی ہوئے | اگر | دعوٰی کرتے ہو تم | یہ کہ تم | دوست ہو | اللہ کے | سے | سوائے | اور لوگوں کے | پس آرزو کرو |

یہود اگر تم کو یہ دعوٰی ہو کہ تم ہی اللہ کے دوست ہو اور لوگ نہیں تو اگر تم سچے ہو تو (ذرا)

الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٦﴾ وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗٓ اَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ

| الْمَوْتَ | اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ | وَ | لَا يَتَمَنَّوْنَهٗٓ | اَبَدًا | بِمَا | قَدَّمَتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موت کی | اگر | ہو تم | سچے | اور | نہ آرزو کریں گے اسکی | کبھی بھی | بسبب اس چیز کے کہ | آگے بھیجی ہے |

موت کی آرزو تو کرو ﴿٦﴾ اور یہ اُن (اعمال) کے سبب جو کر چکے ہیں ہرگز اس کی آرزو

اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿٧﴾ قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ

| اَيْدِيْهِمْ | وَ | اللّٰهُ | عَلِيْمٌ | بِالظّٰلِمِيْنَ | قُلْ | اِنَّ | الْمَوْتَ | الَّذِيْ | تَفِرُّوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انکے ہاتھوں نے | اور | اللہ | جاننے والا ہے | ساتھ ظالموں کے | کہہ | بیشک | موت | وہ جو | بھاگتے ہو تم |

نہیں کریں گے۔ اور اللہ ظالموں سے خوب واقف ہے ﴿٧﴾ کہہ دو کہ موت جس سے تم گریز کرتے ہو

مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْهُ | فَاِنَّهٗ | مُلٰقِيْكُمْ | ثُمَّ | تُرَدُّوْنَ | اِلٰى | عٰلِمِ | الْغَيْبِ | وَ | الشَّهَادَةِ | فَيُنَبِّئُكُمْ |
| اس سے | پس بیشک وہ | ملنے والی ہے تم سے | پھر | پھیرے جاؤ گے تم | طرف | جاننے والے | غیب کی | اور | حاضر کی | پس خبر دے گا تم کو |

وہ تو تمہارے سامنے آ کر رہے گی پھر تم پوشیدہ اور ظاہر کے جاننے والے (اللہ) کی طرف لوٹائے جاؤ گے پھر جو کچھ تم

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٨﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ ع ۸ ۱۱

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِمَا | كُنْتُمْ | تَعْمَلُوْنَ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا | اِذَا | نُوْدِيَ | لِلصَّلٰوةِ | مِنْ |
| ساتھ اس چیز کے کہ | تھے تم | کرتے | اے لوگو | جو | ایمان لائے ہو | جس وقت | پکارا جائے | واسطے نماز کے | سے |

کرتے رہے ہو وہ تمہیں سب بتائے گا ﴿٨﴾ مومنو! جب جمعے کے دن نماز کے لیے اذان دی جائے تو اللہ

يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَوْمِ | الْجُمُعَةِ | فَاسْعَوْا | اِلٰى | ذِكْرِ | اللّٰهِ | وَ | ذَرُوا | الْبَيْعَ | ذٰلِكُمْ | خَيْرٌ لَّكُمْ |
| دن | جمعہ کے | پس جلدی کرو | طرف | ذکر | اللہ کی | اور | چھوڑ دو | سودا کرنا | یہ | بہتر ہے واسطے تمہارے |

کی یاد (یعنی نماز) کے لیے جلدی کرو اور (خرید و) فروخت ترک کر دو۔ اگر سمجھو تو یہ تمہارے

اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٩﴾ فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنْ | كُنْتُمْ | تَعْلَمُوْنَ | فَاِذَا | قُضِيَتِ | الصَّلٰوةُ | فَانْتَشِرُوْا | فِي | الْاَرْضِ |
| اگر | ہو تم | جانتے | پس جب | پوری کر دی جائے | نماز | پس پھیل جاؤ | بیچ | زمین کے |

حق میں بہتر ہے ﴿٩﴾ پھر جب نماز ہو چکے تو اپنی اپنی راہ لو

وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿١٠﴾ وَاِذَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَابْتَغُوْا | مِنْ | فَضْلِ | اللّٰهِ | وَاذْكُرُوا | اللّٰهَ | كَثِيْرًا | لَّعَلَّكُمْ | تُفْلِحُوْنَ | وَ | اِذَا |
| اور ڈھونڈو | سے | فضل | اللہ کے | اور یاد کرو | اللہ کو | بہت | تا کہ تم | فلاح پاؤ | اور | جس وقت کہ |

اور اللہ کا فضل تلاش کرو اور اللہ کو بہت بہت یاد کرتے رہو تا کہ نجات پاؤ ﴿١٠﴾ اور جب

رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا ۨ انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَاۗىِٕمًا ۭ قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَاَوْا | تِجَارَةً | اَوْ لَهْوَا | انْفَضُّوْٓا | اِلَيْهَا | وَ | تَرَكُوْكَ | قَاۗىِٕمًا | قُلْ | مَا | عِنْدَ | اللّٰهِ |
| دیکھتے ہیں | سوداگری | یا تماشا | دوڑے جاتے ہیں | طرف اسکی | اور | چھوڑ جاتے ہیں تجھ کو | کھڑا | کہہ | جو | نزدیک | اللہ کے ہے |

یہ لوگ سودا بکتا یا تماشا ہوتا دیکھتے ہیں تو ادھر بھاگ جاتے ہیں اور تمہیں (کھڑے کا) کھڑا چھوڑ جاتے ہیں۔ کہہ دو کہ جو چیز

ع ۲ / ۱۲

خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَ مِنَ التِّجَارَةِ ؕ وَ اللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَيْرٌ | مِّنَ | اللَّهْوِ | وَ | مِنَ | التِّجَارَةِ | وَ | اللّٰهُ | خَيْرُ | الرّٰزِقِيْنَ |
| بہت بہتر ہے | سے | تماشے | اور | سے | سوداگری | اور | اللہ | بہتر | رزق دینے والا ہے |

اللہ کے ہاں ہے وہ تماشے اور سودے سے کہیں بہتر ہے۔ اور اللہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے ﴿۱۱﴾

## اٰیاتھا ۱۱ — ۶۳ سُوْرَةُ الْمُنٰفِقُوْنَ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۴ — رکوعاتھا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ

وقف لازم

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِذَا | جَآءَكَ | الْمُنٰفِقُوْنَ | قَالُوْا | نَشْهَدُ | اِنَّكَ | لَرَسُوْلُ | اللّٰهِ | وَ | اللّٰهُ | يَعْلَمُ |
| جس وقت | آتے ہیں تیرے پاس | منافق | کہتے ہیں | گواہی دیتے ہیں ہم کہ | بیشک تم | البتہ رسول ہو | اللہ کے | اور | اللہ | جانتا ہے |

(اے محمد ﷺ) جب منافق لوگ تمہارے پاس آتے ہیں تو (ازراہِ نفاق) کہتے ہیں کہ ہم اقرار کرتے ہیں کہ آپ بیشک اللہ کے پیغمبر ہیں۔ اور اللہ

اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ؕ وَ اللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ۚ﴿۱﴾ اِتَّخَذُوْۤا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّكَ | لَرَسُوْلُهٗ | وَ | اللّٰهُ | يَشْهَدُ | اِنَّ | الْمُنٰفِقِيْنَ | لَكٰذِبُوْنَ | اِتَّخَذُوْۤا |
| بیشک تو | البتہ بھیجا ہوا اس کا ہے | اور | اللہ | گواہی دیتا ہے کہ | بیشک | منافق | البتہ جھوٹے ہیں | پکڑا ہے انہوں نے |

جانتا ہے کہ درحقیقت تم اس کے پیغمبر ہو لیکن اللہ ظاہر کیے دیتا ہے کہ منافق (دل سے اعتقاد نہ رکھنے کے لحاظ سے) جھوٹے ہیں ﴿۱﴾ انہوں

اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَيْمَانَهُمْ | جُنَّةً | فَصَدُّوْا | عَنْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | اِنَّهُمْ | سَآءَ | مَا | كَانُوْا |
| قسموں اپنی کو | ڈھال | پس بند کرتے ہیں | سے | راہ | اللہ کی | بیشک یہ لوگ | برا ہے | جو کچھ | ہیں |

نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا رکھا ہے اور ان کے ذریعے سے (لوگوں کو) راہِ اللہ سے روک رہے ہیں۔ کچھ شک نہیں کہ جو کام یہ

يَعْمَلُوْنَ ﴿۲﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْمَلُوْنَ | ذٰلِكَ | بِاَنَّهُمْ | اٰمَنُوْا | ثُمَّ | كَفَرُوْا | فَطُبِعَ | عَلٰى | قُلُوْبِهِمْ | فَهُمْ |
| کرتے | یہ | بسبب اسکے کہ وہ | ایمان لائے | پھر | کافر ہوئے | پس مہر رکھی گئی | اوپر | ان کے دلوں کے | پس وہ |

کرتے ہیں برے ہیں ﴿۲﴾ یہ اس لیے کہ یہ (پہلے تو) ایمان لائے پھر کافر ہو گئے تو ان کے دلوں پر مہر لگا دی گئی

لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿۳﴾ وَ اِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ اَجْسَامُهُمْ ۭ وَ اِنْ يَّقُوْلُوْا

| لَا | يَفْقَهُوْنَ | وَ | اِذَا | رَاَيْتَهُمْ | تُعْجِبُكَ | اَجْسَامُهُمْ | وَ | اِنْ | يَّقُوْلُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | سمجھتے | اور | جب | دیکھتا ہے تو ان کو | اچھے معلوم ہوتے ہیں تجھ کو | ڈیل ڈول ان کے | اور | اگر | کہیں بات |

سو اب یہ سمجھتے ہی نہیں ﴿۳﴾ اور جب تم ان (کے تناسب اعضاء) کو دیکھتے ہو تو ان کے جسم تمہیں (کیا ہی) اچھے معلوم ہوتے ہیں۔ اور جب وہ گفتگو

تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ۭ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ۭ يَحْسَبُوْنَ كُلَّ

| تَسْمَعْ | لِقَوْلِهِمْ | كَاَنَّهُمْ | خُشُبٌ | مُّسَنَّدَةٌ | يَحْسَبُوْنَ | كُلَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سنے تو | ان کی بات کو | گویا کہ وہ | لکڑیاں ہیں | تکیہ لگائی ہوئیں | جانتے ہیں | ہر |

کرتے ہیں تو تم ان کی تقریر کو توجہ سے سنتے ہو گویا لکڑیاں ہیں جو دیواروں سے لگائی گئی ہیں۔ (بزدل ایسے کہ)

صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ ۭ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ۭ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۡ اَنّٰى

| صَيْحَةٍ | عَلَيْهِمْ | هُمُ | الْعَدُوُّ | فَاحْذَرْهُمْ | قٰتَلَهُمُ | اللّٰهُ | اَنّٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک آواز بلند کو | اوپر ان کے ہے | وہی ہیں | دشمن | پس بچ ان سے | مارے ان کو | اللہ | کہاں سے |

ہر زور کی آواز کو سمجھیں (کہ) ان پر (بلا آئی)۔ یہ (تمہارے) دشمن ہیں ان سے بے خوف نہ رہنا۔ اللہ ان کو ہلاک کرے

يُؤْفَكُوْنَ ﴿۴﴾ وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا

| يُؤْفَكُوْنَ | وَ | اِذَا | قِيْلَ | لَهُمْ | تَعَالَوْا | يَسْتَغْفِرْ | لَكُمْ | رَسُوْلُ | اللّٰهِ | لَوَّوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھیرے جاتے ہیں | اور | جب | کہا جاتا | ان کو | آؤ | بخشش مانگیں | واسطے تمہارے | رسول | اللہ کے | موڑتے ہیں |

یہ کہاں بہکے پھرتے ہیں ﴿۴﴾ اور جب ان سے کہا جائے کہ آؤ رسول اللہ تمہارے لیے مغفرت مانگیں

رُءُوْسَهُمْ وَ رَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۵﴾ سَوَآءٌ

| رُءُوْسَهُمْ | وَ | رَاَيْتَهُمْ | يَصُدُّوْنَ | وَهُمْ | مُّسْتَكْبِرُوْنَ | سَوَآءٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سر اپنے | اور | دیکھتا ہے تو ان کو | باز رہتے ہیں | اور وہ | تکبر کرتے ہیں | برابر ہے |

تو سر ہلا دیتے ہیں اور تم ان کو دیکھو کہ تکبر کرتے ہوئے منہ پھیر لیتے ہیں ﴿۵﴾ تم ان کے لیے

عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ۭ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ۭ

| عَلَيْهِمْ | اَسْتَغْفَرْتَ | لَهُمْ | اَمْ | لَمْ | تَسْتَغْفِرْ | لَهُمْ | لَنْ | يَّغْفِرَ | اللّٰهُ | لَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر ان کے | تو بخشش مانگے | انکے واسطے | یا | نہ | بخشش مانگے | واسطے انکے | ہرگز نہ | بخشے گا | اللہ | ان کو |

مغفرت مانگو یا نہ مانگو اُن کے حق میں برابر ہے۔ اللہ اُن کو ہرگز نہ بخشے گا۔

إِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۶﴾ هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ

| إِنَّ | اللّٰهَ | لَا | يَهْدِي | الْقَوْمَ | الْفٰسِقِيْنَ | هُمُ | الَّذِيْنَ | يَقُوْلُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | اللہ | نہیں | راہ دکھاتا | قوم | فاسق کو | وہی ہیں | جو | کہتے ہیں |

بے شک اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا (۶) یہی ہیں جو کہتے ہیں

لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ؕ وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ

| لَا | تُنْفِقُوْا | عَلٰى | مَنْ | عِنْدَ | رَسُوْلِ | اللّٰهِ | حَتّٰى | يَنْفَضُّوْا | وَ | لِلّٰهِ | خَزَآئِنُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مت | خرچ کرو | اوپر | ان شخصوں کے کہ | نزدیک | رسول | اللہ کے ہیں | یہاں تک کہ | بھاگ جائیں | اور | واسطے اللہ کے ہیں | خزانے |

کہ جولوگ رسول اللہ کے پاس (رہتے) ہیں اُن پر (کچھ) خرچ نہ کرو یہاں تک کہ یہ (خود بخود) بھاگ جائیں۔

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿۷﴾ يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ

| السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | وَ | لٰكِنَّ | الْمُنٰفِقِيْنَ | لَا | يَفْقَهُوْنَ | يَقُوْلُوْنَ | لَئِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمانوں کے | اور | زمین کے | اور | لیکن | منافق | نہیں | سمجھتے | کہتے ہیں | اگر |

حالانکہ آسمانوں اور زمین کے خزانے اللہ ہی کے ہیں لیکن منافق نہیں سمجھتے (۷) کہتے ہیں

رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ؕ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ

| رَّجَعْنَآ | اِلَى | الْمَدِيْنَةِ | لَيُخْرِجَنَّ | الْاَعَزُّ | مِنْهَا | الْاَذَلَّ | وَ | لِلّٰهِ | الْعِزَّةُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر جائیں ہم | طرف | مدینہ کی | البتہ نکال دیں گے | عزت والے | اس میں سے | ذلت والوں کو | اور | واسطے اللہ کے ہے | عزت |

کہ اگر ہم لوٹ کر مدینے پہنچے تو عزت والے ذلیل لوگوں کو وہاں سے نکال باہر کریں گے۔ حالانکہ عزت اللہ کی ہے

ع ۱ ۸ ۱۳ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۸﴾ يٰٓاَيُّهَا

| وَلِرَسُوْلِهٖ | وَ | لِلْمُؤْمِنِيْنَ | وَ | لٰكِنَّ | الْمُنٰفِقِيْنَ | لَا | يَعْلَمُوْنَ | يٰٓاَيُّهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور واسطے اسکے رسول کے | اور | واسطے ایمان والوں کے | اور | لیکن | منافق | نہیں | جانتے | اے |

اور اس کے رسول کی اور مومنوں کی لیکن منافق نہیں جانتے (۸) مومنو!

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ

| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَا | تُلْهِكُمْ | اَمْوَالُكُمْ | وَ | لَآ | اَوْلَادُكُمْ | عَنْ | ذِكْرِ | اللّٰهِ | وَ | مَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لوگو جو | ایمان لائے ہو | نہ | غافل کریں تم کو | مال تمہارے | اور | نہ | اولاد تمہاری | سے | یاد | اللہ کی | اور | جو کوئی |

تمہارا مال اور اولاد تم کو اللہ کی یاد سے غافل نہ کر دے اور جو

يَّفۡعَلۡ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الۡخٰسِرُوۡنَ ۝٩ وَاَنۡفِقُوۡا مِنۡ مَّا رَزَقۡنٰكُمۡ

| يَّفۡعَلۡ | ذٰلِكَ | فَاُولٰٓئِكَ | هُمُ | الۡخٰسِرُوۡنَ | وَ | اَنۡفِقُوۡا | مِنۡ | مَّا | رَزَقۡنٰكُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کرے کام | یہ | پس یہ لوگ | وہی ہیں | ٹوٹا پانے والے | اور | خرچ کرو | سے | اس چیز | کہ دیا ہم نے تم کو |

ایسا کرے گا تو وہ لوگ خسارہ اُٹھانے والے ہیں (۹) اور جو (مال) ہم نے تم کو دیا ہے اس میں سے اس (وقت) سے

مِّنۡ قَبۡلِ اَنۡ يَّاۡتِىَ اَحَدَكُمُ الۡمَوۡتُ فَيَقُوۡلَ رَبِّ لَوۡلَاۤ اَخَّرۡتَنِىۡۤ

| مِّنۡ | قَبۡلِ | اَنۡ | يَّاۡتِىَ | اَحَدَكُمُ | الۡمَوۡتُ | فَيَقُوۡلَ | رَبِّ | لَوۡ | لَاۤ | اَخَّرۡتَنِىۡۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | پہلے اس | یہ کہ | آئے تمہارے پاس | تم میں سے کسی ایک کو | موت | پس کہے | اے رب میرے | کیوں | نہ | ڈھیل دی تو نے مجھ کو |

پیشتر خرچ کرلو کہ تم میں سے کسی کی موت آ جائے تو (اس وقت) کہنے لگے کہ اے میرے

اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيۡبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنۡ مِّنَ الصّٰلِحِيۡنَ ۝١٠ وَلَنۡ

| اِلٰٓى | اَجَلٍ | قَرِيۡبٍ | فَاَصَّدَّقَ | وَ | اَكُنۡ | مِّنَ | الصّٰلِحِيۡنَ | وَ | لَنۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تک | ایک وقت | نزدیک | پس خیرات دیتا میں | اور | ہوتا میں | سے | نیکوں میں | اور | ہرگز نہ |

پروردگار تو نے مجھے تھوڑی سی اور مہلت کیوں نہ دی تاکہ میں خیرات کر لیتا اور نیک لوگوں میں داخل ہو جاتا (۱۰) اور جب کسی

يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفۡسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ؕ وَاللّٰهُ خَبِيۡرٌۢ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ ۝١١ ع ۲ ۱۴

| يُّؤَخِّرَ | اللّٰهُ | نَفۡسًا | اِذَا | جَآءَ | اَجَلُهَا | وَاللّٰهُ | خَبِيۡرٌۢ | بِمَا | تَعۡمَلُوۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈھیل دے گا | اللہ | کسی جی کو | جس وقت | آئے گی | اجل اس کی | اور اللہ | خبردار ہے | اس چیز سے کہ | تم کرتے ہو |

کی موت آجاتی ہے تو اللہ (اس کو) ہرگز مہلت نہیں دیتا۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے خبردار ہے (۱۱)

## اٰیاتھا ۱۸ — ۶۴ سُوۡرَةُ التَّغَابُنِ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۸ — رکوعاتھا ۲

### بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ ۚ لَهُ الۡمُلۡكُ

| يُسَبِّحُ | لِلّٰهِ | مَا | فِى | السَّمٰوٰتِ | وَ | مَا | فِى | الۡاَرۡضِ | لَهُ | الۡمُلۡكُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پاکی بیان کرتے ہیں | واسطے اللہ کے | جو کچھ کہ | بیچ | آسمانوں کے | اور | جو کچھ | بیچ | زمین کے ہے | واسطے اسکے ہے | بادشاہی |

جو چیز آسمانوں میں ہے اور جو چیز زمین میں ہے (سب) اللہ کی تسبیح کرتی ہے۔ اسی کی سچی بادشاہی ہے اور اسی کی

وَلَهُ الْحَمْدُ ۡ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ① هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَهُ | الْحَمْدُ | وَ | هُوَ | عَلٰى | كُلِّ | شَيْءٍ | قَدِيْرٌ | هُوَ | الَّذِيْ | خَلَقَكُمْ | فَمِنْكُمْ |
| اور | واسطے اسکے ہے | سب تعریف | اور | وہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے | وہی ہے | جس نے | پیدا کیا تم کو | پس بعضے تم میں سے |

تعریف (لامتناہی) ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے ① وہی تو ہے جس نے تم کو پیدا کیا پھر کوئی تم میں

كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ② خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَافِرٌ | وَّ | مِنْكُمْ | مُّؤْمِنٌ | وَ | اللّٰهُ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | بَصِيْرٌ | خَلَقَ | السَّمٰوٰتِ |
| کافر ہیں | اور | بعضے تم میں سے | مسلمان ہیں | اور | اللہ | ساتھ اس چیز کے کہ | تم کرتے ہو | دیکھنے والا ہے | پیدا کیا | آسمانوں کو |

کافر ہے اور کوئی مومن۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس کو دیکھتا ہے ② اسی نے آسمانوں

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۚ وَاِلَيْهِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْاَرْضَ | بِالْحَقِّ | وَ | صَوَّرَكُمْ | فَاَحْسَنَ | صُوَرَكُمْ | وَ | اِلَيْهِ |
| اور | زمین کو | ساتھ حق کے | اور | صورتیں بنائیں تمہاری | پس اچھی کیں | صورتیں تمہاری | اور | طرف اسی کی |

اور زمین کو مبنی برحکمت پیدا کیا اور اسی نے تمہاری صورتیں بنائیں اور صورتیں بھی پاکیزہ بنائیں اور اسی کی طرف (تمہیں)

الْمَصِيْرُ ③ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَصِيْرُ | يَعْلَمُ | مَا | فِي | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | وَ | يَعْلَمُ | مَا | تُسِرُّوْنَ |
| پھر جانا ہے | جانتا ہے | جو کچھ | بیچ | آسمانوں کے | اور | زمین کے ہے | اور | جانتا ہے | جو کچھ | چھپاتے ہو تم |

لوٹ کر جانا ہے ③ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے وہ سب جانتا ہے اور جو کچھ تم چھپا کر کرتے ہو اور جو علم کھلا کرتے

وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ④ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | مَا | تُعْلِنُوْنَ | وَ | اللّٰهُ | عَلِيْمٌ | بِذَاتِ الصُّدُوْرِ | اَلَمْ | يَاْتِكُمْ | نَبَؤُا | الَّذِيْنَ |
| اور | جو کچھ | ظاہر کرتے ہو تم | اور | اللہ | جاننے والا ہے | سینے والی بات کو | کیا نہیں | آئی تمہارے پاس | خبر | ان لوگوں کی کہ |

ہو اس سے بھی آگاہ ہے۔ اور اللہ دلوں کے بھیدوں سے واقف ہے ④ کیا تم کو ان لوگوں کے حال کی خبر نہیں

كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ۡ فَذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ⑤

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَفَرُوْا | مِنْ | قَبْلُ | فَذَاقُوْا | وَبَالَ | اَمْرِهِمْ | وَ | لَهُمْ | عَذَابٌ | اَلِيْمٌ |
| کافر ہوئے | سے | پہلے اس | پس چکھا انہوں نے | وبال | کام اپنے کا | اور | واسطے ان کے | عذاب ہے | درد دینے والا |

پہنچی جو پہلے کافر ہوئے تھے۔ تو انہوں نے اپنے کاموں کی سزا کا مزہ چکھ لیا اور (ابھی) دکھ دینے والا عذاب (اور) ہونا ہے ⑤

ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ز

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذٰلِكَ | بِاَنَّهٗ | كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ | رُسُلُهُمْ | بِالْبَيِّنٰتِ | فَقَالُوْٓا | اَبَشَرٌ | يَّهْدُوْنَنَا |
| یہ | بسبب اسکے کہ | آتے تھے ان کے پاس | پیغمبران کے | ساتھ دلیلوں ظاہر کے | پس کہا انہوں نے | کیا آدمی | راہ دکھائیں گے ہم کو |

یہ اس لیے کہ ان کے پاس پیغمبر کھلی نشانیاں لے کر آتے تو یہ کہتے کہ کیا آدمی ہمارے ہادی بنتے ہیں؟ تو انہوں نے (ان کو)

فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا وَّاسْتَغْنَى اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝۶ زَعَمَ الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَكَفَرُوْا | وَ | تَوَلَّوْا | وَّاسْتَغْنَى | اللّٰهُ | وَ | اللّٰهُ | غَنِيٌّ | حَمِيْدٌ | زَعَمَ | الَّذِيْنَ |
| پس کافر ہو گئے | اور | منہ پھیر لیا | اور بے پرواہی کی | اللہ نے | اور | اللہ | بے پرواہ ہے | تعریف کیا گیا | دعویٰ کیا | ان لوگوں نے جو |

نہ مانا اور منہ پھیر لیا اور اللہ نے بھی بے پروائی کی۔ اور اللہ بے پروا (اور) سزاوار حمد (وثنا) ہے (۶) جو لوگ کافر ہیں اُن کا اعتقاد ہے کہ وہ

كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا ۭ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَفَرُوْٓا | اَنْ | لَّنْ | يُّبْعَثُوْا | قُلْ | بَلٰى | وَرَبِّيْ | لَتُبْعَثُنَّ | ثُمَّ | لَتُنَبَّؤُنَّ | بِمَا |
| کافر ہوئے | یہ کہ | ہرگز نہ | اٹھائے جائینگے وہ | کہہ | یوں نہیں | قسم ہے میرے رب کی | البتہ اٹھائے جاؤ گے | پھر | البتہ خبر دیئے جاؤ گے | اس چیز کی کہ |

(دوبارہ) ہرگز نہیں اٹھائے جائیں گے۔ کہہ دو کہ ہاں ہاں میرے پروردگار کی قسم تم ضرور اٹھائے جاؤ گے پھر جو کام تم کرتے رہے ہو

عَمِلْتُمْ ۭ وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝۷ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَمِلْتُمْ | وَ | ذٰلِكَ | عَلَى | اللّٰهِ | يَسِيْرٌ | فَاٰمِنُوْا | بِاللّٰهِ | وَرَسُوْلِهٖ | وَ | النُّوْرِ |
| کی ہے تم نے | اور | یہ | اوپر | اللہ کے | آسان ہے | پس ایمان لاؤ | اللہ پر | اور اس کے رسول پر | اور | اس نور کے کہ |

وہ تمہیں بتائے جائیں گے۔ اور یہ (بات) اللہ کو آسان ہے (۷) تو اللہ پر اور اس کے رسول پر اور نور (قرآن) پر

الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝۸ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْٓ | اَنْزَلْنَا | وَ | اللّٰهُ | بِمَا | تَعْمَلُوْنَ | خَبِيْرٌ | يَوْمَ | يَجْمَعُكُمْ | لِيَوْمِ |
| جو کہ | نازل کیا ہے ہم نے | اور | اللہ | ساتھ اس چیز کے کہ | تم کرتے ہو | خبردار ہے | جس دن | اکٹھا کرے گا تم کو | واسطے دن |

جو ہم نے نازل فرمایا ہے ایمان لاؤ۔ اور اللہ تمہارے سب اعمال سے خبردار ہے (۸) جس دن وہ تم کو اکٹھا

الْجَمْعِ ذٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ۭ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْجَمْعِ | ذٰلِكَ | يَوْمُ | التَّغَابُنِ | وَ | مَنْ | يُّؤْمِنْ | بِاللّٰهِ | وَ | يَعْمَلْ | صَالِحًا |
| اکٹھا کرنے کے | یہ ہے | دن | ہار جیت کا | اور | جو کوئی | ایمان لائے | اللہ پر | اور | کام کرے | اچھے |

ہونے (یعنی قیامت) کے دن اکٹھا کرے گا وہ نقصان اٹھانے کا دن ہے۔ اور جو شخص اللہ پر ایمان لائے اور نیک عمل کرے

يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُّكَفِّرْ | عَنْهُ | سَيِّاٰتِهٖ | وَ | يُدْخِلْهُ | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ | مِنْ | تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ |
| دور کرے گا | اس سے | برائیاں اس کی | اور | داخل کرے گا اسکو | بہشت میں | بہتی ہیں | سے | نیچے اس کے | نہریں |

وہ اس سے اس کی برائیاں دور کر دے گا اور باغہائے بہشت میں جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں داخل کرے گا

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ⑨ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خٰلِدِيْنَ | فِيْهَآ | اَبَدًا | ذٰلِكَ | الْفَوْزُ | الْعَظِيْمُ | وَ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا |
| ہمیش رہنے والے | بیچ ان کے | ہمیشہ | یہ ہے | مراد پانا | بڑا | اور | جو لوگ کہ | کافر ہوئے |

ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ یہ بڑی کامیابی ہے⑨ اور جنہوں نے کفر کیا

وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَبِئْسَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَآ | اُولٰٓئِكَ | اَصْحٰبُ | النَّارِ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا | وَ | بِئْسَ |
| اور | جھٹلایا | نشانیوں ہماری کو | یہ لوگ ہیں | رہنے والے | آگ کے | ہمیش رہنے والے | بیچ اس کے | اور | بری ہے |

اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہی اہلِ دوزخ ہیں ہمیشہ اس میں رہیں گے۔ اور وہ

الْمَصِيْرُ ⑩ ع مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَصِيْرُ | مَآ | اَصَابَ | مِنْ | مُّصِيْبَةٍ | اِلَّا | بِاِذْنِ | اللّٰهِ | وَ | مَنْ | يُّؤْمِنْۢ |
| جگہ پھر جانے کی | نہیں | پہنچتی | کوئی | مصیبت | مگر | ساتھ حکم | اللہ کے | اور | جو کوئی | ایمان لائے |

بری جگہ ہے⑩ کوئی مصیبت نازل نہیں ہوتی مگر اللہ کے حکم سے۔ اور جو شخص اللہ پر

بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ⑪ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاللّٰهِ | يَهْدِ | قَلْبَهٗ | وَ | اللّٰهُ | بِكُلِّ | شَيْءٍ | عَلِيْمٌ | وَ | اَطِيْعُوا | اللّٰهَ | وَ | اَطِيْعُوا |
| ساتھ اللہ کے | ہدایت دیتا ہے | اسکے دل کو | اور | اللہ | ہر | چیز | جانتا ہے | اور | اطاعت کرو | اللہ کی | اور | اطاعت کرو |

ایمان لاتا ہے وہ اس کے دل کو ہدایت دیتا ہے۔ اور اللہ ہر چیز سے باخبر ہے⑪ اور اللہ کی اطاعت کرو اور اس کے

الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ⑫ اَللّٰهُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الرَّسُوْلَ | فَاِنْ | تَوَلَّيْتُمْ | فَاِنَّمَا | عَلٰى | رَسُوْلِنَا | الْبَلٰغُ | الْمُبِيْنُ | اَللّٰهُ |
| رسول کی | پس اگر | پھر جاؤ تم | پس سوائے اسکے نہیں کہ | اوپر | رسول ہمارے کے | پہنچا دینا ہے | ظاہر | اللہ |

رسول کی اطاعت کرو۔ اگر تم منہ پھیر لو گے تو ہمارے پیغمبر کے ذمے تو صرف پیغام کا کھول کھول کر پہنچا دینا ہے⑫ اللہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۳﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا

| لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | وَ | عَلَى | اللّٰهِ | فَلْيَتَوَكَّلِ | الْمُؤْمِنُوْنَ | يٰۤاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْۤا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | کوئی معبود | مگر | وہ | اور | اوپر | اللہ ہی کے | پس چاہیے کہ توکل کریں | ایمان والے | اے لوگو | جو | ایمان لائے ہو |

(جو معبودِ برحق ہے اس) کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ تو مومنوں کو چاہیے کہ اللہ ہی پر بھروسا رکھیں ﴿۱۳﴾ مومنو!

اِنَّ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَاِنْ

| اِنَّ | مِنْ | اَزْوَاجِكُمْ | وَ | اَوْلَادِكُمْ | عَدُوًّا | لَّكُمْ | فَاحْذَرُوْهُمْ | وَ | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | بعض | بیبیاں تمہاری | اور | اولاد تمہاری | دشمن ہیں | واسطے تمہارے | پس بچو ان سے | اور | اگر |

تمہاری عورتوں اور اولاد میں سے بعض تمہارے دشمن (بھی) ہیں سو اُن سے بچتے رہو اور اگر

تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَآ

| تَعْفُوْا | وَ | تَصْفَحُوْا | وَ | تَغْفِرُوْا | فَاِنَّ | اللّٰهَ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | اِنَّمَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| معاف کرو | اور | درگزر کرو | اور | بخش دو | پس بیشک | اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے | سوائے اسکے نہیں کہ |

معاف کر دو اور درگزر کرو اور بخش دو تو اللہ بھی بخشنے والا مہربان ہے ﴿۱۴﴾ تمہارا

اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ؕ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗۤ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۵﴾ فَاتَّقُوا

| اَمْوَالُكُمْ | وَ | اَوْلَادُكُمْ | فِتْنَةٌ | وَ | اللّٰهُ | عِنْدَهٗۤ | اَجْرٌ | عَظِيْمٌ | فَاتَّقُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مال تمہارے | اور | اولاد تمہاری | آزمائش ہے | اور | اللہ | نزدیک اسکے ہے | ثواب | بڑا | پس ڈرو |

مال اور تمہاری اولاد تو آزمائش ہے۔ اور اللہ کے ہاں بڑا اجر ہے ﴿۱۵﴾ سو جہاں تک ہو سکے اللہ

اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا وَاَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ؕ

| اللّٰهَ | مَا | اسْتَطَعْتُمْ | وَ | اسْمَعُوْا | وَ | اَطِيْعُوْا | وَ | اَنْفِقُوْا | خَيْرًا | لِّاَنْفُسِكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ سے | جتنا | ہو سکے تم سے | اور | سنو | اور | فرمانبرداری کرو | اور | خرچ کرو | بہتر ہوگا | واسطے جانوں تمہاری کے |

سے ڈرو اور (اس کے احکام کو) سنو اور (اس کے) فرمانبردار رہو اور (اس کی راہ میں) خرچ کرو (یہ) تمہارے حق میں بہتر ہے۔

وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۶﴾ اِنْ

| وَ | مَنْ | يُّوْقَ | شُحَّ | نَفْسِهٖ | فَاُولٰٓئِكَ | هُمُ | الْمُفْلِحُوْنَ | اِنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جو کوئی | بچایا جائے | بخیلی | جان اپنی کی سے | پس یہ لوگ | وہی ہیں | فلاح پانے والے | اگر |

اور جو شخص طبیعت کے بخل سے بچایا گیا تو ایسے ہی لوگ راہ پانے والے ہیں ﴿۱۶﴾ اگر

تُقۡرِضُوا اللّٰهَ قَرۡضًا حَسَنًا يُّضٰعِفۡهُ لَكُمۡ وَ يَغۡفِرۡ لَكُمۡ ؕ وَ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُقۡرِضُوا | اللّٰهَ | قَرۡضًا | حَسَنًا | يُّضٰعِفۡهُ | لَكُمۡ | وَ | يَغۡفِرۡ | لَكُمۡ | وَ | اللّٰهُ |
| قرض دو | اللہ کو | قرض | اچھا | دوگنا کرے گا اسکو | واسطے تمہارے | اور | بخشے گا | واسطے تمہارے | اور | اللہ |

تم اللہ کو (اخلاص اورنیت) نیک (سے) قرض دوگے تو وہ تم کو اس کا دوچند دے گا اور تمہارے گناہ بھی معاف کردے گا۔ اور اللہ

شَكُوۡرٌ حَلِيۡمٌ ﴿۱۷﴾ عٰلِمُ الۡغَيۡبِ وَالشَّهَادَةِ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ﴿۱۸﴾ ع

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شَكُوۡرٌ | حَلِيۡمٌ | عٰلِمُ | الۡغَيۡبِ | وَالشَّهَادَةِ | الۡعَزِيۡزُ | الۡحَكِيۡمُ |
| قدردان ہے | تحمل والا | جاننے والا ہے | پوشیدہ کا | اور ظاہر کا | غالب | حکمت والا |

قدرشناس اور بردبار ہے ﴿۱۷﴾ پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا غالب (اور) حکمت والا ﴿۱۸﴾

اٰیاتها ۱۲ ۔۔۔ ۶۵ سُوۡرَةُ الطَّلَاقِ مَدَنِيَّةٌ ۹۹ ۔۔۔ رکوعاتها ۲

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ اِذَا طَلَّقۡتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوۡهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَاَحۡصُوا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰۤاَيُّهَا | النَّبِىُّ | اِذَا | طَلَّقۡتُمُ | النِّسَآءَ | فَطَلِّقُوۡهُنَّ | لِعِدَّتِهِنَّ | وَاَحۡصُوا |
| اے | نبی | جس وقت | طلاق دو تم | عورتوں کو | پس طلاق دو تم ان کو | ان کی عدت کے وقت | اور گنو تم |

اے پیغمبر (مسلمانوں سے کہہ دو کہ) جب تم عورتوں کو طلاق دینے لگو تو ان کی عدت کے شروع میں طلاق دو اور عدت

الۡعِدَّةَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمۡ ۚ لَا تُخۡرِجُوۡهُنَّ مِنۡۢ بُيُوۡتِهِنَّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡعِدَّةَ | وَاتَّقُوا | اللّٰهَ | رَبَّكُمۡ | لَا | تُخۡرِجُوۡهُنَّ | مِنۡ | بُيُوۡتِهِنَّ |
| عدت کو | اور ڈرو | اللہ | رب اپنے سے | مت | نکال دو ان کو | سے | گھروں ان کے |

کا شمار رکھو اور اللہ سے جو تمہارا پروردگار ہے ڈرو۔ نہ (تو تم ہی) ان کو (ایام عدت میں) ان کے گھروں سے نکالو

وَلَا يَخۡرُجۡنَ اِلَّاۤ اَنۡ يَّاۡتِيۡنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ؕ وَتِلۡكَ حُدُوۡدُ اللّٰهِ ؕ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | يَخۡرُجۡنَ | اِلَّاۤ | اَنۡ | يَّاۡتِيۡنَ | بِفَاحِشَةٍ | مُّبَيِّنَةٍ | وَ | تِلۡكَ | حُدُوۡدُ | اللّٰهِ |
| اور | نہ | نکل جائیں | مگر | یہ کہ | کریں | بے حیائی | ظاہر | اور | یہ | حدیں ہیں | اللہ کی |

اور نہ وہ (خود ہی) نکلیں۔ ہاں اگر وہ صریح بے حیائی کریں (تو نکال دینا چاہیے)۔ اور یہ اللہ کی حدیں ہیں۔

وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ۭ لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ

| وَ | مَنْ | يَّتَعَدَّ | حُدُوْدَ | اللّٰهِ | فَقَدْ | ظَلَمَ | نَفْسَهٗ | لَا | تَدْرِيْ | لَعَلَّ | اللّٰهَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جو کوئی کہ | نکل جائے | حدوں | اللہ کی سے | پس تحقیق | ظلم کیا اس نے | اپنی جان پر | نہیں | جانتا تو | شاید کہ | اللہ |

جو اللہ کی حدوں سے تجاوز کرے گا وہ اپنے آپ پر ظلم کرے گا۔ (اے طلاق دینے والے) تجھے کیا معلوم شاید اللہ

يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا ① فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ

| يُحْدِثُ | بَعْدَ | ذٰلِكَ | اَمْرًا | فَاِذَا | بَلَغْنَ | اَجَلَهُنَّ | فَاَمْسِكُوْهُنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیدا کردے | بعد | اس کے | کوئی بات | پس جس وقت کہ | پہنچیں | وعدے اپنے کو | پس بند رکھو ان کو |

اس کے بعد کوئی (رجعت کی) سبیل پیدا کردے ① پھر جب وہ اپنی میعاد (یعنی انقضائے عدت) کے قریب پہنچ جائیں تو یا تو ان کو

بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّاَشْهِدُوْا ذَوَيْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ

| بِمَعْرُوْفٍ | اَوْ | فَارِقُوْهُنَّ | بِمَعْرُوْفٍ | وَّ | اَشْهِدُوْا | ذَوَيْ | عَدْلٍ | مِّنْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اچھی طرح | یا | جدا کردو ان کو | اچھی طرح | اور | گواہ کرلو | دو | صاحب عدل کو | تم میں سے |

اچھی طرح سے (زوجیت میں) رہنے دو یا اچھی طرح سے علیحدہ کردو اور اپنے میں سے دو منصف مردوں کو گواہ کرلو

وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ۭ ذٰلِكُمْ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ

| وَ | اَقِيْمُوا | الشَّهَادَةَ | لِلّٰهِ | ذٰلِكُمْ | يُوْعَظُ | بِهٖ | مَنْ | كَانَ | يُؤْمِنُ | بِاللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | درست کرو | گواہی | واسطے اللہ کے | یہ بات | نصیحت کی جاتی ہے | ساتھ اسکے | جو کوئی | کہ | ایمان لایا | ساتھ اللہ کے |

اور (گواہو) اللہ کے لیے درست گواہی دینا۔ ان باتوں سے اس شخص کو نصیحت کی جاتی ہے جو اللہ پر اور روزِ آخرت پر

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۥ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ② وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ

| وَ | الْيَوْمِ الْاٰخِرِ | وَ | مَنْ | يَّتَّقِ | اللّٰهَ | يَجْعَلْ | لَّهٗ | مَخْرَجًا | وَّ | يَرْزُقْهُ | مِنْ | حَيْثُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | دن آخرت کے | اور | جو کوئی | ڈرے | اللہ سے | کرے گا | واسطے اسکے | راہ نکلنے کی | اور | رزق دیگا اسکو | سے | اس جگہ کہ |

ایمان رکھتا ہے اور جو کوئی اللہ سے ڈرے گا وہ اس کے لیے (رنج ومحن سے) مخلصی کی صورت پیدا کردے گا ② اور اس کو ایسی جگہ سے رزق دے

لَا يَحْتَسِبُ ۭ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ

| لَا | يَحْتَسِبُ | وَ | مَنْ | يَّتَوَكَّلْ | عَلَى | اللّٰهِ | فَهُوَ | حَسْبُهٗ | اِنَّ | اللّٰهَ | بَالِغُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | گمان کرتا | اور | جو کوئی | توکل کرے | اوپر | اللہ کے | پس وہ | کافی ہے اس کو | بیشک | اللہ | پہنچنے والا ہے |

گا جہاں سے (وہم و) گمان بھی نہ ہو۔ اور جو اللہ پر بھروسا رکھے گا تو وہ اس کو کفایت کرے گا۔ اللہ اپنے کام کو (جو وہ کرنا

اَمْرِهٖ ط قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝۳ وَ الّٰٓـِٔيْ يَئِسْنَ مِنَ

| اَمْرِهٖ | قَدْ | جَعَلَ | اللّٰهُ | لِكُلِّ | شَيْءٍ | قَدْرًا | وَ | الّٰٓـِٔيْ | يَئِسْنَ | مِنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ارادے اپنے کو | تحقیق | کیا ہے مقرر | اللہ نے | واسطے ہر | چیز کے | اندازہ | اور | وہ عورتیں جو کہ | نا امید ہوگئی ہیں | سے |

چاہتا ہے) پورا کر دیتا ہے۔ اللہ نے ہر چیز کا اندازہ مقرر کر رکھا ہے ۝۳ اور تمہاری (مطلقہ) عورتیں

الْمَحِيْضِ مِنْ نِّسَآئِكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ لا وَّالّٰٓـِٔيْ لَمْ

| الْمَحِيْضِ | مِنْ | نِّسَآئِكُمْ | اِنِ | ارْتَبْتُمْ | فَعِدَّتُهُنَّ | ثَلٰثَةُ | اَشْهُرٍ | وَّ | الّٰٓـِٔيْ | لَمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حیض | سے | تمہاری بیبیوں میں | اگر | شک میں ہو تم | پس عدت ان کی | تین | مہینے ہے | اور | وہ عورتیں جو | نہیں |

جو حیض سے نااُمید ہو چکی ہوں اگر تم کو (ان کی عدت کے بارے میں) شبہ ہو تو ان کی عدت تین مہینے ہے اور جن کو

يَحِضْنَ ط وَ اُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ط

| يَحِضْنَ | وَ | اُولَاتُ الْاَحْمَالِ | اَجَلُهُنَّ | اَنْ | يَّضَعْنَ | حَمْلَهُنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حائض ہوئیں | اور | حمل والیاں | وقت ان کا | یہ کہ | جن لیں | حمل اپنا |

ابھی حیض نہیں آنے لگا (ان کی عدت بھی یہی ہے) اور حمل والی عورتوں کی عدت وضع حمل (یعنی بچہ جننے) تک ہے۔

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا ۝۴ ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ اَنْزَلَهٗٓ

| وَ | مَنْ | يَّتَّقِ | اللّٰهَ | يَجْعَلْ | لَّهٗ | مِنْ | اَمْرِهٖ | يُسْرًا | ذٰلِكَ | اَمْرُ | اللّٰهِ | اَنْزَلَهٗٓ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جو کوئی | ڈرا | اللہ سے | کر دے گا | واسطے اسکے | سے | کام اس کے | آسانی | یہ ہے | حکم | اللہ کا | اتارا ہے اسکو |

اور جو اللہ سے ڈرے گا اللہ اس کے کام میں سہولت پیدا کر دے گا ۝۴ یہ اللہ کا حکم ہے جو اللہ نے تم پر

اِلَيْكُمْ ط وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُعْظِمْ لَهٗٓ اَجْرًا ۝۵

| اِلَيْكُمْ | وَ | مَنْ | يَّتَّقِ | اللّٰهَ | يُكَفِّرْ | عَنْهُ | سَيِّاٰتِهٖ | وَ | يُعْظِمْ | لَهٗٓ | اَجْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طرف تمہاری | اور | جو کوئی | ڈرے | اللہ سے | دور کر دے گا | اس سے | برائیاں اس کی | اور | بڑا دے گا | اس کو | ثواب |

نازل کیا ہے۔ اور جو اللہ سے ڈرے گا وہ اس سے اس کے گناہ دور کر دے گا اور اسے اجر عظیم بخشے گا ۝۵

اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِّنْ وُّجْدِكُمْ وَلَا تُضَآرُّوْهُنَّ

| اَسْكِنُوْهُنَّ | مِنْ | حَيْثُ | سَكَنْتُمْ | مِّنْ | وُّجْدِكُمْ | وَ | لَا | تُضَآرُّوْهُنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رکھو ان عورتوں کو | سے | جس طرح | رہتے ہو تم | سے | مقدور بھر اپنے | اور | مت | ایذا دو ان کو |

(مطلقہ) عورتوں کو (ایامِ عدت میں) اپنے مقدور کے مطابق وہیں رکھو جہاں خود رہتے ہو اور ان کو تنگ کرنے کے لیے

لِتُضَيِّقُوا عَلَيْهِنَّ ۚ وَإِنْ كُنَّ أُولَاتِ حَمْلٍ فَأَنْفِقُوا عَلَيْهِنَّ حَتّٰى

| لِتُضَيِّقُوا | عَلَيْهِنَّ | وَ | اِنْ | كُنَّ | اُولَاتِ حَمْلٍ | فَاَنْفِقُوا | عَلَيْهِنَّ | حَتّٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تاکہ تنگی کردو تم | اوپران کے | اور | اگر | ہوویں | حمل والیاں | پس خرچ کرو | اوپران کے | یہاں تک کہ |

تکلیف نہ دو۔ اور اگر حمل سے ہوں تو بچہ جننے تک ان کا

يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ فَإِنْ أَرْضَعْنَ لَكُمْ فَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ ۚ وَأْتَمِرُوا

| يَضَعْنَ | حَمْلَهُنَّ | فَاِنْ | اَرْضَعْنَ | لَكُمْ | فَاٰتُوهُنَّ | اُجُوْرَهُنَّ | وَاْتَمِرُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جن لیں | حمل اپنا | پس اگر | دودھ پلائیں | تمہاری خاطر | پس دو ان کو | مزدوری ان کی | اور موافقت رکھو |

خرچ دیتے رہو۔ پھر اگر وہ بچے کو تمہارے کہنے سے دودھ پلائیں تو ان کو ان کی اُجرت دو اور (بچے کے بارے میں) پسندیدہ طریق

بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوفٍ ۚ وَإِنْ تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهٗ أُخْرٰى ﴿٦﴾ لِيُنْفِقْ

| بَيْنَكُمْ | بِمَعْرُوْفٍ | وَاِنْ | تَعَاسَرْتُمْ | فَسَتُرْضِعُ | لَهٗ | اُخْرٰى | لِيُنْفِقْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آپس میں | ساتھ اچھی طرح کے | اور اگر | ایک دوسرے کے تنگی کرو | پس دودھ پلائے گی | اس کی خاطر | کوئی دوسری | چاہیے کہ خرچ کرے |

سے موافقت رکھو اور اگر باہم ضد (اور نااتفاقی) کرو گے تو (بچے کو) اس کے (باپ کے) کہنے سے کوئی اور عورت دودھ پلائے گی (۶) صاحبِ وسعت

ذُوْ سَعَةٍ مِّنْ سَعَتِهٖ ۚ وَمَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهٗ فَلْيُنْفِقْ مِمَّآ اٰتٰىهُ

| ذُوْسَعَةٍ | مِّنْ | سَعَتِهٖ | وَ | مَنْ | قُدِرَ | عَلَيْهِ | رِزْقُهٗ | فَلْيُنْفِقْ | مِمَّآ | اٰتٰىهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وسعت والا | سے | اپنی وسعت | اور | جو کوئی کہ | تنگی کی گئی ہے | اوپر اسکے | رزق اسکے کی | پس چاہیے کہ خرچ کرے | اسکو اس چیز کے | دی ہے |

کو اپنی وسعت کے مطابق خرچ کرنا چاہیے۔ اور جس کے رزق میں تنگی ہو وہ جتنا اللہ نے اس کو دیا ہے اس کے موافق خرچ

اللّٰهُ ۚ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا مَآ اٰتٰىهَا ۚ سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا ﴿٧﴾ ع ۱۷

| اللّٰهُ | لَا | يُكَلِّفُ | اللّٰهُ | نَفْسًا | اِلَّا | مَآ | اٰتٰىهَا | سَيَجْعَلُ | اللّٰهُ | بَعْدَ | عُسْرٍ | يُّسْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللہ نے | نہیں | تکلیف دیتا | اللہ | کسی جی کو | مگر | جتنا کہ | دیا ہے اسکو | جلد ہی کرے گا | اللہ | بعد | تنگی کے | آسانی |

کرے۔ اللہ کسی کو تکلیف نہیں دیتا مگر اسی کے مطابق جو اس کو دیا ہے۔ اور اللہ عنقریب تنگی کے بعد کشائش بخشے گا (۷)

وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ اَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهٖ فَحَاسَبْنٰهَا حِسَابًا

| وَ | كَاَيِّنْ مِّنْ | قَرْيَةٍ | عَتَتْ | عَنْ | اَمْرِ | رَبِّهَا | وَرُسُلِهٖ | فَحَاسَبْنٰهَا | حِسَابًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بہت | بستیاں ہیں کہ | نافرمانی کی | سے | حکم | اپنے رب کے | اور اسکے پیغمبروں سے | پس حساب لیا ہم نے ان سے | حساب |

اور بہت سی بستیوں (کے رہنے والوں) نے اپنے پروردگار اور اس کے پیغمبروں کے احکام سے سرکشی کی تو ہم نے ان کو سخت

شَدِيْدًا ۙ وَّعَذَّبْنٰهَا عَذَابًا نُّكْرًا ﴿٨﴾ فَذَاقَتْ وَبَالَ اَمْرِهَا وَكَانَ عَاقِبَةُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَدِيْدًا | وَّ | عَذَّبْنٰهَا | عَذَابًا | نُّكْرًا | فَذَاقَتْ | وَبَالَ | اَمْرِهَا | وَ | كَانَ | عَاقِبَةُ |
| سخت | اور | عذاب کیا ہم نے انکو | عذاب | ان دیکھا ان سنا | پس چکھا انہوں نے | وبال | کام اپنے کا | اور | تھا | انجام |

حساب میں پکڑ لیا اور ان پر (ایسا) عذاب نازل کیا ہے جو نہ دیکھا تھا نہ سنا ﴿٨﴾ سو انہوں نے اپنے کاموں کی سزا کا مزہ چکھ لیا اور ان کا انجام

اَمْرِهَا خُسْرًا ﴿٩﴾ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَمْرِهَا | خُسْرًا | اَعَدَّ | اللّٰهُ | لَهُمْ | عَذَابًا | شَدِيْدًا | فَاتَّقُوا | اللّٰهَ | يٰٓاُولِي |
| ان کے کام کا | گھاٹا | تیار کیا ہے | اللہ نے | واسطے ان کے | عذاب | سخت | پس ڈرو | اللہ سے | اے صاحبانِ |

نقصان ہی تو تھا ﴿٩﴾ اللہ نے اُن کے لیے سخت عذاب تیار کر رکھا ہے تو اے اربابِ دانش

مع الْاَلْبَابِ ۛۚ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۛ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ ذِكْرًا ﴿١٠﴾ ۙ رَّسُوْلًا يَّتْلُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَلْبَابِ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | قَدْ | اَنْزَلَ | اللّٰهُ | اِلَيْكُمْ | ذِكْرًا | رَّسُوْلًا | يَّتْلُوْا |
| عقل | وہ جو | ایمان لائے ہو | تحقیق | اتارا ہے | اللہ نے | طرف تمہاری | ذکر | کہ پیغمبر ہے | جو پڑھتا ہے |

جو ایمان لائے ہو اللہ سے ڈرو۔ اللہ نے تمہارے پاس نصیحت (کی کتاب) بھیجی ہے ﴿١٠﴾ (اور اپنے) پیغمبر (بھی بھیجے ہیں) جو تمہارے سامنے اللہ

عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ مُبَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَيْكُمْ | اٰيٰتِ | اللّٰهِ | مُبَيِّنٰتٍ | لِّيُخْرِجَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | عَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ |
| اوپر تمہارے | نشانیاں | اللہ کی | بیان کرنے والی | تا کہ نکالے | ان لوگوں کو جو | ایمان لائے | اور | کام کیے | اچھے |

کی واضح المطالب آیتیں پڑھتے ہیں تاکہ جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کرتے رہے ہیں

مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۗ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ | الظُّلُمٰتِ | اِلَى | النُّوْرِ | وَ | مَنْ | يُّؤْمِنْ | بِاللّٰهِ | وَ | يَعْمَلْ | صَالِحًا |
| سے | اندھیروں | طرف | روشنی کی | اور | جو کوئی | ایمان لائے | اللہ پر | اور | کام کرے | اچھے |

ان کو اندھیرے سے نکال کر روشنی میں لے آئیں اور جو شخص ایمان لائے اور عمل نیک کرے گا

يُّدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۗ قَدْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُّدْخِلْهُ | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ | مِنْ | تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَآ | اَبَدًا | قَدْ |
| داخل کریگا اس کو | بہشتوں میں | بہتی ہیں | سے | نیچے ان کے | نہریں | ہمیشہ رہنے والے | بیچ ان کے | ہمیشہ | تحقیق |

ان کو باغہائے بہشت میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں ابدالآباد ان میں رہیں گے۔ اللہ

أَحْسَنَ اللّٰهُ لَهٗ رِزْقًا ﴿١١﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَحْسَنَ | اللّٰهُ | لَهٗ | رِزْقًا | اَللّٰهُ | الَّذِيْ | خَلَقَ | سَبْعَ | سَمٰوٰتٍ | وَّ | مِنَ |
| اچھا دیا | اللہ نے | اس کو | رزق | اللہ | وہ ہے جس نے | پیدا کیا | سات | آسمانوں کو | اور | نیز |

نے ان کو خوب رزق دیا ہے ﴿١١﴾ اللہ ہی تو ہے جس نے سات آسمان پیدا کیے اور ویسی

الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ ؕ يَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَيْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضِ | مِثْلَهُنَّ | يَتَنَزَّلُ | الْاَمْرُ | بَيْنَهُنَّ | لِتَعْلَمُوْٓا | اَنَّ | اللّٰهَ | عَلٰى |
| زمین | مانند ان کی | اترتا ہے | حکم اس کا | درمیان ان کے | تاکہ جانو تم | یہ کہ | اللہ | اوپر |

ہی زمینیں۔ ان میں (اللہ کے) حکم اُترتے رہتے ہیں تاکہ تم لوگ جان لو کہ اللہ

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ﴿١٢﴾ ع ٢ ١٨

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُلِّ | شَيْءٍ | قَدِيْرٌ | وَّ | اَنَّ | اللّٰهَ | قَدْ | اَحَاطَ | بِكُلِّ | شَيْءٍ | عِلْمًا |
| ہر | چیز کے | قادر ہے | اور | یہ کہ | اللہ نے | تحقیق | گھیر لیا ہے | ہر | چیز کو | علم میں |

ہر چیز پر قادر ہے۔ اور یہ کہ اللہ اپنے علم سے ہر چیز پر احاطہ کیے ہوئے ہے ﴿١٢﴾

## ایاتها ١٢ — ٦٦ سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ مَدَنِيَّةٌ ١٠٧ — رکوعاتها ٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰٓاَيُّهَا | النَّبِيُّ | لِمَ | تُحَرِّمُ | مَآ | اَحَلَّ | اللّٰهُ | لَكَ | تَبْتَغِيْ | مَرْضَاتَ |
| اے | نبی | کیوں | حرام کرتا ہے | اس چیز کو کہ | حلال کیا ہے | اللہ نے | واسطے تیرے | چاہتا ہے | تو رضامندی |

اے پیغمبر جو چیز اللہ نے تمہارے لیے جائز کی ہے تم اُس سے کنارہ کشی کیوں کرتے ہو؟ (کیا اس سے) اپنی بیویوں

اَزْوَاجِكَ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١﴾ قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَزْوَاجِكَ | وَ | اللّٰهُ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ | قَدْ | فَرَضَ | اللّٰهُ | لَكُمْ | تَحِلَّةَ |
| بی بیوں اپنی کی | اور | اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے | تحقیق | مقرر کر دیا ہے | اللہ نے | واسطے تمہارے | کھولنا |

کی خوشنودی چاہتے ہو؟ اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے ﴿١﴾ اللہ نے تم لوگوں کے لیے تمہاری قسموں

اَيۡمَانِكُمۡ ۚ وَاللّٰهُ مَوۡلٰٮكُمۡ ۚ وَهُوَ الۡعَلِيۡمُ الۡحَكِيۡمُ ﴿۲﴾ وَاِذۡ اَسَرَّ النَّبِىُّ اِلٰى

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَيۡمَانِكُمۡ | وَ | اللّٰهُ | مَوۡلٰٮكُمۡ | وَهُوَ | الۡعَلِيۡمُ | الۡحَكِيۡمُ | وَ | اِذۡ | اَسَرَّ | النَّبِىُّ | اِلٰى |
| قسموں تمہاری کا | اور | اللہ | دوست ہے تمہارا | اور وہ ہے | جاننے والا | حکمت والا | اور | جس وقت | چھپا کر کہا | نبی نے | طرف |

کا کفارہ مقرر کردیا ہے اور اللہ ہی تمہارا کارساز ہے۔ اور وہ دانا (اور) حکمت والا ہے ﴿۲﴾ اور (یاد کرو) جب پیغمبر نے اپنی ایک

بَعۡضِ اَزۡوَاجِهٖ حَدِيۡثًا ۚ فَلَمَّا نَبَّاَتۡ بِهٖ وَاَظۡهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيۡهِ عَرَّفَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعۡضِ | اَزۡوَاجِهٖ | حَدِيۡثًا | فَلَمَّا | نَبَّاَتۡ | بِهٖ | وَ | اَظۡهَرَهُ | اللّٰهُ | عَلَيۡهِ | عَرَّفَ |
| بعضے | بی بی اپنی کے | ایک بات | پس جب | خبر دی اس بی بی نے | اس بات کی | اور | ظاہر کردیا اسکو | اللہ نے | اوپر اسکے | جتادی |

بیوی سے ایک بھید کی بات کہی۔ تو (اس نے دوسری کو بتادی) جب اُس نے اس کو افشا کیا اور اللہ نے اس (حال سے پیغمبر) کو

بَعۡضَهٗ وَاَعۡرَضَ عَنۡۢ بَعۡضٍ ۚ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتۡ مَنۡ اَنۡۢبَاَكَ هٰذَا ؕ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعۡضَهٗ | وَ | اَعۡرَضَ | عَنۡ | بَعۡضٍ | فَلَمَّا | نَبَّاَهَا | بِهٖ | قَالَتۡ | مَنۡ | اَنۡۢبَاَكَ | هٰذَا |
| بعض بات اسکی | اور | منہ پھیرلیا | سے | بعض | پس جب | خبر کی اس بی بی کو | اس جتادینے کی | بولی | کس نے | خبر دی تجھ کو | یہ |

آگاہ کردیا تو پیغمبر نے (اس بیوی کو وہ بات) کچھ تو جتائی اور کچھ نہ بتائی تو جب وہ اس کو جتائی تو پوچھنے لگی کہ آپ کو کس نے بتایا؟

قَالَ نَبَّاَنِىَ الۡعَلِيۡمُ الۡخَبِيۡرُ ﴿۳﴾ اِنۡ تَتُوۡبَاۤ اِلَى اللّٰهِ فَقَدۡ صَغَتۡ قُلُوۡبُكُمَا ۚ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَالَ | نَبَّاَنِىَ | الۡعَلِيۡمُ | الۡخَبِيۡرُ | اِنۡ | تَتُوۡبَاۤ | اِلَى | اللّٰهِ | فَقَدۡ | صَغَتۡ | قُلُوۡبُكُمَا |
| کہا | خبر کی مجھ کو | جاننے والے | خبردار نے | اگر | توبہ کرتی ہو تم دونوں | طرف | اللہ کی | پس تحقیق | کج ہوگئے ہیں | دل تمہارے |

اُنہوں نے کہا کہ مجھے اس نے بتایا ہے جو جاننے والا خبردار ہے ﴿۳﴾ اگر تم دونوں اللہ کے آگے توبہ کرو (تو بہتر ہے کیونکہ) تمہارے دل کج ہوگئے ہیں۔

وَاِنۡ تَظٰهَرَا عَلَيۡهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوۡلٰٮهُ وَجِبۡرِيۡلُ وَصَالِحُ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ۚ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاِنۡ | تَظٰهَرَا | عَلَيۡهِ | فَاِنَّ | اللّٰهَ | هُوَ | مَوۡلٰٮهُ | وَ | جِبۡرِيۡلُ | وَصَالِحُ | الۡمُؤۡمِنِيۡنَ |
| اور اگر | مدد کروگی ایک دوسری کی | اوپر اسکے | پس بیشک | اللہ | وہ ہے | دوست اس کا | اور | جبریل | اور نیک | مسلمان |

اور اگر پیغمبر (کی ایذا) پر باہم اعانت کروگی تو اللہ اور جبریل اور نیک کردار مسلمان ان کے حامی (اور دوستدار ہیں)

وَالۡمَلٰٓٮِٕكَةُ بَعۡدَ ذٰلِكَ ظَهِيۡرٌ ﴿۴﴾ عَسٰى رَبُّهٗۤ اِنۡ طَلَّقَكُنَّ اَنۡ يُّبۡدِلَهٗۤ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالۡمَلٰٓٮِٕكَةُ | بَعۡدَ | ذٰلِكَ | ظَهِيۡرٌ | عَسٰى | رَبُّهٗۤ | اِنۡ | طَلَّقَكُنَّ | اَنۡ | يُّبۡدِلَهٗۤ |
| اور فرشتے | بعد | اس کے | مددگار | جلد ہی | پروردگار اس کا | اگر | طلاق دے وہ تم کو | یہ کہ | بدل دے اسکو |

اور ان کے علاوہ (اور) فرشتے بھی مددگار ہیں ﴿۴﴾ اگر پیغمبر تم کو طلاق دے دیں تو عجب نہیں کہ ان کا پروردگار

أَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَزْوَاجًا | خَيْرًا | مِّنْكُنَّ | مُسْلِمٰتٍ | مُّؤْمِنٰتٍ | قٰنِتٰتٍ | تٰٓئِبٰتٍ | عٰبِدٰتٍ |
| بیویاں | بہتر | تم سے | مسلمان عورتیں | ایمان والیاں | فرمانبرداری کرنیوالیاں | توبہ کرنیوالیاں | عبادت کرنیوالیاں |

تمہارے بدلے ان کو تم سے بہتر بیبیاں دے دے۔ مسلمان، صاحب ایمان، فرمانبردار، توبہ کرنے والیاں، عبادت گزار،

سٰٓئِحٰتٍ ثَيِّبٰتٍ وَّ اَبْكَارًا ﴿٥﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سٰٓئِحٰتٍ | ثَيِّبٰتٍ | وَّ | اَبْكَارًا | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | قُوْٓا | اَنْفُسَكُمْ |
| روزہ رکھنے والیاں | خاوند دیکھی ہویاں | اور | کنواریاں | اے لوگو | جو | ایمان لائے ہو | بچاؤ | جانوں اپنی کو |

روزہ رکھنے والیاں، بن شوہر اور کنواریاں ⑤ مومنو! اپنے آپ کو اور اپنے اہل و عیال کو آتشِ (جہنم)

وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاَهْلِيْكُمْ | نَارًا | وَّقُوْدُهَا | النَّاسُ | وَالْحِجَارَةُ | عَلَيْهَا | مَلٰٓئِكَةٌ | غِلَاظٌ | شِدَادٌ |
| اور اپنے گھروالوں کو | آگ سے | ایندھن ہیں اسکا | لوگ | اور پتھر | اوپر اسکے مقرر ہیں | فرشتے | سخت دل | زور آور |

سے بچاؤ جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں اور جس پر تندخو اور سخت مزاج فرشتے (مقرر) ہیں جو ارشاد اللہ ان کو

لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ﴿٦﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَّا | يَعْصُوْنَ | اللّٰهَ | مَآ | اَمَرَهُمْ | وَيَفْعَلُوْنَ | مَا | يُؤْمَرُوْنَ | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ |
| نہیں | نافرمانی کرتے | اللہ کی | جو | حکم کرے ان کو | اور کرتے ہیں | جو | حکم دیا جاتا ہے | اے لوگو | جو |

فرماتا ہے اس کی نافرمانی نہیں کرتے اور جو حکم ان کو ملتا ہے اسے بجا لاتے ہیں ⑥ کافرو!

كَفَرُوْا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ ط اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٧﴾ ع يٰٓاَيُّهَا ع ١٩

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَفَرُوْا | لَا | تَعْتَذِرُوا | الْيَوْمَ | اِنَّمَا | تُجْزَوْنَ | مَا | كُنْتُمْ | تَعْمَلُوْنَ | يٰٓاَيُّهَا |
| کافر ہوئے | مت | عذر کرو | آج | سوائے اسکے نہیں کہ | بدلہ دیئے جاؤ گے | جو کچھ | تھے تم | کرتے | اے لوگو |

آج بہانے مت بناؤ جو عمل تم کیا کرتے ہو انہی کا تم کو بدلہ دیا جائے گا ⑦ مومنو!

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ط عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّكَفِّرَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | تُوْبُوْٓا | اِلَى | اللّٰهِ | تَوْبَةً | نَّصُوْحًا | عَسٰى | رَبُّكُمْ | اَنْ | يُّكَفِّرَ |
| جو | ایمان لائے | توبہ کرو | طرف | اللہ کی | توبہ | خالص | جلد ہی | رب تمہارا | یہ کہ | دور کرے گا |

اللہ کے آگے صاف دل سے توبہ کرو۔ امید ہے کہ وہ تمہارے گناہ تم سے

عَنۡكُمۡ سَيِّاٰتِكُمۡ وَيُدۡخِلَكُمۡ جَنّٰتٍ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ ۙ يَوۡمَ

| يَوۡمَ | الۡاَنۡهٰرُ | تَحۡتِهَا | مِنۡ | تَجۡرِىۡ | جَنّٰتٍ | وَيُدۡخِلَكُمۡ | سَيِّاٰتِكُمۡ | عَنۡكُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس دن کہ | نہریں | نیچے ان کے | سے | بہتی ہیں | بہشتوں میں | اور داخل کرے گا تم کو | برائیاں تمہاری | تم سے |

دُور کر دے گا اور تم کو باغہائے بہشت میں جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں داخل کرے گا اُس دن

لَا يُخۡزِى اللّٰهُ النَّبِىَّ وَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا مَعَهٗ ۚ نُوۡرُهُمۡ يَسۡعٰى بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ

| بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ | يَسۡعٰى | نُوۡرُهُمۡ | مَعَهٗ | اٰمَنُوۡا | وَالَّذِيۡنَ | النَّبِىَّ | اللّٰهُ | يُخۡزِى | لَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آگے ان کے | دوڑے گا | نور ان کا | ساتھ اسکے | ایمان لائے | اور ان لوگوں کو جو | نبی کو | اللہ | رسوا کرے گا | نہیں |

اللہ پیغمبر کو اور ان لوگوں کو جو اُن کے ساتھ ایمان لائے ہیں رسوا نہیں کرے گا۔ (بلکہ) اُن کا نور (ایمان) ان کے آگے اور داہنی طرف (روشنی کرتا ہوا)

وَبِاَيۡمَانِهِمۡ يَقُوۡلُوۡنَ رَبَّنَاۤ اَتۡمِمۡ لَنَا نُوۡرَنَا وَاغۡفِرۡ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ

| كُلِّ | عَلٰى | اِنَّكَ | اغۡفِرۡ لَنَا | وَ | نُوۡرَنَا | لَنَا | اَتۡمِمۡ | رَبَّنَاۤ | يَقُوۡلُوۡنَ | وَبِاَيۡمَانِهِمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہر | اوپر | بیشک تو | بخشش کر واسطے ہمارے | اور | نور ہمارا | واسطے ہمارے | پورا کر | اے رب ہمارے | کہیں گے | اور دائیں ان کے |

چل رہا ہوگا۔ اور وہ اللہ سے التجا کریں گے کہ اے پروردگار ہمارا نور ہمارے لیے پورا کر اور ہمیں معاف فرما۔ بیشک اللہ

شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ۝۸ يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ جَاهِدِ الۡكُفَّارَ وَالۡمُنٰفِقِيۡنَ وَاغۡلُظۡ

| وَاغۡلُظۡ | وَالۡمُنٰفِقِيۡنَ | الۡكُفَّارَ | جَاهِدِ | النَّبِىُّ | يٰۤاَيُّهَا | قَدِيۡرٌ | شَىۡءٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور سختی کر | اور منافقوں سے | کفار سے | لڑائی کر | نبی | اے | قادر ہے | چیز کے |

ہر چیز پر قادر ہے ۝۸ اے پیغمبر کافروں اور منافقوں سے لڑو اور ان پر

عَلَيۡهِمۡ ؕ وَمَاۡوٰٮهُمۡ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئۡسَ الۡمَصِيۡرُ ۝۹ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا

| مَثَلًا | اللّٰهُ | ضَرَبَ | الۡمَصِيۡرُ | وَبِئۡسَ | جَهَنَّمُ | وَمَاۡوٰٮهُمۡ | عَلَيۡهِمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مثال | اللہ نے | بیان کی | جگہ پھر جانے کی | اور بری ہے | دوزخ ہے | اور ٹھکانا ان کا | اوپر ان کے |

سختی کرو۔ اُن کا ٹھکانا دوزخ ہے۔ اور وہ بہت بری جگہ ہے ۝۹ اللہ نے کافروں کے لیے نوح

لِّلَّذِيۡنَ كَفَرُوا امۡرَاَتَ نُوۡحٍ وَّامۡرَاَتَ لُوۡطٍ ؕ كَانَتَا تَحۡتَ عَبۡدَيۡنِ

| عَبۡدَيۡنِ | تَحۡتَ | كَانَتَا | لُوۡطٍ | امۡرَاَتَ | وَّ | نُوۡحٍ | امۡرَاَتَ | كَفَرُوا | لِّلَّذِيۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دو بندوں کے | نیچے | تھیں دونوں | لوط کی | عورت | اور | نوح کی | عورت | کافر ہوئے | واسطے ان لوگوں کے کہ |

کی بیوی اور لُوط کی بیوی کی مثال بیان فرمائی ہے۔ دونوں ہمارے دو نیک بندوں کے

مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْ | عِبَادِنَا | صَالِحَيْنِ | فَخَانَتٰهُمَا | فَلَمْ | يُغْنِيَا | عَنْهُمَا | مِنَ اللّٰهِ | شَيْـًٔا |
| سے | ہمارے بندوں میں | نیک | پس خیانت کی ان دونوں نے انکی | پس نہ | کفایت کی ان دونوں نے | ان دونوں عورتوں کی | اللہ کی طرف سے | کچھ |

گھر میں تھیں اور دونوں نے ان کی خیانت کی تو وہ اللہ کے مقابلے میں ان عورتوں کے کچھ بھی کام نہ آئے۔

وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ﴿١٠﴾ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّقِيْلَ | ادْخُلَا | النَّارَ | مَعَ | الدّٰخِلِيْنَ | وَ | ضَرَبَ | اللّٰهُ | مَثَلًا | لِّلَّذِيْنَ | اٰمَنُوا |
| اور کہا گیا | داخل ہو جاؤ دونوں | آگ میں | ساتھ | داخل ہونیوالوں کے | اور | بیان کی | اللہ نے | مثال ایک | واسطے ان لوگوں کے کہ | ایمان لائے ہیں |

اور ان کو حکم دیا گیا کہ اور داخل ہونے والوں کے ساتھ تم بھی دوزخ میں داخل ہو جاؤ ﴿١٠﴾ اور مومنوں کے لیے (ایک) مثال (تو)

امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ ۘ اِذْ قَالَتْ رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وقف لازم

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| امْرَاَتَ | فِرْعَوْنَ | اِذْ | قَالَتْ | رَبِّ | ابْنِ | لِيْ | عِنْدَكَ | بَيْتًا | فِي | الْجَنَّةِ |
| عورت | فرعون کی | جس وقت | کہا اس عورت نے | اے رب میرے | بنا | واسطے میرے | نزدیک اپنے | گھر | بیچ | بہشت کے |

فرعون کی بیوی کی بیان فرمائی۔ کہ اس نے اللہ سے التجا کی کہ اے میرے پروردگار میرے لیے بہشت میں اپنے پاس ایک گھر بنا

وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ وَنَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١١﴾ وَمَرْيَمَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَنَجِّنِيْ | مِنْ | فِرْعَوْنَ | وَعَمَلِهٖ | وَنَجِّنِيْ | مِنَ | الْقَوْمِ | الظّٰلِمِيْنَ | وَ | مَرْيَمَ |
| اور نجات دے مجھ کو | سے | فرعون | اور عمل اسکے سے | اور نجات دے مجھ کو | سے | قوم | ظالم | اور | مریم |

اور مجھے فرعون اور اس کے اعمال (زشت مآل) سے نجات بخش اور ظالم لوگوں کے ہاتھ سے مجھ کو مخلصی عطا فرما ﴿١١﴾ اور (دوسری)

ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ابْنَتَ | عِمْرٰنَ | الَّتِيْٓ | اَحْصَنَتْ | فَرْجَهَا | فَنَفَخْنَا | فِيْهِ | مِنْ | رُّوْحِنَا |
| بیٹی | عمران کی | جس نے | حفاظت کی | اپنے ناموس کی | پس پھونکا ہم نے | بیچ اس کے | سے | روح اپنی |

عمران کی بیٹی مریم کی جنہوں نے اپنی شرمگاہ کو محفوظ رکھا۔ تو ہم نے اس میں اپنی روح پھونک دی

وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ﴿١٢﴾ ع ٢ ٥ ٢٠

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَصَدَّقَتْ | بِكَلِمٰتِ | رَبِّهَا | وَ | كُتُبِهٖ | وَ | كَانَتْ | مِنَ | الْقٰنِتِيْنَ |
| اور مانتی تھی | باتوں کو | اپنے پروردگار کی | اور | اس کی کتابوں کو | اور | تھی | سے | فرمانبرداروں میں |

اور وہ اپنے پروردگار کے کلام اور اس کی کتابوں کو برحق سمجھتی تھیں اور فرمانبرداروں میں سے تھیں ﴿١٢﴾

اٰیاتھا ۳۰ — ۶۷ سُوْرَةُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ ۷۷ — رکوعاتھا ۲

## بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

**تَبٰرَكَ الَّذِيۡ بِيَدِهِ الۡمُلۡكُ ۡ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيۡءٍ قَدِيۡرُۨ ۙ۝۱ الَّذِيۡ**

| تَبٰرَكَ | الَّذِيۡ | بِيَدِهِ | الۡمُلۡكُ | وَ | هُوَ | عَلٰى | كُلِّ | شَيۡءٍ | قَدِيۡرُ | الَّذِيۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہت برکت والا ہے | وہ اللہ کہ | بیچ ہاتھ اسکے ہے | بادشاہی | اور | وہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے | جس نے |

وہ (اللہ) جس کے ہاتھ میں بادشاہی ہے بڑی برکت والا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے ۝۱ اُسی نے

**خَلَقَ الۡمَوۡتَ وَالۡحَيٰوةَ لِيَبۡلُوَكُمۡ اَيُّكُمۡ اَحۡسَنُ عَمَلًا ؕ وَهُوَ**

| خَلَقَ | الۡمَوۡتَ | وَالۡحَيٰوةَ | لِيَبۡلُوَكُمۡ | اَيُّكُمۡ | اَحۡسَنُ | عَمَلًا | وَ | هُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیدا کیا | موت کو | اور زندگی کو | تاکہ آزمائے تم کو | کون سا تم میں سے | بہتر ہے | عمل میں | اور | وہی ہے |

موت اور زندگی کو پیدا کیا تاکہ تمہاری آزمائش کرے کہ تم میں کون اچھے کام کرتا ہے۔ اور وہ

**الۡعَزِيۡزُ الۡغَفُوۡرُ ۙ۝۲ الَّذِيۡ خَلَقَ سَبۡعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ؕ مَا تَرٰى فِيۡ**

| الۡعَزِيۡزُ | الۡغَفُوۡرُ | الَّذِيۡ | خَلَقَ | سَبۡعَ | سَمٰوٰتٍ | طِبَاقًا | مَا | تَرٰى | فِيۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غالب | بخشنے والا | جس نے | پیدا کیے | سات | آسمان | اوپر تلے | نہ | دیکھے گا تو | بیچ |

زبردست (اور) بخشنے والا ہے ۝۲ اُس نے سات آسمان اوپر تلے بنائے (اے دیکھنے والے) کیا تو (اللہ)

**خَلۡقِ الرَّحۡمٰنِ مِنۡ تَفٰوُتٍ ؕ فَارۡجِعِ الۡبَصَرَ ۙ هَلۡ تَرٰى مِنۡ**

| خَلۡقِ | الرَّحۡمٰنِ | مِنۡ | تَفٰوُتٍ | فَارۡجِعِ | الۡبَصَرَ | هَلۡ | تَرٰى | مِنۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بنانے میں | اللہ کے | کچھ | فرق | پھر پھیر لے جا | نظر کو | کیا | دیکھتا ہے تو | کوئی |

رحمٰن کی آفرینش میں کچھ نقص دیکھتا ہے؟ ذرا آنکھ اُٹھا کر دیکھ بھلا تجھ کو (آسمان میں) کوئی شگاف

**فُطُوۡرٍ ۝۳ ثُمَّ ارۡجِعِ الۡبَصَرَ كَرَّتَيۡنِ يَنۡقَلِبۡ اِلَيۡكَ الۡبَصَرُ خَاسِئًا**

| فُطُوۡرٍ | ثُمَّ | ارۡجِعِ | الۡبَصَرَ | كَرَّتَيۡنِ | يَنۡقَلِبۡ | اِلَيۡكَ | الۡبَصَرُ | خَاسِئًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شگاف | پھر | پھیرلے جا | نظر کو | دوبارہ | پھر آئے گی | طرف تیری | نظر | ردھو کر |

نظر آتا ہے؟ ۝۳ پھر دوبارہ (سہ بارہ) نظر کر تو نظر (ہر بار) تیرے پاس ناکام اور تھک کر لوٹ

وَّھُوَ حَسِیْرٌ ۝۴ وَلَقَدْ زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِمَصَابِیْحَ وَجَعَلْنٰھَا

| وَّ | ھُوَ | حَسِیْرٌ | وَ | لَقَدْ | زَیَّنَّا | السَّمَآءَ | الدُّنْیَا | بِمَصَابِیْحَ | وَ | جَعَلْنٰھَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | وہ | تھکی ہوئی ہے | اور | البتہ تحقیق | زینت دی ہم نے | آسمان | دنیا کو | ساتھ چراغوں کے | اور | کیا ہم نے انکو |

آئے گی ۝۴ اور ہم نے قریب کے آسمان کو (تاروں کے) چراغوں سے زینت دی اور اُن

رُجُوْمًا لِّلشَّیٰطِیْنِ وَاَعْتَدْنَا لَھُمْ عَذَابَ السَّعِیْرِ ۝۵ وَلِلَّذِیْنَ

| رُجُوْمًا | لِّلشَّیٰطِیْنِ | وَ | اَعْتَدْنَا | لَھُمْ | عَذَابَ | السَّعِیْرِ | وَ | لِلَّذِیْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مارنا | واسطے شیطانوں کے | اور | تیار کیا ہم نے | واسطے ان کے | عذاب | جلنے کا | اور | واسطے ان لوگوں کے کہ |

کو شیطانوں کے مارنے کا آلہ بنایا اور ان کے لیے دہکتی آگ کا عذاب تیار کر رکھا ہے ۝۵ اور جن لوگوں

کَفَرُوْا بِرَبِّھِمْ عَذَابُ جَھَنَّمَ ط وَبِئْسَ الْمَصِیْرُ ۝۶ اِذَآ اُلْقُوْا فِیْھَا

| کَفَرُوْا | بِرَبِّھِمْ | عَذَابُ | جَھَنَّمَ | وَ | بِئْسَ | الْمَصِیْرُ | اِذَآ | اُلْقُوْا | فِیْھَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کافر ہوئے | ساتھ اپنے رب کے | عذاب ہے | دوزخ کا | اور | بری ہے | جگہ پھر جانے کی | جب | ڈالے جائینگے | بیچ اسکے |

نے اپنے پروردگار سے انکار کیا اُن کے لیے جہنم کا عذاب ہے۔ اور وہ برا ٹھکانا ہے ۝۶ جب وہ اس میں ڈالے جائیں گے

سَمِعُوْا لَھَا شَھِیْقًا وَّھِیَ تَفُوْرُ ۝۷ لا تَکَادُ تَمَیَّزُ مِنَ الْغَیْظِ ط کُلَّمَآ

| سَمِعُوْا | لَھَا | شَھِیْقًا | وَّ | ھِیَ | تَفُوْرُ | تَکَادُ | تَمَیَّزُ | مِنَ | الْغَیْظِ | کُلَّمَآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سنیں گے | واسطے اسکے | چلانا | اور | وہ | جوش کرتی ہوگی | قریب ہے کہ | پھٹ جائے | سے | غصہ | جب |

تو اس کا چیخنا چلانا سنیں گے اور وہ جوش مار رہی ہو گی ۝۷ گویا مارے جوش کے پھٹ پڑے گی۔ جب

اُلْقِیَ فِیْھَا فَوْجٌ سَاَلَھُمْ خَزَنَتُھَآ اَلَمْ یَاْتِکُمْ نَذِیْرٌ ۝۸ قَالُوْا بَلٰی قَدْ

| اُلْقِیَ | فِیْھَا | فَوْجٌ | سَاَلَھُمْ | خَزَنَتُھَآ | اَلَمْ | یَاْتِکُمْ | نَذِیْرٌ | قَالُوْا | بَلٰی | قَدْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈالی جائیگی | بیچ اسکے | کوئی جماعت | پوچھیں گے ان سے | داروغہ اس کے | کیا نہیں | آیا تمہارے پاس | ڈرانے والا | کہیں گے | ہاں | تحقیق |

اُس میں ان کی کوئی جماعت ڈالی جائے گی تو دوزخ کے داروغہ اُن سے پوچھیں گے کیا تمہارے پاس کوئی ہدایت کرنے والا نہیں آیا تھا؟ ۝۸ وہ کہیں گے

جَآءَنَا نَذِیْرٌ ۵ فَکَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللّٰہُ مِنْ شَیْءٍ ج اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا

| جَآءَنَا | نَذِیْرٌ | فَکَذَّبْنَا | وَ | قُلْنَا | مَا | نَزَّلَ | اللّٰہُ | مِنْ | شَیْءٍ | اِنْ | اَنْتُمْ | اِلَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آیا تھا ہمارے پاس | ڈرانے والا | پس جھٹلایا ہم نے | اور | کہا ہم نے | نہیں | اتاری | اللہ نے | کوئی | چیز | نہیں | تم | مگر |

کیوں نہیں ضرور ہدایت کرنے والا آیا تھا لیکن ہم نے اس کو جھٹلا دیا اور کہا کہ اللہ نے تو کوئی چیز نازل ہی نہیں کی۔ تم تو

فِيْ ضَلٰلٍ كَبِيْرٍ ﴿٩﴾ وَقَالُوْا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِيْٓ اَصْحٰبِ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْ | ضَلٰلٍ | كَبِيْرٍ | وَ | قَالُوْا | لَوْ | كُنَّا | نَسْمَعُ | اَوْ | نَعْقِلُ | مَا | كُنَّا | فِيْٓ | اَصْحٰبِ |
| بیچ | گمراہی کے | بڑی | اور | کہیں گے | اگر | ہوتے ہم | سنتے | یا | سمجھتے ہم | نہ | ہوتے ہم | بیچ | رہنے والوں |

بڑی غلطی میں (پڑے ہوئے) ہو﴿٩﴾ اور کہیں گے اگر ہم سنتے یا سمجھتے ہوتے تو دوزخیوں میں

السَّعِيْرِ ﴿١٠﴾ فَاعْتَرَفُوْا بِذَنْۢبِهِمْ ۚ فَسُحْقًا لِّاَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ﴿١١﴾

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| السَّعِيْرِ | فَاعْتَرَفُوْا | بِذَنْۢبِهِمْ | فَسُحْقًا | لِّاَصْحٰبِ | السَّعِيْرِ |
| دوزخ کے | پس اقرار کیا انہوں نے | اپنے گناہوں کا | پس دوری ہے | واسطے رہنے والوں | دوزخ کے |

نہ ہوتے﴿١٠﴾ پس وہ اپنے گناہوں کا اقرار کرلیں گے۔ سو دوزخیوں کے لیے (رحمتِ اللہ سے) دوری ہے﴿١١﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ﴿١٢﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّ | الَّذِيْنَ | يَخْشَوْنَ | رَبَّهُمْ | بِالْغَيْبِ | لَهُمْ | مَّغْفِرَةٌ | وَّ | اَجْرٌ | كَبِيْرٌ |
| بیشک | جولوگ | ڈرتے ہیں | رب اپنے سے | بن دیکھے | واسطے ان کے | بخشش ہے | اور | ثواب ہے | بڑا |

(اور) جو لوگ بن دیکھے اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں اُن کے لیے بخشش اور اجرِ عظیم ہے﴿١٢﴾

وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿١٣﴾ اَلَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَسِرُّوْا | قَوْلَكُمْ | اَوِاجْهَرُوْا | بِهٖ | اِنَّهٗ | عَلِيْمٌ | بِذَاتِ الصُّدُوْرِ | اَلَا |
| اور | چھپاؤ تم | بات اپنی | یا ظاہر کرو | اس کو | بیشک وہ | جانتا ہے | سینے والی بات کو | کیا نہ |

اور تم (لوگ) بات پوشیدہ کہو یا ظاہر۔ وہ دلوں کے بھیدوں تک سے واقف ہے﴿١٣﴾ بھلا جس

يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ۭ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿١٤﴾ ع هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ

ع ١٤

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْلَمُ | مَنْ | خَلَقَ | وَهُوَ | اللَّطِيْفُ | الْخَبِيْرُ | هُوَ | الَّذِيْ | جَعَلَ | لَكُمُ |
| جانے وہ | جس نے | پیدا کیا | اور وہ | باریک دیکھنے والا | خبردار ہے | وہی ہے | جس نے | کیا | واسطے تمہارے |

نے پیدا کیا وہ بے خبر ہے؟ وہ تو پوشیدہ باتوں کا جاننے والا اور (ہر چیز سے) آگاہ ہے﴿١٤﴾ وہی تو ہے جس نے تمہارے

الْاَرْضَ ذَلُوْلًا فَامْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا وَكُلُوْا مِنْ رِّزْقِهٖ ۭ وَاِلَيْهِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضَ | ذَلُوْلًا | فَامْشُوْا | فِيْ | مَنَاكِبِهَا | وَ | كُلُوْا | مِنْ | رِّزْقِهٖ | وَ | اِلَيْهِ |
| زمین کو | پست | پس چلو | بیچ | اس کی راہوں کے | اور | کھاؤ | سے | اس کے رزق | اور | طرف اسکی ہے |

لیے زمین کو نرم کیا تو اس کی راہوں میں چلو پھرو اور اللہ کا (دیا ہوا) رزق کھاؤ اور (تم کو) اسی کے پاس (قبروں سے)

النُّشُوۡرُ ﴿۱۵﴾ ءَاَمِنۡتُمۡ مَّنۡ فِی السَّمَآءِ اَنۡ یَّخۡسِفَ بِكُمُ الۡاَرۡضَ فَاِذَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| النُّشُوۡرُ | ءَاَمِنۡتُمۡ | مَّنۡ | فِی | السَّمَآءِ | اَنۡ | یَّخۡسِفَ | بِكُمُ | الۡاَرۡضَ | فَاِذَا |
| جی اٹھنا | کیا نڈر ہو تم | اس سے جو | بیچ | آسمان کے ہے | یہ کہ | دھنسا دے | تم کو | زمین میں | پس جب ناگاہ |

نکل کر جانا ہے ﴿۱۵﴾ کیا تم اس سے جو آسمان میں ہے بے خوف ہو کہ تم کو زمین میں دھنسا دے اور وہ اس وقت حرکت

هِیَ تَمُوۡرُ ﴿۱۶﴾ اَمۡ اَمِنۡتُمۡ مَّنۡ فِی السَّمَآءِ اَنۡ یُّرۡسِلَ عَلَیۡكُمۡ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هِیَ | تَمُوۡرُ | اَمۡ | اَمِنۡتُمۡ | مَّنۡ | فِی | السَّمَآءِ | اَنۡ | یُّرۡسِلَ | عَلَیۡكُمۡ |
| وہ | پھٹ جائے گی | یا | نڈر ہوئے تم | اس سے جو | بیچ | آسمان کے ہے | یہ کہ | بھیجے | اوپر تمہارے |

کرنے لگے ﴿۱۶﴾ کیا تم اس سے جو آسمان میں ہے نڈر ہو کہ تم پر کنکر بھری ہوا

حَاصِبًا ؕ فَسَتَعۡلَمُوۡنَ كَیۡفَ نَذِیۡرِ ﴿۱۷﴾ وَلَقَدۡ كَذَّبَ الَّذِیۡنَ مِنۡ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَاصِبًا | فَسَتَعۡلَمُوۡنَ | كَیۡفَ | نَذِیۡرِ | وَ | لَقَدۡ | كَذَّبَ | الَّذِیۡنَ |
| پتھروں کی بارش | پس البتہ جانو گے تم | کیوں کر تھا | ڈرانا میرا | اور | البتہ تحقیق | جھٹلایا | ان لوگوں نے جو کہ |

چھوڑ دے۔ سو تم عنقریب جان لو گے کہ میرا ڈرانا کیسا ہے ﴿۱۷﴾ اور جو لوگ ان سے پہلے تھے انہوں نے

قَبۡلِهِمۡ فَكَیۡفَ كَانَ نَكِیۡرِ ﴿۱۸﴾ اَوَلَمۡ یَرَوۡا اِلَی الطَّیۡرِ فَوۡقَهُمۡ صٰٓفّٰتٍ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنۡ قَبۡلِهِمۡ | فَكَیۡفَ | كَانَ | نَكِیۡرِ | اَوَلَمۡ | یَرَوۡا | اِلَی | الطَّیۡرِ | فَوۡقَهُمۡ | صٰٓفّٰتٍ |
| ان سے پہلے تھے | پس کیوں کر | ہوا | عذاب میرا | کیا نہیں | دیکھا انہوں نے | طرف | جانوروں کے | اوپر ان کے | پر کھولے ہوئے |

بھی جھٹلایا تھا سو (دیکھ لو کہ) میرا کیسا عذاب ہوا ﴿۱۸﴾ کیا انہوں نے اپنے سروں پر اڑتے جانوروں کو نہیں دیکھا جو پروں کو پھیلائے رہتے ہیں۔

وَّ یَقۡبِضۡنَ ؕۘ مَا یُمۡسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحۡمٰنُ ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَیۡءٍۭ بَصِیۡرٌ ﴿۱۹﴾ وقف لازم اختلاف وقف غفران وقف منزل

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | یَقۡبِضۡنَ | مَا | یُمۡسِكُهُنَّ | اِلَّا | الرَّحۡمٰنُ | اِنَّهٗ | بِكُلِّ | شَیۡءٍۭ | بَصِیۡرٌ |
| اور | پر جھپکتے ہوئے | نہیں | تھام رکھتا ان کو | مگر | اللہ رحمان | بیشک وہ | ہر | چیز کو | دیکھنے والا ہے |

اور ان کو سکیڑ بھی لیتے ہیں۔ اللہ کے سوا انہیں کوئی تھام نہیں سکتا۔ بیشک وہ ہر چیز کو دیکھ رہا ہے ﴿۱۹﴾

اَمَّنۡ هٰذَا الَّذِیۡ هُوَ جُنۡدٌ لَّكُمۡ یَنۡصُرُكُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ الرَّحۡمٰنِ ؕ اِنِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَمَّنۡ | هٰذَا | الَّذِیۡ | هُوَ | جُنۡدٌ لَّكُمۡ | یَنۡصُرُكُمۡ | مِّنۡ | دُوۡنِ | الرَّحۡمٰنِ | اِنِ |
| بھلا کون ہے | یہ | جو کہ | وہ | لشکر ہو واسطے تمہارے | مدد دے تم کو | سے | سوائے | اللہ رحمان کے | نہیں |

بھلا ایسا کون ہے جو تمہاری فوج ہو کر اللہ کے سوا تمہاری مدد کر سکے۔ کافر تو

الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِیْ غُرُوْرٍ ﴿۲۰﴾ ۚ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِیْ یَرْزُقُكُمْ اِنْ اَمْسَكَ

| الْكٰفِرُوْنَ | اِلَّا | فِیْ | غُرُوْرٍ | اَمَّنْ | هٰذَا | الَّذِیْ | یَرْزُقُكُمْ | اِنْ | اَمْسَكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کافر | مگر | بیچ | فریب کے | بھلا کون ہے وہ | یہ | جو | رزق دیتا ہے تم کو | اگر | بند کر لے |

دھوکے میں ہیں ﴿۲۰﴾ بھلا اگر وہ اپنا رزق بند کر لے تو کون ہے جو تم کو رزق

رِزْقَهٗ ۚ بَلْ لَّجُّوْا فِیْ عُتُوٍّ وَّنُفُوْرٍ ﴿۲۱﴾ اَفَمَنْ یَّمْشِیْ مُكِبًّا عَلٰی وَجْهِهٖۤ

| رِزْقَهٗ | بَلْ | لَّجُّوْا | فِیْ | عُتُوٍّ | وَّ | نُفُوْرٍ | اَفَمَنْ | یَّمْشِیْ | مُكِبًّا | عَلٰی | وَجْهِهٖۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رزق اپنا | بلکہ | لگے جاتے ہیں | بیچ | سرکشی | اور | بدکنے کے | کیا پس وہ شخص کہ | چلتا ہے | گرا ہوا | اوپر | اپنے منہ کے |

دے؟ لیکن یہ سرکشی اور نفرت میں پھنسے ہوئے ہیں ﴿۲۱﴾ بھلا جو شخص چلتا ہوا منہ کے بل گر پڑتا ہے

اَهْدٰۤی اَمَّنْ یَّمْشِیْ سَوِیًّا عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۲۲﴾ قُلْ هُوَ

| اَهْدٰۤی | اَمَّنْ | یَّمْشِیْ | سَوِیًّا | عَلٰی | صِرَاطٍ | مُّسْتَقِیْمٍ | قُلْ | هُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بہت راہ پانیوالا ہے | یا وہ جو کہ | چلتا ہے | برابر | اوپر | راہ | سیدھی کے | کہہ | وہ ہے |

وہ سیدھے رستے پر ہے یا وہ جو سیدھے رستے پر برابر چل رہا ہو؟ ﴿۲۲﴾ وہ اللہ ہی

الَّذِیْۤ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِیْلًا

| الَّذِیْۤ | اَنْشَاَكُمْ | وَجَعَلَ | لَكُمُ | السَّمْعَ | وَ | الْاَبْصَارَ | وَ | الْاَفْـِٕدَةَ | قَلِیْلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جس نے | پیدا کیا تم کو | اور کیا | واسطے تمہارے | سننا | اور | دیکھنا | اور | دل | تھوڑا سا ہے |

تو ہے جس نے تم کو پیدا کیا اور تمہارے کان اور آنکھیں اور دل بنائے۔ (مگر) تم کم

مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۲۳﴾ قُلْ هُوَ الَّذِیْ ذَرَاَكُمْ فِی الْاَرْضِ وَ اِلَیْهِ

| مَّا | تَشْكُرُوْنَ | قُلْ | هُوَ | الَّذِیْ | ذَرَاَكُمْ | فِی | الْاَرْضِ | وَ | اِلَیْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو | شکر کرتے ہو تم | کہہ | وہی ہے | جس نے | پھیلایا تم کو | بیچ | زمین کے | اور | طرف اسکی |

احسان مانتے ہو ﴿۲۳﴾ کہہ دو کہ وہی ہے جس نے تم کو زمین میں پھیلایا اور اسی کے روبرو تم جمع

تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَیَقُوْلُوْنَ مَتٰی هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۲۵﴾

| تُحْشَرُوْنَ | وَ | یَقُوْلُوْنَ | مَتٰی | هٰذَا | الْوَعْدُ | اِنْ | كُنْتُمْ | صٰدِقِیْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اکٹھے کیے جاؤ گے | اور | کہتے ہیں | کب ہے | یہ | وعدہ | اگر | ہو تم | سچے |

کیے جاؤ گے ﴿۲۴﴾ اور کافر کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو یہ وعید کب (پوری) ہو گی؟ ﴿۲۵﴾

قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۪ وَ اِنَّمَاۤ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲۶﴾ فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلْ | اِنَّمَا | الْعِلْمُ | عِنْدَ | اللّٰهِ | وَ | اِنَّمَاۤ | اَنَا | نَذِيْرٌ | مُّبِيْنٌ | فَلَمَّا | رَاَوْهُ | زُلْفَةً |
| کہہ | سوائے اسکے نہیں کہ | علم | نزدیک | اللہ کے ہے | اور | سوائے اسکے نہیں کہ | میں | ڈرانے والا ہوں | ظاہر | پس جب | دیکھیں گے اسکو | نزدیک ہوئی |

کہہ دو کہ اس کا علم اللہ ہی کو ہے۔ اور میں تو کھول کھول کر ڈر سنا دینے والا ہوں ﴿۲۶﴾ سو جب وہ دیکھ لیں گے

سِيْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ قِيْلَ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سِيْٓـَٔتْ | وُجُوْهُ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | وَ | قِيْلَ | هٰذَا | الَّذِيْ | كُنْتُمْ | بِهٖ |
| برے بن جائینگے | چہرے | ان لوگوں کے کہ | کافر ہوئے | اور | کہا جائے گا | یہ ہے | وہ جو | تھے تم | اس کو |

کہ وہ (وعدہ) قریب آ گیا تو کافروں کے منہ برے ہو جائیں گے۔ اور (اُن سے) کہا جائے گا کہ یہ وہی ہے جس

تَدَّعُوْنَ ﴿۲۷﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ وَمَنْ مَّعِيَ اَوْ رَحِمَنَا ۙ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَدَّعُوْنَ | قُلْ | اَرَءَيْتُمْ | اِنْ | اَهْلَكَنِيَ | اللّٰهُ | وَ | مَنْ | مَّعِيَ | اَوْ | رَحِمَنَا |
| مانگتے | کہہ | کیا دیکھا تم نے | اگر | ہلاک کرے مجھ کو | اللہ | اور | جو کہ | ساتھ میرے ہیں | یا | رحم کرے ہم کو |

کے تم خواستگار تھے ﴿۲۷﴾ کہو کہ بھلا دیکھو تو اگر اللہ مجھ کو اور میرے ساتھیوں کو ہلاک کر دے یا ہم پر مہربانی کرے

فَمَنْ يُّجِيْرُ الْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۸﴾ قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَمَنْ | يُّجِيْرُ | الْكٰفِرِيْنَ | مِنْ | عَذَابٍ | اَلِيْمٍ | قُلْ | هُوَ | الرَّحْمٰنُ | اٰمَنَّا | بِهٖ |
| پس کون | پناہ دے گا | کافروں کو | سے | عذاب | درد دینے والے | کہہ | وہی ہے | رحمان | ایمان لائے ہم | اس پر |

تو کون ہے جو کافروں کو دکھ دینے والے عذاب سے پناہ دے؟ ﴿۲۸﴾ کہہ دو کہ وہ (جو اللہ) رحمٰن (ہے) ہم اسی پر ایمان لائے

وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۹﴾ قُلْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | عَلَيْهِ | تَوَكَّلْنَا | فَسَتَعْلَمُوْنَ | مَنْ | هُوَ | فِيْ | ضَلٰلٍ | مُّبِيْنٍ | قُلْ |
| اور | اس پر | توکل کیا ہم نے | پس جلدی جان لیں گے | کون ہے | وہ | بیچ | گمراہی کے | ظاہر | کہہ |

اور اسی پر بھروسا رکھتے ہیں۔ تم کو جلد معلوم ہو جائے گا کہ صریح گمراہی میں کون پڑ رہا تھا ﴿۲۹﴾ کہو

اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ﴿۳۰﴾ ع ۲ ۱۶

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَرَءَيْتُمْ | اِنْ | اَصْبَحَ | مَآؤُكُمْ | غَوْرًا | فَمَنْ | يَّاْتِيْكُمْ | بِمَآءٍ | مَّعِيْنٍ |
| کیا دیکھا تم نے | اگر | ہو جائے | پانی تمہارا | خشک | پس کون ہے جو | لائیگا تمہارے پاس | پانی | جاری |

کہ بھلا دیکھو تو اگر تمہارا پانی (جو تم پیتے ہو اور برتتے ہو) خشک ہو جائے تو (اللہ کے سوا) کون ہے جو تمہارے لیے شیریں پانی کا چشمہ بہا لائے؟ ﴿۳۰﴾

اٰياتها ٥٢ — ٦٨ سُوْرَةُ الْقَلَمِ مَكِّيَّةٌ ٢ — ركوعاتها ٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۙ﴿۱﴾ مَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ ۚ﴿۲﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نٓ | وَالْقَلَمِ | وَ | مَا | يَسْطُرُوْنَ | مَآ | اَنْتَ | بِنِعْمَةِ | رَبِّكَ | بِمَجْنُوْنٍ |
| نٓ | قسم ہے قلم کی | اور | اس چیز کی کہ | لکھتے ہیں | نہیں | تو | ساتھ نعمت | رب اپنے کے | دیوانہ |

نٓ۔ قلم کی اور جو (اہلِ قلم) لکھتے ہیں اس کی قسم ﴿۱﴾ کہ (اے محمد ﷺ) تم اپنے پروردگار کے فضل سے دیوانے نہیں ہو ﴿۲﴾

وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ۚ﴿۳﴾ وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ﴿۴﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اِنَّ | لَكَ | لَاَجْرًا | غَيْرَ | مَمْنُوْنٍ | وَ | اِنَّكَ | لَعَلٰى | خُلُقٍ | عَظِيْمٍ |
| اور | بیشک | واسطے تیرے | البتہ اجر ہے | نہ | کاٹا گیا | اور | بیشک تو | البتہ اوپر | اخلاق | بڑے کے ہے |

اور تمہارے لیے بے انتہا اجر ہے ﴿۳﴾ اور تمہارے اخلاق بڑے (عالی) ہیں ﴿۴﴾

فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُوْنَ ۙ﴿۵﴾ بِاَيِّكُمُ الْمَفْتُوْنُ ﴿۶﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَسَتُبْصِرُ | وَ | يُبْصِرُوْنَ | بِاَيِّكُمُ | الْمَفْتُوْنُ | اِنَّ | رَبَّكَ | هُوَ |
| پس عنقریب دیکھے گا | اور | دیکھیں گے وہ | کون ہے تم میں سے | دیوانہ | بیشک | رب تیرا | وہی |

سو عنقریب تم بھی دیکھ لوگے اور یہ (کافر) بھی دیکھ لیں گے ﴿۵﴾ کہ تم میں سے کون دیوانہ ہے ﴿۶﴾ تمہارا پروردگار اس کو بھی

اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۠ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۷﴾ فَلَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَعْلَمُ | بِمَنْ | ضَلَّ | عَنْ | سَبِيْلِهٖ | وَ | هُوَ | اَعْلَمُ | بِالْمُهْتَدِيْنَ | فَلَا |
| خوب جانتا ہے | اس کو جو | گمراہ ہوا | سے | اپنی راہ | اور | وہی | خوب جانتا ہے | راہ پانے والوں کو | پس مت |

خوب جانتا ہے جو اس کے رستے سے بھٹک گیا اور ان کو بھی خوب جانتا ہے جو سیدھے رستے پر چل رہے ہیں ﴿۷﴾ تو

تُطِعِ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۸﴾ وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ ﴿۹﴾ وَلَا تُطِعْ كُلَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُطِعِ | الْمُكَذِّبِيْنَ | وَدُّوْا | لَوْ تُدْهِنُ | فَيُدْهِنُوْنَ | وَ | لَا | تُطِعْ | كُلَّ |
| کہا مان | جھٹلانے والوں کا | دوست رکھتے ہیں | کاش کہ اگر تو سستی کرے | پس وہ بھی سستی کریں | اور | مت | کہا مان | ہر ایک |

تم جھٹلانے والوں کا کہا نہ ماننا ﴿۸﴾ یہ لوگ چاہتے ہیں کہ تم نرمی اختیار کرو تو یہ بھی نرم ہو جائیں ﴿۹﴾ اور کسی ایسے شخص کے کہنے میں نہ آجانا

حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ ﴿۱۰﴾ هَمَّازٍ مَّشَّآءٍۭ بِنَمِيْمٍ ﴿۱۱﴾ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَلَّافٍ | مَّهِيْنٍ | هَمَّازٍ | مَّشَّآءٍ | بِنَمِيْمٍ | مَّنَّاعٍ | لِّلْخَيْرِ | مُعْتَدٍ |
| قسم کھانیوالے | ذلیل کا | طعن آمیز اشارے کرنیوالا | چلنے والا | چغلیاں لیکر | منع کرنے والا | بھلائی کا | حد سے نکل جانیوالا |

جو بہت قسمیں کھانے والا ذلیل اوقات ہے ﴿۱۰﴾ طعن آمیز اشارتیں کرنے والا چغلیاں لیے پھرنے والا ﴿۱۱﴾ مال میں بخل کرنے والا

اَثِيْمٍ ﴿۱۲﴾ عُتُلٍّۭ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ ﴿۱۳﴾ اَنْ كَانَ ذَا مَالٍ وَّبَنِيْنَ ﴿۱۴﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَثِيْمٍ | عُتُلٍّ | بَعْدَ | ذٰلِكَ | زَنِيْمٍ | اَنْ | كَانَ | ذَا | مَالٍ | وَّ | بَنِيْنَ |
| گنہگار | اجڈ | بعد | ان سب کے | بدنام | اس واسطے کہ | تھا | صاحب | مال کا | اور | بیٹوں کا |

حد سے بڑھا ہوا بدکار ﴿۱۲﴾ سخت خو اور اس کے علاوہ بدذات ہے ﴿۱۳﴾ اس سبب سے کہ مال اور بیٹے رکھتا ہے ﴿۱۴﴾

اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۵﴾ سَنَسِمُهٗ عَلَى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِذَا | تُتْلٰى | عَلَيْهِ | اٰيٰتُنَا | قَالَ | اَسَاطِيْرُ | الْاَوَّلِيْنَ | سَنَسِمُهٗ | عَلَى |
| جسوقت | پڑھی جاتی ہیں | اوپر اس کے | ہماری آیتیں | کہتا ہے | کہانیاں ہیں | پہلوں کی | عنقریب داغ دینگے ہم اسکو | اوپر |

جب اس کو ہماری آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو کہتا ہے کہ یہ اگلے لوگوں کے افسانے ہیں ﴿۱۵﴾ ہم عنقریب اس کی ناک

الْخُرْطُوْمِ ﴿۱۶﴾ اِنَّا بَلَوْنٰهُمْ كَمَا بَلَوْنَآ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ ۚ اِذْ اَقْسَمُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْخُرْطُوْمِ | اِنَّا | بَلَوْنٰهُمْ | كَمَا | بَلَوْنَآ | اَصْحٰبَ | الْجَنَّةِ | اِذْ | اَقْسَمُوْا |
| ناک کے | بیشک | آزمایا ہے ہم نے انکو | جیسا کہ | آزمایا ہم نے | رہنے والے | باغ کو | جس وقت | قسم کھائی انہوں نے |

پر داغ لگائیں گے ﴿۱۶﴾ ہم نے ان لوگوں کی اسی طرح آزمائش کی ہے جس طرح باغ والوں کی آزمائش کی تھی جب انہوں نے قسمیں کھا کھا کر کہا

لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَطَافَ عَلَيْهَا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَيَصْرِمُنَّهَا | مُصْبِحِيْنَ | وَ | لَا | يَسْتَثْنُوْنَ | فَطَافَ | عَلَيْهَا |
| البتہ کاٹیں گے اس کو | صبح ہوتے | اور | نہ | کہتے تھے ان شاءاللہ | پس پھر گیا | اوپر اس کے |

کہ صبح ہوتے ہوتے ہم اس کا میوہ توڑ لیں گے ﴿۱۷﴾ اور انشاء اللہ نہ کہا ﴿۱۸﴾ سو وہ ابھی سو ہی رہے تھے کہ تمہارے

طَآئِفٌ مِّنْ رَّبِّكَ وَهُمْ نَآئِمُوْنَ ﴿۱۹﴾ فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ ﴿۲۰﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طَآئِفٌ | مِّنْ | رَّبِّكَ | وَ | هُمْ | نَآئِمُوْنَ | فَاَصْبَحَتْ | كَالصَّرِيْمِ |
| ایک پھر جانیوالا | طرف سے | پروردگار تیرے کی | اور | وہ | سورہے تھے | پس صبح تک ہوگیا | جیسے جڑ سے کٹا ہوا |

پروردگار کی طرف سے (راتوں رات) اس پر ایک آفت پھر گئی ﴿۱۹﴾ تو وہ ایسا ہو گیا جیسے کٹی ہوئی کھیتی ﴿۲۰﴾

فَتَنَادَوْا مُصْبِحِيْنَ ﴿٢١﴾ اَنِ اغْدُوْا عَلٰى حَرْثِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

| فَتَنَادَوْا | مُصْبِحِيْنَ | اَنِ | اغْدُوْا | عَلٰى | حَرْثِكُمْ | اِنْ | كُنْتُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس پکارنے لگے ایک دوسرے کو | صبح ہوتے | یہ کہ | سویرے چلو | اوپر | اپنی کھیتی کے | اگر | ہوتم |

جب صبح ہوئی تو وہ لوگ ایک دوسرے کو پکارنے لگے ﴿۲۱﴾ کہ اگر تم کو کاٹنا ہے تو اپنی کھیتی پر سویرے ہی

صٰرِمِيْنَ ﴿٢٢﴾ فَانْطَلَقُوْا وَهُمْ يَتَخَافَتُوْنَ ﴿٢٣﴾ اَنْ لَّا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ

| صٰرِمِيْنَ | فَانْطَلَقُوْا | وَ | هُمْ | يَتَخَافَتُوْنَ | اَنْ | لَّا | يَدْخُلَنَّهَا | الْيَوْمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کاٹنے والے | پس چل پڑے | اور | وہ تھے | چپکے چپکے باتیں کرتے آپس میں | یہ کہ | نہ | داخل ہو اس میں | آج |

جا پہنچو ﴿۲۲﴾ تو وہ چل پڑے اور آپس میں چپکے چپکے کہتے جاتے تھے ﴿۲۳﴾ کہ آج یہاں تمہارے پاس

عَلَيْكُمْ مِّسْكِيْنٌ ﴿٢٤﴾ وَّغَدَوْا عَلٰى حَرْدٍ قٰدِرِيْنَ ﴿٢٥﴾ فَلَمَّا رَاَوْهَا

| عَلَيْكُمْ | مِّسْكِيْنٌ | وَّ | غَدَوْا | عَلٰى | حَرْدٍ | قٰدِرِيْنَ | فَلَمَّا | رَاَوْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر تمہارے | کوئی محتاج | اور | سویرے گئے | اوپر | تیزی کے | اندازہ کرکر | پس جب | دیکھا اس کو |

کوئی فقیر نہ آنے پائے ﴿۲۴﴾ اور کوشش کے ساتھ سویرے ہی جا پہنچے (گویا کھیتی پر) قادر (ہیں) ﴿۲۵﴾ جب باغ کو دیکھا تو

قَالُوْٓا اِنَّا لَضَآلُّوْنَ ﴿٢٦﴾ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿٢٧﴾ قَالَ اَوْسَطُهُمْ

| قَالُوْٓا | اِنَّا | لَضَآلُّوْنَ | بَلْ | نَحْنُ | مَحْرُوْمُوْنَ | قَالَ | اَوْسَطُهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بولے | بیشک ہم | البتہ راہ بھول گئے ہیں | بلکہ | ہم | محروم ہوگئے | کہا | ان کے بیچ والے نے |

(ویران) کہنے لگے کہ ہم رستہ بھول گئے ہیں ﴿۲۶﴾ نہیں بلکہ ہم (برگشتہ بخت) بےنصیب ہیں ﴿۲۷﴾ ایک جو اُن میں فرزانہ تھا

اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُوْنَ ﴿٢٨﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنَّا كُنَّا

| اَلَمْ | اَقُلْ | لَّكُمْ | لَوْ | لَا | تُسَبِّحُوْنَ | قَالُوْا | سُبْحٰنَ | رَبِّنَآ | اِنَّا | كُنَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا نہیں | کہا میں نے | تم کو | کیوں | نہیں | پاکی بولتے اللہ کی | کہا انہوں نے | پاکی ہے | پروردگار ہمارے کی | بیشک ہم | ہم تھے |

بولا کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ تم تسبیح کیوں نہیں کرتے؟ ﴿۲۸﴾ (تب) وہ کہنے لگے کہ ہمارا پروردگار پاک ہے بیشک ہم

ظٰلِمِيْنَ ﴿٢٩﴾ فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَلَاوَمُوْنَ ﴿٣٠﴾ قَالُوْا

| ظٰلِمِيْنَ | فَاَقْبَلَ | بَعْضُهُمْ | عَلٰى | بَعْضٍ | يَّتَلَاوَمُوْنَ | قَالُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ظالم | پس منہ کیا | ان کے بعض نے | اوپر | بعضوں کے | ملامت کرتے ہوئے | کہا انہوں نے |

ہی قصوروار تھے ﴿۲۹﴾ پھر لگے ایک دوسرے کو رُو دررُو ملامت کرنے ﴿۳۰﴾ کہنے لگے

يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا طٰغِيْنَ ﴿۳۱﴾ عَسٰى رَبُّنَآ اَنْ يُّبْدِلَنَا خَيْرًا مِّنْهَآ اِنَّآ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰوَيْلَنَآ | اِنَّا | كُنَّا | طٰغِيْنَ | عَسٰى | رَبُّنَآ | اَنْ | يُّبْدِلَنَا | خَيْرًا | مِّنْهَآ | اِنَّآ |
| اے وائے ہے ہم کو | بیشک ہم | تھے ہم | سرکش | عنقریب | رب ہمارا | یہ کہ | بدلہ دے ہم کو | بہتر | اس سے | تحقیق ہم |

ہائے شامت ہماری ہم ہی حد سے بڑھ گئے تھے ﴿۳۱﴾ امید ہے کہ ہمارا پروردگار اس کے بدلے میں ہمیں اس سے بہتر باغ عنایت کرے

اِلٰى رَبِّنَا رٰغِبُوْنَ ﴿۳۲﴾ كَذٰلِكَ الْعَذَابُ ؕ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ وقف لازم

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلٰى | رَبِّنَا | رٰغِبُوْنَ | كَذٰلِكَ | الْعَذَابُ | وَ | لَعَذَابُ | الْاٰخِرَةِ | اَكْبَرُ |
| طرف | اپنے پروردگار کی | رغبت کرنیوالے ہیں | اسی طرح ہے | عذاب | اور | البتہ عذاب | آخرت کا | بہت بڑا ہے |

ہم اپنے پروردگار کی طرف رجوع لاتے ہیں ﴿۳۲﴾ (دیکھو) عذاب یوں ہوتا ہے۔اور آخرت کا عذاب اس سے کہیں بڑھ کر ہے

لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۳﴾ ع اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتِ ع ۱ ۳

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَوْ | كَانُوْا | يَعْلَمُوْنَ | اِنَّ | لِلْمُتَّقِيْنَ | عِنْدَ | رَبِّهِمْ | جَنّٰتِ |
| اگر | ہوتے | جانتے | بیشک | واسطے پرہیزگاروں کے | نزدیک | ان کے رب کے | بہشتیں ہیں |

کاش! یہ لوگ جانتے ہوتے ﴿۳۳﴾ پرہیزگاروں کے لیے ان کے پروردگار کے ہاں نعمت

النَّعِيْمِ ﴿۳۴﴾ اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِيْنَ كَالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۳۵﴾ ؕ مَا لَكُمْ ۟ وقفة كَيْفَ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| النَّعِيْمِ | اَفَنَجْعَلُ | الْمُسْلِمِيْنَ | كَالْمُجْرِمِيْنَ | مَالَكُمْ | كَيْفَ |
| نعمتوں کی | کیا پس کردیں ہم | مسلمانوں کو | مانند گنہگاروں کے | کیا ہے تم کو | کیوں کر |

کے باغ ہیں ﴿۳۴﴾ کیا ہم فرمانبرداروں کو نافرمانوں کی طرح (نعمتوں سے محروم) کر دیں گے ﴿۳۵﴾ تمہیں کیا ہوگیا ہے

تَحْكُمُوْنَ ﴿۳۶﴾ ج اَمْ لَكُمْ كِتٰبٌ فِيْهِ تَدْرُسُوْنَ ﴿۳۷﴾ لا اِنَّ لَكُمْ فِيْهِ لَمَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَحْكُمُوْنَ | اَمْ | لَكُمْ | كِتٰبٌ | فِيْهِ | تَدْرُسُوْنَ | اِنَّ | لَكُمْ | فِيْهِ | لَمَا |
| فیصلہ کرتے ہو | کیا | واسطے تمہارے | کتاب ہے کوئی | بیچ اسکے | پڑھتے ہو تم | بیشک | واسطے تمہارے | بیچ اسکے ہے | جو |

کیسی تجویزیں کرتے ہو؟ ﴿۳۶﴾ کیا تمہارے پاس کوئی کتاب ہے جس میں (یہ) پڑھتے ہو ﴿۳۷﴾ کہ جو چیز تم پسند کرو گے

تَخَيَّرُوْنَ ﴿۳۸﴾ ج اَمْ لَكُمْ اَيْمَانٌ عَلَيْنَا بَالِغَةٌ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۙ اِنَّ لَكُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَخَيَّرُوْنَ | اَمْ | لَكُمْ | اَيْمَانٌ | عَلَيْنَا | بَالِغَةٌ | اِلٰى | يَوْمِ | الْقِيٰمَةِ | اِنَّ | لَكُمْ |
| تم پسند کرو | کیا | واسطے تمہارے | قسمیں ہیں | اوپر ہمارے | پہنچنے والی ہیں | تک | دن | قیامت | بیشک | واسطے تمہارے |

وہ تم کو ضرور ملے گی ﴿۳۸﴾ یاتم نے ہم سے قسمیں لے رکھی ہیں جو قیامت کے دن تک چلی جائیں گی کہ جس شے کا تم حکم کرو

لَمَا تَحْكُمُوْنَ ﴿٣٩﴾ ج سَلْهُمْ اَيُّهُمْ بِذٰلِكَ زَعِيْمٌ ﴿٤٠﴾ جۚ اَمْ لَهُمْ شُرَكَآءُ ۚ ۵ع

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَمَا | تَحْكُمُوْنَ | سَلْهُمْ | اَيُّهُمْ | بِذٰلِكَ | زَعِيْمٌ | اَمْ | لَهُمْ | شُرَكَآءُ |
| جو کچھ | حکم کرو | پوچھو ان سے | کون سا ان میں سے | ساتھ اس کے | ضامن ہے | کیا | واسطے ان کے | شریک ہیں |

گے وہ تمہارے لیے حاضر ہوگی (٣٩) اُن سے پوچھو کہ ان میں سے اس کا کون ذمہ لیتا ہے؟ (٤٠) کیا (اس قول میں) اُن کے اور بھی شریک ہیں؟

فَلْيَاْتُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿٤١﴾ يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَلْيَاْتُوْا | بِشُرَكَآئِهِمْ | اِنْ | كَانُوْا | صٰدِقِيْنَ | يَوْمَ | يُكْشَفُ | عَنْ | سَاقٍ |
| پس چاہیے کہ لے آئیں | اپنے شریکوں کو | اگر | ہیں | سچے | جس دن کہ | کھولا جائے گا | سے | پنڈلی |

اگر یہ سچے ہیں تو اپنے شریکوں کو لا سامنے کریں (٤١) جس دن پنڈلی سے کپڑا اٹھا دیا جائے گا

وَّيُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿٤٢﴾ لا خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | يُدْعَوْنَ | اِلَى | السُّجُوْدِ | فَلَا | يَسْتَطِيْعُوْنَ | خَاشِعَةً | اَبْصَارُهُمْ |
| اور | بلائے جائیں گے | طرف | سجدے کی | پس نہ | کر سکیں گے | نیچے ہوں گی | آنکھیں ان کی |

اور کفار سجدے کے لیے بلائے جائیں گے تو وہ سجدہ نہ کر سکیں گے (٤٢) اُن کی آنکھیں جھکی ہوئی ہوں گی

تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ط وَقَدْ كَانُوْا يُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ وَهُمْ سٰلِمُوْنَ ﴿٤٣﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَرْهَقُهُمْ | ذِلَّةٌ | وَ | قَدْ | كَانُوْا | يُدْعَوْنَ | اِلَى | السُّجُوْدِ | وَهُمْ | سٰلِمُوْنَ |
| ڈھانکتی ہوگی | ان کو ذلت | اور | تحقیق | تھے وہ | بلائے جاتے | طرف | سجدے کی | اور وہ | صحیح سالم تھے |

اور اُن پر ذلت چھا رہی ہوگی حالانکہ پہلے (اس وقت) سجدے کے لیے بلائے جاتے تھے جبکہ صحیح و سالم تھے (٤٣)

فَذَرْنِيْ وَمَنْ يُّكَذِّبُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ ط سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَذَرْنِيْ | وَ | مَنْ | يُّكَذِّبُ | بِهٰذَا | الْحَدِيْثِ | سَنَسْتَدْرِجُهُمْ | مِّنْ |
| پس چھوڑ مجھ کو | اور | ان کو جو کہ | جھٹلائیں | یہ | بات | عنقریب آہستہ آہستہ کھینچیں گے ہم ان کو | سے |

تو مجھ کو اس کلام کے جھٹلانے والوں سے سمجھ لینے دو۔ ہم ان کو آہستہ آہستہ ایسے طریق سے پکڑیں گے کہ اُن کو خبر

حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٤٤﴾ لا وَاُمْلِيْ لَهُمْ ط اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿٤٥﴾ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَيْثُ | لَا | يَعْلَمُوْنَ | وَ | اُمْلِيْ | لَهُمْ | اِنَّ | كَيْدِيْ | مَتِيْنٌ | اَمْ | تَسْـَٔلُهُمْ |
| اس طرح کہ | نہیں | جانتے | اور | ڈھیل دوں گا میں | ان کو | بیشک | تدبیر میری | مضبوط ہے | کیا | مانگتا ہے تو ان سے |

بھی نہ ہوگی (٤٤) اور میں اُن کو مہلت دیے جاتا ہوں۔ میری تدبیر قوی ہے (٤٥) کیا تم ان سے

اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ﴿۴۶﴾ؕ اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَجْرًا | فَهُمْ | مِّنْ | مَّغْرَمٍ | مُّثْقَلُوْنَ | اَمْ | عِنْدَهُمُ | الْغَيْبُ | فَهُمْ |
| کچھ بدلہ | پس وہ | سے | تاوان | بوجھل ہیں | کیا | ان کے پاس | علم غیب ہے | پس وہ |

کچھ اجر مانگتے ہو کہ ان پر تاوان کا بوجھ پڑ رہا ہے ﴿۴۶﴾ یا اُن کے پاس غیب کی خبر ہے کہ (اسے) لکھتے

يَكْتُبُوْنَ ﴿۴۷﴾ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُنْ كَصَاحِبِ الْحُوْتِ ۘ اِذْ وقف لازم

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَكْتُبُوْنَ | فَاصْبِرْ | لِحُكْمِ | رَبِّكَ | وَ | لَا | تَكُنْ | كَصَاحِبِ | الْحُوْتِ | اِذْ |
| لکھ لیتے ہیں | پس صبر کر | واسطے حکم | پروردگار اپنے کے | اور | مت | ہو | مانند صاحب | مچھلی کے | جسوقت کہ |

جاتے ہیں ﴿۴۷﴾ تو اپنے پروردگار کے حکم کے انتظار میں صبر کیے رہو اور مچھلی (کا لقمہ ہونے) والے (یونس) کی طرح نہ ہونا کہ انہوں نے (اللہ کو)

نَادٰى وَهُوَ مَكْظُوْمٌ ﴿۴۸﴾ؕ لَوْلَآ اَنْ تَدٰرَكَهٗ نِعْمَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ لَنُبِذَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَادٰى | وَ | هُوَ | مَكْظُوْمٌ | لَوْ | لَآ | اَنْ | تَدٰرَكَهٗ | نِعْمَةٌ | مِّنْ | رَّبِّهٖ | لَنُبِذَ |
| پکارا اس نے | اور | وہ | غم سے بھرا تھا | اگر | نہ ہوتا | یہ کہ | پالیا اس کو | نعمت نے | سے | اپنے رب | البتہ ڈالا جاتا |

پکارا اور وہ (غم و) غصے میں بھرے ہوئے تھے ﴿۴۸﴾ اگر اُن کے پروردگار کی مہربانی اُن کی یاوری نہ کرتی

بِالْعَرَآءِ وَهُوَ مَذْمُوْمٌ ﴿۴۹﴾ فَاجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَجَعَلَهٗ مِنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِالْعَرَآءِ | وَ | هُوَ | مَذْمُوْمٌ | فَاجْتَبٰهُ | رَبُّهٗ | فَجَعَلَهٗ | مِنَ |
| چٹیل میدان میں | اور | وہ | ابتر حال میں ہوتا | پس برگزیدہ کیا اس کو | اس کے رب نے | پس کیا اس کو | سے |

تو وہ چٹیل میدان میں ڈال دیے جاتے اور ان کا حال ابتر ہو جاتا ﴿۴۹﴾ پھر اُن کے پروردگار نے ان کو برگزیدہ کر کے نیکوکاروں

الصّٰلِحِيْنَ ﴿۵۰﴾ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصّٰلِحِيْنَ | وَ | اِنْ | يَّكَادُ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | لَيُزْلِقُوْنَكَ | بِاَبْصَارِهِمْ | لَمَّا |
| صالحوں میں | اور | تحقیق | نزدیک ہیں | وہ لوگ کہ | کافر ہوئے | البتہ بچلائیں گے تجھ کو | ساتھ نظروں اپنی کے | جب |

میں کر لیا ﴿۵۰﴾ اور کافر جب (یہ) نصیحت (کی کتاب) سنتے ہیں تو یوں لگتے ہیں کہ تم کو اپنی نگاہوں

سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۵۱﴾ۘ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۲﴾ع وقف لازم ع ۲

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَمِعُوا | الذِّكْرَ | وَ | يَقُوْلُوْنَ | اِنَّهٗ | لَمَجْنُوْنٌ | وَ | مَا | هُوَ | اِلَّا | ذِكْرٌ | لِّلْعٰلَمِيْنَ |
| سنتے ہیں | ذکر | اور | کہتے ہیں | بیشک وہ | البتہ دیوانہ ہے | اور | نہیں | یہ | مگر | نصیحت | واسطے جہانوں کے |

سے پھسلا دیں گے اور کہتے ہیں کہ یہ تو دیوانہ ہے ﴿۵۱﴾ اور (لوگو) یہ (قرآن) اہلِ عالم کے لیے نصیحت ہے ﴿۵۲﴾

ایاتها ۵۲ | ۶۹ سُوْرَةُ الْحَآقَّةِ مَكِّيَّةٌ ۷۸ | رکوعاتها ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلْحَآقَّةُ ۝١ مَا الْحَآقَّةُ ۝٢ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحَآقَّةُ ۝٣ كَذَّبَتْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلْحَآقَّةُ | مَا | الْحَآقَّةُ | وَ | مَآ | اَدْرٰىكَ | مَا | الْحَآقَّةُ | كَذَّبَتْ |
| حق ہونے والی | کیا ہے | حق ہونے والی | اور | کس چیز نے | جتایا تجھ کو | کیا ہے | حق ہونے والی | جھٹلایا تھا |

سچ مچ ہونے والی (۱) وہ سچ مچ ہونے والی کیا ہے؟ (۲) اور تم کو کیا معلوم ہے کہ وہ سچ مچ ہونے والی کیا ہے (۳) (وہی) کھڑکھڑانے

ثَمُوْدُ وَعَادٌۢ بِالْقَارِعَةِ ۝٤ فَاَمَّا ثَمُوْدُ فَاُهْلِكُوْا بِالطَّاغِيَةِ ۝٥

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثَمُوْدُ | وَ | عَادٌ | بِالْقَارِعَةِ | فَاَمَّا | ثَمُوْدُ | فَاُهْلِكُوْا | بِالطَّاغِيَةِ |
| ثمود نے | اور | عاد نے | کوٹ ڈالنے والی کو | پس جو | ثمود تھے | ہلاک کیے گئے | ساتھ کڑک کے |

والی (جس) کو ثمود اور عاد (دونوں) نے جھٹلایا (۴) سو ثمود تو کڑک سے ہلاک کر دیے گئے (۵)

وَاَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ۝٦ سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَمَّا | عَادٌ | فَاُهْلِكُوْا | بِرِيْحٍ | صَرْصَرٍ | عَاتِيَةٍ | سَخَّرَهَا | عَلَيْهِمْ |
| اور | جو تھے | عاد | ہلاک کر دیے گئے | ساتھ ہوا | تند و تیز کے | حد سے نکل جانیوالی | لگا دیا اس کو | اوپر ان کے |

رہے عاد ان کا نہایت تیز آندھی سے ستیاناس کر دیا گیا (۶) اللہ نے اس کو سات رات

سَبْعَ لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ ۙ حُسُوْمًا ۙ فَتَرَى الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى ۙ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَبْعَ | لَيَالٍ | وَّ | ثَمٰنِيَةَ | اَيَّامٍ | حُسُوْمًا | فَتَرَى | الْقَوْمَ | فِيْهَا | صَرْعٰى |
| سات | راتیں | اور | آٹھ | دن | جڑ کاٹ دینے والی | پس دیکھتا تو | اس قوم کو | بیچ اس کے | گری ہوئی |

اور آٹھ دن اُن پر چلائے رکھا تو (اے مخاطب) تو لوگوں کو اس میں (اس طرح) ڈھئے (اور مرے) پڑے دیکھے

كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ۝٧ فَهَلْ تَرٰى لَهُمْ مِّنْۢ بَاقِيَةٍ ۝٨

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَاَنَّهُمْ | اَعْجَازُ | نَخْلٍ | خَاوِيَةٍ | فَهَلْ | تَرٰى | لَهُمْ | مِّنْ | بَاقِيَةٍ |
| گویا کہ وہ | تنے ہیں | کھجور کے | کھوکھلے | پس کیا | دیکھتا ہے تو | ان کو | کوئی | باقی ہے |

جیسے کھجوروں کے کھوکھلے تنے (۷) بھلا تو ان میں سے کسی کو بھی باقی دیکھتا ہے؟ (۸)

وَجَآءَ فِرْعَوْنُ وَمَنْ قَبْلَهٗ وَالْمُؤْتَفِكٰتُ بِالْخَاطِئَةِ ۚ ﴿٩﴾ فَعَصَوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | جَآءَ | فِرْعَوْنُ | وَ | مَنْ | قَبْلَهٗ | وَ | الْمُؤْتَفِكٰتُ | بِالْخَاطِئَةِ | فَعَصَوْا |
| اور | آیا | فرعون | اور | جو کوئی | اس سے پہلے تھے | اور | الٹ جانے والے | ساتھ خطاؤں کے | پس نافرمانی کی انہوں نے |

اور فرعون اور جو لوگ اس سے پہلے تھے اور وہ جو اُلٹی بستیوں میں رہتے تھے سب گناہ کے کام کرتے تھے ﴿٩﴾ اُنہوں نے

رَسُوْلَ رَبِّهِمْ فَاَخَذَهُمْ اَخْذَةً رَّابِيَةً ﴿١٠﴾ اِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَآءُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَسُوْلَ | رَبِّهِمْ | فَاَخَذَهُمْ | اَخْذَةً | رَّابِيَةً | اِنَّا | لَمَّا | طَغَا | الْمَآءُ |
| پیغمبر کی | اپنے پروردگار کے | پس پکڑا ان کو | پکڑنا | بلند | بیشک | جس وقت | طغیانی کی | پانی نے |

اپنے پروردگار کے پیغمبر کی نافرمانی کی تو اللہ نے بھی ان کو بڑا سخت پکڑا ﴿١٠﴾ جب پانی طغیانی پر آیا

حَمَلْنٰكُمْ فِي الْجَارِيَةِ ۙ﴿١١﴾ لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّتَعِيَهَآ اُذُنٌ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَمَلْنٰكُمْ | فِي | الْجَارِيَةِ | لِنَجْعَلَهَا | لَكُمْ | تَذْكِرَةً | وَّتَعِيَهَآ | اُذُنٌ |
| چڑھا لیا ہم نے تم کو | بیچ | کشتی کے | تا کہ کریں ہم اس کو | واسطے تمہارے | یادگاری | اور یاد رکھے اس کو | کان |

تو ہم نے تم (لوگوں) کو کشتی میں سوار کر لیا ﴿١١﴾ تا کہ اس کو تمہارے لیے یادگار بنائیں اور یاد رکھنے والے کان

وَّاعِيَةٌ ﴿١٢﴾ فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ۙ﴿١٣﴾ وَّحُمِلَتِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّاعِيَةٌ | فَاِذَا | نُفِخَ | فِي | الصُّوْرِ | نَفْخَةٌ | وَّاحِدَةٌ | وَّ | حُمِلَتِ |
| یاد رکھنے والے | پس جس وقت | پھونکا جائیگا | بیچ | صور کے | پھونکنا | ایک بار | اور | اٹھائی جائے |

اُسے یاد رکھیں ﴿١٢﴾ تو جب صور میں ایک (بار) پھونک مار دی جائے گی ﴿١٣﴾ اور زمین

الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ۙ﴿١٤﴾ فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضُ | وَ | الْجِبَالُ | فَدُكَّتَا | دَكَّةً | وَّاحِدَةً | فَيَوْمَئِذٍ | وَّقَعَتِ |
| زمین | اور | پہاڑ | پس توڑ دیے جائینگے | توڑنا | ایک بار | پس اس دن | ہو پڑے گی |

اور پہاڑ دونوں اُٹھا لیے جائیں گے۔ پھر ایک بار گی توڑ پھوڑ کر برابر کر دیے جائیں گے ﴿١٤﴾ تو اس روز ہو پڑنے والی (یعنی قیامت)

الْوَاقِعَةُ ۙ﴿١٥﴾ وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ۙ﴿١٦﴾ وَّالْمَلَكُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْوَاقِعَةُ | وَانْشَقَّتِ | السَّمَآءُ | فَهِيَ | يَوْمَئِذٍ | وَّاهِيَةٌ | وَّالْمَلَكُ |
| ہو پڑنے والی | اور پھٹ جائے گا | آسمان | پس وہ | اس دن | سست ہو گا | اور فرشتے |

ہو پڑے گی ﴿١٥﴾ اور آسمان پھٹ جائے گا تو وہ اس دن کمزور ہو گا ﴿١٦﴾ اور فرشتے

عَلٰٓى اَرْجَآئِهَا ؕ وَ يَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلٰٓى | اَرْجَآئِهَا | وَ | يَحْمِلُ | عَرْشَ | رَبِّكَ | فَوْقَهُمْ | يَوْمَئِذٍ |
| اوپر | اس کے کناروں کے | اور | اٹھائیں گے | عرش تیرے | رب کا | اوپر اپنے | اس دن |

اس کے کناروں پر (اتر آئیں گے) اور تمہارے پروردگار کے عرش کو اس روز آٹھ فرشتے اُٹھائے

ثَمٰنِيَةٌ ﴿١٧﴾ يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ ﴿١٨﴾ فَاَمَّا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثَمٰنِيَةٌ | يَوْمَئِذٍ | تُعْرَضُوْنَ | لَا | تَخْفٰى | مِنْكُمْ | خَافِيَةٌ | فَاَمَّا |
| آٹھ | اس دن | روبرو لائے جاؤ گے تم | نہ | چھپی رہے گی | تم میں سے | کوئی بات چھپی | پس لیکن |

ہوں گے ﴿١٧﴾ اُس روز تم (سب لوگوں کے سامنے) پیش کیے جاؤ گے اور تمہاری کوئی پوشیدہ بات چھپی نہ رہے گی ﴿١٨﴾ تو جس

مَنْ اُوْتِىَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۙ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ﴿١٩﴾ ج اِنِّىْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَنْ | اُوْتِىَ | كِتٰبَهٗ | بِيَمِيْنِهٖ | فَيَقُوْلُ | هَآؤُمُ | اقْرَءُوْا | كِتٰبِيَهْ | اِنِّىْ |
| جو کوئی | دیا گیا | عمل نامہ اس کا | اسکے داہنے ہاتھ میں | پس کہے گا | لو | پڑھ لو | عمل نامہ میرا | بیشک میں |

کا (اعمال) نامہ اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا وہ (دوسروں سے) کہے گا کہ لیجیے میرا نامہ (اعمال) پڑھیے ﴿١٩﴾ مجھے

ظَنَنْتُ اَنِّىْ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ ﴿٢٠﴾ ج فَهُوَ فِىْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ﴿٢١﴾ لا فِىْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظَنَنْتُ | اَنِّىْ | مُلٰقٍ | حِسَابِيَهْ | فَهُوَ | فِىْ | عِيْشَةٍ | رَّاضِيَةٍ | فِىْ |
| جانتا تھا | یہ کہ میں | ملوں گا | حساب اپنے سے | پس وہ | بیچ | زندگانی | خوش کے ہے | بیچ |

یقین تھا کہ مجھ کو میرا حساب (کتاب) ضرور ملے گا ﴿٢٠﴾ پس وہ (شخص) من مانے عیش میں ہوگا ﴿٢١﴾ (یعنی) اُونچے

جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ﴿٢٢﴾ لا قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ ﴿٢٣﴾ كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا هَنِيْٓئًا بِمَآ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَنَّةٍ | عَالِيَةٍ | قُطُوْفُهَا | دَانِيَةٌ | كُلُوْا | وَ | اشْرَبُوْا | هَنِيْٓئًا | بِمَآ |
| بہشت | بلند کے | میوے اس کے | نزدیک ہیں | کھاؤ | اور | پیو | سہتا | بدلے اسکے جو |

(اونچے محلوں کے) باغ میں ﴿٢٢﴾ جن کے میوے جھکے ہوئے ہوں گے ﴿٢٣﴾ جو (عمل) تم ایام گزشتہ میں

اَسْلَفْتُمْ فِى الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ ﴿٢٤﴾ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِىَ كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ ۙ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَسْلَفْتُمْ | فِى | الْاَيَّامِ | الْخَالِيَةِ | وَ | اَمَّا | مَنْ | اُوْتِىَ | كِتٰبَهٗ | بِشِمَالِهٖ |
| پہلے کر چکے ہو تم | بیچ | دنوں | گزرے ہوؤں کے | اور | لیکن | جو کوئی کہ | دیا گیا | عمل نامہ اسکا | اسکے بائیں ہاتھ میں |

آگے بھیج چکے ہو اس کے صلے میں مزے سے کھاؤ اور پیو ﴿٢٤﴾ اور جس کا نامہ (اعمال) اس کے بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا

فَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُوْتَ كِتٰبِيَهْ ﴿٢٥﴾ وَلَمْ اَدْرِ مَا حِسَابِيَهْ ﴿٢٦﴾

| فَيَقُوْلُ | يٰلَيْتَنِيْ | لَمْ | اُوْتَ | كِتٰبِيَهْ | وَلَمْ | اَدْرِ | مَا | حِسَابِيَهْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس کہے گا | اے کاش کہ | نہ | دیا جاتا | عمل نامہ میرا | اور نہ | جانتا میں | کیا ہے | حساب میرا |

وہ کہے گا اے کاش مجھ کو میرا (اعمال) نامہ نہ دیا جاتا ﴿۲۵﴾ اور مجھے معلوم نہ ہوتا کہ میرا حساب کیا ہے ﴿۲۶﴾

يٰلَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ﴿٢٧﴾ مَآ اَغْنٰى عَنِّيْ مَالِيَهْ ﴿٢٨﴾ هَلَكَ عَنِّيْ

| يٰلَيْتَهَا | كَانَتِ | الْقَاضِيَةَ | مَآ | اَغْنٰى | عَنِّيْ | مَالِيَهْ | هَلَكَ | عَنِّيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے کاش کہ یہ | ہوتی | تمام کرنے والی | نہ | کفایت کیا | مجھ کو | مال میرے نے | جاتی رہے | مجھ سے |

اے کاش موت (ابدالآباد کے لیے میرا کام) تمام کرچکی ہوتی ﴿۲۷﴾ (آج) میرا مال میرے کچھ بھی کام نہ آیا ﴿۲۸﴾ (ہائے) میری

سُلْطٰنِيَهْ ﴿٢٩﴾ خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ﴿٣٠﴾ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ﴿٣١﴾ ثُمَّ

| سُلْطٰنِيَهْ | خُذُوْهُ | فَغُلُّوْهُ | ثُمَّ | الْجَحِيْمَ | صَلُّوْهُ | ثُمَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حکومت میری | پکڑو اس کو | پس طوق پہنا دو اسے | پھر | دوزخ میں | لے جاؤ اسے | پھر |

سلطنت خاک میں مل گئی ﴿۲۹﴾ (حکم ہوگا کہ) اسے پکڑ لو اور طوق پہنا ﴿۳۰﴾ پھر دوزخ کی آگ میں جھونک دو ﴿۳۱﴾ پھر

فِيْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ﴿٣٢﴾ اِنَّهٗ كَانَ

| فِيْ | سِلْسِلَةٍ | ذَرْعُهَا | سَبْعُوْنَ | ذِرَاعًا | فَاسْلُكُوْهُ | اِنَّهٗ | كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیچ | زنجیر کے | پیمائش اس کی | ستر | ہاتھ ہے | پس جکڑ دو اس کو | بیشک وہ | تھا |

زنجیر سے جس کی ناپ ستر گز ہے جکڑ دو ﴿۳۲﴾ یہ نہ تو اللہ جل شانہٗ

لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ ﴿٣٣﴾ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿٣٤﴾

| لَا | يُؤْمِنُ | بِاللّٰهِ | الْعَظِيْمِ | وَ | لَا | يَحُضُّ | عَلٰى | طَعَامِ | الْمِسْكِيْنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | ایمان لاتا | ساتھ اللہ | عظیم کے | اور | نہ | رغبت دلاتا تھا | اوپر | کھانا کھلانے | فقیر کے |

پر ایمان لاتا تھا ﴿۳۳﴾ اور نہ فقیر کے کھانا کھلانے پر آمادہ کرتا تھا ﴿۳۴﴾

فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هٰهُنَا حَمِيْمٌ ﴿٣٥﴾ وَّلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ ﴿٣٦﴾

| فَلَيْسَ | لَهُ | الْيَوْمَ | هٰهُنَا | حَمِيْمٌ | وَّ | لَا | طَعَامٌ | اِلَّا | مِنْ | غِسْلِيْنٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس نہیں | واسطے اسکے | آج | اس جگہ | کوئی دوست | اور | نہ | کھانا | مگر | سے | دھوون کے |

سو آج اس کا بھی یہاں کوئی دوستدار نہیں۔ ﴿۳۵﴾ اور نہ پیپ کے سوا (اس کے لیے) کھانا ہے ﴿۳۶﴾

ع ۱ ۵

لَّا يَاْكُلُهٗٓ اِلَّا الْخَاطِئُوْنَ ﴿۳۷﴾ فَلَآ اُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَ مَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَّا | يَاْكُلُهٗٓ | اِلَّا | الْخَاطِئُوْنَ | فَلَآ اُقْسِمُ | بِمَا | تُبْصِرُوْنَ | وَ | مَا |
| نہیں | کھائے گا اس کو | مگر | گنہگار | پس قسم کھاتا ہوں میں | اس چیز کی کہ | دیکھتے ہو تم | اور | اس چیز کی کہ |

جس کو گنہگاروں کے سوا کوئی نہیں کھائے گا ﴿۳۷﴾ تو ہم کو ان چیزوں کی قسم جو تم کو نظر آتی ہیں ﴿۳۸﴾ اور اُن

لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ﴿۴۰﴾ وَّمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | تُبْصِرُوْنَ | اِنَّهٗ | لَقَوْلُ | رَسُوْلٍ | كَرِيْمٍ | وَّ | مَا | هُوَ | بِقَوْلِ | شَاعِرٍ |
| نہیں | دیکھتے ہو تم | بیشک وہ | البتہ کہنا ہے | پیغام پہنچانیوالے | بزرگ کا | اور | نہیں | وہ | کہنا | شاعر کا |

کی جو نظر نہیں آتیں ﴿۳۹﴾ کہ یہ (قرآن) فرشتۂ عالی مقام کی زبان کا پیغام ہے ﴿۴۰﴾ اور یہ کسی شاعر کا کلام نہیں۔

قَلِيْلًا مَّا تُؤْمِنُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۲﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَلِيْلًا | مَّا | تُؤْمِنُوْنَ | وَ | لَا | بِقَوْلِ | كَاهِنٍ | قَلِيْلًا | مَّا | تَذَكَّرُوْنَ |
| تھوڑا تھوڑا | جو تم | ایمان لاتے ہو | اور | نہ | کہنا | کسی سیانے کا | بہت کم | جو | تم دھیان کرتے ہو |

مگر تم لوگ بہت ہی کم ایمان لاتے ہو ﴿۴۱﴾ اور نہ کسی کاہن کے مزخرفات ہیں۔ لیکن تم لوگ بہت ہی کم فکر کرتے ہو ﴿۴۲﴾

تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۳﴾ وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْاَقَاوِيْلِ ﴿۴۴﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَنْزِيْلٌ | مِّنْ | رَّبِّ | الْعٰلَمِيْنَ | وَلَوْ | تَقَوَّلَ | عَلَيْنَا | بَعْضَ | الْاَقَاوِيْلِ |
| اتارا ہوا ہے | سے | پروردگار | عالموں کی طرف | اور اگر | باندھ لے | اوپر ہمارے | بعضی | باتیں |

(یہ تو) پروردگارِ عالم کا اُتارا (ہوا) ہے ﴿۴۳﴾ اگر یہ پیغمبر ہماری نسبت کوئی بات جھوٹ بنا لاتے ﴿۴۴﴾

لَاَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِيْنِ ﴿۴۵﴾ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِيْنَ ﴿۴۶﴾ فَمَا مِنْكُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَاَخَذْنَا | مِنْهُ | بِالْيَمِيْنِ | ثُمَّ | لَقَطَعْنَا | مِنْهُ | الْوَتِيْنَ | فَمَا | مِنْكُمْ |
| البتہ پکڑیں ہم | اس کو | ساتھ داہنے ہاتھ کے | پھر | کاٹ ڈالیں | اس سے | رگ گردن کی | پس نہ ہو | تم میں سے |

تو ہم اُن کا داہنا ہاتھ پکڑ لیتے ﴿۴۵﴾ پھر اُن کی رگِ گردن کاٹ ڈالتے ﴿۴۶﴾ پھر تم میں سے

مِّنْ اَحَدٍ عَنْهُ حٰجِزِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَاِنَّهٗ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۸﴾ وَاِنَّا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِّنْ | اَحَدٍ | عَنْهُ | حٰجِزِيْنَ | وَ | اِنَّهٗ | لَتَذْكِرَةٌ | لِّلْمُتَّقِيْنَ | وَاِنَّا |
| کوئی | ایک | اس سے | باز رکھنے والا | اور | بیشک یہ | البتہ نصیحت ہے | واسطے پرہیزگاروں کے | اور بیشک ہم |

کوئی (ہمیں) اس سے روکنے والا نہ ہوتا ﴿۴۷﴾ اور یہ (کتاب) تو پرہیزگاروں کے لیے نصیحت ہے ﴿۴۸﴾ اور ہم

لَنَعۡلَمُ اَنَّ مِنۡكُمۡ مُّكَذِّبِيۡنَ ﴿۴۹﴾ وَاِنَّهٗ لَحَسۡرَةٌ عَلَى الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿۵۰﴾

| لَنَعۡلَمُ | اَنَّ | مِنۡكُمۡ | مُّكَذِّبِيۡنَ | وَ | اِنَّهٗ | لَحَسۡرَةٌ | عَلَى | الۡكٰفِرِيۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| البتہ جانتے ہیں | یہ کہ | تم میں سے | جھٹلانے والے ہیں | اور | بیشک وہ | البتہ پچھتاوا ہے | اوپر | کافروں کے |

جانتے ہیں کہ تم میں سے بعض اس کو جھٹلانے والے ہیں ﴿۴۹﴾ نیز یہ کافروں کے لیے (موجب) حسرت ہے ﴿۵۰﴾

وَاِنَّهٗ لَحَقُّ الۡيَقِيۡنِ ﴿۵۱﴾ فَسَبِّحۡ بِاسۡمِ رَبِّكَ الۡعَظِيۡمِ ﴿۵۲﴾ ع

ع ۱۵/۲

| وَ | اِنَّهٗ | لَحَقُّ | الۡيَقِيۡنِ | فَسَبِّحۡ | بِاسۡمِ | رَبِّكَ | الۡعَظِيۡمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بیشک وہ | البتہ حق ہے | قابل یقین | پس پاکی بیان کر | ساتھ نام | پروردگار اپنے | بڑے کے |

اور کچھ شک نہیں کہ یہ برحق قابل یقین ہے ﴿۵۱﴾ سوتم اپنے پروردگار عزوجل کے نام کی تنزیہ کرتے رہو ﴿۵۲﴾

## ایاتها ۴۴ — ۷۰ سُوۡرَةُ الۡمَعَارِجِ مَكِّيَّةٌ ۷۹ — رکوعاتها ۲

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سَاَلَ سَآئِلٌۢ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ ﴿۱﴾ لِّلۡكٰفِرِيۡنَ لَيۡسَ لَهٗ دَافِعٌ ﴿۲﴾ مِّنَ اللّٰهِ

| سَاَلَ | سَآئِلٌ | بِعَذَابٍ | وَّاقِعٍ | لِّلۡكٰفِرِيۡنَ | لَيۡسَ | لَهٗ | دَافِعٌ | مِّنَ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پوچھا | ایک پوچھنے والے نے | عذاب کو کہ | واقع ہونیوالا ہے | واسطے کافروں کے | نہیں ہے | واسطے اسکے | کوئی دفع کرنیوالا | کی طرف سے | اللہ |

ایک طلب کرنے والے نے عذاب طلب کیا جو نازل ہو کر رہے گا ﴿۱﴾ (یعنی) کافروں پر (اور) کوئی اس کو ٹال نہ سکے گا ﴿۲﴾ (اور وہ)

ذِى الۡمَعَارِجِ ﴿۳﴾ تَعۡرُجُ الۡمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوۡحُ اِلَيۡهِ فِىۡ يَوۡمٍ كَانَ مِقۡدَارُهٗ

| ذِى الۡمَعَارِجِ | تَعۡرُجُ | الۡمَلٰٓئِكَةُ | وَالرُّوۡحُ | اِلَيۡهِ | فِىۡ | يَوۡمٍ | كَانَ | مِقۡدَارُهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جو چڑھتے درجوں والا ہے | چڑھتے ہیں | فرشتے | اور روح | طرف اس کی | بیچ | اس دن کے | کہ ہے | مقدار اس کی |

اللہ صاحب درجات کی طرف سے (نازل ہوگا) ﴿۳﴾ جس کی طرف روح (الامین) اور فرشتے چڑھتے ہیں (اور) اُس روز (نازل ہوگا)

خَمۡسِيۡنَ اَلۡفَ سَنَةٍ ﴿۴﴾ ج فَاصۡبِرۡ صَبۡرًا جَمِيۡلًا ﴿۵﴾ اِنَّهُمۡ يَرَوۡنَهٗ

| خَمۡسِيۡنَ | اَلۡفَ | سَنَةٍ | فَاصۡبِرۡ | صَبۡرًا | جَمِيۡلًا | اِنَّهُمۡ | يَرَوۡنَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پچاس | ہزار | برس | پس صبر کر | صبر | اچھا | بیشک وہ | دیکھتے ہیں اس کو |

جس کا اندازہ پچاس ہزار برس کا ہوگا ﴿۴﴾ تو تم (کافروں کی باتوں کو) حوصلے کے ساتھ برداشت کرتے رہو ﴿۵﴾ وہ اُن لوگوں

بَعِيْدًا ۝٦ وَّنَرٰىهُ قَرِيْبًا ۝٧ يَوْمَ تَكُوْنُ السَّمَآءُ كَالْمُهْلِ ۝٨ وَتَكُوْنُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَعِيْدًا | وَّ | نَرٰىهُ | قَرِيْبًا | يَوْمَ | تَكُوْنُ | السَّمَآءُ | كَالْمُهْلِ | وَ | تَكُوْنُ |
| دور | اور | دیکھتے ہیں ہم اس کو | نزدیک | جس دن کہ | ہوگا | آسمان | پگھلے ہوئے تانبے کی مانند | اور | ہوں گے |

کی نگاہ میں دور ہے ۝٦ اور ہماری نظر میں قریب ۝٧ جس دن آسمان ایسا ہو جائے گا جیسا پگھلا ہوا تانبا ۝٨ اور پہاڑ

الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ ۝٩ وَلَا يَسْـَٔلُ حَمِيْمٌ حَمِيْمًا ۝١٠ يُّبَصَّرُوْنَهُمْ يَوَدُّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْجِبَالُ | كَالْعِهْنِ | وَ | لَا | يَسْـَٔلُ | حَمِيْمٌ | حَمِيْمًا | يُّبَصَّرُوْنَهُمْ | يَوَدُّ |
| پہاڑ | جیسے اون رنگی ہوئی | اور | نہ | پوچھے گا | کوئی دوست | دوست کو | دکھلائے جائیں گے انکو | دوست رکھے گا |

(ایسے) جیسے (دھنکی ہوئی) رنگین اون ۝٩ اور کوئی دوست کسی دوست کا پرساں نہ ہوگا ۝١٠ (حالانکہ) ایک دوسرے کو سامنے دیکھ رہے

الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِيْ مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍ بِبَنِيْهِ ۝١١ وَصَاحِبَتِهٖ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُجْرِمُ | لَوْ | يَفْتَدِيْ | مِنْ | عَذَابِ | يَوْمِئِذٍ | بِبَنِيْهِ | وَصَاحِبَتِهٖ |
| گنہگار | کاش | بدلہ دے | سے | عذاب | اس دن کے | ساتھ اپنے بیٹوں کے | اور اپنی بی بی کے |

ہوں گے۔ (اس روز) گنہگار خواہش کرے گا کہ کسی طرح اس دن کے عذاب کے بدلے میں (سب) کچھ دے دے (یعنی) اپنے بیٹے ۝١١ اور اپنی بیوی

وَاَخِيْهِ ۝١٢ وَفَصِيْلَتِهِ الَّتِيْ تُـْٔوِيْهِ ۝١٣ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ثُمَّ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَخِيْهِ | وَفَصِيْلَتِهِ | الَّتِيْ | تُـْٔوِيْهِ | وَ | مَنْ | فِي | الْاَرْضِ | جَمِيْعًا | ثُمَّ |
| اور | اپنے بھائی کے | اور اپنے کنبے کے | جو | جگہ دیتا ہے اس کو | اور | جو کوئی | بیچ | زمین کے ہے | سب | پھر |

اور اپنے بھائی ۝١٢ اور اپنا خاندان جس میں وہ رہتا تھا ۝١٣ اور جتنے آدمی زمین پر ہیں (غرض) سب (کچھ) دے دے اور اپنے تئیں عذاب سے

يُنْجِيْهِ ۝١٤ كَلَّا ۭ اِنَّهَا لَظٰى ۝١٥ نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى ۝١٦ تَدْعُوْا مَنْ اَدْبَرَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُنْجِيْهِ | كَلَّا | اِنَّهَا | لَظٰى | نَزَّاعَةً | لِّلشَّوٰى | تَدْعُوْا | مَنْ | اَدْبَرَ |
| چھڑائے یہ بدلہ دینا اسکو | ہرگز نہیں | بیشک وہ | شعلے والی آگ ہے | ادھیڑنے والی ہے | منہ کی کھال کو | بلاتی ہے | اسکو کہ جس نے | پیٹھ پھیر دی |

چھڑالے ۝١٤ (لیکن) ایسا ہرگز نہیں ہوگا وہ بھڑکتی ہوئی آگ ہے ۝١٥ کھال اُدھیڑ ڈالنے والی ۝١٦ ان لوگوں کو اپنی طرف بلائے گی جنھوں نے (دین حق سے)

وَتَوَلّٰى ۝١٧ وَجَمَعَ فَاَوْعٰى ۝١٨ اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعًا ۝١٩ اِذَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | تَوَلّٰى | وَ | جَمَعَ | فَاَوْعٰى | اِنَّ | الْاِنْسَانَ | خُلِقَ | هَلُوْعًا | اِذَا |
| اور | منہ پھیر لیا | اور | جمع کیا | پس بند رکھا | بیشک | آدمی | پیدا کیا گیا ہے | بے صبر | جب |

اعراض کیا اور منہ پھیر لیا ۝١٧ اور (مال) جمع کیا اور بند کر رکھا ۝١٨ کچھ شک نہیں کہ انسان کم حوصلہ پیدا ہوا ہے ۝١٩ جب

مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوْعًا ﴿۲۰﴾ وَّاِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوْعًا ﴿۲۱﴾ اِلَّا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَسَّهُ | الشَّرُّ | جَزُوْعًا | وَّاِذَا | مَسَّهُ | الْخَيْرُ | مَنُوْعًا | اِلَّا |
| لگتی ہے اس کو | برائی | گھبرالو ہے | اور جب | لگتی ہے اس کو | بھلائی | منع کرنے والا ہے | مگر |

اسے تکلیف پہنچتی ہے تو گھبرا اٹھتا ہے ﴿۲۰﴾ اور جب آسائش حاصل ہوتی ہے تو بخیل بن جاتا ہے ﴿۲۱﴾ مگر

الْمُصَلِّيْنَ ﴿۲۲﴾ الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ دَآئِمُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَالَّذِيْنَ فِيْٓ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمُصَلِّيْنَ | الَّذِيْنَ | هُمْ | عَلٰى | صَلَاتِهِمْ | دَآئِمُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | فِيْٓ |
| نماز پڑھنے والے | وہ لوگ جو | وہ | اوپر | نماز اپنی کے | ہمیشہ رہنے والے ہیں | اور | وہ لوگ جو | بیچ |

نماز گزار ﴿۲۲﴾ جو نماز کا التزام رکھتے (اور بلاناغہ پڑھتے) ہیں ﴿۲۳﴾ اور جن کے

اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَّعْلُوْمٌ ﴿۲۴﴾ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ﴿۲۵﴾ وَالَّذِيْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَمْوَالِهِمْ | حَقٌّ | مَّعْلُوْمٌ | لِّلسَّآئِلِ | وَ | الْمَحْرُوْمِ | وَ | الَّذِيْنَ |
| ان کے مالوں کے | حصہ ہے | معلوم | واسطے مانگنے والے کے | اور | بن مانگنے والے کے | اور | وہ لوگ کہ |

مال میں حصہ مقرر ہے ﴿۲۴﴾ (یعنی) مانگنے والے کا اور نہ مانگنے والے کا ﴿۲۵﴾ اور جو روزِ

يُصَدِّقُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۲۶﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُصَدِّقُوْنَ | بِيَوْمِ | الدِّيْنِ | وَ | الَّذِيْنَ | هُمْ | مِّنْ | عَذَابِ | رَبِّهِمْ |
| تصدیق کرتے ہیں | دن | جزا کے کو | اور | وہ لوگ کہ | وہ | سے | عذاب | اپنے رب کے |

جزا کو سچ سمجھتے ہیں ﴿۲۶﴾ اور جو اپنے پروردگار کے عذاب سے

مُّشْفِقُوْنَ ﴿۲۷﴾ اِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَاْمُوْنٍ ﴿۲۸﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُّشْفِقُوْنَ | اِنَّ | عَذَابَ | رَبِّهِمْ | غَيْرُ | مَاْمُوْنٍ | وَالَّذِيْنَ | هُمْ |
| ڈرتے ہیں | بیشک | عذاب | ان کے رب کے سے | نہیں | کوئی نڈر کیا گیا | اور وہ لوگ کہ | وہ |

خوف رکھتے ہیں ﴿۲۷﴾ بیشک ان کے پروردگار کا عذاب ہے ہی ایسا کہ اس سے بے خوف نہ ہوا جائے ﴿۲۸﴾ اور جو اپنی

لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ﴿۲۹﴾ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِفُرُوْجِهِمْ | حٰفِظُوْنَ | اِلَّا | عَلٰٓى | اَزْوَاجِهِمْ | اَوْ | مَا | مَلَكَتْ |
| اپنی شرمگاہوں کی | حفاظت کرتے ہیں | مگر | اوپر | جوروں اپنی کے | یا | جن کے | مالک ہوئے |

شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں ﴿۲۹﴾ مگر اپنی بیویوں یا لونڈیوں سے کہ (اُن کے پاس جانے پر)

اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ﴿۳۰﴾ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَيْمَانُهُمْ | فَاِنَّهُمْ | غَيْرُ | مَلُوْمِيْنَ | فَمَنِ | ابْتَغٰى | وَرَآءَ | ذٰلِكَ | فَاُولٰٓئِكَ |
| داہنے ہاتھ ان کے | پس بیشک وہ | نہیں | ملامت کیے گئے ہیں | پس جو کوئی | چاہے | سوائے | اس کے | پس یہ لوگ |

انہیں کچھ ملامت نہیں ﴿۳۰﴾ اور جو لوگ ان کے سوا اور کے خواستگار ہوں وہ

هُمُ الْعٰدُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ﴿۳۲﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هُمُ | الْعٰدُوْنَ | وَ | الَّذِيْنَ | هُمْ | لِاَمٰنٰتِهِمْ | وَ | عَهْدِهِمْ | رٰعُوْنَ |
| وہی ہیں | حد سے نکل جانیوالے | اور | وہ لوگ کہ | وہ | واسطے امانتوں اپنی کے | اور | عہد اپنے کے | قائم رہنے والے ہیں |

حد سے نکل جانے والے ہیں ﴿۳۱﴾ اور جو اپنی امانتوں اور اقراروں کا پاس کرتے ہیں ﴿۳۲﴾

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِشَهٰدٰتِهِمْ قَآئِمُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الَّذِيْنَ | هُمْ | بِشَهٰدٰتِهِمْ | قَآئِمُوْنَ | وَالَّذِيْنَ | هُمْ | عَلٰى | صَلَاتِهِمْ |
| اور | وہ لوگ کہ | وہ | ساتھ شہادتوں اپنی کے | قائم رہنے والے | اور وہ لوگ کہ | وہ | اوپر | اپنی نمازوں کے |

اور جو اپنی شہادتوں پر قائم رہتے ہیں ﴿۳۳﴾ اور جو اپنی نماز کی خبر

يُحَافِظُوْنَ ﴿۳۴﴾ اُولٰٓئِكَ فِيْ جَنّٰتٍ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۳۵﴾ فَمَالِ الَّذِيْنَ ع ۱ ۳۵

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| يُحَافِظُوْنَ | اُولٰٓئِكَ | فِيْ | جَنّٰتٍ | مُّكْرَمُوْنَ | فَمَالِ | الَّذِيْنَ |
| محافظت کرنیوالے ہیں | یہ لوگ | بیچ | بہشتوں کے ہیں | عزت کیے گئے | پس کیا ہے واسطے | ان لوگوں کے کہ |

رکھتے ہیں ﴿۳۴﴾ یہی لوگ باغ ہائے بہشت میں عزت و اکرام سے ہوں گے ﴿۳۵﴾ تو اُن کافروں

كَفَرُوْا قِبَلَكَ مُهْطِعِيْنَ ﴿۳۶﴾ عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَفَرُوْا | قِبَلَكَ | مُهْطِعِيْنَ | عَنِ | الْيَمِيْنِ | وَ | عَنِ | الشِّمَالِ |
| کافر ہوئے | سامنے تیرے | دوڑتے ہیں | سے | داہنی طرف | اور | سے | بائیں طرف |

کو کیا ہوا ہے کہ تمہاری طرف دوڑے چلے آتے ہیں ﴿۳۶﴾ (اور) دائیں اور بائیں سے گروہ گروہ ہو کر (جمع ہوتے)

عِزِيْنَ ﴿۳۷﴾ اَيَطْمَعُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ يُّدْخَلَ جَنَّةَ نَعِيْمٍ ﴿۳۸﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عِزِيْنَ | اَيَطْمَعُ | كُلُّ | امْرِئٍ | مِّنْهُمْ | اَنْ | يُّدْخَلَ | جَنَّةَ | نَعِيْمٍ |
| جماعت | کیا طمع رکھتا ہے | ہر ایک | شخص | ان میں سے | یہ کہ | داخل کیا جائے گا | بہشت | نعمت کی میں |

جاتے ہیں ﴿۳۷﴾ کیا اُن میں سے ہر شخص یہ توقع رکھتا ہے کہ نعمت کے باغ میں داخل کیا جائے گا؟ ﴿۳۸﴾

كَلَّا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّمَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾ فَلَآ اُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشٰرِقِ

| كَلَّا | اِنَّا | خَلَقْنٰهُمْ | مِّمَّا | يَعْلَمُوْنَ | فَلَآ اُقْسِمُ | بِرَبِّ | الْمَشٰرِقِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہرگز نہیں | بیشک ہم نے | پیدا کیا ہے ان کو | اس چیز سے کہ | جانتے ہیں | پس قسم کھاتا ہوں میں | پروردگار کی | مشرقوں کے |

ہرگز نہیں۔ ہم نے ان کو اس چیز سے پیدا کیا ہے جسے وہ جانتے ہیں (۳۹) ہمیں مشرقوں اور مغربوں کے

وَالْمَغٰرِبِ اِنَّا لَقٰدِرُوْنَ ﴿۴۰﴾ عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ خَيْرًا مِّنْهُمْ ۙ وَمَا

| وَ | الْمَغٰرِبِ | اِنَّا | لَقٰدِرُوْنَ | عَلٰٓى | اَنْ | نُّبَدِّلَ | خَيْرًا | مِّنْهُمْ | وَ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | مغربوں کے | بیشک ہم | البتہ قادر ہیں | اوپر | اس کے کہ | بدل ڈالیں ہم | بہتر | ان سے | اور | نہیں |

مالک کی قسم کہ ہم طاقت رکھتے ہیں (۴۰) (یعنی) اس بات پر (قادر ہیں) کہ ان سے بہتر لوگ

نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿۴۱﴾ فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا حَتّٰى

| نَحْنُ | بِمَسْبُوْقِيْنَ | فَذَرْهُمْ | يَخُوْضُوْا | وَ | يَلْعَبُوْا | حَتّٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ہم | عاجز کیے گئے | پس چھوڑ دے ان کو | جھگڑیں | اور | کھیلیں | یہاں تک کہ |

بدل لائیں اور ہم عاجز نہیں ہیں (۴۱) تو (اے پیغمبر) ان کو باطل میں پڑے رہنے اور کھیل لینے دو یہاں

يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِىْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۴۲﴾ يَوْمَ يَخْرُجُوْنَ مِنَ

| يُلٰقُوْا | يَوْمَهُمُ | الَّذِىْ | يُوْعَدُوْنَ | يَوْمَ | يَخْرُجُوْنَ | مِنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ملاقات کریں | دن اپنے سے | وہ جو | وعدہ دیئے گئے ہیں | جس دن | نکلیں گے | سے |

تک کہ جس دن کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ ان کے سامنے آ موجود ہو (۴۲) اُس دن یہ قبروں سے نکل کر (اس طرح)

الْاَجْدَاثِ سِرَاعًا كَاَنَّهُمْ اِلٰى نُصُبٍ يُّوْفِضُوْنَ ﴿۴۳﴾ خَاشِعَةً

| الْاَجْدَاثِ | سِرَاعًا | كَاَنَّهُمْ | اِلٰى | نُصُبٍ | يُّوْفِضُوْنَ | خَاشِعَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|
| قبروں | دوڑتے ہوئے | گویا کہ وہ | طرف | استھانوں کے | دوڑتے ہیں | نیچی ہوں گی |

دوڑیں گے جیسے (شکاری) شکار کے جال کی طرف دوڑتے ہیں (۴۳) اُن کی آنکھیں

اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِىْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿۴۴﴾ ۲ ع ۹ ۸

| اَبْصَارُهُمْ | تَرْهَقُهُمْ | ذِلَّةٌ | ذٰلِكَ | الْيَوْمُ | الَّذِىْ | كَانُوْا | يُوْعَدُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آنکھیں ان کی | ڈھانکتی ہوگی ان کو | ذلت | یہ | دن | وہ ہے جو | تھے | وعدہ دیئے جاتے |

جھک رہی ہوں گی اور ذلت اُن پر چھا رہی ہوگی۔ یہی وہ دن ہے جس کا اُن سے وعدہ کیا جاتا تھا (۴۴)

آیاتها ۲۸ ۷۱ سُوْرَةُ نُوْحٍ مَّكِّيَّةٌ ۷۱ رکوعاتھا ۲

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنَا نُوۡحًا اِلٰى قَوۡمِهٖۤ اَنۡ اَنۡذِرۡ قَوۡمَكَ مِنۡ قَبۡلِ اَنۡ

| اَنۡ | قَبۡلِ | مِنۡ | قَوۡمَكَ | اَنۡذِرۡ | اَنۡ | قَوۡمِهٖۤ | اِلٰى | نُوۡحًا | اَرۡسَلۡنَا | اِنَّاۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | پہلے اس | سے | قوم اپنی کو | ڈرا | یہ کہ | قوم اسکی کے | طرف | نوح کو | بھیجا ہم نے | بیشک |

ہم نے نوح کو اُن کی قوم کی طرف بھیجا کہ پیشتر اس کے کہ ان پر درد دینے والا عذاب واقع ہو

يَّاۡتِيَهُمۡ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ۝۱ قَالَ يٰقَوۡمِ اِنِّىۡ لَكُمۡ نَذِيۡرٌ مُّبِيۡنٌ ۝۲ لا اَنِ

| اَنِ | مُّبِيۡنٌ | نَذِيۡرٌ | لَكُمۡ | اِنِّىۡ | يٰقَوۡمِ | قَالَ | اَلِيۡمٌ | عَذَابٌ | يَّاۡتِيَهُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | ظاہر | ڈرانے والا ہوں | واسطے تمہارے | بیشک کہ میں | اے میری قوم | کہا | درد دینے والا | عذاب | آئے ان پر |

اپنی قوم کو ہدایت کر دو (۱) اُنہوں نے کہا کہ بھائیو میں تم کو کھلے طور پر نصیحت کرتا ہوں (۲) کہ اللہ

اعۡبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوۡهُ وَاَطِيۡعُوۡنِ ۝۳ لا يَغۡفِرۡ لَكُمۡ مِّنۡ ذُنُوۡبِكُمۡ

| ذُنُوۡبِكُمۡ | مِّنۡ | يَغۡفِرۡ لَكُمۡ | اَطِيۡعُوۡنِ | وَ | وَاتَّقُوۡهُ | اللّٰهَ | اعۡبُدُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تمہارے گناہوں | سے | بخشے گا تم کو | کہا مانو میرا | اور | اور ڈرو اس سے | اللہ کی | عبادت کرو |

کی عبادت کرو اور اُس سے ڈرو اور میرا کہا مانو (۳) وہ تمہارے گناہ بخش دے گا

وقف لازم

وَيُؤَخِّرۡكُمۡ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ط اِنَّ اَجَلَ اللّٰهِ اِذَا جَآءَ لَا يُؤَخَّرُ م

| يُؤَخَّرُ | لَا | جَآءَ | اِذَا | اللّٰهِ | اَجَلَ | اِنَّ | مُّسَمًّى | اَجَلٍ | اِلٰٓى | يُؤَخِّرۡكُمۡ | وَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈھیل دیا جاتا | نہیں | آجاتا ہے | جب | اللہ کا | وعدہ | بیشک | مقرر کے | وقت | طرف | ڈھیل دے گا تم کو | اور |

اور (موت کے) وقت مقرر تک تم کو مہلت عطا کرے گا۔ جب اللہ کا مقرر کیا ہوا وقت آجاتا ہے تو تاخیر نہیں ہوتی۔

لَوۡ كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ۝۴ قَالَ رَبِّ اِنِّىۡ دَعَوۡتُ قَوۡمِىۡ لَيۡلًا وَّنَهَارًا ۝۵ لا فَلَمۡ

| فَلَمۡ | نَهَارًا | وَّ | لَيۡلًا | قَوۡمِىۡ | دَعَوۡتُ | اِنِّىۡ | رَبِّ | قَالَ | تَعۡلَمُوۡنَ | كُنۡتُمۡ | لَوۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس نہ | دن کو | اور | رات کو | اپنی قوم کو | بلایا میں نے | بیشک میں نے | اے میرے رب | کہا | جانتے | ہو تم | اگر |

کاش تم جانتے ہوتے (۴) (جب لوگوں نے نہ مانا) تو (نوح نے) اللہ سے عرض کی کہ پروردگار میں اپنی قوم کو رات دن بلاتا رہا (۵) لیکن

يَزِدْهُمْ دُعَآءِيْٓ اِلَّا فِرَارًا ﴿۶﴾ وَاِنِّيْ كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوْٓا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَزِدْهُمْ | دُعَآءِيْٓ | اِلَّا | فِرَارًا | وَ | اِنِّيْ | كُلَّمَا | دَعَوْتُهُمْ | لِتَغْفِرَ | لَهُمْ | جَعَلُوْٓا |
| زیادہ کیا ان کو | میرے بلاوے نے | مگر | بھاگنا | اور | بیشک میں | جب | بلایا میں نے ان کو | تاکہ تو بخش دے | ان کو | کیں انہوں نے |

میرے بلانے سے وہ اور زیادہ گریز کرتے رہے ﴿۶﴾ جب جب میں نے ان کو بلایا کہ (توبہ کریں اور) تو اُن

اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَاسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ وَاَصَرُّوْا وَاسْتَكْبَرُوا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَصَابِعَهُمْ | فِيْٓ | اٰذَانِهِمْ | وَ | اسْتَغْشَوْا | ثِيَابَهُمْ | وَ | اَصَرُّوْا | وَ | اسْتَكْبَرُوا |
| انگلیاں اپنی | بیچ | اپنے کانوں کے | اور | اوڑھ لیے | کپڑے اپنے | اور | ضد کی | اور | تکبر کیا |

کو معاف فرمائے تو اُنہوں نے اپنے کانوں میں انگلیاں دے لیں اور کپڑے اوڑھ لیے اور اَڑ گئے

اسْتِكْبَارًا ﴿۷﴾ ثُمَّ اِنِّيْ دَعَوْتُهُمْ جِهَارًا ﴿۸﴾ ثُمَّ اِنِّيْٓ اَعْلَنْتُ لَهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اسْتِكْبَارًا | ثُمَّ | اِنِّيْ | دَعَوْتُهُمْ | جِهَارًا | ثُمَّ | اِنِّيْٓ | اَعْلَنْتُ | لَهُمْ |
| بہت بڑا | پھر | بیشک میں نے | بلایا ان کو | برملا | پھر | بیشک میں نے | ظاہر کیا میں نے | واسطے انکے |

اور اکڑ بیٹھے ﴿۷﴾ پھر میں ان کو کھلے طور پر بھی بلاتا رہا ﴿۸﴾ اور ظاہر اور پوشیدہ

وَاَسْرَرْتُ لَهُمْ اِسْرَارًا ﴿۹﴾ فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَسْرَرْتُ | لَهُمْ | اِسْرَارًا | فَقُلْتُ | اسْتَغْفِرُوْا | رَبَّكُمْ | اِنَّهٗ | كَانَ |
| اور | چھپا کر کہا | واسطے ان کے | چھپا کر کہنا | پس کہا میں نے | بخشش مانگو | اپنے رب سے | بیشک وہ | ہے |

ہر طرح سمجھاتا رہا ﴿۹﴾ اور کہا کہ اپنے پروردگار سے معافی مانگو کہ وہ بڑا معاف

غَفَّارًا ﴿۱۰﴾ يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ﴿۱۱﴾ وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| غَفَّارًا | يُّرْسِلِ | السَّمَآءَ | عَلَيْكُمْ | مِّدْرَارًا | وَّيُمْدِدْكُمْ | بِاَمْوَالٍ |
| بہت بخشنے والا | بھیجے گا | آسمان سے | اوپر تمہارے | مینہ بہت برسنے والا | اور مدد دے گا تم کو | ساتھ مالوں کے |

کرنے والا ہے ﴿۱۰﴾ وہ تم پر آسمان سے مینہ برسائے گا ﴿۱۱﴾ اور مال اور بیٹوں سے

وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ﴿۱۲﴾ مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | بَنِيْنَ | وَ | يَجْعَلْ | لَّكُمْ | جَنّٰتٍ | وَّيَجْعَلْ | لَّكُمْ | اَنْهٰرًا | مَا | لَكُمْ | لَا | تَرْجُوْنَ |
| اور | بیٹوں کے | اور | کرے گا | واسطے تمہارے | باغات | اور کرے گا | واسطے تمہارے | نہریں | کیا ہے | واسطے تمہارے کہ | نہیں | اعتقاد کرتے |

مدد فرمائے گا اور تمہیں باغ عطا کرے گا اور (ان میں) تمہارے لیے نہریں بہا دے گا ﴿۱۲﴾ تم کو کیا ہوا ہے کہ تم اللہ

لِلّٰهِ وَقَارًا ﴿۱۳﴾ وَقَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا ﴿۱۴﴾ اَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ خَلَقَ اللّٰهُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِلّٰهِ | وَقَارًا | وَ | قَدْ | خَلَقَكُمْ | اَطْوَارًا | اَلَمْ | تَرَوْا | كَيْفَ | خَلَقَ | اللّٰهُ |
| واسطے اللہ کے | بزرگی کا | اور | تحقیق | پیدا کیا تم کو | طرح طرح سے | کیا نہیں | دیکھا تم نے | کیوں کر | پیدا کیا | اللہ نے |

کی عظمت کا اعتقاد نہیں رکھتے ﴿۱۳﴾ حالانکہ اُس نے تم کو طرح طرح (کی حالتوں) کا پیدا کیا ہے ﴿۱۴﴾ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ

سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ﴿۱۵﴾ وَّجَعَلَ الْقَمَرَ فِيْهِنَّ نُوْرًا وَّجَعَلَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَبْعَ | سَمٰوٰتٍ | طِبَاقًا | وَّ | جَعَلَ | الْقَمَرَ | فِيْهِنَّ | نُوْرًا | وَّ | جَعَلَ |
| سات | آسمانوں کو | اوپر تلے | اور | کیا | چاند کو | بیچ ان کے | روشن | اور | کیا |

نے سات آسمان کیسے اُوپر تلے بنائے ہیں ﴿۱۵﴾ اور چاند کو اُن میں (زمین کا) نور بنایا ہے اور

الشَّمْسَ سِرَاجًا ﴿۱۶﴾ وَاللّٰهُ اَنْۢبَتَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ نَبَاتًا ﴿۱۷﴾ ثُمَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الشَّمْسَ | سِرَاجًا | وَ | اللّٰهُ | اَنْۢبَتَكُمْ | مِّنَ | الْاَرْضِ | نَبَاتًا | ثُمَّ |
| سورج کو | چراغ | اور | اللہ نے | اگایا تم کو | سے | زمین | ایک طرح کا اگانا | پھر |

سورج کو چراغ ٹھہرایا ہے ﴿۱۶﴾ اور اللہ ہی نے تم کو زمین سے پیدا کیا ہے ﴿۱۷﴾ پھر

يُعِيْدُكُمْ فِيْهَا وَيُخْرِجُكُمْ اِخْرَاجًا ﴿۱۸﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُعِيْدُكُمْ | فِيْهَا | وَ | يُخْرِجُكُمْ | اِخْرَاجًا | وَ | اللّٰهُ | جَعَلَ | لَكُمُ | الْاَرْضَ |
| لوٹائے گا تم کو | بیچ اس کے | اور | نکالے گا تم کو | ایک طرح کا نکالنا | اور | اللہ نے | کیا | واسطے تمہارے | زمین کو |

اسی میں تمہیں لوٹا دے گا اور (اسی سے) تم کو نکال کھڑا کرے گا ﴿۱۸﴾ اور اللہ ہی نے زمین کو تمہارے لیے

ع ۲۰ ۹ بِسَاطًا ﴿۱۹﴾ لِّتَسْلُكُوْا مِنْهَا سُبُلًا فِجَاجًا ﴿۲۰﴾ قَالَ نُوْحٌ رَّبِّ اِنَّهُمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِسَاطًا | لِّتَسْلُكُوْا | مِنْهَا | سُبُلًا | فِجَاجًا | قَالَ | نُوْحٌ | رَّبِّ | اِنَّهُمْ |
| بچھونا | تاکہ چلو | اس میں | راہیں | کشادہ | کہا | نوح نے | اے رب میرے | بیشک انہوں نے |

فرش بنایا ﴿۱۹﴾ تاکہ اس کے بڑے بڑے کشادہ رستوں میں چلو پھرو ﴿۲۰﴾ (اس کے بعد) نوح نے عرض کی کہ میرے

عَصَوْنِيْ وَاتَّبَعُوْا مَنْ لَّمْ يَزِدْهُ مَالُهٗ وَوَلَدُهٗۤ اِلَّا خَسَارًا ﴿۲۱﴾ وَمَكَرُوْا

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَصَوْنِيْ | وَ | اتَّبَعُوْا | مَنْ | لَّمْ | يَزِدْهُ | مَالُهٗ | وَ | وَلَدُهٗۤ | اِلَّا | خَسَارًا | وَ | مَكَرُوْا |
| نافرمانی کی میری | اور | پیروی کی | اس کی جو | نہ | زیادہ کیا اسکو | مال اسکے نے | اور | اولاد اسکی نے | مگر | نقصان | اور | مکر کیا انہوں نے |

پروردگار! یہ لوگ میرے کہنے پر نہیں چلے اور ایسوں کے تابع ہوئے ہیں جن کو مال اور اولاد نے نقصان کے سوا کچھ فائدہ نہیں دیا ﴿۲۱﴾ اور وہ

مَكْرًا كُبَّارًا ﴿۲۲﴾ وَقَالُوا لَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَكُمْ وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَّلَا سُوَاعًا ۙ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَكْرًا | كُبَّارًا | وَ | قَالُوْا | لَا | تَذَرُنَّ | اٰلِهَتَكُمْ | وَ | لَا | تَذَرُنَّ | وَدًّا | وَّ | لَا | سُوَاعًا |
| مکر | بہت بڑا | اور | کہا انہوں نے | نہ | چھوڑو | تم اپنے معبودوں کو | اور | نہ | چھوڑو | وَدّ کو | اور | نہ | سُواع کو |

بڑی بڑی چالیں چلے (۲۲) اور کہنے لگے کہ اپنے معبودوں کو ہرگز نہ چھوڑنا اور ودّ اور سُواع

وَّلَا يَغُوْثَ وَيَعُوْقَ وَنَسْرًا ﴿۲۳﴾ وَقَدْ اَضَلُّوْا كَثِيْرًا ۚ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | لَا | يَغُوْثَ | وَيَعُوْقَ | وَ | نَسْرًا | وَ | قَدْ | اَضَلُّوْا | كَثِيْرًا | وَ | لَا | تَزِدِ | الظّٰلِمِيْنَ |
| اور | نہ | یغوث کو | اور یعوق کو | اور | نسر کو | اور | تحقیق | گمراہ کیا انہوں نے | بہتوں کو | اور | مت | زیادہ دے | ظالموں کو |

اور یغوث اور یعوق اور نسر کو کبھی ترک نہ کرنا (۲۳) (پروردگار) انہوں نے بہت لوگوں کو گمراہ کر دیا ہے تو تو ان کو اور

اِلَّا ضَلٰلًا ﴿۲۴﴾ مِمَّا خَطِيْٓـٰٔتِهِمْ اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا نَارًا ۙ فَلَمْ يَجِدُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَّا | ضَلٰلًا | مِمَّا | خَطِيْٓـٰٔتِهِمْ | اُغْرِقُوْا | فَاُدْخِلُوْا | نَارًا | فَلَمْ | يَجِدُوْا |
| مگر | گمراہی | بسبب | گناہوں اپنے کے | ڈبائے گئے | پس داخل کیے گئے | آگ میں | پس نہ پایا | انہوں نے |

گمراہ کر دے (۲۴) (آخر) وہ اپنے گناہوں کے سبب (پہلے) غرقاب کر دیے گئے پھر آگ میں ڈال دیے گئے تو انہوں نے اللہ کے سوا

لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْصَارًا ﴿۲۵﴾ وَقَالَ نُوْحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْاَرْضِ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمْ | مِّنْ | دُوْنِ | اللّٰهِ | اَنْصَارًا | وَ | قَالَ | نُوْحٌ | رَّبِّ | لَا | تَذَرْ | عَلَى | الْاَرْضِ |
| واسطے اپنے | سے | سوائے | اللہ کے | مدد دینے والا | اور | کہا | نوح نے | اے رب میرے | مت | چھوڑ | اوپر | زمین کے |

کسی کو اپنا مددگار نہ پایا (۲۵) اور (پھر) نوح نے (یہ) دعا کی کہ میرے پروردگار کسی کافر

مِنَ الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ﴿۲۶﴾ اِنَّكَ اِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا عِبَادَكَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ | الْكٰفِرِيْنَ | دَيَّارًا | اِنَّكَ | اِنْ | تَذَرْهُمْ | يُضِلُّوْا | عِبَادَكَ |
| سے | کافروں میں | بسنے والا | بیشک تو | اگر | تو چھوڑ دے ان کو | گمراہ کریں گے | تیرے بندوں کو |

کو روئے زمین پر بستا نہ رہنے دے (۲۶) اگر تو اُن کو رہنے دے گا تو تیرے بندوں کو گمراہ کریں گے اور ان سے

وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا كَفَّارًا ﴿۲۷﴾ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | يَلِدُوْٓا | اِلَّا | فَاجِرًا | كَفَّارًا | رَبِّ | اغْفِرْ لِيْ | وَلِوَالِدَيَّ | وَ | لِمَنْ | دَخَلَ |
| اور | نہ | جنیں گے | مگر | بدکار | کفر کرنیوالے | اے میرے رب | بخش دے مجھ کو | اور میرے ماں باپ کو | اور | اس کو جو | داخل ہو |

جو اولاد ہوگی وہ بھی بدکار اور ناشکر گزار ہوگی (۲۷) اے میرے پروردگار مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور جو ایمان لا کر میرے گھر

ع ۲ ۱۰

بَیۡتِیَ مُؤۡمِنًا وَّ لِلۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَ الۡمُؤۡمِنٰتِ ؕ وَ لَا تَزِدِ الظّٰلِمِیۡنَ اِلَّا تَبَارًا ﴿۲۸﴾ ع

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَیۡتِیَ | مُؤۡمِنًا | وَّ | لِلۡمُؤۡمِنِیۡنَ | وَ | الۡمُؤۡمِنٰتِ | وَ | لَا | تَزِدِ | الظّٰلِمِیۡنَ | اِلَّا | تَبَارًا |
| میرے گھر میں | ایمان والا | اور | ایمان والے | اور | ایمان والیاں | اور | مت | زیادہ کر تو | ظالموں کو | مگر | ہلاک کرنا |

میں آئے اس کو اور تمام ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں کو معاف فرما۔ اور ظالم لوگوں کے لیے اور زیادہ تباہی بڑھا ﴿۲۸﴾

ایاتہا ۲۸ — ۷۲ سُوۡرَۃُ الۡجِنِّ مَکِّیَّۃٌ ۴۰ — رکوعاتہا ۲

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قُلۡ اُوۡحِیَ اِلَیَّ اَنَّهُ اسۡتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الۡجِنِّ فَقَالُوۡۤا اِنَّا سَمِعۡنَا قُرۡاٰنًا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلۡ | اُوۡحِیَ | اِلَیَّ | اَنَّهُ | اسۡتَمَعَ | نَفَرٌ | مِّنَ | الۡجِنِّ | فَقَالُوۡۤا | اِنَّا | سَمِعۡنَا | قُرۡاٰنًا |
| کہہ | وحی کی گئی ہے | طرف میری | یہ کہ وہ | سنا | ایک جماعت نے | سے | جنوں میں | پس کہا انہوں نے | بیشک | سنا ہم نے | قرآن |

(اے پیغمبر لوگوں سے) کہہ دو کہ میرے پاس وحی آئی ہے کہ جنوں کی ایک جماعت نے (اس کتاب کو) سنا تو کہنے لگے کہ ہم نے ایک

عَجَبًا ﴿۱﴾ یَّهۡدِیۡۤ اِلَی الرُّشۡدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ وَ لَنۡ نُّشۡرِكَ بِرَبِّنَاۤ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَجَبًا | یَّهۡدِیۡۤ | اِلَی | الرُّشۡدِ | فَاٰمَنَّا | بِهٖ | | وَ لَنۡ | نُّشۡرِكَ | بِرَبِّنَاۤ |
| عجیب | کہ راہ دکھاتا ہے | طرف | بھلائی کی | پس ایمان لے آئے ہم | اس پر | اور | ہرگز نہیں | شریک لائیں گے ہم | ساتھ اپنے رب کے |

عجیب قرآن سنا ﴿۱﴾ جو بھلائی کا رستہ بتاتا ہے سو ہم اس پر ایمان لے آئے۔ اور ہم اپنے پروردگار کے ساتھ کسی کو

اَحَدًا ﴿۲﴾ وَّ اَنَّهُ تَعٰلٰی جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّ لَا وَلَدًا ﴿۳﴾

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَحَدًا | وَّ | اَنَّهُ | تَعٰلٰی | جَدُّ | رَبِّنَا | مَا | اتَّخَذَ | صَاحِبَةً | وَّ | لَا | وَلَدًا |
| کسی کو | اور | یہ کہ | بہت بلند ہے | شان | ہمارے رب کی | نہیں | پکڑی اس نے | بی بی | اور | نہ | اولاد |

شریک نہیں بنائیں گے ﴿۲﴾ اور یہ کہ ہمارے پروردگار کی عظمت (شان) بہت بڑی ہے وہ نہ بیوی رکھتا ہے نہ اولاد ﴿۳﴾

وَّ اَنَّهُ كَانَ یَقُوۡلُ سَفِیۡهُنَا عَلَی اللّٰهِ شَطَطًا ﴿۴﴾ وَّ اَنَّا ظَنَنَّاۤ اَنۡ لَّنۡ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | اَنَّهُ | كَانَ یَقُوۡلُ | سَفِیۡهُنَا | عَلَی | اللّٰهِ | شَطَطًا | وَّ | اَنَّا | ظَنَنَّاۤ | اَنۡ | لَّنۡ |
| اور | یہ کہ | کہا کرتے تھے | بیوقوف ہمارے | اوپر | اللہ کے | زیادتی | اور | یہ کہ ہم | گمان کرتے تھے | یہ کہ | ہرگز نہ |

اور یہ کہ ہم میں سے بعض بیوقوف اللہ کے بارے میں جھوٹ افتراء کرتا ہے ﴿۴﴾ اور ہمارا (یہ) خیال تھا

تَقُوْلَ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۙ﴿۵﴾ وَّ اَنَّهٗ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ

| تَقُوْلَ | الْاِنْسُ | وَالْجِنُّ | عَلَى | اللّٰهِ | كَذِبًا | وَّ | اَنَّهٗ | كَانَ | رِجَالٌ | مِّنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہیں گے | آدمی | اور جن | اوپر | اللہ کے | جھوٹ | اور | یہ کہ | تھے وہ | کئی مرد | سے |

کہ انسان اور جن اللہ کی نسبت جھوٹ نہیں بولتے﴿۵﴾ اور یہ کہ بعض بنی آدم بعض

الْاِنْسِ يَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوْهُمْ رَهَقًا ۙ﴿۶﴾ وَّ اَنَّهُمْ

| الْاِنْسِ | يَعُوْذُوْنَ | بِرِجَالٍ | مِّنَ | الْجِنِّ | فَزَادُوْهُمْ | رَهَقًا | وَّاَنَّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آدمیوں میں | پناہ پکڑتے تھے | ساتھ مردوں کے | سے | جنوں میں | پس زیادہ کیا ان کو | تکبر | اور یہ کہ وہ |

جنات کی پناہ پکڑا کرتے تھے (اس سے) اُن کی سرکشی اور بڑھ گئی تھی﴿۶﴾ اور یہ کہ

ظَنُّوْا كَمَا ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ اَحَدًا ۙ﴿۷﴾ وَّ اَنَّا لَمَسْنَا السَّمَآءَ

| ظَنُّوْا | كَمَا | ظَنَنْتُمْ | اَنْ | لَّنْ | يَّبْعَثَ | اللّٰهُ | اَحَدًا | وَّاَنَّا | لَمَسْنَا | السَّمَآءَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گمان کیا انہوں نے | جیسا کہ | گمان کیا تم نے | یہ کہ | ہرگز نہ | بھیجے گا | اللہ | کسی کو | اور یہ بیشک ہم نے | ٹٹولا | آسمان کو |

اُن کا بھی یہی اعتقاد تھا جس طرح تمہارا تھا کہ اللہ کسی کو نہیں جِلائے گا﴿۷﴾ اور یہ کہ ہم نے آسمان

فَوَجَدْنٰهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيْدًا وَّ شُهُبًا ۙ﴿۸﴾ وَّ اَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا

| فَوَجَدْنٰهَا | مُلِئَتْ | حَرَسًا | شَدِيْدًا | وَّشُهُبًا | وَّ | اَنَّا | كُنَّا نَقْعُدُ | مِنْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس پایا اس کو | بھرا ہوا | چوکیداروں | سخت سے | اور آگ کے شعلوں سے | اور | یہ کہ | ہم بیٹھا کرتے تھے | آسمانوں میں سے |

کو ٹٹولا تو اس کو مضبوط چوکیداروں اور انگاروں سے بھرا ہوا پایا﴿۸﴾ اور یہ کہ پہلے ہم وہاں بہت

مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ؕ فَمَنْ يَّسْتَمِعِ الْاٰنَ يَجِدْ لَهٗ شِهَابًا رَّصَدًا ۙ﴿۹﴾

| مَقَاعِدَ | لِلسَّمْعِ | فَمَنْ | يَّسْتَمِعِ | الْاٰنَ | يَجِدْ لَهٗ | شِهَابًا | رَّصَدًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٹھکانوں میں | واسطے سننے کے | پس جو کوئی | سنتا ہے | اب | پاتا ہے واسطے اپنے | ایک شعلہ | گھات میں |

سے مقامات میں (خبریں) سننے کے لیے بیٹھا کرتے تھے۔ اب کوئی سننا چاہے تو اپنے لیے انگارا تیار پائے﴿۹﴾

وَّ اَنَّا لَا نَدْرِيْۤ اَشَرٌّ اُرِيْدَ بِمَنْ فِي الْاَرْضِ اَمْ اَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ

| وَّ | اَنَّا | لَا | نَدْرِيْۤ | اَشَرٌّ | اُرِيْدَ | بِمَنْ | فِي | الْاَرْضِ | اَمْ | اَرَادَ | بِهِمْ | رَبُّهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | یہ کہ ہم | نہیں | جانتے کہ | برائی | ارادہ کی گئی ہے | ساتھ انکے جو کہ | بیچ | زمین کے ہیں | یا | ارادہ کیا ہے | ساتھ انکے | انکے رب نے |

اور یہ کہ ہمیں معلوم نہیں کہ اس سے اہلِ زمین کے حق میں برائی مقصود ہے یا اُن کے پروردگار نے ان کی بھلائی کا ارادہ

رَشَدًا ﴿۱۰﴾ وَّ اَنَّا مِنَّا الصّٰلِحُوْنَ وَ مِنَّا دُوْنَ ذٰلِكَ ؕ كُنَّا طَرَآئِقَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَشَدًا | وَّ | اَنَّا | مِنَّا | الصّٰلِحُوْنَ | وَ | مِنَّا | دُوْنَ | ذٰلِكَ | كُنَّا | طَرَآئِقَ |
| بھلائی کا | اور | یہ کہ | ہم میں سے | بعض نیک ہیں | اور | بعض ہم میں سے | سوائے | اس کے ہیں | ہم تھے | کئی راہ |

فرمایا ہے ﴿۱۰﴾ اور یہ کہ ہم میں کوئی نیک ہیں اور کوئی اور طرح کے۔ ہمارے کئی طرح کے

قِدَدًا ﴿۱۱﴾ وَّ اَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ نُّعْجِزَ اللّٰهَ فِی الْاَرْضِ وَلَنْ نُّعْجِزَهٗ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قِدَدًا | وَّ | اَنَّا | ظَنَنَّآ | اَنْ | لَّنْ | نُّعْجِزَ | اللّٰهَ | فِی | الْاَرْضِ | وَلَنْ | نُّعْجِزَهٗ |
| پھٹے ہوئے | اور | یہ کہ | جانا ہم نے | یہ کہ | ہرگز نہ | عاجز کریں گے | اللہ کو | بیچ | زمین کے | اور ہرگز نہ | عاجز کرینگے اسکو |

مذہب ہیں ﴿۱۱﴾ اور یہ کہ ہم نے یقین کرلیا ہے کہ ہم زمین میں (خواہ کہیں ہوں) اللہ کو ہرا نہیں سکتے اور نہ بھاگ کر اس کو

هَرَبًا ﴿۱۲﴾ وَّ اَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا الْهُدٰٓی اٰمَنَّا بِهٖ ؕ فَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِرَبِّهٖ فَلَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هَرَبًا | وَّ | اَنَّا | لَمَّا | سَمِعْنَا | الْهُدٰٓی | اٰمَنَّا | بِهٖ | فَمَنْ | يُّؤْمِنْۢ | بِرَبِّهٖ | فَلَا |
| بھاگ کر | اور | یہ کہ | جب | سنی ہم نے | ہدایت | ایمان لائے ہم | اس پر | پس جو کوئی | ایمان لائے | اپنے رب پر | پس نہیں |

تھکا سکتے ہیں ﴿۱۲﴾ اور جب ہم نے ہدایت (کی کتاب) سنی اُس پر ایمان لے آئے۔ تو جو شخص اپنے پروردگار پر ایمان لاتا ہے اس کو نہ

يَخَافُ بَخْسًا وَّلَا رَهَقًا ﴿۱۳﴾ وَّ اَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُوْنَ وَ مِنَّا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَخَافُ | بَخْسًا | وَّلَا | رَهَقًا | وَّ | اَنَّا | مِنَّا | الْمُسْلِمُوْنَ | وَ | مِنَّا |
| ڈرتا | کم کردینے سے | اور نہ | زبردستی سے | اور | یہ کہ | بعضے ہم میں سے | مسلمان ہیں | اور | بعضے ہم میں سے |

نقصان کا خوف ہے نہ ظلم کا ﴿۱۳﴾ اور یہ کہ ہم میں بعض فرمانبردار ہیں اور بعض

الْقٰسِطُوْنَ ؕ فَمَنْ اَسْلَمَ فَاُولٰٓئِكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا ﴿۱۴﴾ وَ اَمَّا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقٰسِطُوْنَ | فَمَنْ | اَسْلَمَ | فَاُولٰٓئِكَ | تَحَرَّوْا | رَشَدًا | وَ | اَمَّا |
| ظالم ہیں | پس جو کوئی | اسلام لایا | پس یہ لوگ | ارادہ کیا ہے انہوں نے | بھلائی کا | اور | لیکن جو |

(نافرمان) گنہگار ہیں۔ تو جو فرمانبردار ہوئے وہ سیدھے رستے پر چلے ﴿۱۴﴾ اور جو

الْقٰسِطُوْنَ فَكَانُوْا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ﴿۱۵﴾ وَّ اَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوْا عَلَى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقٰسِطُوْنَ | فَكَانُوْا | لِجَهَنَّمَ | حَطَبًا | وَّ | اَنْ | لَّوِ | اسْتَقَامُوْا | عَلَى |
| ظالم ہیں | پس ہیں وہ | واسطے دوزخ کے | لکڑیاں | اور | یہ حکم آیا کہ | اگر | قائم رہتے ہیں یہ لوگ | اوپر |

گنہگار ہوئے وہ دوزخ کا ایندھن بنے ﴿۱۵﴾ اور (اے پیغمبر) یہ (بھی اُن سے کہہ دو) کہ اگر یہ لوگ سیدھے رستے

الطَّرِيْقَةِ لَاَسْقَيْنٰهُمْ مَّآءً غَدَقًا ﴿۱۶﴾ لِّنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ وَمَنْ يُّعْرِضْ

| الطَّرِيْقَةِ | لَاَسْقَيْنٰهُمْ | مَّآءً | غَدَقًا | لِّنَفْتِنَهُمْ | فِيْهِ | وَمَنْ | يُّعْرِضْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| راہ کے | البتہ پلاتے ہم ان کو | پانی | وافر | تاکہ آزمائیں ہم ان کو | بیچ اس کے | اور جو کوئی | روگردانی کرتا ہے |

پر رہتے تو ہم ان کے پینے کو بہت سا پانی دیتے ﴿۱۶﴾ تاکہ اس سے اُن کی آزمائش کریں اور جو شخص اپنے

عَنْ ذِكْرِ رَبِّهٖ يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ﴿۱۷﴾ وَّاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا

| عَنْ | ذِكْرِ | رَبِّهٖ | يَسْلُكْهُ | عَذَابًا | صَعَدًا | وَّاَنَّ | الْمَسٰجِدَ | لِلّٰهِ | فَلَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | یاد | اپنے رب کی | ڈال دے گا اسکو | عذاب | سخت میں | اور یہ کہ | مسجدیں | واسطے اللہ کے ہیں | پس مت |

پروردگار کی یاد سے منہ پھیرے گا وہ اُس کو سخت عذاب میں داخل کرے گا ﴿۱۷﴾ اور یہ کہ مسجدیں (خاص) اللہ کی ہیں

تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ﴿۱۸﴾ وَّاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا

| تَدْعُوْا | مَعَ | اللّٰهِ | اَحَدًا | وَّ | اَنَّهٗ | لَمَّا | قَامَ | عَبْدُ | اللّٰهِ | يَدْعُوْهُ | كَادُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پکارو | ساتھ | اللہ کے | کسی کو | اور | یہ کہ | جس وقت | کھڑا ہوا | بندہ | اللہ کا | پکارتا ہے اسکو | نزدیک ہیں کہ |

تو اللہ کے ساتھ کسی اور کی عبادت نہ کرو ﴿۱۸﴾ اور جب اللہ کے بندے (محمد ﷺ) اس کی عبادت کو کھڑے ہوئے

يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا ﴿۱۹﴾ؑ قُلْ اِنَّمَآ اَدْعُوْا رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِهٖ ع ۱۹ ۱۱

| يَكُوْنُوْنَ | عَلَيْهِ | لِبَدًا | قُلْ | اِنَّمَآ | اَدْعُوْا | رَبِّيْ | وَ | لَآ | اُشْرِكُ | بِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہووے | اوپر اس کے | جھرمٹ | کہہ | سوائے اسکے نہیں کہ | پکارتا ہوں | اپنے رب کو | اور | نہیں | شریک لاتا | ساتھ اسکے |

تو کافر اُن کے گرد ہجوم کر لینے کو تھے ﴿۱۹﴾ کہہ دو کہ میں تو اپنے پروردگار ہی کی عبادت کرتا ہوں اور کسی کو اس کا

اَحَدًا ﴿۲۰﴾ قُلْ اِنِّيْ لَآ اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا ﴿۲۱﴾ قُلْ اِنِّيْ لَنْ

| اَحَدًا | قُلْ | اِنِّيْ | لَآ | اَمْلِكُ | لَكُمْ | ضَرًّا | وَّ | لَا | رَشَدًا | قُلْ | اِنِّيْ | لَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کسی کو | کہہ | بیشک میں | نہیں | اختیار رکھتا | واسطے تمہارے | ضرر کو | اور | نہ | بھلائی کو | کہہ | بیشک | ہرگز نہ |

شریک نہیں بناتا ﴿۲۰﴾ یہ بھی کہہ دو کہ میں تمہارے حق میں نقصان اور نفع کا کچھ اختیار نہیں رکھتا ﴿۲۱﴾ یہ بھی کہہ دو کہ اللہ

يُّجِيْرَنِيْ مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ ۙ وَّلَنْ اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۲﴾ اِلَّا بَلٰغًا

| يُّجِيْرَنِيْ | مِنَ | اللّٰهِ | اَحَدٌ | وَّ | لَنْ | اَجِدَ | مِنْ | دُوْنِهٖ | مُلْتَحَدًا | اِلَّا | بَلٰغًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پناہ دے گا مجھ کو | سے | اللہ | کوئی | اور | ہرگز نہ | پاؤں گا میں | کسی سے | اس کے سوا | جگہ پناہ کی | مگر | پہنچانا |

(کے عذاب) سے مجھے کوئی پناہ نہیں دے سکتا۔ اور میں اس کے سوا کہیں جائے پناہ نہیں دیکھتا ﴿۲۲﴾ ہاں اللہ کی طرف سے

مِّنَ اللّٰهِ وَرِسٰلٰتِهٖ ؕ وَمَنۡ يَّعۡصِ اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ

| مِّنَ | اللّٰهِ | وَ | رِسٰلٰتِهٖ | وَ | مَنۡ | يَّعۡصِ | اللّٰهَ | وَ | رَسُوۡلَهٗ | فَاِنَّ | لَهٗ | نَارَ | جَهَنَّمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طرف سے | اللہ کی | اور | پیغام لانے اسکے | اور | جو کوئی | نافرمانی کرے | اللہ کی | اور | اسکے رسول کی | پس بیشک | واسطے اسکے | آگ ہے | دوزخ کی |

(احکام کا) اور اس کے پیغاموں کا پہنچا دینا (ہی میرے ذمے ہے)۔ اور جو شخص اللہ اور اس کے پیغمبر کی نافرمانی کرے گا تو ایسوں کے لیے جہنم کی

خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَاۤ اَبَدًا ؕ﴿۲۳﴾ حَتّٰۤى اِذَا رَاَوۡا مَا يُوۡعَدُوۡنَ فَسَيَعۡلَمُوۡنَ

| خٰلِدِيۡنَ | فِيۡهَاۤ | اَبَدًا | حَتّٰۤى | اِذَا | رَاَوۡا | مَا | يُوۡعَدُوۡنَ | فَسَيَعۡلَمُوۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہمیش رہنے والے | بیچ اس کے | ہمیشہ | یہاں تک کہ | جب | دیکھیں گے | جو کچھ | وعدہ دیئے جاتے ہیں | پس البتہ جان لیں گے |

آگ ہے ہمیشہ ہمیشہ اس میں رہیں گے ﴿۲۳﴾ یہاں تک کہ جب یہ لوگ وہ (دن) دیکھ لیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے تب ان کو معلوم ہو

مَنۡ اَضۡعَفُ نَاصِرًا وَّاَقَلُّ عَدَدًا ﴿۲۴﴾ قُلۡ اِنۡ اَدۡرِىۡۤ اَقَرِيۡبٌ مَّا

| مَنۡ | اَضۡعَفُ | نَاصِرًا | وَّ | اَقَلُّ | عَدَدًا | قُلۡ | اِنۡ | اَدۡرِىۡۤ | اَقَرِيۡبٌ | مَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کون | ناتواں ہے | مددگار کر | اور | کم ہے | عدد میں | کہہ | نہیں | جانتا میں | کیا نزدیک ہے | جو کچھ |

جائے گا کہ مددگار کس کے کمزور اور شمار کن کا تھوڑا ہے ﴿۲۴﴾ کہہ دو کہ جس (دن) کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے میں نہیں جانتا کہ وہ (عن) قریب

تُوۡعَدُوۡنَ اَمۡ يَجۡعَلُ لَهٗ رَبِّىۡۤ اَمَدًا ﴿۲۵﴾ عٰلِمُ الۡغَيۡبِ فَلَا يُظۡهِرُ عَلٰى

| تُوۡعَدُوۡنَ | اَمۡ | يَجۡعَلُ | لَهٗ | رَبِّىۡۤ | اَمَدًا | عٰلِمُ | الۡغَيۡبِ | فَلَا | يُظۡهِرُ | عَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تم وعدہ دیئے جاتے ہو | یا | کرے | واسطے اسکے | رب میرا | مدت | وہ جاننے والا ہے | غیب کا | پس نہیں | خبردار کرتا | اوپر |

(آنے والا) ہے یا میرے پروردگار نے اس کی مدت دراز کر دی ہے ﴿۲۵﴾ (وہی) غیب (کی بات) جاننے والا ہے اور کسی پر

غَيۡبِهٖۤ اَحَدًا ۙ﴿۲۶﴾ اِلَّا مَنِ ارۡتَضٰى مِنۡ رَّسُوۡلٍ فَاِنَّهٗ يَسۡلُكُ مِنۡۢ

| غَيۡبِهٖۤ | اَحَدًا | اِلَّا | مَنِ | ارۡتَضٰى | مِنۡ | رَّسُوۡلٍ | فَاِنَّهٗ | يَسۡلُكُ | مِنۡۢ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے غیب کے | کسی کو | مگر | جس کو | پسند فرمائے | سے | پیغمبروں میں | پس بیشک وہ | چلاتا ہے | سے |

اپنے غیب کو ظاہر نہیں کرتا ﴿۲۶﴾ ہاں جس پیغمبر کو پسند فرمائے تو اس (کو غیب کی باتیں بتا دیتا

بَيۡنِ يَدَيۡهِ وَمِنۡ خَلۡفِهٖ رَصَدًا ۙ﴿۲۷﴾ لِّيَعۡلَمَ اَنۡ قَدۡ اَبۡلَغُوۡا رِسٰلٰتِ

| بَيۡنِ يَدَيۡهِ | وَ | مِنۡ | خَلۡفِهٖ | رَصَدًا | لِّيَعۡلَمَ | اَنۡ | قَدۡ | اَبۡلَغُوۡا | رِسٰلٰتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آگے اس کے | اور | سے | پیچھے اس کے | نگہبان | تاکہ ظاہر کردے | یہ کہ | تحقیق | پہنچائے انہوں نے | پیغامات |

اور اس) کے آگے اور پیچھے نگہبان مقرر کر دیتا ہے ﴿۲۷﴾ تاکہ معلوم فرمائے کہ انہوں نے اپنے پروردگار

ع ۲ ۹ ۱۲

رَبِّهِمْ وَ اَحَاطَ بِمَا لَدَیْهِمْ وَ اَحْصٰى كُلَّ شَیْءٍ عَدَدًا ﴿۲۸﴾ ع

| رَبِّهِمْ | وَ | اَحَاطَ | بِمَا | لَدَیْهِمْ | وَاَحْصٰى | كُلَّ | شَیْءٍ | عَدَدًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے پروردگار کے | اور | گھیر لیا ہے | اس چیز کو کہ | ان کے پاس ہے | اور گن لی ہے | ہر | چیز کی | گنتی |

کے پیغام پہنچا دیے ہیں اور (یوں تو) اس نے ان کی سب چیزوں کو ہر طرف سے قابو کر رکھا ہے اور ایک ایک چیز گن رکھی ہے ﴿۲۸﴾

## اٰیاتہا ۲۰ — ۷۳ سُوْرَۃُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّیَّةٌ ۳ — رکوعاتہا ۲

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

یٰۤاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ ﴿۱﴾ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا ﴿۲﴾ نِّصْفَهٗۤ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ

| یٰۤاَیُّهَا | الْمُزَّمِّلُ | قُمِ | الَّیْلَ | اِلَّا | قَلِیْلًا | نِّصْفَهٗۤ | اَوِانْقُصْ | مِنْهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے | کپڑے میں لپٹنے والے | کھڑا رہا کر | رات کو | مگر | تھوڑا | آدھی اس کی | یا کم کر لے | اس میں سے |

اے (محمد صلی اللہ علیہ وسلم!) جو کپڑے میں لپٹ رہے ہو ﴿۱﴾ رات کو قیام کیا کرو مگر تھوڑی سی رات ﴿۲﴾ یعنی نصف رات یا اس سے

قَلِیْلًا ﴿۳﴾ اَوْ زِدْ عَلَیْهِ وَ رَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا ﴿۴﴾ اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَیْكَ

| قَلِیْلًا | اَوْزِدْ | عَلَیْهِ | وَ | رَتِّلِ | الْقُرْاٰنَ | تَرْتِیْلًا | اِنَّا | سَنُلْقِیْ | عَلَیْكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تھوڑا سا | اور زیادہ کر لے | اوپر اس کے | اور | ٹھہر ٹھہر کر | قرآن پڑھ | آہستہ | بیشک | البتہ ڈالیں گے ہم | اوپر تیرے |

کچھ کم ﴿۳﴾ یا کچھ زیادہ اور قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کرو ﴿۴﴾ ہم عنقریب تم پر ایک بھاری

قَوْلًا ثَقِیْلًا ﴿۵﴾ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّیْلِ هِیَ اَشَدُّ وَطْاً وَّ اَقْوَمُ قِیْلًا ﴿۶﴾ اِنَّ

| قَوْلًا | ثَقِیْلًا | اِنَّ | نَاشِئَةَ | الَّیْلِ | هِیَ | اَشَدُّ | وَطْاً | وَّ | اَقْوَمُ | قِیْلًا | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بات | بھاری | بیشک | اٹھنا | رات کا | وہ | بہت سخت ہے | کچلنے میں | اور | بہت سیدھا کرنیوالا ہے | بات کو | بیشک |

فرمان نازل کریں گے ﴿۵﴾ کچھ شک نہیں کہ رات کا اٹھنا (نفس بہیمی کو) سخت پامال کرتا ہے اور اُس وقت ذکر بھی خوب درست ہوتا ہے ﴿۶﴾ دن

لَكَ فِی النَّهَارِ سَبْحًا طَوِیْلًا ﴿۷﴾ وَ اذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَ تَبَتَّلْ اِلَیْهِ

| لَكَ | فِیْ | النَّهَارِ | سَبْحًا | طَوِیْلًا | وَاذْكُرِ | اسْمَ | رَبِّكَ | وَ | تَبَتَّلْ | اِلَیْهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے تیرے | بیچ | دن کے | شغل ہے | بڑا | اور یاد کر | نام | پروردگار اپنے کا | اور | چھوٹ کر چلا آ | طرف اسکی |

کے وقت تو تمہیں اور بہت سے شغل ہوتے ہیں ﴿۷﴾ تو اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرو اور ہر طرف سے بے تعلق ہو کر اسی

تَبْتِيْلًا ۝۸ ط رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝۹

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَبْتِيْلًا | رَبُّ | الْمَشْرِقِ | وَ | الْمَغْرِبِ | لَآ | اِلٰهَ | اِلَّا | هُوَ | فَاتَّخِذْهُ | وَكِيْلًا |
| سب سے الگ ہوکر | پروردگار ہے | مشرق کا | اور | مغرب کا | نہیں ہے | کوئی معبود | مگر | وہ | پس پکڑ اس کو | کارساز |

کی طرف متوجہ ہو جاؤ ۝۸ (وہی) مشرق اور مغرب کا مالک (ہے اور) اس کے سوا کوئی معبود نہیں تو اُسی کو اپنا کارساز بناؤ ۝۹

وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ۝۱۰ وَذَرْنِيْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاصْبِرْ | عَلٰى | مَا | يَقُوْلُوْنَ | وَاهْجُرْهُمْ | هَجْرًا | جَمِيْلًا | وَ | ذَرْنِيْ |
| اور صبر کر | اوپر | اس چیز کے کہ | کہتے ہیں وہ | اور چھوڑ دے ان کو | چھوڑ دینا | اچھا | اور | چھوڑ دے مجھ کو |

اور جو جو (دل آزار) باتیں یہ لوگ کہتے ہیں ان کو سہتے رہو اور اچھے طریق سے اُن سے کنارہ کش رہو ۝۱۰ اور مجھے ان

وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ۝۱۱ اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | الْمُكَذِّبِيْنَ | اُولِي | النَّعْمَةِ | وَمَهِّلْهُمْ | قَلِيْلًا | اِنَّ | لَدَيْنَآ | اَنْكَالًا |
| اور | جھٹلانے والوں کو | صاحبانِ | آرام کے کو | اور مہلت دے ان کو | تھوڑی سی | بیشک | نزدیک ہمارے | بیڑیاں ہیں |

جھٹلانے والوں سے جو دولتمند ہیں سمجھ لینے دو اور اُن کو تھوڑی سی مہلت دے دو ۝۱۱ کچھ شک نہیں کہ ہمارے پاس بیڑیاں ہیں

وَّجَحِيْمًا ۝۱۲ لا وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ۝۱۳ ق يَوْمَ تَرْجُفُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | جَحِيْمًا | وَّ | طَعَامًا | ذَا غُصَّةٍ | وَّ | عَذَابًا | اَلِيْمًا | يَوْمَ | تَرْجُفُ |
| اور | آگ ہے | اور | کھانا ہے | گلے میں اٹکنے والا | اور | عذاب ہے | درد دینے والا | اس دن کہ | کانپے گی |

اور بھڑکتی آگ ہے ۝۱۲ اور گلوگیر کھانا ہے اور درد دینے والا عذاب ہے ۝۱۳ جس دن زمین اور پہاڑ

الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ۝۱۴ اِنَّآ اَرْسَلْنَآ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرْضُ | وَالْجِبَالُ | وَ | كَانَتِ | الْجِبَالُ | كَثِيْبًا | مَّهِيْلًا | اِنَّآ | اَرْسَلْنَآ |
| زمین | اور پہاڑ | اور | ہو جائیں گے | پہاڑ | ٹیلے | بھربھرے | بیشک | ہم نے بھیجا ہے |

کانپنے لگیں اور پہاڑ (ایسے بھربھرے گویا) ریت کے ٹیلے ہو جائیں ۝۱۴ (اے اہل مکہ) جس طرح ہم نے فرعون

اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا ۵ لا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ۝۱۵ ط

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِلَيْكُمْ | رَسُوْلًا | شَاهِدًا | عَلَيْكُمْ | كَمَآ | اَرْسَلْنَآ | اِلٰى | فِرْعَوْنَ | رَسُوْلًا |
| طرف تمہاری | پیغمبر | گواہی دینے والا | اوپر تمہارے | جیسا کہ | بھیجا ہم نے | طرف | فرعون کی | پیغمبر |

کے پاس (موسیٰ کو) پیغمبر (بنا کر) بھیجا تھا (اسی طرح) تمہارے پاس بھی (محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) رسول بھیجے ہیں جو تمہارے مقابلے میں گواہ ہوں گے ۝۱۵

فَعَصٰی فِرۡعَوۡنُ الرَّسُوۡلَ فَاَخَذۡنٰہُ اَخۡذًا وَّبِیۡلًا ﴿۱۶﴾ فَکَیۡفَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَعَصٰی | فِرۡعَوۡنُ | الرَّسُوۡلَ | فَاَخَذۡنٰہُ | اَخۡذًا | وَّبِیۡلًا | فَکَیۡفَ |
| پس کہا نہ مانا | فرعون نے | پیغمبر کا | پس پکڑا ہم نے اس کو | پکڑنا | بھاری | پس کیوں کر |

سو فرعون نے (ہمارے) پیغمبر کا کہا نہ مانا تو ہم نے اس کو بڑے وبال میں پکڑ لیا ﴿۱۶﴾ اگر تم بھی

تَتَّقُوۡنَ اِنۡ کَفَرۡتُمۡ یَوۡمًا یَّجۡعَلُ الۡوِلۡدَانَ شِیۡبَا ﴿۱۷﴾ السَّمَآءُ مُنۡفَطِرٌۢ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَتَّقُوۡنَ | اِنۡ | کَفَرۡتُمۡ | یَوۡمًا | یَّجۡعَلُ | الۡوِلۡدَانَ | شِیۡبَا | السَّمَآءُ | مُنۡفَطِرٌ |
| بچو گے تم | اگر | کفر کرو گے تم | اس دن کہ | کر دے گا | لڑکوں کو | بوڑھا | آسمان | پھٹ جانیوالا ہے |

(اُن پیغمبر کو) نہ مانو گے تو اُس دن سے کیونکر بچو گے جو بچوں کو بوڑھا کر دے گا ﴿۱۷﴾ (اور) جس سے آسمان پھٹ

بِہٖ ؕ کَانَ وَعۡدُہٗ مَفۡعُوۡلًا ﴿۱۸﴾ اِنَّ ہٰذِہٖ تَذۡکِرَۃٌ ۚ فَمَنۡ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰی

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِہٖ | کَانَ | وَعۡدُہٗ | مَفۡعُوۡلًا | اِنَّ | ہٰذِہٖ | تَذۡکِرَۃٌ | فَمَنۡ | شَآءَ | اتَّخَذَ | اِلٰی |
| ساتھ اسکے | ہے | وعدہ اس کا | کیا گیا | بیشک | یہ | نصیحت ہے | پس جو کوئی | چاہے | پکڑ لے | طرف |

جائے گا۔ یہ اس کا وعدہ (پورا) ہو کر رہے گا ﴿۱۸﴾ یہ (قرآن) تو نصیحت ہے سو جو چاہے اپنے پروردگار تک (پہنچنے کا)

رَبِّہٖ سَبِیۡلًا ﴿۱۹﴾ اِنَّ رَبَّکَ یَعۡلَمُ اَنَّکَ تَقُوۡمُ اَدۡنٰی مِنۡ ثُلُثَیِ الَّیۡلِ ع ۱۹ ۱۴

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّہٖ | سَبِیۡلًا | اِنَّ | رَبَّکَ | یَعۡلَمُ | اَنَّکَ | تَقُوۡمُ | اَدۡنٰی | مِنۡ | ثُلُثَیِ | الَّیۡلِ |
| اپنے پروردگار کی | راہ | بیشک | رب تیرا | جانتا ہے | یہ کہ تو | کھڑا رہتا ہے | نزدیک | سے | دو تہائی | رات کے |

راستہ اختیار کر لے ﴿۱۹﴾ تمہارا پروردگار خوب جانتا ہے کہ تم اور تمہارے ساتھ کے لوگ

وَ نِصۡفَہٗ وَ ثُلُثَہٗ وَ طَآئِفَۃٌ مِّنَ الَّذِیۡنَ مَعَکَ ؕ وَ اللّٰہُ یُقَدِّرُ الَّیۡلَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | نِصۡفَہٗ | وَ | ثُلُثَہٗ | وَ | طَآئِفَۃٌ | مِّنَ | الَّذِیۡنَ | مَعَکَ | وَاللّٰہُ | یُقَدِّرُ | الَّیۡلَ |
| اور | آدھی اسکی کے | اور | تہائی اسکی کے | اور | ایک جماعت | سے | ان لوگوں میں | تیرے ساتھ ہے | اور اللہ | ناپتا ہے | رات کو |

(کبھی) دو تہائی رات کے قریب اور (کبھی) آدھی رات اور (کبھی) تہائی رات قیام کیا کرتے ہو۔ اور اللہ تو رات اور دن کا

وَ النَّہَارَ ؕ عَلِمَ اَنۡ لَّنۡ تُحۡصُوۡہُ فَتَابَ عَلَیۡکُمۡ فَاقۡرَءُوۡا مَا تَیَسَّرَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | النَّہَارَ | عَلِمَ | اَنۡ | لَّنۡ | تُحۡصُوۡہُ | فَتَابَ | عَلَیۡکُمۡ | فَاقۡرَءُوۡا | مَا | تَیَسَّرَ |
| اور | دن کو | جانا اس نے | یہ کہ | ہرگز نہ | نباہ سکو گے تم اس کو | پس پھر آیا | اوپر تمہارے | پس پڑھو | جو | میسر ہو |

اندازہ رکھتا ہے۔ اس نے معلوم کیا کہ تم اس کو نباہ نہ سکو گے تو اُس نے تم پر مہربانی کی پس جتنا آسانی سے ہو سکے

مِنَ الْقُرْاٰنِ ؕ عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى ۙ وَاٰخَرُوْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنَ | الْقُرْاٰنِ | عَلِمَ | اَنْ | سَيَكُوْنُ | مِنْكُمْ | مَّرْضٰى | وَ | اٰخَرُوْنَ |
| سے | قرآن میں | جانا اس نے | یہ کہ | البتہ ہوں گے | تم میں سے | بیمار | اور | کتنے لوگ ہونگے کہ |

(اتنا) قرآن پڑھ لیا کرو۔ اُس نے جانا کہ تم میں بعض بیمار بھی ہوتے ہیں اور بعض

يَضْرِبُوْنَ فِى الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ وَاٰخَرُوْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَضْرِبُوْنَ | فِى | الْاَرْضِ | يَبْتَغُوْنَ | مِنْ | فَضْلِ | اللّٰهِ | وَاٰخَرُوْنَ |
| چلیں گے | بیچ | زمین کے | چاہتے ہوں گے | سے | فضل | اللہ کے | اور کتنے لوگ ہونگے کہ |

اللہ کے فضل (یعنی معاش) کی تلاش میں ملک میں سفر کرتے ہیں اور بعض

يُقَاتِلُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖۗ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۙ وَ اَقِيْمُوا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُقَاتِلُوْنَ | فِىْ | سَبِيْلِ | اللّٰهِ | فَاقْرَءُوْا | مَا | تَيَسَّرَ | مِنْهُ | وَ | اَقِيْمُوا |
| لڑتے ہوں گے | بیچ | راہ | اللہ کے | پس پڑھو | جو | میسر ہو | اس سے | اور | قائم رکھو |

اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں تو جتنا آسانی سے ہو سکے اتنا پڑھ لیا کرو اور نماز پڑھتے

الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَ اَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ؕ وَ مَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصَّلٰوةَ | وَاٰتُوا | الزَّكٰوةَ | وَ | اَقْرِضُوا | اللّٰهَ | قَرْضًا | حَسَنًا | وَ | مَا |
| نماز کو | اور ادا کرو | زکوٰۃ | اور | قرض دو | اللہ کو | قرض | اچھا | اور | جو کچھ |

رہو اور زکوٰۃ ادا کرتے رہو اور اللہ کو نیک (اورخلوص نیت سے) قرض دیتے رہو۔ اور جو

تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُقَدِّمُوْا | لِاَنْفُسِكُمْ | مِّنْ | خَيْرٍ | تَجِدُوْهُ | عِنْدَ | اللّٰهِ | هُوَ | خَيْرًا |
| آگے بھیجو گے تم | واسطے اپنی جانوں کے | سے | بھلائی | پاؤ گے تم اس کو | نزدیک | اللہ کے | وہ | بہتر ہے |

عمل نیک تم اپنے لیے آگے بھیجو گے اس کو اللہ کے ہاں بہتر اور صلے میں بزرگ

وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ؕ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۰﴾ ع ۲ ۱۴

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | اَعْظَمَ | اَجْرًا | وَاسْتَغْفِرُوا | اللّٰهَ | اِنَّ | اللّٰهَ | غَفُوْرٌ | رَّحِيْمٌ |
| اور | بڑا | ثواب میں | اور بخشش مانگو | اللہ سے | بیشک | اللہ | بخشنے والا | مہربان ہے |

تر پاؤ گے۔ اور اللہ سے بخشش مانگتے رہو۔ بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے ﴿۲۰﴾

| ایاتها ۵٦ | ۷۴ سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ مَكِّيَّةٌ ۴ | رکوعاتها ۲ |
|---|---|---|

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۙ﴿۱﴾ قُمْ فَاَنْذِرْ ۪ۙ﴿۲﴾ وَ رَبَّكَ فَكَبِّرْ ۪ۙ﴿۳﴾ وَ ثِيَابَكَ

| يٰۤاَيُّهَا | الْمُدَّثِّرُ | قُمْ | فَاَنْذِرْ | وَ | رَبَّكَ | فَكَبِّرْ | وَثِيَابَكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے | کپڑا اوڑھنے والے | کھڑا ہو | پس ڈرا | اور | تیرے رب کی | پس بڑائی کر | اور اپنے کپڑوں کو |

اے (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) جو کپڑا لپیٹے پڑے ہو ﴿۱﴾ اٹھو اور ہدایت کردو ﴿۲﴾ اور اپنے پروردگار کی بڑائی کرو ﴿۳﴾ اور اپنے کپڑوں

فَطَهِّرْ ۪ۙ﴿۴﴾ وَ الرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۪ۙ﴿۵﴾ وَ لَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ۪ۙ﴿۶﴾ وَ لِرَبِّكَ

| فَطَهِّرْ | وَالرُّجْزَ | فَاهْجُرْ | وَ | لَا | تَمْنُنْ | تَسْتَكْثِرُ | وَ | لِرَبِّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس پاک کر | اور پلیدی کو | پس چھوڑ دے | اور | ایسا نہ کر | کہ احسان کرے | اور بدلہ بہت چاہے | اور | واسطے پروردگار کے |

کو پاک رکھو ﴿۴﴾ اور ناپاکی سے دور رہو ﴿۵﴾ اور (اس نیت سے) احسان نہ کرو کہ اس سے زیادہ کے طالب ہو ﴿۶﴾ اور اپنے

فَاصْبِرْ ﴿۷﴾ فَاِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُوْرِ ۙ﴿۸﴾ فَذٰلِكَ يَوْمَئِذٍ يَّوْمٌ عَسِيْرٌ ۙ﴿۹﴾

| فَاصْبِرْ | فَاِذَا | نُقِرَ | فِي | النَّاقُوْرِ | فَذٰلِكَ | يَوْمَئِذٍ | يَّوْمٌ | عَسِيْرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس صبر کر | پس جب | پھونکا جائے گا | بیچ | صور کے | پس وہ | اس دن | دن | بھاری ہے |

پروردگار کے لیے صبر کرو ﴿۷﴾ جب صور پھونکا جائے گا ﴿۸﴾ وہ دن مشکل کا دن ہوگا ﴿۹﴾

عَلَى الْكٰفِرِيْنَ غَيْرُ يَسِيْرٍ ﴿۱۰﴾ ذَرْنِيْ وَ مَنْ خَلَقْتُ وَحِيْدًا ۙ﴿۱۱﴾

| عَلَى | الْكٰفِرِيْنَ | غَيْرُ | يَسِيْرٍ | ذَرْنِيْ | وَ | مَنْ | خَلَقْتُ | وَحِيْدًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | کافروں کے | نہیں | آسان | چھوڑ مجھ کو | اور | اس کو جس کو | پیدا کیا میں نے | اکیلا |

(یعنی) کافروں پر آسان نہ ہوگا ﴿۱۰﴾ ہمیں اس شخص سے سمجھ لینے دو جس کو ہم نے اکیلا پیدا کیا ﴿۱۱﴾

وَّ جَعَلْتُ لَهٗ مَالًا مَّمْدُوْدًا ۙ﴿۱۲﴾ وَّ بَنِيْنَ شُهُوْدًا ۙ﴿۱۳﴾ وَّ مَهَّدْتُّ لَهٗ

| وَّجَعَلْتُ | لَهٗ | مَالًا | مَّمْدُوْدًا | وَّ | بَنِيْنَ | شُهُوْدًا | وَّمَهَّدْتُّ | لَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور کیا میں نے | واسطے اس کے | مال | پھیلا ہوا | اور | بیٹے | حاضر رہنے والے | اور بچھایا میں نے | واسطے اسکے |

اور مال کثیر دیا ﴿۱۲﴾ اور (ہر وقت اس کے پاس) حاضر رہنے والے بیٹے (دیے) ﴿۱۳﴾ اور ہر طرح کے

تَمۡهِيۡدًا ﴿۱۴﴾ ثُمَّ يَطۡمَعُ اَنۡ اَزِيۡدَ ﴿۱۵﴾ كَلَّا ؕ اِنَّهٗ كَانَ لِاٰيٰتِنَا عَنِيۡدًا ﴿۱۶﴾

| تَمۡهِيۡدًا | ثُمَّ | يَطۡمَعُ | اَنۡ | اَزِيۡدَ | كَلَّا | اِنَّهٗ | كَانَ | لِاٰيٰتِنَا | عَنِيۡدًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بچھونا | پھر | طمع رکھتا ہے | یہ کہ | زیادہ دوں | ہرگز نہیں | بیشک وہ | ہے | واسطے ہماری نشانیوں کے | عناد کرنیوالا |

سامان میں وسعت دی ﴿۱۴﴾ ابھی خواہش رکھتا ہے کہ اور زیادہ دیں ﴿۱۵﴾ ایسا ہرگز نہیں ہوگا۔ یہ ہماری آیتوں کا دشمن رہا ہے ﴿۱۶﴾

سَاُرۡهِقُهٗ صَعُوۡدًا ؕ ﴿۱۷﴾ اِنَّهٗ فَكَّرَ وَقَدَّرَ ﴿۱۸﴾ فَقُتِلَ كَيۡفَ قَدَّرَ ﴿۱۹﴾ ثُمَّ

| سَاُرۡهِقُهٗ | صَعُوۡدًا | اِنَّهٗ | فَكَّرَ | وَ | قَدَّرَ | فَقُتِلَ | كَيۡفَ | قَدَّرَ | ثُمَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جلد ہی چڑھاؤنگا میں اسکو | صعود پر | بیشک اس نے | فکر کی | اور | اندازہ کیا | پس مارا جائے | کیوں کر | اندازہ کیا | پھر |

ہم اُسے صعود پر چڑھائیں گے ﴿۱۷﴾ اس نے فکر کیا اور تجویز کی ﴿۱۸﴾ یہ مارا جائے اس نے کیسی تجویز کی ﴿۱۹﴾ پھر

قُتِلَ كَيۡفَ قَدَّرَ ﴿۲۰﴾ ثُمَّ نَظَرَ ﴿۲۱﴾ ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ﴿۲۲﴾ ثُمَّ اَدۡبَرَ

| قُتِلَ | كَيۡفَ | قَدَّرَ | ثُمَّ | نَظَرَ | ثُمَّ | عَبَسَ | وَ | بَسَرَ | ثُمَّ | اَدۡبَرَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مارا جائے | کیوں کر | اندازہ کیا | پھر | دیکھ لیا | پھر | تیوری چڑھائی | اور | منہ بگاڑ لیا | پھر | پیٹھ پھیری |

یہ مارا جائے اس نے کیسی تجویز کی ﴿۲۰﴾ پھر تامل کیا ﴿۲۱﴾ پھر تیوری چڑھائی اور منہ بگاڑ لیا ﴿۲۲﴾ پھر پشت پھیر کر چلا

وَاسۡتَكۡبَرَ ﴿۲۳﴾ فَقَالَ اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّا سِحۡرٌ يُّؤۡثَرُ ﴿۲۴﴾ اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّا قَوۡلُ

| وَاسۡتَكۡبَرَ | فَقَالَ | اِنۡ | هٰذَاۤ | اِلَّا | سِحۡرٌ | يُّؤۡثَرُ | اِنۡ | هٰذَاۤ | اِلَّا | قَوۡلُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور تکبر کیا | پس کہا | نہیں | یہ | مگر | جادو ہے | چلا آتا | نہیں | یہ | مگر | بات |

اور (قبول حق سے) غرور کیا ﴿۲۳﴾ پھر کہنے لگا کہ یہ تو جادو ہے جو (اگلوں سے) متصل ہوتا آیا ہے ﴿۲۴﴾ (پھر بولا) یہ (اللہ کا کلام نہیں بلکہ)

الۡبَشَرِ ﴿۲۵﴾ سَاُصۡلِيۡهِ سَقَرَ ﴿۲۶﴾ وَمَاۤ اَدۡرٰىكَ مَا سَقَرُ ؕ ﴿۲۷﴾ لَا تُبۡقِيۡ

| الۡبَشَرِ | سَاُصۡلِيۡهِ | سَقَرَ | وَمَاۤ | اَدۡرٰىكَ | مَا | سَقَرُ | لَا | تُبۡقِيۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آدمی کی | جلد داخل کروں گا میں اسکو | دوزخ میں | اور کیا | جانے تو | کیا ہے | دوزخ | نہیں | باقی رکھتی |

بشر کا کلام ہے ﴿۲۵﴾ ہم عنقریب اس کو سقر میں داخل کریں گے ﴿۲۶﴾ اور تم کیا سمجھے کہ سقر کیا ہے ﴿۲۷﴾ (وہ آگ ہے کہ) نہ باقی

وَلَا تَذَرُ ﴿۲۸﴾ لَوَّاحَةٌ لِّلۡبَشَرِ ﴿۲۹﴾ عَلَيۡهَا تِسۡعَةَ عَشَرَ ؕ ﴿۳۰﴾ وَمَا جَعَلۡنَاۤ

| وَ | لَا | تَذَرُ | لَوَّاحَةٌ | لِّلۡبَشَرِ | عَلَيۡهَا | تِسۡعَةَ عَشَرَ | وَ | مَا | جَعَلۡنَاۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | چھوڑتی ہے | جھلس دینے والی ہے | چمڑے کو | اوپر اس کے ہیں | انیس | اور | نہیں | کیے ہم نے |

رکھے گی اور نہ چھوڑے گی ﴿۲۸﴾ اور بدن کو جھلس کر سیاہ کر دے گی؟ ﴿۲۹﴾ اُس پر اُنیس (داروغہ) ہیں ﴿۳۰﴾ اور ہم نے دوزخ کے

أَصْحٰبَ النَّارِ إِلَّا مَلٰٓئِكَةً ۙ وَّمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ إِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| أَصْحٰبَ | النَّارِ | إِلَّا | مَلٰٓئِكَةً | وَ | مَا | جَعَلْنَا | عِدَّتَهُمْ | إِلَّا | فِتْنَةً | لِّلَّذِيْنَ |
| داروغے | دوزخ کے | مگر | فرشتے | اور | نہیں | کی ہم نے | گنتی ان کی | مگر | گمراہی | واسطے ان لوگوں کے |

(داروغہ) فرشتے بنائے ہیں۔ اور ان کا شمار کافروں کی آزمائش کے لیے مقرر کیا ہے۔

كَفَرُوْا ۙ لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْكِتٰبَ وَيَزْدَادَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَفَرُوْا | لِيَسْتَيْقِنَ | الَّذِيْنَ | أُوْتُوا | الْكِتٰبَ | وَ | يَزْدَادَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْٓا |
| کافر ہوئے | تاکہ یقین کریں | وہ لوگ کہ | دیئے گئے | کتاب | اور | زیادہ ہوں | وہ لوگ کہ | ایمان لائے |

(اور) اس لیے کہ اہلِ کتاب یقین کریں اور مومنوں کا ایمان اور زیادہ ہو اور اہلِ کتاب

إِيْمَانًا وَّلَا يَرْتَابَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۙ وَلِيَقُوْلَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| إِيْمَانًا | وَّ | لَا | يَرْتَابَ | الَّذِيْنَ | أُوْتُوا | الْكِتٰبَ | وَالْمُؤْمِنُوْنَ | وَ | لِيَقُوْلَ |
| ایمان میں | اور | نہ | شک لائیں | وہ لوگ کہ | دیئے گئے | کتاب | اور ایمان والے | اور | تاکہ کہیں |

اور مومن شک نہ لائیں۔ اور اس لیے کہ جن لوگوں کے دلوں میں (نفاق کا) مرض ہے

الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْكٰفِرُوْنَ مَاذَآ أَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | فِيْ | قُلُوْبِهِمْ | مَّرَضٌ | وَّالْكٰفِرُوْنَ | مَاذَآ | أَرَادَ | اللّٰهُ | بِهٰذَا |
| وہ لوگ کہ | بیچ | ان کے دلوں کے | بیماری ہے | اور کافر | کیا | ارادہ کیا ہے | اللہ نے | ساتھ |

اور (جو) کافر (ہیں) کہیں کہ اس مثال (کے بیان کرنے) سے اللہ کا مقصود کیا ہے؟

مَثَلًا ۭ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَمَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَثَلًا | كَذٰلِكَ | يُضِلُّ | اللّٰهُ | مَنْ | يَّشَآءُ | وَ | يَهْدِيْ | مَنْ | يَّشَآءُ | وَ | مَا |
| مثال کے | اسی طرح | گمراہ کرتا ہے | اللہ | جس کو | چاہتا ہے | اور | ہدایت کرتا ہے | جس کو | چاہتا ہے | اور | نہیں |

اسی طرح اللہ جس کو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے۔

يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ إِلَّا هُوَ ۭ وَمَا هِيَ إِلَّا ذِكْرٰى لِلْبَشَرِ ع ﴿۳۱﴾ كَلَّا ع ۱ ۱۵

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَعْلَمُ | جُنُوْدَ | رَبِّكَ | إِلَّا | هُوَ | وَ | مَا | هِيَ | إِلَّا | ذِكْرٰى | لِلْبَشَرِ | كَلَّا |
| جانتا | لشکر | تیرے رب کا | مگر | وہی | اور | نہیں | وہ | مگر | یاد کرنے کو | واسطے لوگوں کے | تحقیق بات یہ ہے |

اور تمہارے پروردگار کے لشکروں کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ اور یہ تو بنی آدم کے لیے نصیحت ہے(۳۱) ہاں

وَالْقَمَرِ ﴿۳۲﴾ وَ الَّيْلِ اِذْ اَدْبَرَ ﴿۳۳﴾ وَالصُّبْحِ اِذَآ اَسْفَرَ ﴿۳۴﴾ اِنَّهَا

| وَالْقَمَرِ | وَ | الَّيْلِ | اِذْ | اَدْبَرَ | وَالصُّبْحِ | اِذَآ | اَسْفَرَ | اِنَّهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قسم ہے چاند کی | اور | رات کی | جب | پیٹھ پھیرے | اور صبح کی | جب | روشن ہو | بیشک وہ |

(ہاں ہمیں) چاند کی قسم ﴿۳۲﴾ اور رات کی جب پیٹھ پھیرنے لگے ﴿۳۳﴾ اور صبح کی جب روشن ہو ﴿۳۴﴾ کہ وہ (آگ)

لَاِحْدَى الْكُبَرِ ﴿۳۵﴾ نَذِيْرًا لِّلْبَشَرِ ﴿۳۶﴾ لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّتَقَدَّمَ

| لَاِحْدَى | الْكُبَرِ | نَذِيْرًا | لِّلْبَشَرِ | لِمَنْ | شَآءَ | مِنْكُمْ | اَنْ | يَّتَقَدَّمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| البتہ ایک | بڑی ہے | ڈرانے والی | واسطے آدمی کے | واسطے اس شخص کے کہ | چاہے | تم میں سے | یہ کہ | آگے بڑھے |

ایک بہت بڑی (آفت) ہے ﴿۳۵﴾ (اور) بنی آدم کے لیے موجب خوف ﴿۳۶﴾ جو تم میں سے آگے بڑھنا چاہے یا

اَوْ يَتَاَخَّرَ ﴿۳۷﴾ كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَهِيْنَةٌ ﴿۳۸﴾ اِلَّآ اَصْحٰبَ

| اَوْ | يَتَاَخَّرَ | كُلُّ | نَفْسٍ | بِمَا | كَسَبَتْ | رَهِيْنَةٌ | اِلَّآ | اَصْحٰبَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یا | پیچھے ہٹے | ہر ایک | جی | ساتھ اس چیز کے کہ | کمایا ہے | گروی ہے | مگر | اصحاب |

پیچھے رہنا چاہے ﴿۳۷﴾ ہر شخص اپنے اعمال کے بدلے گروی ہے ﴿۳۸﴾ مگر داہنی طرف والے

الْيَمِيْنِ ﴿۳۹﴾ فِيْ جَنّٰتٍ يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۴۰﴾ عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۴۱﴾ مَا ع

| الْيَمِيْنِ | فِيْ | جَنّٰتٍ | يَتَسَآءَلُوْنَ | عَنِ | الْمُجْرِمِيْنَ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| داہنی طرف کے | بیچ | بہشتوں کے ہوں گے | پوچھتے ہوں گے | سے | گنہگاروں | کیا چیز |

(نیک لوگ) ﴿۳۹﴾ (کہ) وہ باغہائے بہشت میں (ہوں گے اور) پوچھتے ہوں گے ﴿۴۰﴾ (یعنی آگ میں جلنے والے) گنہگاروں سے ﴿۴۱﴾ کہ

سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ ﴿۴۲﴾ قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ﴿۴۳﴾ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ

| سَلَكَكُمْ | فِيْ | سَقَرَ | قَالُوْا | لَمْ | نَكُ | مِنَ | الْمُصَلِّيْنَ | وَ | لَمْ | نَكُ | نُطْعِمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لے گئی تم کو | بیچ | دوزخ کے | کہیں گے | نہ | تھے ہم | سے | نماز پڑھنے والوں میں | اور | نہ | تھے ہم | کھانا کھلاتے |

تم دوزخ میں کیوں پڑے؟ ﴿۴۲﴾ وہ جواب دیں گے کہ ہم نماز نہیں پڑھتے تھے ﴿۴۳﴾ اور نہ فقیروں کو کھانا

الْمِسْكِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَكُنَّا نَخُوْضُ مَعَ الْخَآئِضِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ

| الْمِسْكِيْنَ | وَ | كُنَّا | نَخُوْضُ | مَعَ | الْخَآئِضِيْنَ | وَ | كُنَّا | نُكَذِّبُ | بِيَوْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فقیروں کو | اور | تھے ہم | بحث کرتے | ساتھ | بحث کرنے والوں کے | اور | تھے ہم | جھٹلاتے | دن |

کھلاتے تھے ﴿۴۴﴾ اور اہلِ باطل کے ساتھ مل کر (حق سے) انکار کرتے تھے ﴿۴۵﴾ اور روزِ جزا

الدِّيۡنِ ۝٤٦ حَتّٰٓى اَتٰٮنَا الۡيَقِيۡنُ ۝٤٧ فَمَا تَنۡفَعُهُمۡ شَفَاعَةُ

| شَفَاعَةُ | تَنۡفَعُهُمۡ | فَمَا | الۡيَقِيۡنُ | اَتٰٮنَا | حَتّٰٓى | الدِّيۡنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سفارش | فائدہ دیتی ان کو | پس نہیں | موت | آ گئی ہم کو | یہاں تک کہ | جزا کے کو |

کو جھٹلاتے تھے ۝۴۶ یہاں تک کہ ہمیں موت آ گئی ۝۴۷ تو (اس حال میں) سفارش کرنے والوں کی سفارش ان کے

الشّٰفِعِيۡنَ ۝٤٨ فَمَا لَهُمۡ عَنِ التَّذۡكِرَةِ مُعۡرِضِيۡنَ ۝٤٩ كَاَنَّهُمۡ حُمُرٌ

| حُمُرٌ | كَاَنَّهُمۡ | مُعۡرِضِيۡنَ | التَّذۡكِرَةِ | عَنِ | لَهُمۡ | فَمَا | الشّٰفِعِيۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گدھے ہیں | گویا کہ وہ | منہ پھیرتے ہیں | اس نصیحت | سے | ان کو کہ | پس کیا ہے | سفارش کرنیوالوں کی |

حق میں کچھ فائدہ نہ دے گی ۝۴۸ اُن کو کیا ہوا ہے کہ نصیحت سے روگرداں ہو رہے ہیں ۝۴۹ گویا گدھے ہیں کہ

مُّسۡتَنۡفِرَةٌ ۝٥٠ فَرَّتۡ مِنۡ قَسۡوَرَةٍ ۝٥١ بَلۡ يُرِيۡدُ كُلُّ امۡرِئٍ

| امۡرِئٍ | كُلُّ | يُرِيۡدُ | بَلۡ | قَسۡوَرَةٍ | مِنۡ | فَرَّتۡ | مُّسۡتَنۡفِرَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شخص | ہر ایک | ارادہ کرتا ہے | بلکہ | شیر | سے | بھاگتے ہیں | بدکے ہوئے |

بدک جاتے ہیں ۝۵۰ (یعنی) شیر سے ڈر کر بھاگ جاتے ہیں ۝۵۱ اصل یہ ہے کہ اُن میں سے

مِّنۡهُمۡ اَنۡ يُّؤۡتٰى صُحُفًا مُّنَشَّرَةً ۝٥٢ كَلَّا ؕ بَلۡ لَّا يَخَافُوۡنَ

| يَخَافُوۡنَ | لَّا | بَلۡ | كَلَّا | مُّنَشَّرَةً | صُحُفًا | يُّؤۡتٰى | اَنۡ | مِّنۡهُمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ڈرتے | نہیں | بلکہ | ہرگز نہیں یوں | کھلے ہوئے | صحیفے | دیئے جائیں گے | یہ کہ | ان میں سے |

ہر شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کے پاس کھلی ہوئی کتاب آئے ۝۵۲ ایسا ہرگز نہیں ہوگا۔ حقیقت یہ ہے کہ ان کو آخرت

الۡاٰخِرَةَ ۝٥٣ كَلَّاۤ اِنَّهٗ تَذۡكِرَةٌ ۝٥٤ فَمَنۡ شَآءَ ذَكَرَهٗ ۝٥٥ وَمَا يَذۡكُرُوۡنَ

| يَذۡكُرُوۡنَ | وَمَا | ذَكَرَهٗ | شَآءَ | فَمَنۡ | تَذۡكِرَةٌ | اِنَّهٗ | كَلَّاۤ | الۡاٰخِرَةَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یاد کرتے | اور نہیں | اس کو یاد کرے | چاہے | پس جو کوئی | نصیحت ہے | بیشک وہ | ہرگز نہیں | آخرت سے |

کا خوف ہی نہیں ۝۵۳ کچھ شک نہیں کہ یہ نصیحت ہے ۝۵۴ تو جو چاہے اسے یاد رکھے ۝۵۵ اور یاد بھی تبھی

اِلَّاۤ اَنۡ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ هُوَ اَهۡلُ التَّقۡوٰى وَاَهۡلُ الۡمَغۡفِرَةِ ۝٥٦ ع (الربع ۲ ع ۲۵ ۱۶)

| الۡمَغۡفِرَةِ | وَاَهۡلُ | التَّقۡوٰى | اَهۡلُ | هُوَ | اللّٰهُ | يَّشَآءَ | اَنۡ | اِلَّاۤ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بخشنے کے | اور لائق | ڈرنے کے | لائق | وہی ہے | اللہ | چاہے | یہ کہ | مگر |

رکھیں گے جب اللہ چاہے۔ وہی ڈرنے کے لائق اور بخشش کا مالک ہے ۝۵۶

ایاتھا ۴۰ | ۷۵ سُوْرَةُ الْقِيٰمَةِ مَكِّيَّةٌ ۳۱ | رکوعاتھا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

لَآ اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۝۱ وَلَآ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ۝۲ اَيَحْسَبُ

| لَآ اُقْسِمُ | بِيَوْمِ | الْقِيٰمَةِ | وَ | لَآ اُقْسِمُ | بِالنَّفْسِ | اللَّوَّامَةِ | اَيَحْسَبُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قسم کھاتا ہوں میں | دن | قیامت کی | اور | قسم کھاتا ہوں میں | جان | ملامت کرنے والی کی | کیا گمان کرتا ہے |

ہم کو روزِ قیامت کی قسم ۝۱ اور نفس لوامہ کی (کہ سب لوگ اُٹھا کر کھڑے کیے جائیں گے) ۝۲ کیا انسان یہ

الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَهٗ ۝۳ بَلٰى قٰدِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ نُّسَوِّيَ

| الْاِنْسَانُ | اَلَّنْ | نَّجْمَعَ | عِظَامَهٗ | بَلٰى | قٰدِرِيْنَ | عَلٰٓى | اَنْ | نُّسَوِّيَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آدمی | کہ ہرگز نہ | اکٹھی کریں گے ہم | ہڈیاں اس کی | یوں نہیں بلکہ | قدرت رکھتے ہیں | اوپر | اس کے کہ | درست کردیں ہم |

خیال کرتا ہے کہ ہم اس کی (بکھری ہوئی) ہڈیاں اکٹھی نہیں کریں گے؟ ۝۳ ضرور کریں گے (اور) ہم اس بات پر قادر ہیں کہ

بَنَانَهٗ ۝۴ بَلْ يُرِيْدُ الْاِنْسَانُ لِيَفْجُرَ اَمَامَهٗ ۝۵ يَسْـَٔلُ اَيَّانَ يَوْمُ

| بَنَانَهٗ | بَلْ | يُرِيْدُ | الْاِنْسَانُ | لِيَفْجُرَ | اَمَامَهٗ | يَسْـَٔلُ | اَيَّانَ | يَوْمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پوریاں اس کی | بلکہ | ارادہ کرتا ہے | آدمی | تاکہ گناہ کررکھے | آگے اپنے | پوچھتا ہے | کب ہوگا | دن |

اس کی پور پور درست کردیں ۝۴ مگر انسان چاہتا ہے کہ آگے کو خودسری کرتا جائے ۝۵ پوچھتا ہے کہ قیامت کا

الْقِيٰمَةِ ۝۶ فَاِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ ۝۷ وَخَسَفَ الْقَمَرُ ۝۸ وَجُمِعَ الشَّمْسُ

| الْقِيٰمَةِ | فَاِذَا | بَرِقَ | الْبَصَرُ | وَخَسَفَ | الْقَمَرُ | وَجُمِعَ | الشَّمْسُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قیامت کا | پس جس وقت | پتھرا جائیگی | نظریں | اور گہنا جائے گا | چاند | اور اکٹھا کیا جائے گا | سورج |

دن کب ہوگا؟ ۝۶ جب آنکھیں چندھیا جائیں ۝۷ اور چاند گہنا جائے ۝۸ اور سورج اور چاند

وَالْقَمَرُ ۝۹ يَقُوْلُ الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ اَيْنَ الْمَفَرُّ ۝۱۰ كَلَّا لَا وَزَرَ ۝۱۱ اِلٰى

| وَالْقَمَرُ | يَقُوْلُ | الْاِنْسَانُ | يَوْمَئِذٍ | اَيْنَ | الْمَفَرُّ | كَلَّا | لَا وَزَرَ | اِلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور چاند | کہے گا | آدمی | اس دن | کہاں ہے | جگہ بھاگنے کی | ہرگز نہیں | کوئی نہیں | طرف |

جمع کردیے جائیں ۝۹ اُس دن انسان کہے گا کہ (اب) کہاں بھاگ جاؤں؟ ۝۱۰ بیشک کہیں پناہ نہیں ۝۱۱ اُس

رَبِّكَ يَوْمَئِذِ ِالْمُسْتَقَرُّ ﴿١٢﴾ يُنَبَّؤُا الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍۭ بِمَا قَدَّمَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّكَ | يَوْمَئِذِ ِ | الْمُسْتَقَرُّ | يُنَبَّؤُا | الْاِنْسَانُ | يَوْمَئِذٍۭ | بِمَا | قَدَّمَ |
| پروردگار تیرے کے | اس دن ہے | ٹھہرنا ہے | خبر دیا جائے گا | آدمی | اس دن | ساتھ اس چیز کے کہ | آگے بھیجا |

روز پروردگار ہی کے پاس ٹھکانا ہے ﴿١٢﴾ اُس دن انسان کو جو (عمل) اس نے آگے بھیجے اور جو پیچھے چھوڑے ہوں گے

وَاَخَّرَ ﴿١٣﴾ بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ ﴿١٤﴾ وَّلَوْ اَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ ﴿١٥﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَخَّرَ | بَلِ | الْاِنْسَانُ | عَلٰى | نَفْسِهٖ | بَصِيْرَةٌ | وَّ | لَوْ | اَلْقٰى | مَعَاذِيْرَهٗ |
| اور | پیچھے چھوڑا | بلکہ | آدمی | اوپر | اپنی جان کے | دلیل ہے | اور | اگرچہ | لا ڈالے | عذر اپنے |

سب بتا دیے جائیں گے ﴿١٣﴾ بلکہ انسان آپ اپنا گواہ ہے ﴿١٤﴾ اگرچہ عذر و معذرت کرتا رہے ﴿١٥﴾

لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ﴿١٦﴾ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ﴿١٧﴾ فَاِذَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | تُحَرِّكْ | بِهٖ | لِسَانَكَ | لِتَعْجَلَ | بِهٖ | اِنَّ | عَلَيْنَا | جَمْعَهٗ | وَقُرْاٰنَهٗ | فَاِذَا |
| مت | ہلا | ساتھ اسکے | زبان اپنی کو | تاکہ جلدی کرے | ساتھ اسکے | بیشک | ہم پر ہے | اکٹھا کرنا اس کا | اور پڑھنا اسکا | پس جس وقت |

اور (اے محمد ﷺ) وحی کے پڑھنے کے لیے اپنی زبان نہ چلایا کرو کہ اس کو جلد یاد کر لو ﴿١٦﴾ اس کا جمع کرنا اور پڑھانا ہمارے ذمے ہے ﴿١٧﴾ جب

قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ﴿١٨﴾ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ﴿١٩﴾ كَلَّا بَلْ تُحِبُّوْنَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَرَاْنٰهُ | فَاتَّبِعْ | قُرْاٰنَهٗ | ثُمَّ | اِنَّ | عَلَيْنَا | بَيَانَهٗ | كَلَّا | بَلْ | تُحِبُّوْنَ |
| پڑھیں ہم اسکو | پس پیروی کر | پڑھنے ہمارے کی | پھر | بیشک | ہم پر ہے | بیان کرنا اسکا | ہرگز نہیں یوں | بلکہ | دوست رکھتے ہیں |

ہم وحی پڑھا کریں (تو تم اس کو سنا کرو اور) پھر اسی طرح پڑھا کرو ﴿١٨﴾ پھر اس (کے معانی) کا بیان بھی ہمارے ذمّے ہے ﴿١٩﴾ مگر (لوگو)

الْعَاجِلَةَ ﴿٢٠﴾ وَتَذَرُوْنَ الْاٰخِرَةَ ﴿٢١﴾ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ﴿٢٢﴾ اِلٰى رَبِّهَا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْعَاجِلَةَ | وَتَذَرُوْنَ | الْاٰخِرَةَ | وُجُوْهٌ | يَّوْمَئِذٍ | نَّاضِرَةٌ | اِلٰى | رَبِّهَا |
| جلدی کو | اور چھوڑ دیتے ہو | آخرت کو | کتنے چہرے | اس دن | تازے ہیں | طرف | پروردگار اپنے کی |

تم دنیا کو دوست رکھتے ہو ﴿٢٠﴾ اور آخرت کو ترک کیے دیتے ہیں ﴿٢١﴾ اس روز بہت سے منہ رونق دار ہوں گے ﴿٢٢﴾ (اور) اپنے

نَاظِرَةٌ ﴿٢٣﴾ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍۭ بَاسِرَةٌ ﴿٢٤﴾ تَظُنُّ اَنْ يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ﴿٢٥﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نَاظِرَةٌ | وَ | وُجُوْهٌ | يَّوْمَئِذٍۭ | بَاسِرَةٌ | تَظُنُّ | اَنْ | يُّفْعَلَ | بِهَا | فَاقِرَةٌ |
| دیکھنے والے ہیں | اور | کتنے چہرے | اس دن | بگڑے ہیں | گمان کرتے ہیں | یہ کہ | کی جائے گی | ان سے | کمر توڑنے والی |

پروردگار کے محو دیدار ہوں گے ﴿٢٣﴾ اور بہت سے منہ اُس دن اُداس ہوں گے ﴿٢٤﴾ خیال کریں گے کہ ان پر مصیبت واقع ہونے کو ہے ﴿٢٥﴾

كَلَّآ اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ ﴿۲۶﴾ وَقِيْلَ مَنْ سکتة رَاقٍ ﴿۲۷﴾ وَّظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ ﴿۲۸﴾

| كَلَّآ | اِذَا | بَلَغَتِ | التَّرَاقِيَ | وَ | قِيْلَ | مَنْ | رَاقٍ | وَّ | ظَنَّ | اَنَّهُ | الْفِرَاقُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہرگز نہیں یوں | جس وقت | پہنچتی ہے | جان ہانس کو | اور | کہا جائے | کون ہے | جھاڑ پھونک کرنیوالا | اور | جانا اس نے | کہ یہ ہے | جدائی |

دیکھو جب جان گلے تک پہنچ جائے ﴿۲۶﴾ اور لوگ کہنے لگیں (اس وقت) کون جھاڑ پھونک کرنے والا ہے ﴿۲۷﴾ اور اُس (جاں بلب) نے سمجھا کہ اب سب سے جدائی ہے ﴿۲۸﴾

ع ۱۷

وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ﴿۲۹﴾ اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِنِ الْمَسَاقُ ﴿۳۰﴾ فَلَا

| وَالْتَفَّتِ | السَّاقُ | بِالسَّاقِ | اِلٰى | رَبِّكَ | يَوْمَئِذِنِ | الْمَسَاقُ | فَلَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور لپٹ جائے گی | ایک پنڈلی | ساتھ دوسری پنڈلی کے | طرف | تیرے رب کی | اس دن | چلنا ہے | پس نہ |

اور پنڈلی سے پنڈلی لپٹ جائے ﴿۲۹﴾ اُس دن تجھ کو اپنے پروردگار کی طرف چلنا ہے ﴿۳۰﴾ تو اس (عاقبت نا اندیش) نے نہ تو

صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى ﴿۳۱﴾ وَلٰكِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿۳۲﴾ ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ

| صَدَّقَ | وَ | لَا | صَلّٰى | وَ | لٰكِنْ | كَذَّبَ | وَ | تَوَلّٰى | ثُمَّ | ذَهَبَ | اِلٰٓى | اَهْلِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سچ مانا | اور | نہ | نماز پڑھی | اور | لیکن | جھٹلایا | اور | منہ پھیر لیا | پھر | گیا | طرف | اپنے لوگوں کی |

(کلام اللہ کی) تصدیق کی نہ نماز پڑھی ﴿۳۱﴾ بلکہ جھٹلایا اور منہ پھیر لیا ﴿۳۲﴾ پھر اپنے گھر والوں کے پاس اکڑتا

يَتَمَطّٰى ﴿۳۳﴾ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ﴿۳۴﴾ ثُمَّ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ﴿۳۵﴾ اَيَحْسَبُ

| يَتَمَطّٰى | اَوْلٰى | لَكَ | فَاَوْلٰى | ثُمَّ | اَوْلٰى | لَكَ | فَاَوْلٰى | اَيَحْسَبُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اکڑتا ہوا | خرابی ہے | تجھ کو | پھر خرابی ہے | پھر | خرابی ہے | تجھ کو | پس خرابی ہے | کیا گمان کرتا ہے |

ہوا چل دیا ﴿۳۳﴾ افسوس ہے تجھ پر پھر افسوس ہے ﴿۳۴﴾ پھر افسوس ہے تجھ پر پھر افسوس ہے ﴿۳۵﴾ کیا انسان خیال

الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى ﴿۳۶﴾ اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ

| الْاِنْسَانُ | اَنْ | يُّتْرَكَ | سُدًى | اَلَمْ | يَكُ | نُطْفَةً | مِّنْ | مَّنِيٍّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آدمی | یہ کہ | چھوڑ دیا جائے گا | بیکار | کیا نہیں | تھا تو | ایک بوند | سے | منی کی |

کرتا ہے کہ یونہی چھوڑ دیا جائے گا؟ ﴿۳۶﴾ کیا وہ منی کا جو رحم میں ڈالی جاتی ہے ایک قطرہ

يُّمْنٰى ﴿۳۷﴾ ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى ﴿۳۸﴾ فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ

| يُّمْنٰى | ثُمَّ | كَانَ | عَلَقَةً | فَخَلَقَ | فَسَوّٰى | فَجَعَلَ | مِنْهُ | الزَّوْجَيْنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہ ڈالی جاتی ہے | پھر | تھا | لہو جما ہوا | پس پیدا کیا | پس تندرست کیا | پس کیے | اس میں سے | دو جوڑے |

نہ تھا؟ ﴿۳۷﴾ پھر لوتھڑا ہوا پھر (اللہ نے) اس کو بنایا۔ پھر (اس کے اعضاء کو) درست کیا ﴿۳۸﴾ پھر اس کی دو قسمیں بنائیں

ع ۲ ۱۸

الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ﴿۳۹﴾ اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ﴿۴۰﴾

| الذَّكَرَ | وَالْاُنْثٰى | اَلَيْسَ | ذٰلِكَ | بِقٰدِرٍ | عَلٰٓى | اَنْ | يُّحْيِۦَ | الْمَوْتٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مرد | اور عورت | کیا نہیں | یہ ذات | قادر | اوپر | اس کے کہ | زندہ کرے | مُردے کو |

(ایک) مرد اور (ایک) عورت ﴿۳۹﴾ کیا اس کو اس بات پر قدرت نہیں کہ مُردوں کو جِلا اُٹھائے ﴿۴۰﴾

## ایاتھا ۳۱ ۷۶ سُوْرَةُ الدَّهْرِ مَدَنِيَّةٌ ۹۸ رکوعاتھا ۲

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَّذْكُوْرًا ﴿۱﴾

| هَلْ | اَتٰى | عَلَى | الْاِنْسَانِ | حِيْنٌ | مِّنَ | الدَّهْرِ | لَمْ | يَكُنْ | شَيْئًا | مَّذْكُوْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تحقیق | آیا ہے | اوپر | آدمی کے | ایک وقت ایسا بھی | سے | زمانے | نہ | تھا وہ | کچھ چیز | ذکر کیا گیا |

بے شک انسان پر زمانے میں ایک ایسا وقت بھی آچکا ہے کہ وہ کوئی چیز قابلِ ذکر نہ تھا ﴿۱﴾

اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۖۗ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا

| اِنَّا | خَلَقْنَا | الْاِنْسَانَ | مِنْ | نُّطْفَةٍ | اَمْشَاجٍ | نَّبْتَلِيْهِ | فَجَعَلْنٰهُ | سَمِيْعًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک | پیدا کیا ہم نے | آدمی کو | سے | ایک بوند | مخلوط کہ | آزمائش کریں اسکی | پس کر دیا ہم نے اسکو | سننے والا |

ہم نے انسان کو نطفۂ مخلوط سے پیدا کیا تاکہ اسے آزمائیں تو ہم نے اس کو سنتا

بَصِيْرًا ﴿۲﴾ اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا ﴿۳﴾ اِنَّآ

| بَصِيْرًا | اِنَّا | هَدَيْنٰهُ | السَّبِيْلَ | اِمَّا | شَاكِرًا | وَّ | اِمَّا | كَفُوْرًا | اِنَّآ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دیکھنے والا | بیشک | راہ دکھلائی ہم نے اسکو | راہ | یا | شکرگزار رہوتا ہے | اور | یا | کفر کرنے والا | بیشک |

دیکھتا بنایا ﴿۲﴾ (اور) اُسے رستہ بھی دکھا دیا۔ (اب وہ) خواہ شکرگزار ہو خواہ ناشکرا ﴿۳﴾ ہم نے

اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَلٰسِلَا۠ وَاَغْلٰلًا وَّسَعِيْرًا ﴿۴﴾ اِنَّ الْاَبْرَارَ

| اَعْتَدْنَا | لِلْكٰفِرِيْنَ | سَلٰسِلَا۠ | وَاَغْلٰلًا | وَّ | سَعِيْرًا | اِنَّ | الْاَبْرَارَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تیار کی ہیں ہم نے | واسطے کافروں کے | زنجیریں | اور طوق | اور | آگ | بیشک | نیک کام والے |

کافروں کے لیے زنجیریں اور طوق اور دہکتی آگ تیار کر رکھی ہے ﴿۴﴾ جو نیکوکار ہیں

يَشْرَبُوْنَ مِنْ كَاْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ۝٥ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا عِبَادُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَشْرَبُوْنَ | مِنْ | كَاْسٍ | كَانَ | مِزَاجُهَا | كَافُوْرًا | عَيْنًا | يَّشْرَبُ | بِهَا | عِبَادُ |
| پئیں گے | سے | پیالہ | ہے | ملونی اس کی | کافور کی | چشمہ ہے کہ | پیتے ہیں | اس سے | بندے |

وہ ایسی شراب نوش جان کریں گے جس میں کافور کی آمیزش ہوگی ۝٥ یہ ایک چشمہ ہے جس میں سے اللہ کے بندے پئیں

اللّٰهِ يُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِيْرًا ۝٦ يُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهِ | يُفَجِّرُوْنَهَا | تَفْجِيْرًا | يُوْفُوْنَ | بِالنَّذْرِ | وَيَخَافُوْنَ | يَوْمًا | كَانَ |
| اللہ کے | چلاتے ہیں وہ اس کی | نالیاں | پوری کرتے ہیں | منت کو | اور ڈرتے ہیں | اس دن سے | کہ ہے |

گے اور اس میں سے (چھوٹی چھوٹی) نہریں نکال لیں گے ۝٦ یہ لوگ نذریں پوری کرتے ہیں اور اس دن سے جس کی

شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا ۝٧ وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شَرُّهٗ | مُسْتَطِيْرًا | وَ | يُطْعِمُوْنَ | الطَّعَامَ | عَلٰى | حُبِّهٖ | مِسْكِيْنًا | وَّيَتِيْمًا |
| برائی اس کی | پھیل جانے والی | اور | کھلاتے ہیں | کھانا | اوپر | اس کی محبت کے | فقیروں کو | اور یتیموں کو |

سختی پھیل رہی ہوگی خوف رکھتے ہیں ۝٧ اور باوجودیکہ اُن کو خود طعام کی خواہش (اور حاجت) ہے فقیروں اور یتیموں اور

وَّاَسِيْرًا ۝٨ اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | اَسِيْرًا | اِنَّمَا | نُطْعِمُكُمْ | لِوَجْهِ | اللّٰهِ | لَا | نُرِيْدُ | مِنْكُمْ | جَزَآءً |
| اور | قیدیوں کو | سوائے اسکے نہیں کہ | کھلاتے ہیں ہم | واسطے رضامندی | اللہ کی کے | نہیں | چاہتے ہم | تم سے | بدلہ |

قیدیوں کو کھلاتے ہیں ۝٨ (اور کہتے ہیں کہ) ہم تم کو خالص اللہ کے لیے کھلاتے ہیں۔ نہ تم سے عوض کے خواستگار ہیں

وَّلَا شُكُوْرًا ۝٩ اِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا ۝١٠ فَوَقٰىهُمُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | لَا | شُكُوْرًا | اِنَّا | نَخَافُ | مِنْ | رَّبِّنَا | يَوْمًا | عَبُوْسًا | قَمْطَرِيْرًا | فَوَقٰىهُمُ |
| اور | نہ | شکریہ | بیشک | ہم ڈرتے ہیں | سے | اپنے رب | ایک دن | اداسی والے کی | سختی سے | بچالیا ان کو |

نہ شکر گزاری کے (طلب گار) ۝٩ ہم کو اپنے پروردگار سے اس دن کا ڈر لگتا ہے جو (چہروں کو) کریہہ المنظر اور (دلوں کو) سخت (مضطر کردینے والا) ہے ۝١٠ تو

اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقّٰىهُمْ نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا ۝١١ وَجَزٰىهُمْ بِمَا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | شَرَّ | ذٰلِكَ | الْيَوْمِ | وَلَقّٰىهُمْ | نَضْرَةً | وَّ | سُرُوْرًا | وَ | جَزٰىهُمْ | بِمَا |
| اللہ نے | برائی | اس | دن کی سے | اور ملادی ان کو | تازگی | اور | خوشی | اور | بدلہ دیا ان کو | اس کا کہ |

اللہ اُن کو اُس دن کی سختی سے بچالے گا اور تازگی اور خوش دلی عنایت فرمائے گا ۝١١ اور ان کے صبر کے بدلے

صَبَرُوْا جَنَّةً وَّحَرِيْرًا ﴿١٢﴾ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ ۚ لَا يَرَوْنَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صَبَرُوْا | جَنَّةً | وَّحَرِيْرًا | مُّتَّكِـِٕيْنَ | فِيْهَا | عَلَى | الْاَرَآئِكِ | لَا | يَرَوْنَ |
| صبر کیا انہوں نے | بہشت | اور ریشم | تکیہ کیے ہوئے | بیچ اس کے | اوپر | تختوں کے | نہیں | دیکھیں گے |

ان کو بہشت (کے باغات) اور ریشم (کے ملبوسات) عطا کرے گا ﴿١٢﴾ اُن میں وہ تختوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے۔ وہاں نہ دھوپ

فِيْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا ﴿١٣﴾ ۚ وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا وَذُلِّلَتْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْهَا | شَمْسًا | وَّ | لَا | زَمْهَرِيْرًا | وَدَانِيَةً | عَلَيْهِمْ | ظِلٰلُهَا | وَذُلِّلَتْ |
| بیچ اس کے | دھوپ | اور | نہ | سردی | اور نزدیک ہوں گے | اوپر ان کے | سایے انکے | اور نزدیک کیے گئے ہیں |

(کی حدت) دیکھیں گے نہ سردی کی شدت ﴿١٣﴾ اُن سے (ثمر دار شاخیں اور) ان کے سائے قریب ہوں گے اور میووں کے گچھے

قُطُوْفُهَا تَذْلِيْلًا ﴿١٤﴾ وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ بِاٰنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُطُوْفُهَا | تَذْلِيْلًا | وَيُطَافُ | عَلَيْهِمْ | بِاٰنِيَةٍ | مِّنْ | فِضَّةٍ | وَّ | اَكْوَابٍ |
| گچھے اس کے | لٹکا کر | اور پھرائے جاتے ہیں | اوپر ان کے | برتن | سے | چاندی کے | اور | آب خورے |

جھکے ہوئے لٹک رہے ہوں گے ﴿١٤﴾ (خدام) چاندی کے باسن لیے ہوئے ان کے ارد گرد پھریں گے

كَانَتْ قَوَارِيْرَا۠ ﴿١٥﴾ قَوَارِيْرَا۠ مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوْهَا تَقْدِيْرًا ﴿١٦﴾

قرءة حفص بغیر الالف فی الوصل فیھما و وقف علی الاول بالالف وعلی الثانی بغیر الالف ١٢

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانَتْ | قَوَارِيْرَا۠ | قَوَارِيْرَا۠ | مِنْ | فِضَّةٍ | قَدَّرُوْهَا | تَقْدِيْرًا |
| ہیں | شیشے کے | شیشے کے ہیں | سے | بنے چاندی | ماپ رکھا ہے ان کا | ماپ |

اور شیشے کے (نہایت شفاف) گلاس ﴿١٥﴾ اور شیشے بھی چاندی کے جو ٹھیک اندازے کے مطابق بنائے گئے ہیں ﴿١٦﴾

وَيُسْقَوْنَ فِيْهَا كَاْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيْلًا ﴿١٧﴾ ۚ عَيْنًا فِيْهَا تُسَمّٰى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | يُسْقَوْنَ | فِيْهَا | كَاْسًا | كَانَ | مِزَاجُهَا | زَنْجَبِيْلًا | عَيْنًا | فِيْهَا | تُسَمّٰى |
| اور | پلائے جائیں گے | بیچ اس کے | پیالے سے | کہ ہے | ملونی اس کی | سونٹھ | چشمہ ہے | بیچ اس کے | نام رکھا جاتا ہے |

اور وہاں اُن کو ایسی شراب (بھی) پلائی جائے گی جس میں سونٹھ کی آمیزش ہوگی ﴿١٨﴾ یہ بہشت میں ایک چشمہ ہے جس

سَلْسَبِيْلًا ﴿١٨﴾ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ۚ اِذَا رَاَيْتَهُمْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سَلْسَبِيْلًا | وَيَطُوْفُ | عَلَيْهِمْ | وِلْدَانٌ | مُّخَلَّدُوْنَ | اِذَا | رَاَيْتَهُمْ |
| سلسبیل | اور پھریں گے | اوپر ان کے | لڑکے | ہمیش رہنے والے | جس وقت | دیکھے گا تو ان کو |

کا نام سلسبیل ہے ﴿١٩﴾ اور ان کے پاس لڑکے آتے جاتے ہوں گے۔ جو ہمیشہ ایک ہی حالت پر آئیں گے جب تم ان پر نگاہ ڈالو تو

حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا ﴿۱۹﴾ وَ اِذَا رَاَيْتَ ثَمَّ رَاَيْتَ نَعِيْمًا وَّ مُلْكًا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَسِبْتَهُمْ | لُؤْلُؤًا | مَّنْثُوْرًا | وَ اِذَا | رَاَيْتَ | ثَمَّ | رَاَيْتَ | نَعِيْمًا | وَّ | مُلْكًا |
| گمان کرے گا تو انکو | موتی | بکھرے ہوئے | اور جب | دیکھے گا تو | اس جگہ | دیکھے گا تو | نعمت | اور | بادشاہی |

خیال کرو کہ بکھرے ہوئے موتی ہیں ﴿۱۹﴾ اور بہشت میں (جہاں) آنکھ اُٹھاؤ گے کثرت سے نعمت اور عظیم

كَبِيْرًا ﴿۲۰﴾ عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَّ اِسْتَبْرَقٌ ۫ وَّ حُلُّوْٓا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| كَبِيْرًا | عٰلِيَهُمْ | ثِيَابُ | سُنْدُسٍ | خُضْرٌ | وَّ اِسْتَبْرَقٌ | وَّ حُلُّوْٓا |
| بڑی | اوپر ان کے | کپڑے | لاہی کے | سبز | اور تافتے کے | اور پہنائے جائینگے |

(الشان) سلطنت دیکھو گے ﴿۲۰﴾ اُن کے (بدنوں) پر دیبائے سبز اور اطلس کے کپڑے ہوں گے اور انہیں چاندی

اَسَاوِرَ مِنْ فِضَّةٍ ۚ وَسَقٰهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا ﴿۲۱﴾ اِنَّ هٰذَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَسَاوِرَ | مِنْ | فِضَّةٍ | وَ | سَقٰهُمْ | رَبُّهُمْ | شَرَابًا | طَهُوْرًا | اِنَّ | هٰذَا |
| کنگن | سے | چاندی کے | اور | پلائے گا ان کو | رب ان کا | شربت | پاکیزہ | بیشک | یہ |

کے کنگن پہنائے جائیں گے۔ اور ان کا پروردگار اُن کو نہایت پاکیزہ شراب پلائے گا ﴿۲۱﴾ یہ تمہارا صلہ

كَانَ لَكُمْ جَزَآءً وَّكَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿۲۲﴾ ع اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ ع ۲۲ ۱۹

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانَ | لَكُمْ | جَزَآءً | وَّكَانَ | سَعْيُكُمْ | مَّشْكُوْرًا | اِنَّا | نَحْنُ | نَزَّلْنَا | عَلَيْكَ |
| ہے | واسطے تمہارے | بدلہ | اور ہے | کوشش تمہاری | مقبول | بیشک | ہم نے | اتارا | اوپر تیرے |

ہے اور تمہاری کوشش (اللہ کے ہاں) مقبول ہوئی ﴿۲۲﴾ (اے محمد ﷺ) ہم نے تم پر قرآن آہستہ آہستہ

الْقُرْاٰنَ تَنْزِيْلًا ﴿۲۳﴾ ۚ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَ لَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقُرْاٰنَ | تَنْزِيْلًا | فَاصْبِرْ | لِحُكْمِ | رَبِّكَ | وَ | لَا | تُطِعْ | مِنْهُمْ | اٰثِمًا |
| قرآن | آہستہ آہستہ | پس صبر کر | واسطے حکم | پروردگار اپنے کے | اور | مت | کہا مان | ان میں سے | گنہگار کا |

نازل کیا ہے ﴿۲۳﴾ تو اپنے پروردگار کے حکم کے مطابق صبر کیے رہو اور اُن لوگوں میں سے کسی بدعمل اور

اَوْ كَفُوْرًا ﴿۲۴﴾ ۚ وَ اذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّ اَصِيْلًا ﴿۲۵﴾ ۖ وَ مِنَ الَّيْلِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْ | كَفُوْرًا | وَ | اذْكُرِ | اسْمَ | رَبِّكَ | بُكْرَةً | وَّ اَصِيْلًا | وَ | مِنَ | الَّيْلِ |
| یا | کفر کرنیوالے کا | اور | یاد کر | نام | اپنے رب کا | صبح | اور شام | اور | کچھ وقت | رات میں |

ناشکرے کا کہا نہ مانو ﴿۲۴﴾ اور صبح و شام اپنے پروردگار کا نام لیتے رہو ﴿۲۵﴾ اور رات کو

فَاسْجُدْ لَهٗ وَ سَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا ﴿۲۶﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ يُحِبُّوْنَ

| فَاسْجُدْ | لَهٗ | وَ | سَبِّحْهُ | لَيْلًا | طَوِيْلًا | اِنَّ | هٰٓؤُلَآءِ | يُحِبُّوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس سجدہ کر | واسطے اسکے | اور | پاکی بیان کر اس کی | رات | بڑی تک | بیشک | یہ لوگ | دوست رکھتے ہیں |

بڑی رات تک اس کے آگے سجدے کرو اور اس کی پاکی بیان کرتے رہو﴿۲۶﴾ یہ لوگ دنیا کو دوست رکھتے ہیں

الْعَاجِلَةَ وَ يَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ يَوْمًا ثَقِيْلًا ﴿۲۷﴾ نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ

| الْعَاجِلَةَ | وَ | يَذَرُوْنَ | وَرَآءَهُمْ | يَوْمًا | ثَقِيْلًا | نَحْنُ | خَلَقْنٰهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جلدی کو | اور | چھوڑ دیتے ہیں | پیچھے اپنے | دن | بھاری کو | ہم نے | پیدا کیا ان کو |

اور (قیامت کے) بھاری دن کو پس پشت چھوڑے دیتے ہیں﴿۲۷﴾ ہم نے اُن کو پیدا کیا

وَ شَدَدْنَآ اَسْرَهُمْ ۚ وَ اِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلًا ﴿۲۸﴾ اِنَّ

| وَ | شَدَدْنَآ | اَسْرَهُمْ | وَ | اِذَا | شِئْنَا | بَدَّلْنَآ | اَمْثَالَهُمْ | تَبْدِيْلًا | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | مضبوط کیے ہم نے | بندھن ان کے | اور | جب | چاہیں گے ہم | بدل ڈالیں گے ہم | مانند ان کی | بدل ڈالنا | بیشک |

اور اُن کے مفاصل کو مضبوط بنایا۔ اور اگر ہم چاہیں تو اُن کے بدلے اُنہی کی طرح اور لوگ لے آئیں﴿۲۸﴾ یہ

هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿۲۹﴾ وَمَا تَشَآءُوْنَ

| هٰذِهٖ | تَذْكِرَةٌ | فَمَنْ | شَآءَ | اتَّخَذَ | اِلٰى | رَبِّهٖ | سَبِيْلًا | وَ | مَا | تَشَآءُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ | نصیحت ہے | پس جو کوئی | چاہے | پکڑے | طرف | اپنے رب کی | راہ | اور | نہیں | چاہتے تم |

تو نصیحت ہے۔ تو جو چاہے اپنے پروردگار کی طرف پہنچنے کا رستہ اختیار کرے﴿۲۹﴾ اور تم کچھ نہیں چاہ سکتے

اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۳۰﴾ ۖۗ يُّدْخِلُ

| اِلَّآ | اَنْ | يَّشَآءَ | اللّٰهُ | اِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | عَلِيْمًا | حَكِيْمًا | يُّدْخِلُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مگر | یہ کہ | چاہے | اللہ | بیشک | اللہ | ہے | جاننے والا | حکمت والا | داخل کرتا ہے |

مگر جو اللہ کو منظور ہو۔ بیشک اللہ جاننے والا حکمت والا ہے﴿۳۰﴾ جس کو چاہتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ وَ الظّٰلِمِيْنَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۳۱﴾ ع ۲ / ۲۰

| مَنْ | يَّشَآءُ | فِيْ | رَحْمَتِهٖ | وَ | الظّٰلِمِيْنَ | اَعَدَّ لَهُمْ | عَذَابًا | اَلِيْمًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جس کو | چاہتا ہے | بیچ | رحمت اپنی کے | اور | ظالم | تیار کیا ہے واسطے ان کے | عذاب | درد دینے والا |

اپنی رحمت میں داخل کر لیتا ہے۔ اور ظالموں کے لیے اس نے دکھ دینے والا عذاب تیار کر رکھا ہے﴿۳۱﴾

## اٰیاتها ٥٠ — ٧٧ سُوْرَةُ الْمُرْسَلٰتِ مَكِّيَّةٌ ٣٣ — رکوعاتها ٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ﴿١﴾ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ﴿٢﴾ وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ﴿٣﴾

| وَالْمُرْسَلٰتِ | عُرْفًا | فَالْعٰصِفٰتِ | عَصْفًا | وَّالنّٰشِرٰتِ | نَشْرًا |
|---|---|---|---|---|---|
| قسم ہے چلتی ہواؤں کی | دل کو خوش آتی | پھر زور کرنے والیوں کی | زور کرنے کر | اور بادل اٹھانے والیوں کی | بادل اٹھانے کر |

ہواؤں کی قسم جو نرم نرم چلتی ہیں (١) پھر زور پکڑ کر جھکڑ ہو جاتی ہیں (٢) اور (بادلوں کو) پھاڑ کر پھیلا دیتی ہیں (٣)

فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا ﴿٤﴾ فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا ﴿٥﴾ عُذْرًا اَوْ نُذْرًا ﴿٦﴾ اِنَّمَا

| فَالْفٰرِقٰتِ | فَرْقًا | فَالْمُلْقِيٰتِ | ذِكْرًا | عُذْرًا | اَوْ | نُذْرًا | اِنَّمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر جدا کرنے والیوں کی | جدا کرنے کر | پھر ان ڈالنے والیوں کی | ذکر کو | الزام دینے کو | یا | ڈرانے کو | بیشک جو کچھ |

پھر ان کو پھاڑ کر جدا جدا کر دیتی ہیں (٤) پھر فرشتوں کی قسم جو وحی لاتے ہیں (٥) تاکہ عذر (رفع) کر دیا جائے یا ڈر سنا دیا جائے (٦) کہ

تُوْعَدُوْنَ لَوَاقِعٌ ﴿٧﴾ فَاِذَا النُّجُوْمُ طُمِسَتْ ﴿٨﴾ وَ اِذَا السَّمَآءُ

| تُوْعَدُوْنَ | لَوَاقِعٌ | فَاِذَا | النُّجُوْمُ | طُمِسَتْ | وَ | اِذَا | السَّمَآءُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وعدہ دیئے جاتے ہو تم | البتہ ہونیوالا ہے | پس جس وقت | تارے | مٹائے جائینگے | اور | جس وقت | آسمان |

جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ ہو کر رہے گا (٧) جب تاروں کی چمک جاتی رہے (٨) اور جب آسمان

فُرِجَتْ ﴿٩﴾ وَاِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ ﴿١٠﴾ وَاِذَا الرُّسُلُ اُقِّتَتْ ﴿١١﴾ لِاَيِّ

| فُرِجَتْ | وَ | اِذَا | الْجِبَالُ | نُسِفَتْ | وَ | اِذَا | الرُّسُلُ | اُقِّتَتْ | لِاَيِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کھولا جائے گا | اور | جس وقت | پہاڑ | اڑائے جائیں | اور | جس وقت | پیغمبر | وقت مقرر پہ لائے جائینگے | واسطے کس |

پھٹ جائے (٩) اور جب پہاڑ اُڑے اُڑے پھریں (١٠) اور جب پیغمبر فراہم کیے جائیں (١١) بھلا

يَوْمٍ اُجِّلَتْ ﴿١٢﴾ لِيَوْمِ الْفَصْلِ ﴿١٣﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ

| يَوْمٍ | اُجِّلَتْ | لِيَوْمِ | الْفَصْلِ | وَ | مَآ | اَدْرٰىكَ | مَا | يَوْمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دن کے | وعدہ دیئے گئے ہیں | واسطے دن | جدائی کے | اور | کیا | جانے تو | کیا ہے | دن |

(ان امور میں) تاخیر کس لیے کی گئی؟ (١٢) فیصلے کے دن کے لیے (١٣) اور تمہیں کیا خبر کہ فیصلے کا دن

الْفَصْلِ ﴿۱۴﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۵﴾ اَلَمْ نُهْلِكِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۶﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْفَصْلِ | وَيْلٌ | يَّوْمَئِذٍ | لِّلْمُكَذِّبِيْنَ | اَلَمْ | نُهْلِكِ | الْاَوَّلِيْنَ |
| جدائی کا | خرابی ہے | اس دن | واسطے جھٹلانے والوں کے | کیا نہیں | ہلاک کیا ہم نے | پہلوں کو |

کیا ہے ﴿۱۴﴾ اس دن جھٹلانے والوں کے لیے خرابی ہے ﴿۱۵﴾ کیا ہم نے پہلے لوگوں کو ہلاک نہیں کر ڈالا ؟ ﴿۱۶﴾

ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۷﴾ كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۸﴾ وَيْلٌ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | نُتْبِعُهُمُ | الْاٰخِرِيْنَ | كَذٰلِكَ | نَفْعَلُ | بِالْمُجْرِمِيْنَ | وَيْلٌ |
| پھر | پیچھے ان کے چلاتے ہیں ہم | پچھلوں کو | اسی طرح | کرتے ہیں ہم | ساتھ گنہگاروں کے | خرابی ہے |

پھر ان پچھلوں کو بھی ان کے پیچھے بھیج دیتے ہیں ﴿۱۷﴾ ہم گنہگاروں کے ساتھ ایسا ہی کرتے ہیں ﴿۱۸﴾ اس دن

يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۹﴾ اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ﴿۲۰﴾ فَجَعَلْنٰهُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّوْمَئِذٍ | لِّلْمُكَذِّبِيْنَ | اَلَمْ | نَخْلُقْكُّمْ | مِّنْ | مَّآءٍ | مَّهِيْنٍ | فَجَعَلْنٰهُ |
| اس دن | واسطے جھٹلانے والوں کے | کیا نہیں | پیدا کیا ہم نے تم کو | سے | پانی | حقیر | پس کیا ہم نے اس کو |

جھٹلانے والوں کی خرابی ہے ﴿۱۹﴾ کیا ہم نے تم کو حقیر پانی سے نہیں پیدا کیا ﴿۲۰﴾ (پہلے) اس کو

فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿۲۱﴾ اِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۲۲﴾ فَقَدَرْنَا ۖ فَنِعْمَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيْ | قَرَارٍ | مَّكِيْنٍ | اِلٰى | قَدَرٍ | مَّعْلُوْمٍ | فَقَدَرْنَا | فَنِعْمَ |
| بیچ | ایک جگہ | مضبوط کے | تک | ایک وقت | معلوم | پھر ہم اسکو پورا کر سکے | پس ہم کیا خوب |

ایک محفوظ جگہ میں رکھا ﴿۲۱﴾ ایک وقت معیّن تک ﴿۲۲﴾ پھر اندازہ مقرر کیا۔ اور ہم کیا ہی خوب

الْقٰدِرُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۲۴﴾ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقٰدِرُوْنَ | وَيْلٌ | يَّوْمَئِذٍ | لِّلْمُكَذِّبِيْنَ | اَلَمْ | نَجْعَلِ | الْاَرْضَ |
| سکت والے ہیں | خرابی ہے | اس دن | جھٹلانے والوں کے لیے | کیا نہیں | کیا ہم نے | زمین کو |

اندازہ مقرر کرنے والے ہیں ﴿۲۳﴾ اُس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہے ﴿۲۴﴾ کیا ہم نے زمین کو سمیٹنے والی

كِفَاتًا ﴿۲۵﴾ اَحْيَآءً وَّ اَمْوَاتًا ﴿۲۶﴾ وَّ جَعَلْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ شٰمِخٰتٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كِفَاتًا | اَحْيَآءً | وَّ | اَمْوَاتًا | وَّ | جَعَلْنَا | فِيْهَا | رَوَاسِيَ | شٰمِخٰتٍ |
| سمیٹنے والی | زندوں کو | اور | مُردوں کو | اور | کیے ہم نے | بیچ اس کے | پہاڑ | بلند |

نہیں بنایا ﴿۲۵﴾ (یعنی) زندوں اور مُردوں کو ﴿۲۶﴾ اور اس پر اونچے اونچے پہاڑ رکھ دیے اور تم

وَّاَسۡقَيۡنٰكُمۡ مَّآءً فُرَاتًا ؕ﴿۲۷﴾ وَيۡلٌ يَّوۡمَئِذٍ لِّلۡمُكَذِّبِيۡنَ ﴿۲۸﴾ اِنۡطَلِقُوۡۤا اِلٰى

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | اَسۡقَيۡنٰكُمۡ | مَّآءً | فُرَاتًا | وَيۡلٌ | يَّوۡمَئِذٍ | لِّلۡمُكَذِّبِيۡنَ | اِنۡطَلِقُوۡۤا | اِلٰى |
| اور | پلایا ہم نے تم کو | پانی | پیاس بجھانے والا | خرابی ہے | اس دن | جھٹلانے والوں کے لیے | چلو | طرف |

لوگوں کو میٹھا پانی پلایا ﴿۲۷﴾ اُس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہے ﴿۲۸﴾ جس چیز کو تم جھٹلایا

مَا كُنۡتُمۡ بِهٖ تُكَذِّبُوۡنَ ۚ﴿۲۹﴾ اِنۡطَلِقُوۡۤا اِلٰى ظِلٍّ ذِىۡ ثَلٰثِ شُعَبٍ ﴿۳۰﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | كُنۡتُمۡ | بِهٖ | تُكَذِّبُوۡنَ | اِنۡطَلِقُوۡۤا | اِلٰى | ظِلٍّ | ذِىۡ ثَلٰثِ شُعَبٍ |
| اس چیز کی کہ | تھے تم | اس کو | جھٹلاتے | چلو | طرف | سائے | تین شاخوں والے کے |

کرتے تھے (اب) اس کی طرف چلو ﴿۲۹﴾ (یعنی) اس سائے کی طرف چلو جس کی تین شاخیں ہیں ﴿۳۰﴾

لَّا ظَلِيۡلٍ وَّلَا يُغۡنِىۡ مِنَ اللَّهَبِ ؕ﴿۳۱﴾ اِنَّهَا تَرۡمِىۡ بِشَرَرٍ كَالۡقَصۡرِ ۚ﴿۳۲﴾ كَاَنَّهٗ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَّا | ظَلِيۡلٍ | وَّ | لَا | يُغۡنِىۡ | مِنَ | اللَّهَبِ | اِنَّهَا | تَرۡمِىۡ | بِشَرَرٍ | كَالۡقَصۡرِ | كَاَنَّهٗ |
| نہ | سایہ دینے والا | اور | نہ | کفایت کرنیوالا | سے | شعلے | بیشک وہ | پھینکتی ہے | چنگاریاں | مانند محلوں کے | گویا کہ وہ |

نہ ٹھنڈی چھاؤں اور نہ لپٹ سے بچاؤ ﴿۳۱﴾ اس سے آگ کی (اتنی اتنی بڑی) چنگاریاں اُڑتی ہیں جیسے محل ﴿۳۲﴾ گویا

جِمٰلَتٌ صُفۡرٌ ؕ﴿۳۳﴾ وَيۡلٌ يَّوۡمَئِذٍ لِّلۡمُكَذِّبِيۡنَ ﴿۳۴﴾ هٰذَا يَوۡمُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جِمٰلَتٌ | صُفۡرٌ | وَيۡلٌ | يَّوۡمَئِذٍ | لِّلۡمُكَذِّبِيۡنَ | هٰذَا | يَوۡمُ |
| قطاریں ہیں | پیلے اونٹوں کی | خرابی ہے | اس دن | واسطے جھٹلانے والوں کے | یہ | دن ہے کہ |

زرد رنگ کے اُونٹ ہیں ﴿۳۳﴾ اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہے ﴿۳۴﴾ یہ وہ دن ہے کہ (لوگ)

لَا يَنۡطِقُوۡنَ ۙ﴿۳۵﴾ وَلَا يُؤۡذَنُ لَهُمۡ فَيَعۡتَذِرُوۡنَ ﴿۳۶﴾ وَيۡلٌ يَّوۡمَئِذٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَنۡطِقُوۡنَ | وَ | لَا | يُؤۡذَنُ | لَهُمۡ | فَيَعۡتَذِرُوۡنَ | وَيۡلٌ | يَّوۡمَئِذٍ |
| نہیں | بولیں گے | اور | نہ | اذن دیا جائے گا | واسطے ان کے | پس عذر لائیں | خرابی ہے | اس دن |

لب تک نہ ہلا سکیں گے ﴿۳۵﴾ اور نہ اُن کو اجازت دی جائے گی کہ عذر کرسکیں ﴿۳۶﴾ اس دن جھٹلانے

لِّلۡمُكَذِّبِيۡنَ ﴿۳۷﴾ هٰذَا يَوۡمُ الۡفَصۡلِ ۚ جَمَعۡنٰكُمۡ وَالۡاَوَّلِيۡنَ ﴿۳۸﴾ فَاِنۡ كَانَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِّلۡمُكَذِّبِيۡنَ | هٰذَا | يَوۡمُ | الۡفَصۡلِ | جَمَعۡنٰكُمۡ | وَالۡاَوَّلِيۡنَ | فَاِنۡ | كَانَ |
| واسطے جھٹلانیوالوں کے | یہ | دن ہے | فیصلہ کرنے کا | اکٹھا کیا ہے ہم نے تم کو | اور پہلوں کو | پس اگر | ہو |

والوں کی خرابی ہے ﴿۳۷﴾ یہی فیصلے کا دن ہے (جس میں) ہم نے تم کو اور پہلے لوگوں کو جمع کیا ہے ﴿۳۸﴾ اگر تم کو

ع ۱ / ۲۱ لَكُمْ كَيْدٌ فَكِيْدُوْنِ ﴿۳۹﴾ وَيْلٌ يَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۰﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ

| لَكُمْ | كَيْدٌ | فَكِيْدُوْنِ | وَيْلٌ | يَّوْمَىِٕذٍ | لِّلْمُكَذِّبِيْنَ | اِنَّ | الْمُتَّقِيْنَ | فِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے تمہارے | مکر | پس مکر کرلو مجھ سے | خرابی ہے | اس دن | واسطے جھٹلانے والوں کے | بیشک | پرہیزگار | بیچ |

کوئی داؤں آتا ہو تو مجھ سے کر چلو ﴿۳۹﴾ اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہے ﴿۴۰﴾ بے شک پرہیزگار سایوں

ظِلٰلٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۴۱﴾ وَّفَوَاكِهَ مِمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۴۲﴾ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا

| ظِلٰلٍ | وَّ | عُيُوْنٍ | وَّ | فَوَاكِهَ | مِمَّا | يَشْتَهُوْنَ | كُلُوْا | وَاشْرَبُوْا | هَنِيْٓـًٔا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سایوں کے ہیں | اور | چشموں کے | اور | میووں کے ہیں | جس چیز سے کہ | چاہیں | کھاؤ | اور پیو | سہتا |

اور چشموں میں ہوں گے ﴿۴۱﴾ اور میووں میں جو اُن کو مرغوب ہوں ﴿۴۲﴾ جو عمل تم کرتے رہے تھے ان کے

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَيْلٌ

| بِمَا | كُنْتُمْ | تَعْمَلُوْنَ | اِنَّا | كَذٰلِكَ | نَجْزِي | الْمُحْسِنِيْنَ | وَيْلٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بدلے اس چیز کے کہ | تھے تم | کرتے | بیشک ہم | اسی طرح | بدلہ دیتے ہیں ہم | احسان کرنے والوں کو | خرابی ہے |

بدلے میں مزے سے کھاؤ اور پیو ﴿۴۳﴾ ہم نیکوکاروں کو ایسا ہی بدلہ دیا کرتے ہیں ﴿۴۴﴾ اس دن

يَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۵﴾ كُلُوْا وَتَمَتَّعُوْا قَلِيْلًا اِنَّكُمْ مُّجْرِمُوْنَ ﴿۴۶﴾

| يَّوْمَىِٕذٍ | لِّلْمُكَذِّبِيْنَ | كُلُوْا | وَ | تَمَتَّعُوْا | قَلِيْلًا | اِنَّكُمْ | مُّجْرِمُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس دن | واسطے جھٹلانے والوں کے | کھاؤ | اور | فائدہ اٹھاؤ | تھوڑا سا | بیشک تم | گنہگار ہو |

جھٹلانے والوں کی خرابی ہے ﴿۴۵﴾ (اے جھٹلانے والو) تم کسی قدر کھا لو اور فائدے اٹھا لو تم بیشک گنہگار ہو ﴿۴۶﴾

وَيْلٌ يَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ ارْكَعُوْا لَا يَرْكَعُوْنَ ﴿۴۸﴾

| وَيْلٌ | يَّوْمَىِٕذٍ | لِّلْمُكَذِّبِيْنَ | وَ | اِذَا | قِيْلَ | لَهُمُ | ارْكَعُوْا | لَا | يَرْكَعُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خرابی ہے | اس دن | واسطے جھٹلانیوالوں کے | اور | جس وقت | کہا جاتا ہے | ان کو | رکوع کرو | نہیں | رکوع کرتے |

اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہے ﴿۴۷﴾ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ (اللہ کے آگے) جھکو تو جھکتے نہیں ﴿۴۸﴾

ع ۲ / ۲۲ وَيْلٌ يَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۹﴾ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۢ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۰﴾

| وَيْلٌ | يَّوْمَىِٕذٍ | لِّلْمُكَذِّبِيْنَ | فَبِاَيِّ | حَدِيْثٍ | بَعْدَهٗ | يُؤْمِنُوْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| خرابی ہے | اس دن | واسطے جھٹلانے والوں کے | پس ساتھ کس | بات کے | اس کے بعد | ایمان لائیں گے |

اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہے ﴿۴۹﴾ اب اس کے بعد یہ کون سی بات پر ایمان لائیں گے؟ ﴿۵۰﴾

ایاتھا ۴۰ | ۷۸ سُورَةُ النَّبَاِ مَكِّيَّةٌ ۸۰ | رکوعاتھا ۲

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

**عَمَّ يَتَسَآءَلُوۡنَ ۚ ۝۱ عَنِ النَّبَاِ الۡعَظِيۡمِ ۙ ۝۲ الَّذِىۡ هُمۡ فِيۡهِ**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَمَّ | يَتَسَآءَلُوۡنَ | عَنِ | النَّبَاِ | الۡعَظِيۡمِ | الَّذِىۡ | هُمۡ | فِيۡهِ |
| کس چیز سے | سوال کرتے ہیں | سے | خبر | بڑی | کہ | وہ | بیچ اس کے |

(یہ) لوگ کس چیز کی نسبت پوچھتے ہیں؟۝۱ (کیا) بڑی خبر کی نسبت؟۝۲ جس میں یہ اختلاف کر

**مُخۡتَلِفُوۡنَ ؕ ۝۳ كَلَّا سَيَعۡلَمُوۡنَ ۙ ۝۴ ثُمَّ كَلَّا سَيَعۡلَمُوۡنَ ۝۵ اَلَمۡ نَجۡعَلِ**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُخۡتَلِفُوۡنَ | كَلَّا | سَيَعۡلَمُوۡنَ | ثُمَّ | كَلَّا | سَيَعۡلَمُوۡنَ | اَلَمۡ | نَجۡعَلِ |
| اختلاف کرتے ہیں | ہرگز یوں نہیں | عنقریب جان لیں گے | پھر | ہرگز یوں نہیں | عنقریب جان لیں گے | کیا نہیں | کیا ہم نے |

رہے ہیں۝۳ دیکھو یہ عنقریب جان لیں گے۝۴ پھر دیکھو یہ عنقریب جان لیں گے۝۵ کیا ہم نے

**الۡاَرۡضَ مِهٰدًا ۙ ۝۶ وَّالۡجِبَالَ اَوۡتَادًا ۖ ۝۷ وَّخَلَقۡنٰكُمۡ اَزۡوَاجًا ۙ ۝۸**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الۡاَرۡضَ | مِهٰدًا | وَّالۡجِبَالَ | اَوۡتَادًا | وَّ | خَلَقۡنٰكُمۡ | اَزۡوَاجًا |
| زمین کو | بچھونا | اور پہاڑوں کو | میخیں | اور | پیدا کیا ہم نے تم کو | جوڑے |

زمین کو بچھونا نہیں بنایا؟۝۶ اور پہاڑوں کو (اس کی) میخیں (نہیں ٹھہرایا؟)۝۷ (بیشک بنایا) اور تم کو جوڑا جوڑا بھی پیدا کیا۝۸

**وَّجَعَلۡنَا نَوۡمَكُمۡ سُبَاتًا ۙ ۝۹ وَّجَعَلۡنَا الَّيۡلَ لِبَاسًا ۙ ۝۱۰ وَّجَعَلۡنَا النَّهَارَ**

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | جَعَلۡنَا | نَوۡمَكُمۡ | سُبَاتًا | وَّ | جَعَلۡنَا | الَّيۡلَ | لِبَاسًا | وَّ | جَعَلۡنَا | النَّهَارَ |
| اور | کیا ہم نے | نیند تمہاری کو | آرام | اور | کیا ہم نے | رات کو | پردہ | اور | کیا ہم نے | دن کو |

اور نیند کو تمہارے لیے (موجبِ) آرام بنایا۝۹ اور رات کو پردہ مقرر کیا۝۱۰ اور دن کو معاش (کا وقت)

**مَعَاشًا ۖ ۝۱۱ وَّبَنَيۡنَا فَوۡقَكُمۡ سَبۡعًا شِدَادًا ۙ ۝۱۲ وَّجَعَلۡنَا سِرَاجًا**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَعَاشًا | وَّ | بَنَيۡنَا | فَوۡقَكُمۡ | سَبۡعًا | شِدَادًا | وَّجَعَلۡنَا | سِرَاجًا |
| معاش | اور | بنائے ہم نے | اوپر تمہارے | سات آسمان | مضبوط | اور کیا ہم نے | چراغ |

قرار دیا۝۱۱ اور تمہارے اُوپر سات مضبوط (آسمان) بنائے۝۱۲ اور (آفتاب کا) روشن

وَّهَّاجًا ۝۱۳ وَّ اَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا ۝۱۴ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا

| وَّهَّاجًا | وَ | اَنْزَلْنَا | مِنَ | الْمُعْصِرٰتِ | مَآءً | ثَجَّاجًا | لِّنُخْرِجَ | بِهٖ | حَبًّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| روشن | اور | اتارا ہم نے | سے | نچوڑنے والی بدلیوں | پانی | موسلادھار | تاکہ نکالیں ہم | ساتھ اسکے | اناج |

چراغ بنایا ۝۱۳ اور نچڑتے بادلوں سے موسلادھار مینہ برسایا ۝۱۴ تاکہ اس سے اناج اور سبزہ

وَّنَبَاتًا ۝۱۵ وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ۝۱۶ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ۝۱۷ يَّوْمَ يُنْفَخُ

| وَ | نَبَاتًا | وَ | جَنّٰتٍ | اَلْفَافًا | اِنَّ | يَوْمَ | الْفَصْلِ | كَانَ | مِيْقَاتًا | يَّوْمَ | يُنْفَخُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | بوٹیاں | اور | باغات | لپٹے ہوئے | بیشک | دن | فیصلے کا | ہے | وقت مقرر | جس دن | پھونکا جائیگا |

پیدا کریں ۝۱۵ اور گھنے گھنے باغ ۝۱۶ بیشک فیصلے کا دن مقرر ہے ۝۱۷ جس دن

فِى الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ۝۱۸ وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ۝۱۹

| فِى | الصُّوْرِ | فَتَاْتُوْنَ | اَفْوَاجًا | وَ | فُتِحَتِ | السَّمَآءُ | فَكَانَتْ | اَبْوَابًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیچ | صور کے | پس آؤ گے تم | فوج درفوج | اور | کھولا جائے گا | آسمان | پس ہوجائیں گے | دروازے |

صور پھونکا جائے گا تو تم لوگ غٹ کے غٹ آموجود ہوگے ۝۱۸ اور آسمان کھولا جائے گا تو (اس میں) دروازے ہوجائیں گے ۝۱۹

وَّسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ۝۲۰ اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ۝۲۱

| وَ | سُيِّرَتِ | الْجِبَالُ | فَكَانَتْ | سَرَابًا | اِنَّ | جَهَنَّمَ | كَانَتْ | مِرْصَادًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | چلائے جائیں گے | پہاڑ | پس ہوجائیں گے | ریت | بیشک | دوزخ | ہے | گھات میں |

اور پہاڑ چلائے جائیں گے تو وہ ریت ہو کر رہ جائیں گے ۝۲۰ بیشک دوزخ گھات میں ہے ۝۲۱

لِّلطّٰغِيْنَ مَاٰبًا ۝۲۲ لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا ۝۲۳ لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا

| لِّلطّٰغِيْنَ | مَاٰبًا | لّٰبِثِيْنَ | فِيْهَآ | اَحْقَابًا | لَا | يَذُوْقُوْنَ | فِيْهَا | بَرْدًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے سرکشوں کے | جگہ ہے پھر جانیکی | رہیں گے | بیچ اس کے | قرنوں | نہ | چکھیں گے | بیچ اس کے | ٹھنڈک |

(یعنی) سرکشوں کا وہی ٹھکانا ہے ۝۲۲ اُس میں وہ مدتوں پڑے رہیں گے ۝۲۳ وہاں نہ ٹھنڈک کا مزہ چکھیں گے

وَّلَا شَرَابًا ۝۲۴ اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ۝۲۵ جَزَآءً وِّفَاقًا ۝۲۶ اِنَّهُمْ كَانُوْا

| وَ | لَا | شَرَابًا | اِلَّا | حَمِيْمًا | وَ | غَسَّاقًا | جَزَآءً | وِّفَاقًا | اِنَّهُمْ | كَانُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | پینا | مگر | گرم پانی | اور | پیپ | بدلہ دیئے جائینگے | موافق | بیشک وہ | تھے |

نہ (کچھ) پینا (نصیب ہوگا) ۝۲۴ مگر گرم پانی اور بہتی پیپ ۝۲۵ (یہ) بدلہ ہے پورا پورا ۝۲۶ یہ لوگ حساب

لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًاۙ﴿۲۷﴾ وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًاؕ﴿۲۸﴾ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَرْجُوْنَ | حِسَابًا | وَّ | كَذَّبُوْا | بِاٰيٰتِنَا | كِذَّابًا | وَ | كُلَّ | شَيْءٍ | اَحْصَيْنٰهُ |
| نہیں | امید رکھتے | حساب کی | اور | جھٹلاتے تھے | نشانیوں ہماری کو | جھٹلانے کر | اور | ہر | چیز کو | گن لیا ہے ہم نے |

(آخرت) کی اُمید ہی نہیں رکھتے تھے﴿۲۷﴾ اور ہماری آیتوں کو جھوٹ سمجھ کر جھٹلاتے رہتے تھے﴿۲۸﴾ اور ہم نے ہر چیز کو لکھ کر ضبط

ع ۱ ۳۰

كِتٰبًاۙ﴿۲۹﴾ فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ اِلَّا عَذَابًاࣖ﴿۳۰﴾ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًاۙ﴿۳۱﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كِتٰبًا | فَذُوْقُوْا | فَلَنْ | نَّزِيْدَكُمْ | اِلَّا | عَذَابًا | اِنَّ | لِلْمُتَّقِيْنَ | مَفَازًا |
| لکھ کر | پس چکھو | پس ہرگز نہ | زیادہ کریں گے ہم تم کو | مگر | عذاب | بیشک | واسطے پرہیزگاروں کے | کامیابی ہے |

کر رکھا ہے﴿۲۹﴾ سو (اب) مزہ چکھو۔ ہم تم پر عذاب ہی بڑھاتے جائیں گے﴿۳۰﴾ بیشک پرہیزگاروں کے لیے کامیابی ہے﴿۳۱﴾

حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًاۙ﴿۳۲﴾ وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًاۙ﴿۳۳﴾ وَّكَاْسًا دِهَاقًاؕ﴿۳۴﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حَدَآئِقَ | وَ | اَعْنَابًا | وَّ | كَوَاعِبَ | اَتْرَابًا | وَّ | كَاْسًا | دِهَاقًا |
| باغات ہیں | اور | انگور ہیں | اور | نوجوان عورتیں | ایک عمر کی سب | اور | پیالے | بھرے ہوئے |

(یعنی) باغ اور انگور﴿۳۲﴾ اور ہم عمر نوجوان عورتیں﴿۳۳﴾ اور شراب کے چھلکتے ہوئے گلاس﴿۳۴﴾

لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا كِذّٰبًاۚ﴿۳۵﴾ جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَسْمَعُوْنَ | فِيْهَا | لَغْوًا | وَّ | لَا | كِذّٰبًا | جَزَآءً | مِّنْ | رَّبِّكَ | عَطَآءً |
| نہ | سنیں گے | بیچ اس کے | بیہودہ | اور | نہ | جھٹلانا | بدلہ ہے | طرف سے | تیرے رب کی | بخشش کا |

وہاں نہ بیہودہ بات سنیں گے اور نہ جھوٹ (خرافات)﴿۳۵﴾ یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے صلہ ہے

حِسَابًاۙ﴿۳۶﴾ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حِسَابًا | رَّبِّ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | وَ | مَا | بَيْنَهُمَا | الرَّحْمٰنِ |
| حساب سے | پروردگار | آسمانوں کا | اور | زمین کا | اور | جو کچھ | درمیان ان کے ہے | بخشش کرنیوالا |

انعام متعین﴿۳۶﴾ وہ جو آسمانوں اور زمین اور جو اُن دونوں میں ہے سب کا مالک ہے بڑا مہربان

لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًاۚ﴿۳۷﴾ يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّاؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَا | يَمْلِكُوْنَ | مِنْهُ | خِطَابًا | يَوْمَ | يَقُوْمُ | الرُّوْحُ | وَ | الْمَلٰٓئِكَةُ | صَفًّا |
| نہیں | قدرت رکھیں گے وہ | اس سے | ایک بات کرنے کا | اس دن | کھڑی ہوگی | روح | اور | فرشتے | صف باندھ کر |

کسی کو اس سے بات کرنے کا یارا نہ ہوگا﴿۳۷﴾ جس دن روح (الامین) اور (اور) فرشتے صف باندھ کر کھڑے ہوں گے

لَا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿۳۸﴾ ذٰلِكَ الْيَوْمُ

| لَا | يَتَكَلَّمُوْنَ | اِلَّا | مَنْ | اَذِنَ | لَهُ | الرَّحْمٰنُ | وَ | قَالَ | صَوَابًا | ذٰلِكَ | الْيَوْمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | بولیں گے | مگر | جس کو | حکم دے | اس کو | اللہ تعالیٰ | اور | کہے وہ | بات ٹھیک | یہ | دن |

تو کوئی بول نہ سکے گا۔ مگر جس کو (اللہ) رحمٰن اجازت بخشے اور اُس نے بات بھی درست کہی ہو﴿۳۸﴾ یہ دن

الْحَقُّ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ﴿۳۹﴾ اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا ۖ

| الْحَقُّ | فَمَنْ | شَآءَ | اتَّخَذَ | اِلٰى | رَبِّهٖ | مَاٰبًا | اِنَّآ | اَنْذَرْنٰكُمْ | عَذَابًا | قَرِيْبًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| برحق ہے | پس جو کوئی | چاہے | پکڑے | طرف | اپنے رب کے | جگہ پھر جانیکی | بیشک | ڈرایا ہم نے تم کو | عذاب | نزدیک سے |

برحق ہے پس جو شخص چاہے اپنے پروردگار کے پاس ٹھکانا بنالے﴿۳۹﴾ ہم نے تم کو عذاب سے جو عنقریب آنے والا ہے آگاہ کر دیا ہے۔

يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ وَيَقُوْلُ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرٰبًا ﴿۴۰﴾ ع

| يَّوْمَ | يَنْظُرُ | الْمَرْءُ | مَا | قَدَّمَتْ | يَدٰهُ | وَ | يَقُوْلُ | الْكٰفِرُ | يٰلَيْتَنِيْ | كُنْتُ | تُرٰبًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اس دن کہ | دیکھ لے گا | ہر مرد | جو کچھ | آگے بھیجا ہے | اسکے ہاتھوں نے | اور | کہے گا | کافر | اے کاش کہ میں | ہوتا میں | مٹی |

جس دن ہر شخص اُن (اعمال) کو جو اُس نے آگے بھیجے ہوں گے دیکھ لے گا اور کافر کہے گا کہ اے کاش میں مٹی ہوتا﴿۴۰﴾

## اٰیاتها ۴۶ ۷۹ سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ مَكِّيَّةٌ ۸۱ رکوعاتها ۲

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ﴿۱﴾ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ﴿۲﴾ وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا ﴿۳﴾

| وَالنّٰزِعٰتِ | غَرْقًا | وَّالنّٰشِطٰتِ | نَشْطًا | وَّالسّٰبِحٰتِ | سَبْحًا |
|---|---|---|---|---|---|
| قسم ہے گھسیٹ لانیوالوں کی | غوطہ لگا کر | اور بند چھڑا دینے والوں کی | کھول کر | اور تیرنے والوں کی | تیزی سے |

اُن (فرشتوں) کی قسم جو ڈوب کر کھینچ لیتے ہیں﴿۱﴾ اور اُن کی جو آسانی سے کھول دیتے ہیں﴿۲﴾ اور اُن کی جو تیرتے پھرتے ہیں﴿۳﴾

فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ﴿۴﴾ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ﴿۵﴾ يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ﴿۶﴾

| فَالسّٰبِقٰتِ | سَبْقًا | فَالْمُدَبِّرٰتِ | اَمْرًا | يَوْمَ | تَرْجُفُ | الرَّاجِفَةُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر آگے بڑھنے والوں کی | دوڑ کر | پھر کام بنانے والوں کی | حکم سے | جس دن | کانپے گی | کانپنے والی |

پھر لپک کر آگے بڑھتے ہیں﴿۴﴾ پھر (دنیا کے) کاموں کا انتظام کرتے ہیں﴿۵﴾ (کہ وہ دن آکر رہے گا) جس دن زمین کو بھونچال آئے گا﴿۶﴾

وقف لازم

وقف لازم

تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ﴿۷﴾ قُلُوْبٌ يَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ﴿۸﴾ اَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ ﴿۹﴾

| تَتْبَعُهَا | الرَّادِفَةُ | قُلُوْبٌ | يَّوْمَئِذٍ | وَّاجِفَةٌ | اَبْصَارُهَا | خَاشِعَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پیچھے آئے اسکے | دوسری | کتنے دل | اس دن | دھڑکتے ہیں | آنکھیں ان کی | جھک رہی ہیں |

پھر اُس کے پیچھے اور (بھونچال) آئے گا ﴿۷﴾ اُس دن (لوگوں کے) دل خائف ہو رہے ہوں گے ﴿۸﴾ (اور) آنکھیں جھکی ہوئی ﴿۹﴾

يَقُوْلُوْنَ ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِي الْحَافِرَةِ ﴿۱۰﴾ ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً ﴿۱۱﴾

| يَقُوْلُوْنَ | ءَاِنَّا | لَمَرْدُوْدُوْنَ | فِي | الْحَافِرَةِ | ءَاِذَا | كُنَّا | عِظَامًا | نَّخِرَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہتے ہیں لوگ | کیا ہم | البتہ پھر آئیں گے | بیچ | حالت پچھلی کے | کیا جب | ہوجائیں گے ہم | ہڈیاں | گلی ہوئی |

(کافر) کہتے ہیں کیا ہم اُلٹے پاؤں پھر لوٹیں گے؟ ﴿۱۰﴾ بھلا جب ہم کھوکھلی ہڈیاں ہوجائیں گے (تو پھر زندہ کیے جائیں گے) ﴿۱۱﴾

وقف لازم

قَالُوْا تِلْكَ اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ﴿۱۲﴾ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ ﴿۱۳﴾ فَاِذَا هُمْ

| قَالُوْا | تِلْكَ | اِذًا | كَرَّةٌ | خَاسِرَةٌ | فَاِنَّمَا | هِيَ | زَجْرَةٌ | وَّاحِدَةٌ | فَاِذَا | هُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہتے ہیں | یہ | اس وقت | پھر آنا ہے | ٹوٹے کا | پس سوائے اسکے نہیں کہ | وہ | ڈانٹ ہے | ایک بار | پس ناگہاں | وہ ہیں |

کہتے ہیں کہ یہ لوٹنا تو (موجب) زیاں ہے ﴿۱۲﴾ وہ تو صرف ایک ڈانٹ ہوگی ﴿۱۳﴾ اُس وقت وہ (سب)

وقف لازم

بِالسَّاهِرَةِ ﴿۱۴﴾ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ﴿۱۵﴾ اِذْ نَادٰىهُ رَبُّهٗ بِالْوَادِ

| بِالسَّاهِرَةِ | هَلْ | اَتٰىكَ | حَدِيْثُ | مُوْسٰى | اِذْ | نَادٰىهُ | رَبُّهٗ | بِالْوَادِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیچ میدان کے | کیا | آئی تیرے پاس | بات | موسٰی کی | جب | پکارا اس کو | اسکے رب نے | بیچ میدان |

میدانِ (حشر) میں آ جمع ہوں گے ﴿۱۴﴾ بھلا تم کو موسٰی کی حکایت پہنچی ہے ﴿۱۵﴾ جب ان کے پروردگار نے ان کو

الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿۱۶﴾ اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿۱۷﴾ فَقُلْ هَلْ

| الْمُقَدَّسِ | طُوًى | اِذْهَبْ | اِلٰى | فِرْعَوْنَ | اِنَّهٗ | طَغٰى | فَقُلْ | هَلْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پاک کے | طوٰی میں | جا | طرف | فرعون کی | بیشک وہ | سرکش ہے | پس کہہ | کیا |

پاک میدان (یعنی) طوٰی میں پکارا ﴿۱۶﴾ (اور حکم دیا) کہ فرعون کے پاس جاؤ وہ سرکش ہو رہا ہے ﴿۱۷﴾ اور (اُس سے) کہو کیا

لَّكَ اِلٰٓى اَنْ تَزَكّٰى ﴿۱۸﴾ وَاَهْدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ﴿۱۹﴾ فَاَرٰىهُ

| لَّكَ | اِلٰٓى | اَنْ | تَزَكّٰى | وَ | اَهْدِيَكَ | اِلٰى | رَبِّكَ | فَتَخْشٰى | فَاَرٰىهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تو چاہتا ہے کہ | طرف | یہ کہ | تو سنور جائے | اور | راہ دکھاتا ہوں میں تجھ کو | طرف | رب تیرے کی | پس ڈرے تو | پس دکھادی اسکو |

تو چاہتا ہے کہ پاک ہو جائے ﴿۱۸﴾ اور میں تجھے تیرے پروردگار کا رستہ بتاؤں تاکہ تجھ کو خوف (پیدا) ہو ﴿۱۹﴾ غرض اُنہوں

الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى ﴿۲۰﴾ فَكَذَّبَ وَعَصٰى ﴿۲۱﴾ ثُمَّ اَدْبَرَ يَسْعٰى ﴿۲۲﴾ فَحَشَرَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاٰيَةَ | الْكُبْرٰى | فَكَذَّبَ | وَ | عَصٰى | ثُمَّ | اَدْبَرَ | يَسْعٰى | فَحَشَرَ |
| نشانی | بڑی | پس جھٹلایا اس نے | اور | نافرمانی کی | پھر | پیٹھ پھیر لی | سعی کرتے ہوئے | پس اکٹھا کیا |

نے اس کو بڑی نشانی دکھائی ﴿۲۰﴾ مگر اس نے جھٹلایا اور نہ مانا ﴿۲۱﴾ پھر لوٹ گیا اور تدبیریں کرنے لگا ﴿۲۲﴾ اور (لوگوں کو) اکٹھا کیا

فَنَادٰى ﴿۲۳﴾ فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى ﴿۲۴﴾ فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَنَادٰى | فَقَالَ | اَنَا | رَبُّكُمُ | الْاَعْلٰى | فَاَخَذَهُ | اللّٰهُ | نَكَالَ | الْاٰخِرَةِ |
| پس پکارا | پس کہا | میں ہوں | پروردگار تمہارا | سب سے بلند | پس پکڑا اس کو | اللہ نے | عذاب | آخرت کے میں |

اور پکارا ﴿۲۳﴾ کہنے لگا کہ تمہارا سب سے بڑا مالک میں ہوں ﴿۲۴﴾ تو اللہ نے اس کو دنیا اور آخرت (دونوں) کے

وَالْاُوْلٰى ﴿۲۵﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ﴿۲۶﴾ ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا ع ۲۶

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْاُوْلٰى | اِنَّ | فِيْ | ذٰلِكَ | لَعِبْرَةً | لِّمَنْ | يَّخْشٰى | ءَاَنْتُمْ | اَشَدُّ | خَلْقًا |
| اور دنیا کے میں | بیشک | بیچ | اس کے | البتہ نصیحت ہے | واسطے اسکے جو | ڈرتا ہے | کیا تم | سخت تر ہو | پیدائش میں |

عذاب میں پکڑ لیا ﴿۲۵﴾ جو شخص (اللہ سے) ڈر رکھتا ہے اس کے لیے اس (قصے) میں عبرت ہے ﴿۲۶﴾ بھلا تمہارا بنانا مشکل ہے

اَمِ السَّمَآءُ بَنٰىهَا ﴿۲۷﴾ رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰىهَا ﴿۲۸﴾ وَاَغْطَشَ لَيْلَهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَمِ | السَّمَآءُ | بَنٰىهَا | رَفَعَ | سَمْكَهَا | فَسَوّٰىهَا | وَ | اَغْطَشَ | لَيْلَهَا |
| یا | آسمان | بنایا اس کو | بلند کیا ہے | موٹاپا اس کا | پس برابر کیا اس کو | اور | ڈھانک دیا | اس کی رات کو |

یا آسمان کا؟ اسی نے اس کو بنایا ﴿۲۷﴾ اُس کی چھت کو اُونچا کیا پھر اُسے برابر کر دیا ﴿۲۸﴾ اور اُسی نے رات تاریک بنائی

وَاَخْرَجَ ضُحٰىهَا ﴿۲۹﴾ وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا ﴿۳۰﴾ اَخْرَجَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاَخْرَجَ | ضُحٰىهَا | وَ | الْاَرْضَ | بَعْدَ | ذٰلِكَ | دَحٰىهَا | اَخْرَجَ |
| اور نکالی | اس کی دھوپ کو | اور | زمین کو | بعد | اس کے | بچھا دیا اس کو | نکالا |

اور (دن کو) دھوپ نکالی ﴿۲۹﴾ اور اس کے بعد زمین کو پھیلا دیا ﴿۳۰﴾ اُسی نے

مِنْهَا مَآءَهَا وَمَرْعٰىهَا ﴿۳۱﴾ وَالْجِبَالَ اَرْسٰىهَا ﴿۳۲﴾ مَتَاعًا لَّكُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِنْهَا | مَآءَهَا | وَ | مَرْعٰىهَا | وَالْجِبَالَ | اَرْسٰىهَا | مَتَاعًا | لَّكُمْ |
| اس میں سے | پانی اس کا | اور | چارا اس کا | اور پہاڑوں کو | گاڑ دیا اس میں | فائدہ ہے | واسطے تمہارے |

اس میں سے اس کا پانی نکالا اور چارا اُگایا ﴿۳۱﴾ اور اس پر پہاڑوں کا بوجھ رکھ دیا ﴿۳۲﴾ یہ سب کچھ تمہارے

وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿۳۳﴾ فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى ﴿۳۴﴾ يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لِاَنْعَامِكُمْ | فَاِذَا | جَآءَتِ | الطَّآمَّةُ | الْكُبْرٰى | يَوْمَ | يَتَذَكَّرُ | الْاِنْسَانُ |
| اور | واسطے تمہارے چارپایوں کے | پس جب | آئے گی | آفت | بڑی | اس دن | یاد کرے گا | آدمی |

اور تمہارے چارپایوں کے فائدے کے لیے (کیا) ﴿۳۳﴾ تو جب بڑی آفت آئے گی ﴿۳۴﴾ اُس دن انسان اپنے کاموں

مَا سَعٰى ﴿۳۵﴾ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ يَّرٰى ﴿۳۶﴾ فَاَمَّا مَنْ طَغٰى ﴿۳۷﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَا | سَعٰى | وَ | بُرِّزَتِ | الْجَحِيْمُ | لِمَنْ | يَّرٰى | فَاَمَّا | مَنْ | طَغٰى |
| جو | سعی کی تھی | اور | ظاہر کردی جائے گی | دوزخ | واسطے اسکے کہ | دیکھتا ہے | پس | جس نے | سرکشی کی |

کو یاد کرے گا ﴿۳۵﴾ اور دوزخ دیکھنے والے کے سامنے نکال کر رکھ دی جائے گی ﴿۳۶﴾ تو جس نے سرکشی کی ﴿۳۷﴾

وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۳۸﴾ فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿۳۹﴾ وَاَمَّا مَنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاٰثَرَ | الْحَيٰوةَ | الدُّنْيَا | فَاِنَّ | الْجَحِيْمَ | هِيَ | الْمَاْوٰى | وَاَمَّا مَنْ |
| اور اختیار کرلی | زندگانی | دنیا کی | پس بیشک | دوزخ | وہی ہے | جگہ رہنے کی | اور جو کوئی |

اور دنیا کی زندگی کو مقدم سمجھا ﴿۳۸﴾ اس کا ٹھکانا دوزخ ہے ﴿۳۹﴾ اور جو اپنے پروردگار

خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ﴿۴۰﴾ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَافَ | مَقَامَ | رَبِّهٖ | وَ | نَهَى | النَّفْسَ | عَنِ | الْهَوٰى | فَاِنَّ | الْجَنَّةَ | هِيَ |
| ڈرا | کھڑے ہونے سے | اپنے رب کے آگے | اور | روکا | نفس کو | سے | جی کی خواہش | پس بیشک | بہشت | وہی ہے |

کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرتا اور جی کو خواہشوں سے روکتا رہا ﴿۴۰﴾ اُس کا ٹھکانا

الْمَاْوٰى ﴿۴۱﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰهَا ﴿۴۲﴾ فِيْمَ اَنْتَ مِنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَاْوٰى | يَسْـَٔلُوْنَكَ | عَنِ | السَّاعَةِ | اَيَّانَ | مُرْسٰهَا | فِيْمَ | اَنْتَ | مِنْ |
| جگہ رہنے کی | سوال کرتے ہیں تجھ سے | سے | قیامت | کب ہے | واقع ہونا اس کا | بیچ کس بات کے ہے | تو | سے |

بہشت ہے ﴿۴۱﴾ (اے پیغمبر، لوگ) تم سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں کہ اس کا وقوع کب ہوگا؟ ﴿۴۲﴾ سو تم اس کے ذکر سے کس

ذِكْرٰهَا ﴿۴۳﴾ اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰهَا ﴿۴۴﴾ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذِكْرٰهَا | اِلٰى | رَبِّكَ | مُنْتَهٰهَا | اِنَّمَآ | اَنْتَ | مُنْذِرُ | مَنْ |
| یاد اس کی | طرف | تیرے رب کی | انتہا اس کی | سوائے اس کے نہیں کہ | تو | ڈرانے والا ہے | اس کو جو |

فکر میں ہو؟ ﴿۴۳﴾ اس کا منتہا (یعنی واقع ہونے کا وقت) تمہارے پروردگار ہی کو (معلوم ہے) ﴿۴۴﴾ جو شخص اس سے ڈر رکھتا ہے تم تو

ع ۲/۴

يَخْشٰىهَا ۝٤٥ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰىهَا ۝٤٦ ع

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَخْشٰىهَا | كَاَنَّهُمْ | يَوْمَ | يَرَوْنَهَا | لَمْ | يَلْبَثُوْٓا | اِلَّآ | عَشِيَّةً | اَوْ ضُحٰىهَا |
| ڈرتا ہے اس گھڑی سے | گویا کہ وہ | جس دن | دیکھیں گے اس کو | نہ | رہے تھے | مگر | ایک شام | یا صبح اس کی |

اُسی کو ڈرسنانے والے ہو ۝۴۵ جب وہ اُس کو دیکھیں گے (تو ایسا خیال کریں گے) کہ گویا (دُنیا میں صرف) ایک شام یا صبح رہے تھے ۝۴۶

## اٰیاتھا ۴۲ — ۸۰ سُوْرَةُ عَبَسَ مَكِّيَّةٌ ۲۴ — رکوعھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

عَبَسَ وَ تَوَلّٰٓى ۝۱ اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى ۝۲ وَ مَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَبَسَ | وَ | تَوَلّٰٓى | اَنْ | جَآءَهُ | الْاَعْمٰى | وَ | مَا | يُدْرِيْكَ | لَعَلَّهٗ |
| تیوری چڑھائی | اور | منہ موڑ لیا | اس سے کہ | آیا اس کے پاس | اندھا | اور | کیا | خبر ہے تجھ کو | شاید کہ وہ |

(محمد مصطفےٰ ﷺ) ترش رُو ہوئے اور منہ پھیر بیٹھے ۝۱ کہ ان کے پاس ایک نابینا آیا ۝۲ اور تم کو کیا خبر شاید وہ پاکیزگی

يَزَّكّٰٓى ۝۳ اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰى ۝۴ اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰى ۝۵ فَاَنْتَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَزَّكّٰٓى | اَوْ | يَذَّكَّرُ | فَتَنْفَعَهُ | الذِّكْرٰى | اَمَّا مَنِ | اسْتَغْنٰى | فَاَنْتَ |
| پاک ہو جاتا | یا | نصیحت سنتا | پس فائدہ دیتی اس کو | نصیحت | وہ جو | بے پروائی کرتا ہے | پس تو |

حاصل کرتا ۝۳ یا سوچتا تو سمجھانا اُسے فائدہ دیتا ۝۴ جو پروا نہیں کرتا ۝۵ اس کی طرف

لَهٗ تَصَدّٰى ۝۶ وَ مَا عَلَيْكَ اَلَّا يَزَّكّٰى ۝۷ وَ اَمَّا مَنْ جَآءَكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهٗ | تَصَدّٰى | وَ | مَا | عَلَيْكَ | اَلَّا | يَزَّكّٰى | وَ | اَمَّا مَنْ | جَآءَكَ |
| واسطے اسکے | فکر کرتا ہے | اور | نہیں | اوپر تیرے کچھ | اگر نہ | سنورے وہ | اور | وہ جو | آیا تیرے پاس |

تو تم توجہ کرتے ہو ۝۶ حالانکہ اگر وہ نہ سنورے تو تم پر کچھ (الزام) نہیں ۝۷ اور جو تمہارے پاس دوڑتا

يَسْعٰى ۝۸ وَ هُوَ يَخْشٰى ۝۹ فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰى ۝۱۰ كَلَّآ اِنَّهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَسْعٰى | وَ | هُوَ | يَخْشٰى | فَاَنْتَ | عَنْهُ | تَلَهّٰى | كَلَّآ | اِنَّهَا |
| دوڑتا ہوا | اور | وہ | ڈرتا ہے | پس تو | اس سے | تغافل کرتا ہے | ہرگز نہیں یوں | بیشک یہ |

ہوا آیا ۝۸ اور (اللہ سے) ڈرتا ہے ۝۹ اُس سے تم بے رخی کرتے ہو ۝۱۰ دیکھو یہ (قرآن)

وقف لازم

تَذْكِرَةٌ ﴿۱۱﴾ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ﴿۱۲﴾ فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ﴿۱۳﴾ مَّرْفُوْعَةٍ

| تَذْكِرَةٌ | فَمَنْ | شَآءَ | ذَكَرَهٗ | فِيْ | صُحُفٍ | مُّكَرَّمَةٍ | مَّرْفُوْعَةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نصیحت ہے | پس جو کوئی | چاہے | یاد کرے اس کو | بیچ | صحیفوں | تعظیم کیے گیوں کے | بلند کیے گئے |

نصیحت ہے ﴿۱۱﴾ پس جو چاہے اسے یاد رکھے ﴿۱۲﴾ قابلِ ادب ورقوں میں (لکھا ہوا) ﴿۱۳﴾ جو بلند مقام پر رکھے ہوئے

مُّطَهَّرَةٍ ﴿۱۴﴾ بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ﴿۱۵﴾ كِرَامٍ بَرَرَةٍ ﴿۱۶﴾ قُتِلَ الْاِنْسَانُ

| مُّطَهَّرَةٍ | بِاَيْدِيْ | سَفَرَةٍ | كِرَامٍ | بَرَرَةٍ | قُتِلَ | الْاِنْسَانُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پاک کیے گئے | بیچ ہاتھوں | لکھنے والوں کے | بزرگ | نیکوکاروں کے | مارا جائے | انسان |

(اور) پاک ہیں ﴿۱۴﴾ (ایسے) لکھنے والوں کے ہاتھوں میں ﴿۱۵﴾ جو سردار (اور) نیکوکار ہیں ﴿۱۶﴾ انسان ہلاک ہو جائے

مَآ اَكْفَرَهٗ ﴿۱۷﴾ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ ﴿۱۸﴾ مِنْ نُّطْفَةٍ خَلَقَهٗ

| مَآ | اَكْفَرَهٗ | مِنْ | اَيِّ | شَيْءٍ | خَلَقَهٗ | مِنْ | نُّطْفَةٍ | خَلَقَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا ہی | ناشکرا ہے | سے | کس | چیز | پیدا کیا اس کو | سے | نطفے | پیدا کیا اس کو |

کیسا ناشکرا ہے ﴿۱۷﴾ اُسے (اللہ نے) کس چیز سے بنایا؟ ﴿۱۸﴾ نطفے سے بنایا پھر اس کا اندازہ

فَقَدَّرَهٗ ﴿۱۹﴾ ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ ﴿۲۰﴾ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ﴿۲۱﴾ ثُمَّ اِذَا شَآءَ

| فَقَدَّرَهٗ | ثُمَّ | السَّبِيْلَ | يَسَّرَهٗ | ثُمَّ | اَمَاتَهٗ | فَاَقْبَرَهٗ | ثُمَّ | اِذَا | شَآءَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر اندازے پر رکھا اسکو | پھر | راہ | آسان کی اس کی | پھر | مارا اس کو | پھر گاڑا اس کو | پھر | جب | چاہے گا |

مقرر کیا ﴿۱۹﴾ پھر اس کے لیے رستہ آسان کر دیا ﴿۲۰﴾ پھر اس کو موت دی پھر قبر میں دفن کرایا ﴿۲۱﴾ پھر جب چاہے گا

اَنْشَرَهٗ ﴿۲۲﴾ كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ ﴿۲۳﴾ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى

| اَنْشَرَهٗ | كَلَّا | لَمَّا | يَقْضِ | مَآ | اَمَرَهٗ | فَلْيَنْظُرِ | الْاِنْسَانُ | اِلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٹھائے گا اسکو | ہرگز نہیں یوں | ابھی نہیں | ادا کی | وہ چیز کہ | حکم کیا اس کو | پس چاہیے کہ دیکھے | آدمی | طرف |

اُسے اُٹھا کھڑا کرے گا ﴿۲۲﴾ کچھ شک نہیں کہ اللہ نے اسے جو حکم دیا اس نے اس پر عمل نہ کیا ﴿۲۳﴾ تو انسان کو چاہیے کہ اپنے کھانے

طَعَامِهٖٓ ﴿۲۴﴾ اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا ﴿۲۵﴾ ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ﴿۲۶﴾

| طَعَامِهٖٓ | اَنَّا | صَبَبْنَا | الْمَآءَ | صَبًّا | ثُمَّ | شَقَقْنَا | الْاَرْضَ | شَقًّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کھانے اپنے کی | یہ کہ | ڈالا ہم نے | پانی | ڈالنے کر | پھر | پھاڑا ہم نے | زمین کو | پھاڑنے کر |

کی طرف نظر کرے ﴿۲۴﴾ بے شک ہم ہی نے پانی برسایا ﴿۲۵﴾ پھر ہم ہی نے زمین کو چیرا پھاڑا ﴿۲۶﴾

فَاَنۡۢبَتۡنَا فِيۡهَا حَبًّا ﴿۲۷﴾ وَّ عِنَبًا وَّ قَضۡبًا ﴿۲۸﴾ وَّ زَيۡتُوۡنًا وَّ نَخۡلًا ﴿۲۹﴾ وَّ حَدَآئِقَ

| فَاَنۡۢبَتۡنَا | فِيۡهَا | حَبًّا | وَّ | عِنَبًا | وَّ | قَضۡبًا | وَّ | زَيۡتُوۡنًا | وَّ | نَخۡلًا | وَّ | حَدَآئِقَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر اگائے ہم نے | بیچ اس کے | اناج | اور | انگور | اور | ترکاری | اور | زیتون | اور | کھجور | اور | باغات |

پھر ہم ہی نے اس میں اناج اُگایا ﴿۲۷﴾ اور انگور اور ترکاری ﴿۲۸﴾ اور زیتون اور کھجوریں ﴿۲۹﴾ اور گھنے گھنے

غُلۡبًا ﴿۳۰﴾ وَّ فَاكِهَةً وَّ اَبًّا ﴿۳۱﴾ مَّتَاعًا لَّكُمۡ وَلِاَنۡعَامِكُمۡ ﴿۳۲﴾ فَاِذَا جَآءَتِ

| غُلۡبًا | وَّ | فَاكِهَةً | وَّ | اَبًّا | مَّتَاعًا | لَّكُمۡ | وَ | لِاَنۡعَامِكُمۡ | فَاِذَا | جَآءَتِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گنجان گھنے | اور | میوے | اور | گھاس | فائدہ | واسطے تمہارے | اور | تمہارے چارپایوں کے واسطے | پس جب | آئے گی وہ |

باغ ﴿۳۰﴾ اور میوے اور چارا ﴿۳۱﴾ (یہ سب کچھ) تمہارے اور تمہارے چارپایوں کے لیے بنایا ﴿۳۲﴾ تو جب (قیامت کا)

الصَّآخَّةُ ﴿۳۳﴾ يَوۡمَ يَفِرُّ الۡمَرۡءُ مِنۡ اَخِيۡهِ ﴿۳۴﴾ وَ اُمِّهٖ وَ اَبِيۡهِ ﴿۳۵﴾ وَ صَاحِبَتِهٖ

| الصَّآخَّةُ | يَوۡمَ | يَفِرُّ | الۡمَرۡءُ | مِنۡ | اَخِيۡهِ | وَاُمِّهٖ | وَ | اَبِيۡهِ | وَ | صَاحِبَتِهٖ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کان پھاڑنیوالی | اس دن | بھاگے گا | آدمی | سے | بھائی اپنے | اور اپنی ماں سے | اور | اپنے باپ سے | اور | اپنی بیوی سے |

غُل مچے گا ﴿۳۳﴾ اُس دن آدمی اپنے بھائی سے دور بھاگے گا ﴿۳۴﴾ اور اپنی ماں اور اپنے باپ سے ﴿۳۵﴾ اور اپنی بیوی

وَ بَنِيۡهِ ﴿۳۶﴾ لِكُلِّ امۡرِیٴٍ مِّنۡهُمۡ يَوۡمَئِذٍ شَاۡنٌ يُّغۡنِيۡهِ ﴿۳۷﴾ وُجُوۡهٌ يَّوۡمَئِذٍ

| وَ | بَنِيۡهِ | لِكُلِّ | امۡرِیٴٍ | مِّنۡهُمۡ | يَوۡمَئِذٍ | شَاۡنٌ | يُّغۡنِيۡهِ | وُجُوۡهٌ | يَّوۡمَئِذٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | اپنے بیٹوں سے | واسطے ہر | مرد کے | ان میں سے | اس دن | ایک حالت ہے کہ | کفایت کرتی ہے اسکو | اور کتنے چہرے | اس دن |

اور اپنے بیٹے سے ﴿۳۶﴾ ہر شخص اُس روز ایک فکر میں ہوگا جو اسے (مصروفیت کے لیے) بس کرے گا ﴿۳۷﴾ اور کتنے منہ اس روز

مُّسۡفِرَةٌ ﴿۳۸﴾ ضَاحِكَةٌ مُّسۡتَبۡشِرَةٌ ﴿۳۹﴾ وَ وُجُوۡهٌ يَّوۡمَئِذٍ عَلَيۡهَا

| مُّسۡفِرَةٌ | ضَاحِكَةٌ | مُّسۡتَبۡشِرَةٌ | وَ | وُجُوۡهٌ | يَّوۡمَئِذٍ | عَلَيۡهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| روشن ہیں | ہنستے | خوش وقت ہیں | اور | کتنے چہرے | اس دن | اوپر ان کے |

چمک رہے ہوں گے ﴿۳۸﴾ خنداں و شاداں (یہ نیکوکار ہیں) ﴿۳۹﴾ اور کتنے منہ ہوں گے جن پر گرد

غَبَرَةٌ ﴿۴۰﴾ تَرۡهَقُهَا قَتَرَةٌ ﴿۴۱﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الۡكَفَرَةُ الۡفَجَرَةُ ﴿۴۲﴾ ع ۱۴۲ ۵

| غَبَرَةٌ | تَرۡهَقُهَا | قَتَرَةٌ | اُولٰٓئِكَ | هُمُ | الۡكَفَرَةُ | الۡفَجَرَةُ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| غبار ہے | ڈھانپتی ہے ان کو | سیاہی | یہ لوگ | وہی ہیں | کافر | بدکار |

پڑ رہی ہوگی ﴿۴۰﴾ (اور) سیاہی چڑھ رہی ہوگی ﴿۴۱﴾ یہ کفار بدکردار ہیں ﴿۴۲﴾

ایاتها ۲۹ ۸۱ سُوْرَةُ التَّكْوِيْرِ مَكِّيَّةٌ ۷ رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ۝۱ وَاِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ ۝۲ وَ اِذَا الْجِبَالُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِذَا | الشَّمْسُ | كُوِّرَتْ | وَ | اِذَا | النُّجُوْمُ | انْكَدَرَتْ | وَ | اِذَا | الْجِبَالُ |
| جسوقت کہ | سورج | لپیٹا جائے | اور | جس وقت | تارے | گدلا جائیں | اور | جس وقت کہ | پہاڑ |

جب سورج لپیٹ لیا جائے گا ۝۱ اور جب تارے بے نور ہو جائیں گے ۝۲ اور جب پہاڑ

سُيِّرَتْ ۝۳ وَ اِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ۝۴ وَاِذَا الْوُحُوْشُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سُيِّرَتْ | وَ | اِذَا | الْعِشَارُ | عُطِّلَتْ | وَاِذَا | الْوُحُوْشُ |
| چلائے جائیں | اور | جس وقت | بیاتی اونٹنیاں | چھٹی پھریں | اور جس وقت | وحشی جانور |

چلائے جائیں گے ۝۳ اور جب بیانے والی اونٹنیاں بیکار ہو جائیں گی ۝۴ اور جب وحشی جانور

حُشِرَتْ ۝۵ وَ اِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ۝۶ وَاِذَا النُّفُوْسُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حُشِرَتْ | وَ | اِذَا | الْبِحَارُ | سُجِّرَتْ | وَاِذَا | النُّفُوْسُ |
| رل مل جائیں | اور | جس وقت | دریا | جھونکیں جائیں | اور جس وقت | جانیں |

جمع کیے جائیں گے ۝۵ اور جب دریا آگ ہو جائیں گے ۝۶ اور جب روحیں (بدنوں سے)

زُوِّجَتْ ۝۷ وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ۝۸ بِاَيِّ ذَنْۢبٍ قُتِلَتْ ۝۹ وَاِذَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زُوِّجَتْ | وَ | اِذَا | الْمَوْءٗدَةُ | سُئِلَتْ | بِاَيِّ | ذَنْۢبٍ | قُتِلَتْ | وَاِذَا |
| قسم قسم کی ملائی جائیں | اور | جس وقت کہ | جیتی گاڑی ہوئی | پوچھی جائے گی | ساتھ کس | گناہ کے | ماری گئی | اور جسوقت کہ |

ملادی جائیں گی ۝۷ اور جب اس لڑکی سے جو زندہ دفنا دی گئی ہو پوچھا جائے گا ۝۸ کہ وہ کس گناہ پر ماردی گئی؟ ۝۹ اور جب

الصُّحُفُ نُشِرَتْ ۝۱۰ وَاِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ ۝۱۱ وَ اِذَا الْجَحِيْمُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصُّحُفُ | نُشِرَتْ | وَاِذَا | السَّمَآءُ | كُشِطَتْ | وَ | اِذَا | الْجَحِيْمُ |
| اعمال نامے | کھولے جائیں گے | اور جس وقت | آسمان کا | پوست اتار لیا جائے گا | اور | جس وقت کہ | دوزخ |

(عملوں کے) دفتر کھولے جائیں گے ۝۱۰ اور جب آسمان کی کھال کھینچ لی جائے گی ۝۱۱ اور جب دوزخ (کی آگ)

سُعِّرَتْ ﴿۱۲﴾ وَاِذَا الْجَنَّةُ اُزْلِفَتْ ﴿۱۳﴾ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّآ اَحْضَرَتْ ﴿۱۴﴾

| سُعِّرَتْ | وَ | اِذَا | الْجَنَّةُ | اُزْلِفَتْ | عَلِمَتْ | نَفْسٌ | مَّآ | اَحْضَرَتْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دہکائی جائے گی | اور | جس وقت | بہشت | نزدیک کی جائے گی | جان لے گا | ہر جی | جو کچھ | حاضر کیا ہے |

بھڑکائی جائے گی ﴿۱۲﴾ اور بہشت جب قریب لائی جائے گی ﴿۱۳﴾ تب ہر شخص معلوم کر لے گا کہ وہ کیا لے کر آیا ہے ﴿۱۴﴾

فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ﴿۱۵﴾ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ﴿۱۶﴾ وَالَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ ﴿۱۷﴾

| فَلَآ اُقْسِمُ | بِالْخُنَّسِ | الْجَوَارِ | الْكُنَّسِ | وَالَّيْلِ | اِذَا | عَسْعَسَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پس قسم کھاتا ہوں میں | پیچھے ہٹ جانے والوں | سیدھے چلنے والوں | دبک جانے والوں کی | اور رات کی | جب | جانے لگے |

ہم کو اُن ستاروں کی قسم جو پیچھے ہٹ جاتے ہیں ﴿۱۵﴾ اور جو سیر کرتے اور غائب ہو جاتے ہیں ﴿۱۶﴾ اور رات کی قسم جب ختم ہونے لگتی ہے ﴿۱۷﴾

وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ ﴿۱۸﴾ اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ﴿۱۹﴾ ذِيْ قُوَّةٍ

| وَالصُّبْحِ | اِذَا | تَنَفَّسَ | اِنَّهٗ | لَقَوْلُ | رَسُوْلٍ | كَرِيْمٍ | ذِيْ | قُوَّةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور صبح کی | جب | دم لینے لگے | بیشک یہ | کہنا | پیغام پہنچانے والے | بزرگ کا ہے | صاحب | قوت |

اور صبح کی قسم جب نمودار ہوتی ہے ﴿۱۸﴾ کہ بیشک یہ (قرآن) فرشتۂ عالی مقام کی زبان کا پیغام ہے ﴿۱۹﴾ جو صاحبِ قوت

عِنْدَ ذِي الْعَرْشِ مَكِيْنٍ ﴿۲۰﴾ مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ ﴿۲۱﴾ وَمَا

| عِنْدَ | ذِيْ | الْعَرْشِ | مَكِيْنٍ | مُّطَاعٍ | ثَمَّ | اَمِيْنٍ | وَ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نزدیک | مالک | عرش کے | مرتبے والا | کہا مانا گیا | وہاں کا | معتبر ہے | اور | نہیں |

مالک عرش کے ہاں اُونچے درجے والا ﴿۲۰﴾ سردار (اور) امانت دار ہے ﴿۲۱﴾ اور (مکے والو)

صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ ﴿۲۲﴾ وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ ﴿۲۳﴾ وَمَا هُوَ

| صَاحِبُكُمْ | بِمَجْنُوْنٍ | وَ | لَقَدْ | رَاٰهُ | بِالْاُفُقِ | الْمُبِيْنِ | وَ | مَا | هُوَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صاحب تمہارا | دیوانہ | اور | البتہ تحقیق اس نے | دیکھا اس کو | بیچ کنارے | ظاہر کے | اور | نہیں | وہ |

تمہارے رفیق (یعنی محمد ﷺ) دیوانے نہیں ہیں ﴿۲۲﴾ بیشک انہوں نے اس (فرشتے) کو (آسمان) کے کھلے (یعنی شرقی) کنارے پر دیکھا ہے ﴿۲۳﴾ اور

عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ ﴿۲۴﴾ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ﴿۲۵﴾ فَاَيْنَ

| عَلَى | الْغَيْبِ | بِضَنِيْنٍ | وَ | مَا | هُوَ | بِقَوْلِ | شَيْطٰنٍ | رَّجِيْمٍ | فَاَيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | غیب کی بات کے | بخیل | اور | نہیں | وہ | کہنا | شیطان | راندے گئے کا | پس کہاں |

وہ پوشیدہ باتوں کے (ظاہر کرنے) میں بخیل نہیں ﴿۲۴﴾ اور یہ شیطان مردود کا کلام نہیں ﴿۲۵﴾ پھر تم

تَذْهَبُوْنَ ﴿۲۶﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۷﴾ لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تَذْهَبُوْنَ | اِنْ | هُوَ | اِلَّا | ذِكْرٌ | لِّلْعٰلَمِيْنَ | لِمَنْ | شَآءَ | مِنْكُمْ | اَنْ |
| جاتے ہوتم | نہیں | یہ | مگر | نصیحت | واسطے عالموں کے | واسطے اسکے جو کہ | چاہے | تم میں سے | یہ کہ |

کدھر جا رہے ہو؟ ﴿۲۶﴾ یہ تو جہان کے لوگوں کے لیے نصیحت ہے ﴿۲۷﴾ (یعنی) اس کے لیے جو تم میں سے سیدھی چال

ع ۱ ۲۹ ۶

يَّسْتَقِيْمَ ﴿۲۸﴾ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۹﴾

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَّسْتَقِيْمَ | وَ | مَا | تَشَآءُوْنَ | اِلَّآ | اَنْ | يَّشَآءَ | اللّٰهُ | رَبُّ | الْعٰلَمِيْنَ |
| سیدھی راہ چلے | اور | نہیں | چاہتے تم | مگر | یہ کہ | چاہے | اللہ | پروردگار | عالموں کا |

چلنا چاہے ﴿۲۸﴾ اور تم کچھ بھی نہیں چاہ سکتے مگر وہی جو اللہ رب العالمین چاہے ﴿۲۹﴾

## اٰیاتھا ۱۹ — ۸۲ سُوْرَةُ الْاِنْفِطَارِ مَكِّيَّةٌ ۸۲ — رکوعھا ۱

### بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ﴿۱﴾ وَاِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ ﴿۲﴾ وَاِذَا الْبِحَارُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِذَا | السَّمَآءُ | انْفَطَرَتْ | وَ | اِذَا | الْكَوَاكِبُ | انْتَثَرَتْ | وَ | اِذَا | الْبِحَارُ |
| جس وقت | آسمان | پھٹ جائے | اور | جس وقت | تارے | جھڑ جائیں | اور | جس وقت | دریا |

جب آسمان پھٹ جائے گا ﴿۱﴾ اور جب تارے جھڑ پڑیں گے ﴿۲﴾ اور جب دریا بہ (کر ایک

فُجِّرَتْ ﴿۳﴾ وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ ﴿۴﴾ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فُجِّرَتْ | وَ | اِذَا | الْقُبُوْرُ | بُعْثِرَتْ | عَلِمَتْ | نَفْسٌ | مَّا | قَدَّمَتْ |
| چیرے جائیں | اور | جس وقت | قبریں | زیروزبر کردی جائیں | جان لے گا | ہر جی | جو کچھ | آگے بھیجا ہے |

دوسرے سے مل) جائیں گے ﴿۳﴾ اور جب قبریں اُکھیڑ دی جائیں گی ﴿۴﴾ تب ہر شخص معلوم کر لے گا کہ اس نے آگے کیا بھیجا تھا

وَاَخَّرَتْ ﴿۵﴾ يٰۤاَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ ﴿۶﴾ الَّذِيْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | اَخَّرَتْ | يٰۤاَيُّهَا | الْاِنْسَانُ | مَا | غَرَّكَ | بِرَبِّكَ | الْكَرِيْمِ | الَّذِيْ |
| اور | پیچھے چھوڑا ہے | اے | آدمی | کس چیز نے | فریب دیا تجھ کو | ساتھ پروردگار تیرے | کرم کرنیوالے کے | جس نے |

اور پیچھے کیا چھوڑا تھا ﴿۵﴾ اے انسان تجھ کو اپنے پروردگار کرم گستر کے بارے میں کس چیز نے دھوکا دیا؟ ﴿۶﴾ (وہی تو ہے) جس

خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ فَعَدَلَكَ ۝٧ فِيْٓ اَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ ۝٨

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَلَقَكَ | فَسَوّٰىكَ | فَعَدَلَكَ | فِيْٓ | اَيِّ | صُوْرَةٍ | مَّا | شَآءَ | رَكَّبَكَ |
| پیدا کیا تجھ کو | پھر تندرست کیا تجھ کو | پھر برابر کیا تجھ کو | بیچ | جون سی | صورت | جو کہ | چاہا اس نے | ترکیب دی تجھ کو |

نے تجھے بنایا اور (تیرے اعضاء کو) ٹھیک کیا اور (تیری قامت کو) معتدل رکھا۝٧ اور جس صورت میں چاہا تجھے جوڑ دیا۝٨

كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ ۝٩ وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ۝١٠ كِرَامًا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَلَّا | بَلْ | تُكَذِّبُوْنَ | بِالدِّيْنِ | وَ | اِنَّ | عَلَيْكُمْ | لَحٰفِظِيْنَ | كِرَامًا |
| ہرگز نہیں یوں | بلکہ | جھٹلاتے ہو تم | قیامت کو | اور | بیشک | اوپر تمہارے | البتہ نگہبان ہیں | بزرگ |

مگر ہیہات تم لوگ جزا کو جھٹلاتے ہو۝٩ حالانکہ تم پر نگہبان مقرر ہیں۝١٠ عالی قدر (تمہاری)

كَاتِبِيْنَ ۝١١ يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ۝١٢ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ۝١٣ وَاِنَّ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَاتِبِيْنَ | يَعْلَمُوْنَ | مَا | تَفْعَلُوْنَ | اِنَّ | الْاَبْرَارَ | لَفِيْ | نَعِيْمٍ | وَ | اِنَّ |
| لکھنے والے | جانتے ہیں | جو کچھ | تم کرتے ہو | بیشک | نیکوکار | البتہ بیچ | نعمتوں کے ہیں | اور | بیشک |

باتوں کے) لکھنے والے۝١١ جو تم کرتے ہو وہ اسے جانتے ہیں۝١٢ بیشک نیکوکار نعمتوں (کی بہشت) میں ہوں گے۝١٣ اور

الْفُجَّارَ لَفِيْ جَحِيْمٍ ۝١٤ يَّصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّيْنِ ۝١٥ وَمَا هُمْ عَنْهَا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْفُجَّارَ | لَفِيْ | جَحِيْمٍ | يَّصْلَوْنَهَا | يَوْمَ | الدِّيْنِ | وَ | مَا هُمْ | عَنْهَا |
| بدکار | البتہ بیچ | دوزخ کے ہیں | داخل ہوں گے اس میں | دن | جزا کے | اور | نہیں وہ | اس سے |

بدکردار دوزخ میں۝١٤ (یعنی) جزا کے دن اس میں داخل ہوں گے۝١٥ اور اس سے

بِغَآئِبِيْنَ ۝١٦ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ۝١٧ ثُمَّ مَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِغَآئِبِيْنَ | وَ | مَآ اَدْرٰىكَ | مَا | يَوْمُ | الدِّيْنِ | ثُمَّ | مَآ | اَدْرٰىكَ | مَا | يَوْمُ |
| غائب ہونیوالے | اور | کیا خبر ہے تجھ کو | کیا ہے | دن | جزا کا | پھر | کیا | خبر ہے تجھ کو | کیا ہے | دن |

چھپ نہیں سکیں گے۝١٦ اور تمہیں کیا معلوم کہ جزا کا دن کیسا ہے۝١٧ پھر تمہیں کیا معلوم کہ جزا

الدِّيْنِ ۝١٨ يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْـًٔا ۭ وَالْاَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ۝١٩ ع ۱۹

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الدِّيْنِ | يَوْمَ | لَا | تَمْلِكُ | نَفْسٌ | لِّنَفْسٍ | شَيْـًٔا | وَالْاَمْرُ | يَوْمَئِذٍ | لِّلّٰهِ |
| جزا کا | اس دن | نہیں | اختیار پائے گا | کوئی جی | کسی جی کا | کچھ | اور حکم | اس دن | واسطے اللہ کے ہے |

کا دن کیسا ہے۝١٨ جس روز کوئی کسی کا کچھ بھلا نہ کر سکے گا۔ اور حکم اس روز اللہ ہی کا ہو گا۝١٩

## اٰیاتہا ۳۶ ۸۳ سُوۡرَةُ الۡمُطَفِّفِيۡنَ مَكِّيَّةٌ ۸۶ رکوعہا ۱

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَيۡلٌ لِّلۡمُطَفِّفِيۡنَ ۙ﴿۱﴾ الَّذِيۡنَ اِذَا اكۡتَالُوۡا عَلَى النَّاسِ يَسۡتَوۡفُوۡنَ ۖ﴿۲﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَيۡلٌ | لِّلۡمُطَفِّفِيۡنَ | الَّذِيۡنَ | اِذَا | اكۡتَالُوۡا | عَلَى | النَّاسِ | يَسۡتَوۡفُوۡنَ |
| خرابی ہے | واسطے کم کردینے والوں کے | وہ لوگ کہ | جب | ماپ کریں | اوپر | لوگوں کے | پورا لیں |

ناپ اور تول میں کمی کرنے والوں کے لیے خرابی ہے ﴿۱﴾ جو لوگوں سے ناپ کر لیں تو پورا لیں ﴿۲﴾

وَاِذَا كَالُوۡهُمۡ اَوۡ وَّزَنُوۡهُمۡ يُخۡسِرُوۡنَ ؕ﴿۳﴾ اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَاِذَا | كَالُوۡهُمۡ | اَوۡ | وَّزَنُوۡهُمۡ | يُخۡسِرُوۡنَ | اَلَا | يَظُنُّ | اُولٰٓئِكَ | اَنَّهُمۡ |
| اور جب | ماپ دیں | یا | تول دیں ان کو | کم کردیں | کیا نہیں | جانتے | یہ لوگ | یہ کہ وہ |

اور جب اُن کو ناپ کر یا تول کر دیں تو کم دیں ﴿۳﴾ کیا یہ لوگ نہیں جانتے کہ

مَّبۡعُوۡثُوۡنَ ۙ﴿۴﴾ لِيَوۡمٍ عَظِيۡمٍ ۙ﴿۵﴾ يَّوۡمَ يَقُوۡمُ النَّاسُ لِرَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ؕ﴿۶﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مَّبۡعُوۡثُوۡنَ | لِيَوۡمٍ | عَظِيۡمٍ | يَّوۡمَ | يَقُوۡمُ | النَّاسُ | لِرَبِّ | الۡعٰلَمِيۡنَ |
| اٹھائے جائیں گے | واسطے ایک دن | بڑے کے | جس دن | کھڑے ہوں گے | لوگ | واسطے پروردگار | عالموں کے |

اُٹھائے بھی جائیں گے ﴿۴﴾ (یعنی) ایک بڑے (سخت) دن میں ﴿۵﴾ جس دن (تمام) لوگ ربّ العالمین کے سامنے کھڑے ہوں گے ﴿۶﴾

كَلَّاۤ اِنَّ كِتٰبَ الۡفُجَّارِ لَفِىۡ سِجِّيۡنٍ ؕ﴿۷﴾ وَمَاۤ اَدۡرٰٮكَ مَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَلَّاۤ | اِنَّ | كِتٰبَ | الۡفُجَّارِ | لَفِىۡ | سِجِّيۡنٍ | وَ | مَاۤ | اَدۡرٰٮكَ | مَا |
| ہرگز نہیں یوں | بیشک | عمل نامہ | بدکاروں کا | البتہ بیچ | سجین کے ہے | اور | کیا | خبر ہے تجھ کو | کیا ہے |

سن رکھو کہ بدکاروں کے اعمال سِجّین میں ہیں ﴿۷﴾ اور تم کیا جانتے ہو کہ سِجّین

سِجِّيۡنٌ ﴿۸﴾ كِتٰبٌ مَّرۡقُوۡمٌ ؕ﴿۹﴾ وَيۡلٌ يَّوۡمَئِذٍ لِّلۡمُكَذِّبِيۡنَ ۙ﴿۱۰﴾ الَّذِيۡنَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سِجِّيۡنٌ | كِتٰبٌ | مَّرۡقُوۡمٌ | وَيۡلٌ | يَّوۡمَئِذٍ | لِّلۡمُكَذِّبِيۡنَ | الَّذِيۡنَ |
| سجین | ایک دفتر ہے | لکھا ہوا | خرابی ہے | اس دن | واسطے جھٹلانے والوں کے | وہ جو |

کیا چیز ہے ﴿۸﴾ ایک دفتر ہے لکھا ہوا ﴿۹﴾ اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہے ﴿۱۰﴾ (یعنی) جو

يُكَذِّبُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۱۱﴾ وَمَا يُكَذِّبُ بِهٖٓ اِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ﴿۱۲﴾ اِذَا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُكَذِّبُوْنَ | بِيَوْمِ | الدِّيْنِ | وَ | مَا | يُكَذِّبُ | بِهٖٓ | اِلَّا | كُلُّ | مُعْتَدٍ | اَثِيْمٍ | اِذَا |
| جھٹلاتے ہیں | دن | جزا کے کو | اور | نہیں | جھٹلاتا | اس کو | مگر | ہر | حد سے نکل جانیوالا | گنہگار | جس وقت |

انصاف کے دن کو جھٹلاتے ہیں ﴿۱۱﴾ اور اس کو جھٹلاتا وہی ہے جو حد سے نکل جانے والا گنہگار ہے ﴿۱۲﴾ جب

تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۳﴾ كَلَّا بَلْ ۜ رَانَ عَلٰى

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُتْلٰى | عَلَيْهِ | اٰيٰتُنَا | قَالَ | اَسَاطِيْرُ | الْاَوَّلِيْنَ | كَلَّا | بَلْ | رَانَ | عَلٰى |
| پڑھی جاتی ہیں | اوپر اس کے | آیتیں ہماری | کہتا ہے | کہانیاں ہیں | پہلوں کی | ہرگز نہیں یوں | بلکہ | زنگ لگا ہے | اوپر |

اس کو ہماری آیتیں سنائی جاتی ہیں تو کہتا ہے یہ تو اگلے لوگوں کے افسانے ہیں ﴿۱۳﴾ دیکھو یہ جو (اعمال بد) کرتے ہیں

قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۴﴾ كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلُوْبِهِمْ | مَّا | كَانُوْا | يَكْسِبُوْنَ | كَلَّآ | اِنَّهُمْ | عَنْ | رَّبِّهِمْ | يَوْمَئِذٍ |
| انکے دلوں کے | اس چیز نے کہ | تھے وہ | کماتے | ہرگز نہیں یوں | بیشک وہ | سے | پروردگار اپنے | اس دن |

ان کا ان کے دلوں پر زنگ بیٹھ گیا ہے ﴿۱۴﴾ بیشک یہ لوگ اس روز اپنے پروردگار (کے دیدار)

لَّمَحْجُوْبُوْنَ ﴿۱۵﴾ ثُمَّ اِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيْمِ ﴿۱۶﴾ ثُمَّ يُقَالُ هٰذَا الَّذِيْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَّمَحْجُوْبُوْنَ | ثُمَّ | اِنَّهُمْ | لَصَالُوا | الْجَحِيْمِ | ثُمَّ | يُقَالُ | هٰذَا | الَّذِيْ |
| البتہ حجاب میں ہونگے | پھر | بیشک وہ | البتہ داخل ہوں گے | دوزخ میں | پھر | کہا جائے گا | یہ ہے | وہ چیز کہ |

سے اوٹ میں ہوں گے ﴿۱۵﴾ پھر دوزخ میں جا داخل ہوں گے ﴿۱۶﴾ پھر ان سے کہا جائے گا کہ یہ وہی

كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۷﴾ كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِيْ عِلِّيِّيْنَ ﴿۱۸﴾ وَمَآ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كُنْتُمْ | بِهٖ | تُكَذِّبُوْنَ | كَلَّآ | اِنَّ | كِتٰبَ | الْاَبْرَارِ | لَفِيْ | عِلِّيِّيْنَ | وَ | مَآ |
| تھے تم | اس کو | جھٹلاتے | ہرگز یوں نہیں | بیشک | عمل نامہ | نیکوکاروں کا | البتہ بیچ | علیین کے ہے | اور | کس چیز نے |

چیز ہے جس کو تم جھٹلاتے تھے ﴿۱۷﴾ (یہ بھی) سن رکھو کہ نیکوکاروں کے اعمال عِلِّیِّیْن میں ہیں ﴿۱۸﴾ اور تم کو

اَدْرٰىكَ مَا عِلِّيُّوْنَ ﴿۱۹﴾ كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ﴿۲۰﴾ يَّشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿۲۱﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَدْرٰىكَ | مَا | عِلِّيُّوْنَ | كِتٰبٌ | مَّرْقُوْمٌ | يَّشْهَدُهُ | الْمُقَرَّبُوْنَ |
| معلوم کروایا تجھ کو | کیا ہے | علیون | دفتر ہے | لکھا ہوا | حاضر ہوتے ہیں اس پر | مقرب |

کیا معلوم کہ عِلِّیِّیْن کیا چیز ہے ﴿۱۹﴾ ایک دفتر ہے لکھا ہوا ﴿۲۰﴾ جس کے پاس مقرب (فرشتے) حاضر رہتے ہیں ﴿۲۱﴾

إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ ﴿٢٢﴾ عَلَى الْأَرَائِكِ يَنظُرُونَ ﴿٢٣﴾ تَعْرِفُ فِي

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| إِنَّ | الْأَبْرَارَ | لَفِي | نَعِيمٍ | عَلَى | الْأَرَائِكِ | يَنظُرُونَ | تَعْرِفُ | فِي |
| بیشک | نیکوکار | البتہ بیچ | نعمتوں کے ہیں | اوپر | تختوں کے | دیکھتے ہوں گے | پہچانے گا | تو |

بیشک نیک لوگ چین میں ہوں گے ﴿٢٢﴾ تختوں پر بیٹھے ہوئے نظارے کریں گے ﴿٢٣﴾ تم ان کے چہروں

وُجُوهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيمِ ﴿٢٤﴾ يُسْقَوْنَ مِن رَّحِيقٍ مَّخْتُومٍ ﴿٢٥﴾

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وُجُوهِهِمْ | نَضْرَةَ | النَّعِيمِ | يُسْقَوْنَ | مِن | رَّحِيقٍ | مَّخْتُومٍ |
| ان کے چہروں سے | تازگی | نعمت کی | پلائے جائیں گے | سے | شراب خالص | مہر لگی ہوئی |

ہی سے راحت کی تازگی معلوم کر لوگے ﴿٢٤﴾ ان کو شراب خالص سربمہر پلائی جائے گی ﴿٢٥﴾

خِتَامُهُ مِسْكٌ ۚ وَفِي ذَٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُونَ ﴿٢٦﴾ وَمِزَاجُهُ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خِتَامُهُ | مِسْكٌ | وَ | فِي | ذَٰلِكَ | فَلْيَتَنَافَسِ | الْمُتَنَافِسُونَ | وَ | مِزَاجُهُ |
| مہر اس کی | مشک ہے | اور | بیچ | اس کے | پس چاہیے کہ رغبت کریں | رغبت کرنے والے | اور | ملونی اس کی ہے |

جس کی مہر مشک کی ہوگی۔ تو (نعمتوں کے) شائقین کو چاہیے کہ اسی سے رغبت کریں ﴿٢٦﴾ اور اس میں تسنیم (کے

مِن تَسْنِيمٍ ﴿٢٧﴾ عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُونَ ﴿٢٨﴾ إِنَّ الَّذِينَ أَجْرَمُوا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مِن | تَسْنِيمٍ | عَيْنًا | يَشْرَبُ | بِهَا | الْمُقَرَّبُونَ | إِنَّ | الَّذِينَ | أَجْرَمُوا |
| سے | تسنیم | ایک چشمہ ہے کہ | پیتے ہیں | اس سے | اللہ کے مقرب | بیشک | وہ لوگ جو | گنہگار ہیں |

پانی) کی آمیزش ہوگی ﴿٢٧﴾ وہ ایک چشمہ ہے جس میں سے (اللہ کے) مقرب پئیں گے ﴿٢٨﴾ جو گنہگار (یعنی کفار) ہیں

كَانُوا مِنَ الَّذِينَ آمَنُوا يَضْحَكُونَ ﴿٢٩﴾ وَإِذَا مَرُّوا بِهِمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَانُوا | مِنَ | الَّذِينَ | آمَنُوا | يَضْحَكُونَ | وَ | إِذَا | مَرُّوا بِهِمْ |
| تھے وہ | سے جو | ان لوگوں | ایمان لائے | ہنستے | اور | جب | گزرتے تھے ساتھ انکے |

وہ (دنیا میں) مومنوں سے ہنسی کیا کرتے تھے ﴿٢٩﴾ اور جب اُن کے پاس سے گزرتے تو

يَتَغَامَزُونَ ﴿٣٠﴾ وَإِذَا انقَلَبُوا إِلَىٰ أَهْلِهِمُ انقَلَبُوا فَكِهِينَ ﴿٣١﴾ وَإِذَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَتَغَامَزُونَ | وَ | إِذَا | انقَلَبُوا | إِلَىٰ | أَهْلِهِمُ | انقَلَبُوا | فَكِهِينَ | وَ | إِذَا |
| آنکھیں مارتے تھے | اور | جب | پھر جاتے تھے | طرف | اپنے گھر والوں کی | پھر جاتے تھے | باتیں بناتے | اور | جب |

حقارت سے اشارے کرتے ﴿٣٠﴾ اور جب اپنے گھر کو لوٹتے تو اِتراتے ہوئے لوٹتے ﴿٣١﴾ اور جب

رَاَوْهُمْ قَالُوْۤا اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ لَضَآلُّوْنَ ﴿۳۲﴾ لا وَ مَاۤ اُرْسِلُوْا عَلَيْهِمْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَاَوْهُمْ | قَالُوْۤا | اِنَّ | هٰۤؤُلَآءِ | لَضَآلُّوْنَ | وَ | مَاۤ | اُرْسِلُوْا | عَلَيْهِمْ |
| دیکھتے تھے ان کو | کہتے تھے | بیشک | یہ لوگ | البتہ گمراہ ہیں | اور | نہیں | بھیجے گئے | اوپر ان کے |

اُن (مومنوں) کو دیکھتے تو کہتے کہ یہ تو گمراہ ہیں ﴿۳۲﴾ حالانکہ وہ ان پر نگران بنا کر نہیں بھیجے

حٰفِظِيْنَ ﴿۳۳﴾ ط فَالْيَوْمَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُوْنَ ﴿۳۴﴾ لا عَلَى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حٰفِظِيْنَ | فَالْيَوْمَ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | مِنَ | الْكُفَّارِ | يَضْحَكُوْنَ | عَلَى |
| نگہبان | پس آج | وہ لوگ کہ | ایمان لائے | سے | کافروں | ہنستے ہیں | اوپر |

گئے تھے ﴿۳۳﴾ تو آج مومن کافروں سے ہنسی کریں گے ﴿۳۴﴾ (اور)

الْاَرَآئِكِ لا يَنْظُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ ط هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾ ع ع ۳ ۸

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَرَآئِكِ | يَنْظُرُوْنَ | هَلْ | ثُوِّبَ | الْكُفَّارُ | مَا | كَانُوْا | يَفْعَلُوْنَ |
| تختوں کے | دیکھتے ہیں | کیا | بدلہ دیئے گئے | کافر | اس چیز کا کہ | تھے وہ | کرتے |

تختوں پر (بیٹھے ہوئے ان کا حال) دیکھ رہے ہوں گے ﴿۳۵﴾ تو کافروں کو اُن کے عملوں کا (پورا پورا) بدلہ مل گیا ﴿۳۶﴾

## اٰیاتها ۲۵ — ۸۴ سُوْرَةُ الْاِنْشِقَاقِ مَكِّيَّةٌ ۸۳ — رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ﴿۱﴾ لا وَ اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ ﴿۲﴾ لا وَ اِذَا الْاَرْضُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِذَا | السَّمَآءُ | انْشَقَّتْ | وَ | اَذِنَتْ | لِرَبِّهَا | وَ | حُقَّتْ | وَاِذَا | الْاَرْضُ |
| جسوقت کہ | آسمان | پھٹ جائے | اور | سن لے | اپنے رب کا حکم | اور | وہ آسمان اسی لائق ہے | اور جب | زمین |

جب آسمان پھٹ جائے گا ﴿۱﴾ اور اپنے پروردگار کا فرمان بجالائے گا اور اسے واجب بھی یہی ہے ﴿۲﴾ اور جب زمین ہموار کر

مُدَّتْ ﴿۳﴾ لا وَ اَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَ تَخَلَّتْ ﴿۴﴾ لا وَ اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ ﴿۵﴾ ط

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مُدَّتْ | وَ | اَلْقَتْ | مَا | فِيْهَا | وَ | تَخَلَّتْ | وَ | اَذِنَتْ | لِرَبِّهَا | وَ | حُقَّتْ |
| پھیلا دی جائے | اور | نکال ڈالے | جو کچھ | بیچ اسکے ہے | اور | خالی ہوجائے | اور | سن لے | اپنے رب کا حکم | اور | وہ زمین اسی لائق ہے |

دی جائے گی ﴿۳﴾ اور جو کچھ اس میں ہے نکال کر باہر ڈال دے گی اور (بالکل) خالی ہوجائے گی ﴿۴﴾ اور اپنے پروردگار کے ارشاد کی تعمیل کرے گی اور اس کو لازم بھی یہی

يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ۝۶ فَاَمَّا مَنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يٰٓاَيُّهَا | الْاِنْسَانُ | اِنَّكَ | كَادِحٌ | اِلٰى | رَبِّكَ | كَدْحًا | فَمُلٰقِيْهِ | فَاَمَّا | مَنْ |
| اے | انسان | بیشک تو | محنت کرنیوالا ہے | طرف | اپنے رب کی | خوب محنت کر | پس ملنے والا ہے اس سے | پس | جو کوئی |

ہے (تو قیامت قائم ہو جائے گی) ۝۵ اے انسان تو اپنے پروردگار کی طرف (پہنچنے میں) خوب کوشش کرتا ہے سو اس سے جا ملے گا ۝۶ تو جس کا نامۂ (اعمال)

اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۝۷ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ۝۸

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اُوْتِيَ | كِتٰبَهٗ | بِيَمِيْنِهٖ | فَسَوْفَ | يُحَاسَبُ | حِسَابًا | يَّسِيْرًا |
| دیا گیا | عمل نامہ اس کا | اسکے داہنے ہاتھ میں | پس جلد | حساب کیا جائے گا | حساب | آسان |

اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا ۝۷ اس سے حساب آسان لیا جائے گا ۝۸

وَّيَنْقَلِبُ اِلٰٓى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۝۹ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | يَنْقَلِبُ | اِلٰٓى | اَهْلِهٖ | مَسْرُوْرًا | وَ | اَمَّا مَنْ | اُوْتِيَ | كِتٰبَهٗ | وَرَآءَ |
| اور | پھر آئے گا | طرف | اپنے گھروالوں کے | خوش خوش | اور | جس کو | دیا گیا | اعمال نامہ اس کا | پیچھے |

اور وہ اپنے گھروالوں میں خوش خوش آئے گا ۝۹ اور جس کا نامۂ (اعمال) اس کی پیٹھ کے پیچھے سے

ظَهْرِهٖ ۝۱۰ فَسَوْفَ يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ۝۱۱ وَّيَصْلٰى سَعِيْرًا ۝۱۲ اِنَّهٗ كَانَ فِيْٓ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظَهْرِهٖ | فَسَوْفَ | يَدْعُوْا | ثُبُوْرًا | وَّ | يَصْلٰى | سَعِيْرًا | اِنَّهٗ | كَانَ | فِيْٓ |
| پیٹھ اس کے | پس جلد | پکارے گا | ہلاکت کو | اور | داخل ہوگا | دوزخ میں | بیشک وہ | تھا | بیچ |

دیا جائے گا ۝۱۰ وہ موت کو پکارے گا ۝۱۱ اور دوزخ میں داخل ہوگا ۝۱۲ یہ اپنے اہل (وعیال)

معانقة ۱۷

اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۝۱۳ اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ۝۱۴ بَلٰٓى اِنَّ رَبَّهٗ كَانَ بِهٖ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَهْلِهٖ | مَسْرُوْرًا | اِنَّهٗ | ظَنَّ | اَنْ | لَّنْ | يَّحُوْرَ | بَلٰٓى | اِنَّ | رَبَّهٗ | كَانَ | بِهٖ |
| اپنے لوگوں کے | خوش | بیشک اس نے | گمان کیا | یہ کہ | ہرگز نہ | پھر آئے گا | کیوں نہیں | بیشک | اس کا رب | تھا | اس کو |

میں مست رہتا تھا ۝۱۳ اور خیال کرتا تھا کہ (اللہ کی طرف) پھر کر نہ جائے گا ۝۱۴ ہاں (ہاں) اس کا پروردگار اس کو

بَصِيْرًا ۝۱۵ فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ۝۱۶ وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ۝۱۷ وَالْقَمَرِ اِذَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بَصِيْرًا | فَلَآ اُقْسِمُ | بِالشَّفَقِ | وَ | الَّيْلِ | وَ | مَا | وَسَقَ | وَ | الْقَمَرِ | اِذَا |
| دیکھنے والا | پس قسم کھاتا ہوں میں | شفق کی | اور | رات کی | اور | جس چیز کو | اکٹھا کرتی ہے | اور | چاند کی | جب |

دیکھ رہا تھا ۝۱۵ ہمیں شام کی سرخی کی قسم ۝۱۶ اور رات کی اور جن چیزوں کو وہ اکٹھا کر لیتی ہے ان کی ۝۱۷ اور چاند کی جب

اتَّسَقَ ﴿۱۸﴾ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ﴿۱۹﴾ فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿۲۰﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتَّسَقَ | لَتَرْكَبُنَّ | طَبَقًا | عَنْ | طَبَقٍ | فَمَا | لَهُمْ | لَا | يُؤْمِنُونَ |
| پیچھے آئے | البتہ سوار ہوگے تم | ایک حالت پر | سے | ایک حالت | پس کیا ہے | واسطے انکے | نہیں | ایمان لاتے |

کامل ہو جائے ﴿۱۸﴾ کہ تم درجہ درجہ (رتبۂ اعلیٰ پر) چڑھو گے ﴿۱۹﴾ تو اُن لوگوں کو کیا ہوا ہے کہ ایمان نہیں لاتے ﴿۲۰﴾

وَإِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنُ لَا يَسْجُدُونَ ﴿۲۱﴾ بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا السجدۃ ۱۳

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَإِذَا | قُرِئَ | عَلَيْهِمُ | الْقُرْآنُ | لَا | يَسْجُدُونَ | بَلِ | الَّذِينَ | كَفَرُوا |
| اور جب | پڑھا جاتا ہے | اوپر ان کے | قرآن | نہیں | وہ سجدہ کرتے | بلکہ | وہ لوگ کہ | کافر ہوئے ہیں |

اور جب اُن کے سامنے قرآن پڑھا جاتا ہے تو سجدہ نہیں کرتے ﴿۲۱﴾ بلکہ کافر جھٹلاتے

يُكَذِّبُونَ ﴿۲۲﴾ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا يُوعُونَ ﴿۲۳﴾ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿۲۴﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يُكَذِّبُونَ | وَاللَّهُ | أَعْلَمُ | بِمَا | يُوعُونَ | فَبَشِّرْهُمْ | بِعَذَابٍ | أَلِيمٍ |
| جھٹلاتے ہیں | اور اللہ | جانتا ہے | اس چیز کو کہ | دل میں رکھتے ہیں | پس خوشخبری دے ان کو | ساتھ عذاب | درد دینے والے کے |

ہیں ﴿۲۲﴾ اور اللہ اُن باتوں کو جو یہ اپنے دلوں میں چھپاتے ہیں خوب جانتا ہے ﴿۲۳﴾ تو ان کو دکھ دینے والے عذاب کی خبر سنا دو ﴿۲۴﴾

إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ ﴿۲۵﴾ ع ۲۵/۹

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| إِلَّا | الَّذِينَ | آمَنُوا | وَعَمِلُوا | الصَّالِحَاتِ | لَهُمْ | أَجْرٌ | غَيْرُ | مَمْنُونٍ |
| مگر | جو لوگ کہ | ایمان لائے | اور کام کیے | اچھے | واسطے ان کے | اجر ہے | نہ | کاٹا گیا |

ہاں جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کے لیے بے انتہا اجر ہے ﴿۲۵﴾

## آیاتها ۲۲ — ۸۵ سُورَةُ الْبُرُوجِ مَكِّيَّةٌ ۲۷ — رکوعها ۱

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوجِ ﴿۱﴾ وَالْيَوْمِ الْمَوْعُودِ ﴿۲﴾ وَشَاهِدٍ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَالسَّمَاءِ | ذَاتِ الْبُرُوجِ | وَالْيَوْمِ | الْمَوْعُودِ | وَشَاهِدٍ |
| قسم ہے | آسمان برجوں والے کی | اور دن | وعدہ دیئے گئے کی | اور حاضر ہونے والی کی |

آسمان کی قسم جس میں برج ہیں ﴿۱﴾ اور اس دن کی جس کا وعدہ ہے ﴿۲﴾ اور حاضر ہونے والے کی

وَّمَشْهُوْدٍ ۝۳ قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ۝۴ النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ ۝۵

| وَّ | مَشْهُوْدٍ | قُتِلَ | اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ | النَّارِ | ذَاتِ الْوَقُوْدِ |
|---|---|---|---|---|---|
| اور | دن حاضر کیے گئے کی | مارے گئے | کھائیوں والے کہ | آگ تھی | بہت ایندھن والی |

اور جو اس کے پاس حاضر کیا جائے اس کی ۝۳ کہ خندقوں (کے کھودنے) والے ہلاک کر دیے گئے ۝۴ (یعنی) آگ (کی خندقیں) جس میں ایندھن (جھونک رکھا) تھا ۝۵

اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ۝۶ وَّهُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ

| اِذْهُمْ | عَلَيْهَا | قُعُوْدٌ | وَّهُمْ | عَلٰى | مَا | يَفْعَلُوْنَ | بِالْمُؤْمِنِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جس وقت کہ وہ | اوپر اس کے | بیٹھے تھے | اور وہ | اوپر | اس چیز کے کہ | کرتے تھے | ساتھ مسلمانوں کے |

جبکہ وہ ان (کے کناروں) پر بیٹھے ہوئے تھے ۝۶ اور جو (سختیاں) اہل ایمان پر کر رہے تھے ان کو

شُهُوْدٌ ۝۷ وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ

| شُهُوْدٌ | وَمَا | نَقَمُوْا | مِنْهُمْ | اِلَّآ | اَنْ | يُّؤْمِنُوْا | بِاللّٰهِ | الْعَزِيْزِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حاضر تھے | اور نہیں | بدلہ لیتے تھے | ان سے | مگر | یہ کہ | وہ ایمان لائے تھے | ساتھ اللہ کے | غالب |

سامنے دیکھ رہے تھے ۝۷ ان کو مومنوں کی یہی بات بری لگتی تھی کہ وہ اللہ پر ایمان لائے ہوئے تھے جو غالب اور

الْحَمِيْدِ ۝۸ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ

| الْحَمِيْدِ | الَّذِيْ | لَهٗ | مُلْكُ | السَّمٰوٰتِ | وَ | الْاَرْضِ | وَ | اللّٰهُ | عَلٰى | كُلِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تعریف کیے گئے | وہ جو | واسطے اسکے | بادشاہی ہے | آسمانوں کی | اور | زمین کی | اور | اللہ | اوپر | ہر |

قابلِ ستائش ہے ۝۸ جس کی آسمانوں اور زمین میں بادشاہت ہے اور اللہ ہر

شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝۹ اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ

| شَيْءٍ | شَهِيْدٌ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | فَتَنُوْا | الْمُؤْمِنِيْنَ | وَ | الْمُؤْمِنٰتِ | ثُمَّ | لَمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| چیز کے | گواہ ہے | بیشک | وہ لوگ کہ | جنہوں نے | ایذا دی مومنوں کو | اور | ایمان والیوں کو | پھر | نہ |

چیز سے واقف ہے ۝۹ جن لوگوں نے مومن مردوں اور مومن عورتوں کو تکلیفیں دیں اور توبہ نہ کی

يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ ۝۱۰ اِنَّ

| يَتُوْبُوْا | فَلَهُمْ | عَذَابُ | جَهَنَّمَ | وَ | لَهُمْ | عَذَابُ | الْحَرِيْقِ | اِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| توبہ کی | پس واسطے انکے | عذاب ہے | دوزخ کا | اور | واسطے ان کے | عذاب ہے | جلنے کا | بیشک |

ان کو دوزخ کا (اور) عذاب بھی ہو گا اور جلنے کا عذاب بھی ہو گا ۝۱۰ (اور) جو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | عَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | لَهُمْ | جَنّٰتٌ | تَجْرِيْ | مِنْ | تَحْتِهَا |
| جولوگ کہ | ایمان لائے | اور | کام کیے | اچھے | واسطے ان کے | بہشتیں ہیں | بہتی ہیں | سے | نیچے ان کے |

لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے اُن کے لیے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں بہ

آیۃ حمصیۃ ۱۲

الْاَنْهٰرُ ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيْرُ ۝۱۱ اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ۝۱۲ اِنَّهٗ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَنْهٰرُ | ذٰلِكَ | الْفَوْزُ | الْكَبِيْرُ | اِنَّ | بَطْشَ | رَبِّكَ | لَشَدِيْدٌ | اِنَّهٗ |
| نہریں | یہ ہے | مراد پانا | بڑا | بیشک | پکڑنا | رب تیرے کا | البتہ سخت ہے | بیشک وہ |

رہی ہیں۔ یہی بڑی کامیابی ہے ۝۱۱ بیشک تمہارے پروردگار کی پکڑ بہت سخت ہے ۝۱۲ وہی

هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ ۝۱۳ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ۝۱۴ ذُو الْعَرْشِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هُوَ | يُبْدِئُ | وَيُعِيْدُ | وَ | هُوَ | الْغَفُوْرُ | الْوَدُوْدُ | ذُو الْعَرْشِ |
| وہی کرتا ہے | پہلی مرتبہ | اور دوسری مرتبہ | اور | وہی ہے | بخشنے والا | دوستی کرنے والا | صاحب عرش |

پہلی دفعہ پیدا کرتا ہے اور وہی دوبارہ (زندہ) کرے گا ۝۱۳ اور وہ بخشنے والا (اور) محبت کرنے والا ہے ۝۱۴ عرش کا مالک بڑی

الْمَجِيْدُ ۝۱۵ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ۝۱۶ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ۝۱۷

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْمَجِيْدُ | فَعَّالٌ | لِّمَا | يُرِيْدُ | هَلْ | اَتٰىكَ | حَدِيْثُ | الْجُنُوْدِ |
| بزرگ کا | کرنے والا ہے | جو کچھ | چاہے | کیا | آئی ہے تیرے پاس | بات | لشکروں کی |

شان والا ۝۱۵ جو چاہتا ہے کر دیتا ہے ۝۱۶ بھلا تم کو لشکروں کا حال معلوم ہوا ہے ۝۱۷

فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ ۝۱۸ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ۝۱۹ وَّاللّٰهُ مِنْ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِرْعَوْنَ | وَ | ثَمُوْدَ | بَلِ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | فِيْ | تَكْذِيْبٍ | وَّ | اللّٰهُ | مِنْ |
| فرعون کے | اور | ثمود کی | بلکہ | جولوگ کہ | کافر ہوئے | بیچ | جھٹلانے کے ہیں | اور | اللہ | سے |

(یعنی) فرعون اور ثمود کا ۝۱۸ لیکن کافر (جان بوجھ کر) تکذیب میں (گرفتار) ہیں ۝۱۹ اور اللہ (بھی) اُن کو

ع ۲۲ ۱۰

وَّرَاۗىِٕهِمْ مُّحِيْطٌ ۝۲۰ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۝۲۱ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝۲۲

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّرَاۗىِٕهِمْ | مُّحِيْطٌ | بَلْ | هُوَ | قُرْاٰنٌ | مَّجِيْدٌ | فِيْ | لَوْحٍ | مَّحْفُوْظٍ |
| پیچھے ان کے | گھیر رہا ہے | بلکہ | وہ | قرآن ہے | بزرگ | بیچ | لوح | محفوظ کے |

گرداگرد سے گھیرے ہوئے ہے ۝۲۰ (یہ کتاب ہزل وبطلان نہیں) بلکہ یہ قرآن عظیم الشان ہے ۝۲۱ لوح محفوظ میں (لکھا ہوا) ۝۲۲

اٰیاتها ۱۷ ۸۶ سُورَةُ الطَّارِقِ مَكِّيَّةٌ ۳۶ رکوعها ۱

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۙ﴿۱﴾ وَمَآ اَدۡرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ۙ﴿۲﴾ النَّجۡمُ الثَّاقِبُ ۙ﴿۳﴾

| وَالسَّمَآءِ | وَالطَّارِقِ | وَ | مَآ | اَدۡرٰىكَ | مَا | الطَّارِقُ | النَّجۡمُ | الثَّاقِبُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قسم ہے آسمان کی | اور اندھیرے میں آنیوالے کی | اور | کیا | خبر ہے تجھ کو | کیا ہے | اندھیرے میں آنیوالا | تارہ ہے | چمکنے والا |

آسمان اور رات کے وقت آنے والے کی قسم ﴿۱﴾ اور تم کو کیا معلوم کہ رات کے وقت آنے والا کیا ہے ﴿۲﴾ وہ تارا ہے چمکنے والا ﴿۳﴾

اِنۡ كُلُّ نَفۡسٍ لَّمَّا عَلَيۡهَا حَافِظٌ ؕ﴿۴﴾ فَلۡيَنۡظُرِ الۡاِنۡسَانُ مِمَّ خُلِقَ ؕ﴿۵﴾

| اِنۡ | كُلُّ | نَفۡسٍ | لَّمَّا | عَلَيۡهَا | حَافِظٌ | فَلۡيَنۡظُرِ | الۡاِنۡسَانُ | مِمَّ | خُلِقَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | کوئی | جی | مگر | اوپر اسکے ہے | نگہبان | پس چاہیے کہ دیکھے | آدمی | کس چیز سے | پیدا کیا گیا ہے |

کہ کوئی متنفس نہیں جس پر نگہبان مقرر نہیں ﴿۴﴾ تو انسان کو دیکھنا چاہیے کہ وہ کاہے سے پیدا ہوا ہے ﴿۵﴾

خُلِقَ مِنۡ مَّآءٍ دَافِقٍ ۙ﴿۶﴾ يَّخۡرُجُ مِنۡۢ بَيۡنِ الصُّلۡبِ وَالتَّرَآئِبِ ؕ﴿۷﴾ اِنَّهٗ

| خُلِقَ | مِنۡ | مَّآءٍ | دَافِقٍ | يَّخۡرُجُ | مِنۡ | بَيۡنِ | الصُّلۡبِ | وَ | التَّرَآئِبِ | اِنَّهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیدا کیا گیا ہے | سے | پانی | اچھلنے والے | نکلتا ہے | سے | بیچ | پیٹھ کے | اور | بیچ چھاتی کے | بیشک وہ |

وہ اُچھلتے ہوئے پانی سے پیدا ہوا ہے ﴿۶﴾ جو پیٹھ اور سینے کے بیچ میں سے نکلتا ہے ﴿۷﴾ بیشک اللہ اس کے

عَلٰى رَجۡعِهٖ لَقَادِرٌ ؕ﴿۸﴾ يَوۡمَ تُبۡلَى السَّرَآئِرُ ۙ﴿۹﴾ فَمَا لَهٗ مِنۡ قُوَّةٍ

| عَلٰى | رَجۡعِهٖ | لَقَادِرٌ | يَوۡمَ | تُبۡلَى | السَّرَآئِرُ | فَمَا | لَهٗ | مِنۡ | قُوَّةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر | اسکے پھیر لانے کے | البتہ قادر ہے | جس دن | آزمائی جائیں گی | چھپی باتیں | پس نہ ہوگی | واسطے اسکے | کوئی | قوت |

اعادے (یعنی پھر پیدا کرنے) پر قادر ہے ﴿۸﴾ جس دن دلوں کے بھید جانچے جائیں گے ﴿۹﴾ تو انسان کی کچھ پیش نہ چل سکے گی اور نہ کوئی

وَّلَا نَاصِرٍ ؕ﴿۱۰﴾ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجۡعِ ۙ﴿۱۱﴾ وَالۡاَرۡضِ ذَاتِ الصَّدۡعِ ۙ﴿۱۲﴾

| وَّلَا | نَاصِرٍ | وَالسَّمَآءِ | ذَاتِ الرَّجۡعِ | وَ | الۡاَرۡضِ | ذَاتِ الصَّدۡعِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور نہ | مددگار | قسم ہے آسمان کی | چکر مارنیوالے کی | اور | زمین | پھوٹ نکلنے والی کی |

اس کا مددگار ہوگا ﴿۱۰﴾ آسمان کی قسم جو مینہ برساتا ہے ﴿۱۱﴾ اور زمین کی قسم جو پھٹ جاتی ہے ﴿۱۲﴾

اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۝١٣ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۝١٤ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝١٥

| اِنَّهٗ | لَقَوْلٌ | فَصْلٌ | وَّ | مَا | هُوَ | بِالْهَزْلِ | اِنَّهُمْ | يَكِيْدُوْنَ | كَيْدًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیشک یہ | بات | فیصلہ کرنیوالی ہے | اور | نہیں | وہ ہے | بے فائدہ | بیشک وہ | مکر کرتے ہیں | ایک مکر |

کہ یہ کلام (حق کو باطل سے) جدا کرنے والا ہے ۝۱۳ اور بیہودہ بات نہیں ۝۱۴ یہ لوگ تو اپنی تدبیروں میں لگ رہے ہیں ۝۱۵

وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝١٦ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝١٧ ع ۱۱

| وَّ | اَكِيْدُ | كَيْدًا | فَمَهِّلِ | الْكٰفِرِيْنَ | اَمْهِلْهُمْ | رُوَيْدًا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | میں بھی تدبیر کر رہا ہوں | ایک تدبیر | پس ڈھیل دے | کافروں کو | ڈھیل دے ان کو | تھوڑے دنوں |

اور ہم اپنی تدبیر کر رہے ہیں ۝۱۶ تو تم کافروں کو مہلت دو بس چند روز ہی مہلت دو ۝۱۷

## اٰیاتھا ۱۹ — ۸۷ سُوْرَةُ الْاَعْلٰى مَكِّيَّةٌ ۸ — رکوعھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ۝١ الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ۝٢ وَالَّذِيْ

| سَبِّحِ | اسْمَ | رَبِّكَ | الْاَعْلَى | الَّذِيْ | خَلَقَ | فَسَوّٰى | وَالَّذِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پاکی بیان کر | ساتھ نام | پروردگار اپنے | بہت بلند کے | جس نے | پیدا کیا | پس تندرست کیا | اور جس نے |

(اے پیغمبر) اپنے پروردگار جلیل الشان کے نام کی تسبیح کرو ۝۱ جس نے (انسان کو) بنایا پھر (اس کے اعضاء کو) درست کیا ۝۲ اور جس

قَدَّرَ فَهَدٰى ۝٣ وَالَّذِيْٓ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ۝٤ فَجَعَلَهٗ غُثَآءً

| قَدَّرَ | فَهَدٰى | وَ | الَّذِيْٓ | اَخْرَجَ | الْمَرْعٰى | فَجَعَلَهٗ | غُثَآءً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٹھہرا دیا | پھر راہ دکھائی | اور | جس نے | نکالا | چارہ | پس کر دیا اس کو | کوڑا |

نے (اس کا) اندازہ ٹھہرایا (پھر اس کو) رستہ بتایا ۝۳ اور جس نے چارا اُگایا ۝۴ پھر اُس کو سیاہ رنگ کا

اَحْوٰى ۝٥ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ۝٦ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۚ اِنَّهٗ يَعْلَمُ

| اَحْوٰى | سَنُقْرِئُكَ | فَلَا | تَنْسٰٓى | اِلَّا | مَاشَآءَ | اللّٰهُ | اِنَّهٗ | يَعْلَمُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سیاہ | عنقریب پڑھائیں گے ہم تجھ کو | پس نہ | بھولے گا تو | مگر | جو چاہے | اللہ | بیشک وہ | جانتا ہے |

کوڑا کر دیا ۝۵ ہم تمہیں پڑھا دیں گے کہ تم فراموش نہ کرو گے ۝۶ مگر جو اللہ چاہے۔ وہ کھلی بات کو بھی

الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ۝۷ؕ وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ۝۸ۚۖ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْجَهْرَ | وَ | مَا | يَخْفٰى | وَ | نُيَسِّرُكَ | لِلْيُسْرٰى | فَذَكِّرْ | اِنْ | نَّفَعَتِ |
| پکارنے کو | اور | جو | چھپاتا ہے | اور | سہج سہج پہنچائیں گے ہم تجھ کو | آسانی تک | پس نصیحت کر | اگر | نفع دے |

جانتا ہے اور چھپی کو بھی ۝۷ ہم تم کو آسان طریقے کی توفیق دیں گے ۝۸ سو جہاں تک نصیحت (کے) نافع

الذِّكْرٰى ۝۹ؕ سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ۝۱۰ۙ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ۝۱۱ۙ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الذِّكْرٰى | سَيَذَّكَّرُ | مَنْ | يَّخْشٰى | وَ | يَتَجَنَّبُهَا | الْاَشْقَى |
| نصیحت تیری | البتہ نصیحت پکڑے گا | جو | ڈرتا ہے | اور | پہلوتہی کریگا اس سے | بہت ہی بدبخت |

(ہونے کی اُمید) ہو نصیحت کرتے رہو ۝۹ جو خوف رکھتا ہے وہ تو نصیحت پکڑے گا ۝۱۰ اور (بے خوف) بدبخت پہلوتہی کرے گا ۝۱۱

الَّذِيْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ۝۱۲ۚ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۝۱۳ؕ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْ | يَصْلَى | النَّارَ | الْكُبْرٰى | ثُمَّ | لَا | يَمُوْتُ | فِيْهَا | وَ | لَا | يَحْيٰى |
| وہ جو | داخل ہوگا | آگ | بڑی میں | پھر | نہ | مرے گا | اس میں | اور | نہ | جیئے گا |

جو (قیامت کو) بڑی (تیز) آگ میں داخل ہو گا ۝۱۲ پھر وہاں نہ مرے گا نہ جیے گا ۝۱۳

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۝۱۴ۙ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ۝۱۵ؕ بَلْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قَدْ | اَفْلَحَ | مَنْ | تَزَكّٰى | وَ | ذَكَرَ | اسْمَ | رَبِّهٖ | فَصَلّٰى | بَلْ |
| تحقیق | بامراد ہوا | وہ شخص جو | پاک ہوا | اور | یاد کیا | نام | رب اپنے کا | پس نماز پڑھ | بلکہ |

بیشک وہ مراد کو پہنچ گیا جو پاک ہوا ۝۱۴ اور اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرتا رہا اور پڑھتا رہا ۝۱۵ مگر

تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝۱۶ۡۖ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝۱۷ؕ اِنَّ هٰذَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُؤْثِرُوْنَ | الْحَيٰوةَ | الدُّنْيَا | وَ | الْاٰخِرَةُ | خَيْرٌ | وَّ | اَبْقٰى | اِنَّ | هٰذَا |
| اختیار کرتے ہو | زندگانی | دنیا کی کو | اور | آخرت | بہتر ہے | اور | بہت باقی رہنے والی | بیشک | یہ |

تم لوگ تو دنیا کی زندگی کو اختیار کرتے ہو ۝۱۶ حالانکہ آخرت بہت بہتر اور پائندہ تر ہے ۝۱۷ یہی بات

ع ۱ ۱۹ ۱۲

لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ۝۱۸ۙ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ۝۱۹ۧ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لَفِي | الصُّحُفِ | الْاُوْلٰى | صُحُفِ | اِبْرٰهِيْمَ | وَ | مُوْسٰى |
| البتہ بیچ | صحیفوں | پہلوں کے ہے | صحیفے | ابراہیم کے | اور | موسٰی کے |

پہلے صحیفوں میں (مرقوم) ہے ۝۱۸ (یعنی) ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں ۝۱۹

## اٰیاتها ۲۶ ۸۸ سُوۡرَةُ الۡغَاشِيَةِ مَكِّيَّةٌ ۶۸ رکوعها ۱

### بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

هَلۡ اَتٰىكَ حَدِيۡثُ الۡغَاشِيَةِ ؕ﴿۱﴾ وُجُوۡهٌ يَّوۡمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ۙ﴿۲﴾

| هَلۡ | اَتٰىكَ | حَدِيۡثُ | الۡغَاشِيَةِ | وُجُوۡهٌ | يَّوۡمَئِذٍ | خَاشِعَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا | آئی ہے تیرے پاس | خبر | ڈھانک لینے والی کی | کتنے منہ | اس دن | ذلیل ہونیوالے ہیں |

بھلا تم کو ڈھانپ لینے والی (یعنی قیامت) کا حال معلوم ہوا ہے؟ ﴿۱﴾ اُس روز بہت سے منہ (والے) ذلیل ہوں گے ﴿۲﴾

عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ۙ﴿۳﴾ تَصۡلٰى نَارًا حَامِيَةً ۙ﴿۴﴾ تُسۡقٰى مِنۡ عَيۡنٍ اٰنِيَةٍ ؕ﴿۵﴾

| عَامِلَةٌ | نَّاصِبَةٌ | تَصۡلٰى | نَارًا | حَامِيَةً | تُسۡقٰى | مِنۡ | عَيۡنٍ | اٰنِيَةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عمل کرنیوالے | محنت کرنیوالے | داخل ہونگے | آگ | جلتی میں | پلائے جائیں گے | سے | چشمے | کھولتے ہوئے |

سخت محنت کرنے والے تھکے ماندے ﴿۳﴾ دہکتی آگ میں داخل ہوں گے ﴿۴﴾ ایک کھولتے ہوئے چشمے کا اُن کو پانی پلایا جائے گا ﴿۵﴾

لَيۡسَ لَهُمۡ طَعَامٌ اِلَّا مِنۡ ضَرِيۡعٍ ۙ﴿۶﴾ لَّا يُسۡمِنُ وَلَا يُغۡنِىۡ مِنۡ

| لَيۡسَ | لَهُمۡ | طَعَامٌ | اِلَّا | مِنۡ | ضَرِيۡعٍ | لَّا | يُسۡمِنُ | وَ | لَا | يُغۡنِىۡ | مِنۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہیں | واسطے انکے | کھانا | مگر | سے | کانٹوں | نہیں | موٹا کرتا ہے | اور | نہ | کفایت کرتا ہے | سے |

اور خاردار جھاڑ کے سوا اُن کے لیے کوئی کھانا نہیں (ہوگا) ﴿۶﴾ جو نہ فربہی لائے نہ بھوک میں کچھ

جُوۡعٍ ؕ﴿۷﴾ وُجُوۡهٌ يَّوۡمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ۙ﴿۸﴾ لِّسَعۡيِهَا رَاضِيَةٌ ۙ﴿۹﴾ فِىۡ جَنَّةٍ

| جُوۡعٍ | وُجُوۡهٌ | يَّوۡمَئِذٍ | نَّاعِمَةٌ | لِّسَعۡيِهَا | رَاضِيَةٌ | فِىۡ | جَنَّةٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بھوک | کتنے منہ | اس دن | نعمتوں میں ہوں گے | سعی اپنی سے | راضی ہیں | بیچ | بہشت |

کام آئے ﴿۷﴾ اور بہت سے منہ (والے) اس روز شادماں ہوں گے ﴿۸﴾ اپنے اعمال (کی جزا) سے خوش دل ﴿۹﴾ بہشت بریں

عَالِيَةٍ ۙ﴿۱۰﴾ لَّا تَسۡمَعُ فِيۡهَا لَاغِيَةً ؕ﴿۱۱﴾ فِيۡهَا عَيۡنٌ جَارِيَةٌ ۘ﴿۱۲﴾ فِيۡهَا سُرُرٌ وقف لازم

| عَالِيَةٍ | لَّا | تَسۡمَعُ | فِيۡهَا | لَاغِيَةً | فِيۡهَا | عَيۡنٌ | جَارِيَةٌ | فِيۡهَا | سُرُرٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بلند کے | نہیں | سنتے | بیچ اس کے | بکواس | بیچ اس کے | ایک چشمہ ہے | بہتا ہے | بیچ اس کے | تخت ہیں |

میں ﴿۱۰﴾ وہاں کسی طرح کی بکواس نہیں سنیں گے ﴿۱۱﴾ اُس میں چشمے بہ رہے ہوں گے ﴿۱۲﴾ وہاں تخت ہوں گے

مَّرْفُوْعَةٌ ﴿۱۳﴾ لا وَّ اَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ ﴿۱۴﴾ لا وَّنَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ ﴿۱۵﴾ لا

| مَّرْفُوْعَةٌ | وَّ | اَكْوَابٌ | مَّوْضُوْعَةٌ | وَّ | نَمَارِقُ | مَصْفُوْفَةٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بلند | اور | آبخورے ہیں | رکھے ہوئے | اور | غالیچے | برابر بچھے ہوئے |

اُونچے بچھے ہوئے ﴿۱۳﴾ اور آبخورے (قرینے سے) رکھے ہوئے ﴿۱۴﴾ اور گاؤ تکیے قطار لگے ہوئے ﴿۱۵﴾

وَّزَرَابِيُّ مَبْثُوْثَةٌ ﴿۱۶﴾ ط اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ﴿۱۷﴾ وقفة وَاِلَى

| وَّ | زَرَابِيُّ | مَبْثُوْثَةٌ | اَفَلَا | يَنْظُرُوْنَ | اِلَى | الْاِبِلِ | كَيْفَ | خُلِقَتْ | وَ | اِلَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | مسندیں ہیں | بچھائی ہوئیں | کیا پس نہیں | دیکھتے | طرف | اونٹوں کی | کیوں کر | پیدا کیے گئے ہیں | اور | طرف |

اور نفیس مسندیں بچھی ہوئیں ﴿۱۶﴾ یہ لوگ اُونٹوں کی طرف نہیں دیکھتے کہ کیسے (عجیب) پیدا کیے گئے ہیں ﴿۱۷﴾ اور آسمان

السَّمَآءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ﴿۱۸﴾ وقفة وَاِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ﴿۱۹﴾ وقفة وَاِلَى

| السَّمَآءِ | كَيْفَ | رُفِعَتْ | وَاِلَى | الْجِبَالِ | كَيْفَ | نُصِبَتْ | وَ | اِلَى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آسمان کی | کیوں کر | بلند کیا گیا ہے | اور طرف | پہاڑوں کے | کیوں کر | نصب کیے گئے ہیں | اور | طرف |

کی طرف کہ کیسا بلند کیا گیا ہے ﴿۱۸﴾ اور پہاڑوں کی طرف کہ کس طرح کھڑے کیے گئے ہیں ﴿۱۹﴾ اور

الْاَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ ﴿۲۰﴾ وقفة فَذَكِّرْ قف اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَكِّرٌ ﴿۲۱﴾ ط لَسْتَ

| الْاَرْضِ | كَيْفَ | سُطِحَتْ | فَذَكِّرْ | اِنَّمَآ | اَنْتَ | مُذَكِّرٌ | لَسْتَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| زمین کے | کیوں کر | بچھائی گئی ہے | پس نصیحت کر | سوائے اسکے نہیں کہ | تو | نصیحت کرنے والا ہے | نہیں تو |

زمین کی طرف کہ کس طرح بچھائی گئی ہے ﴿۲۰﴾ تو تم نصیحت کرتے رہو کہ تم نصیحت کرنے والے ہی ہو ﴿۲۱﴾ تم ان

عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ ﴿۲۲﴾ لا اِلَّا مَنْ تَوَلّٰى وَكَفَرَ ﴿۲۳﴾ لا فَيُعَذِّبُهُ اللّٰهُ الْعَذَابَ

| عَلَيْهِمْ | بِمُصَيْطِرٍ | اِلَّا | مَنْ | تَوَلّٰى | وَ | كَفَرَ | فَيُعَذِّبُهُ | اللّٰهُ | الْعَذَابَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اوپر ان کے | داروغہ | مگر | جس نے | منہ پھیرا | اور | کفر کیا | پس عذاب کریگا اس کو | اللہ | عذاب |

پر داروغہ نہیں ہو ﴿۲۲﴾ ہاں جس نے منہ پھیرا اور نہ مانا ﴿۲۳﴾ تو اللہ اس کو بڑا عذاب

الْاَكْبَرَ ﴿۲۴﴾ ط اِنَّ اِلَيْنَآ اِيَابَهُمْ ﴿۲۵﴾ لا ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ﴿۲۶﴾ ع

ع ۲۶ ۱۳ النصف

| الْاَكْبَرَ | اِنَّ | اِلَيْنَآ | اِيَابَهُمْ | ثُمَّ | اِنَّ | عَلَيْنَا | حِسَابَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بڑا | بیشک | طرف ہماری ہے | پھر آنا ان کا | پھر | بیشک | اوپر ہمارے ہے | حساب ان کا |

دے گا ﴿۲۴﴾ بیشک ان کو ہمارے پاس لوٹ کر آنا ہے ﴿۲۵﴾ پھر ہم ہی کو اُن سے حساب لینا ہے ﴿۲۶﴾

ایاتھا ۳۰ | ۸۹ سُوْرَةُ الْفَجْرِ مَكِّيَّةٌ ۱۰ | رکوعھا ۱

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالْفَجْرِ ۝١ وَلَيَالٍ عَشْرٍ ۝٢ وَّالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ۝٣ وَالَّيْلِ اِذَا يَسْرِ ۝٤ هَلْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْفَجْرِ | وَلَيَالٍ | عَشْرٍ | وَّالشَّفْعِ | وَالْوَتْرِ | وَالَّيْلِ | اِذَا | يَسْرِ | هَلْ |
| قسم ہے فجر کی | اور راتوں | دس کی | اور جفت کی | اور طاق کی | اور رات کی | جب | چلنے لگے | کیا |

فجر کی قسم ۝١ اور دس راتوں کی ۝٢ اور جفت اور طاق کی ۝٣ اور رات کی جب جانے لگے ۝٤ (اور) بیشک

فِىْ ذٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِىْ حِجْرٍ ۝٥ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ۝٦ اِرَمَ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِىْ | ذٰلِكَ | قَسَمٌ | لِّذِىْ | حِجْرٍ | اَلَمْ | تَرَ | كَيْفَ | فَعَلَ | رَبُّكَ | بِعَادٍ | اِرَمَ |
| بیچ | اس کے | قسم ہے | واسطے صاحبان | عقل کے | کیا نہ | دیکھا تو نے | کیوں کر | کیا | رب تیرے نے | ساتھ عاد | ارم |

چیزیں عقلمندوں کے نزدیک قسم کھانے کے لائق ہیں (کہ کافروں کو ضرور عذاب ہوگا) ۝٥ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ تمہارے پروردگار نے عاد کے ساتھ کیا کیا؟ ۝٦

ذَاتِ الْعِمَادِ ۝٧ الَّتِىْ لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِى الْبِلَادِ ۝٨ وَثَمُوْدَ الَّذِيْنَ جَابُوا

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ذَاتِ الْعِمَادِ | الَّتِىْ | لَمْ | يُخْلَقْ | مِثْلُهَا | فِىْ | الْبِلَادِ | وَ | ثَمُوْدَ | الَّذِيْنَ | جَابُوا |
| ستونوں والے کے | وہ جو | نہیں | پیدا کیا گیا | مانند ان کے | بیچ | شہروں کے | اور | ثمود کے | جنہوں نے | تراشا تھا |

(جو) ارم (کہلاتے تھے اتنے) دراز قد ۝٧ کہ تمام ملک میں ایسے پیدا نہیں ہوئے تھے ۝٨ اور ثمود کے ساتھ (کیا کیا) جو وادئ (قریٰ) میں

الصَّخْرَ بِالْوَادِ ۝٩ وَفِرْعَوْنَ ذِى الْاَوْتَادِ ۝١٠ الَّذِيْنَ طَغَوْا فِى الْبِلَادِ ۝١١

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الصَّخْرَ | بِالْوَادِ | وَ | فِرْعَوْنَ | ذِى الْاَوْتَادِ | الَّذِيْنَ | طَغَوْا | فِىْ | الْبِلَادِ |
| پتھروں کو | بیچ وادی کے | اور | فرعون | میخوں والے کے | یہ لوگ سب جنہوں نے | سرکشی کی | بیچ | شہروں کے |

پتھر تراشتے (اور گھر بناتے) تھے ۝٩ اور فرعون کے ساتھ (کیا کیا) جو خیمے اور میخیں رکھتا تھا ۝١٠ یہ لوگ ملکوں میں سرکش ہو رہے تھے ۝١١

فَاَكْثَرُوْا فِيْهَا الْفَسَادَ ۝١٢ فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ۝١٣ اِنَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فَاَكْثَرُوْا | فِيْهَا | الْفَسَادَ | فَصَبَّ | عَلَيْهِمْ | رَبُّكَ | سَوْطَ | عَذَابٍ | اِنَّ |
| پس زیادہ کیا | بیچ ان کے | فساد | پس ڈالا | اوپر ان کے | پروردگار تیرے نے | کوڑا | عذاب کا | بیشک |

اور ان میں بہت سی خرابیاں کرتے تھے ۝١٢ تو تمہارے پروردگار نے ان پر عذاب کا کوڑا نازل کیا ۝١٣ بیشک

رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ﴿١٤﴾ فَاَمَّا الْاِنْسَانُ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ رَبُّهٗ فَاَكْرَمَهٗ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبَّكَ | لَبِالْمِرْصَادِ | فَاَمَّا | الْاِنْسَانُ | اِذَا | مَا ابْتَلٰىهُ | رَبُّهٗ | فَاَكْرَمَهٗ |
| پروردگار تیرا | البتہ بیچ گھات کے ہے | سوجو | انسان ہے | جب | آزماتا ہے اس کو | رب اس کا | پس عزت دیتا ہے اسکو |

تمہارا پروردگار تاک میں ہے ﴿١٤﴾ مگر انسان (عجیب مخلوق ہے کہ) جب اُس کا پروردگار اُس کو آزماتا ہے کہ اُسے عزت دیتا

وَنَعَّمَهٗ ۙ فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَكْرَمَنِ ﴿١٥﴾ وَاَمَّآ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | نَعَّمَهٗ | فَيَقُوْلُ | رَبِّيْٓ | اَكْرَمَنِ | وَ | اَمَّآ | اِذَا | مَا ابْتَلٰىهُ | فَقَدَرَ | عَلَيْهِ |
| اور | نعمت دیتا ہے اسکو | پس کہتا ہے | رب میرے نے | عزت دی مجھ کو | اور | سو | جب | آزماتا ہے اس کو | پس تنگ کردیتا ہے | اوپر اسکے |

اور نعمت بخشتا ہے تو کہتا ہے کہ (آہا) میرے پروردگار نے مجھے عزت بخشی ﴿١٥﴾ اور جب دوسری طرح آزماتا ہے کہ اُس پر

رِزْقَهٗ ۙ فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَهَانَنِ ﴿١٦﴾ كَلَّا بَلْ لَّا تُكْرِمُوْنَ الْيَتِيْمَ ﴿١٧﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رِزْقَهٗ | فَيَقُوْلُ | رَبِّيْٓ | اَهَانَنِ | كَلَّا | بَلْ | لَّا | تُكْرِمُوْنَ | الْيَتِيْمَ |
| رزق اس کا | پس کہتا ہے | رب میرے نے | ذلیل کیا مجھ کو | ہرگز یوں نہیں | بلکہ | نہیں | تم عزت سے رکھتے | یتیم کو |

روزی تنگ کردیتا ہے تو کہتا ہے کہ (ہائے) میرے پروردگار نے مجھے ذلیل کیا ﴿١٦﴾ نہیں بلکہ تم لوگ یتیم کی خاطر نہیں کرتے ﴿١٧﴾

وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿١٨﴾ وَتَاْكُلُوْنَ التُّرَاثَ اَكْلًا لَّمًّا ﴿١٩﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | تَحٰٓضُّوْنَ | عَلٰى | طَعَامِ | الْمِسْكِيْنِ | وَ | تَاْكُلُوْنَ | التُّرَاثَ | اَكْلًا | لَّمًّا |
| اور | نہیں | رغبت کرتے تم | اوپر | کھلانے | فقیر کے | اور | کھاتے ہو تم | میراث کو | کھانا | پے درپے |

اور نہ مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب دیتے ہو ﴿١٨﴾ اور میراث کے مال کو سمیٹ کر کھا جاتے ہو ﴿١٩﴾

وَّتُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ﴿٢٠﴾ كَلَّآ اِذَا دُكَّتِ الْاَرْضُ دَكًّا دَكًّا ﴿٢١﴾ وَّجَآءَ

| | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَّ | تُحِبُّوْنَ | الْمَالَ | حُبًّا | جَمًّا | كَلَّآ | اِذَا | دُكَّتِ | الْاَرْضُ | دَكًّا | دَكًّا | وَّ | جَآءَ |
| اور | تم دوست رکھتے ہو | مال کو | دوست رکھنا | بہت | ہرگز نہیں یوں | جسوقت | توڑی جائیگی | زمین | ریزہ | ریزہ | اور | آئے گا |

اور مال کو بہت ہی عزیز رکھتے ہو ﴿٢٠﴾ تو جب زمین کی بلندی کوٹ کوٹ کر پست کر دی جائے گی ﴿٢١﴾ اور تمہارا

رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ﴿٢٢﴾ وَجِايْٓءَ يَوْمَئِذٍۭ بِجَهَنَّمَ ۙ يَوْمَئِذٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبُّكَ | وَ | الْمَلَكُ | صَفًّا | صَفًّا | وَجِايْٓءَ | يَوْمَئِذٍۭ | بِجَهَنَّمَ | يَوْمَئِذٍ |
| پروردگار تیرا | اور | فرشتے | صف | باندھ کر | اور لائی جائے گی | اس دن | دوزخ | اس دن |

پروردگار (جلوہ فرما ہوگا) اور فرشتے قطار باندھ باندھ کر آموجود ہوں گے ﴿٢٢﴾ اور دوزخ اُس دن حاضر کی جائے گی تو انسان

يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ وَاَنّٰى لَهُ الذِّكْرٰى ۲۳ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ قَدَّمْتُ

| يَتَذَكَّرُ | الْاِنْسَانُ | وَاَنّٰى | لَهُ | الذِّكْرٰى | يَقُوْلُ | يٰلَيْتَنِيْ | قَدَّمْتُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نصیحت پکڑے گا | آدمی | اور کہاں ہیں | اس کو | نصیحت پکڑنا | کہے گا | اے کاش کہ | میں پہلے بھیج لیتا |

اس دن متنبہ ہو گا مگر (اب) انتباہ (سے) اُسے (فائدہ) کہاں (مل سکے گا؟) ۲۳ کہے گا کاش میں نے اپنی زندگی (جاودانی) کے لیے

لِحَيَاتِيْ ۲۴ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهٗ اَحَدٌ ۲۵ وَّلَا يُوْثِقُ وَثَاقَهٗ

| لِحَيَاتِيْ | فَيَوْمَئِذٍ | لَّا | يُعَذِّبُ | عَذَابَهٗ | اَحَدٌ | وَّ | لَا | يُوْثِقُ | وَثَاقَهٗ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے زندگانی اپنی کے | پس اس دن | نہ | عذاب کرے گا | عذاب اس کا سا | کوئی | اور | نہ | قید کرے گا | قید کرنا اس کا سا |

کچھ آگے بھیجا ہوتا ۲۴ تو اُس دن نہ کوئی اللہ کے عذاب کی طرح کا (کسی کو) عذاب دے گا ۲۵ اور نہ کوئی ویسا جکڑنا

اَحَدٌ ۲۶ يٰاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ۲۷ ارْجِعِيْ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً

| اَحَدٌ | يٰاَيَّتُهَا | النَّفْسُ | الْمُطْمَئِنَّةُ | ارْجِعِيْ | اِلٰى | رَبِّكِ | رَاضِيَةً |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کوئی | اے | جان | آرام پکڑنے والی | پھر جا | طرف | اپنے رب کی | خوش ہے |

جکڑے گا ۲۶ اے اطمینان پانے والی روح! اپنے پروردگار کی طرف لوٹ چل ۲۷ تو اس سے راضی وہ تجھ

مَّرْضِيَّةً ۲۸ فَادْخُلِيْ فِيْ عِبٰدِيْ ۲۹ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ ۳۰ ع ۱۴

| مَّرْضِيَّةً | فَادْخُلِيْ | فِيْ | عِبٰدِيْ | وَادْخُلِيْ | جَنَّتِيْ |
|---|---|---|---|---|---|
| تو پسند کی گئی | پس داخل ہو | بیچ | بندوں میرے کے | اور داخل ہو | میری بہشت میں |

سے راضی ۲۸ تو میرے (ممتاز) بندوں میں شامل ہو جا ۲۹ اور میری بہشت میں داخل ہو جا ۳۰

## اٰیاتها ۲۰ — ۹۰ سُوْرَةُ الْبَلَدِ مَكِّيَّةٌ ۳۵ — رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۱ وَاَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۲ وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ ۳

| لَآ اُقْسِمُ | بِهٰذَا | الْبَلَدِ | وَ | اَنْتَ | حِلٌّ | بِهٰذَا | الْبَلَدِ | وَوَالِدٍ | وَّمَا | وَلَدَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قسم کھاتا ہوں میں | اس | شہر کی | اور | تو | داخل ہونیوالا ہے | بیچ اس | شہر کے | اور قسم ہے جنانیوالے کی | اور جس کو | جنا |

ہمیں اس شہر (مکہ) کی قسم ۱ اور تم اسی شہر میں تو رہتے ہو ۲ اور باپ (یعنی آدم) اور اس کی اولاد کی قسم ۳

وقف لازم

لَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ فِیۡ كَبَدٍ ﴿۴﴾ؕ اَیَحۡسَبُ اَنۡ لَّنۡ یَّقۡدِرَ عَلَیۡهِ اَحَدٌ ﴿۵﴾

| لَقَدۡ | خَلَقۡنَا | الۡاِنۡسَانَ | فِیۡ | كَبَدٍ | اَیَحۡسَبُ | اَنۡ | لَّنۡ | یَّقۡدِرَ | عَلَیۡهِ | اَحَدٌ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| البتہ تحقیق | پیدا کیا ہم نے | آدمی | بیچ | محنت کے | کیا گمان کرتا ہے | یہ کہ | ہرگز نہ | قادر ہوگا | اوپر اس کے | کوئی |

کہ ہم نے انسان کو تکلیف (کی حالت) میں (رہنے والا) بنایا ہے ﴿۴﴾ کیا وہ خیال رکھتا ہے کہ اس پر کوئی قابو نہ پائے گا ﴿۵﴾

یَقُوۡلُ اَهۡلَكۡتُ مَالًا لُّبَدًا ﴿۶﴾ؕ اَیَحۡسَبُ اَنۡ لَّمۡ یَرَهٗۤ اَحَدٌ ﴿۷﴾ؕ اَلَمۡ

| یَقُوۡلُ | اَهۡلَكۡتُ | مَالًا | لُّبَدًا | اَیَحۡسَبُ | اَنۡ | لَّمۡ | یَرَهٗۤ | اَحَدٌ | اَلَمۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہتا ہے | خرچ کیا میں نے | مال | تہہ بہ تہہ | کیا گمان کرتا ہے | یہ کہ | نہیں | دیکھا اس کو | کسی نے | کیا نہیں |

کہتا ہے کہ میں نے بہت سا مال برباد کر دیا ﴿۶﴾ کیا اسے یہ گمان ہے کہ اس کو کسی نے دیکھا نہیں ﴿۷﴾ بھلا

نَجۡعَلۡ لَّهٗ عَیۡنَیۡنِ ﴿۸﴾ۙ وَ لِسَانًا وَّ شَفَتَیۡنِ ﴿۹﴾ۙ وَ هَدَیۡنٰهُ النَّجۡدَیۡنِ ﴿۱۰﴾ۚ

| نَجۡعَلۡ | لَّهٗ | عَیۡنَیۡنِ | وَلِسَانًا | وَّ | شَفَتَیۡنِ | وَ | هَدَیۡنٰهُ | النَّجۡدَیۡنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیں ہم نے | واسطے اسکے | دو آنکھیں | اور زبان | اور | دو ہونٹ | اور | راہ دکھائی ہم نے اس کو | دو راہیں |

ہم نے اس کو دو آنکھیں نہیں دیں؟ ﴿۸﴾ اور زبان اور دو ہونٹ (نہیں دیے) ﴿۹﴾ (یہ چیزیں بھی دیں) اور اس کو (خیر و شر کے) دونوں رستے بھی دکھا دیے ﴿۱۰﴾

فَلَا اقۡتَحَمَ الۡعَقَبَةَ ﴿۱۱﴾ۖ وَ مَاۤ اَدۡرٰىكَ مَا الۡعَقَبَةُ ﴿۱۲﴾ؕ فَكُّ رَقَبَةٍ ﴿۱۳﴾ۙ اَوۡ

| فَلَا | اقۡتَحَمَ | الۡعَقَبَةَ | وَ | مَاۤ | اَدۡرٰىكَ | مَا | الۡعَقَبَةُ | فَكُّ | رَقَبَةٍ | اَوۡ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس نہیں | دھمک سکا وہ | گھاٹی پر | اور | کیا | جانے تو | کیا ہے | گھاٹی | چھڑا دینا | گردن کا | یا |

مگر وہ گھاٹی پر سے ہو کر نہ گزرا ﴿۱۱﴾ اور تم کیا سمجھے کہ گھاٹی کیا ہے؟ ﴿۱۲﴾ کسی (کی) گردن کا چھڑانا ﴿۱۳﴾ یا

اِطۡعٰمٌ فِیۡ یَوۡمٍ ذِیۡ مَسۡغَبَةٍ ﴿۱۴﴾ۙ یَّتِیۡمًا ذَا مَقۡرَبَةٍ ﴿۱۵﴾ۙ اَوۡ مِسۡكِیۡنًا

| اِطۡعٰمٌ | فِیۡ | یَوۡمٍ | ذِیۡ مَسۡغَبَةٍ | یَّتِیۡمًا | ذَا مَقۡرَبَةٍ | اَوۡ | مِسۡكِیۡنًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کھانا کھلانا | بیچ | دن | بھوک والے کے | یتیم | قرابت والے کو | یا | فقیر |

بھوک کے دن کھانا کھلانا ﴿۱۴﴾ یتیم رشتہ دار کو ﴿۱۵﴾ یا فقیر

ذَا مَتۡرَبَةٍ ﴿۱۶﴾ؕ ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ تَوَاصَوۡا بِالصَّبۡرِ

| ذَا مَتۡرَبَةٍ | ثُمَّ | كَانَ | مِنَ | الَّذِیۡنَ | اٰمَنُوۡا | وَتَوَاصَوۡا | بِالصَّبۡرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خاک نشین کو | پھر | ہوا | سے | ان لوگوں میں جو | ایمان لائے | اور ایک دوسرے کو نصیحت کرتے ہیں | ساتھ صبر کے |

خاکسار کو ﴿۱۶﴾ پھر ان لوگوں میں بھی (داخل) ہوا جو ایمان لائے اور صبر کی نصیحت اور (لوگوں پر) شفقت

وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ﴿۱۷﴾ أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ﴿۱۸﴾ وَالَّذِيْنَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | تَوَاصَوْا | بِالْمَرْحَمَةِ | أُولٰٓئِكَ | أَصْحٰبُ | الْمَيْمَنَةِ | وَ | الَّذِيْنَ |
| اور | ایک دوسرے کو نصیحت کرتے ہیں | ساتھ رحم کرنے کے | یہ لوگ ہیں | اصحاب | یمین کے | اور | جو لوگ کہ |

کرنے کی وصیت کرتے رہے ﴿۱۷﴾ یہی لوگ صاحب سعادت ہیں ﴿۱۸﴾ اور جنہوں نے

كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا هُمْ أَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ﴿۱۹﴾ عَلَيْهِمْ نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ ﴿۲۰﴾ ع

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| كَفَرُوْا | بِاٰيٰتِنَا | هُمْ | أَصْحٰبُ | الْمَشْئَمَةِ | عَلَيْهِمْ | نَارٌ | مُّؤْصَدَةٌ |
| کافر ہوئے | ساتھ نشانیوں ہماری کے | یہ ہیں | لوگ | شامت کے | اوپر ان کے | آگ ہے | بند کی ہوئی |

ہماری آیتوں کو نہ مانا وہ بدبخت ہیں ﴿۱۹﴾ یہ لوگ آگ میں بند کر دیے جائیں گے ﴿۲۰﴾

ع ۲۰ ۱۵

## اٰیاتھا ۱۵ ۹۱ سُوْرَةُ الشَّمْسِ مَكِّيَّةٌ ۲۶ رکوعھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ﴿۱﴾ وَالْقَمَرِ إِذَا تَلٰهَا ﴿۲﴾ وَالنَّهَارِ إِذَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالشَّمْسِ | وَ | ضُحٰهَا | وَ | الْقَمَرِ | إِذَا | تَلٰهَا | وَ | النَّهَارِ | إِذَا |
| قسم ہے سورج کی | اور | اس کی دھوپ کی | اور | چاند کی | جب | پیچھے آئے اس کے | اور | دن کی | جب |

سورج کی قسم اور اس کی روشنی کی ﴿۱﴾ اور چاند کی جب اُس کے پیچھے نکلے ﴿۲﴾ اور دن کی جب

جَلّٰهَا ﴿۳﴾ وَالَّيْلِ إِذَا يَغْشٰهَا ﴿۴﴾ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا ﴿۵﴾

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَلّٰهَا | وَ | الَّيْلِ | إِذَا | يَغْشٰهَا | وَالسَّمَآءِ | وَ | مَا | بَنٰهَا |
| ظاہر کرے اس کو | اور | رات کی | جب | ڈھانک لے اس کو | اور آسمان کی | اور | اس ذات کی کہ | بنایا اس کو |

اُسے چمکا دے ﴿۳﴾ اور رات کی جب اسے چھپا لے ﴿۴﴾ اور آسمان کی اور اس ذات کی جس نے اسے بنایا ﴿۵﴾

وَالْأَرْضِ وَمَا طَحٰهَا ﴿۶﴾ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا ﴿۷﴾ فَأَلْهَمَهَا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالْأَرْضِ | وَ | مَا | طَحٰهَا | وَ | نَفْسٍ | وَّ | مَا | سَوّٰهَا | فَأَلْهَمَهَا |
| اور قسم ہے زمین کی | اور | جس نے | پھیلایا ہے اسے | اور | جان کی | اور | جس نے | تندرست کیا اسکو | پس جی میں ڈالی اسکے |

اور زمین کی اور اس کی جس نے اسے پھیلایا ﴿۶﴾ اور انسان کی اور اس کی جس نے اس کے اعضاء کو برابر کیا ﴿۷﴾ پھر اس کو بدکاری (سے

فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ﴿٨﴾ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا ﴿٩﴾ وَقَدْ خَابَ مَنْ

| فُجُوْرَهَا | وَ | تَقْوٰىهَا | قَدْ | اَفْلَحَ | مَنْ | زَكّٰىهَا | وَ | قَدْ خَابَ | مَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بدکاری اس کی | اور | پرہیزگاری اس کی | تحقیق | مراد کو پہنچا | جس نے | پاک کیا اس کو | اور | تحقیق نامراد ہوا | جس نے |

بچنے) اور پرہیزگاری کرنے کی سمجھ دی ﴿٨﴾ کہ جس نے (اپنے) نفس (یعنی روح) کو پاک رکھا وہ مراد کو پہنچا ﴿٩﴾ اور جس نے اسے خاک میں

دَسّٰىهَا ﴿١٠﴾ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰىهَآ ﴿١١﴾ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ﴿١٢﴾

| دَسّٰىهَا | كَذَّبَتْ | ثَمُوْدُ | بِطَغْوٰىهَآ | اِذِ | انْۢبَعَثَ | اَشْقٰىهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| گاڑ دیا اس کو | جھٹلایا | ثمود نے | بسبب سرکشی اپنی کے | جب | اٹھا | بڑا بدبخت ان کا |

ملایا وہ خسارے میں رہا ﴿١٠﴾ (قوم) ثمود نے اپنی سرکشی کے سبب (پیغمبر کو) جھٹلایا ﴿١١﴾ جب اُن میں سے ایک نہایت بدبخت اُٹھا ﴿١٢﴾

فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ﴿١٣﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا

| فَقَالَ | لَهُمْ | رَسُوْلُ | اللّٰهِ | نَاقَةَ | اللّٰهِ | وَ | سُقْيٰهَا | فَكَذَّبُوْهُ | فَعَقَرُوْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس کہا تھا | واسطے انکے | پیغمبر | اللہ کے نے | یہ اونٹنی | اللہ کی ہے | اور | اسکے پانی پلانے کو | پس جھٹلایا اس کو | پس کاٹے پاؤں اسکے |

تو اللہ کے پیغمبر (صالح) نے اُن سے کہا کہ اللہ کی اُونٹنی اور اس کے پانی پینے کی باری سے حذر کرو ﴿١٣﴾ مگر انہوں نے پیغمبر کو جھٹلایا اور اُونٹنی کی کونچیں کاٹ دیں

ع ١٥/١٦ فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ﴿١٤﴾ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ﴿١٥﴾

| فَدَمْدَمَ | عَلَيْهِمْ | رَبُّهُمْ | بِذَنْۢبِهِمْ | فَسَوّٰىهَا | وَ | لَا | يَخَافُ | عُقْبٰهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس ہلاکی ڈالی | اوپر ان کے | انکے رب نے | انکے گناہوں کے بسبب | پس برابر کر دیا انکو | اور | نہیں | ڈرا | پچھاڑی انکی سے |

تو اللہ نے ان کے گناہ کے سبب اُن پر عذاب نازل کیا اور سب کو (ہلاک کر کے) برابر کر دیا ﴿١٤﴾ اور اس کو ان کے بدلہ لینے کا کچھ بھی ڈر نہیں ﴿١٥﴾

## اٰیاتها ٢١ — ٩٢ سُوْرَةُ الَّيْلِ مَكِّيَّةٌ ٩ — رکوعها ١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ﴿١﴾ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ﴿٢﴾ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ

| وَالَّيْلِ | اِذَا | يَغْشٰى | وَالنَّهَارِ | اِذَا | تَجَلّٰى | وَ | مَا | خَلَقَ | الذَّكَرَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قسم ہے رات کی | جب | ڈھانک لے | اور دن کی | جب | روشن ہو | اور | اسکی جس نے | پیدا کیا | مرد کو |

رات کی قسم جب (دن کو) چھپا لے ﴿١﴾ اور دن کی قسم جب چمک اُٹھے ﴿٢﴾ اور اُس (ذات) کی قسم جس نے نر

وَالْاُنْثٰٓی ﴿۳﴾ لا اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ﴿۴﴾ ط فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى ﴿۵﴾ لا

| وَالْاُنْثٰٓی | اِنَّ | سَعْيَكُمْ | لَشَتّٰى | فَاَمَّا مَنْ | اَعْطٰى | وَاتَّقٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اور عورت کو | بیشک | سعی تمہاری | البتہ مختلف ہے | سو جس نے | دیا | اور پرہیزگاری کی |

اور مادہ پیدا کیے ﴿۳﴾ کہ تم لوگوں کی کوشش طرح طرح کی ہے ﴿۴﴾ تو جس نے (اللہ کے رستے میں مال) دیا اور پرہیزگاری کی ﴿۵﴾

وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ﴿۶﴾ لا فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ﴿۷﴾ ط وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ

| وَ | صَدَّقَ | بِالْحُسْنٰى | فَسَنُيَسِّرُهٗ | لِلْيُسْرٰى | وَ | اَمَّا مَنْ | بَخِلَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | سچ مانا | اچھی بات کو | پس البتہ آسان کرینگے ہم اسکو | واسطے آسانی کے | اور | جس نے | بخیلی کی |

اور نیک بات کو سچ جانا ﴿۶﴾ اُس کو ہم آسان طریقے کی توفیق دیں گے ﴿۷﴾ اور جس نے بخل کیا

وَاسْتَغْنٰى ﴿۸﴾ لا وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ﴿۹﴾ لا فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ﴿۱۰﴾ ط

| وَاسْتَغْنٰى | وَ | كَذَّبَ | بِالْحُسْنٰى | فَسَنُيَسِّرُهٗ | لِلْعُسْرٰى |
|---|---|---|---|---|---|
| اور بے پروائی کی | اور | جھٹلایا | اچھی بات کو | پس البتہ آسان کریں ہم اس کو | واسطے سختی کے |

اور بے پروا بنا رہا ﴿۸﴾ اور نیک بات کو جھوٹ سمجھا ﴿۹﴾ اُسے سختی میں پہنچائیں گے ﴿۱۰﴾

وَمَا يُغْنِىْ عَنْهُ مَالُهٗٓ اِذَا تَرَدّٰى ﴿۱۱﴾ ط اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى ﴿۱۲﴾ صلے وَاِنَّ لَنَا

| وَ | مَا | يُغْنِىْ | عَنْهُ | مَالُهٗٓ | اِذَا | تَرَدّٰى | اِنَّ | عَلَيْنَا | لَلْهُدٰى | وَ | اِنَّ | لَنَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہ | کفایت کریگا | اس کو | مال اس کا | جب | گرے گا نیچے | بیشک | اوپر ہمارے ہے | البتہ راہ دکھانا | اور | بیشک | واسطے ہمارے ہے |

اور جب وہ (دوزخ کے گڑھے میں) گرے گا تو اس کا مال اس کے کچھ بھی کام نہ آئے گا ﴿۱۱﴾ ہمیں تو راہ دکھا دینا ہے ﴿۱۲﴾ اور آخرت

لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى ﴿۱۳﴾ فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰى ﴿۱۴﴾ ج لَا يَصْلٰىهَآ اِلَّا

| لَلْاٰخِرَةَ | وَالْاُوْلٰى | فَاَنْذَرْتُكُمْ | نَارًا | تَلَظّٰى | لَا | يَصْلٰىهَآ | اِلَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آخرت | اور دنیا | پس ڈرایا میں نے تم کو | آگ سے | شعلہ مارتی ہوئی | نہ | داخل ہوگا اس میں | مگر |

اور دنیا ہماری ہی چیزیں ہیں ﴿۱۳﴾ سو میں نے تم کو بھڑکتی آگ سے متنبہ کر دیا ﴿۱۴﴾ اس میں وہی داخل ہوگا

الْاَشْقَى ﴿۱۵﴾ لا الَّذِىْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿۱۶﴾ ط وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ﴿۱۷﴾ لا

| الْاَشْقَى | الَّذِىْ | كَذَّبَ | وَ | تَوَلّٰى | وَسَيُجَنَّبُهَا | الْاَتْقَى |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بڑا بدبخت | جس نے | جھٹلایا | اور | منہ پھیرا | اور البتہ ایک طرف کیا جائیگا اس سے | بڑا پرہیزگار |

جو بڑا بدبخت ہے ﴿۱۵﴾ جس نے جھٹلایا اور منہ پھیرا ﴿۱۶﴾ اور جو بڑا پرہیزگار ہے وہ (اس سے) بچا لیا جائے گا ﴿۱۷﴾

الَّذِیۡ یُؤۡتِیۡ مَالَهٗ یَتَزَکّٰی ﴿۱۸﴾ وَمَا لِاَحَدٍ عِنۡدَهٗ مِنۡ نِّعۡمَةٍ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِیۡ | یُؤۡتِیۡ | مَالَهٗ | یَتَزَکّٰی | وَمَا | لِاَحَدٍ | عِنۡدَهٗ | مِنۡ | نِّعۡمَةٍ |
| وہ جو | دیتا ہے | مال اپنا | وہ پاک ہوتا ہے | اور نہیں | واسطے کسی کے | نزدیک اس کے | سے | نعمت |

جو مال دیتا ہے تاکہ پاک ہو ﴿۱۸﴾ اور (اس لیے) نہیں (دیتا کہ) اس پر کسی کا احسان (ہے) جس کا

ع ۲۱/۱۷ تُجۡزٰۤی ﴿۱۹﴾ اِلَّا ابۡتِغَآءَ وَجۡهِ رَبِّهِ الۡاَعۡلٰی ﴿۲۰﴾ وَلَسَوۡفَ یَرۡضٰی ﴿۲۱﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تُجۡزٰۤی | اِلَّا | ابۡتِغَآءَ | وَجۡهِ | رَبِّهِ | الۡاَعۡلٰی | وَ | لَسَوۡفَ | یَرۡضٰی |
| بدلہ دیا جائے | مگر | واسطے چاہنے | رضامندی | پروردگار اپنے | بلند کے | اور | البتہ عنقریب | راضی ہوگا |

وہ بدلہ اُتارتا ہے ﴿۱۹﴾ بلکہ اپنے خداوند اعلیٰ کی رضامندی حاصل کرنے کے لیے دیتا ہے ﴿۲۰﴾ اور وہ عنقریب خوش ہو جائے گا ﴿۲۱﴾

## ایاتہا ۱۱ — ۹۳ سُوۡرَةُ الضُّحٰی مَکِّیَّةٌ ۱۱ — رکوعہا ۱

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالضُّحٰی ﴿۱﴾ وَالَّیۡلِ اِذَا سَجٰی ﴿۲﴾ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰی ﴿۳﴾

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالضُّحٰی | وَ | الَّیۡلِ | اِذَا | سَجٰی | مَا | وَدَّعَكَ | رَبُّكَ | وَ | مَا | قَلٰی |
| قسم ہے دن چڑھے کی | اور | رات کی | جب | چھا جائے | نہیں | چھوڑ دیا تجھ کو | تیرے رب نے | اور | نہ | بیزار ہوا |

آفتاب کی روشنی کی قسم ﴿۱﴾ اور رات (کی تاریکی) کی جب چھا جائے ﴿۲﴾ (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) تمہارے پروردگار نے نہ تو تم کو چھوڑا اور نہ (تم سے) ناراض ہوا ﴿۳﴾

وَلَلۡاٰخِرَةُ خَیۡرٌ لَّكَ مِنَ الۡاُوۡلٰی ﴿۴﴾ وَلَسَوۡفَ یُعۡطِیۡكَ رَبُّكَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَلۡاٰخِرَةُ | خَیۡرٌ | لَّكَ | مِنَ | الۡاُوۡلٰی | وَ | لَسَوۡفَ | یُعۡطِیۡكَ | رَبُّكَ |
| اور | البتہ پچھلی حالت | بہتر ہے | واسطے تیرے | سے | پہلی حالت | اور | البتہ جلد | دے گا تجھ کو | تیرا رب |

اور آخرت تمہارے لیے پہلی (حالت یعنی دنیا) سے کہیں بہتر ہے ﴿۴﴾ اور تمہیں پروردگار عنقریب وہ کچھ عطا فرمائے گا

فَتَرۡضٰی ﴿۵﴾ اَلَمۡ یَجِدۡكَ یَتِیۡمًا فَاٰوٰی ﴿۶﴾ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فَتَرۡضٰی | اَلَمۡ | یَجِدۡكَ | یَتِیۡمًا | فَاٰوٰی | وَوَجَدَكَ | ضَآلًّا |
| پس تو راضی ہوگا | کیا نہیں | پایا تجھ کو | یتیم | پس جگہ دی | اور پایا تجھ کو | متلاشی |

کہ تم خوش ہو جاؤ گے ﴿۵﴾ بھلا اس نے تمہیں یتیم پا کر جگہ نہیں دی (بیشک دی) ﴿۶﴾ اور رستے سے ناواقف دیکھا تو

فَهَدٰى ﴿۷﴾ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ﴿۸﴾ فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ﴿۹﴾

| فَهَدٰى | وَ | وَجَدَكَ | عَآئِلًا | فَاَغْنٰى | فَاَمَّا | الْيَتِيْمَ | فَلَا | تَقْهَرْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس راہ دکھائی | اور | پایا تجھ کو | بے مال | پس مالدار کر دیا | پس جو | یتیم ہو | پس مت | دبا |

سیدھا رستہ دکھایا ﴿۷﴾ اور تنگ دست پایا تو غنی کر دیا ﴿۸﴾ تو تم بھی یتیم پر ستم نہ کرنا ﴿۹﴾

وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ﴿۱۰﴾ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ﴿۱۱﴾ ع ۱۱ ۱۸

| وَ | اَمَّا | السَّآئِلَ | فَلَا | تَنْهَرْ | وَ | اَمَّا | بِنِعْمَةِ | رَبِّكَ | فَحَدِّثْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | جو | مانگنے والا ہو | پس مت | جھڑک | اور | جو | نعمت | تیرے پروردگار کی ہے | پس بیان کر |

اور مانگنے والے کو جھڑکی نہ دینا ﴿۱۰﴾ اور اپنے پروردگار کی نعمتوں کا بیان کرتے رہنا ﴿۱۱﴾

## اٰیاتها ۸ — ۹۴ سُوْرَةُ الْمْ نَشْرَحْ مَكِّيَّةٌ ۱۲ — رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ﴿۱﴾ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ﴿۲﴾ الَّذِىْٓ اَنْقَضَ

| اَلَمْ | نَشْرَحْ | لَكَ | صَدْرَكَ | وَ | وَضَعْنَا | عَنْكَ | وِزْرَكَ | الَّذِىْٓ | اَنْقَضَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا نہ | کھول دیا ہم نے | واسطے تیرے | سینہ تیرا | اور | اتار رکھا ہم نے | تجھ سے | بوجھ تیرا | جس نے | توڑی تھی |

(اے محمد ﷺ) کیا ہم نے تمہارا سینہ کھول نہیں دیا؟ (بیشک کھول دیا) ﴿۱﴾ اور تم پر سے بوجھ بھی اُتار دیا ﴿۲﴾ جس نے تمہاری پیٹھ توڑ

ظَهْرَكَ ﴿۳﴾ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ﴿۴﴾ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ﴿۵﴾ اِنَّ مَعَ

| ظَهْرَكَ | وَ | رَفَعْنَا | لَكَ | ذِكْرَكَ | فَاِنَّ | مَعَ | الْعُسْرِ | يُسْرًا | اِنَّ | مَعَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کمر تیری | اور | بلند کیا ہم نے | واسطے تیرے | ذکر تیرا | پس بیشک | ساتھ | سختی کے | آسانی ہے | بیشک | ساتھ |

رکھی تھی ﴿۳﴾ اور تمہارا ذکر بلند کیا ﴿۴﴾ ہاں (ہاں) مشکل کے ساتھ آسانی بھی ہے ﴿۵﴾ (اور) بیشک

الْعُسْرِ يُسْرًا ﴿۶﴾ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ﴿۷﴾ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ﴿۸﴾ ع ۸ ۱۹

| الْعُسْرِ | يُسْرًا | فَاِذَا | فَرَغْتَ | فَانْصَبْ | وَ | اِلٰى | رَبِّكَ | فَارْغَبْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تنگی کے | آسانی ہے | پس جب | فارغ ہو تو | پس محنت کر | اور | طرف | اپنے پروردگار کے | رغبت کر |

مشکل کے ساتھ آسانی بھی ہے ﴿۶﴾ تو جب فارغ ہوا کرو تو (عبادت میں) محنت کیا کرو ﴿۷﴾ اور اپنے پروردگار کی طرف متوجہ ہوجایا کرو ﴿۸﴾

اٰیاتھا ۸ — ۹۵ سُوْرَةُ التِّيْنِ مَكِّيَّةٌ ۲۸ — رکوعھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالتِّيْنِ وَ الزَّيْتُوْنِ ۝۱ وَ طُوْرِ سِيْنِيْنَ ۝۲ وَ هٰذَا الْبَلَدِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَالتِّيْنِ | وَ | الزَّيْتُوْنِ | وَ | طُوْرِ سِيْنِيْنَ | وَ | هٰذَا | الْبَلَدِ |
| قسم ہے انجیر کی | اور | زیتون کی | اور | طور سینین کی | اور | اس | شہر |

انجیر کی قسم اور زیتون کی ۝۱ اور طور سینین کی ۝۲ اور اس امن والے

الْاَمِيْنِ ۝۳ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۝۴

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاَمِيْنِ | لَقَدْ | خَلَقْنَا | الْاِنْسَانَ | فِيْٓ | اَحْسَنِ | تَقْوِيْمٍ |
| امن والے کی | البتہ تحقیق | پیدا کیا ہم نے | آدمی کو | بیچ | اچھی | ترکیب کے |

شہر کی ۝۳ کہ ہم نے انسان کو بہت اچھی صورت میں پیدا کیا ہے ۝۴

ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ۝۵ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ثُمَّ | رَدَدْنٰهُ | اَسْفَلَ | سٰفِلِيْنَ | اِلَّا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | عَمِلُوا |
| پھر | پھیر دیا ہم نے اس کو | نیچے | سب نیچوں کے | مگر | جو لوگ کہ | ایمان لائے | اور | عمل کیے |

پھر (رفتہ رفتہ) اس (کی حالت) کو (بدل کر) پست سے پست کر دیا ۝۵ مگر جو لوگ ایمان لائے

الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝۶ فَمَا يُكَذِّبُكَ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الصّٰلِحٰتِ | فَلَهُمْ | اَجْرٌ | غَيْرُ | مَمْنُوْنٍ | فَمَا | يُكَذِّبُكَ |
| اچھے | پس واسطے ان کے | ثواب ہے | نہ | کاٹا گیا | پس کیا چیز | جھٹلاتی ہے تجھ کو |

اور نیک عمل کرتے رہے اُن کے لیے بے انتہا اجر ہے ۝۶ تو (اے آدم زاد) پھر تو

ع ۸/۲۰ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۝۷ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝۸

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بَعْدُ | بِالدِّيْنِ | اَلَيْسَ | اللّٰهُ | بِاَحْكَمِ | الْحٰكِمِيْنَ |
| پیچھے اس کے | بیچ جزا کے | کیا نہیں | اللہ | خوب حکم کرنے والا | سب حکم کرنے والوں سے |

جزا کے دن کو کیوں جھٹلاتا ہے؟ ۝۷ کیا اللہ سب سے بڑا حاکم نہیں ہے؟ ۝۸

## اٰیاتها ۱۹ — ۹۶ سُوْرَةُ الْعَلَقِ مَكِّيَّةٌ ۱ — رکوعها ۱

### بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ ۝۱ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۝۲ اِقْرَاْ

| اِقْرَاْ | بِاسْمِ | رَبِّكَ | الَّذِیْ | خَلَقَ | خَلَقَ | الْاِنْسَانَ | مِنْ | عَلَقٍ | اِقْرَاْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پڑھ | ساتھ نام | اپنے رب کے | جس نے | پیدا کیا | پیدا کیا | آدمی کو | سے | جمے ہوئے لہو | پڑھ |

(اے محمد ﷺ) اپنے پروردگار کا نام لے کر پڑھو جس نے (عالم کو) پیدا کیا (۱) جس نے انسان کو خون کی پھٹکی سے بنایا (۲) پڑھو

وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۝۳ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝۴ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۝۵

| وَ | رَبُّكَ | الْاَكْرَمُ | الَّذِیْ | عَلَّمَ | بِالْقَلَمِ | عَلَّمَ | الْاِنْسَانَ | مَا لَمْ | يَعْلَمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | پروردگار تیرا | بہت کرم والا ہے | جس نے | سکھایا | ساتھ قلم کے | سکھایا | آدمی کو | جو کچھ نہیں | جانتا تھا |

اور تمہارا پروردگار بڑا کریم ہے (۳) جس نے قلم کے ذریعے سے علم سکھایا (۴) اور انسان کو وہ باتیں سکھائیں جس کا اس کو علم نہ تھا (۵)

كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓى ۝۶ اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ۝۷ اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ

| كَلَّآ | اِنَّ | الْاِنْسَانَ | لَيَطْغٰٓى | اَنْ | رَّاٰهُ | اسْتَغْنٰى | اِنَّ | اِلٰى | رَبِّكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہرگز یوں نہیں | بیشک | آدمی | البتہ سرکشی کرتا ہے | اس سے کہ | دیکھتا ہے اپنے تئیں | بے پروا | بیشک | طرف | رب تیرے کی ہے |

مگر انسان سرکش ہو جاتا ہے (۶) جبکہ اپنے تئیں غنی دیکھتا ہے (۷) کچھ شک نہیں کہ (اس کو) تمہارے پروردگار ہی کی طرف

الرُّجْعٰى ۝۸ اَرَءَيْتَ الَّذِیْ يَنْهٰى ۝۹ عَبْدًا اِذَا صَلّٰى ۝۱۰ اَرَءَيْتَ

| الرُّجْعٰى | اَرَءَيْتَ | الَّذِیْ | يَنْهٰى | عَبْدًا | اِذَا | صَلّٰى | اَرَءَيْتَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر جانا | کیا دیکھا تو نے | اس کو جو | منع کرتا ہے | بندے کو | جب | نماز پڑھتا ہے | کیا دیکھا تو نے |

لوٹ کر جانا ہے (۸) بھلا تم نے اس شخص کو دیکھا جو منع کرتا ہے (۹) (یعنی) ایک بندے کو جب وہ نماز پڑھنے لگتا ہے (۱۰) بھلا دیکھو

اِنْ كَانَ عَلَى الْهُدٰٓى ۝۱۱ اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰى ۝۱۲ اَرَءَيْتَ اِنْ كَذَّبَ

| اِنْ | كَانَ | عَلَى | الْهُدٰٓى | اَوْ | اَمَرَ | بِالتَّقْوٰى | اَرَءَيْتَ | اِنْ | كَذَّبَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اگر | ہو وہ | اوپر | ہدایت کے | یا | حکم کرے | ساتھ پرہیزگاری کے | کیا دیکھا تو نے | یہ کہ | جھٹلایا |

تو اگر یہ راہ راست پر ہو (۱۱) یا پرہیزگاری کا حکم کرے (تو منع کرنا کیسا) (۱۲) اور دیکھو تو اگر اس نے دین حق کو جھٹلایا

وَتَوَلّٰى ﴿١٣﴾ اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ﴿١٤﴾ كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ لَنَسْفَعًا

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | تَوَلّٰى | اَلَمْ | يَعْلَمْ | بِاَنَّ | اللّٰهَ | يَرٰى | كَلَّا | لَئِنْ | لَّمْ | يَنْتَهِ | لَنَسْفَعًا |
| اور | منہ پھیرا | کیا نہیں | جانا اس نے | یہ کہ | اللہ | دیکھتا ہے | ہرگز نہیں یوں | اگر | نہ | باز رہے گا | البتہ گھسیٹیں گے ہم اسکو |

اور اس سے منہ موڑا (تو کیا ہوا) ﴿١٣﴾ کیا اس کو معلوم نہیں کہ اللہ دیکھ رہا ہے ﴿١٤﴾ دیکھو اگر وہ باز نہ آئے گا تو ہم (اس کی) پیشانی کے بال پکڑ کر

بِالنَّاصِيَةِ ﴿١٥﴾ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ﴿١٦﴾ فَلْيَدْعُ نَادِيَهٗ ﴿١٧﴾

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بِالنَّاصِيَةِ | نَاصِيَةٍ | كَاذِبَةٍ | خَاطِئَةٍ | فَلْيَدْعُ | نَادِيَهٗ |
| ساتھ پیشانی کے | وہ پیشانی کہ | جھوٹی ہے | خطاکار | پس چاہیے کہ بلائے | مجلس اپنی کو |

گھسیٹیں گے ﴿١٥﴾ یعنی اس جھوٹے خطاکار کی پیشانی کے بال ﴿١٦﴾ تو وہ اپنے یاروں کی مجلس کو بلالے ﴿١٧﴾

ع ۱۹/۲۱ السجدۃ ۱۳

سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ﴿١٨﴾ كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ﴿١٩﴾ السجدة

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَنَدْعُ | الزَّبَانِيَةَ | كَلَّا | لَا | تُطِعْهُ | وَ | اسْجُدْ | وَاقْتَرِبْ |
| جلد ہی ہم بلائیں گے | پیادے سیاست کرنے کو | ہرگز یوں نہیں | مت | کہا مان اس کا | اور | سجدہ کر | اور نزدیک ہو |

ہم بھی اپنے موکلانِ دوزخ کو بلائیں گے ﴿١٨﴾ دیکھو اس کا کہنا نہ ماننا اور سجدہ کرنا اور قربِ (اللہ) حاصل کرتے رہنا ﴿١٩﴾

## اٰیاتھا ۵ — ۹۷ سُوْرَةُ الْقَدْرِ مَكِّيَّةٌ ۲۵ — رکوعھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ﴿١﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ﴿٢﴾ لَيْلَةُ

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّآ | اَنْزَلْنٰهُ | فِيْ | لَيْلَةِ | الْقَدْرِ | وَ | مَآ | اَدْرٰىكَ | مَا | لَيْلَةُ | الْقَدْرِ | لَيْلَةُ |
| بیشک | نازل کیا ہم نے اسکو | بیچ | رات | قدر کے | اور | کیا | جانے تو | کیا ہے | رات | قدر کی | رات |

ہم نے اس (قرآن) کو شبِ قدر میں نازل (کرنا شروع) کیا ﴿١﴾ اور تمہیں کیا معلوم کہ شب قدر کیا ہے؟ ﴿٢﴾ شب قدر

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ﴿٣﴾ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقَدْرِ | خَيْرٌ | مِّنْ | اَلْفِ | شَهْرٍ | تَنَزَّلُ | الْمَلٰٓئِكَةُ | وَ | الرُّوْحُ | فِيْهَا | بِاِذْنِ |
| قدر کی | بہتر ہے | سے | ہزار | مہینے | اترتے ہیں | فرشتے | اور | روح | بیچ اس کے | ساتھ حکم |

ہزار مہینے سے بہتر ہے ﴿٣﴾ اس میں روح (الامین) اور فرشتے ہر کام کے (انتظام کے) لیے

رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۛ ﴿۴﴾ سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ﴿۵﴾

| رَبِّهِمْ | مِنْ كُلِّ | اَمْرٍ | سَلٰمٌ | هِيَ | حَتّٰى | مَطْلَعِ | الْفَجْرِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اپنے پروردگار کے | ہر | کام پر | امان ہے | وہ رات | یہاں تک کہ | طلوع ہو | فجر |

اپنے پروردگار کے حکم سے اترتے ہیں ﴿۴﴾ یہ (رات) طلوع صبح تک (امان اور) سلامتی ہے ﴿۵﴾

## ایاتها ۸ — ۹۸ سُوْرَةُ الْبَيِّنَةِ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۰ — رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنْفَكِّيْنَ حَتّٰى

| لَمْ | يَكُنِ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | مِنْ | اَهْلِ | الْكِتٰبِ | وَ | الْمُشْرِكِيْنَ | مُنْفَكِّيْنَ | حَتّٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | تھے | وہ لوگ کہ | کافر ہوئے | سے | اہل | کتاب | اور | مشرک | باز رہنے والے | یہاں تک کہ |

جو لوگ کافر ہیں یعنی اہل کتاب اور مشرک وہ (کفر سے) باز رہنے والے نہ تھے جب تک کہ اُن کے پاس

تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ﴿۱﴾ رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوْا صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ﴿۲﴾ فِيْهَا

| تَاْتِيَهُمُ | الْبَيِّنَةُ | رَسُوْلٌ | مِّنَ | اللّٰهِ | يَتْلُوْا | صُحُفًا | مُّطَهَّرَةً | فِيْهَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آئے انکے پاس | دلیل روشن | پیغمبر | طرف سے | اللہ کی کہ | پڑھتا ہو | صحیفہ | پاکیزہ | بیچ اس کے |

کھلی دلیل (نہ) آتی ﴿۱﴾ (یعنی) اللہ کے پیغمبر جو پاک اوراق پڑھتے ہیں ﴿۲﴾ جن میں مستحکم

كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ﴿۳﴾ وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا

| كُتُبٌ | قَيِّمَةٌ | وَ | مَا | تَفَرَّقَ | الَّذِيْنَ | اُوْتُوا | الْكِتٰبَ | اِلَّا | مِنْۢ بَعْدِ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کتابیں ہیں | ثابت رکھنے والی | اور | نہ | متفرق ہوئے | وہ لوگ کہ | دیئے گئے تھے | کتاب | مگر | پیچھے اس کے | کہ |

(آیتیں) لکھی ہوئی ہیں ﴿۳﴾ اور اہلِ کتاب جو متفرق (و مختلف) ہوئے ہیں تو دلیلِ واضح کے آنے

جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ﴿۴﴾ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ

| جَآءَتْهُمُ | الْبَيِّنَةُ | وَ | مَآ | اُمِرُوْٓا | اِلَّا | لِيَعْبُدُوا | اللّٰهَ | مُخْلِصِيْنَ | لَهُ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آئی ان کے پاس | دلیل ظاہر | اور | نہیں | حکم کیے گئے | مگر | یہ کہ عبادت کریں | اللہ کی | خالص کرکر | واسطے اسکے |

کے بعد (ہوئے ہیں) ﴿۴﴾ اور اُن کو حکم تو یہی ہوا تھا کہ اخلاصِ عمل کے ساتھ اللہ کی عبادت

الدِّيْنَ ۙ۵ حُنَفَآءَ وَ يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ يُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَ ذٰلِكَ دِيْنُ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الدِّيْنَ | حُنَفَآءَ | وَ | يُقِيْمُوا | الصَّلٰوةَ | وَ | يُؤْتُوا | الزَّكٰوةَ | وَذٰلِكَ | دِيْنُ |
| دین کو | ابراہیم حنیف کی راہ پر | اور | قائم رکھیں | نماز کو | اور | دیں | زکوۃ | اور یہ ہے | دین |

کریں (اور یک سو ہو کر) اور نماز پڑھیں اور زکوۃ دیں اور یہی سچا دین

الْقَيِّمَةِ ۝۵ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَ الْمُشْرِكِيْنَ فِيْ نَارِ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْقَيِّمَةِ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | مِنْ | اَهْلِ | الْكِتٰبِ | وَ | الْمُشْرِكِيْنَ | فِيْ | نَارِ |
| قائم رہنے والے لوگوں کا | بیشک | جو لوگ کہ | کافر ہوئے | سے | اہل | کتاب میں | اور | مشرک ہیں | بیچ | آگ |

ہے ۝۵ جو لوگ کافر ہیں (یعنی) اہلِ کتاب اور مشرک وہ دوزخ کی آگ میں (پڑیں گے اور)

جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ اُولٰٓئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ ۝۶ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جَهَنَّمَ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَا | اُولٰٓئِكَ | هُمْ | شَرُّ | الْبَرِيَّةِ | اِنَّ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا |
| دوزخ کے | ہمیش رہنے والے | بیچ اس کے | یہ لوگ | وہ ہیں | بدتر | خلق کے | بیشک | جو لوگ کہ | ایمان لائے |

ہمیشہ اس میں رہیں گے۔ یہ لوگ سب مخلوق سے بدتر ہیں ۝۶ اور جو لوگ ایمان

وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ۝۷ جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | عَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ | اُولٰٓئِكَ | هُمْ | خَيْرُ | الْبَرِيَّةِ | جَزَآؤُهُمْ | عِنْدَ |
| اور | کام کیے | اچھے | یہ لوگ | وہ ہیں | بہتر | خلق کے | بدلہ ان کا ہے | نزدیک |

لائے اور نیک عمل کرتے رہے وہ تمام خلقت سے بہتر ہیں ۝۷ اُن کا صلہ اُن کے پروردگار

رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَبِّهِمْ | جَنّٰتُ | عَدْنٍ | تَجْرِيْ | مِنْ | تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | خٰلِدِيْنَ | فِيْهَآ | اَبَدًا |
| انکے پروردگار کے | بہشتیں | ہمیش رہنے کی | بہتی ہیں | سے | نیچے اس کے | نہریں | ہمیش رہنے والے | بیچ اس کے | ہمیشہ |

کے ہاں ہمیشہ رہنے کے باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں۔ ابدالآباد ان میں رہیں گے۔

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَ رَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ ۝۸ ع ۸ ۲۳

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَضِيَ | اللّٰهُ | عَنْهُمْ | وَ | رَضُوْا | عَنْهُ | ذٰلِكَ | لِمَنْ | خَشِيَ | رَبَّهٗ |
| راضی ہوا | اللہ | ان سے | اور | راضی ہوئے وہ | اس سے | یہ | واسطے اسکے ہے کہ | ڈرتا ہے | اپنے پروردگار سے |

اللہ ان سے خوش اور وہ اس سے خوش۔ یہ (صلہ) اس کے لیے ہے جو اپنے پروردگار سے ڈرتا ہے ۝۸

ایاتها ۸ ۹۹ سُوْرَةُ الزِّلْزَالِ مَدَنِيَّةٌ ۹۳ رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۝١ وَ اَخْرَجَتِ الْاَرْضُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اِذَا | زُلْزِلَتِ | الْاَرْضُ | زِلْزَالَهَا | وَ | اَخْرَجَتِ | الْاَرْضُ |
| جس وقت | ہلائی جائے گی | زمین | بھونچال اپنے سے | اور | نکال ڈالے گی | زمین |

جب زمین بھونچال سے ہلا دی جائے گی ۝١ اور زمین اپنے (اندر کے) بوجھ نکال ڈالے

اَثْقَالَهَا ۝٢ وَ قَالَ الْاِنْسَانُ مَالَهَا ۝٣ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَثْقَالَهَا | وَ | قَالَ | الْاِنْسَانُ | مَالَهَا | يَوْمَئِذٍ | تُحَدِّثُ |
| بوجھ اپنے | اور | کہے گا | آدمی | کیا ہوا اس کو | اس دن | کہے گی زمین |

گی ۝٢ اور انسان کہے گا کہ اس کو کیا ہوا ہے؟ ۝٣ اس روز وہ اپنے حالات

اَخْبَارَهَا ۝٤ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا ۝٥ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَخْبَارَهَا | بِاَنَّ | رَبَّكَ | اَوْحٰى | لَهَا | يَوْمَئِذٍ | يَّصْدُرُ | النَّاسُ |
| باتیں اپنی | بسبب اسکے کہ | تیرے پروردگار نے | حکم بھیجا | اس کو | اس دن | پھر آویں | لوگ |

بیان کردے گی ۝٤ کیونکہ تمہارے پروردگار نے اس کو حکم بھیجا (ہوگا) ۝٥ اس دن لوگ گروہ گروہ ہوکر آئیں گے

اَشْتَاتًا ۝٥ لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ۝٦ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَشْتَاتًا | لِّيُرَوْا | اَعْمَالَهُمْ | فَمَنْ | يَّعْمَلْ | مِثْقَالَ | ذَرَّةٍ |
| متفرق | تاکہ دکھلائے جائیں | اعمال ان کے | پس جو کوئی | کرے گا | برابر | بھنگے کے |

تاکہ اُن کو ان کے اعمال دکھا دیے جائیں ۝٦ تو جس نے ذرّہ بھر نیکی کی ہوگی

خَيْرًا يَّرَهٗ ۝٧ وَ مَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝٨ ع ۸ ۲۴

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خَيْرًا | يَّرَهٗ | وَ | مَنْ | يَّعْمَلْ | مِثْقَالَ | ذَرَّةٍ | شَرًّا | يَّرَهٗ |
| بھلائی | دیکھ لے گا اس کو | اور | جو کوئی | کرے گا | برابر | بھنگے کے | برائی | دیکھ لے گا اسکو |

وہ اس کو دیکھ لے گا ۝٧ اور جس نے ذرّہ بھر برائی کی ہوگی وہ اُسے دیکھ لے گا ۝٨

ایاتہا ۱۱ ۱۰۰ سُوْرَۃُ الْعٰدِیٰتِ مَکِّیَّۃٌ ۱۴ رکوعہا ۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَ الْعٰدِیٰتِ ضَبْحًا ۝۱ فَالْمُوْرِیٰتِ قَدْحًا ۝۲ فَالْمُغِیْرٰتِ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| وَالْعٰدِیٰتِ | ضَبْحًا | فَالْمُوْرِیٰتِ | قَدْحًا | فَالْمُغِیْرٰتِ |
| قسم ہے دوڑنے والے گھوڑوں کی | ہانپ کر | پھر آگ نکالنے والوں کی | پتھر جھاڑ کر | پھر غارت ڈالنے والوں کی |

اُن سرپٹ دوڑنے والے گھوڑوں کی قسم جو ہانپ اُٹھتے ہیں ۝۱ پھر پتھروں پر (نعل) مار کر آگ نکالتے ہیں ۝۲ پھر صبح کو

صُبْحًا ۝۳ فَاَثَرْنَ بِہٖ نَقْعًا ۝۴ فَوَسَطْنَ بِہٖ جَمْعًا ۝۵ اِنَّ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| صُبْحًا | فَاَثَرْنَ | بِہٖ | نَقْعًا | فَوَسَطْنَ | بِہٖ | جَمْعًا | اِنَّ |
| صبح کو | پس اٹھاتے ہیں | ساتھ اس کے | غبار | پس گھس جاتے ہیں | ساتھ اس کے | فوج میں | بیشک |

چھاپا مارتے ہیں ۝۳ پھر اس میں گرد اُٹھاتے ہیں ۝۴ پھر اس وقت (دشمن کی) فوج میں جا گھستے ہیں ۝۵ کہ انسان

الْاِنْسَانَ لِرَبِّہٖ لَکَنُوْدٌ ۝۶ وَ اِنَّہٗ عَلٰی ذٰلِکَ لَشَہِیْدٌ ۝۷ وَ اِنَّہٗ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الْاِنْسَانَ | لِرَبِّہٖ | لَکَنُوْدٌ | وَ | اِنَّہٗ | عَلٰی | ذٰلِکَ | لَشَہِیْدٌ | وَاِنَّہٗ |
| آدمی | واسطے اپنے رب کے | البتہ ناشکرا ہے | اور | بیشک وہ | اوپر | اس کے | البتہ شاہد ہے | اور وہ |

اپنے پروردگار کا احسان ناشناس (اور ناشکرا) ہے ۝۶ اور وہ اس سے آگاہ بھی ہے ۝۷ وہ تو مال کی

لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ ۝۸ اَفَلَا یَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِی الْقُبُوْرِ ۝۹

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لِحُبِّ | الْخَیْرِ | لَشَدِیْدٌ | اَفَلَا | یَعْلَمُ | اِذَا | بُعْثِرَ | مَا | فِی | الْقُبُوْرِ |
| واسطے محبت | مال کے | البتہ سخت ہے | کیا پس نہیں | جانتا | جب | اٹھایا جائے گا | جو کچھ | بیچ | قبروں کے ہے |

سخت محبت کرنے والا ہے ۝۸ کیا وہ اس وقت کو نہیں جانتا کہ جو (مُردے) قبروں میں ہیں وہ باہر نکال لیے جائیں گے ۝۹

ع ۱/۱۱ ۲۵ وَحُصِّلَ مَا فِی الصُّدُوْرِ ۝۱۰ اِنَّ رَبَّہُمْ بِہِمْ یَوْمَئِذٍ لَّخَبِیْرٌ ۝۱۱

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | حُصِّلَ | مَا | فِی | الصُّدُوْرِ | اِنَّ | رَبَّہُمْ | بِہِمْ | یَوْمَئِذٍ | لَّخَبِیْرٌ |
| اور | حاصل کیا جائے گا | جو کچھ | بیچ | سینوں کے ہے | بیشک | ان کا پروردگار | ساتھ ان کے | اس دن | البتہ خبردار ہے |

اور جو (بھید) دلوں میں ہیں وہ ظاہر کر دیے جائیں گے ۝۱۰ بیشک اُن کا پروردگار اس روز اُن سے خوب واقف ہوگا ۝۱۱

ایاتھا ١١ | ١٠١ سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ مَكِّيَّةٌ ٣٠ | رکوعھا ١

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلْقَارِعَةُ ۙ ① مَا الْقَارِعَةُ ۚ ② وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُ ۗ ③

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَلْقَارِعَةُ | مَا | الْقَارِعَةُ | وَ | مَآ | اَدْرٰىكَ | مَا | الْقَارِعَةُ |
| ٹھوکنے والی | کیا ہے | ٹھوکنے والی | اور | کیا | سمجھا تو | کیا ہے | ٹھوکنے والی |

کھڑکھڑانے والی (١) کھڑکھڑانے والی کیا ہے؟ (٢) اور تم کیا جانو کہ کھڑکھڑانے والی کیا ہے؟ (٣)

يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ ۙ ④ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| يَوْمَ | يَكُوْنُ | النَّاسُ | كَالْفَرَاشِ | الْمَبْثُوْثِ | وَ | تَكُوْنُ | الْجِبَالُ |
| جس دن | ہو جائیں گے | آدمی | مانند ٹڈیوں | پراگندہ کے | اور | ہو جائیں گے | پہاڑ |

(وہ قیامت ہے) جس دن لوگ ایسے ہوں گے جیسے بکھرے ہوئے پتنگے (٤) اور پہاڑ ایسے ہو جائیں گے

كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ ۗ ⑤ فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ۙ ⑥ فَهُوَ فِيْ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| كَالْعِهْنِ | الْمَنْفُوْشِ | فَاَمَّا مَنْ | ثَقُلَتْ | مَوَازِيْنُهٗ | فَهُوَ | فِيْ |
| مانند پشم | دھنی ہوئی کے | جس کی | بھاری ہوئی | تول اس کی | پس وہ | بیچ |

جیسے دُھنکی ہوئی رنگ برنگ کی اُون (٥) تو جس کے (اعمال کے) وزن بھاری نکلیں گے (٦) وہ دل پسند

عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۗ ⑦ وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ ۙ ⑧ فَاُمُّهٗ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| عِيْشَةٍ | رَّاضِيَةٍ | وَ | اَمَّا مَنْ | خَفَّتْ | مَوَازِيْنُهٗ | فَاُمُّهٗ |
| زندگانی | خوش کے | اور | جس کی | ہلکی ہوئی | تول اس کی | پس جگہ اس کی |

عیش میں ہو گا (٧) اور جس کے وزن ہلکے نکلیں گے (٨) اس کا مرجع

هَاوِيَةٌ ۗ ⑨ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَاهِيَهْ ۗ ⑩ نَارٌ حَامِيَةٌ ⑪ ع ١١/٢٦

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| هَاوِيَةٌ | وَمَآ | اَدْرٰىكَ | مَاهِيَهْ | نَارٌ | حَامِيَةٌ |
| ہاویہ ہے | اور کیا | خبر ہے تجھ کو | کیا ہے وہ | آگ ہے | دہکتی ہوئی |

ہاویہ ہے (٩) اور تم کیا سمجھے کہ ہاویہ کیا چیز ہے؟ (١٠) (وہ) دہکتی ہوئی آگ ہے (١١)

## اٰیاتها ۸ — ۱۰۲ سُوْرَةُ التَّكَاثُرِ مَكِّيَّةٌ ۱۶ — رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلْهٰىكُمُ التَّكَاثُرُ ﴿۱﴾ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ﴿۲﴾ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳﴾ ثُمَّ كَلَّا

| اَلْهٰىكُمُ | التَّكَاثُرُ | حَتّٰى | زُرْتُمُ | الْمَقَابِرَ | كَلَّا | سَوْفَ | تَعْلَمُوْنَ | ثُمَّ | كَلَّا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غافل کیا تم کو | چاہ بہتات کی نے | یہاں تک کہ | ملو تم | قبروں سے | ہرگز نہیں یوں | البتہ | جانو گے تم | پھر | ہرگز نہیں یوں |

(لوگو) تم کو (مال کی) بہت سی طلب نے غافل کر دیا ﴿۱﴾ یہاں تک کہ تم نے قبریں جا دیکھیں ﴿۲﴾ دیکھو تمہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا ﴿۳﴾ پھر

سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۴﴾ كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ﴿۵﴾ لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ﴿۶﴾

| سَوْفَ | تَعْلَمُوْنَ | كَلَّا | لَوْ | تَعْلَمُوْنَ | عِلْمَ | الْيَقِيْنِ | لَتَرَوُنَّ | الْجَحِيْمَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عنقریب | جان لو گے تم | ہرگز نہیں یوں | کاش کہ | جانو تم | جاننا | یقین کا | البتہ دیکھو گے تم | دوزخ کو |

دیکھو تمہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا ﴿۴﴾ دیکھو اگر تم جانتے (یعنی) علم الیقین (رکھتے تو غفلت نہ کرتے) ﴿۵﴾ تم ضرور دوزخ کو دیکھو گے ﴿۶﴾

ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ ﴿۷﴾ ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ﴿۸﴾ ع ۸ ۲۷

| ثُمَّ | لَتَرَوُنَّهَا | عَيْنَ | الْيَقِيْنِ | ثُمَّ | لَتُسْـَٔلُنَّ | يَوْمَئِذٍ | عَنِ | النَّعِيْمِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پھر | البتہ دیکھو گے تم اس کو | دیکھنا | یقین کا | پھر | البتہ پوچھے جاؤ گے تم | اس دن | سے | نعمتوں |

پھر اس کو (ایسا) دیکھو گے (کہ) عین الیقین (آ جائے گا) ﴿۷﴾ پھر اُس روز تم سے (شکرِ) نعمت کے بارے میں پُرسش ہوگی؟ ﴿۸﴾

## اٰیاتها ۳ — ۱۰۳ سُوْرَةُ الْعَصْرِ مَكِّيَّةٌ ۱۳ — رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَالْعَصْرِ ﴿۱﴾ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ﴿۲﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

| وَالْعَصْرِ | اِنَّ | الْاِنْسَانَ | لَفِيْ | خُسْرٍ | اِلَّا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَ | عَمِلُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قسم ہے عصر کی | بیشک | آدمی | البتہ بیچ | ٹوٹے کے ہے | مگر | جو لوگ کہ | ایمان لائے | اور | کام کیے |

عصر کی قسم ﴿۱﴾ کہ انسان نقصان میں ہے ﴿۲﴾ مگر وہ لوگ جو ایمان لائے اور نیک عمل

الصّٰلِحٰتِ وَ تَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ۵ وَ تَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۳ ع ١/٢٨

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| الصّٰلِحٰتِ | وَ | تَوَاصَوْا | بِالْحَقِّ | وَ | تَوَاصَوْا | بِالصَّبْرِ |
| اچھے | اور | ایک دوسرے کونصیحت کرتے ہیں | ساتھ حق کے | اور | ایک دوسرے کونصیحت کرتے ہیں | ساتھ صبر کے |

کرتے رہے اور آپس میں حق (بات) کی تلقین اور صبر کی تاکید کرتے رہے ۳

اٰیاتھا ٩ ١٠٤ سُوْرَۃُ الْھُمَزَۃِ مَکِّیَّۃٌ ٣٢ رکوعھا ١

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَیْلٌ لِّکُلِّ ھُمَزَۃٍ لُّمَزَۃِۣ ۙ١ الَّذِیْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَہٗ ۙ٢

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| وَیْلٌ | لِّکُلِّ | ھُمَزَۃٍ | لُّمَزَۃِۣ | الَّذِیْ | جَمَعَ | مَالًا | وَّعَدَّدَہٗ |
| خرابی ہے | واسطے ہر | طعنہ دینے والے | غیبت کرنیوالے کے | جس نے | اکٹھا کیا | مال | اور گنا اس کو |

ہر طعن آمیز اشارتیں کرنے والے چغل خور کی خرابی ہے ١ جو مال جمع کرتا اور اُس کو گن گن کر رکھتا ہے ٢

یَحْسَبُ اَنَّ مَالَہٗٓ اَخْلَدَہٗ ۚ٣ کَلَّا لَیُنْۢبَذَنَّ فِی الْحُطَمَۃِ ۖ٤

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| یَحْسَبُ | اَنَّ | مَالَہٗٓ | اَخْلَدَہٗ | کَلَّا | لَیُنْۢبَذَنَّ | فِی | الْحُطَمَۃِ |
| جانتا ہے | یہ کہ | مال اس کا | ہمیشہ رہے گا | ہرگزنہیں یوں | البتہ ڈالے جائیں گے | بیچ | حطمہ کے |

اور خیال کرتا ہے کہ اس کا مال اس کی ہمیشہ کی زندگی کا موجب ہوگا ٣ ہرگز نہیں وہ ضرور حطمہ میں ڈالا جائے گا ٤

وَمَآ اَدْرٰىکَ مَا الْحُطَمَۃُ ۭ٥ نَارُ اللّٰہِ الْمُوْقَدَۃُ ۙ٦ الَّتِیْ تَطَّلِعُ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَمَآ | اَدْرٰىکَ | مَا | الْحُطَمَۃُ | نَارُ | اللّٰہِ | الْمُوْقَدَۃُ | الَّتِیْ | تَطَّلِعُ |
| اور کیا | جانے تو | کیا ہے | حطمہ | آگ ہے | اللہ کی | سلگائی ہوئی | وہ جو | چڑھ آتی ہے |

اور تم کیا سمجھے کہ حطمہ کیا ہے ٥ وہ اللہ کی بھڑکائی ہوئی آگ ہے ٦ جو دلوں پر جا

عَلَی الْاَفْـِٕدَۃِ ۭ٧ اِنَّھَا عَلَیْھِمْ مُّؤْصَدَۃٌ ۙ٨ فِیْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَۃٍ ٩ ع ١/٢٩

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عَلَی | الْاَفْـِٕدَۃِ | اِنَّھَا | عَلَیْھِمْ | مُّؤْصَدَۃٌ | فِیْ | عَمَدٍ | مُّمَدَّدَۃٍ |
| اوپر | دلوں کے | بیشک وہ | اوپران کے | بندکردی گئی ہے | بیچ | ستونوں | کھچے ہوؤں کے |

لپٹے گی ٧ (اور) وہ اس میں بند کر دیے جائیں گے ٨ یعنی (آگ کے) لمبے لمبے ستونوں میں ٩

## اٰیاتها ۵ ۱۰۵ سُوْرَةُ الْفِيْلِ مَكِّيَّةٌ ۱۹ رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ؕ۝۱ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ

| اَلَمْ | تَرَ | كَيْفَ | فَعَلَ | رَبُّكَ | بِاَصْحٰبِ | الْفِيْلِ | اَلَمْ | يَجْعَلْ | كَيْدَهُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کیا نہیں | دیکھا تو نے | کیوں کر | کیا | رب تیرے نے | ساتھ اصحاب | فیل کے | کیا نہیں | کر دیا | ان کے مکر کو |

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ تمہارے پروردگار نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا کیا ۝۱ کیا اُن کا داؤں غلط

فِيْ تَضْلِيْلٍ ۙ۝۲ وَّ اَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۙ۝۳ تَرْمِيْهِمْ

| فِيْ | تَضْلِيْلٍ | وَّ | اَرْسَلَ | عَلَيْهِمْ | طَيْرًا | اَبَابِيْلَ | تَرْمِيْهِمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیچ | گمراہی کے | اور | بھیجے | اوپر ان کے | پرند جانور | ٹکڑیاں ٹکڑیاں | پھینکتے تھے ان پر |

نہیں کیا؟ ۝۲ (کیا) اور ان پر جھلڑ کے جھلڑ جانور بھیجے ۝۳ جو اُن پر کنکر کی



بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ۙ۝۴ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۝۵ ع

| بِحِجَارَةٍ | مِّنْ | سِجِّيْلٍ | فَجَعَلَهُمْ | كَعَصْفٍ | مَّاْكُوْلٍ |
|---|---|---|---|---|---|
| پتھر | سے | کنکر کے | پس کر دیا ان کو | مانند بھس | کھائے ہوئے کے |

پتھریاں پھینکتے تھے ۝۴ تو ان کو ایسا کر دیا جیسے کھایا ہوا بھس ۝۵

## اٰیاتها ۴ ۱۰۶ سُوْرَةُ قُرَيْشٍ مَّكِّيَّةٌ ۲۹ رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۙ۝۱ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۚ۝۲ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ

| لِاِيْلٰفِ | قُرَيْشٍ | اٖلٰفِهِمْ | رِحْلَةَ | الشِّتَآءِ | وَالصَّيْفِ | فَلْيَعْبُدُوْا | رَبَّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے الفت دلانے | قریش کے | واسطے الفت دلانے انکے | آتے ہیں | بیچ جاڑوں کے | اور گرمی کے | پس چاہیے کہ عبادت کریں | پروردگار کی |

قریش کے مانوس کرنے کے سبب ۝۱ (یعنی) اُن کو جاڑے اور گرمی کے سفر سے مانوس کرنے کے سبب ۝۲ (لوگوں کو)

هٰذَا الْبَيْتِ ۝۳ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ۵ وَّ اٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝۴ ع

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| هٰذَا | الْبَيْتِ | الَّذِيْٓ | اَطْعَمَهُمْ | مِّنْ | جُوْعٍ | وَّ | اٰمَنَهُمْ | مِّنْ | خَوْفٍ |
| اس | گھر کے | جس نے | کھلایا ان کو | سے | بھوک | اور | امن دیا ان کو | سے | ڈر |

چاہیے کہ (اس نعمت کے شکر میں) اس گھر کے مالک کی عبادت کریں ۝۳ جس نے اُن کو بھوک میں کھانا کھلایا اور خوف سے امن بخشا ۝۴

اٰیاتھا ۷ ۔۔۔ ۱۰۷ سُوْرَۃُ الْمَاعُوْنِ مَكِّيَّةٌ ۱۷ ۔۔۔ رکوعھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ ۝۱ فَذٰلِكَ الَّذِيْ يَدُعُّ الْيَتِيْمَ ۝۲

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اَرَءَيْتَ | الَّذِيْ | يُكَذِّبُ | بِالدِّيْنِ | فَذٰلِكَ | الَّذِيْ | يَدُعُّ | الْيَتِيْمَ |
| کیا دیکھا تو نے | اس کو جو کہ | جھٹلاتا ہے | جزا کے دن کو | پس یہ | وہ شخص ہے جو | دھکے دیتا ہے | یتیم کو |

بھلا تم نے اُس شخص کو دیکھا جو (روزِ) جزا کو جھٹلاتا ہے ۝۱ یہ وہی (بدبخت) ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے ۝۲

وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ۝۳ فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ۝۴

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| وَ | لَا | يَحُضُّ | عَلٰى | طَعَامِ | الْمِسْكِيْنِ | فَوَيْلٌ | لِّلْمُصَلِّيْنَ |
| اور | نہیں | رغبت دلاتا | اوپر | کھانا دینے | فقیر کو | پس خرابی ہے | واسطے ان نمازیوں کے |

اور فقیر کو کھانا کھلانے کے لیے (لوگوں کو) ترغیب نہیں دیتا ۝۳ تو ایسے نمازیوں کے لیے خرابی ہے ۝۴

الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ۝۵ الَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ ۝۶

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| الَّذِيْنَ | هُمْ | عَنْ | صَلَاتِهِمْ | سَاهُوْنَ | الَّذِيْنَ | هُمْ | يُرَآءُوْنَ |
| وہ جو | وہ | سے | اپنی نمازوں | بے خبر ہیں | وہ جو | وہ | دکھلاتے ہیں لوگوں کو |

جو نماز کی طرف سے غافل رہتے ہیں ۝۵ جو ریاکاری کرتے ہیں ۝۶

وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۝۷ ع

| | |
|---|---|
| وَيَمْنَعُوْنَ | الْمَاعُوْنَ |
| اور منع کرتے ہیں | برتنے کی چیز سے |

اور برتنے کی چیزیں عاریت نہیں دیتے ۝۷

ایاتها ۳ ۱۰۸ سُوْرَةُ الْکَوْثَرِ مَکِّیَّةٌ ۱۵ رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ ۝۱ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ ۝۲ اِنَّ شَانِئَکَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝۳ ع ۲۲

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنَّآ | اَعْطَیْنٰکَ | الْکَوْثَرَ | فَصَلِّ | لِرَبِّکَ | وَانْحَرْ | اِنَّ | شَانِئَکَ | هُوَ | الْاَبْتَرُ |
| بیشک | دی ہم نے تجھ کو | کوثر | پس نماز پڑھ | واسطے اپنے رب کے | اور قربانی کر | بیشک | دشمن تیرا | وہی ہے | بے نسل |

(اے محمد ﷺ) ہم نے تم کو کوثر عطا فرمائی ہے ۝۱ تو اپنے پروردگار کے لیے نماز پڑھا کرو اور قربانی کیا کرو ۝۲ کچھ شک نہیں کہ تمہارا دشمن ہی بے اولاد رہے گا ۝۳

ایاتها ۶ ۱۰۹ سُوْرَةُ الْکٰفِرُوْنَ مَکِّیَّةٌ ۱۸ رکوعها ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ ۝۱ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝۲ وَ لَآ اَنْتُمْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلْ | یٰۤاَیُّهَا | الْکٰفِرُوْنَ | لَآ | اَعْبُدُ | مَا | تَعْبُدُوْنَ | وَ | لَآ | اَنْتُمْ |
| کہہ | اے | کافرو | نہیں | عبادت کرتا میں | اس چیز کی کہ | تم عبادت کرتے ہو | اور | نہیں | تم |

(اے پیغمبر ان منکرانِ اسلام سے) کہہ دو کہ اے کافرو ۝۱ جن (بتوں) کو تم پوجتے ہو ان کو میں نہیں پوجتا ۝۲ اور جس (اللہ) کی میں عبادت

عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝۳ وَ لَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝۴ وَ لَآ

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عٰبِدُوْنَ | مَآ | اَعْبُدُ | وَ | لَآ | اَنَا | عَابِدٌ | مَّا | عَبَدْتُّمْ | وَ | لَآ |
| عبادت کرتے | جس کی | میں عبادت کرتا ہوں | اور | نہیں | میں | عبادت کرنیوالا | جس کی | تم عبادت کرتے ہو | اور | نہیں |

کرتا ہوں اس کی تم عبادت نہیں کرتے ۝۳ اور (میں پھر کہتا ہوں کہ) جن کی تم پرستش کرتے ہو ان کی میں پرستش کرنے والا نہیں ہوں ۝۴ اور نہ

اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝۵ لَکُمْ دِیْنُکُمْ وَلِیَ دِیْنِ ۝۶ ع ۲۳

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَنْتُمْ | عٰبِدُوْنَ | مَآ | اَعْبُدُ | لَکُمْ | دِیْنُکُمْ | وَلِیَ | دِیْنِ |
| تم | عبادت کرنے والے | جس کی | میں عبادت کرتا ہوں | واسطے تمہارے | دین تمہارا | اور واسطے میرے | دین میرا |

تم اس کی بندگی کرنے والے (معلوم ہوتے) ہو جس کی میں بندگی کرتا ہوں ۝۵ تم اپنے دین پر میں اپنے دین پر ۝۶

## ایاتها ۳ ۱۱۰ سُوْرَةُ النَّصْرِ مَدَنِيَّةٌ ۱۱۴ رکوعها ۱

### بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝۱ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ

| اِذَا | جَآءَ | نَصْرُ | اللّٰهِ | وَالْفَتْحُ | وَ | رَاَيْتَ | النَّاسَ | يَدْخُلُوْنَ | فِيْ | دِيْنِ | اللّٰهِ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جب | آئے | مدد | اللہ کی | اور فتح | اور | دیکھے تو | لوگوں کو | داخل ہوتے ہیں | بیچ | دین | اللہ کے |

جب اللہ کی مدد آ پہنچی اور فتح (حاصل ہو گئی) ۝۱ اور تم نے دیکھ لیا کہ لوگ غول کے غول اللہ کے دین میں داخل ہو رہے

اَفْوَاجًا ۝۲ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۚ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝۳ ع

ع ۳۵/۳ ۱ وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

| اَفْوَاجًا | فَسَبِّحْ | بِحَمْدِ | رَبِّكَ | وَاسْتَغْفِرْهُ | اِنَّهٗ | كَانَ | تَوَّابًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فوج در فوج | پس پاکی بیان کر | ساتھ تعریف | اپنے پروردگار کے | اور بخشش مانگ اس سے | بیشک وہ | ہے | پھر آنے والا |

ہیں ۝۲ تو اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرو اور اس سے مغفرت مانگو۔ بیشک وہ معاف کرنے والا ہے ۝۳

## ایاتها ۵ ۱۱۱ سُوْرَةُ اللَّهَبِ مَكِّيَّةٌ ۶ رکوعها ۱

### بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۝۱ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا

| تَبَّتْ | يَدَآ | اَبِيْ | لَهَبٍ | وَّ | تَبَّ | مَآ | اَغْنٰى | عَنْهُ | مَالُهٗ | وَ | مَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ہلاک ہوں | ہاتھ | ابو | لہب کے | اور | ہلاک ہو وہ | نہ | کفایت کیا | اس کو | اس کے مال نے | اور | جو کچھ |

ابولہب کے ہاتھ ٹوٹیں اور وہ ہلاک ہو ۝۱ نہ اس کا مال ہی اس کے کچھ کام آیا اور نہ وہ

كَسَبَ ۝۲ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۝۳ وَّامْرَاَتُهٗ

| كَسَبَ | سَيَصْلٰى | نَارًا | ذَاتَ لَهَبٍ | وَّامْرَاَتُهٗ |
|---|---|---|---|---|
| کمایا تھا | عنقریب داخل ہوگا | آگ | شعلہ والی میں | اور جورو اس کی |

جو اس نے کمایا ۝۲ وہ جلد بھڑکتی ہوئی آگ میں داخل ہو گا ۝۳ اور اس کی جورو بھی

حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۝۴ فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝۵ ع

| حَمَّالَةَ | الْحَطَبِ | فِيْ | جِيْدِهَا | حَبْلٌ | مِّنْ | مَّسَدٍ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اٹھانے والی ہے | لکڑیوں کی | بیچ | اس کی گردن کے | رسی ہے | سے | پوست کھجور کی |

جو ایندھن سر پر اُٹھائے پھرتی ہے۴ اُس کے گلے میں مونج کی رسّی ہو گی۵

## ایاتھا ۴ ۱۱۲ سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ ۲۲ رکوعھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝۱ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝۲ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝۳

| قُلْ | هُوَ | اللّٰهُ | اَحَدٌ | اَللّٰهُ | الصَّمَدُ | لَمْ | يَلِدْ | وَ | لَمْ | يُوْلَدْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہہ | وہ | اللہ | ایک ہے | اللہ | بے احتیاج ہے | نہیں | جنا اس نے | اور | نہ | وہ جنا گیا |

کہو کہ وہ (ذات پاک جس کا نام) اللہ (ہے) ایک ہے۱ (وہ) معبود برحق بے نیاز ہے۲ نہ کسی کا باپ ہے اور نہ کسی کا بیٹا۳

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝۴ ع

| وَلَمْ | يَكُنْ | لَّهٗ | كُفُوًا | اَحَدٌ |
|---|---|---|---|---|
| اور نہیں | ہے | واسطے اسکے | برابری کرنیوالا | کوئی |

اور کوئی اس کا ہمسر نہیں۴

## ایاتھا ۵ ۱۱۳ سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَكِّيَّةٌ ۲۰ رکوعھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝۱ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝۲ وَمِنْ شَرِّ

| قُلْ | اَعُوْذُ | بِرَبِّ | الْفَلَقِ | مِنْ | شَرِّ | مَا | خَلَقَ | وَ | مِنْ | شَرِّ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کہہ | میں پناہ مانگتا ہوں | ساتھ پروردگار | صبح کے | سے | برائی | اس چیز کی کہ | پیدا کیا ہے | اور | سے | برائی |

کہو کہ میں صبح کے مالک کی پناہ مانگتا ہوں۱ ہر چیز کی برائی سے جو اس نے پیدا کی۲ اور شب تاریک

غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ﴿۳﴾ وَ مِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ﴿۴﴾ وَمِنْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غَاسِقٍ | اِذَا | وَقَبَ | وَ | مِنْ | شَرِّ | النَّفّٰثٰتِ | فِي | الْعُقَدِ | وَمِنْ |
| اندھیرا کرنے والی کی | جس وقت | چھپ جائے | اور | سے | برائی | پھونکنے والیوں کی | بیچ | گرہوں کے | اور سے |

کی برائی سے جب اس کا اندھیرا چھا جائے ﴿۳﴾ اور گنڈوں پر (پڑھ پڑھ کر) پھونکنے والیوں کی برائی سے ﴿۴﴾ اور حسد

شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾ ع ۵/۳۸

| | | | |
|---|---|---|---|
| شَرِّ | حَاسِدٍ | اِذَا | حَسَدَ |
| برائی | حسد کرنے والی کی | جب | حسد کرے |

کرنے والے کی برائی سے جب حسد کرنے لگے ﴿۵﴾

اٰیاتھا ۶ ۱۱۴ سُوْرَةُ النَّاسِ مَكِّيَّةٌ ۲۱ رکوعھا ۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِ ﴿۲﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ﴿۳﴾ مِنْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قُلْ | اَعُوْذُ | بِرَبِّ | النَّاسِ | مَلِكِ | النَّاسِ | اِلٰهِ | النَّاسِ | مِنْ |
| کہہ | میں پناہ پکڑتا ہوں | ساتھ پروردگار | لوگوں کے | بادشاہ | لوگوں کے | معبود | لوگوں کے | سے |

کہو کہ میں لوگوں کے پروردگار کی پناہ مانگتا ہوں ﴿۱﴾ (یعنی) لوگوں کے حقیقی بادشاہ کی ﴿۲﴾ لوگوں کے معبود برحق کی ﴿۳﴾ (شیطان) وسوسہ

شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ﴿۴﴾ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شَرِّ | الْوَسْوَاسِ | الْخَنَّاسِ | الَّذِيْ | يُوَسْوِسُ | فِيْ | صُدُوْرِ |
| برائی | وسوسہ ڈالنے والے کی | پیچھے ہٹ جانیوالے کی سے | وہ جو | وسوسہ ڈالتا ہے | بیچ | سینوں |

انداز کی برائی سے جو (اللہ کا نام سن کر) پیچھے ہٹ جاتا ہے ﴿۴﴾ جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے

النَّاسِ ﴿۵﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾ ع ۶/۳۹

| | | | |
|---|---|---|---|
| النَّاسِ | مِنَ | الْجِنَّةِ | وَالنَّاسِ |
| لوگوں کے | سے | جنوں میں | اور انسانوں میں |

ڈالتا ہے ﴿۵﴾ خواہ (وہ) جنات سے (ہو) یا انسانوں میں سے ﴿۶﴾

# دُعَاءُ خَتْمِ الْقُرْاٰنِ

اَللّٰهُمَّ اٰنِسْ وَحْشَتِيْ فِيْ قَبْرِيْ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَاجْعَلْهُ لِيْ اِمَامًا وَّنُوْرًا وَّهُدًى وَّرَحْمَةً اَللّٰهُمَّ ذَكِّرْنِيْ مِنْهُ مَا نَسِيْتُ وَعَلِّمْنِيْ مِنْهُ مَا جَهِلْتُ وَارْزُقْنِيْ تِلَاوَتَهٗ اٰنَآءَ الَّيْلِ وَاٰنَآءَ النَّهَارِ وَاجْعَلْهُ لِيْ حُجَّةً يَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اٰمِيْنَ

صَدَقَ اللّٰهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ وَصَدَقَ رَسُوْلُهُ النَّبِيُّ الْكَرِيْمُ ۝ وَنَحْنُ عَلٰى ذٰلِكَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ۝ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّآ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا بِكُلِّ حَرْفٍ مِّنَ الْقُرْاٰنِ حَلَاوَةً وَّبِكُلِّ جُزْءٍ مِّنَ الْقُرْاٰنِ جَزَآءً. اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا بِالْاَلِفِ اُلْفَةً وَّبِالْبَآءِ بَرَكَةً وَّبِالتَّآءِ تَوْبَةً وَّبِالثَّآءِ ثَوَابًا وَّبِالْجِيْمِ جَمَالًا وَّبِالْحَآءِ حِكْمَةً وَّبِالْخَآءِ خَيْرًا وَّبِالدَّالِ دَلِيْلًا وَّبِالذَّالِ ذَكَآءً وَّبِالرَّآءِ رَحْمَةً وَّبِالزَّآءِ زَكٰوةً وَّبِالسِّيْنِ سَعَادَةً وَّبِالشِّيْنِ شِفَآءً وَّبِالصَّادِ صِدْقًا وَّبِالضَّادِ ضِيَآءً وَّبِالطَّآءِ طَرَاوَةً وَّبِالظَّآءِ ظَفَرًا وَّبِالْعَيْنِ عِلْمًا وَّبِالْغَيْنِ غِنًى وَّبِالْفَآءِ فَلَاحًا وَّبِالْقَافِ قُرْبَةً وَّبِالْكَافِ كَرَامَةً وَّبِاللَّامِ لُطْفًا وَّبِالْمِيْمِ مَوْعِظَةً وَّبِالنُّوْنِ نُوْرًا وَّبِالْوَاوِ وُصْلَةً وَّبِالْهَآءِ هِدَايَةً وَّبِالْيَآءِ يَقِيْنًا.

اَللّٰهُمَّ انْفَعْنَا بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ ۝ وَارْفَعْنَا بِالْاٰيٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ۝ وَتَقَبَّلْ مِنَّا قِرَآءَتَنَا وَتَجَاوَزْ عَنَّا مَا كَانَ فِيْ تِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ مِنْ خَطَاٍ اَوْ نِسْيَانٍ اَوْ تَحْرِيْفِ كَلِمَةٍ عَنْ مَّوَاضِعِهَآ اَوْ تَقْدِيْمٍ اَوْ تَاْخِيْرٍ اَوْ زِيَادَةٍ اَوْ نُقْصَانٍ اَوْ تَاْوِيْلٍ عَلٰى غَيْرِ مَآ اَنْزَلْتَهٗ عَلَيْهِ اَوْ رَيْبٍ اَوْ شَكٍّ اَوْ سَهْوٍ اَوْ سُوْءِ الْحَانٍ اَوْ تَعْجِيْلٍ عِنْدَ تِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ اَوْ كَسَلٍ اَوْ سُرْعَةٍ اَوْ زَيْغِ لِسَانٍ اَوْ وَقْفٍ بِغَيْرِ وُقُوْفٍ اَوْ اِدْغَامٍ بِغَيْرِ مُدْغَمٍ اَوْ اِظْهَارٍ بِغَيْرِ بَيَانٍ اَوْ مَدٍّ اَوْ تَشْدِيْدٍ اَوْ هَمْزَةٍ اَوْ جَزْمٍ اَوْ اِعْرَابٍ بِغَيْرِ مَا كَتَبَهٗ اَوْ قِلَّةِ رَغْبَةٍ وَّرَهْبَةٍ عِنْدَ اٰيٰتِ الرَّحْمَةِ وَاٰيٰتِ الْعَذَابِ فَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا وَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِيْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ قُلُوْبَنَا بِالْقُرْاٰنِ وَزَيِّنْ اَخْلَاقَنَا بِالْقُرْاٰنِ وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ بِالْقُرْاٰنِ وَاَدْخِلْنَا فِي الْجَنَّةِ بِالْقُرْاٰنِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلِ الْقُرْاٰنَ لَنَا فِي الدُّنْيَا قَرِيْنًا وَّفِي الْقَبْرِ مُوْنِسًا وَّعَلَى الصِّرَاطِ نُوْرًا وَّفِي الْجَنَّةِ رَفِيْقًا وَّمِنَ النَّارِ سِتْرًا وَّحِجَابًا وَّاِلَى الْخَيْرَاتِ كُلِّهَا دَلِيْلًا فَاكْتُبْنَا عَلَى التَّمَامِ وَارْزُقْنَآ اَدَآءً بِالْقَلْبِ وَاللِّسَانِ وَحُبِّ الْخَيْرِ وَالسَّعَادَةِ وَالْبَشَارَةِ مِنَ الْاِيْمَانِ ۝ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ مَّظْهَرِ لُطْفِهٖ وَنُوْرِ عَرْشِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا ۝

# رُمُوزِ اَوقَافِ قرآنِ مجید

ہر ایک زبان کے اہل زبان جب گفتگو کرتے ہیں تو کہیں ٹھہر جاتے ہیں کہیں نہیں ٹھہرتے۔ کہیں کم ٹھہرتے ہیں کہیں زیادہ۔ اور اس ٹھہرنے اور نہ ٹھہرنے کو بات کے صحیح بیان کرنے اور اس کا صحیح مطلب سمجھنے میں بہت دخل ہے۔ قرآن مجید کی عبارت بھی گفتگو کے انداز میں واقع ہوئی ہے۔ اسی لئے اہل علم نے اس کے ٹھہرنے نہ ٹھہرنے کی علامتیں مقرر کردی ہیں جن کو رموزِ اوقافِ قرآنِ مجید کہتے ہیں۔ ضروری ہے کہ قرآن مجید کی تلاوت کرنے والے ان رموز کو ملحوظ رکھیں اور وہ یہ ہیں۔

○ جہاں بات پوری ہوجاتی ہے، وہاں چھوٹا سا دائرہ لکھ دیتے ہیں۔ یہ حقیقت میں گول ت ہے جو بہ صورت ۃ لکھی جاتی ہے۔ اور یہ وقف تام کی علامت ہے۔ یعنی اس پر ٹھہرنا چاہئے۔

اب ۃ تو نہیں لکھی جاتی چھوٹا سا حلقہ ڈال دیا جاتا ہے۔ اس کو آیت کہتے ہیں۔

مـ یہ علامت وقف لازم کی ہے۔ اس پر ضرور ٹھہرنا چاہیئے۔ اگر نہ ٹھہرا جائے تو احتمال ہے کہ مطلب کچھ کا کچھ ہو جائے۔ اس کی مثال اردو میں یوں سمجھنی چاہئے کہ مثلاً کسی کو یہ کہنا ہو کہ۔ اٹھو۔ مت بیٹھو جس میں اٹھنے کا امر اور بیٹھنے کی نہی ہے۔ تو اٹھو پر ٹھہرنا لازم ہے۔ اگر ٹھہرا نہ جائے تو اٹھو مت۔ بیٹھو ہو جائے گا۔ جس میں اٹھنے کی نہی اور بیٹھنے کے امر کا احتمال ہے۔ اور یہ قائل کے مطلب کے خلاف ہو جائیگا۔

ط وقف مطلق کی علامت ہے۔ اس پر ٹھہرنا چاہیئے۔ مگر یہ علامت وہاں ہوتی ہے جہاں مطلب تمام نہیں ہوتا۔ اور بات کہنے والا ابھی کچھ اور کہنا چاہتا ہے۔

ج وقف جائز کی علامت ہے۔ یہاں ٹھہرنا بہتر اور نہ ٹھہرنا جائز ہے۔

ز علامت وقفِ مجوّز کی ہے۔ یہاں نہ ٹھہرنا بہتر ہے۔

ص علامت وقف مرخّص کی ہے۔ یہاں ملا کر پڑھنا چاہیئے۔ لیکن اگر کوئی تھک کر ٹھہر جائے تو رخصت ہے۔ معلوم رہے کہ ص پر ملا کر پڑھنا ز کی نسبت زیادہ ترجیح رکھتا ہے۔

صلے الوصل اولیٰ کا اختصار ہے۔ یہاں ملا کر پڑھنا بہتر ہے۔

ق قیل علیہ الوقف کا خلاصہ ہے۔ یہاں ٹھہرنا نہیں چاہیئے۔

صِلْ قد یوصل کی علامت ہے۔ یعنی یہاں کبھی ٹھہرا بھی جاتا ہے۔ کبھی نہیں۔ لیکن ٹھہرنا بہتر ہے۔

قِفْ یہ لفظ قِف ہے۔ جس کے معنی ہیں ٹھہر جاؤ۔ اور یہ علامت وہاں استعمال کی جاتی ہے جہاں پڑھنے والے کے ملا کر پڑھنے کا احتمال ہو۔

س س یا سکتہ سکتے کی علامت ہے۔ یہاں کسی قدر ٹھہر جانا چاہیئے مگر سانس نہ ٹوٹنے پائے۔

وقفة لمبے سکتے کی علامت ہے۔ یہاں سکتے کی نسبت زیادہ ٹھہرنا چاہیئے۔ لیکن سانس نہ توڑے۔ سکتے اور وقفے میں یہ فرق ہے کہ سکتے میں کم ٹھہرنا ہوتا ہے۔ وقفے میں زیادہ۔

لا لا کے معنی نہیں کے ہیں یہ علامت کہیں آیت کے اوپر استعمال کی جاتی ہے۔ اور کہیں عبارت کے اندر۔ عبارت کے اندر ہو تو ہرگز نہیں ٹھہرنا چاہیئے۔ آیت کے اوپر ہو تو اختلاف ہے۔ بعض کے نزدیک ٹھہر جانا چاہیئے۔ بعض کے نزدیک نہ ٹھہرنا چاہیئے۔ لیکن ٹھہرا جائے یا نہ ٹھہرا جائے اس سے مطلب میں خلل واقع نہیں ہوتا۔ وقف اسی جگہ نہیں چاہیئے جہاں عبارت کے اندر لکھا ہو۔

ك کذٰلک کی علامت ہے، یعنی جو رمز پہلے ہے وہی یہاں سمجھی جائے۔

∴ ∴ اگر کوئی عبارت تین تین نقطوں کے درمیان گھری ہوئی ہو تو پڑھنے والے کو اختیار ہے کہ پہلے تین نقطوں پر وقف کرکے دوسرے تین نقطوں پر وصل کرے یا پہلے تین نقطوں پر وصل کرکے دوسرے تین نقطوں پر وقف کرے اس قسم کی عبارت کو معانقہ یا مراقبہ کہتے ہیں۔

# ضروری ہدایت

قرآن مجید میں بیس مقامات ایسے ہیں کہ ذراسی بے احتیاطی سے نادانستہ کلمۂ کفر کا ارتکاب ہو جاتا ہے۔ زیر، زبر اور پیش میں ردّوبدل کر دینے سے معنی کچھ کے کچھ ہو جاتے ہیں اور دانستہ پڑھنے سے گناہ کبیرہ بلکہ کفر تک نوبت پہنچ جاتی ہے۔ ذیل میں وہ تمام مقام درج کر دیئے ہیں۔

| نمبرشمار | مقام | صحیح | غلط |
|---|---|---|---|
| ۱ | سورۃ الفاتحۃ | اِيَّاكَ نَعْبُدُ | اِيَاكَ (بلا تشدید) |
| ۲ | سورۃ الفاتحۃ | اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ | اَنْعَمْتُ عَلَيْهِمْ |
| ۳ | سورۃ البقرۃ ع ۱۵ | وَاِذِ ابْتَلٰۤى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ | اِبْرٰهِيْمُ رَبَّهٗ |
| ۴ | سورۃ البقرۃ ع ۳۳ | وَقَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ | دَاوٗدَ جَالُوْتُ |
| ۵ | سورۃ البقرۃ ع ۳۴ آیۃ الکرسی | اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ | اَللّٰهُ (بالمد) |
| ۶ | سورۃ البقرۃ ع ۳۶ | وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ | يُضٰعَفُ |
| ۷ | سورۃ النسآء ع ۲۳ | رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ | مُبَشَّرِيْنَ وَمُنْذَرِيْنَ |
| ۸ | سورۃ التوبۃ ع ۱ | مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ وَرَسُوْلُهٗ | رَسُوْلِهٖ |
| ۹ | سورۃ بنی اسرآءیل ع ۲ | وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ | مُعَذَّبِيْنَ |
| ۱۰ | سورۃ طٰهٰ ع ۷ | وَعَصٰۤى اٰدَمُ رَبَّهٗ | اٰدَمَ رَبُّهٗ |
| ۱۱ | سورۃ الانبیآء ع ۶ | اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ | اِنِّىْ كُنْتَ |
| ۱۲ | سورۃ الشعرآء ع ۱۱ | لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ | الْمُنْذَرِيْنَ |
| ۱۳ | سورۃ فاطر ع ۴ | يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا | اللّٰهُ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَآءَ |
| ۱۴ | سورۃ الصّٰفّٰت ع ۲ | فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ | مُنْذَرِيْنَ |
| ۱۵ | سورۃ الفتح ع ۴ | صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ | اَللّٰهَ رَسُوْلُهُ |
| ۱۶ | سورۃ الحشر ع ۳ | اَلْمُصَوِّرُ | اَلْمُصَوَّرُ |
| ۱۷ | سورۃ الحآقۃ ع ۱ | اِلَّا الْخَاطِـُٔوْنَ | اِلَّا الْخَاطَـُٔوْنَ |
| ۱۸ | سورۃ المزمل ع ۱ | فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ | فَعَصٰى فِرْعَوْنَ الرَّسُوْلُ |
| ۱۹ | سورۃ المرسلٰت ع ۲ | فِىْ ظِلٰلٍ | فِىْ ظَلٰلٍ |
| ۲۰ | سورۃ النّٰزعٰت ع ۲ | اِنَّمَاۤ اَنْتَ مُنْذِرُ | مُنْذَرُ |

# رسم الخط

عربی میں یائے مجہول نہیں ہے۔لیکن قرآن مجید میں صرف ایک موقع پر آئی ہے۔ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا۔ کو "مجرے ہاو مرسٰہا" پڑھیں گے۔علاوہ ازیں قرآن مجید میں اکثر جگہ الف لکھا جاتا ہے لیکن پڑھا نہیں جاتا۔مثلاً علامتِ جمع کے لیے جو الف آتا ہے اس کو نہیں پڑھتے جیسے قَالُوْا آخری الف نہیں پڑھا جائے گا۔ اَنَا کو ہم اَنَ پڑھتے ہیں، آخری الف نہیں پڑھا جاتا۔چوبیس مقامات اور ہیں جہاں الف نہیں پڑھا جاتا۔نقشہ ذیل میں اس الف پر ٥ بنا دیا گیا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| لن تنالوا ۴ | ع ۶ ـ اٰیۃ ۱۴۴ | اَفَا۠ئِنْ مَّاتَ |
| قال الملا ۹ | ع ۳ ـ اٰیۃ ۱۰۳ | مَلَا۠ئِهٖ |
| واعلموا ۱۰ | ع ۱۳ ـ اٰیۃ ۴۷ | لَا۠اَوْضَعُوْا |
| یعتذرون ۱۱ | ع ۱۳ ـ اٰیۃ ۷۵ | مَلَا۠ئِهٖ |
| یعتذرون ۱۱ | ع ۱۴ ـ اٰیۃ ۸۳ | مَلَا۠ئِهِمْ |
| ومامن دآبۃ ۱۲ | ع ۶ ـ اٰیۃ ۶۸ | ثَمُوْدَا۠ |
| ومامن دآبۃ ۱۲ | ع ۹ ـ اٰیۃ ۹۷ | مَلَا۠ئِهٖ |
| وما ابرئ ۱۳ | ع ۱۰ ـ اٰیۃ ۳۰ | لِتَتْلُوَا۠ |
| سبحٰن الذی ۱۵ | ع ۱۴ ـ اٰیۃ ۱۴ | لَنْ نَّدْعُوَا۠ |
| سبحٰن الذی ۱۵ | ع ۱۷ ـ اٰیۃ ۳۸ | لٰكِنَّا۠ |
| اقترب للناس ۱۷ | ع ۳ ـ اٰیۃ ۳۴ | اَفَا۠ئِنْ مِّتَّ |
| قد افلح ۱۸ | ع ۳ ـ اٰیۃ ۴۶ | مَلَا۠ئِهٖ |
| وقال الذین ۱۹ | ع ۲ ـ اٰیۃ ۳۸ | ثَمُوْدَا۠ |
| امن خلق ۲۰ | ع ۷ ـ اٰیۃ ۳۲ | مَلَا۠ئِهٖ |
| امن خلق ۲۰ | ع ۱۶ ـ اٰیۃ ۳۸ | ثَمُوْدَا۠ |
| اتل مآاوحی ۲۱ | ع ۷ ـ اٰیۃ ۳۹ | مِنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَا۠ |
| ومالی ۲۳ | ع ۲ ـ اٰیۃ ۶۸ | لَا۠اِلَى الْجَحِيْمِ |
| الیہ یرد ۲۵ | ع ۱۱ ـ اٰیۃ ۴۶ | مَلَا۠ئِهٖ |
| حٰمٓ ۲۶ | ع ۵ ـ اٰیۃ ۴ | وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَا۠ |
| حٰمٓ ۲۶ | ع ۸ ـ اٰیۃ ۳۱ | نَبْلُوَا۠ |
| قال فما خطبکم ۲۷ | ع ۷ ـ اٰیۃ ۵۱ | ثَمُوْدَا۠ |
| تبٰرک الذی ۲۹ | ع ۱۹ ـ اٰیۃ ۴ | سَلٰسِلَا۠ |
| تبٰرک الذی ۲۹ | ع ۱۹ ـ اٰیۃ ۱۵ | كَانَتْ قَوَارِيْرَا۠ |
| تبٰرک الذی ۲۹ | ع ۱۹ ـ اٰیۃ ۱۶ | قَوَارِيْرَا۠ مِنْ |

# قرآن مجید کی سُورتوں کی فہرست


| شمار سورت | نام سورت | نمبر صفحہ | نمبر پارہ |
|---|---|---|---|
| ۱ | سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ | ۲ | ۱ |
| ۲ | سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ مَدَنِيَّةٌ | ۳ | ۱—۲—۳ |
| ۳ | سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ | ۱۱۵ | ۳—۴ |
| ۴ | سُوْرَةُ النِّسَآءِ مَدَنِيَّةٌ | ۱۸۰ | ۴ ۵ ۶ |
| ۵ | سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ مَدَنِيَّةٌ | ۲۵۱ | ۶ ۷ |
| ۶ | سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ مَكِّيَّةٌ | ۳۰۳ | ۷ ۸ |
| ۷ | سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ مَكِّيَّةٌ | ۳۵۷ | ۸—۹ |
| ۸ | سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ مَدَنِيَّةٌ | ۴۲۰ | ۹—۱۰ |
| ۹ | سُوْرَةُ التَّوْبَةِ مَدَنِيَّةٌ | ۴۴۵ | ۱۰ ۱۱ |
| ۱۰ | سُوْرَةُ يُوْنُسَ مَكِّيَّةٌ | ۴۹۴ | ۱۱ |
| ۱۱ | سُوْرَةُ هُوْدٍ مَكِّيَّةٌ | ۵۲۷ | ۱۱ ۱۲ |
| ۱۲ | سُوْرَةُ يُوْسُفَ مَكِّيَّةٌ | ۵۶۰ | ۱۲—۱۳ |
| ۱۳ | سُوْرَةُ الرَّعْدِ مَدَنِيَّةٌ | ۵۹۳ | ۱۳ |
| ۱۴ | سُوْرَةُ اِبْرٰهِيْمَ مَكِّيَّةٌ | ۶۰۸ | ۱۳ |
| ۱۵ | سُوْرَةُ الْحِجْرِ مَكِّيَّةٌ | ۶۲۴ | ۱۳—۱۴ |
| ۱۶ | سُوْرَةُ النَّحْلِ مَكِّيَّةٌ | ۶۳۸ | ۱۴ |
| ۱۷ | سُوْرَةُ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ مَكِّيَّةٌ | ۶۷۳ | ۱۵ |
| ۱۸ | سُوْرَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ | ۷۰۰ | ۱۵ ۱۶ |
| ۱۹ | سُوْرَةُ مَرْيَمَ مَكِّيَّةٌ | ۷۲۸ | ۱۶ |
| ۲۰ | سُوْرَةُ طٰهٰ مَكِّيَّةٌ | ۷۴۵ | ۱۶ |
| ۲۱ | سُوْرَةُ الْاَنْبِيَآءِ مَكِّيَّةٌ | ۷۶۹ | ۱۷ |
| ۲۲ | سُوْرَةُ الْحَجِّ مَدَنِيَّةٌ | ۷۹۲ | ۱۷ |
| ۲۳ | سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ مَكِّيَّةٌ | ۸۱۷ | ۱۸ |
| ۲۴ | سُوْرَةُ النُّوْرِ مَدَنِيَّةٌ | ۸۳۵ | ۱۸ |
| ۲۵ | سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ مَكِّيَّةٌ | ۸۵۹ | ۱۸ ۱۹ |
| ۲۶ | سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ مَكِّيَّةٌ | ۸۷۵ | ۱۹ |
| ۲۷ | سُوْرَةُ النَّمْلِ مَكِّيَّةٌ | ۸۹۹ | ۱۹ ۲۰ |
| ۲۸ | سُوْرَةُ الْقَصَصِ مَكِّيَّةٌ | ۹۲۱ | ۲۰ |
| ۲۹ | سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ مَكِّيَّةٌ | ۹۴۵ | ۲۰ ۲۱ |
| ۳۰ | سُوْرَةُ الرُّوْمِ مَكِّيَّةٌ | ۹۶۷ | ۲۱ |
| ۳۱ | سُوْرَةُ لُقْمٰنَ مَكِّيَّةٌ | ۹۸۲ | ۲۱ |
| ۳۲ | سُوْرَةُ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ | ۹۹۱ | ۲۱ |
| ۳۳ | سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ مَدَنِيَّةٌ | ۹۹۸ | ۲۱—۲۲ |
| ۳۴ | سُوْرَةُ سَبَاٍ مَكِّيَّةٌ | ۱۰۲۳ | ۲۲ |
| ۳۵ | سُوْرَةُ فَاطِرٍ مَكِّيَّةٌ | ۱۰۳۸ | ۲۲ |
| ۳۶ | سُوْرَةُ يٰسٓ مَكِّيَّةٌ | ۱۰۵۳ | ۲۲—۲۳ |
| ۳۷ | سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ مَكِّيَّةٌ | ۱۰۶۶ | ۲۳ |
| ۳۸ | سُوْرَةُ صٓ مَكِّيَّةٌ | ۱۰۸۲ | ۲۳ |
| ۳۹ | سُوْرَةُ الزُّمَرِ مَكِّيَّةٌ | ۱۰۹۵ | ۲۳ ۲۴ |
| ۴۰ | سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِ مَكِّيَّةٌ | ۱۱۱۷ | ۲۴ |
| ۴۱ | سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ | ۱۱۴۰ | ۲۴ ۲۵ |
| ۴۲ | سُوْرَةُ الشُّوْرٰى مَكِّيَّةٌ | ۱۱۵۵ | ۲۵ |
| ۴۳ | سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ مَكِّيَّةٌ | ۱۱۷۰ | ۲۵ |
| ۴۴ | سُوْرَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ | ۱۱۸۵ | ۲۵ |
| ۴۵ | سُوْرَةُ الْجَاثِيَةِ مَكِّيَّةٌ | ۱۱۹۴ | ۲۵ |
| ۴۶ | سُوْرَةُ الْاَحْقَافِ مَكِّيَّةٌ | ۱۲۰۱ | ۲۶ |
| ۴۷ | سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ مَدَنِيَّةٌ | ۱۲۱۲ | ۲۶ |
| ۴۸ | سُوْرَةُ الْفَتْحِ مَدَنِيَّةٌ | ۱۲۲۲ | ۲۶ |
| ۴۹ | سُوْرَةُ الْحُجُرٰتِ مَدَنِيَّةٌ | ۱۲۳۲ | ۲۶ |
| ۵۰ | سُوْرَةُ قٓ مَكِّيَّةٌ | ۱۲۳۹ | ۲۶ |
| ۵۱ | سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ مَكِّيَّةٌ | ۱۲۴۵ | ۲۶—۲۷ |
| ۵۲ | سُوْرَةُ الطُّوْرِ مَكِّيَّةٌ | ۱۲۵۳ | ۲۷ |
| ۵۳ | سُوْرَةُ النَّجْمِ مَكِّيَّةٌ | ۱۲۵۸ | ۲۷ |
| ۵۴ | سُوْرَةُ الْقَمَرِ مَكِّيَّةٌ | ۱۲۶۵ | ۲۷ |
| ۵۵ | سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ مَدَنِيَّةٌ | ۱۲۷۱ | ۲۷ |
| ۵۶ | سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ | ۱۲۷۸ | ۲۷ |
| ۵۷ | سُوْرَةُ الْحَدِيْدِ مَدَنِيَّةٌ | ۱۲۸۶ | ۲۷ |
| ۵۸ | سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ مَدَنِيَّةٌ | ۱۲۹۷ | ۲۸ |
| ۵۹ | سُوْرَةُ الْحَشْرِ مَدَنِيَّةٌ | ۱۳۰۵ | ۲۸ |
| ۶۰ | سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ مَدَنِيَّةٌ | ۱۳۱۳ | ۲۸ |
| ۶۱ | سُوْرَةُ الصَّفِّ مَدَنِيَّةٌ | ۱۳۱۹ | ۲۸ |
| ۶۲ | سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ مَدَنِيَّةٌ | ۱۳۲۴ | ۲۸ |
| ۶۳ | سُوْرَةُ الْمُنٰفِقُوْنَ مَدَنِيَّةٌ | ۱۳۲۷ | ۲۸ |
| ۶۴ | سُوْرَةُ التَّغَابُنِ مَدَنِيَّةٌ | ۱۳۳۰ | ۲۸ |
| ۶۵ | سُوْرَةُ الطَّلَاقِ مَدَنِيَّةٌ | ۱۳۳۵ | ۲۸ |
| ۶۶ | سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ مَدَنِيَّةٌ | ۱۳۴۰ | ۲۸ |

| شمار سورت | نام سورت | نمبر صفحہ | نمبر پارہ |
|---|---|---|---|
| ۶۷ | سُوْرَةُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ | ۱۳۴۵ | ۲۹ |
| ۶۸ | سُوْرَةُ الْقَلَمِ مَكِّيَّةٌ | ۱۳۵۱ | ۲۹ |
| ۶۹ | سُوْرَةُ الْحَاقَّةِ مَكِّيَّةٌ | ۱۳۵۷ | ۲۹ |
| ۷۰ | سُوْرَةُ الْمَعَارِجِ مَكِّيَّةٌ | ۱۳۶۲ | ۲۹ |
| ۷۱ | سُوْرَةُ نُوْحٍ مَكِّيَّةٌ | ۱۳۶۷ | ۲۹ |
| ۷۲ | سُوْرَةُ الْجِنِّ مَكِّيَّةٌ | ۱۳۷۱ | ۲۹ |
| ۷۳ | سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ | ۱۳۷۶ | ۲۹ |
| ۷۴ | سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ مَكِّيَّةٌ | ۱۳۸۰ | ۲۹ |
| ۷۵ | سُوْرَةُ الْقِيٰمَةِ مَكِّيَّةٌ | ۱۳۸۵ | ۲۹ |
| ۷۶ | سُوْرَةُ الدَّهْرِ مَدَنِيَّةٌ | ۱۳۸۸ | ۲۹ |
| ۷۷ | سُوْرَةُ الْمُرْسَلٰتِ مَكِّيَّةٌ | ۱۳۹۳ | ۲۹ |
| ۷۸ | سُوْرَةُ النَّبَاِ مَكِّيَّةٌ | ۱۳۹۷ | ۳۰ |
| ۷۹ | سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۰۰ | ۳۰ |
| ۸۰ | سُوْرَةُ عَبَسَ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۰۴ | ۳۰ |
| ۸۱ | سُوْرَةُ التَّكْوِيْرِ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۰۷ | ۳۰ |
| ۸۲ | سُوْرَةُ الْاِنْفِطَارِ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۰۹ | ۳۰ |
| ۸۳ | سُوْرَةُ الْمُطَفِّفِيْنَ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۱۱ | ۳۰ |
| ۸۴ | سُوْرَةُ الْاِنْشِقَاقِ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۱۴ | ۳۰ |
| ۸۵ | سُوْرَةُ الْبُرُوْجِ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۱۶ | ۳۰ |
| ۸۶ | سُوْرَةُ الطَّارِقِ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۱۹ | ۳۰ |
| ۸۷ | سُوْرَةُ الْاَعْلٰى مَكِّيَّةٌ | ۱۴۲۰ | ۳۰ |
| ۸۸ | سُوْرَةُ الْغَاشِيَةِ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۲۲ | ۳۰ |
| ۸۹ | سُوْرَةُ الْفَجْرِ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۲۴ | ۳۰ |
| ۹۰ | سُوْرَةُ الْبَلَدِ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۲۶ | ۳۰ |
| ۹۱ | سُوْرَةُ الشَّمْسِ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۲۸ | ۳۰ |
| ۹۲ | سُوْرَةُ الَّيْلِ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۲۹ | ۳۰ |
| ۹۳ | سُوْرَةُ الضُّحٰى مَكِّيَّةٌ | ۱۴۳۱ | ۳۰ |
| ۹۴ | سُوْرَةُ اَلَمْ نَشْرَحْ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۳۲ | ۳۰ |
| ۹۵ | سُوْرَةُ التِّيْنِ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۳۳ | ۳۰ |
| ۹۶ | سُوْرَةُ الْعَلَقِ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۳۴ | ۳۰ |
| ۹۷ | سُوْرَةُ الْقَدْرِ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۳۵ | ۳۰ |
| ۹۸ | سُوْرَةُ الْبَيِّنَةِ مَدَنِيَّةٌ | ۱۴۳۶ | ۳۰ |
| ۹۹ | سُوْرَةُ الزِّلْزَالِ مَدَنِيَّةٌ | ۱۴۳۸ | ۳۰ |
| ۱۰۰ | سُوْرَةُ الْعٰدِيٰتِ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۳۹ | ۳۰ |
| ۱۰۱ | سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۴۰ | ۳۰ |
| ۱۰۲ | سُوْرَةُ التَّكَاثُرِ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۴۱ | ۳۰ |
| ۱۰۳ | سُوْرَةُ الْعَصْرِ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۴۱ | ۳۰ |
| ۱۰۴ | سُوْرَةُ الْهُمَزَةِ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۴۲ | ۳۰ |
| ۱۰۵ | سُوْرَةُ الْفِيْلِ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۴۳ | ۳۰ |
| ۱۰۶ | سُوْرَةُ قُرَيْشٍ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۴۳ | ۳۰ |
| ۱۰۷ | سُوْرَةُ الْمَاعُوْنِ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۴۴ | ۳۰ |
| ۱۰۸ | سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۴۵ | ۳۰ |
| ۱۰۹ | سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۴۵ | ۳۰ |
| ۱۱۰ | سُوْرَةُ النَّصْرِ مَدَنِيَّةٌ | ۱۴۴۶ | ۳۰ |
| ۱۱۱ | سُوْرَةُ اللَّهَبِ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۴۶ | ۳۰ |
| ۱۱۲ | سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۴۷ | ۳۰ |
| ۱۱۳ | سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۴۷ | ۳۰ |
| ۱۱۴ | سُوْرَةُ النَّاسِ مَكِّيَّةٌ | ۱۴۴۸ | ۳۰ |


**استدعا** انسانی طاقت اور بساط میں جو کچھ ہے۔ اس کے مطابق اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پاک کمپنی (رجسٹرڈ) نے ہر ممکن کوشش کی ہے کہ نسخہ ہٰذا میں کسی قسم کی کوئی غلطی نہ رہ جائے پھر بھی انسان خطا کا پتلا ہے۔ اگر دوران طباعت کوئی زیر، زبر، پیش، شد، نقطہ یا مد ٹوٹ جائے تو اسے غلطی نہیں کہتے لاکھوں کی تعداد میں چھپنے والی مطبوعات میں باوجود ہر امکانی کوشش کے ایسی خفیف نادانستہ لغزش قابلِ گرفت نہیں ہوتی بلکہ قابلِ معافی ہوتی ہے کوئی مسلمان جان بوجھ کر دیدہ دانستہ تو قرآنِ پاک کی طباعت میں ذرا سی غفلت بھی نہیں کرسکتا پھر بھی آپ سے استدعا ہے کہ اگر دورانِ تلاوت اس قسم کی غلطی کا شبہ ہو تو ہمیں مطلع فرما کر مشکور فرمائیے۔

**سرٹیفکیٹ** ہم نے اس قرآن مجید کو حرفاً حرفاً بغور پڑھا ہے اور ہم تصدیق کرتے ہیں کہ اس کے متن میں کوئی کمی بیشی اور کتابت میں کوئی غلطی نہیں ہے۔

۱۔ مولانا حافظ محمد عادل ولیجہ مظاہری حافظ محمد عادل ولیجہ (رجسٹرڈ پروف ریڈر) محکمہ اوقاف حکومت پنجاب۔

۲۔ قاری محمد یوسف (رجسٹرڈ پروف ریڈر) محکمہ اوقاف حکومت پنجاب۔

۳۔ محمد مستمر خان محمد مستمر خان عفی عنہ (رجسٹرڈ پروف ریڈر) محکمہ اوقاف حکومت پنجاب۔

۴۔ حافظ قاری محمد الطاف حافظ محمد الطاف

۵۔ حافظ قاری محمد رضاء الحق نقشبندی

# فَائِقُ البَیَانِ فِی مَعَانِی کَلِمَاتِ القُرْاٰن

## کے بارے میں مختلف علمائے کرام اور پروفیسر حضرات کی تقریظات


ASHRAFIA ISLAMIC UNIVERSITY

معہد أم القریٰ

UMMUL QURA INSTITUTE

الجامعة الأشرفية

Jamia Ashrafia, Ferozepur Road, Lahore-54600

الجامعة الأشرفية شارع فيروزپور لاهور ٥٤٦٠٠ باكستان

Tel. 042-7552772, 6114761 Fax 042-7552986 E-Mail: ummqura@brain.net.pk, muftionline@jamiaashrafia.org Web Page: http://www.jamiaashrafia.org


تاریخ: ۹ مئی ۲۰۰۹ء

حوالہ: ..........

آسان لفظی اور عام فہم ترجمہ

## القرآن الکریم

### فَآئِقُ البَیَانِ فی معانی کَلِمَاتِ القُرْآن میری نظر میں

پاک کمپنی ۱۷۔اُردو بازار لاہور کے شائع کردہ قرآن مجید کے اس نسخہ میں جس کا لفظی ترجمہ حضرت مولانا شاہ رفیع الدین محدث دہلوی رحمہ اللہ شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن قدس سرہ کے تراجم سے ماخوذ اور بامحاورہ ترجمہ حضرت مولانا فتح محمد جالندھری رحمہ اللہ کا ہے۔

میں نے اس کا جستہ جستہ مطالعہ کیا ہے۔ الحمدللہ نسخہ ہذا جدید تراجم قرآن کی اشاعت میں کئی ایک لحاظ سے منفرد اور بے مثال ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ قرآن پاک پڑھنے والوں کو اس کے سمجھنے میں بہت آسانی ہوگی۔

میں دُعا گو ہوں کہ اللہ رب العزت ادارہ کی اس دینی وملی کاوش کو کامیابی سے ہمکنار فرمائے اور تمام مسلمانوں کے لیے اسے نفع بخش بنادے۔ (آمین)

شکریہ دعا

احقر فضل الرحیم

نائب مہتمم جامعہ اشرفیہ لاہور

۹ مئی ۲۰۰۹

(مہر: حافظ فضل الرحیم، نائب مہتمم، جامعہ اشرفیہ لاہور)

---


جسٹس ڈاکٹر فدا محمد خان

فیڈرل شریعت کورٹ

مارگلہ روڈ اسلام آباد

وفاقی شرعی عدالت پاکستان


(بسم اللہ الرحمن الرحیم)

قرآن مجید اسلامی تعلیمات کا سرچشمہ ہے یہ اللہ تعالیٰ کا وہ آخری پیغام ہے جو حضور رحمۃ للعالمین (صلی اللہ علیہ وسلم) کے ذریعے سے سب بنی نوع انسان کیلئے نازل فرمایا گیا ہے یہ عالم انسانیت کیلئے ہدایت کاملہ ہے جو انفرادی اور اجتماعی زندگی گذارنے کیلئے مکمل ضابطہ حیات پر مشتمل ہے

اس کے بے شمار تقاضے اور حقوق ہیں جن میں ایمان، تلاوت، فہم و تدبر، عمل اور تعلیم وتبلیغ سرفہرست ہیں۔ اس پر ایمان باعث نجات، اس کا فہم وتدبر موجب سعادت، اس پر عمل دنیا اور آخرت کی شاندار کامیابی اور اس کی تعلیم وتبلیغ عالمی امن کی ضمانت ہے۔ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "تم میں سے وہ لوگ بہترین مقام پر فائز ہیں جو قرآن مجید سیکھتے اور سکھاتے ہیں"

اس فرمان مبارک کے پیش نظر دنیا بھر میں مسلمان اس کی تلاوت بھی کرتے رہتے ہیں اور اس کو سمجھنے اور سمجھانے کی کوششوں میں بھی مصروف رہتے ہیں علمائے کرام نے اس مقصد کیلئے ہر دور میں مختلف زبانوں میں اس کے ترجمے کئے اور اس کی تفسیریں لکھیں تاکہ عربی زبان میں نازل شدہ یہ کلام پاک ہر ایک تک پہنچ سکے اور اپنی اپنی زبانوں میں اس کا مفہوم سمجھ سکیں۔

برصغیر پاک وہند میں حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے اس کا فارسی زبان میں ترجمہ کیا ان کے بعد ان کے خانوادے کو یہ سعادت نصیب ہوئی کہ شاہ رفیع الدین اور شاہ عبدالقادر نے اس کا اردو ترجمہ فرمایا اور اس طرح یہ عظیم الشان کلام اردو میں لوگوں تک پہنچ سکا۔

مقام شکر ہے کہ مولانا حافظ محمد عادل و ... نے اب ایک اور منفرد انداز میں زیر نظر ترجمہ مرتب فرمایا ہے ہر لفظ کا الگ الگ ترجمہ حضرت شاہ رفیع الدین سے لیا ہے اور رواں سلیس ترجمہ مولانا فتح محمد جالندھری کا ہے۔ یہ حسین امتزاج انشاءاللہ ان سب مسلمانوں کیلئے مفید رہیگا جو رواں ترجمے کے ساتھ ساتھ الگ الگ الفاظ کو بھی سمجھنا چاہتے ہیں یہ دونوں ترجمے مستند ہیں اور عوامی مقبولیت حاصل کر چکے ہیں۔

میں نے اس ترجمے کے کئی مقامات غور سے پڑھے ہیں اس خوبصورت علمی کاوش کی تکمیل پر بصمیم قلب دعاگو ہوں کہ محترم حافظ محمد ... کی یہ محنت سب اُردو داں اصحاب تک پہنچے اور ان کیلئے نفع بخش ثابت ہو۔ (آمین)

فدا محمد مدنی

(۲۴ صفر ۱۴۳۰ مطابق ۲۰ فروری ۲۰۰۹ء)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

**Dr. Sher Ali Shah Almadani**
P.H.D. (Gold Medalist) Madina University
Prof. of Hadith in Jamia Darul Uloom Haqqania
Akora Khattak, N.W.F.P. Pakistan
Ph: 0923-630731
Date:...............

**الدکتور شیر علی شاہ المدنی**
الدکتوراه (بمرتبة الشرف الأولى) من الجامعة الإسلامية بالمدينة المنورة و مبعوثها
أستاذ الحديث بجامعة دار العلوم الحقانية أكوره ختك
اقلیم سرحد - پاکستان
التاریخ: ۵/۳/۱۴۲۰ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی ، اما بعد ،

پاک کمپنی لاہور کے شائع کردہ قرآن مجید مترجم کے پارہ اول کے مطالعہ سے آنکھیں منور اور دل و دماغ معطر ہوئے ماشاء اللہ ، پاک کمپنی صد ہزار تحسین و مبارک کی لائق ہے کہ اس نے توفیق خداوندی کی بدولت قرآن پاک کی نہایت مبارک عظیم الشان خدمت کے ذریعہ امت مسلمہ کو ایک وقیع گرانقدر تحفہ سے نوازا ہے یہ دینی کاوش عصر حاضر کے جدید تقاضوں کی پیش نظر ایک امتیازی خدمت ہے ۔ شائقین کتاب اللہ اس لفظی ترجمہ کے پڑھنے سے بہت جلد عربی زبان کی حلاوت سے لطف اندوز ہونگے اور قرآنی اعجاز و تاثیر سے ان کے دل و دماغ مذہب اسلام کی حقانیت سے روشن ہونگے ۔ بارگاہ الٰہی میں دست بدعا ہوں کہ وہ اپنے خصوصی فضل و کرم سے پاک کمپنی کو اس عظیم مذہبی ، دینی خدمت کو شرف پذیرائی عطا فرمائے ، پاک کمپنی کے جملہ مسئولین اور خدام اور بالخصوص محترم مولانا حافظ محمد عادل دلیجہ مظاہری حفظہ اللہ ورعاہ اور ان کے جملہ رفقاء کرام کیلئے یہ زرین خدمت باقیات الصالحات بنا کر تمام فرزندان اسلام کو اس سے استفادہ کی توفیق نصیب فرمائے ۔

واللہ من وراء القصد وبفضلہ وکرمہ تتم الصالحات ،

وصلی اللہ تعالیٰ علی اشرف رسلہ وخاتم انبیائہ وعلی آلہ واصحابہ اجمعین ،

۵/۳/۱۴۲۰ھ کتبہ شیر علی شاہ کان اللہ لہ

خادم اہل العلم بجامعۃ دار العلوم الحقانیہ اکوڑہ خٹک

---

MONTHLY
**AL QASIM**
NOWSHERA

ماہنامہ القاسم خالق آباد نوشہرہ
زیر سرپرستی مولانا عبد القیوم حقانی

حوالہ نمبر ...............
تاریخ 30-11-2003

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد لولی الحمد والصلوٰۃ والسلام علی خاتم الرسل اما

ہر دور میں مختلف زبانوں میں قرآن کریم کے تراجم اور تفاسیر لکھی جاتی رہی ہیں اور یہ سلسلہ تا قیامت جاری رہے گا ۔ اردو زبان میں بھی بہت سارے ترجمے اور تراجم لکھے گئے ہیں ۔ حال ہی میں مولانا حافظ محمد عادل دلیجہ مظاہری نے اکابر کے تراجم سے ایک نئے انداز میں ڈبل ترجمہ تیار کیا ہے جس میں لفظی ترجمہ مولانا شاہ رفیع الدین محدث دہلویؒ اور شیخ الہند مولانا محمود الحسنؒ کا اور بامحاورہ ترجمہ مولانا فتح محمد جالندھریؒ کا ہے ۔ جنہوں نے ان کے بعض مقامات کا جدید ترجمہ بھی ادا کیا ۔ ماشاء اللہ یہ کاوش ہر لحاظ سے منفرد اور بے مثال ہے ۔

علوم دینیہ کے طلباء و طالبات اور عوام الناس جو اردو پڑھ سکتے ہوں کے لئے نہایت مفید ہے اس میں تلاوت سے آدمی اگر معانی پر غور کرے تو ان شاء اللہ بہت جلد لفظی اور بامحاورہ ترجمہ سیکھ جائے گا ۔

اللہ تعالیٰ پاک کمپنی کی اس کاوش کو قبولیت سے نوازے اور تمام مسلمانوں کے لیے اسے نافع بنائے

برائے رابطہ
ماہنامہ القاسم جامعہ ابوہریرہ، برانچ پوسٹ آفس خالق آباد نوشہرہ سرحد پاکستان
فون / فیکس 0923-630237-630094 موبائل: 0333-9102770

---

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پاک کمپنی ۱۷۔ اُردو بازار لاہور کے شائع کردہ قرآن مجید کے اس نسخہ کو جس کا لفظی ترجمہ حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلویؒ اور شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن صاحبؒ کا اور بامحاورہ ترجمہ حضرت مولانا فتح محمد جالندھری صاحبؒ کا ہے کو اعزازی طور بغور پڑھا ہے اور نظر ثانی کی ہے۔

الحمدللہ نسخہ ھذا تراجم قرآن کی اشاعت میں ہر لحاظ سے منفرد و بے مثال ہے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ قرآن پاک پڑھنے والوں کو اس کے سمجھنے میں بہت آسانی ہوگی۔

میں دُعا گو ہوں اللہ رب العزت ادارہ کی اس حسین کاوش کو کامیابی سے ہمکنار کرے۔ (آمین)

محمد عبد الرحمن قمر لیثی
سابق سینیئر ڈائریکٹر (تعلیم قرآن کریم)
وزارت مذہبی امور اسلام آباد
Ph: 051 5510717
mobile 0314-5510919

---

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پاک کمپنی ۱۷۔ اُردو بازار لاہور کے شائع کردہ قرآن مجید کے اس نسخہ کو جس کا لفظی ترجمہ حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلویؒ اور شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن صاحبؒ کا اور بامحاورہ ترجمہ حضرت مولانا فتح محمد جالندھری صاحبؒ کا ہے کو اعزازی طور بغور پڑھا ہے اور نظر ثانی کی ہے۔

الحمدللہ نسخہ ھذا تراجم قرآن کی اشاعت میں ہر لحاظ سے منفرد و بے مثال ہے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ قرآن پاک پڑھنے والوں کو اس کے سمجھنے میں بہت آسانی ہوگی۔

میں دُعا گو ہوں اللہ رب العزت ادارہ کی اس حسین کاوش کو کامیابی سے ہمکنار کرے۔ (آمین)

حافظ محمد نعیم
اسسٹنٹ پروفیسر
شعبہ اسلامیات جی سی
گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور

Naeem

ASSISTANT PROFESSOR
GC UNIVERSITY LAHORE

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قرآن کریم کا ترجمہ ایک سعادت ہی نہیں، قرآن کی خدمت کا ایک اسلوب بھی ہے۔ متقدین کے ترجموں سے استفادہ کرتے ہوئے مولانا حافظ محمد عادل دیلچہ نے یہ ایک خوبصورت ترجمہ ترتیب دیا ہے۔ یقیناً یہ ترجمہ لسانی ارتقاء سے پیدا ہونے والے مسائل کو حل کرنے میں ممد و معاون ثابت ہوگا اور مرتب کے لیے توشۂ آخرت۔

اللہ تعالیٰ اس کوشش کو قبول فرمائے۔ آمین

Humayun Abbas

ڈاکٹر ہمایوں عباس

ASSISTANT PROFESSOR
GC UNIVERSITY LAHORE

---

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پاک کمپنی ۱۷۔ اُردو بازار لاہور کے شائع کردہ قرآن مجید کے اس نسخہ کو جس کا لفظی ترجمہ حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلویؒ اور شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن صاحبؒ کا اور بامحاورہ ترجمہ حضرت مولانا فتح محمد جالندھری صاحبؒ کا ہے کو اعزازی طور بغور پڑھا ہے اور نظر ثانی کی ہے۔

الحمدللہ نسخہ ھٰذا تراجم قرآن کی اشاعت میں ہر لحاظ سے منفرد بے مثال ہے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ قرآن پاک پڑھنے والوں کو اس کے سمجھنے میں بہت آسانی ہوگی۔

میں دُعا گو ہوں اللہ رب العزت ادارہ کی اس حسین کاوش کو کامیابی سے ہمکنار کرے۔ (آمین)

ASSISTANT PROFESSOR
GC UNIVERSITY LAHORE

محمد فاروق حیدر
اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ اسلامیات
جی سی یونیورسٹی لاہور

---


**TAJWEED-UL-QUR'AN ACADEMY**
***& International Qirat Council (Pakistan)***
House No.286/B Street No 21 Sector G-6/1-2 Saddar Road Islamabad 051-2826251
Estd.1987
Qari Muhammad Ismail
Founder & Incharge.
2826251-
0345-5094937


۷۸۹

قرآن مجید (ڈبی والا)

بخدمت منیجر صاحب پاک کمپنی لاہور

پاک کمپنی ۱۷۔ اردو بازار لاہور سے شائع کردہ قرآن مجید کے اس نسخہ کو جس کا لفظی ترجمہ حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب محدث دہلوی اور شیخ الہند حضرت مولانا محمود الحسن صاحبؒ کا
اور بامحاورہ ترجمہ حضرت مولانا فتح محمد صاحب جالندھری کا ہے کو بندہ نے اعزازی طور پر بغور پڑھا ہے
ماشاءاللہ اس نسخہ تراجم کی اشاعت میں ہر لحاظ سے بے مثال اور منفرد پایا
اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس نسخہ قرآن پاک کے پڑھنے والوں اور سمجھنے والوں کو بہت ہی آسانی ہوگی
میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ پاک کمپنی کی اس کاوش کو اپنے حبیب علیہ السلام کے صدقے کامیابی و کامرانی سے ہمکنار کرے آمین ثم آمین

دعاگو قاری محمد اسمٰعیل خطیب اسلام آباد

17-6-2008

---

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Date 7-4-09

"فائق البیان"

پاک کمپنی کا شائع کردہ قرآن مجید کا لفظی ترجمہ حضرت مولانا رفیع الدینؒ محدث دہلوی اور شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسنؒ کے تراجم سے لیا گیا ہے۔ قابل تعریف ہے۔ اس لفظی ترجمہ سے قرآن مجید کا ترجمہ آسان ہو گیا ہے۔ اور عام قاری اور محب تعلیم قرآن و مبلغ اسلام کے لئے نعمت اور رہنمائے قرآن ہے۔
مولانا فتح محمد جالندھری کے بامحاورہ ترجمہ نے اس کو چار چاند لگا دیے۔
میں نے لفظی اور بامحاورہ ترجمہ اعزازی طور پر پڑھا اور مستفید ہوا۔ اس سے طالب علم۔ کالج اور یونیورسٹی کے طلباء کو بہت تعلیمی فائدہ ہوگا۔ ہم مسلمانوں کو قرآن سمجھنے میں آسانی ہوگی۔ اور تعلیمات قرآنی کو فروغ ہوگا۔ ہر آدمی کے لیے یہ ترجمہ مشعل راہ ثابت ہوگا۔
اللہ تعالیٰ ادارہ کی اس کوشش کو قبول فرمائے اور دن دوگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے آمین!

سید ذاکر شاہ بخاری
بی اے (آنرز) ایم اے
صدارتی سیرت ایوارڈز
۔ سند امتیاز ۔

سید ذاکر شاہ بخاری
صدارتی سیرت ایوارڈز
اسلام آباد

---

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

موجودہ مادیت کے دور میں جب عربی سیکھنے اور سکھانے والے ناپید ہوتے جا رہے ہیں ایک عام سادہ مگر محبت مسلمان اپنے ایمانی اثاثے (قرآن) کو ہر صورت سیکھنا چاہتا ہے قرآن چونکہ عربی زبان میں ہے اور اس کے بے شمار تراجم شائع ہو چکے ہیں مگر پھر بھی عام قاری کو بامحاورہ ترجمہ پڑھنے کے ساتھ ہر لفظ کا معنی سمجھنا ممکن نہیں ہوتا

پاک کمپنی ۱۷۔ اردو بازار لاہور نے "فائق البیان" شائع کر کے صرف اردو زبان پڑھنے اور سمجھنے والے عام قاری کی مشکل آسان کر دی ہے کلام قدس کے ہر لفظ کے نیچے اس کا لفظی ترجمہ بھی موجود ہے اور پھر اس کے نیچے بامحاورہ مفہوم بھی موجود ہے اور یہی اس ترجمے کی انفرادیت ہے "پاک کمپنی" نے ایک سادہ مسلمان کی قرآن فہمی کے لیے جو کوشش کی ہے وہ قابل صد ستائش ہے اللہ صاحب قرآن صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے "پاک کمپنی" کی اس کاوش کو قبول فرمائے اور اس کے ناشرین کے لیے اس صدقہ جاریہ کا اجر و ثواب تا قیام قیامت جاری فرمائے آمین

پروفیسر قاضی عبدالحق
ایم اے عربی و علوم اسلامیہ (فاضل درس نظامی والشہادۃ العالیہ)
اسلام آباد کالج برائے طلباء جی ۶/۳ اسلام آباد

# دُنیا و آخرت کی فلاح

کیلئے

قرآن پاک کی تلاوت کیجیے

اِسکی آیات پر غور کیجئے

اِس کی تعلیمات پر عمل کیجئے

پاک کمپنی (رجسٹرڈ)

۱۷-اردو بازار لاہور

ہمارے اغلاط سے پاک عکسی مترجم رنگین و خوشنما قرآن پاک و سپارہ سیٹ تلاوت فرمائیں

سن اشاعت: جون ۲۰۰۹ء تعداد: ۲۰۰۰ مطبع: احمد عثمان پرنٹرز، لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

آسان لفظی اور عام فہم ترجمہ

# القرآن الکریم

## فائق البیان فی معانی کلمات القرآن

پارہ 1 تا 30

پاک کمپنی (رجسٹرڈ)
۱۷-اردو بازار لاہور